مختصر اردو لغت

۱

جلد اوّل

(الف تا ڑ)

سید عقیل عباس جعفری

مُدیرِ اعلیٰ

اردو لغت بورڈ

قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومتِ پاکستان

ST-18-A، بلاک نمبر 5،

گلشنِ اقبال، کراچی

مختصر

اردو لغت

جلد اوّل

(الف تا ژ)

۱

مدیرِ اعلیٰ

سید عقیل عباس جعفری

انتظامی اُمور: سیّد عامر عالم رضوی

اُردو لُغت بورڈ
قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومتِ پاکستان
ST-18-A، بلاک نمبر 5، گلشنِ اقبال، کراچی

اشاعت اوّل	:	۲۰۱۹ء
تعداد اشاعت	:	۴۰۰
طابع	:	New Door Solutions (کراچی)
آئی ایس بی این	:	978-969-9113-11-6
تزئین و حروف کاری	:	سیّد معراج علی نواب ارشد محمود، سیّد امیر علی، سیّد ارشد علی، طاہر اقبال، محمد ریاض
قیمت	:	۳۰۰۰ روپے (فی جلد)

اُردو لُغت بورڈ

قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان

ST-18-A، بلاک نمبر 5، گلشن اقبال، کراچی

دیباچہ

''مختصر اُردو لغت'' کا خمیر اُردو لغت بورڈ کی بائیس جلدوں پر مشتمل عظیم الشان کاوش ''اُردو لغت (تاریخی اُصول پر)'' سے اٹھا ہے۔ بنیادی طور پر مختصر لغت ہونے کے باوجود الفاظ کے اندراج میں جامعیت کا تصور پیش نظر رہا تاکہ عمومی ضرورت کے تحت کسی لفظ کی تلاش میں زیر نظر لغت کو دیکھنے والا کوئی قاری مایوس نہ ہو۔ اس لغت میں موجودہ چلن کے مطابق بے دریغ استعمال ہونے والے انگریزی اور ہندی کے الفاظ کی تلاش عبث ہوگی۔ لوگوں کی زبان پر رواں اور تحریر میں ٹھونسے جانے والے الفاظ صرف انگریزی سے بے جا مرعوبیت، سہل پسندی اور کم علمی کا نتیجہ ہیں۔ البتہ اس کو حتی الامکان یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے کہ کسی بھی لفظ کے انتخاب و اندراج میں روایت پرستی اور تعصب نہ برتا جائے یعنی کسی لفظ کے صرف انگریزی، ہندی یا مغربی زبان سے درآمد ہونے کی بنا پر اُسے رد کر دیا جائے اور عربی و فارسی الفاظ کو بے وجہ قبول کر لیا جائے۔ شمس الرحمٰن فاروقی کے الفاظ میں اس سلسلے میں معیار کی تفہیم یوں کی جاسکتی ہے:

''نئے الفاظ و مصطلحات کی مثال کسی ملک میں آنے والے غیر ملکی جیسی ہے جو ہمارے یہاں شہریت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ نئے لوگ ملک میں آئیں، یہ اچھی بات ہے، لیکن یہ دیکھنا اشد ضروری ہے کہ ان کا آنا ضروری یا فائدہ مند ہے کہ نہیں؟ یا اگر ضروری یا فائدہ نہ بھی ہو تو نقصان دہ تو نہیں؟ تمام نئے مشکوک استعمالات اور الفاظ پر اسی انداز سے غور کرنا چاہیے اور اگر وہ غیر ضروری مضر ہیں تو ان کی مخالفت کرنا چاہیے یا کم سے کم اتنا ہو کہ ان کی ہمت افزائی نہ ہو۔ اگر ہمت افزائی کی کمی بلکہ گرم مخالفت کے باوجود کوئی لفظ ہمارے یہاں جم جاتا ہے تو یقیناً اس میں کوئی ایسی خوبی یا خوب صورتی ہے جس نے اسے مقبول کر دیا یا پھر وہ کوئی ایسی ضرورت پوری کر رہا ہے جس کا ہمیں احساس تھا، یعنی جسے انگریزی میں felt need کہتے ہیں۔''

اُردو ایک زندہ زبان ہے اس لیے تبدیلی لازمی امر ہے۔ نئے الفاظ کا داخلہ اور قدیم الفاظ کے متروک ہو جانے کا سلسلہ زبان کی زندگی کا ضامن ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود دنیا کی تقریباً ہر ترقی یافتہ زبان میں ''معیاری زبان'' کا ایک خیالی تصور ہوتا ہے۔ اس لغت کی تیاری میں اُردو زبان کے ایسے ہی تصور کے معقولی زاویوں سے استفادہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں مختصر اُردو لغت کی تقریباً ساڑھے نو سو صفحات پر مشتمل جلد اوّل (الف تا ژ) آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

مختصر لغت کی ترتیب و تدوین میں درج ذیل امور پیشِ نظر رہے:

☆...... اندراجات کے سلسلے میں حروفِ تہجی، رموزِ اوقاف اور تلخیصات و اشارات کے لیے اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) کی پیروی کی گئی ہے۔ (تفصیلات آئندہ صفحات میں درج ہے)۔

☆...... اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) کی بنیاد پر مختصر لغت کی تیاری کے عمل کو فقط قطع و برید تک ہی محدود نہیں رکھا گیا بلکہ اس میں اضافے اور تصحیح کی اہم ذمے داری بھی ادا کی گئی ہے۔

☆...... اُردو لغت (تاریخی اُصول پر) میں جو اہم اور کثیر الاستعمال الفاظ و محاورے درج ہونے سے رہ گئے تھے، انہیں بھی شامل کیا گیا ہے

☆...... شاعرانہ تراکیب، غیر ضروری سنسکرت اور انگریزی الفاظ کو درج نہیں کیا گیا۔

☆...... غیر ضروری اصطلاحات فنون کے اندراج سے گریز کرتے ہوئے صرف اہم اور معروف اصطلاحات کو شامل کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات بالخصوص مدنظر رکھی گئی ہے کہ آیا اُس اصطلاح کا دائرہ استعمال مخصوص فن کی سرحد سے گزر کر زبان کے لغوی دھارے کا حصہ بن چکا ہے یا نہیں۔

☆...... لغت کی جان اور اس کا اصل کام معنی کا تعین ہے اس سلسلے میں بے حد احتیاط برتی گئی ہے۔

☆...... اندراج معنی میں مترادفات کے غیر ضروری استعمال سے ممکنہ حد تک اجتناب کیا گیا ہے اور جہاں جہاں ضرورت ہے سب سے پہلے تعریف درج کی گئی ہے۔

☆...... اُردو لغت کی پروف خوانی انتہائی توجہ سے کی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں مجلس ادارت کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ ایک شکریہ سیّدہ تحسین فاطمہ کا بھی واجب ہے جنھوں نے انتہائی دیدہ ریزی سے آخری پروف پڑھے۔ اہم تصحیحات کیں اور مشوروں سے نوازا۔

امید ہے کہ اپنے معیار اور جامعیت کی بدولت یہ قارئین کو عمومی ضروریات کے لیے دیگر لغات سے بے نیاز کردے گی۔

سید عقیل عباس جعفری

مدیرِ اعلیٰ

اُردو لغت بورڈ

رموزِ اوقاف

(الف) <= سکتہ Comma (،): وقفۂ صغریٰ

☆ معانی کے اندراج میں (ایک معنی کو دوسرے سے نمایاں یا علیحدہ ظاہر کرنے کے لیے بطور فصل).

(ب) <= وقفہ Semicolon (؛): نیم وقفہ

☆ قواعدی حیثیت درج کرنے کے بعد، لفظ کی متبادل شکل کے اندراج سے پہلے.

☆ قواعدی حیثیت میں "جمع" کے اندراج سے پہلے.

☆ معانی کے اندراج میں دو معانی کے درمیان نازک سا فرق ظاہر کرنے کے لیے.

(ج) <= رابطہ Colon (:): وقفۂ توضیحی

☆ قوسین میں مثال درج کرنے کے لیے لفظ "جیسے" کے بعد.

(د) <= ختمہ Full Stop (۔) وقفۂ کامل

☆ قواعدی حیثیت کے مکمل اندراج کے بعد.

☆ عمودی بریکٹ میں ماخذ درج کرنے کے بعد.

☆ نمبر شمار کے اندراج کے بعد.

☆ معانی کا اندراج مکمل کرنے کے بعد.

(ہ) <= قوسین یعنی ہلالی بریکٹ Bracket (small) ( ):

☆ عنوانات (Lables) کے اندراج کے لیے.

☆ وضاحت کے لیے.

☆ مثال کے لیے.

(و) <= عمودی بریکٹ Bracket (Large) [ ]: خطوط وحدانی

☆ ماخذ/ اشتقاق کے اندراج کے لیے.

☆ لفظ کا لسانی ماخذ درج کرنے کے لیے.

(ز) <= آڑا خط Oblique /

☆ بنیادی لفظ کے بعد اس کا، اور فعل مرکب کے بعد اس کے کلمۂ آخر یا کسی بھی اندراج میں متبادل درج کرنے کے لیے.

(ح) <= متبادلہ Alternate ~

☆ قواعدی حیثیت کے اندراج کے بعد لفظ کا متبادل املا درج کرنے کے لیے.

تلخیصات و اشارات

۱. قواعد:

امذ = اسم مذکر	فت = فتحہ (زبر)
امث = اسم مؤنث	کس = کسرہ (زیر)
صف = صفت	ضم = ضمہ (پیش)
م ف = متعلقِ فعل	مع = معروف
ف مر = فعل مرکب	مج = مجہول
ف ل = فعل لازم	معد = معدولہ
ف م = فعل متعدی	مغ = مغنونہ
ج = جمع	سک = سکون (جزم)
جج = جمع الجمع	شد = تشدید
	تن = تنوین.

۲. زبانیں:

انگ = انگریزی.
پ = پراکرت.
پن = پنجابی.
تر = ترکی.
س = سنسکرت.
سر = سریانی.
ع = عربی.
عبر = عبرانی.
ف = فارسی.
فر = فرانسیسی.
لاط = لاطینی.
یو = یونانی.

۳. متفرق:

عو = عوام.
عور = عورات.

موجودہ لغت میں اختیار کردہ ترتیبِ تہجی

ا	آ	ب	بھ	پ	پھ	ت	تھ	ٹ	ٹھ
ث	ج	جھ	چ	چھ	ح	خ	د	دھ	ڈ
ڈھ	ذ	ر	رھ	ڑ	ڑھ	ز	ژ	س	ش
ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	کھ
گ	گھ	ل	لھ	م	مھ	ن	نھ	و	ہ
ء	ی	ے							

(ا)

ا (اَلِف) اند.
اردو حروفِ تہجی کا پہلا حرف ، اسے الف مقصورہ کہتے ہیں۔ املا میں اسے بعد میں آنے والے حرف سے جوڑ کرنہیں لکھا جاتا ، البتہ د ، ڈ ، ذ ، ر ، ڑ ، ز ، ژ ، و نیز ان کے ہائیہ کے سوا باقی حروف ماقبل کے ساتھ جوڑا جاتا ہے یہ حرف ذیل کے الفاظ و امور کے اختصار ، اشارے یا علامت کے طور پر مستعمل ہے : ۱. ایک یا اوّل (شمار یا ترتیب عددی بتانے کے لیے) .۲. (فلکیات) برج ثور کے لیے .۳. (مفروضات و امثلہ میں) کسی شخص یا شے کے لیے ؛ جیسے :'ا' نے اتنی رقم دی اور 'ب' نے اتنی .۴. جمل کے حساب سے حرف 'ا' عدد واحد کے برابر شمار کیا جاتا ہے .

آب (۱) (فت ا) اند.
۱. باپ ، پدر.۲. (مسیحی) آسمانی باپ ، خدا . [ع] .

اب وجد اند . خاندان کے بزرگ ، باپ دادا ، اسلاف ، پرکھے .

آب (۲) (فت ا) اند . (الف) م ف.
۱.زمانۂ حال کے لیے ، ان دنوں ، آج کل ، اس دور میں ، اس زندگی میں . ۲. اِس وقت ، اِس دم ، اِس لمحے .۳. اِس حالت میں ، اِس صورت میں ، (کسی خاص امر یا واقعے کے پیش آنے پر) .۴. ہنوز ، تاحال ، ابھی تو . ۵. اِس نوبت پر ، اِس مرحلے پر .٦. زمانۂ مستقبل کے کے لیے ، آئندہ ، مستقبل میں ، پھر کبھی .۷. اگلے ہی لمحے (یا لمحات) میں ، بہت جلد ، عنقریب .۸. دوبارہ ، مکرر .۹. اِس کے بعد ، پھر ، بعد ازاں ، بعدہ .۱۰. زمانۂ ماضی کے لیے: تھوڑی دیر پہلے ، گزرے ہوئے قریب زمانے میں ؛ کچھ دنوں پہلے .۱۱. اُس وقت ، تب . (ب) اِم . موجودہ وقت ، زمانۂ حال . (ج) حرف :کلمہ .۱. آخر ، بھلا ، بارے .۲. کسی نکتے یا بیان کی تمہید یا تفصیل کے طور پر .۳. خلاصۂ کلام کی غرض سے ، مترادف : خیر ، بس ، قصہ مختصر .

اب اب کر کے م ف . حال ہی میں ، تھوڑے دن سے ، آج کل ؛ بہت انتظار کے بعد .

اب اللہ ہی اللہ ہے فقرہ . زندگی کی امید نہیں رہی ؛ دل میں سوائے اللہ کی یاد کے اور کچھ نہیں .

اب بتا / بتاؤ / بتائیے فقرہ .۱. کلمۂ تہدید ، اب تم کیا کرسکتے ہو ، اب تم کچھ نہیں کر سکتے .۲. بے بسی کے اظہار یا قائل کرنے کے لیے .

آب بھی (الف) م ف . اس وقت بھی ، باوجود اس کے بھی ، اس پر بھی ، تاہم . (ب) کلمۂ تنبیہ . سزا دینے یا ڈانٹنے کے موقع پر .

اب بھی سویرا ہے فقرہ . ابھی موقع ہاتھ سے نہیں نکلا .

اب پچھتائے (پچھتانے) کیا ہوت / (ہوئے) (ہے) جب (کہ) چڑیاں چگ گئیں کھیت کہاوت . موقع ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے سے کیا حاصل .

آب تب (الف) م ف . چند روز میں ، تھوڑی دیر میں ، بہت جلد . (ب) امث .

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع .
فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات) .

(کسی امر کا) مسلسل التوا، حیلے حوالے، ٹال مٹول ۔۲۔ نزع کی حالت ۔

اب تب کرنا محاورہ۔ حیلے حوالے کرنا، بہانہ کرنا، ٹالنا ۔

اب تب ہونا محاورہ۔ نزع کے عالم میں ہونا، مرنے کے قریب ہونا ۔

اب تک/ تلک م ف۔ ا۔ گزشتہ زمانے سے کام کے جاری رہنے اور آخری حد معین کرنے کے لیے مستعمل: (پہلے سے) اس وقت تک یا ابھی تک ۔ ۲۔ آج تک، گزشتہ سے موجودہ دور تک ۔

اب جب اند۔ تامل، التوا، ٹال مٹول ۔

اب رنگ لائی گلہری کہاوت۔ اب اصل حقیقت سامنے آئی، اب چھپے ہوئے عیب ظاہر ہوئے ۔

اب سے م ف۔ ا۔ آئندہ، اس وقت سے ۔ ۲۔ آج سے ۔

اب سے آئے گھر سے آئے کہاوت۔ جو ہوا سو ہوا، آئندہ نہ ہوگا ۔

اب سے دور فقرہ۔ کسی گزشتہ بری بات کا ذکر کرتے ہوئے کہا جاتا ہے، خدا پھر ایسا سانحہ نہ دکھائے، خدا محفوظ رکھے ۔

اب کا صف۔ اس وقت کا، حال کا، یہ، اگلا، آئندہ، نیا، تازہ ۔

اب کہاں فقرہ۔ اب باقی نہیں، ختم ہوگئے (افسوس کے موقع پر مستعمل) ۔

اَب کی/ اَب کے م ف۔ ا۔ (i) اس دفعہ، اس مرتبہ، اس بار۔ (ii) امسال ۔ ۲۔ پھر، مکرر، اگلی دفعہ؛ سال آئندہ۔ ۳۔ آئندہ فعل کے دہرائے جانے کی نفی کے معنی میں ۔

اب نہ تب م ف۔ نہ اب نہ پھر، کبھی نہیں ۔

اب وہ پانی مُلتان بہ گیا کہاوت۔ اب ممکن نہیں، موقع ہاتھ سے جاتا رہا، وقت گذر گیا، حالت بدل گئی ۔

اب وہ زمانہ (سمے) لَد گیا (گئے) فقرہ۔ اب وقت بدل گیا ہے، وہ طور طریقے نہیں رہے ۔

اَب ہی م ف۔ ابھی ابھی، اسی لمحے میں، ذرا دیر پہلے، فوراً، آناً فاناً، اسی وقت ۔

اِب (کس ا) م ف۔
ایسے، مثلاً، اسی طرح سے ۔

اِبا (کس ا) اند؛ امث۔
حکم ماننے سے انکار، سرتابی، نافرمانی۔ ۲۔ اجتناب، احتراز، گریز۔ [ع] ۔

اَبّا (فت ا، شد ب) اند۔
ا۔ باپ، والد کو خطاب کرنے کا کلمہ ۔ ۲۔ چچا، ماموں وغیرہ الفاظ کے بعد تعظیم کے طور پر، گویا باپ کے مرتبے میں، جیسے: ماموں ابا، ابا، نانا ابا، دادا ابا۔ ۳۔ (مجازاً) خسر، مخدوم، آقا یا بزرگ وغیرہ جس سے کوئی تعلق ہو (عظمت یا قربت کے اظہار کے لیے) کسی بزرگ کے وصفی نام کے ساتھ بطور تعظیم ۔

اَبّا جان/ جانی/ جی/ حضور/ میاں اند۔ پیارے ابا (باپ کو پکارنے شائستہ کلمہ)، نیز تعظیم سے ذکر کرنے کے لیے ۔

اَبابیل (فت ا، ی مع) امث۔
سیاہ پر اور سفید سینے کی چھوٹی سی چڑیا جو اُڑتے ہی میں ہوائی کیڑے کھاتی ہے۔ [ع] ۔

اِباحت (کس ا، فت ح) امث۔
ا۔ جواز، اجازت، جائز کرنا یا ہونا۔ ۲۔ شرعی اجازت، کسی چیز کا شریعت میں مباح۔ ۳۔ راز ظاہر کرنا، بھید کھولنا۔ [ع] ۔

اِباحتی صف: اند۔ شخص جو حرام و حلال کا قائل نہ ہو، فرقۂ اباحیہ کا پیرو۔

اِباحِیّت امث۔ حرام کو جائز سمجھنے کا عمل، فرقۂ اباحیہ کا طریق اور مسلک

اَبازیر (فت ا، ی مع) اند۔
مصالحے، مسالے۔ [ع] ۔

اُباسی (ضم ا) امث۔
جماہی۔ [س] ۔

اَباعِد (فت ا، کس ع) اند، ج۔
ابعد کی جمع، بہت دور کے لوگ (اقارب کی ضد)۔ [ع] ۔

اُبال (ضم ا) اند۔
ا۔ (i) کھدبدا کر اوپر اُٹھنے کی کیفیت جو اُبالنے یا اُبلنے سے پیدا ہو پک کر جوش کھانے کی صورت (عموماً دودھ، پانی وغیرہ کے لیے مستعمل) (ii) کف، پھین۔ ۲۔ (مجازاً) (کسی کیفیت یا جذبے وغیرہ کا) اُبھار جوش، ولولہ، شدت، وفور۔ [س] ۔

اُبال اٹھنا محاورہ۔ آگ کی گرمی سے کھولتے ہوئے دودھ یا دال وغیرہ میں جوش آنا نیز (طبیعت میں) جوش پیدا ہونا، شدت آنا۔ ۲۔ (عو) غصہ آنا۔

اُبال آجانا/ آنا محاورہ. جوش آنا شروع ہوجانا نیز وفور پیدا ہونا.

اُبال کھانا محاورہ. ۱. آنچ پاکر اوپر کو اٹھنا (پانی وغیرہ کا). ۲. (مجازاً) جوش میں آنا، غصے میں آنا.

اُبال نکالنا محاورہ. غصہ اُتارنا.

اُبالا (ضم ا) (الف) صف.
بغیر مسالے یا گھی کے اُبال کر پکایا ہوا، روکھا پھیکا، بے مزہ (کھانا)، مرغن کا ضد. (ب) اند. دیکھیے: اُبال، جوش.

اُبالا سُبالا صف نیز اند. پھیکا، بے مزہ کھانا.

اُبالنا (ضم ا، سک ل) ف م.
۱. پانی دودھ وغیرہ کو جوش دینا؛ (مجازاً) اُبھارنا، اُکسانا، غصہ دلانا.
۲. پانی وغیرہ کو نیچے سے اوپر لانا، نکالنا یا چڑھانا.

اُبالی (ضم ا) صف مث.
اُبالا کی تانیث، پھیکی، بے مزہ.

اَبْتَث (فت ا، سک ب، فت ت) است.
عربی حروف تہجی کی ترتیب (ابجد کے بالمقابل) جو حسب ذیل ہے:
ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ء ی. [ع].

اِبْتِدا (کس ا، سک ب، کس مع ت) است؛ اند (قدیم).
۱. کسی امر کی شروعات، آغاز. ۲. غیر معین اور نامعلوم قدیم ترین زمانہ، ازل. ۳. (کسی چیز یا امر کا) ابتدائی دور، شروع کا زمانہ، اَوائل. ۴. پہلا سرا، کسی شے کے شروع ہونے کی طرف کا کنارہ. [ع].

ابتدائے آفرینش است. پیدائش کی ابتدا، خلقت کے آغاز کا زمانہ.

ابتدا کرنا/ ہونا محاورہ. کسی کام کا آغاز کرنا/ ہونا، شروع کرنا/ ہونا.

اِبْتِداع (کس ا، سک ب، کس مع ت) اند.
۱. ایجاد، اختراع، کوئی نئی چیز بنانا یا پیدا کرنا. ۲. بدعت، احکام شریعت میں کوئی نئی چیز شامل کرنا جو اصل شرع میں نہ ہو. [ع].

اِبْتِداءً (کس ا، سک ب، کس مع ت، تن، بفت) م ف.
ابتدا میں، شروع شروع میں، آغاز میں. [ع].

اِبْتِدائی (کس ا، سک ب، کس مع ت) صف.
۱. ابتدا یا شروع کا، پہلا (شمار یا ترتیب میں)، اوّلین. ۲. شروع زمانے کا، آغاز کا. ۳. افتتاحی، تمہیدی. ۴. نیچے کا یا زیریں (درجے یا منزل وغیرہ کے لحاظ سے). ۵. پرانے عہد کا، قدیمی. ۶. بنیادی، اساسی. ۷. (تعلیمات) پہلی جماعت سے چوتھی یا پانچویں تک کا، پرائمری.

ابتدائی تعلیم است. پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم.

ابتدائی طبی امداد است. کسی حادثے کی صورت میں مریض کو معالج تک پہنچانے سے پہلے فوری علاج تاکہ تکلیف نہ بڑھے.

اِبْتِدائِیات (کس ا، سک ب، کس مع ت، کس ء، شدی) است، ج.
کسی کام کی ابتدا یا آغاز سے متعلق باتیں یا چیزیں، تمہیدی امور؛ بنیادی اُصول؛ (خصوصاً) کتابیں جو ابتدائے تعلیم میں پڑھی یا پڑھائی جاتی ہیں.

اِبْتِدائِیّہ (کس ا، سک ب، کس مع ت، کس ء، شدی بفت نیز بلا شد) اند.
کسی کتاب یا رسالے وغیرہ کے اصل مضمون سے پہلے کی تعارفی یا تمہیدی عبارت، دیباچہ، پیش لفظ وغیرہ؛ خبر وغیرہ کی سرخی.

اِبْتِذال (کس ا، سک ب، کس مع ت) اند.
۱. اخلاقی پستی، کمینہ پن. ۲. (i) عمومیت یا کثرت استعمال جس سے قدر گھٹ جائے. (ii) نظم و نثر کا عامیانہ رکیک انداز، فرسودہ اور پامال مضامین و الفاظ کا استعمال. [ع].

اَبْتَر (فت ا، سک ب، فت ت) (الف) صف.
۱. (i) منتشر، پراگندہ، بکھرا ہوا. (ii) جس میں ربط یا ترتیب نہ ہو اَنمل، بے جوڑ. ۲. خراب، ردی، خستہ، تباہ و برباد. ۳. اخلاقی طور پر بد آوارہ، بدچلن. ۴. بے اولاد، لاولد. ۵. دم کٹا، لنڈورا. (ب) اند (عروض) رکن شعر جس میں بتر (زحاف) واقع ہو، جیسے: فعولن سے فع. [ع].

ابتر کرنا محاورہ. ۱. بگاڑنا، بدتمیز کرنا، خراب کرنا؛ تباہ و برباد کرنا غارت کرنا. ۲. بکھیرنا، الٹ پلٹ کرنا، تتر بتر کرنا.

ابتر ہونا ف مر. ۱. بگڑنا، بدچلن ہونا، آوارہ ہونا. ۲. خراب ہونا حالت غیر ہونا.

اَبْتَری (فت ا، سک ب، فت ت) است.
۱. انتشار، پراگندگی، خرابی، تباہی و بربادی. ۲. گنجفے کے کھیل میں وہ دھوکا جو پتوں کی تقسیم میں ہوجائے، کمی بیشی ہونا. ۳. آوارگی، بدچلنی ۴. بدنظمی.

اِبتِسام (کس ا، سک ب، کس ج ت) اند.
مسکرانے کا عمل، تبسم، مسکراہٹ؛ شگفتگی. [ع].

اِبتغا (کس ا، سک ب، کس ج ت) اند.
طلب، خواہش (ترکیب میں مستعمل). [ع].

اِبتِکار (کس ا، سک ب، کس ج ت) اند.
جدت، ایجاد، نئی بات نکالنا، نئی طرح ڈالنا. [ع].

اِبتِلا (کس ا، سک ب، کس ج ت) است؛ اند.
۱. آزمائش، امتحان، جانچ. ۲. بلا، مصیبت. ۳. ناخوشگوار حالت میں پھنسنا یا گرفتار ہونا. [ع].

اِبتِہاج (کس ا، سک ب، کس ج ت) اند.
محظوظ ہونے کی کیفیت، خوشی کی حالت، لطف اندوزی. [ع].

اِبتِہال (کس ا، سک ب، کس ج ت) اند.
گریہ و زاری کے ساتھ دعا، (بارگاہِ الٰہی میں) رجوع قلب نیز اظہار عجز و نیاز. [ع].

اُبٹَن/اُبٹنا (ضم ا، سک ب، فت ٹ) اند.
(نرمی نکھار اور خوشبو کے لیے) جسم پر ملنے کا ایک مرکب جو ہلدی، کھلی، ناگر موتھا، بالچھڑ اور بھنے جو کے آٹے وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے. [س].

اُبٹَن کھیلنا محاورہ. (شادی کی رسم) دلہن کو مایوں بٹھانے کے بعد لڑکے لڑکیاں کا ہنسی مذاق میں ایک دوسرے کے منھ پر ابٹن ملنا.

اَبجَد (فت ا، سک ب، فت ج) است.
۱. کسی زبان یا رسم الخط کے مفرد حروف، حروف تہجی. ۲. آغاز، ابتدا؛ نیز کسی علم یا فن وغیرہ کے مبادی، بنیادی یا ابتدائی اصول. ۳. حروف تہجی کی وہ ترتیب جس میں حساب جمل کے لیے حروف کے اعداد مقرر ہیں، نیز اس ترتیب کے مطابق بنائے ہوئے آٹھ کلموں میں سے پہلا کلمہ. [ع].

اَبجَد خواں / اَبجَد خوانی صف؛ اند. ا ب ت پڑھنے یا جاننے والا، حرف شناس، مبتدی، نو آموز طالب علم، کم استعداد یا واقفیت رکھنے والا.

اَبحاث (فت ا، سک ب) اند؛ است.
بحث (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَبحار (فت ا، سک ب) اند.
بحر (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَبخَرا (فت ا، سک ب، فت خ) اند؛ ~ ابخرہ.
مرطوب زمین یا معدے وغیرہ سے (حدت پہنچنے کے بعد) اٹھی ہوئی بھاپ، بھپکار، پانی کی بھاپ.

اَبخَرات (فت ا، سک ب، فت خ) اند.
ابخرا (دیکھیے) کی جمع.

اَبخَرَہ (فت ا، سک ب، کس ج خ، فت ر) اند؛ ج.
دیکھیے: ابخرات (عموماً اضافت کے ساتھ مستعمل) اردو میں بطور واحد بھی مستعمل. [ع].

اَبخَرے (فت ا، سک ب، فت خ) اند.
ابخرا (دیکھیے) کی جمع.

اَبخَرے اٹھنا محاورہ. ۱. (رشک، حسد، ملال یا گھٹن وغیرہ سے) پیچ و تاب کھانا، غصہ آنا، تاؤ کھانا. ۲. بخارات بلند ہونا، بھاپ اٹھنا.

اَبخَل (فت ا، سک ب، فت خ) صف.
بہت کنجوس، از حد بخیل، مکھی چوس. [ع].

اَبَد (فت ا، ب) اند.
۱. زمانہ جس کی انتہا نہ ہو، غیر متناہی زمانہ (عموماً ازل کے مقابل) (مجازاً) روزِ قیامت. ۲. دوام، ہمیشگی. [ع].

اَبَدُ الآباد (الف) اند. ۱. دوام، ہمیشگی، نا متناہی مدت. ۲. قیامت (ب) م ف. ہمیشہ ہمیشہ، ہمیشہ کے لیے.

اَبَداً (فت ا، ب، تن بفت د، نیز، بلا تن) م ف.
۱. ہمیشہ ہمیشہ، ہمیشہ کے لیے، ابد تک. ۲. کلیۃً، بالکل. ۳. کبھی بھی ہرگز (مستقبل میں تاکید نفی کے لیے).

اِبداع (کس ا، سک ب) اند.
۱. بغیر کسی نمونے یا مثال کے عدم سے وجود میں لانے کا عمل، تخلیق ۲. اختراع، ایجاد. ۳. (فنون لطیفہ) خیال یا بیان میں جدت، (نثر یا نظم میں) نئے معنی یا اسلوب کا استعمال. [ع].

اَبْدال (فت ا، سک ب) (الف) اند. بطور جمع.
ا. اولیاء اللہ کے دس طبقوں میں سے چالیس (بعض کے نزدیک ستر یا ساٹھ) اولیا کا ایک گروہ جن سے ہفت اقلیم کی نگرانی متعلق بتائی ہے. ۲. (مجازاً) نیک اور صالح اشخاص، بزرگ لوگ، معززین. (ب) واحد.
ا. گروہ ابدال کا ایک فرد. ۲. افغانوں کے ایک جرگے کا مورث اعلیٰ. [ع].

اِبْدال (کس ا، سک ب) اند.
(لفظاً) ایک کو ہٹا کر دوسرے کو اس کی جگہ رکھنے کا عمل، ایک چیز کو دوسری چیز سے بدلنا، تبادلہ کرنا، تبدیلی؛ (صرف) کسی لفظ کے ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا. [ع].

اَبْدان (فت ا، سک ب) اند.
بدن (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَبَدی (فت ا، ب) صف.
ابد سے منسوب، جس کی مستقبل میں حد اور انتہا نہ ہو، غیر فانی، جاودانی، دائمی.

اَبَدی نیند امث. ہمیشگی کی نیند؛ (مجازاً) موت.

اَبَدِیَّت (ف ا، ب، کس د، شد ی بفت) امث.
بقائے دوام، ہمیشگی.

اَبْر (فت ا، ب) اند.
ا. بادل، گھٹا، بدلی. ۲. (i) ہلکی نیلگوں یا دخانی رنگ کی چمکیلی دھوپ چھاؤں یا لہریں جو تلوار، خنجر وغیرہ کے پھل پر یا بندوق کی نالی پر یا دوسرے اسلحہ پر صیقل کے ذریعے پیدا کی جاتی ہے، فولاد کا پانی. (ii) چمکیلا لہریا جو رنگ یا روغن سے کپڑے یا کاغذ پر ڈالا جائے، جیسا کتاب کی جلد کی ابری میں ہوتا ہے. [ف].

اَبْرِ آذار/ آذاری اند. ماہ آذار (چیت یا مارچ کے لگ بھگ) میں اٹھنے والی گھٹا، آغاز بہار کا بادل.

اَبْر آلُود صف. بادل سے لتھڑا ہوا، گھنے بادلوں والا.

اَبْرِ باراں اند. برستا ہوا بادل، برسنے والا بادل.

اَبْرِ بَہار/ بہاراں/ بہاری اند. ربیع کی فصل کا بادل جو ایران وغیرہ میں مارچ اپریل کے لگ بھگ آتا اور خوب برستا ہے؛ موسم برسات کی گھٹا، بہت برسنے والا بادل.

اَبْرِ بَہْمَن/ بہمنی اند. شمسی سال کے گیارھویں مہینے کی گھٹا موسم سرما یا مہاوٹ کا برسنے والا بادل.

اَبْر پھٹنا محاورہ. بادل کا چھٹنا؛ منتشر ہونا.

اَبْر چھانا محاورہ. فضا میں بادل کا محیط ہونا، بادلوں سے آسمان کا چھپ جانا.

اَبْر چَھٹنا محاورہ. بادل کا منتشر ہونا، گھٹا کا کھلنا، مطلع صاف ہو جانا.

اَبْرِ رَحْمَت اند. ا. بروقت برسنے والا بادل، خوب برسنے والا بادل جس سے کھیتیاں سرسبز ہو جائیں. ۲. (مجازاً) اللہ تعالیٰ کا بے پایاں کرم، عنایت الٰہی.

اَبْرِ سِیاہ/ سِیَہ اند. ا. گہرا بادل، کالی گھٹا. ۲. وہ کھوٹ جو چاندی کو گلاتے وقت کالے دھبے یا جالے کی شکل میں اوپر آ جائے.

اَبْرِ کَرَم اند. ا. بادل کی طرح فیض رساں، رحمت کا سرچشمہ؛ (مراداً) سخی، فیاض. ۲. فیض، بخشش، رحمت.

اَبْرِ کوہسار (کہسار)/ کہساری اند. گھٹا جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر چھائے یا ان کی طرف سے اٹھ کر آئے.

اَبْر کُھلنا محاورہ. بادل کا چھٹنا، مطلع صاف ہو جانا.

اَبْرِ مُرْدَہ اند. ایک سمندری جانور کا مردہ، نرم، دبیز اور سوراخ دار جسم، جو پانی جذب کر لیتا ہے اور جسے نچوڑنے سے پانی نکل جاتا ہے، اسپنج یا اسفنج (جواب عموماً مصنوعی ہوتا ہے).

اَبْرِ نیساں/ نیسانی اند. بادل جو موسم بہار یا موسم سرما میں برستا ہے، (مشہور ہے کہ اس کی بوند سے سیپ میں موتی، بانس میں بنس لوچن اور دہان اژدہا میں زہر پیدا ہوتا ہے).

اَبْر و باد اند. بادل اور ہوا (مراد) آندھی پانی یا تیز ہوا کے ساتھ بارش.

اَبْرا (فت ا، سک ب) اند؛ ~ ابرہ.
کپڑے وغیرہ کا بالائی پرت، استر کی ضد.

اِبْرا (کس ا، سک ب) اند؛ ~ ابراء.
ا. (کسی ذمہ داری سے) سبکدوشی، براءت، بری الذمہ ہونے کا عمل. ۲. (کسی مرض سے) شفا بخشنے کا عمل. ۳. اجتناب، پرہیز، بیزاری. [ع].

اَبْرار (فت ا، سک ب) اند ؛ ج.
۱. پرہیزگار یا نیکوکار لوگ ، پارسا ، اصفیا .۲. (تصوّف) گروہ اولیا جو صرف تقویٰ اور عبادات ظاہری شریعت اختیار کرتا ہے . [ع] .

اِبْرام (کس ا، سک ب) اند.
شدت کے ساتھ کسی بات کا مطالبہ ، اصرار ، تقاضا . [ع] .

اِبْراہیم (کس ا، سک ب، ی مع) اند ؛ ~ ابرام ، براہیم .
آزر بت تراش کے بیٹے یا بھتیجے مشہور سامی پیغمبر جنھوں نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی مدد سے از سر نو خانۂ کعبہ کو تعمیر کیا (آپ خلیل اللہ کے لقب سے مشہور ہیں) . [عبر] .

اَبْرَد (فت ا، سک ب، فت ر) صف ؛ اند .
(لفظاً) بہت ٹھنڈا ، نہایت سرد (طب) شخص جس میں جنسی اشتہا و رغبت کی کمی یا فقدان ہو . [ع] .

اَبْرَش (فت ا، سک ب، فت ر) صف ؛ اند .
۱. سرخ وسفید (دو رنگا) گھوڑا .۲. چتکبرا ، شخص جس کی جلد پر سفید چتیاں پڑی ہوں . [ع] .

اَبْرَص (فت ا، سک ب، فت ر) صف ؛ اند .
۱. جس کے بدن پر برص کے سفید داغ دھبے ہوں ، سفید کوڑھ کا مریض ، مبروص .۲. چتلا یا چتکبرا (یا کوئی بھی جانور) . [ع] .

اَبْرَق/ اَبْرَک (فت ا، سک ب، فت ر) اند ؛ امث ؛ ~ ابرکھ ، ابھرک .
شیشے کی طرح شفاف ایک چمکیلی معدنی شے ، جو پرت دار سلوں یا ڈھیلوں کی شکل میں ٹیلوں سے برآمد ہوتی ہے ؛ ملنے یا مسلنے سے بہ آسانی چورا ہو جاتی ہے ؛ اس میں نمی اور بجلی کی رو سرایت نہیں کرتی . [ع : ف] .

اَبْرَن (فت ا، سک ب، فت ر) اند ؛ ~ ابرن ابھرن .
زیور ، گہنا ، سنگھار کا سامان ؛ قیمتی لباس . [س] .

اَبْرو (فت ا، سک ب، و مع) اند ، امث .
آنکھ کے اوپر کی محراب نما ہڈی پر دو طرفہ بالوں کی لکیر ، بھوں ، بھویں . [ف] .

ابرو پَر (بہ یا میں) **بل** (شکن) **آنا/ پڑنا/ ڈالنا/ ہونا** محاورہ . ماتھے پر ناگواری ، ناپسندیدگی یا غصے سے شکنیں پڑنا .

اَبرو پھڑکانا محاورہ . بھوں کا معنی خیز طور پر جنبش دینا ، اشارے کرنا

اَبرو تاننا محاورہ . ناگواری کا اظہار کرنا .

اَبروئے فَلَک اند . ہلال ، ماہ نو ، پہلی رات کا چاند .

اَبْرَہ (فت ا، سک ب، فت ر) اند ؛ ~ ابرا .
کپڑے وغیرہ کا بالائی پرت جو عموماً نیچے کے پرت کی نسبت اچھے کپڑے کا ہوتا ہے ، استر کی ضد ؛ (مجازاً) کسی چیز کی اوپری تہ . [ف

اِبْرَہ (کس ا، سک ب، فت ر) امث .
سوئی ، ڈنک ، کانٹا . [ع] .

اَبْری (الف) امث .
۱. کتاب کی جلد پر چڑھانے کا چکنا ، رنگین ، منقش (لہردار) کاغذ ۲. کمائے ہوئے چمڑے کی اوپری تہ ، جس پر رنگ اور جلا ہوتی اور چمڑے کی موٹائی میں تراش کر الگ کر لی جاتی ہے ، نری ، بان ۳. (مجازاً) ابرہ . (ب) صف . ۱. (لفظاً) جس میں ابر کی طرح چمک (مراداً) جوہردار ، صیقل شدہ (تلوار وغیرہ) . ۲. (قدیم) جھلا بور جھل مل کرتا ، زرق برق (لباس) .

اِبْری (فت ا، سک ب) امث .
(لفظاً) بھوسی جو خشکی کے باعث سر پر جم جاتی ہے ، روئی کے اُڑے ہوئے ریشے ، اُڑا ہوا رواں ؛ (مراداً) خشک یا تر چیز کی سطح پر دوسری شے کی باریک سی تہ . [ع] .

اَبْریشَم (فت ا، سک ب، ی مج، فت ش) اند .
۱. کچا ریشم ، ایک کیڑے کے لعاب دہن کے تار جن سے پکا ریشم کیا جاتا ہے .۲. ساز کا تار جو لوہے ، پیتل ، تانبے اور جست سے جاتا ہے . [ف] .

اَبْریشَمی/ اَبْریشَمیں (فت ا، سک ب، ی مج، س کش، ی مع/ غنہ) صف
ریشمی ، ریشم کی بنی ہوئی (چیز) .

اِبْریق (کس ا، سک ب، ی مع) اند .
۱. لمبی گردن کا دستے دار لوٹا ، آفتابہ .۲. جام ، شیشہ ، پیالہ ، ساغر صراحی وغیرہ . [آب ریز سے معرب] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع جمع

اَبڑ دَھبڑ (فت ا، ب، سک ڑ، فت دھ، ب) امت.
۱. بے ہنگم، بے ڈھنگے انداز میں. ۲. افراتفری، بھاگ دوڑ.

اُبسا (ضم ا، سک ب) صف.
سڑا بسا، گلا سڑا؛ (مجازاً) خراب، برا.

اُبس جانا ف مر؛ محاورہ. سڑ جانا، کھٹا ہو جانا، مزہ بگڑ جانا؛ اکتا جانا.

اُبسنا (ضم ا، فت ب، سک س) ف ل.
۱. گل جانا، سڑ جانا، خراب یا بودار ہو جانا. ۲. تھک جانا. [س].

اَبصار (فت ا، سک ب) امت؛ ج.
بصر (دیکھیے) کی جمع؛ آنکھیں، نگاہیں. [ع].

اِبصار (کس ا، سک ب) امذ.
نظر آنے کا عمل، روایت، دیدار، دیکھنا. [ع].

اِبطا (کس ا، سک ب) امذ.
موخر کرنے کا عمل، (کسی کام میں) ٹال مٹول، سستی، کاہلی؛ تاخیر. [ع].

اَبطال (فت ا، سک ب) امذ؛ ج.
۱. بطل (دیکھیے) کی جمع؛ بہادر لوگ. ۲. (کسی بھی فن کے) نامور اصحاب، مشاہیر، ہیرو. [ع].

اِبطال (کس ا، سک ب) امذ.
۱. باطل کرنا، کسی چیز کی صداقت یا وجود کو غلط ثابت کرنا. ۲. ترک، موقوف کردینا. [ع].

اَبعاد (فت ا، سک ب) امذ؛ ج.
بُعد (دیکھیے) کی جمع؛ فاصلے، دوریاں، جسم کے حدود: طول و عرض و عمق. [ع].

ابعاد ثلاثہ امذ. (ہندسہ) جسم کے تینوں اطراف: طول، عرض اور عمق.

اَبعَد (فت ا، سک ب، فت ع) صف.
بہت پرے، زیادہ دور. [ع].

اَبکار (فت ا، سک ب) (الف) امث.
بکر (کنوارا/کنواری) کی جمع؛ کنواریاں، بن بیاہی لڑکیاں. (ب) امذ. (مجازاً) اچھوتے، انوکھے یا نادر افکار و مضامین. [ع].

اُبکائی (ضم ا، سک ب) امث.
کھایا پیا حلق کی طرف لوٹنے کی تحریک، قے آنے کی حالت، متلی، جی مالش ہونا.

اُبکائی آنا محاورہ. ۱. متلی ہونا، طبیعت مالش کرنا. ۲. نفرت پیدا ہونا.

اُبکائی لگنا محاورہ. بار بار ابکائی آنا؛ علامتِ حمل کا ظاہر ہونا.

ابکائی لینا محاورہ. گھن کھانا، نفرت کرنا.

اَبکَم (فت ا، سک ب، فت ک) صف.
گونگا، قوت گویائی سے محروم. [ع].

اُبکنا (ضم ا، فت ب، سک ک) ف ل.
۱. ابکائی لینا، اگلنا، قے کرنا. ۲. خارج کرنا یا ہونا، باہر نکالنا یا نکلنا، نیچے یا اندر سے اوپر اچھالنا یا اچھلنا.

اُبَل (ضم ا، فت ب).
اُبلنا کا مادہ اور ترکیبات میں مستعمل.

اُبل پڑنا محاورہ. ۱. ابلنا، بے اختیار بول اٹھنا؛ برس پڑنا، آپے سے باہر ہو جانا. ۲. بھید نہ چھپا سکنا، کچھ کہہ اٹھنا. ۳. اُبل کر برتن سے باہر آ جانا.

اُبل جانا محاورہ. دل کی بات نہ چھپا سکنا، کم ظرفی کی وجہ سے برداشت نہ کرسکنا، تکبر کرنا.

اَبلا (فت ا، سک ب) (الف) امث.
عورت، استری. (ب) صف، مث. (مجازاً) نازک، کامنی. [س].

اُبلا (ضم ا، سک ب) صف.
جوش دیا ہوا، ابالا ہوا؛ بغیر گھی یا مسالے کا.

اِبلاغ (کس ا، سک ب) امذ.
(بات، پیغام، خیالات، عقائد یا علوم وغیرہ) دوسرے تک بھیجنے یا پہنچانے کا عمل (تقریر، تحریر یا علامات و اشارات کے ذریعے)؛ تبلیغ. [ع].

ابلاغ عامہ امث.

اَبلَغ (فت ا، سک ب، فت ر) صف.
۱. نہایت بلیغ، بلیغ ترین، جس کا کلام بلاغت کے مطابق ہو. ۲. رسائی میں زیادہ قوی، کامل تر. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، مد = معدولہ، مج = مجہول، مع = معروف، تشد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اَبلَق (فت ا، سک ب، فت ل) صف .

ا. دو رنگا ، خصوصاً سیاہ اور سفید ، چتکبرا .۲. گھوڑا جس کی جلد پر بڑے بڑے سیاہ وسفید یا سرخ وسفید دھبے ہوں ، چتلا گھوڑا ، چت کبرا گھوڑا . [ع] .

اُبلنا (ضم ا، فت ب، سک ل) ف ل .

ا. جوش کھانا ، کھولنا .۲. کھولتے پانی میں پکنا ، گل جانا .۳. (گرمی سے) ابسنا ، خمیر اٹھنا .۴. (i) سطح کے نیچے سے پھوٹ پڑنا ، اندر سے زور کر کے نکل پڑنا . (ii) اُمنڈنا ، ہجوم کرنا ، وفور کرنا ، زیادتی کے ساتھ پیدا ہونا .۵. لبریز ہوکر گرنا ، چھلک پڑنا .۶. (i) (مجازاً) کم ظرفی دکھانا ، اِترانا ، پھٹ پڑنا . (ii) طیش میں آنا ، غصے میں آنا ، پیچ وتاب کھانا ، آپے سے باہر ہونا .۷. (آنکھوں کا) پھولنا ، سوجنا .۸. مستی ، جوش یا جذبے کے اثر میں ہونا ، ولولے یا جوش سے بھرا ہونا .

اَبلَہ (فت ا، سک ب، فت ل) صف .

بیوقوف ، سیدھا ، احمق ، سادہ لوح . [ع] .

اِبلیس (کس ا، سک ب، ی مع) اند .

ا. قوم جن کا فرد جو کثرت عبادت سے صف ملائکہ میں شامل تھا اور حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کرنے پر مردود بارگاہ الٰہی ٹھہرا ؛ (مجازاً) انسانوں کو بہکانے اور راہ راست سے ہٹانے والا ، شیطان .۲. (استعارۃً) شیطانی خواص رکھنے والا ، شریر ، سرکش ، مردود شخص . [ع] .

اِبلیسانہ (کس ا، سک ب، ی مع، فت) صف ، م ف .

ابلیس سے منسوب : شیطانی ، خباثت کا .

اِبلیسِیَت (کس ا، سک ب، ی مع، کس س، فت ی) امث .

بدنفسی ، باطل پرستی ، سرکشی .

اِبن (کس ا، سک ب) اند .

ا. بیٹا ، لڑکا ، ولد (عموماً ترکیب میں مستعمل) .۲. (ترکیب میں) بندہ ، غلام ، پرستار (جیسے : ابن الغرض ، ابن الوقت) . [ع] .

اِبنُ السَّبیل اند . راہ گیر ، مسافر .

اِبنُ الوقت اند . ا. وقتی مصلحت کے مطابق عمل کرنے والا ، موقع پرست .
۲. (تصوف) صوفی جو وقت کا تابع ہو اور حسب مقتضائے وقت عمل کرے .

ابن آدم اند . انسان ، بشر ، آدمی .

اِبن مریم اند . حضرت عیسٰی علیہ السلام ، جو حضرت مریم کے بطن سے پیدا ہوئے تھے .

اَبنا (فت ا، سک ب) اند . ج ؛ ~ ابناء .

ا. بیٹے ، بیٹے بیٹیاں ؛ آل اولاد ، ذریات ، نسل .۲. نسبت رکھنے والے ، ہم جنس . [ع] .

اُبنہ (ضم ا، سک ب، فت ن) امث .

اغلام کرانے کی لت . [ع] .

اَبُو (فت ا، و مع) اند .

ا. باپ ، والد (بیشتر کنیت میں مستعمل) .۲. صاحب ، (نسبت رکھنے والا) جیسے : ابوالخیر (= نیکی والا) . [ع] .

اَبو الانبیا اند . نبیوں کے باپ ، حضرت ابراہیم علیہ السلام (جن کی نسل میں سلسلۂ نبوت نبی آخر الزمان تک پہنچا) .

ابوالبشر اند . انسانوں کا باپ حضرت آدم علیہ السلام .

آبـو القاسم اند . پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت بانٹنے والا ، تقسیم کرنے والا .

آبـو الـوقت اند . جو وقت اور حالات کو مغلوب کر لے ، حاکم وقت ؛ صوفی کامل .

اَبُّو (فت ا، شد ب، و مع) اند .

باپ کے لیے پیار کا لفظ ، ابا ، ابا جان .

اَبواب (فت ا، سک ب) اند ؛ ج .

ا. (i) دروازے ، کئی یا بہت سے باب . (ii) (دروازے کے علاوہ) داخل ہونے اور باہر نکلنے کے دوسرے راستے .۲. روپیہ جو معافی داروں سے نذرانے کے علاوہ لیا جائے .۳. کتاب کے حصے جو کسی بنا پر ایک عنوان کے تحت آئیں . (گاہے تحتی فصلوں پر مشتمل) .۴. (i) آ کے وسائل ، ذرائع . (ii) خرچ کی مدیں .۵. (عربی صرف) سہ اور چہار حرفی مادے کے ماضی و مضارع اور مصدر کے اوزان جو ع ل کی یا ف ع ل کی مختلف ترکیبوں (افتعال ، انفعال وغیرہ) مرکب اور معین ہیں . [ع] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

اُبُوّت (ضم ا، ب، شد و بفت) است.
باپ ہونے کی حالت یا کیفیت، رشتۂ پدری.

اَبُوج/ اَبُوجھ (فت ا، و مع) (الف) صف (قدیم).
ا. جسے بوجھا نہ جا سکے، نا قابلِ فہم، عقدۂ لاینحل. ۲. نادان، بے عقل، ننھا، سیانا کی ضد. (ب). است. نا سمجھی.

اَبَوی (فت ا، ب، نیز سک ب) اند.
ا. میرے باپ (عموماً ندا کے موقع پر). ۲. باپ سے منسوب، باپ کا.

اَبَوِیّت (فت ا، ب، نیز سک ب، کس و، شد ی بفت) است.
باپ پن، باپ ہونے کی حالت.

اِبْہام (کس ا، سک ب) اند.
ا. عدم وضاحت، معنی یا مفہوم میں اشتباہ، مبہم پن. ۲. (i) ہاتھ کا انگوٹھا. (ii) بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی چھاپ یا اس کی لکیروں کا نقش. [ع].

اَبے (فت ا) حرف ندا.
ا. تحقیر یا بے تکلفی سے مخاطب کرنے کا کلمہ، ارے، او. ۲. کلمۂ فجائیہ، حیرت وغیرہ کے موقع پر مستعمل.
اَبے تَبے اند. بازاری بول چال، ناشائستہ گفتگو، بد تہذیبی کے کلمات، سخت کلامی. اف: کرنا/ ہونا.
اَبے تَبے اند. آن بان، شان و شوکت، ٹھاٹ باٹ. [س].

اَبْیات (فت ا، سک ب) اند: است: ج.
ا. (بیت کی جمع) اشعار، دو دو ہم قافیہ مصرعے. ۲. ملک فارس کی ایک راگنی کا عربی نام. [ع].

اَبِیر (فت ا، ی مع) اند: ~ عبیر.
زعفران کی آمیزش سے تیار کردہ خوشبو دار لال سفوف جو ابرک کے برادے اور سنگھاڑے کے آٹے وغیرہ میں لالی اور خوشبوئیں (صندل وغیرہ) ملا کر بنایا جاتا، عموماً ہولی کے تہوار میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے اور چہرے پر ملتے ہیں؛ گلال. [پ].

اَبْیَض (فت ا، سک ب، فت ی) (الف) صف.
سفید، اُجلا. (ب) اند. ا. گوری نسل کا، اسود کی ضد. ۲. (مجازاً) چاندی کا سکہ. [ع].

اَیْبل دَبَیل (فت ا، ی لین، سک ل، فت د، ی لین) صف.
مقابلے میں ہیٹا، دبو، تابع؛ کمزور، کسی سے دب جانے والا.

اَبْیَن (فت ا، سک ب، فت ی) صف.
زیادہ واضح، بہت روشن، نمایاں تر. [ع].

اُبھار (ضم ا) اند.
ا. اٹھان یا اونچا پن جو کسی چیز کے پھولنے یا ابھرنے سے ظاہر ہو، سوجن، سطح کا ابھرا ہوا حصہ. ۲. نمو یا شباب کا زور. ۳. امنگ، موج، ولولہ. ۴. افزائش، فروغ. ۵. محدب سطح کی بیرونی سمت کا نمایاں حصہ. ۶. (کنایۃً) عورت کے پستان. [س].

اُبھارا (ضم ا) اند.
ا. ابھارنا نیز ابھرنا کا حاصل مصدر اور ترکیبات میں مستعمل. ۲. شہ، بھرّا.
اُبھارا لینا محاورہ. ا. ڈوب کر سطح پر آنا. ۲. اُبھرنا، حالت کا درست ہونا. ۳. (مرض کا) عود کرنا؛ کسی بیماری کا لوٹ آنا. ۴. سنبھالا لینا، مریض کی حالت کا بہتر ہونا.

اُبھارْنا (ضم ا، سک ر) ف م.
ا. سطح سے اوپر اٹھانا، اونچا کرنا. ۲. پھلانا، تاننا. ۳. اکسانا، بہکانا، شہ دینا. ۴. تقویت دینا، سہارا دینا. ۵. پانی کی گہرائی سے سطح پر لانا، اچھالنا، ترانا. ۶. ترقی دینا، پست یا دبی ہوئی حالت سے نکالنا. ۷. ترغیب دینا، ورغلانا.

اُبھارو (ضم ا) صف.
اُبھارا دینے والا؛ اڑا لے جانے والا، غائب کر دینے والا؛ اٹھائی گیرا؛ چور؛ اُبھرا ہوا، سطح پر نمایاں؛ ایک طرف سے زیادہ اٹھا ہوا.

اَبھاگ (فت ا) (الف) صف.
بدنصیب، قسمت کا ہیٹا، منحوس. (ب) اند. بد قسمتی، بدنصیبی. [س].

اَبھاگی (فت ا) صف.
بدنصیب، منحوس، سبز قدم.

اُبھَر (ضم ا، فت بھ) (الف) است.
ابھرنا (دیکھیے) کا حاصل مصدر اور ترکیبات میں مستعمل. (ب) م ف. بھرپور، بے دریغ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ابھر آنا محاورہ. ا. سطح کے نیچے یا اندر سے اوپر کی طرف نمودار ہونا، اونچا ہونا. ۲. ظاہر ہونا، نمودار ہونا. ۳. از سرِ نو محسوس ہونا.

اُبھرنا (ضم ا، فت بھ، سک ر) ف ل.
ا. سطح سے نمایاں ہونا، آس پاس کی نسبت اٹھا ہوا یا پھولا ہونا. ۲. پھولنا، تننا. ۳. بڑھنا، پنپنا، افزائش یا نشو و نما پانا. ۴. سطح پر آنا، سر نکالنا. ۵. ابھارا لینا، ڈوب کر ترنا. ۶. اچکنا، سر یا گردن کو اونچا کرنا. ۷. عود کرنا، ہرا ہونا (مرض، چوٹ وغیرہ کا). ۸. دبی ہوئی یا پست حالت سے نکلنا، سنبھلنا، ترقی کرنا. ۹. غائب ہونا، اڑ جانا، چلتا بننا، چلا جانا. ۱۰. جوش میں آنا، زور کرنا. ۱۱. اترانا، اکڑنا، تننا، غرور کرنا. ۱۲. آمادہ ہونا، راغب ہونا. ۱۳. (اٹکی یا دبی ہوئی چیز کا) نکلنا، جگہ سے جنبش کرنا. ۱۴. جوان ہونا، قد نکالنا. ۱۵. نام آور ہونا، مشہور ہونا.

اَبھی (فت ا) ظرف زمان.
ا. فی الحال، سردست. ۲. حال میں، اس وقت. ۳. اسی آن، ترت، فوراً. ۴. (i) ذرا دیر پہلے، ماضی قریب میں. (ii) اُس وقت (جبکہ)، جس وقت، ماضی بعید میں. ۵. ذرا دیر بعد، ذرا دیر میں. ۶. ابھی سے، اتنی جلدی، ایسی جلدی. ۷. اس وقت سے. ۸. ہنوز، اب تک، اس وقت تک. ۹. اس کے بعد، آئندہ بھی. ۱۰. متقابل تکرار کی صورت میں پہلا ابھی "دم بھر پہلے" کے معنی میں اور دوسرا "اس کے فوراً بعد" کے معنی میں مستعمل = ذرا سی دیر میں، دیکھتے ہی دیکھتے، بلا وقفہ، آناً فاناً وغیرہ. ۱۱. اس مقام پر، اسی موقع پر. ۱۲. کسی وقت، کبھی. ۱۳. تاکید کلام کے لیے. [س].

ابھی ابھی م ف. ا. ذرا پہلے، دم بھر پہلے. ۲. فوراً، اسی وقت، دم بھر میں؛ آناً فاناً میں.

ابھی تو (کچھ نہیں گیا) بیٹی باپ ہی کے گھر ہے کہاوت. اس وقت تک معاملہ قابو سے باہر نہیں ہوا، اصلاح حال ممکن ہے.

ابھی دلی دور ہے کہاوت. منزل مقصود نہیں آئی، منزل تک پہنچنا مشکل ہے.

ابھی دودھ کے دانت (بھی) نہیں ٹوٹے کہاوت. (طنزاً) کچھ تجربہ نہیں، ہوش نہیں سنبھالا ہے.

ابھی سویرا ہے فقرہ. ابھی کچھ نہیں گیا، ابھی کچھ نہیں بگڑا، وقت باقی ہے.

ابھی سے م ف. ا. اتنی جلدی (بطور استفہام). ۲. ابتدا ہی میں، اس عمر میں، کم سنی میں. ۳. قبل از وقت، پیشتر سے. ۴. اسی وقت سے، آج سے.

ابھی کفن بھی میلا نہیں ہوا فقرہ. (کنایۃً) مرے ہوئے چند دن ہوئے ہیں.

ابھی کے ابھی (میں) م ف. کچھ دیر نہیں گزری، ذرا سی دیر میں دیکھتے ہی دیکھتے.

اَبھیاس (فت ا، شد بھ بکس) اند.
ا. روحانی ریاضت. ۲. کام کو بار بار کرنا تاکہ عادت یا مہارت ہو جائے مشق، ریاض. [س].

آپ (فت ا) ضمیر.
ا. آپ، خود. ۲. اپنا، اپنی. [س].

اُپا (ضم ا) صف، مذ.
سان پر چڑھا ہوا، تیز، چمکتا ہوا (عموماً امالے کے ساتھ مستعمل).

اَپار (فت ا) (الف) صف.
ناقابل عبور، جسے پار نہ کیا جا سکے، ناپیدا کنار. (ب) صف، م ف بہت زیادہ، بے حد و شمار. [س].

اَپاہج (فت ا، ہ) صف.
ا. ہاتھ پانو سے معذور: لنجا، لنگڑا، لولا. ۲. (ضعف، مرض یا کسی وجہ سے) کام کاج یا چلنے پھرنے سے معذور، مجبور. ۳. سست، کاہل، نکما. ۴. مفلوج، ازکار رفتہ (عضو یا جسم). [س].

اَپاہج پن/ پنا اند. معذوری.

اَپائنٹمنٹ (فت ج ا، کس ء، سک ن، ٹ، کس ج م، سک ن) اند.
تقرر، تعین. [انگ].

اُپائے (ضم ا) اند.
تدبیر، چارۂ کار، جتن، حکمت، منصوبہ. [س].

اَپ بھرنش/ بھرنشا (فت ا، سک پ، فت بھ، ر، سک ن) امث.
ا. (لفظاً) بگڑا ہوا لفظ (مراداً) پراکرت کی شکل، جس سے برصغیر کی بعض جدید آریائی زبانیں نکلی ہیں. ۲. عام بول چال کی زبان، عوامی بولی. [س]

اَپج (فت ا، پ) صف (عوام).
نہایت پاجی، ازحد کمینہ، بدذات. [مقامی].

اُپج (ضم ا، فت پ) اث.
۱.نمو کی کیفیت، نمو، اُبھار. ۲. پیداوار، (کھیتی کا) حاصل. ۳.انوکھی بات، ایجاد، جدت، اختراع. ۴. جو کچھ بے ساختہ طبیعت سے نکلے، امنگ، ترنگ، جذبہ، احساس. [س].

اُپج نکالنا محاورہ. انوکھی بات کرنا یا کہنا.

اُپَجنا (ضم ا، فت پ، سک ج) ف ل.
۱. اگنا، پھوٹ نکلنا، نشو و نما پانا. ۲. بے ساختہ طبیعت سے نکلنا، جوش جذبے یا احساس وغیرہ سے ابھرنا. ۳. جنم لینا، پیدا ہونا. ۴. طلوع ہونا، نکلنا، برآمد ہونا. ۵. نکھرنا، سنورنا، فروغ پانا.

اُپدیش (ضم ا، سک پ، ی مج) اند؛ ~ اوپدیش.
۱. رائے، مشورہ، صلاح. ۲. نصیحت، وعظ، تلقین. [س].

اُپدیشک (ضم ا، سک پ، ی مج، فت ش) صف.
ناصح، واعظ، مشیر؛ معلم.

اَپراد/ اَپرادھ (فت ا، سک پ) اند.
۱. کوتاہی، قصور، جرم. ۲. الزام، اتہام. [س].

اَپرادھی (فت ا، سک پ) صف.
قصور وار، مجرم؛ ملزم.

اُپرانا (ضم ا، سک پ) (الف) ف ل (قدیم).
۱. مانوس نہ ہونا، اجنبی معلوم ہونا. ۲. بد دلی کا اظہار کرنا. ۳. حد سے نکل جانا. ۴. اٹھنا، اوپر ہونا. (ب) ف م. اٹھانا، اوپر کرنا.

اَپریل (فت ا، سک پ، ی لین) اند.
عیسوی سال (گریگورین کیلنڈر) کا چوتھا مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے. [انگ].

اَپریل فول اند. اپریل کی پہلی تاریخ کو خوش طبعی کے لیے بیوقوف بنانے کا دستور جو انگریزوں میں رائج ہے اور ان کی دیکھا دیکھی بعض اور لوگ بھی ایسا ہی کرتے ہیں.

اُپڑنا (ضم ا، فت پ، سک ڑ) ف ل.
۱. اکھڑنا. ۲. نچنا، چھٹنا، نوچا یا چھڑایا جانا. ۳. ادھڑنا، کھال اتاری جانا. ۴. ابھرنا، نشان اٹھنا، نقش ہونا.

آپس (فت ا، پ) ضمیر (قدیم).
۱. خود، اپنے آپ، اپنی ذات. ۲. اپنا. [س].

اُپس (ضم ا، فت پ) اث.
۱. بدبو، بساند، سڑاند؛ باسی پن، پھپھوندی. ۲. گھمس، حبس. [س].

اَپسَرا (فت ا، سک پ، فت س) اث.
۱. راجا اندر کے دربار کی رقاصہ؛ پری. ۲. (مجازاً) حسینہ، خوبصورت عورت. ۳. بہشت کی حور. ۴. شریف، مسکین؛ سگھڑ عورت. [س].

اُپکار (ضم ا، سک پ) اند.
۱. احسان، عنایت، مہربانی. ۲. مدد، خدمت، حاجت روائی. [س].

اُپلا (ضم ا، سک پ) (الف) اند.
گوبر جس کو تھاپ کر خشک کر لیتے ہیں اور ایندھن کا کام دیتا ہے، گوبر کا سوکھا چونتھ. (ب) صف. (مجازاً) سوجا ہوا، پھولا ہوا.

اُپلانا/ اُپلائے پھرنا (ضم ا، سک پ) ف ل.
۱. سطح سے اوپر تیرنا. ۲. گھبرا کر اُٹھ کھڑا ہونا، بیتاب ہونا.

اَپمان (فت ا، سک نیز فت پ) اند.
بے عزتی، ذلت، توہین. [س].

اَپن/ اَپُن (فت ا، پ/ضم پ) ضمیر. (الف).
فاعلی (عوام) ہم، ہم دونوں نیز ہم سب (بطور واحد یا جمع متکلم). (ب) مفعولی (قدیم). ہم کو، خود کو، اپنے کو. (ج) اضافی (قدیم). اپنا، اپنی، اپنے. (د) م ف. تاکید کے لیے.

اَپنا (فت ا، سک پ) اند؛ ~ اپناں (قدیم). (الف).
۱. ضمیر اضافی. (واحد متکلم کے لیے) میرا، مجھ سے متعلق. ۲. (جمع متکلم کے لیے) ہمارا، ہم سب کا. ۳. (واحد حاضر کے لیے) تیرا. ۴. (جمع حاضر کے لیے) تمہارا. ۵. (واحد غائب کے لیے) خود کا، اس کا. ۶. (جمع غائب کے لیے) خود کے، ان کے. (ب) ضمیر مفعولی. اپنے کو، خود کو، اپنے آپ کو (ج) م ف. ۱. (تاکید کے لیے ضمیر اضافی کے ساتھ) ذاتی، شخصی. ۲. خود، اپنے آپ. (د) اند. یگانہ، رفیق، رشتہ دار، موافق، ہمدرد. [س].

اپنا اپنا (ہی) ہے پرایا پرایا (ہی) ہے مقولہ. عزیز سے لاکھ بگڑ جائے پھر

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بھی عزیز ہے، غیر کتنا ہی دوستی کا دم بھرے پھر بھی عزیز کے برابر نہیں.

اپنا الو سیدھا کرنا محاورہ. فریب دے کر اپنا کام نکالنا، ذاتی غرض حاصل کرنا.

اپنا بنانا محاورہ. دوست، حامی یا طرف دار بنانا؛ فریفتہ کرنا، کسی کو اپنے عزیزوں میں شامل کرنا.

اپنا پرایا اند. ۱. ہر شخص، سب، سبھی؛ عزیز وغیرہ. ۲. غیریت، اجنبیت، فرق و امتیاز، دوست دشمن. ۳. تکلف.

اپنا پیسا/ پیسہ کھوٹا تو پرکھنے والے (پرکھیا) کا (کو، کی) کیا دوس/ دوش/ لاگ کہاوت. اپنی چیز یا اولاد ناقص ہو یا اپنے میں کوئی کمی ہو تو اعتراض کرنے والے کو کیا الزام دیا جائے، سچی اور کھری بات پر قائل ہو جانا چاہیے.

اپنا ٹھکانا کر لینا/ کرنا محاورہ. ۱. اپنی گزر بسر رہنے سہنے کی تدبیر کرنا، اپنے لیے جگہ تلاش کرنا. ۲. شادی کرنا، اپنا گھر آباد کرنا.

اپنا خون اند. سگا یا نسبتی قرابت دار، ایک جد کی اولاد.

اپنا راستہ (اپنا رستہ) لو/ لیے فقرہ. ۱. دخل اندازی نہ کرو. ۲. جاؤ، چلتے بنو.

اپنا سا منہ لے کر/ کے رہ جانا محاورہ. ۱. خفیف اور نادم ہونا، شرمندہ ہونا. ۲. جواب بن نہ پڑنا، خاموش ہو جانا؛ حیران رہ جانا، سٹی گم ہو جانا.

اپنا سَر/ سِر پیٹنا محاورہ. افسوس کرنا. ۲. اپنا آپا پیٹنا، اپنے اوپر غصہ اتارنا (مجبور ہونے کی حالت میں).

اپنا سر کھاؤ فقرہ. جو جی چاہے کرو اس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی کسی بات کو سمجھانے سے نہ سمجھے یا اس سے باز نہ آئے تو کہتے ہیں.

اپنا سونا کھوٹا پرکھنے والے کو (کا) کیا دوس/ دوش/ دوکھ کہاوت. جب اپنی اولاد نالائق ہو تو دوسرے کا کیا قصور؛ جب اپنی چیز ناقص ہو تو دوسرے کی نکتہ چینی پر کیا اعتراض.

اپنا کر رکھنا/ کر لینا/ کرنا محاورہ. ۱. کسی کو دوست یا ہمدرد بنا لینا. ۲. (کسی چیز کو) قبضہ میں کر لینا، گھیر لینا، مال مارنا، غصب کرنا. ۳. کسی شخص کو اثر میں لینا، خیر خواہ یا مطیع بنانا. ۴. حمایت یا امان میں لے لینا. ۵. موہنا، فریفتہ کرنا، عاشق بنا لینا.

اپنا کِیا آگے آنا محاورہ. اعمال کی سزا پانا، اپنے برے فعل کا خمیازہ بھگتنا.

اپنا گھٹنا کھولیں/ کھولیے اور آپ ہی مریے لاج/ لاجوں مریں/ مریے کہاوت. ۱. اپنوں کے عیب کھولنے سے خود ہی خفت و ندامت اٹھانی پڑتی ہے، اپنی عزیز چیز کی رسوائی خود اپنی رسوائی ہے.

اپنا گھر ہگ بھر (برائے گھر تھوک کا ڈر) کہاوت. اپنی چیز کو چاہے جس طرح برتیں، دوسرے کی چیز کی احتیاط کرنی پڑتی ہے.

اپنا مطلب نکالنا محاورہ. کسی نہ کسی طرح کام بنانا، ذاتی مدعا حاصل کرنا

اپنا ہونا محاورہ. ۱. اپنی ملکیت ہونا. ۲. دوست ہونا، اپنا عزیز ہونا یا بننا.

اَپْنانا (فت ا، سک پ) ف م.
۱. کسی کو اپنا کر لینا، اپنے ساتھ ملانا، دوست بنانا، ہم خیال بنانا، اپنے ڈھب پر لانا. ۲. (i) اختیار کرنا، قبول کرنا، پسند کرنا. (ii) اپنی ذات سے منسوب کرنا. ۳. دوسرے کی چیز پر قبضہ کرنا، کسی کی چیز کو اپنا بنانا اپنے ذمے لینا.

اَپْنائیت/ اپنایت (فت ا، سک پ، فت ی) امث: اند (قدیم).
قرابت داری، عزیز داری، رشتے داری.

اَپَنْڈِکْس (فت ا، فت ع پ، سک ن، کس ڈ، سک ک) امث.
کانی آنت کے ساتھ تقریباً تین چار انچ لمبا کیچوے کی شکل کا ایک زائدہ جس کی ساخت بھی آنتوں کی طرح ہوتی ہے، اور اس کا ایک سرا بند اور دوسرا کانی آنت میں کھلتا ہے، زائدہ. [انگ].

اَپْنی (فت ا، سک پ) صف.
اپنا کی تانیث؛ میری، ہماری؛ تیری، اپنی ذات کا؛ یگانہ، دوست.

اپنی اپنی صف. اپنا اپنا کی تانیث؛ جدا جدا، الگ الگ؛ ذاتی، انفرادی، شخصی

اپنی اپنی ڈفلی/ ڈھپڑی (ڈھپلی) اپنا اپنا راگ کہاوت. ۱. سب کی باتیں ایک دوسرے سے الگ ہیں، اتحاد عمل مفقود ہے، جتنے منہ اتنی باتیں. ۲. سب کی متفرق یا انفرادی آواز، کوشش یا عمل وغیرہ.

اپنی ایڑی دیکھ/ دیکھو (ع). (نظر بد کے اُتارے کا ٹوٹکا) کسی حسین صورت کو دیکھ کر بے ساختہ اس کی تعریف منہ سے نکلنے پر نظر بد سے بچانے کے لیے ٹوٹکے کے طور پر کہا جاتا ہے.

اپنی آبرو/ عزت اپنے ہاتھ کہاوت. انسان وہ کام نہ کرے جس سے آبرو میں فرق آئے، آبرو بچانا اپنے اختیار میں ہے.

اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے کہاوت. اپنے علاقے میں ہر شخص

جرأت و ہمت بڑھ جاتی ہے ، بزدل بھی حمایتی کے بھروسے پر بہادر ہوجاتا ہے (ایسا شخص جو دوسروں کی حمایت کے بل پر دھمکائے اینٹھے) .

اپنی گور میں انگارے بھرنا محاورہ. ایسا کام کرنا جس کی سزا مرنے کے بعد بھگتنا پڑے ، عاقبت بگاڑنا .

اپنی گوں کا صف ، مذ . خود غرض ، مطلب آشنا .

اپنی موت (آپ) مرنا محاورہ. طبعی یا کسی مرض میں موت واقع ہونا ، منطقی انجام کو پہنچنا .

اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا / جاگنا محاورہ. بے فکری سے زندگی بسر کرنا ، خود مختار رہنا ، آزادانہ زندگی بسر کرنا .

اپنی والی (والیوں) پر آنا محاورہ. ۱. (کسی بات پر) اڑ جانا ، ہٹ کرنا . ۲. اپنی اصل ، نسل ، فطرت یا سرشت کے اقتضا کے مطابق عمل کرنا .

اَپنے (فت ا ، سک پ) (الف) ضمیر اضافی ، مذ .

اپنا کی جمع ؛ مغیرہ یا ظرفی حالت . (ب) ضمیر فاعلی . ۱. خود ، آپ . ۲. زائد بطور تاکید وغیرہ . (ج) اند ، ج . یگانے ، عزیز و اقارب .

اپنے اپنے صف . فرداً فرداً ، ہر ایک .

اپنے اوپر لینا محاورہ. کسی برائی یا قصور کو اپنے ذمے کرنا ، متحمل ہونا .

اپنے آپ (الف) ضمیر . خود ، آپ ، اپنی ذات . (ب) م ف . ۱. ازخود ، کسی خارجی سبب یا محرک کے بغیر . ۲. دل ہی دل میں (خود کلامی کے طور پر) .

اپنے پانو پر (آپ یا خود) کلہاڑی مارنا محاورہ. خود کوئی ایسی بات یا کام کرنا جس سے اپنا نقصان ہو جائے ، اپنا برا آپ کرنا .

اپنے پانوں / پاؤں پر کھڑا ہونا محاورہ. دوسروں کی امداد سے بے نیاز ہونا ، خود کفیل ہونا ، اپنا کام خود چلانا .

اپنے دم سے م ف . ۱. بذات خود ، تن تنہا . ۲. بجائے خود ، اپنے طور سے ، اپنی جگہ پر ، اپنے مقام پر .

اپنے دہی کو کوئی کھٹا نہیں کہتا / کو کون کھٹا کہتا ہے کہاوت . اپنی چیز کو ہر شخص سراہتا ہے .

اپنے سائے سے بھی بچنا / بھڑکنا محاورہ. اعتدال سے زیادہ چوکنا ہونا ، خوفزدہ ہونا ، نہایت محتاط ہونا ، تنہائی پسند کرنا .

اپنے سے م ف . اپنی طرف سے ، جہاں تک خود سے ہو سکا ، مجھ سے ، ہم سے ، میری ذات سے .

اپنے کام سے کام رکھنا / ہونا محاورہ. ۱. اپنے مطلب سے غرض رکھنا ، یکسو ہو کر کام کرنا ، اپنے مشغلے سے لگے رہنا . ۲. جو کچھ کرنا ہے کیے جانا اور دوسرے کے کہنے سننے یا اس کی ضرورت کا خیال نہ کرنا .

اپنے کام سے کام رکھو محاورہ. تنبیہ کے طور پر ، دوسرے کے قصے میں نہ پڑو ، اپنے کام سے مطلب رکھو .

اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا / ڈالنا محاورہ. ۱. اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا ، اپنے کیے پر خفیف ہونا . ۲. شرمانا .

اپنے منہ (سے) میاں مٹھو فقرہ. اپنی زبان سے اپنی تعریف کرنے والا .

اپنے منہ (آپ) میاں مٹھو بننا محاورہ. خود ستائی کرنا ، ڈینگیں مارنا .

اپنے (ہاتوں) ہاتھوں م ف . ۱. خود ، بذات خود ، دیدہ و دانستہ . ۲. اپنی چال سے ، اپنے فعل سے .

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا محاورہ. جان بوجھ کر ایسا کام کرنا جس کے نتیجے میں اپنا ہی نقصان ہو .

اُپی (ضم ا ، ی مع) صف ، مث .

سان پر چڑھی ہوئی ، تیز ، چمکتی ہوئی (تلوار وغیرہ) .

اَپیل (فت ا ، ی مع) اسث ؛ انگ .

۱. درخواست ، پر زور استدعا ، جوش و خروش کے ساتھ توجہ دلانا . ۲. (قانون) عدالت ماتحت کے فیصلے کے خلاف بالاتر عدالت سے چارہ جوئی . ۳. نالش ، فریاد ، شکایت . ۴. کاغذ جس پر اپیل کے وجوہ لکھتے ہیں . [انگ] .

اَپھرانا (فت ا ، سک پھ) ف ل .

۱. پھول جانا ، سوجنا . ۲. غرور میں بھرنا ، گھمنڈ کرنا .

اَپھرْنا (فت ا ، پھ ، سک ر) ف ل .

۱. پھولنا ، ہوا بھرنے سے تن جانا . ۲. (بدہضمی یا ریاح سے) پیٹ پھولنا ۳. (مجازاً) گھمنڈ کرنا ، اترانا ، اکڑنا . ۴. ناخوش ہونا ، منہ پھلانا .

اِتّا (کس ا ، شد ت) صف ؛ م ف ، مذ .

دیکھیے : اتنا .

اَتا پتا اند . ۱. جائے قیام ، مسکن ، ٹھکانا ، موقع محل . ۲. سراغ ، نشان کسی بات (یا کسی آدمی کا) کا کھوج لگایا جا سکے .

اُتار (ضم ا) (الف) اند .

۱. اترنے یا اوپر سے نیچے آنے کا عمل . ۲. (i) نشیب ، ڈھلان

(ii) دریا کے بہاؤ کا رخ. ۳. ازالہ، دفعیہ. ۴. بڑھنے گھٹنے والی کیفیت. ۵. (دریا کا) جزر، بھاٹا. ۶. (i) (کسی چیز یا کیفیت کے اثر کو) زائل کرنے والا عمل. (ii) جادو یا آسیب کا رد، توڑ یا کاٹ. ۷. جو چیز کسی کے سر پر سے وار کے دے دی جائے، صدقہ، نچھاور. ۸. ندی کا پایاب حصہ یا گھاٹ جہاں سے عبور کریں. ۹. (موسیقی) گانے میں اصول کے مطابق سر نیچا کرنے کا عمل، (بم کے بعد) زیر. (ب) صف. ۱. کمتر، گھٹیا. ۲. لڑاکا، بدزبان، بری عورت. [س].

اُتار چڑھاو اند. ۱. اترنا چڑھنا کا اسم کیفیت. ۲. صدقے کرنے یا وارنے کا عمل. ۳. مد و جزر، جوار بھاٹا؛ استعارۃً. ۴. بلندی و پستی، نشیب و فراز، ناہموار سطح. ۵. (i) کمی بیشی، زیادتی اور کمی. (ii) ارزانی و گرانی، بھاؤ کا گھٹنا بڑھنا. ۶. عروج و زوال، انقلاب. ۷. (i) حکمت عملی، جوڑ توڑ. (ii) پالیسی، چالبازی. ۸. (i) بحث و تمحیص، رد و کد. (ii) رد و بدل، تغیر و تبدل. ۹. (i) (موسیقی) سر کے مدھم اور اونچے ہونے کی کیفیت، زیر و بم. (ii) کمان یا ستار وغیرہ کو حسب منشا کسنا اور ڈھیلا کرنا.

اُتارا (ضم ا) اند.

۱. (دریا کے) اس پار سے اس پار جانا کا عمل، عبور کرنا، اُترنا. ۲. (اوپر سے نیچے) اُتارے جانے کا عمل. ۳. عارضی قیام، نزول، پڑاؤ کرنا. ۴. ازالہ، دفعیہ (مرض اور نشے وغیرہ کا). ۵. رد سحر، جھاڑ پھونک. ۶. (مسافر کے) اُترنے یا اُتارے جانے کی جگہ، عارضی قیام گاہ، پڑاؤ، منزل، ڈیرا. ۷. گھاٹ جہاں مسافروں کو اتارنے کے لیے ناو لگائی جائے، جس جگہ سے دریا پار کیا جائے. ۸. گھاٹ یا کشتی کا بھاڑا یا پار اُتارے جانے کا محصول. ۹. (i) وار پھیر؛ وہ چیز جو نچھاور کی جائے، صدقہ، چاول یا آٹا وغیرہ جسے برتن میں بھر کر آسیب زدہ یا بیمار پر سر پانو تک (سات مرتبہ) وار پھیر کیا جائے. (ii) بھوت وغیرہ کو پیش کی جانے والی قربانی یا صدقہ. ۱۰. نقل، نکسی.

اُتارا کرنا ف م. ۱. صدقہ کرنا. ۲. وار پھیر کرنا. ۳. رد سحر کرنا، جھاڑ پھونک کرنا. ۴. پڑاؤ کرنا، قیام کرنا. ۵. عبور کرنا.

اتارا ہونا محاورہ. ۱. قتل ہونا، مارا جانا (تلوار، گھاٹ وغیرہ مناسبات کے ساتھ). ۲. (غصے کی) بھڑاس نکلنا. ۳. اتر جانا، غائب ہو جانا، ڈھل جانا. ۴. آمادہ ہونا، تل جانا. ۵. پڑاؤ ہونا، قیام ہونا. ۶. کسی کام میں ماہر ہونا. ۷. کشتی وار پار پہنچنا. ۸. ہاتھوں پر لے کر آہستگی سے قبر میں بہ آرام اتارنا یا لٹا دینا.

اُتارنا (ضم ا، سک ر) ف م.

۱. (i) اترنا کا تعدیہ: اوپر سے نیچے لانا. (ii) گھڑے یا زمین میں پہنچانا یا رکھنا، لٹانا، دفن کرنے کے لیے رکھنا. ۲. (i) لگی، چپکی یا لپٹی ہوئی چیز کا الگ کرنا، اکھیڑنا. (ii) پہنی ہوئی چیز کو جسم سے جدا کرنا، کسی اور چیز کو جسم پر لگی یا بجی ہو الگ کرنا. (iii) ایک کپڑا وغیرہ جسم سے یا کسی چیز سے جدا کر کے اس کی جگہ دوسرا پہننا، بدلنا، تبدیل کرنا. ۳. (i) نازل کرنا، القا کرنا (آسمانی کتاب کا). (ii) مبعوث کرنا، نبی یا پیغام بر بنا کر بھیجنا. ۴. پیدا کرنا، ظہور میں لانا. ۵. کسی جگہ پڑاؤ کرانا، ٹھہرانا. ۶. (کسی چیز کو) حلق سے پیٹ میں پہنچانا، نگلنا. ۷. (i) عہدے یا درجے سے گرانا، تنزل کرنا. (ii) برطرف کرنا، معزول کرنا، محروم کرنا (گدی، کرسی، تخت، منصب وغیرہ سے). ۸. (i) بھونکنا، گھونپنا، گاڑنا (نوکدار چیز کا). (ii) داخل کرنا، سرایت کرانا، اندر پہنچانا، حلول کرانا (دوا وغیرہ). ۹. (دل یا ذہن وغیرہ میں) بٹھانا، سمانا. ۱۰. (i) (جسم کی ہڈی کو) چول یا جوڑ پر سے کھسکانا یا ہٹانا، کسی عضو کا جوڑ الگ کرنا. (ii) کھانچے، پہیے یا کھونٹی وغیرہ پر کسی ہوئی زنجیر، تار یا پٹی وغیرہ کو ڈھیلا کرنا، الگ کر دینا. ۱۱. پکا کے تیار کرنا (دیگیں، کھانا وغیرہ). ۱۲. سر یا آواز کو نیچا کرنا، دھیما کرنا. ۱۳. (i) (کسی عبارت کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل کرنا. (ii) (کسی آواز یا ادا وغیرہ کو) نقل کرنا. (iii) ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا. ۱۴. عکس یا پرتو لینا، تصویر بنانا، خاکہ یا نقشہ کھینچنا. ۱۵. جو کچھ ذمے ہو اس کو ادا کرنا، بے باق کرنا، پورا کرنا، چکانا؛ سبکدوش کرنا یا ہونا، جیسے احسان اتارنا. ۱۶. وارنا، صدقہ اتارنا. ۱۷. (i) کسی کیفیت یا اثر کو رفع کرنا، زائل کرنا. (ii) جن، بھوت، آسیب وغیرہ کا دفعیہ کرنا (iii) منتر یا عمل کے ذریعے جن، پری یا روح خبیثہ کو کسی محدود ظرف وغیرہ میں بند کر دینا، قید کرنا (جیسے بوتل میں اتارنا)، قابو میں

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

کر لینا (دیکھو شیشے میں اتارنا). ۱۸. پھاڑنا، قطع کرنا، تراشنا (کپڑے وغیرہ کے ساتھ). ۱۹. (چہرے کا) رنگ اڑانا، مضمحل یا نڈھال کر دینا. ۲۰. میدان میں لانا (مقابلے کے لیے). ۲۱. (سطح کا) رنگ وغیرہ صاف کرنا، چھڑانا، مٹانا. ۲۲. منتقل کرنا، بیان کرنا (کسی مفہوم یا خیال وغیرہ کو). ۲۳. کسی عزیز شے یا خصوصیت سے محروم کرنا، چھین لینا (اکثر آبرو وغیرہ کے ساتھ). ۲۴. لا کر رکھنا، نکالنا. ۲۵. ڈانٹ پھٹکار، مار پیٹ وغیرہ کے ذریعے ٹھنڈا کرنا (خصوصاً) ایک جگہ کے غم یا غصے کو دوسری جگہ). ۲۶. استرے وغیرہ سے مونڈنا، (بال) صاف کرنا. ۲۷. ناتواں اور بے رونق کر دینا. ۲۸. دودھ کا تھن یا پستان میں بھر لانا یا دوا وغیرہ سے بڑھانا.

آتالیق (فت ا، ی مع) اند.

ا. معلم، استاد. ۲. (امیر زادوں کی) نقل و حرکت کا نگراں، تربیت دینے والا. [ت].

آتالیقی (فت ا، ی مع) است.

ا. تعلیم و تربیت، ادب آموزی، نگرانی. ۲. معلمی، استادی کا پیشہ.

اُتانا (ضم ا، شدت: بلاشد) صف، مذ: م ف: ~ اوتانا.

ا. (i) الجھا ہوا، بل کھایا ہوا. (ii) پیچ و تاب کھاتا ہوا، غم و غصے سے گھٹتا ہوا. ۲. پیٹھ کے بل لیٹا ہوا، چت. ۳. مغرور؛ کم ظرف.

اُتاوَل (ضم ا، فت و)؛ ~ اوتاول؛ اتال (الف) است.

جلد بازی، بے چینی. (ب) صف. جلد باز، بے قرار، بے چین. [س].

اُتاوْلا (ضم ا، سک و) صف مذ: ~ اتالا.

جلد باز، بے صبر.

آتائی (فت ا) اند.

جو کسی پیشے کو باقاعدہ حاصل کیے بغیر اس میں دخل دے، بے استادا (بیشتر طبیب یا موسیقار کے لیے مستعمل). عطائی.

اَتباع (فت ا، سک ت) اند، ج.

ا. (زمانے کے لحاظ سے) بعد میں آنے والے، متاخرین. ۲. کسی رسول، مذہبی پیشوا، امام، عالم یا قائد وغیرہ کی پیروی کرنے والے. ۳. جو کسی کی کفالت میں ہوں، متعلقین. [ع].

اِتّباع اند؛ است.

ا. اطاعت، متابعت، پیروی، تقلید. ۲. پابندی. [ع].

اِتّحاد (کس ا، شدت بکس) (الف) اند.

ا. دو یا دو سے زیادہ کا مل کر ایک ہونا، وصل. ۲. دو یا دو سے زیادہ افراد یا اشیا کی ہیئت میں یا وصف میں شرکت، یکسانی. ۳. (i) کسی جماعت یا گروہ کی یکدلی و ہم خیالی، اتفاق، ایکا. (ii) دو یا زیادہ افراد کا میل جول، ملاپ، دوستی، موانست، الفت. (iii) یک طرفہ دوستی یا انس و محبت. ۴. کلیۃً ایک ہوجانا، دوئی کا نہ رہنا، موافقت. (ب) صف. ملا ہوا، متحد. [ع].

اِتّحادی (کس ا، شدت بکس) (الف) صف.

اتحاد کی طرف منسوب: اتحاد، یکجہتی اور دوستانہ طور پر کیا ہوا کام. (ب) اند. لوگ یا قومیں جنھوں نے صلح و جنگ خصوصاً دوسری جنگ عظیم میں ایک دوسرے کی امداد کا معاہدہ کر لیا ہو، حلیف.

اُتر (ضم ا، فت ت) اند.

اترنا کا حاصل مصدر، بیشتر ترکیبات میں مستعمل.

اُتر کر/کے صف (مقابلۃً) کم یا پست، کمتر، پست تر.

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی کہاوت. انسان بے حیائی اختیار کر لے تو کسی کا خوف نہیں رہتا، جب عزت اتر جاتی ہے تو انسان نڈر ہوجاتا ہے.

اُتّر (ضم ا، شدت بفت) اند.

ا. نکلتے سورج کی طرف منھ کر کے کھڑے ہونے پر بائیں طرف کی سمت، شمال. ۲. سوال کا جواب. [س].

اُترا (ضم ا، سک ت) صف: مذ.

ا. اترنا کا حالیہ تمام. ۲. وہ ساز جس کے تار، پردے یا مڑھی ہوئی کھال وغیرہ ڈھیلی پڑ گئی ہو. ۳. (دکان داری) تجارتی مال جو ایک مقررہ مدت گزرنے پر خراب قرار دے دیا گیا ہو.

اترا شحنہ (شہنشاہ) مرد ک نام کہاوت. عہدے یا منصب سے ہٹنے کے بعد وقعت نہیں رہتی.

اِترانا (کس ا، سک ت) ف ل.

۱. (اوچھے پن کی بنا پر) ذرا سی عزت، دولت یا خوشی میں جامے سے باہر ہو جانا، شیخی میں آنا، شیخی مارنا. ۲. گھمنڈ کرنا، غرور کرنا (''پر'' کے ساتھ).

اِترایَٹ (کس ا، سک ت، فت ء) امث.

دیکھیے: اترایا.

اُترائی (ضم ا، سک ت) امث.

۱. ڈھلان، نشیب، اتار. ۲. دریا عبور کرنے کا محصول، ناو کا کرایہ. ۳. (ذمہ داری سے) سبکدوشی، (احسان کا) بدلہ، (قرضے وغیرہ کی) ادائی.

اُترَتا (ہوا) (ضم ا، فت ت، سک ر) صف، مذ.

۱. اترنا کا حالیہ ناتمام. ۲. کم درجے کا، گھٹیا. ۳. گھٹتا ہوا، کم ہوتا.

اُترَن (ضم ا، سک ت، فت ر) امث؛ امذ.

اتاری ہوئی یا پھٹی پرانی چیز (خصوصاً کپڑا).

اُترنا (ضم ا، فت ت، سک ر) ف ل.

۱. (i) تدریجاً اوپر سے نیچے آنا یا لایا جانا. (ii) رفتہ رفتہ یا کود کر اوپر سے نیچے پہنچنا یا گرنا. (iii) (مقابلۃً) لٹکا ہونا یا نیچا ہونا. ۲. (i) پہنی ہوئی چیز کا جسم سے جدا ہونا. (ii) لگی، چپکی یا مڑھی ہوئی چیز کا الگ ہونا، تراشا یا ادھیڑا جانا. ۳. (i) القا ہونا، نازل ہونا، غیب سے آنا. (ii) مبعوث ہونا، نبی یا پیغمبر وغیرہ بنکر آنا یا بھیجا جانا. ۴. پیدا ہونا، ظہور میں آنا. ۵. (ایک جگہ سے دوسری جگہ) پڑاؤ کرنا، ٹھہرنا. ۶. (کسی سواری کو چھوڑ کر) نیچے قدم رکھنا. ۷. (کسی چیز کا) حلق سے معدے میں پہنچنا، نگلا جانا. ۸. (i) عہدے یا درجے سے گرنا، تنزل ہونا. (ii) برطرف ہونا، معزول ہونا، عہدے سے ہٹنا. ۹. (i) (کسی نوکدار یا دھاردار چیز کا) گھپنا، گڑنا، گھس جانا. (ii) (کسی جسم میں) اثر کرنا، پیوست ہونا. ۱۰. (دل یا ذہن وغیرہ میں) بیٹھنا، جمنا، راسخ ہونا. ۱۱. (i) (جسم کی ہڈی) چول یا جوڑ پر سے کھسک جانا، کسی عضو کا جوڑ سے الگ ہو جانا. (ii) کھانچے، پہیے، یا کھونٹی وغیرہ پر کسی ہوئی زنجیر، تار یا پٹی وغیرہ کا ڈھیلا ہونا، الگ ہونا. ۱۲. (i) (سانچے یا مشین وغیرہ کے ذریعے) تیار ہونا. (ii) پھل پھول کا تیار ہونے پر توڑا جانا. ۱۳. سر یا آواز کا نیچا ہونا، دھیما ہونا. ۱۴. (i) (کسی عبارت کا) ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل منتقل کیا جانا. (ii) (کسی آواز یا ادا و انداز وغیرہ کی) نقل کی جانا ۱۵. عکس یا پرتو لیا جانا، تصویر بننا، خاکہ یا نقشہ کھنچنا. ۱۶. ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا، بیباق ہونا، چکایا جانا. ۱۷. صدقے ہونا، نچھاور ہونا وارا جانا. ۱۸. (دریا، پل، سڑک وغیرہ سے) عبور کرنا، پار جانا ۱۹. (i) کسی کیفیت یا اثر وغیرہ کا زائل ہونا، رفع ہونا. (ii) جن، بھوت آسیب، سایے وغیرہ کا دفعیہ ہونا. ۲۰. (تھان وغیرہ سے) پھاڑا جانا قطع ہونا. ۲۱. (چہرے) کا رنگ اڑنا، فق ہونا، مضمحل یا نڈھال ہونا ۲۲. میدان یا اکھاڑے میں آنا، یا لایا جانا (مقابلے کے لیے). ۲۳. (سطح وغیرہ کا) رنگ روغن وغیرہ صاف ہونا، چھوٹ جانا. ۲۴. (خون دودھ کا) جاری ہونا، بھرنا، آنا. ۲۵. (i) انحطاط پذیر ہونا، زوال پر ہونا ڈھلنا. (ii) (کھانے کی چیز کا) رنگ، مزہ یا بو بگڑنا. (iii) (کیفیت میں) گھٹنا، کم ہونا. (iv) نرخ گھٹنا، سستا ہونا. ۲۶. (حافظے وغیرہ سے) محو ہو جانا، فراموش ہو جانا ('سے' کے ساتھ مستعمل). ۲۷. مرنا فوت ہو جانا (بچوں کے لیے مستعمل). ۲۸. (بطور فعل ناقص) ہونا ٹھہرنا، نکلنا (خصوصاً وزن کے لیے).

اُتروانا (ضم ا، فت ت، سک ر) ف م.

اتارنا کا یہ تعدیہ.

اُتروائی (ضم ا، فت ت، سک ر) امث.

۱. (سواری یا سامان وغیرہ کو) اتارنے کی اجرت، کرایہ، بھاڑا ۲. (سواری یا سامان وغیرہ کو) اتارنے کا عمل، لدائی کی ضد، (مجازاً) پذیرائی.

اُتری (۱) (ضم ا، سک ت) صف.

اترنا کا حالیہ تمام.

اتری کمان کنایۃً. زوال آمادہ، انحطاط پذیر.

اُتری ہوئی پاپوش کنایۃً. نہایت حقیر کم قدر چیز.

اِتّصال (کس ا، شدت بکس ج) امذ.

۱. (i) پیوستگی، اقتران باہمی، ملا ہونا، ملنا، یکجائی. (ii) قرب، نزدیکی ۲. پے در پے، یکے بعد دیگرے یا لگاتار ہونے کا عمل، تسلسل. ۳. وہ بات

جس میں دو چیزیں ملتی جلتی ہوں، یکسانی، مشابہت. ۴. دو چیزوں کے ملنے کی جگہ، سنگم. ۵. (اصول حدیث) کسی حدیث کے سلسلۂ سند کا غیر منقطع ہونا یا سلسلہ سند کے تمام راویوں کا نام بنام ذکر. ۶. (سائنس) کشش یا جذب جس کی وجہ سے اجسام یا ان کے اجزا ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچتے ہیں. ۷. (نجوم) ستاروں کا ایک دوسرے کو اپنے برج سے دیکھنا، ایک ستارے کا رخ دوسرے کی طرف ہونا (جس کا سعد نحس یا میانہ اثر حالات پر پڑتا ہے. [ع].

اِتّفاق (کس ا، شدت بکس ج) اند.

۱. معیت، ہمراہی، (دو یا زیادہ چیزوں کا) اجتماع. ۲. دو یا زیادہ افراد میں رائے یا خیال کی موافقت. اف: رکھنا/ ہونا. ۳. اتحاد، ایکا. اف: کرنا/ ہونا. ۴. باہمی، قربت، موانست. ۵. (کسی صفت یا ہیئت میں) مماثلث، یکسانی. ۶. بغیر کسی سبب و علت کے وقوع یا صدور، لزوم کی ضد. ۷. ناگہانی واقعہ، غیر متوقع بات. [ع].

اتفاق ہونا محاورہ ("کا" کے ساتھ) موقع پیش آنا، وقوع میں آنا.

اتفاقاً (کس ا، شدت بکس ج، تن ق بفت) م ف.

۱. بغیر کسی سابقہ ارادے یا قرار داد کے، اتفاقیہ طور پر اچانک. ۲. یک زبان ہو کر یکجہتی کے ساتھ متفقہ طور پر.

اِتّفاقی (کس ا، شدت بکس ج) صف.

اتفاق کی طرف منسوب؛ اتفاقیہ، اتفاق سے.

اِتّفاقیّہ/ اِتّفاقِیہ (کس ا، شدت بکس ج، کس ق، شد ی بفت رفت ی بلا شد) صف؛ م ف.

جو اتفاق سے یا اچانک ہو، اتفاقاً، بے سان گمان.

اتفاقیہ رخصت امث. فوری یا غیر متوقع ضرورت پیش آجانے پر کار منصبی سے غیر حاضر رہنے کی اجازت.

اِتّقا (کس ا، شدت بکس ج) اند.

ممنوعات و محرمات شرع سے اجتناب، زہد، پرہیزگاری؛ خدا کا خوف. [ع].

اَتقیا (فت ا، سک ت، کس ق) صف؛ ج.

خدا کا خوف کرنے والے لوگ، محرمات و ممنوعات شرعی سے پرہیز کرنے والے اشخاص، اولیا. [ع].

اِتلاف (کس ا، سک ت) اند.

ضائع کرنا، کھونا، نقصان، بربادی. [ع].

اَتَم (فت ا، ت) صف.

۱. جس میں کسی قسم کی کمی نہ ہو، مکمل، جامع، کل اجزا و افراد پر حاوی. ۲. شدید تر، (کیفیت کے لحاظ سے) بھرپور، حد درجے کا. [ع].

اُتّم (ضم ا، شدت بفت) صف؛ ~ اوتم.

۱. سب سے بڑھ کر، برتر، افضل. ۲. بہتر، بجا. [س].

اتم سے اتم ملے، ملے نیچ سے نیچ (پانی سے پانی ملے اور کیچ سے کیچ) کہاوت. شریف آدمی شریف آدمی کی طرف مائل ہوتا ہے اور کمین کمینے کی طرف، کند ہم جنس باہم جنس پرواز.

اِتمام (کس ا، سک ت) اند.

تمام کرنا، تکمیل کرنا، خاتمہ، اختتام، انجام. [ع].

اتمام حجت اند. سمجھانے کی آخری کوشش، آخری دلیل، فیصلہ کن بات.

اِتنا (کس ا، سک ت) صف؛ اِتا، اتاں.

۱. اس قدر (خاص، معین یا غیر معین، تعداد یا مقدار وغیرہ کے لیے مستعمل). ۲. اس درجہ، اس حد تک. (i) اس قدر زیادہ یا بڑا (کثرت، بہتات یا عظمت کے لیے). (ii) اس قدر کم یا چھوٹا، کم سے کم اس قدر (قلت یا کمی صغر کے لیے). ۳. ایسا، اس قابل. ۴. (بطور اشارہ قریب جبکہ مشارالیہ مذکور ہو) یہ، اس. ۵. بقدر، برابر (اکثر 'کا' وغیرہ کے ساتھ مستعمل). [س].

اتنا سا صف؛ مذ؛ م ف. (i) بہت تھوڑا، قلیل مقدار میں. (ii) بہت چھوٹا، جسامت یا عمر میں کم.

اتنا سارا صف؛ مذ؛ م ف. بہت زیادہ (کمیت یا کیفیت میں).

اُتنا (ضم ا، سک ت) م ف؛ ~ اُتا، اُتناں.

۱. اس قدر (خاص، معین یا غیر معین تعداد یا مقدار وغیرہ کے لیے مستعمل). ۲. کسی خاص درجے کا، ویسا. [س].

اِتنی (کس ا، سک ت) امث.

اتنا کی تانیث.

اِتنی سی جان سوا گز کی زبان/ زبان کہاوت. اپنی عمر اور حیثیت سے بڑھ کر زبان دراز، تیز طرار.

اِتنی ہی تھی / ہی لکھی تھی فقرہ. قسمت میں اتنے ہی دن جینا تھا، مقدر میں اتنی ہی عمر تھی.

اِتنے (کس ا، سک ت) م ف ؛ ~ اتنیں (قدیم).
۱. اتنا کی جمع یا محرف حالت. ۲. اس اثنا میں، اس مدت میں، جتنا کی جگہ اور اس کے معنوں میں ؛ جتنی دیر، جتنی دیر میں.

اتنے میں م ف. ۱. اس عرصے میں، اس اثنا میں. ۲. اس قدر تھوڑی مقدار یا تعداد میں، اتنی ذرا سی بات میں.

اُتّو/اُتُو (ضم ا، شدت نیز بلا شد، وسع) امذ.
وہ شکنیں یا نقوش جو کسی دھات کے ٹکڑے سے کپڑے پر آرائش کے لیے ڈالے جائیں ؛ دھات کا ٹکڑا یا آلہ جو اس کے لیے استعمال کیا جائے. [ت].

اتو بنانا / کرنا محاورہ. ۱. دھاریوں سے آراستہ کرنا، نقش و نگار بنانا. ۲. (مار مار کر جسم پر) بدھیاں ڈالنا، ادھیڑ دینا، جگہ جگہ سے مجروح کر دینا، چرکے، زخم لگانا. ۳. ناک میں دم کر دینا، اتنی بھر مار کرنا جو گراں گزرے (بات یا چیز کی). ۴. زمین پر قدموں کے نشان بناتے ہوئے جانا، چلنا. ۵. بے وقوف بنانا.

اِتوار (کس ا، سک ت) امذ.
۱. سنیچر اور پیر کے درمیان کا دن، یکشنبہ ؛ چھٹی کا دن. [س].

اِتہاس (کس ا، کس خف ت) امذ.
تاریخ، تواریخ ؛ تاریخی نظم یا قصہ وغیرہ. [س].

اِتّہام (کس ا، شدت بکس ج) امذ.
الزام، تہمت، بہتان. [ع].

اِتّی (کس ا، شدت نیز بلا شد) صف.
دیکھیے: "اتنی".

اِتّے (کس ا، شدت ؛ نیز بلا شد) م ف، امذ.
دیکھیے: اتنے.

اَتھارٹی (فت ا، کس ج ر) امث (الف).
۱. ذمہ دار ادارہ یا شخص. ۲. سند ذمہ داری. (ب) صف. مستند، ذمے دار. [انگ].

اَتھاہ (فت ا) صف.
۱. جس کی تھا (تہ) نہ ہو، عمیق، بے حد گہرا. ۲. (مجازاً) بہت زیادہ [س].

اُتھل / اُتّھل (ضم ا، فت تھ/شد تھ بفت) ~ : اوتھل (الف) صف.
۱. : اتھلا. ۲. الٹا پلٹا، تہ و بالا، اوپر نیچے ؛ مضطرب. (ب) م ف. پیٹ کے بل. [س].

اُتھل بتھل (الف) صف.
الٹا پلٹا، اوپر نیچے. (ب) امث. ۲. تہ و بالا ہونے کی کیفیت، الٹ پلٹ کھد بدی ؛ اف : کرنا / ہونا.

اُتھلا (ضم ا، سک تھ) صف مذ (مث : اتھلی).
۱. کم گہرا. ۲. ابھرا ہوا، ابھرواں. ۳. (مجازاً) سطحی، جس میں فکر کی گہرائی نہ ہو ؛ ہلکے پیٹ کا، کم ظرف.

اُتھلانا (ضم ا، سک تھ) ف م.
اتھلنا کا تعدیہ ؛ بکھیر دینا ؛ بے ترتیب کر دینا، تہ و بالا کر دینا.

اُتھلنا (ضم ا، فت تھ، سک ل) ف ل ؛ ~ اوتھلنا.
۱. اچھل کر اوپر آنا. ۲. ابھرنا، ظاہر ہونا. ۳. (مجازاً) آپے سے باہر ہونا اپنے میں نہ سمانا، بے حیائی پر اتر آنا. ۴. الٹ پلٹ یا تلے اوپر ہو جانا الٹ پلٹ کرنا. ۵. گر جانا، پہلو بدلنا.

اَٹ (فت ا) امث.
اٹا کا حاصل مصدر اور مرکبات میں مستعمل.

اٹ اٹا کر م ف. بھر کر، پٹ کر.

اٹ پڑنا/جانا محاورہ. کوڑے کرکٹ یا مٹی کے جمع ہو جانے سے تہ بن جانا، بھر جانا، پانی وغیرہ کا نکاس بند ہو جانا.

اَٹا (فت ا) صف.
گرد وغبار یا سامان وغیرہ سے بھرا ہوا، پٹا ہوا.

اٹا اٹ م ف. اوپر تک یا سارے کا سار (بھرا ہوا)، اچھی طرح (پر)

اَٹا ٹُٹ / ٹُوٹ (فت ا، ضم ٹ / وسع) صف. ات گت، بے حد، بے شمار بھرا ہوا، پر.

اَٹاری (فت ا) امث ؛ ~ اٹالی.
کوٹھا، بالا خانہ، چھت پر بنا ہوا کمرہ (سقف دار یا کھپروں سے پٹا ہوا)

آٹانا (فت ا) امث .
اٹنا کا تعدیہ ، پر کرنا ، بھر دینا .

آٹانی (ضم ا) امث .
اوٹنی یا چرخی کے ذریعے کپاس سے بنولے جدا کرنے کا عمل ؛ کپاس اوٹنے کی اُجرت .

اَٹ سَٹ (فت ا ، سک ٹ ، فت س) امث .
۱. سازش ، خفیہ کارروائی ، جوڑ توڑ .۲. آشنائی ، یارانہ .۳. پریشانی ، تشویش .۴. بے تکی بات .

اَٹریا (فت ا ، ٹ ، سک ر) امث .
چھوٹی سے اٹاری ، مہتابی ، کوٹھا .

اَٹک (فت ا ، ٹ) امث .
۱. رکاوٹ ، مزاحمت .۲. تامل ، جھجک .۳. تعلق ، وابستگی ، الجھاوا .

اَٹک اٹک کر م ف . پھنس پھنس کر ، رک رک کر .

اَٹکانا (فت ا ، سک ٹ) ف م .
اٹکنا کا تعدیہ .

اَٹک جانا محاورہ . ۱. راستے سے ٹھہر جانا .۲. (فکر میں) کسی مقام پر رک جانا ؛ کسی خیال میں الجھ جانا .

اَٹکاو (فت ا ، سک ٹ ، و) امذ .
۱. اٹک کر رکنے کا عمل ، رکنا .۲. رکاوٹ ، مزاحمت ، الجھاوا .۳. تعلق ، وابستگی .۴. دیر ، التوا .

اَٹکَل (فت ا ، سک ٹ ، فت ک) امث ؛ م ف .
۱. وجدان ، جبلی صلاحیت .۲. قیاس ، عقلی تکا ؛ (جسکی بنیاد علم و ادراک پر نہ ہو) .۳. اندازہ ، تخمینہ (وزن ، شمار اور پیمائش کے بقدر) .۳. سواد ، پہچان ، شناخت (تجربے یا تکرار کے بعد) .

اٹکل پچو صف ؛ م ف . ۱. بے جانے بوجھے ، اوٹ پٹانگ ، اندھا دھند ، بے قرینہ .۲. قیاس سے ، اندازے پر مبنی ، ظنی .۳. (مجازاً) انگھڑ ، نامرتب ، بے ڈھنگا .

اَٹکنا (فت ا ، ٹ ، سک ک) ف ل .
۱. (i) (ایک چیز کا دوسری میں) الجھنا ، پھنسنا ، گڑنا اور نکل نہ سکنا . (ii) حلق میں نوالے کا رکنا اور نیچے نہ اترنا ، پانی وغیرہ ، حلق سے نہ اترنا . (iii) (رقم وغیرہ کا) کسی کے پاس رک جانا . (iv) رک رک کر پڑھنا یا بات کرنا .۲. (کسی جگہ) ٹھہرنا ، جمنا ، رک جانا ؛ تامل کرنا .
۳. (کام ، مطلب ، غرض وغیرہ) بند یا ملتوی رہنا ، پورا نہ ہونا ، مقصد حل نہ ہونا .۴. تعلق ہونا ، محبت میں مبتلا ہونا ، آشنائی ہونا (عموماً 'سے' کے ساتھ) .۵. موقوف ہونا ، منحصر ہونا (پر کے ساتھ) .۶. مقابل میں آنا ، ٹکرانا ، مزاحم ہونا .

اَٹکھیل (فت ا ، سک ٹ ، ی مج) (الف) صف .
شوخ ، اٹکھیلیاں کرنے والا . (ب) امث . شوخی ، اٹھلاہٹ . اف : کرنا . [س] .

اَٹکھیلی (فت ا ، سک ٹ ، ی مج) امث .
اٹھلائی ہوئی چال ، (مجازاً) شوخی ، شرارت ، ناز و ادا .

اَٹکھیلیاں کرنا محاورہ .
اٹھلانا ، شوخیاں کرنا ، چھیڑ کرنا ؛ چنک منک دکھانا ، جھوم جھوم کر یا ڈگمگا کر چلنا .

اَٹَل (فت ا ، ٹ) صف .
۱. جو اپنی جگہ سے نہ ہلے ، غیر متزلزل ، قائم ، ایک جگہ ٹھہرا ہوا ؛ ثابت قدم ؛ مستحکم .۲. اپنی بات سے نہ پھرنے والا ، کسی بات پر جم جانے والا .۳. جو نہ مٹے ، برقرار ، سدا رہنے والا .۴. جسے ٹالا نہ جاسکے ، ضروری ، یقینی ، قطعی ، ناگزیر . [س] .

اَٹلَس (فت مج ا ، سک ٹ ، فت ل) امذ .
کسی ملک یا شہر وغیرہ کے نقشوں کا مجموعہ جس میں جغرافیائی حدود و مقامات و دیگر خصوصیات کو خطوط و علامات کے ذریعے سے ظاہر کیا جائے . [انگ] .

اَٹَم (فت ا ، ٹ) امذ .
ڈھیر ، انبار ، (کسی شے کی) کثرت . [س] .

اَٹنا (فت ا ، سک ٹ) ف ل .
۱. (کسی چیز سے کسی خالی جگہ کا) بھر جانا ، پُر ہونا ، پٹ جانا .۲. (خاک و غبار وغیرہ سے) آلودہ ہونا ، لت پت ہونا .۳. (گرد یا دھویں وغیرہ کا کسی جگہ) بیٹھ جانا ، جم جانا ، جمع ہونا .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اُٹنگا (ضم ا، فت ٹ، غنہ) صف مذ.
ٹخنوں سے اونچا (پاجامہ وغیرہ). ۲. اوچھا، سکڑا ہوا، معمول سے کم نیچا (لباس). ۳. (مجازاً) ناموزوں، بے ڈھنگا. [س].

اُٹنگی (ضم ا، فت ٹ، غنہ) صف، مث.
اٹنگا کی تانیث.

اَٹواٹی کَھٹواٹی (فت ا، سک ٹ، فت کھ، سک ٹ) امث.
ٹوٹی پھوٹی چار پائی، بستر وغیرہ.

اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑنا / پڑ رہنا / لینا محاورہ. (دل برداشتگی سے) منھ لپیٹ کر چار پائی پر پڑ رہنا، روٹھ کر سب سے الگ تنہائی میں منہ ڈھک کے لیٹ جانا.

اَٹوٹ (فت ا، و مع) صف؛ م ف.
۱. جو ٹوٹ نہ سکے، الگ نہ ہو، مستحکم. ۲. مسلسل، لگا تار. [س].

اٹوٹ انگ صف. (کسی چیز کا) جدا نہ ہو سکنے والا حصہ، جزو لازم.

اَٹّی (فت ا، شد ٹ) امث؛ ~ انٹی، آنٹی.
انٹی، (تار کی) لچھی، دھاگے کی پھرکی، گکری. [س].

اَٹیرَن (فت ا، ی ج، فت ر) امذ.
۱. انٹی بنانے کے لیے سوت لپیٹنے کی چیز، نگی. ۲. (کنایۃً) مدہوش، بے جاں؛ الٹا سیدھا. ۳. دائرہ جس میں گھوڑے کو تربیت دی جاتی ہے؛ دوگھری پھرت (گھوڑے کی).

اَٹیرنا (فت ا، ی ج، سک ر) ف م.
۱. (کتے ہوئے سوت کو) لپیٹنا، (سوت کی) انٹی بنانا.

اَٹھ (فت ا، سک ٹھ) امذ.
آٹھ کی تخفیف، مرکبات میں جزو اول کے طور پر مستعمل (جیسے: اٹھ پہری، اٹھ روزہ، اٹھنی، اٹھواڑا).

اٹھ ماسا امذ. اٹھوانسا. ۱. وہ بچہ جو حمل کے آٹھویں مہینہ میں پیدا ہوا. ۲. آٹھ پہلوکا؛ گنے کی کاشت کے لیے شروع برسات سے موسم بہار تک آٹھ مہینے ہل چلا کر تیار کیا ہوا کھیت. ۳. جو شخص آئے دن بیمار رہے.

اُٹھ (ضم ا، سک ٹھ) ف ل.
اٹھنا کا حاصل مصدر نیز امر، عموماً ترکیب میں مستعمل (جیسے: اٹھ آنا، اٹھ پڑنا، اٹھ بیٹھ، وغیرہ).

اُٹھ بَیٹھ امث. ۱. بار بار اٹھنے کا عمل، اٹھک بیٹھک، (مجازاً) بے چینی ۲. انداز نشست و برخاست، بود و باش کا طور طریق.

اَٹھا (فت ا، سک ٹھ) امذ.
۱. آٹھ کا مجموعہ. ۲. تاش کا پتا جس میں کسی رنگ کی بازی کے آٹھ نشان ہوں.

اُٹھا / اُٹّھا (ضم/شد ٹھ) ف ل.
اٹھنا کا حالیہ تمام، ماضی مطلق اور امر، اکثر ترکیبات میں مستعمل (جیسے: اٹھا بٹھانا، اٹھا دینا وغیرہ).

اٹھا پٹخ / پٹک امث. ہاتھا پائی، جھگڑا.

اَٹّھارَہ (فت ا، شد ٹھ؛ بلا شد، فت ر) اسم عدد.
۱. دس اور آٹھ کا مجموعہ، (ہندسوں میں) ۱۸ سترہ اور انیس کے درمیان کا عدد. ۲. بڑھا چڑھا.

اَٹھاسی/ اَٹّھاسی (فت ا، شد ٹھ) اسم عدد.
اسی اور آٹھ کا مجموعہ، ستاسی اور نواسی کے درمیان کا عدد (ہندسوں میں) ۸۸.

اُٹھان (ضم ا) امث؛ امذ.
۱. اٹھ جانے، ختم ہونے یا چلے جانے کا عمل. ۲. (i) بلندی، اونچان (قد و قامت یا طول والی چیز کی). (ii) (پتنگ بازی) اڑان اونچائی. ۳. (i) تدریجاً بلند ہونے اور بڑھنے کا عمل، بڑھوتری، نشو و نما بالیدگی. (ii) عورت کے سینے کی بالیدگی، جوبن. (iii) ارتقا، عروج ۴. (i) ابتدا، آغاز تعلیم و تربیت اور اخلاق وغیرہ کے اعتبار سے (ii) ظہور پذیر ہونے، معرض بحث یا منظر عام پر لائے جانے کے اعتبار سے. (iii) افادیت یا مقبولیت وغیرہ کے اعتبار سے. ۵. حیات کا طور و طریق اور انداز، زندگی اور وجود کی ہیئت مجموعی. ۶. (i) نکاس فروخت، بکری. (ii) صرف، خرچ. ۷. (موسیقی) گویے کی آواز کا بم (سر کی) بلندی.

اُٹھانا (ضم ا) ف م.
۱. اٹھنا کا تعدیہ. ۲. آغاز کرنا، شروع کرنا. ۳. (پانی یا تری کو) جذب کرنا کھینچنا. ۴. دے دینا، بخش دینا. ۵. اختیار کرنا، قبول کرنا. ۶. (شاعر کے شعر کا پہلا مصرع سن کر) بلند آواز سے دہرانا.

اَٹھانوے (فت ا، شد ٹھ، سک ن) اسم عدد.
نوے اور آٹھ کا مجموعہ، ستانوے اور ننانوے کے درمیان کا عدد، (ہندسوں میں) ۹۸.

اَٹھاوَن (فت ا، شد ٹھ، فت و) اسم عدد.
پچاس اور آٹھ کا مجموعہ، ستاون اور انسٹھ کے درمیان کا عدد، (ہندسوں میں)، ۵۸.

اٹھائی گیرا امذ. آنکھ بچا کر پرائی چیز اُٹھانے والا، اچکا.

اَٹھائیس (فت ا، شد ٹھ، ی مع) اسم عدد.
بیس اور آٹھ کا مجموعہ، ستائیس اور انتیس کے درمیان کا عدد، (ہندسوں میں) ۲۸.

اُٹھتا بیٹھتا (ضم ا، سک ٹھ) صف، مذ: م ف.
گرتا پڑتا ہوا.

اَٹھتالِیس (فت ا، سک ٹھ، ی مع) اسم عدد.
اڑتالیس.

اَٹھتّر (فت ا، ٹھ، شد ت بفت) اسم عدد.
ستر اور آٹھ کا مجموعہ، ستتر اور اناسی کے درمیان کا عدد، (ہندسوں میں) ۷۸.

اُٹھتی (ضم ا، سک ٹھ) صف، مث.
اٹھتا کی تانیث (ترکیبات میں مستعمل).

اٹھتی (ہوئی) جوانی است. چڑھتا شباب، آغاز جوانی، نوجوانی.

اُٹھتے (ضم ا، سک ٹھ) صف.
اٹھتا کی مغیرہ یا ظرفی حالت اور ترکیبات میں مستعمل

اُٹھتے بیٹھتے م ف. ۱. گرتے پڑتے ہوئے؛ دشواری سے.
۲. ہر وقت، اکثر و بیشتر.

اُٹھتے جوتی (اَور) بَیٹھتے لات م ف. جا بیجا ہمہ وقت تنبیہ کا برتاو، بات بات پر سرزنش یا سزا وغیرہ.

اَٹھتِیس (فت ا، سک ٹھ، ی مع) اسم عدد: ~ اٹھتیس.
دیکھیے: اڑتیس.

اُٹھک بَیٹھک (ضم ا، شد ٹھ بفت، ی لین، فت ٹھ) است.
بار بار اٹھنا بیٹھنا، سزا کے طور پر کان پکڑوا کر اٹھانا بٹھانا.

اَٹھلانا / اِٹھلانا (فت ا، سک ٹھ / کس ا، سک ٹھ) ف ل.
۱. تکلف سے چلنا، شوخی اور ناز سے قدم رکھنا، مٹک مٹک کر چلنا.
۲. نخرا کرنا، اترانا، چلبلاپن کرنا.

اَٹھلاہَٹ/اِٹھلاہَٹ (فت ا، سک ٹھ، فت ہ / کس ا، سک ٹھ، فت ہ) است.
اٹھلانا کا اسم کیفیت.

اُٹھنا (ضم ا، سک ٹھ) ف ل.
۱. (کسی چیز کا) اوپر کو جانا، ہاتھ کا دعا کے لیے اُٹھانا. ۲. (i) بیٹھے یا لیٹے (یا گرے پڑے) سے کھڑے ہونا یا بیٹھنا. (ii) پرواز کرنا، اڑنا. ۳. تعمیر ہونا، بنایا جانا (دیوار وغیرہ). ۴. صحت یاب ہونا، تندرست ہونا (بیماری وغیر کے ساتھ). ۵. (برات، علم اور جنازے کا جلوس کی صورت میں) لے جایا جانا. ۶. (ابر وغیرہ کا) گھر کے آنا، اُمنڈا. ۷. (i) (کسی یا چیز کا) وجود میں آنا، نمود یا ظہور کرنا. (ii) خیال میں یا زبان پر آنا، زیرغور یا بحث میں آنا، محسوس ہونا، پیدا ہونا، ظاہر ہونا. ۸. (ہنگامے، فتنے فساد وغیرہ کا) برپا ہونا. ۹. شور وغل یا آواز وغیرہ بلند ہونا. ۱۰. بیدار ہونا، جاگنا. ۱۱. آمادہ ہونا، ارادے کو عمل میں لانا. ۱۲. سرکشی یا بغاوت پر کمربستہ ہونا، مقابلے میں آنا؛ حملہ آور ہونا، (پر کے ساتھ). ۱۳. (مرتبے اور درجے میں) بلند ہونا، ابھرنا، ترقی کرنا. ۱۴. (کسی چیز کا) سنبھالا جانا، سنبھلنا. ۱۵. (کسی امر کا) برداشت ہونا، جھیلا جانا، گوارا کیا جانا. ۱۶. (i) (کسی شخص یا شے کا) ہٹنا، یکسو ہونا، جگہ خالی کرنا، رخصت ہو جانا. (ii) (پردے وغیرہ کا) برطرف ہونا، (ڈھکی ہوئی چیز سے) الگ ہونا. ۱۷. (i) (کسی امر کا) منقطع ہونا، موقوف ہونا، معدوم یا منسوخ ہونا. (ii) (دکان، مجلس یا دربار وغیرہ کا) برخاست کیا جانا. ۱۸. (کسی جگہ سے) روانہ ہونا، نکلنا، چلنا. ۱۹. (ایک جگہ سے دوسری جگہ) منتقل ہونا؛ کسی جگہ کو چھوڑ کر چلا جانا. ۲۰. وفات پانا، انتقال کرنا. ۲۱. (مرنے کے بعد) زندہ ہونا، ازسرنو حیات پانا، روز حشر قبر سے باہر آنا. ۲۲. خرچ ہونا، صرف میں آنا. ۲۳. ضائع ہونا، چرا لیا جانا. ۲۴. تربیت پانا، کسی خاص ماحول میں ڈھلنا. ۲۵. (نقش یا حروف وغیرہ کا) ابھرنا، جمنا، ثبت ہونا. ۲۶. (لفظ کا) ٹھیک ٹھیک پڑھا جانا. ۲۷. (i) حاصل ہونا، ہاتھ آنا،

وصول ہونا . (ii) (لذت یا لطف) ملنا . ۲۸. (i) (مکان یا زمین غیرہ کا) کرایے ، بٹائی یا لگان پر دیا جانا . (ii) بویا جوتا جانا .
۲. (پال ، خمیر یا اچار وغیرہ کا) تیاری پر آنا ، استعمال کے قابل ہونا .
۳۰. (قدم ، پیر یا پانو کا) آگے کی طرف بڑھنا . ۳۱. (گھوڑے کو) دوڑایا جانا ، بڑھایا جانا ، ڈپٹایا جانا . ۳۲. (پانو وغیرہ کا) اکھڑ جانا ، نہ جمنا .
۳۳. (منھ یا آنکھ وغیرہ کا کسی طرف یکا یک) رخ کرنا ، مڑ جانا .
۳۴. (نجوم) سیارے کا صعود کرنا ، اوج پر آنا . ۳۵. (لڑکی کا) بیاہ دیا جانا ، رخصتی ہو جانا . ۳۶. (آلۂ تناسل کا) سخت ہو کر تننا ، خیزش ہونا .
۳۷. (ضرب لگانے یا مارنے کے لیے) تانا جانا ، بلند کیا جانا .
۳۸. خریدا جانا ، بکنا . ۳۹. (جانور کا) مستی پر آنا . ۴۰. (بطور فعل امدادی) آغاز یا تکمیل فعل کے لیے . ۴۱. سرانجام پانا . [س] .

اُٹھنا بیٹھنا ف ل . ۱. میل ملاپ رکھنا ، ملنا جلنا . ۲. ہلنا جلنا ، حرکت کرنا .
۳. رہنا سہنا ، طور طریق برتنا ، زندگی گذارنا .

اُٹھنتری (ضم ا ، فت ٹھ ، سک ن ، ت) امث .
(قرقی وغیرہ سے) واگزاری ، (ضبطی کی) منسوخی .

اَٹھنّی (فت ا ، ٹھ ، شد ن) امث .
اعشاری نظام کے مطابق پچاس پیسے کا سکہ ، سابق نظام کے مطابق آٹھ آنے کا سکہ (قیمت میں روپے سے نصف) دھیلی .

اَٹھوارا / اَٹھوارْسا (فت ا ، سک ٹھ / سک ر) امذ ؛ - اٹھواڑا .
پورے آٹھ دن ، ہفتہ ، ہفتہ .

اَٹھوارا کٹنے (فت ا) ف م .
کوسنا ، بد دعا ، آٹھ دن کے اندر موت آجائے .

اُٹھواں (ضم ا ، سک ٹھ) صف .
اٹھا ہوا ، ابھرا ہوا .

اُٹھوانا (ضم ا ، سک ٹھ) ف م .
۱. اٹھانا . دیکھیے : کا تعدیہ . ۲. اغوا کرانا ؛ کسی کو بالجبر بلوانا ؟

اَثاث (فت ا) امذ ؛ ج .
اثاثہ کی جمع (ترکیب میں مستعمل) . [ع] .

اثاث البیت امذ ؛ ج .
گھر کا سامان : میز ، کرسی ، برتن ، بھانڈے وغیرہ .

اَثاثَہ (فت ا ، ث) امذ .
سرمایہ ، پونجی ، مال و دولت . [ع] .

اَثبات (فت ا ، سک ث) امذ ؛ ج .
ثقہ اور معتبر لوگ . [ع] .

اِثبات (کس ا ، سک ث) امذ .
۱. ثبوت بہم پہنچانے کا عمل ، (دلائل یا قرائن سے) ثابت کرنا . ۲. (نقش عکس ، تحریر وغیرہ کو) جمانا ، ابھارنا ، بنانا یا برقرار رکھنا ، محو کی ضد ۳. ثبوت ، دلیل . ۴. وجود ، ہستی ، ہست یا موجود ہونا ، عدم کی ضد ۵. اقرار ، (انکار کی ضد) . ۶. (i) برقراری ، قائمی . (ii) ثابت قدمی استقامت . ۷. (منطق) کسی شے کی طرف وجود یا ہونے کی نسبت ایجاب ، سلب یا نفی کی ضد . ۸. (قواعد) کسی فعل میں حرف نفی کا ہونا . ۹. (مجازاً) ثابت ، محقق . [ع] .

اَثر (فت ا ، ث) امذ .
۱. (کسی امر کی پائے جانے کی) علامت ، نشان . ۲. خاصیت ، وصف ذاتی . ۳. تاثیر ، موثر ہونے کی کیفیت . ۴. نتیجہ ، حاصل . ۵. (مجازاً) اقتدار رسوخ ، دباؤ . ۶. آسیب (جن ، بھوت وغیرہ کا) سایہ ، جادو . [ع]

اثر انداز / اثر انگیز صف . متاثر کرنے والا ، دباؤ رکھنے والا .

اثر پڑنا محاورہ . (کسی امر کی) تاثیر سے حالت کا بدلنا ، پرچھانواں پڑنا

اثر ڈالنا محاورہ . تاثیر سے حالت کا بدل دینا ، متاثر کرنا .

اثر کرنا محاورہ . مؤثر ہونا ، تاثیر کرنا ، رنگ دکھلانا .

اثر و رسوخ امذ . اقتدار ، دباؤ .

اَثقَل (فت ا ، سک ث ، فت ق) صف .
۱. زیادہ وزنی ، بہت بھاری . ۲. (مجازاً) دیر ہضم ، جو مشکل سے پچے . [ع]

اِثم (کس ا ، سک ث) امذ .
گناہ ، معصیت ، اخلاقی یا مذہبی جرم . [ع] .

اَثمار (فت ا ، سک ث) امذ ؛ ج .
ثمر (دیکھیے) کی جمع . [ع] .

اَثمان (فت ا، سک ث) اند ؛ است ؛ ج.
ا. قیمتیں. ۲. چیز جو قیمت کے طور پر دی جائے، عموماً سونا چاندی. [ع].

اَثنا (فت ا، سک ث) اند ؛ است.
(وقت، زمانہ، کلام، مقام وغیرہ کا) درمیان ؛ (مجازاً) ضمن، سلسلہ (میں کے ساتھ مستعمل). [ع].

اِثنا عَشَر (کس ا، سک ث، فت ع، ش) (الف) صف عددی.
بارہ. (ب) اند. بارہ امام.

اِثنا عَشَری / اِثنا عَشَرِیَّہ (کس ا، سک ث، فت ع، ش / کس ر، شدی بفت) صف.
بارہ اماموں کی طرف منسوب (مسلک یا مذہب) نیز بارہ اماموں کا ماننے والا، جعفری.

اَثیر (۱) (فت ا، ی مع) صف.
فلک الافلاک، سب سے اونچا اور بڑا کرہ (بیشتر چرخ وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ؛ (مجازاً) بلند. [ع].

اَثیر (۲) (فت ا، ی مع) اند.
ایتھر ether، لطیف اور سیال مادہ جو فضا (بالائی طبقہ) میں بھرا ہوا ہے. [ع].

اَثیری (فت ا، ی مع) صف.
اثیر (۲) کی طرف منسوب.

اَثیم صف.
گناہ گار، خطا کار، مجرم. [ع].

اِجابَت (کس ا، فت ب) است.
ا. (دعا کی) مقبولیت، قبول کرنا یا ہونا. ۲. (مجازاً) رفع حاجت ؛ پاخانہ، براز. [ع].

اِجارا (کس ا) اند.
سطح فرش سے تین سوا تین فٹ بلندی تک دیوار کی سطح سے انچ ڈیڑھ انچ آگے کو نکلی گر، کھڑکی یا طاق وغیرہ کی حد تک کی چنائی، پیکار.

اِجارَہ (کس ا، فت ر) اند.
ا. ٹھیکا، ایک معین مدت تک کے لیے اجرت یا معاوضہ دے کر کسی شے پر تصرف. ۲. (مجازاً) قبضہ، تصرف. ۳. دعوی، زور، اختیار زبردستی. ۴. کرایہ. ۵. کسی شخص یا اشخاص کا کسی کاروبار وغیرہ میں بلاشرکت غیرے امتیازی اور مراعاتی عمل دخل جس سے دوسرے محروم رہیں. (Monopoly). [ع].

اجارہ دار صف. ا. (کسی چیز کا) ٹھیکا لینے والا، ٹھیکے دار. ۲. کرایہ دار، کرایہ پر لینے والا. ۳. (معیشت) وہ شخص یا اشخاص جن کے ہاتھ میں کوئی کاروبار ہو اور دوسرے ان کا مقابلہ نہ کر سکنے کے باعث اس کام سے محروم و معذور رہیں، (Monopolist).

اجارہ نامہ اند. وہ اقرار نامہ یا دستاویز جو ٹھیکے، کرایے یا ذمہ داری وغیرہ کے لیے لکھی جائے.

اِجارے اند.
ا. اجارہ کی جمع یا مغیرہ حالت (ترکیبات میں مستعمل).

اجارے ہونا ف مر. ٹھیکے، کرایے یا لگان پر لیا یا دیا جانا، قبضے میں ہونا.

اُجاڑ (ضم ا) (الف) صف.
ا. اُجڑا ہوا، غیرآباد، مکین سے خالی. ۲. تباہ، برباد، ویران. ۳. (مجازاً) بے رونق، بے کیف. (ب) اند. ویرانہ، خرابہ.

اجاڑ صورت صف. جس کے چہرے میں کوئی جاذبیت نہ ہو، بدشکل، بدنما.

اُجاڑنا (ضم ا، سک ڑ) ف م.
ا. (کسی جگہ کو) برباد، مسمار، خالی یا غیرآباد کر دینا. ۲. کسی شخص کو تباہ حال، پریشان روزگار کرنا، سخت رنج پہنچانا. ۳. (i) نکال باہر کرنا. (ii) ادھر ادھر پھینک دینا، ضائع کرنا.

اِجازَت (کس ا، فت ز) است.
ا. (i) اذن، پروانگی، رخصت، کوئی کام کرنے کی رضا. (ii) (از روے مذہب) جواز، اباحت، کسی عمل کا اختیار یا آزادی. ۲. (i) (تصوف) (مرشد کی طرف سے) بیعت لینے کا نیز تلقین اور ارشاد کا مجاز ہونا. (ii) کسی بزرگ یا عامل کا کسی شخص کو کوئی وظیفہ بتانا اور اس کے پڑھنے یا کام میں لانے کا اختیار دینا. اف: پانا/ چاہنا/ دینا/ لینا/ ملنا/ ہونا. [ع].

اجازت نامہ اند. تحریر جس میں کسی امر کی اجازت درج ہو، نیز مرشد کی دی ہوئی سند، پٹا، پاسپورٹ وغیرہ.

اُجاگر (ضم ا، فت گ) صف.
۱. روشن ۲. ایسا ابھرا ہوا یا واضح کہ صاف نظر آئے، نمایاں. اف: کرنا/ ہونا. [س].

اُجالا (ضم ا) (الف) اند.
۱. روشنی، نور ۲. (i) (مجازاً) رونق، زیب و زینت. (ii) مقبولیت، شہرت ۳. صفایا، چاندنا. اف: کرنا/ ہونا ۴. رقم جو شادی بیاہ وغیرہ کا حصہ وصول کرنے کے بعد اس برتن میں رکھی جائے جس میں حصہ آیا ہے (ب) صف. روشن، منور. [س].

اُجالنا (ضم ا، سک ل) ف م.
۱. (صیقل یا قلعی سے) زنگ یا میل کچیل دور کرنا، چمکانا، جلا دینا. ۲. روشن کرنا، منور کرنا ۳. اجاگر کرنا، (دھندلے) نقوش کو قلم وغیرہ پھیر کر چمکانا، گہرا یا نمایاں کرنا.

اُجالی (ضم ا) (الف) است.
روشنی، نور، چمک دمک. (ب) صف. روشن، منور

اُجالے (ضم ا) اند.
اجالا کی جمع یا مغیرہ حالت (ترکیبات میں مستعمل).

اِجتماع (کس ا، سک ج، کس ت ع) اند.
۱. یکجائی، میل، جمع یا اکٹھا کرنا یا ہونا ۲. (i) جمگھٹا، مجمع، انبوہ. (ii) جلسہ، نشست. (iii) گروہ، جماعت ۳. اتفاق، اتفاق رائے. ۴. (نجوم) آفتاب و ماہتاب کا ایک برج، ایک درجے اور ایک ہی دقیقے میں جمع ہونا (ایسی حالت میں چاند نظر نہیں آتا)، اماوس. [ع].

اِجتماعی (کس ا، سک ج، کس ع ت) (الف) صف.
اجتماع کی طرف منسوب؛ مجموعی. (ب) اند. سوشلزم کے نظریے کا ماننے والا شخص، سوشلسٹ.

اِجتناب (کس ا، سک ج، کس ع ت) اند.
(کسی شخص یا شے سے) پرہیز، کنارہ کشی، احتراز، پہلو بچانا بچنا یا دور رہنا؛ (مجازاً) محرمات شرعیہ سے دوری تقویٰ پارسائی. [ع].

اِجتہاد (کس ا، سک ج، کس ع ت) اند.
۱. (لفظاً) کوشش، جدوجہد ۲. رائے، قیاس (جو غور و فکر اور تحقیق کے بعد قائم ہو). ۳. جدت، اپج ۴. (فقہ) مقرر اصولوں کے مطابق شرعی احکام جاننے کا عمل. [ع].

اِجتہادی (کس ا، سک ج، کس ع ت) صف.
اجتہاد کی طرف منسوب، اجتہاد سے متعلق.

اُجَٹ (ضم ا، فت ج) صف.
'اجڈ'.

اَجداد (فت ا، سک ج) اند: ج.
جد (دیکھیے) کی جمع؛ دادا پردادا وغیرہ کا سلسلہ، پرکھے، اسلاف. [ع].

اُجَڈ (ضم ا، سک ج) صف: ~ اجٹ.
اکھڑ، ناشایستہ، غیر مہذب؛ دیہاتی. [س].

اَجر (فت ا، سک ج) اند.
۱. صلہ، انعام، بدلا، پھل؛ اجرت ۲. ثواب، جزائے خیر. اف: پانا/ دینا/ ملنا. [ع].

اِجرا / اِجراء (کس ا، سک ج) اند.
۱. (ابتداءً، یا تعطل کے بعد کسی کام کا) عمل میں لانا، جاری کرنا یا ہونا ۲. نشر و اشاعت ۳. بہا، بہنا ۴. (قانون) حاکم یا متعلقہ افسر کے دستخط کے بعد کسی حکمنامے کی تکمیل اور اس پر عمل درآمد، نفاذ. اف: پانا/ کرنا/ ہونا. [ع].

اَجرام (فت ا، سک ج) اند.
۱. اجسام فلکی، ستاروں، سیاروں نیز جواہرات کے جسم ۲. (عام چیز کے) اجسام، ابدان. [ع].

اجرام سِفلی اند. زمین پر پائے جانے والے جسم، اجسام جو خطۂ ارض سے تعلق رکھتے ہیں، اجرام علوی کی ضد.

اجرام سماوی / سماویہ / علوی / علوی فلک / فلکی / فلکیہ
۱. ستارے اور سیارے، سورج چاند وغیرہ ۲. دم دار ستارے، شہاب ثاقب، چاند ستارے.

اُجرَت (ضم ا، سک ج، فت ر) است.
حق محنت، مزدوری، صلہ خدمت؛ کرایہ، معاوضہ، استعمال. [ع

اُجرت گیر صف. معاوضہ لے کر کام کرنے والا، مزدور.

اُجْرَتی (ضم ا، سک ج، فت ر) صف.
۱. اُجرت پر کام کرنے والا، مزدور وغیرہ. ۲. اُجرت پر کیا ہوا (کام)، مزدوری کا کام.

اَجرک (فت ا، سک ج، فت ر) امث.
ایک قسم کی چھپی ہوئی چادر خصوصاً سندھ کی جس کی زمین عموماً گہری نیلی اور اس پر سرخ بیل بوٹے یا بالعکس ہوتے ہیں. [سندھی].

اُجَّڑ (ضم ا، شد ج بفت) صف؛ ← اوجڑ.
اجڑا ہوا، ویران، برباد.

اجڑ نگری سونا دیس کہاوت. ویران، تباہ، برباد جگہ.

اُجْڑا (ضم ا، سک ج) صف، مذ.
۱. خالی، سنسان (اکثر مغیرہ حالت میں مستعمل). ۲. لٹا ہوا، برباد. ۳. بے رونق، بد حال، برے حلیے میں، پریشان. ۴. (عو) نگوڑا، کم بخت، موا (کوسنے کے طور پر).

اُجَڑْگَنی (ضم ا، فت ج، سک ڑ، فت گ) امث.
ایک کوسنا، مترادف: نگوڑی، موئی، نکمی.

اُجَڑْنا (ضم ا، فت ج، سک ڑ) ف ل.
۱. ٹوٹا پھوٹا ہونا، برباد یا خراب و خستہ ہونا؛ ویران، خالی یا غیر آباد ہونا. ۲. آوارہ یا بے گھرا ہونا. ۳. (کھیتی یا باغ کا) خشک ہونا، پامال ہونا. ۴. تباہ حال ہونا. ۵. غائب ہونا، آنکھوں سے اوجھل ہونا.

اُجَڑْوانا (ضم ا، فت ج، سک ڑ) ف م.
اجڑنا کا متعدی المتعدی.

اُجْڑی (ضم ا، سک ج) صف، مث.
'اجڑا' (دیکھیے) کی تانیث.

اجڑی صورت صف مث. بے رونق چہرہ.

اَجْزا (فت ا، سک ج) امذ؛ ج.
۱. (i) کسی مرکب کی لازمی اکائیاں، مفردات. (ii) ٹکڑے، حصے. (iii) (مختلف) شعبے، شاخیں. (iv) متفرق اوراق، کتاب کے مختلف حصے. (v) چیزیں (مفرد ہوں یا مرکب). ۲. (چھاپا خانہ) سولہ سولہ صفحات کے دو یا زیادہ مجموعے. اجزاء متناسبہ: ٹکڑے یا حصے جو ملائے جانے کی صورت میں تناسب کے لحاظ سے ٹھیک یا موزوں ہوں. [ع].

اَجْساد (فت ا، سک ج) امذ؛ ج.
جسد (دیکھیے) کی جمع؛ دو یا زیادہ جسم یا مادی وجود، اجسام، ابدان. [ع].

اَجْسام (فت ا، سک ج) امذ؛ ج.
۱. دو سے زیادہ (حیوانی، نباتی، حجری یا سماوی) جسم. ۲. (ہندسہ) صورتیں جن میں ابعاد ثلاثہ (طول و عرض اور عمق) پائے جائیں. [ع].

اَجْگَر (فت ا، سک ج، فت گ) (الف). امذ.
بھاری لمبا اور موٹا سانپ، اژدہا. (ب) صف. (مجازاً) بڑا؛ وزنی. [س].

اَجَل (فت ا، ج) امث؛ امذ. (قدیم).
۱. وقت معین، مقرر گھڑی. ۲. قضا، موت، مرگ. [ع].

اَجل رسیدہ صف. ۱. جس کی موت آگئی ہو، جس کے سر پر موت سوار ہو، جو موت کے پھندے میں پھنسا ہوا ہو.

اَجَلّ (فت ا، ج) صف.
اعلیٰ، جلیل القدر، ذی شان، بڑا (اضافت یا عطف کی حالت میں بتشدید ل). [ع].

اُجَّل (ضم ا، شد ج بفت) صف.
اجلا، روشن، چمکیلا. [س].

اُجْلا (ضم ا، سک ج) (الف) صف؛ مذ.
۱. (i) سفید، گورا چٹا. (ii) جس کا رنگ میلا نہ ہو، ستھرا صاف (میلا کی ضد). ۲. (مجازاً) مہذب، شائستہ؛ عمدہ، نفیس. ۳. کدورت سے خالی، پاکیزہ، بے داغ. ۴. امیرانہ، شریفانہ، پرتکلف، باسلیقہ. ۵. بنا ٹھنا، صاف ستھرے لباس والا؛ سفید پوش. (ب) امذ. دھوبی.

اِجْلاس (کس ا، سک ج) امذ.
۱. (i) جلوس، نشست، بیٹھنا. (ii) سلطنت کے منصب پر تقرر، حکمرانی کا عہدہ سنبھالنے کا عمل. ۲. (بادشاہ یا امیر کا ایوان حکومت میں درشن دینے یا دادرسی کے لیے) دربار. ۳. (مشاورت وغیرہ کے لیے) بیٹھک، جلسہ، اجتماع. ۴. کچہری، عدالت، تصفیۂ معاملات کے لیے حاکم کے بیٹھنے کی جگہ. اف: کرنا/ہونا. [ع].

أَجْلاف (فت ا، سک ج) اند ؛ ج (الف)
بطور جمع. نیچ اشخاص، نیچ ذاتوں یا پیشوں کے لوگ، کمینے (شرفا کی ضد).
(ب) بطور واحد. رذیل، کمینہ، نیچ ذات کا شخص. [ع].

إجلال (کس ا، سک ج) اند.
بزرگی، عظمت، شان و شوکت. [ع].

اجلانا (ضم ا، سک ج).
دیکھیے : أجالنا.

أجَلاء / أجِلّه (فت ا، کس ج، شد ل / شد ی بفت) اند ؛ ج.
جلیل کی جمع، بزرگان ؛ (لفظاً) جلالت والے، (مراداً) عمائد، اُمرا، اکابر. [ع].

اُجْلی (ضم ا، سک ج) (الف) صف مث.
۱. اُجلا کی تانیث ؛ سفید، براق، ستھری، پاکیزہ، صاف. (ب) اسث. (خصوصاً) دھوبن.

اُجلی طبیعت اسث. نفاست پسند مزاج ؛ سلجھی ہوئی طبیعت.

اُجْلے (ضم ا، سک ج) صف ؛ ج.
۱. اجلا کی جمع، سفید، براق، ستھرا، میلا کی ضد. ۲. صاف، پاکیزہ. ۳. امیرانہ، پرتکلف. ۴. بنا ٹھنا، صاف ستھرے لباس والا. ۵. گورا، چٹا.

أَجَم (فت ا، ج) اند.
کچھار، جھاڑی، درختوں کا جھنڈ (عموماً شیر وغیرہ کے ساتھ ترکیب میں مستعمل). [ع].

إجْماع (کس ا، سک ج) اند.
۱. صحابہ یا مجتہدین و علما کا کسی امر شرعی پر اتفاق یا متفقہ حکم. ۲. اجتماع، یکجائی، جمع ہونا. ۳. اتفاق رائے، ہم خیالی. ۴. جمعیت، سکون، اطمینان. [ع].

إجْماعی (کس ا، سک ج) صف.
۱. اجماع کی طرف منسوب، متفقہ. ۲. اجتماعی، مشترک، ساجھے کا.

إجْمال (۱) (کس ا، سک ج) اند.
۱. (i) اختصار، جس کی تفصیل کی جا سکے. (ii) خلاصہ، انتخاب ؛ تحریر یا تقریر میں ایسا مضمون لانا کہ جس میں الفاظ کم ہوں مگر مطلب زیادہ ہو اور عبارت کم اور اس کے سمجھنے میں ذرا دقت ہو. ۲. ابہام، عدم وضاحت. [ع].

إجمالاً (کس ا، سک ج، تن ل بفت) صف.
اجمال (۱) سے منسوب، مبہم، مختصر طور پر.

إجْمالی (کس ا، سک ج) صف.
اجمال سے منسوب، مبہم، گول مول ؛ مختصر.

أجْمَل (فت ا، سک ج، فت م) صف.
۱. بہت حسین، نہایت خوبصورت، بڑا صاحب جمال. ۲. بہت عمدہ پسندیدہ (شے یا امر وغیرہ). [ع].

أجمالی خاکہ اند. مختصر تعارف، مبہم خدوخال.

أجْناس (فت ا، سک ج) اسث، اند.
۱. ماہیتیں جو انواع متعددہ پر مشتمل ہوں، چیزیں جن کے تحت انھی کی متعدد قسمیں ہوں. ۲. غلے کی اقسام یعنی گیہوں، چاول، چنا، جوار باجرہ، دالیں وغیرہ. ۳. اشیا، چیزیں، سامان. [ع].

أجْنَبی (فت ا، سک ج، فت ن) صف.
۱. (i) جس سے جان پہچان نہ ہو، بیگانہ، ناواقف. (ii) پردیسی غیر ملکی. ۲. (مجازاً) نامانوس، غریب. ۳. (فقہ) ایسا شخص جس سے ازروئے شرع نکاح جائز ہو، نامحرم.

أجْنَبِیَّت (فت ا، سک ج، فت ن، کس ب، شد ی بفت) اند.
اجنبی کا اسم کیفیت.

أجِنَّه (فت ا، کس ج، شد ن بفت) اند ؛ ج.
۱. جنین (دیکھیے) کی جمع. ۲. جنات (بطور واحد بھی مستعمل). [ع].

أجْوائِن / اجوایَن (فت ا، سک ج، کس ئ / فت ی) اسث : ~ اجوان، اجائین
سیاہی مائل بھورے رنگ کا زیرے سے مشابہ مگر اس سے چھوٹا ایک تیز بو بیج، دوا میں نیز ہاضمے کے لیے سالن میں ڈالتے ہیں. [س]

اُجوْڑا / اُجوْڑہ (ضم ا، و مع / فت ر) اند.
مزدوری، حق المحنت، اُجرت. ۲. کرایہ، بھاڑا. اف : پانا / دینا ملنا. [ع].

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، اسث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اَجْوَف (فت ا، سک ج، فت و) (الف) صف.
کھوکھلا، جس کا پیٹ یا اندرونی حصہ خالی ہو. (ب) است. (تشریح) بڑی اور سب رگوں سے موٹی جوف دار ورید. (ج) امذ. (قواعد عربی) فعل یا اسم جس کا عین کلمہ حرف علت (ا، و یا ی) ہو، جیسے: قول، بیع وغیرہ. [ع].

اَجْہَل (فت ا، سک ج، فت ہ) صف.
نہایت جاہل، بالکل ان پڑھ، بڑا بے وقوف. [ع].

اَجی (فت ا) (الف) ندائیہ.
۱. اے جی، اے میاں، بے تکلف دوست یا محبوب (مرد یا عورت)، شوہر اور بیوی کو خطاب کرنے کا کلمہ. ۲. ہر شخص کا مخاطب قرار دینے کے موقع پر: دوستو، بھائیو وغیرہ کے معنی میں. (ب) فجائیہ. تنبیہ کے طور پر، توجہ دلانے کے لیے.

اَجِیت (فت ا، ی مع) صف.
۱. شخص جسے کوئی مغلوب نہ کر سکے، سدا غالب، ہمیشہ فتحمند. ۲. مقام یا امر وغیرہ جس تک رسائی نہ ہو سکے، جسے جیتا نہ جا سکے، مضبوط و مستحکم، ناقابل تسخیر.

اَجِیٹَن (فت ا، ی مع، فت ٹ) امذ.
بڑے فوجی افسروں کا مددگار جو ان کے احکام کا نفاذ کرتا اور ان کی طرف سے خط و کتابت کرتا ہے. [Adjutant سے ماخوذ].

اَجِیرَن (فت ا، ی مع، فت ر) (الف) صف.
۱. (لفظاً) ہضم نہ ہونے والا، ثقیل. ۲. (i) دشوار، دوبھر، بار خاطر، مصیبت. (ii) وبال جان، جان لیوا، تکلیف رساں. (ب) امذ. بدہضمی. [س].
اَجِیرَن ہونا محاورہ. ۱. باعث تکلیف ہونا، وبال جان ہونا، کٹھن ہونا، دوبھر ہونا، بھاری ہونا، ناگوار ہونا. ۲. مضر ہونا، تکلیف دہ ہونا.
۳. بدہضمی ہونا؛ ہیضہ ہونا.

اِجّے کے بجّے کرنا محاورہ.
غیر ضروری تفصیل بیان کرنا جو ناگوار گزرے.

اُجّھڑ (ضم ا، شد ج بفت) (الف) صف.
جھگڑالو، لڑاکا، بات بات پر الجھنے والا. (ب) امذ. جھگڑا، فساد.

اُجھَکنا (ضم ا، فت جھ، سک ک) ف ل.
(دیکھنے کے لیے) پانو کی انگلیوں پر ابھرنا، تاکنا جھانکنا.

اُجھِینا (ضم ا، ی مع) امذ.
چولھے میں ایسی ترتیب سے لگا ہوا ایندھن کہ ہوا داخل ہو کر آگ سلگ جائے.

اُچاپَت (ضم ا، فت پ) (الف) امث.
۱. ادھار کا لین دین، اشیا کی قرض خریداری (جس کا حساب مقرر وقت پر کیا جاتا رہے). ۲. ہنگامہ شرارت، بدمعاشی. ۳. فریب، دغا بازی. (ب) م ف. قرض کے طور پر، چالو کھاتے میں. [س].

اُچاپَتی (ضم ا، فت پ) صف.
۱. اچاپت سے منسوب، ادھار لین دین. ۲. شوخ اور شریر لڑکا.

اُچاٹ (ضم ا) (الف) صف.
۱. (i) بیزار، اکتایا ہوا (بیشتر دل وغیرہ کے ساتھ مستعمل). (ii) ملول، افسردہ، بد دل. ۲. برخاستہ، زائل، معدوم (نیند کے لیے مستعمل). (ب) صف، م ف. اوپری دل سے، اکھڑے اکھڑے انداز میں، اکتاہٹ کے ساتھ. (ج) امث. بیزاری، اکتاہٹ، سستی یا کاہلی. [س].
اچاٹ کرنا محاورہ. ہٹانا، دور رکھنا (طبیعت وغیرہ کو کسی طرف سے).

اُچاٹنا (ضم ا، سک ٹ) ف م.
بیزار کرنا، (کسی بات سے دل یا طبیعت وغیرہ کو) پھیرنا.

اَچار (فت ا) امذ.
آم، لیموں، شلجم، گاجر وغیرہ کا مقرر مسالوں کے ساتھ مقرر طریقے سے سرکے، تیل یا رائی وغیرہ کے ساتھ بنایا جانے والا مرکب. [ف].
اچار پڑنا (الف) محاورہ. ۱. اچار بننا. ۲. (کسی جگہ) بند محصور یا محبوس کیا جانا؛ پڑے پڑے عرصہ گذر جانا (ب) ف م. کسی پھل آم یا لیموں وغیرہ کو مسالے کے ساتھ کسی عرق یا رس یا تیل میں ڈالنا.
اچار ڈالنا محاورہ. (طنزاً) کسی چیز کو بے ضرورت کسی جگہ رکھ چھوڑنا، گلانا سڑانا.

اَچاری (فت ا) آچاری (الف) امث.
شیشے، چینی یا مٹی کا ظرف جس میں اچار، مربا یا سرکہ رکھتے ہیں، اچار وغیرہ رکھنے کا برتن، مرتبان. (ب) صف. اچار سے منسوب؛ اچار کا.

اُچان (ضم الف) است.
دیکھیے : اونچان ، بلندی .۲. برتری .

اچانا (ضم ا) م ف.
(قدیم) .۱. اونچا کرنا ، بلند کرنا .۲. اٹھانا ، لادنا ، بار کرنا .۳. (مجازاً) جگانا ، بیدار کرنا .۴. حرکت دینا ، چلانا ، ہلانا .۵. موقوف کرنا ، دور کرنا ، ہٹانا .
.۶. برپا کرنا ، مچانا (شور وغل ہنگامہ فتنہ فساد وغیرہ) .۷. آگے بڑھانا ، ہنکانا .۸. بنیاد وغیرہ اٹھانا.

اَچانَک (فت ا ، ن) (الف) م ف.
یکا یک ، دفعۃً ، ناگہاں . (ب) صف . ناگہانی ، اتفاقی . [س] .

اُچانَک (ضم ا ، فت ن) است.
اچھل کود ، شوخی ، چھل بل (گھوڑے کی) .

اَچْپَل (فت ا ، سک چ ، فت پ) صف.
شوخ ، چنچل ، چلبلا . [س] .

اَچْپَلاہَٹ (فت ا ، سک چ ، فت پ) است.
شوخی ، چلبلاپن ، چنچل پن .

اَچْپَلی (فت ا ، سک چ ، فت پ) (الف) است.
۱. شوخ ، چنچل معشوقہ .۲. شوخی ، چلبلا پن ، ناز و انداز معشوقانہ .
(ب) صف ، مث . شوخی رکھنے والی ، چنچل ، طرار .

اَچْتانا پَچْتانا (فت ا ، سک چ ، فت پ ، سک چ) ف ل.
نادم اور شرمندہ ہونا؛ ملول اور افسردہ ہونا.

اُچْٹانا (ضم ا ، سک چ) ف م.
۱. اُچٹنا کا تعدیہ .۲. (سلسلے کا) منقطع کرنا ، (کسی بات کو تدبیر یا ٹال مٹول سے) قطع کردینا ، چٹخانا ، اکھیڑنا ؛ چوکنا کرنا ، بھڑکانا ؛ اُچھالنا ؛ جدا کرنا ، الگ کرنا ، پھینکنا ، برداشتہ کرنا ، بیزار کرنا ؛ بہکانا ، بہکا کر جدا کردینا ؛ بدکانا ، آتے ہوئے شکار کو ہوشیار کردینا ؛ نشانے سے بچوا دینا ، نشانے پر نہ لگنے دینا ؛ اڑانا ، دور کرنا ، بکھیرنا ، متفرق کرنا .

اُچَٹْتا (ہوا) (ضم ا ، فت چ ، سک ٹ) مث صف . مذ .
اُچَٹْتی (ہوئی) .۱. (آلہ حرب وغیرہ) سطح سے قدرے مس ہوتا ہوا ، ذرا سا چھو کر اُچھلتا ہوا ، کارگر نہ ہوتا ہوا ، چھچھلتا ہوا ، ادھورا .۲. (بات یا خیال وغیرہ) جو بے پروائی یا عدم توجہ کے ساتھ ہو ، اوپری ، سرسری .۳. (دل وغیرہ) اکتایا ہوا ، بیزار .۴. (کسی شے یا کیفیت کا اثر) برائے نام ، ہلکا ، خفیف ، غیر موثر .

اُچَٹْنا (ضم ا ، فت چ ، سک ٹ) ف ل.
۱. (i) (ہتھیار کا) اس ڈھب سے پڑنا کہ پڑتے ہی اُچھل یا پھسل جائے ، بھرپور نہ پڑنا . (ii) (نصب العین یا ٹھیک مقام سے) ہٹنا خطا کرنا ، سرک جانا . (iii) (دل وغیرہ میں) بے اثر رہنا ، راسخ متمکن نہ ہونا . (iv) ٹھکی ، گڑی یا بیٹھی ہوئی کیل وغیرہ کا ڈھیلا ہونا یا نکل جانا .۲. کسی چیز سے چھو کر یا ٹکرا کر واپس یا اور طرف لوٹنا .۳. (دل وغیرہ کا) بیزار ہونا ، اُکتانا .۴. اُڑ جانا ، جاتا رہنا ، غائب ہونا (نیند کے لیے مستعمل) .۵. بھڑکنا ، اکھڑ جانا ، (کسی معاملے میں) راہ پر آتے آتے کترا جانا یا انحراف کرنا .۶. (کسی چیز یا امر کا) نگاہ یا ہاتھ وغیرہ کے دسترس سے باہر ہونا ، ہاتھ نہ آنا ، دکھائی نہ دینا .۷. ابھرنا نمایاں ہونا . [س] .

اَچْرَج (فت الف ، سک چ ، فت ر) (الف) امذ.
تعجب ، حیرت ، اچنبھا . (ب) صف ، مذ ؛ مث . حیرت خیز ، تعجب انگیز عجیب وغریب ، انوکھا امر یا شے . [س] .

اُچَک (ضم ا ، فت چ) (الف) است.
۱. (i) اُچھل کر بلندی پر جانے کی کیفیت ، جست (ii) (بڑھ کر یا اُچھل کر) کسی چیز کو جھپٹ لینے کی کیفیت . (ب) صف . اُچکا ، چور . [س]
اُچک کر / کے م ف . ۱. پنجوں کے بل اُچھل کر ، اونچا ہو کر جلدی سے آگے بڑھ کر .۲. چھین کر ، جھپٹ کر ، ابھار کر .
اُچک لینا ف مر : محاورہ . اڑا لے جانا ، چھین لینا ، جھپٹ لینا .

اُچْکا (ضم ا ، سک چ) امذ.
۱. پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی برجی نما بنی ہوئی چرخی جس پر سے ڈور اچک کر نکلتی ہے .۲. (کاشتکاری) کھیت کے اندر آدمی کی مصنوعی صورت اُچکا .۳. کوتاہ ، چھوٹا (جیسے : اُچکا کرتہ) .

اُچَکّا (ضم ا ، فت چ ، شد ک) (الف) امذ.
۱. شاطر چور جو دن دہاڑے مال اٹھالے .۲. بدمعاش ، اوباش .۳. گھٹیا

چور جو چھوٹی موٹی چیز جو ہاتھ پڑے لے بھاگے ، اٹھائی گیرا .
(ب) صف . اچک لینے والا ، (کسی چیز کو) چھین جھپٹ کے لے بھاگنے والا ، ہاتھ چالاک ، جیب کترا .

اُچکانا (ضم ا ، سک چ) ف م .
۱. (i) کسی قائم جگہ سے ہلا دینا ؛ دفعۃً اوپر اُٹھانا یا اُبھارنا . (ii) (مجازاً) بلند کرنا ، ترقی دینا . (iii) دیکھتے دیکھتے ادھر سے اُدھر لے جانا . ۲. چرانا ، جھپٹنا ، چھپا کر لے جانا ؛ بھگا لانا یا لے جانا ، اغوا کرنا ، نکال لانا .

اَچْکَن (فت ا ، سک چ ، فت ک) امث .
چولی دامن کا گھٹنوں سے نیچے تک لمبا لباس جس میں دونوں طرف پردہ اور گریبان سے کرتوئی یا کرپٹی تک کاج اور بٹن ہوتے ہیں . [س] .

اُچَکْنا (ضم ا ، فت چ ، سک ک) (الف) ف ل .
۱. یکا یک اوپر اُٹھنا ، اُبھرنا ، سر ابھار کر یا پنجوں کے بل اونچا ہونا .
۲. (i) چھلانگ مارنا ، پھاندنا ؛ جست کرنا . (ii) اونچا ہو جانا ؛ اچھلنا ، پھدکنا . ۳. (i) ترقی کرنا ، بڑا درجہ یا رتبہ پانا . (ii) پھڑک جانا ، محظوظ ہونا . (ب) ف م . چھیننا ، جھپٹنا ، اڑا لینا ، لے بھاگنا ، چرا لینا (کسی شے کو) .

اُچَکّی (ضم ا ، فت چ ، شد ک) صف : مث .
اُچکا کی تانیث ؛ گھٹیا ، پست تر ، ناشائستہ .

اَچَل (فت ا ، چ) (الف) صف .
(اپنی جگہ سے) نہ چلنے والا ، نہ ہلنے والا ، غیر متحرک ، ساکن ، قائم ، اٹل . [س] .

اُچَلْنا (ضم ا ، فت چ ، سک ل) ف ل .
ایک چیز کا دوسری سے علیحدہ ہونا ، پرت اکھڑنا ، چھلکا اترنا ، کھال الگ ہونا .

اَچَنْبھا (فت ا ، چ ، سک م بشکل ن) (الف) امذ ؛ ~ اچنبا ، اچمبھا ، اچنبا ، اچنبک ، اچھنبا .
۱. تعجب کی بات ، عجیب بات یا کام . ۲. تعجب ، حیرت . اف : کرنا / گزرنا / لگنا / ہونا . (ب) صف (قدیم) . تعجب خیز ، حیرت انگیز ، عجیب و غریب ، گلابی جلد پر ننھی ننھی بھوری بندکیوں والا گھوڑا . [س] .

اَچّھا (فت ا ، شد چھ) ؛ (الف) صف .
۱. بھلا لگنے والا ، جو ذوق یا حواس یا طبیعت کو بھائے ، خوب ، عمدہ ، پسندیدہ ، خوشگوار ، برا کی ضد . ۲. عمدہ اوصاف والا ، جس میں مناسب یا موزوں خصوصیات پائی جائیں ، قابل ستائش . ۳. (i) تندرست ، بھلا چنگا ، صحت مند . (ii) مرض سے نجات پانے والا ، شفایاب . ۴. مقابلۃً عمدہ ، زیادہ موزوں و مناسب ، بہتر ، خوب تر ، برتر ، افضل ، دوسرے سے بڑھ کر . ۵. درست ، سالم ، ٹھیک ، صحیح ، خرابی یا عیب سے خالی . ۶. خاصا ، متوسط درجے یا حیثیت کا ، معمولی سے کچھ بڑھ کر . ۷. مبارک ، مسعود (دن ، ساعت وغیرہ) . ۸. احترام یا پوجا کے قابل . ۹. زوردار ، بھرپور ، خاطر خواہ . ۱۰. خالص ، معیاری ، گراں قدر . ۱۱. زیادہ ، بہت ، کسی خصوصیت میں نمایاں (خاصا کی بجائے) . ۱۲. (بجائے خود) مناسب ، موزوں ، ٹھیک ، زیبا ، بجا ، چچا ہوا . ۱۳. مفید ، موافق ، سزاوار . ۱۴. (طنزاً) برا ، بے ڈھب ، نازیبا ، نامناسب ، غیر موزوں . ۱۵. (قدیم) سفید ، ستھرا . ۱۶. بزرگ ، ولی ، حاکم یا سرپرست ، پشت پناہ (صرف للکار ، دشنام وغیرہ میں) . ۱۷. شریف ، نیک ، خوش اطوار (اکثر جمع یا مغیرہ صورت میں) . ۱۸. حسن ، دلربا ، معشوق (بیشتر جمع یا مغیرہ صورت میں) .
(ب) م ف . ۱. اطمینان ، مسرت یا خیر وخوبی کے ساتھ . ۲. جزا سے پہلے شرط محذوف کا قائم مقام ، مترادف : اگر ایسا ہے ، اگر یوں ہے ، اگر ٹھیک ہے ، وغیرہ . ۳. (اتمام حجت کے لیے) مترادف : بس ، خیر ، چلو ، چھوڑو ، یونہی سہی . ۴. خوبی سے ، عمدگی سے ، اچھی طرح ۵. (طنزاً) نامناسب ، نازیبا . (ج) فجائیہ . اتنبیہ یا تاکید کے لیے عموماً بطور استفہام تاکیدی ، گاہے مکرر ، مترادف : سمجھے ؟ سنا ؟ مانو گے نہیں وغیرہ . ۲. ایجاب ، اقرار یا جواب ندا کے طور پر ، مترادف : بہت خوب ٹھیک ، سن لیا ، سمجھ گئے وغیرہ . ۳. اضراب کے لیے ، مترادف : خیر بارے وغیرہ . ۴. تہدید کے لیے ، مترادف : دیکھا جائے گا ، سمجھ لیں گے وغیرہ . ۵. استیناف یا عارضی رکاوٹ کے بعد بات کا سلسلہ ملانے کے لیے . ۶. استعجاب کے موقعے پر استفہاماً (عموماً الف کو کھینچ کر) مترادف : ایسا ہے ، یہ بات ہے ، وغیرہ . ۷. رضامندی یا اجازت طلب کرنے پر کے جواب میں ، مترادف : ہاں اجازت ہے ، تم ایسا کر سکتے ہو ، وغیرہ . [س] .

اچھا اچھا صف ، م ف . اچھا کے معانی کی تاکید یا توسیع کے لیے مستعمل ، خصوصاً تشفی کے موقع پر ؛ دھمکانے کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے .

اچھا بُرا (الف) اند . (کسی کام کا) نیک و بد ، نفع نقصان ، بھلائی برائی ، نشیب و فراز ، (مجازاً) نتیجہ ، انجام . (ب) صف ، م ف . عمدہ یا خراب ، بڑھیا یا گھٹیا ، موافق یا ناموافق ، ہر طرح کا .

اچھا بَھلا صف ، مذ : مغیرہ .
۱. خاصا ، درست ، سالم ، بے عیب . ۲. تندرست ، بھلا چنگا . ۳. صاف صاف ، کھلا کھلا ، نمایاں .

اچھا خاصا صف ، م ف . ۱. بھلا چنگا ، تندرست . ۲. (i) بہت ، کافی ، بالکل ، بہت کچھ . (ii) (ہر اعتبار سے) پورا ، مکمل ، بڑی حد تک . ۳. بے عیب .

اچھا ہونا محاورہ . 'اچھا کرنا' کا لازم . ۱. تندرست ہونا ، بھلا چنگا ہونا . ۲. مرضی کے موافق ہونا ، حسب دلخواہ ہونا . ۳. خلیق ہونا ، خوش خلق ہونا .

اُچھال (ضم ا) اند .
۱. 'اچھلنا' نیز 'اچھالنا' کا اسم کیفیت : اچھلنے ، اچھالنے یا اچھالے جانے کی کیفیت . ۲. زور جو کسی چیز کے ابھار یا دباؤ سے کسی دوسری چیز پر پڑے . ۳. متلی ، قے ، استفراغ . ۴. (مجازاً) اتراہٹ .

اچھال چھکّا صف ، مث . قحبہ ، آوارہ مزاج ، اوباش ، بدچلن عورت ، شوخ چشم عورت .

اُچھالنا ف م .
۱. (i) پستی سے بلندی کی طرف پھینکنا ، فضا میں نیچے سے اوپر کی طرف دھکیلنا یا اڑانا . (ii) اس طرح یا اس لیے اوپر پھینکنا کہ نیچے آرہے . (iii) اِدھر سے اُدھر یا ایک طرف سے دوسری طرف کو اٹھا پھینکنا . (iv) منتشر کرنا ، بکھیرنا ، اڑانا ، نچھاور کرنا . ۲. بالائے سطح لانا ، اُچھالا دینا (پانی ، دریا وغیرہ کے ساتھ مخصوص) . ۳. (مجازاً) شہرت دینا ، نمایاں کرنا . ۴. کسی بات یا ذکر کو ادھر سے ادھر کرنا ، بڑھا چڑھا کر پھیلانا . ۵. بڑھانا ، سربلند کرنا ، ترقی دینا . ۶. بار بار ایک برتن سے دوسرے برتن میں اوپر سے نیچے ڈالنا ، (دودھ وغیرہ کے لیے مختص) . ۷. (دبی ہوئی کیفیت کو) اُبھارنا .

اَچّھائی (فت ا ، شد چ) اث .
اچھا کا اسم کیفیت : خوبی ، نیکی ، بھلائی .

اُچھل (ضم ا ، فت چ) اث .
(اچھلنا کا اسم کیفیت اور مرکبات یا افعال مرکبہ میں مستعمل) .

اچھل پڑنا ف مر . ۱. (i) اچانک اوپر کی طرف جنبش کرنا ، دفعۃً یا اضطراری طور پر اوپر اٹھنا ، یکایک اچک جانا . (ii) دفعۃً سطح سے اڑ کر اوپر جانا ، اچٹنا ، جست کرنا . ۲. (خوشی وغیرہ کے مارے) بیٹھے سے اٹھ کھڑا ہونا نیم قد اٹھ کھڑا ہونا ، کود پڑنا یا دفعۃً اچکنا ؛ (مجازاً) شدید جذبے اظہار کرنا .

اچھل پھاند/ اچھل کود اث . ۱. اچکنے پھاندنے کا عمل ، دھما چوکڑی انکھیلیاں . ۲. (مجازاً) دوڑ دھوپ ، کوشش ، جدوجہد (طنزاً) .

اُچھلنا (ضم ا ، فت چ ، سک ل) ف ل .
۱. (i) اچھالنا کا لازم ؛ اچانک پستی سے بلندی کے طرف اٹھنا ، فضا میں دفعۃً بلند ہونا ، اوپر کی طرف جست کرنا . (ii) کودنا پھاندنا انکھیلیاں کرنا . ۲. (i) گرانے یا لپکنے کے لیے اوپر پھینکا یا اڑایا جانا (ii) منتشر ہونا ، بکھرنا . (iii) شہرت دینا ، نمایاں ہونا ، پھیلنا . ۳. خوشی رنج ، تکلیف ، خوف وغیرہ سے یکایک اور بے اختیار اٹھ بیٹھنا اچک پڑنا . ۴. (i) (کسی شے کا) پانی کی تہ سے سطح پر آنا . (ii) چھلکنا کناروں سے نکل پڑنا ، موجزن ہونا (پانی اور دریا وغیرہ سے مختص) (iii) ابلنا ، بہاؤ کے زور میں اوپر جانا . نہروں میں پانی کا موجیں مارنا اور فواروں کا اچھلنا . ۶. (i) اندرونی حرارت وغیرہ کے باعث حرکت کرنا ، گرمی وغیرہ سے متاثر ہو کر ابھرنا یا حرکت میں آنا (ii) دھک دھک ہونا ، دھڑکنا (دل وغیرہ سے مختص) . ۷. (i) ابھرنا انگیختہ ہونا ، یکایک زور کرنا یا نمودار ہونا (مرض وغیرہ کا) . (ii) کسی کیفیت میں ابھار یا شدت رونما ہونا ، نکھرنا . ۸. اکڑنا ، اترانا ، فخر و ناز کرنا . ۹. ابھر آنا ، پیدا ہونا ، نمایاں ہونا . ۱۰. سربلند ہونا ، ترقی ملنا شہرت پانا . ۱۱. دو متضاد سمتوں میں مسلسل حرکت دی جانا ، ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالا جانا (جیسے : دودھ وغیرہ کا) .

اچھلنا کودنا ف ل . ۱. اچکنا پھاندنا ، دھما چوکڑی مچانا ، انکھیلیاں کرنا ۲. غصے میں اعضا کو حرکت دینا ، برا ماننا ، بگڑنا .

اُچّھو (ضم ا ، شد چ ، و مع) اند .
پھندا جو حلق میں غذا وغیرہ پھنس جانے سے پڑے ، سانس کی نا

کے سرے پر خفیف اٹکاؤ کی وجہ سے سانس رکنے اور گلے میں خراش آجانے کی کیفیت ، پھندا ، حلق میں سانس کا پھنساؤ نیز کھانسی جو اس کی وجہ سے اٹھے ۔ اف: آنا/لگنا ۔ [س] ۔

آچھوانی (فت ا ، سک چ) امث ۔
چھ دوائیں جو زچہ کو وضع حمل کے بعد جوش دے کر پلاتے ہیں ، سونٹھ ، اجوائن ، خشک میوہ ، گھی اور شکر وغیرہ کا حریرہ جو زچہ کو پلایا جاتا ہے ۔

اَچھُوت (فت ا ، و مع) (الف) امذ
کمین ذات کا آدمی ، شودر ۔ (ب) صف ۔ جسے چھونے یا پاس بٹھانے سے گریز کی جائے ، نجس ، ناپاک ۔ [س] ۔

اَچھُوتا (فت ا ، و مع) صف ، مذ ۔
۱۔ (i) چیز جسے پہلے کبھی دیکھا یا چھوا نہ ہو ۔ (ii) کھانا پینا وغیرہ جو کسی کا جھوٹا نہ ہو ۔ ۲۔ خوبی میں سب سے الگ یا بڑھ چڑھ کر ، انوکھا ، نادر ۔ ۳۔ (مضمون یا خیال وغیرہ) نیا ، تازہ تر ، جدید ، ان سنا ، غیر شائع شدہ ۔ ۴۔ جس کی جانب پہلے توجہ نہ کی گئی ہو ، جو پہلی بار منظر عام پر یا میدان عمل میں لایا جائے ، سابق کا ناآزمودہ ۔ ۵۔ کنوارا ، ناکتخدا (بیشتر تانیث میں مستعمل) ۔ ۶۔ عفیف ، پارسا ، خطا سے بری ۔ ۷۔ جس میں ملاوٹ نہ ہو ، مصفّیٰ ، خالص ، ٹکسالی ۔ ۸۔ (برتن وغیرہ) کورا ، بن برتا ۔

اَچھُوتی (فت ا ، و مع) ۔ (الف) صف ، مث ۔
'اچھوتا' کی تانیث ، انوکھی ۔ (ب) امث ۔ عیسائی نن ، راہبہ جو ترک دنیا کر کے گوشہ گیر ہو جائے ۔

اَچّھوں (فت ا ، شد چ ، و مج) صف ۔
۱۔ اچھا کی جمع نیز مغیرہ حالت (عموماً ترکیبات میں مستعمل) ۔ ۲۔ حسین ، خوبرو ، خوبصورت ۔

اچھوں کا اچھا صف ۔ بہت اچھا ، سب سے اچھا ، اچھے لوگوں میں منتخب ۔

اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں فقرہ ۔ اچھے آدمی کی اولاد بھی اچھی ہی ہوتی ہے ۔

اَچّھی (فت ا ، شد چ) صف ، مث ۔
۱۔ اچھا کی تانیث ۔ ۲۔ بے تکلفی میں عورتوں سے تخاطب کا کلمہ مترادف : پیاری ، مہربان ۔ ۳۔ خوش وضع خوبصورت ۔ ۴۔ بھلی ، بہتر ، برتر ۔ ۵۔ مسعود ، مبارک ۔ ۶۔ عمدہ ، معیاری ۔ ۷۔ بہتر خوبی کے ساتھ ، عمدگی کے ساتھ ۔ ۸۔ (طنزاً) خوب ۔

اچھی بری صف ، امث ۔ ۱۔ اچھا برا کی تانیث ۔ ۲۔ کسی کام کی بھلائی یا برائی ، نشیب و فراز ؛ عمدہ یا خراب بڑھیا یا گھٹیا ؛ موافق یا ناموافق ، کچھ نہ کچھ ، کسی نہ کسی طرح ۔

اچھی دل لگی کی فقرہ ۔ نازیبا مذاق یا دھوکا دینے ، نقصان پہنچانے کے موقع پر مستعمل ۔

اچھی رہی فقرہ ۔ ۱۔ خلاف امید کام ہوا ، غیر متوقع فائدہ ہوگیا ۔ ۲۔ کسی بات یا کام یا دخل اندازی سے ناگواری یا رضامندی کے اظہار کے موقعے پر ، بات ہرگز پسند نہیں ، ہم اس کے لیے تیار نہیں ، انھیں اس بات کا کیا حق ہے ، انھیں اس میں کیا دخل ہے ، وہ کون ہوتے ہیں ، وغیرہ ۔

اچھی کہی فقرہ ۔ ۱۔ یہ بات ٹھیک نہیں ؛ غلط کہتے ہو ، ہمیں اعتراض ہے ، منظور نہیں ، پسند نہیں (طنزیہ) ۔ ۲۔ خوب پھبتی کہی ۔

اَچّھے (فت ا ، شد چ) صف ۔
۱۔ اچھا کی جمع نیز مغیرہ حالت (عموماً ترکیبات میں مستعمل) ۔ ۲۔ پیارے ، محبوب (کبھی ، میرے ، یا ، ہمارے ، کے ساتھ تخاطب کے موقع پر) ۔ ۳۔ تندرست ، بھلا چنگا ، شفایاب ۔ ۴۔ بہتر نہ ہونا ، نامناسب ، ناموافق ۔ ۵۔ بزرگ ، بالاتر ، قوی دست ۔

اچھے اچھوں صف ، م ف ۔ اچھے کی تکرار (حرف ربط یا علامت اضافت کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

اچھے اچھے صف ۔ ۱۔ کسی خاص وصف میں اعلیٰ ، دوسروں سے ممتاز ، بڑے بہت بڑے ۔ ۲۔ کسی خوبی برائی یا ہنر وغیرہ کے اعتبار سے ۔

اچھے خاصے صف ؛ م ف ۔ اچھا خاصا کی جمع مغیرہ حالت ، صحیح تندرست ۔

اچھے وقت روزمرہ ، م ف ۔ ۱۔ عین ضرورت کے وقت ، ٹھیک موقعے پر ، بروقت ۔ ۲۔ (طنزیہ) محل اور موقعے یا ضرورت کے خلاف ، بے موقع ، بے محل ، بے وقت ۔ ۳۔ نیک اور مسعود ساعت میں ، مبارک گھڑی ۔

آحاد (فت ا) صف ؛ ج ۔
اکائیاں ، ایک سے نو تک کی گنتی یا ہندسے ۔ [ع] ۔

اَحادِیث (فت ا ، ی مع) امث ۔
(دیکھیے) ''حدیث'' کی جمع ۔ [ع] ۔

اِحاطَہ (کس ح ا، فت ط) اند.

۱. چار طرف حد بندی کے لیے کھنچا ہوا حصار، چار دیواری، باڑھ، خط یا نشان جس سے کوئی جگہ یا شے محدود ہو (اصلی یا مجازی). ۲. (i) چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ (میدان یا مکان وغیرہ)، محصور رقبہ، محدود علاقہ (اصلی یا مجازی). (ii) محلّہ، بستی، باڑا وغیرہ. (iii) آنگن، صحن خانہ، تعمیر کے اطراف کھلی ہوئی جگہ جو اس عمارت کا جزو سمجھی جاتی ہے. ۳. دائرہ عمل و اختیار، عملداری، میدان کار، دسترس کی حد (اصلی یا مجازی). ۴. زمین کا وہ حصہ یا خطہ جو انتظامی، طبعی خصوصیات یا کسی اور لحاظ سے ایک وحدت قرار دیا جائے (جیسے صوبہ، ضلع، پرگنہ وغیرہ)، علاقہ، خطہ، سرزمین. ۵. (i) (ایک شے کے کل اجزا) گھیرنے یا گھیرے جانے کا عمل، محیط یا حاوی ہونے کی کیفیت، حصر، جامعیت، گھیرنا، محیط ہونا. (ii) پورے اثر و رسوخ سے مسلط ہو جانا. (iii) وسعت، پھیلاؤ، سمائی. [ع].

احاطہ کرنا محاورہ. ۱. (i) چاروں طرف سے گھیرنا، محصور کرنا. (ii) کل اجزاء کو سمیٹ کر اپنے دائرہ اثر یا عمل میں لے آنا. (iii) کسی شے کی انتہائی حدوں کو پہنچ جانا. (iv) چاروں طرف پھیلانا یا بچھا دینا. ۲. کلیات و جزئیات کو پورے طور پر جاننا یا سمجھنا (بیشتر عقل وغیرہ کے ساتھ مستعمل).

اَحَب (فت ا، ح) صف.

۱. جس سے بہت زیادہ محبت ہو، زیادہ محبوب، محبوب ترین شخص.
۲. پسندیدہ تر، زیادہ مستحسن. [ع].

اَحِبّا (فت ا، کس ح، شد ب) اند، ج؛ ← احبہ.

(حبیب کی جمع) دوست احباب، رفقا، عزیز. [ع].

اَحْباب (فت ا، سک ح) اند؛ ج.

دیکھیے: ۱. دوست، رفقا، عزیز. ۲. بیگانے جنھیں اخلاقاً دوست کہہ دیا جائے، ہم مشرب یا ہم عصر لوگ. [ع].

اَحْبار (فت ا، سک ح) اند؛ ج.

یہودی پیشوا، علمائے یہود. [ع].

اَحْبال (فت مج ا، سک ح) اند؛ ج.

۱. رسیاں، تار یا ڈوریاں. ۲. رگیں، اعصاب. [ع].

اَحِبّہ (فت ا، کس ح، شد ب بفت) اند؛ ج.

دیکھیے: احبا. [ع].

اِحْتِباس (کس مج ا، سک ح ت) اند.

۱. (ہوا بند ہونے سے) دم گھٹنے کی کیفیت، حبس، امس، گھٹن، گھمس، (ہوا کا) بند ہونا اور اس سے دم گھٹنے لگنا. ۲. (i) سانس، ریاح پیشاب یا خون وغیرہ کے جسم میں رک جانے اور نہ نکلنے کی کیفیت خصوصاً حیض یا نفاس وغیرہ بند ہونے کی صورت حال. (ii) ہوا دخان، بھاپ یا گیس کے کسی محدود مقام میں گھر جانے کی کیفیت ۳. (نفسیات) کسی احساس یا تکلیف دہ یاد کو عمداً حلقۂ شعور خارج کر دینا، بھلا دینا. [ع].

اِحْتِجاب (کس مج ا، سک ح، کس مج ت) اند.

۱. پردہ نشینی، چھپنا، خصوصاً عورتوں کا نامحرم سے پردہ. ۲. رسائی حائل اور مانع ہونے کی کیفیت، پردہ، حجاب. ۳. (نجوم) (ہیئت) کسی ستارے کا چاند کے پیچھے یا کسی جرم فلک کا دوسرے جرم فلکی پیچھے چھپ جانا. [ع].

اِحْتِجاج (کس مج ا، سک ح، کس مج ت) اند.

۱. کسی امر کے خلاف حجت یا دلیل پیش کرنے کا عمل. ۲. بالادست کسی خاص گروہ یا فرد کی کسی ناپسند بات کے خلاف تقریراً یا تحریراً ناراضی کا اظہار. [ع].

اِحْتِجاجاً (کس مج ا، سک ح، کس مج ت، تن ج بفت) م ف، تمیز.

احتجاج کی غرض سے، بطور احتجاج.

اِحْتِراز (کس مج ا، سک ح، کس مج ت) اند.

۱. اجتناب، پرہیز، کنارہ کشی، بچنا. ۲. تکلف، جھجک، کھنچنے اور دور رہنے کی صورت حال. [ع].

اِحْتِراق (کس مج ا، سک ح، کس مج ت) اند.

۱. (i) سوختہ ہونے یا جل جانے کی کیفیت یا عمل، جلنا. (ii) سوزش جلن، بھڑک. ۲. (نجوم) چاند کے علاوہ کسی سیارے کا سورج ساتھ کسی برج میں ایک درجے اور ایک دقیقے میں اجتماع (جس اس سیارے کی شعاعیں چھپ جاتی ہیں). [ع].

اِحْتِرام (کس مج ا، سک ح، کس مج ت) اند.

عزت، حرمت، توقیر. [ع].

اِحتِراماً (کس ا ، سک ح ، کس ت) اند .
کسی چیز کی توقیر میں .

اِحتِساب (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
۱. حساب کتاب ، شمار ، گنتی . ۲. عیب و ثواب کی جانچ پڑتال ، باز پرس ، دیکھ بھال ، جائزہ ، محاسبہ . ۳. (مجازاً) روک ٹوک ، ممانعت (بری باتوں سے) . [ع] .

اِحتِسابی (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) صف .
احتساب سے منسوب .

اِحتِشام (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
کروفر ، دبدبہ ، شان و شکوہ ، ٹھاٹھ باٹھ . [ع] .

اِحتِضار (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
نزع کا عالم ، موت کا وقت ، دم توڑنے کی کیفیت ، جان کنی کی کیفیت . [ع] .

اِحتِظاظ (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
حظ ، لذت ، لطف ، باطن میں محظوظ و مسرور ہونے کی کیفیت . [ع] .

اِحتِقان (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
۱. مبرز کے ذریعے پیٹ میں دوا یا پانی پہنچانا ، حقنہ ، عمل ، انیما . ۲. (طب) جسم میں مواد یا رطوبات کا رکنا یا بند ہو جانا . [ع] .

اِحتِکار (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
(کسی شے خصوصاً غلے کو) آئندہ مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنے کا عمل ، ذخیرہ اندوزی ، فروخت نہ کرنا . [ع] .

اِحتِلام (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
سوتے میں منی کا اخراج ، بدخوابی ، ناپاک ہونا . [ع] .

اِحتِمال (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) اند .
۱. امکان ، گنجائش ، ممکن یا متوقع ہونے کی صورت . ۲. (i) شک ، شبہ ، گمان . (ii) اندیشہ . ۳. فرضی ، خیالی ، وہمی یا قیاسی بات . ۴. (منطق) امکانی صورت ، ممکنہ شق یا پہلو . ۵. باربرداری ، برداشت ، بوجھ کو اٹھانا یا برداشت کرنا . [ع] .

احتمال کرنا محاورہ . خیال آرائی کرنا ، وہم و گمان یا قیاس سے نکتے پیدا کرنا .

اِحتِمالی (کس مج ا ، سک ح ، کس مج ت) صف .
احتمال کی طرف منسوب : ممکن ، مفروضہ ، متوقع .

اِحتِیاج (کس مج ا ، سک ح ، کس ت) امث ؛ اند .
۱. (i) حاجت ، ضرورت ، خواہش ، چاہنا . (ii) (کسی کی) محتاجی ، حاجت مندی ، محتاج ہونا . ۲. جو بات ضروری ہو ، ضروری . ۳. پیشاب یا پاخانے کی ضرورت . [ع] .

اِحتِیاط (کس مج ا ، سک ح ، کس ت) امث .
۱. (i) ہوش و حواس سے سوچ سمجھ کر اقدام یا فیصلہ ، اقدام عمل سے پہلے پوری پوری توجہ ، غور ، ہوشیاری ، سوجھ بوجھ . (ii) انجام کار کی بصیرت ، دور اندیشی . ۲. نقصان یا ضرر سے بچانے یا بچنے کا خیال و لحاظ ، حفاظت ، نگہبانی . ۳. لوگوں کی نظر یا اطلاع سے بچ کر کسی کام کا اہتمام ، ہچکچاہٹ اور تحفظ کی پیش بندی کے ساتھ اقدام عمل . ۴. (i) کسی مصلحت کی بنا پر اقدام عمل سے باز رکھنے یا رہنے کا عمل ، روک تھام ، ضبط . (ii) مفید مقصد کے تحت کسی سے دور رہنے کا عمل ، پرہیز ، اجتناب ، دوری ، بچنا . (iii) بیگانہ پن ، کنارہ کشی ، پہلوتہی کا برتاؤ . [ع] .

اِحتِیاطاً (کس مج ا ، سک ح ، کس ت ، تن ط بفت) م ف ؛ تمیز .
احتیاط پر عمل کرنے کے خیال سے ، ازروے احتیاط ، حفظ ماتقدم کے طور پر .

اِحتِیاطی (کس مج ا ، سک ح ، کس ت) صف .
احتیاط سے منسوب : جس میں احتیاط پر عمل کیا جائے ، عمل جو احتیاط کی غرض سے ہو .

احتیاطی تدابیر امث . دور اندیشی کے تحت کیے جانے والے اقدامات .

اِحتِیال (کس مج ا ، سک ح ، کس ت) اند .
۱. مکر ، فریب . ۲. حیلہ اور سبب . [ع]

اَحجَار (فت مج ا ، سک ح) اند ؛ ج .
دیکھیے : حجر ، کی جمع . [ع] .

اَحَد (فت ا ، ح) (الف) صف (عددی) .
۱. ایک ، عدد واحد ، ہندسوں میں "۱" . ۲. یکتا ، جس کا ایسا کوئی نہ ہو ، بے مثال ، لاشریک ، (خداے تعالیٰ کی صفت کے طور پر مستعمل) .

(ب) امذ. ۱. اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں میں سے ایک نام، خداوند عالم (بطور اسم). ۲. ایک شخص یا شے، فرد واحد (بیشتر ترکیب عربی میں مستعمل). [ع].

اَحداث (فت ح ا، ف ا، سک ح) امذ؛ ج.
(لفظاً) ایسی باتیں جو ماضی سے مختلف ہوں، اختراع کیے ہوئے امور، (دین میں) خلافِ سنتِ نبوی نئی نئی باتیں. [ع].

اِحداث (کس ح ا، ف ا، سک ح) امذ.
۱. کسی شے یا بات کو عدم سے وجود میں لانے کا عمل، اختراع و ایجاد، تخلیق، نئی بات نکالنا یا پیدا کرنا. ۲. کسی جگہ کی بنیاد ڈالنے یا بنوانے کا کام، تاسیس، تعمیر. ۳. کسی ایسی شے یا بات کے دریافت ہونے کا عمل جو نفس الامر میں پہلے سے موجود ہو مگر معلوم نہ ہو، دریافت. ۴. (دینیات) احکام یا اعمال میں کوئی ایسی بات شامل کرنا جو شریعت کا منشا نہ ہو، بدعت. [ع].

اَحدی (فت ح ا، سک ح) امذ.
۱. امذ. دیکھیے: احدی. ۲. (مجازاً) سست، کاہل، نکما جو کام سے جی چرائے.
اَحدی پن امذ. سستی، کاہلی، بے کار پڑے رہنے کی عادت.

اَحَدی (فت ا، ح) (الف) امذ.
اکبری دربار کا ایک خاص عہدہ نیز عہدیدار جو کسی فوج کا افسر یا سپاہی نہیں ہوتا بلکہ بادشاہ اسے خاص شاہی امور کے لیے خود منتخب کرتا اور دوسروں کی ماتحتی سے مستثنیٰ کر دیتا ہے، تیرانداز جو سرکش زمینداروں سے روپیہ وصول کرنے بھیجے جاتے تھے اور جو باقاعدہ کسی فوج کے زمرے میں نہیں ہوتے تھے؛ ایک گھوڑا رکھنے والا سپاہی جو مہم کے وقت طلب پر حاضر ہوتا؛ اکا. (ب) صف. ۱. اللہ تعالیٰ سے تعلق یا نسبت رکھنے والا، خداوندی، الوہی.

اَحَدِیَّت (فت ا، ح، کس د، شد ی بفت) (الف) امث.
اللہ تعالیٰ کی یکتائی، توحید، خدا کا لاشریک ہونا. (ب) امذ. ۱. (مجازاً) خدا، باری تعالیٰ (بیشتر جناب، بارگاہ وغیرہ کے ساتھ مستعمل).
۳. یکسانیت، ایک ہونا.

اَحرار (فت ح ا، سک ح) امذ؛ ج.
۱. (i) قوم یا گروہ جو کسی قوم یا گروہ کی غلامی میں نہ ہو یا غلامی کو قبول نہ کرے، آزاد لوگ. (ii) اشخاص جو کسی شخص کے زرخرید موروثی غلام نہ ہوں. ۲. (مجازاً) شرفا، نیک لوگ. ۳. پرندے خصوصاً شکرا، باز اور کبوتر وغیرہ (بیشتر 'ہوا' کے ساتھ). ۴. مسلمانانِ ہند کی ایک سیاسی جماعت جو برطانیہ سے برصغیر کو آزاد کرانے جدوجہد میں مسلم لیگ کے خلاف اور کانگریس کے ساتھ تھی. [ع]

اِحراق (کس ح ا، سک ح) امذ.
۱. جلن، سوزش، حدت، کسی چیز کو جلا دینے نیز کسی مادے کو جلا خشک، زائل یا فنا کر دینے کا عمل یا کیفیت، جلانا، سوختہ کرنا. ۲. جلن سوزش؛ حدت، شدت حرارت. ۳. (نجوم) چاند کے علاوہ کسی سیارے کا سورج کے ساتھ کسی برج میں ایک درجے اور ایک دقیقے اجتماع (جس سے اس سیارے کی شعاعیں چھپ جاتی ہیں). [ع

اِحرام (کس ح ا، سک ح) امذ.
۱. (i) (فقہ) عازمین حج یا عمرہ کا (فقہ میں بتائی ہوئی تفصیلات مطابق) نیت کر کے بن سلا کپڑا پہن لینے اور خوشبو وغیرہ ترک کر دینے کا عمل، (حج یا طوافِ کعبہ ادا کرنے کا پہلا رکن). (ii) حاجیوں پہننے کا بن سلا سفید کپڑا، حج کا لباس. ۲. (کسی جگہ جانے کا) قصد نیت. ۳. نماز کی نیت باندھ کے تکبیر کہنا، تحریمہ بجا لانا. [ع].
اِحرام باندھنا ف مر. ۱. حج یا عمرہ کے لیے فقہ میں بتائی ہوئی تفصیلا کے مطابق نیت کر کے بن سلا کپڑا پہننا اور دیگر مقررہ شرائط بجا لا ۲. (مجازاً) کسی خاص کام، یا سفر کی تیاری کرنا.
اِحرام پوش صف. ۱. جس نے حج کا لباس پہنا ہو نیز عازم حج یا عمر ۲. صوفی اور فقراء جو عام زندگی میں بھی احرام کی طرح بن سلی (بیشتر گیروے رنگ کی) لباس کے طور پر استعمال کرتے ہیں (عموماً وارثی)

اَحزاب (فت ح ا، سک ح) امذ؛ ج.
۱. حزب (دیکھیے) کی جمع، گروہ، جتھے. ۲. غزوۂ احزاب جس کو خندق بھی کہتے ہیں. ۳. قرآن پاک کی ایک سورۃ کا نام جو اکیسویں پارے میں ہے. [ع].

اَحزان (فت ح ا، سک ح) امذ؛ ج.
پریشانیاں، رنج، غم، افکار. [ع].

اِحساس (کس ج ا، سک ح) اند.

ا. (حواس خمسہ میں سے) کسی حس کے ذریعے دریافت یا علم .۲. ماحول سے اعصاب کی اثر پذیری جس سے غم و غصہ، خوشی، رقت قلب یا ندامت وغیرہ پیدا ہو، محسوسات سے متاثر ہونا، جذبہ، جوش، جذباتی تاثر .۳. (کسی بات کا) شعور، وجدان، اندازہ یا قیاس وغیرہ (جو ذہنی تجربے یا فطری ذوق کے ذریعے ہو) .۴. (مجازاً) گمان، خیال. [ع].

احساسِ برتری اند. (نفسیات) افتخار اور برتری کا جذبہ جو دوسرے سے بالاتر ہونے کے صحیح یا غلط تصور کی بنا پر پیدا ہوتا اور اپنے قول و فعل کے بالمقابل دوسرے کے قول و فعل پر غور کرنے سے مانع ہوتا ہے، اپنی بات اونچی رکھنے کا جذبہ، احساس کمتری کی ضد، غرور، گھمنڈ.

احساسِ کمتری / کہتری اند. (نفسیات) مرتبے یا دولت وغیرہ میں اپنے پست ہونے کا تصور جو بالاتر کے بالمقابل اپنے ذہن کی جودت کو دبائے رکھتا ہے، احساس برتری کی ضد، اپنی پستی کا احساس.

احساسِ محرومی اند. (نفسیات) جارحیت کا وہ جذبہ جو ناکامی یا خاطرخواہ مقبولیت نہ ملنے کی بنا پر پیدا ہو جاتا ہے.

اِحساسات (کس ج ا، سک ح) اند.

(لفظاً) احساس کی جمع، (مراداً) محسوسات، محسوس کی ہوئی باتیں.

اِحسان (کس ج ا، سک ح) اند.

ا. (کسی کے ساتھ) نیکی کا عمل، اچھا سلوک، مہربانی کا برتاؤ .۲. اچھے سلوک کا بار (جسے سلوک کرنے والا یا وہ شخص جس کے ساتھ سلوک کیا گیا ہو محسوس کرے) .۳. نیکی، عمل خیر .۴. (اچھا سلوک کیے جانے پر) شکریہ، شکر، ممنونیت کا اعتراف .۵. (تصوف) نور بصیرت سے حق کا مشاہدہ. [ع].

احسان اتارنا محاورہ. سلوک کے بدلے خود بھی سلوک کرنا.

احسان اٹھانا محاورہ. کسی کے نیک سلوک کا بوجھ اپنے سر لینا، زیر بار منت ہونا، احسان لینا.

احسان جتانا محاورہ. (اپنی بڑائی دکھانے کے لیے) سلوک کر کے اس کا اظہار کرنا، اظہار احسان کرنا.

احسان دھرنا / رکھنا محاورہ. کسی کے ساتھ نیک سلوک کرنا؛ احسان جتانا، کسی پر احسان رکھنا.

احسان شناس صف. محسن کے احسان کو یاد رکھنے والا، اس کا لحاظ رکھنے والا کہ کون شخص میرا محسن ہے.

احسان فراموش صف. احسان بھول جانے والا، محسن کو نظرانداز کرنا.

احسان فراموشی امث. محسن کو نظرانداز کرنے کا عمل، احسان کرنے والے سے بے رخی.

احسان لینا محاورہ. دیکھیے: احسان اٹھانا.

احسان ماننا محاورہ. شکرگزار ہونا، ممنون ہونا.

احسان مند صف. ا. کسی کے نیک سلوک کے بوجھ میں دبا ہوا، زیر بار احسان .۲. کسی نیک سلوک کا معترف، شکرگزار، ممنون.

احسان مندی امث. احسان مند کا اسم کیفیت، ممنون ہونے کی حالت.

احسان ناشناس صف. کسی کے نیک سلوک کو نہ پہچاننے والا، ناشکرا، احسان فراموش.

اَحسَن (فت ج ا، سک ح، فت س) صف.

ا. جو بہت اچھا یا سب سے اچھا ہو، بہت خوب، نہایت عمدہ .۲. بہت خوبصورت، نہایت حسین. [ع].

اَحسَنت (فت ج ا، سک ح، فت س، سک ن، سک ت) (الف) کلمۂ تحسین.

واہ واہ، بہت خوب، سبحان اللہ، کیا کہنا، آفرین، شاباش، مرحبا.

(ب) امث. حسن و خوبی (جو قابل داد ہو). [ع].

اَحشا / اَحشاء (فت ج ا، سک ح) اند؛ امث؛ ج.

گردن کے نیچے سے ناف تک کے اندرونی اعضا، پیٹ اور سینے کے اندر کا ہر عضو، (خصوصاً) آنتیں، انتڑیاں. [ع].

اَحشائیات / اَحشائیّات (فت ج ا، سک ح، کس ء/ شدی) اند؛ امث.

علم جس میں اندرونی اعضائے جسم خصوصاً انتڑیوں کی تشریح کی جاتی ہے.

اِحصا (کس ج ا، سک ح) اند.

ا. (چیز یا مفہوم کے) کل جزئیات اور متعلقات کو (بیان وغیرہ میں) گھیر لینے کا عمل، حصر، احاطہ .۲. چیز یا مفہوم کے کل اجزا و متعلقات کو ایک ایک کر کے گنانے اور بیان کرنے کا عمل، شمار، گنتی .۳. (ریاضی)

ہندسے کے وہ اصول جن سے حرکت نیز وقت کے چھوٹے سے چھوٹے وقفے کا حساب لگایا جاتا ہے؛ اس طرح حساب لگانے کا عمل ۔ [ع] ۔

اِحْصار (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
منحصر یا محدود و محصور کرنے کا عمل، حد بندی، حصر کرنا ۔ [ع] ۔

اِحْضار (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
۱. حاضر یا موجود کرنے یا کیے جانے کا عمل، حاضر کرنا یا کیا جانا ۔ ۲. حاضری، موجودگی ۔ [ع] ۔

اِحْظاظ (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
۱. لذت یابی، لطف اندوزی ۔ ۲. مزہ، حظ، لذت ۔ [ع] ۔

اَحْفاد (فت ج ا، سک ح) امذ؛ ج ۔
۱. پوتے نواسے، ذریات ۔ ۲. اصحاب، انصار، دوست، مددگار ۔ [ع] ۔

اِحْفاظ (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
حفاظت کرنے کا عمل، نگہبانی، پاسداری ۔ [ع] ۔

اَحَق (فت ا، ح) صف ۔
۱. زیادہ حق دار، بہت مستحق ۔ ۲. زیادہ حق، درست اور صحیح ۔ [ع] ۔

اِحْقاق (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
۱. (دلائل اور براہین سے) کسی چیز کی صداقت کو ثابت کرنے کا عمل، ثبوت دینا، اثبات ۔ ۲. حقدار کے حق کو تسلیم کرنا ۔ [ع] ۔

اَحْقَر (فت ج ا، سک ح، فت ق) (الف) صف ۔
۱. پست درجے کا، نہایت حقیر، ذلیل ترین ۔ ۲. چھوٹا، نہایت چھوٹا، بے وجود سا ۔ (ب) امذ ۔ خاکسار، ناچیز، راقم الحروف یا متکلم (ضمیر واحد متکلم یا نام کی جگہ بطور انکسار اپنے لیے مستعمل) ۔ [ع] ۔

احقر /الافراد/الانام / العباد / الناس صف؛ امذ ۔ تمام بندوں سے کمتر یا پست؛ خاکسار، ناچیز، راقم الحروف یا متکلم (ضمیر واحد متکلم یا نام کی جگہ بطور انکسار اپنے لیے مستعمل) ۔

اَحْکام (فت ج ا، سک ح) امذ؛ (الف) ج ۔
۱. (i) حکام بالادست یا بزرگوں کی تقریری یا تحریری ہدایات جن میں کسی کام کا کرنا یا نہ کرنا لازم یا مستحسن قرار دیا جائے ۔ (ii) کام جن کے متعلق برابر والوں یا چھوٹوں کی طرف سے اصرار ہو، فرمائشیں (بیشتر طنزیہ) ۔ ۲. ضابطے، قاعدے، قوانین ۔ ۳. (دینیات) اعمال و عبادات نیز ان سے متعلق ہدایات جن پر عمل کرنے کا شریعت حکم دیا ہے، دینی اوامر یا نواہی ۔ ۴. (i) پیشنگوئیاں یا غیب کی با جو نجوم، رمل جفر یا تعبیر خواب وغیرہ کے اصول کے مطابق استخراج مبنی ہوں ۔ (ii) پیشنگوئیاں جو بنا تجربہ قیاساً کی جائیں ۔ (iii) (مجازاً) کسی امر کے خصوصیات اور لوازم جو دوسرے امر پر منطبق کیے جائیں ۔ [ع] ۔

اِحْکام (کس ج ا، سک ح) امذ ۔
(لفظاً) مضبوط کرنا، (تعمیرات) ستون، سلاخ وغیرہ جو عمارت کے کسی حصے کو مستحکم اور مضبوط کرنے کے لیے بنایا جائے ۔ [ع] ۔

اَحْکامات (فت ج ا، سک ح) امذ، ج ۔
احکام کی جمع ۔

اَحْکَم (فت ج ا، سک ح، فت ک) صف ۔
۱. بڑا حاکم، سب سے بڑا حکمراں ۔ ۲. بہت زیادہ مستحکم ۔ [ع] ۔

احکم الحاکمین صف، امذ ۔ سب (دنیاوی و دینی) حاکموں پر حکمراں اور ذی اقتدار، جس کا حکم ہر حاکم کے حکم پر فائق اور غالب ہے (خدائے تعالیٰ کے لیے مستعمل) ۔

اَحْلام (فت ج ا، سک ح) امذ؛ ج ۔
خواب جو سوتے میں نظر آتے ہیں (بیشتر اضغاث کے ساتھ مستعمل)، خواب پریشان، جو بیشتر معدے کی خرابی فکر یا علالت کے باعث سوتے میں یا نیم بیداری میں نظر آتے ہیں ۔ [ع] ۔

اَحْمال (فت ج ا، سک ح) امذ ۔
سامان و اسباب کے بوجھ، گٹھریاں، صندوق وغیرہ (جن میں سامان بار ہو)، ساز و سامان (عموماً اثقال کے ساتھ مستعمل) ۔ [ع] ۔

اَحْمَد (فت ج ا، سک ح، فت م) (الف) امذ ۔
۱. پیغمبر خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا علم (تنہا مجتبیٰ، مختار، مرسل وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۔ (ب) صف ۔ ۱. بہت یا سب سے زیادہ تعریف کرنے والا ۔ [ع] ۔

احمد کی پگڑی محمود کے سر کہاوت ۔ ۱. جب کسی چیز یا بات ذمہ داری دوسرے کی طرف منسوب کر دی جائے اس موقعے

مستعمل ، کسی کا کام کسی کے سر .۲. خلاف قاعدہ اور بے ترتیب کام کرنے کی جگہ مستعمل .

اَحْمَدی (فت ج ا ، سک ح ، فت م) (الف) صف .
احمد (حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے منسوب ، محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم سے نسبت رکھنے والا . (ب) اند . مرزا غلام احمد قادیانی (بانیٔ فرقۂ احمدیہ) کا پیرو ، قادیانی .

اَحْمَر (فت ج ا ، سک ح ، فت م) (الف) صف .
سرخ ، لال رنگ کا ، زیادہ سرخ ، لال بھبوکا . (ب) اند . سرخ رنگ کی قوم یا اس کا فرد . [ع] .

اَحْمَری (فت ج ا ، سک ح ، فت م) صف .
سرخ رنگ رکھنے والا ، سرخ رنگ کا .

اَحْمَق (فت ج ا ، سک ح ، فت م) صف .
۱. جس میں بات کو سمجھنے کی صلاحیت کم ہو یا نہ ہو ، بیوقوف ، ناسمجھ (مرد یا عورت) .۲. کلمہ زجر و توبیخ ، مترادف : جاہل ، الو ، گدھا ، پاگل ، نالائق وغیرہ . [ع] .

احمق الذی/ الذین صف . بہت بے وقوف ، نہایت درجہ احمق (مرد نیز عورت) .

احمق الناس صف . انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف .

احمق بنانا محاورہ . چالاکی سے کسی کو اپنی نیک نیتی باور کرا کے فریب دینا اور مطلب نکالنا ، گفتگو یا برتاؤ سے کسی کو مسخر کر کے اپنے حق میں وہ کام کرا لینا جسے وہ عقل سے کام لینے کی صورت میں ہرگز نہ کرتا .

احمق بننا محاورہ . احمق بنانا کا لازم ، فریب میں آنا ، دھوکا کھانا .

احمق پن اند . بیوقوفی ، حماقت ، ناسمجھی ، جہالت .

اَحْمَقانَہ (فت ج ا ، سک ح ، فت م ، ن) صف .
جو حماقت پر مبنی یا بیوقوفی کی بنا پر ہو ، جاہل اور بیوقوفوں کا سا (کام یا بات) .

اَحْناف (فت ج ا ، سک ح) اند ، ج .
۱. حنفی عقیدے کے مسلمان ، فقہی مسائل میں امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کی تقلید کرنے والے .۲. لوگ جنھوں نے قبل اسلام بت پرستی ترک کر دی تھی اور ملت ابراہیم کا اتباع کرتے تھے ، دین حنیفی کے پیرو ، حنفاء . [ع] .

اَحْوال (فت ج ا ، سک ح) اند ؛ ج .
۱. حال (بطورِ واحد) جس کے معانی میں یہ بطور جمع بھی مستعمل ہے .
۲. کیفیت ، حالت ، صورت حال (جو تھی ، ہے ، یا ہوگی) .۳. (واقعے وغیرہ کا) بیان ، ذکر .۴. کسی پر گزرے ہوئے (کل یا جز) واقعات ، سرگزشت ؛ سوانح حیات .۵. حقیقت امر ، اصلیت (معاملے یا شے وغیرہ کی) .۶. (i) خیر خبر ، اطلاع . (ii) خیریت ، خیر و عافیت . [ع] .

احوال پرسی امث . خیر و عافیت یا تکلیف و راحت سے متعلق حالات کی دریافت .

اَحْوَط (فت ج ا ، سک ح ، فت و) صف .
دو یا زیادہ باتوں میں جو احتیاط سے قریب تر ہو ، جس میں غلطی سے بچنے کا زیادہ امکان ہو ، زیادہ احتیاط پر مبنی عمل . [ع] .

اَحْوَل (فت ج ا ، سک ح ، فت و) صف .
۱. شخص جس کی ایک پتلی ایک طرف پھری ہوئی ہو جس کے سبب ایک کے دو نظر آئیں ، کج نظر ، بھینگا .۲. (مجازاً) ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ یا نگاہ . [ع] .

اَحْیا (فت ج ا ، سک ح) اند ؛ احیاء .
۱. حی (زندہ) کی جمع : بقید حیات لوگ .۲. قبیلے ، خانوادے . [ع] .

اِحْیا (کس ج ا ، سک ح) اند .
۱. مرے ہوئے جسم میں از سر نو روح پھونکنے کا عمل ، زندہ کرنے یا جلانے کا کام ، زندہ کرنا .۲. (کسی خیال ، عقیدے ، جذبے وغیرہ کو) نئے سرے سے ابھارنے کی تحریک ، تازہ قوت بخشنے یا از سر نو رواج دینے کا کام ، قائم و برقرار رکھنا . [ع] .

اَحْیان (فت ج ا ، سک ح) اند .
اوقات ، ساعات ، مدتیں . [ع] .

اَحْیاناً (فت ج ا ، سک ح ، تن ن بفت) م ف .
۱. اتفاقاً ، اتفاق سے ، بھولے سے .۲. کبھی ، گاہے ؛ کبھی کبھی ، وقتاً فوقتاً .

اَخ (۱) (فت ا ، سک خ) (الف) اند .
۱. بھائی ، باپ ، ماں ، چچا ، ماموں یا خالہ کا بیٹا .۲. ساتھی ، دوست ،

عزیز ، ہر شخص جس سے تخاطب کیا جائے . (ب) صف .۳. (مجازاً) اوصاف یا شکل و صورت میں مشابہ ، ہمجنس ، ہم صورت . [ع] .

آخ (۲) (فت ا) (الف) است .
گلا صاف کرنے یا کھنکارنے کی اواز (عموماً تکرار کے ساتھ مستعمل) .
۲. نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ ، مترادف : تف ، تھو ، لعنت وغیرہ .
(ب) اند . (مجازاً) کف ، تھوک . [حکایت الصوت] .

اخ تھو (و مع) (الف) کلمۂ فجائیہ است . کھنکارنے اور تھوکنے کی آواز .
(ب) است ، م ف . ا. کھانے پینے کی چیز سے اظہار کراہت کے مقام پر .
۲. نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ ، مترادف : تف ، تھو ، لعنت ، پھٹکار .

آخاذ (فت ا ، شد خ) صف مذ .
(لفظاً) تیزی یا افراط سے حاصل کرنے ، کھینچنے ، بٹورنے یا لینے والا ؛ (مجازاً) ذکی الفہم ، تیز وطباع . [ع] .

آخاہ (فت ا ، شد خ) فجائیہ .
کسی غیر متوقع امر پر حیرت یا مسرت کے اظہار کے لیے مستعمل ؛ گاہے طنزیہ ، بہت خوب ، واہ واہ . [حکایت الصوت] .

آخبار (فت ا ، سک خ) (الف) اند ، است . ج .
ا. خبریں ، واقعات . ۲. احادیث . ۳. روایات ، قصص . (ب) واحد . ا. خبروں کی اشاعت کے لیے چھاپ کر تقسیم کیا جانے والا پرچہ ، روزانہ یا مقرر وقفے سے شائع ہونے والا ورق یا اوراق کا مجموعہ جو خبروں نیز دیگر مضامین پر مشتمل ہوتا ہے . ۲. تاریخ پر مبنی بات ، تاریخ ، گزرا ہوا حال ، سرگزشت . ۳. (پرچہ نویس مخبر یا جاسوس وغیرہ کا) پرچہ ، روزنامچہ (جو ڈاکخانے کے نظام سے پہلے خبر رسانی کا ذریعہ تھا) .
۴. وقوعے کی اطلاع ، خبر ، وقوعہ . [ع] .

اخبار بینی است . روزنامے یا ہفتے وار وغیرہ کا مطالعہ ، اخبار کی خبریں اور مضامین وغیرہ پڑھنے کا شغل .

اخبار نکالنا محاورہ . روزانہ یا مقررہ وقفے سے شائع ہونے والا اخبار جاری کرنا ، اخبار کی اشاعت کا کاروبار کرنا .

اخبار نویس صف . ا. روزنامے وغیرہ میں تحریر و انشا کا کام کرنے والا ، اڈیٹر یا نامہ نگار ، صحافی ، رپورٹر . ۲. خبر رساں یا پیک جو ڈاک خانے کے نظام سے پہلے خبریں بھیجنے پر مامور ہوتا تھا ، پرچہ نویس .

اخبار نویسی است . اخبار نویس سے اسم کیفیت ، اخبار میں مضامین لکھنے کا پیشہ ، نامہ نگاری .

اِخبار (کس ا ، سک خ) اند .
خبر دینے یا پہنچانے کا کام ، خبر رسانی ، پرچہ نویسی ، نامہ نگاری . [ع] .

آخباری (فت ا ، سک خ) صف .
اخبار (روزنامہ وغیرہ) کی طرف منسوب ، (جیسے : اخباری کاغذ وغیرہ) .

آخبَث (فت ا ، سک خ ، فت ب) صف .
بہت خبیث ، خباثت اور شرارت سے بھرا ہوا ، حد کا خبیث . [ع] .

اِختبار (کس ا ، سک خ ، کس ج ت) اند .
امتحان ، آزمائش ، جانچ ، پرکھ . [ع] .

اِختباط (کس ا ، سک خ ، کس ج ت) اند .
(لفظاً) دیوانگی ، (نفسیات) کسی واہمۂ مختل کا ذہن پر تسلط ، دل و دماغ میں سمایا ہوا خبط ، غلط بات کا یقین . [ع] .

اِختتام (کس ا ، سک خ ، کس ج ت) اند .
تمام ہونے کا عمل ، خاتمہ ، ختم ، آخر . اف : پانا / کرنا / ہونا . [ع] .

اختتامی (کس ا ، سک خ ، کس ج ت) صف .
اختتام سے منسوب ؛ تکمیلی ، آخری .

اِختتامِیَہ / اِختتامِیّہ (کس ا ، سک خ ، کس ج ت ، کس م ، فت ی / شد ی بفت) اند .
ا. اختتام سے منسوب : آخری ؛ موضوع بحث سے متعلق وہ کلمات جو کسی تقریر یا تحریر وغیرہ کے خاتمے میں ہوں .

آختَر (فت ا ، سک خ ، فت ت) اند .
ا. ستارہ یا سیارہ ، تارہ . ۲. ستاروں کی گردش کے مقرر حساب سے معلوم کیا ہوا طالع ، تقدیر ، بخت ، نصیب ، فال ، شگون . [ف] .

اختر شمار اند . ستاروں کی گردش کے مقرر حساب سے حالات و واقعات پر حکم لگانے والا ، نجومی ، جوتشی .

اختر شماری است . (لفظاً) تارے گننے کا عمل ؛ (مجازاً) شب بھر جاگنا ، بے چینی میں کروٹیں بدلتے رہنے کی کیفیت ، اضطراب .

اختر شناس / شناس صف ؛ اند . ستاروں کی گردش کے مقرر حساب سے حالات و واقعات پر حکم لگانے والا ، نجومی ، جوتشی .

اِختِراع (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. ایسی چیز دریافت یا ایجاد کرنے کا عمل جو پہلے سے خیال میں نہ ہو، (کسی نئی بات یا چیز کی) تخلیق. ۲. فنکارانہ ایجاد، جدت، اپج. ۳. (مجازاً) من گھڑت، جھوٹ، نئی بات پیدا کرنا، دل سے جوڑنا. [ع].

اِختِراعی (کس ا، سک خ، کس ت) صف.
۱. "اختراع" سے منسوب یا متعلق، تخلیقی. ۲. (سیاسیات) کسی اختراع یا ایجاد کے حقوق کی حفاظت سے متعلق.

اَختَر بَختَر (فت ا، سک خ، فت ت، سک ر، فت ب، سک خ، فت ت) اند.
ساز و سامان، اسباب، برتن، بھانڈا اور کپڑا لتا وغیرہ. [س].

اختر بختر اُٹھانا/ سنبھالنا محاورہ. روانہ ہونا، چل دینا، روانگی کی تیاری کرنا.

اِختِصار (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. کم یا کوتاہ ہونے یا ہو جانے کی کیفیت، گھٹاؤ، کمی، قصر، کوتاہی، طول کی ضد. ۲. (i) نسبتاً کم الفاظ میں مطلب کی ادائی، اجمال، کم لفظوں میں زیادہ مطلب ادا کر دینا. (ii) رموز و علامات میں کتابت، (عموماً ترکیب میں مستعمل: اختصار نویس، اختصار نویسی). ۳. ماحصل، خلاصہ. ۴. (حساب) شمار کنندہ اور نسب نما کو ان کے عاد اعظم پر تقسیم کر کے مختصر صورت میں لانے کا عمل؛ حسابی عمل میں مختلف مدارج کی تحلیل، علامات جو اختصار کے لیے مستعمل ہیں (جمع، تفریق، ضرب وغیرہ کی علامتیں. [ع].

اختصار نویس اند. مقرر رموز و علامات میں لکھنے والا، مختصر نویسی جاننے اور برتنے والا.

اِختِصارِیَہ/اِختِصارِیّہ (کس ا، سک خ، کس مع ت، کس ر، فت ی/شدی بفت) اند.
یادداشت جو تفصیل کا لب لباب یا خلاصہ ہو، کسی کیفیت یا احوال کا مختصر نوٹ.

اِختِصاص (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. کسی شخص یا چیز سے خصوصی وابستگی، تعلق، نسبت یا ربط، دوستی، تقرب. ۲. (کسی بات میں) خاص امتیاز، برتری. [ع].

اِختِصاصی (کس ا، سک خ، کس مع ت) صف.
۱. اختصاص کی طرف منسوب یا اس سے وابستہ: خاص، مخصوص. ۲. ماہر خصوصی، کسی فن یا شعبے میں خاص طور سے مہارت رکھنے والا.

اِختِفا (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. چھپا ہونے یا چھپ جانے کی صورت حال یا کیفیت، پوشیدگی. ۲. پوشیدہ رکھنے یا چھپانے کا عمل یا کیفیت، چھپانا. [ع].

اِختِلاج (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. پھڑکنے یا دھڑکنے کی کیفیت یا عمل، (نبض اور دل وغیرہ کی) حرکت. [ع].

اِختلاج قلب اند. (طب) ایک مرض کا نام جس میں دل کی حرکت بہت تیز ہو جاتی ہے اور اس میں نظم و ترتیب نہیں رہتی، دل کی غیر معمولی دھڑکن یا گھبراہٹ. اف: ہونا.

اِختِلاجی (کس ا، سک خ، کس مع ت) صف.
اختلاج سے منسوب: جس کو دل دھڑکنے کی بیماری ہو.

اِختِلاط (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند.
۱. (i) میل جول، ربط ضبط، خلا ملا، تعلقات. (ii) دوستی، اخلاص یارانہ، دوستانہ صحبت. ۲. (i) چھیڑ چھاڑ، بے تکلفی کی گفتگو یا اشارات وغیرہ. (ii) مجامعت، ہم بستری، جفتی. ۳. خلط ملط ہونے کی کیفیت آمیزش، گڈمڈ (جس سے شے یا بات مشتبہ ہو جائے). [ع].

اِختِلاف (کس ا، سک خ، کس مع ت) (الف) اند.
۱. (i) (قول فعل یا نظریات وغیرہ میں) ناموافقت، تضاد. (ii) الگ الگ ہونے کی کیفیت، جدائی، علیحدگی (جس سے حال یا محل میں فرق یا دوئی پیدا ہو جائے)؛ تنوع. (iii) صورت یا وصف میں یکسانیت نہ ہونے کی کیفیت، فرق، تفاوت. ۲. باہم جھگڑا، مخالفت ان بن. ۳. (i) رنگا رنگی. (ii) ادل بدل ہوتے رہنے کی کیفیت، تغیر انقلاب. [ع].

اختلاف رائے اند. رائے میں باہم اختلاف ہونا.

اِختِلافات (کس ا، سک خ، کس مع ت) اند؛ ج.
اختلاف کی جمع، جھگڑے.

اِختِلافی (کس ا، سک خ، کس مع ت) (الف) صف.
منسوب بہ اختلاف: امر جس میں دو نظریے یا قول ہوں.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اِختِلال (کس ا، سک خ، کس ج ت) امذ.
۱. نظم و نسق کے بگاڑ سے پیدا ہونے والی صورت حال، امور و معاملات میں بدنظمی، ابتری، خلل پڑنا یا ڈالنا. ۲. (دل، دماغ یا مزاج و حواس وغیرہ کا) فتور، عدم اعتدال. [ع].

اِختِناق (کس ا، سک خ، کس ج ت) امذ.
دم گھٹنے یا بند ہونے کی کیفیت، اعضائے حلق کا ورم، مرض خناق. [ع].

اختناق الرَّحِم / الرِّحم امذ. ایک عصبی مرض جو عموماً نظام رحم کے خلل سے ہوتا ہے، اور اس میں مرگی کے مانند دورے بھی پڑتے ہیں، (انگریزی: ہسٹیریا).

اَختو بَختو (فت ا، سک خ، و ج، فت ب، سک خ، و ج) امث.
پتلی تماشا میں دو پتلیوں کے فرضی نام.

اَختہ (فت ا، سک خ، فت ت) صف، مذ.
۱. چوپایہ جس کے خصیے نکال دیے یا مسل کر بیکار کردیے جائیں، خصی، بدھیا. ۲. خواجہ سرا، حرم سرا کا خادم (جو عموماً خصی ہوا کرتا تھا). [ف/ت].

اِختیار (کس ا، سک خ، کس ت نیز کس ج) (الف) امذ.
۱. (i) حکم چلانے کی اہلیت، کسی بات یا معاملے پر پورا پورا تصرف حاصل ہونے کی حیثیت، آئینی طور پر حل و عقد یا تصرف کا استحقاق، اقتدار حاکمیت. (ii) اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے کی قدرت، حسب دل خواہ اثر و نفوذ کی طاقت، بس، قابو، غلبہ، قبضہ. ۲. اپنے قصد و ارادہ سے کام کرنے کی قوت، ہوش و حواس سے کام لینے کی حالت، آزادی قول و عمل، اضطرار کی ضد. ۳. (i) مرضی، خوشی. (ii) حق، منصب. ۴. طاقت (جو دائرۂ عمل کی رو سے حاصل ہو)، امکان، مقدور. ۵. پسند کرنے یا چن لینے کا عمل، پسند کرنا، چن لینا. ۶. (علم کلام) یہ نظریہ کہ انسان اپنے افعال کو اپنے ارادے سے انجام دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور قدرت کی طرف سے مجبور محض نہیں، جبر کی ضد. [ع].

اختیار کرنا محاورہ. ۱. منتخب کرنا، پسند کرنا، چن لینا: ترجیح دینا. ۲. عمل میں لانا، معمول بنانا، کسی امر کو عملی صورت دینا.

اِختیارات (کس ا، سک خ، کس ج ت) امذ: ج.
اختیار کی جمع.

اِختیاری (کس ا، سک خ، کس ت) صف.
۱. جو امکان میں ہو، بس کا، قابو کا، جبری کی ضد. ۲. جو اپنے ارادے سے دیا جائے، ارادی، اضطراری کی ضد. ۳. مرضی یا پسند پر منحصر، غیر لازمی، (انگریزی: Optional).

اَخذ (فت ا، سک خ) امذ.
۱. حاصل کرنے یا لینے کا عمل، حصول، کسب، اکتساب. ۲. معلوم باتوں سے یا فراست سے نتیجہ نکالنے کا عمل، استنباط. ۳. (کسی مضمون یا خیال وغیرہ کو) اپنانے یا اس سے فائدہ اٹھانے کا عمل، استفادہ. ۴. سیکھنے یا دیکھا دیکھی اختیار کرنے کا عمل. [ع].

اخذ کرنا محاورہ. پکڑنا، چننا، لینا، انتخاب کرنا، بات سے بات نکالنا.

اَخراج (فت ا، سک خ) امذ.
خرج کی جمع خرچے، صرفے، مصارف. [ع].

اِخراج (کس ا، سک خ) امذ.
۱. (i) (کسی چیز یا شخص کو) نکال دینے یا خارج کردینے کا عمل، نکال باہر کرنا. (ii) نکلنے یا خارج ہونے کا عمل، خروج. ۲. (مجموعے میں سے کسی چیز کو) الگ کرنے کا عمل، تفریق. ۳. اخذ و استنباط. ۴. (حدیث) کسی روایت کا سلسلے کے ساتھ حدیث کی کتاب میں اندراج. [ع].

اَخراجات (فت ا، سک خ) امذ: ج.
اخراج کی جمع: رقم جو خرچ کی جائے، مصارف (عوام بکسر الف بھی بولتے ہیں جو نادرست ہے). [ع].

اِخراجِیَت / اِخراجِیَّت (کس ا، سک خ، کس ج، فت ی / شد ی بفت) امث.
(لفظاً) خارج کرنے یا ہونے کی کیفیت، (طبیعیات) شعاعی توانائی خارج کرنے یا ہونے کی صلاحیت؛ اخراج کا عمل.

اَخروٹ (فت ا، سک خ، و ج) امذ.
گولائی لیے ہوئے ایک قسم کا میوہ جس کا دبیز چھلکا کسی قدر سخت اور اندر کی گری اوپر تلے رکھے ہوئے دو بھیجوں کی طرح اینڈی بینڈی ہوتی ہے؛ اس میوے کا درخت، (انگریزی Walnut). [س].

اَخروٹی (فت ا، سک خ، و ج) صف.
اخروٹ کے رنگ، شکل یا صورت کا، اخروٹ جیسا.

اُخرَوی (ضم ا، سک خ، فت ر) صف.
آخرت (عقبیٰ) سے منسوب: قیامت سے متعلق.

اُخریٰ (ضم ا، سک خ، ابشکل ی) (الف) امث.
عاقبت، عقبیٰ، دنیا کا مقابل؛ قیامت کا دن. (ب) صف. دوسری، دیگر، اول یا سابق سے مختلف. [ع].

اَخس (فت ا، خ) صف.
. بہت خسیس؛ نہایت ذلیل. ۲. کمتر، گھٹیا درجے کا. [ع].

اَخص (فت ا، خ، شد ص بحالت اضافت و عطف) صف.
زیادہ خاص، خاص الخاص. [ع].

اَخضر (فت ا، سک خ، فت ض) صف.
سبز، ہرا. [ع].

اَخضری (فت ا، سک خ، فت ض) صف.
اخضر کی طرف منسوب.

اِخفا (کس ا، سک خ) (الف) امذ.
. (i) چھپانے کی کیفیت یا عمل، چھپانا، مخفی رکھنا. (ii) چھپنے کی کیفیت یا عمل، پوشیدگی. ۲. (فقہ) دھیمی آواز سے قرأت کہ پاس کھڑا ہوا شخص بھی نہ سن سکے. ۳. (تجوید) حرف 'ن' یا تنوین کے ظہار و ادغام کی درمیانی حالت (یعنی ناک میں آواز پوشیدہ کر کے پڑھنا). (ب) صف. مخفی، پوشیدہ. (ج) م ف. چھپ کر، پوشیدہ طور پر. [ع].

اَخفش (فت ا، سک خ، فت ف) امذ.
عربی علم نحو کا مشہور عالم کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے بکرے کا کان پکڑ کر علمی مسائل اسے سناتا اور جب تک بکرا گردن نہ ہلاتا سناتا رہتا، اخفش اسی سے منسوب ہے. [ع (علم)].

اَخفیٰ (فت ا، سک خ، ابشکل ی) صف.
بہت زیادہ مخفی، سب سے زیادہ چھپا ہوا. [ع].

اَخگر (فت ا، سک خ، فت گ) امذ.
جلتا ہوا کوئلہ، انگارہ؛ چنگاری. [ف].

اِخلاص (کس ا، سک خ) امذ.
۱. (دینی یا دنیوی عمل میں) بے لوثی، نیک نیتی، خلوص، غرض کے شائبے سے نیت کا پاک و صاف ہونا. ۲. سچی دوستی، ربط ضبط، میل ملاپ. (ii) سچی محبت، لگن، عشق. ۳. بے تکلفی یا بے حجابی کی باتیں چھیڑ چھاڑ. ۴. سورۂ قل ہو اللہ احد کا نام (بیشتر 'سورہ' کے ساتھ مستعمل). ۵. (تصوف) ماسوی اللہ کی محبت اور خیال سے نیز شرک سے دل کا پاک و صاف ہونا. [ع].

اخلاص رکھنا محاورہ. محبت کرنا، معتقد ہونا.

اخلاص مند صف. ۱. سچا دوست، مخلص. ۲. پر خلوص، بے غرض، بے لوث (طبیعت یا مزاج وغیرہ).

اخلاص ہونا محاورہ. محبت ہونا.

اَخلاط (فت ا، سک خ) امذ؛ ج.
۱. (طب) بدن کی چار رطوبتیں جو غذا کے تحلیل ہونے سے پیدا ہوتی ہیں: سودا، صفرا، بلغم اور خون. ۲. (مجازاً) کسی شے کے تمام جزو جن سے مل کر وہ بنی ہو، اجزائے ترکیبی. [ع].

اَخلاف (کس ا، سک خ) امذ؛ ج.
اولاد، بیٹے پوتے پر پوتے وغیرہ، اسلاف کا مقابل. [ع].

اَخلاق (کس ا، سک خ) امذ. (الف) بطور واحد و جمع.
۱. عادتیں، خصلتیں، طور طریقے (اچھے یا برے). ۲. پسندیدہ عادتیں اچھا سلوک جو مروت پر مبنی ہو. (ب) بطور واحد، فقط. (فلسفہ) تہذیب نفس تدبیر منزل اور سیاست مدن، اخلاقیات. [ع].

اخلاق سوز صف. مروت اور شرافت کے منافی، جس سے بے حیائی یا بے شرمی ظاہر ہو.

اَخلاقاً (کس ا، سک خ، تن ق بفت) م ف.
مروت یا شرافت کی راہ سے، حسن سلوک کی بنا پر، بطور تواضع. [ع].

اَخلاقی (فت ا) صف.
اخلاق سے منسوب یا متعلق: اخلاق کا.

اخلاقی جرأت امث. جھجک کے بغیر اپنا مدعا کہہ دینے کی ہمت یا حوصلہ.

اَخلاقیات/اَخلاقیّات (فت ا، سک خ، کس ق/شد ی بفت) امذ؛ امث؛ ج.
اخلاق نیز تہذیب نفس تدبیر منزل اور سیاست مدن، اخلاقیات پر مبنی علم جو عملی حکمت کی شاخ ہے.

آخوات (فت ا، خ) اسث.
.اخت کی جمع .۲.ہم جنس یاہم نوع اشیا یا کلمات وغیرہ . [ع].

اِخْوان (کس ا، سک خ) اند: ج.
.(i) اخ کی جمع .(ii) احباب ، اعزہ ، متعلقین ۲. اہل یا صاحب کی جگہ اور اس کے معنوں میں . [ع].

اخوان الشیاطین اند: ج. شیطان کے بھائی بند، شیطان کی سی خصلت والے ، مفسد، شریر ، بدمعاش لوگ.

اخوان الصفا اند: ج.١. پرخلوص اور سچے احباب .۲. جن کا ضمیر لوث دنیا سے پاک وصاف ہو ، اہل تقویٰ .۳. چوتھی صدی ہجری کے وسط میں اسلام کے علماء اور دانشمندوں کی ایک جماعت کا نام جو بغداد اور بصرے میں خفیہ طور پر تشکیل ہوئی تھی.

اُخُوَّت (ضم ا، خ، شد و بفت) اسث.
١. بھائی ہونے کا رشتہ (نسب یا رضاعت کے اعتبار سے) .۲. برادرانہ تعلق جو رشتے کے علاوہ کسی اور نسبت سے ہو ، بھائی چارہ ، دوستی .
۳. بھائی بنانے کا عہد ، باہم بھائی چارہ کا قول و قرار ، بھائی بنانا .
اف : کرنا/ ہونا . [ع].

آخُونْد (فت ا، ضم خ، و معد، سک ن) اند.
١. استاد، معلم ، اتالیق .۲. سردار ، آقا ، حاکم . [ف].

اُخّوْہ (ضم مج ا، شد خ، و مج).
دیکھیے: آخاہ ؛ حرف فجائیہ . کسی غیر متوقع بات پر حیرت و مسرت کے لیے مستعمل.

آخی (فت ا) اند.
١. بھائی ؛ عزیز ؛ دوست .۲. میرا بھائی ؛ میرا عزیز ؛ میرا دوست . [ع].

آخْیار (فت ا، سک خ) صف ؛ ج.
١. نیک ، پارسا ، برگزیدہ لوگ .۲. خیر پسند ، شر سے بچنے والے ، اشرار کی ضد .۳. (تصوّف) تین سو چھپن یا ستاون مردان غیب میں کے سات افراد جنھیں ابرار کہا جاتا ہے . [ع].

آخْیاف (فت ا، سک خ) اند.
بھائی اور بہنیں جن کی ایک ماں اور باپ مختلف ہو . [ع].

آخْیافی (فت ا، سک خ) صف.
اخیاف سے منسوب : سوتیلے یا سوتیلیاں جن کی ماں ایک ہو .

اَخِیْر (فت ا، ی مع) (الف) صف.
١. جس کے بعد کوئی دوسرا نہ ہو ، آخر کا ، آخری (ترتیب زمانی یا مکانی کے لحاظ سے) .۲. (مقابلۃً) بعد کا ، سابق سے لاحق ، مقدم کے بالمقابل .
۳. جو حرف آخر کا حکم رکھتا ہو ، قطعی ، اٹل . (ب) م ف. آخر کو ، انجام کار ، بالاخر . (ج) اند. ١. انتہا ، حد ، خاتمہ .۲. آخری حصہ ، زمانہ اختتام .۳. انجام ، نتیجہ . [ع].

اخیر وقت (الف) اند. مرنے کا دن ، نزع کا عالم . (ب) م ف. آخری گھڑی میں ، مرتے وقت .

اَدا (١) (فت ا) اسث.
١. نقل و حرکت کا عام انداز ، روش ، ڈھنگ .۲. (i) دل لبھانے والی حرکت یا اشارہ ، انداز معشوقانہ ، آن ، ناز نخرہ ، (عموماً شاعرانہ نظم یا نثر میں مستعمل) . (ii) (کسی چیز کی) پسندیدہ وضع ، خوبی یا طرحداری کا انداز ، دلکش پیرایہ . [ف].

ادا بند صف. لفظوں میں کیفیت حسن کی تصویر کھینچنے والا ، ناز و انداز معشوقانہ کو بیان کرنے والا ، (بیشتر) غزل گو شاعر .

ادا سنج صف. مزاج یا روش کو پہچاننے والا ، موقع اور مصلحت کو سمجھنے والا .

ادا شناس/شناس صف. اشارے یا عندیے کو سمجھنے والا ، آثار سے صورت حال پرکھنے والا ؛ غمزگی یا ناز معشوقانہ کو پہچاننے والا .

ادا شناسی اسث. ادا شناس کا اسم کیفیت .

ادا کار اند. ڈرامے وغیرہ میں کام کرنے والا کردار ، تمثیل میں کسی فرد کے طور پر پیش ہونے والا ممثل ، ایکٹر .

ادا کارہ اسث. اداکار کی تانیث .

ادا کاری اسث. دیکھیے: اداکار جس کا یہ اسم کیفیت ہے .

اَدا (۲) (فت ا) اسث ؛ اند.
١. (i) (کسی امر کی) انجام دہی ، تکمیل . (ii) (قرض وغیرہ کی) بے باقی ، چکتا .۲. (کسی مضمون یا خیال وغیرہ کا) بیان یا اظہار ؛ بیان یا اظہار کا

اسلوب. ۳. (فقہ) عبادات کی مقرر وقت پر انجام دہی ؛ عبادت جو مقرر وقت پر انجام دی جائے. [ع].

ادا بندی امث. ۱. رقم قرضہ کو مقرر اوقات پر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ادا کرنا، قسط بندی. ۲. ٹھیکے کے کام کی تکمیل کے لیے وقت کا تقرر.

ادا کرنا محاورہ. ۱. (i) فرض یا قرض کو چکانا، پورا کرنا، بیباق کرنا. (ii) سبکدوش کرنا، ذمہ داری سے نجات دینا. ۲. (i) زبان سے نکالنا، کہنا، پڑھنا (ii) مفہوم کے مطابق لہجے میں اتار چڑھاو اور حرکات پیدا کرنا. ۳. (کسی خیال یا مضمون کو) لفظوں میں باندھنا، اپنے لفظوں میں کہنا یا لکھنا، وضاحت سے بیان کرنا.

ادا کنندہ صف. ۱. چکانے والا، جو ذمے ہے اس کا دینے والا، سبکدوشی حاصل کرنے والا (فرض سے). ۲. بجا لانے والا، انجام دینے والا.

اَدات (فت ا) امذ.

۱. آلات، اوزار، اسباب. ۲. ساخت (صفت نسبتی میں مستعمل). ۳. (قواعد وغیرہ) حرف، حروف. [ع].

اِدارات (کس ا) امذ.

ادارہ (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اِدارَت (کس ا، فت ر) امث.

۱. اخبار یا رسالہ کی ترتیب ؛ (عموماً) اس کی نگرانی کا کام، مدیری. ۲. کسی دوسرے کی کتاب کے مسودے یا دیگر مواد و معلومات وغیرہ کو ترتیب دینے، تصحیح کرنے، نیز اس پر حواشی وغیرہ لکھنے کا کام، ترتیب و تدوین. [ع].

اِدارَہ (کس ا، فت ر) امذ.

۱. تنظیم جو کسی مقصد کے حصول کے لیے قائم ہو، مجلس، انجمن. ۲. محکمہ. [ع].

اِدارِیَہ (کس ا، ر، فت ی) امذ.

اخبار یا رسالے کے مرتب کا یا اس کے زیر ہدایت لکھا ہوا مقالہ افتتاحیہ.

اُداس (ضم ا) (الف) امث.

۱. (i) ملول، دکھی. (ii) بیزار، اُچاٹ ("سے" کے ساتھ). (iii) پژمردہ، افسردہ، نڈھال (تکان، محنت یا پریشانی وغیرہ سے). ۲. جس کا رنگ اڑ جائے یا پھیکا پڑ جائے، ماند. ۳. سونا، ویران (مکان و زمان وغیرہ کے لیے). [س].

اُداسا (ضم ا) امذ.

۱. (فقرا) ڈوری جو درویش کاندھے پر لٹکا لیتے ہیں؛ بوریا بستر، اوڑھنا بچھونا. ۲. بے تعلقی، بے پروائی، بے نیازی. [س].

اُداسا کسنا محاورہ. سفر کرنا، سفر کے لیے آمادہ ہونا، رخت سفر باندھنا.

اُداسی (ضم ا) امث.

اداس کا اسم کیفیت.

اُداسی برسنا محاورہ. ایسی فضا ہونا جس سے دل کو غم رنج افسردگی ویرانی یا بیزاری محسوس ہو، غمگینی افسردگی یا بے رونقی کا سماں ہونا.

اُداسی پھیلنا محاورہ. بے رونقی اور سناٹا چھانا.

اُداسی چھانا محاورہ. حزن، ملال، افسردگی، پژمردگی کا مسلط ہونا، اُداسی برسنا یا چھانا.

اَدامَ اللّٰہ (فت ا، م، شد ل بہ) عربی فقرہ، اردو میں مستعمل.

اللہ ہمیشہ جیتا یا باقی رکھے، دعائیہ کلمہ جو کسی نام یا القاب کے ساتھ خصوصاً خطوط میں مستعمل (عموماً اس کے بعد اقبالہٗ، برکاتہٗ، ظلہٗ، فیوضہٗ، مجدہٗ، بقاؤہٗ کی بجائے دیگر ضمائر حسب موقع مذکور ہوتے ہیں). [ع].

اَدائِگی (فت ا، کس ء) امث.

ادا ہونے کی حالت یا کیفیت.

اَدائی (فت ا) امث.

(رقم، قرض وغیرہ) بے باق ہونے کی کیفیت ؛ انجام دہی (فرض وغیرہ) مفہوم الفاظ کے مطابق آواز میں اتار چڑھاو اور حرکات و سکنات کرنے کی حالت.

اَدَب (فت ا، د) امذ.

۱. (i) اخلاقی یا معاشرتی اصول کی پابندی، شائستگی، تہذیب، تمیز، عادات و مذاق کا اعلیٰ معیار. (ii) کسی کی عظمت یا بزرگی کا پاس و لحاظ، حفظ مراتب، احترام. (iii) پسندیدہ طریقہ، ضابطہ یا سلیقہ، قاعدہ قرینہ. (iv) تہذیب جو ایک گروہ یا قوم کو دوسرے گروہ یا قوم سے ممتاز کرے، طریقہ. ۲. نظم و نثر اور ان کے متعلقات (معانی،

بیان ، بدیع ، عروض ، قافیہ وغیرہ) ، زبان ۳. دھتکارنے کی آواز خصوصاً کتے کو) دور ہو ، پرے ہٹ ۴. حیا ، شرم . [ع] .

ادب العالیہ اند. کسی زبان کا مستند سرمایہ جس کو ہمیشہ کے لیے بنیادی حیثیت حاصل ہو اعلیٰ ادب انگریزی لفظ Classics کا ترجمہ .

ادب آداب اند ؛ ج . ا. طور طریقے ، دستور اور قاعدے (بیشتر تہذیب و شائستگی سے متعلق) . ۲. کسی کی عظمت یا بزرگی کا پاس و لحاظ ، احترام .

ادب آموز صف. تعلیم و تربیت دینے والا ، استاد یا معلم ۲. شخص جو ادب سیکھے ہوئے ہو ، شاگرد ، مؤدب .

ادب برائے ادب فقرہ. (ادبیات) نظریہ کہ ادب کا مقصد کلام میں محاسن لفظی و معنوی پیدا کر کے لطف اندوز ہونا ہے اور ادب بجائے خود اپنا مقصود ہے .

ادب برائے زندگی فقرہ. (ادبیات) یہ نظریہ کہ ادب کا مقصد زندگی کی عکاسی اور ہر شعبۂ زندگی کے سماجی تقاضوں کے مطابق بحث کرنا ہے .

ادب پارہ اند. ادبی قدر و قیمت رکھنے والی نثر یا نظم ، شاہکار .

ادب کرنا ف مر. شائستگی سے پیش آنا ، تعظیم بجا لانا ، احترام کرنا .

ادب لحاظ اند. عزت و احترام ، حفظ مراتب ، شرم و حیا .

ادب لطیف اند. انشا جس میں تخیل اور جذبات سے کام لیا گیا ہو اور اسلوب بیان کی خوبی نمایاں ہو ، جس میں اسلوب موضوع پر مقدم ہو ؛ رومانیت اور شگفتہ نگاری پر مشتمل لٹریچر .

اَدَباً (فت ا ، د ، تن ب بفت) م ف.
تعظیم ، احترام ، پاس یا شرم و حیا کی وجہ سے . [ع] .

اُدَبا (ضم ا ، فت د) اند. ادیب کی جمع . [ع] .

اِدْبار (کس ا ، سک د) اند.
ا. بد نصیبی ، نحوست ، تنزل ، پستی ، اقبال کی ضد ۲. مفلسی ، ناداری .
۳. ہزیمت ، شکست ، پیٹھ دکھانا . [ع] .

اَدْبُد (فت ا ، سک د ، ضم ب) صف.
انوکھا ، عجیب ، حیرت انگیز . [س] .

اَدْبَدا (کر/کے) (فت ا ، سک د ، فت ب) م ف.
ا. ہر پھر کر ، لازماً ، ضرور بالضرور ۲. (i) جان بوجھ کر ، عمداً ، دانستہ .
۳. (i) بے اختیاری سے ، بے ساختہ . (ii) بے چینی ، اشتیاق کے ساتھ .

اَدْبَدانا (فت ا ، سک د ، فت ب) ف ل.
اضطراب دکھانا ، بے چین ہونا . [س] .

اَدَبی (فت ا ، د) صف.
'ادب' سے منسوب اور اس سے متعلق .

اَدَبِیّات (فت ا ، د ، کس ب ، شد ی) اند ؛ امث ؛ ج.
ا. اقسام نظم و نثر ، لٹریچر ۲. مسائل (یا علوم) جن کا ادب سے تعلق ہے ، ادب کے مبادی اور متعلقات . [ع] .

اَدَبِیَّت (فت ا ، د ، کس ب ، شد ی بفت) امث.
ادب کا حسن ، شان ، خصوصیت یا اہمیت ، نیز ادبی ذوق . [ع] .

اِدْخال (کس ا ، سک د) اند.
ا. (i) شگاف یا کشادگی وغیرہ میں داخل کرنے یا گھسانے کا عمل ، ڈالنا . (ii) بے روزن کی ہموار جگہ میں گھوپنے کا عمل ۲. (i) شامل یا درج کرنا . (ii) کسی جگہ پہنچانے یا داخل کرنے کا عمل ، داخلہ کرانا یا کرنا ۳. ادا کرنے یا جمع کرانے کا عمل ۴. دخل پانے یا دخیل ہونے کا عمل ۵. داخل ہونا ، پہنچنا . [ع] .

اِدْراج (کس ا ، سک د) اند.
ا. خلط ملط کیے جانے یا ایک کو دوسرے میں ملا دینے کا عمل جس سے اصل شے خصوصاً مفہوم مشتبہ ہو جائے ، خلط مبحث ۲. (حدیث) متن حدیث میں اپنے راوی کی بجائے اس سے اوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس سے سماع کا احتمال ہو ۳. (طبعیات) الحاق ، (انگریزی Interpolation) . [ع] .

اُدْراج (ضم ا ، سک د) اند.
ا. کانوں میں پہننے کا ایک طلائی زیور جس کا رخ رخساروں کی طرف رہتا ہے ۲. ایک درخت کے دانے جس کی تسبیح یا مالا بنائی جاتی ہے (اکثر سادھو یہ دانے کانوں میں بھی پہنتے ہیں) . [س] .

اِدْرار (کس ا ، سک د) اند.
ا. (i) بہنے یا بہانے کی کیفیت یا عمل ، سیلان ، جاری کرنا یا ہونا .

(ii) پیشاب ؛ (بار بار) پیشاب آنا. (iii) حیض، استحاضہ یا نفاس کے خون کا اخراج، ماہواری. ۲. وظیفہ، روزینہ. [ع].

اِدْراک (کس ا، سک د) اند؛ است.

۱. (i) کلیات کو سمجھنے کی قوت؛ حقائق کو جاننے کی ذہنی صلاحیت، عقل، شعور، سمجھ بوجھ. (ii) حواس باطنی سے دریافت یا علم (احساس کے بعد کی منزل). ۲. (i) خیال، تصور. (ii) واقعات، حالات، کیفیات وغیرہ سے آگاہی. (iii) جاننا، معلوم ہونا. ۳. (نفسیات) (i) ذہنی عمل جس کے ذریعے محسوسات کا علم حاصل ہوتا ہے. (ii) مہیجات کا حواس پر ردعمل؛ حواس کے ذریعے پہچاننا. ۴. (تصوف) دریافت وجود حق. [ع].

اِدْراکات (کس ا، سک د) اند؛ ج.

۱. (مجازاً) چیزیں جن کا انسان نے ادراک یا احساس کیا ہو، مدرکات، دریافت شدہ اشیا. ۲. (مدرکات کا) علم، معارف اور علوم. [ع].

اِدْراکِیَہ (کس ا، سک د، کس ک، فت ی) صف؛ اند.

(لفظاً) ادراک کی طرف منسوب، (اصطلاحاً) عبارت جو خط میں مکتوب الیہ کے مضمون سے باخبر ہونے اور اس پر اطلاع پانے کے اظہار میں لکھی جائے، مثلاً: آگاہی حاصل ہوئی یا حال دریافت ہوا وغیرہ.

اَدْرَک (فت ا، سک د، فت ر) است.

ایک زردی مائل زمین کے اندر پھیلنے والی جڑ جس کا ٹھوس ریشے دار گودا مزے میں چرپرا ہوتا اور عموماً مسالے میں استعمال کیا جاتا ہے. [س].

اَدْرِکْنی (فت ا، سک د، کس ر، سک ک) (عربی فقرہ، اردو میں مستعمل).

میری مدد کرو، میری مدد کو آؤ، مجھے سنبھالو.

اِدِّعا (کس ا، شد دبکس ج) اند.

۱. (i) دعویٰ، دعوے کا وقوع یا عمل (تقریراً یا تحریراً)، دعویٰ کرنا. ۲. تحکم غرور مبالغہ کذب شیخی یا غلط فہمی پر مبنی گفتگو، دعویٰ بلا دلیل. [ع].

اِدِّعائی (کس ا، شد دبکس ج) صف.

ادعا کی طرف منسوب اور اس سے متعلق: خیالی، مفروضہ، واقعی کی ضد.

اِدِّعائیَت/اِدِّعائیَّت (کس ا، شد دبکس ج، کس ء، فت ی/ شدی بفت) است.

معقول دلیل کے بغیر کسی چیز کے مسلم ہونے کا دعویٰ.

اَدْعِیَہ (فت ا، سک د، کس ع، فت ی) اند؛ است.

۱. دعا (دیکھیے) کی جمع؛ دعا و مناجات کے مضمون پر مشتمل فقرے یا عبارات جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا دیگر بزرگان دین کی طرف منسوب ہوں، اوراد، وظائف. ۲. دعائیں جو کسی کو دی جائیں. [ع].

اِدْغام (کس ا، سک د) اند.

۱. ایک جنس یا قبیل کی دو یا زیادہ چیزوں کو باہم ملا دینا، خلط ملط کرنا. ۲. (صرف) ہم جنس یا قریب المخرج دو حرفوں کو ایک کرنا اور ملا کر پڑھنا (تجوید عربی) نون ساکن یا نون تنوین کے بعد 'ر ل م ن و ی' میں سے کوئی متحرک حرف آنے پر 'ن' کو بعد کے متحرک سے اس طرح ملانا کہ وہ متحرک حرف مشدد پڑھا جائے (ر ل، میں بلا غنہ اور باقی حروف میں با غنہ). ۳. (طب) غذا کو بغیر چبائے کھانا یا نگلنا. [ع].

اَدَق (فت ا، د) صف.

۱. (لفظاً) بہت دقیق یا باریک، (مراداً) جو بہت دقت نظر اور باریک بینی سے سمجھ میں آئے، نہایت دشوار، سخت پیچیدہ (مفہوم وغیرہ). ۲. مفہوم کی گہرائی باریکی اور تہ تک پہنچنے والا. [ع].

اَدَقْچَہ (فت ا، د، سک ق، فت چ) اند.

کارچوبی اور کلابتون کے حاشیے کی چادر جو پلنگ پر بچھونے کے نیچے اس طرح بچھائی اور ڈوریوں سے پایوں میں کسی جائے کہ اس کے حاشیے چاروں طرف لٹکتے رہیں.

اَدَل (فت ا، د).

'بدل' کا تابع.

ادل بدل اند؛ است. ۱. ایک چیز دے کر دوسری چیز لینا، لین اور دین، تبادلۂ اشیا وغیرہ. ۲. رد و بدل، الٹ پلٹ، بدلہ، انتقام.

اَدْلا (۱) (فت ا، سک د) اند.

نلیوں کے اوپر منڈھا ہوا باریک ریشے کا گوشت.

اَدْلا (۲) (فت ا، سک د).

'بدلا' کا تابع.

ادلا بدلا/ بدلی اند/ است. دیکھیے: ادل بدل.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اَدلنا بَدَلْنا (فت ا، و، سک ل، فت ب، د، سک ل) ف م.
دیکھیے: ادل بدل.

اَدلی بَدْلی (فت ا، سک د، فت ب، سک د) امث.
ادلا بدلا کی تانیث.

اَدْلے کا بَدْلا امذ.
انتقام، قصاص؛ کیے کا پھل، جیسے کو تیسا.

اُدْما (ضم ا، سک د) امذ.
.جلد جسم کی زیریں سطح .۲.(دباغت) بھینس کا کچا یا معمولی رنگا ہوا چمڑا.
[ع].

اَدَّنْ پَدَّن (فت ا، شد و بفت، سک ن، فت پ، شد و بفت) امذ.
ایک طفلانہ مشغلہ، (مجازاً) چپ سادھنے کا عمل، خاموشی، سکوت.

اَدْنیٰ (فت ا، سک د، ا بشکل ی) صف.
۱.قریب، نزدیک تر، اقصیٰ کی ضد.۲.(i) کم حیثیت، چھوٹے درجے کا، نیچ، اعلیٰ کی ضد. (ii) تھوڑا، معمولی سا.۳. نچلے حصے سے تعلق رکھنے والا، نیچے کا. [ع].

اَدْوار (فت ا، سک د) امذ.
'دور' (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَدْوان/ ادوائن (فت ا، سک د، کس ئ ،) امث.
پلنگ کی پائنتی کسنے کی رسی.۲.بان جس سے چرخے کے دونوں حلقوں کو کسا جاتا ہے. [س].

دوائن کا توتا / طوطا امذ. (کنایۃً) ٹانگیں گھسیٹ گھسیٹ کر آہستہ آہستہ چلنے والا شخص، سست رفتار شخص.

اَدْوِیات (فت ا، سک د، کس و) امث.
دوا کی جمع الجمع. [ع].

اَدْوِیَہ (فت ا، سک د، کس و، فت ی) امث.
'دوا' (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَدْیان (فت ا، سک د) امذ.
''دین'' (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اَدِیْب (فت ا، ی مع) صف.
۱.علم ادب ولغت کا ماہر، نظم ونثر اور ان کے متعلقات کا ماہر.۲.معلم، اُستاد، ادب اور تہذیب سکھانے والا.۳.انشاپرداز، ادبی مضامین اور مقالے لکھنے والا، نثر نگار، زبان دان. [ع].

اَدِیبانَہ (فت ا، ی مع، فت ن) م ف.
ادیب سے منسوب، ادیبوں کی طرح کا. [ع].

اَدیبہ (فت ا، ی مع، فت ب) امث.
علم وادب کی ماہر، زبان دان عورت. [ع].

اَدِیْم (فت ا، ی مع) امذ.
۱.(i) چمڑا، کھال. (ii) دباغت کیا ہوا چمڑا، کمایا ہوا چمڑا.
۲.(i) دسترخوان. (ii) سطح (خصوصاً زمین کی).۳.(کمبل بافی پہاڑی گائے کے بالوں کا بنا ہوا کمبل کی وضع کا کپڑا جو سرد علاقوں میں استعمال کیا جاتا ہے. [ع].

اَدْھ (فت ا، سک دھ).
آدھا کا مخفف، بیشتر بطور سابقہ مرکبات میں مستعمل (جیسے: ادھ سیری، ادھ گلا، ادھ موا). [س].

آدھ پکا صف، مذ. آدھا پکا اور آدھا کچا، ادھ کچرا، جو پوری طرح نہ پکا ہو، (نیم پختہ).

آدھ کچا امذ. (پہاڑ کے دامن میں) نشیبی قطعۂ آراضی جو پانی کے ٹھہرے رہنے کی وجہ سے گیلا رہے اور عام قسم کی پیداوار کے لائق نہ ہو. (ب) صف. آدھا کچا اور آدھا پکا، کچا پکا.

آدھ کچا / کچرا صف، مذ. ۱.(i) پکی ہوئی چیز جو پوری طرح گلی نہ ہو. (ii) گدر پھل. (iii) غیر منہضم، جو اچھی طرح ہضم نہ ہوا ہو. ۲.(i) (مجازاً) ادھورا، ناتمام، ناقص، جو پورا بنا نہ ہو (چیز یا کام). (ii) ناپختہ کار، مبتدی.

آدھ کھلا صف، مذ. جو پوری طرح شگفتہ نہ ہو، نیم شگفتہ.

آدھ کھلا صف، مذ. نیم برہنہ، جو پوری طرح ڈھکا ہوا نہ ہو.

آدھ موا صف، مذ. نیم جان، مرنے کے قریب.۲.(مجازاً) تباہ حال، کمزور. اف: کرنا / ہونا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

آدہ موئی صف، مث. ادہ موا کی تانیث، نیم جان، مرنے کے قریب؛ (مجازاً) تباہ حال، کمزور.

آدّھا (فت ا، سک دھ) اند.
ا. (i) کسی مقدار کا آدھا، نصف. (ii) وقت متعین یا معلوم کا نصف. ۲. شراب، عرق یا تیل یا کوئی بھی چھوٹی بوتل. ۳. بوچے یا ہوادار کی قطع کی دو پہیوں کی گاڑی. ۴. لاکھ اور کانچ کی چوڑیوں کے پورے جوڑے کا نصف. ۵. جوتی کا نصف تلا (پنجے کی طرف کا). ۶. آدھے تاو کا کنکوا. ۷. (موسیقی) طبلے اور پکھاوج کی تالوں میں سے ایک تال. [س].

اُدھار (ضم ا) (الف) اند.
ا. آئندہ ادائی کے وعدے پر لین دین، قرض. ۲. شے خصوصاً رقم جو وصول طلب اور واجب الادا ہو، قرضہ. ۳. (مجازاً) آئندہ حاصل (یا وصول) ہونے والی چیز یا عمل، متوقع، آئندہ ہونے یا کیا جانے والا حساب کتاب. (ب) صف، م ف. عارضی طور پر، مستعار، مانگے کا. [س].

اُدھار دیجیے دشمن کیجیے کہاوت. قرض دینا دوست کو دشمن بناتا ہے.

اُدھار کرنا ف م. قرض لینا، قیمت کی ادائی کے وعدے پر کوئی چیز لینا.

اُدھار کھانا محاورہ. ا. قرض لے کر گزر بسر کرنا. ۲. (کسی چیز پر) تل جانا، (کسی کام پر) آمادہ ہونا.

اُدھار کھائے (ہوئے) بیٹھنا ہونا محاورہ. (کسی چیز پر تل جانا، (کسی کام پر)، آمادہ ہونا.

اَدَھر (فت ا، د) (الف) صف، م ف.
ا. (i) بغیر کسی ٹیک یا سہارے کے، معلق، سطح سے اٹھا ہوا، لٹکا ہوا. (ii) الگ، جدا. (iii) جو امید و بیم کی حالت میں ہو. ۲. بے سہارا کسمپرسی کی حالت میں. (ب) ظرف. اس سرے نہ اُس سرے، درمیان، بیچ. ۳. ہونٹ، لب. [س].

اَدھر دھرا صف، مذ. جو زمین پر پانو نہ رکھے؛ (مجازاً) تن آسان، راحت طلب؛ نخوت زدہ.

اَدھر میں پڑا ہونا محاورہ. نہ اِدھر کا ہونا نہ اُدھر کا، کشمکش یا امید و بیم کی حالت میں ہونا، تکمیل کو نہ پہنچنا، بیچ میں لٹکا ہونا، یکسو نہ ہونا.

اِدھر (کس ا، فت دھ) (الف) ظرف مکاں.
ا. (i) اس جگہ، اس مقام میں، یہاں. (ii) اس طرف، ورے. (iii) (متکلم کی نسبت سے) قریب، پاس. (iv) ایک جانب (اُدھر یا دوسری جانب کے بالمقابل). ۲. میری یا ہماری طرف، میرے یا ہمارے پاس؛ مجھے یا ہمیں. (ب) ظرف زماں. ا. (i) ان دنوں، اس زمانے میں، اس وقت. (ii) اب، ابھی، کچھ وقت پہلے، ماضی قریب میں. ۲. مقررہ وقت سے پہلے، معینہ ساعت یا مدت سے قبل. ۳. اتنی دیر میں، اس دوران میں (ج) عاطفہ. ا. جیوں ہی، جیسے ہی (بیشتر اُدھر کے بالمقابل). ۲. مزید برآں، اس کے علاوہ (تنبیہ اور توجہ کی غرض سے). ۳. ابتدائی درجے میں، اولاً، ایک تو. [س].

اِدھر اُدھر (الف) ظرف. ا. دونوں طرف، جانبین، دائیں بائیں، آمنے سامنے. ۲. ہر چہار طرف، ہر طرف، آس پاس، اردگرد. ۳. (i) مختلف غیر معین مقامات میں، یہاں وہاں، جگہ جگہ. (ii) کسی نامعلوم مقام پر، کہیں، کس جگہ. (iii) ایسی ویسی جگہ، غیر محفوظ مقام پر. (ب) اسث. رد و بدل، تبدیلی، تحریف.

اِدھر اُدھر کا صف، مذ. ا. مختلف نوعیتوں کا، مختلف مقامات کا، متفرق جگہوں سے تعلق رکھنے والا، متفرق. ۲. ایسا ویسا.

اِدھر اُدھر کرنا "اِدھر اُدھر ہونا" کا تعدیہ.

اِدھر اُدھر کی صف. "اِدھر اُدھر کا" کی یہ تانیث (خصوصاً باتوں کے لیے مستعمل).

اِدھر اُدھر ہونا محاورہ. ا. غائب ہونا، ضائع ہونا. ۲. ڈانواں ڈول ہونا مطمئن نہ ہونا. ۳. تتر بتر ہونا، پراگندہ ہونا.

اِدھر سے اُدھر (اور) اُدھر سے اِدھر کنایۃً. ایک مقام پر دم نہ لینے اور نچلا نہ بیٹھنے کی جگہ مستعمل.

اِدھر سے اُدھر ہونا محاورہ. ا. منقلب ہونا، بدل جانا، منحرف یا مخالف ہو جانا. ۲. غائب ہونا، گم ہونا. ۳. جگہ سے بے جگہ ہونا.

اِدھر کا (رہنا) نہ اُدھر کا صف، مذ؛ مث. جسے کسی پر اعتماد نہ ہو؛ جس پر کسی کو اعتماد نہ ہو، جسے یکسوئی نہ ہو؛ جو کسی شمار میں نہ ہو؛ ہر طرف سے محروم، مردود خلائق، راندۂ درگاہ (بیشتر رہنا، کے ساتھ).

اِدھر کنواں اُدھر کھائی کہاوت. ہر طرح نقصان، ہر صورت میں دشواری، کچھ کرتے نہیں بنتی.

اِدھر کی (باتیں) اُدھر کرنا/ لگانا محاورہ. لگائی بجھائی کرنا، چغلی کھانا.

اِدھر کی اُدھر لگانا محاورہ. لگائی بجھائی کرنا، چغلی کھانا.

اِدھر کی دنیا اُدھر کردینا محاورہ. انقلاب برپا کر دینا، قیامت مچا دینا، ہلچل ڈال دینا (بیشتر دعوے اور ضد کے موقع پر مستعمل).

اِدھر کی دنیا اُدھر ہونا محاورہ. ۱. زمانے کا درہم برہم ہونا، انقلاب آنا، عالم کا تہ و بالا ہو جانا. ۲. جو کچھ بھی ہو گزرے، کچھ بھی سہنا یا بھگتنا پڑے، کچھ ہی ہو جائے (چاہے یا اگر وغیرہ کے ساتھ).

اُدَھر (ضم ا، فت دھ) (الف) م ف.

۱. (i) اُس جگہ، اُس مقام میں، وہاں. (ii) اُس طرف، اُس سمت میں، پرے. ۲. (i) دور (متکلم یا مقرر کی جگہ کی نسبت سے). (ii) دوسری جانب (ایک جانب کے بالمقابل). (iii) کسی حد سے آگے، کسی مقام سے گزر کر، اُس پار. ۳. (i) اُس کی یا ان کی طرف، اس کے یا اُن کے پاس. (ii) اُسے، اُن کو، کسی اور شخص معین کو. ۴. وہیں، اُسی نقطے پر، اُسی منزل میں (جدھر کا جواب بطور جزا). ۵. فریق مخالف یا مدمقابل کی طرف. ۶. پیشتر، سابق میں، پہلے. (ب) حالفہ. ۱. دوسرے، ثانیاً، اوپر سے، اس کے علاوہ، مزید برآں، اِدھر (= ایک تو) کے بالمقابل. ۲. ویسے ہی، تیوں ہی، اُسی دم، فوراً، اِدھر (= جیسے ہی یا جونہی) کے بالمقابل. [س].

اُدھر ہی اُدھر کا م ف. بالا ہی بالا، پرے ہی پرے، باہر ہی باہر، ہماری طرف رخ کیے بغیر.

اُدھڑنا (ضم ا، فت دھ، سک ڑ) م ف.

۱. سلائی، بخیے یا سیون کا کھلنا، ٹانکے ٹوٹنا (سلے کپڑے یا زخم کے). ۲. (i) سطح کے بالائی پرت کا اُکھڑنا. (ii) پوشش کھلنا، پٹاؤ الگ ہونا. ۳. جسم پر سے بال یا کھال کا جدا ہونا. ۴. (مجازاً) (کسی امر یا نظام وغیرہ کا) برقرار نہ رہنا، فسخ ہونا، ٹوٹنا. ۵. تباہ حال ہونا، مفلس ہونا.

اَدِھکار (فت ا، کس دھ) امذ.

اقتدار، حکومت، مرتبہ، استحقاق، وقار؛ حق، اختیار. [س].

اُدَھم (ضم ا، فت دھ) امذ؛ ~ اودھم.

۱. دھما چوکڑی، ہنگامہ، چیخ و پکار، شور و غل. ۲. (مجازاً) چرچا، شہرت [س].

ادھم مچانا محاورہ. ہنگامہ برپا کرنا، شور و غل مچانا.

ادھم مچنا محاورہ. شور و غل چیخ پکار ہونا.

اَدُھورا (فت ا، و مع) صف مذ.

۱. آدھا، نصف. ۲. نا تمام، نامکمل، ناقص جو ابھی پایۂ تکمیل کو نہ پہنچا ہو پورا کی ضد. ۳. (i) کمتر، پست درجے کا. (ii) خام کار، ناواقف [س].

ادھورا پن امذ. ''ادھورا'' کا اسم کیفیت، آدھا، نصف؛ ناقص جو ابھی پایۂ تکمیل کو نہ پہنچا ہو.

اَدَھوڑی (فت ا، و لین) امث.

گائے بھینس کا کمایا ہوا چمڑا، موٹا کچا چمڑا.

ادھوڑی استر (الف) امذ. تلے میں لگانے کے قابل چمڑا، موٹا چمڑا اس سے بنا ہوا جوتا جو گھٹیا اور ادنیٰ درجہ کا ہوتا ہے. (ب) صف. (مجازاً) جس پر کسی بات یا حالت کا اثر نہ ہو، بے حس، غیر شائستہ.

ادھوڑی استر تاننا محاورہ. خوب کھانا، اتنا کھانا کہ پیٹ تن جائے.

اَدّھی (فت ا، شد دھ) امث.

۱. ایک پیسہ کا آٹھواں حصہ، دمڑی کا نصف، بارہ کوڑیوں کے برابر رقم ۲. ایک قسم کا عمدہ اور باریک سفید سوتی کپڑا. ۳. ادھی بدھی. [س].

ادھی کی بانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں کہاوت. کسی بڑے معاملے میں بے سوچے سمجھے فیصلہ نہیں کیا جاتا.

اَدھیانا (فت ا، سک دھ) (الف) ف ل.

دو حصوں میں بانٹ جانا. (ب) ف مر. ۱. نصفا، نصف، بانٹ کر آدھا لے لینا. ۲. آدھا ختم کر دینا، نصف باقی چھوڑنا.

اَدّھیائے (فت ا، شد دھ بکس) امذ.

باب، حصہ، سبق. [س].

اَدھیڑ (فت ا، ی مج) صف.

۱. جس کی جوانی ختم اور بڑھاپا کا آغاز ہو، میانہ سال، نہ بوڑھا نہ جوان

۲. جوانی اور بڑھاپے کے بیچ کا (سن یا عمر) . [س] .
ادھیڑ بن اند . جوانی اور بڑھاپے کے درمیان کی عمر .

اُدھیڑ (ضم ا ، ی مج) (الف) امث .
ادھیڑنا کا حاصل مصدر یا امر . (ب) اند . (چھلائی) برتنوں کے کھردرے پن کو نکالنے اور ان کی سطح ہموار کرنے کے لیے ابتدائی موٹی چھلائی کرنے کا عمل .
ادھیڑ بن امث . ۱. (لفظاً) ادھڑنے اور بننے کا عمل . ۲. لگاتار سوچ بچار ، تامل ، فکر و تردد . ۳. (مجازاً) تفکر یا تحقیقات کا نتیجہ ، دریافت .

اُدْھیڑنا (ضم ا ، ی مج ، سک ڑ) ف م .
۱. بخیے یا سیون کو کھولنا ، ٹانکے توڑنا . ۲. (i) سطح کا (بالائی) پرت اتارنا یا اکھاڑنا . (ii) (چھت وغیرہ کا) پٹاؤ الگ کرنا ، پوشش کھولنا . ۳. (ضرب سے) کھال اتارنا ، جسم سے بال یا پوست کا جدا کرنا ، (مجازاً) بہت مارنا ، سزا دینا . ۴. تباہ حال کرنا ، مفلس کر دینا .

اَڈّا (فت ا ، شد ڈ) اند ؛ ~ اڈہ .
۱. (i) کرایے کی سواریوں ، گاڑیوں ، بسوں ، ٹیکسیوں اور ڈولیوں وغیرہ کے کھڑے ہونے اور جمع ہونے کی جگہ . (ii) (سڑک پر چلنے والی سواری کے) مسافروں کے اترنے یا سواری وغیرہ کے انتظار میں جمع ہونے کا مقام . (iii) میدان جہاں سے ہوائی جہاز اڑان لیتے یا آ کر اترتے ہیں ، (ہوائی جہازوں کے) جانے اور اترنے کا مقام . ۲. (i) پالتو پرندوں کے لیے گھر یا پنجرے میں لکڑی یا دھات کی بیٹھک یا چھتری وغیرہ . (ii) (کھیل کھلونا) وہ نصب کی ہوئی لکڑی جس پر مصنوعی جانور ڈور یا پیچ کے ذریعے دوڑاتے ہیں . ۳. (i) کسی شخص کے عادۃً مستقلاً بیٹھنے ، کام کرنے یا مقیم ہونے کی معین جگہ . (ii) ہم مشرب یا ہم جنس اشخاص کے جمع ہونے یا اپنے مشاغل میں سرگرم رہنے کا مرکز ، کسی خاص کام کے سرانجام دیے جانے کی مرکزی جگہ . (iii) کاریگر (خصوصاً گوٹا بننے والے) کی تپائی جس پر بیٹھ کر وہ اپنا کام کرتا ہے . ۴. (i) کپڑا تان کر زردوزی یا بیل بوٹے بنانے کا چوکھٹا ، کارچوب . (ii) چوکھٹا جس میں دھاگے تان کر کھونٹیوں وغیرہ سے کستے اور پھر رومال ، شال ، کمربند ، یا جالی وغیرہ بنتے ہیں . ۵. گوٹے کناری وغیرہ کا تھان جو مختلف پیمائش کا ہوتا ہے . ۶. (i) بائیسکل کی گدی کے نیچے کی آہنی کنہی جس پر گدی کسی جاتی ہے . (ii) (ارہ کشی) موٹی بھاری اور لمبی لکڑی چیرنے کا مثلث نما انکاوا ، انگی . (iii) کسی بھی کل یا مشین وغیرہ کے پرزوں کو سنبھالنے کی کھونٹی یا سلاخ وغیرہ . ۷. جوتی کا پچھلا حصہ جس میں اندر لنگوٹ اور باہر پان ہوتا ہے ، جوتے کی ایڑی . ۸. زینے کی سیڑھی . ۹. (i) کسبیوں کا ٹھکانا . (ii) مجرموں کا ٹھکانا . [س] .
اڈا جمانا محاورہ . کسی جگہ جم کر بیٹھ جانا ، قبضہ کر لینا .

اَڈّی (فت ا ، شد ڈ) امث .
۱. (جفت سازی) جوتی کا وہ حصہ جو ایڑی کو چھپائے رہتا ہے ، جوتے کا پچھلا حصہ . ۲. کپڑے کی وہ کلی جو عورتوں کے شلوکے میں کٹوری اور آستین کے بیچ میں ہوتی ہے . ۳. (کھرادی) لکڑی کھرادنے کے وقت اوزار کو سہارا دینے والی آہنی پٹی . ۴. (سلائی بٹائی) ریشم کی چرخیاں (ٹھاریاں) لگانے کا چوبی چوکٹا . ۵. (ملمع کاری) ورق ساز کے کام کرنے کی تپائی . ۶. (تیاری زیور) سونا پکانے کی بھٹی نما بنی ہوئی جگہ ، (مجازاً) ظرف جس میں سونا صاف کرنے کو تیزاب میں گلایا جاتا ہے . [س] .

اَذان (فت ا) امث .
۱. نماز کا وقت آ جانے پر نمازیوں کو آگاہ کرنے ، یا مسلمانوں کو نماز کے لیے مسجد میں بلانے کے مقررہ کلمات جو موذن بآواز بلند مقرر طریق سے ادا کرتا ہے ، بانگ نماز (گاہے یہ کلمات نو مولود کے داہنے کان میں اور کبھی آفات ارضی یا سماوی کے دفعیے کے لیے بھی مقرر طریقے سے کہے جاتے ہیں) . ۲. مرغ کی بانگ ، مرغ کی صدا . [ع] .
اذان دینا / کہنا محاورہ . نماز کا وقت آ جانے پر نمازیوں کو آگاہ کرنے ، یا مسلمانوں کو نماز کے لیے مسجد میں بلانے کے مقررہ کلمات ، بچے کی پیدائش کے بعد اس کے داہنے کان میں اذان کے الفاظ کہنا .

اِذْعان (کس ا ، سک ذ) اند .
یقین ، وثوق ، اطاعت ، اعتماد ، اعتقاد . [ع] .

اَذْفَر (فت ا ، سک ذ ، فت ف) صف .
خالص تیز خوشبو والا (بیشتر مشک کے لیے مستعمل) . [ع] .

اَذکار (فت ا، سک ذ) امذ ؛ ج. (الف) طور جمع.
۱. وظائف، دعائیں. ۲. حکایات، چرچے، یادیں. (ب) طور واحد. گفتگو، ذکر، چرچا. [ع].

اَذکِیا (فت ا، سک ذ، کس ک) امذ ؛ ج.
تیز طبع، ذہین لوگ. [ع].

اِذن (کس ا، سک ذ) امذ.
۱. اجازت، رخصت، ممانعت کی ضد. ۲. حکم. ۳. (نکاح پڑھائے جانے کے وقت) لڑکے یا لڑکی کا وکیل سے اس عقد پر رضا مندی کا اظہار. [ع].

اذن عام امذ. ۱. (i) (بادشاہ وغیرہ کے دربار میں یا کسی متبرک مقام پر) ہر شخص کو بے تکلف حاضری کی اجازت، داخلے سے روک ٹوک کی ممانعت. (ii) سب لوگوں کو یکساں حیثیت سے کسی عمل کا یا کسی جگہ آنے جانے کا حکم یا رخصت. ۲. نماز جنازہ کے بعد صاحب میت کی طرف سے یہ اعلان کہ جو صاحب چاہیں واپس جا سکتے ہیں. [ع].

اَذہان (فت ا، سک ذ) امذ، ج.
سمجھ، عقل یا حافظے کی قوتیں. [ع].

اَذِیّت (فت ا، کس ذ، شد ی بفت) امث.
۱. جسمانی تکلیف، دکھ. ۲. ذہنی کوفت، روحانی صدمہ، مصیبت، گزند. [ع].

اَرّا (۱) (فت ا، شد ر) امذ.
۱. پہیے کے مرکز اور محیط کے درمیان لگی ہوئی (لکڑی یا لوہے کی) تانوں میں سے ہر ایک، جو مرکزی حصے کو گھیرے کے ساتھ مرکز میں جوڑے اور تانے رکھتی ہیں، آرن، جھنی، سال. اف: بٹھانا/ پھنسانا/ ڈالنا. ۲. (نان بائی) تنور سے روٹی نکالنے کی آنکڑے دار سلاخ. ۳. (ماہی گیری) آری کی شکل کی لمبی تھوتھنی والی مچھلی، تیغ ماہی. [س].

اَرّا (۲) (فت ا، شد ر) امذ ؛ ~ اڑہ، آرا.
(نجاری) درختوں کے بڑے بڑے تنے اور موٹی لکڑی چیرنے کا نیم کے پتے کا ہم شکل تقریباً چار پانچ فٹ لمبا آر دار فولادی اوزار.

اِرادَت (کس ا، فت د) امث.
۱. مریدانہ اطاعت کا جذبہ، اعتقاد، عقیدت. ۲. بیعت، اقرار یا اظہار عقیدت. ۳. ارادہ، قصد. [ع].

ارادت کیش صف. کسی کی مریدانہ اطاعت کا جذبہ رکھنے والا، عقیدت مند.

ارادت مند صف. کسی پیر یا بزرگ کے متعلق دل میں جذبہ خدمت رکھنے والا، عقیدت مند، مرید.

اِرادۃً/ اِرادتاً (کس ا، فت د) م ف، تمیز.
بالقصد، عمداً، ارادے سے.

اِرادَہ (کس ا، فت د) امذ ؛ ~ ارادا (قافیے میں).
۱. (اقدام عمل کا) قصد، عزم، نیت. ۲. (مجازاً) خواہش، طلب. ۳. مرضی، منشا. [ع].

ارادہ باندھنا محاورہ. (کسی کام کا) قصد یا نیت کرنا، (کسی اقدام کے لیے) کمربستہ ہونا.

ارادہ کرنا ف مر. (کسی لفظ سے کوئی خاص مفہوم) مراد لینا.

اِرادی (کس ا) صف.
ارادے سے متعلق: وہ کام جو اپنی خواہش یا نیت و قصد سے ہو، اختیاری، اتفاقی یا اضطراری کی ضد.

آرادھنا (۱) (فت ا، سک دھ) امث ؛ ~ آرادھنا.
پرستش، پوجا. [س].

آرارا (را) دُوں/ دَھم (فت ا، ومع، غنہ/ فت دھ) امث ؛ م ف. (فجائیہ).
کسی عمارت یا بھاری چیز کے یکایک زور سے گرنے کی آواز ؛ یکایک دھماکے کی آواز کے ساتھ. [حکایت الصوت].

آراروٹ (فت ا، وج) امذ.
ایک درخت کی جڑ سے حاصل کیا جانے والا سفید سفوف (کھانے کے علاوہ یہی پکانے اور کلف لگانے وغیرہ کے لیے مستعمل)، نشاستہ. [انگ].

آراضی (فت ا) امث.
۱. قطعۂ زمین، پلاٹ، (بیشتر) وہ زمین جس میں کاشت کی جائے، زمین، دیہی جائداد، کھیت. ۲. (قانون) وہ زمین جس پر مال گزاری مقرر ہو. [ع].

آراضیات (فت ا، کس ض) امث ؛ جج.
ارض کی جمع الجمع.

آراک (فت ا) اند.
پیلو کا درخت ، پیلو کی لکڑی . [ع] .

آراکِین (فت ا ، ی مع) اند ؛ ج.
۱. رکن (دیکھیے) کی جمع ؛ کسی جماعت وغیرہ کے رکن یا ممبر ، ارکان .
۲. حکومت کے بااقتدار لوگ ، امرا ، عمائدین . [ع] .

اَرّانا (فت ا ، شد ر) ف ل.
(جانور کا) بے چینی کی حالت میں دردناک بلند آواز ، نکالنا ، ڈکرانا .
۲. کریہ آواز میں چیخنا ، ٹرّانا ، ٹرٹر کرنا . [حکایت الصوت] .

اِراءَت (کس ا ، فت ء) اند.
۱. (راستہ) بتانا یا دکھانا .۲. (مجازاً) رہ نمائی ، ہدایت . [ع] .

اَرَب (فت ا ، ر) صف.
سو کروڑ . [س] .

ارب کھرب صف .۱. بے شمار ، لامحدود .۲. شان و شوکت ، سامان ظاہری .

اَرْباب (فت ا ، سک ر) اند ؛ ج (عموماً اضافت کے ساتھ مستعمل) .
۱. (کوئی وصف یا شے رکھنے) والے ، صاحبان ، مالکان .۲. پرورش کرنے والے ، پالنے والے جیسے : رب الارباب (= تمام پالنے والوں کا پالنے والا) . [ع] .

ارباب نشاط اند ؛ است . گانے بجانے اور ناچنے والے/ والی ، نچنیے ، ڈوم ڈھاڑی ؛ طوائفیں .

ارباب ہنر اند . فنکار ، ہنرور لوگ .

اُرْبَسی (ضم ا ، سک ر ، فت ب) است.
گلے میں ہنسلی کی ہڈیوں کے جوڑ کے اوپر پہننے کا زیور جسے ”جگنی“ دگدگی (دھگدھگی) اور چوکی بھی کہتے ہیں . [س] .

اَرْبَع (فت ا ، سک ر ، فت ب ، فت ع) صف.
۱. چار تین اور ایک کا مجموعہ ، (ہندسوں میں) ۴ .۲. (حساب) تین عددوں یا رقموں کی مدد سے چوتھا غیر معلوم عدد یا رقم دریافت کرنے کا قاعدہ ، اربعہ متناسبہ . [ع] .

اربع عناصر اند . چار بسائط جو قدیم یونانی حکما کے نزدیک بنیادی طور پر ناقابل تحلیل تھے (وہ یہ ہیں : مٹی ، پانی ، ہوا ، آگ) .

اَرْبَعَہ (فت ا ، سک ر ، فت ب ع ، محت) صف .
دیکھیے : اربع . عموماً ترکیب میں مستعمل ، جیسے : کتب اربعہ (= چار کتابیں یعنی توریت ، انجیل ، زبور ، قرآن) . [ع] .

اَرْبَعی (فت ا ، سک ر ، فت ب) اند.
(ہندسہ) جسم صحیح کی چھ قسموں میں سے ایک جسم جس کو چار سطح مثلث متساوی الاضلاع احاطہ کیے ہوں .

اَرْبَعِین (فت ا ، سک ر ، فت ب ، ی مع) اند.
۱. (لفظاً) چالیس ، (مراداً) چالیس دن کا ورد یا وظیفہ ، چلہ .۲. چالیسواں ، خصوصاً حضرت امام حسینؓ کا چہلم ، صفر کی بیسویں تاریخ جو حضرت امام حسینؓ کے چہلم کا دن ہے ؛ مختلف مضامین کی چالیس حدیثیں . [ع] .

اَرْپَن (فت ا ، سک ر ، فت پ) اند.
(ہندو) بھینٹ ، نذر ؛ فلاحی کام کے لیے وقف . [س] .
ارپن کرنا محاورہ . نذر کرنا ، قربان کرنا ، تحفہ پیش کرنا .

اَرَت/ اَرْت (فت ا ، ر ، سک ر) اند.
۱. معنی ، مفہوم ، مطلب ، بیان .۲. (رقص میں) ہاتھ ، چہرہ آنکھوں اور انگلیوں کے اشارے ، بھاؤ (بتانا) . [س] .

اِرْتِباط (کس ا ، سک ر ، کس ت) اند.
۱. (i) ربط ضبط ، میل ملاپ ، خلا ملا ، دوستی . (ii) تعلق خاطر ، محبت و مودت (جو عقیدت مندی کی بنا پر ہو) .۲. (دو چیزوں میں باہمی : (i) رابطہ ، نسبت ، لگاؤ . (ii) تناسب . [ع] .

اِرْتِجاع (کس ا ، سک ر ، کس ت) اند.
سابق حالت اور خیالات کی طرف پلٹ جانا ، رجعت پسندی ، (انگریزی) (Reaction) . [ع] .

اِرْتِجال (کس ا ، سک ر ، کس ت) اند.
بغیر فکر و تامل کوئی فقرہ یا شعر تصنیف کرنے کا عمل ، فی البدیہہ شعر کہنا یا مضمون انشا کرنا ، بے ساختہ بولنا . [ع] .

اِرْتِجالاً (کس ا ، سک ر ، کس ت) م ف ، تمیز.
بغیر فکر و تامل کے ، فی البدیہہ (شعر کہنا یا نثر کہنا) .

اِرتحال (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
رحلت ، وفات ، موت .۲. کوچ ، سفر . [ع].

اِرتداد (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ ، صف.
اسلام کے بعد کفر ، اسلام سے انحراف ، مرتد ہونا . [ع].

اِرتسام (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
کندہ کیے جانے یا ہونے کے عمل ، نقش ہونا ، تصویر یا عکس اترنا .۲. نقش ، پرتو (مجازاً) اثر . [ع].

اِرتسامی (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) صف.
ارتسام سے منسوب ، عکس قبول کرنے والا ، اثر لینے والا .

اِرتعاش (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
۱. رعشہ ، کپکپی ؛ ایک عصبی بیماری جس میں عضو بے ارادہ حرکت کرتا اور بے اختیار لرزتا اور کانپتا ہے .۲. لہر دوڑنے کی کیفیت ، لہر ، پھریری . [ع].

اِرتفاع (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
۱. (i) بلندی ، اونچائی ، زمین یا سمندر یا اور کسی سطح سے کسی چیز کا بلند ہونا . (ii) سطح زمین ، اُفق یا کسی اور مقام سے بلندی پر جانا ، مرتفع ہونا ، بلندی کی طرف اٹھنا یا اٹھایا جانا .۲. (i) پہاڑ یا درخت وغیرہ کا بلند ترین حصہ ، چوٹی . (ii) بلند درجہ ، عظمت کی اعلیٰ منزل .۳. درجہ یا حیثیت کی بلندی ، ترقی .۴. (کسی متقابل یا ضد کا) معدوم ہوجانا ، اٹھ جانا ، مٹ جانا ، اجتماع کی ضد .۵. (ہیئت) سیارے کا اُفق سے سمت الراس (نوے درجے) تک مسافت طے کرنا .۶. (ہندسہ) مثلث کی بلندی ، قاعدے سے نقطۂ مماس تک کا اقل فاصلہ ؛ وہ خط جو قاعدے سے نقطۂ مماس تک عموداً کھینچا جائے .۷. (بدیع) شعر میں کسی چیز کا ذکر کریں اور مسلسل اس کی ترقی کے درجے بتاتے چلے جائیں .
۸. (لسانیات) صدائی یا صوتی لہروں کی بلندی ، صدائی لہروں کے تین عناصر (تواتر ، محل اور ارتفاع) میں سے ایک ، (Amplitude) . [ع].

ارتفاع پیما صف . بلندی ناپنے کا ایک آلہ .

اِرتفاق (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
(لفظاً) باہم ساتھی ہونا (خصوصاً تہذیبی و تمدنی امور میں) ، (تشریح) دو ہڈیوں کے ملنے کا خط اتصال جیسے پیڑوں کی دونوں ہڈیوں کے ملنے کا خط یا ٹھوڑی کے مقام پر نیچے کے جبڑے کی ہڈیوں کا خط . [ع].

اِرتقا (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ : امث.
۱. (i) اوپر اٹھنا (مرتبے درجے مقام یا حیثیت کی) بلندی ، بلند ہونا ، ترقی کرنا . (ii) درجہ بدرجہ ، ترقی ، زینہ بزینہ اوپر چڑھنا ، بہتر سے بہتر کی طرف جانا .۲. (i) قانون ارتقا (عموماً ڈارون سے منسوب) جس کی رو سے انسان حیات کے ابتدائی درجے سے ترقی کر کے بہت سی تبدیلیوں کے بعد موجودہ صورت اور حالت تک پہنچا ، (انگریزی) (Evolution) . (ii) مرور ایام زمانے کے ادلنے بدلنے سے کسی شے کی خصوصیات میں ترقی پذیر تغیر و تبدل . [ع].

اِرتقائی (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) صف.
۱. ارتقا سے منسوب امر یا شخص وغیرہ .۲. قانون ارتقا کا ماننے والا .

اِرتکاب (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) امذ.
۱. (i) کسی کام کو کرنا ، کسی ارادے کو عمل میں لانا (بیشتر برا) . (ii) گناہ یا جرم کرنا ، ناجائز کام .۲. (مجازاً) شغل ، مشغلہ . اف : کرنا/ ہونا . [ع].

اِرتکاز (کس ا ، سک ر ، کس ت) امذ.
۱. (i) ایک جگہ اکٹھا کر دینا ، جمع کرنا ، مرکوز کرنے کا عمل . (ii) (طبیعت وغیرہ کا) کسی جانب رجحان ، میلان ، توجہ مرکوز یا مبذول ہونا .۲. (کسی چیز کا کسی جانب) جھکاؤ ، اثر ، دباؤ ، مرکزیت . [ع].

اِرتکازی (کس ا ، سک ر ، کس ج ت) صف.
کسی امر کی جانب پوری طرح متوجہ ہونے والا (دماغ).

اَرتھ (فت ا ، ر ، سک تھ) امذ : ~ ارت.
معنی ، مفہوم ، مطلب ، بیان ؛ (رقص میں) ہاتھ ، چہرہ ، آنکھوں اور انگلیوں کے اشارے ، بھاؤ (بتانا) [س].

ارتھ بچارنا/ نکالنا محاورہ . شرح بیان کرنا ، معنی نکالنا ، مطلب بتانا ، مطلب سمجھنا .

اَرتھی (فت ا ، سک ر) امث.
۱. ہندو کا مردہ یا جنازہ (جو بانسوں کے ٹھٹر پر لے جایا جاتا ہے) .
۲. بانسوں کا ٹھٹر (جس پر ہندو کے مردے کو دفن کرنے یا جلانے کے

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

لیے لے جاتے ہیں) . [س] .

ارتھی نکلے فقرہ . (ہند) (پرماتما کرے) کوسنا ، مرجائے ، موت آئے .

اِرْث (کس ا ، سک ر) امث ؛ اند .

ا . مرنے والے کا مال و متاع جو وفات کے بعد وارثوں کے حصے میں آئے ، میراث ، ترکہ . ۲ . (مجازاً) باپ دادا کے اخلاق و آداب جو اولاد میں منتقل ہوں ، آباء و اجداد کی خصوصیت (جو اولاد پائے) . [ع] .

اَرْجا پَرْجا (فت ا ، سک ر ، فت پ ، سک ر) امث .

رعیت ، عوام ، عام باشندے یا لوگ .

اِرْجاع (کس ا ، سک ر) اند .

ا . رجوع ، توجہ ، (کسی امر کی طرف) لو لگانا . ۲ . حاضر کرنا ، رجوع کرانا . ۳ . نالش ، (دعویٰ) دائر کرنا (عدالت میں) . [ع] .

اَرْجَح (فت ا ، سک ر ، فت ج) صف .

قابل ترجیح ، پسندیدہ . [ع] .

اَرْجَمَنْد (فت ا ، سک ر ، ج ، فت م ، سک ن) صف .

(لفظاً) قدر و قیمت والا ، بلند مرتبے والا ، عزت والا ، (مجازاً) اس سے ملتے جلتے متعدد مترادفات کے مفہوم میں مستعمل ، مثلاً : (i) باوقار ، عالی مرتبہ . (ii) دانا ، عقلمند . (iii) دلپسند ، محبوب ، پسندیدہ . (iv) کامیاب ، بامراد ، بہرہ مند . (v) نیک بخت ، خوش قسمت . (vi) بلندی پر فائز ، بلند . [ف] .

اَرْجَن / اَرْجُن (فت ا ، سک ر ، فت ج / ضم ج) اند .

ا . (نباتیات) اسی سے سو فٹ تک اونچا ایک درخت جس کا تنا دس بیس فٹ گولائی والا اور ٹیڑھا ، شاخیں سبزی لیے ہوئے سفید ، خاکی ، بھوری یا بینگنی اور صاف ہوتی ہیں ، چیت بیساکھ میں پھول اور جاڑے میں پھل لگتے ہیں ، لکڑی میں سے ایک قسم کا صاف ، سنہرا ، بھورا اور شفاف کھانے کا گوند نکلتا ہے ، راکھ رنگائی کے کام آتی ہے ، چھال وغیرہ دواؤں میں مستعمل ، (لاطینی) Nerminalia alata glolira . ۲ . ہندوستان کا مشہور تیر انداز سورما ، راجا پانڈو کا لڑکا جس نے مہابھارت کی جنگ نمایاں کردار ادا کیا . ۳ . سفید رنگ کا . [س] .

اَرْحام (فت ا ، سک ر) اند ؛ ج .

رحم (دیکھیے) کی جمع ؛ ماؤں کے رحم ، بطن یا پیٹ ، (مراد) مائیں ، ایک ماں کی اولاد اور اولاد کی اولاد .

اَرْحَم (فت ا ، سک ر ، فت ح) صف .

بہت رحم کرنے والا ، بڑا رحیم . [ع] .

ارحم الراحمین صف ؛ اند .

رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم ، خدائے تعالیٰ .

اُرَد (ضم ا ، فت ر) اند .

ماش ، مشہور غلہ ، سیاہ یا ہرے رنگ کا دانہ (بیج) جس کے منھ کے کنارے پر تھوڑی سی سفیدی ہوتی ہے . [س] .

ارد پر سفیدی امث . ذرا سا ، برائے نام ، بہت قلیل مقدار .

ارد کے آٹے کی طرح اینٹھنا محاورہ . بہت اکڑنا ، اترانا .

اُرْدا بیگنی (ضم ا ، سک ر ، ی مج ، سک گ) امث ؛ ~ اردہ بیگنی .

مردانہ لباس کی ہتھیار بند عورت جو شاہی محلات میں پہرہ دیتی اور حکم احکام پہنچاتی تھی ، شاہی محلوں میں اہتمام کرنے والی ترکنی ، سپاہی عورت .

اَرْداس / اَرْداش (فت ا ، سک ر) امث .

ا . عرض داشت ، درخواست ، معروضہ . ۲ . خوشامد ، منت ، التجا .

اِرْدَب (کس ا ، سک ر ، فت د) اند .

۰۲۴ وزن کا ایک مصری پیمانہ (تقریباً ۲ سیر ۱۴ چھٹانک ۴ تولے کے برابر) ، صاع . [ع] .

اِرْدْ گِرْد (کس ا ، سک ر ، د ، کس گ ، سک ر) م ف ، ظرف .

ا . آس پاس ، چاروں طرف ، اِدھر اُدھر . ۲ . پاس پڑوس میں ، آس پاس ، قریب ، قرب و جوار میں . [ف] .

اَرْدَلی (فت ا ، سک ر ، فت د) (الف) اند .

ا . (i) چپراسی ، کسی حاکم کا چپراسی ، پیش خدمت . (ii) [illegible] حکم احکام لانے لے جانے والا ملازم (پیدل یا سوار) [illegible] ۲ . (i) سواری کے ساتھ چلنے یا رہنے والے سپاہیوں [illegible] جماعت . (ii) سواری کا جلوس . ۳ . (احکام [illegible]) [illegible] پیادگی . ۴ . (مجازاً) معیت ، پہلو ، جلو . [Orderly سے ماخوذ] .

اُردُو (ضم ا، سک ر، و مع) (الف) اند .
لشکر ، سپاہ ، فوج .۲.لشکر گاہ ، چھاؤنی ، کیمپ .۳. بازار ، صدر بازار ، بڑا بازار . (ب) امث . برصغیر پاک و ہند کے اکثر علاقوں میں بولی اور سمجھی جانے والی زبان جس کے لغات میں پراکرت نیز غیر پراکرت دیسی لفظوں کے ساتھ ساتھ عربی فارسی ترکی اور کچھ یورپی زبانوں کے الفاظ بھی شامل ہیں اور جس کی قواعد میں عہد بعہد تصرفات اور مقامی اختلافات کے باوجود آریائی اثر غالب ہے ، جدید ہندی سے عربی فارسی الفاظ کی فراوانی تذبھو کے رجحان اور عربی رسم الخط کی بنا پر متمیز ؛ عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے جس میں اردو کی مخصوص آوازوں کے لیے کچھ اضافے کر لیے گئے ہیں . [ت] .

اردوے معلی امث .۱.شستہ اور شیریں زبان (اردو) جو (شاہ جہاں کے وقت سے بہادر شاہ ظفر کے وقت تک) دہلی کے قلعہ معلی میں بولی جاتی تھی ، (مجازاً) فصیح و بلیغ اردو .۲.شاہی لشکر ؛ چھاونی کا بازار .

اَرْدَہْ (فت ا، سک ر، د) صف .
آدھا ، نصف . [س] .

اَرْذَل (فت ا، سک ر، فت ذ) صف .
کمینہ ، ذلیل ، حقیر ، نچلے طبقے کا ، چھوٹا (اکثر حسب ونسب وغیرہ کے لحاظ سے) ؛ سب سے زیادہ حقیر ، رذیل کا صیغہ تفضیل . [ع] .

ارذل العمر اند . بڑھاپا ، پیرانہ سالی (جو عمر کا بدترین حصہ ہے) .

اَرَرَ (فت ا، ر، ر) کلمہ حیرت و استعجاب .
یکا یک حیرت اور تعجب کی بات وقوع پذیر ہونے کے موقع پر مستعمل . [حکایت الصوت] .

اَرْز (فت ا، سک ر) اند .
قیمت ، قدر ، حیثیت ، مقدار ، (انگریزی) ویلیو . (عموماً ترکیبات میں مستعمل جیسے : ارزیابی ، ارز بازار وغیرہ) .۲. بزرگ ، عزت . [ف] .

اَرْزاق (فت ا، سک ر) اند ؛ ج .
غذائیں ، روزیاں ، کھانے پینے کی چیزیں . [ع] .

اَرْزاں (فت ا، سک ر) صف .
۱.کم قیمت ، سستا ، عام گراں کی ضد .۲. (مجازاً) کثیر ، فراواں ، وافر . [ف] .

اَرْزانی (فت ا، سک ر، ی مع) امث .
۱. قیمت کی کمی بے قدری ، سستا پن .۲.کثرت ، افراط ، فراوانی ، بہتات ، عام ہونا .۳.گوارا ، مسعود ، مبارک .

ارزانی کرنا/ فرمانا محاورہ . عطا کرنا ، بخشنا ، دینا .

ارزانی ہونا محاورہ .۱. عطا ہونا ، دستیاب ہونا ، ملنا .۲. مبارک ہونا ، راس آنا . [ف] .

اَرْزِش (فت ا، سک ر، کس ز) امث .
۱. قیمت ، عوضانہ .۲. (مجازاً) قدر و قیمت ، وقعت .۳.فروختگی ، بکنا ، قیمت لگنا . [ف] .

اَرْزَن (فت ا، سک ر، فت ز) اند .
ایک چھوٹی قسم کا اناج جس کے دانے ساگودانے سے مشابہ سفیدی مائل ہوتے ہیں ، اکثر پالتو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے ، چینا . [ف] .

اَرْژَنگ (فت ا، سک ر، فت ژ، غنہ) اند ؛ - ارتنگ ، ارزنگ .
مرقع تصاویر کا مجموعہ ، چین کے مشہور مصور مانی کی شاہکار تصاویر کا مرقع . [ف] .

اِرْسال (کس ا، سک ر) (الف) اند .
۱.ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے یا بھیجے جانے کا عمل ، بھیجنا ، روانہ کرنا . ۲.تحفہ ، سوغات ، پیغمبر بنا کر بھیجنا ، بعثت .۳. (طب) فاسد خون نکالنے کے لیے جونک لگوانا .۴. (اصول حدیث) تابعی کی اس حدیث میں جو اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہو کسی صحابی کا ذکر نہ ہونا ، حدیث کا مرسل ہونا .۵. (اوپر سے نیچے) چھوڑنا ، نیز لٹکانا .۶. مجاز مرسل کے انیس علاقوں میں سے کسی علاقے کا وجود . (ب) امث . مال گزاری یا کرایہ وغیرہ جو وصول کر کے مالک کو یا سرکار کو بھیجا جائے . [ع] .

اَرَش (۱) (فت ا، ر) اند .
ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے سے کہنی تک کا فاصلہ ، نیز بعضوں کے نزدیک دونوں ہاتھ دائیں بائیں پھیلانے پر ایک ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے سے لے کر دوسرے ہاتھ کی درمیانی انگلی کے سرے تک کا فاصلہ . [ف] .

آرْش(۲) (فت ا، سک ر) اسث.
خوں بہا، قصاص، رقم وغیرہ جو مقتول کے ورثاء یا مجروح کو بدلے میں دی جائے، دیت. [ع].

اِرْشاد (فت ا، سک ر) اند.
۱. حکم، فرمان. ۲. ہدایت، رہنمائی، تربیت خصوصاً روحانی. ۳. (مجازاً) نصیحت، وعظ و پند، سمجھانا بجھانا. ۴. کہی ہوئی بات، قول. ۵. بیان کرنے یا فرمانے کا عمل، کہنا (کرنا، ہونا کے ساتھ). [ع].

اِرْشادات (کس ا، سک ر) اند؛ ج.
ارشاد کی جمع، اقوال احکام، فرمودات.

آرْشَد (فت ا، سک ر، فت ش) صف.
مقابلۃً زیادہ ہدایت یافتہ، بہت ہدایت یافتہ؛ نہایت سعید (بیشتر شاگرد کے لیے مستعمل)، مرشد بن جانے میں ممتاز بڑا، راشد کا صیغہ تفضیل. [ع].

اِرْصاد (کس ا، سک ر) اند.
۱. دیدبانی، گھات میں بیٹھنا، رصدگاہ میں بیٹھ کر ستاروں کا حال دریافت کرنا. ۲. (بدیع) نثر کے فقرے اور نظم کی بیت میں کلمہ آخر سے پہلے ایسا لفظ لانا کہ اگر سجع یا قافیہ معلوم ہو تو پتا چل جائے کہ آخری کلمہ (یا قافیہ) کیا ہوگا (دوسرا اصلاحی نام؛ تسہیم). [ع].

آرْض (فت ا، سک ر) اسث.
۱. زمین، دھرتی. ۲. سرزمین، علاقہ. [ع].
ارض مقدس اسث. پاک سرزمین، مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ، (مجازاً) کل سرزمین حجاز، عرب.
ارض و سما (مرکب عطفی). زمین اور آسماں.

اِرْضاع (فت ا، سک ر) اند.
(ماں یا دایہ کا بچے کو) دودھ پلانا. [ع].

آرْضی (فت ا، سک ر) صف.
۱. ارض (دیکھیے) کی طرف منسوب. ۲. (مجازاً) جسمانی، مادی، سفلی.

آرْضِیات/ آرْضِیّات (فت ا، سک ر، کس ض/ شدی) اسث.
زمین کے بالائی خول اور اس کی مختلف تہوں اور طبقوں کی شکل و تاریخ: قدیم الایام سے زمین پر بسنے والے حیوانات و نباتیات کی پیدائش اور ماحول وغیرہ سے تعلق رکھنے والے مباحث کا علم، علم طبقات الارض، جیالوجی.

آرْضِیاتی/ آرْضِیّاتی (فت ا، سک ر، کس ض/ شدی) صف.
ارضیات سے منسوب.

آرْغَوان (فت ا، سک ر، فت غ، غنہ) (الف) اند.
مہین شاخوں اور بنفشئ پھولوں کا ایک ایرانی پودا (موسم بہار میں پھولوں سے لد جاتا ہے اور پتیاں نہیں رہتیں) اس پودے کا پھول. (ب) صف. سرخ رنگ کا، ارغوانی. [ف].

آرْغَوانی (فت ا، سک ر، فت غ) (الف) صف.
ارغواں کی طرف منسوب: ارغواں کے رنگ کا، سرخ. (ب) اند. جنگلی خشخاش کے پیڑ کی طرح کا ایک پودا جو زمین پر بچھا رہتا ہے (سرخ پھول جس کی پتیوں کے سرے خشخاش کے پھلوں سے مشابہ مگر ان سے کسی قدر لمبے بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے).

آرْفَع (فت ا، سک ر، فت ف) صف.
۱. (i) بلند تر (جگہ)، مقابلۃً اونچا. (ii) (درجے، مرتبے یا حیثیت وغیرہ میں) برتر، بالاتر، باوقعت. ۲. (i) (مجازاً) پاک، بری، منزہ (سے کے ساتھ). (ii) (مجازاً) ستھرا، سلیقے کا، اچھی قسم کا. [ع].

آرْقام (فت ا، سک ر) اند؛ ج.
ہندسے، اعداد رقومات؛ ان کے لکھنے کا طریقہ اور علامات، (خصوصیت کے ساتھ) روپیوں کی تعداد بیان کرنے کی علامات، جیسے: عہ (= ایک روپیہ)، ے (= تین روپے)، وغیرہ. [ع].

اِرْقام (کس ا، سک ر) اند.
۱. لکھنے کا عمل، نگارش، لکھنا یا لکھا جانا. ۲. (i) (مجازاً) لکھے ہوئے الفاظ اور ان کے مفہوم، عبارت جو لکھی جائے. (ii) کاغذ جس میں کچھ تحریر ہو، خط تحریر، نوشتہ. [ع].

آرْکان (فت ا، سک ر) اند؛ ج.
۱. کئی ستون؛ میخیں (جن کے جڑے ہونے سے کوئی چیز قائم یا نصب ہو). ۲. (کسی تنظیم یا جماعت وغیرہ کے) بنیادی یا ضروری اجزا، اصول نیز اس کے ممبران، افراد. ۳. عناصر اربعہ: آگ، ہوا، پانی، مٹی.

۴. عمائدین ، اعیان ، بڑے یا مستند لوگ .۵. (اسلامیات) فرائض و واجبات .۶. (عروض) افاعیل ، وہ اوزان جن کی مختلف ترکیبوں سے بحریں بنی ہیں (فعولن ، فاعلن ، مفاعیلن ، متفاعلن ، مفاعلتن ، مفعولات ، مستفعلن، مستفع لن ، فاعلاتن ، فاع لاتن) شعر میں بحر کے اجزا جو تقطیع سے حاصل ہوتے ہیں . [ع] .

آرگجا/ ارگج/ ارگجه (فت ا ، سک ر ، فت گ) اند (قدیم) .
۱. صندل ، اگر ، بنفشہ ، کافور ، گلاب وغیرہ خوشبوؤں کا مرکب (جو عموماً پان کے ساتھ مہمان کے سامنے پیش کیا جاتا تھا) . (دکن) ایک منجمد خوشبودار زرد رنگ مرکب (جو عطر کی طرح کپڑوں پر اور ویسلین کی طرح جسم پر ملتے ہیں) ، مرکب عطر ، غالیہ .۲. حل شدہ گلاب ، برادۂ صندل ، مشک ، کافور ، عبیر کا ایک مرکب جو فاتحۂ سوم کے روز ایک پیالے میں رکھ کر ہر فاتحہ خواں کے سامنے پھول ڈلوانے کو پیش کیا جاتا ہے . [س] .

اِرَم (کس ا ، فت ر) اند .
۱. ایک شہر کا نام جس میں قوم عاد آباد تھی . شداد کی بنوائی ہوئی جنت (جسے اس نے نہایت عالی شان ، خوبصورت ، آرام دہ عمارتوں اور دلکش و رنگین باغات وغیرہ سے آراستہ کیا تھا . اُس کی نظر میں خدائے تعالیٰ کی جنت کا جواب تھا) .۲. (مجازاً) بہشت ، باغ بہشت . [ع] .

اَرمان (فت ا ، سک ر) اند .
۱. آرزو ، تمنا ، خواہش .۲. چاؤ ، لاڈ ، پیار .۳. (محرومی وغیرہ پر) افسوس ، تاسف . [ت] .

ارمان بھرا صف . ۱. حسرتوں اور تمناؤں سے پر آرزومند .۲. تمنا بر آنے سے محروم ، ناکام تمنا .۳. بن بیاہا (عموماً جوانا مرگ کے لیے مستعمل) .

ارمان پورا ہونا محاورہ . آرزو پوری ہونا ، مقصد حاصل ہونا .

ارمان جاتا رہنا محاورہ . آرزو مٹ جانا ، خواہش ختم ہونا .

ارمان جی کا جی میں رہنا محاورہ . آرزو دل کی دل میں رہنا ، آرزو پوری نہ ہونا .

ارمان خاک میں ملنا محاورہ . آرزو پامال ہونا ، مایوسی ہونا .

ارمان رہ جانا محاورہ . حسرت رہ جانا ، حوصلہ نہ نکلنا .

ارمان کرنا محاورہ . کسی بات کی تمنا کرنا ، آرزو کرنا .

ارمان نکالنا محاورہ . آرزو بر لانا ، حسرت پوری کرنا ، دلی خواہش کو عملی جامہ پہنانا .

ارمان نکلنا محاورہ . تمنا پوری ہونا ، آرزو بر آنا .

اَرْمُغان/ اَرْمَغان (فت ا ، سک ر ، ضم م/ فت م) اند .
ہدیہ ، تحفہ ، سوغات . [ف] .

اَرْمَن (فت ا ، سک ر ، فت م) اند .
کوہستان آذربائیجان (کوہ قاف) کا ایک علاقہ جس کا حسن و جمال ضرب المثل ہے ، ارمینیا (کہا جاتا ہے کہ فرہاد کی محبوبہ شیریں یہیں پیدا ہوئی تھی) (اردو ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل) .۲. علاقہ ارمن کے عیسائی جو اسقف روم کے تابع تھے . [ف] .

اَرْمَنی (فت ا ، سک ر ، فت م) صف .
ارمن (دیکھیے) سے منسوب . [س] .

اَرْنا (فت ا ، سک ر) (الف) اند : امث : ارنی .
جنگلی بھینسا ، قوی موٹا اور توانا بھینسا . (ب) صف . جنگلی ، صحرائی . [س]

ارنا بھینسا اند . ۱. جنگلی بھینسا جو موٹا تازہ اور بہت ظالم اور خطرناک ہوتا ہے ، موٹا آدمی .۲. (گلہ بانی) افزائش نسل کے لیے بھینسوں کے گلے میں آزاد چھوڑا ہوا بھینسا جو جنگل میں بھینسوں کے ساتھ رہے .

اَرَنڈ (فت ا ، ر ، سک ن) اند .
چوڑے چوڑے اور چرواں پتوں کے ایک درخت کا نام جس کے بیج کی گری سے تیل (کاسٹر آئل) نکالا جاتا ہے (اس کی لکڑی بہت بودی (کمزور) ہوتی ہے) ، بید انجیر . [س] .

اَرَنڈی (فت ا ، ر ، سک ن) امث .
۱. ارنڈ کے بیج ، تخم بید انجیر (جس کا تیل جلاب کے لیے کام آتا ہے)
۲. ارنڈ کا درخت .۳. ارنڈ کے پھل کی گری .۴. ریشم کی قسم کی ایک جنس جو غلطی سے ریشم سمجھی جاتی ہے لیکن درحقیقت وہ ریشم نہیں ہوتی بلکہ ریشم کے کیڑے کی نوع کا ایک کیڑا ہوتا ہے جو ارنڈ کے درخت پرورش پاتا ہے . (اس کے کوے کے مادے سے جو تار حاصل ہوتا ہے وہ ارنڈی کے نام سے موسوم ہے) .

اَرْنی / اَرْنی (فت ا، کس ج ر/ سک ر) عربی فقرہ.
مجھے (اپنا جمال) دکھا دے (حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر خدائے تعالیٰ سے درخواست کی تھی: رب ارنی الیک (= اے خدا میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں مجھے اپنا جمال دکھا دے). [ع].

اَرْوا (۱) (فت ا، سک ر) اند.
چاول جو پھٹکنے اور صاف کرنے سے پہلے اُبالا نہ گیا ہو، جوشی کی ضد؛ اوسط درجے کے دھان کی ایک قسم. [س].

اَرْوا (۲) (فت ا، سک ر) اند؛ ~ اروی.
استقرار حمل کے بعد امتلا وغیرہ کی کیفیت جو علامات حمل میں سے ہے. [ع].

اَرْواح (فت ا، سک ر) (الف) است؛ اند.
۱. بطور جمع؛ روحیں، جانیں. ۲. فرشتے ملائک. (ب) است. بطور واحد، روح، نفس. [ع].

اَرُوپ (فت ا، ومع) صف.
۱. (لفظاً) جس کا کوئی روپ اور شکل نہ ہو (مراداً) ذات باری تعالیٰ (جو شکل وصورت سے مبرا ہے). ۲. بدشکل، بھونڈا. [س].

اَروغ (فت ا، وج) است.
ڈکار. [ف].

اَرْوَلی (فت ا، سک ر، فت و) صف؛ مذ.
مقام ارول سے منسوب، ارول (ضلع گورکھپور؛ بھارت) کا، خصوصاً ایک قسم کا موٹا اور میلا کاغذ (جو ارول میں بنایا جاتا تھا).

اَرْوی (فت ا، سک ر) است.
ایک قسم کی گانٹھ والی جڑ جو ترکاری کے طور پر پکائی اور کھائی جاتی ہے (پتے چوڑے اور بڑے جن کے پتوڑے پکاتے ہیں، ہاتھ کی انگلیوں سے کسی قدر مشابہ ہوتی ہے اور پکنے پر لیس دار ہوجاتی ہے)، گھیاں. [س].

اَرّہ / آرا (فت ا، شد ر بفت) اند.
۱. لکڑیاں چیرنے کا آری سے بڑا (عموماً ہلالی شکل کا) آلہ جس میں دندانے ہوتے ہیں اور دونوں طرف دو قبضے جنھیں پکڑ کر دو آدمی چلاتے ہیں. ۲. (تصوف) ایک قسم کا ذکر جس میں آرا چلنے کی سی آواز آتی ہے. [ف].

ارہ کش اند. آرا چلانے والا شخص، لکڑی کو آرے سے چیرنے والا.

اِرْہاص (کس ا، سک ر) اند.
(اسلامیات) رسالت کے تمہیدی آثار، پیغمبری ملنے کا وقت قریب آنے کی علامت (جیسے فرشتوں کا نظر آنا، غیب کی آوازیں سننا وغیرہ). [ع].

اَرْہَٹ (فت ا، سک ر، فت ہ) اند.
پانی نکالنے کا پہیا جو کنویں پر لگاتے ہیں، رہٹ. [س].

اَرْہَر (فت ا، سک ر، فت ہ) اند.
چنے سے ذرا چھوٹا اور رنگ میں اس سے ملتا جلتا ایک غلہ جس کو دل کر دال بناتے ہیں؛ اس غلے کی دال. [س].

ارہر کی ٹٹی گجراتی تالا کہاوت. متضاد چیزوں یا موزوں اور ناموزوں چیزوں کو ملانا.

اَری (فت ا) حرف ندا.
ارے کی تانیث.

اَرے (فت ا) کلمۂ تعجب یا ندا وغیرہ.
۱. (شخص معین کے لیے) اے فلاں شخص! ۲. (شخص غیر معین کے لیے) اے کوئی جانے والے یا سننے والے، وغیرہ. ۳. تنبیہ کے لیے یا توجہ دلانے کے موقعے پر. (ب) فجائیہ. ۱. (i) تحیر، استعجاب یا تاسف کے لیے. (ii) تکلیف و درد میں کراہتے وقت. ۲. پناہ مانگنے کے موقعے پر. [س].

ارے باپ رے باپ کلمۂ تعجب. اظہار تعجب و حیرت کے لیے.

ارے بھئی کلمۂ تخاطب. اے میاں، اے شخص وغیرہ.

ارے توبہ فجائیہ. کسی کیفیت یا حالت کی غیر متوقع کثرت ظاہر کرنے کے لیے.

ارے جا / چل کلمۂ زجر و توبیخ. کسی کی بات ٹھکرانے کے موقعے پر جھڑکنے کے لیے.

ارے مار ڈالا فقرہ. خوف یا تکلیف کے اظہار کے لیے؛ بڑا دھوکا دیا.

ارے میرے کرم جہاں ٹٹولا وہیں نوم کہاوت. آج کل تو ہر کام میں

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

قسمت یاوری پر ہے .

آرے واہ فجائیہ. تحیر یا تاسف .

آرے ہاں فجائیہ. چونکنے یا بھولی ہوئی بات یکایک یاد آنے یا تنبیہ کے موقعے پر ؛ بطور کلمۂ فضول (لہجے کے فرق سے مختلف معنی کے اظہار کے لیے مستعمل) .

ادے (ضم ا) ظرف.

اِس طرف، اِدھر، مخاطب کے نزدیک ، پرے کی ضد (جیسے : پرے مت جاؤ اُرے آؤ) . [س] .

آریب (فت ا ، ی مع) صف.

دانشمند ، عاقل . [ع] .

اُریب/ اوریب (ضم ا ، ی مج) (الف) صف .

۱. اڑا، ترچھا .۲. آڑی تراش کا (کرتہ، پاجامہ وغیرہ) (ب) اند .۱. ترچھا پن ، آڑا پن ، جھک کر ہٹنے کا عمل .۲. مکر، فریب ، دھوکا . [س] .

اریب دار صف. (خیاطی) ترچھی کاٹ کا (پاجامہ) .

اُریبوان (ضم ا ، ی مج ، سک ب) صف ، م ف.

اوپر ایک طرف کے کنارے سے لے کر نیچے دوسری طرف کے کنارے تک ترچھا ، آڑا.

اُریری (ضم ج ا ، ی لین) امث .

(ہیئت) ایک رصدی آلہ جس سے آفتاب کے گرد ستاروں کی گردش معلوم کی جاتی ہے . [انگ] .

اَریکہ (فت ا ، ی مع) اند.

تخت ، مسہری . [ع] .

اَڑ (فت اس) امث.

اڑنا سے امر کا صیغہ اور اس کا مادہ و ماخذ .۱. کسی بات پر بے جا اصرار ، ضد ، ہٹ .۲. خلل معدہ جو ثقالت غذا کے باعث ہو جائے، قبض، خصوصاً بچے کے پیٹ میں غذا کی گرہ ، سدہ . اف : ہونا .۳. (i) پشتہ ، بند جو مچھلیاں پکڑنے کے لیے بہتے پانی کے وار پار بنایا جائے . (ii) خندق ، کھائی .۴. آڑ ، روک (مرکبات میں جزو اول کے طور پر مستعمل ، جیسے : اڑ بند ، اڑ ڈنڈا وغیرہ) .۵. آڑا کی تخفیف ، جیسے : اڑباٹ ، اڑبنگا .٦. مخالفت ، دشمنی ؛ محبت و تکرار . [س] .

اڑ بیٹھنا محاورہ .۱. کسی بات پر جم جانا اور نہ ہٹنا ، ضد یا اصرار سے نہ ٹلنا . ۲. (کسی جگہ) جم جانا اور ہٹنے یا ٹلنے کا نام نہ لینا ، دھرنا دینا .

اڑ رہنا محاورہ. زبردستی رکنا یا ٹھہر جانا .

اُڑ (ضم ا) .

'اڑنا' سے امر کا صیغہ اور اس کا مادہ و ماخذ (ترکیبات میں مستعمل) .

اُڑ بھنبھیری ساون آیا کہاوت .۱. برے دنوں کے بعد اچھے دن آئے ، موجیں اُڑانے کا وقت آیا ، رنج دور ہوا ، خوشی کا دور آیا .۲. زمانہ برطرفی آیا . (شاہی میں ناظم چکلہ دار جو مذکوری سپاہی اپنی ضرورت سے رکھتے تھے انہیں بیکار تنخواہ دینے کی وجہ سے اساڑھ ، ساون ، بھادوں میں برطرف کر دیتے تھے . ان کی زبان پر یہ مستعمل تھا) .

اُڑ جائیے فقرہ . (خدا کرے) ملیامیٹ ہو جائے ، تباہ و برباد ہو جائے (کوسنے کے طور پر) .

اُڑ کر /کے م ف .۱. زیادہ سے زیادہ ، بہت سے بہت ، بڑھ کر . ۲. بڑھ چڑھ کے .۳. تیزی سے ، جلدی سے ، فوراً .۴. بے ارادہ ، خود بخود .۵. بچ کر ، (گرفت سے) نکل کر .

اُڑ کر (کے) لگنا محاورہ. (بیماری کا) ایک سے دوسرے تک پہنچ کر اس کو متاثر کرنا ، (مجازاً) کسی خوبی یا برائی کا ایک سے دوسرے تک اس طرح پہنچنا جیسے متعدی بیماری لگ جاتی ہے .

اُڑ کر (کے) منھ میں دانہ (کھیل) نہ جانا محاورہ. کچھ نہ کھانا ، بھوکا ہونا ، بے غذا ہونا ، بالکل نہ کھانا .

اُڑ گیا صف ، مذ. بدبخت ، منحوس ، غارت گیا ، مرگیا ، موا (کوسنے کے طور پر) .

اَڑا (فت ا) (الف) اند.

اڑ ، ٹیک ، ستون اڑواڑ . (ب) صف مذ. مشکل ، تکلیف دہ ، روکا ہوا ، پھنسا ہوا ؛ مصیبت کا ، مشکل کا ؛ سخت ضرورت کا (عموماً وقت کے ساتھ) . [س] .

اَڑا وقت اند. آڑا وقت ، مشکل ، مصیبت ، درماندگی (عموماً مغیرہ حالت میں مستعمل) .

اُڑا (ضم ا) صف مذ؛ م ف.
۱. تیزی کے ساتھ، جلدی. ا (ترکیب میں مستعمل) .۲. ہٹا ہوا .۳. نایاب، کمیاب.

اڑا پھرنا محاورہ. نچلا نہ بیٹھنا، پھرتے رہنا.

اڑا جانا ۱. تیز تیز جانا .۲. ٹال جانا، تول کر جانا .۳. جلدی سے کھا پی جانا.

اُڑان (ضم ا) (الف) امث.
پرواز، اُڑنے کا عمل، اُڑنا. خصوصاً گھوڑے کی وہ چال جس میں اس کے پانو زمین سے لگتے نظر نہیں آتے؛ (مجازاً) فکر کی بلند، پروازی؛ نقطۂ عروج. (ب) صف. اڑا اُڑا سا، اُڑا ہوا (عموماً تکرار کے ساتھ).

اُڑان بھرنا محاورہ. اُڑنے کی شان یا طاقت دکھانا (خاص کر کبوتر کا) اُڑنا.

اَڑانا (فت ا) (الف) ف م.
۱. (i) پھنسانا، اٹکانا، اڑواڑ کی طرح لگانا. (ii) ٹھونسنا، داخل کرنا، شامل کرنا .۲. (جسم کے کسی حصے میں) پہننا .۳. رکھ کر زور سے دبانا، (مدافعت کے لیے) حائل کرنا. (ب) امذ. لکڑی جو روک یا ٹیک کے طور پر ستون کی طرح چھت میں یا دیوار کے برابر نصب کی جائے، ٹیک، اڑواڑ.

اُڑانا (ضم ا) ف م.
۱. (i) اڑنا کا متعدی: (کسی پرندکو) پرواز میں لانا. (ii) فضا میں بلند کرنا؛ (ادھر اُدھر) پھیلانا، منتشر کرنا. (iii) (پردار کیڑے وغیرہ کو) بھگانا .۲. (پرندے کو) چھوڑ دینا، رہا کرنا .۳. بے وقوف بنانا، چکمہ دینا.
۴. (i) (نیند وغیرہ) دور کرنا. (ii) موقوف کرنا، ترک کرنا .۵. نقل کرنا، چربا اُتارنا، (کسی کی صفت) اپنے میں پیدا کرنا، (دوسرے کی وضع) سیکھ لینا .۶. خرچ کرنا، صرف میں لانا (بیشتر اصراف کے لیے مستعمل).
۷. چھیننا، غائب کر دینا، چرانا .۸. جھوٹی خبریں گھڑنا، افواہ پھیلانا.
۹. گرانا، اُٹھا کر پھینکنا .۱۰. تباہ کرنا، مٹانا، ختم کر دینا .۱۱. مغرور یا بیخود بنانا؛ جامے سے باہر کرنا، مزے سے کھانا .۱۲. حرکت دینا، ہلانا .۱۳. مسمار کرنا؛ ہلاک کر دینا .۱۴. (کسی لفظ یا عبارت کو) حذف کرنا، قلم زد کرنا .۱۵. بچانا، طرح دینا .۱۶. (بات کو) ٹالنا، گول کرنا، آنا کانی کرنا .۱۷. (کاشتکاری) دائیں چلے ہوئے اناج کو بھوسے سے جدا کرنے کے لیے ہوا میں اوپر اٹھا کر گرانا تاکہ بھوسا دانوں سے علیحدہ گرے، اسانا. [ار].

اُڑاؤ (ضم ا، و مع) صف.
اُڑانے والا، بیجا خرچ کرنے والا. [ار].

اُڑائی (ضم ا) امث.
۱. (تعمیر) بارود کے ذریعے پہاڑی وغیرہ کو توڑنے کا عمل .۲. ہوا وغیرہ سے اُڑائے جانے کی صورت حال، اُڑانا.

اَڑتالیس (فت ا، سک ر، ی مع) صف.
چالیس اور آٹھ، آٹھ اوپر چالیس، (ہندسوں میں) ۴۸. [ار].

اُڑتی (ضم ا، سک ڑ) صف، مث.
'اُڑنا' (دیکھیے) سے حالیہ ناتمام (ترکیبات میں مستعمل).

اڑتی اڑاتی صف مث. سنی سنائی، غیر مصدقہ (خبر وغیرہ).

اڑتی پڑتی خبر امث. افواہ.

اڑتی چڑیا کے پر گننا محاورہ. دور کی بات تاڑ لینا، آثار اور قیافے سے بھانپ لینا، کسی کے دل کی بات سمجھ لینا؛ نہایت ہوشیار اور چالاک ہونا (دانائی یا فراست ظاہر کرنے کے لیے مستعمل).

اڑتی چڑیا کے پر کاٹنا محاورہ. بہت چالاک اور عیار ہونا؛ (لوگوں کو) عاجز کر دینا.

اُڑتی سی (الف) امث. افواہ، غیر مصدقہ خبر. (ب) صف، مث. ناقابل اعتبار، سنی سنائی (خبر وغیرہ).

اڑتی ہوئی صف. ہلکی سی، خفیف، سطحی.

اَڑتیس (فت ا، سک ڑ، ی مع) صف.
تیس اور آٹھ، آٹھ اوپر تیس، (ہندسوں میں) ۳۸. [ار].

اَڑسٹ / اَڑسٹھ (فت ا، سک ڑ، فت س) صف.
ساٹھ اور آٹھ، آٹھ اوپر ساٹھ، (ہندسوں میں) ۶۸. [ار].

اُڑسنا (ضم ا، فت ڑ، سک س) ف م.
کسی تنگ جگہ یا کسی ہوئی چیز میں کسی چیز کو موڑ کر یا دبا کر گھسانا، ٹھونسنا، کھونسنا؛ اٹکانا، پھنسانا.

اُڑن (ضم ا، فت ڑ) امث.
اڑان کا مخفف (ترکیبات میں مستعمل).

اڑن چھو صف. غائب، رفوچکر، نظر سے اوجھل.

اڑن کھٹولا اند. جادو کا پلنگ یا پیڑھا جو داستانوں کی روایت کے مطابق فضاؤں میں پرواز کیا کرتا تھا، دیوؤں اور پریوں کی سواری کا تخت.

اَڑنا (فت ا، سک ڑ) ف ل.
۱. کسی جگہ جم جانا، جگہ سے نہ سرکنا، ٹس سے مس نہ ہونا، دھرنا دینا. ۲. کسی بات پر اصرار کرنا، جمے رہنا، ضد کرنا. ۳. پھنسنا، اٹکنا، نکل نہ سکنا. ۴. مزاحم ہونا، سد راہ ہونا، حائل ہونا. ۵. (کسی کا کام) رک جانا اور حل نہ ہوسکنا. ۶. (کسی سے) بھڑنا، ٹکرانا، جھگڑنا، بحث یا بیر باندھنا. ۷. گڑنا، اندر بیٹھ جانا، ٹھنسنا. ۸. دخل دینا، بیچ میں پڑنا جیسے. [س].

اُڑنا (ضم ا، سک ڑ) ف ل.
۱. فضا میں تیرنا خصوصاً پروں پر. ۲. تیز رفتاری کے ساتھ جانا، بہت جلد چلنا؛ دوڑنا. [س].

اَڑنگ (فت ا، ڑ، غنہ) اند.
ڈھیر، انبار. [س].

اڑنگ بڑنگ/تڑنگ (الف) م ف. ۱. مہمل اور بے سر و پا اوٹ پٹانگ. ۲. بے ترتیب، تتر بتر، بکھرا ہوا. (ب) اند. لڑکوں کا ایک کھیل.

اَڑنگا (فت ا، ڑ، غنہ) اند.
۱. کشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرا دیتے ہیں. (بندھائی) باڑ کی کھڑی لکڑی کا جھوک روکنے اور سہارا دینے والی ترچھی بندھی ہوئی لکڑی. ۲. (مجازاً) مزاحمت، رخنہ؛ جھمیلا.

اڑنگا دینا/ لگانا/ مارنا محاورہ. ۱. (کشتی) حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر اسے گرا دینا. ۲. رخنہ ڈالنا، (ہوتے ہواتے کام میں) رکاوٹ پیدا کرنا.

اَڑواڑ (فت ا، سک ڑ) اسث. ~ اڑوار
کسی وزنی چیز کو سہارا دینے اور اوپر کو اُٹھائے رکھنے والی آڑ، وہ لکڑی جو پرانی چھت کے نیچے گر پڑنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں. [س].

اَڑوس پَڑوس (فت ا، وج، فت پ، وج) (الف) م ف.
پاس پڑوس، ہمسایہ. (ب) اند. قریب کی جگہ، ہمسائگی میں واقع جگہ، نزدیکی، قربت.

اَڑوسی پَڑوسی (فت ا، وج، فت پ، وج) اند.
گھر کے نزدیک رہنے والے.

اَڑی (فت ا) (الف) اسث.
۱. مصیبت، مشکل. ۲. کشتی کا ایک پیچ: حریف کی گردن پر داہنا ہاتھ رکھ کے مقرر طریقے سے جھٹکا دینا (اکثر 'مارنا' کے ساتھ). (ب) صف مث. (لفظاً) اڑی ہوئی (مراداً) سخت، ناقابل عمل.

اڑی دڑی (دھڑی) قاضی کے سر پڑی کہاوت. پرائی مصیبت/ بلا اپنے سر آئی.

اڑی کرنا محاورہ. ۱. کشتی میں اڑی کا داؤ چلنا، اڑی مارنا. ۲. تکرار کرنا، اکڑ تکڑ دکھانا.

اُڑی (ضم ا).
دیکھیے: 'اڑنا' سے حالیہ تمام (تراکیب میں مستعمل). [س].

اڑی اڑی طاق (پر) بیٹھی کہاوت. (کوئی بات) جو چرچا ہوتے ہی عوام میں پھیل جائے، بات کہاں سے کہاں جا پہنچی.

اڑی بڑی صف. سنی سنائی، ناقابل اعتبار.

اُڑے (ضم ا)
دیکھیے: اڑ جائے، اڑا کی ظرفی یا مغیرہ حالت.

اڑے اڑے پھرتے ہو فقرہ. دکھائی نہیں دیتے، ملتے نہیں.

اَڑیل (فت ا، سک ڑ، فت ی) صف.
۱. اڑ جانے والا، جو چلائے نہ چلے (گھوڑا، ٹٹو یا بیل وغیرہ). ۲. (شخص) جو اپنی ضد پر اڑ جائے، ضدی. ۳. (مجازاً) جس کی حیثیت مسلم ہو اور نہ گھٹ سکے، بڑا، زبردست. [ار].

اَڑھائی (فت ا) صف.
ڈھائی، دو اور نصف کا مجموعہ، (ڈھائی ہندسوں میں) ۲½. [س].

اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا محاورہ. سب سے الگ رائے رکھنا اکل کھرا پن اختیار کرنا، اکھڑ مزاجی کے باعث کسی کے ساتھ متفق نہ ہونا.

اڑھائی دن کی بادشاہت اسث. چند روزہ عیش، عارضی یا ناپائدار خوشی.

اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج کہاوت. بچہ تیزی اور شرارت میں ماں باپ سے بھی بڑھا ہوا ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، اسث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

آز (فت ا) حرف ربط.
''سے'' کا ہم معنی (ترکیب میں مستعمل) : (i) ابتدا ، منبع ، مخرج ؛ ملکیت ؛ (جیسے از ابتدا تا انتہا ، ازخود بندہ وغیرہ). (ii) سبب ، علت ، واسطہ ، وسیلہ ظاہر کرنے کے لیے ، جیسے : ازیں (= بنا بریں ، اس سبب سے). (iii) شمولیت ، اشتراک ظاہر کرنے کے لیے ، جیسے : ازانجملہ (= منجملہ ان کے). (iv) تصنیف یا تالیف کی نسبت ظاہر کرنے کے لیے ، جیسے : از راقم ، از غالب . (v) تجاوز ، زیادتی ظاہر کرنے کے لیے ، جیسے : ازحد ، ازبس ، ازبسکہ . [ف].

از آدم تا ایں دم فارسی فقرہ (اردو میں مستعمل). ابتدائے خلقت سے لے کر آج تک .

از بر صف .نوک زباں ، حفظ ، زبانی یاد .

از برائے کلمۂ علت یاقسم .لیے ، واسطے ؛ قسم کے طور پر (عموماً خدا کے ساتھ).

ازبس/ازبسکہ (الف) م ف .۱. چونکہ . (ب) صف .۲. کثرت سے ، زیادتی کے ساتھ ، زیادہ ، بہت .

از حد صف .حد سے سوا ، بے حد ، نہایت ، ان گنت .

از خرداں خطا و از بزرگاں عطا کہاوت .چھوٹوں کا کام غلطی کرنا ہے اور بڑوں کا کام معاف کر دینا ہے .

ازخود م ف .۱. خود بخود ، آپ ہی آپ ؛ بے تحریک و ارادہ .۲. اپنی ہستی کی طرف سے ، اپنی ذات سے .۳. عمداً ، قصداً .

از خودرفتگی است .اپنے آپ میں نہ رہنا .

ازخود رفتہ/ فراموش صف .بے خود ، جو اپنے آپے میں نہ ہو ، جس کے ہوش و حواس جاتے رہے ہوں .

از راہ / رہ کلمۂ علت وسبب .طور پر ، وجہ سے ، بطور ، طریقے سے .

از روئے م ف .بغرض ، بربنا ، کسی چیز کا بنیاد پر .

از سرنو م ف .نئے سرے سے ، دوبارہ ، پھر سے .

از کار رفتہ صف .۱. بے کار ، جو کسی کام یا مصرف کا نہ ہو .۲. نامرد ، جو کام کے قابل نہ ہو ، نکما .

از یاد رفتہ صف .جیسے کوئی بھول جائے ، بھولا ، ہوا .

اِزار (کس ا) است ؛ اند (قدیم).
۱. ناف سے لے کے پانو یا ٹخنوں تک ڈھانپنے کا سلا ہوا لباس ، زیر جامہ ، پاجامہ .۳. مردے کا تہ بند ، جسم کے نچلے حصے کا بے سلا کپڑ جس میں مردے کو کفنایا جاتا ہے .۴. پاجامہ ؛ شلوار ، تہ بند . [ع].

ازار بند اند .۱. فیتہ یا ڈوری وغیرہ جو پاجامے کے نیفے میں پرو کر کمر میں باندھتے ہیں ، کمر بند .۲. سوت یا ریشم کا ناڑا جو پاجامہ یا شلوار کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے .

ازار بند ڈھیلا ہونا محاورہ .شہوت پرست ہونا ، بدکار ہونا .

ازار بند کا ڈھیلا صف ، مذ .شہوت پرست ، زناکار .

ازار سے باہر نکل چلنا/ نکلنا/ ہونا محاورہ .غصہ ہونا ، غصے کے مارے آپے میں نہ رہنا ؛ ادب و لحاظ نہ کرنا .

ازار میں ڈال کر پہن لینا محاورہ .خاطر میں نہ لانا ، ہیچ سمجھنا .

اِزارَہ (کس ا ، فت ر) اند .
عمارت کی دیواروں کی سطح فرش سے ہاتھ ڈیڑھ تک اونچی تیار کی ہوئی حد کھڑکی یا طاق کی حد تک چنائی ، اجارا . [ع].

اِزالَہ (کس ا ، فت ل) اند .
۱. دفعیہ ، خاتمہ ، زائل کرنے کا عمل ، مٹانا ، تلافی کرنا . [ع].

ازالۂ بکارت اند .لڑکی کا کنوار پن ٹوٹنا یا توڑنا ، دوشیزہ کے ساتھ محبت

ازالۂ حیثیت/ حیثیت (عرفی) اند . (لفظاً) عوام کی نظروں میں کسی موجودہ حیثیت کو گھٹانا ، (قانون) کسی کی شہرت کو نقصان پہنچانے کا مرتکب ہونا ، بدنام کرنا ، بے آبروئی کرنا ، کوئی ایسی بات مشتہر کرنا جس سے کسی کی عزت دوسروں کی نظر میں گر جائے ، ہتک عزت .

اُزبَک/ اُزْبُک (ضم ا ، سک ز ، فت ب/ضم ب) اند .
۱. وسط ایشیا میں بسنے والے ترکوں کا ایک مشہور قبیلہ .۲. وحشی ، بدسلیقہ اجڈ ، گنوار . [ت].

اِزْدِحام (کس ا ، سک ز ، کس مع د) اند .
بھیڑ ، مجمع ، ہجوم ، جمگھٹ . [ع].

اِزْدِواج (کس ا ، سک ز ، کس مع د) اند .
۱. شادی ، بیاہ ، عقد ، نکاح .۲. (بدیع) مصرعوں کے آخر میں ایسے دو لفظ لانا جن کا جزو آخر لفظاً متشابہ ہو ، (جیسے : مصاف اور صاف وغیرہ). [ع].

اِزدِواجی (کس ا ، سک ز ، کس ج د) صف .
ازدواج (دیکھیے : نمبر ۱) سے منسوب : شادی ، نکاح یا زن و شوہر سے متعلق امر .

اَزرَق (فت ا ، سک ز ، فت ر) صف .
نیلے رنگ کا ، نیلگوں .۲. کرنجی آنکھوں والا ، گربہ ، چشم . [ع] .

اَزکٰی (فت ا ، سک ز ، ابشکل ی) صف .
کیزہ ، بہت پاکیزہ . [ع] .
اَزکیا اند . جمع زکی کی ، پاکیزہ آدمی .

اَزَل (فت ا ، ز) (الف) ظرف .
آغاز آفرینش ، ابتدائے زمانہ . (ب) اند . مدت جس کی ابتدا نہ ہو ، ہمیشگی ، قدم . [ع] .

اَزلام (فت ا ، سک ز) اند ؛ ج .
فال نکالنے کے تیر . (اسلام سے پہلے عرب کے لوگ تیروں کے ذریعے قرعہ اندازی کی طرح فال نکالتے تھے اور ان کے فیصلے کے مطابق آپس میں امور کی تقسیم کرتے تھے) . [ع] .

اَزَلی (فت ا ، ز) صف .
۱. قدیم ، انادی ، جس کی ابتدا نہ ہو .۲. (مجازاً) بہت پرانا ، مدت کا ، موروثی .

اَزمِنَہ (فت ا ، سک ز ، کس م ، فت ن) اند ؛ ج .
زمان (دیکھیے) کی جمع . [ع] .
ازمنۂ ثلاثہ / ثلثہ اند ؛ ج . تین زمانے : ماضی ، حال ، مستقبل .

اَزواج (فت ا ، سک ز) است : اند ؛ ج .
۱. بیویاں ، (کسی کی) منکوحہ عورتیں .۲. شوہر ، خاوند . [ع] .
ازواج مطہرات است . پاک بیویاں ؛ (مراد) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں .

اَزِیں (فت ا ، ی مع ، غنہ) م ف .
"اس سے" کا مترادف ، جیسے : ازیں وجہ (= اس وجہ سے) ، ازیں جا (= اس جگہ سے) . [ف] .

اَژدَر (فت ا ، سک ژ ، فت د) اند .
اژدہا . [س] .

اَژدَہا (فت ا ، سک ژ ، فت د) اند .
بڑا اور موٹا سانپ جو شکار کو اپنی لپیٹ میں دبا کر کچل دیتا اور سالم نگل جاتا ہے . [ف] .

اِژدِہام (کس ا ، سک ژ ، کس ج د) اند .
بھیڑ ، مجمع ، ہجوم ، دیکھیے : ازدحام .

اَژدھات (فت ا ، سک ژ) است .
سونا ، چاندی ، تانبا ، پیتل ، رانگ ، جست ، سیسے اور لوہے کا مرکب ، دھات جو آٹھ دھاتوں کو گلا کر اور ملا کر بنائی جاتی ہے . [س] .

اِس (کس ا) اشارۂ قریب .
"یہ" کی مغیرہ حالت (جو "یہ" سے پہلے پر ، تک ، سے ، کا ، کو ، میں ، نے وغیرہ (حروف ربط ، علامت ظرف یا حرف اضافت) آجانے سے پیدا ہوتی ہے ، جیسے اِس نے ، اِس سے ، اِس کو ، اِس پار ، اِس طرف ، اِس کا ، اِس کی ، اِس کے ، وغیرہ . [س] .
اِس بار یا اُس بار فقرہ . اب نفع ہو یا نقصان ، معاملہ یکسو ہو جائے ، نتیجہ خواہ کچھ ہو .
اس پر / پہ م ف . ۱. اس کے علاوہ ، مزید براں ، پھر .۲. اس کے باوجود ، اس کے ہوتے .۳. اس صورت میں ، اس حالت میں .۴. اس سلسلے میں ، اس تعلق سے .۵. بعد میں ، آیندہ .
اس درجہ م ف . اس حد تک ، اس قدر ، اتنا کچھ .
اس دن کو م ف . انہی حالات کو سوچ کر ، اسی انجام پر نظر کر کے .
اس سے کیا حاصل کہ شاہ جہاں کی داڑھی بڑی تھی یا عالم گیر کی کہاوت . یعنی 'بے جا بحث بے سود ہوتی ہے ، غیر ضروری بحث مباحثے سے کیا فائدہ' .
اس سرے سے اُس سرے تک م ف . اس طرف سے اس طرف تک ، کل جگہ ، شروع سے آخر تک .
اس سے م ف . ۱. اس لیے ، اس وجہ سے ، اس سبب سے .۲. جوتی سے بیزار سے ، ٹھینگے وغیرہ سے (جس چیز سے مراد ہو اُس کی طرف اشارہ کر کے) .۳. (بہتر یہ ہے کہ) اس کے بدلے ، اس کے مقابلے میں .

اس سے کیا ہوا پڑے گا محاورہ. یہ مقدار کافی نہیں، یہ شخص خاطرخواہ کام نہ کر سکے گا.

اس طرف م ف. اِدھر، اُرے یا وَرے، متکلم سے قریب کی سمت؛ ان دنوں، حال میں، تھوڑے دن پہلے تک، ماضی قریب میں.

اس قدر م ف. ۱. اتنا زیادہ، اس درجہ، یہاں تک (کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے لیے). ۲. اتنا، بس اتنا، اتنا ہی. ۳. اس مقدار میں.

اس کان (سے) سننا اُس کان (سے) اڑانا/ نکال دینا محاورہ. ۱. بات کو ٹال جانا، آنا کانی کرنا، التفات نہ کرنا. ۲. کسی بات کی پروا نہ کرنا، توجہ نہ کرنا.

اس کان سنیں یا اُس کان فقرہ. اچھی طرح سن رکھیں، بہرحال اس کا خیال رہے، یہ نہ بھولیں.

اس کو تو بتھر مارے بھی موت نہیں آتی کہاوت. ۱. بہت سخت جان، نہایت سخت جاں؛ (کنایۃً) بے حیا اور بے غیرت کی نسبت کہتے ہیں. ۲. بیکاری میں کسی کام کا اُلٹ پھیر کرتے رہنا جس کی کوئی ضرورت اور نتیجہ نہ ہو، فضول اور بے کار کام کرنا، بے فائدہ کام کرنا.

اس کوٹھی (کوٹھے) کے دھان اُس کوٹھی (کوٹھے) میں کرنا محاورہ. بے سود، کام کرنا، وقت گزاری کرنا.

اس (کے) گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے فقرہ. جہاں خلاف رواج اور دنیا سے نرالی باتیں ہوں وہاں کہتے ہیں. ان کا طریقہ ہی سب سے جدا ہے.

اس میں م ف. ۱. اس بات میں، اس معاملے میں. ۲. اس اثنا میں، اس دوران، اتنے میں. ۳. چاہے، خواہ؛ اس بنا پر، اس سبب سے.

اس وقت م ف. رات دن یا صبح و شام میں سے کسی ایک وقت (اُس وقت کے بالمقابل بیشتر کھانے کے اوقات میں).

اس ہاتھ دو (دے) اُس ہاتھ لو / لے کہاوت. جیسی کرنی ویسی بھرنی، انسان جو کرتا ہے فوراً اس کا ویسا ہی صلہ پاتا ہے.

اُس (ضم ۱) اشارۂ بعید.
۱. "وہ" کی مغیّرہ حالت جو "وہ" سے پہلے پر، تک، سے، کا، کو، میں، نے، وغیرہ (حرف ربط، علامت ظرف یا حرف اضافت) آجانے سے پیدا ہوتی ہے، جیسے: اُس نے، اُس پر، اُس کو، اُس پار، اُس طرف، اُس کا. [س].

اُس کی لاٹھی بے آواز ہے/ میں آواز نہیں کہاوت. خدائے تعالیٰ کبھی ایسی سزا دیتا ہے جس کا سان گمان نہیں ہوتا، خدا کا قہر ناگہانی ہوتا ہے.

أساتِذَہ (فت ۱، کس ج ت، فت ذ) امذ؛ ج.
اُستاذ کی جمع، کاملانِ فن، ماہرین، معلمین. [ع].

أسارِیر (فت ۱، ی مع) امذ؛ ج.
ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط، خال و خط لکیریں. [ع].

آساڑ(ھ) (فت ۱) است.
ہندی قدیم کا تیسرا مہینا جس میں سورج برج جوزا میں ہوتا ہے برسات کا پہلا مہینا جو جون جولائی کے لگ بھگ واقع ہوتا ہے. [س].

آساڑھی (فت ۱) است.
۱. برسات کے چار مہینے: اساڑھ، ساون، بھادوں، کنوار؛ موٹی قسم کا اناج اور بعض دیگر اجناس جن کی اساڑھ کے مہینے میں کاشت ہوتی ہے، اساڑھ کے مہینے کی فصل، فصل ربیع. ۲. (ہندو) اساڑھ کی پورن ماشی کا تہوار.

أساس (فت ۱) است؛ امذ.
۱. بنیاد، نیو. ۲. عمارت، تعمیر. ۳. حقیقت، ماہیت. ۴. مدار، قیام انحصار. ۵. جس پر کوئی امر مبنی ہو، مبنیٰ، ماخذ، سرچشمہ. ۶. سورۂ فاتحہ نام. [ع].

اُساس (ضم ۱) امذ؛ است.
۱. سانس، دم، آہ. ۲. افسوس، رنج، غم. [س].

أساسی (فت ۱) صف.
بنیادی، جس سے ابتدا ہو، جس پر انحصار ہو، ابتدائی؛ لازمی.

أساطِیر (فت ۱، ی مع) است؛ امذ؛ ج.
کتابیں، لکھائیاں، تحریریں؛ (مراداً) کتابیں (بالعموم قدیم کتب). [ع].

أساطیر الاوّلین/اوّلین امذ. (لفظاً) قدما کی تحریریں یا املائی؛ (مراداً) داستانیں بے بنیاد قصے اور کہانیاں، خرافیات، کسی قوم کی دیو مالا یا روایات

اس کے معتقدات اور مسلمات پر مبنی ہوں ، (انگریزی مائی تھالوجی) .

ساطِیری (فت ا ، ی مع) صف .
اساطیر سے منسوب : خرافیاتی یا روایاتی .

اَسالِیب (فت ا ، ی مع) امذ ؛ ج .
اُسلوب کی جمع ، طریقے ، ڈھنگ ، وضع ، انداز . [ع] .

اَسامی (فت ا) (الف) ؛ ج .
متعدد نام ، اسما . (ب) امث بطور واحد .١. کسان ، کاشتکار ، مزارع .٢. وہ آدمی جس سے جبراً دھوکا دے کر منفعت حاصل کرنا مقصود ہو .٣. (i) جس پر استغاثہ کیا جائے . (ii) موکل ، جس کے معاملے کی عدالت میں پیروی کی جائے .٤. فرد ، شخص .٥. گاہک ، خریدار ، لین دین رکھنے والا شخص .٦. (ملازمت کی) جگہ یا عہدہ ، خدمت نوکری .
٧. (جوے بازی) اناڑی ، کھیلنے والا جو ہمیشہ ہار جائے . [ع] .
اسامی بنانا محاورہ . بے وقوف بنانا، فریب دینا ، ٹھگنا .

اُسانا (١) (ضم ا) ف م .
غلّے کو ہوا کے رخ اڑا کر اس میں سے بھوسہ وغیرہ الگ کرنا . [س] .

اُسانا (٢) / **اُساننا** (ضم ا) ف م .
(بغیر نمک مرچ وغیرہ کے) اُبالنا ، جوش دینا ، جیسے چنے کی گھنگنیاں اُسانا . [س] .

اَسانِید (فت ا ، ی مع) امث : امذ ؛ ج .
سندیں ، حدیث کے روایت کا سلسلہ . [ع] .

اَسْباب (فت ا ، سک س) امذ (الف) .
بطور واحد .١. ساز و سامان ، چیز .٢. (i) ذریعہ ، وسیلہ . (ii) آلہ .
(ب) بطور جمع .١. وجوہ و علل .٢. (i) وسائل ، ذرائع . (ii) اشیا ، چیزیں .
٣. لوازم ، خصوصیت .٤. (عروض) سبب کی جمع ؛ کلمے کے دوحرفی ٹکڑے .
[ع] .
اسباب کرنا محاورہ . سامان کرنا ، اہتمام کرنا ، راہ نکالنا . [ع] .

اَسْباط (فت ا ، سک س) امذ ؛ ج .
١. بنی اسرائیل اور ان کے بارہ قبیلے جو حضرت موسیٰ کے ساتھ تھے ، رفقائے موسیٰ .٢. پوتے اور نواسے . [ع] .

اَسْباق (فت ا ، سک س) امذ ؛ ج .
سبق کی جمع . [ع] .

اَسبَغول/ اِسبَغول (فت ا ، سک س ، فت ب ، وج / کس ا) امذ .
دیکھیے : اسپغول .

اَسْپ (فت ا ، سک س) امذ .
١. گھوڑا جو عموماً گاڑی میں جوتا جاتا ہے اکثر زین کس کر سواری بھی کرتے ہیں (قد گدھے اور خچر سے اونچا) .٢. شطرنج کا مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے . [ف] .

اِسْپات (کس ا ، سک س) امذ .
پکا لوہا ، فولاد . [پرتگا] .

اَسْپانَہ (فت ا ، سک پ) امذ .
گھوڑے کی قیمت یا خوراک وغیرہ کے خرچ کا جزو یا کل جو زمیندار اسامیوں سے وصول کرے .

اَسْپَتال/ہسْپَتال (فت ا ، سک س ، فت پ / فت ہ) امذ .
مریضوں کے علاج کی جگہ ، شفاخانہ . [انگ] .

اِسْپِرانٹو (کس ا ، سک س ، کس ج پ ، کس ن ، وج) امذ .
دیکھیے : اسپرنٹو . [انگ] .

اِسْپِرٹ (کس ا ، سک س ، کس پ ، ر) امث .
١. الکحل کا مقطر جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے .٢. مقطر شراب ، جوہر شراب .٣. جذبہ ، جوش ، لگن ، تڑپ . [انگ] .

اِسْپِرنٹو/اسپرانٹو (کس ا ، سک س ، کس ج پ ، فت ر ، سک ن ، وج) امث .
١. ایک وضعی اور مصنوعی عالمی اور بین الاقوامی زبان نام .٢. (مجازاً) زبان ، بول چال . [انگ] .

اِسْپِرنگ (کس ا ، سک س ، کس پ ، ر ، غنہ) امذ ؛ امث .
لچکیلا کنڈلی کی شکل کا پرزا جو لوہے وغیرہ کے تار یا سلاخ کو بل دے کر بنایا جائے ، جو دباؤ سے دب جائے اور کھلنے کے لیے زور کرے کمانی جیسی کہ گھڑی ، گاڑی اور گدوں وغیرہ میں لگی ہوتی ہے . [انگ] .

اَسْپغول/ اِسْپغول (فت ا ، سک س ، فت پ ، فت ، وج / کس ا) امذ .
١. ایک (عموماً) سرخی مائل کشتی نما چھوٹا سا بیج جسے پانی میں ڈالنے سے

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

فالودے کی طرح لعاب نکلتا ہے ، (امراض میں بطور دوا مستعمل) .
[ف] .

اِسْپَنْج (کس ا ، سک س ، فت پ ، سک ن) اند .
اسفنج ایک آبی جانور کا مسام دار اور نرم جسم جو پانی جذب کر لیتا ہے اور پھر نچوڑا جاسکتا ہے ؛ مصنوعی طور پر بنایا ہوا کیمیاوی اسپنج . [انگ] .

اِسْپَنْد (کس ا ، سک س ، فت ت ، سک ن) اند .
حرل کا دانہ جس کی دھونی نظر بد دفع کرنے کے لیے دی جاتی ہے . (عموماً کالے دانے کا نام سے مشہور ہے) . [ف] .

اِسْپوک (کس ا ، سک س ، و مج) اند .
(بیشتر لوہے کی) تیلی ، سینک . [انگ] .

اِسْپیشَل (کس ا ، سک س ، ی مج ، فت ش) (الف) صف ، اند .
خصوصی ؛ (مجازاً) اعلیٰ ، غیر معمولی . (ب) اند ؛ امث . خصوصی گاڑی ، ٹرین جو مقررہ نظام کے خلاف خاص خاص موقعوں پر روانہ ہو . [انگ] .

اِسْپیشَلِسْٹ (کس ا ، سک س ، ی مج ، فت ش ، کس ل ، سک س) صف .
کسی فن کا خصوصی ماہر یا سند یافتہ . [انگ] .

اِسْپیکَر (کس ا ، سک س ، ی مع ، فت ک) صف .
۱. خطیب ، مقرر ، واعظ . ۲. رئیس وفد ، جو دوسرے ارکان کا نمائندہ بن کر گفتگو کرے . ۳. مجلس وضع قوانین کا صدر نشین ، پارلیمنٹ یا اسمبلی وغیرہ کی صدارت کرنے والا عہدے دار . [انگ] .

اَسَت (فت ا ، س) اند .
۱. جھوٹ ، غیر حقیقی ، موہوم ، معدوم ، باطل . ۲. غیر موجود ، غیر محسوس .

اُسْتاد/اوستاد (ضم ا ، سک س) اند ؛ ~ وستاد (قدیم) .
۱. معلم ، سکھانے والا ، کامل ، ماہر ، آموزدہ کار (کسی فن ، علم یا صناعت وغیرہ میں) . ۲. چالاک ، عیار . ۳. دوست ، میاں (احترام و خلوص کے الفاظ کی جگہ اور ان کے معنوں میں) ۴. نائی ؛ باورچی ؛ طوائف کو گانا بجانا سکھانے والا ، عموماً جی کے ساتھ . ۵. بانی ، کسی کام کا آغاز کرنے والا ، موجد ، گرو ، پیر و مرشد . [ف] .

اُستاد الاستاد اند . جو اُستاد کا بھی اُستاد ہو ، بہت بڑا اُستاد .

اُستاد بیٹھے پاس تو کام آئے راس کہاوت . اگر ماہر فن موجود ہو تو کام بہت اچھا ہوتا ہے .

اُستاد جی امث . ۱. استاد کو خطاب کرنے کا تعظیمی کلمہ ، استاد صاحب . ۲. عموماً ڈھاڑیوں اور طوائفوں کو گانا بجانا سکھانے والے کا خطابی کلمہ .

اِسْتادگی (کس ا ، سک س ، د) امث .
۱. (لفظاً) کھڑے ہونے کی حالت ؛ (مراداً) قیام ، قرار . ۲. مرد کے عضو مخصوص کا تناؤ . ۳. مقابلہ ، خروج .

استادہ (کس ا ، سک س) اند ؛ ~ استادا
خیمے اور شامیانے کی چوب ، خیمے اور شامیانے کو سہارا دینے والا ستون . [ف] .

اُسْتادی (ضم ا ، سک س) (الف) امث .
۱. پڑھانے لکھانے کا کام یا پیشہ ، معلمی . ۲. مہارت ، کمال ، استاد ہونا . ۳. چالاکی . (ب) صف . ۱. استادانہ ، ماہرانہ ، ۲. میرا استاد .

اُسْتاذ (ضم ا ، سک س ، فت د) اند .
استاد ، معلم (اکثر ترکیب میں) . [استاد کا معرب] .

اُستاذ الاساتذہ اند . استادوں کا استاد ، بڑے علما کا استاد ، استاذ الاستاد .

اَسْتار (فت ا ، سک س) اند ؛ ج .
پردے ، حائل ، رکاوٹیں .

اِسْتار (کس ا ، سک س) اند .
ساڑھے چار مثقال کا وزن . [ع] .

اُسْتانی (ضم ا ، سک س) امث .
۱. خاتون جو بچوں کو لکھنا پڑھنا یا سینا پرونا سکھائے ، رہنما ، راستہ دکھانے والی (عورت) ، معلمہ . ۲. استاد کی بیوی .

اَسْتائی (فت ا ، سک س) امث .
گانے کے اصلی بول یا کسی دھن کے اصلی سرجن سے وہ شناخت ہو ؛ مکھڑا . [س] .

اِسْتِبْداد (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ب) اند .
(لفظاً) اپنے آپ کو سب پر ترجیح دینے کا عمل یا رجحان ، غلبہ ، ہٹ دھرمی ، (مراداً) شخصی حکومت ، غیر جمہوری بالادستی ، مطلق العنان ، خود مختاری . ۲. (مجازاً) ظلم . ۳. اصرار ، تاکید ، دباؤ ، زبردستی . [ع] .

اِستِبدادی (کس ا، سک س، کس ت) (الف) صف.
استبداد سے منسوب ، استبدادی حکومت کا جبر . (ب) امذ . وہ شخص یا گروہ جو شخصی حکومت کو جمہوریت پر ترجیح دے ، رجعت پسند .

اِستِبدادِیَت (کس ا، سک س، کس ت، سک ب، کس د، فت ی) امث.
شخصی حکم رانی ، جابری ، ظالمانہ نظام .

اِستِبدال (کس ا، سک س، کس ت، سک ب) امذ.
ایک چیز دے کر اس کے بدلے میں دوسری چیز لینا ، تبادلۂ باہمی ، بدلنا . [ع] .

اِستَبرَق (کس ا، سک س، فت ت، سک ب، فت ر) امذ.
موٹا زرتار ریشمی کپڑا (اکثر جس رنگ کی روشنی میں دیکھا جائے اسی رنگ کا نظر آتا ہے) ؛ سبز رنگ کا مخمل ، اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا جو بہت چمکیلا ہوتا ہے . [ع] .

اِستِبعاد (کس ا، سک س، کس ت، سک ب) امذ.
بعید از عقل یا خلاف عادت ، عدم امکان ، سمجھ سے بالاتر ہونا . [ع] .

اِستِتابَت (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ب) امث.
گناہ پر ندامت کا احساس ، توبہ . [ع] .

اِستِتار (کس ا، سک س، کس ج ت) امذ.
پوشیدگی ، پردہ ، خفا یا اخفا ، چھپنا یا چھپانا ، اظہار و اشتہار کی ضد . [ع] .

اِستِثنا (کس ا، سک س، کس ت، سک ث) امذ ؛ استثناء .
کسی زمرے ، کلیے یا عام حکم سے (کسی شخص یا شے کو) علیحدہ قرار دینے کی صورت ، الگ جاننا ، الگ رکھنا یا کرنا . [ع] .

اِستِثنائی / اِستِثنائِیَہ (کس ا، سک س، کس ت، سک ث / کس ء، شد ی بفت) (الف) امذ.
جو اپنی طرح کی عام چیزوں سے مستثنیٰ ، مختلف یا ممتاز ہو ، مجموعے کے حکم سے خارج ؛ مخصوص صورت جو عام حالتوں سے مختلف ہو . (ب) امذ. (منطق) قیاس کی ایک قسم جس میں کوئی حرف استثنا (پر ، مگر ، لیکن وغیرہ) آئے ؛ وہ تصدیق جو محمول سے موضوع کے اطلاق کا ایک جزو خارج کر دے ، جیسے : یہ عدد یا طاق ہوگا یا جفت مگر طاق نہیں ہے (نتیجہ یہ کہ جفت ہے) . [ع + ف] .

اِستِجابَت (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ب) امث.
قبولیت ، مقبولیت (خصوصاً دعا کی) . [ع] .

اِستِحاضَہ (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ض) امذ.
(فقہ) ایام ماہواری کے بعد جاری رہنے والا خون جو خرابی صحت کی علامت ہے . [ع] .

اِستِحالَہ (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ل) امذ.
قلب ماہیت یا خاصیت ، کسی شے کی خصوصیات میں تبدیلی ، ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا . ۲. عدم امکان ، محال ، ناممکن ہونا ، محال ہونا . [ع] .

اِستِحباب (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ح) امذ.
۱. (لفظاً) پسندیدہ یا محبوب ہونا ، (فقہ) کسی امر کا مستحب یعنی شریعت کی رو سے موجب ثواب یا مسنون ہونا . ۲. امر مستحب ، وہ کام جس کے کرنے میں ثواب ہو لیکن نہ کرنے میں عذاب نہ ہو . [ع] .

اِستِحسان (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ح) امذ.
۱. پسندیدگی ، مستحسن جاننا ، اچھا سمجھنا . ۲. (اصول فقہ) قیاس خفی جس سے کسی فقہی مسئلے کے حل میں مدد لی جائے یا مجتہد کی اپنی رائے جو حکم شرعی کی صورت میں بیان کیا جائے . [ع] .

اِستِحصال (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ح) امذ.
۱. حصول ، حاصل کرنا . ۲. (معاشیات) حصہ داری کے کام میں دوسرے کا حصہ ہتھیانا ، ناجائز فائدہ اٹھانا (Exploitation) . [ع] .

اِستِحضار (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ح) امذ.
۱. دلی لگاؤ ، پوری توجہ ، حضور قلب ، خلوص . ۲. یادداشت ، (حافظے میں) حاضر ہونا . ۳. دل و دماغ میں کسی امر کی تصویر کشی ، تصور کامل (مطلق) تصویر کشی . ۴. (تصوف) (سالک کو) "اس قدر قدرت ہو کہ جس وقت جس جس خیال یا حال کو چاہے اپنے اوپر طاری کر لے" . [ع] .

اِستِحضاری (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ح) صف.
استحضار سے منسوب .

اِسْتِحْقاق (کس ا، سک س، کس مع ت، سک ح) اند.
قانونی یا اخلاقی حق، صلاحیت اور استعداد یا شہری حقوق (وغیرہ) کی بنا پر کسی بات کا حق دار ہونا. [ع].

اِسْتِحْقاقی (کس ا، سک س، کس مع ت، سک ح) صف.
استحقاق سے منسوب.

اِسْتِحْکام (کس ا، سک س، کس مع ت، سک ح) اند.
۱. پختگی، مضبوطی، استواری ۲. (مجازاً) پامردی، ہمت. [ع].

اِسْتِخارَہ (کس ا، سک س، کس مع ت، فت ر) اند.
۱. کام کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں کلام اللہ یا دوسرے مقرر طریقوں سے استصواب یا مشورہ؛ خواب وغیرہ میں اشارہ غیبی کا انتظار ۲. نیکی اور بھلائی طلب کرنا (بیشتر خداے تعالیٰ سے). [ع].

اِسْتِخْبار (کس ا، سک س، کس ت، سک خ) اند.
۱. جستجو، دریافت، خبر معلوم کرنا ۲. (فوج) ذہانت و فراست سے مخالف کی خبریں معلوم کرنے کا شعبہ، (انگریزی) Intelligence. [ع].

اِسْتِخْراج (کس ا، سک س، کس ت، سک خ) اند.
۱. نکال دینا، خارج کرنا؛ نکلنا یا خارج ہونا؛ نکالنے کی خواہش کرنا؛ ایک بات کا نکالنا ۲. چند معلوم باتوں سے نامعلوم بات کی دریافت، نتیجے کا اخذ و استنباط، اجمال سے تفصیل پیدا کرنا، (حالات و آثار کی روسے) عقل کا فیصلہ، استقرا کی ضد ۳. نجوم یا رمل وغیرہ کے زائچے سے واقعات و حالات وغیرہ پر حکم لگانا، زائچے سے یہ بتانا کہ کون سا ستارہ کس مقام پر ہے اور اس کا کیا اثر پڑے گا ۴. حروف ابجد سے کسی اہم واقعے وغیرہ کی تاریخ یا مولود کا تاریخی نام نکالنا ۵. (اصول فقہ) قرآن و حدیث وغیرہ سے شرعی مسائل کا استنباط، اجتہاد ۶. (منطق) کلیات سے جزئیات کے متعلق نتیجہ نکالنا، قاعدہ مقررہ کی تحقیق کے لیے کسی چیز کے چند افراد پر اس کا تجربہ کر کے دیکھنا ۷. شہر بدر یا جلاوطن کیا جانا ۸. (کیمیا) مخلوط دھات وغیرہ کے اجزا کو الگ الگ کرنے کا عمل، تجرید یا فصل ۹. (جراحی) مواد وغیرہ خارج کرنے یا کھینچنے کا عمل؛ (قبالت) کامل یا ناقص بچے کو شکم سے نکالنا ۱۰. (دوا سازی) نسخے کا مزاج دریافت اور متعین کرنا. [ع].

اِسْتِخْراجی (کس ا، سک س، کس ت) صف.
استخراج (دیکھیے) سے منسوب.

اِسْتِخْفاف (کس ا، سک س، کس ت، سک خ) اند.
توہین، تذلیل، تحقیر، سبک سمجھنا یا کرنا.

اُسْتُخْوان (ضم ا، سک س، ضم ت، و معد) اند؛ امث.
۱. جسم کا سخت ٹھوس اور ضروری حصہ جس پر پٹھے اور گوشت منڈھا ہوتا ہے، ہڈی؛ پنجر ۲. (مجازاً) نسل، قومیت (جو اعضا کی ساخت وغیرہ سے ظاہر ہو). [ف].

استخوان بندی امث. ۱. ٹوٹی ہوئی ہڈی کو لکڑی کی پھچیوں اور پٹی وغیرہ سے باندھنے کا عمل ۲. (مجازاً) کسی امر یا شے خصوصاً تصویر یا مضمون کے کل اجزا کی ترتیب باہمی تناسب کے ساتھ، ربط و انتظام.

استخوان فروشی امث. (لفظاً) ہڈیاں بیچنا، (مراداً) باپ دادا کے کمال پر فخر کرنا اور خود ہنر سے عاری ہونا.

اُسْتُخْوانی (ضم ا، سک س، ضم مج ت، و معد) صف.
اُستخوان کی طرف منسوب.

اِسْتِدارَت (کس ا، سک س، کس مع ت، فت ر) امث.
۱. گولائی ۲. دور، چکر لگانا، دورہ کرنا. [ع].

اِسْتِدْراج (کس ا، سک س، کس ت، سک د) اند.
۱. (لفظاً) درجہ بہ درجہ ہونے کی کیفیت یا عمل، (مراداً) تدریجی ترقی، ارتقا ۲. شیطانی طاقت سے مافوق العادت کام، شعبدہ بازی، جادوگری [ع].

اِسْتِدْراجی (کس ا، سک س، کس ت، سک د) صف.
استدراج کی طرف منسوب.

اِسْتِدْراک (کس ا، سک س، کس ت، سک د) اند.
۱. حصول معلومات، ایک چیز سے دوسری چیز دریافت کرنا یا پانا ۲. تدارک، غلطی کی اصلاح ۳. (بدیع) کسی بات کی نفی مطلق یا اثبات صریح کے بعد کوئی ایسی شرط درمیان لانا جس سے وہ نفی یا اثبات مشروط ہو جائے. [ع].

اِسْتِدعا/ اِسْتِدْعاء (کس ا، سک س، کس ت، سک د) امث : اند.
. درخواست، التجا، طلب بطور گزارش، التماس . اف : کرنا .۲. (مجازاً) خواہش، حسرت. [ع].

اِسْتِدْلال (کس ا، سک س، کس ت، سک د) اند.
دلیل پیش کرنا، سند لانا؛ دلیل، ثبوت، بحث . اف: کرنا. [ع].

اِسْتِدْلالی (کس ا، سک س، کس ت) صف.
استدلال سے منسوب : استدلال کرنے والا، استدلال پر یقین رکھنے والا.

اَسْتَر (۱) (کس ا، سک س، فت ت) اند.
۱.(i) ابرے کے نیچے کپڑے کی نچلی تہ جو ابرے کے ساتھ دوسرا کپڑا ملا کر سی جاتی ہے. (ii) (لکڑی وغیرہ پر) رنگ کی ہلکی سی تہ جس پر اصلی رنگ چڑھایا جاتا ہے، نقلی رنگ جو اصلی رنگ کے لیے سطح کا کام دیتا ہے. ۲. اینٹوں وغیرہ کے اوپر مٹی یا سیمنٹ وغیرہ کی تہ، پلاسٹر، گچ . ۵. (جلد سازی) جلد کے پٹھوں میں اندر کے رخ چپکایا ہوا کاغذ یا کپڑے کی پٹی جو پٹھے کو پشتے سے جوڑے رکھتی ہے. [ف].

استر کاری امث. دیوار پر چونے یا سرخی وغیرہ کا استر کرنا، گارے یا سیمنٹ کی لپائی، پلاسٹر، تہ چڑھا کر چھپا دینا، ڈھک دینا.

اِسْتِراحَت (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ح) امث.
۱.(i) آرام، آسائش، آرام کرنا، لیٹنا. (ii) سکون و آرام کے ساتھ قیام، ایک حال پر ٹھہرا رہنا، مستقل ہونا. ۲. خواب، نیند، آرام سے سونا. ۳. (فقہ) دو سجدوں کے درمیان قعود (بیٹھک)، جلسہ استراحت. [ع].

اُسْتُرَہ/ اُسْتُرہ (ضم ا، سک س، فت ت، را ضم ت، فت ر) اند : ~ اُسترا.
بال مونڈنے کا اوزار یا آلہ.

استرہ چلانا محاورہ. بیخ کنی کرنا، جڑ سے اکھاڑ دینا، فنا کر دینا، مٹا دینا.

اِسْتِری/ اِسْتْری (۱) (کس ا، سک س، کس ت/ سک س) امث.
۱. لوہے یا پیتل کا آلہ جسے گرم کر کے کپڑے کی چرسیں مٹانے اور سیون بٹھانے یا شکن دور کرنے کے لیے کپڑے پر دبا کر پھیرتے ہیں ۲. (کاغذ سازی) کاغذ کو چکنا کرنے کا وزنی بیلن، مہرہ. [س].

اِسْتِری/ اِسْتْری (۲) (کس ا، سک س، کس ت/ سک ت) امث.
۱. عورت، زن، خاتون ۲. اہلیہ، بیوی. [س].

اِسْتِسْقا (کس ا، سک س، کس ت، سک س) اند.
(لفظاً) پانی طلب کرنا، (مراداً) : ۱.(i) (خدائے تعالیٰ سے) بارش کی دعا، مینھ برسنے کی خواہش، طلب باراں. (ii) (فقہ) وہ نماز جو طلب بارش کے لیے پڑھی جاتی ہے. ۲. (طب) مرض جلندھر جس میں مریض کی پیاس بہت بڑھ جاتی ہے؛ جسم کے بعض اندرونی اعضا (پیٹ، گردہ، فوطہ، قلب، دماغ، یا پھیپھڑوں) کے جوف یا جھلی میں رطوبت بھر جانے کا مرض. [ع].

اِسْتِشارَہ (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ر) اند.
استصواب رائے، صلاح لینا، مشورہ کرنا. اف کرنا / لینا. [ع].

اِسْتِشْراق (کس ا، سک س، کس ت سک ش) اند.
(لفظاً) مشرق کو چاہنا یا پسند کرنا، (مراداً) مشرقی ممالک (ایشیا و افریقہ) کے علوم یا تمدن و تہذیب کی حمایت : (عموماً) صفتِ نسبتی یا فاعلی کی صورت میں مستعمل، (جیسے : استشراقی، مستشرق). [ع].

اِسْتِشْہاد (کس ا، سک س، کس ت، سک ش) اند.
شہادت، ثبوت، سند، دلیل؛ شہادت یا سند میں پیش کرنا. [ع].

اِسْتِصْحاب (کس ا، سک س، کس ت، سک ص) اند.
۱. باہم ملانا، نظیر یا مثیل قرار دینا، دو مختلف اشیا یا امور میں مطابقت تلاش کرنا. ۲. (فقہ) جس مسئلے کے متعلق کوئی حکم صریح نہ ہو اس پر ویسے ہی کسی دوسرے مسئلے کی رو سے (جس کے متعلق حکم صریح ہو) حکم لگانا یا فتویٰ دینا. [ع].

اِسْتِصْواب (کس ا، سک س، کس ت، سک ص) اند.
۱. مشورہ، صلاح. ۲. ماتحت عدالت کا عدالت بالا سے کسی مشتبہ قانونی مسئلے میں استفسار. [ع].

استصواب رائے اند. رائے شماری کے ذریعے عام لوگوں کی خواہش معلوم کرنا، کسی مسئلے میں عوام کی رائے جاننا.

اِسْتِطاعَت (کس ا، سک س، کس ج ت، فت ع) اند.
قدرت، طاقت یا صلاحیت، مقدور، دسترس، مالی حیثیت. [ع].

اِسْتِعارات (کس ا، سک س، کس ج ت) اند : ج.
استعارہ (دیکھیے) کی جمع.

اِسْتِعارَہ (کس ا، سک س، کس مج ت، فت ر) اند.

۱. مستعار لینا، عارضی طور سے مانگ لینا ۲. (بیان) لفظ کا مجازی معنی میں استعمال جبکہ حقیقی اور مجازی معنی میں تشبیہ کا علاقہ ہو، مشبہ بہ سے مشبہ مراد لینا، جیسے: شیر (مشبہ بہ) بول کر مرد شجاع (مشبہ) مراد لیا جائے. [ع].

اِسْتِعانَت (کس ا، سک س، کس مج ت، فت ن) امث.

۱. مدد کی خواہش، امداد چاہنا ۲. مدد، اعانت، ذریعہ. [ع].

اِسْتِعْجاب (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) اند.

تعجب، حیرت، اچنبھا. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

اِسْتِعْداد (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) امث.

۱. فطری قابلیت، صلاحیت، لیاقت ۲. لیاقت، سواد، مہارت ۳. آمادگی، عزم صمیم، تیاری. [ع].

اِسْتِعْفا (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) اند.

۱. معافی چاہنا ۲. نوکری ترک کرنے کی درخواست. [ع].

استعفا دینا محاورہ. ذمے داری یا عہدے کو ترک کرنے کی تحریر دینا، ملازمت وغیرہ ترک کرنا.

اِسْتِعْلا (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) اند.

۱. برتری، غلبہ، بڑائی ۲. اظہار برتری ۳. (تجوید) زبان کی جڑ کا ادائے حروف (خ ص ض غ ط ظ ق) میں تالو کی طرف بلند ہونا. [ع].

اِسْتِعْمار (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) اند.

۱. (لفظاً) کسی کو کسی مقام میں بسانا؛ ہجرت کر کے کسی جگہ جانا اور اسے وطن بنانا، (مراداً) دوسرے ملک کو نوآبادی بنا کر اس سے تمتع حاصل کرنا ۲. تعمیر، تخریب کی ضد. [ع].

اِسْتِعْماری (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) صف.

استعمار (دیکھیے) کی صفت یا اس سے منسوب.

اِسْتِعْمال (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ع) اند.

عمل میں لانا، برتنا، کام میں لانا. [ع].

اِسْتِغاثَہ (کس ا، سک س، کس مج ت، فت ث) اند.

۱. فریاد، دادخواہی ۲. عدالت فوج داری میں کسی کے خلاف دعویٰ. [ع].

اِسْتِغْراق (کس ا، سک س، کس ت، سک غ) اند.

۱. کسی فکر خیال یا کام میں غرق ہو کر سب کچھ بھول جانے کی کیفیت، گہری دل چسپی، محویت ۲. (تصوّف) خدا کی صفات و اسماء کے ذکر و فکر میں بے خودی کا عالم، مراقبہ ۳. (قانون) کسی جائداد کا قرضے میں گھر کر تلف ہو جانا ۴. کسی جنس یا نوع کے تمام افراد کا احاطہ. [ع].

اِسْتِغْفار (کس ا، سک س، کس مج ت، سک غ) امث.

۱. (i) طلب مغفرت، توبہ، گناہوں کی معافی کے لیے دعا کرنا، بخشش طلب کرنا. (ii) خدا کی پناہ ۲. دعاے استغفار (استغفر اللہ ربی وغیرہ). اف: پڑھنا. [ع].

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ (فت ا، سک س، فت ت، سک غ، کس مج ف، ضم ر، غم ا، شد ل بہ) عربی فقرہ، اردو میں مستعمل.

(لفظاً) میں خدائے تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں، (مراداً) کسی امر قبیح سے انکار، اظہار براءت یا نفرت کے موقع پر مستعمل، مترادف: ایسا ممکن نہیں، یہ نہیں ہو سکتا، خدا اس سے محفوظ رکھے، بہت بری بات ہے، لاحول و لاقوۃ، خدا نہ کرے ایسا ہو.

اِسْتِغْنا (کس ا، سک س، کس مج ت، سک غ) اند؛ امث.

۱. بے نیازی، بے پروائی بے غرضی؛ بے رخی، بے التفاتی ۲. دنیا اور اس کی لذتوں سے روگردانی، ضروریات کی فکر نہ ہونا، (خود داری کے ساتھ) قناعت اور توکل ۳. تونگری، دولت مندی، غنی ہونا. ۴. (تصوّف) سلوک کی وہ منزل جہاں پہنچ کر سالک خدا کے سوا ہر چیز سے بے نیاز ہو جاتا ہے. [ع].

اِسْتِفادَہ (کس ا، سک س، کس مج ت، فت د) اند.

۱. حصول منفعت، بہرہ وری، فائدہ اٹھانا، نفع پانا ۲. فائدہ، نفع، مفاد. [ع].

اِسْتِفاضَہ (کس ا، سک س، کس مج ت، فت ض) اند.

۱. استفادہ، فیض پانا یا طلب کرنا ۲. فیض، فائدہ. [ع].

اِسْتِفْتا (کس ا، سک س، کس ت، سک ف) اند.

۱. (i) کسی شرعی مسئلے میں کسی عالم دین یا مفتی یا مجتہد سے استصواب، فتویٰ لینا. (ii) فتویٰ ۲. (مجازاً) کسی امر سے متعلق دوسرے کی راے

دریافت کرنا ، استفسار ، مشورہ ، صلاح . [ع] .

اِستِفتاح (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ف) (الف) امذ .
طلب امداد ، مدد طلب کرنا ، فتوح چاہنا . (ب) امذ . ایک دعا کا نام جو حصول تائید غیب کے لیے تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جاتی ہے [ع] .

اِستِفسار (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ف) امذ .
۱. دریافت ، پوچھ گچھ ، پوچھنا ، سوال کرنا . ۲. سوال (جو تحقیق و تفتیش کے لیے ہو) . [ع] .

اِستِفہام (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ف) امذ .
۱. سوال ، استفسار ، دریافت کرنا ، پوچھنا . ۲. (اوقاف) سوالیہ علامت جو استفہامیہ فقروں کے بعد لگائی جاتی ہے ، جیسے ، کیا تم نے کھانا کھا لیا؟ ۳. (نحو) فقرہ جس میں کوئی سوال ہو ، سوالیہ فقرہ . [ع] .

اِستِفہامیہ/ اِستفہامیّہ (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ف ، کس م ، فت ی / شدی بفت) صف .
سوال کرنے کا انداز ؛ وہ فقرہ وغیرہ جس میں سوال کیا گیا ہو ، سوالیہ جملہ یا فقرہ .

اِستِقامَت (کس ا ، سک س ، کس ج ت) امث .
۱. (i) قدم جمائے کھڑے رہنا ، استقلال ، پامردی ، ثابت قدمی . (ii) (کسی کام کی) مداومت ، استمرار ، ہمیشگی کے ساتھ جاری رکھنا ، ہمیشہ ٹھہرنا . ۲. قیام ، بود و باش ، رہنا سہنا . ۳. راستی ، سیدھا پن ، ہمواری ، اعوجاج کی ضد . ۴. (تصوّف) ہر امر دینی و دنیوی میں عبودیت کو ملحوظ رکھنا ، اپنے کل عبادات اور تمام کاموں یہاں تک کہ کھانے اور پینے میں احکام شرع کا پابند ہونا . [ع] .

اِستِقبال (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) امذ .
۱. (i) پیشوائی ، (مہمان کو) خوش آمدید کہنا . (ii) آگے بڑھنا ، قدم بڑھانا . (iii) قریب آنے دینا ؛ قریب پہنچنا ، نزدیکی حاصل کرنا . ۲. مقابل یا آمنے سامنے ہونا ؛ (کسی طرف) رخ کرنا ، منھ کرنا . اف : کرنا . ۳. (i) (صرف) زمانۂ آئندہ ، زمانۂ مستقبل . (ii) وہ کلمہ جو فعل مستقبل کے لیے مصدر سے بنایا جائے . ۴. (ہیئت) چاند اور سورج کا ایک دوسرے کے مقابل ہونا . [ع] .

اِستِقبالیہ/ اِستِقبالیّہ (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق ، کس ل ، فت ی / شدی بفت) (الف) صف .
استقبال سے منسوب . (ب) امث . وہ کمیٹی یا انجمن جو کسی اجتماع وغیرہ کے اہتمام کے لیے بنائی جاتی ہے . (ج) امذ . ۱. جماعت استقبالیہ صدر یا سکریٹری کا خطبہ یا ایڈریس . ۲. ہلکی پھلکی ضیافت ، عموماً شام کو چائے کے وقت جس میں متعدد اشخاص مدعو ہوں ، (انگریزی) (Reception) .

اِستِقرا (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) امذ .
۱. جستجو ، تلاش ، تفحص ؛ اخذ و استنباط . ۲. (منطق) حجت یا استدلال کی ایک قسم جس میں جزئیات کے مشاہدے کے بعد قاعدے کلیہ یا عام اصول مقرر کیا جاتا ہے ، امور جزئیہ سے کلی پر حکم کرنا . ۳. (طریقۂ تعلیم) اوّل مثال پیش کر کے مناسب اور متعلق سوالات کے ذریعے زیر نظر مسئلہ طالب علم پر واضح کرنا . [ع] .

اِستِقرار (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) امذ .
۱. (کسی جگہ) قیام ، قرار ، ٹھہرنا ، جگہ پکڑنا . ۲. تصدیق ، توثیق ؛ اثبات و اظہار . [ع] .

استقرار حق امذ . (قانون) کسی امر کا حق حاصل ہونے کی عدالتی توثیق و تصدیق .

استقرار حمل امذ . انعقاد نطفہ ، حمل سے ہو جانا .

اِستِقراری (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) صف .
استقرار سے منسوب : جو استقرار کے لیے ہو .

اِستِقرائی (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) صف .
استقرار کی طرف منسوب : تلاش اور تفحص سے متعلق ، عملی یا تجرباتی (حقائق پر مبنی) .

اِستِقلال (کس ا ، سک س ، کس ت ، سک ق) امذ .
۱. ثابت قدمی ، پامردی ، اپنے مسلک پر جمے رہنا . ۲. قیام ، قرار ، ثبات دوام . ۳. اطمینان ، سکون ، اضطراب کی ضد ؛ ٹھہراؤ ، قرار . ۴. (بغیر مداخلت کے) کسی قوم یا ملک کی مستقل حیثیت ، آزادی ، خود مختاری . ۵. (کسی شخص یا شے کی) بغیر کسی خارجی معاون کے انفرادی حیثیت انفرادی ، تشخص ذاتی . [ع] .

اِستِکبار (کس ا، سک س، کس ت، سک ک) اند.
تکبر، نازِ بے جا، غرور، گھمنڈ، اپنی بڑائی جتانا. [ع].

اِستِکثار (کس ا، سک س، کس ت، سک ک) اند.
(کسی فعل یا شے خصوصاً مال و دولت کی) کثرت؛ زیادتی کے ساتھ طلب. [س].

اِستِلام (کس ا، سک س، کس مج ت) اند.
بوسہ دینا، چومنا (خصوصاً حجرِ اسود کو). [ع].

اِستِلزام (کس ا، سک س، کس ت، سک ل) اند.
الزوم، لازم سمجھنا یا ہونا ۲. التزام، لازم بنانا، ضروری کر لینا.

اِستِماع (کس ا، سک س، کس مج ت) اند.
ا. سننا، کان لگا کر سننا. ۲. (مجازاً) سنا ہوا، شنیدہ (واقعہ وغیرہ). [ع].

اِستِمالت (کس ا، سک س، کس مج ت، فت ل) است.
دل جوئی، تالیفِ قلب، (کسی کو) اچھے سلوک و عمل سے اپنی طرف مائل کرنا؛ خوشامد. [ع].

اِستِمداد (کس ا، سک س، کس ت، سک م) است.
ا. طلبِ مدد، (کسی سے) نصرت و اعانت کی درخواست، مدد چاہنا. ۲. مدد، اعانت. [ع].

اِستِمرار (کس ا، سک س، کس ت، سک م) اند.
ا. (کوئی فعل) لگاتار جاری رہنے کا عمل، عدم انقطاع. ۲. (قواعد) فعل کا ناتمام یا جاری ہونے کے طور پر وقوع. ۳. دوام، ہمیشگی. [ع].

اِستِمراری (کس ا، سک س، کس ت، سک م) (الف) صف.
استمرار سے منسوب: دوامی، جو ہمیشہ کے لیے یا غیر متعین مدت کے لیے ہو، غیر منقطع، جاری، مسلسل. (ب) اند. وہ صیغہ جو کسی فعل کے لگاتار جاری رہنے یا عادۃً کیے جانے پر دلالت کرے.

اِستِمنا (کس ا، سک س، کس ت، سک م) اند.
جلق، ہتھ رس. [ع].

استمنا بالید اند. (اپنے) ہاتھ سے (اپنی) منی نکالنا، جلق، مشت زنی.

اِستَن (کس ا، سک س، فت ت) است.
چھاتی، پستان؛ تھن. [س].

اِستِنباط (الف) اند.
ا. (i) معلوم باتوں سے نامعلوم بات دریافت کرنے کا عمل، استخراج، چند باتوں کو ملا کر عقل کی مدد سے کوئی نتیجہ اخذ کرنا. (ii) مضمون سابق میں ترقی و اضافہ کرنے کا عمل. ۲. (اصول فقہ) مقرر اصول کے تحت قرآن و حدیث وغیرہ سے مسائل شرعیہ فرعیہ کا حکم نکالنے کا عمل، کسی شرعی مسئلے میں اجتہاد. (ب) صف. اخذ و استخراج کی ہوئی بات. [ع].

اِستِنجا (کس ا، سک س، کس ت، سک ن) است.
ا. (ڈھیلے یا پانی سے) طہارت، آب دست. ۲. پیشاب یا پاخانہ؛ قضائے حاجت، پیشاب یا پاخانے کی ضرورت اور اس کا رفع. [ع].

اِستِنجے کا ڈھیلا (کس ا، سک س، کس ت، سک ن، ی مج) اند.
ا. مٹی کا ڈھیلا جس سے طہارت کی جائے. ۲. (مجازاً) کثرت سے پایا جانے والا، بے قدر، نکما، ناکارہ.

اِستِنقاع (کس ا، سک س، کس ت، سک ن) اند.
(طب) کسی دوا وغیرہ کو پانی میں بھگونا، تر کرنا. [ع].

اِستِوا (کس ا، سک س، کس مج ت) اند.
ا. ہم واری، برابری، مساوی ہونا. ۲. غلبہ، تسلط، غالب یا مسلط ہونا (خصوصاً خدائے تعالیٰ کا عرش پر). ۳. (i) (جغرافیہ) وہ فرضی دائرہ جو مشرق سے مغرب تک قطبین سے برابر فاصلے پر کھینچ کر کرۂ ارض کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے، خط استوا. (ii) سورج کا خط استوا پر ہونا. ۴. قیام، تنصیب، قائم یا برپا ہونا. ۵. رومال وغیرہ جو تاج کے گرد لپیٹا جاتا ہے. ۶. (طب) زخم کا پختگی کی علامت ظاہر کرنا. [ع].

اُستُوار (ضم ا، سک س، ضم مج ت) است.
ا. مستحکم، مضبوط، پختہ. ۲. غیر متزلزل، حتمی، منظم، مرتب. ۳. مضبوط بندھا ہوا، کسا جکڑا. ۴. ہموار، یکساں، معتدل. [ف].

اُستُواری (ضم ا، سک س، ضم مج ت) است.
استوار کا اسم کیفیت.

اِستِہزا (کس ا، سک س، کس مج ت، سک ہ) اند.
ہنسی ٹھٹھا، تمسخر، مذاق اڑانا. [ع].

اِسْتِہْلال (کس ا، سک س، کس ج ت، سک ہ) اند.
۱. زور دے کر کہنا. ۲. نیا چاند دکھائی دینا یا دیکھنا. ۳. (قبالت) بچے کا پیدا ہو کر شروع شروع رونا. [ع].

اِسْتِیصال (کس ا، سک س، ی مع) اند.
قلع و قمع، بیخ کنی، جڑ سے اُکھاڑ دینا. ۲. (جراحی) کسی عضو کو جڑ سے کاٹ دینا، کسی عضو کا کاٹ دیا جانا. [ع].

اِسْتِیعاب (کس ا، سک س، ی مع) اند.
شروع سے آخر تک سب (اجزا) کا احاطہ، پوری بات کا حصول، جامعیت، استقصا، حصر یا احصا. (دیکھیے: بالاستیعاب). [ع].

اَسْتھان (فت ا، سک س) (الف) اند.
۱. مسکن، جائے قیام؛ مقام یا جگہ. ۲. دیوتاؤں کے رہنے سہنے کی متبرک جگہ، مقدس مقام؛ زیارت گاہ، تیرتھ، مندر. ۳. (جوتش) برج آسمانی. (ب) لاحقہ. ظرف مکانی کے بے جزو دوم کے طور پر (= جگہ). [س].

اَسْتھانی / اَسْتھانِیَہ (فت ا، سک س / سک ن، فت ی) (الف) صف.
مقامی، مقام سے متعلق. (ب) است. (لسانیات) زبان جس میں نحوی تعلق جملے میں لفظ کے مقام سے ظاہر ہو، غیر ترکیبی یا تحلیلی زبان. [س].

اَسْتھی (فت ا، سک س) است.
(ہندو) مردے کی جلی ہوئی راکھ اور ہڈیاں جو کسی متبرک مقام کو بھیجنے کے لیے جمع کی جائیں. [س].

اِسْٹابری (کس ا، سک س، سک ب) است؛ ~ اسٹرابری/اسٹرابیری
ایک گودے والا لبوترا قرمزی رنگ کا پھل جس کی سطح پر سرخ یا گہرے اُودے رنگ کی ابھری ہوئی بندکیاں سی ہوتی ہیں. [انگ].

اِسْٹاپ (کس ا، سک س) (الف) اند.
(لفظاً) وقفہ، رکاؤ، ٹھہراؤ (مراداً): ۱. سواریوں خصوصاً بسوں وغیرہ کے ٹھہرنے یا رکنے کی جگہ (اکثر ترکیب میں مستعمل). ۲. عبارت میں جملہ ختم ہونے کا محل مقام (اکثر ترکیب میں مستعمل)، جیسے: فل اسٹاپ. (ب) انشائیہ. کسی بھی جاری کام یا شخص کو یکا یک روک دینے کا کلمہ، خصوصاً امتحان، کھیل یا ٹریفک وغیرہ کے بیان مستعمل. [انگ].

اِسْٹار (کس ا، سک س) اند.
ممتاز موسیقار، ایکٹر یا ایکٹریس جو فلموں میں یا ریڈیو اور ٹی وی وغیرہ میں نمایاں حیثیت سے کام کرے. [انگ].

اِسْٹارْٹ (کس ا، سک س، ر) اند.
کسی کام کا یا کسی شے کی حرکت وغیرہ کا آغاز، چلنا، چلایا جانا (کرنا یا ہونا کے ساتھ). [انگ].

اِسْٹاف (کس ا، سک س) اند.
عملہ، اہل کار، کسی دفتر یا ادارے میں کام کرنے والے لوگ. [انگ

اِسْٹاک (کس ا، سک س) اند.
ذخیرہ، موجود سامان، اسٹور؛ ذاتی یا مشترک سرمایہ. [انگ].

اسٹاک ایکسچینج اند. تمسکات کی خرید و فروخت کی جگہ. [انگ

اِسْٹال (کس ا، سک س، سک م) اند.
چھوٹی دکان (بیشتر عارضی)، کسی عمارت میں سامان بیچے جانے کا کمرہ سودا بیچنے کی میز یا تخت وغیرہ، جیسے: ریلوے اسٹیشن پر یا نمائش وغیرہ میں ٹی اسٹال، بک اسٹال وغیرہ. [انگ].

اِسْٹام / اِسْٹامْپ (کس ا، سک س، سک م) اند.
۱. دستاویز کا کاغذ جس کی پیشانی پر حکومت کی مہر کا ٹھپا ہوتا ہے قیمت لکھی رہتی ہے. ۲. ڈاک خانہ کا ٹکٹ جو لفافے وغیرہ یا رسید لگایا جاتا ہے؛ مہر. [انگ].

اِسْٹائِل (کس ا، سک س، کس ء) اند.
۱. (i) وضع، انداز، ادا، ڈھنگ. (ii) مخصوص دل کش یا حسین انداز ادا. ۲. (ادب) اسلوب، انداز نگارش، روش تحریر، طرز ادا. [انگ]

اِسْٹَڈی (کس ا، سک س، فت ٹ) است.
(علوم و فنون) مطالعہ، خواندگی، غور و فکر؛ تحصیل علم و فن. اف: کرنا [انگ].

اِسْٹْرائِک (کس ا، سک س، ٹ، کس ء) است؛ اند.
احتجاج کے طور پر کسی ادارے کے عملے یا ارباب عمل یا دکان داروں وغیرہ کا کام چھوڑ دینا، ہڑتال. [انگ].

اِسْٹْروک (کس ا، سک س، ٹ، و مج) اند.
(کھیل) گوٹ میں چٹکی یا گیند میں بلا یا ہاکی مارنے کا عمل، ہٹ. [انگ]

اِسٹریچَر (کس ا، سک س، ٹ، ی ج، فت چ) اند.
دو لمبی پٹیوں میں کینوس سی کر بنایا ہوا بے پائے کا سیروے کا پلنگ نما ڈھانچا جس پر مریض یا زخمی کو لٹا کر دو آدمی ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں. [انگ].

اِسٹِک (کس ا، سک س، کس ٹ) است.
۱. چھڑی، لکڑی، ڈنڈا وغیرہ، خصوصاً ہاکی. ۲. کوئی سخت اور ٹھوس گول یا چوکور لکڑی نما چیز یا اس کا ٹکڑا (بیشتر ترکیب میں مستعمل). [انگ].

اِسٹَمپ (کس ا، سک س، فت ٹ، سک م) اند؛ است.
۱. (کرکٹ) تین وکٹوں (ڈنڈوں) میں سے ایک. ۲. کھیلنے والے کو جب کہ وہ مقررہ دائرے سے باہر ہو وکٹ پر گیند مار کر آؤٹ کرنے کا عمل (کرنا، ہونا، کے ساتھ). [انگ].

اِسٹُو (کس ا، سک س، و مع) اند.
مقرر طریقے سے پکایا ہوا کھڑے مسالے کا بھنا گوشت جس میں پیاز مقابلۃً زیادہ ہوتی ہے. [انگ].

اِسٹُوڈیو (کس ا، سک س، و مع، سک ڈ، و ج) اند.
فوٹو گرافی، فلم سازی یا لاسلکی اسٹیشن میں فن کاروں کا پیغام رسانی کا کمرہ (جہاں روشنی اور ہوا کا حسب ضرورت گزر ہو). [انگ].

اِسٹور (کس ا، سک س، و ج) اند.
اجناس و اشیا کا ذخیرہ، گودام؛ بڑی دکان جہاں مختلف قسم کی چیزیں (عموماً فروخت کے لیے) موجود ہوں. [انگ].

اِسٹُول (کس ا، سک س، و مع) اند.
تین یا چار پائے کی بیشتر نیچے سے چوڑی اوپر سے کسی قدر کم بغیر تکیے کی لکڑی کی نشست، تپائی. [انگ].

اِسٹوو (کس ا، سک س، و ج) اند.
عموماً پیتل کا بنا ہوا مٹی کے تیل سے جلنے والا ایک طرح کا چولھا جس میں ہوا بھرنے کا ایک پمپ لگا ہوتا ہے. [انگ].

اِسٹیٹ (کس ا، سک س، ی ج) است.
۱. (i) کسی وفاق کا جزو یا رکن ملک یا ریاست. (ii) جہاں مرکزی حکومت کی نگرانی میں نواب یا راجا کا عمل دخل ہو، ریاست. ۲. ملک یا مملکت، جیسے: اسٹیٹ بینک. [انگ].

اِسٹیج (کس ا، سک س، ی ج) اند.
اونچا چبوترا (یا جگہ) جو کسی تماشا گاہ یا جلسے وغیرہ میں سب سے بلند اور صدر مقام ہوتا ہے. ۲. منظر عام. ۳. تکمیل تک پہنچنے میں جن منزلوں سے کوئی معاملہ گزرتا ہے ان میں سے ہر ایک منزل، دوران کار کا ہر مرحلہ، دَورانیہ، نوبت. [انگ].

اِسٹیڈِیَم (کس ا، سک س، ی ج، سک ڈ، فت ی) اند.
ورزش کھیل جسمانی کرتب اور دوڑ وغیرہ کا میدان، جس میں چاروں طرف تماشائیوں کے بیٹھنے کے لیے سیڑھیوں دار چبوترہ بنا ہو. [انگ].

اِسٹیشَن (کس ا، سک س، ی ج، فت ش) اند.
۱. پڑاؤ، ٹھکانا، اڈّا، (کسی خاص کام کے کل شعبوں کا) مرکزی مقام (جیسے: ریڈیو اسٹیشن)؛ ادھر اُدھر کے متعلقہ علاقے کا مرکزی. ۲. ریل گاڑی کے ٹھہرنے کی جگہ، وہ مقام جہاں ریل گاڑی ٹھہر کر مسافروں کو لیتی اور اُتارتی ہے. [انگ].
اسٹیشن ماسٹر اند. ریلوے اسٹیشن کا نگراں اور سب سے بڑا افسر.

اِسٹیشنَری (کس ا، سک س، ی ج، سک ش، فت ن) است.
دفتری کاموں سے متعلق سامان، (خصوصاً) لکھنے پڑھنے کا سامان. [ع].

اِسٹیل (کس ا، سک س، ی مع) اند.
فولاد، پکا لوہا (بغیر جوہر کا). [انگ].
اسٹیل بن/ پین اند. لوہے (وغیرہ) کی نب کا ہولڈر، مہرے دار قلم جس میں نب لگا کر لکھتے ہیں؛ فونٹین پین.

اِسٹیم (کس ا، سک س، ی مع) است.
بھاپ، دھواں سا جو عموماً پانی یا مرطوب چیز کے گرمی پانے سے بنتا ہے، بخار، دخان، حرارت، (مجازاً) طاقت. [انگ].

اِسٹیمَر (کس ا، سک س، ی مع، فت م) اند.
دخانی کشتی، جہاز جو بھاپ کی قوت سے چلتا ہے. [انگ].

اِسٹَینڈ (کس ا، سک س، ی لین، مغ) اند.
۱. وہ جگہ جہاں سواری کی گاڑیاں کھڑی کی جائیں، (گاڑیوں کا) اڈّا، جیسے: تانگا اسٹینڈ، موٹر اسٹینڈ وغیرہ. ۲. وہ فریم یا پرزہ وغیرہ جس پر کوئی چیز ٹکائی جائے. [انگ].

اِسٹینڈرڈ (کس ا، سک س، ی لین، سک ن، فت ڈ، سک ر) (الف) اند.
ا. (i) کسی چیز کی حیثیت مقرر کرنے کی ذہنی کسوٹی، معیار. (ii) درجہ، جماعت، کلاس (ترکیب میں مستعمل). (ب) صف. مروجہ، مقررہ؛ رواجی؛ معیاری. [انگ].

اِسٹینسِل (کس ا، سک س، ی مج، سک ن، کس س) اند.
ا. دھات، کاغذ وغیرہ کی پتلی سی تختی جس میں حرف یا نقش وغیرہ آر پار کاٹ کر اس سے کسی دوسری سطح پر یہ نقش یا حرف چھاپا جاتا ہے. ۲. وہ موٹی کاغذ جس پر حروف ٹائپ کر کے یا لوہے کے قلم سے لکھ کے اور پھر اسے ایک خاص قسم کی مشین پر چڑھا کے دوسرے کاغذ چھاپے جاتے ہیں. [انگ].

اِسٹینو (گرافَر) (کس ا، سک س، ی مج، ومج (کس گ، فت ب)) اند.
مختصر نویس، مقرر لکیروں نقطوں اور علامات میں الفاظ لکھنے والا. [انگ].

اسٹینو گرافی اند. مختصر نویسی کا فن یا کام، مقرر لکیروں نقطوں اور علامات میں الفاظ لکھنے کا ہنر یا عمل.

اِسٹیوارڈ (کس ا، سک س، ی مع، سک ر) صف.
جائداد، کالج کلب یا جہاز کا منتظم رسد، خصوصاً جہاز کا. [انگ].

اَسَد (فت ا، س) اند.
ا. شیر. ۲. آسمان کے بارہ برجوں میں سے پانچویں برج کا نام جس کی شکل شیر کی سی ہے (اکثر برج کے ساتھ مستعمل). [ع].

اسد اللہ اند. شیر خدا، حضرت علی مرتضیٰؓ کا لقب.

اِسرا (کس ا، سک س) اند.
ا. سیر عالم سماوات جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک شب خدا نے کرائی؛ معراج. ۲. قرآن شریف کی سترھویں سورت کا نام جو 'اسراء' (معراج) کے بیان سے شروع ہوئی ہے، سورۂ بنی اسرائیل. [ع].

اَسرار (فت ا، سک س) اند.
(الف) طور جمع. ا. نظر سے چھپی ہوئی چیزیں، امور غیب، راز کی باتیں، رموز. ۲. (i) نکات، لطائف، کلام کی باریکیاں جو ہر شخص کی سمجھ میں نہ آئیں. (ii) ایماء و اشارہ، ادائیں. (ب) طور واحد. ا. راز، بھید. ۲. بھنگ. ۳. (طب) بدن کی شکنیں یا خطوط، پیشانی کی لکیریں [ع].

اِسرار (کس ا، سک س) اند.
بھوت پریت، جن، پری یا کسی بدروح کا سایہ، آسیب؛ نگاہ وغیرہ کا آزار. [ع].

اِسراع (کس ا، سک ر) اند؛ اسث.
جلدی، پھرتی، تیز رفتاری. [ع].

اِسراف (کس ا، سک س) اند.
ا. فضول خرچی، بے انداز اور بے کار خرچ. ۲. (تصوف) طالب علم اس قدر فیض دینا جو سنبھالے نہ سنبھل سکے. [ع].

اِسرافیل (کس ا، سک س، ی مع) اند (علَم).
ایک فرشتے کا نام جو اسلامی روایات میں اس امر پر مامور ہے کہ روز قیامت دو بار صور پھونکے. [ع].

اِسرائیل (کس ا، سک س، ی مع) اند (علَم).
ا. یعقوب علیہ السلام (بن اسحاق بن ابراہیم علیہما السلام) کا لقب یہود کے بارہ خانوادوں (اسباط) کے جد اعلیٰ ہیں (انہی کی نسبت سے یہود بنو اسرائیل کہلاتے ہیں). بندۂ خدا. ۲. مشرق وسطیٰ کے علاقے میں یہود کی ایک حکومت کا نام، فلسطین. [عبر].

اِسرائیلی (کس ا، سک س، ی مع) صف.
اسرائیل کی طرف منسوب؛ یہودی، یہودی قوم یا.

اَسِسٹَنٹ (فت ا، کس س، سک س، فت ٹ، سک ن) صف.
مددگار، معاون، نائب. [انگ].

اَسطَبَل/اِسطَبل (فت ا، سک س، فت ط، ب/کس ا، سک س، فت ط، سک ب) اند
دیکھیے: 'اصطبل'.

اُسطُوانَہ (ضم ا، سک س، ضم ط، فت ن) اند؛ ~ استوانہ.
ا. (ہندسہ) وہ ستون نما شکل جس کو دو متوازی دائرے دو طرف گھیرے ہوئے ہوں. ۲. ستون. ۳. بیلن، سیلنڈر. ۴. (طب) رگ شریان. [ع].

اُسطُورَہ (ضم ا، سک س، و مع، فت ر) اسث.
کہانی قصہ بات، افسانہ. [ع].

أَسْعَد (فت ا، سک س، فت ع) صف.
سب سے زیادہ سعید، نہایت سعید، بہت نیک بخت، مبارک۔ [ع].

أَسَف (فت ا، س) اند.
۱. افسوس۔ (عموماً الف ندبہ کے اضافے کے ساتھ مستعمل) جیسے : واسفا۔ ۲. (طب) کوفت، غم و غصہ، خون کا جوش کھانا۔ [ع].

أَسْفار (فت ا، سک س) اند، ج.
۱. بڑی کتابیں، (خصوصاً) عہد نامہ ہائے عتیق کے مختلف اجزا۔ ۲. سفر (دیکھیے) کی جمع۔ [ع].

أَسْفَل (فت ا، سک س، فت ف) صف.
۱. نیچا، بہت نیچا، مقابلۃً نچلا، سب سے نیچا، اعلیٰ کی ضد۔ ۲. (مجازاً) حقیر، پست، زبوں؛ دوسرے سے کم تر۔ ۳. مقعد، پاخانے کا مقام۔ ۴. (جغرافیہ) نشیبی، جو ملحقہ علاقے سے پستی میں واقع ہو۔ [ع].

اسفل السّافلین/ اسفل سافلین ۔ (الف) اند۔ ۱. دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ ۲. زمین کی سب سے نیچے کی تہ، تحت الثریٰ۔ ۳. قید خانے کا وہ طبقہ جس میں بدترین مجرم رکھے جاتے ہیں۔ (ب) صف۔ درجے اور مرتبے کے اعتبار سے بدترین حقارت کا مقام، پست ترین درجہ۔

إِسْفَنج (کس ا، سک س، فت ف، سک ن) اند.
دیکھیے: 'اسپنج'.

إِسْفِین (کس ا، سک س، ی مع) امث.
پچر، پچّی، دخیل (جو کسی سوراخ یا دراڑ کو بند کرنے کے لیے ٹھوکی جائے)۔

إِسْقاط (کس ا، سک س) اند.
۱. عدم استقرار، برقرار نہ رکھنا یا باقی نہ رہنا، ساقط کرنا یا ہونا، حذف کرنا یا کیا جانا، ہٹانا یا ہٹایا جانا، نظر انداز یا معاف کرنا یا ہونا۔ ۲. (حمل کا) گرنا یا گرانا۔ ۳. (شعر) تقطیع میں کوئی حرف دبا کر پڑھا جانا، کسی حرف کو دبا کر یا گرا کر وزن پورا کرنا۔ [ع].

اسقاط حمل اند. حمل گرانا یا گرنا، حاملہ کے پیٹ سے بچے کا قبل از وقت خارج ہوجانا یا خارج کرانا۔

أَسْقام (فت ا، سک س) اند؛ ج.
۱. امراض، بیماریاں۔ ۲. عیوب، خامیاں، کوتاہیاں، خرابیاں۔ [ع].

أُسْقُف (ضم ا، سک س، ضم ق) اند.
مسیحی دینی پیشوا اور حاکم، پادری، عیسائی عالم۔ [ع].

إِسْکات (کس ا، سک س) اند.
خاموشی، خاموش کرنا، لاجواب کر دینا۔ [ع].

إِسْکارْف (کس ا، سک س، ر) اند.
رومال، شانہ پوش۔ [انگ].

إِسْکالَر (کس ا، سک س، فت ل) اند.
۱. طالب علم؛ وظیفہ خوار طالب علم۔ ۲. عالم، فاضل، محقق، ادیب [انگ].

اسکالر شپ اند؛ امث. (تعلیم کے لیے) وظیفہ۔ ۲. عالمانہ فضیلت کا درجہ، علمیت۔ ۳. علمی مشغولی، علمی پیشہ۔

إِسْکاؤُٹ (کس ا، سک س، ضم و، غم و) اند.
فوجی جاسوس؛ نیک چلنی مضبوطی ارادہ خدمت خلق اور اپنی مدد آپ کے اصول پر قائم شدہ خاص تنظیم کا ممبر (جو ۱۹۰۸ء میں لارڈ بیڈن پاول نے قائم کی تھی اور ابتداءً طلبا تک محدود تھی)۔ [انگ].

إِسْکاؤُٹنگ (کس ا، سک س، ضم و، غم و، کس ٹ، غنہ) امث.
اسکاؤٹ کا کام اور اس کی تنظیم۔ [انگ].

إِسْکِرِپْٹ (کس ا، سک س، کس ک، ر، سک پ) اند.
مسودہ، اصل مضمون۔ [انگ].

إِسْکَرْٹ (کس ا، سک س، فت ک، سک ر) اند.
بڑا دامن؛ ایک انگریزی لباس، لہنگا، سایا۔ [انگ].

إِسْکُرُو (کس ا، سک س، ضم ک، و مع) اند.
پیچ دار کیل یا چابی؛ بوتل وغیرہ کا کاگ کھولنے کا پیچ۔ [انگ].

اسکرو ڈرائیور اند. پیچ کش۔

إِسْکِرِین (کس ا، سک س، کس ک، ی مع) امث.
۱. پردہ، چک، قنات۔ ۲. سینما یا ٹیلی وژن وغیرہ کا پردہ جس پر تصویروں کا عکس نظر آتا ہے، ایکسرے، پردۂ سیمیں۔ [انگ].

إِسْکِرِیننگ (کس ا، سک س، کس ک، ی مع، کس ن، غنہ) اند.
۱. (لفظاً) ڈھیروں میں سے ناقص اجزا کے چھانٹنے کا عمل، (مراداً)

ناکارہ یا نااہل ملازمین کے اندرونی حالات کی جانچ پڑتال اور تفتیش؛ طرفی. ۲.عکس ریز شعاعوں سے جسم کے اندر کا معائنہ. [انگ].

اِسکُواش (کس ا، سک س، ضم ج ک) صف؛ ~ اسکویش.
. نچوڑا ہوا، افشردہ؛ عرق، شربت (عموماً ترکیب میں مستعمل).
۲. (کھیل) ایک کھیل جو مقرر طریقے پر ریکٹ اور نرم گیند سے نسبۃً چھوٹی محصور جگہ میں کھیلا جاتا ہے. [انگ].

اِسکوائِر (کس ا، سک س، ضم ج ک، کس ج ء) صف؛ ~ اسکوئر.
۱. مقدار جو طول و عرض کو باہم ضرب دے کر حاصل ہو. ۲. مربع.
۳. چوک، جیسے: ٹریفلگر اسکوائر. [انگ].

اِسکُوٹر (کس ا، سک س، و مع، فت ٹ) اند.
پٹرول سے چلنے والی سائیکل نما گاڑی جس کے پہیے موٹر سائیکل کے پہیوں سے چھوٹے ہوتے ہیں. [انگ].

اِسکیچ (کس ا، سک س، ی مج) اند.
خاکہ، بے رنگ نقشہ. [انگ].

اِسکور (کس ا، سک س، و مج) اند.
(کھیل) نمبر جو کھلاڑی کھیل میں حاصل کرے، خصوصاً کرکٹ کے 'رن' اور والی بال وغیرہ کے پوائنٹ. [انگ].

اِسکُوْل (کس ا، سک س، و مع) اند.
۱. مدرسہ جس میں زیادہ سے زیادہ دسویں درجے یا اس کے مساوی تک تعلیم دی جاتی ہو، علمی یا فنی درس گاہ، مدرسہ. ۲.علم و ادب کا ایک خاص مسلک، دبستانِ فکر، مکتبۂ خیال. [انگ].

اِسکیل (کس ا، سک س، ی مج) اند.
۱.لکڑی یا لوہے کی پٹی جس پر ناپنے کے لیے علامات اور خط بنے ہوں، پیمانہ، ناپ. ۲. (i) درجہ، پیمانہ یا معیار. (ii) تدریجی معیار یا اندازہ (خصوصاً تن خواہ وغیرہ کا). ۳. (موسیقی) سرگم. [انگ].

اِسکیم (کس ا، سک س، ی مع) است.
۱.تجویز، تجویز کا خاکہ، منصوبہ، لائحۂ عمل. ۲.خفیہ، سازش، چال. [انگ].

اِسکیمو (کس ا، سک س، ی مع، و مج) اند.
ایک قدیم نسل کا نام، امریکہ کے شمال میں پھیلے ہوئے منطقۂ باردۂ شمالی کا انسان (جو سردی میں برف کی سلیں کاٹ کر بنائے ہوئے گھروں میں اور گرمی میں رینڈیر (جانور) کی کھال کے خیمے میں رہتا سہتا اور گوشت نیز مچھلی پر گزارا کرتا ہے). [انگ].

اَسلاف (فت ا سک س) اند؛ ج.
اگلے زمانے کے لوگ، قدما، پرکھے، (مرے ہوئے) باپ دادا پر دادا وغیرہ، مورث. [ع].

اسلاف پرست صف. قدما کے قول و فعل طور طریقے اور رسم و رواج وغیرہ کو واجب العمل سمجھنے والا، اگلے لوگوں کی ہر بات اور ہر عمل کو عظیم خیال کرنے والا.

اِسْلام (کس ا، سک س) اند.
۱.مسلمانوں کا مذہب، حضرت خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیش کیا ہوا دین جس کی بنیاد قرآن پاک اور سنت رسول پر ہیں، (مجازاً) اسلام کے عقائد پر ایمان. ۲. خدائے تعالیٰ کا دین حق جو عہد حضرت آدمؑ سے آج تک برقرار ہے، خدا اور اس کے انبیا پر ایمان. ۳. (مجازاً) مسلم، مسلمان. [ع].

اِسْلامی (کس ا، سک س) (الف) صف.
اسلام سے متعلق اور منسوب: اسلام کا، اسلام والا. (ب) اند. مسلمان (عموماً جمع مستعمل).

اِسْلامِیّات (کس ا، سک س، کس م، فت ی) است.
مذہب اسلام پر اعتقاد، اسلام کا شعار اور طریقہ، اسلام کے اصول رسوم کا برتاؤ.

اَسْلِحَہ (فت ا، سک س، کس ج ل، فت ح) اند؛ بطور جمع؛ بطور واحد.
جنگ کے ہتھیار (تلوار، بندوق وغیرہ)، آلات جو سپاہی اپنے جسم پر سجاتا ہے، حملے اور دفاع کا ساز و سامان جو جنگ کے موقع پر استعمال ہوتا ہے. [ع].

اسلحہ خانہ اند. وہ جگہ جہاں حملے اور دفاع کے آہنی اور بارودی ساز و سامان کا ذخیرہ محفوظ ہو.

اسلحہ ساز اند. دفاعی اور حربی ہتھیار بنانے والا کاری گر یا کارخانہ

اسلحہ سازی است. دفاعی اور حربی ہتھیار بنانے کا کام.

اَسْلَم (فت ا، سک س، فت ل) صف.
سلامتی اور درستی سے زیادہ قریب، محفوظ تر. [ع].

اُسْلُوب (ضم ا، سک س، و مع) (الف) امذ؛ امث.
۱. انداز، وضع، ڈھنگ، روش، طور، طرز. ۲. ترتیب، انتظام، سلیقہ. ۳. روش تحریر، انداز نگارش، (انگریزی) اسٹائل. ۴. راہ، صورت. (ب) بطور لاحقۂ. جیسے: خوش اسلوب (= اچھی وضع یا چلن والا).

اُسْلُوبی (ضم ا، سک س، و مع) (الف) امث.
اسلوب پائے جانے کی کیفیت؛ سلیقہ، خوبی. (ب) بطور لاحقۂ. جیسے: خوش اسلوبی (= اچھی وضع یا چلن رکھنے والا).

اِسْم (کس ا، سک س) امذ.
۱. نام، لفظ جو کسی شخص، شے، کیفیت، وصف یا کام وغیرہ کا نام ہو. ۲. اللہ تعالیٰ کے کسی جلالی یا جمالی نام یا اسم اعظم کا ورد؛ بزرگان دین میں سے کسی کے نام کا وظیفہ، پڑھنت؛ (روایتی طور پر) کوئی خاص تاثیر رکھنے والی دعا. ۳. شخص، فرد. ۴. (ملازم، مزدور یا وظیفہ یاب وغیرہ کی) اسامی، نفری، (صرف) کلمہ جس کے معنی مستقل ہوں اور اس زمانے میں نہ پایا جائے. [ع].

اسم اعظم امذ. خدائے تعالیٰ کا سب سے بڑا نام (جو بہ اختلاف اقوال اللہ، صمد، الحی، القیوم، الرحمٰن، الرحیم، مہیمن، یا محض ہو ہے. کہا جاتا ہے کہ اس نام کے واسطے سے جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے).

اسم بامسمی صف. جس کا نام اس کی صفات کے مطابق ہو، جیسا نام ویسا کام، کا مصداق.

اسم جمع امذ. (صرف) اسم جو صورت میں واحد معلوم ہو لیکن حقیقت میں جمع کا مفہوم ادا کرے، وہ لفظ جس میں جمع کی علامت نہ ہو لیکن جمع کے معنی دے، جیسے: جھنڈ، انجمن، قطار وغیرہ.

اسم ذات امذ. ۱. اسمائے الٰہی میں، 'اللہ'، یا 'ہو' جو صفات سے قطع نظر اس کی ذات پر دلالت کرتے ہیں؛ (مجازاً) ہر شخص کا ذاتی نام (جو علم ہو اور لقب یا خطاب وغیرہ نہ ہو). ۲. (قواعد) جس نام سے ایک طرح کی بہت سی چیزوں کی حقیقت دوسری طرح کی چیزوں سے الگ سمجھی جائے اور وہ صفت نہ ہو، جیسے: اونٹ، ہاتھی، گھوڑا، آگ، پانی وغیرہ.

اسم صفات / صفت امذ. ۱. اسمائے الٰہی میں سے (اللہ کے علاوہ) ہر ایک نام جو اس کی کسی نہ کسی صفت پر دلالت کرتا ہے، جیسے: ستار، (= بڑا پردہ پوش)، غفار (بڑا مغفرت کرنے والا). ۲. (صرف) وہ اسم جو کسی خوبی یا برائی کے معنی دے، جیسے: خوب، نیک، بد.

اسم نویسی امث. ۱. خواستگاری کا دستی رقعہ جس میں دولھا یا دلھن اور ان کے عزیزوں کے نام و احوال ہوتے ہیں اور جو عموماً مشاطہ کے ہاتھ اس گھرانے میں بھیجا جاتا ہے جہاں نسبت ٹھہرانی مقصود ہوتی ہے. ۲. (دفتر وغیرہ میں کسی شعبے سے متعلق اشخاص کی) فہرست.

اَسَمیٰ (فت ا، س) صف.
بلند تر، بہت اونچا. [ع].

اَسْما (فت ا، سک س) امذ؛ ~ اسماء.
کئی اسم، (خدائے تعالیٰ اور اشخاص و اشیاء وغیرہ کے) ایک سے زیادہ نام. [ع].

اِسْمارْٹ (کس ا، سک س، ر) صف.
پھرتیلا، چست و چالاک؛ سلیقہ مند؛ صاف ستھرا؛ طرحدار؛ بانکا چھبیلا. [انگ].

اَسَمْبلی (فت مع ا، فت س، سک م، ب) امث.
۱. مجمع، انجمن، خصوصاً مجلس وضع قوانین، (مرکزی یا صوبائی) مجلس مقننہ ۲. ملنے یا ملائے جانے کا عمل، یک جائی، اکٹھا ہونا، جڑا ہونا، جڑائی. [انگ].

اِسْمَگل کرنا (کس ا، سک س، فت م، گ) ف م.
خلاف قانون درآمد برآمد کرنا، چوری چھپے سامان علاقہ ممنوعہ سے لانا یا لے جانا. اف: کرنا/ ہونا. [انگ].

اِسْمَگْلَر (کس ا، سک س، فت م، سک گ، فت ل) امذ.
قانون کے خلاف علاقہ ممنوعہ کے ساتھ چوری چھپے مال کی درآمد برآمد کا کاروبار کرنے والا شخص. [انگ].

اِسْمَگْلِنگ (کس ا، سک س، فت م، سک گ، کس ل، غنہ) امث.
خلاف قانون درآمد برآمد، چوری چھپے سامان باہر سے لانے یا لے جانے کا کام. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اِسمیّت (کس ا ، سک س ، کس م ، شدی بفت) اسث .
(قواعد) کسی لفظ کے اسم ہونے کی صورت حال ، اسم ہونا .۲. برائے م یا غیر حقیقی ہونا ، فلسفے کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے اور یہ کوئی حقیقی وجود نہیں رکھتے .

اَسْناد (فت ا ، سک س) اسث ؛ اند ، ج .
.(i) حجتیں ، دلیلیں . (ii) عقل یا نقل سے ثابت شدہ باتیں .۲. (i) تصدیق نامے ، (امتحان کی کامیابی یا کسی کارنمایاں کے) سرٹیفکٹ . (ii) حوالے (جو کسی بات کے ثبوت میں پیش کیے جائیں) .۳. (حدیث) حدیث کے راویوں کے سلسلے . [ع] .

اِسْناد (کس ا ، سک س) اند ؛ اسث .
۱. سند ، حجت ، دلیل .۲. (نحو) مسند الیہ اور مسند کے درمیان کی نسبت ، موضوع کے لیے محمول کو ثابت کرنا .۳. (اصول حدیث) حدیث کے راویوں کا سلسلہ . [ع] .

اَسْنان (فت ا ، سک س) اند ؛ ج .
۱. عمریں ؛ سن کے درجے .۲. متعدد دانت . [ع] .

اَسْوار (فت ا ، سک س) اند .
دیکھیے : سوار . [ف] .

اَسْواق (فت ا ، سک س) اند ؛ ج .
خرید و فروخت کی جگہیں ، منڈیاں ، متعدد بازار . [ع] .

اَسْوانْسی (فت ا ، سک س ، مغ) اسث ؛ ~ انوانسی .
زمین ناپنے کا پیمانہ جو کچوانسی کا بیسواں حصہ ہوتا ہے . [س] .

اَسوج (فت ا ، وج) اند ؛ اسث ؛ ~ آسوج .
ہندی سال کا ساتواں مہینہ جو تقریباً نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک ہوتا ہے ، کنوار . [س] .

اَسْوَد (فت ا ، سک س ، فت و) (الف) صف .
۱. سیاہ ، کالا .۲. سیاہ رنگ شخص ، حبشی . (ب) اند . سنگ اسود جو خانہ کعبہ میں کسی قدر بلندی پر نصب ہے اور طواف کے وقت حاجی اسے بوسہ دیتے ہیں . [ع] .

اُسْوَہ (ضم ا ، سک س ، فت و) اند .
(اخلاق و کردار و سیرت کی) مثال ، نمونہ جو لائق تقلید ہو . [ع] .

اِسْہال (کس ا ، سک س) اند .
دست آنے کی بیماری ؛ پتلا پاخانہ ، دست . [ع] .

اِسْہامی (کس ا ، سک س) صف .
جو حصہ داری کے طور پر ہو ، جس میں قواعد و ضوابط کے تحت مستقل حصہ داری ہو .

اَسْہَل (فت ا ، سک س ، فت ہ) صف .
آسان ، سہل ، بہت آسان . [ع] .

اِسی (کس ا) اشارۂ قریب حصری .
''اِس'' اور ''ہی'' کا مخفف .

اسی دِن کو (کے لیے) پالا (پیدا کیا یا پیدا ہوا) تھا کہاوت . اپنی اولاد خورد یا پروردہ کے خلاف اُمید کام کرنے پر مستعمل ، مترادف : ایسا کرنے کے لیے ، اس قسم کے کرتوت کے لیے .

اُسی (ضم ا) . اشارۂ بعید حصری .
''اُس'' اور ''ہی'' کا مخفف .

اُسی کی جوتی اُسی کا سَر / سِر کہاوت . اسی کا مال اسی پر خرچ ہوگیا ، اسی کا قول اسی پر منطبق ہوا .

اَسّی (فت ا ، شدس) اند .
ستر اور دس کا مجموعہ ، چار بیسی ، بیس کم سو ، (ہندسوں میں) ۸۰ . [س] .

اَسّی نَسّی کہاوت . بڑھاپے کو ناتوانی اور کمزوری لازم ہے ، بوڑھے آدمی کی حرارت غریزی بہت کم اور رطوبت زیادہ ہوتی ہے .

اِسے (کس ا) . اشارۂ قریب .
''اِس'' جس کی یہ مفعولی حالت ہے (= اس کو) .

اسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ / نکالو کہاوت . اس موقع پر کہتے ہیں جب دو شخصوں کے درمیان مشابہت بدرجۂ کمال ہو ، مطلب یہ کہ گویا دونوں ایک ہیں .

اُسے (ضم ا) . اشارۂ بعید .
''اُس'' جس کی یہ مفعولی حالت ہے (= اُس کو) .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اسث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

آسِیر (فت ا، ی مع) صف.
۱. قیدی، پابند، محبوس، گرفتار. ۲. (مجازاً) مبتلا، عاشق. [ع].

آسیری (فت ا، ی مع) است.
۱. گرفتاری.

آسِیس (فت ا، ی مع) است.
دعائے خیر، اچھی دعا. [س].

اُسَیلِم (ضم ا، ی لین، کس ل) است.
چھوٹی اُنگلی اور اس کے پاس والی اُنگلی کے درمیان کی ایک رگ. [ع].

اِشارات (کس ا) (الف) اند: بطور جمع.
۱. اشارہ (دیکھیے) کی جمع. ۲. مختصر نوٹ، اجمالی توضیحات، حواشی.
(ب) بطور واحد: است. معشوقانہ ناز و انداز سے چشم و ابرو کی محبت آمیز حرکت، غمزہ، کرشمہ.

اِشارَۃً (کس ا، فت ر، تن ۃ بفت) م ف.
اشارے کے طور پر، مجملاً، کنایۃً.

اِشارَتی (کس ا، فت ر) صف.
اشارت سے منسوب: اجمالی، علامتی، ایمائی.

اِشارَہ (کس ا، فت ر) اند.
۱. (i) اُنگلی ہاتھ یا آنکھ وغیرہ کی حرکت سے کسی محسوس اور ظاہر شے یا شخص کو دکھانے یا بتانے کا عمل (جیسے: یہ کتاب، وہ آدمی). (ii) غیر محسوس اور غیر حاضر کو محسوس اور حاضر تصور کر کے اس کی طرف ایما یا کسی عضو کی حرکت. (iii) کسی عضو کی ادنیٰ حرکت، قدرے تحریک، چشم و ابرو سے یا کسی اور طرح منشا کا خفیف سا اظہار. ۲. خاص صورت بنانے یا کسی عضو کی نمایاں حرکت سے منشا کا اظہار (جیسے دائیں بائیں جانب گردن ہلانے سے انکار کی طرف اشارہ وغیرہ). ۳. اذن، مرضی، منشا؛ حکم، تحریک، ایما؛ تقاضا، اقتضا. ۴. محبت بھری یا محبت انگیز نظر، نظر بازی، غمزہ، کرشمہ، معشوقانہ ناز و انداز. ۵. الفاظ یا عبارت میں کسی مفہوم کا مبہم قرینہ، اجمالی ذکر یا معلومات جو تفصیل کی بنیاد ہو، اجمال، مختصر نوٹ، حاشیہ، صراحت کی ضد. ۶. مقررہ نشان، افعال، خاکے، آثار، آواز، خطوط، الفاظ یا منصوبات اور جھنڈیوں وغیرہ سے مطلب کا اظہار (جیسے تیر کے نشان سے اُس سمت رخ کرنے کا اشارہ جدھر اس کی نوک ہے وغیرہ). ۷. تلمیح، حوالے یا سیاق و سباق سے کسی امر کی طرف رہنمائی. ۸. درپردہ تعریض یا چوٹ. ۹. (قواعد) اسم جس سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کریں (جیسے یہ شخص، وہ قلم). ۱۰. (ادب) تشبیہ، استعارہ اور مجاز کے علاوہ روایتی یا رسمی طور پر کسی مفہوم کی طرف رہنمائی، علامت، رمز (انگریزی: Symbol). [ع].

اشارہ پانا محاورہ. منشا محسوس کرنا، بغیر کہے کسی بات یا نقل و حرکت سے سمجھ لینا، کسی کی طرف سے ایما، حکم، اجازت یا شہ ملنا.

اشارہ کنایہ اند. مجملاً یا کنایۃً کسی منشا کو ادا کرنے کا عمل.

اِشارے (کس ا) اند.
اشارہ کی حالت مغیرہ یا جمع (تراکیب میں مستعمل).

اِشارے بازی است. (خصوصاً بری نیت سے) اشاروں میں بات چیت، چشم و ابرو کے اشارے سے گفتگو.

اِشارے پر چلنا / ناچنا محاورہ. بلا چون و چرا کسی کی پیروی کرنا، آنکھیں بند کر کے کسی کے کہنے پر چلنا.

اِشارِیَہ (کس ا، ر، فت ی) اند؛ است.
۱. حروف تہجی کی ترتیب سے کتاب وغیرہ کے شروع یا آخر میں دی ہوئی فہرست جس میں کتاب کے مضامین اور دوسرے جزئیات کے حوالے اور صفحات وغیرہ درج ہوں؛ انڈیکس. ۲. انگوٹھے کے پاس کی انگلی، انگشت شہادت.

اِشاعَت (کس ا، فت ع) است.
۱. کسی عقیدے یا خیال وغیرہ کی ترویج، تبلیغ. ۲. کسی مرئی شے کے پھیلانے یا پھیلنے کا عمل، پھیلاؤ. ۳. کسی مرئی شے بیماری یا فن وغیرہ کو پھیلانے کا عمل، وسعت پانے یا دیے جانے کا عمل. ۴. (i) اخبار یا کتاب وغیرہ چھپنے کے بعد منظر عام پر لائے جانے کا عمل، نشر. (ii) ایڈیشن.

اِشْباع (کس ا، سک ش) اند.
حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ فتحے کی درازی سے الف اور ضمے کی

درازی سے واو اور کسرے کی درازی سے ی پیدا ہو، جیسے: اچار سے آچار، اُفتاد سے اوفتاد، آتش سے آتیش وغیرہ. ۲. (قافیہ) دخیل کی حرکت کا نام. جیسے: ''حاصل'' اور ''شامل'' کے ص اور م کا کسرہ اور ''یاور'' اور ''خاور'' کے و کا فتحہ. ۳. کسی بات کو طول دینے کا عمل، اطناب، تفصیل، مختصر بات کو پھیلا کر بیان کرنا. [ع].

آشباہ (فت ا، سک ش) اند؛ ج.
شبیہیں، نظیریں، امثال. [ع].

اِشباہ (کس ا، سک ش) اند.
مانند و مشابہ ہونا، مشابہت ہونا. [ع].

آشْبَہ (فت ا، سک ش، فت ب) (الف) صف.
بہت مشابہ، بہت ملتا جلتا، مشابہ. (ب) امث. (نباتیات) عشق پیچاں سے مشابہ پتوں کی ایک بیل جس کا پھول چنبیلی کی طرح کا اور خوش بودار اور پھل چھوٹا سرخی مائل ہوتا ہے، (جڑ دواؤں میں مستعمل). [ع].

اِشتِباہ (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
۱. (i) شک و شبہ، دھوکا، التباس، غلط فہمی. (ii) (قانون) کسی شخص کے بارے میں معقول قرائن سے ارتکاب جرم کا شبہ. ۲. گنجلک پن، ابہام، پیچیدگی، عدم وضاحت. ۳. مرکبات میں جزوِ آخر کے طور پر، مترادف: جس پر کسی اور چیز کا گمان یا دھوکا ہو. [ع].

اَشْتَر (فت ا، سک ش، فت ت) صف.
۱. پھٹی آنکھ والا، دریدہ چشم. ۲. (عروض) رکن جس میں دو زحاف خرم اور قبض جمع ہوجائیں، وہ ''مفاعیلن'' جس کا پہلا حرف خرم کے ذریعے اور پانچواں حرف قبض کے ذریعے گرا دیا جائے (جس کے بعد فاعلن رہ جاتا ہے). [ع].

اِشتِرا (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند؛ ~ اشتراء.
خرید و فروخت، بیع و شرا. [ع].

اِشتِراک (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
۱. شرکت، ساجھا، شریک ہونا یا مشترک ہونا. ۲. شرک، خدا کی ذات یا صفات یا خصائص نبوت میں شریک کرنا یا ہونا. ۳. رفاقت، میل جول، تعاون، شریک کار ہونا. ۴. یکسانی، مطابقت، مشابہت. ۵. تناسل میں شرکت، جفتی یا پیوند کاری. ۶. (جدید) کسی اخبار یا رسالے وغیرہ کی خریداری میں شرکت، ترکیب میں مستعمل، جیسے: بدل اشتراک. ۷. پیداوار کے ذرائع پر مشترکہ قومی ملکیت کی تنظیم کا نظریہ یا تحریک کام بہ قدر صلاحیت اور اُجرت بہ قدر محنت کا نظام، سوشلزم. [ع].

اِشتِراکی (کس ا، سک ش، کس ج ت) صف.
اشتراک کی طرف منسوب: سوشلسٹ.

اِشتِراکِیت / اِشتِراکِیَّت (کس ا، سک ش، کس ج ت کس ک، فت ی/ شدی بفت) امث.
اشتراک (دیکھیے معنی شق نمبر ۷) کا نظریہ یا مسلک.

اِشتِعال (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند؛ امث.
۱. آگ یا شعلہ بھڑکنے کی کیفیت، شعلہ، شعلے اٹھنا. ۲. گرمی یا کسی جذبے حالت کی شدت یا زیادتی، شعلگی. ۳. (مجازاً) برہمی، غصہ. ۴. (i) جوش ہیجان. (ii) کسی جذبے کو ابھارنے، بھڑکانے یا جوش دلانے کا عمل. [ع]

اشتعال انگیز صف. جوش دلانے والا، غصے میں لانے والا، جذبات کو اُبھارنے والا (کام یا بات).

اشتعال پذیر صف. جو آنچ یا ہوا وغیرہ سے بھڑک اُٹھے، شعلہ پکڑنے والا

اِشتِعالی (کس ا، سک ش، کس ج ت) صف.
اشتعال سے منسوب: اشتعال پیدا کرنے والا، مشتعل کرنے والا. [ع]

اِشتِقاق (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
۱. وضع، بناوٹ. ۲. (i) کسی مضمون سے دوسرا مضمون پیدا کرنا جو اسی سے ملتا جلتا ہو. (ii) شق پیدا کرنا، اخذ کرنا. ۳. کسی نوع یا جنس سے دوسری نوع یا جنس کا پیدا ہونا. ۴. (قواعد) کسی کلمے سے دوسرا کلمہ بنایا جانا، یا بنانا، لفظ کی اصل، ماخذ، مادہ، تصریف یا گردان. ۵. (بدیع) ایک جملے یا شعر میں دو ایسے لفظ لانا جن کا ماخذ ایک ہو، صنعت اشتقاق. [ع].

اِشتِمال (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
۱. شمول، شرکت، شامل ہونا. ۲. مشترکہ ملکیت: مشترکہ ملکیت کا نظریہ ۳. (قانون) ایک سے زیادہ مدعی یا مدعا علیہ کا کسی مقدمے میں شامل ہونا. [ع].

اِشتمالی (کس ا، سک ش، کس ج ت) صف.
ا. اشتمالیت سے منسوب. ۲. اشتمالیت کا پیرو، کمیونسٹ.

اِشتمالیَت (کس ا، سک ش، کس ج ت، کس ل، فت ی) است.
ایک ایسے معاشرے کا حامی نظریہ جس میں شخصی ملکیت کو ختم کر کے املاک کو قوم کی مشترکہ ملک بنایا جائے، قوم کے ہر فرد کو اپنی لیاقت کے مطابق کام کرنے اور ضرورت کے مطابق حصہ پانے کے استحقاق کا مسلک، کمیونزم. [ع].

اِشتمام (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
ا. سونگھنے کا عمل، سونگھنا، دماغ کا معطر ہونا. ۲. بو، باس، مہک. [ع].

اِشتہا (کس ا، سک ش، کس ج ت) است.
ا. کھانے کی خواہش؛ بھوک، گرسنگی. ۲. خواہش. [ع].

اِشتہار (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
ا. شہرت، مشتہری. ۲. اعلان، نوٹس، اطلاع عام. ۳. (i) کاغذ جس پر کسی امر کا اعلان ہو (عموماً چھپا ہوا). (ii) اخبار یا رسالے میں اُجرت دے کر چھپوایا ہوا اعلان. [ع].

اشتہار بازی است. ا. (برے معنوں میں) اشتہار کے ذریعے کسی معاملے کو اُچھالنے کا عمل، ایک دوسرے کے مقابلے میں اشتہاری بحث مباحثا یا جنگ. ۲. اشتہارات دینے کا کام یا پیشہ.

اشتہار لگنا (الف) ف مر. اشتہار کا پرچہ کسی نمایاں مقام پر چپکایا جانا. (ب) محاورہ. اشتہار کا مضمون جس شخص سے متعلق ہو اس کے گھر یا دروازے پر چسپاں کیا جانا تاکہ وہ اطلاع نہ پانے کا عذر نہ کر سکے (خصوصاً عدالت کی جانب سے).

اِشتہاری (کس ا، سک ش، کس ج ت) صف.
ا. (عموماً کسی برائی میں) مشہور، جانا پہچانا، خصوصاً جس کی تلاش میں حکومت وغیرہ کی طرف سے اشتہار دیا گیا ہو. ۲. جو مشتہر ہو لیکن حقیقت میں ویسا نہ ہو، غیر معتبر.

اشتہاری مجرم / ملزم اند. مفرور ملزم یا مجرم جس کی بابت مشتہر کر دیا گیا ہو کہ اس کو گرفتار کر کے پیش کیا جائے یا وہ خود حاضر ہو جائے.

اِشتیاق (کس ا، سک ش، کس ج ت) اند.
ا. شوق، آرزو، تمنا؛ عشق، محبت. ۲. (تصوّف) جوش طلب اور عشق دوامی جو وصال و فراق دونوں حالتوں میں یکساں رہے. [ع].

اَشجار (فت ا، سک ش) اند؛ ج.
شجر (دیکھیے) کی جمع، بہت سے درخت، پودے. [ع].

اَشخاص (فت ا، سک ش) اند؛ ج.
شخص (دیکھیے) کی جمع، متعدد شخص، لوگ. [ع].

اَشَدّ (فت ا، ش (شد، بحالت عطف یا اضافت)) صف.
ا. نہایت شدید یا سخت، بہت زیادہ. ۲. اپنے خیالات یا عمل میں بہت سخت، سختی سے پیش آنے والا یا عمل کرنے والا. [ع].

اَشَرّ (فت ا، ش (شد ر بحالت عطف یا اضافت)) صف.
بہت شریر، سب سے بڑھ کر شریر. [ع].

اَشرار (فت ا، سک ش) اند؛ ج.
شریر (دیکھیے) کی جمع، شریر لوگ، مفسد اشخاص. [ع].

اَشراف (فت ا، سک ش) صف؛ اند؛ ج. (الف) بطور جمع.
شریف کی جمع، عالی مرتبہ اشخاص، حسب نسب یا کردار کے اچھے. (ب) بطور واحد. شریف آدمی حسب و نسب یا کردار کا اچھا، عالی مرتبہ. [ع].

اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے کہاوت. شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے اور وہ کمینہ یہ سمجھتا ہے مجھ سے ڈر گیا اس لیے دلیر ہو جاتا ہے.

اَشرافی (فت ا، سک ش) صف.
اشراف سے منسوب.

اَشرافِیَت/اَشرافِیَّت (فت ا، سک ش، کس ف، فت ی/ شد ی بفت) است.
ا. شرافت (جو خاندانی بلندی اخلاق یا دیگر اسباب کی بنا پر ہو). ۲. چند خواص یا امرا کی حکومت، Aristocracy.

اَشرافِیَہ/اَشرافِیَّہ (فت ا، سک ش، کس ف، فت ی/شد ی بفت) (الف) است.
چند خواص یا امرا کی حکومت، طبقۂ امرا، Aristocracy کا ترجمہ. (ب) صف. امرا یا شرفا کا، اعلیٰ خاندان کا.

اِشراق (کس ا، سک ش) اند.
ا. (i) طلوع، روشنی کا پھیلنا، سورج کی شعاعوں کا نکلنا. (ii) تابانی، چمکنا. ۲. طلوع آفتاب سے تمازت تک کا وقت. (ii) نماز جو سوا نیزے

سورج چڑھنے پر پڑھی جاتی ہے. ۳. صفائے باطن کی وجہ سے روشن ضمیری ؛ کشف ، الہام. ۴. بغیر کسی خارجی ذریعے کے ایک دل یا جذبے کا اثر دوسرے پر پڑنا یا ڈالنا ، ٹیلی پیتھی. ۵. صفائے باطن کے باعث مکاشفے اور مراقبے کے ذریعے دور ہی سے تعلیم و تعلم. ۶. (تصوف) قلب کا نورِ محبت سے منوّر ہو جانا. [ع].

اِشراقی (کس ا ، سک ش) صف.
اشراق کی طرف منسوب.

اِشراک (کس ا ، سک ش) امذ.
(لفظاً) شریک کرنا (مراداً) خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا. [ع].

اَشرَف (فت ا ، سک ش ، فت ر) صف.
شریف تر ، بزرگ تر ، فوقیت رکھنے والا ، اعلیٰ ، افضل ، نیک آدمی ، عالی نسب. [ع].

اشرف الانبیا صف ؛ امذ. مراد : آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

اشرف المخلوق/ المخلوقات صف ؛ امذ. (لفظاً) کل مخلوقات میں سب سے افضل و اعلیٰ ؛ (مراداً) انسان ، آدمی.

اَشرَفی / اَشَرفی (فت ا ، سک ش ، فت ر/ فت ا ، ش ، سک ر) (الف) امذ.
گل اشرفی ، ایک پھول جو گول زرد اور سنہرا ہوتا ہے. (ب) امث. پرانا سونے کا سکہ.

اشرفی بوٹی امث. زربفت اور کمخواب وغیرہ کی گول گول سنہری بوٹی جو اشرفی کے برابر ہوتی ہے.

اَشرَفیاں (اَشَرفیاں) لُٹیں اور کوئلوں پَر مُہر/ اشرفیوں کی لوٹ اور کوئلوں پر مہر کہاوت.
بڑے بڑے مصارف ہوتے رہیں اور ذرا ذرا سی باتوں میں جز رسی سے کام لیا جائے (اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو یوں تو ہزاروں روپے لٹا دے مگر بعض ضروری کاموں میں کم حوصلگی سے کام لے).

اَشعار (فت ا ، سک ش) امذ ؛ ج.
۱. شعر (دیکھیے) کی جمع ، دو یا زیادہ شعر ، ابیات. ۲. بال. [ع].

اِشعاع (کس ا ، سک ش) امذ.
۱. شعاع ڈالنے کا عمل ، (روشنی کا) پرتو یا جھلک ڈالنا. ۲. (سائنس) شعاعوں کا انتشار اور ان کا کسی جسم سے نکل کر ضائع ہونا یا پھیل جانا (اکثر حرارت کے ساتھ مستعمل). [ع].

اَشعَر (فت ا ، سک ش ، فت ع) صف.
بہت بڑا شاعر ، شعر گوئی پر اوروں سے زیادہ قدرت رکھنے والا شاعر (بیشتر ترکیب میں مستعمل) (جیسے اشعر الناس ، اشعر العرب وغیرہ). [ع].

اَشغال (فت ا ، سک ش) امذ ؛ ج.
۱. شغل کی جمع ؛ مشغلے ، کام دھندے ، پیشے. ۲. اوراد ، وظائف. [ع].

اَشفاق (فت ا ، سک ش) امذ : بطور جمع نیز واحد.
لطف یا الطاف ، عنایت یا عنایات ، مہربانی یا مہربانیاں (شفقت کی جمع). [ع].

اِشقاق (کس ا ، سک ش) امذ.
ایک شق سے نئی شق نکالنا ، بات سے بات پیدا کرنا (عموماً ترکیب نسبتی میں مستعمل). [ع].

اَشقیا (فت ا ، سک ش ، کس ق) امذ ؛ ج.
شقی (دیکھیے) کی جمع ، بدبخت ، پتھر کا دل رکھنے والے ، ظالم ، سنگ دل. [ع].

اَشک (فت ا ، سک ش) امذ.
پانی جو رنج ، تکلیف یا بے حد خوشی کے وقت آنکھوں میں امڈے ، آنسو ، ٹسوا. [ف].

اشک امڈنا محاورہ. آنکھوں میں آنسو بھر لانا.

اشک بار صف. آنسو برسانے والا ، رونے والا (شخص یا آنکھ).

اشک باری امث. آنسو بہانا ، رونا.

اشک پینا محاورہ. آنسو روک لینا ، رونے کو ضبط کرنا ، ضبط و تحمل سے کام لینا.

اشک شوئی امث. ۱. آنسو پونچھنے کا عمل ، آنسو صاف کرنا. ۲. تسلی ، دل دہی ، نقصان کا تدارک.

اَشکال (فت ا ، سک ش) امث.
۱. مختلف صورتیں یا ہیئتیں جو مادہ اختیار کرتا ہے. ۲. (مجازاً) اجسام پیکر. ۳. ہندسی شکلیں جو مختلف خطوط و دوائر سے مرتب ہوتی ہیں

۴. (منطق) استدلال کی سولہ شکلیں (جن میں سے چار نتیجہ خیز ہیں) .
۵. (فلسفہ) عالم ارواح کی صورتیں جو عالم اجسام کی اصل ہیں ، اعیان ثابتہ ، صور علمیہ . ۶. (رمل) زائچے کی سولہ شکلیں . [ع] .

اِشکال (کس ا ، سک ش) (الف) اند .
۱. دقت ، دشواری . ۲. مشکل یا دشوار ہونا . ۳. (i) ایراد ، اعتراض ، نکتہ چینی . (ii) (معنی یا مفہوم میں) اشتباہ ، ابہام . (ب) صف . مشکل ، دشوار . [ع] .

اُشلَک (ضم ا ، سک ش ، فت ل) اسث : ← اشلق .
تہمت ، بہتان . [ت] .

اَشلوک/اِشلوک (فت ا ، سک ش ، وج/کس ا) اند .
۱. نظم ، بیت ، شعر ؛ مقفی فقرہ . ۲. آٹھ حرفی بحر کا شعر . [س] .

اِشمام (کس ا ، س ش) اند .
۱. سونگھنا یا سونگھانا ، بو کا ناک کے ذریعے دماغ میں پہنچانا . ۲. حرف موقوف کو ساکن کرتے ہی معاً ہونٹوں سے ضمے کی طرف اس طرح اشارہ کرنا کہ لب ملنے نہ پائیں ؛ کسی حرف میں دوسرے حرف کی آواز کی خفیف سی آمیزش . [ع] .

اَشنان (فت ا ، س ش) اند .
۱. (ہندو) غسل ، نہانا . ۲. نہانے کی مذہبی رسم ، مقدس غسل . [س] .

اَشنَع (فت ا ، سک ش ، فت ن) صف .
قبیح تر ، نہایت معیوب ، بہت زیادہ قابل ملامت . [ع] .

اَشواق (فت ا ، سک ش) اند ؛ ج .
آرزومندیاں ، رغبتیں ، (مختلف یا متعدد) شوق (دیکھیے) کی جمع .

اِشہا (کس ا ، سک ش) اند .
خواہش ؛ خواہش پیدا کرنا ، راغب و مائل کرنا . [ع] .

اَشہَب (فت ا ، سک ش ، فت ہ) (الف) اند .
گھوڑا جس کے سپید بالوں کی کثرت سیاہ پر غالب ہو . (ب) صف . سفید مائل بہ سیاہی (رنگ یا شے) . [ع] .

اَشہَر (فت ا ، سک ش ، فت ہ) صف .
بہت شہرت رکھنے والا ، مشہور ، بہت مشہور ، سب سے زیادہ مشہور . [ع] .

اَشیا (فت ا ، سک ش) اسث ؛ ج .
۱. (کھانے پینے یا استعمال کی) چیزیں ، سامان ، اسباب ، شے کی جمع . ۲. اجسام ، اشخاص ، موجودات . [ع] .

اَشیر باد (فت ا ، ی مع ، سک ر) اسث .
۱. (ہندو) دعائے خیر و برکت . ۲. سلام کرنے کا کلمہ ، سلام ، بندگی . [س] .

اِصابَت (کس ا ، فت ب) اسث .
(فکری اور ذہنی قوتوں کی) راستی و درستی ، رائے فکر یا تدبیر وغیرہ کا صائب ہونا ، صحیح نتیجے پر پہنچنا . [ع] .

اَصابع (فت ا ، کس ب) اند ؛ اسث ؛ ج .
انگلیاں . ۲. (تصوف) صفت علم اور قدرت . ۳. (ہیئت) قطر آفتاب کے بارہ حصے . قب : اصبع . [ع] .

اَصالَت (فت ا ، ل) اسث .
۱. صحت نسب ، نجابت ، اچھی نسل سے ہونا ؛ شرافت . ۲. اصلیت ، اصل نسل ، خلقی وصف (اچھا ہو یا برا) ، عادت . ۳. تلوار کا جوہردار اور خالص فولاد کا ہونا (جو کٹنے پر نہ ٹوٹے) . [ع] .

اَصالتاً/اصالۃً (فت ا ، ل ، تن ت بفت) م ف .
بذات خود ، بہ نفس نفیس ، بغیر کسی ایجنٹ یا وکیل کے ، وکالۃً کی ضد . ۲. قطعی طور پر ، بنیادی طور پر ، اصلاً .

اَصالَتی (فت ا ، ل) صف .
صحیح النسب ، کھرے نسب والا ، جس کے باپ دادا میں کوئی کھوٹ نہ ہو .

اَصَح/اَصَحّ (فت ا ، ص) (شد ح بحالت عطف و اضافت) صف .
۱. زیادہ صحیح یا معتبر بات . ۲. (فقہ) وہ حکم شرعی جس کی صحت کے زیادہ سے زیادہ قرائن شرعی پائے جائیں ، منشائے شریعت سے قریب تر بات . [ع] .

اَصحاب (فت ا ، سک ص) اند ؛ ج . (بطور واحد بھی مستعمل) .
۱. ساتھ رہنے والے ، احباب ، رفقا . ۲. (آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحبت یافتہ) وہ لوگ جنھوں نے بحالت ایمان حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو دیکھا . ۳. لوگ ، اشخاص . ۴. (نسبت رکھنے) والے ، مالک ، خداوند (ترکیب میں بطور مضاف مستعمل) . [ع] .

اَصحاب صُفّہ اند . مہاجر اصحاب جو مسجد نبوی کے باہر ایک چبوترے پر رہتے تھے (ان کی معاش کا انتظام دوسروں پر موقوف تھا) .

اِصْرار (کس ا، سک ص) امذ.
(لفظاً) کسی فعل یا قول پر استقامت ؛ (مراداً) ضد اور ہٹ، کسی بات پر اڑے رہنا، کوئی کام یا بات بار بار کرنا، تاکید، تکرار. [ع].

اَصْراف (فت ا، سک ص) امذ.
اخراجات. [ع].

اِصْراف (کس ا، سک ص) امذ.
۱. صرفہ، صرف کرنا، خرچ کرنا. ۲. فضول خرچی، بیجا صرف.

اِصْطِباغ (کس ا، سک ص، کس ج ط) امذ.
۱. دینِ مسیحی میں داخل کرنے کی رسم، نومولود یا غیر عیسائی کو رنگین پانی میں نہلا کر یا پانی چھڑک کر دینِ مسیحی میں داخل کرنا، بپتسمہ دینا، عیسائی بنانا. ۲. کسی خاص رنگ میں رنگا جانا؛ (مجازاً) تقلید (عموماً بے جا). [ع].

اَصْطَبَل/اِصْطَبْل (فت ا، سک ص، فت ط، ب/کس ا، سک ص، فت ط، سک ب) امذ.
گھوڑے، خچر وغیرہ کو باندھنے اور رکھنے کا مکان، طویلہ. [ع].

اِصْطِلاح (کس ا، سک ص، کس ج ط) امث.
۱. لفظ جس کے کوئی خاص معنی کسی علم یا فن وغیرہ کے ماہرین نے یا کسی جماعت نے مقرر کر لیے ہوں. ۲. روزمرہ، بول چال. ۳. ایسا لفظ یا رمز کی بات جسے قائل اور مخاطب کے علاوہ دوسرے لوگ نہ سمجھ سکیں. [ع].

اَصْغَر (فت ا، سک ص، فت غ) صف مذ.
(اکبر کی ضد) چھوٹا، سب سے چھوٹا. [ع].

اَصْفَر (فت ا، سک ص، فت ف) (الف) صف.
زرد سونے یا پیتل کے رنگ کا، پیلا. (ب) امذ. گھوڑا جس کا رنگ سونے کے رنگ سے مشابہ اور دم سیاہ ہو، زردا. [ع].

اَصْفیا (فت ا، سک ص، کس ف) امذ.
صفی (دیکھیے) کی جمع، پاک باطن لوگ، اولیاء اللہ. [ع].

اَصْل (فت ا، سک ص) (الف) امث ؛ امذ.
۱. (نباتیات کی) بیخ، جڑ (اکثر مجازی معنی میں مستعمل). ۲. (i) ابتدا، آغاز. (ii) حقیقت. (iii) کسی چیز کی بنیاد، اساس. ۳. ماخذ، منبع، سرچشمہ. ۴. قائم بالذات، جو کسی شے سے ماخوذ یا کسی شے پر مبنی نہ ہو. ۵. نقش اول یا پہلی صورت، اصلی یا معتبر شے (نقل کے بالمقابل). ۶. سرمایہ جس پر منافع یا سود لیا جائے، مول. ۷. واقعہ، (وقوع میں آئی ہوئی) صحیح بات. ۸. کوئی تحریر یا تصنیف جس کا ترجمہ، شرح، خلاصہ یا نقل کی جائے: ابتدائی مسودہ یا متن، دستاویز. ۹. (دینیات) عقیدہ جس پر دین کی بنیاد ہو، رکن دین، فرع کے بالمقابل. (ب) صف ۱. اصلی، حقیقی، واقعی، ٹھیک. ۲. خالص، بے میل، کھرا (نقلی کے بالمقابل) ۳. خاندانی، شریف جس کا نسب بے میل اور بے داغ ہو. [ع].

اَصْلاً (فت ا، سک ص) (الف) م ف.
۱. مطلق، ذرہ بھر، نام کو. ۲. ہرگز، کسی طرح. ۳. کلیۃً، قطعی طور پر. [ع]

اَصْلاً (فت ا، سک ص، تن ل بفت) م ف.
نسب، ماخذ یا حقیقت کے اعتبار سے، دراصل، اصل میں. [ع].

اِصْلاح (کس ا، سک ص) امث.
۱. (اخلاق و خیالات وغیرہ کی) درستی، خامیاں یا برائیاں دور کرنا ہونا، صحیح راستے پر ڈالنا یا پڑنا. ۲. رد و بدل، تبدیلی، کاٹ چھانٹ (بہتری کے لیے). ۳. (i) مرض سے افاقہ، صحت کی بحالی؛ تندرستی (ii) (مزاج یا خلط وغیرہ کا) اعتدال پر آنا، عوارض کی شدت کم ہوجانا. ۴. (علم الاخلاق) قوئی اور کیفیات کی افراط و تفریط دور کرنا دور ہونا. ۵. (i) نظم یا نثر کی درستی، ترمیم، کلام کو غلطیوں سے پاک کرنے یا سنوارنے کا عمل؛ خوشخطی کی مشق کرانے میں حرفوں کی دائروں وغیرہ کی درستی. ۶. مصالحت یا صلح صفائی. ۷. کاپی جمے ہوئے پتھر یا پلیٹ وغیرہ کی چھپائی کا نمونہ، پروف؛ مثل. ۸. (سیاسیات) ملکی قانون، دستور اور دیگر سماجی امور میں رد و بدل. [ع].

اِصْلاحات (کس ا، سک ص) امث ؛ ج.
۱. نقص اور خرابیوں کی درستیاں. ۲. (سیاسیات) ملکی قانون دستور اور دیگر سماجی امور میں رد و بدل (فلاح و بہبود عوام کے لیے). [ع]

اِصْلاحی (کس ا، سک ص) صف.
۱. اصلاح سے منسوب: نقائص اور خامیوں کی درستی سے متعلق. ۲. اصلاح دیا ہوا، تصحیح شدہ (کلام یا خوشخطی کی وصلی وغیرہ).

اَصْلَح (فت ا، سک ص، فت ل) صف.

۱.(i) خوب تر، نہایت مناسب یا درست. (ii) تقاضاے وقت کے لحاظ سے موزوں ترین. ۲. نہایت صالح، بہت زیادہ نیک، نہایت اچھے اخلاق اور چال چلن کا. [ع].

اَصْلی (فت ا، سک ص) صف.

۱. ذاتی، جو کسی سے ماخوذ یا مستفاد نہ ہو؛ طبعی، فطری، پیدائشی. ۲. قدیمی؛ آبائی. ۳. حقیقی، واقعی، سچ مچ کا. ۴. خالص، جس میں ملاوٹ یا بناوٹ کو دخل نہ ہو، کھرا (نقلی یا مصنوعی کی ضد). ۵. مقدم، پہلا، بنیادی. ۶. صحیح، قاعدے کی رو سے درست. ۷. حرف جو کلمے کے مادے میں شامل اور اس کا جزو ہو (مزید فیہ کے بالمقابل). ۸. پشتینی، نسلی. ۹. اچھی نسل کا، خاندانی، نسب کا کھرا.

اَصْلِیَت/اَصْلِیَّت (فت ا، سک ص، کس ل، فت ی/ شدی بفت) است.

۱. واقعیت، واقعات یا نفس الامر کے مطابق ہونے کی صورت حال یا کیفیت. ۲. اساس، بنیاد، جس سے کوئی امر متفرع ہو. ۳. فطرت، جبلت، کسی چیز کی خلقی یا ابتدائی حالت یا کیفیت. ۴. مادہ، ماخذ. ۵. (i) اصل، حقیقت. (ii) اصل و نسل. ۶. (کسی بات کے) مضمرات، حقیقی وجوہ و اسباب. ۷. حیثیت، درجہ، بساط.

اَصَم (فت ا، ص) صف.

۱. بہرا، نپٹ بہرا، جو بالکل نہ سن سکے. ۲. (ریاضی) جذر اصم و کسر اصم. [ع].

اَصَمِیَت/اَصَمِّیَّت (فت ا، ص، شدم بکس، فت ی/ شدی بفت) است.

۱. سستی، بے حسی، کند ذہنی، (رفتار عمل میں) دھیما پن. ۲. عدد کی وہ خصوصیت جس کی بنا پر اس کا جذر بصورت عدد صحیح نہ نکل سکے.

اَصْناف (فت ا، سک ص) اند؛ است؛ ج.

صنف (دیکھیے) کی جمع؛ جنس یا نوع کی ذیلی اقسام، شاخیں، قسمیں. [ع].

اَصْنام (فت ا، سک ص) اند؛ ج.

۱. بت (جو خدا کی طرف جانے کی راہ میں حائل ہوں)، مورتیاں. ۲. (مجازاً) معشوق، کافر ادا، حسین. [ع].

اَصْوات (فت ا، سک ص) است؛ ج.

آوازیں؛ صوت (دیکھیے) کی جمع. [ع].

اُصُول (ضم ا، و مع) اند (الف) بطور جمع.

۱. درختوں وغیرہ کی جڑیں. ۲. بنیادی باتیں جن سے ضمنی مسائل یا فروعات پیدا ہوں، خصوصاً کسی علم یا فن کے کلیات و مسلمات. ۳. طور طریقے، قرینے، ڈھنگ؛ رسم و رواج. ۴. (دینیات). (i) دین کے بنیادی عقائد (جو مذاہب عالم کی کتب دینیہ میں مذکور ہیں). (ii) مسائل دینی میں فقیہ یا امام کے فتوے، احکام شرع. (iii) تقسیم میراث میں وہ وارث جن کا حصہ متعین ہے، آبا و اجداد، ذوی الفروض. (iv) مسائل شرعی (روزہ نماز وغیرہ) میں امام یا مجتہد کے فتوے پر عمل کرنے کا مسلک، اجتہاد، اخباریوں کے مسلک کی ضد. ۵. (عروض) سالم ارکان جن کی مختلف ترکیبوں سے شعر کے وزن کے لیے بحریں بنائی گئی ہیں، افاعیل. ۶. (طب) عناصر: آگ، ہوا، پانی، خاک. (ب) بطور واحد.

۱. دستور، روایت، طریقہ، چلن. ۲. قاعدہ، ضابطہ. ۳. (اسلامیات) علم اصول فقہ. ۴. (موسیقی) راگ کے بندھے ہوئے سر یا تال، موسیقی کی ایک پوری گت، دھن؛ ساز، باجا، خصوصاً طبلہ. ۵. عصری خصوصیت، عنصریت. ۷. (ریاضی) جمع، تفریق، ضرب، تقسیم اور جذر وغیرہ؛ ریاضی کے قاعدے. [ع].

اصول اربعہ اند. فقہ اسلامی کے وہ چار ماخذ جن پر مسائل فرعیہ کی بنیاد ہے (یعنی: قرآن، سنت، اجماع، قیاس یا عقل).

اصول باندھنا محاورہ. قاعدے مقرر کرنا، معمول بنا لینا.

اصول پرست صف. ضابطے کی پابندی کرنے والا، وضع داری یا معمول سے نہ ہٹنے والا، ضابطے کی پابندی یا وضع داری کو پسند کرنے والا.

اصول خمسہ/ اصول دین اند. ۱. (i) دین کی پانچ بنیادی باتیں: کلمہ طیبہ، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج. (ii) توحید، عدل، نبوت، امامت، معاد. ۲. (ریاضی) جمع، تفریق، ضرب، تقسیم اور جذر.

اُصُولاً (ضم ا، و مع، تن ل بفت) م ف.

از روے اصول، ضابطے یا دستور یا کسی خاص قاعدے قانون کی رو سے.

اُصُولی (ضم ا، و مع، ی مع) (الف) صف.

۱. اصول سے منسوب: ضابطے یا دستور کے مطابق، بنیادی، معقولات

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کی رو سے درست (بات یا مسئلہ) .۲. ضابطے یا دستور کا پابند .
(ب) اند . اثنا عشریہ کا ایک فرقہ جو فروع میں اجتہاد کے قائل ہیں (اخباری کے بالمقابل) .

اَصْہَب (فت ا ، سک ص ، فت ہ) صف .
(لفظاً) سرخ مائل بہ سفیدی ، پیازی رنگ کا ، (طب) قارورہ جس کا رنگ سرخ سفیدی مائل ہو . [ع] .

اَصِید (فت ا ، ی مع) صف .
کج گردن ، ٹیڑھی گردن والا . [ع] .

اَصِیل (فت ا ، ی مع) (الف) اند .
(مرغ بازی) نر چیل یا گدھ کے ساتھ مرغی کا جوڑا لگنے سے پیدا شدہ نسل کا مرغ ؛ کلنگ . (ب) امث . ملازمہ ، خادمہ (جو زر خرید نہ ہو) .
(ج) صف .۱. (i) خاندانی ، شریف ، اچھے نسب والا . (ii) (مجازاً) آزاد جو غلام یا کنیز نہ ہو .۲. اچھی نسل کا جانور ، خصوصاً گھوڑا .۳. عمدہ فولاد یا لوہے کی بنی ہوئی تلوار .۴. اصلی ، کھرا ، اعلیٰ قسم کا .۵. (کبوتر بازی) یک رنگ کبوتر جس میں دوسرے رنگ کے پر نہ ہوں . [ع] .
اصیل مرغے کی (وہی) ایک ٹانگ کہاوت . اپنی ضد پر قائم ، ہٹ پر اڑا ہوا .

اِضَافَت (کس ا ، فت ف) امث .
۱. دو چیزوں کا باہمی تعلق ، لگاؤ ، نسبت .۲. (i) (نحو) ناتمام تعلق جو دو اسموں کے باہم ملائے جانے سے ان کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے (یہ تعلق ، کا ، کی ، کے اور ان کے مترادفات) ، یا اسم اول کے حرف آخر کے کسرے کے ذریعے معلوم ہوتا ہے) . (ii) دو اسموں کے درمیان ناتمام لگاؤ کی علامت .۳. (منطق) ان دو چیزوں کی باہمی نسبت جن میں ہر ایک کا سمجھنا دوسری پر منحصر ہو ، جیسے : باپ اور بیٹا .
۴. (تصوف) عبد و معبود اور خالق و مخلوق کے درمیان نسبت . [ع] .
اضافت لگنا محاورہ . (کسی کام یا بات کا) پے در پے ہونا ، تسلسل بندھنا .

اِضَافَہ (کس ا ، فت ف) (الف) اند .
۱. (i) مقدار یا تعداد میں بیشی ، افزونی ، بڑھوتری . (ii) حالت یا کیفیت میں شدت یا زیادتی .۲. بیشی کی رقم یا جنس وغیرہ ، اتنی چیز جتنی کہ بیش ہوئی ہو .۳. بیش ، شامل . (ب) صف ؛ م ف . مزید ، موجود یا موجودات (اشخاص یا اشیا) کے علاوہ اور بھی . اف : کرنا / ہونا .

اِضَافِی (کس ا) (الف) صف .
۱. جو اصلی مضمون کے علاوہ ہو ، نفس مضمون پر بڑھایا ہوا ؛ ضمنی ، فروعی حقیقی یا اصلی کی ضد .۲. وہ بات جو کسی شخص یا شے میں کسی کی نسبت سے پائی جائے ، نسبتی (خصوصاً باپ دادا کی نسبت سے) ، ذاتی کی ضد .۳. (قانون) وہ ضابطہ جو اصلی قانون کی ٹھیک کارروائی کرانے کے لیے بنایا گیا ہو .۴. (قواعد) وہ تعلق جو دو اسموں میں ، اضافت کی بنا پر ہو ، اضافت کی حالت .۵. (فلسفہ) شکیت کا نظریہ جس کی رو سے کل علم اضافی ہے ، بمعنی موقوف ہے جزئی واقعات پر جو ہمارے اکتساب علم کی حالت میں اتفاقاً موجود تھے (لہٰذا جو کچھ معلوم ہے وہ موقوف ہے خاص مکان ، زمان اور ان شرائط وغیرہ کے تحت میں) . (ب) م ف مزید ، اور ، اصلی یا مقررہ کے علاوہ .

اِضَافِیَت / اِضَافِیَّت (کس ا ، ف ، فت ی / شدی بفت) امث .
(سائنس) آئن اسٹائن کا جدید نظریہ جس میں 'وقت' کو ابعاد ثلاثہ (طول ، عرض ، عمق) کے علاوہ ایک اور بُعد مانا گیا ہے .

اَضْحیٰ (فت ا ، سک ض ، ابشکل ی) امث ؛ ج .
قربانیاں ، قربانی (عموماً ترکیب میں مستعمل) ، عیدالاضحیٰ . [ع] .

اُضْحِیَہ / اُضْحِیَّہ (ضم ا ، سک ض ، کس ح ، فت ی / شدی بفت) اند .
قربانی ؛ قربانی کا جانور ، جانور جو قربانی کے لیے مختص کیا جائے . [ع

اَضْداد (فت ا ، سک ض) اند : امث ؛ ج .
۱. متضاد خصوصیات والی چیزیں یا حالتیں ، باتیں جن کا اجتماع نہ ہو سکے (ارتفاع ہو سکے) .۲. وہ باتیں جن کا نہ اجتماع ہو سکے نہ ارتفاع (ایک پایا جانا ضروری ہو) ، مخالف اور متناقض چیزیں یا حالتیں ، نقیضیں .۳. مخالفتیں ، کینے ، عداوتیں ، کدورتیں . [ع] .

اِضْراب (کس ا ، سک ض) اند .
(لفظاً) روگردانی ، (نحو) کلمہ جس کے بعد اعلیٰ کو ادنیٰ یا ادنیٰ کو اعلیٰ ظاہر کیا جائے (جیسے : وہ آدمی نہیں فرشتہ ہے) ؛ کلمہ جس کے بعد کسی زائد صفت بیان کی جائے (جیسے : حافظ ہی نہیں بلکہ عالم بھی ہے) کلمہ جس کے بعد کلام سابق سے روگردانی کی جائے . [ع] .

اِضطِراب (کس ا، سک ض، کس ج ط) امذ.
۱.(i) بے چینی، بیقراری، اطمینان کی ضد. (ii) تشویش، رنج و ملال. ۲. حرکت، سکون کی ضد ۳. شتاب کاری، بدحواسی، گھبراہٹ. ۴. الٹ پلٹ ہو جانے کی کیفیت، انقلاب، بدنظمی، ابتری. ۵.(i) (حدیث) سند یا متن میں راویوں کا اختلاف یا کسی درجے میں اشتباہ، حدیث کا مضطرب ہونا. (ii) تردد، تذبذب (جو کسی بات کی صحت میں شک پڑنے کی وجہ سے ہو). اف: کرنا/ہونا. [ع].

اِضطِرابی (کس ا، سک ض، کس ج ط، ی مع) (الف) امث.
اضطراب. (ب) صف. اضطراب سے متعلق: جس میں اضطراب ہو. [ع + ف].

اِضطِرار (کس ا، سک ض، کس ج ط) امذ.
۱. بے اختیاری، مجبوری، بے بسی (جس کا دور ہونا اپنے قابو اور اختیار میں نہ ہو). (ii) وہ تڑپ اور رقت قلب جو ہر طرف سے مایوسی کی حالت میں انابت رجوع قلب اور خضوع وخشوع کا باعث ہوتی ہے. ۲.(i) عدم قرار، بے قراری، بے چینی؛ انتشار. (ii) شتاب کاری، جلد بازی. اف: کرنا/ہونا. [ع].

اِضطِراری (کس ا، سک ض، کس ج ط، ی مع) (الف) امث.
اضطرار. (ب) صف. اضطرار سے منسوب: مجبوری کا، غیر ارادی. [ع + ف].

اَضعاف (فت ا، سک ض) صف؛ امذ؛ ج.
دگنے تگنے، کئی گنے؛ کسی چیز کے مقابل بہت زیادہ؛ حاصل ضرب. [ع].

اَضعافاً مُضاعَفَہ (فت ا، سک ض، تن ف بفت، شدم بضم، فت ع، ف) صف؛ م ف.
کئی کئی گنا، بہت بہت زیادہ. [ع].

اَضعَف (فت ا، سک ض، فت ع) صف.
۱. بہت ضعیف، بہت بوڑھا، بہت ناتواں. ۲. (حدیث) وہ قول یا روایت جو نامعتبر اور دلائل شرعی کی رو سے غیر مستحکم ہو. [ع].

اَضلاع (فت ا، سک ض) امذ؛ ج.
۱. ملک میں صوبے کے بڑے انتظامی حصے جو چند تحصیلوں، تعلقوں یا پرگنوں پر مشتمل ہوں. ۲. اطراف و جوانب، حدود. ۳. (ہندسہ) مختلف اشکال ہندسی کے پہلو کے خطوط جن سے یہ شکلیں گھری ہوں.

اَضلاعی (فت ا، سک ض) صف.
اضلاع سے منسوب. [ع].

اِضمار (کس ا، سک ض) امذ.
۱. ضمیر کا استعمال کرنا، کلام میں ضمیر لانا؛ جیسے: اضمار قبل الذکر. ۲. مضمر ہونا، ایک بات میں دوسری بات مخفی ہونا. ۳. (عروض) ابتدائے رکن میں سبب ثقیل کا دوسرا حرف ساکن کر دینا جیسے متفاعلن سے متفاعلن (بروزن مستفعلن).

اِضمِحلال (کس ا، سک ض، کس ج م، سک ح) امذ.
۱. کمزوری، ناطاقتی، ماندگی. ۲. سستی، اداسی، پژمردگی، تھکن. ۳. گزند، صدمہ. [ع].

اِطاعَت (کس ا، فت ع) امث؛ امذ.
تعمیل حکم، فرماں برداری، کسی کی سربراہی کا اقرار، محکومی. اف: کرنا. [ع].

اطاعت شِعار / گُزار صف. حکم ماننے والا، تابعدار.

اُطاق (ضم ا) امذ.
۱. کمرہ. ۲. مردانہ نشست کا کمرہ یا مکان، بیٹھک (عموماً بول چال میں مستعمل). [ت].

اِطالوی (کس ا، سک ل) صف.
اطالیہ (اٹلی) سے منسوب (جو بحیرہ روم پر واقع ایک مشہور ملک ہے): اطالیہ کا باشندہ، اٹلی کی زبان تہذیب یا مصنوعات وغیرہ. [انگ].

اَطِبّا (فت ا، کس ط، شد ب) امذ؛ ج.
معالج، خصوصاً وہ جو طب یونانی کے ذریعے علاج کریں. [ع].

اَطراف (فت ا، سک ط) امذ؛ ج؛ نیز بطور واحد.
۱. کنارے، سرے. ۲. گردا گرد، آس پاس، چاروں طرف، ادھر اُدھر. ۳. (طب) ہاتھ پاؤں. [ع].

اَطرافی (فت ا، سک ط) صف.
۱. اطراف سے منسوب؛ آس پاس کے علاقے کا، ادھر اُدھر کا. ۲. (میراث) اصل یا فرع بعید کا وارث (جیسے: باپ کے ہوتے ہوئے

دادا اور بیٹے کے ہوتے ہوئے پوتا). [ع + ف].

اِطْعام (کس ا، سک ط) اند.
(کھانا) کھلانا. [ع].

اَطْفال (فت ا، سک ط) اند ؛ ج.
۱. بچے (خصوصاً انسان کے) .۲. بیٹے بیٹیاں، اولاد .۳.(i) (مجازاً) اہل و عیال، بیوی بچے .(ii) نوزائیدہ یا نوخیز کونپلیں، شاخیں یا پھل پھول وغیرہ. [ع].

اِطّلاع (کس ا، شد ط بکس ج) است.
۱.(i) (کسی امر سے) آگاہی، علم، واقفیت .(ii) خبر .۳.اعلان، نوٹس. [ع].

اطلاع نامہ اند. وہ تحریر یا نوٹس (بیشتر عدالتی) جس کے ذریعے اطلاع دی جائے، سمن.

اِطّلاعاً (کس ا، شد ط بکس ج، تن ع بفت) م ف.
آگاہ کرنے یا خبر دینے کی غرض سے. [ع].

اِطّلاعات (عامّہ) (کس ا، شد ط بکس ج (بحالت اضافت ت شدم بفت))
است ؛ ج.
۱. اطلاع کی جمع .۲.ایک سرکاری محکمہ جو سرکاری خبریں فراہم اور نشر کرتا ہے اور ملک کے کل نشریات کا نگراں ہوتا ہے، محکمہ اطلاعات. [ع].

اِطّلاعی (کس ا، شد ط بکس ج) صف.
اطلاع سے منسوب: اطلاع کے طور پر، جس میں اطلاع یا خبریں پائی جائیں. [ع + ف].

اِطْلاق (کس ا، شد ط) اند.
۱.کسی قسم کی شرط یا قید نہ لگانا .۲.کسی مفہوم کی کسی شخص یا شے پر چسپیدگی، کسی چیز کا ایک دوسری چیز پر منطبق کیا جانا .۳. باری تعالیٰ کے وجودِ مطلق کی منزل (جو ہر قید اور شرط سے مبرا ہے) .۴.طلاق دینا.
۵.(مال) سرکاری بقایاجات جو زمینداروں وغیرہ کے ذمے ہوں.
۶.(طب) دستوں کی بیماری، دست آنا. [ع].

اِطْلاقی (کس ا، سک ط) صف.
اطلاق سے منسوب: غیر مقید، غیر مشروط، آزاد، مطلق. [ع+ف].

اَطْلَس (فت ا، سک ط، فت ل) اند ؛ است.
۱. ریشم اور سوت کا ملواں بنا ہوا چکنی اور چمکیلی سطح کا کپڑا (اس بناوٹ اس طرح کی جاتی ہے کہ تانے کے تار اوپر کے رخ ہموار بناتے ہیں) .۲. چرخِ نہم کی سطحِ مقعر جو ثوابت و سیارات سے ہے. [ع].

اِطْمِینان (کس ا، سک ط، ی مع) اند.
۱. دل جمعی، سکون، آرام لینا یا قرار پکڑنا .۲.(بے اطمینانی کے بعد) تسلی، تشفی .۳. یقین، اعتماد، بھروسا .۴. معاش وغیرہ کی طرف بے فکری، فراغت تمام، خوشحالی. [ع].

اَطْناب (فت ا، سک ط) است ؛ ج.
خیمے کی رسیاں، طنابیں. [ع].

اِطْناب (کس ا، سک ط) اند.
۱.طول، درازی، طویل یا دراز کرنا یا ہونا .۲.(بلاغت) گفتگو یا کلام طول دینا (ضرورۃً ہو تو حسن ہے اور بے ضرورت ہو تو عیب)، طوالت. [ع].

اَطْوار (فت ا، سک ط) اند ؛ ج.
۱.طور طریقے، رنگ ڈھنگ، آثار .۲.اخلاق، عادات و خصائل
۳. برتاو، سلوک، ربط و ضبط کے ڈھنگ. [ع].

اَطْہار (فت ا) صف ؛ ج.
جو پاک و پاکیزہ ہوں (عموماً ائمہ، آل یا عترت وغیرہ کی صفت طور پر مستعمل). [ع].

اَطْہَر (فت ا، سک ط، فت ہ) صف.
پاک و پاکیزہ، پاکیزہ تر (عموماً ترکیب میں مستعمل).

اَظْفَر (فت ا، سک ظ، فت ر) صف.
بڑے ناخنوں والا. [ع].

اِظْہار (کس ا، سک ظ) (الف) اند
۱. افشا، انکشاف، ظہور، ظاہر کرنا یا ہونا .۲.(i) بیان جو عدالت یا حاکم کے روبرو دیا جائے، کسی فریق مقدمہ یا گواہ وغیرہ کا بیان .(ii) بیان گفتگو. (ب) صف. (تجوید) نون ساکن یا تنوین کے بعد کوئی حرف آ جائے تو بغیر کسی تغیر کے اور غنہ کے ادا کرنا. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع

اظہار نویس اند. عدالت میں فریق مقدمہ یا گواہ کے بیان قلمبند کرنے والا پیشکار، عدالت کے احکام لکھنے والا کلرک یا منشی.

اِظہارِیہ (کس ا، سک ظ، کس ر، فت ی) (الف) اند.
وہ الفاظ جو خط میں سلام و اشتیاق ملاقات کے بعد اصل مطلب کی اٹھان کے لیے لکھے جاتے ہیں. (ب) صف. ظاہر کرنے والا، جو ظاہر ہو، ظاہری. [ع + ف].

اَظْہَر (فت ا، سک ظ، فت ہ) صف.
ظاہر، روشن تر، بہت زیادہ واضح. [ع].

اظہر من الشمس صف. سورج سے بھی زیادہ واضح اور روشن، پوری طرح واضح، ظاہر، روشن.

اِعادَہ (کس ع ا، فت د) اند.
۱. تکرار، دوہرانا، دوبارہ کہنا یا کرنا. ۲. بازگشت، سابقہ حالت کا پلٹنا یا پلٹنا، بحالی، کسی بات کا از سر نو تازہ کرنا یا ہونا. ۳. (فقہ) ادا کی ہوئی عبادت کا کسی شرعی حکم کی بنا پر دوبارہ ادا کرنا یا کیا جانا (بطور وجوب یا فرض یا استحباب). ۴. (علم الکلام) مرنے کے بعد دوبارہ زندگی، حیات بعد الموت، معاد. [ع].

اِعانَت (کس ع ا، فت ن) اث.
۱. مدد، امداد، سہارا، وسیلہ. ۲. (قانون) وقوع جرم میں شرکت یا امداد. [ع].

اِعْتِبار (کس ا، سک ع، کس ع ت) اند.
۱. کسی بات کے سچ یا درست ہونے کا یقین. ۲. اعتماد، ساکھ، بھروسے کے قابل ہونا. ۳. وقعت، رتبہ، حیثیت، خیال، لحاظ، قیاس، فرض یا مفروض، عبرت، عبرت پکڑنا، سبق لینا. [ع].

اعتبار اٹھ جانا / جاتا رہنا محاورہ. اعتماد نہ رہنا، بھروسہ نہ رہنا، ساکھ جاتی رہنا.

اعتبار آنا محاورہ. یقین آنا، اعتماد یا بھروسا ہونا.

اعتبار کھونا محاورہ. اپنے عمل سے اعتماد یا وقعت کا باقی نہ رہنا.

اِعْتِباری (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) (الف) صف.
۱. اعتبار سے منسوب: بھروسے یا یقین کے قابل (شخص یا شے وغیرہ)، معتبر. ۲. مفروضے یا خیال و گمان یا کسی اور حیثیت کے لحاظ سے، قیاسی. ۳. قابل عبرت، سبق آموز. [ع + ف].

اِعْتِدال (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) اند؛ اث.
۱. میانہ روی، برابر، کسی عمل میں درمیانی روش یا حالت جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط (مثلاً خرچ کرنے میں اسراف نہ بخل، برتاؤ میں نہ سخت گیری نہ بالکل نرمی، جسامت میں نہ طول نہ کوتاہی وغیرہ). ۲. اوسط، توازن. ۳. (طب) جسم انسانی میں اخلاط کا متوازن امتزاج یا تناسب مقدار کہ ایک دوسرے پر غالب نہ آئے، عناصر چہارگانہ کا توافق، طبعی صحت. ۴. طبیعت کے معمول پر ہونے کی حالت، اطمینان. [ع].

اعتدال پر (پہ) آنا محاورہ. معتدل ہونا، طبیعت یا مزاج کا بحال ہونا.

اعتدال پسند صف. میانہ روی پسند کرنے والا، افراط و تفریط کے خلاف.

اِعْتِدالی (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) صف.
۱. اعتدال سے منسوب: درمیانی، افراط و تفریط سے مبرا، طبعی. ۲. (سیاسیات) اصلاحات میں تدریجی رفتار کا حامی، تشدد کا مخالف، اعتدال پسند. [ع + ف].

اِعْتِدالَین (کس ع ا، سک ع، کس ع ت، ی لین) اند.
۲۱ مارچ اور ۲۳ ستمبر جن میں رات دن دونوں برابر ہوتے ہیں؛ رات اور دن کا برابر ہونا. [ع].

اِعْتِذار (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) اند.
۱. اظہار معذوری، معذرت، عذر. ۲. معذرت پر مشتمل الفاظ یا عبارت، وہ عبارت جس میں اپنی کسی کوتاہی کی معافی چاہی جائے، معذرت نامہ. [ع].

اِعْتِراض (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) اند؛ اث.
۱. نکتہ چینی، حرف گیری، گرفت، ایسی تنقید جس میں عیب یا نقص پر نظر ہو. ۲. کسی امر خاص میں مخالفت، کسی بات کو تسلیم کرنے سے انکار. [ع].

اعتراض اٹھانا محاورہ. ۱. معترض کا شبہ رفع کرنا یا نکتہ چینی کا ٹھیک جواب دینا. ۲. اعتراض کی ابتدا کرنا.

اعتراض کرنا محاورہ. عیب کرنا، نکتہ چینی کرنا.

اعتراض ہونا محاورہ. دیکھیے: اعتراض کرنا جس کا یہ لازم ہے.

اِعْتِراف (کس ع ا، سک ع، کس ع ت) اند.
ماننے کے طور پر کسی بات کا اقرار، اقبال، تسلیم کر لینا. [ع].

اِعْتِزاز (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
غلبہ، تفوق یا برتری، افتخار، اثر، قوی جوہر، گرامی یا صاحب عزت ہونا (عموماً ترکیب میں مستعمل). [ع].

اِعْتِزال (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.معزولی، وقار و اقتدار کا باقی نہ رہنا.۲.تعطل یا بے کاری.۳.(i) جدائی، علیحدگی.(ii) زوجہ کے قریب نہ جانے کا عمل. [ع].

اِعْتِصام (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند؛ امث.
۱.(i) مضبوطی سے پکڑنے کا عمل، تمسک.(ii) چنگل مارنے کا عمل.
۲.پناہ لینا، خود کو گناہ سے بچانا.۳.(تصوف) محافظت طاعت، فرض واجب اور سنت کی پابندی. [ع].

اِعْتِضاد (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.قدرت، تقویت.۲.(کسی کا) بازو قوی کرنا، دوسرے کو سہارا دینا، قوت پہنچانا. [ع].

اِعْتِقاد (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.یقین، پختگی سے کوئی بات دل میں ہونا.۲.عقیدت مندی، تعظیم و تقدیس یا اعتماد کی بنا پر محبت یا دل کا جھکاؤ، حسن ظن.۳.عقیدہ، مسلک، مذہب، ایمان.۴.اصول، دلائل سے ثابت شدہ نظریہ. [ع].

اعتقاد اُٹھنا محاورہ.اعتبار جاتا رہنا، عقیدہ جاتا رہنا.

اعتقاد رکھنا محاورہ.معتقد ہونا، ایمان لانا.

اِعْتِکاف (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.گوشہ نشینی، خلوت گزینی، سب سے الگ ہو کر گوشۂ تنہائی میں بیٹھ جانے کا عمل.۲.(فقہ) دنیا سے یکسو ہو کر مدت معین کے لیے مسجد یا کعبۃ اللہ میں عبادت کی غرض سے صائم کی خلوت نشینی (ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں). [ع].

اعتکاف میں بیٹھنا محاورہ.حرم یا مسجد وغیرہ میں مقررہ طریقوں سے گوشہ نشین ہو کر عبادت میں مشغول رہنا.

اِعْتِماد (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.یقین.۲.بھروسا، اعتبار، ساکھ. [ع].

اعتماد اُٹھ جانا محاورہ.بھروسا نہ رہنا، اعتبار نہ رہنا.

اعتماد رکھنا / کرنا محاورہ.بھروسا کرنا، اعتبار کرنا

اِعْتِمادی (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) صف.
بھروسے کے قابل، جس پر بھروسا ہو. [ع + ف].

اِعْتِنا (کس ج ا، سک ع، کس ج ت) اند.
۱.پروا کرنا، ہمدردی کرنا، شریک درد و غم ہونا.۲.غم خواری، توجہ، پروا خیال. [ع].

اِعْجاب (کس ج ا، سک ع) اند.
تکبر، غرور، خود بینی. [ع].

اِعْجاز (کس ج ا، سک ع) اند.
۱.خرق عادت جو منکرین کو قائل کرنے کے لیے انبیا سے ظہور میں آئے معجزہ؛ (مجازاً) وہ حیرت انگیز بات جو معجزہ سی معلوم ہو، معجزہ، کرامت کرشمہ. [ع].

اعجاز بیاں صف.بیان یا تحریر میں حیرت انگیز تاثیر ہونا، نہایت فصیح بلیغ شاعر یا خطیب.

اعجاز عیسیٰ/مسیحا/مسیحائی اند.حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجز جنھوں نے قم باذن اللہ کہہ کر مردے کو زندہ کر دیا تھا اور مادر زاد اندھے کو اور کوڑھی کو شفا بخشی تھی.

اِعْجازی (کس ج ا، سک ع) (الف) صف.
۱.اعجاز سے منسوب: اعجاز کا، جو معجزے سے وجود میں آئے، جو معجز جیسا ہو.۲.حیرت انگیز، تعجب خیز، معجزے سے مشابہ امر. [ع + ف]

أعْجَمی (فت ا، سک ع، فت ج) صف.
غیر عرب، عجم (یعنی بیرون عرب خصوصاً ایران) کا باشندہ جنھیں فصحائے عرب اپنے مقابل میں عجم (= گونگا) کہتے تھے. [ع].

أعْجوبَہ/اُعْجوبَہ (فت ا، سک ع، و مع، فت ب/ضم ا) صف؛ ~اعجوبا.
جو عجیب و غریب ہو، حیرت انگیز، انوکھا.

اعجوبہ/اعجوبہ روزگار محاورہ.عجیب شے، انوکھی چیز، طرفہ تماشا.

أعْدا (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
مخالفین، وہ لوگ جو دشمن یا حریف ہوں. [ع].

أعْداد (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
ہندسے، گنتیاں، متعدد عدد. [ع].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اعداد و شمار اند. ١. پوری پوری گنتی. ٢. کسی ملک کے باشندوں کی تعداد ان کے پیشوں کے متعلق معلومات، کسی ملک کی صنعتی تجارتی تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے متعلق مجمل اطلاعات (Statistics کا ترجمہ).

اَعْدام (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
معدوم چیزیں، جن کا وجود نہ ہو. [ع].

اِعْدام (فت ع ا، سک ع) اند.
١. تلف یا فنا کرنے کا عمل، معدوم کرنا. ٢. ضرورت ہونا اور نہ ملنا، معدوم ہونا.

اَعراب (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
١. ملک عرب کے باشندے. ٢. عرب کے بدو، صحرا نشین یا دیہات کے عربی لوگ. ٣. ملک عرب کے فصحا، عرب کے اہل زبان. [ع].

اِعْراب (کس ع ا، سک ع) اند.
١. (لفظاً) واضح اور روشن کرنا. ٢. حروف کی حرکات، زیر زبر پیش جزم اور تشدید، ماترائیں. [ع].

اَعْرابی (فت ا، سک ع) اند.
١. عربی صحرا نشین، عرب کا باشندہ، عرب کا بدو یا دیہاتی، گنوار.

اِعْراج (کس ع ا، سک ع) اند.
ڈگگا کر گرنے کی کیفیت، (مجازاً) نیچے آنا، گرنا، معراج کی نفی پر. [ع].

اَعْراس (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
بزرگان دین کی قبروں پر معتقدوں کے سالانہ اجتماع، عرس کی جمع.

اَعْراض (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
١. وہ اشیا جو قائم بالذات نہ ہوں اور اپنے وجود کے لیے جسم یا محل (جوہر) کی محتاج ہوں، مثلاً: رنگ و بو وغیرہ. ٢. (طب) وہ امراض جو کسی دوسرے مرض کے نتیجے میں عارض ہوجاتے ہیں جیسے نزلے کی کھانسی. [ع].

اِعْراض (کس ع ا، سک ع) (الف) اند.
١. روگردانی، کنارہ کشی. ٢. پرہیز، اجتناب. ٣. انکار. (ب) (مجازاً) صف (قدیم).
کنارہ کش، روگرداں. [ع].

اِعْراضی (کس ع ا، سک ع) صف (قدیم).
منہ موڑنے والا، کنارہ کش. [ع].

اَعْراف (فت ا، سک ع) اند.
١. دوزخ اور جنت کے درمیان ایک مقام. ٢. پل صراط سے ایک بلند مقام کا نام. ٣. (مجازاً) آرام اور تکلیف کی درمیانی حالت. ٤. قرآن پاک کے ساتویں سورے کا نام. [ع].

اَعْرَف (فت ا، سک ع، فت ر) صف.
١. زیادہ معرفت رکھنے والا، بہت پہچاننے والا (اکثر ترکیب میں مستعمل). ٢. بہت مشہور و معروف، واضح تر. [ع].

اَعَز (فت ا، ع (شد ز بحالت عطف یا اضافت)) صف.
بہت زیادہ عزت دار، عزیز ترین. [ع].

اَعِزّا (فت ا، کس ع، شد ز) اند؛ ج.
اعزہ کا اردو رسم الخط. [ع].

اِعْزاز (کس ع ا، سک ع) اند.
١. عزت، وقار، منزلت، توقیر؛ مرتبہ. ٢. امتیازی حیثیت یا صلہ و انعام جو حکومت وغیرہ کی طرف سے ملے، خطاب سند وغیرہ. [ع].

اِعْزازات (کس ا، سک ع) اند؛ ج.
اعزاز کی جمع کے طور پر مستعمل، امتیازی حیثیت یا صلہ و انعام جو حکومت کی طرف سے ملے، خطاب، سند. [ع].

اِعْزازی (کس ا، سک ع) (الف) صف.
١. منسوب باعزاز: جس سے عزت و وقار مطلوب ہو، جو اظہار عزت کے لیے کیا جائے. عزت و وقار بڑھانے والا؛ تعریفی، ستائشی. ٢. بلا تنخواہ، بلا معاوضہ، رضا کارانہ (منصب یا خدمت وغیرہ). (ب) است. اعزاز. [ع + ف].

اِعْزازِیَہ/اِعْزازِیّہ (کس ع ا، سک ع، کس ز، فت ی/ شدی بفت) اند.
وہ رقم جو کسی کارکن کو اعتراف خدمت کے طور پر دی جائے اور اجرت یا تنخواہ نہ ہو، (انگ: Honorarium). [ع].

اَعِزّہ (فت ا، کس ع، شد ز بفت) اند؛ ج.
کنبے کے لوگ، رشتے دار، اہل قرابت. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، معد = معدولہ، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

أعزہ داری است. رشتہ داروں کا پاس و لحاظ ، عزیزوں کی خاطر تواضع ، صلۂ رحم.

أعشارِی (فت ا ، سک ع) صف.
اعشار (دیکھیے) سے منسوب (ترکیب میں مستعمل).

أعشاری نظام اند. شمار وزن یا پیمائش کے لیے ہر اکائی کو دس حصوں پر تقسیم کرنے کا طریقہ (جس کی رو سے مثلاً ہر روپیہ ۱۰ × ۱۰ پیسے کا ہوتا ہے). [ع].

أعشارِیہ (فت ا ، سک ع ، کس ر ، فت ی) اند.
(لفظاً) دس دس سے منسوب ؛ اکائی کے دس ٹکڑے کیے ہوئے ؛ (علم الحساب) اکائی کو مرتبہ بمرتبہ دہ چند کرنے اور دس دس دفعہ درجہ بدرجہ اس کی قیمت کم کرنے کا حسابی قاعدہ . [ع].

أعصاب (فت ا ، سک ع) اند ؛ ج.
(عصب کی جمع) ایک قسم کی سفید باریک یا موٹی ٹھوس نسیں ، رگیں ، پٹھے . [ع].

أعصاب پر سوار ہونا محاورہ. دل و دماغ پر چھا جانا ، ذہن پر مسلط ہوجانا.

اعصاب زدہ صف. جس کے اعصاب کمزور ہوں ، سریع الحس ، کسی ناموافق یا خلاف مزاج بات سے بہت جلد متاثر ہونے والا .

أعصابی (فت ا ، سک ع) صف.
اعصاب سے منسوب . [ع + ف].

اعصابی جنگ است. ایسی جنگ جس میں ہر دو فریق جذباتی اور حسی طور پر مخالف کو پست ہمت ، کمزور اور مجبور بنانے کی کوشش کریں .

أعضا / أعضاء (فت ا ، سک ع) اند ؛ ج.
ا . (عضو کی جمع) جسم انسان یا حیوان کے حصے .۲. (مجازاً) کسی شے کے مختلف اجزا جن کے ملنے یا جڑنے سے وہ چیز صورت پذیر ہوتی ہے . [ع].

أعضا ٹوٹنا محاورہ. ہاتھ پانو اور بدن میں اینٹھن سی ہونا جس میں انگڑائیاں لینے اور اینڈنے کو جی چاہتا ہے .

أعضا شکن صف. جس سے ایک ایک عضو ٹوٹنے لگے ، جسم کے جوڑوں اور ہڈیوں میں درد اور شکستگی پیدا کرنے والا .

اعضاے تناسل/تولید اند ؛ ج. مردوں یا عورتوں کے (عموماً مردوں کے) عضو مخصوص ، پیشاب کے مقام جن میں خصیے بھی شامل ہیں (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے) .

اعضاے رئیسہ اند. دل ، دماغ ، جگر اور خصیے (ذکر اور اویۂ منی) .

أعظَم (فت ا ، سک غ ، فت ظ) صف.
(منزلت ، صورت ، حالت ، مقدار یا شمار میں) بہت بڑا ، سب سے بڑا ، بزرگ تر ، کبیر ، مہا (زیادہ تر ترکیب میں مستعمل) . [ع].

أعْلا (فت ا ، سک ع) صف.
اعلیٰ کا اردو املا . [ع].

أعلام (فت ا ، سک ع) اند ؛ ج.
ا. جھنڈے ، رایات ، متعدد علَم .۲. جنھیں کسی خاص فن یا شعبہ علم میں سربراہی حاصل ہو ، علم میں دوسروں سے ممتاز ، مشاہیر علما .۳. (i) اسما ، لوگوں کے نام . (ii) (قواعد) اشخاص ، مقامات وغیرہ کے خاص نام ، اسماے معرفہ جن میں عرف تخلص لقب کنیت اور خطاب بھی شامل ہیں . [ع].

إعلام (کس ج ا ، سک ع) اند.
ا. اعلان ، اطلاع ، جتانا ، آگاہ کرنا .۲. نوٹس ، عدالت وغیرہ کا سمن ، طلبی کا پروانہ .۳. تعارف (جو کسی موضوع یا شخص سے روشناس کرنے کے لیے تمہیداً لکھا یا بیان کیا جائے) . [ع].

إعلامِیَہ/إعلامِیَّہ (کس ج ا ، سک ع ، کس م ، فت ی / شدی بفت) اند.
سرکاری اعلان ، حکومت کی جانب سے شائع کیا ہوا خبرنامہ ، (انگ) کیمونکے (Communiqne) . [ع + ف].

إعْلان (کس ج ا ، سک ع) اند.
ا. سرعام اظہار یا اقرار ، علانیہ کچھ کہنا یا لکھنا .۲. اشتہار ، اشاعت ، اطلاع عام (تحریری یا زبانی) .۳. (ہجا) (نون یا ہمزہ کو) ظاہر کر کے پڑھنا ، تلفظ کرنا .

إعْلانِیَہ/إعْلانِیَّہ (کس ج ا ، سک ع ، کس ن ، فت ی / شدی بفت) م ف.
علانیہ ، کھلم کھلا ، برملا .

أعْلَم (فت ا ، سک ع ، فت ل) (الف) صف.
بہت علم رکھنے والا ، سب سے بڑا عالم . (ب) اند . (امامیہ) بڑا فقیہ ، مجتہد اعظم . [ع].

اَعلیٰ (فت ا، سک ع، ا بہ شکل ی) اعلا. (الف) صف.
۱. مقام و مرتبہ یا سطح میں بہت بلند، بلند تر، سب سے اونچا، ارفع. ۲. عمدہ، بہت عمدہ، ہر اعتبار سے بہتر، فائق تر. ۳. بالاتر، منزہ و مبرا (بیشتر ارفع کے ساتھ). (ب) اند. بلند فطرت انسان، اونچے درجے کا شخص، معزز آدمی (بیشتر ادنیٰ کے بالمقابل). (ج) ظرف. اوپر، بلند مقام. [ع].

اعلیٰ حضرت اند. حضور، سرکار، جہاں پناہ (عموماً بادشاہوں یا نوابوں کو خطاب کرنے کا کلمہ نیز نام کا قائم مقام جب کہ مخاطب مذکور یا متعین ہو).

اعلیٰ علیین صف. ۱. بہشت کا سب سے اونچا درجہ، فردوس بریں کا سب سے اعلیٰ مقام، اسفل السافلین کی ضد. ۲. (ترقی وغیرہ کا) بہت اونچا اور بلند درجہ.

اَعمال (فت ا، سک ع) اند. بطور جمع.
۱. (انسان کے) افعال، اقدامات، کام (اچھے یا برے). ۲. نیک کام، ثواب کے کام. ۳. کرتوت، معاصی، برے یا گناہ کے کام. [ع].

اعمال نامہ اند. ۱. (ہر شخص کے) نیک و بد اعمال کی فہرست. ۲. وہ رجسٹر جس میں اعمال اور افسروں کے چال چلن اور مدت ملازمت وغیرہ درج کی جاتی ہے. ۳. کارگزاریوں کی یاد داشت، یا آئندہ مشاغل کا پروگرام.

اَعمیٰ (فت ا، سک ع، الف بہ شکل ی) صف.
اندھا، نابینا، عقل کا اندھا، غافل. [ع].

اَعناق (فت ا، سک ع) اند.
عنق کی جمع، گردنیں. [ع].

اَعوان (فت ا، سک ع) اند؛ ج عون.
مدد دینے والے، دوست، احبا، رفقائے کار جو کام پڑنے پر ہاتھ بٹائیں (اکثر انصار کے ساتھ مستعمل).

اَعُوذُ بِاللہ (فت ا، و مع، ضم ج ذ، کس ب، غم ا، شد ل بعد) کلمۂ استعاذہ.
میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں، خدا شیطان کے شر سے اپنی پناہ میں رکھے، الٰہی توبہ، خدا بچائے. [ع].

اَعیال (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
بال بچے، بیوی بچے، زن و فرزند.

اَعیان (فت ا، سک ع) اند؛ ج.
۱. سربرآوردہ اشخاص، عمائد، اکابر، کسی ادارے کے بالادست افراد امرا. ۲. صور علمیہ. ۳. (فلسفہ) اشیا کے نفس الامری حقائق. [ع].

اِغتِسال (کس ا، سک غ، کس ج ت) اند.
دھونا، غسل کرنا. [ع].

اَغِثنی (فت ا، کس غ، سک ث) عربی کلمہ، اردو میں مستعمل.
میری فریاد کو پہنچ، میری داد رسی کر. [ع].

اَغذِیَہ (فت ا، سک غ، کس ذ، فت ی) اند؛ ج.
غذائیں، کھانے کی چیزیں، اشیائے خوردنی. [ع].

اَغراض (فت ا، سک غ) اند؛ اسث؛ ج.
۱. خواہشیں، حاجتیں. ۲. مقاصد، فوائد. [ع].

اِغراق (کس ا، سک غ) اند.
۱. غرقابی، غرق کرنا، ڈوبنا یا ڈبونا. ۲. زیادتی، فراوانی. ۳. محویت ۴. (i) کسی وصف یا بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا، مبالغہ کی ایک قسم (ii) (بدیع) 'وصف کو اس حد تک پہنچانا ..... کہ باعتبار عقل کے ممکن ہو اور باعتبار عادت کے محال'. [ع].

اَغلاط (فت ا، سک غ) اند؛ اسث؛ ج.
لفظی یا معنوی غلطیاں، غیر صحیح باتیں. [ع].

اغلاط نامہ اند. غلطیوں کی فہرست (عموماً کتاب کی، جو شروع یا آخر میں درج ہوتی ہے).

اِغلام (کس ا، سک غ) اند.
لونڈے بازی، لڑکے کے ساتھ برا کام یا بدفعلی، لواطت. [ع].

اَغلَب (فت ا، سک غ، فت ل) صف.
۱. زیادہ غالب، قوی گمان، بہت زیادہ غالب، قریب قریب یقینی ۲. مقابلۃً غالب، زیادہ تر. [ع].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

أَغْلَباً (فت ا، سک غ، فت ل، تن ب بشد) م ف.
گمان غالب یا یقین کی بنا پر، غالباً.

أَغَل بَغَل (فت ا، غ، ب، غ) م ف.
دائیں بائیں، ادھر ادھر، آس پاس.

اِغماز (کس ا، سک غ) اند.
کج ادائی، کج خلقی، نخرہ، غرور، کبر کا حقارت آمیز انداز. [ع].

اِغماض (کس ا، سک غ) اند.
۱. (کسی شخص یا شے سے) بے پروائی، عدم التفات، بے توجہی. ۲. چشم پوشی، طرح دینا. ۳. ناز و ادا، غرور، تمکنت. ۴. خواب، غنودگی، آنکھیں بند کرنا. [ع].

اَغْنِیا (فت ا، سک غ، کس ن) اند؛ ج.
توانگر، مال دار، دولت مند (لوگ). [ع].

اِغوا (کس ا، سک غ) اند.
۱. فریب دہی، بہکانا، ورغلانا، شہ دینا. ۲. کسی عورت یا مرد کو کسی غرض کے تحت بھگا لے جانا. [ع].

اَغیار (فت ا، سک غ) اند؛ ج.
۱. جس سے رشتہ یا سابقہ تعلق نہ ہو، غیر لوگ، بیگانے. ۲. جو رقیب یا مدمقابل ہوں. ۳. مخالفین، معاندین، دشمن. ۴. حقیقت سے بیگانہ، ناواقف، نا آشنا. [ع].

اُف (ضم ا) فجائیہ.
۱. (i) درد، کرب یا تکلیف کے موقع پر 'آہ اوہ وغیرہ' کہنا. (ii) تحسر و تاسف کے موقع پر، مترادف: افسوس، ہائے افسوس. ۲. حیرت و استعجاب کے موقع پر. ۳. کسی چیز یا کیفیت کی زیادتی یا شدت کے اظہار کے لیے، افوہ، غضب خدا کا. اف: کرنا/کہنا/نکلنا/نکالنا. [ع].

اُف اُف کلمۂ فجائیہ.
۱. اف کی تاکید.

اُف تیرا کاٹا نہ جیے فقرہ. نہایت مفسد اور دغا باز ہے، جس کے فتنے سے بچ نہیں سکتے.

اُف نہ کرنا محاورہ. خرچ ہو کر ختم ہو جانا، خاک میں مل جانا.

اِفادات (کس ا) اند؛ ج.
(عقلا یا بزرگوں کے) مفید ارشادات، علمی نکات؛ فیوض باطنی. [ع].

اِفادَت (کس ا، فت د) است.
(علمی، روحانی یا مادی) فائدہ رسانی، فیض پہنچانا. [ع].

اِفادَہ (کس ا، فت د) اند.
۱. افادت (دیکھیے) کی تخفیف. ۲. فائدہ، نفع. ۳. فائدے کی بات، قول مفید.

افادہ دینا ف مر. فائدہ پہنچانا، مفید یا کارآمد ہونا یا نکلنا.

افادہ کرنا (فرمانا) محاورہ. ۱. (علمی یا روحانی فیض سے) مستفید کرنا، فائدہ پہنچانا؛ عطا کرنا. ۲. فائدہ دینا.

اِفادِی (کس ا، ی مع) صف.
۱. افادے سے منسوب: نفع بخش، فائدہ مند. ۲. اس نظریے کا ماننے والا کہ فعل یا شے کے خیر و صواب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ فائدہ مند ہے؛ افادیت پسند. [ع + ف].

اِفادِیَت/ اِفادِیَّت (کس ا، کس د، فت ی/ شدی بفت) است.
مفید ہونے کی کیفیت، فائدہ مند ہونا؛ کسی فعل یا شے کے خیر و صواب ہونے میں اس کے مفید ہونے کا نظریہ. [ع + ف].

اِفاقَہ (کس ا، فت ق) اند.
۱. افاقت کی تخفیف: مرض میں تخفیف، مرض کے بعد صحت. ۲. کسی حالت کیفیت احساس یا اثر میں کمی. اف: ہونا. [ع].

اُفت (ضم ا، سک ف) است.
گرنے یا گر پڑنے کی کیفیت یا صورت حال، ترکیب میں مستعمل. [ف].

افت و خیز است. گر پڑ کے اٹھنا، (مجازاً) ہاتھ پانو مارنے کا عمل، پر صعوبت جدوجہد.

اِفْتا (کس ا، سک ف) اند.
دینی مسائل میں شریعت کی رو سے فیصل دینے کا کام، فتویٰ دینا. [ع].

اُفتاد (ضم ا، سک ف) است.
۱. ناگہانی آفت، سانحہ. ۲. طبیعت کا رجحان یا جھکاو، طبعی خاصہ، فطرت. ۳. ڈھنگ، طور. ۴. موقع، محل وقوع. [ف].

افتاد پڑنا ف مر. ۱. (ماحول یا ترتیب وغیرہ سے) اٹھان ہونا، بنیاد قائم ہونا، عادت ہو جانا. ۲. حادثہ پیش آنا، اتفاقیہ مصیبت ٹوٹنا.

اُفتادگی / اُفتادگی (ضم ا، سک ف، فت د / سک د) است.
۱. (لفظاً) گرنے پڑنے کی حالت، (مراداً) خاکساری، انکساری. ۲. بے چارگی، ناتوانی، زبوں حالی. ۳. کسی زمین کے غیر مزروعہ یا غیر آباد ہونے کی حالت. ۴. شکست، ہار، ہار مان کر پیچھے ہٹنا. ۵. حالت کا ظہور نیز ظہور جلالت الٰہی اور عبودیت. [ف].

اُفتادَہ (ضم ا، سک ف، فت د) صف.
۱. (i) گرا ہوا، پڑا ہوا، گرا پڑا. (ii) منہدم، شکستہ، ٹوٹا پھوٹا. ۲. (مجازاً) خاکسار، عاجز، بیچارہ. ۳. مضمحل، نڈھال؛ پس ماندہ. ۴. (i) غیر مزروعہ یا غیر آباد، خالی (زمین). (ii) زمین کے علاوہ کسی اور چیز کی سطح وغیرہ جو غیر مستعمل ہو، خالی. [ف].

اُفتاں (ضم ا، سک ف) صف.
گرتا پڑتا، ٹھوکریں کھاتا، بڑی دشواری اور دقت سے بدحواس ہو کر، (خیزان کے ساتھ مستعمل). [ف].

اِفتِتاح (کس ا، سک ف، کس ج ت) اند.
۱. (کسی بند جگہ کے) کھولنے یا کھولے جانے کا کام، وا کرنا یا ہونا. ۲. کسی کام، ادارے یا جلسے وغیرہ کی ابتدا یا آغاز، آغاز کار کی تقریب. ۳. (طبیعت دل وغیرہ کی) کشادگی، رفع انقباض، بستگی خاطر دور ہونا. [ع].

اِفتِتاحی (کس ا، کس ج ت) صف.
افتتاح (دیکھیے) سے منسوب. [ع + ف].

اِفتِتاحِیہ / اِفتِتاحِیَّہ (کس ا، سک ف، کس ج ت، کس ح، فت ی / شدی بفت) اند.
۱. وہ تقریر جو جلسے کے آغاز میں جلسے کے اغراض و مقاصد وغیرہ سے متعلق کی جائے، اخبار وغیرہ کا پہلا مضمون جو مدیر کے قلم سے ہو، اداریہ. ۲. کسی کتاب کا دیباچہ، تمہید. [ع + ف].

اِفتِخار (کس ا، کس ف، کس ج ت) اند.
اعزاز، امتیاز، عزت. ۲. فخر، ناز. ۳. قابل فخر (بات، شخص یا شے). [ع].

اِفتِرا (کس ا، سک ف، کس ج ت) اند؛ است.
۱. بہتان، تہمت، جھوٹا الزام. ۲. خلاف واقع یا غلط بات، جھوٹ، من گھڑت. [ع].

افترا باندھنا ف مر. جھوٹا الزام لگانا، تہمت باندھنا.

افترا بندی است. اتہام، (کسی پر) تہمت لگانا.

افترا پرداز صف. جھوٹا، تہمت لگانے والا، بہتان جوڑنے والا؛ مفسد. اسم کیفیت: افترا پردازی.

اِفتِراق (کس ا، سک ف، کس ج ت) اند.
جدائی، دوری، فصل، کنارہ کشی. ۲. (i) پھوٹ، تفرقہ، نفاق (ii) (طبیعیات) منتشر و متفرق ہونا، بکھرنا، انتشار (خصوصاً روشنی کا) (iii) متبدل یا مختلف ہو جانا، اختلاف، تبدیلی. [ع].

اَفراتَفری (فت ا، سک ف، فت ت، سک ف) است.
۱. ہل چل، تہلکہ، کھل بلی. ۲. پریشانی، بدحواسی، گھبراہٹ. ۳. کشاکش باہم اختلاف (بیشتر خودغرضی کی بنا پر).

اَفراد (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
۱. کسی کل یا جماعت کے اجزا، ارکان؛ اشخاص. ۲. (کسی امر یا شے کی) اقسام، انواع. ۳. حساب کتاب کا گوشوارہ یا گوشوارے (اس معنی میں واحد بھی مستعمل ہے). ۴. اشعار جن میں سے ہر ایک اس زمین میں شاعر نے ایک ہی کہا ہو اور اس میں قافیہ نہ ہو (بعض اصحاب قافیہ نہ ہونا ضروری نہیں سمجھتے). [ع].

اِفراد (کس ا، سک ف) اند.
۱. (لفظاً) دوسروں سے علیحدگی اور یکسوئی، (مراداً) خصوصیت انفرادیت. ۲. (فقہ) حرم سے باہر آ کر عمرے کا احرام باندھنا اور اس کے ارکان و اعمال پورے پورے بجا لانا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اَفرادی (فت ا، سک ف) صف.
افراد سے منسوب، افراد کا.

افرادی طاقت/ قوت امث. کسی ملک کی آبادی میں لوگوں کی تعداد جو فوجی سماجی اور دوسرے کاموں میں حصہ لے سکیں.

اَفراز (فت ا، سک ف) امذ.
بلندی، اونچائی، فراز (عموماً نشیب کے ساتھ مستعمل).

... افراز (فت ا، سک ف).
ترکیب میں بطور جزو دوم (عموماً سر کے ساتھ) مستعمل، مترادف: (i) بلند، بلند کیا جانے والا، بلند کیا ہوا، وغیرہ. (ii) بلند کرنے والا.

اَفراسیاب (فت ا، سک ف، کس س) امذ.
ا. قدیم زمانے میں توران کا ایک بادشاہ جو تورین فریدون کی نسل سے پشنگ کا بیٹا تھا اور جس نے کیانی خاندان کے دور میں ایران پر بار بار حملے کیے (بہادری نیز ظلم میں ضرب المثل)، (مجازاً) بہادر؛ ظالم و جابر.

اِفراط (کس ا، سک ف) امث؛ امذ (قدیم).
ا. فراوانی، کثرت، بہتات. ۲. حد اعتدال سے بڑھ جانا، تجاوز، تفریط کے بالمقابل. [ع].

افراط زر امث. (معاشیات) محفوظ سونے سے زیادہ سکوں یا نوٹوں کا اجرا جس سے روپے کی قدر و قیمت گھٹ جاتی اور اشیا کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں.

اِفراق (کس ا، سک ف) امذ.
(لفظاً) جدائی، علیٰحدگی؛ طلاق یا خلع، فارغ خطی. [ع].

اَفرَنگی (فت ا، سک ف، فت ر، غنہ) صف نیز امذ.
افرنگ (دیکھیے) سے منسوب: انگریزوں کا. [ف].

اَفروختگی (فت ا، سک ف، وج، سک خ، فت ت) امث.
افروختہ (دیکھیے) کا اسم کیفیت. [ف].

اَفروختَہ (فت ا، سک ف، وج، سک خ، فت ت) صف.
ا. روشن (آگ یا شمع وغیرہ). ۲. برہم، مشتعل، آگ بگولا، غضب ناک. ۳. (تپش وغیرہ سے) تمتماتا ہوا، سرخ (رو وغیرہ کے ساتھ مستعمل). [ف].

افروختہ خاطر ہونا ف مر. برہم ہونا، غصے میں بھر جانا.

افروختہ کرنا ف مر. (کسی کو) اکسانا، ابھارنا.

... اَفروز (فت ا، سک ف، وج) صف؛ ~ فروز.
ترکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، مترادف: روشن کرنے والا، آب و تاب یا چمک دمک بڑھانے والا.

... اَفزا (فت ا، سک ف) صف.
ترکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل، مترادف: بڑھانے والا، اضافہ کرنے یا بالیدگی پیدا کرنے والا.

اَفزائِش (فت ا، سک ف، کس ء) امث.
(حالت، مقدار یا تعداد میں) اضافہ، ترقی، بڑھوتری، کثرت. [ف].

اَفزُدو (فت ا، سک ف، ومع) صف.
بیش، زیادہ. اف: کرنا/ہونا. [ف].

اَفزُوں (فت ا، سک ف، ومع) (الف) صف؛ ~ فزوں.
ا. وافر، زیادہ، بکثرت، بہت (حالت، مقدار یا تعداد کے لیے). ۲. ترقی پذیر، بڑھتا ہوا. ۳. جو ضرورت سے زیادہ ہو، فاضل. (ب) امث. (محاسبی) میزان سابق و رقم حال کا مجموعہ. [ف].

اَفزُونی (فت ا، سک ف، ومع) امث.
ا. استعمال کی کثرت، بہتات، زیادتی. ۲. ترقی، اضافہ (پہلے کی نسبت). [ف].

اَفسانچَہ (فت ا، سک ف، ن، فت چ) امذ.
(ادب جدید) چھوٹا افسانہ. [ف].

اَفسانوِی (فت ا، سک ن، ی مع) صف.
افسانے سے منسوب.

اَفسانوِیَت (فت ا، سک ف، ن، کس و، فت ی) امث.
افسانے کا سا انداز بیان، افسانوی رنگ، رومانی تاثرات. [ف].

اَفسانَہ (فت ا، سک ف، فت ن) (الف) امذ؛ ~ فسانہ.
ا. قصہ کہانی، داستان. ۲. سرگزشت، روداد، حال احوال. ۳. فرضی بے اصل یا جھوٹی بات، من گھڑت. ۴. ذکر، مذکور، چرچا، شہرت. ۵. طولانی بات یا معاملہ. ۶. مشہور زباں زد. ۷. (ادب جدید) ناول کے

مقابلے میں ایک مختصر کہانی جس میں زندگی کا کوئی خاص رخ مختصر طور پر پیش کیا جائے . [ف] .

افسانہ بننا ف مر . بات سے بات پیدا ہوتے ہوتے کہانی اور قصہ بن جانا .

افسانہ چھیڑنا ف مر . قصہ شروع کرنا ، روداد یا سرگزشت بیان کرنے لگنا .

افسانہ گو صف . داستان کہنے والا ، قصہ گو .

اَفسَر اند .

۱. تاج ، کلاہ شاہی . ۲. (مجازاً) صاحب تاج ، حکمران ، حاکم ، سردار ، سربراہ . [ف] .

اَفسُردَگی (فت ا ، سک ف ، ضم س ، سک ر ، فت د) است ؛ ~ فسردگی .

افسردہ (دیکھیے) کا اسم کیفیت .

اَفسُردَہ (فت ا ، سک ف ، ضم س ، سک ر ، فت د) صف ؛ ~ افسردا .

۱. (i) بجھا ہوا ، ٹھنڈا (شعلہ یا ایندھن وغیرہ) . (ii) (مجازاً) سرد ، دھیما ، فرو . ۲. پژمردہ ، اداس ، نڈھال ، بجھا بجھا سا ، ملول (طبیعت ، دل وغیرہ) . [ف] .

افسردہ بیاں صف . جس کی بات دل میں اثر نہ کرے .

افسردہ خاطر صف . جس کا دل بجھ گیا ہو ، پریشان ، ملول ، رنجیدہ . اسم کیفیت : افسردہ خاطری .

افسردہ دل صف . دیکھیے : افسردہ خاطر . اسم کیفیت : افسردہ دلی .

اَفسَری (فت ا ، سک ف ، فت س ، ی مع) است .

بادشاہی ، حکمرانی ، سرداری ، حاکمیت . [ف] .

اَفسوس (فت ا ، سک ف ، و مع) (الف) اند ؛ ~ افسوی (قدیم) .

۱. غم ، رنج ، صدمہ . ۲. (ناکامی یا محرومی وغیرہ پر) تاسف ، حسرت یا پچھتاوا . ۳. (قدیم) دریغ ، تکلف (عموماً 'بے' نافیہ کے ساتھ) .

(ب) م ف . ۱. (کسی صدمے یا رنج یا تحسر سے یکایک متاثر ہونے کی حالت میں) حیف ، ہائے ، دریغا وغیرہ . ۲. (ملامت کے موقع پر عموماً حسرت یا ہمدردی کے ساتھ) وائے ہو ، اس بات یا حالت پر نفرین ہے . ۳. ندامت اور شرمساری کے موقع پر . [ف] .

افسوس کا (کے) ہاتھ/ہات ملنا محاورہ . افسوس کرنا ، ملول ہونا ، پچھتانا .

افسوس ناک صف . قابل افسوس ، دکھ بھرا ، جس پر رنج آئے ، قلق سے بھرا ہوا .

افسوس ہونا محاورہ . دکھ ہونا ، رنج ہونا .

افسوس کھانا محاورہ . رنجیدہ ہونا ، ملول ہونا ، دل کڑھانا .

اَفسُون (فت ا ، سک ف ، و مع) اند .

۱. جادو ، منتر ، ٹونا ، ٹوٹکا ، پڑھنت . ۲. وہ شے جو منتر وغیرہ پڑھ کر پھینکی جائے ، جیسے : ماش یا جادو کی گولی ، ہانڈی یا کوئی اور چیز . ۳. تدبیر ، چال ، فریب کاری . [ف] .

افسون باندھنا محاورہ . جادو کی جادو سے کاٹ کرنا ، جادو کو بے اثر کر دینا .

افسون پھونکنا محاورہ . ۱. جادو کا منتر پڑھ کر کسی شخص یا چیز پر دم کرنا . ۲. چال چلنا ، فریب میں لانا .

افسون چلنا محاورہ . جادو یا منتر کا اثر کرنا ؛ تدبیر کارگر ہونا .

افسون زدہ صف . جس پر جادو ہوا ہوا ، جادو سے متاثر .

افسون ساز اند . جادو کرنے والا ، جادوگر .

افسون سازی است . جادوگری ، طلسم بندی .

اِفشا (کس ا ، سک ف) اند .

فاش ، ظاہر ، آشکارا . ۲. (بھید وغیرہ) ظاہر کرنا یا ہونا . [ع] .

... اَفشار (فت ا ، سک ف) لاحقہ .

۱. مرکبات میں جزو دوم کے طور پر "نچوڑا ہوا دبوچا ہوا یا دبوچنے سے ربڑ کی طرح پچکا ہوا" کے معنی میں مستعمل . ۲. مرکبات میں جزو دوم کے طور پر ، دبا کر نچوڑنے والا ، دبوچنے والا ، کے معنی میں مستعمل ، جیسے : جگر افشار .

اَفشاں (فت ا ، سک ف) (الف) است ؛ اند .

مقیش یا بادلے کے باریک کترے ہوئے ریزے یا ذرے جو بیشتر آرائش کے لیے عورتیں خاص کر دلہنوں کے بالوں پر چھڑکتی اور ماتھے نیز چہرے پر جماتی ہیں . (ب) صف . وہ کپڑا یا کاغذ یا کسی اور شے کی سطح جس پر رنگ چھڑکا ہوا ہو یا رنگین چھیاں یا بندکیاں ہوں ، چھڑکا ہوا . [ف] .

افشاں چننا محاورہ. خوبصورتی کے لیے نشانی یا گیسوؤں اور رخساروں پر سلیقے سے افشاں کے ذرے جمانا.

... اَفشاں (فت ا، سک ف) صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر ''بکھیرنے، چھڑکنے یا ٹپکانے والا''، کے معنی میں مستعمل.

اَفشانی (فت ا، سک ف) صف.
افشاں سے منسوب: افشاں چھڑکا ہوا، رنگ چھڑکا ہوا، افشاں کے رنگ کا.
افشانی کاغذ اند. ابری کا کاغذ (جو ایک یا زیادہ رنگوں سے چھڑکا ہوا ہو).

... اَفشانی (فت ا، سک ف، ی مع) لاحقہ.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر ''چھڑکنا''، بکھیرنا، بکھرنا، کے معنی میں مستعمل، جیسے: در افشانی، گل افشانی وغیرہ.

اَفشُردَہ (فت ا، سک ف، ضم ش، سک ر، فت ر) صف؛ اند.
۱. کسی چیز سے نچوڑا ہوں پانی، رس، عرق، شربت. ۲. کھٹ مٹھا شربت، وہ شربت جس میں لیمو نچوڑ کر پیتے ہیں. [ف].

اَفشُرَہ (فت ا، سک ف، ضم ش، فت ر) اند.
افشردہ، رس یا شربت وغیرہ. [ف].

اَفصَح (فت ا، سک ف، فت ص) صف.
بہت زیادہ یا سب سے زیادہ فصیح، جس کے کلام میں حد درجہ فصاحت ہو. [ع].

اِفضا (کس ا، سک ف) اند.
جماع، صحبت؛ جماع میں فرج اور دبر کے درمیان کی کھال چر کر دونوں مقامات کا ایک ہو جانا.

اَفضال (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
مہربانیاں، فضل و کرم، بخششیں. [ع].

اِفضال (کس ا، سک ف) اند.
فضل، کرم، مہربانی. [ع].

اَفضَل (فت ا، سک ف، فت ض) صف.
۱. بہت زیادہ بزرگی والا، سب سے زیادہ صاحب فضیلت، فضیلت میں دوسرے سے بڑھ کر. ۲. بہتر، برتر، لائق ترجیح. [ع].

افضل الاذکار صف. (لفظاً) وہ ذکر جو دوسرے ذکر سے افضل یا بہتر ہو، (تصوف) ''کلمۂ لاالٰہ اِلا اللہ''، کا خفی و جلی ورد جس کا تصوف میں خاص طریقہ مقرر ہے. (جزو اوّل (لاالٰہ) کو نفی ماسوائے حق اور جزو دوم (اِلا اللہ) کو اثبات حق سے تعبیر کیا جاتا ہے).
افضل الانبیا اند. (مراداً) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

اَفضَلِیَّت (فت ا، سک ف، فت ض، کس ل، شد ی بفت) امث.
بزرگی، فوقیت؛ راجح یا مقدم ہونا. [ع].

اِفطار (کس ا، سک ف) اند.
۱. روزہ کھولنے کا عمل، دن بھر روزہ رکھنے کے بعد مغرب کے وقت کچھ کھانا. ۲. روزہ نہ رکھنا. [ع].

اِفطارْنا (کس ا، سک ف، ر) اند.
روزہ کھولنا، جیسے: میں عموماً کھجور سے روزہ افطارتا ہوں.

اِفطاری (کس ا، سک ف، ی مع) امث.
کھانے پینے کی چیزیں جن سے روزہ کھولا جائے؛ وہ کھانا جو عید کی صبح کو اس غرض سے کھائیں کہ روزہ نہ معلوم ہو. [ع + ف].

اَفعال (فت ا، سک ف) اند.
۱. کام جو کسی انسان یا حیوان سے سرزد ہوں، انسان کے اعمال ارادی حرکات. ۲. برے کام؛ گناہ. ۳. خواص، تاثیرات (خصوصاً ادویہ کی). ۴. (قواعد) وہ کلمات جو کسی خاص زمانے (ماضی، حال، مستقبل) میں کسی کام کے لیے جانے یا ہونے پر دلالت کریں. [ع].
افعال اضطراری اند؛ ج. وہ افعال جو بلا ارادہ انسان یا حیوان سے سرزد ہوں، جیسے: کھانسنا، چھینکنا، ہنسنا، آنکھ جھپک جانا وغیرہ.

اَفعی (فت ا، سک ف) (الف) اند.
سانپ، ایک زہریلا سانپ. (ب) صف. موذی، شریر. [ع].

اَفغان (۱) (فت ا، سک ف) (الف) امث؛ اند.
۱. گریہ و زاری، فریاد، شور، نالہ. (ب) م ف. ہائے افسوس، افسوس صد افسوس. [ف].

اَفغان (۲) (فت ا، سک ف) اند.
افغانستان کا باشندہ؛ پٹھان، ایک قبیلے کا نام. [ف].

اَفغانی (فت ا، سک ف) صف.
افغان (۲) سے منسوب. [ف].

اُفُق (ضم ا، ف) اند.
۱. آسمان کا کنارہ جو زمین سے ملا ہوا دکھائی دیتا ہے. ۲. چاند یا کسی ستارے کے طلوع ہونے کی جگہ، مطلع. ۳. (ہیئت) زمین کے اوپر وہ حد جہاں کشش ثقل سے گرنے والی چیز زاویۂ قائمہ بناتی ہے، نقطۂ ارتفاع. ۴. (تصوّف) ''وہ غایت جہاں سلوک مقربین کا تمام ہوتا ہے اسی کو معراج اور معارج بھی کہتے ہیں''. [ع].

اَفقَر (فت ا، سک ف، فت ق) صف.
فقیر، سب سے زیادہ فقیر؛ (مجازاً) ناچیز، بہت محتاج. [ع].

اُفُقی (ضم ا، ف) صف.
افق سے منسوب: کنارے کا، سرے کا، چپٹا سطح. [ع + ف].

اِفک (کس ا، سک ف) اند.
(لفظاً) کسی کی عفت اور پاکدامنی پر تہمت لگانا، (مراداً) وہ الزام جو غزوۂ مصطلق سے واپسی میں منافقین نے اُم المومنین حضرت عائشہؓ پر لگایا تھا جس کی تردید اور حضرت عائشہؓ کی براءت میں آیت نازل ہوئی. [ع].

اَفکار (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
۱. فکریں، اندیشے، انتشارات، تردّدات، دل و دماغ کی اُلجھنیں. ۲. مشاغل، فرائض، کام. ۳. خیالات، نظریات (جو غور و فکر کے نتیجے میں مرتب ہوں). ۴. خیالات یا نظریات کے نتائج جو اشعار وغیرہ کی شکل میں ظاہر ہوں، اشعار. [ع].

اَفگار (فت ا، سک ف) صف؛ ~ نگار.
مجروح، زخمی، گھائل. [ف].

... اَفگار (فت ا، سک ف) لاحقہ.
ترکیب فارسی میں جزو دوم کے طور پر افگار (دیکھیے) کے مفعولی معنی میں مستعمل، جیسے، دل افگار وغیرہ.

... اَفگَن (فت ا، سک ف، فت گ).
ترکیب فارسی میں جزو دوم کے طور پر ''ڈالنے والا، گرانے پھینکنے یا پچھاڑنے والا'' کے معنی میں مستعمل. [ف].

اَفگَندَگی (فت ا، سک ف، فت گ سک ن، فت د) امث.
۱. (لفظاً) گرا پڑا ہونا؛ (مجازاً) خاکساری، عجز و انکسار. [ف].

... اَفگَندگی (فت ا، سک ف، فت گ، سک ن، فت د).
ترکیب فارسی میں جزو دوم کے طور پر ''گرانا، ڈالنا، جھکانا'' کے معنی میں مستعمل. [ف].

... اَفگَندہ (فت ا، سک ف، فت گ، سک ن، فت د) صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر ''ڈالے ہوئے، جھکائے ہوئے'' کے معنی میں مستعمل. [ف].

اِفلاس (کس ا، سک ف) اند.
۱. مفلسی، تنگدستی، مالی محتاجی، امارت کی ضد. ۲. فقدان، محرومی، (کسی چیز کا کسی کے پاس) نہ ہونا. [ع].
افلاس زَدَہ صف. مفلسی کا ستایا ہوا، مفلس.

اَفلاطُون (فت ا، سک ف، و مع) اند.
۱. ایک قدیم یونانی حکیم کا نام جو حضرت عیسیٰؑ سے چار صدی پہلے علم حکمت اور فضل و کمال میں مشہور تھا. (ارسطو کا اُستاد اور سقراط کا شاگرد تھا)، (مجازاً) اپنے علم وفن میں فاضل، نہایت درجہ عاقل اور طباع. ۲. نہایت ہوشیار، چالاک، بڑا عاقل. [ع + یو].
اَفلاطُون کا باوا/ جنا/ جنی/ سالا/سالی صف. (طنزیاً تعریض کے طور پر) بڑا عقلمند، زورآور، زبردست، مغرور.
اَفلاطُون کا بچّہ صف. (تعریض یا طنز کے موقع پر) زبردست اور متکبر شخص.

اَفلاطُونی (فت ا، سک ف، و مع) (الف) صف.
افلاطون (نمبر ۱) سے منسوب. (ب) امث. چالبازی؛ زبردستی، ہیکڑی. [ع + یو + ف].

اَفلاک (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
(متعدد) آسمان، آکاش. [ع].

اَفلاکی (فت ا، سک ف، ی مع) صف.
افلاک سے منسوب؛ آسمانوں یا عالم بالا کے رہنے والے. [ع+ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اَفواج (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
جیش، لشکر، فوجوں کے پرے؛ بری بحری اور ہوائی تینوں نوع کی طاقتیں. [ع].

اَفواہ (فت ا، سک ف) (الف) طور جمع؛ اند.
دہن، منھ، زبانیں (انسانوں کی). (ب) طور واحد؛ است؛ اند (قدیم).
غیر مستند یا اڑائی ہوئی خبر، عام چرچا. [ع].

افواہ اُڑانا محاورہ. جھوٹی یا غیر مصدق خبر کا چرچا کرنا.

افواہ اڑنا محاورہ. جھوٹی یا غیر مصدق خبر کا چرچا ہونا.

اُفوہ (ضم ا، و مع) فجائیہ؛ ~ اُف.
"اف" (ب) کے مفہوم میں تاکید یا شدت ظاہر کرنے کے لیے. [ع].

اَفہام (فت ا، سک ف) اند؛ ج.
عقلیں، اذہان، قوائے مدرکہ.

اِفہام (کس ا، سک ف) اند.
۱. اپنا خیال کسی دوسرے کے ذہن نشیں کرانا، سمجھانا، فہمائش (بیشتر تفہیم کے ساتھ مستعمل). ۲. سمجھ، فہم. [ع].

اَفیم (فت ا، ی مع) اند.
خشخاش کے ڈوڈے کا جما ہوا رس جو سیاہ اور جو مزے میں تلخ ہوتا ہے. (کم کھائیں تو نشہ آور، زیادہ کھالیں تو مہلک زہر). [ع].

افیم یا کھائے امیر یا کھائے فقیر مقولہ. امیروں کو افیون کھانے کے لیے روپے کی کمی نہیں اور فقیر کو مانگ کر کھا لینے میں عار نہیں ہوتی.

اَفیمچی (فت ا، ی مع، سک م) صف؛ اند.
افیم کا عادی شخص؛ (مجازاً) سست، کاہل، نکما. [ع + ف].

اَفیون (فت ا، سک ف، و مع) است.
دیکھیے: افیم. [ع].

افیون چڑھنا ف مر. افیون کا نشہ چڑھنا.

افیون دینا ف مر. ننھے بچوں کو افیون کھلانا. (بعض عورتیں نیند آنے اور دیگر فوائد کے لیے بچوں کو ڈیڑھ دو سال کی عمر تک ذرا ذرا سی افیون کھلایا کرتی ہیں).

افیون کھانا محاورہ. افیون کھا کر خودکشی کرنا.

اَفیونی (فت ا، سک ف، و مع) صف.
دیکھیے: افیمچی. [ع + ف].

اَقارِب (فت ا، سک ر) اند؛ ج.
وہ لوگ جن سے کسی قسم کا رشتہ ہو، اعزہ، رشتہ دار. [ع].

اَقالیم (فت ا، ی مع) است؛ ج.
ممالک. [ع].

اِقامَت (کس ا، فت م) است.
۱. کسی جگہ ٹھہرنا یا فروکش ہونا، قیام، پڑاؤ. ۲. (فقہ) مقیم ہونے کی حالت، حضر، سفر کی ضد. ۳. مستقل قیام، سکونت. ۴. مقاومت، کسی کے مقابلے میں ٹھہرنا. ۵. قرار، ثبات، قائم رہنا. ۶. قائم کرنا، عملی صورت دینا. ۷. وہ کلمات جو ائمہء اربعہ کے نزدیک باجماعت نماز کے لیے اور فقہ جعفری میں ہر نماز کے لیے کھڑے ہوتے وقت پکار کر ادا کیے جاتے ہیں. [ع].

اقامت خانہ اند. ۱. مسافروں کے پڑاؤ کرنے کا مکان، ہوٹل، مسافر خانہ، سرائے وغیرہ. ۲. طلبہ کے رہنے کی جگہ جس میں متعدد کمرے یا حجرے ہوتے ہیں، دارالاقامت، بورڈنگ.

اقامت گاہ است. عارضی یا مستقل قیام کی جگہ، قیام گاہ؛ ہوٹل یا سرائے، ہوسٹل.

اِقامتی (کس ا، فت م، ی مع) صف.
(وہ تعلیم گاہ) جس میں (طلبا کے) رہنے کے لیے اقامت خانہ (بورڈنگ) بھی ہو. [ع + ف].

اِقبال (کس ا، سک ق) اند.
۱. بختیاری، خوش نصیبی، سازگاری وقت و زمانہ، ادبار کی ضد. ۲. جاہ و مرتبہ، دنیاوی اقتدار. ۳. سعادت، یمن، برکت. ۴. اقرار، اعتراف، قبول کرنا، انکار کی ضد. [ع].

اِقبال جرم اند. اپنے گناہ کا اعتراف، خصوصاً عدالت کے سامنے اپنے جرم کا اقرار.

اِقبال چمکنا ف مر. خوش نصیبی کے دن آنا، عروج اور کامیابی حاصل ہونا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اِقبال مند صف. خوش قسمت، صاحب اقبال، بختاور.

اِقبال نامہ اند. مجرم کا اقبالی بیان خصوصاً جو عدالت میں لکھ کر پیش کیا جائے یا جسے عدالت قلمبند کرے.

اِقبالی (کس ا، سک ق) صف.
۱. معترف، اقراری. ۲. اقرار و اعتراف پر مشتمل (تقریر یا تحریر). ۳. وہ اسکالر جس نے شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال کے افکار و تصانیف کا خصوصی اور گہرا مطالعہ کیا ہو. [ع + ف].

اِقتِباس (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
۱. (مادی، روحانی یا معنوی) تحصیل، اخذ، استفادہ. ۲. (i) کسی مضمون بیان یا کتاب وغیرہ سے من وعن یا انتخاب و اختصار کر کے اس کا کوئی حصہ نقل کرنے یا بیان کرنے کا عمل. (ii) وہ عبارت جو کسی مضمون یا کتاب وغیرہ سے من وعن یا اختصار و انتخاب کے ساتھ نقل کی جائے. (iii) اختصار، انتخاب. [ع].

اِقتِدا (کس ا، سک ق، کس ج ت) است: اند.
(قدیم). ۱. پیروی، (کسی کے) نقش قدم پر چلنا، تقلید. ۲. نماز یا جماعت میں امام کی پیروی، پیش نماز کا ارکان نماز میں اتباع. [ع].

اِقتِدار (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
۱. اختیار، قدرت، طاقت. ۲. غلبہ، تسلط، عروج. [ع].

اقتدار اعلیٰ اند. (سیاست) حاکمیت، تمام اختیارات کا سرچشمہ، جس سے اختیارات حاصل کیے جائیں.

اِقتِران (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
۱. اتحاد، ملاپ، یکجہتی، نزدیک یا قریب ہونا. ۲. شادی، ازدواج، دولھا دلھن کی قربت. ۳. (ہیئت) دو ستاروں کا ایک برج میں اجتماع. [ع].

اِقتِسام (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
تقسیم، بانٹ، حصے بخرے. [ع].

اِقتِصاد (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
۱. کسی وصف میں کام میں شدت اور ضعف کی درمیانی کیفیت یا حالت، اعتدال، میانہ روی. ۲. اقتصادیات. ۳. قصد، ارادہ. [ع].

اِقتِصادی (کس ا، سک ق، کس ج ت، ی مع) صف.
اقتصاد سے منسوب: معاشی، مالیاتی، آمد و صرف سے متعلق. [ع + ف].

اِقتِصادِیات/ اِقتِصادِیّات (کس ا، سک ق، کس ج ت، کس د/ شدی) است.
وسائل و ذرائع پیداوار اور مصارف سے متعلق مسائل و مباحث کا فن، معاشیات، علم المعیشت. [ع].

اِقتِضا (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
تقاضا، مطالبہ، خواہش، رجحان. [ع].

اِقتِناع (کس ا، سک ق، کس ج ت) اند.
جو کچھ میسر ہو اسی پر صبر، قناعت، اطمینان. [ع].

اَقدار (فت ا، سک ق) اند: ج.
۱. پیمانے، اندازے؛ قدر و قیمت، افادے کے لحاظ سے اہمیتیں. ۲. (معاشیات) قیمت مبادلہ. [ع].

اَقدام (فت ا، سک ق) اند.
(متعدد) قدم، (کئی) پانو. [ع].

اِقدام (کس ا، سک ق) اند.
۱. (کسی کام میں) پیش قدمی، آگے بڑھنا، حرکت میں آنا. ۲. کسی فعل کا ارادہ اور تیاری یا عملی کوشش. [ع].

اِقدامات (کس ا، سک ق) اند: ج.
پیش قدمیاں، تدبیریں، عمل. [ع].

اَقدَس (فت ا، سک ق، فت د) صف.
(کسی بزرگ، متبرک شے یا جگہ کے لیے بطور صفت) جو طہارت میں دوسروں سے بڑھ کر ہو، بہت زیادہ پاک، نہایت تقدس والا، حد درجہ متبرک. [ع].

اَقدَم (فت ا، سک ق، فت د) صف.
۱. قدیم تر، (مراد) اوّل، پہلا. ۲. مقدم، افضل، اعلیٰ. [ع].

اَقرا (فت ا، سک ق) صف: ~ اِقرء.
عمدہ طریقے سے پڑھنے والا، زیادہ پڑھنے والا، افصح. [ع].

اِقرَأ (کس ا، سک ق، فت ر، سک ء) (الف) است.
بسم اللہ یا مکتب کی رسم، ابتدائی تعلیم، ابتداء، آغاز، (بچوں کو جب

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پڑھنے بٹھاتے ہیں تو بسم اللہ کے ساتھ سورۂ علق (اقراء باسم ربک الذی) کی ابتدائی آیتیں پڑھوائی جاتی ہیں جو پیغمبر علیہ السلام پر کل قرآن سے پہلے نازل ہوا تھا). (ب) اند. سورۂ اقرء باسم ربک الذی خلق. [ع].

اِقرار (کس ا، سک ق) اند.
کسی کمزوری، عیب یا خطا وغیرہ کا اعتراف، قبولنا ۲. ادعا، دعویٰ، اعلان. ۳. کسی بات پر اظہار رضا مندی، قبول کرنا، ہاں کرنا ۴. قول و قرار، عہد و پیمان. [ع].

اقرار باللسان اند. کسی بات کا زبان سے اقرار، خصوصاً زبان سے ایمان لانے کا اظہار کرنا.

اقرار لینا محاورہ. وعدہ لینا، عہد لینا.

اقرار نامہ اند. دستاویز یا تحریر جس میں معاہدے کی شرطیں تحریر کی جائیں.

اِقراری (کس ا، سک ق) صف.
۱. اقرار سے منسوب یا متعلق: بطور اقرار، اقرار کے لیے ۲. مقر، معترف، اقبالی. [ع + ف].

اَقراص (فت ا، سک ق) اند؛ ج.
ٹکیاں، گولیاں. [ع].

اَقران (فت ا، سک ق) اند؛ ج.
ہمسر، ایک درجے حیثیت یا زمانے کے اشخاص، ہم چشم، ہم عصر. [ع].

اِقران (کس ا، سک ق) اند.
(لفظاً) ملاپ، وصل، ملنا؛ (نجوم) دو ستاروں کا ایک جگہ بہم ہونا. [ع].

اَقرب (فت ا، سک ق، فت ر) صف.
۱. (فاصلے یا رسائی کے لحاظ سے) نسبتہً قریب، قریب تر، بہت زیادہ نزدیک ۲. بہت قریب کا رشتہ دار، سب سے زیادہ قریبی عزیز. [ع].

اَقرِبا (فت ا، سک ق، کس ر) اند (الف) بطور جمع.
عزیز و قریب، رشتے دار، اعزہ. (ب) بطور واحد. عزیز، قریب، رشتہ دار. [ع].

اَقساط (فت ا، سک ق) است؛ ج.
کسی چیز کے مساوی یا غیر مساوی حصے، خصوصاً واجب الادا رقم کے ٹکڑے جو عموماً معینہ وقفے کے ساتھ رفتہ رفتہ یا مدت مقررہ میں ادا کیے جائیں.

اَقسام (۱) (فت ا، سک ق) است؛ ج.
مختلف قسمیں.

اَقسام (۲) (فت ا، سک ق) است؛ ج.
قسمیں، (متعدد) حلف (اکثر قسم کے ساتھ بطور تابع مستعمل). [ع].

اَقصا (فت ا، سک ق) اند؛ ج.
۱. حدود، کنارے، اطراف، دور دراز مقامات ۲. اقصیٰ کا اُردو املا. [ع].

اَقصر (فت ا، سک ق، فت ص) صف.
کوتاہ، بہت چھوٹا، سب سے چھوٹا. [ع].

اَقصیٰ (فت ا، سک ق، ابشکل ی) (الف) صف.
بالاتر، بلند تر، اعلیٰ؛ آخری، انتہائی. (ب) اند. مسجد اقصیٰ، بیت المقدس. [ع].

اَقطار (فت ا، سک ق) اند؛ ج.
اطراف، کنارے، (مجازاً) علاقے ۲. (ہندسہ) وہ خطوط جو مرکز سے گزر کر محیط تک جائیں اور دائرے کو تقسیم کر دیں. [ع].

اَقطاع (فت ا، سک ق) (الف) اند؛ ج.
قطع کر دینے کی کیفیت، کٹائی چھنائی، کاٹ دینا؛ کسی کو جائداد وغیرہ عطا کرنے کا عمل. (ب) است. عطا شدہ آراضی. [ع].

اَقل (فت ا، ق) صف.
۱. (تعداد یا مقدار میں) کم، کمتر، بہت کم ۲. (حساب) چھوٹے سے چھوٹا (عدد) ۳. (درجے اور حیثیت میں) پست، ادنیٰ، حقیر، کمترین.

اقل قلیل صف. قلیل سے بھی قلیل، کم سے کم، بہت ہی کم.

اَقلّیت / اَقلیّت (فت ا، ق، شد ل بکس، فت ی / شد ی بفت) است.
۱. (مقابلۃً) تعداد کی کمی، شمار میں کم ہونا ۲. (سیاست) کم تعداد کا گروہ یا فرقہ. [ع].

اُقلیدِس (ضم ا، سک ق، ی لین، کس د) (الف) اند.
یونان کا مشہور مہندس (تیسری صدی ق م) جو علم ہندسہ کا واضع سمجھا جاتا ہے. (ب) است. حکمی اقلیدس کی کتاب جو تحریر اقلیدس کے نام

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

سے مشہور اور سولہ مقالات پر مشتمل ہے. ۳. ہندسہ، جیومیٹری جس میں مقادیر سے بحث کی جاتی ہے. [یو].

اِقلیم (کس ا، سک ق، ی مع) است.
۱. (قدیم جغرافیائی تقسیم ارض کے مطابق) آباد زمین کا ساتواں حصہ، دنیا کے سات حصوں میں سے ہر ایک حصہ. ۲. ملک، ولایت، خطہ، منطقہ. ۳. (تشریح الابدان) جسم کا محدود مقام یا حصہ. (انگ : Clime). [ع].

اِقلیمی (کس ا، سک ق، ی مع) صف.
اقلیم سے منسوب: کسی خاص مقام یا خطے سے تعلق رکھنے والا؛ عالمگیر. [ع + ف].

اِقوا (فت ا، سک ق) اند.
قافیہ کا ایک عیب جس میں کا قافیہ کا ایک اعراب پہلے کلمے سے مختلف ہوتا ہے. [ع].

اَقوال (فت ا، سک ق) اند؛ ج.
۱. باتیں، کلمات جو زبان سے ادا ہوں، مقولے، افعال یا اعمال کی ضد. ۲. رائیں، بیانات. [ع].

اَقوام (فت ا، سک ق) است؛ ج.
۱. ایسے گروہ یا جماعتیں جو جغرافیائی حالات، زبان، عقیدہ، تہذیب وغیرہ کی بنا پر ایک دوسرے سے ممتاز ہوں. ۲. وہ گروہ جو ذات یا پیشے کی بنا پر تشکیل پائیں. [ع].

اقوام متحدہ اند. ایک مشہور بین الاقوامی ادارہ لیگ آف نیشنس (League of Nations) یعنی جمعیت اقوام کی بجائے قائم کیا گیا (جون ۱۹۴۵ء میں سان فرانسسکو میں دنیا کے پچاس ممالک کا ایک مشترکہ اجلاس ہوا، جس میں اقوام متحدہ کے قیام کا فیصلہ کرتے ہوئے اس کے منشور کو متفقہ طور منظور کیا گیا).

اَقویٰ (فت ا، سک ق، بشکل ی) صف.
۱. زیادہ قوی، قوی تر، زیادہ طاقت والا. ۲. (مجازاً) زیادہ مستحکم (قول) جسے آسانی سے رد نہ کیا جاسکے، زیادہ معتبر یا درست (بات یا دلیل وغیرہ). [ع].

اِک (کس ج ا) صف.
ایک کی تخفیف، عموماً اشعار یا مرکبات میں مستعمل، یک. [ار].
اک نہ اک طرح / اک نہ اک صورت سے م ف. کسی طرح سے، کسی تدبیر سے.

••• اک (۱) لاحقہ.
حاصل مصدر یا اسم کیفیت کی علامت جیسے: پوشاک، خوراک، تپاک.

••• اک (۲) لاحقہ.
صفت فاعلی کے معنی میں، جیسے: پیراک، لڑاک، چالاک.

••• اک (۳) لاحقہ
مرکب میں جزو اوّل کے طور پر مختلف معانی میں مستعمل، جیسے: اک اکیلا، اک باری، اک تار.

اَکّا (فت ا، شد ک) است.
بڑی بہن، معمر عورت. [ت].

اِکّا (کس ا، شد ک) اند؛ ~ اِکّے.
۱. دو پہیوں اور ایک گھوڑے کی گاڑی جو تانگے سے کسی قدر اونچی اور کم چوڑی ہوتی ہے، یکہ. ۲. تاش اور گنجفے کا ایک پتا جس پر اس بازی کے رنگ کا ایک نشان ہوتا ہے جس سے وہ بازی موسوم ہوتی ہے. ۳. ایک زیور یا تعویذ کا نام جو بازو پر باندھتے ہیں. ۴. ایک بتی کا شمعدان. ۵. ایک کنول کی بیٹھک. ۶. ایک بھاری مگدر جس کو پہلوان آزمائش کے طور پر اٹھاتے ہیں. ۷. گنجفے میں ایک لکیر والا پتا. ۸. شاہی زمانے میں پہرہ چوکی لگانے والا آفسر. ۹. ریاستوں میں خاندانی رئیس جو گھر بیٹھے بغیر کسی کام کے تنخواہ حاصل کرتے تھے. [ا + ف].
اکا دُکا صف؛ م ف. ۱. اکیلا، تنہا، جس کے ساتھ کوئی دوسرا نہ ہو (بیشتر مسافر کے لیے مستعمل). ۲. خال خال، کوئی کوئی، ایک آدھ، بہت کم (تعداد میں).
اکا لگانا / مارنا محاورہ. (تاش، گنجفہ) کھیل میں اِکے کا پتا ڈالنا.

اَکابِر (فت ا، کس ب) (الف) اند؛ صف؛ ج بطور جمع.
۱. معزز افراد، مقتدر لوگ. ۲. (عمر کے اعتبار سے) بڑے، بزرگ، مورث، اسلاف. ۳. بزرگان دین (ب) بطور واحد. سربرآوردہ یا نمودار،

معزز ، مقتدر ، ذی اثر (شخص) . [ع] .

اَکادمی (فت ع ا ، سک د) است ؛ ~ اِکیڈمی .
ا. درسگاہ .۲. وہ ادارہ جو علمی تحقیق و تصنیف کا کام کرے . [انگ] .

اَکارَت (فت ا ، ر) صف ؛ ~ اَکارتھ
ا. بے فائدہ ، بے سود ، بیکار ، بے نتیجہ ، ضائع ، برباد .۲. ناکارہ ، نکما . [س] .
اکارت جانا ف مر . ضائع ہونا ، بے فائدہ رہنا .

اَکاس (فت ا) اند ؛ ~ ، اَگاس ، اَکاش ، آکاش .
ا. آسمان .۲. (مجازاً) جوہر ؛ خلا ، فضا ، ایتھر . [س] .
اکاس بیل است . زرد رنگ کے بٹے ہوئے تاگے سے مشابہ ایک بیل (دواؤں میں مستعمل) ، لاط : Cuscuta Reflexa .

اِکاسی/اِکّاسی (کس ا/ شدک) صف ؛ ~ اکیاسی .
اسی اور ایک ، نوکم نوے ، (ہندسوں میں) ۸۱ . [س] .

اَکال (فت ا) اند ؛ ~ کال .
ا. خشک سالی ، قحط ، کال .۲. جو فنا پذیر نہ ہو ، ہمیشہ باقی ؛ (مجازاً) خدا ، دیوتا .۳. بے موقع ، بے محل ؛ بے فصل یا بے موسم . [س] .

اَکّال (فت ا ، شدک) صف مذ .
بہت کھانے والا ، کھا جانے اور نگل جانے والا ، (مجازاً) فنا کر دینے والا . [ع] .

اِکانوے (کس ا ، سک ن/ شدک) صف ، اِکّانوے ، اکیانوے .
نوے اور ایک ، نوکم سو ، (ہندسوں میں) ۹۱ . [س] .

اِکاوَن / اِکّاوَن (کس ا ، فت و/ شدک) صف ؛ ~ اکیاون .
پچاس اور ایک ، نوکم ساٹھ ، (ہندسوں میں) ۵۱ . [س] .

اَکاؤنٹ (فت ع ا ، ضم ؤ ، سک ن) اند .
جمع و خرچ کا حساب ، بینک وغیرہ میں کھلا ہوا کسی شخص یا اشخاص کا کھاتا . [انگ] .

اَکاؤنٹنٹ (فت ع ا ، ضم ؤ ، سک ن ، فت ع ٹ ، سک ن) اند .
محاسب ، دفتر میں حساب کتاب کا کام کرنے والا . [انگ] .

اِکائی (کس ا) است .
ا. (حساب) ایک سے نو تک کا عدد ، ہندسوں میں دہائی سے پہلے کے اعداد ، احاد .۲. وقت اور جسم نیز اس کے عوارض (کیف و کم وغیرہ) کو ناپنے یا شمار کرنے کا مفروضہ یا مقررہ پیمانہ ، وہ مقررہ مقدار جس کے ذریعے اس نوع کی دوسری تعدادوں کی پیمائش کی جا سکے ، وحدت ، یونٹ .۳. ملک کا ہر ایک حصہ جو انتظامی اغراض سے ایک ذیلی مرکز قرار دیا گیا ہو اور یہ سب حصے مل کر ایک مرکز کے ماتحت ہوں (جیسے صوبہ یا کمشنری وغیرہ) .

اَکْبَر (فت ا ، سک ک ، فت ب) (الف) صف .
مرتبے یا عمر یا جسامت وغیرہ میں بڑا ، بہت بڑا ، سب سے بڑا . (ب) اند . جلال الدین محمد اکبر فرمانروا (بابر کا پوتا ، ہمایوں کا بیٹا) . [ع] .

اَکْبَری (فت ا ، سک ک ، فت ب) است .
اکبر کی تانیث . [ع + ف] .

اُکَت (ضم ا ، فت ک) (الف) صف .
بناوٹی ، گھڑا ہوا ، مفروضہ . (ب) است . قصہ ، کہانی ؛ طاقت ؛ تقریر ، آواز ، بولی ، طبیعت کی تیزی ، نئی بات ، انوکھی بات . [س] .

اِکْتالِیس (کس ا ، سک ک ، ی مع) صف .
چالیس اور ایک ، نوکم پچاس ، (ہندسوں میں) ۴۱ . [س] .

اُکْتانا (ضم ا ، سک ک) ف ل .
جی بھر جانا ، تنگ آنا ، گھبرا اٹھنا ، بیزار ہونا ، طبیعت میں الجھن پیدا ہونا ، جی نہ لگنا . [ار] .

اُکْتاہَٹ (ضم ا ، سک ک ، فت ہ) است .
اکتانا کا اسم کیفیت .

اِکْتِساب (کس ا ، سک ک ، کس ع ت) اند .
ا. کمائی ، کمانا .۲. حصول ، اخذ ، فیض یابی ، حاصل کرنا ، (مجازاً) سیکھنا (علم یا ہنر وغیرہ) . [ع] .

اِکْتِسابی (کس ا ، سک ک ، کس ع ت) صف .
ا. اکتساب سے منسوب : محنت یا تدبیر سے حاصل کی ہوئی یا کیے

جانے کے قابل چیز ، وہبی یا فطری کی ضد .۲. محنت یا تدبیر سے حاصل کرنے والا ، وہ شخص جس نے کوئی بات محنت یا تدبیر سے حاصل کی ہو (خلقی یا قدرتی نہ ہو) . [ع + ف] .

اِکتِشاف (کس ا، سک ک، کس مع ت) امذ.
کسی مسئلۂ غیر معلوم کی دریافت ، نئی بات معلوم ہونا ، تازہ معلومات جو پہلے سے علم میں نہ ہو ، (مجازاً) تحقیق جدید . [ع] .

اِکتِفا (کس ا، سک ک، کس مع ت) (الف) امذ ؛ امث.
کفایت ، قناعت ، بس . (ب) صف. کافی . [ع] .

اَکتُوبَر (فت ا، سک ک، و مع، فت ب) امذ.
سال عیسوی کا دسواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے . [انگ] .

اِکتِیس / اِکَتِّیس (کس ا، سک ک، ی مع / کس ا، فت ک، شدت، ی مع) صف.
تیس اور ایک ، نوکم چالیس ، (ہندسوں میں) ۳۱ . [س] .

اَکَٹ (فت ا، ک) صف.
۱. جو نہ توڑے ٹوٹے اور نہ کاٹے کٹے ، سخت ، مضبوط ، اٹل : اپنے مقام یا موقف سے نہ ہٹنے والا .۲. ماہر یا مشاق جو کسی سے زیر نہ ہو . [س] .

اُکتُوپَس (ضم مع ا، سک ک، و مع، فت پ) امذ.
ہشت پا ، سر کے بل چلنے والا بے ریڑھ کا ایک سمندری جانور جو شکار کو اپنے آٹھ بازوؤں سے چوس چوس کر مار ڈالتا ہے . [انگ] .

اِکَٹّھا (کس ا، فت ک، شد ٹھ) (الف) صف.
۱. جمع ، یکجا ، فراہم ، (ایک دوسرے سے) پیوستہ .۲. متحد ، متفق .
(ب) م ف . ۱. ایک وقت میں ، ایک ساتھ ، ایک دفعہ میں .۲. اظہار کثرت کے لیے (عدد یا مقدار کے ساتھ) . [س] .

اِکَٹّھی (کس ا، فت ک، شد ٹ) صف ؛ م ف.
اکٹھا کی تانیث .

اَکثَر (فت ا، سک ک، فت ث) (الف) صف.
جو خاصی تعداد میں ہوں ، بہت سے یا بہت سی . (ب) امذ. بہت سے آدمی . (ج) م ف . بارہا ، بہت دفعہ ، بسا اوقات . [ع] .

اَکثَرِیَّت (فت ا، سک ک، فت ث، کس ر، شد ی بفت) امث.
۱. (i) شمار یا مقدار کے اعتبار سے زیادتی (دوسرے یا چیزوں کے بالمقابل) . (ii) (بجائے خود) کثرت ، بہتات .۲. وہ جماعت جس کے افراد کی تعداد زیادہ ہو (دوسری جماعتوں کے مقابل) .

اَکرام (فت ا، سک ک) امذ ؛ ج.
کرم کی جمع . [ع] .

اِکرام (۱) (کس ا، سک ک) امذ.
۱. عزت و احترام ، توقیر ، قدر و منزلت .۲. تحفہ عطیہ یا بخشش ، (عموماً انعام وغیرہ کے ساتھ) .۳. کرم ، رحمت ، شفقت ، مہربانی . [ع] .

اِکراہ (کس ا، سک ک، ر) امذ.
۱. کراہت ، نفرت ، بیزاری ، ناگواری .۲. اجتناب ، عذر .۳. زبردستی ، جبر ، تشدد .۴. مجبوری ، بے چارگی . [ع] .

اَکرَم (فت ا، سک ک، فت ر) امذ.
۱. جو بخشش یا مہربانی کرنے کا بہت عادی ہو ، فیاض ، سخی .۲. معزز و مکرم ، بہت قدر و منزلت رکھنے والا . [ع] .

اَکرُمی (فت ا، ک، سک ر) صف (قدیم).
برا کام کرنے والا ، پاپی ، خطا کار . [س] .

اَکَڑ (فت ا، ک) امث.
اکڑنا کا اسم کیفیت ، جسم کا تناؤ ؛ ٹھٹھراپن ، اینٹھن . [ہ] .
اکڑ فوں امث. بانکپن ، اتراہٹ ، خود پسندی ، گھمنڈ .
اکڑ کے چلنا ف مر. اترا کر چلنا ، سینہ ابھار کر چلنا .
اکڑ نکالنا محاورہ. شیخی دور کرنا ، مار پیٹ کر مزاج درست کرنا ، سیدھا کرنا .

اَکَّڑ (فت ا، شد ک بفت) صف.
اکڑنے والا ، مغرور ، تندخو ، گھمنڈ ، سرکش .

اَکَڑنا (فت ا، ک، سک ڑ) ف ل.
۱. اینٹھ کر سخت ہو جانا ، اعضا کا سن اور بے حس و حرکت ہو جانا ، ٹھٹھرنا ، سکڑنا .۲. (i) غرور یا اتراہٹ سے اینڈنا ، تننا . (ii) سینہ تان کر مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنا .۳. سرکشی کرنا ، بل کھانا ، تیور بگاڑنا ، خفا ہونا .
۴. ہٹ کرنا ، اڑنا ، ڈھٹائی کرنا . [س] .

اَکڑُو (فت ا، سک ک، و مع) صف.
بہت اکڑ تکڑ دکھانے والا ، شیخی باز اور گھمنڈی .

اُکڑُوں (ضم ا، سک ک، و مع) م ف.
گھٹنوں پر بیٹھنے کا وہ انداز جس میں زانو پیٹ سے گھٹنے سینے سے اور ایڑیاں پنڈلیاں رانوں سے ملی رہیں. [س].

اِکزیما (کس ج ا، سک ک، کس ج ز، غم ی) امذ.
جلد کی ایک بیماری، ایک طرح کا داد. [انگ].

اِکسان (کس ا، سک ک) م ف (قدیم).
یکساں، ایک ساں. [ا + ف].

اُکسانا (ضم ا، سک ک) ف م.
۱. آمادہ کرنا، کسی کام کی جانب توجہ دلانا. ۲. مشتعل کرنا، برانگیختہ کرنا، ابھارنا، جوش پیدا کرنا. ۳. کسی چیز کو اس کی جگہ سے حرکت دے کر اِدھر اُدھر ہٹانا، سرکانا؛ اٹھانا. ۴. چراغ کی بتی کو اوپر کی طرف اٹھانا، ابھارنا، اوپر کی طرف بڑھانا. [ار].

اُکساو / اُکساوا (ضم ا، سک ک) امذ.
اکسائے جانے کی کیفیت، ابھار، اشتعال، جوش.

اُکساہَٹ (ضم ا، سک ک، فت ہ) امث.
اکسائے جانے کی کیفیت، ابھار، اشتعال. [ا].

اِکسَٹھ (کس ا، سک ک، فت س، سک ٹھ) صف.
ساٹھ اور ایک، نوکم ستر، (ہندسوں میں) ۶۱. [ار + س].

اُکسنا (ضم ا، فت ک، سک س) ف ل.
۱. اکسانا کا لازم. ۲. (مجازاً) موقف سے ہٹنا، کسی ارادے یا کام سے منہ موڑنا. [ف].

اِکسِیر (کس ا، سک ک، ی مع) امث.
۱. وہ مرکب جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس سے تانبے سونے اور رانگے کو چاندی بنایا جاسکتا ہے، رسائن، کیمیا. ۲. نہایت زود اثر یا مفید دوا، تیر بہدف نسخہ، حکمی علاج، وہ دوا جس کے کھانے سے آدمی کبھی بیمار نہ ہو. ۳. (حصول مقصد کے لیے) بہت مفید، نہایت موثر (بات یا نصیحت یا ہدایت وغیرہ). ۴. کھرا، اعلیٰ درجے کا (اوصاف کے اعتبار سے). اف: بنانا/کرنا/ہونا. [ع].

اکسیر گر امث. مہوس، کیمیا بنانے والا.

اِکسِیری (کس ا، سک ک، ی مع) صف.
اکسیر (دیکھیے) سے منسوب.

اِکفا (کس ا، سک ک) امذ.
(لفظاً) کفایت و استغنا، (قافیہ) حرف روی کا اختلاف، جیسے: 'اگر' کا قافیہ 'پکڑ'، 'تب' کا قافیہ 'تپ'، 'سیاہ' کا قافیہ 'مباح' لائیں تو یہ قافیے کا ایک بڑا عیب ہے. [ع].

اَکفَر (فت ا، سک ک، فت ف) صف.
۱. جو کفر میں شدت رکھتا ہو، سخت کافر. ۲. (مجازاً) ظالم. ۳. (مجازاً) معشوق. [ع].

اَکل (فت ا، سک ک) امذ.
۱. حلق سے کوئی چیز اتارنے کا عمل، کھانا، نوش کرنا، (بالعموم شرب کے ساتھ ترکیب میں). ۲. غذا، طعام. [ع].

اکل حلال امذ. وہ چیز جو جائز وسیلے سے کمائی جائے، محنت مشقت سے پیدا کی ہوئی روزی.

اکل و شرب مرکب عطفی بترکیب فارسی. کھانا پینا.

اِکلا (کس ا، سک ک) صف (قدیم).
اکیلا، تن تنہا، بے یار و آشنا، جس کا کوئی رفیق نہ ہو. [اکیلا کی تخفیف].

اَکلانا (فت ا، سک ک) ف ل (قدیم).
۱. گھبرانا، مضطر اور بے چین ہونا. ۲. کراہت کرنا. ۳. جی متلانا. ۴. تھک جانا، تنگ آنا. [ار].

اِکلائی (کس ا، سک ک، ی مع) امث.
ایک تہی چادر یا دوپٹا جس میں زری کی لیس لگی ہو، زری کا پٹکا جسے کمر کے گرد لپیٹتے ہیں اور جس کے لمبے لمبے آنچل لٹکتے رہتے ہیں یا شانوں پر ڈال لیتے ہیں.

اَکلاہَٹ (فت ا، سک ک، فت ہ) امذ.
کساو، کسیاو، کسیلاپن.

اَکل (اَکَل) کُھرا (فت ا، ک (کس ا)، سک ل، ضم کھ) صف، مذ: ~اکل کھرا.
۱. تنہائی پسند، لوگوں سے الگ رہنے والا، میل جول سے گریز کرنے والا، مردم بیزار. ۲. روکھا، بے مروت، بدمزاج. [ا].

اَکل (اکل) کھری صف، مث :- اکل کھری. اکل کھرا کی تانیث.

اِکلَوتا (کس ا، سک ک، و لین) صف، مذ.
۱. اپنے ماں باپ کا اکیلا بیٹا جس کا دوسرا بھائی بہن نہ ہو. ۲. اپنے رشتے یا وصف میں اکیلا، جس کا کوئی شریک نہ ہو. [ار].

اِکلَوتی (کس ا، سک ک، و لین) صف، مث.
۱. اپنے ماں باپ کی تنہا بیٹی جس کا دوسرا بھائی بہن نہ ہو. ۲. اپنے رشتے یا وصف میں اکیلی جس کی کوئی شریک نہ ہو. [ار].

اِکلِیل (کس ا، سک ک، ی مع) اند.
۱. تاج، جواہرات سے مرصع تاج. ۲. (i) (تشریح) آنکھ کی سیاہی اور سفیدی کی حد مشترک، آنکھ کی سیاہی کا حلقہ. (ii) ناخن کے ارد گرد کا گوشت. ۳. (اقلیدس) محرابی یا مثلث خط. ۴. چاند کی منزلوں میں سے سترھویں منزل جس میں مثلث کی شکل کے اور تاج سے مشابہ تین ستارے ہیں. ۵. سورج کی فضا کی سب سے اوپری تہہ (جو لاکھوں میل تک پھیلی ہوئی ہے). ۶. (نباتیات) پنکھڑی، غلاف شگوفہ. [ع].

اَکمَل (فت ا، سک ک، فت م) صف.
کامل ترین، جو کمال میں سب سے زیادہ ہو. [ع].

اَکمَلِیَّت (فت ا، سک ک، فت م، کس ل، شد ی بفت) اث.
کمال کی آخری منزل، کامل ترین ہونا. [ع].

اِکَن (کس ا، فت ک) م ف.
۱. (پہاڑا) ماقبل عدد کو ایک (گنتی) میں ضرب دے کر، ایک میں ضرب دینے کے بعد دو اکن دو. ۲. (کسی عدد کا) اکائی میں ہونا، اکائی.

اَکناف (فت ا، سک ک) اند؛ ج.
اطراف، جوانب، چاروں طرف، آس پاس؛ کسی ملک وغیرہ کا پورا علاقہ یا خطہ (ترکیب یا عطف میں مستعمل). [ع].

اِکَنّی (فت ا، فت ک، شد ن) اث.
پاکستانی دس پیسے کی وضع کا مگر اس سے چھوٹا کانسی کا بنا ہوا سکہ جو قیمت میں روپے کا سولھواں حصہ ہوتا تھا اور لارڈ کرزن کے وقت سے تقریباً ۱۹۶۰ء تک برصغیر (پاک و ہند) میں رائج تھا. [ار].

اِکہرا (کس ا، فت ہ ک، سک ہ) صف، مذ.
۱. ایک تہ کا، ایک پرت کا، دوہرا کی ضد. ۲. تنہا، اکیلا. ۳. دبلے بدن کا. ۴. (مجازاً) ہلکا، خفیف سا، معمولی (حاجب یا حائل وغیرہ). ۵. دو رخ کی بجائے ایک رخ چلنے والا. ۶. غیر شادی شدہ، کنوارا. [س].

اِکہری (کس ا، فت ک، سک ہ) صف، مث.
اکہرا کی تانیث. [ار].

اِکّے (کس ا، شد ک) اند؛ ج.
اکا کی جمع نیز حالت مغیرہ، ترکیب میں مستعمل.

اِکیاسی (کس ا، سک ک) صف.
دیکھیے. اکاسی. [س].

اِکیانوے (کس ا، سک ک، ن) صف.
نوے اور ایک (۹۱). [س].

اِکیاوَن (کس ا، سک ک، فت و) صف.
پچاس اور ایک (۵۱). [س].

اِکیڈمی (کس ا، ی لین، فت مج د) اث.
علمی درس گاہ، کسی خصوصی مضمون کے مطالعہ کا ادارہ. [انگ].

اِکّیس (کس ا، شد ک، ی مع) صف.
۱. بیس اور ایک، نوکم تیس، (ہندسوں میں) ۲۱. ۲. فائق، بڑھ چڑھ کر (بیس کے بالمقابل). [س].

اَکیل (فت ا، ی مج) (الف) اث.
تنہائی، خلوت. (ب) صف. تنہا، اکیلا. [س].

اَکیلا (فت ا، ی مج) صف، مذ.
۱. تنہا، جس کے ساتھ دوسرا نہ ہو، واحد، ایک. ۲. وہ مقام جہاں کوئی دوسرا نہ ہو، سنسان اور خالی مکان یا جگہ. ۳. یکتا، لاثانی، فرد، بے مثل، لاجواب. (ب) اند. تنہائی، خلوت. (ج) م ف. بلاشرکت غیرے، صرف، فقط، محض. [س].

اکیلا پن اند. تنہائی کی حالت.

اکیلا پوت کمائی کرے گھر کرے یا کچہری کرے کہاوت. تنہا شخص روزی کمائے گھر کے انتظام کی دیکھ بھال کرے یا فرض منصبی کو دیکھے

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بھالے ، ایک آدمی کیا کیا کرے (اس موقع پر مستعمل جہاں ایک آدمی کے ذمے بہت سے کام ہوں جنھیں سنبھالنا مشکل ہو) .

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا / کیا بھاڑ پھوڑے گا کہاوت. تنہا کوشش کرنے والا کسی دشوار کام کو جو کئی آدمیوں کے کرنے کا ہو سر انجام نہیں دے سکتا ، بہت سے لوگوں کے کرنے کا کام ایک آدمی نہیں کر سکتا .

اکیلا روتا بھلا نہ ہنستا بھلا کہاوت. جب تک دو چار آدمی کسی خوشی یا غم کی تقریب میں نہ ہوں لطف نہیں آتا .

اَکیلی (فت ا، ی ج) صف، مث.
اکیلا کی تانیث . [ار] .

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی فقرہ. تنہا آدمی سے کوئی بھی کام نہیں ہو سکتا .

اکیلی جان است. تنہا جس کا کوئی ساتھی نہ ہو .

اَکیلے (فت ا، ی ج) صف : مذ.
اکیلا کی جمع یا حالت مغیرہ ، ترکیبات میں مستعمل .

اکیلے اکیلے م ف. تنہا خوری ، بغیر کسی دوست کو شامل کیے لطف اٹھانے کے موقع پر بے تکلفی سے ٹوکنے کا فقرہ .

اُکھاڑ (ضم ا) است.
۱. بیخ کنی ، تخریب (اکثر پچھاڑ کے ساتھ مستعمل) . ۲. کشتی کے داؤ پیچ کا توڑ ، کاٹ . ۳. (سالوتری) گھوڑے کی اگلی ٹانگ کی بھونری جس کا منھ اوپر کو ہو (یہ منحوس سمجھی جاتی ہے) . [س] .

اکھاڑ بچھاڑ است. ۱. (حالات یا اوضاع میں) تغیر و تبدل ، رد و بدل ، موقوفی اور بحالی ، ایک کو اٹھانا ایک کو جمانا ۲. لگائی بجھائی ، سازش . ۳. باہم شکست ، نزاع ، جھگڑا .

اَکھاڑا (فت ا) مذ :- اَکھاڑہ.
۱. کشتی لڑنے یا فن سپہ گری کی مشق کرنے کی جگہ یا میدان ، جس میں پہلوان کشتی کے داؤ پیچ سیکھتے لڑتے یا فن سپہ گری کی مشق کرتے ہیں ، لڑائی کا میدان . ۲. جمگھٹ ، مجمع ، ہجوم ، محفل . ۳. اڈا ، مرکز . [س] .

اُکھاڑنا (ضم ا، سک ر) ف م.
۱. گڑے یا دبے ہوئے حصے کو زور کر کے باہر نکال لینا ، گاڑنا کی ضد . ۲. جسم کے کسی حصے کو جوڑ سے الگ کر دینا . ۳. (ارادے یا موقف سے یا کسی کو کسی سے) برگشتہ کر دینا ، بدکا دینا . ۴. (ریشہ دوانی یا سازش وغیرہ کر کے) عہدے ، منصب ، منزل یا مقام سے ہٹوا دینا . ۵. (کسی عمارت یا اس کے کسی حصے وغیرہ کو) ڈھانا ، گرا دینا ، توڑ پھوڑ کرنا ، مسمار کرنا . ۶. کسی چپکی یا چمٹی یا جڑی ہوئی چیز کو چھڑانا ، جدا کرنا . ۷. (پوری دبی ہوئی چیز کو) زمین کھود کر اندر سے باہر نکالنا یا لانا . ۸. جگہ سے بے جگہ کر دینا ، دربدر بھٹکانا ، نکال باہر کرنا . ۹. مقابلے میں قدم متزلزل کر دینا ، زور کر کے حریف کے آسن توڑنا ، پچھاڑنا . ۱۰. درہم برہم کرنا ، تہس نہس کر دینا . ۱۱. (کنایۃً) پشم کندہ کرنا ، نقصان پہنچانا (نفی یا استفہام انکاری کے طور پر) . [س] .

اَکھاڑے (فت ا) مذ.
دیکھیے : اکھاڑا کی جمع نیز مغیرہ حالت ، ترکیب میں مستعمل .

اکھاڑے میں اترنا محاورہ. مقابلہ کرنے کے لیے میدان میں آنا ، مقابلہ کرنا .

اُکھال (ضم ا) است.
متلی ، قے . [س] .

اِکھتّر (کس ا، فت کھ، شدت بفت) صف.
ستر اور ایک ، اسی سے نو کم ، (ہندسوں میں) ۷۱ . [س] .

اِکھٹّا (کس ا، فت کھ، شدٹ) صف.
یکجا ، مجتمع ، متحد ، سمٹا ، جڑا ہوا . [س] .

اَکھرنا (فت ا، کھ) ف ل.
بار یا ناگوار گزرنا ، بار خاطر ہونا ، کھلنا ، دوبھر معلوم ہونا . [ہ] .

اَکھّڑ (فت ا، شد کھ بفت) صف.
۱. اجڈ ، غیر مہذب ، گنوار . ۲. تند مزاج ، کھڑ تل ، بے مروت . ۳. سخت بات جس میں بے مروتی پائی جائے . ۴. بے پروا ، بے فکرا . [س] .

اکھڑ پن / پنا مذ. جہالت ، بدتمیزی ، ناشائستگی ، بدمزاجی ، سرکشی ، بدتہذیبی .

اُکھڑا (ہوا) (ضم ا، سک کھ) صف ، مذ.
کشیدہ خاطر ، الگ الگ (اکثر تکرار کے ساتھ مستعمل) ، منتشر شدہ . [ار] .

اکھڑا اکھڑا صف، مذ. ۱. غیر مربوط، بے ربط، اُنمل بے جوڑ. ۲. جو اوپری دل سے ہو، ظاہر داری پر مبنی، بناوٹی، ناقابل اعتبار (بات یا کام) ۳. جو دل سے متوجہ نہ ہو، بد دل، کشیدہ خاطر، الگ الگ.

اُکھڑنا (ضم ا، فت کھ، سک ڑ) ف ل.
۱. اکھاڑنا کا لازم ۲. (سانس کے) تسلسل میں فرق آنا، آمد و رفت کا سلسلہ ٹوٹ جانا، چلتے چلتے رکنے لگنا ۳. گھوڑے کا اگلے دونوں پانو یا پچھلے دونوں پانو ایک ساتھ اٹھا کر کودتے ہوئے دوڑنا، بوئیا چال چلنا، چوکڑی بھرنا، سرپٹ جانا فلک سیری چال چلنا ۴. (پتنگ بازی) ڈوری کا ٹوٹ جانا، پتنگ کا کٹ جانا ۵. (موسیقی) بے تالا یا بے سرا ہو جانا (آواز وغیرہ کے ساتھ مستعمل) جیسے: جب گویے کی آواز اکھڑی تو اکھڑی. [س].

اُکھڑی (ضم ا، سک کھ) صف، مث.
اکھڑا کی تانیث، بیشتر ترکیبات میں مستعمل.

اکھڑی اکھڑی صف. اکھڑا اکھڑا کی تانیث.

اکھڑی پینٹھ/ پینٹ صف. جس کے اچھے حالات بری حالت سے بدل جائیں، جس کا بازار سرد ہو جائے، جس کا تختہ الٹ جائے.

اَکھل کُھرا (فت ا، کھ، سک ل، ضم کھ) صف مذ.
دیکھیے: اکل کھرا.

اُکھلی (ضم ا، سک کھ) مث.
دیکھیے: اوکھلی.

اَکھَنڈ (فت ا، کھ، سک ن) صف.
۱. (ا) جس میں کھنڈت نہ ہو، سالم، غیر منقسم، ناقابل تقسیم، بلا شرکت، غیر منقطع، مسلسل ۲. اچھوتا، جسے کسی نے نہ چھوا ہو، جس تک کسی کی رسائی نہ ہوئی ہو، جس پر سواری نہ ہوئی ہو ۳. لافانی، لازوال، بسیط، (مجازاً) خدا. [س].

اُکھیڑ (ضم ا، ی ج) مث.
۱. مخالفت، ضدم ضدا ۲. (کشتی) حریف کے پانو پیچھے سے کھینچ کر اٹھا لینا کہ وہ زمین پر گر پڑے (بیشتر مارنا کے ساتھ مستعمل). [س].

اکھیڑ بچھاڑ مث. دیکھیے: اکھاڑ پچھاڑ.

اکھیڑنا (ضم ا، ی ج، سک ڑ) ف م.
دیکھیے: اکھاڑنا. [ار].

اگ ... لاحقہ.
آگے کی تخفیف، بطور سابقہ مستعمل، جیسے: اگلا، اگوا (رہنما) اگوئی (پیشوائی).

اگاچی/ اگاسی (فت ا، ی مع) مث.
برآمدہ. [س].

اگار (فت ا) مذ (قدیم).
محل، مکان. [س].

اگاڑ (فت ا) مث.
(منھ کے) سامنے کی جانب، سامنے، پیش نظر.

اگاڑا (فت ا) مذ.
مکان کے سامنے کی جانب کا حصہ، سامنے کا آنگن یا احاطہ. [ار].

اگاڑُو (فت ا، و مع) م ف.
(عوام) آگے، سامنے. [ار].

اگاڑی (فت ا، ی مع) (الف) مث.
۱. آگے کا حصہ، دھڑ ۲. دو رسیاں جو گھوڑے کی گردن یا اگلے پیروں میں ڈال کر آگے کی طرف داہنے بائیں دو میخوں سے باندھی جاتی ہیں. ۳. کسی سودے کی پیشگی قیمت، بیانہ ۴. کرتے یا انگرکھے وغیرہ کا سامنے کا حصہ جس میں چاک ہوتا ہے، اگوائی، تنا ۵. (فوج) پہلا حصہ ۶. ترازو کا وہ پلہ جس میں تولی جانے والی جنس رکھتے ہیں.
(ب) م ف. ۱. آگے، سامنے کے رخ، پیش یا پیش پیش. ۸. پہلے، قبل، بیشتر. [ار].

اگاڑی بچھاڑی مث. (لفظاً) گھوڑے کی گردن یا اگلے پانو اور پچھلے پانو میں باندھنے کی رسی؛ (مجازاً) موجودہ و آئندہ حالت، انجام کار.

اگاڑی بچھاڑی لگانا محاورہ. رسیوں میں جکڑ دینا، پابندی عائد کرنا.

اُگال (ضم ا) مذ.
۱. چبائی ہوئی چیز جو منھ سے نکالی جائے یا تھوک دی جائے خصوصاً پان ۲. (مجازاً) رقیق چیز کے نکلنے یا نکالنے کی صورت حال، اخراج. [س].

اُگال دان اند. ایک خاص وضع کا بنا ہوا تھوکنے کا برتن، پیک دان.

اُگانا (ضم ا) ف م.

(قدیم) 'اُگنا' کا تعدیہ، پیدا ہونا، نمو پانا، ظاہر ہونا، نکلنا.

اَگانَہ (کس ا، فت ن) صف.

یگانہ، اپنا، جو غیر نہ ہو. [ار].

اُگاو (ضم ا) اند.

اُگنے کا عمل.

اُگاہنا (ضم ا، سک ہ) ف م: ~ اگھانا.

(لگان، کرایہ، چندہ، عطیہ، قسط وغیرہ) وصول کرنا، جمع کرنا. [س].

اُگاہی (ضم ا) است: ~ اگائی، اگھائی.

۱. (لگان، چندے، عطیے کرایے یا قسط کی) وصولی کرنے کا عمل، وصولی (یکمشت یا بالاقساط). ۲. قابل وصول رقم. ۳. قرضہ جو قسطوں سے ادائی کی شرط پر لیا جائے. اف: کرنا / لینا / ہونا. [ار].

آگائی (فت ا) صف.

۱. آگے یا سامنے رکھنے کا عمل پیش نظر رکھنا. [ار].

اَگایا (فت ا) (الف) اند.

(جسم وغیرہ کا) اگلا حصہ، آگے کی طرف کا رخ. (ب) صف. فصل یا موسم سے پہلے کا (پھل وغیرہ) جیسے: اگایا آم، اگایا امرود وغیرہ.

اُگت (ضم ا، فت گ) است: ~ اوگت.

۱. بالیدگی، پیداوار، اگنا. ۲. ایجاد، جدت؛ ذکاوت، ذہانت، اپج. [س].

اُگلنا (ضم ا، فت گ، سک ٹ) ف م.

عیب بکھانا، بکنا، نہ کہنے کی بات زبان پر لانا، دلکھنا، (کم ظرفی سے) احسان جتانا، طعنے دینا. [ار].

اگر (۱) (فت ا، گ) حرف شرط: ~ گر.

۱. بشرطیکہ، جو یوں ہوا تو، جب ایسا ہو جائے تو پھر (عموماً 'تو' حرف جزا سے قبل مستعمل). ۲. جب، جب کہ، جس وقت کہ، جب کبھی. ۳. (i) بالفرض، بفرض محال جب کہ کسی بات کا قیاس یا امکان ظاہر کیا جائے. (ii) جب کسی بات میں شک ہو یا اس میں برائی کا پہلو نکالنا ہو، مترادف: مانا کہ، چلو یوں سہی. ۴. چاہے، خواہ. ۵. جو کہیں ایسا ہوا تو، مبادا (اندیشے اور خوف کے اظہار کے لیے). ۶. جس صورت میں کہ، در حالیکہ، (دلیل کے طور پر). ۷. جو ایسا ہوتا کہ. ۸. خبردار جو ایسا ہوا (دھمکی، انتباہ کے موقعے پر). [ف].

اگر چہ حرف شرط. ۱. باوجود کہ، ہر چند، گو کہ. ۲. اگر کی بجائے.

اگر مگر است. ۱. پس و پیش، ٹال مٹول، حیلہ حوالہ، لیت و لعل، ہچر مچر، تذبذب، تامل، بحث و حجت.

اگر (۲) (فت ا، گ) اند.

۱. ایک پہاڑی درخت کی خوشبودار لکڑی (بھوری سیاہی مائل، جلانے سے تیز خوشبو دیتی ہے، اُسے پیس کر بتیاں بھی بناتے ہیں اور خوشبو کے لیے جلاتے ہیں)، عود. ۲. شیشم کا درخت. [س].

اگر گل اند. فاتحہ یا عرس کے موقع پر بزرگوں کی قبر پر اگر جلانے اور پھول چڑھانے کی رسم.

اگر (۳) (فت ا، گ) صف.

پہلا، اگلا، اگوا، بڑا. [س].

اَگرَئی (فت ا، سک گ، فت ر) صف.

۱. اگر کے رنگ کا، زردی مائل یا بھورا، گہرے کشمشی رنگ کا. ۲. یکرنگ بھورا کبوتر. [س].

اَگریمنٹ (فت ع ا، سک گ، ی مع، فت مج م، سک ن) اند.

اقرار نامہ، معاہدہ، باہمی تصفیہ، شرائط نامے کی دستاویز. [انگ].

اَگڑ بگڑ (فت ا، گ، فت ب، گ) صف.

بے ترتیب، اوندھا سیدھا. [عو].

اَگڑَم بگڑَم (فت ا، سک گ، فت ڑ: سک م، فت ب، سک گ، فت ڑ) (الف) اند.

وہ کلمات جو سمجھ میں نہ آئیں، مہمل الفاظ. (ب) صف. ۱. بے ترتیب، گڈمڈ، جیسے: اس کے سارے کام اگڑم بگڑم ہوتے ہیں. ۲. (ہر قسم کا) اچھا برا (سامان)، جیسے: اگڑم بگڑم جو بھی کھانے کو مل جائے انکار نہیں. [عو].

اگست (فت ا، گ، سک س) اند.

عیسوی سال کا آٹھواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے (اور ساون بھادوں کے لگ بھگ پڑتا ہے). [انگ].

اک سُک گنوا بَیٹھنا/دینا محاورہ.
ہوش و حواس کھو دینا ، کسی بات کا احساس نہ رہنا .

آگل (فت ا ، گ) (الف) م ف.
۱. سامنے ، روبرو ، بالمقابل .۲. پہلے .۳. آگے ، زیادہ ، بڑھ کر .۴. آگے آگے ، پیش پیش . (ب) صف . اگلا ، پچھلا کی ضد . [س] .

اُگل (ضم ا ، فت گ).
اگلنا کا فعل امر اور ترکیبات میں مستعمل .

اگل اگل کے م ف . کمال بے رغبتی سے (کھانے کے لیے مستعمل) .

اگلا (فت ا ، سک گ) صف ، مذ .
۱. آگے کا ، سامنے کا ، پچھلا کی ضد .۲. فوقیت رکھنے والا ، فائق ، افضل ، بڑھ کر ، زیادہ .۳. اوپر ، مزید .۴. آئندہ ، آنے والا (خصوصاً زمانہ ، سال وغیرہ کے لیے) .۵. گزشتہ ، گزرا ہوا ، پہلے کا ، قدیم ، پرانے زمانے کا .۶. پہلا ، دوسرا کے بالمقابل ، جیسے : اگلا گرا پچھلا ہوشیار . [س] .

اگلا بچھلا صف ، مذ . رشتہ دار ، والی وارث ، متوسل ، جس سے تعلق ہو .

اگلا دن امذ . (مجازاً) روز قیامت .

اگلا گرا بچھلا ہشیار کہاوت . ایک کو کسی بات سے نقصان پہنچے تو دوسرا اس سے سبق لیتا ہے .

اُگلا (ضم ا ، سک گ) صف ، مذ .
اگلنا مصدر سے حالیہ تمام ، حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل .

اگلا پڑنا محاورہ .۱. دیکھیے : اگل پڑنا ، (تلوار وغیرہ کا) اچانک میان سے باہر آ جانا .۲. (کسی چیز کا) ذاتی لچک اور ابھار یا ظرف کی تنگی کی وجہ سے سما نہ سکنا اور باہر نکل آنا یا ابھر کر نظر آنا .

اُگلتی تَلوار بیسوا لُگائی خَصَم کو مار رکھتی ہے کہاوت .
جس طرح میان سے تلوار اچانک نکل پڑنے پر انسان کو زخمی کر دیتی ہے اسی طرح بدچلن عورت سے بھی خاوند کو ضرر پہنچتا ہے .

اُگلنا (ضم ا ، فت گ ، سک ل) (الف) ف م .
۱. نگلی ہوئی چیز کو منھ کے ذریعے پیٹ سے نکالنا ، قے کرنا .۲. منھ میں لی ہوئی چیز کو باہر نکالنا .۳. (دبی ، گڑی یا ڈوبی ہوئی چیز کو) اندر سے اوپر لانا ، سطح پر لانا ، برآمد کرنا .۴. (مجازاً) ہتھیائی ہوئی چیز مجبوراً لوٹانا .۵. دل کی بات ظاہر کرنا ، راز فاش کرنا ، ٹھیک ٹھیک کہہ دینا .۶. منظر عام پر لانا ، نمائش کرنا . (ب) ف ل . اگل پڑنا ، (تلوار وغیرہ کا) اچانک میان سے باہر آ جانا . [ار] .

اُگلوانا (ضم ا ، فت گ ، سک ل) ف م .
اگلنا کا متعدی المتعدی . [ار] .

اگلی (فت ا ، سک گ) صف .
اگلا کی تانیث .

اگلی بچھلی کرنی امث . (ہندو) سابق جنم اور موجودہ جنم کے اعمال .

اگلے (فت ا ، سک گ) صف ، مذ ؛ ج .
(دیکھیے) اگلا جس کی یہ جمع اور مغیرہ حالت ہے ، ترکیبات میں مستعمل .

اگلے بھنے (ہوئے) بچھلے ، بچھلے ہوئے ہر دھان کہاوت . قدیم خیر خواہ یا نوکر وغیرہ پس پشت ڈال دیے گئے اور نئے لوگوں کو ترجیح دی جانے لگی .

اگلے پانی بچھلے کیچ کہاوت . جو وقت پر پہنچ جاتا ہے وہی مزے میں رہتا ہے ، جو کام ابتدا میں ہو جاتا ہے وہی کچھ اچھا ہوتا ہے .

اگلے بچھلے امذ ؛ ج . مقدمین و متاخرین .

اگلے زمانے/ وقتوں/ زمانوں کا/ کے/ والے امذ ؛ ج . قدیم مذاق یا وضع قطع کے لوگ ، بھولے بھالے ، سیدھے سادے آدمی .

اگلے نے کیا بچھلے پر آئی کہاوت . بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی ، افسر نے خطا کی ماتحت ملزم ٹھہرا ، کیا کسی نے تھپ گئی کسی کے سر .

اگم (فت ا ، گ) صف ؛ ← اگم .
اتھاہ ، بہت گہرا ، لا محدود ، بے پایاں .۲. جس تک کوئی نہ پہنچ سکے ، پہنچ سے باہر ، ناقابل فہم .۳. گہرائی . [س] .

آگن (فت ا ، گ) امث . (قدیم).
آگ ، (مجازاً) سوزش ؛ دوزخ . [س] .

اُگُن (فت ا ، ضم گ) صف .
بے ہنر ، پھوہڑ ، بدسلیقہ ، نالائق . [س] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اُگنا (ضم ا، سک گ) ف ل : ~ اوگنا (قدیم).
۱. (i) گھاس یا بیج کا مٹی سے پھوٹ نکلنا. (ii) (پودے کا) زمین سے پھوٹ کر نشو و نما پانا، سرسبز ہونا، پھول پتیاں نکالنا. ۲. (سورج وغیرہ کا) نمودار ہونا، طلوع ہونا. [س].

اَگنی (فت ا، سک گ) صف.
جنوب مشرق. [س].

اَگواڑا (فت ا، سک گ) اند.
۱. مکان کے سامنے کا حصہ، پچھواڑے کی ضد. ۲. انگنائی، آنگن، صحن. ۳. مال کے جہاز کا اگلا حصہ. [س].

اَگوان (فت ا، سک گ) (الف) امث.
رہنمائی، پیشوائی، استقبال، آگے بڑھ کر خیر مقدم. (ب) اند. سردار، پیشوا، منتظم، منیب، پیشکار. [س].

اَگوانی (فت ا، سک گ) امث.
راہنمائی، استقبال، برات یا کسی بڑے آدمی کی پیشوائی، اوپر کا کام کاج کرنے والا آدمی. [س + ف].

اَگے (فت ا) م ف (قدیم).
آگے، سامنے. [ار].

اگیا امث.
آ گیا. [س].

اگیا دینا ف مر.
۱. رہبری کرنا، راستہ دکھانا، تلقین کرنا؛ فیصلہ کرنا، جھگڑا چکانا.

اَگیان (فت ا، شدگ بکس ج). (الف) صف.
نا واقف، جاہل. (ب) اند. ناواقفیت، جہالت. [س].

اَگیانی صف.
بیوقوف، نا سمجھ. [س].

اَل (ا) حرف تخصیص یا تعریف.
عموماً عربی الفاظ کے شروع میں مستعمل، غیر ملفوظ، جیسے: عبدالرحیم، عربی کے سوا دوسری زبانوں کے بعض الفاظ کے ساتھ بھی، جیسے: الفربہ، فوق البھڑک، الخاموشی، گنج العرش وغیرہ. [ع].

ال امان امث. (فجائیہ) خدا کی پناہ، خدا محفوظ رکھے (مصیبت آفت یا بیزاری کے موقع پر) مجھے پناہ چاہیے یا مجھے پنا دو (اکثر مدمقابل سے جنگ کے موقع پر).

اَلبتّہ م ف. ۱. یقیناً، قطعی طور پر، بے شک، ضرور، یقین ہے کہ. ۲. لیکن، مگر، اتنا ضروری ہے کہ (استدراک یا استثنا کے طور پر).

التحیات اند. ۱. آداب و تسلیمات (جو بزرگوں کی خدمت میں بجالائیں). ۲. (فقہ اہل سنت) وہ کلمات جو نماز میں دوسری اور آخری رکعت کے سجدۂ آخر کے بعد بیٹھ کر پڑھے جاتے ہیں اور التحیات للہ سے شروع ہوتے ہیں. (پورے کلمات یہ ہیں: اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلوٰۃُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ، اَلسَّلَامُ عَلَینَا وَ عَلیٰ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِینَ اَشھَدُاَن لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشھَدُاَنَّ مُحَمَّداً عَبدُہٗ وَ رَسُولُہٗ.

الحاج اند. حج کرنے والا، جو شخص حج کر چکا ہے، حاجی (حاجیوں کے نام کے ساتھ القاب کے طور پر مستعمل).

الحذر امث: فجائیہ. ۱. خدا بچائے، خدا کی پناہ، دور، بچے رہو، (اس سے) پناہ مانگو، (بیشتر مصیبت یا آفت یا تکلیف کی شدت میں اظہار مبالغہ کے لیے مستعمل). ۲. امان طلبی، پناہ مانگنا، خوف یا بیزاری. اف: کرنا، مانگنا.

الحمد اند. (لفظاً) تعریف، شکر، (مراداً) سورۂ فاتحہ کا پہلا کلمہ جس سے کتاب اللہ کا آغاز ہے. ۲. قرآن پاک کی پہلی سورت، سورۂ فاتحہ.

الحمد للہ (الف) امث. سورۂ الحمد، سورۂ فاتحہ، قرآن کی پہلی سورت جو ''الحمد للہ'' سے شروع ہوتی ہے. (ب) م ف. خدا کا شکر ہے (عموماً کامیابی خوشی یا اقرار نعمت کے موقع پر، نیز مزاج پرسی کے جواب میں، یا چھینک آنے کے بعد مستعمل).

الحمرا اند. ۱. (لفظاً) سرخ، (طب) آشوب چشم کی سرخی جو دیکھنے میں گوشت کا سرخ لوتھڑا معلوم ہو. ۲. غرناطہ میں مسلمان عربوں کا بنایا ہوا ایک نہایت خوبصورت محل.

الخاموشی (الخموشی) نیم رضا فقرہ. کسی کی بات سن کر خاموش ہو جانا بڑی حد تک اس کی تصدیق و توثیق یا تسلیم کرنے کے برابر ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

الداعی امذ.
دعوت دینے والا ، بلانے والے (دعوتی رقعے اعلان کے آخر میں نام سے پہلے مستعمل) .

السام علیکم عربی فقرہ ، اردو میں مستعمل. صدر اسلام میں یہودیوں کا مسلمانوں کو سلام کرنے یا سلام کا جواب دینے کا کلمہ = تم پر موت واقع ہو .

السلام علیک/ علیکم عربی فقرہ ، اردو میں مستعمل. ۱. تجھ پر یا تم پر ہمارا سلام ہو (ملاقات یا رخصت کے وقت یا خط و کتابت میں سلام کا اسلامی طریقہ) . ۲. کسی بزرگ کی روح یا اس کی یادگار وغیرہ کو مخاطب کر کے اظہار عقیدت یا تعظیم وتکریم کا کلمہ .

الصّلوٰۃ انشائیہ. (لفظاً) دعا ، (مراداً) نماز جماعت کے لیے بلانے یا جماعت کھڑی ہونے سے آگاہ کرنے کا کلمہ (بالخصوص عیدین کے لیے) .

العطش م ف ، امث ، فجائیہ. ہائے پیاس (شدید تشنگی کے وقت پیاسے کی پکار) .

العلم حجاب الاکبر عربی ساخت کا فقرہ ، اردو میں مستعمل. (لفظاً) علم بہت بڑا پردہ ہے ، (مراداً) علم کے ہزارہا پہلو اور گوشے انسان کو معلوم نہیں اور وہ اس طرح اس کی بصیرت سے مخفی ہیں جیسے بہت بڑے پردے میں چھپی ہوئی کوئی چیز .

العیاذ/ عیاذ باللہ م ف ، انشائیہ. ۱. خدا بچائے ، خدا پناہ میں رکھے ، خدا دشمن کو بھی یہ وقت نہ دکھائے (کسی ایذا رساں حالت یا کیفیت کی شدت کے اظہار کے لیے) . ۲. کسی قول یا فعل سے اپنی براءت ظاہر کرنے کے لیے ، مترادف : توبہ توبہ! میں ایسا کبھی نہیں کہہ سکتا ، یا نہیں کرسکتا.

الغیاث امث ، فجائیہ. فریاد ، فریاد ہے ، دوہائی ہے ، وادرسی ، چاہتا ہوں (مصیبت یا غم کی شدت میں فریاد اور دوہائی کے لیے مستعمل) .

الفقر فخری حدیث شریف کا فقرہ ، اردو میں مستعمل. میں اپنے افلاس یا غریبی پر فخر کرتا ہوں ، فقیری اور غریبی کی عزت و حرمت کے اظہار میں مستعمل .

القصّہ م ف ؛ ~ القصا (قدیم) . الحاصل ، مختصر یہ کہ (تفصیل کے بعد اصل مطلب مختصر لفظوں میں بیان کرنے کے لیے مستعمل) .

القط امث ؛ امذ ~ القت . ۱. قطع ، قلم ، کٹ کر ایک حصہ دوسرے سے جدا. ۲. سابق یا موجودہ رابطہ یا سلسلہ کار بالکل ختم ، ترک یا منقطع .

الکاسب حبیب اللہ حدیث شریف کا فقرہ ، اردو میں مستعمل. کمائی کرنے والا یا کاریگر یا تاجر خداے تعالیٰ کا دوست ہوتا ہے ، کمانے والے شخص یا سوداگر یا کاریگر کو خدا دوست رکھتا ہے .

الکتاب امث. (لفظاً) قرآن پاک ، (مجازاً) کائنات کی وہ مجموعۂ صفات ذات جس کی ساخت اور وجود میں معرفت الٰہی کے لیے ہزار در ہزار نشانیاں پائی جاتی ہیں .

المختصر (الف) م ف. الحاصل . (ب) صف. جو دیکھنے میں بہت چھوٹا یا کم ہو .

المدد امث ، فجائیہ. مصیبت یا خطرے میں سہارا دینے کے لیے پکارنے کا کلمہ ، مترادف : میری مدد کرو یا مدد کو آؤ .

الملتمس صف. عرض کرنے والا ، گزارش کرنے والا (عموماً عرائض ، خطوط ، دعوتی رقعات وغیرہ میں نام کے ساتھ مستعمل) .

الوداع (الف) انشائیہ. اب رخصت ہوتا ہوں ، اب تمھیں رخصت کیا ، خدا حافظ ، فی امان اللہ . (ب) امذ . ماہ رمضان المبارک کا آخری جمعہ ، جمعۃ الوداع .

الوداعی صف. منسوب بہ الوداع ، جو کسی کو رخصت کرنے کی تقریب میں ہو ، اکثر رخصتی نظم یا جلسہ وغیرہ .

... ال لاحقہ.
۱. اسمیت کے معنی میں ، جیسے : دھمال ، گروگھنٹال ۲. ظرفیت کے معنی میں ، جیسے : سسرال ، ددھیال .

اَلا (۱) (فت ا) حرف تنبیہ.
۱. آگاہ ہو ، خبردار ہو ، ہوشیار ہو ، غفلت کو چھوڑو ۲. ہاں ، سنو. [ع] .

اَلا (۲) (فت ا).
بلا کا تابع مقدم ، ترکیب میں مستعمل (دیکھیے : الاولوں بلالوں الخ) .

الاولوں بلالوں صحنک سر کا لوں کہاوت. چکنی چپڑی باتیں کر کے اپنا مطلب نکالنے پر خوشامدی کے لیے طنزاً مستعمل .

اِلّا (کس ا ، شد ل بفت) حرف استثنا.
لیکن ، اگر ۲. بجز ، سواے ۳. کلمہ 'لا الہ الا اللہ' میں سے 'الا اللہ' کا مخفف ، وجود باری تعالیٰ کا اقرار ، وجود ذات . [ع] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (دیکھیے فہرست اشارات)

الـذی نہ اُلا الذی . نہ ادھر کا نہ اُدھر کا ، اِس میں نہ اُس میں ، الا الذی نہ الا الذی ، جو زیادہ مستعمل ہے .

الااللہ کلمہ ناتمام .ا.کلمہ توحید ، لا الٰہ الا اللہ (اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں) دوسرا جزو اور اس کا اختصار ، اقرار توحید ؛ اہل ذکر فقرا کا وظیفہ . ۲.گرتے وقت ، اٹھتے بیٹھتے میں یکایک درد یا تکلیف کے وقت ، یا شدید حملہ کرنے کے موقع پر (اظہار تکلیف ، جرات و ہمت کے اظہار اچانک اقدام کا نعرہ) .۳. (تصوّف) 'ریاضت میں صوفیاے کرام کا اپنے سینے پر ضرب لگانے کا ایک کلمہ (جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اول لا الہ کہتے ہوئے اپنے سر کو داہنے شانے سے وسط سینہ تک لاتے ہیں ، اور پھر الا اللہ کہتے ہوئے بائیں شانے سے اپنے سر کو وسط سینے تک لاتے ہیں اور دونوں دفعہ سر کی حرکت کو اس طرح روکتے ہیں جیسے ضرب لگا رہے ہیں)' .

الااللہ کـر کے / کـہہ کے م ف. خدا پر بھروسا کر کے ، (کوئی مشکل یا سخت کام یکایک انجام دینے کے موقع پر) .

الا ماشاء اللہ م ف. (لفظاً) سوائے اس کے کہ خدا کی مرضی کچھ اور ہو ، (مراداً) سوائے خاص خاص صورتوں کے ، کسی شخص ، صورت یا چیز کے علاوہ ، شاذ و نادر ، (بیان کیے ہوئے کلیہ اصول سے بعض صورتوں کے مستثنیٰ کرنے کے موقع پر مستعمل) .

... الا لاحقہ .
وصفیت کے معنی میں ، جیسے مَیلا ، کوڑیالا .

اَلا بَلا (فت ا ، ب) اث .
ا. اِدھر اُدھر کا ، متفرقات ، کاٹھ کباڑ ، برا بھلا یا الم غلم ، (سامان یا بات وغیرہ) .۲. بلا ، مصیبت ، پریشانی ، دکھ درد .۳. بھوت پریت .

الا بلا بر/ بہ گردن مُلا فقرہ. عذاب ثواب یا نفع نقصان سب فلاں کے ذمے (اپنی ذمہ داری دوسرے کے سر پر ڈالنے کے موقع پر مستعمل) .

اَلاپ (فت ا) اث .
ا. سُر یا لے ملانے کے لیے گانے میں آواز کا اتار چڑھاؤ .۲. سریلی آواز ؛ گانا .۳. (مجازاً) بول ، بات ، گفتگو (نثر میں ہو یا نظم میں) .

اَلاپْنا (فت ا ، سک پ) ف ل.
ا. الاپ گانے سے پہلے آواز کا اتار چڑھاو کرنا ، لے درست کرنا ؛ سر ملانا ، گانے شروع کرنا ، تانیں لگانا .۲. تکلیف سے کراہنا ، چیخنا .

اَلاٹ (فت نیز فت ج ا) م ف.
کوئی جائداد وغیرہ (بیشتر) منجانب سرکار کسی کے نام مختص یا منتقل کرنے یا (عارضی یا دائمی) ملکیت میں دینے کا عمل . [انگ] .

اَلاٹْمِنْٹ (فت ج ا ، سک ٹ ، کس ج ، سک ن) اند .
ا. کوئی جائداد کسی کے نام الاٹ کیے جانے کا پروانہ یا دستاویز وغیرہ ، نیز الاٹ کیا جانا .۲. تقسیم ، تخصیص ، بخشش . [انگ] .

اِلاچا/ اِلاچَہ/ اِلائِچَہ (کس ا ، / فت ج ، وخت) اند : الاچا/ الائچہ .
ا. ایک قسم کا دھاری دار ریشمی یا سوتی کپڑا جو ملتان وغیرہ میں بنا جاتا ہے اور جس کی بناوٹ میں الائچی کے مشابہ نشان ہوتے ہیں ؛ چوڑیا .
۲. (تعمیر) پتھر یا لکڑی کے داسے کی روکار پر تراشا ہوا تیپیا یا چھ پتیا الائچی سے مشابہ ، نقش ، بنگڑی ، آنٹ .

الاچا بیگ اند .
(مجازاً) دبلا ، سوکھا اور بد قطع شخص جس کی وضع بھی بچوں کی سی ہو کٹھ پتلی کے تماشے یا ایک مسخرا اور بدہیئت کردار جسے دیکھتے ہی ہنسی آتی ہے .

اِلاچی (کس ا) اث .
دیکھیے : الائچی .

الاچی دانہ اند .ا. الائچی کا بیج ، وہ دانہ جو الائچی کے اندر سے نکلتا ہے .
۲. الائچی کے دانے پر شکر چڑھا کر بنائی ہوئی مٹھائی ، شکر میں پکے ہوئے الائچی کے دانے ؛ چھلا اور بھنا چنا یا دھان کی کھیل جس پر شکر چڑھائی گئی ہو .۳. (مجازاً) کمسن معشوق .

اُلار (ضم ا) صف : ~ الال .
پیچھے زیادہ بوجھ ہونے سے آگے کی طرف اوپر اٹھی ہوئی گاڑی وغیرہ . (جس کے الٹ جانے کا خطرہ ہو) ، الارو ، الالو ، دباؤ کی ضد . [ہ] .

اَلاراسی (فت ا) آلاراسی . (الف) صف .
بے پروا ، لا ابالی ، کاہل ، نکما . (ب) اث . بے پروائی ، لاابالی پن . [ع] .

الاراسی کا کارخانہ اند . بے توجہی کا کام . [پ + ف] .

اَلاَرم (فت ج ا ، فت ر) اند .
ا. گھنٹے کی آواز ، گھڑی میں جگانے والی گھنٹی کی آواز .۲. خطرے کا بگل ، انتباہ کی گھنٹی وغیرہ . [انگ] .
الارم لگانا ف مر. گھڑی میں گھنٹی بجنے کی چابی بھر کر سوئی کو اس وقت کے نشان پر لگا دینا جس وقت گھنٹی کی آواز مقصود ہو .

اُلاڑنا (ضم ا ، سک ر) ف م.
اُچکنا . [ار] .

اُلاس/اُلّاس (ضم ا ،/ شد ل) (قدیم) .(الف) اند .
ا. جوش ، ولولہ ، امنگ ، ترنگ ، خوشی .۲. پھرتی ، چالاکی ، چستی ؛ کودنا ، اچھلنا . (ب) صف (قدیم). خوش وخرم ، پر امنگ . [س] .

اُلاسا (ضم ا) اند .
دلاسا ، تسلی ، تشفی . [ق] .

اِلاسٹِک (کس ج ، سک س ، کس ٹ) اند .
لچکیلی چیز جو کھینچ کر چھوڑ دینے پر اپنی اصلی جگہ آجائے ، ربڑ یا فیتہ. [انگ] .

اُلّاسی (ضم ا ، شد ل) صف .
پرشوق . [س] .

اُلاغ (ضم ا) اند ؛ ~ الاق .
ا.گدھا ، خچر ، ٹٹو .۲. ڈاک لے جانے والا گھوڑا (جس کا موجودہ ڈاک کے انتظام سے پہلے رواج تھا) . [ت] .

اَلْ اَلاکَر / کے (فت ا ، سک ل ، فت ا ، ک / ی ج) م ف .
زیادہ تر ؛ زور اور شور کے ساتھ . [ار] .

اَلْ اَلانا (فت ا ، سک ل ، فت ا) ف ل .
(کسی چیز کا) زیادتی اور زور شور کے ساتھ ہونا یا پایا جانا . [ار] .

اُلالی (ضم ا) اند (قدیم) .
مستی ، امنگ . [س] .

اَلاَمان (فت ا ، سک ، فت ا) (کلمۂ ندا) .
پناہ ، بخدا . [ع] .

اُلانا (ضم ا) اند .
ا. دیکھیے : الاہنا .۲. چھیڑنا ، آوازے کسنا . [س] .

اُلانگ (ضم ا ، مغ) (الف) صف .
(سواری و باربرداری) دو پہیا گاڑی جو پچھلے حصے پر وزن زیادہ ہونے کی وجہ سے جھک جائے ، الار . (ب) اند . (کشتی بانی) پرانی وضع کی ایک قسم کی بڑی کشتی جس کے تختے کور پر کور چڑھا کر جڑے ہوئے اور اوپر ایک بڑی کمان لگی ہوئی رہتی ہے . [پ] .

اُلانگنا/ اُلانگھنا (ضم ا ، مغ ، سک گ) ف م .
کسی چیز کے اوپر سے کود کر دوسری طرف چلا جانا ، پھلانگنا ، نانگھنا ، پھاند جانا . [س] .

اِلٰہ (کس ا ، مد ل) اند .
ا. (i) اللہ ، خدا ، معبود ، وہ ذات جس کی پرستش اور عبادت کی جاتی ہے . (ii) دیوتا ، اوتار .۲. (مجازاً) وہ انسان جو ظاہراً کسی چیز کا موجد یا خلاق ہو . [ع] .
الٰہ العالمین اند .تمام دنیاؤں کا خالق اور پروردگار ، اللہ تعالیٰ .

اِلٰہا (کس ا ، مد ل) فقرہ.
(ندائیہ) اے اللہ ، یا اللہ! [ع] .

اُلاہنا (ضم ا ، سک ہ) (الف) اند ؛ ~ الہنا.
ا. الزام ، گناہ .۲. شکوہ و شکایت ، طعن و تشنیع . (ب) ف ل .ا. الزام لگانا ، برائی دینا ، شکوہ و شکایت کرنا ، طعن و تشنیع کرنا .۲. بین کرنا ، رلانے کے لیے دردناک لہجے میں میت کے اوصاف بیان کرنا . اف : دینا . [س] .

اِلٰہی (کس ا ، مد ل) (الف) انشائیہ (منادیٰ) .
اے میرے اللہ ، اے خدا . (ب) م ف .ا. (بطور دعا) خدا کرے ، اللہ کرے .۲. اظہار تعجب وحیرت کے مقام پر ، مترادف : اللہ اللہ ، مقام حیرت ہے ، تعجب ہے . (ج) صف .ا. منسوب بہ الٰہ ، وہ جسے اللہ تعالیٰ سے نسبت ہے .۲. الٰہیات کا ماننے والا .۳. وہ معاملات یا ایجادات وغیرہ جو دین الٰہی کے بانی مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر سے یا اس کے عہد سے منسوب ہیں؛ اکبری . (د) اند .اللہ ، خدائے تعالیٰ . [ع] .
اِلٰہی تَوبَہ فقرہ (انشائیہ) .ا. خدایا معاف کر اب ایسا نہ کروں گا . ۲. کسی وصف یا کیفیت وغیرہ کی شدت یا کثرت میں مبالغے کے لیے ،

مترادف : بے حد و بے انتہا ، بہت زیادہ ، نہایت موثر یا دلدوز ، کیا ٹھکانہ ہے ، وغیرہ .۳. کسی کام یا بات سے متنفر ہونے کے موقع پر ، مترادف : خدا اس سے بچائے ، چھوڑو اس ذکر یا کام کو ، وغیرہ .

اِلٰہی خیر فقرہ (انشائیہ) . کوئی خطرہ درپیش ہونے یا اندیشہ ہونے کے موقع پر مستعمل ؛ مترادف : خدا خیریت رکھے ! وغیرہ .

اِلٰہیات / اِلٰہِیّات (کس ج ا ، مد ل ، کس ہ ، شد ی) اث ؛ ج .
(فلسفہ) وہ علم جس میں ذات و صفات باری اور اس کے متعلقات سے بحث کی جاتی ہے . [ع] .

اِلٰہیت / اِلٰہِیَّت (کس ا ، مد ل ، کس ہ ، فت ی / شد ی بفت) اث .
۱. اللہ ہونے کا منصب ، الوہیت ، اللہ ہونا .۲. خدا پرستی ، اقرار الوہیت . [ع + ف] .

اِلائچی (کس ا ، کس ج ، ی مع) اث .
خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبودار دانے ہوتے ہیں ، اس کی دو قسمیں ہیں الائچی خورد اور الائچی کلاں چھوٹی الائچی ، بڑی الائچی بھی کہتے ہیں ، چھوٹی ہلکے سبز رنگ کی اور بڑی کتھئی رنگ کی ہوتی ہے مختلف قسم کے پکوان میں استعمال کی جاتی ہیں . [ار] .

الائچی کلاں اث . بڑی الائچی جس کا چھلکا کتھئی اور جسامت نمکولی (نبولی) سے زیادہ ہوتی ہے ، اکثر مسالے میں کام آتی ہے .

اَلاو (فت ا ، سک و) اند .
گھاس پھونس اور ایندھن وغیرہ کا جلتا ہوا انبار ؛ ڈھیر . [س] .

اَلاؤنس (فت ج ا ، ضم ، قم و ، سک ن) اند .
مستقل تنخواہ کے علاوہ کوئی اور رقم جو کسی اور مد میں سرکار یا کسی ادارہ سے ملے ، بھتا . [انگ] .

اَل بَل (فت ا ، ب) اند .
۱. طاقت و قدرت .۲. کمی بیشی ، فرق .۳. غرور ، گھمنڈ ، شیخی ، غصہ ، پیچ و تاب . [س] .

ال بل خدا بل کہاوت . قوت و طاقت خدا کی تائید سے ہوتی ہے .

اَل بَلَل (فت ا ، کس ب ، فت ل) اث . (قدیم) .
بیوقوفی کی بات ، مضحکہ خیز کام

اَلبم (فت ج ا ، سک ل ، فت ب) اند .
وہ بیاض یا فائل جس میں جمع کرنے کے لیے تصویریں وغیرہ لگائی جاتی ہیں ، مرقع . [انگ] .

اَلبومِن / بیومِن (فت ج ا ، سک ل ، و مج ، کس م) اند ؛ ← البومن / مین .
ایک قسم کا سفید مادہ جو حیوانی جسموں ، انڈوں ، درختوں کے بیجوں اور گودے دار جڑوں میں پایا جاتا ہے . [انگ] .

اِلبیگ (کس ا ، سک ل ، ی مج) اند .
سردار ، قبیلے کا سردار ، سرگروہ . [ت] .

اَلبیلا (فت ا ، سک ل ، ی مج) صف ؛ مث : البیلی .
۱. بانکا ، رنگیلا ، چھبیلا ، سج دھج والا (آدمی) .۲. عام رسم یا وضع یا معیار سے نرالا اور دلکش .۳. منچلا ، ندرت پسند .۴. من موجی ، آزاد طبع .
۵. سیدھا سادھا ، الھڑ ، بھولا بھالا .۶. معصوم . [س] .

اَلبیلی (فت ا ، سک ل ، ی مج ، ی مع) صف ؛ مث .
البیلا کی تانیث .

اَلیت صف (قدیم) .
جدا ، الگ ، علحدہ . [س] .

اِلتِباس (کس ا ، سک ل ، کس ج ت) اند .
۱. ایک چیز پر دوسری کا شبہ یا دھوکا ، ہمشکل ہونا .۲. دیکھیے : تجنیس خطی . [ع] .

اِلتِباسی (کس ا ، سک ل ، کس ج ت) صف .
التباس سے منسوب : مشتبہ ، دھوکے میں ڈالنے والا . [ع + ف] .

اِلتِجا (کس ا ، سک ل ، کس ج ، ت) اث .
۱. درخواست ، گزارش ، التماس ، استدعا .۲. منت سماجت ، خوشامد . [ف] .

اِلتِزام (کس ا ، سک ل ، کس ج ت) اند .
۱. خود عائد کردہ شرط یا پابندی ، لازم قرار دے لینا .۲. (i) دو امور میں باہم لزوم کی نسبت ؛ ایک دوسرے کے لیے لازم ہونا . (ii) دو باتوں کا باہم ربط و وصل . [ع] .

اِلتِزاماً (کس ا ، سک ل ، کس ج ت ، تن بفت) م ف .
لازمی طور پر ، لازم سمجھ کر . [ع] .

اِلْتِفات (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند ؛ است.
۱. توجہ، کسی خاص شخص یا چیز کی جانب خیال کا جھکاؤ. ۲. مہربانی، عنایت، محبت، شفقت. ۳. (بدیع) ایک سلسلۂ کلام میں کسی ایک شخص خصوصاً ممدوح کو اوّل غائب فرض کرنا پھر مخاطب قرار دینے کا عمل، مرجع کے لیے پے در پے دو قسم کی ضمائر استعمال کرنا. [ع].

اِلْتِفاف (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند.
لپٹا ہونے کی کیفیت یا صورت حال، لپٹا ہونا، ملفوف ہونا. [ع].

اِلْتِفافی (کس ا، سک ل، کس ج ت) صف.
التفاف سے منسوب: پیچیدہ.

اِلْتِماس (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند ؛ است.
۱. درخواست، گذارش، عرض. ۲. (مجازاً) بیان، زبان پر لانا. [ع].

اِلْتِوا (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند.
۱. کسی کام کو عارضی طور پر روک دینے کا عمل، ملتوی کرنا، کام میں دیر یا تاخیر کرنا. ۲. رسی کی طرح بل کھانا، دوہرا یا بل دار ہو جانا. ۳. (طب) ریڑھ کے مہروں کا دائیں یا بائیں طرف مڑ جانا. [ع].

التوا میں پڑنا ف مر. ملتوی ہو جانا.

اِلْتِوائی (کس ا، سک ل، کس ج ت) صف.
التوا سے منسوب و متعلق. [ع+ف].

اِلْتِہاب (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند.
۱. شعلگی، آگ کا شعلہ دینا، جلنا. ۲. تپنے کی کیفیت، سوزش، حدت، حرارت، بھڑک. ۳. طبیعت کا اشتعال، غصہ. ۴. سوزش کی سی کیفیت جو پیاس وغیرہ میں سینے پر محسوس ہوتی ہے. [ع].

اِلْتِیام (کس ا، سک ل، کس ج ت) اند.
۱. (پھٹی ٹوٹی چیز کے ٹکڑوں کی) پیوستگی، اتصال، جڑنا. ۲. اندمال، زخم کا بھر جانا (عموماً زخم وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۳. میل ملاپ، میل جول، اتحاد. ۴. (درو بست کی) درستی، اصلاح حال. ۵. (فلسفہ) آسمان یا اجرام فلکی کا شگافتہ ہونے کے بعد مل جانا، (قدیم فلسفے کے مسائل فلکیات میں) 'خرق' کی ضد. [ع].

اَلَٹ (فت ا، ل) است.
پلٹ کا تابع اور اس کے ساتھ مستعمل، دیکھیے: الٹ پلٹ.

الٹ پلٹ است. ۱. ایک جگہ سے بڑھ کر پھر اسی جگہ آ جانے کا عمل، جا کر لوٹ آنا. ۲. (i) ادھر کا ادھر، ادھر کا ادھر، آگے کا پیچھے، پیچھے کا آگے، اوپر کا نیچے اور نیچے کا اوپر. (ii) ایک چیز دینا اور دوسری اس کی بجائے لے لینا، ادل بدل.

الٹ پلٹ کر/کے م ف. ۱. ہر پھر کر، لوٹ پلٹ کے. ۲. ایک کی جگہ دوسرا اور پھر دوسرے کی جگہ وہی پہلا لا کے، ادل بدل کے.

اُلَٹ (ضم ا، فت ل) صف.
۱. الٹا، برعکس، معکوس، متضاد، ضد، برخلاف. ۲. توڑ. ۳. (قدیم) پیچھے، جہاں سے چلا تھا وہیں. [ار].

الٹ آنا محاورہ. ۱. کسی جگہ آدمیوں کا کثرت سے اکٹھا ہو جانا، انبوہ کا جمع ہو جانا. ۲. کسی چیز کا دوسری چیز پر آ کر گرنا.

الٹ پڑنا محاورہ. ۱. دیکھیے: الٹ آنا نمبر ۱. ۲. (i) ناراض ہونا، برہم ہونا، بہت غصہ کرنا. (ii) ایک کو چھوڑ کر دوسرے پر بلاوجہ خفا ہونا. ۳. حملہ کرنا، پلٹ کر حملہ کر دینا، جواب میں یکایک حملہ کر دینا، جیسے: سانپ کا پیچھا نہ کرو کہیں الٹ نہ پڑے. ۴. لوٹ آنا، واپس ہونا، پلٹا کھانا، کروٹ بدلنا؛ گر پڑنا.

الٹ پلٹ است. ۱. الٹنے اور پھر اسی رخ پلٹ دینے کا عمل، الٹا کیے جانے کے بعد پھر سیدھا کیا جانا. ۲. مسلسل بحثا بحثی، رد و قدح؛ سوال و جواب.

الٹ پلٹ (الف) است. ۱. دیکھیے: الٹ پلٹ. ۲. (حالات وغیرہ کی) تبدیلی، تغیر. ۳. اضطراب، بے قراری، بے چینی. ۴. (i) بے ترتیبی، بدنظمی، دیکھ بھال، چھان بین. (ii) (چند چیزوں میں ہر ایک کا کیے بعد دیگرے) ملاحظہ. (ب) صف. ۱. بے ضابطہ، بے تکا، انمل بے جوڑ (بات یا کام). ۲. بے چین، ڈانواں ڈول، حرکت غیر اختیاری یا دھڑکن کے باعث قابو سے باہر. ۳. (i) زیر و زبر، تہ و بالا. (ii) درہم برہم، تباہ و برباد، چوپٹ. ۴. محرف، مبدل، کچھ سے کچھ. (ج) م ف. الٹ پلٹ کے.

الٹ پیچ/ پینچ اند. ۱. (دھاگے وغیرہ کا) پھندا، بہت سے بل یا الجھیٹ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۲. برگشتگی، ناساعدت. ۳. داؤ پیچ، چال بازی، چھل، فریب، جوڑ توڑ.

الٹ پھیر امذ؛ امث. ۱. ادل بدل، پھیرا پھاری. ۲. (i) حالات واقعات یا افعال وغیرہ کی ارادی تبدیلی. (ii) حالات وغیرہ کی غیر ارادی تبدیلی (جو گردش لیل و نہار یا کسی کیفیت کے اثرات سے ہو). ۳. (i) پورا چکر جس میں کوئی چیز جہاں سے چلے اپنا دائرہ عمل طے کر کے پھر وہیں آ جائے. (ii) ایک کے بعد دوسرے کا آنا. ۴. پیچیدگی، ابہام (جسے ہر شخص نہ سمجھ سکے). ۵. دیکھ بھال، چھان بین، ملاحظہ. ۶. فرق، تفاوت. ۷. داؤ پیچ، چال بازی، جعل سازی. ۸. برگشتگی قسمت، ناساعدت زمانہ. ۹. تحریف، معنی اور مفہوم کو الٹ دینے کا عمل. ۱۰. رد و قدح، بحثا بحثی. ۱۱. شعبدہ گری، طلسم، کرتب. ۱۲. قول یا فعل میں تذبذب، رد و بدل. ۱۳. (زراعت) ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ ڈال دینا، سنچائی.

الٹ تپش پیما امذ. سمندری حرارت معلوم کرنے کا آلہ جو مطلوبہ گہرائی تک پہنچ کر ایک خاص عمل کے ذریعے اوندھا ہو جاتا ہے.

الٹ دینا ف م. دیکھیے: الٹنا.

الٹ دماغ/ کھوپڑی صف. جس کی سمجھ میں صحیح بات نہ آئے، جو ہمیشہ غلطی کو صحیح سمجھے، ناسمجھ، بے مغز، جیسے: وہ عجیب الٹ دماغ انسان ہے، کتنا ہی سمجھاؤ کبھی نہیں سمجھے گا.

الٹ سلٹ صف. دیکھیے: الٹا سیدھا.

الٹ مارنا ف م. ۱. بے دردی سے قتل کر دینا، بے رحمی سے مار ڈالنا. ۲. (i) پٹخ دینا، اوندھا کر دینا. (ii) تہس نہس کر دینا، تباہ و برباد کر دینا. ۳. قتل و غارت کی سزا دینا، کیفر کردار کو پہنچانا. ۴. الٹ پلٹ کے اچھی طرح دیکھنا، پورے طور پر ٹٹولنا یا تلاش کرنا.

اَلٹا (فت ا، سک ل) تابع.

جوابًا پلٹانا، ترکیب میں مستعمل، دیکھیے: الٹا پلٹی.

اُلٹا (ضم ا، سک ل) صف؛ امذ.

۱. اوندھا، جس کا اوپر کا حصہ نیچے اور نیچے کا اوپر ہو. ۲. پشت کی طرف کا، اصلی رخ سے پھرا ہوا. ۳. ٹیڑھا، کج، خمیدہ، مڑا ہوا. ۴. سیدھے راستے یا رخ کے برخلاف. ۵. حقیقت، حق، انصاف، صداقت یا نیکی وغیرہ سے ہٹا ہوا. ۶. مقلوب، بالکل پلٹا ہوا، جیسے: بات کا الٹا تاب. ۷. برعکس، متضاد، مختلف. ۸. برگشتہ، ناساعد، (مقدر وغیرہ کے لیے مستعمل). ۹. جو خلاف معمول یا خلاف قاعدہ کام کرے. ۱۰. غلط، نادرست. ۱۱. اوندھی عقل کا، بے وقوف، جاہل. ۱۲. مرضی، منشا یا توقع کے خلاف. ۱۳. بایاں، بائیں جانب کا.

الٹا استرا پھیرنا محاورہ. لوٹ لینا، کچھ باقی نہ چھوڑنا.

الٹا پاسا / پانسا امذ. (لفظاً) گنجفے میں ایسا پاسا جس سے کھلاڑی ہار جائے؛ تدبیر کا توقع کے خلاف ہونا.

الٹا پڑنا محاورہ. ۱. موافق نہ آنا، مفید یا کارگر نہ ہونا. ۲. بے راہ روی اختیار کرنا.

الٹا پڑھانا محاورہ. کسی بات کو حقیقت کے برعکس ذہن نشیں کرنا، بہکانا.

الٹا پلٹا صف، امذ. ۱. بے ترتیب، تلے اوپر، گڈمڈ، خلط ملط. ۲. (i) بے ضابطہ، اصول کے خلاف. (ii) بے تکا، بے ڈھنگا، حقیقت یا موضوع و مطلب سے ہٹا ہوا. ۳. پیچیدہ، مبہم.

الٹا پلٹی امث. ۱. رد و بدل، اکھاڑ پچھاڑ، درہمی و برہمی. ۲. لوٹ پھیر جو کاروبار میں ہوتا ہے.

الٹا پیش امذ. چھوٹی سی الٹی واو کی شکل جو واو معروف پر اکثر لوگ بناتے ہیں، جیسے: آلو؛ یا عربی الفاظ میں ضمیر واحد غائب مذکر (یعنی 'ہ') کے اوپر بنائی جاتی ہے، جیسے: مدظلہ وغیرہ.

الٹا پھر آنا ف مر. پلٹ آنا، راہ میں سے واپس آ جانا، ناکام آنا.

الٹا تعویذ لکھنا/ پھیرنا محاورہ. عملیات کے اصول کے مطابق ایسی دعا یا نقش لکھنا جس کا اثر رقیب یا دشمن پر برا پڑے.

الٹا توا صف. نہایت سیاہ فام، بے حد کالا، کالا کلوٹا.

الٹا جزم امذ. جزم کی الٹی شکل جو نون غنہ یا مغنونہ پر بنائی جاتی ہے، جیسے: گنگا، دنگا.

الٹا جننا ف مر. پیدائش کے وقت پہلے رحم سے بچے کے پانو کا نکلنا.

الٹا جواب دینا محاورہ. خلاف توقع جواب دینا، ٹیڑھا جواب دینا.

الٹا چور، کوتوال (کو) ڈانٹے/ ڈانڈے کہاوت. مجرم یا ملازم کا بے گناہ یا مظلوم کو دبانا، قصور کر کے اکڑنا.

الٹا دریا بہنا محاورہ. دستور کے خلاف کوئی بات ہونا ، انقلاب ہونا .

الٹا دھڑا باندھنا محاورہ. اپنا الزام دوسرے کے سر تھوپنا ، زبردستی گنہگار بنانا .

الٹا دھڑا بندھنا محاورہ. دیکھیے ''اُلٹا دھڑا باندھنا'' جس کا یہ لازم ہے .

الٹا زمانہ آیا/ لگا ہے محاورہ. برا وقت آ گیا ہے ، اچھائی اور برائی میں فرق نہیں رہا .

الٹا سبق پڑھانا محاورہ. نامناسب صلاح دینا ، خلاف مصلحت یا خلاف اصول کوئی بات سکھانا ، بہکانا .

الٹا سلٹا م ف. غیر مربوط ، غلط سلط ؛ معمولی ، ناقص ، جیسے : مضمون نگاری نہیں جانتا تاہم ضرورت پڑنے پر الٹا سلٹا کچھ لکھ لیتا ہوں .

الٹا سیدھا اند (الف) ۱. جگہ سے بے جگہ ، بے ترتیب ، خلط ملط ، جیسے : ذرا سی دیر کے لیے آئے اور کمرے کا سارا سامان الٹا سیدھا ڈال گئے ، معمولی حالت کے خلاف . ۲. بے تکا ، ناملائم ، مرضی یا منشا کے برخلاف . ۳. ضابطے اصول یا قانون کے منافی ، غلط صحیح ، ناعاقبت اندیشی پر مبنی ، جابیجا . ۴. بہکانے یا ابھارنے کا ، گمراہ کن . ۵. معمولی ، غیر مستند ، برا بھلا . (ب) م ف . ۱. عالم اضطرار میں ، جلدی جلدی .

الٹا سیدھا جواب دینا محاورہ. خلاف جواب دینا ، نامعقول جواب دینا ، ناملائم جواب دینا .

الٹا لیا جائیے نہ سیدھا مثل. اس طرح قابو میں آتا ہے نہ اس طرح ، کسی طرح نہیں مانتا .

الٹا واو اند. عبارت میں خفیف ٹھہراو کی علامت ، خفیف وقفہ ، کوما .

الٹا کے م ف. اوندھا .

اُلٹام (ضم ا ، سک ل) صف.
شراب کے نشے میں بدمست (جسے کسی بات کا ہوش نہ رہے) بے خبر ہو کر اوندھا . اف : کرنا ہونا . [ار] .

اُلٹانا (ضم ا ، سک ل) ف م.
الٹنا کا متعدی .

الٹانا پلٹانا ف م. الٹانا کا تابع .

اُلٹاؤ (ضم ا ، سک ل) صف.
پلٹ جانے والا ، اوندھا ہو جانے والا .

الٹاؤ کھٹکا اند. وہ ہینڈل یا سوئچ وغیرہ جس میں ایک رخ سے دوسرے رخ پلٹ دیے جانے کی صلاحیت ہو ، (انگریزی) Rebersing Switch .

اُلٹاو (ضم ا ، سک ل) اند.
الٹانا ، نیز الٹنا کا اسم کیفیت .

اَلٹرا (فت ا ، سک ل ، فت ٹ) صف.
۱. بہت زیادہ ، حد سے بڑھا ہوا ، (انگریزی ترکیب میں مستعمل) .
۲. بالا ، ماورا ، مافوق . [انگ] .

اُلٹنا (ضم ا ، فت ل ، سک ٹ) (الف) ف ل.
۱. اوندھ جانا ، اوندھا ہو جانا . ۲. ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا ، پھرنا ، مڑنا ۳. (پیٹ کے بل چلنے والے جانور عموماً سانپ کا) پلٹا کھا جانا ، چت ہو جانا . ۴. واپس ہو جانا ، آتے آتے مڑ کر چلا جانا ؛ جا کر پلٹنا ، لوٹنا ، لوٹ آنا . ۵. (i) تزلزل یا کسی صدمے کے باعث جگہ یا مرکز سے ہٹ کر گر جانا . (ii) مڑا ہوا ، ٹیڑھا ، خمیدہ . ۶. لٹکی یا پڑی ہوئی چیز کا اوپر کو اٹھ جانا ، یا ادھر ادھر ہٹ جانا . ۷. (چوٹ کھا کر) لوٹ پوٹ ہو جانا ، بسمل ہو کر لوٹنا . ۸. گھوڑے کا الف ہو جانا . ۹. (i) وجد میں آنا ، بےخود یا مدہوش ہو جانا . (ii) الٹام ہو جانا . ۱۰. (دعا یا جادو وغیرہ کا) معمول پر برعکس اثر ہونا ، معمول کے بجائے عامل پر برا اثر پڑنا .
۱۱. مراد اور منشا کے خلاف ہونا ، برعکس ہونا . ۱۲. (قسمت کا) برگشتہ ہونا ، منحرف ہونا . ۱۳. درہم برہم ہونا ، منتشر ہونا . ۱۴. تہس نہس ہونا ، تباہ و برباد ہونا . ۱۵. (i) کسی صدمے سے دل وغیرہ کا قابو میں نہ رہنا ، مضطرب ہونا ، منہ کو آنے لگنا . (ii) چیتا چل جانا ، دماغ میں خلل آ جانا .
۱۶. سانس کا بے قابو ہو جانا ، اکھڑنے لگنا . ۱۷. چت ہونا ، ہار مان لینا .
۱۸. سابقہ اچھی حالت پر باقی نہ رہنا ، بدل جانا ، انقلاب ہونا .
۱۹. (کسی کے) مخالف یا ناراض ہو جانا . ۲۰. منکر ہو جانا ، اپنے قول یا عمل سے پھر جانا ، مکر جانا . ۲۱. مفلس ہو جانا ، قلاش ہو جانا . ۲۲. (زبان کا) حروف یا الفاظ ادا کرنے کے لیے گردش کرنا یا چلنا . ۲۳. امنڈنا ، جمع ہو جانا ، ہجوم یا انبوہ کی صورت میں آنا . ۲۴. مرجانا . ۲۵. دہرایا جانا ، بیان ہونا . ۲۶. اپنا وار اپنے ہی اوپر لگ جانا ، میاں کی جوتی میاں کا

ہونا ، جیسے : اس معاملے میں تو میری بات مجھ ہی پر الٹ گئی .
) ف م .۱. دیکھیے : الٹنا . (الف) کا تعدیہ .۲. انڈیلنا ، ایک طرف یا مقام سے دوسرے طرف یا مقام میں ڈالنا .۳. دے مارنا ، گرانا ، پچھاڑنا . پٹک دینا .۵. تہہ کرنا ، لپیٹ دینا .۶. جستجو کے لیے الٹ پلٹ کر کھنا ، کھنگالنا .۷. (بدیع) کسی کلمے یا فقرے کو آخری حرف سے اول حرف تک بالترتیب پڑھنے سے وہی کلمہ یا حرف بنانا ، مقلوب کرنا .
۸. نیچے سے اوپر کرنا ، چڑھانا (عموماً آستین کے لیے مستعمل) .۹. قے کرنا ، ابکائی لے کر پیٹ کی غذا منہ سے اگل دینا ، استفراغ کرنا .

اُلٹی (ضم ا ، سک ل) (الف) صف .
الٹا جس کی یہ تانیث ہے . (ب) است .۱. قے ، استفراغ .۲. الٹی بات .
[ار] .

الٹی آنتیں گلے (میں) پڑنا محاورہ . نیکی کا بدلہ بدی ملنا ، نیز دوسرے کو نقصان پہنچانے کی تدبیر میں خود نقصان اٹھانا .

الٹی پٹی پڑھانا محاورہ . بہکانا ، حق کے خلاف ابھارنا .

الٹی پڑنا محاورہ .۱. کوشش کا نتیجہ خلاف امید نکلنا (بیشتر تدبیر وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .۲. دوسرے کو نقصان پہنچانے کی کوشش میں خود نقصان اٹھانا .

الٹی پلٹی است نیز صف مث . الٹا پلٹا کی تانیث .

الٹی جوتی منہ پر کھانا محاورہ . دوسرے کو نقصان پہنچانے کی تدبیر میں خود پھنس جانا ، دوسروں کو ذلیل کرنے کی فکر میں خود ذلت اٹھانا .

الٹی چھری چلنا/ پھرنا محاورہ . بے دھار کے آلے سے ذبح کیا جانا ، بے انتہا اذیت ہونا ، حد سے زیادہ تکلیف پہنچنا .

الٹی چھری سے حلال/ ذبح کرنا محاورہ .۱. بے انتہا تکلیف یا نقصان پہنچانا .۲. کسی بات کو سخت ناانصافی کے ساتھ نظر انداز کرنا یا پس پشت ڈالنا ، ٹھکرانا .

الٹی سلٹی صف . الٹا سلٹا کی تانیث ، غیر مربوط ، غلط سلط ، معمولی ، ناقص .

الٹی سمجھ است . ناسمجھی ، کج اندیشی .

الٹی سمجھے نہ سیدھی فقرہ . کسی طرح قائل ہی نہیں ہوتا ، سمجھتا ہی نہیں .

الٹی سیدھی سنانا محاورہ . برا بھلا کہنا ، گالیاں دینا .

الٹی سیدھی ہانکنا محاورہ . فضول اور بیہودہ باتیں کرنا .

الٹی طرف سے ناک پکڑنا محاورہ . خلاف عقل کام کرنا ، جس سے مسئلہ پیچیدہ ہو جائے .

الٹی کھوپڑی کا صف . کم فہم ، جس کی سمجھ میں سیدھی اور صحیح بات نہ آئے ، اوندھی کھوپڑی .

الٹی گنگا است . واقع دستور یا رسم و رواج کے خلاف بات ، حقیقت کے برعکس .

الٹی گنگا بہنا محاورہ . خلاف دستور کام کرنا .

الٹی نگری تلپٹ راجا کہاوت . جیسی رعایا بے سلیقہ ویسا حاکم پھر انتظام کیونکر ہو ، سب کام خلاف دستور ، غیر منظم .

اُلٹے (ضم ا ، سک ل) صف .
الٹا کی جمع یا مغیرہ حالت . [ار] .

الٹے استرے سے (سر) مونڈنا/ منڈوانا محاورہ .
تذلیل کے لیے سخت سزا دلوانا .

الٹے بانس بریلی کہاوت . (لفظاً) شہر بریلی (یوپی ، بھارت) کے پیدا شدہ بانس جو وہاں سے لائے گئے تھے پھر وہیں کو واپس چلے ، (مراداً) برعکس معاملہ ، حماقت کا کام .

الٹے پاؤں/ پیروں م ف .۱. فوراً جہاں سے آیا ہے وہیں ، بلا توقف پیچھے کی طرف ، جدھر سے آیا ادھر ہی کو .۲. پیٹھ کی طرف ، جدھر رخ ہو اس کے برخلاف .

الٹے پلٹے اند . ایک قسم کا سالن (جو اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ پہلے پتلے بیسن کو چمچے یا چلو سے توے پر روٹی کی شکل میں ڈالتے اور سینکتے ہیں ، پھر کاغذ کی طرح گول موڑ کر شلجم یا ساگ کے مٹھے کی طرح چھری سے کاٹتے اور دہی میں ملاتے ہوئے مسالے کے شوربے میں ڈال کر پکاتے اور روٹی سے کھاتے ہیں) .

الٹے توے پر روٹی پکانا محاورہ . خلاف عقل کام کرنا .

الٹے سیدھے (الف) صف . الٹا سیدھا کی جمع . (ب) م ف . حق ناحق ،

جا پہنچا.

الٹے معنی پہنانا محاورہ. بات کا کچھ کا کچھ بنا دینا.

اَلجانا (فت ا، سک ل) ف ل.
ریجھنا، مائل ہونا، فریفتہ ہونا. [س].

ال جاؤں بل جاؤں جلوے کے وقت ٹل جاؤں کہاوت.
(لفظاً) صدقے ہو جاؤں قربان ہو جاؤں لیکن رونمائی کے وقت (جب کہ کچھ دینا پڑتا ہے) موقع سے ہٹ جاؤں، (مراداً) زبانی محبت جتاتے ہیں مگر وقت پر کام نہیں آتے.

اَلجَبرا (فت ا، سک ل، فت مع ج، سک ب) اند.
(علم ریاضی) ریاضی کی وہ شاخ جس میں مقداروں کو بجائے اعداد کے حروف سے اور ان کی باہمی نسبت اور تعلق کو علامات کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے، الجبر والمقابلہ. [ع].

اَلجی (فت مع ا، سک ل) است.
(نباتیات) کائی، سمندری کائی، آبی نباتات، سبز مایہ والے پودے. [انگ].

اُلجھ (ضم ا، فت ل) است.
الجھنا کا مادہ: الجھن. [س].

اُلجھا (ضم ا، سک ل) صف.
۱. الجھانا، الجھنا کا حالیہ تمام، مصروف و مشغول، (کسی کام میں) پھنسا ہوا ۲. وہ گرہ یا پھندہ جو سوت یا ڈوری میں خصوصاً پتنگ کی ڈور میں پڑ جاتا ہے. [ار].

الجھا سلجھا صف، مذ. الٹ سلٹ، بے ترتیب، بے ڈھنگا.

اُلجھان (ضم ا، سک ل) اند (قدیم).
الجھن، الجھاؤ.

اُلجھانا (ضم ا، سک ل) ف م.
دیکھیے: الجھنا جس کا یہ تعدیہ ہے.

اُلجھاو (ضم ا، سک ل، و) اند.
۱. مختلف قسم کے ریشوں، ڈوروں یا تاروں کے آپس میں گتھ جانے کی صورت حال، پھندا، گتھی، الجھنا، گل جھٹی ۲. (پیچ در پیچ) پھنساوا، پیچیدگی ۳. پھنس کر رہ جانے کی حالت، کشمکش ۴. وہ گرہ جو دل میں (کسی کی طرف سے) پڑ جائے، (کسی سے) دل کی کشیدگی، جھگڑا، رنجش ۵. مسلسل پیچیدہ کاموں کا بکھیڑا ۶. الجھن، تشویش، انتشار، پریشانی ۷. راستے کا چکر، گھماؤ، پھیر پھار ۸. دو بدو مقابلہ، آمنا سامنا ۹. (الفاظ یا مفہوم کا) ابہام، پیچیدگی، عدم وضاحت، گنجلک پن ۱۰. الجھنے، اٹکنے یا مبتلا ہونے کی کیفیت، الجھنا یا اٹکنا. [ار].

اُلجَھن (ضم ا، سک ل، فت جھ) است.
"الجھنا" کا اسم کیفیت. [ار].

اُلجْھنا (ضم ا، فت ل، سک جھ) ف ل.
۱. دھاگے وغیرہ کے تاروں کا ایک دوسرے میں لپٹ جانا، گرہ در گرہ ہونا، الجھنی پڑنا، گتھی پڑنا، سلجھنا کی ضد ۲. پھنسنا، اٹکنا، ہلگنا ۳. لپٹنا، گتھنا ۴. پیچ در پیچ ہونا، بہت پیچیدہ ہونا ۵. (کسی کام میں) پھنس کر رہ جانا، محو اور مشغول ہونا ۶. پریشان ہونا، گھبرانا ۷. ذہنی کشمکش یا تردد میں پڑ جانا، کسی معاملے میں صحیح فیصلہ نہ کر سکنا ۸. (محبت میں) مبتلا ہونا، مائل ہونا، عشق ہونا ۹. شادی یا منگنی ہونا ۱۰. ناجائز تعلق ہونا ۱۱. (جی بھر جانے یا ابا کرنے کے باعث) اکتانا، زچ ہونا، بیزار ہونا برداشتہ خاطر ہونا ۱۲. رک رک کر یا چبا چبا کر بات کرنا؛ رک رک کر یا اٹک اٹک کر بولنا یا پڑھنا ۱۳. بحث، تکرار یا حجت کرنا، ٹوکنا ۱۴. لڑنا جھگڑنا، دست و گریباں ہونا، مقابلہ کرنا ۱۵. (کسی معاملے یا بات کا) مبہم ہونا، غیر واضح ہونا، گنجلک ہونا (بات یا مفہوم وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۱۶. (رنج، غصے یا شرم وغیرہ کی بنا پر) پیچ و تاب کھانا، بگڑنا ۱۷. (معاملے کا) رک جانا، التوا ہونا، دیر ہونا ۱۸. (کسی کے پاس) رقم پھنس جانا ۱۹. (حساب میں) غلطاں پیچاں ہونا. [س].

اُلجھنا سلجھنا ف ل. لڑنا جھگڑنا، بحث و تکرار کرنا.

اُلجھی (ضم ا، سک ل) صف، مث.
الجھا کی تانیث اور بیشتر تکرار کے ساتھ مستعمل، جیسے: اس وقت انہوں نے عجیب الجھی الجھی باتیں کیں.

اُلجھی سلجھی صف مث. الجھا سلجھا کی تانیث.

اُلجھیڑا (ضم ا، سک ل، ی مع) اند.
۱. پھندا، جال، گتھی، (مجازاً) گرفت ۲. الجھن، جھگڑا، بکھیڑا، جھنجٹ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پریشانی، فکر، تردد، ادھیڑ بن .۴. بحثا بحثی، ٹکراو، باہم مقابلہ. [ار].

اَلحاج اند.
کئے حج. [ع].

اِلحاح (کس ا، سک ل) است؛ اند.
طلب یا گزارش کے موقع پر منت سماجت، عاجزی، رو رو کر اور گڑگڑا کر عرضداشت. [ع].

اَلحاد (فت ا، سک ل) اند؛ ج.
لحدیں، قبریں. [ع].

اِلحاد (کس ا، سک ل) اند.
کفر، اصول اسلام سے انکار یا انحراف؛ لامذہبیت، دہریت. [ع].

اِلحاق (کس ا، سک ل) اند.
۱. (حسی یا ذہنی) اتصال، قربت، ملحق ہونا .۲. (ایک چیز کی دوسری چیز میں) شمولیت، (خصوصاً) ایک علاقے کا دوسرے علاقے سے سیاسی طور پر شمول یا انضمام .۳. اصلی شے میں زیادتی، اضافہ (جو بعد میں ہوا ہو). [ع].

اِلحاقی (کس ا، سک ل) صف.
۱. الحاق سے منسوب: اصل سے خارج، بعد میں بڑھایا ہوا .۲. جو ملحق یا ملا ہوا ہو؛ جوڑنے یا ملانے والا. [ع + ف].

اَلحان (فت ا، سک ل) اند؛ ج.
۱. آوازیں، دلکش یا سریلی آوازیں، لہجے .۲. نغمے، گیت. [ع].

اِلحان (کس ا، سک ل) اند.
۱. ترنم، خوش گلوئی، لے یا سر میں ادا ہونے کی کیفیت، خوش نوائی، سریلی آواز .۲. پکار، نعرہ. [ع].

اِلحانی (کس ا، سک ل) مث.
لحن یا مرثیے پن سے ادائی. [ع + ف].

اَلخ (فت ا، سک ل) فقرہ.
عربی فقرے، الیٰ آخرہ کی تخفیف (جس کے معنی ہیں: یہاں سے لے کر آخر تک)؛ طویل عبارت وغیرہ کے اقتباس کا ابتدائی کلمہ لکھ کر بغرض اختصار مستعمل. [ع].

اَلخالق / اَلخالِق (فت ا، سک ل، فت ل، کس ل) است.
روئی دار قبا جس کی آستینوں کا چاک اور پردہ کھلا ہوتا ہے، پوشاک جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں.

اَلخاموشی نِیم رَضا کہاوت.
چپ ہونے میں بھی ایک رضا مندی پائی جاتی ہے.

اَلغ بَلَغ ہونا (فت ا، ل، سک غ، فت ب، ل، سک غ) کنایہ.
معمولی بات پر انتہائی غیظ و غضب کا اظہار کرنا.

الغ کی بلغ ہونا محاورہ.
عورت کا ناک بھوں چڑھانا، تحکمانہ انداز سے مرد پر بگڑنا؛ (مجازاً) غصے میں جامے سے باہر ہو جانا.

اَلڈانا (فت ا، سک ل) ف ل (قدیم).
چیخنا، شور مچانا، فریاد کرنا، اڑڑانا، ارانا. [س].

اَلرجِک (فت ج ا، فت ل، سک ر، کس ج) صف.
الرجی کی صفت، بہت زیادہ حساس، متاثر. [انگ].

اَلرجی (فت ج ا، فت ل، سک ر) است.
کسی شے کے استعمال یا کسی خاص حالت سے ناسازگار اثر لینے کی کیفیت، بہت زیادہ حساس ہونے کی صلاحیت، زود حسیت (جو ایک اعصابی بیماری ہے). [انگ].

اَلڑ / اَلڑھ (فت ا، ل/ شد ل بفت) صف (قدیم).
دیکھیے: الھڑ.

الڑ / الڑھ پن / پنا اند.
دیکھیے: الھڑپن.

اَلڑبَلڑ (فت ا، ل، ب، ل) اند؛ است.
طفلانہ حرکتیں، بے قوفی کی باتیں، بچپن، بیوقوفی. [ار].

اِلزام (کس ا، سک ل) اند.
۱. (کسی پر) جرم عائد کرنے یا کیے جانے کا عمل، حرف گیری، قصور وار ٹھہرانا .۲. تہمت، بہتان، اتہام. [ع].

الزام اُٹھانا محاورہ. (الف) ف ل. ۱. اپنے سر برائی لینا، خطاوار ٹھہرنا. (ب) ف م. ۱. کسی کو ملزم بنانا، قصوروار ٹھہرانا .۲. ایراد و اعتراض رفع کرنا.

الزام دینا محاورہ. ۱. خطاوار ٹھہرانا، مجرم ثابت کرنا. ۲. اعتراض کرنا، حرف رکھنا. ۳. بہتان جوڑنا، تہمت لگانا.

الزام لگانا محاورہ. تہمت باندھنا.

الزام لگنا محاورہ. الزام لگانا کا لازم.

الزام (اپنے سر) لینا محاورہ. اپنے اوپر خطا اوڑھ لینا، بدنامی اٹھانا، قصور کا اپنی جانب منسوب کرالینا.

اِلْزاماً (کس ا، سک ل، تن م بفت) م ف.
الزام دینے کی غرض سے. [ع].

اَلَس (فت ا، ل) (الف) اث (قدیم).
۱. بیکاری، سستی، کاہلی، آرام طلبی، اونگھنے کی سی کیفیت. ۲. (مجازاً) توقف، تعویق؛ تاخیر وغیرہ. (ب) صف. بیکار، ست، کاہل، آرام طلب، اونگھتا ہوا. [س].

اَلَسْت / اَلَسْتُ (بربکم) (فت ا، ل، سک س/ضم ج ت) اند.
(کیا میں نہیں ہوں) خلقت عالم سے پہلے ارواح میں خداے تعالیٰ کے حضور اس کی الوہیت کا قول و قرار (ادبیات میں بطور تلمیح روز یا عہد وغیرہ کے ساتھ مستعمل)، میثاق. [ع].

اَلْسِنَہ (فت ا، سک ل، کس ج س، فت ن) اث؛ ج.
۱. زبانیں (جو انسانوں حیوانوں اور پرندوں کے منھ میں ہوتی ہیں).
۲. انسانوں کی بولیاں جو اظہار خیال کا ذریعہ ہوتی ہیں. [ع].

اَلْسِی (فت ا، سک ل، ی مع) اث.
(نباتیات) چھوٹی چھوٹی نازک پتیوں کا ایک پودا جس میں (اودے رنگ کے پھول لگتے ہیں اور) جو گیہوں کے پودے سے کسی قدر چھوٹا ہوتا ہے؛ اس پودے کے ننھے ننھے چپٹے اور کتھئی رنگ کے بیج (جن سے تیل نکالا جاتا ہے اور انہیں پانی میں بھگونے سے لعاب نکلتا ہے) کتان: تخم کتان، (انگریزی) Linum Linseed. [ہ].

السی کا جھوڑا نہ گدھا کھائے نہ گھوڑا کہاوت. کسی کام کا نہیں، سیانی اور عمر رسیدہ عورتیں کسر نفسی کے طور پر اپنے آپ کو کہا کرتی ہیں.

اُلُش (ضم ا، ل) اند.
کسی کے آگے کا بچا ہوا کھانا پانی وغیرہ، جھوٹا کھانا، پس خوردہ (بیشتر امرا کے سامنے کا).

اَلْطاف (فت ا، سک ل) اند. (الف) بطور جمع.
۱. مہربانیاں، عنایتیں، نوازشیں، لطف و کرم. ۲. مزے، لذتیں.
(ب) بطور واحد. مہربانی، عنایت، نوازش. [ع].

اَلعَظَمَتُ لِلّٰہ فقرہ.
تمام بزرگی خدا کے لیے ہے. [ع].

اَلْغار (فت ا، سک ل) اند (قدیم).
یلغار، تیزی سے راستہ طے کر کے یکایک کسی ہجوم کا پہنچنا، خصوصاً فوج کا حملہ، دھاوا، الغانا، اکسانا، آمادہ کرنا غلط بات پر.

اَلْغارُوں (فت ا، سک ل، و مج) صف. م ف.
بہت زیادہ، بافراط، کثرت سے. [ت].

اَلْغَم بَلْغَم (فت ا، سک ل، فت غ، فت ب، سک ل، فت غ) م ف.
۱. مہمل، بے تکا، الم غلم، الا بلا. ۲. بلغم وغیرہ، جیسے: دوا کی ایک ہی خوراک میں گلا بھی صاف ہوا اور سینے کا بوجھ بھی ہلکا ہوگیا، الغم بلغم سب نکل گیا.

اَلْغوزَہ (فت ا، سک ل، و مج، فت ز) اند.
منھ میں لے کر بجایا جانے والا بانسری نما ساز جس میں دو چھوٹی بڑی بانسریاں ہوتی ہیں (چھوٹی بانسری سر نکالنے کے لیے اور بڑی آس کے لیے). [ع].

اَلَف / اَلِف (فت ا، ل/کس ل) اند؛ صف.
۱. (گھوڑے کی) پچھلی ٹانگوں پر سیدھا کھڑے ہو جانے کی حالت یا کیفیت (ہونا کے ساتھ مستعمل). ۲. ناراض، برہم، غصے میں جامے سے باہر. ۳. سر سے پانو تک ننگا، برہنہ، جس کے جسم پر کوئی کپڑا وغیرہ نہ ہو. ۴. آلۂ تناسل کی ایستادگی.

الف ننگا صف، مذ. مادر زاد برہنہ.

اَلِف (فت ا، کس ل) اند؛ صف.
۱. عربی، فارسی اور اردو کے حروف تہجی کا پہلا حرف. ۲. اللہ کا مخفف جو عموماً خطوں یا نسخوں یا دستاویزوں کے شروع میں لکھا جاتا ہے (بیشتر اس طرح ا). ۳. (i) سیدھی کھڑی لکیر یا خط وغیرہ. (ii) چھڑی وغیرہ کی مار کا نشان، بٹ. ۴. عنوانات یا اوراق وغیرہ کی ترتیب کا نمبر ا.

مرد مجرد. ۶. (ریاضی وغیرہ) مفروضہ شخص شے مقدار یا عدد وغیرہ. .سیدھا، راست. [ع].

الف اشباع اند. وہ الف جو فتحہ کی حرکت کو کھینچ کو پڑھنے سے پیدا ہوا، جیسے: پیرہن سے پیراہن، دامن سے دامان.

الف اللّٰہ اند. ۱. وہ سیدھی لکیر جو آزاد فقراء اپنے ماتھے پر مانگ کے کنارے سے ناک تک کھینچتے ہیں (کہا جاتا ہے کہ اس سے وحدانیت باری تعالیٰ کی طرف اشارہ مقصود ہوتا ہے). ۲. تنہا، جس کا سوائے اللہ کے کوئی یار و مددگار نہ ہو، بے زر و مال. ۳. مفلس، غریب، قلانچ.

الف ب/ با است؛ اند؛ ~بے. ۱. الف سے ی تک کی تقطیع جو ابتداءً بچوں کو پڑھائی لکھائی جاتی ہے؛ وہ ورق یا اوراق جن پر حروف تہجی لکھے ہوتے ہیں. ۲. ابتدا، آغاز، بسم اللہ؛ مبادی.

الف بطنی اند. وہ چھوٹا سا الف جو عربی کے بعض الفاظ کے رسم الخط میں کسی حرف کے اوپر اشباع کے لیے لکھا جاتا ہے، جیسے الحق، زکوٰۃ وغیرہ.

الف بے تے پڑھانا محاورہ. (بے وقوف اور ناسمجھ کو کوئی بات) سمجھانا.

الف خالی (الف) اند. حرف 'ا' جو نقطے اور مرکز وغیرہ سے خالی ہے.
(ب) صف. جس کا حصول بہت سہل ہو، بے حقیقت.

الف سے (لے کر) یے تک م ف. شروع سے آخر تک، از ابتدا تا انتہا.

الف کے نام (ہو) بے نہ آنا/ نہ جاننا محاورہ. ان پڑھ یا جاہل ہونا، ناواقف محض ہونا.

الف لام اند. ۱. دیکھیے: ال (۱). ۲. ابتدائی تعلیم، مبادیات.

الف لام/ میم/ الم اند. کلام اللہ کی پہلی سورت یا پہلا پارہ؛ سورۂ بقر کا پہلا کلمہ (یا پہلی آیت) جو حروف مقطعات میں ہے.

الف مقصورہ اند. دیکھیے: (الف ا).

الف ممدود / ممدودہ دیکھیے: (الف آ).

الف منحنی دیکھیے: ء (ہمزہ).

الف وصل ۱. وہ الف جو دو مکرر یا مختلف کلموں کو ملانے کے لیے لایا جاتا ہے، الف اتصال، جیسے: شباشب، شباروز، وغیرہ. ۲. وہ الف جو لفظ کے شروع میں تسہیل کے لیے لگایا جاتا یا شروع سے گرایا جاتا ہے، جیسے: سکول، اسکول؛ دھیلا، ادھیلا؛ سپند، اسپند؛ ناج، اناج. ۳. وہ

متحرک الف جو عبارت یا شعر میں کسی لفظ آخر الساکن کے بعد آئے.

الف ہلالی اند. لام الف میں کا پہلا جزو یا الف (بخط نسخ) جو بشکل ہلال (ا) لکھا جاتا ہے.

الف ہونا محاورہ. ۱. چراغ پا ہونا. ۲. گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہوجانا. ۳. برہنہ یعنی ننگا ہونا.

اَلْف (فت ا، سک ل) صف عددی.
۱. ایک ہزار، دس سیکڑے، (ہندسوں میں) ۱۰۰۰. ۲. بے شمار، بکثرت.

الف ثانی صف عددی. کسی شے کے آغاز یا انجام کو ایک ہزار سال گزرنے کے بعد دوسرے ہزار سال کا زمانہ، مغل بادشاہ اکبر اعظم کا زمانہ جس میں نظریۂ الفی (دیکھیے: الفی: (۲)) پیدا ہوا.

الف لیلائی/ لیلوی صف. الف لیلہ سے منسوب: مفروضہ، حیرت انگیز، پراسرار یا طلسماتی (کہانی یا داستان وغیرہ).

الف لیلہ / لیلیٰ است. ایک ہزار اور ایک رات؛ (مفروضہ) مسلسل و مربوط کہانیوں کی ایک عربی کتاب (مجازاً) مفروضہ داستان، کہانی، بے حقیقت بات یا باتیں.

اِلْف (کس ا، سک ل) است.
۱. الفت، فطری انس، قدرتی موانست، طبعۂً و فطرۃً لگاو. ۲. توافق مزاجی، ہم آہنگی، میلان طبعی. [ع].

اَلْفا (۱) (فت ا، سک ل) اند.
آزاد فقیروں کے پہننے کا بے آستینوں کا جبہ، الفی، کفنی. [ع].

اَلْفا (۲) (فت ا، سک ل) اند.
۱. یونانی نیز رومن رسم الخط میں لکھی جانے والی زبانوں کے حروف تہجی کا پہلا حرف. ۲. ریاضی اور مختلف علوم میں کئی قسموں والے مقادیر وغیرہ کی پہلی قسم (جسے الف، ب، ج، د وغیرہ کے عنوان سے باہم متمایز کیا جاتا ہے). [انگ].

اَلْفاظ (فت ا، سک ل) اند؛ ج.
(متعدد) لفظ، بامعنی آوازیں جو بولی اور لکھی جائیں، کلمات. [ع].

اُلْفَت (ضم ا، سک ل، فت ف) است.
چاہت، انس، محبت، پیار، دوستی. [ع].

الفت کا بندہ اند. جو اپنے سے محبت کرنے والے پر جان چھڑکے، جو کسی سے محبت کرنے کو اپنا دین ایمان سمجھے، خصوصاً وہ نوکر جو اپنے مالک سے صرف بربنائے محبت وابستہ رہے.

اَلْفَتَه (فت ا، ل، سک ف، فت ت) صف.
۱. مفت خورا، ابرا غیرا، بیگانہ. ۲. لچا، شہدا، چور، اُچکا، شریر. [ف].

اَلْفَن (فت ا، سک ل، فت ف) است.
(پتنگ بازی) ایک قسم کا پتنگ جس کے بیچ میں اس سرے سے اس سرے تک دوسرے رنگ کے کاغذ کی ایک سدھی پٹی لگی ہوتی ہے، الف کے خط کی پتنگ.

اَلِفی / اَلْفی (فت ا، کس مع ل / سک ل) است.
۱. دیکھیے: الفا (۱). ۲. وہ شے جس میں الف کے مانند سیدھی لکیریں ہوں، جیسے: الفی کنکوا، الفی چھڑی. ۳. فقرا کی سیاہ کفنی جس میں آستینیں نہیں ہوتیں اور سراسر ایک ہی سیدھ میں (بہ شکل الف) ہوتی ہے؛ وہ سیاہ یا سبز رنگ کی پٹی جو محرم وغیرہ میں امام حسین کے نام پر فقیر بنائے جانے والے بچوں کے گلے میں مقرر طریقے سے ڈالتے ہیں. [ع].

اِلْقا (کس ا، سک ل) اند.
۱. (i) کسی مادی شے کا ڈالنا یا ڈالا جانا. (ii) اسباب ظاہر کیے بغیر کسی غیر مادی شے کو کسی تک پہنچانے یا وارد کرنے کا عمل. ۲. خداے تعالیٰ کی طرف سے خود بخود انسان پر کسی بات کا انکشاف، الہام، وہ بات جس کا الہام ہو. [ع].

اَلْقاب (فت ا، سک ل) اند.
۱. احترامی لفظ یا الفاظ جو خط یا عرضی میں مکتوب الیہ کے لیے لکھے جاتے ہیں. ۲. وہ نام جو خاص صفت کی وجہ سے پڑ جائے. [ع].

اَلَک (فت ا، ل) (الف) صف؛ ~ الکھ.
لفظاً) جو نگاہوں سے اوجھل ہو، غائب، جو نظر نہ آئے، نادیدہ، روپوش، (مراداً) خداے تعالیٰ. (ب) اند. جوگیوں کے بھیک مانگنے کی ایک صدا. [س].

اِلکٹرانِک (کس مع ا، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، کس ن) صف.
الیکٹرون سے منسوب. [انگ].

اِلکٹرِسِٹی (کس مج ا، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، ر، کس س) است.
مصنوعی بجلی، بجلی کی طاقت، برقی توانائی. [انگ].

اِلکٹرِک (کس مج، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، کس ر) صف.
بجلی، برقی، بجلی کی طاقت سے کام دینے والا برقی قوت سے مملو، برقی قوت پیدا کرنے کا اہل. [انگ].

اِلکٹرون (کس مج ا، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، و مج) اند.
ایٹم میں برقی رو کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جس پر منفی چارج ہوتا ہے، وہ ناقابل تقسیم ذرہ جو خارجی قوۃ سے متاثر نہ ہو، ایٹم کا منفی برقیہ.

اِلکٹرِیشَن (کس مج ا، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، فت ش) اند.
بجلی کا کاریگر، وہ شخص جس نے بجلی کے کام کی تعلیم اور اس کی سند حاصل کی ہو.

اِلکٹرِیکَل (کس مج ا، فت مج ل، سک ک، کس مج ٹ، ی مع، فت ک) صف.
بجلی سے متعلق، بجلی کا، برقی.

اَلْکُحُل (فت ا، سک ل، ضم مج ک، ضم ح) است.
(کیمسٹری) آگ پر ڈالنے سے بھڑک اٹھنے والی شراب کی روح یا مقطر جو شکری سیال کو خمیر اٹھا کر کشید کرنے سے حاصل کیا جاتا ہے اور جس میں حل کرنے کی صلاحیت کل مائعات سے زیادہ ہوتی ہے.

اَلْکُحْلی (فت ا، سک ل، ضم مج ک، سک ح) صف.
الکحل سے منسوب.

اَلْکَس (فت ا، سک ل، فت ک) است.
دیکھیے آلکس.

اَلْکَسانا (فت ا، سک ل، فت ک) ف ل.
سستی اور کاہلی کرنا، ماندگی یا تھکاوٹ محسوس کرنا.

اَلْکَساہَٹ (فت ا، سک ل، فت ک، ہ) است.
الکسانا کا اسم کیفیت، سستی، کاہلی، کام کرنے کو دل نہ چاہنا.

اِلَکشَن (کس مج ا، فت مج ل، سک ک، فت ش) اند؛ ~ الیکشن.
کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے کی رکنیت وغیرہ کے لیے انتخاب، چناو (جو کثرت راے سے ہوتا ہے).

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اَلکھ (فت ا، ل) صف نیز اند.
(لفظاً) جو نگاہوں سے اوجھل ہو، غائب، جو نظر نہ آئے، نادیدہ، پوش، (مراداً) اللہ تعالیٰ.

الکھ برش کی مایا کہیں دھوپ کہیں سایا کہاوت. خدا کی شان دیکھو کسی جگہ دھوپ ہے تو کسی جگہ چھانو، کسی کے ہاں شادی ہے تو کہیں غم، کوئی امیر ہے تو کوئی غریب.

اَلگ (فت ا، ل) (الف) صف.
۱. (دوسروں سے) جدا، سب سے بے تعلق. ۲. علیٰحدہ، علاوہ، سوا، شامل کی ضد. ۳. مختلف، متمایز. ۴. مستقل، بلا شرکت غیرے، جس میں کسی اور کا دخل نہ ہو. ۵. کنارہ کش، لاتعلق. ۶. نرالا، جو کسی سے میل نہ کھائے. ۷. مزید، مزید برآں. ۸. کنارے، محفوظ رہنے کی جگہ. ۹. مقررہ جگہ سے منفصل، شکستہ. ۱۰. تکرار کے موقع پر ایک حکم میں دو چیزوں کی شمولیت ظاہر کرنے کے لیے، مترادف: بھی، بجائے خود، یہ بھی وہ بھی. ۱۱. برطرف (ملازمت یا منصب وغیرہ سے). ۱۲. اچھوتا. (ب) م ف. ۱. ہٹ کر، فاصلے پر جا کر. ۲. چپکے سے، آہستہ سے. ۳. مستثنیٰ، خارج. ۴. تنہا، اکیلا. اف: کرنا/ ہونا. [س].

الگ الگ (الف) صف. ۱. ایک دوسرے سے جدا، جدا جدا. ۲. مختلف، باہم متمایز. ۳. کشیدہ، خفا، پھٹا پھٹا، روٹھا روٹھا. (ب) م ف. ۱. بالا بالا، اوروں کی نظر بچا کر. ۲. دور ہو، جا بھاگ جا؛ پرے ہٹ، دور دور.

الگ تھلگ م ف؛ صف. ۱. دیکھیے: الگ؛ الگ الگ. ۲. (مجازاً) بغیر کسی سہارے کے. ۳. صفائی سے، بے لاگ.

الگ کرنا محاورہ. ۱. ختم کرنا، نظر انداز کرنا، پس پشت ڈالنا، قطع نظر کرنا. ۲. (چوری کی نیت سے) کھسکا لینا، اڑا لینا، ہتیا لینا. ۳. فروخت کرنا، بیچ ڈالنا.

اَلگانا (فت ا، سک ل) ف م.
پار کرانا، عبور کرانا، اس سرے سے اس سرے تک پہنچانا؛ کدوانا، چھلانگ لگوانا.

اَلگاؤ (فت ا، سک ل، و مع) صف.
(لفظاً) جدا رہنے والا، (لسانیات) الگ الگ اجزا رکھنے والا (جملہ یا لفظ)، غیر ترکیبی، تحلیلی. [ا].

اُلگنا (ضم ا، فت ل، سک گ) ف ل.
پھاندنا، چھلانگنا، عبور کرنا، پار کرنا.

اَلگنی (فت ا، سک ل، فت گ) امث.
رسی وغیرہ جو کپڑے ڈالنے کے لیے ادھر ادھر دو کھونٹیوں میں باندھ کر تان دیتے ہیں. [س].

الگنی ہو (یہ) ڈالنے کے قابل/ لائق صف. (کنایۃً) بہت دبلا، نہایت لاغر؛ بے حد کمزور.

اَللہ (فت ا، شد ل بہ) اند.
۱. معبود، خدائے تعالیٰ کا اسم ذات، اسماء صفاتی کے مقابل. ۲. استعجاب کے موقع پر، مترادف: حیرت ہے، تعجب ہے، بڑی عجیب بات ہے. ۳. شکوے شکایت یا دوہائی کی جگہ. ۴. کمال اضطراب اور یاس کے موقع پر. ۵. کسی وصف میں اظہار مبالغہ کے لیے. ۶. (i) دعا وغیرہ کے موقع پر: یا اللہ، الٰہی، اے میرے مالک. (ii) تمنا کے موقع پر، مترادف: خدا کرے. ۷. نہ جانے، خدا معلوم، اللہ ہی کو معلوم ہے. ۸. اللہ، خدا کے لیے، خدارا (خوشامد، منت، سماجت کے موقع پر).

اللہ آمین کا صف. نازوں کا پالا ہوا، بہت منت اور دعاؤں کا بہت عزیز اور پیارا.

اللہ اکبر (الف) فقرہ، انشائیہ. ۱. (لفظاً) اللہ بہت بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، (مراداً) نعرہ تکبیر حسب ذیل مواقع پر مستعمل ۲. (i) خدائے تعالیٰ کی بزرگی اور عظمت کا اعتراف کرنے کے موقع پر. (ii) اذان اقامت نماز اور دیگر عبادات و اذکار میں جہاں جہاں مقرر ہے. (iii) حملے کے آغاز یا حریف پر وار کرتے وقت؛ فتحیاب ہونے پر. (iv) جانور کو ذبح کرنے میں مقرر کلمات کے ساتھ چھری چلاتے وقت. (v) عیدین کی نماز کو گھر سے جاتے اور آتے اور قبرستان میں گزرتے وقت مقرر کلمات کے ساتھ. (vi) جلسے جلوس محفل و مجلس یا کسی استقبالیہ تقریب میں اظہار جوش کے لیے. (ب) م ف. ۱. تعجب و حیرت کی جگہ، مترادف: کتنی عجیب بات ہے، حیرت کا مقام ہے، خدائے تعالیٰ کی شان ہے. ۲. تعریف و تحسین یا مباہات کے موقع پر، مترادف:

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

کیا کہنا ، ماشاء اللہ ، سبحان اللہ .۳. کسی وصف کے بیان میں مبالغے اور شدت کے اظہار کے لیے ، مترادف : افوہ ، خدا کی پناہ ، کیا ٹھکانا ہے ، کچھ ٹھکانا نہیں .۴. شکوے شکایت کی جگہ .

اللہ الغنی فقرہ. (لفظاً) اللہ بے نیاز ہے ، (مراداً) ایسے شخص کی مذمت یا ہجو جس کا فعل متکلم کی طبیعت یا توقع کے خلاف ہو .

اللہ اللہ (الف) م ف .۱. کیا خوب ، سبحان اللہ ، کیا کہنا ، حیرت و تعجب کا مقام ہے .۲. کسی وصف کے بیان میں مبالغہ و شدت کے اظہار کے لیے ، مترادف : کیا ٹھکانا ہے ، خدا کی پناہ ، خدا کی شان ، افوہ .۳. کسی بات کی یاد میں حسرت و افسوس کے موقع پر ، مترادف : افسوس ہے ، حسرت یا عبرت کا مقام ہے .۴. شکوے شکایت کے موقع پر ، مترادف : بڑی شکایت کے قابل بات ہے ، تمہارے اس عمل پر بڑا افسوس ہے ، بہت بری بات ہے .۵. اللہ سے ڈرو ، ان باتوں کو چھوڑو ، توبہ توبہ ! (ب) امذ .۱. نماز ، عبادت ، اوراد و وظائف .۲. بندگی ، سلام ، تسلیمات ، عموماً فقرا اور اہل اللہ کے طبقے سے مختص .۳. شناسائی ، صاحب سلامت ، جان پہچان .

اللہ اللہ خیر سلا / صلا / صلاح فقرہ. بس اسی قدر ، اس سے زیادہ کچھ نہیں ، آگے کچھ نہیں ، کچھ اور نہیں .

اللہ اللہ کر کے م ف . بڑی مشکل یا بڑی مصیبت کے بعد ، مرکھپ کے .

اللہ اللہ کرو فقرہ .۱. جھوٹ نہ بولو ، اتنا مبالغہ نہ کرو .۲. توبہ کرو ؛ اس خیال سے درگزرو ، یہ بات ٹھیک نہیں .

اللہ بخشے فقرہ. اللہ مغفرت کرے ، خدا محفوظ رکھے .

اللہ بس (اور) باقی (ماسویٰ) ہوس فقرہ. اللہ کے سوا باقی تمام دنیا ہیچ اور فانی ہے ، دنیا سے کوئی امید نہیں صرف اللہ پر بھروسا ہے (دنیا سے بے دلی یا مایوسی کے موقع پر مستعمل) .

اللہ بھلا کرے فقرہ .۱. سائلوں کی صدا ، مترادف : کچھ دیتے جاؤ .۲. (دعائے خیر) خدائے تعالیٰ سرسبز رکھے یا اجر دے (کسی کے سلوک اور احسان کے اعتراف میں دعا دینے کے موقع پر ، نیز درمیان کلام وقفے کے طور پر مستعمل) .۳. اللہ کیفر کردار کو پہنچائے ، اللہ سمجھے ، اللہ سزا دے (ظالم کے لیے اس موقع پر مستعمل جب کہ انتقام لینا مقصود نہ ہو) .

اللہ تعالیٰ خدائے بزرگ و برتر .

اللہ توبہ (ہے) فقرہ. خدا محفوظ رکھے ، بڑی افسوسناک ، تعجب خیز یا نفرت کی بات ہے ، خدا بچائے .

اللہ تیری شان فقرہ. سخت حیرت ہے ، نہایت تعجب کی بات ہے (حیرت یا استعجاب کے موقع پر مستعمل) .

اللہ جانے فقرہ .۱. ہم نہیں جانتے ، معلوم نہیں ، خدا معلوم (کسی امر سے واقفیت نہ ہونے کے موقع پر) .۲. ہماری سمجھ میں نہیں آتا ، نہ جانے (مخاطب کی بات واضح نہ ہونے کے موقع پر) .۳. تم نہیں سمجھتے میں خوب سمجھتا ہوں (اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے کہ جو کچھ معلوم ہے وہ بتانا مقصود نہیں) .

اللہ / خدا حافظ فقرہ .۱. فی امان اللہ ، اللہ کو سونپا (رخصت کرنے کے موقع پر مستعمل) .۲. خدا حفاظت کرے ، اللہ صدمے سے بچائے .

اللہ دے اور بندہ لے فقرہ. کسی شے کی فراوانی یا شدت و کثرت ظاہر کرنے کے لیے ، مترادف : بکثرت ، بے حد و انتہا ، بے تحاشا وغیرہ .

اللہ رکھو / رکھے فقرہ .۱. خدا زندہ سلامت یا برتر رکھے .۲. چشم بدور ، خدا نظر بد سے بچائے .

اللہ رکھے تو کون چکھے کہاوت. جس کو خدا بچانا چاہے اسے کون گزند پہنچا سکتا ہے .

اللہ سمجھے فقرہ. خدا غارت کرے ، اللہ اس کا بدلہ لے ، اللہ کی طرف سے اس کی سزا ملے .

اللہ شافی ہے فقرہ. خدائے تعالیٰ شفا دے گا ، شافی مطلق وہی ہے (تناول کے طور پر دوا پیتے وقت یا مریض کی عیادت کے موقع پر مستعمل) .

اللہ شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے کہاوت. خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے نیت اور ہمت کے مطابق دیتا ہے .

اللہ شیطان کے کان بہرے رکھے فقرہ؛ انشائیہ. خدا نظر بد سے بچائے .

اللہ صاحب امذ (قدیم). اسم "اللہ" کے ساتھ تعظیماً مستعمل .

اللہ غنی / ہو غنی فقرہ؛ انشائیہ .۱. اظہار عظمت میں مبالغے کے طور پر اللہ اکبر ، (اظہار عظمت یا شدت و کثرت کے لیے مستعمل) .۲. تعجب کے

مقام پر . ۳. کسی صدمے اور تکلیف کے موقع پر (خداے تعالیٰ سے طلب امداد کے لیے) .

اللہ کا حبیب اند. اللہ کا محبوب، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خداے تعالیٰ کے آخری پیغمبر ہیں .

اللہ کا فضل اند. ۱. ہر طرح سے خیریت، سب کچھ ٹھیک، امن و امان . ۲. (مجازاً) رشوت، بالائی آمدنی، ناجائز ذرائع کی کمائی .

اللہ کا گھر اند. ۱. کعبۂ شریف. ۲. مسجد. ۳. (مجازاً) انسان کا دل .

اللہ کا محبوب اند. دیکھیے : اللہ کا حبیب .

اللہ کا نام لینا محاورہ. ہمت باندھنا، خدا پر بھروسا کرنا ؛ بسم اللہ کہہ کے شروع کر دینا .

اللہ کا نور (الف) اند. (کنایۃً) ڈاڑھی. (ب) صف. ۱. (مجازاً) بھولا بھالا، نِرا، احمق، ہونق. ۲. نہایت حسین، بے حد خوبصورت. ۳. متبرک یا نورانی چہرے والا .

اللہ کو پیارا ہونا محاورہ. انتقال کر جانا، مر جانا .

اللہ کو دیکھا نہیں پر عقل سے تو پہچانا ہے فقرہ. آثار و قرائن سے کسی امر وغیرہ کا اندازہ لگانے کے موقع پر مستعمل .

اللہ کو منھ دکھانا ہے فقرہ، انشائیہ. قیامت کے دن خدا کا سامنا اور حساب کتاب ہوا تو کیا جواب ہوگا (جرم سے اپنی یا دوسرے کی براءت کا یقین دلانے کے لیے مستعمل) .

اللہ کی سنوار فقرہ. خدا کی مار، پھٹکار، اللہ کی طرف سے لعنت (کوسنا یا مہذب بددعا) .

اللہ کی شان کلمۂ تعجب. ۱. حیرت ہے، عجیب بات ہے. ۲. اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرنے، یا اپنے مرتبے سے پست تر بات ہونے کے موقع پر. ۳. خدا کی کرنی، اتفاقیہ .

اللہ کی گائے صف. سیدھا سادہ بھولا بھالا، نادان .

اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں (ہوتی) کہاوت. اللہ ظالم کو اس طرح سزا دیتا ہے کہ جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا .

اللہ کے نام (پر) م ف. فی سبیل اللہ، خدا کی راہ میں، خیرات کے طور پر، خوشنودیِ الٰہی کی غرض سے .

اللہ کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں ہے فقرہ. دیر سویر اعمال کا پھل ضرور ملتا ہے .

اللہ لگتی است. انصاف کی بات، صحیح بات، حق کی بات .

اللہ لوگ صف. ۱. اللہ والا، خدا رسیدہ ؛ بھولا بھالا سیدھا سادہ، معصوم صفت. ۲. بیوقوف .

اللہ مالک ہے فقرہ، انشائیہ. خدا مسبب الاسباب ہے، خدا پر بھروسا ہے، وہی مدد کرے گا (توکل، استغنا کے موقع پر مستعمل) .

اللہ میاں اند. اسم جلالت 'اللہ' کے ساتھ تعظیماً مستعمل .

اللہ میاں کی بھینس/گائے است. ۱. ایک سیاہ رنگ کا سخت جان کیڑا جو برسات میں ہوتا ہے. ۲. موٹا، بھدا اور سیاہ فام آدمی .

اللہ نگہبان فقرہ، انشائیہ. رخصت کے وقت کا سلام، اللہ حافظ .

اللہ نہ کرے فقرہ، انشائیہ. خدا کرے ایسا نہ ہو، خدانخواستہ .

اللہ واسطے کا صف، مذ. خواہ مخواہ، بلاوجہ، للّٰہی .

اللہ والا / والے صف، مذ. ۱. وہ شخص جو تعلقات دنیا سے کنارہ کش ہو کر خدا کا ہو رہے، تارک الدنیا، باخدا، خدا رسیدہ. ۲. سیدھا سادہ، بھولا بھالا، نیک دل .

اللہ ہُو است. ۱. (لفظاً) اللہ وہی ایک ہے، وہ اللہ، (مراداً) صوفیوں کا نعرۂ مستانہ یا ضرب. ۲. بجز ذات الٰہی اور کچھ نہیں، کسی اور چیز کا وجود نہیں .

اللہ (ہی) ہے فقرہ، انشائیہ. ۱. خدا ہی چاہے تو ایسا ہو، بجز خدا اور کسی کے بس کا کام نہیں، شاید ایسا ہو جائے (مایوسی، بیکسی اور بے بسی کے موقع پر مستعمل). ۲. خدا مددگار ہے، خدا ہی کی ذات پر بھروسا ہے .

اللہ یار فقرہ، انشائیہ (قدیم). دیکھیے : اللہ حافظ .

اَللّٰھُمَّ (فت ا، شد ل بہ، ضم ہ، شد م بفت) کلمۂ ندائیہ.
اے خدا، خدایا .

اَلّل ٹپ / ٹپّو (فت ا، ل، سک ل، فت ٹ / شد پ، و مع) (الف) م ف. ۱. بے سوچے سمجھے، اٹکل سے، قیاساً، اندھا دھند. ۲. بے محل، فضول، بیکار، بلا سبب. (ب) صف. بے پروا، لاابالی ؛ بے وقوف. (ج) است. ناسمجھی کی بات، بے تکی بات .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اُلْلنا (ضم ا، فت ل، سک ل) ف ل.

اگلی طرف دباؤ ہونے کے سبب سے کسی چیز کے پچھلے حصے کا اوپر کو اٹھ جانا.

اَلّلے تَلّلے (فت ا، ل، شد ل فت ت، ل، شد ل) امذ؛ م ف.

ا. فضول خرچی، اندھا دھند یا جی کھول کر خرچ، بے دریغ مصارف (مجازاً) عیش و آرام کی زندگی. ۲. ریل پیل. [ہ].

اَلَم (فت ا، ل) امذ.

ا. ذہنی کرب، جس کا اثر دل و دماغ دونوں پر ہو. ۲. مرض، درد. [ع].

اَلَم ناک صف. ا. رنجیدہ. ۲. رنج و غم سے بھرا ہوا، رنج دینے والا (امر).

اَلَم امذ.

قرآن پاک کے پہلے پارے کا نام جو الم سے شروع ہوتا ہے، حرف مقطعات میں سے ایک کلمہ.

اَلْماری (فت ا، سک ل) امث.

دیوار کے آثار میں عموماً کواڑ یا کواڑوں سے بند ہونے والی خالی جگہ جس میں سامان رکھنے کے لیے اوپر تلے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر خانے بنے ہوں؛ اسی قسم کا لکڑی یا دھات کا ڈھانچا جسے ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ سکیں. [پرت].

اَلْماس (فت ا، سک ل) امذ.

جواہرات میں سب سے اعلیٰ سفید یا کسی اور ہلکے رنگ کا ایک قیمتی پتھر جو کان سے نکلتا ہے اور جو خالص کاربن ہوتا ہے (شیشے اور دوسرے جواہرات کو کاٹ دیتا ہے) ہیرا. [ف].

الماس (کی کنی) کھانا محاورہ.

(کنایۃً) خودکشی کرنا، جان دے دینا، مرجانا؛ زہر کھانا.

اَلْماغُوچی (فت ا، سک ل، و مع) (الف) امث؛ ~ الماغوچی.

ا. دغابازی، خیانت. ۲. الم غلم، خراب خستہ کھانے کی چیزیں. (ب) صف. ا. مجہول النسب، جس کی اصل نسل جڑ بنیاد کا پتا نہ ہو. ۲. اوٹ پٹانگ، بے تکا.

اَلْمانوی / اَلْمانی (فت ا، سک ل، سک ن / ی مع) صف.

المانیہ (= جرمنی) سے منسوب: جرمن یا نسل کا، جرمن کا (سامان وغیرہ).

اِلَّم ٹِلَّم (کس ا، شد ل بفت، کس ٹ شد ل بفت) امث.

کام چوری، ٹال مٹال، فضول کاموں میں وقت برباد کرنا.

اَلَّم غَلَّم (فت ا، شد ل بفت، فت غ، شد ل بفت) م ف.

ا. بے معنی اور مہمل باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں اور جس کا سر پاؤں نہ ہو. ۲. بری بھلی، خراب اور نکمی چیزیں (خصوصاً کھانے کی). ۳. متفرق سامان (ضروری کم، غیر ضروری زیادہ).

اَلَمْ نَشْرَح (فت ا، ل، سک م، فت ن، سک ش، فت ر) (الف) امث.

قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ایک سورہ کا نام جو الم نشرح سے شروع ہوتی ہے، کھولا ہے، ظاہرہ، مشہور. (ب) صف. ا. ظاہر، واضح، آشکارا. ۲. مشتہر، بدنام.

اَلْمُونِیَم (فت رج ا، سک ل، و مع، کس ن، فت ی) امذ نیز امث.

ایک قسم کی سفید اور ہلکی مرکب دھات جو مٹی میں ملے ہوئے مختلف قسم کی دھاتوں کے ذروں سے تیار کی جاتی ہے اور جس کو ہوا سے زنگ نہیں لگتا.

اَلِمیَہ / اَلَمِیَّہ (فت ا، ل، کس م، فت ی / شد ی بفت) (الف) امذ.

ا. غمناک انجام کا منظوم یا غیر منظوم ادب. ۲. درد ناک واقعہ، غم انگیز سانحہ، غمگین حادثہ. (ب) صف. الم سے منسوب، المناک، دکھ بھرا. [ع + ف].

اُلّن (ضم ا، شد ل بفت) صف.

بیوقوف عورت. الو کی تانیث. [ا].

اَلَنگ (۱) (فت ا، ل، غنہ) امث؛ ~ آلنگ.

ا. وہ دیوار یا آڑ وغیرہ جو میدان جنگ میں دشمن سے بچاو کے لیے بنائیں، مورچلی، مورچہ. ۲. شہر پناہ، چار دیواری جو کسی شہر یا بستی وغیرہ کے چار جانب ہو، (مجازاً) دیوار. [ف].

اَلَنگ (۲) (فت ا، ل، غنہ) امث.

ا. سمت، جہت، طرف، جانب؛ کنارہ. ۲. یکسو. ۳. قطار، مکانوں یا دکانوں کی قطار، لمبی عمارت؛ اخیر؛ اُلنگ. [س].

اُلَنگ (ضم ا، فت ل، غنہ) امث.

اوپر سے گزر یا کود کر پار کر جانے کا عمل، چھلانگ، زقند.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (دیکھیے فہرست اشارات)

اَلَنگی (فت ا، ل، غنہ) صف (قدیم).
یکسو.

اُلّو (ضم ا، شد ل، و مع) (الف) اند.
ایک پرند جو انسانوں سے دور ویرانوں میں رہتا اور منحوس سمجھا جاتا اور جو عموماً دن میں سوتا اور رات میں ہوکتا ہے. (ب) صف. احمق، بیوقوف. [س].

الو بنا بیٹھا رہنا / ہونا محاورہ. آنکھیں بند کیے چپ چاپ اور بے حس وحرکت بیٹھے رہنا، آس پاس کی کچھ خبر نہ رکھنا؛ مطیع و فرمانبردار ہونا.

الو بنانا محاورہ. ۱. جھانسا دینا، فریب دے کر کام نکالنا یا لوٹ لینا. ۲. اتنا مست بنانا کہ ہوش وحواس جاتے رہیں.

الو بولنا محاورہ. نحوست برسنا، ویرانی چھا جانا، کسی جگہ کا اجڑ جانا.

الو سیدھا کرنا محاورہ. ذاتی غرض حاصل کرنا، کسی کو فریب دے کر اپنا مطلب نکالنا.

الو سیدھا ہونا محاورہ. الو سیدھا کرنا کا لازم.

الو کا بچہ / پٹھا صف، مذ. ۱. احمق، بیوقوف، گدھا (نیز تحقیر کے موقع پر بطور دشنام مستعمل).

الو کا گوشت کھلانا محاورہ. گم صم بنا کر اپنے قابو میں کرلینا (خیال ہے کہ جس کو الو کا گوشت کھلا دیا جائے وہ رام اور مطیع ہو جاتا ہے).

الو کی دُم (فاختہ) صف. احمق، بے وقوف، سیدھا سادہ آدمی.

الو ہونا محاورہ. فریفتہ ہونا، نشے میں دھت ہونا.

اَلْواح (فت ا، سک ل) اند؛ است؛ ج.
۱. تختیاں؛ خوشخطی وغیرہ کے نمونوں کے کتبے؛ کتابوں کے سرورق کی منقش تحریریں. ۲. قبروں کے پتھر، پتھر پر کھدی یا لکھی ہوئی تحریریں. [ع]

اَلْوان (۱) (فت ا، سک ل) (الف) اند. ج.
بہت سے رنگ، قسم قسم کے رنگ، لون کی جمع. (ب) صف. گوناگوں، طرح طرح کے، قسم قسم کے، رنگ برنگے.

اَلْوان (۲) (فت ا، سک ل) اند؛ است.
پشمینہ جس سے کامدار دوشالے وغیرہ بنائے جاتے ہیں.

اَلْوانی (فت ا، سک ل) (الف) است.
رنگ برنگا پن، رنگا رنگی. (ب) صف. بوقلموں، رنگ برنگا، مختلف رنگ کا.

اَلْوایا (فت ا، سک ل) صف.
جسے چھونے سے ٹوٹنے ٹھیس لگنے یا صدمہ پہنچنے کا ڈر ہو. [س].

اَلْوائی (فت ا، سک ل، ی مع) است.
بھینس یا گائے جس کے بیاہنے کا وقت قریب ہو اور جس کے تھنوں میں دودھ اُترنے لگا ہو؛ وہ گائے یا بھینس جسے بیاہے ہوئے ایک آدھ مہینہ گزرا ہو. [س].

اَلُوپ (فت ا، و مع) صف.
پوشیدہ، غائب، اوجھل، دکھائی نہ دینے والا، نظر نہ آنے والا.

الوپ انجن (الف) اند. ایک سرمہ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس کا لگانے والا لگاتے ہی نظروں سے اوجھل ہوجاتا ہے. (ب) صف. غائب، نگاہوں سے اوجھل.

اَلُول جَلُول (فت ا، و مع، سک ل، فت ج، و مع) صف.
دیکھیے: اول جلول.

اَلُون / اَلُونا (فت ا، و لین) صف.
بے مزہ، بے نمک، سیٹھا، پھیکا. [س].

اَلُونی (۱) (فت ا، و لین) صف، مث.
الونا کی تانیث.

اَلُونی (۲) (فت ا، و لین) است.
۱. (زرگری) سونے کو چاندی سے جدا کرنے کا عمل. ۲. (نیاری) ریت سے چاندی کے ذرات علیحدہ کرنے کا عمل.

اُلُوہی (ضم ا، و مع) صف. اللہ تعالیٰ سے تعلق رکھنے والا (امر).

اُلُوہِیَت / اُلُوہِیَّت (ضم ا، و مع، کس ہ، فت ی / شد ی بفت) است.
۱. خدائی یا خداوندی، خدائی کا رتبہ، اللہ یا معبود ہونا. ۲. (تصوف) اسمائے الٰہی اور صفات کے درمیان ایک منزل رب اور مربوب یا عبد اور معبود کے درمیان برزخ کی شکل ہے.

اِلٰہ اند.
معبود، خدا، جس کی عبادت کی جائے. [ع].

اِلٰہُ الْعَالَمِین اند. جہانوں کا معبود، خدا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اِلْہام (کس ا، سک ل) اند.
غیب سے دل میں کسی بات یا خیال کا نزول یا ورود، القا، کشف (خصوصاً انبیا و اولیا پر).

اِلْہامی (کس ا، سک ل) صف.
الہام (دیکھیے) سے منسوب یا متعلق امر: وہ بات جو بطور الہام معلوم ہو، آسمانی.

اِلْہامِیَہ / اِلْہامِیَّہ (کس ا، سک ل، کس م، فت ی / شد ی بفت) صف.
الہام (دیکھیے) کے ذریعے سے وجود میں آیا ہوا.

اِلیٰ (کس ا، ابتکل ی) حرف جار (ترکیب میں مستعمل).
۱. تک (انتہا کے لیے)، جیسے: الیٰ آخرہ (= اس کے آخر تک).
۲. (کی) طرف، (کی) جانب.

اِلْیاس (کس ا، سک ل).
حضرت ہارون علیہ السلام کی نسل سے ایک پیغمبر کا نام جو اسلامیات میں حضرت خضر علیہ السلام کی طرح زندۂ جاوید اور بحری سفر کے راہنما خیال کیے جاتے ہیں (عموماً تلمیح کے طور پر مستعمل).

اَلِیکْٹران (کس ج ا، ی لین، سک ک، کس ج ٹ) اند: - الیکٹرون.
ایٹم کا وہ چھوٹا جزو جو منفی چارج کا حامل ہوتا ہے، ایٹم کا منفی برقیہ.

اَلِیکْشَن (کس ج ا، ی لین، سک ک، فت ش) اند.
انتخابات، چننا، لوگوں کا اپنے نمائندے چننے کا عمل.

اَلْیَل (فت ا، سک ل، فت ی) صف.
۱. بے خبر، بے پروا، بے ہوش. ۲. الھڑ. ۳. ناعاقبت اندیش، بے شعور؛ جو دوسروں کی تکلیف کا خیال نہ کرے. [س].

اَلِیم (فت ا، ی مع) صف.
وہ چیز جو رنج و الم پہنچائے، درد ناک، صعوبت یا تکلیف میں مبتلا کرنے والا (اکثر عذاب کے ساتھ مستعمل). [ع].

اِلَیہ (کس ا، ی لین) کلمۂ عربی، اردو میں مستعمل.
اس کی طرف، جس کی طرف، جس کے نام، جیسے: مکتوب الیہ (= جس کو خط لکھا گیا)، (= مشار الیہ (جس کی طرف اشارہ کیا گیا).

اَلْھَڑ (فت ا، شد ل، بفت) صف -: الڑ؛ الڑھ، الھڑ (قدیم).
۱. نادان، کم سن، بھولا بھالا، اناڑی، ناتجربہ کار. ۲. بے پرواہ، جس کے مزاج میں لاابالی پن ہو.

الھڑپن / پنا اند. الھڑ کا اسم کیفیت.

اَم (۱) (فت ا) اند.
آم کی تخفیف اور ترکیب میں مستعمل، جیسے: امچور، امرس.

اَم (۲) (فت ا) لاحقہ.
میرا، مجھ سے منسوب (جن کلمات کا آخری حرف ہائے مختفی ہو ان کی ترکیب میں مستعمل، جیسے: قبلہ ام (= میرے قبلہ و کعبہ).

اِم (کس ا) سابقہ.
یہ، اس، مرکبات میں مستعمل، جیسے: امروز، امسال، امشب.

اُم (ضم ا) است.
۱. ماں. ۲. (i) عربی الاصل مرکبات میں (مجازاً): اصل، بنیاد، جڑ، جسے مرکزیت حاصل ہو، جس سے کوئی چیز پیدا یا شروع ہو. (ii) کسی خاص صفت یا امتیاز کا مالک، کسی وصف میں بڑھ چڑھ کر، کوئی بات کثرت یا شدت سے رکھنے والا. ۳. (عورت کی) کنیت کا پہلا کلمہ، جیسے: ام فروا، ام لیلا وغیرہ. [ع].

اُم الالسنہ است. ۱. زبانوں کی ماں، (مراداً) اصل زبان جس سے دوسری زبانیں مشتق ہوں.

ام الامراض است. امراض کی ماں، بیماریوں کی جڑ، وہ بیماری جس سے اور بیماری یا بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں.

ام الانسان است. حضرت حوا کا لقب جو حضرت آدم کی زوجہ تھیں.

ام البلاد اند. (لفظاً) قدیم ترین شہر، (مراداً) مکہ معظمہ کا لقب.

ام الخبائث است. (لفظاً) برائیوں کی جڑ، (مراداً) شراب.

ام القرآن است. کلام اللہ کی پہلی سورۃ جو کلمۂ 'الحمد' سے شروع ہوتی ہے، الحمد کا سورہ، سورۂ فاتحہ.

ام القریٰ است. (شہروں کی ماں) مکہ معظمہ.

ام الکتاب است. ۱. قرآن پاک. ۲. سورۂ فاتحہ. ۳. لوح محفوظ.

ام المومنین است. (لفظاً) مومنین کی ماں، (مراداً) پیغمبر اسلام صلی اللہ

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدول، بغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تو = تنوین، (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

علیہ وآلہ وسلم کی ہر زوجۂ مطہرہ .

اَما (فت ا) کلمۂ تخاطب یا ندا.
بے تکلفی سے مخاطب کرنے کا کلمہ ، اے میاں ، ارے بھائی . [ا] .

اِما (کس ا) امث ؛ ج : ~ اماہ.
لونڈیاں ، کنیزیں .

اَمّا (۱) (فت ا ، شدم) امث .
اماں کا مخفف .

اَمّا (۲) (فت ا ، شدم) حرف استثنا.
لیکن ، مگر . [ع] .

اما بعد م ف . اب اس کے بعد ، حمد ونعت وغیرہ کے بعد اصل مطلب کی طرف رجوع کا کلمہ (تقریر وتحریر میں مستعمل) .

اَمارات (فت ا) امث ؛ ج .
نشانیاں ، علامتیں ، امارت کی جمع .

اَمارَت (فت ا ، ر) امث .
نشانی ، علامت . [ع] .

اِمارَت (کس ا ، فت ر) امث .
ا.حکومت ، شاہی ، امیری ، حاکمی ، سرداری .۲. دولت مندی ، ثروت . [ع] .

اَمّارَہ (فت ا ، شدم ، فت ر) صف .
فقط اپنی مرضی پر چلنے والا ، نفسانی خواہش کی پیروی کرنے والا ، سرکش ، بے قابو (عموماً نفس ، کے لیے مستعمل) .

اَماکِن (فت ا ، کس ک) اند ؛ ج .
مکانات ، مقامات ، بستیاں ، جگہیں .

اماکن شریفہ / متبرکہ / مقدسہ اند ؛ ج .
زیارت گاہیں ، مقدس مقامات .

اِمالَہ (کس ا ، فت ل) اند .
ا. میلان ، مائل یا منتقل ہونا .۲. منتقل کرنا .۳. حقیقت یا ماہیت کو بدل دینے کا عمل ، قلب ماہیت .۴. (طب) کسی مادے کو عضو علیل سے دوسرے عضو کی طرف پھیر دینے کا عمل .۵. (قواعد) (i) فتحے کو کسرے کی طرف مائل کر دینا ؛ ہاے ہوز یا الف مقصورہ کو جو الفاظ کے آخر میں ہوں جمع کی حالت میں یا حرف ربط کے ساتھ یاے مجہول سے بدل دینا ، جیسے : اچھا اچھے کے پاس بیٹھتا ہے برابرے کے پاس ، یا میرا کیا ذکر ہے بڑے بڑوں نے اس کام میں ہاتھ ڈالنے کی جرأت نہیں کی . (ii) جس لفظ کے آخر میں 'ع' ہو جب اس کے بعد حرف ربط آئے تو اس کے حرف ماقبل کا فتحہ کسرے سے بدل دینا ، جیسے : یہ مطلع اس مطلع سے بہتر ہے . [ع] .

اِمالی (کس ا) صف .
امالہ سے منسوب امالے کے ذریعے سے پیدا کیا ہوا .

اِمام (کس ا) اند .
ا. کسی جماعت کا مقتدا ، پیشوا ، سردار ، رہبر .۲. کسی خاص علم یا فن کا ماہر ؛ جیسے : امام غزالی وغیرہ .۳. نماز پڑھانے والا ، پیش نماز .۴. تسبیح کا پیش دانہ جسے تسبیح کے ڈورے میں دونوں سرے ملا کر پرو دیا جاتا ہے . ۵. علم جو تعزیے کے آگے لے جاتے ہیں .۶. (i) (اہل سنت) وہ فقیہ جس نے قرآن و سنت و اجماع و قیاس سے استنباط و استخراج مسائل کر کے فقہ کو مدون کیا . (ii) (جعفری) حضرت علی اور ان کے گیارہ جانشینوں میں سے ہر ایک .۷. (تعمیر) وہ تاگا جس سے تعمیر کے وقت معمار دیوار کی سیدھ ناپتا ہے . [ع] .

امام اعظم اند. حضرت ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (۶۹۹ع ـ ۷۶۷ع) کا لقب ، (اہل سنت کے چار اماموں میں سے پہلے امام ، جن کے مقلد حنفی کہلاتے ہیں) .

امام باڑا اند . ~ امام بازہ ~ امام بارگاہ. وہ مکان جو حضرت امام حسینؓ کی عزاداری کے واسطے مختص ہو ؛ عزا خانہ .

امام ضامن (کس صف) اند. (جعفری) 'بارہ اماموں میں سے آٹھویں امام کا لقب ، یہ بھی خیال ہے کہ آپ جس طرح خلق اللہ کی بخشش کے ضامن ہیں اسی طرح حیوانات کے بھی بعض اوقات صیادوں سے ضامن ہو گئے ہیں' .

امام ضامن (بلا اضا) اند. امام ضامن کے نام کا سکہ یا کوئی قیمتی چیز کو کپڑے میں لپیٹ کر مسافر یا بیمار کے بازو پر باندھتے ہیں اور جسے منزل پر پہنچنے یا صحت یاب ہونے کے بعد نذر نیاز یا کسی خیرات وغیرہ میں

صرف کر دیتے ہیں .

اِمامَت امث .

ا. امام کا منصب یا کام .۲. (مجازاً) خلافت . [ع] .

امام دستہ امذ. لوہے یا کسی اور سخت دھات سے بنا ہوا اوکھلی کی شکل کا ظرف اور کوٹنے کی موسلی جس میں مسالے دوائیں وغیرہ کوٹتے ہیں . (ہاون دستہ) .

اِمامَین (کس ا، ی لین) امذ .

(لفظاً) دو امام ، (مراداً) امام حسن اور امام حسین علیہ السلام .

اِمامِیَہ / اِمامِیَّہ (کس ا، م ، فت ی / شدی بفت) امذ ؛ صف .

ائمۂ اہل بیت کے ماننے والے مسلمان ، فرقۂ شیعہ ؛ فرقۂ شیعہ کا فرد ؛ فرقۂ شیعہ کا مسلک . [ع] .

اَمان (فت ا) امث ؛ امذ (قدیم) .

پناہ ، حفاظت ، امن ، سلامتی . [ع] .

اَماں (فت ا ، غنہ) کلمہ تخاطب یا ندا .

ا. دیکھیے : اما .۲. (قدیم) اماں کی تخفیف .

اَمّاں (فت ا ، شدم ، غنہ) امث ؛ ~ اما .

ا. ماں ، مادر ؛ خوشدامن .۲. بڑی عمر کی عورتوں کو محبت یا تعظیم سے مخاطب کرنے کا کلمہ (اکثر ان کا رشتہ ظاہر کرنے والے کلمہ کے ساتھ مستعمل) .

اَمانَت (فت ا ، ن) (الف) امث .

ا. وہ چیز (نقد ، جنس یا بات) جو کسی کو (جوں کی توں واپس لینے یا محفوظ رکھنے کے لیے) سونپی جائے ، کسی کی حفاظت میں دی ہوئی چیز ، سپرد کی ہوئی چیز .۲. ودیعت الٰہی ، خداے تعالیٰ کی بخشی ہوئی دولت ایمان وغیرہ (جسے دنیا سے صحیح سالم اس کی بارگاہ میں لے جانے کی پابندی ہے) .۳. دیانت داری ، ایمانداری .۴. سلامتی ، حفاظت ، امان .۵. (بندوبست) پیمائش کا عہدہ یا کام ، امین کا منصب . (ب) م ف . بطور امانت ، حق دار کو پہنچانے کے لیے محفوظ .

(ج) صف . مامون و محفوظ . [ع] .

امانت دار صف . ا. وہ جس کی حفاظت میں کوئی چیز دی جائے ، امانت رکھنے والا ، محافظ ، امین .۲. ایمان دار ، دیانت دار .

امانت داری امث . امانت دار سے اسم کیفیت ، دیانت داری .

امانت رکھنا ف مر . کسی چیز کو (بجنسہ) محفوظ رکھنا ؛ کوئی شے (جوں کی توں واپسی کے لیے) کسی کے سپرد کرنا .

امانت میں خیانت امث . کسی کی امانت رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا .

امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی مقولہ . کہتے ہیں کہ سونپ دینے سے زمین لاش میں تصرف نہیں کرتی اس لیے امانت میں خیانت ہو جانے پر یہ مقولہ بطور ملامت و الزام کہا جاتا ہے .

اَمانَةً / اَمانَتاً (فت ا ، ن ، تن ت بفت) م ف .

بطور امانت . [ع] .

اَمانی (۱) (الف) امث .

ا. وہ کام جس کا ٹھیکہ نہ دیا جائے اور خود اپنی نگرانی میں اجرت پر کرایا جائے ، اجارے کی ضد .۲. تحفظ جو امان یا امانت کی بنا پر ہو . [ع] .

اَمانی (۲) (فت ا) امذ ؛ امث ؛ ج .

آرزوئیں ، خواہشیں ، تمنائیں . [ع] .

اَماوَٹ (فت ا ، و) امذ .

آم کا گودا ، امرس .

اَماوَس (فت ا ، و) امث ؛ ~ اَماس ، اماس .

قمری مہینے کی آخری رات جو بہت تاریک ہوتی ہے (اس رات میں قران شمس و قمر ہوتا ہے) . [س] .

اَمْب / اَمْبا (فت ا ، سک م) امذ .

دیکھیے : آم .

اَمْبَر (فت ا ، سک م ، فت ب) امذ .

ا. آسمان : کرۂ ہوا ، فضا ؛ بادل .۲. لباس ، چادر ، غلاف ، اوڑھنا ، عموماً مرکبات میں مستعمل . [س] .

اَمْبی / اَمْبِیا (فت ا ، سک م / کس ب) امث .

چھوٹا سا کچا آم ، کیری (امب / انب کی تصغیر) . [س] .

اَمْپائر (فت ا ، سک م ، کس ی ج ، و) امذ .

وہ شخص جو کھیل میں فریقین سے مقررہ ضابطوں پر عمل کرانے اور ہار جیت وغیرہ کا فیصلہ کرنے کے لیے مامور ہو ، کھیل کا منصف . [انگ] .

امت (ضم ا، شدم بفت) امث.
کسی پیغمبر پر ایمان لانے اور اس کی پیروی کرنے والی جماعت، خصوصاً حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیرو. ۲. کسی خاص غیر دینی نظریے کے ماننے والوں کی جماعت، کوئی مخصوص صفت رکھنے والوں کا گروہ. ۳. قوم، برادری. [ع].

امت مرحوم / مرحومہ / مغفور امث. مسلمانوں کی جماعت جو رحمت الٰہی یا مغفرت کی مستحق خیال کی گئی ہے، مسلم قوم، مومنین.

اِمتِثال (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ.
تعمیل، حکم ماننا، فرمائش کے مطابق کام کرنا. [ع].

اِمتِحان (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ.
۱. آزمائش، جانچ، پرکھنے کا عمل. ۲. طالب علم کی قابلیت کی تحریراً یا تقریراً جانچ (جو نصاب تعلیم ختم کرنے کے بعد اسکول کالج یا یونیورسٹی کی طرف سے مقرر ضابطے کے تحت کی جائے)، علمی قابلیت کی مقرر طریقوں سے آزمائش. ۳. مقدمے میں وکیل کی جرح. ۴. (سائنس) کیمیائی تجزیے یا تجربے سے کسی مادے کے اجزائے ترکیبی اور خواص دریافت کرنے کا عمل، عملی تجربہ. ۵. طبی معائنہ. ۶. دریافت، استفسار، تفتیش. [ع].

امتحان گاہ امث. آزمائش کی منزل، جانچنے اور پرکھنے کی جگہ، وہ مقام جہاں امتحان لیا جائے.

امتحان میں پورا اترنا محاورہ. آزمائش میں ثابت قدم رہنا، کامیاب ہونا، معیار کے مطابق ہونا.

امتحان میں ڈالنا محاورہ. آزمائش میں مبتلا کرنا، کسی مصیبت یا بلا میں گرفتار کرنا.

اِمتِحاناً (کس ا، سک م، کس ح ت، تن ن بفت) م ف.
آزمائش کی غرض سے، بطور آزمائش.

اِمتِحانی (کس ا، سک م، کس ح ت) (الف) صف.
۱. امتحان سے منسوب: آزمایا ہوا. ۲. امتحان کا؛ امتحان میں پوچھے جانے کے قابل، جیسے: امتحانی پرچے، امتحانی سوالات وغیرہ. (ب) م ف. امتحان کی غرض سے، آزمائش کے لیے.

اِمتِداد (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ.
۱. (وقت یا زمانے کی) درازی، طول مدت. ۲. کھنچاو، تناو. ۳. (طول عرض یا عمق کا) پھیلاو. [ع].

اِمتِزاج (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ.
۱. دو یا زیادہ چیزوں کی ترکیب یا آمیزش، مل کر ایک ہو جانا.
۲. اختلاط، میل محبت اور اتحاد. [ع].

اِمتِزاجی (کس ا، سک م، کس ح ت) صف.
۱. امتزاج سے منسوب. ۲. (نحو) وہ دو یا زیادہ الفاظ جو مل کر ایک ہو گئے ہوں (عموماً مرکب کے ساتھ مستعمل).

اِمتِناع (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ؛ امث.
۱. روک تھام، ممانعت، منع کرنا. ۲. نفی، نہ ہونا، امکان کی ضد. [ع].

اِمتِناعی (کس ا، سک م، کس ح ت) (الف) صف.
امتناع سے منسوب: روک تھام یا باز رکھنے سے متعلق امر، ممانعت پر مبنی بات. (ب) امذ. (قدیم). امتناع

اُمّتی (ضم ا، شدم بفت) صف.
۱. امت سے منسوب؛ امت کا، جو امت میں شامل ہو. ۲. میری امت.

اِمتِیاز (کس ا، سک م، کس ح ت) امذ.
۱. فرق، تمیز. ۲. پہچاننے کا عمل، شناخت، پہچان، پہچاننا. ۳. فوقیت، برتری، ترجیح، بڑائی، افتخار. ۴. خصوصی انداز، خصوصیت. ۵. عزت و احترام. ۶. شعور، فہم، سلیقہ. ۷. (تعلیمات) امتحان کے موقع پر کسی مضمون میں ۷۵ فی صدی یا اس سے زیادہ نمبر حاصل کرنا. [ع].

اِمتِیازی (کس ا، سک م، کس ح ت) (الف) صف.
۱. خصوصی، ممتاز، خاص وصف رکھنے والا، نمایاں. ۲. تمیز کرنے والا، پہچان رکھنے والا، صاحب امتیاز. (ب) امذ. مصاحب، درباری. (ج) امث (قدیم). امتیاز.

اَمثال (فت ا، سک م) (الف) امذ؛ ج.
۱. مثل و مانند، ہمصورت، ہم رتبہ، برابر کے (اشخاص)، (اکثر اقران کے ساتھ مستعمل). ۲. (i) اشکال، مختلف صورتیں. (ii) (تصوف) وہ مادی مظاہر جن میں عارف کو جلوۂ الٰہی نظر آئے. (ب) امث. کہاوتیں،

مقولے . [ع] .

اَمْجَد (فت ا ، سک م ، فت ج) صف .

بہت یا نہایت عزت والا ، سب سے زیادہ صاحب عزت ، بزرگ تر . [ع] .

اَمْچُور (فت ا ، سک م ، و مع) اند .

کچے آم کی ، دھوپ میں سکھائی ہوئی پھانک ، پھانکیں یا چورا ، کھٹائی ، سوکھی ہوئی کیری .۲. (مجازاً) بہت دبلا پتلا ، سوکھا ہوا آدمی .

امچور نکال دینا محاورہ . ادھ موا کر دینا ، کچل ڈالنا .

اِمْداد (کس ا ، سک م) است : اند (قدیم) .

۱. مدد ، اعانت .۲. (i) عطا ، عطیہ ، بخشش . (ii) وہ زر نقد یا جنس یا فنی تربیت وغیرہ جو بڑے ملکوں کی جانب سے چھوٹے یا کم ترقی یافتہ ملکوں کو ملے .۳. مہربانی ، نوازش ، عنایت .۴. وہ رقم یا مال جو کسی ادارے کو دیا جائے (بیشتر سرکار کی طرف سے) .۵. چندہ . [ع] .

امداد باہمی است . (لفظاً) ایک دوسرے کی مدد کرنا ، (مراداً) مشترکہ سرمایے سے انجمن بنا کر کاروبار کا ایک طریقہ جس پر خاص اصولوں کے تحت حکومت کی نگرانی میں عمل کیا جاتا ہے ؛ اس قسم کی انجمنوں کی نگرانی کا ایک سرکاری شعبہ یا محکمہ .

اِمْدادی (کس ا ، سک م) صف .

۱. امداد سے متعلق : جو امداد کے طور پر ہو (انعام یا صلہ نہ ہو) .۲. وہ ادارہ جو شخص یا اجتماعی سرمایے کے ساتھ سرکار کی مالی مدد سے چلایا جائے .

اُمْڈْنا (ضم ا ، فت م ، سک ڈ) ف ل .

دیکھیے : اُمنڈنا .

اَمَر (فت ا ، م) صف .

۱. جس کو موت نہ آسکے ، لافانی ، جاودانی ، لازوال . (ب) اند . آم کا درخت ؛ دیوتا ؛ ایک نرت کا نام ؛ پارہ . [س] .

امر بیل است .

اکاس بیل ، (لاطینی) Cuscuta Reflexa Roxb .

اَمْر (فت ا ، سک م) اند .

۱. کوئی کام کرنے کی ہدایت ، حکم ، فرمان ، نہی یا ممانعت کی ضد .۲. اجازت ، اذن ؛ وہ بات جس کی اجازت ہو .۳. معاملہ ، مسئلہ ، باب .۴. کام ، فعل و عمل .۵. بات .٦. (صرف) وہ فعل مشتق جس میں حکم پایا جائے . [ع] .

امر بالمعروف اند .

(لفظاً) نیکی کی ہدایت ؛ (دینیات) واجبات سے آگاہ کرنا ، فرائض شرعی بجا لانے کا حکم دینا (عموماً 'نہی عن المنکر' کے ساتھ مستعمل) . [ع] .

امر ونہی اند .

۱. (لفظاً) حکم اور ممانعت ، (مراداً) انتظام کلی ، سیاہ و سفید کا اختیار .

۲. (اسلامیات) تکلیفات شرعی ، حلال و حرام .

اُمَرا (ضم ا ، فت م) (الف) طور واحد .

امیر ، دولت مند ، حاکم . (ب) طور جمع ۱. دولتمند لوگ ، اہل ثروت .۲. اعیان حکومت ، حکام سلطنت ، مملکت یا دربار کے بڑے لوگ ، اہل اقتدار .

اَمْراض (فت ا ، سک م) اند ؛ ج .

۱. بیماریاں ، عارضے ، روگ .۲. (مجازاً) علتیں ، عیوب ، خرابیاں .

امراض خبیثہ کس صف ، اند . وہ بیماریاں جن سے لوگ اجتناب کریں ، متعدی بیماریاں ، خصوصاً سوزاک و آتشک وغیرہ .

اُمْراو (ضم ا ، سک م ، سک و) اند ؛ ج (قدیم) .

دیکھیے : امرا (طور جمع) .

اُمَرائی / اُمْرائی (ضم ا ، فت م / سک م) صف .

امیری ، دولت مندی یا شاہی .

اَمْرِت / اِمْرِت (فت ا ، سک م ، کس ر / کس ا ، فت ر) اند .

۱. آب حیات ؛ تریاق .۲. (مجازاً) خوش ذائقہ اور شیریں . [س] .

امرت دھارا است . ایک مشہور دوا جو بہت سی بیماریوں میں مختلف بدرقات کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے .

اِمَرْتی (کس ا ، فت م ، سک ر) است .

ماش کے آٹے کی گول بل دار کناروں کی ایک مٹھائی جو جلیبی کی طرح تیار کی جاتی ہے .

اَمْرَد (فت ا ، سک م ، فت ر) اند .

بے داڑھی مونچھ کا نوعمر حسین لڑکا ، بے ریش ، کم سن . [ع] .

امرد پوست اند . نوعمر لڑکوں سے عشق و محبت کرنے والا ، لوطی .

اَمْرَس (فت ا، سک م، فت ر) اند.
۱.آم کا نچوڑ کر خشک کیا ہوا رس، آم کے رس کی پپڑی ۲.(مجازاً) کثیف اور بہت زیادہ میلا کپڑا جو میل سے سخت اور سیاہ ہو جائے. [س].

اِمْروتی (کس ا، سک م، ولین) است.
(بھنڈے برداری) کلی کی آب ـنے کے اوپر کی گاو دم بنائی ہوئی نوک جس پر چلم رکھی جاتی ہے.

اَمْرُود (فت ا، سک م، ومع) اند.
گول یا مخروطی شکل کا مشہور پھل جس کا پوست سبزی یا زردی مائل اور جس کے اندر چھوٹے چھوٹے نرم بیجوں کا گچھا ہوتا ہے، جام، (لاطینی) Psidiom pyriferum or pomiferum. [س].

اِمْروز (کس ا، سک م، وج) م ف.
۱.آج، آج کا دن ۲.(مجازاً) عہد حاضر.

امروز (و) فردا (الف) اند. ٹال مٹول، حیلہ حوالہ. (ب) م ف. جلد، عنقریب، آج کل میں.

اِمْروزَہ (کس ا، سک م، وج، فت ز) صف.
۱.آج کا، عہد حاضر کا ۲. وقتی، عارضی، غیر مستقل.

اَمْریَاں (فت ا، سک م، فت ر، شدی) اند.
آموں کے باغ جہاں آم کے درختوں کے جھنڈ کے جھنڈ ہوں. [ہ].

اَمْرِیکَن/امریکن (فت ا، سک م، ی مع، فت ک/فت ا م، ی ج، فت ک) صف.
امریکا سے منسوب: امریکا کا (باشندہ یا سامان وغیرہ). [انگ].

اَمَس/اُمَس (فت ا، فت م/ضم ا، فت م) است.
۱.گھٹی ہوئی گرمی جو برسات میں ہوا بند ہو جانے سے ہوتی ہے، حبس، گھمس ۲.(مجازاً) (قدیم) گرم جوشی، جوش، ولولہ، امنگ، حوصلہ، ہمت.

اِمْساک (کس ا، سک م) اند.
۱.رکاؤ، بندش، رکنا، ٹھہرنا ۲.بخل، کنجوسی ۳.ایسی دوا جس کے کھانے سے انزال دیر میں ہو، ممسک. [ع].

اِمْسال (کس ا، سک م) م ف.
اس سال، اب کے برس. [ف].

اَمْسِلَہ (فت ا، سک م، کس ج س، فت ل) اند؛ ج.
مسلیں، (متعدد) فائل وغیرہ.

اُمْسنا (ضم ا، فت م، سک س) ف ل.
۱.اُبسنا ۲.اوپر کو اچکنا، ابھرنا.

اِمْضا (کس ا، سک م) (الف) اند.
۱.(حکم وغیرہ کا) اجرا، نفاذ، جاری یا نافذ ہونا ۲.ارسال، بھیجنا، روانہ کرنا. (ب) است. دستخط یا مہر جو اجرا کی تصدیق کے طور پر ثبت ہو. [ع].

امضا پذیر صف. نفاذ کو قبول کرنے والا، جاری، نافذ.

اِمْعان (کس ا، سک م) اند.
گہری نظر ڈالنے کا عمل، غور، سوچ بچار، تیز فہمی. [ع].

اِمْکان (کس ا، سک م) (الف) اند.
۱.ممکن ہونے کی صورت حال، ہو سکنا، محال کی ضد ۲.مجال، مقدور، طاقت ۳.اختیار، قابو ۴.وجود کی وہ حالت جو عارضی ہو اور جس میں کسی شے کا ہونا نہ ہونا دونوں یکساں ہوں، وجوب کی ضد، (مجازاً) عالم فنا ۵.ممکنات و مخلوقات، موجودات عالم (اکثر عالم یا دنیا کے ساتھ مستعمل). (ب) صف (مجازاً) ممکن. [ع].

امکان بھر م ف. جہاں تک مقدور یا طاقت میں ہو.

اِمْکانی (کس ا، سک م) صف.
ممکن، جو مقدور میں ہو، مقدور بھر.

اَمَک ڈھَمَک (فت ا، م، ڈھ، م) اند.
۱.ایرا غیرا، ایسا ویسا، کم حیثیت اور بے قدر آدمی (ایک ساتھ اور الگ الگ دونوں طرح مستعمل) ۲.فلاں، فلاں فلاں ۳.وغیرہ، وغیرہ ۴.الم غلم، خراب اور نکمی چیزیں. [س].

اَمَل (کس ا، م) اند.
امید، آرزو. [ع].

اِمْلا (کس ا، سک م) است؛ اند.
۱.رسم الخط کے مطابق لکھاوٹ، تحریر ۲.الفاظ یا عبارت بول کر لکھوانے کا عمل ۳.استاد کا بتایا ہوا مضمون، لیکچر (جسے شاگرد لکھ لے).

املا نویس امث. استاد وغیرہ کے بولے ہوئے الفاظ یا عبارت لکھنے والا .

اَملاک (فت ا ، سک م) امذ ؛ ج.

مملوکہ چیزیں ، جائدادیں : آراضی ، مال و متاع ، مکانات وغیرہ . [ع] .

اِملاک (کس ا ، سک م) امث .

ملکیت ، جائداد . [ع] .

اَملتاس (فت ا ، م ، سک ل) امذ .

ا. جوز کے درخت کی طرح کا ایک لمبی کالی پھلی والا درخت جس کے پتے متوسط اور نوکدار پھول گچھے دار اور پیلے ہوتے ہیں ۲. املتاس کی پھلی کا گودا جو چپچپا بدبودار اور سیاہ رنگ ہوتا ہے (اکثر مسہلہ و ملینہ دواؤں میں مستعمل) . [س] .

اَملنا (فت ا ، م ، سک ل) ف ل .

ترشی سے دانتوں کا کھٹا ہوجانا .

اَملوک (فت ا ، سک م ، و ج) امذ .

ایک گول ٹماٹر کی شکل کا گہرا نارنجی کھٹ مٹھے پھل کا درخت یا اس کا پھل ، ایک طرح کا آملہ .

اِملی (کس ا ، سک م) امث .

ایک بہت چھوٹی چھوٹی اور ترش پتیوں کا گھنا درخت اور اس کی پھلی جسے چھیل کر کھٹائی کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے ، کتار ، تمر ہندی ، (لاطینی) . [س]

املی کی جڑ سے نکلا پتنگ (کی طرح) کہاوت. خلاف عقل یا خلاف امید امر کے ظہور پذیر ہونے کی جگہ مستعمل .

املی کے پتے پر ڈنڈ (ڈنڑ) پیلنا کنایہ. فاقہ مستی میں اکڑتے پھرنا ، بے دولت اترانا . [ع] .

اُمَم (ضم ا ، فت م) امث .

امت کی جمع (ترکیب میں مستعمل) . [ع] .

اَمن (فت ا ، سک م) امذ .

ا. پناہ ، حفاظت ۲. آرام ، چین ، سکون ، دلجمعی ، اطمینان ۳. صلح و آشتی ، جنگ کی ضد .

امن امانی امث (قدیم) .سکون ، اطمینان ، امن چین .

امن و امان / امن چین امذ ا. بے فکری ، سکون ، آرام ، تسلی ؛ پناہ .

امن لینا محاورہ. حریف کے شرائط قبول کر کے اس کی پناہ میں چلا جانا .

اُمنا (ضم ا ، فت م) امذ ؛ ج.

ا. (لفظاً) بھروسے کے قابل اور امانت دار اشخاص ، (مراداً) وقف وغیرہ کے نگراں اصحاب ، ٹرسٹیز (Trusties) ۲. وہ عہدہ دار جو کسی جائداد کا انتظام اور مالگزاری اکٹھا کرتے ہیں ، محصل ۳. عدالت دیوانی میں مدیوں ڈگری کی جائداد قرق کرنے اور جانچنے والے عہدہ دار ، امین کے عہدے پر مامور اصحاب .

اُمنڈنا (ضم ا ، فت م ، مغ ، سک ڈ) ف ل .

ا. کسی کیفیت یا منظر کا جوش پر آنا ۲. بھر آنا ، ابل پڑنا (اشک یا دل وغیرہ کے ساتھ مستعمل) ۳. طغیانی پر آنا ، چڑھنا (پانی وغیرہ کے لیے مستعمل) ۴. گھر آنا ، ادھر ادھر سے سمٹ کر زور شور کے ساتھ چھا جانا (گھٹا وغیرہ کے لیے مستعمل) . ۵. شدت غم یا اور کسی ایسے ہی جذبے کے اظہار کے لیے بیچین ہو جانا دل یا طبیعت وغیرہ کا قابو میں نہ رہنا ۶. ہجوم کرنا ، جمع ہو کر ٹوٹ پڑنا . [س] .

اُمنگ (ضم ا ، فت م ، غنہ) امث .

ا. جوش ، ولولہ ، ترنگ ۲. خواہش ، تمنا ، آرزو ، شوق ۳. نہایت خوشی ، انبساط ، شادمانی ۴. کامیابی کا نشہ ، فخر ، تفاخر . [س] .

امنگ پر آنا / ہونا محاورہ. مست ہونا ، جوان ہونا ، جوانی کے جوش میں بھرنا ، شباب پر ہونا .

اَمنِیَت / اَمنِیّت (فت ا ، سک م ، کس ن ، فت ی / شدی بفت) امث .

ا. امن کی حالت ، امن و عافیت ، سلامتی ، محفوظیت ۲. جسم میں مرض کی مزاحمت اور مدافعت کی قوت و صلاحیت ، مرض کے حملے سے محفوظ ہونے کی کیفیت ، (انگریزی) Immunity . [ف + ع] .

اَموا (فت ا ، سک م) امذ .

آم ، آم کا درخت . [ع] .

اَموات (فت ا ، سک م) امث ؛ امذ ؛ ج.

ا. میتیں ، لاشیں ، مردے ۲. (مجازاً) موتیں . [ع] .

اَمواج (فت ا ، سک م) امث ؛ ج.

موجیں ، لہریں . [ع] .

اَموال (فت ا، سک م) اند؛ ج.
مال و دولت، سامان، اثاثے، مال کی جمع. [ع].

امور (ضم ا، و مع) اند؛ ج.
متعدد امر، بہت سے کام؛ بہت سے احکام؛ بہت سی باتیں، معاملات. [ع].

اَمونیا (فت ج ا، و ج، سک ن) اند.
نائٹروجن اور ہائیڈروجن کے مرکب سے پیدا شدہ بے رنگ تیز بو رکھنے والی گیس جو بعض دواؤں اور کیمیائی کھادوں میں کام آتی ہے. [انگ].

اَمونیم (فت ج ا، و ج، سک ن، فت ی) اند.
امونیا سے بنے ہوئے مرکبات یا مرکب. [انگ].

اُمّہات (ضم ا، فت م بشد) (الف) است؛ ج.
(اپنی اور اسلاف کی) مائیں، نانیاں دادیاں وغیرہ، امہہ کی جمع.
(ب) صف. اہم اور بنیادی اصول یا اشیا. [ع].

امہات اسما اند. خدائے تعالیٰ کے چار نام؛ اول، آخر، ظاہر اور باطن.

اُمہات الکتب است؛ ج. (علوم کی) بنیادی یا مسند کتابیں، (کسی فن کی) عظیم معتبر تر اور مستند تر تصانیف؛ صحف آسمانی.

امہات المومنین است؛ ج. پیغمبر اسلام کی بیویاں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات.

امہات سفلی است؛ ج. (لفظاً) وہ بنیادی چیزیں جو عالم ظاہر سے تعلق رکھتی ہیں، (مراداً) اربعہ عناصر؛ پانی، مٹی، آگ، ہوا.

امہات علوی است. (لفظاً) وہ بنیادی چیزیں جو عالم باطن سے تعلق رکھتی ہیں، (مراداً) علم، عقل، نفس اور روح.

اِمہال (کس ا، سک م) ف ل.
دیر، سستی، ٹال مٹول، دیر کرنا. [ع].

اَمّی (فت ا، شدم) است.
ماں، والدہ؛ ماں کو پکارنے کا کلمہ.

اُمّی (ضم ا، شدم) صف.
۱. ان پڑھ، بے پڑھا لکھا، ناخواندہ. ۲. اُم القریٰ (مکہ معظمہ) کا باشندہ. ۳. پیغمبر اسلام حضرت ختمی مرتب کا لقب جو بطور صفت مستعمل ہے. [ع].

اَمیبا (فت ج ا، ی مع) اند.
ایک قسم کا خلوی چھوٹا سا کیڑا جو خوردبین سے دکھائی دیتا اور اپنی شکل بدلتا رہتا ہے. [انگ].

اُمیّت (ضم ا، شدم بکس، شدی بفت) است.
۱. مادریت، ماں ہونا، امومت. ۲. ماں سے نسبت یا تعلق، مادری گھرانا. ۳. بے لکھا پڑھا ہونا، بے علمی. [ع].

اَمیٹھن / اُمیٹھن (فت ا، ی ج، فت ٹھ/ضم ا) است.
۱. (کتائی) تاگے کے دوسروں کو عارضی طور پر جوڑنے کے لیے مروڑی یا آدھی گرہ، آنٹ، بل، بھانج، مروڑی. ۲. (کتائی) سوت بٹنے کا ایک قائم کیلے پر گھومنے والا اوزار، تاگا بٹنے کی چرخی. [ا].

اَمیٹھنا / اُمیٹھنا (فت ا، ی ج، سک ٹھ/ضم ا) ف م.
۱. مروڑنا، بل دینا. [س].

اَمیٹھی / اُمیٹھی (فت ا، ی ج/ضم ا) است.
مروڑی.

اُمید/اُبید/اُمّید/اَبید/اُمّید (ضم ا، ی ج/ی مع/شدم، ی لین/ی مع/ی ج) است، اند (قدیم).
آس، توقع، آرزو، خواہش، تمنا، حمل کی حالت. [ف].

امید اٹھ جانا محاورہ. توقع نہ رہنا، آسرا جاتا رہنا، مایوسی ہونا.

امید باندھنا محاورہ. آس لگانا، توقع رکھنا.

امید بر آنا محاورہ. آرزو پوری ہونا، مقصود حاصل ہونا.

امید پر (پہ) دنیا قائم ہے فقرہ. ہر کام میں ناکامی کے خوف کے ساتھ کامیابی کی توقع بھی ضرور ہوتی ہے.

امید ٹوٹنا محاورہ. مایوس ہو جانا، آس باقی نہ رہنا.

امید سے ہونا محاورہ. حاملہ ہونا، پیٹ سے ہونا.

امید وار صف. ۱. (کچھ پانے کی آس لگانے والا، توقع رکھنے والا، متمنی. ۲. ملازمت وغیرہ کا خواہشمند؛ وہ طالب علم جس نے کامیابی کی توقع پر امتحان میں شرکت کرنے والا.

امید و بیم است. کامیابی اور ناکامی کی درمیانی حالت، اطمینان وخوف.

امیدوں پر پانی پھرنا محاورہ. آس بندھنے کے بعد مایوس ہونا.

اَمِیر (فت ا، ی مع) امذ.

۱. دولت مند، صاحب ثروت .۲. بادشاہ، سردار، قائد، حاکم، مملکت یا دربار کا بڑا رکن .۳. دینی پیشوا، حکمران شریعت، حاکم شرع. ۴.غزنویوں کے دور میں ہر معزز شخص کا لقب .۵. حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب (عموماً جناب اور حضرت کے ساتھ مستعمل). [ع].

امیر البحر امذ. بحری فوج کا افسر، فوج کے سمندری بیڑے کا افسر اعلیٰ.

امیر الجیش امذ. بری فوج کا افسر اعلیٰ، فوجی دستے کا کمانڈر.

امیر المومنین امذ. ۱. مومنوں کا سردار، خلیفہ یا امام؛ مسلمان بادشاہ وقت. ۲. (جعفری) حضرت علی کا لقب خاص.

امیر خانی است (قدیم). عورت نما مرد.

امیر کا اُگال غریب کا آدھار کہاوت. وہ چیز جو امیر آدمی کے لیے بیکار ہوتی ہے وہی ایک غریب آدمی کے لیے کارآمد.

امیر کی دائی سیکھی سکھائی کہاوت. امیر کے نوکر چاکر سب فنوں سے واقف اور ہوشیار ہوتے ہیں.

اَمِیری (فت ا، ی مع) (الف) است.

دولت مندی، ثروت؛ سرداری، حکومت. (ب) صف. امیر سے منسوب؛ امیرانہ، رئیسانہ. [ع].

اَمِین (فت ا، ی مع) (الف) صف.

جس پر اعتماد اور بھروسا کیا جا سکے، امانت دار، معتبر. (ب) امذ. ۱. وہ عہدیدار جو کسی جائداد کی نگرانی انتظام اور مالگزاری وغیرہ وصول اور جمع کرتا ہے، (انگریزی) ٹرسٹی .۲. عدالت دیوانی میں ڈگری کے مدیون کی جائداد قرق کرنے اور جانچنے والا عہدہ دار .۳. محکمہ مال میں پیمائش کرنے اور مزروعہ زمین کی حدیں مقرر کرنے اور ان کا نقشہ بنانے والا عہدہ دار .۴. پیغمبر اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب جو نبوت سے قبل لوگوں کی امانتیں محفوظ رکھنے کی بنا پر آپ کو عوام کی طرف سے ملا تھا .۵. مشہور فرشتے حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب جو خدا کا پیغام بے کم و کاست نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچانے پر مامور تھے. [ع].

اُمِّین (ضم ا، شد م، ی مع) امذ.

گیہوں اور جو جو پکنے سے پہلے ہی کاٹ لیے جائیں.

اَمِینی (فت ا، ی مع) است.

۱. امین کا عہدہ یا کام .۲. حفاظت، نگرانی، امانت داری.

اَن (ا) (فت ا) سابقہ، نفی.

اسما یا افعال کے شروع میں حسب ذیل معانی میں مستعمل؛ بے، بلا، بن، بغیر، نا، نہ، جیسے؛ ان بن، ان جان، ان مول، ان ہونی. [ع].

ان بجھا صف، مذ. بغیر بجھایا ہوا (عموماً چونے کے ساتھ مستعمل).

ان بن است. نااتفاقی، بگاڑ، رنجش.

ان پڑھ صف. ناخواندہ، بے پڑھا، جاہل.

ان تھک صف. نہ تھکنے والا، محنتی، مستعد.

ان جانا صف (الف). ۱. ناواقف، بے خبر .۲. ناشناسا، بیگانہ .۳. ناسمجھ، بھولا، ناتجربہ کار .۴. بن دیکھا، نیا، بے جانا بوجھا (مقام وغیرہ). ۵.غافل، بے پروا. (ب) م ف. نادانستگی میں، بے جانے بوجھے، بے سمجھے بوجھے.

ان جان بننا / ہونا محاورہ. جانتے ہوئے ایسا بن جانا جیسے نہیں جانتے، تجاہل عارفانہ کرنا.

ان جانی است. ۱. ان جانا جس کا یہ مونث ہے .۲. اجنبیت، غیریت. ۳.غفلت، بے خیالی؛ نادانی، ناواقفیت (اکثر "میں" اور "سے" کے ساتھ).

ان دیکھا / دیکھی صف مذ؛ صف مث. جسے دیکھا نہ ہو، نادیدہ، ان دیکھا کی تانیث.

ان سنی صف، مث. جو بات کبھی سنی نہ گئی ہو، ناشنیدہ.

ان سنی کرنا محاورہ. بات سن کر ایسا بن جانا جیسے سنی ہی نہیں، انجان بننا.

ان کہا صف، مذ. ۱. جو کہنا نہ مانے، ضدی، سرکش .۲. جو کہا نہ گیا ہو.

ان کہی صف، مث. ۱. نہ کہنے کے قابل، ناگفتنی، برت (بات).

ان گنت صف. بے شمار، لاتعداد، بے اندازہ.

ان مول صف. بیش قیمت، بیش بہا، نادر، اعلیٰ درجے کا.

ان ہونی صف. ناممکن بات یا کام؛ جو مقدر میں نہ ہو.

ان ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہوون ہار کہاوت. ناممکن بات کبھی نہیں

ہوتی اور مقدر کی لکھی ہرگز نہیں ٹلتی .

اَن (۲) (فت ا) صف .
دوسرا ، غیر ، کوئی اور . [س] .

ان داتا صف ؛ امذ . ا. رزق رساں ، روزی دینے والا ؛ رب ، خدا ۲. آقا ، مالک ، حاکم ، بادشاہ .

اِن (کس ا) اشارہ قریب .
ا. اس کی جمع ۲. تعظیماً واحد کے لیے مستعمل .

ان تلوں (میں) تیل کہاں/ نہیں کہاوت . بے مروت یا بخیل ہیں ، پسیجتے نہیں ، رکھائی کرتے ہیں ، اثر قبول نہیں کرتے .

اِن دنوں م ف . اس دور میں ، آج کل ، عصر حاضر میں .

اُن (ضم ا) اشارۂ بعید .
اُس کی جمع ؛ تعظیماً واحد کے لیے بھی مستعمل .

... ان (۱) (لف ا) لاحقہ .
ا. فعل امر کے بعد حاصل مصدر کی علامت جیسے : اُٹھان ، اُڑان . ۲. اسم ظرف مکان کی علامت ، جیسے : کھدان (= مٹی کھودنے کی جگہ) ، چڑھان ، چڑھائی کی جگہ ۳. اسمائے مونث کی جمع (فاعلی ، اضافی) کے لیے ، جیسے : کرسیاں ، گھوڑیاں وغیرہ ۴. (i) (قدیم) مذکر اسما کی جمع کے لیے ، جیسے : پھولاں ، بیلاں . (ii) مونث اسما صفات حروف جار اور مونث افعال کی جمع کے لیے ، جیسے : عورتاں ، اکیلیاں ، کالیاں ، کیاں (' کی ' کی جمع) ، آتیاں ، جاتیاں وغیرہ . (iii) امدادی افعال مونث کی جمع کے لیے ، جیسے : کرتیاں ، تھیاں .

... ان (۲) لاحقہ (عربی) .
ا. تثنیہ کے لیے ، جیسے : رجلان (= دو مرد) ، امامان (= دو امام) وغیرہ . ۲. جمع کے لیے ، جیسے : شبان (واحد : شباب = جوان) ، خلان (واحد : خلیل = دوست) وغیرہ . ۳. صفت کے لیے ، جیسے : رحمان (= بہت رحم کرنے والا) ، عطشان (= بہت پیاسا) وغیرہ . ۴. مصدر کے لیے جیسے : سلطان (= غلبہ کرنا) ، عرفان (= پہچاننا) ، سیلان (= جاری ہونا) ، میلان (= رغبت کرنا) وغیرہ . ۵. مبالغے کے لیے ، جیسے : دیان (= بہت زیادہ دیندار) وغیرہ .

... ان (۳) (لف ا) لاحقہ (فارسی) .
ا. حالیہ ناتمام و اسم فاعل کے لیے ، جیسے : فروزاں (= چمکتا ہوا یا چمکنے والا) ، نالاں (= روتا ہوا یا رونے والا) ، خنداں (= ہنستا ہوا یا ہنسنے والا) ، سوزاں (= جلتا ہوا یا جلنے والا) وغیرہ ۲. اسما کی جمع کے لیے ، جیسے : دوستاں (واحد : دوست) ، درختاں (واحد : درخت) وغیرہ .

اَنَا (فت ا) (الف) عربی کی ضمیر متکلم ، اردو میں اکثر عربی الفاظ کی ترکیبات میں مستعمل .
ا. میں ، خود . انا الحق کی تخفیف . (ب) امث . ا. اپنی ذات اور شخصیت کا اظہار ، خودی ، غرور ، اہنکار ۲. (تصوف) وجود حق کہ ذات اپنے آپ کو اس کے ساتھ تعبیر کرتی ہے مرتبۂ وحدت و حقیقت محمدی ﷺ .

انا الحق عربی فقرہ اردو میں مستعمل . (لفظاً) میں حق (خدا) ہوں ، (مراداً) ایک کلمہ جس کو منصور حلاج جو عارف اللہ تھے محویت اور استغراق کے عالم میں کہا ، ہمہ اوست .

اَنّا (فت ا ، شدن) امث .
بچے کو اجرت پر دودھ پلانے والی عورت .

اِنابَت (کس ا ، فت ب) امث .
خدا کی طرف رجوع ہونا ، توبہ کرنا .

اَناپ شَناپ (فت ا ، ش) م ف .
ا. بے اندازہ ، بے حساب ۲. اُوٹ پٹانگ ، بے سروپا ، بے تکا ، فضول ، مہمل ، سوچے سمجھے .

اَناتھ (فت ا) صف .
بے والی وارث ، بے سہارا ، بے یار و مددگار ، لاوارث .

اناتھ آشرم امذ . محتاج خانہ ، یتیم خانہ .

اِناث (کس ا) امث .
انثی کی جمع ، عورتیں ، ذکور کی ضد .

اَناج (فت ا) امذ .
غلہ (گیہوں ، جو ، چاول ، چنا ، جوار ، باجرہ ، مکئی) ؛ اناج کا پودا ، جنس .

اَنار (فت ا) امذ .
ا. ایک مشہور گول یا جگہ جگہ سے پچکا ہوا سخت چھلکے کا پھل جس کے

اندر زرد کھال کے پرتوں میں سیکڑوں رس دار دانے بھرے ہوتے ہیں (مزے میں میٹھا، کھٹا یا کھٹمٹھا)، رمان: اس پھل کا پودا. ۲. ایک قسم کی آتش بازی: انار کی شکل سے ملتا جلتا بارود بھرا ہوا مٹی کا خول جس کے منھ میں ایک سوراخ ہوتا اور جس سے آگ دکھانے پر فوارے کی دھاروں کی طرح چنگاریاں برآمد ہوتی ہیں. [ف].

انار دانہ اند. پکے ترش انار کے سکھائے ہوئے دانے جو کھٹائی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں.

اَناری (فت ا) صف.
انار سے منسوب: انار کی شکل یا رنگ کا.

اَناڑی (فت ا) صف.
ناتجربہ کار، سیکھتو، پھوہڑ، بے سلیقہ (مرد یا عورت).

اناڑی پن/ پنا اند. ناواقفیت، ناتجربہ کاری، حماقت.

اناڑی کی بندوق امث. بے تکا کام، ناتجربہ کاری کا نمونہ.

اُناسی (ضم ا) صف.
ایک کم اسی، ستر اور نو، (ہندسوں میں) ۷۹.

اَنام (فت ا) اند.
مخلوقات، خلق اللہ (اکثر ترکیب میں مستعمل).

اَنامِل (فت ا، کس م) اند؛ امث؛ ج.
انگلیوں کے سرے جن پر ناخن ہوتے ہیں؛ (مجازاً) انگلیاں، انگلیوں کے پور. [ع].

اَنانِیَت/ اَنانِیَّت (فت ا، کس ن، فت ی/ شدی بفت) امث.
۱. خودی، غرور، پندار، خودپرستی، خودستائی ۲. (تصوف) دیکھیے: انا، معنی نمبر ۳

اَنائِیَت/ اَنائِیَّت (فت ا، کس ء، فت ی/ شدی بفت) امث.
اپنی زیادہ سے زیادہ مسرت کا مقصد حاصل کرنے کا نظریہ، ہر فعل کی غرض و غایت اپنی ذات کو قرار دینے کا مسلک.

اَنبار (فت ا، غنہ؛ مغ (قدیم)) اند.
ڈھیر، ذخیرہ، تودہ، بوجھ. [ف].

اَنبَر (فت ا، غنہ، فت ب) اند؛ ~ امبر.
۱. آسمان ۲. لباس، پوشاک ۳. ایک مشہور خوشبو، عنبر.

اِنبِساط (کس ا، غنہ، کس مج ب) اند؛ امث.
۱. خوشی، بہجت، شادمانی، سرور ۲. کشادگی، پھیلاو.

اَنبوہ (فت ا، غنہ، و مج) (الف) اند.
مجمع، بھیڑ، ہجوم، کثرت، فراوانی. (ب) م ف. کثرت کے ساتھ ہجوم کیے ہوئے. [ف].

اَنبَہ (فت ا، غنہ، فت ب) اند.
آم.

اَنبِیا (فت ا، غنہ، کس ب) اند.
متعدد نبی یا پیغمبر.

اَنپڑنا (فت ا، مغ، سک) ف ل.
پانا، پہنچنا، آنا. [س].

اَنت (فت ا، سک ن، ت) (الف) اند.
۱. بھید، رمز، کنہ ۲. (i) وقت آخر، خاتمہ (زندگی کا). (ii) حد و نہایت، اور چھور، انتہا ۳. نتیجہ، مآل، انجام. (ب) صف. آخر کا، آخری، انجام سے متعلق. (ج) م ف. آخر میں، آخرکار.

انت بھلا سو بھلا کہاوت. ۱. جس کام کا انجام یا نتیجہ اچھا ہو وہ اچھا ہے ورنہ برا ۲. آخرت کی بھلائی سب سے بہتر ہے.

اُنتالِیس (ضم ا، سک ن، ی مع) صف.
ایک کم چالیس، تیس اور نو، (ہندسوں میں) ۳۹.

اِنتِباہ (کس ا، سک ن، کس مج ت) اند.
باخبری، آگہی، (اپنی غلطی یا غفلت سے) آگاہ ہونا ۲. تہدید، تنبیہ، دھمکی، تخویف، الٹی میٹم.

اِنتِباہی (کس ا، سک ن، کس مج ت) امف.
انتباہ سے منسوب؛ جو پہلے سے خبردار یا آگاہ کر دینے کے لیے ہو.

اِنتِخاب (کس ا، سک ن، کس مج ت) (الف) اند.
۱. مختلف چیزوں میں سے ایک یا زیادہ چیزوں کا چناؤ، چھنٹائی، پسند کے مطابق چن لینا ۲. (سیاست) کثرت آرا سے کسی فرد کو کسی جماعت کا عہدہ دار یا عوام کا نمائندہ منتخب کرنے کا طریقہ، چناؤ، الیکشن. (ب) صف. چنا ہوا، بہترین، منتخب، چیدہ (شخص یا شے).

اِنتِخابی (کس ا، سک ن، کس خ ت) صف.

انتخاب سے منسوب؛ چیدہ، پسندیدہ، منتخب.

اَنتَر/اَنتَرو (فت ا، سک ن، فت ت/ مغ) (الف) اند.

۱. دوری، تفاوت، فرق. ۲. باطن، اندرون؛ بھید، راز. ۳. فاصلہ، وقفہ. ۴. روح، دل، جی؛ خصوصیت؛ سجاو؛ چھید، سوراخ، شگاف؛ کونا، پہلو، آسمان کا حصہ؛ زمانہ، وقت؛ موقع، مناسب وقت، محل؛ ٹھہرنا، کھڑا ہونا، وقفہ دینا. (ب) م ف. ۱. بیچ میں، اندر. ۲. سوائے، بغیر. (ج) صف. اندرونی، بھتری.

اَنترا (فت ا، سک ن، ت) اند.

انترہ. (لفظاً) بیچ کا، درمیانی، (موسیقی) گانے کے ٹکڑے (پہلے بول) کے بعد کا بول، پہلے کے سوا گیت کے باقی ٹکڑے، گانے کا وہ ٹکڑا جو استھائی کے بعد ہو.

اَنتڑی (فت ا، مغ، سک ت) امث.

آنت، چھوٹی آنت.

اَنتڑیاں (فت ا، مغ، سک ت، کس ڑ) امث.

انتڑی کی جمع، ترکیبات میں مستعمل.

اَنتڑیوں (فت ا، مغ، سک ت، کس ڑ، و ج).

انتڑیاں کی مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.

انتڑیوں کا قل ہو اللہ پڑھنا محاورہ. بے حد بھوک لگنا.

اِنتِساب (کس ا، سک ن، کس ت) اند.

۱. لگاؤ، تعلق، منسوب کیا جانا، واسطہ. ۲. رشتہ، رشتہ داری. ۳. کسی تصنیف یا تالیف کو کسی کے نام سے ممنون کرنے کا عمل (انگریزی) ڈیڈیکیشن. [ع].

اِنتِسابی (کس ا، سک ن، کس ت) صف.

انتساب سے منسوب.

اِنتِشار (کس ا، سک ن، کس خ ت) اند.

۱. پراگندگی، بے ترتیبی، بدنظمی. ۲. پریشانی، تردد، گھبراہٹ. ۳. پھیلنے اور بکھیرنے کی کیفیت یا عمل، تتر بتر ہونا. ۴. شہوت (ہونا کے ساتھ). ۵. بدامنی کی فضا، عوام میں اضطراب اور بے چینی، تخریبی کارروائی، جیسے: انتشار پسند. [ ].

اِنتِشاری (کس ا، سک ن، کس ت) صف.

انتشار سے منسوب. (i) منتشر ہو جانے والا. (ii) انتشار پیدا کرنے والا، انتشار پسند.

اِنتِصاب (کس ا، سک ن، کس ت) اند.

نصب کرنا، قیام کرنا، پانو پر کھڑا ہونا؛ ذکر کی استادگی. [ع].

انتصاباً (کس ا، سک ن، سک ت) م ف.

سیدھ میں، سیدھا.

اِنتِصابی (کس ا، سک ن، کس ت) صف.

انتصاب سے منسوب؛ عمودی، سیدھا.

اِنتِظار (کس ا، سک ن، کس ت) (الف) اند.

چشم براہ رہنے کی کیفیت، راہ دیکھنا. ۲. چشم داشت، امید، آسرا. اف: صف. منتظر، راہ دیکھنے والا.

انتظار گاہ امث. مسافر خانہ.

اِنتِظام (کس ا، سک ن، کس خ ت) اند.

۱. بندوبست، نظم و نسق؛ اہتمام. ۲. ترتیب، درستی، آراستگی، تیاری، سرانجام. ۳. (i) ضابطۂ عام، مسلم طریقہ اور اصول. (ii) طریق کار. ۴. نظام سلطنت، عملداری. ۵. ایک لڑی میں پرویا جانا، تسلسل.

اِنتِظامی (کس ا، سک ن، کس خ ت) صف.

انتظام سے منسوب؛ انتظام سے تعلق رکھنے والی بات (جسے: انتظامی معاملہ)، انتظام کرنے والا (جیسے: مجلس انتظامی).

اِنتِظامِیَہ/اِنتِظامِیّہ (کس ا، سک ن، کس خ ت، کس م، فت ی/ شدی فت) امث.

انتظام سے منسوب؛ انتظام کرنے والا ادارہ (سرکاری یا غیر سرکاری):

اِنتِقاد (کس ا، سک ن، کس خف ت) اند.

۱. (صحت و عدم صحت کی) پرکھ، پرکھنا. ۲. نقد و نظر، تنقید، نکتہ چینی. ۳. (معما) الفاظ حروف یا اعداد وغیرہ کے اشاروں سے کوئی نام یا عبارت وغیرہ حاصل کرنا.

اِنتِقال (کس ا، سک ن، کس خ ت) اند.

۱. موت، وفات. ۲. (i) منتقلی، جگہ بدلنا، تبدیل کرنا. (ii) ملکیت، قبضے یا حق کی تبدیلی. (iii) ذہن یا حواس کی کسی نکتے کی طرف توجہ،

ذہن کا منتقل ہونا. (iv) کسی کیفیت یا اثر کا ایک سے دوسرے میں (کلا یا جزواً) منتقل ہونا . (v) (نجوم) ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا. (vi) (الجبرا) مساوات میں سے کسی مقدار کو ایک طرف سے دوسری طرف لے جانا .۳. قلب مالیت ، کایا پلٹ . [ع] .

انتقال رہن اند . (قانون) جائداد مرہونہ کو اس شخص کے سپرد کردینے کا عمل جس کے پاس وہ رہن کی گئی ہے .

انتقال نامہ اند . وہ دستاویز جو جائداد کی منتقلی کے لیے لکھی جائے .

اِنتِقام (کس ا ، سک ن ، کس ج ت) اند.
ظلم یا زیادتی کا وہ بدلہ جو اُسی قسم کے کسی اقدام کے ذریعے لیا جائے (جیسے خون کا بدلہ خون سے ، عوض جو قصاص کی صورت میں نہ ہو . [ع] .

اِنتِقاماً (کس ا ، سک ن ، کس ج ت ، تن م بفت) م ف.
بدلہ لینے کی غرض سے ، انتقامیہ .

اِنتِقامی (کس ا ، سک ن ، کس ت) صف.
انتقام سے منسوب : انتقام سے تعلق رکھنے والی کارروائی ، جو انتقام کی غرض سے ہو ، جیسے : انتقامی جذبہ ، انتقامی کارروائی .

اِنَت گِنَت (کس ا ، فت ن ، کس گ ، فت ن) م ف.
گنتی کے ، چند .

اَنتِم (فت ا ، سک ن ، کس ت) صف.
آخری ، سب سے آخر کا .

اِنتِہا (کس ا ، سک ن ، کس ج ت) امث : اند (قدیم).
۱. حد ، نہایت .۲. اخیر ، انجام .

انتہا پسند صف .۱. کسی کام کو اس کے ابتدائی منازل ترک کر کے انتہائی مدارج سے شروع کرنے والا ، حد سے تجاوز کرنے والا .۲. (سیاست) حالات یا نظام کو بالکل بدل دینے کا حامی ، حکومت وقت کو ختم کردینے کا نظریہ رکھنے والا .

انتہاپسندی امث . دیکھیے انتہا پسند جس کا یہ اسم کیفیت ہے .

انتہا پسندانہ صف . جس میں انتہا پسند کے خیالات یا اقدامات کی روش پائی جائے ، اعتدال سے ہٹا ہوا (کام) .

انتہا کا/کی صف ، مذ ، مث . حد درجہ کا/کی ، پرلے سرے کا/کی بہت زیادہ .

اِنتِہائی (کس ا ، سک ن ، کس ج ت) (الف) صف .
۱. حد سے زیادہ ، بہت بہت .۲. کنارے کا ، سرے کا ، آخری ، اخیر کا .
(ب) م ف . حد سے حد ، زیادہ سے زیادہ .

اُنتِیس (ضم ا ، سک ن ، ی مع) صف.
ایک کم تیس ، بیس اور نو ، (ہندسوں میں) ۲۹ . [س] .

اَنٹ (کا/کی) سَنٹ (فت ا ، سک ن ، فت س ، سک ن) صف ؛ م ف.
بے تکا ، اوٹ پٹانگ ، مہمل ، انمل بے جوڑ . [س] .

اَنٹا (فت ا ، سک ن) - اند . (الف) اند.
۱. ایک (انگریزی) کھیل جو 'انٹوں' یعنی گیندوں کے ذریعے میز کے کنارے کھڑے ہو کر کھیلا جاتا ہے ، (انگریزی) بلیرڈ .۲. (i) شیشے لاکھ یا پتھر کی گولی جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ، کھیلنے کی گولی . (ii) افیون کی گولی . اف : چڑھانا ، کھانا . (iii) بندوق کی بڑی گولی . ۳. (کھیل) 'چوسر اور اسی قسم کے دوسرے کھیلوں اور قمار بازی میں کوڑیوں کا پاسا (داؤ) پھینکنے میں وہ کوڑی جو چت پڑے نہ پٹ بلکہ آڑی کھڑی رہے (ایسی کوڑی کو چت پٹ کے شمار سے خارج سمجھا جاتا ہے)، لگھا .۴. (باغبانی) 'بے تخم درختوں (بوٹوں) کی پود لگانے کا ایک طریقہ جس میں شاخ کو کاٹ کر زمین میں دبانے کی بجائے کلا پھوٹنے کے نشان پر مٹی تھوپ کر اوپر سے کیلے کی چھال یا مٹی کا ظرف باندھ دیا جاتا ہے جب اس میں جڑیں نکل آتی ہیں تو شاخ کو کاٹ کر زمین میں لگا دیا جاتا ہے، .۵. اوپر کا کوٹھا ، سب سے اونچی چھت . (ب) صف . بیہوش .

اِنٹَر (کس ا ، سک ن ، فت ٹ) صف.
درمیانی ، وسطی . [انگ] .

اِنٹَر (میڈیٹ) صف ، مذ ؛ - انٹرمیجیٹ.
۱. (لفظاً) درمیانی ، (مراداً) وسطی کالج کا پہلا درجہ جو میٹرک اور بی اے کے درمیان ہوتا ہے ، (موجودہ نظام تعلیم میں) گیارھویں اور بارھویں جماعت .۲. ریل گاڑی کا درمیانی ڈبا جو ایک زمانے میں تیسرے اور دوسرے درجے کے درمیان ہوتا تھا ، ڈیوڑھا درجہ .

انٹر نیشنل صف. بین الاقوامی.

اِنْٹَروِیو (کس ا، سک ن، فت ٹ، سک ر، ی مع) اند.
ملاقات (خصوصاً): (i) ملازمت یا کالج وغیرہ کے داخلے کے لیے امیدوار سے منتظمین کی ملاقات اور (صلاحیت جانچنے کی غرض سے) سوال و جواب. (ii) کسی خاص اجتماعی مقصد سے اخباری نمایندے وغیرہ کی کسی شخص سے باضابطہ ملاقات اور اس مقصد کے تحت سوال و جواب. [انگ].

اِنٹْرَنس/اِنٹْرینس (کس ا، سک ن، کس ٹ، فت ج ر، سک ن/ ی لین) اند.
۱. دروازہ، داخلہ، جیسے: ریلوے اسٹیشن میں مسافر انٹرنس سے آتے اور اگزٹ سے جاتے ہیں. ۲. برصغیر کے سابق نظام تعلیم میں ثانوی اسکولوں کا دسواں درجہ میٹرک یا میٹریکولیشن. [انگ].

اَنْٹی (فت ا، سک ن) امث.
۱. سوت یا ریشم کی لچھی پھینٹی؛ ریل یا لکڑی جس پر سوتی یا ریشمی تاگا لپیٹا جائے. ۲. (i) گرہ، (خاص کر) وہ گرہ جو کوئی چیز اڑسنے سے نیفے میں پڑے، گانٹھ. (ii) (مجازاً) پیسا، دولت. ۳. دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ، گھائی. [س].

انٹی باز صف. انگلیوں کی گھائی میں کوئی چیز چھپانے والا شخص، (مجازاً) فریبی، دغاباز، عیار آدمی، خصوصاً وہ عیار جو قمار بازی وغیرہ میں دھوکا دے.

انٹی دینا محاورہ. گردن پکڑ کر دھکیلنا، گردنی دینا، گردن ناپنا.

انٹی پر چڑھانا محاورہ. قابو میں لانا، فریب دینا، دام میں پھانسنا، اپنے مطلب پر لگانا.

اَنْٹینا (فت ج ا، سک ن، ی مع) اند.
(ٹیلی وژن) وہ لمبی سلاخ یا کبوتروں کی چھتری جیسا آلہ جسے فضا میں بلند کر کے ٹیلی وژن سیٹ سے ایک تار یا ٹیپ کے ذریعے جوڑ دیا جاتا ہے تاکہ فضائی لہریں اسے مس کر کے پردے پر آواز اور تصویر صفائی کے ساتھ منتقل کر سکیں؛ ریڈیو کا ایریل. [انگ].

اُنْثیٰ (ضم ا، سک ن، ابجکل ی) امث.
مادہ، عورت. [ع].

اَنْجام (فت ا، سک ن) اند.
۱. انتہا، آخر، اختتام، آغاز کی ضد ۲. (i) مآل، نتیجہ. (ii) (قیامت میں) جزا و سزا کے موقف میں فیصلہ، عاقبت. ۳. تکمیل، پورا ہونا. [ف].

انجام بخیر ہونا ف مر. مآل کار اچھا ہونا، نتیجہ اچھا نکلنا.

انجام کار/ کاری م ف. آخر میں، نتیجے میں، بالآخر.

انجام کو پہنچانا ف مر. کام مکمل کرنا، ختم کرنا.

اَنْجان (فت ا، سک ن) صف.
ناواقف، لاعلم؛ اجنبی.

اِنْجِذاب (کس ا، سک ن، کس ج ج) اند.
۱. کشش، کھنچنا یا کھنچا ۲. جاذبیت، جذب کرنا یا ہونا، چوسنا.

اِنْجَر پِنْجَر (کس ا، سک ن، فت ج، کس پ، سک ن، فت ج) اند.
اعضا (ہڈی پسلی، جوڑ)، (مجازاً) کل پرزے.

انجر پنجر ڈھیلے کرنا محاورہ. ۱. اعضا کو تھکا دینا، مضمحل کر دینا. ۲. (کسی جسم جاندار یا بے جان کے) کل پرزے الگ الگ اور بے جگہ کر دینا، منتشر کر دینا.

انجر پنجر ڈھیلے ہونا محاورہ. انجر پنجر ڈھیلے کرنا کا لازم.

اِنْجَکْشَن (کس ا، سک ن، فت ج ج، سک ک، فت ش) اند.
ایک پچکاری جیسے آلے میں لگی ہوئی باریک نالیدار سوئی کے ذریعے جسم کے اندر دوا پہنچانے کا عمل. [انگ].

اَنْجُم (فت ا، سک ن، ضم ج) اند.
ستارے، تارے، کواکب، نجوم. [ع].

انجم شناس اند. نجومی، اختر شناس، ستاروں کا حساب جاننے والا.

اِنْجِماد (کس ا، سک ن، کس ج ج) اند.
۱. بستگی، ٹھوس ہونے کی کیفیت، جما ہونا، جم جانا، جماو. ۲. (مجازاً) ایک حالت پر ٹھہراو، بے عملی، عدم ارتقا. [ع].

اَنْجُمَن (فت ا، سک ن، ضم ج، فت م) امث.
۱. بزم، محفل، جلسہ، مجلس، مجمع، سبھا. ۲. کمیٹی، سوسائٹی. [ف].

انجمن آرا صف. ۱. جلسے یا محفل کو آراستہ کرنے والا. ۲. رونق بزم، زینتِ محفل.

اِنجن (۱) (فت ا، سک ن، فت ج) اند؛ ~ اِنجن.
بجلی، بھاپ، تیل وغیرہ سے چلنے والی کلدار مشین جو خود چلے اور دوسرے مادی اجسام کو گھسیٹے/ ریل گاڑی کو کھینچنے والا ڈبا. [انگ].

اَنجَن/ اَنّجَن (۲) (فت ا، سک ن، فت ج / مغ (قدیم)) اند.
کاجل، سرمہ. [س].

اَنجیر (فت ا، سک ن، ی مع) اند.
گولر سے ملتا جلتا اور اس سے قدرے بڑا ایک سرخ یا سیاہی مائل بھورے رنگ کا میٹھا پھل جو دواؤں میں بھی کام آتا ہے، نیز اس پھل کا پودا (لاطینی: Ficus carica). [س].

اِنجیل (کس ا، سک ن، ی مع) اسث.
حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والا صحیفۂ آسمانی، عیسائیوں کی مذہبی کتاب. [معر: (ن ج ل)].

اِنجِینیَر (کس ا، سک ن، ی مع، کس ن، فت ی) اند.
تعمیرات یا بجلی اور کلوں وغیرہ کے فنون کا ماہر، مہندس. [انگ].

اِنجِینیَرنگ (کس ا، سک ن، ی مع، سک ن، فت ی، کس ر، غنہ) اسث.
انجینیر کا کام یا پیشہ وغیرہ.

اِنچ (کس ا، سک ن) اند.
ناپنے کا ایک پیمانہ جو تین جو کے بقدر طویل ہوتا ہے، گز کا چھتیسواں اور فٹ کا بارھواں حصہ. [انگ].

اِنچارج (کس ا، سک ن، ر) اند.
کسی چیز یا کام کا ذمہ دار اور نگراں، منتظم جو کہ جواب دہ ہو. [انگ].

اُنچاس (ضم ا، سک ن) صف (عددی).
چالیس اور نو، پچاس سے ایک کم، (ہندسوں میں) ۴۹.

اِنحِراف (کس ا، سک ن، کس ح) اند.
۱. نافرمانی، عدول حکمی. ۲. انکار، مخالف. ۳. پھر جانا، روگردانی. ۴. کسی جرم فلکی کا اپنے راستے یا جگہ سے ہٹ جانا.

اِنحِصار (کس ا، سک ن، کس مج ح) اند.
۱. دارو مدار، حصر، موقوف ہونا. ۲. اعداد و شمار کی رو سے حد بندی، تعداد کا احاطہ. ۳. قلعہ بندی، محاصرہ، محصول کرنا یا ہونا.

اِنحِطاط (کس ا، سک ن، کس مج ح) اند.
۱. سابق صورت حال سے کمی، نقصان یا زوال. ۲. پستی، تنزل. ۳. (مجازاً) بڑھاپا. ۴. نیچے اترنا، مائل بغروب ہونا. ۵. (طب) قوت بدنیہ کا مادہ مرض پر غالب ہونا.

اِنخِلا (کس ا، سک ن، کس خ) اند: — انخلاء.
کسی جگہ کو خالی کر کے ہٹ جانا، خالی کرنا یا ہونا.

••• اَند (الف ا، سک ن) لاحقہ.
اسمیت کی علامت کے طور پر فعل امر یا اسمائے کیفیت وغیرہ کے ساتھ مستعمل جیسے: چرانْد، بسانْد، سڑانْد، کچانْد.

اَنداخت (فت ا، سک ن، خ) اسث.
نکالنے کا عمل، خارج کرنا. [ف].

اَنداز (کس ا، سک ن) اند.
۱. طور، طریقہ، طرز، ڈھنگ. ۲. قرینہ، آثار. ۳. حال، حالت، کیفیت. ۴. معشوقانہ ناز و ادا. ۵. اٹکل، قیاس، تخمینہ. ۶. مقدار، مقدار معتدل. ۷. بناوٹ، ساخت. ۸. قصد، ارادہ. ۹. افتاد. [ف].

••• اَنداز (فت ا، سک ن) ترکیب میں جزو دوم.
۱. (ماقبل اسم کے مفہوم کو) ڈالنے والا، پھینکنے والا، (نشانہ) لگانے والا تیر انداز وغیرہ. ۲. (i) (اسم ماقبل کے مفہوم کو) ڈالے ہوئے، جھکائے ہوئے. (ii) (اسم ماقبل کے مفہوم سے) ڈالا ہوا، پھینکا ہوا، چھوڑا ہوا. (iii) (اسم ماقبل کے مفہوم کے طور پر) ڈالا ہوا، پھینکا ہوا.

اَندازاً (فت ا، سک ن، تن زبفت) م ف.
بطور اندازہ، تخمینے قیاس اٹکل وغیرہ کے طور پر، کم و بیش.

اَندازَہ (فت ا، سک ن، فت ز) اند.
۱. طور، طریقہ، طرز، ڈھنگ. ۲. قیاس، اٹکل، تخمینہ. ۳. معیار. ۴. مقدار، مقدار معتدل، مقدار معین. ۵. امتحان، جانچ. ۶. قدر، مرتبہ. ۷. (قدیم) مقدور، مجال، طاقت. [ف].

اندازہ کرنا محاورہ. ۱. اندازہ کرنا، تخمینہ لگانا. ۲. طرز عمل اختیار کرنا. ۳. معشوقانہ ناز و ادا کرنا.

اَندام (فت ا، سک ن) اند.
جسم، بدن، ڈیل ڈول، قد و قامت. [ف].

اندام نہانی اند: اسث. عورت کی شرم گاہ، فرج.

••• اَندام / اَندام (فت ا، سک ن / مغ) ترکیب میں جزو دوم.
(ماقبل صفت یا اسم کے مفہوم کے مطابق) جسم رکھنے والا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

آنْدَر (فت ا، سک ن، فت د) (الف) اسم ظرف.
اندرونی حصے کی حد میں، حد کے اندر، بیچ، بھیتر، باہر کی ضد. . (مدت معینہ کے) دوران، انقضائے مدت سے قبل. ۳. حد میں، دائرے میں. ۴. دل، من، طبیعت. ۵. میں (عموماً کے، وغیرہ کے ساتھ). (ب) م ف. ضرب دے کر (ایک عدد کو دوسرے عدد میں). [ف + س].

اندر باہر ظرف. اندرونی اور بیرونی ہر حصے میں؛ چاروں طرف، ہر جگہ.

اندر کرنا ف مر. ۱. داخل کرنا، گھسیڑنا، کسی چیز میں رکھنا. ۲. قید میں ڈالنا.

اندر کی سانس اندر اور باہر کی سانس باہر فقرہ. خوف، تحیر یا سکوت کی حالت میں سانس لینا دشوار ہونے کی صورت حال، دم بخود نیز حسرت زدہ یا سہا ہوا ہونے کی کیفیت.

اِنْدَر (کس ا، سک ن، فت د) اند.
۱. (ہندو صنمیات) دیوتاؤں کا راجا (جس کے دربار میں پریاں ناچتی تھیں)؛ بارش کا دیوتا. ۲. رعد، گرج. ۳. دائیں آنکھ کی پتلی؛ روح انسانی.

اندر سبھا است؛ اندر سبا (قدیم). ۱. (ہندو صنمیات) راجا اندر کا روایتی دربار جہاں پریاں ناچتی تھیں. ۲. راجا اندر کے دربار کا تمثیلی پریوں کا ناچ وغیرہ جو ڈرامے کے طور پر اسٹیج کیا جاتا ہے.

اِنْدِراج (کس ا، سک ن، کس د) اند.
فہرست وغیرہ میں داخل کیے جانے یا لکھے جانے کا عمل، فہرست بنانا؛ تحریر کرنا یا کیا جانا؛ تحریر. ۲. (لفظاً) (کسی) ایک چیز کا دوسری چیز میں لپیٹا جانا، (مراداً) شمولیت.

آنْدَرْسا (فت ا، مغ، فت د، سک ر) اند.
چاول کے خمیری آٹے کی گھی میں تلی ہوئی میٹھی ٹکیاں یا گولیاں، ایک مٹھائی. [ار].

آنْدَرُون (فت ا، سک ن، فت د، و مع) (الف) اسم ظرف مکان.
۱. اندر کے حصے میں، میں. (ب) اند. ۱. بھیتر کا حصہ، باطن. ۲. دل، قلب. ۳. زنان خانہ.

اندرون خانہ م ف. ۱. نجی، پرائیویٹ، خانگی. ۲. اندر خانہ.

آنْدَرُونی (فت ا، سک ن، فت د، و مع) صف.
۱. اندرون سے منسوب؛ خانگی، نجی؛ باطن، قلبی، داخلی. ۲. جو خفیہ طور پر ہو.

آنْڈ کار (فت ا، مغ، سک ڈ) اند.
(قدیم). دیکھیے: اندھکار.

اِنْدِ مال (کس ا، سک ن، کس د) اند.
زخم بھرنے کی صورت حال، زخم بھرنا، زخم پر انگور آنا.

آنْدوخْتَہ (فت ا، سک ن، و مج، سک خ، فت ت) (الف) صف.
بچا ہوا، پس انداز کیا ہوا (مال یا سامان)، جمع. (ب) اند. سرمایہ، پونجی.

آنْدوہ (فت ا، سک ن، و مج) اند.
رنج، غم. [ف].

آنْدیش (فت ا، سک ن، ی مج) (الف) اند؛ است.
۱. اندیشہ، فکر. ۲. خیال، نقطۂ نظر، دل کا حال. (ب) م ف. سوچ کر، غور وفکر کر کے.

اندیش ناک صف. ۱. : اندیش مند. ۲. جس میں خطرہ یا اندیشہ محسوس ہو، پرخطر، ڈرنے کی چیز، ڈراونا. ۳. محتاط، چوکنا.

... آنْدیش (فت ا، سک ن، ی مج) ترکیب میں جز دوم.
(اسم سابق کے مفہوم کو) سوچنے والا، خیال کرنے والا، جیسے: دور اندیش، خیر اندیش وغیرہ.

آنْدیشَہ (فت ا، سک ن، ی مج، فت ش) اند.
۱. خطرہ، جوکھوں، دھڑکا. ۲. خیال، وہم، غور وفکر، تصور. ۳. فکر مندی، سوچ، تردد.

... اندیشی (فت ا، سک ن، ی مج) است، ترکیب میں جزو دوم.
(اسم ماقبل کے مفہوم کے دائرے میں دور اندیشی) سوچنا، خیال کرنا، غور کرنا.

آنْدھ (فت ا، سک ن) است.
۱. سیاہی، تاریکی، اندھیرا. ۲. اندھا. [س].

آنْدھا (فت ا، سک ن) صف، مذ.
۱. جس میں دیکھنے کی قوت نہ ہو، کور، نابینا. ۲. (مجازاً) معرفت سے محروم بے بصیرت، نادان. ۳. ناواقف، جاہل، بے علم. ۴. کم کم روشن مدھم، ٹمٹماتا (چراغ وغیرہ کے لیے بیشتر تکرار کے ساتھ). ۵. میلا، بے قلعی، کم اجلا، دھندلا، غیر شفاف. ۶. بے وقوف، احمق، بے عقل.

۷. اندھا دھند ، بے سوچا سمجھا . ۸. جس میں پانی نہ ہو اور گہرا ہو (کنویں کے لیے) . ۹. جہاں اندھیرا ہو ، تاریک سیاہ . ۱۰. جسے کسی جذبے سے مغلوب ہو جانے کے باعث کچھ دیکھنے کا ہوش نہ رہے ، بدحواس . ۱۱. اظہار ناراضگی و خفگی کا ایک کلمہ ، جیسے اندھا بے ایمان . [سا] .

اندھا بانٹے ریوڑی (ریوڑیاں) (بر پھر) اپنوں ہی کو دے کہاوت . اس موقع پر مستعمل جب کوئی مستحق کی بجائے ہر صورت سے اپنے عزیز یا دوست ہی کو نفع پہنچائے .

اندھا پن/پنا اند . ۱. بے بصری، نابینا ہونا ۲. بے عقلی، حماقت، جہالت .

اندھا دوزخی بہرا بہشتی کہاوت . اندھا آدمی دیکھ نہ سکنے کی وجہ سے بدگمانی کا مرتکب ہوتا ہے اور بہرا سن نہ سکنے کی وجہ سے بری باتیں سننے سے بچ جاتا ہے اسی لیے اندھا گنہ گار ہے .

اندھا دھند (الف) اند . اندھیر ، نا انصافی ، ظلم ، بدنظمی ، افراتفری . اف : مچانا ، ہونا . (ب) صف . ۱. تاریک ، سیا ، دھواں دھار ۲. بے سوچا سمجھا ، غیر معقول ۳. بہت ، بے حساب ، بے حد ، بے اندازہ ۴. مدہوش ، غافل ، دھت . (ج) م ف . ۱. آنکھیں بند کر کے ، بے سوچے سمجھے ، بے احتیاطی سے ، جلد بازی سے .

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں کہاوت . حاجت مند ہمیشہ اپنی حاجت روائی چاہتا ہے ، جس شخص کو جس چیز کی ضرورت ہو اسی کا خواہشمند ہوتا ہے .

اندھا گائے بہرا بجائے کہاوت . سب نالائق ہیں (اس موقع پر مستعمل جہاں سب نا اہل جمع ہوں) .

اندھا ہونا محاورہ . اندھا کرنا کا تعدیہ : علم نہ رکھنا ، جان بوجھ کر نہ دیکھنا ، آنکھ بند کر لینا ، بے سدھ ہونا .

اَنْدھوں (فت ا ، سک ن ، و مج) اند ؛ ج .
اندھا کی جمع اور ترکیبات میں مستعمل .

اندھوں میں کانا راجا (مراد سردار) کہاوت . بے عقلوں میں کم عقل بے ہنروں میں ادنیٰ ہنر مند ہی کی بڑی عزت ہوتی ہے .

اَنْدھی (فت ا ، سک ن) صف ، مث .
اندھا کی تانیث .

اندھی سرکار اث . بری سلطنت جس میں بہت ظلم ہو یا نوکروں کو تنخواہ وقت پر نہ ملے ، جس میں نظم و نسق ابتر ہو .

اَنْدھے (فت ا ، سک ن) صف .
اندھا کی جمع اور مغیرہ حالت .

اندھے کنویں میں ڈھکیلنا محاورہ . ایسی جگہ پھنسا دینا جہاں کے مصائب اور مشکلات کا کچھ حاصل نہ ہو (عموماً بلا تحقیق حال لڑکی/لڑکے کا بیاہ دینا) .

اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی کہاوت . اس موقع پر مستعمل جب کوئی بے وقوف اندازاً عقل کی بات کہہ دے .

اندھے کے آگے روئیے اپنی آنکھیں/نین کھویے کہاوت . ۱. نااہل کو نصیحت کارگر نہیں ہوتی ۲. ایسے شخص کے پاس درخواست لے جانے کا کوئی فائدہ نہیں جو سنتے ہی نہیں .

اَنْدھیار (فت ا ، مغ ، سک د ھ) صف .
تاریک ، سیاہ .

اَنْدھیارا (فت ا ، مغ ، سک د ھ) (الف) اند .
تاریکی ، سیاہی . "اندھیرا" (ب) صف . تاریک ، سیاہ .

اَنْدھیاری (فت ا ، مغ ، سک د ھ) (الف) اث .
۱. تاریکی ، سیاہی ۲. (i) چمڑے وغیرہ کا خاص وضع کا تراشا ہوا کپڑا جو گھوڑے یا کسی اور جانور کی آنکھوں پر باندھ دیتے ہیں . (ii) نقاب جو ضرورۃً چہرے پر ڈالی جائے جیسے ستے وغیرہ پردہ داروں کے گھرانے میں استعمال کرتے تھے . (iii) (چھپر کھٹ وغیرہ کا) پردہ (قدیم) . (ب) صف . تاریک ، سیاہ ، کالا .

اَنْدھیالی (فت ا ، غنہ ، سک د ھ) (الف) اث .
تاریکی ، سیاہی ، اندھیاری . (ب) صف . تاریک ، سیاہ .

اَنْدھیر / اَنْدھیر (فت ا ، سک ن ، ی مج / مغ) (الف) اند .
۱. تاریکی ، سیاہی ۲. ظلم ، دھاندلی ، لوٹ مار ، ابتری ، بدنظمی ۳. قہر ، غضب ، قیامت ، آفت . (ب) صف . تاریک ، سیاہ .

اندھیر مچانا محاورہ . ۱. بلا وجہ اودھم یا چیخ پکار کرنا ۲. آفت برپا کرنا ، قیامت ڈھانا ، مصیبت نازل کرنا ۳. لوٹنا : ظلم ڈھانا ؛ بد اخلاقی کے کام دھڑلے سے کرنا .

اندھیر مچنا محاورہ. اندھیر مچانا کا لازم.

انـدھیـر نـگـر/نگری امذ/امث. ایسی بستی یا دیس جہاں بدنظمی ظلم اور دھاندلی ہو، حق و ناحق میں کوئی تمیز نہ ہو.

اندھیر نگری چوپٹ راج/ راجا (ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھا جا) کہاوت. ایسی جگہ کی نسبت کہتے ہیں جہاں حکمراں کی غفلت یا بے وقوفی سے ظلم لوٹ مار اور عام بدنظمی کا دور دورہ ہو، عالم و جاہل اور برے بھلے میں تمیز نہ ہونے کے موقع پر.

اَنْدھیرا (فت ا، مغ، ی مج)؛~ اندھارا، اندھیارا، (الف) امذ.
ظلمت، تاریکی، اجالا کی ضد. (ب) صف. تاریک، سیاہ. [س].

اندھیرا گھپ امذ. انتہائی تاریکی، بے حد ظلمت.

اندھیرا چھانا محاورہ. تاریکی ہو جانا.

اَنْدھیرے (فت ا، مغ، ی مج).
اندھیرا کی مغیرہ حالت اور ذیل کی ترکیبات میں مستعمل.

اندھیرے اجالے/اجالے (میں) م ف. وقت بے وقت، موقع بے موقع.

اندھیرے گھر کا اجالا امذ. وہ عزیز جس کے دم سے گھر کی رونق ہو (جیسے: دلہن)، نہایت محبوب، بہت پیارا بیٹا یا بیٹی (عموماً اکلوتا/ اکلوتی).

اندھیرے میں تیر چلانا / میں چاند ماری کرنا محاورہ. اٹکل پچو کام کرنا، بے سوچے کام کرنا، سعی لاحاصل کرنا.

اندھیرے ہی م ف. اندھیرا چھائے ہوئے کے وقت، روشنی نمودار ہونے سے پہلے، علی الصباح (بیشتر صبح کے ساتھ مستعمل).

اَنْڈا (فت ا، سک ن) امذ.
۱. مادہ پرند وغیرہ کا دیا ہوا وہ بیشتر بیضاوی شکل کا جسم مادی جس کے اندر چکنے پانی جیسا سفید اور اس کے بیچ میں گول وضع کا زرد مادہ ہوتا ہے (یہ دونوں باہم ملتے نہیں پاتے اور مقررہ گرمی پانے پر اسی مادے سے بچہ بنتا اور پیدا ہوتا ہے)، تخم مرغ، بیضہ. ۲. فوطہ، خایہ. ۳. صفر جس کی انگریزی شکل انڈے سے مشابہ ہوتی ہے.

انڈا اتارنا ف م. ۱. انڈے پر مقررہ عبارت اور نقوش لکھ کر نظر زدہ کے ماتھے سے لگا کر زمین پر چھوڑ دینا. ۲. مقابلے میں حریف کو سختی اور ذلت سے شکست دینا.

انڈا چھوڑنا محاورہ. اتنی شدید گرمی پڑنا کہ پرند انڈا سینے کی تاب نہ لا سکے اور انڈوں کے اوپر سے اڑ جائے (عموماً چیل کے ساتھ مستعمل).

اَنْڈَر (فت ا، سک ن، فت ڈ) (الف) امذ.
ماتحتی. (ب) م ف. تحت، ماتحت. [انگ].

انڈر گراؤنڈ صف. ۱. زمین کے اندر، زمین دوز، زیرزمین. ۲. خفیہ پوشیدہ. ۳. روپوش (ہونا کے ساتھ).

انڈر ویر امذ. جانگیا، کچھا (جو پاجامے وغیرہ کے نیچے پہنتے ہیں).

اِنْڈکس (کس ا، سک ن، فت مج ڈ، سک ک) امذ؛~ انڈیکس.
ترتیب ابجد کے لحاظ سے کتاب وغیرہ کے مضامین موضوعات اور اشخاص وغیرہ کی فہرست (مع حوالہ صفحہ وغیرہ)، اشاریہ، فہرست مضامین. [انگ].

اَنْڈُوا (فت ا، مغ، ضم ڈ) صف؛ امذ.
وہ بیل (بکرا وغیرہ) جس کے بیضے نہ نکالے گئے ہوں، جو آختہ نہ ہو، بدھیا کی ضد.

اِنْڈُوا (کس ا، مغ، ضم ڈ) امذ.
۱. پرانے کپڑے یا بان سے بنایا ہوا ایک کنڈل جو مزدور اور پنہارے بوجھ یا گھڑا وغیرہ اٹھانے کے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں، گھڑوں اور مٹکوں وغیرہ کے نیچے رکھا جانے والا حلقہ (تاکہ وہ لڑھکنے نہ پائیں) ۲. وہ مرصع حلقہ جو اپنے مخصوص لباس کے ساتھ زینت کی غرض سے جوگی اور جوگنیں سر پر رکھتی ہیں. ۳. زلفوں اور گیسوؤں کا حلقہ جو اکثر عورتیں اپنی جٹاؤں کو لپیٹ کر بنا لیتی ہیں.

اَنْڈے (فت ا، سک ن) امذ.
انڈا کی جمع یا مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.

انڈے بچے امذ؛ ج. ۱. اولاد، لڑکے بالے؛ متعلقین. ۲. سفید ریزے جو غیر ختنہ شدہ بچوں کی سپاری پر کھال کے نیچے صفائی نہ رکھنے سے پیدا ہو جاتے ہیں.

انڈے پراٹھے اڑانا ف مر. عمدہ عمدہ غذائیں اور مرغن کھانے کھانا.

انڈے ڈھیلے ہونا محاورہ. ۱. نحیف و کمزور ہو جانا، انجر پنجر ڈھیلے ہونا ۲. کاروبار میں ناکام رہنا، دیوالیہ ہو جانا.

انڈے سینا ف مر. ۱. مقررہ وقت یا موسم میں بچے نکالنے کے لیے جانور کا انڈوں کو اپنے پیٹ کے نیچے رکھ کر بیٹھنا. ۲. گھر میں بیٹھے رہنا (آرام طلبی یا بیکاری وغیرہ سے)، گھر گھس ہونا.

انڈے سیوے فاختہ (اور) کوے میوے کھائیں کہاوت. مشقت کرے کوئی اور مزے اڑائے کوئی.

انڈے لڑانا محاورہ. قمار بازی. ۱. ایک طرح کی قمار بازی. ۲. (کنایۃً) بیہودہ مشغلوں میں وقت ضائع کرنا.

اُنْڈیلنا (ضم ا، مغ، ی مج، سک ل) ف م.
کسی شے کو ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں یا ایک جگہ سے دوسری جگہ گرانا، ڈالنا، الٹنا. [س].

اِنْزال (کس ا، سک ن) اذ.
۱. منی کا اخراج، مادہ منویہ کا نکلنا. ۲. (غیب سے) نزول، آسمانوں سے اتارنا یا اتارا جانا، نازل کرنا یا ہونا. [ع].

اَنْس (فت ا، سک ن) اذ.
۱. (i) طاقت، سکت، ہمت. (ii) کھینچ لینے اور متاثر کرنے کا جوہر، مطیع بنانے کی صلاحیت. ۲. (i) لوچ. (ii) مغز، گودا. ۳. دم، سانس. ۴. خلاصہ، عطر، جان، روح. ۵. نطفہ. ۶. (حساب) شمار کنندہ، قوت نما. [س].

اِنْس (کس ا، سک ن) اذ؛ ج.
لوگ، نوع انسانی، اولاد آدم (عموماً جان یا جن وغیرہ کے ساتھ مستعمل). [ع].

اُنْس (ضم ا، سک ن) اذ.
۱. مانوس ہونے کی کیفیت، محبت، شفقت، الفت. ۲. (تصوف) دل میں جمال الٰہی اور مشاہدے کا اثر. [ع].

اَنْساب (فت ا، سک ن) اذ. (الف) بطور جمع.
۱. خاندانوں کے سلسلے، شجرے، قومیں، نسلیں، نسب نامے. ۲. آبائی قرابت دار، ارحام کی ضد. (ب) بطور واحد. وہ علم جس میں ان امور سے بحث کی جاتی ہے جو ماضی میں انسان کی جسمانی خصوصیات، جغرافیائی تقسیم، زبان اور رسم و رواج وغیرہ سے تعلق رکھتے ہیں، انسانی نسلوں کا علم. [ع].

اِنْسان (کس ا، سک ن) اذ.
۱. بنی آدمی، نوع بشر، آدمی. ۲. ایسا شخص جو اچھے اخلاق سے متصف ہو، مہذب و شائستہ. ۳. آنکھ کی پتلی، مردم دیدہ. [ع].

انسان بنانا محاورہ. تہذیب سکھانا، تعلیم دینا، علم یا اخلاق سے آراستہ کرنا.

اِنْسانی (کس ا، سک ن) (الف) صف.
انسان سے منسوب: انسان کا، انسان سے تعلق رکھنے والا. (ب) امث.
۱. انسانیت. ۲. مرتبہ انسانیت، انسان ہونا.

اِنْسانِیَت/اِنْسانِیَّت (کس ا، سک ن، کس ن، فت ی/ شد ی بفت) امث.
انسان ہونے کی فضیلت یا صفات، آدمیت، شرافت، تہذیب.

اِنْسائیکلوپیڈیا (کس ا، سک ن، ی مع، کس ک، و مج، ی مع، سک ڈ) امث.
۱. وہ تالیف یا تصنیف جس میں اہم اشیا، مشاہیر تلمیحاتی اور تاریخی واقعات، مقامات اور علوم و فنون وغیرہ کے متعلق ہر قسم کی معلومات فراہم کی جائیں، دائرۃ المعارف. ۲. مجموعۂ معلومات. [انگ].

اَنْسَب (فت ا، سک ن، فت س) صف.
۱. بہت موزوں، بہتر، (مقابلے میں) زیادہ مناسب. ۲. مناسب. [ع].

اِنْسپکٹر (کس ا، سک ن، س، کس ج پ، سک ک، فت ٹ) اذ.
معاینہ کرنے والا افسر، جیسے: پولس انسپکٹر، انسپکٹر مدارس. [انگ].

اِنْسپکشن (کس ا، سک ن، س، کس ج پ، سک ک، فت ش) امث.
معاینہ، دیکھ بھال، نگرانی.

اِنْسٹی ٹیوشن (کس ا، سک ن، س، کس ٹ، ی و مع ج، فت ش) اذ؛ امث.
۱. ادارہ جو عوام کے فائدے کے لیے قائم کیا جائے، افادہ گاہ. ۲. آئین، دستور.

اُنْسَٹھ (ضم ا، سک ن، فت س، سک ٹھ) صف عددی.
ایک کم ساٹھ، نو اوپر پچاس، (ہندسوں میں) ۵۹.

اَنْبِجَہ (فت ا، سک ن، کس ج ب، فت ج) اذ؛ ج.
(لفظاً) بناوٹ کے تار، (تشریح الابدان) وہ مہین نسیں اور ریشے جن سے عضلات اور اعصاب کی ساخت و بافت ہوتی ہے، (انگریزی) Nerve. [ع].

اِنسِداد (کس ا، سک ن، کس ج س) اند.
روک، بندش .۲. حفظ ماتقدم کے طور پر مزاحمت .۳. (طب) سدہ پڑ جانا ؛ مسامات کا بند ہو جانا .

اِنسِدادی (کس ا، سک ن، کس ج س) صف.
انسداد سے منسوب : روک تھام کا، روک تھام کرنے والا .

اِنسولین (کس ا، سک ن، وج، ی مع) است.
ذیابیطس کی مشہور دوا ؛ اس دوا کا انجکشن .

اِنسی (کس ا، سک ن) صف.
انس سے منسوب، انسان کا یا انسانوں کا، انسان سے متعلق .

اُنسِیَت / اُنسِیّت (ضم ا، سک ن، کس س، فت ی / شدی بفت) است.
انس، لگاؤ، تعلق .

اِنشا (کس ا، سک ن) است.
ا.تحریر، تحریر کرنا .۲. (نثر یا نظم میں تحریراً یا تقریراً) ایجاد، اختراع، دل سے کوئی نئی بات یا مضمون پیدا کرنا، تصنیف (کرنا) .۳.مضمون .

انشاپرداز صف. مضمون لکھنے والا، (ماہر) نثر نگار، نثار .

انشاے لطیف است. ایسی رنگین عبارت جو لفظی و معنوی محاسن سے آراستہ ہو .

اِن شاءَ اللّٰہ (تعالیٰ) (کس ا، سک ن، فت ء، غم ا، شدل بضم ہ، فت ت، ا بشکل ی) م ف.
اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا، اگر خداے تعالیٰ کو منظور ہوا (کسی کام کا ارادہ یا وعدہ وغیرہ کرنے کے موقع پر تبرکاً مستعمل) .

اِنشائِیَہ/اِنشائِیّہ (کس ا، سک ن، کس ء، فت ی/ شدی بفت (الف) اند.
ا. (نحو) وہ جملہ جس میں سچ جھوٹ کا احتمال نہ ہو .۲.مختصر ادبی مضمون جس میں ذاتی تاثرات بیان کیے جائیں اور تحقیقی و استدلالی نہ ہو، (انگریزی Essay) .(ب) صف .انشا سے تعلق رکھنے والا .

اِنشِراح (کس ا، سک ن، کس ج ش) اند.
ا. (دل وغیرہ کی) کشادگی، فرحت، شگفتگی .۲.شرح و تشریح .

اِنشِراحی (کس ا، سک ن، کس ج ش) صف.
انشراح سے متعلق یا منسوب .

اِنشِقاق اند.
ا.شگافتگی، شق ہو جانا، پھٹنا .۲.تقسیم، تفرقہ، بٹ جانا .

اِنشورِنس (کس ا، سک ن، وج، کس ج ر، سک ن) اند.
بیمہ . [انگ] .

اَنصاب (فت ا، سک ن) اند ؛ ج.
وہ پتھر اور بت جو قبل اسلام کعبے کے اردگرد نصب تھے اور وہاں کفار غیراللہ کے نام کا ذبیحہ کرتے تھے . [ع] .

اَنصار (فت ا، سک ن) اند ؛ ج.
ا. مدد کرنے والے لوگ، ساتھی، رفقا .۲. مدینے کے وہ مسلمان جنھوں نے ہجرت کے بعد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دوسرے مہاجرین مکہ کی مدد کی، مدنی اصحاب (رضوان اللہ علیہم) . [ع] .

اَنصاری (فت ا، سک ن) اند ؛ صف.
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گروہ انصار سے منسوب ؛ شیخوں کا ایک قبیلہ جن کا سلسلۂ نسب مدینۂ منورہ سے ملایا جاتا ہے (برصغیر کے عوام میں بیشتر جولاہوں کے لیے مستعمل) .

اِنصاف (کس ا، سک ن) اند.
ا. (کسی معاملے کا) غیر جانبداری سے فیصلہ، حقیقت پسندی، عدل و داد، ظلم کی ضد .۲. (مجازاً) حق، واجبی حقوق .۳. (مجازاً) قانون . [ع] .

انصاف کا خون بہانا / کرنا محاورہ. ظلم کرنا، ناانصافی کرنا .

انصاف کرنا محاورہ. صحیح فیصلہ کرنا، حق کے مطابق فیصلہ کرنا .

اِنصِراف (کس ا، سک ن، کس ج ص) اند.
ا. مراجعت، واپسی، پیچھے ہٹنا .۲.کسی جانب رجوع، روانگی .۳. روگردانی، انحراف، اعراض، منھ موڑنا .۴.سیدھے راستے سے ہٹنا . [ع] .

اِنصِرام (کس ا، سک ن، کس ج ص) اند.
ا. بندوبست، اہتمام، انتظام .۲.سرانجام، تکمیل، انجام پانا . [ع] .

اِنضِباط (کس ا، سک ن، کس ج ض) اند.
ا. قابو، قبضہ، کنٹرول .۲. پیوستگی (جس سے مضبوطی پیدا ہو جائے) .
۳.کسی ضابطے کے اندر حد بندی .۴.ضبط تحریر میں لایا جانا، منضبط کرنا.

۵. مقرر اصول کی پابندی، تنظیم، (انگریزی) ڈسپلن. ۶. تقسیم، تعین (وقت وغیرہ کے لیے). [ع].

انضباط اوقات اند. دن ہفتے یا مہینے وغیرہ کے وقتوں کو مختلف کاموں پر تقسیم کرنے کا نقشہ، ٹائم ٹیبل، نظام الاوقات.

اِنضِباطی (کس ا، سک ن، کس ج ض) صف.
انضباط سے متعلق.

اِنضِمام (کس ا، سک ن، کس ج ض) اند.
۱. پیوستگی، وصل، ملنا، مل جانا. ۲. شمول، شرکت، نتھی ہونا، شامل ہونا. ۳. (سیاسیات) ایک علاقے کا دوسرے علاقے میں الحاق، دو علاقوں کا باہم مدغم کیا جانا. [ع].

اِنطِباع (کس ا، سک ن، کس ج ط) اند.
۱. چھپائی، طباعت، چھاپا جانا. ۲. (i) کسی نقش یا صورت کا کسی چیز پر انعکاس، اتر آنا یا ابھرنا. (ii) نقش، اثر. [ع].

اِنطِباق (کس ا، سک ن، کس ج ط) اند.
(دو امور کی باہم) مطابقت، موافقت، (ایک امر کا دوسرے پر) چسپاں ہونا. [ع].

اَنظار (فت ا، سک ن) امث؛ اند؛ ج.
نگاہیں، نظریں. [ع].

اِنظار (کس ا، سک ن) اند.
(نجوم) مقرر اصول کے مطابق ستاروں سے استخراج احکام، اختر شناسی. [ع].

اَنعام (فت ا، سک ن) اند؛ ج.
۱. (متعدد) جانور، چوپائے. ۲. ایک سورت کا نام جو ساتویں پارے میں ہے. [ع].

اِنعام (کس ا، سک ن) اند.
حسن کارکردگی کے صلے میں عطیہ، بخشش، خلعت وغیرہ. [ع].

انعام (و) اکرام اند. انعام اور اعزاز، خلعت، عزت.

انعام نکلنا ف مر. متعدد امیدواران یا مستحقین میں قرعہ اندازی ہونے پر کسی ایک کا نام انعام کے لیے قرعے میں برآمد ہونا؛ لاٹری وغیرہ میں کسی کے ٹکٹ کا نمبر برائے انعام نکلنا.

اِنعامات (کس ا، سک ن) اند؛ ج.
انعام کی جمع.

اِنعامی (کس ا، سک ن) صف.
انعام سے منسوب: انعام کا، جو بطور انعام ہو.

اِنعِطاف (کس ا، سک ن، سک ج ع) اند.
۱. (ایک جانب سے دوسری جانب) جھکاؤ، میلان و رجحان، جھکنا، مڑنا. ۲. دیکھیے انعطاف شعاع.

انعطاف شعاع / ضیا / نور اند. (طبیعیات) روشنی کی شعاع کے ایک شفاف واسطے سے نکل کر دوسرے شفاف واسطے میں داخل ہونے کا عمل (جس سے اس کی سمت بدل جاتی ہے)، (Refraction of light).

انعطاف نما اند. (طبیعیات) نور کے انعطاف کی پیمائش کرنے کا تناسب یا عدد، (لاطینی: یو (U)).

انعطافی (کس ا، سک ن، کس ج ع) صف.
انعطاف سے منسوب: جھکا ہوا، مڑا ہوا، خمیدہ.

انعطافی دوربین امث. دوربین کی ایک قسم جس کا محدب عدسہ اس طور پر روشنی کا رخ پھیر دیتا ہے کہ وہ محور خاص سے گزر کر آنکھ کے پردے پر معروض کی الٹی شبیہ بنادیتی ہے اور دوسرا عدسہ ایک قوی شیشہ مکبرہ سے اس شبیہ کو بڑا کر کے پیش کرتا ہے.

اِنعِقاد (کس ا، سک ن، کس ج ع) اند.
۱. (کسی جلسے یا محفل وغیرہ کا) منعقد کیا جانا، برپا ہونا. ۲. مقرر ہونا، استقرار، بندھنا. ۳. بستگی، انجماد، منجمد ہونا، جمنا. ۴. نطفے کا حمل کی صورت اختیار کرنا، حمل قائم ہونا (بیشتر نطفے وغیرہ کے ساتھ). [ع].

اِنعِکاس (کس ا، سک ن، کس ج ع) اند.
۱. (i) کسی چیز کا عکس، سایہ، پرتو (مادی). (ii) اثر، جھلک (غیر مادی). ۲. بازگشت (آواز وغیرہ کے ساتھ). ۳. (نفسیات) کسی فعل یا کیفیت وغیرہ کا غیر ارادی اور فوری رد عمل. ۴. (منطق) قضیے کو الٹ دینے کا عمل یعنی موضوع کو محمول اور محمول کو موضوع یا مقدم کو تالی اور تالی کو مقدم بنانا، عکس. [ع].

انعکاس شعاع / ضیا / نور اند. (طبیعیات) روشن جسم کی شعاع کا جسم شفاف پر گر کر اور اس سے منعکس ہو کر دوسرے جسم کثیف پر گرنا.

اِنْعِکاسی (کس ا، سک ن، کس ج ع) صف.
انعکاس سے منسوب.

انعکاسی دوربین امث. (ہیئت) نیوٹن کی ایجاد کی ہوئی دوربین کی ایک قسم جو انحرافی دوربین سے قوت میں بہت بڑھی ہوئی ہوتی ہے اور جس میں مرآت النظر کے محدبی آئینے کی جگہ قلعی دار یا معدنی مقعری آئینہ لگاتے ہیں.

انعکاسی عمل امذ. (نفسیات) جانداروں کا غیر ارادی اور فوری عمل جو کسی مہیج کے جواب میں ظاہر ہوتا ہے (جیسے آنکھوں کی طرف کسی چیز کے تیزی سے حرکت کرنے پر پلکوں کا خودبخود بند ہوجانا، پانو کے تلوے گدگدانے پر پانو کا یکایک سمٹ جانا وغیرہ).

اَنْف (کس ا، سک ن) امث.
ناک، دماغ (بیشتر ترکیب میں مستعمل).

اِنْفاذ (کس ا، سک ن) امذ.
اجرا، نافذ کرنا یا ہونا، (کسی اصول وغیرہ کو) بروئے عمل لانا.

اَنْفاس (فت ا، سک ن) امذ؛ ج.
۱. سانسیں، دم (مجازاً) لمحات زندگی. ۲. (مجازاً) ملفوظات، ارشادات. ۳. نفوس، اشخاص. [ع].

اِنْفاق (کس ا، سک ن) امذ.
۱. روپیہ پیسا خرچ کرنے کا عمل، خرچ کرنا، خرچ. ۲. راہ خدا میں خرچ کرنا، (خصوصاً) نفقہ دینا، کھلانا پلانا. [ع].

اَنْفال (فت ا، سک ن) امذ؛ ج.
۱. اموال غنیمت، وہ مال کفار جو جہاد میں ہاتھ لگے. ۲. قرآن پاک کی ایک سورت کا نام جو نویں پارے میں ہے. [ع].

اِنْفِراج (کس ا، سک ن، کس ج ف) امذ.
انبساط، (دل وغیرہ کی) کشادگی، انقباض کی ضد. [ع].

اِنْفِراد (کس ا، سک ن، کس ج ف) امذ.
۱. اکیلا پن، فردیت، تنہا ہونا، اجتماع کی ضد. ۲. (اصول حدیث) کسی حدیث کا تنہا ایک شخص سے مروری ہونا. [ع].

اِنْفِراداً (کس ا، سک ن، کس ج ف، تن د بفت) م ف.
شخصی طور پر، تنہا، بجائے خود.

اِنْفِرادی (کس ا، سک ن، کس ج ف) صف.
انفراد سے منسوب: ذاتی، شخصی، ایک فرد یا ذات سے متعلق، اجتماعی کی ضد.

اِنْفِرادِیَت/اِنْفِرادِیَّت (کس ا، سک ن، کس ج ف، کس د، فت ی/ شدی بفت) امث.
۱. فردیت، ذاتی خصوصیت میں دوسروں سے الگ ہونا، منفرد ہونا ۲. (عمرانیات) وہ نظریہ جس میں فرد کو اہمیت حاصل ہو، (انگریزی Individualism).

انفرادیت پسند صف. (عمرانیات) فرد کی اہمیت کے نظریے کو ترجیح دینے والا.

اَنْفَس (کس ا، سک ن، فت ف) صف.
زیادہ نفیس، بہت عمدہ، نفیس تر، مقابلے میں نفیس.

اَنْفُس (کس ا، سک ن، ضم ف) امذ؛ ج.
۱. ارواح؛ عالم ارواح. ۲. نفوس، لوگ، انسان.

اِنْفِساح (کس ا، سک ن، کس ج ف) امذ.
وسعت، فراخی، کشادگی، وسیع ہونا. [ع].

اِنْفِساخ (کس ا، سک ن، کس ج ف) امذ.
(کسی خیال یا معاملے کا) فسخ، ٹوٹ جانا، فسخ ہو جانا. [ع].

اِنْفِصال (کس ا، سک ن، کس ف) امذ.
۱. (i) فصل، علیحدگی، جدائی، جدا ہونا. (ii) طلاق، فارغ خطی ۲. فیصلہ (جس سے معاملہ ختم ہو جائے). [ع].

اَنْفَع (فت ا، سک ن، فت ف) صف.
بہت زیادہ نافع، سب سے زیادہ مفید، مفید ترین. [ع].

اِنْفِعال (کس ا، سک ن، کس ج ف) امذ.
۱. تاثر، اثر پذیری. ۲. منفعل ہونے کی کیفیت، شرمندگی، خجالت. [ع]

اِنْفلُوئنْزا (کس ا، سک ن، کس ف، ومع، کس ء، سک ن) امذ.
وبائی نزلہ و بخار. [انگ: Influenza].

اِنْفَنْٹری (کس ا، سک ن، فت ج ف، سک ن، ٹ) امث.
پیدل فوج، پیادہ فوج، وہ فوج جو پیدا چلتی اور پیدل ہی لڑتی ہے.

اِنْقِباض (کس ا، سک ن، کس ج ق) امذ.
ناشگفتگی، گرفتگی، بستگی، تکدر، کوفت، انبساط کی ضد.

اِنْقِطاع (کس ا، سک ن، کس یج ق) امذ.
۱. قطع ہونے کا عمل، علحدگی، منقطع ہونا، کٹ جانا. ۲. قطع و برید، کاٹ چھانٹ. ۳. سلسلے کا خاتمہ، اختتام. ۴. (فقہ) خون حیض کا بند ہونا، حیض کا ختم ہو جانا. ۵. (اصول حدیث) سلسلۂ رواۃ میں کسی راوی کا کم ہونا.

اِنْقِلاب (کس ا، سک ن، کس یج ق) امذ.
۱. ایک حالت کی جگہ اس کی متضاد حالت آنے کی صورت حال، تغیر، تبدل، الٹ پلٹ، تبدیلی، کایا پلٹ. ۲. زمانے کی گردش (عموماً چرخ یا زمانے وغیرہ کے ساتھ). ۳. (سیاست) کسی ملک کی سلطنت کا تختہ الٹنا.

اِنْقِلابی (کس ا، سک ن، کس یج ق) (الف) صف.
انقلاب سے منسوب: آمادہ انقلاب، انقلاب پسند.

اِنْقِلابِیَت / اِنْقِلابِیَّت (کس ا، سک ن، کس یج ق، کس ب، فت ی / شدی بفت) امث.
انقلابی کیفیت حالت یا رجحان.

آنْک (کس ا، غنہ) امذ.
۱. وہ نشان جو کپڑا بنانے والے یا بزاز تھانوں وغیرہ پر بنتے یا چھاپ دیتے ہیں، آنکڑا، چھاپ. ۲. دیکھیے: آنک (= ہندسے، رقوم).
۳. قیمت کا اندازہ لگانے کا عمل. [س].

اِنْکار (کس ا، سک ن) امذ.
۱. (خواہش یا طلب وغیرہ کی) تعمیل سے عدم آمادگی کا اظہار، نامنظوری، جواب میں نہیں کرنا، تسلیم نہ کرنا، نہیں کر دینا، نہ ماننا.
۲. عذر، انحراف. (ii) پرہیز، اجتناب. [ع].

اِنْکاری (کس ا، سک ن) صف.
۱. انکار کرنے والا، مکر جانے والا. ۲. وہ بات جس میں انکار پایا جائے.

اَنْکَس / اَنْکُس (فت ا، غنہ، فت ک / ضم ک) امذ.
لوہے کا بھالے نما آنکڑا جس کی نوک سے ہاتھی کی گردن اور کانوں کے برابر کے حصے کو گدگدایا جاتا ہے تاکہ ہاتھی رفتار میں سستی نہ کرے.

اِنْکِسار (کس ا، سک ن، کس یج ک) امذ.
۱. فروتنی، خاکساری، عاجزی. ۲. (i) ٹوٹ پھوٹ، شکستگی، ٹوٹنا.
(ii) عدد میں کسر کا وقوع.

اِنْکِسارانَہ (کس ا، سک ن، کس یج ک، فت ن) صف.
انکسار سے منسوب: جو منکسر مزاجی کے ساتھ ہو.

اِنْکِساری (کس ا، سک ن، کس یج ک) (الف) امث.
(عوام) خاکساری، عاجزی، انکسار. (ب) صف. انکسار سے منسوب: توڑنے والا، تقسیم کرنے والا.

اِنْکِشاف (کس ا، سک ن، کس یج ک) امذ.
۱. (کسی بات کا) اظہار، افشا، ظہور، پردہ دری، کھلنا یا کھولنا. ۲. کسی مخفی یا غیب کی بات کا بغیر وسیلہ ظاہری علم ہو جانا، کشف.

اِنْکَمْ ٹیکْس (کس ا، سک ن، فت ک، سک م، ی لین، سک ک) امذ.
مقررہ قواعد کے مطابق آمدنی پر سرکاری محصول.

اَنْکْنا (فت ا، مغ، کس ک) ف ل.
۱. قیمت یا وزن کا اندازہ کیا جانا، مول تشخیص ہونا. ۲. گلٹی وغیرہ پر مقررہ طریقے سے دعا یا منتر دم کیا جانا تاکہ وہ تحلیل ہو جائے.

اَنْکْھ (فت ا، مغ، کس کھ) امث (قدیم).
آنکھ.

اَنْکْھڑی (فت ا، مغ، کس کھ) امث (قدیم).
خوبصورت آنکھ (عموماً پیار کے موقع پر اور بطور جمع مستعمل).

اَنْکْھوا (فت ا، مغ، کس کھ) امذ.
۱. انکھوا، سفید باریک ریشہ جو سب سے پہلے تخم سے نمودار ہو، کلا، انکر. ۲. سوئی کا وہ حصہ جس میں تاگا پروتے ہیں، نکوا.

اَنْکْھوانا (فت ا، مغ، کس کھ) ف ل.
بیج کا انکھوے کی شکل میں نمودار ہونا، پھوٹنا.

اَنْکْھیاں (فت ا، مغ، کس کھ) امث؛ ج.
آنکھیں.

اَنْگ (فت ا، غنہ) امذ، نیز امث.
۱. جسم، بدن. ۲. (جسم کا) عضو، بند، جوڑ. ۳. حصہ، ٹکڑا، جزو. ۴. پہلو، سمت، رخ. [س].

انگ لگانا ف م. اپنے جسم کو کسی شے سے یا شے کو جسم کے قریب لانا؛

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، یج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چھاتی سے لگانا ، گلے ملنا ؛ لباس زیب تن کرنا ؛ مانوس کرنا ؛ آنکھیں انا ؛ شادی کرنا .

انگ لگنا (الف) ف مر . انگ لگانا کا لازم . (ب) محاورہ . ۱. غذا کا ہضم ہونا ، جزو بدن بننا ۲. کام میں آنا ۳. ملنا ، حاصل ہونا ، ہاتھ آنا .

اَنگار (فت ا ، مغ : غنہ) اند .
دیکھیے : انگارا . [س] .

••• **انگار** (فت ا ، مغ) ترکیب میں جزو دوم .
(اسم ماقبل کے مفہوم کے مطابق) سوچنے والا ، خیال کرنے والا ، جیسے : سہل انگار .

اَنگارا (فت ا ، مغ : غنہ) (الف) اند .
دہکتا ہوا کوئلہ ، آگ کا جلتا ہوا ٹکڑا جو چنگاری سے بڑا ہوتا ہے .
(ب) صف . (مجازاً) انگارے کی طرح گرم یا لال ، نہایت سرخ . [س] .

انگارا بننا محاورہ . کھاپی کر چقندر کی طرح سرخ ہوجانا ، لالوں لال ہوجانا ؛ غصے میں لال ہونا .

انگارا ہونا محاورہ . غصے میں لال ہونا .

اَنگاروں (فت ا ، غنہ ، وج) اند : ج .
انگارا کی جمع بحالت مغیرہ ، ترکیب میں مستعمل .

انگاروں پر (کے بستر پر) سونا محاورہ . سخت اذیت میں مبتلا رہنا ، تکلیف سے تڑپنا .

انگاروں پر (پہ/ میں) لٹانا محاورہ . انگاروں پر لوٹنا کا تعدیہ .

انگاروں پر(پہ/ میں) لوٹنا محاورہ . (غم ، غصے ، حسد یا فکر کی آگ میں) جلنا ، تڑپنا ، بے قرار ہونا .

اَنگارَہ (فت ا ، غنہ ، فت ر) اند .
ابتدائی نقش ، نقش نا تمام ، خاکہ . [ف] .

اَنگارے (فت ا ، غنہ : مغ) اند ، ج .
انگارا جس کی یہ جمع یا مغیرہ حالت ہے ، ترکیبات میں مستعمل .

انگارے اگلنا محاورہ . غصے یا حسد میں جو چاہنا کہنا ، بہت زیادہ سخت ست کہنا ، جلی کٹی سنانا ، باغیانہ باتیں کرنا ، اشتعال انگیز گفتگو کرنا .

انگارے برسنا محاورہ . سخت گرمی پڑنا ، آگ برسنا (گاہے " آسمان (وغیرہ) سے " کے ساتھ) .

انگارے پھانکنا محاورہ . مزاج کے خلاف کام کرنا ، ایسا کام کرنا جس کی پاداش سخت ہو ، مشکل کام کرنا .

انگارے چبانا/ کھانا محاورہ . (غصے یا حسد میں) اندر ہی اندر جلنا ، کڑھنا .

اَنگبیں (فت ا ، غنہ ، کس گ ، ی مع) اند .
شہد ، عسل .

اِنگت (کس ا ، سک ن ، کس گ) اند .
تلاش ؛ صلاح مشورہ ؛ اطلاع ؛ ایما یا اشارہ .

اَنگرکھا/ اَنگرکھا (فت ا ، مغ ، فت گ ، سک ر/ سک گ ، فت ر) اند .
۱. اچکن کی وضع کا ایک بر کا لباس جسے گھنڈی کے ذریعے گلے کے پاس جوڑ دیتے ہیں (گرمی میں پہننے کا اکہرا اور جاڑے میں دوہرا روئی دار) انگا ، چپکن ۲. (بانک بنوٹ) سیف باز کے جسم کو زانو تک ڈھک لینے والی آدھی زرہ .

اَنگریز (فت ا ، غنہ ، سک گ ، ی مج) اند .
انگلستان کا باشندہ ، فرنگی .

اَنگریزی (فت ا ، غنہ ، سک گ ، ی مج) (الف) صف .
انگریز سے منسوب ، انگریزوں کا ، انگلستان کا . (ب) امث . ۱. انگریزوں کی بولی ، انگلستان کی زبان ، انگلش ۲. انگریزوں کی عملداری ، برطانوی راج .

انگریزی گز اند . وہ گز جو ۱۶ گرہ کا ہوتا ہے .

اَنگڑانا (فت ا ، غنہ ، سک گ) ف ل : ف م .
انگڑائی لینا ؛ بل دینا .

اَنگڑائی (فت ا ، مغ ، سک گ) امث .
سستی دور کرنے کے لیے (نیز مرتے وقت) ہاتھ اوپر یا آگے کی طرف لے جا کر جسم کو تاننے کا عمل .

اَنگُشت (فت ا ، غنہ ، ضم گ ، سک ش) امث .
۱. دیکھیے : انگلی ۲. انگلی کی چوڑائی ، انگل . [ف] .

انگشت بہ دنداں صف . (لفظاً) دانتوں تلے انگلی دبائے ہوئے ، (مراداً) متعجب ، حیران (استعجاب یا تاسف وغیرہ کے باعث) .

انگشت بہ دہاں صف . سخت حیران ، حیرت زدہ .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

انگشت بلب / بہ لب صف. خاموشی کا اشارہ کرنے کے لیے ہونٹوں پر انگلی رکھے ہوے.

انگشت نر اسث. انگوٹھا (ہاتھ یا پانو کا).

انگشت نما صف. ۱. وہ شخص جس کی طرف انگلیاں اٹھیں، رسوا، مطعون. ۲. مشہور، معروف، ممتاز، نمایاں.

انگشت نمائی اسث. ۱. نکتہ چینی، بدنامی، رسوائی، انگلیاں اٹھنا ۲. اشارہ.

اَنگُشْتانا/اَنگُشْتانَہ (فت ا، غنہ، ضم گ، سک ش، فت ن) اند.
۱. پیتل یا لوہے وغیرہ کا خول جو کپڑے سیتے وقت کلمے کی انگلی کے سرے پر چڑھاتے ہیں تاکہ سوئی نہ چبھنے پائے. ۲. چمڑے کا غلاف جو کنگھی بنانے والے کام کے وقت انگوٹھے پر چڑھا لیتے ہیں. ۳. ہڈی یا سینگ وغیرہ کا حلقہ جسے تیر انداز تیر چلاتے وقت انگلی میں پہن لیتے ہیں، سوفار، چٹکی. [ف].

اَنگُشْتَر (فت ا، غنہ، ضم گ، سک ش، فت ت) اسث.
انگوٹھی، چھلا. [ف].

اَنگُشْتَری (فت ا، غنہ، ضم گ، سک ش، فت ت) اسث.
انگلی میں پہننے کا زیور، دیکھیے: انگوٹھی.

اَنگُشْتیا (فت ا، غنہ، ضم گ، سک ش، کس ت) صف.
انگشت کے بقدر چوڑا، انگل بھر کا.

انگشتیا کرن اسث. (زر بافی) انگل بھر چوڑی سنہری یا روپہلی بادلے کی بنی ہوئی جھالر.

اُنگل (ضم ا، غنہ، فت گ) اند.
انگلی کی چوڑائی کی مقدار، نیز پوروا، نیز آٹھ جو کا ناپ. [ہ].

انگل انگل (کرکے) م ف. تھوڑا تھوڑا سا (بتدریج).

انگل بید کرنا محاورہ. پریشان کرنا، انگیانا.

اُنگلانا (ضم ا، مغ، سک گ) ف م.
(لفظاً) انگلی کرنا، (مراداً) چھیڑنا، دقا کرنا، چین سے بیٹھنے نہ دینا، ٹہوکے دینا، پریشان کرنا، ستانا.

انگلستان (کس ا، غنہ، سک گ، کس ل، سک س) اند.
انگریزوں کا ملک، فرنگستان، انگلینڈ.

اُنگلی (ضم ا، غنہ، سک گ) اسث.
دونوں ہاتھ اور پانوں کی بیس شاخوں میں سے ایک شاخ، انگشت.

انگلی اٹھانا محاورہ. دیکھیے: انگلیاں اٹھانا جو زیادہ مستعمل ہے.

انگلی اٹھنا محاورہ. انگلی اٹھانا جس کا یہ لازم ہے.

انگلی پکڑتے (ہی) (پکڑکے/پکڑ کر) پہنچا پکڑنا محاورہ. ذرا سا سہارا پاکر پورا حق جمانا، ذرا سے التفات سے بڑھ چلنا، پانوں پھیلانا.

انگلی پکڑنا محاورہ. سہارا لینا، ہدایت یا رہبری کرنا.

انگلی دانت (دانتوں) کے نیچے (دانتوں میں) دابنا/ دبانا محاورہ. تعجب کرنا، دنگ رہ جانا، حیران ہونا.

انگلی دکھانا محاورہ. ۱. انگلی کے اشارے سے اکسانا، ورغلانا ۲. ڈرانا، دھمکانا، متنبہ کرنا.

انگلی کٹاکے شہیدوں میں ملنا / داخل ہونا محاورہ. کسی کام میں تھوڑی سی شرکت سے پورا حق دار یا مدعی بن جانا.

انگلی کرنا محاورہ. انگلانا، چین سے بیٹھنے نہ دینا، پریشان کرنا، دق کرنا، ستانا؛ اکسانا.

انگلی لگانا محاورہ. ۱. چھونا، چھیڑنا، نیز معمولی تکلیف پہنچانا.

اُنگلیاں (ضم ا، غنہ، سک گ، سک ل) اسث؛ ج.
انگلی کی جمع، حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل.

انگلیاں کانوں میں دینا محاورہ. نہ سننے کی کوشش کرنا، کان بند کرلینا (بیزاری سے)، بیزاری کا اظہار کرنا.

اَنگلیٹ (فت ا، غنہ، سک گ، ی مج) اسث، نیز اند (شاذ).
جسم کی ساخت، بناوٹ، ڈیل ڈول. [س].

اُنگلیوں (ضم ا، مغ، سک گ، کس ل، و مج) اسث؛ ج.
انگلی کی جمع مغیرہ حالت میں، اور حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل.

انگلیوں پر (اوپر) نچانا محاورہ. ۱. (i) ہنسی اڑانا. (ii) نیچا دکھانا ۲. ستانا، پریشان کرنا، عاجز کردینا ۳. بے وقوف بنا کر اپنی مرضی پر چلانا.

انگلیوں پر گنا جانا محاورہ. تعداد میں بہت کم ہونا.

انگلیوں پر گننا محاورہ. ۱. آنے والی ساعت یا دن وغیرہ کا بے چینی سے انتظار کرنا ۲. تعداد میں بہت کم ہونا.

اَنگن (فت ا، مغ، فت گ) اند (قدیم).
آنگن.

اَنگنا (فت ا، مغ، سک گ) اند.
(عوام) آنگن.

اَنگنائی (فت ا، مغ، سک گ) است.
آنگن، صحن.

اَنگُوٹھا/ اَنگُوٹھ (فت ا، مغ، ومع) اند: ~انگوٹھ.
ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیوں میں سے ایک جو سب سے موٹی ہوتی ہے، ٹھینگا، ابہام، نر انگشت. [س].

انگوٹھا ٹیک /چھاپ صف. وہ ان پڑھ آدمی جو دستخط کے عوض کاغذ پر انگوٹھے کا نشان لگائے.

انگوٹھا چوسنا محاورہ. دودھ پیتے بچوں کی طرح غوں غاں کرنا (جب کوئی سیانا نادانی کی بات کرے تو طنزیہ مستعمل).

انگوٹھا دکھانا محاورہ. (چڑانے یا حقارت وتضحیک کے ساتھ انکار کرنے کے لیے) ٹھینگا دکھانا.

انگوٹھا لگانا محاورہ. (کسی تحریر کی تصدیق کے لیے) دستخط کی جگہ ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی لگا کر اس کا نشان کاغذ پر ثبت کرنا.

اَنگُوٹھی (فت ا، مغ، ومع) است.
سونے یا چاندی کا حلقہ جو بطور زیور انگلی میں پہنتے ہیں، انگشتری، خاتم، مندری.

اَنگُوٹھے (فت ا، مغ، ومع) اند، ج.
انگوٹھا کی جمع نیز مغیرہ حالت.

انگوٹھے کے بعد چھنگلیا ہی آتی ہے فقرہ. عموماً چھوٹے ہی بڑوں کی پیروی کرتے ہیں (جس طرح ناپنے میں جہاں اول انگوٹھا رکھتے ہیں بعد میں وہیں چھنگلیا رکھتے ہیں).

اَنگوچھا (فت ا، مغ، وج) اند.
۱. بدن وغیرہ سے پانی یا پسینہ پونچھنے کا معمولی کپڑا، رومال. ۲. چھوٹی دھوتی یا تہ بند. [س].

اَنگُور (فت ا، غنہ، ومع) اند.
۱. (فالسے سے بڑا اور خوبانی سے چھوٹا) ایک گول یا قدرے بیضاوی مشہور میوہ، سبز یا گہرا کاسنی رنگ (چھوٹا گول بے تخم جسے سکھا کر کشمش کہتے ہیں، اور بڑا قدرے بیضاوی تخمدار جو سوکھ کر منقیٰ کہلاتا ہے) مویز. ۲. (مجازاً) صحت یاب. ہوتے ہوئے زخم یا داغ کا سرخ تنا ہوا دانہ دار گوشت جو سوکھ کر کھرنڈ کہلاتا ہے، زخم کا پیوند، اندمال، بھراؤ. [ف].

اَنگُوری (فت ا، غنہ، ومع) صف.
انگور سے منسوب: انگور کی وضع کا، انگور کے رنگ کا، انگور سے بنا ہوا.

اَنگُورِیا (فت ا، غنہ، ومع، کس ر) صف.
انگوری، انگور کے رنگ کا، ہلکا ہرا رنگ، جیسے: سامنے سے ایک خاتون انگوریا دوپٹا اوڑھے چلی آرہی تھیں.

اَنگیا (فت ا، غنہ، سک گ) است.
سینے پر پہننے کا زنانہ لباس، سینہ بند، محرم.

اَنگِیٹھی (فت ا، غنہ، ی مع) است.
۱. لوہے وغیرہ یا مٹی کا وہ ظرف جس میں کوئلے سلگاتے، کھانا پکاتے، تاپتے، یا خوش بو جلاتے ہیں. ۲. وہ ایندھن (کوئلے، لکڑی کا برادہ وغیرہ) جو انگیٹھی میں جلے.

اَنگیخت (فت ا، غنہ، ی ج، سک خ) است.
ابھار، اکساو، شہ. [ف].

اَنگیختَہ (فت ا، غنہ، ی ج، سک خ، فت ت) صف.
ابھرا ہوا، اٹھا ہوا، جوش پر آیا ہوا.

اَنگیز (فت ا، غنہ، ی ج) اند.
۱. برداشت، سہارنا. ۲. اٹھان، جوش اور ابھار کے دن. ۳. ایرانی موسیقی کے ایک گوش یا راگنی کا نام.

۰۰۰ اَنگیز (فت ا، غنہ، ی ج) مرکب کا جزو دوم.
جزو اول کے مفہوم کو اٹھانے ابھارنے یا پیدا کرنے والا، ترکیب فارسی میں مستعمل، جیسے درد انگیز، شر انگیز، فریب انگیز، نشاط انگیز وغیرہ.

اَنگیزِش (فت ا، غنہ، ی ج، کس ز) است.
تہیج، جوش، اٹھان.

۰۰۰ اَنگیزی (فت ا، غنہ، ی ج) ترکیب میں جزو دوم.
(سابق اسم کے مفہوم کو) اٹھانا، ابھارنا، پیدا کرنا کے معنی میں مستعمل،

جیسے: درد انگیزی، شر انگیزی، فریب انگیزی، نشاط انگیزی وغیرہ۔

اِنلارج (کس ا، سک ن، ر، فت ج) اند.
(اصل سے) بڑھی یا بڑھائی ہوئی چیز. [انگ].

اَنَنّاس (فت ا، ن، شد ن) اند.
گول اور بیضاوی مشہور خوشبودار پھل، پوست کسی قدر موٹا اور خانے دار، کچے کا رنگ ہرا، پکا سرخی مائل، گودا زرد، برصغیر عموماً بنگال میں پایا جاتا ہے، نیز اس پھل کا درخت جس کی شاخیں اوپر کو اٹھی رہتی ہیں. [پرتگالی].

اُنْچاس (ضم ا، فت ن، سک ن) صف عددی.
نو اور چالیس، پچاس سے ایک کم، (ہندسوں میں) ۴۹. [س].

اِننگ/ اِننگز (کس ا، ن، فتد/ سک گ) امث.
کرکٹ وغیرہ کے کھیل میں ایک ٹیم کے کھیل کا ہر دور. [ع].

اَنْوار (فت ا، سک ن) اند ؛ ج.
(لفظاً) جلوے، روشنیاں، (مراداً) آثار و مظاہر، تجلیاں، نور کی جمع. [ع].

اَنْواع (فت ا، سک ن) (الف) امث ؛ اند.
(i) قسمیں، اقسام. (ii) نوعیتیں. (ب) صف م ف. ا. قسم قسم کے، بھانت بھانت کے، مختلف: (گاہے "کا" وغیرہ کے ساتھ) .۲. (منطق) وہ خاص افراد جو عام کے تحت ہوں (جیسے آدمی، گائے، بیل، اونٹ وغیرہ سب حیوان کے تحت ہیں). [ع].

اَنُوپ (فت ا، و مع) صف.
عمدہ، بے نظیر، بے مثل، لاجواب. [س].

اَنُوپَم (فت ا، و مع، فت پ) صف.
انوکھا، بے نظیر، عمدہ.

اُنُوث (ضم ا، و مع) امث ؛ ج.
عورتیں، مادائیں، اناث، ذکور کی ضد، انثی کی جمع. [ع].

اَنْوَر (فت ا، سک ن، فت و) صف.
روشن، زیادہ روشن، نورانی، تابندہ، (مجازاً) خوبصورت، پر رونق. [ع].

اَنُوکھا (فت ا، و مع) صف، مذ.
نرالا، بے نظیر، نادر، نایاب، سب سے الگ، عجیب و غریب. [س].
انوکھا پن اند. بے مثالی، نایابی، عجیب و غریب ہونا. [س].

اَنوکھی (فت ا، و مع) صف، مث.
انوکھا کی تانیث.
انوکھی جروا (جورو) ساگ میں شروا کہاوت. بے وقوف عورت الٹے کام کرتی ہے.

اَنوکھے (فت ا، و مع) صف.
انوکھا کی جمع نیز مغیرہ حالت، حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل.
انوکھے گانو اونٹ آیا کہاوت. بیوقوف ہر شے کو عجیب جانتا ہے (غیر اہم شے کو بے جا اہمیت دینے کے موقع پر مستعمل).

اُنْہ (ضم ا، مغ، سک ہ) فجائیہ.
دیکھیے: اونھ.

اُنْہَتّر (ضم ا، سک ن، فت ہ، شدت بفت) صف عددی: اونہتر
ایک کم ستر، ساٹھ اور نو، (ہندسوں میں) ۶۹. [س].

اِنْہِدام (کس ا، سک ن، کس خف ہ) اند.
۱. ڈھانے یا ڈھے جانے کا عمل، مسمار کرنا یا ہونا. ۲. تباہی، بربادی، تخریب. [ع].

اِنْہِضام (کس ا، سک ن، کس ج ہ) اند.
ہاضمہ، (غذا کا) ہضم ہونا. [ع].

اِنْہِضامی (کس ا، سک ن، کس ج ہ) صف.
انہضام سے منسوب، ہضم ہونے سے متعلق. [ع].

اِنْہِماک (کس ا، سک ن، کس ج ہ) اند.
محویت، شغف، استغراق. [ع].

اَنی (فت ا) امث.
۱. برچھی، بلم، تیر یا کانٹے وغیرہ کی نوک، سنان، بھال. ۲. ہر نوک دار چیز کی نوک. ۳. (بانک) ایک داؤ کا نام جس سے پیٹ یا سینے میں تلوار کی نوک بھونکی جاتی ہے. ۴. (مجازاً) جھونک، چوٹ. ۵. (مرغبازی) مرغ کے پیر کا کانٹا، خار. اف: مارنا/ کھانا. [س].

انی اُتارنا محاورہ. انی کا داتو رد کرنا، انی کے وار سے بچاؤ کرنا.

انی دار صف. تیز نوک کا، نکیلا، تیز نوک رکھنے والا. [س].

• • • انی (لف ا) لاحقہ.

۱. وصفیت کے معنی میں، جیسے : روحانی، جسمانی، زبانی. ۲. تانیث کی علامت، جیسے، مغلانی، سیدانی.

اُنَیاسی (ضم ا، شد ن بکس) صف.

ایک کم اسی، ستر اور نو، (ہندسوں میں) ۷۹. [س].

اَنَیائے (ضم ا، شد ن بکس) امذ.

ظلم، ستم، جور و جبر. [س].

اَنِیس (فت ا، ی مع) صف.

اُنس رکھنے والا، رفیق، ساتھی، مصاحب، ہم نشین. [ع].

اُنَّیس (ضم ا، شد ن بکس، ی مع) صف عددی.

۱. ایک کم بیس، اٹھارہ سے ایک زیادہ، (ہندسوں میں) ۱۹. ۲. دو مماثل چیزوں میں سے ایک چیز دوسری سے کچھ کم (عموماً بیس کے ساتھ مستعمل). [س].

اُنیس بیس کا فرق امذ. بہت تھوڑا سا، فرق، معمولی سا تفاوت، ذرا سی کمی بیشی.

اَنِیق (فت ا، ی مع) صف، مذ.

خوشنما، عجیب و غریب، نہایت خوب، عمدہ، نفیس ؛ وضعدار. [ع].

اَنِیقَہ (فت ا، ی مع، فت ق) صف، مث.

انیق کی تانیث.

اَنِیلا (فت ا، ی مع) صف، مذ.

نادان، ناتجربہ کار، بھولا.

اِنیما (کس ج ا، ی مع) امذ.

جلاب کی خاص قسم کی پچکاری (جس کے ذریعے دوا مبرز سے پیٹ میں پہنچائی جاتی ہے)، حقنہ، عمل. [انگ].

اُنْہ (ضم ا، سک ن) فجائیہ.

۱. کسی بات سے بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے. ۲. اظہار بیزاری کے موقع پر. ۳. تکلیف یا ناگواری کے موقع پر.

اُنہتَّر (ضم ا، فت نہ، شد ت بفت) صف.

عددی، ایک کم ستر، ساٹھ اور نو (ہندسوں میں) ۶۹.

اِنھوں (کس ا، و ج) ضمیر.

۱. حالت فاعلی میں ان کی مغیرہ حالت (واحد و جمع دونوں کے لیے "نے" کے ساتھ مستعمل). ۲. ان کی جگہ (عموماً حرف جار سے پہلے)، جیسے : انھوں سے کہہ دو.

اُنھوں (ضم ا، و ج) ضمیر.

۱. حالت فاعلی میں اُن کی مغیرہ حالت (واحد نیز جمع دونوں کے لیے "نے" کے ساتھ مستعمل). ۲. "اُن" کی جگہ (عموماً حرف جار سے پہلے.

اِنھی / اُنھی (کس ا/ضم ا). حصر.

انھیں/ اُنھیں.

اِنھیں (کس ا، ی مع) ضمیر حصر.

ان ہی، اشارۂ قریب (واحد اور جمع دونوں کے لیے حصر کے موقع پر مستعمل).

اُنھیں (ضم ا، ی مع) ضمیر حصر.

اُن ہی (واحد اور جمع دونوں کے لیے حصر کے موقع پر مستعمل).

اِنھیں (کس ا، ی ج) ضمیر.

ان کو (حالت مفعولی یا اضافی میں) "اِن" کی مغیرہ حالت (واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل.

اُنھیں (ضم ا، ج) ضمیر.

اُن کو (حالت مفعولی یا اضافی میں) "اُن" کی مغیرہ حالت (واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل). [ہ].

او (۱) (و ج) حرف ندا.

۱. اے، ابے، ارے (چھوٹے اور کم مرتبہ شخص کو غصے، محبت یا تحقیر وغیرہ سے مخاطب کرنے کے لیے، یا بے تکلفی کے موقع پر مستعمل). ۲. دیوناگری زبان کا تیرھواں مصوتہ (صوت علت). [س].

او بے حرف ندا.

ابے (منادیٰ کی حد درجہ تحقیر یا انتباہ کے موقع پر مستعمل).

او (۲) (و ج) ضمیر یا اشارہ.

۱. وہ، اس. ۲. اُن.

اَوّابِین (فت ا، شد و، ی مع) امث.
نمازِ استغفار، نمازِ توبہ.

اَواخِر (فت ا، کس خ) (الف) صف: امذ ج.
انجام، اخیر کے حصے (بیشتر وقت کے). (ب) م ف. آخری حصوں میں، آخر میں.

اَواز (فت ا) امث (قدیم).
آواز.

اَوامِر (فت ا، کس م) امذ: ج.
احکام، (خصوصاً) احکامِ الٰہی، وہ باتیں جن کے بجالانے کا شریعت میں حکم دیا گیا، وہ اعمال و افعال جو خدا و رسول کے حکم کے تحت ضروری ہیں شریعت کے حکم یا فرمان (بیشتر نواہی کے ساتھ مستعمل). [ع].

اَوائِل (فت ا، ک ء) (الف) امذ: ج.
آغاز، ابتدائی حصے، (بیشتر وقت کے). (ب) م ف. اوّل اوّل، آغاز میں.

اُوباسی (ضم ا، غم و) امث.
جماہی، خمیازہ. [ہ].

اَوباش (ولین) صف.
آوارہ، بدچلن، عیاش، سفلہ، نیچ (واحد جمع دونوں کے معنی میں مستعمل). [ع].

اَوباشی (ولین) امث.
اوباش پن، سفلگی، آوارگی، کمینہ پن.

اُوبٹنا/ اُوبٹنہ (ضم ا، غم و، فت ب، سک ٹ/ فت ن) امذ.
دیکھیے: ابٹنا.

اُوبنا (ومع، سک ب) ف ل.
کسی چیز سے طبیعت کا رجحان یا میلان ہٹ جانا، گھبرانا، اکتانا، اُچاٹ ہونا.

اُوپَر (ومع، فت پ) حرف ربط: ظرف.
ا. پر. ۲. بالا، نیچے کی ضد. ۳. باہر، ظاہری حصے پر، بیرونی حصے میں، اندر یا مخفی کی ضد. ۴. بعد. ۵. پہلے، اول، سابق میں. ۶. زیادہ، مزید. ۷. (i) حال پر، ذات پر. (ii) ذمے (جیسے، سارا بوجھ میرے اوپر ڈال دیا، یا سارا خرچ اپنے اوپر لے لیا). ۸. برتے پر، سہارے پر. [س].

اُوپر اُوپر م ف. ا. اوپر کی تکرار یا تاکید، صرف اوپر. ۲. بالا بالا، الگ الگ، کسی کی نظر سے بچے بچے، پوشیدہ طور پر.

اُوپر تلے (الف) م ف. ا. کسی چیز کے اوپر اور اس کے نیچے. ۲. پے در پے، لگاتار، مسلسل، یکے بعد دیگرے. ۳. درہم برہم، منتشر. (ب) صف. دہشت زدہ، متوحش.

اُوپر تلے کے صف. وہ بھائی بہنیں جن کے بیچ میں کوئی اور بھائی یا بہن پیدا نہ ہو.

اُوپر سے اُوپر م ف. بالا ہی بالا، خفیہ طور پر.

اُوپر کا صف. ا. بیگانہ، غیر. ۲. چھوٹا موٹا، غیر ضروری جو اصل اور بنیادی شے یا بات کے علاوہ ہو، معمولی.

اُوپر کا سانس اُوپر اور نیچے کا (کی) (سانس) نیچے (رہ جانا) محاورہ.
انتہائی حیرت یا شرم یا خوف سے سکتے کا عالم (ہو جانا)، ہکا بکا رہ جانا.

اُوپر کی آمدنی/ کمائی امث. بالائی یافت یا آمدنی جو ملازمت کے کاموں میں مقررہ تنخواہ اور الاؤنس کے علاوہ ہو (بیشتر ناجائز طریقوں سے).

اُوپر والے امذ. ا. کام کی نگرانی کرنے، دیکھ بھال کرنے والے مہتمم و منتظم اشخاص (بیشتر سرپرست یا تیماردار وغیرہ). ۲. (کسی کے معاملات میں) خواہ مخواہ دخل اندازی کرنے والے، غیر، ایرے غیرے. ۳. مرے ہوئے بزرگ؛ ۴. اوپر کی منزل میں رہنے والے لوگ. ۵. افسران یا حاکمانِ بالا. ۶. عالم بالا.

اُوپْرا (ومع، سک پ) صف.
ا. سطحی، ظاہری، نمائشی. ۲. اوپر کا، اصل کے علاوہ، جیسے: اوپرا خرچ. ۳. اُکھڑا اُکھڑا، بدنما، ناموزوں.

اُوپْری (ومع، سک پ) صف.
ا. اوپر (بالا) سے نسبت رکھنے والا، اوپر کا. ۲. سطحی، سرسری، ظاہری، دکھاوے کا. ۳. لغو، فضول، بیکار، رسمی. ۴. بدزیب، ناموزوں. ۵. اتائی، چٹ پٹ کا، جو سینہ بہ سینہ گھریلو طور پر چلا آ رہا ہو (دوا علاج وغیرہ کے لیے). ۶. (i) چھوٹا موٹا معمولی اٹھ بیٹھ کا کام. (ii) اوپر کا کام

کرنے والا نوکر . ۷. (i) اجنبی ، غیر ، بیگانہ . (ii) غیر ملکی ، بیرونی ، زیر نظر علاقے سے مختلف علاقے کا . ۸. بالائی ، رشوت یا نذرانے کا ، تنخواہ کے علاوہ ملا ہوا .

اُوت (۱) (و مع) امذ .
۱. بن بیاہا جواں مرگ ، وہ جوان جو کنوار پن میں مر جائے . ۲. لاولد ؛ بدبخت ، ناکام و نامراد (کوسنا) .

اُوت (۲) (و مع) صف .
(مجازاً) بیوقوف ، احمق .

اَوتاد (و لین) امذ ؛ ج .
۱. میخیں 'کھونٹیاں' ، چوبیں ، کیلیں (مجازاً) ستون . ۲. (تصوف) 'اولیاء اللہ' کا ایک خاص طبقہ .

اَوتار (و لین) (الف) امذ .
۱. (ہندو) وہ انسان یا مجسمہ (دیوتا) جس کی شکل میں خدا بندوں کی اصلاح کے لیے آتا ہے ، رشی منی ، مہاتما ، پیغمبر . ۲. وہ انسان یا حیوان وغیرہ جو کسی رشی منی یا کسی بڑے شخص کا جانشین خاص اور نمائندہ یا اس کی شان کا مظہر ہو ، نائب . ۳. ولی ، مظہر الٰہی ، فرشتہ خو یا نیک انسان . ۴. دیوتاؤں کا دنیا میں بشکل انسان اصلاح کے لیے نزول یا ورود . ۵. (طنزیہ) بدخصلت ، شریر ، شیطان . ۶. ہنود کا تیرتھ یا مقدس مقام . (ب) صف (قدیم) . (مجازاً) عمدہ ، نفیس ، بے مثل ، اعلیٰ درجے کا . [س] .

اُوتانا (و مع ، غم و) (الف) صف .
۱. شکستہ ، ٹوٹا یا الجھا ہوا . ۲. چت . (ب) م ف . خستہ حالی میں ، تباہ حال ہو کر .

اُوت بِلاو (و مع ، کس ب) امذ .
دیکھیے : اود بلاو .

اُوترائی (ضم ا ، غم و ، سک ت) امث .
۱. صدقہ . ۲. چڑھائی کی ضد ، اترائی .

اُوتھل (ضم ا ، غم و ، فت تھ) صف .
اتھلا ، سطحی .

اوٹ (و ج) (الف) امث ؛ امذ .
۱. آڑ ، پردہ ، حائل . ۲. پناہ ، حمایت . ۳. سایہ ، بچاؤ . ۴. (مجازاً) بھیس ، شکل . ۵. (کاشتکاری) جانوروں سے بچانے کے لیے چھوٹے درختوں کے اطراف آہنی یا اینٹ کا بنایا ہوا جنگلہ ، کانٹی . ۶. (i) لکڑی یا دھات کا چوکھٹا جس پر کپڑا یا کینوس وغیرہ تان کر پردے یا آڑ کے لیے رکھ دیتے ہیں . ۷. کوئی چیز اپنے اوپر اوڑھ لینے یا اپنے ذمے لینے کا عمل . ۸. گھونگٹ کی دیوار ؛ نقاب ؛ گھات ، کمین گاہ . (ب) م ف . آڑ میں ، پردے میں . (ج) صف . ۱. اوجھل ، غائب ، سامنے کی ضد . ۲. مخفی ، پوشیدہ . [س] .

اوٹ لینا ف مر . اپنے اوپر اوڑھ لینا ؛ ذمے لے لینا ، ذمہ دار بننا ، ضمانت کرنا .

٠٠٠اوَٹ (لف ا ، فت و) .
۱. لاحقہ کیفیت ، جیسے : ملاوٹ ، بناوٹ ، اماوٹ وغیرہ . ۲. حاصل مصدر کے معنی میں جیسے : رکاوٹ (رکنا سے) ، بناوٹ (بننا سے) ، لگاوٹ (لگنا سے) ، تھکاوٹ (تھکنا سے) .

اَوٹانا (و لین) ف م .
ابالنا ، جوش دینا ، اونٹانا . [ہ] .

اُوٹ پَٹانگ (و مع ، فت پ ، مغ) صف .
۱. انمل بے جوڑ ، بے تک ؛ بے معنی . ۲. یاوہ گو ، بونگا ، انگھڑ ، واہی . ۳. غریب ، بے یار و مددگار ؛ بدنصیب ؛ بے ترتیب ، درہم برہم ، پریشان ؛ نامعقول ؛ بعید القیاس .

اَوٹَن (و لین ، فت ٹ) امذ .
۱. پانی کے جوش کھانے کی کیفیت ، ابلنے کا عمل ، گرمی پانے سے بخارات اٹھنا ، (مجازاً) سخت گرمی . ۲. تمباکو کو کاٹنے کا چاقو .

اَوٹنا (و لین ، سک ٹ) ف ل .
جوش میں آنا ، کھولنا .

اوٹنا (۱) (و ج ، سک ٹ) ف م .
۱. کسی چیز پر پردہ یا کوئی سامان اس طرح ڈالنا کہ وہ چیز چھپ جائے ، ڈھانکنا . ۲. کپاس یا ریشم کے کوئے کا کنارہ چرخی کی دونوں مونگریوں کے بیچ میں لگا کر چرخی کے ہینڈل کو گھمانا جس سے روئی بنولے سے

الگ ہو جائے ، چرخی کے ذریعے بنولے سے روئی کو اور کوئے سے ریشم کو الگ کرنا . اوٹنی . [س] .

اوٹنا (۲) (و مج ، سک ٹ) ف م .

۱. اناج وغیرہ پلا پھیلا کرلینا ؛ اوٹ کرنا ، آڑ کرنا ، پردہ کرنا .۲. ضامن ہونا ، ذمے لینا (دیکھیے : اوٹ لینا) .۳. (مجازاً) برداشت کرنا ، چھپانا .

اَوج (ولین) اند .

۱. (i) بلندی ، اونچائی ، ارتفاع . (ii) (مجازاً) آسمان .۲. (i) (ہیئت) بلندی کا نقطۂ آخر ، نقطۃ الذنب ، چوٹی ، وہ مقام جہاں سے کوئی سیارہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے . (ii) مدار زمین کا وہ مقام جو سورج سے تقریباً ۹ کروڑ ۴۵ میل کے فاصلے پر ہے .۳. (i) مرتبہ ، عروج ، شان و شوکت ، ترقی . (ii) فوقیت .۴. (مجازاً) اقبال مندی ، یاوری طالع . [ع] .

اوج شمسی اند . زمین یا دمدار ستارے کے مدار میں وہ مقام جہاں سے زمین یا دمدار ستارہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے . [ع] .

اوج موج اند ؛ است . شان و شوکت ، بلند اقبالی .

اَوجاع (ولین) اند ؛ ج . (الف) طور جمع .

تکلیف ، (متعدد قسم کے یا متعدد بار) درد . (ب) طور واحد . تکلیف ، درد . [ع] .

اوجھ (و مج ، سک جھ) اند ؛ است .

(جانور یا انسان کا) معدہ ، اوجھڑی ، انتڑیاں ، (مجازاً) پیٹ . [س] .

اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے / بھڑے کہاوت . آدمی خوب تن کے اگر نہ کھائے تو عموماً بیمار نہیں پڑتا ، بھوک سے کم کھانا بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے .

اوجھا (و مج) اند .

۱. منتر یا جھاڑ پھونک کرنے والا شخص ، ساحر ، شعبدہ باز .۲. رمال ؛ جوتشی ؛ ہاتھ دیکھ کر حال بتانے والا ؛ سیانا . [س] .

اوجھڑی (و مج ، سک جھ) است .

(جانور) کا معدہ ، انتڑیاں ؛ (مجازاً) پیٹ .

اوجھڑی بھجکا گئی ساس کہے بہو کھا گئی کہاوت . ناحق کا الزام سر تھوپ دیا گیا .

اوجھل (و مج ، فت جھ ؛ ضم ا ، غم و) (قدیم) (الف) است .

جو حائل کسی چیز کو دیکھنے میں مانع ہو ، اوٹ ، آڑ ، حجاب ، پردہ .

(ب) ظرف . پیچھے ، آڑ میں ، عقب میں ، پردے میں . (ج) صف غائب ، پوشیدہ ، پنہاں ، چھپا ہوا ، نگاہوں سے دور . [س] .

اوچھا (و مج) صف مذ ؛ مث .

۱. کم ظرف ، چھچھورا ، کمینہ ، رذیل .۲. (i) ادھورا ، ہلکا ، ناقص ، اچٹتا (وار وغیرہ) . (ii) سطحی ، جس میں گہرائی نہ ہو .۳. طویل عرض مقدار تعداد میں ضرورت سے کم ، چھوٹا اٹنگا .

اوچھا برتن اُبلتا ہے کہاوت . کم ظرف تھوڑی سی پونجی یا عزت پا کر اترانے لگتا ہے .

اوچھا پن اند . کم ظرفی ، کمینگی وغیرہ .

اوچھا ہتھیار اند . آئین ، انسانیت یا اخلاق سے گرا ہوا حملہ (زبان قلم آلات سے) .

اُوخّو/ اوخ خوہ (و مج ، و مج / شد خ ، و مج) صف .

تعجب آمیز تحسین یا طنز و تعجب کے موقع پر مستعمل مترادف : سبحان اللہ واہ وا .

اُود (و مع) (الف) اند .

دیکھیے اود بلاؤ . (ب) صف . بے وقوف ، کند ذہن ، احمق ؛ مربھکا ، پیٹو لذیذہ ؛ مستعد ، تیار ، سرگرم .

اُودا (و مع) (الف) اند .

سیاہی مائل بسرخی رنگ کا نام ، بینگنی . (ب) صف . اودے رنگ کا وہ شے جس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہو . [س] .

اُودِ بلاو (و مع ، سک د ، کس ب ، و مج) اند .

لمبے اور چپٹے جسم کا بلی سے مشابہ ایک پانی کا جانور جو مچھلیاں مینڈک وغیرہ کھاتا ہے ، سگ آبی . [س] .

اُودَھر (و مع ؛ ضم ا ، غم و ، فت دھ) .

اُدھر کا قدیم تلفظ و املا .

اُودَھم (و مع ، فت د) .

اَدھم کا قدیم تلفظ و املا .

اُودھیڑنا (ضم ا ، غم و ، ی مج) .

دیکھیے : ادھیڑنا .

اَور (ولین) :- ہور (قدیم) (الف) حرف عطف .
۱. ایک حکم میں دو اشخاص (وغیرہ) کو شامل کرنے کی غرض سے مستعمل ، مترادف : و ، نیز بھی ، وغیرہ .۲. (فعل سابق ختم ہوتے ہی) معاً ، فوراً ، ایسا ہوتے ہی ، اس کے ساتھ ہی .۳. فعل سابق کا لازمی نتیجہ ظاہر کرنے کے لیے ، مترادف : اس کا نتیجہ یہ کہ ، اس کا انجام یہ کہ .۴. علاوہ ازیں ، بعد ازیں .۵. خلاف طبع کام کرنے یا برہمی کے موقع پر (دست و گریباں ہو جانے لپٹ جانے یا بھڑ جانے وغیرہ کے مفہوم میں) .۶. دو چیزیں کی مساوات کے اظہار کے لیے ، مترادف : برابر میں ، یکساں ہیں وغیرہ .۷. کسی شخص ، چیز یا حالت سے کسی کی وابستگی ، پیوستگی ، یا معیت ظاہر کرنے کے لیے .۸. کس امر خلاف قیاس پر اظہار حیرت کے لیے ، مترادف : ایسا ہونا حیرت کی بات ہے ، یہ نہیں ہوسکتا ، وغیرہ .۹. اظہار حسرت یا افسوس کے لیے ، مترادف ہائے افسوس ، بڑے رنج کا مقام ہے ، وغیرہ .۱۰. لیکن ، مگر .۱۱. بلکہ .۱۲. ایک بات سن کر آگے کا حال دریافت کرنے کے لیے ، مترادف : پھر کیا ہوا ، مزید کیا پیش آیا ، آگے کہو ، وغیرہ ، جیسے کوئی سلسلۂ کلام میں رک جائے تو اس سے کہتے ہیں کہ اور ؟ ۱۳. غیر ، بیگانہ .۱۴. دوسرا (شخص یا امر) ، دوسرے ، دیگر .۱۵. (ایک دوسرے سے یا حال سابق سے) مختلف ، بدلا ہوا .۱۶. ضرور ، بیشک ، لازمی طور پر .۱۷. پھر ، مکرر .۱۸. کیا نتیجہ ہو ، اگر . (ب) م ف .
۱. مزید .۲. الٹا . [س] .

اور تو اور م ف . سارے ذکر در کنار ، حیرت کی بات یہ ہے .

اور کوئی صف . (لفظاً) غیر ، دوسرا ، (مراداً) : ۱. معمولی ، ایسا ویسا .
۲. عزیز ، قریب ، دوست ، متعلقین میں سے کوئی فرد .

اور (وج) امث .
۱. (i) طرف ، جانب ، سمت . (ii) ساتھ ، ہمعنان ، ہم رکاب ، ہمراہ .
۲. حد ، انتہا ، تھاہ .۳. اصل ؛ ابتدا ؛ حصہ ؛ مقام ؛ حدود اربعہ ؛ باہر ؛ اوج بیحد ؛ (گفتگو کا) پہلو ، میلان .

اور چھور اند . ۱. ابتدا و انتہا ، آغاز و انجام .۲. حد ، انتہا ، تھاہ .

اَوراد (ولین) اند ؛ ج .
۱. وظیفے ، دعائیں ، التزام کے ساتھ روزانہ پڑھنے کی آیتیں یا دعائیں .
۲. (مجازاً) مقرر تنخواہیں یا وظائف . [ع] .

اَوراق (ولین) اند ؛ ج .
۱. کاغذ کے ورق ، (مجازاً) کتاب وغیرہ .۲. درخت کے پتے ، پتیاں .
۳. پرت ، طبق ، طبقے .۴. دھات کے چوکور یا گول شیٹ . [ع] .

اَورَس چَورَس (ولین ، فت ر ، ولین ، فت ر) صف .
(لفظاً) چاروں طرف سے برابر ، ہموار ، صاف علاقہ ؛ آس پاس .

اُورَنگ (ولین ، فت ر ، غنہ) اند .
۱. تخت ، تخت شاہی .۲. سرخ رنگ کا ایک پھول جو انگشت حنائی سے مشابہ ہوتا ہے .

اورنگ زیب اند . شاہی کو زینت دینے والا ، بادشاہ ، سلطان .

اورِیَنٹَل (وج ، سک ر ، فت ج ی ، سک ن ، فت ٹ) صف .
ممالک مشرق سے تعلق رکھنے والا ، (خصوصاً) مشرقی علم یا زبان وغیرہ کا . [انگ] .

اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی کہاوت .
جب بے حیائی اختیار کر لی تو پھر کس کا ڈر .

اوڑھن (وج ، فت ڑھ) اند .
دیکھیے : اوڑھنا .

اوڑھنا/ اوڑنا (وج ، سک ڑھ) (الف) ف ل .
۱. پورے جسم یا کسی عضو کو کپڑے سے ڈھانکنا ، کپڑے سے بدن ڈھکنا .
۲. اپنے ذمے لینا ، گوارا کرنا ، (اپنے اوپر) تھوپ لینا . (ب) اند . دوپٹا ، اوڑھنے کی چادر ؛ لحاف وغیرہ (عموماً بچھونے کے ساتھ مستعمل) . [س] .

اوڑھنا بچھانا محاورہ . بہت برتنا ، کسی چیز کو ہر وقت استعمال کرنا ؛ کسی بات کو اپنا معمول بنالینا .

اوڑھنا بچھونا اند . ۱. بستر ، لحاف توشک .۲. ہر وقت کا معمول ، وہ چیز جو اٹھتے بیٹھتے استعمال کی جائے ، ہمہ وقت کام میں آنے والی چیز .
۳. تمام تر پونجی یا سرمایہ .

اوڑھنی/ اوڑنی (وج ، سک ڑھ) امث .
۱. اوڑھنے کی چادر ؛ دوپٹا ، لڑکیوں کے اوڑھنے کا چھوٹا دوپٹا .۲. (بیکھیے داری) عورت کے کفن میں دو زائد کپڑوں میں سے ہر ایک ، دامنی .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

اوڑھوں کہ بچھاؤں فقرہ.
۱. خالی خولی داد و تحسین لے کر کیا کریں اس سے پیٹ نہیں بھر سکتا. ۲. اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چیز ناکافی ہو.

آوزار (ولین) اند.
آلہ یا آلات، ہتھیار جس کی یا جن کی مدد سے کاریگر اپنا کام کرتا ہے (واحد جمع دونوں کے لیے مستعمل)، وزر کی جمع. [ع].

اَوزان (ولین) اند؛ ج.
۱. مقداریں، (اشیا کے) بوجھ یا ثقل، وزن کی جمع. ۲. تولنے کے پیمانے، باٹ. ۳. (عروض) شعر کی تقطیع کرنے کی مختلف مقررہ بحریں یا سُر. ۴. (صرف عربی) ف ع ل اور مقررہ اضافی حرفوں سے بنے ہوئے وہ کلمات جن سے اسماء و افعال کے زیر و زبر متعین کیے جاتے ہیں اور جن کے وزن پر کسی مادے کے منتقل ہونے سے معانی میں تنوع پیدا ہوتا ہے. ۵. (موسیقی) سُر لے اور تال سم. [ع].

اوس (وج) اث.
۱. وہ بوندیں جو فضا میں پھیلی ہوئی بھاپ کے خنکی پانے سے شب کے وقت زمین پر گرتی ہیں، شبنم. اف: پڑنا/ گرنا. ۲. ایک قسم کی مچھلی جو کھاری پانی میں ہوتی ہے. [س].

اوس پڑنا محاورہ. ۱. اوس گرنا، رات کی نمی کا گرنا. ۲. رنگ پھیکا پڑ جانا، رونق نہ رہنا، اداسی چھا جانا، جذبات میں افسردگی آ جانا. ۳. شرمندہ ہونا، ناکام ہونا.

اَوسان (ولین) اند، نیز اث؛ ج.
۱. ہوش حواس (واحد اور جمع دونوں کے ساتھ مستعمل)، وسن کی جمع.

اوسان باختہ صف. جس کے ہوش و حواس برقرار نہ رہیں، بدحواس.

اوسان خطا کرنا محاورہ. بدحواس کر دینا، ہوش و حواس میں خلل ڈالنا.

اوسان خطا ہونا محاورہ. اوسان خطا کرنا کا لازم.

اَوِستائی (فت ا، کس و، سک س) اث.
قدیم ایرانی زبان جس میں آتش پرستوں کی مقدس کتاب اوستا لکھی گئی ہے.

اَوَستھا (فت ا، و، سک س) اث.
۱. روداد، کہانی، بیتی. ۲. (i) عمر، سن و سال. (ii) زندگی، زندگی کا حصہ یا دور. ۳. ڈرامے میں اصلی مقصد تک پہنچنے کی پانچ منزلوں میں سے ہر ایک. ۴. حال، حالت، کیفیت.

اَوسَط (ولین، فت س) (الف) صف.
جو افراط اور تفریط کے بین بین ہو، درمیان کا، بیچ کا، معتدل، درمیانی (ب) اند؛ اث. ۱. درمیان، بیچ. ۲. اعداد کی میزان کو مدات کی تعداد تقسیم کرنے سے نکلا ہوا خارج قسمت، پڑت، پڑتا. [ع].

اوسط درجے کا صف. متوسط الحال، معمولی حیثیت کا، نہ امیر نہ غریب نہ اچھا نہ برا.

اُوشا (وج) اث.
طلوع سحر. [س].

اَوصاف (ولین) اند.
۱. خوبیاں، کمالات، (متعدد) جوہر، ہنر، لیاقتیں صلاحیتیں، وصف کی جمع. ۲. تعریف، توصیف، مدح خوانی یا مدح خوانیاں (کرنا، ہونا یا ان کے مترادف فعل کے ساتھ). ۳. (i) خصوصیات، گن، صفات (اچھے یا برے). ۴. عادات و خصائل، اخلاق. [ع].

اَوقات (ولین) ج. (الف) اند، طور جمع.
۱. وقت کی جمع. (ب) اث، طور واحد. ۱. گزارے کی صورت، گزر بسر معیشت. ۲. زندگی. ۳. حیثیت، استطاعت، بساط، کائنات. ۴. شخصیت وقعت ذات (عزت و ذلت دونوں محل پر مستعمل). [ع].

اَوقاف (ولین) اند؛ ج.
۱. وہ جائدادیں جو قانون شرع یا حکومت کے مطابق کسی کار خیر یا اولا کے لیے وقف یا مختص کر کے بیع و رہن وغیرہ کے تمام حقوق سلب کر لیے جائیں. ۲. تحریر میں الفاظ اور فقروں کے درمیان کم یا زیادہ دیر (سانس لینے کے لیے) ٹھہرنے کی علامات (خصوصاً قرآن پاک کی آیات کے بیچ میں).

اُوقِیہ/ اُوقِیّہ (وج، کس ق، فت ی/ شدی بفت) اند.
ایک عربی وزن جو سات مثقال یا رطل کے بارھویں حصے کے برابر ہوتا

ہے ، (تقریباً تین تولے چار ماشے) ، چالیس درم کا وزن ، انگریزی اونس کے برابر . [ع] .

اوک (وج) امث :- اوکھ .

چلو ، ایک یا دونوں ہاتھوں کی وہ شکل جو پیالہ بن جاتی ہے اور اس کے ذریعے پانی پیا جاتا ہے .

اوکھا (وج) صف .

سرکش یا کج رفتار (گھوڑا) .

اوکھا (وج) صف .

کمتر ، ادنیٰ ، گھٹیا ، خراب : ناگوار ، گندا .

اوکَھرا (ولین ، فت کھ) امذ .

۱. (کاشتکاری) کنویں کی گرنڈ کی وہ کھڑی بلیاں جن میں لاڈ کے چاک (گھرنی) کا دھرا لگا ہوتا ہے اگر آکھلا ٹوٹ جائے تو دھرے کو نقصان پہنچے . ۲. (کاشتکاری) بیلی سے پٹے کی نا یعنی مرکزی حصے کے برابر دھرے یا دھری کے سہارنے کو لگے ہوئے چوبی ڈنڈے .

اوکَھل / اوکْھلی (وج ، فت کھ ، سک کھ) امذ / امث .

پتھر یا لکڑی کی کنڈیلی جو بیشتر زمین میں گڑی ہوتی ہے اور اس میں غلہ یا تمباکو وغیرہ کوٹتے ہیں . [س] .

اوکھل / اوکھلی میں سر دینا محاورہ . جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا .

اوکھل / اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) سے (کا) کیا ڈر / خطرہ کہاوت . جب خود کو خطرے میں ڈال دیا پھر نتائج کی کیا فکر ، جب دانستہ خطرہ مول لیا تو پیش آنے والے مصائب کی کیا پروا ('دیا' اور 'ڈر' کی جگہ اس مفہوم کے دیگر الفاظ بھی مستعمل ہیں) .

اوکھل / اوکھلی میں موسرا مائی باپ بسرا کہاوت . بیوی کی محبت میں آدمی ماں باپ کو بھول جاتا ہے .

اَوکھی (ولین) امث .

بے جا بے موقع بری بات یا چبھتی ہوئی بات .

اَوگُن (ولین ، ضم گ) (الف) امذ .

۱. بد اخلاقی ، بد خصلتی . ۲. دکھ ، بگاڑ . ۳. الٹا اثر ، نقصان . ۴. تغافل ، بے اعتنائی . (ب) صف . ۱. بدخصال ، بد اخلاق . ۲. منحوس .

اَوگی (۱) (ولین) امث .

۱. وہ لمبی رسی جس کو گھوڑے وغیرہ کے سدھانے کے وقت اس کے پیچھے پھٹکارتے ہیں ، کوڑا . ۲. کارچوبی جوتے کا پنا .

اوگی اڑانا محاورہ . (چابک سواری) اوگی کی پٹخار کرنا جس سے آواز پیدا ہو ، ہوا میں اس طرح حرکت دینا جس سے آواز پیدا ہو اور مارنے کی بجائے جانور کو ڈرانا اور چمکانا مقصد ہو .

اَوگی (۲) (ولین) امث .

۱. شیر اور ہاتھی کو پکڑنے کا خس پوش گڈھا ، اودھی . ۲. (ڈھلائی) برتن ڈھالنے کا پٹاری نما بنا ہوا گھیرا . ۳. (زربافی) کلابتو کی پچھی بنانے کی چوبی بنی ہوئی کھونٹیوں میں سے ہر ایک ، چکنا ، گنجیا . ۴. گوٹے کی انٹی ، گوٹے کا تھان . [ہ] .

اَوگھٹ (ولین ، فت گ) صف .

وہ راستہ جو ناہموار ہو ، دشوار گزار ، اجاڑ . [س] .

اوگھٹ چلے نہ چوپٹ گرے کہاوت . نہ ٹیڑھی چال چلو گے نہ مصیبت میں گھرو گے ، ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے .

اُول (وج) امث .

کواڑ کی کلی ، کھونٹا یا کیلی جس کو اصطلاح میں چول کہتے ہیں ، سوراخ یا گھر جس میں وہ پڑی رہتی ہے اور گھومتی رہتی ہے ، اول میں چول ، مشہور مثل . [ہ] .

اول میں چول دہی میں موسل کہاوت . چلتے چلاتے کام میں روڑا اٹکانا ، بچی بات میں رکاوٹ .

اُوَل (ضم ا ، فت و) صف : ج .

جو پہلے یا مقدم تھے ، سابقین . [ع] .

اَوَّل (فت ا ، شد و بفت) (الف) صف .

۱. (ترتیب کے لحاظ سے) پہلا . ۲. مقدم ، قبل ، موخر یا بعد کی ضد . ۳. بہتر ، بڑھ کر ، اعلیٰ ، افضل (مادی یا ذہنی اعتبار سے) . ۴. سابق ، اگلا ، پہلے زمانے کا . (ب) م ف . پہلے ، ابتدا یا آغاز میں . (ج) امذ . ۱. آغاز ، شروع . ۲. خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ، ازلی . [ع] .

اول اول م ف . ابتداءً ، شروع میں ، پہلے پہل .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

اول خویش بعدہ درویش فارسی مقولہ ، اردو میں مستعمل. ان لوگوں کی مدد پہلے کرنا چاہیے جو قریب ہوں اس کے بعد دوسروں کی ، اپنے سے بچے تو غیر کو دے ، پہلے اپنے بعد میں غیر.

اول دن سے م ف. شروع سے ، ابتدا سے ، ہمیشہ سے.

اول طعام بعدہ کلام مقولہ. کھانا سب کاموں سے مقدم ہے.

اول منزل امث. موت ، مرنے کے بعد ؛ قبر.

اَولا (ولین) امذ.

دوہرے چولھے کا پچھلا حصہ ، چولھے کے بازووں کے پیچھے بنا ہوا موکھا جس پر پتیلی پکنے کو رکھی جا سکے. [ہ].

اَولا (وج) (الف) امذ.

پانی کے جمے ہوئے چھوٹے بڑے قطرے جو بارش کے ساتھ یا بغیر بارش کے برستے ہیں ، ژالہ. ٢. (سفیدی اور گولائی میں برف کے اولے سے مشابہ) مصری ، شکر یا کھانڈ وغیرہ کا لڈو یا گولا. ٣. پسے ہوئے کوئلے اور چاول کی پیچ کا لڈو یا پیڑے کی سی ٹکیاں (جسے کوئلے کی جگہ چلم میں رکھ کر آگ دکھاتے ہیں). (ب) صف. ا. ٹھنڈا ، بالکل سرد. ٢. سفید براق.

اَوَّلاً (فت ا ، شد و بفت ، تن ل بفت) تمیز ، م ف.

ا. پہلے ، (دوسری بات سے) قبل. ٢. ایک تو. ٣. شروع شروع میں ، ابتداءً. ۴. سب (باتوں یا کاموں) سے پہلے. [ع].

اَولاد (ولین) امث ؛ ج.

ا. بال بچے ، بیٹا بیٹی ، ذریات (واحد اور جمع دونوں کے لیے مستعمل). ٢. ایک نسل اور ایک خاندان کے لوگ. [ع].

اولاد آدم امث. آدمی ، انسان.

اولاد کی آنچ بری ہوتی ہے کہاوت. اولاد کی محبت آدمی کو بیقرار کر دیتی ہے ، اولاد کے لیے انسان ہر قسم کی تکلیف برداشت کرتا ہے.

اُولالا (ضم ا ، فم و) امذ (قدیم).

ا. ابھارنے یا جوش دلانے کی بات. ٢. ابھار کی کیفیت ، امنگ ، جوش. [س].

اُولتی (وج ، سک ل) امذ.

سائبان ، کھپریل یا چھپر کا وہ نچلا کنارہ جہاں سے مینھ کا پانی نیچے گرتا ہے. [ہ].

اولتی تلے کا بھوت ستر پر کھا کا نام جانے کہاوت. رازدار کا فساد کرنا یا خانگی امور سے واقف کا دشمن بننا بہت سی خرابیوں کا ذریعہ بن جاتا ہے.

اولتی کا پانی بڑیڑی (بلینڈے) پہنچا کہاوت. بات کہاں سے کہا پہنچی ؛ سفلہ صاحب مرتبہ ہو گیا.

اولتی کا پانی بلینڈے نہیں چڑھتا کہاوت. ا. کمینہ شرافت کے مرتبے کو نہیں پہنچ سکتا ، ناممکن بات وقوع میں نہیں آ سکتی. ٢. جھوٹ سرسبز نہیں ہو سکتا.

اُول جَلُول (وج ، فت ج ، وج) صف.

ا. بے وقوف ، بونگا ، جاہل ، ناسمجھ ، بے ڈھنگا ، بد سلیقہ. ٢. بے تکا بے ترتیب ، بے موقع ، بے محل. ٣. مہمل ، بے معنی ، لغو. ۴. جہالت حماقت پر مبنی ، فضول ، لاطائل. ۵. بے موقع ، بے محل.

اول فول امث ؛ صف ؛ م ف. لغو اور بیہودہ باتیں ، مہملات ، فحش ، دشنام

اولْما (وج ، سک ل) امذ ، ولما.

ا. قیمہ جو انتڑیوں میں بھر کر پکاتے ہیں. ٢. (خوراک) مسالا یا گوشت بھر کر پکائی ہوئی ترکاری ، جیسے : ٹماٹر ، کریلا ، ٹنڈا یا ہری مرچ وغیرہ کا اولما (قیمہ بھری ہوئی اولما ، اور مسالا یا دال وغیرہ بھری ہوئی دُلما کہلاتی ہے) ٣. گرم پانی میں جوش دیا ہوا گوشت. ۴. قیمہ ، پارہ پارہ. [ت].

اُولمپک (وج ، کس ج ل ، سک م ، کس پ) امذ.

یونان کی مشہور وادی ، 'اولمپیا' کی یادگار میں کھیلے جانے والے کھیل (جہاں پونے آٹھ سو سال قبل مسیح ہر چوتھے سال ادبی اور ورزشی مقابلے ہوا کرتے تھے اب ان کھیلوں میں پوری عالمی برادری حصہ لیتی ہے).

اولْمنا (وج ، فت ل ، سک م) ف م.

(تعمیر) پتھر کی سل یا چوکے کی سطح کا میانہ (وسطی) نقطہ معلوم کرنا یعنی ناپ کر ٹیڑھا ترچھا پن جانچنا. [س].

اُولُو (ضم ا ، فم و ، وج) ضمیر موصول عربی ، اردو میں مستعمل (ترکیبات میں).

والے ، صاحبان ، نسبت رکھنے والے ، جیسے : اولوالابصار. [ع].

اولوالابصار امذ. صاحبان نظر ، بصیرت رکھنے والے ، سمجھ دار ، دانا آنکھوں والے.

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اولوالعزم صف. صاحب ہمت، بلند ارادے رکھنے والا، فراخ حوصلہ شخص.
اولوالعزمی است. بلند ہمتی، عالی حوصلگی.
اَولیٰ/ اولا (ولین، ا بہ شکل ی) صف.
برتر، بہتر، افضل، اپنے اوصاف میں بہتوں سے یا سب سے بڑھا ہوا.
[ع].
اولیٰ (و مع، ا بشکل ی) صف، مث.
اول کی تانیث (عموماً جمع عربی یا مؤنث اسما کے ساتھ مستعمل).
اَولِیا (ولین، کس ل) (الف) امذ (بطور جمع).
والیان، صاحبان حکومت، حکام، (اکثر 'دولت'، کے ساتھ مستعمل).
(ب) صف (بطور جمع). اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والے، مرتبہ ولایت پر فائز اشخاص، اہل اللہ، عارفان حق، خدا رسیدہ بندے. (ج) امذ (بطور واحد).
[ع].
اولیائی (ولین، کس ل) است.
ولی ہونے کی صفت، ولایت کا منصب یا مرتبہ.
اَوّلِیَّت (فت ا، شد و بفت، کس ل، شد ی بفت) است.
تقدم، ترجیح، کسی امر میں مقدم یا سابق ہونے کا امتیاز، دوسرے سے اول یا مقدم ہونا.
اَوّلِین (فت ا، شد و بفت، ی مع) صف؛ امذ. (الف) طور جمع.
اگلے زمانے کے لوگ. ۲. ابتدائی، شروع کے. (ب) بطور واحد. ا. پہلا، سب سے مقدم. ۲. سابق کا، ماضی کا. [ع].
اوم (و مج) امذ.
. (ہندو) ہندو تثلیث (شیو، وشنو اور برھما) کا پاک نام (پوجا اور وید خوانی وغیرہ سے پہلے مستعمل)؛ ایشور کا سب سے مقدس نام. ۲. (مجازاً) ہندو مت، ہندو دھرم. [س].
اون (و مع) است؛ امذ.
بھیڑ بکری وغیرہ کے بال.
اوں (و مع) فجائیہ؛ — اونھ.
ایک آواز جو مختلف موقعوں پر بے ساختہ منہ سے نکلتی ہے: گفتگو کے دوران جب متکلم کی بات سمجھ میں نہ آئے اور اس کا اعادہ کرانا مقصود ہو، مترادف: کیا کہا، پھر کہیے (جیسے: بیٹا: کتابوں کا وی پی آ گیا ہے روپیہ دے دیجیے تو ڈاک خانے سے لے آؤں. باپ: اوں)؟ ۲. جب دوران گفتگو متکلم کے کسی حصہ کلام پر تعجب اور حیرت ہو، مترادف (ہیں یہ کیا کہہ رہے ہو اچھا! جیسے اختر: آج کے اخبار میں موٹی سرخی سے خبر شائع ہوئی ہے کہ پاکستانی ٹیم نے جرمن کھلاڑیوں کو ہرا دیا، اسلم: اوں)! ۳. جب دوران گفتگو متکلم کی بات پر اعتراض ہو، مترادف: نہیں، غلط ہے وغیرہ (جھٹکے کے ساتھ)! ۴. (تحقیر کے ساتھ) متکلم کے کلام کی تردید کے موقع پر. ۵. جب سوتے میں کسی کو کچی نیند میں جگایا جائے یا خود آنکھ کھل جائے اور اٹھنے کو جی نہ چاہے (بیشتر تکرار کے ساتھ). ۶. بچے کے رونے کی آواز، رونا دھونا. ۷. وہ آواز جو بچوں کے ہٹ کرنے یا ٹھنکنے کے موقع پر نکلتی ہے. ۸. بچے کو تھپک کر سلانے کے لیے.
اُوں ہوں است. نہیں (انکار کے لیے).
اُونْٹ (و مع، غنہ) (الف) امذ.
ایک اونچا لمبا دراز گردن، پیٹھ میں کوبڑ چھوٹی دم لٹکے ہونٹ اور بل بل کی آواز نکالنے والا چوپایہ (جو ریگستان میں بہت تیز چلتا اور کانٹوں والی جھاڑیاں اور کانٹے شوق سے کھاتا ہے، بیشتر باربرداری اور سواری کے کام میں آتا ہے)، (فارسی) شتر، (عربی) ناقہ یا جمل.
(ب) صف. ا. جس کا قد دراز ہو، طویل سینہ. ۲. بیوقوف، احمق.
اُونٹ بڈھا (بوڑھا) ہوگیا پر موتنا نہ آیا کہاوت. اتنے بڑے قد و قامت یا عمر پر ٹھیک کام کرنے کا سلیقہ نہیں (چونکہ اونٹ کے پیشاب کی دھار پچھلی دونوں ٹانگوں کے بیچ سے پیچھے کی طرف گرتی ہے اس لیے ہر بے ڈھنگا کام کرنے کے لیے یہ کہاوت مشہور ہوئی).
اُونٹ جب پہاڑ کے نیچے آتا ہے تو آپ کو سمجھتا ہے/تو بلبلانا بھول جاتا ہے کہاوت. اپنے سے زیادہ زبردست کا مقابلہ ہونے پر اپنی حقیقت کھلتی ہے، متکبر آدمی اپنے سے زیادہ زبردست کے آگے ٹھیک ہو جاتا ہے.

اُونٹ دیکھیے کس کل (کروٹ/ پہلو) بیٹھے/ بیٹھتا ہے کہاوت. ایسے معاملے کی نسبت مستعمل جس کا انجام معلوم نہ ہو دیکھیے کیا ظہور میں آئے، کیا نتیجہ برآمد ہو.

اُونٹ رے اونٹ تیری کونسی (کونی بھی) کل سیدھی کہاوت. ہر بات میں کچھ نہ کچھ عیب، اس سرے سے اس سرے تک سب قابلِ اعتراض (بے ڈھنگے آدمی یا کام کے لیے جو کسی پہلو ٹھیک نہ ہو مستعمل).

اُونٹ سستا ہے پٹا مہنگا ہے کہاوت. اصل سے بالائی خرچ زیادہ ہے.

اُونٹ کا پادا اُونچا جائے کہاوت. بڑوں کے عیب اکثر مخفی رہتے ہیں.

اُونٹ کی پکڑ (عورت کا مکر/ کتے کی جھپٹ) است. اونٹ پکڑ لیتا ہے تو چھوڑتا نہیں، عورت مکر پر آتی ہے تو مانتی نہیں، کتا جھپٹتا ہے تو رکتا نہیں.

اُونٹ کی کونی کل سیدھی نہیں کہاوت. (ع) ہر بات میں کچھ نہ کچھ عیب، بے ڈھنگے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کا کوئی قول کوئی فعل ٹھیک نہ ہو.

اُونٹ کے گلے میں بلی کہاوت. ۱. ایک مفید کام کے ساتھ دوسرا نقصان دہ کام لازم ہونے کے موقع پر مستعمل. ۲. بڑی عمر کے مرد سے کمسن لڑکی کا نکاح.

اُونٹ کے منھ (کا/ کو/ میں) زیرا کہاوت. جہاں زیادہ چیز کے ضرورت مند کو ضرورت سے بہت کم چیز دی جائے.

اُونٹ نے نہ پادا نہ پادا پادا تو بھس کہاوت. متانت کے دعوے کے باوجود بے وقوفی کی بات کہہ بیٹھا (اس شخص کے لیے مستعمل جسے بڑا سنجیدہ اور فہیم سمجھا جاتا ہو مگر زبان کھلنے یا کام کرنے پر پتا چلے کہ احمق ہے.

اَونٹانا (ولین، مغ) ف م.
(کسی سیال چیز کو) جوش دینا، کھولانا.

اونٹنا (ولین، مغ، سک ٹ) ف ل.
اونٹانا کا لازم.

اُونٹنی (دمع، مغ، سک ٹ) است.
اونٹ کی مادہ.

اُونچ (دمع، مغ) صف.
۱. اونچا، بلند. ۲. اعلیٰ ذات کا، بلند مرتبے کا. [س].

اُونچ نیچ (الف) است. ۱. اونچائی نیچائی، ناہمواری. ۲. (کسی معاملے کا) نشیب و فراز، برائی بھلائی، عواقب و نتائج. ۳. بھول چوک، غفلت، غلطی. ۴. اتار چڑھاو کی بات، کسی کے خلاف اکسانے یا کسی سے بدگمان کرنے کی بات. ۵. بری بھلی بات، ڈانٹ پھٹکار یا دشنام. (ب) صف. ۱. کہیں سے اونچا کہیں سے نیچا، ناہموار مقام. ۲. (خاندان یا ظاہری جاہ وحشم کے اعتبار سے) اعلیٰ و ادنیٰ.

اُونچ نیچ بتانا محاورہ. (معاملے کے) نیک و بد سے آگاہ کرنا، نشیب و فراز سمجھانا.

اُونچ نیچ میں ہوتی کیاری جو اُبجے سو بھائی ہماری کہاوت. ہر کام کے نتیجے پر شاکر رہنا چاہیے.

اُونچ نیچ ہونا محاورہ. غلطی ہونا، کسی غلط اقدام سے خرابی پڑنا، قباحت پیش آنا.

اُونچا (دمع، مغ) صف، مذ: است: اونچی.
۱. بلند، بالا، اوپر (مقام یا درجہ وغیرہ). ۲. جو مرتبے معیار یا حیثیت میں بڑھ کر ہو، افضل، اعلیٰ، بلند پایہ، مہتم بالشان. ۳. خاندانی، بڑے گھرانے کا، اعلیٰ طبقے یا معاشرے کا. ۴. معمول سے زیادہ زور دار (آواز یا لہجہ وغیرہ). ۵. زیادہ، بیش. ۶. جسم پر نیچے کی طرف لٹکنے والا کپڑا جہاں تک ہونا چاہیے وہاں سے اور اوپر کو اٹھا ہوا، اوچھا، اٹنگا. ۷. راجح، فائق، برتر، غالب.

اُونچا اُڑنا محاورہ. بلند پروازی کرنا، اُبج کی لینا.

اُونچا جانا محاورہ. بلند پروازی کرنا، (تخیل کا) مقام بلند تک پہنچنا، ایسی بات کہنا جس تک عام اذہان نہ پہنچ سکیں.

اُونچا دماغ اند. غرور سے بھرا ہوا سر.

اُونچا سنائی دینا/ سننا محاورہ. کم سنائی دینا، بہرا ہونا، ثقل سماعت ہونا.

اُونچا گھر/ گھرانا اند. وہ گھر جس کے لوگ امیر، تعلیم یافتہ صاحب اقتدار یا شریف ہوں، بڑا گھرانا.

اُونـچـا نیـچـا (الف) اند. بلندی اور پستی، نشیب و فراز، ناہمواری۔ (ب) صف، مذ. (وہ جگہ) جس میں کہیں بلندی ہو کہیں پستی، ناہموار۔

اُونـچـا نیچا پانو (پیر) **پڑنا** محاورہ. کوئی ایسا اقدام کرنا جس سے آبرو خطرے میں پڑ جائے۔

اُونْچان (وع، مغ) امث۔
بلندی۔

اُونْچاو/ اُونْچائی (وع، مغ، سک د) امث۔
دیکھیے: اونچان۔

اُونچی (وع، مغ) صف۔
اُونچا کی تانیث اور حسب ذیل مرکبات میں مستعمل۔

اُونـچـی اَسـامی/آسامی صف. وہ دولتمند آدمی جس سے کچھ مطلب نکلتا ہو۔

اُونـچـی دُکان/ دُوکان امث. بہت شہرت والی بارگاہ، مقبول خاص و عام مقام۔

اُونچی دُکان (دوکان) (کا) **پھیکا پکوان** کہاوت. نام اور شہرت زیادہ کام اور حقیقت کم، نام بڑا درشن تھوڑے۔

اُونـچـی ناک والا (والی) کہاوت. ۱. جس کی ناک آگے کی طرف اٹھی ہوئی ہو۔ ۲. مغرور، شیخی خورا، بے غیرت؛ نیز عزت دار۔

اُونْچے (وع، مغ) صف، مذ۔
اونچا کی جمع یا حالت مغیرہ اور حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل۔

اُونچے سے (کا) **گرا سنبھل سکتا ہے، نظروں سے/(کا) گرا نہیں سنبھلتا** کہاوت. ہاتھ پانو ٹوٹ جائے تو علاج سے ٹھیک ٹھاک ہو سکتا ہے لیکن عزت پر حرف آجائے تو اس کا کچھ علاج نہیں۔

اَونْدْھ (ولین، مغ، سک دھ) صف۔
الٹا، پٹ، منھ کے بل۔ [س]۔

اَونْدھا (ولین، مغ) صف، مذ۔
۱. الٹا، منھ کے بل، پٹ۔ ۲. احمق، بے وقوف، الٹی سمجھ کا۔ ۳. ٹیڑھا، کج، راستی کے خلاف۔ ۴. (باورچی خانہ) چوپٹ، چولھا گرم ہونے اور کھانا پکنے سے محروم۔

اونـدھا پن اند. کجی، کج فہمی، (کسی بات کو) الٹا سمجھنا۔

اونـدھا سیدھا صف، مذ. آڑا ترچھا، ٹیڑھا، بے تکا۔

اونـدھا کرنا محاورہ. ۱. رشوت دے کر ہموار کرنا، لے دے کر موافق بنا لینا۔ ۲. نشے میں بیہوش کرنا، دھت کر دینا۔

اونـدھـا کـھـائـے لونـدا کہاوت. بے حیا اور بے شرم اپنا کام ہر طرح نکال لیتے ہیں۔

اوندھا ہونا محاورہ. چوپٹ ہونا، تباہ و برباد ہو جانا۔

اَونْدھانا (ولین، مغ) ف م۔
۱. پٹ کرنا، سیدھے سے الٹا کر دینا، معکوس یا اوندھا کرنا۔ ۲. (جو کچھ برتن میں ہے اس کو) گرا دینا۔ ۳. عقل زائل کر دینا، دل و دماغ کو ایک بات کی طرف سے دوسرے بات کی طرف مائل کر دینا۔ ۴. کام خراب کر دینا۔ ۵. کھانا نہ پکانا، فاقہ ڈال دینا۔

اَونْڈْھنا (ولین، مغ، سک دھ) ف ل۔
۱. اوندھانا جس کا یہ فعل لازم ہے۔ ۲. کسی کام پر پل پڑنا، چمٹ جانا۔

اَونْدھی (ولین، مغ) امث۔
اوندھا کی تانیث اور حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل:

اوندھے منھ شیطان کا دھکا کہاوت. مصیبت پر مصیبت، بے وقوفی پر بے وقوفی۔

اوندھے منھ گرنا محاورہ. ۱. (لفظاً) منھ کے بل گرنا، (مراداً) زک اٹھانا، اپنی غلطی سے خفیف ہونا۔ ۲. ٹوٹ پڑنا (کسی شے کی) بہت رغبت کرنا۔

اَونْدھیا لگانا محاورہ۔
منھ زمین کی طرف پشت آسماں کی طرف کر کے لیٹ جانا، پٹ ہو کر پڑ رہنا۔

اَونْڈا (وج، مغ) اند۔
پرند کے معدے (پوٹے) کی تھیلی جو گردن کی جڑ میں سینے ..... کے سرے پر ہوتی ہے جس میں غذا جمع ہوتی ہے اور وہاں سے آہستہ آہستہ سنگ دانے میں جاتی ہے، پوٹا۔

اَونس (ولین، سک ن) اند۔
ایک وزن جو تقریباً اڑھائی تولہ یا آدھی چھٹانک کے برابر ہوتا ہے (پونڈ کا سولھواں حصہ)۔

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

اُونگ (ومع، مغ) اسث.
دیکھیے : اونگھ.

اُونگا (ولین، مغ) صف، مذ، م ف، مث.
دیکھیے : بونگا جس کا یہ تابع ہے.

اُونگھ (ومع، مغ، سک گ) اسث.
نیند سے آنکھیں بند ہونے اور نیم غافل ہونے کی کیفیت، نیم خوابی کی سی حالت، نیند کی جھپکی یا جھونکا، غنودگی. [س].

اُونگھتا جائے سوئے (موئے) کی خبر لائے کہاوت.
آثار سے معلوم ہو جاتا ہے کہ انجام کیا ہوگا.

اُونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ کہاوت.
کام کرنے کو خود جی نہیں چاہتا تھا، دوسرے کے منع کرنے کو بہانہ بنالیا، کام نہ کرنے کا بہانہ ہاتھ لگ جانا، بہانہ بنا کر کام سے بچنا.

اُونگھتے کو سو جاتے کچھ دیر نہیں/ کیا دیر کہاوت. جس بات کے اسباب موجود ہیں اس کو وجود میں آتے کیا دیر لگتی ہے.

اُونگھنا (ومع، مغ، سک گھ) ف ل، اونگ.
۱. (i) نیند سے آنکھیں بند ہو کر غفلت سی پیدا ہونے لگنا، نیم خوابی کی کیفیت پیدا ہونا، نیند کی جھپکی یا جھونکا آنا، غنودگی آنا. (ii) افیم وغیرہ کے نشے یا پینک میں یا کوئی نشہ آور شے سونگھنے سے غفلت سی طاری ہونا. ۲. سستی یا کاہلی سے کوئی کام کرنا، (کسی کام کی طرف سے) غافل ہو جانا.

اُونگھنی (ومع، مغ، سک گ) صف.
جس پر غفلت یا بیخودی سی طاری ہو، ست یا کاہل، اُداس، بے کیف.

اُونہہ (ومع، مغ) کلمۂ انکراہ.
۱. (i) کسی بات سے استغنا بے پروائی یا نفرت وغیرہ ظاہر کرنے کے لیے، مترادف : بلا سے، بہت چھوٹی سی بات ہے، (اس کی) کیا پروا ہے، وغیرہ. (ii) کسی قول یا فعل سے اُکتاہٹ ظاہر کرنے کے لیے. ۲. کراہنے کی آواز جو تکلیف میں بیساختہ منہ سے نکلتی ہے (عموماً تکرار کے ساتھ).
[حکایت الصوت].

اونہہ ہوں. دیکھیے : اوں ہوں، کلمہ کراہت نفی یا انکار کا کلمہ.

اُونی (ومع) صف.
اُون سے منسوب، اون کا بنا ہوا. [س].

اَونے پَونے (ہر ولین، ولین) م ف.
۱. کم قیمت میں، سستا. ۲. تھوڑا بہت.

اوورْ ٹائم (وج، فت و، سک ر، کس ء) اند.
وہ اُجرت جو ملازم کو مقرر وقت سے زیادہ کام کرنے پر دی جاتی ہے [انگ].

اوور کوٹ اند. وہ نیچا لبادہ نما اونی کوٹ جو سردی کے موسم میں تمام کپڑوں (شروانی، کوٹ وغیرہ کے) اوپر پہنا جاتا ہے. [انگ].

اوہ (وج، سک ہ) کلمۂ حیرت و افسوس یا استغنا.
۱. اظہار استغنا کے لیے ؛ مترادف : کیا پروا ہے. ۲. اظہار کرب و درد یا تاسف کے موقع پر، مترادف : ہائے وائے، افسوس ہے. ۳. حیرت و استعجاب کے لیے، مترادف: اچھا یہ بات ہے، ایسا ہے. [حکایت الصوت].

اَوہام (ولین) اند ؛ ج.
۱. خیالات، تخیلات، عقول. ۲. توہمات، وسوسے.

اُوہاں (ضم ا، غم و ؛ ومع) ظرف (قدیم).
دیکھیے : وہاں.

اوہو (وج) کلمۂ تعجب یا حسرت.
۱. انبساط یا تحسین کے موقع پر، مترادف : کیا خوب، کیا کہنا ہے سبحان اللہ. ۲. استعجاب کے موقع پر، مترادف : عجیب بات ہے، تعجب کا مقام ہے، حیرت ہے. ۳. طنزیا تحقیر یا ایسے شخص کی مذمت و ہجو کے موقع پر جس کا فعل متکلم کی طبیعت یا توقع کے خلاف ہو. ۴. تحسر یا رنج کے موقع پر، مترادف : افسوس ہے، تکلیف دہ امر ہے، برا ہوا.
[حکایت الصوت].

اُوہی/اُوئی (ومع، ضم ا، غم و) کلمۂ استعجاب یا تاسف.
۱. عورتوں کا روزمرہ یا تکیہ کلام، حسب ذیل کیفیات کے اظہار کے لیے مستعمل. ۱. ناز و انداز ظاہر کرنے کے موقع پر. ۲. صدمہ، تکلیف، نفرت یا خوف ظاہر کرنے کے موقع پر. ۳. حیرت و استعجاب کے موقع پر. ۴. (چونک کر) انکار انکراہ یا اظہار براءت کے موقع پر.

حکایت الصوت] .

اوہی/ اونی اللہ کلمۂ استعجاب. اوہی/ اوئی کی تاکید.

آویر (فت ا، ی ج) (الف) امث.

دیر، تاخیر. (ب) م ف. دیر میں، تاخیر سے.

اویر سویر (الف) امث. دیکھیے: اویر. (ب) م ف. وقت نا وقت، آج یا کل، آگے چل کر کسی نہ کسی وقت یا دن.

آہ (فت ا) کلمۂ فجائیہ.

تکلیف یا درد میں کراہنے کی آواز (عموماً تسلسل کے ساتھ). [حکایت الصوت]

آہا (فت ا) کلمۂ تعجب و انبساط.

فجائیہ کلمہ جو خوشی تعجب داد وتحسین یا تلذذ کے موقع پر بے ساختہ نکلتا ہے،
مترادف: واہ وا، کیا کہنا، وغیرہ. [حکایت الصوت].

آہّا (فت ا، شد ہ) کلمۂ حیرت و استعجاب.

۱. دیکھیے: اہا. ۲. کسی نا معلوم بات کے معلوم ہونے پر یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ یہ ہمیں پہلے سے معلوم نہ تھا.

آہار (فت ا) اند، امث.

۱. کھانا، غذا، خورش. ۲. نشاستے وغیرہ کی لیپی (جو کاغذ اور وصلیوں پر چمک اور مضبوطی کے لیے پھیرتے ہیں)، ماوا، کلف، چاول کی پیچ، پالش.
۳. (چھاپا خانہ) کتابت کے لیے کاغذ رنگنے کا مسالا جو نشاستے اور ریوند کے عرق سے تیار کیا جاتا ہے، کاپی کی زمین بنانے کا زرد یا زردی مائل مسالا. ۴. (قدیم) سہارا. ۵. رات بھر پانی میں بھیگے ہوئے گیہوں کے آٹے کا شیرہ جس کا معتدل آگ میں قوام کیا گیا ہو.

اُہار (ضم ا) اند. (قدیم).

پردہ، اوڑھنا، چادر، غلاف؛ گاڑی بہلی پالکی یا ڈولی کا پردہ. [س].

آہارجا/ آہارجَہ (فت ا، سک ر/ فت ج) اند.

(جراحی) مثانے سے پتھری یا جسم سے رسولی بذریعۂ عمل جراحی نکالنے کا طریقہ.

آہارنا (فت ا، سک ر) ف مر.

کلف دینا.

اُہارنا (فت ا، سک ر) ف م.

۱. (جرائم پیشہ) پھانسی پر لٹکا دینا، پھانسی دے کر مار ڈالنا. ۲. ننگا کرنا، کپڑے اتار لینا. [ہ].

آہارِی (فت ا، ی مع) امث.

۱. کھانا، غذا. ۲. غذا کا استعمال. ۳. (شال بافی) کمبل یا تانا لپٹی ہوئی بلی جو بننے والے کے سامنے رہتی ہے، اوکھرا.

آہالی (فت ا) (الف) اند؛ ج.

۱. (i) باشندے، رہنے والے، بسنے والے (لوگ). (ii) شہری لوگ، عوام. ۲. کارگزار، عملہ، ملازمین، کام کرنے والے، منتظمین، کرتا دھرتا.
۳. مالکان، آقا، حکام (خصوصاً جب کہ موالی کے بالمقابل استعمال ہو).
۴. معزز اصحاب. (ب) صف. صاحبان، والے.

آہالی موالی اند؛ ج. ۱. مصاحبین، متوسلین، یار دوست، نوکر چاکر. ۲. لوگ، عوام، سب امیر و غریب.

اُہاں (فت ا) ظرف (قدیم).

وہاں، اس جگہ. [س].

اِہانَت (کس ا، ن) امث.

۱. توہین، تذلیل، بے عزتی، حقارت. ۲. بری گت (جس میں رسوائی اور تکلیف سب شامل ہو).

اہانت آمیز صف. وہ بات یا برتاو وغیرہ جس سے کسی کی تذلیل کا پہلو نکلے، دوسرے کی ذلت وتحقیر کا پہلو رکھنے والا عمل.

اِہتِزاز (کس ج ا، سک ہ، کس ج ت) اند.

۱. (i) خوشگوار ہواؤں کی حرکت. (ii) (مطلق) حرکت. ۲. فرحت، خوشی، شگفتگی، وجد کی کیفیت. [ع].

اِہتِمام (کس ج ا، سک ہ، کس ج ت) اند.

۱. انتظام، بندوبست، نگرانی اور دیکھ بھال. ۲. سرانجام. ۳. کوشش، جدوجہد.
۴. (کسی امر میں اس کی اہمیت کے باعث) غیر معمولی توجہ یا مشغولیت.
۵. قصد، ارادہ.

اہتمام کار صف. مہتمم، منتظم.

اِہتِمامی (کس ج ا، سک ہ، کس ج، ی مع) صف.

اہتمام کرنے والا، منتظم، منیجر، جو کسی کام کا ذمہ دار ہو.

اِہْدا (کس ا، سک ہ) اند.

۱. ہدایت، رہ نمائی. ۲. ہدیہ، وہ چیز جو بطور ہدیہ یا تحفہ پیش کی جائے.

اَہْرام (فت ا، سک ہ) اند؛ ج.

۱. مصر کے قدیم مخروطی سات مینار جو ۳۵۲۶ تا ۳۲۷۷ قبل مسیح فراعنۂ مصر نے اپنے مقبروں کے لیے تعمیر کرائے تھے (کہا جاتا ہے کہ ان میں دو سب سے پہلے حضرت ادریس (پیغمبر) نے طوفان کے موقع پر علوم کی حفاظت کے لیے بنوائے تھے. باقی پانچ بعد میں تعمیر ہوئے). ۲. (مساحت) مخروطی شکل کی عمارت جس کی کرسی کئی اضلاع والی ہو. ۳. (استعارۃً) یادگار مینار وغیرہ.

اَہْرامی (فت ا، سک ہ، ی مع) صف.

اہرام (نمبر ۱) سے منسوب، مخروطی.

اَہُرمُزْد (فت ا، ضم ہ، سک ر، ضم م، سک ز) اند، آرمزد.

زردشتیوں کے نزدیک خدائے خیر کا نام، نیکی کی طاقت، یزداں.

اَہْرَمَن (فت ا، سک ہ، فت ر، م) (الف) اند؛ = اہریمن.

۱. زردشتیوں کے نزدیک شر کا خالق، بدی کا دیوتا، شیطان، ابلیس، یزداں کے بالمقابل. ۲. جن، دیو، بھوت پریت. (ب) صف. (مجازاً) شریر، بہکانے یا بدی پر اکسانے والا، فتنہ انگیز.

اَہْرَن (۱) (فت مج ا، سک ہ، فت ر) اند.

(آہنگری) سندان، لوہے کا وزنی عموماً چوکور ٹھیا جس پر رکھ کر دھات کو کوٹ پیٹ کر ڈھالا یا کاٹا جاتا ہے، نہائی.

اَہْرَن (۲) (فت مج ا، سک ہ، فت ر) اند.

(سنگ تراشی) ان گھڑ روکار اور معمولی سے کسی قدر بڑی ناپ کا نمائشی چنائی کے لیے تیار کیا ہوا پتھر چنائی میں اس کا ان گھڑت رخ خوشنمائی کے لیے روکار کی طرف رکھا جاتا ہے.

اَہْل (فت ا، سک ہ) (الف) اند؛ اسم جمع.

بیوی، زوجہ (عموماً عیال کے ساتھ مستعمل). (ب) صف. ۱. لائق، مستحق، سزاوار، صلاحیت رکھنے والا، شائستہ (بلا ترکیب اضافی). ۲. صاحب، اصحاب، والا یا والے، جیسے: اہل عقل (= عقل رکھنے والا، صاحب عقل) (ترکیب اضافی میں). ۳. باشندے، رہنے والے.

اہلِ الرّاے صف؛ اند. ۱. صائب رائے رکھنے والے، صحیح نتیجہ نکالنے والے، دانشمند. ۲. وہ علما جو قیاس اور اجتہاد سے فروعی مسائل استنباط کرنے کے قائل ہیں، جو درایت کو روایت پر ترجیح دیتے ہیں.

اہلُ اللہ صف؛ اند. باخدا اور زاہد لوگ، عارفان الٰہی.

اہلِ باطن صف؛ اند. عارف یا عارفان الٰہی، کشف و کرامات والے، جن کے دل پر زہد و ریاضت کی بدولت اسرار الٰہی منکشف ہوتے ہیں، صوفی.

اہلِ بیت اند. ۱. گھر کے لوگ، کنبے والے، اہل و عیال، ذریات. ۲. (i) (اہل سنت) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، امام حسنؓ، امام حسینؓ اور ان کی ذریات. (ii) (امامیہ) حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، امام حسنؓ، امام حسینؓ اور ان کی ذریات.

اہلِ تشیع اند. مسلمانوں کا ایک فرقہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرت علیؓ کو پہلا امام (اور ان کے بعد گیارہ امام) مانتا ہے، شیعہ.

اہلِ حدیث اند. مسلمانوں کا ایک فرقہ جو قرآن پاک اور حدیث پر عمل کرتا ہے اور اس کے بالمقابل اجتہاد و استنباط کو نہیں مانتا، وہابی.

اہلِ خانہ اث. بیوی، اہلیہ.

اہلِ رد صف. (فقہ) وہ وارث جن کو مقرر حصے والے وارثوں کے حصہ پانے کے بعد باقی جائداد مل سکتی ہے.

اہلِ زبان صف؛ اند. کوئی زبان جن کی مادری بولی ہو، جنھوں نے ماں وغیرہ کی گود میں کوئی زبان سیکھی ہو، جن کی بول چال سند ہو.

اہلِ قلم صف؛ اند. ۱. محرر، منشی؛ نیز محاسب دفتر. ۲. انشا پرداز، مصنف.

اہلِ کار اند. (بطور واحد). کارندہ، دفتر کا منشی، محرر، کلرک، دفتر یا محکمے کا ملازم. اسم کیفیت: اہل کاری.

اہلِ کتاب صف؛ اند. ۱. ان آسمانی کتابوں کے پیرو جن کے نام قرآن میں موجود ہیں: توریت، انجیل، زبور پر ایمان رکھنے والا گروہ، یہود یا نصاریٰ. ۲. ان پیغمبروں میں سے ہر ایک جن پر آسمانی کتابیں نازل

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گئیں جیسے حضرت داؤد (علیہ السلام)، حضرت موسیٰ (علیہ السلام)، حضرت عیسیٰ (علیہ السلام)، حضرت محمد مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)، اسی اعتبار سے ان امت کے لوگ بھی اہل کتاب کہے جاتے ہیں.

اہل نصاب صف؛ امذ. (فقہ) وہ شخص جس کے پاس اتنا مال ہو جس پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے.

اہل نظر صف؛ امذ. ۱. (لفظاً) دیکھنے والے، (مراداً) محبت کی نگاہ سے دیکھنے والے، عاشق صادق. ۲. بصیرت رکھنے والے، وسیع النظر، حقیقت شناس، عارفان حق. ۳. صاحبان کمال، ارباب علم وفضل.

اہل و عیال امذ. گھر کے لوگ جن کا بار کفالت کسی کے ذمے ہو، بال بچے اور دیگر متعلقین.

اہلِ ہنر صف؛ امذ. کسی ہنر کے ماہر، عموماً دستکار وغیرہ.

اَہْلا گَہْلا (فت ا، سک ہ، فت گ، سک ہ) صف، مذ؛ م ف.

شاداں وفرحاں، خراماں خراماں، جھومتا جھامتا، آزادانہ، لہراتا ہوا، اترایا ہوا.

اَہْلاً (وَ) سَہْلاً (فت ع ا، سک ہ، تن ل بفت، (فت و)، فت ع س، سک ہ، تن ل بفت) تمیز (کلمہ ترحب).

خوش آمدید، خوب آئے، آرام سے رہو.

اَہْلَہ (فت ا، سک ہ، فت ل) امذ.

بھونچال، زلزلہ؛ سیلاب.

اَہْلی (فت ع ا، سک ہ) صف.

۱. گھریلو، اہل وعیال سے متعلق. ۲. پالو یا پالتو جانور، وحشی اور صحرائی کے بالمقابل، (مجازاً) مانوس.

اَہْلِیَت/ اَہْلِیَّت (فت ع ا، سک ہ، سک ل، فت ی/ شدی بفت) امث.

لیاقت، صلاحیت، استعداد، سلیقہ.

اَہْلِیہ/ اَہْلِیَّہ (فت ع ا، سک ہ، سک ل، فت ی/ شدی بفت) امث.

زوجہ، بیوی.

اَہَم (فت ا، ہ، (شدم بحالت اضافت وعطف)) صف.

۱. ضروری، زیادہ ضروری، لازمی، دوسری بات کے بالمقابل جس کی زیادہ ضرورت ہو، غیر معمولی. ۲. (مجازاً) مشکل، دشوار.

اَہَمِّیَت/ اَہَمِّیَّت (فت ا، ہ، شدم بکس، فت ی/ شدی بفت) امث.

اہم کا اسم کیفیت، ضرورت، وقعت، منزلت.

اہے وا (فت ا) کلمۂ طنز وتمسخر.

(عو) کسی فعل پر طنزآمیز تعجب وانبساط کا اظہار کرنے کے موقع پر مستعمل.

اَئِمَّہ (فت ا، کس ء، شدم بفت) امذ؛ ج.

امام کی جمع. [ع].

ائمۂ اثنا عشر امذ. بارہ امام (جنہیں جعفری حضرات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد یکے بعد دیگرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین اور امام مانتے ہیں، ان کے نام (علی الترتیب) یہ ہیں: حضرت علیؑ، امام حسنؑ، امام حسینؑ، علی بن الحسین (امام زین العابدینؑ) امام محمد باقر، امام جعفر صادق، امام موسیٰ کاظم، امام علی رضا، امام محمد تقی، امام علی نقی، امام حسن عسکری، امام مہدی آخر الزماں).

ائمۂ اربعہ امذ. فقہ کے چار امام یا مجتہد (جن کے نام یہ ہیں: امام اعظم حضرت ابوحنیفہ، امام مالک، امام احمد بن حنبل، امام شافعی).

ائمۂ ثلاثہ امذ. فقہ کے تین امام یا مجتہد: امام مالک، امام احمد بن حنبل اور امام شافعی، امام اعظم کے علاوہ فقہ کے باقی تین امام.

اِی (۱) حرف.

انگریزی حروف تہجی کا پانچواں حرف جو اردو میں بعض انگریزی الفاظ کے مختصرات وغیرہ میں مستعمل ہے، جیسے: ای سی جی (الیکٹریکل کارڈیو گرام کی تخفیف)؛ ای اے سی (اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی تخفیف). [انگ].

اِی (۲) حرف.

دیوناگری رسم الخط کا چوتھا سور یا حرف علت. [ہ].

اَے (ی لین) (الف) حرف ندا.

پکارنے، مخاطب کرنے یا توجہ دلانے کے لیے. (ب) م ف. ۱. تاکید کلام کے موقع پر. ۲. (i) تعجب، خوشی، داد وتحسین، تہنیت، دعا، تحسر اور جملہ اقسام انشا (جملۂ انشائیہ) کے موقع پر زور پیدا کرنے کے لیے. (ii) بے تکلفی کے موقع پر عورتوں کا تکیہ کلام. ۳. خیر، خواہ، چاہے. ۴. کسی فعل کے یکا یک وقوع میں آنے کے موقع پر آگاہ کرنے یا انتباہ و استفسار وغیرہ کے لیے، مترادف: لو، ہوشیار ہو، دیکھا، سنا، وغیرہ.

۵. ہاں ، بے شک . ۶. (اثنائے کلام میں کچھ بھول جانے یا ادا نہ کر سکنے کے موقع پر) ، یعنی ہاں . ۷. سوائے ، جز . ۸. زائد (حسن کلام کے لیے) .

اے بسا آرزو کہ خاک شدہ فاری مصرع ، اردو میں مستعمل . ہائے افسوس ، ایسی کتنی ہی آرزوئیں پوری نہ ہوئیں .

اے بُوا/ اے بی کلمۂ تخاطب . (عور) بہن ، دایہ اور ہر بوڑھی عورت کو مخاطب کرنے کے لیے بولا جاتا ہے .

اے بے حیائی تیرا (ہی) آسرا ہے کہاوت . بہت بے حیا ہے ، بہت بے شرمی کی بات ہے .

اے خدا کلمۂ تعجب ، م ف . تعجب ہے ، حیرت ہے ، اللہ اللہ ، سبحان اللہ .

اے کاش/ کاشکے/ کاش کے کلمۂ تمنا . شدت آرزو کے اظہار کے لیے بولتے ہیں .

اے لو م ف . (عو) کسی بات کی طرف متوجہ کرنے کے لیے یا محض تکیہ کلام کے طور پر ، دیکھو ، سنو .

اے واہ م ف . تردید ، انکار یا طنز کے موقع پر ، مترادف : بالکل غلط ، قطعی جھوٹ ، یہ بھی خوب کہی ، کیوں نہ ہو ، وغیرہ .

اے ہے کلمۂ تحسر و تاسف یا استعجاب . عورتوں کا تکیہ کلام جو افسوس ، وسوسہ ، تعجب ، ہمدردی یا تشویش کے اظہار کے موقع پر مستعمل ہے .

اے (کس ج ا) اشارہ قریب .

یہ .

اِے (کس ا) حرف ہجا .

انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف .

اے بی سی ڈی مث . ۱. انگریزی حروف تہجی کے ابتدائی چار حرف ، مراد : انگریزی کے پورے حروف تہجی . ۲. (مجازاً) (i) بالکل ابتدائی یا نہایت معمولی تعلیم . (ii) کسی علم یا فن کی ابتدائی معلومات .

اے کلاس اند . (قید خانے میں طبقاتی تقسیم کے مطابق) اول درجہ ، پہلا درجہ ، (دوسرے تیسرے درجے کو بی کلاس اور سی کلاس کہتے ہیں) .

اَیاز (فت ا) اند .

(لفظاً) محمود غزنوی کے ترکی غلام کا نام (کہا جاتا ہے کہ اس کے گیسو بہت حسین تھے اور محمود اس سے محبت کرتا تھا ، وہ نہایت ذہین وفریس و طباع تھا) ، (مراداً) غلام ؛ معشوق .

ایاز قدر خود بشناس فاری فقرہ ، اردو میں مستعمل . ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی بساط اور حالت سے بڑھ کر بڑا بول بولے یا اترا کر ایسا کام کرے جو اس کی ذات اور حیثیت سے زیادہ ہو .

اَیازی (فت ا) اسٹ : مف .

(لفظاً) وہ بات جو ایاز سے منسوب ہو ، (مراداً) غلامی ؛ ناز معشوقانہ .

اِیاس (کس ج ا) اسٹ .

(لفظاً) ناامیدی ، (مراداً) ماہواری کا بالکل بند ہو جانا . [ع] .

اَیاغ (فت ا) اند .

پیالہ ، شراب کا پیالہ . [ف] .

اَیال (فت ا) اسٹ .

ہر چوپائے خصوصاً گھوڑے کی پشت گردن کے لٹکے ہوئے بال . [ت] .

اِیالَت (کس ا ، فت ل) اسٹ .

حکومت ، سرداری ، حکمرانی .

اَیّام (فت ا ، شد ی) اند : ج .

۱. دن ، روز (لیالی کی ضد) ۲. زمانہ ، اوقات ، مدت ۳. موسم ، فصل ، کسی کام یا امر کا مختص زمانہ ۴. ماہواری کا خون ، خون حیض جو بالغ عورتوں کو ہر مہینے ان کے عموماً مقررہ وقت پر آتا ہے (واحد کے معنی میں) .
۵. (مجازاً) قبل از اسلام عرب کی قبائلی لڑائیاں . [ع] .

ایام بیض اند . قمری مہینے کی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخیں (جن میں مسلمانوں کے نزدیک روزہ رکھنا ثواب ہے) .

ایام تشریق اند . عیدالضحیٰ کے بعد کے تین دن ، ذی الحجہ کی گیارھویں بارھویں تیرھویں تاریخ .

ایام جاہلیت اند . (عرب میں) رسالت مآب صلعم کے اعلان رسالت سے پہلے کا زمانہ .

ایام سے (سیں) ہونا ف مر . عورت کا اس حال میں ہونا کہ اس کو ماہواری کا خون آرہا ہو .

اَیامیٰ (فت ا ، اشکل ی) مف .

بے شوہر کی بیویاں اور بے بیویوں کے شوہر (عموماً) رانڈیں اور رنڈوے . [ع] .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ایانا (فت ا) صف مذ.
بے عقل، بے وقوف؛ نادان بچہ (سیانا کی ضد).
ایانا جانے بیا سیانا جانے کیا کہاوت. بچہ محبت کو جانتا ہے ہشیار لینے دینے کو سمجھتا ہے.

ایپْرَن (ی لین، سک پ، فت ر) اند.
وہ کپڑا جو کام کے وقت لباس کو داغ دھبے وغیرہ سے بچانے کے لیے آگے کی طرف باندھ لیتے ہیں، پیش بند. [انگ].

اَیتام (ی لین) اند؛ ج.
وہ نابالغ بچے جن کے ماں یا باپ یا دونوں مر چکے ہوں. [ع].

اِیتَر (ی مع ا، فت ت) صف.
اترانے والا، خود نما، شیخی خورا، کم ظرف.
ایتر کے گھر (میں) **تیتر** (باہر باندھوں کہ بھیتر) کہاوت. اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی کم ظرف آدمی کو اس کی حیثیت سے زیادہ کوئی چیز مل جائے اور وہ اس پر اترائے.

اَیتھلیٹ (ی لین، سک تھ، ی مع) اند.
مختلف قسم کی جسمانی ورزشوں سے تعلق رکھنے والے کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے والا، پہلوان، کے باز وغیرہ. [انگ].

اَیٹْلَس (ی لین، سک ٹ، فت ل) است.
کرۂ ارض یا اس کے کسی علاقے کے نقشوں کی کتاب، وہ کتاب جس میں اصول جغرافیہ کے تحت زمین یا اس کے قطعات کے نقشے (محل وقوع کے اعتبار سے) بنائے گئے ہوں. [انگ].

اَیٹَم (ی لین، فت ٹ) اند.
مادے کا وہ چھوٹے سے چھوٹا جز جو قدما کے نزدیک ناقابل تقسیم تھا جوہر، ذرہ دیمقراطیسی.
ایٹم بم اند. ایسا بم جو یورینیم یا پلوٹونیم کے جوہروں پر مشتمل ہو. [انگ]

اَیٹْمی (ی لین، سک ٹ) صف.
ایٹم سے منسوب، ایٹم کا.

اِیثار (ی مع) اند.
دوسروں کے مفاد کو اپنے مفاد پر ترجیح دینے کا عمل، قربانی دینا؛ غیر معمولی سخاوت اور بخشش. [ع].

اِیجاب (ی مع) اند.
۱. قبولیت، قبول کرنا، اختیار کرنا. ۲. سوال کا جواب یا صواب ملنا، قبول کیا جانا (دعا وغیرہ کے لیے). ۳. اثبات، ہونا، نہ ہونے یا نفی کی ضد. ۴. (i) (فقہ) مقررہ طریقے کے مطابق عورت کا مرد سے خود یا بذریعہ وکیل اقرار زوجیت. (ii) تجارت یا بیع کے موقع پر بیچنے والے فریق کا مقرر طریقے سے اقرار (اس کے بالمقابل خریدنے والے فریق کا اقرار "قبول" کہلاتا ہے). ۵. (منطق) وہ اثباتی نسبت جو قضیے میں موضوع و محمول (مبتدا و خبر) کے درمیان ہوتی ہے. ۶. وجوب، واجب ہونا. [ع].
ایجاب و قبول/ قبول اند. (فقہ) نکاح و بیع وغیرہ میں اسلامی احکام کے مطابق فریقین کی رضامندی کا اظہار؛ وہ فقرے جو رضامندی کے اظہار میں ادا کیے جائیں.

اِیجاد (ی مع) است؛ اند.
۱. کسی نئی بات یا چیز کی تخلیق، اختراع. ۲. وجود، عدم سے وجود میں لانا. ۳. نئی پیدا کی ہوئی چیز یا بات، جدت، (مجازاً) کارستانی. ۴. (مجازاً) موجودات، کائنات. [ع].

اِیجاز (ی مع) اند.
۱. اختصار، مختصر کرنا (کلام کو). ۲. (بلاغت) طویل مطلب مختصر اور فصیح لفظوں میں اس طرح ادا کر دینا کہ نہ ضرورت سے کم ہو نہ زیادہ (یہ کلام کی ایک خوبی ہے). [ع].

ایجِنٹ/ ایجَنْٹ (ی مج، کس ج ج، سک ن/ فت ج) اند.
۱. (کسی شخص یا ادارے کا) نمائندہ گماشتہ یا وکیل (جو اس کی نیابت میں کام کرے)؛ دلال. ۲. حکومت کا نمائندہ جو کسی ماتحت علاقے میں یا ریاست کی نگرانی کے لیے مقرر ہو (قبل تقسیم ہند برصغیر کی دیسی ریاست اور بعض علاقوں مثلاً بلوچستان میں اقتدار اعلیٰ یعنی برطانیہ کے ایجنٹ رہا کرتے تھے). [انگ].

ایجنڈا/ ایجَنڈا (ی مج، کس ج، سک ن/ فت ج) اند.
کسی ادارے کے آئندہ جلسے کا اطلاع نامہ جس میں وہ امور بھی مختصراً درج ہوں جس پر غور خوض کیا جائے گا۔ [انگ].

ایجِنسی/ ایجَنسی (ی مج، کس ج، سک ن/ فت ج) است.
ایجنٹ کا کام یا عہدہ۔ [انگ].

ایجُوکیشَن (ی مج، و مع، ی مج، فت ش) است.
تعلیم؛ تعلیمی لیاقت۔ [انگ].

ایجی ٹیشَن (ی مج، ی مج، فت ش) اند؛ است.
وہ تحریک جس میں حصول مقصد کے لیے ہیجان انگیزی کے ساتھ لوگوں کو ابھارا جائے، کسی بات کے خلاف اجتماعی ہیجان و اضطراب کا مظاہرہ یا شورش۔ [انگ].

ایچ پیچ (ی مج، ی مج) اند.
۱۔ پھندا ۲۔ طرز ادا یا اسلوب بیان کی پیچیدگی جس سے اصل مفہوم کو سمجھنا دشوار ہو، گھما پھرا کر کہنا ۳۔ مکر وفریب کی بات یا باتیں، دھوکے کی چال یا چالیں ۴۔ ایر پھیر، چکر (راستے وغیرہ کا)۔

اِیدھر (ی مع) م ف.
دیکھیے: ادھر۔ [ار].

اَیڈریس (ی لین، سک ڈ/ ی مج) اند.
۱۔ کسی خط کے لفافے پر لکھا ہوا پتہ ۲۔ تقریر، سپاس نامہ، کسی سے بات کرنے کا اسلوب ۳۔ کمپیوٹر کے حافظے میں وہ مقام جس میں معلومات جمع کی جاتی ہیں یا جسے معلومات ارسال کی جاتی ہیں۔ [انگ].

اَیڈمِنِسٹریٹَر (ی لین، سک ڈ، کس م، ن، سک س، ٹ، ی مج، فت ٹ) صف، اند.
کسی دفتر یا محکمے کے انتظامی شعبے کا اعلیٰ افسر۔ [انگ].

اَیڈمِنِسٹریشَن (ی لین، سک ڈ، کس م، ن، سک س، ٹ، ی مج، فت ش) اند.
دفتری انتظام، نظم ونسق۔ [انگ].

اَیڈوانس (ی لین، سک ڈ، ن) اند.
۱۔ وہ رقم جو پیشگی لی یا دی جائے، پیشگی ۲۔ تہذیبی طور پر ترقی یافتہ، جدید تہذیب کا دلدادہ۔ [انگ].

اَیڈوُوکیٹ (ی لین، سک ڈ، و مع، ی مج) اند.
۱۔ سندیافتہ وکیل جسے عدالت عالیہ تک پیش ہونے کی اجازت حاصل ہو ۲۔ (قول یا عمل سے کسی کی) وکالت کرنے والا، موید۔

ایڈیٹَر (ی مج، ی مع، فت ٹ) اند.
مدیر، کسی اخبار یا رسالے کا منتظم۔ [انگ].

ایڈیشَن (ی مج، ی مج، فت ش) اند.
کسی کتاب یا اخبار کی اشاعت کی جملہ تعداد۔ [انگ].

ایذا (ی مع) است.
۱۔ اذیت، تکلیف، دکھ، صدمہ ۲۔ اذیت پہنچانا، دکھ دینا۔ [ع].

ایذا پسند صف۔ دوسروں کو تکلیف پہنچا کر سکون پانے والا۔

اَیرا (ی لین) اند.
(شطرنج) وہ مہرا جو شاہ کو کشت سے بچانے کے لیے بیچ میں لایا جاتا ہے۔

ایرا پھیرا/ پھیری اند/است.
۱۔ بار بار ایک جگہ سے اٹھا کر کوئی چیز لانے اور پھر وہیں لے جانے کا عمل، سودا خرید کر بار بار اس کو پھیرنا اور بدلوانا ۲۔ بار بار آنا اور جانا پے درپے کسی جگہ کے پھیرے کرنا ۳۔ (دکانداری) آر جار، کسی جنس کا باہمی تبادلہ یعنی کسی ایک جنس کے بدلے میں دوسری جنس کا لین دین۔

اَیرا غیرا صف؛ اند.
(عموماً مغیرہ یا حالت جمع میں) غیر آدمی، غیر متعلق یا کم حیثیت شخص۔

ایرا غیرا نتھو خیرا صف۔ معمولی آدمی، ہر کوئی۔

اِیرپَمپ (کس ج ا، فت ی، سک ر، فت پ، سک م) اند.
ایک آلہ جس کے ذریعے کسی ظرف کی ہوا خالی کی جائے۔ [انگ].

اِیرپورٹ (کس ج ا، فت ی، و ج، سک ر) اند.
ہوائی جہازوں کا اڈا۔ [انگ].

ایر پھیر (ی مج) اند.
۱۔ گھیر، گھوم، لپیٹ، جیسے: کمر کا ایر پھیر، لہنگے یا پشواز کا ایر پھیر ۲۔ ایچ پیچ، گھماو ۳۔ تجارت کے لیے مختص کی ہوئی رقم سے بار بار سامان خریدنا اور بیچنا، سامان خریدنے اور بیچ کر پھر خریدنے اور پھر بیچنے کا تسلسل ۴۔ ردوبدل، تبدیلی ۵۔ فرق، فاصلہ ۶۔ چکر، گردش ۷۔ قدر و قیمت کا تفاوت جو ایک جنس کی دو چیزوں میں ہو۔

اِیَرکَنڈِیشَنڈ (کس ج ، فت ی ، سک ر ، فت ک ، سک ن ، ی مع ، فت ش ، سک ن) صف .
وہ بند جگہ جہاں ایک آلے کے ذریعے ہوا کی حرارت اور نمی کو حسب خواہش کم یا زیادہ کر لیا جاتا ہے ، ٹھنڈا کیا ہوا (کمرہ وغیرہ) . [انگ] .

اِیَرکَنڈِیشنَر (کس ج ا ، فت ی ، سک ر ، فت ک ، سک ن ، ی ج ، سک ش ، فت ن) امذ .
ایک آلہ جو کمرے وغیرہ کو ٹھنڈا یا گرم رکھنے کے لیے ہوا کے درجہ حرارت اور نمی کو حسب خواہش کم یا زیادہ کر دیتا ہے . [انگ] .

آیروگرام (ی لین ، و ج ، کس ج گ) امذ .
۱. وہ خط جو ہوائی ڈاک سے بھیجا جائے (جس کے لیے عموماً خاص لفافہ استعمال کیا جاتا ہے) . ۲. ہوائی ڈاک یا پیغام جو ہوائی جہاز ، ٹیلیفون یا لاسلکی کے ذریعہ سے بھیجا جائے . [انگ] .

اِیَر ہوسٹِس (کس ج ا ، فت ی ، سک ر ، و ج ، سک س ، کس ج ٹ) امث .
ہوائی جہاز میں مسافروں کو ضرورت کا سامان مہیا کرنے والی میزبان لڑکی .

ایرِیَل (ی ج ، سک ر ، فت ی) امذ .
ریڈیائی لہروں کو فضا میں وصول کرنے اور ارسال کرنے والا تار . [انگ] .

آیرے غیرے (ی لین ، ی لین) صف .
ایرا غیرا کی جمع یا مغیرہ صورت .

ایڑ (ی ج) امث : امذ .
سواری کے جانور کے پیٹ پر سوار کی ایڑی کا ٹھوکا (تیز چلانے کے لیے) . [س] .

ایڑی (ی ج) امث .
۱. پاؤں کے تلوے کا پچھلا حصہ جس کی کھال سخت اور موٹی ہوتی ہے اور جسے جوتے یا زمین پر ٹکا کر کھڑے ہوتے ہیں . ۲. پانو کا پچھلا حصہ (ہڈی) جو اوپر کی طرف پنڈلی سے اور نیچے کی طرف پانو کے زمین پر رکھے جانے والے حصے سے متصل ہوتا ہے . ۳. جوتے یا کھڑانو وغیرہ کا وہ حصہ جس پر پانو کی ایڑی ٹکاتے ہیں . ۴. جوتے کے پنے کا پچھلا حصہ جس میں ایڑا سیا جاتا ہے . ۵. پانو ، سر کے مقابل (بیشتر چوٹی کے ساتھ) .

ایڑی اُٹھنا محاورہ . پانو اکھڑ جانا ، بھاگ جانا ، فرار کرنا .

ایڑی چوٹی کا زور لگانا محاورہ . کسی کام میں پوری طاقت صرف کر دینا ، انتہائی اور حد درجے کی کوشش کرنا .

ایڑی دینا محاورہ . سواری کو ایڑ لگانا .

ایڑی سے لگی تو (سر) چوٹی میں آن بجھی کہاوت . مارے غصے کے تن بدن میں آگ لگ گئی ، بہت غصہ آیا .

ایڑی میں گو لگا ہے فقرہ . (عو) جب کوئی شخص کسی کو ایسی نگاہ سے دیکھے کہ نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو تو عورتیں کہتی ہیں (تاکہ وہ شخص مڑ کر دیکھنے لگے اور نظر ہٹ جائے) .

ایڑیاں (ی ج ، سک ڑ) امث : ج .
ایڑی کی جمع اور حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل . [ار] .

ایڑیاں پھٹنا ف مر . سردی یا خشکی یا ننگے پاؤں پھرنے سے ایڑیوں کی کھال میں ہلکی ہلکی دراریں پڑ جانا .

ایڑیاں رگڑ (رگڑ) کر (کے) م ف . بے بسی کے ساتھ ، بیکسی کے عالم میں ، سخت اذیت اور تکلیف جھیل کر .

ایڑیاں رگڑنا / گھسیٹنا محاورہ . ۱. نہایت مصیبت اور تکلیف میں زندگی گزارنا . ۲. جانکنی کے عالم میں تڑپنا . ۳. نہایت درجہ کوشش کرنا ، مارا مارا پھرنا . ۴. بچوں کا مچل کر زمین پر لوٹنا ، مچلنا .

ایڑیاں گھس جانا محاورہ . بہت زیادہ دوڑ دھوپ کرنا ، گردش جھیلنا ، بہت محنت کرنا .

ایزاد (ی مع) (الف) امذ .
اضافہ ، بیشی ، زیادتی . (ب) صف . زیادہ ، بیش .

ایزِد (ی مع ، کس ز) امذ .
خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام . [ف] .

ایزدی (ی مع ، کس ز) صف .
ایزد سے منسوب : خدائے تعالیٰ کا .

ایزِل (ی مع ، کس ز) امذ .
تصویر وغیرہ کے لیے لکڑی کا ٹکٹکی . [انگ] .

آیسا (ی لین) (الف) حرف تشبیہ ، م ف .
۱. (کسی چیز کی) مثل یا مانند ، سا . ۲. (i) اس طرح ، اس صورت سے ، یوں . جیسا ، جیسے کے ساتھ . (ii) جیسا وغیرہ کے بغیر . (ب) صف . ۱. اس قدر ، اتنا (اچھائی یا برائی کے بیان میں بطور سابقہ) . ۲. اس شکل کا ، اس قسم کا . ۳. ہر وقت کا یا ان اوصاف کا ، یہ خوبی یا برائی رکھنے والا .

۴. نامعتبر ، پست ، ذلیل وحقیر ، ایسا ویسا . (ج) اسم اشارہ کے معنی میں ، مترادف : یہ وغیرہ . [س] .

ایسا ایسا کہنا محاورہ. برا بھلا کہنا ، ذلیل کرنا ، ڈانٹنا ، سرزنش کرنا .

ایسا پکا کہ باسی تھکا کہاوت. اتنا پکانے کی ضرورت ہی نہیں کہ جو دوسرے دن کے لیے رکھا رہے .

ایسا تیسا صف ، مذ. (کلمۂ تحقیر) کمینہ ، ذلیل ، برا ، بے وقوف .

ایسا کچھ صف. اس طرح کی بات ، اس طرح کا حال ، اتنا زیادہ .

ایسا کہاں کا آیا /کا ہے فقرہ. دنیا سے نرالا ہے (طنز کے طور پر) .

ایسا نہ ہو فقرہ. مبادا ، شاید ، خوانخواستہ .

ایسا ویسا صف ، مذ. ۱. ادنیٰ درجے کا ، کم حیثیت ، برا ، نامعتبر ، (شخص ، چیز ، بات) .۲. گالی کے طور پر .

ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان سلوکا آتا نہیں کہاوت. ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو جو نصیب ہے وہ پسند نہ ہو اور جو دل چاہتا ہے وہ نصیب نہ ہو .

اِیسْتادگی (ی مع ، سک س ، د) امث .

۱. دیکھیے : استادگی .۲. توقف ، تاخیر ، دیر .

اِیسْتادَہ (ی مع ، سک س ، فت د) صف .

دیکھیے : استادہ .

اِیسْتگاہ (ی مع ، سک س ، ت) صف .

سواری اور جانور کو ٹھہرانے کی جگہ ، وہ جگہ جو سواریاں یا جانور ٹھہرانے کے لیے متعین ہو ، سواریوں کا اڈا ، بندرگاہ . [ف] .

اِیسْٹَر (ی مع ، سک س ، فت ٹ) امذ .

عیسائیوں کا تیوہار جو ۲۱ مارچ کے بعد چاند مکمل ہونے کے بعد پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے کہا جاتا ہے کہ حضرت عیسیٰ اسی روز چوتھے آسمان پر اٹھائے گئے تھے) نصاریٰ کا یوم الفصح . [انگ] .

ایسِڈ (ی ج ، کس س) صف .

ایک سیال مادہ جس کا مزہ ترش ہوتا ہے ، ترشہ ، تیزاب . [انگ] .

آیسَر (ی لین ، فت س) صف .

بایاں ، بائیں جانب کا (داہنے کے بالمقابل) نیز بائیں جانب . [ع] .

اَیسوسی ایشَن (ی لین ، وج ، ی مع ، ی ج ، فت ش) امث .

اشتراک عمل کے لیے بنائی ہوئی جماعت ، انجمن . [انگ] .

اَیسی (ی لین ، ی مع) .

ایسا کی تانیث .

ایسی تیسی (الف) صف. ایسا تیسا کی تانیث . (ب) کلمۂ (انشائیہ) . ایک کلمہ جسے مہذب لوگ گالی کے طور پر استعمال کرتے ہیں ؛ مترادف : لعنت ہے ، پھٹکار ہے ، وغیرہ .

ایسی تیسی کرنا (الف) محاورہ. بدسلوکی کرنا ، ذلیل وخوار کرنا ، بری گت بنانا ، مارنا . (ب) انشائیہ (دشنام کے طور پر) . بنانے کی جگہ کام کو بگاڑنا ، تعمیر کے عوض تخریب کرنا .

ایسی تیسی میں جاؤ/ جائے / گیا فقرہ. بھاڑ میں جائے ، دوزخ میں جائے ، ہماری طرف سے کہیں مارا مارا پھرے ، کچھ بھی کرے ہمیں سروکار نہیں .

ایسی کی تیسی کلمۂ انشائیہ. دیکھیے : ایسی تیسی .

ایسی ویسی صف. مصیبت ، صدمہ ، تکلیف ، موت (بننا ، ہونا کے ساتھ)

اَیسے (فت ا) صف .

ایسا کی جمع یا مغیرہ حالت .

ایسے ایسے تو میری جیب میں پڑے رہتے ہیں کہاوت. میرے سامنے ان کی کوئی حقیقت نہیں ، میں ان کے مقابلے میں بہت زیادہ ہوشیار ہوں .

ایسے ہر تو ایسا (ایسی/ ایسے) کاجل دیے ہر کیسا (کیسی/ کیسے) کہاوت. ۱. بغیر بناؤ سنگھار یا زیب وزینت کے تو یہ عالم ہے اگر بناؤ سنگھار یا زیب وزینت ہو تو کیا غضب ڈھائے .۲. (طنزیہ) اس محل پر بھی استعمال کرتے ہیں جہاں کوئی شخص دولت وثروت یا اقتدار نہ ہونے پر بھی بدمزاجی کرے .۳. جب ابھی سے یہ برا رنگ ہے تو آگے چل کر کیا کیا نقصانات اٹھانا پڑیں گے .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، ج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ کہاوت. جانے کے بعد نہ صورت دکھائی نہ خیر خبر بھیجی، معدوم ہو گئے، نشان تک نہ ملا.

ایسے میں م ف. ۱. اس صورت میں، اس حالت میں، اس موقع پر. ۲. اسی غنیمت وقت میں، انہی فرصت یا موقع کے لمحات میں، ابھی، جلد از جلد. ۳. اتنے میں، اسی اثنا میں.

ایسے ویسے صف، مذ. ایسا ویسا کی مغیرہ حالت یا جمع.

ایسے ہی م ف. ۱. یوں ہی، بغیر کسی ضرورت کے، بغیر کسی وجہ کے، بلا کسی معاوضے کے. ۲. اسی طرح، اسی قدر.

آیش (ی لین) امث.
۱. دیودار، دیار. ۲. راکھ جو کسی چیز کے جلنے کے بعد رہ جائے (خصوصاً سگریٹ کی). [انگ].

آیش ٹرے (ی لین، سک ش، کس ج ٹ) مذ.
سگرٹ وغیرہ کا گل جھاڑنے کا خاک دان (جو میز وغیرہ پر رکھا جاتا ہے)

ایشُو/ اِیشُوَر (ی مع، ضم ش/ ی مع، سک ش، فت و) مذ.
(ہندو) پرماتما، خدا. [س].

ایشیا (ی مج، سک ش) مذ: امث.
دنیا کے سب سے بڑے براعظم کا نام جس میں پاکستان، ہندوستان، چین، افغانستان، ایران، ترکی کا بیشتر حصہ، عرب جاپان اور روس کا کچھ حصہ شامل ہیں، ادبیات میں مستعمل.

ایشیاٹِک/ ایشیائی (ی مج، سک ش، کس ٹ/ ی مع) صف.
ایشیا سے منسوب یا متعلق. [انگ].

اِیصال (ی مع) مذ.
۱. ارسال، پہنچانا. ۲. کسی مادی وسیلے (تار وغیرہ) کے ذریعے عمل کرنا، ملا دینا (اس طرح کہ اس کا اثر اُس میں پہنچنے لگے). [ع].

ایصال ثواب صف، مذ. نیک کام کر کے یہ نیت کرنا کہ اس کا اجر خدائے تعالیٰ فلاں مردے کو عنایت کرے.

اَیضاً (ی لین، تن ض بفت) م ف.
حسب بالا یا سابق، یہ بھی بشرح صدر ہے، بالکل وہی ہے جو اوپر لکھا گیا (کسی فہرست وغیرہ میں کوئی تحتی بات اوپر لکھے ہوئے سے حرف بحرف مطابق ہونے کے موقع پر مستعمل).

اِیطا (ی مع) مذ.
مطلع یا ایک سے زیادہ ہم قافیہ کا ابیات کے کسی قافیے یا قافیے کے کسی جزو (لاحقے وغیرہ) کا اعادہ (یہ قافیے کا عیب ہے). [ع].

ایطاے جلی مذ. قافیے میں پورے لفظ کا اعادہ.

ایطاے خفی مذ. قافیے میں حرف روی کا اعادہ، شائگاں، جیسے: گریاں اور خنداں (اعادۂ لاحقۂ حالیہ)، مستانہ اور مغانہ (اعادۂ لاحقۂ نسبت)، بڑھتا، جلتا (اعادۂ لاحقۂ حالیہ ناتمام).

اِیفا (ی مع) مذ.
قول و قرار کی تعمیل، وعدے یا عہد کو پورا کرنا. [ع].

اِیفائی (ی مع) امث.
قول و قرار پر عمل، عہد یا وعدے کی تعمیل.

ایف اے (ی مج، سک ف، ی مج) مذ.
(میٹرک کے بعد) کالج کا ابتدائی درجہ (جس کی تعلیم عموماً دو برس میں مکمل ہوتی ہے).

اِیقاظ (ی مع) مذ.
بیداری، سوئے ہوئے کو چونکانا، جگا دینا، بیدار کرنا (مجازاً) غفلت کو دور کر کے ہوش میں لانا نیز بیدار لوگ. [ع].

اِیقاع (ی مع) مذ.
۱. (i) وقوع، واقع ہونا. (ii) دیکھیے: ایجاب نمبر ۲. ۲. (موسیقی) راگ یا نغمے کی لہراتی ہوئی آواز جو گویے کے گلے سے گھٹ کر نکلتی ہے اور توالی ہمزہ سے مشابہ ہوتی ہے، سروں کی موزونیت. [ع].

اِیقان (ی مع) مذ.
یقین، عقیدہ. [ع].

اِیک (ی مج) صف.
۱. گنتی کا پہلا عدد، واحد، فرد (زوج کے بالمقابل)، (ہندسوں میں) ۱. ۲. (i) پہلا، ترتیب کے لحاظ سے اوّل، (شخص یا شے وغیرہ) جو دوسرے سے ماقبل یا مقدم ہو (اکثر 'ایک' یا 'دوسرے' کے بالمقابلہ. (ii) دوسرا (پہلے کے بالمقابل). ۳. کئی میں سے کوئی ایک یا ہر ایک، ایک کے بعد دوسرا (تکرار کے ساتھ). ۴. (i) بہت، بڑا (کثرت یا عظمت کے لیے). (ii) ادنیٰ، معمولی، حقیر. ۵. صرف، فقط، محض.

۶. اکیلا ، تن تنہا . ۷. منتخب ، یکتا ، ممتاز . ۸. یکساں ، برابر . ۹. متفق ، متحد ، جنھوں نے کسی بات پر اتفاق کر لیا ہو ، جو کسی معاملے میں ایک دوسرے کی تائید اور حمایت کریں . ۱۰. ساتھ ساتھ ، یکجا ، اکٹھا . ۱۱. سارا ، تمام ، کلیۃً ، اس سرے سے اس سرے تک (عموماً اسماے ذات یا صفات کے ساتھ) . ۱۲. تخمینی ، قریب قریب ، (عموماً تعداد یا مقدار کے ساتھ) . ۱۳. مرکب ہو کر ایسے واحد کہ دوئی نہ رہے ، مخلوط ، یکجان . ۱۴. جس کے قول میں استحکام ہو ، (بات یا ارادے کا) پورا یا پکا . ۱۵. معمولی ، آسان ، سہل . ۱۶. مطلق ، ذرہ بھر ، قطعی ، بالکل (نفی کی تاکید کے موقع پر) . ۱۷. کسی ، کوئی . ۱۸. تخصیص و تحدید کے لیے . [س]

ایک اِکن ایک فقرہ . ۱. (لفظاً) ایک کو ایک میں ضرب دینے سے حاصل ضرب ایک ہی نکلتا ہے ، (مراداً) بے فائدہ کوشش ، سعی لاحاصل ، جیسے چار دن تک اس زمین میں غزل کہنے کی کوشش کی مگر نتیجہ ایک اکن ایک کے سوا کچھ نہ نکلا . ۲. مجرد ، تنہا ، غیر شادی شدہ .

ایک انار سو (صد) بیمار کہاوت . چیز کم اور ضرورت مند زیادہ .

ایک انڈا وہ بھی گندا کہاوت . ایک بیٹا وہ بھی نالائق ، ایک چیز وہ بھی ناکارہ .

ایک انگور سو زنبور کہاوت . دیکھیے : ایک انار سو بیمار .

ایک اور ایک گیارہ کہاوت . ایک کی پشتی پر ایک کے ہونے سے طاقت میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے .

ایک اور دَس (سو / ہزار) کا فرق . بہت بڑا فرق .

ایک اور ہی صف . بالکل بدلا ہوا ، سابق سے مختلف .

ایک ایک . ۱. ہر ایک ، سب ، کل . ۲. ایک کے بعد ایک ، باری باری ، یکے بعد دیگرے . ۳. 'ایک' پر زور دینے کے لیے تاکید کے طور پر .

ایک ایک پانو ایک ایک من کا ہونا کنایۃً . بہت تھک جانا ، ندامت یا خوف وغیرہ سے پانو آگے کو نہ اٹھنا .

ایک ایک دو دو (کر کے) م ف . یکے بعد دیگرے ، کبھی ایک اور کبھی دو (اشخاص یا چیزیں) ، پے در پے .

ایک ایک کر (کے) م ف . ۱. یکے بعد دیگرے . ۲. کل ، تمام ، سارے ، سب .

ایک ایک کی سو سو سنانا محاورہ . ترکی بہ ترکی جواب دینا ، طعن و تشنیع وغیرہ کے جواب میں بڑھ چڑھ کر کہنا .

ایک ایک کے دو دو / دس دس ہونا محاورہ . تجارت میں دونا یا کئی گنا نفع ہونا .

ایک ایک کی چار چار/ دس دس/ سو سو لگانا/مشہور کرنا محاورہ . پھانس کا بانس بنا کر پیش کرنا ، بھڑکانے یا بہکانے کے لیے مبالغے کے ساتھ بیان کرنا .

ایک آد (آدہ) م ف . اکا دکا ، کوئی کوئی ، کسی کسی (قلت اور کمی کے اظہار کے لیے) .

ایک آدھا م ف . ایک آدھ .

ایک آن (۱) (الف) امث . ۱. ایک لمحہ ، تھوڑی دیر . (ب) م ف . ۲. یک لخت ، یکا یک .

ایک آن(۲) امث . ایک شان ، ایک انداز ، ایک ادا .

ایک آنچ کی کسر فقرہ . ۱. کام کے مکمل ہونے میں تھوڑی سی کمی ، تکمیل میں ذرا سا نقص (خصوصاً اکسیر تیار ہونے میں) .

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں کہاوت . جب (آدمی کی) ایک سی دو نعمتوں میں سے ایک معرض زوال میں ہو تو وہ دوسری کی انتہائی حفاظت کرتا ہے .

ایک آنکھ ساون اور ایک آنکھ بھادوں ہونا کہاوت . ساون بھادوں کے بادلوں کی طرح آنکھوں سے لگاتار آنسوؤں کا مینھ برسنا ، آنسوؤں کی جھڑی لگ جانا ، پھوٹ پھوٹ کر رونا .

ایک آنکھ سے دیکھنا محاورہ . انصاف پسند ہونا ، اپنے پرائے کا فرق نہ کرنا ، سب کو یکساں سمجھنا .

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک آنکھ میں خدا کا قہر کہاوت . ۱. ایک اولاد یا عزیز کے ساتھ محبت شفقت اور دوسرے سے بے توجہی یا نفرت . ۲. گھڑی میں مہربان گھڑی میں آزردہ .

ایک آنکھ نہ بھانا محاورہ . پسند نہ ہونا ، ذرا نہ بھانا .

ایک آنکھ نہ دیکھ سکنا محاورہ . گوارا نہ کرنا .

ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ کہاوت . دونوں یکساں ہیں ، دونوں برابر ہیں ، دونوں ایک سے التفات کے مستحق ہیں ، دونوں سے ایک سی محبت ہے .

ایک آوے کے برتن ہیں کہاوت . ایک ہی سے اوصاف رکھتے ہیں ،

یک ہی خاندان یا گروہ کے ہیں ، ایک ہی عادات و خصائل کے ہیں بیشتر ہجو یا تعریض کے موقع پر) .

ایک باپ کا ہونا محاورہ. حلالی ہونا ، (مخاطب کے کسی قول یا فعل سے برہم ہوکر) ، جیسے : اگر ایک باپ کے ہو تو اب کے گالی دو .

ایک باپ کا نہیں محاورہ. حلالی نہیں ، (ایک طرح کی قسم) ، جیسے : میں ایک باپ کا نہیں اگر ابھی تمھیں اس گستاخی کا مزہ نہ چکھا دوں .

ایک بینی اور دو گوش ہے م ف. تن تنہا ، اکیلا .

ایک پاپی ناو کو ڈبوتا ہے کہاوت. ایک کی نحوست اور بدکرداری سب کو ذلیل کرتی ہے .

ایک پانو اندر ایک پانو باہر محاورہ. کام کی زیادتی یا غایت اضطراب سے برابر دوڑ دھوپ .

ایک پانو پر (سے) کھڑا رہنا محاورہ. ۱. اطاعت اور تعمیل حکم کے لیے تیار رہنا. ۲. انتظار میں محو ہوجانا ، سراپا انتظار بن جانا .

ایک پانو پھرنا محاورہ. برابر گھومتے رہنا ، سخت دوڑ دھوپ کرنا ، لگاتار جاتے آتے رہنا اور دم نہ لینا .

ایک پانو رکاب میں (رہنا/ ہونا) محاورہ. سفر کے لیے تیار ہونا ، چلنے کے لیے آمادہ ہونا ، پا در رکاب رہنا یا ہونا .

ایک پر ایک م ف. متواتر ، لگاتار ، یک بعد دیگرے .

ایک پر کے (سو) کوّے بنانا محاورہ. (چالاکی یا فریب سے) ایک بات میں سو شاخیں نکالنا .

ایک پنتھ (اور) دو کاج کہاوت. ایک کام سے دو فائدے ، بیک کرشمہ دو کار (ایک کوشش سے دو مقصد حل ہوجانے کے موقع پر مستعمل) .

ایک پیٹ کے / کی صف. حقیقی بھائی/ حقیقی بہنیں .

ایک پیڑ علی دھنا جس کی جڑ ہے نہ پتا کنایۃً. جو گمنام ہو، جس کی اصل ونسل کا پتا نہ ہو، ناپائیدار ؛ بے اصل بات جس کا سر پیر نہ ہو .

ایک تال (الف) امذ. ناچ ، ساز اور گانے کے روں کا میل ، ہم آہنگی . (ب) صف. ۱. ناچ ساز اور گانے میں ہم آہنگی. ۲. ہم خیال ، ہم رائے .

ایک تم کیا ہو فقرہ (تم کی جگہ وہ بھی مستعمل). اکیلے تم پر موقوف نہیں .

ایک تن ہونا محاورہ. ظاہر و باطن متحد ہونا ؛ اتحاد و اتفاق میں یک جان دو قالب ہونا .

ایک ترکش کے تیر ہیں کنایہ. اصل نسل خبط رسم و رواج یا مزاج وغیرہ میں یکساں ہیں .

ایک تنکا نہیں چھوڑا فقرہ. سب کچھ لوٹ کھسوٹ لیا .

ایک تن کے بہتر تن ہونا محاورہ. بری گت بننا ، بہت بے آبرو ہونا .

ایک تنکے کا احسان بہت (بھاری) ہے فقرہ. کسی کا ذرا سا احسان بھی غیرت مند کے لیے بہت ہوتا ہے ، کسی کے معمولی سے سلوک کا بھی بہت احساس ہوتا ہے .

ایک تنکے کا احسان نہ لینا/ کا شرمندہ نہ ہونا محاورہ. کسی کا ذرہ بھر سلوک گوارا نہ کرنا (اظہار استغنا و حمیت کی جگہ) .

ایک تو آپ دوسرے بغل چاپ کہاوت. خود ہی نہیں آئے بلکہ ساتھ میں ایک طفیلی بھی لائے .

ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پر آئی بہار کہاوت. ایک آوارہ کے لیے آوارگی کے مزید سامان بھی مہیا ہوگئے ، شوقین کے لیے حسب مرضی محرکات و اسباب فراہم ہوگئے ، خرابی میں اور خرابی پڑی .

ایک تو چوری اور اُس پر سر (سینہ) زوری کہاوت. قصور کرنے کے بعد ڈھٹائی ، غلطی کرنے کے بعد شرمساری کے بدلے دوبدو جواب منھ زوری .

ایک تو (کڑوا) کریلا دوسرے نیم چڑھا کہاوت. پہلے ہی سے برا تھا اس میں برائی کے مزید اسباب پیدا ہوگئے .

ایک تو میاں اونگھتے اس پر (دوسرے) کھائی بھنگ کہاوت. (عو) پہلے ہی سے برا ہے اس پر جان بوجھ کر ایسا سامان فراہم کرلیا جس سے برائی میں اضافہ ہو .

ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی کہاوت. ایک گھرانے (یا جماعت وغیرہ) کے اشخاص چاہے چھوٹے ہوں یا بڑے ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں ، یا یکساں حقوق رکھتے ہیں .

ایک تھان کے ٹکڑے/تھیلی کے چٹے بٹے کہاوت. سب ایک ہی ہونا ، ایک ہی گھرانے کے ہونا .

ایک ٹک م ف. مسلسل ، لگاتار ، ٹکٹکی باندھ کر .

ایک ٹکے کا صف. ادنیٰ حیثیت کا ، نہایت معمولی .

ایک جا م ف. متحد ، متفق ، مجتمع ؛ ہم خیال .

ایک جان صف. ۱. اکیلا یا تن تنہا آدمی .۲. اس طرح مخلوط کہ اجزا کا امتیاز باقی نہ رہے.

ایک جان دو تن (قالب) م ف ؛ صف. آپس میں بہت خلوص رکھنے والے، دیکھنے میں دو مگر اتحاد کے اعتبار سے ایک.

ایک جان ہزار ارمان / اُمیّد کہاوت. آدمی کے ایک دم کے ساتھ ہزار بکھیڑے اور دھندے لگے ہوئے ہیں کیا کیجیے.

ایک جھنڈے تلے م ف. کسی ایک نصب العین یا مقصد سے، ایک قائد کی قیادت میں.

ایک چپ سو (ہزار / لاکھ) بلا کو ٹالے (ٹالتی ہے) کہاوت. خاموشی ہزار طرح کی آفتوں سے بچاتی ہے، چپ رہنے میں آدمی بہت سے الجھاوؤں اور ذمہ داریوں سے بچا رہتا ہے.

ایک چپ سو (ہزار) کو ہرائے کہاوت. ایک انسان مدمقابل کی بات کا جواب نہ دے تو وہ خود ہار جھک مار کر چپ ہو جاتا ہے.

ایک حمام میں سب ننگے کہاوت. سب کا ایک حال ہے یا ایک سے ہیں کسی کو حق نہیں کہ دوسرے کو برا کہے.

ایک خطا دو خطا تیسری خطا مادر بہ خطا کہاوت. ایک غلطی معاف دوسری معاف تیسری معاف نہیں ہوتی، بار بار کی غلطی کمینہ پن اور شرارت کی دلیل ہے.

ایک دانہ صف. یکتا، لاجواب.

ایک در بند ستر (ہزار) در کھلے کہاوت. روزی کا ایک وسیلہ ختم ہوا تو کیا فکر کسی دوسرے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ روزی دے گا.

ایک دم (الف) م ف. ۱. تھوڑی دیر، تھوڑی مدت، گھڑی بھر .۲. یک لخت، ایک ساتھ .۳. فوراً، بلاتوقف، چشم زدن میں .۴. کلیۃً، بالکل، سراسر. ۵. مطلق، ہرگز. (ب) صف. اکیلی جان، ایک متنفس، تنہا شخص.

ایک دم کا مہمان صف. قریب مرگ، نزع کے عالم میں.

ایک دم ہزار اُمید کہاوت. حرص کا دامن فراخ ہے.

ایک دن م ف. ۱. کبھی نہ کبھی، (غیر معین مستقبل قریب یا بعید میں). ۲. (ماضی یا مستقبل میں) کسی وقت، ایک بار.

ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن بلائے جان/ بے ایمان کہاوت. دو ایک دن تک مہمان کی خاطرداری دل سے ہوتی ہے اس کے بعد وہ بارِ خاطر ہو جاتا ہے.

ایک دو صف. چند، تھوڑے (قلت افراد ظاہر کرنے کے لیے).

ایک دو تین کرنا محاورہ. ۱. بیچ ڈالنا .۲. غائب کر دینا، غتربود کرنا، جیسے ہم چند روز کے لیے باہر گئے تھے نوکروں نے گھر کا سارا قیمتی سامان ایک دو تین کر دیا.

ایک دو تین ہو جانا محاورہ. ایک دو تین کرنا کا لازم.

ایک ڈاڑھ چلے ستر بلا ٹلے کہاوت. فاقہ کشی سے نقاہت اور دوسری متعدد بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں.

ایک ڈال صف. ۱. وہ شے جو پوری ایک ہی چیز کی بنی ہو اس میں جوڑ نہ ہو .۲. ایک قسم کے، ایک وضع قطع کے، یکساں، ہو بہو مشابہ.

ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے بہاں تو سب جگ ڈوبا جائے کہاوت. ایک شخص غلطی کرے تو دوسرے اسے سمجھائیں گے مگر جب سب غلطی میں مبتلا ہوں تو کون کس کو ہدایت کرے.

ایک ذات صف. ۱. ایک جنس یا قسم کے، برابر، یکساں .۲. دو یا زیادہ چیزیں اس طرح مخلوط و محلول کہ ایک ہو جائیں دوئی کا امتیاز نہ رہے.

ایک ذرا م ف ؛ - ذرہ. ۱. تھوڑا سا، قدرے .۲. تھوڑی دیر کے لیے.

ایک رتی باون تولے کہاوت. اکسیر ذرا سی بھی بہت ہے جس سے روایتی طور پر باون تولے سونا بنا سکتے ہیں.

ایک رنگ آنا ایک جانا محاورہ. (خوف، غصے، ندامت، تکلیف یا فکر وغیرہ سے) ہر لحہ چہرے کا رنگ بدلنا.

ایک زبان ہونا محاورہ. ہمزبان ہونا، کوئی بات متفقہ طور پر کہنا.

ایک سا صف، مذ. ۱. یکساں، ملتا جلتا .۲. ایک طرح کا، ایک نوعیت کا. ۳. ایک حال پر قائم، ایک حال میں.

ایک سانچے کے ڈھلے صف. یکساں، جن میں بال برابر فرق نہ ہو.

ایک سانچے میں ڈھلنا محاورہ. بال برابر فرق نہ ہونا، یکساں ہونا.

ایک سانس میں م ف. ۱. بہت جلد، دم بھر میں .۲. ایک وقت میں، بیک وقت.

ایک سر (اور) ہزار سودا. ایک آدمی کے ذمے ہزار کام، ایک دل کو ہزار طرح کی فکریں.

ایک سرے سے م ف. ادھر سے ادھر تک، تمام و کمال، سارے کا

رہے .

ایک سی صف مث . ایک سا دیکھیے کی تانیث .

ایک سے ایک م ف . بہتر سے بہتر .

ایک سے دو بھلے مقولہ . اکیلے سے دکیلا ہونا بہرحال بہتر ہے ، کسی کے ساتھ رہنا تنہا رہنے سے اچھا ہے (بیشتر سفر کی حالت میں) ؛ تنہائی اچھی نہیں ہوتی .

ایک سیدھ میں م ف . (اس کنارے سے اس کنارے تک) بالکل سیدھا ناک کی سیدھ میں ، بخط مستقیم .

ایک طرح ہو / سے م ف . ۱. ایک لحاظ سے ، ایک اعتبار سے . ۲. ایک حالت سے ، ایک وضع پر .

ایک عالم اند . ۱. بہت سے لوگ ، لوگوں کی کثیر تعداد یا اکثریت ، یارا جہان . ۲. رونق ، دلکشی ، بہار ، جوبن . ۳. فوری تاثر دل پر کسی کیفیت کے چھا جانے کی حالت .

ایک عالم گزرنا محاورہ . (رنج و خوشی کی) خاص حالت طاری ہونا ، کیفیت چھانا ، معمول سے زیادہ متاثر ہونا .

ایک عمر م ف . عمر بھر ، مدت تک ، مدت دراز تک .

ایک کان (سے) سننا دوسرے کان اڑانا / سے نکال دینا محاورہ . بے توجہی سے سننا ، سن کر عمل نہ کرنا .

ایک کانٹے میں تولنا محاورہ . مساوات اور برابری ملحوظ رکھنا ، یکساں برتاو کرنا .

ایک کرے دس بھریں کہاوت . ایک آدمی غلطی کرتا ہے اور متعدد دوستوں یا عزیزوں کو نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے .

ایک کو بانی ایک کو پیچ کہاوت . (ایک سا استحقاق رکھنے والوں میں) ایک کو کم دوسرے کو زیادہ (انصاف اور مساوات سے داد و دہش نہ کرنے کے موقع پر مستعمل) .

ایک کو جھپاؤ ایک کو نکالو کہاوت . دونوں ایک شکل وصورت کے ہیں ، دونوں کی وضع قطع بالکل ایک سی ہے .

ایک کو دے رتبہ عالی ایک کو دے کھرپا جالی کہاوت . سب کو برابر نہیں ملتا ، اپنا اپنا نصیب ہے ، کسی کو کم ملتا ہے کسی کو زیادہ .

ایک کی بیس (چار یا دس) جڑنا (لگانا) محاورہ . چغلخوری میں ایک بات کو مبالغہ آمیزی کے ساتھ بیان کرنا

ایک کھیل بھی (تک) منھ میں (اڑ کر)نہیں گئی کنایہ . بالکل فاقہ ہے

ایک گھاٹ پانی پینا محاورہ . ایک کو ایک سے گزند کا اندیشہ نہ ہونا ، سب کو عدل و انصاف کی بدولت یکساں حقوق حاصل ہونا .

ایک لاٹھی (سے) سب کو ہانکنا محاورہ . امیر غریب یا ادنیٰ اعلیٰ میں فرق نہ کرنا ، سب سے ایک سا برتاؤ کرنا .

ایک ماں باپ کا ہونا کنایہ . ایک نطفے کا ہونا ، حلالی ہونا (غیرت دلانے کے موقع پر) .

ایک مٹھی م ف . تھوڑا سا ، چند .

ایک مچھلی سارے تالاب (جل) کو گندہ کرتی ہے کہاوت . جماعت میں ایک شخص خراب ہو تو پوری جماعت بدنام ہوتی ہے ، گھر کے ایک فرد کی بداعمالی سے پورا گھرانا رسوا ہوتا ہے .

ایک منھ ہونا محاورہ . ہمزبان ہونا ، کوئی بات متفقہ طور پر کہنا .

ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہتیں/دو ہتھیار نہیں رہتے کہاوت . دو شریک یا حریف باہم گزران نہیں کرسکتے ، ایک چیز کے دو برابر کے خواستگار مل کر نہیں رہ سکتے .

ایک میاں باولے اوپر سے پی بھنگ محاورہ . دیکھیے : ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پر آئی بہار .

ایک میرے گھر آنا دوسرے رونا کہاوت . ہمارے گھر تھوڑے سے نوکر چاکر ہیں ، ہمارے ہاں کچھ زیادہ ساز و سامان نہیں .

ایک میں دوسرا میرا بھائی تیسرا حجام نائی کہاوت . اس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی شخص (عموماً دعوت میں) بہت سے آدمی اپنے ساتھ لے کر آئے اور یہ ظاہر کرے کہ میرے ساتھ تو بہت کم آدمی ہیں .

ایک نشد (نہ شد) دو شد فارسی کہاوت ، اردو میں مستعمل . ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور سر پڑی ، ایک بات تو عجیب تھی ہی دوسری اس سے بھی عجیب تر ہوئی .

ایک نظر م ف . سرسری طور پر ؛ ایک بار .

ایک نمبر صف . اپنی صنف میں اول درجے کا .

ایک نہ ایک م ف. کوئی نہ کوئی ، کچھ نہ کچھ .

ایک نہ چلنا م ف. کوئی بات کارگر نہ ہونا ، کسی بھی تدبیر کا کامیاب نہ ہونا ، کوئی تجویز نہ مانی جانا .

ایک نہ دو م ف. بہت سے ، متعدد ، اکثر و بیشتر .

ایک نہ دو سر بکڑو کے رو کہاوت. اپنی مصیبت کا کوئی بھی شریک نہیں ہے .

ایک نہ سننا/ ماننا محاورہ. بالکل نہ ماننا ، مطلق التفات نہ کرنا .

ایک نہیں ستر بلا ٹالتی ہے کہاوت. بعض اوقات تھوڑی سی بے مروتی بہت سی آفتوں سے بچا دیتی ہے ، صاف انکار کرنے سے آدمی ہزار پریشانیوں سے بچ جاتا ہے .

ایک نیند سونا محاورہ. تھوڑی دیر کے لیے سونا ، اتنا تھوڑا سونا کہ نیند کا خمار اتر جائے یا طبیعت کا بوجھل پن دور ہو جائے .

ایک ہاتھ (سے) تالی نہیں بجتی کہاوت. ایک فریق چاہے (اور دوسرا نہ چاہے) تو باہم دوستی یا دشمنی نہیں ہو سکتی .

ایک ہاتھ سے دو دوسرے ہاتھ کو خبر نہ ہو فقرہ. کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو کہ کیا دیا اور کس کو دیا .

ایک ہاتھ کا . ایک وار کا ، اتنا کمزور کہ ایک ہی ہاتھ یا ضرب کھا کر جان نکل جائے .

ایک ہی رہی فقرہ. انشائیہ ، بے بنیاد بات ہے ، بے سروپا یا غیر مذاق بات ہے .

ایکا (ی مج) اند.

۱. (i) اتحاد ، اتفاق ، اختلاف یا نزاع کی ضد . (ii) نظریہ و خیال وغیرہ کی یکرنگی ، اتفاق رائے . ۲. سازش ، ساز باز ، ملی بھگت .

ایکا ایک م ف. یکا یک ، ناگاہ ، دفعتہً ، یکبارگی .

ایکا ایکی م ف. ۱. دفعتہً ، یکا یک ، اچانک ، ناگہاں . ۲. مضطربانہ ، بلا تامل ، ہڑبڑا کر .

اَیکٹ (ی لین ، سک ک) اند.

۱. (قانون) بااختیار جماعت یا شخص کا نافذ کیا ہوا قانون ، ضابطہ .
۲. (i) (ڈراما) اسٹیج پر ایکٹروں کی اداکاری . (ii) ڈراما کا ایک حصہ یا باب جو ایک یا کئی منظر (سین) پر ختم ہو جائے . [انگ] .

ایکٹ کرنا محاورہ. اداکاری ، ڈرامے میں کسی کردار کے اقوال و افعال کو مناسب حال لہجے اور حرکات کے ساتھ ادا کرنا ؛ استعارۃً .

اَیکٹر (ی لین ، سک ک ، فت ٹ) اند.

اداکار ، ڈرامے میں پارٹ ادا کرنے والا ، لہجے اور حرکات سے ڈرامے کے اسٹیج پر واقعے کی تمثیل پیش کرنے والا ؛ استعارۃً . [انگ] .

اَیکٹِنگ (ی لین ، سک ک ، کس ٹ ، غنہ) امث.

۱. کسی بات کو اعضا کی حرکات اور لہجے کے اتار چڑھاو سے اس طرح ادا کرنا کہ سماں بندھ جائے ، ڈرامے میں پارٹ ادا کرنا ، اداکاری . ۲. بناوٹی باتیں اور حرکات جن سے دوسرا غلط فہمی میں پڑ جائے . [انگ] .

ایکڑ (ی مج ، فت ک) اند.

چار ہزار آٹھ سو چالیس مربع گز آراضی ، دو جریب یا چھ بیگھے خام زمین . [انگ] .

ایکسیلیٹر (ی لین ، سک ک ، ی مع ، فت مج ل ، فت ٹ) اند.

کار یا مشین کی رفتار بڑھانے کا پرزہ . [انگ] .

اَیکسرے/ اَیکسریز (ی لین ، سک ک ، س/ی مج) اند.

' لا ' شعاعیں یا برقی مقناطیسی لہریں جن کے ذریعے جسم کے اندرونی اعضا کی تصویر لی جاتی ہے . [انگ] .

اَیل (ی لین) اند.

انگریزی حروف تہجی کا بارھواں حرف (L) ، پونڈ کا اختصار (L. Libra) رومن میں ۵۰ کا عدد (L = 50) .

ایل (۱) (ی مع) اند.

دوست ، رفیق ؛ تابعدار . [ف + ت] .

ایل (۲) (ی مع) امث.

چھوٹی الائچی جس کا چھلکا اتار لیا گیا ہو ، دانہ الائچی خورد .

اَیِّل (فت ا ، شد ی بفت) امث.

بارہ سنگھا . [ع] .

ایلا (ی مع) اند.

(دینیات) مرد کا قسم کھانا کہ میں اپنی عورت کے پاس نہ جاؤں گا . [ع] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

اِیلام (ی مع) اند.
.سزا، ایذا رسانی .۲.(طب) کسی تدبیر سے عضو مقابل میں درد پیدا کرنا (ایلام). [ع].

اَیل اَیل بی (ی لین، ی لین) اند.
قانون کی پہلی ڈگری جو گریجویٹ کے مساوی ہوتی ہے، نیز اس ڈگری کا حامل، بیچلر آف لاز کا مخفف. [انگ].

اَیل اَیل ڈی (ی لین، ی لین) اند.
قانون میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری جو عام طور پر اعزازی دی جاتی ہے، اس ڈگری کا حامل، ڈاکٹر آف لاز کی تخفیف. [انگ].

ایلچی (ی ج، سک ل) اند.
۱. پیغام بر، زبانی یا تحریری پیغام پہنچانے والا، قاصد .۲.حکومت کا نمایندہ جو اپنی سکونت کی نمایندگی کے طور پر دوسری حکومت میں جائے یا رہے، سفیر. [ف + ت].

ایلچی راجہ زوال کہاوت .قاصد پر پیغام کے اچھے برے ہونے کی کوئی ذمہ داری نہیں، نامہ بر کو مخالف پیغام سنانے یا دینے پر کوئی تکلیف نہیں پہنچائی جاتی.

ایلخان (ی ج، سک ل) اند.
سلاطین مغول کا لقب؛ سپہ سالار، سردار. [ف + ت].

ایلوا (ی ج، سک ل) اند؛ ~ ایلوہ.
گھیکوار کے گودے کا سکھایا/جمایا ہوا رس جس کا مزا نہایت کڑوا ہوتا ہے (عموماً دوا میں مستعمل)، مصبر. [یو].

اَیلوپیتھ (ی لین، وج، ی ج) صف.
ڈاکٹر جو ایلوپیتھی کے اُصول پر علاج کرے. [انگ].

اَیلوپیتھک (ی لین، وج، ی ج، کس تھ) صف.
ایلوپیتھی سے منسوب: طب تخالفی کا؛ ڈاکٹری کا. [انگ].

اَیلوپیتھی (ی لین، وج، ی ج) است.
مغربی طرز کا طریقہ علاج، جو ایسی دواؤں سے کیا جاتا ہے جن کا مزاج مرض سے متضاد ہو، علاج بالضد، طب تخالفی. [انگ].

اَیلُول/ اَیلُولا (ی لین، وج) اند.
رومیوں کے سال کا بارھواں مہینہ جو ماہ ستمبر (تقریباً بھادوں کنوار) میں پڑتا ہے. [ع].

ایلیا / ایلیٰاہ (ی ج، سک ل) اند.
۱. بنی اسرائیل کے ایک نبی کا نام، الیاس .۲.حضرت علی کا نام. ۳. بیت المقدس. [سر، عبر]..

اِیما (ی مع) اند.
۱.اشارہ جو اعضائے جسم میں کسی عضو کی حرکت سے کسی کی جانب کیا جائے (بیشتر چپکے سے) .۲.کسی فعل یا بات سے کسی مطلب خاص کی جانب اشارہ، رمز و کنایہ .۳.عندیہ، مرضی، منشا .۴.حکم، التماس، تقاضا. ۵.اجازت. ۶.معشوق کی چشم و ابرو کی حرکت، دلکشی. ۷.(بلاغت) وہ کنایہ جس میں واسطوں کی کثرت نہ ہو اور کچھ پوشیدگی بھی نہ ہو، جیسے سفید ریش کے لفظ سے پیری کا مفہوم سمجھنا. [ع].

اِیمان (ی مع) اند.
۱.(اسلام کے شرائط کے مطابق) دل سے خدا کا یقین اور زبان سے اقرار. ۲.(مجازاً) وہ چیز جو کسی کی نگاہ میں دین و ایمان کی طرح لائق احترام اور جان و دل سے محبوب ہو، مرکز عقیدت، بہت عزیز .۳.حق اور انصاف، دیانت داری .۴.نیت (بگڑنا پھسلنا وغیرہ افعال کے ساتھ). ۵.اعتقاد، یقین، عقیدہ. [ع].

ایمان بالغیب اند. ۱.(دینیات) خدائے تعالیٰ کتب آسمانی انبیا و رسل جنت و دوزخ اور جزا و سزا وغیرہ پر یقین رکھنا .۲.سوچے سمجھے یا دیکھے بغیر کسی چیز یا شخص پر یقین.

ایمان بگاڑنا محاورہ. بے ایمانی کرنا، جھوٹ بولنا، حق و انصاف کے خلاف عمل کرنا.

ایمان بیچنا محاورہ. دنیاوی مفاد کے لیے دین کو نظر انداز کرنا، بد دیانتی سے نفع کمانا، بے ایمانی کرنا.

ایمان دار صف. دین دار، نیک نیت، راستباز، حق پسند.

ایمان دار کھائے بوٹی بے ایمان کھائے روٹی کہاوت. دین دار اور دیانت دار آدمی نفس کشی اور فاقہ کشی میں رہتا ہے بے ایمان یا

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بددیانت مزے اڑاتا ہے .

ایمان داری سے م ف . سچ سچ ، دین و ایمان کی قسم کے ساتھ .

ایمان کی امث . حق اور انصاف کی بات ، سچ .

ایمان لانا محاورہ . ۱. دل سے خدا اور اس کے رسول کو ماننا اور زبان سے اقرار کرنا ، کلمہ پڑھنا ، مسلمان ہونا . ۲. (کسی بات کی) حقانیت یا صداقت کو دل سے مان لینا ، یقین کرنا ، قائل ہونا ، معتقد ہو جانا .

ایمان لگتی امث . سچ اور حق بات جس میں کسی کی طرف داری نہ ہو .

ایمان نصیب نہ ہو فقرہ . دین و اسلام سے محروم ہو جاؤں ، (خداے تعالیٰ) میرے مذہب کو قبول نہ کرے (کسی بات کا یقین دلانے کے لیے قسم کے طور پر مستعمل) .

ایماناً (ی مع ، تن ن بلفت) م ف .

ازروے ایمان ، ایمان کی رو سے ، ایمان سے .

ایمانی (ی مع) صف .

ایمان سے منسوب : ایمان رکھنے والا .

ایم اے (ی لین ، ی لین) اند .

(موجودہ نظام تعلیم میں) یونیورسٹی کی سب سے اعلیٰ جماعت ؛ نیز اس جماعت کا سند یافتہ شخص ، ماسٹر آف آرٹس کا مخفف . [انگ] .

ایم ایس سی (ی لین ، ی مج) اند .

(موجودہ انگریزی نظام تعلیم میں) علوم (سائنس) کی اعلیٰ جماعت ؛ اس جماعت کا سند یافتہ شخص ، ماسٹر آف سائنس کا مخفف . [انگ] .

ایمبولینس (ی لین ، و مج ، ی لین ، سک ن) اند .

وہ گاڑی جو مریض اور زخمی کو لانے لے جانے کے لیے استعمال ہو . [انگ] .

ایم بی بی ایس (ی لین ، ی مج) اند .

(موجودہ نظام تعلیم میں) طب مغربی (ڈاکٹری) کی ڈگری ؛ جماعت ؛ وہ شخص جس کے پاس یہ ڈگری ہو ، بیچلر آف سرجری . [انگ] .

ایمپائر (ی لین ، سک م ، کس ئ ہ) امث ؛ - امپائر .

مملکت ، سلطنت ، اقتدار کامل ، شہنشاہی . [انگ] .

ایمپلی فائر (ی لین ، سک م ، کس ج پ ، ی) اند .

وہ آلہ جو آواز کو بڑھا دے . [انگ] .

اَیمَن (۱) (ی لین ، فت م) صف .

دایاں ، داہنا ، جو سیدھے ہاتھ کی طرف ہو . [ع] .

اَیمَن (۲) (ی لین ، فت م) صف .

۱. خطرات سے محفوظ ، بے خوف ، مطمئن . ۲. شام کی ایک مقدس وادی جس میں کوہ طور واقع ہے اور جہاں حضرت موسیٰ نے خداے تعالیٰ سے اس کے دیدار کا اصرار کیا تھا (جس کے بعد بجلی سی چمکی تھی اور حضرت موسیٰؑ بے ہوش ہو گئے تھے) .

ایمن (ی مج ، فت م) امث .

۱. ہندی شاعری کے ایک وزن کا نام . ۲. (موسیقی) پرانی تقسیم کے مطابق دیپک راگ کی ایک بھارجا (بلاول ، کیدار اور شدھ کلیان سے مرکب) ؛ جدید تقسیم کے مطابق کلیان ٹھاٹھ کا سمپورن راگ جو شام کو گایا جاتا ہے .

ایمونیا (ی مج ، و مج ، کس ن) امث .

ایک بے رنگ تیز اور کھاری مرکب گیس ، ایک حصہ نائٹروجن اور تین حصے ہائیڈروجن جو نوشادر کے ساتھ بجھے ہوئے چونے کو حرارت دینے سے پیدا ہوتی ہے . [انگ] .

ایمی ٹیشن (ی مج ، فت ش) صف .

نقلی سامان جس پر اصل کا دھوکا ہو (خصوصاً نگینہ) . [انگ] .

اَین (۱) (ی لین) ظرف مکان .

(فلسفہ) کسی شے کی ظرفیت مکانی ، وہ ہیئت جو جسم کو اس کے کسی مکان میں ہونے کی بنا پر عارض ہوتی ہے (فلسفیوں کے مقولات عشر یا اعراض تسعہ میں سے ایک عرض) . [ع] .

اَین (۲) (ی لین) امث .

۱. گاے ، بھینس ، بکری وغیرہ کے دودھ اترنے کی جگہ ، کھیری . [ہ] .

اَیں (ی لین ، مغ) حرف استفہام .

۱. تعجب و حیرت کی جگہ . ۲. سوال کے موقع پر . ۳. تنبیہ تہدید یا کسی کام سے منع کرنے کے موقع پر (عموماً تکرار کے ساتھ) .

اِیں (ی مع : عطف میں اعلان) اشارہ .

یہ (عموماً مشارالیہ کے ساتھ مستعمل) .

ایں جانب ضمیر اشارہ . میں ، ہم (سلاطین اور امرا اپنے لیے خصوصاً اور

عام لوگ ناز افتخار یا ظرافت وغیرہ کے موقع پر اپنے لیے بولتے ہیں).

ایں خانہ تمام آفتاب است فارسی مصرع، اردو میں مستعمل. یہاں گھر کے سب رہنے والے یا ایک گروہ کے سب افراد کوئی ایک خوبی یا عیب رکھتے ہیں.

ایں خیال است و محال است و جنوں فارسی مصرع، اردو میں مستعمل. یہ بات ممکن نہیں، ایسی بات سوچنا بھی بے عقلی اور دیوانگی ہے.

ایں و آں (الف) اند. ہر کس و ناکس، متفرق اشخاص یا اشیا. ۲. دونوں جہاں، تمام کائنات. (ب) امث. چوں و چرا، بحث و حجت.

آینا لوک (ی لین، و ج) صف.
کمپیوٹر کی دو قسموں میں سے ایک قسم جو سائنس دانوں کے کام آتا ہے. [انگ].

اِینٹ (ی مع، مغ) امث.
اگندھی ہوئی مٹی کی مستطیل یا مربع یا پہلو دار سانچے میں ڈھلی ہوئی بڑی یا چھوٹی سل جو خشک کر کے یا اس کے بعد پزاوے میں پکا کے عمارت کی چنائی میں لگائی جاتی ہے. ۲. سونے یا چاندی کا مستطیل یا مربع سانچے میں ڈھلا ہوا ڈلا. ۳. (کھیل) تاش کے پتوں کی چار اقسام میں سے ایک جس پر چوکور اور سرخ اینٹ کی شکل بنی ہوتی ہے.

اینٹ اُلٹنا محاورہ. (عور) روایتی طور پر دشمن کو ہلاک کرنے کی نیت سے مسجد میں اینٹ الٹی کر کے رکھ دینا (ناخواندہ عورتوں کا ٹوٹکا).

اینٹ بٹھانا محاورہ. (معماری) چنائی میں روے کے اندر اینٹ جمانا.

اینٹ پکانا محاورہ. کچی اور سوکھی اینٹ کو آگ کے ڈھیر یا پزاوے میں مقرر طریقے سے پختہ کرنا.

اینٹ تیز کرنا محاورہ. (معماری) چنائی میں روے کی اینٹ کو جو کسی قدر اندر کو دبی ہوئی ہو آگے کو لانا تاکہ دوسری اینٹوں کے ساتھ ایک خط میں ہو جائے: اینٹ کو روے کی سیدھ سے قدرے نکلتا رکھنا.

اینٹ سے اینٹ بجانا/ بجا دینا محاورہ. تباہ و برباد کر دینا، نام و نشان مٹا دینا.

اینٹ سے اینٹ بجنا محاورہ. اینٹ سے اینٹ بجانا کا لازم.

اینٹ کا جواب پتھر سے دینا محاورہ. سخت بات کے جواب میں اس سے زیادہ سخت بات کہنا یا سختی سے پیش آنا.

اینٹ کا غلام اند. (لفظاً) تاش پتوں میں وہ اینٹ کا پتا جس پر غلام کی تصویر ہوتی ہے، (مراداً) بدہیئت، گندہ، بدرو اور کاہل.

اینٹ کا گھر مٹی کا در کہاوت. انمل بے جوڑ بات یا کام.

اینٹ کی لینی پتھر کی دینی/ کی دینی پتھر کی لینی کہاوت. جو اینٹ مارے گا اسے پتھر کھانا پڑے گا، جو کسی پر سختی کرے اسے زیادہ سختی برداشت کرنا ہوگی.

اینٹ کھویا اند. ا. کچی (ادھ پکی) اینٹ کا سفوف جو چوڑی بنانے کی لاکھ میں ملایا جاتا ہے. ۲. ادھ پکی اینٹ سے مشابہ رنگ، ہلکا نارنجی رنگ.

آینٹینا (ی لین، سک ن، ی مع) اند.
لاسلکی مواصلات میں برقی لہروں کو بھیجنے اور وصول کرنے کا ایک آلہ، اریل. [انگ].

اَینٹھ (ی لین، مغ) امث.
اینٹھنا کا حاصل مصدر، اینٹھن. (فن تعمیر) گیلا ہونے کی حالت میں کٹے ہوئے تختے، کڑی یا شہتیر کی سطح کا بل یا خم جو عموماً ناہموار جگہ میں رکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے.

اَینٹھا (ی لین، مغ) اند.
ا. (سلاوٹ) رسی بٹ، بان بٹ اور کھٹ بنوں کا چرخی کی وضع کا اوزار جس سے رسی اور بان بٹتے ہیں. ۲. (کھٹ بنا) ادوان کے پھیروں کو بل دینے کا ڈنڈا. ۳. (جرائم پیشہ) روپیہ.

اَینٹھانا (ی لین، مغ) ف.
اینٹھنا کا تعدیہ.

اَینٹھن (ی لین، مغ، فت ٹھ) امث.
ا. اینٹھنا کا اسم کیفیت، اینٹھ. ۲. (دایہ گری) درد کا پیچ و تاب جو عورت کو وضع حمل سے پہلے ہوتا ہے.

اَینٹھنا (ی لین، مغ، سک ٹھ) (قدیم). (الف) ف ل.
ا. بل کرنا، اکڑنا، (اتراہٹ سے) تننا، اترانا، بررنا. ۲. (خفگی یا ناز سے) روٹھ جانا، کشیدہ یا آزردہ ہونا. ۳. (تشنج وغیرہ سے) رگوں میں کھنچاؤ ہونا، اعضا شکنی ہونا. ۴. ٹھنڈک، (خشکی وغیرہ سے) ٹھٹھرنا،

سکڑنا ، جکڑا جانا ، سوکھ کر چمڑا ہو جانا . ۵. پکنے میں ٹھنڈا پانی ڈالنے یا آنچ کی اونچ نیچ سے دانے یا گوشت یا کسی ترکاری وغیرہ کا سخت پڑ جانا اور نہ گلنا . ۶. لکڑی کے سامان میں نمی وغیرہ سے ٹیڑھ پیدا ہو جانا .
(ب) ف م . ۱. بل دینا ، کسی چیز کو چٹکی میں دبا کر ایک طرف سے دوسری طرف کو مروڑنا ، گھمانا. ۲. (دھوکے سے یا دھمکا کر) لے لینا . ۳. ادوان کے پھیروں کو بل دینے کے لیے اس میں لکڑی کا ڈنڈا یا اسی قسم کوئی چیز ڈال کر الٹیٹ دینا . (ج) اند . قب : اینٹھا . [س] .

اَینْٹھنی (ی لین ، مغ ، سک ٹھ) است .
۱. (پارچہ بافی) روئی دھنکنے یعنی اس کے ریشے کو کھولنے اور سلجھانے کا آلہ ، دھنکی . ۲. دیکھیے : اینٹھن .

اِینْچا (اینْچا) تانا (ی مع (ی ج) ، مغ) صف ، مذ .
احول ، بھینگا ، جس کی ایک آنکھ میں کجی ہو .

اینچا تانی است . ۱. اینچاتانا کی تانیث . ۲. دو طرفہ اپنی اپنی طرف کھینچنے کی صورت حال ، کھینچ تان ، کش مکش ، کشاکش ، لڑائی جھگڑا .

اینچ پینچ (ی ج ، مغ ، ی ج ، مغ) اند .
۱. پھندا ، الجھاؤ ، گھماؤ پھراؤ . ۲. ٹیڑھی ترچھی چال یا بات وغیرہ (جو عام طور سے سمجھ میں نہ آئے) ، (مجازاً) سیاسی ہتھکنڈا ، فریب .

اِینْچنا (ی مع : ی ج ، مغ ، سک چ) ف م .
۱. کسی چیز کو ایک طرف سے دوسری طرف لے آنا یا کھینچنا . ۲. ایک جانب سے دوسری جانب متوجہ یا مائل کرنا ، جذب کرنا . ۳. (پتنگ بازی) نیچے سے پیچ لگا کے جلدی جلدی ہاتھ مار کے کاٹ دینا . [س] .

اینْچَن چھوڑ گھسیٹَن میں پَڑْنا / پَھنْسْنا کہاوت .
ایک آفت تو تھی ہی دوسری اس سے بڑھ کے آپڑی .

اِینْچی (ی مع : ی ج ، مغ) است .
(آب کاری) مدک پینے کی نلی کے اندر کا میل جو مدک کے نشے کو تیز کرنے کے لیے مدک میں ملایا جاتا ہے .

اِینْدَھن (ی مع ، مغ ، فت د ھ) اند .
۱. چولھے وغیرہ میں جلانے کی لکڑی ، اُپلا یا کوئلہ وغیرہ . ۲. (طبعیات) حرکت انگیز گرمی پیدا کرنے والا مادہ ، جیسے : پٹرول ، گیس وغیرہ .

۳. (مجازاً) ناکارہ ، جلادینے کے قابل . [پ] .

اَینْڈ (ی لین ، غنہ) (الف) است .
۱. اینڈنا کا حاصل مصدر یا امر . ۲. (کشتی بانی) معمولی بھنور جس سے کشتی کی روانی میں رکاوٹ نہ ہو . (کانٹا سازی) پاسنگ ، وہ پتھر وغیرہ جو ترازو کے اٹھتے ہوئے پلڑے میں رکھ کر یا باندھ کر دونوں پلڑوں کا توازن برابر کیا جائے . اف : باندھنا / رکھنا . (ب) صف . ۱. (i) بے کار ، نکما ، ناکارہ ، بے مصرف . (ii) ضائع ، ختم ، معطل ، غائب . (iii) نامکمل ، ناتمام ، ادھورا . [ہ] .

اینڈ پڑنا محاورہ . بھنور اٹھنا ، پانی کا ابلنا اور گرداب کی شکل میں چکر کھانا .

اینڈ مال ہے محاورہ . (کانٹا سازی) ترازو کی ڈنڈی اور پلڑوں کو کم و بیش ہم وزن کرنا .

اَینْڈا (۱) (ی لین ، غنہ) صف ، مذ .
اینڈتا ہوا ، بل کھاتا ، سانپ کی طرح لہراتا ، الھڑ پنے سے جھومتا جھامتا .

اینڈا بینڈا صف . ۱. ٹیڑھا میڑھا ، آڑا ترچھا ، بے قرینہ . ۲. خلاف ضابطہ ، بے تکا ، بے موقع ، بے محل . ۳. (مجازاً) مشکل اور دشوار (کام) .

اَینْڈا (۲) (ی لین ، غنہ) (الف) اند .
(جرائم پیشہ) بانجھ عورت . (ب) صف . ۱. (جرائم پیشہ) نکھری ، کسبی . ۲. (جرائم پیشہ) نکما ، بے کار .

اَینْڈْنا (ی لین ، مغ ، سک ڈ) ف ل .
۱. غرور یا تکبر سے اکڑنا ، غرور یا ناز کرنا . ۲. (نشے ، خمار ، نیند ، یا مستی ، وغیرہ میں) بدن کو تاننا ، انگڑائیاں لینا ، کروٹیں بدلنا ، مستانہ وار گھومنا پھرنا ، جھومنا جھامنا . ۳. بیکاری میں پڑے پڑے کروٹیں بدلنا اور وقت گزارنا ، کاہلی کرنا . ۴. (کشتی) اکھاڑے میں پڑے لوٹ لگانا . ۵. (مجازاً) کسی کیفیت کا بھرپور نمایاں ہونا ، (ادبی لہجے میں) مچلنا ، تڑپنا ، انگڑائیاں لینا ، ابھرنا .

اَینْڈی (ی لین ، مغ) صف ، مث .
اینڈا (۱) کی تانیث .

اینڈی بینڈی صف . اینڈا بینڈا کی تانیث .

اینڈی بینڈی پڑنا محاورہ. مشکل کا سامنا ہو جانا، نقصان کی بات پیش جانا، حادثے میں مبتلا ہو جانا.

اینگلو (ی لین، مغ، سک گ، وج) صف.
انگلستان کا، انگلستانی، انگریزی، انگریز قوم سے منسوب شخص یا چیز غیرہ، عموماً دوسری قوم مخلوط ہونے کی نسبت رکھنے والی چیز یا شخص کے ساتھ مستعمل، جیسے: اینگلو انڈین، اینگلو عربک، وغیرہ. [انگ].

اینگلو انڈین صف. انگریز اور دیسی نسل کا مخلوط ہندوستانی.

اَیّو (فت ا، شد ی، وج) کلمہ استعجاب یا تاسف.
دیکھیے: اوئی.

اِیوارڈ اند.
۱. عدالتی حکم، تاوان جرمانہ سزا وغیرہ ۲. صلہ، انعام. [انگ].

اَیوان (ی لین) اند.
۱. (i) محل، قصر شاہی؛ مکان ۲. (سیاست) مجلس قانون ساز، منتخب کیے ہوئے یا نامزد نمائندوں کی جماعت، (مجازاً) آئینی حکومت.
۳. (مجازاً) انجمن. [ف].

ایوان تجارت اند. تجارتی پیشہ لوگوں کی انجمن جو تاجروں کے مفاد کی نگرانی کرتی اور حکومت سے ان کا تحفظ کراتی ہے، چیمبر آف کامرس.

اَیُّوب (فت ا، شد ی، وج) اند.
بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام جو طرح طرح کے سخت مصائب اور امراض کے امتحانات میں مبتلا ہوئے اور ہر مرحلے میں صبر کیا (قرآن پاک میں ان کے صبر کی تعریف کی گئی ہے) (ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل). [ع].

اِیہا (ی مع) اث.
کوشش، تدبیر؛ تجویز، خواہش؛ کاروبار؛ طاقت، قوت. [س].

اِیہام (ی مع) اند.
۱. اشتباہ جس میں ذہن دو یا زیادہ مطالب کے متعلق یہ فیصلہ نہ کر سکے کہ ان میں کون سا درست یا مقصود ہے ۲. (بلاغت) کلام کی ایک صنعت، ایسا لفظ استعمال کرنا جس کے دو معنی ہوں، ایک قریب جو سیاق و سباق سے مناسبت رکھتے ہوں، دوسرے بعید، لیکن قائل معنی بعید مراد لے، نہ کہ قریب. [ع].

اِیہاں (ی مع) ظرف (قدیم).
یہاں، اس جگہ.

ایہاں اوہاں م ف. یہاں وہاں.

(آ)

آ (۱) حرف ہجا (الف ممدودہ) اند.
(الف بالفتحہ) کی ممدود یا طویل شکل اور دو الف سے مرکب (فارسی کا پہلا حرف تہجی.

آ (۲) اث.
۱. گانا شروع کرتے وقت سر ملانے کی طویل آواز؛ جو 'ا' کے مسلسل کھینچنے سے پیدا ہوتی ہے. [حکایت الصوت].

آ (۳) (الف) ف ل.
'آنا' کے تمام معانی میں بطور امر مستعمل، (جا کی ضد). (ب) م ف.
۱. 'آ کر' یا 'آ کے' کی تخفیف ۲. (مرکب افعال میں) جیسے: آ بیٹھنا، آ پھنسنا. (ج) اث؛ اند. ۱. (کبوتر بازی) کبوتروں کو بلانے کی صدا (عموماً کھینچ کر، گاہے تکرار یا تسلسل کے ساتھ) ۲. مرغیوں کو دانہ کھلانے یا دڑبے میں بند کرنے کے لیے پکارنے کی آواز (تکرار کے ساتھ). [آنا کا امر].

آبسنا ف مر. ایک جگہ سے دوسری نئی جگہ آباد ہونا.

آبیٹھنا محاورہ. ۱. تھوڑی دیر کے لیے قیام کرنا ۲. دھرنا دینا، جم کر بیٹھنا.

آ بیل (تو) مجھے مار کہاوت. اپنے ہاتھوں مصیبت میں پڑنے یا مفت کا جھگڑا مول لینے کے موقعے پر مستعمل.

آ پڑنا محاورہ. ۱. پیش آنا، واقع ہونا ۲. مصیبت آنا، افتاد پڑنا ۳. عارضی طور پر ٹھہرنا ۴. آ موجود ہونا ۵. آ پھنسنا ۶. (اوپر سے) گرنا.

آ پہنچنا/پہونچنا ف مر. پہنچ جانا، آ جانا، وارد ہو جانا.

آ پھنسنا محاورہ. ۱. اچانک گھر جانا ۲. فریب میں آنا؛ جھگڑے میں پڑ جانا.

آ ٹپکنا محاورہ. مرضی یا توقع کے خلاف آنا، آ جانا، آ موجود ہونا (طنزاً بھی مستعمل).

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، اث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غ م = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

آ چکا / چکا ف مر. (طنزیہ) نہیں آئے گا، آنے کی اُمید نہیں.

آچُکنا ف مر. آنے یا پہنچ جانے کی تکمیل ہونا.

آ دیکھ/ دیکھو ف مر. آ کے آزمالے/ آزمالو، تجربہ کرلے/ کرلو.

آ دھرنا ف مر. (طنزیہ) کسی جگہ آ کر رہ پڑنا، عموماً غصے یا ناراضی کے سبب اپنا اصل ٹھکانا چھوڑ کر کسی اور جگہ چلے آنا.

آ دَھمکنا محاورہ. بے دھڑک چلے آنا، اچانک آ پہنچنا، آ موجود ہونا.

آ کے م ف. آ کر.

آ کھڑا ہونا محاورہ. ۱. آ جانا، آ موجود ہونا. ۲. (کسی کے مساوی) حیثیت پانا.

آ گئے بَراتی، نہ خُشکا نہ چَپاتی کہاوت. بدانتظامی کے موقع پر مستعمل.

آ گھسنا ف مر. بلا استحقاق یا بے ضرورت کسی کام میں شریک یا شامل ہو جانا.

آ گھیرنا محاورہ. ۱. چاروں طرف سے محیط یا مسلط ہو جانا. ۲. (کسی شخص یا شے کو) چمٹ جانا اور نہ چھوڑنا.

آ لینا محاورہ. ۱. (محسوس یا معقول شے کو) گھیر لینا، گرفت میں لے لینا. ۲. (عقب سے آ کر) پکڑ لینا یا ساتھ ہو جانا. ۳. آ جانا، آ چکنا. ۴. قریب آنا.

آب (الف) اند.

۱. پانی ایک حصہ آکسیجن اور دو حصے ہائیڈروجن سے مرکب سیال (جسے بے مزہ اور بے رنگ کہا جاتا ہے، پینے کے علاوہ اور بہت سی ضروریات میں استعمال ہوتا ہے. ۲. دریا، سمندر، ندی، چشمہ، جھیل وغیرہ یا ان کا کوئی حصہ. ۳. پھلوں کا قدرتی عرق (جیسے آب تربوز)؛ پھلوں، پھولوں اور پتیوں وغیرہ کا افشردہ، کسی چیز کو جوش دے کر یا پیس کر نکالا ہوا گاڑھا پانی، کسی شے سے کشید کیا ہوا عرق (جیسے گلاب وغیرہ) ۴. کیمیائی سیال میں حل کی ہوئی دھات (عموماً دھات کی طرف اضافت کے ساتھ، جیسے: آب زر. (ب) است. ۱. تابندگی، چمک دمک، آب و تاب. ۲. تر و تازگی، رونق، روپ. ۳. تلوار، چھری وغیرہ کی کاٹ، دھار، تیزی. ۴. عزت، آبرو، وقار.

آبِ بقا اند. دیکھیے: آب حیات.

آب پاش (الف) اند. ۱. سقا، چھڑکاؤ کرنے والا. ۲. پودوں اور ٹہنیوں وغیرہ کو سیراب کرنے والا شخص. ۳. وہ ظرف جس سے پانی چھڑکا جائے، فوارہ، جھارا، ہزارا. (ب) صف. (زراعت) نہری پانی سے سینچا ہوا.

آب پاشی (الف) است. ۱. چھڑکاؤ، خاک کو دبانے یا زمین کو ٹھنڈا کرنے کے لیے پانی کا چھینٹا دینے کا عمل. ۲. پودوں کی سینچائی، کھیتوں کی سیرابی. (ب) اند. نہر کا محکمہ، محکمۂ آب پاشی.

آب پیما (الف) است. دریا میں سفر کرنے والا. (ب) اند. پانی کی رفتار مقدار گہرائی وغیرہ ناپنے کا آلہ، (انگ) Hydrometer.

آب تاب است/اند (قدیم). دیکھیے: "آب و تاب".

آب تلخ مذ. ۱. (مجازاً) شراب. ۲. (مجازاً) تیزاب، تیز آنسو.

آبِ جُو است. ندی یا نہر کا پانی.

آب چشم اند. آنسو، اشک.

آب حَیات اند. وہ روایتی پانی جس کی نسبت کہا گیا ہے کہ اس کا ایک قطرہ پینے کے بعد انسان امر ہو جاتا ہے.

آب خورا اند. مٹی کا کوزہ، پانی دودھ وغیرہ پینے کا ایک مٹی کا برتن، کلھڑ.

آب دار/ آبدار (الف) صف. ۱. (i) چمکیلا، درخشاں؛ مجلّا، مصفا (ii) صارف کو مشروبات اور پانی پلانے پر مامور ملازم، سقا.

آب دست اند؛ است. ۱. (i) (قضائے حاجت کے بعد) پانی سے پاک کرنے کا عمل. (ii) طہارت ۲. وہ پانی جس سے قضائے حاجت کے بعد طہارت کی گئی ہو.

آب دندان است. دانتوں کی چمک، دانتوں میں موتیوں کی سی آب داری.

آب دندان (الف) است. وہ میوہ جس کو لطافت و نزاکت کی بنا پر دانتوں سے توڑنے اور چبانے کی ضرورت نہ ہو اور جلد گھل جائے، ایک خاص قسم کا انار یا ناشپاتی. (ب) صف. احمق، کمزور؛ (قماربازی) نادان حریف.

آب دوز است. ایک خاص قسم کی جنگی کشتی جو گہرے پانی میں اندر ہی اندر چل کر سرنگوں سے جنگی جہاز تباہ کرتی ہے، غوطہ خور کشتی، (انگریزی)، سب میرین (Submarine).

آب دیدہ (الف)، اند. آنسو، اشک. (ب) صف جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں، روہانسا.

آب رواں اند .ا. بہتا پانی .۲.عمدہ قسم کی باریک ململ .۳. (تصوف) دل کے فرحت پانے کی کیفیت.

آب ریز (الف) صف .وہ زمین جس پر پانی گر کر بہہ جائے ، ڈھلوان والی جگہ . (ب) اند .ا. پانی کے نکاس کا راستہ .۲.لوٹا ، وہ برتن جس سے نہاتے ہوئے سر پر پانی ڈالیں .۳.طہارت گاہ .

آبِ زر اند .وہ پانی جس میں کیمیاوی عمل سے سونا حل کیا ہوا ہو (نقاشی وغیرہ کے کام میں مستعمل).

آب زُلال اند .ا. صاف شفاف میٹھا اور خوش گوار پانی .۲.نتھارا ہوا پانی، بھگوئی یا متھی ہوئی چیز کا چھانا ہوا صاف پانی .

آب زمزم اند . چاہ زمزم کا پانی جو مقدس سمجھا جاتا ہے .

آب شورہ اند .ا.کسی پھل کا افشردہ .۲.شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی . ۳. کھٹا پانی جو کچی املی یا امچور اور ہڑ کو بھگو کر نتھار لیا جائے اور جس میں حسب ضرورت گرم مسالے ملا کر خوش ذائقہ بنا لیا جائے ، پنا ، کھٹوہر، کھٹ رس .

آب کاری (الف) است. آبکار کا کام یا پیشہ . (ب) اند منشیات کا محصول ؛ نیز محصول لگانے اور وصول کرنے اور اس سے متعلق دیگر انتظامی امور کی دیکھ بھال اور نگرانی کا محکمہ .

آب کوثر اند .بہشت کی نہر یا حوض کا پانی جو کوثر کے نام سے مشہور ہے، (مجازاً) شفاف اور لطیف پانی یا مشروب .

آب گوں (الف) صف .ا.(i) ہلکے نیلے رنگ کا (خصوصاً آسمان کی صفت). (ii) سفید ، گورا ، چٹا .۲. تیز ، جوہردار (آہنی ہتھیار) .۳.نم ناک (خصوصاً آنکھ وغیرہ کے ساتھ مستعمل) . (ب) اند . گیہوں کا نشاستہ اور گیہوں کا گودا.

آب و تاب است .ا.دیکھیے : آب (ب) .ا.شان وشکوہ ، حسن وخوبی. ۲.رونق ، تازگی، شادابی .

آب و دانہ اند .ا. پانی اور کھانا پینا . (مقدر کا) رزق ، روزی .۲.تقدیر، قسمت ، سرنوشت کا لکھا.

آب و دانہ اُٹھنا محاورہ. کسی مقام کی روزی یا وسیلہ روزی کا منقطع ہونا، روزگار چھوٹنا؛ سفر پیش آنا ؛ موت آنا .

آب و گِل اند ؛ است .ا.(i) کیچڑ . (ii) پانی اور مٹی ، گندھی ہوئی مٹی . ۲.قالب بشری ، جسم ، کالبد .۳. عالم مادی .۴.سرشت ، خمیر ، مزاج . ۵.(کسی شے موجود کی) اصل ، جڑ ، بنیاد .

آب و ہوا است .ا. (کسی مقام کے) پانی اور ہوا کی تاثیر ، طبعی اور جغرافیائی اثرات (جو صحت و مرض اور پیداوار سے تعلق رکھتے ہیں). ۲.(پانی اور ہوا سے پیدا شدہ) موسمی کیفیت ، موسم ، رت .۳. عام فضا، گردوپیش، رنگ ڈھنگ .

آب یاری است .سینچائی ، پودوں اور کھیتوں کو پانی دینے کا عمل .

آب / آباء اند ؛ ج.
ا. باپ دادا پردادا (اوپر تک) ، اگلی پیڑھیاں ، پرکھے .۲.بزرگ ، پیشوا ، رہنما ، اکابر (خصوصاً مذہبی) .

آبا و اجداد اند . باپ دادا اور ان سے اگلے بزرگ .

آباد (الف) .صف .
ا.(i) بسا ہوا مکان یا جگہ، ویران کی ضد . (ii) پر رونق ، بھرا پرا، رَچا بَچا .۲. قیام پذیر ، مقیم ، ساکن .۳.خوش و خرم ، خوش حال ، شادمان ، بامراد .۴.(مجازاً) سرسبز ، تر و تازہ ، شاداب .۵.(i) جوتی ہوئی زمین ، مزروعہ کھیت . (ii) (قانون) وہ گانو یا زمین جس سے معاملہ وغیرہ لیا جاسکے . (ب) مرکب کا جزو دوم (لاحقہ ظرفیت) .ا.(i) (جزو اول کی نسبت سے) بسایا ہوا یا بنا کردہ شہر گاؤں وغیرہ کے معنی میں مستعمل ، جیسے : اسلام آباد ، فیصل آباد وغیرہ. (ii) کسی کیفیت یا حالت سے بھرا ہوا ، جیسے : ظلمت آباد ، عشرت آباد . (ج) دعائیہ .خوش رہے ، خوش رہو ، چین کرو ، پھلو پھولو .

آباد کار اند .ا. بسنے والا ، باشندہ ، غیر آباد جگہ کو آباد کرنے والا ، نئی جگہ جا کر بسنے والا .۲.کھیت میں فصل بونے والا ، کاشت کار ، غیر مزروعہ زمین میں پہلا کھیتی کرنے والا .۳. (حشرات الارض) پردار دیمک جس کا رنگ بھورا اور دو پر ہوتے ہیں (عموماً برسات میں پیدا ہوتی اور زمین کی دراڑوں میں گھس کر نیا کنبہ بساتی ہے) .

آباد کاری است .ا.آباد کار کا اسم کیفیت ، آباد کرنے یا ہونے کا عمل . ۲.(قانون) وہ حق جو زمین غیر آباد کو قابل کاشت یا لائق سکونت

بنانے سے حاصل ہو؛ ملکیت کو ترقی دینا.

آبادی (مدآ) اسث.

۱. بسنے یا بسانے کا عمل یا حالت ، ویرانی کی ضد .۲. وہ جگہ جہاں لوگ بستے ہوں: بستی ، شہر ، گانو ، کھیڑا وغیرہ .۳. رونق ، چہل پہل ، ترقی ، آسودگی .۴. کسی ملک یا شہر کے باشندوں کی تعداد .۵. کاشت ، کاشت کی ہوئی جگہ.

آبائی (مدا) صف.

جدّی ، موروثی.

آبْرو (سک ب ، ومع) اسث.

۱. چمک دمک ، تابانی ، درخشانی .۲. عصمت ، عفت ، ناموس ، پاک دامنی .۳. (i) عزت ، اعزاز ، قدر و منزلت ، نام وری ، شہرت . (ii) لاج ، شرم . (iii) ساکھ ، اعتبار ، بھرم .۴. حیثیت ، درجہ ، قدر و قیمت .۵. شان شوکت ، ٹھاٹ باٹ.

آبرو اُتارنا / اُترنا محاورہ. ۱. کسی کی عصمت خراب کرنا ، غیر کی عورت پر ہاتھ ڈالنا .۲. ذلیل کرنا ، عزت لینا.

آبرو باختہ صف. ۱. بے حیثیت ، خوار ، رسوا ، ذلیل .۲. بازاری ، عصمت فروش (عورت).

آبرو رکھ لینا محاورہ. بھرم قائم رکھنا ، عزت ، نام وری یا عصمت بچانا.

آبرو رکھنا محاورہ. ۱. رتبے والا اور عزت والا ہونا .۲. بات رکھ لینا ، عزت بچانا ، آبرو رکھ لینا.

آبرو کھونا محاورہ. ۱. عزت ، ساکھ یا شہرت برباد کرنا ، حرمت گنوانا. ۲. پاک دامنی میں داغ لگانا.

آبرو لٹنا محاورہ. ۱. ذلیل کرنا ، عزت لینا .۲. کسی کی عصمت خراب کرنا.

آبرو مٹی (مِٹّی) میں ملانا محاورہ. ۱. بے عزت کرنا (اپنی یا دوسرے کی) عزت ضائع کرنا .۲. عصمت و ناموس کھو دینا.

آبرو مند صف. ۱. آبرو دار ؛ باعزت ، شریف ، مرتبے والا .۲. باحیا ، غیرت مند.

آبرو مندانہ صف ؛ م ف. باعزت طور پر ، شریفانہ.

آبْشار (سک ب) اند.

بلندی سے گرنے والا قدرتی پانی ، جھرنا.

آبْلَہ (سک ب ، فت ل) اند.

۱. انگور کے دانے یا بلبلے کی طرح جلد کا ابھار (مواد یا گرم پانی بھر جانے کے باعث) ، چھالا ، پھپھولا .۲. پھوڑا .۳. خمیری آٹے کا اپھان یعنی پھولا پن جو اسپنج کے مانند خانہ دار ہو .۴. زہر سے بھری ہوئی تھیلی جو سانپ کے منہ میں ہوتی ہے (سانپ وغیرہ کے ساتھ) . [ف].

آبلہ پا صف. جس کے پانو میں چھالے پڑ گئے ہوں ؛ (مجازاً) تھکا ہوا ، درماندہ.

آبلہ پائی اسث. پاؤں میں چھالے پڑے ہونے کی کیفیت.

آبلہ پھوٹنا / پھوڑنا ف مر ؛ محاورہ. چھالے کا منہ بننا اور رِسنا ؛ دل کی حسرت یا غبار نکلنا ، آبلہ پھوٹنا جس کا یہ تعدیہ ہے.

آبْنُوس (سک ب ، ومع) (الف) اند.

(نباتیات) ایک درخت جس کی لکڑی بہت سخت اور نہایت سیاہ ہوتی ہے اور جو پانی میں ڈوب جاتی ہے (اس سے عموماً کنگھیاں ، سنگھار دان ، قلم دان اور دوسرا نفیس سامان بنایا جاتا ہے . (ب). صف. (مجازاً) سیاہ ، کالا بھجنگ ، کالا کلوٹا.

آبْنُوسی (سک ب ، ومع) صف.

۱. آبنوس کی طرف منسوب : آبنوس کا بنا ہوا .۲. سیاہ رنگ کا ، آبنوس جیسا کالا بھجنگ . [ف].

آبی (الف) صف.

۱. آب (= پانی) کی طرف منسوب : پانی کا ، پانی سے بنا ہوا ، پانی میں رہنے سہنے یا پھولنے پھلنے والا ، پانی کی خاصیت رکھنے والا ، پتلا ، رقیق وغیرہ .۲. آب (= چمک دمک) کی طرف منسوب : چمکیلا ، دمکنے والا ، روشن .۳. ہلکا نیلا ، آسمانی رنگ کا ، آبگوں .۴. (کنویں یا بارش کے علاوہ) نہر ندی تالاب وغیرہ سے سیراب کی جانے والی (زمین مزروعہ) . (ب) اند. ایک قسم کا سانپ جس کی جلد سرخ اور کمر پر سفید پھول ہوتے ہیں اور جو زہریلا نہیں ہوتا (زیادہ سے زیادہ بارہ گرہ کا دیکھنے میں آیا ہے) . (ج) اسث. ۱. فصل خریف ، موسم خزاں کی پیداوار .۲. ایک قسم کی بڑی مرغابی ، مگھ مرغابی.

آبْیانَہ (سک ب ، فت ن) اند.

پانی کی اجرت ، زمین کی سینچائی کا معاوضہ ، آب پاشی کا محصول.

آبی حرف/حروف اند. (جفر) حروف ابجد کے سات حرفوں (ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ) میں سے ہر ایک حرف جو پانی کی خاصیت رکھتے ہیں.

آبی رنگ اند. ا. تیل کی بجائے پانی میں حل کیا ہوا رنگ. ۲. ہلکا نیلا رنگ.

آبی غذا اند. وہ خوراک جو پانی کی مخلوقات سے حاصل کی جائے؛ جیسے: مچھلی وغیرہ.

آپ (الف) ضمیر مخاطب (تعظیمی). ا. ''تو'' اور ''تم'' (واحد و جمع) کی جگہ تعظیماً مستعمل؛ حضور، جناب. ۲. غائب کو حاضر فرض کر کے تعظیماً ''وہ اُس یا اُن'' کی جگہ. (ب) ضمیر مبہم. ا. غائب حاضر متکلم (واحد اور جمع) کے لیے، مترادف: خود. ۲. اسم ظاہر یا ضمیر غائب حاضر یا متکلم (واحد و جمع) کی تاکید کے لیے. (ج) ضمیر اضافی. اپنا، اپنے یا اپنی کی جگہ. (د) م ف. خود بخود، آپ سے آپ، خود سے، ازخود، بغیر کسی وجہ یا محرک ظاہر کے. (ہ) اشارہ. ایک شخص سے مخاطب ہو کر دوسرے شخص حاضر سے متعلق استفسار کے موقع پر. (و) اند. ا. اپنی ہستی، اپنی ذات یا نفس. ۲. ذات الٰہی، قادر مطلق. ۳. سدھ، ہوش (اکثر ''میں'' کے ساتھ). [س].

آپ اپنی آنکھوں دیکھنا محاورہ. بہ چشمِ خود معاینہ یا مشاہدہ کرنا، کسی بات کا عینی شاہد ہونا.

آپ اپنی قبر کھودنا محاورہ. خود اپنے ہاتھوں مصیبت میں پھنسنا، اپنی ہلاکت کا سامان خود کرنا.

آپ آپ (الف) ضمیر. ہر ایک، ہر ایک خود. (ب) م ف. خود بہ خود، آپ ہی آپ. (ج) امث. خودغرضی، خودی.

آپ آپ کرنا / کہنا محاورہ. ا. محترم گرداننا. ۲. چاپلوسی کرنا، خوشامد کرنا. ۳. خودغرضی دکھانا.

آپ بیتی (الف) امث. اپنے واردات یا مشاہدات زندگی، ذاتی سرگزشت، اپنی کہانی. (ب) صف. اپنے اوپر گزری ہوئی، ذاتی (حالت وغیرہ).

آپ بھلے تو جگ بھلا کہاوت. انسان خود اچھا ہو تو دنیا اُس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے.

آپ جانیں (اور) آپ کا ایمان کہاوت. اس (معاملے) کا دار و مدار آپ کے ایمان اور نیت پر ہے.

آپ جانیں (اور) آپ کا کام (جانے) کہاوت. میں فہمائش کر چکا اب آپ خود نیک و بد کے ذمہ دار ہیں، سمجھانے کی حد ہوگئی اب جیسا آپ کے جی میں آئے کیجیے (کام سے بری الذمہ ہونے کے موقع پر مستعمل).

آپ ڈال ڈال ہیں تو میں پات پات (ہوں) کہاوت. میں آپ سے زیادہ چالاک، ہوشیار اور عقل مند ہوں.

آپ ڈوبے تو ڈوبے اوروں کو بھی لے ڈوبے کہاوت. اپنے نقصان کے ساتھ دوسرے کا بھی نقصان کیا، اپنے ساتھ دوسرے کو بھی مصیبت میں پھنسایا یا برباد کیا.

آپ سے م ف. ا. خود، بجائے خود، اپنی جگہ، اپنی ذات میں. ۲. خود بہ خود، اپنے ارادے اختیار یا طبیعت سے. ۳. اپنی ہستی سے، خود سے. ۴. بلا طلب، بغیر کسی سبب ظاہر کے. ۵. آپ کی مانند.

آپ سے گزر جانا محاورہ. ا. اپنی ہستی کو مٹا دینا، اپنے وجود کو محو کر دینا. ۲. مست اور بے خود ہونا، بے ہوش ہونا، اپنے حواس میں نہ رہنا. ۳. انسانیت سے گر کر کوئی کام کرنا. ۴. اپنی حیثیت کو بھول جانا اور اپنے مرتبے سے بڑھ کر کوئی بات کہنا، مغرور ہو جانا.

آپ فضیحت اوروں کو نصیحت فقرہ. آپ تو برا کام کرے اور دوسروں کو مانع ہو.

آپ کو م ف. ا. خود کو، اپنی ذات کو. ۲. اپنی جگہ، بجائے خود. ۳. آپ پر، آپ کے حال پر.

آپ کی بلا سے فقرہ. ضرر ہوگا تو مجھے ہوگا آپ کو کیا.

آپ کی جوتی میرا سر فقرہ. اگر ایسا ہو یا ایسا نہ ہو تو میرے سر پر جتنی جوتیاں جی چاہے ماریے گا، کسی بات کے ہونے یا نہ ہونے کا پُرزور ادّعا کرنے کے موقع پر مستعمل.

آپ کی خوشی فقرہ. نیک صلاح دینے کے بعد یا کسی کام کے لیے کسی کا ارادہ سننے اور اس سے متفق نہ ہونے کی صورت میں اختلافی الفاظ کی جگہ، مترادف: جو آپ کی مرضی ہو کریں، جو آپ کا جی چاہے کیجیے، آپ برائی بھلائی کو خوب سمجھتے ہیں، وغیرہ.

آپ کی شکایت (میرے) سر آنکھوں پر فقرہ. اس جگہ مستعمل جہاں کوئی کسی بات کی شکایت کرے یا الزام لگائے اور اس کی شکایت یا الزام

لگائے اور اس کی شکایت یا الزام قبول کر کے عذر کرنا منظور ہو .

آپ گیلے میں سوئی مجھے سوکھے میں سلایا فقرہ . ماں کی کمال محبت اور دل سوزی ظاہر کرنے کے موقع پر مستعمل ، مترادف : ماں نے آپ تکلیف اُٹھائی اور مجھے ہمیشہ راحت پہنچائی .

آپ ہی آپ م ف . ۱. خود بخود ، اپنے ارادے اختیار یا طبیعت سے . ۲. دل ہی دل میں . ۳. تنہا آپ (بلا شرکت غیرے) .

آپ ہی اپنی قبر کھودنا محاورہ . خود کوئی ایسا کام کرنا جس سے اپنی ذات کو نقصان پہنچے .

آپ ہی تھوکا آپ ہی چاٹا کہاوت . وہ کام کرنا جس کو برا سمجھنا .

آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے فقرہ . آپ ہی کا فیض ہے ، آپ ہی کے طفیل ہے ، عجز و انکسار کی جگہ مستعمل .

آپ ہی مارے آپ ہی چلائے فقرہ . یہ جملہ اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی پر خود ہی ظلم کرے اور خود ہی مظلومانہ فریاد کرے .

آپا (۱) اند .

۱. نفس ، ذات ، ہستی ، وجود . ۲. ہوش و حواس . ۳. تن بدن . ۴. خودی ، شخصیت ذاتی . [س + ہ] .

آپا دھاپی است . نفسا نفسی ، اپنی اپنی فکر .

آپا سنبھالنا محاورہ . ۱. صاحب عقل و تمیز ہونا ، تہذیب اور سلیقے سے کام لینا . ۲. (i) اپنے تن بدن کی خبر رکھنا اور دیکھ بھال کرنا . (ii) اپنے بدن کو قابو میں رکھنا . ۳. بالغ ہونا ، جوان ہونا . ۴. اپنے تئیں سنوارنا ، زیب و زینت کرنا . ۵. حواس قائم رکھنا ، ہوشیار رہنا .

آپا (۲) است .

۱. بڑی بہن ، باجی . ۲. سہیلی یا دوپٹا بدل بہن . ۳. جان پہچان کی عورت جو عمر میں بڑی ہو ، جس عورت کا احترام مقصود ہو .

آپریٹر (سک پ ، ی مج ، فت ٹ) صف .

کسی مشین یا مشینی نظام کو چلانے والا . [انگ] .

آپریشن (سک پ ، ی مج ، فت ش) اند .

۱. جسم کے کسی حصے کو علاج کے لیے چاک کرنے کا عمل ، عمل جراحی . ۲. اثر و نفوذ ، رسوخ . ۳. کارروائی ، پولیس کا چھاپا ، فوجی چھاپا کسی مجرم کے خلاف . [انگ] .

آپریشن تھیٹر اند . اسپتالوں میں عمل جراحی کا کمرہ .

آپس (فت پ) است .

۱. ایک دوسرے کے درمیان (کا ، کی ، کے ، یا ' میں ' کے ساتھ مستعمل) . ۲. (i) رشتہ داری ، قرابت (کا ، کی ، کے یا ' میں ' کے ساتھ مستعمل) . (ii) دوستی ، میل جول (کا ، کی ، کے یا ' میں ' کے ساتھ مستعمل) .

آپس کا صف . ۱. دیکھیے : آپس . ۲. نجی ، خاندانی .

آپس میں م ف . ۱. دیکھیے : آپس . ۲. ایک دوسرے سے . ۳. (قدیم) خود بہ خود ، آپ ہی آپ .

آپوں آپ م ف .

آپ ہی آپ ، خود بہ خود .

آپے اند .

۱. آپ ، خود . ۲. آپا (۱) کی مغیرہ صورت اور ترکیبات میں مستعمل .

آپے سے باہر ہونا محاورہ . غضب ناک ہونا ، غصہ ہونا .

آپے میں رہنا محاورہ . ہوش و حواس قائم رکھنا ، حد سے تجاوز نہ کرنا ، حیثیت سے نہ بڑھنا .

آپے میں نہ رہنا محاورہ . ۱. بے خود و مدہوش ہونا ۲. مغرور ہونا ، تکبر پیدا ہونا .

آتا (الف) صف ، مذ .

آتا ہوا ، آیندہ ، اگلا . (ب) اند . قرضہ ، واجب الادا رقم ، دین .

آتا جاتا (الف) صف ، مذ . ۱. آمد و رفت رکھنے والا ، آنے اور لوٹ کر جانے والا . ۲. چلتا پھرتا ، ناپائدار ، تیزی سے گزر جانے والا . (ب) اند . ۱. مسافر ، رہرو . ۲. کسی فن میں دست گاہ ، کسی ہنر یا کام میں واقفیت .

آتا نہ چھوڑیے جاتے کا غم نہ کیجیے کہاوت . آئے تو خوب آنے دو جاوے تو بلا سے .

آتش/آتِش (فت ت ، کس ت) است .

۱. آگ (حقیقی اور مجازی معنی میں) . ۲. (کیمیا گری) سرخ گندھک . [ف] .

آتش بازی است . ۱. بارود اور منسل پٹاس وغیرہ کی ترکیب سے بنایا ہوا

سامان جس سے آگ دکھانے پر رنگ برنگی چنگاریاں اڑتی ہیں . ۲. (مجازاً) دل لگی کی بات ، لطیفہ . ۳. (مجازاً) اسلحہ آتشیں ، گولے بارود کا استعمال .

آتش بیاں صف . پرجوش اور موثر طریقے سے اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرنے والا ، جس سے سننے والوں کے جذبات بھڑک اٹھیں ؛ پر اثر اور جوش افزا کلام کرنے والا .

آتش پرست امذ . آگ کی پوجا کرنے والا ، مجوسی ، پارسی ، زرتشت کا پیرو .

آتش زدگی امث . آگ لگ جانا ؛ آگ سے جل جانے کی کیفیت یا عمل (بالعموم مکان ، دکان یا کسی نوعیت کی املاک وغیرہ کا .

آتش زنی امث . آگ لگانا ، جلانا .

آتش فشاں (الف) صف . آگ اور شعلے برسانے والا ، چنگاریاں دینے والا . (ب) امذ . وہ پہاڑ جس میں لاوا بھرا ہو ، لاوا اگلنے والا پہاڑ ، جوالامکھی .

آتش کدہ امذ . ۱. بھٹی ، تنور . ۲. پارسیوں کا عبادت خانہ جہاں پوجا کے لیے ہر وقت آگ روشن رہتی ہے .

آتَشَک (سک ت ، فت ش) امث .
گرمی کی بیماری جس میں جسم پر خصوصاً زیر ناف سرخ دانے نمودار ہوتے اور رفتہ رفتہ زخم یا گہرے گھاؤ کی صورت اختیار کر لیتے ہیں (یہ ایک متعدی مرض ہے) آبلہ فرنگ ، باد فرنگ ، آتش فارسی .

آتَشی/آتِشی/آتْشی (فت ت/کس ت/سک ت) صف؛امذ .
۱. آتش کی طرف منسوب ؛ آگ کا ، آگ کی سی خاصیت رکھنے والا ، آگ کی طرح گرم اور جلا دینے والا . ۲. (i) جس کی خلقت میں جزو غالب آگ ہو ، آگ کی مخلوق ، جن وغیرہ . (ii) آگ یا آگ سے بنی ہوئی مخلوق کی خاصیت . ۳. (i) جلد آگ پکڑ لینے والا ، آتش گیر . (ii) آگ برسانے یا لگانے والا اسلحہ . ۴. گہرا سرخ رنگ . ۵. ایک قسم کا کبوتر جو شعلہ رنگ ہوتا ہے .

آتشی آئینہ امذ . ایک قسم کا موٹا شیشہ جس میں سے سورج کی شعاعیں گزر کر کاغذ کپڑے یا روئی پر کچھ دیر پڑتی رہیں تو وہ جلنے لگتا ہے .

آتَشیں/آتِشیں/آتْشیں (فت ت/کس ت/سک ت ، ی مع) .
آگ کی خاصیت رکھنے والا ، آگ کی طرح جلا دینے والا .

آتشیں اسلحہ امذ . بارود سے چلنے والا ہتھیار ، بارودی ہتھیار .

آتما (سک ت) امث .
۱. روح ، نفس انسانی . ۲. وجود ذات .

آتو (و مع) امث .
معلمہ ، استانی جو بچیوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے . [ت] .

آتی صف ، مث .
آتا کی تانیث اور ترکیبات میں مستعمل .

آتی جاتی صف؛امث . ۱. آتا جاتا کی تانیث . ۲. سود و زیاں ، نفع نقصان ، انجام .

آتی ہے ہاتھی کے پاؤں اور جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں کہاوت . بیماری کے متعلق کہتے ہیں کہ چپکے سے آ جاتی ہے اور رفتہ رفتہ جاتی ہے .

آتے صف .
آتا کی جمع یا مغیرہ حالت اور ترکیبات میں مستعمل .

آتے آتے م ف . ۱. پہنچتے پہنچتے ، روانگی اور پہنچنے کے درمیانی عرصے میں . ۲. آنے یا پہنچنے کے لیے تیار یا آمادہ . ۳. بہت دیر میں ، تاخیر سے . ۴. رفتہ رفتہ ، کچھ دیر لگا کر .

آتے جاتے (الف) م ف . ۱. راستہ طے کرتے ہوئے ، راہ چلتے ، راستے میں . ۲. آنے جانے کے سبب ، آمد و رفت کی وجہ سے . (ب) صف . آتا جاتا کی جمع مسافر ، راہرو (لوگ) .

آٹا (الف) امذ .
۱. پسا ہوا غلہ ، چون ، آرد (خشک ہو یا گیلا) ۲. خشک پسی ہوئی چیز ، سفوف ، برادہ ، چورا . (ب) صف . بوسیدہ ، گلی اور گھنی چیز ، فرسودہ ، گلا سڑا . [س] .

آٹا دال امذ . ۱. معاش ، روزی ، قوت لایموت . ۲. کھانے پینے کا سامان ، اشیاء خورد نوش ، اجناس خوردنی .

آٹا گیلا ہونا محاورہ . ۱. (ندامت سے) حال پتلا ہونا ، پانی پانی ہونا . ۲. کام بگڑنا ، مصیبت آنا ، مشکل میں پڑنا ، جیسے : مفلسی میں آٹا گیلا .

آٹوگراف (و ج ، کس گ) امذ .
کسی کی قلمی تحریر یا دستخط .

آٹومیٹک (و مج ، ی مج ، کس ٹ) صف.
خود کار (مشین) ، اپنے آپ کام کرنے والا (آلہ).

آٹے اند.
آٹا (دیکھیے) کی مغیرہ حالت ، ترکیبات میں مستعمل.

آٹے دال کا بھاؤ اند. فکر معاش ، روزی کا خیال ، دنیا کے کام کاج.

آٹے دال کا بھاؤ بتانا محاورہ. کسی غلطی یا خطا پر تنبیہ کرنا ، خوب خبر لینا ، دھمکانا ، ڈرانا.

آٹے دال کا بھاؤ کھلنا/معلوم ہونا/یاد آنا محاورہ. دنیا کے نشیب و فراز سے سابقہ پڑنا ، غفلت میں یکا یک پریشانی سے دو چار ہونا ، راحت کے بعد مصیبت میں پھنسنے سے ہوش و حواس اڑ جانا.

آٹے کے ساتھ گھن (پستا ہے) پسنا محاورہ. گناہ گار کے ساتھ بے گناہ کا سزا پانا.

آٹے میں نمک/نون م ف. بہت کم ، ذرا سا ، تھوڑا سا ، برائے نام.

آٹھ صفت عددی.
سات اور ایک ، نو سے ایک کم ، (ہندسوں میں) ۸.

آٹھ آٹھ آنسو (رونا) م ف. دھاڑیں مار کر یا زاروقطار رونا ، پھوٹ پھوٹ کر رونا ، بہت زیادہ آنسو بہانا.

آٹھ پہر (الف) م ف. ۱. ہر لحظہ ، ہر وقت ، شب و روز. ۲. چوبیس گھنٹے ، ایک دن رات. (ب) ظرف زمان. بہت دیر ، جیسے : ذرا سے کام میں آٹھ پہر لگادیے.

آٹھوں (و مج) (الف) صف.
پورے آٹھ ، آٹھ کے آٹھ. (ب) اند. ہندوؤں کا ایک میلا جو ہولی کے آٹھویں دن لگتا ہے.

آٹھوں پہر م ف. دیکھیے : "آٹھ پہر" جس کا یہ حصر ہے.

آٹھویں (و مج) صف.
مہینے کی آخری تاریخ ، گنتی میں سات کے بعد کا ہندسہ.

آثار (۱) اند. (الف) بطور جمع.
دیکھیے : ۱. اثر کی جمع. ۲. خصوصیات ، اوصاف ، خواص. ۳. (i) رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام یا بزرگان دین کے اقوال و افعال. (ii) سلاطین وغیرہ کے کارنامے. ۴. لچھن ، اطوار ، ڈھنگ ، انداز. ۵. عہد قدیم یا اسلاف کے زمانے کا وہ بقیہ (تحریر ، عمارت یا ڈھانچا وغیرہ) جس سے متعلقہ زمانے کی تاریخ و تہذیب کا پتا چل سکے ، باقیات ، یادگاریں. ۶. نشانات قدم. (ب) طور واحد. قبر ، مقبرہ ، یادگار.

آثار اچھے ہونا ف مر. حالات کا موافق یا سازگار ہونا ، (کسی بات کی) خوشگوار علامات نظر آنا ، (اکثر نفی کے طور پر مستعمل).

آثار پانا/پائے جانا محاورہ. علامات نظر آنا.

آثار دکھائی دینا ف مر. علامات نظر آنا ، طور طریقے ، ڈھنگ سے مستقبل کی حالت کا اندازہ ہونا.

آثار قدیم / قدیمہ اند. ۱. پرانی عمارتیں ، کسی قوم کی تہذیبی عظمت یاد دلانے والی چیزیں جو زمین پر موجود ہوں یا کھود کر نکالی جائیں. ۲. ایک سرکاری محکمہ جو پرانی عمارتوں اور یادگاروں کی حفاظت و نگرانی اور کھدائی کرتا ہے.

آثار (۲) اند.
۱. بنیاد ، نیو ، دیوار کا پایہ. ۲. دیوار کی چوڑائی ، چکلان یا موٹائی. [ف].

آثِم (کس ث) صف.
گناہ گار ، عاصی ، (خصوصاً) خطوط وغیرہ میں بطور انکسار اپنے لیے مستعمل. [ع].

آج (الف) م ف.
۱. موجودہ دن میں طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کے دوران. ۲. اس دم ، اس وقت ، اس گھڑی. ۳. آج کل ، ان دنوں ، زمانۂ حال میں. ۴. جیتے جی ، عین حیات میں. ۵. (مجازاً) فوراً ، فی الفور.
(ب) اند. ۱. موجودہ زمانہ ، عصر حاضر (بیشتر حرف جار یا ربط کے ساتھ). ۲. موجودہ دن ، روز جو گزر رہا ہے ، ساعت رواں (بیشتر حروف جار یا الف کے ساتھ).

آج تک بڑے پینگ ہگتے (ہگ رہے) ہیں کہاوت. ۱. اپنے کیے کی سزا بھگت رہے ہیں. ۲. ابھی تک پتلا حال ہے.

آج جو کرنا ہے کر لے کل کی کل کے ہاتھ ہے فقرہ. وقت کو غنیمت سمجھنا چاہیے ، آج کا کام کل پر نہیں چھوڑنا چاہیے.

آج سے م ف. حال میں ، فی الحال.

آج سے کل نزدیک ہے فقرہ. ۱. آج محروم رہے تو مایوس نہ ہونا چاہیے کل کامیابی ہو جائے گی ، کوشش جاری رکھنا چاہیے ۲. آیندہ زمانے کو دور سمجھ کر اچھے کاموں میں غفلت اور تساہل نہیں کرنا چاہیے.

آج کا کام کل پر اٹھا رکھنا /ٹالنا/چھوڑنا/ڈالنا/رکھنا محاورہ. کام میں کاہلی کرنا ، ٹال مٹول کرنا.

آج کدھر بھول پڑا / پڑے فقرہ. جب کوئی شخص مدت کے بعد ملے (بطور شکایتاً).

آج کل (الف) م ف. ۱. ان دنوں ، اس زمانے میں (زمانۂ حال میں). ۲. بہت جلد ، عن قریب. (ب) است. حیلہ حوالہ ، ٹال مٹول.

آج کل کا /کی صف ، مذ/مث. اس زمانے کا ، عصر حاضر کا ، اس عہد کی ، عصر رواں کی.

آج مرا (مرے/موا / موئے) کل دوسرا دن کہاوت. زندگی ناقابل اعتبار اور ناپائدار ہے ، عمر کا کیا بھروسا.

آج میں نہیں یا وہ(تم) نہیں فقرہ. آج میں اپنی جان دے دوں گا یا اس کی (تمہاری) جان لے لوں گا (کمال غصے اور عداوت کی جگہ.

آجِر (کس ج) (الف) صف.
۱. اجرت دینے والا ، آقا ، مزدور کی ضد ۲. (قانون) سر خط یا پٹا لکھ دینے والا. (ب) اند. (معاشیات) جو شخص ذاتی یا مستعار سرمایے سے کمپنی یا کارخانہ قائم کرے ، مالک. [ع].

آخ است.
دیکھیے : اَخ (۲).

آخ تھو/ تُھوہ (مع) است.
بطور اظہار تنفّس مستعمل ، کھنکارنے اور تھوکنے کی آواز.

آخِر (کس خ) (الف) صف.
آخری ، بعد کا ، مؤخر (زمانے کے اعتبار سے). (ب) اند. انجام ، انتہا ، حد. (ج) م ف. ۱. انجام کار ، نتیجے میں ، آخر میں ۲. بہر حال ۳. الغرض ، قصہ مختصر ۴. ضرور ، لازماً. ۵. اصل میں ، درحقیقت ، واقعی (تجسس یا استفہام کے موقع پر).

آخرُ الزّماں صف. زمانے کے اعتبار سے بعد والا ، کسی سلسلے کا آخری (فرد) ، (عموماً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نبی یا پیغمبر وغیرہ کے ساتھ مستعمل جو مسلمانوں کے عقیدے میں آخری نبی ہیں ۲. فرقۂ امامیہ کے بارھویں امام حضرت مہدی کے لیے امام وغیرہ کے ساتھ مستعمل جو قرب قیامت کے آخری زمانے میں تشریف لائیں گے. ۳. دنیا کے خاتمے کے قریب کا ، قرب قیامت یا آخری زمانے سے متعلق.

آخر آخر م ف. ۱. انجام کار ، پچھلے درجے ، نتیجے میں ، آخر میں. ۲. بہر حال. ۳. الحاصل ، الغرض ، قصہ مختصر. ۴. چار ناچار ، مجبوراً. ۵. آخری دور یا زمانے میں ، عمر کے آخری حصے میں.

آخر دم/ دم (تک) (الف) اند. (کسی کام کا) آخری وقت ؛ موت کی گھڑی. (ب) م ف. نزع کے عالم میں ، مرتے وقت ، آخری سانس لیتے وقت.

آخر کار م ف. بالآخر ، انجام کار ، نتیجے کے طور پر.

آخر وقت (الف) اند. نزع کا عالم ، موت کا وقت. (ب) م ف. نزع کے وقت ، موت کے وقت. ۲. (کسی کام کے) سب سے آخر وقت میں ، مقررہ مدت کے اختتام کے قریب.

آخِرَت (کس ج خ ، فت ر) است.
قیامت کے بعد دنیاوی اعمال کا حساب کتاب ، جزا و سزا کا دن ، روز قیامت.

آخرت بگاڑنا محاورہ. دنیا میں ایسے کام کرنا جن کی سزا روز قیامت بھگتنا پڑے ، برے کام کرنا.

آخرت بگڑنا محاورہ. آخرت بگاڑنا کا لازم.

آخرت کی کمائی است. نیک کام ، اعمال حسنہ.

آخِرَش (کس خ ، فت ر) م ف.
آخر ، آخر کو ، آخر کار.

آخِری/ آخَری (کس ج خ /سک خ) صف.
۱. (سلسلے میں) اخیر کا ، سب سے بعد کا ، انتہائی ، اختتامی ، خاتمے کا. ۲. قطعی ، مختتم ، دوٹوک. [ف].

آخری دیدار اند. ۱. مرتے وقت یا جدائی سے پہلے صورت دیکھنا. ۲. تدفین کے وقت مرنے والے کا چہرہ دیکھنا.

آخری وقت اند. نزع کا وقت ، موت کے قریب کا زمانہ.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

آخُونْد (ضم خ، و معد، سک ن) اند.
۱. معلّم، استاد، مدرس ۲. آقا، مالک.

آخِیر (ی مع) صف.
جس کے بعد کوئی دوسرا نہ ہو، آخری.

آد (۱) صف.
آدھ، ترکیبات میں مستعمل، جیسے: آد پاؤ یا ایک آد. [س].

آد (۲) (الف) صف.
پہلا، اوّل، قدیم یا ابتدائی. (ب) اند. ابتدا، آغاز، ازل. [س: آد].

آداب اند: ج: واحد.
۱. دستور، قاعدہ، طور طریقہ ۲. حفظ مراتب، پاس و لحاظ ۳. شائستگی، سلیقہ ۴. کورنش، تسلیم، تعظیم کے ساتھ سلام ۵. (خط کتابت) وہ الفاظ جو خط میں مکتوب الیہ کے القاب کے بعد لکھے جاتے ہیں. ۶. احترام ۷. (اسلامیات) کسی عمل کو بجا لانے کا وہ ڈھنگ جو اس کی حقیقت سے تو خارج ہو مگر سنتِ نبویؐ کے مطابق مستحسن ہو (مثلاً مسجد میں نماز کے لیے پروقار رفتار سے جانا یا چلتے پھرتے کھانے سے گریز کرنا وغیرہ)، طریق مسنونہ. [ع].

آداب بجا لانا ف مر. ۱. (i) سلام کرنا، حسب دستور ماتھے یا سینے پر ہاتھ رکھ کر ادب سے جھکنا: عجز و انکسار سے. (ii) شکریہ اور احسان مندی کے طور پر. (iii) طنز کے موقعے پر. (iv) رخصت ہونے یا علٰحدگی اور جدائی اختیار کرنے کے موقعے پر. (v) مخاطب سے شرط لگانے کی جگہ. (vi) قائل کرنے کے موقع پر مخاطب کو شرمندہ کرنے کے لیے. ۲. دستور اور قاعدوں پر عمل کرنا.

آداب عرض (ہے) اند. ۱. بزرگوں یا معزز لوگوں کو سلام کرنے کا ایک مہذب کلمہ. ۲. (طنزاً) مدعی سے دعوے کے مطابق کام نہ کرنے کے موقع پر.

آداب مجلس / محفل اند. محفل میں نشست و برخاست اور گفتگو کے طریقے.

آداب و القاب اند. خطوں اور عرضیوں وغیرہ کے شروع میں مخاطب کے حسب مراتب الفاظ و کلمات.

آداب ہے فقرہ. ۱. تسلیمات عرض ہے، آداب عرض کرتا ہوں. ۲. (طنزاً) باز آئے، در گزرے، جانے دیجیے، قطع نظر فرمائیے.

آدَرْش (فت د، سک ر) (الف) اند.
۱. پیغام ۲. نصب العین، اعلیٰ مقصد ۳. نمونہ، مثال، آئیڈیل. ۴. آئینہ؛ شرح؛ اصل مسودہ؛ نقل؛ نشان. (ب) صف. تصوراتی، تخیلی، مثالی، نظریاتی. [س].

آدَم (فت د) اند.
۱. پہلا انسان اور نبی جس سے انسان کی نسل شروع ہوئی، ابوالبشر، باوا آدم ۲. (مجازاً) آدمی، انسان (مرد اور عورت دونوں کے لیے). ۳. انسانی صفات رکھنے والا آدمی. ۴. کسی فن کا مؤجد یا ابتدا کرنے والا. ۵. خدمت گار، قاصد. ۶. بھورا، مٹیالا، گندمی. ۷. (تصوف) خلیفۂ خدائے تعالیٰ اور روح عالم. [عبر].

آدم بو است. ۱. شامّہ سے انسان کی موجودگی کا احساس، آدمی کی بو آنا، مانس گند (داستانوں میں دیو، پری، جن وغیرہ کی زبان سے انسان کی موجودگی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل). ۲. (مجازاً) غیر جنس یا قابل نفرت شے سے بیزاری کے اظہار کا کلمہ.

آدم خور / خورا صف. انسان کو کھا جانے والا درندہ یا وحشی انسان.

آدم کی اولاد اند. انسان.

آدم نہ آدم زاد فقرہ. دور تک آبادی نہیں، بالکل غیر آباد ہے، غیر آباد، ویران، سنسان.

آدْمی (سک د) اند.
۱. قوت گویائی رکھنے والا حیوان، انسان، بشر، ابن آدم (جو ایک نظریے کے مطابق نوع حیوان سے ارتقا پا کر وجود میں آیا اور اعلیٰ ذہنی ساخت رکھتا ہے). ۲. (i) وہ شخص جو نسلاً انسان ہو مگر اعلیٰ اخلاق انسانی سے متصف نہ ہو. (ii) عمدہ اخلاق و صفات سے متصف شخص، مہذب شائستہ اور صاحب فہم انسان. ۳. (i) نوکر، چاکر، خادم. (ii) قاصد. (iii) معتمد علیہ، وہ رفیق جس پر بھروسا ہو، بھروسے کا شخص. ۴. خاوند، شوہر؛ آشنا. ۵. لوگ، خلقت، عوام. ۶. بالغ، جوان.

آدمی بانی کا بلبلا ہے کہاوت. انسان فانی ہے زندگی ناپائدار ہے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

آدمیت (سک د، کس م، شد ی بفت) است.
۱. مروت، حسن خلق، ملنساری، تہذیب، سلیقہ. ۲. انسانی فطرت. ۳. (i) بلوغ، شباب. (ii) عقل و شعور.

آدمیت سے گزر جانا محاورہ. انسانیت شرافت اور تہذیب و اخلاق کی باتیں چھوڑ دینا، انسانی خوبیوں سے عاری ہونا.

آدھ صف.
آدھا کی تخفیف، مرکبات میں مستعمل؛ جیسے: آدھ پاؤ، آدھ سیر، ایک آدھ وغیرہ.

آدھا صف.
۱. برابر کے دو حصوں میں سے ایک حصہ، ۱/۲، نصف. ۲. نرم، نازک، بہت جلد اثر قبول کرنے والا. ۳. ناقص.

آدھا تیتر آدھا (آدھی) بٹیر مثل.
۱. (i) وہ بات یا کام جو ایک اصول اور ایک انتظام کے تحت نہ ہو، بے جوڑ، بے ڈھنگا، ادھر نہ ادھر، دورنگا. (ii) بے سر و پا. ۲. دوغلا، جس کی اصل نسل میں کھوٹ اور میل ہو.

آدھا رہ جانا محاورہ. ۱. دبلا ہونا، لاغر ہو جانا (اکثر سلب میں مستعمل). ۲. کم ہو جانا، گھٹ جانا.

آدھا کرنا محاورہ. ۱. دو برابر حصوں میں تقسیم کر دینا، دو برابر حصوں میں بانٹنا. ۲. کم کرنا، گھٹا دینا. ۳. دبلا کر دینا، لاغر کر دینا. ۴. (چیز) برباد کرنا، ضائع کر دینا.

آدھار امذ.
۱. سہارا، آسرا، بھروسا. ۲. بنیاد، اساس، اصل اصول. ۳. خوراک، غذا.
[س: آدھار (= سہارا، جس پر تکیہ کیا جائے)].

آدھی (الف) صف.
آدھا کی تانیث. (ب) است. ۱. آدھی رات، آدھی رات کا وقت، رات کے بارہ یا ساڑھے بارہ بجے کا وقت یا باج. ۲. ایک پیسے کی تین پائی میں سے ہر ایک (جس کا سکہ برصغیر میں کوئی بیس پچیس برس پہلے تک رائج تھا.

آدھی بات است. ۱. ادھوری یا نامکمل بات، ناتمام گفتگو. ۲. ذرا سی بات، ایک حرف، معمولی کلمہ کلام. ۳. بری بات، ناگوار بات جس سے مخاطب کو رنج یا صدمہ پہونچے، نازیبا کلمہ.

آدھی رات بارہ باٹ صف. ۱. پریشان حال، سراسیمہ، بھٹکا ہوا، گم کردہ راہ. ۲. آوارہ، رات کو آوارہ گردی کرنے والا.

آدھی (کو) چھوڑ ساری کو جاوے (دوڑے) آدھی رہے (ملے) نہ ساری پاوے کہاوت. جو شخص موجودہ کو چھوڑ کر زیادہ کی طرف جاتا ہے وہ موجودہ کو بھی کھو بیٹھتا ہے، لالچی ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے.

آڈِٹ (کس ڈ) امذ.
حساب کی تنقیح، جانچ پڑتال؛ حسابات کی جانچ پڑتال کا محکمہ. [انگ].

آڈَر (فت ڈ) امذ.
حکم، ہدایت، دیکھیے: آرڈر. [انگ].

آڈِیٹَر (ی مع، فت ٹ) امذ.
محاسب، حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرنے والا. [انگ].

آڈِیٹورِیَم (ی مع، و مج، کس ر؛ فت ی) امذ.
وہ عمارت جو مختلف قسم کے ادبی یا تہذیبی اجتماعات کے لیے مخصوص ہو، سماعت گاہ. [انگ].

آذَر (۱) (فت ذ) امذ.
۱. آتش، آگ. ۲. ایران کے شمسی سال کا نواں مہینہ جس کی نویں تاریخ کو ایرانی جشن مناتے ہیں اور جس میں آفتاب برج قوس میں ہوتا ہے. ۳. خزاں کا مہینہ. [ف].

آذر (۲) (فت ذ) (الف) امذ.
حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد یا چچا کا نام. جو بت تراش تھے (تلمیحات میں مستعمل)؛ قب: آزر جو اس کا صحیح املا ہے.

آر (۱) است.
۱. نوک دار کیل جو بیلوں کو ہنکانے کی پینی یا سانٹے میں لگی ہوتی ہے. ۲. چمڑا سینے کا وہ سوا جس کی نوک پر کتواں ناکا تاگے کو پھنسا کر دوسری طرف کھینچنے کے لیے بنا ہوتا ہے. ۳. لوہے کی نوک دار کیل جو نرم چیزوں میں سوراخ کرنے کے کام آتی ہے. ۴. آرے یا آری کا

دانتا ؛ بیڑ . ۵. مرغ کے پنجے کا خار یا کانٹا . ۶. بچھو ، بھڑ کی مکھی کا ڈنک . ۷. شکر کے کارخانے یا کولھو میں رس نکالنے کی پلی .

آر (۲) ظرف.

اس طرف ، ادھر ، عموماً پار کے ساتھ مستعمل .

آر پار (الف) م ف . ۱. ایک سرے سے دوسرے سرے تک ، ایک سطح سے دوسری مقابل سطح تک ، گاہے استعارۃً . ۲. اِدھر اُدھر ، دونوں جانب .

(ب) است . اور چھور ، حد و انتہا . (ج) اند . قریب ، نزدیک ، آس پاس .

(د) صف . ۱. (چرائے جانے کی وجہ سے) غائب ، گم ، جیسے : کوئی چیز آر پار ہوئی تو تم ذمہ دار ہو گے . ۲. فیصل ، یکسو .

آرا (۱) اند.

۱. ایک ہلالی شکل کا دندانے دار آہنی اوزار جس کے دونوں سروں پر لکڑی کا دستہ ہوتا ہے اور جس کو دونوں طرف سے دو آدمی پکڑ کر موٹی لکڑیاں چیرتے ہیں . ۲. پہیے کے گھیرے اور مرکزی حصے کے درمیان لگی ہوئی لکڑی یا لوہے کی سلاخ ، تان ، اسپوک . ۳. تنور سے روٹی نکالنے کا آلہ ، لوہے کی سلاخ جس کا سرا چوڑا ہوتا ہے اور جو روٹی کو تنور سے جدا کرتا ہے . ۴. موچی کی آر ، ستاری ، ستالی ؛ رانپی .

آرا چلنا ف مر ، محاورہ . آرے سے کوئی چیز چیرنا ؛ زیادتی کرنا ، طنزیہ بات کرنا .

آرا کش صف . ۱. آرے سے لکڑی کو چیرنے والا بڑھئی یا مزدور . ۲. (قدیم زمانے میں) مجرم کا جسم چیرنے کی سزا پر مامور سپاہی ، جلاد .

آرا (۲) اند ؛ است .

رائے کی جمع ، صلاح یا نظریہ . [ع] .

••• **آرا (۳)** لاحقہ . صفت مرکب کا جزو دوم .

(ترکیب میں جزو اول کے ساتھ مل کر) آغاز کرنے والا ، (سنوارنا) جہاں آرا ، انجمن آرا ، زیب و زینت یا ترتیب دینے والا ، صف آرا ، برپا کرنے والا وغیرہ . [ف] .

آراستگی (سک س ، ت) است .

سجانے یا ترتیب دینے کا عمل ، آرائش و زیبائش ، ترتیب و تیاری .

آراستہ (سک س ، فت ت) صف .

۱. سجایا ہوا ، مزیّن ، اسباب آرائش و زیبائش سے درست ، بنا سنورا .
۲. درست ، لیس ، تیار ، مرتب ، برپا .

آراستہ (و) پیراستہ صف . سجا سجایا ہوا ، تیار کیا ہوا ، بنا سنورا ہوا .

آرام (الف) اند .

۱. قرار ، اطمینان ، سکھ ، چین ، سکون . ۲. راحت ، آسائش ، آسودگی ، لطف . ۳. استراحت ، نیند ، خواب راحت ، لیٹنے کی حالت ، سونا . ۴. تخفیف مرض ، افاقہ ؛ شفا ، صحت . (ب) صف . ٹھہرا ہوا ، ساکن پرسکون ، مطمئن (ذہنی یا مادی طور پر) . [ف] .

آرام آنا محاورہ . ۱. سکون ملنا ، چین پڑنا ، تڑپ جاتی رہنا . ۲. افاقہ ہونا ، شفا پانا .

آرام بخش صف . جس سے طبیعت سکون پائے ، چین دینے والا ، آسائش پہنچانے والا .

آرام دہ صف . جس کے برتنے سے آسائش ملے ، راحت رساں .

آرام دینا محاورہ . ۱. نجات بخشنا ، بے چینی دور کرنا ، اطمینان و سکون دینا . ۲. آرام پہنچانا ، آسائش کا خیال رکھنا ، سہولتیں بہم پہنچانا . ۳. ٹھہرنے دینا ، قرار دینا . ۴. شفا دینا .

آرام گاہ است . ۱. سونے کی جگہ ، خواب گاہ . ۲. رہنے کی جگہ ، مسکن . ۳. پڑاؤ ، منزل ، ڈاک بنگلا . ۴. قبر ، مدفن ، روضہ . ۵. آں جہانی (مرحوم یا مغفور) کے معنی میں استعمال کی جانے والی صفت کا جزو دوم ، جیسے : جنت آرام گاہ .

آرام و آسائش اند . عیش و عشرت ، سکون و اطمینان ، راحت و لطف ، فراغت و خوش حالی .

••• **آرام** لاحقہ . صفت کا جزو دوم ، مترادف :

جیسے : دل آرام ، آرام دینے والا ، سکون بخشنے والا .

آرائش (کس ء) است .

۱. (i) سجاوٹ ، زیبائش ، آراستگی ، بناؤ سنگھار . (ii) سجاوٹ اور چراغاں وغیرہ کا سامان . ۲. (مجازاً) ترتیب ، تنظیم کار .

آرتی (سک ر) است .

۱. (ہندو) دیوتاؤں کی پوجا کا ایک طریقہ . ۲. (ہندو) شادی میں دولھا کے گرد اور محبت یا عقیدت میں محبوب یا مقدس ہستی کے چاروں

طرف تھالی یا نچھاور پھرانے کا دستور .

آرٹ (سک ر)اند.
۱.علم وفن (سائنس کے بالمقابل) ، فن لطیف (شاعری ، موسیقی ، مصوری ، اداکاری ، بت تراشی وغیرہ) .۲.صنعت ، دست کاری ، پیشہ ورانہ ہنر .۳. چالاکی ، ہوشیاری ، ہاتھ کی صفائی (برے معنی میں) . [انگ] .

آرٹ گیلری است .وہ عمارت یا عمارت کا وہ حصہ جو تصویروں کی نمائش کے لیے مخصوص ہو جہاں نقاشی کے نمونے سجائے جائیں ، نگار خانہ .

آرٹسٹ (سک ر، کس ٹ ، سک س)صف.
آرٹ کے کسی شعبے میں دسترس یا مہارت رکھنے والا . [انگ] .

آرٹِسٹِک (سک ر، کس ٹ ، سک س ، کس ٹ)صف.
آرٹ سے متعلق یا منسوب : فنی، فن کارانہ ، ہنرمندانہ . [انگ] .

آرٹیکل (سک ر، ی مع ، کس ک) اند.
۱.مضمون یا مقالہ جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے .۲. مجموعۂ قانون کی دفعہ یا ضمنی پیرا.

آرڈر (سک ر، فت ڈ)اند.
۱.حکم .اف : دینا / کرنا .۲.کسی سامان کی تیاری یا فراہمی کی فرمائش . ۳.ترتیب .۴.نظام (مجازاً) امن .[انگ] .

آرزو (سک ر، و مع)است.
۱.تمنا ، ارمان ، اشتیاق .۲. منت سماجت ، التجا ، خوشامد درآمد . ۳.(تصوف) تھوڑی آگاہی کے ساتھ اپنی اصل کے طرف میل کرنا .

آرزو مند صف. تمنا رکھنے والا، خواہش مند، حسرت کرنے والا .

آرسی (سک ر، ی مع)است.
۱. ہاتھ کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک انگشتری نما زنانہ زیور جس میں نگینے کی جگہ منھ دیکھنے کا شیشہ جڑا ہوتا ہے .۲. آئینہ (بطور ایہام) . [س] .

آرسی مصحف اند .شادی کی ایک رسم جس میں نکاح کے بعد دولہا دلہن کو قرآن مجید اور آئینہ دکھاتے ہیں تاکہ دولہا اور دلہن آئینہ میں ایک دوسرے کی صورت دیکھ لیں .

آرکَسٹرا (سک ر، فت ج ک ، سک س ، ٹ) اند ؛ ← آرکیسٹرا.
سازندوں کا طائفہ ؛ سرود گاہ ، نیم مدوّر رقص گاہ . [انگ] .

آرکَیالوجسٹ (سک ر، فت ک ، و ج ، کس ج ، سک س)صف.
ماہر آثار قدیمہ . [انگ] .

آرکی ٹیکٹ (سک ر، ی لین ، سک ک)صف.
عمارت کی تعمیر کا خاکہ تجویز کرنے والا انجنیئر ، میر عمارت . [انگ] .

آرگن (سک ر، فت گ)اند.
ارغن ، باجا ، بڑے سائز کا دھونکنی والا باجا جس میں مختلف پائپوں کی قطاریں ہوتی ہیں اور درجہ بدرجہ قطاروں پر کلیدیں لگی ہوتی ہیں .۲. عضو ، جسم کا کوئی حصہ .۳. ترجمان .۴. مجلّہ ، رسالہ ، اخبار . [انگ] .

آرگنائیزَر (سک ر، گ ، ی مع ، فت ز)صف.
مقرر اصول کے تحت کسی جماعت یا منصوبے وغیرہ کو منظم کرنے اور ترتیب دینے والا . [انگ] .

آرگنائیزِیشَن (سک ر، گ ، ی مع ، ی ج ، فت ش)اند ؛ است .
۱. نظم و ترتیب ، تنظیم .۲. منظم جماعت ، مقرر اصول اور مقاصد کے تحت کسی کام کو انجام دینے والی انجمن . [انگ] .

آرم/آرم (۱) (سک ر،سک م)صف.
ہتھیار بند ، مسلح (ترکیب میں مستعمل) . [انگ] .

آرم (۲) (سک ر)اند.
(لفظاً) بازو ، (انجیری) بازو نما پرزہ (خواہ وہ بازو ہو یا ساق) . [انگ] .

آرمی (سک ر)است.
فوج ، سپاہ ، لشکر . [انگ] .

آرمیدگی (سک ر، ی مع ، فت د ، سک ر)است .
آرام ، اطمینان ، سکون ، پریشانی یا حرکت کی ضد .

آری است.
۱. آرا جس کی یہ تصغیر ہے .۲. آر کا اسم تصغیر .

آریا / آریَہ (سک ر، فت ی)اند (الف) اند.
۱. ایرین ، وسط ایشیا کی ایک قدیم قوم جو وہاں سے اٹھ کر ہند اور

یورپ میں پھیل گئی. ۲. آریہ قوم کی زبان یا بولی (بیشتر بھاشا وغیرہ کے ساتھ). ۳. ہندوؤں کا ایک مذہبی فرقہ جس کے بانی سوامی دیانند سرسوتی مانے جاتے ہیں؛ ہندو. (ب) صف. شریف، معزز، نیک (آدمی). [س].

آڑ (الف) امث.

۱. اوٹ، پردہ، وہ چیز جس کے پیچھے چھپ رہیں. اف: کرنا / ہونا. ۲. حیلہ، بہانہ، (جو اصلیت کو چھپانے کے لیے ہو). ۳. حفاظت، پناہ، پشت پناہی، مدد. ۴. ٹیک، تکیہ؛ ٹیکن. ۵. (i) رکاوٹ، سدراہ، حائل. (ii) حد فاصل. ۶. ضمانت یا کفالت. ۷. شرم، حجاب. ۸. ٹیڑھ، کجی، ترچھا پن. ۹. ڈھلان پر کھڑی ہوئی گاڑی کے پہیے کے نیچے لگانے کی روک جس سے گاڑی اپنی جگہ قائم رہے اور آگے یا پیچھے نہ ہٹے. ۱۰. کھیت کی حد بندی کی منڈیر، مینڈ. (ب) صف. ۱. پشت پناہ، مددگار. ۲. ضامن، کفیل. (ج) م ف. ۱. وقفے سے (وقت کا) فاصلہ دے کر. ۲. بچنے یا چھپنے کے لیے، پوشیدہ ہو جانے کی غرض سے. [س].

آڑ ڈھونڈنا محاورہ. پناہ چاہنا.

آڑ لینا محاورہ. پناہ لینا، سہارا لینا.

آڑ ہونا ف ر. ۱. حجاب ہونا، حائل ہونا، اوٹ ہونا. ۲. بہانہ ہونا.

آڑا صف.

۱. ٹیڑھا، ترچھا، اریب، سیدھے رخ کے خلاف. ۲. (مجازاً) جو اصول یا معمول کے خلاف ہو (کام یا بات)، بے تکا، اُلٹا سیدھا. ۳. عرضاً، پٹ، لیٹواں، پٹوا، دائیں سے بائیں کو، طولاً اور کھڑا کے خلاف.

آڑا ترچھا صف؛ م ف. ٹیڑھا بانکا، کج مج، موڑ کھاتا، لہراتا، بل کھاتا، بچتا بچاتا.

آڑا ترچھا ہونا محاورہ. غصے سے بگڑنا، برہم ہونا.

آڑُو (و مع) امذ.

پھل جو امرود کی طرح کا یا چپٹی نما ہوتا ہے اور جس کی کھال پر ہلکے ہلکے روئیں ہوتے ہیں. سرخی مائل سبز، ذائقہ کسی قدر ترش. [س].

آڑی (۱) صف.

۱. دیکھیے: آڑا جس کی یہ تانیث ہے. ۲. فن بانک کے ایک داؤ کا نام.

آڑی ترچھی سنانا محاورہ. برا بھلا کہنا، ناراض ہونا، بگڑنا.

آڑی کاٹنا محاورہ. کنی کاٹنا، نظر بچانا، کترانا، آنکھ بچانا.

آڑی مانگ صف. وہ مانگ جو سر کے بیچوں بیچ سے دائیں یا بائیں جانب ہٹ کر نکالی جائے.

آڑی ہونا محاورہ. ترچھی ہونا، ٹیڑھی ہونا.

آڑی (۲) صف.

۱. مددگار، محافظ؛ سہارا دینے والا؛ حصہ دار، ساجھی، دوست، حامی. ۲. کھیل میں اپنی پارٹی کا شریک کھلاڑی.

آڑے.

آڑا کی مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.

آڑے آنا محاورہ. ۱. درمیان میں آنا، حائل ہونا، مانع ہونا، رکاوٹ ڈالنا. ۲. حمایت لینا، سپر بن جانا، مدد کرنا، مصیبت اور پریشانی کے وقت مدد کرنا.

آڑے ہات (ہاتھ / ہاتھوں) لینا محاورہ. قول یا فعل سے شرمندہ یا مغلوب کرنا: قائل معقول کرنا، لتاڑنا، خبر لینا، ملامت کرنا.

آڑھت (فت ڑھ) امث.

۱. دکان، کوٹھی یا جگہ وغیرہ جس پر لوگوں کا مال بکنے کے لیے آئے اور دوکاندار کو بیچنے کا حق الحنت دیا جائے، تھوک کی دکان، ایجنسی، کمیشن یا دستوری پر خرید و فروخت کا کاروبار. ۲. معاملہ طے کرانے اور مال بکوانے کا معاوضہ، دلالی، کمیشن. ۳. خرید و فروخت کا رابطہ، لین دین. [س].

آڑھتی / آڑھتیا (سک ڑھ/فت ڑھ، سک ت) امذ.

آڑھت کاروبار کرنے والا، دلالی پر کام آنے والا، وہ شخص جس کے یہاں آڑھت ہو، تھوک فروش؛ دلال، گماشتہ، کمیشن ایجنٹ.

آزاد صف (گاہے بطور اسم مستعمل).

۱. (سماجی، اخلاقی، مذہبی اور ہر قسم کے رسم و رواج کی) پابندیوں سے الگ تھلگ. ۲. عام دستور یا اصول سے مستثنیٰ، خارج. ۳. بے فکر، بے غم، بے نیاز. ۴. دخل اندازی سے پاک، جس کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہ ہو. ۵. وہ مرد یا عورت جو (قدیم رسم کے مطابق) غلام یا کنیز نہ ہو، جس نے غلامی سے نجات پائی ہو. ۶. جو محبوس اور قیدی نہ ہو. ۷. خود مختار (شخص یا جماعت)، جو اپنے ارادے یا فعل میں

غیر کا پابند نہ ہو. ۸. جس پر کسی غیر قوم کی حکومت نہ ہو. ۹. شخص مجرد حس کے جورو یا اولاد نہ ہو. ۱۰. حریت پسند، روشن خیال، جدید تہذیب سے متاثر، رجعیت پسند کی ضد، جیسے: آزاد خیال. ۱۱. بے شرم، بے حیا، بے ادب، بے لحاظ. [ف].

زاد منش صف. تکلفات اور بناوٹ سے دور رہنے والا، صاف گو، بے تعصب.

آزادانہ (فت ن) صف؛ م ف.
کسی بھی قسم کی قید اور پابندی کے بغیر.

آزادی است.
آزاد جس کا یہ اسم کیفیت ہے؛ غلامی سے نجات؛ فراغت، خود مختاری.

آزار امذ؛ است.
۱. ایذا، تکلیف، رنج، دکھ دینا. ۲. مرض، بیماری، روگ. ۳. جنجال، بکھیڑا، وبال جان. ۴. آسیب، جن و پری کا اثر یا سایہ. ۵. خرابی، بگاڑ، جیسے: خدا جانے اس گھڑی میں کیا آزار ہے کہ چلتے چلتے رک جاتی ہے.

••• **آزار** صف مرکب کا جزو دوم.
(جزو اول کے مفہوم کے ساتھ مل کر) ستانے والا، دکھ دینے والا. دل آزار، مردم آزار. اسم کیفیت: ..... آزاری. دل آزاری، مردم آزاری.

آزار پہنچانا محاورہ. دکھ دینا، ستانا.

آزار پہنچنا محاورہ. آزار پہنچانا کا لازم، دکھ یا تکلیف پہنچنا.

آزاری (الف) صف.
روگی، مریض، بیمار. (ب) است. ۱. ایذا رسانی، ستانا، ظلم و جور کرنا، دکھ پہنچانا. ۲. دکھ، تکلیف، بیماری، علالت، روگ (بیماری کے ساتھ مستعمل).

••• **آزاری** لاحقہ. مرکب اسم کیفیت کا جزو دوم.
(ترکیب میں جزو اول کے ساتھ مل کر) جیسے: دل آزادی. ستانا، دکھ دینا.

آزُردگی (ضم ز، سک ر، سک نیز فت د) است.
۱. (ایک دوسرے سے) رنجش، خفگی، ناراضگی. ۲. رنج، ملال.

آزُردہ (ضم ز، سک ر، فت د) صف.
۱. خفا، ناراض. ۲. رنجیدہ، افسردہ، اداس. اف: کرنا/ ہونا.

آزری (فت ز) است.
آذر (۲) سے منسوب، بت تراشی، بت گری.

آزمائِش (سک ز، کس ء) است.
امتحان، جانچ، پرکھ، وہ فعل جو تجربہ کرنے کے لیے ہو.

آزمائِشی (سک ز، کس ء) صف.
آزمائش سے منسوب، امتحانی، تجرباتی.

آزمُودہ (سک ز، و مع، فت د) صف.
جانچا ہوا، پرکھا ہوا، تجربے میں آیا ہوا، مجرب.

••• **آزمُودہ** لاحقہ. صف مرکب کا جزو دوم.
(جزو اول کے مفہوم کے ساتھ) آزمایا ہوا، جیسے: غم آزمودہ.

آس (۱) است؛ امذ.
۱. توقع، امید. ۲. (i) آسرا، سہارا، پناہ، مدد، حمایت. (ii) تمنا، خواہش. (iii) اعتبار، اعتماد، بھروسا. [س].

آس اولاد است. ۱. بال بچے، آل اولاد، ذریات. ۲. مراد، نصیب، دولت.

آس اولاد ہو بڑے/اولاد کے آگے آئے/ہائے محاورہ. (کوسنا) بال بچوں کو تکلیف و آزار پہنچے.

آس باندھنا محاورہ. امید ہونا، آسرا لگانا، توقع کرنا، آس لگانا.

آس بندھنا محاورہ. آس بندھانا کا لازم، اُمید بندھنا، توقع ہونا، آس ہونا.

آس لگانا محاورہ. امید قائم کرنا، آسرا باندھنا، توقع رکھنا.

آس لگنا محاورہ. امید قائم ہونا، آسرا بندھنا، توقع ہونا.

آس (۲) است.
آسیا جس کی یہ تخفیف ہے، چکی.

آس (۳) م ف.
پاس کا تابع اور مرکبات میں مستعمل.

آس پاس (الف) م ف. ارد گرد، اِدھر اُدھر، گرد و پیش، قریب نزدیک. (ب) اند. ہم سایہ، پڑوسی، ہم راہی، ساتھی.

آسا (۱) (الف) است - آشا.
۱. امید، آرزو، خواہش؛ بھروسا. ۲. انتظار. ۳. ڈھارس. اف: باندھنا / بندھنا / کرنا / ہونا. (ب) صف، مذ. ۱. آسرا، سہارا، جس سے امید لگائی جائے. ۲. آس کیا ہوا، بھروسے کا.

آسا (۲) حرف تشبیہ.
مثل، مانند، جیسا. [ف].

آسامی است.
عہدہ، نوکری، ملازمت.

آسان (الف) صف.
سہل، جو مشکل نہ ہو، جو امکان میں ہو، دشوار کی ضد. (ب) م ف. آسانی کے ساتھ، بغیر کسی دشواری کے، بلا تکلف و تامل. [ف].

آسانی (الف) است.
آسان ہونے کی حالت، سہولت، سہج پن، امکان، دشواری کی ضد. (ب) م ف. سہولت کے ساتھ، بغیر کسی دشواری کے، (مجازاً) بہت جلد.

••• **آسانی** لاحقہ. اسم کیفیت مرکب کا جزو دوم.
(جزو اول کے مفہوم سے مل کر) آسان اور آرام وہ بات اختیار کرنا، سہولت کی طرف جانا، جیسے: تن آسانی.

آسائش (سک ء) است.
۱. راحت، آرام، سکھ، چین، سکون. ۲. فارغ البالی، فراغت، بے فکری.

آسائش طلب صف. (لفظاً) آرام کا طالب؛ (مراداً) کاہل، کام چور، ست.

••• **آستاں** (سک س) لاحقہ. صفت مرکب کا جزو دوم.
(جزو اول سے مل کر) جس کا آستاں جزو اول کے مفہوم کے مساوی ہے، یا کسی صفت میں اس کی مثل ہے، جس کا مکان وہ ہے جو جزو اول میں بیان ہوا. جیسے: عرش آستاں.

آستانہ (سک س، فت ن) اند.
۱. چوکھٹ، دروازہ. ۲. (i) بارگاہ، دربار. (ii) مکان. ۳. بزرگانِ دین یا اولیاء اللہ کا مزار یا اس کا احاطہ وغیرہ، درگاہ. ۴. بزرگوں کے مزار، روضہ کا دروازہ. ۵. موضع، گانو، جاگیر.

آستائی (سک س) است.
۱. گانے کا ابتدائی ٹکڑا خواہ وہ ایک مصرع کے طور پر ہو یا دو مصرعوں کے طور پر، انترہ کی ضد (متاخرین کے نزدیک) خیال. ۲. (مجازاً) ہر بات کا ابتدائی حصہ. [س].

آستین (سک س، ی مع) است.
کرتے یا شیروانی وغیرہ کا وہ حصہ جس کو بازو میں پہنا جاتا ہے. [ف].

آستین پکڑنا محاورہ. ۱. دست و گریباں ہونا، لڑنا. ۲. کسی کام سے روکنا، باز رکھنا.

آستین چڑھانا. ۱. لڑنے کے لیے آمادہ ہونا. ۲. کسی لباس کے مونڈھے سے آستین ملا کر سینا.

آستین کا سانپ اند. وہ شخص جو بظاہر ملا ہوا اور باطن میں دشمن ہو، وہ شخص جو دوستی کی آڑ میں دشمنی کرے.

آستین میں سانپ پالنا/رکھنا محاورہ. دشمن کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، اپنے بدخواہ کو اپنے ساتھ رکھنا.

آسٹرو ٹرف (سک س، ٹ، و مج، فت ٹ، سک ر) است.
مصنوعی گھاس، کیمیائی عمل سے بنائی ہوئی گھاس. [انگ].

آسرا (سک س) (الف) اند.
۱. سہارا، بھروسا. ۲. پناہ، پناہ گاہ، جائے پناہ. ۳. وسیلہ، ذریعہ، وہ چیز یا بات جس کے واسطے یا سہارے سے کوئی کام انجام پائے. ۴. توقع، امید. ۵. ٹیک، روک. ۶. پردہ جس کے پیچھے چھپ سکیں، آڑ، اوٹ. اف: کرنا، ہونا. (ب) صف. مددگار، سہارا دینے والا، کفیل، دست گیر. [س].

آسرا ڈھونڈھنا/ دیکھنا محاورہ. سہارا یا مددگار کی جستجو کرنا، (کسی پر)

بھروسا کرنا ، امید کرنا .

آسرا کرنا ف مر ، محاورہ .ا. کسی پر بھروسا یا تکیہ کرنا ، کسی سے امید رکھنا .۲. کسی چیز کی آڑ کرنا ، کسی شے کو اوٹ بنانا ، کسی پردے وغیرہ کے پیچھے چھپا .

آسرا لگانا محاورہ .امید باندھنا ، توقع رکھنا .

آسمان (سک س) اند .

.خلا یا فضائے بسیط میں وہ نیلگوں حد نظر جو گنبد کی طرح چاروں طرف سے زمین کا احاطہ کیے ہوئے دکھائی دیتا ہے ، آکاش ، چرخ ، فلک .۲. عالم بالا ، عرش و کرسی ، ملاء اعلیٰ ، بہشت ، سورگ ، اندر لوک ، جنت .۳. افق ، مطلع .۴. (مجازاً) بلندی ، بہت بلندی .

آسمان پر دماغ رہنا/ ہونا محاورہ .ا. دماغ دار ہونا ، مغرور ہونا ، اترانا ، ۲. مغرور و متکبر ہونا ، خود پسند ہونا ، خود کو بہت بڑا سمجھنا ، زمین پر پانو نہ رکھنا .۳. فخر کرنا .

آسمان پر ہونا محاورہ .ا. بلند مرتبہ و عالی مقام ہونا .۲. پہنچ اور رسائی سے باہر ہونا ، بہت اونچا ہونا .۳. مغرور اور خود پسند ہونا .

آسمان پھاڑ کر تھگلی لگانا محاورہ .ا. دشوار یا ناممکن کام کر دکھانا ، عجیب وغریب یا انہونے کام کرنا ، جہاں کسی کی رسائی نہ ہو وہاں پہنچ جانا .۲. کمال چالاکی یا عیاری کرنا ، عیاری اور مکاری میں طاق ہونا .

آسمان پھٹ پڑنا محاورہ .سخت مصیبت میں پھنسنا ، عذاب نازل ہونا ، حادثے سے تباہ و برباد ہو جانا .

آسمان پھٹ پڑے بد دعا .غارت ہو جائے ، تباہ ہو جائے .

آسمان ٹوٹ پڑنا محاورہ .سخت مصیبت آنا ، تباہ و برباد ہو جانا ، غضب بادشاہی نازل ہونا .

آسمان چھونا محاورہ .بہت بلند ہونا ، اتنا بلند ہونا کہ دور سے دیکھیں تو آسمان سے متصل معلوم ہونے لگے .

آسمان (اور / و) زمین کا فرق اند ؛ ~ زمین آسمان کا فرق .بہت بڑا فرق ، بہت بڑا اختلاف یا تفاوت .

آسمان سر پر اٹھانا محاورہ .ا. شور غل کرنا ، اودھم مچانا ، چیخنا ، چلا کر آفت برپا کرنا .۲. اترانا ، شیخی بگھارنا .

آسمان سر پر ٹوٹنا محاورہ .مصیبت آ جانا ، تباہ ہو جانا ، قہر نازل ہونا .

آسمان سر پر گرنا محاورہ .سخت آفت کا نازل ہونا .

آسمان سے باتیں کرنا محاورہ .ا. بہت بلند ہونا ، بہت اونچا ہونا ، بہت مغرور ہونا .۲. حد سے بڑھ جانا .

آسمان سے گرا (تو) ببول / کھجور میں اٹکا کہاوت .ایک مشکل یا مصیبت سے نکلتے ہی دوسری مشکل یا مصیبت میں پھنس گیا ، ایک رکاوٹ دور ہوئی تھی کہ دوسری رکاوٹ واقع ہو گئی .

آسمان کا تھوکا (اپنے ہی) منھ پر آتا ہے محاورہ .اعلیٰ پر کسی قسم کا حملہ کرنے سے ادنیٰ ہی کی ذلت ہوتی ہے ، پاک دامن کو رسوا کرنے والا خود ہی ذلیل ہوتا ہے .

آسمان کے تارے توڑ لانا/ توڑنا محاورہ .دشوار یا ناممکن کام انجام دینا ، ناممکن کو ممکن کر دکھانا ، نادر و عجیب کام کرنا انتہائی بلند خیالی سے کام لینا .

آسمان کھا گیا یا زمین فقرہ .یہ چیز ہوئی کیا کہاں نیست و نابود ہو گئی .تلاش کے بعد چیز نہ ملنے پر کہتے ہیں .

آسمانی (سک س) صف .

ا.(i) آسمان سے منسوب : آسمان کا ، جو آسمان پر ہو .(ii) نیلگوں ، آسمان کے رنگ سے مشابہ ، نیلا .(iii) خدائی ، الٰہی ، روحانی .(iv) ہوائی ، فضائی .۲. (i) ناگہانی ، ازغیبی ، خدائی .(ii) آسمان سے اترا ہوا ، خدا کی طرف سے نازل ہونے والا (وحی کے طور پر) . ۳.(قدیم) بلندی ، سرفرازی .

آسمانی بلا است .ازغیبی مصیبت ، ناگہانی آفت ، قہر الٰہی .

آسمانی کتاب است .ا. خداوند عالم کی طرف سے کسی نبی پر وحی کے ذریعے نازل ہونے والے پیغامات کا مجموعہ ، خدا کی طرف سے بھیجا ہوا صحیفہ جو کسی صاحب شریعتِ رسول کے لیے آیا ہو ، توریت ، زبور ، انجیل اور قرآن پاک .۲. (مجازاً) فصیح و بلیغ کلام کا مجموعہ .

آسَن (فت س) اند .

ا. بیٹھنے کی جگہ ، تخت ، فرش ، گدی ، زین ، کاٹھی وغیرہ .۲. چوتڑ کا وہ حصہ جس پر بیٹھتے ہیں .۳. چٹائی یا کپڑا جس پر بیٹھ کر ہندو پوجا پاٹ

کرتے ہیں . [س] .

آسن جمانا محاورہ . ا . گھوڑے پر سوار کا رانوں کی گرفت کو سخت کر کے بیٹھنا ، گھوڑے کو رانوں کی گرفت میں لینا . ۲ . کسی جگہ سکونت اختیار کرنا ، ڈیرا لگانا ، جم کر بیٹھ جانا اور اٹھنے کا نام نہ لینا ، دھرنا دینا .

آسُودگی/آسودگی (و مع ، فت د/ سک د) است .

ا . راحت ، آرام ، سکھ ، اطمینان . ۲ . کسی بات سے جی بھر جانے کی کیفیت ، سیری . ۳ . سکون ، ٹھہراؤ ، اطمینان .

آسُودَہ (و مع ، فت د) (الف) صف .

ا . جو آرام سے ہو ، خوش دل ، مطمئن . ۲ . جس کی مالی حالت اچھی ہو ، فارغ البال . ۳ . جس کا پیٹ یا جی کسی چیز سے بھر گیا ہو ، سیر . ۴ . آرام سے سویا ہوا ، خوابیدہ ؛ (مجازاً) مدفون . ۵ . پرسکون ، جس میں اضطراب یا اضطرار نہ ہو . (ب) م ف . بے فکری یا خوش حالی کے ساتھ ، مطمئن ہو کر ، چین سے .

آسودہ حال/ خاطر/دل صف . مطمئن ، بے فکر ، فارغ البال ، خوش حال .

آسی صف .

آس رکھنے والا ، امیدوار ، آس والا .

آسیا (سک س) است .

آٹا وغیرہ پیسنے کی چکی . [ف] .

آسیب (ی مج) اند .

ا . صدمہ ، تکلیف ، مصیبت . ۲ . (i) جن ، بھوت ، چڑیل ، پری ، دیو ، ارواح خبیثہ . (ii) جن بھوت پری یا ارواح خبیثہ کا اثر یا سایہ ، چشم زخم . ۳ . ضرر ، گزند ، زد ، مار . ۴ . آزار ، بیماری ، جنون ، دیوانگی . [ف] .

آسیب اتارنا محاورہ . ا . عمل یا منتر وغیرہ سے بھوت یا جن پری وغیرہ کا اثر دفع کرنا . ۲ . مار پیٹ کے راہ پر لے آنا .

آسیب زدہ صف . وہ شخص یا مکان جس پر جن بھوت وغیرہ کا اثر ہو .

آسیبی/ آسیبیا (ی مج / ی مج ، سک ب) صف .

جو جن ، بھوت ، چڑیل ، پری ، دیو یا نظر بد کے اثر سے متاثر ہو .

آش اند ؛ است .

ا . اناج یا گوشت کی رقیق غذا ، گندم کا دلیا جو گوشت میں پکایا جائے ، یخنی ، شوربا ، حریرہ وغیرہ . ۲ . (مجازاً) کھانا ، غذا . [ف : س] .

آش جو اند ؛ است . چھلے اور بھنے ہوئے جو کا جوش دیا ہوا پانی (ہمیشہ فعل جمع کے ساتھ مستعمل ، جیسے : آش جو بنائے آش جو پلائے) .

آشا است .

آرزو ، تمنا ، خواہش ، اُمید ، توقع . [س] .

آشام اند .

ا . ایک قسم کا لطیف حریرہ . ۲ . رات کا کھانا . ۳ . (قدیم) پینا ، مے نوشی . [ف] .

• • • آشام لاحقہ . ترکیب میں صفت کا جزو دوم .

(جزو اوّل کے مفہوم کے ساتھ ملا کر) پینے والا کے معنی دیتا ہے ، جیسے : خون آشام ، مے آشام .

آشتی (سک ش) است .

ا . (i) صلح ، امن ، سلامتی ، جنگ اور لڑائی کی ضد . (ii) دوستی ، میل ملاپ . ۲ . (گفتگو یا برتاؤ میں نرمی) ، دل جوئی ؛ رواداری . [ف] .

آشْرَم (سک ش ، فت ر) اند .

ا . رشی منی اور سنیاسیوں اور ان کے چیلوں اور داسیوں کے رہنے کی جگہ . ۲ . رفاہی قیام گاہیں ، لاوارثوں ، یتیموں اور بیواؤں کو پناہ دینے اور ان کی تعلیم و تربیت کے لیے بنائی ہوئی جگہ ؛ طالب علموں کے مذہبی تعلیم پانے اور رہنے کا مکان ، مذہبی کارکنوں کے رہنے کا مقام . [س] .

آشُفْتگی (ضم ش ، سک ف ، فت ت) است .

ا . پریشانی ، حیرانی ، سراسیمگی . ۲ . (i) بکھرا ہونے کی کیفیت ، پراگندگی ، انتشار . (ii) بدنظمی ، ابتری . ۳ . فریفتگی ، عاشقی ، دیوانگی .

آشُفْتَہ (ضم ش ، سک ف ، فت ت) صف .

ا . پریشان ، حیران ، سراسیمہ . ۲ . بکھرا ہوا ، پراگندہ ، تتر بتر . ۳ . جو بدنظمی یا بدحالی سے دو چار ہو ، ابتر . ۴ . فریفتہ ، عاشق ، دیوانہ یا سودائی

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغلوظہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کسی کا) .۵. برہم ، غضب ناک .

آشفتہ حال صف .ا.جس کا دل پراگندہ اور پریشان ہو ، پریشاں حال ؛ جو بپھٹے حالوں میں ہو .۲. عاشق .

آشفتہ سر صف .سر پھرا ، دیوانہ ، بے خود .

شکار (سک ش) (الف) صف .

ظاہر، عیاں ، روشن ، واضح .(ب) م ف .ا.ظاہراً ، علانیہ، کھلم کھلا . [ف] .

آشکارا (سک ش) صف.

عیاں ، ظاہر، روشن . [ف] .

آشنا (سک ش) صف.

ا. دوست ، رفیق ، ساتھی .۲. وہ شخص جو روشناسا ہو ، جانا پہچانا ، جس سے شناسائی ہو.۳. آگاہ ، باخبر ، واقف .۴. مانوس .۵. خواہاں ، طالب . ۶. وہ مرد عورت جن کا باہم ناجائز تعلق ہو . ۷. عزیز قریب ، یگانہ ، اپنا ، بے گانہ کی ضد . [ف] .

• • • آشنا نیم لاحقہ. ترکیب میں جزو دوم.

(ماقبل کے ساتھ مل کر) واقف ، واقفیت رکھنے والا وغیرہ کے معنی میں جیسے : دیر آشنا ، صورت آشنا ، حرف آشنا .

آشنائی (سک ش) است .

ا. دوستی ، چاہ ، محبت .۲. جان پہچان ، ربط ضبط ، معرفت .۳. اُنس ، مانوسیت .۴. (کسی بات سے) واقفیت ، آگاہی . ۵. مرد عورت کا ناجائز تعلق .اف : کرنا/ہونا. [ف] .

آشوب (وج) اند.

ا. (i) شور غوغا، ہنگامہ . (ii) فتنہ و فساد .۲. اذیت ، تکلیف . ۳.تلاطم ، اضطراب .۴. آنکھ دکھنے کی کیفیت ، آنکھ کی سرخی جو دکھنے کی وجہ سے ہو، دردِ چشم . [ف] .

آشوب چشم اند. آنکھ پہ ورم آجانے اور سرخ ہو جانے کی حالت ، آنکھ دکھنا ، آنکھ آ جانا .

آشیاں / آشیانَہ (سک ش/ سک ش، فت ن) اند.

ا.گھونسلا ، پرند کا گھر جسے وہ تنکوں وغیرہ سے بناتا ہے .۲. رہنے کا گھر، مسکن ، اڈا ، قیام کی جگہ . [ف] .

آشِیرْباد/آشِیرْواد (ی مع ، سک ر) است ؛ اند.

دعائے خیر ، دعائے برکت .اف : دینا/ کہنا . [س] .

آغا اند.

ا. آقا ، مالک ، سردار ، مخدوم .۲. مغلوں ، میرزاؤں ، کابلیوں اور ایرانیوں کا لقب اور انھیں مخاطب کرنے کا تعظیمی کلمہ . [ف/ت] .

آغا خان اند. وہ خطاب جو فتح علی شاہ قاچار (بادشاہ ایران) نے ۱۸۱۷ء میں نزاریہ (اسماعیلی) فرقے کے امام خلیل اللہ علی کے بیٹے حسن علی کو دیا . (اس کے بعد اس کا بیٹا شاہ علی آغا خاں ثانی کہلایا ، یہ خطاب آج بھی اسماعیلی فرقے کے امام کے نام کے ساتھ مختص ہے) .

آغا خانی صف . آغا خان سے منسوب : آغا خان کا پیرو ، اسماعیلی فرقے کا فرد .

آغاز اند؛ است.

ا.شروع ، ابتدا ، عنوان ، انجام کی ضد .۲. ابتدائی حصّہ ، شروع کا دور . [ف]

آغوش (وج) اند؛ است .

ا. گود ، کولی ، وہ حلقہ جو دونوں ہاتھ پھیلا کر کسی کو دبوچنے اور سینے سے چمٹانے میں بنتا ہے .۲. پہلو .

آغوش پھیلانا محاورہ. گود میں لینے کو دونوں ہاتھ پھیلانا .

آغوش گرم کرنا محاورہ. وصل یا ملاقات سے لذت آنا .

آغُوں (وغ) است .

دودھ پیتے بچے کا بے معنی بول ، جسے بچہ محظوظ یا مسرور ہونے کے وقت نکالتا ہے . [حکایت الصوت] .

آفات اند؛ است ؛ ج.

ا.طور جمع . آفت کی جمع .اف : آنا/ ہونا .۲.طور واحد . [ع] .

آفات ارضی و سماوی است. ہر قسم کی مصیبتیں اور تکلیفیں (چاہے ان کے اسباب ظاہری زمین سے پیدا ہوں چاہے آسمان سے نازل ہوں) .

آفاق اند؛ ج.

ا. دیکھیے : افق جس کی یہ جمع ہے .۲. دنیا ، جہاں ، کل عالم (اکثر بطور واحد مستعمل) .

آفاق گیر صف. دنیا کو لینے والا (بادشاہ).
آفاقی صف.
۱. پوری دنیا سے تعلق رکھنے والا، انسانی برادری سے متعلق. ۲. (فقہ) مَنسک حج وعمرہ میں احرام باندھنے کا مقام، میقات کے اُس پار کا باشندہ.
آفاقِیَت (کس ق، فت ی) امث.
عالمگیر اور ہمہ گیر ہونے کی صورت حال، تمام انسانیت کے لیے یکساں مفید یا مقبول ہونے کی حالت، یہ نظریہ کہ انسان سب برابر ہیں.
آفت (فت ف) (الف) امث.
۱. مصیبت، تکلیف؛ زحمت. ۲. دکھ، درد، تکلیف، صدمہ. ۳. ظلم، اندھیر. ۴. (مجازاً) دشواری، مشکل، کشمکش، جلدی، گھبراہٹ، پریشانی. ۵. کسی چیز یا کیفیت کی شدت. (ب) صف. ۱. تیز وطرار، چالاک، شاطر، عیار، فسادی. ۲. غضب کا، بلا کا. (ج) م ف. بہت، نہایت، حد درجہ. [ع].
آفت پڑنا محاورہ. ۱. مصیبت نازل ہونا، غضب ٹوٹنا. ۲. مشکل یا دقت پیش آنا. ۳. کسی بات کی عجلت ہونا، جلدی پڑنا.
آفت توڑنا / ٹوٹ پڑنا / ٹوٹنا محاورہ. ۱. ظلم یا ستم کرنا، غضب ڈھانا. ۲. غصے میں قابو سے باہر ہوجانا.
آفت جاں امث، امذ. ۱. (لفظاً) جان کا دشمن، (مراداً) جس سے جان اذیت میں مبتلا ہو، وبال، مصیبت. ۲. معشوق طرح دار.
آفت ڈالنا محاورہ. آفت پڑنا، مصیبت میں مبتلا کرنا؛ مشکل میں ڈالنا؛ جلدی مچانا، عجلت کرنا.
آفت ڈھانا محاورہ. آفت توڑنا، ظلم وستم کرنا؛ غصہ کرنا؛ فتنہ برپا کرنا.
آفت کا پرکالہ صف، مذ. آفت کا پتلا، نہایت شوخ اور شریر، چست و چالاک، محنتی اور مستعد.
آفت کا مارا صف، مذ؛ مث. آفت زدہ، دکھیا، بدنصیب، مصائب میں گھرا.
آفت کی پرکالہ صف، مث. آفت کا پرکالہ کی تانیث، نہایت شوخ اور شریر.
آفت کی پڑیا صف. ۱. شوخ وشریر، چالاک وعیار. ۲. غضب کی خوب صورت، حسین وجمیل.
آفت گلے پڑنا/لگنا محاورہ. مصیبت میں پھنسنا، ذمہ داری سر پر آنا.
آفت مچانا / مچنا محاورہ. شور غل ہونا، سخت ہنگامہ برپا کرنا، ہلچل ڈال دینا.
آفت مول لینا محاورہ. جان بوجھ کے مصیبت یا مشکل میں پڑنا.
آفتاب (سک ف) امذ.
۱. ایک روشن گولا جو ہر صبح آسمان پر مشرق سے نکلتا اور شام کو مغرب میں ڈوبتا دکھائی دیتا ہے، نظام شمسی کا مرکزی کرہ، سورج. ۲. سورج کی روشنی، دھوپ. ۳. (مجازاً) حسن و جمال یا عمدہ صفات میں مشہور، کامل، بلند مرتبہ (شخص). ۴. (مجازاً) حسین معشوق. [ف].
آفتاب ایک (سوا) نیزے پر آنا / رہنا / ہونا محاورہ. قیامت برپا ہونا، حشر کے آثار ہونا (قیامت کے آثار میں سے ہے کہ سورج اس دن زمین سے سوا نیزے یا ایک نیزے کے فاصلے پر ہوگا).
آفتاب آمد دلیل آفتاب فارسی کہاوت، اردو میں مستعمل. سورج کے وجود کے لیے دلیل کی حاجت نہیں، اُس کی روشنی خود ہی دلیل ہے؛ ایسی بات جس کے لیے دلیل کی ضرورت نہ ہو، روشن اور واضح بات ہے.
آفتاب قیامت امذ. آفتاب حشر، سورج جو قیامت کے روز نکلے گا.
آفتابَہ (سک ف، فت ب) امذ.
ایک وضع کا لوٹا جس کے پیچھے گرفت کے واسطے ہتھی لگی ہوتی ہے اور منھ پر سرپوش ہوتا ہے. [ف].
آفتابی (سک ف) (الف) امث.
۱. بادشاہوں کے جلوس میں چتر (چھتری) سائباں چاندی سونے کا ایک دائرہ یا پان کی شکل کا مثلث جو ایک ڈانڈ پر نصب ہوتا تھا. (یہ پہلو سے آنے والی دھوپ کی روک کرتا تھا). ۲. طاؤس کی کھلی ہوئی دم سے مشابہ ایک خاص وضع کی چھوٹی سی پنکھیا، سورج مکھی، (اس سے چہرے کو دھوپ سے بچاتے اور کبھی پنکھے کی طرح جھلتے ہیں). (جو دھوپ سے بچاؤ کے لیے سر پر تانتے ہیں). ۳. چھتری، سائبان. ۴. ایک قسم کی آتش بازی جس کے چھوڑنے سے دھوپ کی سی روشنی پھیل جاتی ہے. (ب) امذ. سورج مکھی، گل آفتاب. (ج) صف. ۱. منسوب بہ آفتاب، جسے آفتاب سے نسبت ہو، آفتاب سے نسبت

رکھنے والی بات یا چیز (رنگ یا اور کسی صفت کی بنا پر) .۲. دھوپ کھایا ہوا، دھوپ کی گرمی سے تیار کیا ہوا، جیسے آفتابی گلقند .۳. مدور، گول، جیسے : آفتابی چہرہ یا آفتابی دائرہ .

آفریں (۱) (سک ف، ی مع) است ، بطور تحسین .
مرحبا، شاباش، واہ واہ (داد و تحسین کے موقع پر مستعمل) .

آفریں (۲) (سک ف، ی مع) است .
۱. خلقت، پیدائش .۲. مخلوقات . [ف] .

*** **آفریں** (سک ف، ی مع) لاحقہ ، صفت مرکب کا جزو دوم .
(جزو اول کے ساتھ مل کر) پیدا کرنے والا، کے معنی میں، جیسے : جان آفریں، معنی آفریں وغیرہ .

آفرینش (سک ف، ی مع، کس ن) است .
۱. پیدائش، تخلیق، پیدا ہونا، عدم سے وجود میں آنا .۲. دنیا، کائنات، جو کچھ خدا نے خلق کیا .

آفِس (کس ف) اند .
دفتر، وہ کمرہ یا مکان جو کسی خاص نجی یا سرکاری کام کے لیے مختص ہو، سررشتہ، صیغہ . [انگ] .

آفسِٹ (سک ف، کس ج س) اند .
دھات کی پلیٹ پر مقرر طریقے سے الفاظ یا عبارت کا فوٹو لے کر چھاپنے کا ایک طریقہ، عکسی چھپائی کا ڈھنگ . [انگ] .

آقا اند .
۱. زرخرید غلام یا لونڈی کا سرپرست، مخدوم، ولی نعمت، حاکم، افسر . ۲. مذہبی پیشوا یا برگزیدہ شخصیت جس سے عقیدت ہو .

آکا اند .
۱. بھائی (بیشتر بڑا بھائی) .۲. مغل یا ولایتی پٹھان یا سپاہی جس کا تیور اور لہجہ طبعاً سخت اور کرخت ہوتا ہے .۳. مخاطب کرنے کا کلمہ جیسے میاں یا دوست وغیرہ . (بیشتر بانکوں اور سپاہیوں یا پہلوانوں کے لیے مستعمل) . [ت] .

آکاس اند .
آسمان .

آکاس بیل است . زرد رنگ کے بٹے ہوئے تاگے سے مشابہ ایک خود رو بیل جو بغیر جڑ کے کسی بھی درخت پر پھیل کر لپٹتی چلی جاتی ہے اور اس درخت کے پتے وغیرہ بالکل خشک ہو جاتے ہیں . (دوا کے طور پر مستعمل)، عشق پیچاں، امربیل .

آکاش اند .
آسمان، فلک، خلاء، حد نگاہ .

آکسیجن (سک ک، ی مع، فت ج) است .
ایک بے رنگ، بے ذائقہ، بے بو گیسی عنصر جو ہوا اور پانی کا ایک جزو بسیط ہے، ہوا کا وہ جزو جس پر روشنی اور زندگی موقوف ہے . [انگ]

آگ است .
۱. نار، آتش، شعلہ، اگنی، عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر کا نام . ۲. دھوپ کی تیزی، سخت گرمی، لو .۳. تپش، حدت جو جسم کے اندر خون میں محسوس ہو .۴. سوزش، تپک، جلن .۵. سوز و گداز، لگن، عشق و محبت کا جوش .۶. ماما .۷. شوق یا اشتیاق کی شدت .۸. غصہ . ۹. حسد، جلن، جلاپا .۱۰. فتنہ و فساد، ہنگامہ .۱۱. عداوت، کینہ، دشمنی .۱۲. بھوک پیاس کی شدت .۱۳. خواہش نفسانی، شہوت، ہوس . ۱۴. چمک دمک، روشنی . (ب) صف .۱. غضب ناک، خشم گیں .۲. (مزاجاً) حار، گرم، خون میں گرمی اور سوداویت پیدا کرنے والا، جیسے : ابھی پانی نہیں پڑا آج کل کے آم آگ ہوتے ہیں .

آگ ابلنا محاورہ . شدت کی گرمی پڑنا، سخت تپش ہونا .

آگ بجھانا محاورہ .۱. جلتی ہوئی آگ کو پانی سے یا اور کسی طرح سرد کرنا .۲. جھگڑا مٹانا، فتنہ رفع کرنا؛ غصہ فرو کرنا .۳. بھوک پیاس مٹانا، پیٹ بھر کے کھانا کھلانا، تشنگی فرو کرنا . جیسے : ہے کوئی اللہ کا بندہ جو پیٹ کی آگ بجھاوے . (فقیروں کی مشہور صدا) .۴. دل کی لگی سرد کرنا، جی ٹھنڈا کرنا، سکون پہنچانا .۵. خواہش نفسانی کو مٹانا .

آگ برسانا محاورہ . آگ برسنا کا تعدیہ .

آگ برسنا محاورہ .۱. لو چلنا، تیز دھوپ پڑنا، سخت گرمی ہونا .۲. معرکۂ کارزار گرم ہونا، گولیوں کی بوچھار ہونا .

آگ بگولا صف ؛ اند .۱. دہکتا ہوا گولا یا چکر، جلنا، بھننا، شعلہ، سرخ انگارا .۲. برافروختہ، تیز و تند، غصے میں بھرا ہوا، جلنا، بھننا، خشم گیں، غضب ناک .۳. شعلہ رو، حسین، شوخ اور طرار .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

آگ بن دھواں کہاں کہاوت. ہر بات کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے.

آگ بھبوکا / بھبھوکا صف. آگ بگولا، شعلہ، سرخ انگارہ، دہکتا ہوا.

آگ بھری ہونا محاورہ. ۱. سوز و گداز ہونا. ۲. جلن اور تپک ہونا. ۳. بغض و عداوت یا حسد ہونا. ۴. گرم مزاج ہونا، پیٹ میں سوزش ہونا. ۵. آتشک ہونا. ۶. پُرشہوت ہونا.

آگ بھڑکانا ف مر؛ محاورہ. ۱. (لفظاً) آگ کو ہوا دے کر یا اور کسی طرح تیز کرنا یا دہکانا، آگ جلانا. ۲. شوق یا خواہش کو بڑھانا، بے تاب و بے قرار کرنا. ۳. فتنہ اٹھانا، فساد پیدا کرنا، لگائی بجھائی کر کے جھگڑا بڑھانا. ۴. غصہ دلانا. ۵. مرض میں اضافہ کرنا، زخم وغیرہ میں جلن پیدا کرنا.

آگ بھڑکنا محاورہ. بے تاب و بے قرار ہونا؛ شوق یا خواہش کا بڑھنا، فساد پیدا ہونا.

آگ پانی ایک جگہ (تھاں) ملنا / ہونا محاورہ. دو مخالف یا متضاد چیزوں کا میل ملاپ یا ایک جگہ جمع ہونا.

آگ پانی کا ساتھ / سنجوگ اند. اجتماع ضدین، دو متضاد چیزوں کی یکجائی یا میل ملاپ.

آگ پانی کا کھیل ہے فقرہ. کوئی چیز پکانے میں بگڑ جاتی ہے تو کہتے ہیں یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے اپنا کیا اختیار کبھی بنتا ہے کبھی بگڑتا ہے.

آگ پانی میں لگانا محاورہ. ۱. لڑوا دینا، صابر اور حلیم کو بھڑکا دینا، شرارت سے فتنہ اٹھانا. ۲. کمال چالاکی یا ہنر دکھانا. ۳. ناممکن بات کر دکھانا.

آگ پر تیل (روغن) ٹپکانا/چھڑکنا/ ڈالنا محاورہ. ۱. شعلے کو اور بھڑکانا، آگ کو تیز کرنا. ۲. فساد بڑھانا، ایسی بات کہنا یا ایسا کام کرنا جس سے جھگڑا بڑھے. ۳. کسی کیفیت ولولے یا اشتیاق میں شدت پیدا کرنا.

آگ پڑنا محاورہ. ۱. (قدیم) دھوپ پڑنا. ۲. سوزش اور جلن ہونا. ۳. بہت زیادہ گرمی ہونا، جیسے: آگ پڑ رہی ہے ایسے میں سفر کا کیا موقع ہے. ۴. کسی چیز کا مہنگا ہونا، گراں ہونا. ۵. عداوت ہونا.

آگ ٹھنڈی کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آگ پر پانی یا راکھ وغیرہ ڈال کر اس کی سوزش ختم کر دینا، آگ بجھا دینا. ۲. فتنہ و فساد فرو کرنا.

آگ دکھانا / دکھلانا محاورہ. ۱. کسی چیز کو آنچ کے قریب لا کر سینکنا، گرم کرنا. ۲. جلانا، آگ دینا.

آگ سے کھیلنا محاورہ. ۱. آگ جیسی چیز کو قابو میں لا کر استعمال کرنا. ۲. مشکل کام میں ہاتھ ڈالنا، خطرے میں پڑنا، مصیبت جھیلنا.

آگ کا بگولا بن جانا محاورہ. غصے میں بھبکنے لگنا.

آگ کا بنا ہوا / آگ کا پتلا صف. تند خو، گرم مزاج.

آگ لگا (کر) پانی کو دوڑنا محاورہ. ایذا پہنچا کر اظہار ہمدردی کرنا، شر پیدا کر کے اس کے دفع کرنے میں سرگرمی دکھانا.

آگ لگانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی چیز کو آگ دینا، جلانا. ۲. جلن یا سوزش پیدا کرنا، حرارت پیدا کرنا. ۳. تیزی اور چرپراہٹ پیدا کرنا. ۴. سوز اشتیاق کو ابھارنا، بے قرار کرنا. ۵. کسی جذبے میں شدت پیدا کرنا. ۶. رشک و حسد پیدا کرنا، جلاپے کی آگ بھڑکانا. ۷. لگائی بجھائی کرنا، برافروختہ کرنا، بھڑکانا، غصہ دلانا. ۸. آفت ڈھانا، مصیبت لانا. ۹. لوگوں میں ہلچل ڈال دینا، پرسکون فضا میں تموج پیدا کر دینا، ایک نیا فتنہ اٹھا دینا، ہنگامہ مچا دینا. ۱۰. (i) مہنگا سودا خریدنا. (ii) ہاتھ رنگنا، غبن کرنا. ۱۱. ترپانا، حسرت دلانا. ۱۲. چھوڑ دینا، ترک کرنا، القط کرنا. ۱۳. (i) تلف کرنا، لٹانا، برباد کرنا. (ii) (طنزیہ) بھاری خرچ کرنا، دھوم دھام اور الللے تللے سے روپیہ اڑانا. ۱۴. چوپٹ کر دینا، بگاڑ دینا، بے ڈھنگا اور بد وضع کر دینا. ۱۵. تباہ و برباد کرنا، اجاڑنا، مٹا دینا، فنا کر دینا. ۱۶. سرخ پھولوں کے تختے، چراغاں یا شفق میں جلتی ہوئی آگ کا سا سماں پیدا کرنا (بطور تشبیہ). ۱۷. (بیزاری یا نفرت سے ٹھکرا دینے کے موقع پر) بھاڑ میں جھونکنا، ٹھکرا دینا، جہنم میں ڈالنا. ۱۸. بھوک پیاس بڑھا دینا.

آگ لگنا ف مر؛ محاورہ. آگ لگانا کا لازم.

آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے کہاوت. ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو توقع کے خلاف کوئی چیز حاصل ہو جائے.

آگ مٹنا محاورہ. ۱. جلن یا تپک جاتی رہنا، سوزش بجھنا، جیسے: اس مرہم سے زخموں کو سکون ملا آگ مٹ گئی. ۲. حسد باقی نہ رہنا، جلاپا ختم ہو جانا. ۳. امنگ جاتی رہنا، ولولہ یا شوق جاتا رہنا. ۴. خواہش نفسانی کی تسکین ہونا (عام لوگوں کی زبانوں پر جاری).

آگ میں جھونکنا / ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آگ میں ڈالنا، جلانا.

۲.مصیبت میں پھنسانا ، بلا میں گرفتار کرنا .۳.لڑکی کو ایسی جگہ بیاہ دینا جہاں اسے ہر طرح کی تکلیف ہو .

آگ میں کود پڑنا / کودنا محاورہ .۱.سخت سے سخت مصیبت جھیلنے کے لیے آمادہ ہونا ، جلنے مرنے سے نہ ڈرنا .۲. دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا .

آگ نکالنا محاورہ. چقماق یا پتھر وغیرہ سے شعلہ پیدا کرنا .

آگ نکلنا محاورہ .۱. آگ نکالنا کا لازم .۲.سخت جلن اور سوزش ہونا ، بہت گرمی پڑنا .۳. بہت گرم ہونا ، تپنا .

آگ ہوجانا /ہونا محاورہ .۱. ایندھن کا دہک جانا .۲. پھنکنے لگنا ، نہایت گرم ہوجانا .۳. برافروختہ ہو جانا ، غصے میں بھر جانا ، طیش میں آنا .

آگا امذ.

۱.جسم کا اگلا یا سامنے کا رخ : ماتھا چہرہ اور سینہ وغیرہ .۲.جسم کے اگلے رخ کے اعضا جن کا چھپانا ضروری ہے ، خصوصاً شرمگاہ (بیشتر پیچھا کے ساتھ مستعمل ہے .۳.لشکر کا وہ حصہ جو سامنے ہو ، فوج کا مہرا ، مقدمۃ الجیش .۴. مستقبل ، آنے والا وقت .۵. ماضی ، گزرا ہوا وقت ، اگلا. ۶. آغاز .۷. اگاڑی ، وہ رسی جو جانور کے گلے یا اگلے پانو میں ڈال کر میخوں سے باندھتے ہیں .۸. وہ جگہ جو سامنے کے رخ ہو . [س].

آگا پیچھا امذ .۱. (وقت کا) تقدم و تاخر .۲. معاملے کی اونچ نیچ ، آغاز و انجام ، انجام کار .۳. جسم کا اگلا اور پچھلا حصہ نیز وہ اعضا جن کا چھپانا ضروری ہے ، اگلی پچھلی شرم گاہ .

آگاہ / آگہ صف.

۱. کسی بات سے باخبر ، واقف حال ، عارف .۲. کسی علم فن یا مسئلہ خاص کا جاننے والا ، عالم .

••• **آگاہ** لاحقہ. صفت ترکیب کا جز دوم.

(جز اول کے مفہوم کے ساتھ) آگاہی یا خبر رکھنے والا ؛ جیسے : خدا آگاہ ، حق آگاہ .

آگاہی / آگہی امث.

۱. آگاہ کا اسم کیفیت .۲. آگاہ کرنا ، قبل از وقت مطلع یا متنبہ کرنا .

آگے ظرف : امذ ؛ م ف.

۱. پیش ، اگاڑی ، پیچھے کا نقیض .۲. سامنے کے رخ .۳. پاس ، قریب ، نزدیک .۴. سامنے ، روبرو ، موجودگی میں .۵. مقابلے میں .۶. گزشتہ زمانے میں ، سابق میں .۷. پیشتر ، پہلے ، مقدم .۸. ایسا ہونے کے بعد ، اتمام حجت کے بعد .۹. بعد ، موخر ، بعد میں ، بعد کا .۱۰. زمانہء مستقبل میں ، آئندہ .۱۱. زندگی میں ، جیتے جی .۱۲. دانست میں ، نظر میں ، نزدیک .۱۳. مذکورۂ بالا بیان میں ، اوپر .۱۴.(i) دور .(ii) پرے ، اُس طرف .۱۵. خدمت میں ، پیشی میں .۱۶. زیادہ ، سوا ، بڑھکر .۱۷. مزید ، کچھ اور ، اس سے زیادہ (سابق بات یا چیز پر اضافے کے لیے) .۱۸. مستقبل ، آنے والا زمانہ یا وقت (بیشتر 'کا یا کی' کے ساتھ مستعمل) . [س].

آگے اللہ کا نام (ہے) فقرہ. بس خاتمہ ہے ، اس سے آگے کچھ نہیں.

آگے آگے (آگے کی تکرار یا تاکید ، خصوصاً حسب ذیل معانی میں) : ۱. پیش پیش .۲. آئندہ ، آگے چل کر ، مستقبل میں .۳. قبل ، پیشتر ، پہلے ہی .

آگے آگے راجا پیچھے پیچھے پرجا کہاوت. رعایا حاکم کے طرز عمل کی پیروی کرتی ہے .

آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا کہاوت. جہاں کسی اچھے برے کام میں کوئی اپنے بزرگ یا عزیز یا دوست کی پیروی کرتا ہے تو کہتے ہیں یعنی ان کے بزرگ ہی ایسا کرتے ہیں تو یہ کیوں نہ ایسا کریں .

آگے آنا محاورہ .۱.(i) اچھی بات کا اچھا نتیجہ ملنا ؛ کام آنا ، پشت پناہ ہونا .(ii) بری بات کا برا نتیجہ ملنا ، کیے کی سزا پانا ، جیسی کرنا ویسی بھرنا .۲. مقدرات یا پیش گوئی وغیرہ کا وقوع پذیر ہونا .۳. خیالات کا حقیقت بن کر سامنے آنا تصورات کا عملی جامہ پہننا .۴. پردہ نہ کرنا ، عورت کا کسی مرد کے سامنے آنا .۵. سامنا کرنا ، مقابلہ کرنا .۶. قریب آنا ، آگے بڑھنا .۷. سامنے آنا ، روبرو آنا .

آگے بڑھنا محاورہ .۱. قدم اٹھا کر سامنے کی طرف چلنا ، روانہ ہونا .۲. سبقت لے جانا ، کسی بات میں دوسرے کو پیچھے چھوڑ جانا (اکثر سے کے ساتھ) .۳. ترقی کرنا .۴.(i) اپنی حد یا حیثیت سے زیادہ بات یا کام کرنا ، حد سے نکل چلنا .(ii) حد ادب سے نکل جانا ، بدزبانی کرنا .۵. مقابلے یا

لڑائی کے لیے سامنے آنا، مقابلہ کرنا .۶. قریب آنا، پاس آنا .

آگے پیچھے صف، م ف .۱. یکے بعد دیگرے، ایک کے پیچھے ایک، پے در پے .۲. پیش و پس، اِدھر اُدھر، ارد گرد .۳.(i) (وقت کے فرق کے لیے) کچھ پہلے یا کچھ بعد کو، کچھ وقت یا مدت کے فرق سے؛ تقدم و تاخر کے ساتھ .(ii) (فاصلے کے فرق کے لیے) مقدم و موخر .۴. بے ترتیب، پراگندہ، الٹ پلٹ، مقدم کی جگہ موخر اور موخر کی جگہ مقدم .۵.(i) حضور اور غیبت میں، حاضر غائب .(ii) عدم موجودگی میں، پیچھے .۶. آگے چل کر، آئندہ .۷. سامنے اور پیچھے کی شرم گاہ پر، قبل و دبر پر .۸. جب موقع ملے گا، وقت یا موقع پا کر .۹. دیر سویر، کچھ پہلے سے کچھ بعد میں، جیسے: آگے پیچھے سب کو مرنا ہے .

آگے پیچھے پھرنا محاورہ. خوشامد میں لگا رہنا، لالچ میں یا اور کسی غرض سے کسی کے ساتھ موجود رہنا .

آگے پیچھے کوئی نہیں فقرہ. کوئی وارث والی نہیں، نگوڑا ناٹھا ہے .

آگے چلنا ف مر .۱. پیش پیش جانا، قدم سامنے کی طرف بڑھانا، پیچھے چلنا کی نقیض .۲. رہبری کرنا، راستہ دکھانا .۳. مقابلے میں سبقت لے جانا، غالب آنا .۴. زیر نظر مسئلے کو چھوڑ کر اس سے اگلی بات شروع کرنا .

آگے دھرنا ف مر؛ محاورہ .۱. پیش کرنا .۲. مہرے پر رکھنا، زد پر رکھ لینا، نشانہ بنا لینا .۳. نظر بند کرنا، حراست میں رکھنا .۴. آگے آگے چلانا، تعاقب کرنا .۵. فریاد یا احتجاج کی غرض سے پیش پیش رکھنا .۶. پیش نظر رکھنا، نگاہ میں رکھنا .

آگے سے م ف .۱. روبرو سے، مقابلے سے؛ جیسے: آگے سے ہٹ جاؤ ورنہ میرے وار سے بچ نہیں سکو گے .۲. جسم کے اگلے رخ سے .۳. ابتدا سے، آغاز سے، پیشتر سے؛ ماضی سے .

آگے کرنا ف مر؛ محاورہ .۱. سامنے رکھنا یا لانا، دکھانا .۲. کسی کا کسی سے پردہ توڑ دینا .۳. اپنے بچاؤ کے لیے دوسرے کو مہرے پر رکھ دینا، زد پر لے آنا .۴. علم و ہنر وغیرہ میں دوسرے سے بہتر بنا دینا .

آگے کنواں پیچھے کھائی کہاوت. کام کرنے میں بھی خرابی اور نہ کرنے میں بھی، ہر طرح خطرہ یا نقصان .

آگے لانا ف مر؛ محاورہ .۱. سامنے یا روبرو لانا .۲. کسی کا کسی سے پردہ توڑنا .

آگے مار پیچھے سنوار کہاوت. لڑائی یا اقدام عمل کے بعد انتقام یا تدارک مشکل ہے .

آگے مقدر فقرہ. جو قسمت میں ہوگا ہو رہے گا، تدبیر تو کر چکے اس کے بعد جو کچھ اللہ کو منظور ہے وہ ہو گا .

••• **آگیں** لاحقہ اسم صفت کا جزو دوم. (جزو اول سے مل کر) "بھرا ہوا، پر، مالا مال، کے معنی میں مستعمل، جیسے: عطر آگیں، گوہر آگیں . [ف] .

آل امث .

۱. بیٹا، بیٹی، اولاد، ذریات (عموماً امرا اور شرفا کے لیے مستعمل) .
۲. قوم، کنبہ، قبیلہ .۳.(i) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد آل عبا .(ii) سادات، بی بی فاطمۃ الزہراؑ کی اولاد . [ع] .

آل اولاد امث . بال بچے، ذریات .

آل پیغمبر/پیمبر امث . اولاد جناب فاطمہ زہراؑ (بنت رسول ﷺ) سادات . آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پاک اور ذریات .

آل عبا امث . حضرت فاطمہ زہراؑ حضرت علیؑ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ (جو پنج تن پاک میں شامل ہیں) ایک بار حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک ہی چادر میں لیٹے ہوئے تھے، روایات کے مطابق جبرائیل علیہ السلام بھی حصول شرف و مرتبت کے لیے ان میں شامل ہوگئے .

آلات اند؛ ج .

دیکھیے: آلہ کی جمع، ہتھیار، اوزار، ساز و سامان، لوازم .

آلات حرب (و ضرب) اند . جنگی ہتھیار، اسلحہ جنگ .

آلات رصد (ی) اند . ستاروں کی گردش وغیرہ دیکھنے کا وہ سامان جو مقرر طریقے سے نصب کیا جاتا ہے اور جس کا استعمال رصد گاہوں میں ہوتا ہے .

آلام اند؛ ج .

دیکھیے: الم جس کی یہ جمع ہے، رنج، غم، دکھ، سوگ .

آلائش (کس ء) امث؛ آلایش .

۱. میل کچیل، گندگی (خواہ خشک ہو یا تر) .۲. پیٹ کی انتڑیاں وغیرہ جن میں بول و براز اور غلیظ مواد رہتا ہے، اوجھ .۳. پھوڑے کی پیپ اور گندا خون .۴.(i) آلودگی، نجاست باطنی، لوث، عیب کی بات

میں ملوث رہنے کا عمل ۔ (ii) مکروہ بات ، وہ بات یا چیز جو کسی کے لیے اس کی شان کے لحاظ سے عیب ہو ۔ ۵. وہ گندی اور فاضل چیزیں جو زچگی کے وقت بچے کے ساتھ ساتھ ماں کے پیٹ سے خارج ہوتی ہیں ، آنول نال ۔ [ف] .

آلپن (سک ل ، کس پ) است : ~ آلپین .
گھنڈی دار باریک سوئی ، پن (جو عموماً کاغذوں کی نتھی میں استعمال کی جاتی ہے) . [پر] .

آلتی پالتی (سک ل ، ل) است .
ایک قسم کی نشست ، چار زانو بیٹھک . بیٹھنے کا ایک انداز .
آلتی پالتی مارنا محاورہ . آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ، چار زانو بیٹھنا ، چوکڑی مار کر بیٹھنا .

آلسی / آلسی (فت ل / سک ل) صف .
کاہل ، سست ، مٹھا . [س] .

آلکس (سک ل ، فت ک) است .
ا. کاہلی ، سستی ، غفلت ۲. اونگھ ، نیند . اف : آنا / ہونا . [س] .

آلکسی (سک ل ، فت ک) (الف) است .
ا. کاہلی ، سستی ، آلکس . (ب) صف . سست ، کاہل . [س] .

آلن (فت ل) اند .
ا. گارا اور بھوسا ملا ہوا جس سے اینٹیں یا دیوار وغیرہ بنائی جاتی ہے ۲. دال اور روٹی ، سالن ۳. بیسن یا آٹا جو ساگ میں ڈالتے ہیں ، پٹکی . [س] .

آلُو (۱) (ومع) است .
ایک مشہور گول بیضاوی یا لمبوتری جڑ جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہے ، یہ بادی ہوتا ہے . [س] .

آلو (۲)
تیز عنابی سیاہی مائل ایک گول کھٹ مٹھا پھل جو پیوندی بیر سے قدرے بڑا ہوتا ہے . [ف] .
آلو بخارا / آلوچہ اند . ایک مشہور پھل جو مزہ میں کھٹ مٹھا ہوتا ہے ، اس کا رنگ زرد یا قرمزی ہوتا ہے ، تاثیر اس کی سرد ہے ، بخارا سے منسوب ہے .

آلُود (ومع) صف .
دیکھیے : آلودہ ، بھرا ہوا . [ف] .
••• **آلـود** صفت ترکیبی کا جزو دوم . (جزو اوّل کے مفہوم میں) لتھڑا ہوا ، بھرا ہوا .

آلُودگی / آلُودگی (ومع ، فت د / سک د) است .
آلودہ سے اسم کیفیت . ؛ گندگی ، آلائش ، دنیاوی تعلقات .

آلُودَہ (ومع ، فت د) صف .
ا. (i) لتھڑا ہوا ، بھرا ہوا ، لت پت . (ii) مخلوط ، ملا ہوا ۲. (کسی برائی یا نجاست سے) ناپاک ، نجس ، ملوث ؛ (برے کام کا) مرتکب ۳. دنیاوی تعلقات میں مبتلا ، گرفتار ، پھنسا ہوا .

آلہ (فت ل) اند .
ا. (i) وہ ظرف یا شے وغیرہ جو عضو اور کسی چیز کے درمیان کام لینے کا واسطہ اور اوزار ہو ، جیسے : جلتا ہوا کوئلہ اٹھانے کا آلہ (= دستپنا) یا حجامت بنانے کا آلہ (= استرہ) وغیرہ . (ii) کسی صنعت و حرفت یا فن میں کام دینے والا ، اوزار یا کل . (iii) قطع و برید حرب و ضرب یا دفاع کا ہتھیار ۲. ذریعہ ، وسیلہ ۳. عضو (جو نظام جسمانی میں کسی خاص کام کا وسیلہ اور ذریعہ ہو) ، جیسے آلۂ تنفس (= پھیپھڑا) . [ع] .
آلہ تناسل اند . نسل بڑھانے کا عضو ، عضو تناسل .
آلۂ سماعت اند . (طبیعیات) برقی رو کے ذریعے جو آواز فضا میں گونجتی ہے اس کو سننے کے لیے ایک خاص قسم کا آواز گیر آلہ جس کے دو حصے دونوں کانوں پر رکھ لیے جاتے ہیں .
آلۂ کار صف . (لفظاً) جس کے ذریعے کام نکالا جائے ، (مراداً) وہ جسے لوگوں کو دکھانے کے لیے آگے رکھا جائے اور اس کی آڑ میں اپنا مقصد پورا کر لیا جائے ، وہ جسے اپنا اچھا یا برا مقصد پورا کرنے کا نمائشی ذریعہ بنایا جائے .
آلۂ مکبر الصوت اند . آواز کو بڑھا کر دور تک پہنچانے والا آلہ ، لاؤڈ اسپیکر .

آم اند .
برصغیر پاک و ہند کا ایک بیضاوی شکل کا یا گول (بیشتر شیریں) پھل

(ایک طرف سے کسی قدر موٹا دل جس کے بیچ میں ایک مہر نما چپٹی چھلکا سخت، کچے کا گودا اندر سے سفید اور سخت، پکے کا زرد یا سرخی مائل اور نرم، گودے کے اندر بیضاوی گٹھلی، چپٹی کو توڑ کر چوستے یا تراش کر کھاتے ہیں) اس پھل کا درخت. دیسی آم، قلمی آم، کیری. [س].

آم کے آم گٹھلی (گٹھلیوں) کے دام کہاوت. ہر طرح فائدہ ہی فائدہ، ہر صورت سے نفع ہی نفع، دوہرا فائدہ.

آم کھانے سے غرض (کام / مطلب) یا پیڑ گننے سے کہاوت. مطلب سے مطلب رکھو بے فائدہ باتوں یا حجت سے کیا کام.

آماج اند.

۱. نشانہ، ہدف، جس چیز یا جس مقام کو تاک کر تیر یا گولی لگائیں، نشانے کا نقطہ. ۲. زمین ناپنے کا ایک آلہ جس کا طول پانسو گز ہوتا ہے. [ف + ت].

آماج گاہ / گہ است. نشانہ، ہدف، جس چیز یا جس مقام کو تاک کر تیر یا گولی لگائیں.

آمادگی / آمادگی (فت د / سک د) است.

۱. مستعدی، تیاری. ۲. رضا مندی، رغبت.

آمادَہ (فت د) صف.

۱. تیار، مستعد، کمربستہ. ۲. راضی مائل. ۳. مہیا، فراہم، موجود. اف: کرنا / ہونا. [ف].

آمادہ کار صف. کام کرنے یا کوئی قدم اٹھانے کو تیار.

آمَد (فت م) است.

۱. (i) آنا، آنے کا عمل، آنے کی خبر، تشریف آوری، ورود. (ii) میدان جنگ میں آنے کی شان یا دبدبہ وغیرہ. ۲. آنے کے آثار. ۳. نمود، نکلنا، ظاہر ہونا. ۴. (i) مداخل، آمدنی. (ii) یافت، وصول یابی. ۵. وہ اشعار جو ناٹک کے کسی اہم کردار کے اسٹیج پر آنے سے پہلے گائے جاتے ہیں. ۶. (i) خیالات اور مضامین کے لگاتار اور پے در پے پیدا اور ادا ہونے کی کیفیت. (ii) ادائے مضمون میں بے ساختگی، بے تکلفی، آورد کی ضد. ۷. پیداوار کا بازار میں کثرت سے لایا جانا (خصوصاً رسد اور اجناس)، قلت کی ضد. ۸. گنجفے، پچیسی، چوسر اور تاش میں زیادہ بازی اور پو گرنے کی صورت حال. [ف].

آمد و رفت است. ۱. آنا جانا (کسی بھی چیز کا چاہے وہ انسان ہو غیر انسان). ۲. ربط ضبط، رسم و راہ. ۳. گزرگاہ.

آمْدَن (سک م، فت د) است.

۱. آمدنی. ۲. آمد (= آنا)، مرکبات میں مستعمل. [ف].

آمَدَنی / آمْدَنی (فت م، د / سک م، فت د) (الف) است.

۱. محاصل، مداخل، یافت، نفع، خرچ اور نقصان کی ضد. ۲. آنے کی خبر آمد، آنا. (ب) صف. آنے والا، ظہور پذیر ہونے والا.

آمِر (کس م) اند.

۱. کسی کام کا حکم دینے والا، حاکم. ۲. فرماں روا جو جمہوری نظام کے برخلاف فرد واحد کی حیثیت سے مطلق العنان ہو کر حکومت کرے ڈکٹیٹر. [ع].

آمِرانَہ (کس م، فت ن) صف.

حاکمانہ، مطلق العنان حاکم کی طرح کا، جمہوری کی ضد.

آمِرَہ (کس م، فت ر) صف، مث.

قانون یا احکام کی تعمیل کرانے والی منتظمہ.

آمِرِیَّت (کس م، ر، شد ی بفت) است.

مطلق العنان فرماں روا کی حکومت، آمرانہ نظام حکومت، ڈکٹیٹر شپ، جمہوریت کی ضد. [ع].

آمْلَہ (سک م، فت ل) اند.

ایک قسم کا کسیلا اور ترش پھل جو رنگ میں انگور سے مشابہ اور جسامت میں آلوچے کے برابر ہوتا؛ اس درخت کا پھل (مربہ بنانے کے کام آتا اور دواؤں میں استعمال ہوتا ہے). [س].

آملہ کا کھایا بزرگ کا فرمایا پیچھے معلوم ہوتا ہے مقولہ. ابتدا میں تو یہ دونوں چیزیں بدمزہ معلوم ہوتی ہیں نتیجے میں نہایت مفید ثابت ہوتی ہیں.

آملیٹ (سک م، ی مج) اند.

پھینٹ کر تلا ہوا انڈا جس میں نمک مرچ کے ساتھ اکثر پیاز اور ہرا

دھنیا ہری مرچ وغیرہ بھی شامل کی جاتی ہیں . [انگ] .

آمنّا (فت م ، شد ن) عربی فقرہ ، اردو میں مستعمل .

(لفظاً) ہم ایمان لائے ، (مراداً) بجا ، درست . [ع] .

آمنا و صدقنا فقرہ . (لفظاً) ہم اسے مانتے اور اس کی تصدیق کرتے ہیں (مراداً) بجا و درست ، ایسا ہی ہے . [ع] .

آمنا سامنا (سک م ، م) اند .

۱. روبرو ہونے کی حالت ، مڈبھیڑ ۲. نامحرم کے سامنے آنا ، بے پردگی . ۳. میدان جنگ میں مقابلہ ، لڑائی . اف : کرنا ، ہونا .

آمنے سامنے (سک م ، سک م) م ف .

آمنا سامنا کی محرف شکل .

آموخت (و ج ، سک خ) اند .

سکھائی ، پڑھائی ، تعلیم و تربیت . [ف] .

آموختَہ (و ج ، سک خ ، فت ت) (الف) صف .

۱. سکھایا ، پڑھایا ہوا ، تربیت دیا ہوا . ۲. جس پر کچھ پڑھا گیا ہو . (ب) اند . پڑھا ہوا پچھلا سبق .

••• **آموز** (... و ج) لاحقہ ، ترکیب وصفی کا جزو دوم .

۱. (جزو اوّل کے ساتھ مل کر) سیکھنے یا سکھانے والا کے معنی میں مستعمل ، جیسے : حکمت آموز ، اخلاق آموز ، نو آموز ، سبق آموز . ۲. (جزو اوّل کے ساتھ مل کر) سیکھا یا سکھایا ہوا کے معنی میں ، جیسے ، دست آموز . [ف] .

آموزگار (و ج) اند .

سکھانے والا ، استاد ، معلم .

••• **آموزی** (... و ج) لاحقہ ، ترکیب کا جزو دوم .

(جزو اول سے مل کر) سیکھنا یا سکھانا کے معنی میں مستعمل ، جیسے : ادب آموزی .

آمیختگی (ی ج ، سک خ ، فت ت) است .

(لفظاً) آمیختہ ہونے کی حالت ، چیزوں کا ملا جلا ہونا ، آمیزش ، (مراداً) میل جول ، ملاقات .

آمیختَہ (ی ج ، سک خ ، فت ت) (الف) صف .

(محسوسات خواہ معقولات) ملاجلا ، گڈمڈ ، مخلوط . اف : کرنا/ ہونا . (ب) اند . مرکب . [ف] .

آمیز (ی ج) صف ؛ اند ؛ است .

۱. ملا جلا ، آمیختہ ، باہم حل کیا ہوا . ۲. ترکیب ، جوڑ .

... **آمیز** (ی ج) مرکب وصفی کا جزو دوم .

(جزو اوّل سے مل کر) ملاہوا اور مخلوط یا شامل و مشتمل کے معنی میں مستعمل ، جیسے : اقرار آمیز ، درد آمیز ، مصلحت آمیز ، رنگ آمیز .

آمیزِش (ی ج ، کس ز) است .

۱. میل ، ملاوٹ ، شمولیت ۲. اختلاط ، میل ملاپ ، میل جول ۳. گٹھ جوڑ ، سازش . اف : کرنا/ ہونا .

آمیزَہ (ی ج ، فت ز) اند .

۱. آمیز کیا ہوا ، مرکب . ۲. کیمیاوی محلول ، مکسچر . [ف] .

••• **آمیزی** (ی ج) لاحقہ ، مرکب اسمی کا جزو دوم .

(جزو اوّل سے مل کر) ملنا ، مخلوط ہونا ، شامل یا مشتمل ہونا کے معنی میں مستعمل جیسے : رنگ آمیزی .

آمین (ی مع) اسم فعل ، مث (الف) انشا (دعائیہ) .

۱. یا اللہ ایسا ہی کر ، ہماری یہ دعا قبول فرما . ۲. (فقہ) تلاوت یا قراءت میں سورۂ فاتحہ کے ختم پر پڑھنے اور سننے والے کی زبان سے ادا ہونے والا کلمہ . (ب) است . ۱. ختم قرآن شریف کی تقریب جو کسی بچے کے تعلیم قرآن ختم کرنے کی خوشی میں منائی جاتی ہے . [ع] .

آمین ثم آمین فقرہ . آمین اور مکرر آمین (مزید التجا اور تاکید کے موقع پر) .

آن (۱) است .

۱. (i) ادا ، چھب ، عشوہ ، غمزہ . (ii) دلکشی ، جاذبیت ، سج دھج . ۲. طریقہ ، انداز ، طرز ، ڈھب ، طور . ۳. طبیعت ، مزاج ، عادت ، خصلت . ۴. بناوٹ ، تصنع . ۵. بانکپن ، تمکنت ، وقار . ۶. قسم ، عہد ، وعدہ . ۷. رواج ، رسم ، ریت . ۸. روک ٹوک ، ممانعت . ۹. مرتبہ ،

شان و شوکت .۱۰. ارادہ ، مرضی ، خواہش .۱۱. خود داری .۱۲. پاس وضع ، وضعداری .۱۳. شرم ، حیا .۱۴. ضد ، ہٹ . [ف : س] .

آن بان است .۱. شان و شوکت ، سج دھج .۲. عزت آبرو ، خود داری ، پاس ناموس .۳. تمکنت ، اکڑ ، دماغ داری .۴. بانکپن ، وضعداری . ۵. ہٹ ، اڑ ، ضد .

آن پر بننا محاورہ. عزت پر حرف آنا ، وقار کو ٹھیس لگنا .

آن پر جان دینا محاورہ. ۱. عزت آبرو یا ساکھ بچانے کے لیے موت قبول کرنا .۲. طور طریقے یا وضع وغیرہ کو تہ دل سے پسند کرنا .

آن (۲) ف ل.

۱. آنا (بطور سابقہ) .۲. '' آ '' جس کی جگہ یہ فعل معطوفہ (آن کر) اور افعال مرکبہ (آن پہنچنا ، آن گرنا) میں مستعمل ہے ، جیسے حسب ذیل افعال میں .

آن بننا محاورہ. ۱. واقع ہونا ، پیش آنا ، آپڑنا .۲. آفت پڑنا ، مصیبت آنا ، ۳. مخالف ہونا ، ٹھن جانا .

آن پھنسنا ف مر؛ محاورہ. آ کے پھنس جانا ، آتے ہی گرفتار یا مبتلا ہو جانا ، پہنچتے ہی گھر جانا .

آن دھمکنا ف مر؛ محاورہ. ۱. یکا یک آ جانا (جو ناگوار ہو یا طنزیہ) . ۲. (بیرونی شخص یا طاقت کا) قبضہ جمانا .

آن (۳) ضمیر اشارۂ فارسی ، اردو میں مستعمل .

۱. وہ ، اُس ، عموماً ترکیب میں (اور غنہ) مستعمل ، جیسے : آں جناب ، آں حضرت .۲. یہ (عموماً ''کہ'' سے پہلے جس کے بعد مشارالیہ لایا جاتا ہے) جیسے : (عام خط و کتابت میں) مکرر آنکہ یا باعث تحریر آنکہ .۳. (تحریر و تقریر میں) آپ ، تم ، جناب ، جیسے : آں جناب ابھی یہ فرما چکے ہیں . [ف] .

آن حضرت / حضور (کلمۂ تعظیم) اند. آں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم .

آن (۴) (الف) است .

وقت ، ساعت ، گھڑی ، دقیقہ . (ب) م ف . تھوڑی دیر ، دم بھر ، لحظہ بھر (بیشتر ''ایک'' یا ''میں'' وغیرہ کے ساتھ) . [ع] .

آن کی آن میں م ف . دم بھر ، دم بھر میں ، ذرا سی دیر میں ، چشم زدن میں ، فوراً .

آن (۵) صف .

(کل یا اس کا پرزہ) چالو ، روبہ عمل ، کھلا ہوا ، بند کی ضد . اف : کرنا / ہونا . [انگ] .

آنا (۱) (الف) ف ل (جس کا تعدیہ نہیں ہوتا) . اصلاً :

۱. ایک جگہ سے حرکت کر کے دوسری جگہ موجود یا منتقل ہونا ، جانا کی ضد .۲. پہنچنا ، موصول ہونا ، رسائی ہونا .۳. (i) نازل ہونا ، (آسمان وغیرہ سے) نیچے اترنا . (ii) اوپر سے نیچے کی طرف گرنا .۴. (کسی جسم میں) ٹھیک بیٹھنا ، فٹ ہونا .۵. عدم سے وجود میں لایا جانا ، پیدا ہونا ، تولد ہونا .۶. (مجازاً) : وہ معانی جو اسالیب بیان میں روابط صفت متعلق فعل یا فعل معاون کے آنے سے یا محض سیاق و سباق سے پیدا ہوتے ہیں ، مثلاً : دکھائی دینا ، نظر آنا (عموماً خواب کے ساتھ) .۷. برآمد ہونا ، نکلنا (عموماً صفت کے ساتھ یا سیاق و سباق سے .۸. واپس آنا (سیاق و سباق سے) .۹. وارد ہونا .۱۰. نمودار ہونا ، طلوع ہونا ، جیسے : تارے رخصت ہوئے سورج آیا .۱۱. پھلنا ، پھولنا ، لگنا (عموماً ثمر وغیرہ کے ساتھ) .۱۲. کسی طرف جھکاؤ ہونا ، راغب یا مائل ہونا .۱۳. (پاس سے) گزرنا ، (قریب سے) نکلنا (عموماً کسی طرف سے ہو کے) .۱۴. ٹھن جانا ، ارادہ ہونا ، خیال گزرنا (دل وغیرہ کے ساتھ) .۱۵. ڈالا جانا ، پڑنا (عموماً روح یا جان وغیرہ کے ساتھ) . ۱۶. چڑھنا ، چڑھ کر بیٹھنا (عموماً بلندی یا سواری وغیرہ کے ساتھ) . ۱۷. محسوس ہونا ، ادراک میں آنا . ۱۸. کان تک پہنچنا ، سنائی دینا . ۱۹. اٹکل سے اندازہ ہونا ، آنکنا ، چھپنا .۲۰. برسنا ، ٹپکنا .۲۱. گرفتار ہونا ، پھنسنا ، مبتلا ہونا .۲۲. (جسم پر) لگنا ، پڑنا (چوٹ وغیرہ کے ساتھ) . ۲۳. ٹکنا ، اڑنا ، جمنا ، ہٹ کرنا (کسی بات وغیرہ پر) .۲۴. منقوش ہونا ، چھپنا ، (عکس) اترنا ، جیسے : چھپائی میں پلیٹ پر پورے حرف نہیں آئے .۲۵. چڑھنا ، پھیلنا (دریا ، پانی وغیرہ کے ساتھ) .۲۶. حاصل ہونا ، ملنا ، جیسے : تم آئے مراد آئی .۲۷. قرض ہونا ، ذمے ہونا (سیاق و سباق

سے بیشتر حالیہ ناتمام یا مضارع کی شکل میں) . ۲۸. محسوب ہونا ، شمار ہونا ، جیسے : جو کافروں کے سے کام کرتا ہے وہ انہی میں آجاتا ہے . ۲۹. چھا جانا ، محیط ہونا ، گھیرنا . ۳۰. ہونا (صفت کے ساتھ بطور فعل ناقص) . ۳۱. پڑنا (فعل معاون یا اسم وغیرہ کے ساتھ ، بطور فعل ناقص) ، جیسے : ناچاری اور مجبوری میں کچھ بن نہیں آتا . ۳۲. ابتدا ہونا ، شروع ہونا. ۳۳. (کسی کیفیت کا) جوش زن ہونا ، ابھرنا. ۳۴. کوئی کام کرنے کا حکم یا اجازت نکلنا (استعارے کے ساتھ مستعمل) . ۳۵. فریفتہ ہونا ، جیسے دل آنا . ۳۶. بکنا ، فروخت ہونا ، (سیاق و سباق سے) . ۳۷. برپا ہونا ، قائم ہونا. ۳۸. دب جانا ، پس جانا . ۳۹. شامل ہونا ، شریک ہونا (سیاق و سباق سے) . ۴۰. سر پر سوار ہونا ، مسلط ہونا (جن وغیرہ کے لیے) . ۴۱. نمایاں ہونا ، اتر کر پھیلنا (دھوپ وغیرہ کے ساتھ) جیسے : سردی بہت ہے صحن میں جہاں دھوپ آگئی ہو وہاں پلنگ بچھا دو . ۴۲. پکنا ، گلنا (چاول وغیرہ کے لیے) ، جیسے : پلاؤ کو ہلکی آنچ پر پکنے دو ابھی اچھی طرح اُبال نہیں آیا. ۴۳. (i) فعل امر میں: ترک کرو ، جانے دو . (ii) مقابلہ کرلو . (iii) تیار ہو جاؤ ، چلو. ۴۴. بڑھنا ، نکلنا (خصوصاً پستانوں کے لیے) . ۴۵. پھولنا (سانس وغیرہ کے لیے) ، جیسے : لڑتے لڑتے پہلوان کا دم آ گیا . ۴۶. انزال ہونا (بازاری زبان میں مستعمل) . ۴۷. نکلنا ، ظاہر ہونا ، ثابت ہونا . ۴۸. حملہ آور ہونا (عموماً پر کے ساتھ) . ۴۹. سمانا ، بھرنا جیسے ، برتن میں جتنی سمائی ہوگی اتنا ہی آئے گا . ۵۰. کسی کام کا سلیقہ ہونا ، آداب وغیرہ سے واقفیت ہونا . ۵۱. علم یا ہنر حاصل ہونا (سیاق و سباق سے) . ۵۲. استعمال ہونا ، مستعمل ہونا. ۵۳. (اسلامیات) منقول ہونا ، مروی ہونا ، (قرآن یا حدیث وغیرہ میں) مرقوم ہونا ، بیان کیا جانا ، مذکور ہونا . ۵۴. جمع ہونا ، اکٹھا ہونا . ۵۵. منظر عام پر لایا جانا ، شائع ہونا . ۵۶. زیب دینا . ۵۷. معلوم ہونا . ۵۸. عارض ہونا ، لاحق ہونا . ۵۹. نزدیک ہونا ، قریب ہونا (عموماً ''کو'' کے ساتھ) . ۶۰. سوت بنا کر لایا جانا (عموماً ''پر'' وغیرہ کے ساتھ) . ۶۱. ایک بیان سے دوسرے کی طرف رجوع ہونا (عموماً : ''پر'' وغیرہ کے ساتھ) . ۶۲. مقدور میں ہونا (سکنا) ، طاقت و قدرت یا امکان میں ہونا ، جاننا یا علم میں ہونا . ۶۳. (مذکورہ مطالب کے علاوہ) ہر جگہ آنا کے معنی دوسری جگہ سے مختلف ہیں مگر سیاق و سباق سے سمجھ میں آتے ہیں) . (ب) اند . آمد ، ورود .

آنا جانا (الف) اند . آمد و رفت ، راہ و رسم ، تعلقات . (ب) صف ، مذ . ناپائدار ، بے ثبات ، فانی . (ج) ف ل . (i) حالیہ ناتمام کی صورت میں : آنا اور جانا ؛ راہ و رسم رکھنا . (ii) معاون فعل کے طور پر اگر مجھ سے آیا جاتا تو ضرور آتا (یعنی آ سکتا) .

آنا (۲) اند ؛ ~ آنہ .
۱. روپے کا سولھواں حصہ ؛ وہ سکہ جو قیمت میں روپے کے سولھویں حصے کے برابر ہوتا تھا (برصغیر میں موجود اعشاری نظام کے رواج سے پہلے تقریباً ۱۹۵۸ء تک اس کا رواج رہا) . ۲. جائداد وغیرہ کا سولھواں حصہ . ۳. زمین کا ایک ناپ جو ایک ایکٹر کے چھ سو چالیسویں حصے کے برابر ہوتا ہے (تقریباً) ساڑھے سات مربع گز) . ۴. روپے کو ایک اکائی فرض کر کے لیاقت خاصیت کیفیت حیثیت صحت اور آمدنی کی مقدار مقابلۃً ظاہر کرنے کے لیے ، جیسے : مرض روپے میں آٹھ آنے رہ گیا ہے (یعنی نصف) ، آمدنی بارہ آنے رہ گئی ہے (یعنی چار حصوں میں سے تین حصے) .

آناً فاناً / فآناً (تن ن بفت ، تن ب بفت / فت ف ، تن ن بفت) م ف .
۱. آن کی آن میں ، دم بھر میں . ۲. ہر آن ، ہر لحہ ، دم بدم (اس معنی میں فآنا (ممدود) مستعمل ہے) . [ع] .

آنا کانی امث . ٹال مٹول ، حجت و تکرار ، چشم پوشی . اف : کرنا . [س] .

آنا کانی کرنا محاورہ . ٹال مٹول کرنا ، سنی ان سنی کرنا .

آنت (مغ) امث .
پیٹ کے اندر لمبا نلکی کی قسم کا ایک نرم عضو جس میں غذا کا فضلہ جمع ہوتا ہے ، پیٹ کے اندر غذا کی نالیاں ، انتڑی ؛ (مجازاً) لمبی چیز . [س] .

آنتوں (مغ ، وج) امث .
آنت کی جمع مغیرہ حالت میں ، حسب ذیل ترکیبات میں مستعمل .

آنتوں میں بل پڑنا محاورہ. زیادہ ہنسی کے مارے پیٹ میں شکنیں پڑنا، آنتوں کا دکھنے لگنا.

آنتیں (مغ، ی مج) است.
آنت کی جمع فاعلی حالت میں، ذیل کی ترکیبات میں مستعمل.

آنتیں قل ھو اللہ پڑھتی ہیں / پڑھ رہی ہیں / پڑھنے لگیں فقرہ. بہت بھوک لگی، بھوک کی شدت میں اللہ یاد آنے لگا.

آنٹ (مغ) است.
۱. گرہ، گانٹھ، گتھی. ۲. کدورت، دشمنی، حسد. ۳. سونے چاندی کا کھرا پن پرکھنے کے لیے تپانے سے پہلے ریتی کی رگڑ یا گھسا. [س].

آنٹ پڑنا محاورہ. دلوں میں فرق آنا، لاگ ڈانٹ ہونا، دشمنی ہونا.

آنٹ سانٹ است. سچ اور جھوٹ کی ملاوٹ، توڑ جوڑ، سازش، ملی بھگت.

آنٹی (مغ) است.
۱. گچھا لچھا. ۲. گرہ، دھوتی کا بل گرہ یا لپیٹ، نیفے کی لپیٹ. ۳. پھندا جس میں کوئی چیز اٹکا یا الجھا کر اٹھائی جائے. ۴. (مجازاً) جیب، پاکٹ. ۶. لکڑیوں کا گٹھا، گھاس کا بوجھا، بنڈل، مٹھا.

آنٹی دینا / لگانا / مارنا ف مر. کشتی میں ٹانگ اڑانا، لنگڑی مارنا، مقابل کی گردن میں ہاتھ ڈال کر کولے پر اٹھا لینا.

آنچ (مغ) (الف) است.
۱. لپٹ، شعلہ. ۲. تپش، گرمی، حدت، حرارت. ۳. آگ، آتش. اف: کرنا، ہونا. (ب) صفت. مجازاً. ۱. سخت ضرر رساں چیز پاس سے گزر جانے کی صورت حال (جس سے آدمی اس طرح دور ہٹے جیسے آگ کی حدت سے)، قرب، پرتو، سایہ، عکس، جھلک (بیشتر تلوار کے ساتھ مستعمل). ۲. مصیبت، آفت، بلا. ۳. فطری تقاضے یا خواہش کی شدت. ۴. مادری یا پدری محبت کا جوش، ماتا (بیشتر اولاد یا کوکھ وغیرہ کے ساتھ). ۵. تاؤ، جوش. ۶. نقصان، ضرر، صدمہ. ۷. سوز عشق، سوزش فراق. [س].

آنچ آنا/ پہنچنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آگ کی تپش یا حدت جسم کو لگنا، جلنا. ۲. ضرر پہنچنا، نقصان ہونا. ۳. (جسمانی یا روحانی) صدمہ پہنچنا، چوٹ پھینٹ لگنا. ۴. الزام آنا، حرف آنا، دھبا لگنا.

آنچ دینا محاورہ. آگ پر گرم کرنا، تاؤ دینا.

آنچ کی کسر محاورہ. ذرا نقص باقی رہ گیا، کچھ کمی ہونا.

آنچ نہ آنے دینا محاورہ. الزام سے بچانا، (جسمانی یا روحانی) صدمے سے محفوظ رکھنا.

آنْچل (مغ، فت چ) اند.
۱. دوپٹے، چادر، وغیرہ کا کنارہ، پلو. ۲. گوشۂ دامن، بالائی حصۂ جسم کے کسی اور ملبوس کا کنارہ. ۳. (عو) چھاتی، پستان. [س].

آنچل میں گرہ دینا محاورہ. کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے پلو میں گانٹھ لگانا، یاد رکھنا، نہ بھولنا.

آنْدھی (مغ) (الف) است.
۱. گرد و غبار کے ساتھ بہت تیز ہوا طوفان باد. ۲. اندھیرا، تاریکی. اف: اٹھنا. (ب) صف. بہت چست و چالاک، تند و تیز (انسان یا کوئی اور جاندار چیز). [س].

آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا فقرہ. آتے ہی جلدی سے چلا گیا.

آندھی کے آم/ بیر اند. ۱. سستی چیز، مفت کی چیز. ۲. ایسی چیز جو آسانی سے تو مل سکے مگر چند روزہ ہو، عارضی یا وقتی شے.

آنْڈ (مغ) اند.
۱. فوطہ، خصیہ، خایہ. [س].

آنْڈُو (مغ، مع) صف؛ اند.
۱. فوطوں والا، خصی/اختہ کی ضد. ۲. (مجازاً) وہ شخص یا جانور جس کے بڑے بڑے خصیے ہوں؛ پُرشہوت، شہوتی، سانڈ، بجار.

آنڈو بیل (الف) اند. آنڈو، وہ بیل جو خصی نہ ہو، سانڈ؛ بڑے فوطے والا آدمی جو فوطوں کے بوجھ کی وجہ سے چل پھر نہ سکے. (ب) صف. سست، مٹھا، کاہل، احدی.

آنَر (فت ن) است.
۱. عزت، نیک نامی. ۲. خطاب، امتیاز، اعزازی تمغہ. [انگ].

آنَرِیبل/آنَرایبل (سک ن، ی مج، کس ب) صف.
لائق احترام، معزز، عزت مآب، عموماً ہائی کورٹ کے ججوں اور کابینہ

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کے ارکان وغیرہ سے تخاطب کا کلمہ . [انگ] .

آنربری/اونربری (سک ن ، ی ج) صف .
اعزازی ، بلاتنخواہ کا (عہدہ ، کام ، عہدہ دار وغیرہ) . [انگ] .

آنسُو (مغ ، مع) اند .
پانی کا وہ قطرہ جو غم ، تکلیف یا خوشی کی شدت میں یا شدید کھانسی اور قہقہے کے وقت آنکھوں سے نکلے ، اشک ، اَنسوے . [س] .

آنسو امڈنا / امنڈنا محاورہ. کثرت سے آنسو بہنا .

آنسو پوچھنا / پونچھنا محاورہ. تسکین اور تسلی دینا ، نقصان کا تدارک کرنا (اکثر ' کچھ تو ' کے ساتھ مستعمل) .

آنسو پینا محاورہ. (غم ، تکلیف یا صدمے کی حالت میں) آنسو آنکھ سے باہر نہ نکلنے دینا ، ضبط کرنا ، صبر و تحمل سے کام لینا .

آنسُوؤں (مغ ، ضم س ، وج) اند ؛ ج .
آنسو جس کی یہ جمع مغیرہ اور ترکیبات ذیل میں مستعمل ہے .

آنسوؤں (سے) پیاس نہیں بجھتی کہاوت. رونے دھونے سے کام نہیں چلتا ، اظہارِ غم سے دل کی بھڑاس نہیں نکلتی .

آنسوؤں سے منہ دھونا محاورہ. زار و قطار رونا ، اتنا رونا کہ آنسوؤں سے منہ تر ہوجائے .

آنسوؤں کا دریا اند. (مجازاً) آنسوؤں کی کثرت (شدت اور کثرت سے آنسو بہائے جانے کی تشبیہ میں مستعمل) . اف : امنڈنا/ بہانا/ بہنا .

آنسوؤں کی جھڑی / لڑی امث. لگاتار زاروقطار رونا ، آنسوؤں کا تسلسل سے بہنا .

آنِسَہ (کس ج ن ، فت س) امث .
بے بیاہی خاتون ، عموماً کنواری عورت کے نام سے پہلے ، انگریزی مس (Miss) کی جگہ مستعمل ہے ، جیسے آنسہ آمنہ خاتون . [ع] .

آنکڑا/آنکڑہ (مغ ، سک ک / فت ک) . (الف) اند .
۱. لوہے کی سلاخ جس کا ایک سرا مڑا ہوا ہو (جو بعض چیزوں کے لٹکانے ، اٹکانے کھینچ کر نکالنے یا کریدنے وغیرہ کے کام آتا ہے) ، آہنی حلقہ جس کا منہ ایک جانب سے کھلا ہوا ہو . ۲. وہ نشان جو بنانے یا بیچنے والا اپنی خاص علامت یا مارک کے طور پر اپنے مال پر ڈالے ، ٹریڈ مارک . [س] .

آنکَس/آنکُس (مغ ، فت ک) اند .
۱. لوہے کا آنکڑا جس سے عموماً فیلبان ہاتھی کو چلاتا اور قابو میں رکھتا ہے ، پنچی . ۲. (مجازاً) سرکوبی کرنے والا نگراں ؛ سرکوبی ؛ آلۂ سرکوبی .

آنکنا (مغ ، سک ک) ف م .
۱. قیمت کا تخمینہ کرنا ، اندازہ کرنا . ۲. دعا یا منتر پڑھ کر گلٹی پر پھونکنا (تاکہ ورم تحلیل ہوجائے) ، جھاڑا دینا . ۳. بیچنے کے لیے کپڑے وغیرہ پر اس کی قیمت ڈالنا ، کسی مال پر کوئی نشان یا علامت ڈالنا .

آنک/آنکھ (مغ) (الف) امث اصلاً .
وہ عضو جس سے دیکھتے ہیں ، آلہ بصارت . (ب) مجازاً . ۱. (i) دیکھنے کی قوت ، بصارت ، نگاہ ، نظر ، بینائی چشم . (ii) دیکھنے کی صلاحیت . ۲. دیکھنے کا انداز (جس سے دل کا حال معلوم ہوجائے) . ۳. مشاہدہ ، دیکھنے کا عمل . ۴. توجہ ، رجحان ، نظر التفات ، نگاہ رغبت . ۵. مروت ، لحاظ ، پاس . ۶. تمیز ، شناخت ، امتیاز ، انکل ، پرکھ . ۷. بصیرت ، چشم معرفت ، بالغ نظری ، عقل ، سمجھ . ۸. اشارہ ، ایما . ۹. (i) مہارت ، مشق ، دخل . (ii) ذوق نظر . ۱۰. امید ، توقع ، آسرا . ۱۱. (i) گنے ، بانس یا کسی اور پودے کی وہ جگہ جہاں سے شاخ پھوٹتی ہے ، (بیشتر) گرہ . (ii) شریفے کی پوست کا حلقے دار ابھار ؛ اناس وغیرہ کے حلقے . (iii) کریلے کے اندر کا وہ پوست جس میں بیج لپٹا ہوتا ہے . ۱۲. (i) خوردبین وغیرہ کا شیشہ ، عدسہ ، لینس . (ii) سگنل . ۱۹. مدار کا پودا ، آک کا درخت . [س] .

آنکھ اُٹھاکر دیکھنا محاورہ : ~ آنکھیں اٹھا کر دیکھنا (قلیل الاستعمال) . ۱. اوپر دیکھنا . ۲. سامنے دیکھنا . ۳. التفات کرنا ، رغبت اور توجہ سے دیکھنا . ۴. حسرت سے دیکھنا ، غمخواری کی توقع میں دیکھنا . ۵. دشمنی کی نگاہ سے دیکھنا . ۶. نگاہ بصیرت سے دیکھنا ، غور کرنا . ۷. بیباکی سے دیکھنا (عموماً نفی میں مستعمل) . آنکھ اٹھا کر (بھی) نہ دیکھنا . ۸. (محض) دیکھنا ؛ سرسری طور پر دیکھنا .

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل کہاوت. وہ چیز آنکھ کے سامنے نہ ہو اگر وہ قریب ہو تب بھی دُور ہے .

آنکھ بچاکر / کے م ف. ۱. اس طرح کہ کوئی دیکھ نہ لے، چوری چھپے. ۲. بے مروتی کے ساتھ.

آنکھ بند کرکے م ف. ۱. بے سوچے سمجھے، ردوقدح یا بحث وتمحیص کے بغیر. ۲. بے دھواس، بے دھڑک، بلاتامل. ۳. بہت جلد. ۴. بے پرواہی اور بے توجہی سے.

آنکھ بند کرنا محاورہ. ۱. (نفرت، غیرت، بے مروتی، خوف و رعب، کمال تابش یا فرط قلق وغیرہ سے) آنکھیں میچ لینا. ۲. کسی کام کی طرف سے غفلت برتنا، بے توجہی کرنا، نظر انداز کرنا. ۳. مرجانا. ۴. پلک جھپکانا، سونا. ۵. غور وفکر کرنا، تصور باندھنا.

آنکھ پتھرانا محاورہ. آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا اور بے حس وحرکت ہوجانا، بے نور ہوجانا، کچھ نظر نہ آنا.

آنکھ پھڑکنا ف مر. خود بخود پلک یا پپوٹے میں حرکت ہونا جس سے اہل مشرق (برصغیر، عرب و ایران وغیرہ) کے لوگ کسی اچھی یا بری بات کا شگون لیتے ہیں.

آنکھ پھیرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. آنکھ کا رخ ایک طرف سے دوسری طرف کرلینا، نگاہ ہٹا لینا، ایک طرف سے دوسری طرف دیکھنے لگنا. ۲. بے مروتی کرنا. ۳. توجہ ہٹا لینا، کنارہ کرنا، گریز کرنا. ۴. مرنا، دنیا سے گزرنا.

آنکھ تر ہونا ف مر. آنسو آنا، رقت ہونا.

آنکھ توتے کی طرح بدلنا/پھرانا/پھیرنا محاورہ. یکا یک بے مروتی اختیار کرنا، بے مروتی کرتے دیر نہ لگنا.

آنکھ ٹیڑھی دکھنا / کرنا محاورہ. ۱. بھینگے کی طرح دیکھنا ۲. برہمی سے دیکھنا، ترش رو ہونا. بے رخی برتنا، خفا ہونا، بے مروتی اختیار کرنا.

آنکھ ٹھنڈک کلیجے سکھ کہاوت. بخوشی منظور ہے (رضا مندی کے اظہار کے لیے مستعمل).

آنکھ ٹھنڈی کرنا محاورہ. دل خوش کرنے والی چیزیں دیکھنا، پیارے کو دیکھنا؛ تسلی دینا.

آنکھ ٹھہرنا محاورہ؛ ~ آنکھ ٹھیرنا. نگاہ جمنا، نظر کا ایک نقطے یا مرکز پر قائم رہنا.

آنکھ جاتی رہنا محاورہ. بصارت زائل ہونا، کسی صدمے یا بیماری سے بینائی ختم ہو جانا.

آنکھ جلنا ف مر؛ محاورہ. آنکھوں کے پپوٹوں کو حرارت محسوس ہونا، چکاچوند ہونا؛ نظر کا مغلوب ہونا، دب جانا، نگاہ نیچی ہو جانا، جھکنا.

آنکھ جھپکانا محاورہ. ۱. (i) آنکھ بند کرنا، آنکھ میچنا (شرم، حیرت یا رعب وخوف وغیرہ سے). (ii) نگاہ کو خیرہ کر دینا؛ آنکھوں کو چکاچوند کر دینا. ۲. تھوڑی سی دیر کو سلا دینا یا سونا (عموماً لیٹ کر).

آنکھ جھپکنا محاورہ. آنکھ جھپکانا کا لازم.

آنکھ جھکانا محاورہ. ۱. نیچے کی طرف دیکھنا یا دیکھنے لگنا، نظر نیچی رکھنا. ۲. شرمانا، شرم سے آنکھیں نیچی کرنا. ۳. (دوسرے کو) شرمسار یا خجل کردینا، شکست دینا. ۴. کسی دیدہ ریزی کے کام میں مصروف رہنا، کسی چیز کو نظر جما کے انہماک سے دیکھنا.

آنکھ چار کرنا محاورہ. نظر سے نظر ملانا، آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا، بے روک ٹوک سامنے آنا، ڈھٹائی سے دیکھنا.

آنکھ چار ہونا محاورہ. آنکھ چار کرنا کا لازم.

آنکھ چرا کر / کے م ف. آنکھ بچا کے، کنکھیوں سے.

آنکھ چرانا محاورہ. ۱. آنکھیں چار نہ کرنا، (غیرت، غرور، خوف یا نفرت وغیرہ سے) بے التفاتی برتنا، بے مروتی کرنا. ۲. جھینپنا، جھجکنا، کنیانا، (شرمیلے پن یا ناز و ادا کی بنا پر یا اخفائے راز وغیرہ کے لیے کسی کی طرف) کھل کر نہ دیکھنا. ۳. انکار کرنا، سوال کو رد کر دینا، پس وپیش کرنا، ٹال دینا.

آنکھ چوکنا محاورہ. نگاہ کا خطا کر جانا، دیکھنے کی چیز کو سہواً یا غلطی سے نہ دیکھنا.

آنکھ خیرہ ہونا ف مر؛ ~ آنکھیں خیرہ ہونا. غیر معمولی روشنی کی تاب نہ لا کر آنکھوں کا چندھیانا یا بند ہو جانا.

آنکھ دبا کر دیکھنا محاورہ. کچھ کھلی کچھ بند آنکھ سے دیکھنا، ایک آنکھ بند کر کے دیکھنا، بھینگے پن کے انداز سے دیکھنا.

آنکھ دکھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. معالج سے آنکھ کا معائنہ کرانا. ۲. غصہ کرنا، ڈرانے دھمکانے کے لیے گھورنا، کڑی نگاہ ڈالنا. ۳. رکھائی یا بے مروتی

برتنا. ۴. منع کرنا. ۵. آنکھوں آنکھوں میں اشارہ کرنا، آنکھ کے اشارے سے بات سمجھانا.

آنکھ دکھنا/دکھنے آنا ف مر. آشوب چشم ہونا، آنکھ میں درد، کھٹک اور سرخی ہونا.

آنکھ دو چار کرنا/ہونا محاورہ. آنکھ سے آنکھ ملانا، آنکھوں سے آنکھیں مقابل کرنا.

آنکھ رکھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. چشم بصیرت سے دیکھنا، غور کرنا. ۲. امید رکھنا. ۳. بری نظر رکھنا.

آنکھ سے (ایک) آنسو نہ نکلا فقرہ. بہت بے درد ہے، بہت سنگدل ہے، بہت ضبط اور تحمل والا.

آنکھ سے آنکھ لڑنا محاورہ. ۱. نگاہیں چار ہونا، ایک کا دوسرے کو آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا. ۲. دیکھتے ہی عاشق ہونا.

آنکھ سے آنکھ ملانا محاورہ. ۱. آنکھیں چار ہونا. ۲. ہم چشمی کا دعویٰ کرنا.

آنکھ سے سرمہ چرانا محاورہ. آنکھ سے کاجل چرانا جو کثیر الاستعمال ہے. بے حد عیاری سے کام لینا.

آنکھ سے گرانا محاورہ. بے وقعت کرنا، حقیر و ذلیل کر دینا، ناچیز یا بے قدر سمجھنا.

آنکھ سینکنا محاورہ. حسینوں کو گھورنا، نظر بازی کرنا.

آنکھ کا اندھا محاورہ. ناعاقبت اندیش، بے وقوف.

آنکھ کا/کے اندھا/اندھے گانٹھ کا/کے پورا/پورے صف. مالدار بے وقوف؛ بے وقوف گاہک جسے مال خریدنے کی تمیز نہ ہو.

آنکھ کا تارا محاورہ. ۱. چمکتا ہوا نقطہ جو پتلی کے وسط میں ہوتا ہے، آنکھ کی پتلی. ۲. بہت پیارا، بہت عزیز؛ اولاد؛ محبوب.

آنکھ کا گلہ بھوں سے/کے آگے/کے روبرو فقرہ. کسی کے عیب یا برائی کا ذکر یا اس کی شکایت اس کے عزیز یا دوست کے سامنے کرنے کا عمل.

آنکھ کان سے درست فقرہ. بے عیب جانور، جس کے تمام اعضا مرض یا نقص سے پاک ہوں.

آنکھ کا نور اند. (لفظاً) بینائی چشم، (مراداً) بیٹا، نور چشم؛ محبوب.

آنکھ کی پتلی اند. ۱. مردمک چشم، آنکھ کے ڈھیلے کا سیاہ تل. ۲. نہایت عزیز، لاڈلا، محبوب (جس کو آنکھوں میں جگہ دی جائے)؛ اولاد و ذریات.

آنکھ کی پتلی پھرنا محاورہ. موت کے آثار ظاہر ہونا، نزع کے وقت پتلی چڑھ جانا.

آنکھ کی ٹھنڈک مث. ۱. دلی پسندیدگی اور خوشی، دل کا سکون، آنکھوں کا نور بڑھنے کی سی کیفیت. ۲. پیارا عزیز، محبوب، لاڈلا؛ اولاد و ذریات.

آنکھ کے اشارے پر م ف. ادنیٰ عندیہ پا کر، تیور سے منشا پہچان کر (بیشتر چلنا کے ساتھ مستعمل).

آنکھ کھلنا محاورہ. ۱. (i) جاگنا، بیدار ہونا. (ii) غشی دور ہونا، (بیہوشی کے بعد) ہوش میں آنا. ۲. بصیرت ملنا، عقل آنا، حالات پر غور کرنے سے سبق ملنا، چونکنا. ۳. پیدا ہونا، دنیا میں آنا؛ سن تمیز کو پہنچنا، ہوش سنبھالنا.

آنکھ لڑانا محاورہ. ۱. آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا، آنکھ ملانا، چار آنکھیں چار کرنا. ۲. گھورنا، نظر جما کے یا ٹکٹکی باندھ کے دیکھنا. ۳. (i) نگاہ محبت سے دیکھنا، عاشق ہونا، فریفتہ ہونا. (ii) اشارے بازی کرنا، تاک جھانک کرنا، لگاوٹ کرنا. ۴. ہم چشمی کرنا، مقابلے میں آنا، حریفانہ انداز سے دیکھنا.

آنکھ لگانا محاورہ. ۱. آشنائی کرنا، محبت کرنا. ۲. سونا نیند آنا. ۳. کسی چیز سے آنکھ یا آنکھیں مس کرنا، چھوانا. ۴. انتظار کرنا، منتظر ہونا؛ آس رکھنا؛ تاک میں رہنا (پر یا سے کے ساتھ).

آنکھ لگنا محاورہ. ۱. آنکھ لگانا کا لازم، سونا، نیند آنا. ۲. محبت کرنا. ۳. انتظار کرنا.

آنکھ مارنا محاورہ. ۱. پلک جھپکانا. ۲. گوشۂ چشم یا پوری آنکھ سے اشارہ کرنا (منع کرنے، اشتعال دینے، متوجہ کرنے، حقیر ٹھہرانے، سازش کرنے، مذاق اڑانے یا کوئی اور مقصد حاصل کرنے کی غرض سے).

آنکھ مچول / مچولی مث:~ آنکھ؛ مچولا/آنکھ مچولی، آنکھ مچوا/آنکھ مچوئی. بچوں کا ایک کھیل (جس میں ایک بچے کی آنکھیں بند کر کے یا بند کروا کے سب بچے چھپ جاتے ہیں، پھر وہ ساتھیوں کو ڈھونڈھتا پھرتا ہے اور جسے پا کر چھو لیتا ہے وہ اس کی جگہ چور بن جاتا ہے).

آنکھ مچی اور مال دوستوں کا کہاوت. اِدھر ذرا چوک ہوئی اور لوگوں نے نقصان پہنچایا، چور اچکے اٹھائی گیرے موقع کے منتظر رہتے ہیں.

آنکھ ملا کر/کے م ف. ۱. بے حجابی کے ساتھ، صاف دلی سے، بغیر کسی جھجک یا جھینپ کے (کسی کمزوری یا شرم کے باعث) ۲. پورے اعتماد کے ساتھ.

آنکھ ملانا محاورہ. ۱. نگاہ سامنے کرنا، متوجہ ہونا، ملتفت ہونا، آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے دیکھنا. ۲. ہم چشمی کرنا، مقابلہ کرنا، ہمسری کرنا. ۳. اشارے کرنا، رمز و کنایہ کرنا.

آنکھ موند کر/کے م ف. بے پروائی سے، بے سوچے سمجھے، آنکھیں بند کر کے.

آنکھ موندنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (لفظاً) آنکھ بند کر لینا؛ (مجازاً) قطع نظر کرنا، نظر انداز کرنا، بے التفاتی کرنا. ۲. تصور باندھنا. ۳. مر جانا.

آنکھ میلی کرنا محاورہ. تیوری پر بل ڈالنا، گوارا نہ کرنا، بے رخی برتنا (اثبات اور نفی دونوں میں مستعمل).

آنکھ میں آنا محاورہ. ۱. نظر میں جچنا، نگاہ میں سمانا. ۲. تصور اور خیال میں تصویر پھرنا.

آنکھ میں آنسو آنا محاورہ. دل بھر آنا، آبدیدہ ہونے کے قریب ہونا.

آنکھ میں آنکھ ڈالنا محاورہ. نظر سے نظر ملا کر دیکھنا، ڈھٹائی سے دیکھنا، برابر دیکھتے جانا، شرم و لحاظ نہ کرنا.

آنکھ میں پانی نہیں فقرہ. بالکل بے حیا ہے، ذرا شرم نہیں.

آنکھ میں پھرنا محاورہ؛ ~ آنکھوں میں پھرنا. ہر وقت کسی کا خیال نظر میں رہنا، تصور میں کسی کی تصویر رہنا.

آنکھ میں ٹھہرنا محاورہ. قابل وقعت ہونا، نظروں میں جمنا، نظروں پر چڑھنا.

آنکھ میں جگہ دینا محاورہ. نظروں میں وقار بڑھانا، آنکھوں پر بٹھانا، قدر و منزلت یا محبت کرنا.

آنکھ میں خون اترنا محاورہ. آنکھوں میں خون اترنا جو کثیر الاستعمال ہے، غصے میں آنکھیں سرخ ہونا؛ خون کے انتقام کا جذبہ ابھرنا.

آنکھ میں ڈر نہ ہونا محاورہ. ڈھیٹ ہونا، نڈر، بیباک یا بے شرم ہونا.

آنکھ میں سور کا بال ہونا محاورہ. حد درجہ بے مروت ہونا، نہایت بے غیرت ہونا.

آنکھ میں سے تنکا (شہتیر) دور کرنا کنایۃً. معمولی (~ بڑی) خرابی کی اصلاح کرنا.

آنکھ میں کانٹے کی طرح کھٹکنا محاورہ. ناگوار ہونا، بہت برا معلوم ہونا.

آنکھ نکالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. غصہ کرنا ۲. ڈھیلا حلقۂ چشم سے باہر کھینچ لینا (جو پرانے زمانے میں ایک سزا بھی تھی) ۳. گھورنا، گھور گھور کے ڈرانا.

آنکھ نہ اٹھانا/آنکھ نہ اٹھنا محاورہ. ۱. توجہ سے نہ دیکھنا، نظر اوپر اٹھا کر نہ دیکھنا. ۲. شرمانا، جھینپنا.

آنکھ نہ جھپکنا محاورہ. ۱. آنکھ جھپکنا کی نفی. ۲. ٹکٹکی بندھی رہنا، مسلسل دیکھے جانا، نظر جمی رہنا. ۳. شرمندۂ احسان نہ ہونا. ۴. نظر نیچی ہو جانا، شکست کھا جانا، ہار مان لینا، مقابل کی برتری تسلیم کر لینا.

آنکھ نہ ملانا محاورہ. شرم وغیرہ کی وجہ سے آنکھ سامنے نہ کرنا (نفی یا استفہام انکاری کے موقع پر).

آنکھ نہ ناک بنو چاند سی کہاوت. (طنزیہ) اس بدصورت کے لیے مستعمل جو خود کو خوبصورت جانے، مترادف: چیز یا بات اچھی ہے مگر جو خاص خوبی ہونا چاہیے وہ نہیں ہے.

آنکھ نیچی کرنا محاورہ. (لفظاً) نیچے کی طرف دیکھنا؛ (مجازاً) شرم سے سر جھکانا، شرمانا، لجانا، جھینپنا.

آنکھوں (مغ، وج) امث.

آنکھ کی جمع مغیرہ حالت میں، واحد (آنکھ) کے ساتھ درج کیے ہوئے مستعملات کے علاوہ حسب ذیل محاورات وغیرہ میں مستعمل).

آنکھوں آنکھوں میں م ف. ۱. دیکھتے ہی دیکھتے، نظروں ہی نظروں میں. ۲. اشاروں میں. ۳. نظر بندی سے، دیکھنے والوں کی آنکھوں میں دھول جھونک کر، اس طرح کہ کام ہوتا رہے اور کسی کو احساس نہ ہو.

آنکھوں پر پٹی باندھ لینا محاورہ. جان بوجھ کر اندھا بن جانا، غفلت برتنا، غافل ہو جانا.

آنکھوں پر پردہ (پردے) پڑنا محاورہ. ۱. مآل کار یا حقیقت سے غفلت برتنا، انجام نظر نہ آنا. ۲. کچھ دکھائی نہ دینا، حیرت یا چکاچوند وغیرہ سے کچھ نہ سوجھنا.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

آنکھوں پر ٹھیکری (ٹھیکریاں) دھرنا / رکھنا محاورہ. ۱. بے ایمانی یا انصافی کرنا، ہٹ دھرمی یا دھاندلی کرنا. ۲. بے شرمی اور بے حیائی کرنا. ۳. کھلی ہوئی بات سے انکار کرنا، جان بوجھ کر انجان بن جانا. ۴. بے درد اور سنگدل ہو جانا. ۵. احسان فراموشی کرنا، بے مروتی برتنا.

آنکھوں پر چربی آنا / چھانا محاورہ. ۱. کچھ دکھائی نہ دینا، کچھ نظر نہ آنا؛ اندھا ہو جانا؛ بے مروت ہو جانا. ۲. بے حیا ہونا، بے غیرت ہو جانا.

آنکھوں پر سے پردہ اٹھنا محاورہ. غفلت دور ہونا، حقیقت حال واضح ہو جانا.

آنکھوں (دیکھی) دیکھتے مکھی نہیں نگلی جاتی کہاوت. جان بوجھ کر کوئی مصیبت میں نہیں پڑتا.

آنکھوں دیکھی نہ کانوں سنی کہاوت. اس امر کا نہ کبھی خود مشاہدہ کیا نہ کسی سے سنا، یہ نہایت عجیب و غریب بات ہے.

آنکھوں سے م ف. ۱. بسر و چشم، بہت اچھا، بخوشی، بہ دل و جان، بڑی خوشی سے. ۲. تعظیم سے، عزت و احترام کے ساتھ. ۳. اشاروں سے.

آنکھوں سے اترنا محاورہ. حقیر کر دینا، نظروں میں گرانا، ناچیز ٹھہرانا.

آنکھوں سے پردہ (پردے) اٹھانا محاورہ. غفلت دور کر دینا، نا معلوم باتوں کا علم دینا.

آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سنا فقرہ. عجیب و غریب اور خلاف قیاس بات ہے.

آنکھوں سے لگانا محاورہ. بہت عزیز رکھنا، عزت، احترام یا عقیدت سے چومنا یا سر چڑھانا.

آنکھوں کی سوئیاں (باقی) رہنا محاورہ. (لفظاً) (قدیم داستانوں میں) سحر زدہ کے سارے جسم کی سوئیاں نکل چکنا صرف آنکھوں کی باقی رہنا (جس کے نکلنے کے بعد جادو کا اثر دور ہو جانے کا تصور وابستہ ہے)، (مراداً) کام کی تکمیل میں تھوڑی سی کسر باقی رہنا.

آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا / چھانا محاورہ. (شدت غم و غصہ یا نقاہت سے) چکرانا، کچھ نہ سوجھنا، آنکھوں کے سامنے ترمرے سے ناچنا، دنیا نظروں میں تیرہ و تاریک ہونا.

آنکھوں میں م ف. ۱. نظروں میں، نزدیک، سامنے، اشاروں میں، خفیہ. ۲. آنکھوں کے ذریعے، چپکے ہی چپکے، دیکھتے ہی دیکھتے.

آنکھوں میں آنا محاورہ. ۱. نظروں میں سمانا، نظر پر چڑھنا، جچنا. ۲. مست ہونا. ۳. نشہ کی کیفیت کا ظاہر ہونا، مخمور ہونا، سرور گھٹنا، خیال میں آنا.

آنکھوں میں بات (باتیں) کرنا محاورہ. اشاروں اشاروں میں گفتگو کرنا.

آنکھوں میں بٹھانا محاورہ. بہت قدر یا محبت کرنا، نظروں میں سمانا، بھلا لگنا، پسند آنا، آنکھوں میں کھپنا.

آنکھوں میں پانی بھر آنا محاورہ. چکا چوند کے باعث آنکھوں کا آنسوؤں سے بھر جانا.

آنکھوں میں ترمرے (سے) پھرنا محاورہ. تھکن، صدمے یا ضعف سے آنکھوں کے آگے تارے ناچنا، چکر آنا.

آنکھوں میں تصور (- تصویر) پھرنا محاورہ. کسی چیز کی صورت نگاہوں میں یا خیال میں بار بار آنا، آنکھوں کے سامنے نقشہ پھر جانا.

آنکھوں میں تولنا محاورہ. نظروں میں جچنا، کسی چیز کا ہلکا اور سبک ہونا.

آنکھوں میں ٹھنڈک آنا / پڑنا ف مر، محاورہ. دیکھ کر آنکھوں کا طراوت محسوس کرنا، جی خوش ہونا.

آنکھوں میں ٹھہرنا ف مر؛ محاورہ. نظروں میں جمنا، نگاہوں میں جچنا، اچھا معلوم ہونا، بھلا لگنا، قابل قدر ہونا.

آنکھوں میں جچنا محاورہ. پسند ہونا، نظروں میں باوقعت ہونا.

آنکھوں میں جوتیوں سمیت گھسنا محاورہ. آنکھوں میں خاک ڈالنا، جب کسی کی تعریف کرنی ہو، ٹوک نہ لگے تو اس موقع پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں.

آنکھوں میں چبھنا محاورہ. ۱. پسند آنا، آنکھوں کو بھلا لگنا، دل میں اثر کرنا. ۲. ناگوار ہونا، کھٹکنا.

آنکھوں میں چربی چھانا / چڑھنا محاورہ. ۱. (لفظاً) پتلی میں جھلی آنے سے بصارت کم ہو جانا، (مراداً): مغرور ہونا، اپنی حیثیت سے بڑھ جانا. ۲. اچھے برے یا ادنیٰ و اعلیٰ میں تمیز نہ کرنا. ۳. کچھ سجھائی نہ دینا، اندھا بن جانا؛ (دیدہ و دانستہ) نہ دیکھنا. ۴. بے حیائی کرنا، بے غیرت ہو جانا. ۵. پس و پیش کچھ نہ سوچنا.

آنکھوں میں حلقے پڑنا محاورہ. کمال ضعف اور ناتوانی سے آنکھوں

کے ڈھیلوں کا اندر دھنس جانا.

آنکھوں میں خاک (دھول) جھونکنا/ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دھوکا دینا، فریب دینا ۲. کمال دانائی سے اس طرح کوئی کام کرنا کہ مخالف کو پتا نہ چلے ۳. بری چیز کو اچھا ثابت کرنے کی کوشش کرنا.

آنکھوں میں خون اتر آنا/اترنا محاورہ. غصے میں آنکھیں سرخ ہونا، خون کے انتقام کا جذبہ ابھرنا، کمال غیظ و غضب میں بھر آنا.

آنکھوں میں رات کاٹنا/گزارنا محاورہ. بے کیفی سے رات بھر جاگتے رہنا، ساری رات جاگ کر بسر کر دینا (اضطراب یا انتظار وغیرہ کے باعث)، اضطراب یا انتظار کے باعث رات بھر جاگ کر بسر کر دینا.

آنکھوں میں سمانا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی شے کا ہر وقت نظر میں رہنا، نگاہوں میں بس جانا، ہمہ اوقات تصور میں رہنا ۲. نظروں کو بھلا لگنا، نہایت پسند آنا.

آنکھوں میں صبح کرنا/ہونا محاورہ. بے کیفی سے صبح تک جاگتے رہنا.

آنکھوں میں صورت پھرنا محاورہ. کسی کی شکل ہر وقت تصور میں رہنا.

آنکھوں میں کانٹے کی طرح کھٹکنا / چبھنا محاورہ. آنکھوں میں کھٹکنا، آنکھ میں کچھ چبھنے کی کیفیت ہونا، نظروں میں برا لگنا، ناگوار گزرنا.

آنکھوں میں کھبنا محاورہ. رک: آنکھوں میں سمانا، نگاہ کو بہت ہی بھلا معلوم ہونا، نہایت پسند آنا، کسی چیز کا اپنی خوبی کی وجہ سے آنکھوں میں بس جانا.

آنکھوں میں گڑھے پڑنا ف مر. رک: آنکھوں میں حلقے پڑ جانا، کمال ضعف اور ناتوانی سے آنکھوں کے ڈھیلوں کا اندر دھنس جانا.

آنکھوں میں گھر کرنا محاورہ. نظروں میں رہنا، آنکھوں میں لینا، کسی کے دل میں اپنی جگہ پیدا کرنا.

آنکھوں ہی آنکھوں میں م ف. آنکھوں میں، نظروں میں، نگاہوں میں، آنکھوں کے اندر، دوسرے کی بات سمجھنا، انتہائی چالاک اور سمجھ دار کے لیے.

آنکھیں (مغ، ی مج) امث، ج.

آنکھ کی جمع فاعلی (واحد (آنکھ) کے ساتھ درج کیے ہوئے مستعملات کے علاوہ) محاورات میں مستعمل.

آنکھیں امنڈنا محاورہ. جوش گریہ ہونا، آنکھوں میں آنسو بھر آنا.

آنکھیں آسمان سے لگی رہنا/ لگنا ہونا محاورہ. ۱. سر جھکا کر غور سے نیچے نہ دیکھنا، جیسے: حرف کیا خاک سوجھیں آنکھیں تو آسمان سے لگی ہیں ۲. حسرت و یاس میں اللہ سے لو لگانا یا موت کی دعا کرنا.

آنکھیں بچھانا محاورہ. خیر مقدم کا نہایت اہتمام کرنا، بہت خاطر تواضع کرنا، بڑی تعظیم و تکریم سے پیش آنا.

آنکھیں بڑی نعمت ہیں فقرہ. خدائے تعالیٰ نے جتنے اعضا عطا کیے ہیں وہ سبھی اس کی نعمتیں ہیں مگر آنکھوں کو سب نعمتوں پر فوقیت حاصل ہے (اکثر نابینا کی حالت پر تحسر یا باری تعالیٰ کے شکر کے موقع پر مستعمل).

آنکھیں بند ہوتے (ہونے کی) کیا دیر ہے فقرہ. کھلی آنکھوں تک کی مدارات ہیں، موت آتے دیر نہیں لگتی، زندگی کا کچھ بھروسا نہیں، ابھی آنکھیں کھلی ہیں پلک جھپکتے ہمیشہ کے لیے بند ہوگئیں.

آنکھیں بے نور ہونا ف مر. ضعف بصارت ہونا، نابینا ہو جانا، آنکھوں کی روشنی کم ہونا یا زائل ہو جانا.

آنکھیں بھیگنا محاورہ. آنکھ پر نم ہونا، جذبات میں آنکھوں میں آنسو آجانا.

آنکھیں پھاڑ (پھاڑ پھاڑ) کر م ف. ۱. خوب آنکھیں کھول کھول کر (تکنا یا دیکھنا کے ساتھ)، شوق و رغبت کی حالت میں ۲. حسرت و افسوس کے ساتھ ۳. مصیبت میں گھبرا کے ۴. تلاش و جستجو کی صورت میں ۵. غور کر کے ۶. حیرت و استعجاب سے ۷. خوف سے، ڈر کے.

آنکھیں پھٹنا محاورہ. ۱. دولت پا کے مغرور ہو جانا، تھوڑی یا معمولی چیز نظر میں نہ سمانا ۲. حیرت زدہ ہونا. ہکا بکا رہنا؛ رشک کرنا، حسد کرنا؛ درد اور تکلیف کی شدت ہونا ۳. آنکھوں میں حیا نہ ہونا، بے شرم ہونا.

آنکھیں پھٹی کی پھٹی/ پھری کی پھری رہ جانا فقرہ. ۱. سخت حیران ہونا. ۲. دیکھتے دیکھتے مر جانا، مر جانا.

آنکھیں پھوڑنا ف مر؛ محاورہ. ۱. دیکھیے: آنکھ پھوڑنا. اندھا کر دینا، بینائی سے محروم کر دینا ۲. دیدہ ریزی کرنا، ایسا کام کرنا جس سے آنکھوں پر زور پڑے ۳. بہت گریہ و زاری، بیداری یا پکانے ریندھنے میں دھوئیں سے آنکھوں کو تکلیف پہنچانا.

آنکھیں ترسنا محاورہ. دیکھنے کی بہت آرزو ہونا. دیدار کے شوق میں

بے قرار ہونا.

آنکھیں ٹھنڈی رہیں (انشائیہ) فقرہ. اولاد کی خوشیاں محبوب کے دیدار اور طرح طرح کی فرحتوں اور مسرتوں سے آنکھوں میں طراوت آنا نصیب ہو، سکون قلب حاصل ہو.

آنکھیں ٹھنڈی کرنا محاورہ. اولاد کی خوشیاں اور طرح طرح کی فرحتوں اور مسرتوں کو دیکھنا یا دکھانا جن کے دیدار سے آنکھوں میں طراوت آئے، محبوب کی ملاقات یا خوش دلی و خوشحالی کے مناظر سے آنکھوں کا تر و تازگی اور شادابی حاصل کرنا.

آنکھیں جلنا ف مر. آنکھوں میں سوزش ہونا، جلن ہونا. نگاہ پر کسی چیز کی گرمی سے صدمہ پہنچنا.

آنکھیں چڑھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) خاطر میں نہ لانا، بد دماغ ہونا. (ii) خفا ہونا. ۲. نشے، تکلیف یا غصے وغیرہ میں تیوری چڑھانا، اوپر کے پپوٹوں اور پتلیوں کو اوپر کی طرف اٹھا لینا.

آنکھیں چکا چوندھ پڑنا/ہونا محاورہ. کسی روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا چندھیانا.

آنکھیں چندھیانا ف مر. ۱. روشنی یا دھوپ کی طرف دیکھنے یا چمکیلی چیز پر نظر کرنے سے آنکھ کا پورا نہ کھلنا اور جھپکنے لگنا، نگاہ خیرہ ہونا، چمک کی تاب نہ لانا. ۲. (گاہے) آنکھ کو ذرا سا بند کر کے ان میں رحم طلبی اور مسکینی پیدا کرنا، طلب رحم کے لیے حیوان کی ایک فطرت.

آنکھیں در (دروازے) پر لگی ہونا محاورہ. انتظار میں راہ دیکھنا.

آنکھیں فرش (فرش راہ) کرنا / ہونا محاورہ. (کسی کے آنے پر) کمال عاجزی اور شوق ظاہر کرنا، شاندار طور پر خوش آمدید کہنا.

آنکھیں کیا پھوٹ گئی ہیں فقرہ. ایسی بھی کیا بے توجہی یا بدحواسی کہ سامنے کی چیز بھی دکھائی نہیں دیتی.

آنکھیں کھل جانا / کھلنا محاورہ. ۱. آنکھ کھلنا کی جمع، بیدار ہونا، جاگنا، ہوشیار ہونا. ۲. حیران ہونا، بھونچکا رہ جانا. ۳. حقیقت کھلنا، قدر عافیت معلوم ہونا.

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ / جانا گئیں فقرہ. ۱. سکتے یا انتظار کی حالت میں دم نکل جانا؛ ہکا بکا رہ جانا. ۲. ہکا بکا ہو کے دیکھتے رہ جانا.

آنکھیں مٹکانا/مچکانا ف مر. دیکھیے: آنکھیں چمکانا. شوخی سے آنکھوں کی پتلیوں کو گردش دینا، ناز نخرے کرنا؛ آنکھیں جلد جلد کھولنا، بند کرنا.

آنگن (مغ، فت گ) اند.

مکان کی عمارت کے سامنے غیر مسقف گھرا ہوا حصہ جو مکان کا جز ہو صحن، انگنائی. [س].

آنگن ٹیڑھا محاورہ. مشہور کہاوت: ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا کا جزو (گاہے تنہا مستعمل). مترادف (اپنی جہالت پر پردہ ڈالنے کے لیے) بھونڈا عذر.

آنند (فت ن، سک ن) (الف) اند؛ است.

۱. خوشی، مسرت، شادمان. ۲. چین، سکھ، آرام، عیش. ۳. مزہ، لطف اندوزی.
اف: کرنا / رہنا / ہونا. (ب) صف. خوش، مگن، بے فکر. [س].

آنندی (فت ن، سک ن) (الف) صف.

خوش و خرم، عیش پسند، راحت طلب. (ب) است. آنندگی. عیش و عشرت، مزہ، آرام.

آنو/آنوں (مغ) است.

(i) ایک طرح کی لیسدار سفید رطوبت جو عموماً پیچش کی حالت میں آنتوں سے خارج ہوتی ہے. آنتوں کی بیماری (ii) وہ مادہ جو بچے کی پیدائش کے وقت آنول نال کے ساتھ نکلتا ہے. [س].

آنول (مغ، فت و) است. ۱. وہ تلی سے مشابہ ٹکیا جو پیدا ہوتے وقت بچے کے ٹنڈی یعنی نال کے آخر میں لگی ہوتی ہے. ۲. وہ آلائش جو بچہ پیدا ہوتے وقت نکلتی ہے. ۳. وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوتا ہے. [س].

آنول نال اند؛ است. بچے کی بڑھی ہوئی آنت اور اس میں جڑی ہوئی ٹکیا جو پیدائش کے وقت نکلتی ہے.

آنولا/آنولہ (مغ، سک و/ فت ل) اند؛ ~ آنول.

دیکھیے: آملہ. ایک کھٹا اور کسیلا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے اس کا اچار اور مربہ ڈالتے ہیں اور تیل نکالتے ہیں.

آنولے کا کھایا اور بڑے کا سمجھایا پیچھے مزہ دیتا ہے کہاوت.

آملے کا کھایا الخ. بڑوں کی نصیحت شروع میں تو بری لگتی ہے مگر بعد میں اس کا فائدہ معلوم ہوتا ہے اسی طرح آنولا شروع میں یعنی کھاتے وقت کڑوا لگتا ہے لیکن بعد میں مفید ثابت ہوتا ہے.

آنہ (فت ن) اند.
روپے کا سولھواں حصہ ، اکنی.
آنتِی پانتِی (مغ ، کس ، / مغ کس ،) ظرف.
(لفظاً) سرہانے اور پانو کے نیچے کی جگہ ، (مراداً) پلنگ یا مسہری کے کسی بھی حصے میں ، چارپائی وغیرہ کے کسی بھی طرف.
آنی صف.
آنے والی ، جس کا آنا لازم ہو ، لازم الورود ، جو آ کر رہے ، (قسمت میں) لکھی ہوئی (عموماً آفت یا مصیبت وغیرہ کے ساتھ یا ان کے لیے مستعمل).
آنی جانی صف. ناپائدار ، چند روزہ ، فانی ، زوال پذیر.
آنے ف ل.
آنا ، دیکھیے : آنا (۱) کی مغیرہ حالت ، ترکیبات میں مستعمل.
آنے آنے کی ہونا محاورہ. آمد آمد ہونا.
آنے کا صف (جب کہ اس کے بعد مضاف نہ ہو) آنے والا ، آنے کے لیے تیار ، آنے کے قابل (عموماً) نفی میں مستعمل ، جیسے : یہ جوتا پانو میں نہیں آنے کا.
آو (۱) (سک و) است.
آنا کا حاصل مصدر ، مرکبات میں مستعمل.
آو بھگت است. آو بھاو. خاطر تواضع ، مدارات.
آو جاو است. ۱. آمد و رفت ، آنا جانا. ۲. (i) کسی چیز کی آنے جانے کی کیفیت یا صورت حال ، اتار چڑھاؤ ، زیر و بم وغیرہ. (ii) تیزی ، طراری ، پھرتی.
آؤ دیکھا نہ تاؤ کہاوت. بے سوچے سمجھے ، جلدی سے.
آو/آؤ (۲) (سک و) ف ل : ~ آؤ (املا کی شکل ثانی).
ادھر سے ادھر پہنچ جاؤ ، قریب ہو جاؤ ، سنو ، متوجہ ہو ، چلو ، (ترکیبات میں مستعمل).
آوا اند : ~ آون : آوہ.
۱. کمہار کی بھٹی جس میں کچے برتن پکائے جاتے ہیں. ۲. اینٹیں پکانے کا بھٹا ، پژاوہ. ۳. چولھے کے سامنے ہانڈی وغیرہ کو آنچ لگانے کے لیے عارضی طور پر راکھ اور آگ سے بنایا ہوا گھیرا ، راہا.
آوا کا آوا بگڑا ہے فقرہ. دیکھیے : آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے جو کثیر الاستعمال ہے. سارے خاندان کا برائیوں میں مبتلا ہونا.
آوا (۲) اند.
آمد ، ورود مرکبات میں جزو اول کے طور پر مستعمل ہے جیسے آوا جاتی.
آوا گمن / گون اند : است. ۱. آمد و رفت ، آمد و شد ، آوا جائی ، آنا جانا. ۲. مرنے کے بعد روح کے ایک قالب سے نکل کر (اسی وقت یا کچھ وقت کے بعد) دوسرے قالب میں آنے کا عمل یا عقیدہ (نوع بدل کر یا بغیر بدلے ہوئے) ایک جیون سے جا کر دوسرے جیون میں آنا ، تناسخ. ۳. تبدیل ہیئت ، کایا پلٹ. ۴. مرنا اور جینا ، مٹنا اور پیدا ہونا. [س].
آوارگاں / آوارگان (فت ر / سک ر) اند ، ج.
آوارہ کی جمع (ترکیب فارسی میں مستعمل).
آوارگی / آوارگی (فت ر / سک ر) است.
آوارہ کا اسم کیفیت.
آوارَہ (فت ر) صف.
۱. (i) سرگرداں ، پریشان. (ii) پراگندہ ، منتشر ، تتر بتر ، بکھرا ہوا. (iii) تباہ ، برباد ، ضائع. ۲. لچا ، بدچلن ، بداطوار ، اوباش. ۳. خاندان گھر یا وطن وغیرہ سے جدا یا دور افتادہ ، خانہ بدوش. ۴. غیر آباد ، خالی ، ویران. ۵. (سب سے بچھڑ کر) اکیلا ، تن تنہا.
آوارہ گرد صف. ۱. پریشانی ، غربت الوطنی یا بدچلنی وغیرہ میں ادھر ادھر گھومنے یا مارا مارا پھرنے والا. بدچلن ، بے کار ، بے ہودہ. ۲. (قانون) وہ شخص جو بھیک مانگتا ہو یا بلا ظاہری وسائل معاش کے آوارہ پھرتا ہوا پایا جائے.
آوارہ گردی است. بدچلنی ، مارا مارا پھرنا.
آوارہ مزاج صف. ایسا شخص جس کی طبیعت میں آوارگی ہو ، بدچلن ، عیاش ، شوقین مزاج.
آواز (الف) است : اند.
کان کے ذریعے ہوا کی لہر یا حرکت کا احساس ، جو کان کے پردے کے ذریعے سنائی دے ، صدا ، ندا ، صوت (جیسے : ہانک پکار ، گانے

کی دھن ، لے ، تان ، باج ، جھنکار، ٹھائیں ٹھائیں ، چیخ ، کراہ ، گونج ، بھنبھناہٹ ، آہٹ ، دھماکا وغیرہ) . (ب) مجازاً .۱. سودے والے یا فقیر کی آواز .۲. بلاوا .۳. شہرت، آوازہ .۴. اعلان ، مطالبہ ، احتجاج . ۵. کلمات ، کلام ، بات یا باتیں ، گفتگو .۶. زبان ، بولی .۷. (روح ، ضمیر یا دل وغیرہ کا) تقاضا ، مخلصانہ تجویز وغیرہ (جو ذاتی خواہش سے ہو اور جو عوارض و حالات سے متاثر نہ ہو) . [ف] .

آواز اٹھانا محاورہ .۱. (موسیقی) گانے میں آواز کا بلند کرنا ، اونچے سروں میں گانا .۲. کسی شخص یا بات کے خلاف بولنا ، احتجاج کرنا ، پکار مچانا .

آواز بلند کرنا ف مر؛ محاورہ . چلا کے بولنا، اونچی آواز سے پڑھنا یا گانا ؛ احتجاج کرنا .

آواز بند کرنا محاورہ .۱. خاموش کر دینا ، آواز کو دبا دینا ، نہ بولنے پر مجبور کر دینا ، گویائی کو سلب کر دینا .۲. (مجازاً) رشوت دے کر یا کسی اور دباؤ سے کسی شخص کو اعتراض نہ کرنے پر راضی یا مجبور کر دینا .

آواز بیٹھنا محاورہ . گلے میں خراش وغیرہ پیدا ہونا اور آواز کا بہت ہلکا خفیف اور مدھم پڑ جانا .

آواز پر کان دھرنا/رکھنا/لگائے رہنا/لگائے ہونا محاورہ . آواز سننے کا منتظر رہنا ، آواز سننے کی طرف متوجہ ہونا .

آواز تھرانا / تھرتھرانا ف مر . آواز میں ارتعاش اور لغزش ہونا ، آواز کا بھرانا یا کانپنا (ضعف یا خوف وغیرہ کے باعث) .

آواز جرس است . گھنٹے کی آواز ، (خصوصاً) قافلے کے پیچھے بجنے والے گھنٹے کی باج .

آواز دبنا ف مر، محاورہ .۱. آواز کا دھیما ہونا ، پورے طور پر نہ نکلنا ، آواز کا نیچا یا مدھم ہونا (اکثر مقابلے پر) .۲. احتجاج یا مخالفت وغیرہ کا بند یا بے اثر ہو جانا .

آواز دینا محاورہ . (الف) ف م .۱. پکارنا ، بلانا ، پکار کر بلانا . (ب) ف ل .
۱. بولنا ، سنسنانا ، بجنا .۲. (سودے والے یا فقیر کا) صدا لگانا .

آواز کسنا محاورہ . پھبتی کسنا طنز سے در پردہ کچھ کہنا ، کرنا.

آواز گونجنا ف مر . بات ختم ہونے کے بعد بھی آواز کی لہروں کا فضا میں ٹکرانا اور سنائی دینا (جیسے کبوتر کی آواز یا گنبد کی آواز) .

آواز گیر اند . وہ آلہ جو آواز کو وصول کرے اور اس میں یا اس سے آواز سنائی دے ، رسیور .

آواز لگانا محاورہ .۱. بلند آواز سے اعلان کرنا ، پکارتے ہوئے چلنا .۲. (کسی جانور کا) اونچے سروں میں بولنا ، بانگ دینا .۳. (موسیقی) گانا، الاپنا ، تان لگانا .۴. خرید و فروخت کے وقت بولی بولنا ، قیمت لگانا (پر ، پہ کے ساتھ) .۵. پکارنا ، بلانا ، ٹھہرنا ، جیسے : .۶. (i) سودے والے کا صدا دینا اور بیچنا . (ii) فقیر کا صدا دینا .۷. کچہری میں چپراسی کا فریق مقدمہ کو با آواز بلند نام لے کر مقرر مقام پر کھڑے ہو کر مقرر الفاظ میں پکارنا .

آواز ملانا ف مر . (موسیقی) لوگوں یا سوز خوانوں کا سر سے سر ملانا ، ہم آہنگ ہونا ، باہم آواز ملا کر گانا .

آواز نکالنا محاورہ .۱. بولنا ، کم سے کم کچھ کہنا ؛ رونے یا گانے کا آغاز کرنا ، چیخنا ، گانا شروع کرنا .۲. ایسا کام کرنا جس سے ادنیٰ کھس پُس ، سرسراہٹ ، سنسناہٹ وغیرہ پیدا ہو (جسے پاس کا آدمی سن سکے) .

آوازہ (فت ز) اند .
۱. شہرت ، چرچا ، دھوم ، نام آوری ، شہرہ ، غلغلہ .۲. طعن و تشنیع ، پھبتی (عموماً جمع کے ساتھ) .۳. آواز ، شور غل ، بانگ وغیرہ . [ف] .

آوازہ آنا ف مر . آواز پہنچنا ، صدا سنائی دینا .

آوازہ بلند کرنا محاورہ . شہرت دینا ؛ اعلان کرنا ، کسی ناانصافی کے خلاف کھل کر بولنا ، صدائے احتجاج .

آوازہ بلند ہونا محاورہ . آوازہ بلند کرنا کا لازم ، شہرت ہونا .

آواگون
۱. آمد و رفت ، آنا جانا .۲. تبدیل ، ہیئت ، کایا پلٹ .۳. مرنا اور جینا ، مٹنا اور پیدا ہونا .

۰۰۰ آوَر (فت و) ترکیب میں جزو دوم .
۱. مترادف : صاحب ، والا ، جیسے : زور آور ، نام آور ، زبان آور .۲. لانے والا (اکثر ہندی الفاظ کے ساتھ بھی مستعمل ، جیسے : دست آور) .

۰۰۰ آوری جیسے : بجا آوری ، زور آوری .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

آوَرد / آوُرد (فت و/ضم ر، سک ر) اسث .
تکلّف ، بناوٹ ، ٹھونس ٹھانس (عموماً کلام یا بیان میں) ، آمد کی ضد .

••• آوَرد/آوُرد (فت و/ضم و، سک ر) ترکیب میں جزو دوم .
مترادف : جنگ و جدل ، لڑائی .

آوَرْدَہ / آوُرْدَہ (فت و/ضم و، سک ر، فت د) صف .
۱. ساتھ لایا یا بلایا ہوا آدمی ، ایسا شخص جو کسی کے وسیلے سے ملازم ہوا ہو ، متوسّل .۲. لائی ہوئی شے .

آوے (۱) امذ .
آوا کی جمع یا مغیرہ حالت ، ترکیبات میں مستعمل .

آوے کا آوا امذ . سارا خاندان ، پورا جتھا یا گروہ ، سب کے سب .

آوے کا آوا بگڑنا محاورہ . پورے خاندان یا جتھے وغیرہ کا کسی برائی میں یکساں مبتلا ہونا .

آوے (۲) (ی ج) ف ل .
آونا کا فعل مضارع .

آوے ہاتھی کی چال جاوے چیونٹی کی چال کہاوت . بیماری آتے دیر نہیں لگتی اور جاتی دیر میں ہے .

آوے ہی آوے فقرہ . ضرور بالضرور آئے گا ، (اس کا) آنا یقینی ہے ، اس کے نہ آنے کا گمان بھی نہیں کیا جاسکتا .

آویز (ی ج) صف .
لٹکا ہوا ، بندھا ہوا ، جو گرفت میں ہو . [ف] .

آویز (ی ج) ترکیب میں جزو دوم .
۱. لٹکا ہوا ، ٹنگا ہوا ، اٹکا یا اٹکایا ہوا .۲. الجھا ہوا ، مربوط ، تعلق رکھنے والا .
دیکھیے : جیسے دل آویز ، دست آویز .

آویزا (ی ج) امذ .
آویزہ ، بندا ؛ کان میں پہننے کا زیور ؛ گوشوارہ .

آویزاں (ی ج) صف .
لٹکا یا لٹکایا ہوا ، اٹکا یا اٹکایا ہوا ، معلق . اف : کرنا/ہونا .

آویزَہ (ی ج ، فت ز) امذ .
کان میں پہننے کا زیور جو نیچے کی جانب لٹکا رہتا ہے ، بندا ، گوشوارہ .

آہ (الف) اسث .
تکلیف میں گہری سانس لینے یا کراہنے کی آواز . (ب) ندائیہ . کلمہء افسوس وحسرت ، مترادف : ہائے وائے ، افسوس ، حیف .

آہ اُٹھنا محاورہ . دل سے آہ نکلنا ، کراہ نکلنا .

آہ بھر کر (کر کے) رہ جانا محاورہ . ضبطِ غم کرنا ، کلیجا تھام کر رہ جانا .

آہ بھرنا محاورہ . آہ کرنا ، کلمہء آہ منہ سے نکالنا ، کراہنا ، افسوس کرنا ، بد دعا دینا ، کوسنا ، برا چاہنا .

آہ پڑنا محاورہ . مظلوم کی آہ وفریاد سے ظالم کا دکھ میں مبتلا ہونا ، بددعا لگنا .

آہ کرنا محاورہ . منھ سے آہ کی آواز نکالنا ، کراہنا .

آہ لگنا محاورہ . آہ پڑنا ، مظلوم کی آہ کا اثر ہونا .

آہ لینا محاورہ . کسی کو ستا کر اس کی بددعا لینا ، صبر سمیٹنا .

آہ و بکا اسث . رونا پیٹنا ، گریہ و زاری ، نوحہ و فریاد .

آہ و زاری اسث . آہ و بکا ، رونا پیٹنا .

آہا کلمہ ندائیہ .
۱. اہا ، خوشی ، تعجب ، داد و تحسین کے موقع پر بے ساختہ نکلتا ہے . ۲. ایسے شخص کی مذمت یا مدح کے موقع پر جس کا فعل متکلم کی طبیعت یا توقع کے خلاف ہو . [حکایت الصوت] .

آہَٹ (فت ہ) اسث .
۱. (i) آنے جانے یا چلنے کی ہلکی سی آواز ، خفیف سی چاپ (اکثر پانو یا کسی اور قرینے کے ساتھ مستعمل) . (ii) بہت ہلکی سی کھڑکھڑاہٹ ، کھٹکا ، پتا ہلنے کے برابر آواز . ۲. (مجازاً) علامت ، ادنیٰ آثار ، کان میں بھنک پڑنے یا سن گن ملنے کی صورت حال . اف کرنا/ہونا .

آہٹ پر کان لگانا محاورہ . سن گن لینے کے لیے یا انتظار میں سامعہ کو کسی خاص جانب متوجہ رکھنا ، چوکنا ہونا ، منتظر ہونا .

آہٹ پر کان لگنا / ہونا محاورہ . آہٹ پر کان لگانا کا لازم ، چوکنا ہونا ، منتظر ہونا .

آہٹ سننا ف مر . آہٹ پانا ، کسی بات کی کان میں بھنک پڑنا یا آثار سے اندازہ ہونا .

آہِسْتَگی (کس ہ ، سک س ، فت ت) اسث .
آہستہ جس کا یہ اسم کیفیت ہے ، سستی ، نرمی ، آسانی ، کم آواز سے .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

آہِسْتَہ (کس ہ، سک س، فت ت) (الف) م ف.
۱. دھیمے سے، سہج سے، ٹھہر ٹھہر کر، بے تدریج. ۲. نرمی سے، ملائمت سے، دھیمے لہجے میں. ۳. چھپ کر، پوشیدہ، چپکے سے. ۴. کاہلی سے [ف].

آہستہ آہستہ م ف. آہستہ کی تکرار، رفتہ رفتہ، دھیرے دھیرے.

آہم (فت ہ) است.
وہ آواز جو کسی کمرے وغیرہ میں داخل ہوتے وقت پہلے سے موجود لوگوں کو خبردار کرنے کے لیے کی جاتی ہے. [حکایت الصوت].

آہن (فت ہ) اند.
لوہا، فولاد. [ف].

آہن پوش صف. ۱. جو زرہ پہنے ہوئے ہو، ہتھیار بند، اسلحہ سے آراستہ (شخص). ۲. وہ جہاز یا کوئی اور شے جس پر لوہے کی چادریں منڈھی ہوئی ہوں.

آہن گر اند. لوہے کے آلات و اشیا بنانے والا، حداد، لوہار.

آہن گری است. لوہار کا کام، لوہار کا پیشہ.

آہَنْگ (فت ہ، غنہ) اند.
۱. قصد، ارادہ. ۲. آواز، نغمہ. ۳. انداز، ڈھنگ، طور طریقہ. ۴. ایک پرندے کی آواز. ۵. (موسیقی) ایک راگ کا نام، دو راگوں سے مرکب ایک راگ. [ف].

••• آہنگ (سابقہ) ترکیب میں جز ودوم.
آہنگ کی صفت کے معنی میں مستعمل؛ خوش آہنگ، ہم آہنگ.

••• آہنگی (سابقہ) ترکیب میں جزو دوم.
آہنگ کا اسم کیفیت، جیسے: ہم آہنگی.

آہنی (فت ہ، ی مع) صف.
۱. آہن سے منسوب، لوہے یا فولاد سے بنی ہوئی چیز. ۲. (مجازاً) مضبوط، مستحکم، سخت، پتھر یا لوہے کی طرح.

آہُو (و مع) اند.
بکری سے مشابہ نکیلے سینگوں اور بڑی آنکھوں کا ایک صحرائی جانور، ہرن. [ف].

آہو چشم صف. ہرن کی سی آنکھوں والا، شوخ اور حسین آنکھوں والا (معشوق، محبوب).

آہو (و ج) اند.
ایک آواز یا کلمہ جو اقرار اور ایجاب کے موقع پر مستعمل؛ ہاں، جی ہاں؛ حسرت اور جوش کے اظہار کا کلمہ.

آئس (کس ء) اند.
برف، یخ وغیرہ تراکیب میں مستعمل. [انگ].

آئس برگ اند. برف کی چٹان جو سمندروں میں بہتی رہتی ہے، تودۂ برف. [انگ].

آئس کریم است؛ اند. دودھ ملائی شکر وغیرہ ملا کر جمائی ہوئی برف، قلفی، ملائی کی برف. [انگ].

••• آئِنْد (کس ء، سک ن) ترکیب میں جزو دوم.
مترادف: محسوس یا معلوم ہونے والا، لگنے والا؛ جیسے: خوش آئند.

آئِنْدَہ (کس ء، سک ن، فت د) (الف) صف.
آنے والا. (ب) اند. آنے والا زمانہ، مستقبل. (ج) م ف. مستقبل میں، آنے والے زمانے میں، آگے، اس کے بعد.

آئندہ را احتیاط/یاد فارسی فقرہ اردو میں مستعمل.
جو غلطی ہو چکی ہے اس پر زیادہ دھیان دینے کے بجائے آئندہ محتاط رہے.

••• آئِنْدَہ (کس ء، سک ن، فت د) ترکیب میں جزو دوم: ~ آیندہ (مکتوبی).
آنے والا (مرکبات میں مستعمل).

آئِنَہ (کس ء، فت ن) اند.
دیکھیے: آئینہ.

آئی (۱) (الف) است.
۱. موت، قضا. ۲. موقع، محل، باری. (ب) صف. آئی ہوئی، موصول شدہ.

آئی بلا (کو) ٹالنا محاورہ. آئی ہوئی مصیبت دور کرنا.

آئی بلا ٹلنا محاورہ. آئی ہوئی مصیبت دور ہونا.

آئی (تو) روزی نہیں تو روزہ کہاوت. کچھ مل گیا تو کھا پی لیا نہیں تو فاقہ کر لیا، توکل و قناعت پر گزر بسر ہے.

آئی ٹلنا محاورہ. آئی کو ٹالنا کا لازم ، آئی ہوئی آفت یا مصیبت کا دور ہونا ، موت سے بچنا.

آئی کو ٹالنا محاورہ. آئی ہوئی آفت یا مصیبت دور کرنا؛ موت سے بچا لینا.

آئی گئی صف ،اسث .۱. آنے جانے والی (ملاقات وغیرہ کے لیے). ۲. نفع نقصان ، (ہر طرح کی) مصیبت ، پاداش ، الزام .۳. دو ٹوک فیصلہ ، تصفیہ کامل ، توڑ ، قطعیت .

آئی (۲) اسث .
رومن حروف تہجی کا نواں حرف (کتابت میں) ، مخففات و ترکیبات میں مستعمل . [انگ] .

آئے صف .
۱. آئے ہوئے ، ترکیبات میں مستعمل جیسے: آئے حواس جانا. ۲. آنا سے فعل مضارع یا فعل ماضی جمع غائب ، ترکیبات میں مستعمل ، جیسے: آئے تو جائے کہاں.

آئے بڑے کہیں کے / بڑے وہ بن کے (وہاں سے) فقرہ. مداخلت بے جا ، غرور ، شیخی یا بڑا پن جتانے کے جواب میں طنزیہ مستعمل.

آئے دن م ف . ہمیشہ ، روزانہ ، ہر روز ، بیشتر اوقات .

آئے گئے صف . آنے جانے والا ، آنے جانے والے ، مسافر .

آئے نہ آئے برابر فقرہ. آنے سے کوئی حاصل یا فائدہ نہیں ہوا ، جیسے ، لڑکے نے سارے روپے خرچ کر ڈالے ہمارے لیے تو آئے نہ آئے برابر رہے .

آئیڈِیَل (ی مع ، کس ڈ ، فت ی) اسث .
قابل تقلید نمونہ . [انگ] .

آئِین (ی مع) اند .
۱. قانون ، ضابطہ ، دستور العمل ، شرع ، شاستر .۲. رسم ، چلن ، معمول ، اصول ، دستور .۳. طور ، طریقہ ، انداز ، ڈھنگ .۴. ترتیب ، درستی ، زیب ، آرائش .

آئین نو اند . نیا قانون ضابطہ یا طور طریقہ ، جدید زمانے کے رجحانات کے مطابق دستور .

••• آئیں ترکیب میں جزو دوم .
جزو اوّل کے مفہوم کا اصول ضابطہ یا طور طریقہ رکھنے والا .

آئیں بائیں شائیں (ی مع (ہر سہ)) اسث ؛ م ف . اول جلول ژٹل نیز بے سروپا کلام ، مہمل بات ، بے معنی بات .

آئِینَہ (ی مع ، فت ن) اند .
۱. قلعی کیا ہوا شیشہ جس کی پشت پر مسالا لگا ہو اور جس میں چیزوں کا عکس نظر آئے ، منھ دیکھنے کا شیشہ ، کانچ ، مرآت .۲. جس کے وجود یا عمل وغیرہ سے کسی کی خصوصیات ظاہر و واضح ہوں ، مظہر .۳. صاف ، شفاف ، روشن ، مجلا .۴. عیاں ، ظاہر ، واضح . [ف] .

آئینہ دار (الف) اند . آئینہ بردار ، حجام ، نائی . (ب) صف .۱. ظاہر کرنے والا ، ترجمان ، عکاس .۲. (عمارت کا حصہ یا لکڑی وغیرہ کا فرنیچر ، جیسے : طاق ، کواڑ ، الماری وغیرہ) ، جس میں آئینے جڑے ہوئے ہوں ، آئینے والا .۳. آئینہ بنانے والا ؛ آئینہ دیکھنے والا ، آئینے کا مالک . [ف] .

آئینہ دکھانا / دکھلانا محاورہ .۱. کسی کو آئینہ دکھانے کی خدمت انجام دینا ، آئینہ منھ کے سامنے کر دینا ؛ نائی کا پیشہ کرنا .۲. حقیقت حال ظاہر کرنا .۳. طنز کرنا ، منھ چڑانا .۴. سکتے وغیرہ کی حالت میں مریض کے منھ کے قریب آئینہ رکھنا تا کہ آئینے پر سانس کا اثر ظاہر ہو تو مریض کے زندہ ہونے کا یقین کیا جا سکے .

آئینہ دل صف . جس کا دل آئینے کی طرح صاف ہو ، صاف باطن .

آئینہ ساز/گر اند . آئینہ بنانے والا کاری گر ، شیشے کے آلات کا کام کرنے والا .

آئینہ لے کے منھ تو دیکھو / میں منھ (منہ) تو دیکھو / آئینہ اٹھا اٹھا کے (منہ) منھ کو دیکھو فقرہ (طنزیہ). تم اس قابل نہیں کہ یہ کام انجام دو ، تم میں اتنی صلاحیت نہیں ، تم اس کے اہل یا مستحق نہیں .

آئینہ ہونا محاورہ .۱. کھل جانا ، ظاہر ہونا .۲. صاف شفاف ہونا ؛ حقیقت نما ہونا.

آئِینے (ی مع) اند ؛ ج .
آئینہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ترکیبات میں مستعمل .

آئینے میں بال آنا/پڑنا محاورہ .۱. معمولی صدمے سے آئینے میں ہلکی سی لکیر پڑ جانا .۲. دل میں فرق آنا (اکثر دل کے ساتھ) .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

آیوڈین (کس ، و ، ج ، ی مع) امث .
ایک غیر فلزاتی جراثیم کش سیاہی مائل اور نیلا عنصر جسے گرم کرنے سے بنفشی رنگ کے بخارات اُٹھتے ہیں (بیشتر فوٹوگرافی اور ادویات میں مستعمل) . [انگ] .

آیا (۱) کلمہ استفہام .
۱. سوال یہ ہے ، دریافت طلب بات یہ ہے ، پوچھنا یہ ہے (اکثر اس کے بعد 'کہ' یا 'کیا' مستعمل ہے) .۲. شاید .۳. بتاؤ تو ، آخر .

آیا (۲) امث .
انّا ، خادمہ ، کھلائی .

آیا گیری امث . آیا کا پیشہ ، کسی کے بچے کھلانے کی نوکری .

آیا (۳) (الف) صف .
۱. پہنچا ہوا ، آیا ہوا .۲. (کسی کے پکارنے کے جواب میں) حاضر ہوا .
(ب) ف ل . آیا سے مشتق اور بطور معاون فعل مستعمل (حسب موقع آ گیا یا آنا وغیرہ یا استمرار فعل کے معنی میں) .

آیا گیا امذ . ۱. کبھی کبھار عارضی طور سے آنے جانے والا ، مہمان .۲. بھولا بسرا ، جو اتفاقیہ آ نکلے .۳. غیر ، اجنبی .

آیات امث ؛ امذ .
دیکھیے : آیت ، جس کی یہ جمع ہے .

••• **آیات** ترکیب میں جزو دوم .
جزو اول کے مفہوم کے ساتھ 'رکھنے والا' کے معنی میں مستعمل ؛ جیسے : فیض آیات (= فیض کی علامات رکھنے والا) ، نصرت آیات (امداد کی نشانیاں رکھنے والا) ، وغیرہ .

آیات بینات امذ .
روشن دلیلیں ، واضح آثار ؛ قرآن کی وہ آیتیں جن کی تشریح و تفسیر میں تاویل کی گنجائش نہ وہو .

آیات سجدہ امث : ج . قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کو پڑھ کر یا سن کر فوراً سجدہ کرنا واجب ہے .

آیات متشابہات امث . قرآن کی وہ آیات جن کی تشریح و تعبیر میں تاویل کی گنجائش ہو ، قرآن پاک کی وہ آیتیں جن کے ایک سے زیادہ معنی لیے جا سکیں .

آیات محکمات امث : ج . وہ قرآنی آیات جن کے معنی اور مطلب میں تاویل کی گنجائش نہ ہو .

آیت (فت ی) امث .
۱. نشانی ، دلیل ، برہان .۲. کسی الہامی یا آسمانی کتاب کا ایک جملہ ، قرآن شریف یا کسی اور الہامی آسمانی کتاب کا پورا ایک جملہ جس کے بعد گول نشان بنا دیا جاتا ہے .۳. قرآن شریف میں آیت کے خاتمہ پر بنا ہوا دائرہ جس کے ساتھ ٹھہرنے یا نہ ٹھہرنے کی علامت بھی درج ہوتی ہے نیز انجیل و توریت کے جملے کے آخر میں وقفے کی علامت . [ع] .

آیت الکرسی امث . چند آیتیں جو تیسرے پارے (تلک الرسل) کے آغاز میں 'اللہ لا الہ الا ھو' سے شروع ہو کر 'ھم فیھا خالدون' پر ختم ہوتی ہیں (اور عموماً دفع بلا و مصیبت کے لیے پڑھی جاتی ہیں) .

آیت اللہ امذ . ۱. خدائے تعالیٰ کے وجود کی نشانی یا دلیل .۲. فقہ و تفسیر و دیگر علوم دینیہ کے بڑے عالموں کے لیے خطابی کلمہ .

آیت کریمہ امث . ۱. قرآن شریف کے سترھویں پارے میں سورۂ انبیا کی ایک مشہور آیت جو عموماً دشمنوں سے حفاظت کے لیے پڑھی جاتی ہے (آیت کا متن یہ ہے (لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین) ؛ قرآن پاک کی ہر آیت .۲. قابل اعتماد یا معتبر قول ، لائق وثوق بات .

آیندہ (کس ی ، سک ن ، فت د) صف ؛ امذ .
دیکھیے : آئندہ ، آنے والا .

آیہ (فت ی) امذ ؛ امث .
دیکھیے : آیت .

آیۂ رحمت (الف) امذ . قرآن پاک کی ہر وہ آیت جس میں رحمت خداوندی کا ذکر ہو (عذاب کا ذکر یا احکام نہ ہویں) . (ب) صف .
رحمت باری تعالیٰ کا نمونہ ، بہت رحم دل .

(ب)

بَ (لفظاً): بے، (عربی، فارسی میں با) اسث .
غیر ہائیہ دولبی کے مصمتہ، تحریر میں عربی فارسی اردو حروف ا ب ث نیز ابجد کا دوسرا اور دیو ناگری کا تیئیسواں حرف . اسے بائے موحدہ (ایک نقطہ والی ب) یا بائے تازی بھی کہتے ہیں . جمل کے حساب سے اس کے دو عدد ہیں سائنس میں حیاتین (Vitamin) بی کا نام .
صوفیہ کی اصطلاح میں "ب" وجود کا دوسرا درجہ ہے اور اولین موجود ممکن کی نمائندگی کرتا ہے "ب" اردو کی بنیادی آواز (صوتیہ) ہے .
کلمے کے شروع میں بھی آتی ہے اور درمیان یا آخر میں بھی، جیسے: بات، راب وغیرہ .

ب فت ب حرف جار: کہ بہ فارسی حرف اردو میں حسب ذیل معانی میں مستعمل ہیں اور آگے بہ کے ساتھ آئیں گے .

بہ الفاظ دیگر م ف . دوسرے لفظوں میں، وہی بات دوسرے طریقے سے .

بہ ایں م ف (مشار الیہ سے مل کر) .۱. اِس کے ہوتے ہوئے، اِس کے باوجود .۲. اِس مشار الیہ کے ساتھ، اُس مشار الیہ میں .

بہ بانگ دہل م ف . علی الاعلان، کھلم کھلا، صاف صاف .

بہ تدریج م ف . رفتہ رفتہ، زینہ بہ زینہ، درجہ بہ درجہ .

بہ جا صف؛ م ف .۱. ٹھیک، درست، مناسب .۲. بہت اچھا، بہت خوب (کسی سوال کے جواب میں) .۳. کسی کی جگہ، عوض میں، بدلے میں (اکثر اضافت کے ساتھ مستعمل) .

بہ جا آوری امث . تعمیل، انجام دہی، ارتکاب، عملی جامہ پہنانا .

بہ جائے م ف (مضاف الیہ سے مل کر) . کسی کی جگہ پر، عوض میں، نیابت میں .

بہ جز حرف استثنا . سوا، بدون، علاوہ .

بہ چشم کلمۂ ایجاب .۱. منظور، قبول .۲. اپنی خوشی سے، بلا جبر و اکراہ، بہ سر و چشم .۳. تعمیل کرتا ہوں، بجا لاتا ہوں .

بہ حال صف .۱. اپنی اصلی حالت پر، قائم، برقرار .۲. (i) کسی کے حوالے کیا گیا، تصرف میں دیا گیا، سپرد . (ii) مقرر، مامور .۳. (i) ہٹائے جانے کے بعد پھر اپنے مقام یا جگہ پر واپس، سابق کی طرح مقرر . (ii) جاتے رہنے یا جاتی رہنے کے بعد پھر میسر یا حاصل .۴. تن درست (مرض وغیرہ کے بعد)، اچھا، صحت مند .۵. (مجازاً) بشاش، خوش، تر و تازہ .

بہ حق (الف) م ف (مضاف و مضاف الیہ مل کر) .۱. طفیل میں، وسیلے سے .۲. (کسی کے) فائدے میں، جیسے: بحق سرکار، بحق مدعی . (ب) صف . برحق، بجا، سچا .

بہ حیثیت / حیثیت (مضاف و مضاف الیہ مل کر) م ف . اعتبار سے، لحاظ سے، طور پر .

بہ خدا م ف؛ انشائیہ . خدا کی قسم .

بہ خوبی م ف . پوری طرح سے، جی بھر کے، مکمل طور پر .

بہ خوشی م ف . خوش دلی کے ساتھ، اپنی مرضی سے، ذاتی خواہش یا شوق سے .

بہ خیر م ف .۱. (i) اچھی طرح، بھلائی سے، خیریت و عافیت سے، بہ سلامتی . (ii) نیکی کے ساتھ، بھلائی کے ساتھ .۲. ناممکن، دشوار، محال .۳. خدا خیریت سے رکھے .

بہ خیر و خوبی م ف . خیریت کے ساتھ، سکون و اطمینان کے ساتھ، خوش اسلوبی سے .

بہ خیر و عافیت م ف . سلامتی اور اطمینان کے ساتھ، سکون اور تن درستی کے ساتھ .

بہ درجہا صف . بہت زیادہ، کئی گنا (بیشتر تقابل کے موقع پر) .

بہ درجۂ اتم م ف . پوری طرح، مکمل طور پر .

بہ دست م ف .۱. (i) ہاتھ میں . (ii) (ایک ہاتھ سے دوسرے) ہاتھ میں (ترکیب میں "دست" کے ساتھ مستعمل) .۲. ہاتھ سے، بذریعہ، جیسے: ضروری کاغذات بہ دست ملازم بھیج رہا ہوں .

بہ دولت (الف) م ف . ذریعے سے، طفیل میں، وجہ سے . (ب) بطور لاحقہ . بالذات، بالنفس، اصالتہً (ضمیر کے ساتھ مستعمل)، جیسے: خود بدولت، ما بدولت .

بہ ذریعہ م ف (مضاف و مضاف الیہ مل کر) . وسیلے سے، وساطت سے .

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بہ براہ (مضاف و مضاف الیہ مل کر) م ف. ۱. طور پر، کر کے یا فرما کے، جیسے براہ عنایت (=عنایت کر کے). ۲. راستے سے، جیسے: (مسافر بسوں یا اسٹیشنوں پر لکھا ہوا)، پشاور براہ لاہور.

بہ راہ راست م ف. سیدھا، بلاواسطہ، بغیر کسی ذریعے کے.

بہ برضا و رغبت م ف. اپنی خوشی سے، اپنی مرضی کے مطابق.

بہ بسر و چشم م ف. سر آنکھوں پر، خوشی سے، رضامندی کے ساتھ، بہت اچھا.

بہ بشرط (الف) م ف (مضاف و مضاف الیہ مل کر). کلمہء مابعد کے مفہوم کی شرط کے ساتھ، ہوتے ہوئے، اگر (وہ بات) ہے تو. (ب) صف. مشروط.

بہ بشرطیکہ م ف. شرط یا التزام یہ ہے کہ، اگر ایسا ہو جائے تو.

بہ بضد صف. مصر، جو کسی بات پر اصرار کرے. اف: ہونا.

بہ بطور / ب طور خود م ف. اپنی رائے کے مطابق، اپنی مرضی سے، بلاشرکت غیرے، اپنے طور پر.

بہ بظاہر م ف. ظاہراً، دیکھنے میں.

بہ بغور م ف. گہری نظر سے، دھیان سے، توجہ کے ساتھ.

بہ بغیر حرف استثنا. ۱. بہ جز، سوا، علاوہ، بن، بنا، بلا. ۲. (کسی شے یا شخص کے) نہ ہونے کی حالت میں، موجود نہ ہونے کی صورت میں.

بقلم خود م ف. اپنے دستخط سے، (لکھنے میں) اپنے ہاتھ سے (بیشتر دستاویزات وغیرہ میں مستعمل).

بقول (مضاف و مضاف الیہ مل کر) م ف. کہنے کے مطابق، جیسا کہ (قائل نے) کہا ہے.

بقول (قول) شخصے م ف. کسی (غیر متعین شخص) کے کہنے کے مطابق، جیسا کہ کسی نے کہا ہے.

بقید حیات (الف) صف. زندہ. (ب) م ف. زندگی میں.

بکثرت م ف. بہت زیادہ، زیادتی کے ساتھ.

بلب (الف) صف. کناروں تک، منھ تک، اوپر تک، لبریز. (ب) صفت کا جزو دوم. (جزو اول کا مفہوم جس کے) ہونٹوں پر (ہو)، جیسے: آہ بلب، جاں بلب.

بمشکل م ف. بڑی جدو جہد سے، دشواری سے، بہت دقت سے.

بنام (مضاف و مضاف الیہ مل کر) م ف. ۱. نام سے، نام پر. ۲. (قانون) مقابلے میں (دستاویزات وغیرہ میں مدعا علیہ کے نام سے پہلے).

بنفس نفیس م ف. بہ ذات خود، اپنے آپ (فاعل یا مخاطب کی تعظیم کے طور پر مستعمل).

بہ وجوہ م ف. چند اسباب سے، متعدد پہلوؤں سے.

بہ وجہ م ف (مضاف و مضاف الیہ مل کر). ۱. غرض سے، مقصد سے، سبب سے. ۲. طور پر، طریقے سے، جیسے: برکت ان کی کمائی میں ہے جو بوجہ حلال روزی پیدا کرتے ہیں.

ب (۱) (کسر ب) عربی حرف جر (بترکیب عربی) اردو میں مستعمل.

۱. ساتھ، جیسے: بالاتفاق، بالواسطہ. ۲. توسل سے، برکت سے، جیسے: بحرمۃ النبی و آلہ الامجاد. ۳. سے (نقطۂ آغاز کے مفہوم میں) جیسے: بسم اللہ. ۴. قسم، جیسے (واللہ کے بعد) باللہ. استعمال کی چند مثالیں:

باالآخر م ف. آخر کار، ہوتے ہوتے، آخر میں، سب کچھ طے کر چکنے کے بعد.

باالجبر م ف. زبردستی، جبریہ.

باالجہر م ف. بلند آواز کے ساتھ (بیشتر ذکر و تسبیح کے لئے)، جیسے: آمین بالجہر.

باالخصوص م ف. خصوصیت سے، خاص طور پر.

باالخیر م ف. اچھے طریقے سے، خیر و خوبی سے، خیریت کے ساتھ، نیکی پر (ترکیب میں مستعمل)، جیسے: تمت بالخیر، ثالث بالخیر، خاتمہ.

باالعموم م ف. عام طور سے، عموماً.

باالفرض م ف. تسلیم کر کے، مان کے، بغرض استدلال مان لینے کے بعد، مفروضے کے طور پر.

باالکل م ف. ۱. پورے طور پر، کلیتہً، کلی طور پر، تمام، سارا، سراسر، سرتاسر. ۲. مطلق، ذرا بھی (فعل منفی کے ساتھ).

باالمثل م ف. ۱. مساوی سے، ویسے ہی سے، برابر کی چیز سے (بیشتر بدلے یا عوض کے لیے مستعمل). ۲. ایسی شے سے جو خاصیت اور مزاج میں یکساں ہو، مماثل (علاج کے لیے مستعمل).

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

با المشافہ م ف. آمنے سامنے، روبرو، دوبدو.

با المقابل م ف. ۱. روبرو، آمنے سامنے ۲. مقابلے میں، نسبت سے.

با الواسطہ م ف. وسیلے یا ذریعے سے، بلا واسطہ کی ضد.

بِ (۲) (کس ب) سابقہ.
بے کی تخفیف، جیسے: بگانہ (بے + گانہ)، بڈول (بے + ڈول).

بُ (۱) (ضم ب) سابقہ.
عربی ابو کا مخفف، جیسے: بلہوس (ابو+ الہوس).

بُ (۲) (ضم ب).
فارسی بو کا مخفف، جیسے: بستان (بو + ستان).

با (۱)
دیکھیے: 'ب' جس کا یہ فارسی و عربی نام اور اردو میں مستعمل ہے.

بائے بسم اللہ امث. ۱. آغاز، ابتدا، شروع ۲. حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا لقب.

با (۲) حرف جر.
سے (کے ذریعے)، ساتھ (معیت)، جیسے: باطہارت، باایمان. [ف].

باادب (الف) صف. ۱. مودب، تمیز دار، مہذب. (ب) م ف. احترام کے ساتھ، ادب سے.

باادب با نصیب (بے ادب بے نصیب) فارسی مقولہ، اردو میں مستعمل. بڑوں کا ادب کرنے والا خوش نصیب ہے اور جو ایسا نہیں کرتا وہ بدنصیب.

باجماعت م ف، صف. جماعت کے ساتھ؛ جو جماعت کے ساتھ ہے.

باخدا (الف) صف. خدا رسیدہ، خدا پرست، اللہ والا. (ب) انشائیہ. خدا کی قسم.

بادل ناخواستہ م ف. بے دلی سے، مرضی کے خلاف.

باذوق (الف) م ف. خوشی سے، مزے سے. (ب) صف. مذاق سلیم رکھنے والا، (کاموں کا) اچھا سلیقہ رکھنے والا، جیسے: ایک داغ ہی کا کیا ذکر ہے ذوق کو بھی ایسے شاگرد ملے جو اہل علم اور باذوق تھے.

بارسوخ صف. اثر رکھنے والا شخص، حکام یا بڑے لوگوں سے تعلقات رکھنے والا، جس کا کہا لوگ مانیں.

باشعور صف. ہوشیار، ہوش مند، سلیقہ مند.

باضابطہ صف؛ م ف. قانون کے مطابق، ضابطے اور قاعدے کے موافق، باقاعدہ.

باکمال صف. ۱. کسی علم یا فن میں کمال رکھنے والا ۲. خدا رسیدہ.

باوجود م ف (مضاف مضاف الیہ مل کر). (کے یا کسرہ اضافی کے ساتھ). (کسی بات کے) ہوتے ہوئے، اس پر بھی، اس کے بعد بھی.

باوصف م ف (مضاف و مضاف الیہ مل کر) دیکھیے: باوجود.

باوضع صف. ۱. وضعدار، اپنی وضع کا پابند، اچھی روش کا پابند، یک رنگ ۲. اچھی وضع کا، خوش وضع کا، طرح دار؛ خوش اخلاق، شائستہ.

باوضو صف. (اسلام) وہ شخص جس نے مقررہ طریقے سے عبادت کے لیے منھ ہاتھ وغیرہ دھویا ہو اور وہ ٹوٹا نہ ہو.

باہم م ف. آپس میں، ساتھ ساتھ، یکجا، شرکت میں. اف: کرنا/ ہونا.

باہمدگر/ بہمدیگر م ف. آپس میں، ایک دوسرے کے ساتھ یا مقابلے میں.

باہمی صف. ۱. آپس کا، آپس کی، ساتھ کا، ساتھ کی، ایک دوسرے کا ۲. درمیانی.

باب (الف) امذ.
۱. دروازہ ۲. معاملہ، امر، بارے (میں) ۳. نمائندہ ۴. کسی کتاب کا وہ حصہ یا جزو جو تقسیم مضامین یا ترتیب واقعات کے لحاظ سے علیحدہ حیثیت رکھتا ہو. ۵. عربی مصادر و افعال کے اوزان میں سے ہر ایک جو ان کی خاصیت کے اعتبار سے مقرر ہے. ۶. نوع، طرح، شق، مد. ۷. دفعہ، حد. ۸. دربار، درگاہ، جیسے: باب عالی. (ب) صف. لائق، شایان، درخور، قابل، شائستہ. [ع].

بابا امذ.
۱. باپ، پدر، والد ۲. فقرا کا کلمہ خطاب ۳. بیٹا، بیٹی ۴. پیر یا گرو. ۵. عام شخص سے خطاب کا کلمہ، اے شخص. ۶. بڑا بوڑھا، بزرگ. [ف].

بابا آدم/ باوا آدم امذ. ۱. سب سے پہلا انسان، انسان کا مورث اعلیٰ، حضرت آدمؑ ۲. وہ شخص جس سے کسی علم یا فن کی ابتدا ہوتی ہے، جیسے رودکی فارسی شاعری کا بابا آدم ہے. ۳. وضع، طور طریقہ، انداز.

بابا آدم نرالا ہونا محاورہ. دنیا بھر سے جدا روش ہونا.

ف = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بابا مریں تو بیل بٹیں کہاوت. رکاوٹ دور ہو تو فائدہ حاصل ہو.

بابائے قوم اند. قائداعظم محمد علی جناح بانی پاکستان کا لقب.

بابُل (ضم ب) اند.
۱. باپ، پدر، والد. ۲. ایک درد انگیز گیت جو دلھن کی رخصتی کے وقت گایا جاتا ہے. [س].

بابَن (فت ب) امث.
۱. سلائی کی مشین کی گھری جس پر تاگا لپیٹا جاتا ہے. اف : بھرنا. ۲. باریک فیتا جو سپاہیوں کے بوٹوں میں لگایا جاتا ہے. [انگ].

بابُو (و مع) اند.
۱. انگریزی پڑھا ہوا شخص، بالعموم کسی دفتر کا کلرک، منشی، اہل کار. ۲. صاحب، جناب، مسٹر، میاں، مولانا وغیرہ کی طرح ایک تعظیمی لفظ یا قابل تعظیم شخص. ۳. گول مٹول پیارا سا بچا (لاڈ میں عموماً ہر چھوٹے بچے کے لیے مستعمل). [س].

باپ اند.
۱. والد، پدر، پتا. ۲. مربی، پالنے والا. ۳. مورث، جداعلیٰ. ۴. بانی، موجد. ۵. بہت بڑا، بہت زیادہ بڑھا چڑھا ہوا (صلہ: کا، کی، کے). ۶. (مسیحی) خدا. [س].

باپ دادا تک پہنچنا/ جانا محاورہ. (کسی کے) باپ دادا کو برا بھلا کہنا، پرکھوں کو گالیاں دینا.

باپ رے باپ فقرہ. خدا کی پناہ، خدا بچائے (تعجب یا خوف کے موقع پر مستعمل).

باپُو (و مع) اند.
۱. 'باپ' (ہندو). ۲. ہندوستان کے مشہور سیاسی لیڈر مہاتما گاندھی کا لقب.

بات امث.
۱. لفظ، بول، کلمہ، فقرہ، جملہ، گفتگو، قول. ۲. مقولہ، کہاوت. ۳. حسب سیاق و سباق مختلف مفاہیم کے لیے مستعمل، جیسے : ۱. امر، معاملہ. ۲. خیال. ۳. ذکر، تذکرہ. ۴. واقعہ، ماجرا، سرگزشت. ۵. خصوصیت، امتیاز. ۶. بحث، قیل و قال، حجت. ۷. سج دھج، ٹھاٹ. ۸. خوبی، عمدہ صفت. ۹. حالت، کیفیت. ۱۰. طریقہ، روش، دستور، طور. ۱۱. آبرو، عزت، ساکھ، بھرم. ۱۲. منگنی، لڑکی کی شادی کا پیام سلام، بیاہ کی نسبت (آنا، کرنا، لانا، ہونا کے ساتھ). ۱۳. اصول ؛ مقصد. ۱۴. بھید، راز، رمز، نکتہ. ۱۵. عہد، قول و قرار، قسم، پیمان ۱۶. عادت جاریہ، روزمرہ کا مشغلہ، معمول. ۱۷. مآل، پھل. ۱۸. عندیہ، مافی الضمیر. ۱۹. طرز بیان. ۲۰. معمولی چیز، ادنیٰ سا کرشمہ، ادنیٰ اور سہل کام. ۲۱. مدت قلیل، پلک جھپکنے کی مدت. ۲۲. بہانہ، حیلہ. ۲۳. امر نازیبا، ناشائستہ عمل، قابل اعتراض فعل. ۲۴. نصیحت، پند، مشورہ. ۲۵. امراہم، قابل اعتنا، ('ہی کیا'، اور 'کوئی نہ' کے ساتھ). ۲۶. درخواست، التجا، حکم، فرمان. ۲۷. کارنمایاں، امرعظیم. ۲۸. ثبوت، دلیل، سبب. ۲۹. صورت حال (''اور'' وغیرہ کے ساتھ). ۳۰. لطف، مزہ. ۳۱. فعل، کام. ۳۲. گلہ، شکوہ، شکایت. ۳۳. حاجت، ضرورت. ۳۴. خواہش، تمنا، آرزو. ۳۵. مرتبہ، حیثیت، منصب. ۳۶. حادثہ، کیفیت، واردات. ۳۷. تدبیر، علاج. ۳۸. معاملہ، مسئلہ، سوال. ۳۹. شے، چیز، سامان، اسباب. ۴۰. بولی، طعنہ، طنز، تشنیع. ۴۱. ضد، اڑ، ہٹ. [س].

بات اُٹھا رکھنا محاورہ. کسی معاملے کو دوسرے وقت پر ٹال دینا، کسی امر کو معرض التوا میں ڈال دینا.

بات اُڑانا محاورہ. ۱. التجا کو ٹالنا، مطلب سے پہلو بچانا. ۲. خبر مشہور کرنا، افواہ پھیلانا. ۳. نقل اتارنا، نقالی کرنا.

بات آئی گئی ہونا محاورہ. معاملے کا رفع دفع یا رفت گزشت ہونا؛ بھول میں پڑجانا.

بات بدلنا محاورہ. ۱. گفتگو کا رخ پھیر دینا، باتوں کا رخ کسی اور طرف موڑ دینا، کہتے کہتے کچھ اور کہنے لگنا. ۲. کہہ کے مکرنا، بات کو دوسرے معنی پہنانا، کہے سنے کے خلاف کرنا.

بات بڑھانا محاورہ. ۱. معاملے یا جھگڑے کو طول دینا، بحث میں طوالت پیدا کرنا. ۲. عزت قائم رکھنا، کسی واقعہ کو مشہور کرنا.

بات بگاڑنا ف مر. ۱. معاملے کو خراب کرنا، کام بگاڑنا، گڑبڑ کرنا، اعتبار کھونا، ساکھ مٹانا. ۲. دیوالیہ نکالنا. ۳. (کنایۃً) رانڈ کردینا، بیوہ کردینا.

بات بگڑنا محاورہ. ۱. کام خراب ہونا، معاملے میں ابتری پڑجانا. ۲. مصیبت

میں مبتلا ہونا ، آفت میں گھر جانا . ۳. درجہء اعتبار سے گرنا ، بھرم باقی نہ رہنا . ۴. بے لطفی پیدا ہونا . ۵. شکر رنجی پیدا ہونا ، ان بن ہو جانا.

بات بنانا محاورہ . ۱. کسی الجھے معاملے کو سلجھانا ، بگڑے کام کو بنانا . ۲. جھوٹ بولنا ، غلط بات کہنا ، حیلہ کرنا . ۳. لگائی بجھائی کرنا ، کان بھرنا ، لڑا دینے کی سعی کرنا . ۴. ساکھ پیدا کرنا ، عزت قائم کرنا ، بھرم رکھنا . ۵. کوئی فرضی امر گڑھ لینا ، کسی امر کو فرض کو کرلینا . ۶. شیخی بگھارنا ، دون کی لینا ، بڑھ چڑھ کر بات کرنا ، بڑا بول بولنا . ۷. سخن سازی کرنا ، حقیقت کو پردے میں بیان کرنا .

بات بننا محاورہ . ۱. حسب مراد صورت پیدا ہونا ، کام چلنا ، کام پورا ہونا ، کامیابی ہونا ، حالات کا سازگار ہونا . ۲. عزت قائم ہونا، وقار حاصل ہونا .

بات بے بات م ف . خواہ مخواہ ، بلاوجہ ، موقع بے موقع .

بات پر اڑنا . ۱. قول پر قائم رہنا ، فیصلے یا عہد پر سختی سے جمنا . ۲. ضد کرنا ، اپنے فیصلے یا قول پر بیجا اصرار کرنا .

بات پر قائم رہنا محاورہ . بات پر ٹھہرنا ، قول پر مستقل رہنا ، کہے پر قائم رہنا .

بات پر کان دھرنا / نہ دھرنا / رکھنا / لگانا محاورہ . بات غور سے سننا ، بات پر دھیان دینا .

بات پرائی ہونا محاورہ . خبر کا پھیلنا ، راز آشکارا ہونا ، بات کا عام ہونا .

بات پکڑنا محاورہ . ۱. نکتہ چینی کرنا ، اعتراض جڑنا ، گرفت کرنا ، کسی شخص کو اسی کے قول سے قائل کرنا . ۲. کسی ایک بات پر اڑ جانا اور کوئی دوسرا پہلو نہ دیکھنا .

بات پکی کرنا / ہونا محاورہ . ۱. اقرار مدار کو مضبوط کرنا ، کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا ، معاملہ پختہ کرلینا . ۲. منگنی کرنا ، رشتہ طے کرنا .

بات پلٹنا ف مر . ۱. کہہ کے مکرنا ، قول بدلنا ، بات کو دوسرے معنی پہنانا . ۲. کسی سے جو سننا اس کو انہیں لفظوں میں جواب دینا .

بات پی جانا / پینا محاورہ . ۱. کسی بات سے درگزر کرنا ، بات کو سن کر برداشت کرنا . ۲. بات کو ٹال جانا ، سنی ان سنی کر دینا .

بات پھیلانا محاورہ . ۱. کسی بات کا چرچا کرنا ، کسی امر کو شہرت دینا ، مشہور کرنا . ۲. بات کو طول دینا ، تشریح و تفصیل میں جانا .

بات ٹھہرانا ف مر ؛ محاورہ . ۱. منگنی کرنا ، نسبت پکی کرنا . ۲. کوئی امر طے کرنا (کسی کا کسی سے) . کوئی منصوبہ یا تجویز قائم کرنا (دل ہی دل میں) . ۳. مقرر کرنا ، عائد کرنا .

بات چٹکیوں میں اُڑانا محاورہ . کسی بات یا معاملے کو ہنسی میں ٹالنا ، بات کو اہمیت نہ دینا .

بات چیت امث . ۱. گفتگو ، بول چال ، حرف و حکایت . اف : رہنا / کرنا / ہونا . ۲. منگنی ، نسبت ، رشتہ ، ٹھہرانا ، طے کرنا . ۳. معاملت ، مول تول .

بات دل میں اُترنا / بیٹھنا محاورہ . ۱. کسی بات کا دل پر اثر ہونا . ۲. کسی بات سے دل کو سخت اذیت پہنچنا . ۳. کسی بات کی صداقت پر یقین کامل ہونا .

بات دل میں چبھنا محاورہ . کسی بات کا دل میں گہرا اثر کرنا یا ہونا ، کسی بات سے دل کو سخت صدمہ پہنچنا.

بات رہ جانا / رہنا محاورہ . ۱. بھرم یا عزت قائم رہ جانا . ۲. تذکرہ باقی رہنا ، یاد باقی رہنا . ۳. عرض قبول ہونا ، آرزو پوری ہونا . ۴. (گفتگو کا) ناتمام رہنا ، موقع نہ ملنا ، کامیابی نہ ہونا . ۵. الزام یا شکوہ باقی رہنا .

بات زبان یا منھ سے نکل جانا/نکلنا اور پرائی ہو جانا محاورہ . کسی بات کا مشہور ہو جانا ، کسی معاملے کی تشہیر کو روکنا قابو سے باہر ہو جانا .

بات سے پھرنا محاورہ . زبان دے کر بد عہدی کرنا ، قول سے منحرف ہو جانا ، زبان بدلنا .

بات کا بتنگڑ اند . ذرا سی بات پر بہت سا غوغا ، چھوٹی سی بات کو بڑھا دینے کی صورت حال .

بات کا بتنگڑ (اور سوئی کا بھالا) بنانا محاورہ . ذرا سی بات کو ناخوش گوار حد تک طول دینا ، سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا ، چھوٹی سی بات کو بڑھا دینے کی صورت حال .

بات کا پکا صف . قول کا دھنی ، وعدے میں اٹل .

بات کاٹنا محاورہ . ۱. دوسرے کی گفتگو کے بیچ میں بولنا . ۲. کسی کے کلام کو دلیل سے رد کرنا . ۳. بات پوری نہ کہنے دینا .

بات کان میں پھونکنا / ڈال دینا / ڈالنا محاورہ . کسی امر کا سماعت تک پہنچا دینا ، آگاہ کر دینا ، صلاح کے طور پر کسی سے کچھ کہنا . باخبر کر دینا ، گوش گزار کرنا .

بات کا بیٹا صف . بے اعتبار ، بات پر قائم نہ رہنے والا ، جس کو اپنی بات

کا پاس نہ ہو۔

بات کٹنا محاورہ. بات کرتے میں کسی کا بول پڑنا، بات پوری نہ ہونے دینا، بات کہنے نہ دینا۔

بات کرنا محاورہ. ۱. گفتگو کرنا، منھ سے بولنا؛ لب کشائی کرنا ۲. شادی کا پیام دینا، بیاہ کی تاریخ طے کرنا۔

بات کڑوی لگنا / ہونا ف مر. کسی بات کا ناگوار گزرنا، گفتگو کا ناپسندیدہ یا دل آزار ہونا۔

بات کو آنچل / پلو / گرہ میں باندھنا محاورہ. یاد رکھنا، کبھی نہ بھولنا، (کسی بات کو) زندگی کے ہر دور میں لائحۂ عمل بنانا۔

بات کو پورا کرنا ف مر. ۱. تمنائے دلی برلانا، خواہش کو پورا کرنا۔ ۲. ایفائے عہد کرنا۔

بات کو پی جانا محاورہ. تلخی یا غصے کو ضبط کرنا، سنی ان سنی کر دینا، خوش گوار یا ناپسندیدہ قول یا فعل کا خیال نہ کرنا۔

بات کہہ کے گنہگار ہونا / کہنے کا گنہگار ہونا محاورہ. "بولتے ہی قصوروار ٹھہرایا جانا". کوئی بات کہہ کے پچھتانا، بات کہہ کے شرمندہ ہونا۔

بات کہے کی لاج مث. منھ سے نکلے ہوئے لفظوں کی پچ، قول کی شرم، سخن پروری۔

بات کی بات (الف) م ف. ذرا سی دیر، پل بھر، پل بھر کے لیے، ذرا سی دیر کے لیے۔ (ب) مث. ۱. معمولی بات چیت، اظہار واقعہ یا حقیقت ۲. قول کی پائے داری۔

بات کی تہ مث. کسی بات کا اصل مطلب، وہ بات جو کسی گفتگو میں مضمر ہو، بات کا اشارہ اف: پانا / (کو) پہنچانا۔

بات کھلنا محاورہ. ۱. کسی بات کا واضح ہو جانا، علم میں آ جانا ۲. راز فاش ہو جانا، شہرت ہونا، بات پھوٹنا۔

بات کھونا محاورہ. ساکھ ختم کرنا، بے وقعت ہو جانا، عزت آبرو خاک میں ملا دینا۔

بات گرہ (میں) باندھنا محاورہ. بات یاد رکھنا، کوئی معاملہ دھیان میں رکھنا، کوئی قول یاد رکھنا۔

بات گول کرنا محاورہ. معاملے کو ٹال دینا۔

بات گھڑنا محاورہ. دل سے غلط بات بنا کے کہنا، بات بنانا۔

بات مارنا محاورہ. ۱. بات دبا لینا، سلسلۂ گفتگو کو تبدیل کرنا، چھپا لینا، جھٹلانا ۲. طعنہ زنی کرنا۔

بات منھ سے نکل جانا ف مر. ارادے کے بغیر کوئی بات بے سوچے سمجھے زبان پر آ جانا، یکایک بول اٹھنا۔

بات منھ سے نکلی پرائی ہوئی / بزار میں پڑی کہاوت. راز اگر کسی سے بھی کہہ دیا گیا تو پھر وہ مشتہر ہو جاتا ہے۔

بات نباہنا محاورہ. وضع پر قائم رہنا، قول کا پکا رہنا۔

بات نکالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. منھ سے کوئی کلمہ نکالنا ۲. ذکر چھیڑنا، تذکرہ کرنا ۳. نکتہ پیدا کرنا، جھگڑے کی صورت پیدا کرنا، نکتہ چینی کرنا۔

بات نکلنا محاورہ. ۱. منھ سے کوئی کلمہ نکلنا ۲. نتیجہ برآمد ہونا ۳. ادا پیدا ہونا۔

بات ہضم کرنا محاورہ. ۱. ناگوار بات کو ضبط کرنا، پی جانا، جیسے: لاکھ ان کو برا بھلا کہا مگر وہ ہر بات ہضم کر گئے۔ ۲. بات کو راز میں رکھنا اور کسی سے نہ کہنا۔

بات ہلکی کرنا/ہونا ف مر؛ محاورہ. بات مٹنا، عزت کم ہونا۔

بات ہنسی میں اڑانا محاورہ. کسی تذکرے کو مذاق میں ٹال دینا۔

باتوں (و ج) مث؛ ج.
بات کی جمع اور ذیل کی ترکیبات میں مستعمل۔

باتوں باتوں میں م ف. چٹکلوں میں، لطیفوں میں؛ دلیل و حجت میں؛ مفت، آسانی سے؛ ترکیب سے؛ مذاق میں، ہنسی میں؛ بات چیت میں، دوران گفتگو۔

باتوں میں اڑانا محاورہ. ۱. کسی بات کو ہنسی میں نظر انداز کر دینا، ٹالنا، سن کر ہنس دینا اور کچھ جواب نہ دینا ۲. مغالطہ دینا، دھوکا دینا، فریب دینا۔

باتوں میں الجھانا ف مر. ۱. مقصد سے غافل بنانے کے لئے) باتوں میں لگا لینا ۲. بات چیت میں دیر لگانا۔

باتوں میں آنا محاورہ. ۱. دھوکے میں آنا، دم میں آنا، جھانسے میں آنا۔

۲. کہے پر عمل کر.

باتونی (دمع) صف.
بہت باتیں بنانے والا یا بنانے والی.

باتیں (ی ج) است : ج.
بات کی جمع مغیرہ حالت میں.

باتیں بگھارنا محاورہ. سخن سازی کرنا، شیخی مارنا، زبانی دعوے کرنا، بہت باتیں بنانا.

باتیں بنانا محاورہ. ۱. جھوٹ بولنا، سخن سازی یا حیلہ حوالہ کرنا، خیالی پلاؤ پکانا، ڈینگ مارنا. ۲. چاپلوسی یا خوشامد کرنا، بڑھ بڑھ کے بولنا. ۳. الزام دھرنا (بیشتر "پر" کے ساتھ مستعمل).

باتیں سنانا ف مر: محاورہ. برا بھلا کہنا، طعن تشنیع کرنا.

باٹ اند.
لوہے یا پتھر کے گھڑے ہوے یا ان گھڑ ٹکڑے جو اشیا کو تولنے کے لیے ترازو وغیرہ کے ایک پلڑے میں رکھے جاتے ہیں، بانٹ، بٹا. [س].

باٹنی (سک ٹ) است.
علم نباتات، نباتیات. [انگ].

باج اند.
۱. خراج، وہ مقرر نذرانہ جو چھوٹے حکمراں کی طرف سے بادشاہ یا شہنشاہ کو دیا جاتا ہے. ۲. محصول، لگان، ٹیکس، چنگی. اف: دینا/لینا.

باج گزار صف. خراج یا محصول ادا کرنے والا، مطیع. اسم کیفیت: باج گزاری.

باجا اند: ~ باجہ.
۱. بجائے جانے یا بجنے کی چیز، ساز جن سے آواز نکلتی ہے. ۲. ساز کی موسیقی. اف: بجانا/بجنا. ۳. باجنا (= شہرت ہونا) کا حاصل مصدر، شہرت، دھوم دھام.

باجا گاجا اند. مختلف قسم کے باجے اور دھوم دھڑکا؛ دھوم دھام.

باجرا / باجرہ (سک ج / فت ر) اند.
۱. خریف کی فصل کا ایک اناج جس کے دانے ایک بالی میں خشخاش سے بڑے اور جوار سے چھوٹے ہوتے ہیں. ۲. (مجازاً) بارش کی بہت ننھی ننھی بوندیں، پھوار. ۳. (مجازاً) چھالیا کے ٹکڑے جو بہت چھوٹے چھوٹے گول کترے جاتے ہیں. [س].

باجی است.
بڑی بہن، بہن. [ت].

باجے اند: ج.
باجا کی جمع یا مغیرہ صورت (بیشتر مرکبات میں مستعمل).

باجے دار صف. باجے کی طرح بجنے والا، جس میں باجے کی طرح جھنکار وغیرہ پیدا ہو.

باچھ (۱) است.
ہونٹوں کا داہنی یا بائیں جانب کا کونا جہاں دونوں ہونٹ ملتے ہیں. [ار]

باچھ (۲) است.
۱. چندہ. ۲. ٹیکس، خراج، جرمانہ. ۳. حصہ رسدی، تقسیم. ۴. (i) لگان جمع بندی. (ii) زمین کی رسدی شرح، تقسیم فی حصہ، ہر ایک کی ذمہ داری لگان. ۵. چناؤ، چھانٹ، انتخاب.

باچھیں (ی ج) است: ج.
باچھ (۱) کی جمع ترکیبات میں مستعمل.

باچھیں آنا / پکنا/پھٹنا محاورہ. ہونٹوں کے کونوں کا پھٹنا یا پک جانا چرنا باچھوں میں ننھی ننھی پھنسیاں نکلنا.

باچھیں کھلنا محاورہ. بے حد خوش ہونا، خوشی میں بہت ہنسنا.

باختر (سک خ، فت ت) اند.
۱. مغرب، پچھم. ۲. مشرق. [ف].

باختہ (سک خ، فت ت) صف.
معطل، اڑا ہوا، گم (حواس یا رنگ وغیرہ کے لیے مستعمل).

... باختہ / باختہ ... (سک خ، فت ت) صفت کا جزو اول و ثانی.
جیسے: حواس باختہ، ہوش باختہ، روباختہ؛ باختہ حواس.

باد است.
۱. وہ متحرک اور لطیف عنصر یا مرکب گیس جو کرۂ ارض کو چاروں طرف

سے گھیرے ہوئے ہے ، ہوا .۲. گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کے اعضا خشک ہو جاتے ہیں .

باد انگیز اند . بادی ، نفاخ جس سے پیٹ میں ریاح پیدا ہوں .

باد بان اند .۱. وہ پردہ جو ہوا بھرنے یا ہوا کا رخ بدلنے کے لیے کشتی یا جہاز پر لگاتے ہیں ، پال .۲. ایک ظرف جس میں چراغ کو ہوا سے بچانے کے لیے رکھتے ہیں ، فانوس .

باد بانی صف . باد بان کا ، باد بان سے منسوب .

باد بانی جہاز / کشتی اند/ است .وہ جہاز یا کشتی جسے باد بان کی مدد سے چلایا جاتا ہے .

باد بریں است .وہ ہوا جو شمال سے چلے ، باد صبا .

باد بہار / بہاری است .۱. وہ سبک رفتار ہوا جو بہار کے موسم میں چلتی اور اس کے اثر سے امنگیں اور نشوونما کی طاقتیں از سرنو زندہ ہو جاتی ہیں . ۲. ہندوستان میں مغل حکومت کے دور کی ایک سبک رفتار شاہی سواری کا نام جسے دو گھوڑے کھینچتے تھے .۳. (مجازاً) وہ باجا یا باجے جو شاہی سواری (باد بہاری) کے برآمد ہونے کے وقت بجاتے تھے .

بـاد پیما (الف) صف . ہوا کی طرح تیز چلنے والا (گھوڑے کے لیے مستعمل) . (ب) اند . ہوا کا دباؤ ناپنے کا آلہ .

باد تند است .جھکڑ ، آندھی ، تیز ہوا .

باد خزاں/ خزانی است .وہ گرم ہوا جس کے چلنے سے پت جھڑ کا موسم آ جاتا ہے .

باد سموم است . بہت گرم ہوا ، جس سے گزند پہنچے ، لو .

باد صبا است .صبح کے وقت قبل طلوع شمال مشرق سے چلنے والی ہوا جو صحت بخش و خوش گوار ہوتی ہے ، نسیم سحر ، پروا ہوا .

باد صرصر است .اندھیاؤ ، جھکڑا ، وہ ہوا جو بڑی تندی کے ساتھ شور مچاتی ہوئی چلتی ہے .

باد نسیم اند .صبح کی ٹھنڈی ہلکی ہوا .

باد/ بادا ف ل (تمنائی) .ایسا ہی ہو ، ایسا ہی رہے ، خدا ایسا ہی کرے ، ترکیب میں مستعمل ، جیسے : زندہ باد ، مردہ باد ، شاد باد ، خوش بادا .

بادام اند .

ایک مشہور خشک میوہ جو بناوٹ میں بالعموم آنکھ سے مشابہ اور اُس سے کچھ بڑا ہوتا ہے . [ ] .

بادامی صف .

بادام سے منسوب ، بادام کے رنگ یا وضع قطع کا .

بادْبان (سک د) اند .

جہاز یا کشتی کا وہ پردہ جو ہوا کے رخ پر لگایا جاتا ہے جس سے وہ جہاز یا کشتی چلتی ہے . [ ] .

بادْشا/ بادشاہ (سک د) اند .

۱. صاحب تخت و تاج ، خود مختار حکمراں جو کسی کے سامنے جواب دہ نہ ہو .۲. مالک ، خداوند ، حاکم .۳. اپنی مرضی کا مختار ، غنی ، مطلق العناں ، نہایت امیر .۴. (مجازاً) اعلیٰ ، افضل ، ممتاز ، سردار ، نمایاں (بیشتر ہمجنسوں میں) .۵. استاد فن ، کسی ہنر میں کامل .۶. تاش کا ایک پتا جس پر بادشاہ کی تصویر بنی ہوتی ہے اور وہ کھیل میں بیگم سے اعلیٰ اور اکے سے پست سمجھا جاتا ہے .۷. شطرنج کا وہ مہرہ جو صرف گھوڑے کی چال قبل از کشت چلتا اور دوڑ دھوپ سے محفوظ رہتا ہے .۸. بھولا بھالا ، بیوقوف . [ف] .

بـادْشـاہَت (سک د ، فت ہ) است .۱. بادشاہ کا اسم کیفیت ، حکومت . ۲.حدود سلطنت ، کسی بادشاہ کی مملکت کا دائرہ .

بادْشاہوں اور دَرْیاؤں کا بھید کِس نے پایا ہے کہاوت .

بادشاہوں کا مافی الضمیر دریافت کرنا محال ہے ، بادشاہوں کے دل میں کیا ہے یہ کسی کو نہیں معلوم ہوتا.

بادَل (فت د) اند .

۱. ہوا میں تیرنے والے پانی کے ننھے قطروں یا برفانی قلموں کا مجموعہ بادل کہلاتا ہے ، آبی بخارات کی منجمد شکل جو فضا میں نظر آئے ، گھٹا. ۲. (جلا کاری) برتن کی جلد کے دھبے جو حرارت یا نمی کے اثر سے جلا کی چمک میں پرچھائیں کی طرح معلوم ہوں اور جلا کو بدنما کردیں ، جھائیں. [س] .

بادل اُمنڈ آنا / اُمنڈنا ف مر. بہت گھرے بادل آنا اور بہت تیزی کے ساتھ چھانا.

بادل آنا ف مر. گھٹا اٹھنا، بادل گھرنا، آسمان پر گھٹا دکھائی دینا.

بادل ٹوٹ کے برسنا محاورہ. زبردست بارش ہونا.

بادل چھانا ف مر؛ محاورہ. ابر کا فضا میں حرکت کرنا.

بادل چھٹنا ف مر؛ محاورہ. بادلوں کا پھٹنا اور آسمان نمودار ہونا، ابر کے ٹکڑوں کا فضا میں منتشر ہو جانا.

بادل دیکھ کے گھڑے پھوڑنا محاورہ. کثیر نفع کے آثار دیکھ کر موجودہ بضاعت کو تباہ کر دینا.

بادل کڑکنا/گرجنا محاورہ. بجلی کا کڑکنا، بادلوں سے گرج کی آواز پیدا ہونا.

بادْلا/ بادْلَہ (سک د/ فت ل) مذ.

۱. سونے چاندی کے چپٹے تار جو گوٹا بننے اور کلابتوں بٹنے کے کام آتے ہیں. ۲. زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنا جاتا ہے، زربفت، تمامی، زری. [س].

بادَہ (فت د) مذ.

شراب، مے، دارو. [ف].

بادہ پرست صف. شراب پینے والا، شراب کا عادی، شرابی.

بادہ کش صف. شراب نوش، شرابی.

بادہ نوش مذ. شراب پینے والا، شرابی. اسم کیفیت: بادہ نوشی.

بادی (۱) (الف) صف.

۱. باد (= ہوا) سے منسوب. ۲. نفخ یا ریاح پیدا کرنے والا، جسم پھلا دینے والا (مادہ یا غذا وغیرہ)، ریاحی. ۳. (تاثیر کے اعتبار سے) بارد، سرد. (ب) است. بائی، گٹھیا، وجع مفاصل.

بادی بواسیر است. وہ مسے جو مقعد کے اندر کثرت ریاح کے مرض سے پیدا ہو جائیں، خونی بواسیر کی ضد.

بادی پن مذ. جسم پر نفخ یا ریاح کی کیفیت، اثر یا صورت حال، نفخ پیدا کرنے کی استعداد.

بادی (۲) است.

ریاحی جسم کے زائد گوشت کا پھیلاؤ، مٹاپا (جو گٹھیلا نہ ہو اور تھلتھلا ہو)

بادی (۳) صف.

۱. ابتدا کرنے والا. ۲. (لفظاً) روشن کرنے والا، ظاہر کرنے والا، ظاہر، کھلا ہوا. ۳. صحرانشین، جنگلی، بدو.

بادی (ی) النظری صف. سرسری، ظاہری، نمائشی، غور و فکر کے بغیر، ابتدائی سوچ میں، اول فکر میں، بظاہر و ظاہراً، ظاہر میں.

بادیان (سک د) است.

جو سے مشابہ مگر اس سے چھوٹا ایک بیج جسے اکثر پان میں ڈال کر بھی چباتے ہیں اور دوا میں بھی طرح طرح سے استعمال ہوتا ہے، سونف. [ف].

بادِیَہ/ بادْیَہ (کس د، فت ی/ سک د، فت ی) مذ.

جنگل، بیابان، غیرآباد علاقہ. [ع].

بادیہ پیما صف. جنگلوں جنگلوں پھرنے والا، دشت و بیابان طے کرنے والا، دشت نورد.

باڈر (فت ڈ) مذ.

۱. گوٹ، حاشیہ. ۲. سرحد. [انگ].

باڈی است؛ مذ.

۱. دھڑ، (مجازاً) جسم. ۲. کسی چیز کا خاص یا اصلی حصہ (جس کی بنا پر وہ دوسری نوع سے ممتاز ہو). ۳. (i) انگیا، محرم. (ii) لباس کا وہ حصہ جو دھڑ کو چھپاتا ہے، کرتی. [انگ].

باڈی بلڈر صف. ورزش کے ذریعے اپنے جسم کو مضبوط اور اپنے آپ کو تنومند بنانے والا.

باڈی گارڈ مذ. وہ سوار یا پیادہ جو کسی کی حفاظت کے لیے ہر وقت اس کے ساتھ رہے.

باذِل (کس ذ) صف.

خرچ کرنے والا، سخی. [ع].

بار (۱) (الف) اند.

۱.(i) گرانی، وزن، بوجھ. (ii) بوجھل پن، دباؤ (جو طبیعت وغیرہ پر بار ہو). (iii) ذمہ داری، کفالت. (iv) قرض. ۲. مرتبہ، دفعہ، نوبت. جمع: بارہا. ۳. پھل، ثمر؛ استعارۃً. ۴.(i) اسباب، سامان (لادا جانے والا). (ii) گٹھری، بنڈل، گانٹھ، راس، کھیپ. ۵. ناگواری، اندوہ، کلفت. ۶. دربار (اکثر ترکیب میں مستعمل). ۷. (کنایۃً) حمل. (ب) اند، است. دخل، رسائی، اجازت داخلہ، پیشی یا حاضری کا موقع. (ج) صف. ۱. لدا ہوا. ۲.(i) ناگوار، تکلیف دہ. (ii) مشکل، دشوار. [ف].

بار اُترنا محاورہ. فرض ادا ہونا، ذمہ داری پوری ہونا.

بار اُٹھانا محاورہ. ۱. بوجھ کا متحمل ہونا، ذمہ داری کا اپنے سر عائد کرنا. ۲. ذمہ داری سے سبکدوش کرنا.

بار آور صف. ۱. پھل دینے والا، سرسبز. ۲. نتیجہ خیز، کامیاب. ۳. وضع حمل کرنے والی، بچہ دینے والی.

بار بار صف. گھڑی گھڑی، متواتر، پے درپے، کئی دفعہ.

بار بردار صف؛ اند. ۱. بوجھ لادنے یا کھینچنے والا جانور، جہاز یا کوئی بھی نقل وحمل کا ذریعہ؛ قلی. ۲. محنتی، جاں فشانی کرنے والا.

بار برداری است. ۱. سامان اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کا کام. ۲. چھکڑا وغیرہ جس پر سامان لادا جاتا ہے. ۳. تحمل، برداشت. ۴. سامان منتقل کرنے کی اجرت، محنتانہ.

بار پڑنا ف مر؛ محاورہ. ذمہ داری عائد ہونا، خرچہ ذمے لگنا.

بار پیما اند. ہوا کے دباؤ کو ناپنے کا آلہ (جو موسم کی پیش گوئی کے لیے بھی دوسرے آلات کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے).

بار خاطر صف. جو طبیعت کو گراں گزرے، ناگوار، وبال جان.

بار دار صف. ۱. پھل دینے والا، پھلا ہوا، سرسبز، بار آور. ۲. بوجھ سے لدا ہوا. ۳. حاملہ (انسان یا جانور)؛ بچہ دینے والا بیضہ وغیرہ. ۴. نتیجہ خیز، کامیاب. اسم کیفیت: بارداری.

بار دگر/بار دیگر صف. دوبارہ، آیندہ.

بار کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. لادنا، بھرنا، جانور، صندوق یا گاڑی وغیرہ میں سامان رکھنا. ۲. آتشیں اسلحہ خصوصاً بندوق میں کارتوس یا باروت بھرنا. ۳. ذمہ داری ڈالنا. ۴. (قدیم) حاضر کرنا، پیش کرنا.

بارگاہ/ بارگہ است. دربار، ایوان، کچہری، محل، گھر؛ پیشی، اجلاس.

بار گزرنا محاورہ. ناگوار ہونا، گوارا نہ ہونا، بوجھ محسوس ہونا.

بار ہا م ف. بار بار، کئی بار، متعدد دفعہ، مسلسل یا متواتر، اکثر.

بار یاب صف. ۱. رسائی پانے والا، حضوری حاصل کرنے والا، داخل، حاضر. ۲. (مجازاً) کامیاب، موثر.

بار (۲) است.

۱.(i) باری، نوبت، داؤ. (ii) وقت. ۲. عرصہ، دیر. [س].

بار (۳) (الف) صف.

نیکوکار. (ب) اند. خدائے تعالیٰ کا ایک نام.

بار / بار اللہ انشا؛ فقرہ. اے خدائے بزرگ.

بار (۴) اند؛ است. ۱. عدالتی وکیلوں کا گروہ؛ وکلا کی انجمن. ۲. سلاخ، چھڑ، سریا. [انگ].

بار ایٹ لا اند. اعلیٰ عدالتوں کا وکیل، بیرسٹر. [انگ].

بار روم اند. ۱. کچہری میں وکیلوں کی نشست کا کمرہ. ۲. عدالت کی وہ جگہ جہاں وکلا کھڑے ہو کر موکلوں کی طرف سے تقریر کرتے ہیں. [انگ].

بار کونسل است. بار ایسوسی ایشن کی مجلس منتظمہ. [انگ].

••• **بار** لاحقی ترکیب میں جزو دوم.

۱. (جزو اول کے مفہوم کو) برسانے والا جیسے: مشک بار، اشک بار. ۲. ظرفیت کے لیے، جیسے: رود بار، جوئبار. ۳. بوجھ، جیسے: گراں بار، زیر بار، برد بار. ۴. کار (= کام) کا تابع جیسے: کاروبار. [ف].

بارات است.

دولھا کی سواری کا جلوس، برات.

باراں (الف) اند.

۱. مینھ، بارش. ۲. (تصوف) فیض رحیمی کا سالک کے دل پر نزول. ۳. موسم برسات. (ب) صف. برستا ہوا، برسنے والا. [ف].

باران رحمت اند. ۱. رحمت الٰہی جس کا فیض بارش کی مثل عام ہے. ۲. بارش جو کہ اللہ کی رحمت ہے.

بارانی (الف) صف.
ا. وہ زمین جس کی کاشت بارش کے پانی پر منحصر ہو. ۲. بارش کا، بارش کے موسم کا. (ب) است. ا. وہ کوٹ وغیرہ جو بارش سے بچاؤ کے لیے پہنتے ہیں. ۲. چھجا، برساتی، سائبان. ۳. برسنے کا عمل، برسنا.

بارِش (کس ر) است.
ا. (i) مینھ. (ii) مینھ برسنے یا برسانے کا عمل. ۲. برسات کا موسم. ۳. کسی کیفیت یا شے کا کسی پر بہتات کے ساتھ نزول.

بارش کرنا (الف) ف مر، ف ل. برسنا. (ب) ف م. ا. برسانا. ۲. بہتات اور کثرت سے دینا یا ملنا (رزق وغیرہ).

بارک (فت ر) است.
خاص وضع کی عارضی یا مستقل عمارتیں جو سرکاری ملازموں خصوصاً سپاہیوں اور فوجیوں کے رہنے کے لیے بنائی جاتی ہیں (خاص طور پر چھاؤنی میں). [انگ].

بارَکَ اللہ (فت ر، ک، ضم ا، شد ل بعد) انشا (عربی کا دعائیہ فقرہ اردو میں مستعمل).
ا. (لفظاً) اللہ برکت دے، (مراداً) ماشاء اللہ، سبحان اللہ، الحمدللہ، آفریں، شاباش وغیرہ. ۲. طنزاً کسی شخص کی مذمت یا ہجو کے لیے. [ع].

باروت/ بارُود (مع) است.
گندک، پٹاس، شورے اور کوئلے وغیرہ کا آتشگیر سفوف جو آتشیں اسلحہ نیز آتشبازی میں استعمال کیا جاتا ہے.

بارَہ (فت ر) اند.
دس اور دو، بیس سے آٹھ کم، (ہندسوں میں) ۱۲. [س].

بارہ ابرن (ابرنگ یا ابھرن) سولہ سنگھار اند. عورتوں کا پورا سنگھار، بارہ زیور اور سولہ سجاوٹیں.

بارہ باٹ صف. ا. متفرق، ٹکڑے ٹکڑے، منتشر، تتر بتر ۲. حیران و پریشان، متفکر، ۳. تباہ و برباد، غارت، ملیا میٹ.

بارہ برس بعد (پیچھے) کوڑے (گھورے) کے بھی دن پھرتے ہیں فقرہ. تنگ دستی یا پریشاں حالی ہمیشہ نہیں رہتی.

بارہ دری است. کم وبیش بارہ دروازوں کا ہوا دار مکان جو اکثر باغ میں یا دریا کے کنارے پر بنا لیتے ہیں؛ برآمدہ جو بارہ دروں یا دروازوں کا ہو.

بارہ سنگا / سنگھا اند. ایک قسم کا پہاڑی اور معمولی ہرن سے بڑا ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ اور بہت لمبے ہوتے ہیں.

بارہ ماس اند. بارہ مہینے، سال بھر.

بارہ ماسا اند. وہ فراقیہ گیت جس میں فراق زدہ عورت کی زبان سے بارہ مہینوں کی تکلیف اور کیفیت ہجر کا بیان ہوتا ہے.

بارہ مسالے اند: ج. ا. کھانے میں چٹ پٹا پن پیدا کرنے والی بارہ چیزیں (جن کے نام یہ ہیں: زیرہ، پودینہ، بڑی الائچی، تیج پات، کالی مرچ، سونف، نمک، دھنیا، ہلدی، ادرک، اجوائن، کلونجی). ۲. کسی بات کی طرف مائل ہونے کے کل اسباب.

بارہ مہینے م ف: اند. پورے سال، ہمیشہ.

باری (۱) است.
ا. (نمبروار کاموں یا اشخاص میں سے ہر ایک کا) نمبر ۲. موقع ۳. دفعہ، مرتبہ.

باری باری م ف. ا. بار بار ۲. نمبر وار، سلسلے یا ترتیب سے، یکے بعد دیگرے.

باری کا بخار اند. وہ بخار جو ایک دن چھوڑ کر دوسرے تیسرے یا چوتھے دن آئے.

باری (۲) اند.
پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ. [ع].

باری تعالیٰ اند. خداوند عالم جو کہ بزرگ و برتر ہے.

بارے م ف.
ا. ازبسکہ، غرضکہ، بالجملہ، آخرکار، الغرض ۲. لیکن، مگر ۳. (i) ایک بار. (ii) یکا یک، ایک دم ۴. تاہم، پھر بھی، خیر. ۵. تو پھر، (ماقبل) کے نتیجے میں. [ف].

بارِیک (ی مع) صف.
ا. چوڑائی، موٹائی میں کم، پتلا، مہین ۲. پتلے اور مہین سوت کا. ۳. سفوف کی طرح پسا ہوا، میدے کی طرح کا، بہت ہی چھوٹے چھوٹے ذروں پر مشتمل ۴. (i) نہایت نازک، لطیف، نفیس. (ii) دقیق، مشکل، پیچیدہ (جس میں غور و خوض اور احتیاط درکار ہو). ۵. نہایت خفیف، جو بغیر غور و تعمق کے محسوس

نہ ہو. ۶. دبلا، چھریرا، اکہرا. ۷. خواہشات سے خالی، لذات کے برعکس (نفس کے ساتھ موٹا یا باریک ہونا). [ف].

باریک بیں صف. معاملے کے ہر نازک پہلو پر غور و تعمق سے نظر کرنے والا، نکتہ رس، تیز فہم؛ چھوٹی سے چھوٹی چیز کو دیکھنے والا.

بارِیکی (ی مع) امث.
باریک کا اسم کیفیت.

باریکی نکالنا ف مر؛ محاورہ.
نکتہ چینی کرنا، لطیف مضمون پیدا کرنا.

باریکیاں (ی مع، سک ک) امث؛ ج.
باریکی کی جمع ترکیبات میں مستعمل.

باڑ (۱) امث :- باڑا (عموماً مستعمل).
۱. (i) قطار، پرا، صف. (ii) حاشیہ، کنارہ، احاطہ، حد، چاردیواری. (iii) (خیاطی) ٹوپی وغیرہ کی دیوار. (iv) لڑی (ہار وغیرہ کی). (v) مونگے کے پہاڑوں کی تین قسموں میں سے ایک قسم جس میں مونگے مسلسل قطار کی صورت میں پائے جاتے ہیں، جھالر. (vi) (زراعت) کھیت کے اطراف حفاظت کے لیے کانٹوں دار جھاڑی. (vii) جنگلا. (viii) (جڑائی) زیور میں نگ کی بیٹھک کا اٹھا ہوا کنارہ جو نگ کے ٹکاؤ کے لیے بنا ہوتا ہے. (ix) (تعمیرات) پتھر کے فرش یا سڑک کی پٹری کے کنارے کا پشتی بان. [س].

باڑ باندھنا محاورہ. ۱. حد بندی کرنا، احاطہ گھیرنا، روک لگانا ۲. قطار کھڑی کر دینا، ٹٹی لگا دینا.

باڑ رکھے کھیت کو اور کھیت رکھے باڑ کو کہاوت. جس طرح بڑے چھوٹوں کے کام آتے ہیں اس طرح چھوٹے بھی بڑوں کے کام آتے ہیں.

باڑ (۲) امث؛ امذ :- باڑھ (عموماً مستعمل املا).
۱. بندوقوں یا توپوں کا ایک ساتھ فیر ۲. بوچھار، یلغار، لگاتار پڑنے یا ہونے کی صورت حال. [س].

باڑ (۳) امث :- باڑھ (عموماً مستعمل املا).
بار (= دروازہ)، (مجازاً) راستہ.

باڑ رکائی/روکنا امث. ۱. دلہن بیاہ کر گھر لانے کے موقع پر بہنوں کا بھائی کی راہ روکنے کے لیے دروازے پر کھڑا ہونا (نیگ جھگڑنے کی غرض سے)، شادی کی ایک رسم ۲. وہ رقم جو اس موقع پر نیگ میں ملتی ہے.

باڑا امذ :- باڑہ.
۱. (i) احاطہ، باڑ، چار دیواری. (ii) مکان، محل. (iii) جانوروں کے رکھے جانے کا مکان یا گھیرا ۲. محلہ، کٹڑا ۳. میدان، پڑی ہوئی اراضی ۴. دنگل. ۵. تکیہ، قبرستان، فقیروں کے رہنے کی جگہ. ۶. خیرات، بکھیر، نچھاور. ۷. گانو کی بستی کے قریب ترکاریاں وغیرہ لگانے کا چھوٹا کھیت جس کے اطراف مستقل باڑ بنی ہوئی ہو. [س].

باڑی امث. ۱. کانٹوں وغیرہ کا احاطہ جو باغ یا کھیت وغیرہ کے گرد ہو. ۲. (i) درختوں کا جھنڈ، باغ؛ پائیں باغ. (ii) تختہ، کیاری ۳. کھیتی، کھیت، (خصوصاً) سبزی ترکاری کا کھیت یا کھیتی. ۴. روئی کا کھیت. ۵. جائے سکونت، گھر، مکان، (خصوصاً) وہ مکان جس کے چاروں طرف بغیچہ ہو. [س].

باڑھ امث.
۱. برش، تیزی، کاٹ؛ تلوار یا کسی بھی آہنی ہتھیار یا اوزار کی دھار؛ وہ رخ جس میں دھار ہوتی ہے ۲. (i) طغیانی، سیلاب، ندی یا دریا وغیرہ کا چڑھاو. (ii) (مجازاً) جوش، ولولہ ۳. (i) بڑھوتری، اضافہ. (ii) بالیدگی، نمو.

باڑھ آنا محاورہ. (ندی یا دریا میں) طغیانی پیدا ہونا، سیلاب آنا.

باڑھ دار صف. دھار رکھنے والا، تیز.

باڑھ کاٹے نام (ہو) تلوار کا کہاوت. ماتحت کام کرتے ہیں شہرت افسروں کی ہوتی ہے، کام کوئی کرتا ہے نام کسی کا ہوتا ہے.

باڑھا امذ.
اضافہ، زیادتی.

باز (۱) اند.
چیل سے مشابہ مگر اس سے چھوٹا ایک شکاری پرند (جس کی پیٹھ سیاہ اور آنکھیں سرخ ہوتی ہیں). [ع].

باز (۲) (الف) م ف.
پھر، دوبارہ، مکرر (اب عموماً ترکیب میں مستعمل. (ب) صف. ا. کشادہ، کھلا ہوا. ۲. دست بردار، منحرف، بچا ہوا یا دور، کنارہ کش. [ف].

باز آنا محاورہ. دست بردار ہونا، کنارہ کش ہونا، بچنا، پرہیز کرنا، آئندہ کرنے سے توبہ کرنا.

باز پرس امث. ا. پوچھ گچھ، محاسبہ، مواخذہ، جواب دہی، تحقیقات (جو جواب طلبی کے طور پر ہو). ۲. روز قیامت کا حساب کتاب.

باز رکھنا/رہنا محاورہ. (کسی کام یا بات سے) دور رکھنا، بچانا، روکنا، منع کرنا.

باز گشت است. ا. (i) واپسی، رجوع، مراجعت. (ii) (اسلامیات) دنیا سے کوچ، موت. ۲. مرجع، رجوع کی جگہ، جس کی طرف واپسی ہو. ۳. (i) منھ سے نکلی ہوئی آواز کا گونج کے ساتھ اعادہ (آواز وغیرہ کے ساتھ مستعمل). (ii) کیے ہوئے کام کا روعمل یا اثر. ۴. (تصوف) قدرے ذکر کے بعد تین بار یا پانچ بار مناجات کی طرف بحضور دل رجوع کرنا؛ اہل سلوک کا اسم آخر سے اسم اول کی طرف رجوع کرنا (سیرالی اللہ)؛ اہل عرفان کا فنائے کامل اور محویت تام (یعنی محق و تحقق کے بعد) وجود باری کا سریان صفات حقیہ میں مشاہدہ کرنا (سیر فی اللہ).

باز یاب/باز یابندہ صف. کسی شے کو دوبارہ پالنا/ پا لینے والا.

بازیابی امث. واپسی، دوبارہ پانا، پھر پانا.

باز یافت است. گم شدہ شے کی دستیابی، دوبارہ کسی شے کے حاصل کرنے یا ہونے کا عمل، حالت سابق کی واپسی. اف: کرنا/ ہونا.

بازار اند؛ امث.
ا. (i) خرید و فروخت کی جگہ، جہاں مستقل یا عارضی دکانیں ہوں، منڈی. (ii) ساتویں یا آٹھویں دن لگائی جانے والی عارضی منڈی، جیسے: اتوار بازار وغیرہ. (iii) وہ منڈی جہاں خصوصیت سے کسی مال کی مانگ اور کھپت ہو، کسی جنس کی مارکیٹ. (iv) عام گزرگاہ یا مقام، کھلی جگہ، کاروبار، تجارت. ۳. نرخ، قیمت، بھاؤ. ۴. جہاں منڈی کی طرح مجمع عام ہو، منڈی کے لیے مجمع عام کی جگہ، منڈی کے لوگ. [ف].

بازار بڑھنا محاورہ. ا. بازار بند ہو جانا، دوکانیں بند ہو جانا. ۲. نرخ میں اضافہ ہو جانا، قیمت بڑھ جانا.

بازار بند ہونا محاورہ. ا. رونق جاتی رہنا، کاروبار یا مقبولیت میں فرق آنا. ۲. اندھا ہونا. ۳. ہڑتال ہونا.

بازار تیز ہونا محاورہ. ا. نرخ بڑھ جانا، مانگ میں اضافہ ہونا. ۲. عمل دخل میں اضافہ ہونا.

بازار ٹھنڈا ہونا محاورہ. رونق یا مقبولیت جاتی رہنا، نقصان ہونا، زور شور گھٹ جانا.

بازار کی بیٹھنے والی امث. کسبی، طوائف.

بازار کی گالی جس نے سنی اُس پر پڑی کہاوت. جو کسی ایسے طعن یا الزام کا جواب دے گا جس کا کوئی خاص شخص مخاطب نہ ہو ظاہر ہو جائے گا کہ وہ اسی پر منطبق ہوتا ہے.

بازار کی گالی ہنس کر ٹالی کہاوت. مجمع عام میں جو الزام لگایا جائے اس کا جواب نہیں دینا چاہیے (تاکہ تماشا نہ بنے).

بازار کی مٹھائی امث. (لفظاً) وہ چیز جو ہر شخص کو آسانی سے مل سکے، (مراداً) کسبی، طوائف، رنڈی.

بازار گرم رکھنا/رہنا محاورہ. رونق یا مقبولیت و شہرت کو برقرار رکھنا، کسی بات کا زور شور قائم رکھنا.

بازار گرم کرنا/ہونا محاورہ. رونق مقبولیت یا شہرت دینا، کسی بات کا زور شور یا غلبہ بڑھانا.

بازار گرنا محاورہ. ا. بھاؤ کم ہونا، نرخ گھٹنا. ۲. بے وقعت ہونا، بے رونق ہو جانا، ۳. تجارتی مال کی خرید و فروخت میں معمول سے زیادہ کمی ہونا.

بازار لگانا/لگنا محاورہ. ا. دوکانیں کھولنا، کاروبار کرنا. ۲. چیزوں کا پھیلانا، بے ترتیب رکھنا. ۳. مجمع اکٹھا کرنا، ہجوم کرنا.

بازار مصر اند. مصر کا وہ بازار جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو بیچنے کے لیے لایا گیا تھا (تلمیحات میں مستعمل).

بازار میں بیچ ڈالنا لینا محاورہ. دھوکا دینا، بہت چالاک اور عیار ہونا، بہت شریر ہونا.

بازار ہونا محاورہ. ۱. کسی خاص جگہ کا ہر خاص و عام کی گزرگاہ بن جانا، بے روک ٹوک لوگوں کی آمد و رفت ہونے لگنا. ۲. مانگ، مقبولیت اور شہرت ہونا. ۳. (تنگ مقام کا) وسیع ہو جانا. ۴. عارضی دکانیں لگنا.

بازارُو (و مع) صف.

۱. معمولی چیز جو معیاری اور مستند نہ ہو، عام بکری کی چیز جو خاص اہتمام سے نہ بنائی گئی ہو؛ (مجازاً) عام لوگوں کے استعمال کا (سامان یا جگہ وغیرہ). ۲. وہ چیز جو جلد بک جائے، بازار کی بکری کی چیز.

بازاری صف.

۱. (i) بازار سے منسوب، بازار کا. (ii) بازار والا، دوکاندار. ۲. عام لوگ، بازار کے بیٹھنے اٹھنے والے، عوام، راہگیر. ۳. اوباش، شہدا، بدمعاش، آوارہ. ۴. عامیانہ یا سوقیانہ، مبتذل، خواص کی نظر میں تہذیب سے گرا ہوا. ۵. رائج الوقت. ۶. عام، معمولی، غیر معتبر. ۷. کسبی، پیشہ کمانے والی (عورت).

بازاری عورت امث. کسبی، طوائف، پیشہ کمانے والی.

باژو (و مع) اند.

۱. (جسم انسان میں) کہنی سے شانے تک کا حصہ (خصوصاً وہ جہاں مچھلی ہوتی ہے)، ڈنڈ. ۲. پرند کے دونوں پنکھوں میں سے ہر ایک، پرند کے جسم کا وہ حصہ جس میں شہپر ہوتے ہیں. ۳. وہ انگلی نما اعضا جو دریائی جانوروں میں ہوتے ہیں اور ان سے وہ پکڑنے کا کام لیتے ہیں. ۴. (i) دروازے وغیرہ کی کھڑی لکڑیوں میں سے ہر ایک. (ii) چارپائی کے دونوں جانب کی ہر ایک پٹی. ۵. دائیں یا بائیں طرف کا حصہ، جلو، پہلو. ۶. وہ شخص جو گویے یا مرثیہ خواں کے ساتھ ہوتا ہے. ۷. بھائی. ۸. معاون، مددگار، رفیق. ۹. بازو بند. ۱۰. لباس خصوصاً انگیا کا وہ حصہ جو کہنی سے شانے تک ہوتا اور بغلوں کو بھی چھپاتا ہے. ۱۱. قوت، طاقت. ۱۲. دو مخالف سیاسی گروہوں میں سے ہر ایک (دایاں اور بایاں کے ساتھ مستعمل). ۱۳. (تصوف) اعمال سالک جو نفسانیت سے مبرا و معرا ہوں. [ف].

بازو بند اند. ۱. ایک زیور جس میں نگینے جڑے ہوتے ہیں اور عورتیں اسے بازو میں مچھلی کی جگہ پر باندھتی ہیں. ۲. (کشتی) ایک داؤ جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ حریف کی گردن پر تھپکی دے کر اپنے دونوں ہاتھ اوپر سے اس کی دونوں بغلوں میں ڈال دیتے ہیں اور انھیں ملا کر کسی ایک جانب کو ایک دم زور دے کر چت کر دیتے ہیں.

بازو تھامنا محاورہ. مدد کرنا، سہارا دینا.

بازو ٹوٹنا محاورہ. قوت زائل ہونا، مددگار یا بھائی کا نہ رہنا.

بازو ٹھونکنا محاورہ. مقابلے یا جنگ کے لیے مستعد ہونا، ہمت کر کے میدان میں اتر آنا.

بازی امث.

۱. کھیل، تماشا، کرتب. ۲. (i) تاش گنجفے شطرنج وغیرہ کا کھیل. (ii) گنجفے وغیرہ کے کھیل کا پورا داؤ. (iii) (استعارۃً) وہ چال جو کھیل وغیرہ میں چلی جائے، داؤ، چال. ۳. تاش یا گنجفے کے پتے یا شطرنج وغیرہ کی گوٹیں جو بانٹ میں کسی کھلاڑی کو ملیں، بانٹ کے بعد ہمرنگ پتے. ۴. شرط، مقابلہ، (اکثر ہار جیت کے ساتھ). ۵. وہ چیز جو کوئی شخص شرط میں ہار جائے، زر شرط. ۶. چال، فریب. ۷. کبوتر کا پلٹیاں کھانا، کبوتر کے پلٹیاں کھانے یا کلا کرنے کا عمل، کبوتر کا گرہ کرنا (بیشتر کابلی کبوتر کے لیے مستعمل). ۸. غلبہ، جیت. ۹. وہ جدوجہد جس میں یہ یقین نہ ہو کہ نفع ہوگا یا نقصان، امید و بیم کی حالت کا کام. ۱۰. (تصوف) توجہ خالص اور جذبہ حقانی، جس کے سبب سے سالک کا دل متغیر نہیں ہوتا اور طلب حق میں استوار اور سرگرم رہتا ہے.

بازی بدنا محاورہ. ہار جیت پر کچھ رقم وغیرہ طے کرنا، شرط لگانا.

بازی جیتنا محاورہ. کھیل میں بامراد ہونا، شرط جیتنا.

بازی کھیلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گنجفے یا شطرنج وغیرہ کے کھیل میں مشغول ہونا. ۲. کوئی چیز داؤ پر لگانا. ۳. کسی کھیل کا پورا داؤ ختم کرنا. ۴. چال چلنا، فریب دینا، تدبیر لڑانا. ۵. کبوتر یا نٹ کا قلابازیاں کھانا، کلا کرنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بازی گر صف. تماشا یا کرتب دکھانے والا، شعبدہ باز.

بازی لگانا محاورہ. ۱. بازی بدنا، ہار جیت پر کچھ رقم لگانا، شرط بدنا. ۲. کبوتر یا نٹ کا پلٹیاں کھانا، کلا کرنا.

بازی لگنا محاورہ. بازی لگانا کا لازم، ہار جیت پر رقم لگانا.

بازی لے جانا / لینا محاورہ. سبقت لے جانا، حریف سے بڑھ جانا، مقابل کو شکست دینا.

بازی مات ہونا محاورہ. ہار جانا، شکست ہونا، ناکامی ہونا؛ تدبیر کارگر نہ ہونا.

بازی ہاتھ آنا / دینا محاورہ. کامیابی ہونا، حسب مراد کام ہونا.

بازی ہارنا محاورہ. ۱. (کسی کا) شکست کھانا، مغلوب ہو جانا. ۲. (کسی داٶں کا) ناکام ہو جانا، کھیل کا بگڑ جانا، بازی ہرنا.

•• • بازی لاحقہ اسم کیفیت مرکب کا جزو دوم.
کھیلنا، شغل کرنا، مشغول رہنا، جیسے: شطرنج بازی، کبوتر بازی.

بازِیچَہ (ی مع، فت چ) اند.
۱. (لفظاً) کھیل، تماشا (مجازاً) آسان کام. ۲. کھلونا. ۳. بازی گاہ. [ف].

بازیچۂ اطفال / طفلاں اند. بچوں کا کھیل؛ آسان کام.

باس (۱) امث.
۱. ہوا میں پائی جانے والی ایک کیفیت جسے شامہ محسوس کرتا ہے، محض بو (اچھی یا بری سے قطع نظر). ۲. خوشبو، مہک (قرائن کے ساتھ مستعمل). ۳. بدبو، سڑاند، ہراند (قرائن کے ساتھ مستعمل). ۴. ادنیٰ آثار، شائبہ، نشان، علامات. [س].

باس (۲) اند.
آقا، مالک، افسر. [انگ].

•• • باس لاحقہ اسم مونث مرکب کا جزو دوم.
مہک، خوشبو؛ نشاں ("بو" کے ساتھ مستعمل).

باسَٹھ (فت س) صف.
ساٹھ اور دو، آٹھ کم ستر، (اعداد میں) ۶۲. [س].

باسِط (کس س) صف.
(لفظاً) فراخی اور کشائش رکھنے یا دینے والا، پھیلانے والا (مراداً) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

باسْکِٹ (سک س، کس ج ک) امث.
۱. سامان اٹھانے کے لیے بید یا پلاسٹک وغیرہ کی ہتھے دار ٹوکری. ۲. بے تلے کی جالی دار ٹوکری جو کھیل میں استعمال کی جاتی ہے. [انگ].

باسکٹ بال امث. ہاتھوں سے کھیلا جانے والا گیند کا ایک کھیل جس میں میدان کے دونوں سروں پر گڑے ہوئے بورڈوں میں لوہے کا ایک حلقہ اور اس میں بے پیندے کی جالی نصب ہوتی ہے (جس میں مقرر طریقے سے کھلاڑی گیند ڈالتے ہیں).

باسْمَتی (سک س، فت م) اند.
(لفظاً) خوشبو، (مراداً) ایک خوشبودار اعلیٰ قسم کا چاول جو عموماً پلاؤ بریانی میں استعمال ہوتا ہے. [س].

باسَن (فت س) اند.
ہر قسم کا برتن، مٹی یا دھات وغیرہ کا ظرف. [س].

باسْنا (سک س) ف م.
بسانا، مہکانا، معطر کرنا (کسی چیز میں کسی چیز کو).

باسُور (و مع) اند.
بدگوشت جو ناک، مقعد یا رحم وغیرہ میں پیدا ہو جائے. [ع].

باسَہ (فت س) اند.
ناک کے دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی، بانسہ.

باسہ پھرنا محاورہ.
ناک کے سرے کا ٹیڑھا ہونا جو مریض کا آخری وقت ہونے کی نشانی ہے.

باسی (۱) صف.
۱. (i) رات کا بچا ہوا، رات بسے کا، رات کا یا اس سے پہلے کا رکھا ہوا (کھانا یا پھول وغیرہ). (ii) استعارۃً تر و تازہ کی ضد. ۲. خوشبودار. ۳. جس میں بو آ گئی ہو، مزے سے اترا ہوا. [س].

باسی بچے نہ کتا کھائے کہاوت. جو آمدنی وہ خرچ، جو کچھ پاس ہو وہ خرچ کر ڈالنا، غریب اور مفلس ہونا.

باسی پن / پنا اند. باسی ہونے کی حالت، تازہ نہ رہنے کی کیفیت.

باسی تباسی صف. دو تین دن کا عموماً رکھا ہوا کھانا.

باسی کڑھی میں اُبال (اُبھان) آنا محاورہ. ۱. موقع یا وقت گزرنے کے

بعد جوش پیدا ہونا ، وقت گزرنے پر کسی کام کا خیال آنا .۲. بڑھاپے میں جوانی کی وضع ہونا .

باسی منھ اند .۱.بغیر منہ دھوئے ، بغیر سنگھار کیے ہوئے .۲. نہار منھ ، خالی پیٹ .

باسی (۲) صف . بسنے والا ، رہنے والا ، بود و باش رکھنے والا .

باش (۱) کلمۂ انتباہ .

۱.ٹھہر ، دم لے ، سن ، صبر کر .۲. ہو ، ہوا کرے (اظہار استغنا کے لیے) . [ف] .

باش (۲) اند . (فولاد سازی) بلاسٹ فرنس کا ایک اندرونی حصہ (اوپر کی طرف کشادہ اور نیچے کی طرف تنگ تاکہ پگھلی ہوئی چیزیں بارتھ میں پوری آہستگی سے داخل ہوں) . [انگ] .

... باش لاحقہ ترکیب فعلی کا جزو دوم .

جزو اوّل سے مل کر رہنے والا یا ہونے والا کے معنی میں ، جیسے : شب باش (= رات کو رہنے والا) ، یار باش (= دوستوں میں گزارنے والا) ، خوش باش (=عیش میں بسر کرنے والا) .

باشد (فت ش) انشا .

۱. ہوا کرے ، پروا نہیں ، ہوگا (اظہار بے پروائی کے لیے) .۲. ہو ، ایسا ہی ہو خیر باشد . [ف] .

باشِندگان (کس ش ، سک ن ، فت د) صف .

باشندہ کی جمع .

باشِندَہ (کس ش ، سک ن ، فت د) صف .

رہنے والا ، بسنے والا ساکن . [ف] .

باشی صف .

رہنے والا ، سکونت رکھنے والا (باسی کا بگاڑ) .

باصِر (کس ص) صف .

دیکھنے والا ، بصارت رکھنے والا . [ع] .

باصِرَہ (کس ص ، فت ر) امث .

دیکھنے کی قوت ، بینائی ، حواس خمسہ میں سے ایک حاسہ .

باطِل (کس ط) صف .

۱.جھوٹا ، غیر حق ، حقیقت کے خلاف ، حق کی ضد .۲. بیکار ، فاسد ، بے اثر ، بے نتیجہ ، ضائع .۳. رد ، منسوخ .۴. کالعدم ، بالکل ختم .۵. پوچ ، لغو ، بیہودہ .۶. نادرست ، ناقابل قبول .۷. (تصوف) ماسوا اللہ تمام کائنات اور مخلوقات جو صوفیوں کے نزدیک معدوم ہیں .۸. توڑنے والا ، مبطل (ترکیب میں) . [ع] .

باطِن (کس ط) (الف) صف .

مخفی ، پوشیدہ ، پنہاں ، چھپا ہوا ، جو نظر نہ آسکے ، ظاہر کی ضد .
(ب) اند .۱. (i) کسی شے کا اندرونی حصہ ، وہ جوفہ جو کسی سطح کے اندر ہو ، اندرونی عضو . (ii) (کسی شے کی اوپری سطح کے بالمقابل) نیچے کا حصہ .۲. اندرون ، دل ، روح ، نفس ، ضمیر .۳. روحانی قوت ، روحانیت .
۴. اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام .۵. (فقہ) عضو کا وہ رخ جو عام طور سے پوشیدہ رہتا ہو ، جیسے : پانو کا باطن تلوا ، ہاتھ کا باطن ہتھیلی .۶. مفہوم اصلی جو الفاظ سے بالاتر ہو ، مغز کلام ، تاویل ، نفس الامر . (ج) م ف . چھپا کر ، پوشیدگی میں ، دل میں ، علانیہ کی ضد . [ع] .

باطن آگاہ صف . (قیافے یا تجربے وغیرہ سے) دل کا حال جاننے والا .

باطن بیں صف . اشیا کو چھو کر ان کے پوشیدہ خواص جانچنے کا ملکہ رکھنے والا ، نفس پیا .

باطن پرست صف . اہل تصوف ، طریقت پر عمل کرنے والا ، صوفی .

باطن میں م ف .۱. چھپ کر ، پوشیدہ طور پر .۲. درحقیقت ، نفس الامر میں .

باطِناً (کس ج ط ، سک ن ، تن ن بفت) م ف .

باطن میں ، پوشیدہ طور پر ، چھپ کر ، دراصل .

باطِنی (کس ج ط) صف .

باطن سے منسوب : روحانی ، پوشیدہ ، پنہاں ، اندرونی ، ظاہری کی ضد .

باعث (کس ع) اند .

۱.وجہ ، سبب ، علت (جو کسی کام پر ابھارنے یا اکسانے کا محرک ہو) .
۲. خداوند عالم کا اسم صفاتی ؛ ایجاد کرنے والا ، پیدا کرنے والا .

باغ اند .

۱. پھلواری ، گلزار ، چمن .۲. زمین ، رقبہ .۳. (استعارۃً) آل اولاد ، بال

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

بچے .۴. (ارضیات) زمین کے اندر پائی جانے والی مختلف تہوں میں سے ایک تہ کا نام جس میں بجری شکل و شباہت ہوتی ہے ۔ [ف] .

باغ ابراہیم اند .۱. وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو ڈالا تھا اور وہ ان کے لیے گلزار بن گئی تھی .۲. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل اولاد .قب: آتش نمرود ، گلزار ابراہیم .

باغ ارم اند .دیکھیے : ارم .شداد کی بنوائی مصنوعی جنت ؛ بہشت .

باغ باغ صف .بہت خوش ، مسرور ، شاداں و فرحان .

باغ بان اند . باغبان کا منصب یا کام ، باغ کی دیکھ بھال کرنے والا ، باغ کی محافظت ، مالی .

باغ بانی (سک غ) است . باغبان کی تانیث ، پودوں اور درختوں کی پرورش اور نگہبانی کا ہنر ، باغ کی دیکھ بھال کرنے کا عمل .

باغ لگانا ف مر: محاورہ .کسی رقبے میں درخت بونا (اکثر پھلوں یا پھولوں کے) ؛ استعارۃً : رنگین مضامین جمع کرنا ، رونق دینا ، لچھے دار باتیں کرنا وغیرہ .

باغ لگا نہیں منگتوں نے ڈیرے ڈال دیے کہاوت .چیز تیار ہوئی نہیں مانگنے والے پہلے سے آموجود ہوئے .

باغ و بہار (الف) است .رونق ، خرمی و شادابی ، شگفتگی .(ب) صف .۱. آراستہ ، بارونق ، شگفتہ ، آباد .۲. شاداں و فرحاں ، خوش و خرم .۳. شگفتہ مزاج ، بذلہ سنج ، لطیفہ گو ، ہنسوڑ .

باغَچَہ اند .

چھوٹا سا باغ ، بغیچہ ، بغیہ .

باغی صف .

۱. سرکش ، منحرف ، نافرمانی کرنے والا ، حکومت وقت کا مخالف .۲. خدا رسول یا احکام شریعت سے سرتابی کرنے والا . [ع] .

باغیانَہ (سک غ ، فت ن) صف .

باغی سے منسوب : سرکشوں کی طرح ، نافرمانوں کے مانند .

باغِیچَہ (ی مع ، فت چ) اند .

دیکھیے : باغچہ .چھوٹا سا باغ ، بغیہ .

باف اند (قدیم) .

بناوٹ ، بافت ، بافت کی تخفیف .

••• باف لاحقہ صفت ترکیبی کا جزو دوم .

۱. جزو اوّل کے مفہوم کے ساتھ مل کر بننے والا ، تاگے وغیرہ کا تانا بانا درست کر کے اسے کپڑے وغیرہ کی شکل میں لانے والا ، جیسے : نور باف ، شال باف .۲. (مجازاً) بنانے والا ، گھڑنے والا (زبان یا قلم سے) ، جیسے : دروغ باف .۳. بنا ہوا ، بنا ہوا ، بن کر تیار کیا ہوا ، جیسے: دست باف ، خانہ باف .

بافت (سک ف) است .

۱. بناوٹ ، بنائی .۲. عضلات اور اعصاب سے اجسام نامیہ کی ترکیب اور اس سے پیدا شدہ وضع ، اور مختلف اقسام کے خلیات .۳. معدنیات کی سطح یا عمق کی رگ یا رگیں ، ٹشو .۴. بنائی کا پیشہ ، بنائی کا کاروبار ، ٹیکسٹائل کی صنعت .

••• بافت لاحقہ صفت ترکیبی کا جزو دوم .

جزو اوّل کے مفہوم سے مل کر "بنا ہوا" بن کر تیار ہوا ، جیسے : خوش بافت ، دست بافت ، زربافت .

بافتَہ (سک ف ، فت ت) (الف) اند .

۱. ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا اعلیٰ درجے کے کپڑوں میں شمار ہے .
۲. بے دھلے سوت کی بنی ہوئی چھالٹین ، کورا لٹھا .۳. کبوتروں کا ایک قسم کا رنگ ، (غالباً) وہ جو ریشمی بافتے سے مشابہ ہوتا ہے .۴. سفید باریک چمکیلے اونی (مہیر کے) تاگے کا بنا ہوا بٹن ، گھنڈی . (ب) صف . بنا ہوا ، بن کر تیار کیا ہوا .

••• بافتہ لاحقہ صفت ترکیبی میں جزو دوم .

جزو اوّل کے مفہوم سے مل کر بنا ہوا ، کے معنی میں ، جیسے : زربافتہ .

باق صف .

باقی کی تخفیف ، جیسے : بیباق (= کل ادا ، کچھ باقی نہیں رہا) .

باقِر (کس ق) صف ؛ اند .

۱. شگافتہ کرنے والا ، بال کی کھال نکالنے والا ، محقق .۲. رسول (صلعم)

کے چھوٹے نواسے امام حسینؓ کے ایک پوتے محمد کا لقب (جو فرقۂ اثنا عشری کے پانچویں امام ہیں). [ع].

باقر خانی / باقِر خانی (فت ق/کس ق) است.
ایک قسم کی کرکری پرت دار پتلی اور روغنی ٹکیا (میدے، گھی، دودھ سے تیار کی جاتی ہے).

باقلا (سک ق) اند؛ - باقلہ.
لوبیے سے قدرے بڑے بیج اور سخت چھلکے کی ایک پھلی جس کے بیضوی بیج عموماً ترکاری کے طور پر پکا کر کھائے جاتے ہیں. [ع: باقلاء (ب ق ل)].

باقی (الف) صف.
ا. موجود، برقرار، قائم. ۲. دائم، ہمیشہ رہنے والا، غیر فانی، فانی کی ضد. ۳. بچا ہوا، رہا ہوا. (ب) اند. ا. بچا کھچا یا رہا سہا سامان، شخص یا شے وغیرہ، اور، کوئی اور. ۲. (حساب) عمل تفریق میں بچا ہوا عدد. ۳. خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام. (ج) است. ا. (استعارۃً) واجب الادا رقم. ۲. بیشی، افزونی، زیادتی. (د) م ف. اس کے علاوہ، اس سے مزید. [ع].

باقی باللہ صف. وہ صوفی جو منازل سلوک طے کرنے میں فنا ہو اور وحدت وجود کی منزل پر پہنچکر بقائے دوام حاصل کرے.

باقی ماندہ صف. بچا ہوا، بقایا.

باقی نام اللہ کا فقرہ. سوائے ذات باری کے کسی کو ثبات نہیں عموماً دنیا کی بے ثباتی ظاہر کرنے کے موقع پر مستعمل.

باقِیات (کس ق) است؛ اند.
ا. وہ بقایا رقمیں جو کسی کے ذمے ہوں، غیر وصول شدہ مطالبے. ۲. (i) بچی ہوئی چیزیں. (ii) کسی واقع وغیرہ کے مابعد اثرات. ۳. یادگاریں، آثار قدیمہ.

باکِرَہ (کس ج ک، فت ر) است.
دوشیزہ، جسے مرد نے نہ چھوا ہو. [ف].

باکس (ولین بشکل ا، سک ک) اند.
ا. بکس، صندوق. ۲. تماشا گاہ یا ناٹک تھیٹر سینما ہال یا میخانے وغیرہ میں عام ناظرین سے علیحدہ نشست گاہ. [انگ].

باکس آفس اند. ٹکٹ گھر، سینما یا تھیٹر وغیرہ کا وہ دفتر جو کہانیوں خریداری کا ذمہ دار ہوتا ہے.

باکسَر (ولین بشکل ا، سک ک، فت س) اند.
مکوں سے مقابلہ کرنے والا کھلاڑی، مکے باز، باکسنگ کرنے والا شخص. [انگ].

باکسِنگ (ولین بشکل ا، سک ک، کس س، مغ) است.
مکے بازی، وہ کھیل جس میں دو حریف گدے دار دستانے پہن کر مکوں سے ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں. [انگ].

باگ است.
ا. وہ تسمہ جس کا ایک سرا گھوڑے یا خچر کے دہانے میں اور دوسرا سوار کے ہاتھ میں رہتا ہے، راس، عنان، لگام. ۲. گھوڑے کی گردن پر بھونری کا نشان جو اس جگہ ہوتا ہے جہاں باگ رہتی ہے. ۳. اختیار سیاہ و سفید کا اختیار، نظم و نسق، اختیار کا سر رشتہ، اختیار کے استعمال پر قابو (اضافت تشبیہی کے طور پر). ۴. سونے یا چاندی کی پتلی زنجیر جس کا ایک سرا بھاری نتھ یا بالیوں میں منسلک ہوتا ہے اور دوسرا سر کے بالوں میں پھنسا دیا جاتا ہے. [س].

باگ اپنے ہاتھ میں لینا محاورہ. بذات خود کسی کام کو سنبھالنا، کسی معاملے کے سرانجام کی ذمہ داری آپ اٹھانا.

باگ دار اند. سوار، شہسوار.

باگ دینا محاورہ. ا. گھوڑے کے منھ میں لگام دینا. ۲. باگ ڈھیلی کرنا.

باگ ڈال دینا محاورہ. ا. گھوڑے کو تیز دوڑانے کے لیے باگ چھوڑ دینا، روکنے کی کوشش نہ کرنا. ۲. نگرانی ترک کرنا، توجہ چھوڑ دینا.

باگ ڈور است. ا. وہ رسی جو کوتل گھوڑے کی گردن یا لگام میں باندھ کر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے (بیشتر گھوڑے کو ٹہلاتے وقت) پالہنگ. ۲. کسی کام کے کرنے کا اختیار، نظم و نسق.

باگ ڈھیلی چھوڑنا / کرنا محاورہ.
ا. باگ کسنے میں کمی کرنا تاکہ گھوڑا خوب دوڑے. ۲. گرفت میں نرمی برتنا، من مانی کا موقع یا اجازت دینا، آزاد چھوڑ دینا اور باز پرس نہ کرنا.

باگ ہاتھ میں دینا محاورہ. (کوئی کام، کسی کو) سونپ دینا، سیاہ و سفید

کا مالک بنا دینا (کسی امر کا).
باگ ہاتھ میں ہونا محاورہ. کسی شخص یا شے کا کسی کے قبضۂ قدرت میں ہونا، کسی پر کسی کا اتنا اختیار ہونا کہ جدھر چاہے ادھر موڑ دے.
باگڑ (فت گ) اند.
گلۂ آہو، ہرنوں کا جھنڈ. [مقامی].
باگڑ بِلا اند.
(لفظاً) ڈراونی شکل کا ایک قسم کا بڑا بلا، (مراداً) بچوں کو ڈرانے کا ایک نام جس سے خوفناک اور مہیب شکل کا تصور ہوتا ہے.
باگ/باگھ اند: ~ باگ.
شیر. [س].
بال (۱) (الف) اند.
۱. رواں، رونگٹا، مو، پشم، ریشہ (حیوانی یا نباتات کے جسم کا)، ریشہ نما ساخت جو انسانی سر پر کھال سے اگتی ہے یا پودوں میں خلیوں کی بیرونی سطح پر ظاہر ہوتی ہے. آف: اگنا / آنا / پھوٹنا، نکلنا. ۲. (i) وہ باریک خط یا شگاف جو شیشے، چینی، مٹی یا دھات وغیرہ کے برتن میں ٹھیس لگنے یا ٹکرانے سے پڑ جائے. (ii) لکیروں کے وہ نشان جو دھات یا شیشے وغیرہ میں بے احتیاطی کے ساتھ استعمال کرنے سے پڑ جاتے ہیں. ۳. وہ دھاگا جس کے گرد مصری کی قلمیں جماتے ہیں. ۴. بچہ، طفل، نابالغ (عموماً ترکیب میں مستعمل، جیسے: بال بچے. ۵. بال کی طرح کا باریک خط جو بعض جواہرات کے اندر دکھائی دیتا ہے. ۶. (ب) است. ۱. گیہوں جو باجرا جوار وغیرہ کا خوشہ، بالی. ۲. ایک قسم کی بڑی جسیم مچھلی جو سمندروں میں پائی جاتی ہے. (ج) صف. کم عمر، ناواقف، ناپختہ. [س].
بال آنا محاورہ. ۱. (i) شیشے چینی مٹی یا دھات وغیرہ کے برتن میں چٹخنے سے نشان پڑنا. (ii) نقص پیدا ہونا، سابق کے بالمقابل فرق آنا یا کمی ہونا. ۲. جسم پر رواں نکلنا. ۳. پودے میں خوشہ نکلنا.
بال بال (الف) اند. ایک ایک رونگٹا، ہر ایک بال، سرتاپا. (ب) م ف. بالکل، کلیۃً.
بال بال بچانا محاورہ. خطرے کے بہت قریب پہنچ جانے کے باوجود محفوظ رکھنا، صدمے سے بالکل محفوظ رکھنا، بہت قریب سے بچا دینا، ذرا آنچ نہ آنے دینا.
بال بال بچنا محاورہ. بال بال بچانا کا لازم، صدمے سے بالکل محفوظ رہنا، حادثے کے بہت قریب سے بچنا.
بال بانکا کرنا محاورہ. دیکھیے: بال بیکا کرنا.
بال بانکا ہونا. دیکھیے: بال بیکا ہونا.
بال بچوں والی است. (لفظاً) صاحب اولاد عورت، (مراداً) چیچک.
بال بچے اند. اہل و عیال، بی بی بچے، کنبہ.
بال برابر م ف. ۱. ذرا سا بھی، ذرہ بھر، تھوڑا سا، سرمو، خفیف سا. ۲. بال کی طرح باریک، بہت پتلا.
بال بنانا ف مر: محاورہ. ۱. خط بنانا، حجامت بنانا. ۲. مانگ پٹی کرنا، سر کے بالوں کو کنگھی وغیرہ سے خمدار اور پر پیچ کرنا.
بال بیکا کرنا محاورہ (اکثر نفی میں مستعمل). تھوڑا سا (بھی) صدمہ یا نقصان پہنچانا، ادنیٰ آزار دینا.
بال بیکا ہونا محاورہ. بال بیکا کرنا کا لازم، صدمہ یا نقصان پہنچنا.
بال پڑنا محاورہ. شیشے یا کسی دھات کے برتن میں چٹخنے سے نشان پڑنا.
بال پن است. وہ پن جو عورتیں بال جمانے کے لیے استعمال کرتی ہیں.
بال خورا اند. ایک بیماری جس میں انسان یا حیوان کے جسم یا عضو کے بال گر جاتے ہیں.
بال دھوپ میں پکانا/پکنا / سفید کرنا/ ہونا محاورہ. بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا (بیشتر نفی میں مستعمل ہے).
بال سپید / سفید ہونا محاورہ. بڑھاپا آنا.
بال سے باریک م ف. ۱. بالکل مہین، نہایت دقیق جو بڑی مشکل سے نظر آئے، نہایت پتلا. ۲. اتنا تنگ جس پر گزرنا سخت دشوار ہو، جیسے: پل صراط.
بال سے بال / کھال جدا کرنا. ۱. باریک بات نکالنا، دقت آفرینی کرنا، موشگافی کر کے نکتہ پیدا کرنا، ایک ایک چیز الگ کر کے ڈھونڈنا. ۲. ایک عزیز سے دوسرے عزیز کو لڑوانا، یگانوں میں تفرقہ ڈالنا، خونی رشتہ داروں میں پھوٹ ڈالنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بال صفا اند. بال اڑانے کا مسالا یا صابن.

بال کا کمل (کمبل) بنانا محاورہ. بات کا بتنگڑ بنانا، چھوٹی سی بات کو بہت بڑھانا.

بال کی کھال اُتارنا / کھینچنا / نکالنا محاورہ. ا. ہندی کی چندی کرنا، دقت نظر سے تحقیقات اور چھان بین کرنا، موشگافی سے کام لینا. ۲. سخت جسمانی اذیت دینا.

بال کھڑے ہونا محاورہ. خوف، ڈر، ہیبت دہشت، غیظ و غضب یا نفرت وغیرہ سے (جسم میں ایک سنسنی پھیل کر) رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا.

بال کھلنا محاورہ. ا. جوڑا کھل کر بالوں کا بکھرنا. ۲. غم والم کی شدت میں یا فریاد کے لئے بالوں کا بکھیرا جانا. ۳. بے پردہ ہونا، سر سے چادر اترنا.

بال منڈانا / منڈوانا ف مر. سر یا داڑھی وغیرہ کے بال استرے سے صاف کرانا.

بال نوچنا ف مر. سر کے بال اکھاڑنا (انتہائی رنج و ملال یا بے بسی کے غصے میں).

بال (۲) اند.

پرند کا بازو جس میں پر ہوتے ہیں اور جس کی طاقت سے وہ اُڑتا ہے، پر، پنکھ.

بال جبریل اند. جبریل فرشتے کا شہپر.

بال و پر اند. ا. (لفظاً) پرندے کے بازو اور پر، پر پرزے، (مراداً) پرواز کی طاقت یا ہمت. ۲. وسیلہ، ذریعہ. ۳. نوک پلک، لوازم حسن.

بال (۳) اند.

حال، عیش (تنہا کم اور ترکیب میں زیادہ مستعمل، جیسے: فارغ البال.[ع].

بال (۴) (الف) اند؛ امث.

ا. ربڑ یا چمڑے وغیرہ کا گولا جس سے کرکٹ یا ہاکی وغیرہ کھیلتے ہیں، گیند ۲. (کھیل) وہ گولی جو گولیاں پھینکتے وقت سب گولیوں سے زیادہ فاصلے پر ہو. [انگ].

بال پن/پین اند. گھنڈی نما نوک کا ایک قلم جس کے اندر سیاہی سے بھری ہوئی ایک پتلی سی نلکی ہوتی ہے (جسے رفل کہتے ہیں).

بالا (۱) (الف) اند.

ا. چھوٹی عمر کا یا ننھا بچہ، شیر خوار بچہ، بالک، سولہ برس تک کا لڑکا. ۲. بیٹا بیٹی، اولاد (اکثر لڑکا وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۳. بالی سے بڑا کان میں پہننے کا حلقہ. ۴. طنابوں کے سرے باندھنے کو شامیانے یا خیمے کی سرگاہ کے کنارے ملے ہوئے رسی کے پھندوں (یا حلقوں) میں سے ہر ایک پھندا. ۵. وہ گیت جو بچے کی پیدائش میں گایا جاتا ہے. ۶. گیہوں اور جو کا پودا جب تک مٹھی بھر کا رہے. ۷. ہیر پھیر کی بات، چکر کی بات، فریب، حیلہ، بہانہ. ۸. (ماہی گیری) دریائے سندھ کی ایک خاص قسم کی مچھلی، بلسا. (ب) صف. ا. نا سمجھ، نادان، جس میں بچپنا ہو، بھولا، معصوم. ۲. طفلانہ، بچکانہ، بچوں کا سا، جیسے: سر کالا منھ بالا. [س].

بالا (۲) (الف) اند.

ا. قد و قامت. ۲. چوٹی، اوپر کا حصہ. ۳. خرے کی ایک قسم جو درخت پر سوکھ جاتا ہے. (ب) صف. ا. اونچا، بلند دراز، مرتفع. ۲. بڑھا چڑھا ہوا، فوقیت رکھنے والا، برتر. ۳. اوپر کا، اوپر کے حصے کا. ۴. مختلف، الگ. ۵. ماورا، پرے (جس تک رسائی ممکن نہ ہو). (ج) ظرف مکان، فوق، اونچائی پر، بلند جگہ پر. (د) حرف جار بر، اوپر. [ف].

بالا بالا م ف. خفیہ، الگ ہی الگ، اوپر ہی اوپر، چپکے ہی چپکے، بے کہے سنے.

بالا پوش اند. ا. (i) وہ کپڑا یا چادر جو بستر یا جسم وغیرہ پر ڈال دیتے ہیں: (ii) پلنگ پوش، خوان پوش، میز پوش وغیرہ. (iii) جسم کو ڈھانکنے کی چادر وغیرہ. (iv) لحاف، رضائی وغیرہ.

بالا تر صف. ا. زیادہ اونچا، بہت بلند، زیادہ مرتبے والا (مقابلے میں). ۲. ماورا، پرے، دور.

بالا خانہ اند. مکان کی اوپر کی منزل، کوٹھا، اوپر کا کمرہ.

بالا دست (الف) صف. ا. تفوق یا برتری رکھنے والا، بلند مرتبے والا، فائق. ۲. غالب، زبردست، قوی. ۳. اعلیٰ، اونچا، بلند. (ب) اند. افسر، حاکم، بڑے درجے کا حاکم.

بالا نشین صف. عزت کی جگہ پر بیٹھنے والا، جس کا مقام بلند ہو، حیثیت

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

میں اعلیٰ، بلند مرتبہ۔ ۲۔ وہ امیرانہ چیز جو حیثیت سے زیادہ سمجھی جائے۔

٠٠٠ بالا لاحقہ۔ 'گنا' اور 'چند' کے معنی میں 'دو' کے ساتھ مستعمل۔
دیکھیے: دوبالا۔

بالائی (الف) صف۔
۱۔ بلندی سے منسوب: اونچا، بلند، اوپر کا، کوٹھے یا آسمان وغیرہ کا۔ ۲۔ سطح کے اوپر کا۔ ۳۔ سطحی، اوپری، جس میں گہرائی نہ ہو۔ معمولی۔ ۴۔ (محفوظ کے علاوہ) اوپر رکھا ہوا۔ ۵۔ شمالی۔ ۶۔ خفیہ۔ (ب) امث ۱۔ جوش دینے سے دودھ کے اوپر جمنے والی تہ، ملائی۔ ۲۔ برتری، بلندی۔

بالائی آمد/ آمدنی امث۔ وہ یافت جو معمول کے مطابق یافت کے علاوہ ہو، الگ سے لیا گیا روپیہ، (بیشتر) رشوت۔

بالائی منزل امث۔ مکان کی چھت پر بنا ہوا مکان، اپروٹا۔

بالائے ٠٠٠ ترکیب اضافی میں جزو اول۔ جزو دوم کے ساتھ مل کر حسب ذیل معانی میں مستعمل: (i) کے اوپر، جیسے: بالائے بام، (= کوٹھے کے اوپر)۔ (ii) پر، جیسے: غم بالائے غم (= غم پر غم)۔ (iii) (اضافت وصفی کی حالت میں) قد و قامت، جیسے: بالائے والا (= عالی منزلت قد)۔

بالائے طاق صف۔ (لفظاً) طاق پر رکھا ہوا، (مراداً) کنارے، الگ، علیحدہ (جو نظر انداز ہو)۔

بالائے طاق رکھنا محاورہ۔ بالکل بھلا دینا، (قصداً) نظر انداز کرنا، چھوڑ دینا، پروا نہ کرنا۔

بالٹی (سک ل) امث۔
ڈول، ڈولچی، ٹین یا جست کا ایک برتن جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے چھوٹا ہوتا ہے۔

بالَر (فت ل) اند۔
(کرکٹ) کھلانے کے لیے گیند پھینکنے والا کھلاڑی۔ [انگ]۔

بالِش (کس ل)۔
دیکھیے: بالشت۔ کی تخفیف، ہاتھ برابر، ایک بالش بھر۔

بالِشت (کس ل، سک ش) امث۔ ہاتھ کی انگلیوں کو پوری طرح پھیلانے کے بعد چھنگلیا کے کنارے سے انگوٹھے کے کنارے تک کا فاصلہ، نو انچ یا چار گرہ کا پیمانہ (تقریباً بارہ انگل یا دو مٹھی)۔ [س]۔

بالشت بھر م ف؛ صف۔ بالشت کے ناپ کے برابر۔

بالغ (کس ل) (الف) صف۔
۱۔ (لفظاً) رسا، پہنچنے والا، سن بلوغت کو پہنچنے والا (مراداً) سیانا، سمجھداری کے سن تک پہنچا ہوا۔ ۲۔ دور رس، تجربہ کار، فکر و نظر کے اعتبار سے پختہ۔ (ب) اند؛ امث۔ ۱۔ (فقہ) وہ لڑکا جس میں تین باتوں میں سے ایک بات پائی جائے: پندرہ برس کی عمر، زیر ناف سخت بالوں کی روئیدگی یا احتلام؛ وہ لڑکی جس میں تین باتوں میں سے ایک بات پائی جائے: نو برس کی عمر، زیر ناف سخت بالوں کی روئیدگی یا ماہواری۔ ۲۔ (قانون) اٹھارہ برس کا لڑکا یا سولہ برس کی لڑکی۔ ۳۔ (تصوف) مرید صادق جو اپنی خودی اور خود نمائی سے بالکل علیحدہ ہو۔

بالَک (فت ل) اند۔
۱۔ بچہ، شیر خوار بچہ، کم سن بچہ۔ ۲۔ اولاد، مرید جو اولاد برابر ہوتا ہے۔ [س]۔

بالک ہٹ امث۔ بچے کی ضد، بچپن کی ضد۔

بالکونی/بالکنی (سک ل، فت ک) امث۔
جالی دار گیلری جو کسی عمارت میں بارجے یا چھجے کی طرح سامنے کی طرف نکلی ہوئی ہو۔ [انگ]۔

بالَم (فت ل) اند۔ [س]۔
شوہر، خاوند؛ عاشق۔

بالُو (و مع) اند؛ امث۔
ریت، ریتا، ریگ، بھٹے کے وہ ریشے جو داڑھی کی طرح ہوتے ہیں؛ خار نما سخت نکیلے بال جو گیہوں، جو وغیرہ کی بالیوں میں نمایاں ہوتے ہیں۔ [س]۔

بالو پر مکان بنانا محاورہ۔ (کنایۃً) اپنی بربادی کا سامان کرنا، فعل عبث کرنا، ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ ناکامی کے علاوہ کچھ نہ ہو۔

بالو ساہی / شاہی امث۔ میدے کی بنی ہوئی ایک قسم کی خستہ مٹھائی، زیادہ خستگی کی وجہ سے یہ نام پڑا۔

بالوں (و مج) اند۔
بال کی مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل۔

بالوں بال بچنا محاورہ. دیکھیے: بال بال بچنا، خطرے کے انتہائی قریب آ کر محفوظ رہنا.

بالوں کی سیاہی گئی دل کی چاہ نہ گئی کہاوت. بڑھاپا آ گیا مگر اُمنگیں اور آرزوئیں جوان ہیں.

بالی (الف) است.

۱. گیہوں جو وغیرہ اناج یا گھاس کا خوشہ (جو روئیں دار ہو). ۲. کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ. ۳. عورتوں کے سر کے مہین چھوٹے بال جو بڑھتے نہیں. ۴. کم عمر لڑکی، نابالغ لڑکی، بچی. (ب) صف. ۱. کم عمر کی، نوخیز.

بالی پتا اند. پتے کی شکل کا جڑاؤ آویزہ جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے.

بالی پن/پنا اند. (لڑکی کا) بچپن، نوخیزی کے دن.

بالی عمر/عمریا است. بچپن یا لڑکپن کا سن، کم سنی، اوائل عمری، چھوٹی عمر.

بالے (۱) جمع، مغیرہ حالت، تراکیبات میں مستعمل.

بالید (ی مع) است.

جسم کی اندرونی یا بیرونی سطح پر پیدا شدہ ابھار.

بالیدگی (ی مع، فت د) است.

۱. پھولنے بڑھنے ابھرنے یا نشو و نما کا عمل، ابھار، نشو و نما، افزائش جماؤ؛ طبیعت کا ابھار، ولولہ، امنگ؛ پختگی، پکاپن. ۲. اہتزاز، مسرت، ولولہ، امنگ، فرحت. ۳. رسولی. ۴. پختگی، پکا پن؛ بلوغ. [ف].

بالیں (ی مع) اند.

۱. لیٹے ہوئے شخص کے سرہانے کی جگہ، پائنتی کی ضد. ۲. تکیہ. [ف].

بام (۱) اند.

۱. کوٹھا، چھت، مکان کی اوپری منزل، بالا خانہ. ۲. (موسیقی) اونچا سر. ۳. قرض، وام کا بگاڑ. ۴. (تصوف) محل تجلیات. [ف].

بام (۲) اند.

پانی کی گہرائی ناپنے کا ایک پیمانہ جو اوسطاً چھ فٹ کا ہوتا ہے؛ ساڑھے تین ہاتھ کا ایک پیمانہ. ۲. سطح ناپنے کا ایک پیمانہ جو ۱۸۰ مربع گز ہوتا ہے. [ف+س].

بام (۳) است.

مرہم کی قسم کی ایک خوشبودار ایلوپیتھی دوا جو دردِ سر کو تسکین دیتی ہے.

[انگ].

بان (۱) اند.

۱. مونج یا گھاس وغیرہ کی باریک بٹی ہوئی ڈوری جس سے چارپائی وغیرہ بنی جاتی ہے. ۲. تیر، تکہ، خدنگ. ۳. (i) ایک قسم کا باروت وغیرہ سے بھرا ہوا خدنگہ جو (جدید آلات جنگ کی ایجاد سے پہلے) دوران جنگ دشمن کے ٹھکانوں پر پھینکا جاتا تھا، ہوائی. (ii) آتشبازی کا خدنگہ جو ہوائی سے مشابہ ہوتا ہے، گولا. (iii) رات کے وقت ہاتھی کو ڈرانے کا خدنگہ. ۴. بھاگے ہوئے زخمی جانوروں کے خون کے نشانات. ۵. سمندروں یا دریاؤں کی اونچی لہر ۶. وہ گنبد نما چھوٹا ڈنڈا جس سے دھنکی کی تانت کو جھٹکا دے کر روئی دھنتے ہیں. ۷. بہشت. ۸. آواز. [س].

بان (۲) است.

۱. بناوٹ، ڈھنگ، شکال، مزاج، خاصیت (اکثر آن کے ساتھ بطور تابع مستعمل). ۲. عادت، خصلت، خو، سجاؤ. اف: پڑنا ڑالنا. ۳. ج دھج، وضع قطع، بھیس. [س].

بان والے کی بان نہ جائے کتا موتے ٹانگ اُٹھائے کہاوت. بری عادت کبھی نہیں چھوٹتی.

بان (۳) اند.

رنگ، آب، چمک دمک. [س].

... بان لاحقہ.

مترادف: صاحب، مالک، محافظ، دیکھ بھال کرنے والا، نگراں، رکھنے والا، چلانے والا، ہنکانے والا وغیرہ، جیسے: باغبان، دیدبان، شتربان، گاڑی بان وغیرہ. اسم کیفیت ..... بانی. [س:ف].

بانا اند.

۱. بناوٹ، بنائی. ۲. کپڑے کی بناوٹ جو چوڑائی یا تانے میں کی جاتی ہے: کپڑے کی بناوٹ میں وہ تاگا جو آڑے بل تانے میں بھرا جاتا ہے. ۳. تاگا، ریشمی تاگا جو سینے اور بننے میں کام آتا ہے. ۴. ریشم کی چار قسموں میں سب سے اعلیٰ قسم کا ریشم. [س].

بانات اسث.
ایک قسم کا اونی کپڑا جو دبیز اور گرم ہوتا ہے.

بانْٹ (۱) (امغ) اند.
۱. پتھر یا لوہے وغیرہ کے وہ ٹکڑے جن سے وزن تولتے ہیں، بٹ کھرا، سنگ ترازو. ۲. سل پر مسالہ پیسنے کا پتھر، بٹا. [س].

بانْٹ (۲) (امغ) اسث.
۱. تقسیم کا عمل، بٹوارا. ۲. حصہ، بخرہ؛ قسمت. ۳. (کھیل) گنجفے یا تاش کے پتوں کی تقسیم. ۴. بٹنے، بل دینے کا عمل؛ بل. [س].

بانٹ ہونٹ کر م ف. تقسیم سے فراغت پا کر، جس کو دینا ہے اسے دینے کے بعد، تقسیم کر کے.

بانٹ دینا ف مر. تقسیم کر دینا، حصے کرنا یا حصے کر کے دینا؛ پتے تقسیم کرنا وغیرہ.

بانٹ کھانا ف مر. مل جل کر تقسیم کر کے استعمال میں لانا.

بانْٹنا (امغ، سک ٹ) ف م.
۱. تقسیم کرنا، حصے لگانا. ۲. تھوڑا تھوڑا متعدد افراد کو دینا. ۳. ٹکڑے یا بخرے کر کے حصے رسدی دینا یا لینا. ۴. (محسوس یا غیر محسوس شے کو) دو یا زیادہ اطراف میں پھیلانا. ۵. (حصہ لے کر یا شریک ہو کر) کم کرنا، گھٹانا. ۶. (شریک کر کے) حصہ دینا، حصہ دار بنانا. ۷. حصہ مختص یا مقرر کرنا. ۸. (حساب) بڑے عدد کو چھوٹے عدد سے تقسیم کرنا. [س].

بانْجھ (امغ) (الف) صف.
۱. وہ عورت جس کو حمل نہ رہے، وہ عورت جس کے اولاد نہ ہوتی ہو. ۲. (مجازاً) وہ مرد جس سے حمل ٹھہرے. ۳. پھل کا درخت جو بارآور نہ ہوتا ہو، درخت بے ثمر. ۴. بے کار، فضول، بے مقصد، بے نتیجہ. ۵. بنجر زمین، کلر، اوسر، شور، زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو. [س].

بانجھ پن اند. بانجھ ہونے کی حالت.

بانجھ کیا جانے پر سوتی کی پیڑ کہاوت. جو تکلیف کسی نے خود نہ اٹھائی ہو اسے وہ نہیں سمجھ سکتا.

بانْد (۱) (امغ) اند.
مونج وغیرہ کی بٹی ہوئی پتلی ڈور جو پلنگ وغیرہ بننے میں کام آتی ہے، دیکھیے: بان (۱).

بانْد (۲) (امغ) (الف) صف.
بندھا ہوا، وابستہ؛ وہ غلام جو آزاد نہ ہو سکے، باندی کی تذکیر.
(ب) اند. پشتہ، بند، باندھ (جو دریا وغیرہ کا پانی روکنے کے لیے باندھا جاتا ہے). اف: باندھنا/ بندھنا.

بانْدی (امغ) اسث.
لونڈی، کنیز (زرخرید یا مال غنیمت میں ملی ہوئی عورت). [س].

باندی کو باندی کہا رودی بی بی کو باندی کہا ہنس دی کہاوت.
کمینے کی اصلیت ظاہر کی جائے یا کسی کا حقیقی عیب بیان کیا جائے تو اسے ناگوار گزرتا ہے.

بانْدھ (امغ) اند؛ اسث.
۱. پشتہ جو ندی یا دریا وغیرہ میں اس کے پانی کو روکنے کے لیے بنایا جاتا ہے، بند. ۲. باندھنا سے اسم کیفیت، باندھنے کا عمل (اکثر ترکیبات میں مستعمل). [س].

باندھ رکھنا ف مر. ۱. بہت احتیاط اور حفاظت سے رکھنا. ۲. رسی وغیرہ میں جکڑ کے قید کر کے رکھنا، زبردستی روکنا، قبضے سے نکلنے نہ دینا.

بانْدھنا (امغ سک دھ) ف م.
۱. رسی، تاگے، کپڑے وغیرہ کی مدد سے کسی چیز کو بندھن میں کرنا، رسی ڈورے وغیرہ کی لپیٹ میں اس طرح محصور کرنا کہ خود سے نکل نہ سکے. ۲. کسی چیز کے اوپر چڑھائے ہوئے کپڑے وغیرہ کے کونوں کو چاروں طرف سے بٹور کر اور ملا کر گرہ لگا دینا جس سے گٹھری سی بن جائے. ۳. قید کرنا، پکڑ کر یا جکڑ کر بند کرنا. ۴. (رسم صیغہ عہد یا قسم وغیرہ کی پابندی کے تحت) عمل میں لانا، تشکیل دینا، ذمے عائد کرنا. ۵. جادو، دعا یا کسی اور عمل وغیرہ سے کسی طاقت یا حالت کو روک دینا، معطل کر دینا. ۶. محبت وغیرہ کے پھندے میں پھانسنا، مبتلائے عشق کرنا. ۷. (استمرار و اعادہ کے طور پر) مقرر کرنا، عائد کرنا جیسے ٹیکس باندھنا. ۸. پانی کے بہاؤ کو بند یا پشتے وغیرہ سے روکنا. ۹. منتشر اجزا

کو نرم کر کے ہاتھوں سے دبا کر گولائی کی شکل میں لانا ، جیسے : گولی باندھنا ، آٹے کا پیڑا باندھنا . ۱۰. کسی مضمون خیال لفظ قافیہ یا موضوع وغیرہ کی نظم یا نثر میں بندش کرنا . ۱۱. آگے پیچھے یا دائیں بائیں مرتب صورت میں قائم کرنا ، ترتیب دینا ، جیسے : قطار باندھنا ، صف باندھنا . ۱۲. دل دماغ خیال یا ارادے وغیرہ میں طے کرنا ، جیسے : منصوبہ باندھنا ، نیت باندھنا . ۱۳. مقررہ رواج کے مطابق جوڑنا اور ملانا ، تلے اوپر رکھنا ، جیسے : نماز میں ہاتھ باندھنا . ۱۴. کسی ایک نقطے یا مقام پر مرتکز کرنا ؛ جیسے : ٹکٹکی باندھنا . ۱۵. کسی چیز پر لپیٹنا ، لپیٹ کر گرہ دینا اڑسنا یا اٹکانا ، جیسے مچھ باندھنا ، تہمد باندھنا . ۱۶. کسی کیفیت یا حالت کو الفاظ یا مصوری وغیرہ کے ذریعے نگاہوں اور دل و دماغ کے سامنے لانا ، جیسے : سماں باندھنا . ۱۷. لپیٹنا ، تہ کرنا ، جیسے : بستر باندھنا . ۱۸. پیچ یا داؤ سے حریف کے لیے کشتی یا بنوٹ وغیرہ میں دفاع کے راستے بند کرنا . ۱۹. (مذکورہ مطالب کے علاوہ) بیسیوں الفاظ کے ساتھ ترکیب پا کر ہر جگہ سیاق و سباق کے مطابق مختلف افعال کے مفہوم میں مستعمل . [س] .

بانڈ (سک ن) اند .
۱. عہد نامہ ، اقرار نامہ ، پختہ یقین دہانی . ۲. جمع کی ہوئی رقم یا جائداد کی قیمت کے بالمقابل سرکاری بینک وغیرہ سے ملی ہوئی لکھی بندھی دستاویز جس کی رقم قواعد وضوابط کے مطابق عندالطلب وصول کی جا سکتی ہے ، ہنڈی . [انگ] .

بانْس (اغ) اند .
۱. ایک گرہ دار اندر سے بیشتر کھوکھلی اور ریشہ دار لکڑی کا اونچا جنگلی درخت ؛ اس درخت کی لکڑی جو عموماً چھپروں اور ہلکی قسم کی چارپائیوں کی پٹیوں اور سیڑھیوں میں استعمال ہوتی ہے . ۲. تقریباً سوا تین گز کا آلہ پیمائش جس سے زمین اور دریا کی گہرائی وغیرہ ناپتے ہیں . ۳. ناؤ کھینے کی لگی . [س] .
بانس برابر آدمی / قد اند . معمول سے زیادہ لمبا اور دبلا شخص / قامت .
بانس پر ٹانگنا محاورہ . بدنام کرنا ، رسوا کرنا ، نکو بنانا .
بانس پر چڑھانا محاورہ . ۱. بدنام کرنا ، رسوا کرنا . ۲. بہت تعریف کرنا .

۳. شہرت دینا ، چرچا کرنا (بیشتر برائی کے لیے مستعمل) .
بانسا (۱) (اغ) اند ؛ - بانسہ .
۱. دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی . ۲. ریڑھ کی ہڈی . [س] .
بانسا بیٹھنا/بھرنا/ڈھلنا محاورہ . نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی علامت ہے .
بانْسا (۲) (اغ) اند .
۱. بانس کا بنا ہوا چونگے کی شکل کا چھوٹا نل جو ہل کے ساتھ بندھا رہتا ہے اور اس میں بوائی کے لیے غلہ بھرا ہوتا ہے ، پرنا . ۲. بوائی کے وقت نالیاں بنانے والا ہل . [س] .
بانْسا (۳) (اغ) اند .
بانس کی قسم کا ایک چھوٹا پودا جس کے پھول چپٹی ، بیج چھوٹے اور کالے ہوتے ہیں ، پیا بانسا ، پیکا بانسا . [س] .
بانسری/بانسلی (اغ ، سک س) است .
پتلی قسم کے بانس کی پور یا چوبی نلی سے بنا ہوا نفیری کی قسم کا ایک ساز جس کے سرے پر پیپا لگا ہوتا ہے جو پھونک کی مدد سے آواز دیتا ہے اور سروں کے سوراخ آواز کا اتار چڑھاؤ بناتے ہیں (نفیری کی نسبت اس کا پیپا دھیمی آواز کا اور نلی پتلی اور شروع سے آخر تک یکساں ہوتی ہے) ، بنسی ، مرلی .
بانْسوں (اغ ، وج) م ف .
کئی بانسوں کی اونچائی کے برابر ، بہت زیادہ .
بانسوں اچھلنا محاورہ . ۱. خوشی رنج یا غصے وغیرہ کی حالت میں جگہ سے اٹھ اٹھ جانا . ۲. دریا کی مینڈوں کا نہایت بلند ہونا ، گگن کھیلنا .
بانسہ (اغ ، فت س) اند .
دیکھیے ، بانسا (۱) .
بانْک (۱) (اغ) (الف) است .
۱. ایک قسم کی چھری جو نوک کے قریب خم دار ہوتی ہے . ۲. (کٹاری سازی) بانس کی کھپچیاں تراشنے کا ایک ہلالی شکل کا آہنی اوزار جو ٹوکری بنانے والے استعمال کرتے ہیں . ۳. (بنائی) ریشم کے بغیر بٹے تاروں کا لچھا . ۴. لہریا بیل جو دوپٹے وغیرہ کے کناروں پر بنائی جاتی

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

ہے . ۵. فنونِ سپہ گری میں ایک قسم کی ورزش جو کٹار کی طرح خم دار چھریوں سے فرش پر بیٹھ کر یا لیٹ کر کی جاتی ہے اور چھوٹے ہتھیاروں کے دفاع میں کام دیتی ہے . ٦. ٹیڑھا پن ، گولائی ، کجی ، خم ، ترچھا پن ، موڑ ، چکر ، پھیر ، گھماؤ ، لپیٹ . ۷. فریب ، دغا بازی ، چھل ، مکر . ۸. شرارت ، جرم ، قصور . (ب) اند . ۱. املی کا وہ کٹارا جو خم کھا کر ہلالی شکل اختیار کر لیتا ہے . ۲. ہلالی شکل کا شکنجہ . ۳. نشتر . (ج) صف . ٹیڑھا ، ترچھا ، خمیدہ ، کج . [س] .

بانک پن اند . ٹیڑھا پن ، ترچھا پن ؛ وضع داری جس میں خود نمائی شامل ہو ؛ سرکشی ، بدوضعی ؛ ناز و انداز ، شوخی ، طراری ، نخرہ ، بغاوت .

بانَک (۲) (فت ن) اند .

۱. معاہدہ (فریقین کی) رضا مندی . ۲. موقع ، محل ، اتفاق ، سنجوگ . [س] .

بانْکا (اغ) (الف) اند .

۱. بانک کے فن میں مہارت رکھنے والا . ۲. سر پر باندھنے والی ترچھی پگڑی یا ٹوپی اور کمر میں پیش قبض رکھنے والا نوجوان (جو برصغیر کے دورِ شاہی میں اور اس کے کچھ بعد تک ہوتا تھا بات بات پر بگڑنا ، کمزوروں کی مدد کرنا ، قوت کے دعوے داروں سے مقابلہ بلکہ مجادلہ اس کا شعار تھا) . ۳. معشوق . ۴. ایک نعل نما اوزار جس سے گنے اور بانس کی گرہ چھیلتے ہیں . ۵. پیتل کی قرنا یا تری . ٦. ایک قسم کا کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے . ۷. ایک قسم کی چھری جو نوک کے قریب خم دار ہوتی ہے ، بانک وغیرہ پر بٹھا کر نکالا جاتا ہے . (ب) صف . ۱. جھکا ہوا ، خم دار ، ٹیڑھا ، ترچھا . ۲. بہادر ، دلیر ، سپاہی (بیشتر جوان وغیرہ کے ساتھ مستعمل) . ۳. سرکش ، شریر ، غنڈا . ۴. طرح دار ، وضع دار . ۵. کشیدہ ، ناراض ، خفا زبان شیریں ملک گیری زبان ٹیڑھی ملک بانکا (مشہور کہاوت) . ٦. معشوقانہ انداز رکھنے والا (معشوق یا اس کا کوئی عضو یا ادا) کج ادا ، حسین ، رنگیلا ، رسیلا ، چھبیلا ، شوخ ، طناز ، طرار . [س] .

بانْکَپَن (اغ ، سک ک ، فت پ) اند .

۱. ٹیڑھا یا ترچھا ہونے کی کیفیت یا صورت حال ، ٹیڑھ ، کجی ؛ استعارۃً . ۲. وضع داری جو خود نمائی کے ساتھ ہو ، آن و انداز . ۳. سپاہیانہ اکڑ ، دلیری ، خود داری اور جاں بازی کا تیور . ۴. معشوقانہ ادا ، البیلا پن ، چھبیلا پن ، حسن ، ناز و انداز ، شوخی وغیرہ . ۵. شوخی ، شرارت ، کجی ، اوباشی کا انداز .

بانکپن دکھانا / کرنا محاورہ . شوخی خود نمائی اکثر ناز و ادا وغیرہ کا عمل میں لانا .

بانْکْڑی (اغ ، سک ک) است .

۱. بادلے اور کلابتو کی بنی ہوئی روپہلی اور سنہری لیس . ۲. کانچ کی لہریے دار چوڑی . [س] .

بانْکی (۱) (اغ) است .

۱. بانک کا اسم مصغر . ۲. لوہے کا ایک اوزار جس سے بانس پھوڑ لوگ بانس کی پٹیاں کاٹتے چھیلتے اور درست کرتے ہیں .

بانکی (۲) (اغ) صف .

بانکا کی تانیث .

بانْگ (مغ) است .

صدا ، ندا ، آواز ، نعرہ ؛ اذان ، مسجد میں نماز کا وقت آنے پر اعلان کے خاص عربی کلمات (جو اللہ اکبر سے شروع ہو کر لا الہ الا اللہ پر ختم ہوتے ہیں) ؛ تڑکے میں مرغ کی آواز (جسے اذان کہتے ہیں) . [ف] .

بانگ جرس / درا است . (لفظاً) گھنٹے کی آواز ، (مراداً) گھنٹے وغیرہ کی آواز جو قافلے کی روانگی سے پہلے مسافروں کو ہوشیار کرنے کے لیے بلند کی جاتی ہے ، اس گھنٹے کی آواز جو قافلے کے ساتھ بجتا رہتا ہے تاکہ بھولے بھٹکے مسافروں کی رہنمائی ہو جائے .

بانگ دینا ف مر ؛ محاورہ . موذن کا اذان کہنا ؛ مرغ کا آواز بلند کرنا .

بانْگْڑُو (اغ ، سک گ ، و مع) صف .

۱. بے وقوف ، بدسلیقہ ، احمق ، جنگلی . ۲. بدشکل ، بھونڈی شکل کا .

بانگڑو پن اند . جنگلیوں یا بے وقوفوں کا سا عمل .

بانو (و غ) اسث : ترکیب میں واو معروف سے یا غیر ملفوظ مستعمل.
۱. خاتون، بیگم، معزز عورت. ۲. بیوی، زوجہ (ترکیب اضافی میں)، خواتین کے لیے عزت کا لقب، بی بی.

بانوے (سک ن) صف.
نوے اور دو، سو سے آٹھ کم، (ہندسوں میں) ۹۲. [س].

بانہہ (اغ) اسث.
۱. شانے سے کہنی تک کا حصہ، بازو. ۲. کرتے یا قمیض وغیرہ کی آستین. ۳. طاقت، توانائی. ۴. مددگار، دست گیر. ۵. بھروسا، سہارا، وسیلہ. ۶. سگا بھائی، قوت بازو. ۷. ایک قسم کی کسرت جو دو آدمی مل کر کرتے ہیں اور جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ باری باری ہر ایک اپنی بانہہ دوسرے کے کندھے پر رکھتا اور اسے بانہہ کی طاقت سے، دھکیلتا اور ہٹاتا ہے. ۸. ضامن، کفیل. [س].

بانہہ ٹوٹتی ہے تو گلے سی آتی ہے کہاوت. مصیبت میں اپنے خاص عزیزوں ہی کا سہارا ہوتا ہے.

بانہہ ٹوٹنا محاورہ. بے یار و مددگار ہوجانا؛ سگے بھائی کا داغ مفارقت دینا.

بانہہ چڑھانا محاورہ. بانہہ چڑھانا؛ کسی کام کے لیے تیار ہونا؛ لڑنے کے لیے آستین اُلٹنا، (کنایۃً) ڈرانا، دھمکانا.

بانی صف.
۱. بنیاد ڈالنے والا، ایجاد و اختراع کرنے والا، بنانے والا. ۲. آغاز کرنے والا، موجد، محرک، مصنف، باعث. ۳. سبب، ذریعہ. [ع].

بانی کار (الف) صف. ۱. استاد کامل، ماہر فن، کہنہ مشق. ۲. شریر، چالاک، بدمعاش، دغا باز، متفنی. ۳. اشتعال پھیلانے والا، اکسانے والا.
(ب) اند. معمار؛ انجینئر؛ مصنف.

باوا اند.
۱. باپ، والد، چچا. ۲. بزرگ، بڑا، سردار یا والی. ۳. استاد، گرو. ۴. فقیر، سنیاسی. ۵. میاں، بھائی، حرف تخاطب جو اکثر اظہار ناراضی و انکراہ کے مواقع پر مستعمل ہے. ۶. بچہ، بیٹا.

باوا آدم اند. ۱. پہلا انسان. ۲. بانی، موجد، پیش رو، روشناس کرانے والا، حضرت آدم علیہ اسلام.

باوا آدم نرالا ہونا محاورہ. طور طریقہ دستور وغیرہ سب سے مختلف ہونا.

باوا کمائے بیٹا اڑاوے کہاوت. باپ نے کمائی کر کے جوڑا اور بیٹے نے فضول خرچی کر کے برباد کر دیا.

باوا مریں گے تب بیل بٹیں گے کہاوت. امید موہوم ہے.

باوَر (۱) (فت ر) (الف) اند.
یقین، بھروسا، اعتماد. (ب) صف. سچا، قابل اعتماد، بھروسے کے لائق.
اف : آنا / کرنا / کرانا / ہونا.

باور آنا ف مر. یقین ہونا.

باوَر (۲) (فت و) صف.
۱. باولا، پاگل. ۲. احمق، بے وقوف.

باؤرا (سک و) صف.
باولا، دیوانہ، پاگل.

باوَرچن (فت و، سک ر، فت چ) اسث.
باورچی کی تانیث.

باوَرچی (فت و، سک ر) اند.
جو کھانا پکانے کے کام پر مامور ہو، کھانا پکانے والا، خانساماں. [ ].

باورچی خانہ اند. گھر کا وہ حصہ جہاں کھانا پکایا جائے، مطبخ، رسوئی.

باؤلا/باؤلا (سک و) صف؛ اند.
۱. پاگل، دیوانہ، سڑی، خبطی. ۲. بے وقوف، احمق، بھولا بھالا، کم عقل. [س].

باولا پن اند. پاگل ہونے کی کیفیت یا صورت حال.

باولا بنانا ف مر. بے وقوف بنانا؛ بدحواس کر دینا.

باولا کتا اند. وہ آدمی جو خواہ مخواہ دوسرے کو ایذا پہنچائے.

باؤلی (۱) (سک و) اسث.
۱. چوڑے منھ کا کنواں جس میں پانی تک پہنچنے کے لیے سیڑھیاں بنی ہوں. ۲. چھوٹا گہرا تالاب جس میں سیڑھیاں ہوں. [س].

باؤلی (۲) (سک و) صف.
باولا کی تانیث.

باوَلی ہانڈی است. مختلف سبزی ، ترکاریوں کو ایک ساتھ ملا کر پکانا.

باوْلے (سک د) است ؛ ج.

باولا کی مغیرہ حالت ؛ جمع ، ترکیبات میں مستعمل .

باولے کتے نے کاٹا ہے کہاوت. پاگل ہوگیا ہے ، دیوانوں کی سی باتیں کرتا ہے (اکثر سوالیہ فقرے میں مستعمل) .

باولے کو آگ بتائی (دکھائی) اُس نے لے (لکٹی) گھر کو لگائی کہاوت. بے وقوف آدمی ذرا سے اکسانے میں مشتعل ہو کر اپنا نقصان کر بیٹھتا ہے .

باوَن صف ؛ م ف.

پچاس اور دو ، ساٹھ سے آٹھ کم ، (ہندسوں میں) ۵۲ .۲. کثیر مقدار ، بہت سے . [س].

باون تولے پاؤ رتی کہاوت. (علم کیمیا) دو چاول اکسیر باون تولے تانبے کو سونا بنا دیتی ہے (ادبیات) بالکل ٹھیک ، کچھ شبہ نہیں ، نہایت کارآمد .

باون گزا / گزا کا صف. ا. طویل ، لمبا ، دراز قامت .۲. بہت فسادی اور شریر .

باون ہاتھ ہونا محاورہ. (کسی کے پاس) بہت وسائل اور ذرائع ہونا ، بہت کچھ کر گزرنے کی قدرت اور طاقت پائی جانا .

باہ است .

ا. قوت مردی .۲. خواہش جماع ، شہوت . [ع].

باہَر (فت ہ) (الف) ظرف مکان.

ا. (i) اندر کی ضد ، عموماً حسب ذیل معانی میں مستعمل : مقرر یا محدود مقام شے وغیرہ سے خارج . (ii) صحن میں ، کھلے ہوئے میدان میں . (iii) گھر کے مردانہ حصے میں . (iv) بیرون خانہ ، گھر کی چار دیواری سے خارج .۲. خارج میں ، ظاہر میں (جہاں سے نظر آئے) .۳. پردیس میں ، سفر میں . (ب) صف .ا. بالاتر ، بڑھا ہوا ، دسترس سے دور .۲. منحرف ، بے تعلق ، انکاری ، پیچھے ہٹنے والا (کسی کام سے جس کے لیے کہا جائے) .۳. جو کسی مفہوم یا اس کے مصداق سے خارج ہو ، الگ ، جدا ، مختلف .۴. زائد ، کچھ اوپر . (ج) اند .ا. (ہندو) بیت الخلا .۲. (شہر کے علاوہ) بیرون جات ، قرب و جوار ؛ باہر کے لوگ ، باہر والے . (د) حرف استثنا. علاوہ ، بغیر . (ہ) کلمہ تحقیر. نکل ، ہٹ ، پرے چل ، دور ہو . [س].

باہر آنا ف مر. نکل آنا ، گھر سے بل سے یا کسی ایسی جگہ سے جو نگاہوں سے پوشیدہ ہو نکل کر منظر عام پر آ جانا .

باہر باہر م ف. بالا بالا ، بچا بچا ، اس طرح کہ کسی کو خبر نہ ہونے پائے ، دور دور ، الگ الگ .

باہر تیاگ بھیتر سبھاگ کہاوت. باہر کچھ اندر کچھ ، ظاہر کچھ باطن کچھ .

باہر جانا محاورہ. ا. رفع حاجت کے لیے جنگل جانا .۲. پردیس جانا . ۳. حد سے نکل جانا .

باہر دھکیلنا محاورہ. الگ کرنا علیحدہ کرنا ، نکالنا .

باہر کا صف. ا. اجنبی ، بیرونی ، غیر .۲. دیہاتی ، دہقانی .

باہر کرنا محاورہ. گھر سے یا کسی جگہ یا جماعت وغیرہ سے نکالنا ، خارج کر دینا .

باہر کی چکنی چپڑی سے گھر کی روکھی ہی بھلی کہاوت. اپنی کمائی سے معمولی کھانا دوسروں کے دیے ہوئے مرغن کھانے سے بہتر ہوتا ہے .

باہر کے کھائیں گھر کے (گیت) گائیں کہاوت. مستحق محروم رہے غیر مستحق مستفید ہو ، غیروں کو فیض پہنچے اور اپنے محروم رہیں .

باہر میاں ہفت ہزاری گھر (میں) بیوی فاقوں (کرموں) ماری کہاوت. میاں ٹھاٹھ سے نواب بنے پھرتے ہیں بیوی فاقے کرتی ہے یا نصیبوں کو روتی ہے .

باہر والا اند، است .ا. خاکروب ، مہتر .۲. غیر خاندان کا ، جس سے رشتہ نہ ہو ، بے گانہ .۳. غیر کفو ، غیر ملکی .۴. قصباتی اور دیہاتی ، گنوار . ۵. ہوٹل کا چھوکرا ، بوائے .

باہِر (کس ہ) صف.

ا. روشن ، واضح ، ظاہر .۲. غالب ، افضل ، اپنے ہم عصروں پر فوقیت رکھنے والا . [ع].

باہَم (فت ہ) م ف.

ساتھ ، آپس میں ، ایک دوسرے کے ساتھ .

باہم دگر م ف. ایک ساتھ ملے ہوئے.

باہم کرنا. باہم ہونا جس کا یہ تعدیہ ہے.

باہم ہونا محاورہ. مجتمع ہونا، متصل ہونا، یک جا ہونا.

باہَمگی (فت ہ، م) امث.
ہم ہونے کی کیفیت یا صورت حال.

باہَمَہ (فت ہ، م) م ف.
سب کے ساتھ.

باہَمی (فت ہ) صف.
باہم سے منسوب: آپس کا، ایک دوسرے کا.

باہیں امث، ج.
بانہہ کی جمع.

باء امث.
(تصوف) اشارہ ہے اوّل، موجودات کی طرف اور یہ مرتبہ ثانیہ ہے وجود بحت سے اور نقطہ باء سے ذات بحت کی طرف اشارہ ہے.

بائِبل (کس ء، ب) امث.
یہودیوں اور عیسائیوں کے مقدس دو صحیفوں کا مجموعہ جسے وہ حضرت موسیٰ اور عیسیٰ و دیگر اسرائیلی انبیا کی آسمانی کتب کہتے ہیں. [انگ].

بائِسْکوپ (کس ء، سک س، و ج) امذ.
سینما. ۲. سینما گھر. [انگ].

بائِع (کس ع، ء) صف.
بیچنے والا، فروخت کرنے والا. [ع].

بائِلَو (کس ع، فت ل) امذ.
دھات کا بنا ہوا مختلف سائز اور شکل کا ظرف جو کارخانوں میں کسی شَے کو ابالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے. [انگ].

بائِن/بائِنَہ (کس ء/فت ن) صف.
(لفظاً) جدا ہونے والا، (فقہ) طلاق کی وہ قسم جس کے بعد پھر رجوع کرنے کی اجازت نہیں. [ع].

بائن ہونا. (فقہ) طلاق بائن کے طور پر زوجیت سے خارج ہو جانا.

باؤ (و مع) امذ.

باپ، بابا.

بائی امث.
۱. عورت، ذی عزت خاتون. ۲. (i) نائکہ (عموماً "جی" کے ساتھ مستعمل). (ii) ناچ گانے کا پیشہ کرنے والی عورت، کنچنی. ۳. بی بی، زوجہ. [س].

بائیس (ی مع) م ف.
بیس اور دو، تیس سے آٹھ کم، (ہندسوں میں) ۲۲. [س].

بائیسِکِل (ی مع، کس س، ک) امث.
سائکل، دو پہیوں کی گاڑی جس کے اگلے پہیے کے اوپر ایک ہینڈل اور پچھلے پہیے پر گدی ہوتی ہے اور جو ادھر ادھر پیڈلوں پر پاؤں رکھ کر ان کو دبانے سے چلنے لگتی ہے. [انگ].

بائیکاٹ (ی مع) امذ.
ترک موالات، تجارتی یا معاشرتی تعلقات کا انقطاع، قطع تعلق، مقاطعہ. [انگ].

بائیں (ی مع) صف.
۱. بایاں جس کی یہ تانیث اور ترکیبات میں مستعمل ہے.

بائیں (ی ج) صف؛ امذ.
بایاں جس کی یہ محرف صورت اور ترکیبات میں مستعمل ہے.

بائیں ہاتھ کا دانو/کام/کرتب/کھیل لذ. نہایت آسان، بہت سہل (کام).

بایاں (الف) صف.
دایاں کی ضد، الٹا، چپ. (ب) امذ. ۱. فوج کا بایاں حصہ، میسرہ، میمنہ کی ضد. [س].

بایوگرافی (و ج، کس گ) امث.
سوانح عمری، سرگزشت، تذکرہ. [انگ].

بِب (کس ب) امذ.
وہ کپڑا جو لباس کو رال یا خوراک سے محفوظ رکھنے کے لیے بچوں کے گلے میں باندھ دیتے ہیں. [انگ].

بَبر / بَبْر (فت ب، ب،فت ب، سک ب) اند.
۱. افریقہ کے بنوں میں پایا جانے والا ایک قسم کا بہت طاقت ور اور بہادر شیر جس کی کمر پتلی اور گردن پر گھنے بال ہوتے ہیں ۲. بن دم کا ایک صحرائی جانور جس کی نرم بال دار کھال کی پوستین بناتے ہیں. [ف].

ببْوا (فت ب، سک ب) اند.
۱. بچہ، ننھا سا لڑکا، چھوٹا سا بابو (پیار میں گود کے بچے کے لیے مستعمل ۲. مٹی یا مسالے کا بنا ہوا مردانہ شکل کا کھلونا جس سے بچے کھیلتے ہیں. [س].

بَبُول (فت ب، و مع) اند.
ایک چھوٹی چھوٹی پتیوں زرد زرد پھولوں اور لمبے لمبے سخت کانٹوں کا شاخ دار درخت جس کی چھال سے چمڑے کی دباغت ہوتی ہے کتھا بھی بناتے ہیں (اس کا گوند مختلف امراض میں مستعمل ہے)، کیکر. [س].

بَبُولا (فت ب، و مع) اند.
وہ ہوا جو خلا کی وجہ سے چکر کھا کر بلند ہوتی ہے. [س].

بَبئی (فت ب، ب) است.
۱. ایک قسم کی خوش بو دار بوٹی اور اس کا بیج، ریحان، نازبو. ۲. ایک قسم کی مینا. [س].

بَپّی (فت ب، شد ب) است.
بوسہ، پیار، چمی. [س].

بَپا (فت ب) صف.
منعقد، قائم، کھڑا.

بپا کرنا محاورہ. قائم کرنا، کھڑا ہونا، پیدا کرنا.

بپا ہونا محاورہ. قائم ہونا، کھڑا ہونا.

بِپَت (کس ب، فت پ) است.
مصیبت، آفت، دکھ، ناگہانی آفت. اف: پیٹنا، پڑنا. [س].

بِپْتا (کس ب، سک پ) است.
دکھ، تکلیف، ناگہانی آفت. اف: پیتنا / پڑنا / ڈالنا / سہنا. [س].

بِپَھرنا (کس ب، فت پھ) ف ل.
۱. (i) غصے میں بھرنا، جھلانا، غضب ناک ہونا (اکثر شیر کے لیے مستعمل). (ii) سرکش ہونا، بغاوت کرنا، حملہ کرنا. (iii) غصہ ہونا ناراض ہونا، جھلانا، بھڑکنا، آگ بگولا ہونا، خفا ہونا. ۲. اپنی بڑائی جتانے کے لیے آنکھیں نکال کر منھ پھلانا، جوش میں آنا، طیش میں آنا، قابو سے باہر ہو جانا. ۳. جنگ پر آمادہ ہو جانا، لڑنے جھگڑنے کے لیے تیار ہونا. ۴. بکھرنا، ضد کرنا، مچلنا. ۵. (گھوڑے کے لیے) چمکنا، بدکنا، اچھلنا، کودنا. [س].

بُت (ضم ب) اند.
۱. مجسمہ، مورتی، پتلا، وہ صورت جو پتھر، مٹی، دھات یا لکڑی وغیرہ سے بنائی جائے (بیشتر پرستش کے لیے). ۲. (مجازاً) معشوق. ۳. (i) (مجازاً) خاموش، دم بہ خود، گم صم، بے حس و حرکت. (ii) احمق بے وقوف، مورکھ، مدہوش. [ف].

بت بننا محاورہ. گم صم، ہکابکا یا مبہوت ہو جانا، بے حس و حرکت ہو جانا دم بہ خود ہو جانا (حیرت، محویت یا اور کسی وجہ سے).

بت پرست صف. پتھر کی مورت کو اپنا معبود جاننے والا، فرضی خداؤں کے مجسموں کو خدا سمجھ کر پوجنے والا؛ کافر. اسم کیفیت بت پرستی.

بت پرستی است. بتوں کو پوجنا.

بت تراش صف. پوجا کے لیے مورت بنانے والا، دھات یا پتھر وغیرہ کے مجسمے گڑھنے والا، بت ساز، بت گر.

بت تراشی است. بت بنانے کا پیشہ، مورتیاں بنانے کا کام.

بت خانہ اند. ۱. وہ عبادت گاہ جہاں بت پرستش کے لیے نصب ہوتے ہیں بت کدہ، مندر. ۲. (تصوف) عارف کامل کا باطن جس سے برابر افاضہ فیض کیا کرتا ہے.

بت شکن صف. بت توڑنے والا، بتوں کو اکھاڑ پھینکنے والا؛ (اکثر حضرت علیؓ یا محمود غزنوی کے لیے مستعمل).

بت کدہ اند. بت خانہ. بت رکھنے کی جگہ، مندر، شوالا.

بت کو دینا ف مر. گم صم کر دینا، منھ پر تالے ڈال دینا، ایسا عمل کرنا جس کے بعد کوئی منھ نہ کھول سکے.

بت ہونا محاورہ. بت بننا. بت کی طرح خاموش یا چپ ہونا، محو ہونا

بتاسا / بَتاشا (فت ب)امذ.

(i) حباب ، بلبلہ . (ii) (مجازاً) بڑی بوند .۲. ایک قسم کی مٹھائی جو شکر کے قوام سے بہ شکل حباب بنائی جاتی ہے اور اس کے محدب حصے میں ننھے ننھے سوراخ ہوتے ہیں .۳. سموسے کی قسم کا ایک پکوان ، بتاسے کی شکل کی میدے سے بنی ہوئی چھوٹی پوری جس میں میوہ بھرا ہوتا ہے .۴. بلبلے سے دو چند ، سہ چند بڑی میدے کی نہایت پتلی ٹکیا جو تلنے کے بعد حباب کی طرح دونوں طرف سے خوب پھول کر قدرے سخت اور کراری ہو جاتی ہے ، پانی کا بتاسا ، گول گپا .۵. آتش بازی کا چھوٹا سا انار جو بتاسے کی شکل کا ہوتا ہے اور جس میں سے عموماً سفید پھول نکلتے ہیں . [س].

بتاسے/ بتاشے کی طرح بیٹھنا / گھلنا محاورہ . اس طرح دب جانا یا بے نشان ہو جانا ، جیسے پانی میں بلبلہ ، دفعتہً نہایت دبلا ہو جانا ، یکا یک حال ردی ہو جانا .

بَتانا (فت ب)ف م ~ بتلانا .

.کہنا ، بیان کرنا .۲. سکھانا ، پڑھانا ، تعلیم دینا ، سمجھانا ، ذہن نشیں کرانا . ۳. باخبر کرنا ، آگاہ کرنا .۴. (i) دکھانا ، (اشارۂ حسی سے) . (ii) عملی جامہ پہنا کر سامنے لانا . ۵. ٹالنا ، حیلے حوالے کرنا . ۶. ظاہر کرنا ، منکشف کرنا . ۷. نرت کرنا ، آنکھوں یا ہاتھوں کے اشارے نیز لہجے سے الفاظ کے مفہوم کی تصویر کشی کرنا (ناچ گانے شعر پڑھنے یا تقریر کرنے میں) . ۸. ٹھیک بنانا ، سزا دینا . ۹. بوجھنا ، (قیافے یا ذہانت وغیرہ سے) . ۱۰. (مذکورہ مطالب کے علاوہ) اکثر محاورات کا دوسرا جزو جن میں اسم کے ساتھ مل کر مختلف معنی دیتا ہے جیسے : بالا بتانا ، بتا بتانا (= دھوکا دینا) بھاؤ بتانا (= اداکاری کرنا) ، ڈانٹ بتانا (ڈانٹنا) ، غرہ بتانا (ٹال دینا) وغیرہ . [س].

بتانا (کس ب)ف مر.

کرنا ، بسر کرنا ، گزارنا (وقت) . [س].

بتترا (ضم ب ، سک ت)صف :امذ.

اوزار جس کی دھار جاتی رہے ، خراب ہو جائے ، کند ، کھٹل .

لٹا: ع].

بَتلانا (فت ب ، سک ت)ف م.

بتانا ، کہنا ، سکھانا .

بَتنگڑ/ بَتنگڑا (فت ب ، ت ، غنہ ، فت گ ، سک گ)امذ .

ذرا سی بات کا افسانہ ، پھانس کا بانس ، بال کا کمل ، بے فائدہ بات ، طول طویل کلام .

بَتُول (فت ب ، و مع)صف ، مث .

۱. کنواری ، تارک الدنیا .۲. پاک ، پاکیزہ ، پاک دامن ، باعصمت ، پارسا . حضرت فاطمہؓ بنت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت مریمؑ کا لقب . [ع].

بَتّی (فت ب ، شدت ، نیز بلا شد (قدیم))امث .

۱. (i) وہ بٹی ہوئی روئی یا کپڑا جسے عموماً کڑوے تیل کے دیے میں ڈال کر جلاتے ہیں . (ii) وہ بٹا ہوا فیتہ جو لیمپ میں ڈالا جاتا ہے . (iii) صاف کیے ہوئے موم وغیرہ سے بنی ہوئی شمع جس کے بیچ میں فتیلہ ہوتا ہے اور اس کا سرا اوپر نکلا رہتا ہے ، موم بتی .۲. مروڑی ، کاغذ ، کپڑا ، میل یا کسی بھی نرم چیز کو ہاتھوں سے مسل کر بل دی ہوئی صورت .۳. وہ فتیلہ جو آتش بازی میں یا کسی آتشیں اسلحہ میں آگ دینے کے لیے ہوتا ہے ، شتابہ .۴. دیا سلائی .۵. روئی یا کپڑے کا فتیلہ جو ناک میں نزلے کا پانی نکالنے کے لیے رکھا جاتا ہے . ۶. کپڑے کے کناروں کا وہ حصہ جو سلائی کے لیے مروڑ کر پکڑا جاتا ہے . [س].

بتی بٹنا/بنانا ف مر. روئی یا کپڑے وغیرہ کو دونوں ہتھیلیوں سے مل کر بتی بنانا.

بتی دکھانا محاورہ . ۱. شتابے سے بندوق ، توپ وغیرہ داغنا یا آتش بازی کا بان وغیرہ چھڑانا . ۲. کسی کے راستے میں روشنی ڈالنا تاکہ راستہ نظر آئے .

• • • **بتّی** (کس ب)لاحقہ ترکیب میں جزو دوم.

جزو اوّل کے مفہوم سے مل کر ، کی بتی ، کے معنی میں ، جیسے : اگر بتی ، موم بتی وغیرہ .

بَتیا (فت ب ، سک ت)امث .

بات کی تصغیر اور عموماً ترکیب میں مستعمل .

= رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

بَتِّیس (فت ب، شدت، ی مع) ام ف.
تیس اور دو، چالیس میں آٹھ کم (ہندسوں میں) ۳۲. [س].
بتیس دانتوں میں (ایک) زُبان فقرہ. بہت سے دشمنوں یا مخالفوں میں گھرا ہوا.
بَتِّیسا (فت ب، شدت، ی مع) امذ.
ا. کھانے وغیرہ کا حلوا جو بتیس دن تک زچہ کو کھلایا جاتا ہے اور جو تیار ہونے کے بعد لڈو کی طرح بنا کر رکھ لیا جاتا ہے. ۲. بتیس مسالوں کا مرکب جو گھوڑی کو بچہ دینے کے بعد کھلایا جاتا ہے. ۳. ایک قسم کا حلوا، ایک قسم کی مٹھائی جس کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ منہ رکھتے ہی کر جلدی گھل جاتی ہے (پتیسا).
بتیسی بجنا محاورہ. سردی کی شدت یا خوف سے کانپنے میں تلے اوپر کے دانتوں کے ٹکرانے کی آواز نکلنا.
بَتِّیسی (فت ب، شدت، ی مع) امث.
ا. بتیس چیزوں کا اجتماع، جیسے سنگھاسن بتیسی. ۲. آدمی کے بتیس دانت، تلے اوپر کے دانتوں کی دونوں قطاریں، دانتوں کا چوکا. [ ].
بتیسی دِکھانا محاورہ. اس طرح منہ چڑانا کہ دانت نمایاں ہو جائیں.
بَتھوا (فت ا، سک تھ) امذ؛ ~ بتوا.
ایک قسم کا چھوٹی پتیوں کا ساگ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں خودرو پیدا ہوتا ہے. [س].
بَتھوے کا ساگ کن ساگوں میں خلیا ساس کن ساسوں میں کہاوت.
ادنیٰ چیز کی کچھ قدر و منزلت نہیں ہوتی، دور کا رشتہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا.
بَٹ (۱) (فت ب) امذ.
وہ لوہا یا پتھر جس سے وزن کرتے ہیں، تولنے کا بٹا، باٹ.
بَٹ (۲) (فت ب) امث؛ امذ.
ا. مروڑ، پیچ، بل، سلوٹ. ۲. وہ شکن جو فربہی سے پیٹ میں پڑ جاتی ہے. ۳. اوجھڑی کا وہ موٹا حصہ جس میں خار نہیں ہوتے. ۴. بدھی، وہ نشان جو ضرب یا کس کر باندھنے سے پڑ جائے، بدن میں گٹھل اٹھنے کی بیماری. ۵. بچوں کے ہاتھ پیر پر گوشت کا ابھرا پن. ۶. ڈھلے ہوئے برتن کی سطح کے اوپر کا کھردرا پن اور شکن وغیرہ جو ڈھلائی میں پڑ جاتی ہے. [س].
بَٹا (۱) (فت ب) امذ.
(ریاضی) اعداد کسری میں بہ معنی حصہ مستعمل، جیسے: دو بٹا تین (2/3) یعنی تین حصوں میں سے دو حصے (اس کی علامت ایک چھوٹی سی سیدھی لکیر ہے).
بَٹا (۲) (فت ب) امث.
(لفظاً) بٹی ہوئی چیز، (مراداً) بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی.
بَٹّا (فت ب، شدٹ) امذ.
ا. ہنڈیاون، کٹوتی، چھوٹ، بھنوائی. ۲. دستوری، کمیشن. ۳. کمی، خامی، قصور، زوال. ۴. فرق، تفاوت. ۵. نقصان، گھاٹا. ۶. (زرگری) چاندی سونے کی کھوٹ، وہ ملاوٹ جو چاندی یا سونے میں ہوتی ہے. ۷. نقص، کمی، کسر، کوتاہی. ۸. عیب، داغ، کلنک. ۹. (i) سل پر مسالا پیسنے کا پتھر. (ii) کوئی سخت چیز توڑنے کا پتھر. (iii) کھرل کی موسلی، ہاون کا دستہ. ۱۰. تولنے کا باٹ (اینٹ لوہے یا پتھر کا). ۱۱. گول ڈبا جس میں پان رکھتے ہیں، خاص دان. ۱۲. زیور رکھنے کا کاٹھ کا ڈبا یا بکس. ۱۳. مداری کا گول ڈبا جس میں وہ گولی رکھ کر غائب کرتا ہے. ۱۴. وہ گولا جو بازی گر کمان کی ڈور پر دوڑاتے ہیں. ۱۵. کاٹھ کا چھوٹا سا گولا جو فصد کھولنے کے وقت خون نکلنے کی غرض سے مریض کے ہاتھ میں پھرانے کے لیے دیا جاتا ہے، بیضۂ فصاد. ۱۶. چھوٹا گول آئینہ. ۱۷. وہ غیر معمولی رقم جو فوجی ملازموں کو میدان جنگ میں دی جاتی ہے، بھتا. ۱۸. وہ لکڑی جس میں دوسری لکڑی لگا کر کنویں پر رکھتے ہیں تاکہ کنویں میں رسی آسانی سے جا سکے. ۱۹. پیتل کی لٹیا جسے عام طور سے ہنود استعمال کرتے ہیں. ۲۰. ارباب نشاط کا انعام (بیشتر 'بیل' کے ساتھ مستعمل). ۲۱. پتھر کا ٹکڑا. ۲۲. آفت، مصیبت. [س].
بٹا سٹا امذ. ا. ایک قسم کی زرہ، زرہ بکتر. ۲. سازش، ساز باز.
بٹا لگانا ف مر. ا. کمی پوری کرنا. ۲. کٹوتی کاٹنا. ۳. عیب لگانا.
بٹا لگنا ف مر. بٹا لگانا کا لازم، کمی پڑنا، نقصان پڑنا، عیب لگنا.

بٹالَن / بَٹالیَن (فت ب ل / فت ب، سک ل، فت ی) امث.
چار کمپنیاں یا ایک ہزار پیدل سپاہیوں کی رجمنٹ، پلٹن، یونٹ. [انگ].

بٹانا (۱) (فت ب) ف م.
۱. بانٹ لینا، کچھ حصہ چھوڑ کر کچھ حصہ لے لینا. ۲. بٹوانا، تقسیم کرانا. ۳. ہٹانا، ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگانا (خیال وغیرہ کے ساتھ مستعمل ہے). ۴. پھیلانا، بکھیرنا.

بَٹانا (۲) (فت ب) ف م.
بل دلوانا، بٹوانا، جیسے: تاگا بٹانا، رسی بٹانا.

بَٹانا (۳) (فت ب) اند.
۱. ایک قسم کا دانہ جو چنے کی طرح گول لیکن اس سے زیادہ سخت ہوتا ہے. ۲. (مجازاً) چھرا، بندوق میں چلانے کے لیے سیسے کا بنا ہوا دانہ.

بَٹائی (۱) (فت ب) امث.
۱. (لفظاً) تقسیم، بانٹ، بٹوارا (مراداً) کاشت کار اور زمین دار یا اجارہ دار میں غلے کی تقسیم. ۲. پیداوار کا وہ حصہ جو کاشت کار یا اجارہ دار سے تقسیم کے بعد مالک یا کاشت کار یا اجارہ دار کو ملتا ہے. ۳. حصہ داروں میں باہمی تقسیم. ۴. جنس کی صورت میں زمین کا لگان. ۵. پیداوار کی تقسیم کا موسم. ۶. کھیت کی پیداوار تقسیم کرنے کی اجرت، بٹوائی.

بَٹائی (۲) (فت ب) امث.
تاگا یا رسی بٹنے کا عمل، رسی بٹنے کی اجرت.

بٹلَر (فت ب، سک ٹ، فت ل) اند.
گھر میں اوپر کے کام خصوصاً کھانے پینے کے انتظام کا ذمہ دار ملازم. [انگ].

بَٹَن (فت ب، ٹ) اند.
۱. (چینی سیپ شیشے مسالے یا کپڑے وغیرہ سے بنی ہوئی) دو یا چار سوراخوں کی ایک چھوٹی سے گول چپٹی ٹکیا سی جو قمیص پتلون اور پہننے والے کپڑوں کی آستینوں، گلے یا گریبان وغیرہ بند کرنے کی غرض سے لگائے جاتے ہیں. ۲. بجلی کی روشنی یا گھنٹی یا دیگر برقی آلات کو چلانے اور بند کرنے یا رفتار بڑھانے گھٹانے کا سوئچ. [انگ].

بَٹْنا (۱) (فت ب، سک ٹ) (الف) ف ل.
۱. تقسیم ہونا. ۲. حصے بخرے کیے جانا، حصہ رسد ہر حصہ دار کو ملنا. ۳. ایک طرف سے دوسری طرف ہوجانا. ۴. ابتر ہونا، پریشان ہونا، متفرق ہونا، ایک دوسرے سے جدا ہونا. (ب) ف م. ۱. حاصل کرنا، وصول کرنا، نفع کمانا. ۲. مال فروخت کرنا، سودے کے لیے گاہک لگانا.

بَٹْنا (۲) (فت ب، سک ٹ) (الف) ف م.
تاگے یا رسی وغیرہ کے تاروں کو باہم ملانے کے لیے بل دینا، مروڑنا. (ب) ف ل. ۱. بل پڑنا، بل کھا کر باہم لپٹ جانا. ۲. بات بنانا، موقع محل کے مطابق نئی سے نئی تصنیف کرنا. [س].

بِٹْنی (کس ب، سک، ٹ) امث.
(عورت کا) سر پستان، چھاتی کا منھ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے. [س].

بِٹّو (کس ب، شد ٹ، و ج) امث.
بٹی کی تصغیر.

بَٹْوا (فت ب، سک ٹ) اند.
۱. کپڑے کی دو یا زیادہ تہوں کی چھوٹی سی نصف چاند سے مشابہ تھیلی جسے کھولنے اور بند کرنے کے لیے اس کے کنارے کی گوٹ میں دو طرح کے بٹے ہوئے تاگے پڑے ہوتے ہیں. ۲. چمڑے یا کینوس وغیرہ کا جیبی بیگ جس میں روپیہ پیسا وغیرہ رکھتے ہیں، ہمیانی. [س].

بٹوا سا / سی صف: مذ. چھوٹا اور گول، بوٹا سا، مدھرا.

بِٹْوا (کس ب، سک ٹ) اند.
بیٹا کی تصغیر، پیار سے بیٹے کے لیے مستعمل.

بَٹْوارا (فت ب، سک ٹ) اند.
۱. جائداد یا مال مشترک کی تقسیم، ساجھے کی چیز کی حصہ رسدی، بانٹ. ۲. فصل کی تیاری پر یا اس سے پہلے پیداوار کی بٹائی. ۳. شرکاء کی علیحدگی. ۴. تقسیم نامہ، وہ دستاویز جس میں تقسیم کی تفصیلات اور شرائط درج ہوں. [س].

بِٹَورا / بِٹھَورا (کس ب، و لین) اند.
اوپر نیچے چنے ہوئے سوکھے اپلوں کا قبہ نما یا مخروطی چٹا جس پر اکثر

بھس ملی ہوئی مٹی لیپ دیتے ہیں تاکہ بارش سے محفوظ رہے، خشک اُپلوں کا ڈھیر. [س].

بٹورنا (فت ب، وج) ف م.
۱. سمیٹنا، چننا، جمع کرنا. ۲. حاصل کرنا، کمانا. [س].

بٹورے (کس ب، ولین) اند: ج.
بٹورا کی جمع یا مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.
بٹورے میں اُپلے ہی نکلیں گے کہاوت. بروں سے برے ہی لچھن ظاہر ہوں گے.

بٹولنا (۱) (فت ب، وج، سک ل) ف م.
جمع کرنا، اکٹھا کرنا، بٹورنا، مختلف جگہوں سے سمیٹنا، بٹورنا.

بٹولنا (۲) (فت ب، وج، سک ل) ف م.
مٹھارنا. [مقامی].

بَٹی (فت ب، شد ٹ) است.
۱. صابن وغیرہ کی گول چوکور یا مستطیل ٹکیا. ۲. ناریل کا گولا. ۳. پگڑی. ۴. چھوٹا پھل. ۵. گڑ کے گول اور چپٹے لڈو. ۶. پتھر کا ٹکڑا معمولی سائز کا، جیسے: زمین کا فرش رگڑنے کی بٹی. [س].

بِٹی (کس ب، شد ٹ) است.
جوڑا، جوڑ، جفت، زوج، فرد کی ضد. [س].

بَٹے (فت ب، شد ٹ) اند: ج.
بٹا (دیکھیے) کی جمع اور مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.
بٹے باز صف. ۱. چالاک، دغا باز. ۲. بھان متی، بازی گر، شعبدہ دکھانے والا.
بٹے پر صف. جو (سودا) کمیشن پر یا نفع پر ہو؛ جو قیمت میں کمی کر کے ہو.
بٹے پر خریدنا ف مر. ۱. نفع نقصان پر مول لینا. ۲. نفع پر خریدنا، کم قیمت پر خریدنا.

بَٹیا (۱) (فت ب، سک ٹ) اند.
۱. پگڈنڈی، وہ پتلا سا راستہ جو کھیتوں یا میدانوں میں لوگوں کی آمد و رفت کے سبب بن جاتا ہے، تنگ راستہ. ۲. پتھر کا چھوٹا سا گول مول ٹکڑا. ۳. کھوپرے کا گولا، ناریل کی گری. ۴. چھوٹا باٹ جس سے تولتے ہیں. ۵. وہ ورم جو پتھر کی طرح سخت ہو جائے.

بَٹیا (۲) (فت ب، سک ٹ) (الف) اند.
کلابتوں بٹنے کا کاری گر، بٹی. (ب) است. ریشمی ڈوری جس سے عورتیں چوٹی باندھتی ہیں.

بِٹیا (کس ب، سک ٹ) است.
بٹی جس کی یہ تصغیر ہے.

بَٹیر (فت ب، ی ج) اند: است.
گوریا سے بڑا اور تیتر سے چھوٹا ایک خاکی رنگ کا خال دار پرند جو لڑانے کے لیے پالتے اور اکثر ذبح کر کے کھاتے ہیں. [س].
بٹیر لڑانا ف مر: محاورہ. بٹیر بازی کرنا؛ فساد ڈالنا، لڑانا، جھگڑا پیدا کرنا.
بٹیر ہاتھ لگنا محاورہ. کوئی غیر معمولی چیز مل جانا.

بٹھا (ل) رکھنا ف م.
۱. (i) (لڑکی کا) بیاہ نہ کرنا، کنوارا رکھنا. (ii) شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا. ۲. گھر پر (یا کسی دوسری جگہ) جانے نہ دینا، نہ اٹھنے پر مجبور کرنا، انتظار کرانا.

بٹھالنا/بٹھانا (کس ب، سک ل) ف م.
۱. بیٹھنا کا تعدیہ؛ کھڑے ہوئے یا لیٹے ہوئے کو نشست کرانا، کسی کو کولھوں کے بل فرش یا کرسی پر ٹکانا، بیٹھنے کی جگہ دینا، بیٹھنے کے لیے کہنا. ۲. گرانا، تھکانا، مضمحل کر دینا. ۳. مقرر کرنا، متعین کرنا. ۴. کسی جگہ پر رکھنا، موزونیت کے ساتھ رکھنا. ۵. پیوست کرنا، نشانے پر لگانا. ۶. الفاظ کو نثر یا نظم میں ایسی جگہ رکھنا جہاں وہ اصول فصاحت کے اعتبار سے موزوں ہوں. ۷. راسخ کرنا، ثابت کرنا، ذہن نشیں کر دینا. ۸. پھوڑے یا آبلے وغیرہ یا کسی اور ابھری ہوئی چیز کو دبانا. ۹. بکھرنے اور پھیلنے سے روک دینا، منتشر ہوتے ہوئے کو جما دینا. ۱۰. دو ٹکڑوں کو جوڑنے میں اس طرح ملانا کہ سر مو جگہ سے بے جگہ نہ ہوں، چول سے چول ملا دینا، ٹھیک ٹھیک جوڑ دینا. ۱۱. گرا کر مسمار کرنا، تباہ برباد کر دینا، غرق کر دینا. ۱۲. ساکن کرنا، سکونت دینا، ٹھہرانا، بسا ۱۳. (i) کنوارا رکھنا، شادی نہ کرنا. (ii) لڑکی کو سسرال نہ جانے دینا ۱۴. سوار کرنا. ۱۵. عورت کو ناجائز طور سے گھر میں بیوی کی طرح رکھ

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

لینا۔ ۱۶. مادہ پرند کو مقررہ مدت تک انڈوں پر چھوڑنا۔ ۱۷. کسی چیز کو کسی چیز میں نگینے کی طرح جڑ دینا، اس طرح جمانا کہ اندر بیٹھ جائے، برابر یکساں اور ہموار کرنا۔ ۱۸. لوگوں کو جمع کرنا۔ ۱۹. مختلف الفاظ کے ساتھ مل کر سیاق و سباق کے اعتبار سے مختلف معانی میں مستعمل، جیسے: سر پر بٹھانا (خوش نویسی میں) ہاتھ بٹھانا وغیرہ۔ [س]۔

بٹھاو (کس ب) اند.
(تعمیرات) بھرائی کے بعد پانی پڑنے یا کسی دوسری وجہ سے مٹی کی سطح دب جانے کی کیفیت۔

بَجانا (فت ب) م ف.
۱. باجے سے سر پیدا کرنا، کسی چیز کی آواز نکالنا۔ ۲. روپے وغیرہ کو چٹکی لگا کر کھوٹا کھرا پرکھنا، ٹھنکانا، ٹھنکارنا۔ ۳. (i) گھڑی یا گھنٹے کا وقت ظاہر کرنا۔ (ii) (کسی خاص ساعت تک) وقت صرف کرنا۔ ۴. مارنا، پیٹنا۔ [س]۔

بِجبِجا/بِجبِجانا (کس ب، سک ج، کس ب) ف ل.
کسی گیلی چیز کا سڑ کر کھدبدانا، ابس کر خمیر کی طرح بلبلے اٹھنا، کلبلانا۔

بج بج کُونا محاورہ.
دیکھیے: بج بجانا۔

بَجَٹ (فت ب، ج) اند.
سال آئندہ کی آمد اور خرچ کا تخمینی حساب، جس میں مختلف مدات کے تحت متوقع آمدنی مصارف اور بچت وغیرہ درج ہو، میزانیہ، موازنہ۔ [انگ]۔

بَجَر / بَجْر / بَجّر (فت ب، ج/سک ج/شدج بفت) (الف) صف.
۱. سخت، مضبوط، کڑا۔ ۲. بھاری، بوجھل، وزنی، گراں، جسیم۔ ۳. ست، کاہل، مٹھا ڈھیلا۔ ۴. مشکل، کٹھن، دوبھر، اجیرن، دشوار۔ (ب) اند. ۱. بجلی، صاعقہ۔ ۲. پتھر، سخت پتھر۔ (ج) است. ۱. دو تلواروں کا جوڑا یا جوڑواں تلوار جس کے بیچ میں قبضہ اور دونوں طرف پھل ہوتے ہیں ہندو اس کو اندر دیوتا سے منسوب کرتے ہیں، بعض مقامات پر سانپ کی شکل کی دو موئی تلوار کو کہتے ہیں۔ ۲. ہیرا، الماس۔ [س]۔

بجر نگ بلی (الف) صف۔ وہ بہادر جس کا بدن مضبوط ہو۔ (ب) اند. ہنومان جی کا لقب۔

بجر بٹو (الف) اند. ۱. کھجور کے خاندان کے ایک درخت کا کالا بیج جس کی ہندو مالا بناتے اور ریچھ نچانے والے اس کو ریچھ کے بالوں میں پرو کر بچوں کو نظر گزر سے محفوظ رکھنے کے لیے دیتے ہیں۔ ۲. ایک قسم کا کھلونا جس کی آنکھیں بڑی بڑی اور چمکیلی ہوتی ہیں۔ (ب) صف. جس کی خود کوئی رائے نہ ہو اور دوسروں کے اشاروں پر چلے، کٹھ پتلی، دوسروں کے ہاتھوں کا کھلونا۔

بَجْرا (فت ب، سک ج) اند.
۱. دریا میں سیر کرنے کی ایک خوش نما کشتی جو نیچے سے گول ہوتی ہے۔ ۲. ایک قسم کی آتش بازی جس کی شکل چھوٹے جہاز سے مشابہ ہوتی ہے۔ ۳. سامان لانے لے جانے کے لیے بجرے سے مشابہ ٹوکری یا کشتی۔ [س]۔

بَجْری (فت ب، سک ج) است.
۱. باجرے کے برابر سنگ ریزے جو عموماً راستے پر بچھائے جاتے ہیں، پتھر یا اینٹ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو تعمیری مسالے میں ڈالے جاتے ہیں۔ ۲. باریک اولے، بارش یا برف کی پھوار۔ ۳. لال کنکریلی مٹی جس سے سڑک کی پٹریاں بناتے ہیں اور کمہار برتن رنگتے ہیں۔ ۴. باریک کتری ہوئی چھالیا۔

بَجْرِیلا (فت ب، سک ج، ی مع) صف.
سنگ ریزوں سے بھرا ہوا، بجری کا۔

بجلی (کس ب، سک ج) (الف) است.
۱. وہ شعلہ نما چمکیلی لہر جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے، برق، صاعقہ۔ ۲. وہ برقی رو جو مقررہ اصول سے پیدا کی جاتی ہے اور اس سے روشنی اور وہ قوت توانائی حاصل ہوتی ہے جس سے مشینیں وغیرہ چلتی ہیں۔ ۳. کان کی لو میں پہننے کا ایک زیور۔ (ب) صف. نہایت پھرتیلا، چست، طرار، چالاک۔ [س]۔

بجلی پڑنا محاورہ. ۱. بجلی کا شعلہ گرنا، بجلی گرنے سے بھسم ہونا۔ ۲. سخت صدمہ پہنچنا، آفت آنا، مصیبت نازل ہونا۔

بجلی پڑے/ٹوٹے فقرہ. (بد دعا یا کوسنا) غارت ہو، تباہ ہو، قہر نازل ہو.

بجلی کا کڑکا اند. وہ زور دار آواز جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے، گرج.

بجلی کڑکنا ف مر. بادلوں کی رگڑ سے بجلی چمکنا اور گرج پیدا ہونا.

بجلی کوندنا ف مر. بجلی چمکنا.

بجلی کی رو است. وہ کہربائی لہر جو برقی توانائی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتی ہے (برقی رو).

بجلی گرانا محاورہ. آفت ڈھانا، صدمہ پہنچانا، قہر ڈھانا.

بجلی گرنا محاورہ. ۱. مصیبت نازل ہونا، سخت اذیت پہنچنا. ۲. جل کر بھسم ہو جانا، تباہ و برباد ہو جانا. ۳. بجلی کا بادلوں سے نکل کر زمین پر پڑنا؛ آفت آنا.

بجلی لگانا ف مر. مریض کے کسی عضو پر بجلی کی رو دوڑانا، کسی زخم وغیرہ کو بجلی کی لہر سے داغنا یا جلانا.

بِجلی (۲) (کس ب، سک ج).

آم کی گٹھلی کا مغز/گودا، کچے آم کی گٹھلی. [س].

بَجنا (فت ب، سک ج) ف ل.

۱. آواز نکلنا، بولنا. ۲. سر پیدا ہونا (باجے وغیرہ کا). ۳. مشہور ہونا، ۴. کان سے جھنجھناہٹ کی آواز نکلنا یا سائیں سائیں کرنا. ۵. گھڑی یا گھنٹے کا وقت ظاہر کرنا. ۶. دانتوں کا سردی یا خوف سے آواز دینا. ۷. بندوق وغیرہ کا چلنا یا چھوٹنا.

بِجِنس / بِجِنسہ (کس مع ب، کس ج، سک ن/کس مع س) م ف.

ہو بہو، ٹھیک ٹھیک، جوں کا توں، کل کا کل.

بِجُّو (کس ب، شد ج، ومع) اند.

۱. ایک مردار خور جانور جو عموماً قبرستانوں میں رہتا ہے اور مردوں کو قبر سے نکال کر کھا جاتا ہے (اتنا سخت جان اور مضبوط ہوتا ہے کہ ہاتھی کے پاؤں کے نیچے بھی نہیں مرتا). ۲. چھوٹی چھوٹی آنکھوں اور سکڑے منھ کا آدمی. [س].

بجوگ (کس ب، ومج)(الف) است.

۱. نحوست، منحوس ستاروں کا برا اثر، بدنصیبی، بدطالعی ۲. وبال، مصیبت، پڑنا، حادثہ. ۳. ہجر، جدائی، مفارقت، تفرقہ. ۴. نقصان، محرومی، موت.

(ب) صف. علیحدہ، الگ، جدا. [س].

بَجے (فت ب) ظرف زمان.

بجنے پر، (ساعت یا وقت) گزرنے پر.

بَجّیا (فت ب، سک ج) است.

باجی کی تصغیر.

بُجھا (ضم ب) صف.

افسردہ، مکدر اور بے خواہش.

بجھا پانی اند. (آب برآری) وہ پانی جس میں لوہے یا سونے کا ٹکڑا آگ میں سرخ کر کے ٹھنڈا کیا گیا ہو اور بطور دوا پیا جائے.

بجھا چونا اند مقررہ طریقے کے مطابق پانی میں حل کی ہوئی چونے کی ڈلی.

بُجھاَرت (ضم ب، فت ر) است.

۱. بوجھنے کے قابل بات، معما، پہیلی؛ استعارۃً. ۲. حساب فہمی، حساب کا تصفیہ. ۳. زمین سے متعلق حساب کتاب کا رجسٹر.

بُجھانا (۱) (ضم ب) ف م.

۱. کسی جلتی، سلگتی یا تپتی ہوئی چیز کو سرد کرنا، سوزش کو دور کرنا، آگ کو ٹھنڈا کرنا؛ (استعارۃً) ۲. بھڑکتے ہوئے جذبے اشتعال یا طلب وغیرہ کو فرو کرنا. ۳. پژمردہ کرنا، افسردہ کرنا، حوصلہ پست کرنا، مایوس و مضمحل کرنا (دل طبیعت وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۴. چراغ، شمع وغیرہ کو گل کرنا. ۵. (i) پتھر جلتی ہوئی لکڑی یا کسی دھات کو آگ میں لال کر کے پانی میں ڈالنا (کسی طبی ضرورت کے لیے). (ii) زہر کے پانی میں کسی ہتھیار کو گرم کر کے غوطہ دینا (تاکہ زہر کا اثر اس میں آجائے). (iii) ہتھیار کو گرم کر کے کسی عرق میں غوطہ دینا (صیقل کے لیے). (iv) تیزاب وغیرہ کو کسی گیلی چیز میں ڈالنا (اس کی تاثیر بدلنے کے لیے). ۶. سبزی یا ترکاری کو برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھانا تاکہ اس کا پانی خشک ہو جائے. ۷. ماند کر دینا، دبا دینا، ختم کر دینا. ۸. مختلف الفاظ کے ساتھ ترکیب پا کر سیاق و سباق کے اعتبار سے خاص خاص معانی میں مستعمل، جیسے: چونا بجھانا، (کسی کا) چراغ بجھانا، لگانا بجھانا، تیور بجھانا وغیرہ ایسے سب مرکبات اپنی

اپنی جگہ پر مندرج ہیں۔ [س].

بُجھانا (۲) (ضم ب) ف م.

۱. سمجھانا، ذہن میں اتارنا ۲. معما یا پہیلی حل کرنا، پہیلی کے طور پر گول گول بات کرنا ۳. اطلاع دینا، بتانا، توضیح کرنا. [س].

بُجھاؤ (ضم ب، سک و) اند.

بجھانے کا عمل، بجھانے کے عمل کی تاثیر، بجھانا.

بُجھائی (۱) (ضم ب) امث.

جلتی ہوئی چیز یا بھڑکتے ہوئے جذبے کو ٹھنڈا کرنے کا عمل، بجھانا.

بجھائی (۲) (ضم ب) امث.

دریافت اور معلوم کرنے، سکھانے تعلیم دینے کا عمل.

بُجْھنا (ضم ب، سک جھ) ف ل.

کسی جلتی، سلگتی یا تپتی ہوئی چیز کا سرد ہونا، سوزش کا دور ہونا، آگ کا ٹھنڈا ہونا.

بُجھی (ضم ب) صف، مث.

بجھا کی تانیث، ترکیبات میں مستعمل.

بجھی آواز امث. نہایت ہلکی اور دھیمی آواز (جس سے نقاہت اور مایوسی ظاہر ہو).

بجھی بجھی صف. بجھی کی تکرار (طبیعت وغیرہ کے لیے مستعمل).

بَچ (فت ب).

بچنا سے فعل امر اور ترکیبات میں مستعمل، جیسے: بچ جانا، بچ رہنا، بچ نکلنا وغیرہ.

بچ بچا کر م ف. ۱. چھپ کر، دیکھنے والوں کی نظر سے اوجھل ہو کر، جان بچا کر ۲. ضروری خرچ کرنے کے بعد، لے دے کر.

بچ کر/کے فعل معطوف کا جزو اول. اپنی حفاظت کر کے، محتاط رہ کر.

بَچا (۱) (فت ب) اند.

۱. بچہ کی تخفیف ۲. مردک، بچو (تحقیر کے لیے).

بَچا (۲) (فت ب) (الف) صف.

باقی، محفوظ، بچا ہوا. (ب) م ف. بچا کر، الگ رہ کر.

بچا بچایا صف. باقی ماندہ، جو استعمال کے بعد بچ رہا ہو.

بچا بچو کر م ف. بہت مشکل سے پس انداز کر کے.

بچا کر/کے فعل معطوف کا جزو اول. بچ کر کا تعدیہ، اپنی حفاظت کر کے، محتاط رہ کر جیسے: بچ کے چلنا، بچ کے قدم رکھنا.

بچا کھچا صف، م ف. استعمال کے بعد جو کچھ بچ رہے، باقی ماندہ، رہا سہا.

بُچّا (۱) (ضم ب، شد چ) صف.

کان کٹا، چھوٹے کانوں والا.

بُچّا (۲) (ضم ب، شد چ) اند.

ٹکڑا، قطعہ.

بِچار (کس ب) اند.

۱. (i) سوچ، فکر، غور. (ii) تحقیق، تفتیش، امتحان ۲. قیاس، تخمینہ، اندازہ، اٹکل ۳. (i) عقل و دانش، علم و فہم، سمجھ، تمیز. (ii) دور اندیشی. (iii) نقطۂ نگاہ، خیال ۴. رائے، صلاح، تبادلہ خیالات، مشورہ.

اف: کرنا/ہونا.

بِچارا (کس ب) صف.

بے چارہ کا عوامی تلفظ، لا علاج، عاجز، بے بس.

بِچارْنا (کس ب، سک ر) ف م.

۱. سوچنا، غور کرنا، دور اندیشی پر عمل کرنا ۲. سمجھنا، تحقیق و تفتیش کرنا. ۳. اندازہ لگانا، اٹکل سے دریافت کرنا، آنکنا ۴. خیال کرنا، تصور کرنا ۵. طے کرنا، فیصلہ کرنا، ارادہ کرنا. [س].

بِچاری (کس ب) صف، مث.

بچارا کی تانیث، عاجز، بے بس.

بِچالا (کس ب) اند.

گوشہ (کونا کے ساتھ مستعمل).

بَچانا (فت ب) ف م.

بچنا کا تعدیہ.

بَچاؤ (فت ب، سک و) اند.

۱. بچنے کا عمل، اجتناب ۲. (i) تحفظ، محفوظ رہنے کی صورت حال. (ii) دفاع. (iii) بچت ۳. نجات، رہائی، چھٹکارا ۴. حیلہ، بہانہ، پہلوتہی، ٹالم ٹول. اف: کرنا/ہونا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بَچْپَن / بَچْپَنا (فت ب، سک چ، فت پ) اند.
۱. کم سنی، لڑکپن. ۲. نادانی، ناسمجھی.

بَچَت (فت ب، چ) (الف) است.
۱. بچنے باقی رہنے ضائع نہ ہونے یا محفوظ رہنے کی صورت حال.
۲. کفایت، کم خرچ ہونے کی صورت. ۳. فائدہ، نفع. ۴. تحفظ، بچاؤ.
(ب) صف. باقی ماندہ، بچا ہوا، جو کچھ صرف کر کے رہ گیا ہو.

بَچْکانا (فت ب، سک چ)(الف) اند.
۱. کھک کا لڑکا، وہ زنانہ لڑکا جسے کسی دوسرے زنانے نے پالا ہو.
(ب) صف. ۱. (i) بچوں سے نسبت رکھنے والی بات چیز یا کام، بچوں کے لائق. (ii) بچوں کی طرح کا، بچوں سے ملتی جلتی بات.

بِچَکْنا (کس ب، فت چ) ف ل.
۱. یکا یک چونک پڑنا، اچھل پڑنا (حیرت یا احتیاط وغیرہ کی بنا پر).
۲. ناز و ادا سے اچکنا. ۳. دور ہٹنا، چمک کر اور چونک کر بھاگنا، بدکنا.
۴. ڈرنا، چمکنا، خوف زدہ ہونا. ۵. گھبرانا.

بَچَّگاں (فت ب، شد چ بفت) اند؛ ج.
بچہ کی جمع.

بَچَّگانَہ (فت ب، شد چ بفت، فت ن) صف.
بچوں کے لائق، بچوں کی طرح کا، بچپنے کا، طفلانہ.

بِچَّل (کس ب، شد چ بفت) اند.
منجھلا.

بِچْلا (کس ب، سک چ) اند.
۱. تین لڑکوں میں سے بیچ کا، منجھلا لڑکا. ۲. درمیانی. ۳. اوسط درجے کا.
۴. بیچ کی راس.

بِچَلْنا (کس ب، فت چ، سک ل) ف ل.
۱. لغزش کرنا، پھسلنا، کھسلنا. ۲. بہکنا، چوکنا. ۳. راستہ گم کرنا، کھونا.
۴. بچھڑنا، پیچھے رہ جانا. ۵. حسب دل خواہ نہ ہونا، خراب ہوجانا.
۶. پیچھے ہٹ جانا، واپس ہوجانا. ۷. بے سرا ہونا. ۸. خفا ہونا، ناراض ہونا، آپے سے باہر ہونا. ۹. (i) تڑپنا، اپنے قابو میں نہ رہنا. (ii) ہٹ کرنا، اڑنا. ۱۰. بدکنا، بھڑکنا. ۱۱. نیم پاگل سا ہوجانا، جنون کی سی کیفیت ہو جانا (عموماً دل کے ساتھ). ۱۲. چلتے پھرتے رہنا، حرکت کرنا، آوارہ پھرنا. ۱۳. منحرف ہونا، پھر جانا، منکر ہونا. [س].

بَچَن (۱) (فت ب، چ) اند:- وچن.
۱. بات، بول. ۲. عہد و پیمان، وعدہ، قول و قرار، یقین دہانی.
۳. شگون، فال، زائچہ. ۴. مقولہ؛ کہاوت. ۵. اصولی قاعدہ، ضابطہ.
٦. شعر و سخن، کلام، شاعری. ۷. قسم. [س].

بچن دینا محاورہ. قول و قرار کرنا، وعدہ کرنا.

بچن لینا محاورہ. ہاں کرا لینا، وعدہ لینا.

بَچْنا (فت ب، سک چ) ف ل.
۱. محفوظ رہنا، کسی تکلیف مصیبت یا حادثے وغیرہ سے امن میں رہنا.
۲. (i) آرام ہونا، شفایاب ہونا. (ii) صحیح سلامت رہنا. ۳. گرفت سے چھوٹنا. ۴. اجتناب کرنا، پرہیز کرنا. ۵. کنارے ہونا، الگ رہنا.
٦. تھوڑی سی کسر رہنا، ضرر پہنچتے پہنچتے رہ جانا. ۷. ڈرنا، خوف کرنا.
۸. خالی جانا، چھوٹنا. ۹. نفع ہونا، فائدہ ہونا. ۱۰. اٹلنا، ٹہل جانا. [س].

بَچو (فت ب، و ج) ف ل.
دیکھ کے چلو، سامنے سے یا راستے سے ہٹ جاؤ.

بَچُّو (فت ب، شد چ، و مع) اند.
بچا کی تصغیر (بیشتر تخاطب کے موقع پر). [ا ر].

بِچُوڑْنا (کس ب، و مع، سک ر) ف م.
۱. انگلیوں کی مدد سے مل کر ریزہ ریزہ کرنا، مالیدہ کرنا. ۲. تومنا، کھولنا.

بِچَوْلیا (کس ب، و لین، سک ل) صف:- بچوانی، بچوائی.
وہ شخص جو بیچ میں پڑ کر کوئی کام کرائے، دلال یا ثالث.

بَچُونْڑا (فت ب، و مع سک م) اند:- بچھڑا.
گود کا چھوٹا بچہ، بچہ کی تصغیر.

بَچّوں (فت ب، شد چ، و ج).
بچہ کی جمع مغیرہ صورت میں، ترکیبات میں مستعمل.

بچوں سے گود (- گودی) بھری رہے دعائیہ فقرہ. اولاد کثرت سے ہو اور زندہ رہے.

بچوں کا کھیل اند. ۱. بہت آسان، معمولی بات. ۲. فضول کام.

بچوں والا/ والی صف. ۱. صاحب اولاد (مرد/ عورت). ۲. چیچک، سیتلا.

بچونگڑا (فت ب، و مع غ، سک گ) اند.
چھوٹا بچہ، بچہ کی تصغیر. دیکھیے: بچھڑا.

بچّہ (فت ب، شد چ بفت) اند.
۱. (i) کم سن، جس کی عمر تھوڑی ہو، لڑکا، طفل. (ii) ہر جان دار کی چھوٹی اولاد. (iii) نادان، ناسمجھ، ناواقف. ۲. بیٹا، اولاد (انسان، حیوان، نر اور مادہ سب کے لیے مستعمل). ۳. مردک، نالائق (بیشتر تحقیر کے لیے مستعمل). ۴. (مجازاً) پیدا کردہ، نتیجہ. ۶. غصے میں جھڑکنے کے موقع پر. ۵. پیڑ کی پود، چھوٹا سا پودا، نیا پودا جو پھوٹے. [ف].

بچہ باز محاورہ. لڑکے سے بدفعلی کرنے والا، لونڈے باز. اسم کیفیت: بچہ بازی.

بچہ جمورا/ جمہورا اند. وہ لڑکا جسے مداری شعبدے بازی کے وقت اپنا آلہ کار بناتے ہیں؛ وہ شخص جو کسی شاطر کے اشاروں پر ناچتا رہے، کٹھ پتلی، آلہ کار.

بچہ جنانا ف مر. دائی گیری کا کام کرنا؛ جانور سے بچہ لینا.

بچہ جننا ف مر. عورت کا بچہ پیدا کرنا.

بچہ دان/ دانی اند/ است. عورت کے پیٹ میں وہ جگہ جہاں بچہ رہتا ہے، رحم، کوکھ.

بچہ کام کا کچا فقرہ (مشہور). ناتجربہ کار اچھا کام نہیں کر سکتا.

بچہ ہے فقرہ. نافہم ہے، ناتجربہ کار ہے.

بچّی (۱) (فت ب، شد چ) است.
بچہ کی تانیث، چھوٹی عمر کی لڑکی.

بچّے (فت ب، شد چ) اند.
"بچہ" کی محرف صورت اور ترکیبات میں مستعمل.

بچے کچے اند؛ ج. چھوٹے بڑے لڑکے لڑکیاں.

بچے کی ماں بوڑھے کی جورو سلامت رہ کہاوت. جس طرح ماں کی موت سے بچہ آرام سے محروم ہو جاتا ہے اسی طرح بیوی کی موت سے بوڑھا آدمی بے سہارا ہو جاتا ہے.

بچے کے ہاتھ کا بتاشا اند. وہ چیز جو کسی کو بہت محبوب ہو اور کسی حال نہ دینا چاہے اور اگر اسے کوئی زبردستی لے لے تو ہنگامہ مچا دے، جھگڑے کی چیز.

بچے نکالنا/ نکلوانا محاورہ. ۱. پرند کا انڈوں پر بیٹھنا تاکہ ان سے بچے پیدا ہوں. ۲. دودھ کے دانت نکلنا.

بُچیانا (ضم ب، سک چ) ف م.
کان کھڑے کرنا، گھوڑے کا اپنے دونوں کانوں کے سرے ملا دینا (شوخی یا خوشی وغیرہ میں). [س].

بَچھ (۱) (فت ب) اند.
بچھڑا. [س].

بِچھ (۲) (کس ب) اند.
بچھو؛ بس، زہر. [ہ].

بَچھّا (فت ب، شد چھ) اند.
بچھڑا.

بِچھّا (۱) (کس ب، شد چھ) اند.
فاصلہ، وقفہ، مہلت. [ہ].

بِچھّا (۲) (کس ب، شد چھ) صف.
فرش کیا ہوا، زمین پر کھلا یا پھیلا ہوا.

بچھا جانا محاورہ. ۱. عجز و انکساری سے زمین پر جھکا جانا، قدم لینا، نہایت خاطر مدارات کرنا. ۲. مائل و فریفتہ ہونا.

بچھالی (کس ب) است.
گھاس بھوسے کا وہ فرش جو مویشیوں کے تھان پر یا مرغیوں کے دڑبوں میں ان کو غلاظت سے محفوظ رکھنے کے لیے بچھا دیتے ہیں.

بچھانا (۱) (کس ب) اند (قدیم).
دیکھیے: بچھونا.

بچھانا (۲) (کس ب) ف م.
۱. (i) بستر کرنا، فرش کرنا، بچھونا کرنا. (ii) بیٹھنے یا لیٹنے کے لیے زمین پر کوئی تپائی وغیرہ رکھنا. ۲. (مجازاً) کھڑے ہوئے کو زمین پر لٹانا، اس طرح گرا دینا کہ لیٹ جائے، فرش کی طرح پھیلانا. [س].

بچھائی (کس ب) است.
فرش، بچھونا.

بِچھ بِچھ جانا ف ل.
بچھ جانا جس کی یہ تاکید ہے.

مک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

بجھ جانا ف ل. ۱. دیکھیے : بجھنا. ۲. انتہائے خاک ساری اور تواضع سے پیش آنا. ۳. مائل و فریفتہ ہونا.

بِچھَڑَن (کس ب، سک چھ، فت ڑ) اسث.
بچھڑنے کی کیفیت، جدائی، فراق، بچھڑنا (دیکھیے).

بَچھڑا (فت ب، سک چھ)(الف) اند.
۱. گائے کا نر بچہ، گوسالہ. ۲. (پیار سے) انسان کا بچہ. (ب) صف. ۱. نوجوان لاابالی لڑکا. ۲. نادان، ناسمجھ. [س].

بچھڑا کودتا (ناچتا) ہے کھونٹے کے بل (پر) / بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے کہاوت. ہر شخص حمایتی کی طاقت پر اکڑتا ہے، ہر ایک اپنے زبردست وسیلے پر بھروسا رکھتا ہے.

بِچھڑا (کس ب، سک چھ)(الف) صف.
مہجور، ہجر زدہ، جدائی کا مارا ہوا. (ب) اند (قدیم). جدائی، ہجر.

بِچھڑَن (کس ب، سک چھ، فت ڑ) اند.
بچھڑنے کی کیفیت، جدا ہونے کا عمل.

بِچَھڑنا (کس ب، فت چھ) ف ل.
۱. کسی سے جدا ہونا، الگ ہونا. ۲. ساتھی سے پیچھے رہ جانا، کھو جانا [س].

بِچھڑی (سک ب، سک چھ)(الف) صف.
بچھڑا کی تانیث. (ب) اسث، قدیم. جدائی، ہجر.

بِچھنا (کس ب، سک چھ) ف ل.
۱. زمین پر پھیلنا، بکھرنا. ۲. فرش ہونا، بستر ہونا. ۳. بیٹھنے یا لیٹنے کے لیے زمین پر رکھا جانا. ۴. زمین پر گرنا، لوٹنا، تڑپنا. ۵. عجز و انکسار سے پیش آنا، حد درجہ تواضع کرنا. ۶. مائل ہونا، فریفتہ ہونا. ۷. لیٹ جانا. ۸. تباہ ہونا، مفلس ہو جانا. [س].

بِچھُّو (کس ب، شد چھ، و مع)(الف) اند.
۱. ایک رینگنے والا زہریلا جانور جس کی خم دار اور نکیلی دم پیٹھ کی طرف کو اٹھی اور مڑی ہوئی اور دم میں ایک سخت زہریلا ڈنک ہوتا ہے جو ہر وقت چلتا رہتا ہے، کژدم، عقرب. ۲. ایک پہاڑی بوٹی جس کے غدودی بال سے زہریلا مادہ رستا ہے اور وہ جلد سے مس ہونے پر سخت خراش پیدا کرتا ہے، (لاط) Urtica heterophylla. ۳. ایک قسم کی آتش بازی (چھچھوندر) جو بچھو کی شکل سے مشابہ ہوتی ہے. ۴. برج عقرب، ستاروں کا وہ مجموعہ جو بچھو کی شکل سے مشابہ ہوتا ہے. (ب) صف. چالاک، خطرناک، بدذات، تکلیف دینے والا. [س].

بچھو کا کاٹا روے سانپ کا کاٹا سووے کہاوت. مراد یہ کہ بچھو کا زہر مہلک تر نہیں مگر سخت اذیت ناک ہے اس کے برخلاف سانپ کا زہر مہلک ہے مگر اس کے کاٹنے میں اذیت کم ہوتی ہے.

بچھو کا منتر اند. روایتی طور وہ منتر جس کو پڑھ کر دم کرنے سے بچھو کے کاٹے کی تکلیف کم یا ختم ہو جاتی ہے.

بِچھوا(۱) (کس ب، سک چھ) اند.
۱. دیکھیے : بچھو. ۲. ایک ہلالی شکل کا ایک رخا ہتھیار جس کے دستہ کا بالائی حصہ بچھو کی شکل کا ہوتا ہے، بیچھ، چھوٹی کٹار. ۳. آہنی پنجہ جس کے حلقے انگلیوں میں اس طرح پھنسا لیے جاتے ہیں کہ اگر مٹھی بند ہو تو حریف کو یہ پتا نہیں چلتا کہ مٹھی میں کیا ہے. ۴. (i) ہندو عورتوں کا پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور جس میں چیرہ دار گھنگھرو لگا ہوتا ہے. (ii) کمر میں پہننے کا ایک زیور. ۵. (سواری) بچھو کے ڈنک کی شکل کا آہنی یا برنجی آنکڑا جو جوت کا سرا یا سرے اٹکانے کو گاڑی کے جوئے کے بیچ میں اوپر کے رخ لگا ہوتا ہے.

بِچھونا/ بچھونا (کس ب، و لین/و مج) اند.
۱. وہ کپڑے جنھیں بچھا کر اور اوڑھ کر لیٹتے ہیں، بستر. ۲. فرش، دری قالین یا چٹائی وغیرہ جو زمین پر بیٹھنے اٹھنے یا لیٹنے کے لیے پھیلائی جائے. ۳. (i) ماتم کا فرش، فرش ماتم داری، سوگواری کا بوریا یا ٹاٹ (ii) ماتم کا زمانہ. ۴. کسی چیز کا کثرت سے چھڑکنے ڈالنے پھینکنے کا عمل بکھراؤ، فرش. [ہ].

بَچھیا (فت ب، سک چھ) اسث.
۱. گائے کا مادہ بچہ. ۲. بیٹی، (پیار میں). [س].

بِچھیا (کس ب، سک چھ) اسث.
پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا چھلا. [س].

بُچھانا (ضم ب، کس چھ) ف م.
(گھوڑے کی طرح) کان پیچھے کی طرف موڑنا. [ہ].

بحار (کس ب)اند: ج.
بحر (= دریا) کی جمع.

بحال (فت ب)م ف.
دیکھیے: ب (تحتی الفاظ).

بحالی (فت ب)است.
دیکھیے: ب (تحتی الفاظ).

بحت (فت ج ب، سک ح)صف.
خالص، نرا، محض، جس میں کسی اور چیز کی آمیزش نہ ہو، بے میل. [ع].

بحۃُ الصَّوْت (فت ب، شد ح بفت، ضم ت، ضم ال، شد ص، ولین)است.
آواز کا بھاری پن، گلا بیٹھ جانے کی کیفیت. [ع].

بحث (فت خف ب، سک ح)است.
۱. (لفظاً) تحقیق، جستجو، (مراداً) مباحثہ، مناظرہ، سوال و جواب، لفظی یا زبانی نزاع، تکرار. ۲. تعلق، مطلب، واسطہ. ۳. (i) موضوع، مسئلہ، امر، معاملہ. (ii) باب. ۴. دلیل، حجت، ثبوت. ۵. عدالت کے سامنے فریقین مقدمہ کے وکلا کی گفتگو تائید و تردید میں. [ع].

بحث چھڑنا محاورہ. بحث چھیڑنا کا لازم.

بحث چھیڑنا محاورہ. ذکر نکالنا، بحث و تکرار شروع کرنا.

بحث کرنا ف م. ۱. جھگڑنا، حجت کرنا، مقابلہ کرنا (کسی امر میں). ۲. مقابلہ کرنا (کسی امر میں). ۳. ذکر کرنا، معرض بیان میں لانا.

بحث مباحثہ اند. بحث، باہم بحث کرنے کا عمل، تبادلہ خیالات.

بحثا بحثی (فت ج ب، سک ح، فت ج ب، سک ح)است.
باہمی تکرار، مناظرہ، رد و قدح، قیل و قال.

بحر (۱) (فت ج ب، سک ح)(الف) اند.
(دریا) سمندر، خلیج، کھاڑی، بڑا دریا. (ب) است. ۱. جنگی بیڑا جس میں کئی چھوٹے بڑے جہاز ہوں، کاروان جہاز و کشتی، بحریہ. ۲. (عروض) نظم کے اُنیس مقرر آہنگوں یا وزنوں میں سے ہر ایک (جو شعر کا وزن جانچنے اور ٹھیک کرنے میں کام دیتے ہیں). [ع].

بحر و بر اند. (لفظاً) خشک و تر، خشک و تری، (مراداً) کل عالم ارضی، پوری دنیا.

بُحْران (ضم ج ب، سک ح)اند.
۱. مرض کا زور، بیماری کی غیر معمولی شدت جو یکایک واقع ہو یا مخصوص دنوں میں جیسے تیسرے دن یا چوتھے دن وغیرہ. ۲. (طب) وہ اختلال اور ہیجان جو شدت مرض کے باعث قواے مدرکہ میں پیدا ہو. ۳. (مجازاً) واقعات اور حالات کے سنگین مرحلے پر پہنچنے کی صورت حال. [ع].

بُحرانی (ضم خف ب، سک ح)صف.
بحران سے منسوب.

بَحری (فت ج ب، سک ح)صف.
۱. بحر سے منسوب. ۲. (تجوید) حرف 'ب' جو قرأت میں ہونٹوں کی تری سے ادا ہوتا ہے.

بحری تار اند. ۱. پانی کے اثر سے محفوظ رہنے والا وہ تار جو سمندر پار ملکوں تک پیغام رسانی کے لیے سمندروں کی تہ میں نصب کیا جاتا ہے، کیبل. ۲. مذکورہ تار کے ذریعے بھیجا ہوا پیغام.

بحری قطب نما اند. ایک خاص قسم کا آلہ جس سے پانی کے سفر میں سمت یا مقام معلوم کیا جاتا ہے.

بحری میل است. فاصلہ ناپنے کا پیمانہ جو ۶۰۸۰ فٹ کے مساوی ہوتا ہے اور جس کا استعمال سمندر تک محدود ہے، ناٹ.

بَحریات / بَحرِیّات (فت ج ب، سک ح، کس ر شدی)صف.
۱. بحری افواج اور ان سے متعلقہ شعبے. ۲. وہ علم یا مسئلے جو سمندر سے متعلق ہوں.

بَحْرِیَت / بَحْرِیَّت (فت ج ب، سک ح، کس ر، فت ی رشدی بفت)است.
بحری قوت، سمندر پر حکم رانی.

بَحْرَین (فت ج ب، سک ح، ی لین)اند.
۱. (لفظاً) دو سمندر، (مراداً) دریاے روم اور دریاے فارس. ۲. (i) ایک مجمع الجزائر جو خلیج فارس کے مغربی ساحل کے قریب واقع ہے. (ii) ایک شہر کا نام جو فارس کے مغرب میں بصرہ و عمان کے درمیان آباد ہے. (iii) خلیج فارس کا ایک جزیرہ جہاں موتی نکلتے ہیں. ۳. سمندر کا

کھاری پانی اور دریا کا میٹھا پانی .

بَحْرِیَه / بَحْرِیّه (فت مج ب ، سک ح ، کس ر ، فت ی رشدی بفت) امث .
بحریات کا واحد ؛ سمندری فوج .

بَحَق (فت ب ، ح).
دیکھیے : ب (تحتی الفاظ) .

بِحِل (کس مج ب ، کس ح) صف .
۱. معاف . ۲. عطیہ جس کی واپسی مطلوب نہ ہو ، جس کا استعمال اپنی ملکیت کی طرح جائز و مباح ہو ، عطا ، جائز و مباح . اف : کرنا ، ہونا .

بُحُور (ضم مج ب ، و مع) امذ .
بحر کی جمع . جمع الجمع (بقاعدۂ فارس) : بحوراں .

بُحَیرَه (ضم ب ، ی لین ، فت ر) امذ .
مویشی کا وہ بچہ جسے بت کی نذر کرکے اس کا کان نشانی کے لیے پھاڑ دیا جاتا ہے . [ع] .

بُحَیرَه (ضم ب ، ی لین ، فت ر) امذ .
خلیج ، جھیل ، کھاڑی ، دریا سے بڑا اور سمندر سے چھوٹا قطعۂ آب جو تقریباً چاروں طرف خشکی سے محدود ہو . [ع] .

بُخار (ضم ب) امذ .
۱. کسی گرم یا تر چیز سے نکلنے والی حرارت ، جسم مادّی کی طبعی گرمی . ۲. پانی وغیرہ کے جوش کھانے یا گرم ہونے سے اوپر اٹھنے والے ابخرات ، بھاپ . ۳. وہ حرارت جو جسم میں اخلاط کے کسی نقصان سے عارض ہوتی ہے اور جس سے نبض تیز چلنے لگتی ہے ، تپ . ۴. دھواں . ۵. غم ، غصہ ، کدورت یا دشمنی (جو دل یا دماغ وغیرہ میں دبی ہوئی ہو) .

بخار اُتارنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. تپ کو دور کرنا . ۲. کہیں کا غصہ کہیں دکھانا ، کسی کا بدلا کسی سے لینا ، طاقت ور سے زک پا کر دل ٹھنڈا کرنے کے لیے کمزور کو زک دینا . ۳. بے جا اور بے محل جوش کو ٹھنڈا کرنا ، سر غرور نیچا کر دینا .

بخار اُترنا / ٹوٹنا محاورہ . بخار اتارنا کا لازم .

بخار چڑھنا محاورہ . ۱. تپ آ جانا . ۲. غصہ آنا . ۳. ڈر لگنا ، بدحواس ہو جانا .

بخار نکالنا محاورہ . ۱. کوئی ایسا کام یا بات کرنا جس سے غصہ حسرت خواہش یا دل کا غبار دور یا کم ہو جائے (بیشتر دل وغیرہ کے ساتھ) . ۲. کہیں کا غصہ کہیں دکھانا ، کسی کا بدلا کسی سے لینا ، طاقت ور سے زک پا کر دل ٹھنڈا کرنے کے لیے کمزور کو زک دینا .

بُخارات (ضم ب) امذ ؛ ج .
بھاپ ، گرمی ، حرارت ، پانی وغیرہ کے جوش کھانے یا گرم ہونے سے اوپر اُٹھنے والے ابخرات ، غم ، غصہ ، کدورت ، دشمنی (جو دل یا دماغ وغیرہ میں دبی ہوئی ہو .)

بُخاری (ضم ب) امث .
۱. وہ کوٹھی جو دالان یا باورچی خانے کی دیوار میں یا زینے کے نیچے خالی جگہ میں بناتے ہیں . ۲. آتش دان جو دیوار کے آثار میں بنایا جاتا ہے .

بُخالَت (ضم ب ، فت ل) امث .
کنجوسی ، جزرسی ، بخل . [ع] .

بَخْت (فت ب ، سک خ) امذ .
۱. حصہ . ۲. نصیب ، قسمت ، اقبال . [ف] .

بخت آور صف . خوش نصیب ، بخت آوری ، خوش نصیبی ، خوش بختی .

بخت آزما صف . قسمت آزمانے والا ، خدا کے بھروسے پر کام کرنے والا ، کامیابی سے مایوس ہونے کے باوجود جدوجہد سے ہمت نہ ہارنے والا .

بخت آزمانا محاورہ . کامیابی کی موہوم امید پر بھی کوشش جاری رکھنا ، قسمت کی آزمائش کرنا ، توکل بخدا کوئی کام انجام دینا .

بخت آور کا آٹا گیلا کمبخت کی دال پتلی / گیلی کہاوت . سخی اپنے مال سے سلوک کرتا ہے اور بخیل صرف باتوں میں ٹالتا ہے .

بخت بیدار صف . خوش نصیب ، خوش قسمت .

بخت جاگنا محاورہ . قسمت چمکانا ، نصیبہ اوج پر آنا .

بخت کھلنا محاورہ . قسمت کا موافق ہونا ، خوش قسمتی کے دن آنا .

بَخْتُوں (فت ب ، سک خ) امذ ، ج .
بخت کی جمع (واحد کے معنی میں طنز کے موقع پر یا ترکیب میں مستعمل)

بختوں جلی صف ، مث . بدنصیب عورت دکھیاری ، جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ، اوتی یا بیوہ .

... بختی ترکیب میں جزو دوم.
اسم سابق کے مفہوم سے مل کر قسمت ہونا کے معنی میں مستعمل . جیسے : بدبختی ، خوش بختی وغیرہ .

بُخچی (فت ب ، سک خ)اسث .
بنیان یا شمیز کی قسم کا لباس جو عورتیں کرتے یا قمیص کے نیچے پہنتی ہیں . [مقامی] .

بَخَر (فت ب ، خ) اند .
گندہ دہنی ، منھ سے بدبو آنے کی بیماری. [ع] .

بَخرا / بَخرَہ (فت ب ، سک خ) اند .
حصہ ، ٹکڑا (بیشتر حصہ وغیرہ کے ساتھ مستعمل) . [ہ ؛ ف] .

بَخش (فت ب ، سک خ) اند .
۱. حصہ ، جز. ۲. کھانے کا پورا حصہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے .

...بَخش ترکیب میں جزو دوم.
(جزو اول کے مفہوم سے مل کر) بخشنے والا ، معاف کرنے والا ، عطا کرنے والا ، دینے والا کے معنی میں مستعمل .

بخش دینا محاورہ. معاف کر دینا ، بلا معاوضہ دے دینا .

بَخشِش (فت ب ، سک خ ، کس ش) (الف) اسث .
۱. (i) انعام ، عطیہ ، خیرات . (ii) مہربانی ، عنایت . (iii) سخاوت ، کرم .
۲. (i) عفو ، معافی . (ii) مغفرت ، نجات اخروی . ۳. وہ رقم جو حکام کے پیش خدمتوں یا اردلیوں وغیرہ کو شکرانے میں دی جاتی ہے (بیشتر ملاقات کرانے کے بعد) . (ب) م ف . بخشش میں ، بخشش کے طور پر .
بخشش نامہ اند . (قانون) ہبہ نامہ ، وہ دستاویز جو کوئی چیز وغیرہ بخشنے کے لیے لکھی جائے .

بَخشنا (فت ب ، سک خ ، ش) ف م .
۱. بلا معاوضہ دینا ، عطا کرنا ، کوئی شے عنایت یا مرحمت کرنا . ۲. (i) عفو کرنا ، معاف کرنا . (ii) اغلاط کو نظر انداز کرنا ، نکتہ چینی نہ کرنا ، جان چھوڑنا . ۳. (i) کوئی عمل خیر کر کے کسی مردے کو ہبہ کرنا ، ایصال ثواب کرنا . (ii) شاگرد کو داؤں پیچ وغیرہ سکھانا اور استعمال کرنے کی اجازت دینا ؛ دعا یا وظیفے وغیرہ کی تعلیم دے کر بہ وقت ضرورت پڑھنے کی اجازت دینا . [ف] .

بَخشو (فت ب ، سک خ ، وج) ف م .
معاف فرمایئے ، پیچھا چھوڑیے .

بخشو بی بلی چوہا (۔ مرغا) لنڈورا ہی بھلا / ہی جیے گا کہاوت . ایسے فائدے سے جس میں نقصان کا خطرہ ہو دست بردار ہو جانا ہی بہتر ہے .

بَخشی (۱) (فت ب ، سک خ) اند .
۱. فوج یا چوکی داروں کی تنخواہ بانٹنے اور اس کا حساب کتاب رکھنے والا افسر ، پے ماسٹر . ۲. سپہ سالار ، میر لشکر .

... بخشی (۲) (فت ب ، سک خ) اسث .
ترکیب میں جزو دوم . اسم سابق کے مفہوم سے مل کر بخشنا ، دینا وغیرہ کے معنے میں مستعمل .

بُخل (ضم ب ، سک خ) اند .
کنجوسی ، تنگ دلی ، جائز ضروریات پر خرچ سے گریز . [ع] .

بَخُور (فت ب ، ومع) اند .
۱. سلگائی جانے والی خوش بودار چیزیں ، جیسے لوبان ، اگربتی وغیرہ . ۲. دھونی (خوش بودار چیزوں کی) . ۳. محض خوش بو . [ع] .
بخور دان اند . وہ انگیٹھی وغیرہ جس میں بخور جلایا جاتا ہے .
بخور مریم اند . ایک روئیدگی جس کے خوش بودار پتے آدمی کے پنجے سے مشابہ ہوتے ہیں ، پنجۂ مریم (عربی) شجرۂ مریم .

بَخیا (فت ب ، سک خ) اند ؛ اسث .
دیکھیے : بخیہ .

بَخیانا (فت ب، سک خ) ف م.
بخیہ کرنا، سینا، مقررطریقے سے چھوٹے چھوٹے ٹانکے لگانا۔[ف].

بَخیل (فت ب، ی مع) صف.
کنجوس، خسیس، تنگ دل. [ع].

بَخیلی (فت ب، ی مع) است.
کنجوسی، خست، تنگ دلی. [ف].

بَخیَہ (فت ب، سک خ، فت ی) اند.
۱. سلائی، مقررطریقے سے دہرا اور چھوٹا ٹانکا، مضبوط سیون جو قریب دہری ہوتی ہے. ۲. (i) (مجازاً) جمع پونجی، بساط. (ii) جمعیت، اجتماعی حیثیت. (iii) سلا ہوا کپڑا. [ف].

بخیہ اُدھیڑنا محاورہ. ۱. قلعی کھولنا، کسی کی حقیقت کو بے نقاب کرنا (بیشتر بہ طور جمع، بخیے مستعمل). ۲. طاقت یا دولت کم کردینا.

بخیہ کھلنا ف مر؛ محاورہ. بخیے کے ٹانکے ٹوٹنا، بھید ظاہر ہونا، راز فاش ہونا، حقیقت معلوم ہونا.

بخیہ گر صف. سلائی کرنے والا، سینے والا.

بخیہ گری امث. (مجازاً) عیب پوشی.

بَد (فت ب) صف.
۱. برا، خراب، اچھا کا نقیض. ۲. شریر، برے چال چلن کا، فسادی. ۳. (مجازاً) منحرف، دل میں برائی لیے ہوئے، مکدر. ۴. ناقص، نکما. ۵. نامبارک، منحوس، برے شگون کا. ۶. (i) اکثر صفات مرکب میں نفی کے لیے جیسے: بد پرہیز، بدحواس، بد دیانت وغیرہ. (ii) اکثر اسمائے کیفیت میں نفی کے لیے جیسے: بد پرہیزی، بدحواسی، بد دیانتی وغیرہ. ۷. صفت مذموم کی تاکید کے لیے، جیسے: بدبلا، بدتعصب. [ف].

بد اچھا بدنام برا کہاوت. رسوا اور نکو ہونا، بدکاری سے بھی زیادہ خراب ہے.

بد اخلاق صف. غیر مہذب، کج خلق، بری عادتوں والا.

بد اطوار صف. جس کے طور طریقے برے ہوں، اوباش، آوارہ.

بد اعتقاد صف. ۱. جس کے عقیدے میں خلل ہو، جس کے اعتقادات درست نہ ہوں، مذہب سے منحرف. ۲. جسے کسی پر اعتماد نہ ہو، شکی.

بد اعمال صف. بدچلن، رشوت خور، گناہ گار.

بد امنی است. بغاوت، (چور ڈاکو اور فسادی لوگوں اور گروہوں کی دست درازی سے) رعایا کی جان و مال محفوظ نہ ہونے کی صورت حال، فساد.

بدبخت صف. ۱. جس کی قسمت میں تکلیف اور رنج ہو، مصیبت زدہ. ۲. منحوس، ظالم.

بدبختی است. بدنصیبی، کم بختی.

بدبو (الف) است. خراب بو، دماغ پریشان کرنے والی باس. (ب) صف. بدبودار، متعفن.

بدبو آنا/پھوٹنا محاورہ. خراب بو کا پھیلنا یا پہنچنا، کسی جگہ سے بدبو کا یکا یک نکلنا یا پھیلنا.

بدبو دار صف. متعفن، جس میں سے گندی بو آتی ہو.

بد پرہیز صف. وہ مریض جو طبیب کی ہدایات کی پابندی نہ کرے؛ خواہش اور جذبات پر قابو نہ رکھنے والا، غیر محتاط شخص.

بد پرہیزی است. بے اعتدالی، بے احتیاطی.

بدتر صف. بہت برا، سب سے خراب.

بد ترین صف. انتہائی برا.

بدتمیز صف. بے سلیقہ، پھوہڑ، گستاخ.

بدتمیزی است. گستاخی، ناشائستگی؛ پھوہڑ پن.

بدچلن صف. بڑے چال چلن کا، بد اطوار، بد افعال.

بد چلنی است. بدکرداری، بد اعمالی، بدکاری.

بدحال صف. خستہ وشکستہ، تکلیفوں میں مبتلا، غریب، مفلس، نادار.

بد حالی است. بری حالت.

بد حواس صف. ۱. مضطرب، پریشان، بوکھلایا ہوا. ۲. خوف زدہ خائف. ۳. بے ہوش، جس کے حواس کام نہ کرتے ہوں. ۴. بے عقل بے وقوف.

بد حواسی است. گھبراہٹ، پریشانی، اضطراب.

بد خو صف. بری عادت والا، بدتہذیب.

بد خواہ صف. برا چاہنے والا، کینہ ور، دشمن.

بد دعا است. وہ دعا جس میں کسی کو ضرر پہنچنے کی خواہش کی جائے

کوسنا، برائی چاہنا، نفرین، لعنت۔

بد دل صف۔۱.شکستہ خاطر، مایوس، رنجیدہ، ناراض، ناامید۔۲. بد باطن۔ ۳. بدظن، بدگمان۔۴. بزدل، ڈرنے والا۔

بد دلی است۔شکستہ خاطری، ناامیدی؛ ناخوشی، خوف زدگی۔

بد دماغ صف۔۱. ناخوش، مکدر، ناگواری کے باعث برہم۔۲.تک چڑھا، زود رنج، بدمزاج، تندخو، چڑچڑا، مغرور۔

بدذات صف۔۱.کم اصل، سفلہ، نیچ، کمینہ۔۲.(i) شریر، شوخ۔(ii) فسادی، فتنہ انگیز، لچا، لڑاکا۔۳. بد باطن، خبیث۔۴.خراب، برا۔

بد ذاتی است۔کمینگی، پاپی پن، شرارت۔

بد ذاتی پر اُتر / آنا محاورہ۔شرارت پر آمادہ ہونا، کمینگی پر اتر آنا، بدمعاشی کرنا۔

بد ذائقہ صف۔ بدمزہ، جس کا مزہ اچھا نہ ہو۔

بد رنگ صف۔۱.اڑے ہوئے یا بگڑے ہوئے رنگ کا، مدھم پڑے ہوئے رنگ کا۔۲.جس کا رنگ دیدہ زیب نہ ہو، برے یا خراب رنگ کا۔۳. اچھے حال سے برے حال میں بدلا ہوا، متغیر۔۴.(تاش یا گنجفہ) (i) وہ پتا جو "سر" پتے کے رنگ سے مختلف رنگ کا ہو۔(ii) چوسر کے کھلاڑیوں میں ایک ایک کھلاڑی کی گوٹوں میں سے وہ گوٹ جو رنگ نہ ہو۔۵.ناقص، کھوٹا (کامل کے مقابلے میں) ٹکسال باہر۔

بد رو صف۔۱.جس کی چال اچھی نہ ہو، بدرفتار گھوڑے کے لیے مستعمل۔ ۲. برے چلن کا، غلط کار۔

بد روح است۔بھوت پریت یا چڑیل وغیرہ (روایتی طور پر)۔

بد زبان/ زبان صف۔گستاخ، منھ پھٹ، بدکلام، برے الفاظ منھ سے نکالنے والا۔

بد زبانی است۔گالی گلوچ، گستاخی، سخت کلامی۔

بد سلوک صف۔۱.لوگوں سے برا سلوک کرنے والا، معاملت کا برا، برتاؤ کا خراب۔۲. بدراہ، نابکار۔

بد سلوکی است۔ برا برتاؤ، بری طرح آنا۔

بد سلیقہ صف۔ پھوہڑ، بے شعور، بدتمیز۔اسم کیفیت: بدسلیقگی۔

شکل صف۔بھونڈی صورت کا، بھدا، بے ہنگم، بھیانک چہرے والا۔

بد شگون صف۔ بد حالی کا وہم دلانے والا، منحوس۔

بد شگونی صف۔نحوست،

بدطینت صف۔ بری طبیعت یا عادت والا، جس کے خمیر میں بدی ہو، شریر، کمینہ۔

بد ظن صف۔ برا گماں یا شک کرنے والا، شکی۔

بد عقیدہ صف۔جس کا اعتقاد درست نہ ہو۔

بد عنوان صف۔ برے چلن کا، (خصوصاً) بے ضابطہ کسی کی حمایت یا مخالفت کرنے والا، احباب نواز یا اعزہ پرور (حاکم)، رشوت خور۔

بد قسمت صف۔ بدنصیب، بد بخت، برے نصیبے والا۔

بد قماش صف۔ برے چلن کا، بری وضع قطع کا، بد معاش۔

بد کار صف۔برے کام کرنے والا، بدفعل، زانی، بدمعاش۔

بدکاری است۔زنا، حرام کاری، فسق و فجور۔

بد گمان صف۔ بدظن، جس کو کسی پر یقین نہ ہو، بدظن، شکی۔

بد گمانی است۔شک و شبہ۔

بد لحاظ صف۔ بے مروت، بے شرم، گستاخ۔

بد مزاج صف۔غصہ ور، تندخو، جھلا، چڑچڑا، اکھڑ۔

بد مزاجی است۔ چڑچڑاپن، تندخوئی۔

بد مزہ صف؛ ~ بدمزا۔۱. جس کا ذائقہ اچھا نہ ہو، برے ذائقے کا۔ ۲.مکدر، رنجیدہ، جزبز، بے کیف۔۳. باہم کشیدہ، ناراض۔۴. بیمار، علیل۔

بدمزگی است۔ ذائقہ کی خرابی، رنجش، بگاڑ۔

بد مست صف۔۱.نشے میں دھت، بری طرح مدہوش۔۲.نفس پرست، زانی، شراب خور۔۳.شریر گھوڑا۔

بدمستی است۔ مدہوش، شراب خوری، شہوت پرستی۔

بد معاش صف۔۱. وہ شخص جس کی گزر بسر اوباشی کی آمدنی سے ہو، اوباش، برے چلن کا۔۲.شریر، فسادی، چور، غنڈا، زانی، لچا، شہدا، اچکا، اٹھائی گیرا۔

بد معاشی است۔شرارت، بدذاتی، بدچلنی۔

بد معاملگی است۔ لین دین میں صاف نہ ہونا، نادہندگی، بدعہدی۔

بد معاملہ صف۔ لین دین کا خراب، حساب کتاب میں ایمان داری

نہ برتنے والا ، چالاک ، بے ایمان .

بد نام صف . ۱. رسوا ، بری بات میں مشہور ، جس کے متعلق کسی قسم کی شہرت ہو . وہ شخص جس کی شہرت خراب ہو . ۲. ایک مرض ، جو گھوڑوں ، خچروں اور گدھوں کو ہوتا ہے .

بدنامی است . بری شہرت .

بد نامی کا ٹیکا / داغ / دھبا اند . کسی برے کام کا الزام ، رسوائی کا داغ .

بد نامی لینا محاورہ . اپنی تشہیر کرانا ، بدنام ہونا ، رسوا ہونا .

بد نصیب صف . ۱. بدبخت ، بری قسمت یا برے نصیبے والا . ۲. محروم .

بدنصیبی است . کم بختی ، بری قسمت .

بد نظر / نظرا / نگاہ صف . ۱. بری شکل کا ، بدنما ، بدصورت . ۲. بری نگاہ ڈالنے والا (خصوصاً عورتوں پر) ، بدنیتی سے دیکھنے والا (دوسروں کی چیز) ؛ نیز بدچشم جس کے دیکھنے سے نظر لگ جائے .

بد نظمی است . انتظام کی خرابی ، ابتری .

بد نما صف . بھدا ، بھونڈا قبیح منظر ، جو دیکھنے میں برا معلوم ہو ، بدزیب ، بدشکل .

بد نمائی است . برا دکھائی دینا ، بدزیبی .

بد نیت صف . ۱. وہ شخص جس کا ارادہ خراب ہو ، جس کی نیت صاف نہ ہو ، لالچی ، شہوت پرست . ۲. ندیدا .

بد نیتی است . نیک نیتی کی ضد ، نیت کی خرابی .

بد وضع صف . ۱. بدچلن ، بد اطوار ، عیاش . ۲. جو اپنی روش پر قائم نہ رہے ، ہمیشہ یکساں برتاؤ نہ رکھنے والا . ۳. جس کی وضع قطع یا شکل و صورت یا ذات پات بری ہو .

بد ہضمی است . کھانا ہضم نہ ہونے کی صورت حال ، ہاضمے کی خرابی .

بد ہیئت صف . بدشکل ، بدصورت ، بھونڈا ، مہیب صورت کا .

بَد (۲) (فت ب) است .

وہ دنبل جو چڈوں میں نکلتا ہے ، جانگھ کی گلٹی ، باگھی ، المبا . [س] .

بَدا (۱) (فت ب) صف .

قسمت کا لکھا ، مقسوم ، بدنا .

بَدا (۲) (فت ب) صف .

بہت برا ہے! کتنا خراب ہے! خوشا کی ضد . [ف] .

بَدا (۳) (فت ب) اند ؛ ~ بداء .

(عقائد) خدائے تعالیٰ کا اپنے فیصلے سے رجوع ، (مسلمانوں کا ایک مسئلہ جس میں یہ بحث کی گئی ہے کہ خدائے تعالیٰ کا اپنے کسی حکم سے رجوع ممکن ہے یا نہیں ، اس میں علما کے دو گروہ دو مختلف و متضاد نظریات کے قائل ہیں) . [ع] .

بِدا (کس ب) است .

۱. رخصت . ۲. شادی کے بعد میکے سے لڑکی کی رخصتی . [س] .

بدا لینا محاورہ (قدیم) . دلھن کا اپنے باپ کے گھر سے رخصت ہونا .

بَدا بَدی م ف ؛ صف . حکمی ، شرطی ، شرطیں بد بد کے ، ضدم ضدا یا بحثا بحثی کے طور پر .

بَداعت (فت ب ، ع) است .

۱. انوکھا پن ، بے مثالی . ۲. (قدیم) بدعت . [ع] .

بَداں (فت ب) کلمہ تفسیر (مرکب) .

اس سے (تفسیر یا وضاحت کرنے والے کلمے کے ساتھ مل کر) ، جیسے بداں وجہ (= اس وجہ سے) بداں حیثیت (= اس لحاظ سے) ، بداں سبب (= اس سبب سے) ، وغیرہ . [ف] .

بَدائع (فت ب ، کس ئ ع) اند ، ج ؛ ~ بدایع .

۱. حیرت انگیز باتیں ، عجیب و غریب چیزیں ، نادر انوکھی اشیاء ۲. (بلاغت) کلام کی لفظی یا معنوی خوبیاں . [ع] .

بَدائی (فت ب) است .

۱. بدھائی ، شادیانہ ، خوشی کا گانا ، مبارک بادی کا گیت . ۲. بڑھائی ترقی ، عزت افزائی . [س] .

بِدائی (کس ب) است ؛ ~ بداگی ، بداگی .

۱. شادی کے بعد میکے سے لڑکی کی رخصتی . ۲. تحفہ جو بدائی یا رخصت کے وقت ملے .

بُدبُد (ضم ب ، ضم ب) اند .

۱. حباب ، بلبلا . ۲. اس کیفیت اور بہت ہلکی آواز کی ملی جلی صورت

حال جو چھوٹے چھوٹے بلبلوں کے اٹھنے بیٹھنے سے پیدا ہوتی ہے .
[س : حکایت الصوت] .

بدْ بَدا کے (فت ب ، سک د ، فت ب) م ف .
بد کر ، شرط لگا کر .

بد بُدانا (ضم ب ، سک د ، ضم ب) ف ل .
(لفظاً) بلبلے اٹھنا ، (مراداً) چپکے چپکے کہنا ، زیر لب بولنا ، اس طرح بولنا یا پڑھنا کہ ہونٹوں کی حرکت نظر آئے اور بہت ہلکی سی سنسناہٹ سنائی دے (عموماً ورد یا منتر وغیرہ کے لیے مستعمل) .

بَدَخْش / بَدَخْشاں (فت ب ، د ، سک خ) اند .
پاکستان و خراساں کے درمیان دریائے جیحون کے جنوب میں واقع ایک علاقہ جس کے لعل مشہور ہیں (ادبیات میں مستعمل) . [ف : علم] .

بَدَر (فت ب ، د) صف .
باہر نکلا ہوا ، باہر ، گھر سے باہر ، بیرون . [ف] .

بَدْر (فت ب ، سک د) اند .
۱. چودھویں رات کا چاند ، پورا چاند . ماہ کامل .۲. مدینہ منورہ سے کچھ فاصلے پر ایک مقام نیز ایک کنواں ، غزوۂ بدر .۳. (مجازاً) معشوق . [ع] .

بدر الدُّجیٰ اند :~ بدرالدجا .۱. تاریکیوں کا چاند ، نہایت اندھیری رات کو روشن کرنے والا چاند .۲. (مجازاً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مقدس (جن کے وجود مسعود سے کفر کی تاریکیاں دور ہوگئیں) .

بدر کامل اند . پورا چاند ، چودھویں رات کا چاند جس کا حلقہ پورا نظر آئے ، بدر . [بدر + کامل (رک)] .

بدر منیر اند . روشن کرنے والا چاند ، تاریکیوں میں نور پھیلانے والا چاند .

بِدْر (کس ب ، سک د) است .
بھرت یا جست اور تانبے کے برتنوں پر چاندی کا منقش کام ؛ وہ برتن جس پر یہ کام کیا گیا ہو ، بدری . [دکن : بیدر ، مقام کا نام جہاں بدری کا ایجاد ہوا] .

بدر ساز . بھرت کے برتن پر چاندی کا منقش کام کرنے والا .

بَدْرا (فت ب ، سک د) اند .
بادل ، بادل کی کیفیت .۲. دھند .

بَدْرانا (فت ب ، سک د) ف مر .
عیب نکالنا ، (کسی چیز کیا کام میں) کیڑے ڈالنا ، نکتہ چینی کرنا ، بترانا .

بَدْرَقا / بَدْرَقَہ (فت ب ، سک د ، فت ر / فت ق) اند .
۱. رہبر ، رہنما .۲. محافظ دستہ ، وہ سپاہی جو حفاظت کے لیے ساتھ ہوں .۳. رفیق سفر ، ہم سفر .۴. (طب) وہ دوا یا غذا جو اصل دوا کا اثر تیز کرنے کے لیے دی جائے معاون یا مصلح دوا .۵. وہ حساب جو خزانچی چالان کے ذریعے خزانے میں بھیجتا ہے ، مال کا بیجک ، مال بھیجنے کا محصول .۶. راستوں کی حفاظت کی غرض سے لیا جانے والا ٹیکس . [ف] .

بَدْرَہ (فت ب ، سک ر ، فت ر) اند :~ بدرا .
سیانی ، بڑے وغیرہ ، تھیلی جس میں نقدی رکھتے ہیں ، تھیلا ، بڑی تھیلی .

بَدْری (۱) (فت ب ، سک د) است .
۱. رک : بدرہ . چھوٹی تھیلی .۲. تھیلی ، تھیلا ، گٹھڑی .۳. پیکٹ ، پارسل ؛ پارسل بھیجنے کا عمل . [بدرہ کی تصغیر] .

بَدْری (۲) (فت ب ، سک د) صف .
بدر سے منسوب ، جو جنگ بدر میں شریک تھا ، بدری صحابہ .

بَدْری (۳) (فت ب ، سک د) است .
بدلی ، بادل . [بدلی] .

بدری میں چھید کرنا محاورہ . بادل میں تھگلی لگانا ، محیرالعقول کام انجام دینا .

بَدْرِیا (فت ب ، د ، سک ر) است .
بدری (۳) کی تصغیر ، چھوٹا سا بادل کا ٹکڑا ، گھٹا . [لاحقۂ تصغیر] .

بِدْعَت (کس ب ، سک د ، فت ع) است .
۱. (اسلام) دین میں کوئی ایسی نئی بات جس کا قرآن و سنت میں وجود نہ ہو ، دین میں کوئی نئی رسم .۲. اختراع ، ایجاد ، احداث ، نیا دستور ، نئی رسم .۳. ظلم و تشدد ، فتنہ و فساد ، جھگڑا وغیرہ .۴. غضب ، قہر ، مصیبت ، بلائے آسمانی . [ع] .

بدعت مباح است . وہ بدعت جس پر عمل جائز ہو اور مکروہ یا حرام نہ ہو .

بدعت مستحب است . وہ بدعت جس پر عمل کرنے میں عامۃ الناس

کا فائدہ ہو اور اس لیے وہ موجب ثواب ہو.

بدعت مکروہ اسث. وہ بدعت جس میں نمائش اور غیر ضروری زیب و زینت کے سوا کوئی فائدہ نہ ہو.

بِدْعَتی (کس ب، سک د، فت ع) صف.
۱. دین میں نئی بات نکالنے والا ۲. رافضی، خارجی، ملحد ۳. ظالم؛ فسادی، جھگڑالو. [ف].

بِدَک (کس ب، فت د) اسث.
ڈر یا شرارت کی وجہ سے گھوڑے یا اور ڈھوروں کی اضطراری حرکت.

بِدْکانا (کس ب، سک د) ف م.
جانور کو ڈرانا، دل برداشتہ ہونا، دھکانا.

بِدَکْنا (کس ب / فت ب، سک ک) ف ل.
۱. جانور کا ڈر کر یا بگڑ کر بھڑکنا، جھجکنا، رکنا، پیچھے ہٹنا، بھاگ جانا. ۲. آدمی کا یکایک کسی سے ڈر کر بدگمان ہونا، بھڑکنا، الگ ہو جانا، دل برداشتہ ہونا، ناراض ہو جانا، دور بھاگنا. [س].

بَدَل (فت ب، د) اند.
۱. بدلا، وہ چیز جو دوسری چیز کے برابر یا مقابلے کی ہو، قائم مقام. ۲. مبدل، تبدیل شدہ، بدلا ہوا ۳. بدلنے کا عمل، تبدیلی، مبادلہ ۴. قیمت. ۵. تبادلہ، ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینے کا عمل ۶. عوض، بدلے میں ۷. (قدیم) مثل، مانند. ۸. (قدیم) لیے، واسطے. ۹. (قدیم) بغیر.

بدل کرا کے م ف. صورت اصلی تبدیل کر کے، جیسے: بدل کے بیان کرنا (ـ کسی کی کہی ہوئی بات لفظوں میں ہیر پھیر کر کے کہنا).

بَدْلا (فت ب، سک د) اند: ~ بدلہ.
مروج املا بدلہ، وہ چیز جو دوسری چیز کے برابر یا مقابلے کی ہو، عوض، قائم مقام؛ تبادلہ.

بدلا اتارنا محاورہ. اچھے سلوک کے عوض ویسا ہی سلوک کرنا، کسی کے ساتھ اسی طرح نیکی کرنا جیسی اس نے کی ہے.

بدلا چکانا محاورہ. گزرے ہوئے سلوک کے جواب میں ویسا ہی سلوک کرنا (اکثر برے سلوک کے موقع پر مستعمل).

بدلا نکالنا محاورہ. انتقام لینا؛ کسر پوری کرنا.

بُدْلا (ضم ب، سک د) اند (قدیم).
کپا، تیل رکھنے کے لیے چمڑے کا ظرف. [س].

بَدْلانا (فت ب، سک د) ف م.
۱. بدلنا (ف م) جس کا یہ تعدیہ در تعدیہ ہے: بدلوانا.

بَدْلائی (فت ب، سک د) اسث.
۱. تبدیل ہونے کا عمل ۲. وہ نقدی جو چیز سے چیز بدلنے کے عوض میں دی جائے.

بَدَلْنا (فت ب، د، سک ل) (الف) ف ل.
۱. (i) حالت صورت عادت آب و ہوا وغیرہ کا سابق حالت پر برقرار نہ رہنا، پہلے سے مختلف ہو جانا، کچھ سے کچھ ہو جانا. (ii) منحرف ہونا، برگشتہ ہونا. (iii) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کا آجانا. ۲. بدلی ہونا، ایک مقام یا عہدے سے دوسرے مقام یا عہدے پر بھیجا جانا

بَدْلَہ (فت ب، سک د، فت ل) اند.
بدلا کا ایک املا، وہ چیز جو دوسری چیز کے برابر یا مقابلے کی ہو، قائم مقام.

بَدْلی (۱) (فت ب، سک د) اسث.
۱. ایک منصب یا مقام سے دوسرے منصب یا مقام کو منتقلی، تبادلہ ۲. (i) اس کی جگہ اس کے اور اس کی جگہ اس کے آجانے کا عمل مبادلہ. (ii) (فوج) آرام کا موقع بہم پہنچانے کے لیے تبادلہ، ایک دستے کا دوسرے دستے کی جگہ آنا. ۳. کلیۃً بدل دینے کا عمل، موقوفی برطرفی.

بَدْلی (۲) (فت ب، سک د) اسث.
بادل، ابر، گھٹا.

بدلی چھانا محاورہ. ۱. ابر چھانا، فضا میں ہر طرف بادل کا محیط ہونا، بادلوں سے آسمان کا چھپ جانا.

بدلی کی چھانو/چھاؤں اسث. (لفظاً) بادل کا سایہ، (مجازاً) ناپائیدار عارضی.

بَدْلے (فت ب، سک د) اند؛ ج.
۱. بدلا کی جمع ۲. بالعوض، بدلے میں، بجائے.

بَدَن (فت ب، د) اند.
جسم (گوشت اور ہڈیاں سب) ۲. اندام نہانی، شرم گاہ ۳. بے جان اشیا کا جسم. [ع].
بدن ابھرنا ف مر. سطح پر قدرے اٹھا ہوا دکھائی دینا، زیادہ صاف نظر آنا، نظروں میں زیادہ جچنا.
بدن پاک کرنا ف مر. جسم کی نجاست کو دھو دینا.
بدن پر بوٹی چڑھنا محاورہ. موٹا تازہ اور تن درست ہونا.
بدن پر نہیں لتہ پان کھائیں البتہ کہاوت. غربت میں امیرانہ ٹھاٹھ، پاس کچھ نہ ہوتے ہوئے شوقین مزاج ہونا.
بدن تختہ ہونا محاورہ. جسم کا اکڑ کر یا کھنچ کر تختے کی طرح سخت ہو جانا.
بدن ٹوٹنا محاورہ. جوڑ جوڑ میں درد ہونا، اعضا شکنی ہونا، انگڑائیاں آنا، خمار کی سی کیفیت ہونا (عموماً بخار کی آمد کے وقت).
بدن ٹھنڈا (سرد) ہونا محاورہ. روح پرواز کر جانا، مر جانا.
بدن چرانا محاورہ. ا. شرم سے جسم سکیڑنا ۲. اپنے جسم کو چھپانا یا بچانا. ۳. (i) جسم کی اصلی ہیئت کو نظر میں جچنے نہ دینا. (ii) بدن ڈھکنا جسم کو چھپانا کپڑوں سے.
بدن چور / چور چور ہونا محاورہ. بہت تھک جانا، تھکن سے جوڑ جوڑ میں درد ہونا.
بدن سنسنانا ف مر. خوف یا ضعف وغیرہ سے جسم میں سنسنی سی پیدا ہو جانا.
بدن سوکھ کر کانٹا ہونا محاورہ. دبلا ہونا، لاغر ہونا، صرف پوست و استخواں رہ جانا.
بدن گدرانا محاورہ. ا. جسم کا تر و تازہ اور مائل بہ فربہی ہونا، جسم پر گوشت چڑھنا ۲. عورت کی چھاتیوں کا ابھار پر آنا.
بدن میں جان آنا ف مر. جسم میں توانائی محسوس ہونا، رگوں میں زندگی کی ایک لہر سی دوڑنا.
بَدْنا (فت ب، سک د) (الف) ف م.
(i) شرط کے طور پر کچھ نقدی وغیرہ کا داؤں لگانا، شرط باندھنا، ہار جیت طے کرنا. (ii) طے کرنا، ٹھہرانا ۲. مقرر کرنا، نام زد کرنا ۳. ماننا، تسلیم کرنا، خیال میں لانا، خاطر میں لانا، شمار کرنا. (ب) ف ل. قسمت میں ہونا، مقدر ہونا، مقدم ہونا. [س].
بَدَنَہ (فت ب، د، ن) اند.
قربانی کا اونٹ اور گائے جو مکہ معظمہ میں بھیجتے ہیں.
بَدَنی (فت ب، د) صف.
بدن سے منسوب: جسمانی.
بَدْنی (فت ب، سک د) امث.
ا. بازار بھاؤ سے کم نقد قیمت پر کھڑی فصل یا مستقبل میں تیار ہونے والے سامان کی خرید و فروخت کا سودا (سٹے کے طور پر) ۲. سائی، بیعانہ.
بَدْو (۱) (فت ب، سک د) امث.
ابتدا، آغاز (عموماً ترکیب میں مستعمل). [ع].
بَدْو (۲) (فت ب، سک د) اند.
صحرا، دیہات. [ع].
بَدُو / بَدُّو (فت ب، ومع / شد د، ومع) صف.
ا. بدنام، رسوا، انگشت نما، نکو بنانے یا بننے کی صورت حال. اف: کرنا، ہونا ۲. بدچلن، آوارہ.
بَدُّو (فت ب، شد د، ومع) (الف) اند.
عرب کا دیہاتی شخص، صحرائی خانہ بدوش عرب. (ب) صف. گاؤں کا رہنے والا، جنگلی، جٹ وحشی، غیر مہذب (عموماً عرب کا).
بَدُون (فت ب، ومع) م ف.
ا. بغیر ۲. علاوہ. [ف].
بَدَوی / بَدْوی (فت ب، د / سک د) صف.
جنگل یا صحرا کا باشندہ.
بَدی (۱) (فت ب) امث.
ا. برائی، اچھائی کا نقیض ۲. غیبت، پیٹھ پیچھے برائی ۳. نحوست، منحوس اور نامبارک ہونے کی صورت حال ۴. عیب، خوبی کا نقیض.
بدی کرنا محاورہ. ا. دشمنی کرنا، بیر باندھنا ۲. برا سلوک کرنا؛ برا کہنا.
بَدی (۲) (فت ب) امث.
چاند کے حساب سے مہینے کا آخری پندرھواڑا جو پورے چاند سے

شروع ہو کر ہلال پر ختم ہوتا ہے، پورن ماشی سے دوسرا چاند نکلنے تک
کا وقفہ، اندھیرا پاکھ. [س].

بدّیا (کس ب، شد دبکس) اث.
۱. علم و ہنر، دانش. ۲. (طنزیہ) چھل، فریب، کرتب، مکاری.

بدیارتھی صف :- ودیارتی.
طالب علم، اسکالر، علم کا خواہش مند.

بَدیس / بِدیس (فت ب، ی مع / کس ب) اند.
پردیس، وطن سے باہر، غیر ملک یا شہر وغیرہ.

بَدیسی / بِدیسی (فت ب، ی مع / کس ب) صف :- بدیشی.
پردیس سے منسوب: پردیسی، غیر ملکی، جو اپنے وطن کا نہ ہو، غیر ملک
کا (شخص یا سامان). اسم کیفیت: بدیسیت، بدیشیت.

بَدیع (فت ب، ی مع) (الف) صف.
۱. عجیب و غریب، ، نادر، انوکھا، نوایجاد ۲. موجد، خالق، بغیر نمونے
کے کوئی چیز بنانے والا ۳. نو ایجاد شے. (ب) اند. ۱. خداے تعالیٰ کا
صفاتی نام ۲. (بلاغت) ایک فن کا نام جس میں (نظم و نثر) کی
معنوی اور لفظی خوبیوں سے بحث کی جاتی ہے. [ع].

بدیع الجمال صف. جو حسن میں بے نظیر ہو، جس کے مقابل کا کوئی اور
حسین نہ ہو.

بَدیہہ/بَدیہَۃ (فت ب، ی مع، فت و/تن ۃ بفت) تمیز، م ف.
برجستہ، بلا تامل، فوراً، بے غور و فکر، برمحل. [ع].

بَدیہی (فت ب، ی مع) (الف) صف.
۱. جس کے سمجھنے یا سمجھانے میں غور و فکر نہ کرنا پڑے، صریح، کھلا ہوا،
یقینی، جو فطری یا قدرتی طور پر معلوم ہو ۲. (منطق) وہ تصور یا
تصدیق یا صغریٰ و کبریٰ جس میں غور و فکر کی ضرورت نہ ہو، نظری کا
نقیض. (ب) م ف. بھلم کھلا صراحۃً. [ع].

بُدھ (۱) (ضم ب) اند.
۱. چہار شنبہ، منگل کے بعد اور جمعرات سے پہلے کا دن ۲. وہ ستارہ
جو سورج سے قریب ہے، عطارد، دبیر فلک، منشی گردوں ۳. (دلالی)
پانچ کا عدد، پانچ، جیسے بدھ آنہ (= پانچ آنہ). [س].

بدھ وار اند. بدھ کا دن.

بُدھ (۲) (ضم ب) (الف) اند.
۱. (i) مہاتما گوتم بدھ جو حضرت عیسیٰ سے تقریباً پانچ سو برس پہلے
بھارت کے صوبہ بہار میں بدھ مت کے بانی تھے. (ii) بدھ مذہب کا
پیرو. (ب) صف. پڑھا لکھا، عقل مند. [س].

بدھ مت اند. مہاتما گوتم بدھ کا مذہب.

بُدھ (۳) (ضم ب) اث.
۱. عقل، بدھی ۲. علم، معرفت، گیان ۳. ہوش. [س].

بدھ ماری جانا محاورہ. عقل زائل ہونا، بے عقلی کا کام سرزد ہونا.

بُدّھا (۱) (ضم ب، شد دھ) اند.
دیکھیے: بدھ (۲).

بُدّھا (۲) (ضم ب، شد دھ) اث.
دیکھیے: بدھی. (۲)

بِدھاتا (کس ب) اند؛ صف.
۱. خالق، پیدا کرنے والا، داتا، منتظم، خداے تعالیٰ ۲. نصیبہ، قسمت
[س].

بَدھائی (فت ب) اث.
۱. بچے کی پیدائش یا کسی کی شادی وغیرہ کے موقع پر مبارک باد
۲. مبارک باد کا گیت ۳. خوشی، چہل پہل، جشن مسرت ۴. ہر
اقدام یا پیغام جو کسی عزیز یا دوست کی خوشی میں دلی مسرت کے
اظہار کے لیے کیا جائے ۵. وہ تحفہ جو زچہ کو چھٹی یا چلّے میں
جائے ۶. کپڑوں کا جوڑا جو بچے کی ولادت پر مولود کے لیے یا شادی
کی تقریب میں دولہا یا دلہن کے لیے بھیجا جائے. [س].

بدھائی دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. مبارک باد دینا ۲. مبارک باد کے گیت
گانا.

بَدھو (فت ب، و مع) اث.
نئی دلھن، نوجوان بیوی؛ بیوی، عورت؛ بہو، بیٹے کی بیوی. [س]

بُدّھو (ضم ب، شد دھ، و مع) اند.
(طنزیہ) احمق، بے وقوف، کودن، اُلّو.

بَدّھی (فت ب، شد دھ) امث.
۱. پھولوں کا ہار جو بیاہ شادی میں دولھا دلھن کے اس طرح ڈالتے ہیں کہ سینے اور پشت پر قینچی کے نشان کی شکل بن جاتی ہے. ۲. چھڑی کوڑے یا کسی بھی لچک دار چیز وغیرہ سے مارے جانے کا نشان جو جسم پر پڑ جاتا ہے. ۳. تلوار کا آڑا زخم. ۴. دھاگے میں بندھا ہوا چمڑے ریشم یا سونے چاندی کا مخنی چاند جو سلامتی کے لیے کسی پیر یا ولی کے نام پر بچے کے گلے میں ڈالتے ہیں. ۵. پٹکا جو گلے میں ڈالتے ہیں. ۶. چمڑے کا ٹکڑا جس پر نائی استرہ تیز کرتا ہے، چھوتا. ۷. وہ تسمہ جس سے برما گردش کرتا ہے، چلمن کی درمیانی رنگین پٹی.

بُدّھی (ضم ب، شد دھ) صف اند.
مہاتما گوتم بدھ سے منسوب، بدھ مذہب کا پیرو.

بَدْھیا (فت ب، سک دھ) اند.
۱. وہ بیل یا جانور جو مادہ کے کام کا نہ رکھا گیا ہو یعنی جس کے بیضے نکال دیے یا مسل کر بے کار کردیے گئے ہوں. ۲. وہ بیل جو بیشتر بوجھ ڈھونے یا رہٹ کھینچنے میں کام آئے. ۳. دو شاخوں کا چھوٹا گنا جو نہایت میٹھا ہوتا ہے. ۴. ہیجڑا، خواجہ، نامرد. [س].

بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا/دیکھ لیا کہاوت. اس کام کے لیے مستعمل جس میں نقصان زیادہ ہو اور نفع بہت معمولی سا؛ نقصان ہوا بیزار سے لیکن بات تو رہ گئی.

بِدْھیا (کس ب، سک دھ) اند.
سوراخ کیا ہوا موتی.

بَدْھیانا (فت ب، سک دھ) ف م.
بدھیا کرنا، جانوروں کے بیضے نکال دینا یا بے کار کردینا.

بُڈّا (ضم ب) صف (قدیم): ~ بڈا.
بوڑھا (رک) کی قدیم شکل، عمر رسیدہ، کہنہ سال.

بُڈّی (ضم ب) صف.
بڈا جس کی یہ تانیث ہے.

بُڈّھا (ضم ب، شد ڈھ) صف.
۱. بوڑھا، عمر رسیدہ، مسن. ۲. قدیمی، پرانا.

بڈھا بیاہ کرے پڑوسیوں کو سکھ ہونے کہاوت. بڑھاپے کے بیاہ پر طنز ہے، پڑوسی مزے اڑاتے ہیں.

بڈھا بھوس/بھونس / ٹھڈا/کھوسٹ صف. نہایت بوڑھا، جو دبلا پتلا اور بہت کمزور ہو، پیر فرتوت.

بُڈھاپا (ضم ب) اند.
کبرسن، ضعیفی کی عمر، بڑھاپا.

بُڈّھی (ضم ب، شد ڈ نیز بغیر شد) صف، مث.
بڈھا کی تانیث.

بڈھی بھینس کا دودھ شکر کا گھولنا بڈھے مرد کی جورو گلے کا ڈھولنا کہاوت. بوڑھی بھینس کا دودھ میٹھا اور گاڑھا ہوتا ہے اور بوڑھے مرد کی جوان بیوی کی بہت دیکھ بھال کرنا پڑتی ہے.

بڈھی گھوڑی لال لگام کہاوت. جو شخص بڑھاپے میں جوانی کی سی حالت رکھے، بڑھاپے میں جوانوں کی طرح بناؤ سنگھار کرنے والے یا بڑھاپے میں جوانی کا دم بھرنے والے شخص کو کہتے ہیں.

بُڈّھے (ضم ب، شد ڈھ) اند.
بڈھا کی جمع، مغیرہ حالت اور ترکیبات میں مستعمل.

بڈھے طوطوں کو پڑھانا محاورہ. بوڑھے آدمیوں کو نصیحت کرنا یا تعلیم دینا.

بڈھے کی نہ مرے جورو، بالے کی نہ مرے ماں کہاوت. بڈھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرجائے تو دونوں کا سہارا ختم ہوجاتا ہے.

بَذْر (فت ب، سک ذ) اند.
۱. دانہ، تخم، بیج (انگریزی) Spore. ۲. (نباتیات) جن پودوں میں پھول نہیں لگتے ان میں پیدا ہونے والے تخم نما دانے جن کے ذریعے تولید ہوتی ہے. ۳. (حیوانیات) جرثومہ یا اس کا ٹکڑا جس سے تولید ہوتی ہے. [ع].

بَذْرَہ (ضم ب، سک ذ، فت ر) اند.
دیکھیے: بذر.

بذرہ دان اند. ۱. (نباتیات) پودے میں چھوٹا سا ڈنڈی دار کیسہ جس کے اندر بذرے ہوتے ہیں، تخمک، تنہا خانہ جو پودا بن جانے کے قابل ہوجاتا ہے، (انگریزی) Sporangium. ۲. (حیوانیات) نہایت چھوٹا سا جسم نامی جس سے کوئی نیا فرد پیدا ہوجاتا ہے، جرثومہ.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بَذل (فت ب، سک ذ) اند.
۱. سخاوت، داد و دہش. ۲. خرچ کرنے کا عمل. ۳. تحفہ، عطیہ، انعام. [ع].

بَذلہ (فت ب، سک ذ، فت ل) اند.
لطیفہ، چٹکلا، ظریفانہ فقرہ. قب: ف: بزلہ. [ع].

بذلہ سنج / گفتار / گو صف. لطیفہ گو، ظریف، خوش طبع، میٹھی اور دل کش بات کہنے والا.

بذلہ سنجی / گوئی است. ظرافت خوش طبعی.

بَر (۱) (فت ب) است.
بھڑ، تتیا، زرد یا کتھئی رنگ کا ایک چھوٹا سا زہریلا پردار کیڑا جس کے ڈنک چبھونے سے جسم سوج جاتا ہے. [س].

بَر (۲) (فت ب) (الف) اند.
۱. (i) چوڑائی، عرض (بیشتر کپڑے کا)، طول کا نقیض. (ii) تلوار کی چوڑائی. ۲. عطیہ، انعام، بخشش، تحفہ، صلہ. ۳. منگیتر، وہ مرد جس کا رشتہ آئے یا جس سے شادی طے ہو. ۴. شوہر، خاوند. ۵. انتخاب، پسند، چھانٹ، کوئی چیز جو تحفے کے طور پر انتخاب کی جائے. ۶. خواہش، درخواست، مرضی. ۷. برکت، مراد، دعا. ۸. زعفران. ۹. دارچینی. ۱۰. ادرک. ۱۱. ایک خوش بودار لکڑی. ۱۲. لاہوری نمک. ۱۳. چرونجی پیڑ. ۱۴. مولسری کا پیڑ. ۱۵. ہلدی. ۱۶. گوریا چڑیا. ۱۷. جہیز. (ب) صف. ۱. نہایت عمدہ، اعلیٰ، جیسے: بر برنا. ۲. خواست گار، عاشق، خواہاں، طالب. ۳. انتخاب کرنے والا. ۴. چھچھورا آدمی. ۵. محبت کرنے والا، پریمی. [س].

بردار صف. چوڑا، عریض، بڑے عرض کا.

بر دکھوا (الف) اند. نسبت طے ہونے سے پہلے لڑکے کو دیکھنے بھالنے کی غرض سے لڑکی والوں کے ہاں بلائے جانے کی رسم. (ب) م ف. بر دکھائی کے طور پر.

بر مانگنا ف مر. خاوند طلب کرنا، بیاہ کی خواہش کرنا، منگنی ہونے کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کا تقاضا کرنا.

بَر (۳) (فت ب، اضافت اور معطوف ہونے کی حالت میں) شد ر) (الف) صف.
۱. نیکو کار، صالح، حسن سلوک کرنے والا، مہربان. ۲. ماں باپ کا فرماں بردار. (ب) اند. ۱. اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۲. زمین، خشکی، بحر کا نقیض. [ع].

براعظم اند. خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں متعدد ملک شامل ہوں (جیسے: ایشیا، یورپ وغیرہ).

برصغیر اند. (لفظاً) براعظم سے چھوٹا قطعہ ارض، (مراداً) تقسیم سے پہلے کا ہندوستان، پاکستان و ہندوستان کی سرزمین.

بَر (۴) (فت ب) (الف) اند.
۱. جسم، بدن. ۲. سینہ. ۳. پہلو، بغل. ۴. گود، آغوش. ۵. پھل (مجازاً) ثمرہ. ۶. یاد، حافظہ (از کے ساتھ) سبق از بر کرلو. ۷. پتا، برگ. (ب) است. جوان عورت. (ج) صف. بالا، بلند، اوپر (اکثر ترکیب میں مستعمل، جیسے برتر، (فردوس) بریں). (د) ظرف. (i) باہر (ترکیب فارسی میں)، جیسے برآورد، برآمد. (ii) اوپر، خارج میں (ترکیب فارسی میں)، جیسے برخاستہ. [ف].

بَر (۵) (فت ب، حرف ربط فارسی ترکیب میں).
۱. پر. ۲. میں، اندر. ۳. الحاق و اتصال کے لیے جیسے دوش بر دوش یا قدم بر قدم وغیرہ. ۴. سے، جیسے کسی التماس و التجا وغیرہ کے جواب میں 'برچشم' (= خوشی سے). ۵. پیچھے، دور. ۶. بوجہ. ۷. بالمقابل. [ف].

... بر (فت ب) سابقہ (فارسی ترکیب میں).
تاکید کثرت وغیرہ کے لیے، زائد (ترکیب میں مستعمل)، جیسے: برافروختہ برآشفتہ؛ برحق، برعکس. بر (۸) بر (۹) اور بر چند مرکبات جو عموماً مستعمل ہیں.

برافروختہ صف. (لفظاً) آگ پر رکھا ہوا یا جلتا ہوا، شعلے کی طرح بھڑکتا یا دہکتا ہوا، (مجازاً) غصے میں بھرا ہوا، مشتعل.

برانداز صف. ۱. برباد کرنے والا (ترکیب میں مستعمل). ۲. پھینکنے یا بکھیرنے والا، پاشیدگی کرنے والا (ترکیب میں مستعمل). (ب) اند. پائدان، پانداز، پالکی وغیرہ کا پردہ، برقع، نقاب، اوپر ڈالنے کا کپڑا.

برانداختہ صف. گرایا ہوا، مغلوب کیا ہوا، الٹ پلٹ برباد یا تباہ کیا ہوا.

برانگیخت است. تحریک دینے ابھارنے یا اٹھانے کا عمل، شعلہ پیدا کرنے کا عمل یا کیفیت. اف: کرنا، ہونا.

برانگیختہ صف. (لفظاً) ابھرا ہوا، اٹھا ہوا، جوش پر آیا ہوا، (مجازاً)

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

غصے میں بھرا ہوا ، مشتعل . اف : کرنا ، رہنا ، ہونا .

بر انگیز صف . ابھارنے والا ، اکسانے والا ، اشتعال میں لانے والا .

برآمد (الف) اسث . ۱. (i) (تجارت) نکاسی ، روانگی (علاقہ غیر کو مقامی پیداوار یا سامان کی) .(ii) باہر بھیجی جانے والی اشیا . ۲. ابھرنے کا عمل ، ابھار ، جیسے : زمین سے بوئے ہوئے تخم کے اکھوے کی برآمد . ۳. (پوشیدگی سے) ظہور ، خروج ، طلوع ، مخفی شے کے منظرعام پر آنے کا عمل . ۴. اصلی ، بغیر بناوٹ کے . ۵. نمائش ، ظاہرداری . ۶. کسی مطلب کے پورا ہونے کا عمل ، تکمیل ، حصول . (ب) صف . باہر بھیجا جانے والا (سامان) .

برآمد کرنا ف مر . کھوج لگانا ، ظاہر کرنا ، ملکی مال بیرونی ممالک بھیجنا .

برآمد ہونا ف مر . ۱. باہر آنا (گھر سے یا پردے وغیرہ سے) نکلنا . ۲. (صورت حال سے) استخراج ہونا ، اخذ کیا جانا ، حاصل ہونا . ۳. کھوج لگانے یا تفتیش کرنے سے مل جانا ، سراغ لگنا ، نکل آنا . ۴. کھدائی وغیرہ سے منظر عام پر آجانا ، (چھپی ہوئی چیز کا) ظاہر ہونا . ۵. تن خواہ وغیرہ کا خزانے یا بینک سے لایا جانا .

برآمدہ اند . بالاخانے یا کوٹھی کے دروازے کے باہر کا سائبان ، پیش گاہ ایوان ، غلام گردش ، بارجہ ، دالان .

برآں کلمۂ اضراب وترقی کا جز دوم . دیکھیے : مزید برآں .

بر آنا محاورہ . ۱. حاصل ہونا ، پورا ہونا (امید ، ارمان وغیرہ کے لیے مستعمل) . ۲. غالب آنا ، مقابلے میں کامیاب ہونا . ۳. باہر آنا ، (پردہ ہٹنے سے) نمودار ہونا . ۴. (حساب کتاب کے بعد بقایا) بچنا . ۵. بن پڑنا . ۶. عہدہ برآ ہونا ، ذمے داری سے بری ہونا ، (عہدہ کے ساتھ) . ۷. نکل کر یا خارج ہو کر اٹھنا ، (بھاپ یا دھواں) .

برآور صف . ۱. دیکھیے : بار آور : پھلنے والا ، پھل لانے والا ، (مجازاً) اچھا نتیجہ پیدا کرنے والا . ۲. باہر نکالنے والا .

بر آورد (الف) اسث . ۱. تن خواہ کا گوشوارہ ، بل . ۲. فہرست ، مصنوعات یا سامان تجارت کا گوشوارہ . ۳. مصارف کے تخمینے کی فہرست ، وہ فرد جس میں کسی کام کی تکمیل کے تخمینی مصارف تفصیلاً یا بالاجمال درج ہوں . اف : بنانا . (ب) اند . ۱. نچوڑا ہوا عرق .

بر آوردہ صف . ۱. جسے خود مقرر یا سر بلند کیا ہو . ۲. نکالا ہوا ، خارج کیا ہوا . ۳. (i) بلند کیے ہوئے ، اٹھائے (سر وغیرہ کے ساتھ ترکیب میں) . (ii) حاصل کیے ہوئے (نام وغیرہ کے ساتھ ترکیب میں) . (iii) باہر کیے ہوئے ، نکالے ہوئے (زبان وغیرہ کے ساتھ ترکیب میں) . ۴. وہ رقم جو ایک مد سے نکال کر دوسری مد میں شامل کی گئی ہو . ۵. قلعہ ، حصار ، قلعہ کی دیوار فصیل .

برباد صف . ۱. اجاڑ ، تباہ ، ویران ، خراب ، نیست و نابود . ۲. ہوا پر یا فضا میں اڑا ہوا ، آوارہ .

برباد جانا محاورہ . ۱. ضائع ہونا ، اجڑنا ، لٹ جانا . ۲. ہوا میں اڑنا ، فضا میں آوارہ ہونا ، در بدر پھرنا .

بربنا م ف (مضاف الیہ سے مل کر) . بنیاد پر ، اساس پر ، وجہ سے (ترکیب بیشتر اضافی) میں مستعمل) .

برپا صف . ۱. قائم ، برقرار ، استادہ . ۲. منعقد . ۳. مچا ہوا ، اٹھا ہوا ، پھیلا ہوا . ۴. اٹھایا ہوا ، پیدا . ۵. پھلا پھولا ، سرسبز ، آباد ، خوش . اف : کرنا / ہونا .

برتر صف . بہت بلند ، بہت عالی مرتبہ ، فوقیت رکھنے والا (دوسری مماثل چیز پر) .

برتقدیر م ف . بالفرض ؛ اتفاقی طور پر ، قسمت سے .

برجا صف . ۱. اپنی حالت پر قائم ، برقرار . ۲. (قدیم) بجا ، ٹھیک ، درست ، برمحل .

برجستہ (الف) صف . ۱. برمحل ، موزوں ، مناسب ، ٹھیک ، مقتضائے حال کے مطابق ، وہ بات جس میں آمد ہو . (ب) م ف . فی البدیہہ ، فوراً ، بلاتامل .

برحق صف . ۱. جو سچ اور راستی پر ہو ، سچا ، حقیقی ، جھوٹا اور مصنوعی کا نقیض . ۲. ٹھیک ، درست ، بجا ، بے شک . ۳. ناگزیر ، شدنی ، لازمی . ۴. جو بے بنیاد نہ ہو ، جس کا کچھ نہ کچھ وجود ہو .

برخاست (الف) صف . ۱. ختم ، بند . ۲. (ملازمت سے) برطرف ، علیحدہ ، موقوف . (ب) اسث . ۱. اٹھنے کا عمل ، اٹھ کر چلے جانے کی کیفیت اقدام یا عمل . ۲. موقوف ، برطرفی ، بند یا ختم ہونے کا عمل . اف : کرنا / ہونا .

برخلاف (الف) صف. ۱. ضد، الٹا، عکس. ۲. مخالف، ناموافق. (ب) م ف. مخالفت میں.

برخوردار (الف) صف. اقبال مند، فیض یاب، بہرہ مند، بختاور، کامیاب، پیارا. (ب) امذ. ۱. خط کتابت میں بیٹے بیٹی اور ہر چھوٹے کے لیے القاب. ۲. بیٹا، خورد. (ج) انشا. ۱. دعائیہ کلمہ اور جواب سلام میں مستعمل ہے. جیسے: عمر دراز ہو، جیتے رہو، سلامت رہو وغیرہ. ۲. کثرت اولاد.

بردار صف. ۱. پھل رکھنے والا. ۲. پورے عرض کے پائینچے کا؛ چوڑا، چوڑائی رکھنے والا کپڑا.

برو م ف. رو بہ رو، منھ در منھ، سامنے.

بروے کار لانا محاورہ. پیدا کرنا، عملی جامہ پہنانا.

برسبیل م ف (مضاف الیہ سے مل کر). طور پر، بطور، طریقے پر (ترکیب میں مستعمل).

برسبیل تذکرہ م ف. تذکرے کے طور پر.

برسر صف. ۱. کسی بات پر آمادہ، کسی کام میں مشغول (اضافت کے ساتھ). اف: رہنا/ ہونا. ۲. سر پر رکھے ہوئے (بلا اضافت). ۳. (i) کسی بات پر قائم یا مبنی (اضافت کے ساتھ). (ii) کسی منزل پر پہنچا یا آیا ہوا (اضافت کے ساتھ). [ف].

برسر پیکار صف. عداوت ضرر رسانی یا جنگ کے لیے تیار.

برسر راہ (الف) م ف. راستے میں، سڑک پر سرسری، عارضی، ناقابل اعتنا. (ب) صف. جانے کے لیے تیار، بہت جلد ختم ہو جانے والا.

برسر عام م ف. منظر عام پر، سب کے سامنے.

برطرف (الف) صف. ۱. برخاست، موقوف (ملازمت وغیرہ سے). ۲. دور، علیحدہ، زائل. (ب) م ف (جملے میں اپنے دوسرے جزو ترکیبی کے ساتھ). بالاے طاق، نظرانداز، درکنار، ذکر نہ کیجیے، نام نہ لو، کیا ذکر ہے.

برعکس صف. ۱. (i) الٹا. (ii) برخلاف، دستور معمول یا قول و قرار وغیرہ کے خلاف، مخالف. ۲. نقیض.

برقرار صف. ۱. بحال، (سابق روش پر) ثابت، مستقل. ۲. ہمیشہ قائم رہنے والا. ۳. زندہ موجود، صحیح سالم، باقی.

برقرار رکھنا ف م. ۱. استحکام کے ساتھ قائم کرنا، اس طرح نصب یا برپا کرنا کہ اٹل اور مستقیم رہے. ۲. سابق حال پر باقی رکھنا.

برکنار / کِنار صف. دور، الگ.

برگزیدہ صف. منتخب، چنا ہوا، مقبول، پسندیدہ.

برگشت صف. دیکھیے: برگشتہ.

برگشتہ صف؛ - برگشتہ. (لفظاً) پھرا ہوا، بدلا ہوا (مراداً) منحرف، مخالف، سرکش.

برلانا محاورہ. پورا کرنا، تکمیل کو پہنچانا، حاصل کرنا یا کرانا.

برلب م ف (مضاف الیہ سے مل کر). پر، اوپر، کنارے پر (اضافت کے ساتھ مستعمل).

برمحل صف؛ م ف. ۱. ٹھیک وقت یا موقع پر، موقع اور محل کے مناسب، برجستہ. ۲. فوراً، ترت، اسی وقت.

برملا م ف. ۱. کھلم کھلا، علانیہ. ۲. آشکارا، ظاہر.

برملا سنانا محاورہ. (کسی کی برائی یا تلخ بات) منھ پر کہنا، برا بھلا کہنا گالیاں دینا.

بروقت م ف. عین موقع پر، برمحل، ٹھیک ضرورت کے وقت.

بِر (کس ب) امث.
نیکی، احسان، راستی، صدق، پرہیزگاری. [ع].

بُر (ضم ب) امث.
کسی چیز یا کپڑے کے اوپر کا رواں یا چھلکا. [س].

بُردار صف. روئیں والا، جس پر رواں ہو.

بَرا (فت ب) امذ.
دیکھیے: بڑا (۲) ماش کی پسی ہوئی دال کی ٹکیا جو تل کر بنائی جاتی ہے چنے یا ماش مونگ کی تلی ہوئی ٹکیا.

بُرا (فت ب) (الف) صف، مذ.
۱. بد، خراب، جس میں کوئی ظاہری یا باطنی نقص عیب یا خرابی ہو، اچھا یا نیک کا نقیض، ناپسندیدہ، نازیبا. ۲. ناگوار، جس سے دل و دماغ کو اذیت ہو. ۳. بدخلق، ناشائستہ اور غیر مہذب. ۴. نامناسب، ناروا چڑچڑا، زود رنج. ۵. سزاوار ملامت. ۶. ظالم، سنگ دل، بے رحم

۷. بے شرم ، بے حیا . ۸. بھونڈا ، بدشکل ، بھدا ، بے ہنگم . ۹. ایسے کام کرنے والا جنھیں لوگ اچھا نہ سمجھیں ، عامیانہ یا ناروا افعال کا مرتکب . ۱۰. برے کام کا ، بدفعلی کا . ۱۱. بدنصیب ، کم بخت . ۱۲. گناہ کا ، (اللہ تعالیٰ کی) نافرمانی کا ، ناجائز. ۱۳. شریر ، بدمعاش ، بدچلن ، آوارہ . ۱۴. روکھا پھیکا جس میں زبان و بیان کی لطافت نہ ہو . ۱۵. معیوب . ۱۶. نکما ، بے کار ، فضول . ۱۷. نافرمان ، اطاعت نہ کرنے والا . ۱۹. منحوس ، نامبارک . ۲۰. ناقص ، جس میں میل ہو ، گھٹیا ، کھوٹا . (ب) م ف . ۱. بے موقع ، بے ڈھب . ۲. بلاوجہ . ۳. بری طرح ، ہاتھ دھو کر . [س].

بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسا وقت پر کام آتا ہے کہاوت . اپنی چیز چاہے کتنی ہی نکمی یا بری ہو (کبھی نہ کبھی) ضرورت کے وقت کام آہی جاتی ہے .

بُرا بھلا (الف) صف . ۱. جس میں برائی یا بھلائی ہو، شریف یا بدذات ، شریر یا خوش اخلاق وغیرہ . ۲. نیک و بد ، ایسا ویسا . ۳. تھوڑا بہت ، معمولی . ۴. بخت ست ، ناگفتہ بہ . (ب) اند . نفع نقصان .

برا حال اند ، روزمرہ . ۱. ابتر یا قابل رحم حالت ، درگت ، ستیاناس . اف : بنانا / کرنا/ ہونا . ۲. قریب مرگ ہونے کی حالت ، جان کنی یا نزع کی صورت حال .

برا دن اند . منحوس گھڑی ، مصیبت کا وقت ، برا حال .

برا زمانہ اند . پُرآشوب وقت ، مصیبت کے دن ، افلاس یا پریشانی کا دور .

برا لگنا محاورہ . ۱. ناگوار ہونا ، گراں گزرنا . ۲. بدنما معلوم ہونا ، زیب نہ دینا ، پسند نہ ہونا .

بُرا ماننا محاورہ . ۱. کسی کے قول یا فعل سے ناخوش ہونا ، خفا ہونا ، بگڑ جانا . ۲. افسوس کرنا ، غم گین ہونا .

بُرا وقت اند . مصیبت کا زمانہ ، نازک یا ناسازگار موقع ، پریشانی یا افلاس کے دن .

بَرابَر (فت ب ، فت ب) (الف) صف . ۱. ایک سا ، یک ساں ، کسی بات میں دوسرے سے کم نہ زیادہ (جسامت وزن مقدار عدد فاصلے صفت اہمیت مال و دولت مزے رسوخ تاثیر یا قدر و منزلت وغیرہ میں سے کسی ایک بات میں) . ۲. مطابق . ۳. ہموار ، مسطح ، سپاٹ ، چورس . ۴. بہ قدر . ۵. نصفا نصفی ، آدھوں آدھ . ۶. ختم ، برباد ، ضائع . (مثال کے لیے) . ۷. ہم عمر ، ہم سن . ۸. پورا ، ایفا . ۸. مثل ، طرح ، مانند . ۹. پاس ، قریب ، متصل ، ملا ہوا . ۱۰. مقابل ، سامنے . ۱۱. (کھیل) ہار جیت کے فیصلے کے بغیر . (ب) اند . ۱. (i) پاس پاس ، پہلو بہ پہلو ، دوش بہ دوش . (ii) نزدیک ، پہلو میں . ۲. مسلسل ، لگا تار ، پے در پے . ۳. ہمیشہ ، سدا ، ہر وقت . ۴. بے شک ، ضرور ، یقیناً ، لازمی طور پر . ۵. پوری طرح ، اچھی طرح ، کماحقہ . ۶. بے باق . [ف].

برابر آنا محاورہ . حد تک پہنچنا ، پورا ہونا (موت کے مقرر وقت یا میعاد معین کے ساتھ مستعمل) .

برابر برابر م ف . برابر کی تاکید یا تکرار کے لیے مستعمل .

برابر پڑنا محاورہ . موافق ہونا .

برابر سے جواب دینا محاورہ . گستاخی سے جواب دینا ، بے تمیزی سے گفتگو کرنا .

برابر کا صف . ۱. ہم سر ، ہم پلہ ، ہم سن ، جسامت اور طاقت میں دوسرے سے نہ کم نہ بیش ، اوصاف میں یک ساں . ۲. جوان (بیٹے یا بھائی وغیرہ کے لیے مستعمل) . ۳. متصل ، ملا ہوا ، جیسے : یہ برابر کا گھر انھیں کا ہے .

برابر کرنا محاورہ . ۱. (i) ختم کر دینا ، باقی نہ رکھنا . (ii) تباہ و برباد کر دینا . ۲. ایک چیز کے دو یا زیادہ ٹکڑوں کو جوڑ کر ہموار و مسطح کر دینا . ۳. یاد سے بھلا دینا (جیسے : تم نے ایک ہی مہینے میں لکھا پڑھا برابر کر دیا) . ۴. بے باق کر دینا .

برابر کی ٹکر/ جوڑ / چوٹ (الف) صف . (مقابل کے) ہم سر ، ہم رتبہ ، ہم پلہ (طاقت ، قوت ، دولت ، علم ، فن یا دیگر صفات میں) . (ب) امث . (سائنس) ایک جیسی دو قوتیں جو ایک دوسرے کے خلاف عمل کرتی ہوں .

برابر ہونا محاورہ . ۱. برابر کرنا کا لازم . ۲. دیکھیے : برابر آنا .

بَرابَری (فت ب ، ب) امث .

۱. (i) برابر سے اسم کیفیت ؛ ہم چشمی ، ہم سری ، رقابت . (ii) مقابلہ ،

سامنا. ۲. حرص، ریس. ۳. تکرار، بحث (گستاخی و بے ادبی کے ساتھ). ۴. مطابقت، موافقت. ۵. ہمواری. ۶. مساوات، عدل، یک ساں برتاؤ. اف: کرنا / ہونا. [ف].

بَرات (۱) (فت ب) است.
۱. شادی کا جلوس (دولھا کے ساتھ). ۲. (مجازاً) بھیڑ بھاڑ، مجمع (بیشتر خوشی یا جشن سے متعلق). [س].

برات اُترنا/ آنا ف مر. شادی کے جلوس کا دلھن کے گھر پہنچنا.

برات نکلنا ف مر. شادی کے جلوس کا اپنے مقام سے برآمد ہونا.

بَرات (۲) (فت ب) است، اند.
فرمان، حکم نامہ، پروانہ. [ع].

بَرات (۳) (فت ب) است.
۱. براءت، نجات، چھٹکارا (دنیاوی یا اخروی مصیبت سے). ۲. قرآن پاک کا ایک سورہ جس کو سورۂ توبہ بھی کہتے ہیں اور جس کے شروع میں بسم اللہ الخ نہیں. [ع].

بَراتی (فت ب) اند.
وہ شخص یا اشخاص جو برات کے جلوس میں دولھا کی طرف سے شریک ہوں، وہ لوگ جو برات کے جشن میں جمع ہوں.

بِراج (کس ب) اند.
شان و شوکت، خوب صورتی، رونق. [س].

براج مان / براجمان صف. روشن، چمکیلا، عالی شان؛ عصائے شاہی رکھنے والا؛ دربار میں بیٹھنے والا، صدر مجلس.

براج مان ہونا ف مر. تشریف لانا، آنا، تشریف فرما ہونا، رونق افروز ہونا.

بِراجنا (کس ب، سک ج) ف ل.
۱. بیٹھنا، تشریف رکھنا. ۲. رہنا، موجود یا مقیم ہونا. ۳. عیش کرنا، راحت و آرام سے بسر کرنا، مزے کرنا، لطف اٹھانا.

بِراجی (کس ب) صف.
صدر نشیں؛ شان و شوکت والا؛ لائق تعریف.

بَرادَر (فت ب، د) اند.
۱. بھائی، بیرن، بھیّا (جن کے ماں باپ دونوں ایک ہوں یا مختلف). ۲. (مجازاً) چچا، ماموں، خالہ یا پھوپھی وغیرہ کا بیٹا؛ ہم قوم، ہم پیشہ ہم مذہب، دوست عزیز یا رشتہ دار. [ف].

برادر خورد اند. چھوٹا بھائی.

برادر علاتی اند. وہ بھائی جن کی مائیں جدا جدا اور باپ ایک ہو سوتیلا بھائی.

برادر نسبتی اند. بیوی کا بھائی، سالا.

بَرادَرانَہ (فت ب، د، ن) صف.
مثل بھائی کے، مثل برادری کے، یگانگت کا، آپس کا. [ف].

بَرادَری/ برادْری (فت ب، د/ سک د) است.
۱. قوم، ذات، کنبہ. ۲. رشتہ داری، ناتا، بھائی بندی. ۳. (ہم مقصد لوگوں کی) جماعت، سنگت، سماج. ۴. رشتہ دار، ہم قوم، ہم پیشہ، بھائی بند [ف].

بُرادَہ (فت ب، د) اند.
لکڑی یا دھات وغیرہ کا چورا (جو بیشتر آری یا ریتی سے نکلتا ہے) سفوف (جیسے: صندل کا برادہ). [ف].

بِراڈ کاسٹ (کس ب، سک ڈ، س) اند.
ریڈیو اسٹیشن سے نشر ہونے کا عمل، بے تار، برقی آلات سے کسی بات کی اشاعت. [انگ].

بَراری (فت ب) اند؛ ج.
جنگل، بیابان. [ع].

... بَرآری (فت ب، سک ر) است، ترکیب فارسی میں جزو دوم.
جزو اوّل کے مفہوم کا پورا ہونا، انجام تک پہنچنا، بر آنا، جیسے مقصد برآری. [ف].

بَراز (فت ب) اند.
۱. فضلہ، پاخانہ ("چرند" پرند سب کے لیے مستعمل). ۲. (مجازاً) غلاظت گندگی. [ع].

بَراعَت (فت ب، ع) اند.
کمال علم و فضل.

بُراق (ضم ب) اند.
۱. وہ بہشتی سواری جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب معراج میں سوار ہو کر منازل فلکی کی سیر کے لیے تشریف لے گئے. ۲. وہ تعزیہ جو براق کی شبیہ ہوتا ہے. ۳. (مجازاً) گھوڑا، تیز رفتار گھوڑا. [ع].

بَرّاق (فت ب، شدر) صف.
۱. سفید، نہایت چمکیلا، سفید، صاف شفاف، نورانی، منور. ۲. تیز، رسا. ۳. چالاک، ہوشیار. [ع].

بِراگ (کس ب) اند.
زہد، اتقا، ترک لذات، نفس کشی؛ بے پروائی، پرہیز، نفرت، خوشی یا غم سے آزادی یا چھٹکارا. [س].

بِراگی (کس ب) اند.
۱. زاہد، تارک الدنیا، جس نے خواہشات نفسانی پر قابو پا لیا ہو، خوشی و غم سے بے پروا. ۲. ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ.

بَراں (فت ب) (قدیم) اند.
بارش، باراں، مینھ. [ف].

بُرّاں (ضم ب، شدر) صف.
کاٹنے والا، کاٹ کرنے والا، تیز دھار کا، تیز. [ف].

بَرّانا (فت ب، شدر) ف ل.
(i) ٹرانا، چیخنا، چلانا (بیشتر منھ زوری یا غصے یا نشے میں بکنا، خواب یا بے ہوشی میں بے معنی باتیں کرنا). (ii) (مجازاً) زیر لب ناگواری کی بات کہنا. [س].

بِرانچ (کس ب، سک ن) است.
شاخ، شعبہ، بڑے ادارے کا ماتحت چھوٹا ادارہ. [انگ].

بَرانڈی (فت ب، امغ) است.
وائن یا خمر سے تیار کی ہوئی ایک خاص قسم کی تیز اور خوش بودار ولایتی شراب. [انگ].

بَراہْمَن / براہِمَن (فت ب، سک ہ، فت م / کس ب) اند.
پنڈت، عالم؛ ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات.

بَراہْمَنی / بِراہْمنی (فت ب، سک ہ، فت م / کس ب) است.
۱. براہمن کی تانیث: براہمن ذات کی عورت، برہمن کی بیوی وغیرہ. ۲. برہمن پن، برہمن ہونے کی صورت حال. ۳. چھپکلی سے مشابہ ایک کیڑا، بامنی. ۴. ایک قسم کی مکھی یا بھڑ. ۵. چینل کی ایک قسم. ۶. عقل. [س].

براہو (کس ب، وج) است.
بلوچستان کا ایک قبیلہ جو بروہی کے نام سے مشہور ہے. [مقامی].

براہوی (کس ب، سک و) است.
بلوچستان کے براہو قبیلے کی قدیم زبان یا تہذیب. [مقامی].

بَراہیم (کس ب، ی مع) اند.
دیکھیے: ابراہیم، ابراہیم مرجح املا ہے. مشہور پیغمبر، حضرت اسماعیلؑ کے باپ، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جد امجد کعبۃ اللہ کے بانی.

بَراہِین (فت ب، ی مع) اند.
برہان کی جمع، دلیلیں، دلائل.

بَراءَت (فت ب، ء) است.
بچاؤ، صفائی، (الزام یا ذمے داری سے) بری ہونے کی صورت حال.

براءت نامہ اند. وہ تحریر یا دستاویز وغیرہ جس کی بنا پر کسی کا کسی الزام یا ذمے داری وغیرہ سے بری ہونا ثابت ہو.

بُرائی (ضم ب) است.
۱. برا کی اسم کیفیت، خرابی، نقص، بدی، غیبت، شرارت. ۲. برا کہنے کا عمل.

برائی بھلائی است. ۱. نشیب و فراز، اونچ نیچ، اچھا برا. ۲. بری یا اچھی بات.

برائی کرنا محاورہ. ۱. برا سلوک کرنا، برا کرنا. ۲. کسی کو برا کہنا (بیشتر پیٹھ پیچھے)، کسی کی طرف بری بات منسوب کر کے بیان کرنا، جیسے: جس کے نمک خوار ہو اس کی برائی کرتے شرم نہیں آتی.

برائی (مول) لینا محاورہ. بلاوجہ دوسرے کی نظر میں برا بن جانا، الزام اپنے سر تھوپنا.

برائی میں نہ ہونا محاورہ. برا نہ چاہنا.

بَرائے (فت ب) م ف (مضاف الیہ سے مل کر).
لیے، واسطے؛ وسیلے سے، برکت سے، صدقہ سے. [ف].

براے مہربانی م ف. عنایت کر کے، ازراہ کرم.

برائے نام م ف. ۱. فرضی، نام کو، دکھانے کے لیے، گنتی گنانے کو. ۲. تھوڑا سا، بہت قلیل.

برباد ؟. دیکھیے: بر کے تحت.

بَربَر (۱) (فت ب، سک ر، فت ب) اند.
یونانی، غیر رومن، وحشی، جنگلی، غیر مہذب، نا شائستہ. [یو].

بَربَر (۲) (فت ب، سک ر، فت ب) اند.
عرب قوم جو شمالی افریقہ کے اُس علاقے میں آباد ہے جو بربر کہلاتا ہے.

بَربَرِیّت (فت ب، سک ر، فت ب، کس ر، شد ی بفت) است.
وحشی، ظلم و تشدد جو انسانیت کے خلاف ہو. [ع].

بَربَط (فت ب، سک ر، فت ب) اند.
ایک ساز کا نام جو بط سینے سے مشابہ ہوتا ہے، عود. [ف].

بَرَت (فت ب، ر) اند.
۱. دیوتاؤں کی فرض کی ہوئی مذہبی رسم. ۲. زہد و ریاضت خود اختیاری کا کام، جیسے: (i) روزہ (ہندوؤں کا). (ii) عہد، کفارہ. (iii) (خواہش نفس سے) اجتناب، پرہیز، دور رہنے کا عمل. (iv) صدقہ، خیرات. [س].

بِرتا (کس ب، سک ر) اند (اکثر مغیرہ حالت میں مستعمل)؛ ~ برتہ.
۱. (i) بھروسا، حمایت، مدد، وسیلہ. (ii) امید، توقع. ۲. (i) طاقت، بل، حوصلہ، ہمت، مقدور. (ii) حیثیت، بساط. ۳. احساس، بنیاد جس پر کوئی بات مبنی ہو. [س].

بَرتاؤ (فت ب، سک ر) اند.
۱. سلوک، ملنے جلنے اور راہ رسم رکھنے کا طریقہ، میل جول کا ڈھنگ. ۲. طرز عمل، عمل درآمد. ۳. استعمال، تصرف. ۴. حصے بخرے کی تقسیم.

بَرتاوا (فت ب، سک ر) اند.
برتاؤ. اف: کرنا/ہونا.

بَرتَر/ بَرتَری است.
فوقیت، فضیلت، بڑائی. [ف].

بَرتَن (فت ب، سک ر، فت ت) اند.
۱. برتنے میں آنے والی چیز، (گھر کا) ساز و سامان. ۲. باسن، ظرف، مٹی دھات چینی یا شیشے وغیرہ کا سامان جس میں پکاتے، کھاتے ہیں، برتن باسن. [س].

برتن بڑھانا محاورہ. کھانا کھا چکنے کے بعد دسترخوان سے روٹی سالن وغیرہ اٹھانا.

برتن بھانڈا اند. گھر کے برتن اور دوسری چھوٹی موٹی چیزیں، گرہستی کا معمولی سامان.

برتن سے برتن کھٹک (کھڑک) ہی جاتا ہے کہاوت. آپس میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے.

بَرتنا (فت ب، ر، سک ت) ف م.
۱. استعمال کرنا، کام میں لانا. ۲. تجربہ کرنا، خرچ کرنا. ۳. نباہنا، نباہ کرنا بھگتنا، برتاؤ کرنا. [س].

بَرتھ (۱) (فت ب، سک ر) است.
بیٹھنے، لیٹنے یا اسباب رکھنے کی بینچ جو ریل جہاز یا بس وغیرہ کی سواری میں ہوتی ہے، صوفے وغیرہ کی سیٹ. [انگ].

بَرتھ (۲) (فت ب، سک ر) است.
پیدائش، جنم. [انگ].

برتھ کنٹرول اند. دوا وغیرہ کے ذریعے بچے زیادہ نہ ہونے دینا، بچوں کی پیدائش کو قابو میں رکھنا، ضبط تولید. [انگ].

بِرَج (کس ب، فت ر) اند؛ ~ برج، بزج.
بھارت میں آگرہ متھرا اور ان کے نواح کا علاقہ زبان کی فصاحت اور سلاست کے باعث بہت مشہور اور ادبیات میں تلمیح کے طور مستعمل ہے. [س].

برج بھاشا / بھاکا است. برج کے علاقے کی بولی جس کا قدیم ادب بہت اعلیٰ اور وسیع سمجھا گیا ہے.

بِرج (۱) (کس ب، ر) اند.
تاش کھیلنے کا ایک طریقہ جسے چار کھلاڑی مقرر طریقے سے کھیلتے ہیں [انگ].

بُرج (۲) (کس ب، ر) اند.
پل. [انگ].

بُرج (ضم ب، سک ر) اند.
۱. (i) گنبد، قبہ، چھت کا وہ حصہ جو آدھے چاند کے اوپری حصے کی شکل کا اور اس کے اوپر اکثر ایک کنگرہ ہوتا ہے، خانچی وضع کی بنی ہوئی چھت، پوری عمارت جو گنبد کے نیچے ہو. (ii) مینار. ۲. قلعے کا وہ حصہ جس پر توپیں چڑھاتے ہیں. ۳. مٹھ جس میں عموماً فقیر وغیرہ رہتے ہیں کٹی، خانقاہ. ۴. (ہیئت و نجوم) سیارے کا دائرۂ گردش جسے اس کا گھر مقام یا منزل کہتے ہیں، آسمانی دائرہ کا بارھواں حصہ، راس. [ع].

بِرجِس (کس ب، سک ر، کس ج) است.
زین یا کسی اور موٹے گف کپڑے سے بنا ہوا پاجامے کی جگہ پہننے کا ایک انگریزی لباس جس کے پائینچے بہت چست ہوتے ہیں اور جو عموماً شکاریوں کا لباس ہے. [انگ].

بُرجی (ضم ب، سک ر) (الف) صف.
برج سے منسوب؛ برج کی وضع قطع کا. (ب) است. چھوٹا برج، گنبد کے اوپر کا چھوٹا گنبد.

بِرجِیس (کس ب، سک ر، ی مع) اند.
ایک ستارے کا نام جو قدیم ہیئت کی رو سے چھٹے آسمان پر ہے، ستارہ مشتری کا فارسی نام قاضی فلک. [ع].

بَرچھا (فت ب، سک ر) اند؛ ~ برچھ.
نیزہ، بھالا، بلم، لڑائی کا ایک لمبا آہنی ہتھیار جس میں آگے نوک دار پھل اور باقی حصے میں بانس کی طرح کی پوریں ہوتی ہیں. [س].

بَرچھی (فت ب، سک ر) است.
چھوٹا نیزہ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے، نیزہ ج: برچھیاں، برچھیوں.

برچھی اترنا محاورہ. برچھی کی نوک یا پھل کا گزر کر پار ہو جانا (دل یا جگر وغیرہ کے ساتھ مستعمل).

برچھی جگر / دل / کلیجے کے پار ہونا محاورہ. نہایت اذیّت پہنچنا یا صدمہ ہونا (عموماً دل یا جگر وغیرہ کے ساتھ مستعمل).

برچھی سی چلنا محاورہ. شدید کرب ہونا، بے حد صدمہ ہونا.

برچھی مارنا ف مر. نہایت صدمہ پہنچانا، سخت آزار دینا.

بَرچھِیاں (فت ب، سک ر، کس چھ) است؛ ج.
برچھی کی جمع.

بَرحق ؟.
دیکھیے: بر کے تحت.

بَرخاست (فت ب، سک ر، س) صف.
دیکھیے: بر کے تحت.

بَرخاستَہ (فت ب، سک ر، س، فت ت) صف.
دیکھیے: بر کے تحت.

بَرخِلاف (فت ب، سک ر، کس خ) (الف) صف.
دیکھیے: بر کے تحت.

بَرخوردار/ بَرخورداری (فت ب، سک ر، و معد، سک ر) (الف) صف.
اقبال مند، فیض یاب، بہرہ مند. (ب) اند. کتابت میں بیٹے، بیٹی اور ہر چھوٹے کے لیے القاب. (ج) انشا. دعائیہ کلمہ اور جواب سلام میں مستعمل ہے، عمر دراز ہو، جیتے رہو، سلامت رہو.

بَرد (فت ب، سک ر) (الف) اند.
۱. موسم وغیرہ کی ٹھنڈک، سردی، جاڑے کی فصل. ۲. ٹھنڈا ہونے کی کیفیت، برودت، عدم حرارت. ۳. (مجازاً) اولا، ژالہ. (ب) صف. سرد، ٹھنڈا، (مجازاً) بجھا ہوا (شعلہ یا آگ).

بُرد (۱) (ضم ب، سک ر) است.
۱. (i) غیر متوقع نفع، مفت کی رقم. (ii) بالائی یافت، رشوت، گھونس. ۲. (شطرنج) وہ بازی جس میں بادشاہ کے سوا کوئی مہرہ نہ رہے، آدھی مات، (مجازاً) ہار. [ف].

بُرد (۲) (ضم ب، سک ر) است.
منقش چادر یا کپڑا، سیاہ چادر.

برد یمانی/ یمنی است. خطۂ یمن (عرب) کی بنی ہوئی منقش چادر یا کملی.

••• **بُرد** (ضم ب، سک ر).
صفت مرکب کا جزو اول، ترکیب میں مستعمل، جیسے: بردبار (دیکھیے).

برد بار صف. ۱. (تکلیف وغیرہ کا) بوجھ اٹھانے والا، برداشت کرنے والا متحمل. ۲. متین؛ حلیم، سنجیدہ، سوچ سمجھ کر ٹھوس کام کرنے والا.

۳. چشم پوشی کرنے والا .

برد باری است . برداشت ، صبر ، تحمل .

... بُرد (ضم ب ، سک ر) صفت مرکب کا جزو دوم .
جزو اول کے مفہوم سے مل کر ، لے جایا ہوا ، اٹھایا ہوا ، تباہ کیا ہوا ، پکڑا ہوا ، گرفت میں لایا ہوا ، وغیرہ کے معنی میں مستعمل ، جیسے : دست برد ، دریا برد . (دیکھیے) .

بَردار (فت ب ، سک ر) صف .
پھل رکھنے والا .

... بَردار (فت ب ، سک ر) . صفت مرکب کا جزو دوم ، جیسے : علم بردار ، عصا بردار .
اٹھانے ، سہنے ، جھیلنے ، تھامنے یا لے کر چلنے والا .

بَرداشت (فت ب ، سک ر ، ش) است .
جھیلنے کا عمل ، تحمل ، صبر و ضبط . اف : کرنا / ہونا . [ف] .

بَردَہ (فت ب ، سک ر ، فت د) اند .
غلام یا کنیز ، جنگ کا قیدی . [ف] .

بردہ فروش صف . انسانوں کی خرید و فروخت کرنے والا ، غلام یا کنیزیں بیچنے والا .

بردہ فروشی است . لونڈی غلام بیچنے کا پیشہ ، کاروبار .

بُردَہ (ضم ب ، سک ر ، فت د) است .
چادر (ترکیب میں مستعمل) جیسے : قصیدۂ بردہ .

بَرَرنا (فت ب ، ر ، سک ر) ف ل .
۱. کسی شے کا زیادہ خشکی یا دباؤ سے کج ہو جانا یا کھنچ جانا ، اینٹھ جانا .
۲. اکڑنا ، غرور کرنا . [مقامی] .

بَرزَخ (فت ب ، سک ر ، فت ز) اند ؛ است .
۱. حائل ، آڑ ، روک ، مزاحمت . ۲. موت سے قیامت تک کا زمانہ . ۳. ہیئت ، شکل ، دھج ، وضع قطع (عموماً انوکھی اور عجیب) . ۴. دو حالتوں کے ورود کے درمیان کا وقفہ . ۵. (تصوف) اصطلاح صوفیہ میں چند مواقع پر مستعمل . ۶. (i) عالم مثال برزخ ہے درمیان عالم شہادت یعنی ظاہر اور عالم ارواح یعنی باطن کے . (ii) وحدت یعنی حقیقت محمدی ﷺ برزخ ہے درمیان احدیت اور واحدیت کے (اور اس بنا پر یہ) برزخ واقع ہوا درمیان ذات اور صفات اور ظہور و اخفا کے . [ع] .

بَرَس (فت ب ، ر) اند .
بارہ مہینے کی مدت ، سال ، سورج کے گرد زمین کے ایک پوری گردش کرنے کا عرصہ (جو ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۶ سیکنڈ کا ہوتا ہے) .

برس کے برس م ف . ہر سال ، سالانہ .

بَرسا (فت ب ، سک ر) است .
برکھا ، برسات .

بَرسا بَرَس (فت ب ، سک ر ، فت ب ، ر) اند .
سالہا سال ، بہت مدت .

بَرسات (فت ب ، سک ر) است .
۱. بارش کا موسم ، مینھ برسنے کا زمانہ (جو عموماً وسط جون سے شروع ہو کر تین ماہ رہتا ہے) . ۲. (کسی بھی چیز کی) مسلسل بوچھار ، مینھ کی طرح متواتر پڑنے کی کیفیت .

بَرساتی (فت ب ، سک ر) (الف) صف .
برسات سے منسوب : برسات کا ، برسات کے موسم میں ہونے یا پایا جانے والا . (ب) است . ۱. مکان کے آگے کا سائبان جس میں عموماً باہر سے آنے والی گاڑی یا موٹر رکتی ہے . ۲. وہ لبادہ جو مینھ سے بچنے کے لیے پہنتے ہیں ، بارانی ، بارانی کوٹ . ۳. مکان میں سب سے اوپر کا کھلا ہوا ہوادار کمرہ .

برساتی ٹڈا اند . (مجازاً) زیادہ چنچل اور شوخ ، کودنے پھاندنے والا

برساتی کیڑے اند . کثرت سے پیدا ہونے والے جان دار (عموماً تحقیر کے موقع پر) .

برساتی مینڈک صف . بہت شور مچانے والا ، بہت ٹرانے والا .

برساتی نالہ / ندی اند / است . وہ نالہ یا ندی جو برسات کے موسم میں جاری ہو اور باقی دنوں میں خشک رہے .

بَرسالُو / بَرسالَہ (فت ب ، سک ر ، و مع / فت ل) صف .
برسنے والا .

بَرسانا (فت ب ، سک ر) (الف) ف م .
بارش کرنا ، اناج کو گرا کر صاف کرنا ، کثرت سے پھینکنا یا چلانا ، تیز چلانا

برس پڑنا محاورہ.
بارش ہونا ، مارنا ، ناراض ہونا ، غصہ ہونا ، روپیہ بہ کثرت آنا.

بَرساؤ (فت ب، سک ر، و مع) صف.
برسنے والا.

بَرسَن (فت ب، سک ر، فت س) اند.
برسنے کا عمل ، بارش ، بوچھار.

برسن ہار صف. برسنے والا.

بَرَسنا (فت ب، ر، سک س) (الف) ف ل.
۱. پانی کا مسلسل بوندوں کی شکل میں فضا سے زمین پر آنا ، بارش ہونا ، مینھ پڑنا. ۲. (کسی چیز کا) مسلسل یا پے در پے آنا ، لگاتار آ کر پڑنا ، کسی چیز کی بوچھار ہونا (کثرت یا تسلسل و تواتر ظاہر کرنے کے لیے). ۳. ڈانٹنا ، غصہ کرنا ، جھڑکنا. ۴. ٹپکنا ، جھلکنا ، نمایاں ہونا ، آثار سے پتا چلنا.

بَرسوں (فت ب، سک ر، و مج) م ف.
سالہا سال تک ، مدتوں ، مدت تک (گزشتہ یا آئندہ).

برسوں سے م ف. بہت پہلے سے ، غیر معیّن مدت سے ، بہت دنوں سے.

برسوں کا صف. بہت پرانا ، قدیمی ، ایک مدت کا.

برسوں کی صف. 'برسوں کا' کی تانیث.

بَرسی (فت ب، سک ر) امث.
مردے کی سالانہ فاتحہ جو سال کے سال اس کے مرنے کے دن ہوتی ہے.

بَرسے (فت ب، سک ر).
برسنا سے فعل مضارع ، ترکیبات میں مستعمل.

برسے ساون تو ہوں پانچ کے باون کہاوت. ساون کے مہینے کی بارش سے کسانوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے.

برسے نہ برساوے ناحق جی ترساوے کہاوت. ذرا رحم نہیں کھاتا ، امید دلا دیتا ہے حاجت پوری نہیں کرتا.

بُرُش / بُرش (ضم ب، ر / سک ر) اند.
(i) لکڑی یا مسالے وغیرہ کا بنا ہوا ایک نوک دار قلم جس کی نوک بال یا ریشوں کی ہوتی ہے اور اس سے تصاویر وغیرہ میں رنگ بھرتے ہیں. (ii) لکڑی یا مسالے وغیرہ سے بنی ہوئی کھریرے سے مشابہ ایک چیز جس کی ایک سطح سپاٹ اور مقابل سطح میں سوراخوں کے اندر بال یا ریشے پیوست ہوتے ہیں (اسے کپڑوں کی گرد صاف کرنے یا جوتے کے پالش وغیرہ کے لیے کام میں لاتے ہیں) (دانتوں کو صاف کرنے کا آلہ). (iii) لکڑی یا دیوار وغیرہ پر پالش کرنے کا بالوں والا اوزار جو کوچی سے مشابہ ہوتا ہے. [انگ].

بُرش / بُرّش (ضم ب، سک ر / شد ر کس) امث.
۱. کاٹ ، کسی آہنی اوزار یا ہتھیار کی دھار کی تیزی. ۲. (مجازاً) قاش ، پھل کی قاش ، تھوڑا سا پھل ، کل کا تھوڑا سا جز.

بَرَص (فت ب، ر) اند.
ایک مرض کا نام جس میں فساد خون سے جسم پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں ، سفید کوڑھ.

بَرطَرف.
دیکھیے : بر کے تحت.

بَرعکس.
دیکھیے : بر کے تحت.

بَرف (فت ب، سک ر) (الف) امث ، اند.
۱. ہوا میں ملے ہوئے بخارات جو سخت سردی میں جم کر زمین پر گرتے ہیں ، پالا. ۲. جما ہوا پانی. ۳. جما ہوا دودھ شربت یا ملائی وغیرہ. (ب) صف. (مجازاً) بہت سرد یا سفید براق. [ف].

برف باری امث. بخارات کے آبی ذرات جم کر زمین پر گرنا ، برف گرنا ، برف پڑنا.

برف پڑنا ف مر. ۱. دیکھیے : برف باری. ۲. نہایت سردی ہونا.

برف خانہ اند. وہ کارخانہ جہاں مشینوں سے پانی کو جما کر سلوں کی شکل میں باہر نکالا جاتا ہے.

برف کی سل امث. کارخانے میں جمائی ہوئی یا پہاڑوں اور دریاؤں وغیرہ میں موسم کی برودت سے جمی ہوئی برف کی چٹان.

برف ہونا محاورہ. بہت سرد ہونا ، ٹھنڈا ہو جانا.

بَرْفانا (فت ب، سک ر) (الف) ف ل.
برف کی طرح ٹھنڈا ہونا. (ب) ف م. برف کی طرح ٹھنڈا کرنا، جیسے: آج کے اترے ہوئے سب آم برفانے کے لیے آئس فیکٹری میں دیتے آنا.

بَرْفِسْتان (فت ب، سک ر، کس ف، سک س) اند.
وہ علاقہ جس کی زمین اور پانی سب برف ہی برف ہو.

بَرْفِسْتانی (فت ب، سک ر، کس ف، سک س) صف.
برفستان سے منسوب: برف کے علاقے کا.

بَرْفیلا (فت ب، سک ر، ی مع) صف.
جہاں بہت برف گرتی ہو، نہایت سرد، بہت ٹھنڈا.

بَرْفیلی (فت ب، سک ر، ی مع) صف.
برفیلا کی تانیث.

بَرْق (فت ب، سک ر) (الف) است.
۱. بجلی چمک دمک ۲. (تصوّف) وہ آسمان نور جو سالک کے دل پر وارد ہوتا ہے اور پھر پوشیدہ ہو جاتا ہے اور وہی نور خود سالک کو سیرالی اللہ کی طرف متوجہ کرتا ہے. (ب) صف. تیز، پھرتیلا، شوخ، چالاک. [ع].

برق انداز (الف) صف. بجلی گرانے یا پھینکنے والا. (ب) اند. چوکی دار، عدالت یا پولیس کا سپاہی، بندوقچی جو پاسبانی کے لیے متعین ہو، برقنداز.

برق پا صف. بجلی کی طرح تیز دوڑنے یا چلنے والا.

برق پیما صف (الف). بجلی کی طرح تیز دوڑنے یا جانے والا، برق رفتار. (ب) اند. بجلی کی مقدار ناپنے کا ایک آلہ.

برق تاب صف. بجلی کی طرح چمکنے دمکنے والا.

برق تجلی است. جلووں کی بجلی، قدرت کے جلوے جو بجلی کی طرح چمکنے اور آنکھوں کو چکا چوند کر دیتے ہیں.

برق دم صف. ۱. بجلی کی طرح تیزی سے کاٹ کرنے والی تلوار. ۲. بہت تیز، بجلی کی طرح آنا فانا دوڑنے اور چلنے والا. ۳. بہت چالاک.

برق رفتار صف. بجلی کی طرح تیز رفتار.

برق زدہ صف. جس میں برقی رو موجود ہو، جس میں بجلی برسرِ عمل ہو.

برق گرنا محاورہ. بجلی گرنا، مصیبت نازل ہونا، (کنایۃً) تباہی آنا.

برق نگاہ صف. برق تاز، شوخ نظر.

برق نما اند. ایک آلہ جس سے بجلی کی موجودگی معلوم کی جاتی ہے.

برق وش صف. ۱. بجلی کی طرح، شوخ، چمکیلا اور بھڑکیلا. ۲. بجلی کی طرح تیز رفتار.

برقاب است.
پن بجلی، پانی کی طاقت سے پیدا کی جانے والی بجلی.

بُرْقَع (ضم ب، سک ر، فت ق) اند.
۱. نقاب، پردہ. ۲. ایک خاص وضع کا سلا ہوا لباس جسے مسلمان پردہ نشیں عورتیں کپڑوں اور لباس کے اوپر پہن کر گھر سے باہر نکلتے وقت اوڑھتی ہیں. ۳. (مجازاً) لباس، روپ، بھیس، چولا. ۴. (i) (مجازاً) وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے. (ii) پچارا، ملمع، پتلا لیپ جو سطح پر پھیرا جائے. [ع].

برقع پوش صف. جو نقاب میں منہ چھپائے ہوئے ہو، جو خاص قسم کا سلا ہوا برقع اوڑھے ہوئے ہو.

برقع میں چھچھڑے کھانا محاورہ. نیک چلنی کے پردے میں بدچلنی کرنا

برقع نہ غلاف دھویا دھایا دیدہ صاف کہاوت. حد درجہ ڈھٹائی اور بے حیائی ہے (عورت کے لیے مستعمل).

بَرْقی (فت ب، سک ر) صف.
برق سے منسوب، بجلی کی توانائی سے پیدا ہونے والا، بجلی کی قوت سے چلنے والا، بجلی کی شعلگی سے روشن ہونے والا، وغیرہ.

برقی خبر است. وہ خبر جو مقرر طریقے پر بجلی کے تاروں کے ذریعے پہنچائی جاتی ہے، تار، ٹیلی گرام.

برقی دماغ اند. کمپیوٹر. قب: برقی حاسب.

برقی رو است. بجلی کی لہر، بجلی کی تحریک (جو تار کو بجلی کے خزانے سے ملانے پر تار میں منتقل ہوتی ہے) انگ: کرنٹ (Current).

برقی علاج اند. بعض امراض کا وہ علاج جو مقرر طریقے سے متاثر حصہ جسم پر بجلی کی شعاعیں ڈالنے سے کیا جاتا ہے.

برقی قوت است. وہ توانائی جو بجلی کی لہروں سے مشین چلانے یا رو کے لیے حاصل کی جاتی ہے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

برق مقناطیس اند. وہ عارضی مقناطیس جو کچے لوہے کے گرد لپٹے ہوئے تاروں میں برقی رو گزار کر بنالیا جاتا ہے، انگ: الیکٹرومیگنٹ (Electro-magnet).

بَرْقِیات/ بَرْقِیّات (فت ب، سک ر، کس ق/ شدی) اند؛ ج.
ا. برقی؛ برقیہ کی جمع. ۲. وہ علم جس میں تولید برق اور اس کے استعمال وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے، علم البرق. [ع + ف].

بَرْقِیہ/بَرْقِیّہ (فت ب، سک ر، کس ق، فت ی/ شدی بفت) (الف) صف.
برقی کی تانیث. (ب) اند. ا. الیکٹرون. ۲. تار برقی کی خبر.

بَرَکات (فت ب، ر) اند؛ است؛ ج؛ ←زکات. (الف) طور جمع.
برکت (کی جمع)؛ نعمت، دولت، عمر وغیرہ کی افزائش، زیادتی.
(ب) طور واحد (قدیم).

بُرْکانا (ضم ب، سک ر) ف م.
برکنا کا متعدی؛ باریک پسی ہوئی چیز کو چٹکی میں لے کر چھڑکنا.

بَرْکانی (فت ب، سک ر) صف.
برکان سے منسوب.

بَرَکَت/ بَرْکَت (فت ب، ر، ک/ سک ر) است.
ا. (نعمت، دولت، عمر وغیرہ کی) افزائش، ترقی جو تائید الٰہی سے ہو). ۲. نیک بختی، سعادت، نیکی کا خوش گوار اثر. ۳. (مجازاً) فیض، صدقہ یا طفیل. ۴. (i) (خرچ ہو جانے کی وجہ سے) ختم. (ii) خالی ہاتھ ہونے کی کیفیت، پاس کچھ نہ ہونے کی صورت حال، ناداری ('ہے' کے ساتھ مستعمل). ۵. (تلائی) ایک (نیک شگون کے لیے تولنے والوں کا روزمرہ 'ہے' کے ساتھ مستعمل.

برکت اٹھنا/ اڑنا محاورہ. بہتات کے باوجود چیز کا کفایت نہ کرنا، رونق نہ رہنا، نحوست یا نکبت آنا.

بُرَکْنا (ضم ب، فت ر، سک ک) ف م.
باریک پسی ہوئی چیز کو چٹکی میں لے کر چھڑکنا، بکھیرنا، ڈالنا.

بُرْکی (ضم ب، سک ر) است.
ا. چٹکی بھر سفوف، سفوف، پاؤڈر. ۲. زخم کو خشک کرنے کا سفوف، زخم پر چھڑکنے کی خشک پسی ہوئی دوا؛ لقمہ.

بَرْکھا (فت ب، سک ر) است.
ا. برسات، بارش. ۲. بوچھار، مسلسل اور متواتر کوئی چیز کسی پر پھینکنے کی صورت حال.

بَرگ (۱) (فت ب، سک ر) اند.
ا. پتا، پتی، پنکھڑی (گل کے ساتھ). ۲. سامان، زادِ سفر. ۳. سیپ کے دو ورقوں میں سے ایک، صدف پارہ. ۴. نغمہ، آہنگ، سر؛ ایک ساز کا نام. [ف].

برگ بار اند. پھل اور پتے.

برگ ریز اند؛ صف. خزاں کا موسم، پتے سوکھ کر گرنے کا زمانہ؛ وہ درخت وغیرہ جس کے پتے خزاں میں گر گئے ہوں.

برگ گل اند. دیکھیے: برگ (۱) نمبر۲.

برگ و بار اند. دیکھیے: برگ بار، درخت کے پھل اور پتے.

بُرگ (۲) (ضم ب، سک ر) اند.
(تعمیر) داسے وغیرہ پر تراشے ہوئے یا بنائے ہوئے پیپل کے پتے کی شکل کے نقش.

برگ نما صف. برگ کے مانند، جو دیکھنے میں پیپل کے پتے کی شکل ہو.

بُرْگَد (ضم ب، سک ر، فت گ) اند.
بڑ کا درخت جس میں لمبے لمبے بالوں کے گچھے سے لٹکے رہتے ہیں. اس کے بڑے بڑے پتوں کے دونے بنا کر انھیں رکابی کی جگہ استعمال کرتے ہیں).

بَرگُزِیدَہ صف.
منتخب، چنا ہوا، مقبول، پسندیدہ. [ف].

بَرگَشْتَہ صف.
بدلا ہوا، پھرا ہوا، مخالف؛ سرکش، باغی. [ف].

بِرگیڈ (کس ب، سک ر، ی مج) اند.
پیدل فوج، پیادوں اور سواروں کی ملی جلی فوج جس میں دو یا زیادہ رجمنٹیں ہوں. [انگ].

برگیڈیر اند. برگیڈ کا سالار.

بَرْما (فت ب، سک ر) اند.
ا. لوہے کا ایک نوک دار اوزار جس سے لکڑی یا لوہے وغیرہ میں سوراخ

کرتے ہیں. ۲. زیور کے دانوں کے سوراخ صاف کرنے کی آہنی سلائی یا تکلا.

بَرمانا (فت ب، سک ر) ف م.
۱. چھیدنا، برمے سے سوراخ کرنا. ۲. (مجازاً) زخمی کرنا، چھلنی کر دینا (دل جگر وغیرہ کے لیے مستعمل).

بَرَن (فت ب، ر) امذ؛ ~ بَرَن.
۱. ذات، قوم، ہنود کی چار ذاتوں (برہمن، چھتری، ویش، شودر) میں سے کوئی ایک. ۲. بھیس، حلیہ، صورت. ۳. لباس. ۴. وہ تازہ مٹی جو پانی کے ساتھ کسی نشیبی جگہ اکٹھی ہو جائے.

بِرَنج (۱) (کس ب، فت ر، سک ن) امذ.
۱. سونا اور جواہرات وغیرہ تولنے کا ایک باٹ جو رائی کے چار دانوں کے برابر وزنی ہوتا ہے. ۲. پیتل، زرد رنگ کی مرکب دھات جو ۳ حصے تانبا اور ایک حصہ جست یا روح طوطیا ملا کر بنائی جاتی ہے. ۳. (کیمیا) لوہا.

بِرَنج (۲) (کس ب، فت ر، سک ن) امذ.
چاول.

بَرَنجَن (فت ب، ر، سک ن، فت ج) امذ.
سونے چاندی کی چوڑی یا کڑا جو عورتیں پہنتی ہیں (ہاتھ کا ہو تو دست برنجن، پاؤں کا ہو تو پا برنج). [ف].

بِرَنجی (کس ب، ر، سک ن) (الف) صف.
برنج سے منسوب، پیتل سے بنا ہوا. (ب) امث. چھوٹی کیل، کوکا.

بَرنی (۱) (فت ب، سک ر) صف.
ہندوستان کے شہر برن کا باشندہ یا وہاں کے بسے ہوئے خاندان کا.

بَرنی (۲) (فت ب، سک ر) امث.
چھوٹا مرتبان. [ف].

بِروا (کس ب، سک ر) امذ.
۱. پودا، جیسے: ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات. ۲. بچہ، ننھا لڑکا.

بِروچ (کس ب، ومع) امذ.
جڑاؤ پھول یا ہلال وغیرہ میں جڑا ہوا کانٹا جو عورتیں ساری میں یا سر کے جوڑے میں لگاتی ہیں. [انگ].

بُرُودَت (ضم ب، ومع، فت د) امث.
ٹھنڈک، خنکی، سردی. [ع].

بُروکیڈ (ضم ب، وج، ی ج) امذ.
دیبا؛ جامہ وار؛ زربفت؛ کم خواب. [انگ].

بِروگ (کس ب، وج) امذ.
۱. ہجر، فراق، جدائی. ۲. (مجازاً) وہ جوگ یا فقیری جو صدمہ ہجر میں اختیار کی جائے، دشت نوردی، دنیا سے بے زاری اور دل برداشتگی. [س].

بِروگی (کس ب، وج) امذ. ~ ویوگی.
صدمہ ہجر کا مارا ہوا، محبوب کی جدائی میں مبتلا، کسی کے فراق یا تلاش میں فقیروں کا بھیس بھرے ہوئے، مصیبت زدہ. [س].

بَرومَند (فت ب، وج، فت م، سک ن) امذ.
۱. پھل لانے والا، بار آور. ۲. (مجازاً) پھل پانے والا، کامیاب، بامراد.

بُروں (ضم ب، وج) صف.
برے کی مغیرہ حالت، ترکیب میں مستعمل.
بروں سے برا صف. بہت برا، سب سے برا.

بِرَہ (کس ب، فت ر) امث.
ہجر، جدائی، فراق کا صدمہ. [س].

بِرہا (کس ب، سک ر) امذ.
۱. دیکھیے: برہ. ۲. وہ گیت جو مضمون ہجر پر مشتمل ہو، درد ناک یا فراقیہ گیت، (مجازاً) گیت. [س].

بُرہان (ضم ب، سک ر) امث؛ امذ.
روشن اور واضح دلیل، قطعی ثبوت جس کے بعد ابہام یا شک کی گنجائش نہ رہے. [ع].
برہان قاطع امث. ایسی دلیل جو حریف کی بات کو واضح طور پر رد کردے یقینی اور قطعی دلیل.

بَرہَم (فت ب، سک ر، فت ہ) صف.
۱. (i) پریشان، آشفتہ، منتشر. (ii) الٹ پلٹ، تہ و بالا، بے ترتیب ۲. خفا، ناراض، مشتعل، غضب ناک.

برہم (کس ب ، سک ر ، فت ہ) اند : ~ برہما ، برہمو ، برہمہ .
.(ہندو) بھگوان ، خدا ، خالق .۲. دیکھیے : برہمن .۳. وید .

برہم چاری اند . مجرد برہمن جو ویدوں کی تعلیم حاصل کر رہا ہو ؛ سادھوؤں کی ایک خاص جماعت ؛ ویدوں کا پنڈت .

بَرَہْمَن / بِرَہْمَن (فت ب ، فت نج ر ، سک ہ ، فت م / کس ب) اند .
۱. ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات کا نام .۲. برہمن جس کا اصلی کام وید سیکھنا اور سکھانا ہے اور وہی مندر کا پجاری ہوتا ہے ، ویدوں کا عالم ، پنڈت ، پجاری .۳. (مجازاً) جوتشی ، نجومی . [س] .

بَرَہْمَنی / بِرَہْمَنی (فت ب ، فت نج ر ، سک ہ ، فت م / کس ب) است .
برہمن (رک) کی تانیث .

بِرَہَن (کس ب ، سک ر ، فت ہ) صف .
ہجر زدہ یا مبتلائے فراق (عورت) .

بَرَہْنَہ / بِرَہْنَہ (فت ب ، فت نج ر ، سک ہ ، فت ن / سک ر ، فت ہ) صف .
۱. عریاں ، ننگا ، کھلا .۲. (مجازاً) وہ خالی زمین جس میں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو . اسم کیفیت : برہنگی ، برہنگی . [ف] .

برہنہ پا صف . جس کے پاؤں میں جوتیاں نہ ہوں ، ننگے پاؤں کا .

بَری (۱) (فت ب) صف .
۱. آزاد ، چھوٹا ہوا ، نجات یافتہ .۲. پاک ، بالاتر (کسی بات سے) .
۳. مستثنیٰ ، خارج ، سبک دوش .۴. بے گناہ ، بے قصور .۵. دست بردار .
[ع] .

بری الذمّہ صف . ذمے داری سے الگ ، جواب دہی اور مواخذے سے مستثنیٰ .

بَری (۲) (فت ب) است .
وہ شکر اور میوہ وغیرہ جو دلھن کے کپڑوں کے ساتھ شادی سے پہلے مٹکیوں اور سینیوں وغیرہ میں رکھ کر دولھا کے یہاں سے دلھن کے گھر بھیجا جاتا ہے (بیشتر برات کی صورت میں) ، ساچق . اف : آنا / جانا .

... بَری (... فت ب) اسم کیفیت (مونث) کا جزو دوم .
جزو اول کے مفہوم سے حل کر لے جانے یا بچانے کا عمل ، کے معنی میں جیسے : نامہ بری ، جاں بری . [ف] .

بُری (ضم ب) صف .
برا کی تانیث (بیشتر ترکیبات میں مستعمل) .

بری آنکھ است .۱. بدنیتی کی نگاہ ، بری نیت یا ارادے سے ڈالی جانے والی نظر .۲. دیکھیے : چشم زخم ، للچائی ہوئی یا حیرت کی نگاہ (جسے کہتے ہیں کہ نظر لگ گئی) .۳. غصے یا نفرت کی نگاہ .

بری بلا (الف) است . آفت ، مصیبت ، مشکل . (ب) صف . آفت کا پرکالہ ، بڑا شریر اور فتنہ .

بری بھلی صف ، م ف . برا بھلا کی تانیث .

بری صحبت است . بدچلن آوارہ لوگوں کا مجمع ، ان کے پاس اٹھنے بیٹھنے کا عمل .

بری طرح (سے) صف ؛ م ف .۱. پنجے جھاڑ کر ، پیچھا نہ چھوڑنے کے ارادے سے .۲. کثرت یا شدت سے ، بہت زیادہ .۳. سختی کے ساتھ ، بدسلوکی سے (پیش آنا وغیرہ کے ساتھ) .۴. حقیقت کو توڑ مروڑ کر ، غلط یا خراب اسلوب سے .

بری فال است . بدشگونی کی بات .

بری گت بنانا / کرنا محاورہ . مار مار کر برا حال کر دینا ، اچھی طرح پٹائی کر دینا .

بری گھڑی است . برا وقت ؛ منحوس ساعت .

بری نظر / نگاہ / نگہ است . بدنیتی کی نگاہ ، بری نیت یا ارادے سے ڈالی جانے والی نظر .

بری موت مارنا محاورہ . طرح طرح کی ایذائیں یا رسوائیاں دے کے جان لینا .

بَرّی (فت ب ، شد ر) صف .
۱. خشکی سے منسوب .۲. صحرائی ، خودرو (گھاس یا درخت وغیرہ) .۳. (قرأت) وہ حرف جو ہونٹوں کی خشکی سے ادا ہوتا ہے ، جیسے م . [ع] .

بُرے (ضم ب) صف .
برا کی محرف صورت ، ترکیبات میں مستعمل .

برے پھنسے فقرہ . ناگہانی طور پر یا بے خبری میں کسی ایسی الجھن میں مبتلا ہو گئے جس سے مفر مشکل ہو .

برے دن اند. غربت مفلس یا بدامنی وغیرہ کا زمانہ، بدقسمتی کا وقت، زوال کا دور.

برے کام کا برا انجام کہاوت. بری بات کا نتیجہ برا ہی ہوتا ہے، برے کو ضرور سزا ملنی چاہیے.

برے وقت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا کہاوت. مصیبت کے وقت یار بھی مدد نہیں کرتے.

برے سے سب ڈرتے ہیں فقرہ. بدمزاج یا بدچلن سے سب خوف کھاتے ہیں.

برے وقت کا ساتھی/ شریک محاورہ. مصیبت یا افلاس کی حالت میں مدد کرنے والا.

بِریان (کس ب، سک ر) صف.
۱. سوختہ، جلا ہوا؛ (مجازاً) رنجیدہ (عموماً دل وغیرہ کے ساتھ مستعمل).
۲. بھنا یا تلا ہوا. [ف].

بِریانی (کس ب، سک ر) امث.
۱. چاول کی ایک ڈش جس میں مسالا ڈال کر گوشت یا سبزیاں بھون کر یا نمک سے دم پخت کر کے ڈالی جاتی ہیں. ۲. جلنے کی کیفیت، جلن. [ف].

بُرِید (ضم ب، ی مع) امث.
کاٹنے یا قطع کرنے کا عمل (اکثر قطع کے ساتھ مستعمل). [ف].

••• **بُرِیدَہ** (ضم ب، ی مع، فت د) صفت ترکیبی کا جزو اول.
جزو دوم کے مفہوم سے ملا کر 'کاٹا ہوا' کے معنی میں مستعمل، جیسے: بریدہ سر وغیرہ.

••• **بُرِیدَہ** (ضم ب، ی مع، فت د) صفت ترکیبی کا جزو دوم.
جزو اوّل کے مفہوم سے مل کر 'کاٹا ہوا' کے معنی میں مستعمل، جیسے: دست و پا بریدہ، وغیرہ.

بَرِیسْلِٹ (کس ب، ی لین، سک س، کس ج ل) اند.
کلائی میں پہننے کا ایک زیور. [انگ].

بَرِیشَم (فت ب، ی مج، فت ش) اند.
دیکھیے: ابریشم.

بریف کیس (کس ب، ی مع، سک ف، ی مج) اند.
مختصر سا صندوقچہ جس کی اونچائی کم و بیش چھ انچ اور لمبائی چوڑائی ڈیڑھ فٹ کے قریب ہوتی ہے اور جس میں ہروقت ضرورت کا کچھ سامان لے کر دفتر وغیرہ جاتے ہیں. [انگ].

بریک (کس ب، ی مج) اند.
۱. روک، وہ اڑیک کی طرح کا پرزہ جو کسی گاڑی میں پہیے کے پاس اس غرض سے ہوتا ہے کہ جب اسے دبایا جائے تو وہ پہیے سے جا لگے اور گاڑی رک جائے. ۲. سامان کا ڈبا جو ریل کی سواری گاڑی میں ہوتا ہے. [انگ].

بریک لگانا ف مر. ۱. بریک کو دبا کر پہیے کو روکنا اور گاڑی کو کھڑا کرنا

بریک لگنا ف مر. بریک لگانا کا لازم، گاڑی رُکنا.

بِرَیکِٹ (کس ب، ی لین، کس ک) اند.
۱. خطوط وحدانی جو لکھنے میں الفاظ یا ہندسوں کے داہنی بائیں طرف مقررہ غرض کے تحت بنائے جاتے ہیں اور جن کی 'بڑا بریکٹ' درمیانی بریکٹ اور چھوٹا بریکٹ، کے نام سے شکلیں مقرر ہیں. ۲. دیوار کہنی کُنجہ دیوار (جو تصاویر وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار میں بنا دیتے ہیں) دیوار گیری؛ دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری. [انگ].

بریگیڈ (کس ب، ی مع، ی مج) اند.
دیکھیے: برگیڈ، پیدل فوج، پیادوں اور سواروں کی ملی جلی فوج جس میں دو یا زیادہ رجمنٹیں ہوں. [انگ].

بریگیڈیر (کس ب، ی مع، ی مج کس ڈ فت ی) اند.
دیکھیے: برگیڈ کا تحتی، برگیڈ کا سالار. [انگ].

بَڑ (۱) (فت ب) اند.
دیکھیے: برگد، ایک چوڑے پتوں والا بڑے پھیلاؤ کا سایہ دار درخت جو پیپل سے مشابہ ہوتا ہے اس کی شاخوں سے داڑھی کی شکل جڑیں پھوٹ کر زمین سے جا ملتی ہیں اور تنا بن جاتی ہیں. [س]

بَڑ (۲) (فت ب) امث.
بکواس، دیوانے پن کی بات، مہمل بات، ہذیان.

بڑ بڑ امث. بڑ کی تکرار، بہت زیادہ بکواس، جھک جھک، بک بک

بڑ مارنا/ ہانکنا محاورہ. ۱. لفاظی کرنا، فضول بکواس کرنا، مجذوبانہ یا

کرنا. ۲. بے محل بات کہنا.

بَڑ (۳) (فت ب) صف، صف ترکیبی کا جزو اول.
بڑا کی تخفیف، مرکبات میں مستعمل.

بڑ بولا صف: مذ. باتونی، شیخی مارنے والا، ڈینگیا.

بَڑا (۱) (فت ب) صف.
۱. جس میں بجائے خود یا دوسرے کے بالمقابل کسی قسم کی ظاہری یا باطنی بڑائی پائی جائے، مثلاً: جسامت یا حجم (یا دونوں باتوں میں) زیادہ. ۲. رسوخ مرتبے یا عہدے کے اعتبار سے اونچا (شخص)، سردار، سربراہ. ۳. اعلیٰ، ذمے داری، فرائض اور منزلت کے لحاظ سے بلند (منصب وغیرہ). ۴. بزرگ، مربی، سرپرست. ۵. باپ دادا، پرکھے (اکثر صورت مغیرہ میں مستعمل). ۶. اہمیت رکھنے والا، نمایاں، عظیم. ۷. بہت پھیلاؤ کا، جس کے شعبے اور اجزا بہت سے ہوں، جس کی تکمیل کے لیے کافی مدت یا متعدد و وسائل کی ضرورت ہو (کام وغیرہ). ۸. بہت، نہایت، زیادہ، کثیر. ۹. ساز کا گنکا (جس سے سر گھمانے بڑھانے کا کام لیا جاتا ہے). ۱۰. بھاری، ضخیم. ۱۱. وسیع. ۱۲. اچھے اوصاف میں دوسروں سے زیادہ (بلند خیالی، مقبولیت، شہرت، دولت، عظمت شان، فیاضی، اولوالعزمی، عزت، خاندان، یا حوصلے وغیرہ کے لحاظ سے) اوروں کے مقابلے میں بیش (شخص یا جگہ). ۱۳. سنگین، سخت، جیسے: بڑا جرم. ۱۴. ضروری، جلدی کا، جیسے: بڑا کام ہے. ۱۵. دوسرے سے عمر میں زیادہ. ۱۶. طول طویل، وسیع، بھاری ضخیم. ۱۷. سنجیدگی کی بات میں طنز کا مفہوم پیدا کرنے کے لیے (اکثر صفت مذکور کی شخص مذکور سے نفی کرنے کے لیے). ۱۸. گائے یا بھینس کا، جیسے: بڑا گوشت.

بڑا بول بولنا محاورہ. دعویٰ کرنا، غرور کی بات کہنا، شیخی مارنا.

بڑا پا/پن مذ. دیکھیے: بڑپن.

بڑا دن مذ. ۱. دسمبر کی پچیسویں جس میں عیسائی حضرت عیسیٰ کے پیدا ہونے کی خوشی مناتے ہیں (اس دن درازی شب کی انتہا کے بعد درازی روز کی ابتدا ہوتی ہے). ۲. قیامت کا دن، روز حشر (جو ہر دن سے بڑا ہوگا).

بڑا کھانا مذ. کسی خاص حلقے یا محلے کے کل ادنیٰ و اعلیٰ کی دعوت عام، دھوم دھام کی ضیافت.

بڑا نوالہ کھائیے بڑا بول نہ بولیے کہاوت. بڑی عزت یا دولت پا کر غرور کا کلمہ منہ سے نہیں نکالنا چاہیے.

بَڑا (۲) (فت ب) مذ.
مونگ یا ارد کی تلی ہوئی ٹکیا (جو عموماً دہی میں ڈال کر کھاتے ہیں).

بَڑائی (فت ب) مث.
۱. بڑا کا اسم کیفیت. ۲. بڑا ہونے کا عمل. ۳. تعریف کے وہ فقرے یا گیت جو مراثی یا شہدے ادا کرتے ہیں (عموماً بہ طور جمع مستعمل).

بَڑ بَڑ (فت ب، سک ڑ، فت ب) مث.
بک بک، جھک جھک، بکواس، لاف و گزاف کی گفتگو. (بڑ کے تحت).

بَڑبَڑانا/بُڑبُڑانا (فت ب، سک ڑ، فت ب/ضم ب، سک ڑ، ضم ب) ف ل.
۱. بڑبڑ کرنا؛ اونٹ کا بلبلانا، شور مچانا. ۲. بوڑھوں کی طرح چپکے چپکے بولنا، منھ ہی منھ میں بڑبڑانا، منمنانا، زیر لب کسی کو برا کہنا.

بَڑبَڑاہٹ/بُڑبُڑاہٹ/بَڑبَڑائی/بُڑبُڑائی (فت ب، سک ڑ، فت ب، ہ/ضم ب/فت ب/ضم ب) مث.
بڑبڑانا، بڑبڑانا کا اسم کیفیت.

بُڑک (ضم ب، فت ڑ) مذ: ~ بڑکا.
دانت کی گرفت (کتے وغیرہ کے لیے مستعمل) جیسے: بڑک مارنا.

بُڑکا/بَڑکا (فت ب، سک ڑ/فت ڑ، شدک) مذ.
پکڑ، چنگل، گرفت، منھ میں بھر لینے کی کیفیت. [ه].

بَڑوں (فت ب، وغ) مذ.
مغیرہ حالت میں بڑا کی جمع اور ترکیبات میں مستعمل.

بڑوں کی بڑی بات فقرہ. بزرگوں کی بات دانش مندی سے خالی نہیں ہوتی.

بَڑی (۱) (فت ب) صف.
بڑا کی تانیث.

بڑی آسامی مث. مال دار آدمی، دولت مند جس سے کچھ حاصل ہو سکے.

بڑی الائچی مث. کتھئی رنگ کی الائچی جو عموماً گرم مسالے میں شامل ہوتی ہے.

بڑی عمر ہے فقرہ. (یکایک آنے والے شخص کی) بڑی عمر ہوگی، بہت زندہ رہے گا (جس کا ذکر ہو رہا ہو اس کے اسی وقت آجانے پر مستعمل).

بڑی (۲) (فت ب) است.
مسالا ملا کر پیسی ہوئی ارد یا مونگ کی دھوئی دال کی نقل کے برابر گولی جو دھوپ میں سکھا کر پکائی اور سالن کی جگہ کھائی جاتی ہے (بیشتر بڑیاں (جمع) مستعمل).

بڑے (فت ب) صف.
بڑا کی مغیرہ صورت یا جمع، ترکیبات میں مستعمل.

بڑے آئے فقرہ. (طنزاً) کون ہے؟ اس کا کیا حق ہے، اس کی اتنی وقعت نہیں.

بڑے بڑے اند، ج. نام ور، سورما، دولت مند، عالی خاندان، صاحب علم وفن اشخاص.

بڑے بول کا سر نیچا کہاوت. غرور اور شیخی سے بڑا بول بولنے والے کو رسوا ہونا پڑتا ہے.

بڑے گھر جانا ف مر. مر جانا؛ جیل خانے جانا.

بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ کہاوت. ۱. بڑوں کا کیا ذکر چھوٹے ان سے بھی زیادہ شریر یا برائی میں مبتلا ہیں. ۲. ایسے موقع پر مستعمل جب کوئی شخص ایک آدمی سے ناراض ہو جائے اور دوسرے کے موافق ہو جائے اور پھر اس دوسرے آدمی سے بھی اور زیادہ ناراض ہو جائے.

بڑیاں (فت ب، سک ڑ) است، ج.
بڑی (۲) کی جمع.

بڑھ (فت ب، سک ڑھ) ف ل.
بڑھنا کا مادہ (نیز فعل امر)، ترکیبات میں مستعمل.

بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا/ کرنا محاورہ. چرب زبانی کرنا ایسا دعویٰ کرنا جو اپنی بساط سے باہر ہو، شیخی مارنا، دون کی لینا.

بڑھ کر/ کے (الف) صف. زیادہ افزوں؛ فائق، بالاتر، بہتر. (ب) م ف.
۱. تیزی کے ساتھ، جلد. ۲. غرور سے، گھمنڈ سے، اپنی بساط سے بیش.

بڑھا (فت ب).
بڑھانا اور بڑھنا سے مشتق ہے اور حسب ذیل مرکبات میں مستعمل.

بڑھا چڑھا کر م ف. مبالغہ آمیزی کے ساتھ، بہت زیادہ کر کے.

بُڑھا (ضم ب) صف.
دیکھیے: بوڑھا.

بڑھاپا اند. ضعیفی، پیری، جوانی اور ادھیڑپن کے بعد کی عمر.

بُڑھاپے کی لاٹھی (ضم ب) است.
ضعیفی کا سہارا، بوڑھے پن کی عمر میں ہر قسم کی کفالت اور دیکھ بھال کرنے والا.

بڑھانا (فت ب) ف م.
۱. صورت حال میں کسی بھی قسم کا کوئی اضافہ کرنا، مثلاً: (i) جسامت (طول، عرض، عمق) یا حجم کو زیادہ کر دینا، وسیع طویل یا عریض کرنا. (ii) حالت یا کیفیت کی شدت میں اضافہ کرنا. (iii) سر اونچا کرنا. (iv) اصل اور بنیادی شے میں کچھ اور شامل کرنا، پہلے سے زیادہ کر دینا. (v) موجودہ مقام سے آگے کو سرکانا. (vi) کسی کو بالاتر مقام دینا، دوسرے پر فوقیت ترجیح یا سبقت دینا. (vii) کسی کام کا مقررہ وقت سے آگے کو سرکانا. (viii) معمولی بات یا چیز کو بڑا کر کے دکھانا، پھانس کو بانس بنانا، (بات کو) طول دینا. (ix) مقدار یا تعداد میں بیشی کرنا. ۲. اٹھا کر رکھ دینا، جاری کام کو روکنا، بند کرنا، ختم کرنا، مثلاً: (i) کھانا ختم کرنا اور دسترخوان اٹھا دینا. (ii) دکان یا کاروبار بند کرنا.

بڑھاؤ (فت ب) اند.
۱. بڑھنا کا اسم کیفیت. ۲. وہ فطری یا غیر فطری ابھار جو کسی عضو میں پیدا ہو جاتا ہے، عضو کا وہ حصہ جو معتاد سے آگے نکل آتا ہے. ۳. بقایا، بچت.

بڑھاوا (فت ب) اند.
۱. زیادتی، کثرت. ۲. ترغیب، حوصلہ افزائی، کسی کام کے لیے ابھارنے یا ہمت بندھانے کا عمل (بیشتر دینا کے ساتھ). ۳. فریب، دم، جھانسا (عموماً دینا کے ساتھ) ۴. خودستائی، خودنمائی.

بڑھت (فت ب، ڑھ) است.
۱. بڑھنے کا عمل، نشو ونما، بالیدگی. ۲. (موسیقی) آواز کا چڑھاؤ، سر کی تدریجی اٹھان، تانوں کے بہ تدریج بڑھنے کی کیفیت. ۳. (ڈراما)

تدریجی ترقی (پلاٹ وغیرہ).

بڑھتا (فت ب، سک ڑھ) (الف) صف.
آگے ہوتا ہوا، زیادہ ہوتا ہوا؛ آگے جاتا ہوا؛ پھیلتا ہوا؛ چڑھتا ہوا؛ ترقی پاتا ہوا؛ تیز ہوتا ہوا؛ مزید، زیادہ، فالتو، فاضل. (ب) اند.
زیادتی، بیشی، افزونی، اضافہ، ترقی.

بڑھتی (فت ب، سک ڑھ) (الف) امث.
۱. ترقی، اضافہ، عروج، خوش حالی، برکت. ۲. فوقیت، ترجیح. ۳. بقایا، بچت. (ب) صف. بڑھتا (رک: الف) کی تانیث. (ج) م ف. زیادہ قیمت پر (کمی کے ساتھ).

بڑھَل (فت ب، ڑھ) اند.
چوڑے پتوں کا ایک پھل دار درخت؛ اس درخت کا پھل جس کا رنگ زرد جلد دندانے دار اور مزہ کھٹ مٹھا ہوتا ہے، لاط: Artocarpas lakoocha. [س].

بڑھنا (فت ب، سک ڑھ) ف ل.
۱. صورت حال میں کسی بھی قسم کا کوئی اضافہ ہونا، مثلاً: (i) جسامت (طول، عرض، عمق) یا حجم کا زیادہ ہونا، وسیع طویل یا عریض ہونا. (ii) حالت یا کیفیت کی شدت میں اضافہ ہونا. (iii) اصل اور بنیادی شے میں کچھ اور زیادہ ہو جانا، پہلے سے بیش ہو جانا. (iv) موجودہ مقام سے آگے کو سرکنا. (v) کسی کو بالاتر مقام ملنا، دوسرے پر فوقیت ترجیح یا سبقت ہونا. (vi) ترقی پانا. (vii) کسی کام کا مقررہ وقت سے آگے کو سرکنا. (viii) پرورش سے بڑا ہونا، نشو و نما پانا. (ix) معمولی بات یا چیز بڑی کر کے دکھائی جانا، (بات کا) طول پکڑنا. (x) حد اعتدال سے آگے قدم رکھنا، بے ادبی سے پیش آنا. ۲. اٹھا کر رکھ دیا جانا، جاری کام کا رکنا، بند ہونا، ختم ہونا، مثلاً: (i) کھانے کا عمل ختم ہونا، دسترخوان اٹھ جانا. (ii) دکان یا کاروبار بند ہونا.

بُڑھو (ضم ب، فت ڑھ) اند.
(تحقیراً) بوڑھا.

بڑھوتری (فت ب، ولین، سک ت) امث.
۱. اضافہ، نشوونما؛ ترقی، بڑھوت. ۲. (معاشیات) وہ اضافہ جو ہنڈی کی قیمت میں رسد کی کمی یا طلب کی کثرت کے باعث پیدا ہو.

بڑھوتی (فت ب، ولین) امث.
۱. اضافہ، نشو ونما؛ ترقی. ۲. (فقہ) وہ اضافہ جو رہن رکھے ہوئے مال میں ہو جیسے جانوروں کا دودھ اور بال، اور درختوں کا پھل وغیرہ.

بڑھئی (فت ب، ڑھ) اند.
۱. لکڑی کا کام کرنے والا، کھاتی، ترکھان. ۲. بڑھئی کا کام کرنے والوں کی برادری. ۳. ایک کلغی دار لمبی چونچ کا پرندہ جو درختوں میں سوراخ کر کے گھونسلا بناتا ہے، ہد ہد، کٹھ پھوڑا، کُھٹ بڑھئی. [س].

بڑھیا (فت ب، سک ڑھ) صف.
۱. اعلیٰ درجے کا، قدر و قیمت میں بڑھا ہوا. ۲. زرخیز. ۳. بہت زیادہ، حد سے متجاوز، بڑھا ہوا. [س].

بُڑھیا (ضم ب، سک ڑھ) امث.
بوڑھی عورت.

بڑھیا آفت کی پڑیا صف. فتنہ انگیز عورت، کٹنی.

بڑھیا پھونس امث. وہ عورت جو بہت بوڑھی اور ضعیف ہوگئی ہو، جو بڑھاپے کے باعث تنکے کی طرح بے طاقت ہو.

بُز (ضم ب) امث.
گوسفند، بکری، بکرا، بھیڑ، دنبہ. [ف].

بز اخفش اند. نافہم، بے سمجھے بوجھے ہاں میں ہاں ملانے والا (کہا جاتا ہے کہ اخفش نے (جو عربی علم نحو کا استاد کامل گزرا ہے) طالب علمی کے زمانے میں ایک بکرا پال رکھا تھا اور ہر روز اپنا سبق اسے سنایا کرتا تھا، جب تک بکرا گردن نہ ہلا دیتا یا گھبرا کر بول نہ اٹھتا اخفش سبق سنانا بند نہ کرتا).

بُزدل اند. بودا، ڈرپوک، کم ہمت، کم حوصلہ. اسم کیفیت، بزدلی.

بُزدِلانہ م ف. بودوں کی طرح، پست ہمتوں کی مثل.

بُزدلی صف. بزدل کی تانیث.

بَزار (فت ب) اند.
بازار کی تخفیف.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بَزاز/ بَزّاز (فت ب/ شد ز) اند.
کپڑا بیچنے والا . [ع] .

بَزازا/ بَزّازا (فت ب/ شد ز) اند ؛ ~ بزازه ، بزاره.
وہ بازار جہاں بزازوں کی دکانیں ہوں ، کپڑے کا بازار .

بُزُرگ (ضم ب ، ز ، سک ر) صف.
۱.سن رسیدہ ، بڑی عمر کا .۲.رشتے درجے مرتبے وغیرہ کے اعتبار سے بڑا ، مربی ، سرپرست .۳.شریف ، سنجیدہ ، عالی ظرف (اکثر ترکیب میں) . ۴. خدا رسیدہ ، خدا شناس ، عارف ، ولی .۵. مقدس ، قابل احترام (جگہ وغیرہ) .۶. جسامت میں بڑا (گاہے ترکیب میں مستعمل) . ۷.اہم ، عظیم الشان ، عجیب و غریب (چیز یا شخص) .۸.اسلاف ، پرکھے . [ف] .

بزرگ وار صف .۱. بزرگ یا قابل تعظیم (شخص) .۲. لائق احترام ، مقدس و محترم (شے) .

بُزُرگان (ضم ب ، ز ، سک ر) صف.
بزرگ کی جمع اور ترکیبات میں مستعمل.

بزرگانِ دین صف. دینی پیشوا ، مذہبی مسائل اور معاملات میں رہنمائی کرنے والے .

بُزُرگی (ضم ب ، ز ، سک ر) است.
بزرگ کا اسم کیفیت .

بِزْرَہ (کس ب ، سک ز ، فت ر) اند.
(نباتیات) بغیر پھولوں کے پودوں میں پائے جانے والے ذرّہ نما اجسام جن سے نئے پودوں کی تولید ہوتی ہے .

بَزْم (فت ب ، سک ز) است.
۱.محفل ، مجلس (خواہ عیش و طرب کی ہو یا رنج و غم کی) ، دربار ، کسی تقریب میں بہت سے آدمیوں کا اجتماع .۲.وہ شاعری جو رزمیہ نہ ہو ، طربیہ شاعری ، رزم کی ضد .۳.فرش جو کسی جلسے کے انعقاد میں بچھایا جائے . [ف] .

بزم امکاں است. دنیا و مافیہا ، ممکنات اور مخلوقات کی دنیا (واجب کے بالمقابل) .

بزم آرا صف ؛ اند. (لفظاً) محفل آراستہ کرنے والا ، صدر محفل ، صدر نشین جلسہ ، میر مجلس . اسم کیفیت : بزم آرائی .

بزم سخن است. شعر و شاعری کا جلسہ ، محفل مشاعرہ ، وہ محفل جہاں شعرا اپنا کلام سنائیں .

بَزْمِیَہ/ بَزْمِیَّہ (فت ب ، سک ز ، کس م ، فت ی/ شدی بفت) صف ؛ است.
طربیہ شاعری (جسے کامیڈی کہتے ہیں) رزمیہ کی ضد .

بِزَن (کس ب ، فت ز) اند.
۱. مار ، حملہ (بیشتر تلوار سے) .۲. (فوج کا) دستہ ، پرا ، صف .۳.قتل کا حکم (مارو مارو) جنگ میں سپاہیوں کا ایک فقرہ .۴.قتل عام . [ف] .

بِزْنِس (کس ب ، سک ز ، کس ج ن) اند.
تجارت ، کاروبار . [انگ] .

بزنس مین اند. تاجر ، کاروباری .

بَزُوکا (فت ب ، و مع) است.
ایک قسم کی توپ جس کی دھات کی نالی میں گولا ڈال کر ہتھیار شکن راکٹ چھوڑے جاتے ہیں اور جسے پہلی مرتبہ امریکہ نے دوسری جنگ عظیم میں استعمال کیا . [انگ] .

بَس (۱) (فت ب) . (الف) صف .
۱.کافی ، بہ قدر کفایت .۲. بہت ، بہ کثرت ، بہت زیادہ .۳.ختم ، تمام
(ب) م ف .۱.فقط ، محض ، صرف .۲. چپ (رہو) خاموش (ہو جاؤ ختم کرو ، ٹھہرو ، اور نہیں ؛ اب نہیں .۳. الحاصل ، انجام کار ، القصہ الغرض ، غرضیکہ .۴.فوراً ، اسی وقت ، بغیر تاخیر ، بلاتامل ، یکا یک اچانک .۵.خبردار ، سنا نہیں ؛ سنو ، دیکھو ، سن رکھو .۶.سب ، تمام کل .۷.اب .۸.کیا کہوں ، کیا بیان کروں . [ف] .

بس بس م ف. کافی ہے ، اتنا بہت ہے ، اب مزید کچھ حاجت نہیں .

بس کرنا ف مر.۱.کافی ہونا (اثبات ونفی دونوں طرح مستعمل) .۲.اکتفا کرنا ، کافی سمجھ کر قناعت کرنا .۳.ختم کرنا ، روکنا (کسی بات یہ کام کو) .

بَس (۲) (فت ب) اند.
قابو ، اختیار ، قبضہ . [س] .

بس چلنا محاورہ . (اثبات اور نفی دونوں طرح مستعمل ہے) . قابو ہونا

اختیار ہونا .

بس میں کرنا ف مر . قابو میں لانا .

بس میں ہونا ف مر . بس میں کرنا کا لازم .

بَس (۳) (فت ب) امث .

لاری جس میں لوگ بیٹھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں . [انگ] .

بس اسٹاپ اند . وہ جگہ جہاں بسیں مسافروں کو اتارنے اور چڑھانے کے لیے رکتی ہیں .

بس کنڈکٹر اند . بس کا وہ ملازم جو مسافروں سے کرایہ وصول کرتا ہے اور ڈرائیور کو بس روکنے یا چلانے کا اشارہ کرتا ہے .

بَس (۴) (فت ب) اند .

پتھر کے چوکے یا سل کا ایسا ناہموار رخ جو صاف اور سیدھا کیا جا سکے . [مقامی] .

بِس (کس ب) اند .

زہر ، ہلاک کرنے والی دوا . [س] .

بس اُگلنا محاورہ .

کسی کو بہت برا بھلا کہنا ، سخت ناگوار اور تکلیف دہ بات کہنا (بیشتر الزام کے موقع پر) .

بِس بھرا/ بھری صف ، مذ / مث . جس میں زہر بھرا ہوا ہو ؛ فتنہ و فساد کا باعث .

بِس پوٹ/ گانٹھ :- بس گانٹھ (الف) امث . زہر کی پوٹلی ، (مجازاً) فساد کی جڑ ، خرابی اور نقصان کا سرچشمہ .

بَسا (فت ب) (الف) صف .

بہت ، بہ کثرت . (ب) م ف . اکثر ، بیشتر . [ف] .

بسا اوقات م ف . اکثر مرتبہ ، کبھی کبھی ، بارہا .

بَسا (۲) (فت ب) امث .

ہڈی کا گودا ، چربی ، مغز چکنائی . [س] .

بُسا (ضم ب) صف .

سڑا ہوا ، جس میں بساند آنے لگے .

بسا پن اند . بسا ہوا ہونے کی کیفیت .

بِساط (کس ب) امث .

ا . (لفظاً) سطح پر پھیلی ہوئی چیز ؛ (مراداً) فرش ، بچھونا ، بستر ، چٹائی وغیرہ . ۲ . سرمایہ ، پونجی ، راس المال ، اثاث البیت . ۳ . طاقت ، قدرت ، استطاعت ، حیثیت . ۴ . اصل ، حقیقت ، ہستی . ۵ . شطرنج یا چوسر وغیرہ کھیلنے کا تختہ یا کپڑا جس میں خانے بنے ہوتے ہیں . [ف : ع : س] .

بساط اُلٹ جانا محاورہ . حالت یا کیفیت کا بالکل بدل جانا ، صورت حال درہم برہم ہو جانا ، اچھے حال سے برا حال ہو جانا .

بساط الٹ دینا محاورہ . بساط الٹ جانا (رک) کا تعدیہ .

بساط بھر م ف . حیثیت مقدرت عمر طاقت وغیرہ کے موافق .

بساط خانہ اند . ا . وہ بازار جہاں بساطی (خردہ فروش) بیٹھتے ہیں ، سوئی تاگا اور ضرورت کے دوسرے متفرقات بیچنے والوں کا بازار یا دکان . ۲ . (مجازاً) سوئی تاگا اور ضرورت کا دوسرا متفرق سامان .

بساط سے باہر م ف . مقدور سے زیادہ .

بساطی (کس ب) (الف) اند .

گھر کی ضرورت کا خردہ سامان (سوئی کنگھی آئینہ) کا تاجر ، پھیری لگانے والا دکان دار . (ب) صف (قدیم) . بساط سے منسوب .

بَساکھ (فت ب) اند .

دیکھیے : بیساکھ .

بَسالَت (فت ب ، ل) امث .

شجاعت ، بہادری ، دلیری ، جواں مردی . [ع] .

بِسانا (کس ب) ف م :- بساہنا .

ا . حاصل کرنا ، لینا ، چھیننا . ۲ . ذمے لینا یا لگا لینا ، خود کو مبتلا کر لینا (مصیبت وغیرہ میں) .

بَسانا (۱) (فت ب) ف م .

ا . آباد کرنا ، معمور کرنا . ۲ . (مجازاً) خوش حال بنا دینا ، آسودہ اور مطمئن کر دینا . [س] .

بَسانا (۲) (فت ب) ف م.
بو میں رچانا، مہکانا، بو کا سرایت کرنا. [س].

بساند/بسانده (کس ب، سک ن) امث ؛ ← بساہند.
مچھلی یا کچے گوشت کی بو، بدبو. [س].

بِساندی (کس ب، غنہ) صف.
بساندا کی تانیث.

بَشت (۱) (فت ب، سک س) امث.
۱. چیز، شے (بیشتر چیز کے ساتھ مستعمل). ۲. اسباب، ساز و سامان، اثاثا، دولت ؛ ذریعۂ معاش. ۳. (i) (مجازاً) بیوی. (ii) عورتوں کے اندام نہانی، فرج، کس. [س].

بَشت (۲) (فت ب، سک س). (الف) صف.
بندھا ہوا، معطل. (ب) امث. انقباض، گرفتگی (دل وغیرہ کے لیے عموماً کشاد کے ساتھ مستعمل). (ج) امذ. عاشق و معشوق ؛ پھولوں کا تاج ؛ گرہ ؛ پناہ گاہ ؛ پشتہ، بند ؛ پہاڑ ؛ نہروں اور نالیوں میں پانی کی تقسیم ؛ یا کسی کام کو کم کر دینے یا گھٹا دینے کا عمل.

بَستَر (فت ب، سک س، فت ت) امذ.
پوشاک، لباس. [س].

بِستَر / بِستَرا (کس ب، سک س، فت ت) امذ.
بچھونا. [ف].

بستر / بسترا بند امذ. ایک خاص وضع کا سفری غلاف یا لمبا بکسوے دار بستہ جس میں مسافر اپنا بستر وغیرہ لپیٹتے ہیں، ہولڈال.

بستر پکڑنا محاورہ. صاحب فراش ہو جانا، سخت بیمار ہو جانا، ضعیف اور کمزور ہو جانا.

بستر مرگ امذ. وہ بیماری جس سے شفا نہ ہو، وہ بستر جس سے مریض مر کر اٹھے شدید بیماری.

بَستَگی (فت ب، سک س، فت ت). (الف) امث.
۱. انقباض خاطر، طبیعت کی افسردگی، گرفتگی (دل وغیرہ کے لیے). ۲. وابستگی، تعلق. ۳. تنگی، بند ہونے کی کیفیت. ۴. انجماد، جامد ہونے کی کیفیت، جمود. ۵. باندھے جانے کا عمل (رسی وغیرہ سے).
(ب) صف. (مجازاً) وابستہ، تعلق رکھنے والا. [ف].

بَستَہ (فت ب، سک س، فت ت) امذ.
۱. بغیر سلا یا سلا ہوا کپڑا یا تھیلا جس میں کاغذات یا کتابیں باندھتے ہیں، کاغذات یا کتابوں کا جزدان، فائل. ۲. جما ہوا منجمد، سخت، رقیق کی ضد. ۳. افسردہ، پژمردہ، منقبض، شگفتہ کی ضد. ۴. رکا ہوا، تھما ہوا، جو جاری نہ ہو، رواں کی ضد. ۵. بندھا ہو، جکڑا ہوا (رسی وغیرہ سے). ۶. متعین، مقرر، لگا بندھا. ۷. (مجازاً) شاعر کا کل کلام جو اس کے جزدان یا فائل وغیرہ میں ہو. ۸. گانٹھ، گٹھا، بنڈل. ۹. جالی دار پٹ یا ٹٹی جو محراب کے دہن میں لگائی جاتی ہے. ۱۰. جو کسی سے متعلق اور وابستہ ہو، لگا ہوا، چسپاں. ۱۱. ناشگفتہ، سربستہ، بن کھلا. ۱۲. (مجازاً) لاینحل، رکا ہوا، التوا میں پڑا ہوا. [ف].

بستہ کرنا ف مر ؛ محاورہ. ۱. (لفظی معنی کے علاوہ) باندھنا، الفاظ میں ڈھالنا. ۲. (مرد کی) شہوت بند کر دینا تاکہ وہ جماع پر قادر نہ ہو سکے.

بَستی (فت ب، سک س) امث.
۱. آبادی، آباد جگہ (گاؤں، قصبہ، شہر). ۲. (مجازاً) رونق، چہل پہل، زینت. ۳. (حیاتیات) حیوانات یا نباتات کے افراد کا اجتماعی مرکز. [س].

بُس جانا (ضم ب) ف ل.
دیکھیے: بسنا.

بَسَر (فت ب، س) امث.
گزر، نباہ.

بسر اوقات امث. زندگی کے دن (کسی نہ کسی طرح) کاٹنے کا عمل، گزر بسر، معاش و معیشت.

بسر کرنا محاورہ. (زندگی یا وقت) گزارنا، تیر کرنا، خاتمے تک پہنچانا.

بسر ہونا محاورہ، قدیم. زندگی یا وقت تیر ہونا، گزراں ہونا.

بِسَر (۱) (کس ب، فت س). (الف) امث. (قدیم).
بھول چوک، فراموشی. (ب) م ف. بھول کے، فراموش یا نظر انداز کر کے.

بسر آنا محاورہ. کسی شے کو بھولے سے کہیں چھوڑ کر چلا آنا، بھول آنا.

بِسرا (کس ب، سک س) (الف) صف.
بھولا ہوا، (راستے وغیرہ سے) بھٹکا ہوا (بیشتر بھولا کے ساتھ مستعمل).
(ب) اند. بھول، نسیان.

بِسْرام (کس ب، سک س). (الف) اند.
۱. استراحت، آرام. ۲. قیام، توقف. اف: کرنا / ہونا. (ب) م ف.
۱. آرام سے، راحت کے ساتھ. ۲. بسیرے کے موقع پر. [س].

بسرام کرنا محاورہ. بود و باش کرنا، رہنا سہنا، قیام کرنا.

بِسَرْنا (کس ب، فت س، سک ر) ف ل.
بھول جانا، فراموش ہونا.

بَسْط (فت ب، سک س) اند.
۱. فراخی، کشادگی، پھیلاؤ، وسعت. ۲. تفصیل، وضاحت، صراحت (بیشتر شرح کے ساتھ). ۳. (i) (مجازاً) شگفتگی، انبساط، طبیعت کی بحالی، افسردگی کی ضد (عموماً ترکیب میں مستعمل ہے). (ii) خوش حالی، فارغ البالی. ۴. کھولنا، کشادہ کرنا، پھیلانا. ۵. (جفر) استخراج مطالب کے لیے مقرر قاعدوں کے مطابق ایک حرف سے دوسرا حرف حاصل کرنے کا عمل. ۶. (ریاضی) جبری جملے کو مقرر قاعدے سے کھولنے کا عمل. ۷. (تصوف) کشایش یا انبساط جو سیرالی اللہ میں سالک کے دل میں حالات کے وارد ہونے کا سبب ہوتا ہے جیسے غلبۂ محبت، معشوق کی یاد میں ذوق و شوق و سرور، معارف الٰہیہ کا ادراک. [ع].

بِسکُٹ (کس ب، سک س، ضم ک) اند.
میدے یا روے یا اراروٹ کی چھوٹی کراری خستہ ٹکیا جو خاص طریقے سے تنور میں پکائی جاتی ہے. [انگ].

بِسمِ اللہ (کس ب، سک س، کس م، غم ا، شدل بر) امث: بسملا (قدیم).
قرآن پاک کی پہلی آیت (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) کا پہلا فقرہ، اردو میں حسب ذیل معانی میں مستعمل: ۱. آیہ. ۲. ابتدا، آغاز. ۳. شروع کرو، بڑھو، ارادے کو عملی جامہ پہناؤ (آغاز کار کے موقع پر). ۴. اللہ تعالیٰ سے طلب برکت یا استعانت کے موقع پر، مترادف: خدا مدد کرے، خدا امان میں رکھے، اللہ حافظ، وغیرہ. ۵. مکتب نشینی کی رسم جس میں بچہ دولھا کی طرح سجا کر لایا جاتا اور کسی استاد کی مدد سے بسم اللہ پڑھتا ہے کسی بڑے کے آنے پر تعظیماً کہتے ہیں. [ع].

بسم اللہ ہی غلط ہونا محاورہ. ابتدا ہی میں کوئی خلاف قاعدہ بات ہوجانا، شروع ہی سے کام خراب ہو جانا.

بِسْمِل (کس ب، سک س، کس م) (الف) صف.
۱. زخمی، گھائل، مقتول. ۲. تڑپتا ہوا، پھڑکتا ہوا، مضطرب.
(ب) اند. ۱. (مجازاً) ذبح، زخم، جراحت، قتل. ۲. (مجازاً) عاشق، مبتلائے عشق. [ف].

بسمل گاہ امث. قتل گاہ، مقتل، مذبح. [ف].

بَسْمَہ (۱) (فت ب، سک س، فت م) اند.
۱. سنہرے اور روپہلے نقش و نگار جو کپڑے پر قلم کاری یا ٹھپے سے بنائے جاتے ہیں. ۲. قیمتی کپڑا جس پر سنہرے اور روپہلے نقش بنے ہوں. [ف].

بَسْمَہ (۲) (فت ب، سک س، فت م) اند.
دیکھیے: وسمہ. [ف].

بَسَن (فت ب، س) (الف) اند.
سکونت؛ مکان، گھر؛ قیمت، مزدوری، تن خواہ؛ دولت؛ چیز، مادہ؛ چادر، پوشاک. (ب) صف. آباد، بسا ہوا. [س].

بَسْنا (۱) (فت ب، سک س) ف ل.
۱. آباد ہونا. ۲. (مجازاً) سمانا، جاگزیں ہونا. ۳. پڑاؤ کرنا، ڈیرا ڈالنا، قیام کرنا، کسی جگہ جا کر عارضی طور سے ٹھہرنا یا رہنا.

بَسْنا (۲) (فت ب، سک س) ف ل.
۱. کسی شے یا جگہ میں کسی چیز کی خوش بو سما جانا یا سرایت کر جانا. ۲. کسی رنگ میں رنگ جانا.

بَسْنا (۳) (فت ب، سک س) اند.
۱. (i) (ہندو) وہ کپڑا یا تھیلی جس میں کوئی چیز رکھیں، جیسے صرافوں کا بستا. (ii) منیب کی گدی یا نشست گاہ جہاں بیٹھ کر وہ لین دین کا حساب کرتا ہے، بیٹھن. (iii) سناروں کی گدی کے آگے بچھا ہوا کپڑا،

جس پر دکان دار باٹ وغیرہ رکھتے اور زیوارت سجاتے ہیں. ۲. بینک ، مہاجنی کوٹھی. ۳. چادر، پوشاک، خلعت. [س].

بُسنا (ضم ب، سک س) ف ل.
سڑاند پیدا ہو جانا (پکی ہوئی چیز میں). [س].

بَسَنت (۱) (فت ب، س، سک ن) امذ؛ امث.
۱. (ہندو) چند رتوں میں سے پہلی رت جب آفتاب برج حمل و حوت میں ہوتا ہے، مارچ (چیت) سے آخر مئی (بیساکھ) تک رہتا ہے (اس کی آمد کا تیوہار مناتے اور بسنتی لباس پہنتے ہیں). ۲. وہ میلہ جو بہار کے موسم کی آمد پر منایا جاتا ہے ہندو دیوتاؤں کے استھانوں پر اور مسلمان فقرا کے مزاروں پر زرد پھول یا چادر چڑھاتے ہیں.

بسنت پھولنا محاورہ. ۱. زردی چھانا (کسی خاص شے پر)، ہر طرف زردی ہی زردی نظر آنا. ۲. گل کھلنا، عجیب بات ہونا، نیا شگوفہ کھلنا. ۳. بہار کے موسم کا آنا، بہار میں پھولوں کا کھلنا. ۴. منھ پر زرد دانے نکلنا.

بسنت رت امث. بہار کا موسم.

بَسَنتا (فت ب، س، سک ن) امذ.
۱. مویشیوں کی ایک بڑی خطرناک قسم کی چیچک. ۲. بہت بڑی بسنت.

بَسَنتی (فت ب، س، سک ن) صف.
۱. بسنت کے رنگ کا زرد رنگ کا. ۲. بسنت کے موسم یا تقریب کا.

بسنتی پوش صف. زرد لباس پہننے والا.

بسنتی جاڑا امذ. ہلکی سردی، معتدل جاڑا، خفیف سردی.

بِسوا (کس ب، سک س) امذ؛ = بسوہ.
بیسواں حصہ؛ ایک بیگھے زرعی زمین کا بیسواں حصہ، (بیشتر مقامات پر) ایک سو اسی مربع گز کا قطعۂ آراضی. [س].

بسوا بس کی گانٹھ کہاوت. زرعی جائداد بہت سے باہمی جھگڑوں اور نزاعات کی جڑ ہوتی ہے.

بِسُورنا (کس ب، و مع، سک ر) ف م.
رونے کی شکل بنانا، ناک بھوں چڑھانا، تصنع سے رونی صورت بنانا، آہستہ آہستہ رونا. [ار].

بِسُورِیا (کس ب، و مع، سک ر) صف.
رونے والا، رونے کا منھ بنانے والا.

بَسُولا / بَسولی (فت ب، و مع / و مج) امذ؛ امث.
۱. ایک اوزار جس سے بڑھئی لکڑی چھیلتے ہیں. ۲. بڑھئی کا تیشہ. [س].

بَسے (۱) (فت ب) م ف.
آباد ہونے یا بسنے کی حالت یا عمل. [ار].

بسے تو گوجر نہیں تو اُوجڑ کہاوت. وہ بستی جو ویران پڑی رہے یا نچلے طبقے کے لوگوں سے آباد ہو جائے (نظام الدین اولیا کی بد دعا جو انھوں نے فیروز تغلق سے ناراض ہو کر اس کے قلعے کو دی تھی اب ضرب المثل ہے.

بَسے (۲) (فت ب) م ف.
بہت سے، کافی (بیشتر ترکیب میں مستعمل). [ف].

بسے خرابی (لفظاً) بہت ویرانی، (تصوف) عاشق کا معشوق حقیقی کے عشق میں استغراق کامل.

بِسیار (کس ب، سک س) صف.
بہت، جو تعداد مقدار کیفیت یا تاثیر وغیرہ میں معمول سے زیادہ ہو. [ف].

بسیار خوار/ خور صف. بہت کھانے والا، پیٹو.

بسیار گو صف. ۱. بہت بولنے والا، بہت باتیں کرنے والا، بکی. ۲. پر گو، جس نے بہت شعر کہے ہوں یا کہتا ہو.

بَسیرا (فت ب، ی مج) امذ.
۱. شب باشی (انسانوں حیوانوں یا پرندوں کی). ۲. شام کے وقت اپنے اپنے گھونسلے میں شب باشی کے لیے جانے سے کچھ پہلے پرندوں کے اکٹھا بیٹھنے اور چہچہانے کا عمل. ۳. پڑاؤ، عارضی قیام. ۴. بسنے کا مقام، جائے بود و باش، جائے قیام، آشیاں، گھونسلا.

بسیرا کرنا ف مر. ۱. رات کو آرام کرنا، شب باشی کرنا. ۲. درختوں پر جانوروں کا شب میں رہنا.

بَسیط (فت ب، ی مع). (الف) صف.
۱. پھیلا ہوا، کشادہ، وسیع. ۲. پھیلانے والا. (ب) امذ. ۱. وسعت، پھیلاؤ (مجازاً) فرش، سطح. ۲. (تصوف) تمام اشیاء میں جمال حق کا مشاہدہ

اس طرح کہ ہر شے عین ذات معلوم ہو جیسا کہ ہے ۔ [ع] .

بُش (ضم ب) امذ.
دھات کی بنی ہوئی ڈبیا نما چول جس میں مشین کا دھرا گھومتا ہے ۔ [انگ] .

بَشارَت/ بِشارَت (فت ب ، ر/ کس ب) است ؛ امذ (قدیم).
۱. مژدہ ، خوش خبری .۲. خواب ، نیم خوابی مراقبے ، الہام یا وحی کے ذریعے غیبی ہدایت یا اشارہ وغیرہ ۔ [ع] .

بَشّاش (فت ب ، شد ش) صف .
۱. خوش و خرم ، مسرور .۲. تر و تازہ ، شگفتہ .۳. ہنس مکھ ، خندہ رو ۔ [ع] .

بَشاشَت (فت ب ، ش) است .
۱. خوشی ، مسرت ، شادمانی .۲. تازگی ، فرحت .۳. خندہ پیشانی ، خوش اخلاقی .

بِشَب/ بِشَپ (کس ب ، فت ش) امذ .
گرجے کا بڑا پادری ، پادری ۔ [انگ] .

بَشَر (فت ب ، ش) امذ .
انسان ، آدمی ۔ [ع] .

بُشْرَہ (ضم ب ، سک ش ، فت ر) امذ .
۱. چہرہ مہرہ ، پیشانی .۲. حلیہ ؛ قیافہ .۳. آدمی اور حیوان کی بالائی جلد ، کھال .

بُشْریٰ (ضم ب ، سک ش ، ا بشکل ی) انشا .
بشارت ہو ، مژدہ ہو .

بَشَری (فت ب ، ش) صف .
بشر سے متعلق ۔ [ع] .

بَشَرِیّات (فت ب ، ش ، کس ر ، شد ی) امذ .
وہ مسائل جو بشر سے متعلق ہیں ، بشر سے متعلق مسائل کا علم ۔ [ع] .

بَشَرِیَّت (فت ب ، ش ، کس ر ، شد ی بفت) است .
۱. بشر ہونے کی حالت ، آدمیت ، انسانیت .۲. انسانی فطرت ۔ [ع] .

بُش شرٹ/ بوشرٹ امذ . قمیص کی وضع کا نیم آستین یا پوری آستین کا لباس جس کا گریبان اوپر سے نیچے تک کھلا ہوتا ہے ۔ [انگ] .

بَشِیر (فت ب ، ی مع) . (الف) صف .
بشارت دینے والا ، خوش خبری سنانے والا . (ب) امذ . پیغمبر اسلام کا لقب (عموماً نذیر کے ساتھ مستعمل) ۔ [ع] .

بَصارَت (فت ب ، ر) است نیز امذ (قدیم).
۱. آنکھوں کی روشنی ، بینائی کی طاقت ، دیکھنے کی قوت .۲. فہم ، عقل ، سمجھ ۔ [ع] .

بَصائِر (فت ب ، کس ء) امذ ، است ، ج .
۱. بصیرت ؛ بصارت کی جمع .۲. دلائل ، شواہد ۔ [ع] .

بَصَر (فت ب ، ص) است ؛ امذ .
۱. بصارت .۲. آنکھ .

بَصَری (فت ب ، ص) صف .
بصرے سے منسوب ۔ [ف] .

بَصَرِیّات (فت ب ، ص ، کس ر ، شد ی) صف .
وہ علم جس میں آنکھوں کی ساخت ان کے امراض اور ان کے علاج سے بحث ہوتی ہے ۔ [ع] .

بَصِیر (فت ب ، ی مع) . (الف) صف .
۱. بصارت رکھنے والا ، بینا .۲. بصیرت رکھنے والا ، دانا ، باخبر . (ب) امذ .
خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔ [ع] .

بَصِیرَت (فت ب ، ی مع ، فت ر) است .
۱. عقل ، فہم ، ادراک ، شعور ، آگاہی .۲. مہارت ، مشاقی ، سلیقہ ، واقفیت .۳. روحانی قوت جو کشف یا الہام سے غیر مادی اشیاء کا ادراک کر لیتی ہے ۔ [ع] .
بصیرت افروز صف . بصیرت کو روشن کرنے والا یا جلا دینے والا .

بِضاعَت (کس ب ، فت ع) است .
۱. سرمایہ ، پونجی .۲. اسباب تجارت ، راس المال .۳. (i) کل کائنات ، سارا مادی سہارا . (ii) بساط ، حیثیت ، مقدرت .۴. کمیشن ، ایجنسی وغیرہ کا حصہ ۔ [ع] .

بِضاعَتی (کس ب ، فت ع) امذ .
سرمایہ دار ، دولت مند ، امیر ، دھنی .

بَط (فت ب) است .
۱. بطخ ، ایک آبی پرند جس کی گردن لمبی ، پنجے جھلی دار اور چونچ چپٹی ہوتی ہے .۲. شراب کی صراحی جو عموماً بط کی شکل کی ہوتی ہے ۔ [ع] .

بَطْحا (فت ب ، سک ط) امذ ؛ ~ بطحاء .
۱. زمین فراخ جو سیل وغیرہ کے پانی کی گزرگاہ ہو ، پتھریلی زمین ،

وادی جس کی زمین ریت کی وجہ سے نرم ہو .۲. مکہ معظمہ کی سرزمین ، وادی مکہ ، مکہ اور اس کا قرب و جوار . [ع] .

بَطِّیخ (فت ب ، شد ط بفت) امث ؛ ~ بطیخ (قدیم) .
دیکھیے بط معنی نمبر ۱ .

بَطْن (فت ب ، سک ط) امذ .
۱. پیٹ ، شکم ، (باہر سے نیز اندر کا وہ حصہ جس میں معدہ ، جگر ، تلی اور آنتیں ہیں .۲. رحم ، بچہ دانی ، وہ عضو جس میں حمل قرار پاتا ہے . ۳. نسل ، پشت ، پیڑھی .۴. اصل مفہوم جو کسی لفظ یا فقرے میں مضمر ہو .۵. (نباتیات) بیضہ کا پہلا حصہ جو پھولا ہوا ہوتا ہے . [ع] .

بَطْنی (فت ب ، سک ط) صف .
بطن، سے منسوب : اندرونی ، نچلا ، جو اکثر پوشیدہ رہے .

بَعْث (فت ب ، سک ع) امذ .
۱. خواب یا غشی سے اٹھنے کا عمل ، مایوسی وغیرہ میں ایک بار بیٹھ جانے کے بعد دوبارہ کسی عمل کے لیے اٹھ کھڑے ہونے کی صورت حال . ۲. قیامت کے دن (حساب کتاب کے لیے) مردوں کو قبر سے اٹھائے جانے کا عمل یا کیفیت (جس سے پہلے اسرافیل فرشتہ صور پھونکے گا اور اس کی آواز سے سب مردے زندہ ہو کر قبروں سے اٹھ کھڑے ہوں گے) .۳. وہ لشکر جس میں حضور نے بنفس نفیس تشریف لے جانے کی بجائے صحابہ کو بھیجا .۴. تحریک ، ترغیب ؛ باعث ، مقصد ، غرض ؛ سفیر بنا کر بھیجنے کا عمل . [ع] .

بعث اموات امذ . مردوں کے قبر سے اٹھائے جانے کا عمل .

بِعْثَت (کس رج ب ، سک ع ، فت ث) امث .
۱. پیغمبر بنا کر بھیجے جانے کا عمل .۲. رسالت ، رسالت کا زمانہ . [ع] .

بَعْد (فت ب ، سک ع) (الف) ظرف زمان .
(زمانے کے اعتبار سے) پیچھے ، قبل کی ضد . (ب) امذ . مؤخر زمانہ ، پیچھے کا دور . [ع] .

بعداز م ف . کے بعد ، سے بعد .

بعد ازاں م ف . اس کے بعد ، اس کے پیچھے .

بعد از خرابی بسیار فارسی فقرہ اردو میں مستعمل . مصیبتیں اٹھانے کے بعد ، بڑی دقت سے ، تکلیفیں سہنے کے بعد ، آفتوں میں مبتلا ہونے کے بعد .

بعد از خرابی بصرہ فارسی فقرہ اردو میں مستعمل . بڑی مشکل سے ، بڑی دقت سے ، بڑے نقصان کے بعد .

بعد از مرگ واویلا فارسی فقرہ اردو میں مستعمل . وقت گزرنے کے بعد شور غوغا سے کیا فائدہ !

بعد ازیں م ف . دیکھیے : بعد ازاں .

بَعْدَہٗ (فت ب ، سک ع ، فت د ، ضم ہ باشباع) م ف .
اس کے بعد ، پھر . [ع] .

بُعْد (ضم رج ب ، سک ع) امذ .
فاصلہ ، دوری (مکانی ہو یا زمانی) . [ع] .

بعد المشرقین امذ .۱. مشرق و مغرب کا فاصلہ ، بے حد فاصلہ ؛ فرق ، بڑا تفاوت .۲. مشرق کے اُس سرے کا جہاں سردی پڑتی ہے اور اس سرے کا جہاں گرمی پڑتی ہے .

بَعْض (فت ب ، سک ع) صف .
چند ، کچھ . [ع] .

بعض اوقات م ف . کسی وقت ، کبھی .

بَعْضاً (فت ب ، سک ع ، تن ض بفت) م ف .
بعض وقت ، کبھی کبھی ، کسی کسی وقت . [ع] .

بَعْضے (فت ب ، سک ع) صف .
بعضا کی مغیرہ صورت یا جمع .

بَعِید (فت ب ، ی مع) صف .
دور ، جو فاصلے پر ہو ؛ الگ جدا ؛ ناممکن ، محال ، غیر متوقع ؛ خلاف عادت [ع] .

بعید العقل صف . جسے عقل قبول نہ کرے ، بعید از عقل ، غیر معقول بے ہودہ ، بے معنی .

بعید القیاس صف .۱. عقل و فہم سے دور ، ذوق کے نزدیک نادرست جسے عقل تسلیم نہ کرے ، بظاہر ناممکن .۲. (کنایۃً) بہت زیادہ .

بَغاوَت (فت ب ، و) امث .
۱. سرکشی ، نافرمانی ، غداری ، روگردانی ، مخالفت .۲. حکومت وقت کے

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، رج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

خلاف اجتماعی طور پر قانون شکنی یا ایجی ٹیشن ، بلوہ ، لوٹ مار ، تشدد ، فساد [ع] . اف : کرنا / ہونا .

بغاوت پھوٹنا محاورہ . خفیہ بغاوت کا ظاہر ہونا ، یکا یک بغاوت شروع ہو جانا .

بَغْبَغا (فت ب ، سک غ ، فت ب) اند .
ا. (i) وہ گوشت جو موٹاپے کی وجہ سے انسان کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکا رہتا ہے ، گردن کے نیچے کا بل جو اکثر فربہی کے باعث پڑ جاتا ہے .
(ii) اونٹ بیل یا دوسرے جانوروں یا پرندوں کے نیچے لٹکتی ہوئی کھال . ۲. پھولے ہوئے پروں کی گردن والا کبوتر ، وہ کبوتر جس کی گردن پر پروں کا گچھا ہو . [ع] .

بَغْبَغانا (فت ب ، سک غ ، فت ب) ف ل .
ا. کبوتر یا اونٹ کا مست ہوکر آواز نکالنا . ۲. درد یا تکلیف سے اونٹ کی طرح بلبلانا . [حکایت الصوت] .

بُغْچَہ (ضم ب ، سک غ ، فت چ) اند .
گٹھری ، جامہ بند ، وہ کپڑا جس کے اندر کپڑے باندھتے ہیں . [ت] .

بُغْچی (ضم ب ، سک غ) است .
چھوٹی گٹھری ، پوٹلی .

بُغْدا (ضم ب ، سک غ) اند ؛ ~ بغدہ .
ا. (قصاب کا) وہ چھرا جس سے قصاب گوشت کا قیمہ بناتے اور ہڈی توڑتے ہیں . ۲. قصاب کے بغدے کی طرح چوڑی اور وزنی تلوار ، ساطور . [ت] .

بَغْدادی (فت ب ، سک غ) صف .
عراق کے شہر بغداد کی طرف منسوب ، ترکیبات میں مستعمل . [ف] .

بغدادی قاعدہ اند . حروف تہجی کی ابتدائی کتاب جو قرآن شریف شروع کرنے سے پہلے عموماً بچوں کو پڑھائی جاتی ہے .

بُغْض (ضم ب ، سک غ) اند .
دشمنی ، عداوت ، کینہ ، حسد ، بیر . اف : رکھنا / رہنا / کرنا / نکالنا / ہونا . [ع] .

بغض للہ / لِلّٰہی اند . خدا واسطے کی دشمنی ، ناحق کا بیر ، بلا وجہ عداوت .

بَغَل (فت ب ، غ) (الف) است .
ا. شانے کے نچلے حصے کا گڑھا جو بازو کے اندرونی حصے سے ڈھکا رہتا ہے ، کانکھ . ۲. پہلو ، گود . ۳. انگرکھے ، کُرتے ، اچکن اور شیروانی وغیرہ کی آستین اور کلیوں کے درمیان سلا ہوا چوکور ٹکڑا . (ب) م ف . ا. ایک طرف ، کنارے ، علیحدہ . ۲. (دائیں بائیں) جانب ، طرف . [ف] .

بغل بجانا ف مر ؛ محاورہ . دیکھیے : بغلیں بجانا جو زیادہ مستعمل ہے .

بغل بچہ اند . ا. تقریباً دو تین سال کا بچہ جسے آسانی سے گود میں لیا جا سکے . ۲. پٹھو ، کٹھ پتلی .

بغل بُجّہ اند . بغل کے نیچے کا ابھرا ہوا گوشت جو سینے تک پھیلا ہوتا ہے .

بغل گرم کرنا محاورہ . پہلو میں لیٹنا ، ساتھ سونا .

بغل گرم ہونا محاورہ . ہم آغوش ہونا ، گلے لگنا .

بغل گیر ہونا محاورہ . گلے ملنا ، معانقہ کرنا ، ہم آغوش ہونا .

بغل میں م ف (مضاف الیہ سے مل کر) . قریب ، برابر ، متصل .

بغل میں بچہ (لڑکا) شہر میں ڈھنڈورا (ڈھنڈھیا) کہاوت . چیز تو پاس ہے اور دنیا بھر میں اس کی تلاش ہو رہی ہے .

بغل میں چھری ، منھ میں رام رام کہاوت . منافقت کرنے والے کے لیے مستعمل جو بہ ظاہر دین داری کا پرچار کرے لیکن دل میں کپٹ رکھتا ہو ، بہ ظاہر دوست بہ باطن دشمن جانی .

بَغْلول (فت ب ، سک غ ، وج) صف .
ا. احمق ، بدھو . ۲. چھچھورا ؛ بے ہودہ . [ہ] .

بَغْلی (فت ب ، سک غ) . (الف) صف .
بغل سے منسوب : جو قریب یا پہلو میں ہو . (ب) است . ا. کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کی بغل کے نیچے سے ہوکر پیٹھ پر آجاتے ہیں . ۲. مگدر ہلانے کا ایک طریقہ جس میں ہر مگدر کو کندھے سے نیچے تک لا کر پھر اوپر لے جاتے ہیں . اف : نکالنا . ۳. تلے دانی جس میں عورتیں سوئی تاگا رکھتی ہیں اور بیشتر بغل میں دابے رہتی ہیں . ۴. فقیر کی جھولی ، زنبیل . ۵. ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ . ۶. پرندے کا منھ چھپانے کی کیفیت . ۷. ایک خاص طرح کی قبر جو قبر کے گڑھے کے بغلی پاکھے کو کھود کر کھو کی شکل بنائی جاتی ہے . ۸. تکیہ جو بغل میں رکھا

جاتا ہے، بغلی تکیہ. ۹. حمائل شریف، چھوٹے سائز کا قرآن پاک.

بَغلیں (فت ب، سک غ، ی مج) است.
دیکھیے: بغل کی جمع اور ترکیبات میں مستعمل.

بغلیں بجانا محاورہ. ۱. (خوشی سے) اچھلنا کودنا. ۲. فخر کرنا، اترانا. ۳. بازوؤں کو حرکت دے کر بغلوں سے آواز پیدا کرنا (عموماً خوشی یا دوسرے کا مذاق اڑانے کے موقع پر).

بغلیں جھانکنا محاورہ. ۱. سٹ پٹا جانا، جواب بن نہ پڑنا، لاجواب ہو جانا. ۲. شرمندہ ہونا، نادم ہونا، محجوب ہونا. ۳. حیران ہونا، منھ تکنا. ۴. بھاگنے کا موقع تلاش کرنا.

بَغیچہ (فت ب، ی مع، فت چ) اند.
باغ کی تصغیر. [ا + ف].

بَفا (فت ب) است: اند.
(بھوسی) خشکی جو انسان کے سر سے نکلتی ہے.

بَقا (فت ب) است: اند.
۱. زندگی، وجود، فنا کی ضد. ۲. پائداری، ہمیشگی. [ع].

بقاے باہم / باہمی است. باہمی تعاون، باہم مل جل کر رہنا.

بقاے دَوام اند. ہمیشہ قائم رہنے والی زندگی، حیات جاودانی جو کسی یادگار یا کارنامے کی بنا پر ملتی ہے.

بَقّال (فت ب، شد نیز بلا شد ق) اند.
۱. بنیا، غلہ فروش؛ ترہ فروش، کنجڑا. ۲. مہاجن، سیٹھ. [ف].

بَقایا (فت ب) صف: ج.
۱. بچا کھچا. ۲. واجب الادا رقم جو باقی رہ گئی ہو. اف: پڑنا/رہنا/نکالنا/نکلنا/ہونا. [ع].

بُقچہ (ضم ب، سک ق، فت چ) اند.
بُغچہ، کپڑا جس کے اندر کپڑے باندھتے ہیں، گٹھری.

بُقچی (ضم ب، سک ق، ی مع) است.
۱. بقچہ کی تصغیر. ۲. فن کشتی کا ایک داؤں جس میں مقابل اپنے حریف کا سر اس کے پاؤں سے ملا کر اسے ایک گٹھری کی طرح باندھ دیتا ہے.

بَقَر (فت ب ق) اند: است.
۱. گائے، بیل. ۲. سورۂ فاتحہ کے بعد کلام پاک کی سورت جو مدینہ میں نازل ہوئی. [ع].

بقر عید است. دیکھیے: بقرا عید، بڑی عید جو حج کے بعد حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کی یاد میں مسلمانوں پر فرض ہے.

بُقراط (ضم ب، سک ق) اند.
۱. یونان کا ایک عقل مند طبیب (۴۷۰ قبل مسیح) اور ادبیات میں مستعمل. ۲. عالم، فاضل، دانا. ۳. استاد کامل، ماہر. ۴. (طنزیہ) (علم و فضل کا بے جا دعویٰ کرنے والا) جاہل، نافہم. [ع یو].

بقر (بقرا) عید است:- بقرعید. مسلمانوں کی عید جو دسویں ذی الحجہ کو منائی جاتی ہے اور جس میں بھیڑ گائے یا بکرا/ بکری وغیرہ کی قربانی ہوتی.

بَقَرہ (فت ب، ق، ر) است.
۱. گائے. ۲. (تصوف) نفس کو کہتے ہیں جو ریاضت اور مجاہدے کے واسطے مستعد ہو. [ع].

بُقعہ (ضم ب، سک ق، فت ع) اند.
۱. جگہ، زمین کا وہ ٹکڑا جو اور ٹکڑوں سے ممتاز ہو، قطعہ ارض. ۲. گھر مکان. ۳. خانقاہ، مندر، کوئی متبرک مقام. ۴. (امراض چشم) داغ دھبا (جو آنکھ کے ڈھیلے میں ہو). ۵. ہالا، گرداگرد، جیسے بقعۂ نور. [ع].

بَقِیّات (فت ب، کس ق، شد ی) اند.
دیکھیے: بقیہ کی جمع.

بَقِیّہ (فت ب، کس ق، شد ی) صف. بقیۃ (ترکیب میں).
۱. باقی، بچا کھچا. ۲. چنا ہوا، منتخب کیا ہوا، پسندیدہ؛ نشانی. [ع].

بَک (فت ب) است:
بکواس، یاوہ گوئی. [س].

بک بک است. بہت بکواس، مسلسل یاوہ گوئی. اف: کرنا/لگانا/مچانا

بک بک جھک جھک است. بکواس، تکرار.

بک بک کرنا ف مر. زیادہ باتیں کرنا، فضول اور بے معنی باتیں کرنا

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک = سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بُک (ضم ب) اند.
کتاب، رجسٹر، نوٹ بک. [انگ].
بک اسٹال است. کتابوں اور رسالوں کی عارضی دکان (خصوصاً ریل غیرہ کے اسٹیشن پر).
بُکا (ضم ب) است.
گریہ و زاری، رونے اور آنسو بہانے کا عمل، آہ کے ساتھ مستعمل ہے. [ع].
بَکارت (فت ب، ر) است.
کنوار پن، دوشیزگی. [ع].
بِکاو / بِکاؤ (کس ب، و مع) صف؛ اند.
بکنے یا بیچنے کا عمل، قابل فروخت.
بِکتَر (کس ب، فت ک) اند.
لوہے کے تاروں سے کڑی دار بنی ہوئی ایک نیم آستین زرہ جو دشمن سے مقابلے کے وقت زرہ یا ریشمی لبادے کے اوپر پہن لی جاتی ہے. [ف].
بکتر بند صف. وہ سپاہی یا سپاہیوں کی گاڑی جو جسم کو اسلحہ کی زد سے بچانے والے سازوسامان سے لیس ہو.
بِکٹ (فت ب، کس ک) است.
ڈول، کنویں وغیرہ سے پانی نکالنے کا ایک خاص وضع کا ظرف؛ پانی اناج وغیرہ کو اوپر لے جانے والی مشین کا وہ حصہ جو ڈول سے مشابہ ہوتا ہے، بالائی منزلوں پر پانی پہنچانے والے پمپ کا فشارہ. [انگ].
بِکٹ (۱) (کس ب، فت ک) صف.
۱. کٹھن، سخت، مشکل. ۲. خوف ناک، خطرناک، دشوار گزار، وحشت انگیز. ۳. بڑا، عظیم. ۴. دکھ بھرا، درد ناک، غم انگیز. ۵. سخت کوش، چاق چوبند، ماہر و مشاق. [س].
بِکٹ (۲) (کس ب، فت ک) اند.
محافظ فوجی دستہ، پہرا، چوکی. [ہ].
بَکٹیریا (فت ب، سک ک، ی مع، سک ر) است.
جرثومہ، ایک خوردبینی یک خلوی نامی جس کی بعض اقسام امراض پیدا کرتی ہیں. [انگ].
بَکر (فت ب، سک ک) اند.
فرضی نام 'کوئی' یا 'کسی' کے معنی میں (عموماً زید کے ساتھ مستعمل). [ع].
بِکر (کس ب، سک ک) (الف) اند.
۱. دوشیزگی، کنوار پن. اف: توڑنا / ٹوٹنا (ب) صف. ۱. دوشیزہ کنواری. ۲. (مجازاً) اچھوتا، نادر. [ع].
بَکرا (فت ب، سک ر) اند.
۱. تقریباً دو فٹ اونچا اور تین فٹ لمبا ایک (نر) چوپایہ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے اور مادہ کا دودھ پیا جاتا ہے ہرن سے مشابہ جانور. [س].
بُکرَم (ضم ب، سک ک، فت ر) اند.
دبیز اور موٹا کپڑا جس کو آہار لگا کر سخت کر لیا جاتا اور کالر یا گلے وغیرہ کی تہ میں اس غرض سے لگایا جاتا ہے کہ سختی پیدا ہو جائے اور مڑے نہیں سوت یا سنتی کا کپڑا. [انگ].
بَکری (فت ب، سک) (الف) است.
بکرا کی تانیث. (ب) صف. (مجازاً) مسکین، غریب.
بکری اور شیر کا ایک گھاٹ پانی پینا محاورہ. عدل و انصاف کا دور دورہ ہونا، حکومت کے عدل و انصاف کے باعث ظالموں کا اپنے ظلم و ستم سے باز آنا.
بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنی (مینگنیوں) بھرا کہاوت. اس موقع پر مستعمل جب کوئی شخص کام بنا کر بگاڑ دے یا کوئی ایسی چیز ملے جو کام کی نہ ہو.
بِکری (کس ب، سک ک) است.
۱. فروخت، مال کی نکاسی. ۲. آمدنی جو کسی چیز کی فروخت سے حاصل ہو. ۳. طلب، مانگ. [س].
بَکرے (فت ب، سک ک) اند، ج.
بکرا کی جمع اور مغیرہ حالت (ترکیب میں مستعمل).
بکرے کی ماں کب تک (تلک) خیر منائے گی کہاوت. ۱. جو مصیبت

مقدر میں ہے ضرور آئے گی ۔۲. بد آدمی ضرور اپنی بدی کا نتیجہ بھگتے گا ۔

بکس / بکس (فت ب، ک / سک ک) اند.
۱. صندوق ، پیٹی ۔۲. (i) ڈبا ۔ (ii) ڈبیا ۔۳. تھیٹر یا کسی تفریح گاہ میں علیحدہ نشست گاہ ۔ [انگ] ۔

بکسا (۱) (فت ب، سک ک) صف.
کسیلا ، بدمزہ ۔ [س] ۔

بکسا (۲) (فت ب، سک ک) اند.
دیکھیے : بکس / بکس جس کا یہ عوامی تلفظ ہے ۔

بکساہٹ (فت ب، سک ک، فت ہ) است.
کسیلا پن ۔

بکسُوا (فت ب، سک ک، ضم س) اند.
۱. لوہے کا حلقہ جس کے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کے لیے کانٹا لگا رہتا ہے ۔۲. سیفٹی پن ۔ [انگ] ۔

بُکّل (ضم ب، شد ک بفت) است.
دوپٹے کی لپیٹ ، دوپٹے یا چادر کا ایک پلہ ایک طرف سے دوسری طرف کو پس پشت ڈال لینے کا عمل (جس سے بازو ، چھاتی ، پیٹ ، پیٹھ ، سر اور منھ سب چھپ جاتے ہیں) ۔ اف : مارنا ۔ [س] ۔

بُکْمٌ (ضم ب، سک ک) صف، ج.
گونگے (عموماً صم کے ساتھ مستعمل) ۔ [ع] ۔

بکنا (فت ب، سک ک) ف ل.
۱. منھ ہی منھ میں کہنا ۔۲. بکواس کرنا ، مہمل بات کہنا ۔۳. منھ سے نکالنا ، زبان سے کہنا (نازیبا بات کے لیے) ۔۴. برا بھلا کہنا ، ڈانٹنا ۔ [ار] ۔

بِکنا (کس ب، سک ک) ف ل.
۱. فروخت ہونا ، بیچا جانا ۔۲. (مجازاً) کسی کا ہو رہنا ، غلام کی طرح فرماں بردار ہو جانا ، مطیع ہونا ۔۳. رشوت قبول کر کے انصاف اور استحقاق کے خلاف کسی کا کام کرنا ۔ [س] ۔

بُکنگ (ضم ب، کس ک، غنہ) است.
ریل ، جہاز یا سینما وغیرہ کا ٹکٹ جاری کرنے ، سامان کی بلٹی بنانے آرڈر درج کرنے کا عمل ۔ [انگ] ۔

بِکنی (کس ب، سک ک) است.
نہاتے وقت پہننے کا ایک زنانہ لباس جس کا بالائی حصہ پستانوں کو اور زیریں حصہ شرم گاہ کو چھپائے رکھتا ہے ۔ [انگ] ۔

بکواس (فت ب، سک ک) است.
۱. بک بک ، بے ہودہ بات ، بے تکی باتیں ، فضول گوئی ۔۲. بے کار اور فضول کام ۔ اف : کرنا / ہونا ۔

بِکّی (کس ب، شد ک) اند.
(کھیل) ۱. ساتھی ، ساجھی ۔۲. کھیل میں ہار جیت کے لیے رشوت کے ذریعے فیصلہ اپنے مطابق کرانا ۔ [س] ۔

بکھان (فت ب) اند.
۱. تشریح ، توضیح ، تفسیر ۔۲. تعریف ، توصیف ، حمد ۔۳. ذکر ، بیان ، خطبہ ، وعظ ، تقریر ۔۴. رسوائی ملامت تشہیر وغیرہ کی بات ، فضیحتا ۔ اف : کرنا ۔ [ہ] ۔

بکھاننا (فت ب، سک ن) م ف.
۱. بات کرنا ، گفتگو کرنا ۔۲. بیان کرنا ، تشریح کرنا ، تفصیل سے کہنا ۔۳. برا بھلا کہنا ، بیان کرنا ۔۴. تعریف کرنا ، اچھے لفظوں میں ذکر کرنا ۔

بِکھرنا (کس ب، فت کھ، سک ر) ف ل.
۱. منتشر ہونا ، پراگندہ ہونا ، الگ الگ ہونا ، پھیل جانا ۔۲. گھبرانا ، ہیجانی کیفیت پیدا ہو جانا ، مضطرب ہو جانا (جی یا ہوش وغیرہ کے لیے) ۔۳. ضد کرنا ، مچلنا ۔۴. بپھرنا ، غصہ میں ہونا ، مشتعل ہو جانا ۔۵. خستگی کے باعث ٹوٹنا ، جزو جزو الگ ہونا ۔۶. جل کر یا سنک کر خستگی سے ٹوٹ جانا ۔۷. غشی طاری ہونا ، حالت دگرگوں ہونا ۔۸. قابو سے باہر ہونا ہاتھ سے نکلنا ۔۹. ضائع ہونا ، خراب ہونا ، تین تیرہ ہونا ۔ [س] ۔

بکھیرنا (فت ب، ی مج، سک ر) ف م.
وہ چیز جو نچھاور کی جائے ؛ منتشر کرنا ، پھیلانا ، (بیج وغیرہ) ۔

بکھیڑا (فت ب، ی مج) اند.
۱. شور وشر ، دنگا ، فتنہ ، فساد ۔۲. (i) لڑائی ، جھگڑا ۔ (ii) تکرار ، حجت وقت ، مشکل ، دشواری ، تکلیف ۔۳. الجھاؤ ، جھمیلے کا معاملہ ۔۴. کام دھندا کاروبار ، دنیا کے مشاغل (جو غیر معمولی ہوں) ۔۵. انتشار ، تردد ، اندیشہ ۔۶. مال اسباب ۔۷. پیچ ، تکلیف ، مشکل ، طول امل ۔۸. نااتفاقی ، اختلاف

تضاد . ۹. فن ، چالاکی . ۱۰. ناخوش گوار طریقہ ، ایذا رساں ڈھنگ . ۱۱. تعلقات دنیاوی (جو موجب تکلیف ہوں) . ۱۲. روک ، مزاحمت . ۱۳. وہ بلا یا مصیبت جو کسی طرح نہ ٹلے اور اس میں آئے دن کی پریشانی ہو . [س] .

بکھیڑا پالنا محاورہ.
بلاوجہ کا جھگڑا یا جنجال مول لینا ، بلا اپنے سر لینا .

بکھیڑا کرنا محاورہ. طول امل کی صورت پیدا کرنا، کام اس طرح پھیلانا کہ ختم ہونے کا نام نہ لے ، غیر معمولی مشغولیت میں خود کو ڈالنا، طوالت دینا ؛ جھگڑنا ، دنگا فساد مچانا ؛ جوڑ توڑ کرنا ؛ اہتمام یا بندوبست کرنا .

بکھیڑا کھڑا کرنا محاورہ. بلاوجہ کوئی پیچیدگی پیدا کر دینا ، فتنہ برپا کرنا، کام میں کام یا نیا کام پیدا کرنا .

بِک ٹُٹ/ ٹُوٹ (فت ب ، ضم ٹ / و مع) صف.
بہت تیز ، بے تحاشا دوڑتا ہوا ، سرپٹ (گھوڑا) ؛ استعارۃً .

بِگاڑ (کس ب) امذ.
۱. خرابی . ۲. (i) دشمنی . (ii) رنجش . ۳. ہیئت میں تبدیلی .
اف: کرنا/ ہونا. [س] .

بگاڑ ڈالنا محاورہ. آپس میں دشمنی پیدا کرا دینا، ایک کو دوسرے سے لڑا دینا.

بِگاڑا (کس ب) امذ.
بگاڑا ہوا ، خراب کیا ہوا (اکثر بطور جمع مستعمل) .

بگاڑنا (کس ج ب ، سک ڑ) ف م.
۱. کسی چیز کی موجودہ صورت میں خرابی پیدا کر دینا ، خوش نمائی برقرار نہ رکھنا . ۲. رنجش پیدا کرنا ، جھگڑا پیدا کرنا ، مخالف بنانا . ۳. ہیئت بدل دینا ، شکل مسخ کر دینا . ۴. خلل ڈالنا . ۵. نقصان پہنچانا (اکثر سوالیہ جملے میں) . ۶. مٹانا ، فنا کرنا ، تباہ کرنا . ۷. تلف کرنا ، ضائع کرنا ، بے جا صرف کرنا . ۸. بداخلاق اور آوارہ بنا دینا . ۹. فاسد کرنا برائی کی طرف راغب کرنا (دل وغیرہ کو) . ۱۰. خود کو تنزل میں ڈالنا ، اپنے آپ کو مالی ، اخلاقی ، ثقافتی اور ہر قسم کی پستی میں گرانا . ۱۱. ساتھ نہ دینا ، (کسی کے) مطابق کام نہ کرنا . ۱۲. صفات کے ساتھ مل کر (محاورے یا فعل مرکب میں) حسب سیاق و سباق مختلف معانی میں مستعمل ، (جیسے : دماغ بگاڑنا ، عادت بگاڑنا ، گھر بگاڑنا) .

بگڑا (کس ب ، سک گ) صف.
بگڑنا کا حالیۂ تمام اور ترکیبات میں مستعمل .

بگڑا بیٹا کھوٹا پیسہ کبھی نہ کبھی کام آہی جاتا ہے کہاوت. اپنی چیز کیسی ہی خراب ہو کسی نہ کسی وقت ضرورت میں کام دے جاتی ہے .

بگڑنا (کس ب ، فت گ ، سک ڑ) ف ل.
۱. کسی چیز کی صورت موجودہ میں خرابی پیدا ہونا ، موجودہ خوش گواری یا خوش نمائی برقرار نہ رہنا جیسے : رنجش پیدا ہونا جھگڑا ہو جانا، مخالف بننا ، تعلقات خراب ہو جانا (کسی سے) . ۲. بدہیئت ہو جانا ، شکل مسخ ہونا . ۳. بے نتیجہ بے مصرف یا لاحاصل بن جانا ، حسب مراد نہ ہونا ، خاک میں مل جانا ، خلل پڑنا ، رخنہ پڑنا . ۴. نقصان پہنچنا یا ہونا (بیشتر استفہام کے ساتھ) . ۵. مخالف ہو جانا، ان بن ہو جانا . ۶. مٹنا، فنا ہونا ، تباہ ہونا . ۷. تلف ہونا ، ضائع ہونا ، کھو جانا ، بے جا صرف ہونا . ۸. بے سرا ہو جانا . ۹. بداخلاق ہونا ، آوارہ ہونا . ۱۰. مفلس یا غریب ہو جانا . ۱۱. فاسد ہونا ، برائی کی طرف راغب ہونا . ۱۲. کھانے پینے کی چیز میں خرابی پیدا ہونا ، بدمزہ یا بدبو ہونا ، گلنا سڑنا . ۱۳. ناقص یا بے کار ہو جانا ، خرابی پیدا ہو جانا ، نکما ہو جانا ، کام کا نہ ہونا . ۱۴. تنزل ہونا ، مالی اخلاقی اور ثقافتی ہر قسم کی پستی ہو جانا . ۱۵. حق رفاقت ادا نہ ہونا ، (کسی کے) مطابق منشا (بات یا کام نہ ہونا) . ۱۶. غصے میں ہونا ، خفا یا ناراض ہونا ، باغی ہو جانا . ۱۷. بدنظمی یا غفلت سے ابتر ہونا . ۱۸. حسب مراد نہ ہونا ، خلاف ہونا . ۱۹. مرض کا خطرناک صورت اختیار کرنا . ۲۰. گھوڑے وغیرہ کا سواری میں بدلگام ہو جانا ، قابو سے باہر ہو جانا . [س] .

بگڑی (کس ب ، سک گ) صف ، مث .
بگڑا کی تانیث : نقصان ، خسارہ ؛ ان بن ، نا اتفاقی ؛ لڑائی ، جنگ ؛ غربت ، مصیبت ، تنگ دستی ؛ بدقسمتی ، بدنصیبی کا زمانہ .

بگڑی بات بنانا محاورہ. خراب ہوئے کام کو ٹھیک کرنا ، گئی ہوئی ساکھ پھر قائم کر لینا .

بگڑی بنانا محاورہ. بدطالعی دور کرنا ، مصیبت اور افلاس کو ٹالنا .

بگڑی بَننا محاورہ. بگڑی بنانا کا لازم.

بگڑے (کس ب، سک گ) صف، ج.
بگڑا کی جمع اور مغیرہ صورت، ترکیبات میں مستعمل.

بگڑے امیر/ رئیس اند. وہ رئیس جو اپنی فضول خرچیوں کے باعث تباہ ہو گیا ہو اور عادتیں وہی ریاست کی برقرار ہوں.

بِگُل (کس ب، ضم گ) اند.
منھ سے بجانے کا ایک باجا جو کسی اعلان کے موقع پر (زیادہ تر) پولیس اور فوج میں مختلف پیغامات و اشارات دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے، قرنا، ترم.

بگل بجانا/ بجنا محاورہ. اعلان کرنا، بہ بانگ دہل کہنا.

بگُلا/ بگُلہ (فت ب، سک گ/ فت ل). (الف) اند.
۱. ایک آبی پرند جس کا رنگ نہایت سفید اور گردن لمبی ہوتی ہے اکثر پانی کے کنارے رہتا اور مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے. ۲. سفید کاغذ کی پتنگ. ۳. ایک قسم کا پھول جس کا رنگ سفید ہوتا ہے. ۴. ایک قسم کی کشتی یا بحری جہاز جو دور سے بگلے کی شکل کا نظر آتا ہے. (ب) صف.
نہایت سفید، بہت اجلا. [س].

بگلا بھگت صف. وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں بد ہو، مکار، بدظن، منافق، بدنیت.

بگُولا (فت ب، و مع) اند. :- بگولہ؛ بگھولا.
۱. گرد و غبار لیے ہوئے چکر کھاتی ہوئی ہوا، گردباد. ۲. غول بیابانی.
اف: اٹھنا. [س].

بگّی (فت ب، شد گ) است.
چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی جس میں کوچوان کی نشست ذرا اونچی ہوتی ہے. [انگ].

بگیا (فت ب، سک گ) است.
باغیچہ، چھوٹا باغ.

بگھار (فت ب) اند.
۱. گھی یا تیل جس میں پیاز بڑی الائچی یا زیرہ لہسن وغیرہ ڈال کر مختلف دال سالن یا کھانوں میں داغ کیا جائے. ۲. (مجازاً) شیخی یا ڈینگ کی بات جو اصل مقصد کی بات میں کچھ نمک مرچ کی آمیزش کر کے کہی جائے. اف: دینا/ ڈالنا/ لگانا.

بگھارنا (فت ب، سک ر) ف م.
۱. گھی یا تیل میں پیاز لہسن یا زیرے وغیرہ میں داغ کر کے ترکاری دال وغیرہ میں ڈالنا. ۲. کسی مسئلہ میں قابلیت کی بے جا نمائش کرنا ۳. شیخی مار کر کوئی دعویٰ کرنا، شیخی مارنا. [س].

بگھارے (فت ب) صف.
بگھارا کی جمع، جیسے: بگھارے بینگن، بگھارے چاول.

بَل (۱) (فت ب) اند.
۱. زور، طاقت، قدرت ۲. دل کی مضبوطی، ہمت، ڈھارس، برداشت ۳. قابلیت، لیاقت، کسی اثر کو بدل یا رد کرنے کی صلاحیت استعداد مادہ. ۴. پہلو، رخ، بھل. ۵. (i) سہارا، بھروسا، حمایت (بیشتر حرف ربط پر وغیرہ، محذوف). (ii) مہربانی. ۶. غرور، گھمنڈ، خودی خودداری کی اکڑ، زعم. ۷. تیزی، تندی، سختی، زبردستی؛ کوشش جدوجہد، جتن، فربہی؛ موٹاپا بوجھ اٹھانے کی سکت؛ برداشت؛ بیج شہوت، باہ؛ دوا؛ ورن نام کا درخت؛ وجاہت، رونق؛ کوا؛ خون ہاتھ؛ (چہرے کا) نور. ۸. قابو، اختیار. ۹. فوج، لشکر، جیسے: بل پتی بل مکھ. [س].

بل آنا محاورہ. طاقت یا قوت پیدا ہو جانا.

بل ہونا اند. ۱. طاقت، ہمت؛ لیاقت ۲. آسرا، سہارا، حمایت.

بل پر کودنا محاورہ. سہارے پر نازاں ہونا، بھروسے پر اترانا، حمایت پر اکڑنا.

بل دار صف. طاقت ور.

بل نکالنا/ نکلنا محاورہ. بل نکلنا کا تعدیہ، اکڑفوں ختم کرنا، زور ٹو غرور دور ہونا، شیخی کرکری ہو جانا.

بَل (۲) (فت ب) اند.
۱. (i) تلوار یا دوسرے آہنی اسلحہ و آلات کی کجی، وہ بال بھر نازک سی ناہمواری جو کسی بے احتیاطی سے پیدا ہو جائے اور ظاہراً محسوس نہ ہو. (ii) مروڑے جانے سے پیدا شدہ کیفیت، مروڑ

پلیٹ ، اینٹھ . (iii) شکن ، چین ، بٹ . (iv) خم ، خمیدگی ، بانک ، ٹیڑھ . (v) موچ . (vi) کج روی ، حسب مراد نہ ہونے کی کیفیت . (vii) پھیرا ، لپیٹ (کسی چیز پر کوئی تلی وغیرہ لپیٹنے کی صورت میں) . ۲. پیچ و تاب ، الجھاوا (استعارۃً) فکر و تردد . ۳. کمی ، کسر . ۴. کشیدگی ، رنجش ، کینہ . [س] .

بل آنا محاورہ . ۱. ٹیڑھا ہونا ، خم آ جانا ، شکن پڑنا ؛ موچ آنا . ۲. فرق آنا ، خلل پڑنا . ۳. حساب میں میزان کا برابر نہ ہونا ؛ اینٹھ آنا .

بل بل جانا محاورہ . قربان ہونا ، واری ہونا .

بل پڑنا محاورہ . ۱. فرق ہونا . ۲. رکاوٹ ہونا . ۳. کجی ہو جانا . ۴. شکن پڑنا ، بٹ پیدا ہو جانا . ۵. حساب میں کمی بیشی ہونا ، میزان نہ ملنا . ۶. بگاڑ پڑنا ، ان بن ہونا ، نفاق ہونا . ۷. پیچیدگی پیدا ہونا ، خرابی آنا .

بل دار صف . پیچ دار ، مروڑا ہوا ، بٹا ہوا .

بل دینا محاورہ . ۱. مروڑنا ، خم دینا . ۲. قربانی کرنا ، بلی دان کرنا .

بل کھانا محاورہ . ۱. پیچ و تاب کھانا ، غصے میں جھنجلانا . ۲. ٹیڑھا ہونا ، پیچ و تاب کھانا .

بل کھلنا / کھولنا محاورہ . خم نکلنا ، سیدھا ہونا ، مروڑ ادھڑنا ، پیچ کھلنا ، سلجھنا ، صاف ہو جانا ، رنجش رفع ہو جانا ، گھمنڈ دور ہونا ، غصہ رفع ہونا .

بل نکالنا/نکلنا محاورہ . کجی کو دور کرنا ، پیچ کھلنا . ۲. حساب صاف ہو جانا .

بِل (۱) (کس ب) اند .

۱. زمین کا وہ سوراخ یا بھٹ جو کسی جانور یا کیڑے کا مسکن ہو (جیسے سانپ کا بل) . ۲. (مجازاً) تنگ و تاریک مکان کمرہ وغیرہ ، محدود جگہ یا علاقہ (وسیع کے مقابلے میں) . [س] .

بِل (۲) (کس ب) اند .

فردِ حساب ، وصول شدنی رقم کی تفصیل جو اس شخص یا جماعت کے نام بنائی جائے جس پر واجب الادا ہو (جیسے : مہینے بھر کے کھانے کا بل) ، قبض الوصول (جیسے : تنخواہ کا بل) .

بُل (۱) (ضم ب) اند .

۱. بیل ، سانڈ . ۲. ایک کھیل کا نام جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک بارہ خانوں والے مربع تختے پر ایک سے دس تک کے اعداد بے ترتیبی سے لکھے جاتے ہیں ، اور دو خانوں میں بیل کی تصویر بنی ہوتی ہے ہر کھلاڑی کے ہاتھ میں جست کی چھ چھ گٹیاں ہوتی ہیں ، جو شخص ایسے خانوں میں گٹیاں ڈال دے جن کے اعداد کا مجموعہ اکتیس ہو تو وہ میری ہو جاتا ہے . [انگ] .

بَلا (فت ب) . (الف) امث .

۱. آفت ، مصیبت ، قہر ، غضب . ۲. آسیب ، سایہ ، بھوت پریت ، چڑیل ، ڈائن . ۳. سختی ، زحمت ، مشکل ، آزمائش ، ابتلا . ۴. جوتی (اظہار بے پروائی کے لیے) ۵. بے اہمیت ، اور حقیر چیز یا بات . ۶. آزمائش ، ابتلا . ۷. (تصوف) وہ چیز جو حق کی طرف متوجہ ہونے کے مانع ہو اور دوئی اور غیریت کے خیالات فاسدہ پیدا کرے . (قدیم) غم ، سوگ ، ماتم . ۸. الجھانے والی چیز ، مائل کرنے والی شے ، (مجازاً) پھندا ؛ لت . (ب) صف . ۱. غضب کا ، زور دار . ۲. چالاک ، مشاق ، تیز . ۳. ازحد ، نہایت ، بہت ہی زیادہ . ۴. کریہہ المنظر ، بدشکل ، بھیانک شکل کا . ۵. خوف ناک . [ع] .

بلا پیچھے لگانا/ لگنا محاورہ . آفت یا مصیبت میں مبتلا کرنا یا ڈالنا ، جھگڑے یا عذاب میں پھنسانا .

بلا ٹالنا محاورہ . بلا پھرانا ، مصیبت دور کرنا .

بلا جانے فقرہ . کچھ خبر نہیں ، پروا نہیں ، جوتی سے (بے پروائی ظاہر کرنے کے موقع پر مستعمل) .

بلا خیز صف . مصیبت لانے والا ، آفت ڈھانے والا .

بلا سر پر آنا/ پڑنا محاورہ . مصیبت نازل ہونا ؛ جھگڑا یا ذمہ داری کسی کے ذمے عائد ہونا .

بلا سر سے ٹالنا محاورہ . مصیبت دور کرنا : ذمے داری سے (کسی نہ کسی طرح) عہدہ برآ ہونا .

بلا سر سے ٹلنا محاورہ . بلا سر سے ٹالنا کا لازم ، مصیبت دور ہونا .

بلا سر لینا محاورہ . مصیبت مول لینا ، ذمے داری کو بلاوجہ بڑھانا .

بلا سے م ف . جوتی سے ، بیزار سے ، کچھ پروا نہیں .

بلا کا صف . (کسی وصف میں مبالغے کی حد تک) غضب کا ، انتہا کا ، بہت زیادہ .

بلا نازل ہونا محاورہ. آفت آنا ، مصیبت آنا ، قہر خدا ہونا .

بلا نوش صف. برا بھلا سب ہی کچھ کھا پی جانے والا ، کثرت سے شراب پینے والا .

بلائے آسمانی است. ناگہانی آفت ، وہ مصیبت جس کا سان گمان نہ ہو ، جس کا پہلے سے اندیشہ یا خیال نہ ہو .

بلائے جان صف. ۱.جان کے لیے جنجال .۲.محبوب کے پیچھے پڑ جانے والا.

بلائے ناگہانی صف. دفعۃً نازل شدہ مصیبت جس کا پہلے سے اندیشہ یا خیال نہ ہو .

بِلا (کس ب) حرف نفی. بغیر ، بے ، بن (ترکیب میں عربی فارسی اردو کے اسماء کے ساتھ مستعمل) . [ع].

بلا تکلف صف. بے ساختہ ، فی البدیہہ ، بے روک ٹوک ، برجستہ .

بلا شبہ صف. یقینی ، بغیر شک کے .

بَلّا (فت ب ، شد ل) اند.

(i) ایک خاص وضع اور مقرر سائز کا لکڑی سے بنا ہوا ڈنڈا جس سے کرکٹ کا کھیل کھیلتے ہیں .(ii) دستے دار بیضاوی یا گول تھاپی سے مشابہ دستے دار تختہ جس سے ٹیبل ٹینس کھیلتے ہیں ، جیسے :ٹیبل ٹینس کے بلے کو ریکٹ بھی کہتے ہیں .(iii) گیند پر ضرب لگانے کا ڈنڈا .

بِلّا (۱) (کس ب ، شد ل) اند.

بِلّا (۲) (کس ب ، شد ل) اند !~ بِلّے

۱.کسی دھات یا کپڑے کا ٹکڑا یا فیتہ جو سرکاری ملازمین (خصوصاً فوج اور پولیس والوں) کی وردی پر لگایا جاتا ہے اور اس پر کچھ علامات اور حروف بھی نقش ہوتے ہیں ، تمغہ .۲. فیتہ جو تلوار خنجر یا ریوالور وغیرہ کے دستے میں اس غرض سے باندھتے ہیں کہ میان سے علیحدہ نہ ہو جائے . [س].

بلاٹنگ (پیپر) (کس ب) اند. جاذب ، سیاہی جذب کرنے والا کاغذ ، سیاہی چٹ ، سیاہی چوس . [انگ].

بِلاد (کس ب). (الف) طور جمع ، اند.

بلد کی جمع ؛ (متعدد) شہر .(ب) بطور واحد ، است . ولایت ، سلطنت .

بلاڈونا (کس مج ب ، و مج) اند.

(طب مغربی) ایک دوا جو تشنج سعال اور درد کمر وغیرہ کو نافع ہے ، دھتورا [انگ].

بلاسٹ (کس مج ب ، سک س) اند.

جھکڑ ، تیز ہوا کا جھونکا ؛ بارود کی مقدار جو ایک بار سرنگ اڑانے میں استعمال ہوتی ہے ، بم بلاسٹ . [انگ].

بَلاغت (فت ب ، غ) است.

۱.کلام فصیح کی مقتضائے حال سے مطابقت ، کلام فصیح جو اطناب و ایجاز سے خالی ہو (مجازاً) خوش بیانی ، فصاحت .۲. (ادب) وہ علم جو اعلیٰ درجہ کی خوش بیانی کے قواعد پر مبنی ہو ، معانی بیان اور بدیع پر مبنی علم ، کم از کم الفاظ میں موقع محل کے مطابق زیادہ سے زیادہ مطلب بیان کرنا . [ع].

بلاک (کس ب) (الف) اند.

۱.لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر مقررہ طریقے سے چھپائی کے لیے خطوط حروف یا تصاویر پر کندہ یا منعکس ہوں .۲. پیوستہ یا قطار در قطار مکانات کا سلسلہ.۳. زمین یا آبادی کا وہ حصہ جو کسی مقصد سے اپنی سہولت کے لیے تقسیم کرلیا جائے ، (بلاک اے ، بلاک بی ؛ فصلیں اگانے کے لیے کھیتوں کا بلاک الف یا ب وغیرہ) ؛ ہم مسلک یا ہم خیال لوگوں کا حلقہ (جیسے : اسلامی بلاک ، اشتراکی بلاک) .۴.(کسی بھی چیز کا) بھاری بڑی جسامت کا ٹکڑا ؛ اینٹ یا سیمنٹ یا مٹی کی بنی ہوئی سل (جو تعمیرات کے مصرف میں آئے) ؛ برف کی سل .

۵. (مجازاً) روک ، رکاوٹ ، سدِ راہ .(ب) صف ؛ م ف. بند ، مسدود ، جیسے : راستہ بلاک ہوگیا .اف : کرنا ، ہونا. [انگ].

بلال (کس ب) اند.

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی اور مسجد نبوی کے خوش گلو مؤذن کا نام (ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل) . [ع].

بُلانا (ضم ب) ف م ؛~ بولانا.

۱.طلب کرنا ، آنے کا پیغام بھیجنا ، پکارنا ، آواز دینا .۲. بولنے پر آمادہ یا مجبور کرنا ، زبان کھلوانا .۳. ایسی چھیڑ چھاڑ کرنا جس سے مخاطب غصہ میں بکے یا تلخ جواب دے .۴. پکارنا ، آواز دینا ، موت کا پیغام دینا ، اٹھا لینا .۵.جس حقے کی نے میل وغیرہ سے بند ہو جائے اس

کی نے کو صاف کرنا تاکہ آواز نکلنے لگے، حقہ ابال کر آواز ٹھیک کرنا.

بُلاوا (ضم ب) امذ.

۱. دعوت، نیوتا، طلبی. ۲. پیام مرگ.

بلائیں لینا (فت ب، ی ج) محاورہ.

بلہاری جانا، واری جانا، قربان ہونا (عورتیں جب کسی عزیز کو پیار کرتی ہیں یا کسی سے نہایت خوش ہوتی ہیں تو وہ اپنے دونوں ہاتھ اس کے سر پر پھیر کر اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں رکھ کر چٹخاتی ہیں اور اس سے مراد ہوتی ہے کہ اس کے سر کی تمام بلائیں ہم نے اپنے سر لے لیں).

بَلْب (فت ب، سک ل) امذ.

۱. برقی روشنی کا قمقمہ. ۲. شیشے کی نلی کی بلب نما توسیع یا اس کا پھولا ہوا حصہ ۳. (نباتیات) پیاز یا اس کے مماثل پودوں کے تنوں کا زیر زمین کرہ نما گول حصہ. [انگ].

بُلْبُل (ضم ب، سک ب، ضم ب) امذ؛ امث.

۱. خوش رنگ و خوش آواز پرند جس کے سر کی خوب صورت چوٹی اور سر سیاہ پیٹھ خاکستری اور دم کے نیچے سرخی ہوتی ہے اور جو پھول کا عاشق ہوتا ہے (یہ عموماً ایران میں پایا جاتا ہے، برصغیر میں اس سے ملتا جلتا ایک پرند پایا جاتا ہے جو گلدم کہلاتا ہے. ۲. (مجازاً) عاشق. [ع].

بلبل ہزار داستان امذ. ہزاروں قسم کے دل کش نغمے سنانے والا بلبل، (مجازاً) خوش بیان، خوش کلام (شاعر).

بُلْبُلا (ضم ب، سک ل، ضم ب) امذ؛ ~ بُلبُوا (قدیم).

پانی کا وہ قطرہ جو نصف کروی شکل میں سطح آب پر ہوا بھر جانے سے ابھرتا ہے، حباب، پانی کا بلا (مجازاً) ناپائیدار، فانی نازک چیز. [س].

بَلْبَلانا (فت ب، سک ل، فت ب) ف ل.

۱. اونٹ کا بولنا، مست ہو کر چلانا. ۲. اونٹ کا (یا کسی کا) مستی پر آنا. ۳. ٹرانا، بکواس کرنا، مہمل باتیں کہنا. ۴. جوش مارنا.

بِلْبِلانا (کس ب، سک ل، کس ب) ف ل.

۱. بے قرار ہونا، تڑپنا، کسی دکھ یا تکلیف کی وجہ سے بے تاب ہو کر رونا. ۲. گڑگڑانا، منت و زاری کرنا. ۳. بے کل ہونا، بے چین ہونا.

۴. کسی (شخص یا چیز) کے اشتیاق یا خواہش میں افعال و حرکات سے اضطراب ظاہر کرنا. ۵. بھوک سے مضطرب ہونا یا چیخنا.

بِلْبِلاہَٹ (کس ب، سک ل، کس ب، فت ہ) امث.

بلبلانا سے اسم کیفیت، بے قراری، بے تابی، بے کلی، بے چینی.

بِلْٹی (کس ب، سک ل) امث.

وہ بنڈل جو ریل، جہاز یا ڈاک خانے سے (رسید لے کر) بھیجا جائے. [انگ].

بَلَد (فت ب، ل) امذ.

شہر، بستی. [ع].

بلد الحرام امذ. (لفظاً) قابل حرمت شہر یا بستی، (مراداً) مکہ معظمہ.

بلد امین امذ. (لفظاً) امن والا شہر (مراداً) مکہ معظمہ. [ع].

بَلْدِیات (فت ب، سک ل، کس د) امث، ج.

بلدیہ کی جمع؛ میونسپلٹی.

بَلْدِیَہ / بَلْدِیَّہ (فت ب، سک ل، کس د، فت ی / شدی بفت) امث.

وہ محکمہ جو شہر کی صفائی، روشنی اور اہل شہر کی آسائشوں کے انتظام کا ذمے دار ہوتا ہے، میونسپلٹی، کارپوریشن.

بُلْڈاگ (ضم ب، سک ل) امذ.

چوڑے منھ کا بیت ناک اور خوں خوار کتا. [انگ].

بِلَڈْ بینک (کس ب، فت ل، سک ڈ، ی لین مغ) امذ.

شفا خانے کی وہ جگہ جہاں مختلف انسانوں سے حاصل کیا ہوا خون کمزور اور نڈھال مریضوں کے جسم میں پہنچانے کے لیے جمع رہتا ہے. [انگ].

بِلَڈْ پریشَر (کس ب، فت ل، سک ڈ، کس پ، ی مج، فت ش) امذ.

(طب) معمول سے کم یا زیادہ خون کا دباؤ، فشار الدم. [انگ].

بِلْڈِنگ (کس ب، سک ل، کس ڈ، غنہ) امث.

عمارت، مکان، بڑا مکان، حویلی. [انگ].

بُلْ ڈوزَر (ضم ب، سک ل، و مج، فت ز) امذ.

ٹینک سے مشابہ ایک مشین جس میں توپ کی بجائے اگلے حصے میں لوہے کے پھاؤڑے لگے ہوتے ہیں جن کی مدد سے مکانات ڈھائے

جاتے ہیں درخت اکھیڑ دیے جاتے ہیں اور ٹیلے کھود دیے جاتے ہیں . [انگ] .

بَلْغَم (فت ب ، سک ل ، فت غ) اند .
۱. (طب) انسان کے جسم کی چار خلطوں (سودا ، صفرا ، خون اور بلغم) میں سے ایک خلط کا نام .۲. لیس دار فاسد مادہ جو سینے میں جمع ہو جاتا ہے اور کھانسی کے ساتھ خارج ہوتا ہے . اف : آنا . [یو < ع : بلغم] .

بَلْغَمی (فت ب ، سک ل ، فت غ) صف .
۱. بلغم نمبر۱ جس سے یہ منسوب ہے .۲. بلغم پیدا کرنے والا .۳. (مجازاً) موٹا کاہل شخص ؛ موٹی سمجھ کا .۴. مرطوب .

بِلْقِیس (فت نیز کس ب ، سک ل ، ی مع) اسث .
شہر سبا کی ملکہ جو بعد میں ایمان لا کر حضرت سلیمان کی زوجہ بنیں (ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل) . [ع] .

بِلَکنا (کس ب ، فت ل ، سک ک) ف ل .
تڑپ کے رونا ، سسکیاں بھر کر رونا ، مچل کر رونا (بچوں کی طرح) . [ہ] .

بَلْکہ (فت ب ، سک ل ، کس ح ک) کلمۂ اضراب .
اس کے علاوہ بجائے برخلاف ، اس سے بھی بڑھ کر یہ . [ف] .

بَلَم (فت ب ، فت ل) اند ؛ ~ بلما ، بلماں .
پیارا ، عاشق ، محبوب ، آشنا ؛ خاوند ، شوہر . [س] .

بَلَّم (فت ب ، شد ل بفت) اند ؛ ~ بَلَم (قدیم) .
۱. لمبی چھڑ جس کے سرے پر نوک دار بھال یا بوڑی ہوتی ہے ، برچھا ، بھالا ، نیزہ .۲. سونٹا ، ڈنڈا .۳. نوک دار عصا جس پر سنہرا یا رپہلا خول چڑھا ہوتا ہے اور جسے لے کر چوب دار امیروں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں . [س] .

بَلَنْد/بُلَنْد (فت ب ، ل ، سک ن/ضم ب) . (الف) صف .
۱. اونچا ، رفیع ، بالا جو اوج یا ترقی پر ہو .۲. عالی ، ممتاز ، برتر (جس کو ہر شخص نہ پہنچ سکے) .۳. پرشور (کسی بھی چیز کی آواز وغیرہ کے ساتھ) .۴. جو اوج یا ترقی پر ہو .۵. مغل بادشاہ اکبر اعظم کی ایجاد کردہ ایک زنجیر جو ہاتھی کو بھاگنے سے روکتی ہے . (ب) اند . سراچے کا بانس . [ف] .

بلند اختر/اقبال (الف) صف . خوش نصیب ، خوش اقبال خوش قسمت ، خوش نصیبی . (ب) اند . (مجازاً) بیٹا ، فرزند .

بلند بانگ دعویٰ اند . وہ دعویٰ جو پرزور الفاظ میں کیا جائے ، وہ دعویٰ جو اتنے شد و مد کے ساتھ کیا جائے کہ دوسروں کو اس کے حق ہونے کا یقین ہو جائے .

بلند حوصلہ (ـہ ولین ، سک س ، فت ل) صف .
بلند ہمت ، فراخ دل ، عالی ظرف ، جس کا ارادہ بلند ہو ، دل چلا ، جری .

بلند گیر اند . اوپر اٹھانے والی مشین ، بلندی پر لے جانے والی کل ، لفٹ ، کرین .

بلند مرتبہ صف . عالی قدر .

بَلَنْدی / بُلَنْدی (فت ب ، ل ، سک ن/ضم ب) اسث ؛ اند . (قدیم) .
۱. اونچائی ، ارتفاع .۲. اونچی جگہ ، اونچی اٹھی ہوئی چیز ، مقام رفیع .۳. برتری ، فوقیت ، سرافرازی ، مرتبہ عالی .

بَلْوا (فت ب ، سک ل) اند ؛ ~ بلوہ ؛ بلوئی .
۱. فساد ، لڑائی جھگڑا ، فساد کی نیت سے اکٹھا ہونا .۲. ہجوم ، ازدحام .۳. شوروغل ، غوغا .۴. بے چینی ، شورش ، اضطراب .۵. بغاوت ، غدر ، سرکشی .۶. (قانون) بہت سے آدمیوں کی فساد پر آمادگی اور جھگڑا کرنے کی نیت سے ہجوم میں شرکت . اف : کرنا/مچانا/مچنا/ ہونا . [س] .

بَلْوائی (فت ب ، سک ل) صف .
دنگا فساد کرنے والا ، باغی .

بَلوچی (فت ب ، وج) . (الف) اند .
بلوچ سے منسوب . (ب) اسث . بلوچ قوم کی زبان . [ف] .

بِلوَر/بَلّور/بِلُّور (کس ب ، و مع ، فت ب ، شد ل ، وج/کس ب) (الف) اند .
ایک شفاف چمکیلا جوہر جو شیشہ سے سخت اور زمرد سے نرم ہوتا ہے ، چونے پٹاش اور ریت سے بنایا ہوا ایک قسم کا صاف شفاف شیشہ ، کرسٹل ، کچا ہیرا ، چمکیلا پتھر ، پھٹک . (ب) صف . نہایت صاف شفاف سفید اور چمکیلا .

بِلُوزَہ /بِلُّوزَہ/بِلُّوزَہ (کس ب ، و مع ، فت ز/فت ب ، شدل/کس ب) اند.
قابل انجماد مادوں کی چمک دار قلم ، کرسٹل.

بَلُوری/بِلُّوری/بِلُّوری (کس ب ، و مع / فت ب ، شدل/کس ب) صف.
۱. بلور سے منسوب : بلور سے بنا ہوا ، صاف شفاف و چمکیلا .۲. گھوڑے اور کبوتر کے رنگ کا نام جو سفید براق ہوتا ہے . [ف] .

بِلُوریس /بِلُّوریس/بِلُّوریس (کس ب ، و مع ، ی مع / فت ب ، شدل ، و مع ، ی مع / کس ب) صف.
دیکھیے : بلوری.

بَلُوط/بَلُّوط (فت ب ، و مع / شدل) اند.
موٹے تنے اور مضبوط لکڑی کا ایک مشہور جنگلی درخت جس کے بیضوی پھل کا نچلا حصہ ایک قیف نما پوست کے اندر بند ہوتا ہے ، سیتا سپاری (Quercus ilex or Quercus baloot) . [ع] .

بُلُوغ (ضم ب ، و مع) اند.
۱. جوانی ، شباب .۲. فکر و عقل وغیرہ کو پختگی حاصل ہونے کی کیفیت . [ع].

بُلُوغَت (ضم ب ، و مع ، فت غ) است.
دیکھیے : بلوغ.

بُلُوغِیَت/بُلُوغِیَّت (ضم ب ، و مع ، کس غ ، فت ی / شدی بفت) است.
۱. (اسلام) لڑکے کے لیے : عمر کے پندرہ برس کی تکمیل زیر ناف سخت بالوں کی روئیدگی اور سوتے یا جاگتے میں احتلام میں سے کوئی علامت پائی جانے کی صورت حال ، لڑکی کے لیے : عمر کے نو برس کی تکمیل یا ماہواری کا آغاز .۲. (قانون) مرد یا عورت کی اتنی عمر کی تکمیل جتنی حکومت وقت نے ان کے شہری حقوق کی بحالی اور آزادی عمل کے لیے مقرر کی ہو (جیسے : آج کل مرد کے لیے اٹھارہ سال اور عورت کے لیے ۱۶ سال کی تکمیل ان کے بلوغ کی عمر ہے).

بِلونا (کس ب ، و ج) ف م.
۱. متھنا ، رئی پھرا کر دودھ یا دہی میں سے مکھن نکالنا ، نیل کے پانی کو خوب حرکت دینا ، گھنگولنا .۲. (مجازاً) کسی فعل یا قول کی ناگوار حد تک تکرار کرنا .۳. تلے اوپر کرنا ، درہم برہم کرنا ، برباد کرنا . [س].

بِلُونگڑا (کس ب ، و مع غ ، سک گ) اند.
بچہ ، بلی کا چھوٹا بچہ . [پ] .

بِلُونی (کس ب ، و مع) است.
۱. وہ ظرف جس میں دودھ دہی متھتے یا بلوتے ہیں .۲. دودھ دہی سے مکھن نکالنے کا آلہ یا مشین.

بَلْہار / بَلْہاری (فت ب ، سک ل) اند.
قربان ، صدقے ، نثار ہونے والا . [مقامی] .

بُلی (ضم ب) است.
ہاکی کے میدان کا مرکزی نقطہ : اس مرکزی نقطے میں دونوں طرف کے ایک ایک کھلاڑی کا اپنی اپنی ہاکی لے کر اور گیند بیچ میں رکھ کر مقرر طریقے سے کھیل شروع کرنے کا عمل . [انگ] .

بِلّی (۱) (کس ب ، شدل) است.
بالوں دار کھال کا ایک گوشت خور جنگلی اور پالتو جانور جو شیر کے خاندان سے مگر اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے اور جو گھروں میں عموماً چوہوں کا شکار کرتا ہے گربہ ، بلائی . [مقامی] .

بلی سے چھچھڑوں کی رکھوالی کہاوت . بد دیانت آدمی سے امانت داری نہیں ہوتی .

بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا کہاوت . غیر متوقع چیز مل گئی ، وہ دولت مل گئی جس کے اہل نہ تھے ، اتفاقیہ کام ہوگیا .

بلی کو چھچھڑوں کے خواب نظر آنا/بلی کو خواب میں چھچھڑے نظر آنا محاورہ.
ہر وقت اپنے ہی مطلب کی بات سوجھنا .

بِلّی (۲) (کس ب ، شدل) است.
وہ چھوٹی لکڑی جو کواڑوں کو اندر سے بند رکھنے کے لیے کنڈی کی بجائے لگائی جاتی ہے . [س] .

بَلِیّات (فت ب ، کس ل ، شدی) است ، ج.
۱. آفات ، مصائب .۲. آسیب ، خبیث ارواح . [ع] .

بلیڈ (کس ب ، ی ج) اند.
۱. چاقو ، تلوار ، استرہ یا کسی اوزار مثلاً آری ، چھینی وغیرہ کا پھل .۲. سیفٹی

ریزر کی تیز دھار والی پتی .۳. برگ ، پتا ، پتی .۴. بلا یا چپو وغیرہ کی تھاپی یا چوڑا حصہ . [انگ] .

بِلیَرڈ (کس ب ، سک ل ، فت ی ، سک ر) اند .
انٹے کا ایک کھیل جو ایک بڑی میز پر سرخ و سفید گیندوں سے مقرر طریقے پر کھیلا جاتا ہے (اس میز کے چاروں کونوں پر سوراخ کے نیچے جالیاں لگی ہوتی ہیں جن میں سے کسی نہ کسی میں ان گیندوں کو ایک خاص وضع کی لمبی نوک دار لکڑی سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں) . [انگ] .

بَلیغ (فت ب ، ی مع) صف .
۱. (وہ شخص) جس کے کلام میں فصاحت و بلاغت ہو ، فصیح البیان ، خوش گفتار ، فاضل ، حسب موقع گفتگو کرنے والا .۲. کامل ، پورا پورا . [ع]

بَلیغانَہ (فت ب ، ی مع ، فت ن) صف .
بلیغ کی طرح کا ، بلاغت سے مملو . [ف] .

بلَیک (کس ب ، ی لین) . (الف) اند .
کالا ، سیاہ (ترکیبات میں مستعمل) . (ب) است ، اند .۱. ناجائز یا خلاف قانون مال کی خرید و فروخت .۲. بلیک مارکٹ کی تخفیف . [انگ] .

بلیک آؤٹ اند . روشنیوں کو گل کر دینے یا گل ہو جانے کی کیفیت ، ہوائی حملے سے حفاظت کے موقع پر پوری بستی کے چراغ بجھا دیے جانے کی صورت حال . [انگ] .

بلیک بورڈ اند . تختۂ سیاہ (جو عموماً اسکولوں اور کالجوں کے اندر ہر کلاس میں ہوتا ہے . [انگ] .

بلیک میل اند . وہ رقم یا رعایت وغیرہ جو افشائے راز یا نقصان پہنچانے کی دھمکی یا کسی قسم کے دوسرے دباؤ سے مجبور کر کے حاصل کی جائے ، اخفائے راز کی رشوت . [انگ] .

بلیک میلر صف ؛ اند . بلیک میل کرنے والا . وہ رقم یا رعایت وغیرہ جو افشائے راز یا نقصان پہنچانے کی دھمکی یا کسی قسم کے دوسرے دباؤ سے مجبور کر کے حاصل کی جائے ، اخفائے راز کی رشوت . [انگ] .

بِلیَن (کس ب ، سک ل ، فت ی) اند .
دس کھرب ، ایک ہزار ارب ، (امریکہ میں) ایک ارب . [انگ] .

بَم (۱) (فت ب) اند ؛ است ؛ ~ بمب ، بمُو .
گھوڑا تانگے یا بگھی وغیرہ کے اُن دو ڈنڈوں میں سے ہر ایک جن کے بیچ میں گھوڑا جوتا جاتا ہے ، بگھی وغیرہ کے بانس . [انگ] .

بَم (۲) (فت ب) اند .
گولے بارود تیزاب اور مہلک آہنی اسلحہ سے بھرا ہوا گولا جو عموماً جنگ میں ہوائی جہاز کے ذریعے زمین پر پھینکا جاتا ہے اور جو دھماکے کے ساتھ پھٹ کر لوگوں کو زخمی اور ہلاک اور عمارتوں وغیرہ کو برباد کر دیتا ہے ؛ بھک سے اڑ جانے والے مادے سے بھرا ہوا گولا . [انگ] .

بم بار صف . بم گرانے یا برسانے والا (ہوائی جہاز یا توپ) .

بَمپَر (فت ب ، سک م ، فت پ) اند .
فولاد کی مضبوط کمانی جو ریل کے ڈبوں یا کار وغیرہ میں آگے پیچھے نصب ہوتی ہے تاکہ ٹکر کے وقت باڈی کو نقصان نہ پہنچے . [انگ] .

بَن (۱) (فت ب) اند .
۱. وہ جگہ جہاں بہت سے خود رو درخت ہوں ، جنگل .۲. میدان ، بیابان (جہاں کوئی درخت نہ ہو) .۳. مرغ زار ، سبزہ زار ، سرسبز علاقہ .
۴. کپاس کا پودا ، کپاس . [س] .

بن باس (الف) اند . جلا وطنی ، دیس نکالا ، (بستی چھوڑ کر) بن میں رہنے کی صورت حال . اف : دینا / کرنا / لینا / ملنا / ہونا . (ب) صف . جنگل میں بسنے والا .

بن باسی (الف) صف .۱. جنگلوں میں سکونت اختیار کرنے والا (مجازاً) جوگی ، تارک الدنیا ، سنیاسی .۲. جنگلی ، بن کا باشندہ (آدمی یا جانور) .
(ب) است . جنگل میں رہنا ، جنگل بسانا ، جنگل کی سکونت .

بن مانس اند .۱. ایک قسم کا بندر جو انسان سے بہت زیادہ مشابہ ہوتا ہے ، جنگلی آدمی .۲. وحشی ، بے سلیقہ ، بدتہذیب .

بَن (۲) (فت ب) . ف ل .
بننا کا مادہ ، ترکیبات میں مستعمل .

بن آنا ف ل (نفی و اثبات دونوں میں مستعمل) .۱. مطلب بر آنا ، مراد حاصل ہونا ، معاملے کا خاطر خواہ طے ہونا .۲. سود مند ہونا ، کارگر ہونا ، موافق آنا ، ممکن ہونا .

بن پڑنا ف ل. ۱. موقع ہاتھ آنا. ۲. کام کا روبراہ ہونا، حسب مراد ہونا، قسمت کھلنا. ۳. سودمند یا کارگر ہونا، ممکن ہونا. ۴. (اس سے پہلے فعل کے کرنے پر) مجبور ہونا. ۵. سوجھنا، سمجھ میں آنا. ۶. کیا جا سکنا، عمل میں لایا جا سکنا.

بن ٹھن کر / کے م ف. بانکا چھیلا بن کر، بن سنور کر، سج سجا کر.

بِن (۱) (کس ب) حرف استثنا؛ حرف نفی.
بغیر، بجز، سوائے، علاوہ.

بن باپ کا صف. یتیم، جس کا باپ اس کی کم سنی میں مرگیا ہو، جو باپ کی سرپرستی سے محروم ہوگیا ہو.

بن بلائے م ف. بغیر کسی طلبی یا تحریک کے، اپنے سے، خود سے، خود بہ خود، غیر طلبیدہ.

بن بیاہا / بیاہا صف مذ. کنوارا، جس کی شادی نہ ہوئی ہو.

بن بیاہی / بیاہی صف مث. بن بیاہا کی تانیث.

بن روئے ماں بھی (بچے کو) دودھ نہیں دیتی کہاوت. بے طلب کوئی مطلب حاصل نہیں ہوتا، طلب رزق میں تگ و دو ضروری ہے.

بن ماں کا بچہ / بچی صف. وہ بچہ جس کی ماں مرچکی ہوں ماں کے سایے سے محروم، یسیر.

بن مانگے موتی ملیں اور مانگے ملے نہ بھیک کہاوت. جو کچھ تقدیر میں ہے بے تدبیر مل جاتا ہے.

بِن (۲) (کس ب) اند.
ابن کی تخفیف (عموماً دو ناموں کے درمیان مستعمل).

بَنا (۱) (فت ب) اند.
بنا معنی نمبر ۲؛ دولھا، نوشاہ.

بَنا (۲) (فت ب).
بُنا سے حالیہ تمام، ترکیبات میں عموماً حسب ذیل معنی میں مستعمل: بنا ہوا، مرکب؛ مکمل، طے شدہ، مسلمہ (جیسے: بنی بات، بنا کھیل)؛ ختم شدہ؛ تیار؛ مرتب؛ مضبوط؛ نقلی، نمائشی؛ جعلی، جھوٹ، مصنوعی، بے بنیاد، خیالی، وہمی.

بنا بنایا کھیل بگاڑنا / بگڑنا محاورہ. کسی معاملے کا تکمیل یا کامیابی کی منزل تک پہنچ کر درہم برہم ہو جانا.

بنا بنو کر صف. تیار کر کے، مکمل کر کے؛ سنوار کر، سجا بجو کر.

بِنا (۱) (کس ب) مث، اند (قدیم)؛ ~ بناء.
۱. نیو، بنیاد، پایہ. ۲. (i) وجہ، سبب، باعث. (ii) اصل حقیقت. ۳. آغاز، ابتدا. ۴. (i) عمارت، مکان. (ii) قائم یا تعمیر کیے جانے کا عمل.

بنابر (ـ فت ب) م ف.
مطابق، موافق، بموجب (تراکیب میں مستعمل).

بنا پڑنا محاورہ. ۱. (تعمیر) بنیاد رکھی جانا، نیو قائم ہونا. ۲. ابتدا ہونا، آغاز ہونا

بنا ڈالنا محاورہ. بنا پڑنا کا تعدیہ؛ آغاز کرنا، شروع کرنا، قائم کرنا.

بِنا (۲) (کس ب) حرف استثنا و نفی؛ ~ بناں (قدیم).
بغیر، سوا، بجز.

بنا شک م ف. بغیر کسی شک کے، یقیناً.

بَنّا (فت ب، شدن) اند.
۱. پیارا بیٹا، لاڈلا لڑکا (عموماً خطاب میں مستعمل) ۲. دولھا، شوہر.

بنات النعش مث. وہ سات ستارے جو چارپائی کی شکل میں قطب شمالی کے گرد پھرتے نظر آتے ہیں (ان میں چار جنازے کی شکل کے اور تین جنازہ اٹھانے والے دکھائی دیتے ہیں)، دب اکبر، سپت رشی.

بَنارسی (فت ب، سک ر) صف.
برصغیر پاک و ہند کے مشہور شہر بنارس سے منسوب (جو پورب میں گنگا کے کنارے پر ہنود کا بڑا تیرتھ ہے)، ترکیبات میں مستعمل.

بنارسی دوپٹا (دوپٹہ) / ساڑی (ساڑھی) / کپڑا اند؛ مث. بنارس کے کاری گروں کا بنا ہوا ریشمی دوپٹا/ ساڑی جس پر سنہرے روپہلے تاروں سے رنگ رنگ کے بیل بوٹے بنائے جاتے ہیں.

بَنانا (فت ب) ف م.
۱. پیدا کرنا، عدم سے وجود میں لانا. ۲. تعمیر کرنا یا کرانا، عمارت اٹھانا. ۳. آراستہ کرنا، سجانا، حسن کو اور فروغ دینا. ۴. احمق بنانا. ۵. بگڑے ہوئے کام کو درست کرنا، مخالف حالات کو موافق کر لینا. ۶. لباس وغیرہ تیار کرنا یا تیار کرانا. ۷. ایک حالت سے دوسری حالت کر دینا، ایک عادت کی جگہ دوسری عادت ڈلوانا. ۸. ذبح کرنا، گوشت صاف

کر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دینا ۔ ۹. کرنا ، ضرورت کے مطابق تشکیل دینا ۔ ۱۰. اصلاح دینا ، تصحیح و ترمیم کرنا ۔ ۱۱. (i) سکھانا ، تربیت دے کر صلاحیت پیدا کرنا ۔ (ii) ادب سکھنا ، سدھارنا ۔ ۱۲. آباد کرنا ۔ ۱۳. (i) تصنیف و تالیف کرنا ، مرتب و مدوّن کرنا ، تحریر کرنا ۔ (ii) (شعر) کہنا ، نظم کرنا ۔ ۱۴. حاصل کرنا ، نفع پانا ۔ ۱۵. مشکل کرنا ، کھینچنا ، قلم یا موقلم سے صورت کشی کرنا ۔ ۱۶. بگاڑنا ، نقصان کرنا ، ضرر پہنچانا (بطور استفہام) ۔ ۱۷. (بال) تراشنا ، مونڈنا ، خط کی اصلاح کرنا ۔ ۱۸. دل سے (کہانی وغیرہ) گھڑنا ، اصلیت کے خلاف بناوٹی بات کرنا ، جھوٹ سچ ملانا ۔ ۱۹. (بکھرے ہوئے اور منتشر یا اجڑے ہوئے کو سلیقے اور قرینے سے) سنوارنا ۔ ۲۰. مصالحت کرنا ، راضی کر کے دوست بنانا ، ناراضی کو دور کرنا ، منانا ۔ ۲۱. پکانا ، کھانا تیار کرنا ۔ ۲۲. حساب کے قاعدے سے مطلوبہ عدد وزن یا مقدار نکالنا ۔ ۲۳. اصول کے مطابق آلات یا ساز کو مطلوبہ کام کے لیے لیس یا تیار کرنا ۔ ۲۴. (i) مرتبہ یا ترقی دینا ۔ (ii) شہرت دینا ، مشہور کرنا ۔ ۲۵. ایجاد و اختراع کرنا ، تیار کرنا ، گھڑنا ۔ ۲۶. مقررہ طریقے سے اصلی حالت کو بدل دینا ، ایک حالت سے دوسری حالت میں لے آنا ۔ ۲۷. کامیاب کرنا ، کامیابی کے آثار پیدا کرنا ، ناکامی کو کامرانی سے بدلنا ۔ ۲۸. نقائص کو دور کر کے مہذب و آراستہ کرنا ۔ ۲۹. مصیبت لانا ، عذاب میں مبتلا کر دینا ۔ ۳۰. بعض الفاظ کے ساتھ فعل مرکب یا محاورے کے طور پر حسب سیاق و سباق مقرر مفہوم ادا کرنے کے لیے مستعمل جیسے : بال بنانا ، جسم بنانا ، چور بنانا وغیرہ (اپنے اپنے مقام پر مذکور) ۔ [س] ۔

بَناؤ (فت ب) امذ ۔
۱. آراستگی ، زیبائش ، آرائش ، زینت ، سجاوٹ ۔ ۲. میل جول ، دوستی ، یگانگت ، ہم آہنگی ، بگاڑ کی ضد ۔ ۳. تعمیر ، درستی ، تخریب کی ضد ۔ ۴. صورت ، آثار ۔ ۵. خوش حالی ، زندگی کی خوش گواری ۔ ۶. (زراعت) کھیت کو صاف کر کے بوائی کے قابل بنانے کا عمل ، گڑائی ، نرائی ۔

بناؤ سنگار امذ ۔ آرائش ، زیبائش ، مانگ پٹی مسّی سرمے لباس اور زیور سے آراستگی ۔ اف : کرنا ، ہونا ۔

بَناوَٹ (فت ب ، و) امث ۔
۱. ساخت ، وضع قطع ، تراش خراش ۔ ۲. بنانے سنوارنے کا عمل ، مانگ پٹی کرنے اور مسّی سرمہ لگانے کی کیفیت ۔ ۳. تصنع ، تکلف ، دکھاوا نمائش ، ظاہر داری ۔ ۴. خلاف بیانی ، جھوٹ ، مکر و فریب ، سخن سازی ۔ ۵. صنعت ، کاری گری ۔ ۶. تشکیل ۔ ۷. سدھار ، اصلاح ، مصالحت کی صورت یا تدبیر ۔

بُناوَٹ (ضم ب ، فت و) امث ۔
بنائی ، بانگی ، بننے کی وضع ۔

بَناوْٹی (فت ب ، سک و) صف ۔
۱. نمائشی ، مصنوعی ، نقلی ، اصلی کی ضد ۔ ۲. مکار ، جعل ساز ۔

بُنائی (ضم ب) امث ۔
۱. بننے کا کام ، بننے کا پیشہ ۔ ۲. بننے کی اجرت ، بنے جانے کی مزدوری ۔

بَنَت (فت ب ، ن) امث ۔
۱. ایک قسم کی توئی جس میں گوکھرو ، سلمہ ستارا وغیرہ لگا ہوتا ہے ، بیل جس پر نقرئی اور طلائی تاروں کا (اکثر جڑاؤ) کام ہو ، لیس ۔ ۲. بنانے کا عمل ، کاری گری ، صنعت ، ہنر ۔ [س] ۔

بِنْت (کس ب ، سک ن) امث ۔
۱. بیٹی ، دختر ۔ ۲. ابن کی یہ تانیث ہے ۔ [ع] ۔

بَنْجارا (فت ب ، سک ن) امذ ۔
۱. غلے کا تاجر ، سوداگر ، بیوپاری ۔ ۲. ایک خانہ بدوش قوم جو تجارت کسی اور غرض سے ایک مقام سے دوسرے مقام پر سفر کرتی رہتی ہے اس قوم کا ایک فرد ۔

بَنْجارَن (فت ب ، سک ن ، فت ر) امث ۔
بنجارا کی تانیث ۔

بَنْجَر (فت ب ، سک ن ، فت ج) صف ۔
۱. اوسر ، زمین شور ، وہ زمین جس میں کچھ بھی نہ اگے ؛ جو زمین کاشت پڑی ہو ، افتادہ زمین ۔ ۲. جنگل ، ویرانہ ۔ [س] ۔

بِنْچ (کس مع ب ، سک ن) امث ؛ ~ بینچ ۔
۱. ایک لمبا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوتے ہیں اور جو بیٹھنے کے

کام آتا ہے .۲. (حکام ، عدالت ، عدلیہ ، عدالت کا اجلاس (جو ایک یا زیادہ ججوں پر مشتمل ہو) .۳. کرسی عدالت یا جج کا منصب .۴. اسمبلی وغیرہ کی وہ نشست گاہ جہاں اجلاس کے وقت ارکان بیٹھ کر اپنا فرض منصبی انجام دیتے ہیں. [انگ].

بَند (۱) (فت ب، سک ن). (الف) اند.
۱. جوڑ، بدن کا جوڑ، عضو .۲. گرہ، گانٹھ، عقدہ، (جال وغیرہ کا) پھندا، مشکل، گتھی. ۳. (i) پشتہ، وہ دیوار وغیرہ جو دریاؤں اور ندی نالوں کے پانی کو روکنے کے لیے بنائی جاتی ہے. (ii) وہ پشتہ جس سے دریاؤں کا پانی روک کر آب پاشی یا بجلی وغیرہ پیدا کرنے کے لیے یا اور کسی غرض سے ذخیرہ کر لیتے ہیں. (iii) بلند دیوار کی جھوک روکنے کے لیے اس کی پشت سے ملا کر ڈھالو چنا ہوا پاکھا یا پایہ. ۴. (i) وہ بنا سلا بنا ہوا یا کسی اور طرح سے تیار کیا ہوا فیتا ڈورا یا تسمہ جس سے کسی چیز یا بنڈل وغیرہ کو باندھا جائے؛ استعارۃً. (ii) وہ فیتا یا ڈورا جو لباس یا جوتے وغیرہ کے ادھر ادھر کے حصوں کو کسا ہوا اور متصل رکھنے کے لیے باندھتے ہیں. (iii) انگیا کے ٹھرے جن سے اسے پشت کی طرف کسا جاتا ہے. (iv) گھنڈی، تکمہ (کپڑے یا سونے چاندی وغیرہ کا). ۵. فہرست، فرد. ۶. (i) کشتی کا داؤ پیچ جس سے حریف کو بے بس کر دیا جائے. (ii) (بنوٹ) پہلے داؤں کا توڑ ہو جانے پر دوسرا اپنا وار جس سے حریف پر گرفت قائم رہے. ۷. کاغذ کا تاؤ، کاغذ کا پرزہ یا تختہ. ۸. زنجیر، بیڑی. ۹. (i) (نظم) مثلث، مربع، مخمس، مسدس، مسبع، مثمن، معشر، ترکیب بند، ترجیع بند میں سے ہر ایک کا ایک ٹکڑا یا حصہ، نظم یا آزاد نظم کا ایک ٹکڑا یا حصہ. (ii) (نثر) پیراگراف. ۱۰. لوہے کا پتر جو صندوق، کشتی، کواڑ وغیرہ کے تختوں پر مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں. ۱۱. عورتوں کے ایک زیور کا نام جو بازو پر پہنا جاتا ہے. (ب) صف. ۱. (i) رکا ہوا، مسدود. (ii) معطل، ناکارہ. ۲. (i) (مقابلے میں) چپ، خاموش، گم صم. (ii) عاجز، مجبور. ۳. بھڑا ہوا، مقفل، جہاں داخلہ ممنوع ہو. ۴. ملفوف، لپٹا ہوا، چاروں طرف سے مقید. ۵. مستحکم اور مضبوط جو کھولے نہ کھلے. ۶. گھرا ہوا، جو چاروں طرف سے دیوار یا پردے وغیرہ کے احاطے میں ہو اور جس میں روشنی اور ہوا مشکل سے پہنچے.

بند باندھنا ف مر، محاورہ. ۱. پشتہ بنانا، مینڈ بنانا. ۲. تدبیر کرنا، گھات کرنا، منصوبہ بنانا. ۳. روک تھام کرنا.

بند بند (الف) اند. ایک ایک جوڑ، ہر عضو. (ب) صف. افسردہ، پژمردہ، چپ چپ. (ج) م ف. اشارے کنایے میں، مبہم طور پر.

بند ٹوٹنا / ٹوٹنا ف مر: محاورہ. جوڑ جوڑ ہلنا، سخت جسمانی اذیت میں مبتلا ہونا، ہر عضو میں درد ہونا.

بند بند جکڑنا محاورہ. جوڑ جوڑ میں سخت درد ہونا، گٹھیا وغیرہ میں مبتلا ہونا جس سے کوئی عضو یا اعضا معطل ہو جائیں، وجع مفاصل کا مرض ہونا.

بند توڑنا/ ٹوٹنا محاورہ. ۱. کساؤ، دباؤ، گرفت یا بندش دور کرنا. ۲. پابندی دور کرنا، آزاد ہو جانا.

بند کرنا محاورہ. ۱. قائل کرنا، لاجواب کرنا. ۲. قید کرنا، حوالات میں ڈالنا، آزادی سلب کرنا. ۳. روک دینا، پابندی لگا دینا. ۴. بھیڑنا، چٹخنی لگانا یا کنڈی چڑھا دینا. ۵. مسدود کرنا. ۶. اپنا بنا لینا، مطیع کر لینا. ۷. جاری کام کو ختم کرنا، موقوف کرنا. ۸. اشاعت وغیرہ کو روک دینا. ۹. بھر دینا، پاٹنا. ۱۰. (شطرنج) حریف کے لیے چال کی گنجائش باقی نہ رکھنا، گھر روکنا؛ ہرانا، شکست دینا. ۱۱. جادو یا منتر سے بے اثر کرنا. ۱۲. موندنا (آنکھ وغیرہ کے ساتھ).

بند کھولنا محاورہ. ۱. ڈوری کی گرہ کھولنا؛ آزاد کرنا. ۲. داؤں کا توڑ کرنا.

بند گوبھی است. گوبھی کی چار قسموں میں سے ایک قسم، کرم کلا.

بند و بست اند. ۱. (i) انتظام، اہتمام، نظم و نسق، نظم و ضبط. (ii) دور دورہ، حکومت. ۲. دروبست، اجزائے ترکیبی کی بندش اور ترکیب، ساخت کا خاکہ. ۳. کسی چیز کے کھلنے، رکنے سے متعلق آلہ؛ ساز و سامان. ۴. روک ٹوک، روک تھام، ممانعت، احتساب، تنبیہ. ۵. زمین کی حد بندی اور مال گزاری کی تشخیص کا انتظام. ۶. وہ محکمہ جو زمین کی حد بندی اور مال گزاری کی تشخیص کرتا ہے.

بند ہونا محاورہ. رک جانا؛ ملتوی ہونا؛ موقوف ہونا؛ ختم ہونا؛ پورا ہونا؛ مقفل ہونا.

بَند(۲) (فت ب، سک ن) اند.
میدے کا کلچہ جو کیک کی طرح تنور میں سینکا جاتا ہے.

بَند (۳) (فت ب، سک ن) اند.
عضو؛ رکن، ممبر، جیسے بھائی بند. [ار].

... بَند (فت ب، سک ن) بطور لاحقہ، ترکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل.
(ما قبل اسم کے مفہوم کے ساتھ) بندش کرنے والا یا بندش کیا ہوا، آراستہ کرنے والا یا آراستہ کیا ہوا، نصب کرنے والا یا نصب کیا ہوا، لگانے والا یا لگایا ہوا، روکنے والا یا روکا ہوا، ترکیب دینے والا یا ترکیب دیا ہوا، بنا ڈالنے والا یا بنا ڈالا ہوا، کرنے والا یا کیا ہوا، مطیع کرنے والا یا مطیع کیا ہوا، پہنچانے والا یا پہنچایا ہوا وغیرہ کے معنی میں مستعمل، جیسے: نعل بند، قلم بند، آئینہ بند، نظر بند، تک بند.

بَندا (فت ب، سک ن) اند؛ ~ بندہ.
عبادت کرنے والا، پرستش کرنے والا، (کسی کو ماننے والا، عبد، نوکر، مطیع، فرماں بردار؛ شخص، آدمی؛ عاجز، خاکسار؛ بشر انسان). [ف].

بُندا (ضم ب، سک ن) اند.
(لفظاً) قطرہ، بوند، (مراداً) کان میں پہننے کا زیور، آویزہ، گوشوارہ. [س].

بَندَر (۱) (فت ب، سک ن، فت د) اند.
۱. سرخ منھ اور پیلی روئیں دار کھال کا ایک جانور جو بلی سے بڑا اور کتے سے چھوٹا ہوتا ہے، (پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو کر چل بھی سکتا ہے، اپنی شرارت، پھرتی، بے وفائی اور نقالی کے لیے مشہور ہے) بوزنہ. ۲. (مجازاً) انگریز، فرنگی، یورپین. [س].

بندر بانٹ اند. دو حصہ داروں میں کسی چیز کی اس طرح تقسیم جس میں بانٹنے والا چالاکی سے اپنا حق یا حصہ نکال لے یا ان حصہ داروں کو بالکل محروم کر کے خود ہتھیا لے.

بندر کا گھاو اند. ۱. وہ زخم جو کبھی اچھا نہ ہو (بندر اپنے زخم کو بار بار کھجاتا رہتا ہے اس لیے وہ کبھی مندمل نہیں ہوتا). ۲. (مجازاً) وہ مسئلہ جو کبھی حل نہ ہو سکے، وہ عداوت جو کبھی ختم نہ ہو، وہ کام جو کبھی تمام نہ ہو، وہ مصیبت جو ہمیشہ رہے.

بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ / سواد / مزہ کہاوت. معمولی آدمی اعلیٰ درجے کی چیزوں کی حیثیت نہیں جانتا، قدر نا شناس کو بڑی نعمت کی کیا قدر ہو سکتی ہے.

بندر کی بلا طویلے کے سر کہاوت. کسی کی ذمہ داری یا مصیبت دوسرے کے سر پر آن پڑنے کے محل پر مستعمل.

بندر کے ہاتھ ناریل کہاوت. نااہل یا ناقدرے کو کوئی اعلیٰ چیز مل جانے کے موقع پر مستعمل.

بَندَر (۲) (فت ب، سک ن، فت د) اند.
وہ شہر یا تجارتی منڈی جو سمندر یا کسی دریا کے ساحل پر واقع ہو ساحلی منڈی. [ف].

بندرگاہ اند. وہ ساحلی جگہ جہاں جہاز وغیرہ مال اور مسافر اتارنے چڑھانے کے لیے ٹھہرتے ہیں.

بَندَری (فت ب، سک ن، فت د) صف.
بندر (۱) سے منسوب.

بَندَرِیا (فت مخ ب، فت د، سک ر) اسث.
۱. بندر کی تانیث. ۲. (مجازاً) فرنگی عورت، میم، فرنگن.

بندش اسث.
۱. باندھنے یا بندھنے کا عمل، بندھائی. ۲. (i) کساو، گرفت، پکڑ (ii) جکڑ کر باندھنے کا عمل، جکڑاو؛ استعارۃً. ۳. شعر یا جملے کے الفاظ کا دروبست، لفظوں میں ادائی. ۴. مناہی، روک ٹوک، ممانعت ۵. پابندی، قید، بیڑی. ۶. (گھڑا ہوا) الزام، تہمت، بہتان. [ف].

بَندگی (فت ب، سک ن، فت د) اسث.
۱. غلامی، خدمت، نوکری. ۲. (i) اطاعت، تابع داری، فرماں برداری (ii) عبادت، طاعت، عبودیت. (iii) عقیدت، تعلق خاطر، وابستگی ۳. تسلیم، آداب، کورنش. ۴. انجیل کی وہ مقدس دعا جو نزع کے وقت عیسائیوں کے سرہانے پڑھی جاتی ہے. ۵. روشناسی، تعارف یا حاضری ۶. (i) رخصت، خدا حافظ، سلام. (ii) معافی چاہتے یا باز آنے کی جگہ. ۷. (تصوف) مقام تکلیف کو کہتے ہیں.

بندگی بیچارگی فقرہ. ملازمت، پابندی نوکری، (حاکم یا مالک کا ہر حکم چار و ناچار جا لانا ہی پڑتا ہے)، مجبوری، معذوری، بے بسی.

بَندُوق (فت ب ، سک ن ، و مع) امث .
ایک نال یا دو نال کا ایک آتشیں اسلحہ جس کی نال میں کارتوس رکھ کر یا بارود بھر کر چھوڑتے ہیں ؛ آلۂ مہلک . [ف : > ع] .

بندوق چلنا ف مر. ا. بندوق سر ہونا ، بندوق کے فلیتے کو آگ لگ کر یا گھوڑا دب کر گولی کا نشانہ پر جانا ، بندوق کا فیر ہونا .۲. کشت و خون ہونا ، دو حریفوں کا ایک دوسرے پر بندوق سے فیر کرنا .

بَندَہ (فت ب ، سک ن ، فت د) امذ .
ا. عبد ، عبادت کرنے والا ، پوجنے والا (کسی کو) ماننے والا .۲. غلام ، نوکر ، فرماں بردار .۳. عاجز ، نیاز مند (بطور انکسار خود متکلم کے لیے) .
۴. اندھی تقلید کرنے والا ، (غلاموں کی طرح) پابند . [ف] .

بندہ بشر ہے فقرہ. سہو و خطا انسان کی فطرت میں داخل ہے ، بھول چوک سے انسان بری نہیں .

بندۂ بے دام امذ . مفت کا غلام ، وہ شخص جو کسی کی خدمت رضاکارانہ طور سے کرے ، بے حد مطیع و فرماں بردار .

بندہ پرور صف . ا. جناب ، حضور ، خداوند ، مہربان .۲. غلام کا پالنے والا ، غلام پر مہربانی کرنے والا ، آقا .

بندہ پروری امث . پالنے کا عمل ، احسان ، عنایت .

بندہ نواز صف . ا. بندوں پر مہربانی کرنے والا .۲. دیکھیے : بندہ پرور .

بندہ نوازی امث . مہربانی ، عنایت .

بُندَہ (ضم ب ، سک ن ، فت د) امذ .
بندا ، کان میں پہننے والا زیور .

بَندی (فت ب ، سک ن) (الف) امث .
ا. بندہ کی تانیث ، عبادت کرنے والی .۲. قید ، حراست .۳. ممانعت ، روک ٹوک ، بندش ، پابندی . (ب) صف . ا. قیدی ، اسیر ؛ غلام .۲. پابند ، پابندی کرنے والا .

بندی خانہ امذ . قید خانہ ، جیل ، زنداں .

... بندی (فت ب ، سک ن) لاحقہ .
بطور لاحقہ ، جیسے : فعل بندی ، منصوبہ بندی ، لام بندی وغیرہ .

بِندی (کس ب ، سک ن) امث .
ا. صندل یا سیندور وغیرہ کا چھوٹا سا ٹیکا جو ہندو عورتیں پیشانی پر دونوں بھنوؤں کے بیچ میں لگاتی ہیں ، بندیا .۲. نقطہ ، صفر . [س] .

بِندِیا (کس ب ، مغ ، سک د) امث .
بندی کی تصغیر ؛ صندل یا سیندور کا ٹیکا .

بُندِیا (ضم ب ، مغ ، سک د) امث .
ایک قسم کی مٹھائی جو پانی کے قطرے کے برابر یا اس سے کچھ بڑی ہوتی ہے ، نکتی ، بوندی .

بَندے ماتَرم (فت ب ، سک ن ، فت ر) امذ .
(لفظاً) اے مادر وطن میں سر جھکائے ہاتھ جوڑے کھڑا ہو کر تیری تعظیم بجا لاتا ہوں ، (مراداً) ہندوؤں کا ایک قومی ترانہ ؛ بھارت کا قومی ترانہ . [س] .

بَندھ (فت ب ، سک ن) امذ .
بند ، پشتہ جو سیلاب روکنے کے لیے بنایا جاتا ہے .

بَندھا (فت ب ، مغ) صف .
ا. جکڑا ہوا ، کسا ہوا ؛ گرفتار ، جو آزاد نہ ہو .۲. بڑا سکہ جو اپنی صورت میں ہو یعنی ریزگاری کی شکل میں نہ ہو ، سالم ، پورا (روپیہ ، نوٹ وغیرہ) .

بندھا خرچ امذ . معین خرچہ جو معمولاً ہوتا ہو ، بندھا ٹکا صرف ، وہ اخراجات جو ضروری یا ناگزیر ہوں .

بَندھانا (فت ب ، مغ) ف م (قدیم) .
باندھنا کا متعدی المتعدی .

بَندھانی (فت ب ، مغ) امذ .
ا. پتھر گارا لکڑی تختے وغیرہ ڈھونے والا مزدور ، خلاصی پاڑ باندھنے وزنی تعمیری سامان بالائی منزلوں پر چڑھانے والا پیشہ ور مزدور .
۲. پنشن پانے والا ، وظیفہ یاب ؛ بندوقچی ، توپچی . [ہ] .

بَندھائی (فت ب ، مغ) امث .
باندھنے کی مزدوری ؛ باندھنے کا عمل ، باندھنے کا پیشہ ، بندھن ، قید ؛ چھوٹے سکے دے کر بڑا سکہ لینے کی بدلائی .

بَنْدُھتا (فت ب، سک ن، ضم دھ) امث.
دوستی؛ رشتہ داری؛ رابطہ، تعلق؛ رشتہ دار، بھائی بند. [س].

بَنْدَھن (فت ب، سک ن، فت دھ) امذ.
۱. ڈور، رسی یا فیتہ وغیرہ جس سے کوئی چیز بندھی ہو ۲. قید، حراست، اسیری، گرفتاری ۳. پابندی، قید و شرط ۴. ربط، رشتہ، تعلق. ۵. ہت کڑی، بیڑی، زنجیر ۶. رکاوٹ، ممانعت، مزاحمت، خلل اندازی؛ پٹی جو زخم وغیرہ پر باندھتے ہیں، مقررہ اصول، رسم و رواج، دستور؛ جال، پھندا؛ جکڑنے اور کسنے کا عمل ۷. منصوبہ بندی، تدبیر، انتظام. [س].

بَنْدَھنا (فت ب مغ، سک دھ) (الف) ف ل.
باندھنا کا لازم. (ب) امذ ۱. کپڑا یا تھیلی وغیرہ جس میں کوئی چیز باندھی جائے ۲. رسی فیتہ تار وغیرہ جس سے کوئی چیز باندھی جا سکے، بندھن.

بَنْدھوانا (فت ب مغ، سک دھ) ف م.
۱. گرفتار کرانا، قید کرانا ۲. جکڑوانا، کسوانا ۳. تعمیر کرانا، بنوانا. ۴. مقرر کرانا، قائم کرانا (ٹیکس وغیرہ کے لیے) ۵. ریزگاری کو ایک سکے میں تبدیل کرانا.

بَنْدھی (فت ب مغ) صف.
بندھا کی تانیث (مرکبات میں مستعمل).

بندھی ٹکی صف. بندھی بات، یقینی اور اٹل بات، معمول یا روایت کے مطابق بات.

بندھی رہے نہ ٹکے بکے کہاوت. زیادہ نفع کی امید میں کسی چیز کو روک کر بیچنا عموماً نقصان دہ ہوتا ہے.

بندھی مٹھی (ضم م، شد ٹھ) امث.
۱. چپ چاپ، خاموش ۲. چھپی بات، راز، بھید ۳. اتحاد، ایکا، جیسے: بندھی مٹھی لاکھ برابر ۴. یک مشت، اکٹھا ۵. مال و اسباب جمع ہونے کی صورت حال.

بندھ مٹھی کھلنا محاورہ.
چھپی ہوئی بات ظاہر ہونا، بھید کھلنا، راز طشت از بام ہونا.

بندھ مٹھی لاکھ برابر کہاوت.
۱. راز مخفی رکھا جائے تو اعتبار باقی رہتا ہے، اگر بھید نہ کھلے تو عزت بنی رہتی ہے ۲. اتفاق کی بڑی قوت ہے.

بُنْڈا (ضم ب، سک ر) امذ.
لکڑیوں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا، لکڑیوں کا بوجھ. [س].

بَنْڈَل (فت ب، سک ن، فت ڈ) امذ.
۱. پلندہ، گٹھری، بوجھا، کاغذ یا ٹن کا ڈبا جس میں کوئی چیز بند ہو جیسے چائے کا بنڈل ۲. کسی شے کی مقرر مقدار جو یک جا اکائی کی صورت میں ہو، بندھا یا یک جا جزو یا حصہ. [انگ].

بَنْڈی (فت ب، سک ن) امث.
بے آستینوں کی ایک قسم کی صدری. [ہ].

بَنْرا (فت ب، سک ن) امذ؛ ~ بنڑا.
۱. دولھا، نوشہ ۲. شوہر ۳. وہ گیت جو شادی بیاہ کے موقع پر دولھا کے لیے گایا جاتا ہے. [س].

بَنْری (فت ب، سک ن) امث؛ ~ بنڑی.
بنرا کی تانیث.

بَنْڑا (فت ب، سک ن) امذ.
دولھا، نوشہ.

بَنْڑی (فت ب، سک ن) امث.
نئی نویلی دلھن، دلھن.

بَنْسَری (فت ب، سک ن، س) امث.
بانسری کی تخفیف.

بَنْسی(۱) (فت ب، سک ن) امث.
۱. بانسری ۲. گیہوں سے مشابہ ایک گھاس جس کا پودا سیاہ ہوتا ہے جو السی اور جو کے کھیت میں اُگتی ہے.

بَنْسی(۲) (فت ب، سک ن) امث.
مچھلی پکڑنے کی چیز جس میں ڈور اور کانٹا لگایا جاتا ہے. [س].

بَنْسی(۳) (فت ب، سک ن) صف.
بنس (= خاندان کی طرف منسوب)

بَنَفْشہ (فت ب ، ن ، سک ف ، فت ش) است .
پہاڑ یا دریا کے کنارے پر اُگنے والی بیل جس کا پھول اودا یا نیلا اور خوش بو دار ہوتا ہے (نزلے کی دوا میں مستعمل) Viola odorata .
[ف] .

بَنَفْشی/ بَنَفْشَئی (فت ب ، ن ، سک ف ، فت ش) صف .
بنفشہ کے رنگ سے مشابہ رنگ ، پھیکا نیلا رنگ . [ف] .

بَنْکاڑنا/ بَنْکاڑْنا (فت ب ، غنہ ، سک ر/ضم ب) ف ل .
۱. شور و غل کرنا ، دہاڑنا ، غل مچانا ، چلانا .۲. ڈینگ مارنا ، شیخی بگھارنا ، تعلّی کی لینا .۳. پوشیدہ بات کا اعلان کرنا . [س] .

بُنْکی (ضم ب ، سک ن) است .
بوند ، نقطہ .
بنکی دار صف . جس پر نقطے بنے ہوں ، نقطوں والا ، نقطوں سے منقش .

بَنْگال/ بَنْگالا (فت ب ، غنہ) اند .
برصغیر پاک و ہند کا ایک صوبہ (تقسیم ہند کے بعد پاکستانی حصہ 'مشرقی پاکستان' (۱۹۷۰ کے بعد بنگلہ دیش) (ادبیات میں حسن ، جادو اور موسیقی کے لیے بطور تلمیح مستعمل) . [علم] .
بنگال کا جادو اند . منتر اور طلسم جس کے جاننے والے بنگال میں زیادہ بتائے جاتے تھے .

بَنْگالَن (فت ب ، غنہ ، فت ل) است .
بنگال کی عورت ، بنگالی کی تانیث .

بَنْگالی (فت ب ، غنہ) (الف) است .
بنگلہ زبان . (ب) صف . بنگال سے منسوب (چیز ، وضع وغیرہ) . (ج) اند .
بنگال کا باشندہ .

بَنْگلا/ بَنْگْلَہ (فت ب ، غنہ ، سک گ ، فت ل) اند .
۱. کوٹھی ، خوش نما کشادہ مکان .۲. بنگالی زبان .۳. بنگلہ نما ہودہ یا عماری .
۴. ایک قسم کا پان جو مزے میں قدرے تلخ اور گرم ہوتا ہے ، کلکتیا پان .
۵. بنگال میں گائی جانے والی دھرپد کی ایک قسم .۶. رتھ کی برجی نما چھتری یا چھت جو عماری کی شکل کی ہوتی ہے .۷. گھوڑے کے ساز کا وہ کمانی دار حصہ جو کمر پر کسا جاتا اور جس میں بھار کس چڑیا چنگی اور دمچی شامل ہے . [س] .

بَنْنا (فت ب ، سک ن) ف ل .
بنانا کا لازم .
بننا ٹھننا ف ل . بناؤ سنگھار کرنا : سنورنے میں مبالغہ کرنا ، لباس وغیرہ سے آراستہ ہونا .
بننا سنورنا ف ل . پوری طرح سنگار کرنا ، مکمل طور سے آراستہ ہونا .

بِنْنا (کس ب ، سک ن) ف م ؛ ~ بینا .
چننا (زمین سے) ، ایک ایک کر کے اٹھانا . [س] .

بُنْنا (ضم ب ، سک ن) ف م .
۱. دھاگے کا تانا بانا کر کے کپڑا تیار کرنا .۲. (i) تانے بانے کے اصول پر کپڑے کے علاوہ کچھ اور چیزیں تیار کرنا ؛ چھال یا چوں وغیرہ سے چٹائی یا ٹوکری وغیرہ تیار کرنا ، پلنگ وغیرہ کے ڈھانچے کو نواڑ یا بان وغیرہ سے تانے بانے کے اصول پر تیار کرنا . (ii) مکڑی کا اپنے لعاب کے تاروں سے جال بنانا . (iii) جال ، بنیائن یا سویٹر وغیرہ تیار کرنا . [س] .

بَنُو (فت ب ، وح) اند .
اولاد ، بیٹے ، کنبہ ، قبیلہ (عموماً ترکیب میں مستعمل) ، بنو ہاشم ، بنو امیہ . [ع] .

بَنّو (فت ب ، شد ن ، وج) است .
۱. دلہن بہو ، چھوٹی لڑکی یا بیٹی کو پیار سے پکارنے کا کلمہ ، پیاری دلاری ، خانم ، بیگم .۲. دلہن . [س] .

بَنْوانا (فت ب ، سک ن) ف م .
بنا کا متعدی المتعدی .

بِنْوانا (کس ب ، سک ن) ف م .
بِننا کا متعدی المتعدی .

بَنْوائی (فت ب ، سک ن) است .
کسی چیز کو بنانے یا تیار کرنے کی اُجرت ، مزدوری .

بِنْوائی (کس ب ، سک ن) است .
بِننے یا چننے کی مزدوری ، اُجرت ، بنائی .

بَنَوٹ (فت ب، سک ن، فت و) امث.
۱. بناوٹ، تکلّف، تصنّع ۲. ساخت، بناوٹ.

بِنَوٹ/ بِنَّوٹ (کس ب، ولین/کس ب، شدن، ولین) امث.
سپہ گری کے ایک فن کا نام جس میں چھری یا ڈھال وغیرہ سے کام نہیں لیا جاتا.

بِنوٹیا/بِنَّوٹیا (کس ب، ولین، سک ٹ، کس ب، شدن، ولین، سک ٹ) صف.
۱. بنوٹ جاننے والا، بنوٹ کا ماہر ۲. (مجازاً) پینترے باز، داؤ پیچ کھیلنے والا، چالاک، عیار.

بِنَولا/ بِنَولَہ (کس ب، ولین/ فت ل) امذ.
کپاس کا بیج، پنبہ دانہ. [س].

بِنَولی (کس ب، ولین) امث.
۱. بنولا کی تصغیر؛ کپاس کا کھلا ہوا ڈوڈا ۲. چھوٹے چھوٹے اولے، بجری.

بَنی (فت ب) امث.
خوش حالی، فارغ البالی.

بنی بات بگڑنا محاورہ. بھرم جاتا رہنا، ساکھ ختم ہو جانا؛ بنا بنایا کام خراب ہونا یا بگڑ جانا.

بنی ٹھنی صف مث. بجی سجائی، لباس اور زیور سے آراستہ.

بنی رہنا محاورہ. ۱. قسمت کا سازگار ہونا، تقدیر کا موافق ہونا، یکساں خوش حالی ہونا ۲. باہم موافقت قائم رہنا، محبت و خلوص باقی رہنا.

بنی کے سب (سو) ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں کہاوت. اچھے وقت میں سب دوست ہوتے ہیں برے وقت میں کوئی خبر نہیں لیتا.

بَنی (فت ب) امذ؛ ج.
بیٹے، اولاد، نسل، کنبہ، قبیلہ (ترکیب میں مستعمل). [ع].

بنی آدم/بنی نوع/ نوع انسان امذ. اولاد آدم، آدم و حوا کی نسل، نوع انسانی.

بنی ہاشم امذ؛ ج. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا یعنی حضرت ہاشم کی اولاد.

بَنیا (فت ب، سک ن) (الف) امذ.
ایک ہندو قوم جو عموماً غلّے کی تجارت کرتی ہے، غلّے اور پرچون کی تجارت کرنے والا ہندو، بقال. (ب) صف. ۱. (مجازاً) کنجوس، بخیل ۲. (مجازاً) بزدل، بودا، کمزور ۳. سیدھا آدمی جو فسادی نہ ہو. [س]

بنیا جس کا یار اُس کو دشمن کیا درکار کہاوت. بنیا دوست بن کر سودا قرض دے کر فقیر کر دیتا، خود غرض آدمی اپنے دوست کو اپنے فائدے کے لیے تباہ کر دیتا ہے. [س].

بُنیاد (ضم ب، سک ن) امث.
۱. اصل، جڑ ۲. کسی عمارت وغیرہ کا وہ حصہ جو زمین کے اندر ہوتا ہے نیو ۳. آغاز، بنا، ابتدا ۴. (i) (مجازاً) عمارت، مکان، گھر (ii) نشان، آثار ۵. اصلی سبب، اساسی وجہ ۶. (کنایۃً) حقیقت بساط، طاقت ۷. اثاثہ، پونجی. [ف].

بنیاد پڑنا محاورہ. بنیاد قائم ہونا، آغاز ہونا.

بنیاد رکھنا محاورہ. قائم کرنا، شروع کرنا، داغ بیل ڈالنا، نیو رکھنا.

بنیاد ہلانا محاورہ. زیر و زبر کر دینا، متزلزل کر دینا، بہت زیادہ کمزور کر دینا.

بُنیادی (ضم ب، سک ن) صف.
۱. اصلی، ابتدائی ۲. اصولی ۳. اساسی، جس پر آئندہ کی ترقی و توسیع وغیرہ مبنی ہو ۴. جس کی بنیاد مستحکم ہو.

بَنیان (فت ب، سک ن) امذ؛ امث.
قمیص یا کرتے کے نیچے پہننے کا نیم آستین یا بے آستین کا لباس.

بَنیے (فت ب، سک ن) امذ.
بنیا کی مغیرہ حالت یا جمع (ترکیب میں مستعمل).

بنیے کا بیٹا (پوت) کچھ دیکھ کر (ہی) گرتا ہے کہاوت. چالاک مطلب پرست کا کوئی کام فائدے سے خالی نہیں ہوتا.

بُو (۱) (و مع) امث.
۱. مہک، (اچھی یا بری) باس ۲. (مجازاً) ہلکا سا اثر، نشان، معمولی سی علامت ۳. (مجازاً) بھنک، سن گن، راز، بھید (بیشتر 'تک' کے ساتھ)

بو باس امث. ۱. بو (عموماً اچھی) ۲. ڈھنگ، طرز، انداز، اثر، عادت و خصلت.

بو پانا محاورہ. ۱. سن گن پانا، خبر پانا یا ملنا، آثار وغیرہ سے کسی بات

چلانا ۔۲۔ کتے وغیرہ کا کسی چیز کی بو سونگھ کر پیچھا کرنا ۔

بھبکنا ف مر ۔۱۔ اچھی یا بری باس کا فضا میں منتشر ہونا ۔۲۔ مشہور ہونا ۔ ۳۔ (کسی بات یا راز کا) افشا ہونا ، بو پھوٹنا ۔

بو سونگھنا محاورہ ۔۱۔ دل چسپ اور توجہ کے ساتھ مستفیض ہونا ، واقف ہونا ۔۲۔ سراغ لگانا ، علامات یا آثار سے پانا ، جیسے : پولیس کے جاسوس کتے کسی چیز کی بو سونگھ کر اس کا سراغ پا لیتے ہیں ۔

بو (۲) (ومع) اند ۔
ابو کی تخفیف ، ترکیبات میں مستعمل ۔

بوالائمہ اند ۔ اماموں کے باپ ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کنیت جن کی اولاد میں مشہور گیارہ امام ہوئے ہیں ۔

بو البشر اند ۔ انسانوں کا باپ ، ابوالبشر ، حضرت آدم علیہ السلام ۔

بو الہوس صف ۔ بہت ہوس رکھنے والا ، لالچی ؛ خواہش نفسانی کا بندہ ، شہوتی ؛ عشق کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا ۔

بو (۱) (وج) ف م ۔
بونا کا مادہ یا فعل امر ، ترکیبات خصوصاً مرکب افعال میں مستعمل ، (جیسے : بو دینا ، بو لینا ، بونا) ۔

بو (۲) (وج) است ۔
قمیص کے کالر میں فیشن کے طور پر لگانے کا ریشمی فیتہ جو تتلی کے پروں سے مشابہ ہوتا ہے ، ایک طرح کی ٹائی ۔ [انگ] ۔

بُوا (ضم ب) است ۔
۱۔ کلمۂ خطاب جو بیشتر ایک عورت دوسری عورت خصوصاً بوڑھی عورت مخاطب کرنے کے لیے استعمال کرتی ہے ، مترادف : بہن (بطور خطاب) ، بی بی ۔۲۔ ایک کلمہ جو مؤنث ناموں سے پہلے تعظیماً لگا دیتے ہیں ۔۳۔ دایہ ، ماما ، اصیل ، نیز ان سے تخاطب کا کلمہ ۔ [س] ۔

بَواسیر (فت ب ، ی مع) است ۔
ایک مرض کا نام ، جس میں مقعد کے اندر سے ہو جاتے ہیں ۔ [ع] ۔

بُوائلَر (ضم ب و اغ ، کس ئ ، فت ل) اند ۔
بھاپ کے زور سے چلنے والی مشینوں کا وہ ظرف جس میں پانی کو تیز حرارت پہنچا کر بھاپ بناتے ہیں ؛ پانی ابالنے کا ایک مخصوص ظرف جو سردی میں مکان وغیرہ کو گرم رکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ [انگ] ۔

بُوائی (ضم ب) است ۔
تخم ریزی ، (بیج) بونا ۔ اف : کرنا / ہونا ۔

بُوبُو (ومع ، ومع) است ۔
۱۔ بڑی بہن ، ہم شیر ، قابل احترام عورتوں یا پیار سے بچیوں کو مخاطب کرنے کا کلمہ ۔۲۔ وہ ماما یا اصیل یا کنیز جس کی گود میں ماں نے پرورش پائی ہو ، ماں کی دایہ یا کھلائی ۔۳۔ مدخولہ ، حرم ۔۴۔ بی بی ، معزز خاتون (اکثر ترکیب میں) ۔

بُوتا (ومع) اند ۔
۱۔ بل ، قوت ، طاقت ، زور ۔۲۔ مقدور ، بس ، قابو ، مقدرت ۔۳۔ سہارا ، آسرا ، حمایت ۔ [س] ۔

بوتَل (وج ، فت ت) است ۔
۱۔ سیال اشیا رکھنے کا شیشے وغیرہ کا ایک ظرف جس کی گردن لمبی اور پتلی اور نیچے کا حصہ گول چوکور یا مختلف اشکال کا ہوتا ہے ۔۲۔ (i) شراب کی بوتل ، شراب سے بھرا ہوا شیشہ ۔ (ii) بوتل بھر شراب ۔ [انگ] ۔

بُوتَہ (ومع ، فت ب) اند ۔
۱۔ سونا چاندی گلانے کی کٹھالی ۔۲۔ مٹی کی کلیا یا ہانڈی جس میں دوا یا دھات کا ٹکڑا رکھ کر آگ کے ڈھیر میں مقرر طریقے سے جلاتے اور پکاتے ہیں ، گل حکمت کی ہوئی ہانڈی وغیرہ ۔ [ف] ۔

بُوتھ (ومع) است ۔
۱۔ عارضی دکان جس پر سائبان ہو ۔۲۔ عارضی سائبان یا شامیانہ وغیرہ ، پولنگ بوتھ ؛ ٹیلی فون بوتھ ۔ [انگ] ۔

بُوٹ (۱) (ومع) اند :- بونٹ ۔
کچے سبز چنے ، چنے کے ڈوڈے ، چنے کے پودے جن میں ڈوڈے لگے ہوں ۔

بوٹ پلاؤ اند ۔ ایک قسم کا پلاؤ جس میں چاول کے ساتھ ہرے چنے ملا کر پکاتے ہیں ۔

بُوٹ (۲) (و مع) امذ.
انگریزی وضع کا جوتا. [انگ].

بوٹ پالش امذ. ایک قسم کا (براؤن سیاہ یا سفید) مرکب جسے مقررہ طریقے سے بوٹ پر لگاتے اور رگڑتے ہیں تو جوتا چمک جاتا ہے.

بُوٹا (و مع) امذ.
۱. پودا، نورستہ درخت، چھوٹے قد کا دل کش اور خوش نما پودا. ۲. پھول پتی کے نقش جو کپڑے یا کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بناتے ہیں.

بوٹا سا قد صف. چھوٹا سا متناسب قد، موزوں میانہ قد، دل کش اور خوش نما قامت.

بُوٹی (و مع) امث.
۱. چھوٹا پودا، چھوٹا بوٹا، چھوٹا پھول، پھول پتی. ۲. (i) چھوٹا جنگلی پودا یا اس کے اجزا جو داوئیوں کے کام آتے ہیں، جڑی بوٹی. (ii) وہ پودا جس کی تلاش میں مہوس رہتے ہیں اور جو ان کے خیال میں دھات کا قلب ماہیت کر دیتی ہے. (iii) زمین سے لگے لگے پھیلنے والا نباتی پودا، پتے اور گھاس کی ادنیٰ روئیدگی جو کبھی چوبی نہیں بنتی ۳. پھول پتی جو کپڑے یا کاغذ وغیرہ پر بنائی جاتی ہے. اف: بنانا / کاڑھنا.

بوٹی سنگھانا ف مر. جادو کی بوٹی سنگھا کے مسحور کر لینا، بہلا کر یا جادو منتر سے اپنا ہم خیال اور مطیع بنا لینا.

بوٹی (و مج) (الف) امث.
۱. گوشت کا چھوٹا ٹکڑا، لوتھڑا. ۲. پرندے کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں. (ب) صف. نہایت سرخ.

بوٹی بوٹی پھڑکنا محاورہ. ۱. نہایت شوخ اور چلبلا ہونا، نچلا نہ بیٹھنا، بہت شریر اور چنچل ہونا. ۲. ناچنے تھرکنے والے کے ہر عضو میں جنبش ہونا.

بوٹی چڑھنا محاورہ. (جسم) پنپنا، فربہی آنا، موٹا ہونا.

بوٹیاں (و مج، کس ٹ) امث.
بوٹی جس کی یہ جمع ہے، ترکیبات میں مستعمل.

بوٹیاں چیل کووں سے نچوانا / کو دینا محاورہ. سخت عذاب میں مبتلا کرنا، ناقابل برداشت سزا دینا.

بُوج/بُوجھ (و مع) امث.
۱. سمجھ، فہم، عقل. ۲. احساس، ادراک، ذکاوت، ذہانت؛ قیاس، گمان. ۳. پہیلی کا حل.

بوجھ (و مج) امذ.
۱. وزن، بار. ۲. گٹھڑی، بنڈل. ۳. (مجازاً) ذمہ داری، فرض. ۴. انقباض، تکدر، رنج و ملال، فکر (عموماً دل وغیرہ کے ساتھ). ۵. کوئی وزنی چیز جو جہاز (وغیرہ) پر توازن قائم کرنے کے لیے رکھی جائے؛ اناج یا گھاس کا گٹھا جو ایک آدمی اٹھا سکے؛ مال و اسباب جو جہاز یا کشتی وغیرہ پر لادا جائے، کھیپ، لداوا؛ متانت، سنجیدگی؛ اہمیت؛ فکر. [س].

بوجھ اُتارنا محاورہ. ۱. ذمے داری سے سبک دوش ہونا، فرض پورا کرنا، بری الذمہ ہونا. ۲. بے پروائی، بے دلی سے کام کرنا ۳. قرض ادا کرنا.

بوجھ پڑنا محاورہ. ۱. ذمے داری کا بار سر پر آ جانا، گراں بار ہو جانا. ۲. خرچ ذمے آ جانا. ۳. دباؤ یا زور پڑنا.

بوجھ اٹھانا محاورہ. ذمے داری لینا، کفالت اپنے سر لینا، خرچ وغیرہ برداشت کرنا.

بوجھ تلے دبنا محاورہ. زیر بار ہونا، گراں بار ہونا.

بوجھا (و مج) امذ.
۱. بوجھ. ۲. وہ سامان جو لادا جائے، لادا جانے والا سامان.

بوجَھل (و مج، فت جھ) صف.
۱. وزنی، بھاری. ۲. تکدر یا گرانی محسوس کرنے والا (دل یا طبیعت وغیرہ کے ساتھ). ۳. زیر بار، گراں بار، فرائض کے بوجھ سے دبا ہوا ۴. سامعہ پر گراں گزرنے والا، جسے ذوق سلیم قبول نہ کر سکے. ۵. جو کثیف اجزا کی بنا پر دیر ہضم ہو. ۶. بوجھ والا، جو لدا ہوا ہو.

بُوجْھنا (و مع، سک جھ) ف م.
۱. سمجھنا، پہچاننا، حقیقت سمجھ کر مان لینا، جان لینا، تاڑ جانا (کسی بات کو). ۲. حل کرنا، مفہوم یا مطلب سمجھنا (بیشتر پہیلی کا).

بُوچَڑ (و مع، فت چ) امذ.
قصائی، قصاب، جانور ذبح کرنے والا، گوشت بیچنے والا. [انگ].

بَوچھار/ بَوچھاڑ (ولین) مث.
ا.مینھ کی وہ بوندیں جو ہوا کے ساتھ ترچھی گرتی اور بچاؤ کی جگہ میں پہنچتی ہیں ۲. کثرت ، بھرمار ۳.طعن و تشنیع ، لعن وطعن ، طنز و استہزا وغیرہ کا مسلسل استعمال (کسی کے لیے) ، چھینٹے ۴.بارش ، برساؤ ؛ بکھراؤ ، بکھیر . [س].

بُود (۱) (ومع) مث : مذ.
ا.ہستی ، وجود ، زندگی ۲.اصل ، حقیقت ، حیثیت ۳. ہونا ، ہست ، پیدا . [ف].

بود و باش مث ؛ مذ. ا. رہنے سہنے کا عمل ، سکونت ۲. (مجازاً) جائے سکونت ، قیام گاہ ۳.طرز زندگی ، رہنے سہنے کا ڈھنگ ، معاشرت .

بُود (۲) (ومع) مث (قدیم).
عقل ، سمجھ ، فہم ، بودھا.

بودا (۱) (ومج) صف.
ا. ڈرپوک ، بزدل ، کم ہمت ، پست حوصلہ ۲. ناپائدار ، پھس پھسا ، آسانی سے ٹوٹ یا پھٹ جانے والا ۳. کمزور ، ناتواں ، نحیف ، بے طاقت ۴. بے وقوف ، احمق ، گاؤدی. [س].

بُودَم (ومع ، فت د) صف.
اُلو ، بے وقوف ، احمق ، سادہ لوح.

بودم بے دال کس صف ، صف. (لفظاً) بغیر دال کا بودم یعنی بوم ، الو ، چغد ، بے وقوف ، احمق ، بدھو.

بودی (۱) (ومج) صف ، مث.
بودا (دیکھیے) کی تانیث.

بودی مار مث.
سخت جسمانی سزا ، ایسا زد و کوب جس سے بہت اذیت پہنچے ، نڈھال اور کمزور کر دینے والی سزا یا ضرب شدید.

بودھ (ولین) مذ.
مہاتما گوتم بدھ سے منسوب : بدھ مذہب کا پیرو.

بودھا (ومج) صف.
ذہین ، عقیل و فہیم. [س].

بَوڈر (ولین ، فت ڈ) مذ ، مث : ← بورڈر.
ا. حاشیہ ، گوٹ ، وہ جھالر جو لباس کے کناروں پر زیبائش کے لیے لگاتے ہیں ۲. سرحد ، جیسے پاک و ہند کا بوڈر ، بوڈر پولیس. [انگ]

بَور (ولین) مذ.
آم کا پھول ، مور ، مول. اف : آنا. [س].

بُور (ومع) مذ.
ا. بھوسی ، چوکر ، چورا ۲. ذرے ، سفوف ، پھولوں کا غبار نما زیرہ [س].

بور کا (۔کے) لڈو (۔فت ل ، شد ڈ ، ومع) مذ.
(لفظاً) گیہوں کی بھوسی کا بنا ہوا لڈو جو کھانے میں نہایت بدمزہ ہوتا ہے ، (مجازاً) دھوکے کی چیز جو بظاہر اچھی اور باطن میں خراب ہو .

بور کا/کے لڈو کھائے سو پچھتائے نہ کھائے سو پچھتائے کہاوت
ایسا کام جس کے نہ کرنے میں حسرت رہے اور کرنے میں پچھتاوا ہو (تغیر فعل کے ساتھ بھی مستعمل ہے).

بور (۱) (ومج) مذ.
ا. کسی بھی دائرے کا قطر (جیسے : بندوق کی نالی وغیرہ) ۲. سوراخ ، وہ سوراخ جو زمین میں پانی معلوم کرنے کے لیے کیا جائے ؛ برمانا سوراخ کرنے کا عمل ، مشین سے کنواں کھودنا. [انگ].

بور (۲) (ومج) صف.
وبال جان ، اجیرن ، اکتایا ہوا ، اچاٹ . [انگ].

بور کرنا محاورہ.
وبال جان بن جانا ، دماغ چاٹ جانا ، جان ضیق میں کر دینا ، بیزار کر دینا.

بور ہونا مث. بیزار ہونا ، اُکتانا.

بُورا (ومع) مذ : مث.
ا. پسی ہوئی سفید شکر ، چینی یا کھانڈ جو دانے دار نہ ہو ۲. چورن ، برادہ ، سفوف. [س].

بورا (ومج) مذ.
ٹاٹ یا موٹے کپڑے کا بڑا تھیلا ؛ [لاط].

بَورانا (ولین) (الف) ف ل.
پاگل یا دیوانہ ہو جانا، بولا جانا؛ (مجازاً) بے خود ہو جانا، دیوانوں کی سی حرکتیں کرنے لگنا. (ب) ف م. پاگل بنا دینا، دیوانہ کر دینا، کسی کے ہوش و حواس کھو دینا. [س].

بُورانی (ومع) است.
گھی میں بریاں کیے ہوے بیگن کا رائتا، نمک مرچ وغیرہ ملایا ہوا دہی (جو عموماً پلاؤ یا بریانی میں ڈال کر کھاتے ہیں).

بورڈ (وج، سک ر) اند.
۱. لکڑی یا کسی دھات وغیرہ کا بنا ہوا تختہ (جسے مکان یا دکان وغیرہ پر لگا کر نام پتا لکھتے ہیں). ۲. بلیک بورڈ ۳. بساط جس پر مختلف کھیل کھیلے جاتے ہیں، جیسے: ڈرافٹ بورڈ ۴. انجمن، مجلس، کسی محکمہ کی مجلس انتظامیہ اور اس کے ارکان (عموماً تراکیب میں مستعمل، جیسے: بورڈ آف ایجوکیشن، بورڈ آف ڈائرکٹرز وغیرہ). ۵. جہاز کی سطح، جہاز کے کسی جانب کا تختہ. ۶. میز؛ کھانے کی میز. ۷. تختوں سے ڈھکنے داسنے یا تختوں پر جڑنے کا عمل. [انگ].

بَورڈر (ولین، سک ر، فت ڈ) اند.
حاشیہ کنارہ، سرحد، دیکھیے: بوڈر. [انگ].

بورڈنگ (وج، سک ر، کس ڈ مغ) اند.
۱. درس گاہوں میں وہ عمارت جس میں طلباء کے طعام و قیام کا انتظام ہوتا ہے، طعام و قیام کی جگہ، اقامت گاہ، دارالاقامہ؛ بورڈنگ ہاؤس کا اختصار. ۲. کھانا، طعام ۳. چرم سازی چمڑے کو رنگنے یا صاف کرنے کے لیے تختوں میں دبانے یا کسنے کا عمل. [انگ].

بورِک ایسڈ (وج، کس ر، سک ک / ی ج، کس س) اند.
بورون (غیر فلزی ٹھوس عنصر) کا سفوف جو سنکائی وغیرہ میں بطور دوا استعمال کرتے ہیں.

بورِنگ (۱) (وج، کس ر، غنہ) است: اند.
پانی یا تیل وغیرہ نکالنے کے لیے زمین میں مشینوں سے سوراخ کرنا، برمے سے کسی چیز میں چھید کرنا. [انگ].

بورِنگ (۲) (وج، کس ر، غنہ) صف.
طبیعت پر بار گزرنے والا، پریشان کن، کھلنے والا. [انگ].

بوری (وج) است.
۱. بورا (۱) کی تصغیر. ۲. اناج وغیرہ کا کوئی ڈھائی تین من کے قریب وزن (جو ایک بوری میں آسکے). ۳. تھیلا یا تھیلی جس میں مہاجن روپیہ رکھتے ہیں.

بورِیا (وج، سک ر) اند.
۱. کھجور کے پتوں یا کسی اور نباتات سے بنا ہوا فرش یا بستر، چٹائی. ۲. بغیر سلی ہوئی بوری یا پٹ سن کا بنا ہوا فرش، ٹاٹ. [ف].

بوریا بستر باندھنا محاورہ. اپنا سامان سمیٹ کر رخصت ہونے کے لیے تیار ہونا.

بوریا بستر گول کرنا محاورہ. رخصت ہو جانا، چھوڑ کر چلا جانا، نکل جانا.

بورِیَت (وج، کس ر، فت ی) است.
بے کیفی، طبیعت اچاٹ ہونے کی کیفیت، دل و دماغ پر بوجھل پن کی صورت حال.

بَوڑَم (ولین، فت ڑ) صف.
بے وقوف، بلّلا، نرا احمق، گھامڑ، خبطی، فاتر العقل.

بُوڑھا (ومع) صف: اند.
وہ شخص جس کی جوانی گزر چکی ہو، سن رسیدہ آدمی. [س].

بوڑھا بھوس / بھونس صف.
نہایت بوڑھا، پیر فرتوت جو بالکل ناتواں اور کمزور ہو گیا ہو.

بوڑھا خرانٹ/گھاگ صف. تجربہ کار بوڑھا، جہاندیدہ اور کہن سال شخص، ایسا ہوشیار بوڑھا آدمی جسے دھوکا دینا آسان نہ ہو.

بُوڑھی (ومع) است.
بوڑھا کی تانیث.

بوڑھی ڈھڈو است. نہایت بوڑھی، بوڑھی پھوس.

بوڑھی گھوڑی لال لگام کہاوت. بڑھاپے میں جوانی کا سنگھار یا نخرے ایسی آرائش جس کی عمر متقاضی نہ ہو.

بُوڑھے (و مع) اند.
بوڑھا کی جمع یا مغیرہ حالت، ترکیبات میں مستعمل.

بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھا کرتے ہیں/طوطے پڑھیں قرآن / طوطے قرآن پڑھتے/ طوطے نہیں پڑھتے کہاوت. بڑی عمر میں علم یا ادب حاصل نہیں ہوتا.

بُوزِنَہ (و مع، سک ز، فت ن) اند.
بندر جو ایک مشہور جانور ہے.

بوسکی (و مج، سک س) است.
ہلکے بادامی رنگ کا ایک خالص قیمتی ریشمی کپڑا.

بوس (و مج) اند.
چومنا، بوسہ دینا. [ف].

بوس و کنار اند.
لپٹا کر بوسے لینا. [ف].

بوسَہ (و مج، فت س) اند.
۱. منھ لگانے اور چومنے کا عمل، چومنا، چوما، چمی، پیار. اف: دینا/ لینا. ۲. (تصوف) وہ جذبہ باطن جو عاشق کے لیے سرمایۂ حیات ہو. [ف].

بوسِیدگی (و مج، ی مع، فت د) است.
کہنگی، خستگی، پرانا پن، گلنے سڑنے یا پرانا ہو جانے کی کیفیت. [ف].

بوسِیدَہ (و مج، ی مع، فت د) صف.
پھٹا، پرانا، گلا سڑا.

بُوشَرْٹ (ضم ب، غم و، فت ش، سک ر) است.
بش شرٹ، ایک قسم کی اونچی قمیص جس کا گریبان کوٹ کی طرح کھلا ہوتا ہے اور چاک نہیں ہوتا. [انگ].

بُوفے (و مع) اند.
(لفظاً) ہوٹل وغیرہ میں وہ جگہ جہاں برتن وغیرہ رکھنے کی الماریاں ہوتی ہیں، (مراداً) وہ دعوت جس میں لباس وغیرہ کی کوئی پابندی نہ ہو اور اس میں کھانا علی العموم کھڑے ہو کر کھایا جائے (کھانے والے اپنی مدد آپ کے اصول پر عمل کرتے اور میز پر رکھی ہوئی ڈشوں میں سے کھانا اپنی اپنی پلیٹ میں نکال کر کھاتے ہیں). [فر].

بوقَلَمُوں (و مج، فت ق، ل، و مع غ) (الف) صف.
رنگا رنگ، مختلف رنگ، نوع یا وضع کا، طرح طرح کا، گونا گوں.
(ب) اند. ۱. رنگا رنگی، نیرنگی. ۲. گرگٹ کی شکل سے مشابہ ستاروں کا ایک مجموعہ جو قطب جنوبی کے قریب واقع ہے؛ گرگٹ، حربہ. ۳. وہ نلکی جس میں شیشے کے رنگین ٹکڑے پڑے ہوتے ہیں اور نلکی کے پھرانے سے ہمیشہ نئی نئی مختلف رنگین شکلیں نظر آتی ہیں؛ شیشے کا سہ پہلو ٹکڑا جس کے ہر پہلو سے قزح کے مختلف رنگ نظر آتے ہیں، عکس نما، عکس بیز، منشور. [ف].

بوقَلَمُونی (و مج، فت ق، ل، و مع غ) است.
رنگا رنگی، تنوع.

بوک (و مج) اند.
جوان اور مست بکرا؛ بکرا، مینڈھا؛ بڈھا بکرا جس کا گوشت لجلجا ہوتا ہے. [س].

بُوکاٹا (و مع) فقرہ.
اعلان فتح کا نعرہ (پتنگ لڑانے والے اور ان کے ساتھی حریف کی پتنگ کٹنے کے بعد، ''بوکاٹا'' (پورب میں ''وہ کاٹا'' کا نعرہ لگا کر اپنی فتح کا اعلان کرتے ہیں). [وہ کاٹا کی تخریب].

بوکْسَر (و لین، سک ک، فت س) صف؛ ~ باکسر.
مکے باز، مکے بازی کرنے والا، گھونسوں سے مقررہ اصول کے مطابق لڑنے والا. [انگ].

بَوکْسِنگ (و لین، سک ک، کس س، غنہ) است: باکسنگ.
(کھیل) گھونسے بازی، مکے بازی. [انگ].

بَوکھلانا (و لین، سک کھ) (الف) ف ل.
گھبرانا، بدحواس ہونا، مضطرب ہونا، گھبراہٹ میں دیوانہ سا بن جانا.
(ب) ف م. دوسرے کو گھبرا دینا، بدحواس کر دینا، مضطرب کر دینا، گھبراہٹ میں دیوانہ سا کر دینا.

بَوکھلاہَٹ (و لین، سک کھ، فت ہ) است.
گھبراہٹ، پریشانی.

بوگس (وج، فت گ) صف.
نقلی، کھوٹا، جعلی، بناوٹی، غیر حقیقی. [انگ].

بوگی (وج) مث.
ریل کا بڑا ڈبا جس میں کئی چھوٹے چھوٹے کمپارٹمنٹ ہوتے ہیں.
[انگ].

بَول (ولین) مذ.
پیشاب. [ع].

بول براز مذ. پیشاب پاخانہ.

بول (۱) (وج) مذ.
۱. بات، لفظ، قول، کلام، انسان کے منھ سے نکلی ہوئی آوا. ۲. فقرہ جملہ، مقولہ. ۳. (i) مصرع، نظم، شعر. (ii) لے، سر، نغمہ، نوا. ۴. حکم، مشورہ، رائے، ہدایت. ۵. ناطقہ، گویائی، زبان، بولنے کی قوت. ۶. اعتراض. ۷. طعنہ، طنز، بولی ٹھولی. ۸. شہرت، نام، عزت، ترقی وغیرہ (عموماً 'بالا' کے ساتھ (بول بالا مع تحتی). ۹. پیغام، پیام؛ اطلاع، خبر. ۱۰. صیغۂ نکاح (دو بول، بولوں). ۱۱. مثل، کہاوت، مقولہ. [س].

بول اُٹھنا محاورہ. ۱. چپ نہ رہنا، کہنا، یکا یک یا اچانک کچھ کہنا، چلّا اٹھنا. ۲. کیفیات تاثرات یا قرائن سے اصلی اور مخفی بات کا ظاہر کر دینا. ۳. (آواز بازگشت) گونجنا. ۴. جس بول جانا، چیخنا چلانا، ہار مان لینا، اعتراف شکست کرلینا. ۵. (مجازاً) دل میں اتر جانا (اظہار دل کشی کے موقع پر). ۶. خوش نما ہو جانا، خوش ذائقہ ہو جانا، بہتر ہو جانا.

بول بالا مذ. ترقی، کامیابی، عزت و آبرو کا بڑھنا، شہرت، نام وری

بول بالا ہونا محاورہ. عزت یا مقبولیت بڑھنا، شہرت ہونا، عروج حاصل ہونا، ترقی ہونا.

بول بندہ کس کا میرا کہ تیرا کہاوت. اس موقع پر مستعمل جب کسی کمزور کو زبردست کے سامنے ہتھیار ڈالنا پڑیں.

بول چال مث. ۱. بات چیت، گفتگو، ایک دوسرے سے کلام کرنے کی صورت حال، کلام یا بیان. ۲. اہل زبان کا روز مرہ ترکیب یا نشست الفاظ جو اہل زبان اور زبان دان اصحاب میں رائج ہو اور اس کے خلاف بولنا غیر فصیح سمجھا جائے. ۳. (عوام) تکرار، بحث. ۴. بولنے اور چلنے کا عمل، رفتار و گفتار.

بول دینا محاورہ. ۱. کسی کام کے کرنے کا اعلان کر دینا. ۲. عملی جامہ پہنانا، کوئی کام کرنا یا کرگزرنا، کسی کام کے کرنے کا حکم دینا.

بول (وج) مث.
گیند، کرکٹ میں بولر کھلاڑی کو گیند کراتا ہے. [انگ].

بولا مذ.
(لفظاً) زبان سے بات نکلنے کا عمل، زبانی معاہدہ جو زمین دار اور کاشت کار کے درمیان ہو؛ دو شخصوں کے درمیان زبانی قول قرار.
کہا ہوا، جیسے: منھ بولا وغیرہ. [ہ].

بَولانا (ولین) ف ل.
بدحواس ہونا، گھبرانا، مضطرب ہو جانا، دیوانہ ہو جانا. [س].

بولتا (وج، سک ل) (الف) مذ.
۱. روح، جان. ۲. حقہ. (ب) صف. بولنے والا.

بولتا چالتا صف. باتیں کرتا اور چلتا پھرتا، جیتا جاگتا، واضح، جیسے: اس نے اکثر مقامات پر اپنے اشعار میں رزم گاہ کا بولتا چالتا نقشہ کھینچ دیا ہے.

بولتا ہوا صف. کھلا ہوا، واضح، موثر، روشن جس سے انکار نہ کیا جا سکے، دل میں اتر جانے والا.

بولتی (وج، سک ل) مث.
۱. بولتا کی تانیث. ۲. (عوام) کون، وہ جس سے ریاح خارج ہوتی ہے.

بولتی بند ہونا محاورہ. عاجز ہونا، زبان نہ کھلنا، مقابلے کی تاب نہ ہونا.

بولتی تصویر/ بولتی چالتی تصویر مث. ہو بہو اصل کے مطابق نمونہ وغیرہ جس سے پورا حال معلوم ہو جائے، جیتی جاگتی یا چلتی پھرتی تصویر، زندہ نمونہ، مثالی نمائندہ.

بولتے (وج، سک ل) صف.
بولتا کی جمع یا مغیرہ صورت، ترکیب میں مستعمل.

بولتے کی زبان کس نے پکڑی ہے فقرہ. نکتہ چینی کرنے یا برا بھلا کہنے والے کو کون روک سکتا ہے.

بولٹ (وج، سک ل) مذ.
۱. گول یا چوکور سر والی کیل جس میں کسنے کے لیے چوڑیاں بنی ہوتی

ہیں، پیچ . ۲. دروازہ مضبوطی سے بند کرنے کا ایک آہنی آلہ ، چٹخنی . ۳. کسی قفل یا بندوق کے گھوڑے کا وہ حصہ جو چابی یا کمانی کی مدد سے اپنا مقرر کام کرتا ہے . [انگ] .

بولَر (وج ، فت ل) اند .
(کرکٹ) بلے باز کھلاڑی کی طرف مقرر طریقے سے گیند پھینکنے والا کھلاڑی . [انگ] .

بولْنا (وج ، سک ل) ف ل .
۱. (انسان کا منھ سے) آواز نکالنا ، کہنا ، بات کرنا (خود سے یا جواباً) . ۲. جانور کا منھ سے آواز نکالنا یا کسی اور کی آواز کی نقل کرنا . ۳. تصادم ، رگڑ وغیرہ سے کسی بے جان چیز سے آواز پیدا ہونا (جیسے : چارپائی کا بولنا ، چوڑیوں کا بولنا ، گھڑی کا بولنا) . ۴. صورت حال سے ظاہر ہونا ، زبان حال سے بتانا . ۵. اعتراض کرنا ، سخت سست کہنا ، ڈانٹنا ڈپٹنا ، زجر و توبیخ کرنا ، جھڑکنا ، برا بھلا کہنا ، طرف داری . ۶. کسی چیز کے متعلق اپنی رائے کا منھ سے یا تحریراً اقرار یا اعلان کرنا . ۷. (i) محسوس ہونا . (ii) اوصاف سے نمایاں ہونا . ۸. نام رکھنا ، موسوم کرنا . [س] .

بولنا چالنا ف ل . بات کرنا ، منھ سے آواز نکالنا .

بولِنگ (وج ، کس ل مغ) است .
(کرکٹ) گیند پھینکنے کا عمل . [انگ] .

بولی (وج) است .
۱. آواز ، وہ صدا جو کسی جان دار کے بولنے سے پیدا ہو . ۲. زبان ؛ بول چال ؛ بول چال کی زبان . ۳. بول ، گیت ، نغمہ . ۴. طعن ، تشنیع ، تمسخر . ۵. جانوروں اور پرندوں کی آواز . ۶. وہ آواز جو گاہک نیلام میں قیمت بتانے کے وقت منھ سے نکالتا ہے .

بولی بڑھانا ف مر . نیلام میں قیمت بڑھانا .

بولی بولنا محاورہ . ۱. (نیلام میں) قیمت لگانا . ۲. نیلام کرنا ، ۳. کسی غیر جنس کی آواز نکالنا ، جیسے : گدھے کی بولی بولنا وغیرہ .

بولی ٹھولی است . ۱. طعن و تشنیع ، پھبتی ، آوازہ توازہ . ۲. ہنسی مذاق ، آزادانہ گفتگو ، ضلع جگت ، ٹھٹھا .

بولے سو مارا جائے کہاوت .
جو بولتا ہے اور دوسرے کی بات میں دخل دیتا ہے وہ مار کھاتا ہے لہٰذا خاموشی بہتر ہے .

بولْیاں (وج ، سک ل) است .
بولی جس کی یہ جمع اور ترکیبات میں مستعمل ہے .

بولیاں ٹھٹھولیاں (ٹھولیاں) پڑنا / پھینکنا / کسنا / مارنا محاورہ .
آوازے کسے جانا ، مذاق اڑانا ، طعن و تشنیع کی بوچھار ہونا .

بَوم (ولین) اند .
گائے وغیرہ کی ساق (جس کا گوشت کھانے میں لذیذ ہوتا ہے) ، بونگ .

بُوم (ومع) اند .
اُلّو . [ف] .

بُوم (ومع) است .
گونجتی ہوئی آواز ، شوروغل . [حکایت الصوت] .

بَونا (ولین) اند .
ٹھگنا ، پستہ قد ، جس کا قد اس کی عمر کے تناسب سے بہت کم ہو ، بالشتیا . [س] .

بونا (وج) ف م .
زمین میں بیج ڈالنا ، تخم ریزی کرنا ، پودا ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا . [س] .

بُونْٹ (۱) (ومع ، مغ) اند .
سبز کچے چنے جو اپنے خول میں بند ہوں . ۲. کونپل ، ٹہنی ، شاخ ، ڈنٹھل . [س] .

بونٹ پلاؤ اند دیکھیے : بوٹ پلاؤ .

بونِٹ (وج ، کس ن) اند .
کار کے انجن کا قبضہ دار ڈھکن . [انگ] .

بُونْد (ومع مغ) (الف) است ؛ اند .
۱. قطرہ . ۲. تلوار ، خنجر وغیرہ کی چمک یا دھار ، بہت تیز ، آب دار (ہتھیار) . ۳. ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر چتیاں ہوتی ہیں . ۴. نطفہ .

۵.مشروب تند و تیز. (ب) صف. نہایت اونچا، بہت بلند، تارے کی طرح اونچا. [س].

بوند بھر م ف. تھوڑا سا، قطرے کے بہ قدر.

بوند پڑنا محاورہ. بارش کی بوند یا بوندوں کا اوپر سے نیچے گرنا، بارش ہونا.

بُونْدا (ومع مغ) امذ.

۱. بڑا اور موٹا قطرہ. ۲. چھرّا جس کو بندوق میں بھر کر چڑیاں مارتے ہیں؛ اڑنے والے پرندوں کے سر کی بیماری، پوسٹ کارڈ، مکئی کا بھٹہ.

بوندا باندی است. تھوڑی تھوڑی بارش، ترشح، اکا دکا بوند پڑنا، وہ بارش جو جھڑ نہ لگائے، وقفے وقفے سے ہونے والی ہلکی بارش.

بُونْدی (۱) (ومع مغ) است.

پانی کا چھوٹا سا قطرہ، مینھ کا قطرہ (عموماً بطور جمع مستعمل)، بوند (۱) کی تصغیر. [ار].

بُونْدی (۲) (ومع مغ) است.

ایک قسم کی شیرینی، جو بیسن کی بوندیوں کو تل کر شکر کے قوام میں تیار کرتے ہیں، نکتی. [ار].

بُونْدیں (ومع مغ/ ی مج) است؛ ج.

بوند کی جمع اور ترکیبات میں مستعمل.

بوندیں پڑنا محاورہ. تھوڑی تھوڑی بارش ہونا، ہلکا مینھ برسنا.

بَونْڈ (ولین، سک ن) امذ.

سرمایہ کاری قرضے کا ایسا سرٹیفکٹ جو حکومت یا کسی کمپنی کی طرف سے جاری کیا جائے اور جو مقررہ قیمت میں خریدا جاسکے اور وقت مقرر پر جسے بھنایا جاسکے نیز کسی جائداد کی قیمت کے بالعوض حکومت وغیرہ کا حسب معاہدہ ادائگی کا میعادی سرٹیفکٹ. [انگ].

بونَس (وج، فت ن) امذ.

غیر متوقع فائدہ؛ اضافی (چیز یا رقم وغیرہ)؛ زائد ادائگی جو مزدوروں کو اُجرت کے علاوہ چھ ماہی یا سالانہ کی جائے؛ وہ منافع جو بیمہ کمپنی بیمہ کرانے والوں کو دے؛ وہ زائد منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو ملے. [انگ].

بَونک (ولین، مغ) است.

گائے وغیرہ کی پنڈلی کا گوشت، بوم.

بَونگا (ولین، مغ) صف.

۱. بے وقوف، نادان. ۲. ٹیڑھا، بے ڈھب، ناموزوں، بے محل (بات یا چیز). [ہ].

بَونگی (ولین، مغ) صف مث.

بونگا کی تانیث.

بَونی (ولین) است.

بونا کی تانیث؛ چھوٹی؛ ٹیڑھی، ناموزوں.

بونی است.

دیکھیے: بوہنی.

بَوہْرا/ بَوہْرَہ امذ.

۱. داؤدی شیعہ فرقہ یا اس فرقہ کا فرد اور اس کے افراد. ۲. مہاجن، صراف، ساہوکار. [س].

بَوہْری (ولین، سک ہ) صف.

بوہرا سے منسوب.

بوہْری (وج، سک ہ) است.

ابلی ہوئی جوار جس کو خشک کر کے بھاڑ میں بھنوا لیا جائے؛ بھنے ہوئے جو. [ہ].

بوہْنی (وج، سک ہ) است.

دیکھیے: روزانہ دکان کھولنے کے بعد پہلی بکری، پہلی بکری کے دام. [س]

بُوئی (ومع) است.

۱. ایک قسم کا جھاڑی دار بوٹا جو جھانکڑ کی طرح سفید سفید جنگلوں میں کھڑا رہتا ہے اور جسے لوگ جلا کر کھانا پکاتے ہیں. ۲. ایک قسم کی گھاس کے طُرّہ کی سینک جو ہلکی پھلکی اور خوش وضع ٹوکریاں بنانے کے کام میں لائی جاتی ہے.

بُوئِیّا (ومع، کس ء، شدی) است.

پھل پھول وغیرہ رکھنے کی بوئی کی بنی ہوئی چھوٹی سی نازک ٹوکری.

بوئیں جو اور کاٹیں گیہوں کہاوت. عجیب بات ہے، کی برائی اور

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بدلے میں ملی نیکی .

بویا (و ج) صف .

بونا سے ماضی مرکبات میں مستعمل) .

بویا نہ جوتا اللہ (میاں) نے دیا (...بخشا) پوتا کہاوت .

بغیر محنت کے نعمت مل گئی .

بَہ (۱) (فت ب) حرف جار .

ب ، ترکیبات میں مستعمل . [ا؛ ف] .

بَہ (۲) (فت ب) حرف مقدار ؛ ~ بہو .

بہت ، مرکبات میں مستعمل ، جیسے : بہروپ ، بہروپیا . [س] .

بِہ (کس ج) صف .

اچھا ، بہتر ، عمدہ (عموماً از (= سے) کے ساتھ مستعمل) . [ف] .

بہ بُود امث :~ بہبود .

بھلائی ، بہتری ، فائدہ ، رفاہ ، ترقی ، افزونی .

بہ تر صف .

۱. اچھا ، کچھ سے اچھا ، (کسی سے) مقابلے میں اچھا .۲. (کسی بات یا حکم کے جواب میں رضا مندی یا تعمیل پر آمادگی کے اظہار کے لیے) بہت خوب ، بہت اچھا .۳. خیر ، کیا مضائقہ ہے . [ف] .

بہ تری امث .

دیکھیے : بہتری .

بہ ترین مذ .

دیکھیے : بہترین .

بِہ (کس ب) امث .

بِہی (۱) کی تخفیف . [ف] .

بہ دانہ امذ . بہ یا بہی کا بیج جو پھیکا ، لعاب دار سیاہ و سرخ ہوتا ہے .

بَہا (۱) (فت ب) امث ؛ امذ .

۱. قیمت ، مول ، بھاؤ .۲. قدر ، منزلت ، رتبہ .۳. مرکبات میں بطور جزو اوّل و ثانی مستعمل ، (جیسے : خوں بہا وغیرہ) . [ف] .

بَہا (۲) (فت ب) امث .

خوبی ، زیبائش ، رونق . [ع] .

بَہا (۳) (فت ب) (الف) امذ .

آب پاشی کی نہر سے نکلا ہوا نالا جو کھیتوں کے کنارے کنارے بہتا ہے اور جس سے برہوں میں پانی لیا جاتا ہے . (ب) صف . بہایا ہوا ، تیرتا ہوا ، تیرایا ہوا . (ج) ف ل . بہنا سے ماضی (تراکیب میں مستعمل) .

بہا بہا پھرنا ف مر؛ محاورہ . ۱. کسی شے کا پانی وغیرہ میں کثرت سے بہتا پھرنا ، بہت کثرت سے ہونا ، آسانی سے مل جانا .۲. نشے میں مخمور یا ڈانواں ڈول ہونا ، مارا مارا پھرنا .

بَہادُر (فت ب ، ضم د) صف .

شجاع ، دلیر ، سورما ، جری ، صاحب ہمت ، جواں مرد . [ف] .

بَہادُرانہ (فت ب ، ضم د ، فت ن) صف .

دلیرانہ ، بہادری سے ، جرأت کے ساتھ . [ف] .

بَہادُری (فت ب ، ضم د) امث .

شجاعت ، دلیری ، جرأت . [ف] .

بَہار (فت ب) امث .

۱. فصل ربیع ، پھول کھلنے کا زمانہ ، بسنت کی رت .۲. سرسبزی ، شادابی ، حسن .۳. شباب ، جوانی .۴. رونق ، آب و تاب .۵. درختوں کے پھل جنہوں نے پوری طرح نشو و نما پائی ہو ، پھلوں کی فصل .۶. لطف ، تفریح ، مزہ .۷. خوشی .۸. گل نارنج ، نارنگی کا پھول ، (جیسے : روغن بہار ، عرق بہار) .۹. (تصوف) سالکان روحانی کا ذوق و شوق ؛ مقام علم . [ف] .

بہار آنا ف مر . ۱. بہار کا موسم شروع ہونا .۲. رونق بڑھنا ، لطف آ جانا ، شگفتگی میں اضافہ ہونا .

بہار دکھانا محاورہ .

۱. (کسی چیز کا پرلطف) سماں دکھانا ، کیفیت دکھانا .۲. رنگ لانا ، لطف دینا .

بَہاراں (فت ب) امث .

بہار کا موسم . [ف] .

بَہارِستان (فت ب ، کس ر ، سک س) امذ .

بہار کی جگہ ، ایسا مقام جہاں ہر طرف پھول کھل رہے ہوں ، پھولوں سے ہر طرف سجا ہوا مقام . [ف] .

بَہارْنا (ضم ب، سک ر) ف م.
فرش یا صحن وغیرہ کا کوڑا یا گرد وغبار جھاڑو یا کسی اور چیز سے جھاڑنا، جھاڑو دینا، صاف کرنا. [ہ].

بَہاری (فت ب) صف.
۱. بہار سے منسوب: موسم بہار کا، پر رونق. ۲. رنگ میں گل نارنج سے مشابہ، سفید رنگ کا جو گل نارنج سے ملتا جلتا ہو. [ف].

بِہاری (کس مج ب) (الف) صف.
ہندوستان کے صوبۂ بہار سے منسوب، بہار کا باشندہ. (ب) اث.
صوبۂ بہار کی بولی، بہاری زبان.

بَہانا (۱) (فت ب) ف م.
پانی یا خون وغیرہ کا جاری کرنا، رواں کرنا. [ار].

بَہانا (۲) (فت ب) اند؛ ~ بہانہ.
دیکھیے: بہانہ.

بہانَہ (فت ب، ن) اند.
۱. عذر، حیلہ، ظاہرداری، دھوکا، فریب. ۲. ڈھب، ترکیب. ۳. سبب، باعث، ذریعہ. اف: کرنا/ ہونا. [ف].

بہانہ باز صف. مکار، چالاک، حیلہ گر.

بہانے اند.
بہانہ، جس کی یہ جمع ہے.

بہانے سے م ف. حیلے سے.

بہانے موت حیلے رزق مقولہ. موت کا کوئی نہ کوئی سبب ہوتا ہے اور رزق کسی نہ کسی حیلے سے ملتا ہے.

بَہاؤ (فت ب، سک ؤ) اند.
۱. پانی کا نشیب کی جانب بہنے کا عمل، روانی. ۲. دریا وغیرہ کے بہنے کا رخ، ڈھال، نشیب. ۳. سیلاب، پانی کا ریلا.

بَہائِم (فت ب، کس ء) اند، ج.
چوپائے، چار پاؤں کے جانور.

بَہاؤُ (فت ب، و مع) صف.
بہنے والا، بہنے کے قابل، اتنا (پانی وغیرہ) جو بہہ سکے.

بہبُود اث.
بھلائی، بہتری، فائدہ، ترقی، افزونی.

بہبُودگی اث.
دیکھیے: بہبود جس سے یہ منسوب ہے.

بَہُت (فت ب، ضم ہ) صف، م ف.
۱. نہایت، زیادہ، کثرت سے، افراط سے، بے حد (مقدار، تعداد اور مساحت وغیرہ کے لیے). ۲. کافی، بس. ۳. بڑا، وسیع. ۴. (طنزاً) کیا کہنے، واہ واہ. [س].

بہت اچھا (الف) صف. نہایت عمدہ، حددرجہ بہتر. (ب) ۱. انشا. (i) (ایجاب کے موقع پر) بہت بہتر ہے، مناسب ہے، بہ سروچشم (کسی سوال یا حکم کے جواب میں). (ii) (تہدید کے موقع پر) خیر کیا مضائقہ ہے، دیکھا جائے گا. (iii) شکایت کے موقع پر.

بہت بہت صف؛ م ف. بہت زیادہ، کثرت کی تاکید کے موقع پر.

بَہُت بَہُت شکریہ فقرہ. میں آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں، نہایت ممنون ہوں (بے حد احسان مندی کے اظہار کے لیے مستعمل).

بَہُت بہتَر صف، م ف. بہت اچھا (کسی سوال یا حکم کے جواب میں) بہ سروچشم.

بَہُت خُوب صف، م ف. بہت اچھا، نہایت عمدہ، حددرجہ بہتر؛ (ایجاب کے موقع پر) بہ سروچشم (طنزاً بھی مستعمل).

بَہُت دُور صف. ۱. جو زیادہ فاصلے پر ہو. ۲. بہت چالاک، ہوشیار. ۳. نہایت مختلف.

بَہُت سا / سارا صف؛ مذ؛ م ف. بہت زیادہ، کثرت سے.

بَہُت سر پٹخا فقرہ. بہت کہا، بہت سمجھایا، بڑی کوشش کی.

بَہُت سی صف، مث؛ م ف. بہت سا کی تانیث.

بہت کچھ م ف. بڑی حد تک، خاصی تعداد یا مقدار میں.

بِہتا (فت مج ب، سک ہ) صف.
بہتا ہوا، رواں، ترکیبات میں مستعمل.

بہتا بہاتا صف. چلتا چلاتا، گھومتا پھرتا، مارتا لتاڑتا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بہتا دریا ہے فقرہ. موقع ہے، سامان میسر ہے، جو چاہتے ہو سو موجود ہے، کسی قسم کی پابندی یا روک ٹوک نہیں ہے، فیض عام جاری ہے.

بُہتات (فت ب، ضم ج ہ) است.
کثرت، افراط، فراوانی. [س].

بُہتان (ضم ج ب، سک ہ) اند.
افترا، تہمت، جھوٹ. [ع].

بُہتان باندھنا محاورہ. عیب لگانا، کسی کے خلاف تہمت جوڑنا.

بُہتان تراشی است. الزام گھڑنے یا جھوٹی تہمت لگانے کا عمل.

بُہتان لگانا محاورہ. کسی کے خلاف تہمت گھڑنا، الزام دینا.

بَہتّر (فت ب، ہ، شدت بفت) صف.
۱. ستر اور دو، دو اوپر ستر (ہندسے میں) ۷۲. ۲. دسیوں، بہت سے (کثرت ظاہر کرنے کے موقع پر). [س].

بِہتَر صف.
اچھا، مقابلہ میں اچھا.

بِہتَری است.
بھلائی، اچھائی، خوب.

بِہتَرین صف.
نہایت اچھا، سب سے اچھا.

بُہتوں (فت ب، ضم ج ہ، وج) صف: اند.
بہت سے، بہت سے لوگ.

بَہتی (فت ج ب، سک ہ) صف.
بہتا کی تانیث، پانی یا خون کی روانی، بہنے کی حالت.

بَہتی بہاتی صف، مث. بہتا، بہاتا کی تانیث.

بَہتی گنگا میں ہاتھ دھونا محاورہ. موقع سے فائدہ اٹھانا، کسی چیز کی فراوانی یا سہل الحصول ہونے سے فائدہ حاصل کرنا، فیض عام سے فائدہ اٹھانا.

بَہتی گنگا ہے فقرہ. دیکھیے: بہتا دریا، فیض عام جاری ہے.

بُہتیرا (فت ج ب، ضم ہ، ی ج) صف، مذ: م ف.
بہت، بہت سا، بہت کچھ.

بُہتیری (فت ب، ضم ج، ی ج) صف، مث: م ف.
بہترا کی تانیث.

بُہتیرے پانو پیٹے / مارے فقرہ.
بہت کوشش کی، بڑی مشقت کی، بہت محنت کی.

بَہجَت (فت ج ب، سک ہ، فت ج) است.
۱. فرحت، خوشی، شادمانی. ۲. (تصوف) وہ واردات جو غیب سے صاحب کسب کے دل پر وارد ہوتے ہیں. [ع].

بہر (فت ب، سک ہ).
بہرحال، بہرصورت، بہرکیف، کچھ بھی، کہہ.

بہر (فت ج ب، سک ہ) حرف ربط.
واسطے، لیے (ترکیب میں مستعمل).

بہر اللہ/ خدا م ف.
برائے خدا، خدا کے واسطے.

بَہرا (فت ج ب، سک ہ) صف، مذ.
۱. جس کی سماعت زائل ہوچکی ہو یا کم سنائی دے، گراں گوش. ۲. (کنایۃً) بے پروا، وہ جو کسی بات کے سننے کے لیے آمادہ یا متوجہ نہ ہو.

بَہرا بَہشتی اَندھا دوزخی مقولہ. بہرا بہ سبب برائی بھلائی نہ سننے کے نیک ہوتا ہے اور اندھے کی نیت بہ سبب بے خبری کے ڈانواں ڈول رہتی ہے.

بَہرا پن/ پنا اند. ثقل سماعت، کانوں میں قوت سامعہ نہ ہونے یا کم ہونے کی کیفیت.

بَہرُوپ (فت ج ب، سک ہ، ومع) اند.
۱. مختلف قسم کا بھیس، قسم قسم کی وضع. ۲. سوانگ، نقل. ۳. دھوکا، فریب.

بَہرُوپ بَدلنا محاورہ. ۱. نیا نیا روپ دکھانا، بھیس تبدیل کرنا، سوانگ بھرنا. ۲. شعبدہ بازی کرنا.

بَہرُوپیا (فت ج ب، سک ہ، ومع، سک پ) (الف) اند ~ بہروپیہ.
ایسا شخص جو روپ دھار کر لوگوں سے فائدہ اٹھائے، سوانگ بھرنے والا شخص، پیشہ ور نقال. (ب) صف. مکار، شعبدہ باز، فریبی.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

بَہرَہ (فت مج ب ، سک ہ ، فت ر) :- بہر ، بہرا.
۱. حصہ ، قسمت ، نصیب .۲. فائدہ ، نفع ، یافت .۳. واقفیت .۴. استعداد ، تمیز .۵. دخل ، انگل .۶. حوصلہ ، ہمت . اف : اٹھانا ، پانا ، دینا ، رکھنا ، ہونا . [ف].

بَہرَہ مَنْد (فت مج ب ، سک ہ ، فت ر ، م ، سک ن) صف .
۱. فائدہ اُٹھانے والا ، کامیاب ؛ لطف اٹھانے والا ، حصہ لینے والا .
۲. خوش نصیب ، شاد کام ، صاحب اقبال .

بہرہ ور / یاب صف . فائدہ اٹھانے والا ، لطف اٹھانے والا ، کامیاب .

بَہری (۱) (فت مج ب ، سک ہ) است .
شاہین کی طرح کا ایک شکاری پرند جو اکثر کبوتروں کا شکار کرتا اور شاہین کے برخلاف نیچے سے بلند ہو کر شکار کو اوپر سے پکڑتا ہے . [س].

بَہری (۲) (فت مج ب ، سک ہ) صف ، مث .
بہرا کی تانیث ، جس کی سماعت جا چکی ہو .

بِہِشت (کس ب ، ہ ، سک ش) اند ؛ است .
۱. جنت ، خلد .۲. فنا کا مقام ، عیش آرام کی جگہ . [ف].

بہشت بریں اند . جنت جو کہ رفیع و اعلیٰ ہے ، جنت کا اعلیٰ درجہ .

بہشت میں لات مارنا محاورہ . ناشکر گزاری کرنا ، نعمت کو ٹھکرانا ، ناقدری کرنا .

بہشت نعیم اند . نعمتوں والی جنت ، ایسی بہشت جس میں ہر قسم کی نعمت میسر ہوگی .

بِہِشتَن (کس مج ب ، کس ہ ، سک ش ، فت ت) صف .
بہشتی کی تانیث .

بِہِشتی (۱) (کس مج ب ، کس ہ ، سک ش) صف مذ .
۱. جنتی ، جنت کا حق دار ، نیک ، پارسا .۲. مرحوم و مغفور .۳. بہشت سے منسوب : بہشت کا باشندہ ، بہشت کی کوئی چیز ، بہشت کا رہنے والا . [ف].

بِہِشتی (۲) (کس مج ب ، کس ہ ، سک ش) صف ، اند .
سقہ ، پانی پلانے والا ، پانی بھرنے والا .

بَہَک (فت ب ، ہ) است .
مدہوشی یا نیند وغیرہ کی حالت میں بکنے کی کیفیت .

بہکانا (فت مج ب ، سک ن) ف م .
غلط راستے پر لگانا ، دھوکا دینا ، ورغلانا .

بَہکانے میں آنا محاورہ .
دیکھیے : بہکاوے میں آنا ، فریب میں آنا ، دھوکا کھانا ، کسی کی باتوں میں آنا .

بَہکاوا (فت مج ب ، سک ہ) اند .
دھوکا ، فریب ، جال .

بَہکاوے / بَہکانے میں آنا محاورہ .
۱. کسی کی باتوں میں آنا ، دھوکا کھانا ، فریب کھانا .۲. حمایت پر پھولنا .

بَہَکنا (فت ب ، ہ ، سک ک) ف ل .
۱. صحیح راستے سے ہٹ جانا ، گمراہ ہو جانا ، بھٹکنا ، سیدھے نہ چلنا .
۲. نشے غصے یا بخار وغیرہ میں کچھ کا کچھ کہنا ، اول فول بکنا ، بکارنا .
۳. پھسلنا ، لڑکھڑانا جیسے : لکھنے میں قلم بہکنا ، چلنے میں پاؤں بہکنا .
۴. دھوکا کھانا ، فریب میں آنا .۵. حد سے بڑھ کر چلنا ، مغرور ہو جانا .
۶. نشانے سے خطا ہونا ، نشانہ غلط ہونا .۷. بھولنا ، غلطی کرنا . [س].

بَہکی بَہکی باتیں کَرنا محاورہ .
اول فول بکنا ، بے سر و پا باتیں کرنا ، بڑبڑانا ، بکواس کرنا .

بَہلانا (۱) (فت مج ب ، سک ہ) ف م .
۱. تسلی و تشفی دینا ، باتوں سے خوش کرنا .۲. کسی اور مشغلے یا کھیل میں لگا کر بچے کو رونے سے باز رکھنا .۳. ٹال مٹول کرنا ، دھوکا دینا ، فریب میں رکھنا .۴. کسی دوسری جانب دھیان بٹا دینا تاکہ پریشانی وغیرہ کی بات بھول جائے .۵. خوش کرنا ، طبیعت کو بحال کرنا . [س].

بہلانا پھسلانا ف م . بچے کو کسی کھیل میں لگا کر رونے سے باز رکھنا دھیان کسی اور طرف لگانا ، چکارنا .

بَہلاوا (فت مج ب ، سک ہ) اند .
۱. تفریح ، دل بہلنے اور جی لگنے کی کیفیت .۲. (i) تسلی ، تشفی ، دلاسا ، وجہ اطمینان . (ii) دل بہلانے کا ذریعہ ، سامان تسلی ، وجہ اطمینان .

بَہلول (الف) صف .
ظریف ، لطیفہ گو ، لطیفہ سنج ، بامذاق آدمی ؛ دیوانہ . (ب) اند .۱. بادشاہ

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جس میں بادشاہت کے تمام اوصاف ہوں، سردار جس میں تمام خوبیاں ہوں، جامع اوصاف سلطانی شخص؛ بہت ہنسنے والا شخص .۲. عہد ہارون رشید کے ایک درویش کا نام جو مصلحتاً دیوانے بنے رہتے تھے مگر دراصل نہایت عاقل تھے اور ہنسی ہنسی میں حکمت کے نکتے بیان کر کے چل دیتے تھے، دیوانہ ، بہلول دانا (ادبیات اور تلمیحات میں مستعمل) . [ع] .

بَہَم (فت ب ، ہ) صف .
۱. مجتمع، یک جا، ملے ہوئے، ایک دوسرے کے ساتھ . ۲. موافق، یکساں، متحد .

بہم پہنچانا محاورہ .۱. مہیا کرنا، فراہم کرنا .۲. پانا، حاصل کرنا، پیدا کرنا .

بہم پہنچنا محاورہ . دستیاب ہونا ، حاصل ہونا .

بہم رہنا ف مر . اکٹھا رہنا ، یک جا اور مجتمع رہنا ، قریب رہنا.

بہم کرنا ف مر . ۱. یک جا کرنا، مجتمع کرنا، ملا دینا، قریب کر دینا. ۲. حاصل کرنا، پیدا کرنا، مہیا کرنا.

بَہْمَن (فت ج ب ، سک ہ ، فت م) اند .
۱. شمسی سال کے گیارہویں مہینے کا نام جو تقریباً جنوری میں ہوتا ہے . ۲. ایک پودا اور اس کی جڑ جو ماہ بہمن میں پھول لاتا ہے اور جو اپنی سرخ و سفید جڑ سے پہچانا جاتا ہے .۳. فارس قدیم کے مشہور بادشاہ اسفند یار کا بیٹا اردشیر جو شجاعت میں مشہور اور ادبیات میں مستعمل ہے . [ف] .

بَہن (فت ب ، ہ) است .
۱. اپنی سگی ماں اور سگے باپ کی لڑکی، ہم شیر ، خواہر، اپنی ماں یا اپنے باپ کی لڑکی؛ تایا، چچا، پھوپھی، خالہ یا ماموں کی لڑکی؛ منہ بولی لڑکی یا عورت؛ نند، سالی .۲. (محبت میں) غیر عورت (تخاطب کے محل پر) . [س] .

بہن چود اند . (لفظاً) بہن کے ساتھ برا کام کرنے والا ؛ (مراداً) ایک گالی .

بَہْنا (۱) (فت ج ب ، سک ہ) است :- بھیا.
بہن کی تصغیر عموماً (محبت اور پیار کا کلمہ) .

بَہْنا (۲) (فت ج ب ، سک ہ) ف ل .
۱. جاری ہونا ، رواں ہونا (پانی یا خون وغیرہ کا) .۲. کسی سوراخ یا دراڑ سے تھوڑا تھوڑا رس کر گر جانا .۳. پانی کی رو میں چلا جانا .۴. پتلا ہونا ، رقیق ہو جانا، جیسے دال ترکاری کا بہنا .۵. پگھلنا، گلنا .۶. (کبوتر یا کسی پرند کا) ہوا کے باعث کہیں سے کہیں جا نکلنا ، کھو جانا ، آشیانے یا ساتھیوں سے جدا ہو جانا . ۷. پھسل جانا ، جگہ سے ہٹ جانا .۸. (ہوا کا) چلنا .۹. (عموماً) چلا جانا ، جیسے : کہاں بہ گیا تھا .۱۰. ضائع ہونا ، بے جا صرف ہونا .۱۱. غارت ہونا ، برباد ہونا .۱۲. نزلے کی غلاظت کا رقیق ہوکر ناک وغیرہ سے ٹپکنا ، جاری ہونا . [س] .

بَہْناپا (فت ج ب ، سک ہ) اند .
منھ بولی بہن کا رشتہ، وہ رشتہ جو عورتیں آپس میں ایک دوسرے کو بہن بنا کر قائم کر لیتی ہیں .

بِہَنْگَم (کس ب ، فت ہ ، غنہ ، فت گ) صف :- بے ہنگم .
۱. بے ڈول ، بھونڈا .۲. جس مرغ کا تاج بڑا اور سیدھا اور کنگرہ دار اور لولکیاں زیادہ نیچی لٹکتی ہوں.

بَہْنوئی (فت ج ب ، سک ہ ، ولین) اند .
بہن کا خاوند . [س] .

بہنیں بہنیں آپس میں لڑیں لوگوں نے جانا بیر پڑے کہاوت .
آپس میں تکرار سے عداوت نہیں ہو جاتی ، آپس کی لڑائی لڑائی کیا .

بَہُو (فت ب ، و مع) است .
۱. بیٹے کی بیوی .۲. (ہندو) جورو ، بیوی .۳. محلے میں کسی کے ہاں بیاہ کر آئی ہوئی دلھن ، نوعروس .۴. چھوٹے بچے کا عضو تناسل ، پھنو . [س] .

بَہی (فت ب) است .
وہ کتاب جس میں تجارت پیشہ لوگ اور مہاجن اپنا حساب لکھتے لکھاتے ہیں ، کھاتہ لکھنے کی کتاب ، بہی کھاتہ ، روزنامچہ .

بہی کھاتا / کھاتہ اند . حساب کی کتاب ، اکاؤنٹ بک .

بِہی (۱) (کس ب) است .
امرود سے مشابہ ایک پھل ، سفرجل . [ف] .

بِہی (۲) (کس ب) است .
بہتری ، بھلائی .

بہی خواہ صف . خیر خواہ ، بھلائی چاہنے والا ، بدخواہ کی ضد .

بَہیر (فت ب، ی مع) است.
۱. مجمع، بھیڑ، ہجوم .۲.وہ مجمع جو لشکر کے ہمراہ ہوتا ہے؛ شاگرد پیشہ لوگ اور ان کے اہل وعیال؛لشکر کے اہل بازار یا ملازم (سپاہیوں کے علاوہ). ۳.لشکر؛ فوج کثیر .۴.لشکری اسباب، ساز و سامان وغیرہ. ۵. چھاؤنی یا فوجی پڑاؤ کا وہ علاقہ جس میں شاگرد پیشہ لوگوں کے مکانات یا خیمے ہوں. ۶.لشکر کے قریب وہ خیمے یا مکانات جہاں لشکریوں کی بیویاں قیام کریں. ۷.حمالوں یا مزدوروں کا گروہ. [ف+س].

بَہیم (فت ب، ی مع) اند.
حیوان، جانور، مویشی. [ع].

بَہیمانَہ (فت ب، ی مع، فت م) صف.
بہیم سے منسوب: درندوں اور چوپایوں کا سا، وحشیانہ.

بی است.
انگریزی حروف تہجی کا دوسرا حرف 'B' اور اس سے شروع ہونے والے لفظوں کی تخفیف. [انگ].

بے بنیاد صف. جس کی کوئی اصل وحقیقت نہ ہو، بے وجود، سراسر جھوٹ

بی است.
۱. بی بی کی تخفیف، عورت کے نام یا لقب وغیرہ سے پہلے یا بعد میں تعظیم یا محبت کے طور پر مستعمل. ۲.عورت کو مخاطب کرنے کے لیے بطور کلمہ خطاب (بی بی کے معنی میں).

بی بی است. ۱. خاتون، بیگم، شریف اور معزز عورت. ۲. زوجہ، بیوی، بیاہتا، شریک زندگی. ۳. عورت کے نام سے پہلے یا بعد میں تعظیماً مخاطب کرنے کے موقع پر. ۴. آزاد عورت جو کسی کی کنیز یا خادمہ نہ ہو. ۵. مالکہ؛ سردار.

بی بنو است. پیار یا بے تکلفی کے انداز میں لڑکیوں یا عورتوں کے لیے مستعمل.

بی بی جی است. کلمۂ خطاب (رانی جی وغیرہ کی بجائے)؛ (ہنود) بڑی نند؛ خاوند کی بڑی بہن.

بی بی کو باندی کہا وہ ہنس دی باندی کو باندی کہا وہ رو دی
کہاوت. جو عیب دار ہوتا ہے وہ اپنے عیب کے اظہار سے برا مانتا ہے.

بے (۱) حرف ہجائی.
اُردو حروف تہجی کا دوسرا حرف، ب کا ملفوظی نام یا تلفظ.

بے (۲) حرف ندا.
کبھی ادنیٰ درجے کے آدمی کو خطاب کرتے وقت بطور تحقیر اور کبھی برابر والے کو بے تکلفی سے مخاطب کرنے کے لیے مستعمل.

بے (۳) سابقۂ نفی واستثنا.
۱. بلا، بغیر، علاوہ. ۲.بعض الفاظ کے ساتھ (اصلی معنی کے علاوہ) حسب سیاق وسباق بالکل یا قدرے اصل مفہوم سے ہٹے ہوئے معنی میں مستعمل. [ف].

بے اختیار صف، م ف. ۱. غیر ارادی طور پر، دفعۃً. ۲.مجبور، ناچار.

بے ادب صف. گستاخ، بدتہذیب.

بے ادب بے نصیب فقرہ. جو شخص ادب اور حفظ مراتب سے محروم ہو.

بے اولاد / اولادی صف مذ/ مث. بیٹا بیٹی سے محروم، لاولد.

بے آبرو صف. ذلیل وخوار، بے قدر.

بے ایمان صف. بد دیانت، خائن، بدمعاملہ، دغاباز، جھوٹا، مکار، ظالم.

بے بات کی / کے صف، م ف. بلا سبب، بلا وجہ، بے سروپا، ناحق.

بے باک ؟ نڈر، بے خوف، منہ پھٹ، جرأت مند.

بے ایمانی صف، مث؛ است. بے ایمان کی تانیث.

بے باق کرنا ف مر. چکانا، ادا کرنا، بھگتانا، ختم کرنا (بقایا قرض حساب وغیرہ).

بے بھاؤ کی پڑنا محاورہ. بہت جوتیاں پڑنا، خوب مار پڑنا اچھی طرح پٹائی ہونا.

بے پردہ صف. ۱.جو نامحرم سے پردہ نہ کرے. ۲.شرم وحیا جھجک اور رکاوٹ سے دور، خوف وفکر سے بے نیاز، کھل کھیلنے میں آزاد. ۳. وہ جگہ جہاں پردہ نشین کی بے پردگی ہو. ۴. فاش آشکارا.

بے پر کی صف. بے بنیاد، بے اصل، جھوٹی (بات وغیرہ).

بے تکا صف، مذ. بے ڈھنگا، ناموزوں، غیر مہذب، بے ادب.

بے تکی صف، مث. بے تکا کی تانیث. اف: اڑانا / ہانکنا.

بے چون و چرا م ف. بغیر پس وپیش کے، بلا عذر، بلا حیل وحجت [ف].

بے حال صف، م ف. ۱. خراب و خستہ، ضعیف، نڈھال، پریشان. ۲. مدہوش، وجد میں، بے سدھ.

بے حس صف. بے جان، جس پر کیفیات و حالات اثر انداز نہ ہوں.

بے خود صف. مدہوش، کھویا ہوا، وارفتہ، آپے سے باہر.

بے دخل صف. جس سے زمین جائداد یا انتظام وغیرہ کا قبضہ چھین لیا جائے.

بے دریغ صف، م ف. بغیر کسی جھجک کے، بے تحاشا، بے سوچے سمجھے، الللے تللے سے.

بے دست و پاک صف، م ف. مجبور، عاجز، بے اختیار.

بے دھڑک صف. بے خوف و خطر، بے تحاشا، بے تامل، بلا کھٹکے.

بے ڈول / ڈھنگا صف. ۱. بد قطع، بھدی وضع کا، بھدا، برے چلن کا. ۲. بدلا ہوا، متغیر.

بے رخی صف، امث. بے رخا کی تانیث، بے مروتی، منہ پھیرنا.

بے رنگ صف. ۱. پھیکا، بے رونق؛ جس میں کوئی رنگ نہ ہو؛ سپاٹ. ۲. بے لطف، بے کیف، بے مزہ. ۳. بے موقع، بے محل.

بے زبان صف. ۱. خاموش طبع، کم سخن (عادۃً یا صبر اور شرم و حیا کی وجہ سے). ۲. حیوان، جانور. ۳. بہت کم عمر بچہ جو بات کرنے پر قادر نہ ہو.

بے سُرا صف. قواعد موسیقی کے خلاف گانے والا.

بے سہارا صف، مذ. پریشان حال، جس کا کوئی مددگار نہ ہو.

بے عیب خدا کی ذات ہے فقرہ. ہر شخص میں کوئی نہ کوئی برائی پائی جاتی ہے، صرف خدائے تعالیٰ کی ذات ہر عیب سے خالی ہے.

بے کس صف. ۱. بے یار و مددگار، تنہا. ۲. بے بس، مجبور، غریب.

بے کسی امث. اکیلا پن.

بے لگام صف. آزاد، بے قید.

بے مزہ صف. ۱. بدذائقہ، برے مزے کا. ۲. رنجیدہ، ناخوش. ۳. بے کیف، بیزار، بد دل. ۴. بیمار، ناساز، علیل. ۵. خفا، آزردہ.

بے موت مارنا محاورہ. تباہ کرنا، سخت صدمہ دینا.

بے نقط سنانا محاورہ. مغلظات سنانا، فحش گالیاں دینا.

بے نوا صف. بے سر و سامان، بے کس.

بے نیاز (الف) صف. بے پروا، جو کسی شخص کا محتاج نہ ہو. (ب) صف، اِمذ. جس کو کوئی حاجت نہ ہو، غنی، اللہ تعالیٰ.

بے وفا صف. وہ شخص جو دوستی کا حق ادا نہ کرے، بد عہد، بے مروت.

بے وفائی امث. بے وفا کا اسم کیفیت، بد عہدی، بے مروتی، بدمزاجی، دغا بازی، نادانی، حماقت، بے عقلی، جہالت.

بے وقت کا راگ / راگنی امذ/ امث. بے موقع کام یا بات، کوئی ایسا فعل جو اس وقت پر مناسب نہ ہو.

بے وقوف صف. کم عقل، احمق، نادان، اف: بننا / بنانا.

بے وقوفی امث. بے وقوف کا اسم کیفیت.

بَیا (فت ب) امذ.

گوریا سے چھوٹی زرد رنگ کی ایک چڑیا جو تنکوں سے بہت خوب صورت اور مضبوط گھونسلا بناتی ہے جو پیڑ میں جھولے کی طرح لٹکتا رہتا ہے اور جسے جھونجھ بھی کہتے ہیں. [س].

بیابان (کس ب) امذ.

۱. صحرا، ریگستان، بے آب و گیاہ خطہ؛ جنگل؛ ویرانہ، اجاڑ؛ آبادی سے باہر کا علاقہ. ۲. (تصوف) وہ واقعات جو سالک کو سلوک میں پیش آتے ہیں. [ف].

بیاج (ب ی ج) امذ: بیاز.

وہ اضافہ (نفع) جو قرض دی یا بالی ہوئی رقم یا جنس پر کسی کو دیا یا کسی سے لیا جائے؛ سود. [س].

بیاسی (فت ب) صف.

اسی اور دو، (ہندسوں میں) ۸۲. [س].

بَیاض (فت ب) (الف) امث؛ امذ.

۱. سفیدی. ۲. سادہ یا لکھے ہوئے اوراق کی مجلد یا غیر مجلد کتاب جس میں چیدہ اشعار یا منتخب مضامین یا نسخے وغیرہ لکھے ہوں یا لکھیں (بیشتر چھوٹے سائز کی اور خصوصاً وہ جس کی جلد بندی یا سلائی چوڑائی میں کی گئی ہو). ۳. رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل کا نام. ۴. (طب) آنکھ کی پتلی میں ہلکی سی سفیدی آ جانے کی بیماری. (ب) صف. (مجازاً) ۱. سفید. ۲. کورا، صاف، سادہ، بغیر لکھا. [ع].

بیالوجی (ب ی مع، و مع) امث.
حیاتیات، علم الحیات. [انگ].

بَیالیس (فت ب، ی مع) صف.
چالیس اور دو، (ہندسوں میں) ۴۲. [س].

بَیان (فت ب) اند.
۱. (i) قول، مقولہ، کلام، گفتگو. (ii) بول، نغمہ. (iii) لیکچر، تقریر، وعظ. (iv) (نظماً یا نثراً) کسی موضوع کی تفصیل و تشریح. (v) مفہوم کو لفظوں میں لانے کا عمل، ادائے مطلب. (vi) بات کہنے کا ڈھنگ، ادائے مطلب کا انداز. ۲. ذکر، تذکرہ، حال. ۳. مدعی و مدعا علیہ یا گواہ کا اظہار جو (تحریراً یا تقریراً) عدالت کے روبرو پیش ہو. اف: دینا/ ہونا. ۴. وہ دردناک کلمات جو کسی میت پر رونے یا مصیبت میں مبتلا ہو جانے کے وقت عورتوں کی زبان سے نکلتے ہیں، بین (دیکھیے). ۵. (i) تفصیل و تشریح. (ii) باب، مضمون، فصل. ۶. رپورٹ، خبر، اطلاع. ۷. حوالہ، شہادت. ۸. وہ علم جس میں ایک معنی کو کئی طریقوں (مجاز و کنایہ) سے ادا کرنے کے اصول بتائے گئے ہیں. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

بیان بازی امث. (اخبارات وغیرہ میں اشاعت کے لیے) بیان جاری کرنا یا دینا (خاص کر ایک دوسرے کے مقابلے میں).

بیان بدلنا ف مر تحقیقاتی ادارے کے افسر یا عدالت میں مدعی یا مدعا علیہ یا گواہ نے ایک دفعہ جو اظہار دیا ہے اسے تبدیل کرنا اور پہلی بات کے خلاف دوسری بات کرنا.

بیان (ب ی مع) اند.
مویشی کے بچہ جننے کا عمل یا کیفیت، گابھن ہونے کی استعداد و صلاحیت. [س].

بَیانْوے (فت ب ی مع، سک ن) صف.
نوے اور دو، (ہندسوں میں) ۹۲.

بَیانِیَہ/ بَیانِیَّہ (فت ب، کس ن، فت ی/ شد ی بفت) صف.
بیان سے منسوب: وہ تحریر (نظم و نثر) یا تقریر جس میں حقیقت حال مذکور ہو، وہ بیان جو ذکر واقعہ پر مشتمل ہو. [ف].

بیانیہ/ بیانیہ جملہ اند. (نحو) وہ دوسرا فقرہ جس میں پہلے فقرے کے قول یا مقولے کی تفسیر و تفصیل حرف 'کہ' بیچ میں لا کر کی جائے (جیسے: اس نے کہا کہ یہ سامان میں لایا ہوں).

بیاہ (ب ی مع) اند.
شادی، عروسی، نکاح کی وہ تقریب جب رخصتی کی رسم بھی ادا کی جائے. [س].

بیاہ نہیں کیا (تو) برات (تو براتیں) تو دیکھی ہے/ ہیں کہاوت. خود کسی کام کو نہیں کیا، مگر دوسروں کے ہاں ہوتے تو دیکھا ہے جس کی بنا پر اس کا تجربہ ہے.

بیاہا (ب ی مع) صف، مذ.
جس کی شادی ہو گئی ہو، جو کنوارا نہ ہو.

بیاہْتا (ب ی مع، سک ہ) صف.
۱. وہ عورت جو بیاہ کر کے لائی گئی ہو، پہلی بیوی، شادی شدہ عورت
۲. بیاہا مرد، پہلا خاوند.

بیاہْنا (ب ی مع، سک ہ) (الف) ف م.
شادی کرنا، کتخدا بنانا. (ب) ف ل. شادی ہونا.

بیاہی (ب ی مع) صف، مث.
بیاہا کی تانیث.

بیاہی بیٹی کا رکھنا کہاوت. شادی کرنے کے بعد بیٹی کا اپنے گھر رکھنا مصارف وغیرہ کے لحاظ سے اتنا ہی بھاری ہے جتنا ہاتھی پالنا مشکل ہوتا ہے.

بیباک. دیکھیے: بے کے تحت بے باک.

بیباق صف؛ م ف.
قرض چکا دینے والا. دیکھیے: بے کے تحت بے باق.

بَیت (۱) (ی لین) اند.
گھر، مکان. [ع].

بیت الحرام / الحرم اند. وہ گھر جو محترم ہے یا جس کی مقررہ حد میں شکار اور قتل وغیرہ حرام ہے، خانہ کعبہ.

بیت الخلا اند. پاخانہ، وہ محدود جگہ جہاں رفع حاجت کرتے ہیں، جائے ضرورت.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، فم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بیت العتیق اند. (لفظاً) پرانا گھر، (مراداً) خانۂ کعبہ جو سب سے پرانا گھر ہے.

بیت العوام اند. عوام کے منتخب کیے ہوئے نمائندوں کی مجلس قانون ساز، دارالعوام، ہاؤس آف کامنز.

بیت اللہ اند. وہ گھر جو اللہ تعالیٰ سے منسوب ہے، کعبہ شریف.

بیت المال اند. ۱. اسلامی حکومت کا خزانہ جس میں مسلمانوں کا ہر فرد یکساں حق دار ہے، شاہی خزانہ. ۲. لاوارث اسباب، لا دعویٰ سامان، خالصہ، نزول. ۳. وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو، وہ مال جس سے ہر مستحق کو مدد دی جائے، مفت کا مال. ۴. کلمۂ نفرین، مترادف: نجس، کم بخت، بدنصیب.

بیت المقدس/ المقدس اند. ۱. حضرت سلیمان (علیہ السلام) کی بنوائی ہوئی مسجد جو یہود و نصاریٰ کا قبلہ ہے اور جس کی طرف مسلمان بھی کعبۃ اللہ کے قبلہ قرار دیے جانے سے قبل منھ کر کے نماز پڑھتے تھے.

بَیت (۲) (ی مع) است.
۱. شعر، وہ دو مصرعے جن کا وزن ایک اور مضمون مربوط ہو. ۲. (قدیم) سطر.

بیت بازی/ بحثی است. ۱. مقرر طریقے سے کھیل کے طور پر طالب علموں کی مقابلۂ شعر خوانی (جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اول ایک لڑکا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا ہے، دوسرا لڑکا 'رحیم' کے آخری حرف یعنی 'م' سے شروع ہونے والا شعر سناتا ہے، اسی طرح جس حرف پر ایک لڑکے کا شعر ختم ہوتا ہے دوسرا لڑکا اسی حرف سے شروع ہونے والا شعر پڑھتا ہے اور آخر میں جو لڑکا جوابی شعر پڑھنے سے قاصر رہے وہ ہار جاتا ہے). ۲. بے کار کی بحث. ۳. منظوم مباحثہ، اشعار کے ذریعے کسی مسئلہ پر جانبین کا اظہار. [ف].

بیت (ی ج) اند؛ ~ بید.
بچی کی طرح ایک لچک دار پہاڑی درخت جس میں پھل نہیں آتا اور جس کی پتلی پتلی شاخیں ہر وقت حرکت کرتی رہتی ہیں؛ اس درخت کی شاخ در شاخ کی چھال (جو عموماً) کرسیاں وغیرہ بننے کے کام میں آتی ہے)، بید. [س].

بیتنا (ی مع، سک ت) ف ل.
۱. گزرنا، بسر ہونا، واقع ہونا، تمام ہونا ۲. مصیبت پڑنا، آفت نازل ہونا. [س].

بیتی (ی مع) است.
سرگزشت، (بیشتر) وہ مصیبت جو کسی پر گزر گئی ہو.

بَیٹ (ی لین) اند.
کرکٹ کھیلنے کا بلا. [انگ].

بیٹ (ی مع) است.
پرندوں کا فضلہ (گوہ). اف: کرنا. [س].

بیٹا (ی ج) اند.
۱. فرزند، پسر، پوت. ۲. (مجازاً) شاگرد؛ ہر کم سن لڑکا؛ بھتیجا، بھانجا، داماد؛ پیار کے موقع پر پالتو جانور سے تخاطب کا کلمہ. ۳. پیار میں بیٹی سے تخاطب کا کلمہ. ۴. (تحقیراً) وہ شخص جس کی ناطاقتی اور بے حیثیتی کا اظہار مقصود ہو. [س].

بیٹا بنانا ف مر. متبنّیٰ بنانا، گود لینا، کسی سے بیٹے کو لے کر پالنا اور اسے اپنا وارث قرار دینا.

بیٹا بیٹی اند. ۱. بال بچے، اولاد. ۲. بچوں کا ایک کھیل جس میں گندھی ہوئی مٹی کی ایک ٹکیا سی بنا کر اس میں چھید کر کے پتھر یا سل وغیرہ پر پٹختے ہیں اور اس کی بڑی آواز کو بیٹا اور ہلکی کو بیٹی کہتے ہیں.

بَیٹری (ی لین، سک ٹ) است.
۱. ٹین یا لوہے کی پتلی چادر سے بنا ہوا خول جس میں برقی مسالے کے سیل سے برقی قوت پیدا ہوتی ہے. ۲. توپ خانہ؛ مورچہ، (برقی) مورچہ؛ دھاتوں کا تیزابی سلسلہ جس سے بجلی پیدا کی جائے. [انگ].

بَیٹسمَین (ی لین، سک ٹ، س، ی لین) اند.
(کرکٹ) کرکٹ کی ٹیم میں بلے سے کھیلنے کا مشاق کھلاڑی. [انگ].

بَیٹنگ (ی لین، کس ٹ، غنہ) است.
(کرکٹ) بلے سے گیند کھیلنے کا عمل. [انگ].

بیٹی (ی ج) است.
بیٹا کی تانیث.

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہوتی ہے کہاوت. دونوں بہت تیزی سے/جلدی بڑھتی ہیں.

بیٹی بیاہ کر سونا محاورہ. بیٹی کے بیاہ کی طرح کا ضروری کام یا فرض منصبی انجام دے کر بے فکر ہو جانا.

بیٹے (ی مج) اند.
بیٹا کی جمع یا مغیرہ صورت اور ترکیب میں مستعمل ہے.

بیٹے کی بری بازار میں کھڑی کہاوت. بیٹے کی شادی کے لیے جس سامان کی ضرورت ہوتی ہے وہ بڑی آسانی سے اور بہت جلد مہیا ہو سکتا ہے، بیٹے کی شادی کی تیاری میں کچھ دیر نہیں لگتی.

بَیٹھا (ی لین) (الف) صف.
۱. بیٹھنا سے صفت، بیٹھا ہوا. ۲. آباد، بسا ہوا. ۳. خالی، فارغ، نٹھالی.
(ب) اند. کشتی کھینے کی چپوار یا ڈنڈا.

بیٹھا بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں بھرے/دھرے/کرے کہاوت. بے کار آدمی فضول بے نتیجہ کام کیا کرتے ہیں.

بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا محاورہ. ۱. ایک دم سے مر جانا، یکا یک آنکھیں بند ہو جانا. ۲. ہکا بکا ہو جانا، حیرت سے بے حس ہو کر رہ جانا.

بَیٹھَک (ی لین، فت ٹھ) امث.
۱. بیٹھنے کا انداز، جسم کا وہ حصہ جس پر پورا جسم بیٹھنے کے وقت ٹکتا ہے، آسن. ۲. (i) بیٹھنے کی جگہ، نشست گاہ. (ii) مردانہ کمرہ یا مکان کا وہ حصہ جو مردوں کی نشست کے لیے مخصوص ہو. ۳. (جیسے پھول یا اگر وغیرہ رکھنے کے ظرف کا تلا) اڈا، پینڈا، نکاری، اسٹینڈ. ۴. ایک ورزش کا نام جس میں مقرر طریقے کے مطابق بار بار اٹھ کر بیٹھتے ہیں. ۵. ایک قسم کی نذر اور حاضرات. ۶. (کشتی) حریف کے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے دونوں ٹانگوں کے بل اس کو اٹھا لینے کا عمل.

بَیٹھکیں (ی لین، سک ٹھ، ی مج) امث.
بیٹھک کی جمع اور مرکبات میں مستعمل.

بیٹھکیں لگانا ف مر. بیٹھک کی ورزشیں کرنا.

بَیٹھنا (ی لین، سک ٹھ) ف ل.
۱. (کسی جگہ) نشست ہونا، پاؤں اور چوتڑ ٹکانا. ۲. صحبت جمانا (صحبت میں) شریک ہونا. ۳. تھکنا، تھک کر پڑ رہنا، ہمت پست ہونا، مضمحل ہو جانا. ۴. گرنا، منہدم ہونا، مسمار ہو جانا، دھنسنا. ۵. (دیکھ بھال یا نگرانی کے لیے) مقرر ہونا، متعین کیا جانا. ۶. (ایک چیز کا دوسری چیز پر) رکھا جانا، لگایا جانا، جمنا. ۷. ٹکر کھانا، گڑنا، لگنا، چبھنا (کسی دھار والی چیز کا). ۸. استقامت یا قرار پکڑنا، ایک جگہ جم کر رہنا، جگہ سے حرکت نہ کرنا، کسی بات کا قائم و مستقل ہو جانا ناقابل تغیر ہونا، اٹل ہونا. ۹. جاگزیں ہونا، راسخ ہونا (رگ و پے میں اُتر جانا، سرایت کرنا. ۱۰. صحیح اور موزوں مقام پر رکھا جانا. ۱۱. (i) (تخت مسند یا جگہ پر) متمکن ہونا (مجازاً)؛ منصب یا اعزاز پانا حاکم یا والی بننا. (ii) جانشین ہونا یا نائب ہونا، کسی کا منصب یا اعزاز پانا. ۱۲. (کاروبار کا) تباہ ہونا، ٹھپ ہو جانا، ناکامی کے ساتھ ختم ہو جانا. ۱۳. کنوارا رہنا. ۱۴. مطمئن ہونا، دم لینا، سکون پانا. ۱۵. (درس گاہ میں) داخل ہونا، بھرتی ہونا؛ کام سیکھنے کے لیے کسی استاد کے حوالے کیا جانا. ۱۶. سوار ہونا. ۱۷. (آواز کا) گلے میں پھنس کر اور بھرا کر معمول سے دھیما نکلنا (گلے یا آواز کے ساتھ). ۱۷. ڈوب جانا پانی میں تہ نشین ہونا. ۱۸. گوشہ نشین ہو جانا. ۱۹. زندہ رہنا، دنیا سے نہ اٹھنا. ۲۰. بے کار رہنا، بے عمل ہونا. ۲۱. رہنا، ہونا. ۲۲. صبر کرنا، ضبط سے کام لینا. ۲۳. سکونت اختیار کرنا، مستقل قیام کرنا. ۲۴. بے کار بے روزگار ہونا. ۲۶. عورت کا کسی مرد سے نکاح کر لینا، بیوی بن کر مستقلاً رہنے لگنا. ۲۷. کنارہ کش ہو جانا. ۲۸. انڈے سینا.

بَیٹھے (ی لین) م ف.
بلاوجہ، بے سبب؛ بطور مشغلہ، بے کار میں، بے کار کا وقت گزارنے کی حالت میں.

بیٹھے بٹھائے/بٹھلائے م ف. ۱. خواہ مخواہ، بلاوجہ، بے سبب. ۲. اچانک یکا یک، ناگہاں. ۳. بلا محنت و مشقت کے، بے تدبیر کے.

بیٹھے بیٹھے م ف. ۱. دیر تک بیٹھنے کا سلسلہ جاری رہنے سے ۲. اچانک، ناگہاں؛ خواہ مخواہ.

بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا محاورہ. انتظار کرتے کرتے تھک جانا.

بیٹھے بیٹھے کنویں خالی ہو جاتے ہیں کہاوت. بے کاری میں ساری جمع پونجی ختم ہو جاتی ہے.

بیٹھے سے بیگار بھلی کہاوت. بے اُجرت (یا کم فائدے) کا کام بے کار رہنے سے بہتر ہے.

بیٹھے کے بیٹھے رہ جانا محاورہ. ایک دم سے مرجانا؛ حیرت سے بے حس ہو کر رہ جانا.

بَیج (ی مع) اند.
وہ چھوٹا سا کاغذ یا کپڑا جس پر کسی جماعت وغیرہ کا امتیازی نشان بنا ہو. [انگ].

بیج (ی لین) اند.
ا. تخم، دانہ .۲. (مجازاً) نطفہ. [س].

بیج بونا محاورہ. بنیاد ڈالنا.

بیج پڑنا محاورہ. بنیاد پڑنا.

بَیجُو (باورا) (ی لین، و مع) اند.
ہندوستان کے ایک مشہور گویّے کا نام جو فن موسیقی میں کمال رکھتا تھا (ادبیات میں بطور تلمیح مستعمل). [علم].

بِیچ (ی مع) (الف) ظرف.
ا. (i) اندر، میں (بیشتر "کے" کے ساتھ) ظرف مکاں کے لیے. (ii) ظرف زماں کے لیے .۲. وسط، درمیان، بین بین (اکثر "میں" یا "سے" کے ساتھ) .۳. باب میں، بارے میں، سلسلے میں، بیان میں (عموماً "کے" کے ساتھ) .۴. باہم، آپس میں، (مجازاً) آپس کی بات میں (عموماً "میں" کے ساتھ) .۵. دوران، (کسی کام کے) اتمام تک پہنچنے سے پہلے (اکثر "میں" یا "سے" کے ساتھ) .۶. حال میں، کیفیت میں (عموماً "کے" کے ساتھ). (ب) اند .ا. واسطہ، دخل .۲. معاملے کا سمجھوتا.

بیچ بچاو اند. فیصلہ، تصفیہ، مصالحت (جو دو حریفوں کے درمیان کرائی جائے).

بیچ چوراہے میں م ف. منظر عام پر جہاں سب دیکھیں.

بیچ کا م ف؛ مث .ا. درمیانی .۲. منجھلا.

بیچ کی کڑی مث. سلسلے کی چیز (جو اگر الگ کر لی جائے تو تسلسل نہ رہے)، واسطہ، ذریعہ.

بیچ میں پڑنا محاورہ .ا. دخل دینا .۲. ثالث ہونا، صلح یا فیصلہ کرانا، وسیلہ بننا

بیچ میں کودنا محاورہ. پرائی بات میں ناحق دخل دینا.

بَیچلَر (ی لین، سک چ، فت ل) صف.
ا. مجرد، بن بیاہا .۲. بی اے پاس. [انگ].

بیچنا (ی ع، سک چ) ف م.
فروخت کرنا، بیع کرنا، قیمت لے کر سامان دینا. [س].

بیخ (ی ع) مث.
ا. جڑ، اصل .۲. نیو، بنیاد (مکان وغیرہ کی) .۳. اصلیت، آغاز، ابتدا. [ف].

بیخ کَن صف .ا. نیست و نابود کرنے والا، اصل نسل کا استیصال کر دینے والا، نقصان پہنچانے والا .۲. منصف، قاضی (مجرموں کو تباہ کرنے کی وجہ سے) .۳. چور، سارق (لوگوں کا مال تباہ کرنے کی وجہ سے). [ف].

بیخ کنی مث. جڑ اکھاڑنا، جڑ کھودنا، نسل ختم کرنا، نیست و نابود کرنا، تباہ و برباد کرنا، ستیاناس کرنا.

بیخ و بنیاد مث .ا. جڑ اور بنیاد (کسی شے یا معاملے کی) .۲. اصل نسل، حسب نسب .۳. خاندان کا سلسلہ.

بیختَہ (ی ع، سک خ، فت ت) صف.
چھانا ہوا، کپڑے یا چھلنی میں چھان کر سفوف نکالا ہوا (عموماً نسخوں میں مستعمل). [ف].

بَید (ی لین) اند.
(ہندوستانی جڑی بوٹیوں اور ان کے مرکبات سے علاج کرنے والا) حکیم، طبیب، وید. [س].

بید (۱) (ی ع) اند.
ہندوؤں کی مقدس آسمانی کتاب جس کے چار دفتر ہیں، وید. [س].

بید (۲) (ی ع) اند.
ا. دیکھیے: بیت، اس درخت کی چھال جو عموماً کرسیاں بنانے کے کام آتی ہے .۲. بید کی شاخ سے بنی ہوئی ہاتھ میں رکھنے کی چھڑی. [ف].

بید کی طرح کانپنا / لرزنا محاورہ. خوف اور ڈر کے مارے کانپنا.

بید لرزاں اند. بید جس کی یہ فطرت ہے کہ ہر وقت لرزتا اور ہلتا رہتا ہے

بید مجنوں اند. درخت بید کی ایک قسم جس کی شاخیں نہایت آشفتہ اور جھکی ہوتی ہیں (غالباً آشفتگی اور افسردگی کے باعث اس کا یہ نام رکھا گیا، کرکٹ کا بیٹ اسی کی لکڑی سے بنایا جاتا ہے).

بید مشک اند. ۱. بید کے درخت کی ایک قسم جس کے پھول نہایت نازک خوش بو رنگ زرد مائل بہ سبزی و سیاہی ہوتے اور پتوں سے پہلے کھل جاتے ہیں (ان کا عرق دوا میں استعمال ہوتا اور عرق بید مشک کہلاتا ہے). ۲. درخت بید مشک کے پھولوں کا عرق.

بیداد (ی مج) اث. ظلم تعدی.

بیدار (ی مج) صف.

جاگتا، ہوشیار جو سویا ہوا یا مدہوش نہ ہو، چوکنا؛ استعارۃً. [ف].

بیدار بخت صف. خوش نصیب، اقبال مند.

بیدار دل صف. ہوشیار، عاقل.

بیدار کرنا محاورہ. (لفظاً) جگانا، (مراداً) غفلت سے چونکانا، ہوشیار کر دینا، (انجام سے) باخبر کر دینا.

بیدار مغز صف. عالی دماغ، ہوشیار.

بیدار ہونا محاورہ. بیدار کرنا کا لازم؛ جاگنا، ہوشیار ہونا.

بَیداری (ی مج) اث.

جاگنے کی حالت، عقل، سمجھ، ہوشیاری.

بَیدک (ی لین، فت د) اند.

ہندوستانی علم طب، ویدک. [س].

بَیڈ مِنٹَن (ی لین، سک ڈ، کس م، سک ن، فت ٹ) اند.

مقررہ حدود کے بیچ میں معین حد تک جال لٹکا کر بیضوی جال دار بلے اور کنول کے پھول سے مشابہ پروں سے بنی ہوئی گیند (چڑیا) سے مقررہ طریقے پر کھیلا جانے والا ایک کھیل، چڑی بلا. [انگ].

بَیر (ی لین) اند.

۱. دشمنی، عداوت، کینہ؛ مخالفت، نفرت. ۲. تضاد، ضدیت، یک جا جمع نہ ہو سکنے کی کیفیت یا حالت، لاگ. اف: کرنا / ہونا. [س].

بیر باندھنا محاورہ. عداوت رکھنا، مخالفت پر تل جانا.

بیر لینا / نکالنا محاورہ. انتقام لینا، بدلہ لینا، دشمنی نکالنا.

بِیَر (کس ب، فت ی) اث.

جو کی شراب. [انگ].

بیر (ی مع) الف (صف).

۱. بہادر، شجاع، ہمت دل اور طاقت رکھنے والا. ۲. با اقتدار، طاقت ور، زبردست، ہیرو. ۳. پہلوان، پٹھا، مرد غازی. (ب) اند. ۱. موکل، ہم زاد، جن، وہ خبیث روح ساحر مسلط کرے. ۲. غلام، تابع فرمان شخص. ۳. بھائی، بیرن. ۴. ایک جواہر یا اس کی بالی جو کان یا ناک میں پہنی جاتی ہے. ۵. جادو، ٹونا. (ج) اث. ۱. بہن؛ رک: بِیّر. ۲. ہاتھی دانت. ۳. (i) چراگاہ. (ii) گاؤں والوں کے ڈھور چرنے کی مشترک آراضی جو گاؤں کے کسی خاص علاقے میں گلہ بانی کے لیے چھوڑ دی جائے. [س].

بیر (۱) (ی مج) اند.

ایک پھل کا نام جس کا قد انگوٹھے کی اگلی پور کے برابر یا اس سے کچھ بڑا شکل بیضوی یا گول چھلکا پتلا (کچا سبز پکا سرخ) گودا سیب جیسا مزہ میٹھا یا کھٹ میٹھا گٹھلی سخت اور کھردری ہوتی ہے جو ایک کانٹوں والے درخت یا جھاڑی میں لگتا ہے. [س].

بَیرا (ی لین) اند.

پیش خدمت، وہ نوکر جو اوپر کے کام کی دیکھ بھال پر متعین ہوتا ہے خادم. [انگ].

بَیراج (ی لین) اث.

پشتہ، بند (جو دریا میں باندھا جائے). [انگ].

بَیرا کھیری (ی لین، ی مج) اث.

عداوت، دشمنی، نا اتفاقی.

بَیراگ (ی لین) (الف) اند.

نفس کشی، ریاضت، جوگ، فقیری، تیاگ، ایثار. (ب) صف. جوگی فقیر، تارک الدنیا. [س].

بیراگ لینا محاورہ. تارک الدنیا ہونا، جوگ یا فقیری اختیار کرنا.

بَیراگن (۱) (ی لین ، فت گ) امث .
وہ ٹیڑھی لکڑی جسے جوگی تکیے کی جگہ کمر سے لگا کر بیٹھتے ہیں یا سامنے رکھ کر اس پر ہاتھ ٹیکتے ہیں ، (مجازاً) ٹیک . [س] .

بَیراگن (۲) (ی لین ، فت گ) امث .
۱. تارک الدنیا عورت ، جوگن .۲. بیراگی کی بیوی . [س] .

بَیراگی (ی لین) امذ .
۱. تارک الدنیا مرد ، جوگی .۲. ہندو فقیروں کا ایک گروہ . [س] .

بیر بہَوٹی (ی مع ، و لین) امث .
ایک سرخ رنگ کا مخمل کی طرح نرم اور ملائم خوب صورت کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا اور خشک کر کے دواؤں کے کام میں لایا جاتا ہے . [س] .

بَیرِسٹَر (ی لین ، کس ر ، سک س ، فت ٹ) امذ .
جس نے ولایت سے قانون کا اعلیٰ امتحان پاس کیا ہو اور وہاں کے چار انز (کورٹ) میں سے کسی کا ممبر ہو (ڈگری) بیرسٹرایٹ لا . [انگ] .

بَیرق (ی لین ، فت ر) امث :- بیرک ، بیرکھ .
۱. جھنڈا ، علم ، نشان ، جھنڈے کا پھریرا .۲. وہ جھنڈا جو افتادہ آراضی پر قبضہ کرنے کے لیے گاڑ دیا جائے ؛ قبضہ کرنے کا عمل . [ف] .

بَیرک (ی لین ، فت ر) امث .
سپاہیوں وغیرہ کے رہنے کی کوٹھریوں کی قطار ، فوجی لوگوں کے رہنے کے مکانات جو ایک ہی وضع قطع کے مسلسل بنے ہوتے ہیں ، بارک ، ایسا مکان جس میں بہت سے لوگ رہتے ہوں . [انگ] .

بَیرَم (ی لین ، فت ر) امذ .
۱. جر ثقیل میں لوہے یا لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بھاری چیز کو سرکاتا اور سنبھالتا ہے ، ہر مشین میں پرزوں کا وزن سنبھالنے والا حصہ .۲. لمبی نوک کا ایک اوزار جس سے پتھر کاٹتے ہیں .۳. سوراخ کرنے کا آلہ ، برما ؛ بڑھیوں کا وہ آلہ جس سے وہ سوراخ کرتے ہیں .۴. ایک قسم کا باریک اور نازک کیڑا .۵. بڑا تیر . [ع] .

بَیرَنگ (ی لین ، فت ر ، غنہ) صف .
۱. بغیر ٹکٹ یا کم ٹکٹ کا (خط) .۲. بے نیل مرام . [انگ] .

بیرو میٹر (ی لین ، ی مع ، فت ٹ) امث .
ہوا کے ناپنے کا آلہ ، باد ہوا ، مقیاس الہوا .

بیرَونی (ی مج ، و مع) صف .
۱. (شہر یا ملک کے) باہر کا ، غیر جگہ کا .۲. ظاہری .

بَیری (۱) (ی لین) صف ؛ امذ .
دشمن ، مخالف یا بدخواہ مرد .

بیری (۱) (ی مج) امث .
بیر (رک) کا درخت .

بَیرِیَم (ی لین ، کس ر ، فت ی) امث .
چاندی کے رنگ کی ایک سفید چمک دار دھات جو کوٹنے سے بڑھتی ہے . [انگ] .

بِیڑ (ی مج) امث .
۱. اونچی اونچی گھاس یا جھاڑیوں کا جھنڈ .۲. کھیتوں کی حد ، احاطہ مینڈ .۳. گاؤں والوں کے ڈھور چرنے کی مشترک آراضی جو گاؤں کے کسی خاص علاقے میں گلہ بانی کے لیے چھوڑ دی جائے .۴. کسی قدر ایک رخ کو مڑی ہوئی آر جو لکڑی کی کاٹ میں سہولت پیدا ہونے کو دی جاتی ہے .۵. وہ پود جو اگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگائی جائے ، پنیری . [س] .

بِیڑا (ی مع) امذ .
۱. (بنے ہوئے پان کی) گلوری ، کتھا چونا لگا اور چھالیا وغیرہ پڑا ہوا پان جو مخروطی یا تکونی شکل میں لپیٹا گیا ہو . [س] .
بیڑا اٹھانا محاورہ . کسی مشکل کام کی انجام دہی کا ذمہ لینا ، عزم بالجزم کرنا
بیڑا چبانا ف مر ، محاورہ .۱. پان کھانا .۲. منگنی کے موقع پر لڑکی والوں کے ہاں لڑکے والوں کو پان کا بیڑا ملنا اور اسے منظور کی علامت سمجھ کر کھانا .
بیڑا کھلانا محاورہ . منگنی منظور کرنا ، نسبت ٹھہرانا ؛ پان کھانا .

بیڑا (ی مج) امذ .
۱. کشتی ، ناؤ ، جہاز ، بانسوں کا ٹھاٹر یا مشک وغیرہ جس کے ذریعے سے دریا کے پار اترتے ہیں ؛ کشتیوں یا جہازوں کی قطار یا قافلہ .۲. جتھا ، گروہ ، جرگہ ، منڈل (اکثر فوجیوں یا جہازوں کا) .۳. بانسوں کی یا

رک = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

پھونس کی چھوٹی سی ناؤ جو لوگ خواجہ خضر کے نام پر بھادوں کے مہینے میں بہت سے چراغ اس پر رکھ کر بہاتے ہیں اور اس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ ہماری مشکلات کا بیڑا پار ہو . [س] .

بیڑا پار کرنا / لگانا / لگنا محاورہ. ١. کشتی کنارے لگانا ، جہاز کو سلامتی کے ساتھ پار اتارنا. ٢. مشکل آسان کرنا ، مراد بر لانا ، مصیبت سے نجات دلانا .

بیڑا پار ہونا محاورہ. مشکل آسان ہونا ، کامیاب ہونا ، خاتمہ ہونا ، پورا ہونا ، انجام کو پہنچنا .

بیڑا غرق ہونا ف مر ؛ محاورہ. ١. کشتیاں ڈوبنا . ٢. کام بگڑنا ، تباہ ہونا .

بِیڑی (ی مع) اسث .

١. ایک خاص قسم کے سوکھے پتے کی بنی ہوئی مخروطی بتی جس کے اندر تمباکو ہوتا ہے اور اسے سلگا کر سگریٹ یا حقے کی جگہ پیتے ہیں .

٢. پان کی گلوری .

بیڑی (ی مج) اسث. ١. وہ خاص وضع کی کڑی یا زنجیر جو قیدی یا ملزم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں تاکہ بھاگ نہ جائے . ٢. (i) (استعارۃً) نکاح ، شادی ، تعلقات دنیاوی ، زن و فرزند . (ii) قید ، پابندی ، روک ٹوک ، مزاحمت ، جو اپنے دائرے سے آدمی کو نکلنے نہ دے . ٣. (فن تعمیر) دروازے کے کواڑوں کو اندر سے بند رکھنے کا جدید وضع کا کھٹکا جو انگریزی وضع کی جوڑیوں میں لگایا جاتا ہے ، بولٹ ، چٹخنی ، کھٹکا ، بڑکا . [س] .

بیڑی پہنانا محاورہ. ١. پابہ زنجیر کرنا ، قید یا پابندی لگانا . ٢. بچے کو منت کی بیڑی پہنانا .

بیڑی ڈالنا محاورہ. پابہ زنجیر کرنا ، قید یا پابندی لگانا .

... بیز ترکیب میں جزو دوم.

جزو اول کے مفہوم سے مل کر '' چھاننے والا ، چھلنی کرنے والا ، پھیلانے اور چھڑکنے والا '' جیسے : عطر بیز کے معنی میں مستعمل .

بیزار (ی مج) صف .

متنفر ، اکتایا ہوا ، خفا ، ناخوش .

بیزاری (ی مج ،) اسث . ناخوشی ، اکتاہٹ .

بِیس (ی مع) صف .

١. دس اور دس کا مجموعہ ، اُنیس اور ایک ، (ہندسوں میں) ٢٠ . [س] .

بَیساکھ (ی لین ، سک کھ) امذ .

ہندی بکرمی نیز شمسی سال کا پہلا مہینہ جو عموماً وسط اپریل سے وسط مئی تک ہوتا ہے .

بَیساکھی (ی لین) (الف) صف .

بیساکھ سے منسوب : بیساکھ کا ، بیساکھ میں اگنے والا . (ب) اسث . ١. (ہندو) گنگا کے نہان کا ایک میلہ جو بیساکھ کے مہینے میں ہوتا ہے ؛ (کاشت کاری) گیہوں کی کٹائی سے پہلے کسانوں کا جشن . ٢. وہ لاٹھی جس کے سہارے (عموماً بغل کے تلے رکھ کر) لنگڑے لولے چلتے ہیں . ٣. بیساکھ کے مہینے میں پورے چاند کی رات ، (مجازاً) پورے چاند کا دن .

بِیسْت (ی مع ، سک س) صف .

بیس ، (ہندسوں میں) ٢٠ ؛ بہت سے ، متعدد . [ف] .

بیسَن (١) (ی مج ، فت س) امذ .

چنے کا آٹا . [س] .

بیسن (٢) (ی مج ، سک س) امذ .

تسلا ، چلمچی ، ایک مخصوص طرز کا بنا ہوا جدید چلمچی نما چینی کا ظرف جس میں ہاتھ منہ دھونے کے لیے پانی کا نل لگا ہوتا اور صابن رکھنے کی جگہ بنی ہوتی ہے یہ دیوار پر ذرا اونچائی پر لگایا جاتا ہے . [انگ] .

بیسْنی (ی مج ، سک س) صف .

بیسن سے منسوب ، مرکبات میں مستعمل .

بیسنی روٹی اسث. چنے کے آٹے کی روٹی ، نیز مسی اناج (ارد ، مونگ موٹھ) کی روٹی .

بیسْوا (ی مج ، سک س) س م ~ بیسا .

رنڈی ، کسبی ، بدچلن عورت . [س] .

بیسْواں (ی مع ، سک س) (الف) صف ، مذ .

١. جس کی نوبت یا نمبر انیس کے بعد ہو . ٢. کسی شے کے بیس حصوں میں سے ایک . (ب) امذ. موت سے بیسویں دن فاتحہ وغیرہ کی رسم .

بِیسی (ی مع) اسث .

١. بیس کا مجموعہ . ٢. کوڑی (بیس چیزوں کا مجموعہ) . ٣. جوتش کی ایک

اصطلاح، جیسے: تین بیساں (مشہور اصطلاح ہے).

بیش (ی ج) صف.
زیادہ، بہت. [ف].

بیش بہا صف. زیادہ قدر و قیمت کا، قیمتی، عمدہ، نفیس.

بیش تر صف. بارہا، اکثر، کم کے مقابلے میں زیادہ، زیادہ تر.

بیش قیمت صف.. زیادہ قدر و قیمت کا، بہت قیمتی.

بیشی (ی ج) امث.
زیادتی، بڑھوتری، زیادہ ہونے کی کیفیت. [ف].

بَیض (ی لین)(الف) امذ. طور واحد.
ا. دست خط، نشان یا علامت جو خطوط اور فرامین وغیرہ پر ہوتی ہے. ۲. مہر تصدیق جو حاکم عدالت یا کوئی مجاز عہدہ دار دستاویز پر ثبت کرے. (ب) طور جمع. جانور یا پودے کا بیضہ دان. [ع].

بیض دان امذ. ہر وہ گول جسم جو بیض خانے میں ہوتا ہے.

بِیض (ی مع) امث.
ا. سفیدی، روشنی، سفید دھبا. ۲. چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ. ۳. قب: ایام بیض. [ع].

بَیضا (ی لین) صف.
ا. چمکتا ہوا، روشن (اضافت کے ساتھ مستعمل). ۲. (تصوف) نور محمدی و عقل اول کہ یہی مرکز ہے عماء کا یہ ضد ہے سواد غیب یعنی عدم کی اور اس کو وجود کہتے ہیں. [ع].

بَیضوی (ی لین، فت ض) صف.
انڈے کے ڈول کا، لمبوتری گولائی لیے ہوئے. [ع].

بَیضہ (ی لین، فت ض) امذ.
ا. انڈا. ۲. خصیہ، فوطہ. ۳. گھوڑے کے پاؤں کا ایک مرض جس میں پٹھوں کے اوپر کا گوشت انڈے سے ملتے جلتے غدود کی شکل میں ابھر آتا ہے. [ع].

بَیع (ی لین) امث.
فروخت، بکری، بیچنے کا عمل. [ع].

بیع نامہ امذ. وہ دستاویز جس میں بیچنے والے کی طرف سے کسی چیز کے بیچنے کا اقرار لینے والے کے نام لکھا جاتا ہے.

بَیعانہ (ی لین، فت ن) امذ.
طے شدہ زر ثمن کا کچھ حصہ جو تکمیل معاملہ سے پہلے بطور پیشگی دیا جائے.

بَیعَت (ی لین، فت ع) امث.
ا. دینی و دنیاوی امور میں شریعت کی پیروی کرنے کے لیے کسی کو رہبر و رہنما ماننے اور اس کے کہنے پر عمل کرنے کا عہد (بیشتر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر). ۲. (تصوف) اپنے کو کسی کامل کے ہاتھ میں دے دینا اور تابع مرضیات شیخ کا ہو جانا. [ع].

بیعت کرنا ف مر. کسی بزرگ کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر دینی و دنیوی امور میں شریعت کی پابندی کا عہد و پیماں کرنا، اطاعت کا قول دینا، مرید بننا.

بیعت لینا محاورہ. دینی و دنیوی امور میں شریعت کی پیروی کا عہد و پیماں کرانا، مرید بنانا.

بیکری (ی ج، سک ک) امث.
بسکٹ اور کیک وغیرہ بنانے کا کارخانہ یا دکان. [انگ].

بَیگ (ی لین) امذ.
تھیلا (بیشتر چمڑے یا کینوس کا)؛ تھیلا جس میں ایجنٹ، ڈاکٹر اور مسافر وغیرہ اپنا ضرورت کا سامان رکھتے ہیں. [انگ].

بیگار (ی ج) (الف) امث.
ا. بلا اُجرت کام (جو محکوم یا رعایا سے دباؤ میں یا اس کی کسی چیز مثلاً گاڑی وغیرہ سے لیا جائے) ۲. وہ کام جو دل لگا کر نہ کیا جائے.
(ب) صف. بلا اُجرت کام کرنے والا. [ف].

بیگاری (ی ج) صف.
ا. وہ شخص جو مفت کام کرنے پر مجبور کیا جائے ۲. بے گار کا کام.

بیگانگی (ی ج، فت ن) امث.
ا. غیریت، مغائرت، اپنایت کی ضد ۲. (تصوف) سالک کا الوہیت میں عالم سے مستغنی ہونا.

بیگانہ (ی ج، فت ن) صف.
ا. غیر، اجنبی، ناواقف، ناآشنا ۲. (مجازاً) غیر جنس جو مقابلے میں کم اور گھٹیا ہو. [ف].

بیگانہ وار صف : م ف . غیروں کی طرح .

بیگم (ی مج ، فت گ) اسث .

۱. امیر زادی ، مالکہ (خادمہ کے بالمقابل) شریف خاتون (بیشتر نام کے ساتھ تعظیم کے طور پر مستعمل) ۲. زوجہ ، بیوی . [ت] .

بَیگَن (ی لین ، فت گ) اند .

اودے رنگ کی گول یا لمبوتری ترکاری جس میں سبز پینڈی لگی ہوتی ہے (لاط : Solenum mclongena) دیکھیے : بینگن .

بیگہ / بِیگھا (ی مع) اند .

زمین کا ایک حصہ یا ٹکڑا جس کی پیمائش عموماً تین ہزار پچیس گز مربع ہوتی ہے (بعض مقامات پر اس مقدار سے تہائی اور بعض جگہ اس سے چوتھائی کو بھی بیگھا کہتے ہیں ، پہلا پختہ اور دوسرا خام بیگھا کہلاتا ہے) . [س] .

بَیل (ی لین) اند .

۱. نر گاؤ ، گائے کا نر ، ثور ۲. (مجازاً) بے وقوف ، احمق (اکثر نرے کے ساتھ) . [س] .

بیل (۱) (ی مج) اسث .

۱. (i) وہ پودا جس کی نرم لچکیلی شاخیں زمین پر پھیلتی یا کسی چیز کے سہارے اوپر چڑھتی ہیں . (ii) ایک پھول دار پودا ، رائے بیل . ۲. گل بوٹے جو کسی کپڑے یا کاغذ پتھر یا دھات وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں (بیشتر بوٹا کے ساتھ مستعمل) ؛ ایک قسم کا کم عرض فیتہ جس میں سونے چاندی اور ریشم یا سوت کے تاروں سے بیل بوٹے بنے ہوتے یا بنائے جاتے اور دوپٹے وغیرہ قیمتی لباس کے کناروں پر ٹانکے جاتے ہیں . ۳. (مجازاً) سلسلہ نسل ، آل اولاد . ۴. قد و قامت . [س] .

بیل دار صف . ۱. وہ پودے جن کی بیل چلتی ہے . ۲. جس میں بیلیں ہوں (زمین یا باغ وغیرہ) . ۳. وہ کپڑا جس میں بیل بوٹے بنے ہوں .

بیل منڈھے چڑھنا محاورہ . کامیابی ہونا ، کام کا حسب مراد انجام کو پہنچنا .

بیل (۲) (ی مج) اسث .

۱. گیند کی طرح سخت چھلکے کا ایک گول پھل جس کے اندر لعاب دار زرد رنگ گودا اور اسی میں لپٹے ہوئے بیج ہوتے ہیں (کچے کا رنگ ہرا اور پکے کا زرد) ؛ اس پھل کا درخت Aegle marmelos . ۲. گودا نکال کر خالی کیے ہوئے بیل کے سخت چھلکے کا پیالہ جو اکثر فقیر استعمال کرتے ہیں . (بیل پتھر کے نام سے بھی مشہور ہے) . [س] .

بیل (۳) (ی مج) اسث .

زر تصدق جو شادی میں دولھا دلھن پر نچھاور کرتے ہیں اور ارباب نشاط کو دیا جاتا ہے . [س] .

بیل (۴) (ی مج) اند .

۱. بیلچہ ، پھاوڑا ، کرچھا (اکثر ترکیب میں مستعمل) . ۲. کدال سے کھود کر سڑک یا راستے کے لیے خط ڈالنا ، حد ، کنارا ، دیکھیے : داغ بیل . [ف] .

بیل (۵) (ی مج) اسث .

گھنٹی . [انگ] .

بیل باٹم اند . نیچے سے چوڑے پائنچوں کا زنانہ پاجامہ . [انگ] .

بیلا (ی مج) اند .

۱. ایک قسم کا سفید خوش بودار پھول جو چنبیلی کے پھول سے بڑا گٹھیلا اور موتیا سے ملتا جلتا ہوتا ہے ؛ اس پھول کا پودا . [س] .

بَیلَٹ (ی لین ، فت ل) اند .

وہ چھپا ہوا ٹکٹ جسے ووٹر اپنی پسند کے امیدوار کا نام لکھ کر یا نشان بنا کر ووٹوں کی صندوقچی میں ڈالتا ہے . [انگ] .

بیلٹ (ی مج ، سک ل) اسث .

۱. موٹر اور مشین کا سلسلہ ملانے والا پٹا ۲. پتلون وغیرہ کی پیٹی . [انگ] .

بیلچہ (ی مج ، سک ل ، فت چ) اند

لمبے دستے اور پھاوڑے کے سے پھل کا ایک اوزار ، کدال . [ف] .

بَیلِف (ی لین ، کس ج ل) اند .

عدالت کا وہ اہل کار یا کارندہ جو سمن وغیرہ کی تعمیل کے لیے مقرر ہوتا ہے . [انگ] .

بیلَن (ی مج ، فت ل) اند .

۱. لکڑی کا وہ مدور اوزار جس سے چکلے پر آٹے کا پیڑا رکھ کر روٹی یا پوری کی شکل میں بڑھاتے ہیں . ۲. وہ لوہے یا پتھر کا ڈھول جیسا گول

اوزار جس سے سڑکیں کوٹتے یا زمین ہموار کرتے ہیں . ۳. لوہے کا آلہ جو دونوں کواڑوں میں کیلوں سے جڑا ہوتا ہے اور دروازہ کھولنے بند کرنے کا کام آتا ہے ، چٹخنی . ۴. (i) جلاہے کے ہاتھ کے نیچے لگی ہوئی وہ لکڑی جس پر وہ بنا ہوا کپڑا لپیٹتا رہتا ہے ، تر . (انگریزی Beam) . (ii) گوٹا کناری لپیٹنے کی گول لکڑی . [س] .

بیلنا (ی مج ، سک ل) (الف) ف م .

۱. (بیلن سے) دبانا ، ملنا ، کچلنا ، دبا کر اور رگڑ کر پھیلانا یا بڑھانا . ۲. بیلن کی طرح ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر کرنا . ۳. ڈھکیلنا ، دور کرنا . (ب) اند . گنے کا رس نکالنے کا کولھو ، تیز روئی سے بنولے الگ کرنے کی اوٹنی .

بیلی (ی مج) اند .

۱. نگہبان ، محافظ ، جیسے : اللہ بیلی ۲. دوست ، یار ، ساتھی . [س] .

بیم (۱) (ی مع) اند .

خوف ، اندیشہ ، ڈر . [ف] .

بیم (۲) (ی مع) اند .

۱. ستون ، کھمبا . ۲. لوہے کا چھوٹا بڑا اسٹینڈ جو اوپر سے چپٹا اور پھیلا ہوتا ہے اور اس پر لوہار سنار اور چمار وغیرہ دھات یا چمڑا وغیرہ رکھ کر کوٹتے پیٹتے ہیں . [انگ] .

بیما (ی مع) اند .

دیکھیے : بیمہ .

بیمار (ی مع) صف .

۱. مریض ، روگی ، جس کو کوئی مرض یا روگ لاحق ہو . ۲. (مجازاً) فریفتہ ، عشق رکھنے والا . [ف] .

بیماری (ی مع) است .

بیمار سے اسم کیفیت .

بیمَہ (ی مع ، فت م) اند .

۱. (نقصان پہنچنے یا مال و اسباب ضائع ہونے کی) ضمانت یا ذمہ داری . ۲. (کاروبار) بیمہ کمپنی کی طرف سے ایک مدتِ معیّن کے لیے خاص شرطوں کے ساتھ کسی شے یا جان وغیرہ کا نقصان ہونے پر مقرر رقم بھرنے کا اقرار . [ف] .

بیمہ زندگی اند . بیمہ کمپنی کو حسب معاہدہ مقررہ مدت تک ایک خاص رقم ادا کرنا اس شرط پر کہ مدت معینہ کے دوران موت واقع ہو جائے یا مقررہ مدت پوری ہو جائے تو کمپنی بیمہ کرانے والے کو معاہدے میں معیّن رقم ادا کرے گی .

بَین (۱) (ی لین) اند .

۱. بیان ، بات ، بول . ۲. وہ دردناک فقرے جو کسی مردے کے غم میں (اس کے اوصاف بیان کرتے ہوئے) یا کسی اور مصیبت میں روتے وقت عورتوں کی زبان سے نکلتے ہیں ، نوحہ . [س] .

بَین (۲) (ی لین) ظرف .

۱. درمیان ، میں ، بیچ (عموماً مرکبات میں یا تکرار کے ساتھ مستعمل) . ۲. فاصلہ . [ع] .

بین الاقوامی صف . وہ بات جس میں کل قومیں شریک ہوں ، کل قوموں کا ، سب قوموں سے تعلق رکھنے والا .

بین السطور اند . ۱. دو سطروں کے درمیان کا فاصلہ یا خالی جگہ . ۲. دو سطروں کے درمیان . ۳. مضمون میں کہی گئی بات کا پوشیدہ مطلب .

بِین (ی مع) است .

۱. ستار نما ایک باجا جس کے دونوں سروں کے نیچے دو تونبے اور اوپر ایک ڈانڈ پر سات تار لگے ہوتے ہیں پردے نہیں ہوتے بلکہ طربیں ہوتی ہیں ، مضراب سے بجاتے ہیں . ۲. سپیروں کا باجا جس میں ایک تونبا اور دو بانسریاں ہوتی ہیں ، پونگی ، تونبڑی . [س] .

... بین (ی مع) صفت مرکب کا جزو دوم .

جزو اول کے مفہوم سے مل کر دیکھنے والا ، یا دکھانے والا کے معنی میں مستعمل ، جیسے : ظاہر بیں ، دور بین ، خورد بین . [ف] .

... بین (ی مع) اسم کیفیت مرکب کا جزو دوم .

بینا کا مادہ اور اسم کیفیت 'چھان' کے ساتھ مل کر جستجو اور تحقیق کے معنی میں مستعمل چھان بین .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

بیّن (فت ب ، شدی بکس) (الف) صف : م ف .
ظاہر ، واضح ، آشکارا ، روشن .(ب) اند . تاریخ گوئی میں ابجد کا ایک حساب جس میں حرف کی ملفوظی صورت کے پہلے حرف کے اعداد چھوڑ دیتے اور باقی حروف کے اعداد شمار میں لاتے ہیں (جیسے 'ا' کی ملفوظی صورت 'الف' اور 'م' کی ملفوظی صورت 'میم' ہے ، ان میں علی الترتیب 'ا' م ، کے اعداد چھوڑ کر 'لف' یم ، کے اعداد شمار کریں گے (عموماً جمع بینات مستعمل) . [ع] .

بینا (ی مع) صف .
دیکھنے والا ، دانا ، ہوشیار ، دور اندیش .

بیّنات (فت ب ، شدی بکس ج) اند .
بیّن : بیّنہ کی جمع .

بیں بیں (ی لین ، غنہ ، ی لین) است .
تکلیف یا کسی ضرورت کے لیے پکارنے کے موقع پر مویشی کے بولنے کی آواز .

بینائی (کس ب ،) است .
نظر ، آنکھ کی روشنی ، بصارت : دانائی ، ہوشیاری .

بینڈی (ی مع ، مغ) است .
بندی نقطہ (جو اکثر ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں) .

بینڈ (۱) (ی لین ، سک ن) اند .
۱. کئی سازوں کی سنگت ، انگریزی باجا عموماً فوج یا تعلیمی اداروں کا جس میں دف ، طبلے ، بگل ، بین ، جھانج اور نفیری وغیرہ ہوتی ہے ، سازندوں کا ایک استاد یا رہبر ساتھ ہوتا ہے ، ان کے اشاروں پر تمام سازندے مختلف سروں میں یہ باجے بجاتے ہیں . ۲. مذکورہ باجا بجانے والوں کی جماعت . [انگ] .

بینڈ (۲) (ی لین ، غنہ) اند .
پٹی ، فیتہ : رابطہ . [انگ] .

بینڈا (ی لین ، مغ) صف .
۱. ٹیڑھا ، ترچھا ، بانکا ، اکھڑ : (مجازاً) مشکل ۲. بد وضع ، بد شکل ، بھونڈا ، بد تہذیب ، بدتمیز ۳. وہ آڑی لکڑی جو دروازے کے پیچھے اس غرض سے لگا دیتے ہیں کہ وہ کھلنے نہ پائے .

بینڈا (ی مع ، مغ) اند .
۱. سرکنڈوں یا نرکلوں کا مٹھا جو چھپر میں تھوڑے تھوڑے فاصلے سے باندھے جاتے ہیں . ۲. کچے کنویں کی مٹی کی روک کو جھاؤ کی شاخوں کا بنایا ہوا گولا یا کوٹھی .

بینڈی (ی لین ، مغ) است .
تالاب یا جوہڑ میں سے پانی بوکا کے ذریعے کاشت کے لیے اونچی جگہ پر پھینکنے کا عمل .

بینڈی (ی لین ، مغ) است .
۱. گدی پر لپٹا ہوا بالوں کا جوڑا ، گیند کی شکل میں لپٹی ہوئی سُتلی یا ڈورے کی لچھی . ۲. (کھٹ بنا) بان کا بڑا گولا . [س] .

بینش (ی مع ، کس ن) است .
نظر ، بینائی ، آنکھ کی روشنی ، دانائی ، ہوشیاری .

بینک (ی لین ، مغ) اند .
وہ ادارہ جو عوام کا روپیہ ، پیسا اپنے دفتر میں بہ حفاظت رکھتا ہے . بہ وقت ضرورت پر چیک کے ذریعے دیتا اور انہیں مقررہ منافع ادا کرتا ہے ، بنک . [انگ] .

بینکر (ی لین ، غنہ ، فت ک) صف .
بینک کا کاروبار کرنے والا ، بینک والا ، ساہوکار . [انگ] .

بینگن (ی لین ، مغ ، فت گ) اند : ۔ بگین .
ایک اودے رنگ کی گول یا کسی قدر لمبوتری بیضوی ترکاری جس میں ایک طرف ہرے رنگ کی ٹوپی سی مڑھی ہوتی ہے .

بینگنی (ی لین ، مغ ، سک گ) صف .
بیگن کے رنگ کا .

بیننا (ی مع ، سک ن) ف م .
۱. (بکھری ہوئی چیزوں کو) ایک ایک کر کے اٹھانا . ۲. چننا ، (اناج وغیرہ کو کوڑے وغیرہ سے) پاک صاف کرنا . [انگ] .

بیّنہ (فت ب ، شد بکس ، فت ن) اند .
روشن دلیل ، واضح برہان ، (مجازاً) معجزہ .

بیوپار (کس ج ب ، ی و ج) اند .
تجارت ، لین دین ، معاملت .اف : چلنا/کرنا/ ہونا . [س] .

بیوپاری (کس ج ب ، ی و ج) صف .
بیوپار کرنے والا ، سوداگر ، تاجر .

بیوٹی (کس ج ب ، ی و ج) است .
حسن ، خوب صورتی . [انگ] .

بیورو (کس ج ب ، ی و ج ، و ج) اند .
سرکاری محکمہ ، دفتر . [انگ] .

بیوگ (کس ج ب ، ی و ج) اند .
۱. جدائی ، فراق ، تفرقہ ، ہجر ۲. محبت جس کا علم معشوق کو نہ ہو . [س] .

بیوگی (کس ج ، فت و) است .
بیوہ ہوجانے کی حالت ، شوہر کے مرجانے کی صورت حال ، بیوہ پن .

بیونت (کس ج ب ، ی و ج ، مغ) اند .
۱. بیونتنا کا اسم کیفیت ، بونت (دیکھیے) ۲. حساب ، تقسیم .

بیونتنا (کس ج ب ، ی و ج ، مغ ، سک ت) ف م .
۱. بونتا ۲. (بازاری) قتل کرنا ج آدمی کے ٹکڑے کرنا . [س] .

بیوہ (ی ج ، فت و) است .
وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو . [ف] .

بیوہار (کس ب ، ی و ج) اند .
۱. بیوپار ۲. برتاؤ ، سلوک .

بیوی (ی مع) است .
۱. زوجہ ۲. گھر کی مالکہ ۳. ہر عورت (خطاباً یا رواجاً) ۴. بی بی .

بیہڑ (ی مع ، فت ہ) صف .
۱. ناہموار یا اونچی نیچی زمین ۲. بن ، چراگاہ ، سنسان جنگل . [س] .

(بھ)

بھ حرف .
اردو حروف تہجی کا تیسرا اور دیوناگری لپی (رسم خط) کا چوبیسواں حرف 'بھ' جو ایک مستقل ہائیہ صوتیہ ہے ، اس حرف کی آواز دیوناگری میں 'بھا' اور اردو میں 'بھے' سے ادا کی جاتی ہے .

بھا (۱) است .
چمک ، خوبصورتی ؛ کرن ؛ بجلی .

بھا (۲) است .
خواہش ، چاہت . [س] .

بھا بنا اند (قدیم) . خواہش ، مرضی ، مشیت .

بھابر / بھابھر (فت ب ، فت بھ) است .
مونج کی طرح کی ایک ادنیٰ درجے کی گھاس جس سے رسیاں اور بان بٹے جاتے ہیں .

بھابو / بھابھو (و ج) است .
۱. بھابی ۲. ماں . [س] .

بھابی / بھابھی است .
بھابھی . بھاوج ، بھائی کی بیوی . [س] .

بھاپ است ؛ اند .
۱. وہ لطیف بخارات جو پانی کے جوش کھانے سے اوپر اٹھتے ہیں . ۲. منھ سے نکلنے والی گرم و تر سانس ؛ جاڑوں میں انسانوں اور حیوانوں کے منھ سے نکلنے والا دھواں ۳. وہ گرم و تر ہوا جو تازہ پکے ہوئے کھانے سے یا تیز گرمی میں زمین سے اٹھتی ہے ، جسم کی مرطوب گرمی ؛ جسم سے نکلنے والی گرم نمی . [س] .

بھاپ بیلن اند . مٹی کے دبانے اور ہموار کرنے کے لیے لوہے کا وہ بڑا اور بھاری بیلن جو زمین پر بھاپ کی مدد سے لڑھکایا جاتا ہے ، اسٹیم رولر .

بھاپ چھوڑنا محاورہ . پھونکیں مارنا ، منھ سے بھاپ نکالنا .

بھاپ دینا محاورہ . پانی کو ابال کر اس کی بھاپ سے کسی چیز کو سینکنا ، بھاپ سے نم کرنا .

بھاپ کا غسل اند . بھاپ کی نمی اور گرمی سے پورے جسم کی سنکائی ، پورے جسم کا بھپارا ، اسٹیم باتھ .

بھاپ لگنا محاورہ . اثر پہنچنا ، پرچھانوا پڑنا .

بھاپ لینا ف مر ؛ محاورہ . تیز گرم پانی میں دوائی ڈال کر ان کی بھاپ یا بخارات سانس کے ساتھ اندر کھینچنا .

بھات (۱) اند .
۱. ابلے ہوئے (بے گھی کے) چاول ، خشکا ۲. میٹھے چاول جو ہندو دیوی دیوتا پر چڑھاتے ہیں ۳. کھانا . [س] .

بھات چھوڑا جاتا ہے ساتھ نہیں چھوڑا جاتا فقرہ. وضع دار لوگ نقصان گوارا کر لیتے ہیں لیکن مروت ترک نہیں کرتے.

بھات دے کر ذات میں داخل ہونا محاورہ. کچھ رقم خرچ کر کے اپنے آپ کو اچھے خاندان میں شمار کرانا ، دولت کے بل بوتے پر اپنے آپ کو شریف کہلوانا.

بھات (۲) اند.

۱. شادی کی ایک رسم جس میں دلھن کے ماموں یا ننھیال والے اس کی ماں کو زیور کپڑا اور نقدی وغیرہ دیتے ہیں نیز وہ نقدی اور سامان ؛ شادی کا تحفہ . ۲. (ہندو) شادی کی ایک رسم جو شادی کے دوسرے تیسرے دن ہوتی ہے اس میں سمدھی کو بھات کھانے کے لیے کنیا کے گھر بلایا جاتا ہے اور اسے بھات کھلایا جاتا ہے بھات کھانے کے لیے اسے نذر بھی دی جاتی ہے اور اس کے بدلے میں وہ برس بھر کھیتی کے سب کام کاج کرتا ہے. [س].

بھاتا صف : اند : مث.

۱. پسندیدہ ، مرغوب ، چاہا ہوا ۲. پسند ، مرضی ، منشا ، خواہش ، خوشی.

بھاٹ (۱) اند.

۱. راجاؤں اور امیروں کی مدح سرائی کرنے والا شاعر ، درباری شاعر. ۲. مدح سرا ، ستائش گر ۳. چاپلوس ، خوشامدی ۴. ایک خاص ذات کا فرد جس کے لوگ کسی زمانے میں راجاؤں ، امیروں اور رئیسوں کے نسب نامے یاد رکھتے تھے اور تقریبات میں مدح و ثنا کے ساتھ زبانی سنایا کرتے تھے ، خاندانی مداح . ۵. پیغام رسانی اور بلاوا دینے کی خدمت انجام دینے والا آدمی ، نائی . [س].

بھاٹ (۲) است : اند.

وہ زمین جو ندی کے دو کناروں کے بیچ میں ہو ؛ بہاؤ کی وہ مٹی جو ندی کے چڑھاؤ اترنے پر یا کچھار میں جمتی ہے ؛ ندی کا کنارہ ؛ ندی کا بہاؤ ، وہ سمت جدھر کو ندی بہہ کر بڑے جل تھل میں گرتی ہے. [س].

بھاٹا اند.

پانی کا چڑھاؤ کی طرف سے اتار کی طرف جانا ، سمندر کے پانی کا اتار (بیشتر جوار کے ساتھ مستعمل) ، جزر . [س].

بھاٹی/بھاٹیا/بھاٹیہ (سک ٹ/فت ی) اند.

ہندوؤں کی ایک ذات . [س].

بھاجی (۱) است.

ساگ ، سبزی ، ترکاری جو پکائی جاتی ہے . [س].

بھاجی (۲) است.

۱. کھانا جو کسی تقریب یا خوشی میں پکا کر برادری میں تقسیم کیا جاتا ہے. ۲. حصہ بخرا ، تحفہ ، تقسیم شدہ چیز ؛ حصہ جو کسی تقریب میں عزیزوں میں تقسیم کیا جائے . [س].

بھاجی کی بھاجی کیا دُوسرے کی مُحتاجی کہاوت. دوسرے کی محتاجی سے قناعت کرنا بہتر ؛ احسان کے عوض احسان کر دینا چاہیے دوسرے کا احسان اپنے سر نہیں رکھنا چاہیے.

بھادوں (وج) اند.

ہندی سال کا چھٹا اور برسات کا آخری مہینا (نصف اگست سے نصف ستمبر تک) . [س].

بھادوں کی جھڑی است. بھادوں کے مہینے کی مسلسل بارش ؛ لگاتار ہونے والی بارش.

بھادوں کی چھاچھ بھوتوں کو ، کاتک کی چھاچھ پوتوں کو کہاوت. بھادوں میں چھاچھ مضر ہوتی ہے کاتک میں مفید.

بھارَت (فت ر) اند.

۱. (i) غیر منقسم ہندوستان کا قدیم نام . (ii) برصغیر ہند کے اس حصہ کا نام جو قیام پاکستان کے بعد بھارت کہلایا . [س].

بھارَتی (سک ر) (الف) صف.

بھارت سے منسوب یا متعلق . (ب) است . ۱. برہمی بوٹی ، ایک قسم کی بوٹی جسے سنسکرت میں بھارنگی اور برہمی اور پراکرت میں بانب اور بڑی بال کنگنی کہتے ہیں ، براہمی . ۲. ایک قسم کا پرندہ . ۳. بھرت کی نسل کی کوئی عورت . ۴. دریائے سرسوتی . ۵. بچن ، بات چیت . (ج) اند . ۱. سادھوؤں کا ایک فرقہ جو شنکر اچارج کا پیرو ہے . ۲. سنیاسیوں کے دس ناموں میں سے ایک نام . [س].

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، وج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، مشد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بھاری صف.
۱. وزنی، بوجھل (جس کا اٹھانا مشکل ہو). ۲. شدید، گہرے اثرات رکھنے والا، جس کا مداوا مشکل ہو، جس پر قابو پانا دشوار ہو. ۳. اذیت ناک، جس کا کاٹنا یا گزارنا دشوار ہو. ۴. کٹھن، دشوار، مشکل، جس کا حل تکمیل یا انجام آسان نہ ہو. ۵. (i) قیمتی، بیش بہا (لباس). (ii) (کپڑا) جس پر کڑھائی ٹنکائی وغیرہ کا کام ہو یا گوٹا ٹھپا وغیرہ لگا ہو. ۶. (i) (کھانا) جس میں گھی اور مسالے زیادہ ہوں، مرغن. (ii) ثقیل دیرہضم. ۷. دشوار گزار، جس کا طے ہونا مشکل ہو (منزل کے ساتھ مستعمل). ۸. (i) فربہ، موٹا، جسامت والا. (ii) عظیم الجثہ، حجم میں بڑا. ۹. (i) قابل ترجیح، فائق، برتر، غالب، ور. (ii) باوقار، بردبار، سنجیدہ، بارونق. (iii) اعلیٰ، عمدہ، اچھا. ۱۰. منحوس، نامسعود، ناسازگار، ناموافق. ۱۱. (i) بوجھل، متورم، سوجی ہوئی، بھری بھرائی ہوئی، (آنکھوں کے لیے مستعمل). (ii) اداس، غم گین، متاثر، افسردہ دل کے لیے مستعمل). (iii) علیل، کسی درد یا تکلیف سے متاثر. ۱۲. سیب زدہ. ۱۳. بڑا، کبیر، عظیم (کیفیت و شان میں)، کثیر (تعداد میں). ۱۴. گراں، دوبھر، ناگوار، شاق، تکلیف دہ، بس سے باہر، ناقابل برداشت بوجھ، ناپسند، ناقابل قبول. ۱۵. (i) موٹی (آواز). (ii) بھدی، کرخت، ناگوار، گراں گزرنے والی (آواز). ۱۶. تھکاماندہ، سست. ۱۷. زوردار، قوی، طاقت ور. ۱۸. امیر، دولت مند. ۱۹. (i) بہت زیادہ. (ii) مبالغے کے لیے (بڑا / بڑی کے ساتھ). ۲۰. دراز، لمبا، موٹا. [س].

بھاری بھرکم صف. ۱. بوجھل، وزنی، (مراداً) اٹل. ۲. فربہ، موٹا. ۳. متین، باوقار، بردبار، سنجیدہ. ۴. عظیم، بڑا، اہم. ۵. بھرا بھرا، پھولا پھولا. ۶. بیش قیمت، قیمتی، مول میں زیادہ. ۷. (کپڑا) جس پر کام بہت زیادہ بنا ہوا ہو.

بھاری پانی اند. (طبیعیات) پانی کی سی کیمیائی خاصیتیں رکھنے والا ایک مرکب جس کی ذرا سی مقدار پانی میں شامل ہوتی ہے اور جو اپنی طبعی خاصیت کی بنا پر منافی حیات بتایا جاتا ہے اس کا فارمولا (D.o) ہے.

بھاری پتھر اند. ۱. بہت وزنی چیز، (مجازاً) بہت مشکل یا ناممکن کام. ۲. (مجازاً) کنواری لڑکی، بن بیاہی بیٹی جس کی شادی کا بوجھ ماں باپ پر ہوتا ہے.

بھاری پن اند. بوجھ، وزن، گرانی.

بھاری لگنا محاورہ. ناگوار معلوم ہونا؛ بار خاطر ہونا.

بھاڑ (۱) اند.
چولھا یا بھٹی جس پر بھڑ بھونجے اناج کے دانے بھونتے ہیں، بالعموم دڑبے نما سامنے سے کھلا ہوا جس میں چنے وغیرہ بھوننے کے لیے بالو گرم کی جاتی ہے.

بھاڑ (سا) بھننا محاورہ. ۱. (کسی چیز کا) شدید طور سے گرم ہونا، تپنا، (مجازاً) بخار ہونا. ۲. (لڑائی وغیرہ کا) شدت اختیار کرنا؛ بہ کثرت اموات واقع ہونا.

بھاڑ جھوکنا / جھونکنا محاورہ. ۱. (کوڑا کرکٹ، گھاس پھونس، لکڑی ایندھن ڈال کر) بھاڑ کو گرم کرنا؛ بھڑ بھونجے کا کام کرنا. ۲. (طنزاً) کوئی ادنیٰ یا بے کار کام انجام دینا؛ کوئی فضول یا بے مصرف کام کرنا؛ ایسا کام کرتے رہنا جس سے نفع نہ ہو. ۳. حقیر و پست کام کرنا؛ ذلیل کام کرنا. ۴. وقت ضائع کرنا؛ بے مصرف زندگی گزارنا؛ بے کار رہنا.

بھاڑ سا منہ کھولنا محاورہ. ۱. کسی بڑی چیز کو نگلنے کے لیے منھ کو زیادہ سے زیادہ کھولنا. ۲. بے سوچے سمجھے بات کہہ گزرنا، نہایت بے احتیاطی سے بات کرنا، بے محل بات کرنا، غلط بات کہنا.

بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا کہاوت. ایک مصیبت سے نکال کر دوسری مصیبت میں ڈال دیا.

بھاڑ میں بھننا محاورہ. بھاڑ کی گرم بالو میں اناج کے دانوں کی کھیلیں بن جانا؛ (مجازاً) شدید اذیت اٹھانا.

بھاڑ میں جھونکنا / ڈالنا محاورہ. ۱. ضائع کرنا، برباد کرنا، (ناکارہ سمجھ کر) پھینکنا. ۲. ناکارہ سمجھ کر پھینکنا، ناقابل برداشت بوجھ جان کر پیچھا چھڑانا. ۳. ذکر نہ کرنا، نام نہ لینا، نظر انداز کرنا، چھوڑ دینا، جانے دینا. ۴. مصیبت میں پھنسانا، ہلاکت میں ڈالنا، خطرے سے دوچار کرنا.

بھاڑ میں گیا فقرہ. ۱. (کسی سے قطع نظر کرنے کے لیے) ایک طرف رہا، الگ رہا، ذکر ہی کیا. ۲. ضائع گیا، برباد ہوا، مٹ گیا.

۳. (بیزاری کے موقع پر) ذکر نہ کرو، نام نہ لو.

بھاڑ (۲) است.
زنا کی کمائی، خرچی، کسب کی اجرت.

... بھاڑ لاحقہ تابع.
بھیڑ کا تابع، دیکھیے: بھیڑ بھاڑ.

بھاڑا اند.
(مکان، گاڑی وغیرہ کا) کرایہ، اجرت، مزدوری.

بھاڑُو (ومع) صف.
بھاڑ کھانے والا، دلال، بھڑوا (ایک گالی)؛ کمینہ، ذلیل، بے غیرت. [س].

بھاڑے اند.
بھاڑا کی مغیرہ حالت.

بھاڑے کا اند. شے جس کے استعمال کا کرایہ دیا جائے؛ حیوان جس سے کام لینے کا معاوضہ ادا کیا جائے؛ اجرت پر کام کرنے والا، اجیر، مزدور.

بھاڑے کا ٹٹو اند. ۱. بودا، عارضی، ناپائدار. ۲. دل لگا کر کام نہ کرنے والا، غیر ذمہ داری سے کام کرنے والا. ۳. جو اجرت کے بغیر کام نہ کرے، اجرت یا معاوضے کے لالچ میں کام کرنے والا. ۴. ایسا شخص جو کسی بات یا نشہ کا عادی ہو اور جب تک نشہ نہ ملے کام نہ کرے.
۵. چیز جو ہمیشہ مرمت کی محتاج رہے.

بھاشا است.
۱. (i) بولی، بول چال کی زبان. (ii) کسی ملک یا علاقے کی بول چال. ۲. (مراداً) برج کی بولی، برج بھاکا، [س].

بھاشَن (فت ش) اند.
تقریر، لیکچر، خطبہ. [س].

بھاکا است. ۱. دیکھیے: بھاشا، معنی نمبر ۱ (۲). دیکھیے: بھاشا نمبر ۲. [س].

بھاگ (۱) است.
بھاگنا کا اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل).

بھاگ دوڑ است. ۱. بھاگڑ، بھگدڑ، فرار. ۲. کوشش، تدبیر، محنت، سعی.
۳. رواروی، جلد بازی، عجلت.

بھاگ کھڑا ہونا محاورہ. یکایک بھاگ جانا، ایک دم چل دینا، فوراً فرار ہو جانا.

بھاگ (۲) اند.
۱. نصیب، قسمت، بخت. ۲. اچھا نصیب، خوش قسمتی، اقبال مندی. [س].

بھاگ بھرا صف؛ اند. خوش قسمت، خوش بخت، خوش و خرم، خوش حال، اقبال مند.

بھاگ بھری است. ۱. بھاگ بھرا کی تانیث، خوش قسمت، خوش و خرم.
۲. (طنزاً) بدنصیب.

بھاگ جاگنا محاورہ. خوش بخت ہونا، قسمت کھلنا، اچھے دن آنا، مراد بر آنا.

بھاگ جگانا محاورہ. بھاگ جاگنا کا تعدیہ، خوش قسمت ہونا.

بھاگ دیوتا اند. وہ دیوتا جو قسمت کا مالک ہے، (مجازاً) شوہر.

بھاگ کھلنا محاورہ. ۱. قسمت کھلنا، اچھے دن آنا. ۲. (مراداً) شادی ہونا، بیاہ ہونا.

بھاگا (الف) اند.
بھاگڑ، بھگدڑ؛ غدر؛ ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ، ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی. (ب) صف مذ. بھاگتا ہوا، بھاگا ہوا، فراری، مفرور.

بھاگا بھاگ (الف) است. ۱. بھاگڑ، بھگدڑ، فرار، بھاگنے کی ہل چل. ۲. عجلت، جلدی. ۳. وحشت، بیزاری، دوری، نفرت. (ب) م ف. جلد جلد، جلدی سے، تیز تیز، تیز رفتاری سے.

بھاگا جانا ف مر. بہ عجلت روانہ ہو جانا، جلدی چلا جانا؛ قبضے اختیار یا ہاتھ سے نکل جانا؛ ساقط ہو جانا.

بھاگا دوڑی است. دیکھیے: بھاگ دوڑ.

بھاگتا (سک گ) صف مذ.
دوڑتا ہوا، اڑتا ہوا؛ مفرور، فراری.

بھاگتا پھرنا ف مر؛ محاورہ، ف مر. بے قرار پھرنا، دربدر مارا مارا پھرنا، کہیں چین نہ پانا.

بھاگتے (سک گ) صف.
بھاگتا کی جمع یا مغیرہ شکل، ترکیبات میں مستعمل.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بھاگے بھوت (چور) کی لنگوٹی (نشانی) (ہی بہت ہے / ہی سہی) کہاوت. جاتی ہوئی چیز میں سے جتنا جزو مل جائے غنیمت ہے.

بھاگے کی لنگوٹی است. تھوڑی سی چیز، جاتی ہوئی چیز یا ڈوبتی ہوئی رقم کا ایک جزو.

بھاگڑ (فت گ) است.

. بہت سے لوگوں کا گھبرا کر ایک دوسرے سے پہلے بھاگنے کا فعل اور اس کی کوشش، بھگدڑ. ۲. ہلچل، ابتری، انتشار، تلاطم، افراتفری. ۳. جلدی، عجلت. ۴. اضطراب، گھبراہٹ، بے چینی، بے اطمینانی.

بھاگم بھاگ (فت گ، سک م) م ف.

دیکھیے: بھاگا بھاگ، عجلت میں، بھاگنے کی ہل چل، تیز رفتاری سے.

بھاگنا (سک گ) ف ل.

دوڑنا، تیز قدموں سے چلنا، عجلت سے جانا، فرار ہونا. ۲. پہلو بچانا، کترانا، بچنا. [س].

بھاگوان (سک گ) صف.

خوش قسمت، نیک بخت، اقبال مند. ۲. دولت مند، امیر.

بھاگے اند.

بھاگا کی جمع یا مغیرہ صورت، تراکیب میں مستعمل.

بھاگے بھاگے پھرنا محاورہ. مارا مارا پھرنا، سرگرداں ہونا.

بھال (الف) اند؛ است.

نیزے یا برچھی کا پھل. ۲. پیکان، تیر کی نوک. ۳. لوہے کی کیل، بھالا، برچھا، بلم، نیزہ. ۴. نوک. ۵. ہل کی پھال. (ب) صف. نباتیات) نوک دار، Lanceolate. [س].

.. **بھال** لاحقہ مرکب کا جزو ثانی.

بھالنا سے، جیسے: دیکھ بھال.

بھالا اند.

برچھا، نیزہ، بلم. [س].

.. **بھالا** (۱) لاحقہ مرکب کا جزو ثانی.

بھالنا سے، جیسے: دیکھا بھالا.

.. **بھالا** (۲) مرکب کا جزو ثانی.

بھولا بھالا.

بھالنا (سک ل) ف م.

اچھی طرح دیکھنا، تلاش کرنا، ڈھونڈنا (اردو میں 'دیکھنا' کے ساتھ مستعمل). [س].

بھالو (و مع) اند.

ریچھ، خرس. [س].

بھان (۱) اند. (قدیم).

۱. سورج، ستارہ، سیارہ. ۲. روشنی، نور، تجلی، روشنی کی کرن. ۳. آقا؛ راجہ، سلطان، بادشاہ. ۴. ظہور، نمود، دکھاوا، رویت. ۵. احساس، یاد، دھیان. [س].

بھان (۲) اند. (قدیم).

ناٹک، ناٹک کا تماشا؛ کہانی بنانا. [س].

بھان متا اند. نقال، مداری، بازی گر.

بھان متی اند؛ است؛ صف. ۱. بھان متا کی تانیث. ۲. مداری، شعبدہ باز. ۳. نٹنی، شعبدہ گر یا کھیل دکھانے والی عورت. ۴. شوخ، چنچل، حسینہ. ۵. فریبی، دھوکے باز، چال باز.

بھان متی کا سوانگ اند. وہ تماشا جو شعبدہ باز دکھاتے ہیں؛ (مجازاً) ایسا معاملہ جو سمجھ میں نہ آئے، حیرت انگیز امر.

بھان متی کا کنبہ جوڑنا محاورہ. ان مل بے جوڑ باتیں کہنا، مختلف قسم کی چیزیں یک جا کرنا.

بھان متی نے کنبہ جوڑا، کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا کہاوت. واہی تباہی یا مختلف قسم کے لوگوں کے مجمع کے لیے مستعمل.

بھانا (الف) ف ل.

۱. پسند آنا، مرغوب خاطر ہونا، بھلا لگنا. ۲. چاہنا، خواہش کرنا. ۳. سجنا، پھبنا، موزوں ہونا، درست آنا. ۴. پیارا ہونا، اچھا لگنا. [س].

بھانپنا (مغ، سک پ) ف م.

۱. (i) (فراست سے) تاڑنا، سمجھنا، جاننا. (ii) قیاس کرنا، اندازہ لگانا. ۲. (غور سے) دیکھنا، تاکنا. [س].

بھانت (مغ) است.

۱. طرز، روش، طریقہ. ۲. قسم، نوع، طرح. ۳. مثل، مانند، طرح.

۴. رنگ ، نسل ، خاندان . [س] .

بھانت بھانت کا صف. طرح طرح کا ، رنگ برنگ کا ، گونا گوں ، مختلف ، متنوع .

بھانَج (فت ن) مرکب کا جزو اوّل.

بھانجا ، بھانجی کی تخفیف .

بھانْج (مغ) است ؛ اند.

۱. بھنائی ، روپیہ اور نوٹ وغیرہ بھنانے کے عوض میں دی جانے والی رقم ، بٹا . ۲. تانے کا سوت ؛ سوت کا گولا . ۳. بھنانے یا تقسیم کرنے کا عمل . ۴. خوردہ ، ریزگاری ، روپے وغیرہ کا خوردہ . [س] .

بھانْجا (سک ن) اند.

بہن کا لڑکا . [س] .

بھانْجی (سک ن) است.

بھانجا کی تانیث .

بھانْجی (مغ) است.

دراندازی ، رخنہ ، روک ، چغلی ، بدی ، غمازی . [س] .

بھانجی مارنا محاورہ. دیکھیے : کسی کام میں خلل ڈالنا ، رخنہ ڈالنا ، چغلی کھانا .

بھانْڈ (۱) (مغ) اند.

۱. مسخرہ ، نقال ، مسخرے پن سے لوگوں کو ہنسانے والا . ۲. پیٹ کا ہلکا ، جو راز کو مخفی نہ رکھ سکے . ۳. بدزبان ، پھکڑ ۴. وجود ، خیال . [س] .

بھانْڈ (۲) (مغ) اند.

برتن؛ سامان تجارت ، سوداگری کا مال ، جنس ، سودا ؛ اثاثہ ، اصل پونجی . [س] .

بھانْڈا / بھانڈہ (مغ / فت ڈ) اند.

۱. مٹی کا برتن ، برتن . ۲. ملکیت ، ساز و ساماں . ۳. (مجازاً) راز ، بھید .

بھانڈا / بھانڈہ پھوٹنا محاورہ. راز کا افشا ہونا ، بھید کھل جانا .

بھاو / بھاؤ اند.

۱. وجود ، حیات ، زندگی ، شے ، دنیا . ۲. معنی ، مفہوم ، مطلب . ۳. ناز و ادا ، چونچلا ، نخرا . ۴. گیت کے جذبے یا کیفیت کا مفہوم واضح کرنے کے لیے جسم یا اعضا کی حرکت (رقص اور موسیقی میں) . ۵. نرخ ، مول ، قیمت . ۶. محبت ، مامتا ، پریم . [س] .

بھاؤ بڑھنا محاورہ. کسی مال کی مقررہ بازاری قیمت فروخت کے وقت زیادہ ہو جانا .

بھاؤ تاو اند. ۱. مول تول ، قیمت ، نرخ . ۲. جسم یا اعضا کے اشارے .

بھاؤ تیز ہونا محاورہ. مہنگا یا گراں ہو جانا ، قیمت بڑھ جانا .

بھاؤ گرنا / گھٹنا محاورہ. قیمت گھٹنا ، سستا ہونا ، مول میں کمی واقع ہونا .

بھاوَج (فت و) است.

بھائی کی بیوی ، بھابی . [س] .

بھاوَن (۱) (فت و) است ؛ اند.

پسند ، رغبت ، خواہش . [س] .

بھاوَن (۲) (فت و) صف.

۱. خالق ، پیدا کرنے والا ، بنانے والا ، بانی ، موجد . ۲. جو من میں آئے محبت ، خواہش ، کام یا بات . [س] .

بھائی اند.

۱. برادر (ایک ماں باپ کا جایا ؛ چچا ، ماموں یا خالہ وغیرہ کا لڑکا ؛ سسر کا لڑکا) ؛ وہ شخص جس کو بھائی کی حیثیت سے تسلیم کر لیا ہو ، منھ بولا بھائی . ۲. (مجازاً) ہم قطع اور ہم وضع شخص . ۳. ہم سر یا ہم عمر شخص . ۴. (مجازاً) ہم درد ، مہربان . ۵. (عورت مرد دونوں کے لیے) کلمہ تخاطب . ۶. (کسی کو پیار سے پکارنے اور خطاب کرنے کا کلمہ) میاں عزیز (مذکر اور مونث دونوں کے لیے) . ۷. مانند ، ایک جیسا ، ایک سا . ۸. ایک استاد کے شاگرد یا ایک پیر کے مرید . ۹. (i) اپنی قوم ذات یا سماج کا کوئی شخص ؛ بھائی برادری . (ii) ہم مذہب .

بھائی بند اند. ۱. رشتہ دار ، عزیز ، قریب . ۲. قوم ، قبیلہ ، پیشہ یا مذہب کا شریک شخص . ۳. ہم وضع اور ہم خیال .

بھائی جیسا دوست نہ (نہیں) بھائی جیسا دشمن (نہیں) کہاوت بھائی سے بڑھ کر دوست کوئی نہیں اور بھائی سے بڑھ کر دشمن کوئی نہیں

بھائی چارا / چاری اند/ است. اخوت ، بھائی کا سا رشتہ ، دوستی ، بھائی بندوں کا سا تعلق .

بھانس (ی ج) صف.
خوف ناک ، ہیبت ناک ، ڈراؤنا . [حکایت الصوت] .

بھانس بھانس صت. بچھڑے کی آواز . [حکایت الصوت] .

بھانس بھانس کرنا محاورہ. ۱. (کسی جگہ کا) سنسان یا اجاڑ ہونا ، بھیانک ہونا . ۲. (کسی مقام کا) بے رونق ہونا ، (کسی جگہ) اداسی برسنا . ۳. بے ہنگم آواز.

بھایا (الف) صف.
پسندیدہ ، مرغوب . (ب) اند. پسند ، خواہش ، مرضی .

بَھبَک (فت بھ ، ب) امث.
۱. شعلہ یا گرم بھاپ کا یکا یک اخراج ۲. حرارت ، گرمی ، تپش ۳. شعلے کی لپٹ ، گرمی ۴. خوش بو ، مہک . ۵. تیز بدبو ، تعفن . ۶. سڑاند . ۷. پانی کا نل یا فوارے سے زور کے ساتھ اخراج .

بَھبکا (فت بھ ، سک ب) اند :- بھپکا.
۱. عرق کھینچنے یا شراب کشید کرنے کا آلہ ، قرنبیق ۲. معمول سے بڑا اور سڈول چوڑے منھ کا آب خورہ ۳. لو ، شعلہ ، لپٹ ، بھبک . ۴. (بھٹی وغیرہ سے نکلنے والا) گرم بھاپ کا جھونکا . ۵. تیز بو کی لپٹ ، بھبک . [س] .

بَھبکنا (فت بھ ، ب ، سک ک) ف ل.
۱. (i) بھاپ دینا ، جوش میں آنا . (ii) نہایت گرم ہونا ۲. (گرمی پاکر) کسی اگنے والی چیز کا پھوٹنا یا اگنا ۳. بو دینا ، بو کا پھیلنا ۴. (i) (مجاز) غصہ ہونا ، طیش میں آنا . (ii) لال پیلا ہونا ، غرانا ، غضب ناک آواز نکالنا ، دہاڑنا . [س] .

بَھبکی (فت بھ ، سک ب) امث :- بھپکی.
دھمکی ، (ڈرانے کے لیے) غیظ و غضب کا اظہار . [س] .

بھبکی میں آنا محاورہ. (کسی سے) ڈر جانا ، سہم کر کسی امر سے باز رہنا ، دھوکے میں آجانا .

بَھبُوت (فت بھ ، و مع) اند ؛ امث :- بھبھوت .
گوبر کی راکھ جو ہندو فقیر یا سادھو شیو کی تقلید میں اپنے بدن پر ملتے ہیں ؛ مندر کی راکھ جسے ہندو اپنی پیشانی پر لگاتے ہیں . [س] .

بَھبُوکا (فت بھ ، و مع) (الف) صف :- بھبھوکا.
۱. سرخ (شعلہ کی طرح) ۲. (i) تاب ناک ، دہکنے والا . (ii) حسین ، خوب صورت ۳. آتشیں ، گرم ۴. شوخ طرار ، غضب ناک ، خشم گیں . ۵. سفید ، بہت سفید ، براق ، نہایت گورا . (ب) اند . ۱. شرارہ ، شعلہ ، بھڑک ، بھبک ۲. گرم رو جلتا ہوا اور آتش خو شخص . [س] .

بھبوکا ہونا محاورہ. غصے میں لال پیلا ہونا ، غضب ناک ہونا ، آگ بگولا ہونا .

بَھپارا (فت بھ) اند :- بھپارہ ؛ بھپاڑا.
۱. دھونی ۲. جوش دی ہوئی دوا کی بھاپ جو بیمار کو دی جائے ۳. مکر ، فریب ، دھوکا ، دم ؛ سانس ۴. بخارات ، ابخرے . ۵. بخارات سے نہانے کا عمل ، بھاپ لینے کا عمل ۶. خمیر اٹھنے کا عمل ، تخمیر ، سڑن . ۷. (کسی جوش کی ہوئی چیز سے) سینکنا . [س] .

بھپکا (فت بھ ، سک پ) اند. دیکھیے : بھبکا .

بَھپکی (فت بھ ، سک پ) امث.
دھمکی ، ڈرانے کے لیے جھپٹنے یا کسی کو ڈرانے کی صورت بنانے کا عمل یا کیفیت ، (کشتی) ایک داؤں جو حریف کو ڈرانے کے لیے کیا جاے .

بَھپَوری (فت بھ ، و لین) امث.
۱. تازہ پسی ہوئی دال کی گولیاں جو کھولتے ہوئے پانی کے اوپر کپڑے یا چھلنی پر رکھ کر بھاپ سے گلا کر اور بھنے مسالے میں ڈال کر بطور سالن پکائی جاتی ہیں ، مونگچھی ۲. چہرے کی جھائیاں جس میں سفیدی جھلکتی ہے .

بَھت (فت بھ) اند.
بھات کا مخفف ، تراکیب میں بطور جزو اول و ثانی مستعمل ، جیسے : گجر بھت .

بَھتّا / بَھتّہ (فت بھ ، شدت) اند.
۱. الاؤنس ، تنخواہ (مشاہرہ) کے علاوہ جو رقم ملازموں کو ہر ماہ خاص دی جائے ؛ افسروں اور سپاہیوں کو دی جانے والی اضافی رقم ، سفر خرچ ، زادہ راہ ، بٹا ۲. کسان کو بے سود دی جانے والی پیشگی رقم یا جنس ۳. دھونس اور دھمکیوں سے زبردستی لی جانے والی رقم . [س] .

بُھتنا (ضم بھ، سک ت) اند.
۱. بھوت پریت، بد روح؛ چھوٹا بھوت. ۲.(i) (مجازاً) کالا آدمی، بد صورت آدمی. (ii) گندا، مٹی میں لتھڑا ہوا شخص. [س].

بُھتنی (ضم بھ، سک ت) است.
بھتنا کی تانیث (مجازاً) بدشکل عورت، چڑیل.

بھتنی کا کل. بطور گالی مستعمل، مترادف: حرام زادہ.

بَھتّی (فت بھ، شدت) است.
۱. مردے کا کھانا، وہ کھانا جو کسی کے مرنے پر متوفی کے قریبی عزیزوں کے یہاں عام طور پر تین دن تک بھیجا جاتا ہے. ۲. حلوہ جس پر مردے کی نیاز یا فاتحہ دلائی جائے، حاضری.

بھتی کی روٹی است. موت کا کھانا، وہ کھانا جو مرنے والے کے گھر اس کے عزیز و احباب بھیجتے ہیں.

بَھتیج (فت بھ، ی مع) اند.
بھتیجا، بھتیجی کی تخفیف، تراکیب میں مستعمل.

بَھتیجا /بَھتیجَہ (فت بھ، ی مع / فت ج) اند.
بھائی کا بیٹا، برادر زادہ؛ سالے کا لڑکا. [س].

بَھتیجی (فت بھ، ی مع) است.
بھتیجا کی تانیث: بھائی کی بیٹی، برادر زادی.

بَھٹ/بھٹ (۱) (فت بھ) (الف) اند.
بڑا سوراخ، بل، غار جس میں لومڑی، گیدڑ بھیڑیا وغیرہ رہتے ہیں.
(ب) است. ۱. بھٹی، چولھا، تنور، بھٹا. ۲. چولھے کی جلی ہوئی مٹی.
(ج) صف. ۱. (کالا کا تابع) سیاہ، کالا. ۲. آلودہ، لتھڑا ہوا ہونا، کسی چیز پر زنگ یا میل چھا جانا. [س].

بَھٹ (۲) اند.
۱. گویا، درباری شاعر، بھاٹ. ۲. عالم، دانش مند، فاضل، فاضل برہمن یا کوئی فاضل و عالم شخص، فلسفی، مرہٹہ برہمنوں کا لقب.
۳. مالک، آقا؛ دشمن. [س].

بَھٹّا (۲) (فت بھ، شدٹ) اند.
۱. کھپرے اور اینٹیں وغیرہ پکانے کا پجاوا، بڑی بھٹی جس میں اینٹیں پکائی جاتی، چونا پھونکا جاتا اور لوہا وغیرہ گلایا جاتا ہے. ۲. مٹی وغیرہ کا اونچا ڈھیر، ٹیلا. [س].

بھٹا بیٹھ جانا محاورہ. برباد ہو جانا، خانہ خراب ہو جانا.

بُھٹا اند.
۱. مکئی کی ہری بالی، مکئی کی گکڑی. ۲. (مجازاً) سخت ثقیل، ناگوار چیز. [س]

بَھٹک (فت بھ، ٹ) است.
بھٹکنا کا حاصل مصدر، بہک، گم راہی، بے راہ روی.

بَھٹکانا (فت بھ، سک ٹ) ف م.
۱. بھٹکنا کا تعدیہ، بہکانا، راہ سے بے راہ کرنا. ۲. ڈرانا.

بَھٹکنا (فت بھ، ٹ، سک ک) ف ل.
۱. بہکنا، راہ سے بے راہ ہونا. ۲. سرگشتہ ہونا، سرگرداں ہونا، (جستجو میں) ادھر ادھر گھومنا. ۳. (مجازاً) جستجو میں رہنا، ڈھونڈنا. ۴. محروم ہونا، رسائی حاصل نہ کرنا. ۵. خواہش کرنا، چاہنا. [س].

بھٹلانا (فت بھ، سک ٹ) ف م.
بٹھانا.

بَھٹّی (فت بھ، شدٹ) است.
۱. (i) آتش دان، بڑا چولہا (دھوبیوں، لوہاروں اور شیشہ گروں وغیرہ کا). (ii) زرگروں کی کٹھالی جس میں سونا گلا کر صاف کیا جاتا ہے.
۲. (i) آب کاری، شراب خانہ. (ii) وہ جگہ جہاں شراب کشید کی جائے. [س].

بھٹی میں جھونکنا محاورہ. برباد کرنا، تباہ کرنا.

بَھٹیار (فت بھ، سک ٹ) اند.
بھٹیارا کی تخفیف مرکبات میں (مستعمل).

بھٹیار خانہ اند. ۱. بھٹیاروں کے رہنے کی جگہ. ۲. سرا، مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ. ۳. (مجازاً) وہ مقام جہاں شور و غل رہتا ہو؛ کمینوں کے جمع ہونے کی جگہ.

بَھٹیارا (فت بھ، سک ٹ) اند.
۱. (اصلاً) بھٹی والا، نان بائی جو روٹیاں پکا کر فروخت کرتا ہے ۲. سرائے کا مالک جو سرا کی کوٹھریاں کرایے پر چلاتا ہے، اور

مسافروں کے قیام و طعام کا انتظام کرتا ہے۔ [س]۔

بَھٹیارَن / بَھٹیارِن (فت بھ، سک ٹ، فت ر/ کس ر) امث۔
بھٹیارے کی جورو۔

بُھجالی (ضم بھ) امث۔
۱. ایک قسم کی بڑی اور کسی قدر ٹیڑھی چھری جو عام طور سے پہاڑی لوگوں کے پاس ہوتی ہے، گکری یا کھکری ۔۲. چھوٹا برچھا۔ [س]۔

بُھجاوَٹ (ضم بھ) امذ۔
۱. موٹا تختہ جسے شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام میں لاتے ہیں ۔۲. دو تختوں کے درمیان درز بندی کا کام۔

بَھجَن (فت بھ، ج) امذ۔
گیت جس میں پرماتما یا دیوی دیوتا کی تعریف کی گئی ہو۔ [س]۔

بُھجَنگ (ضم بھ، فت ج، غنہ) (الف) امذ۔
۱. سانپ، بڑا قوی یا بہت ہی کالا سانپ ۔۲. کوئل کے مشابہ ایک کالا پرندہ، بھنگ راج۔ (ب) صف ۱. (تابع کے طور پر بالعموم کالا کے ساتھ) سیاہ، بہت کالا ۔۲. بہت بڑا، بہت قوی۔ [س]۔

بُھجَنگا (ضم بھ، فت ج، غنہ) (الف) امذ۔
۱. کالے رنگ کا ایک پرندہ جو تقریباً ڈیڑھ بالشت کا لمبا کیڑے مکوڑے کھاتا ہے، کوے کا دشمن اور کوئل سے چھوٹا ہوتا ہے کرچھی بھی کہتے ہیں ۔۲. سانپ، کالا سانپ۔ (ب) صف۔ سیاہ، کالا۔

بھجوانا (س ب، سک ج) ف م۔
دیکھیے: بھیجنا، کسی شخص یا چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ روانہ کرنا، ارسال کرنا۔

بُھجیا/ بُھجیَہ (بھ، سک / فت ی) امث۔
۱. ساگ سبزی یا مولی وغیرہ کے پتے جنھیں گوشت کے بغیر نمک مرچ وغیرہ ڈال کر پکا لیا گیا ہو ۔۲. بھنے ہوئے دھان جن کے ستو بنائے جاتے ہیں۔ [س]۔

بِھچ (بھ) صف: امث۔
تنگی، سکیڑ؛ تنگ۔

بِھچنا (بھ، سک چ) ف ل۔
۱. تنگ ہونا، گھٹا ہوا ہونا ۔۲. دبنا، پچکنا ۔۳. سمٹنا، بدن کو چرانا ۔۴. رکنا، باز رہنا ۔۵. (مجازاً) انقباض ہونا، بستہ ہونا ۔۶. شرمانا، جھجکنا۔ [س]۔

بَھد (۱) (سک بھ) امث۔
بے عزتی، رسوائی، خواری۔ [س]۔

بھد اڑانا محاورہ۔ ۱. بے عزتی کرنا، توہین کرنا ۔۲. ہنس کر ٹالنا، اہمیت نہ دینا۔

بَھد (۲) امث۔
کسی بھاری چیز کے گرنے کی آواز۔ [حکایت الصوت]۔

بَھدّا (سک بھ، شد د) صف۔
۱. بھونڈا، بے ڈول (جان دار و بے جان دونوں کے لیے) ۔۲. فربہ، بھاری بھرکم (عموماً موٹا کے ساتھ) ۔۳. کاہل، سست ۔۴. ثقیل، ناگوار، ناموزوں۔ [س]۔

بَھد بَھدا / بَھد بَھدَہ (فت بھ، سک د، فت بھ/ فت د) امذ۔ نشیبی زمین جس میں برسات کا پانی ادھر ادھر سے آ کر جمع ہو جائے۔ [مقامی]۔

بَھد بَھدانا (فت بھ، سک د، فت بھ) ف م۔
۱. بھد بھد کی آواز پیدا کرنا؛ نرم چیزوں کو ایک دوسرے پر مار کر آواز پیدا کرنا؛ درخت کی شاخوں کو ہلا کر میوہ گرانا ۔۲. کھانا پکنے میں آواز پیدا ہونا، اُبلنا، کھولنا۔

بَھدّی (فت بھ، شد د، ی مع) صف: امث۔
بھدا کی تانیث؛ موٹی، بھاری، بدنما، بدشکل۔

بَھر (۱) (فت بھ) (الف) صف۔
۱. کل، تمام، سارا، پورا ۔۲. (مقدار کے لیے) پورا، سارا، مکمل؛ کسی شے کے برابر۔ (ب) م ف۔ ۱. بہ قدر، برابر ۔۲. تک، بھی ۔۳. کمال کو پہنچ کر، اختتام پذیر ہو کر، پورا ہو کر۔ (ج) امذ۔ وزن، بوجھ، مقدار؛ زیادتی، کثرت۔ [س]۔

بھر آنا محاورہ۔ ۱. (آنکھ میں آنسو کا) نمودار ہونا، (آنکھ کا) ڈبڈبانا یا پرنم ہونا ۔۲. زخم کا مندمل ہونا۔

بھر پانا محاورہ۔ ۱. مطلب نکل آنا، مقصد میں کامیاب ہونا، کسی چیز کا حاصل ہونا، ملنا (طنزاً) ۔۲. (i) (کسی چیز کا) حاصل ہونا، ملنا۔ (ii) کیے کا پھل پانا؛ جزا یا سزا ملنا ۔۳. (i) (قرض کی) کوڑی کوڑی وصول ہونا،

قیمت حاصل ہونا . (ii) وصول ہونا ؛ ہاتھ میں آنا .۴. (سے کے ساتھ) ہاتھ اٹھانا ، کنارہ کرنا .۵. مایوس ہونا .۶. کوئی ایسی چیز مل جانا جو اسی طرح کی جملہ چیزوں سے بہتر ہو ، معاوضہ مل جانا ؛ پورا بدل مل جانا .

بھر پور صف ؛ م ف .۱. بھرا ہوا .۲. کل ، سارا .۳. (i) پورا (ادھورا کی ضد). (ii) کامل (ناقص کی ضد) .۴. نقطۂ عروج پر ، انتہائی درجے کی. ۵. کناروں تک بھرا ہوا ، لبالب ؛ ٹھونسا ہوا ، شکم سیر.

بھر پیٹ صف ؛ م ف . اچھی طرح ، جی بھر کے ، پوری طرح .

بھر ساو است . کثرت ، افراط ، بہتات ، ریل پیل .

بُھر (ضم بھ) است .
بھربھرا کی اصل . [س] .

بھر بھرا صف ؛ است .۱. خستہ ، بکھر جانے والا .۲. جو تھوڑی طاقت لگانے سے ریت کی طرح الگ الگ ہو جائے .۳. روئیں دار .

بھر بھرانا (الف) ف ل .۱. خستہ ہونا ؛ بکھرنا .۲. (دل وغیرہ کا) مائل ہونا ؛ فریفتہ ہونا ؛ للچانا . (ب) ف م . (کسی چیز پر) پسی ہوئی باریک چیز چھڑکنا ؛ برکنا .

بھر بھراہٹ است . بھربھرا پن ؛ خستہ پن ، (مجازاً) رقت ، (آواز کی) کپکپاہٹ .

بھر بھری صف ، است .۱. بھربھرا کی تانیث ، خستہ ، بکھر جانے والی . ۲. پولی .۳. ریتیلی (زمین) .۴. پرجوش ، مائل ، فریفتہ ، راغب . ۵. امنگ ، خواہش ، جوش .

بھر بھری روٹی است . روغنی خستہ روٹی جس کے توڑنے میں بھورے یعنی ریزے زیادہ نکلیں .

بَھرا (فت بھ) صف مذ .
۱. پر ، لبریز ، بھرا ہوا .۲. پرگوشت ، گداز (عموماً تکرار کے ساتھ) . ۳. غضب ناک ؛ پر غیظ ، کشیدہ خاطر .۴. آباد (بالعموم گھر کے ساتھ) . ۵. سارا ، کل ، پورا .۶. بھرپور ، نقطۂ عروج پر پہنچ جانے والا ، ٹھیک ، عین .۷. موجود ، جمع ، اکٹھا .

بھرا بیٹھا ہونا محاورہ .۱. غضب ناک ہونا ، آزردہ خاطر ہونا ؛ رنجیدہ ہونا .۲. رقت طاری ہونا ، آمادۂ گریہ ہونا .۳. غصہ ضبط کیے ہوئے بیٹھنا .

بھرا پرا صف .۱. بھرا ہوا ، پر .۲. آباد ، بارونق .۳. دولت مند ، مال دار ، آسودہ حال ؛ صاحب اولاد .۴. خوش بخت ؛ کامیاب .

بَھرّا (فت بھ ، شد ر) مذ .
۱. گھسا ، چکما ؛ جھانسا ؛ دم دلاسا .۲. ابھارا ، اکساوا ، ترغیب ، تحریک ، اشتعال .۳. بھرانا ، پرندوں کے ایک ساتھ اُڑنے کی آواز .۴. ایک قسم کا پتنگ جو اڑنے میں آواز دیتا ہے .۵. ڈھیل دینے کا عمل ، ڈور چھوڑنے کا عمل .۶. گھومنے والی چیز کی آواز .۷. چابک کے بجائے لگام کی رسی کو گھما کر گھوڑے کو مارنے کا عمل .۸. نمائشی تعریف . ۹. ڈر ، خوف . [س] .

بَھرّانا (فت بھ ، شد ر) ف ل .
۱. (جوش گریہ سے آواز کا) بھاری ہو جانا .۲. (آواز کا) بیٹھ جانا ، پڑ جانا ، بھاری ہو جانا .۳. غصہ ہونا . [س] .

بَھراؤ (فت بھ) مذ .
اٹاٹ یا پرانی دری کے ٹکڑے جو جوتے کے تلے میں موٹا کرنے کے لیے بھرے جاتے ہیں .۲. (بھرنے کا عمل) دیوار کے آثار کی بیچ کی بھرتی .۳. ملبہ جو مکان کے نشیب ، کرسی یا گڑھے وغیرہ کے بھرنے کو درکار ہو .۴. رقیق شے جس سے کوئی خلا پُر کیا جا سکے .۵. پختہ ہونے کا عمل ، پٹھوں اور ہڈیوں کی مضبوطی کا عمل .

بَھرائی (فت بھ) است .
۱. خانہ پری .۲. ایک دوسرے میں سما دینے یا پیوست کرنے کا عمل . ۳. کپڑے میں روئی اور زمین میں مٹی بھرنے کا اُجرت یا عمل . ۴. آب پاشی ، کھیت وغیرہ کو پانی دینے کا عمل ، سنچائی .۵. (معماری) چہرے اور پشت کا درمیانی حصہ .۶. آب پاشی کی اجرت ، سقے کی مزدوری ، پنہاری کی تنخواہ .۷. گھوڑی گابھن کرانے کی اجرت .

بَھرت (۱) (فت بھ ، ر) مذ .
۱. تانبے اور سیسے سے مرکب ایک دھات کا نام جس کے برتن بنائے جاتے ہیں ، کس کٹ .۲. مرکب دھات . [س] .

بَھرَت (۲) (فت بھ، ر) است.

۱. عمارت یا کسی تعمیر کے اندر کی بھرائی، مسالا گٹا یا سیمنٹ وغیرہ بھرنا. ۲. جو چیز بھری جائے، بھرتی، روئی. ۳. بوجھ کی گاڑی جس پر اسباب لادا جاتا ہے. ۴. روانگی کا محصول. ۵. جگہ، مقام، جائے. ۶. لگان جو کوئی شخص ادا کرے: پوری ادائی، مکمل ادائگی. [س].

بَھرْتا / بُھرْتا / بُھرْتہ (فت بھ، سک ر/ضم بھ) اند.

بینگن آلو وغیرہ کی ترکاری جو جھلجھلا کر یا اُبال کر پیس لی جاتی اور مسالا ملا کر اور تل کر کھائی جاتی ہے، کچلا ہوا، خوب کچلا ہوا. ۲. (مجازاً) غم گین، مضمحل، نڈھال. [س].

بھرتا بنانا / کر دینا / نکالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. بھرتا تیار کرنا. ۲. خوب مارنا، مار مار کر کچومر نکال دینا.

بَھرْتی (فت بھ، سک ر) است.

۱. کشیدہ کاری و سلائی میں ٹانکا بھرنا، کھپانا، بھرنا. ۲. (i) اندراج، داخلہ، کسی محکمے میں داخل ہونے یا لکھانے کا عمل. (ii) سمائی، کھپت. ۳. چیز جو کسی دوسری چیز میں بھری جائے، بھراؤ. ۴. ٹھونسم ٹھانس؛ بے وجہ داخل کرنے یا خلا پر کرنے کا عمل. ۵. جہاز یا مال گاڑی کا اسباب جو بھرا جائے.

بھرتی ہونا محاورہ. ۱. وصول ہونا، ملنا. ۲. کسی محکمہ میں ملازم ہونا.

بُھرْکَس (ضم بھ، سک ر، فت ک) اند.

۱. کچومر، چورا. ۲. ریزہ، ٹکڑا، کرچ، پھانس، چھلکا، بھوسی. [س].

بھرکس نکالنا محاورہ. ۱. مارتے مارتے ہڈی پسلی توڑ ڈالنا، بے دم کر دینا. ۲. مفلس ہو جانا، غریب ہو جانا.

بھرکس نکل جانا/نکلنا محاورہ. کچومر نکلنا، چورا چورا ہونا، خستہ و خراب ہونا، تباہ ہو جانا.

بَھرکَم (ضم بھ، سک ر، فت ک) صف.

بھاری؛ موٹا تازہ (دیکھیے: بھاری بھرکم).

بَھرَم (ضم بھ، ر) اند.

۱. ساکھ، اعتبار؛ عزت؛ نام وری، شہرت. ۲. گمان؛ شک، شبہ. ۳. راز، بھید. [س].

بھرم رکھنا محاورہ. ۱. (i) باوقار ہونا، ساکھ ہونا. (ii) (کا کے ساتھ) وقار برقرار رکھنا، ساکھ سنبھالنا. ۲. (پر کے ساتھ) شک کرنا، شبہ کرنا.

بھرم دینا ف مر؛ محاورہ. (کسی کا) بات بنی رہنا، اقتدار رہنا، آبرو رہنا.

بَھرَن (فت بھ، ر) (الف) است.

موسلا دھار بارش جو جل تھل ایک کر دے. (ب) اند. ۱. پالنے، خرچ، دینے، نان و نفقہ اور روٹی کپڑا دینے کا عمل، پرورش یا رحم کرنے کا عمل؛ خدمت. ۲. بھرنا، مطمئن کرنا؛ مکمل ادائیگی؛ اجرت، کرایہ، بھاڑا، مزدوری، تن خواہ. ۳. پاداش، جزا، پھل. ۴. بھرے کا عمل. (ج) بطور حرف ربط (= کو، تک، تلک وغیرہ). [س].

بَھرْنا (فت بھ، ر) (الف) ف م.

۱. (خالی ظرف میں) کوئی چیز اس حد تک رکھنا کہ وہ ظرف بالکل پُر ہو جائے. ۲. (لحاف وغیرہ میں) روئی ڈالنا. ۳. (گاڑی وغیرہ میں) مال لادنا، بار کرنا. ۴. (چلم میں) تمباکو رکھ کر آگ ڈالنا. ۵. خانہ پری کرنا، (کسی فارم میں) اندراج کرنا. ۶. (i) بخشش کرنا، (دریا دلی سے) دینا، نہال کرنا، مالا مال کرنا. (ii) کفالت کرنا. ۷. (i) (رقم وغیرہ) ادا کرنا، چکانا، بھگتان کرنا، قرضہ چکانا. (ii) پورا کرنا، تلافی کرنا، نقصان پورا کرنا. ۸. (i) لگائی بجھائی کرنا، (کسی کے خلاف) دل میں برائی ڈالنا. (ii) (غلط طور پر) سکھانا، بڑھانا، اکسانا، ابھارنا. (ب) ف ل. ۱. آلودہ ہونا، لتھڑنا. ۲. رقت طاری ہونا، بھر آنا، رواں ہونا. ۳. (آسامی کا) خالی نہ رہنا. ۴. (خسرہ یا چیچک وغیرہ) کا اچھی طرح ابھر آنا یا نمایاں ہونا. ۵. (زخم کا) مندمل ہونا، انگور بندھنا. ۶. آنا، سمانا، کھپنا. ۷. پورا پورا وصول کرنا، بھرپور لینا. ۸. کسی کی لاعلمی میں اس کی دولت دوسرے لوگوں میں پہنچا دینا. ۹. (غم و غصے سے) بھرا ہوا ہونا، روہانسا ہونا. ۱۰. پر ہونا، معمور ہونا، لبریز ہونا. [س].

بَھرْوان (فت بھ، سک ر) صف.

۱. بھرا ہوا، جس کے اندر کوئی چیز بھر دی گئی ہو. ۲. گنجان، گھنا، گٹھا ہوا، گتھا ہوا.

بَھڑوانا ف م.
دیکھیے: بھرانا/بھرنا.

بَھروسا/ بَھروسَہ (فت بھ، وج / فت س) اند.
۱. (i) آسرا، سہارا، تکیہ ؛ امید، توقع. (ii) توکل. ۲. اعتماد، اعتبار، یقین. [س].

بَھری (فت بھ) صف مث.
۱. بھرا کی تانیث، پُر، لبریز. ۲. جمع، اکٹھا.

بھری برسات است. عین برسات کا موسم، بارش کی شدت کا زمانہ.

بھری تھالی میں لات مارنا محاورہ. ۱. اپنے آرام کو آپ تجنا، ناشکری کرنا. ۲. لگی نوکری ترک کرنا.

بھری دوپہر است. دوپہر جو پورے شباب پر ہو، نصف النہار کا وقت.

بھری رکعت است. نماز کی وہ رکعت جس میں سورۂ فاتحہ کے بعد کوئی اور سورت پڑھی جائے.

بھری گودی خالی ہونا محاورہ. اولاد مر جانا.

بھری محفل میں م ف. بھری انجمن میں، سب کے روبرو، علی الاعلان.

بَھرے (فت بھ) صف.
بھرا کی جمع یا حالت مغیرہ، اکثر تراکیب میں مستعمل.

بھرے بیٹھنا محاورہ. ناراض ہونا، خفا ہونا، غصے میں ہونا.

بھرے بھرے صف. ۱. آباد، معمور، پُر، بھرے ہوئے. ۲. موٹے تازے، پُر گوشت، تر و تازہ.

بھرے کو بھرنا محاورہ. ایسے شخص کو دینا جسے احتیاج نہ ہو یا جو مال دار ہو.

بَھڑ (۱) (فت بھ) است.
۱. (کسی بھاری چیز کے) پھٹنے، ٹوٹنے یا گرنے کی آواز. ۲. ہوا کے خارج ہونے کی آواز. ۳. توپ یا بندوق کی آواز. ۴. آندھی کے چلنے کی آواز. ۵. ہاتھی کے اٹھانے کا کلمہ. ۶. جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز (تمام معنی میں حرف 'سے' کے ساتھ بطور متعلق فعل مستعمل).
[حکایت الصوت].

بھڑ بھڑ (الف) است. آگ کے جلنے کی آواز. (ب) م ف. بھڑ کی آواز کے ساتھ، زور سے.

بھڑ بھڑا کر (کے) م ف. بھڑ بھڑ کر کے، تیزی سے، بہ عجلت.

بھڑ بھڑیا صف. ۱. پیٹ کا ہلکا، بغیر سوچے سمجھے بات کرنے والا. ۲. بات کو راز نہ رکھنے والا، دل کی بات صاف کہہ دینے والا، صاف گو. ۳. گپ شپ ہانکنے والا، گپی.

بَھڑ (۲) اند.
۱. دیکھیے: بھاڑ (قدیم) بھٹی جس میں بھڑ بھونجے اناج بھونتے ہیں. ۲. بھاڑ کا مخفف (مرکبات میں مستعمل).

بھڑ بھونجا اند. ۱. بھاڑ جھونکنے والا. ۲. (مجازاً) سیاہ فام، بدشکل.

بِھڑ (۱) (کس بھ) است.
زنبور، زرد یا گہرے سرخ رنگ کا اڑنے والا کیڑا جس کے ڈنک میں زہر ہوتا ہے. [س].

بھڑ کا چھتا اند. ۱. بھڑوں کا گھر. ۲. فسادی آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کو چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے.

بھڑ کی لات کیا عورت کی بات کیا کہاوت. بھڑ کی لات کمزور ہوتی ہے ہاتھ میں پکڑو ٹوٹ جاتی ہے اسی طرح عورت کی بات کمزور ہوتی ہے.

بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا محاورہ. مصیبت یا مشکل پیدا کرنا.

بِھڑ (۲) (کس بھ) صف ؛ م ف.
بھڑنا سے، تراکیب میں مستعمل.

بھڑ بھڑنا ف ل. لڑنا، لڑ پڑنا ؛ بحث کرنے لگنا، حجت یا تکرار کرنا، اُلجھ پڑنا.

بَھڑاس/بُھڑاس (فت بھ/ضم بھ) است.
۱. دل کا بخار، غصہ. ۲. غم، رنج. ۳. جوش. ۴. حرارت، گرمی. ۵. کینہ، عداوت، دشمنی. [س].

بھڑاس/بھڑاس نکالنا محاورہ. رو کر، برا بھلا کہہ کر شکوہ شکایت کر کے دل کا غصہ یا رنج نکالنا.

بِھڑانا (کس بھ) ف م.
۱. دیکھیے: 'بھڑنا' جس کا یہ تعدیہ ہے، دروازے، کھڑکی، کواڑ کا بند ہونا. ۲. دینا، دے کر ٹالنا.

بَھڑک (فت بھ، ز) است.
۱. شعلہ، لو. ۲. (غصہ یا گرمی کی) شدت، حدت. ۳. تیز حرکت،

دھڑکن .٣. غصہ ، ناخوشی .٥. جھجک ، وحشت ، نفرت .٦. چمک دمک ، آب و تاب .٧. ڈر یا خوف وغیرہ کی وجہ سے بدکنے ، چھکنے یا رم کرنے کی حالت و کیفیت. [س].

بھڑک اٹھنا ف مر: محاورہ. ١. دیکھیے : بھڑکنا آگ کا شعلہ ہونا ، تیزی سے جلنا. ٢. خفا ہونا ، غصہ سے تیز. ٣. چمک جانا ، پُر رونق ہونا.

بھڑک جانا ف مر. ١. دیکھیے: بھڑکنا ، جل جانا ، لو دے اٹھنا ، آگ پکڑنا. ٢. (گھوڑے کا) ڈر کر اچھلنا یا بھاگ جانا .٣. رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا. ٤. رنجیدہ ہو جانا ، برا مان جانا ، غصے میں آجانا .٥. بہت گرم ہو جانا ؛ (برتن وغیرہ) ٹوٹ جانا ؛ جگہ سے بے جگہ ہو جانا.

بھڑک دار صف. دیکھیے : بھڑکیلا ، زرق برق ، چمک دار . [ف].

بَھڑکانا (فت بھ ، سک ڑ) ف م.

١. دیکھیے : بھڑکنا جس کا یہ تعدیہ ہے ، آگ تیز کرنا ، آگ روشن کرنا ٢. غصہ دلانا ، مشتعل کرنا ، برافروختہ کرنا ، بہکانا. ٣. ڈرانا ، چونکانا ، وحشت دلانا . ٤. توے کا زیادہ جلانا ، (حقہ) تمباکو کا جلد سوختہ کرنا . ٥. اُبھارنا . ٦. چمکانا .

بَھڑکنا (فت بھ ، ڑ ، سک ک) ف ل.

١. (i) (آگ کا) شعلہ زن ہونا ، (تیزی سے) جلنا ، گرم ہونا . (ii) (چراغ کا) لو دینا ، چراغ کے شعلہ کا غیر معمولی طور پر روشن ہونا . ٢. (i) کسی کا (شعلہ کی طرح) سرخ یا گرم ہونا. (ii) (رنگ کا) شوخ ہونا ، تاب ناک ہونا . ٣. (کسی کیفیت ، خواہش یا حالت کا) شدت اختیار کرنا یا تیز تر ہونا . ٤. (i) بچنا ، پرہیز کرنا ؛ کسی کی طرف سے دل میں کوئی شک آ جانے پر اس سے بے رخی یا کنارہ کشی اختیار کرنا . (ii) چونکنا ، چوکنا ہونا . ٥. غضب ناک ہونا ، ناخوش ہونا . ٦. بھٹکنا ، منحرف ہونا ، بدکنا (قدیم) . ٨. جل جانا ؛ تمباکو کا سوختہ ہو جانا .

بَھڑکیلا (فت بھ ، سک ڑ ، ی مع) صف مذ.

١. متلون مزاج ، لگاوٹی ، چنچل ، بے چین ، شوخ ، وحشی (گھوڑا وغیرہ) ؛ سیلانی ، چھبیلا . ٢. الگ تھلگ ، نظروں سے بچا ہوا ، شرمیلا . ٣. بھڑکنے والا . ٤. زرق برق ، چمکیلا ، چمک دار . [س].

بِھڑنا (کس بھ ، سک ڑ) ف ل.

١. دیکھیے : بھڑانا ، بھیڑنا جس کا یہ لازم ہے ، (دروازے کھڑکی کواڑ کا) بند ہونا . ٢. (ایک جسم کا دوسرے سے) مس ہونا ، ملنا ، بغل گیر ہونا ؛ قریب ہونا ، متصل ہونا . ٣. ٹکرانا ، گتھ جانا ، متصادم ہونا ، (فوج وغیرہ کا) ، مقابل ہونا ، لڑائی پر آمادہ ہونا ، لڑنا . ٤. ملاقات کرنا ، صحبت رکھنا ، تعلق رکھنا ، ملنا جلنا . ٥. بحث کرنا ، تبادلہ خیال کرنا . [س].

بَھڑُوا (فت بھ ، سک ڑ) اند.

١. بھاڑ کھانے والا ، قرم ساق ، عورت کی بدکاری پر زندگی بسر کرنے والا ، بھڑولیا. ٢. اپنی عورت کی بدکاری سے چشم پوشی کرنے والا . ٣. وہ شخص جو رنڈیوں کی سنگت میں کوئی ساز بجاتا ہے . ٤. (مجازاً) بے شرم ، کمینہ ، ذلیل . ٥. (بطور گالی) حرام زادہ . [س].

بُھس (ضم بھ) اند ؛ است.

اناج (خصوصیت کے ساتھ گیہوں) کا چھلکا ، یا اناج کی نالیوں کا چورا ، غلے کی بھوسی جو دانہ سے الگ کر کے نکالی جاتی ہے دوسرے کام کے علاوہ بیل گائے بھینس وغیرہ کو کھانے کے لیے دی جاتی ہے ، چوکر . [س].

بھس بھرنا محاورہ. ١. کسی خالی چیز کو بھس سے بھر دینا . ٢. خراب کر دینا ، بگاڑ دینا . ٣. سخت سزا دینا ، بہت مارنا .

بھس میں آگ لگا (بی) جمالو دور کھڑی کہاوت. لڑوا کر جھگڑا کروا کر الگ ہو جانا ، اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو فساد کرا کر خود الگ ہو بیٹھے .

بھس میں چنگاری ڈالنا محاورہ. آگ لگنا ، فساد کرانا ، لڑائی کرانا .

بھس میں چنگی دے کر (ڈال) (بی) جمالو دور (الگ) کھڑی کہاوت. بھس میں آگ الخ .

بھس میں چنگی ڈالنا محاورہ. فتنہ بپا کرنا ، جھگڑا بڑھانا ، اشتعال دینا .

بَھسَم (فت بھ ، س) (الف) است .

١. راکھ ، بھبھوت ؛ چتا کی راکھ . ٢. (زراعت) ناقابل کاشت دلدلی زمین . (ب) صف . (مجازاً) جلا ہوا ، سوختہ ؛ تھکا ہوا ؛ دل برداشتہ . [س].

بھسم کرنا ف مر. جلا ڈالنا ، ختم کر دینا .

بھسم ہونا ف مر. ١. جل کر راکھ ہو جانا ، جلنا ، خاک ہو جانا . ٢. گل جانا ، ختم ہونا . ٣. انتہائی غصے میں ہونا ، حسد یا غصے میں جلنا ٤. (مجازاً)

ہضم ہونا ؛ فنا ہونا ، برباد ہو جانا .

بَھک (فت بھ) (الف) است.

۱. بارود کے اُڑنے یا بھاپ نکلنے کی آواز ، رہ رہ کر آگ کے جل اُٹھنے یا دھواں نکلنے کے ساتھ ہونے والی آواز .۲. خشک تمباکو کا چورا .۳. دراز جیسے لکڑی کی بھک .۴. دل کے دھڑکنے کی آواز . (ب) صف. (سفید کا تابع) بہت سفید .

بِھک (کس بھ) است.

۱. بھیک کا مخفف مرکبات میں مستعمل .۲. بھکاری .

بھک منگا صف. بھکاری ، گدا ، مانگنے میں حیا نہ کرنے والا ؛ غریب .

بھک منگی است. بھک منگا کی تانیث .

بِھکارَن (کس بھ ، فت ر) است.

بھکاری جس کی یہ تانیث ہے .

بِھکاری (کس بھ) اند.

گدا ، بھیک مانگنے والا ، بھک منگا . [س].

بَھکتی (فت بھ ، سک ک) است.

پرستش ، پوجا ؛ خلوص ، ارادت . [س].

بھکتی تحریک است. بھکتی تحریک کی ابتدا بارھویں صدی میں ہوئی اس کے بانی سوامی رامانج تھے اور اس کے موٹے موٹے اصول یہ ہیں . ایشور سے لو لگانا ، بھگوان ، اللہ ، رام ، رحیم کو ایک سمجھنا ، چمار ، چنڈال ، ترک ، افغان سب سے پریم کرنا ، اونچ نیچ ذات پات کو نہ ماننا ، پوجا پاٹ ، جنتر منتر ، تیرتھ جاترا ، گنگا اشنان ، برت بھوگ ، تلک مالا اور دکھاوے کی رسموں سے پرہیز کرنا ، دکھیوں کی سیوا کرنا سرکار سے دوری رکھنا ، گیان دھیان ، جن کے ذریعے ہندو مسلمان ایک دوسرے سے واقف ہوئے .

بَھکَر (فت بھ ، ک) است.

کچے تیل مسالے یا ترکاری کی بو ، ناگوار بو .

بُھکرانا (ضم بھ ، سک ک) ف ل.

سڑی بد بو دینا .

بھکرانْد (ضم بھ ، سک ک ، مغ) است.

۱. ناگوار بھس بھسی بو .۲. پرانے آٹے کی بو جو بہت دنوں تک سیلی جگہ بند رکھا رہا ہو ؛ کھتے گلے ہوئے اناج کی سی بو ، ناگوار بدبو .۳. روٹی کی بو جو خراب آٹے یا زیادہ دیر تک سیلی جگہ بند رکھنے سے روٹی میں پیدا ہو جائے . [س].

بِھکشُو (کس بھ ، سک ک ، و مع) اند.

۱. بھیک مانگنے والا ، بھکاری .۲. سنیاسی ، تارک الدنیا فقیر .۳. بدھ فقیر (جو مانگ کر کھاتا ہے) . [س].

بُھکنا (ضم بھ ، سک ک) ف ل.

بھوکنا کا لازم ، سوئی یا چھری کا چبھنا ؛ گھپنا ، گھس جانا ، سوئی یا کیل وغیرہ کا جسم میں اتر جانا .

بَھکوسْنا (فت بھ ، و مج ، سک س) ف م.

اناپ شناپ کھانا ، نگلنا ، ہڑپ کر جانا ، ٹھونسنا .

بَھگ (فت بھ) است.

۱. خدائی طاقت ، قوت ایزدی ، قدرت کلی ، فضیلت ، بزرگی ، برتری ؛ عمدگی ، جوہر ، خوبی ، گن ؛ شان ، وقار ، جلال ؛ تجلی ، جلوہ ؛ جمال ، حسن ، خوب صورتی ، روپ ؛ خواہش ، آرزو ، امید ؛ کوشش ، محنت ، سعی ، جتن ؛ مذہبی اطمینان یا تسکین . [س].

بَھگا (فت بھ) صف مذ.

(بصورت ترکیب) دیکھیے : بھاگا ، بھاگا ہوا ، فراری ، مفرور .

بھگا لے جانا محاورہ. ۱. کسی کو فریب دے کر ساتھ لے جانا .۲. (اصطلاحاً) نابالغ بچے کو ولی جائز کے قبضے سے بغیر اس کی اجازت یا رضامندی کے لے جانا یا کسی شخص کو بغیر اس کی مرضی کے ملک سے باہر لے جانا .

بَھگّا (فت بھ ، شد گ) صف.

۱. بھگو ، بھگوڑا ، مقابلے سے بھاگ کھڑا ہونے والا .۲. وہ بٹیر جو لڑائی میں بھاگ گیا ہو .

بَھگانا (فت بھ) ف م.

۱. بھاگنا کا تعدیہ ، دوڑانا ، عجلت میں جانا .۲. اغوا کرنا .۳. شکست دے

کر بھگانا، ہرانا، دانت کھٹے کر دینا.

بَھگت/بَھگَت (فت بھ، گ/ سک گ) اند: است.

۱. پجاری، زاہد، پارسا، پرہیزگار، متقی، مرید. ۲. مقدس اور بزرگ شخص، خدا پرست. ۳. ناچنے گانے والا؛ مذہبی گیت گانے والا. ۴. سیانا؛ گنڈے تعویذ کرنے والا آدمی، بھوت پلید اتارنے والا شخص. ۵. بالعموم نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والا شخص جو مالا پہن کر اور ماتھے پر تلک لگا کر بھگت بنے اور شراب، گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے. [س].

بھگت باز صف: اند. لڑکوں کو ناچنے گانے اور سوانگ بھرنے کی تعلیم دینے والا شخص یا فرقہ؛ لڑکوں کا تماشا کرنے والا.

بُھگت (ضم بھ، فت گ) ف م.

بھگتنا سے تراکیب میں مستعمل، برداشت کرنا، جھیلنا.

بھگت بھگتا کر م ف. کوئی رقم ادا کرنے کے بعد، بے باق کرنے کے بعد، فیصلہ کرنے کے بعد.

بھگت لینا ف م. ۱. طے کرلینا، دیکھ لینا، سمجھ لینا، بدلہ لینا. ۲. کیے کی سزا برداشت کرنا. ۳. حساب سمجھ لینا، فیصلہ کرلینا.

... بَھگت (۱) (فت بھ، گ) لاحقہ. ترکیب میں جزو ثانی.

آؤ کا تابع، آؤ بھگت.

بُھگتانا (ضم بھ، سک گ) ف م.

۱. بھگتنا کا تعدیہ. ۲. (i) کسی کام کو جیسے تیسے پورا کرنا، ادا کرنا، بے باق کرنا؛ نمٹانا. (ii) ختم کرنا، انجام کو پہنچانا. ۳. (وقت وغیرہ) پورا کرنا، گزار دینا. ۴. تقسیم کرنا، بانٹنا، حصہ دینا. ۵. معاملہ طے کرنا، فیصلہ کرنا.

۶. مار دینا، قتل کر دینا، بدلہ لینا، سزا دینا.

بُھگتنا (ضم بھ، فت گ، سک ت) ف م.

۱. برداشت کرنا، جھیلنا. ۲. کیے کی سزا پانا، سزا پوری کرنا؛ بھرنا. ۳. گزارنا، انجام کو پہنچانا. ۴. آزمانا، برتنا، مقابلہ کرنا. ۵. (کسی کو) نباہنا، گوارا کرنا. ۶. کوئی رقم ادا کرنا، (تاوان کے طور پر). [س].

بَھگتی (فت بھ، سک گ) است.

۱. عقیدت، پرستاری، خلوص. ۲. عبادت، پرستش. ۳. ترانہ، حمد، بھگتوں کا گانا یا گیت. [س].

بھگتی تحریک است. دیکھیے: بھکتی تحریک.

بَھگدَڑ/بھگدَڑ (فت بھ، سک گ، فت د) است.

افراتفری، حالت فرار، کسی ڈر یا خوف سے دوڑنا، حفاظت کے لیے بھاگنا؛ کسی جلسے کا درہم برہم ہو جانا. [س].

بَھگوان (۱) (فت بھ، سک گ) اند.

(ہندو) پرماتما، خدا، ایشور، پرمیشور، قابل پرستش، معبود، بھگت پرکاش. [س].

بَھگوان (۲) (فت بھ، سک گ) صف.

۱. مبارک، سعید، نیک، دیکھیے: بھاگوان. ۲. خوش قسمت، بلند اقبال، بختاور؛ جلیل، عظیم؛ معزز، قابل عزت، قابل قدر. [س].

بِھگو بِھگو کَر (کے) (جُوتے، جُوتیاں) لگانا/مارنا محاورہ.

۱. (لفظاً) تر جوتوں سے مارنا کہ زیادہ چوٹ لگے؛ (مجازاً) ذلیل کرنا. ۲. (مذاق میں) سخت سست کہنا، طعن و تشنیع کرنا. ۳. نفرین کرنا، لعنت ملامت کرنا، سخت سست کہنا؛ شرمندہ کرنا.

بَھگوَت/بَھگوَد (فت بھ، سک گ، فت و) (الف) اند.

بھگوان، پاک، پوتر (دیوتاؤں کے نام کے لیے استعمال ہوتا ہے).

(ب) است. خوش قسمت، خوش نصیب، بھاگوان. [س].

بھگوت گیتا است. بھگوان کا راگ، مہا بھارت کا وہ حصہ جس میں کرشن جی نے ارجن کے سوالات کے جواب میں موت و حیات کا فلسفہ بیان کیا ہے.

بَھگوڑا (فت بھ، وج) صف مذ.

۱. (کسی جگہ کو چھوڑ کر) بھاگ جانے والا، مفرور، بھاگ جانے کا عادی. ۲. بزدل، تھڑدلا. ۳. (اصطلاحاً) مفرور فوجی. [س].

بَھگوڑی (فت بھ، وج) است.

بھگوڑا کی تانیث، بھاگ جانے والی.

بَھگونا (فت بھ، ولین) اند.

چوڑے کھلے ہوئے منھ کی کنارے دار پتیلی جس میں کھانا پکایا جاتا ہے

اس کی قطع بڑے ناشتے دان کے ڈبے کی سی ہوتی ہے ۔ [مقامی] .

بِھگونا (کس بھ ، و ج) ف م.
بھیگنا کا تعدیہ.

بَھل (فت بھ) امث .
(عموماً تکرار کے ساتھ) بھل بھل، تیزی سے یا بہت زیادہ آنسو ، خون یا موٹی دھار سے پانی بہنے کی آواز .

بُھل (ضم بھ) (الف) امث .
بھول کی تخفیف تراکیب میں مستعمل. (ب) م ف. بھولے سے ، بھول کر.

بھل چک امث. بھول چوک کی تخفیف : کسی بات کا ذہن سے اتر جانا ، ان جانی غلطی ، خطا ، لغزش.

بَھلا (فت بھ) (الف) صف مذ : م ف.
۱. خوب، بہتر (کسی اعتبار سے) پسندیدہ، موزوں، اچھا. ۲. خوش اطوار ، نیک سیرت، پاک دامن، نیک، صالح، برائیوں سے بچنے والا، نکوکار . ۳. خوش نما ، خوش آہنگ، دل کش ، دل آویز، دل پسند. (ب) امذ . ۱. سود و بہبود ، فائدہ ، بہتری. ۲. نیکی ، خوبی. ۳. خوش حالی ، صحت : اچھا زمانہ . (ج) فجائیہ . ۱. (تاکید کے لیے) بے شبہ ، درحقیقت . ۲. (تنبیہ کے لیے) بتایئے سنایئے ، دیکھیے . ۳. (i) (ایجاب کے لیے) اچھا ، مناسب ، بہتر . (ii) ذرا ، بارے . ۴. (استعجاب کے موقع پر) کیوں کر ، کس طرح : (عموماً استفہام انکاری کی صورت میں) . ۵. (تہدید کے موقع پر) سمجھ رکھ یا یاد رکھ . [س] .

بھلا آدمی امذ . ۱. شریف آدمی ، معزز آدمی ، باعزت نیک دل انسان ، شریف طبیعت یا وہ آدمی جو کسی کو نقصان نہ پہنچائے ، دین دار آدمی ، بھلا مانس ، نیک آدمی . ۲. امیر شخص ، بارسوخ آدمی . ۳. (طنزاً) خراب ، نالائق ، چالاک یا بے ڈھب آدمی ، شریر فتنہ انگیز فسادی یا پاجی آدمی .

بھلا برا صف ؛ امذ . ۱. کس و ناکس ، ایرا غیرا (مرداً) ہر شخص ، خاص و عام ، نیک و بد. ۲. دیکھیے : بُرا بھلا ؛ گالی گلوچ ، بد زبانی.

بھلا برا سنانا/کہنا محاورہ. کسی کو سخت سست کہنا ، کسی سے بدکلامی کرنا ، غصہ یا ناراضی میں کسی کے لیے برے الفاظ استعمال کرنا .

بھلا برا سوچنا محاورہ. مستقبل کی فکر کرنا ، آئندہ کی سوچ کرنا .

بھلا چاہنا محاورہ . بہتری کی خواہش کرنا ، ہم درد ہونا ، ہم دردی کرنا .

بھلا چنگا صف مذ . ۱. توانا ، صحت مند ، تن درست . ۲. اچھا خاصا ، جسے کوئی شکوہ شکایت نہ ہو . ۳. معقول ، مناسب .

بھلا کر بھلا ہو / ہوگا فقرہ. ۱. نیکی کا صلہ نیکی ہی ملتا ہے ، نیکی کا انجام نیکی ہی ہوتا ہے . ۲. فقیروں کی صدا : نیکی کرنے کا بدلہ نیکی یا اچھائی ہے .

بھلا کرنا محاورہ. ۱. سلوک کرنا ، مہربانی کرنا ، اچھا برتاؤ کرنا : خیرات کرنا . ۲. (طنزاً) برا کرنا ، سزا دینا .

بھلا کیا سو خدا نے برا کیا سو بندے نے کہاوت. اچھی بات خدا کی طرف سے ہوتی ہے بری اپنے گناہوں کا نتیجہ ہوتی ہے .

بھلا لگنا محاورہ. اچھا معلوم ہونا ، موزوں ہونا ، گوارا ہونا ، پسند آنا دل پسند ہونا : پھبنا ، سجنا ، زیب دینا .

بھلا مانس امذ . ۱. شریف ، نجیب ، سیدھا یا نیک آدمی ، وہ آدمی جو کسی کو نقصان یا تکلیف نہ پہنچائے . ۲. سادہ لوح یا سیدھا سادہ شخص . ۳. نیک یا امانت دار شخص . ۴. باحیثیت یا سفید پوش مرد . ۵. (طنزاً) شریر بدمعاش بے وقوف یا احمق آدمی .

بھلا ہو فقرہ. ۱. کلمۂ دعائیہ ، خوشی نصیب ہو. ۲. (طنزاً) بد دعا .

بُھلانا (ضم بھ) ف م.
۱. بھولنا کا تعدیہ ، فراموش کرنا ، دینا. ۲. غافل کرنا ، بے خبر رکھنا . ۳. دھوکا دینا ، چکر میں ڈالنا . ۴. (مجازاً) کسی کا غرور مٹا دینا ، کسی کی ناگوار بات پر مقابلہ کر کے اس کو پست کرنا .

بَھلائی (فت بھ) امث .
۱. مہربانی ، حسن سلوک . ۲. نیکی ، حسن عمل . ۳. بہتری ، صلاح و فلاح . ۴. بچوں کو ڈرانے کا ایک کلمہ .

بھلائی رہنا محاورہ. نیکی کی یادگار باقی رہنا ، نیک نامی رہنا .

بَھلبَھلانا (فت بھ ، سک ل ، فت بھ) ف م.
۱. پانی کا کثرت سے گرنا ، ٹپکنا یا بہنا . ۲. کسی بلند مقام سے پانی موٹی دھار کے ساتھ متواتر گرنا .

بُھلبُھلانا (ضم بھ ، سک ل ، ضم بھ) ف م.
بھوبھل (گرم راکھ) میں بھوننا .

بُھلَڑ (ضم بھ، شد ل بفت) صف.
بہت بھولا، سادہ لوح بھلکڑ.

بُھلَس (ضم بھ، فت ل) است.
بھلسنا کی کیفیت، جلنا، جھلسنا؛ گرم ہونا.

بھلس بھلس کر م ف. اذیت یا تکلیف میں، دکھ کے ساتھ.

بُھلَسْتا (ہوا) (ضم بھ، فت ل، سک س (ضم ہ) صف مذ.
(بھلسنا سے) جلتا ہوا، جھلستا ہوا.

بُھلَسْنا (ضم بھ، فت ل، سک س) (الف) ف ل.
۱. جلنا، جھلسنا، سوختہ ہو جانا. ۲. گرم ہونا، تپنا. (ب) ف م. جلانا، پھونکنا. [س].

بُھلَکّڑ (ضم بھ، فت ل، شد ک بفت) صف.
۱. بہت بھولنے والا جو بار بار بھولتا ہو، عام طور سے بھول جانے والا، فراموش کنندہ. ۲. بے پروا، بے خبر، غافل.

بَھلی (فت بھ) صف. بھلا کی تانیث؛ خوب، بہتر، اچھا.

بھلی بری صف. بھلا برا کی تانیث؛ نیک و بد.

بھلی بری سب کے ساتھ ہے فقرہ. ہر شخص کی قسمت میں اچھی بری باتیں ہوتی ہیں.

بھلی چلاتی فائیہ. (تعجب کے موقع پر) کیا اعتبار، کیا کہنا، کیا ذکر.

بھلی چنگی صف. تن درست، اچھی خاصی، صحیح سالم.

بھلی کہی فقرہ. طنزیا اظہار تعجب و حیرت کے لیے: اچھی کہی، خوب کہا، جو کچھ کہا گیا وہ ناقابل قبول ہے. ۲. اس معاملے کا کیا ذکر ہے، یہ معاملہ بالکل بے وقعت ہے، قابل توجہ نہیں، کیا مذکور ہے.

بھلی ہے فقرہ. اچھی ہے: (ع) بے مزہ ہے.

بَھلے (فت بھ) صف.
بھلا کی مع اور حالت مغیرہ.

بھلے کا زمانہ ہی نہیں کہاوت. ۱. اچھائی کا زمانہ نہیں، اس زمانے میں کسی سے اچھائی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ لوگ نیکی کا بدلہ برائی سے دیتے ہیں. ۲. شریف کے لیے آج کل ہر طرح مصیبت ہے.

بھلے کی بھلائی اور برے کی جنوائی کہاوت. اچھے آدمی سے اچھا سلوک کرنا چاہیے اور برے کے ساتھ برا.

بھلے مانس امذ. دیکھیے: بھلا مانس.

بَھلّے (فت بھ، شد ل) امذ.
ماش یا مونگ کی دال کی ٹکیاں، بڑا. [س].

بَھمْبَق/بَھمْبَک (فت بھ، سک م، فت ب) (الف) امذ.
بڑا سوراخ جو آر پار ہو. (ب) صف. (مجازاً) پھٹی ہوئی، ڈھیلی، (ناپ سے بہت زیادہ) بڑا یا بڑی چوڑا یا چوڑی، شگافتہ. [س].

بَھمْبو (فت بھ، سک م، و مج) صف مث.
۱. موٹی بھدی (عورت)، بدشکل فربہ (عورت). [س].

بَھمْبُو (فت بھ، سک م، و مع) صف مذ.
۱. موٹا بدشکل، خوف ناک صورت والا. ۲. (مجازاً) ڈراونا، بدہیئت، جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو.

بِھن (کس بھ) است.
مکھی مچھر اور دوسرے پردار کیڑوں کے پروں کی آواز. [حکایت الصوت].

بھن بھن است. ۱. دیکھیے: بھن کی تکرار. ۲. کانوں کی سائیں سائیں.

بھن بھن کرنا محاورہ. ۱. کانوں میں آواز کا گونجنا، ناگوار صدا کا مسلسل آنا یا بازگشت کرنا. ۲. (مجازاً) (مکھیوں کا) منڈلانا یا چکر کاٹنا؛ بھنبھنانا.

بُھنانا (۱) (ضم بھ) ف ل.
۱. روپے کا خوردہ کرانا، ریزگاری (خوردہ) لینا، سکہ تڑانا. ۲. کسی ہنڈی وغیرہ کی رقم وصول کرنا یا نقدی کرانا. ۳. فائدہ اٹھانا، کسی بات کو نفع بخش بنانا. [س].

بُھنانا (۲) (ضم بھ) ف م.
بریاں کرانا، گھی میں تلنا، بھونا. [س].

بَھنّانا/بِھنّانا (فت بھ، شد ن/کس بھ) ف ل.
۱. سر چکرانا، دماغ چکرانا. ۲. گھبرانا، حواس باختہ ہونا، عاجز ہونا. ۳. بگڑنا، بھڑکنا، جھنجلانا طیش میں آنا. ۴. چکر کاٹنا، گھومنا؛ زناٹا بھرنا.

۵. بیزار ہونا، نفرت کرنا. ۶. مکھیوں مچھروں کا آواز کرنا. ۷. آواز پیدا کرنا؛ کانوں کا بجنا، کانوں کا سائیں سائیں کرنا؛ ناک میں بولنا؛ ڈرنا، خوف کھانا؛ پریشان ہونا؛ تنگ ہونا، چیں بولنا. [س].

بُھنائی (۱) (ضم بھ) است.
خوردہ کرانے (بھنانے یا بھنوانے) کی اُجرت، بٹا.

بُھنائی (۲) (ضم بھ) است.
بھوننے کا عمل، گرم کر کے تجزیہ کرنے کا عمل.

بَھنبیری (فت بھ، سک م بشکل ن، ی مع) (الف) است.
۱. برسات میں ہونے والا ایک پتنگا، تتلی کی شکل کا ایک پردار کیڑا جس کے اڑنے سے بھن بھن کی آواز پیدا ہوتی ہے. ۲. چکری، پھرکی. (ب) صف. ۱. (مجازاً) گونجیلی، پرتاثیر، کوک والی (آواز). ۲. (مجازاً) پتلی، نازک، باریک. ۳. تیز رو، پھرتیلا (لڑکا).

بِھنبِھنا (کس بھ، سک ن، کس بھ) صف مذ.
ناک میں بولنے والا، خنخنا. [س].

بِھنبِھناتا (کس بھ، سک ن، کس بھ) صف.
بھنکتا ہوا، سست، احدی، ایسا سست جس پر مکھیاں بھنکا کریں وہ ان تک کو نہ اڑائے.

بِھنبِھنانا (کس بھ، سک ن، کس بھ) ف ل.
۱. (مکھیوں وغیرہ کا) بھن بھن کرنا (مراداً) اُڑنا. ۲. بھن بھن کی آواز پیدا کرنا. ۳. ناک میں بولنا. ۴. کتے کا بھونکنا. ۵. کانوں کا سائیں سائیں کرنا. ۶. بیزار ہونا، نفرت کرنا، گھن آنا.

بُھنبُھنانا (ضم بھ، سک ن، ضم بھ) ف ل.
غصے میں کسی کو چپکے چپکے اس طرح برا بھلا کہنا کہ سننے والے کی سمجھ میں نہ آئے.

بِھنبِھناہَٹ (کس بھ، سک ن، کس بھ، فت ہ) است.
۱. بھن بھن، مکھیوں اور مچھروں وغیرہ کے اڑنے کی آواز. ۲. دبی دبی غیر مفہوم آوازوں کا شور.

بَھنبھوڑنا (فت بھ، مغ، و مج، سک ڑ) ف ل.
۱. کاٹنا، چیرنا، زخمی کرنا. ۲. دانتوں سے کاٹ کاٹ کر کھانا. ۳. حملہ آور ہونا، (پریشان کرنے کے لیے) چمٹنا یا پیچھے پڑ جانا؛ نوچ کھسوٹ کرنا. [س].

بَھنبھیری (فت بھ، مغ، ی مع) است.
دیکھیے: بھنبیری.

بِھنچاؤ (کس بھ، مغ) اند.
سکڑ کر ملنے کا عمل، سکڑنے کی حالت یا کیفیت.

بِھنڈ (کس بھ، سک ن) (الف) اند.
۱. تمباکو وغیرہ کا پنڈا؛ بنا ہوا تمباکو. ۲. ڈھیر، ڈھا. ۳. کھجوریں یا کوئی اور چیز جو آپس میں چمٹ کر ڈلے کی صورت میں ہو جائے. (ب) صف. بہرا کے ساتھ، بہرا بھنڈ، جیسے اونچا سنائی دے. [س].

بَھنڈا (فت بھ، سک ن) اند.
۱. مٹی کا برتن، گھڑا، مٹکا. ۲. (مجازاً) راز، بھید.

بھنڈا پھوٹنا محاورہ. راز فاش ہونا.

بھنڈا پھوڑنا محاورہ. بھانڈا پھوٹنا کا تعدیہ، راز فاش کرنا، بھید کھولنا.

بِھنڈا (کس بھ، سک ن) اند.
۱. باہم مجتمع شدہ مثلاً کھجوروں کا بھنڈا، تمباکو کا بھنڈا، بنا ہوا تمباکو. ۲. گول گیند نما تمباکو کا ڈھیر، ڈلا، گولا؛ (مجازاً) کوئی بھی ابھری ہوئی چیز؛ گومڑ، گلٹی، پھوڑا. ۳. حقہ. ۴. ڈھم، تودہ، ٹیلا. [س].

بَھنڈار (فت بھ، سک ن) اند؛ ~ بھنڈارا.
۱. گھر کا ضروری سامان رکھنے کی جگہ، ذخیرہ؛ خزانہ؛ مجازاً شراب خانہ. ۲. سر، کھوپڑی.

بھنڈار خانہ اند. ۱. خیرات خانہ، وہ جگہ جہاں فقیروں کے لیے کھانا بانٹا یا پکایا جائے؛ لنگر خانہ. ۲. (مجازاً) وہ مکان جہاں بلا روک ٹوک ہر کوئی جا سکے؛ اڈا؛ بھنگڑ خانہ، شراب خانہ.

بَھنڈارا (فت بھ، سک ن) اند.
۱. گھر کا ضروری سامان رکھنے کی جگہ، گودام. ۲. ہندو سادھوؤں یا جوگیوں کی دعوت؛ لنگر؛ دعوت عام. [س].

بَھنڈارَن (فت بھ، سک ن، فت ر) است.
باورچن.

بَھنڈاری (فت بھ، سک ن) (الف) صف.
۱. گودام یا ذخیرے کا محافظ، بھنڈار کا منتظم، خزانچی. ۲. غنی، مخیّر. ۳. شراب خانے کا مہتمم، پیر مے خانہ. ۴. شراب کشید کرنے والا، بنانے والا. ۵. باورچی، خانساماں. (ب) امث. ۱. ناؤ کے اگلے پچھلے نکیلے سروں کی خالی اور عام استعمال میں نہ آنے والی جگہ میں ملاحوں اور کشتی کے دیگر کارندوں کا سامان رکھنے کو بنی ہوئی کوٹھریاں. ۲. بیل گاڑی کے بم کے نیچے گاڑی کا معمولی اور ضروری سامان رکھنے کا خانہ. [س].

بِھنڈی (کس بھ، سک ن) امث.
ایک قسم کی لمبوتری اوپر ٹوپی سی ہوتی ہے، اور آگے کی طرف سے نوکیلی ترکاری جس کے اندر چھوٹے چھوٹے بیج اور سطح پر روئیں سے ہوتے ہیں. [س].

بَھنڈیلا (فت بھ، سک ل، ی ج) امذ.
بھانڈ، نقال، مسخرا، مداری.

بَھنڈیلَن (فت بھ، سک ن، ی ج، فت ل) امث.
بھنڈیلا کی تانیث، بھنڈیلا قوم کی عورت، ناچنے گانے والی.

بَھنک (فت بھ، ن) امث.
۱. (i) دھیمی آواز، دور کی آواز، بھنبھناہٹ، گونج، ہلکی آواز. (ii) ساز کے تاروں کی ہلکی آواز یا جھنجھناہٹ. (iii) ساز کی ہلکی یا تیز آواز. ۲. اڑتی ہوئی (غیر مصدقہ) خبر، سن گن. ۳. بساوٹ، ہلکا یا ہلکی، کم، کمزور، خفیف (آمیزش). [س].

بِھنکار (کس بھ، سک ن) امث.
۱. مکھیوں نیز مچھروں کے اڑنے اور ہجوم کرنے کی آواز. ۲. کسی کھانے کی چیز پر مکھیوں کا جمگھٹ. ۳. بھنبھناہٹ، پیہم شور وغل.

بِھنکتا ہُوا (کس بھ، فت ن، سک ک، ضم و) صف.
گھن کھایا ہوا، جو گندہ اور میلا ہو جس پر مکھیاں بھنکتی ہوں.

بِھنَکنا (کس بھ، فت ن، سک ک) ف ل.
کسی چیز پر مکھیوں کا ہجوم جمگھٹا ہونا یا جمع ہو جانا؛ (مجازاً) کسی چیز کا یوں ہی بے کار یا بے توجہ پڑا رہنا، ست یا بے کار رہنا، بے قدر یا بے وقعت ہونا.

بَھنگ (۱) (فت بھ، غنہ) امث.
۱. ایک پودا جس کی پتیاں (سرور حاصل کرنے کے لیے) گھوٹ کر پی جاتی ہیں یہ پودا عموماً تین ہاتھ اونچا ہوتا ہے اور پتیاں کناروں پر کٹاؤ دار ہوتی ہیں، آنندرس درخت کی پتیاں حشیش. ۲. نشہ آور مشروب جو بھنگ گھوٹ کر تیار کیا جاتا ہے. [س].

بھنگ پینا محاورہ. نشہ میں ہونا، نشہ کرنا.

بھنگ تو نہیں کھائی فقرہ. یعنی کچھ باولے تو نہیں ہو گئے ہو، بدحواسی کی باتیں کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں.

بَھنگ (۲) (فت بھ، غنہ) صف.
شکستہ، خراب، برہم، برباد. [س].

بھنگا (بھ، غنہ) صف.
احول، وہ شخص جس کی آنکھوں کی پتلیاں دیکھتے وقت آنکھوں کے کوے کی طرف چلی جاتی ہوں یا ہر ایک کو دو دیکھتا ہو؛ دیکھیے: بھینگا. [س].

بُھنگا (ضم بھ، سک ن) امذ.
۱. بہت چھوٹا پردار کیڑا جو اکثر غلاظت میں یا برسات میں پیدا ہوتا ہے؛ پتنگا، پروانہ. ۲. (مجازاً) کمزور اور ناتواں شخص. ۳. گولر یا اسی نوع کے اور درختوں کے پھلوں کا کیڑا. [س].

بَھنگَڑ (فت بھ، غنہ، فت گ) صف.
۱. بھنگ پینے کا عادی (مراداً) نشہ کرنے والا. ۲. اول جلول؛ گپی، بکواسی.

بَھنگَڑا (۱) (فت بھ، غنہ، فت گ) صف.
بھنگ پینے کا عادی، (مجازاً) اول جلول، گپی، بکواسی.

بَھنگَڑا (۲) (فت بھ، غنہ، فت گ) امذ.
ایک قسم کا پنجابی رقص. [مقامی].

بھنگڑا ڈالنا محاورہ. بھنگڑا ناچ ناچنا.

بَھنگَن (۱) (فت بھ، غنہ، فت گ) امث.
بھنگی کی بیوی، بھنگی قوم کی عورت، چوہڑی، مہترانی. [س].

بَھنگی (فت بھ، غنہ) امذ.
خاکروب، حلال خور، چوہڑا، غلاظت اٹھانے اور جھاڑو دینے والا، مہتر. [س].
بھنگی کی ذات کیا جھوٹے کی بات کیا کہاوت. جس طرح بھنگی کی ذات بہت ادنیٰ ہے اسی طرح جھوٹے کی بات کا کچھ اعتبار نہیں ہوسکتا.

بِھنگی (کس بھ، غنہ) امث.
پھرکی، تتلی نما کھلونا جس کے بیچ میں سوراخ ہوتا ہے، ایک خم دار ڈنڈی میں ڈال کر بچے اسے اڑاتے ہیں؛ لٹو.

بَھنگیانا (فت بھ، غنہ، سک گ) ف ل.
بھنگ پی جانا، بھنگ کا قدح چڑھانا، بھنگ پی کر بہکی بہکی باتیں کرنا، نشے میں ہونا، بدحواس ہونا.

بُھننا (ضم بھ، سک ن) ف ل.
۱. جلا جانا، پکایا جانا، بالو یا ریت میں اتنا گرم کرنا کہ کچا اناج پک جائے. ۲. سوختہ ہونا، جلنا. ۳. بہت گرم ہونا، تپنا، پھنکنا. ۴. (مجازاً) حسد کرنا، کڑھنا؛ تاؤ کھانا، بے انتہا غصے میں آنا. ۵. جلنا کا تابع؛ حسد کی آگ میں جلنا، حسد کرنا؛ غم وغصہ میں مبتلا ہونا. [س].

بُھنواں (ضم بھ، سک ن) صف.
بھنی ہوئی، بریاں.

بُھنوانا (ضم بھ، سک ن) ف م.
بھنانا یا بھونا کا تعدیہ؛ آگ پر پکانا؛ گرم روغن میں تلنا.

بُھنوائی (ضم بھ، سک ن) امث.
۱. دیکھیے: بھنائی، روپے کا خوردہ کرانا. ۲. بھنانے کی مزدوری.

بِھنوٹ (کس بھ، ولین) صف.
(لفظاً) شکستہ، ٹوٹا ہوا، الگ، (مجازاً) نیچ ذات کا. [س].

بَھنوَر (فت بھ، مغ، فت و) (الف) امذ.
۱. گرداب، دریا کا وہ مقام جہاں پانی ایک دائرے میں گردش کرتا ہے. ۲. بھونرا. ۳. (مجازاً) گردش قسمت یا فلک؛ گردش دوران، گھمیری، چکر. ۴. (مجازاً) وہ گڑھا جو گالوں میں یا ٹھوڑی میں پڑے، چاہ غبغب یا چاہ ذقن. ۵. تکمیل شادی کی ایک رسم. ۶. بیل، بیل کی طرح چڑھنے والا پودا. (ب) صف. بہت سیاہ، (عموماً 'کالا' کے ساتھ مستعمل). [س].

بَھنورا (فت بھ، مغ) امذ.
بھڑ کے خاندان کا بڑا سیاہ پردار کیڑا جسے پھول کا عاشق بتایا جاتا ہے (مجازاً) گردش، چکر.

بَھنوری (فت بھ، مغ، سک و) امث.
۱. بالوں کا وہ چکر جو گھوڑے یا آدمی کے سر یا جسم کے کسی اور حصہ پر ہو، گردش، چکر. ۲. رخسار یا چہرے کے کسی حصہ میں پڑنے والا گڑھا، چاہ ذقن یا غبغب.

بَھنویں (فت بھ، مغ، ی مج) امث: ج.
بھوں کی جمع (تراکیب میں مستعمل) ابرو.
بھنویں تاننا محاورہ. غضب ناک ہونا، ناخوش ہونا، غصے یا خفگی کا اظہار کرنا، تیوری چڑھانا. ۲. نخرا کرنا، ناز کرنا.
بھنویں چڑھانا محاورہ. خفگی ظاہر کرنا، تیوری چڑھانا.

بَھو (ولین) (الف) امذ.
۱. دنیا، کائنات، ہستی، زندگی، وجود، دنیاوی ساز و سامان (مرکبات میں مستعمل). ۲. وقت، زمانہ؛ نفع، فائدہ، یافت، منافع؛ بہتری بہبودی، کامرانی، سعادت، خوش حالی، اقبال مندی. (ب) صف. گن خوبی، جوہر، لیاقت، قابلیت. [س].

بُھو (و مع) امث.
جگہ، زمین، ارض، کرہ زمین، اراضی. [س].
بھو چال امذ. بھونچال، زلزلہ؛ زمین کا اپنے محور پر گھومنا.

بھوبَل/بُھوبَھل (و مع، فت بھ) امث.
گرم راکھ، انگارے، ریت، بھوڑ، بالو، ریتا، ریگ. [س].

بھوبَھر (و مج، فت بھ) امث.
چولھے کی گرم مٹی. [س].

بُھوپال (و مع) امذ.
۱. متحدہ ہندوستان کی ایک مشہور مسلمان ریاست. ۲. (موسیقی) بھیرویں

ٹھاٹھ کے ایک راگ کا نام. [س].

بھوت (و مع) (الف) اِمذ؛ اِمث.

خبیث روح، دیو، جن، غول، چھلاوہ. ۲. مخلوقات، کوئی زندہ چیز. ۳. (فلسفہ) عناصر خمسہ (مٹی پانی آگ ہوا اور ایتھر) میں سے کوئی ایک عنصر. ۴. (قواعد) زمانہ ماضی، گزرا ہوا زمانہ. ۵. وجود، وجود واقعی ہونا، پیدا، سچ مچ ہونا، صدق، سچ، درست، مناسب، ایک قسم کا چھوٹا دیوتا: ایک قسم کی بد روح (ہندو عقیدے کے مطابق مرگھٹ کا بھوتنا یا بیتال جو درخت پر بسیرا کرتا یا الٹا لٹکا رہتا ہے جو اپنی شر انگیزی سے انسان کو ہلاک کر دیتا ہے): (قانون) مقدمے کی حقیقی صورت حال، امر واقعی. (ب) صف. بد، شریر، سرکش، شیطان، موذی. [س].

بھوت اتارنا محاورہ. خبیث روح کو دفع کرنا: (کنایۃً) غصہ سے نجات دلانا، غصہ اتارنا.

بھوت اترنا محاورہ. غصہ فرو ہونا.

بھوت بن کر چمٹنا محاورہ. پیچھے پڑ جانا، کسی بات کے سر ہو جانا.

بھوت پریت/ پلید اِمذ. ۱. دیکھیے: بھوت معنی نمبر ۱. ۲. (مجازاً) شر پسند، اذیت رساں لوگ.

بھوت چڑھنا محاورہ. ۱. دیوانہ ہونا: غصہ میں ہونا. ۲. سر پر جن کا چڑھنا ۳. بھوک، دولت، محبت وغیرہ یا کسی بھی کام کی دھن سوار ہونا.

بھوت سوار ہونا محاورہ. ۱. غضب ناک ہونا، غصہ ہونا. ۲. آسیب مسلط ہونا، جن چڑھنا. ۳. کسی بات کے شوق میں انسان کا ازخود رفتہ ہو کر نیک و بد سوچے سمجھے بغیر کام کرنا، کسی بھی کام کی دھن چڑھ جانا.

بھوتنا (و مع، سک ت) اِمذ.

دیکھیے: بھتنا، بھوت پریت، چھوٹا بھوت. ۲. گندا، بدصورت، آدمی.

بھوتنی (و مع، سک ت) اِمث.

دیکھیے: بھتنی: بدشکل عورت، چڑیل.

بھوتنی کا کلمہ. بطور گالی مستعمل، مترادف: حرام زادہ.

بھوج (۱) (و مج) (الف) اِمذ.

(i) دعوت، ضیافت، بھوجن. (ii) عیش و عشرت: لطف اُٹھانے کا عمل. ۲. گوالا، اہیر، گوپال. (ب) صف. لطف یا فرحت دینے والا؛ فیاض، سخی: لطف اُٹھانے والا، مزے کی زندگی بسر کرنے والا.

بھوج (۲) (و مج) اِمذ.

قدیم ہندوستان کا ایک مشہور راجا، (استعارۃً) دولت مند. کہاں راجہ بھوج کہاں گنگوا تیلی (مشہور کہاوت). [علم].

بھوجَن (و مج، فت ج) اِمذ.

کھانا، پکی ہوئی چیز جو کھائی جائے. [س].

بَھوجی (ولین) اِمث.

بُھوجی (و مع) اِمث.

دیکھیے: بھاجی، سبزی، ساگ، ترکاری جو پکائی جائے. [س].

بَھوچَکا (ولین، فت چ، شدک) صف مذ.

دیکھیے: بھونچکا، متحیر، حیران پریشان.

بھوچکا رہ جانا محاورہ. متعجب ہو جانا، تعجب میں ہونا.

بُھور (۱) (و مع) (الف) صف.

۱. زیادہ، بہت، بہ کثرت، افزوں، بیش: بڑا، عظیم: ضروری؛ طاقت ور، مضبوط، قوی. ۲. برہما کا لقب، شیو کا لقب: لابھ، بہت فائدے کا، نفع بخش، بہت منافع والا. (ب) م ف. بے حد، بہ کثرت، افراط سے، اکثر، عموماً، متواتر. [س].

بُھور (۲) (و مع) اِمث.

دیکھیے: بھورا، چورا، ریزہ، ٹکڑا.

بُھور (۳) (و مع) اِمث.

گائے کی ایک قسم: ریت، بالو.

بھور (و مج) اِمذ؛ اِمث.

۱. تڑکا، صبح، سویرا. ۲. خاتمہ، انجام. ۳. خرچ. [س].

بھور بھئے تارا چمکنا محاورہ. مستقبل بہتر ہونا.

بُھورا (۱) (و مع) اِمذ.

(روٹی وغیرہ کا) ریزہ یا ٹکڑا.

بُھورا (۲) (و مع) (الف) صف مذ.

۱. وہ سیاہ رنگ جس میں سرخی اور زردی ملی ہوئی ہو، مٹیالا. ۲. یورپ

کے دیس کا رہنے والا ، گورا ، یورپین . (ب) اند . ۱. دیکھیے : بورا ، پکی چینی کو پکا کر اور صاف کر کے بنائی ہوئی چینی، پکی چینی، چینی؛ کھانڈ. ۲. ایک قسم کا کبوتر جس کی پیٹھ کالی اور اس پر سفید چتیاں ہوتی ہیں . [س].

بَھوری (۱) (ولین) است.
روٹی جو کنڈوں کی گرم راکھ پر پکائی جاتی تھی .

بَھوری (۲) (ولین) صف : م ف.
بہت ، کثرت ، زیادہ ڈھیر ؛ اکثر ، بار بار ، کئی . [س].

بُھوری (و مع) است.
ریتیلی زمین ، بھوڑ . [س].

بُھوس (و مع) اند.
بھس ، بھوسی ، اناج کا چھلکا ، چوکر.

بُھوسا/بُھوسَہ (و مع / فت س) اند.
بھس : گیہوں یا اناج کا چھلکا ، چوکر.

بھوسا اڑانا محاورہ. ۱. بھس اڑانا ، اناج سے بھس الگ کرنا. ۲. شیعوں میں تعزیہ اٹھنے کے بعد آنے والوں کے سروں پر بھوسا ڈالنا.

بُھوسی (و مع) است.
۱. آٹے کی چھان ، آٹا چھاننے کے بعد گیہوں وغیرہ کے باریک چھلکے جو بچ رہیں ، بور . ۲. گرمی دانے ، خسرہ ، چیچک ، یا کسی اور جلدی امراض میں زخم مندمل ہو کر جھڑنے والی خشکی . ۳. سر کی خشکی .

بھوسی اڑانا محاورہ. ۱. اناج کو غلے سے الگ کرنا . ۲. برباد کر دینا ، تباہ کر دینا.

بُھوسے (و مع) اند.
بھس ، بھوسا کی جمع یا حالت مغیرہ .

بھوسے میں سوئی تلاش کرنا کہاوت. مشکل کام کرنا .

بُھوک (و مع) است.
۱. کھانے کی خواہش، اشتہا، گرسنگی. ۲. خواہش، طلب. ۳. (تاجر) ضرورت، حاجت ، چاہ. ۴. گنجائش، سمائی . [س].

بھوک اڑنا محاورہ. کھانے پینے کی خواہش ختم ہو جانا .

بھوک پیاس اند. ۱. مفلسی ، تنگی ، فاقہ کشی . ۲. کھانے پینے کی خواہش .

بھوک مرنا محاورہ. (پیٹ خالی ہونے پر بھی) کھانے کی خواہش نہ رہنا ، بھوک کا جاتا رہنا .

بھوک میں گولر (ہی) پکوان فقرہ. ضرورت میں جو میسر آوے وہی نہایت غنیمت ہے .

بھوک ہڑتال است. کھانا پینا ترک کرنا ، (کوئی بات منوانے کے لیے) بھوکا رہنا .

بُھوکا (و مع) (الف) صف مذ : مث : بھوکی .
۱. کھانے کا خواہش مند ، جسے بھوک لگ رہی ہو. ۲. فاقہ کش ، خالی پیٹ . ۳. نادار ، مفلس . ۴. (مجازاً) خواہاں ، طالب . (ب) اند . صافا، وہ دست لانے والی دوا جو لڑائی کے زمانے میں بٹیر کو دی جاتی ہے . [س].

بھوکا اٹھاتا ہے بھوکا سلاتا نہیں کہاوت. سونے سے پہلے خدا ہر ایک کو کھانے کو دیتا ہے ، خدا سب کو رزق پہنچاتا ہے .

بھوکا بنگالی بھات ہی بھات پکارے/کرے کہاوت. ۱. یعنی آدمی جس چیز کا بھوکا ہو اسی کی دھن میں لگا رہے . ۲. آدمی کو جس چیز کی عادت ہو جاتی ہے وہی بار بار یاد آتی ہے .

بھوکا پیاسا صف. پریشان حال ، تھکا ماندہ .

بھوکا ننگا صف. مفلس ، غریب ، محتاج ، بے چارہ .

بھوکنا (و مج ، سک ک) ف م.
بھونکنا ، چھرے کا گھونپنا ، گھسیڑنا.

بُھوکوں (و مع ، و مج) (الف) صف مذ.
بھوکا کی جمع ، تراکیب میں مستعمل . (ب) م ف . بھوک سے ، بھوک کی وجہ سے .

بھوکوں مرنا محاورہ. بھوک کی شدت سے نڈھال ہونا ؛ تنگی سے گزر ہونا ، مشکل سے گزارا ہونا .

بھوگ (و مج) اند.
۱. (i) کھانا ، لقمہ . (ii) دیوتاؤں کے آگے رکھا جانے والا کھانا چڑھاوا ، نذر . ۲. (عمل کا) پھل ، جزا . ۳. (i) آرام ، سکھ ، چین (ii) مسرت ، خوشی . ۴. لطفِ مباشرت ، شہوانی لذت ، حظِ نفس

۵.گالی ، دشنام .۶.دکھ ، اذیت ، تکلیف .۷.(حساب) کسی کسر عام کا شمار کنندہ .۸.نفع .۹.ایک بھجن اور راگنی کا نام جو صبح کے وقت کرشن جی کے بھوگ کی تعریف میں گاتے ہیں .۱۰.رنڈیوں یا طوائفوں کو بلانا ۱۱.سانپ یا سانپ کا پھن .۱۲.فوجوں کی آرائش ، قطار در قطار فوج . ۱۳.بدن.۱۴.تخلص (شاعر یا مصنف کا). [س].

بھوگنا (و مع ، سک گ) ف ل.
(دکھ سکھ) محسوس کرنا ، حاصل کرنا .۲.(عمل کی) سزا یا جزا پانا . ۳.برداشت کرنا ، سہنا ، سہارنا .

بھول (و مع) است .
کسی بات کا ذہن سے اُتر جانا ، کسی بات کی چوک ہو جانا .۲.انجانی غلطی ، خطا ، چوک ، قصور ، لغزش ، گناہ .۳.فخر ، گھمنڈ . [س].

بھول بھلیاں است .۱.ایک قسم کی پیچ در پیچ عمارت (یا راستہ) جس میں داخل ہونے کے بعد انسان بھٹکتا رہتا ہے اور باہر نکلنے میں وقت ہوتی ہے .۲.(مجازاً) الجھاوا ، گورکھ دھندا .

بھول پڑنا محاورہ.۱.بھولے سے کسی جگہ پہنچ جانا ، غلطی سے یا بے ارادہ کہیں چلا جانا ، اتفاق سے آ جانا .۲.یاد سے اُتر جانا ، فراموش کر دینا ، بھلا دینا.

بھول کر م ف.غلطی سے ، بھولے سے .

بھول (کر) کے نہ کرنا محاورہ.بھول کر یا غلطی سے بھی نہ کرنا ، بالکل نہ کرنا ، ہرگز ہرگز نہ کرنا .

بھولا (و مع) صف .
راہ گم کردہ ، بھٹکا ہوا .۲.(پر کے ساتھ) فریب خوردہ ، دھوکے میں . س].

بھولا بسرا صف ؛ م ف .فراموش کردہ ، بھلایا ہوا .

بھولا بھٹکا صف ؛ م ف .۱.گم کردہ ، جو راستہ بھول گیا ہو .۲.(مجازاً) گم راہ ، باطل پرست .

بھولا (و ج) صف مذ.
سادہ لوح ، سیدھا سادہ ، فطری ، جو چھل کپٹ نہ جانتا ہو .۲.نادان ، انجان .۳.ناآزمودہ کار ، ناتجربہ کار ، الھڑ ، معصوم ، تصنع اور بناوٹ سے پاک .۴.جوانوں کی اصطلاح بوڑھا . [س].

بھولا بھالا صف .۱.پیارا ، دل کو لبھانے والا .۲.سیدھا سادہ ، بے تکلف ، بے کپٹ .

بھولا پن امذ .۱.سادگی ، سادہ لوحی ، عدم تصنع .۲.معصومیت ، بے ساختہ پن .

بھولنا (و مع ، سک ل) (الف) ف م.
۱.فراموش کرنا ، بھلا دینا .۲.نظر انداز کرنا .(ب) ف ل .۱.فراموش ہو جانا ، ذہن سے اتر جانا .۲.(i) (پر کے ساتھ) بھروسا کرنا ؛ مغرور ہونا ؛ فریب کھانا .(ii) نازاں ہونا ، اترانا .۳.فریفتہ ہونا ، ریجھنا . [ار].

بھولی (و مع) صف .
بھولا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل .

بھولی بسری صف .بھولی ہوئی چیز ، وہ چیز جو ذہن سے نکل گئی ہو .

بھولی (و ج) صف .
بھولا کی تانیث ، سیدھی سادی.

بھولی بھالی صف .بھولا بھالا کی تانیث .

بھولے (و مع) م ف .
بھولے سے ، بھول کر ، سہواً .(ب) صف .بھولا کی محرف حالت ؛ تراکیب میں مستعمل . [ار].

بھولے بسرے صف؛ م ف .بھولا بسرا کی جمع یا محرفہ شکل .

بھولے بھٹکے م ف ؛ صف .کبھی کبھار ، بھولے چوکے ، گاہے ماہے ، رستہ بھول کر ، اتفاقیہ .

بھولے سے م ف .۱.بھول کر ، سہواً .۲.ان جانے میں ، بے خبری میں .

بھولے سے بھی نام نہ لینا محاورہ .بھول کر بھی یاد نہ کرنا ، نفرت ، عداوت ، بے پروائی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں .

بھوم (و مع) است .
دنیا ، زمین ، دھرتی ، سنسار ؛ جگہ ، ریاست ، مملکت . [س].

بھوں (ولین) است .
۱.پپوٹوں کے اوپر بالوں کی ٹیڑھی بنی ہوئی تحریر یا لکیر ، ابرو .۲.گھوڑے کے پاؤں اور سم کا نقطۂ اتصال ، جہاں بال ختم ہو کر سم شروع ہوتا ہے . [س].

: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

بھوں پر بل ڈالنا محاورہ. ناپسندیدگی ظاہر کرنا.

بھوں تاننا محاورہ. ۱.غضب ناک ہونا ؛ ناخوش ہونا ، غصے یا خفگی کا اظہار کرنا ، تیوری چڑھانا .۲.نخرا کرنا ، ناز کرنا.

بَھوَن (فت ب ، و) امذ.
۱.گھر ، مکان ، قصر ، محل ، جائے رہائش ، امن کی جگہ ، میدان یا مندر ؛ طبقات فلکی .۲.(مجازاً) پیٹ ، شکم .۳.ہستی ، وجود ؛ پیدائش ، ولادت ، جنم ؛ خاصیت ؛ سرگ ، بہشت ؛ مختلف آسمانی جنتیں .۴.مندر ، مٹھ ، دیوی کا استھان .۵.کھیت ؛ سچائی ؛ کولھو کے گرد کا وہ حصہ جس میں بیل گھومتے ہیں . [س].

بَھونپُو (ولین ، مغ ، ومع) امذ.
۱.ایک قسم کا باجا جسے منھ سے پھونک کر بجایا جاتا ہے ، نرسنگا ، بگل ، سائرن .۲.وہ آلہ جس سے بھوں بھوں کی آواز پیدا ہو . [س].

بُھونجا (ومع ، مغ) امذ.
بھوننے والا (تراکیب میں مستعمل) ، دیکھیے : بھڑ بھونجا ، اناج بھوننے والا . [س].

بَھونچال (ولین ، مغ) امذ.
۱.اندرون زمین کے پگھلے ہوئے مادوں کے ابخرے کھلنے کے باعث سطح زمین کا لرزنا ، زلزلہ ، بھوڈول ، ہالن .۲.(مجازاً) ہنگامہ ، ہل چل ، انقلاب . اف : آنا/ ڈالنا/ کرنا/ لانا/ مچنا/ ہونا . [س].

بَھونچکّا (ولین ، مغ ، فت چ ، شدک) صف.
متحیر ، ششدر ، ہکا بکا ، حیران پریشان . [س].

بھونڈو (وج ، مغ ، ومع) صف.
۱.(i) نرم ، نازک (قدیم) .(ii) بھولا ، معصوم ، منوہر ؛ دل فریب . ۲.احمق ، ابلہ ، جاہل ، اناڑی ، مودھو .۳.فریبی ؛ پیارا ، دل فریب . ۴.گدھے کا چھوٹا بچہ ، مونڈھو . [س].

بھونڈا (وج ، مغ) صف مذ.
۱.بدنما ، بدوضع .۲.نازیبا ، معیوب ، ناپسندیدہ .۳.منحوس ، بدقسمت . [س].

بھونڈا پن/ پنا امذ. ۱.بدتمیزی ، بدسلیقگی ، پھوہڑپن ، بدتہذیبی .۲.عیب ، بدنمائی ، بدصورتی ، خرابی ، نقص .

بَھونرا (ولین ، مغ) (الف) امذ.
۱.بھڑ کے خاندان کا بڑا سیاہ پردار کیڑا جسے پھول کا عاشق بتایا اور شگون نیک لے کر خوش خبری لانے والے کا خطاب دیا جاتا ہے .۲.گوبر کا سیاہ پردار کیڑا .۳.(قدیم) مجازاً گردش ، چکر ، گرداب. (ب) صف . (مجازاً) نہایت سیاہ چیز . [س].

بَھونک (ولین ، مغ) امث.
کتے کی آواز ، بھونکنا کی حالت یا کیفیت . [س].

بَھونکنا (ولین ، مغ ، سک ک) ف ل.
۱.کتے کا چلانا ، کتے کی آواز نکالنا یا بولنا .۲.بکواس کرنا ، بے معنی اور مہمل باتیں کرنا ، بک بک کرنا ؛ غل مچانا ، چیخنا . [س].

بھونکنا (وج ، مغ ، سک ک) ف م.
۱.کسی نوکیلی یا دھار والی چیز کو جسم میں داخل کرنا ، گھونپنا ، چبھونا . ۲.سوئی موئی سلائی کرنا ؛ گھونپنا . [س].

بھونکنا سکھایا تو کاٹنے کو آیا / آئی کہاوت. کسی کے ساتھ رعایت کی تو وہ حد سے بڑھ گیا یا بڑھ گئی .

بُھوننا (ومع ، سک ن) ف م.
۱.آگ پر رکھ کر پکانا .۲.گرم بالو میں ڈال کر جھلجھلانا .۳.گرم روغن میں تلنا .۴.(مجازاً) تکلیف پہنچانا ، دل جلانا .۵.(مجازاً) بندوق سے شکار مارنا .۶.(مجازاً) لڑائی میں باڑھ مار کر بہت سے لوگوں کو قتل کر دینا . [س].

بَھویں (فت بھ ، ی ج) امث.
دیکھیے : بھوں (ابرو) کی جمع تراکیب میں مستعمل .

بھویں تاننا محاورہ. تیوری میں بل ڈالنا ، خفگی ظاہر کرنا ، تیوری چڑھانا ؛ نخرہ یا ناز کرنا .

بَھی (فت بھ) امذ.
ہم سروں اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ (اے بھائی) .

بھی (الف) صف.
نیز ، بشمول .(ب) حرف. ۱.اسما و کنایات کی تعمیم و تاکید کے لیے ، کوئی

انتا وغیرہ ۔۲۔ افعال کی تاکید کے لیے ، ضرور ، لازماً وغیرہ ۔۳۔ تک کی جگہ اور اس کے معنوں میں (بطور نفی) ۔۴۔ ہی ، فقط ، صرف ، تنہا ، محض ۔ [س] ۔

بَھیّا (فت بھ ، شدی) اند ۔

۱۔ 'بھائی' جس کی یہ شکل ثانی ہے (پیار کے لیے) ۔۲۔ پیار سے بلانے کا کلمہ ، چھوٹے بچے کو پیار سے کہتے ہیں ۔۳۔ کسی کے کم عمر لڑکے کے لئے بولتے ہیں ۔۴۔ خلوص و محبت کے ساتھ کسی کو خطاب کرنے کے محل پر بولتے ہیں ۔۵۔ کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے زائد بولتے ہیں ۔ [ار] ۔

بَھیانک (فت بھ ، ن) صف ۔

۱۔ خوف ناک ، ڈراؤنا ، ہول ناک ۔۲۔ حیرت زدہ ، بھونچکا ، متوحش ، پریشان ، حیران ۔۳۔ اداس ؛ متنفر ؛ اکیلا ، تنہا ؛ سنسان ، ہو کا عالم ۔ [س] ۔

بھیٹ (ی ع) است ۔

۱۔ ملاقات ، مڈبھیڑ ، ملاپ ۔۲۔ نذرانہ ، ہدیہ (جو خود بزرگ کو دے) ۔ ۳۔ صدقہ ، قربانی ۔۴۔ رشوت ۔ [س] ۔

بھیٹ چڑھانا محاورہ ۔ ۱۔ قربان کرنا ، فدیہ دینا ('پر' کے ساتھ) ۔ ۲۔ نذرانہ دینا ، ہدیہ پیش کرنا ، رشوت دینا ('کے' کے ساتھ) ۔

بھیجا (ی ع) اند ۔

مغز ، کھوپڑی کے اندر کا گودا ۔ [س] ۔

بھیجا پکانا محاورہ ۔ بھیجا پکنا کا تعدیہ ، بک بک کر کے پریشان کرنا ، تنگ کرنا ۔

بھیجا پکنا محاورہ ۔ (کسی کی بک بک سے) پریشان ہونا ، تنگ آ جانا ۔

بھیجا چاٹنا/کھا جانا محاورہ ۔ (بک بک کر کے) پریشان کرنا ، سمع خراشی کرنا ۔

بھیجنا (ی مع ، سک ج) ف ل (قدیم) ۔

۱۔ بھیگنا ۔۲۔ مؤثر ہونا ، غم میں مبتلا ہونا ۔ [س] ۔

بھیجنا (ی ع ، سک ج) ف م ۔

(کسی شخص یا چیز کو) ایک جگہ سے دوسری جگہ روانہ کرنا ، منتقل کرنا ، ارسال کرنا ۔ [س] ۔

بھیجنا بھجانا/ بھجوانا ف مر ۔ دیکھیے : بھیجنا ۔

بھیجَہ (ی ع ، فت ج) اند ۔

دیکھیے : بھیجا ۔

بھیچ (ی مع) است ۔

نچوڑ ، دباؤ ، دبانے کا عمل ، دو چیزیں ملا کر زور دینا ، تنگی ؛ فشار ؛ فشردگی ؛ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں ملا کر دبانے کا عمل ؛ زور سے مٹھی بند کرنے کا عمل ، خوش اخلاقی کے بدلے کمینگی کا اظہار ؛ کوتاہی کا عمل ۔ [س] ۔

بھیچنا (ی مع ، سک چ) ف م ۔

دیکھیے : بھینچنا ۔

بھید (ی ع) اند ۔

۱۔ راز ، چھپی ہوئی بات ۔۲۔ سراغ ، پتا ۔۳۔ (مجازاً) نازک اور ناقابل فہم بات ، نکتہ ، لطیفہ ۔۴۔ (i) حقیقت حال ، اصلی کیفیت ۔ (ii) سبب ، بنا ۔ [س] ۔

بھید بھاؤ اند ۔ ۱۔ فرق ، امتیاز ۔۲۔ دیکھیے : بھید ، راز ، چھپی ہوئی بات ۔

بھید پانا محاورہ ۔ راز معلوم کرنا ، پتا لگانا ، سراغ پانا ؛ اصل حقیقت سے باخبر ہونا ۔

بھید سمجھنا محاورہ ۔ راز پانا ، چھپی ہوئی بات سمجھ جانا ۔

بھید کھلنا محاورہ ۔ راز ظاہر ہونا ۔

بھید کھولنا محاورہ ۔ افشائے راز کرنا ، بھرم کھولنا ۔

بھید لگانا محاورہ ۔ پتا لگانا ، سراغ پانا ۔

بھیدی (ی ع) اند ۔

۱۔ راز دار ، ہم راز ۔۲۔ واقف کار ، باخبر ۔۳۔ مخبر ، جاسوس ، بھید لینے والا ۔ [س] ۔

بَھیرویں (ی لین ، سک ر ، ی مع) است ۔

ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی اور بھیروں راگ کی بیوی سمجھی جاتی ہے ۔ [س] ۔

بِھیڑ (ی مع) است ۔

۱۔ آدمیوں کا جماؤ ، جمگھٹا ، انبوہ ، ٹھٹھ ، مجمع ۔۲۔ (کسی چیز کی) کثرت ،

زیادتی، یورش. ۳. مصیبت، افتاد، بپتا. [س].

بھیڑ بھاڑ است. ہجوم، مجمع، دھوم دھام.

بھیڑ چھٹنا محاورہ. مجمع منتشر ہونا، ہجوم کم ہونا.

بھیڑ (ی ع) است.
۱. بکری کی طرح مویشی کی ایک قسم جس کے جسم پر گھنے اُلجھے ہوئے بال ہوتے ہیں جن سے اون بنتی ہے، اس کا نر مینڈھا کہلاتا ہے. ۲. (مجازاً) مسکین، عاجز. ۳. (مجازاً) دولت مند، امیر.

بھیڑ چال است. (لفظاً) بھیڑ کا بھیڑ کے پیچھے چلنا، (مجازاً) بے سوچے سمجھے تقلید کرنا، ایک کا دوسرے کی نقل کرنا، نقالی، دیکھا دیکھی، اندھا دھند، دستور کے مطابق.

بھیڑ کی لات کیا، عورت کی بات کیا کہاوت. دیکھیے: بھیڑ کی لات گھٹنوں تک.

بھیڑ کی لات گھٹنوں (ٹخنوں) تک کہاوت. کمزور کی مزاحمت بے اثر ہوتی ہے.

بھیڑا (ی ع) اند.
۱. دیکھیے: بھیڑ (رک) کی تذکیر. ۲. وہ شخص جس کی بھویں سکڑی ہوئی ہوں. [س].

بھیڑنا (ی ع، سک ڑ) ف م.
۱. کواڑ کے دونوں پٹ ملا کر بند کرنا. ۲. کسی چیز کو زبردستی دینا. ۳. احاطہ کرنا، گھیرا ڈالنا، احاطے میں بند کرنا، اچھلتے ہوئے دوڑنا؛ تنگ و دو کرنا؛ رشوت دینا. [س].

بھیڑیا (۱) (ی ع، سک ڑ) اند.
۱. کتے سے بڑا لیکن اس سے مشابہ ایک خوں خوار درندہ جو بکری وغیرہ چھوٹے جانور شکار کر کے کھا جاتا ہے، گرگ. ۲. پتنگ کی ایک قسم جس میں اوپر سے نیچے تک تین الفن پٹیاں ہوتی ہیں. ۳. (مجازاً) بدخو اور ظالم یا بدشکل آدمی. [س].

بھیڑیا (۲) (ی ع، سک ڑ) صف.
بھیڑ سے مشابہ، بھیڑ کی طرح.

بھیڑیے (ی ع، سک ڑ) اند.
بھیڑیا کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

بھیڑیے کو بکریوں کی چرواہی سونپنا محاورہ. نااہل کو کوئی کام سونپنا، مظلوم کو ظالم کے حوالے کرنا.

بھیس (ی ع) اند.
۱. رنگ روپ، صورت شباہت، وضع قطع، شکل، روپ، بہروپ. ۲. (مجازاً) لباس، پوشاک، رہن سہن، انداز. ۳. فرقہ، گروہ. ۴. تقلید، پیروی، اتباع. [س].

بھیس بدلنا محاورہ. وضع قطع بدلنا، ایسی حیثیت بنانا کہ کوئی پہچان نہ سکے، بہروپ بھرنا.

بھیک (ی مع) است.
۱. گداگری، مفلس کا گزر بسر کے لیے کسی سے کچھ طلب کرنا. ۲. (مجازاً) خیرات، بے معاوضہ نادار کو طلب کرنے پر جو چیز دی جائے گدائی، وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے. [س].

بھیک کا ٹکڑا اند. ۱. خیرات، خیرات کی روٹی، اللہ واسطے کی روٹی، مجازاً کسی کی بخشش، بخشی ہوئی چیز. ۲. (کنایۃً) وہ شخص جس کا باپ غیر معین اور ماں زانیہ ہو، نطفۂ حرام، نطفۂ بے تحقیق. ۳. مانگے کی چیز.

بھیک کا ٹھیکرا اند. ۱. بھیک کا پیالہ جس میں خیرات دی جائے؛ (مجازاً) گزر اوقات کا ذریعہ. ۲. آمدنی یا کسب کا ذریعہ. ۳. (مجازاً) نوچی، لونڈا، زنخہ.

بھیک مانگنا محاورہ. سوال کرنا، خیرات کے طور پر کوئی چیز طلب کرنا.

بھیک مانگے بغیر نہیں ملتی کہاوت. بغیر کوشش کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا.

بھیک منگا صف مذ. دیکھیے: بھک منگا، خیرات لے کر کھانے والا، نہایت مفلس، فقیر، منگتا.

بھیگا (ی مع) صف.
بھیگنا سے، بھیگا ہوا، گیلا، تر، پانی پڑا ہوا، تراکیب میں مستعمل. [س].

بھیگنا (ی مع، سک گ) ف ل.
۱. تر ہونا، گیلا ہونا، (پانی یا کسی اور رقیق چیز سے) نم ہونا. ۲. (مجازاً)

(رات کا) سرد ہو جانا ، ابتدائی حصہ شب کا گزر کر خنک ہو جانا . ۳. (مسوں کا) نکلنا ، ظاہر ہونا ، آواز میں سوز پیدا ہونا. [س] .

بھیگی (ی مع) صف.

بھیگی بلی صف. (مجازاً) عاجز ، مسکین ، کمزور .

بھیگی بلی بننا محاورہ. دب جانا ، (ڈر سے) چپ رہنا.

بھیگی رات امث. شب کا وہ حصہ جو بارہ بجے کے بعد ہوتا ہے جس میں گرمیوں میں بھی خفیف خنکی شروع ہو جاتی ہے .

بھیل (ی ج) امذ.

۱. ملاوٹ ، ملونی ، میل ؛ ملی جلی حالت ؛ مرکب ، مرکب دھات . [س] .

بھیلا (ی ج) امذ.

گڑ کا بڑا گول ڈلا ؛ ایک گولا یا ڈھا خصوصی طور پر گڑ کا یا کچی شکر کا ، نچوڑی ہوئی املی کے رس کا بڑا سا ڈھا ، پنڈا . [س] .

بھیلی (ی ج) امث.

گڑ کا بڑا پنڈا ، گڑ کا بڑا گول ڈلا ، گڑ کی چکتی بالعموم چار یا پانچ سیر تک . [س] .

بھیلی ٹوٹی اور روپیا ٹوٹا پھر نہیں رہتا کہاوت. ٹوٹنے کے بعد بھیلی اور روپیہ جلد خرچ ہو جاتے ہیں .

بھیم (۱) (ی مع) امذ.

پانچ پانڈوں میں سے ایک جو یدھشٹر سے چھوٹا اور ارجن سے بڑا تھا . [علم] .

بھیم (۲) (ی مع) (الف) امذ.

شیوجی کا ایک روپ . (ب) صف . ۱. ڈرانے والا ، خوف دلانے والا . ۲. پانڈووں میں سے ایک بڑا پہلوان جس نے جنگ مہابھارت میں دریودھن کو قتل کیا تھا . ۳. ایک راگ کا نام جو شام کو گایا جاتا ہے . [س] .

بھینٹ (ی ج ، مغ) امث ؛ امذ (شاذ) .

۱. دیکھیے بھیٹ ، صدقہ ، قربانی . ۲. نذرانہ ۳. مار پیٹ ، مڈ بھیڑ .

بھینٹ چڑھانا محاورہ.

۱. قربانی کرنا ، نذر دینا ، دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لیے کسی جان دار کا خون دینا . ۲. ردِ سحر یا ردِ بلا کے لیے کسی جان دار کو ذبح کر کے اس کا خون دینا . ۳. (مجازاً) کھو دینا ، کوئی ناگوار نقصان ہو جانے کے لیے بھی بولتے ہیں .

بھینٹ دینا محاورہ. ۱. بھینٹ چڑھانا ۲. نذر و نیاز دینا ؛ رشوت دینا . ۳. برباد کرنا .

بھینچ (ی مع ، مغ) امث .

دھانس ، چارپائی کے پائے کی چول میں ٹھکی ہوئی پچر جو چول کو پکی کرنے کے لیے حسب ضرورت لگائی جاتی ہے ، دیکھیے : پچر .

بھینچنا (ی مع ، مغ ، سک چ) ف ل .

۱. بھچنا کا تعدیہ ، سکیڑنا ، دبانا . ۲. دبوچنا ، کچلنا ، مسلنا . ۳. انگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کر لینا . ۴. زور کے ساتھ سینے کے ساتھ چمٹا لینا . [س] .

بھینس (ی لین ، مغ) امث .

۱. دودھ دینے والا عموماً سیاہ یا بھورے رنگ ، سینگ اور کُھر والا ایک مادہ چوپایہ جس کا دودھ گائے وغیرہ کے دودھ سے گاڑھا اور پینے کے کام آتا ہے جو عام طور پر پالتو ہوتا ہے مگر جنگلی بھی ملتا ہے ، گاؤمیش . ۲. (مجازاً) موٹی عورت . ۳. ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبائی عموماً تین فٹ ہوتی ہے یہ پاک و ہند کی ندیوں میں پائی جاتی ہے . ۴. ایک خاص قسم کی گھاس کا نام . [س] .

بھینس بکوڑے بک گئی کہاوت. اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی نااہل کو کہیں سے دولت مل جائے .

بھینس کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے کہاوت. ۱. کسی کو اپنے اہل و عیال گراں نہیں گزرتے . ۲. جو اصل بات ہوتی ہے وہ بری نہیں لگتی .

بھینس کی بھینس صف. موٹی بدشکل (عورت) .

بھینس کے آگے بین محاورہ. نااہل کے سامنے کمال کا اظہار .

بھینس کے آگے بین بجانا محاورہ. نااہل کے سامنے کسی ہنر کی نمائش کرنا .

بھینس کے آگے بین (مردنگ) بجائے بھینس پڑی (کھڑی) بکھرائے (پگرائے) کہاوت. نااہل یا نادان کے سامنے ہنر دکھانا بے سود

ہے ؛ بے وقوف کے آگے ہنر دکھانے کی کچھ قدر نہیں ہوتی .

بھنسا (ی لین ، مغ) اند .
بھینس کی تذکیر . [س] .

بھنسا بھنسوں میں ملے یا قصائی کے کھونٹے کہاوت . معاملے کا یکسو ہونا ، یا مطلب حاصل کریں گے یا جان دیں گے .

بھنسے لڑے جھونڈوں کا نقصان کہاوت . جب سردار لڑتے ہیں ہیں تو رعیت اور غریب لوگ تباہ ہوتے ہیں .

بھنسیا (ی لین ، مغ ، کس س) صف .
بھینس کی طرف منسوب ، بھینس کا سا (مجازاً) موٹا ، تراکیب میں مستعمل . [س] .

بھنسیا لہسن اند . بڑا سرخ نشان جو گال یا گردن پر یا جلد میں ہو جاتا ہے .

بھینگا (ی لین ، مغ) صف ، اند .
وہ جسے ایک کے دو نظر آئیں ، احول . [س] .

بھینگا پن اند . آنکھ کے ڈھیلے کا اپنی جگہ سے دائیں یا بائیں طرف پھر جانا .

بھینگی (ی لین ، مغ) صف ، مث .
بھینگا کی تانیث . [س] .

بھینی (ی مع) صف ، مث .
ہلکی ، مدھم ، خوش گوار ، نرم . [س] .

(پ)

پ (تلفظاً : پے) حرف ؛ امث .
غیر ہائیہ صدائیہ مسدودہ مصمتہ جو بند ہونٹوں کو ذرا کھولنے سے ادا ہوتا ہے ، اردو حروف تہجی کی صحیح ترتیب میں پانچواں حرف (ا ، آ ، ب ، بھ ، پ) ، فارسی میں تیسرا ، دیوناگری رسم الخط کا اکیسواں اور اس کے دولبی حروف میں سے پہلا مصمتہ ؛ یہ اردو کا بنیادی صوتیہ ہے اور کلمے کے شروع ، وسط اور آخر میں آتا ہے ؛ جمل میں اس کے دو (۲) عدد (ب) کی طرح لیے جاتے ہیں ؛ (ہند) علم نجوم میں اسے پدماوتی کنیا راس میں شمار کرتے ہیں .

پَ (۱) (فت پ) صف .
پانچ کی تخفیف صرف چند تراکیب میں مستعمل ؛ جیسے : پسیری (= پانچ سیری) . [س + پ] .

پَ (۲) (فت پ) اند .
پا (= پاؤں) کی تخفیف جیسے : پخانہ ، پجاما .

... پَ (فت پ) لاحقہ ؛ صف ؛ اند .
پیا ، پینے والا ؛ مرکبات میں جزو ثانی کے طور پر مستعمل دوئی پ (دوئی پا = ہاتھی) یعنی دو مرتبہ پینے والا . [س] .

پا (۱) اند .
پاؤ کی تخفیف ، تراکیب میں جزو دوم کے طور پر مستعمل ؛ جیسے : آدھ پا ، ڈیڑھ پا ، سوا پا اور پون پا .

پا (۲) اند .
پانا سے تکمیل فعل کے لیے ، ترکیبات میں مستعمل .

پا جانا (الف) ف م . ۱ . قرائن سے نتیجہ نکال لینا ، اشارے کنائے سے جان لینا . ۲ . تاڑ لینا ، بھانپ لینا . ۳ . سمجھ لینا ، دریافت کر لینا . ۴ . حاصل کر لینا ، پالینا . (ب) ف ل . مل جانا (کسی چیز کا) .

پا لینا ف مر . ۱ . قرائن سے نتیجہ نکال لینا . ۲ . تاڑ لینا ، بھانپ لینا .

پا (۳) اند .
(موسیقی) ہندی موسیقی کے سات سروں میں سے پانچواں سر . [س] .

پا (۴) اند .
۱ . پاؤں ، قدم . ۲ . نیچے ، زیر ، تحت . ۳ . (مرکبات میں) استقرار ، قیام ، استقلال ؛ بیخ ، بنیاد وغیرہ کے معنی میں مستعمل .

پاافتادہ صف . جو اس طرح پڑا ہو کہ پاؤں کے نیچے آئے ؛ (مجازاً) ناچیز و بے وقعت ، رکیک ؛ بالکل سامنے کی چیز جسے تلاش نہ کرنا پڑے .

پا انداز اند . ۱ . ابرش کی وضع کا بنا ہوا گدیلا ، جو دروازے پر یا گاڑی میں بچھا دیتے ہیں تاکہ پاؤں یا جوتے کی گرد وغیرہ صاف ہو جائے . ۲ . قیمتی کپڑے کا وہ فرش جو مہمان کی تعظیم کے لیے اس کی رہ گزر میں بچھاتے ہیں .

پابجولاں صف. مقید، بیڑیاں پہنے ہوئے؛ چلنے سے معذور و مجبور.

پابرکاب/ بہ رکاب صف. ۱. سفر پر آمادہ، تیار، مستعد. ۲. (i) جو عمر کی آخری منزل میں ہو یا مرنے کے قریب ہو. (ii) جلد ختم ہونے والا، عارضی، فانی.

پابزنجیر صف. مقید، بیڑیاں پہنے ہوئے؛ چلنے سے معذور و مجبور.

پابست/ پابستہ صف. ۱. جس کے پاؤں بندھے ہوئے ہوں، مقید، قیدی؛ پابند. ۲. عمارت کو قائم و برقرار رکھنے والا (بنیاد)؛ مضبوط، مستحکم.

پابند (الف) اند. وہ رسی جس سے گھوڑے کے اگلے یا پچھلے پاؤں باندھے جاتے ہیں، گھوڑے کی پچھاڑی. (ب) است. گھوڑے کے اگلے اور پچھلے پاؤں پر پائی جانے والی بھوری. (ج) صف. ۱. پابستہ، مقید، گرفتار. ۲. (i) مطیع، فرماں بردار، ماتحت. (ii) کسی ایک کا ہو کر رہنے والا، بالعموم طوائف جو کسی ایک آشنا سے متعلق ہو جائے. ۳. (i) قانوناً یا اخلاقاً کسی بات پر قائم، کسی عمل کو مسلسل جاری رکھنے والا. (ii) معمولاً کسی بات پر قائم، عادی. ۴. کوئی خاص کام بجا لانے پر متعین، کسی کام کی بجا آوری کا ذمہ دار.

پابند پھنسے آزاد ہنسے کہاوت. ایک آدمی پر مصیبت پڑے تو دوسرا ہنستا ہے.

پابند کرنا صف. گرفتار کرنا، مقید کرنا، کسی بات سے روک دینا، شادی کر دینا.

پابند ہونا محاورہ. پاؤں میں زنجیر پڑ جانا، کسی معاملے میں الجھ جانا، کسی قانون کی زد میں آجانا، کسی کے زیر اثر آجانا کوئی روک مزاحمت یا بوجھ وغیرہ کے سبب اٹک جانا؛ کسی کام میں اڑنگا پیدا ہوجانا؛ (مجازاً) شادی ہوجانا، کسی کے نکاح میں آجانا، کسی سے نکاح کرلینا.

پابندی است. روک، اطاعت، فرماں برداری، نوکری، ملازمت؛ استقلال، قیام؛ عادت، لحاظ؛ خیال؛ قید و بندش.

پابوس اند. پاؤں چومنا، تعظیم و تواضع کرنے والا.

پابوسی است. پاؤں چومنے کا عمل، قدم بوسی؛ (مجازاً) زیارت، بزرگوں سے ملاقات کے وقت جھک جانے اور ان کی عزت کرنے کا عمل، احترام، تعظیم.

پاپوش است. ۱. کفش، جوتی، جوتا. ۲. (i) اظہار حقارت و استخفاف کے لئے. (ii) استغنا اور بے نیازی کے اظہار کے موقع پر.

پاپوش بھی نہ مارنا محاورہ. (کسی چیز کو) حد درجہ حقیر اور بے وقعت سمجھنا، ذرا بھی لحاظ نہ کرنا، ٹھکرانا.

پاپوش پہ ہونا محاورہ. (کسی شے کا کسی کی نظر میں) نہایت حقیر اور کم حیثیت ہونا.

پاپوش سے م ف. جوتی سے، بلا سے، کچھ پروا نہیں.

پاپیادہ صف. پیدل، سواری کے بغیر.

پاتابہ اند. ۱. موزہ، جراب. ۲. وہ کپڑے یا پتلے چمڑے کا تلا جو جوتے کے اندر پیروں کی حفاظت کے لیے رکھ دیا جاتا ہے؛ وہ باریک چمڑہ جسے جوتے کے تلے کے اندرونی حصے پر چپکا دیتے ہیں.

پاجامہ اند. ۱. سیدھی کاٹ کا پتلون سے ملتا جلتا ٹانگوں میں پہننے کا ایک لباس جس سے ٹخنے سے کمر تک کا حصہ ڈھکا رہتا ہے، ازار. ۲. تہ پوشی، شرعی زیر جامہ.

پاجامے اند. پاجامہ کی جمع یا محرفہ شکل، تراکیب میں مستعمل.

پاجامے سے باہر ہو جانا / نکلا پڑنا محاورہ. نہایت برافروختہ ہونا، مارے غصے کے آپے میں نہ رہنا، نہایت خفا ہونا.

پاخانہ اند. ۱. چھوٹا کمرہ یا کوئی پردے دار رفع حاجت کی جگہ، جائے ضرور، بیت الخلا، سنڈاس، ٹٹی. ۲. فضلہ، براز، گو.

پاخانہ پھرنا محاورہ. رفع حاجت کرنا، ہگنا.

پاخانہ خطا ہونا محاورہ. بے اختیاری میں ہگ دینا، خوف و دہشت سے گو نکل پڑنا؛ بہت زیادہ خائف ہونا پتلا حال ہو جانا.

پاخانہ نکلنا محاورہ. خوف کی شدت یا ڈر کے مارے برا حال ہونا.

پاخوردہ صف. ٹھکرایا ہوا، ٹھوکریں کھایا ہوا.

پارکاب/ بِرکاب (الف) صف؛ اند. سفر کے لیے مستعد، تیار، دیکھیے: پادر رکاب. (ب) اند. خدم و حشم، نوکر چاکر جو جلو میں ہوں.

پازیب است؛ اند. (لفظاً) پاؤں کی زینت؛ (مجازاً) پاؤں میں پہننے کا ایک خاص وضع کا بیشتر نقرئی گھنگھرو دار زیور، خلخال.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

پاسنگ (الف) اند. ۱. وہ چھوٹا وزن جو ترازو کے پلے برابر کرنے کے لیے ڈالتے ہیں. ۲. وہ نقصان جو ترازو کے پلے ہم وزن نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے. (ب) صف. برابر، ہم سر.

پاشکستہ صف. ۱. (لفظاً) جس کا پاؤں ٹوٹ گیا ہو (مجازاً) بے بس، لاچار، مجبور، معذور. ۲. جو توکل کر کے گوشہ نشین ہو جائے، کم آمیز.

پاشویہ اند. (لفظاً) پاؤں دھونا (طب) گھٹنے کی دونوں آنکھوں پر گرم پانی یا کسی جوشاندے کی دھار گرانے کا عمل، سوتنا اور کپڑے سے کس کر باندھ دینا؛ گرم پانی یا جوشاندہ وغیرہ کسی برتن میں ڈال کر اس میں پاؤں ڈبو کر بیٹھنے کا عمل.

پامال صف. (لفظاً) پاؤں سے روندا ہوا، (مجازاً) تباہ، برباد؛ خراب، چوپٹ، ستیاناس.

پامرد صف. ۱. مددگار، شفیع، دست گیر. ۲. جس کا پاؤں کسی مشکل یا سختی میں نہ ڈگمگائے، مستقل مزاج؛ باہمت، باحوصلہ.

پامردی امث. طاقت، بہادری، استقلال، ہمت.

پایاب صف. ۱. اتھلا، چھچلا، کم گہرا، قابل عبور (بغیر کشتی وغیرہ کے) اتارو پانی، تھاہ. ۲. گھاٹ.

... پا (۱) لاحقہ.
صفت اور مصدر کے آخر میں اسم کیفیت کے معنی دیتا ہے، جیسے: مٹاپا: جلاپا وغیرہ.

... پا (۲) لاحقہ.
مرکبات میں 'باقی رہنے والا' کے معنی میں بطور جزو دوم مستعمل جیسے: دیرپا، کم پا.

پاپ (۱) اند.
۱. گناہ، اس فعل کا ارتکاب جو مذہب یا قانون میں ممنوع ہو یا اس فعل کا ترک جس کا حکم ہو. ۲. قصور، جرم. ۳. وبال، جنجال، عذاب، آفت. ۴. نقصان، برائی، خرابی. ۶. بدذاتی، شرارت؛ ظلم؛ تعدی؛ جبر. ۷. بدکاری، زنا. [س].

پاپ چھپا نہیں رہتا مقولہ. برا کام ظاہر ہو ہی جاتا ہے.

پاپ چھپائے نا چھپے جیسے لہسن کی باس کہاوت. برا کام کبھی چھپا نہیں رہتا.

پاپ کوٹنا محاورہ. حرکت بے جا کرنا؛ زنا کرنا.

پاپ کمانا محاورہ. لگاتار یا بہت سے گناہ کرنا، ایسے برے کام کرتے جانا جن کا انجام برا ہو.

پاپ کی پوٹ امث. (لفظاً) گناہ کی گٹھری (مجازاً) مجسم گناہ.

پاپ (۲) اند.
ایک خاص انداز کی عوامی موسیقی اور اس کا طائفہ جس میں بہت اونچے سروں میں ساز بجاتے اور گاتے ہیں، ساتھ ساتھ تھرکتے بھی جاتے ہیں. [انگ].

پاپا (۱) اند.
ابا، بابا. [انگ].

پاپا (۲) اند.
بسکٹ کی ایک قسم. [انگ].

پاپڑ (فت پ) اند.
۱. مونگ یا ارد کے آٹے کی نہایت پتلی اور مسالے دار چپاتی جو تلنے یا سینکنے کے بعد نہایت کراری ہو جاتی ہے اور ذرا سا زور پڑنے پر ٹوٹ جاتی ہے. ۲. پپڑی، باریک تہ، چھلکا. [س].

پاپڑ بیلنا ف مر؛ محاورہ. ۱. بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا. ۲. مصیبت برداشت کرنا، سختی جھیلنا، محنت و مشقت اٹھانا؛ عسرت میں زندگی بسر کرنا. ۳. چالیں چلنا، بری حرکتیں کرنا.

پاپڑی (۱) (سک پ) امث.
مدراس پنجاب اور صوبۂ متوسط میں اُگنے والا ایک درخت جس کی لکڑی سفید مائل بہ زردی ہوتی ہے اور اس سے گاڑیاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں؛ جس کے پتے چوڑے نوک دار طولانی اور اس کے تمام اجزا دافع فساد بلغم وصفرا ہوتے ہیں. [س].

پاپڑی (۲) (سک پ) صف.
پاپڑ سے منسوب، تراکیب میں مستعمل. [س].

پاپلیٹ (سک پ، ی مج) امث.
مچھلی کی ایک قسم جو بحر ہند اور بحرالکاہل میں پائی جاتی ہے، چھمنا مچھلی. [انگ].

بالبلین (سک پ، ی ج) امث.
ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو آئرستان میں بنتا ہے، ریشمی اور سوتی تانے بانے سے بنا ہوا کپڑا؛ یا اسی قسم کا مصنوعی کپڑا. [انگ].

پاپی (الف) صف.
۱. گنہ گار، مجرم، فاسق، بدکردار؛ برا، بد ۲. ظالم، بے رحم، کٹھور؛ منحوس ۳. (مجازاً) ظالم جس کے ظلم میں تکلیف کے ساتھ لذت بھی شامل ہو (عموماً پیار کے موقع پر) ۴. (مجازاً) بخیل، کنجوس، خسیس.
(ب) امذ. ۱. (کنواں، تالاب وغیرہ) جو گاہے ماہے آدمی کی بھینٹ لے، جس کا ڈوبا اچھلتا نہ ہو ۲. گنہ گار شخص، ظالم آدمی. [س].

پاپی باپ کا، بھائی نہ باپ کا کہاوت. جس کو بدکاری کی لت پڑ جاتی ہے، وہ رشتہ کا بھی لحاظ نہیں کرتا، بدذات آدمی کو شرارت سے غرض ہے باپ بھائی کوئی بھی ہو.

پاپی کا مال اکارتھ (اکارت) جاتا ہے کہاوت. حرام کا مال جلد ضائع ہو جاتا ہے.

پات امذ.
۱. پتا، برگ، درخت، ورق کتاب ۲. کانوں میں پہننے کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے ۳. (نجوم) کرۂ فلک کا وہ مقام جہاں پچھتروں کے حلقے خط جدی کو کاٹ کر اوپر چڑھتے یا نیچے آتے ہیں ۴. چٹھی، خط ۵. ہنڈی یا چک ۶. دھات کا پتلا پرت یا ورق. [س].

پات پات ڈال ڈال کہاوت. کسی کے تعاقب، مقابلے یا چالاکی کے دعویٰ کرنے کے جواب میں (مختلف ضمائر کے ساتھ) مستعمل یعنی تم ہم سے سبقت نہیں لے جا سکتے، ہم تم سے کم نہیں.

پات کھڑکنا محاورہ. (لفظاً) سوکھے پتوں کا آواز پیدا کرنا، (مجازاً) خفیف سی آواز سنائی دینا، آہٹ ہونا؛ (مجازاً) گھبرا دینے والی آواز پیدا ہونا، کسی خطرے یا خوف کی آہٹ ہونا.

پاتال امذ؛ امث.
۱. زمین کا سب سے نچلا طبقہ، تحت الثریٰ، سات طبقات میں سے آخری، ساتواں؛ ناگوں، اژدہوں اور شیطانوں کا مسکن ۲. ایک برتن جس میں دھاتوں کو کشتہ کرتے ہیں ۳. سمندری آگ ۴. غار، گڑھا، گپھا، بل. [س].

پاتال لوک امذ. نرک کا سب سے زیادہ تکلیف دہ طبقہ، اسفل السافلین.

پاتک (فت ت) (الف) امذ.
۱. گناہ، جرم، قصور ۲. آلودگی، ناپاکی، نجاست جو کسی کے مر جانے سے کنبے والوں کو لگ جاتی ہے. (ب) امث. گناہ گار، پاپی. [س].

پاتک لگنا محاورہ. ۱. ناپاک چیز سے آلودہ ہو جانا، ناپاک یا گندہ ہو جانا؛ بدنام ہونا، داغ لگنا.

پاتل (فت ت) امذ.

پاتھ امذ.
راستہ، راہ. [س].

پاتھر (فت تھ) امذ.
دیکھیے: پتھر.

پاتھنا (سک تھ) ف م.
۱. ٹھونک پیٹ کر سڈول کرنا، گھڑنا، بنانا ۲. تھاپنا، کسی نم چیز کو (سانچے سے یا بغیر سانچے کے) ہاتھوں سے پیٹ کر یا دبا کر بڑی بڑی ٹکیاں یا پٹریاں بنانا ۳. (مجازاً) کسی کو پیٹنا، ٹھونکنا یا مارنا. [س].

پاٹ (۱) امذ.
۱. چوڑائی، عرض (کپڑے یا دریا وغیرہ کا) ۲. گوّیے کی آواز کی بلندی، الاپ، اونچا سر، بلند آواز ۳. مردنگ کے چار بولوں میں سے ایک. [س].

پاٹ دار صف. (عموماً) گوّیے کی آواز جو بلند اور بھلی معلوم ہو.

پاٹ (۲) امذ.
دروازے وغیرہ کے دو حصوں میں سے ہر ایک، پٹ. [س].

پاٹ (۳) امذ.
۱. پٹڑا، چوکی، تختہ، پلا، پیڑھا ۲. چونا چکی کے گرنڈ (چونا پیسنے کی نالی) کے اندر کی مدور و مسطح جگہ جس کے مرکز پر چکی کی لاٹ کی میخ ہوتی ہے ۳. چکی کے دونوں پتھروں میں سے ہر ایک ۴. وہ پتھر یا پٹڑا جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں، پاٹا ۵. کولھو کی وہ لکڑی جہاں بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے ۶. کولھو یا بیلن کا وہ حصہ جس سے بیل باندھے

جاتے ہیں ۔ ۷. وہ لکڑی کا لٹھا جو کنویں کے منھ پر رکھتے ہیں اور اکثر پانی کھینچنے والا اس پر پاؤں رکھتا ہے ۔ ۸. (زراعت) لکڑی کے وہ ٹکڑے جو کڑھے کے چھید میں ہریس (ہل کی لمبی لکڑی) کے نیچے اور اوپر لگے ہوتے ہیں ، پاٹی ۔ [س] .

پاٹ (۴) اند.
۱. ریشم ، بٹا ہوا ریشم ، نکھ . ۲. ریشم کے کیڑے کی ایک شکل . ۳. ریشمی کپڑا ؛ ریشمی کیڑے کا کویا ، ابریشم کا کویا . [س] .

پاٹ (۵) اند.
۱. (کشتی رانی) کشتی کے دو منزلہ چھت یا تختوں کا فرش جو مسافروں کے چلنے پھرنے اور ہوا خوری کے کام آتا ہے . ۲. کھوّیے (کشتی راں) کے بیٹھنے کی جگہ جہاں سے وہ چپو چلاتا ہے . [مقامی] .

پاٹ/ پاٹھ (۶) اند.
سبق ، قرات ، تلاوت ، جاپ ، ورد ، وظیفہ (ہندوؤں کی مقدس کتابوں یا تعلیم کے لیے مستعمل) . [س] .
پاٹ/پاٹھ شالا/ شالہ اند. ابتدائی درس گاہ ، مکتب ، مدرسہ ، اسکول .

پاٹ (۷) اند.
۱. سوانگ ناٹک ڈرامے یا تماشے وغیرہ کا کردار ، ایکٹنگ ، نقل ، سوانگ ، روپ ، وہ عبارت یا جسمانی عمل و حرکت جو کردار بولتا یا ادا کرتا ہے . ۲. حصہ ، فصل ، باب ، مقالہ . ۳. (نجاری) انچ کا بارھواں حصہ . [انگ] .

پاٹ (۸) اند.
(مغربی وضع کا) ظرف جو پیشاب ، پاخانہ پھرنے کے لیے رکھا جاتا ہے ، پیشاب ، پاخانہ پھرنے کا برتن یا طشت ؛ کموڈ کا پاٹ ، کھڈی کا پاٹ . [انگ] .

پاٹ (۹) اند.
(اقلیدس) وہ نقطہ جہاں عمود یا کسی اور شکل کے پہلو بڑھا کر ملائے جائیں یا اس ملاپ سے بننے والی شکل . [س] .

پاٹا اند.
۱. دھوبی کا کپڑے دھونے کا تختہ . ۲. پٹا . ۳. پٹرا ، پیڑھا ، بیٹھنے کا تختہ جس کے پائے بہت نیچے ہوتے ہیں . ۴. دو دیواروں کے درمیان بانس ، چٹائی یا سیمنٹ وغیرہ سے بنایا ہوا پاٹن جس پر سامان رکھا جاتا ہے ، داسا . ۵. ہاتھ ڈیڑھ ہاتھ اونچی دیوار جو رسوئی گھر میں چوکے کے سامنے اور بغل میں اس لیے بنائی جاتی ہے کہ باہر بیٹھ کر کھانے والوں کا پکانے والی عورت سے سامنا نہ ہو . [س] .
پاٹا پھیرنا محاورہ. شادی میں دولھا کے پیڑھے پر دلھن کو اور دلھن کے پیڑھے پر دولھا کو بٹھانا .

پاٹنا (سک ٹ) ف م.
۱. (گڑھے یا نشیب وغیرہ کو) مٹی یا کوئی چیز ڈال کر بھرنا یا ہموار کرنا ۲. (چھت) چھانا ، ڈالنا . ۳. (کسی چیز کی) ریل پیل کر دینا ، ڈھیر لگا دینا . ۴. ڈھانکنا ، افراط سے کوئی چیز ڈال دینا . ۵. (i) پانی دینا ؛ سینچنا پٹانا . (ii) ادا کرنا . ۶. نہال کرنا ، مالا مال کرنا . [س] .

پاٹے خان (ی مج) اند.
آن بان اور اکڑفوں دکھانے والا ، اکڑباز خاں ، دم خم رکھنے والا کٹھ پتلیوں کے تماشے میں ایک کردار جو بہت شان دکھاتا ہے . [علم]

پاٹھا اند.
۱. پٹھا ، پوری طرح جوان نر جانور (عموماً بیل ، بکرا ، ہرن وغیرہ خصوصاً ہاتھی) ؛ ہاتھی کا نر بچہ . ۲. تگڑا جوان آدمی . ۳. موٹا تازہ یا فربہ آدمی . ۴. کشتی گیر ، پل ، پہلوان [س] .

پاٹھی صف؛ اند.
۱. جاننے والا ، گیانی ، پڑھنے والا ، پاٹھ کرنے والا ، وہ برہمن جس نے تعلیم پوری کر لی ہو . ۲. چیتا . [س] .

پاجی صف.
۱. ذلیل ، کمینہ ، فرومایہ ، رذیل . ۲. شریر ، بدذات . ۳. کم درجے کا پیش خدمت ، ادنیٰ ملازم . [س ؛ ف] .
پاجی پن / پنا اند. کمینگی ، بدذاتی ، شرارت ، لچاپن .

پاد اند.
گوز ، ریح ، وہ بو دار ہوا جو آہستہ یا بلند آواز کے ساتھ پیٹ سے مقعد کی راہ خارج ہوتی ہے . [س] .

باد نکلنا محاورہ. بلا قصد ریاح خارج ہو جانا ؛ ڈر جانا ، خوف کھانا .

باداش اند : مست .

ا. صلہ ، بدلہ ، عوض ، مکافات ، جزا ۲. سزا ، تعزیر ، جرمانہ . اف : بھگتنا / پانا/لینا/ملنا . [ف] .

باذری/ باذڑی (سک د) اند .

ا. عیسوی مذہب کا عالم یا پیشوا ۲. کرچین ، عیسائی . [پر] .

باذشاہ/ باذشہ (سک د) اند .

دیکھیے : بادشاہ. تخت کا مالک ، راجا ، سلطان ، شاہ . [ف] .

باذشاہت (سک د ، فت ہ) مست .

دیکھیے : بادشاہت/ بادشاہی ، سلطنت ، حکومت ، راج . [ف] .

باذشاہوں اور دَرباؤں کا بھید کِس نے پایا کہاوت .
دونوں کا کچھ پتا نہیں ہوتا کہ کیا کریں گے .

باذشاہی/ باذشائی (سک د) مست .
دیکھیے : بادشاہی ، بادشاہت ، سلطانی ، شہنشاہی ، حکومت ، راج . [ف] .

باذنا (سک د) ف ل .

ا. گوز مارنا ، ریح خارج کرنا . ۲. (عوامی) ہمت ہارنا ، چیں بولنا ، ہار ماننا . ۳. بغل بجا کر پاد جیسی آواز پیدا کرنا . [ار] .

بار (ا) (الف) صف ، اند ؛ م ف .

ا. پرے ، اُدھر ، دوسری جانب . ۲. آرپار ، ادھر سے اُدھر ؛ طرف .
(ب) اند . ا. حد ، سرا ، چھور . ۲. وہ جگہ یا بستی جو دریا کے دوسرے کنارے پر ہو . [س] .

بار اُتارنا محاورہ . ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر لے جانا ، دریا عبور کرنا ؛ (مجازاً) کسی سے مراد حاصل کروانا .

بار اُترنا محاورہ . ا. دریا عبور کرنا ، ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر جانا . ۲. (مجازاً) (کسی مخمصے یا مشکل سے) نجات پانا ؛ کامیاب یا سرخ رو ہونا ، مراد حاصل ہونا . ۳. مر کر کام تمام ہونا ، مرنا . ۴. ٹھکانے لگنا ؛ کسی شخص یا چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا ، مطلب نکال کر الگ ہو جانا ؛ کسی دکھ یا تکلیف سے نکلنا ، تباہ ہو جانا ، بیت جانا ، مشکل راستے سے باہر نکلنا ؛ فراغت پا جانا ، چھٹی ہو جانا ، رہائی پا جانا ، (مقدمہ ، جھنجھٹ ، جواب دہی وغیرہ سے) آزاد ہو جانا ، گیند کا دیوار پار کر جانا .

بار اُتروں تو بَکری دوں محاورہ . جھوٹے وعدے کے موقع پر بولتے ہیں .

بار جانا محاورہ . ا. ایک طرف جسم میں داخل ہو کر دوسری طرف سے نکل جانا ، جسم کو چیرتے ہوئے گزر جانا ، دوسری طرف پہنچنا . ۲. دریا کو پار کرنا ، دریا وغیرہ پر سے گزرنا .

بار کر دینا/ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا. کسی دشوار گزار یا وسیع جگہ کی ایک جانب سے دوسری طرف پہنچنا یا پہنچانا . ۲. کسی چیز کو چھید کر یا پھاڑ کر دوسری طرف نکل جانا . ۳. گزار دینا ، بسر کرنا . ۴. انجام بخیر کرنا ، کامیاب کرنا ، کام پورا کرنا ، مقصد حاصل کرنا . ۵. چرا لینا ، اڑا لینا ، اڑا دینا ؛ باقی نہ چھوڑنا . ۶. (قمار بازی) بازی جیتنا .

بار لگانا محاورہ . دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچانا ، عبور کرانا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ مراد کو پہنچانا ، کامیاب کرانا .

بار لگنا محاورہ . دریا کے دوسرے کنارے پر پہنچنا ، عبور کرنا ؛ انجام کو پہنچنا ، مراد کو پہنچنا ، کامیاب ہونا .

بار ہونا محاورہ . دریا کا دوسرا کنارہ عبور ہونا ؛ انجام کو پہنچنا ؛ گزرنا . ۲. (لڑکی کا) بیاہ ہو جانا .

بار (۲) صف .
گزشتہ یا آئندہ (سال) ، تراکیب میں مستعمل . [ف] .

بار سال م ف ؛ اند . گزشتہ سال ، پچھلا برس ، آئندہ سال ، اگلے برس .

بارا (ا) (الف) اند .

ا. ایک سیّال دھات کا نام جو سفید وزنی اور بے قرار یا متحرک ہوتی ہے تنہا آنچ پر نہیں ٹھہرتی ، سیماب . ۲. (مجازاً) پارے کے ذریعے گرمی کا آلہ ، تھرما میٹر ، حرارت پیما ، تپش پیما . (ب) صف . ا. بھاری ، وزنی . ۲. بے قرار ، مضطرب ، ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا . [س] .

پارا چڑھنا محاورہ. ۱. کسی احساس یا کیفیت کا شدید یا تیز تر ہو جانا. ۲. غصہ تیز ہو جانا. ۳. مقیاس الحرارت (تھرما میٹر) یا کسی آلے میں پارے کا گرمی کے باعث اوپر چلا جانا.

پارا (۲) اند: ~ پارہ.
ٹکڑا.

پارا پارا اند. ٹکڑے ٹکڑے، شکستہ.

پارا پارا کرنا محاورہ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا.

پاربتی / پاروتی (سک ر، فت ب/ سک ر، فت و) است.
۱. شو کی بیوی، درگا کا ایک نام. ۲. حضرت آدم کی بیوی، حضرت حوا.

پارٹ (سک ر) اند.
۱. ڈرامے یا ناٹک میں کسی فرد کا کردار یا حصہ. ۲. جزو، حصہ. ۳. باب فصل. ۴. حصہ کا کام، مقررہ خدمت. [انگ].

پارٹ لینا محاورہ. ۱. (کسی کام وغیرہ میں) حصہ لینا، دخل دینا، شرکت کرنا. ۲. طرف داری کرنا.

پارٹنر (سک ر، ٹ، فت ن) صف.
کھیل، رقص میں شریک، حصہ دار، ساجھی؛ ساتھی، رفیق. [انگ].

پارٹی (سک ر) است.
۱. وہ جماعت جس کے افراد میں کسی خاص خیال عقیدے یا مقصد کی ہم آہنگی پائی جائے، حزب، گروہ. ۲. کسی تقریب یا ضیافت کا اجتماع. اف: دینا / کرنا / ہونا. ۳. کھیل تفریح وغیرہ کے لیے ہم مذاق لوگوں کا جتھا. ۴. کسی تحریک وغیرہ میں شریک آدمیوں کا گروہ یا جتھا. ۵. (مجازاً) بھیڑ، ریوڑ، ٹکڑی. [انگ].

پارچا (سک ر) اند.
کپڑا، ایک قسم کا ریشمی کپڑا؛ پہناوا، پوشاک. [س].

پارچہ (سک ر، فت چ) اند.
۱. ٹکڑا، حصہ، جزو، قاش، پارہ، قطعہ. ۲. کپڑا. ۳. (گوشت، مچھلی وغیرہ کا) ٹکڑا، کباب کے لیے مخصوص طریقے سے تراشا ہوا قطعہ. ۴. پوشاک؛ لباس کے وہ حصے یا جز جو خلعت میں شامل ہوتے تھے. ۵. اخبار یا رسالے کا شمارہ، پرچہ. [ف].

پارچہ باف صف: اند. کپڑا بننے والا، جولاہا.

پارچہ بافی است. کپڑا بننے کا کام یا پیشہ.

پارَس (فت ر) (الف) اند.
۱. ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے سے چھو جائے تو اسے سونا بنا دیتا ہے. ۲. ایک خاص قسم کے پتھر کا ٹکڑا، کسوٹی، جس سے جواہرات پرکھے جاتے ہیں. ۳. (زنانوں کی اصطلاح) مرد. ۴. چاند کا حلقہ، ہالا. (ب) صف. ۱. (مجازاً) نادر، نہایت نفیس، عمدہ؛ کار آمد؛ کامل؛ نہایت بیش بہا. ۲. تن درست، چنگا، صحت مند. ۳. دوسروں کو اپنا جیسا بنانے والا (مجازاً) سخی، بخشش کرنے والا، فیض رساں. [س].

پارِس (کس ر نیز سک) اند.
ایران کا ملک، فارس. [ف].

پارسا (سک ر) صف.
پاک دامن، پرہیزگار. [ف].

پارسائی (سک ر) صف.
پاک دامنی، پرہیزگاری، پارسا کا عمل یا حالت.

پارسَل (سک ر، فت س) اند.
۱. پلندہ، گٹھا، بقچہ، بستہ. ۲. کاغذ یا کپڑے وغیرہ میں لپٹا ہوا پیکٹ، پلندہ یا بنڈل جو بہ ذریعہ ڈاک خانہ ریلوے یا ہوائی جہاز مقررہ طریقے سے کسی کے پاس بھیجا جائے. [انگ].

پارسی (سک ر) (الف) اند.
پارس سے منسوب؛ ایران کا رہنے والا. (ب) صف: اند. زردشت کا پیرو، آتش پرست. (ج) است. فارسی زبان. [ف].

پارک (سک ر) اند.
۱. آبادی کے اندر یا اس سے متصل وہ تفریح گاہ جو بیشتر سبزہ، خوش رنگ پھولوں اور خوش نما درختوں سے آراستہ ہوتی ہے، کھلا باغ، مخصوص تفریح گاہ. ۲. موٹروں کے کھڑا کرنے کا چوک یا میدان. [انگ].

پارکھ/پارکھا (فت ر، سک ر) صف.
پرکھنے والا، کھوٹے کھرے یا اچھے برے کی پہچان کرنے والا؛ (مجازاً)

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نکتہ چیں. [س].

پارلیمان (سک ر، ی مج) امث.
مجلس شوریٰ، منتخب نمائندوں کی جماعت جو قانون سازی اور حکومت کے کاموں میں مدد کرتی ہے، کسی ملک کی اعلیٰ مجلس، مقننہ. [انگ].

پارلیمنٹ (سک ر، ی مج، کس م، سک ن) امث.
برطانیہ کی اعلیٰ مجلس مقننہ. [انگ].

پارنا (سک ر) ف م.
سانچے وغیرہ میں ڈال کر یا کسی چیز پر جما کر کوئی چیز تیار کرنا، چراغ کے اوپر کوئی برتن الٹا رکھ کر سیاہی جمع کر کے کاجل بنانا. [س].

پارہ (فت ر) امذ.
۱. ٹکڑا، پارچہ، جزو، حصہ (کسی شے کا). ۲. قرآن کے تیس اجزا میں سے کوئی ایک جز. [ف].

پارہ بندی امث. بڑے اور وزنی پتھروں کی خشک یعنی بغیر چونے یا گارے کے بطور پشتہ بندش جو عموماً پانی کی مار کے موقع پر ندی نالے یا تالاب کے کناروں کے پشتے پر کی جاتی ہے، کھرنڈ.

پارہ پارہ م ف. چاک چاک، پاش پاش، پھٹنے یا کٹنے کے بعد ٹکڑوں میں الگ الگ.

پارۂ جگر امذ. (لفظاً) جگر کا ٹکڑا، (مجازاً) بہت عزیز.

پارۂ دل امذ. (لفظاً) دل کا ٹکڑا، لخت دل، (مجازاً) وہ اولاد جو بہت عزیز ہو.

پارینہ (ی مج، فت ن) صف.
گزرا ہوا، کہنہ، قدیم، پرانا، فرسودہ، بوسیدہ. [ف].

پاڑ امث.
۱. (تعمیرات) قد سے اونچی دیوار کے لیے معمار کے بیٹھنے اور تعمیری مسالا رکھنے کا اڈا جو چنائی کے قریب کھڑی بلیاں گاڑ کر بنایا جاتا ہے [س].

پاڑا/ پاڑھا (۱) امذ.
۱. چیتل، ہرن سے مشابہ ایک صحرائی جانور جو قد میں چھوٹا ہوتا ہے اور جس کے جسم پر سفید چتیاں ہوتی ہیں. ۲. بھینس کا بچہ، کٹڑا. [س].

پاڑا (۲) امذ.
۱. (i) بستی یا آبادی. (ii) کسی شہر یا قصبے کا محلہ. (iii) جزو ثانی کے طور پر جزو اول کے ساتھ مل کر مقام، علاقہ، محل، محلے وغیرہ کے لیے مستعمل. ۲. کھیت کی حد، مینڈھ. [س].

پاڑی امث.
۱. پاڑا کی تانیث. ۲. گائے یا بھینس کا بچہ جو مادہ ہو، کٹیا بچھیا.

پاس (۱) ظرف؛ م ف.
۱. (i) قریب، نزدیک. (ii) سامنے، رو بہ رو، بارگاہ میں. (iii) نظر میں، نگاہ میں. ۲. تصرف یا اختیار میں، قبضے میں. [س].

پاس آکر (آن کر) نہ پھٹکنا محاورہ. (کسی کا) کبھی نہ آنا، کبھی قریب نہ آنا؛ کوئی فکر لاحق نہ ہونا.

پاس آنا محاورہ. قریب آنا، قربت حاصل کرنا، نزدیک آنا؛ (عورت سے) ہم بستر ہونا.

پاس بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. پہلو میں بیٹھنا، قریب بیٹھنا، ہم نشست ہونا، صحبت میں رہنا، صحبت اٹھانا، اُستاد کے پاس تعلیم پانا؛ سزا پانا، کیفر کردار کو پہنچنا.

پاس رکھنا ف مر؛ محاورہ. قریب رکھنا، ساتھ رکھنا.

پاس رہنا ف مر؛ محاورہ. قریب رہنا، نزدیک رہنا، متصل رہنا، حاضر رہنا، موجود رہنا، پڑوس میں رہنا، (بازاری) ہم خواب ہونا، ہم بستر ہونا.

پاس کا کتا نہ دُور کا بھائی کہاوت. جو چیز پاس ہو وہ بہتر ہے، موجود کتا دور کے بھائی سے بہتر ہے.

پاس نہ پھٹکنا محاورہ. نزدیک نہ آنا، قریب آنے سے احتراز کرنا، دور رہنا.

پاس (۲) امذ.
۱. لحاظ، خیال، مروت. ۲. طرف داری، جانب داری. ۳. پہرہ، چوکی. ۴. پہر، تین گھنٹے کا وقفہ (اسم عدد کے ساتھ مستعمل). [ف].

پاس ادب امذ. ادب کا لحاظ پاس، دوسرے کی عزت کا خیال.

پاس خاطر امذ؛ امث. دوسرے کی خواہش کا لحاظ.

پاس رکھنا ف مر. ۱. لحاظ رکھنا، خیال رکھنا. ۲. قبضہ میں رکھنا. ۳. ساتھ رکھنا.

پاس کرنا محاورہ. خیال کرنا، لحاظ کرنا.

پاس (۳) اند.
۱. (امتحان میں) کامیابی، بہرہ مندی. ۲. ریل پر سفر کرنے یا تھیٹر میں جانے کا وہ ٹکٹ جو مفت ملے؛ پروانۂ راہ داری، اجازتی سرٹیفکٹ؛ سند، سارٹیفکٹ. ۳. سند وثیقہ. [انگ].

پاس بک است. وہ کتاب جو ڈاک خانے یا بنک والے کھاتا کھولنے پر دیتے ہیں اور اس میں روپے کی درآمد و برآمد کے حسابات درج کیے جاتے ہیں.

پاس پورٹ اند. کسی ملک کی جانب سے اپنے باشندے کو بیرون ملک جانے کا اجازت نامہ، پروانۂ راہ داری. [انگ].

پاس کرانا محاورہ. خیال کرنا (امتحان میں) کامیابی پانا، فارغ التحصیل ہونے کی سند پانا.

پاس کرنا محاورہ. ۱. کسی تجویز قرارداد یا بل وغیرہ کو منظور کرنا. ۲. (امتحان وغیرہ میں) کامیابی پانا، فارغ التحصیل ہونے کی سند پانا.

پاس ہونا محاورہ. ۱. تجویز قرارداد کا منظور ہونا. ۲. امتحان میں کامیاب ہونا.

پاس (۴) اند.
۱. گزارنے یا گزرنے کا عمل، امتحان کی غرض سے کوئی دوا بہ ذریعہ سوئی یا نلکی وغیرہ جسم کے کسی حصے سے گزارنے کا عمل یا کام. ۲. (کسی جگہ سے) گزرنے، پار کرنے یا آگے بڑھنے کا عمل. ۳. جھالے یا جھکولے دینے کا عمل، حرکات دستی. ۴. اپنی پسند کے فقروں پر نشانات لگانے کا کام. [انگ].

پاس ہونا محاورہ. کسی جگہ سے گزر یا اُسے پار کیا جانا، کسی مقام سے آگے بڑھ جانا.

پاسا (۱) اند.
رخ، پہلو، طرف. [ف].

پاسا بدلنا محاورہ. رخ بدلنا، پہلوتہی کرنا، قبضے سے چھڑانا.

پاسا (۲) اند: ~ پاسہ.
۱. موٹی بتی کی شکل میں بنائی ہوئی کوئی دھات، گلی، ڈلا. ۲. (i) تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا قرعہ جس کو پھینک کر رمال غیب کی بات بتاتے ہیں. (ii) شش پہل ہڈی یا ہاتھی دانت یا کسی شے کا انگلی کے برابر ٹکڑا جس پر عدد کی جگہ نقطے بنے ہوتے ہیں اور جسے چوسر کے کھلاڑی باری باری پھینکتے ہیں۔ جس بل یہ پڑتے ہیں اس کے مطابق بساط پر گوٹیاں چلی جاتی ہیں اور آخر میں ہار جیت ہوتی ہے. (iii) چاندی کا ڈلا جس سے تار کھینچتے ہیں. (iv) صاف شدہ سونے کی تقریباً تیں تولے وزنی مستطیل بٹیا جس پر تصدیقی مہر لگی ہوتی ہے (نیز اس کو سونے کی اینٹ بھی کہتے ہیں جو مختلف وزن کی ہوتی ہے. ۳. پیتل یا کانسی کا چوکور ٹھپا جس میں چھوٹے چھوٹے گول گڑھے بنے ہوتے ہیں جن سے گھنگرو گھنڈی وغیرہ بنانے میں سنار سونے کے پتر کو اسی پر رکھ کر ٹھوکتے ہیں جس سے وہ کٹوری کی شکل کا گہرا ہو جاتا ہے. ۴. وہ کھیل جو پانسے سے کھیلا جاتا ہے، چوسر کا کھیل. ۵. (تیر، روپیہ، پیسا یا کوڑی غیرہ) جس سے فال نکالی جائے یا غیب کا حال معلوم کیا جائے. [س].

پاسا / اُلٹا پڑنا پلٹنا محاورہ. ۱. ایسا پاسا پڑنا جس سے کھیلنے والا ہار جائے (مجازاً) کسی بات کا خواہش یا تدبیر کے خلاف ہونا. ۲. حالات بدلنا ۳. صورت حال کا برعکس ہو جانا، ہار کا جیت میں یا جیت کا ہار میں بدل جانا.

پاسا پھینکنا محاورہ. ۱. چوسر میں ہڈی کے ٹکڑے پھینکنا، قرعہ ڈالنا قسمت آزمائی کرنا. ۲. ایسے کام میں ہاتھ ڈالنا جس کا نتیجہ کچھ بھی معلوم نہ ہو.

پاسا (۳) اند.
۱. لوہے کا وہ حلقہ جس میں ہل کا لوہا ٹھونکا جاتا ہے. ۲. لوہے سے بنے ہوئے کسی اوزار کا سرا مثلاً کلہاڑی یا پھاوڑے کا. [س].

پاسْبان (سک س) اند.
۱. دربان، چوکی دار، نگہبان، حفاظت کرنے والا. ۲. پہروا، گھڑیال بجا کر وقت کا اعلان کرنے والا، گھڑیالی. [ف].

پاسْبانی (سک س) است.
چوکی داری، نگہ بانی، دربانی. [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پاسدار (سک س) اند.
پاسبان، دربان، چوکی دار، حفاظت کرنے والا. [ف].

پاسداری (سک س) است.
۱. طرف داری، حمایت، لحاظ، پاس. ۲. دیکھ بھال، نگرانی، حفاظت. [ف].

پاسَنگ (فت س، غنہ) صف؛ اند.
۱. وہ پتھر یا کوئی اور چیز جو ترازو کے پلڑوں کو برابر کرنے کو رکھتے ہیں یا اس کی ڈس جوتی یا ڈنڈی کے سرے پر باندھ دیتے ہیں. ۲. کم قیمت، ہلکا. ۳. مقابلۃً وزن یا قیمت میں مناسبت رکھنے والا، برابر برابر رکھنے والا. [ف].

پاسہ (فت س) اند.
دیکھیے: پاسا (۲).

پاش صف.
پاشیدن (= بکھیرنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا وغیرہ) سے امر بمعنی اسم کیفیت، (عموماً) تکرار میں مستعمل.

پاش پاش م ف؛ صف. ۱. (ٹوٹ کر) ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ. ۲. (زخم سے) چور چور، بری طرح زخمی. [ف].

... پاش لاحقہ تراکیب میں جزو دوم. مرکبات میں جزو اول کے ساتھ مل کر چھڑکنے یا بکھیرنے والا؛ (مجازاً) ہر طرف پھیلانے والا عام کرنے والا کے معنی میں مستعمل، جیسے: برق پاش، آب پاش، عطر پاش وغیرہ.

پاشا اند.
۱. جنرل. ۲. عثمانی سپہ سالاروں، وزیراعظموں کا خطاب. ۳. سردار، حاکم. [ت].

... پاشی لاحقہ تراکیب میں جزو دوم.
دیکھیے: پاش (سے اسم کیفیت). جیسے: مغز پاشی، دماغ. [ف].

پاشیدگی (ی مع، سک د) است.
بکھیرنے، پھاڑنے، شق کرنے یا بھرنے کا عمل (عموماً تراکیب میں مستعمل). [ف].

پاشِیدَہ (ی مع، فت د) صف.
۱. چھڑکا ہوا، ریزہ ریزہ، پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے. ۲. گھبرایا ہوا، پریشان، تتر بتر. ۳. بکھرا ہوا، پھیلا ہوا. ۴. تراکیب میں بطور جزو دوم، اپنے ماقبل الفاظ سے مل کر بکھرا ہوا، چھڑکا ہوا، بھرا ہوا کے معنی میں مستعمل جیسے: آب پاشیدہ، برق پاشیدہ وغیرہ. [ف].

پاک (۱) صف.
۱. صاف (آلودگی وغیرہ سے)، خالی، ستھرا. ۲. بری، الگ، محفوظ، دور، بچا ہوا (کسی بری بات سے). ۳. بے لوث، بے غرض، خالص. ۴. (طنزاً) ڈھیٹ، بے باک، آزاد. ۵. (طنزاً) رند، شرابی. ۶. (مجازاً) معصوم، بے گناہ. ۷. اچھوتی، جس کو کسی مرد نے نہ چھوا ہو. ۸. ختم، بے باق، کالعدم. اف: ہونا. ۹. (i) (مذہبیات) جو نجاستِ ظاہری (بول و براز وغیرہ) سے آلودہ نہ ہو، طاہر. (ii) نجاستِ باطنی (کفر یا گناہ یا موجبات حدث وغیرہ) سے مبرا، طاہر. (iii) نیک، متقی، پرہیزگار. (iv) (احتراماً) نام وغیرہ کے ساتھ. [ف].

پاک باز (الف) صف. ۱. زاہد، پارسا؛ (مجازاً) بھولا بھالا. ۲. بے لوث (سچی محبت وغیرہ کے ساتھ). ۳. وہ جو کھیل میں بے ایمانی نہ کرے، ایمان دار کھلاڑی. ۴. بے گناہ. ۵. نیک نظر، نیک نیت. ۶. (تصوف) پاک بازی یعنی توجہ خاص جس میں خطرہ ماسوا کا دخل نہ ہو اور سالک ثواب یا علو مرتبہ کی امید نہ رکھتا ہو کا مستحق یا متصف. (ب) است. بھنگ کی صافی، ریش قاضی، شیر کے کان.

پاک بازی است. پاک باز سے اسم کیفیت؛ پارسا، نیک نظر، نیک نیت.

پاک پروردگار صف؛ اند. خدائے پاک، باری تعالیٰ.

پاک داماں صف. پاک دامن، پارسا، باعصمت، عفیف.

پاک دامن صف. پارسا، گناہ سے مبرا.

پاک صاف صف. ۱. صاف ستھرا، اجلا. ۲. نیک نیت، نیک خیال. ۳. کھرا، بے لوث.

پاک کرنا محاورہ. ۱. دھونا، صاف کرنا، مذہبی شرائط کے مطابق کسی چیز کو دھو کر صاف کرنا. ۲. پونچھنا، صاف کرنا. ۳. موئے زیرِ ناف کو

موڑنا. ۴. ہٹانا، دور کرنا، خارج کرنا، نکال دینا. ۵. نیک، متقی یا پرہیزگار بنانا.

پاک ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. صاف ہونا. ۲. نہایت بدوضع ہونا، اچھی باتوں سے مبرا ہونا. ۳. حیض یا نفاس سے فراغت پانا.

پاک (۲) امذ.
پاکستان کا مخفف.

پاکی امث.
پاک سے اسم کیفیت، صاف ستھرا، خالص، بے لوث.

پاکیزگی (ی مع، سک ز) امث.
صفائی، ستھرائی، پاک ہونے کی حالت، طہارت. [ف].

پاکیزہ (ی مع، فت ز) صف.
۱. صاف ستھرا، شرعی اعتبار سے پاک، عیب سے مبرا. ۲. حسین، اچھا، خوش نما، نفیس، لطیف. ۳. بے نقص، بے عیب، خوش اسلوب. ۴. بے جرم، بے داغ. [ف].

پاکھنڈ (فت کھ، سک ن، ڈ) امذ.
۱. دھوکا، فریب، ریاکاری. ۲. شرارت، حرامزدگی، بدذاتی، جھگڑا. [س].

پاگل (فت گ) صف.
۱. دیوانہ، مجنوں، سڑی، خبطی جو اپنے ہوش وحواس میں نہ ہو. ۲. احمق، بے وقوف، بے عقل. [س].

پاگل پن / پنا امذ. جنون یا دیوانگی کی کیفیت.

پاگل خانہ امذ. وہ شفاخانہ جہاں دیوانوں کو علاج کی غرض سے رکھا جاتا ہے، پاگلوں کے رہنے کا مکان.

پاگل کے (پاگلوں کے) سر پہ سینگ نہیں ہوتے کہاوت. پاگل کی کوئی خاص پہچان نہیں جو بے تکی حرکتیں کرے وہی پاگل ہے، صریح حماقت سرزد ہوجانے کے موقع پر بولتے ہیں.

پال (۱) امث؛ امذ.
۱. کپڑے یا سرکیاں جن کو ملا کر خیمہ وغیرہ کی شکل کا سائبان سا بنا لیا جائے. ۲. شامیانہ، تنبو، چندوا، گاڑی یا پالکی وغیرہ ڈھانکنے کا کپڑا. ۳. وہ پردہ جو کشتی میں ہوا کے رخ پر لگاتے ہیں تاکہ وہ جلد چلے، بادبان. اف: چڑھانا/ تاننا/ تارنا. [س].

پال (۲) امث.
وہ سوکھی گھاس یا بھوسا وغیرہ جس میں آم یا دوسرے گدرے پھلوں کو رکھ کر پرورده کیا یا پکایا جاتا ہے. [س].

پال اُٹھانا محاورہ. پال اٹھنا کا تعدیہ، پھل کو پکنے کے بعد گھاس پھوس میں سے نکالنا.

پال اُٹھنا محاورہ. پال میں رکھے ہوئے پھلوں کا پختہ ہو کر تیار ہو جانا.

پال رکھنا محاورہ. ۱. کچے پھل کو پختہ کرنے کے لیے بھوسے یا پتوں میں اس طرح دبانا کہ ہوا سے محفوظ رہے. ۲. کسی چیز کو مدت تک اپنے پاس رکھ چھوڑنا، محفوظ کرلینا، سینت کر رکھنا.

پال (۳) صف.
پالنے والا، پرورش کرنے والا.

پال پوس کر / کے م ف. پرورش کر کے.

...پال لاحقہ.
مرکب کے پہلے جزو سے مل کر حفاظت کرنے والا اور نگہ بان کے معنی میں مستعمل. [س].

پالا (۱) امذ.
۱. ہوا میں ملے ہوئے پانی کے لطیف بخارات جو زمین کے بہت سرد ہو جانے کے باعث سفید بلوری شکل میں سطح پر جم جاتے ہیں، منجمد اوس. ۲. سخت سردی، ٹھٹھرا دینے والی سردی؛ ٹھر. [س].

پالا پڑنا محاورہ. ۱. کہر پڑنا، برف باری ہونا، نہایت ٹھر ہونا. ۲. پالا گرنے کی وجہ سے پودوں یا فصلوں کا جل جانا یا تباہ ہو جانا؛ (مجازاً) کسی چیز کا برباد ہو جانا، بے کار یا مفلوج ہو جانا.

پالا مار جانا / مارنا محاورہ. ۱. دیکھیے: پالا پڑنا معنی نمبر۲، پالا گرنے سے فصلوں، پودوں کا تباہ ہو جانا. ۲. (مجازاً) مفلوج کر دینا.

پالا (۲) امذ.
۱. اکھاڑا، وہ مقام جہاں کشتی لڑنے والے زور آزمائی کریں، بازی گاہ. ۲. (i) وہ نشان یا مٹی رکھ کر بنائی ہوئی کبڈی کے میدان کی درمیانی لکیر جو کبڈی اور دوسرے کھیلوں میں حد فاصل کے واسطے

لیتے ہیں . (ii) کبڈی کے مقررہ میدان کا وہ قطعۂ زمین جو درمیانی حد فاصل کے اِدھر اُدھر دو برابر حصوں میں منقسم ہوتا ہے . [س].

پالا (۳) اند.
واسطہ ؛ سروکار ، سابقہ .

پالا (۴) صف.
پروردہ ، پرورش کیا ہوا . [س].

پالا پوسا صف.
جو پالنے کے بعد سیانا ہوگیا ہو .

پالا (۵) اند : صف.
حفاظت ، خبر گیری ؛ حمایت ؛ اثر ؛ قبضہ ، قابو ؛ مبتلا ، گرفتار ، محصور ؛ سہارا .

پالا پڑنا محاورہ . محصور ہونا ، پھنسنا ، گرفتار ہونا ، شکنجے میں آنا ، پکڑا جانا .

پالتُو (سک ل ، و مع) صف.
۱. پالا ہوا ، سدھایا ہوا جانور ، گھر میں پرورش کیا ہوا . ۲. وہ جنگلی جانور جو انسان سے ہل مل کر بستی میں رہنے لگیں سدھائے سے سدھ جائیں اور ضرورت کے وقت کام آئیں ، پرورش ، دیکھ بھال .

پالتی (سک ل) است.
چار زانو بیٹھنے کا ایک طریقہ ، داہنی ران کو بائیں پر اور بائیں کو داہنی پر رکھ کر بیٹھنا . [س].

پالِش (کس ل) است.
۱. رگڑ رگڑ کے چمکانا ، صیقل ، جلا . ۲. (مجازاً) تہذیب و نفاست ، نستعلیق پن . ۳. جلا کرنے اور چمکانے کا روغن یا رنگ . [انگ].

پالک (۱) (فت ل) است.
چوڑے پتوں والا ایک مشہور ساگ جس کے پودے میں ٹہنیاں نہیں ہوتیں بلکہ پتوں کے بیچ میں سے ایک ڈنٹھل نکلتا ہے جس میں پھولوں کا گچھا لگتا ہے یہ زود ہضم ، جید الغذا ، قبض کشا اور دافع سوزش معدہ ہے . [س].

پالک (۲) (فت ل) صف : اند.
۱. پالا ہوا لڑکا ، وہ لڑکا جس کو کسی نے پرورش کیا ہو . ۲. حفاظت ، معاونت ، پرورش . ۳. محافظ ، مددگار ، پرورش کرنے والا ، نگہ بان ، آرزو مند ، سرپرست ، مربی ، پالنے پوسنے والا ؛ (مجازاً) باپ . ۴. سائیں ، گوالا ، رکھوالا . ۵. راجا ؛ گھوڑا . [س].

پالکی (سک ل) است.
لکڑی کی بنی ہوئی مستطیل شکل کی چاروں طرف سے بند دو دروازوں والی سواری جس میں آگے پیچھے موٹے ڈنڈے لگے ہوتے ہیں جسے کہار اپنے کندھوں پر رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں . [س].

پالَن (فت ل) اند.
۱. پرورش ، دیکھ بھال ، تربیت . ۲. (مجازاً) حفاظت ، بچاؤ ، حمایت ، پاسبانی . ۳. (کسی قول یا وعدے کی) پابندی ، نباہ ، (کسی حکم کی) تعمیل ، (کسی بات کا) لحاظ ، پاس . ۴. وہ دودھ جو گائے کے بچہ دینے کے فوراً بعد نکالا گیا ہو ، کھیس . ۵. لڑکوں کو بہلانے کا گیت ؛ گیت جو دیوتاؤں کی تعریف میں ہو . [س].

پالن ہار صف. ۱. پرورش کرنے والا ، مربی ، حامی ، سرپرست . ۲. قوت بخش ، نشو و نما میں مددگار ، جس میں غذائیت ہو .

پالنا (۱) (سک ل) ف م.
۱. پرورش کرنا ، تربیت دینا ، دیکھ بھال کرنا . ۲. جانوروں یا پرندوں کو اپنے گھر میں یا اپنے ساتھ رکھنا اور ان کی خبر گیری کرنا . ۳. پودوں کی نگہ داشت کرنا اور ان کی نشو و نما کے اسباب فراہم کرنا . ۴. (مجازاً) بہت عزیز سمجھ کر ناز و نعم سے رکھنا ، لپٹائے رکھنا ، لگائے رہنا (کوئی علت یا بیماری وغیرہ) . ۵. زندگی بسر کرنے کے اسباب مہیا کرنا ، خوراک یا غذا کے لیے جتن کرنا ، پیٹ پالنا . ۶. (مجازاً) امن و امان قائم کر کے رعایا کو خوش حال بنانا .

پالنا پوسنا محاورہ . ۱. پرورش کرنا ، تربیت اور خبر گیری کرنا ، خدمت اور دیکھ بھال کر کے پروان چڑھانا . ۲. (مجازاً) نگہ داشت کرنا ، نشو و نما میں مدد کرنا .

پالنا (۲) (سک ل) اند.
گہوارہ ، جھولنا ، پنگوڑا ، ہنڈولا جس میں بیٹھتے ہیں . [س].

پانسے سے پانو نکالنا محاورہ.
حد سے تجاوز کرنا ، قید و بند سے آزاد ہونے کی سعی کرنا ، نافرمانی پر آمادہ ہونا .

پالنے میں پُوت کے پانوں پہچاننا محاورہ.
بچپن ہی میں اندازہ لگا لینا کہ بچے کی اٹھان کس قسم کی ہوگی ، بچے کی حرکات و سکنات سے تاڑ لینا کہ ہونہار ہے کہ نہیں آغاز سے انجام کا اندازہ لگانا .

پالی است.
بٹیروں ، تیتروں ، مرغوں وغیرہ کی لڑائی کی جگہ . [س] .

پام (۱) است.
۱. ریشم کا کم و بیش چھتیس گز لمبا بھانجواں ، ڈورا جو زربافی کی صنعت کے لیے گوٹے کناری کی کنی کے لیے تیار کیا جاتا ہے ، چھتیس گز لمبے بھانجوے کی انٹی ، گوٹے کی کنی کا ریشمی بھانجواں ڈورا . ۲. وہ ڈوری جو گوٹے کناری وغیرہ کے کناروں پر مضبوطی کے لیے بنتے وقت ڈال دی جاتی ہے ، لڑ ، رسی ، ڈوری . [س] .

پام (۲) اند.
عمودی اور بغیر شاخ کے تنوں والے یک تخم برگی درختوں کا ایک خاندان جس کے تنوں کے بالائی سروں پر لمبے لمبے پنکھے نما پتوں کا ایک تاج سا ہوتا ہے اس خاندان کے ہر نوع (مثلاً کھجور ، تاڑ ، ناریل وغیرہ) کا پھل شکل و صورت اور لذت میں مختلف ہوتا ہے . ان میں سے بعض کا گودا ، بعض کے بیج ، بعض کی گری ، بعض کے شگوفے یا نرم جڑیں کھائی جاتی ہیں یہ درخت گرم ملکوں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں اور ان کی ایک قسم آرائش کے لیے گملوں میں بھی لگائی جاتی ہے . [انگ] .

پامَر (فت م) صف.
خارش تنخالے کے مرض میں مبتلا ؛ کمینہ ، پاجی ، بدذات ، بدمعاش ؛ بے وقوف ، احمق ؛ گناہ گار ؛ کمینہ شخص ، وہ شخص جو آوارگی بدچلنی اور برے کاموں میں مبتلا ہو ، ذلیل . [س] .

پان (۱) اند.
۱. برگِ تنبول ، ناگربیل کا پتا جو ایک مشہور بیل ہے جسے کتھا چونا لگا کر کھایا جاتا ہے ، لاط : piper betel . ۲. تاش کے پتوں کے چار رنگوں میں سے ایک رنگ جس پر پان کی شکل کی سرخ بوٹیاں بنی ہوتی ہیں . ۳. خوب صورت تراش کا چمڑے یا کیمخت کا ٹکڑا جو جوتی کی اڈی (ایڑی) کے پہلوؤں پر مضبوطی کے لیے لگایا جاتا ہے . ۴. انگیا کی کٹوریوں کا چھوٹا ٹکڑا جو پان سے مشابہ ہوتا ہے . ۵. پان کی شکل جو آرائش کے لیے شال دوشالوں پر بنی ہوتی ہے . ۶. پان کی شکل جو ہار کے تعویز میں بنی ہوتی ہے . ۷. پتا ، برگ (قدیم) . [س] .

پان اور ایمان پھیرے ہی سے اچھا رہتا ہے کہاوت . اگر خبر گیری نہ کی جائے تو پان گل جاتے ہیں ، ایمان بغیر توبہ کے سلامت نہیں رہتا .

پان پھول (الف) صف . نازک بدن ، دھان پان . (ب) اند . ۱. معمولی تحفہ جو خوشی کے موقع پر بھیجا جائے ، بھینٹ جو دیوتاؤں پر چڑھائی جائے ، خاطر تواضع ، نذرانہ ، نذر . ۲. برائی بھلائی ، سرانجام کار .

پان دان اند . پان اور اس کے لوازمات رکھنے کا ڈھکن دار فلزی ظرف ، پٹاری .

پان دان کا خَرچ اند . بیوی (یا کسی عورت) کا جیب خرچ ، بالائی خرچ ، اوپری خرچ .

پان دینا محاورہ . ۱. پان کھلانا ، پان سے تواضع کرنا . ۲. رخصت کرنا ، رخصت کا پان کھلانا .

پان کھلانا محاورہ . ۱. منگنی کی رسم ادا کرنا ، شادی کے لیے طرفین کا بات پکی کر لینا . ۲. پان پیش کرنا ، (کھانے کے لیے) پان دینا .

پان (۲) صف.
پانچ کی تخفیف (عموماً دوسرے اسم عدد کے ساتھ مستعمل) .

پان (۳) اند.
بیشتر دستہ دار چوڑا چھچھلا برتن جو کباب وغیرہ تلنے یا کوئی چیز پکانے کے لیے استعمال ہوتا ہے . [انگ] .

پانا (۱) (الف) ف م.
۱. حاصل کرنا ، لینا ، وصول کرنا ، اپنے قبضے میں کرنا . ۲. (کھوئی ہوئی یا

غائب چیز کا) دستیاب ہونا کسی کو دی ہوئی چیز کا واپس ملنا .۳. تاڑ لینا، بھید پالینا (کسی بات کو قرائن سے) بھانپ لینا، (کسی بات کی) تہ تک پہنچنا .۴. (کسی شخص یا شے تک) پہنچنا، پاس پہنچ جانا .۵. نصیب ہونا، انجام ہونا .۶. جاننا، سمجھنا، چشم بصیرت سے دیکھنا .۷. ملنا .۸. (صفات میں) ہم سری حاصل کرنا، برابر پہنچنا، برابری کرنا .۹. سراغ لگانا، کھوج لگانا، ڈھونڈ نکالنا .۱۰. (جانچنے یا امتحان لینے کے بعد) انکشاف کرنا، معلوم کرنا .۱۱. بھگتنا، سہنا .۱۲. سکنا، اجازت ہونا .(ب) بطور فعلِ امدادی. سکنا کے مفہوم میں .(ج) ف ل. موقع ملنا، میسر ہونا . [س].

پانا (۲) اند.

بیج پر ڈھبری کسنے کا آلہ . [انگ].

بانچ (مغ) اند.

۱. (i) چار سے ایک زیادہ، گنتی میں چار اور ایک .(ii) پانچ کا ہندسہ جو اردو میں اس طرح ۵ لکھا جاتا ہے .۲. نہایت چالاک، عیار، کائیاں، مکار .۳. کئی ایک آدمی، بہت لوگ .۴. ذات برادری کے مکھیا لوگ، پنچ .۵. طاق، ماہر، ہوشیار . [س].

بانچ پنچ مل کیجئے کاج ہارے جیتے (کھاگے) آوے نہ لاج کہاوت. اگر کام مشورے سے کیا جائے تو ناکامی میں ذلت نہیں ہوتی کیونکہ ذمہ داری سب پر عائد ہوتی ہے .

بانچ وقت اند. (فقہ) فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشا کی (فرض) نمازوں کے اوقات .

بانچ ہاتھ کی زبان امث. زبان درازی .

بانچواں (مغ، سک چ) صف مذ.

دیکھیے: پانچ کا عدد ترتیبی . [ار].

بانچوں (مغ، وغ) صف.

دیکھیے: پانچ جس کی یہ حصری صورت ہے، پانچ کے پانچ، پانچ میں سے ہر ایک (تراکیب میں جزو اول کے طور پر مستعمل).

بانچوں انگلیاں برابر (یکساں) نہیں ہوتیں کہاوت. آدمی مختلف طبائع کے ہوتے ہیں، سب لوگ ایک سے (اچھے یا برے) نہیں ہوتے .

بانچوں انگلیاں گھی میں اور (چھٹا) سر کڑھائی میں کہاوت. بڑے مزے میں ہے، ہر طرح چین ہی چین ہے، مقصد حسب دل خواہ حاصل ہے (بطور طنز یا تمسخر).

بانچوں وقت ف م. پنج گانہ نماز کے اوقات یعنی، فجر ظہر عصر مغرب عشا .

بانچویں (مغ، سک چ، ی مع) صف مث .

پانچواں کی تانیث .

بانڈا (سک ن) اند .

ریچھ کی قسم کا ایک چھوٹا سا گوشت خور جانور جو ہمالیہ کی چوٹیوں پر اور تبت کے میدانوں میں پایا جاتا ہے . [انگ].

بانزدہ (مغ، سک ز، فت د) صف .

۱. پندرہ، دس اور پانچ، (ہندسوں میں) ۱۵، عموماً تراکیب میں مستعمل .۲. تبریزی من کا بتیسواں حصہ، اصفہانی اسے دہ نار کہتے ہیں . [ف].

بانزدہم (مغ، سک ز، فت د، ضم ہ) صف .

پندرھواں، پانزدہ کا عدد ترتیبی، تراکیب میں مستعمل . [ف].

بانسا (مغ) اند .

۱. وہ کھیل جو پانسے سے کھیلا جاتا ہے، چوسر کا کھیل، (تیر، روپیہ، پیسا یا کوڑی وغیرہ) جس سے فال نکالی جائے یا غیب کا حال معلوم کیا جائے . اف: دینا/ ڈالنا .۲. قرعہ: ازلام، وہ تیر جسے پھینک کر عرب والے ایامِ جاہلیت میں قرعہ اندازی کرتے یا فال نکالا کرتے تھے . [س].

بانسا پلٹ جانا محاورہ. داؤں کا خواہش کے خلاف آنا، بازی ہارنا، تدبیر یا تقدیر کا موافق سے مخالف یا مخالف سے موافق ہو جانا .

بانسا پلٹ دینا/ پلٹنا محاورہ. (حالات میں) انقلاب برپا کر دینا، کامیابی کو ناکامی سے یا ناکامی کو کامیابی سے بدل دینا .

بانسا پھینکنا محاورہ. ۱. دیکھیے: پاسا پھینکنا؛ قرعہ ڈالنا، قسمت آزمائی کرنا .۲. ایسے کام میں ہاتھ ڈالنا جس کا نتیجہ معلوم نہ ہو .

پانو/پانوں/پاؤں (مغ) امذ.
۱. انسان اور دو پایہ حیوان کے جسم کے نچلے دو اعضا میں سے ہر ایک جو زمین پر چلنے کا ذریعہ ہے، پیر، چرن. ۲. پنڈلی، ران، ٹانگ.
۳. (اصطلاحاً) جوڑ، پایہ. ۴. نقش قدم. ۵. تلوا. ۶. جڑ، بنیاد. ۷. ثبات، استقلال، استحکام. ۸. چال، رفتار. ۹. ڈھنگ، آثار، علامات.
۱۰. (میز، پلنگ وغیرہ کا) پایہ. [س]

پانو اُترنا محاورہ. ۱. موچ آنا، پاؤں کا گٹے سے سرک جانا، پاؤں کا جوڑ سے ہٹ جانا. ۲. پاؤں دھنس جانا، پاؤں سما جانا.

پانو اُٹھا کر (کے) جانا / چلنا محاورہ. جلد جلد قدم اٹھانا، تیز رفتاری کے ساتھ چلنا، بڑے بڑے قدم رکھنا، گھسٹ کر نہ چلنا.

اُٹھ جانا/اُٹھنا محاورہ. ثابت قدم نہ رہنا، قدم اکھڑنا، بھاگ جانا، چلا جانا (بطور جمع مستعمل).

پانو اڑانا محاورہ. ۱. دخل در معقولات کرنا، ہوتے ہوتے کام میں رکاوٹ ڈالنا، ٹانگ اڑانا. ۲. بیچ میں بولنا.

پانو اکھڑ جانا/ اُکھڑنا محاورہ. ۱. پاؤں کا جوڑ سے جدا ہونا. ۲. ہمت پست ہونا، لغزش ہونا. ۳. ہرا دینا، پسپا ہونا.

پانو باہر نکالنا محاورہ. ۱. کسی کا گھر سے باہر جانا، بے پردہ ہونا، آوارگی اختیار کرنا. ۲. اپنی حد سے بڑھنا، بڑھ کر چلنا، اترانا، گھمنڈ کرنا. ۳. بچے کا دوڑ دوڑ کر باہر چلا جانا.

پانو بہکنا محاورہ. ۱. پاؤں ادھر اُدھر پڑنا. ۲. لغزش ہونا، راستے سے بھٹک جانا.

پانو بھاری ہونا محاورہ. ۱. چلنے کی طاقت نہ رہنا، اپنی جگہ سے حرکت نہ کر سکنا. ۲. حاملہ ہونا، امید سے ہونا.

پانو پانو م ف. ۱. پیدل، پا پیادہ. ۲. (چھوٹے بچوں کے لیے) پیروں سے، بغیر سہارے چلنا.

پانو پر کھڑا ہونا محاورہ. خود کفیل ہونا، خود اپنی ذمے داری سنبھالنے کے قابل ہونا.

پانو پڑنا محاورہ. (کسی بات پر راضی کرنے یا عفو تقصیر کے لیے) نہایت عاجزی اور فروتنی کرنا، خوشامد درآمد کرنا. ۲. قدم بوسی کرنا، قربان جانا، اظہار عجز کرنا.

پانو پسارنا محاورہ. ۱. پاؤں کو دراز کرنا، لیٹنا یا اطمینان اور بے فکری سے بسر کرنا. ۲. آرام کرنا، کاہلی اختیار کرنا. ۳. مرنا، انتقال کرنا. ۴. ضد کرنا، مچلنا، مطالبوں کا بڑھانا یا ان پر زور دینا. ۵. لالچ میں آنا.

پانو پکڑنا محاورہ. ۱. جگہ سے حرکت نہ کرنے دینا، روکنا، جانے نہ دینا. ۲. (کسی بات پر رضا مند کرنے یا عفو تقصیر کرانے کے لیے) نہایت عاجزی سے التجا کرنا، منت سماجت کرنا. ۳. حلقہ بگوش ہونا، دامن پکڑنا، سہارا لینا، آسرا لینا، پناہ لینا.

پانو پیٹ میں ہونا محاورہ. چھپا ہوا ہونا، پوشیدہ ہونا، نہایت مکار ہونا (اس جگہ بولتے ہیں جہاں ظاہر میں دوستی باطن میں منافقت ہو)، دیکھیے: پیٹ میں پاؤں ہونا.

پانو پھسلنا محاورہ. ۱. لڑکھڑانا، رپٹنا، گیلی یا چکنی زمین پر پاؤں کا بے قابو ہو جانا. ۲. ڈگمگانا، ثابت قدم نہ رہنا.

پانو پھونک (پھونک) (کر) کے دھرنا/ رکھنا محاورہ. احتیاط کرنا، احتیاط سے کام لینا، سوچ سمجھ کر کام لینا؛ بچنا، پرہیز کرنا.

پانو پھیرنا محاورہ. ۱. نئی دلھن کا رخصت کے بعد یا زچہ کا غسل کے بعد اپنے ماں باپ کے گھر جانا. ۲. آتے ہی فوراً چلے جانا.

پانو (پیر) پھیرنے آنا محاورہ. ۱. آگ لینے آنا. ۲. آ کر فوراً چلے جانا. ۳. پاؤں پھرنا کی رسم ادا کرنا.

پانو پھیلا کر (کے) بیٹھنا محاورہ. ۱. قناعت کرنا، حرص و ہوس سے روگرداں ہو جانا، سکھ کا سانس لینا، بے فکر ہونا. ۲. ایک جگہ جم کر بیٹھنا.

پانو پھیلا کر (کے) سونا محاورہ. نہایت بے فکری سے سونا؛ آرام میں گزارنا؛ غفلت میں پڑا رہنا.

پانو پھیلانا محاورہ. ۱. (لفظاً) پاؤں کو دراز کرنا، لیٹنا، آرام کرنا؛ پرورش پانا. ۲. ہٹ کرنا، مچلنا، اڑنا. ۳. طمع کرنا، لالچ کرنا، ہوس کرنا. ۴. اطمینان اور بے فکری سے بسر کرنا.

پانو تلے م ف. پاؤں کے نیچے؛ (مجازاً) دبا ہوا، زیر نگیں.

پانو تلے چوٹی دبی ہونا محاورہ. قبضے میں ہونا، بے بس ہونا، مجبور ہونا.

پانو تلے سے (کی) زمین (مٹی) سرک جانا/نکل جانا محاورہ. ۱. گھبرا جانا، حواس باختہ ہو جانا (کسی وحشت ناک بات سے) ہوش اڑ جانا، (مبالغے کے لیے) ایسی مصیبت (جس سے زمین بھی کانپ اٹھے) پڑنا. ۲. (کسی شرم کی بات پر نفرت اور بیزاری ظاہر کرنے کے لیے) بے حد شرمندہ ہونا.

پانو تھک جانا/ تھکنا محاورہ. ہمت ٹوٹ جانا، ہار جانا.

پانو ٹکانا محاورہ. ۱. قدم جمانا یا دھرنا، (استقلال کے ساتھ) کسی جگہ ٹھہرنا، دم لینا، قیام کرنا. ۲. ٹھکانا بنانا، مکان تعمیر کرنا.

پانو ٹکنا محاورہ. ۱. دم لینا، قرار لینا، ٹھہرنا، قیام کرنا؛ تھوڑا سا موقع پانا. ۲. قدم جمنا یا قدرے استحکام کا موقع ملنا، مضبوطی سے قائم رہنا.

پانو جمانا محاورہ. ۱. ثبات و استقلال کے ساتھ ڈٹا رہنا، مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا یا قیام کرنا، نہ چھوڑنا. ۲. (کسی امر کا) استقلال یا استحکام پکڑنا، محکم و مستحکم ہو جانا. ۳. سہارا دیکھنا، سہارا لینا.

پانو جمنا محاورہ. پاؤں جمانا کا لازم، ثبات و استقلال کے ساتھ ڈٹا رہنا.

پانو چلانا محاورہ. ۱. لاتیں مارنا. ۲. تیز چلنا، کسی کام میں پیروں کو تیز حرکت دینا.

پانو چلنا محاورہ. ۱. بچے کا اپنے قدموں سے چلنا، بچے کا پیروں چلنا. ۲. پاؤں کا حرکت کرنا. ۳. پا پیادہ چلنا، پیروں چلنا. ۴. ڈگمگانا، لغزش ہونا، موقف سے ہٹنا. ۵. لاتیں پڑنا.

پانو چومنا محاورہ. پاؤں کو بوسہ دینا؛ (مجازاً) بے حد تعظیم کرنا.

پانو چھونا محاورہ. ۱. تعظیم کرنا، تعظیماً پاؤں کو ہاتھ لگانا. ۲. پاؤں کی دھائی (بچوں کے کھیل میں وہ متعین جگہ جس کو چھونا پڑتا ہے) لگانا. ۳. (اجازت وغیرہ حاصل کرنے کے لیے) احتراماً استاد کے پاؤں کو مس کرنا.

پانو دھرنا محاورہ. ۱. آنا، داخل ہونا. ۲. قدم بڑھانا، قدم رکھنا، چلنا. ۳. (کسی کام میں) قدم آگے بڑھانا؛ دخل دینا، بیچ میں پڑنا.

پانو دھرنے کو (کی) جگہ امث. پیر ٹکانے کی گنجائش، قدم رکھنے کی جگہ؛ ٹکنے کا مقام، ٹھہرنے کا سہارا.

پانو دھو (دھو) کر (کے) پینا محاورہ. ۱. بہت زیادہ عزیز رکھنا. ۲. عزت و احترام کرنا، تابع یا معتقد ہونا؛ کسب فیض کرنا. ۳. خوشامد کرنا، چاپ لوسی کرنا.

پانو دھونا محاورہ. ۱. عقیدت ظاہر کرنا، بے حد احترام کرنا، تعظیم کرنا؛ خدمت کرنا. ۲. (مجازاً) آرام کرنا، ستانا، قیام کرنا.

پانو ڈگمگانا محاورہ. ۱. لغزش ہونا، خطا سرزد ہونا؛ بہکنا، پاؤں لڑکھڑانا. ۲. ہمت ٹوٹنا، استقلال نہ رہنا.

پانو رکاب میں رہنا / ہونا محاورہ. (سفر کے لیے) ہر وقت تیار رہنا، مستعد رہنا، آمادہ رہنا.

پانو رکھنے کوں جاگا/ کی جگہ امث. ٹھہرنے کا سہارا یا موقع.

پانو رگڑنا محاورہ. ۱. دوڑ دھوپ کرنا، بہت جدوجہد کرنا. ۲. عالم نزع میں ہونا. ۳. منت کرنا، عاجزی کرنا، خوشامد کرنا. ۴. بے ہودہ پھرنا، ذلیل و خوار پھرنا.

پانو زمین پر نہ پڑنا / ٹھہرنا / رکھنا / رکھنے دینا محاورہ. ۱. پنجوں کے بل چلنا. ۲. نہایت مغرور و متکبر ہو جانا، اترانا. ۳. کمال خوشی ہونا، خوشی کے مارے اچھلتے پھرنا.

پانو سن ہونا محاورہ. دوران خون کم ہونے کے باعث پاؤں کا بے حس و حرکت یا سن ہو جانا، چلنے سے معذور ہو جانا، بے حد تھک جانا.

پانو سو جانا محاورہ. تھکن یا دوران خون رک جانے کی وجہ سے پاؤں کا تھوڑی دیر کے لیے بے حس ہو جانا؛ پاؤں کو آرام مل جانا.

پانو سو (سو) من کے ہو جانا محاورہ. چلنے کی تاب و طاقت نہ رہنا، چلنا دوبھر ہو جانا، تھک جانا.

پانو سے لگی سر میں بجھی کہاوت. (حسد اور غصے کے موقع پر) تن بدن میں آگ لگ گئی.

پانو شل ہونا محاورہ. پاؤں تھک جانا، تھک کر چور ہو جانا، مفلوج ہو جانا.

پانو کا دھوون امذ. ۱. وہ پانی جو پاؤں دھونے سے گرتا ہے. ۲. (کلمہ تحقیر) بہت حقیر، ذلیل اور ناچیز، مقابلے میں کم تر.

پانو کٹ جانا/ کٹنا محاورہ. ۱. معذور ہو جانا، تھک جانا؛ ہمت کا جواب دے جانا. ۲. آمد و رفت بند ہو جانا، ملنا جلنا چھوٹ جانا. ۳. دنیا سے اٹھ جانا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

پانو کی جوتی مث. ۱.حقیر ؛ پست و ادنیٰ درجے کا ؛ کمینہ. ۲. (طنزاً) جورو، بیوی.

پانو کی جوتی سر ہو (کو) چڑھنا/ لگنا محاورہ. ادنیٰ اور پست درجے والے کا اعلیٰ سے مقابلہ کرنا ؛ بیوی کا حاوی ہونا.

پانو کے نیچے سے زمین نکل جانا محاورہ ہوش اڑ جانا، حیران پریشان ہونا، بے حد خوف زدہ ہونا. ۲. لرزنا، کانپنا.

پانو گڑنا محاورہ. ایک جگہ قائم ہو جانا، قائم یا مستحکم ہو جانا، ہلنے جلنے سے رہ جانا.

پانو گور میں لٹکانا محاورہ. مرنے کے قریب ہونا، بہت بوڑھا ہونا، بہت بیمار ہونا.

پانو گھسنا محاورہ. بہت زیادہ آمدورفت ہونا، تھک جانا، (طنزاً) چلنے کی بے فائدہ محنت کرنا.

پانو لٹکائے بیٹھنا محاورہ. مرنے کے قریب ہونا، بہت بوڑھا ہونا، بہت بیمار ہونا.

پانو لڑکھڑانا محاورہ. ۱.ضعف یا نشہ سے پاؤں کانپنا. ۲. خطا سرزد ہونا، لغزش ہونا، بہکنا، استقلال میں فرق آنا، ثابت قدم نہ رہنا ؛ ہمت ٹوٹنا.

پانو لگانا محاورہ. ۱. کسی چیز کو پاؤں سے چھونا، لات مارنا، ٹھوکر لگانا ؛ ٹھکرانا، بے عزتی کرنا. ۲. تیرنے میں پاؤں مارنا. ۳. تیزی پیدا ہو جانا، چلنے کی قوت پیدا ہو جانا. ۴. کسی جگہ چلنے پھرنے کی عادت اور ربط ہو جانا.

پانو لگنا محاورہ. ۱. منت سماجت کرنا، پیروں پڑنا. ۲. مشہور ہو جانا، کسی بات کا پھیل جانا.

پانو من من بھر کے ہو جانا محاورہ. چلنے کی طاقت نہ ہونا، تھک جانا.

پانو میں بلی (بلیاں) بندھنا/ بندھی ہونا محاورہ. بہت مارے مارے پھرنا، سلسلہ بندھ جانا.

پانو میں بیڑی پڑنا محاورہ. پاؤں میں زنجیر پڑنا، قیدی ہو جانا، آزاد نہ رہنا، (مجازاً) شادی کے بعد پابند ہو جانا، بال بچوں میں پھنس جانا.

پانو میں جوتی نہ سر پر ٹوپی کہاوت. کسی کے افلاس اور غربت یا اضطراب و پریشانی یعنی بدحواسی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں.

پانو میں چکر ہونا محاورہ. (بے فائدہ) ہر وقت چلتے رہنا، مارا مارا پھرنا، کہیں جم کر نہ بیٹھنا.

پانو میں رلنا محاورہ. پاؤں میں روندا جانا ؛ حقیر ہونا ؛ عزت و وقعت نہ ہونا.

پانو میں مہندی لگنا/لگی ہونا فقرہ. چلنے پھرنے کے قابل نہ ہونا، نہ آنے کا بہانہ کرنا.

پانو نکالنا محاورہ. ۱. (اچھے اور برے دونوں معنوں میں) حد سے تجاوز کرنا. ۲. ناچنے میں پاؤں کو خاص انداز سے حرکت دینا ؛ رقص کی ابتدا کرنا. ۳. بری عادتیں اختیار کرنا، غلط راہ چلنا، آوارہ پھرنا. ۴. خود سری کرنا، سرکش ہو جانا، حد سے گزرنا. ۵. کسی معاملے سے بے تعلق ہو جانا، ہاتھ اٹھا لینا، الگ ہو جانا. ۶. باہر جانا، باہر نکلنا.

پانو نکلنا محاورہ. پاؤں نکالنا کا لازم ؛ حد سے تجاوز کرنا جانا ؛ سرکش ہو جانا.

پانو نہ رکھنا محاورہ. ۱. قدم نہ رکھنا، (کسی جگہ) نہ جانا. ۲. (مجازاً) اترانا، غرور کرنا (زمین وغیرہ کے ساتھ).

پانو ہلانا محاورہ. جنبش کرنا، پاؤں کو حرکت دینا، چلنا پھرنا ؛ کوشش کرنا، محنت کرنا، کوئی کام کرنا.

پانوں (مغ) امذ.
دیکھیے : پاؤں مع تحتی الفاظ.

پانَہ (فت ن) امذ.
لکڑی جس کو لکڑی چیرنے والا درز میں رکھ دیتا ہے، پچڑ ؛ آلہ جس کو موچی جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے تاکہ قالب اچھی طرح جوتے میں بیٹھ جائے. [ف].

پانی امذ.
۱. (i) آب، جل، قدیم تصور کے مطابق اربعۂ عناصر میں سے ایک عنصر جو جدید سائنس کے مطابق آکسیجن ایک حصہ اور ہائیڈروجن دو حصہ کا مرکب سیال ہے (جس کی علامت H_2O ہے). (ii) (کنایۃً)

شراب .۲. بارش ، مینھ .۳. (i) عرق ، افشردہ . (ii) پسینہ .۴. (آنکھوں کی نسبت سے) شرم و حیا .۵. (مجازاً) آنسو .۶. طمع (سونے یا چاندی وغیرہ کے ساتھ) .۷. (i) اصل نسل . (ii) حوصلہ و ہمت ، طاقت ، بل بوتا .۸. رطوبت ، تری .۹. نطفہ ، منی .۱۰. آب و تاب ، چمک دمک ؛ رونق ، تازگی .۱۱. بدمزہ یا پھیکا ہونے کی کیفیت یا حالت .۱۲. ٹھنڈا یا سرد ہونے کی حالت یا کیفیت .۱۳. آسان یا سہل ہونے کی کیفیت یا حالت .۱۴. چلن ، شہرت ؛ عزت . [س] .

پانی اتر آنا محاورہ. آنکھ کی ایک بیماری ، رطوبت جلیدیہ (لینز Lens) یعنی آنکھ کا موتی یا اس کا غلاف جلیدیہ (پردۂ عنکبوتیہ) یا دونوں کا مکدر یا دھندلا ہو جانا ، موتیا بند ہو جانا .

پانی اتر جانا محاورہ. ۱. دریا یا ندی وغیرہ کا چڑھاؤ ختم یا کم ہو جانا. ۲. موتی کی آب جاتی رہنا ، آئینہ کا پانی خراب ہو جانا ، بے شرم ہو جانا ، بدلحاظ ہو جانا .

پانی اترنا محاورہ. ۱. آنکھ کی ایک بیماری ، موتیا بند ہو جانا .۲. پانی کا حلق کے نیچے جانا .۳. دریا یا ندی وغیرہ کا چڑھاؤ ختم یا کم ہو جانا .

پانی آنا محاورہ. زخم سے رطوبت نکلنا .۲. عورت کے پیشاب کے مقام سے مرض کی صورت میں پانی کا جاری ہونا .۳. ابر آنا ، بارش کے آثار ہونا یا بارش ہونے لگنا .۴. آنکھ یا ناک سے پانی نکلنا .

پانی باندھنا محاورہ. ۱. (دریا وغیرہ کے) بہتے ہوئے پانی کا بہاؤ (پشتے یا بند وغیرہ کے ذریعے) روکنا .۲. جادو منتر یا ٹونے سے برستے پانی کو روک دینا .۳. (i) کسی ایسے واقعہ کی پیش بندی کرنا جس کے ہونے کا امکان ہو ؛ پیش از مرگ واویلا ، فضول پیش بندی کرنا . (ii) پانی کا روکنا یا جمع کرنا .

پانی بجھانا محاورہ. پانی کی خاصیت بدلنے کے لیے لوہا یا اینٹ وغیرہ گرم کر کے پانی میں ڈالنا .

پانی برسنا ف مر ؛ محاورہ. بارش ہونا .

پانی بڑھنا محاورہ. طغیانی ہونا ، کنویں تالاب نالے کے پانی کا زیادہ ہو جانا ؛ اپنی حد سے گزر جانا ، (کسی جذبے وغیرہ کا) زیادہ ہو جانا .

پانی بلیوں ہونا محاورہ. گہرا پانی ہونا ؛ (مجازاً) پانی کی کثرت ہونا .

پانی بند کرنا محاورہ. کسی کو پانی بھرنے نہ دینا ، دشمن کے لیے پانی روکنا ، کسی کو کھیت میں پانی نہ لگانے دینا ؛ بیمار کو پانی نہ پینے دینا .

پانی بہانا محاورہ. ۱. میت اٹھ جانے کے بعد گھر کا پانی گرا دینا یا پھینک دینا .۲. غسل کرنا .

پانی بہہ جانا محاورہ. ۱. (لفظاً) پانی کا کسی ایک سمت سیلاب کی صورت میں پھیل جانا یا چلا جانا ؛ (مجازاً) وقت کا گزر جانا ، موقع ہاتھ سے نکل جانا .۲. دیکھیے : دیدے کا پانی ڈھل جانا ، شرم جاتی رہنا ، بے شرم ہو جانا .

پانی بہنا ف ل. ۱. پانی جاری ہونا .۲. (کنایۃً) آنسو جاری ہونا . ۳. ناک منھ یا آنکھ وغیرہ سے پانی جاری ہونا .

پانی بھر آنا محاورہ. (دیکھیے : 'منھ میں' کے ساتھ) حرص یا طمع کرنا ، خواہش ہونے لگنا ، للچانا .

پانی بھرنا محاورہ. ۱. (i) (کنویں نل یا مٹکے و تالاب وغیرہ سے) کسی چیز میں پانی لینا ڈالنا یا لانا . (ii) پانی لانے کی خدمت کرنا . ۲. (کسی وصف میں اپنے سے برتر کے مقابلے میں) اظہار عجز کرنا ، مقابل کی برتری کا اعتراف کرنا (عموماً آگے یا سامنے کے ساتھ) . ۳. غلامی یا اطاعت اور خدمت گاری اختیار کرنا .۴. نادم یا شرمندہ ہونا .

پانی پانی م ف. تابع ، فرماں بردار .

پانی پانی کرنا محاورہ. ۱. شرمندہ کرنا ، غیرت دلانا .۲. پگھلانا ، نرم کرنا . ۳. تھکا دینا ، پسینے میں شرابور کر دینا .

پانی پانی ہونا محاورہ. ۱. نرم ہونا ، رقیق ہونا ، پگھلنا .۲. نادم ہونا ، شرمندہ ہونا ، غیرت سے پسینے پسینے ہونا .

پانی پر (پہ) بنیاد ہونا محاورہ. بودا اور کچا ہونا ، ناپائیدار ہونا ، غیر مستقل ہونا .

پانی پر (پہ) لکھا ہونا محاورہ. نقش بر آب ہونا ، ناپائدار ہونا ، بودا اور کچا ہونا .

پانی پڑنا محاورہ. ۱. بارش ہونا ، مینھ برسنا .۲. ضائع ہونا ، اکارت جانا ، خاک میں مل جانا .۳. چیچک کے مرجھانے پر مریض کو پانی کے چھینٹے دیے جانا ، چھالے کا پک جانا .

پانی پسانا محاورہ. کسی ابلی ہوئی چیز میں سے زائد پانی نتھارنا .

پانی پلا دینا/ پلانا محاورہ. پیاسے کو پانی دینا .۲.(زراعت) آب پاشی کرنا ، کھیت میں پانی دینا .۳.بعض کھیلوں بالخصوص کبڈی میں مقابل جماعت کے آدمی کو اپنے پالے میں آگے بڑھنے کا موقع دینا .۴.شکست دینا ، ہرا دینا .

پانی پی پی کر (کسے) کوسنا محاورہ. سخت بد دعا دینا ، اٹھتے بیٹھتے ہر وقت کسی کے حق میں برا چاہنا .

پانی پیجیے چھان کے (اور) پیر (گرو) کیجیے جان کے کہاوت . ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے .

پانی پی کر ذات پوچھنا محاورہ. کوئی کام کرنے کے بعد پچھتانا ، بات ہو چکنے کے بعد اس کی تحقیقات کرنا ، بے وقت افسوس کرنا .

پانی پی کر گزر (گزارا) کرنا محاورہ. بے حد تنگ دستی سے گزارا کرنا .

پانی پینا ف مر: محاورہ. ۱.پیاس بجھانا .۲. پانی جذب کرنا ، پانی کھینچنا . ۳.ریل گاڑی کے انجن کا نل سے پانی لینا .

پانی پھر جانا / پھرنا محاورہ. ۱.ملیا میٹ ہو جانا، مٹ جانا .۲.ضائع ہو جانا ، محنت رائگاں جانا ، اکارت جانا .۳. (کم تری یا بے بضاعتی کی بنا پر) خجل اور نادم ہونا .۴.ترو تازگی آنا ، صحت یا توانائی کے آثار پیدا ہونا ، (مریض کے لیے) سنبھالا لینا .۵.آب و تاب جاتی رہنا .۶.تانبے یا پیتل کے برتن وغیرہ پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا .

پانی پھوٹنا محاورہ. ۱. (کسی روک کو توڑ کر) پانی کا بہہ نکلنا .۲.(پتیلی وغیرہ میں آگ پر) پانی کا کھد بدانا ، پکنے لگنا ، کھولنا ، جوش کھانا .

پانی پھیر دینا/ پھیرنا محاورہ. ۱. پانی پھر جانا/ پھرنا کا تعدیہ .۲.جلا کرنا ، صیقل کرنا .۳.محنت برباد کر دینا .

پانی ٹپکانا محاورہ. ۱. پانی چوانا ، پانی نچوڑنا : لٹکا کر دہی کا پانی نکالنا . ۲.نزع کے وقت حلق میں پانی چوانا .

پانی ٹوٹ (ٹوٹ) کے برسنا محاورہ. تیز بارش ہونا ، موسلا دھار بارش ہونا .

پانی چڑھانا محاورہ. ۱. پانی کو بلندی پر لے جانا : بہت سا پانی پی جانا . ۲. پانی چولھے پر رکھنا .۳.(i) پانی پھیرنا ، جلا کرنا ، صیقل کرنا ، ملمع کرنا . (ii) آئینے پر پارا چڑھانا : تلوار پر آب چڑھانا .۴.(پوجا کی ایک رسم) کسی دیوی یا دیوتا کے چرنوں میں پانی ڈالنا .

پانی چڑھنا محاورہ. ۱.دریا میں طغیانی ہونا .۲.کنوئیں یا تالاب وغیرہ کے پانی کا اپنی حد سے بڑھ جانا .

پانی چوانا محاورہ نزع کے وقت حلق میں پانی ٹپکانا .

پانی چیرنا محاورہ. تیرنے میں بڑے زور سے پانی کو ہاتھوں سے ہٹانا .

پانی چھاننا محاورہ. ۱. چھنے کے ذریعے سے پانی صاف کرنا .۲.عمل تقطیر (جو اب فلٹر پلانٹ کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور عظیم تر منصوبۂ آب رسانی کا ایک حصہ ہے) کے ذریعے پانی صاف کرنا .

پانی چھڑکنا محاورہ. ۱. چھینٹے مارنا ، کسی چیز پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا .۲.مشک کے ذریعے سے مٹی پر پانی ڈالنا : فوارے کے ذریعہ سے گرد پر پانی ڈالنا تاکہ بیٹھ جائے .

پانی چھلکنا محاورہ. برتن ، دریا ، یا نہر میں اس قدر پانی ہونا کہ کناروں سے نکل پڑے : (مجازاً) آنسو نکلے پڑنا .

پانی چھوڑنا محاورہ. ۱. پانی دینا ، پانی جاری کرنا .۲.(طباخی) گوشت ترکاری وغیرہ کا پکتے وقت پانی نکل کر اکٹھا ہونا .۳. جماع کے وقت عورت کی فرج سے رطوبت نکلنا .

پانی دم کرنا محاورہ. کوئی دعا پانی پر پڑھ کر پھونکنا .

پانی دینا محاورہ. ۱.(زراعت) سینچائی کرنا .۲.زخم یا چھالے کا اندرونی رطوبت کو باہر نکالنا ، زخم کا رسنا .۳.(i) موت کے بعد مرے ہوئے کا نام لے کر اس کے وارث کا مقررہ رسم کے مطابق زمین پر پانی بہانا . (ii) (کسی کو) مردہ سمجھ لینا ، مرے برابر فرض کر لینا ، (کسی سے) اس طرح بے تعلق ہو جانا جیسے مردے سے . (iii) (کنایۃً) ذبح کرنا . ۴.(مرغ بازوں کی اصطلاح) پانی چٹانا .۵.(طباخی) کھانا پکاتے وقت سالن وغیرہ میں پانی ڈالنا .

پانی ڈھل جانا/ ڈھلنا محاورہ. ۱.آب و تاب جاتی رہنا ، رونق نہ رہنا ایام شباب گزر جانا .۲.(آنکھ) خشک ہو جانا : بے حیا ہو جانا ، بے شرم ہو جانا .

پانی سر سے اوپر/ اونچا/ آجانا/ آنار ہونا محاورہ. کسی معاملے کا حد

سے بڑھنا یا انتہا کو پہنچنا.

پانی سر سے گزرنا محاورہ. دیکھیے : پانی سر سے اونچا ہونا ؛ کسی معاملے کا حد سے بڑھنا.

پانی سمجھنا محاورہ. مشکل کام کو آسان سمجھنا.

پانی سے پانی ملے (اور) کیچ سے کیچ کہاوت. جنس بجانب جنس راغب ہوتی ہے، جیسا خود ہوتا ہے ویسوں ہی سے ملتا ہے، شریف شریف سے اور کمین کمین سے میل جول رکھتا ہے.

پانی کا بتاسا/ بتاشا (الف) اند. حباب، بلبلہ. (ب) صف. ناپائدار، جلد مٹنے والا.

پانی کا بلبلا (الف) اند. دیکھیے : حباب ؛ وہ بلبلا سا جو شیشے میں رہ جاتا ہے. (ب) صف. فانی، جلد فنا ہو جانے والا، فنا پذیر.

پانی کر دینا محاورہ. ۱. نرم کر دینا، گداز بنا دینا. ۲. (کسی مضمون یا علمی و فنی مسئلے کو) آسان بنا دینا، حل کر دینا. ۳. غصہ دھیما کر دینا. ۴. پیشاب کر دینا.

پانی کی طرح بہانا محاورہ. ضائع کرنا، برباد کرنا، (روپیہ) بے کار صرف کرنا.

پانی کی لہریں گننا محاورہ. بے کار یا ناممکن کام کرنا.

پانی کے مول م ف. نہایت ارزاں اور سستا.

پانی گلے تک آجانا محاورہ. انتہا ہو جانا ؛ کسی معاملے کا حد سے بڑھنا.

پانی لینا محاورہ. ۱. طہارت کرنا، رفعِ حاجت کے بعد مقامِ خاص کو دھونا، آب دست لینا، استنجا کرنا. ۲. (انجن کا) بائلر میں پانی بھر لینا. ۳. کنویں یا تالاب سے کھیت سینچنے کے لیے پانی حاصل کرنا.

پانی مرنا محاورہ. ۱. دیوار یا مکان میں پانی کا جذب ہونا، پانی کا سرایت کر جانا. ۲. نقص یا عیب ہونا، کچھ دال میں کالا ہونا. ۳. الزام آنا. ۴. (طباخی) پانی خشک ہونا، کھانا پکاتے وقت مسالے وغیرہ کا پانی جلنا. ۵. پوشیدہ طور پر کسی معاملے میں شامل یا شریک ہونا ؛ قصوروار یا مجرم ہونا. ۶. قائل ہونا. ۷. ذات میں کھوٹ ہونا.

پانی میں آگ لگانا محاورہ. ۱. ناممکن بات کو ممکن بنانا، مزاج کو بھڑکانا. ۲. فتنے کو بیدار کرنا، جہاں لڑائی نہ ہو وہاں لڑا دینا. ۳. شعبدہ بازی کرنا، شعبدہ دکھانا. ۴. ایسا کام (جو ہر ایک سے نہ ہو سکے) کرنا، انتہائی ذہین. ۵. کمال عیاری اور چالاکی دکھانا.

پانی میں رہ کر مگرمچھ سے بیر کہاوت. دیکھیے: دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر ؛ آدمی جہاں ہر وقت رہتا ہو یا کام کرتا ہو وہاں کے بڑے لوگوں یا ساتھیوں یا افسروں سے بگاڑ رکھنا اچھا نہیں.

پانی نکلنا محاورہ. ۱. پانی ٹپکنا، قطرہ آنا ؛ انزال ہونا، رطوبت نکلنا. ۲. پانی کا باہر آنا، پانی جاری ہونا، پانی اُبلنا.

پانی نہ مانگنا محاورہ. چٹ پٹ ہو جانا، فوراً دم نکل جانا (کہ پانی تک مانگنے کا موقع نہ ملے)، انتہائی فتنہ پرور، اس کا کاٹا پانی نہیں مانگتا.

پانی ہو جانا/ ہونا محاورہ. ۱. آسان یا سہل ہو جانا. ۲. (i) گداز ہو جانا، نرم پڑ جانا. (ii) ڈھیلا پڑ جانا، دب جانا یا ڈر جانا. ۳. پگھلنا، رقیق ہو جانا. ۴. شرمندہ ہو جانا، خجل ہونا. ۵. (پگھل کر یا گھل کر) مرمٹنا، فنا ہو جانا. ۶. مرغوں کا باہم لڑنا، جھڑپ ہونا. ۷. سرد ہو جانا، تیزی جاتی رہنا. ۸. کند ہو جانا. ۹. غصہ جاتا رہنا، دھیما ہونا؛ خراب ہو جانا.

پاو صف :- پاؤ.

۱. چوتھائی، چہارم، چوتھا حصہ، (مجازاً) تھوڑا سا (کل کے مقابل).

۲. (وزن میں) چار چھٹانک ؛ بیس تولے وزنی (شے)، سیر کا چوتھائی (بیشتر عدد کے ساتھ). [س].

پاؤ آنہ اند. آنے کا چوتھائی حصہ؛ ایک پیسا، تین پائی.

پاؤ بھر صف. وزن میں ایک پاؤ کے برابر، (مجازاً) تھوڑا سا.

پاؤ سیر اند. سیر کا چوتھائی حصہ، ایک پاؤ.

پاؤڈر/پاؤڈر/پوڈر (سک و، فت ڈ) اند.

(لفظاً) سفوف، کوئی بھی پسی ہوئی شے، (مجازاً) غازہ یا جسم پر لگانے کا خوش بودار سفوف؛ پوڈر. [انگ].

پائپ (کس ء) اند.

۱. نل، نلی، نلکی، بمبا. ۲. سوکھا تمباکو پینے کی خاص طرح سے بنی ہوئی نلکی جس کا ایک حصہ منھ میں دباتے ہیں اور دوسرا حصہ جو پیالی یا چلم کی طرح اوپر کو اٹھا ہوا اور کسی قدر گہرا ہوتا ہے اس میں تمباکو رکھتے ہیں. [انگ].

پائپ لائن اسث. نل کا سلسلہ جو کسی مائع کو دور تک پہنچانے کے لیے قائم کیا جائے. [انگ].

پائِتی (کس ء) اسث.
دیکھیے : پائینتی ، پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصہ. [س].

پائِجامَہ (کس ئ ، فت م) اند.
۱. پاجامہ ، ایک لباس جس سے ناف سے ٹخنوں تک کو چھپایا جاتا ہے.
۲. (مزاحاً) بے وقوف.

پائِچا / پائِچَہ (کس ئ ، فت چ) اند :- پاںچا.
۱. دیکھیے : پاںچا. ۲. مشک کے دہانے کے قریب کے بازو جس میں مشک لٹکانے یا کندھے پر اٹھانے کے تسمے کے سرے باندھے جاتے ہیں ، دست کلا. [ف].

پائِخانَہ (کس ئ ، فت ن) اند.
دیکھیے : پاخانہ (پا (۱) کا تحتی مع جملہ تراکیب وغیرہ). [ف].

پائِدار (کس ئ) صف :- پاے دار ، پائیدار.
مستحکم ، مضبوط. ۲. دیرپا ، باقی رہنے والا ، قائم و دائم. [ف].

پائِداری (کس ئ) اسث.
استحکام ، مضبوطی. [ف].

پائِدان (کس ئ) اند :- پائیدان.
۱. گاڑی پر چڑھنے کو پیر ٹکانے کا زینہ جو گاڑی کی حیثیت سے مختلف وضع کا ہوتا ہے اور سوار ہونے کے لیے سیڑھی کا کام دیتا ہے. ۲. پانداز ، دری یا قالین وغیرہ کی وضع کا گدیلا یا ربر یا لوہے کی جالی وغیرہ جو پیر صاف کرنے کے لیے کمرے کی چوکھٹ کی دہلیز کے سامنے رکھا جاتا ہے ، برش. ۳. پاؤں رکھنے کا وہ لوہے یا لکڑی کا تختہ وغیرہ جس سے خراد سینے کی مشین بائیسکل یا ارگن باجا وغیرہ چلاتے ہیں.

پائِریا (کس ئ ، کس ر) اند.
دانتوں کی ایک بیماری جس میں اکثر مسوڑوں سے خون اور پیپ آنے لگتی ہے. [انگ].

پائَل / پائِل (فت ء ، کس ئ) اسث ؛ صف.
دیکھیے : پایل ، پاؤں میں پہننے کا زیور پازیب ؛ ایسا بچہ جس کی ولادت پاؤں کی طرف سے ہو.

پائِلَٹ (کس ئ ، فت ل) اند.
جہاز راں ، ناخدا ؛ ہوائی جہاز چلانے والا. [انگ].

پائِمال (کس ئ) صف.
دیکھیے : پامال (پا (۱) کا تحتی).

پائِنْتی (کس خف ء ، مغ) (الف) اسث :- پائینتی ، پائنتھی.
(ہر قسم کی چارپائی یا قبر کی) وہ سمت یا جگہ جدھر پیر پھیلائے جائیں ، سرہانے کی ضد. (ب) م ف. پائنتی کی جانب ، پیروں کے رخ.

پائِنْچا (کس ء ، مغ) اند :- پائنچہ/ پاںچا.
دیکھیے : پاںچہ ، کمر سے نیچے کا لباس کا وہ حصہ جو ٹانگوں کو ڈھانپتا ہے نیز اس لباس کا نچلا حصہ ، موری.

پائِنچے سے نِکَلا پَڑْنا محاورہ.
غصے میں آپے سے باہر ہونا.

پائِنْدَہ (کس ء ، سک ن ، فت د) اند.
دیکھیے : پایندہ.

پاؤُں (و مع) اند.
دیکھیے : پانو اور پانو کے تحتی الفاظ ، پانو کا مستعمل املا.

پاؤنْڈ (سک و ، مغ) اند.
برطانوی سکے کا نام جس کے نرخ بدلتے رہتے ہیں جو پہلے کبھی سونے کا ہوتا تھا لیکن اب کاغذ کے نوٹ ہوتے ہیں پہلے اس میں ۲۰ شلنگ یا ۲۴۰ پینس ہوتے تھے اب اعشاری نظام میں بدل جانے کے بعد سو پینیاں ہوتی ہیں اس کے علاوہ دوسرے ممالک کے سکے بھی پاؤنڈ کہلاتے ہیں مثلاً نائیجیریا ، آسٹریلیا وغیرہ ؛ وزن کا پیمانہ جس میں ۱۶ اونس ہوتے ہیں اور سابق نصف سیر یا موجود نصف کلو سے کچھ کم ہوتا ہے. [انگ].

پائی (۳) اسث.
۱. بے ایڑی کی جوتی جس میں صرف پنا تلے میں سلا رہتا ہے اور دیوار نہیں ہوتی ، سلیپر. ۲. ایک چھوٹا سا تانبے پیتل وغیرہ کا سکہ جس کے بارہ سکے مل کر ایک آنے کے برابر اور ایک سو بانوے سکے

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

روپے کے برابر ہوتے تھے ، نئے اعشاری نظام میں روپے کے سو حصے جو اصطلاحاً پیسا کہلاتے ہیں اور عوام میں ہر حصہ پائی کہلاتا ہے . [س] .

••• پائی لاحقہ ۔
پا کی طرف منسوب بطور لاحقہ مستعمل ، جیسے چار پائی .

پائے (ی مج) اند .
پاؤں ، پیر ، دیکھیے : پاے کی تحتی . [ف] .

پائے دان اند .دیکھیے : پائدان .

پائیں (۱) (ی مع) (الف) ظرف مکاں .
۱ . نیچے ، نچلے رخ .۲. پائینی ، (کسی جگہ کے) صدر مقام کے مقابل کی جگہ .(ب) صف . نیچا ، پست . [ف] .

پائیں باغ اند .وہ باغیچہ جو مکان کے پچھلے حصے میں یا سامنے ہو .

پاے (۱) اند ، ج .
گائے ، بھینس اور بکری وغیرہ کی اگلی پچھلی ٹانگوں کا وہ حصہ جو پنڈلیوں کے نیچے ہوتا ہے اور اس کا پکا ہوا سالن . [ار] .

پاے اند .
دیکھیے : پایہ ؛ بلند مرتبہ اعلیٰ مقام مصنف یا شخص . [ف] .

پاے دان اند .
۱ .دیکھیے : پائیدان ؛ (لفظاً) پاؤں رکھنے کی جگہ ، (مجازاً) وہ تختہ وغیرہ جس پر پاؤں رکھ کر گاڑی میں سوار ہوتے ہیں اور جو گاڑی میں نصب ہوتا ہے .۲. رک : پاانداز .

پاے رفتن نہ جاے ماندن فارسی مقولہ اردو میں مستعمل .(لفظاً) نہ جانے کی قوت نہ ٹھہرنے کی جگہ ، اس موقع پر بولتے ہیں جب نہ بھاگتے بن پڑے نہ ٹھہرتے ، گومگو کی حالت .

پایا (۱) اند .
۱.ستون ، تھم ، کھمبا ، عمارت کی بنیاد .۲. قدر ، منزلت ، درجہ ، رتبہ .
۳. میز کرسی یا پلنگ وغیرہ کا نچلا حصہ جس پر وہ قائم ہوتا ہے .
۴. (گورکنی) صندوقی قبر کی بغل جس پر پٹاؤ رکھا جاتا ہے .
۵. (ظرف سازی) ٹوکرے یا ٹوکری کی باڑ کی تیلیاں جس میں آڑی تیلیاں بناوٹ کے طور پر ڈال کر ٹوکری کا ڈھانچا تیار کیا جاتا ہے .۶. زینہ ، سیڑھی . [ف] .

پایا (۲) اند ؛ ~ پایہ .
دیکھیے : پانو .

پایَل / پائل (فت ی) است ؛ اند .
۱. پازیب ، جھانجن (جو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں) .۲. وہ بچہ جو پاؤں کے بل پیدا ہو ، الٹا پیدا ہونے والا بچہ .۳.(عم) بانس کی سیڑھی .
۴. تیز رو ہتھنی یا ہاتھی . [س] .

پایَندَہ / پایِندَہ (فت ی ، سک ن ، فت د / ک ی) صف .
استوار ، قائم ، برقرار ؛ (مجازاً) ہمیشہ . [ف] .

پایَہ (فت ی) اند .
۱. مرتبہ ، منزلت ، قدر ، درجہ .۲. میز ، کرسی ، تخت ، پلنگ کا پیر جس کے ذریعے وہ زمین پر قائم ہوتا ہے .۳. سیڑھی کے ڈنڈے یا تختے یا زینے کا وہ حصہ جس پر پاؤں رکھ کر چڑھتے اترتے ہیں .۴. (شاذ) پاؤں ، پیر .
۵. (تعمیرات) عمارت کی بنیاد جو سطح زمین کے نیچے ایک مقررہ حد تک بنائی جاتی ہے ؛ ستون . [ف] .

پایۂ تخت اند . تخت کا پیر ؛ راج دھانی ، دارالسلطنت .

پب اند . سرائے ، بھٹیار خانہ ؛ شراب خانہ . [انگ] .

پبْلک (فت پ ، سک ب ، کس ل) (الف) است .
عامۃ الناس (خاص و عام لوگ) ، عوام ، جمہور . (ب) صف .۱. عوامی ، قومی ، عوام سے متعلق ، سرکاری ، اجتماعی .۲. کھلا ہوا ، الم نشرح ، واضح ، ناقابلِ انکار (امر) ؛ عام .اف : کرنا / ہونا . (ج) اند (شاذ) . عامۃ الناس ، عوام (جمع کے صیغے میں) . [انگ] .

پِپْرمِنْٹ (کس پ ، فت پ ، سک ر ، کس مج م ، سک ن) اند .
ایک سدا بہار تیز خوش بو والی بوٹی جو 'لیبلیے' (لب اور) نباتیات اور جنس پودینہ کی ایک قسم (Mentha peperita) ہے ، فلفلی پودینہ ، نعنع فلفلی ؛ لوز نعنع ، پودینے کا ست . [انگ] .

پَپْڑا (فت پ) اند .
بڑی پپڑی ؛ اوپر کا چھلکا ، چھال ؛ دیکھیے : پپڑی . [س] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

پپڑانا (فت پ، سک پ) ف ل.
۱. پپڑی بندھنا، سوکھ جانا، خشک ہو جانا. ۲. ہونٹوں کا خشک ہو کر اس پر تہہ سی جم جانا. [ار].

پپڑی (فت پ، سک پ) امث.
۱. خشک پوست؛ ملائی کی سی تہہ، پرت، اوپر کی خشک تہہ؛ ہونٹوں کے اوپر سوکھی ہوئی جھلی جو جابجا پھٹ جاتی ہے. ۲. کائی ایک چکنی مٹی کا پرت جو سوکھنے کے بعد پھٹ کر سطح سے الگ ہو جائے، تر زمین خشک ہو کر جگہ جگہ سے پھٹ جاتی ہے پھٹے ہوئے ٹکڑے کو پپڑی کہتے ہیں. ۳. جانور کے سینگ یا سم کے اوپر کا خول. ۴. کسی اور شے کی تہہ یا پرت جو خشک ہو کر جم جائے. ۵. حلوا سوہن کی قسم جو جما ہوا پرت کی شکل میں ہوتا ہے. ۶. چھوٹا پاپڑ. [س].

پپڑی جمانا محاورہ. تہہ جمانا، (دہلی) حق قائم کرنا.

پپڑی جمنا محاورہ. ہونٹ کا خشک ہونا، سوکھ جانا.

پپوٹا (۱) (فت پ، وج) امذ.
غلاف چشم؛ کھال جو آنکھ کو ڈھکتی ہے. [س].

پپولنا (فت پ، وج، سک ل) ف م.
مسوڑوں سے دبا دبا کر کھانا، پوپلوں کی طرح منھ سے کسی چیز کو چوسنا. [حکایت الصوت].

پپّی (فت پ، شد پ) امث.
(عموماً بچے کی نسبت سے) بوسہ، پیار.

پپیّا (فت پ، پ، شد ی) امذ.
۱. کوئل کی طرح کا ایک خوش آواز پرندہ. ۲. ارنڈ خربوزہ یا اس کا درخت، لاط: Carica papoya پپیتا. ۳. آم کی گٹھلی سے بنایا ہوا باجا، سیٹی. ۴. پپیا، ستار کی ایک خاص کھونٹی کا بھی نام ہے جو ٹیپ کے سر میں ملائی جاتی ہے اور نفیری کے منھ پر لگی ہوئی باج کو بھی کہتے ہیں، چکارا، چکاری. [س].

پپیتا (فت پ، ی مع) امذ.
ایک پھل نیز اس کا درخت جس کا چھلکا نرم اور گودا زرد یا سرخ ہوتا ہے، اندر بہت سے کالے یا بھورے سیاہ مرچ کے دانے کے برابر بیج ہوتے ہیں، جسامت لمبوتری گول، درخت کا تنا سیدھا اور لمبا پتے ارنڈ سے مشابہ جو کھجور کی طرح اوپر ہوتے ہیں، پھل ..... پتوں سے نیچے لگتا ہے. [س].

پپیہا / پپیہہ (فت پ، ی مع، فت ہ) امذ.
۱. کوئل کی طرح کا مگر اس سے چھوٹا ایک خوش آواز پرندہ. ۲. دیکھیے: پپیا (معنی ۳). [س].

پت (۱) (فت پ) امث؛ امذ.
عزت، آبرو، ساکھ. اف: اتارنا/ جانا/ رکھنا/ گنوانا/ کھونا/ کرنا. [س].

پت گنوانا محاورہ. عزت آبرو کو ضائع کرنا، بے عزت ہونا.

پت (۲) (فت پ) امث.
اچھوانی جو زچہ عورتوں کو دی جاتی ہے. [س].

پت (۳) (فت پ) امذ.
پتا کی تخفیف (عموماً مرکبات میں مستعمل).

پت جھڑ امذ؛ امث. موسم خزاں، پتے جھڑنے کا موسم.

پت (۴) (فت پ) امذ.
دیکھیے: پتی کا مخفف، شوہر، مالک.

پت (کس پ) امذ.
۱. (طب) اخلاط اربعہ (سودا، صفرا، بلغم، خون) میں سے ایک خلط کا نام، صفرا، زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر ہوتا ہے. ۲. جسم پر گرمی یا الرجی کے سبب پڑ جانے والے سرخ چکتے. [س].

پتا (فت پ) امذ؛ ~ پتہ.
۱. سراغ، کھوج، نشان؛ وجود یا آثار. ۲. حلیہ، علامت، پہچان، صنعت وغیرہ کے حوالے جن سے کسی چیز کو پہچانا جاسکے. ۳. ٹھور ٹھکانا، نام محلہ اور مقام وغیرہ (جو اکثر ایلچی کو بتاتے یا خط پر لکھتے ہیں). ۴. حال، احوال کا علم؛ خیر خبر. اف: پانا/ چلانا/ چلنا/ دینا/ کرنا/ لگانا/ لگنا/ ملنا/ نکالنا/ ہونا. [س].

پتا (کس پ) امذ.
باپ. [س].

پتّا (۱) (فت پ، شدت) امذ.
۱. (i) کسی پودے یا درخت کا برگ، پات، پتی، ورق شجر. (ii) پان

(جس پر کتھا چونا وغیرہ لگا کر چباتے ہیں) .۲. گنجفے یا تاش کا ورق جس پر مخصوص نشان یا تصویر ہوتی ہے .۳. کان میں پہنا جانے والا ایک زیور جس کا آویزہ پتے کی شکل کا ہوتا ہے یا کسی زیور میں آویزہ جو پتے کی صورت ہو .۴. پتنگ کی دم یعنی نچلے سرے پر چیل کی شکل کا مثلث نما کاغذ جو تیلیوں کی کنیاں لگا کر بنایا جاتا ہے . ۵. بغیر آر یا دانتے کے سپاٹ شکل کا آرا ، برا .۶. قفل کا پیندا یا تلا جس پر اس کے تمام پرزے اور کیل کانٹے جڑے ہوتے ہیں یعنی ڈھانچا تیار ہوتا ہے . ۷. (معماری) عمارت میں گنبد کے چاروں طرف گولائی میں سانپ کے پھن سے مشابہ وضع کی ایک چیز جو خوب صورتی کے لیے برابر برابر بناتے ہیں (اس کو پتے اور واحد کو پتا کہتے ہیں) . ۸. کاغذ کا بنا ہوا چائے کا چھوٹا لفافہ . ۹. خاص وضع سے کٹی ہوئی پتلی دفتی پر لپٹا ہوا تاگا . ۱۰. ناؤ کے سرے پر لکڑی کا وہ ٹکڑا یا تختی جس کی مدد سے کھیوا یا پانی کاٹتا ہے : پھن . [س] .

پتا بھی بے حکم خدا نہیں ہلتا کہاوت. کوئی کام بغیر خدا کی مرضی کے نہیں ہوتا .

پتا ڈالنا محاورہ. (گنجفہ و تاش) بازی کھیلنے کو رکھنا یا حریف کے پتے کے مقابلے میں پتا دینا .

پتا کاٹ دینا محاورہ. کسی کے فائدے کا کوئی سلسلہ منقطع کر دینا ، کسی کی لگی لگائی روزی کو ختم کر دینا : رکاوٹ دور کر دینا ، خارج کر دینا .

پتا کاٹنا محاورہ. ۱. پتا کٹوا دینا کا لازم .۲. (گنجفہ و تاش) کم قدرے پتے کو بڑی قدر کے پتے سے جیت لینا : خارج کرنا ، نکال دینا .

پتا کٹوانا محاورہ. تعلق ختم کرا دینا ، چلتا کرانا .

پتا کھٹکا (کھڑکا) بندہ بھڑکا / سٹکا / سرکا کہاوت. اشارے سے مطلب تاڑ لیا (کمال ہوشیاری اور چالاکی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں) ، کسی خطرے وغیرہ کی آہٹ پاتے ہی توک دم بھاگنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں .

پتا کھڑکنا محاورہ. ۱. درختوں کے پتوں کا آواز دینا ، ذرا سی دھیمی آواز ہونا ، آہٹ ہونا ۲. کسی خطرے یا خوف کی آہٹ ہونا ، خفیف اندیشہ ہونا .

پتا نہ ہلنا محاورہ . برگ کا جنبش نہ کرنا : حبس ہونا ، ہوا بند ہونا .

پتا ہلانا محاورہ. خفیف سی حرکت دینا ، معمولی سی تحریک یا اقدام کرنا کوئی معمولی سا کام کرنا .

پتّا (۲) (فت پ ، شدت) صف .

(مجازاً) سبک ، ہلکا .

پِتّا (کس پ ، شدت) اند .

۱. جگر کے نیچے ایک چھوٹی سی تھیلی سے مشابہ عضو جس میں زرد کڑوا پانی جگر سے رس کر آتا ہے (جسے پت کہتے ہیں) .۲. (i) (مجازاً) تحمل ، برداشت : تاب و طاقت ، ہمت ، حوصلہ ، جگرا ، جگر ، دل . (ii) غصہ ، تیزی ، تیہا ، جوش دل .۳. خواہش نفسانی .۴. غیرت ، شرم .

پتا پانی کرنا محاورہ. غصہ فرو کرنا : امنگ دبا دینا .

پتا پانی ہونا محاورہ. ۱. امنگ اور حوصلہ نہ رہنا ، ہمت پست ہو جانا (خوف و دہشت وغیرہ کی وجہ سے) حوصلہ ختم ہو جانا .

پتا لگانا محاورہ. کسی کام میں جی لگانا ، دل جمعی اور محنت سے کوئی کام کرنا

پتا مارنا محاورہ. ۱. خواہش یا غصے وغیرہ کو دبانا .۲. مشقت برداشت کرنا ، تکلیف جھیلنا ، تحمل یا دل جمی سے کام لینا .

پتا ماری کا کام امث. محنت مشقت یا تکلیف برداشت کرنا ، نفس کشی .

پتا مرنا محاورہ. مردہ دل ہو جانا ، افسردہ اور مغموم ہو جانا ، غصے اور تیہے یا خواہش نفس کا مادہ ختم ہو جانا .

پَتاری (فت پ) اند .

بَطخ کی ذات کا پانی کا ایک پرندہ جو شمالی ہند میں پایا جاتا ہے موسم کے مطابق یہ اپنے رہنے کی جگہ تبدیل کرتا رہتا ہے ، اس کا شکار بھی کیا جاتا ہے .

پَتال (فت پ) امث .

دیکھیے : پاتال .

پُتائی (ضم پ) امث .

۱. پوتنا سے اسم کیفیت ، پوتنے کا عمل ، پلاستر کرنا .۲. پوتنا ، پلاستر کرنے کی اُجرت .

پَتر/ پَتّر/ پَتَر (فت پ، سک ت/ شدت بفت/ فت ر) اند.
۱. پرندے کا پر، بٹیر کا پر. ۲. (i) پتا، برگ: برگ گل. (ii). کاغذ جو لکھنے کے لیے بنایا ہو، ورق، پنا، خط، چٹھی. ۳. نوشتہ، دستاویز، تحریر، وثیقہ. ۴. (i) دھات کی چادر یا اس کا ٹکڑا وغیرہ. (ii) سونے یا چاندی کا موٹا ورق. [س].

پتر کار صف: اند. لکھنے والا، مضمون نگار، جو کسی اخبار رسالے یا جریدے وغیرہ کا مدیر یا اخبار کا منتظم ہو: نامہ نگار، صحافی، نمائندہ خصوصی.

پُتّر (ضم پ، شدت بفت) اند: ~ پتر.
۱. بیٹا، پسر. ۲. پیارا بچہ. [س].

پَترا (فت پ، سک ت) اند.
۱. پنا، ورق. ۲. (چھلائی) چھلائی کا اوزار تیز کرنے کی فولادی پٹی. ۳. کسی دھات کی ڈھلی ہوئی پتلی چادر کا ٹکڑا: [س].

پَترا / پَتّرا (فت پ، سک ت/ شدت بفت) اند.
دھات کی چادر یا اس کا ٹکڑا. ۲. (i) تقویم، جنتری، کلینڈر، وہ نوشتہ جس میں ایک سال یا زیادہ کے احکام نجوم لکھے جاتے ہیں. (ii) زائچہ، وہ خانے جو علم نجوم کے اصول کے مطابق کسی سوال کا نتیجہ برآمد کرنے کے لیے نجومی بناتے ہیں.

پَترہ / پَتّرہ (فت پ، سک ت، فت ر/ شدت بفت) اند.
پترا، پنا، ورق.

پَتری (۱) (فت پ، سک ت) است.
کھانے کا پتّل، پتوں کا دونا یا تھال وغیرہ.

پَتری (۲) (فت پ، سک ت) است.
کھانڈ کے ذرات کا پنڈ جو راب سے شیرہ ٹپکنے کے بعد تھیلے میں باقی رہ جاتا ہے. [مقامی].

پَتری (۳) (فت پ، سک ت) است.
۱. فولاد کا پتلا تار یا ٹکڑا. ۲. لوہے یا فولاد کی پتر، لوہے کی چادر کا لمبا پتلا ٹکڑا: پٹی: پتی. [س].

پُتری (۱) (ضم پ، سک ت) است.
لڑکی، بیٹی، کنیا. [س].

پَتّری (۱) (فت پ، شدت بفت) است.
۱. پترا کی تصغیر: تقویم، جنتری. ۲. کسی مذہبی کتاب کا کوئی سبق یا وعظ و نصیحت کا خلاصہ. ۳. چٹھی، رقعہ، خط، نامہ: جنم کنڈلی، جنم پتری، زائچہ، طالع مولود. [س].

پَترے / پَتّرے (فت پ، سک ت/ شدت بفت) اند: ج.
پتر، پترا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پَترے کُھلنا محاورہ. عیب ظاہر ہونا، قلعی کھلنا، حقیقت واضح ہونا.

پَتّل (۱) (فت پ، شدت بفت) است.
۱. ڈھاک یا کسی اور درخت کے پتوں کا تھالی نما بنایا ہوا ظرف جس میں اکثر (ہندو) کھانا رکھ کر کھاتے ہیں: پاتر پنوارا. ۲. (ہندو) ایک آدمی کی خوراک جو بیاہ یا دوسری تقریبات میں تقسیم کی جاتی ہے. [س].

پَتلا (فت پ، سک ت) صف: است: پتلی.
۱. باریک: لاغر، دُبلا. ۲. رقیق، سیال (پانی کی طرح کا)، بہنے والی چیز، گاڑھی کی ضد. ۳. تنگ، گنجائش میں کم، سکڑا ہوا. ۴. ملائم، نرم. [س].

پتلا حال اند. (جسمانی تکالیف یا مالی پریشانی کی وجہ سے) خستہ و خراب حالت.

پُتلا (ضم پ، سک ت) اند.
۱. آدمی یا جانور کا قالب، بت، پیکر: انسان یا حیوان کی صورت جو آٹے یا کسی اور چیز سے بنائی جائے. ۲. نمونہ، مثال. ۳. صدقہ کا گڈا یا گڑیا. ۴. وجود جس میں کوئی خاصیت (بھلائی یا برائی) پائی جائے، کسی حسن یا قبح کا مجسمہ. ۲. سرتاسر، جیسے عقل کا پتلا. [س].

پُتلا گاڑنا محاورہ. آٹے کی وہ صورت جو جادوگر اس انسان کی ہم شکل بنا کر زمین میں گاڑتے ہیں جس پر (آزار پہنچانے یا رام کرنے کے لیے) جادو کرنا مقصود ہو.

پِتلانا (کس پ، سک ت)
پیتل کی سی رنگت ہو جانا.

پَتلُون (فت پ، سک ت، و مع) است: اند.
مغربی وضع کا پاجامہ (اس کے کھولنے اور بند کرنے کے لیے بٹن اور

زپ استعمال کرتے ہیں)۔ [انگ]۔

پتلون ڈھیلی ہونا محاورہ۔ گھبرانا، ڈر جانا۔

پَتلی (۱) (فت پ، سک ت) صف مث۔
پتلا کی تانیث۔

پتلی آواز اسث۔ مہین آواز، باریک یا ہلکی آواز۔

پتلی دال (کا) کھانے والا صف۔ (مجازاً) غریب، ادنیٰ؛ کمزور، کم ہمت۔

پتلی کمر اسث۔ باریک اور نازک کمر۔

پُتلی (فت پ، سک ت) اسث۔
۱۔ پتلا کی تانیث، آدمی یا جانور کا قالب، بت، وجود جس میں کوئی خاصیت (بھلائی یا برائی) پائی جائے، مجسمہ۔ ۲۔ آنکھ کا گول سیاہ حصہ، مردمک چشم۔ ۳۔ شعبدہ گر کی گڑیا (جسے وہ تاروں کے ذریعے سے نچاتا ہے) پتلی تماشا۔ ۴۔ مجازاً حسین، نازک اندام عورت۔ ۵۔ مجسمہ (جو دوسروں کے اشاروں پر کام کرے۔) سراپا۔ [س]۔

پتلی بن کر (کے) رہ جانا محاورہ۔ ساکت رہ جانا، دم بخود ہو جانا۔

پتلی گھر اند۔ تجارتی مال کی تیاری کا کارخانہ جہاں کلوں کے ذریعے مال تیار کیا جاتا ہو؛ جگہ جہاں کپڑا بننے کی مشین لگائی گئی ہو، کپڑا بننے کی مل؛ کارخانہ جس میں مشین اور انجن سے کام لیا جاتا۔

پتلی دَم پڑنا محاورہ۔ ۱۔ نزع کا عالم ہونا۔ ۲۔ زندگی یا کسی خاصیت کے آثار پیدا ہونا۔

پُتلیاں (ضم پ، سک ت، کس ل) اسث، ج۔
پتلی کی جمع (تراکیب میں مستعمل)۔

پتلیاں پتھرا جانا/پتھرانا محاورہ۔ ۱۔ آنکھوں کی پتلیوں کا بے حس و حرکت اور بے نور ہو جانا، نزع کے آثار پیدا ہونا۔ ۲۔ حیرت، غشی یا نشے سے آنکھوں کی پتلیوں کا بے حس و حرکت ہو جانا۔

پتلیاں پھر جانا/پھرنا محاورہ۔ موت کے وقت مردمک چشم کا اوپر چڑھ جانا، آنکھوں کی ہیئت کا متغیر ہو جانا۔

پتلیاں نچانا محاورہ۔ ۱۔ گڑیوں کا تماشا دکھانا۔ ۲۔ آنکھیں مٹکانا۔

پُتلیوں (ضم پ، سک ت، کس ل، وج) اسث، ج۔
پتلی کی جمع (تراکیب میں مستعمل)۔

پُتلیوں سے نُور جاتا رہنا محاورہ۔
آنکھوں کی روشنی ختم ہونا۔

پُتلیوں کا تماشا اند۔ تار وغیرہ کے ذریعے پتلیاں نچانے کا تماشا نیز مجازاً۔

پُتلیوں رکھنا محاورہ۔ بہت عزیز رکھنا، لاڈ پیار کرنا؛ بہت عزیز ہونا، بہت پیارا ہونا۔

پَتّن (۱) (فت پ، شدت بفت) اند۔
شہر، قصبہ؛ آبادی (مرکبات میں مستعمل جیسے: پاک پتن۔ [س]۔

پُتنا (ضم پ، سک ت) ف ل۔
پچارا یا پوتا پھیرا جانا؛ رنگ یا سفیدی کا پھیرا جانا، کوچی ہونا، لپنا۔

پَتَنگ (۱) (فت پ، ت، غنہ) اند؛ اسث۔
کنکوا، کاغذ باد، گڈی۔ [س]۔

پتنگ باز اند۔ پتنگ کے کھیل یعنی اس کے اڑانے اور لڑانے کا شوقین۔

پتنگ بازی اسث۔ پتنگ اڑانے کا عمل، کنکوا اڑانے اور لڑانے کا کھیل۔

پتنگ بڑھانا محاورہ۔ پتنگ کو ڈور میں باندھ کر ہوا میں بلند کرنا اس طرح کہ ڈور کی ڈھیل کے ساتھ وہ بلند ہوتی رہے۔

پتنگ بڑھنا محاورہ۔ پتنگ کا حریف کی پتنگ سے آگے نکل جانا۔

پتنگ کاٹنا محاورہ۔ اپنی پتنگ کی ڈور سے پیچ ڈال کر حریف کی پتنگ کی ڈور کو کاٹ ڈالنا۔

پتنگ کٹ جانا/کٹنا محاورہ۔ کنکوے کی ڈور کا کٹ جانا؛ کہیں سے نکلا جانا۔

پتنگ لڑانا محاورہ۔ مخالف یا غیر کی اڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور میں اپنی اڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور کا پیچ ڈالنا۔

پتنگ لوٹنا محاورہ۔ کٹی یا اُکھڑی ہوئی پتنگ کو پکڑ لینا۔

پتنگ ہو جانا/ہونا محاورہ۔ غائب ہو جانا، اڑ جانا۔

پَتَنگ (۲) (فت پ، ت، غنہ) اند۔
۱۔ ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو روشنی پر گرتا ہے، پتنگا، پروانہ۔ ۲۔ اڑنے والا کیڑا۔ [س]۔

پَتَنگا (فت پ، ت، غنہ) اند۔
۱۔ چنگاری، چراغ یا کوئلے وغیرہ کی آگ کا پھول، گُل۔ ۲۔ پروانہ،

پردار کیڑا .۳. گودام کا کیڑا ، اناج وغیرہ میں لگ جانے والا کیڑا . [س].

پَتَنگے (فت پ ، ت ، غنہ) اند .

پتنگا کی جمع (اکثر تراکیب میں مستعمل) .

پتنگے لگانا محاورہ .۱. آگ لگانا ، جلانا ؛ پتنگے لگنا کا تعدیہ .۲. شرارت کرنا ، چھیڑنا ، مشتعل کرنا .

پتنگے لگنا محاورہ . سخت ناگوار گزرنا ، غصے یا حسد وغیرہ سے تن بدن میں آگ لگ جانا ؛ سوزش ہونا ، سخت گرمی محسوس ہونا .

پَتنی (فت پ ، سک ت) است .

بی بی ، زوجہ ، پتی کی تانیث . [س].

پَتَوّا (فت پ ، ت ، شدو) اند ؛ صف .

پتا ، برگ ؛ گھاس پھوس . [ہ].

پتوا سی صف . ہلکی ، پتا جیسی .

پَتوار (فت پ ، سک ت) است ؛ اند .

۱. (i) کشتی کا رخ پھیرنے یا موڑنے کا ہتھا جو کشتی کے سرے پر لگا ہوتا ہے اس کے نچلے سرے کی دھار جس طرف پھیری جائے اسی رخ کشتی مڑ جاتی ہے ، چپو . (ii) ہوائی جہاز کے پر اور دم کا وہ حصہ جس سے رخ بدلا جاتا ہے .۲. بجرے کی قسم کی سامنے سے چوڑی اور پیچھے سے تکونی شکل کی ناؤ . [س].

پتوار چلانا محاورہ .۱. کشتی کھینا ، ملاحی کرنا .۲. ناخدائی کرنا .

پَتواس (فت پ ، سک ت) است .

کھڑے بانس پر بنی ہوئی چھتری ، پرندوں خصوصاً کبوتروں کے بیٹھنے کا اڈا ؛ باز کے بٹھانے کا اڈا ؛ لکڑیاں جو کبوتروں کے دڑبے یا کابک میں ان کے بیٹھنے کے لیے لگا دیتے ہیں . [س].

پُتوانا (ضم پ ، سک ت) ف م .

پوتنا کا تعدیہ .

پُتوائی (ضم پ ، سک ت) است .

دیکھیے : (پتوانا) کا کام یا اُس کی اُجرت .

پَتَوڑ (فت پ ، و ج) اند .

پالک کے ساگ کے بیسن چڑھا کر تلے ہوئے پتے یا بیسن چڑھے ہوئے اروی کے پتوں کا سالن .

پَتَوڑا (فت پ ، ولین) اند .

اروی بتھوے پودینے کے وہ پتے جنھیں تہ بہ تہ بیسن میں لگا کر (مولی یا شکر قند کی شکل میں) لپیٹتے اور بھاپ کے ذریعے گلا کر اس کے قتلے کاٹ کر پکاتے ہیں ؛ پتوڑ .

پَتَہ (فت پ ، ت) اند .

۱. پتا کا املا مرکبات میں مستعمل .۲. پتے .

پتہ پانا محاورہ . نشان مل جانا ، حقیقت معلوم ہو جانا ، دریافت ہونا .

پتہ چلنا محاورہ . معلوم ہونا .

پتہ کی بات کہنا محاورہ . دیکھیے : پتے کی بات کہنا ، راز کی بات کہنا ، دور کی کوڑی لانا .

پتہ لگانا محاورہ . معلوم کرنا ، جاننا .

پتہ لگنا محاورہ . معلوم ہونا ، خبر ملنا .

پتہ نکالنا محاورہ . ڈھونڈنا ، تلاش کرنا .

پتہ ہونا محاورہ . معلوم ہونا .

پَتّہ (فت پ ، شدت بفت) اند .

پتا مع تحتی الفاظ ، پتا کا املا مرکبات میں مستعمل .

پتہ چاٹ صف . پودوں کے پتوں کو کھا کر انھیں ضائع کر دینے والا .

پتہ کاٹ دینا / کاٹنا محاورہ . پتا کاٹ دینا ، کسی کے فائدے کا کوئی سلسلہ منقطع کر دینا .

پِتّہ (کس پ ، شدت بفت) اند .

دیکھیے : پتا مع تحتی الفاظ ، پتا کا املا تراکیب میں مستعمل ؛ انسان جانور کے جسم کے اندر جگر کے نیچے ایک چھوٹی سی تھیلی نما عضو .

پتہ پانی ہونا محاورہ . دیکھیے : پتا پانی ہونا ، امنگ اور حوصلہ نہ رہنا ہمت پست ہو جانا .

پتہ مارنا محاورہ . دیکھیے : پتا مارنا ، خواہش یا غصے کو دبانا ، تکلیف جھیلنا .

پَتی (فت پ) اند .

۱. شوہر ، خاوند .۲. سرپرست ، مربی ، مالک . [س].

پتی برتا / ورتا (الف) صف . پاک دامن (عورت) ؛ وفادار (بیوی)

(ب) است. (عورت کی) پاک دامنی، عصمت.

پَتّی (۱) (فت پ، شدت) است.
۱. چھوٹا پتا، کونپل، پنکھڑی. ۲. بیل بوٹا جو زیور میں بناتے یا کپڑے وغیرہ پر کاڑھتے یا بناتے ہیں (بیشتر پھول کے ساتھ). ۳. سبزی، بھنگ.

پَتّی (۲) (فت پ، شدت) است.
۱. (دھات کی) پتری. ۲. نب، فولاد کا قلم.

پَتّی (۳) (فت پ، شدت) است.
(کسی چیز میں) حصہ، چندہ، شراکت. [س].

پِتّی (کس پ، شدت) است.
ددوڑے جو خون کی گرمی سے یکایک جسم پر پڑ جاتے ہیں.

پَتے (فت پ) اند؛ ج.
پتا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پتے کی بات است. راز کی بات، معاملے کی حقیقت، دور کی کوڑی، کام کی بات.

پتے کی کہنا محاورہ. ۱. ایسی معقول بات (جو دوسرے کے ذہن میں نہ ہو یا اسے معلوم نہ ہو) کہنا. ۲. چبھتی ہوئی بات کہنا؛ راز کی بات کہنا؛ بھید کھولنا؛ چوٹ کرنا.

پَتّے (فت پ، شدت) اند؛ ج.
پتا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پتے ماری است. سخت محنت، مشقت؛ برداشت، تحمل.

پتے ماری کا کام اند. سخت محنت کا کام؛ وہ کام جس میں بڑے صبر و تحمل کی ضرورت ہو.

پَتیلا (۱) (فت پ، ی مع / فت پ، ی مع، فت ل) اند؛ ~ پتیلہ.
دھات کا کھلے منھ اور پھیلے ہوئے پیٹ کا برتن جس میں سالن وغیرہ پکاتے ہیں؛ ایک قسم کا دیگچہ (لیکن دیگچے اور پتیلے میں فرق ہے دیگچہ چھوٹے منھ کا اور کوٹھی دار یا گھیر دار پیٹ کا ہوتا ہے) 'پتیلہ. [س]

پَتیلا (۲) (فت پ، ی مع) اند؛ ~ پٹیلا.
کھیت کے جڑیں صاف کرنے اور زمین ہموار کرنے کا ہل، پٹوی، پٹری، پرونتھا؛ ہنگا.

پَتیلی (فت پ، ی مع) اند.
پتیلا کی تصغیر؛ دیگچی؛ (مجازاً) وہ سالن وغیرہ جو پتیلی میں پکایا جائے، تانبے یا پیتل وغیرہ کی ہنڈیا.

پَتھ (۱) (فت پ) اند.
۱. راستہ، سڑک، راہ؛ شارع عام، شاہ راہ. ۲. اصول، تعلقات کے طور طریقے. [س].

پَتھارا (فت پ) اند.
چھابڑی، خوانچہ، بساط، ٹھیا، تھڑا. [مقامی].

پتھارے دار اند. بدمعاشوں، چوروں وغیرہ کا سرغنہ، لٹیروں کا سرگروہ، وہ سربرآوردہ شخص جو چوروں وغیرہ کی سرپرستی کرتا ہو، چوروں، بدمعاشوں وغیرہ سے اور حکومت کے کارندوں سے رابطہ رکھنے والا بااثر آدمی.

پَتّھر (فت پ، شد تھ / بفت) (الف) اند.
۱. ریت اور مٹی کے ذروں کی ٹھوس اور سخت شکل جس کی مسلسل چٹانیں جو مل کر پہاڑ کہلاتی ہیں، چٹان یا اس کا ٹکڑا، سنگ، حجر. ۲. قیمتی معدنی شے لعل، ہیرا، زمرد، رتن وغیرہ کے نام کے ساتھ مستعمل. ۳. سڑک کے کنارے گڑا ہوا وہ پتھر جس پر میل (یا اب کلومیٹر) کے نشان کھدے یا لکھے ہوتے ہیں، سڑک کی پیمائش بتانے والا پتھر، سنگ میل.
(ب) صف. (مجازاً) ۱. سخت، کڑا. ۲. دم بہ خود، گم سم، خاموش. ۳. جو اپنی بات پر جما رہے، اڑیل ضدی. ۴. بے رحم، کٹر، کٹھور، بے حس، جس میں ذرا احساس نہ ہو. ۵. بوجھل، گراں، بھاری، نہایت. [س].

پتھر اپنی ہی جگہ بھاری ہوتا ہے کہاوت. انسان کی وقعت اپنی جگہ یا مقام پر ہی ہوتی ہے.

پتھر آنا ف ل. ۱. کسی کو تنگ کرنے کے لیے یا بسا اوقات آسیب کے اثر سے گھر، دکان یا باغ وغیرہ میں پتھروں کا گرنا. ۲. (مجازاً) لڑکی کے لیے پیغامات آنا (کہاوت میں مستعمل، صرف 'پتھر آتے ہیں').

پتھر برسانا محاورہ. سنگ باری کرنا، پتھراؤ کرنا.

پتھر برسنا محاورہ. ۱. بہت زیادہ پتھر مارے جانا؛ مصیبت نازل ہونا، ستایا جانا. ۲. اولے پڑنا.

پتھر بن جانا / بننا محاورہ. سنگ دل ہو جانا ، کٹھور پن اختیار کر لینا ، بے حس بن جانا ، بت بن جانا ؛ بہرا بن جانا .

پتھر پر جونک لگنا محاورہ. ضدی یا نافہم وغیرہ پر کسی فہمائش کا اثر ہونا (بیشتر نفی یا استفہام کے ساتھ) .

پتھر پر کیا اثر کہاوت. بے وقوف پر تعلیم و تربیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا .

پتھر پڑنا محاورہ. ۱. (عموماً عقل یا سمجھ کے ساتھ) بے کار ہو جانا (بیشتر 'پڑ' کے ساتھ) . ۲. آفت یا مصیبت نازل ہونا . ۳. (کسی بات کا) مطلق اثر نہ ہونا ، بے حسی طاری ہونا .

پتھر پڑیں فقرہ. (کوسنا) خدا کا قہر نازل ہو ، غارت ہو ، خاک میں ملے ، اڑ جائے ؛ تف ہے ، لعنت ہے .

پتھر پگلنا / پگھلنا محاورہ. سخت دل کو رحم آنا ، کٹھور اور ضدی کا نرم پڑ جانا .

پتھر پوجے ہر ملے تو میں پوجوں پہاڑ کہاوت. ۱. اگر پتھر پوجنے سے معرفت خدا حاصل ہوتی ہے تو میں پہاڑ پوجنے کو تیار ہوں (مراد پتھر پوجنے سے ہرگز معرفت حاصل نہیں ہوتی . ۲. اگر خوشامد سے کار برآوری ہو سکے تو میں نہایت خوشامدی بن جاؤں .

پتھر سے سر پھوڑنا/ مارنا محاورہ. نافہم کو سمجھانا ، کوڑھ مغز کے ساتھ مغز مارنا .

پتھر کا صف مذ. مث : پتھر کی . ۱. سنگ دل ، بے رحم . ۲. سخت ضبط کرنے والا ، بہت برداشت کرنے والا .

پتھر کا ہوجانا/ ہونا محاورہ. سخت دل ہونا ، بے حس ہونا .

پتھر کو جونک لگنا محاورہ. ۱. سنگ دل پر کوئی اثر ہونا یا نرم بن جانا ، رحم آنا ، بد پر نصیحت کا اثر ہونا ، امر محال یا خلاف معمول کوئی کام ہونا . ۲. کنجوس سے بخشش یا انعام کی امید موہوم کرنا ، کنجوس کا فیاض ہونا .

پتھر کی لکیر است ؛ صف. وہ نشان جو پتھر پر پڑ جائے ، پکی لکھائی ، نقش کا لحجر ، نہ مٹنے والی چیز ، مضبوط ، پکا ، اپنی بات کا اٹل ہونا ، ٹس سے مس نہ ہونا .

پتھر کھینچ مارنا محاورہ. ایسی سخت بات کہنا جو سننے والے کو ناگوار گزرے .

پتھر ہو جانا / ہونا محاورہ. ۱. سخت ہو جانا ، جم کر سخت ہو جانا ؛ بے حس ہو جانا . ۲. بھاری ہو جانا . ۳. دشوار ہو جانا ، مشکل ہو جانا . ۴. بت بن جانا ، خاموش ہو جانا ؛ بہرا بن جانا . ۵. بے رحم ہونا ، سنگ دل ہونا ۶. اندھا ہو جانا ، بے کار یا نکما ہو جانا . ۷. بے حس ہونا .

پَتّھرا / پِتّھرا (فت پ ، سک تھ / ، شد تھ بفت) امذ .
۱. دیکھیے : پتھر (۱) . ۲. ایک طرح کا پتھر کا وزن یا باٹ .

پتھرا جانا ف ل . ۱. پتھر بن جانا ، بے حس ہو جانا ، خاموش یا ساکت ہو جانا . ۲. (آنکھوں کا) چندھیا جانا ، دیکھنے سے معذور ہو جانا ، بینائی جاتی رہنا ، بے نور ہو جانا .

پتھرا دینا ف م . پتھر بنا دینا ، بے حس و حرکت کر دینا .

پَتھرانا (فت پ ، سک تھ) ف ل .
۱. پتھر کی حالت اختیار کر لینا ، سخت ہو جانا . ۲. دیکھیے : پتھر ہو جانا معنی نمبر ۲ .

پَتھراو / پَتھراؤ (فت پ ، سک تھ / و ج) امذ .
پتھر برسانے کا عمل ، سنگ باری .

پَتھری (فت پ ، سک تھ) است .
۱. سنگ ریزہ ، پتھر کا ٹکڑا . ۲. ایک قسم کی بیماری جس میں مثانے گردے میں سخت مادہ جم کر سنگ ریزوں کی شکل اختیار کر لیتا ہے جس سے پیشاب میں رکاوٹ اور تکلیف ہوتی ہے ، سنگ مثانہ ۳. استرے کی دھار تیز کرنے کی کرنڈ کی بنی ہوئی سلی . ۴. وہ پتھر کا ٹکڑا جسے رگڑنے سے آگ نکلتی ہے ، چقماق . ۵. کسوٹی ، سونا چاندی کسنے کا پتھر .

پَتھرِیلا (فت پ ، سک تھ ، ی مع) صف ؛ مث .
جس میں پتھر ملا ہو ، کنکریلا ؛ پتھر کا .

پَٹ (۱) (فت پ) امذ .
۱. کواڑ ، دروازے (یا کھڑکی) کا ایک تختہ یا پلا (مجازاً) دروازہ ، پردہ وغیرہ . ۲. نقاب ، گھونگٹ ، دوپٹے یا چادر وغیرہ کا کنارہ ، پلا منہ چھپانے کے لیے عورتیں آگے کی طرف کھینچ لیتی ہیں ؛ آڑ اوٹ . [س] .

پَٹ بھیڑنا ف مر. کواڑ بند کرنا ، دروازہ بند کرنا .

پَٹ کھولنا ف مر. ۱. دروازہ کھولنا ۲. گھونگھٹ اُٹھانا ، نقاب ہٹانا .

پَٹ (۲) (فت پ) امث.
عرض ، چوڑائی ، (مجازاً) وسعت کائنات ، دیکھیے : پاٹ (۱) . [س] .

پَٹ (۳) (فت پ) امذ ؛ ~ پٹ.
نقاش کا تختہ یا پٹی ، نیز دھات کا پتر جس پر حکم شاہی کندہ کیا جائے ؛ دستاویز ، وثیقہ ، شاہی فرمان جو پتر یا پتھر پر کندہ ہو ؛ بیٹھنے کی جگہ ، کرسی ، گدی ، تخت ؛ ریشم کا کپڑا ؛ زخم یا چوٹ پر باندھنے کی پٹی یا بند ؛ ایک پودا جس کے ریشوں سے سن بنتا ہے ، نیز موٹا کپڑا ، تھیلے اور رسی تیار ہوتی ہے ، ریشۂ سن ، چھپر چھان ؛ سرکنڈوں وغیرہ کا بنا ہوا وہ چھپر جو ناؤ یا بہلی کے اوپر ڈال دیا جاتا ہے . [س] .

پَٹ (۴) (فت ٹ) امذ.
۱. کسی چیز کے گرنے کی آواز ۲. (تابع کے طور پر مستعمل) ترت ، اسی دم ، فوراً ، (بیشتر 'جھٹ' یا چٹ کے ساتھ جیسے : جھٹ پٹ ، جھٹ منگنی پٹ بیاہ) . [س] .

پٹ سے م ف. ۱. کسی چیز کے گرنے کی آواز ۲. (تابع) کے طور پر مستعمل) ترت ، اسی دم ، فوراً (بیشتر 'جھٹ' یا چٹ کے ساتھ جیسے : جھٹ پٹ ، چٹ روٹی پٹ ڈال ، چٹ کہے پٹ کرے ، چٹ منگنی پٹ بیاہ وغیرہ) ۳. جوں مارنے کی آواز . [س] .

پٹ سے بولنا محاورہ. تڑاق سے کہہ دینا ، بیچ میں بول اٹھنا .

پَٹ (۵) (فت پ) صف.
۱. اوندھا ، الٹا (چت کا نقیض) ۲. برباد ، تباہ ، ملیامیٹ ۳. (مجازاً) (مقصد کے) ناموافق ، منافی ، الٹا (چت کے ساتھ مستعمل) . [س]

پٹ بیجنا امذ. ۱. ایک چھوٹا سا پروانہ جس کی دم رات میں رہ رہ کر چمکتی ہے ، جگنو ۲. بلور کی قسم کے دو رنگ پتھر جس کی اوپر کی سطح سفید اور نیچے کی سرخی مائل ہوتی ہے اس پتھر کا بنایا ہوا نگ اصطلاحاً پٹ بیجنا کہلاتا ہے . [س] .

پِٹ (۱) (کس پ) امذ.
پیٹ کا مخفف ؛ تراکیب میں مستعمل .

پٹ پچھنا صف ، امذ. وہ بچہ جو سب اولاد کے بعد پیدا ہو ، آخری بچہ.

پِٹ (۲) (کس پ) امذ.
پٹارا ، صندوق ، ٹوکری ؛ سور ؛ پھوڑا ؛ چھت ؛ مکان ؛ چھاجن . [س] .

پُٹ (ضم پ) امث ؛ ~ پٹھ.
۱. گائے ، بکرے وغیرہ کی کمر کا حصہ یا اُس کا گوشت ۲. آمیزش ، شائبہ ، باس ، چپنی ، خمیر . [س] .

پٹا (۱) (فت پ) امذ.
۱. ایک قسم کے فن سپہ گری کا نام جس کو پھری گدکے سے کھیلتے ہیں . ۲. ایک قسم کی لمبی دو دھاری تلوار (ڈنڈا ، لاٹھی ، عصا ؛ تختہ جس پر ہندو بیٹھ کر کھانا کھاتے یا پوجا پاٹ کرتے ہیں) ؛ (چٹائی یا موٹے کپڑے کا لمبا ٹکڑا جو چوڑائی میں کم ہو ؛ لگام کی مہری یا سربند) . [س] .

پٹا (فت پ) صف ؛ مث : پٹی.
۱. (گرد وغبار وغیرہ سے) بھرا ہوا ، بند ، اٹا ہوا ۲. (اسباب یا اشخاص سے) پر ، بھرا ہوا (اظہار کثرت کے لیے) . [س] .

پِٹا (کس پ) صف ؛ مث.
تراکیب میں مستعمل بطور جزو اول یا جزو ثانی جیسے گھسا پٹا ، لٹا پٹا ، پٹا کٹا .

پٹّا (۱) (فت پ ، شد ٹ) امذ ؛ ~ پٹہ .
۱. (چمڑے یا کپڑے وغیرہ کا) حلقہ جو پالتو جانور کے گلے میں ڈالتے ہیں ۲. چمڑے یا سوت یا دھات کا فیتہ جو مشین کے ان پہیوں میں ڈالتے ہیں جن سے وہ چلتی ہے ۳. (لکڑی یا لوہے وغیرہ کا) تختہ یا پٹرا ، پٹری ۴. تختہ جس پر ہندو بیٹھ کر کھانا کھاتے یا پوجا پاٹ کرتے ہیں . [س] .

پٹا تڑانا محاورہ. رسی تڑانا ، زنجیر تڑانا ، پٹا توڑ کر کسی جانور کا نکل جانا ، رہائی پانا ، بھاگنے یا مفرور ہونے کی کوشش یا ارادہ کرنا ، مخلصی یا آزادی چاہنا ، بچنا .

پٹا ڈالنا محاورہ. قابو میں رکھنا ، بے لگام نہ ہونا .

پٹّا (۲) (فت پ ، شد ٹ) امذ ؛ ~ پٹہ .
۱. زمین دار کی لکھی ہوئی دستاویز جس میں وہ کاشت کار کو زمین لگان

پر یا ٹھیکے پر دینے کا قول و قرار تحریر کرتا ہے (کاشت کار یا ٹھیکے دار اس کے مقابل قبولیت لکھتا ہے)۔ ۲. تحریری معاہدہ؛ دستاویز. ۳. تحصیل داروں کے لیے ہدایات کی ایک کتاب. [س].

پٹا دار امذ. وہ زمین دار جس نے اپنی زمین کسی کاشت کار یا ٹھیکے دار کو پٹے کے ذریعے لگان پر یا ٹھیکے پر دی ہو.

پَٹّا (۳) (فت پ، شد ٹ) امذ؛ ~ پٹہ.
(لفظاً) پاٹ والا، بطور جزو دوم مرکبات میں مستعمل جیسے: دوپٹا. [س].

پَٹّا (۴) (فت پ، شد ٹ) امذ.
مردوں کے سر کے دونوں طرف کے لٹکے ہوئے بال، کاکل. [س].

پَٹاپَٹ (فت پ، پ) م ف.
۱. پٹ پٹ، کسی چیز کے مسلسل گرنے کی آواز؛ مسلسل مارنے کی آواز. ۲. پھلوں کے متواتر زمین پر گرنے کی آواز.

پَٹاپَٹی (فت پ، پ) امث.
ایک دھاری دار کپڑا؛ جس پر رنگ برنگے پھول پتے، بیل بوٹے بنے یا کڑھے ہوں، مینا کاری یا چوب کاری کے کام والا کپڑا؛ مختلف رنگوں کے کپڑے کی پٹیوں سے بنی ہوئی کوئی چیز.

پَٹاخ (فت پ)؛ ~ پٹاق؛ پٹاک. (الف) امث.
۱. پٹاخے، بندوق یا تھپڑ کی آواز. ۲. درخت سے پھل گرنے کی صدا.
(ب) م ف. تڑاق پڑاق، فوراً، پے در پے.

پَٹاخ سے بولنا محاورہ. ۱. جلدی بولنا، تیزی سے جو منھ میں آئے کہہ دینا.

پَٹاخا (فت پ)؛ ~ پٹاخہ. (الف) امذ.
۱. (i) زور کی آواز دینے والی ایک قسم کی آتش بازی جو گول اور تکونی شکل کی بنائی جاتی ہے. (ii) دھماکا، زور دار آواز، پٹاخے کی آواز.
(ب) صف. ۱. چالاک، طرح دار، چنچل، تیز و طرار، شوخ و شنگ، بیچ میں بول اٹھنے والا یا والی. ۲. فاحشہ، بدکار.

پِٹارا (کس پ) امذ.
۱. صندوق کے طور پر استعمال ہونے والا بانس، بید، مونج، ٹین یا لکڑی وغیرہ کا گول اور برجی نما ڈھکن کا ظرف جس میں کپڑے اور زیورات وغیرہ رکھتے ہیں، ہر طرح کے بنے ہوئے پٹاروں پر مضبوطی کے لیے چمڑا یا موٹا کپڑا بھی چڑھا دیتے ہیں. ۲. سپیرے، مداری یا پھل بیچنے والوں کا بید، بانس یا مونج کا ڈھکن دار ٹوکرا. ۳. ایک قسم کی آتش بازی. [س].

پِٹاری (کس پ) امث.
۱. پٹارا کی تصغیر، ایک چھوٹی ٹوکری جس پر ڈھکن ہوتا ہے. ۲. پان دان، پان رکھنے کا مسی یا برنجی برتن.

پٹاری کا خرچ/خرچہ امذ. عورت کا جیب خرچ؛ پان دان کا خرچ. اف: لکھنا، لکھوانا.

پٹاری میں بند رکھنے کے قابل ہیں کہاوت. (طنزاً) نادر، عجیب، عجیب و غریب.

پُٹاس/ پُٹاش (ضم پ) امذ.
ایک قسم کا کھار جو آتش گیر ہوتا ہے اور اس سے پٹاخا وغیرہ بناتے ہیں، پوٹاشیم کا مرکب. [انگ].

پَٹانا (۱) (فت پ) ف م.
۱. ہموار کرنا (مجازاً) بہلا پھسلا کر کسی بات پر راضی یا آمادہ کرلینا. ۲. سودا بنانا، چکانا؛ معاملہ طے کرانا، جھگڑا فیصل کرانا. ۳. گڑھے کو پر کرنا، بھروانا. ۴. چھت ڈالنے یا عمارتی شہتیر بھرنے کے لیے تختہ بندی کرانا.

پِٹانا (کس پ) ف م.
پٹوانا، عموماً پٹنا کے ساتھ مستعمل جیسے: پٹنا پٹانا.

پَٹاؤ / پٹاؤ (فت پ/ وج) امذ.
۱. (کسی چیز) کے ڈھانکنے یا پاٹنے کا سامان؛ چھت کو ٹائل یا دوسرے طریقے سے پاٹنے کا طریقہ، چھت وغیرہ کی فرش بندی.

پَٹائی (فت پ) امث.
(چھت وغیرہ) پاٹنے کا عمل یا کیفیت؛ پاٹنے کی اُجرت.

پِٹائی (کس پ) امث.
پٹنے کی حالت یا کیفیت. اف: کرنا/ہونا.

[illegible] (فت پ، فت ٹ، ف ل)

[illegible] کسی چیز کو بجا کر یا پیٹ کر اس سے آواز پیدا کرنا.
[illegible] کے ساتھ حرکت کرنا یا دینا، دیکھیے: آنکھیں پٹپٹانا.

[illegible] (فت پ، سک ٹ، سک ر) ف م.

[illegible] کوڑے لگانا .۲. گرد وغیرہ جھاڑنا، کسی چیز کو زور سے [illegible] گرد وغیرہ جھڑ جائے.

پٹخنا ۱. (فت پ، سک ٹ) ف م.
۱. پٹخنا کا تعدیہ .۲. (سنگ تراشی) پتھر کی سل کی کناروں کی ناہمواری کو ٹکلے کی ضرب سے توڑ کر سیدھا اور برابر کرنا، دھار سیدھی کرنا، کور جھاڑنا.

پٹخنا (فت پ، ٹ، سک خ) ف م.
زمین پر دے مارنا، پچھاڑنا؛ (بے پروائی سے) پھینکنا. [ا ر].

پٹخنا (فت پ، سک ٹ، فت خ) امذ.
(عموماً کشتی میں) زمین پر دے مارنے یا گرانے کا عمل نیز اس کی آواز.
پٹخنا دینا محاورہ .۱. (عموماً کشتی میں) زمین پر دے مارنا، گدا کا دینا.۲.دیکھیے: پٹخنی دینا معنی نمبر۲.

پٹخنی (فت پ، سک ٹ، فت خ) امث.
کشتی میں زمین پر دے مارنے یا گرانے کا عمل.
پٹخنی دینا محاورہ .۱.دیکھیے: پٹخنا دینا، پٹخ دینا .۲. بحث میں لاجواب کر دینا، ہرا دینا، زیر کر دینا.

پٹڑا (فت پ، سک ٹ) امذ؛ ~ پٹڑا.
۱.لکڑی کا تختہ.۲.کم اونچے پایوں یا دیواروں کی چھوٹی سی چوکی (جو عموماً حمام یا باورچی خانے میں بیٹھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے)؛ پیڑھا.۳.چکلا؛ وہ تختہ جس پر روٹی یا آٹے کا پیڑا بیلتے ہیں .۴. دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا تختہ .۵. تختہ جس پر مردے کو غسل دیتے ہیں. [س].
پٹڑا کر دینا / کرنا محاورہ .۱. تباہ و برباد کر دینا، تہس نہس کر دینا. ۲.چوپٹ کر دینا، ناکام بنا دینا، ختم کر دینا .۳. طاقت یا قوت سے محروم کر دینا، بے بس کر دینا.
پٹڑا ہونا محاورہ. تباہ و برباد ہونا، چوپٹ ہونا.

پٹڑ پٹڑ (فت پ، ٹ، سک ر، فت پ، ٹ) م ف.
ابڑاق پڑاق، بلا جھجک، بغیر رُکے، روانی کے ساتھ، مسلسل ۲.لگاتار.۳.جھجک کے بغیر: صاف.

پٹرول (کس ج پ، سک ٹ، ولین) امذ؛ ~ پیٹرول.
ایک معدنی تیل جو کیمیائی طریقوں سے صاف کر کے تیار کیا جاتا ہے اور ذرا سی آگ پا کر بھڑک اٹھتا ہے موٹر اور دوسرے انجنوں میں استعمال ہوتا ہے. [انگ].
پٹرول پمپ امذ. وہ جگہ جہاں سے پٹرول فراہم کیا جاتا ہے. [انگ].

پٹڑی (فت پ، سک ٹ) امث؛ ~ پٹڑی.
۱.چھوٹا تختہ یا تختی جو جھولے میں بیٹھنے کے لیے لگائی جاتی ہے .۲. لکڑی کی بنی ہوئی پیڑھی، پیڑی .۳. ریل گاڑی یا ٹرام کے چلنے کی خاص وضع کے بنے ہوئے لوہے کے شہتیروں کی دورویہ قطار. [ہ].
پٹڑی بدلنا محاورہ .۱.ریل کی لائن تبدیل کرنا، کانٹا بدلنا، رخ موڑنا. ۲.اصل موقف سے ہٹنا اپنا موقف تبدیل کر لینا.
پٹڑی سے اُتر جانا / اُترنا محاورہ .۱.(دوران گفتگو وغیرہ میں) اصل موضوع سے ہٹ کر بات کرنا، غیر متعلق بات کرنا؛ بہک جانا، بے راہ ہو جانا. ۲.کسی وجہ سے طرز زندگی میں تبدیلی واقع ہو جانا لغزش کر بیٹھنا.

پِٹَّس (کس پ، شدٹ بفت) امث.
(میت یا کسی مصیبت پر) ماتم، کہرام، گریہ وزاری؛ رونے پیٹنے کا شور.

پٹکا (فت پ، سک ٹ) امذ.
۱. وہ پٹی، کپڑا یا رومال وغیرہ جس سے کمر کسی جاتی ہے، کمربند .۲. سر پر لپیٹنے کا کپڑا، پگڑی، صافہ. [س].

پٹکار (فت پ، سک ٹ) امذ.
ایک قسم کی گاؤ دم رسی یا کوڑا جو کھیت سے چڑیوں کو اڑانے میں کام دیتا ہے.

پٹکن (فت پ، سک ٹ، فت ک) امث.
بے چینی، بے کلی.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

پٹکنا (فت پ، ٹ، سک ک) ف م.
دیکھیے پٹخنا، کسی چیز کو کسی دوسری چیز پر زور سے دے مارنا؛ زمین پر گرانا یا دے مارنا.

پٹکی (فت پ، سک ٹ) است.
صدمہ، ضرب، پٹکے جانے کی حالت، پٹخنی؛ (مجازاً) دھوکا فریب؛ مات.
پٹکی کھانا محاورہ. پچھاڑیں کھانا، زمین پر لوٹ جانا.

پٹکی (ضم پ، سک ٹ) است.
۱. داغ، دھبا؛ چھٹکی. ۲. گندھے ہوئے آٹے کی گٹھلی یا گٹھلیاں جو آٹا گوندھتے وقت پانی ملانے اور ملنے کی غلطی سے پڑ جائیں.

پٹلا (ضم پ، سک ٹ) اند.
بقچہ، گٹھری، جس میں چیزیں باندھتے ہیں.

پٹلیا (ضم پ، فت ٹ، سک ل) است.
پٹلی کی تصغیر؛ چھوٹی پوٹلی.

پٹم (۱) (فت پ، ٹ) صف؛ م ف.
۱. (آنکھ) مندی ہوئی، بند، بے نور، کور. ۲. چوپٹ، خراب، تباہ، ضائع. [ہ].
پٹم ہو جانا محاورہ. اندھا ہو جانا، آنکھ بند ہو جانا؛ پٹ ہو جانا.

پٹن (فت پ، ٹ) اند.
آبادی، بستی، گھاٹ؛ پٹن رائج املا.

پٹن (کس پ، فت ٹ) است.
پٹائی، مار.

پٹن (کس پ، شد ٹ بفت) است.
دیکھیے: پٹس، ماتم، کہرام، رونا، پیٹنا.

پٹنا (فت پ، سک ٹ) ف ل.
۱. (i) بھرنا، پر ہونا. (ii) مٹی وغیرہ پڑنے سے (گڑھے وغیرہ کا) بند یا مسطح ہو جانا، اٹ جانا. ۲. (i) سودا طے ہونا، قیمت وغیرہ چکنا. (ii) معاملہ طے ہونا، کوئی مشکل یا بگڑا ہوا کام بن جانا. ۳. نبھنا، باہم موافقت ہونا. ۴. وصول ہونا، ہاتھ آنا، ادا ہونا، بے باق ہونا، طے ہو جانا. [س].

پٹنا (کس پ، سک ٹ) (الف) ف ل.
۱. مار کھانا، کوٹا جانا، چوٹ کھانا. ۲. چوٹ یا صدمہ اٹھانا، شکست کھانا؛ نقصان کی زد میں آ جانا. ۳. (شطرنج) کسی گوٹ وغیرہ کا کھیل سے خارج ہو جانا. (ب) اند. ۱. (مجازاً) جھک، ناگوار خاطر کام یا بات کا ذکر؛ رونا. ۲. دکھڑے یا مصیبت کا بیان یا شکایت. [س].

پٹواری (فت پ، سک ٹ) اند.
گاؤں کی اراضیات کا حساب رکھنے والا سرکاری ملازم جو پیداوار کی کمی بیشی اور جمع و خرچ کا حساب رکھے اور ہر کھیت کی پیمائش لگان زمین کی قسم مالک اور کاشت کار کے نام وغیرہ کا رجسٹر تیار کرے اور ریکارڈ رکھے. [س].

پٹوانا (فت پ، سک ٹ) ف م.
ڈھانکنا، چھت بنانا، بند کرنا.

پٹوانا (کس پ، سک ٹ) ف م.
مارنا، کوٹنا، چوٹ لگانا، مار کھلوانا؛ رلوانا، کسی غم میں بے قرار کرنا.

پٹی (۲) (کس پ) صف.
پٹا کی تانیث، تراکیب میں مستعمل.
پٹی پٹائی م ف. گھسی ہوئی، پرانی، فرسودہ، رد کی ہوئی.

پٹی (فت پ، شد ٹ) است.
۱. کاغذ، کپڑے یا ٹاٹ وغیرہ کی لمبی دھجی جو کم چوڑی ہو. ۲. وہ کم عرض کپڑا جو کسی (خصوصاً زخمی) عضو پر باندھا جائے. ۳. پتلے دل کی چوڑی کڑی، تختہ. ۴. پگڑی کی وہ بندش جس میں دوپٹے کو عرض میں تہ کر کے پرت پر پرت اس طرح جمایا جائے کہ ہر نچلے پرت کا کوئی دو انگل سرا خالی رہے، دستار کی ایک قسم کی بندش. ۵. پورے گاؤں کا کوئی حصہ؛ تھوک یا محال کا کوئی جزو. ۶. بالوں کی تہ جو تیل اور گوند پانی وغیرہ سے ماتھے پر جماتے ہیں، مانگ پٹی. ۷. صف، قطار. ۸. (i) (زمین کا) حصہ، ٹکڑا، قطعہ (ii) ہموار لمبا علاقہ. ۹. (i) سبق درس؛ حروف تہجی کا سلسلہ، کسی حرف سے بننے والے الفاظ کا سلسلہ. (ii) وہ تعلیم یا نصیحت جو بری نیت یا ذاتی غرض سے دی جائے بہکاوا، جھانسا، دم دلاسا. ۱۰. وہ کپڑا جو زچہ اور بچے کے سر پر پیدائش

کے بعد چند روز تک باندھتے ہیں ، سربند . ۱۱. روش ، پٹری ؛ جانب ، طرف . ۱۲. حاشیہ ، کنارہ . ۱۳. بانس یا لکڑی کا لمبا اور پتلا ٹکڑا جو ایک بڑے ٹکڑے کے ساتھ لگایا جاتا ہے . ۱۴. (i) گلی ، Lane . (ii) محلّہ ، کوچہ (عموماً بحالت ترکیب) . [س] .

پٹی آنکھوں پر باندھنا محاورہ. بے پروائی کرنا ، اغماض یا چشم پوشی کرنا ؛ بے مروتی کرنا ؛ بے ملاحظہ ہونا .

پٹی باندھنا محاورہ. ۱. (کسی چیز کو) دھجی وغیرہ سے بند کر دینا یا ڈھک دینا . ۲. (زخم وغیرہ پر) کپڑے کی دھجی لپیٹنا یا کسنا ، مرہم پٹی کرنا ؛ بندش کرنا .

پٹی پڑھانا محاورہ. بہکانا ، ورغلایا ، اپنے مطلب کی بات سجھانا .

پٹی پڑھنا محاورہ. بہکاوے میں آنا ، ورغلایا جانا .

پٹی چڑھانا محاورہ. ۱. (جراحی) پھوڑے یا درد کی جگہ پر پلستر باندھنا . ۲. (طب) مرد کے عضو مخصوص کی کمزوری کے علاج کی غرض سے اُسے پر چند مخصوص دواؤں کا لیپ لگا کر پٹی باندھنا تاکہ چھالا پڑ کر رگوں کا خراب پانی نکل جائے .

پٹی سے لگا کر رکھنا / سلانا محاورہ. پوری پوری دیکھ بھال اور نگرانی کرنا ؛ کسی قوت جدا نہ ہونے دینا .

پٹی کرانا محاورہ. زخم پر مرہم وغیرہ لگا کر بندھوانا .

پٹی نہ چھوڑنا محاورہ. پٹی سے لگے رہنا ، چارپائی کے قریب رہنا ؛ قریب رہنا ، جدا نہ ہونا .

پَٹے (فت پ) امذ .

پٹا کی محرفہ شکل ، تراکیب میں مستعمل .

پٹے باز امذ . (فن سپہ گری) پھری اور گدکا کھیلنے والا .

پٹے بازی است . پھری اور گدکے سے لڑائی .

پَٹّے (فت پ ، شدٹ) امذ .

۱. پٹا کی جمع یا مغیرہ حالت . ۲. سر کے دو طرفہ بال جو گدی تک لمبے اور سروں پر خم کھائے ہوئے ہیں ، کاکل .

پٹے پر دینا محاورہ. کسی زمین وغیرہ کو مقررہ مدت کے لیے معاہدہ کر کے دینا ، ٹھیکے پر دینا .

پٹے پر لینا محاورہ. رقم کی ادائیگی کے بعد قبضہ لینا ، دستاویز مرتب کرانے کے بعد کوئی زمین یا جائیداد حاصل کرنا ، ٹھیکے پر لینا .

پَٹیا (فت پ ، سک ٹ) است .

۱. مانگ ، پٹی . ۲. (i) چھوٹی چٹان ، سل تختی ؛ چھوٹی تختی . ۳. کھاٹ یا پلنگ کی پٹی ، پاٹی ؛ پٹری ، فٹ پاتھ ؛ پٹرا ، کھیت جو چوڑائی میں کم اور لمبا ہو ؛ پتھر کا چوکور اور چورس کٹا ہوا ٹکڑا ؛ چورس تختہ یا لکھنے کی پٹی ، تختی .

پَٹیاں / پَٹیّاں (فت پ سک ٹ / شدٹ بکس خف) است ؛ ج .

۱. پٹی کی جمع تراکیب میں مستعمل . ۲. (عموماً عورتوں کے) ماتھے پر جھکے ہوئے خاص انداز سے بنائے ہوئے سر کے بال جنھیں پیشانی اور سر کے دونوں جانب برابر برابر خوش نما محرابیں بنا کر گوند سے چپکا لیتی ہیں ، زلفیں کاکلیں ؛ پٹی کی جمع .

پٹیاں جمانا محاورہ. بالوں کو ماتھے کے ادھر ادھر جمانا ، خاص انداز سے سنوارنا ، زیب و زینت کرنا ، بالوں کو محراب دار انداز سے بنا کر گوند سے چپکانا .

پَٹیل (فت پ ، ی ج) امذ .

۱. گاؤں کا سردار مقدم یا چودھری ؛ نمبر دار . ۲. محکمۂ نہر کا ایک عہدے دار . ۳. کسی قبیلے کا سردار یا فرد ؛ مرہٹوں کا ایک خطاب فرماں روائی ، حکومت .

پَٹیلنا (فت پ ، ی مع ، سک ل) ف م .

۱. (عموماً کسی حیلے بہانے چالاکی یا زور سے) حاصل کرنا ، کمانا ، وصول کرنا ، ٹھگنا . ۲. اونے پونے بیچ ڈالنا ، کم قیمت پر دے دینا . ۳. زیر کرنا ، مغلوب کرنا ، مارنا ، پیٹنا ، ٹھوکنا ، خبر لینا ، جیتنا ، بازی لینا . ۴. کامیابی کے ساتھ کسی کام کو سرانجام دینا ، پورا کرنا .

پُٹھ (ضم پ ، سک ٹھ) امذ .

۱. (جانور کے) سرین ، پٹھا . ۲. گائے بکری وغیرہ کے سرین کا گوشت . ۳. پشت (مرکبات میں مستعمل) ، دیکھیے : پٹھوال .

پَٹّھا (فت پ ، شدٹھ) امذ ؛ ~ پٹھہ .

۱. گوشت سے ملا ہوا زردی مائل سفید رنگ تسمے کی وضع کا تار جس

کے وسیلے سے بدن کے اعضا سکڑتے پھیلتے اور کھنچتے ہیں ، عضلہ ، (جسم کی) مچھلی ، عصب .۲. پاٹھا ، جوان ، نوجوان .۳. (سپاہ گری) مضبوط و بہادر سپاہی ، پہلوان ، پہلوان کا شاگرد .۴.انسان یا حیوان کا جوان بچہ. ۵.(i) (جوار ، باجرے ، گھیکوار ، تمباکو، کھجور وغیرہ کا لمبا چوڑا پتا .(ii) کیلے وغیرہ کا پتا جسے منہ میں رکھ کر مختلف پرندوں کی سی آوازیں نکالتے ہیں .(iii) (گھاس کا) پتا ، پودا، تنکا .۶. گوکھرو وغیرہ کی توئی جو اطلس یا ساٹن وغیرہ کی چوڑی گوٹ پر بنی ہوئی ہو جسے دوپٹے یا کرتی پر ٹانکتے ہیں .۷. موٹا اور سخت کاغذ یا گتا جو کتاب کی جلد بنانے کے کام آتا ہے نیز موٹے اور سخت کاغذ یا گتے کی بنی ہوئی جلد .۸. سر کے بال جو ادھر اُدھر چھوٹے رہتے ہیں ، پٹا ، کاکل.
۹. کالر ، پٹا . [س].

پٹھا چڑھنا محاورہ. عضلے کے کچھ حصے کا کسی مقام پر کھنچ جانا .

پُٹّھا (ضم پ ، شد ٹھ) اند : ~ پٹھہ .
مہرز کے اوپر اور کمر کے درمیان تک کا حصہ ، سرین ، چوتڑ (عموماً جانور اور خصوصاً گھوڑے کا) ، راس (گھوڑے کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے) ، وہ ہاتھی جس کے دکھاوے کے دانت نکلنے شروع ہو جائیں .

پَٹھان (فت پ) اند .
۱. پاکستان کے شمال مغربی صوبے کا باشندہ ، خان : کابل کا باشندہ ، افغان .۲. فوجی ملازم ، سپاہی .

پٹھان کا بوت کھڑی میں اولیا کھڑی میں بھوت کہاوت. غیر مستقل طبیعت کے آدمی کی دوستی کا اعتبار نہیں ، کبھی مہربان ہوتا ہے کبھی دشمن .

پٹھانا (فت پ) ف مر.
بھیجنا ، ارسال کرنا ، روانہ کرنا.

پَٹھانی (فت پ) .(الف) صف.
پٹھان سے منسوب . (ب) امث .۱. پٹھان کی تانیث ، پٹھان کی جورو. ۲. پٹھان کی خوبو، پٹھان کی ذات اور اس کی خصوصیت (بہادری وغیرہ) پٹھان پن .

پِٹّھو (کس پ ، شد ٹھ ، و مع) اند .
۱. (بھلے برے کام میں کسی کا) مددگار ، حامی ، پشت پناہ .۲.(i) ہر وقت ساتھ رہنے والا ، دم چھلا ، پچھ لگو ، ساتھی .(ii) کسی کام میں ساتھ دینے والا ، شریک کار ، کارندہ .۳. (ایک کھیل) (گلی ڈنڈا) گلی سے بچی تک ناپنے میں لال (ڈنڈا) کی وہ تعداد جو کھلاڑی آپس میں طے کرلیں .۴. (سپہ گری) ساز و سامان کا وہ تھیلا جو سپاہی مارچ کرتے وقت اپنی پیٹھ پر اٹھائے رکھتا ہے .۵. پٹھا ، شاگرد .۶. طفیلی ، زیر اثر : مجبوراً ساتھ دینے والا ، جانب دار . [س] .

پُٹھوال (ضم پ ، سک ٹھ) اند .
۱. (جرائم پیشہ) چوروں کے گروہ کا وہ آدمی جو چوری کے وقت نقب یا سیندھ کے منھ پر کھڑا ہو کر بیرونی خطرے کی دیکھ بھال کرتا ہے .
۲. بھلے برے کام میں کسی کا ساتھ دینے والا ، مددگار ، پشت پناہ .

پٹّھوں (فت پ ، شد ٹھ ، و ج) اند .
پٹھا کی جمع : تراکیب میں مستعمل .

پٹھوں میں بیٹھنا / گھسنا محاورہ. رگ و پے میں سرایت کر جانا : ہمدم و ہم راز بننا ، گہرا دوست ہو جانا ، دل میں جگہ کر لینا .

پَٹّھی (فت پ ، شد ٹھ) امث .
پٹھا کی تانیث ، نوجوان عورت : لڑکی .

پِٹّھی (کس پ ، شد ٹھ) امث.
بھگی ہوئی دھلی اور پسی ہوئی دال . [س] .

پُٹّھی (۱) (ضم پ ، شد ٹھ) امث .
۱. (معماری) محراب کے دہن کے موافق بنا ہوا لبنے کے کینڈے کا اوپر کا حصہ .۲. پہیے کے مرکزی حصہ کے مقابل ارے کے سروں پر جڑا ہوا چوبی حلقہ جو پہیے کا دور بناتا ہے .۳. (آہن گری) ہموار سطح کو صاف کرنے کی چپٹی سوہن ، چورسا.

پُٹّھی (۲) (ضم پ ، شد ٹھ) امث .
کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف جب سامنے کھڑا ہو تو اپنا داہنا ہاتھ حریف کی بائیں جانب گردن پر رکھ کر حریف کی داہنی طرف کو (بطور بغل گیری یا نکال) جھک کر بائیں ہاتھ سے حریف کی پشت پر سے بائیں ران کا جانگیا پکڑ لے اور داہنے ہاتھ سے حریف کے گلے پر حلقہ کرے رہے اور اپنا سینہ جھکا کر ایک دم حریف کی داہنی پسلیوں

پر زور سے لگا کر سینہ اور دونوں ہاتھوں سے زور سے اوپر کو اٹھائے اور اپنا بایاں پیر حریف کے داہنے پیر کے پیچھے سے مار کر حریف کو بائیں طرف لے کر گرے، حریف چت گرے گا.

پٹّھے (فت پ، شد ٹھ) اند.

۱. ایک کلمہ جس سے نوجوان اپنے ہم عمروں کو بے تکلفی یا طنز کے طور پر خطاب کرتے ہیں. ۲. پٹھا کی جمع یا مغیرہ حالت (اکثر تراکیب میں مستعمل).

پُٹھے (ضم پ، شد ٹھ) اند؛ ج.

پٹھا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

پٹھے پر ہاتھ پھیرنا / دھرنا / رکھنا محاورہ. ۱. قریب آنا، پیار کرنا، چمکارنا (گھوڑے وغیرہ کی) پیٹھ سہلانا یا تھپتھپانا. ۲. نرمی اور خوشامد سے پیش آنا، تسلی دینا؛ اپنانے کی کوشش کرنا.

پٹھے پر ہاتھ دھرنے یا رکھنے دینا محاورہ. ۱. گھوڑے کا کسی کو اپنے قریب آنے دینا، رام ہونا. ۲. بات کرنے یا دخل دینے کا موقع دینا، پاس آنے دینا.

پٹّھیا (فت پ، سک ٹھ) است.

۱. بکری، بھینس یا گائے کا مادہ بچہ. ۲. (مجازاً) نوعمر لڑکی. [ہ].

پُجارَن (ضم پ، فت ر) است.

پجاری کی تانیث.

پُجاری (ضم پ) اند؛ صف.

پوجا کرنے والا، پرستش کرنے والا، عقیدت مند؛ یاتریوں کو پوجا کے رسوم بتانے والا، مندر وغیرہ کا مجاور، پانڈا، پنڈت. ۲. (مجازاً) انسان سے محبت کرنے والا، چاہنے والا. [س].

پَجامَہ (فت پ م) اند.

دیکھئے: پاجامہ، ٹانگوں میں پہننے کا ایک لباس جس سے ٹخنے سے کمر تک کا حصہ ڈھکا رہتا ہے، ازار.

پَجَر (فت پ، ج) است؛ اند.

۱. پجرنا کی حالت، تراوش، ٹپکنے کا عمل، جھرنا. ۲. زمین کے اندر بارش کے پانی کی نیچے کی طرف روانی. ۳. سوتا، چشمہ، جھرنا.

پَجَرنا (فت پ، ج، سک ر) ف ل.

۱. (چشمہ وغیرہ کا) بہنا، نکلنا. ۲. رسنا، چونا، ٹپکنا.

پَچ (فت پ) است.

۱. طرف داری، حمایت، رعایت، پاس، لحاظ. ۲. ہٹ، اڑ، ضد. ۳. تعصب، کینہ. ۴. سج دھج، شان و شوکت.

پچ پر آنا محاورہ. ضد کرنا، ہٹ کرنا (سخن پروری میں) کسی بات پر اڑ جانا.

پچ نکالنا محاورہ. (کسی کی بات پر) اعتراض کرنا، فی نکالنا.

پچ ہونا محاورہ. خیال پاس یا لحاظ ہونا؛ طرف داری، جانب داری اور حمایت کا پایا جانا.

پَچ (۲) (فت پ) صف :- پانچ، پنج.

پانچ کی تخفیف جو مرکبات میں مستعمل ہے.

پچ پہلو (الف) صف. پانچ پہلوؤں والا. (ب) اند. وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں، مخمس.

پچ پھُلا رانی بنی ہے کہاوت. پانچ پھولوں میں تلنے والی یعنی بے حد نازک ہے، نزاکت پر بہت ناز ہے.

پچ درہ صف. پانچ دروازوں کا (مکان دالان یا کمرہ).

پچ دھات اند. ایک مرکب دھات جس کے گھنٹے بنتے ہیں، کانسی کی ایک قسم.

پچ رَتنی است. مونگا، موتی، سونا، چاندی اور تانبے کے اجزا جو ہندوؤں میں مرتے وقت مریض کے منہ میں ڈالتے ہیں.

پچ رنگا صف. پانچ رنگ کا، جس میں پانچ رنگ ہوں.

پچ کاری است. پانچ تاروں کے ریشمی ڈورے کی بنائی کا چوبی اڈا جس میں ہر تار کے علیحدہ علیحدہ رکھنے کو کھونٹیاں لگی ہوتی ہیں.

پچ کلیا صف. پانچ چتیوں یا کلیوں والا.

پچ کلیان صف. ۱. وہ گھوڑا جس کے چاروں پیر اور ماتھا سفید ہو، اور باقی کوئی اور رنگ ہو جو بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے. ۲. دوغلا، بدنسلا (اکثر ایرے غیرے کے ساتھ مستعمل).

پچ گوشی/گوشیہ صف. پانچ گوشوں والی (عموماً ٹوپی جو قدیم زمانے میں پہنتے تھے).

پچ لڑا صف، اند ؛ پچ لڑی. پانچ لڑیوں والا ؛ وہ (ہار) جس میں پانچ لڑیاں ہوں.

پچ لونا / لونہ اند. ہاضمے کا چورن جس میں پانچ نمک ہوں.

پچ میل صف. پانچ چیزوں کا مرکب ؛ کئی طرح کا، مختلف قسم کا، ملا ہوا، جو خالص نہ ہو، مرکب.

پچ نالہ اند. ایسا تمنچہ جس میں ایک ہی وقت میں پانچ کارتوس بھرے جاسکیں، پانچ نالوں والا تمنچہ.

پچ ہتا/ ہتھا صف ؛ مث : پچ ہتی/ ہتھی. پانچ ہاتھ لمبا مراد بڑے قد کا جوان، بہت لمبا.

پَچ (۳) م ف.
کیچڑ، دلدل یا پانی میں کسی چیز کے گرنے کی آواز بالعموم تکرار کے ساتھ مستعمل. [حکایت الصوت].

پچ پچ م ف. کیچڑ یا دلدل میں چلنے کی آواز.

پِچ (۱) (کس پ) مث.
پان کی پیک تھوکنے کی آواز عموماً تکرار کے ساتھ مستعمل [حکایت الصوت]

پچ سے م ف. پچ کی آواز کے ساتھ، یکایک (پان کی پیک تھوکنے کے لیے).

پِچ (۲) (کس پ) مث.
(کرکٹ) ایک وکٹ سے دوسری وکٹ کے درمیان کا فاصلہ، دونوں وکٹوں کا درمیانی رقبہ. [انگ].

پُچ (ضم پ) مث.
مخصوص آواز جو کسی کو بلانے یا چکارنے کے لیے منھ سے نکالی جائے. [حکایت الصوت].

پچ پچ مث. پیار کرنے چکارنے غصے کو دھیما کرنے یا جانور کو بلانے کی آواز. [حکایت الصوت].

پُچارا (ضم پ) اند.
۱. کوچی، برش، پوتا. ۲. وہ چیتھڑا جس سے تیل یا مرہم لگاتے ہیں ؛ بندوق کو صاف کرنے کا چیتھڑا یا اسپنج. ۳. سفیدی یا کسی رنگ کی پتلی تہ، ہلکی پتائی. ۴. (بنائی) دری کے بنائے یا بھرتی (بانے) کو نرم اور صاف کرنے والا گیلا کپڑا. ۵. (طباعت) چھاپے کی پلیٹ یا پتھر کو تر رکھنے کا کپڑا. [س].

پچارا پھیرنا محاورہ. ۱. پتائی کرنا، سفیدی یا رنگ وغیرہ پھیرنا ؛ کوچی کرنا. ۲. اُکسانا، ترغیب دینا، اُبھارنا، بہکانا، بھڑکانا. ۳. پتلی پتلی لپائی کرنا، ہلکا اظہار کرنا. ۴. دم دلاسا دینا ؛ خوشامد کرنا ؛ لیپا پوتی کرنا، دفع الوقتی کرنا.

پچارا دینا محاورہ. ۱. دیکھیے : پچارا پھیرنا. ۲. کسی چیز کو ہلکا ہلکا پھیلانا. ۳. حجامت سے پہلے پانی سے بالوں کو گیلا کرنا. ۴. استری کرنے سے پہلے کپڑے کو نرم کرنے کے لیے پانی کی ہلکی سی پھوار دینا، پھوئی دینا.

پُچارْنا (ضم پ، سک ر) ف م.
۱. پچارا کا عمل ؛ پتائی کرنا، لیپنا ؛ چکانا رنگ و روغن پھیرنا، آراستہ کرنا.

پُچارَہ (ضم پ، فت ر) اند.
پچارا کی ایک املائی شکل.

پَچاس (فت پ) صف.
۱. چالیس اور دس، ساٹھ سے دس کم، پنجاہ (ہندسوں میں) ۵۰. ۲. (مجازاً) بیسیوں، متعدد، بہ کثرت، بہت سے/سی. [س].

پچاس فیصدی مث ؛ م ف. سو کا نصف، کسی چیز کا آدھا، کل کا نصف، (مجازاً) بہت سے.

پَچاسْواں (فت پ، سک س) صف مذ ؛ مث : پچاسویں.
۱. ترتیب میں انچاس کے بعد کا، انچاس سے ایک اوپر کا. ۲. پچاس حصوں میں سے کوئی ایک حصہ.

پَچاسوں (فت پ، و ج) صف.
پچاس کی جمع ؛ (مجازاً) بہ کثرت.

پَچاسْویں (فت پ، سک س، ی مع) صف مث.
پچاسواں کی تانیث.

پَچّاسی (فت پ) صف.
اسی اور پانچ، نوے سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۸۵. [پ].

پَچاسِیوں (فت پ، سک س، شد ی، و لین) صف. م ف.
بہ کثرت، پچاس سے زیادہ مرتبہ.

پَچانا (فت پ) ف م.
۱. ہضم کرنا، گوارا کرنا. ۲. (کسی کا مال) دبا بیٹھنا، ہتھیا لینا، پرائے مال پر قبضہ جمانا، پچا جانا، پچا ڈالنا، پچا دینا. ۳. ختم کرنا، برباد کرنا؛ غلط ترکیبوں سے ہتھیائے ہوئے مال یا چیز کو اپنے کام میں لا کر نفع کمانا؛ بہت زیادہ محنت مشقت یا ریاضت سے جسم کو گلانا، سکھانا یا نقصان پہنچانا؛ پچا ڈالنا، پچا دینا؛ ایک چیز کا دوسری چیز کو اپنے میں پوری طرح حل یا جذب کر لینا، کھپانا. [ہ].

پِچانواں (کس پ، سک ن) صف مذ: ~ پچانواں. پچانوے سے منسوب، گنتی میں چورانوے کے بعد کا، کسی چیز کا چورانوے سے اگلا جز یا حصہ، ۱/۹۵.

پِچانوے (کس پ، سک ن) صف: ~ پچانویں.
نوے اور پانچ، سو سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۹۵.

پَچْپَچا (فت پ، سک چ، فت پ) صف.
۱. دیکھیے: چپچپا. ۲. دلدلی زمین. [ہ].

پِچْپِچا (کس پ، سک چ، کس پ) صف مذ: مث: پچپچی.
۱. (i) وہ طعام جو مرتبۂ پختگی کو نہ پہنچا ہو اور پانی اور رطوبت اس کی نہ جذب ہوئی ہو. (ii) بہت زیادہ گلا ہوا پتلا کھانا. ۲. چپچپا. ۳. رطوبت سے بھرا ہوا. ۴. نرم، ملائم: پگھلا ہوا، گداز. [ہ].

پِچْپِچانا (کس پ، سک چ، کس پ) ف ل.
۱. کسی چیز کا ضرورت سے زیادہ، گیلا ہونا، رطوبت سے بھرا ہونا، کسی چیز کا پانی پوری طرح خشک نہ ہونا، کیچڑ ہونا. ۲. پسینہ آنا.

پِچْپِچاہَٹ (کس پ، سک چ، کس پ، فت ہ) مث.
پچپچا ہونے کی حالت.

پَچْپَن (فت پ، سک چ، فت پ) صف.
پچاس اور پانچ، ساٹھ سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۵۵. [س].

پَچْپَنواں (فت پ، سک چ، فت پ، سک ن) صف.
پچپن سے منسوب، اعداد میں پچپن کے نمبر پر آنے والا، جو گنتی میں چون کے بعد پچپن کی جگہ پڑے.

پَچْتانا (فت پ، سک چ) ف ل: ~ پچھتانا.
دیکھیے: پچھتاوا جو زیادہ مستعمل ہے.

پَچْتاوا (فت پ، سک چ) امذ: ~ پچھتاوا.
پچتانا سے اسم کیفیت، دیکھیے: پچھتاوا جو زیادہ مستعمل ہے.

پَچّر (فت پ، شد چ بفت) مث: امذ.
۱. (لکڑی وغیرہ کی) چھپٹی یا چھوٹا ٹکڑا، کھپچی. ۲. (i) لکڑی کی کھپچی یا اسی طرح کا لوہے کا ٹکڑا جو کسی لکڑی وغیرہ کی دراڑ میں اسے کھلا رکھنے کے لیے اڑایا یا ٹھونکا جائے، اڑان. (ii) لکڑی کی کھپچی جو لکڑی کا سوراخ تنگ کرنے یا چارپائی وغیرہ کی چول اور کسی اوزار کے دستے کا ڈھیلا پن دور کرنے کے واسطے لگاتے ہیں. ۳. جوتے کے قالب کا ایک پتلا جزو جس کو ٹھوک کر قالب کو کس دیتے ہیں. ۴. (مجازاً) مزاحمت، روک، اڑنگا. [س].

پچر اڑانا محاورہ. ۱. لکڑی یا تختے کی درز میں اس کا منہ کھولنے کے لیے کھونٹی، لکڑی یا کسی اور چیز کا چھوٹا ٹکڑا رکھنا. ۲. (مجازاً) مزاحمت کرنا، مانع ہونا، تعرض کرنا.

پچر ٹھونکنا محاورہ. ۱. کسی درز یا کھلی جگہ میں فانا لگانا یا اڑانا. ۲. تکلیف دینا، صدمہ پہنچانا. ۳. مزاحمت کرنا، روک ٹوک کرنا، پابندی لگانا.

پچر لگانا محاورہ. ۱. رخنہ اندازی کرنا، روڑا اٹکانا، ہوتے ہواتے کام میں رکاوٹ ڈالنا، تعرض کرنا، بھانجی مارنا؛ مزاحم ہونا، دشمنی کرنا. ۲. مشروط کر دینا، شرط یا قید لگا دینا.

پَچَرپَچَر (فت نیز کس پ، فت چ، سک ر، فت نیز کس پ، فت چ) مث.
۱. سیلن، کیچڑ؛ پچ پچ. ۲. آواز کے ساتھ پیک تھوکنے کی حالت، زور کے ساتھ تھوکنے کی آواز. [حکایت الصوت].

پچر پچر کرنا محاورہ. ۱. سیلن یا کیچڑ پیدا کرنا، زیادہ گیلا کرنا، گیلے پن کی وجہ سے پچ پچ کی آواز نکالنا. ۲. پان کی پیک آواز کے ساتھ تھوکنا.

پُچْکار (ضم پ، سک چ) مث.
پیار، چمکار، اطمینان، دلاسا.

پُچْکارْنا (ضم پ، سک چ، ر) ف م.
۱. منہ سے (پچ پچ) آواز نکال کر پیار کرنا، چمکارنا. ۲. تسلی دینا. [س].

پچکاری (کس پ، سک چ) امث.
۱. رنگ وغیرہ بھر کر چھڑکنے یا پھینکنے کا ایک آلہ جو دھات یا پلاسٹک یا شیشے کی ایک نلکی کی شکل میں ہوتا ہے اور اس میں پتلی سی سلاخ پڑی ہوتی ہے اور سلاخ کو دبانے سے نلکی میں سے زور دار دھار نکلتی ہے. ۲. حقنے یا عمل کا آلہ. ۳. وہ آلہ جس کی سوراخ دار سوئی کے ذریعے جسم یا رگ میں دوا پہنچائی جاتی ہے، انجکشن. ۴. منھ سے پان کی پیک کی دھار باندھ کر پھینکنے کا عمل، پان کی پیک زور کے ساتھ تھوکنے کا عمل. [ہ].

پچکاری مارنا محاورہ. ۱. پچکاری سے رقیق شے کی دھار پھینکنا. ۲. منھ سے پان کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا.

پچکانا (کس پ، سک چ) ف م.
دبانا، پچ دینا، دھنسانا. پچکنا کا تعدیہ.

پچکنا (کس پ، فت چ، سک ک) ف ل.
۱. دبنا، پچ جانا، دھنسنا، بیٹھنا (کسی ابھار وغیرہ کا) بیٹھ جانا. ۲. سکڑنا، سمٹنا. ۳. ربڑ کی گیند یا کھلونے وغیرہ سے ہوا نکل جانا. ۴. پھوڑے کا پیپ نکل کر بیٹھ جانا.

پچنا (فت پ، سک چ) ف ل.
۱. ہضم ہونا، تحلیل ہونا، موافق آنا. ۲. گھلنا، روز بہ روز دبلا ہونا. ۳. محنت و مشقت کرنا، کوشش میں تکلیف اٹھانا. ۴. ہار ماننا، تھک جانا. ۵. سہار ہونا، سمائی ہونا. ۶. پچ کرنا، طرف داری یا حمایت کرنا. ۷. ایک کی چیز دوسرے کے پاس رہ جانا، مال واپس نہ ہونا. [س].

پچنا (کس پ، سک چ) ف ل.
دب جانا، پچل جانا. [س].

پچّی (فت نیز کس پ، شد چ). (الف) صف.
۱. چپکا یا جڑا اور سیا ہوا، پچر کی طرح ٹھکا ہوا، پیوست، ایک جان. ۲. پوری طرح بندھا یا بند کیا ہوا، کسا ہوا. ۳. (موسیقی) ہم آواز، سر سے سر ملا ہوا. (ب) امث. ۱. (سلائی) معمولی اور ادنیٰ قسم کا رفو جس میں تانے بانے کے تاروں کو ملانے کا لحاظ نہ رکھا جائے. ۲. پیوند، جوڑ. ۳. (جوتا سازی) چوبی دستے کا ایک لمبا سوا جو دیسی جوتی کی اڈی کو سدھ اور کھنچا رکھنے کو جوتی کی تیاری کے وقت اڈی اور تلی کے درمیان بہ طور فرما پھنسا دیا جاتا ہے، تاڑی. [س].

پچی کار صف. جوڑ لگانے والا، پیوند لگانے والا، مرصع ساز، جڑاؤ کام کرنے والا.

پچی کاری امث. پتھر کی سطح میں گل بوٹے حروف اور الفاظ کھود کر ان میں کسی دوسرے قسم کا قیمتی پتھر تراش کر وصل کرنے کی صنعت؛ برتنوں پر سونے یا چاندی وغیرہ کا نقشین کام بنانے کی صنعت؛ جڑاؤ کام، مرصع سازی، قلم کاری. ۲. چوپڑ کا فرش، اینٹ اور چونے وغیرہ کا پختہ کام جس میں رنگ رنگ کے بیل بوٹے وغیرہ بنے ہوتے ہیں. ۳. زیورات پر کندن کا کام یا جڑاؤ کام جس میں نگ موتی وغیرہ جڑے جاتے ہیں.

پچی کرنا محاورہ. جوڑ لگانا، پیوند کاری کرنا؛ پچی کاری کرنا؛ ٹھوک کر پیوست کرنا، خوب پھنسانا؛ مضبوط کرنا، مستحکم کرنا.

پچی ہونا محاورہ. ۱. پچی کرنا کا لازم. ۲. فریفتہ ہونا؛ پھنسنا، الجھنا. ۳. مستحکم و مضبوط ہونا. ۴. (دانتوں کا) مضبوطی سے بند ہو جانا.

پچّی (۲) (کس پ، شد چ) صف.
۱. جو چوٹ پا کر چوڑا یا دباؤ کے صدمے سے چپٹا ہو جائے، پچکا ہوا. ۲. بھنچا ہوا، پیوست. ۳. بوجھل؛ زخمی؛ تھکا ہوا کچلا ہوا، پس کر پھولا ہوا. ۴. دبا ہوا، بیٹھا ہوا (پھولے ہوئے کی ضد). [ہ].

پچیاسی / پچّیاسی (کس پ، سک چ / شد چ بکس) صف.
دیکھیے: پچاسی. [ہ].

پچیانواں (کس پ، شد چ بکس، سک ن) صف.
ترتیب میں چورانوے سے بعد کا.

پچیانوے / پچیانویں (کس پ شد چ بکس، نیز سک چ، ن / ی مج) صف.
دیکھیے: پچانوے. [ہ].

پچّیس (فت پ، شد چ، ی مع) صف.
بیس اور پانچ، تیس سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۲۵. [س].

پچّیسواں (فت پ، شد چ، ی مع، سک س) صف مذ.
پچیس سے منسوب، چوبیس کے بعد کا.

بَجِیسی (فت پ، شد ج) است.
چوسر کے ایک کھیل کا نام، جو پانسوں کی جگہ سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے، اس میں چلیپے یا چوپڑ کی شکل کی بساط ہوتی ہے، چوپڑ کے ہر حصے میں مربع شکل کے چوبیس خانے بنے ہوتے ہیں اور بیچوں بیچ ایک بڑا خانہ (چوراہا) ہوتا ہے. [ہ].

بِچھ (کس پ، سک چ) سابقہ.
پیچھے کی تخفیف؛ مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل، پچھ لگو، پچھواڑ. [ہ].

بَچھار (فت پ) است.
نشیبی زمین جس میں پانی آ کر ٹھہرے.

بَچھاڑ (۱) (فت پ) است.
غلے کو بھوسے سے الگ کرنے کا عمل، پچھوڑ. [ہ].

بَچھاڑ (۲) (فت پ) است.
پچھاڑنا کی کیفیت و حالت؛ پچھاڑ کر، پیٹھ کے بل گرا کر.

بچھاڑ دینا ف مر. دیکھیے: پچھاڑنا، پیٹھ کے بل گرا کر چت کر دینا.

بَچھاڑنا (فت پ، سک ڑ) ف م.
۱. انسان یا حیوان کو گرانا. ۲. (پہلوانی) پیٹھ کے بل گرانا، چت کر دینا، شکست دینا، ہرانا. ۳. (کسی شے کو) پٹکنا، ٹکرانا (قدیم) ۴. کسی ذی روح (انسان یا حیوان) کو ذبح کرنے کے لیے زمین پر لٹانا. ۵. تسخیر کرنا، مفتوں کرنا، فریفتہ یا گرویدہ کرنا. ۶. بیمار ڈالنا، مضمحل کر دینا. ۷. زیر کرنا، درماندہ یا عاجز کر دینا. [س].

بِچھاڑی (کس پ) (الف) امذ.
۱. وہ رسی جو چوپائے کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں، اگاڑی کی ضد. ۲. پیچھا، پیچھے کا حصہ. (ب) صف. (قدیم) پچھلا، پیچھے کا. (ج) م ف. پیچھے، جدائی میں؛ پیچھے پیچھے، عقب میں، بعد میں. [ار].

بچھاڑے / بچھاڑیں کھانا محاورہ.
زمین پر لوٹنا، غش کھانا، پٹخنیاں کھانا، بار بار اپنے تئیں دے دے مارنا.

بِچھاوا (کس پ) امذ.
۱. جسم کا پشت کا حصہ. ۲. انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کی جانب ہو، پچھایا. ۳. اڈی، جوتے کی ایڑی کے اوپر کا حصہ.

بِچھائی (کس پ) صف مث.
۱. پیچھے کی طرف کا، پچھلا؛ اگائی کے بالمقابل. ۲. وہ فصل جو مقرر وقت کے بعد کٹائی کے قابل یا تیار ہو، پچھات، پچھوت.

بِچھایا (کس پ) امذ.
۱. دیکھیے: پچھاوا. ۲. پیچھے کی طرف کا حصہ؛ خصوصاً کمر سے متصل نیچے کا حصہ، پچھاڑی.

بَچھتانا (فت پ، سک چ) ف ل.
اپنے کیے پر نادم ہونا، پشیمان ہونا، اپنے کسی قول و فعل پر افسوس کرنا.

بَچھتاوا (فت پ، سک چ) امذ.
افسوس، شرمندگی.

بَچھتّر (فت نیز کس پ، فت چھ، شد ت بفت) صف.
پانچ اوپر ستر (ہندسوں میں) ۷۵.

بِچَھل (کس ب، فت چ) صف؛ - بچھل. (الف) صف.
پچھلا، مرکبات میں مستعمل. سابق کا، ماضی کا؛ آخر کا. (ب) امذ؛ است. (لشکری) جہاز کا پچھلا حصہ. [س].

بچھل پائی / پیری است. ۱. (لفظاً) ایسی عورت جس کے پاؤں کے پنجے پیچھے اور ایڑی سامنے کے رخ ہو؛ (مجازاً) چڑیل، بھوتنی، بدروح. ۲. مجازاً یا بطور دشنام خبیث؛ ڈائن. ۳. (مجازاً) منحوس، سبز قدم. ۴. (i) بدشکل و بدہیئت عورت جسے دیکھ کر خوف آئے. (ii) جادوگرنی، حرافہ. ۵. جادوگرنی، حرافہ.

بِچھلا (کس پ، سک چ). (الف) صف مذ.
۱. سابق کا، ماضی کا، گزشتہ. ۲. پیچھے کا، آخر کا، آخری، بعد کا. (ب) امذ. ۱. آموختہ، پڑھا ہوا سبق. ۲. رات کا آخری حصہ جب صبح قریب ہو، سحری کا وقت. ۳. سحری، وہ کھانا جو رمضان میں صبح سے پہلے کھاتے.

بچھلا پہر / پہرا / پیرا امذ. ۱. رات کا یا دن کا آخری چوتھائی حصہ (عموماً رات کے لیے مستعمل). ۲. کسی حصہ عمر کا آخری زمانہ.

بچھلا کھایا ڈنڈ برابر کہاوت. پرانے قرض کی ادائیگی ایسی محسوس ہوتی ہے گویا تاوان یا جرمانہ ادا کر رہے ہیں.

پچھلا وقت امذ. شب کا آخری وقت، پچھلا پہر.

پِچھلوں (کس پ، سک چھ، وج) امذ.
پچھلا کا جمع، گزشتہ یا آخری زمانے کے لوگ، بعد کے لوگ (اگلوں کے مقابلے میں).

پِچھلی (کس پ، سک چھ) صف.
پچھلا کی تانیث، تراکیب میں مستعمل.

پچھلی رات امث. رات کا آخری حصہ، آدھی رات کے بعد کا وقت، صبح کاذب.

پِچھلے (کس پ، سک چھ) امذ؛ صف؛ م ف.
پچھلا کی محرفہ شکل (تراکیب میں اور حسب ذیل معنی پر مستعمل). ۱.سحری کا وقت. ۲.صبح صادق، سحر. ۳. پیچھے کے.

پچھلے پہر/پہرے امذ.
تین حصے رات گزرنے پر، صبح کاذب کے وقت.

پچھلے دن امذ. ۱.گزرا ہوا زمانہ، عہد رفتہ. ۲.سہ پہر، بعد از ظہر. ۳.روز قیامت، یوم لآخر.

پَچّھم (فت پ، شد چھ بفت) امذ.
وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے، مغرب. [س].

پچھم جاؤ یا (کہ) دکھن وہی کرم کے لکھن / لچھن کہاوت. نصیب ہر جگہ ساتھ ہے؛ روزگار یا نوکری کی تلاش میں مارا مارا پھرنا فضول ہے جو قسمت میں ہے مل رہے گا.

پَچّھمی (فت پ، شد چھ بفت) صف.
پچھم کا رہنے والا؛ مغربی.

پَچھنا (فت پ، سک چھ) امذ.
۱.(جراحی) کسی جلدی مرض کی وجہ سے خون نکالنے کے لیے جلد پر نشتر سے کچوکے دینے کا عمل، اس عمل میں پہلے متاثرہ جگہ پر سینگی سے کھینچ کر کھال کو ابھارا جاتا ہے پھر اس کو نشتر سے کچوک کر دوبارہ سینگی سے خون کھینچا جاتا ہے. ۲. وہ اوزار جس سے بدن گود کر سینگی لگاتے ہیں، استرہ، دشنہ، نشتر. [س].

پُچھنا (۱) (ضم پ، سک چھ) ف ل.
پوچھنا کا لازم.

پُچھنا (۲) (ضم پ، سک چھ) امذ.
وہ کپڑا جس سے زمین، چوکی، پیڑھی وغیرہ پر پڑے ہوئے پانی کو پوچھا جاتا ہے، پوچھا، پوچھن، ٹاکی.

پِچھواڑا (کس پ، سک چھ) امذ.
گھر کا پچھلا حصہ. [س].

پِچھواڑے (کس پ، سک چھ). (الف) امذ.
پچھواڑا کی جمع یا مغیرہ حالت. (ب) م ف. (مکان کے) عقب میں، پشت کی جانب، پیچھے کی طرف، پڑوس میں.

پُچھوانا (ضم پ، سک چھ) ف م.
۱. پوچھنا کا متعدی، دریافت کرانا. ۲.(کسی بات کو) دریافت کر کے تصدیق کرانا.

پَچھوڑنا (فت پ، وج، سک ڑ) ف م.
۱. غلے کو چھاج میں پھٹک کر صاف کرنا. ۲. چاول یا دال میں ملے ہوئے باریک کنکروں کو پانی سے دھو کر نکالنا. ۳.کھلیان میں بھوسا ملے ہوئے اناج کو اڑا کر دانوں کو بھوسے سے الگ کرنا. [ار].

پَخ (۱) (فت پ) امث.
۱.ایسی شرط یا قید جو غیر ضروری اور وقت طلب ہو، وہ پچھلا جو روگ یا علت کی طرح پیچھے لگ جائے، عذاب، وبال، جنجال. ۲.وہ گدھا جو گدھا گاڑی میں دوسرے گدھے کے ساتھ سدھنے کے لیے بم کے باہر جتا ہوا ہو. [ف].

پخ لگانا محاورہ. ۱.(i) شرط لگانا، قید لگانا. (ii) روڑا اٹکانا، کسی کام میں رکاوٹ ڈالنا. ۲. جھگڑا پیچھے لگانا.

پخ نکالنا محاورہ. جھگڑا ڈالنا؛ اعتراض کرنا، عیب یا نقص نکالنا.

پَخ (۲) (فت پ) امث.
۱. بک بک، بے ہودہ اور لایعنی گفتگو. ۲.غل، شور، اچھل کود.

پخ پخ کرنا / لگانا محاورہ. غل و شور مچانا، واہیات بکنا: جھگڑا کرنا.

پُخت (ضم پ، سک خ) امث.
۱.(کسی تقریب دعوت نیاز یا نذر وغیرہ کا) کھانا. ۲.کھانا پکائے جانے کا عمل. [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پخت کرنا ف مر. پکا کرنا، پختہ بنانا، مضبوط اور سخت بنانا.

پخت و پز امث: اند. کھانا پکائے جانے کا عمل. [ف].

پخت و پز کرنا محاورہ. (کسی معاملے سے متعلق) قول و قرار یا مستحکم بات کرنا، پکا عہد لینا یا کرنا، معاملہ طے کرنا.

... پخت لاحقہ.
تراکیب میں اپنے جزو اول سے مل کر پکا ہوا کے معنی میں مستعمل (جیسے: دم پخت، ناپخت وغیرہ). [: پخت].

پُختگی (ضم پ، سک خ، فت ت) امث.
۱. پختہ سے اسم کیفیت، پختہ ہونے کی حالت. ۲. (i) پک جانے کا عمل (پھل، کھانا وغیرہ). (ii) پودے کی بڑھوار. [ف] :

پُختُون (فت نیز ضم پ، سک خ، و مع) امث: ← پشتون.
۱. پشتو زبان. ۲. پٹھان.

پُختَہ (ضم پ، سک خ، فت ت) صف.
۱. پکا ہوا یا بھنا ہوا (کھانا وغیرہ). ۲. (i) قوی، مضبوط؛ مصمم، پکا (عزم یا ارادہ وغیرہ). (ii) قائم، مستحکم، غیر متزلزل. (iii) مستند، ٹھیک، درست، قابل اعتبار. ۳. (عمارت، بنیاد، تعمیر اور مکان وغیرہ) چونے، گچ اور پکی اینٹوں کا چنا ہوا، سیمنٹ یا پتھر کا بنا ہوا. ۴. پائیدار (رنگ، تعمیر، جوڑ وغیرہ). ۵. تجربہ کار، آزمودہ کار؛ کامل، ماہر. ۶. ایسی تحریر یا خط جس کی روش میں پکا پن پایا جائے، منجھا ہوا. ۷. ایسا کلام یا اسلوب تحریر جس میں مشاقی و مہارت پائی جائے اور فنی عیوب سے پاک ہو. [ف].

پختہ خط اند. وہ طریقہ تحریر یا لکھت جو بہت دن کی مشق کے بعد کسی ایک طرز پر قائم ہوگئی ہو اور اس میں تبدیلی کا امکان نہ ہو.

پختہ کرنا محاورہ. ۱. پکا کرنا، پائدار بنانا. ۲. (طے کر کے) پکا کرنا، مکمل کرنا. ۳. واقف کرانا؛ تجربہ کار بنانا، پکا کرنا. ۴. (i) کمی نکالنا، خامی دور کرنا. (ii) (سبق وغیرہ) پکا کرنا، ازبر کرنا، اچھی طرح ذہن نشین کرنا؛ (تعلیم و معلومات وغیرہ کی تجربے یا مشاہدے سے) صحت تصدیق یا تائید حاصل کرنا، آزمانا، جانچنا.

پختہ مزاج صف. مستقل مزاج، ایسا شخص جس کے مزاج یا طبیعت میں تجربے کے بعد استقلال پیدا ہوگیا ہو.

پِدَّا (کس پ، شد د) اند، امث.
۱. بھوری پیٹھ کی چھوٹی سی خوش آواز چڑیا جو کئی قسم کی ہوتی ہے، لاط: Thamnobia Cambagensis. ۲. وہ نواڑ یا چڑا جو غلیل کی تانت میں غلا رکھ کر پھینکنے کے لیے سی لیتے ہیں، پھٹکنا. ۳. (مجازاً) حقیر، ضعیف، کمزور، ادنیٰ، بونا، چھوٹے قد کا آدمی. [ار].

پَدانا (فت پ) ف م.
پدوانا، پاد نکلوانا؛ (مجازاً) تھکا دینا، مغلوب کرنا، ہرا دینا، عاجز کر دینا، ہرانا، چھیں بلوا دینا. [ہ].

پَدَر (فت پ نیز کس، فت د) اند.
۱. باپ. ۲. (مجازاً) کسی وصف میں بڑھا چڑھا ہوا شخص. [ف].

پَدرانَہ (فت پ نیز کس، سک د، فت ن) صف.
باپ کا ایسا، (وہ سلوک یا برتاؤ) جو باپ کی طرح کا ہو. [ف].

پِدَرَم سُلطان بُوَد تراچہ فارسی کہاوت اردو میں مستعمل.
(لفظاً: میرا باپ بادشاہ تھا) ایسے موقعے پر بولتے ہیں جب کوئی شخص خود تو کسی خاص حیثیت کا مالک نہ ہو اور اپنے باپ دادا کی بڑائی بیان کرے.

پِدڑِی (کس پ، سک د) امث.
۱. ایک ننھی منی سے چڑیا کا نام (جسے بچے اکثر پالتے ہیں یہ سردی کے موسم میں پاک و بھارت میں آتی ہے اور پھر انڈے بچے دینے کے لیے مغرب و شمال کے علاقوں میں چلی جاتی ہے)، پھدکی، منیا، لال کی مادہ. ۲. (مجازاً) ناتواں، کمزور. [س].

پَدَم (فت پ، د) اند.
۱. (ریاضی) اکائی کے بعد سے شمار کریں تو سولھویں نمبر پر آنے والا عدد؛ (شاستر) دس کھرب (اکائی سے چودھویں نمبر پر) کے برابر. ۲. وہ نشان جو انسان کے جسم یا پاؤں میں ہوتا ہے اور مبارک سمجھا جاتا ہے.

پدم بھوشن اند. بھارت کا سب سے بڑا ادبی خطاب جو شمس العلما کے برابر ہے.

پدم شری اند. بھارت کا ایک ادبی خطاب جو پدم بھوشن سے چھوٹا ہے.

پَدما (فت پ، سک د) اسث؛ صف۔
(لفظاً) کنول کے رنگ کی، (مجازاً) صبیح، گوری؛ لکشمی دیوی کا لقب، قسمت کی دیوی؛ منسا دیوی کا ایک لقب۔

پدماوت/ پدماوتی اسث ۔۱۔ چتوڑ کی رانی کا نام؛ ملک محمد جائسی کی منظوم داستان کا نام جس میں شہزادی پدماوتی کا قصہ بیان کیا گیا ہے؛ لکشمی دیوی کا لقب؛ منسا دیوی کا ایک نام؛ پراکرت میں ایک بحر یا وزن کا نام۔ ۲۔ یدھشٹر (راجہ کشمیر) کی ایک رانی کا نام، وہ جگہ جہاں کنول بہ کثرت پیدا ہوتے ہوں۔ [س]۔

پَدمَنی (فت پ، سک د، فت نیز کس م) اسث۔
نہایت نازک اندام اور حسین عورت، عورتوں کی اقسام چہارگانہ (پدمنی، چترنی، سنکھنی، ہستنی) میں سے قسم اعلیٰ کی عورت۔ [س]۔

پَدّو (فت پ، شد د، و مع) صف مذ: مث: پدّو (وج)۔
۱۔ پادنے والا، بہت گوز مارنے والا۔۲۔ (مجازاً) بزدل، ڈرپوک۔ [س]۔

پَدوڑا (فت پ، وج) صف مذ: مث: پدوڑی۔
بہت پادنے والا۔ [س]۔

پِدّی (کس پ، شد د) اسث: ~ پدمی۔
۱۔ پدا کی تانیث۔ ۲۔ (مجازاً) کمزور، حقیر۔

پَدھارنا (فت پ، سک ر) (الف) ف ل۔
۱۔تشریف لانا، آنا؛ درشن دینا، قدم رنجہ فرمانا، بیٹھنا۔ ۲۔ چلا جانا، سدھارنا۔ [س]۔

پَدھان (فت پ) امذ۔
(گاؤں کا) مکھیا، مقدم، چودھری، حاکم وہ دیکھیے پردھان۔ [س]۔

پُڈِنگ (ضم پ، کس ڈ، غنہ) اسث: ~ پڈین، پڈنگ۔
مختلف صورتوں سے تیار کیا جانا والا ایک میٹھا کھانا یہ دودھ انڈے اور کسٹرڈ وغیرہ سے بنایا جاتا ہے، انگریزی طریقے پر تیار کی ہوئی فیرنی جو انڈے اور میوے وغیرہ سے بنتی ہے اور دیسی فیرنی کی طرح لیس دار نہیں ہوتی۔ [انگ]۔

پَڈھی (فت نیز کس پ، شد ڈھ) اسث: ~ پڈھی۔
(انسان کی) پشت، کمر، پیٹھ؛ چڈھی، پشت کی سواری۔

۔۔۔ پذیر لاحقہ۔
مرکبات میں جزو ثانی کے طور پر مستعمل، جزو اوّل سے مل کر قبول کرنے والا حاصل کرنے، ملنے، لینے، کسی قابل ہونے وغیرہ کی حالت والا کے معنی دیتا ہے۔ [ف]۔

پَذیرا (فت نیز کس پ، ی مع) صف: ~ پذیرہ۔
قبول کیا گیا، منظور۔

پَذیرائی (فت نیز کس پ، ی مع) اسث۔
۱۔قبولیت، منظوری۔ ۲۔ آؤ بھگت، استقبال۔

پَر (۱) (فت پ) امذ۔
۱۔ پرندے کے جسم پر رواں جیسی قدرتی پوشش؛ پرندے کے بازو جن کے سہارے وہ اڑتا ہے، پنکھ۔ ۲۔ (i) مشینی پنکھے میں پر کی مانند پرزہ جو اڑنے چلنے گھومنے یا ہوا دینے میں مدد دیتا ہے۔ (ii) ہوائی جہاز کے بازو۔ [ف]۔

پر باندھنا محاورہ۔ پرند کے پروں کو ایک خاص بندش کے ساتھ باندھنا کہ وہ اڑ نہ سکے؛ (مجازاً) مجبور کرنا، بے بس کر دینا۔

پر پرزہ امذ: ~ پرپرزا۔ پرندے کا پر، رونگٹا؛ عضو؛ ساز و سامان (عموماً جمع میں مستعمل)۔

پر پرزے جھاڑنا محاورہ۔ سستی و غفلت کو دور کرنا، اقدام عمل کے۔ تیار ہو جانا۔

پر پرزے نکالنا محاورہ۔۱۔ چالاک اور ہوشیار ہو جانا؛ شرارت پر آمادہ ہونا۔ ۲۔ترقی کرنا، نشو و نما پانا۔۳۔ (پرندکا) پرواز کے قابل ہونا، ہوش سنبھالنا، سیانا ہوجانا۔

پر پرواز امذ۔ وہ پر جو اڑنے میں کام آئے۔

پر تولنا محاورہ۔۱۔ (لفظاً) پرند کا دونوں بازوؤں کو پھیلا کر اڑنے کے ارادے سے حرکت دینا، آمادہ پرواز ہونا، اڑنے کی تیاری کرنا ۲۔ (مجازاً) آمادہ ہونا، تیار ہونا۔

پر قینچ صف۔۱۔ (وہ پرند عموماً کبوتر) جس کے بازو کے پر کتر دیے گئے ہوں اور اڑنے سے معذور ہو، پرکٹ ۲۔ (مجازاً) مجبور، بے بس حرکت سے معذور ۳۔ (مجازاً) عورتوں کے ترشے ہوئے بال ہونے کی حالت ۴۔ (مجازاً) بال کٹے ہوئے ہونا، (مونچھ، داڑھی، سر

غیرہ کے) کترے ہوئے بال. ۵. (مجازاً) ختم ہو جانے یا افادیت جاتی رہنے کی حالت.

پر کاٹنا / کاٹ دینا محاورہ. ۱. دیکھیے: پر کترنا. ۲. پر کٹنا (دیکھیے) کا تعدیہ.

پر کا کوا بنانا/کرنا محاورہ. بہت مبالغہ کرنا، ذرا سی بات کو بہت بڑھا چڑھا کر بتانا.

پر کترنا ف مر؛ محاورہ. ۱. پروں کو قینچی سے کاٹنا. ۲. (چالاکی و دانائی سے) عاجز کرنا، مغلوب کرنا.

پر کٹا صف: مث. دیکھیے: پرِ قینچ معنی ۱، ۳.

پر کٹنا محاورہ. ۱. (لفظاً)، پر دار کے پر کٹ جانا. ۲. (مجازاً) جی چھوٹنا، ہمت نہ رہنا، عاجز اور بے بس ہونا.

پر لگا (کر) م ف. بہت تیزی سے، جلد، آناً فاناً.

پر لگنا محاورہ. ۱. اترانا، اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا، جامے سے باہر ہو جانا. ۲. رفتار میں تیزی آ جانا. ۳. خبر یا بات کا جلد پھیل جانا، مشہور ہو جانا.

پر مارنا محاورہ. ۱. پرند کا اُڑنے میں یا اُڑنے کے لیے اپنے بازوؤں کو حرکت دینا، اُڑنا. ۲. باریابی حاصل کرنا، رسائی یا دخل پانا، پہنچنا (عموماً نفی یا استفہام انکاری کی صورت میں). ۳. جدوجہد کرنا، بہت کوشش کرنا، کسی کام کے لیے بہت ہاتھ پاؤں مارنا. ۴. پھڑ پھڑانا، تڑپنا، مضطرب ہونا.

پر نکالنا محاورہ. ۱. اڑنے کے قابل ہونا، پرند کا جسم پر بال و پر لانا. ۲. قابلیت بہم پہنچانا، ہوش سنبھالنا. ۳. حد سے بڑھ جانا، بڑھ کر چلنا، اترانا.

پر نوچ لینا محاورہ. (لفظاً) پرندوں کے پر اُکھاڑ لینا؛ (مجازاً) سزا دینا، مجبور و معذور کر دینا.

پر و بال اند. ۱. پرندوں کے بازو اور پر. ۲. (مجازاً) طاقت.

پَر (۲) (فت پ) صف؛ م ف.

دوسرا، اور، غیر، پرایا، دوسرے کا. ۲. مختلف، جدا، علاوہ. ۳. حد سے بڑھا ہوا، بڑا؛ بہت اونچا، عمدہ، بڑھیا، اعلیٰ، افضل؛ دور کا، بعید؛ بقایا، بچا ہوا؛ پرانا، قدیم؛ باہر کا، دوسری جگہ کا؛ بیری، دشمن، مخالف. [س].

پربال اند. آنکھ کی پلک پر نکلا ہوا وہ فالتو بال یا پلک جس کی وجہ سے بہت تکلیف ہوتی ہے.

پردیس اند. غیر ملک یا شہر، بدیس، جو اپنا وطن نہ ہو.

پردیس پرایا سان نہ ماں کا جایا کہاوت. پرائے دیس میں کوئی پرسان حال نہیں ہوتا.

پردیسی صف. غیر ملک کا؛ غریب الوطن، مسافر، باہر سے آیا ہوا.

پَر (۳) ظرف زماں.

گزرا ہوا، پچھلا (عموماً سال کے ساتھ). [س].

پر سال م ف. گزشتہ برس، گزرا ہوا سال، پچھلا برس.

پَر (۴) (الف) حرف استثنا.

مگر، لیکن، الا. (ب) حرف تاکید. ۱. (اثبات میں) ضرور، لازمی طور پر. ۲. (نفی میں) ہرگز کے معنوں میں. [س].

پَر (۵) حرف ربط.

حسب ذیل معنوں میں مستعمل. ۱. کے اوپر ۲. کی جانب، کی طرف. ۳. کے بعد (ظرف مکان کے لیے). ۴. کے باوجود. ۵. سے، کی وجہ سے. ۶. کے مطابق. ۷. کے ذریعے، بذریعہ. ۸. سے متعلق، کے بارے میں. ۹. کی خاطر. ۱۰. کے ساتھ، کے ہوتے ہوئے. ۱۱. کے حال یا حالت وکیفیت میں. ۱۲. کے بھروسے. ۱۳. تواتر یا تسلسل کے اظہار کے لیے (تکرار اسی کے درمیان). ۱۴. کسی فعل کے کرنے یا ہونے کے قریب ہونے کے اظہار کے لیے، کے نزدیک، والا. ۱۵. ترجیح یا فوقیت کے اظہار کے لیے. ۱۶. کے علاوہ، مزید براں. ۱۷. شرح یا نرخ ظاہر کرنے کے لیے. [س].

پَر (۶) (فت پ) م ف.

پہلے، آگے، سامنے؛ بڑھا ہوا، بڑھ کر، بہت، بہت زیادہ؛ دور؛ بعید، فاصلے پر (حرکت کے افعال کے شروع میں استعمال ہوتا ہے). [س].

پُر (۱) (ضم پ). (الف) صف.

بھرا ہوا، لبریز، معمور. (ب) م ف. بہت، بہت زیادہ، پوری طرح [ف].

پر اثر صف. اثر سے بھرا ہوا، متاثر کرنے والا.

پُراسرار صف. ۱. پیچیدہ، لاینحل، (مجازاً) روحانی، علوی. ۲. پوشیدہ، چھپا ہوا، نامعلوم، جس میں کچھ راز یا بھید ہو. ۳. جس کی بظاہر توجیہ ممکن نہ ہو.

پُر امن صف. محفوظ، جس میں امن و سلامتی ہو، خطرات و خدشات سے پاک.

پُر امید صف. امیدوں سے بھرا ہوا، جسے کامیابی کی توقع ہو.

پُر آشوب صف. ۱. شورش انگیز؛ تلاطم خیز و متلاطم (دریا وغیرہ کے لیے). ۲. خطرناک اور فتنے فساد سے بھرا ہوا، جہاں امن مفقود ہو (زمانہ، جگہ وغیرہ). ۳. (آنکھ کے لیے) دکھتی ہوئی، درد میں مبتلا.

پُر پیچ صف. ۱. بل کھایا ہوا، خم دار، پیچ دار، ٹیڑھا میڑھا. ۲. پیچیدہ، الجھا ہوا، مشکل، غیر واضح.

پُر تاثیر صف. دیکھیے: پُر اثر.

پُر تصنع صف. بناوٹ سے بھرا ہوا، دکھاوے کا، دکھاوٹی، بناوٹی.

پُر تکلف صف. شان دار، بڑی محنت اور اہتمام سے آراستہ یا تیار کیا ہوا، غیر معمولی.

پُر جلال صف. رعب داب سے بھرا ہوا، شان و شوکت والا.

پُر جوش صف. ۱. جوش سے بھرا ہوا؛ جوشیلا، سرگرم. ۲. تیز و تند.

پُر خار صف. کانٹوں سے بھرا ہوا، خاردار؛ (مجازاً) دشوار گزار.

پُر خطر صف. ۱. پُر آشوب، خطرناک. ۲. ڈرا ہوا، خوف زدہ.

پُر خوں صف. خون سے بھرا ہوا؛ خون آلودہ، زخمی.

پُر زور صف. ۱. طاقت ور، قوت والا، قوی. ۲. شان دار اور موثر (تحریر اور تقریر کے لیے مستعمل).

پُر سکون صف. ۱. ٹھہرا ہوا، قائم. ۲. مطمئن، جو امن و عافیت سے ہو، جس میں بے چینی اور اضطراب نہ پایا جائے.

پُر سوز صف. جلتا ہوا؛ (مجازاً) درد بھرا، اثر میں ڈوبا ہوا.

پُر شکوہ صف. ۱. مرعوب، خائف. ۲. عظیم الشان، شان و شوکت والا.

پُر فضا صف. بارونق.

پُر کار صف. ۱. سادہ کی ضد، جس میں بیل بوٹے اور مرصع کاری یا رنگ آمیزی ہو، رنگیں. ۲. دانا، ہوشیار، اپنے فن میں ماہر. ۳. مینا کار، نقش گر. ۴. موٹا، جلی، دبیز. ۵. عیار، چالاک. ۶. کارگر، موثر، بھرپور. ۷. گندہ؛ مضبوط، مستقل؛ چالاک.

پُر کشش صف. دل چسپ، دل کش، دل فریب.

پُر کیف صف. کیف سے بھرا ہوا، سرور و مستی بھرا، (مجازاً) دل چسپ، رنگین، پُر لطف.

پُر گوشت صف. ۱. (جسم یا اعضا کے لیے) موٹا تازہ، بھرا ہوا، گداز. ۲. دبیز، دل دار، (مجازاً) بھاری.

پُر لطف صف. بامزہ، لطیف.

پُر ملال صف. رنجیدہ، رنج سے بھرا ہوا.

پُر نم صف. (بیشتر آنسوؤں سے) تر، بھیگا ہوا.

پُر نور صف. ۱. نورانی، روشن، منور، چمک دار. ۲. صاحب کمال، روشن رائے، اہل بصیرت (عموماً حضور کے ساتھ) (خطابیہ). ۳. خوب صورت، حسین، دل کش وغیرہ.

پُر ہول صف. خوف ناک، ڈراؤنا.

پُر ہونا محاورہ. ۱. (زخم کے لیے) مندمل ہونا، بھرنا. ۲. کسی احساس یا جذبے سے بھرا ہوا.

پُر (۲) (ضم پ) اند.

گوز یا ریح کی ہلکی آواز. [حکایت الصوت].

••• پُرا (ضم پ).

بھرا کا تابع. [ف].

پَرات (فت پ) امث.

کسی دھات سے بنا ہوا اٹھے ہوئے کناروں کا کونڈے کی وضع کا برتن.

پَراٹھا (فت پ) اند؛ ~ پراٹھا.

ایک قسم کی روغنی روٹی عموماً پرت دار پکائی یا تلی جاتی ہے؛ روغنی. [س].

پَراچا/پَراچہ (فت پ / چ) اند نیز ب کس؛ ~ پراچے، پراچیہ.

کپڑے کے ٹکڑے یا پارچے اور گودڑ بیچنے والا؛ نیز ایک تجارت پیشہ قوم.

پَراچِین (فت پ، ی مع) صف.

۱. سامنے کا، مشرقی، پوربی. ۲. کہن سال، قدیم، پرانا. ۳. قدیم شخص آثار قدیمہ، پرانی عمارتیں. [س].

پَرارتھنا (فت نیز کس پ، سک ر، تھ) است.
۱. دعا، مناجات. ۲. عرض، التجا. [س].

پَراکِرت (فت پ، کس ک، سک ر) است.
برصغیر ہندوپاک میں سنسکرت کے بعد کے دور کی ہند آریائی بولیاں جن میں سے بعض مشہور یہ تھی شور سینی، پشاچی اور مہاراشٹری.
(ب) صف. جو بناوٹی نہ ہو، اصلی، قدرتی، غیر مبدل، جو تبدیل نہ کیا گیا ہو، معمولی، عام، ناتراشیدہ، ناشائستہ، گنواری، دیہاتی، دیسی. [س].

پَراگ (فت پ) اند.
۱. زرگل، پھول کے اندر کا زیرہ. ۲. سفوف، خوش بودار سفوف جسے لگانے کے بعد نہاتے ہیں، ابٹن. ۳. صندل یا صندل کا برادہ؛ کپور کی دھول (برادہ). [س].

پَراگَندَہ (فت پ، گ، سک ن، فت د) صف.
بکھرا ہوا، متفرق، پریشان، منتشر. [ف].

پراگندہ حال صف. پریشان حال، پریشان.

پَرّاں (فت پ، شد ر). (الف) صف.
اُڑنے والا. (ب) م ف. اُڑتا ہوا، اُڑ کر. [ف].

پراں ہونا ف ل. ۱. اُڑنا، بال فشاں ہونا، پرواز کرنا. ۲. (عموماً ہوش و حواس) غائب ہونا، مفقود ہونا.

پُرانا (ضم پ) صف.
۱. نیا کا نقیض، قدیم، دیرینہ، اگلے وقتوں کا؛ ماضی کا، سابق کا.
۲. اگلے فیشن، وضع یا تہذیب کا. ۳. استعمال شدہ، بوسیدہ، فرسودہ.
۴. سن رسیدہ، زیادہ عمر کا؛ بوڑھا. ۵. تجربہ کار، جہاں دیدہ، کارآزمودہ. ۶. عادی، جسے کسی بات کی عادت پڑ گئی ہو. [س].

پرانا دھرانا صف. نکما اور ناقص، فرسودہ، کہنہ یا اگلے وقتوں کا جو کارآمد نہ ہو.

پَرانْدا / پَرانْدَہ (فت ج پ، مغ / فت د) است نیز اند.
موباف، ڈوری جو چوٹی گوندھتے وقت بالوں کے ساتھ ملا کر گوندھتے ہیں، تاگوں کی بنی ہوئی تین لڑ کی بیشتر سیاہ و سرخ اور دوسرے رنگ کے پھندنے دار زری یا موتیوں والے ڈوروں کی چوٹیاں. [ف].

پُرانی (ضم پ) صف.
پرانا کی تانیث.

پرانی تکلیف صف. (لفظاً) اذیت جو قدیم سے ہو؛ (اصطلاحاً) جیل خانے کا وہ حصہ جس میں عارضی طور پر خطرناک قیدی رکھے جائیں.

پُرانی ہڈیاں اکھیڑنا محاورہ. دیکھیے: پرانے قصے اُکھاڑنا، گڑے مردے اُکھاڑنا.

پرانی لکیر پیٹنا محاورہ. قدیم رسم و رواج کا پابند ہونا، رجعت پسند ہونا.

پُرانے (ضم پ) صف، ج.
پرانا کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

پرانے چاول اند. چاول جتنے زیادہ پرانے ہوں اتنے ہی اچھے ہوتے ہیں؛ (مجازاً) تجربہ کار، جہاں دیدہ شخص.

پرانے مردے اکھیڑنا محاورہ. گئی گزری باتوں کو دہرانا، اگلے پچھلے جھگڑے نکالنا.

پِرائِز (کس پ، ء) اند.
انعام، چیز جو انعام میں دی جائے یا ملے. [انگ].

پرائز بانڈ اند. انعامی بانڈ، حکومت پاکستان کا جاری کردہ اقرار نامہ جس پر ماہ بماہ قرعہ اندازی کے ذریعے نقد انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں.

پِرائِم (کس پ، ء) صف.
پہلا، ابتدائی؛ مقدم؛ اعظم، اعلیٰ، عمدہ. [انگ].

پِرائمَری (کس پ، کس ع، ء، فت م) صف.
ابتدائی (بیشتر اسکولوں کے لیے مستعمل). [انگ].

پَرائی (فت پ) صف.
پرایا کی تانیث.

پرائی اَولاد است. دوسروں کی اولاد، دوسروں کے بچے.

پرائی آگ میں پڑنا جلنا / کودنا محاورہ. دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا، دوسرے کی ہم دردی میں خود تکلیف اٹھانا.

پرائی کیا پڑی فقرہ. (بیشتر اپنی نبیڑ یا نبیڑو کے ساتھ) دوسرے کی فکر کیا ہے، غیر کے معاملات سے کیا بحث ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

پرائی ہو جانا محاورہ. لڑکی کا بیاہ ہو جانا، بیاہ کر شوہر کے گھر جانا.

پَرائے (فت پ) اند.
پرایا کی جمع یا مغیرہ حالت.

پرائے پھٹے میں پانو دینا / ڈالنا محاورہ. دوسرے کی آئی گئی اپنے سر لینا، غیر کے بگڑے ہوئے معاملات میں دخل دے کر خود کو مصیبت میں ڈالنا.

پرائے ٹکڑوں پر آ پڑنا محاورہ. دوسرے کی کمائی پر گزر کرنا، خود کچھ نہ کرنا اور غیر کی روٹیاں توڑنا.

پرائے گھر (میں) جانا محاورہ. دیکھیے: پرائے گھر کا ہونا.

پرائے گھر کا کوڑا ہے محاورہ. لڑکی کے حق میں بولتے ہیں کہ وہ دوسرے کے گھر بیاہی جائے گی.

پرائے گھر کا ہونا محاورہ. لڑکی کا بیاہا جانا، بیٹی کا گھر بار کا ہونا.

پرائے مال پر جھنگر ناچے کہاوت. پرایا مال ہاتھ لگ جانے پر خوش ہونے کے موقع پر بولتے ہیں.

پرائے مال پر دیدے لال کہاوت. دوسرے کی چیز پر غرور کرنے کے موقع پر بولتے ہیں.

پرائیویٹ (کس پ، ی مع نیز مج، ی مج) صف.
۱. نجی، خانگی، ذاتی، جو غیر سے متعلق نہ ہو، غیر سرکاری. ۲. جو کسی سرکاری یا ملکی ادارے سے وابستہ نہ ہو، غیر سرکاری. [انگ].

پرائیویٹ امتحان اند. امتحان جو کسی اسکول میں باقاعدہ تعلیم پائے بغیر دیا جائے.

پَرایا (فت پ) صف.
۱. بے گانہ، اجنبی، غیر. ۲. غیر کا، دوسرے کا. [س].

پرایا چکھ اور اپنا ڈھک کہاوت. اپنی چیز سینت کر رکھنے اور دوسرے کی چیز استعمال کرنے کے موقع پر بولتے ہیں.

پرایا دھن اند. مراد: لڑکی جو دوسرے کے گھر بیاہی جاتی ہے.

پرایا دھینگڑا اور اپنا پوت کہاوت. آدمی اپنی اولاد یا چیز کی بہت قدر کرتا ہے اور دوسرے کی اولاد یا چیز کو بے قدر سمجھتا ہے.

پرایا گھر تھوک کا ڈر اپنا گھر ہگ بھر کہاوت. اپنی ذاتی چیز کو انسان جس طرح چاہے استعمال کرے کوئی کچھ کہنے والا نہیں ہوتا لیکن دوسرے کی چیز کو چھونے میں بھی احتیاط کرنی پڑتی ہے.

پرایا مال اند. دوسرے کی چیز.

پَرب (فت پ، سک ر) اند.
۱. تہوار، تقریب، خوشی کا دن. ۲. باب، فصل، کتاب کا ایک حصہ جس کا موضوع دوسرے حصے سے مختلف یا جدا ہو. ۳. (نگینہ گری) چپٹا ہیرا جس کے اوپر کا رخ پہل دار اور نیچے کا ہموار بنایا گیا ہو، پوکی، چاپڑ. ۴. گانٹھ، جوڑ، گرہ، عضو.

پَربَت (فت پ، سک ر، فت ب) اند.
پہاڑ، کوہ. [س].

پربت کو رائی کرنا محاورہ. بڑی چیز یا بات کو چھوٹا یا معمولی بتانا (خدا کی صفات کے لیے کہ اس کے نزدیک بڑی سے بڑی چیز بے حقیقت ہے).

پربھات (کس پ، فت ر، نیز فت پ، سک ر) اند؛ امث.
صبح، سویرا.

پَربھاکر (کس پ، فت ر، ک) صف؛ اند.
روشنی دینے والا، نورانی؛ سورج، چاند؛ آگ؛ ایک قسم کا دیوتا؛ شیوجی؛ کئی مصنفوں اور گروؤں (چندر، دت، دیو، گرو، متر، نندن) کے ناموں کے ساتھ مستعمل.

پَربھاؤ (فت پ، سک ر) اند.
۱. فطرت، سرشت، طبعی خاصیت؛ زور، طاقت، اقبال ۲. اثر، تاثیر، پھل، نتیجہ.

پَربھو (فت پ، سک ر، و مع) اند.
۱. خداوند، پرمیشور. ۲. مالک، آقا.

پَرپَر (فت پ، سک ر، فت پ) اند.
سنسناہٹ، جھنجھناہٹ، ٹیسیں، سوزش، جلن. [س].

پَرپَرانا (فت پ، سک ر، فت پ، سک ر) ف ل.
۱. چڑچڑانا؛ بدن میں سنسنی پیدا ہونا، ٹیس پڑنا؛ جلن ہونا. ۲. مرچ یا کڑوی چیزوں کے زبان یا جسم کے کسی اور حصے میں لگ جانے سے سنسناہٹ یا تیزی پیدا ہونا، چنچناتا؛ تیکھا مزہ پیدا ہونا.

پرپراہٹ (فت پ، سک ر، فت پ، سک ر، فت ہ) است.
. پرپرانا کی حالت یا کیفیت ۲. تیزی، ترشی.

پرپنچ (کس ج پ، فت ر، پ، سک ن) اند.
۱. عناصر خمسہ : اندھیرا ؛ جدائی ؛ مسافت ؛ ترقی ؛ نمائش ؛ وسعت، پھیلاؤ ؛ انتشار، نفوذ، طوالت، طوالت پسندی، پرگوئی ؛ منتشری، افراط، کثرت، الٹی طرف، مخالفت، تقلیب، معکوس ؛ تجزیہ ؛ غلطی ؛ دھوکہ، التباس ؛ مغالطہ ؛ توہم ؛ وسوسہ ۲. فریب، دغا، چال، مکر.

پرت (فت پ، ر) اند ؛ است.
۱. (i) پتھروں کی تہ، چٹان کے حصے، لوہے فولاد کی تہ. (ii) طبق زمین، تہ. ۲. (i) (اصطلاح کیمیا) ٹکڑے، ریزے، مخروطی شکل کی پرت دار شے، قلم (پیپرمنٹ شورہ وغیرہ). ۳. (i) ورق، صفحہ، حصہ. (ii) کاغذ کی تہ در تہ. ۴. (نباتیات) پھلوں کی اندرونی تہ، سپور پھل. ۵. آنول کی جھلی (اندر کا خانہ دار پرت). ۶. آنکھ کا پردہ نیز سفید ڈھیلے والا حصہ (وہ سفید کھال جس کی بناوٹ پر قوت باصرہ کو باہر کی طرف دیکھنے کے لئے بنایا گیا ہے. ۷. کھانے کی کسی چیز کا بالائی حصہ ؛ دہی، بالائی کے اوپر کی تہہ. ۸. کھجلے، روٹی پراٹھے یا سموسے کا پتلا حصہ، تہہ. ۹. لکڑی کے پتلے پتلے پھرے. ۱۰. چھلکا یا چھلکے کی طرح کی کوئی چیز. [س].

پرت دار صف. ۱. دیکھیے : پرت معنی نمبر ۸، جس میں دو یا زیادہ تہیں یا تلے اوپر ورق ہوں. ۲. پرت نمبر ۱ (ii).

پرت در پرت اند است. ایک کے بعد دوسری تہہ یا غلاف.

پرتاب (۱) (فت پ، سک ر) اند.
وہ فاصلہ جو اتنی دوری پر ہو جہاں ایک اوسط تیر انداز کا تیر جا کر پڑے (بیشتر تیر کے ساتھ مستعمل)، (مجازاً) نشانہ. [ف].

پرتاب (۲) (فت پ، سک ر) اند.
۱. (i) جاہ و جلال، شان و شوکت. (ii) نور، روشنی، چمک. ۲. اقبال، طفیل، صدقہ. ۳. عنایت، مہربانی، فیض، بخشش.

پرتال (فت پ، سک ر) است.
۱. (i) دوبارہ جانچ، جائزہ، نظر ثانی، چھان بین. (ii) (کاشت کاری) کھیت کی پیمائش کی جانچ. ۲. (دکان داری) جمع و خرچ کا مقابلہ، وزن یا ناپ کے پیمانے کی پرکھ. [س].

پرتگال (ضم پ، سک ر، ضم ت) اند.
جنوب مغربی یورپ کے ایک ملک کا نام جہاں کی شراب مشہور تھی. [انگ].

پرتگالی (ضم پ، سک ر، ضم ت) اند.
۱. پرتگال سے منسوب، پرتگال کا باشندہ. ۲. پرتگال کی بنی ہوئی. ۳. وہ زبان جو پرتگال کے رہنے والے بولتے ہیں.

پرتگیا (کس پ، فت ر، کس ت، شدگ بکس) است.
عہد، قول و قرار. [س].

پرتگیز (ضم ب، سک ر، ضم ت، ی مج) صف، اند.
دیکھیے : پرتگالی، پرتگال.

پرتو (فت پ، سک ر، و لین) اند.
۱. عکس، پرچھائیں ؛ سایہ ؛ اصل جیسا، یہ اس کا پرتو ہے. ۲. روشنی، شعاع کرن، جھلک. [ف].

پرتو دکھانا محاورہ. سایہ جھلکنا، عکس پڑنا.

پرتیلا (فت پ، سک ر، ی مج) صف.
پرت دار، جس میں تہ در تہ ہو. [ا].

پرتھوی (کس پ، سک ر، تھ نیز کس تھ) است.
۱. زمین، دنیا، عالم ؛ دنیا کے لوگ. ۲. ایک بحر یا وزن. [س].

پرجا (کس پ، فت ر) است.
۱. رعیت، رعایا، لوگ. ۲. اولاد، نسل ؛ کرایہ دار. ۳. مخلوق، خلقت ؛ محتاج. ۴. (کاشت کاری) گاؤں کے کمیرے. [س].

پرجا نہیں تو راجہ کہاں کہاوت. رعیت اگر سکھ میں نہ ہو تو راجہ یا تو مارا جاتا ہے یا معزول ہو جاتا ہے.

پرچ (کس پ، ر نیز سک ر) است.
طشتری، وہ طشتری جس پر پیالی رکھی جاتی ہے، چھوٹی رکابی. [ار].

پرچا (۱) (فت پ، سک ر) اند.
دیکھیے : پرچہ.

پَرْچا (۲) (فت پ، سک ر) امذ.

۱.ثبوت، دلالت، اثبات، پرمان، پرکھ، جانچ .۲.تعارف، جان کاری، واقفیت. [س].

پرچا دینا محاورہ. ۱.ثابت کرنا، ثبوت دینا .۲.ایسا اشارہ کرنا جس سے لوگ جان جائیں؛ نام یا گاؤں وغیرہ بتانا.

پرچا لینا محاورہ. تجربہ کرنا، جانچ کرنا، آزمانا.

پِرچار (کس پ، فت ر) امذ.

اشاعت، تبلیغ، تشہیر، اعلان. [س].

پرچار کرنا ف ل. تبلیغ کرنا، مشتہر کرنا، کوئی بات یا خبر پھیلانا، شہرت دینا.

پَرْچانا (فت پ، سک ر) ف م.

۱. مانوس کرنا، (اپنی طرف) مائل کرنا، اپنے سے ہلا لینا، متوجہ کرنا.
۲. باتوں میں لا کر فریب دینا .۳.جادو کے زور سے بس میں لانا. [ہ].

پَرْچَم (فت پ، سک ر، فت چ) امذ.

۱. پھریرا، وہ کپڑا جو علم یا جھنڈے میں باندھتے ہیں .۲.علم، جھنڈا، نشان، علامت. [ف].

پرچم کشائی امث. پرچم لہرانے کی تقریب اور عمل.

پَرْچُون (فت پ، سک ر، و مع) امذ.

۱.متفرق سودا (آٹا دال نمک مرچ وغیرہ)، کرانے کا سامان .۲.خردہ، تھوک کا برعکس. [س].

پَرْچَہ (فت پ، سک ر، فت چ) امذ.

۱. پرزہ، کاغذ کا ٹکڑا؛ خط؛ کتاب کا صفحہ وغیرہ .۲.روز نامہ، ماہ نامہ، یا ہفتہ وار اخبار/ رسالہ .۳. (امتحان کے) سوالات کا کاغذ، (مجازاً) امتحانی سوالات، امتحان کا سوال نامہ .۴.رپورٹ جرم جو پولیس تحریر کرے .۵. کاغذ کی وہ پرچی جس پر بازار سے لانے کا سودا لکھا جائے. [ف].

پرچہ بازی امث. (عموماً عشق بازی میں) آپس میں ایک دوسرے کو خط لکھنا یا ایک کا خط دوسرے تک پہنچانا، پیام رسانی.

پرچہ دینا محاورہ. مقدمہ درج رجسٹر کرنا؛ امتحان کے پرچے کا جواب تحریر کرنا، امتحان دینا.

پرچہ کٹوانا/ کروانا محاورہ. رپورٹ درج کرنا.

پرچہ نکالنا محاورہ. رسالے یا اخبار کی اشاعت کا آغاز کرنا.

پَرْچی (فت پ، سک ر) امث.

۱. پرچہ معنی نمبر ۱، ۴، ۵ کی تصغیر. کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا، سفارشی کاغذ، بھتے کی پرچی، زبردستی لی جانے والی رقم .۲. وہ کاغذ جو کسی انتخاب کے موقع پر اس امیدوار کے نام جسے منتخب کرنا ہو صندوق میں ڈالتے ہیں، رائے، ووٹ .۳. مقدمے کی تاریخ یا کاغذ جو عدالت کا منشی مقدمے والوں کو دیتا ہے.

پرچی ڈالنا محاورہ. جسے انتخاب کرنا مقصود ہو اس کے نام کی پرچی (Ballot paper) بکس میں ڈالنا.

پَرْچھانْواں (فت پ، سک ر، مغ) امذ.

۱.عکس، پرتو؛ عادات و خصائل یا اوصاف و کیفیات وغیرہ کا اثر
۲. پرچھائیں، سایہ .۳.آسیب کا خلل. [س].

پرچھانواں پڑنا محاورہ. سایہ پڑنا، صحبت کا اثر ہونا، آسیب کا خلل ہونا.

پَرْچھائیں (فت پ، سک ر، ی مع) امث.

۱. (کسی چیز کا) عکس، سایہ، چھاؤں .۲.اثر، عادات و خصائل کا پرتو شکل .۳. (مجازاً) بے حقیقت بات، تصور، یا تخیل جس کا حقیقت میں وجود نہ ہو. [س].

پَرْخاش (فت پ، سک ر) امث.

کینہ، عداوت؛ غبار خاطر، تکدر، لڑائی، جنگ، دنگا. [ف].

پَرَخْچا (فت پ، ر، سک خ) امذ.

پرزہ، ٹکڑا.

پَرَخْچے (فت پ، ر، سک خ) امذ، ج.

پرخچا کی جمع.

پرخچے اُڑانا محاورہ. ۱. پرزے پرزے کر دینا، تہس نہس کر دینا .۲.خوب مارنا، کوٹنا .۳. (دلیل وغیرہ کو) رد کر دینا، باطل یا بے اثر بنا دینا.

پرخچے اُڑنا محاورہ. پرزے پرزے ہونا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا.

پَرْدا (فت پ، سک ر) امذ.

۱.دیکھیے: پردہ .۲. پیٹ کی کھال کا ایک پرت.

پرداخت (فت پ، سک ر، خ) است.

۱. اصلاح کردار و اعمال، درستی، سنبھال، تربیت، ہدایت ۲. محافظت، دیکھ بھال، خبرگیری ۳. دست گیری، مدد، سہارا ۴. پرورش ۵. فراغت، بے تعلقی، روگردانی. [ف].

پَرداخْتَہ (فت پ، سک ر، خ، فت ت) صف.

(ساختہ کے ساتھ) ساختہ پرداختہ؛ پرورش کیا ہوا، سنوارا ہوا. [ف].

پَرْدادا (فت پ، سک ر) اند: است.

باپ کا دادا، دادا کا باپ. [س].

پَرْداز (فت پ، سک ر) است: اند.

۱. تمہید، اٹھان، ابتدا ۲. رنگ، ڈھنگ، طور طریقہ، انداز ۳. آراستگی، جلا، تصویر کے خد و خال ۴. تصویر کا چوکھٹا، باریک کام جو کسی تصویر یا نقش کے گرد کیا کرتے ہیں، نقش و نگار ۵. مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل بمعنی کرنے والا، ڈھانپنے والا. [ف].

پِرَدان (کس پ، فت ر) اند.

دینا، پیش کرنا، تحفہ دینا، نذر کرنا. [س].

پَرْدَگی (فت پ، سک ر، فت د) است.

۱. پردے میں رہنے کی حالت، پوشیدگی، اخفا ۲. پوشیدہ چیز ۳. (جمع کی حالت میں) پردہ دار، (عورتیں) بالعموم تراکیب میں. [ف].

پَرْدَہ (فت پ، سک ر، فت د) اند.

۱. جو چیز دیکھنے میں حائل ہو، جس کے درمیان میں ہونے سے پار کی چیز نظر نہ آئے، اوٹ، چک، چلمن، قنات یا دیوار، وہ کپڑا جو دروازوں اور کھڑکیوں وغیرہ میں لٹکایا جاتا ہے، روشنی سے بچنے کے لیے یا کسی چیز کو چھپانے کے لیے ۲. نظروں سے بچنے اور چھپنے کا عمل؛ پوشیدگی، اخفا ۳. نقاب، گھونگھٹ ۴. (i) (بیشتر میں کے ساتھ) آڑ، بہانہ، حیلہ. (ii) عزت، لاج ۵. راز، بھید، پوشیدہ بات ۶. (i) آنکھ یا کان وغیرہ کی پتلی جھلی. (ii) وہ باریک جھلی جو کنوارپنے میں اندام نہانی میں ہوتی ہے جو کسی ضرب یا چوٹ لگنے یا جماع کرنے سے زائل ہو جاتی ہے؛ پردۂ بکارت ۷. بادبان.

۷. (i) (تھیٹر) وہ کپڑا جس پر تصاویر یا نقش و نگار بنے ہوتے ہیں اور جسے اسٹیج پر لگایا جاتا ہے. (ii) (ڈراما) سین، منظر ۸. (تصوف) وہ حجاب جو عاشق و معشوق حقیقی کے درمیان ہوتا ہے. [ف].

پردہ اُٹھانا محاورہ. ۱. نقاب یا گھونگھٹ اُٹھا دینا، چلمن یا چک ہٹا دینا. ۲. حجاب دور کرنا؛ تکلف یا شرم باقی نہ رکھنا ۳. اصلیت یا حقیقت ظاہر کر دینا؛ راز کھول دینا ۴. عزت میں بٹہ لگانا، ساکھ بگاڑنا. ۵. (تھیٹر) تماشے کا پردہ (دیکھیے: معنی نمبر (i)(ii)) اونچا کرنا یا بدلنا ۶. راز کا افشا کرنا.

پردہ اٹھنا محاورہ. ۱. نقاب یا گھونگھٹ اٹھا دینا، چلمن یا چک ہٹا دینا. ۲. اصلیت یا حقیقت ظاہر کر دینا، راز کھول دینا.

پردہ پڑنا محاورہ. ۱. (i) چلمن پڑنا، چک کا لٹکایا جانا. (ii) پوشیدہ رہنا، نظروں سے اوجھل ہو جانا، چھپ جانا ۲. (i) (لفظاً) محو ہو جانا، (مجازاً) عقل ماری جانا، (عقل سمجھ یا آنکھ کے ساتھ) نظر نہ آنا. (ii) ڈھکا ہوا ہونا.

پردہ پوش صف. (مجازاً) کسی کے عیب ڈھانکنے والا، راز دار، پردہ دار.

پردہ پوشی است. راز داری، پردہ داری، عیب پوشی.

پردہ پھٹنا محاورہ. ۱. باکرہ عورت سے ہم بستری کرنا ۲. کان یا آنکھ کی جھلی کا پھٹ جانا.

پردہ چاک کرنا محاورہ. ۱. پردے میں شگاف کرنا، سوراخ کرنا ۲. حقیقت ظاہر کرنا، راز افشا کرنا.

پردہ چاک ہونا محاورہ. پردے میں شگاف ہونا، حقیقت ظاہر ہونا، راز افشا ہونا.

پردہ دار (الف) صف. ۱. راز دار، بھید جاننے والا ۲. پردہ نشیں، پردہ کرنے والا ۳. سواری وغیرہ جس پر پردہ پڑا ہوا ہو، پردے سے ڈھکا ہوا ۴. عیبوں کا چھپانے والا، عیب پوش، (مراد) اللہ تعالیٰ. ۵. ستر پوش. (ب) اند. دربان، حاجب.

پردہ داری است. ۱. راز داری، پوشیدگی ۲. عیب پوشی ۳. دربانی.

پردہ دری است. ۱. بھید، راز یا پوشیدہ بات کا افشا، اظہار ۲. (i) رسوائی، بدنامی. (ii) آبروریزی، عصمت دری ۳. عیب جوئی، نکتہ چینی.

پردہ ڈالنا محاورہ.۱. پردہ چھوڑنا .۲. چھپانا ، اخفائے حقیقت کرنا .

پردہ رکھنا محاورہ.۱. پردہ پوشی کرنا ، آبرو بچانا .۲. پوشیدہ رکھنا ، چھپا لینا .۳. سامنے نہ ہونا ، چھپنا .۴. اخفائے راز کرنا ، کسی بات کو ظاہر نہ کرنا .

پردہ رہ جانا محاورہ. عزت بچ جانا ، لاج رہ جانا .

پردہ زنبوری اند.۱. بھڑوں کے چھتے کے نمونے والی جالی کا پردہ جو دروازوں کے آگے ڈالتے ہیں .۲. (کنایۃً) آسمان .

پردہ زنگار / زنگاری اند. (مجازاً) آسمان .

پردہ غیب اند. عالم باطن ، وہ خیالی پردہ جو عالم زیریں اور بالا کے درمیان ہے ؛ جو بات خدا کی طرف سے یا اتفاقاً ہو اس کے متعلق کہتے ہیں .

پردہ غیب سے ظاہر ہونا فقرہ. عالم باطن سے ظاہر ہونا ، کسی بات کا خدا کی طرف سے یا اتفاقاً ہونا .

پردہ فاش کرنا محاورہ. افشائے راز کرنا ، بھانڈا پھوڑنا ، قلعی کھولنا .

پردہ فاش ہونا محاورہ. بھید کھلنا ، راز کھلنا ، قلعی کا کھلنا .

پردہ کرانا محاورہ. اوٹ کرنا ، عورتوں کو پردے میں رکھنا ، چلمن وغیرہ ڈالنا .

پردہ کرنا محاورہ.۱. اوٹ کرنا ، کپڑا تاننا جس سے آڑ ہو جائے .۲. عورتوں کا غیر مردوں کے سامنے نہ ہونا ؛ گھونگٹ نکالنا .۳. چھپنا .۴. اخفائے راز کرنا ، بھید چھپانا .۵. (مجازاً) مر جانا (بالعموم کسی بزرگ کے لیے) .

پردہ گرنا محاورہ.۱. پردہ گرانا کا لازم .۲. بادبان کا نیچے گرانا جو کشتی یا جہاز کو تیز ہوا سے بچائے .۳. تھیٹر وغیرہ کا پردہ گرنا جو بالعموم ایک منظر کے اختتام پر ہوتا ہے .

پردہ گرانا محاورہ. چھوڑنا ، کھولنا ، پردہ وغیرہ کا لٹکانا .

پردہ نشین صف ، مث.۱. پردے میں رہنے والی عورت ، غیر مرد سے چھپنے والی عورت ؛ باحیا .۲. (مجازاً) چھپے ہوئے .

پَردے (فت پ ، سک ر) اند.

پردہ کی جمع یا مغیرہ حالت ہے ، تراکیب میں مستعمل .

پردے بٹھانا محاورہ.۱. باہر کا آنا جانا بند کرنا ؛ بچی کا اس عمر کو پہنچنا کہ پردۂ شرعی کرانا ضروری ہو .۲. چھپا دینا .

پردے کی بات است. راز کی بات ، خفیہ معاملہ .

پردے کی بہو بو صف ، مث.۱. پردہ نشین ، عورت ، پردے میں رہنے والی عورت ؛ مخدرہ ؛ (طنزاً) نہایت چھپنے والی عورت .۲. (طنزاً) بڑی پارسا بننے والی عورت ، بدچلن عورت .

پردے کی بیوی (بی بی) چٹائی کا لہنگا کہاوت. اپنی حیثیت سے زیادہ کسی بات پر نمود و نمائش اور نزاہت کے موقع پر مستعمل ، پردے میں رہنے والی عورت یا کسی طرح ستر پوشی کرنے والی .

پردے کی دیوار است. وہ دیوار جس سے دوسرے مکان یا میدان یا ایک ہی عمارت کے مختلف حصوں کو الگ کرنے والی دیوار کی آڑ ہو جائے .

پردے میں بٹھانا محاورہ. (عورت کو) باہر نکلنے نہ دینا ، چھپانا (دیکھیے) پردے بٹھانا .

پَردیپ (کس پ ، فت ر ، ی مع) اند.

۱. چراغ ، دیا ، لیمپ ، لالٹین .۲. روشنی ، نور ، چمک . [س] .

پَردیس (فت پ ، سک ر ، ی مج) اند.

۱. وطن کی ضد ، اجنبی ملک ، غیر وطن ، بدیس ؛ غربت .۲. مقام ، جگہ علاقہ ، صوبہ ، ضلع . [س] .

پردیس پرایا ساں نہ ماں کا جایا کہاوت. غیر جگہ یا دوسرے ملک میں اجنبی لوگ ہوتے ہیں کوئی سگا رشتہ دار ماں یا بھائی نہیں ہوتے .

پَردیسی (فت پ ، سک ر ، ی مج) اند ؛ صف.

۱. غیر ملک کا رہنے والا ، اجنبی .۲. پردیس سے منسوب ، غیر ملکی ، خارجی .۳. (مجازاً) دیس دیس گھومنے والا ، مسافر .

پَردیسیا (فت پ ، سک ر ، ی مج ، کس س) اند.

پردیسی کی تصغیر ؛ محبوب (مرد) .

پَردھان (فت پ ، کس ر) اند.

۱. سردار ، پیشوا ، میر ، سالار .۲. وزیر ، نائب .۳. کسی جماعت کا سربراہ ، سرگروہ .۴. اصل ، بڑا ، اول ، اعلیٰ ، عمدہ ، افضل ، اتم ، برتر ، فائق ممتاز . [س] .

پردھان منتری اند. وزیراعظم .

پُرزَہ (ضم پ ، سک ر ، فت ز) اند ؛ ~ پرزا .

۱. کاغذ وغیرہ کا حصہ یا ٹکڑا .۲. کسی کل یا مشین کا کوئی حصہ .۳. دھجی

چیتھڑا ، کترن (کپڑے وغیرہ کی) .۴.مختصر خط ، رقعہ .۵. (مجازاً) چالاک ، ہوشیار ، شرارتی (چلتا ، کے ساتھ) .۶. رواں جو ریشمی کپڑے اور پشمینہ کے بہت زیادہ استعمال کے بعد اُبھر آتا ہے . [ف] .

پرزہ پرزہ اند . پرزہ کی تکرار ، بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے .

پُرزے (ضم پ ، سک ر) اند .
پرزہ کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

پرزے پرزے کرنا محاورہ .ا.ٹکڑے ٹکڑے کرنا .۲.پارہ پارہ کرنا ، بہت زیادہ مارنا پیٹنا .

پرزے پرزے ہونا محاورہ .چیتھڑے ہونا ، دھجیاں اُڑنا ؛ پرخچے اڑنا ، ٹکڑے ہونا ؛ اُدھیڑ دینا ، جز جز الگ ہونا .

پَرس (فت پ ، سک ر) اند .
دستی بٹوا ، کیسہ جس میں ضرورت کے مطابق نقدی اور عورتیں دوسری چیزوں کے علاوہ چہرے کی آرائش کا سامان بھی رکھتی ہیں .

پُرس (۱) (ضم پ ، سک ر) است .
ترکیبات و مرکبات میں بطور جزو اول اور جزو ثانی مستعمل ، جیسے باز پرس ، پرس جوئی ؛ استفسار کرنا ، پوچھنا .

پُرس (۲) (ضم پ ، سک ر) اند ؛ صف .
ا. اونچے ہاتھ کے ساتھ آدمی کی لمبان کے برابر گہرائی جو کشتی رانی کے لیے ناکافی ہو ، (اصطلاحاً) کنویں کے پانی کی گہرائی .۲. قد آدم ، ۶ فیٹ کا میاپنا جو پانی کی مقدار اور دیوار کی اونچائی ناپنے کے کام آتا ہے .۳.کنویں سے پانی نکالنے کا بہت بڑا ڈول جو بیلوں کی طاقت سے کھینچا جاتا ہے .

پُرسا (ضم پ ، سک ر) اند .
میت کے وارثوں کے پاس جا کر اظہار غم کرنا ، تعزیت . [ف] .

پرسا دینا محاورہ .ا.تعزیت کرنا ، ماتم پرسی کرنا ، مرنے والے کے رشتہ داروں سے اظہار ہم دردی کرنا .۲. (ہندو) موت کی خبر کرنا ، نائی کا گھر گھر جا کر ہر برادری والے کو مرنے والے کے نام سے آگاہ کرنا ؛ نائی بولنا یا کرنا .

پرسا لینا محاورہ .میت کے وارثوں کا پرسا دینے والے کی زبان سے صبر وتسلی کی باتیں سننا ؛ ماتم دار عورت کا ہر ایک پرسہ دینے والی کے ساتھ رونا .

پِرساد (کس پ ، فت ر ، نیز فت پ ، سک ر) اند .
ا. دیوتا کا چڑھاوا ، نذر ، تبرک ؛ مرشد کا اُلش .۲. مہربانی ، عنایت ، کرم ، فضل ؛ برکت .۳. صفائی ، شفافی ، پاکی ، پاکیزگی ؛ وضاحت ، صراحت توضیح ؛ آرام ، راحت ، سکھ ، آسائش ، استراحت ، چین ، آسودگی ؛ برد باری ، تحمل ، نیک خوئی ، نیک مزاجی . [س] .

پُرسان (ضم پ ، سک ر) صف .
ا. پوچھنے والا ، خبرگیر .۲. (مجازاً) قدر دان . [ف] .

پُرسان حال صف . حال پوچھنے والا ، حال دریافت کرنے والا ؛ مدت کرنے والا ، دینے والا .

پَرسانا (فت پ ، ر) ف م .
چھوانا ، محسوس کرانا ؛ کھانا تقسیم کرانا ، کھانے کا سامان سامنے رکھوانا . [ہ] .

پَرَسْت (فت پ ، ر ، سک س) صف .
ترکیب میں جزو دوم : پوجنے والا ، پرستش کرنے والا ؛ دیکھ بھال کرنے والا ، محافظ ؛ موقع سے فائدہ اٹھانے والا . [ف] .

پَرَسْتار (فت پ ، ر ، سک س) اند ؛ است ؛ صف .
ا. خدمت گار ، غلام .۲. پرستش کرنے والا ، پوجنے والا .۳. (مجازاً) عاشق ، فدائی ، جاں نثار . [ف] .

پَرِسْتان (فت پ ، کس نیز فت ر ، سک س) اند .
ا. پریوں کے رہنے کی جگہ ، پریوں کا اکھاڑا ، پریوں کا ملک .۲. (مجازاً) حسینوں کا مجمع . [ف] .

پَرَسْتِش (فت پ ، ر ، سک س ، کس ت) است .
عبادت ، پوجا .اف : کرنا ، ہونا .۲. غایت تعظیم ، توقیر . [ف] .

پُرسِش (ضم پ ، سک ر ، کس س) است .
پوچھنا ، دریافت ، استفسار ؛ (مجازاً) باز پرس .۲. مواخذہ .۳. خبر گیری ، توجہ .۴. بیمار کی مزاج پرسی ، عیادت .۵. قدر و منزلت ، عزت . [ف] .

پَرسوں (فت پ ، سک ر ، و ج ، غنہ) اند .
ا.گزشتہ کل سے پہلے کا دن ، گزرا ہوا تیسرا دن .۲. آئندہ کل کے بعد

کا دن ، ایک دن درمیان میں چھوڑ کر اگلا دن . [س] .

پرسوں کا ہونا کل اور کل کا ہونا آج فقرہ . ایسے موقعے پر کہتے ہیں جہاں بہت عجلت ظاہر کرنا منظور ہو .

پُرسہ (ا) اند (ضم پ ، سک ر ، فت س) .
دیکھیے : پُرسا .

پُرش (ضم پ ، ر) اند .
۱. انسان ، آدمی ، مرد . ۲. خدا ، پرماتما . ۳. روح ، دنیا کی اصل بنا ، انسانی روح ، آتما . ۴. پرکھا ، مربی ؛ خاوند ، خصم . ۵. آدمی کا قد . [س] .

پَرشاد (فت نیز کس پ ، فت نیز سک ر) اند ؛ نیز امث .
۱. "پرساد" ، منت ، تبرک ، دیوتاؤں کا چڑھاوا . ۲. کھانا ، طعام . [ہ] .

پَرفیوم (فت پ ، سک ر ، کس ف ، ی مج ، ف) اند .
خوش بو . [انگ] .

پَرکار (فت پ ، سک ر) اند ؛ امث .
وہ دو شاخہ آہنی قلم جس سے دائرہ کھینچتے ہیں . [ف] .

پَرکاش (فت نیز کس پ ، فت نیز سک ر) (الف) اند .
چمک روشنی ، نور ، (مجازاً) شان و شوکت ، نمود شکوہ ؛ ظہور ، دکھاوا ، رویت ؛ اظہار ، افشا ، انکشاف ، توضیح ، تشریح ؛ پھیلاؤ ، انتشار .
(ب) صف . ظاہر ، آشکارا ، مشہور ، چمک دار ، روشن ، منور . (ج) م ف .
کھلے طور پر ، علانیہ ، برملا . [س] .

پَرکالہ (فت پ ، سک ر ، فت ل) اند ؛ ~ پرکالا .
۱. ٹکڑا ، حصہ ، لخت ، پارہ . ۲. چنگاری ، شرارہ . ۳. شیشے کی ٹکڑی ؛ شیشے کے وہ ٹکڑے جو کھڑکیوں میں لگائے جاتے ہیں ، شیشہ ، آئینہ . [ف] .

پَرکشا (فت پ ، کس ر ، سک ک) امث .
امتحان ، آزمائش ، تحقیقات ، تجربہ ، ثبوت .

پَرکھ (فت پ ، ر) امث .
۱. کھرے کھوٹے کی پہچان ، برے بھلے کی تمیز ، شناخت ، جانچ .
۲. معیار ؛ آزمائش ؛ تجربہ ، جانچ ، معائنہ . ۳. ثبوت ، فیصلہ . [س] .

پُرکھا (ضم پ ، سک ر) اند .
بزرگ ؛ باپ دادا ، اسلاف . [س] .

پَرکھنا (فت پ ، ر ، سک کھ) ف م .
۱. جانچنا ، شناخت کرنا . ۲. آنکنا ، کھوٹا کھرا دیکھنا . ۳. برے بھلے میں تمیز کرنا . ۴. آزمانا ، امتحان کرنا ، تجربہ کرنا .

پَرگنہ (فت پ ، سک ر ، فت گ ، ن) اند .
۱. علاقے کی ایک انتظامی تقسیم کی اکائی جس میں کئی گاؤں ہوں . ۲. وہ پردیس کی جگہ جہاں عورت کا خاوند ملازم ہو ، پردیس .

پَرلا (فت پ ، سک ر) صف .
دوسری طرف کا ، اس پار کا . [س] .

پَرلی (فت پ ، سک ر) امث .
پرلا کی تانیث ، دوسری طرف کا ، اس پار کا .

پَرلے (فت پ ، سک ر ، ی مج) صف .
پرلا کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

پرلے درجے کا صف . ۱. انتہائی درجے کا ، بے حد (برے معنوں میں) . ۲. انتہائی کمال ، اعلیٰ درجہ (اچھے معنوں میں) .

پرم آتما/ پَرماتما (فت پ ، سک ر ، ت) اند .
روح اعلیٰ ، روح عالم ، خدا ، ایشور . [س] .

پَرمٹ (فت پ ، سک ر ، فت نیز کس م) اند .
۱. چنگی ، محصول . ۲. مقام جہاں سرکاری محصول لیا جاتا ہے ، چنگی کا محکمہ . ۳. تحریری اجازت نامہ ؛ کسی چیز یا شخص کو ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں لے جانے اور داخل ہونے دینے کی سرکاری سند [انگ] .

پَرمَل (فت پ ، سک نیز کس ر ، فت م) اند .
۱. خوش بو ، مہک . ۲. کوئی خوش بودار مادہ ؛ خوش بوؤں کا ملانا یا تحلیل کرنے کا عمل . ۳. مکئی ، جوار یا باجرے وغیرہ کے بھنے ہوئے دانے کھیلیں ، مکئی کے کٹے اور بھنے ہوئے دانے . [س] .

پَرمیشر/پَرمیشوَر (فت پ ، ر نیز سک ر ، ی مج ، فت ش/سک ش ، فت و) اند .
خدائے تعالیٰ ؛ وشنو کا ایک لقب .

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مغ = مغنونہ ، سک = سکون (جزم) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پَرَمیشْوَری (فت پ ، ر ، ی ج ، سک ش ، فت و) است .
اعلیٰ دیوی ، شیوجی کی استری ، درگا جی کا لقب ؛ سیتا جی ؛ شیوجی کا ایک مشہور لنگ .

پَرْن (فت پ ، سک ر) انذ ؛ ← پرنو .
پر ، پنکھ ، پتا ، برگ ؛ پان یا اس کا پتا ، ڈھاک کا درخت . [س] .

پَرْنالا (فت پ ، سک ر) انذ .
کوٹھے یا بالا خانے کی موری یا نالی .

پَرْنالی (فت پ ، سک ر) است .
۱. بالا خانے یا چھپر وغیرہ کی چھوٹی سی موری یا بد رو . ۲. گھوڑے کی فربہی کے باعث پٹھوں اور سر کے درمیان نالی پڑنا . ۳. بالائی ہونٹ کا درمیانی گڈھا .

پَرْنالے بَہا دینا محاورہ . ۱. خوب رونا ، شدت سے گریہ و زاری کرنا . ۲. کسی چیز کی کثرت کرنا .

پَرِنام (فت پ ، کس ر) انذ ؛ است .
(ہندو) سلام ، آداب ؛ ڈنڈوت . [س] .

پَرْنانا (فت پ ، سک ر) انذ .
نانی یا نانا کا باپ . [س] .

پرنانی (فت پ سک) .
نانا یا نانی کی ماں .

پَرَنْتو (فت پ ، ر ، سک ن ، و مع) حرف ؛ ← پرنت .
لیکن ، مگر ، پھر بھی ، اِلاّ .

پِرِنْٹ (کس پ ، ر ، سک ن) انذ .
۱. کپڑے پر چھپا ہوا ڈیزائن ، چھپا ہوا کپڑا . ۲. تصویر جو منفی عکس (نگیٹو) سے تیار کی جائے . ۳. چھاپا ؛ چھاپے کے حروف . [انگ] .

پِرِنْٹَر (کس پ ، ر ، سک ن ، فت ٹ) انذ .
چھاپنے والا ، طابع . [انگ] .

پِرِنْٹِنگ (کس پ ، ر ، سک ن ، کس ٹ ، غنہ) (الف) است .
چھاپنے کا عمل ، چھپائی ، طباعت . (ب) صف . چھپائی کا ، چھپائی سے متعلق . [انگ] .

پرنٹنگ پریس انذ . چھاپ خانہ ، مطبع ؛ چھاپنے کی مشین .

پَرِنْد (فت پ ، ر ، نیز کس ر ، سک ن) صف .
اڑنے والا (جانور) ، طائر ، پرندہ ، پنچھی . [ف] .

پَرِنْدَہ (فت پ ، ر نیز کس ر ، سک ن ، فت د) صف ؛ انذ .
اڑنے والا ، طائر .

پرندہ پر نہیں مار سکتا فقرہ . کوئی جانے نہیں پا سکتا ، کسی کا گزر نہیں ، بے حد روک ٹوک ہے .

پِرِنْسِپل (کس ج پ ، کس ر ، سک ن ، س ، کس پ) انذ .
کالج کا معلم اعلیٰ جو درس و تدریس کے ساتھ ساتھ انتظامی امور بھی سرانجام دیتا ہے ، کالج کا سربراہ . [انگ] .

پَرْنی (فت پ ، سک ر) است .
رنگوں کا مہین پتر جس میں سنہری یا روپہلی چمک ہوتی ہے اور جسے سجاوٹ کے لیے چپکاتے ہیں ، پنی . [س] .

پَرْوا (فت پ ، سک ر) است .
۱. اندیشہ ، خوف ، ڈر ، خطرہ . ۲. خواہش ، رغبت ؛ حاجت ، ضرورت ، احتیاج . ۳. کسی بات کا لحاظ ، خیال ، دھیان . ۴. تردد ، فکر ، غم . [ف] .

پُرْوا (ضم پ ، سک ر) است .
وہ ہوا جو پورب کی سمت سے پچھم کی طرف چلتی ہے ، مشرقی ہوا . [س] .

پَرْواز (فت پ ، سک ر) انذ ؛ است .
۱. (i) اڑنے کا عمل ، اڑان . (ii) ہوائی جہاز کی اڑان یا سفر ؛ مقررہ نظام الاوقات کے تحت مخصوص منزل کو جانے والا طیارہ . ۲. رسائی ، پہنچ ، اڑ کر پہنچ جانے کا عمل . [ف] .

پرواز کرنا ف مر . ۱. ہوا میں بلند ہونا ، اڑنا ، اڑان بھرنا . ۲. بھاگ جانا ، چل دینا . ۳. جاتا رہنا ، غائب ہونا . ۴. بے قابو ہونا (دل کے لیے مستعمل) .

پَرْوان (الف) (فت پ ، سک ر) انذ .
بالغ ، کامیاب ، نتیجہ ، ثمر . (ب) صف . ٹھیک ، درست ، معتبر ، صحیح ؛ پتھر کی لکیر ، امٹ . جیسے باسن بچن پروان . [س] .

پروان چڑھانا محاورہ . پال پوس کر بڑا کرنا ، جوان کرنا ؛ مراد کو پہنچانا .

پروان چڑھنا محاورہ . ۱. پرورش پا کر سیانا ہونا ، جوان ہونا . ۲. عمر طبعی کو پہنچنا .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، انذ = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

۳. پھلنا ، پھولنا ، پنپنا .۴. بیاہ رچنا ، شادی ہونا ، پرورش پا کر شادی کی عمر کو پہنچنا .۵. پل کر مراد کو پہنچنا ؛ جوان ہونا .

پَروانگی (فت پ ، سک ر ، فت ن) امث .
۱. کسی کام کے کرنے کی منظوری ، اجازت .۲. حکم ، فرمان . [ف] .

پَروانہ (۱) (فت پ ، سک ر ، فت ن) امذ .
۱. چھوٹا پردار کیڑا جو شمع پر گرتا ہے ، پتنگا .۲. (مجازاً) عاشق ، شیفتہ ، شیدائی . [ف] .

پَروانہ (۲) (فت پ ، سک ر ، فت ن) امذ .
۱. (i) فرمان ، منشور ، حکم شاہی ، حکم نامہ جو حاکم کی طرف سے جاری کیا جائے اور اس پر حاکم کی مہر لگی ہوئی ہو. (ii) نوکری کا تحریری حکم ، ملازمت پر تقرر کا حکم نامہ . (iii) (قانون) عدالت کی طرف سے جاری کیا جانے والا حکم نامہ ، سمن ، وارنٹ .۲. اجازت نامہ ، لائسنس ، پرمٹ . [ف] .

پروانہ راہ داری امذ . سفر کا اجازت نامہ ، پاسپورٹ .

پُروائی (ضم پ ، سک ر) امث .
پروا ، مشرقی ہوا ، وہ ہوا جو پورب کی سمت سے پچھم کی طرف چلتی ہے .

پُروٹوکول (ضم خف پ ، وج ، وج) امذ :~ پروٹوکل .
۱. یونانی الاصل مرکب لفظ جس کے معنی ہیں پہلا مخصوص ورق جس کو مسودے میں چسپاں کر دیا گیا ہو ، (مجازاً) طے شدہ سفارتی اصول .
۲. وہ مروّجہ آداب و رسوم جو عرصہ دراز سے چلے آ رہے ہیں اور جن کو ایک ضابطے کی شکل سے حکومت کے سربراہ ، وزرا اور سفیر سرکاری کاموں کے سلسلے میں گفتگو یا ملاقات یا آنے جانے میں برتتے ہیں ، سفارتی آداب یا لحاظ . [انگ] .

پُروٹین (ضم خف پ ، وج ، ی مع) امذ .
جان داروں کی غذا کے اہم اجزا جن میں کاربن ، ہائیڈروجن آکسیجن اور نائٹروجن ہوتا ہے ، اجزائے نباتیہ بیضیہ لحمیہ معدنیہ . [انگ] .

پَروَر (فت پ ، سک ر ، فت و) (الف) صف .
پرورش کرنے والا ، محافظ . (ب) ترکیب میں بطور جزو دوم مستعمل مترادف : پالنے والا ، بڑھانے والا ، نشو و نما دینے والا ، تقویت دینے والا ، تربیت یا سرپرستی کرنے والا . [ف] .

پَروَردِگار (فت پ ، سک ر ، فت و ، سک ر ، کس د) امذ .
۱. پالنے والا ، رب ، اللہ ، خدا .۲. (مجازاً) موجد ، بانی .

پَروَردَہ (فت پ ، سک ر ، فت و ، سک ر ، فت د) صف .
۱. (i) پلا ہوا ، پالا ہوا . (ii) (مجازاً) ملازم ، غلام ، خصوصاً وہ لاوارث یا زرخرید لڑکا یا لڑکی جس کو گھر کے کام کاج اور ذاتی خدمت کے لیے پرورش کیا ہو اور گھریلو خادموں میں شمار ہو ، اصیل ، پالکڑا ، لے پالک .
۲. دبا ہوا .۳. رچا ، بسا ، ماحول یا معاشرہ کا تربیت یافتہ ، موسم کا اثر زدہ .
۴. (مجازاً) شکر کا وہ شیرہ جو مربہ بنانے میں بار بار بدلا جاتا ہے . [ف] .

پَروَرِش (فت پ ، سک ر ، فت و ، کس ر) امث .
۱. پالنے یا پالے جانے کی کیفیت ، وہ عمل جس سے کوئی چیز نشو و نما پائے ، پال پوس .۲. تعلیم و تربیت ، دیکھ بھال .۳. (مجازاً) مہربانی ، عطا ، عنایت ، شفقت . [ف] .

... پَروَری (فت پ ، سک ر ، فت و) امث : ترکیب میں جزو دوم .
پالنے ، نشو و نما دینے یا مہربانی کرنے کا عمل جیسے : علم پروری ، جسم پروری .

پَروسْنا (فت پ ، وج ، سک س) م ف .
دیگچی وغیرہ سے نکال کر کھانا تقسیم کرنا یا مہمان وغیرہ کے سامنے رکھنا ؛ کھانا چننا . [س] .

پرُوف (ضم خف پ ، و مع) امذ .
۱. (طباعت) چھپا ہوا کاغذ جس پر تصحیح کی جاتی ہے ، پہلی داب کی چھپائی ، آزمائشی چھاپ .۲. ثبوت . [انگ] .

پروف ریڈر امذ . وہ شخص جو پروف کو پڑھ کر اس کی تصحیح کرے . [انگ] .

پرُوف (ضم پ ، و مع) صف .
(ترکیب میں جزو دوم) روک ، اثر سے محفوظ رکھنے والا غیر متاثر ، جیسے واٹر پروف (پن روک) ، ساؤنڈ پروف (آواز روک) وغیرہ . [انگ] .

پرُوفیسَر (ضم خف پ ، وج نیز و لین ، ی ج ، فت س) امذ .
۱. کالج یا یونیورسٹی کا اعلیٰ استاد جو عہدے اور درجہ بندی کے لحاظ سے

سے سے اوپر یا اعلیٰ ہوتا ہے ۔۲. کالج کا استاد یا معلم .

پروگرام (ضم خف پ ، وج کس ج گ) اند : ۔ پروگریم .
کام اور اس کے دن اور وقت اور مقام کا تعین ؛ مختلف کاموں کی ترتیب اور نظام الاوقات ؛ آئندہ کے طریقۂ کار کا خاکہ ؛ نظام عمل ، لائحۂ عمل .۲. کسی تقریب یا جلسے وغیرہ کی مقررہ کارروائیوں کا خاکہ . ۳. ریڈیو ، ٹیلی ویژن یا اسٹیج پر معینہ نظام الاوقات کے تحت پیش کیا جانے والا کھیل یا نغمہ وغیرہ .

پروگرامَر (ضم خف پ ، وج کس گ ، فت م) اند .
پروگرام بنانے والا ، کمپیوٹر کو اس کی مخصوص زبان میں ابتدائی ہدایات یا بنیادی تفصیلات فراہم کرنے والا . [انگ] .

پَرول (فت پ ، ولین) اند : ۔ پیرول .
۱. وہ لفظ یا الفاظ جو دوست دشمن کی شناخت کے لیے خفیہ طور پر مقرر کر لیے جاتے ہیں اور پہرہ دار کو بتا دیے جاتے ہیں تاکہ اسے کوئی دھوکا نہ دے سکے .۲. قیدی کو اس شرط پر جیل کے باہر جانے کی اجازت دینا کو وہ مقررہ وقت پر واپس آ جائے ، قیدی کی مشروط عارضی رہائی ، قول لے کر رہا کرنے کا عمل . [انگ] .

پُرولتاری (ضم خف پ ، وج ، سک ل) (الف) صف .
محنت کش طبقے کا یا اس سے متعلق ، عوامی ، عامۃ الناس سے متعلق .
(ب) اند . عوام ، عامۃ الناس ، محنت کش طبقے کا فرد ، مزدور ؛ غریب . [انگ] .

پُرولتاریَت (ضم خف پ ، وج ، سک ل ، کس ر ، فت ی) اند .
دیکھیے : پرولتاری .

پرونا (کس پ ، وج) ف م .
۱. کسی دھاگے وغیرہ میں کوئی چیز مثلاً موتی منسلک کرنا .۲. کسی سوراخ دار چیز مثلاً سوئی یا موتی وغیرہ میں ڈورا یا تار ڈالنا ؛ کسی چیز میں سوراخ کر کے دھاگا یا تار وغیرہ گزارنا .۳. نتھی کرنا ، منسلک کرنا .۴. ہاتھ سے سلائی کا کام کرنا (ان معنوں میں سینا کے تابع کے طور پر آتا ہے) . [س] .

پَرویز (فت پ ، سک ر ، وج) (الف) صف .
فتح مند ؛ خوش قسمت ، خوش نصیب ؛ خوش ، مسرور ؛ قیمتی ، بیش قیمت ؛ نہایت اعلیٰ ، نفیس ؛ مہذب ؛ فیاضی ، سخاوت ؛ شان و شوکت . (ب) اند . قدیم ایران کے بادشاہ خسرو بن ہرمز بن نوشیرواں کا لقب جس کی ملکہ شیریں سے فرہاد کے عشق کا قصہ مشہور ہے . [ف] .

پَرویزن (فت پ ، سک ر ، ی مع ، فت ز) است .
چھلنی ، غربال . [ف] .

پَروین (فت پ ، سک ر ، ی مع) اند .
وہ چھ ستاروں کا گچھا جو جاڑوں میں سب سے اول نظر آتا ہے ، سات سہیلیوں کا جھمکا ، ثریا . [ف] .

پَرہیز (فت پ ، سک ر ، ی مج) اند .
۱.(i) بیماری کی حالت میں یا کسی تکلیف کے پیدا ہو جانے یا کسی نقصان کے خوف سے کسی فعل یا چیز (خصوصاً کھانے پینے کی چیز) سے بچنا ، احتراز . (ii) گریز ، اجتناب ، کنارہ کشی .۲. احتیاط . [ف] .
پرہیز علاج سے بہتر ہے کہاوت . بیماری میں پرہیز فائدہ کرتا ہے .
پرہیز گار صف . برائیوں اور گناہوں سے بچنے والا ، متقی ، پارسا .
پرہیز گاری است . معصیت سے اجتناب ، تقویٰ ، پارسائی .

پَرہیزی (فت پ ، سک ر ، ی مج) صف .
پرہیز سے منسوب ، ایسا کھانا جو پرہیز کے مطابق ہو (اکثر غذا کے ساتھ مستعمل) ، (مجازاً) پھیکا کھانا ، بدمزہ کھانا .

پَری (فت پ) (الف) است .
۱. ایک قسم کی انسان سے مشابہ نہایت حسین افسانوی مخلوق ، کہا جاتا ہے کہ اس کے پر ہوتے ہیں اس کا مسکن کوہ قاف بتایا جاتا ہے .
۲. (i) حسین عورت ، خوب صورت اور بنی ٹھنی عورت . (ii) حسین ، معشوق ، محبوب . (ب) صف . خوب صورت ، دل آویز ، حسین . (ج) اند . (ادبیات) حسین ، معشوق ، محبوب .
پری اندام صف . خوب صورت جسم والا ، نازک اندام ، نہایت حسین (محبوب) .
پری پیکر صف . صورت شکل میں پری کی طرح حسین ، نہایت خوب صورت .
پری چہرہ صف . جس کا چہرہ پری کی مانند بہت خوب صورت اور حسین ہو .

پری زاد صف : مذ : مث .۱. پری کی نسل کا ، پری کا جنا ہوا (مرد یا عورت) پری کا بچہ .۲. (i) (مجازاً) بہت حسین و جمیل ، نہایت خوب صورت .(ii) (مجازاً) محبوب ، معشوق .

پری شیشے میں اتارنا محاورہ .خوب صورت عورت کا تسخیر کرنا ، معشوق و مطلوب کو اپنا بنانا .

پری وش صف . پری کی طرح حسین و خوب صورت .

پُری (ضم پ) مث .
مرکبات میں جزو آخر کے طور پر بہ معنی بھر جانا یا بھرنا مستعمل جیسے : خانہ پری وغیرہ .

پَرے (فت پ) م ف .
۱.(i) فاصلے پر ، دور .(ii) ایک طرف کو ، الگ ، علیحدہ .(iii) (مجازاً) زیادہ بلند یا پست ، آگے .۲. اُس طرف ، اُس پار ، اُدھر ، ورے کی ضد .۳. (فقرے کے طور پر) دور ہو ، ہٹ جاؤ .

پَریت (کس نیز فت پ ، ی ج) مذ .
خبیث یا ناپاک روح ، بھوت ، آسیب . [س] .

پِریت (کس پ ، ی مع) مث .
پیار ، محبت ، الفت ، عشق ؛ دوستی ، یارانہ . [س] .

پریت نہ جانے جات کجات کہاوت .محبت میں ذات پات کی پروا نہیں ہوتی .

پرِیتَم (کس پ ، ی مع ، فت ت) مذ .
جس سے بہت زیادہ محبت ہو ، چہیتا ؛ محبوب ، شوہر .

پَریڈ (فت پ ، ی ج) مث : مذ .
۱. قواعد جو پولیس یا فوج کے سپاہی وغیرہ لڑائی کی تربیت کے لیے ورزش کے طور پر کرتے ہیں ؛ ڈرل ؛ فوجی مظاہرہ .۲. نمائش ، مظاہرہ . [انگ] .

پَریس (کس خف نیز فت پ ، ی ج) مذ .
۱. مطبع ، چھاپا خانہ .۲. چھاپنے کی مشین (جس میں کاغذ دبانے سے چھپتا ہے) ، داب ، قدیم وضع کی ہاتھ سے اور جدید طرز کی انجن کی قوت سے چلائی جاتی ہے .۳. دبانے یا کسنے کی مشین ، دبانے کا پیچ ؛ دبانے اور ہموار کرنے کا عمل .۴. اخبارات و رسائل ، صحافت ، اخباری دنیا . [انگ] .

پریس نوٹ مذ .کسی موضوع یا واقعہ کے متعلق حکام کی طرف سے اخبارات کو جاری کیا جانے والا بیان ؛ اخباری بیان . [انگ] .

پَریشان (فت پ ، ی ج نیز مع) صف .
۱. پراگندہ ، منتشر ، بکھرا ہوا ، فکر مند ، متردّد .۲.(i) حیران ، سرگردان ، مضطر .(ii) دق ، عاجز .(iii) تکلیف میں مبتلا . [ف] .

پریشان حال صف .تباہ حال ، مصیبت زدہ ، دکھی ، مفلس ، سراسیمہ .

پَریشانی (فت پ ، ی ج نیز مع) مث .
سرگردانی ، تردد ، فکر ، مصیبت .

پرِیشَر (کس ج پ ، ی ج ، فت ش) مذ .
دباؤ ، فشار . [انگ] .

پریشر ککر / کوکر مذ .دم پخت کر کے بھاپ سے پکانے کا ظرف . [انگ] .

پِریکٹیکَل (کس نیز فت ج پ ، ی لین ، سک ک ، ی مع ، فت ک) صف .
عملی . [انگ] .

پریم (کس ج پ ، ی ج) مذ .
۱. پیار ، محبت ، اُلفت ، عشق .۲. دوستی ، اخلاص ، یارانہ .اف : کرنا / ہونا . [س] .

پریمی (کس ج پ ، ی ج) صف نیز مذ .
پریم سے منسوب ، محبت کا ؛ محبت کرنے والا ، عاشق .

پریمیَر (کس ج پ ، ی ج ، کس م ، فت ی) صف .
لفظاً پہلا ، (اصطلاحاً) کسی ڈرامے یا فلم کی پہلی نمائش (عموماً شو کے ساتھ) . [انگ] .

پریمیَم (کس ج پ ، ی مع ، کس م ، فت ی) مذ .
وہ رقم جو بیمہ کرانے والا بیمہ کمپنی کو معینہ مدت میں ادا کرے ، بیمے کی قسط .

پَریوار (فت پ ، ی مع) مذ .
خاندان ، متعلقین ، لواحقین .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، ج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پڑ

پڑ (فت پ).
پڑنا دیکھیے کا مادہ (تراکیب میں بطور جزو اول مستعمل).
پڑ جانا ف مر. ۱. لیٹ جانا، پسر جانا، دراز ہو جانا. ۲. بیمار ہو جانا. ۳. پھنس جانا، مبتلا ہو جانا؛ مشغول ہو جانا. ۴. مصیبت آ جانا، آفت نازل ہونا. ۵. اچانک کسی چیز کی ضرب لگنا.
پڑ رہنا ف مر. رات بھر کے لیے یا تھوڑی مدت کے لیے کہیں قیام یا آرام کرنا، لیٹنا، سو جانا.

پَڑا (فت پ) (الف) م ف.
۱. جہاں تہاں، ہر جگہ؛ عام. ۲. (i) اپنی جگہ، اپنے حال میں یا مقام پر، اپنی جگہ رکھا یا پڑا ہوا. (ii) لیٹا ہوا، چارپائی وغیرہ پر دراز. (iii) (حالت کس مپرسی میں) ٹھہرا ہوا، کسی جگہ قیام کیا ہوا. (ب) صف.
۱. جو زیادہ کار آمد نہ ہو، معمولی، ادنیٰ، جو کام میں نہ لایا گیا ہو؛ بے کار، زائد. ۲. کھڑا کی ضد، لمبا لمبا لیٹا ہوا. ۳. زمین جس میں زراعت نہ ہوئی ہو، غیر مزروعہ (زمین)؛ غیر آباد، ویران. ۴. جس کا کوئی مالک نہ ہو؛ بے روزگار؛ سست، کاہل. (ج) م ف. ۱. بغیر روک ٹوک کے، مسلسل. ۲. خیر، نہ سہی، خواہ.
پڑا پانا محاورہ. بے محنت و مشقت یا راہ چلتے کسی چیز کا حاصل ہو جانا، مفت کسی چیز کا ہاتھ لگنا.
پڑا رہنا محاورہ. سارے دن سونا، بے حرکت رہنا؛ بیماری یا غم کی وجہ سے دراز رہنا؛ لیٹا رہنا، سست رہنا، بے کار رہنا.
پڑا ہونا محاورہ. مجبوراً کہیں رہنا، مجبوری کی حالت میں گزارنا.

پُڑا (ضم پ) اند.
۱. وہ کاغذ جس میں معمولی مقدار کی کوئی خشک چیز رکھ کر باندھی گئی ہو، کاغذ کی پوٹلی، بڑی پڑیا. ۲. ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا. [س].

پڑاو (فت پ) اند.
۱. (i) کسی مسافر قافلے یا لشکر وغیرہ کے اترنے اور وقتی طور پر ٹھہرنے کی جگہ، منزل. (ii) وہ جگہ جہاں فوج کا میدان جنگ سے کچھ دور ہٹ کر قیام ہو، لشکر گاہ، فوجی کیمپ. ۲. قیام، ٹھہراؤ. ۳. ایک منزل سے دوسری منزل تک کی مسافت یا فاصلہ. [ار].
پڑاو ڈالنا محاورہ. (لشکر، قافلہ یا کسی شخص کا ساز و سامان کے ساتھ) وقتی طور پر ٹھہرنا، قیام کرنا، خیمہ زن ہونا.

پَڑپوتا (فت پ، سک ڑ، و مج) اند.
پوتے کا بیٹا.

پَڑ دادا (فت پ، سک ڑ) اند.
دادا کا باپ، باپ کا دادا.

پَڑنا (فت پ، سک ڑ) ف ل.
۱. (i) بلا ارادہ کسی چیز کا اوپر سے نیچے آ کر ٹک جانا، گرنا، آسمان فضا یا کسی بلندی سے نازل ہونا. (ii) ٹپکنا، برسنا. ۲. لیٹنا، آرام کرنا، سونا، دراز ہونا. ۳. شوق ہونا، امنگ ہونا، دھن ہونا. ۴. خالی ہونا، بے کار ہونا، غیر آباد ہونا (عمارت وغیرہ کے ساتھ). ۵. مجبوری ہونا، ضرورت ہونا. ۶. واقع ہونا، نازل ہونا (کسی مصیبت، آفت، مشکل وغیرہ کا) بیتنا، گزرنا. ۷. رکھا جانا (بنیاد وغیرہ کا). ۸. پلنا، حملہ آور ہونا، ہلا بولنا. ۹. باقی رہنا یا ہونا، بہت بچا ہوا رہنا. ۱۰. (کسی چیز کی قیمت وغیرہ کا) اوسط آنا، لاگت آنا. ۱۱. درج ہونا، لکھا جانا (کھاتے، خط یا کتاب وغیرہ کے ساتھ). ۱۲. راہ میں واقع ہونا، راستے میں وارد یا حائل ہونا. ۱۳. دکھائی دینا، نظر آنا، معلوم ہونا (عموماً ’سے‘ کے ساتھ). ۱۴. (صورت، عادت، فطرت یا خصلت میں کسی کے) مشابہ ہونا، مثل ہونا (عموماً پر کے ساتھ). ۱۵. (i) بطور فعل معاون (مجبوری، ضرورت وغیرہ کے موقع پر مصدر کے ساتھ). (ii) بطور فعل معاون (کسی فعل کے اچانک اتفاقیہ واقع ہونے کے موقع پر). [س].

پَڑوس (فت پ، و مج نیز لین) اند.
ہمسائگی، قرب و جوار، قریب، آس پاس کی جگہ. [س].

پَڑوسَن (فت پ، و مج نیز لین، فت س) اسث.
پڑوسی کی تانیث: ہمسایے کی بیوی؛ گھر کے نزدیک رہنے والی عورت، برابر کے مکان والی، ہمسائی.

پَڑوسی (فت پ، وج نیز لین) امذ.
ہم سایہ، پڑوس میں رہنے والا، دیوار بہ دیوار رہنے والا.

پُڑیا (ضم پ، سک ڑ) امث.
۱. وہ کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو، کاغذ کی پوٹلی. ۲. شکر وغیرہ کی پڑیاں جو عام طور پر نذر نیاز میں استعمال ہوتی ہیں. ۳. مجموعہ، پوٹ. ۴. (مجازاً) پسی ہوئی دوا، دوا یا کوئی سفوف جو پڑیا میں بندھا ہو. ۵. (کاغذ میں بندھا ہوا) رنگ. ۶. سیندور وغیرہ کی پوٹ جو شادی وغیرہ کے موقع پر استعمال ہوتی ہے. [س].

پَڑھ (فت پ).
پڑھنا (دیکھیے) کا مادہ جو اکثر مواقع پر بطور سابقہ یا خود کسی سابقے یا لاحقے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور پڑھنا علم حاصل کرنا تعلیم پانا وغیرہ کے معنی دیتا ہے. [س].

پڑھ پڑھ کے پھونکنا محاورہ. دفع مرض یا دفع بلا کے لیے کوئی دعا یا اسم وغیرہ پڑھ کر کسی پر دم کرنا.

پَڑھا (فت پ) صف مذ.
۱. پڑھا ہوا، خواندہ، علم سیکھا ہوا، پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ. ۲. پڑھنا کا ماضی، مرکبات میں بطور صفت بھی مستعمل.

پڑھا لکھا جاہل صف. وہ شخص جو تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود جاہلوں کی سی باتیں کرے، بے وقوف، کودن.

پَڑھاکُو (فت پ، وج) صف.
بہت پڑھنے والا، جو پڑھتے نہ تھکے.

پَڑھانا (فت پ) ف م.
۱. علم سکھانا، سبق دینا، تعلیم دینا. ۲. کسی چیز کا مطالعہ کرانا. ۳. سمجھانا، بتانا، آگاہ کرنا. ۴. تربیت دینا؛ کسی جانور کو بولنا سکھانا. ۵. ورغلانا، اکسانا، بہکانا، برگشتہ کرنا.

پَڑھائی (فت پ) امث.
۱. پڑھنے یا پڑھانے کا کام، تعلیم، تدریس. ۲. پڑھنے کا عمل، خواندگی، مطالعہ، نصابی تعلیم. ۳. پڑھانے کا طریقہ، طریقۂ تعلیم و تدریس.

پَڑھت (فت پ، ژھ) امث.
پڑھنے کا عمل یا انداز.

پَڑھتا (فت پ، سک ڑھ) صف مذ.
پڑھنا کا اسم حالیہ جو بطور سابقہ تراکیب میں مستعمل ہے.

پَڑھنا (فت پ، سک ڑھ) ف م.
۱. (بلند یا آہستہ) زبان سے (اپنا یا کسی اور کا کلام منظوم یا نثر میں) ادا کرنا؛ تلاوت کرنا. ۲. تعلیم پانا، علم سیکھنا. ۳. جاننا، واقف ہونا. ۴. سیکھنا، حاصل کرنا. ۵. زبان سے کسی کی بولی نکالنا. ۶. جادو ٹونا کرنا، منتر پھونکنا، آیت دم کرنا. ۷. دیکھنا، مطالعہ کرنا. ۸. سبق لینا. ۹. ورد کرنا، بار بار رٹنا. [س].

پڑھنے بٹھانا محاورہ.
پڑھنے بیٹھنا کا متعدی؛ بسم اللہ کی تقریب کرنا، پڑھنے کی ابتدا کرنا، تعلیم دلانا شروع کرنا.

پَڑھی (فت پ) صف.
پڑھا کی تانیث، مرکبات میں مستعمل.

پڑھی فارسی اور بیچا تیل کہاوت. مرتبے یا قابلیت کے مطابق کام نہ کرنا.

پَڑھے (فت پ، سک ڑ) صف.
پڑھا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل/ بدیا دھر کہاوت. جو جانتا کچھ نہ ہو اور جتاتا بہت کچھ ہو؛ کم علم تعلّی کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں.

پَڑھیں فَارسی بیچیں تیل یہ دیکھو قُدرَت (قِسمَت) کے کھیل کہاوت.
کسی علم و ہنر کی قدر نہ ہو یا کسی کو اس کی قابلیت کے مطابق کام نہ ملے تو کہا جاتا ہے، مراد یہ ہے کہ نالائق ہو گیا یا بدقسمت ہے.

پَزیرائی (فت پ، ی مع) امث.
۱. قبولیت، منظوری. ۲. استقبال، آؤ بھگت. [ف].

پَژمُردَہ (فت پ، سک ژ، ضم م، سک ر، فت د) صف؛ امث.
کملایا ہوا، مرجھایا ہوا؛ افسردہ، رنجیدہ. [ف].

پس (۱) (فت پ) (الف) م ف.
۱. بعد. ۲. پیچھے، عقب میں. ۳. تب، تو، اُس وقت. ۴. کلام سابق کا نتیجہ بیان کرنے کے موقع پر، مترادف: لہٰذا، اس لیے، نتیجہ یہ کہ، خلاصہ کلام یہ کہ، آخر کار وغیرہ. ۵. مترادف: چاہیے کہ، ضروری ہے کہ. ۶. علاوہ ازیں. (ب) اند. پچھلا حصہ، پیچھا (کسی لباس وغیرہ کا). [ف].

پس پردہ م ف. ۱. پردے کے پیچھے، آڑ میں، نگاہوں سے اوجھل یا دور مقام میں. ۲. چھپ کر.

پس پشت م ف. ۱. غیبت میں، پیٹھ پیچھے، (متعلق شخص کی) عدم موجودگی میں. پیچھے، عقب میں.

پس پشت ڈالنا محاورہ. (کسی بات) سے بے پروائی کرنا، نظر انداز کر دینا، لائق التفات نہ سمجھنا، ترک کر دینا، توجہ نہ دینا.

پس منظر اند. ۱. (تصویر وغیرہ میں) عقب میں نظر آنے والی زمین اور اشیا، عقبی زمین یا منظر. ۲. (مجازاً) وہ علم، حالات و اسباب جو کسی بات یا واقعہ کو ظہور میں لانے کا باعث ہوں یا اسے سمجھنے میں مدد دیں؛ کسی شخص کے خاندانی حالات، تعلیم و تربیت اور تجربات وغیرہ بحیثیت مجموعی.

پس و پیش (الف) اند، نیز است. ۱. فکر، اندیشہ، دبدھا، کشش و پنج، تامل، غیر یقینی کیفیت. ۲. اونچ نیچ، برائی بھلائی، انجام، آگا پیچھا، نشیب و فراز. ۳. لیت و لعل، حیل حجت. ۴. (لباس کا) اگلا اور پچھلا حصہ. ۵. آگا پیچھا، تفاوت، فرق. اف: کرنا / ہونا. (ب) م ف. آس پاس، ادھر اُدھر، کسی خاص حد (زمان یا مکان) کے اندر، کہیں نہ کہیں.

پس و پیش کرنا محاورہ. ۱. تامل کرنا، فکر کرنا. ۲. آگے کی چیز پیچھے اور پیچھے کی آگے رکھ دینا.

پَس (۲) (فت پ) اند.
مواد جو پھوڑے پھنسی سے نکلتا ہے، پیپ، زخم کا پکا ہوا مواد. [انگ].

پَسارْنا (فت پ، سک ر) ف م.
۱. پھیلانا، دراز کرنا (بیشتر، ہاتھ، پاؤں، گود اور دامن وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۲. کھولنا، پھاڑنا (منھ اور آنکھ وغیرہ کے ساتھ مستعمل). [س].

پَسانا (فت پ) ف م.
کسی اُبلی ہوئی چیز کا پانی نکالنا یا نچوڑنا، کسی چیز (چاول) وغیرہ کو اُبال کر اس کا زائد پانی گرانا. ۲. کھوٹ نکالنے کے لیے سونے کو تیزاب میں گلانا. [س].

پِسائی (کس پ) است.
۱. (آٹا وغیرہ) پیسنے کی مزدوری؛ نیز پیسنے کا کام، رگڑائی، گھسائی. ۲. (مجازاً) سخت محنت. ۳. پیسنے کا پیشہ.

پَسْت (فت پ، سک س) صف.
۱. نیچا، نشیبی، بالا کی ضد. ۲. کم رتبہ، کم حیثیت؛ دنی، بد اخلاق. ۳. مغلوب، زیر، دبا ہوا. ۴. تھکا ہوا، خستہ، درماندہ، بے ہمت، بے عمل. ۵. برا، خراب، حقیر، معیار سے گرا ہوا. ۶. گھٹا ہوا، کم، گھٹیا (بیشتر مقابلے میں). ۷. دھیما (لہجے اور آواز وغیرہ کے لیے). اف: کرنا / ہونا. [ف].

پست کرنا محاورہ. ۱. نیچا دکھانا، زیر کرنا؛ (مجازاً) ذلیل کرنا. ۲. تھکا دینا، شل یا ہلکان کرنا، اٹھنے کا دم نہ چھوڑنا. ۳. توڑنا، معطل یا فسخ کر دینا (ارادہ و ہمت وغیرہ کے ساتھ).

پِسْتان (کس پ، سک س) است؛ اند.
۱. عورت کی چھاتی، سینے کا اُبھار. ۲. جانور کا تھن. [ف].

پُسْتَک (ضم پ، سک س، فت ت) است.
کتاب، پوتھی؛ گرنتھ؛ مسودہ، مخطوطہ. [س].

پِسْتَول (کس پ، سک س، و لین) اند.
تمنچہ، ریوالور، ایک چھوٹا سا آتشیں اسلحہ، اس میں گولیاں رکھی جاتی ہیں. [انگ].

پَسْتَہ (فت پ، سک س، فت ت) صف.
نیچا، (معمول سے زیادہ) کوتاہ (قامت اور قد وغیرہ کے ساتھ مستعمل). [ف].

پِسْتَہ (کس پ، سک س، فت ت) اند.
ایک میوے کا نام جس کا چھلکا بادامی اور مغز اودا ہرا کشمش کے برابر ہوتا ہے. [ف].

پَسْلی (فت پ، سک س) است.
پہلو کی ہڈیوں میں سے کوئی ایک ہڈی، پنجر. [س].

پسلی چلنا محاورہ. بچے کو مسان کی بیماری ہو جانا، ٹھنڈک سے بچے کی پسلی میں درد اور تشنج ہونا، دمے کا مرض ہونا.

پِسْنا (کس پ، سک س) ف ل.
۱. پتھر وغیرہ کی رگڑ سے سرمے کی طرح باریک ہو جانا، ریزہ ریزہ ہو جانا. ۲. کچلا جانا، دباؤ سے پچک جانا، مسلا جانا. ۳. مر مٹنا، فریفتہ ہونا. ۴. مصیبت میں آنا، جنجال میں پھنسنا، کلفت یا اذیت میں مبتلا ہونا، تباہ ہونا.

پَسَنْد (فت پ، س، سک ن) (الف) صف.
جس کی طرف رغبت ہو، جو دل یا نگاہ کو اچھا یا بھلا لگے، حسن ظاہر یا باطن کی بنا پر قابل ترجیح. (ب) است. ۱. رغبت خاطر، کسی بات یا چیز کی اچھائی اور خوبی محسوس کرنے کا ذوق. ۲. (مجازاً) ترجیح، چننا، انتخاب (اچھا لگنے کی بنا پر). [ف].
پسند کرنا محاورہ. کسی شے یا بات کو اس کے حسن کی بنا پر اچھا سمجھنا، انتخاب یا اختیار کرنا، اظہار رغبت کرنا.

••• **پسند** لاحقہ.
جزو ثانی کے طور پر تراکیب میں بہ معنی مرغوب، اچھا لگنے والا مستعمل، جیسے: دل پسند، خود پسند، عیش پسند وغیرہ.

پَسَنْدا (فت پ، س، سک ن) امذ.
۱. گوشت کا اوچھا کٹا چھوٹا چپٹا پارچہ، گوشت کا کچلا ہوا پارچہ. ۲. سیخ کے کباب کی ایک قسم. ۳. ایک خاص طریقے سے مخصوص مسالے لگا کر شامی کباب کی طرح تلے ہوئے گوشت کے کچلے ہوئے پارچے. [ف].

پَسَنْدِیدگی (فت پ، س، سک ن، ی مع، سک د) است.
دیکھیے: پسندیدہ کا اسم کیفیت. [ف].

پَسَنْدِیدَہ (فت پ، س، سک ن، ی مع، فت د) صف.
مقبول، مرغوب، منتخب، پسند کے قابل، جو حسب دل خواہ ہو. [ف].

پِسُّو (کس پ، شد س، و مع) امذ.
ایک قسم کا چھوٹا سا پردار جانور جو سرسری سے مشابہ ہوتا اور اکثر مرطوب ملکوں یا برسات کے دنوں میں پیدا ہو کر آدمی کا خون پیتا ہے. [س].

پِسْوائی (کس پ، سک س) است.
آٹا وغیرہ پسوانے کی اُجرت، پسائی.

پَسِیجْنا (فت پ، ی مع، سک ج) ف ل.
۱. رطوبت یا نمی سے بھیگا بھیگا ہو جانا، پسینہ آنا. ۲. (جسم کا) پسینہ لانا، عرق میں تر ہو جانا، عرق عرق ہونا، پسینہ ٹپکنا. ۳. (i) نرم پڑنا، پگھلنا، اثر لینا، متاثر ہونا. (ii) (مجازاً) مہربان ہونا، رحم یا ترس کھانا. (iii) راغب یا مائل ہونا. (iv) ڈھیلا پڑنا، اڑ یا ضد سے ہٹنا، آمادہ ہو جانا. (v) (مجازاً) کنجوس یا مال دار کا کچھ دینا. ۴. کسی چیز (گوشت وغیرہ) کو آگ پر رکھا جائے تو وہ پہلے پانی چھوڑتا ہے جس سے پسیجنے کا عمل ہوتا ہے پھر پکتا ہے. ۵. کچا ٹانکا دینا. [س].

پَسِینا (فت پ، ی مع) امذ.
وہ نمی یا رطوبت جو بدن کے مسامات سے نکلتی ہے (عموماً گرمی، گھمس؛ محنت؛ شرم، ندامت، انفعال یا خوف کی وجہ سے.
پسینا بہانا محاورہ. بہت محنت و مشقت کرنا.

پَسِینے (فت پ، ی مع) امذ، ج.
پسینا کی جمع یا مغیرہ حالت (مرکبات میں مستعمل).
پسینے پسینے م ف؛ صف. پسینے میں ڈوبا ہوا، پسینے میں تر بتر (گرمی تھکن محنت شرم یا خوف وغیرہ کے باعث).
پسینے پسینے ہو جانا محاورہ. پسینے میں شرابور ہو جانا، پسینے میں ڈوب جانا (گرمی تھکن محنت شرم یا خوف وغیرہ کی وجہ سے).
پسینے چھوٹنا / چھوٹنے لگنا محاورہ. (شرم، خوف، غصے یا کسی ناگہانی آفت) سے یکا یک پسینے میں تر ہو جانا.
پسینے میں نہانا محاورہ. اتنا پسینا آنا کہ جسم بالکل بھیگ جائے (گرمی شرم یا خوف وغیرہ کے باعث).

پُشْت (ضم پ، سک ش) است؛ امذ.
۱. جسم کا پچھلا حصہ، شانوں سے لے کر ریڑھ کی ہڈی کے آخری سرے تک، پیٹھ. ۲. پچھلا حصہ یا رخ (کسی بھی چیز کا). ۳. سہارا مدد، حمایت، آسرا. ۴. (i) شجرہ نسب یا نسل کے سلسلے کی ہر کڑی دوسری کی نسبت سے (عالی ہو یا سافل). (ii) (مجازاً) نسل، صلب

پَنْپنا (فت پ ، ن ، سک پ) ف ل .
(پودے کا) بڑھنا ، نشوونما پانا ، سرسبز ہونا ، پھلنا اور پھولنا نیز مرجھانے کمھلانے کے بعد ازسرنو ہرا ہونا . ترو تازہ ہونا . ۲. مرض سے صحت پانا ، کمزوری دور ہونا ، صحت مند ہونا ، (لاغری سے) فربہی آنا . ۳. (صدمے یا نقصان کے بعد) سنبھلنا ، ہوش میں آنا ، پھر سے کھوئی ہوئی طاقت وغیرہ حاصل کرنا . [س] .

پَنْتھ (فت پ ، سک ن) اند : ــ پنت .
۱. راستہ ، راہ ، پاٹ ، سڑک . ۲. (i) مذہب ، دین ، مسلک ، فرقہ ، ذات پات . (ii) (مجازاً) اصول و آئین ، دستور ، طور و طریق .
۳. مذہبی پیشوا ، گرو . [س] .

پَنْج (فت پ ، سک ن) صف .
پانچ ، چار اور ایک ، (عموماً مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل) .
[ف] .

پنج ارکان اند . (لفظاً) پانچ رکن ، (مجازاً) (اہل سنت) پانچ مذہبی فرائض : کلمہ طیبہ نماز روزہ حج زکوٰۃ ، (جعفری) نماز کے پانچ رکن : نیت تکبیرۃ الاحرام قیام رکوع سجدتین .

پنج انگشت برابر نیست فارسی کہاوت اردو میں مستعمل . پانچوں انگلیاں برابر نہیں ، (مراداً) سب انسان مختلف طبائع کے ہوتے ہیں ، سب آدمی یکساں نہیں ہوتے .

پنج تن/ پنجتن اند . اسلام کی پانچ متبرک ہستیاں یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، حضرت علی کرم اللہ وجہ ، حضرت فاطمہؓ ، امام حسنؓ ، امام حسینؓ .

پنج سورہ/ پنسورہ اند . قرآن شریف کی پانچ سورتوں (یٰسین ، فتح ، رحمٰن ، واقعہ اور مزمل) کا مجموعہ .

پنج شاخہ/ پنشاخہ اند . ۱. (مشعلچی) وہ شمع دان جس میں پانچ بتیاں لگائی جائیں ، وہ دھات کا پنجہ جس کو بانس (وغیرہ) کی لکڑی پر لگا کر اس پر پانچ فتیلے روشن کرتے ہیں ، پنجی : پانچ بتیوں والا فانوس . ۲. درختوں کی ٹہنیوں کو تراش کر بنایا ہوا ایک ہتھیار جس کی پانچ نوکیں ہوتی ہیں . ۳. مجازاً کوئی پانچ عدد والا (نشان ہتھیار پھول درخت) . ۴. کیاریوں کو صاف کرنے والا پنج شاخہ اوزار ، پنج گالا .

پنج شنبہ اند . جمعرات ، جمعرات کا دن یوم الخمیس ، خمیس .

پنج گانہ (الف) اسث . پانچ وقت (فجر ، ظہر ، عصر ، مغرب ، عشا) کی نماز . (ب) صف . ۱. پانچوں وقت کا . ۲. پانچ والا ، پانچ سے متعلق .

پَنْجاب (فت پ ، سک ن) اند .
غیر منقسم ہند کا ایک شمالی صوبہ جو پانچ دریاؤں (جہلم ، راوی ، چناب ، بیاس اور ستلج) پر مشتمل اور اس کی مغربی سرحد پر دریائے اٹک اور مشرقی سرحد پر جمنا واقع ہے . [ف] .

پنجابی (فت پ ، سک ن) (الف) صف ، اند .
دیکھیے : پنجاب سے منسوب ، پنجاب کا (شخص یا چیز وغیرہ) . (ب) اسث . وہ زبان جو پنجاب کے علاقے میں بولی جاتی ہے ، پنجاب کی علاقائی زبان .

پَنْجَر (فت نیز کس پ ، سک ن ، فت ج) اند .
پسلی ، قالب ، ڈھانچا (بیشتر "انجر" کے ساتھ مستعمل ، انجر پنجر مع تحتی) .
[س] .

پِنْجرا /پِنْجَرَہ (کس پ نیز فت ، سک ن ، سک ج/فت ر) اند .
۱. پالتو پرندوں کے بند رکھنے کا جالی دار بنا ہوا پٹارا جو لوہے کے تار یا بانس کی تیلیوں سے حسب ضرورت چھوٹا بڑا اور مختلف وضع کا بنایا جاتا ہے نیز بڑے کھانچے یا کٹہرے جن میں شیر وغیرہ رکھے جاتے ہیں ، (مجازاً) جسم انسانی . [س] .

پَنْجُم (فت پ ، سک ن ، ضم ج) اسث .
پانچواں ، جو ترتیب یا سلسلے میں پانچویں نمبر پر ہو ؛ (مجازاً) پانچواں حصہ . [ف] .

پَنجوں (فت پ ، سک ن ، و مع) اند ، ج .
پنجہ کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

پنجوں کے بل چلنا محاورہ . ۱. اترا کر چلنا ، غرور یا ناز کرنا ، زمین پر پاؤں نہ رکھنا . ۲. چپ چپاتے چلنا کہ آہٹ نہ ہو یا کسی کو آہٹ نہ ملے ، ایڑیاں اٹھا کر پنجوں پر دھیرے دھیرے اس طرح چلنا کہ آواز نہ نکلے .

پَنْجَہ (۱) (فت پ، سک ن، فت ج) امذ.
۱. (i) پانچ سے منسوب، پانچ کا مجموعہ، کسی چیز کی گنتی کے موقع پر: ایک پنجہ، دو پنجے وغیرہ. (ii) (مجازاً) پانچ روپے، پانچ روپے کا نوٹ. ۲. (i) ہاتھ کی پانچوں انگلیاں ہتھیلی سمیت، کلائی تک کا ہاتھ یا پاؤں کا اگلا حصہ جہاں تک پانچ انگلیوں کی ہڈیاں ہوتی ہیں. (ii) پرند اور حیوان کا چنگل اور پاؤں. ۳. (جوتا سازی) جوتی کا سامنے کا حصہ یا منھ جس میں پیر کی انگلیاں اور کچھ اگلا حصہ رہتا ہے. ۴. دو فٹ لمبی چھڑی جس کے منھ پر پانچ انگلیاں سی بنی ہوتی ہیں اور اسے عموماً کھجانے کے کام میں لاتے ہیں، پشت خار. ۵. وہ سونے چاندی یا کسی دھات کا ہاتھ جو علم پر نصب ہوتا ہے. ۶. (قصائی) پٹھے سے اوپر کاشت. ۷. گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر پانچ نشان بنے ہوتے ہیں. ۸. ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں میں اپنی پانچوں انگلیاں ڈال کر کیا جاتا ہے. ۹. (مجازاً) تسلط، قابو، قبضہ، گرفت، اختیار. ۱۰. کوئی آلہ یا پرزہ جس سے پنجے کی طرح گرفت کا کام لیا جائے. [ف].

پنجہ آزمائی امث. پنجہ لڑانے کا عمل، (مجازاً) مقابلہ، ضدم ضدا.

پنجہ لڑانا محاورہ. آدمی کے پنجہ میں پنجہ ڈال کر زور آزمائی کرنا.

پنجۂ مریم امذ. ایک گھاس جو پنجہ سے مشابہ ہوتی ہے (تبرکاً خوش عقیدگی کے طور پر وضع حمل کے وقت اُسے پانی میں ڈال کر زچہ کے قریب رکھتے تاکہ ولادت میں آسانی ہو، حضرت عیسیٰ کی ولادت کے وقت عالم کرب میں حضرت مریم کا ہاتھ اس گھاس پر پڑا تھا). مریم کا پنجہ.

پنجہ مارنا محاورہ. چنگل مارنا، جھپٹا مارنا، زخمی کرنا، قابو میں کرنا.

پَنْجے (فت پ، سک ن) امذ.
پنجہ (دیکھیے) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پنجے گاڑنا محاورہ. کسی جگہ قبضہ کرنا، قابض ہو جانا، جم کر بیٹھنا.

پَنْجیری (فت پ، مغ نیز سک ن، ی مع) امث.
زچہ کو کھلانے کی ایک مقوی غذا جو گھی میں بھنے ہوئی سوجی میں شکر پسی ہوئی سونٹھ چھوارے بھنا ہوا گوند اور کھانے وغیرہ ملا کر تیار کی جاتی ہے. [س].

پَنْچ (۱) (فت پ، سک ن) (الف) امذ.
۱. فیصلہ کرنے والا، حاکم، ثالث سردار، حکم، جسے فریقین نے نزاع کے فیصلے کے لیے مقرر کیا ہو، ثالثی کا رکن. ۲. گاؤں کی سرکاری یا غیر سرکاری مجلس انتظامی (پنچایت) کا رکن، قوم کا سردار (جو بیشتر دیہات اور قصبوں میں ہوتا ہے). (ب) صف. پانچ کی تخفیف (مرکبات میں مستعمل) جیسے: پنچ لڑی وغیرہ. [س].

پنچ پیر امذ. مسلمانوں کے پانچ پیر، لاہور میں ایک پرانا مقبرہ ہے جو پنچ پیروں کا مقبرہ کہلاتا ہے (انھیں ہندو بھی پوجتے ہیں).

پنچ نامہ امذ ۱. (کاشت کاری) کسی انتظامی یا عدالتی فیصلے کے لیے پنچ اور پنچوں کے فیصلے کے لیے راضی نامہ (اقراری دستاویز)، پنچوں کے فیصلے کو قبول کرنے کا تحریری اقرار نامہ جو فریقین کی طرف سے لکھا جائے. ۲. کسی غیر معمولی طریقے سے کسی کی موت واقع ہو جانے پر جب پولیس کسی دوسرے شخص کو مجرم یا شریک جرم نہیں سمجھتی تو صورت حال کے چند گواہوں کے دست خطوں سے ایک تحریر مکمل کر کے معاملے کو ختم کر دیتی ہے اور آگے نہیں بڑھاتی، اس تحریر یا مکمل رپورٹ کو پنچ نامہ کہتے ہیں.

پَنْچ (۲) (فت پ، سک ن) امذ.
ایک مشین جس میں کاغذ دبا کر سوراخ کرتے ہیں، چھیدنی.

پَنْچائتی (فت پ، سک ن، کس ء) صف.
پنچایت سے منسوب، پنچایت کا.

پَنْچایَت (فت پ، سک ن، فت ی) امث.
۱. ثالثوں کی مجلس شوریٰ یا کمیٹی، (خصوصاً) گاؤں والوں کی مجلس انتظامی جو عموماً پانچ نام زد یا منتخب ممبروں پر مشتمل ہوتی ہے. ۲. صلاح مشورہ، ثالثی، نزاع کے فیصلے کے لیے ثالث یا پنچ (تقرر کرنا یا ہونا). ۳. برادری. ۴. (مجازاً) غل غپاڑا.

پَنْچَر (فت پ، سک ن، فت چ) امذ. دیکھیے پنکچر جو صحیح املا ہے.
وہ شگاف یا سوراخ جو ہوا سے پھولی ہوئی چیز جیسے ربر کے ٹیوب وغیرہ میں کسی نوک دار شے کے چبھنے کی وجہ سے پڑ جائے، چھید،

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (ملفوظہ)، مع = معدولہ، مع = معروف، مج = مجہول، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

سے قابو میں لانا یا زیر کرنا ۔۱۲۔ کسی کو کچھ کرتے ہوئے کوئی خاص بات یاد آنے پر روکنا، ٹوکنا، بھول پر پکڑنا، کوئی طریقہ، روش یا چال اختیار کرنا۔ ۱۳۔ بعض محاورات میں جزو ثانی کے طور پر مختلف معانی میں مستعمل، جیسے: پیٹ پکڑنا، جڑ پکڑنا، زبان پکڑنا، راستہ پکڑنا، کان پکڑنا جو اپنی اپنی جگہ درج ہیں۔ [س]۔

پکنا (فت پ، سک ک) ف ل۔
۱۔ (کھانے وغیرہ کا) آنچ پر اتنی دیر رکھا رہنا کہ وہ گل جائے یا کچاند دور ہو جائے، پخت و پز ہونا، تلا جانا، آنچ پر یا بھوبل میں بھونا جانا، (پانی وغیرہ کا) جوش کھانا۔ ۲۔ (خام پھل یا میوے کا) درخت پر یا پال میں پختہ یا کھانے کے قابل ہو جانا۔ ۳۔ (اناج کے دانے یا فصل کا کٹائی کے لیے تیار ہو جانا۔ ۴۔ (زخم یا پھوڑے کا) پیپانا، مواد پڑنا، پیپ کا قابل اخراج ہو جانا۔ ۵۔ معاملے کا تکمیل کے مراحل سے گزر کر طے ہونے کی منزل تک پہنچنا، چکنا، طے ہونا۔ ۶۔ (مٹی کے برتن یا اینٹ وغیرہ کا) اوے یا پزاوے کی آنچ سے سرخ ہو جانا۔ ۷۔ (رائے وغیرہ کا) رفتہ رفتہ مضمم ہونا (خیال وغیرہ کا) راسخ ہونا، قائم ہونا، محکم ہونا۔ ۸۔ (رنگ کا) پختہ ہو جانا (کہ پھر دھلائی میں نہ اترے)؛ (مجازاً) (عمر کا) بلوغ کی حد کو پہنچنا، پختہ کاری اور ہوشیاری آنا۔ ۹۔ (دل یا دماغ بھیجے جگر وغیرہ کا) سخت اذیت پانا، جلنا، بھننا (بیشتر کسی تکلیف دہ بات کے تواتر یا تسلسل سے)۔ ۱۰۔ (چونے کا پانی میں ارنے سے کھد بدی سی آنے پر) گلنا اور نرم ہو جانا؛ (بالوں کا) سفید ہو جانا۔ ۱۱۔ آہستہ آہستہ کسی کام کا جاری رہنا، کھچڑی پکنا۔ ۱۲۔ چوسر میں گوٹوں کا سب گھروں کو پار کر کے اپنے گھر میں آ جانا؛ قیمت ٹھہرنا، معاملہ طے ہونا، سودا پٹنا۔ [س]۔

پکنک (کس پ، سک ک، کس ن) است۔
باہم چندہ کر کے یا مل جل کر بستی سے دور کسی مقام پر کھیل تفریح اور کھانے پینے کی تقریب یا تقریب منانے کا عمل۔ [انگ]۔

پکوان (فت پ، سک ک) امذ۔
۱۔ گھی یا تیل میں تلا ہوا کھانا (پوری کچوری پھلکی وغیرہ)، تلی ہوئی یا پکی ہوئی چیز۔ [س]۔

پکوڑا (فت پ، ولین) امذ۔
تلی ہوئی (بیشتر بیسن کی) پھولی ہوئی بڑی پھلکی، بڑی پکوڑی؛ (مجازاً) پھولا ہوا۔ [س]۔

پکی (فت پ، شد ک) صف۔
پکا کی تانیث۔

پکی عمر است۔ ایسی عمر جس میں انسان میں پختگی آ جائے، (مجازاً) وہ جس کی عمر زیادہ ہو۔

پکھراج (ضم پ، سک کھ) امذ۔
ایک قسم کا بیش قیمت جواہر جس کا رنگ بیشتر زرد، گاہے نیلا اور سبز مائل بہ سفیدی ہوتا ہے، زبرجد، یاقوت زرد۔ [س]۔

پکھیرو (فت پ، ی مج) امذ؛ ← پنکھیرو۔
طائر، پرندہ، پنچھی۔ [س]۔

پگ (۱) (فت پ) امذ۔
پاؤں، پیر، قدم، گام۔ [س]۔

پگ ڈنڈی است۔ وہ راستہ جس پر صرف پیدل چلا جا سکے یا جو صرف پیدل چلنے والوں کے لیے ہو۔

پگ (۲) (فت پ) است۔
پگڑی، دستار۔ [س]۔

پگار (فت پ) است۔
(عم) تن خواہ۔ [پر]۔

پگاہ (فت پ) است۔
صبح، فجر، تڑکا، سحر، سفر شروع کرنے کا وقت۔

پگڈنڈی (فت پ، سک گ، فت ڈ، مغ) است۔
۱۔ پیدل چلنے کا راستہ، کھیتوں کا تنگ راستہ۔ ۲۔ کچی سڑک پر گاڑی کے پہیوں سے بنی ہوئی وہ گہری لکیریں جن پر گاڑیاں چلتی ہیں۔

پگڑ (فت پ، شد گ، بلت) امذ۔
پگڑی (۲) کی تکبیر، بہت بڑی پگڑی یا صافہ۔ [س]۔

پگڑی (۱) (فت پ، سک گ) است۔
وہ رقم وغیرہ جو کسی شخص کو کسی جگہ وغیرہ کا قبضہ حاصل کرنے کے لیے دی جائے۔ [مقامی]۔

پگڑی (۲) (فت پ، سک گ) است.
۱. دستار، صافہ، عمامہ. ۲. (مجازاً) عزت، آبرو. ۳. سرخی (مضمون کی).

پگڑی اتارنا / اتار لینا محاورہ. ۱. آبرو لینا، عزت بگاڑنا، رسوا کرنا. ۲. لوٹنا، ٹھگنا؛ مونڈنا، دغا سے کسی کا مال لے لینا.

پگڑی اچھال دینا / اچھالنا محاورہ. بے عزت کرنا، ذلیل کرنا، ہنسی اڑانا، تُھڈی کرکری کرنا.

پگڑی باندھنا ف مر: محاورہ. ۱. دستار سر پر لپیٹنا، صافے کو قاعدے کے مطابق سر پر لپیٹنا. ۲. قائم مقام کرنا، خلیفہ بنانا، تخت نشیں کرنا، وارث قرار دینا. ۳. استاد بنانا. ۴. تکمیل تعلیم کے بعد پگڑی باندھنا جسے فضیلت کی پگڑی یا دستار فضیلت کہتے ہیں. ۵. شادی کے موقع پر دولھا کے بہنوئی وغیرہ کا دولھا کے سر پر پگڑی باندھنا.

پگل (فت پ، گ) صف.
پاگل کی تخفیف، (تراکیب میں مستعمل).

پگلا (فت پ، سک گ) صف.
پاگل، باولا، سڑی، احمق، نادان، خبطی، دیوانہ.

پگلا پن اند. پاگل اور سڑی ہونے کی حالت، دیوانگی.

پگلنا (کس پ، فت گ، سک ل) ف ل.
سخت یا منجمد شے کا گرمائی یا اور کسی وجہ سے نرم، ملائم یا رقیق ہو جانا، گلنا، گل جانا، (مجازاً) پانی یا سیال ہو جانا. ۲. (i) (مجازاً) مائل ہونا، فریفتہ ہونا، شدت فریفتگی کی وجہ سے شکوہ شکایت وغیرہ سب کچھ بھول جانا. (ii) پسیجنا، رحم کھانا، سنگ دلی یا مزاج کی سختی اور کھرا پن دور ہونا.

پگنا (فت پ، سک گ) ف م: ف ل.
گھی وغیرہ میں تلے جانے کے بعد کھانڈ کے شیرے میں (بہ غرض غلاف) ڈالا جانا، غلافا جانا، قوام کیا جانا، قوام میں لپیٹنا، شکر چڑھانا، شکر میں لت پت کرنا، غلافنا (مجازاً) عاشق ہونا، شیدا ہونا، مفتوں ہونا. [س].

پگھلانا (کس پ، سک گھ) ف م.
۱. سخت یا منجمد شے کا گرمائی یا اور کسی وجہ سے پگھلانا، نرم، ملائم یا رقیق کرنا، گلانا، پتلا کرنا؛ ملائم کرنا، نرم کرنا؛ (مجازاً) مائل کرنا، فریفتہ کرنا. ۲. راضی کرنا، رحم پر آمادہ کرنا.

پگھلنا (کس پ، فت گھ، سک ل) ف ل.
۱. سخت یا منجمد شے کا گرمائی یا کسی وجہ سے، نرم، ملائم یا رقیق ہونا، گلنا؛ (مجازاً) مائل ہونا، فریفتہ ہونا. ۲. راضی ہونا، رحم دل ہونا.

پَل (فت پ) است: اند.
۱. (i) دقیقے یا منٹ کا ساٹھواں حصہ، ثانیہ یا سیکنڈ کے برابر وقت، دس چھن. (ii) چوبیس سیکنڈ کا وقفہ. (iii) (مجازاً) وقت کا چھوٹا سا چھوٹا حصہ، لحہ، لحظہ، اتنا وقفہ جس میں پلک جھپکتی ہے. ۲. ایک وزن جو چار کرش کے برابر ہوتا ہے اور تولے کا سوواں حصہ ہوتا ہے. [س].

پل بھر میں م ف. آناً فاناً، دیکھتے ہی دیکھتے، لحہ بھر میں، فوراً، ترت، فی الفور، بہت جلد.

پَل کا بھروسہ نہیں کہاوت. آنے والے لحہ کی خبر نہیں.

پِل (کس پ) م ف.
گھس کر، شامل ہو کر.

پِل پڑنا ف مر. ۱. پوری طاقت یا دھیان سے دفعتہً کسی کام کی طرف متوجہ ہو جانا، پورا زور لگا کے گھس پڑنا، کسی کام کی تکمیل میں لگ جانا. ۲. ایک دم پورے زور اور عزم کامل سے حملہ آور ہونا، تنہا یا مل کر زور شور سے حملہ کرنا، دھاوا بول دینا.

پُل (ضم پ) اند.
۱. وہ راستہ جو دریا نہر یا کسی نشیب کی جگہ کے اوپر ایک کنارے سے دوسرے کنارے جانے کے لیے بنایا جائے. ۲. (i) طاقچہ جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو. (ii) سطح زمین سے اوپر وہ گزرگاہ جس کے نیچے سے ریل گزرتی ہو، ریل کی پٹری کے نیچے بنا ہوا راستہ. ۳. (قدیم) پشتہ، بند. [ف].

پُل باندھ دینا / باندھنا محاورہ. ۱. پل بنانا، پل تعمیر کرنا. ۲. (مجازاً) متواتر اور افراط سے کوئی کام کرنا، کسی بات کی افراط میں مبالغہ کرنا، کوئی بات یا کام کثرت سے کرنا (حرف اضافت کے بعد).

پل صراط اند. پل جس پر سے قیامت کے دن اچھے برے سب گزریں

گے (تیز آگ سے زیادہ گرم ہوگا نیکوکار اس سے باآسانی گزر جائیں گے اور بدکار کٹ کٹ کر جہنم میں گر پڑیں گے) ، (مجازاً) بہت مشکل اور دشوار گزار راستہ .

پَلا (فت پ) صف.
پرورش کیا ہوا ، پالا پوسا ہوا ، پروان چڑھا ہوا (تراکیب میں مستعمل) ؛ پلنا سے .

پلا پلایا صف. اچھا خاصا سیانا، جو پرورش کے بعد بڑا ہو گیا ہو، تربیت یافتہ .

پلا ہوا صف. سدھا ہوا، پالتو.

پَلّا (۱) (فت پ، شد ل) اند؛ ~پلّہ.
۱. آنچل، دامن، چادر وغیرہ کا کونا، پلو .۲. (حمال) لمبی چوڑی اور مضبوط چادر یا ٹاٹ وغیرہ .۳. فاصلہ ، دوری، بعد، مسافت .۴. (i) نشانے پر پہنچنے کی طاقت اور صلاحیت (جو تیر میں اس کے لوہے اور ساخت کی عمدگی سے پیدا ہوتی ہے) . (ii) نشانہ ، زد، (تیر کی) رسائی کی حد . ۵. (چھپر بندی) چھپر یا کھپریل (یا سائبان) کے عرض و طول کا مکمل پھیلاؤ . اف : باندھنا/ بنانا .۶. (بنائی) تانے کے دونوں حصوں کو اوپر تلے حرکت دینے والا بنائی کا ایک آلہ جو بانس کی باریک تیلیوں تار کے ٹکڑوں یا انسلا ، گلا ، راچھ .۷. (ٹوکری سازی) اونچی باڑ کا پٹاری نما بڑا ٹوکرا جس میں ایک مزدور کے اٹھانے کے لائق بوجھ بھرا جا سکے ، چھلی .۸. (آب پاشی) رج بہے سے پانی نکالنے کا ایک قسم کا ٹوکری کی شکل کا تنکوں سے بنایا ہوا ڈول جس سے نہر کا پانی اچھال کر سطح آب سے اونچی زمین پر پہنچایا جاتا ہے (اس میں دو طرف دو دو رسیاں اور ان کے کنارے پر لکڑی کا گول دستہ بندھا ہوتا ہے) .۹. (کبوتر بازی) کبوتر کی ایک لمبی اُڑان .۱۰. تین من وزن .۱۱. پٹ ، ایک کواڑ ؛ لپ ، جھولی ، دامن. [س] .

پَلّا (۲) (فت پ، شد ل) امث .
ایک قسم کی مچھلی کا نام جو کسی قدر چپٹی ہوئی یا پچکی ہوئی سی ہوتا ہے ؛ پلوہ بھی کہتے ہیں.

پَلّا (۳) (فت پ، شد ل) اند؛ ~پلّہ.
کسی چیز کے وزن کرنے کے لیے ترازو کی ڈنڈی ؛ پلڑا . [س] .

پلّا بھاری ہونا محاورہ. ۱. وزن دار ہونا ؛ (مجازاً) طاقت ، عظمت ، قدر و منزلت ، ساکھ یا اقتدار میں برتری حاصل ہونا .۲. (کسی کے مقابلے میں) کسی بات کی کثرت، زیادتی یا برتری ہونا .

پَلّا (۴) (فت پ، شد ل) ظرف مکان.
پرلا (اس طرف کا) جس کی "ر" کو "ل" سے بدل کر مدغم کیا گیا ہے اور بات چیت میں مستعمل ہے جیسے : پلا دروازہ (= ادھر کا دروازہ) یا پلا گھر (وہ مکان جو اس طرف واقع ہے) وغیرہ.

پِلّا (کس پ، شد ل) اند.
۱. کتے کا بچہ ، بھیڑیے وغیرہ کا بچہ .۲. (تحقیراً) انسان، انسان کا بچہ. [س] .

پلاٹ (کس پ) اند.
۱. کسی قصے یا ڈرامے وغیرہ کے بنیادی اجزا یا خیالات جنھیں پھیلا کر وہ مرتب ہوا ہو ، خاکہ ، ڈھانچا .۲. قطعہ زمین، زمین کا ٹکڑا جس پر کوئی تعمیر نہ ہو، جگہ .۳. سازش ، ساز باز؛ بندش. [انگ] .

پلاٹینَم (کس پ ، ی مع ، فت ن) اند.
ہسپانوی الاصل لفظ سے مشتق جس کے معنی چاندی کے ہیں چاندی جیسی سفید لیکن بھورے رنگ کی آمیزش لیے ایک بیش قیمت دھات. [انگ] .

پلاٹینم جوبلی امث. ساٹھ سال کے بعد جشن سالگرہ منانے کی ایک رسم .

پلازا/ پلازَہ (کس پ/ فت ز) اند.
ہسپانوی الاصل لفظ Platea سے مشتق اس کے معنی شہری عمارت کے ہیں ، دفاتر ، مکانوں اور دکانوں کی بلڈنگ یا عمارتیں . [انگ] .

پَلاس (فت پ) اند.
ٹاٹ ، (مجازاً) موٹا جھوٹا کپڑا . [س] .

پلاس (کس پ) اند.
۱. کیل وغیرہ کی مضبوط گرفت کا ایک اوزار جو بناوٹ میں سنسی سے مشابہ ہوتا ہے، پکڑ، زنبور .۲. (سناری) سونے یا چاندی کی کڑیاں موڑنے کا نوک دار پتلے منھ کا سنسی نما اوزار جو ایک قسم کا موچنا ہوتا ہے. [انگ] .

پَلاسْتَر/پَلاسْٹَر (فت پ، سک س، فت ت، ٹ) اند.
۱. دیوار وغیرہ کی استرکاری کا مسالا، دیوار وغیرہ کی سطح پر چونے اور سمنٹ وغیرہ کی چڑھائی ہوئی تہہ، پلستر. ۲. وہ ضماد یا لیپ جو درد کے مقام یا ہڈی جوڑنے کے لیے لگایا جاتا ہے. [انگ].

پلاسٹر آف پیرس اند. چونے یا سمنٹ جیسا سفید مسالا جو ٹوٹے ہوئے عضو پر قالب چڑھانے اور جو مجسمہ سازی اور گل دان وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے.

پلاسْٹِک (کس پ، سک س، کس ٹ) است.
چند کیمیاوی اجزا سے بنا ہوا ایک لچک دار مادہ جو حرارت پانے پر نرم ہو جاتا ہے تب اس سے مختلف چیزیں (فونٹن پن، کھلونے وغیرہ) ڈھالتے ہیں ٹھنڈا ہونے پر منجمد اور پھر پہلے کی طرح سخت ہو جاتا ہے. [انگ].

پلاسٹک سرجری است. آپریشن کے ذریعے انسانی اعضا میں کیمیاوی اجزا سے پیوندکاری کا عمل.

پِلان (کس پ) اند.
کسی کام سے متعلق وہ امور جو اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے تجویز کیے گئے ہوں، خاکہ، منصوبہ. [انگ].

پِلانا (کس پ) ف م.
۱. کسی سیال یا رقیق چیز کو حلق سے اتارنا، مادہ پینے کے لیے دینا، نوش کرانا. ۲. (i) کسی قسم میں کوئی چیز اتارنا، پہنچانا یا داخل کرنا، سما دینا. (ii) جذب کرانا، کھپانا (گھی یا تیل وغیرہ). [س].

پلانٹ (کس پ، مع) اند.
مکمل مشین جو کسی خاص کام کو پورا کرنے کے لیے بنائی گئی ہو. [انگ].

پُلاؤ (ضم پ، وج) اند.
گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول. [ت/ف].

پلاؤ پکانا ف مر، محاورہ. ۱. پلاؤ کا آگ پر تیار کیا جانا. ۲. (خیالی کے ساتھ) ایسی باتیں سوچی جانا جو ممکن الوقوع نہ ہوں.

پِلائی (۱) (کس پ) اند.
۱. وہ عورت جس نے کسی بچے کو دودھ پلا کر پالا ہو (ماں کے علاوہ)، انا، دایہ، دیکھیے: انگہ، انگہ. ۲. وہ لڑکی جسے (کسی دایہ وغیرہ نے) دودھ پلایا ہو، پلایا کی تانیث. ۳. دودھ پلانے کی اُجرت، پانی یا کوئی اور مشروب پلانے کی اُجرت.

پلائی (۲) (کس پ) است.
تہ، طبق، شکن. [انگ].

پلائی وڈ است. تہ دار یا پرت دار لکڑی جو پتلے تختوں کو چپکا کر تیار کی جائے.

پِلْپِلا (کس پ، سک ل، کس پ) صف.
۱. جو بالائی سطح کے اندر سے بہت نرم یا ملائم ہو، لجلجا؛ گھلا ہوا. ۲. (مجازاً) ڈرپوک، کم ہمت، ڈھیلے جسم والا (شخص). ۳. چکنا، پھسلواں، ہموار. [ف].

پَلَٹ (فت پ، ل) است.
۱. پلٹنا کا حاصل مصدر (کبھی الٹ کے ساتھ بطور تابع مستعمل) گھماؤ، گردش، چکر، واپسی. ۲. (موسیقی) بارہ ماترے. [س].

پلٹ آنا ف مر. واپس آنا.

پلٹ پڑنا ف مر. ۱. اچانک پلٹ کر حملہ کرنا، جاتے جاتے لوٹ آنا. ۲. غصے کا اظہار کرنا، ڈالنا، پھٹکارنا.

پلٹ کر (...کے) نہ دیکھنا/ رخ نہ کرنا محاورہ. خبر نہ لینا، متوجہ نہ ہونا پروا نہ کرنا. [ف].

پَلْٹا (فت پ، سک ل) اند.
۱. گردش، انقلاب، تغیر، ایک حالت سے دوسری حالت بدلنے کی کیفیت ۲. جاتے جاتے یکایک خلاف توقع پلٹ پڑنے کی کیفیت. ۳. لڑکی قلابازی. ۴. بدلا، انتقام، عوض. ۵. وہ آلہ جس سے پوری کچوری وغیرہ کو تلنے میں الٹتے پلٹتے ہیں. ۶. (موسیقی) (ساز سے متعلق) بعض سروں کی اونچی نیچی ترتیب، دھرا، (گانے سے متعلق) تان کی قسم کے سروں کی ترتیب؛ ٹھاٹ (دیکھیے) کا اتار. ۷. (بانک) حریف کے وار کو خالی دے کر اسی قسم کا وار کرنا؛ تلوار یا چھری کے وار کو الٹ دینے کی

کیفیت .۸. (کشتی بانی) کھویے کے بیٹھنے کی جگہ، جہاں سے وہ چپو چلاتا ہے .۹. (دباغت) کھال کی سلوٹیں اور چربیں نکالنے کا کبنی نما آہنی اوزار .

پلٹا کھانا محاورہ .۱.منقلب ہو جانا، ایک حال سے دوسرے حال یا ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا، کروٹ بدلنا، انقلاب آنا، زوال سے عروج یا عروج سے زوال ہونا .۲.نظریے، رائے یا طرزِ عمل میں تبدیلی (پیدا) ہونا .۳.قول سے پھرنا .۴.پلٹ کر آنا، عود کر آنا .

پَلْٹانا (فت پ، سک ل) ف م.

۱.(راستے سے) واپس کرنا یا لانا، لوٹانا .۲.کوئی لی ہوئی چیز واپس دینا .

پُلْٹِس (ضم پ، سک ل، کس ٹ) است : اند.

(جراحی) پھوڑے کا مواد خارج کرنے یا تحلیل ہونے کو لیپی (وغیرہ) یا کسی اور شے کا لیپی کی طرح بنایا ہوا لیپ .اف : باندھنا / لگانا . [انگ].

پَلْٹَن (فت پ، سک ل، فت ٹ) است .

۱. پیادہ، فوج کا دستہ، فوجیوں کی جماعت (تعداد مختلف فیہ ہے)، (مجازاً)، بٹالین، یونٹ .۲.(مجازاً) جماعت، گروہ، انبوہ، بھیڑ. [انگ].

پَلَٹْنا (فت پ، ل، سک ٹ) ف ل.

۱.لوٹنا، پھرنا، واپس ہونا، پیچھے ہٹنا .۲. بات یا نظریے سے انکار کرنا، مکرنا .۳. بدلنا، متغیر یا منقلب ہونا، ایک حال سے دوسرا حال ہو جانا. ۴.اُلٹ جانا، اوندھا ہو جانا .۵. پھر جانا، منحرف ہونا، برگشتہ ہونا. [س].

پَلْٹے (فت پ، سک ل) اند .

پلٹا کی جمع یا محرفہ حالت .

پلٹے کھانا محاورہ .۱.پلٹا کھانا : بات کو اُلٹنا پلٹنا، (ایک ہی سلسلے میں) کبھی اقرار اور کبھی انکار کرنا .۲. مضطرب ہونا، متردد و متفکر ہونا، سوچ میں پڑنا، کبھی کچھ سوچنا اور کبھی کچھ .

پَلْڑا (فت پ، سک ل) اند .

پاٹ، ترازو کی ڈنڈی کے دونوں جانب ڈسوں میں لٹکا ہوا ہر ایک طبق جس میں سے ایک میں باٹ اور دوسرے میں جنس رکھ کر تولتے ہیں. [س].

پلڑا پلٹ جانا/ پلٹنا محاورہ.

۱. پانسا پلٹ جانا، تدبیر بگڑ جانا، خلاف خواہش کام ہونا، ہار ہونا . ۲.زمانے کا انقلاب ہونا، حالات بدل جانا.

پَلَسْتَر/ پَلَسْتَڑ (فت پ، ل، سک س، فت ت/ٹ) اند .

دیکھیے : پلاستر کی تخفیف، استرکاری : لیپ : خماد.

پَلَک (فت پ، ل) است .

۱. پپوٹوں کے بالوں میں سے ہر ایک، آنکھ کے پپوٹے کے بال، مژگاں .۲. پل، لمحہ، آن، لحظہ . [ف].

پلک جھپکاتے میں م ف. لمحے بھر میں، ذرا سی دیر میں، دیکھتے دیکھتے.

پلک جھپکانا محاورہ. پلک جھپکنا کا تعدیہ (دیکھیے : معنی نمبر ۱ و ۲).

پلک جھپکنے میں م ف. لمحے بھر میں، ذرا دیر میں، دم کے دم میں، دیکھتے ہی دیکھتے، فوراً.

پلک جھپکنا محاورہ .۱. ذرا نیند آنا، آنکھ لگنا .۲.خوف سے بلا ارادہ لمحے بھر کے لیے آنکھ بند ہو جانا، ڈرنا، خائف ہونا .۳.آن واحد یا ایک لمحہ گزرنا، کم سے کم وقت گزرنا.

پَلْکوں (فت پ، سک ل، و ج) است : ج.

پلک جس کی یہ جمع اور ذیل کے مرکبات میں مستعمل ہے .

پلکوں پر بٹھانا محاورہ. دیکھیے : آنکھوں پر بٹھانا، نہایت عزت و تعظیم سے پیش آنا، بے حد خاطر تواضع کرنا .

پلکوں سے نمک اُٹھانا ف مر، محاورہ. دشوار کام کرنا، عورتوں کا خیال ہے کہ نمک گرانے والے کو قیامت کے دن پلکوں سے اٹھانا پڑے گا.

پَلْکیں (فت پ، سک ل، ی ج) است : ج.

دیکھیے : پلک کی جمع (حسبِ ذیل مرکبات میں مستعمل).

پلکیں بچھانا محاورہ. آنکھیں بچھانا، تعظیم و تکریم سے پیش آنا، بہت خاطر تواضع کرنا .

پلکیں بھیگنا محاورہ. آنکھوں میں آنسو بھر آنا .

پَلْنا (فت پ، سک ل) ف ل.

۱. پرورش یا نشو و نما پانا، پالا پوسا جانا .۲. (پھل کا) رکھے رکھے نرم یا پلپلا ہو کر مزے سے اتر جانا .۳. مادی فیض پانا، مستفید ہونا .۴. بڑھنا ؛

پسنا کے ساتھ بطور مقدم . ۵. موٹا تازہ ہونا . ۶. گرمی پا کر نرم ہو جانا . [س] .

پِلنا (کس پ ، سک ل) ف ل .
۱. (کولھو یا مشین میں) کچلا جانا ، دب بھچ کر یا پس کر عرق یا تیل نکلنا . ۲. نہایت محنت و مشقت کرنا ، بہت زیادہ کام کاج میں لگا رہنا . ۳. (i) پورے زور اور قوت سے یکایک ہلہ بول دینا ، دھاوا کر کے دھکیلنا ، لڑنا یا مار دھاڑ کرنا . (ii) بھیڑ یا موانع کو سینہ زوری سے ہٹاتے ہوئے گھسنا ، زبردستی اندر گھستا چلا آنا . ۴. (کھیل) باری پوری کرنا . [س] .

پُلندا (ضم پ ، فت ل ، سک ن) اند .
۱. مٹھا ، گڈی ، کاغذ وغیرہ کا لپٹا ہوا یا فائل میں رکھا پیکٹ . اف : بنانا / کرنا . ۲. بنڈل (خطوط یا کتابوں کا) . ۳. بغیر دھلے میلے کپڑوں کا گٹھر یا گٹھری . ۴. (اظہار کثرت کے لیے) ڈھیر یا بہت سی بے ترتیب اشیاء وغیرہ . [س] .

پلنگ (۱) (فت پ ، ل ، غنہ) اند .
بیٹھنے ، سونے اور لیٹنے کے لیے مختلف قسم کی لکڑی لوہے اور بانس کے بنے ہوئے چار پائے ، پٹی ، سیروے والی سادی چارپائی جو بان ، نواڑ ، سُتلی اور آج کل پلاسٹک سے بھی بنی جاتی ہے . [س] .

پلنگ پوش اند . وہ کپڑا یا چادر جو پلنگ پر بستر کی حفاظت کے لیے ڈال دیتے ہیں .

پلنگ توڑ (الف) صف . (وہ مرد یا عورت) جو پلنگ پر پڑے ، ڈھے کھائے اور کچھ کام دھام نہ کرے ، سست ، کاہل ، نکھٹو . (ب) اسٹ . امساک کی ایک دوا کا نام .

پلنگ سے لگ جانا محاورہ . سخت بیمار پڑنا کہ اٹھا نہ جا سکے ، بیماری کے باعث اٹھنے کے قابل نہ رہنا .

پَلَنگ (۲) (فت پ ، ل ، غنہ) اند .
بھوری کھال پر سیاہ دھبے دار بلی کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک بڑا اور خوف ناک درندہ جو شیر کی طرح چست و چالاک ہوتا ہے ، چیتا . [ف] .

پَلَنگڑی (فت پ ، ل ، غنہ ، سک گ) اسٹ .
چھوٹا پلنگ یا چارپائی ، کھٹولا (بیشتر خوب صورت اور سبک یا بچوں کے لیے مستعمل) ؛ پلنگ (دیکھیے) کی تصغیر .

پَلّو (فت پ ، شد ل ، و مع) اند .
۱. آنچل ، کنارہ (دوپٹہ ، چادر یا ساری وغیرہ کا) ، دیکھیے : پلا . ۲. دامن . ۳. (گوٹا سازی) معمول سے زیادہ چوڑا اور سنگین بناوٹ کا گوٹا جو دوپٹے کے آنچل یا پشواز کے دامن پر ٹانکا جاتا ہے . ۴. دکھنی ٹھگ رومال کو کہتے ہیں . [س] .

پلو سے باندھنا محاورہ . (لڑکی کی) شادی کر دینا (اضافت کے ساتھ) ؛ کسی بات کو ذہن نشین رکھنا .

پِلّو (کس پ ، شد ل ، و مع) اند .
کیڑا ، کرم . [س] .

پَلّے (فت پ ، شد ل) (الف) م ف .
گرہ میں ، پاس ، ملکیت یا موجودات میں . (ب) اند . پلا کی جمع یا حالت مغیرہ ، ترکیبات میں مستعمل .

پلے باندھنا محاورہ . ۱. (کسی کو کچھ) دے دینا ، بخش دینا . ۲. لینا ، اپنے ساتھ یا پاس رکھنا ؛ اپنے ذمے لے لینا ؛ اپنی عادت بنانا ، دینا ، نہ بھلانا ، یاد رکھنا . ۳. سر ڈالنا ، ذمے دار قرار دینا .

پلے بندھنا محاورہ . ۱. زوجیت میں آنا ، بیوی بنایا ہونا . ۲. ذمے لگایا جانا ، سر مڑھا جانا . ۳. رفیق بننا ، رفاقت میں رہنا یا ہونا .

پلے پڑنا محاورہ . ۱. ملنا ، حاصل ہونا ، حصے میں آنا ، ہاتھ لگنا .

پلے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا محاورہ . سب کچھ صرف کر دینا ، بانٹ دینا ، ہار دینا ؛ الگ ہو جانا ، پیچھا چھڑا لینا .

پلے کچھ نہ پڑنا محاورہ . کچھ سمجھ میں نہ آنا .

پَلّے (فت پ ، شد ل) اند .
پلا (۴) کی مغیرہ صورت تراکیب میں مستعمل .

پلے درجے کا / سرے کا صف ؛ مث . انتہا درجے کا ، بہت زیادہ بڑا کمین .

پُلیا (ضم پ ، سک ل) اسٹ .
پل کی تصغیر ، چھوٹا پل . [ف] .

پَلِیتا (فت پ، ی مع) اند.
۱. روئی، کاغذ، کپڑے یا تاگے کی بتی جو چراغ، مشعل یا آتش بازی میں لگاتے ہیں، رنجک، توڑا نیز وہ کپڑا جو تیل میں بھگو کر آگ سلگانے کے لیے بھٹی وغیرہ میں رکھتے ہیں. ۲. وہ لپٹا ہوا تعویذ یا نقش جو عامل یا سیانے بھوت پریت یا جادو وغیرہ دور کرنے کی غرض سے دھونی دینے کے لیے دیتے ہیں. ۳. (سلائی) گوٹ یا گریباں کے ٹھپے کی کور کی سلائی میں دیا ہوا بھانجوان ڈورا جس سے کور کی مضبوطی اور تناؤ قائم رہتا ہے. [ف].

پَلیتھن (فت پ، ی مج، فت تھ) اند.
۱. (تیاری خوراک) خشک آٹا جو روٹی پکانے میں استعمال کیا جائے تاکہ گیلا آٹا ہاتھ یا چکلے بیلن کو نہ چپکے، خشکی. ۲. وہ چیز جو چورنے یا ملے جانے کے بعد بالکل نرم ہو جائے، مالیدہ. ۳. وہ پھوک جو آٹے کا دودھ (نشاستہ) نکالنے کے بعد باقی رہے. ۴. (مجازاً) مزید، اصل (شے یا نفع نقصان) کے علاوہ؛ زائد یا بے کار کا خرچ، فالتو خرچ. [س].

پلیتھن نکالنا محاورہ. خوب مارنا پیٹنا، بھرکس نکالنا، ٹھیک بنانا، پتلا حال کرنا.

پَلیٹ (فت نیز کس پ، ی مج) است.
۱. رکابی، دھات چینی یا مٹی وغیرہ کا گول پھیلا ہوا برتن جس میں سالن وغیرہ نکال کر یا پھل مٹھائی وغیرہ رکھ کر کھاتے ہیں. ۲. (گول یا چوکور) شیشے لکڑی یا دھات وغیرہ کی تختی. ۳. (چھپائی) ایلومنیم کی ترشی ہوئی چکنی چادر جس پر کاپی جمائی جاتی ہے یا اس کا عکس لیا جاتا ہے اور پھر اسے چھاپنے کی مشین میں کس کر مقررہ طریقے سے چھپائی کا کام کرتے ہیں. ۴. (فوٹوگرافی) وہ مسالا لگا ہوا شیشہ یا سلولائڈ کی تختی جو عکس لینے کے لیے کیمرے میں پیچھے کی جانب رکھی جاتی ہے جہاں سے فوٹوگرافر دیکھتا ہے. ۵. (دندان سازی) وہ مسالے کے مسوڑے جن میں مصنوعی دانت چسپیدہ ہوتے ہیں، مصنوعی دانت. ۶. مشین پر نصب کی ہوئی گول دھات کی ٹکیہ. ۷. سلائی کی مشین کی نیم بیضاوی دھات کی تختی جو کشیدہ کاری کے وقت نکال دی جاتی ہے. ۸. تختی (دھات یا لکڑی وغیرہ کی) جس پر نام یا نمبر وغیرہ لکھا ہو (انگریزی مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل). [انگ].

پِلیٹ (کس پ، ی مع) است.
(خیاطی) کپڑے کا وہ دہرا موڑ جو سلائی میں کوئی تیار شدہ کپڑے کو چھوٹا بڑا کرنے یا کوئی کونہ دینے کے لیے ڈالتے ہیں. [انگ].

پَلیٹ فارْم (فت نیز کس پ، ی مج، فت نیز سک ر) اند؛ — فورم.
۱. چبوترا، اسٹیشن یا بندرگاہ کا چبوترا جس سے متصل ریل یا جہاز کھڑا ہوتا ہے. ۲. جلسے وغیرہ میں وہ اونچی جگہ جہاں مقرر یا شاعر کھڑا ہوتا یا بیٹھتا ہے، اسٹیج. ۳. کسی انجمن یا فریق کا اساسی یا بنیادی باضابطہ نظام العمل، وہ مرکز جس کے لیے یا جہاں سب متفق ہو جائیں، اجتماعی مرکز. [انگ].

پِلیٹِن (کس پ، ی مج، کس ٹ) است.
قاب چہ؛ چھاپے کی مشین (مطبع) کی پلیٹ، وہ پلیٹ جس سے کاغذ میں ٹائپ کا داب پڑتا ہے. [انگ].

پَلید (فت پ، ی مع) صف.
۱. ناپاک، جو ظاہر یا باطن کے اعتبار سے (عارضی یا مستقل) نجس ہو. ۲. حرام. ۳. گندا، غلیظ، گندگی میں آلودہ، میلا کچیلا. ۴. خراب، قابلِ نفرت، لائق اجتناب. ۵. (مجازاً) بدنفس، بد ذات، شریر، موذی، خبیث (اکثر بطور دشنام). [ف].

پِلیز (کس مج پ، ی مع) است.
انگریزی لفظ اردو میں مستعمل، براہ مہربانی، مہربانی سے. [انگ].

پِلیگ (کس پ، ی مج) اند؛ است.
۱. طاعون، وہ متعدی مہلک وبا جس میں چڑھے بغل یا کسی اور جوڑ کے مقام پر گلٹی نکلتی ہے اس مرض کے زہریلے جراثیم اکثر چوہوں کے ذریعے پھیلتے ہیں. ۲. (مجازاً) دق کرنے والا یا پریشان کن (انسان؛ چیز یا کوئی معاملہ)، خوف ناک. [انگ].

پَمْپ (۱) (فت پ، سک م) اند.
۱. پانی کا نل، وہ نل جس کے ذریعے پانی ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاتا ہے، زمین میں پلایا ہوا پائپ جس میں مشین کے ذریعے

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

پانی کھینچ کر اوپر آتا ہے ۔۲. کسی مائع کو ایک ظرف یا حوض سے دوسرے ظرف یا حوض وغیرہ میں پہنچانے کا آلہ یا مشین ؛ (مجازاً) پٹرول پمپ ۔۳. سائیکل یا گاڑی کے ٹائر میں ہوا بھرنے کا آلہ یا پچکاری ۔ [انگ] .

پمپ (۲) (فت پ ، سک م) اند.
گرگابی ، ربڑ کے تلے والا کینوس کا جوتا ۔ [انگ] .

پمپی (فت پ ، سک م) است.
پمپ (۲) کی تصغیر یا تانیث ؛ گرگابی ، ایک قسم کی جوتی جو بغیر باندھے پہنی جاتی ہے ۔ [انگ] .

پمفلٹ (فت پ ، سک م ، کس خف ف ، ل) اند.
۱. رسالہ ، کتابچہ (جو کسی خاص بات کی اشاعت کے لیے چھپوایا جائے) ۔۲. کاغذات کا پیکٹ یا بنڈل ۔ [انگ] .

پن (۱) (فت پ) صف.
پانچ ، (دیکھیے) کی تخفیف جو مرکبات میں مستعمل ہے ۔
پن سورہ اند. قرآن پاک کی پانچ سورتوں (یٰسین ، فتح ، رحمٰن ، واقعہ اور مزمل) کا مجموعہ ۔
پن شاخہ اند. دیکھیے : پنج شاخہ ۔
پن چکی است . وہ چکی جو پانی کی قوت سے حرکت کرے اور آٹا وغیرہ پیسے ۔
پن گھٹ اند. کنویں ، نہر یا دریا کے کنارے پانی لینے یا بھرنے کے لیے بنی ہوئی جگہ ، پانی بھرنے کا گھاٹ ۔

پن (کس پ) است ؛ اند.
۱. گھنڈی دار سوئی جس سے کاغذ نتھی کرتے ہیں ، آلپن ۔۲. دوہرا خم کھایا ہوا تار جو ایک طرف جڑا ہوا اور دوسری طرف ایک کنارہ نوک دار اور دوسرے میں نوک دار کنارے کو پھنسانے کی ایک جگہ بنی رہتی ہے ، سیفٹی پن ۔۳. کانٹا جو عورتیں اپنے بالوں کی پٹیوں وغیرہ میں لگاتی ہیں ، ہیئر پن ۔ [انگ] .

پنّا (۱) (فت پ ، شد ن) اند.
(جوہری) ایک درخشاں سبز رنگ کا قیمتی پتھر (اس جوہر سے مرگی کے مرض کو فائدہ پہنچتا ہے کہتے ہیں کہ سانپ اسے دیکھ کر اندھا ہو جاتا ہے ، جس پنے کی رنگت میں جھالا دکھائی دے اسے منحوس خیال کرتے ہیں) ، زمرد ۔ [س] .

پنّا (۲) (فت پ ، شد ن) اند.
۱. چاندی ، سونے ، قلعی یا کسی بھی دھات کا ورق ، پنی یا اس کا ٹکڑا ؛ چاندی یا سونا (پتروں کی شکل میں) ۲. ورق (کتاب کا) ۔ [س] .

پنّا (۳) (فت پ ، شد ن) اند.
۱. کھٹومر اور اچار سازی ، کچی املی یا اچور اور ہڑ کو بھگو کر نتھارا اور حسب ضرورت گرم مسالے ملا کر خوش ذائقہ بنایا ہوا پانی ، کھٹومر ، جل زیرا ۔۲. آم یا املی کی ترشی میں ملا ہوا کچا شربت ۔ [س] .

پناہ (فت پ) است ؛ اند.
۱. حمایت ، سہارا ، پشتی ، پشت پناہی ، حفاظت کی جگہ ۔۲. بچنے کا ٹھکانا ، امن کی جگہ ۔۳. (مجازاً) سایہ ، چھاؤں ؛ سرپرستی ، ذمہ داری ۔۴. بچاؤ ، دوری (کسی صدمے یا ضرر سے) ، امان ۔۵. کسی چیز یا بات کی کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے موقع پر تنہا یا لگے بندھے فقروں میں مستعمل (دیکھیے : اللہ کی پناہ ، پناہ بخدا ، خدا کی پناہ) ۔ [ف] .
پناہ گاہ است ؛ اند. جائے پناہ ، بچاؤ کی جگہ ، مامن ، حفاظت کی جگہ ، وہ خندق یا کھائی جو ہوائی حملے سے بچاؤ کے لیے بنائی جائے ۔

پناہی (فت پ) (الف) است.
دیکھیے : پناہ ۔ (ب) ترکیب میں جزو دوم ۔ پناہ معنی نمبر ۶ (دیکھیے) سے اسم کیفیت ۔

پنبہ (فت نیز ضم پ ، سک م بشکل ن ، فت ب) اند.
روئی ، کپاس ۔ [پ] .
پنبہ مینا اند. مفید مسالے سے بنی ہوئی ڈاٹ جو شراب کی بوتل پر لگائی جاتی تھی ؛ روئی جو ڈاٹ کی طرح شراب کی بوتل یا صراحی کے منھ پر لگاتے ہیں ، (مجازاً) وہ جھاگ جو بوتل کھلتے ہی بوتل یا صراحی کے منھ پر آجاتے ہیں ۔

پنبئی (فت پ ، سک م بشکل ن) اند.
اینٹیں جوڑنے کا مسالا ۔

پنپنا (فت پ، ن، سک پ) ف ل.

۱. (پودے کا) بڑھنا، نشوونما پانا، سرسبز ہونا، پھلنا اور پھولنا نیز مرجھانے یا کمھلانے کے بعد ازسرِنو ہرا ہونا. تروتازہ ہونا. ۲. مرض سے صحت پانا، کمزوری دور ہونا، صحت مند ہونا، (لاغری سے) فربہی آنا. ۳. (صدمے یا نقصان کے بعد) سنبھلنا، ہوش میں آنا، پھر سے کھوئی ہوئی طاقت وغیرہ حاصل کرنا. [س].

پنتھ (فت پ، سک ن) اند؛ - پنت.

۱. راستہ، راہ، باٹ، سڑک. ۲. (i) مذہب، دین، مسلک، فرقہ، ذات پات. (ii) (مجازاً) اصول و آئین، دستور، طور و طریق.
۳. مذہبی پیشوا، گرو. [س].

پنج (فت پ، سک ن) صف.

پانچ، چار اور ایک، (عموماً مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل).
[ف].

پنج ارکان اند. (لفظاً) پانچ رکن، (مجازاً) (اہل سنت) پانچ مذہبی فرائض: کلمہ طیبہ نماز روزہ حج زکوٰۃ، (جعفری) نماز کے پانچ رکن: نیت تکبیرۃ الاحرام قیام رکوع سجدتین.

پنج انگشت برابر نیست فارسی کہاوت اردو میں مستعمل. پانچوں انگلیاں برابر نہیں، (مراداً) سب انسان مختلف طبائع کے ہوتے ہیں، سب آدمی یکساں نہیں ہوتے.

پنج تن/ پنجتن اند. اسلام کی پانچ متبرک ہستیاں یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہ، حضرت فاطمہؓ، امام حسنؓ، امام حسینؓ.

پنج سورہ/ پنسورہ اند. قرآن شریف کی پانچ سورتوں (یٰسین، فتح، رحمٰن، واقعہ اور مزمل) کا مجموعہ.

پنج شاخہ/ پنشاخہ اند. ۱. (مشعلچی) وہ شمع دان جس میں پانچ بتیاں لگائی جائیں، وہ دھات کا پنجہ جس کو بانس (وغیرہ) کی لکڑی پر لگا کر اس پر پانچ فتیلے روشن کرتے ہیں، پنجی؛ پانچ بتیوں والا فانوس.
۲. درختوں کی ٹہنیوں کو تراش کر بنایا ہوا ایک ہتھیار جس کی پانچ نوکیں ہوتی ہیں. ۳. مجازاً کوئی پانچ عدد والا (نشان ہتھیار پھول درخت). ۴. کیاریوں کو صاف کرنے والا پنج شاخہ اوزار، پنج گالا.

پنج شنبہ اند. جمعرات، جمعرات کا دن یوم الخمیس، خمیس.

پنج گانہ (الف) است. پانچ وقت (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشا) کی نماز. (ب) صف. ۱. پانچوں وقت کا. ۲. پانچ والا، پانچ سے متعلق.

پنجاب (فت پ، سک ن) اند.

غیر منقسم ہند کا ایک شمالی صوبہ جو پانچ دریاؤں (جہلم، راوی، چناب، بیاس اور ستلج) پر مشتمل اور اس کی مغربی سرحد پر دریائے اٹک اور مشرقی سرحد پر جمنا واقع ہے. [ف].

پنجابی (فت پ، سک ن) (الف) صف، اند.

دیکھیے: پنجاب سے منسوب، پنجاب کا (شخص یا چیز وغیرہ). (ب) است. وہ زبان جو پنجاب کے علاقے میں بولی جاتی ہے، پنجاب کی علاقائی زبان.

پنجر (فت نیز کس پ، سک ن، فت ج) اند.

پسلی، قالب، ڈھانچا (بیشتر "انجر" کے ساتھ مستعمل، انجر پنجر مع تحتی).
[س].

پنجرا/ پنجرہ (کس پ نیز بفت، سک ن، سک ج/فت ر) اند.

۱. پالتو پرندوں کے بند رکھنے کا جالی دار بنا ہوا پٹارا جو لوہے کے تار یا بانس کی تیلیوں سے حسب ضرورت چھوٹا بڑا اور مختلف وضع کا بنایا جاتا ہے نیز بڑے کھانچے یا کٹہرے جن میں شیر وغیرہ رکھے جاتے ہیں، (مجازاً) جسم انسانی. [س].

پنجم (فت پ، سک ن، ضم ج) است.

پانچواں، جو ترتیب یا سلسلے میں پانچویں نمبر پر ہو؛ (مجازاً) پانچواں حصہ. [ف].

پنجوں (فت پ، سک ن، و غ) اند، ج.

پنجہ کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

پنجوں کے بل چلنا محاورہ. ۱. اترا کر چلنا، غرور یا ناز کرنا، زمین پر پاؤں نہ رکھنا. ۲. چپ چپاتے چلنا کہ آہٹ نہ ہو یا کسی کو آہٹ نہ ملے، ایڑیاں اٹھا کر پنجوں پر دھیرے دھیرے اس طرح چلنا کہ آواز نہ نکلے.

پنجه (۱) (فت پ، سک ن، فت ج) امذ.
۱. (i) پانچ سے منسوب، پانچ کا مجموعہ، کسی چیز کی گنتی کے موقع پر: ایک پنجہ، دو پنجے وغیرہ. (ii) (مجازاً) پانچ روپے، پانچ روپے کا نوٹ. ۲. (i) ہاتھ کی پانچوں انگلیاں ہتھیلی سمیت، کلائی تک کا ہاتھ یا پاؤں کا اگلا حصہ جہاں تک پانچ انگلیوں کی ہڈیاں ہوتی ہیں. (ii) پرند اور حیوان کا چنگل اور پاؤں. ۳. (جوتا سازی) جوتی کا سامنے کا حصہ یا منہ جس میں پیر کی انگلیاں اور کچھ اگلا حصہ رہتا ہے. ۴. دو فٹ لمبی چھڑی جس کے منہ پر پانچ انگلیاں سی بنی ہوتی ہیں اور اسے عموماً کھجانے کے کام میں لاتے ہیں، پشت خار. ۵. وہ سونے چاندی یا کسی دھات کا ہاتھ جو علم پر نصب ہوتا ہے. ۶. (قصائی) پٹھے سے اوپر کاشت. ۷. گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر پانچ نشان بنے ہوتے ہیں. ۸. ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں میں اپنی پانچوں انگلیاں ڈال کر کیا جاتا ہے. ۹. (مجازاً) تسلط، قابو، قبضہ، گرفت، اختیار. ۱۰. کوئی آلہ یا پرزہ جس سے پنجے کی طرح گرفت کا کام لیا جائے. [ف].

پنجه آزمائی امث. پنجہ لڑانے کا عمل، (مجازاً) مقابلہ، ضدم ضدا.

پنجه لڑانا محاورہ. آدمی کے پنجہ میں پنجہ ڈال کر زور آزمائی کرنا.

پنجۂ مریم امذ. ایک گھاس جو پنجہ سے مشابہ ہوتی ہے (تبرکاً خوش عقیدگی کے طور پر وضع حمل کے وقت اُسے پانی میں ڈال کر زچہ کے قریب رکھتے تاکہ ولادت میں آسانی ہو، حضرت عیسیٰ کی ولادت کے وقت عالم کرب میں حضرت مریم کا ہاتھ اس گھاس پر پڑا تھا). مریم کا پنجہ.

پنجه مارنا محاورہ. چنگل مارنا، جھپٹا مارنا، زخمی کرنا، قابو میں کرنا.

پنجے (فت پ، سک ن) امذ.
پنجہ (دیکھیے) کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پنجے گاڑنا محاورہ. کسی جگہ قبضہ کرنا، قابض ہو جانا، جم کر بیٹھنا.

پنجیری (فت پ، مغ نیز سک ن، ی مع) امث.
زچہ کو کھلانے کی ایک مقوی غذا جو گھی میں بھنے ہوئی سوجی میں شکر پسی ہوئی سونٹھ چھوارے بھنا ہوا گوند اور مکھانے وغیرہ ملا کر تیار کی جاتی ہے. [س].

پنچ (۱) (فت پ، سک ن) (الف) امذ.
۱. فیصلہ کرنے والا، حاکم، ثالث سردار، حکم، جسے فریقین نے نزاع کے فیصلے کے لیے مقرر کیا ہو، ثالثی کا رکن. ۲. گاؤں کی سرکاری یا غیر سرکاری مجلس انتظامی (پنچایت) کا رکن، قوم کا سردار (جو بیشتر دیہات اور قصبوں میں ہوتا ہے). (ب) صف. پانچ کی تخفیف (مرکبات میں مستعمل) جیسے: پنچ لڑی وغیرہ. [س].

پنچ پیر امذ. مسلمانوں کے پانچ پیر، لاہور میں ایک پرانا مقبرہ ہے جو پنچ پیروں کا مقبرہ کہلاتا ہے (انھیں ہندو بھی پوجتے ہیں).

پنچ نامہ امذ ۱. (کاشت کاری) کسی انتظامی یا عدالتی فیصلے کے لیے پنچ اور پنچوں کے فیصلے کے لیے راضی نامہ (اقراری دستاویز)، پنچوں کے فیصلے کو قبول کرنے کا تحریری اقرار نامہ جو فریقین کی طرف سے لکھا جائے. ۲. کسی غیر معمولی طریقے سے کسی کی موت واقع ہو جانے پر جب پولیس کسی دوسرے شخص کو مجرم یا شریک جرم نہیں سمجھتی تو صورت حال کے چند گواہوں کے دست خطوں سے ایک تحریر مکمل کر کے معاملے کو ختم کردیتی ہے اور آگے نہیں بڑھاتی، اس تحریر یا مکمل رپورٹ کو پنچ نامہ کہتے ہیں.

پنچ (۲) (فت پ، سک ن) امذ.
ایک مشین جس میں کاغذ دبا کر سوراخ کرتے ہیں، چھیدنی.

پنچائتی (فت پ، سک ن، کس ء) صف.
پنچایت سے منسوب، پنچایت کا.

پنچایت (فت پ، سک ن، فت ی) امث.
۱. ثالثوں کی مجلس شوریٰ یا کمیٹی، (خصوصاً) گاؤں والوں کی مجلس انتظامی جو عموماً پانچ نام زد یا منتخب ممبروں پر مشتمل ہوتی ہے. ۲. صلاح مشورہ، ثالثی، نزاع کے فیصلے کے لیے ثالث یا پنچ (تقرر کرنا یا ہونا). ۳. برادری. ۴. (مجازاً) غل غپاڑا.

پنچر (فت پ، سک ن، فت چ) امذ. دیکھیے پنکچر جو صحیح املا ہے.
وہ شگاف یا سوراخ جو ہوا سے پھولی ہوئی چیز جیسے ربر کے ٹیوب وغیرہ میں کسی نوک دار شے کے چبھنے کی وجہ سے پڑ جائے، چھید

سوراخ. [انگ].

پَنجَولی (۲) (فت پ، سک ن، ولین) اند.

پنچوں کے ذریعہ جھگڑے بتانے کی خاندانی رسم و رواج کے تحت چلی آتی ہوئی ایک رسم، دیکھیے: پنچایت. [انگ].

پَنچھی (فت پ، سک ن) است : اند.

۱. پرندہ پکھیرو، چڑیا ۲. (مجازاً) جگہ جگہ پھرنے والا (آدمی)، سیلانی، مسافر. [س].

پَند (فت پ، سک ن) اند.

نصیحت، ہدایت، نیک صلاح. [ف].

پِندار (کس پ، سک ن) اند.

۱. غرور، گھمنڈ ۲. خودی، خودداری، انا ۳. خیال، تصور. [ف].

پَندرَہ (فت پ، سک ن، فت د، ر) صف.

۱. دس اور پانچ کا مجموعہ، بیس سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۱۵. ۲. بیسیوں، سیکڑوں (افراط ظاہر کرنے کے موقع پر). [س].

پَندرھواں (فت پ، سک ن نیز مخ، فت د، سک رھ) صف، مذ.

پندرہ سے منسوب، وہ (مذکر) جو ترتیب یا سلسلے میں چودہ کے بعد اور سولہ سے پہلے ہو. [س].

پَندرھویں (فت پ، سک ن نیز مخ، فت د، سک رھ، ی مع) صف، مث.

پندرہ سے منسوب، وہ (مونث) جو ترتیب یا سلسلے میں چودہ کے بعد اور سولہ سے پہلے ہو.

پَندرھواڑا (فت پ، سک ن نیز مخ، فت دھ، سک ر) اند.

پندرہ دن کا عرصہ، آدھا مہینہ.

پِنڈ (۲) (کس پ، سک ن) اند.

گاؤں، دیہہ، موضع. [پنا].

پِنڈا (کس پ، سک ن) اند.

۱. جسم، بدن، شریر ۲. جسامت، حجم ۳. گولا، بھنڈا، تھوا (خصوصاً تمباکو کا). [س].

پنڈا برف ہونا محاورہ. جسم ٹھنڈا پڑ جانا (خوف یا کسی اور وجہ سے). [س].

پنڈا بھیکا پڑنا محاورہ. ہلکا بخار ہونا، جی اُنمنا ہونا، کسل مندی ہونا، بخار کی آمد ہونا، رنگ اترنا.

پِنڈارا (کس پ، سک ن) اند.

۱. غارت گر، لٹیرا، راہ زن، بٹ مار، ٹھگ، ڈکیت ۲. دیکھیے: پنڈاری. ۳. بقالوں کی ایک قوم.

پِنڈال (کس پ، سک ن) اند.

وہ جگہ جہاں بڑا شامیانہ تانا جائے، جلسہ کے لیے بنایا جانے والا عارضی مکان. [؟].

پَنڈِت (فت پ، سک ن، کس نیز فت ڈ) اند.

۱. عالم، فاضل؛ ہندو دھرم کے قوانین سے واقف شخص، معلم، برہمن قوم کا فرد ۲. جوتشی، نجومی، رمال ۳. ایک تعظیمی کلمہ جو عموماً اونچی ذات کے یا پڑھے لکھے ہندوؤں کے لیے مستعمل ہے. [س].

پِنڈلی (کس پ، سک ن، ڈ) است.

ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے کے اوپر ہوتا ہے، ساق. [س].

پِنڈولَم (کس پ، سک ن، و مج، فت ل) اند.

گھڑی کا لٹکن، لنگر. [انگ].

پَنساری (فت پ، سک ن) اند.

خوردہ فروش؛ عطار، جڑی بوٹیاں فروخت کرنے والا، نمک مرچ، مسالا بیچنے والا. [س].

پِنسَل/پِنسِل (کس پ، سک ن، فت س/کس مج پ، سک ن، کس س) است.

۱. سرمے یا سیسے کی کسی بھی رنگ کی سلائی جو لکڑی وغیرہ کے قلم میں پلائی ہوئی ہوتی ہے اور چاقو وغیرہ سے لکڑی کو چھیل کر لکھنے کے لیے بناتے ہیں، سربی قلم، سرمئی قلم ۲. سلیٹ پر لکھنے کا سلیٹی پتھر یا بھورے پتھر یا چاک کا قلم ۳. (ہندسہ) وہ شکل جو اکثر خطوط مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے بنتی ہے. [انگ].

پِنسِلین (کس مج پ، کس ن، س، ی مع) است.

ایک مشہور جراثیم کش دوا (جو اکثر متعدی امراض کے دفعیہ کے لیے بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے، عموماً اس کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں، بہت سی جلدی بیماریوں میں بھی استعمال کی جاتی ہے). [انگ].

پینشَن (کس پ، نیز کس خف، سک ن، فت ش) است : اند.

تنخواہ کا وہ مقرر حصہ جو ملازمت سے سبک دوش ہونے پر ملتا ہے،

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مونث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، لم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

وظیفہ ؛ جاگیر وغیرہ کا عوضانہ ، امداد . [انگ] .

پَنکُٹّی (فت پ ، سک ن ، ضم ک ، شد ٹ) امث .
ایک چھوٹی کھرل جس میں وہ لوگ پان کوٹ کر کھاتے ہیں جن کے دانت نہیں ہوتے . [س] .

پَنکَچَر (فت پ مغ ، سک ک ، فت چ) امذ .
سوراخ ، نوکیلی چیز چبھنے سے ہونے والا چھید خصوصاً ہوا بھرے ٹائر میں . [انگ] .

پَنکھ (فت پ ، غنہ ، سک کھ) امذ .
(پرند کا) بازو ، پر نیز کسی مشین یا پنکھے وغیرہ کے پر ، مچھلی کی پشت اور پیٹ پر تیرنے کی مدد کے لیے قدرتی عضو . ۲ . (i) (مجازاً) جہاز کے بازو . (ii) پنکھا . ۳ . دامن ، آنچل . ۴ . چودھری ، مکھیا ، سردار . ۵ . پرند . [س] .

پنکھ پکھیرو امذ . پرندے پنچھی .

پنکھ جھاڑنا محاورہ . ۱ . پر جھٹکنا ، پروں کو پھڑپھڑانا . ۲ . پر جھاڑنا ، پرند کا اڑنے کے لیے آمادہ ہونا .

پَنکھا (فت پ ، غنہ) امذ .
۱ . ہوا جھلنے کا آلہ ، برقی قوت سے چلنے والا فرشی چھت کا یا میز پر رکھنے والا خصوصی میکانکی آلہ ؛ موٹر کار ، ہوائی جہاز ، بجلی کا پٹر اور دیگر مشینوں میں نصب شدہ ہوا پھینک آلہ ؛ پون چکی میں چھوٹا سا بادبان جس سے چکی کے پروں کا رخ ہوا کی طرف رہتا ہے . ۲ . (گھڑی سازی) قریب دو انچ لمبی ایک انچ چوڑی پتی کی شکل کا باج (بجنے والا) ایک پرزہ . [س] .

پنکھڑی امث . پھول کی پتی .

پَنکھی (فت پ ، غنہ) (الف) امذ .
۱ . طائر ، پرند ، چڑیا ، پنچھی . ۲ . پتنگے ؛ دیکھیے : پنکھیا (۲) . ۳ . ایک اونی کپڑا جو پہاڑی علاقوں سے آتا ہے . (ب) امث . ۱ . چھوٹا دستی پنکھا ، پنکھیا . ۲ . (لوہاری) بھٹی میں ہوا پہنچانے کی ایک قسم کی دھونکی جو خودبخود باہر کی ہوا کھینچتی رہے . [س] .

پَنکھے (فت پ ، غنہ) امذ ؛ ج .
پنکھا (دیکھیے) کی مغیرہ حالت یا جمع (تراکیب میں مستعمل) .

پنکھے لگ جانا / لگنا محاورہ . ۱ . دل دھڑکنا ، دل ہلنا ، دھڑکن ہونا ، اختلاج ہونا ، ہول چھٹنا . ۲ . پنکھوں کا آویزاں ہو جانا .

پَنگا (۱) (فت پ ، غنہ) امذ .
خرابی ، دقت ، مصیبت . [س] .

پنگا لینا محاورہ . مصیبت مول لینا .

پَنگا (۲) (فت پ ، غنہ) صف ؛ امذ .
۱ . لنگڑا ، معذور ، ٹیڑھی ٹانگوں والا ، ٹانگوں سے معذور . ۲ . (مجازاً) معاملے میں کوئی جھول یا پابندی .

پِنگورا / پِنگوڑا (کس پ ، غنہ ، وج) امذ .
ہنڈولا ، جھولا ، بچے کو سلانے کا گہوارہ ، پالنا . [س] .

پِنگُوِئن / پنگوِین (کس یا ج پ ، غنہ ، ضم گ ، فم و ، کس و / سک گ ، ی مع) امذ .
ایک نہ اُڑنے والا بحری پرندہ اس کے بازو پنکھے دار ہوتے ہیں جن کی مدد سے یہ پانی کے نیچے تیر سکتا ہے ، یہ خشکی پر انسان کی طرح پیروں پر کھڑا ہو کر چلتا ہے . [انگ] .

پَنگھٹ (فت پ ، سک ن ، فت گھ) امذ .
بہتے پانی کا کنارہ ، پانی بھرنے کا گھاٹ ، مقام . [س] .

پِنگھوڑا (کس پ ، غنہ ، وج) امذ .
بچے کو سلانے کا جھولا ، پالنا ، گہوارہ . [س] .

پَنواڑی (فت پ ، سک ن) امذ .
پان بنا کر بیچنے والا ، تنبولی . ۲ . پان کا باغ ، پان کی کیاری . [س] .

پِنہاں (کس پ ، سک ن) (الف) صف .
پوشیدہ ، چھپا ہوا ، خفیہ . (ب) م ف . پوشیدہ طور پر ، درپردہ ، باطناً . [ف] .

پَنّی (فت پ ، شد ن) امث .
۱ . سیلوفین وغیرہ کا شفاف یا رنگین چمکیلا ورق جو اشیائے صرف پیک کرنے میں مستعمل ہے ، رانگ ، پیتل ، تانبے ، جست یا سیسے وغیرہ کا چمکیلا ورق جو آرائش وغیرہ کے کام آتا ہے . ۲ . ایک قسم کی لمبی گھاس جو چھپروں پر ڈال دیتے ہیں ، چھپر کا پھونس : پان کا پولا

۳. (جوتا سازی) بھیڑ کے چمڑے پر سنہری یا روپہلی ورق چڑھا کر رنگین بنائے ہوئے ٹکڑے جو جوتیوں میں لگانے کے کام آتے ہیں ؛ جوتیوں کا وہ چاندی لپا ہوا چمڑا جس پر روغن مل کر گھوٹ دیتے ہیں. [س].

پِنّی (کس پ ، شد ن) امث.

۱. پسے ہوئے چاولوں کا لڈو ، رحم . ۲. ایک قسم کی مٹھائی جو آٹے یا دوسرے پسے ہوئے اناج کو بھون کر اس میں گڑ یا شکر ملا کر بناتے ہیں . ۳. پنیڈی ، گیہوں کا دلیا گھی میں بھون کر گڑ کی چاشنی سے بنایا ہوا لڈو . [س].

پَنیر (۱) (فت پ ، ی مع) امذ.

دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ ، دودھ کو ایک ابال دے کر اس میں کوئی ترش چیز (لیموں ، دہی ، ناٹری وغیرہ) ڈال کر پھاڑتے ہیں اس کے بعد کپڑے میں باندھ کر لٹکا دیتے ہیں تاکہ پانی نکل جائے ، باقی جو رہ جاتا ہے اس کو پنیر کہتے ہیں . [ف].

پنیر جمانا محاورہ. قالب میں پنیر رکھ کر چکتیاں بنانا ، پنیر تیار کرنا.

پَنیر (۲) (فت پ ، ی مع) (الف) امث.

(کاشت کاری) بیج بونے اور پود تیار کرنے کی کیاری ، جس میں ایسے بیج بوئے جائیں جن کی پود ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگائی جانی ضروری ہو . (ب) امذ. کیاری وغیرہ میں اُگایا ہوا پودا جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے ، پود.

پنیر جمانا محاورہ. کسی بات کی بنیاد ڈالنا ، کوئی ایسا کام شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکلیں ، پنیری جمانا ، کسی بات کی بنیاد ڈالنا ، کوئی ایسا کام شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکلیں .

پَنیری (فت پ ، ی مع) امث.

پنیر (۲) ۱. کیاری وغیرہ میں اُگائے ہوئے چھوٹے چھوٹے پودے جو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگائیں جائیں . ۲. وہ مال و اسباب جو باپ دادا سے وارثت میں ملا ہو ، اسباب ورثہ.

پَنیلا (فت پ ، ی مع نیز ج) (الف) صف.

۱. پانی کا ، پانی میں تربتر . ۲. پانی جیسا ، پتلا ، رقیق ؛ پھیکا ، بے مزہ .

(ب) امذ. (کاشت کاری) وہ کھیت جس میں پانی کی آل اتنی زیادہ ہو کہ بیج گل جائے ؛ دلدلی زمین . [س].

پَو (۱) (ولین) امث.

روشنی کی وہ پہلی نمود جو صبح سویرے مشرق کی جانب ہوتی ہے ، نور کا تڑکا ، سپیدۂ صبح ، صبح کاذب ، صبح صادق . [س].

پو پھٹنا محاورہ. صبح صادق ہونا ، تڑکا ہو جانا ، صبح ہونے کی نشانی .

پو پھٹے م ف. علی الصباح ، رات کے خاتمے پر ، مشرق سے روشنی نمودار ہوتے ہی .

پَو (۲) (ولین) امث.

(پچیسی) داؤں کے عدد جس میں گوٹ چوسر پر کھیلنے کو رکھی جائے ، پانسے پر داؤں میں جب طاق آئے یا دس پچیس تیس آئیں تو ایک ایک پو کا استحقاق ہوتا ہے یعنی ایک خانہ زائد شمار کرتے ہیں . [س].

پو بارہ امذ. ۱. (پچیسی) جیت کا ہاتھ ، وہ ہاتھ جس میں پو گھر میں چلی جائے ، بارہ داؤں اور ایک پو یعنی سب سے زیادہ جیت ، بڑی جیت . ۲. (مجازاً) نفع ہی نفع ، اقبال مندی ، قسمت کی یاوری ، کامیابی . ۳. (قمار بازی) تین پانسوں کا اس طرح اڑنا کہ ایک ایک دائرہ اور دو پر چھ چھ دائرے شمار کیے جائیں .

پَو (ولین) امث.

پاؤ (= چوتھائی) کی تخفیف (تراکیب میں مستعمل).

پَوّا (فت پ ، شد و) امذ.

۱. (i) پاؤ بھر وزن کا باٹ ، سیر کا چوتھائی . (ii) پاؤ بھر ، چار چھٹانک (چیز) . ۲. چہارم حصہ ، چوتھائی . ۳. وہ برتن یا چھوٹی بوتل وغیرہ جس میں پورے برتن یا پوری بوتل کا چوتھائی یا ادھے کا نصف سما سکے . ۴. (معماری) اینٹ کا چوتھائی ٹکڑا جو چنائی کے کام میں نہ آئے . ۵. عام قد و قامت کے مقابلے میں چھوٹی قامت کا ، پستہ قامت بیل . [س].

پُوائنٹ (ضم پ ، غم و ، کس ئ ، سک ن) امذ.

۱. نقطہ ، بندی ، مقدار یا مقدار وغیرہ کے مقررہ درجے یا حصے ناپنے کا نشان جو نقطے یا لکیروں کی شکل میں اکثر آلات وغیرہ پر بناتے ہیں.

۲. جزو، نکات. ۳. (طباعت) سیسے کے حروف کی جسامت کا ناپ؛ مختلف جسامت کے حروف. ۴. مخصوص جگہ یا مقام. ۵. (کھیل) بازی مقابلہ جیتنے پر حاصل ہونے والا نمبر. [انگ].

پُوائِزَن (ضم پ، ظم و، کس خف ء، فت ز) اند.
زہر، بس. [انگ].

پُوائِنٹر (ضم پ، ظم و، کس خف ء، سک ن، فت ٹ) صف؛ اند.
اشارہ کرنے والا؛ وہ چھڑی جس سے بلیک بورڈ یا نقشے وغیرہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں؛ کسی آلے کی سوئی جو پیمائش کا کام دے؛ گھڑی کی سوئی؛ ترازو کا کانٹا، نشان دہی کے لیے استعمال کی جانے والی چیز. [انگ].

پَوپ (ولین) اند.
(موسیقی) عوام پسند جلسہ، محفل سرود، گانے کا جلسہ، دیکھیے: پاپ [انگ].

پوپ (وج) اند.
عیسائیوں کے رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری یا چرچ کا سربراہ، پاپائے اعظم. [انگ].

پوپَٹ (۱) (وج، فت پ) است.
(تیلی) کولھو کے بیل کے آنکھوں کی اندھیری جو کولھو میں چلتے وقت اس کی آنکھوں پر چڑھادی جاتی ہے تاکہ وہ ٹھہرے نہیں اور اپنی راہ چلے جاے.

پوپَٹ (۲) (وج، فت پ) اند.
طوطا.

پوپلا (وج، سک پ) صف مذ.
۱. بے دانتوں کا، جس کے دانت گر گئے ہوں. ۲. وہ گھوڑا جس کے دانت نہ ہوں. [س].

پُوت (ومع) اند.
بیٹا، فرزند، (مجازاً) عزیز قریب. [س].

پوت بھلے سیانے دکھ بھئے پرانے کہاوت. بیٹے جوان ہوں تو سب تکلیفیں جاتی رہتی ہیں کیونکہ وہ کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں.

پوت کے پانو پالنے ہی میں پہچانے جاتے (دکھائی دیتے یا معلوم ہو جاتے یا نظر آجاتے) ہیں کہاوت. (کسی کی) برائی بھلائی شروع ہی میں آثار سے دریافت کرلی جاتی ہے، نیک بختی بدبختی کا حال بچپن یا آغاز ہی میں حرکات وسکنات سے کھل جاتا ہے.

پُوت (۲) (وج) اند.
شیشے کا سوراخ دار چھوٹا دانہ جو موتی کے مانند ہوتا ہے. [س].

پوت (۳) (وج) اند.
پوتا کی تخفیف (بطور سابقہ مستعمل)، پوت داماد وغیرہ.

پوتا (۱) (وج) اند.
بیٹے کا بیٹا، پسر زادہ، نبیرہ، پوتے کی اولاد یا ذریت نرینہ، (مجازاً) کسی کی نسل یا نسب. [س].

پوتا (۲) (وج) اند.
کپڑے یا موج وغیرہ کا بنا ہوا پچارا جس سے دیوار وغیرہ کی پتائی کرتے ہیں، کوچی، برش. [س].

پوتا پھیرنا محاورہ. دیوار پر پنڈول یا سفید مٹی کا پچارا یا کوچی پھیرنا.

پَوتر (فت پ، کس و، سک ت) صف.
پاک، صاف، (عیب وگناہ سے) مبرا، جو ظاہری یا باطنی گندگی یا نجاست میں آلودہ نہ ہو، منزہ؛ مقدس. [س].

پوتڑا (وج، سک ت) اند.
۱. وہ کپڑا جو بچے یا بیمار کے کولھوں کے نیچے پیشاب پاخانے کی احتیاط کے لیے بچھاتے ہیں. ۲. کپڑے کا تکونا ٹکڑا جو شیرخوار بچے کے چوتڑوں پر لنگوٹی کی طرح باندھتے ہیں تاکہ پاخانہ پیشاب کرنے پر تبدیل کر دیا جائے اور بستر وغیرہ خراب نہ ہو. ۳. (تحقیراً) نہایت چھوٹا کپڑا یا کپڑے کا ٹکڑا. [س].

پوتڑوں (وج، سک ت، وج) اند؛ ج.
پوتڑا کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

پوتڑوں کا صف. پیدائشی، خاندانی، سدا کا، بچپن سے، آنکھ کھول کر ریاست یا تہذیب وثقافت کے ماحول والا.

پوتڑوں کا رئیس اند. پیدائشی امیر، خاندانی رئیس، امیر زادہ.

پوتڑے (وج، سک ت) اند.
پوتڑا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پوتڑے دھونا محاورہ. ۱. پوتڑے صاف کرنا. ۲. ذلیل کام کرنا.

پوتنا (و ج، سک ت) ف م.
ا. قلعی کرنا، سفیدی کھریا یا کسی قسم کے رنگ کے پانی سے دیواروں کو اجالنا. ۲. (زمین یا دیوار کو) گیلی مٹی یا گارے سے لیپ کر ہموار کرنا، لیپنا. [س].

پوتوں (و مع، و ج) اند: ج.
پوت (دیکھیے) کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

پوتوں پھلو (- پھلے/ پھلی) (اور) **دودھو نہاؤ/ نہائے/ نہائی**
دعائیہ کلمہ. بچوں سے گود یا گھر بھرا رہے اور شاد و آباد رہو خدا آل اولاد اور مال و دولت سے نوازے.

پوتی (و ج) است.
پوتا (۳) کی تانیث، بیٹے کی بیٹی. [س].

پوتے (و ج) اند.
پوتا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پوتھ (و ج) اند.
ا. شیشے کا سوراخ دار چھوٹا دانہ جو موتی کے مانند ہوتا ہے ۲. (مجازاً) کنکر؛ ذرہ؛ حقیر چیز. [س].

پوتھی (۱) (و ج) است.
ا. (i) کتاب، پستک، چھوٹی کتاب. (ii) ہنود کی (کوئی سی) مذہبی یا مقدس کتاب. [س].

پوتھی (۲) (و ج) است.
لہسن کی گرہ یا گانٹھ جس میں جوے ہوتے ہیں. [س].

پوٹ (و ج) است.
ا. (i) گٹھڑی، گٹھر، بقچہ، بنڈلی، پشتارہ. (ii) (مجازاً) ڈھیر، انبار، مجموعہ. ۲. کپڑے کے تھانوں کی بندھی ہوئی بڑی پوٹلی، گانٹھ، پلندا. [س].

پوٹ کی پوٹ (الف) م ف. ڈھیروں، بہت سی، تعداد یا مقدار میں زیادہ. (ب) است. جسم وغیرہ جو کسی وجہ سے گٹھڑی نما ہو گیا ہو.

پوٹا (۱) (و ج) اند.
ا. تھیلی جو پرندے کی گردن کی جڑ میں سینے کے سرے پر ہوتی ہے جہاں غذا جمع ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ سنگ دانے میں جاتی ہے. [س].

پوٹا (۲) (و ج) اند.
ا. پرند کا وہ بچہ جس کے پر ابھی نہ نکلے ہوں، نوجوان بچہ؛ خاندانی اثاثہ، کسی پیڑ کے کلے، اکھوے. ۲. جانور کا بچہ.

پوٹاش (و ج) است.
رک: پوٹاس، پوٹاشیم، کاربن اور آکسیجن کا مرکب جو عموماً آتش بازی میں استعمال ہوتا ہے. [انگ].

پوٹاشِیَم (و ج، کس ش، فت ی) است.
ایک سفید رو پہلی دھاتی عنصر جو سمندری پانی میں عام طور پر ہوتا ہے زندگی کے لیے ضروری ہے. [انگ].

پوٹلا (و ج، سک ٹ) اند.
بڑا بنڈل، گٹھڑی. [س].

پوٹلی (و ج، سک ٹ) اند.
ا. چھوٹی گٹھڑی، پٹلیا، پوٹلیا. ۲. دوا یا رنگ اور مسالے وغیرہ کا کپڑے میں باندھا ہوا مجموعہ، چھوٹی سی تھیلی. [س].

پوجا (و ج) است: اند.
ا. عبادت، پرستش، پرستش کا طریقہ؛ (مجازاً) تعظیم و تکریم کے آداب و رسوم، نذر، نیاز، بھینٹ (جو دیوی دیوتا پر چڑھائی جائے). ۲. (مجازاً) خدمت، سیوا، نذرانہ (جو کسی کو مجبوراً دیا جائے). [س].

پوجا پاٹ/ پاٹھ است. پوجا کرنے اور (ساتھ ساتھ) اشلوک وغیرہ جپنے کا عمل. اف: کرنا/ ہونا.

پُوجنا (و مع) ف م.
ا. پرستش کرنا، پوجا کرنا، عبادت کرنا. ۲. (i) نذر کرنا، بھینٹ دینا، پیش کش کرنا. (ii) خرچ کرنا، ناحق روپیہ صرف کرنا، چار و ناچار خرچ کرنا؛ کمی پوری کرنا، نقصان پورا کرنا. ۳. (مجازاً) بہت تعظیم و تکریم کرنا، سر پر چڑھانا. [س].

پوچ/ پُوچ (و ج رو مع) صف.
ا. بے ہودہ، جاہل، بے مغز، برزہ گو. ۲. لغو، مہمل، بے معنی، بے بنیاد،

بے اصل ، غیر ثابت ، ضعیف اور سست (بات یا چیز وغیرہ) ۳. ناچیز ، حقیر ، ذلیل ، پست (شخص یا شے وغیرہ). [ف].

پُوچھ (و مع) امث.

۱. پرسش ، باز پرس ، استفسار ، دریافت ، واقفیت ۲. عزت ، آؤ بھگت ، قدر. [س].

پوچھ پاچھ امث. تفتیش ، تحقیقات .

پوچھ کر م ف. اجازت لے کر.

پوچھ گچھ امث . باز پرس ؛ تفتیش ۲. تحقیقات ، چھان بین .

پُوچھنا (و مع ، سک چھ) ف م.

۱. دریافت کرنا ، معلوم کرنا ، استفسار کرنا ۲. التفات کرنا ، متوجہ ہونا ، پرسان حال ہونا ۳. قدر و منزلت کرنا ، آؤ بھگت کرنا ۴. بیمار کا حال دریافت کرنا ، بیمار پرسی کرنا . ۵. خیر و عافیت معلوم کرنا ، عیادت کرنا . ۶. صلاح لینا ، مشورہ کرنا . ۷. پرسش کرنا ، باز پرس کرنا ، مواخذہ کرنا ، روکنا ٹوکنا . ۸. عزت و اہمیت دینا ، قدر کرنا ۹. خاطر میں لانا . ۱۰. بلانا ، طلب کرنا ۱۱. مانگ یا کھپت ہونا ، ضروری خیال کرنا ۱۲. ٹوکنا ، روکنا . [س].

پُوچھنا (و مع ، سک چھ) ف م.

۱. دریافت کرنا ، معلوم کرنا ، استفسار کرنا ۲. التفات کرنا ، متوجہ ہونا ، پرسان حال ہونا ۳. قدر و منزلت کرنا ، آؤ بھگت کرنا ۴. بیمار کا حال دریافت کرنا ، بیمار پرسی کرنا ۵. صلاح لینا ، مشورہ کرنا . ۶. پرسش کرنا ، باز پرس کرنا ، مواخذہ کرنا ، روکنا ٹوکنا ۷. خاطر میں لانا .

پوچھو دن کی بتائے رات کی کہاوت. سوال کچھ جواب کچھ (اول جلول باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں).

پَود (ولین) امث.

۱. بیج سے پیدا کیے ہوئے چھوٹے پودے جو ایک جگہ سے نکال کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں ، بوٹا ، پنیری ۲. (مجازاً) نسل ، خاندان . [س].

پَود جمانا محاورہ. بنیاد قائم کرنا ، پودا لگانا .

پُود (و مع) امذ.

بانا جس کو تانے میں ڈال کر کپڑا بنتے ہیں (اکثر تار کے ساتھ مستعمل مثلاً تار و پود). [ف].

پَودا (ولین) امذ.

۱. بوٹا ، چھوٹا درخت ۲. پھندنا جو بلبل کی چٹی میں باندھ دیتے ہیں . ۳. باگ کا وہ حصہ جسے سوار اپنے ہاتھ میں پکڑتے ہیں ۴. بچہ ، لڑکا ، لڑکی . ۵. بونڈی ، چنور ، ایک قسم کی گھاس . [س].

پودا لگانا محاورہ . ۱. بنیاد رکھنا ۲. کسی امید پر بچے کی پرورش کرنا .

پُودْنا (و ج ، سک د)(الف) امذ.

ایک بہت ہی چھوٹا سا پرند جو پھدک پھدک کر چلتا ہے اور گھاس میں گنبد نما گھونسلہ بناتا ہے ، لاط : Sylvia olicacea . (ب) صف.

جو طاقت اور جسامت میں کم ہو ، بونا ، ٹھگنا ، نہایت پستہ قد آدمی . [س].

پودینَہ (و ج ، ی مع ، فت ن) امذ.

ایک خوش بودار روئیدگی جو دواؤں میں کام آتی ہے اور جس کی چٹنی بنائی جاتی ہے اس کی پتیاں کھانا پکانے میں بھی استعمال ہوتی ہیں ، لاط: Mentha sativa . [ف].

پَوڈر (ولین ، فت ڈ) امذ.

منہ پر ملنے کا خوش بودار سفید سفوف . [انگ].

پُور (و مع) صف . [س].

بھرا ہوا ، بھرپور ، پر .

پور (و ج) امث.

۱. ہاتھ یا پاؤں کی انگلی کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ، انگلی کا جوڑ . ۲. گنے یا بانس وغیرہ کا وہ حصہ جو ایک گرہ سے دوسری گرہ تک ہوتا ہے . ۳. قطار یا درمیانی فاصلہ جو بوتے وقت کھیتوں میں رکھا جائے . [س].

پور پور امث . جوڑ جوڑ ، بند بند ۲. (مجازاً) جسم کی چھوٹی سے چھوٹی جگہ ، جسم کا ایک ایک حصہ ۳. ایک ایک انچ .

پُورا (و مع) صف.

۱. کامل ، ماہر ۲. تمام کا تمام ، مکمل ، مقررہ ، سارے کا سارا ۳. ٹھیک ،

بلاکم و کاست .۴. خاطر خواہ ، جیسا چاہیے .۵. لبالب ، لبریز .۶. تجربہ کار ، پختہ کار ، واقف کار .۷. بھرپور ، کاری .۸. مکمل ، سالم ، ادھورا کی ضد .۹. معمول کے مطابق .اف : پڑنا ، کرنا ، ہونا . [س] .

پورا اترنا محاورہ .۱. آزمائش یا امتحان میں کامیاب ہونا .۲. منشا کے مطابق ، ٹھیک بیٹھنا .۳. جانچ یا وزن میں ٹھیک نکلنا .۴. دو چیزوں میں تطابق ہونا بیشتر قول و فعل میں ، معیار کے مطابق ہونا ، توقع کے مطابق ہونا .

پورا پڑنا محاورہ .۱. کامیاب ہونا ، (لڑائی وغیرہ) جیتنا .۲. کارگر ہونا . ۳. کافی ہونا ، ضرورت (تعداد یا مقدار) پوری ہونا .۴. واجبی طور پر بسر ہونا ، گزارے کے لائق ہونا .

پورا پورا م ف . بالکل ، بلا کسی کمی بیشی کے ، مکمل طور سے .

پورا کرنا محاورہ .۱. بجا لانا ، نباہنا .۲. کسی خواہش کی تکمیل کرنا .۳. ختم کرنا ، اتمام کو پہنچانا .۴. کمی پوری کرنا ، بسر اوقات کا سامان مہیا کرنا . ۵. (ٹھگوں کی اصطلاح) ٹھگوں کا زمین پر پاؤں سے نشان بنا پڑنا .

پورا ہونا محاورہ .۱. (i) اختتام کو پہنچنا ، اتمام کو پہنچنا ، مکمل ہونا . (ii) (مجازاً) ختم ہونا ، مرنا .۲. تلافی ہونا .۳. کامیاب ہونا .۴. تول یا ناپ میں ٹھیک ہونا .

پُورَب (و مع ، فت ر) اند .

۱. مشرق ، وہ سمت جدھر سے سورج طلوع ہوتا ہے .۲. مشرقی بھارت کا وہ علاقہ جو کانپور و الہ آباد سے بہار تک پھیلا ہوا ہے .۳. اگلا ، سابقہ ، پہلا ، پرانا ، قدیم . [س] .

پورب جاؤ یا پچھم وہی کرم کے لچھن کہاوت . کہیں رہو جو قسمت میں ہے وہی ملتا ہے .

پورب یا پچھم گھر سب سے اتم کہاوت . اپنا وطن سب سے اچھا ہے کہیں بھی ہو .

پُوربی (و مع ، سک ر) (الف) صف .

پورب سے منسوب ، مشرقی . (ب) است .۱. (موسیقی) ایک راگنی کا نام جو قبل از مغرب گائی جاتی ہے .۲. پورب کے علاقے میں بولی جانے والی زبان .۳. چاول کی ایک قسم جو بنگال میں ہوتی ہے .۴. (کشتی) ایک داؤں ، جب حریف نیچے ہو تو اس کے داہنی طرف بیٹھ کر اپنا بایاں ہاتھ حریف کے پیٹ کی طرف اور اپنا داہنا ہاتھ حریف کی پشت کے اوپر سے لا کر ملانے اور اپنا داہنا گھٹنا حریف کی گردن پر رکھ کر پلٹ دے ، حریف چت ہو جائے گا .۵. تمباکو کی ایک تیز قسم . [س] .

پورٹریٹ (و مج ، سک ر ، ٹ ، ی مج) است .

(مصوری و فوٹوگرافی) (جان دار کی) تصویر ، شبیہ ، فوٹو ؛ (مجازاً) ہو بہو تصویر (کسی چیز کی) ؛ ایسا بیان جس سے (منظر یا واقعے کی) تصویر آنکھوں میں پھر جائے ، لفظی تصویر . [انگ] .

پورچ (و مج ، سک ر) اند .

سائبان ، چھتا . [انگ] .

پُورَن (و مع ، فت ر) .

پورا ، سارا ، تمام ، مکمل ، بھرپور . [س] .

پورن ماسی / ماشی است قمری مہینے کی چودھویں تاریخ جس میں پورا چاند نکلتا ہے ، پورنیا .

پُورَہ (ضم پ ، ضم و ، فت ر) اند .

چھوٹی بستی ، محلہ ، (مرکبات میں مستعمل) جیسے : مغل پورہ ، باغبان پورہ . [س] .

پوری (۱) (و مع) است .

آٹے میدے کی ٹکیا جس کو گھی یا تیل میں تلتے ہیں . [س] .

پُوری (۲) (و مع) صف .

پورا کی تانیث ، مکمل ، بھرپور .

پوری بات است . مکمل بات ، پورا فقرہ ، پورا مضمون .

پوری نہ ہونا محاورہ . (خواہش یا کہنے کے مطابق) تکمیل نہ ہونا .

پورے (و مع) صف .

دیکھیے : پورا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

پورے دن اند حمل کا نواں مہینہ ، وضع حمل کا زمانہ . اف : لگنا ، ہونا .

پورے دنوں سے ہونا محاورہ . حمل کا نواں مہینہ ختم ہونے کے قریب ہونا ، وضع حمل کے دن قریب ہونا .

پُوڑا (و مع) اند .

گلگلا جو آٹے یا میدے وغیرہ کا خمیر اٹھا کر تلا جاتا ہے . [س] .

پُوز (وج) اند .
مصنوعی انداز ، ایسا انداز جو قصداً اختیار کیا جائے . [انگ] .
پُوز دینا محاورہ . تصویر بنانے کے لیے مصنوعی انداز اختیار کرنا ، انداز کے ساتھ تصویر پر کھنچوانا .

پُوسْت (وج ، سک س) اند .
۱ . (i) چمڑا ، کھال . (ii) پرت (بدن یا کسی چیز کا) . (iii) کینچلی (سانپ کے ساتھ مخصوص) . ۲ . (i) چھال ، بکل . (ii) چھلکا ، پھل کا بیرونی حصہ . ۳ . خشخاش کا ڈوڈا جسے جوش دے کر ایک نشہ آور عرق تیار کرتے ہیں ، کوکنار . ۴ . (مجازاً) باہر کا حصہ ، غیر اہم بات یا چیز . [ف] .
پوست و اُستخواں صف . جس کے جسم پر صرف ہڈی چمڑا رہ گیا ہو ، بہت دبلا .

پُوسْتی (وج ، سک س) (الف) اند .
۱ . وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے کو بھگو کر اس کا پانی نشے کے طور پر استعمال کرے ، افیمی ، افیونی . ۲ . کاغذ کا مخروطی کھلونا جس کا پیندا بھاری ہونے کے باعث اس کا سر اونچا اور پیندا نیچا رہتا ہے ، جب لڑکے اسے زمین پر لٹانا چاہتے ہیں تو وہ کھڑا ہو جاتا ہے . (ب) صف .
کاہل ، سست .

پُوسْتِین (وج ، سک س ، ی مع) اند : است .
۱ . کھال ، چمڑا ، کمائی ہوئی بال دار کھال : کھال کا ، چمڑے کا . ۲ . کھال کی پوشش ، بال دار چمڑے کا لباس . ۳ . فر کا کوٹ ، چمڑے کا کوٹ .
۴ . بدگوئی ، نکتہ چینی ، عیب جوئی . [ف] .

پُوسْٹ (وج ، سک س) است .
ڈاک ، چٹھی ، خط . [انگ] .
پوسٹ آفس اند . ڈاک خانہ . [انگ] .
پوسٹ باکس/ بکس اند . ڈاک رکھنے کا صندوقچہ . [انگ] .
پوسٹ کارڈ اند . ڈاک کے محکمے کی طرف سے جاری کیا ہوا کارڈ جس پر خط لکھ کر بھیجا جاتا ہے .
پوسٹ مین اند : صف . ڈاکیا ، ڈاک کا ہرکارہ ، چٹھی رسان ، ڈاک تقسیم کرنے والا .

پوسْٹَر (وج ، سک س ، فت ٹ) اند .
اشتہار جو شارع عام پر چسپاں کیا جائے یا تقسیم کیا جائے . [انگ] .

پوسْٹ گِریجُویٹ/ گریجُویٹ (وج ، سک س ، کس خف ، گ ، ی مج ، ضم ج ، فم و ، ی مج / ــــ ضم ج ، ف مج) صف .
بی ۔ اے اور اس کے مماثل ڈگریوں کے بعد کی (تعلیم) . [انگ] .

پوسْٹ مارٹم (وج ، سک س ، ر ، فت ٹ) اند .
۱ . عمل جراحی ، لاش کو چیر کر اندرونی اعضا کا امتحان کے لیے تجزیہ . ۲ . (مجازاً) (گزری ہوئی بات یا حالت کا) تجزیہ . ۳ . چھان بین . [انگ] .

پوسْٹِنگ (وج ، سک س ، فت ٹ ، مغنہ) است .
(بسلسلہ ملازمت کسی جگہ پر) تقرری ، تعیناتی . [انگ] .

پوسْنا (وج ، سک س) ف م .
پالنا ، پرورش کرنا ، نگہ داشت کرنا (پالنا کے ساتھ مستعمل) .

پوش (۱) (وج) کلمۂ ندا .
نقیبوں وغیرہ کی لوگوں کو ہشیار خبردار کرنے کی صدا ، ہٹو بچو ، (تکرار ترکیب میں مستعمل) . [ف] .

پوش (۲) (وج) صف .
ٹھاٹ کا ، اونچے طبقے کا یا اس سے منسوب : خوش پوش ، خوش وضع طرح دار . [انگ] .

پوش (۳) (وج) اند .
پالنے ، پرورش کرنے : اچھی حالت میں ہونے کا عمل : نشو و نما ، ترقی خوش حالی ، بہبودی ، آسودگی . [س] .

پوشاک (وج) است : اند .
لباس ، پہننے کے کپڑے . [ف] .

پوشِش (وج ، کس ش) است .
۱ . لباس ، پوشاک . ۲ . اوپر ڈالنے کا کپڑا ، چیز جو منڈھی جائے ، غلاف جس سے کوئی شے ڈھکی جائے . ۳ . چھت ، (چھت کا) پٹاؤ . ۴ . چھپانا ڈھانکنا . ۵ . تانگے بگھی وغیرہ کا پردہ یا غلاف ، ٹپ . [ف] .

۰۰۰ پوشی (وج) لاحقہ .
پوش (دیکھیے) سے اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل) . [ف] .

ہوشیدگی (وج ، ی مع ، فت د) است .
۱. اخفا ؛ پردہ ؛ تنہائی ، خلوت .۲. (مجازاً) عدم ، غیب . [ف] .

ہوشیدہ (وج ، ی مع ، فت د) (الف) صف .
مخفی ، پنہاں ، چھپایا ہوا ، خفیہ . (ب) م ف . درپردہ ، پیٹھ پیچھے ، چھپ کر یا چھپا کر . [ف] .

ہوکر (وج ، فت ک) اند .
تاش کا ایک کھیل جو پہلے پہل امریکہ میں رائج ہوا . [انگ] .

ہوکنا (وج ، سک ک) ف ل .
گھوڑے کا پتلی لید کرنا ، کسی چوپائے کا پتلی لید کرنا .

ہوکھر (وج ، فت کھ) اند .
تالاب ، جوہڑ ، تالاب یا دریا کے کنارے ایسا گڑھا جو پانی کے چڑھاؤ سے بھر جائے . [س] .

ہَول (ولین) اند .
دروازہ ، پھاٹک ، صحن ، احاطہ ؛ شہر کا محلّہ جس کا اپنا دروازہ ہو ، دربند کوچہ . [س] .

ہول (۱) (وج) اند .
قطب (جنوبی یا شمالی) ؛ (طبیعات) مقناطیس کے دو متقابل نقطے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ہیں . [انگ] .

ہول (۲) (وج) اند .
(انتخابات وغیرہ میں) رائے دہندگی ؛ ووٹوں کی تعداد ؛ رائے شماری ، ووٹ لینے کا عمل . [انگ] .

ہول (۳) (وج) است : اند .
کھوکھلا پن ، خالی پن ، جس کے اندر کچھ نہ ہو ؛ (مجازاً) راز . [س] .

ہول کھل جانا/کھلنا محاورہ . اصلیت ظاہر ہو جانا ، حقیقت یا راز آشکار ہونا ، خامیوں کا منظرِ عام پر آنا .

ہول کھول دینا/کھولنا محاورہ . ہول کھل جانا کا تعدیہ ، اصلیت ظاہر کر دینا ، حقیقت یا راز آشکار کرنا .

ہُولا (۱) (ومع) اند .
گھاس کا مٹھا ، کانس یا چھپر کے پھوس کا گٹھا . [س] .

ہُولا (۲) (وج) صف مذ : مث : ہولی .
۱. کھوکھلا ، اندر سے خالی .۲. نرم ، ملائم ، پلپلا ، ہلکا .۳. (مجازاً) احمق ، بے وقوف ، باولا . [س] .

ہولا آتاو اند . وہ نیو یا بنیاد جس کا بھراؤ یا چنائی خوب ٹھوس نہ ہو اور بوجھ پڑنے سے نیچے دبے جس طرح ہولی زمین وزن سے دبتی ہے .

ہولٹری (وج ، سک ل ، ٹ) است .
پالتو پردار مرغیاں ، بطخیں وغیرہ . [انگ] .

ہولٹری فارم اند . وہ جگہ جہاں تجارتی مقصد سے مرغیاں بطخیں وغیرہ پالی جائیں ، مرغی خانہ .

ہولس (وج ، کس ل /ضم پ ، فم و) است : اند .
۱. نظم ملکی اور امن عامہ کا نگراں محکمہ .۲. کوتوالی کا محکمہ ، وہ محکمہ جو ملک کے اندرونی نظم ونسق ، انسداد جرائم اور امن عامہ کی نگرانی کرتا ہے .
۳. تھانے کے سپاہی .۴. تھانہ ، کوتوالی . [انگ] .

ہولس اسٹیشن اند . تھانہ ، کوتوالی .

ہولنگ (وج ، کس ل ، غنہ) است : اند .
رائے دہندگی ، انتخابات میں رائے دینا . [انگ] .

ہولنگ اسٹیشن اند . وہ جگہ احاطہ عمارت یا کمرہ جس میں انتخابات کے موقع پر رائے دینے والے اپنی رائے کا پرچہ (خفیہ طور پر) رائے دہی کے صندوق میں ڈالتے ہیں .

ہولو (وج) است .
ایک کھیل جو دو ٹیموں کے درمیان گھوڑے کی پشت پر سوار ہو کر بلے سے مخالف ٹیم کے گول تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ، چوگان . [انگ] .

ہولی (وج) (الف) صف : مث .
ہولا (۲) جس کی یہ تانیث ہے .۱. کھوکھلی ، اندر سے خالی ، پلپلی .۲. نرم ، ملائم .
۳. (مجازاً) احمق ، بے وقوف . (ب) مث . شہد کی مکھیوں کا چھتا . [س] .

ہولیو (وج نیز کس ل ، وج) اند .
ایک متعدی مرض جو مرکزی ذہنی اعصاب پر حملہ کرتا ہے اور عارضی یا مستقل فالج کا باعث ہو سکتا ہے اس کا اثر زیادہ تر ٹانگوں پر ہوتا ہے جس سے انسان چلنے پھرنے سے معذور ہو جاتا ہے

(Polio Poliomyelitis کا مخفف) . [انگ] .

پَوَن (فت پ ، و) است : اند . ہوا ، باو ، باد . [س] .

پون چکی است . وہ چکی جو ہوا سے گردش کرتی ہے اور جس سے آٹا پیسنے یا کوئی پمپ مشین وغیرہ چلانے کا کام لیا جاتا ہے .

پَون (ولین) صف .

کسی چیز کا تین چوتھائی حصہ ، پونا کا مخفف . [س] .

پَونا (ولین) (الف) صف .

۱. پون (۲) سے منسوب ، تین چوتھائی . (ب) اند . ۱. تین چوتھائی کا پہاڑا . ۲. (تعمیر) قریب ایک چوتھائی حصہ ٹوٹی ہوئی اینٹ جو سالم اینٹ کے ساتھ چنائی میں لگائی جا سکے . ۳. ٹوٹا ہوا چاول ، کنی . [س] .

پَونا (ولین) اند .

۱. (i) ایک قسم کا سوراخ دار کف گیر جس سے تلی ہوئی چیز نکالتے ہیں . (ii) حلوائیوں کا ایک قسم کا آلہ جس سے وہ شکر صاف کرتے ہیں . [س] .

پُونجی (ومع ، مغ) است .

۱. راس المال ، سرمایہ ، دولت . ۲. مال ، اسباب ، سامان . ۳. جائداد . [س] .

پُونچھ (ومع ، مغ) است .

۱. دم . ۲. (مجازاً) طفیلی ، ہر وقت ساتھ رہنے والا . [س] .

پونچھ پکڑ کر چلنا محاورہ . ۱. (طنزاً) کسی کے پیچھے پیچھے چلنا ، کسی کا پچھ لگو بننا ، ہر بات میں کسی کی پیروی کرنا . ۲. (طنزاً) کسی کے سہارے سے کوئی کام کرنا ، سہارا لینا یا پکڑنا ، کسی بارے میں کسی کی مدد پر انحصار کرنا .

پونچھ داب (کر) بھاگ جانا محاورہ . دم دبا کر بھاگنا ، مغلوب ہوکر بھاگنا .

پونچھا (ومع ، مغ) اند .

صاف کرنے کے کپڑے کی دھجی . [س] .

پُونچھنا (وج ، مغ ، سک چ) ف م .

۱. (کپڑے سے گرد وغیرہ) صاف یا خشک کرنا . ۲. جھاڑنا ، صاف کرنا ، آلائش دور کرنا . [س] .

پونگا (وج ، مغ) (الف) اند .

۱. بانس ، بانس کی پوری . ۲. پاؤں کی نلی ، نلی . ۳. بگل ، نفیری کی قسم کا بے سرا باجا جو فوج میں کسی اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے . ۴. روئی واٹنے یعنی کپاس کا بیج علیحدہ کرنے کا ایک قسم کا چرخا جس میں دو افقی باہم وصل چوبی بیلن یا ایک چوبی بیلن اور ایک آہنی سلاخ ہوتی ہے جن کے درمیان سے کپاس کو گزارا جاتا ہے اس عمل سے بنولا روئی سے جدا ہو جاتا ہے ، چرخی ، چوگی ، دیکھیے : اوٹنی . ۵. (بنگال) جلیبی کی شاخ جسے دہلی والے سانک کہتے ہیں . (ب) صف . ۱. خالی ، کھوکلا . ۲. (مجازاً) بے وقوف ، احمق ، بونگا . [س] .

پُونگڑا (ومع ، مغ ، سک گ) اند .

لڑکا ، اولاد نرینہ . [س] .

پُونگی (ومع ، مغ ، سک گ) (الف) است .

۱. (i) پونگا کی تانیث ؛ نے : بانسری . (ii) سپیروں کا سریلا ساز جو جڑواں بانسری کی قسم کا ہوتا ہے جس کے سرے پر پھونک بھرنے کو ایک چھوٹی تونبی لگی رہتی ہے ، تونبڑی ، مچیدی . ۲. ترئی ، نفیری کا سنگتی ساز جو ایک قسم کی بغیر پردوں کی ایک سری نفیری ہوتی ہے اور نفیری کے ساتھ لے ملانے کو پوں کاری کے طور پر بجائی جاتی ہے جس سے صرف پوں کی آواز نکلتی ہے . (ب) اند . (مجازاً) جوگی ، سنکھ بجانے والا فقیر . [س] .

پونی (وج) اند .

چھوٹے قد کا گھوڑا ، یابو ، ٹٹو . [انگ] .

پونی ٹیل است . عورتوں کا جوڑا بنانے کا ایک طریقہ جس میں بالوں کو باندھ کر پیٹھ پر چھوڑ دیا جاتا ہے . [انگ] .

پَونے (ولین) صف : اند .

تین چوتھائی ، کسی چیز کا ۳/۴ حصہ ؛ پونا کی جمع یا محرفہ شکل (تراکیب میں مستعمل) . [س] .

پُونی (ومع ، نیز وج) اند .

۱. قریب چھ انچ اونچا گیہوں کا پودا . ۲. گنے کی پور کی گانٹھ پر پھٹاو کا نشان ، آنکھ . ۳. کپاس کے کھیت سے کپاس چننے والا مزدور ، پن ہر ، بن ہر . [س] .

پَوِیلِیَن (فت پ ، ی مع ، کس ل ، فت ی) اند .

۱. چھوٹا سا خوش نما بنگلہ ، شہ نشین . ۲. (مجازاً) عارضی دکان یا فروخت کا

مرکز ، نمائش گاہ ۔ ۳. کھیل کے خصوصی میدانوں میں تماشائیوں کی نشست ۔ [انگ] ۔

پَہ (فت نیز کس پ) حرف ربط ۔
۱. حسب ذیل معنوں میں مستعمل : لیکن ، مگر ۔ ۲. باوجود ، باوصف ۔ ۳. تسلسل ، کثرت ، یکے بعد دیگرے ، پے در پے ۔ ۴. بعد میں ، پیچھے ۔ ۵. (آغاز فعل کے لیے بمعنی) کو ، والا ۔ ۶. (i) انحصار یا امید ظاہر کرنے کے لیے ۔ (ii) زاید ۔ ۷. اوپر ، کے لیے ، کی خاطر ۔ ۸. (i) ضرور ، حتماً ، شرطیہ ، یقیناً ۔ ۹. کے واسطے ، کے لیے ، کے معاملے میں ۔ ۱۰. مقابلے کے لیے ، سے ، ساتھ ۔ ۱۱. کسی چیز کی بیرونی سمت ظاہر کرنے کے لیے ، محل وقوع ظاہر کرنے کے لیے ، سے ۔ ۱۲. بابت ، بارے میں ۔ ۱۳. سامنے ، پیش ، آگے ۔ ۱۴. حالت ، صورت ۔ ۱۵. عدد اور ہندسے کے درمیان آ کر ' زیادہ ' یا ' اور ' کے معنی دیتا ہے ۔ ۱۶. اور ، پھر ، بعد کو ، لیکن ۔ ۱۷. کے اوپر ، پر ۔ [ف ؛ س] ۔

پَہاڑ (فت پ) (الف) اند ۔
قدرتی طور پر سخت پتھریلی اونچی زمین ، کوہ ، پربت ۔ (ب) صف ۔ ۱. کٹھن ، دوبھر ، مشکل ، دشوار ۔ ۲. (i) دراز ، طویل ، لمبا ۔ ۳. قوی ، مضبوط ۔ ۴. (مجازاً) ڈھیر ، تودۂ کلاں ؛ زیادہ یا بہت بڑی مقدار یا تعداد ۔ اف : بننا ، کھڑا کرنا ، کھڑا ہونا ۔ [س] ۔

پہاڑ اٹھانا محاورہ ۔ مشکل کام سر انجام دینا ، اپنے کو شدید عذاب میں ڈال دینا ۔

پہاڑ توڑنا محاورہ ۔ (کسی مصیبت وغیرہ کا) کثرت یا زیادتی کے ساتھ نازل کرنا ، بہتات کرنا (عموماً جبر ظلم ستم وغیرہ کے ساتھ) ۔

پہاڑ ٹوٹ پڑنا محاورہ ۔ سخت مصیبت آ جانا ، بڑا صدمہ پہنچنا ؛ بڑی آفت ناگہانی کا نازل ہونا ۔

پہاڑ سا صف مذ ؛ مث ۔ ۱. بہت طویل ، (دن رات زندگی وغیرہ) جس کا گزارنا سخت اور دشوار ہو ۔ ۲. بھرپور ۔ ۳. بھاری ، شدید ۔

پہاڑ سر ہو لینا محاورہ ۔ کسی مشکل کام میں دوسرے کی مدد کرنے کا عزم کرنا ۔

پہاڑ سی زندگی است ۔ لمبی زندگی ، طویل عمر ، (بالخصوص) کسی حادثے یا مصیبت کے بعد کی زندگی ۔

پہاڑ کا پہاڑ صف ۔ ۱. ڈھیر کا ڈھیر ، انبار کا انبار ، بہت بڑا تودہ ۔ ۲. بھاری بوجھ ؛ بڑی ذمہ داری ۔

پہاڑ کی طرح کٹنا محاورہ ۔ (وقت وغیرہ کا) دوبھر یا دشوار ہونا یا مشکل سے گزرنا ۔

پہاڑ کے آگے رائی کہاوت ۔ کسی بڑی چیز کے مقابلے میں بہت چھوٹی چیز ۔

پہاڑ کھودنا محاورہ ۔ بہت تگ و دو کرنا ، نہایت جاں فشانی سے کام کرنا ۔

پہاڑ ڈھانا محاورہ ۔ انتہائی ظلم کرنا ، اذیت دینا ۔

پَہاڑا (فت پ) اند ۔
(ریاضی) آسانی کے لیے گنتی کے بعد جمع و ضرب اور تقسیم کو مختصر کرنے کے لیے میزان ضرب جو زبانی یاد کرائی جائے ۔ [س] ۔

پَہاڑی (فت پ) (الف) است ۔
۱. پہاڑ کی تصغیر ۔ ۲. بلاول ٹھاٹھ کی آڑو راگنی کا نام جس میں پانچ سر لگتے ہیں ، مدھم اور نکھاد سر درجت ہیں یعنی نہیں لگتے ۔ ۳. پہاڑیوں کی زبان ۔ ۴. مصوری کا ایک اسلوب جس کا تعلق ہمالیہ کی پہاڑی ریاستوں سے بتایا جاتا ہے ۔ (ب) صف ۔ پہاڑ سے منسوب ، پہاڑ کا رہنے والا ، کوہستان کا باشندہ ۔ (ج) است ۔ بکری کی ایک قسم ، پہاڑی بکری ۔

پَہْچان (فت پ ، سک ہ) است ؛ اند ۔
۱. شناخت ، پرکھ ، سمجھ ۔ ۲. واقفیت ، شناسائی (بیشتر جان کے ساتھ) ؛ معرفت ، آگاہی ۔ ۳. علامت ، نشانی ۔ [س] ۔

پہچان کا / کی صف ۔ جانا ، پہچانا ، شناسا ۔

پہچان کرنا محاورہ ۔ شناسائی پیدا کرنا ، شناخت کرنا ۔

پہچان ہونا محاورہ ۔ علم ہونا ، شناخت ہونا ، ادراک ہونا ۔

پَہْچاننا (فت پ ، سک ہ ، ن) ف م ۔
۱. جاننا ، شناخت کرنا ، معرفت و آگہی حاصل کرنا ۔ ۲. واقف ہونا ، جاننا ۔ ۳. تمیز کرنا ، امتیاز کرنا ، دیکھیے : پہچان دینا ۔

پَہَر (فت پ ، ہ) اند ۔
دن رات کا آٹھواں حصہ ، رات یا دن کا چوتھائی حصہ ، تین گھنٹے ۔ [س]

پہر بھر اند ۔ پورے تین گھنٹے ، سارا پہر ، ایک مقررہ وقت ۔

پہر دن اند ۔ دن کے پہلے یا پچھلے تین گھنٹے ، دن کا پہلا یا پچھلا پہر ۔

پہر دن چڑھنا محاورہ ۔ دن کا پہلا گزر جانا ۔

پہر/پہروں چڑھے م ف. جب سورج خاصا اونچا ہو چکا ہو، صبح ہونے پر.

پَہْرا / پہرہ (فت پ، سک ہ) اند.
۱.نگہ بانی، پاس بانی .۲. (مجازاً) وہ جگہ جہاں پہرے کے لیے سپاہی متعین ہوں، چوکی .۳. پہرے دار، محافظ، سنتری، نگہ بان، دربان. ۴.خصوصی نگہ بانی یا اعزاز کے لیے فوج یا پولیس کا دستہ، نگہ بان سپاہیوں کا دستہ. [س].

پہرا بٹھانا / بٹھلانا محاورہ. ناکہ بندی کرنا، حفاظت کے خیال سے محافظوں کا کسی جگہ متعین کرنا؛ (مجازاً) کسی کام سے روکنا.

پہرا دار اند؛ صف. ۱.محافظ، دربان، چوکی دار .۲. دکنی کاغذ کی ایک قسم.

پہرا داری است. پہرا دار سے متعلق، پہرے دار کی خدمت، پاس بانی، نگہ بانی، حفاظت.

پہرا دینا محاورہ. رکھوالی کرنا، پاس بانی کرنا، محافظت کرنا.

پہرا لگانا محاورہ. ۱.سنتری تعینات کرنا، محافظ مقرر کرنا. ۲.قید اور پابندی عائد کرنا.

پَہْرے (فت پ، سک ہ) اند.
پہرا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پہرے بٹھانا محاورہ. ۱.حفاظت کے واسطے آدمی متعین کرنا، محافظ قائم کرنا، پابندی لگانا .۲. پہرا بٹھانا: پہرا لگانا معنی نمبر (۲)، روکنا، پابندی لگانا.

پہرے دار صف: اند. چوکی دار، محافظ، دربان، رکھوالا، پاس بان.

پہرے میں م ف. قید یا حراست میں، نگرانی میں؛ حفاظت یا نگہ بانی میں، روک تھام میں، بندش میں.

پَہَل (۱) (فت پ، ہ) است.
۱.ابتدا، شروع، آغاز، پیش قدمی .۲. پہلے، گزرے ہوئے زمانے میں .۳. پہلا، پہلی. [س].

پَہَل (۲) (فت پ، ہ) اند.
۱.دھنکی ہوئی روئی کا پرت، گالا .۲. روئی یا اون کی جمائی ہوئی تہ، روئی، نمدہ وغیرہ (بغیر مرہم کا روئی وغیرہ کا) پھاہا یا پھایا جس کو زخم پر رکھتے ہیں اور سینکائی کرنے کے بھی آتا ہے. [س].

پہل کرنا محاورہ. سبقت لینا، ابتدا کرنا، آغاز کرنا، کسی چیز کو اول ہاتھ لگانا؛ پہلا وار کرنا.

پہل ہونا محاورہ. پہل کرنا کا لازم، ابتدا ہونا، آغاز ہونا.

پہل پہلوٹھی است. پہلا پہلا بچہ.

پَہْلا (فت پ، سک ہ) صف.
۱.ابتدائی، اوّل، مقدم، اوّلین .۲. پرانا، سابقہ، پہلے کا، گزشتہ .۳. بڑا، صدر؛ جلدی، فوراً؛ قبل، آگے. [س].

پَہْلَن (فت پ، سک ہ، فت ل) است.
جانور کے بچہ دینے کے بعد کا پہلا دودھ بالخصوص گائے بھینس اور بکری کا جو اکثر لوگ شوق سے کھاتے ہیں نیز ادویات میں مستعمل ہے، کھیس.

پَہْلُو (فت پ، سک ہ، و مع) (الف) اند.
۱.پسلی .۲. (i) جسم کی دائیں یا بائیں طرف سینہ، بالخصوص بائیں طرف کا حصہ جدھر دل ہوتا ہے. (ii) کروٹ، سرتا یا بغلی حصہ .۳. (i) طرف، جانب، سمت، رخ. (ii) طرفی یا جانبی خط، ضلع، زاویہ بنانے والا خط .۴. انداز، ادا؛ نقطۂ نظر، زاویۂ نگاہ .۵. باریکی، تہ داری .۶. رخ، زاویہ، گوشہ .۷. (i) رمز، اشارہ، کنایہ. (ii) نکتہ، پوشیدہ بات، حقیقت .۸. موضوع، عنوان .۹. نگینے کا ماتھا، باڑ، نگینے کا بغلی رخ جو جڑائی میں آ جاتا ہے. ۱۰.اونٹ. ۱۱. (معماری) کمان کے نیچے کا نصف حصہ جو کمان کی چوٹی سے آدھی دور اور نرد بند تک ہوتا ہے. ۱۲. (i) قرب، پاس، پڑوس، جوار. (ii) قرب، پاس، برابری (مرتبے کے لحاظ سے) .۱۳. (مجازاً) صورت، حالت. ۱۴. آغوش، گود، بغل .۱۵. غرض، مطلب .۱۶. بہانہ .۱۷. طرح، طور .۱۸. موقع، محل .۱۹. انصاف کا تقاضا، شق، زمرہ .۲۰. سہارا، نشان .۲۱. ڈھب، تدبیر، ذریعہ، وسیلہ، راستہ. (ب) م ف. سامنے. [ف].

پہلو آباد کرنا محاورہ. ہم کنار ہونا، ہم بغل ہونا، پہلو میں بٹھانا یا سلانا.

پہلو آباد ہونا محاورہ. محبوب کے قرب کا لطف حاصل ہونا.

پہلو بچانا محاورہ. ۱. کترا جانا، ٹال دینا، بات گول کر دینا. ۲. اعتراض یا حملے کا موقع نہ دینا، احتیاط برتنا.

پہلو بدلنا محاورہ. ۱.(i) انداز بدلنا. (ii) دوسرا رخ اختیار کرنا. (iii) انداز یا

رخ .۲. حیلہ حوالہ کرنا .۳. کروٹ لینا ، کروٹ بدلنا (خواہ اضطراب کے عالم میں خواہ استراحت کے لیے) .

پہلو بہ م ف. ۱. رخ پر ، بل پر ، مدد پر ، کمک پر ، حمایت پر .۲. ایک طرف .

پہلوتہی کرنا محاورہ. ۱. جی چرانا ، بچنا ، ٹالنا ، دریغ کرنا .۲. حیلہ حوالہ کرنا ، ٹالم ٹول کرنا ، ٹال دینا ، انکار کرنا .۳. بے مروتی کرنا ، چھوڑ دینا .۴. دامن بچانا .۵. چشم پوشی کرنا ؛ علیحدگی اختیار کرنا ، بریت چاہنا ، دوری اختیار کرنا .۶. کنارہ کرنا ، بچنا ، منھ چھپانا .

پہلودار صف. ۱. رمز و کنایہ سے بھرا ہوا .۲. مختلف المعانی ، پر معانی .۳. مشتبہ ، مبہم ؛ ذو معنیین .۴. وہ چیز جس کے کئی گوشے ہوں ، پہل دار .۵. سہارے دار (جیسے پہلو دار کرسی) .۶. (مجازاً) جس کا ظاہر باطن ایک نہ ہو ، نمائشی ، زمانہ ساز ، (شخصیت) تہہ بہ تہہ ، پیچ دار ، گھنا .۷. نوبت کی سنگت کرنے والے دو میں سے ایک نقارچی .

پہلو دبانا محاورہ. ۱. زیر کر دینا ، غالب آ جانا ، مرتبہ گھٹانا .۲. دشمن کی فوج کے کسی حصے پر چڑھائی کر دینا .۳. حریف کے پہلو پر زور ڈالنا ، بازو دبانا .۴. قریب بیٹھنا ، مل کے بیٹھنا .۵. کسی رخ پر فوج کو چڑھاتے ہوئے لانا ، کسی جانب حملہ کرنا .

پہلو سے لگنا محاورہ. ساتھ ساتھ ہونا .

پہلو نکلنا محاورہ. ۱. پہلو نکالنا کا لازم .۲. گوشے پیدا ہونا ، نئی راہ نظر آنا ، مطلب و معنی برآمد ہونا .۳. بات پیدا ہونا ، شبہ ہونا .۴. صورت پیدا ہونا ، نتیجہ برآمد ہونا ، انجام سامنے آنا .

پہْلَوان (فت پ ، سک ہ ، فت ل ، نیز سک ہ ، ل) (الف) صف.
۱. توانا ، قوی جثہ ، کسرتی جسم والا .۲. بہادر ، دلاور ، سورما .۳. کشتی لڑنے والا . (ب) اند ؛ است . ۱. کامل ، ماہر فن ، ہیرو ، بزرگ . اسم کیفیت : پہلوانی . ۱. بہادری ، دلیری ، زور آوری .۲. کشتی لڑنے کا فن ، ورزش ؛ کسرت . [ف] .

پہْلَوٹھا (فت پ ، سک ہ ، و لین) صف مذ.
وہ بچہ جو پہلے پہل پیدا ہوا ہو ، پہلا لڑکا ، پلوٹھا ، پلونٹھا . [س] .

پہْلَوٹھی (فت پ ، سک ہ ، و لین) صف مث.
پہلوٹھا کی تانیث نیز اس سے منسوب .

پہْلَوی (فت پ ، سک ہ ، فت ل) است .
۱. ایران کی قدیم زبان : ایران کی سات زبانوں میں سے ایک زبان جو اشکانیوں اور ساسانیوں کے عہد میں رائج رہی ، پرتو (= پہلو) قبیلے اور علاقے سے منسوب .۲. (مراداً) فارسی زبان .۳. ایران میں پہلوی خاندان کی حکومت کے وقت کا ایک سکہ ، اشرفی . [ف] .

پہْلی (فت پ ، سک ہ ، فت ل) صف مث .
پہلا کی تانیث ، ابتدائی .

پہلی نظر است . سرسری طور پر دیکھنے کا عمل .

پہْلے (فت پ ، سک ہ) م ف .
۱. ابتدا میں ، شروع میں ، بار اول .۲. آگے ، اگلے زمانے میں ، اب سے قبل .۳. پیشتر ، قبل .

پہلے آپ پیچھے باپ کہاوت . ہر ایک کو اپنا خیال زیادہ ہوتا ہے .

پہلے پہل م ف . اول اول ، پہلی مرتبہ ، شروع شروع میں .

پہلے تولو پھر منھ سے بولو کہاوت . بات کرنے سے پہلے سوچ لینا چاہیے .

پہلے درجے کا اند . (قانون) مجرم جس سے ارتکاب جرم کا آغاز ہوا ہو .

پہلے لکھ (اور) پیچھے دے بھول پڑے (پھر بھولے) تو کاغذ (مجھ) سے لے کہاوت . لین دین میں لکھ لینے سے بھول چوک نہیں ہوتی ، زبانی یادداشت میں غلطی ہو جایا کرتی ہے .

پہْن (فت پ ، سک نیز فت ہ) (الف) صف .
کشادہ ، فراخ ، وسیع و عریض . (ب) اند . ۱. چوڑائی ، کشادگی ، عرض ، وسعت ، کفایت . [ف] .

پہْنا (فت پ ، سک ہ) (الف) صف .
۱. عریض ، کشادہ ، وسیع ، چوڑا چکلا .۲. مستی پر آیا ہوا (گھوڑا وغیرہ) . (ب) اند . چوڑائی ، کشادگی ، عرض ، وسعت ، پناہ . [ف] .

پہْنانا (فت پ ، سک ہ) (الف) ف م .
پہننا کا تعدیہ ، بدن پر ڈالنا (کوئی بھی چیز) .

پہْناوا (فت پ ، سک ہ) اند .
لباس ، کپڑا لتا ، ملبوسات کی وضع قطع ، لباس پہننے کا ڈھنگ .

پہْناوُنی (فت پ ، سک ہ ، و ج) است .
کپڑے جو مہمانوں اور رشتہ داروں کو شادی پر دیے جائیں .

پَہُنچ (فت پ، ضم ہ، مغ) امث.
۱. رسائی، باریابی. ۲. جہاں تک کوئی چیز پہنچ سکے، زد، دسترس. ۳. (مجازاً) سمجھ، ادراک، عقل کی رسائی. ۴. (عوام) رسید، اقرار وصول یابی؛ طاقت، قوت. [س].

پَہُنچا (فت پ، ضم ہ، مغ) امذ.
کلائی اور پنجے کا درمیانی جوڑ، بند دست؛ (مجازاً) کلائی. [س].

پہنچا پکڑنا محاورہ. ۱. (کشتی) ایک قسم کی زور آزمائی جس میں ایک آدمی دوسرے کی کلائی دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑتا ہے اور دوسرا چھڑاتا ہے اگر وہ چھڑالے تو جیت جاتا ہے ورنہ ہار جاتا ہے؛ کلائی کو گرفت میں لینا. ۲. بے تکلفی کرنا، پاؤں پھیلانا.

پہنچا دیتے ہی ہاتھ پکڑنا محاورہ. کسی کے رعایتی برتاؤ سے غلط فائدہ اٹھانا.

پَہُنچانا (فت پ، ضم ہ، مغ) ف م.
پہنچنا کا تعدیہ، کسی چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا. ۲. مردے کی روح کو ایصال ثواب کرنا، بخشنا، (قرآن شریف وغیرہ).

پَہُنچا ہُوا (فت پ، ضم ہ، مغ، ضم ہ) صف.
۱. خدا رسیدہ، برگزیدہ، کامل، تجربہ کار. ۲. باخبر، تجربہ کار، کامل.

پَہُنچنا (فت پ، ضم ہ، مغ، سک چ) ف ل.
۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آنا جانا، وارد ہونا، آجانا. ۲. اعلیٰ سے ادنیٰ یا ادنیٰ سے اعلیٰ درجے تک جانا. ۳. میسر ہونا، حاصل ہونا. ۴. (بطور وراثت) ملنا، منتقل ہونا. ۵. آنا، موصول ہونا. ۶. جانا، رسائی پانا، پہنچ ہونا. ۷. زیب دینا، حق ہونا. ۸. (مرتبے وغیرہ میں) بلند ہونا، فائز ہونا. ۹. اونچا ہونا (قد وغیرہ میں) ہم قامت ہونا، طولاً واقع ہونا. ۱۰. (مجازاً) ترقی کرنا. ۱۱. برابری کرنا، لگا کھانا، ہم سر ہونا. ۱۲. ملنا، حصے میں آنا. ۱۳. جاننا، واقف ہونا، سمجھنا. ۱۴. (مجازاً) غافل ہو جانا، سدھ بدھ نہ رہنا، سو جانا. ۱۵. اندر جانا، گھسنا، در آنا. ۱۶. (مجازاً) سپرد ہونا، ذمے ہونا. [س].

پَہُنچی (فت پ، ضم ہ، مغ) امث.
عورتوں کے ایک زیور کا نام جو کلائی میں پہنا جاتا ہے. [س].

پَہِنْنا (فت پ، کس نیز فت ہ، سک ن) ف م.
۱. (i) لباس زیب تن کرنا. (ii) لباس بنانے کا خرچہ برداشت کرنا. ۲. زیور پھول وغیرہ بدن پر سجانا. ۳. کسی چیز کا جسم کے حصے پر استعمال کرنا.

پہنے جگ بھاتا اور کھائے من بھاتا کہاوت. لباس ایسا پہنے جسے دیکھ کر لوگ تعریف کریں اور کھانا اپنی پسند کا کھائے.

پَہیّا (فت پ، کس ہ، شد ی) امذ.
۱. گاڑی کا چاک جس کے زمین پر چلنے سے گاڑی آگے بڑھتی ہے. ۲. مدار، پایہ جس کے بل کوئی چیز حرکت کرے. ۳. چکر، چرخی، (مجازاً) طرز، طریقہ. ۴. لکڑی کا حلقہ جو کنویں میں ڈالتے ہیں. [س].

پَہیلی (فت پ، ی مع) امث.
۱. جملے یا کلام جو ذو معنتین ہو یا اس کے معانی کو الفاظ کی اوٹ میں قصداً اس غرض سے مخفی رکھا گیا ہو کہ مخاطب کی سوجھ بوجھ بآسانی نہ پاسکے. اس کی صورت استفہامیہ بھی ہو سکتی ہے، چیستان، معمہ، بجھاوت. ۲. (مجازاً) گول مول بات، مبہم. [س].

پہیلی بجھانا/بجھوانا محاورہ. ۱. پہیلی بوجھنا کا تعدیہ، چیستان کا حل کرانا. ۲. گول مول باتیں کرنا، صاف صاف نہ کہنا.

پہیلی بوجھنا محاورہ. چیستاں کا حل بتانا، معما حل کرنا، مشکل یا پہلو دار بات سمجھ لینا.

پی (۱) (ی مع) امذ.
معشوق، پیارا، محبوب. ۲. خاوند، شوہر. ۳. مجازاً، خدا (مالک، آقا). [س].

پی ایچ ڈی امث. فلسفہ کا عالم و فاضل اصطلاحاً ایک اعلیٰ تعلیمی ڈگری، ڈاکٹر آف فلاسفی (فلاسفی بمعنی کسی بھی مضمون کی تحقیق اعلیٰ)، (Philosophiae Doctor کا مخفف) جو کسی بھی مضمون میں ہو سکتی ہے. [انگ].

پے (۱) (ی مج نیز لین) (الف) امذ؛ امث.
۱. پاؤں، قدم؛ نقش پا. ۲. نشان، علامت، سراغ، راستہ. (ب) صف؛ م ف. ۱. پیچھے، عقب میں. ۲. واسطے، صدقے میں، طفیل میں، وسیلہ سے (اضافت کے ساتھ). [ف].

پے آنا محاورہ. ۱. گھوڑے کے سم میں کانٹا چبھنا. ۲. گھوڑے کے اگلے پیروں (اور کبھی پچھلے پیروں) کی نلی کا پٹھا موٹا ہو جانا، اس کے سبب سے

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

گھوڑے کو چلنے میں تکلیف ہوتی ہے اور پاؤں بدصورت ہو جاتے ہیں ۔

پیادَہ (کس پ ، فت د) (الف) اند : صف .
۱. سوار کا نقیض ، پیدل ۲. سرکاری ہرکارہ ، چپراسی ، کوتوال یا حاکم کا نوکر ۳. پیدل فوج کا سپاہی ۴. شطرنج کا سب سے چھوٹا مہرہ . (ب) م ف . بغیر سواری کے ، پاؤں پاؤں ، پیدل . [ف] .

پیادہ پا (الف) اند : م ف . پیدل ، سواری کے بغیر . (ب) اند . اسم کیفیت ، پیادہ پائی .

پیار (کس پ ، ی ج) اند .
۱. الفت ، محبت ، پریم ، التفات ۲. پوشیدہ جذبہ محبت ، اخلاص . ۳. مہربانی ، شفقت ، کرم ، عنایت . [س] .

پیار آنا محاورہ . ۱. عشق ہونا ، محبت ہونا ، چاہ ہونا ، دوستی ہونا ، اچھا لگنا ، دل آنا . ۲. رحم آنا ، ترس آنا .

پیار کرنا محاورہ . دل سے چاہنا ، عشق کرنا ، عزیز رکھنا .

پیار کی نظر است . رک : پیار کی آنکھ کے ڈال دیں .

پیار ہونا محاورہ . رغبت یا تعلق ہونا ، محبت ہونا ، خلوص ہونا ، چاہت ہونا .

پیارا (کس پ تیزی ج) مذ : صف ، اند .
۱. معشوق ، دلبر ۲. عزیز ، قریب ، یگانہ ۳. (مجازاً) بیٹا ، فرزند ۴. چہیتا ، لاڈلا ، محبوب ۵. اچھا ، عمدہ ۶. وہ جس سے محبت کی جائے ۷. قابل قدر یا قریبی رشتے کا . [س] .

پیارا لگنا محاورہ . پسند آنا ، بہت اچھا معلوم ہونا ، بھلا لگنا .

پیارے (کس پ) کلمہ ندا .
پیارا کے لیے کلمہ تخاطب (محبت یا بے تکلفی ظاہر کرنے کے لیے) اے محبوب ، اے دوست ، اے دلدار .

پیاز (کس پ) است .
ایک پودے کی بو دار اور پرت در پرت جڑ جو مختلف طریقوں سے کھائی جاتی ہے اور کھانوں میں ڈالتے ہیں بطور دوا بھی استعمال ہوتی ہے اس کے ہر ایک عدد کو گٹھی یا گنٹھی کہتے ہیں . [ف] .

پیاز کے سے چھلکے اُدھیڑ کر (کے) رکھ دینا محاورہ . بری گت بنانا ، برا بھلا کہنا .

پیازی (کس پ) (الف) صف .
وہ چیز جو پیاز کا رنگ رکھتی ہو ، ہلکا سرخ یا ہلکا گلابی رنگ . (ب) اند . ۱. ایک قسم کا لعل جو نہایت خوش رنگ اور قیمتی ہوتا ہے . [ف] .

پیاس (کس پ) است .
۱. پانی پینے کی خواہش ، تشنگی ۲. (مجازاً) تمنا ، خواہش ، آرزو ۳. بچوں کے ایک مرض کا نام جس میں تشنگی بہت زیادہ ہوتی ہے ، تونس .
اف : اٹھانا / لگانا / ہونا . [س] .

پیاس بجھانا محاورہ . ۱. تشنگی دور کرنا ، پانی کی خواہش پوری کرنا ۲. خواہش پوری کرنا ، آرزو بر لانا ، ضرورت پوری کرنا ۳. تسکین دینا ، دلاسا دینا .

پیاس بجھنا محاورہ . تشنگی دور ہونا ، تسکین ہونا ؛ خواہش پوری ہونا .

پیاس کے مارے پپڑیاں بندھنا محاورہ . انتہائی شدت میں ہونٹوں پر خشکی آ جانا .

پیاس کے مارے جان نکلنا محاورہ . پیاس کی اتنی شدت ہونا کہ جس میں پیاسا قریب المرگ ہو جائے .

پیاسا (کس پ) صف مذ .
۱. تشنہ ، جسے پانی پینے کی خواہش ہو ۲. (مجازاً) مشتاق ، آرزو مند ۳. (مجازاً) حاجت مند ، غرض مند ، ضرورت مند ، خواہش مند . [س] .

پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے ، کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا کہاوت . ضرورت مند اپنی حاجت پوری کرنے کے لیے حاجت روا کے پاس جاتا ہے ، حاجت روا کو ضرورت مند کے پاس آنے کی کیا ضرورت .

پیاسا مارنا محاورہ . (مجازاً) تڑپانا ، بے قرار کرنا .

پیاک (کس پ) صف مذ .
بلانوش ، بہت شراب پینے والا . [ ] .

پیالَہ (کس پ ، تیزی ج ، فت ل) اند .
۱. کھلے منہ کا گول اور گہرا کھانے پینے کی گاڑھی یا رقیق چیزوں کے استعمال کا برتن ، کٹورا ، شراب پینے کا ظرف یا جام ، ساغر ۲. بھیک کا ٹھیکرا ، کاسۂ گدائی ۳. پھول کا کٹوری نما حصہ ۴. (تصوف) کنایہ ہے چشم محبوب کی طرف ، بعضوں نے لکھا ہے کہ ہر ذرہ موجودات سے بمنزلہ پیالہ کے ہے جس سے عارف شراب معرفت پیتا اور اس

سے مست و بے خود ہوتا ہے اور بعضوں نے پیالہ سے دل سالک مراد لیا ہے۔ [ف].

پیالہ بھر جانا محاورہ۔ (مجازاً) دن پورے ہو جانا، عمر تمام ہو جانا (عموماً زیست حیات وغیرہ کے ساتھ)۔

پیالہ پلانا محاورہ۔ ۱۔ مرید کرنا، معتقد بنانا ۲۔ شراب کرنا، معتقد بنانا۔

پیالہ چڑھانا محاورہ۔ شراب پینا۔

پیالہ لبریز ہونا محاورہ۔ ۱۔ وقت پورا ہو جانا، موت آ جانا ۲۔ پیالہ چھلک اٹھنا، حد سے باہر نکل جانا۔

پیالہ نوالہ اند۔ کھانا پینا۔

پیالی (کس پ) اند۔
پیالہ کی تصغیر، چھوٹا پیالہ ۲۔ مجازاً گڑھا، گہرائی۔

پیام (فت پ) اند۔
۱۔ قول یا حکم جو دوسرے کے ذریعے سے پہنچایا جائے ۲۔ خوشی کی خبر۔ ۳۔ شادی طے کرنے کی بات چیت ۴۔ بلاوا، دعوت، پیش کش۔ ۵۔ زبانی سوال، عرض یا درخواست۔ [ف].

پیام بر صف۔ کسی کی بات قول تحریر یا حکم کو دوسرے تک پہنچانے والا، قاصد، ایلچی، سفیر، نامہ بر۔

پیام رساں صف، اند۔ دیکھیے: پیام بر۔

پیام (و) سلام اند۔ ۱۔ دوسرے کی معرفت کسی بات کا سوال جواب کرنا؛ زبانی بات چیت، سوال و جواب ۲۔ میل جول، تعلقات۔ اف: کرنا/ہونا۔

پَیامی (فت پ) صف۔ پیام بر، سفیر، نامہ بر، ایلچی۔ [ف].

پیانو (کس پ، وج) اند۔
ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی باجا جو ہاتھوں اور پاؤں سے بجایا جاتا ہے اور جس میں سر اور لے دونوں کا اہتمام ہوتا ہے۔ [انگ].

پِیپ (کس پ) است۔
وہ سفید مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑ جاتا ہے۔ [س].

پیپا (ی مع) اند۔
۱۔ جست کی چادر تیز ٹین کا بنا ہوا گول مستطیل یا چوکور شکل کا برتن جس میں گھی تیل اور دوسری اشیاء رکھی جاتی ہیں، کنستر ۲۔ لکڑی کی پٹیوں سے تیار شدہ گول (ڈھول سے مشابہ) شراب کا مٹکا ۳۔ سیال چیزوں کی مقدار کا پیمانہ یا ان کے رکھنے کا ظرف ۶۔ (مجازاً) بہت موٹا؛ بہت شراب پینے والا۔ [انگ].

پیپر (ی ج، فت پ) اند۔
۱۔ کاغذ ۲۔ اخبار، گزٹ، پرچہ۔ [انگ].

پیپر ویٹ اند۔ ۱۔ کاغذوں کو دبانے کا وزن (بٹا) جو شیشے کا ہوتا ہے، دھات شیشے یا لکڑی کی کوئی وزنی چیز جو کاغذوں کو اڑنے سے محفوظ رکھنے کے لیے ان پر رکھی جائے ۲۔ وہ اوزار جس سے کاغذ کو ہموار اور چکنا کرتے ہیں، گھوٹا۔ [انگ].

پیپرمنٹ (ی ج، فت پ، سک ر، کس م، سک ن) اند۔
پودینے کے ست کی گولیاں۔ [انگ].

پیپل (۱) (ی مع، فت پ) اند۔
برگد کی نوع کا ایک بڑا سایہ دار درخت پان سے مشابہ اور چکنے ہوتے ہیں اور آگے کی طرف لمبی گاودم نوک ہوتی ہے۔ چھال سفید اور چکنی ہوتی ہے۔ ہندو اس درخت کو بہت مقدس و متبرک مانتے ہیں۔ [س].

پیپل (۲) (ی مع، فت پ) است۔
(طب) ایک بیل دار بوٹی کا پھل جو شکل میں شہتوت خام کے مشابہ لیکن اس سے چھوٹا اور باریک ہوتا ہے خشک ہونے پر سیاہی مائل خاکستری ہو جاتا ہے اس کا مزہ مرچ سیاہ کے مانند تیز و تلخی مائل ہوتا ہے، فلفل دراز۔ [س].

پیپلی (ی مع، سک پ) است :- پپلی۔
۱۔ پیپل کا پھل ۲۔ (کنایتاً) زبان کے بیچ کا حصہ جو کسی بیماری کے سبب ابھر کر پیپلی نما بن جاتا ہے یا ایسی کئی ابھرواں اشکال جو پیپلی کی طرح معلوم ہوں۔

پیت (ی مع) است۔
۱۔ محبت، پریم، عشق، لگاؤ، انس، الفت، چاہت، پریت ۲۔ خوشی، مسرت، انبساط ۳۔ (مجازاً) خدا کی محبت۔ [س].

پیت کی ریت (ہی) نرالی کہاوت۔ محبت کا انداز ہی اور ہے، محبت کا

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

راستہ ہی الگ ہے۔

پت لگانا محاورہ۔ محبت کرنا۔

پت نہ جانے جات کجات کہاوت۔ محبت کے جوش میں ذات پات اور شریف کمینے کا لحاظ نہیں رہتا۔

پِتابا (ی مع) اند۔

دیکھیے: پاتابہ؛ چمڑا جس کو جوتے میں سائز صحیح کرنے کے لیے رکھتے ہیں۔

پِتامبر (ی مع، سک م، فت ب) (الف) اند۔

زرد رنگ کا ریشمی کپڑا، زرد پوشش۔ (ب) صف مذ۔ (مجازاً) جوگی جو زرد کپڑے پہنے ہوئے ہو، ناچنے والا، تماشے والا، رقاص، ایکٹر۔

پَینترا (ی لین، ک ت) اند؛ ~ پینترا۔

(سپاہ گری) کشتی یا پٹے کا داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ یا ڈھنگ یعنی حریف پر وار کرنے یا اس کے وار کو روکنے کے لیے خاص چال سے جسم کو چراتے اور بچاتے ہوئے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا ۔۲۔ سراغ نیز ترکیب۔

پینترا بدلنا محاورہ۔۱۔ (سپاہ گری) کشتی یا پٹے کے وقت قاعدے کے بموجب پاؤں آگے پیچھے رکھنا، ٹھاٹھ سے کھڑا ہونا ۔۲۔ فن سپہ گری دکھانا ۔۳۔ ناز و انداز سے چلنا۔

پیتَل (ی مع، فت ت) اند۔

ایک قسم کی زرد اور مرکب دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے۔ [س]۔

پیتَم (ی مع، فت پ) اند۔

۱۔ نہایت پیارا، محبوب، پریتم ۔۲۔ (مجازاً) خاوند، شوہر۔ [س]۔

پیٹ (۲) (ی مع) اند۔

دلدلی کوئلہ، کان سے نکلا ہوا کوئلہ، پتھر کا کوئلہ۔ [انگ]۔

پیٹ (ی مج) اند۔

۱۔ بدن کے سامنے کا وہ حصہ جو پسلیوں سے نیچے اور کمر سے ملا ہوتا ہے، شکم، بطن ۔۲۔ حمل، گربھ ۔۳۔ (مجازاً) اولاد ۔۴۔ خوراک، غذا، روزی ۔۵۔ (i) گنجائش، سمائی۔ (ii) کسی ظرف کا وہ وسطی حصہ جو باہر کی طرف نکلا ہو ۔۶۔ بھوک، اشتہا ۔۷۔ دائرے کا اندرونی حصہ، محیط کے اندر کی سطح وسط، درمیانی ۔۸۔ رحم، بچہ دان، کوکھ؛ (مجازاً) ماں باپ۔ [س]۔

پیٹ بری بلا ہے کہاوت۔ بھوک آدمی کو مجبور و بے بس کر دیتی ہے، بھوک بری چیز ہے۔

پیٹ بھرا صف مذ۔۱۔ شکم سیر، اگھایا ۔۲۔ وہ جسے کسی چیز کی احتیاج خواہش اور ضرورت نہ ہو، بے پروا، بے فکرا، آزاد؛ مستغنی، آسودہ حال، فارغ البال، دولت مند ۔۳۔ مغرور۔ اف: ہونا

پیٹ بھرا کیا جانے بھوکے کی قدر کہاوت۔ مال دار آدمی کسی غریب کی تکلیف کو محسوس نہیں کرتا۔

پیٹ بھر کر / کے م ف۔۱۔ (i) سیر ہو کر، جی بھر کے، خاطر خواہ۔ (ii) پوری طرح ۔۲۔ بے حد، بہت زیادہ ۔۳۔ بری طرح، پورے طور پر ۔۴۔ اچھی طرح، خوب خوب، اس طرح کہ کوئی کسر باقی نہ رہے۔

پیٹ بھرنا محاورہ۔۱۔ غذاؤں سے بھوک کی خواہش پوری کرنا، شکم کو سیر کرنا ۔۲۔ کسی ضرورت، خواہش کا پورا ہونا ۔۳۔ مال و دولت لوٹنا، لوٹ کر اندوختہ کرنا ۔۴۔ گزر بسر کرنا، گزران کرنا ۔۵۔ اُکتا جانا، گھبرا جانا۔ ۶۔ مال دار ہونا، مستغنی ہونا۔

پیٹ بھرے کی باتیں کہاوت۔ فارغ البالی کی باتیں، فراغت کی گفتگو، غرور کی باتیں۔

پیٹ پالنا محاورہ۔۱۔ بمشکل گزران کرنا، وقت سے گزارہ کرنا، مشکل سے کما کر کھانا، روزی کمانا ۔۲۔ اپنے نفس کی خواہش پوری کرنا، آپ ہی آپ موجیں اڑانا، خود غرض ہونا ۔۳۔ پیٹ بھرنا، شکم پری کرنا، بھوک مٹانا ۔۴۔ روزی کمانا، پیٹ بھرنا۔

پیٹ پانی ہونا محاورہ۔۱۔ پتلے یا پانی جیسے دست آنا، تخمہ ہونا، سوئے ہضمی ہو جانا ۔۲۔ بہت زیادہ ڈرنا، ہولنا ۔۳۔ بہت پریشان ہونا، سٹ پٹا جانا، بوکھلا جانا، خوف زدہ ہونا۔

پیٹ پوجا امث۔ شکم پری، نفس پرستی۔

پیٹ پھٹ جانا / پھٹنا محاورہ۔۱۔ کسی چیز کا درمیانی حصہ شگافتہ ہو جانا۔ ۲۔ اندر بھری ہوئی چیز کا یک لخت نکل پڑنا ۔۳۔ ہنسی کے مارے بے تاب ہونا ۔۴۔ حسد کرنا، رشک کرنا ۔۵۔ بچہ پیدا ہونا، وضع حمل ہونا ۔۶۔ دور ہونا، ناپید ہونا، غارت ہونا ۔۷۔ (چاول کا) پھول کر شق ہو جانا۔

پیٹ سب رکھتے ہیں مقولہ۔ مادی ضروریات سب کی ہوتی ہیں۔

پیٹ سے (باہر) پاؤں نکالنا محاورہ. ۱. ناشائستہ حرکات کرنا ، بدوضعی اختیار کرنا ، بدراہ ہونا .۲. اپنی چھپی ہوئی خباثت طبع کو ظاہر کرنا ، شرارت پر آمادہ ہونا ، بدی پر آنا .۳. اپنی والی پر آنا ، اپنی بات منوانا . ۴. بڑھ چلنا ، حد سے تجاوز کرنا .۵. اترانا ، نخرا کرنا ، ناز کرنا .

پیٹ سے ہونا محاورہ. حاملہ ہونا ، پیر بھاری ہونا .

پیٹ کاٹنا محاورہ. ۱. معمولی خوراک سے کم کھانا ، کم کھا کر گزر کرنا ؛ اپنے اوپر سختی جھیلنا ، اپنی ضروریات واقعی کو کم کرنا .۲. معمولی خوراک سے کم کھلانا ، بھوکا مارنا ، حق تلفی کرنا .

پیٹ کا دھندا امذ. ۱. کھانے پینے کی تدبیر ، معاش کی فکر .۲. روزگار ، کاروبار ، محنت مزدوری ، پیشہ .

پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا ، تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں کہاوت. کپڑوں پر سب کی نظر ہوتی ہے ، ظاہر کو سب دیکھتے ہیں باطن کو کوئی نہیں جانتا ، ایسے موقع پر بولتے ہیں جب ظاہر داری برتنا ضروری ہو جائے یا کسی بھی معاملے میں بعض باتوں کا اظہار ایک ضرورت ہو .

پیٹ کا ہلکا صف مذ. جو راز افشا کر دے ، وہ شخص جسے بات نہ پچے ، تنگ ظرف ، اوچھا .

پیٹ کی آگ آنچ امث. ۱. ماں کی ممتا ، الفت مادری .۲. اولاد ، بال بچے. ۳. بھوک ، اشتہا .

پیٹ کی آگ (آنچ) بجھانا محاورہ. بھوکے کو کھلانا ، کسی کا پیٹ بھرنا ، کھانا کھلانا .

پیٹ کے بل م ف. اوندھا .

پیٹ کے لیے / واسطے م ف. کسب معاش کی خاطر ، روزی بہم پہنچانے کی غرض سے .

پیٹ کھائے اور آنکھ لجائے ، زبان لڑکھڑائے کہاوت. آدمی جس کا دیا کھاتا ہو یا جس کا محتاج ہو اس کے سامنے شرم سے کوئی ایسی بات نہیں کہہ سکتا جو اسے ناگوار گزرے .

پیٹ گرانا محاورہ. اسقاط حمل کرنا ، اخراج جنین کرنا .

پیٹ مارنا محاورہ. ۱. بھوک سے کم کھانا ، کھانے میں کمی کرنا ، پیٹ خالی رکھنا .۲. خودکشی کرنا ، پیٹ میں چھری مار لینا ، اپنی جان پر کھیل جانا . ۳. نفس کشی کرنا .

پیٹ میں آگ لگنا محاورہ. بھوک کی وجہ سے بے قرار ہو جانا ، بھوک سے تڑپنا .

پیٹ میں آنت نہ منھ میں دانت کہاوت. بوڑھا پھوس ، بہت ہی بوڑھا

پیٹ میں بات رکھنا محاورہ. کسی سے دل کا بھید نہ کہنا ، راز مخفی رکھنا .

پیٹ میں بل پڑنا / پڑ پڑ جانا محاورہ. ۱. ہنسی کے مارے پیٹ میں درد ہونے لگنا ، ہنسی کی شدت سے پیٹ میں شکن پڑنا .۲. بھوک کی شدت سے پیٹ میں مروڑ ہونا .

پیٹ میں پاؤں ہونا محاورہ. نہایت مکار ہونا ، باطن میں شرارت ہونا .

پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بے چارا کہاوت. ۱. مال دار ہو کر دون کی لینا ، دولت مندی کی وجہ سے پچھلی حالت کو بھول جانا .۲. کھایا تو طاقت آئی ؛ مدد ملی تو شرارت کی .

پیٹ میں پڑنا محاورہ. ۱. کسی کھانے کی چیز کا پیٹ میں جانا ، حلق سے نیچے اترنا ، کھانے کو ملنا .۲. نطفہ قرار پانا ، حمل رہنا .

پیٹ میں چوہے دوڑنا محاورہ. ۱. گھبرا جانا ، سٹپٹا جانا .۲. بھوک سے بے قرار ہونا .

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا محاورہ. بچپن میں بوڑھوں کی سی باتیں ظاہر ہونا (چالاک لڑکے کی نسبت بولتے ہیں) .

پیٹ میں ڈالنا محاورہ. ۱. بے رغبتی سے کھانا ، زہر مار کرنا ؛ کوئی بات یا مشورہ گوش گزار کرنا .۲. دوسرے کو کھلانا .

پیٹ میں ہول اٹھنا / سمانا محاورہ. پریشان ہونا ، بہت گھبرانا .

پیٹ والی صف مث. حاملہ .

پیٹا (ی ج) امذ.

۱. (i) (پتنگ بازی) اڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور کا جھول جو کم ہوا یا وزنی ہونے کے باعث ڈور میں ڈھیل کے پیدا ہونے سے نمایاں ہوتا ہے. (ii) پتنگ کا کانپ کے اندر کا حصہ .۲. دریا کے بہنے کا راستہ ، دریا کا پاٹ .۳. (سنگ تراش) پتھر کی سل کا سطح اور ہموار رخ ، صاف اور سیدھی رو کار .۴. دور ، گولائی ، گھیر ، قطر .۵. (i) (قصاب)

حیوانات کا اوجھ ، چھوٹے جانور مثل بھیڑ بکری وغیرہ کا معدہ ، اوجھڑی . (ii) پیٹ ، شکم . ۶. چوڑائی ؛ لمبائی . ۷. بہی کھاتے کے پنے (ورق) کا متن یعنی حاشیے کے اندر کی جگہ ، مراد : اصل تحریر جو صفحے کا حاشیہ چھوڑ کر لکھی جائے نیز تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے . ۷.(i) جوف ، کسی چیز کا وسط . (ii) نہر یا دریا کا جوف. ۸. کسی تنی ہوئی چیز کا جھول . ۹. حمایت ، قابو ، بس . ۱۰. (i) اندازے کے مطابق عمر کا قیافہ یا حد . (ii) تخمینے کے حساب سے ، قریب قریب ، لگ بھگ . [س].

پٹرول (ی ج ، سک ٹ ، ولین) اند.
دیکھیے : پٹرول . ایک معدنی تیل جو کیمیائی طریقوں سے صاف کر کے تیار کیا جاتا ہے ، موٹر گاڑیوں اور دوسرے انجنوں میں استعمال ہوتا ہے .

پیٹنا (ی مع ، سک ٹ) ف م.
۱. مارنا ، جسمانی سزا دینا . ۲. رونا ، نوحہ و ماتم کرنا . ۳. چپٹا کرنا ، چوڑا کرنا ، کوٹنا . ۴. (کسی چیز پر صفائی کی غرض سے کوئی چیز) زور زور سے مارنا . ۵. کمانا ، حاصل ہونا . ۶. اندیشہ کرنا ، فکر کرنا (عموماً دن وغیرہ کے ساتھ) . ۷. (شطرنج چوسر وغیرہ میں) گوٹ مارنا ، مہرا مارنا ، مات دینا . ۸. کسی کے ماتم میں سر پیٹنا یا سینہ کوٹنا . ۹. سختی جھیلنا ، زحمت اٹھانا . ۱۰. (کھیل) ضرب لگانا ، گیند کو بلے یا ہاکی وغیرہ سے مارنا . [س].

••• پیٹنا .
زور زور سے مارنا ؛ بجانا وغیرہ معنی میں تراکیب میں مستعمل ، دیکھیے : ڈھول پیٹنا ، سر پیٹنا ، سینہ پیٹنا ، منھ پیٹنا وغیرہ .

پیٹو (ی ج ، و مع) صف مذ ؛ مث : پیٹو . (و ج).
۱. بہت کھانے والا ، اکال . ۲. کھانے کا لالچی . ۳. حریص ، لالچی .

پیٹی (ی ج) امث .
۱. چمڑے کپڑے یا زر دوزی کا چوڑا پٹا جو کمر سے باندھتے ہیں . ۲. وہ ڈورا جو بلبل یا بٹیر کی کمر میں اس غرض سے باندھتے ہیں کہ ہاتھ پر بٹھا کر لیے پھریں ؛ ایک کپڑا جو زچہ اور بچے کی کمر سے باندھتے ہیں ؛ بیٹنے کا استر . ۳. چمڑے کی پٹی جو مشینوں کے پہیوں پر دوسرے پہیے کو چکر دینے کے لیے چڑھائی جاتی ہے . ۴. (معماری) پاڑ کے عرض کی لکڑی یا لکڑیاں جس پر معمار کے بیٹھنے اور مسالا رکھنے کو پڑی تختہ وغیرہ ڈالا جا سکے ، کمر پیٹی . ۵. (i) چمڑے دھات لکڑی یا پلاسٹک وغیرہ کا چھوٹا صندوقچہ یا صندوقچی جس میں نقدی یا زیورات رکھے جائیں . (ii) مسجد ، مندر یا مزارات پر رکھا ہوا چڑھاوے کے پیسے رکھنے کا ڈبہ ، نذرانے کا صندوق . ۶. لکڑی کا صندوق ، جست کا ٹرنک یا چمڑے کا سوٹ کیس وغیرہ . ۷. چیڑ یا معمولی لکڑی کا وہ بکس یا ڈبا جس میں مختلف سامان پھل وغیرہ اندرون ملک یا دساور بھیجا جاتا نیز جنگ کے زمانے میں گولہ بارود کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ، کھوکھا . [س].

پیٹی اتارنا / اترنا محاورہ . سپاہی کو معطل کرنا یا سپاہی کا معطل ہونا .

پیٹی کوٹ (الف) اند . (پاک و ہند) سایا ، لہنگا ، گھگرا ، گھاگھرا ، ساڑی کے نیچے پہنا جانے والا زیر جامہ جو غرارے نما لیکن ایک پائینچے کا ہوتا ہے . (ب) امث . اسکرٹ .

پیٹے (ی ج) اند.
پیٹا کی جمع یا مغیرہ حالت ، قریب قریب ، لگ بھگ ، تخمینے کے حساب سے (تراکیب میں مستعمل) .

پیٹھ (ی مع) امث ؛ پیٹ.
۱. بدن کا پیچھے کا حصہ ، پشت ، پچھایا . ۲. پیچھے ، عقب . ۳. دیکھیے : پیٹ . ۴. کسی چیز کا اوپری یا بیرونی حصہ . ۵. پیڑھی ، نسل ، پشت . ۶. صلب (مرد کی پیٹھ میں مادہ منویہ کا گوشہ) . ۷. مدد ، حمایت ، پناہ . [س].

پیٹھ پر کا صف مذ ؛ مث : پیٹھ پر کی . ۱. بعد کا ، پیچھے کا ، بعد میں پیدا ہونے والا (بچہ یا بچی) . ۲. چھوٹا بھائی ؛ چھوٹی بہن .

پیٹھ پر ہاتھ رکھنا محاورہ . سرپرستی کرنا ، تسلی دینا .

پیٹھ پر ہونا محاورہ . مدد دینا ، حمایتی بننا . ۲. کسی بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا .

پیٹھ پیچھا / پیچھے م ف . ۱. غیبت میں ، غیر حاضری یا غیر موجودگی میں . ۲. (مجازاً) مرنے کے بعد .

پیٹھ پیچھے ڈوم راجہ کہاوت . افسر کی غیر حاضری میں چھوٹے سے چھوٹا آدمی بھی حکم چلاتا ہے .

پیٹھ پھیرنا محاورہ. ۱. میدان سے بھاگ جانا. ۲. رخصت ہونا، روانہ ہونا، جانا. ۳. منہ موڑنا، اعتراض کرنا، بیزاری یا نفرت کی وجہ سے ایک طرف سے دوسری طرف منہ کر لینا. ۴. رخ بدلنا، مڑ کر بیٹھنا. ۵. کروٹ بدلنا، منھ پھیر کر لیٹنا. ۶. (مجازاً) مر جانا، انتقال کر جانا، رحلت کرنا، دنیا سے گزر جانا.

پیٹھ ٹھوکنا / ٹھونکنا محاورہ. ۱. شاباش دینا، حوصلہ بڑھانا، ہمت بندھانا. ۲. پیار کرنا، چمکارنا.

پیٹھ دکھانا محاورہ. ۱. روانہ ہونا، رخصت ہونا، سفر کو جانا. ۲. لڑائی سے بھاگ جانا، شکست کھانا، راہ فرار اختیار کرنا. ۳. عورت سے بے رخی کرنا، بے وفائی کرنا، عہد شکنی کرنا. ۴. فریب دینا، چال کرنا؛ چل بسنا، مر جانا.

پیٹھ موڑنا محاورہ. منہ موڑنا، دغا دینا، روانہ؛ شکست کھانا، میدان سے بھاگ جانا.

پیٹھا (۱) (ی مع) اند.
ایک قسم کی مٹھائی جو چاول کے آٹے کو ناریل کے ساتھ شکر ملا کر بناتے ہیں. [س].

پیٹھا (۲) (ی مج) اند.
ایک پھل کا نام جو گول کدو کی شکل کا ہوتا ہے، اس کا مربا اور مٹھائی بناتے ہیں. [س].

پیٹھے میں م ف.
قریب قریب ہونا.

پی جانا ف ل.
۱. دیکھیے: پینا، (مجازاً) (بات سن کر) خاموش ہو جانا: برداشت کرنا، ضبط کرنا، (غصہ، گالی، ناگوار بات کا). ۲. کچھ کہنے کا ارادہ کر کے نہ کہنا.

پیچ (ی مع) اث.
(اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب غربا پیتے ہیں، دھوبی کلف بناتے اور کاغذی اہار کے کام میں لاتے ہیں، بچوں کے دست کی زیادتی میں پلانا بھی مفید ہے، چاولوں کا پساؤ، کانجی. [س].

پیچ بس ہزار نعمت ہائی / کھائی کہاوت. ۱. تھوڑی راحت کے لیے بہت رنج برداشت کیا اب ضبط کی طاقت نہیں. ۲. جو کھانے کو مل گیا نعمت سمجھ کر خدا کا شکر بجا لائے.

پیچ (ی مج). ۱. بل، شکن، اُلجھاؤ. ۲. (i) کشتی کا داؤ، بند، ہتھکنڈا. (ii) (شمشیر زنی، نیزہ بازی، بنوٹ وغیرہ کا) داؤ، گھات. ۳. وہ کیل جس میں چوڑیاں کٹی ہوئی ہوں، کابلہ، اسکرو. ۴. (مجازاً) فریب، دھوکا، چال. ۵. پتنگ بازی میں ایک پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ کی ڈور پر پڑ جانا. [ف].

پیچ پانچ کی باتیں اث. شرارت کی باتیں، گھماؤ پھراؤ کی باتیں، چالاکی اور مکاری کی باتیں.

پیچ بر پیچ اند. یکے بعد دیگرے سخت مشکل، پے در پے پیچیدگی. اف: پڑنا/ سہنا/ ہونا/ دکھلانا/ بندھنا.

پیچ بر پیچ کھانا محاورہ. ۱. بے تاب ہونا، بے چین ہونا، تاؤ کھانا. ۲. غصے سے بے تاب ہونا.

پیچ دار صف. ۱. بل کھایا ہوا، مڑا ہوا، پیچیدہ. ۲. پیچیدہ، مشکل.

پیچ در پیچ صف. ۱. نہایت پیچیدہ، الجھا ہوا. ۲. ٹیڑھا میڑھا (راستہ)، پیچیدہ، بل کھایا ہوا، پیچ دار. ۳. نہایت مشکل، بڑا کٹھن. ۴. مبہم، گنجلک.

پیچ ڈالنا محاورہ. ۱. فریب دینا، چال چلنا. ۲. خلل ڈالنا، رکاوٹ پیدا کرنا، جھگڑا پیدا کرنا. ۳. فریب کا جال بچھانا، چال چلنا. ۴. مشکل میں پھنسانا، الجھانا، پیچیدگی بڑھانا. ۵. ایک پتنگ کی ڈور کو کاٹنے کی غرض سے دوسرے پتنگ کی ڈور پر ڈالنا؛ داؤ کرنا.

پیچ کس / کش اند. ۱. ایک اوزار جس سے پیچ (اسکرو) کھولتے یا کستے ہیں، اسکرو ڈرائیور. ۲. چھاپنے کی مشین کا پیچ گھمانے والا شخص.

پیچ کسنا محاورہ. ڈبری یا پیچ کو چوڑیوں کے گھٹانے، بڑھانے سے سخت کرنا؛ بندش کرنا، قید و بند عائد کرنا.

پیچ کی بات اث. وہ بات جس کا ظاہری مطلب کچھ اور ہو لیکن اندر کچھ اور ہو، گھماؤ پھراؤ کی بات.

پیچ کھانا محاورہ. ۱. بل کھانا، اینٹھنا. ۲. جی ہی جی میں کڑھنا، پیچ تاب کھانا. ۳. چکر کھانا، فضا یا پانی میں بل کھانا، گھومنا. ۴. فریب کھانا دھوکے میں آنا. ۵. سرگرداں رہنا، غور و تامل کرنا.

پیچ کھلنا محاورہ. ۱. بل دور ہونا، سلجھنا. ۲. بل یا لپیٹ کھل جانا، پگڑی کا پیچ کھلنا. ۳. بھید ظاہر ہونا، راز فاش ہونا. ۴. سمجھ میں آ جانا، عقدہ وا ہونا. ۵. مشکل حل ہونا.

پیچ لڑانا محاورہ. ۱. اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور دوسرے اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور پر ڈال دینا، لاؤ لنگر لڑانا. ۲. چال چلنا، جل دینا؛ تدبیر کرنا.

پیچ و تاب اند. ۱. فکر، اندیشہ، تشویش، تردد. ۲. بل، خم. ۳. اضطراب، بے قراری، بے چینی. ۴. غم و غصہ، قہر و غضب. ۵. کش مکش، شش و پنج.

پیچ و تاب کھانا محاورہ. ۱. (مجازاً) غم و غصہ کرنا، رشک و حسد سے جلنا، جھلانا، اندر ہی اندر غم و غصے سے گھٹنا، نہایت غضب ناک ہونا. ۲. جوش جذبات سے بھڑکنا.

پیچ و خم اند. ۱. بل، کجی، موڑ، چکر. ۲. نشیب و فراز، اونچ نیچ، مصلحت، اچھائی برائی. اف: کھانا/ ہونا.

پیچاں (ی ج) صف.

۱. بل کھایا ہوا، بل دار، لپٹا یا مڑا ہوا. ۲. (مجازاً) حیران، پریشان (غلطاں کے ساتھ). ۳. لپٹا یا مڑا ہوا، اندر کی طرف رخ دار. [ف].

پیچدار (ی ج، سک چ) صف.

پیچ کا تحتی، دیکھیے: پیچ دار.

پیچش (ی ج، کس چ) است.

ایک قسم کی بیماری جس میں مروڑ ہو کر پاخانے کے ساتھ آنوں آتی ہے. [ف].

پیچوان (ی ج، سک چ) اند.

ایک قسم کا فرشی حقہ جس کی نے لچک دار، ملائم اور کافی لمبی ہوتی ہے جس کا نیچا لوہے یا جست کے تار لپیٹ کر بناتے ہیں اور اسے پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں.

پیچوانہ (ی ج، سک چ، فت ن) صف.

پتوں کی ابتدائی لپٹواں حالت جو نشو و نما کے ساتھ ساتھ کھلتی جاتی ہے.

پیچہ (ی ج، فت چ) (الف) اند.

۱. سوراخ کرنے کا پیچ دار برما. ۲. وہ پودا جس کی شاخیں زمین تک پھیلی یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں، بیل، لتا. (ب) صف. وہ چیز جس میں پیچ لگا ہو، پیچ والا، چوڑی دار.

پیچیدگی (ی ج، ی مع، سک د) است.

۱. مروڑ، بل. ۲. الجھاؤ، دقت، مشکل.

پیچیدہ (ی ج، ی مع، فت د) صف.

۱. بل کھایا ہوا، مڑا ہوا، پیچاں، لپٹا ہوا. ۲. پیچ در پیچ؛ کٹھن، دقت طلب، الجھا ہوا. ۳. مبہم، گنجلک؛ گول مول. ۴. دشوار گزار، ٹیڑھا میڑھا. ۵. ادق، مشکل. ۶. لپٹا ہوا، تہہ کیا ہوا. ۷. پیچ دار، الجھا ہوا.

پیچیدہ ہونا محاورہ. ۱. بل کھانا، پیچ کھانا، چکر لگانا. ۲. گونجنا، گھومنا. ۳. گنجلک ہونا، دشوار گزار ہونا، مبہم ہونا.

پیچھا (ی مع) اند.

۱. عقب، پشت، پیٹھ کی سمت. ۲. پچھلا حصہ. ۳. لباس کا پچھلا حصہ. ۴. غائبانہ؛ تعاقب.

پیچھا پکڑنا محاورہ. ۱. ہر وقت کسی کے ساتھ لگا رہنا، پنڈ نہ چھوڑنا، تعاقب کرنا. ۲. درپے آزار ہونا، سر ہونا، ستانا.

پیچھا چھڑانا محاورہ. ۱. پیچھا چھٹانا. ۲. خلاصی دینا، چھٹکارا دینا، نجات دلانا، جان بچانا.

پیچھا چھوٹنا محاورہ. آزاد ہونا؛ کسی سے تعلق ختم ہونا.

پیچھے (ی مع) م ف.

۱. بعد (زمانے کے اظہار کے لیے). ۲. بعد کو، پھر، پہلے کا ضد. ۳. بعد میں، غیر موجودگی میں. ۴. مرنے کے بعد. ۵. عقب، پچھلی طرف (سمت کے اظہار کے لیے). ۶. فی، ہر ایک، گنتی میں ایک. ۷. واسطے، لیے، کسی کی خاطر. ۸. باعث، سبب، کارن. ۹. ساتھ ساتھ. ۱۰. پر، کسی کے لیے، واسطے، برائے. ۱۱. کم، خفیف، کمتر. ۱۲. آئندہ یا مستقبل. ۱۳. (فقہ) کسی کی اقتداء میں، امامت میں.

پیچھے پڑنا محاورہ. ۱. سر ہونا، سرگرداں رہنا. ۲. دق کرنا، ستانا، درپے آزار ہونا. ۳. دشمنی کرنا، عداوت کرنا. ۴. رسوائی چاہنا، درپے تضحیک ہونا، خود اپنی جگ ہنسائی کا سبب بننا. ۵. بار بار مانگنا، مسلسل تقاضا کرنا. ۶. (کسی کام کو کرنے پر) تل جانا (کسی کام کے لیے) ان تھک کوشش کرنا. ۷. پیچھے رہ جانا، ملتوی ہو جانا. ۸. مبتلا ہونا.

پیچھے رہنا محاورہ. ۱. ساتھ ساتھ نہ چل سکنا، ہم راہ نہ رہنا، بچھڑ

جانا ۔۲۔ درجے یا مرتبے میں کم ہونا ۔۳۔ کسی کے بعد زندہ یا باقی رہنا ۔

پیچھے لگانا محاورہ ۔۱۔ مخالفت پر آمادہ کرنا ۔۲۔ مسلط کرنا ، ساتھ کر دینا ۔

پیچھے لگ جانا/لگنا محاورہ ۔۱۔ ساتھ ہو لینا ، ہم راہ ہو جانا ۔۲۔ تعاقب کرنا ، پیچھا کرنا ۔۳۔ درپے آزار ہونا ، مخالف ہونا ۔۴۔ سر ہونا ، گلے پڑنا ۔۵۔ ذمے ہونا ۔۶۔ ساتھ نتھی ہونا یا منسلک ہونا ، ساتھ ہی ساتھ واقع ہونا ۔

پیچھے ہٹنا محاورہ ۔۱۔ (قدم وغیرہ کے ساتھ) بزدلی دکھانا ، پہلو تہی کرنا ، پسپا ہونا ۔۲۔ کسی بات سے دست بردار ہو جانا ۔۳۔ ساتھ نہ دینا ، رک جانا ، آگے نہ بڑھنا ۔

پَیدا (ی لین) (الف) صف ۔
۱۔ ظاہر ، آشکارا ، نمایاں ۔۲۔ میسر ، دست یاب ، موجود ۔۳۔ پیدائشی ، جنا ہوا ، متولد ۔۴۔ اگا ہوا ۔ (ب) است ۔۱۔ کمائی ، آمدنی ، حاصل ، یافت ۔۲۔ ایجاد ، اختراع ۔

پیدا کرنا محاورہ ۔۱۔ عالم وجود میں لانا ، خلق کرنا ، بنانا ۔۲۔ جننا ، تولد کرنا ۔۳۔ (دولت وغیرہ کے ساتھ) کمانا ، معاش حاصل کرنا ۔۴۔ حاصل کرنا ، بہم پہنچانا ۔۵۔(i) ظاہر کرنا ، آشکارا کرنا ۔ (ii) نکال کر لانا ۔ ۶۔ وجود میں لانا ، بنانا ، قائم کرنا ۔۷۔ مہیا کرنا ، دست یاب ہونا ۔ ۸۔ (کینہ عداوت وغیرہ) کو جگہ دینا ۔۹۔ تحقیق و تلاش کرنا ۔۱۰۔ بنانا ۔ ۱۱۔ برآمد کرنا ، ڈھونڈ نکالنا ۔۱۲۔ رواج دینا ، اجرا کرنا ، تبلیغ کرنا ۔۱۳۔ بیان کرنا ۔۱۴۔ ایجاد و اختراع کرنا ۔

پیدا ہونا ۱۔ کسی شے کا عالم وجود میں آنا ، خلق ہونا ۔۲۔ تولید ہونا ۔۳۔ ظاہر ہونا ، دکھائی دینا ۔۴۔ ظاہر ہونا ۔۵۔ نکلنا ، برآمد ہونا ۔۶۔ حاصل ہونا ۔

پَیداوار (ی لین) است ۔
۱۔ وہ چیز جو کھیت میں اُگے ، فصل ، زراعت ۔۲۔ وہ چیز جو کارخانے میں بنے ، کارخانے میں تیار کیا ہوا مال ۔۳۔ زراعت یا تجارت وغیرہ کی آمدنی ، نفع ۔۴۔ وجود میں آنے والی شے ۔

پَیداواری (ی لین) است
فصل کی آمدنی ، وہ چیز جو کھیت میں اُگے ، فصل ، زراعت ۔

پَیدائش (ی لین) است : ~ پیدایش ۔
۱۔ آفرینش ، خلقت ۔۲۔ جنم ، ولادت ۔۳۔ پیداوار ۔۴۔ آمدنی ، نفع ۔
۵۔ اصل ، شروع ، ابتدا ، آغاز ۔

پَیدائشی (ی لین ، کس ء) صف ۔
فطری ، جبلی ، خلقی ۔

پَیدَل (ی لین ، فت د) (الف) م ف ۔
پا پیادہ ، سوار کا نقیض ۔ (ب) صف ۔ پا پیادہ چلنے والا آدمی ، وہ آدمی جو سوار نہ ہو ۔ (ج) امذ ۔۱۔ پیادہ فوج کا سپاہی ۔۲۔ شطرنج کا سب سے چھوٹا مہرہ جو ہمیشہ ایک گھر سیدھا چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے ، پیادہ ۔ [ار] ۔

پَیڈ (ی لین) امذ ۔
۱۔ ترتیب سے نیم جلد بند کاغذ جو کسی ایک ناپ کے ہوں ۔۲۔(i) (روئی وغیرہ کی) گدی ، گدا ۔ (ii) (کرکٹ وغیرہ میں) پاؤں کو چوٹ سے بچانے کے لیے استعمال ہونے والی گدی ۔۳۔ بوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ ۔ [انگ] ۔

پیڈ (ی ج) صف ۔
(لفظاً) ادا کیا ہوا (اصطلاحاً) محصول ادا کیا ہوا ۔ [انگ] ۔

پَیڈَل (ی لین ، کس ڈ) امذ ۔
۱۔ بائیسکل کا وہ پرزہ جو نیچے کی طرف دائیں بائیں ہوتا ہے اور جسے دائیں بائیں پاؤں سے گھما کر بائیسکل چلاتے ہیں ، بائیسکل کا پائیدان ۔
۲۔ باجے یا مشین کا وہ پرزہ جسے پاؤں سے حرکت دی جائے ۔ [انگ] ۔

پَیر (۱) (ی لین) امذ ۔
۱۔ قدم ، پاؤں ، ٹانگ ۔۲۔ ایک پاؤں کی جوتی ، پوائی ۔۳۔ نقش یا سراغ ، کھوج ، پیڑ ۔۴۔ بیلوں کے چلنے سے پیدا ہونے والی لیکھ ۔ [س] ۔

پیر بھاری ہونا محاورہ ۔ دیکھیے : پاؤں بھاری ہونا ۔

پیر پٹخنا محاورہ ۔۱۔ اظہار ناراضگی کرنا ، غصہ ہونا ۔۲۔ اظہار مسرت کرنا ، خوش ہونا ۔

پیر پسارنا محاورہ ۔ جتنا آرام ملے اس سے زیادہ کا فائدہ لینا ۔

پیر پھیلا کر سونا محاورہ ۔۱۔ دیکھیے : پاؤں پھیلا کر سونا (مجازاً) مطمئن ہونا ۔۲۔ چین سے نیند کرنا ، آرام کرنا ۔

پیر پھیلانا محاورہ ۔۱۔ پرورش پانا ۔۲۔ دیکھیے : پاؤں پھیلانا ۔۳۔ مشہور ہونا ، عالم آشکارا ہونا ۔۴۔ زیادہ طلب کرنا ، حد سے تجاوز کرنا ۔

پیر تلے سے (--- کی) مٹی نکلنا محاورہ. ہوش اڑ جانا، گھبرا جانا.

پیر دھو دھو کر (کے) پینا محاورہ. دیکھیے: پاؤں دھو دھو کے پینا.

پیر کی جوتی صف. ۱. (مجازاً) نہایت حقیر، نہایت ذلیل، ادنیٰ درجے کا. ۲. (طنزاً) بیوی.

پَیر (۲) (ی لین) اند.

۱. کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر جو دانہ نکالنے کو اکٹھا کیا گیا ہو، کھلیان، انبار غلہ. ۲. اناج کھودنے (کھوندنے) کی جگہ. ۳. اناج صاف کرنے کولھو چلانے یا پانی کنویں میں سے نکالنے کے لیے بیلوں کے چلنے کی جگہ. ۴. حیض جاری رہنے کی بیماری. ۵. لکڑیوں کی بنی ہوئی اونچی بیٹھک جس پر بیٹھ کر معمار اور نقاش عمارت پر کام کرتے ہیں، پاڑ. [س].

پِیر (۱) (ی مع) صف. ۱. بوڑھا، ضعیف، معمر. ۲. چالاک، گرو گھنٹال، خرانٹ. ۳. مرشد، ہادی، رہنما، بزرگ. ۴. استاد، معلم. ۵. وہ خیالی بزرگ جس کے نام پر ضعیف الاعتقاد لوگ منت مانتے ہیں اور اس کے فرضی نام کے ساتھ لفظ پیر استعمال کرتے ہیں. [ف].

پیر اوتار اند. فقیروں کا مقرر روزینہ جو گاؤں کی مشترکہ آمدنی سے دیا جائے.

پیر بنانا محاورہ. کسی کو اپنا مرشد کرنا، کسی سے بیعت کرنا.

پیر تسمہ پا اند. (مجازاً) وہ جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو، مستقل عذاب، داستانوں میں وہ بوڑھا جو کسی کے کاندھوں پر بیٹھ کر اپنی ٹانگوں سے اس کی گردن کو ایسی گرفت میں لیتا ہے کہ چھڑا نہ سکے.

پیر خرابات اند. ۱. (تصوف) مرشد کامل جو قیود شرعی سے آزاد اور فنا فی اللہ ہو، مرشد کامل. ۲. شراب خانے کا مالک.

پیر زال (الف) اند. وہ بوڑھا جس کے سر بال بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہوگئے ہوں، کہن سال. (ب) است. ۱. بڑھیا. ۲. مجازاً دنیا.

پیر سال / سالا صف: ~ پیر سالہ. بوڑھا.

پیر سرانديب اند. (کنایۃً) حضرت آدم علیہ السلام.

پیر صحبت اند. وہ بزرگ جس کی صحبت سے فیض حاصل کیا جائے لیکن جس سے بیعت نہ ہو.

پیر طریق/طریقت اند. (تصوف) مرشد، رہبر.

پیر فرتوت صف. ۱. بہت بوڑھا نیز کنایۃً. ۲. دقیانوسی، قدیم وضع کا

پیر (۱۰) مرشد اند. ۱. بزرگ، روحانی استاد. ۲. (طنزاً) گرو گھنٹال. ۳. تعظیماً بادشاہ یا رئیس یا کسی اپنے سے برتر کو مخاطب کرتے وقت بولتے ہیں، جناب، حضور.

پیر مغاں اند. ۱. آتش پرستوں کا پیشوا. ۲. (مجازاً) مے فروش، ساقی. ۳. (تصوف) سالک ہادی برحق، پیر و مرشد. ۴. (طنزاً) دیکھیے: گرو گھنٹال.

پیر نابالغ صف. وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچوں کی سی باتیں کرے، بے وقوف بوڑھا.

پِیر (۲) (ی مع) اند.

اتوار کے بعد کا دن، دوشنبہ، سوموار. [ف].

پَیرا (۱) (ی لین) صف.

(مرکبات میں جزو ثانی کے طور پر) رونق بڑھانے والا زینت دینے والا یا آراستہ کرنے والا کے معنی میں مستعمل.

پیرا (۲) اند. ۱. دیکھیے: پیراگراف جس کا یہ مخفف ہے. کسی مضمون وغیرہ کا ایک ہی مطلب پر مبنی حصہ، عبارت کا ٹکڑا یا قطعہ. ۲. کوئی چھوٹا مضمون، مختصر نوٹ. [انگ].

پَیرا سائیکولوجی (ی لین، ی مع، و لین، و مج) اند.

علم نفسیات سے الگ لیکن اس سے متعلق اور ہم رشتہ مضمون، ماورائی نفسیات، روح سے متعلق تحقیق. [انگ].

پَیراسْتگی (ی لین، سک س، فت ت) است.

سجاوٹ، تزئین، آراستگی (بالعموم آراستگی کے ساتھ). [ف].

پَیراسْتَہ (ی لین، سک س، فت ت) صف.

سجا ہوا، آراستہ، مزین. اف: کرنا/ ہونا. [ف].

پَیراشُوٹ (ی لین، و مع) اند.

محافظ چھتری (جس کی مدد سے انسان بلندی سے خصوصاً ہوائی جہاز سے کود کر بہ حفاظت زمین پر پہنچتا ہے). کسی بھاری چیز یا آدمی کے فضا سے زمین پر اترنے کا وسیلہ. [انگ].

پَیرافِین (ی لین، ی مع) اند: است.

۱. ایک بے رنگ اور بے بو کا چکنا مایہ جو پیٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنایا جاتا ہے اس کی عام شکل موم ہے جو ہائیڈروجن اور کاربن کا نامیاتی مرکب ہے، موم معدنی. ۲. جلانے کا تیل، مٹی کا تیل جو مشین

صاف کرنے کے کام بھی آتا ہے .

پَیراک (ی لین) صف.
پانی میں تیرنے والا ، تیراک ، شناور . [س] .

پَیراکی (ی لین) است.
۱.تیرنے کا ہنر، شناوری، تیرنے کا عمل .۲.پیراک کی تانیث، تیرنے والی.

پَیراگراف (ی لین، کس گ) اند.
کسی مضمون وغیرہ کا ایک ہی مطلب پر مبنی حصہ ، عبارت کا ٹکڑا یا قطعہ . [انگ] .

پیرامِڈ (ی مع، کس م) اند.
(تعمیر) مخروطی ہرم نما ، مخروط نما کوئی شکل ؛ (ریاضی) ایک ٹھوس جو کثیر الاضلاع ہو اور جس کی اطراف کے کونوں سے تکون کی شکل بن سکتی ہو اور جو بالائی نقطے یعنی قلہ راس پر مل جاتے ہوں . [انگ] .

پَیرامیٹَر (ی لین، ی مع، فت ٹ) اند.
(ریاضی) آتش پیما (اس آلے سے منجمد چیزوں بالخصوص معدنیات کے اس بڑھاؤ کی پیائش ہوتی ہے جو بہ سبب گرمی کے ہو) ، مقیاس الخروج . [انگ] .

پیران (ی مع) اند.
پیر کی جمع تراکیب میں مستعمل .

پیران پیر اند. ۱.حضرت عبدالقادر جیلانی کا لقب ۲.(اضافت مقلوب) پیروں کے پیر، سب بزرگوں کے بزرگ.

پیرانَہ (ی مع، فت ن) صف.
۱. بوڑھے کی طرح .۲. مرشدانہ ، پیروں کا سا .

پیرانہ سالی است. بڑھاپے کا زمانہ ، ضعیفی.

پَیراہَن (ی لین، فت ہ) اند.
کرتا ، لباس ، پوشاک . [ف] .

پیراہن خاکی صف، اند. (مجازاً) جسم ، بدن .

پیراہن ہستی اند . (مجازاً) جسم انساں .

پیرَک (ی مع، فت ر) اند.
بوڑھا ، پیر، کہن سال .

پَیرْنا (ی لین، سک ر) ف ل .
۱. پانی کے اوپر بہنا ، شناوری کرنا ، عبور کرنا ؛ تیرنا .۲. سرایت کر جانا ، جاری و ساری ہونا ، سما جانا ، (کسی جسم میں) آر پار ہو جانا ، گھس جانا ، گزر جانا .۳. ماہر ہونا، (کسی کام میں) مشاق ہونا، پوری طرح شامل ہو جانا .۴. (مجازاً) تکلیف دور کرنے کے لیے کوشش کرنا ، مراد کو پہنچنا .۵. (مجازاً) چبھنا ، کھبنا ، پیوست ہونا ؛ با اثر ہونا .۶. (ادبیات) فن شعر گوئی میں مہارت حاصل کرنا .۷. (مجازاً) بھٹک جانا ، ادھر ادھر پھرنا .۸. زندگی کے رنج و الم جھیلنا .۹. پہنچ نہ ہونا ، نکتے کی بات کو نہ پانا .۱۰.جسم انسانی میں روح کا رہنا ، رواں دواں رہنا . [س] .

پَیرَو (ی لین، ولین) صف.
۱. قدم بہ قدم چلنے والا ، نشان قدم پر قدم رکھنے والا .۲. (کسی کے) حکم پر چلنے والا ، اتباع کرنے والا ، (کسی کا) مرید ، معتقد ، مقلد . [ف] .

پیروکار صف. کسی کی جانب سے اس کے کسی معاملے کی نگرانی اور کوشش کرنے والا ، نگرانی یا دوڑ دھوپ کرنے والا ، کسی معاملے یا مقدمے میں مدعی یا مدعا علیہ کے معاملات کا نگراں ، وکیل .

پیروٹا (ی مج، وج) اند.
چھوٹا پیڑ (مجازاً) کمزور انسان یا بے حقیقت شے .

پَیروڈی (ی لین، وج) است.
(ادبیات) مضحک نقل ، کسی شاعر فن کار یا ادیب کی شاعری وغیرہ میں مضحکہ خیز تصرف ، کسی معروف کلام کی مضحکہ انگیز تحریف ، کسی کے خیالات کی اپنی تحریر میں مزاحیہ نقل اتارنا . اف : کرنا/کہنا/ہونا. [انگ] .

پَیرول (ی لین، وج) اند.
قیدی کو اس شرط پر جیل کے باہر جانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آجائے ، مشروط عارضی رہائی ، قول لے کر رہا کرنے کا عمل . [انگ] .

پَیروں (ی لین، وج) اند ؛ ج.
پیر کی جمع تراکیب میں مستعمل .

پیروں پڑنا محاورہ. ۱. کسی کے قدموں میں اپنا سر رکھ دینا، نہایت عاجزی کرنا، منت سماجت کرنا، پاؤں پڑنا، پاؤں پکڑنا. ۲. (ہندو) تعظیماً سسرال کے رشتے داروں کا آداب بجالانا، گوڑے چھونا، قدم لینا.

پیروں تلے سے (کی) زمین کھسکنا / نکل جانا محاورہ. ۱. گھبرا جانا. ۲. حواس باختہ ہو جانا، بے سدھ ہو جانا، (کسی وحشت ناک بات پر) ہوش اڑ جانا.

پیروں میں گرنا محاورہ. دیکھیے: پیروں پڑنا.

پیروں میں مہندی لگنا محاورہ. نہ آنے کا بہانہ کرنا، بے جا عذر کرنا، حیلہ کرنا.

پَیرَوی (ی لین، فت ر) است.
۱. تقلید، کسی کے عمل کو نمونہ بنا کر ویسا ہی کام کرنے کا عمل، نقل. ۲. اطاعت، فرماں برداری، (احکام یا اصول کا) اتباع و تعمیل. ۳. کسی کام کے پیچھے دوڑ کر اسے اختتام تک پہنچانے کی کوشش اور کارروائی، خصوصاً عدالت میں اپنے یا دوسرے کے مقدمے کی دیکھ بھال یا جدوجہد. ۴. تلاش، جستجو. ۵. (کسی کے) نشان قدم پر قدم رکھنا، قدم بہ قدم چلنا. [ف].

پَیرَہَن (ی لین، فت ر، ہ) اند؛ است.
پیراہن کی تخفیف، لباس، پوشاک.

پِیری (ی مع) است.
۱. بڑھاپا، ضعیفی، کہن سالی. ۲. مرید یا چیلا بنانے کا پیشہ، رشد و ہدایت کا کام (بیشتر مریدی کے ساتھ مستعمل). ۳. استادی، چالاکی، عیاری (عموماً چلنا کے ساتھ). ۴. ۵. کمزوری، ناتوانی. ۶. اعجاز، کرامت.

پیری فقیری / مریدی است. مرید یا چیلا بنانے کا پیشہ، رشد و ہدایت کا کام.

پیری و صد عیب کہاوت. بڑھاپا آدمی میں سیکڑوں عیب پیدا کر دیتا ہے، فارسی مصرعہ: "پیری وصد عیب چنیں گفتہ اند" کا ابتدائی حصہ.

پِیرِیڈ (ی مع، سک نیز کس ر، فت ی) اند.
۱. مدت، دور، زمانہ، وقت. ۲. زمانے کا کوئی حصہ؛ صدی، جگ، سال. ۳. اسکول کالج یا مدرسہ میں جماعت کا وہ مقررہ وقت جس میں ایک مضمون پڑھایا جائے. [انگ].

پیڑ (ی مج) اند.
درخت، پودا، جھاڑ.

پیڑ پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے کہاوت. انسان کی باتوں سے معلوم ہوجاتا ہے کہ شریف ہے کہ کمینہ.

پیڑا (ی مع) اند.
مربع شکل کی چھوٹی چوکی کی وضع پر پلنگ کی طرح تیار کی ہوئی نشست گاہ (جس پر بیٹھ کر عموماً عورتیں گھر کے کام کاج کرتی ہیں).

پیڑا (۱) (ی مج) اند.
معماروں کے بیٹھنے کی پاڑ؛ مچان جو کسان کھیتوں میں بناتے ہیں.

پیڑا (۲) (ی مج) اند.
۱. روٹی بنانے کو گندھے ہوئے آٹے کی لوئی یا گنبدی گول بنائی ہوئی لگدی (جو روٹی بنانے کے وقت توڑ توڑ کر خشکی میں رکھی جاتی ہے). ۲. کھوئے اور شکر کے امتزاج سے بنی ہوئی ٹکیا کی شکل کی مٹھائی. [س].

پیڑو (ی مج، و مع) اند.
۱. (i) (انسانی جسم میں) ناف کے نیچے کا حصہ جو کسی قدر ابھرا ہوا ہوتا ہے. (ii) (قبالت) عورت کے پیٹ میں بچے دانی کی جگہ ناف سے نیچے کا حصہ، پیٹ. ۲. زیر ناف کی جانبی ہڈیاں. [س].

پیڑو کی آنچ است. (عورت کی) خواہش نفسانی، جماع کرانے کی طلب، شدید شہوت.

پیڑو کی آنچ کیا سات پانچ کہاوت. جوش شہوت میں کچھ ہوش باقی نہیں رہتا.

پَیڑی (ی لین) است.
۱. پیر رکھ کر چڑھنے کی جگہ سیڑھی یا زینے کا پایہ، سیڑھی کا ڈنڈا. ۲. زینہ، سیڑھی، نردبان، نشست. ۳. چاہ سے اونچا دو گز کا کنارہ جو بیلوں کی آمد و رفت کے لیے بناتے ہیں. ۴. وہ مقام جہاں سینچائی

کے لیے تالاب سے پانی لے کر ڈالتے ہیں، پودر.

پیڑی (ی مع) است ہے پیڑھی.
پیڑھی، نسل، پشت.

پیڑھی (۱) (ی مع) است.
لکڑی کی چھوٹی مربع نشست / چوکی جس کے پائے چھوٹے ہوتے ہیں.

پیڑھی (۲) (ی مع) است.
نسل، پشت.

پیڑھی در پیڑھی (الف) م ف. پشت در پشت، نسلاً بعد نسل، قدیم سے. (ب) صف. موروثی، پشتینی، روایتی.

پیس (ی مع) ف م.
پیسنا سے مرکبات ذیل میں مستعمل.

پیس ہاس / پیسا م ف. پیسنے کے بعد، پیسنے کا عمل.

پیس ہاس (کر) کے م ف. پیس کر، پیس کے، پیسنے کے بعد.

پیس ڈالنا محاورہ. ۱. مجازاً سخت اذیت دینا، برباد کر دینا. ۲. پیچھے چھوڑ دینا، پس ماندہ بنا دینا.

پَیسا (ی لین) اند.
۱. تانبے کا ایک سکہ، روپیہ کا سواں حصہ، پاکستان میں تانبے وغیرہ کا ایک سکہ جو وزن میں ۲ ماشے، قطر میں آدھ انچ سے کم اور قدر میں روپے کا سواں ۱/۱۰۰ ہوتا ہے. ۲. روپیہ، رقم، دولت، مال، زر، سرمایا. ۳. (مجازاً) مالی منفعت، آمدنی، یافت. [س].

پیسا اُڑانا محاورہ. ۱. فضول خرچی کرنا، (بے کار کام میں) روپیہ برباد کرنا، روپیہ کو روپیہ نہ سمجھنا. ۲. دوسرے کا پیسہ دھوکے یا چوری کے ذریعے حاصل کرنا.

پیسا اُڑنا محاورہ. ۱. فضول خرچی ہونا، روپیہ برباد ہونا. ۲. دولت باقی نہ رہنا، مفلسی آنا، مال و متاع ختم ہو جانا.

پیسا پھونکنا محاورہ. روپیہ ضائع کرنا.

پیسا ڈوبنا محاورہ. ۱. کسی حادثے یا آفت ناگہانی کے سبب دولت ضائع ہو جانا. ۲. روپیہ ضائع ہو جانا، نقصان ہونا، خسارہ ہونا؛ رقم وصول نہ ہونا، روپیہ بے کار صرف کیا جانا.

پیسا کمانا محاورہ. روپیہ پیدا کرنا، دولت حاصل کرنا.

پیسا کھانا محاورہ. ۱. کسی کا روپیہ مار لینا؛ فضول خرچی کرنا، روپیہ برباد کرنا؛ اجرت یا محنت مشقت کی کمائی پر گزران کرنا؛ غبن کرنا؛ رشوت لینا. ۲. روپیہ صرف کرانا. ۳. کسی چیز کی تیاری میں روپیہ صرف کرنا.

پیسا گھانٹھ کا اور بیٹا پیٹ کا کہاوت. اپنی دولت اور اپنا بیٹا وقت پر کام آتے ہیں.

پیسا لگانا محاورہ. روپیہ خرچ کرنا؛ دیکھیے: پیسے لگانا.

پیسا نہ کوڑی بازار کو دوڑی کہاوت. اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا.

پیسا ہاتھ کا میل ہے کہاوت. روپیہ بے وقعت چیز ہے، پیسے کی کوئی حقیقت نہیں.

پیسا پیسا جوڑنا محاورہ. محنت اور جز رسی سے پس انداز کرنا.

پیسْٹ (ی مج، سک س) اند.
گاڑھا لیس دار یا لئی جیسا مسالا جو مختلف کاموں میں استعمال کرتے ہیں جیسے: ٹوتھ پیسٹ. [انگ].

پیسْٹْری (ی مج، سک س، ٹ) است.
ایک قسم کی مٹھائی جو میدے شکر اور انڈے وغیرہ کے امتزاج سے بنائی اور تنور یا بھٹی میں پکائی جاتی ہے. [انگ].

پیسْنا (۱) (ی مع، سک س) ف م.
۱. ریزہ ریزہ کرنا، سل بٹے سے رگڑنا، سفوف بنا دینا، گھسنا، مسلنا. ۲. (مجازاً) سخت رنج پہنچانا، دکھ دینا، ستانا، تباہ و برباد کرنا، خاک میں ملا دینا. ۳. دانت کچکچانا، محنت شاقہ اٹھانا، جی توڑ کر کسی کام میں پلنا یا لگ جانا. ۴. پسائی کا کام کرنا (چکی کے ساتھ). ۵. بعض محاورات میں حسب موقع و محل و مطابق روز مرہ مختلف معانی میں مستعمل، جیسے دانت پیسنا وغیرہ. [س].

پیسْنا (۲) (ی مع، سک س) ف م. ہارنے والے کا تاش کی بازی ہارنے کے بعد پتے ملا کر تقسیم کرنا.

پَیسِنْجَر (ی لین، کس س، سک ن، فت ج) اند؛ صف.
۱. سست رفتار ریل گاڑی ۲. مسافر.

پَیسہ (ی لین ، فت س) اند.
دیکھیے : پیسا جس کا یہ متبادل املا ہے .

پَیسے (ی لین) اند.
پیسا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

پیسے برابر بوٹیاں کرنا محاورہ. کھال اڑانا ، سخت چوٹ لگانا ، چمڑی ادھیڑ دینا ، پرزے پرزے اُڑانا ، بے حد تکلیف دینا .

پیسے بو(بہ) بوٹیاں کاٹنا محاورہ. چمڑی ادھیڑ دینا ، بے حد تکلیف دینا .

پیسے کھرے کرنا محاورہ. (مال فروخت کر کے) نقد رقم وصول کرلینا ، دام کھرے کرنا .

پیسے لگانا محاورہ. قیمت متعین کرنا ، رقم ادا کرنا ، دیکھیے : پیسا لگانا .

پیش (ی ج) (الف) اند.
۱. تین حرکتوں میں سے ایک حرکت کی علامت جو تحریر میں (پیٹ خالی) واو کی صورت (ـُـ) حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے ، ضمہ . ۲. آگا ، سامنا ، اگلا حصہ (خصوصاً سینے پر پہننے کے لباس کا) . ۳. تسبیح کا امام . ۴. پہلے ، قبل (زمان یا مکان کے لیے) . (ب) م ف. ۱. آگے ، سامنے (بیشتر ترکیب اضافی میں) ۲. پہلے ، قبل (زمان یا مکان کے لیے . [ف] .

پیش از م ف. اس سے پہلے ، اس سے قبل .

پیش از مرگ واویلا مقولہ. وقوع سے پہلے شور وغل ، ضرر نقصان یا مصیبت سے پہلے چیخ پکار ، وہم اور وسوسے میں کسی بات کی فکر .

پیش ازیں م ف. (ماضی میں) آج سے پہلے ، اس سے پہلے . [ف] .

پیش امام اند. نماز باجماعت پڑھانے والا جو صف کے آگے کھڑا ہوتا ہے ، پیش نماز ، قائد یا رہبر .

پیش انداز اند. ۱. (لفظاً) آگے کرنے والا یا گرا ہوا ؛ (طبعیات) ایسا جسم جو کرہ ہوائی میں ذاتی رفتار اور کشش زمین کے زیر اثر پیرابولائی راستہ اختیار کر کے زمین پر آجائے . ۲. عورتوں کے گلے کا ایک جڑاؤ موتیوں کا زیور یا کارچوبی کا رومال جو سینے تک لٹکتا ہے ؛ نازک و ملائم کپڑا ؛ دسترخوان ، وہ کپڑا جو کھانے کے وقت زانوؤں پر ڈال لیا جائے .

پیش آمد (الف) اند. ۱. شہرت ، ترقی . ۲. سلوک ، برتاؤ . (ب) صف. (ایسی بات) جو عموماً پیش آتی رہتی ہو ، واردات عامہ .

پیش آنا محاورہ. ۱. ظہور یا وقوع میں آنا ، درپیش ہونا ، واقع ہونا ، نظر کے سامنے آجانا ، (کسی بات سے) سابقہ پڑنا . ۲. برتاؤ کرنا ، سلوک کرنا . ۳. حاضر ہونا ، حضوری میں پہنچنا .

پیش آہنگ اند. جو راستے میں آگے آگے چلے ، قائد ، مقدمہ لشکر ، پیش خیمہ ، ہراول ؛ ارادے میں پہل .

پیش آیند (الف) اند. مستقبل ، آئندہ کے واقعات یا حالات . (ب) صف. مستقبل میں ہونے والا (واقعہ) .

پیش بند اند. چمڑا یا تسمہ وغیرہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے درمیان اس کی گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں .

پیش بندی است. ۱. حفظ ماتقدم ، وقوع نقصان سے پہلے اس کا تدارک یا تدبیر ، احتیاطی اقدام ، روک تھام ، دور اندیشی . ۲. (ادعا یا اظہار سے پہلے) کسی بات یا کام کی تمہید ، پہلے سے کسی معاملے کی راہ ہموار کرنے کی تدبیر .

پیش بیں صف. عاقبت اندیش ، دور بیں .

پیش بینی است. سوچ بچار ، دوراندیشی ، عاقبت اندیشی .

پیش پا افتادہ صف. بہت معمولی ، نہایت آسان بات (جس کے لیے کسی کاوش اور کوشش کی ضرورت نہ ہو) ، سامنے کی بات یا چیز ؛ پرانا ، فرسودہ .

پیش پیش م ف. آگے آگے .

پیش خدمت صف. ۱.
پیش آنے والی حالت یا صورت . ۳. ہرکارہ ، پیادہ ، ملازم . ۴. مقدمۃ الجیش ، ہراول دستہ ، کسی جماعت کا نمائندہ جو جماعت سے پہلے آئے .

پیش دَست اند. ۱. نائب ، معاون ، پیش کار ، پیشی میں حاضر رہنے والا . ۲. سبقت کرنے والا ، آگے بڑھ جانے والا . ۳. (فوج کا) ہراول دستہ .

پیش رس صف. فصل کا تازہ اور پہلا پھل یا میوہ ، نورس . [ف] .

پیش رَفت (الف) صف. کارگر، مؤثر، نتیجہ خیز. (ب) است. آگے بڑھنا، ترقی کرنا. (ج) اند. قابو، بس، چارۂ کار.

پیش رو صف. ۱. آگے چلنے والا، وہ شخص جو پہلے گزر گیا ہو، مقدم، سابق؛ سالار، قائد (جس کی پیروی کی جائے). ۲. آغاز، تمہید، ابتدا. ۳. بڑھا چڑھا ہوا، بالاتر.

پیش قاضی روی راضی آئی فارسی کہاوت اردو میں مستعمل. کسی ایک مثال سے ثبوت فراہم پہنچانے کے موقع پر بولتے ہیں.

پیش قدمی است. ۱. آگے بڑھنے یا سبقت لے جانے کا عمل، بڑھ کے کام کرنا، پہل، سبقت. ۲. (مجازاً) ترقی.

پیش کار اند:~ پیکار. ۱. نائب، (سوداگروں وغیرہ کا) منیب یا محاسب، (رؤسا وغیرہ کا) سکریٹری، پرسنل اسسٹنٹ، پیشی میں رہنے والا منشی یا منیجر یا خادم. ۲. کسی حاکم یا افسر کی پیشی میں مسلیں پیش کرنے اور انھیں اپنی نگرانی میں رکھنے والا منشی یا کلرک، (خصوصاً) تحصیل یا عدالت کا پیشی کلرک، اہل کار، دفتر کا ملازم.

پیش کَرنا محاورہ. ۱. حاضر کرنا، روبرو کرنا، نظر کے سامنے لانا (اصالۃً یا تقریر و تحریر وغیرہ کے ذریعے سے)، مقدمہ وغیرہ میں گواہی یا ثبوت فراہم کرنا، گواہ یا فریق کو عدالت کے روبرو کرنا. ۲. (کسی چیز کو کسی کے) سامنے رکھنا، نذر دینا.

پیش کَش اند؛ است. ۱. نذر، بھینٹ، تحفہ، ہدیہ. ۲. محصول، خراج. ۳. حاکم سے ملازمت یا جاگیر ملنے پر نذرانہ. ۴. راجاؤں نوابوں سے وصول شدہ رقم، خراج، نذرانہ، عطیہ. اف: کرنا/ہونا. [ف].

پیش گوئی است. وقوع یا ظہور سے پہلے کسی بات کی خبر دینا یا مستقبل پر حکم لگانے کا عمل.

پیش لفظ اند. آغاز کلام، تعارف کی عبارت جو کتاب کے اصل مضمون یا متن سے پہلے لکھی جاتی ہے، مقدمہ، کتاب کا دیباچہ.

پیش منظر اند. ۱. کسی بھی تصویر حالت یا واقعہ کی وہ کیفیت جو اصل وقوع سے پیشتر نظر آئے یا معلوم ہو، تصویر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے کو سب سے پہلے نظر آئے. ۲. سامنے، روبرو. ۳. سامنے کی صورت حال، نمایاں مقام نظر.

پیش نظر صف. ۱. موجود، قابل حصول، پہنچ کے اندر. ۲. سامنے، روبرو. ۳. عزیز و پسند ہونے کی کیفیت.

پیش نگاہ اند. ۱. ایک فقرہ جو چوب دار اس وقت کہتے تھے جب کوئی شخص دربار شاہی میں پیش ہونے کے لیے پہنچتا تھا نیز اس وقت بھی، جب بادشاہ کی سواری نکلتی تھی، مترادف: ادب ملحوظ رہے، باادب رہو، باادب با ملاحظہ ہوشیار. ۲. روبرو، مدنظر، ملحوظ خاطر.

پیش و پس اند؛ م ف. ۱. آگے پیچھے، ادھر ادھر. ۲. تامل، ہچر مچر، پس وپیش، تردد، تذبذب، ہچکچاہٹ. اف: کرنا/ ہونا.

پیش ہونا محاورہ. ۱. وقوع یا ظہور میں آنا. ۲. پیش کرنا کا لازم، حاضر ہونا، موجود ہونا.

پیشاب (ی مع) اند.
۱. انسانی اور حیوانی مثانے سے خارج ہونے والا وہ فاسد پانی جو ناپاک ہوتا ہے، مُوت. ۲. (مجازاً) نطفہ، صلب. [ف].

پیشاب بھی نہ کرنا محاورہ. مطلق توجہ نہ دینا، نہایت حقیر سمجھنا، سخت نفرت کرنا.

پیشاب خطا ہونا محاورہ. موت نکل پڑنا (بیشتر رعب یا خوف سے)، ڈر سے برا حال ہوجانا.

پیشاب کَرنا محاورہ. بے حقیقت سمجھنا، ناچیز و حقیر سمجھ کر چھوڑ دینا یا ٹھوکر مارنا.

پیشاب لگنا محاورہ. پیشاب خارج کرنے کی ضرورت محسوس ہونا، مثانے میں پیشاب کا باہر نکلنے کے لیے زور کرنا.

پیشانی (ی مع) است.
۱. ماتھا، آنکھ اور ناک سے اوپر کا چوڑا حصہ؛ (مجازاً) چہرہ، رخ. ۲. کاغذ کا وہ حصہ جو عبارت سے پہلے وسط میں حاشیے کے نیچے خالی چھوڑا جائے، خط وغیرہ کا سب سے اوپر کا حصہ. ۳. (مجازاً) قسمت تقدیر. [ف].

پیشانی پر بل (شکن) آنا/ پڑنا/ ڈالنا محاورہ. چہرے سے تکدر ظاہر ہونا، رنج و ملال غصہ یا ناگواری کا ظاہر ہونا، غیظ و غضب سے بھر

جانا ، تیور بگڑ جانا .

پیشانی پر داغ لگانا محاورہ . بدنام ہونا .

پیشانی پر لکھنا محاورہ . کسی کتاب ، رسالے یا اخبار وغیرہ کے شروع میں جلی حروف میں کوئی عبارت درج کرنا .۲. ماتھے پر تحریر کرنا یا ہونا ، (مجازاً) تقدیر میں ہونا .

پیشانی رگڑنا محاورہ .۱.خوشامد کرنا ، جبہ سائی کرنا ، منت سماجت کرنا ؛ اظہار عقیدت کرنا .۲.انتہائی عبادت کرنا ؛ گڑگڑانا .

پیشانی روشن ہونا محاورہ . آدمی کی اچھی خصلت کا چہرے سے ظاہر ہونا ، نورایمان سے چہرہ دمکنا .

پیشتَر (ی ج ، سک ش ، فت ت) صف .

۱. سابق میں ، ماضی میں ، پہلے ، بہت پہلے .۲. (جس جگہ کوئی موجود ہو اس سے) آگے ، پہلے .

پیشگی (۱) (ی ج ، سک ش) (الف) است .

وہ اُجرت یا قیمت وغیرہ جو کام یا وقت مقرر سے پہلے دے دی جائے ، بیعانہ ، چیز لینے سے پہلے قیمت کا کچھ حصہ ادا کرنا . (ب) م ف . اوّل ، پہلے سے . [ف] .

پیشوا (ی ج ، سک ش) (الف) اند .

۱. امام ، رہنما ، قبلہ گاہ (دینی یا مذہبی) .۲. قائد ، سالار ، لیڈر .۳. نمونہ ، نظیر . (ب) صف . اول ، مقدم ، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات .

پیشواز (۱) (ی ج ، سک ش) است : اند .

عورتوں کی ایک پوشاک جو پاؤں تک لمبی ہوتی ہے اور گھیرے والی ہوتی ہے ، بالعموم گانے ناچنے والیاں پہنتی ہیں .

پیشوائی (ی ج ، سک ش) است .

۱. آگے بڑھ کر ملنا ، استقبال ، خیر مقدم .۲. امامت ، رہنمائی ، ہدایت (مذہبی یا دینی) .۳. قیادت ، سرداری ، سالاری .۴. نیابت ، جانشینی . ۵ اولیت ، تقدم . اف : کرنا ، کے لیے جانا ، ہونا . [ف] .

پیشَہ (ی ج ، فت ش) اند .

کوئی بھی مخصوص کام ، ہنر یا فن ، روزگار جو کسب معاش کا ذریعہ ہو ، کاروبار ، کسب .۲. کام ، شغل ، مشغلہ ، عمل . اف : کرانا / کروانا / سیکھنا / لینا .۳. طوائف پنا ، طوائف کا پیشہ اختیار کرنے کی حالت . [ف] .

پیشہ کرانا محاورہ . (عورت کا) کسب معاش کے لیے برا کام کرانا .

پیشہ کرنا محاورہ . رنڈی پن کا کام کرنا ، تحصیل معاش کے طور پر زنا کرانا .

پیشہ ور صف .۱. کاروبار کرنے والا ، ہنر یا کام کے ذریعے سے روزی کمانے والا ، کاری گر ، اہل حرفہ ، دکان دار ، تاجر .۲. جو کسی مشغلہ کو بطور پیشہ یا ذریعہ آمدنی اختیار کرے .۳. پیشہ کرانے والی ، بازاری (عورت) ، کسبی ، طوائف .۴. ایک مخصوص پیشہ کا ماہر یا کسی خاص علاقے کے کسی پیشے میں سکہ بند لوگ جو اس نسبت سے مشہور ہوں .

پیشہ ورانہ صف . وہ تعلیم یا ہنر جس کے ذریعے روزگار ملے .

پیشہ وری است . پیشہ ور کا کام .

پیشی (۱) (ی ج) است .

۱.(مقدمے کی) سماعت یا سماعت کی تاریخ .۲. (حاکم یا مخدوم کے سامنے) حکم احکام یا ملاحظے کے لیے مسلیں وغیرہ پیش کرنے والا ، حضوری .۳. (حاکم یا بزرگ وغیرہ کے سامنے) حاضری ، (بیشتر عرض معروض یا جواب دہی کے لیے) .

پیشی ٹلنا محاورہ . مقدمے کی تاریخ کا گزر جانا یا ملتوی ہو جانا .

پیشی لگنا محاورہ . مقدمے کی سماعت کے لیے آئندہ کی کوئی تاریخ مقرر ہونا .

پیشی میں ہونا محاورہ . (معاملے یا اس سے متعلق کاغذ کا عدالت یا دفتر وغیرہ میں) زیر نظر زیر غور زیر تجویز یا ملاحظے میں ہونا .

پیشین (ی ج ، ی مع) (الف) صف .

۱. **پیشین گوئی** صف . زمانہ آئندہ کے واقعات کی خبر ، اس کے وقوع سے پہلے بتا دینا یا کہہ دینا . اف : کرنا / ہونا .

پَیغام (ی لین) اند .

۱. وہ امر یا بات وغیرہ جو کہلا کر یا لکھ کر بھیجیں ، پیام ، سندیسا .
۲. رشتے کا سوال ، نسبت ، شادی یا منگنی کی بات چیت . اف : آنا ، بھیجنا ، بھجوانا ، پہنچانا ، پہنچنا ، دینا ، رد کرنا ، قبول کرنا ، لانا ، لے جانا . [ف] .

پیغام اجل آنا/ آ پہنچنا محاورہ. طلبی ہونا ، بلاوا آنا ، (مجازاً) موت آجانا ، مر جانا .

پیغام بر صف؛ اند. ۱. پیغام لے جانے یا لانے والا شخص ، قاصد. ۲. (مجازاً) خدا کا حکم بندوں تک پہنچانے والا ، نبی ، رسول .

پیغام بھیجنا محاورہ. خبر بھیجنا ، زبانی بات دوسرے کے ذریعے سے کہنا ؛ شادی یا نسبت کی درخواست کرنا .

پیغام دینا محاورہ. کوئی بات کہلوانا ؛ دیکھیے : پیغام بھیجنا .

پیغام ڈالنا محاورہ. ۱. خط سے یا کسی زبانی کوئی خواہش کرنا (جو مطلب پر مبنی ہو) . ۲. نسبت یا بیاہ شادی کی (زبانی یا تحریراً) درخواست کرنا .

پیغام رساں صف. پیغام پہنچانے والا .

پَیغَمبَر (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب) اند.
۱. پیغامبر کی تخفیف ، خدا کا حکم بندوں تک پہنچانے والا ، نبی ، رسول (جو خدا کی طرف سے بھیجا گیا ہو) . ۲. ایلچی. ۳. کسی خاص کام میں انسانی برادری کا قائد اور پیش رو . [ف] .

پیغمبر آخر الزماں اند. آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

پَیغَمبَرانَہ (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب ، ن) صف.
پیغمبر جیسا .

پَیغَمبَری (ی لین ، فت غ ، سک م ، فت ب) است.
پیغمبر سے منسوب ، نبوت ، رسالت ، پیغمبر کا منصب جو اللہ کی طرف سے عطا ہوتا ہے ، خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت .

پَیک (۱) (ی لین) اند.
۱. قاصد ، نامہ بر ، ایلچی ، پیغام بر ، پیام لانے یا لے جانے والا . ۲. (مجازاً) جاسوس ، مخبر (عموماً میدان جنگ کی خبریں صدر مقام پر پہنچانے والا) . ۳. رات کے وقت گاؤں کے گرد پھر کر بستی کی نگرانی کرنے والا چوکی دار جو وقفے وقفے سے رات کو بستی اور گاؤں کے اطراف پھیرا لگاتا اور ہشیار کرتا ہے . [ف] .

پیک اجل اند. موت کا فرشتہ .

پَیک (۲) (ی لین) اند : م ف. (سامان وغیرہ) باندھنا ، باندھنے کا عمل . اف : کرنا ، ہونا . [انگ] .

پیک (۱) (ی مع) اند. رنگین تھوک جو پان چبانے سے بنا ہو ، پان کی پیک جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے پان کھانے سے منہ میں سرخ رنگ کا لیس دار / مادہ . [انگ] .

پیک دان اند تھوکنے کا برتن ، اُگال دان ، وہ برتن جس میں پان کی اگال ڈال دیتے ہیں .

پِیک (۲) (ی مع) اند. بادبان ؛ پھننگ ، ٹوپی کا چھجا . [انگ] .

پیک (ی ع) اند. ایک انگریزی پیمانہ جس میں دو گیلن کی گنجائش ہو .

پیکار (۱) (ی لین) است.
۱. جنگ ، لڑائی ، معرکہ ، باہمی کشیدگی . ۲. مقابلہ ، کش مکش ، غلبہ پانے کی کوشش . ۳. معمولی جھگڑا ، تو تو میں میں ، خانگی معاملات میں لڑائی . [ف] .

پَیکار (۲) (ی لین) صف.
۱. پھیری والا ، گھوم پھر کر بیچنے والا ، گشتی خردہ فروش . ۲. وصول کنندہ ، محصل ، گھوم پھر کر قرضہ چندہ یا لگان وغیرہ وصول کرنے والا شخص . ۳. (ماہی گیری) مچھلی کی منڈی کا دلال . ۴. (دھنائی) کھیتوں سے کپاس چنوانے والا ٹھیکے دار یا آجر . ۵. (دکان داری) وہ شخص جو بازار میں پھر کر تجارتی مال کی خرید و فروخت کا معاملہ طے کرائے ، تجارتی دلال ، گماشتہ . ۶. (بیل بانی) بیلوں کا بیوپاری یا سودا کرانے والا دلال . ۷. ایک چابک یا رسی جو زمین دار کھیت کے جانور اڑانے اور نکالنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں .

پَیکار (۳) (ی لین) اند.
دروازوں کی چوکھٹ کی بلندی تک یعنی سطح تک یعنی سطح فرش سے قریب ۶ یا ۷ فٹ اونچا عمارت کی چنائی کا تیار شدہ کام .

پیکان (ی لین) اند.
۱. تیر ، تیر کی نوک ، انی ۲. (بانک وغیرہ) نیزے یا بھالے کی انی ، تلوار یا چھری کا اوپری حصہ ، پھار ، ڈال .

پیکانی (ی لین) صف.
انوکیلا ، نوک دار ؛ لال اور یاقوت کی ایک قسم ۲. قدیم زمانے کی ایک روش تحریر جو تیروں کی شکل کی ہوتی تھی جس میں قلم کے سرے کو مٹی پر دبانے سے میخ یا پیکان کا نشان بنتا تھا ، پیکانی خط .

پیکٹ (ی لین، کس ک) اند.
۱. بنڈل یا گڈی جس میں کوئی چیز ہو، پارسل ۲. (کاغذ وغیرہ کی تہہ بہ تہہ بنی ہوئی) گڈی ۳. چائے، اگربتی یا سگریٹ وغیرہ کا ڈبا یا ملفوف (خواہ کاغذ کا ہو خواہ گتے وغیرہ کا). [انگ].

پیکر (ی لین، فت ک) اند: است.
۱. جسم، جسد ۲. مجسمہ، سراپا، شکل، صورت ۳. مرکبات میں بطور جزو ثانی بمعنی چہرہ، جسامت وغیرہ مستعمل، پری پیکر، صبر کا پیکر.

پیکر تصویر است. ۱. تصویر یا نقش انسانی کا سراپا، تصویر کا خاکہ ۲. (مجازاً) ساکت، خاموش.

پیکر خاکی اند. (لفظاً) مٹی کا جسم، (مراد) انسان جس کی تخلیق خاک سے ہوتی ہے.

پیکر مجسم اند. سراپا، مکمل نمونہ.

پیکڑا / پیکڑی (ی لین، سک ک) اند بہ: پیکوا، پکھوا.
۱. وہ کڑا جو قیدی کے پاؤں میں ڈالتے ہیں، بیڑی ۲. (گلہ بانی) بگوڑے ڈھور کے آمنے سامنے کے یا محض آگے یا پیچھے کے پیر یا گردن اور ایک ٹانگ میں ڈالی ہوئی رسی کی بیڑی جو اس کو عارضی طور پر لنگڑا بنا دیتی ہے اور وہ گلے سے نکل کر بھاگ نہیں سکتا.
۳. عورتوں کے پاؤں میں پہننے کا نقری زیور، پاؤں کا کڑا.

پیکنگ (ی لین، کس ک، غنہ) است، اند.
۱. پیکٹ یا بنڈل بنانے کا عمل، لپیٹنے یا باندھنے کا کام ۲. کوئی شے جو دو اشیا کے جوڑ کو حسب ضرورت کسنے کے لیے استعمال ہو.

پیگ (ی لین) اند.
ایک خوراک بھر شراب کا ظرف، نیز ایک پیمانہ بھر شراب. [انگ].

پیگ پر پیگ اُڑانا محاورہ. خوب شراب نوشی کرنا چھک کر شراب پینا.
اف: دینا / پلانا / پینا. [انگ].

پیل (ی مع) اند.
۱. دیکھیے: فیل، ہاتھی ۲. (شطرنج) وہ مہرا جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے.
۳. مرکبات میں بطور سابقہ بمعنی بڑا، مستعمل. [ف].

پیل خانہ اند. ہاتھیوں کے باندھے جانے کی جگہ، فیل خانہ.

پیل نشیں صف. ہاتھی پر بیٹھنے والا، ہاتھی کا سوار، (مجازاً) بڑے مرتبے والا.

پیل (ی مع) است: اند.
پیلنا سے (تراکیب میں مستعمل).

پیل دینا ف مر. ۱. پیس دینا، دبانا، کچلنا ۲. دھکیلنا، اوپر چڑھا دینا.

پیل ڈالنا محاورہ. بہت ظلم و ستم کرنا.

پیلا (ی مع) صف مذ: است: پیلی.
۱. زرد، زعفرانی، کیسری (مجازاً) مرجھایا ہوا ۲. اناج کی ایک قسم؛ چنا ۳. مرض یرقان. [س].

پیلا پڑنا محاورہ. ۱. (خشکی یا کسی بیماری کے سبب سے) پودوں کا خشک ہو جانا، زرد ہو جانا، مرجھا جانا، کملا جانا ۲. انسان کی جلد کا رنگ زرد ہو جانا (خون کی کمی یا خوف کے سبب)؛ افسردہ ہو جانا.

پیلا پن اند. پیلاہٹ، زردی، (مجازاً) افسردگی؛ بے رونقی.

پیلا ہونا محاورہ. دیکھیے: پیلا پڑنا، پودوں کا خشک ہو جانا، زرد ہو جانا، مرجھا جانا، کملا جانا.

پیلاہَٹ (ی مع، فت ہ) است.
زردی، پیلا پن.

پیلنا (ی مع، سک ل) ف م.
۱. سینے سے زور لگا کر کسی چیز کو جگہ سے ہٹانے کے لیے بڑھنا، ریلنا، دھکیلنا ۲. بیلن یا کولھو یا مشین میں مقرر طریقے سے دبا دبا کر عرق یا تیل نکالنا (گنے اور تلہا وغیرہ کے لیے مستعمل) ۳. سینے کے مقابل دونوں ہاتھوں کے نیچے دو اینٹیں رکھ کر پورے بدن کو پاؤں کے انگوٹھوں کے بل پیچھے کھینچنا پھر سینے کو زمین سے قریب کر کے آگے کی طرف لے جانا، دیکھیے: (کسرت) ڈنڑ پیلنا، ڈنڑ کرنا. [س].

پیلُو (۱) (ی مع، و مع) اند.
۱. ایک درخت کا نام جس کی پتلی شاخوں اور جڑ کی مسواک نیز دانت کا برش بھی بناتے ہیں، اس کا ریشہ بہت مضبوط ہوتا ہے، اور پھل کھاتے بھی ہیں. [س].

پیلو (ی مج، و مع) اند.
کسی کام میں شدید محنت کے لیے آمادہ شخص؛ پہلوان؛ پیشہ ور

کھلاڑی.

پیلی (ی مع) صف.

۱. پیلا کی تانیث. زرد، زعفرانی، (مجازاً) مرجھایا ہوا. ۲. (عو) اشرفی، سونے کا سکہ.

پیلی مٹی اسث ۱. ریت آمیز چکنی مٹی. ۲. وہ مٹی جو خاص طور پر لیپنے پوتنے کے کام آتی ہے، ملتانی مٹی.

پیلیہ (ی مع، کس ل، فت ی) اند.

یرقان کی بیماری جس میں تمام بدن آنکھیں وغیرہ زرد پڑ جاتی ہیں.

••• پیما (ی لین) لاحقہ.

جز و دوم کے طور پر مترادف: طے کرنے والا؛ پہنچنے والا، رسائی پانے والا وغیرہ جیسے: اوج پیما، کوہ پیما، دشت پیما.

پیمان (ی لین) اند.

۱. عہد، وعدہ، قول و قرار. اف: باندھنا، کرنا، ہونا. ۲. ماپ، تول؛ قسم، حلف؛ ضمانت، اقرار نامہ، عہد نامہ. [ف].

پیمانہ (ی مع، فت ن) اند.

۱. (i) خشک یا تر اشیاء ناپنے کا آلہ یا ظرف، نپنا. (ii) اسکیل جس سے سطح کو ناپتے ہیں فٹ پٹی، فتا؛ آلۂ پیمائش. ۲. پیالہ، بیشتر شراب کا پیالہ، جام شراب، گلاس. ۳. مقدار معین، کسی کام یا شے کا وزن یا اندازہ یا وقت مقرر وغیرہ، ناپ. ۴. کسوٹی، (حسن و قبح یا افراط و تفریط وغیرہ پرکھنے یا جانچنے کا) معیار. ۵. درجہ، حیثیت ('پر' کے ساتھ). ۶. (تصوف) قلب عارف جو انوار غیبی کا مشاہدہ اور حقائق اشیا اور مراتب و مقامات کا ادراک کرتا ہے. [ف].

پیمانہ بھر جانا محاورہ. لفظاً کسی چیز کا اس طرح پر ہو جانا کہ اس میں اور سمائی یا گنجائش نہ رہے؛ زندگی کی مدت ختم ہو جانا، موت آ جانا (عموماً؛ عمر کے ساتھ).

پیمانہ چھلکنا محاورہ. ۱. پیمانے سے کسی سیال چیز یا پانی کا لبریز ہو کر گر پڑنا. ۲. دم نکل جانا، مر جانا. ۳. (مجازاً) آنکھوں کا اُمڈ آنا، دل بھر آنا.

پیمانہ لبریز ہو جانا/ ہونا محاورہ. لفظاً کسی چیز کا اس طرح ہو جانا کہ اس میں اور سمائی یا گنجائش نہ رہے، زندگی کی مدت ختم ہو جانا، موت آ جانا (عموماً: عمر کے ساتھ).

پیمائش (ی لین، کس ء) اسث؛ ـ پیائش.

۱. ناپ (خصوصاً زمین کی). ۲. (مجازاً) (کسی معاملے کی) حد یا معیار دریافت کرنا، تحقیق و تدقیق، چھان بین. ۳. آراضی کی ناپ تول کے اصول و مقادیر، وہ علم جس میں بندوبست کے اصول و ضوابط سے بحث کی گئی ہو. اف: کرنا/ ہونا. [ف].

پیمائش کنندہ صف. پیائش کرنے والا.

پیمائشی (ی مع، کس ی) اسث.

ناپا ہوا، مقررہ ناپ کے مطابق.

پیمبر (فت پ، ی، سک م، فت ب) اند.

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. دیکھیے: پیام بر.

پیمبری (فت پ، ی، سک م، فت ب) اسث.

پیغبر سے منسوب، پیغبر کا منصب جو اللہ کی طرف سے عطا ہوتا ہے. دیکھیے: پیامبری.

پیمک (ی لین، فت م) اسث.

ایک قسم کا کلابتوں کا بنا ہوا سنہری گوٹا جو انگرکھوں ٹوپیوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے، کلابتوں کی ڈوری، کلابتوں کے تانے اور ریشم کے بانے سے بنی ہوئی پتلی لیس. [ہ].

پیں (ی مع نیز ج) اسث.

باجے یا نفیری کی آواز، (بچے یا پرند یا جانور وغیرہ کی) باریک آواز (بیشتر تکرار کے ساتھ مستعمل). [حکایت الصوت].

پیں بولنا محاورہ. عاجز ہونا، چیں بول جانا، تھک ہار کر اعتراف کرنا.

پیں پیں اسث ۱. چیں کی تکرار. ۲. غرور، تکبر.

پینا (۲) (ی لین) (الف) اند.

۱. آنکس (جسے مہاوت ضرورت پڑنے پر ہاتھی کی کھال میں چبھوتا ہے)، وہ لکڑی جس میں نوک دار لوہا (کیل وغیرہ) لگا ہوا ہو. ۲. گلے بان کا لٹھ یا لاٹھی جس سے وہ گلے کی نگہ بانی اور ہانکنے کا کام کرتا ہے. ۳. (سنگ تراشی) گاؤ دم منھ اور چپٹی نوک کے پتھر میں سوراخ کرنے کا سنبہ یا ٹکلا جس سے پتھر کو ڈولاتے ہیں. (ب) صف.

تیز دھار کا ، بران ، نوک دار چیز . [س] .

پینا (ی مع) (الف) ف م .
ا . کسی سیال شے کو حلق سے اتارنا . ۲ . (حقے یا سگریٹ وغیرہ کا) کش یا دم کھینچنا . ۳ . جذب کرنا ، چوسنا . ۴ . (i) برداشت کرنا ، ضبط کر لینا ، (ناگوار یا خلاف منشا بات کا) جواب نہ دینا اور خاموش ہو جانا . (ii) (مجازاً) (آتے ہوئے آنسوؤں کو) روکنا . ۵ . شراب نوشی کرنا ، دارو نوشی کرنا ، نشہ آور سیال حلق سے اتارنا . (ب) اند . مشروب . [ہ] .

پینا پلانا ف مر . ے نوشی کرنا .

پَینتالیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف .
چالیس اور پانچ ، پچاس سے پانچ کم ، (ہندسوں میں) ۴۵ .

پَینتالیسواں (ی لین ، مغ ، ی مع ، سک س) صف .
پینتالیس سے منسوب .

پَینتیس (ی لین ، مغ ، ی مع) صف .
تیس اور پانچ ، چالیس سے پانچ کم (ہندسوں میں) ۳۵ . [س] .

پَینتیسواں/پینتیسویں (ی لین ، مغ ، ی مع ، سک س/ی ج) صف ؛ اند .
پینتیس سے منسوب ، تیس اور پانچ کا مجموعہ .

پَینٹ (۱) (ی لین ، سک ن) اسث ؛ اند .
پتلون کا مخفف ، ٹانگوں میں پہننے کا ایک مغربی لباس . [انگ] .

پَینٹ (۲) (ی لین ، سک ن) اند .
سیال چیز کا ایک وزن جو گیلن کا آٹھواں حصہ ہوتا ہے نیز اس کا پیمانہ ، دیکھیے : پائنٹ . [انگ] .

پینٹ (ی ج ، سک ن) اند .
کسی سطح پر رنگ پھیرنے کا مادہ ، خصوصاً سیال یا روغن نقاشی ، مصوری ، کوئی سیال شے برش وغیرہ سے کسی سطح پر پھیرنا . رنگ اور السی وغیرہ کے تیل سے تیار کیا ہوا گاڑھا رنگ جس سے کسی چیز کو پوتتے ہیں یا کرسی لوہے یا لکڑی کے دروازے تصویر یا ناخن وغیرہ میں رنگ بھرتے ہیں . [انگ] .

پینٹ کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا . رنگ پھیرنا ، رنگنا ، رنگ سے پوتنا (دیوار یا کسی چیز کو) . ۲ . تصویر میں رنگ بھرنا ، تصویر بنانا . ۳ . (مجازاً) میک اپ کرنا ، سنگھار کرنا .

پَینٹری (ی لین ، سک ن ، ث) اسث .
وہ کمرہ جہاں جنس برتن اور باورچی خانے سے متعلق سامان رکھا جاتا ہے ، گودام ، کوٹھری . باورچی خانہ سے ملحق کمرہ جس میں برتن وغیرہ رکھتے اور صاف کرتے ہیں . [انگ] .

پینٹنگ (ی ج ، سک ن ، کس ٹ ، غنہ) اسث .
ا . رنگوں کے امتزاج اور استعمال کا فن ، مصوری ، نقاشی ، نقش و نگار ، رنگ سازی ، پینٹری . ۲ . تصویر جو مصور نے رنگوں سے بنائی ہو . [انگ] .

پَینٹھ (ی ج نیز لین ، مغ) اسث ؛ ~ پینٹ .
مقرر دن اور جگہ کا عارضی بازار جو عام طور پر آٹھویں روز لگتا ہے ، ہاٹ ، دیکھیے : پیٹھ . اف : اٹھانا / اٹھنا / بھرنا / لگانا / لگنا / کھلنا . [س] .

پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آموجود ہوئے کہاوت . خود غرض لوگ وقت آنے سے پہلے اپنے حلوے مانڈے کی فکر میں لگ گئے .

پینجائی (ی مع ، مغ) اسث .
(دھنائی) روئی دھنکنا ، روئی کا گالا بنانا یعنی روئی کے ریشوں کو دھنکی کے ذریعے پھیلانا .

پینڈا (ی ج ، مغ) اند .
ا . ظرف یا بیٹھک دار چیز کا وہ حصہ جو زمین یا کسی جگہ پر رکھا جائے ، تلا ، تلی ؛ اندرونی سطح کا نچلا حصہ . ۲ . (i) لکڑی کی دھنی یا لوہے کی موٹی سلاخ وغیرہ کا وہ حصہ جو زمین سے متصل یا زمین کے اندر رہے ؛ درخت کی جڑ . (ii) پانی کی تہ ، زمین کی تہ . ۳ . کسی چیز کی بیٹھک یا نچلا حصہ . ۵ . رحم کا وہ حصہ جو نالوہی نالوں کے اوپر ہے . [س] .

پینڈا لگنا محاورہ . (باورچی) پتیلی یا دیگ وغیرہ پکاتے میں پینڈے سے ملے ہوئے مصالحے یا چاول وغیرہ کا جلنے یا زیادہ خشک ہو کر پینڈے سے چپکنے لگنا .

پینڈے (ی ج ، مغ) اند .
دیکھیے : پینڈا جس کی یہ مغیرہ صورت ہے تراکیب میں مستعمل .

پینڈے کا ہلکا صف . ا . اس ظرف کے لیے کہتے ہیں جس کا پینڈا سبک اور جلد گرم ہو جانے والا ہو . ۲ . اوچھا ، کم ظرف ، غیر مستقل مزاج ،

ناقابلِ اعتبار۔

پینڈے کے بل بیٹھنا محاورہ۔ چوتڑوں پر بیٹھنا، اس طرح بیٹھنا کہ چوتڑ زمین پر ٹک جائیں، پالتھی مار کر بیٹھنا۔

پینڈُلَم (ی مج، سک ن، ضم ڈ، فت ل) امذ۔
دیکھیے: پنڈولم گھڑیال کے گھنٹے کا لٹکن، گھڑیال۔ [انگ]۔

پینڈی (ی مع، مغ) امث۔
گھی میں بریاں روے یا میدے، کھانڈ اور خشک میوے ملا کر بنایا ہوا بڑا لڈو سرد موسم میں استعمال ہونے والی مقوی مٹھائی۔ [س]۔

پَینسَٹھ (ی لین، مغ، فت س) صف۔
ساٹھ اور پانچ، ستر سے پانچ کم، (ہندسوں میں) ۶۵۔ [س]۔

پینسِل (ی مج، سک ن، کس س) امث۔
۱۔ ہیرے یا سیسے کا قلم، لکڑی یا دھات کا قلم جس کے اندر سیسے کی سلاخ ہوتی ہے۔ ۲۔ پتھر کی چھوٹی سی سلاخ جس سے سلیٹ پر لکھتے ہیں۔

پینِسِلین (ی مج، کس ن، س، ی مع) امث۔
ایک جراثیم کش دوا (جو اکثر متعدی امراض کے دفعیہ کے لیے مؤثر ثابت ہوتی، عموماً اس کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں، بہت سی جلدی بیماریوں میں بھی استعمال کی جاتی ہے)۔

پینشَن (ی مج، سک ن، فت ش) امث۔
تنخواہ کا وہ مقرر حصہ جو ملازمت سے سبک دوش ہونے پر بعض صورتوں میں ملتا ہے، وظیفہ؛ جاگیر وغیرہ کا عوضانہ۔

پینشَنَر (ی مج، سک ن، فت ش، ن) امذ۔
وظیفہ پانے والا، پینشن یافتہ، مدت مقررہ کے بعد سبک دوش ہونے والا۔ [انگ]۔

پینک (ی مع، فت ن) امث۔
وہ غنودگی یا اونگھ جو افیون یا پوست کے ڈوڈے وغیرہ یا کسی اور نشہ کے استعمال سے ہوتی ہے اور اس میں گردن جھکی رہتی ہے یا آدمی اونگھ جاتا ہے، غفلت۔

پینگ (ی مع نیز مج، مغ) امث؛ امذ۔
جھولے کا لمبا جھونٹا جو جھولے میں کھڑے ہو کر بیٹھکیاں لگا کر بڑھایا جاتا ہے؛ ایک سرے سے دوسرے تک جھونٹے کا طول؛ جھولے کی رسی۔ [ہ]۔

پینگ بڑھانا محاورہ۔ ۱۔ جھولے کا لمبا جھونک لینا؛ میل جول بڑھانا؛ بے تکلفی بڑھانا۔ ۲۔ میل ملاپ بڑھانا، تعلقات محبت میں اضافہ کرنا۔

پینگ دینا محاورہ۔ جھولے کے پاس کھڑے ہو کر اس کو اس طرح دھکیلنا کہ جھولے کا نچلا سرا جھولنے والے کو لے کر اوپر کی طرف جائے، جھولے میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے شخص کو جھولا پکڑ کر جھلانا۔

پینگُوئِن (ی مج، مغ، ضم گ، ضم و، کس ء) امذ؛ امث۔
دیکھیے: پنگوین۔ [انگ]۔

پَینل (ی لین، کس ن) امذ۔
ارکان جیوری، جیوری؛ ماہرین کی جماعت جو تبادلۂ خیال اور صلاح و مشورہ کے لیے یک جا ہو۔ [انگ]۔

پینَلٹی (ی مج، فت ن، سک ل) امث۔
دیکھیے: پنالٹی، (کسی جرم یا غلطی کی) سزا؛ جرمانہ؛ (کھیل) قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر کھلاڑی یا ٹیم کو دی جانے والی سزا۔ [انگ]۔

پینلٹی اسٹروک امذ۔ (ہاکی) اگر کوئی کھلاڑی اپنی 'ڈی' کے اندر قصداً کوئی فاؤل کرے یا کوئی ایسا فاؤل کرے جس کے باعث گول نہ ہو سکے تو بطور سزا یہ اقدام کیا جاتا ہے اس صورت میں مخالف ٹیم کا ایک کھلاڑی گول لائن سے مقررہ فاصلے سے گیند کو گول کی طرف پھینکتا ہے جبکہ اسے روکنے والا صرف گول کیپر ہوتا ہے۔

پینلٹی کارنر امذ۔ (ہاکی) اگر کوئی کھلاڑی گیند کو قصداً اپنی گول لائن سے باہر پھینک دے یا اپنی 'ڈی' کے اندر کوئی فاؤل کرے یا 'ڈی' کے قریب قصداً کوئی فاؤل کرے تو بطور سزا یہ اقدام کیا جاتا ہے اس صورت میں مخالف ٹیم کا ایک کھلاڑی گول پوسٹ سے مقررہ فاصلے سے گول لائن سے گیند کو 'ڈی' کے سرے کی طرف پھینکتا ہے جہاں دوسرا کھلاڑی اسے ہاتھ سے روکتا اور تیسرا اسے اسٹک مار کر گول کی طرف پھینکتا ہے۔

پینل کوڈ (ی مع، فت ن، سک ل، و ج) امذ۔
ضابطہ تعزیرات، مجرم کو سزا دینے کے ضابطوں کی کتاب۔

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پینے والا (ی مع) صف.
(کنایتہً) شرابی.

پَیْوَسْت (ی لین نیز ی مع، فت و، سک س) صف.
۱. ملا ہوا، جڑا ہوا، چپکا ہوا، بلا فاصلہ متصل. ۲. بیٹھا ہوا، گڑا ہوا، اس طرح ٹھسا ہوا کہ ایک جان ہو. اف: کرنا/ ہونا. [ف].

پَیْوَسْتَگی (ی لین، فت و، سک س، فت ت) امث.
۱. اتصال، وصل، جڑا ملا یا چپکا ہونے کی کیفیت. ۲. تعلق، میل، قربت. ۳. سلسلہ، ربط، مسلسل، لگاتار. [ف].

پَیْوَسْتَہ (ی لین، فت و، سک س، فت ت) صف.
۱. ملا ہوا، جڑا ہوا، چپکا ہوا، بلا فاصلہ متصل. ۲. بیٹھا ہوا، گڑا ہوا، اس طرح ٹھسا ہوا کہ ایک جان ہو. اف: کرنا/ ہونا. ۳. مسلسل، لگاتار. ۴. ہمیشہ، مدام، سدا. ۵. گزشتہ، سابق کا (زمانہ وغیرہ). ۶. (سال کے ساتھ) گزشتہ سال سے پیشتر کا (سال). [ف].

پیوسی (ی مع، سک نیز ضم و) امث.
(گھوی) گائے بھینس وغیرہ کا حمل کے زمانے کا دودھ جو تھنوں میں آجاتا ہے، بچہ پیدا ہونے کے بعد پہلے دو تین روز کا دودھ جو گرم کرنے سے پھٹ جاتا ہے. [س].

پَیّوں پَیّوں (فت پ، شدی، وغ) م ف.
پیدل، اپنے پاؤں سے (بچوں کے لیے).

پَیْوَنْد (ی لین نیز مع، فت و، سک ن) (الف) اند.
۱. دو چیزوں کا باہم وصل و ارتباط، دو اشیا کا نقطہ اتصال، بستگی، وابستگی، میل، تعلق. اف: توڑنا/ جوڑنا/ کرنا/ ہونا. ۲. پھٹے ہوئے کپڑے وغیرہ پر لگایا ہوا جوڑ. ۳. (i) (مجازاً) رشتہ یا قرابت. اف: توڑنا/ کرنا/ ملنا/ ہونا. (ii) ٹکڑا، جزو، پارہ. ۴. (باغبانی) ہم جنس درختوں میں اعلیٰ قسم کے درخت کی شاخ کو ادنیٰ قسم کے درخت کی شاخ کے ساتھ وصل کر دینے کا عمل جو عمدہ قسم پیدا کرنے کا طریقہ ہے، شاخ، قلم. ۵. (مجازاً) دو مختلف جانوروں کے میل سے ہونے والی پیدائش. ۶. عہد، پیمان. ۷. (مجازاً) الفاظ کی بندش. (ب) صف. ملا ہوا، (دوسرے سے) متصل، مسلسل، شاخ یا جوڑ سے جوڑ ملایا ہوا. [ف].

پیوند خاک (۔۔۔زمین) ہونا محاورہ. (لفظاً) خاک میں ملنا، فنا ہونا، مر جانا، زمین میں گاڑا یا دبایا جانا، دفن ہونا.

پیوند کار صف. ۱. جوڑ لگانے والا، درزی؛ موچی؛ درخت میں قلم لگانے والا. ۲. جس میں جوڑ لگا ہو، نیز جزو لگانے کے قابل.

پیوند کاری امث. جوڑ لگانا، ایک جنس کو دوسری جنس میں ملانا یا وصل کرنا؛ پیوند لگانے کا کام یا پیشہ.

پیوند لگا دینا/ لگانا محاورہ. کپڑے پر جوڑ لگانا، جوڑ دینا، ملا دینا، مربوط کرنا.

پَیْہَم (ی لین، فت ہ) م ف.
پے در پے، متواتر، لگاتار، مسلسل، تابڑ توڑ، یکے بعد دیگرے. [ف].

پَیّے (فت پ، شدی) اند: ج.
دیکھیے: پیا جس کی یہ جمع یا مغیرہ حالت ہے تراکیب میں مستعمل.

پیے دار صف. وہ چیز جس میں چلانے کے لیے پیا یا پے لگے ہوں.

پھ

پھ حرف.
اُردو اصوات میں حرف 'پ' کی ہائیہ شکل جس کا مخرج وہی ہے جو 'پ' کا ہے، اُردو تہجی کا چھٹا اور دیوناگری لپی (رسم خط) کا بائیسواں حرف، یہ آواز قدیم ہند آریائی آواز ہے. [س].

پھاپا/پھاپھا صف: مث.
پوپلی بڑھیا، دانت گر جانے کی وجہ سے 'پھاپھا' کر کے بولنے والی بڑھیا. [ار].

پھاپاکٹنی امث. کٹنی، دلالہ، ادھر کی ادھر کرنے والی.

پھاٹک (فت ٹ) اند.
۱. بڑا دروازہ. ۲. باڑا، احاطہ، مویشی خانہ. ۳. دروازے کے اوپر کی یا اس سے ملحق بیٹھک. ۴. عدالت کا کٹہرا جس کے پیچھے مدعی مدعا علیہ کھڑے ہوتے ہیں؛ آڑ، روک؛ دروازے کا چوکی دار. [س].

پھاٹک ٹوٹا گھوڑ لوٹا کہاوت. اصل مشکل آغاز کار ہے، بعد کو آسانی ہوجاتی ہے، ہر کام کی ابتدا میں جب آسانی ہو تو جلد کامیابی ہوتی ہے.

پھاٹک دار اند. دربان، ڈیوڑھی بان، حوالات کا دربان؛ وہ منشی جو تھانے کے پھاٹک پر مویشی کے داخل کرنے اور چھوڑ دینے اور فیس پھاٹک لینے وغیرہ پر مقرر ہوتا ہے.

پھاڑ
پھاڑنا کا اسم کیفیت، تراکیب میں مستعمل.

پھاڑ کھانا محاورہ. ۱. درندے کا کسی کو چیر پھاڑ کر کھا جانا، کاٹ کھانا، بھنبوڑ لینا. ۲. ستانا، غضب ناک ہونا، جھلانا، سیدھے منہ بات نہ کرنا، بھیانک ہونا، ڈراونا محسوس ہو، ویرانی ہونا.

پھاڑ کھانے کو دوڑنا محاورہ. بدمزاجی دکھانا، غصے میں خوں خوار ہو جانا.

پھاڑنا (سک ڑ) ف م.
۱. (i) پرت والی چیز کے کچھ حصے الگ کرنا، ٹکڑے کرنا، تختے وغیرہ میں بڑا سوراخ کرنا (مجازاً) سخت محنت کرنا. (ii) کسی نوکیلی چیز کو لکڑی وغیرہ کی سطح پر اس طرح مارنا یا کھینچنا کہ سطح کا کچھ حصہ ہٹ جائے یا اس میں دراڑ پڑ جائے، چیرنا. ۲. (ہاتھ سے) چاک کرنا، قطع کرنا (کپڑے کاغذ وغیرہ کو). ۳. (i) (دانتوں سے) جان دار کے جسم یا اس کے کسی حصے کو چیرنا، کاٹنا، بھنبوڑنا. (ii) زخمی کرنا، خراشیں ڈالنا. ۴. (کیمیاوی مرکب کی) تحلیل کرنا، کسی مائع کو کوئی لاگ یا گرمائی دے کر اس کے اجزا کو الگ کرنا. ۵. (i) (ٹھوس چیز کو) شق کرنا، دو نیم کرنا. (ii) توڑنا. ۶. (عموماً آنکھ کے لیے) غیر معمولی طور سے کھولنا، پھیلانا یا چیرنا. ۷. ایک شیرازے میں سے اجزا کا کوئی حصہ الگ کرنا. ۸. (کپڑے کے لیے) بیونتا، چاک کرنا. [س].

پھاس است.
دیکھیے پھانس.

پھاگ اند.
۱. پھاگن کے مہینے کا تہوار جس میں لوگ ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے اور گلال چھڑکتے ہیں، ہولی. ۲. ابیر، گلال؛ بسنت. ۳. گیت جو ہولی کے موقع پر گاتے ہیں، بسنت کا گیت. ۴. (مجازاً) سامان عیش و عشرت. [س].

پھاگن (ضم نیز فت گ) اند.
ہندی سال کا گیارھواں اور موسم سرما کا (ماگھ کے بعد کا) دوسرا مہینہ جس کے دوسرے نصف میں ہولی منائی جاتی ہے، پھلگن (اس مہینے میں آغاز بہار کے آثار نظر آنے لگتے ہیں).

پھال است.
۱. تیر کے سرے پر لوہے کا نوکیلا حصہ، پیکان، تیر کی انی. ۲. لوہے کا نوک دار آلہ جو زمین کھودنے کے لیے ہل کی آنکڑی کے نیچے لگا رہتا ہے، پھار، کوسا. ۳. چول وغیرہ کو کٹنے کے لیے لگایا جانے والا پھانا. ۴. دیوار میں موکھا بنانے، پتھر چھیدنے اور زمین کھودنے کا نوک دار سے کا آہنی ڈنڈا جو تین فٹ سے پانچ فٹ تک لمبا اور انچ سوا انچ وتر کا ہوتا ہے، گدالا، پھاڑ. [س].

پھانْد (مغ) است.
چھلانگ، کلانچ (عموماً کود کے تابع کے طور پر) اچھل پھاند جیسے کود پھاند.

پھانْدنا (مغ، سک د) (الف) ف ل.
۱. در آنا، (اوپر سے نیچے کی طرف) جست کرنا یا لگانا. ۲. اچھلنا کودنا. (ب) ف م. ۱. پھلانگنا، ایک ڈگ میں طے کرنا، (اچھل کر) ایک طرف سے دوسری طرف جانا. ۲. پھندے میں ڈالنا، پھانسنا (جال میں). [س].

پھانْس (۱) (مغ) است.
۱. (لکڑی، بانس، بان وغیرہ کا) سخت ریشہ یا تنکا یا مہین کانٹا جو کھال میں چبھ کر تکلیف پہنچاتا ہے. ۲. (مجازاً) خلش، چبھن، کھٹک، ایذا، تکلیف. [س].

پھانس چبھنا ف مر؛ محاورہ. لکڑی یا بان کے سخت ریشے یا کانٹے کا بدن میں گڑنا؛ صدمہ پہنچنا، خلش ہونا، اذیت ہونا.

پھانس نکالنا ف مر؛ محاورہ. کانٹا نکالنا؛ خلش دور کرنا، تکلیف رفع کرنا.

پھانْس (۲) (مغ) است.
۱. پھانسنا سے اسم کیفیت. ۲. پھندا، جال.

پھانس لینا محاورہ. دھوکا دے کر قابو میں کرنا.

پھانْسا (مغ) اند.
پھندا، جال. [س].

پھانسنا (مغ، سک س) ف م.
۱. جال میں بند کرنا، گرفتار کرنا، پکڑنا، چالاکی سے دوسرے کو بس میں کرنا، فریب سے دوسرے کو قابو میں لانا؛ گھیرنا، گرفت میں لانا، رجھانا. ۲. (مجازاً) ورغلانا، بہکانا، دھوکا دینا. ۳. (مجازاً) الزام لگانا، شریک جرم گردانا.

پھانسی (مغ) است.
رسی یا ریشم کا پھندا جس سے گلا گھونٹا جاسکے، وہ پھندا جو دو اونچے ستون گاڑ کر لٹکایا جاتا اور جسے گلے میں ڈال کر مجرموں کو سزائے موت دی جاتی ہے. اف: دینا/ہونا. [س].

پھانسی پر (پہ) لٹکا دینا/لٹکانا محاورہ.
(رسی یا ریشم کے) پھندے کے ذریعے سے (سزا کے طور پر گلا گھونٹ کر مار ڈالنا.

پھانسی کا تختہ اند. ۱. وہ تختہ جس پر مجرم کو کھڑا کر کے پھانسی کا پھندا اس کے گلے میں ڈالا جاتا ہے. ۲. (مجازاً) بہت خطرناک جگہ جہاں موت کا اندیشہ ہو.

پھانک (مغ) است؛ اند.
۱. (i) کسی پھل کا تراشا ہوا ٹکڑا، قاش. (ii) نارنگی، سنگترہ وغیرہ کے قوس کی شکل کے جزو جو قدرتاً علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں. [س].

پھانکنا (مغ، سک ک) ف م.
۱. کسی خشک چیز کو ہتھیلی پر رکھ کر منھ میں ڈالنا. ۲. نگلنا، بغیر چبائے کھانا، جلدی جلدی کھانا، (عموماً خشک چیز کا) پھنکا لگانا.

پھاوْڑا (سک و) اند؛ ← پھاوڑہ.
بیلچے کی طرح کا ایک آلہ جس سے مٹی وغیرہ کھودتے اور زمین صاف کرتے ہیں اکثر چوڑا کیے ہوئے لوہے میں لکڑی کا بیٹا لگا کر بنایا جاتا ہے، کسلا، کسی. [س].

پھاہا / پھایا اند: ← پھایہ.
گول یا چوکور کترا ہوا کپڑا یا روئی جسے مرہم وغیرہ لگا کر زخم پر چپکاتے یا رکھتے ہیں. [س].

پھاہا رکھنا محاورہ. پھاہا لگانا؛ تسکین دینا.

پھاہا لگانا محاورہ. پھاہے کو زخم پر رکھ کر چپکانا، پھاہا رکھنا.

پَھب (فت پھ) است.
دیکھیے: پھبن. [ہ].

پَھبْتا (فت پھ، سک ب) صف مذ.
(قدیم). مناسب، موزوں، اچھا. [س].

پَھبْتی (فت پھ، سک ب) است.
مزاحیہ یا طنزیہ لفظ یا فقرہ جو بطور تشبیہ کسی پر ٹھیک چسپاں ہو جائے. [س].

پھبتی اڑا دینا/اڑانا محاورہ. (پر کے ساتھ) تمسخر کرنا، ہنسی اُڑانا.

پھبتی کسنا محاورہ. تمسخر کرنا، ظرافت سے تشبیہ دینا، ہنسی.

پَھبَن (فت پھ، ب) است.
چھب، خوبی، سج دھج، زیبائش. [س].

پَھبْنا (فت پھ، ب) ف ل.
سجنا، زیب دینا، کھلنا، موزوں ہونا، مناسب ہونا. [س].

پَھپّس (فت پھ، شد پ بفت) صف.
۱. موٹا فربہ، بے حساب، غیر متوازن یا بادی جسم جو غذائی بے ترتیبی یا نظام جسمانی کے سبب ہو. ۲. پولا، اندر سے خالی (پھل یا گنا وغیرہ)، پھیکا، بدمزہ. [س].

پَھپھولا (فت پھ، وج) اند.
جل جانے یا گرمی یا بیماری کی وجہ سے جلد کا پولا ابھار جس کے اندر پانی بھرا ہوتا ہے، چھالا، آبلہ، پھلکا.

پھپھولے (فت پھ، وج) اند.
پھپولا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

پھپھولے پھوٹنا محاورہ. چھالوں سے پانی نکل جانا، (طنزاً) دلی آرزو پوری ہو جانا، دشمنی نکلنا، دل ٹھنڈا ہونا، عداوت نکلنا.

پھپھولے پھوڑنا محاورہ. چھالے توڑنا، دل کا غبار نکالنا، غصہ نکالنا، حسرت نکالنا (عموماً دل کے ساتھ).

پَھپُھوند (فت پھ، ومغ) است ← پھپھوند.
وہ سفید تہ جو نمی کی وجہ سے کائی کی طرح کسی چیز پر جم جاتی ہے. [س].

پھپُوندنا (فت پھ، ومع، مغ، سک د) ف ل.
پھپوندی لگنا.

پھپُوندی (فت پھ، ومع، مغ) اسث ۔ پھپوندی
ا. نباتات کی ایک شکل، فنجی Fungi یا پھپوندی یہ یک خلوی یا کثیر خلوی ہوتے ہیں ان میں ایک قسم زہریلی نہیں ہوتی غذا اور دواؤں کے کام آتی ہے. ۲. روئی کی طرح نرم اور سفید تہ کبھی سخت پرت جو اشیاء کے زیادہ، عرصہ پڑا رہنے نیز اشیاء خوردنی کے ناقابل استعمال ہونے کی وجہ سے ان پر جم جاتی ہے، سڑن، بس جانے کی کیفیت.

پھُپّی (ضم پھ، شد نیز بلا شد پ) اسث.
دیکھیے: پھوپی.

پھپی بھتیجی/بھتیجے ایک ذات، ماں بیٹی / بیٹے دو ذات اسث. اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پھوپی اور (بھتیجی / بھتیجے) یعنی بھائی کی اولاد میں جو قربت ہوتی ہے سلسلۂ نسب کے قانون کے مطابق ماں (بیٹی / بیٹے) میں وہ رشتہ نہیں ہوتا.

پھُپیرا (ضم پھ، ی مج) صف، مذ.
پھوپی کی طرف منسوب، پھوپی کی طرف سے.

پھَٹ (۱) (فت پھ) (الف) اسث.
ا. دیکھیے: پھٹ پھٹ. ۲. تمانچے کی آواز؛ کسی چیز پر ہاتھ مارنے کی آواز؛ چابک یا کوڑے کی آواز؛ گیلے کپڑے کو پتھر یا لکڑی کے تختے پر مارنے کی آواز. (ب) م ف. فوراً، اسی وقت (بلا تاخیر) جھٹ، معاً.

پھٹ پھٹ اسث. ا.(i) پھٹ (الف) کی تکرار. (ii) گولا چھوٹنے کی آواز. (iii) موٹر سائیکل کی آواز.

پھٹ پھٹ کرنا محاورہ. ا. پھٹ پھٹ کی آواز پیدا کرنا، موٹر سائیکل چلانا. ۲. (مجازاً) بے اصول کام کرنا، ٹھوکم ٹھاک کرنا، کام کم اور شور زیادہ کرنا.

پھَٹ پھَٹی/پھَٹ پھَٹیا (فت پھ، پھ/سک ٹ) اسث.
موٹر سائیکل جس کے چلنے میں پھٹ پھٹ کی آواز نکلتی ہے.
[حکایت الصوت].

پھٹ سے م ف. ترت، اسی وقت، جھٹ سے.

پھَٹ (۲) (فت پھ، وغ) اسث.
پھٹنا (رک) کا اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل).

پھٹ پڑنا محاورہ. ا. افراط سے ہونا، کثرت سے ہونا. ۲. جوش پر ہونا، زوروں پر ہونا. ۳. جذبات سے بے قابو ہونا، بھڑک جانا. ۴. ظاہر ہونا، نمایاں ہونا. ۵. تباہ ہونا، برباد ہونا، غارت ہونا. ۶. ٹوٹنا، بوجھ سے گر پڑنا. ۷. خوب موٹا ہو جانا.

پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں (ٹوٹے) کان کہاوت. جس چیز سے انجام کار نقصان ہو اس کے وقتی یا ظاہری فائدے سے کیا حاصل.

پھٹ جانا ف ل. ا. دیکھیے: پھٹنا. ۲. منجمد چیز کا بہہ جانا. ۳. بھاگنا، الگ الگ ہو جانا، منتشر ہو جانا. ۴. بیزار ہو جانا (جی یا دل وغیرہ کے ساتھ).

پھَٹا (فت پھ) صف.
پھٹنا سے (تراکیب میں مستعمل).

پھٹا بانس اند: صف. (مجازاً) بے سری اور بھدی آواز.

پھٹا دیدہ صف. بے حیا، بے شرم، بے غیرت.

پھٹا پرانا محاورہ. اُترن، پھٹے ہوئے کپڑے جو استعمال میں نہ آسکیں.

پھٹا پڑنا محاورہ. ا. حسن و خوب صورتی کا بھرپور اظہار ہونا، جوبن پر ہونا، بھرپور جوانی ہونا (شباب وغیرہ کے ساتھ).

پھَٹک (۱) (فت پھ، ٹ) اسث.
ا. پھٹکنا سے اسم کیفیت (تراکیب میں مستعمل)، چھان پھٹک، پھٹک کر. ۲. آمد و رفت، آنا جانا، میل ملاقات.

پھٹک کو / کے اسث. ا. (مجازاً) الگ ہو کر، بیزار ہو کر. ۲. (مجازاً) بے چین ہو کر، تڑپ کر.

پھٹک (۲) (ضم پھ، فت ٹ) اسث.
پھٹکنے یا پچھورنے کی چیز، سوپ، چھاج.

پھٹکا نہ کھانا محاورہ. تڑپنے کا موقع نہ ملنا، ترت مر جانا.

پھَٹکا (۲) (فت پھ، سک ٹ) اند.
ا. (دھنائی) دھنکی جس سے روئی دھنی جاتی ہے. ۲. بانس کا ٹکڑا یا لکڑی جو پھل دار درخت میں رسی باندھ کر لٹکا دی جاتی ہے جب رسی

فت= فتحہ (زبر)، کس= کسرہ (زیر)، ضم= ضمہ (پیش)، مع= معروف، مج= مجہول، معد= معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد= تشدید، تن= تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

بلاتے ہیں تو لکڑی درخت کے گدے سے ٹکرا کر پھٹ پھٹ کی آواز پیدا کرتی ہے جس سے پرند ڈر کر اڑ جاتے ہیں. ۳. لطف و خوبی سے معرا شاعری، نری تک بندی.

پَھٹکار (فت نیز کس پھ، سک ٹ) امذ.
۱. (i) کوڑا پنچانے یا مارنے کی آواز. (ii) ضرب لگانے کی آواز. ۲. (i) پتھر پر کپڑا دھونے کی آواز؛ اناج پھٹکنے کی آواز. (ii) پھٹ پھٹ کی آواز. (iii) چھاننے اور پھٹکنے کا فعل. ۳. جھڑکی، دور دور، دبک، سرزنش، ملامت. ۴. (مجاز) رسی کا لمبا کوڑا جس سے گھوڑا سدھایا جاتا ہے. ۵. بندوق کی گولی کا زور، توڑ.

پِھٹکار (کس پھ، سک ٹ) امث.
۱. بے رونقی، اجاڑ پن. ۲. (مجاز) ذلت، خواری، رسوائی. ۳. (i) نفرین، لعنت، ملامت. اف: بھیجنا، ہونا. (ii) بد دعا. ۴. خوش بو رنگ یا کسی چیز کی ہلکی سی ملاوٹ، آمیزش، چاشنی.

پھٹکار برسنا محاورہ. اداسی چھانا، رونق جاتی رہنا، لعنت برسنا، (چہرے سے) بدنمائی ٹپکنا.

پَھٹکارنا (فت نیز کس پھ، سک ٹ) ف م.
۱. دور دبک کرنا، دور دور کرنا، دھتکارنا، سرزنش کرنا، نکال دینا، لعنتی قرار دینا. ۲. مار کر پھٹ پھٹ کی آواز نکالنا، (تالی) بجانا. ۳. (گرز وغیرہ) مارنا، ضرب لگانا. ۴. کپڑے کو دھوتے وقت دے دے مارنا، کپڑا چھانٹنا، کپڑا کھنگالنا. ۵. روپیہ پیسا جیتنا. ۶. (بازاری) بیچنا، فروخت کرنا. ۷. (i) چابک کی طرح کسی چیز کو ہوا میں حرکت دینا یا جھاڑنا، جھٹکنا، زور سے ہلانا. (ii) چابک مارنا، کوڑا مارنا. ۸. (اناج وغیرہ کو چھاج میں) پھٹکنا. ۹. کمانا، (روپیہ وغیرہ) حاصل کرنا.

پَھٹکری (کس نیز فت پھ، سک ٹ) امث.
سلفیٹ آف المونیم اور سلفیٹ آف پوٹاش کا مرکب جو سفید ہوتا اور پانی میں گھل جاتا ہے مزہ کسیلا اور کسی قدر مٹھاس لیے ہوئے یہ مٹی سے نکالا جاتا ہے، ادویات اور روزمرہ کے گھریلو ضرورت میں استعمال ہوتا ہے.

پَھٹکنا (۱) (فت پھ، ٹ، سک ک) ف م.
۱. چھاج میں غلہ ڈال کر ہلانا تاکہ کوڑا کرکٹ الگ ہو جائے، غلہ صاف کرنا. ۲. (ہلا جلا کر) جھاڑنا، صاف کرنا، جھٹکنا. ۳. پھڑکنا، تڑپنا.

پھٹکنا (۲) (فت پھ، ٹ، سک ک) ف ل.
(کسی کے) قریب آنا، بھولے سے چلا جانا، سرسری طور پر آنا، آنا جانا.

پُھٹکی (ضم پھ، سک ٹ) امث.
۱. گٹھلی جو آٹے یا کسی سفوف میں (گھولتے وقت) یا دہی دودھ وغیرہ میں پڑ جاتی ہے، گانٹھ. ۲. خون یا پیپ وغیرہ کی منجمد بوند، قطرہ، ریزہ. ۳. داغ، دھبا، نشان، چھینٹ. ۴. منجمد خون کی وہ شکل جو بعد کو جنین بن جاتی ہے. ۷. جمے ہوئے خون یا پیپ وغیرہ کا چھوٹا سا ٹکڑا جو پیچانے میں کھنکار کے ساتھ آتا ہے.

پَھٹنا (۱) (فت پھ، سک ٹ) ف ل.
۱. (i) شق ہونا، شگاف پڑنا، (سطح متصل میں) دراڑ آنا، کٹ جانا. (ii) (جلد کا) تڑقنا، بوائی پڑنا. ۲. (i) (کپڑے وغیرہ کا) چاک ہونا. (ii) (پرانے ہو جانے کی وجہ سے) پارہ پارہ ہونا. ۳. (اجزا یا افراد کا) بکھرنا، منتشر ہونا، ایک دوسرے سے الگ ہونا. ۴. کسی گولے وغیرہ کا آواز کے ساتھ اپنے خول سے باہر نکلنا، کسی آتش گیر مادے کا آواز کے ساتھ بھڑکنا. ۵. (کسی چیز کے) قوام کا بگڑنا، (کسی رقیق چیز کے) اجزا کا جدا ہونا. ۶. نکلنا، شاخ در شاخ ہونا، الگ الگ ہونا. ۷. (لوگوں کا) متفرق ہونا، (ٹکڑیوں میں) تقسیم ہو جانا، (گروہوں میں) بٹ جانا. ۸. (سے کے ساتھ) کترانا، الگ ہونا، جدا ہونا، گروہ جماعت یا جھنڈ سے نکل کر علیحدہ ہو جانا. ۹. (گھوڑے کا) باگ کے اشارے کے خلاف جانا. ۱۰. زور میں ہونا، شدت سے ہونا (عموماً شباب حسن وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۱۱. نفرت ہونا، بیزاری ہونا (دل کے ساتھ). ۱۲. شدید تکلیف یا دکھ ہونا (کلیجہ وغیرہ کے ساتھ). ۱۳. کسی مقررہ راستے یا مرکز سے ہٹنا. ۱۴. کسی اناج کا ابل کر کھلنا. ۱۵. ریزہ ریزہ ہونا. ۱۶. سر کے بالوں کا خشکی کی وجہ سے تڑقنا. ۱۷. (خوف سے) لرزنا؛ رنجیدہ ہونا، غم زدہ ہونا. [س].

پُھٹَوَّل (ضم پھ، فت ٹ، شد و بفت) امث.
پھوٹنا کی حالت و کیفیت، تراکیب میں مستعمل؛ جیسے: سر پھٹول، ماتھا پھٹول.

پھٹی (فت پھ) امث.
پھٹا کی تانیث تراکیب میں مستعمل؛ ٹکڑے ٹکڑے ہونا؛ شگاف پڑنا.

پھٹی پڑنا محاورہ. ۱. حسن و خوب صورتی کا بھرپور اظہار ہونا. ۲. ابلا پڑنا، بے قابو ہونا، خوب غالب

پھٹی پھٹی آنکھیں امث. (خوف یا کسی وجہ سے) خلافِ معمول زیادہ بڑی، پھیلی اور کھلی آنکھیں.

پھٹی پھٹی آواز امث. بھونڈی اور بے سُری آواز، بھاری آواز.

پھٹے (فت پھ) صف.
پھٹا کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل)؛ شق ہونا؛ تڑخنا.

پھٹے حال صف. خستہ حال، مفلس، نادار.

پھِٹّے (کس پھ، شد نیز بلا شدٹ) صف.
پھٹ کی محرفہ شکل تراکیب میں مستعمل

پھٹے منہ صف: اند: کلمۂ تحقیر لعنت ہے، تف ہے، تھو ہے، نحوست مارا.

پھَٹیچر (فت پھ، ی مع، فت چ) صف گھٹیا، ردی، پست، کم مرتبہ.

پھَدْ پھَد (فت پھ، پھ) م ف.
بلبلے اٹھنے یا کھد بدانے کی آواز کے ساتھ. [حکایت الصوت].

پھُدکنا (ضم پھ، فت د، سک ک) ف ل.
۱. اچھلنا، کودنا، اچھل اچھل کے چلنا، خوشی سے کودنا (مینڈک، پرندوں، بچوں اور پست قد آدمیوں کا). ۲. (نبض کا یا رحم مادر میں بچے کا) حرکت کرنا. [س].

پھَڈّا (فت پھ، شد ڈ) اند.
جھگڑا، بکھیڑا، جھمیلا. [؟].

پھِڈّا (کس پھ، شد ڈ) صف مذ.
۱. چپٹا، بیٹھا ہوا، ٹیڑھا؛ ٹیڑھے یا بیٹھے ہوئے منھ والا. ۲. جوتا جس کی ایڑھی بیٹھی ہوتی ہے، سلیپر؛ وہ شخص جس کے پیروں میں خم ہو اور چلنے میں آڑے ترچھے پاؤں رکھے؛ وہ آدمی جو پاؤں رگڑتا ہوا یا لنگ کرتا ہوا چلے. [س].

پھِڈّی (کس پھ، شد ڈ) صف مث.
پھڈا کی تانیث.

پھِر (کس پھ) م ف.
۱. (i) بعد ازاں، کسی امر کے وقوع کے بعد. (ii) بعد میں، کچھ مدت گزرنے پر؛ آئندہ. ۲. مکرر، دوبارہ. ۳. (i) مزید برآں، اس کے علاوہ. (ii) اور؛ اس کے علاوہ اور کیا بات ہے، اور کیا سبب ہے. ۴. بصورت دیگر ('یا' کے ساتھ). ۵. اب، اس کے بعد، اس دم. ۶. پھرنا، سے مرکبات میں مستعمل.

پھر آنا محاورہ. ۱. واپس آنا، لوٹنا. ۲. دوبارہ یا مکرر کسی چیز کا آنا. ۳. چکر لگانا، گشت کرنا.

پھر بھی صف. ۱. اس کے باوجود، تاہم. ۲. ہرچند، بہرحال. ۳. دوبارہ.

پھرپھرا کر / کے م ف. چار و ناچار، لازماً، لوٹ پھیر کر.

پھر جانا محاورہ. ۱. سرکشی کرنا، باغی ہونا. ۲. انحراف کرنا، انکار کرنا، مکر جانا. ۳. تصور ہونا، گھوم جانا. ۴. لامذہب ہو جانا، عقیدہ بدل جانا.

پھُر (ضم پھ) امث.
پرندے کے اڑنے کی آواز. [س].

پھر سے م ف. تیزی سے، یک بیک.

پھر ہونا / ہونے دینا محاورہ. اڑ جانا؛ (مجازاً) ہاتھ سے نکل جانا.

پھرانا (کس پھ) م ف.
۱. گھمانا، گشت کرانا، سیر کرانا. ۲. حیران کرنا، سرگرداں کرنا، بھٹکانا. ۳. لوٹانا، واپس کر دینا، خالی ہاتھ بھیج دینا (فقرا وغیرہ کو). ۴. رد کرنا، دور کرنا (کسی مصیبت یا پریشانی کو). [س].

پھَرّانا (فت پھ، شد ر) ف ل؛ ف م.
۱. (جھنڈے کے پھریرے کا) ہلنا، لہرانا. ۲. (پرند کا) پروں کو پھٹ پھٹانا. ۳. کودنا، پھاندنا، جست کرنا. ۴. گھوڑے کا نتھنوں سے زور سے آواز نکالنا. [س].

پھِرائی (کس پھ) امث.
واپسی، واپس کرنے کا تاوان. ۲. گشت. ۳. حرکت؛ گھماؤ. ۴. (کسی چیز کو) واپس کرنے کا تاوان.

پھَرْ پھَرانا (فت پھ، سک ر، فت پھ) ف ل.
۱. ہوا میں اڑنا، سرسرانا. ۲. پھڑپھڑ کی آواز پیدا ہونا، پھڑ پھڑانا. [س].

پُھر پُھرانا (ضم پھ، سک ر، ضم پھ) ف ل : ف م.
۱. (i) پھر پھر کرنا، حرکت کرنا. (ii) (پرندے کا) ہوا میں اڑنا. ۲. کسی ہلکی چھوٹی چیز (بال، پرچم وغیرہ) کا ہوا میں ادھر اُدھر لہرانا، سر میں جوں، پِسّو یا چیونٹی کا گھس جانا. ۳. کان میں کسی پر دار کیڑے کا پھر پھرانا. ۴. کانپنا، لرزنا نیز تھکن یا تکلیف سے بدن کا درد کرنا. ۵. چٹخنا، خشکی ہونا، تحریک نزلہ سے ریزش بہنا. ۶. کان میں روئی کی سلائی ڈال کر اس کو گردش دینا، پھریری پھیرنا.

پُھرپُھری (ضم پھ، سک ر، ضم پھ) اث.
کپکپی، پھریری، تھرتھری، لرزہ. [س].

پِھرَت (کس پھ، فت ر) اث.
۱. گردش، سیر (چلت یا سرت کے تابع کے طور پر). ۲. (ناچ کی) چک پھیری. ۳. گھوڑے کی گردش، گھوڑے کی چال، کاوا کاٹنے کی کیفیت. ۴. ایک قسم کی تراشی ہوئی اینٹ جو گھماؤ یا گولی میں نصب کی جاتی ہے. ۵. بے کار کی ہوئی چیز، کرایہ کی چیز کی واپسی : سفر سے واپسی کے اخراجات : وہ پیسا جو پیشہ ور عورت اپنے آشنا کو ادا کرتی ہے. ۶. گانے والے کی آواز کا اتار چڑھاؤ، ایسے گانے والے کے گلے کے لیے بولتے ہیں جو نہایت تیزی کے ساتھ تان پلٹے لینے پر قادر ہو، گٹکری. [س].

پُھرَت (ضم پھ، فت ر) اث.
دیکھیے : پھرتی، تیزی جلدی. [س].

پِھرْتا (کس پھ، سک ر) (الف) اذ.
۱. واپسی، استرداد : خط کا جواب، دیکھیے : پھرت. ۲. دلالی، بٹا، کمیشن، مال واپس کرنے کا تاوان. (ب) صف : م ف. لوٹتا ہوا، واپس : لوٹ کر. [س].

پھرتا پھراتا صف. گھومتا ہوا، گشت کرتا ہوا.

پُھرْتی (ضم پھ، سک ر) اث.
چستی، تیزی، جلدی. [س].

پھرتی سے م ف. جلدی سے، آن کی آن میں، فوراً.

پُھرْتیلا (ضم پھ، سک ر، ی مج) صف : اذ.
۱. چست، چالاک، تیز، جلد کام کرنے والا. ۲. جلد سمجھنے والا، زود فہم. ۳. چاق چوبند، رفتار میں اچھا. [س].

پِھرکا (کس پھ، سک ر) اذ.
معمول سے بڑی قوس یا دائرے کا نشان ڈالنے کی پٹختی اس سے بڑی پرکار کا کام لیتے ہیں اس طرح کہ جب ایک سرے کو مرکز پر قائم کر کے گھماتے ہیں تو دوسرے سرے سے حسب ضرورت بڑے سے بڑے دائرے یا قوس کا نشان لگ جاتا ہے یہ کام ڈوری سے بھی لیتے ہیں. [ہ].

پِھرکَنی (کس پھ، فت ر، سک ک) اث.
لہنگا، ایک پائنچے کا گھیردار غرارہ نما پہناوا، بیشتر دیہات میں مستعمل.

پِھرْکی (کس پھ، سک ر) اث.
۱. مدور (گول) چیز جو بیچ کی کیلی (محور) پر حرکت کرے، چرخی کی مدور لکڑی. ۲. بچوں کا کھلونا (مدور تراشا ہوا چمڑا جس کے بیچ میں سوراخ ہوتا ہے جو دھاگا ڈال کر نچایا جاتا ہے). ۳. چکّی. ۴. چمڑے کا ٹکڑا جس پر تکلا گردش کرتا ہے. ۵. مدور لکڑی جسے تار کش استعمال کرتے ہیں. [س].

پھرکی بننا محاورہ. گھن چکر ہو جانا، خود کو بہت زیادہ مصروف کر لینا.

پِھرْنا (کس پھ، سک ر) ف ل.
۱. (i) (اِدھر اُدھر) گھومنا، (مختلف اطراف میں) چلنا، گشت کرنا. (ii) خاک چھاننا، آوارہ گردی کرنا. (iii) (طنزاً یا حقارتاً) مارا مارا پھرنا، چکر لگانا یا کاٹنا. ۲. (i) چکر کھانا، گردش کرنا، (محور پر) گھومنا. (ii) (زمین کا) اپنے محور پر گھومنا. ۳. واپس ہونا، لوٹنا، پلٹنا. ۴. (i) انحراف کرنا، منہ موڑنا (سے کے ساتھ). (ii) عہد توڑ دینا، (قول یا بات وغیرہ پر) قائم نہ رہنا : (کہہ کے) مکر جانا. ۵. (دماغ وغیرہ میں) فتور آنا، نقص رونما ہونا. ۶. (خنجر وغیرہ کا) رواں ہونا، چلنا. ۷. (قلعی وغیرہ کی تہ کا) چڑھایا جانا، پوتا جانا. ۸. نشر کیا جانا، جاری ہونا، مشہور ہونا. ۹. براز کی حاجت رفع کرنا، بیت الخلا جانا. ۱۰. کسی جگہ پہنچ کر واپس آنا. ۱۱. (i) پلٹنا، مڑنا. (ii) راجع ہونا، پلٹا کھانا.

۱۲. مستقل یا مسلسل کسی کوشش میں لگا رہنا ، گھومنا یا چکر لگانا ۔ ۱۳. (i) گھومنا ، سیر کرنا ۔ (ii) رواں ہونا ، چلنا (کشتی یا جہاز وغیرہ کا) ۔ ۱۴. معائنہ کرنا ۔ ۱۵. ٹہلنا ، چہل قدمی کرنا ۔ ۱۶. تصور بندھنا ، عالم تخیل میں تصویر ہونا ۔ [س] ۔

پھروانا (۱) (کس پھ ، سک ر) ف م ۔
پھیر کا تعدیہ ؛ واپس کرنا ، لوٹانا ۔ ۲. قلعی یا رنگ وغیرہ پوتنا ، ملمع کرنا ۔

پھروانا (۲) (کس پھ ، سک ر) ف م ۔
پھیرنے یا پھرانے کا کام ؛ چلانا پھرانا ، گشت کرانا ۔ [س] ۔

پھرہرا (۱) (فت پھ ، ر ، سک ہ) صف مذ ۔
۱. (i) کسی قدر خشک ، جس کا پانی سکھا دیا گیا ہو ، چاول یا دال وغیرہ جو الگ الگ رہیں ۔ (ii) گیلی چیز جو خشکی پر آ چلی ہو ۔ (iii) (زخم) جو مندمل ہونے کے قریب ہو ۔ (iv) نیم خشک یا خشک ۔ [س] ۔

پھرہرا (۲) (فت پھ ، ر ، سک ہ) مذ ۔
جھنڈے کا کپڑا ، جھنڈا ۔ [س] ۔

پھری (فت پھ) مث ۔
نمدے اور چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جو پٹا کھیلنے والے حفاظت کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں ۔ [س] ۔

پھریرا (فت پھ ، ی لین) صف مذ ۔
۱. کسی قدر خشک ، جس کا پانی سکھا دیا گیا ہو ، چاول یا دال وغیرہ جو پکنے کے بعد الگ الگ دکھائی دیں ۔ ۲. بھربھرا ، خستہ ، بکھرا ہوا ۔ [س] ۔

پھریری (ضم پھ ، ی لین) مث ۔
۱. جھرجھری ، کپکپی ، (خوف یا سردی سے) بدن پر رونگٹے کھڑے ہونے کی کیفیت ۔ ۲. (کنایۃً) اُمنگ ، جوش ۔ ۳. سینک یا کسی اور پتلی لانبی لکڑی کے سرے پر لپٹی ہوئی روئی ، روئی کا پھایا ۔ [س] ۔

پھریری آنا محاورہ ۔ ۱. (خوف یا سردی وغیرہ سے) بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا ، جھرجھری لینا ، کانپنا ۔ ۲. (مجازاً) اُمنگ اُٹھنا ، جوش آنا ، تحریک ہونا ۔

پھڑ (فت پھ) مث ؛ مذ ۔
۱. جوئے کا اڈا یا بساط جس پر جواری بازی لگا کر جوا کھیلتا ہے ۔ ۲. (i) بڑی توپ رکھنے کا اڈا ۔ (ii) گاڑی جس پر توپ لادی جائے ، چرخ ۔ ۳. پینٹھ ، منڈی ۔ ۴. وہ جگہ جہاں دکان دار بیٹھ کر مال خریدتا یا بیچتا ہو ۔ ۵. گاڑی کی بم ؛ بمبو ، بانس ۔ ۶. توپ کی گاڑی ، چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے ۔ [س] ۔

پھڑ باز مذ ۔ ۱. قمار باز ، جواری ۔ ۲. (مجازاً) باتونی ۔

پھڑپھڑ (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ) مث ۔
۱. پرندے کے پھڑپھڑانے یعنی بازوؤں کو ہوا میں حرکت دینے کی آواز ، جھرجھری ۔ ۲. تیزی کے ساتھ بولنے کی آواز ، فرفر ۔ ۳. جھنڈے یا کاغذ کے ہوا سے ہلنے ، مینھ کی بوندیں پڑنے یا بندوق کے متواتر چلنے کی آواز ۔ [حکایت الصوت] ۔

پھڑپھڑ کرنا محاورہ ۔ ۱. پرندے کا بازوؤں کا ہوا میں پھٹ پھٹانا ۔ ۲. (پانی یا ہوا میں) ہاتھ پاؤں اس طرح ہلانا کہ آواز پیدا ہو ۔

پھڑپھڑاتا (ہوا) صف مذ ۔
۱. خستہ ، نرم ، بکھر جانے والا ۔ ۲. پھڑپھڑ کی آواز پیدا کرتا ہوا ، ہوا میں پھٹ پھٹاتا ہوا ۔ [س] ۔

پھڑپھڑا کر (کے) رہ جانا محاورہ ۔
۱. تھوڑی دیر حرکت کر کے مر جانا ۔ ۲. بے بسی سے تڑپ کر بیٹھ جانا ۔

پھڑپھڑانا (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ) (الف) ف ل ۔
۱. پھڑ پھڑ کرنا ، (بازوؤں کو) اڑنے سے پہلے پھیلانا حرکت دینا ۔ ۲. (ہوا سے) ہلنا ، حرکت کرنا ۔ ۳. تڑپنا ، ہاتھ پاؤں ہلانا ۔ ۴. (i) بے قرار ہونا ، بے چین ہونا ۔ (ii) عالم نزع میں ہونا ۔ (ب) ف م ۔ ہلانا ، ہوا میں حرکت دینا ۔

پھڑپھڑاہٹ (فت پھ ، سک ڑ ، فت پھ ، ہ) مث ۔
۱. پھڑپھڑانے کا عمل یا حالت و کیفیت ، پر مارنے یا ہوا میں ہلنے کی آواز ۔ ۲. بے چینی ، اضطراب ، کھلبلی ۔

پھڑک (فت پھ ، ڑ) مث ۔
۱. (i) تھرتھراہٹ ، کپکپاہٹ ۔ (ii) تڑپ ، حرکت قلب ، جنبش ، حرکت نبض ۔ ۲. بے چینی ، بے قراری ، اضطراب ، اختلاج ۔ ۳. جلوہ ، شان ، پھبن ۔ ۴. (i) رقص میں بدن کے مختلف حصوں کی تھرتھراہٹ یا حرکات ۔ ۵. آرزو ، اصل مدعا ، مقصد اعلیٰ ۔ [س] ۔

بھڑک اٹھنا محاورہ. ۱. ترنگ میں آنا، خوشی سے بے تاب ہو جانا، بہت زیادہ پسندیدگی کا اظہار کرنا. ۲. بے قرار ہونا، بے چین ہونا.

بھڑک کر م ف. ۱. تڑپ تڑپ کر؛ بڑی اذیت کے ساتھ. ۲. بے قرار ہو کر، بے تاب ہو کر.

بھڑک جانا محاورہ. ۱. ترنگ میں آنا، خوشی سے بے تاب ہو جانا. ۲. دم نکل جانا. ۳. بے قرار ہونا، بے چین ہونا.

بَھڑکا دینا محاورہ.
۱. نہایت خوش کر دینا، دل موہ لینا، تڑپا دینا. ۲. جان سے مار دینا، کرایے کے غنڈے سے کسی کو قتل کروانا. [ار].

بَھڑکانا (فت بھ، سک ڑ) ف م.
۱. (i) ہلانا، جنبش دینا. (ii) (پروں کو) پھڑ پھڑانا. (iii) پھڑکا مارنا، تڑپانا، بے قرار کرنا. (iv) ترسانا. ۲. (مجازاً) شان دکھانا، اترانا. ۳. زیب تن کرنا، پہننا، بھڑک دکھانا. ۴. کبوتر کے پنجے پکڑ کر دیر تک ہلانا (سزا کے طور پر). ۵. (مرغ بازی) بازی کے مرغ کا دل بڑھانے کو کمزور مرغ سے بھڑانا یا دو دو چونچیں لڑانا، بازی کے لیے تیار کرنا، پھڑی دینا. [س].

بھڑکتا/بھڑکتی (ہوا)/ہوئی (فت بھ، ڑ، سک ک) صف مذ؛ مث.
۱. برجستہ، برمحل، شوخ، چلبلا. ۲. (مجازاً) زندہ جیسی، اصل سے قریب؛ متحرک.

بَھڑکنا (فت بھ، ڑ، سک ک) ف ل.
۱. (i) حرکت کرنا، جنبش کرنا، ہلنا. (ii) کسی عضو کا حرکت کرنا. ۲. بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا. ۳. تڑپنا، لوٹنا، تلملانا. ۴. (پرندے کا بے تاب ہو کر) بال و پر مارنا، پھڑ پھڑانا. ۵. بے قرار ہونا، بے تاب ہونا. ۶. (i) آرزومند ہونا، نہایت مشتاق ہونا. (ii) تڑپنا، (بے چینی کے ساتھ) راہ تکنا. ۷. (خوشی سے) بے تاب ہونا، خوش ہونا. (ii) (غصے سے) بے قرار ہونا، ناخوش ہونا. [س].

بِھس (کس بھ) مث.
جب کسی بچے سے کوئی کام نہیں ہو سکتا یا کسی کام میں اور لڑکوں سے پیچھے رہ جاتا ہے تو اس کو چھیڑنے کے لیے کہتے ہیں بھس یعنی تم سے کچھ نہ ہو سکا. [حکایت الصوت].

بھس بھسا جانا محاورہ. ۱. ڈر جانا، خوف کھانا، ہمت ہار جانا. ۲. ناکارہ ہو جانا، کام کا نہ رہنا.

بھس ہونا محاورہ. رہ جانا، پھسڈی ہونا، جوش خروش نہ رہنا، بجھ کر رہ جانا، پیچھے رہ جانا؛ ٹھٹھر جانا.

بُھس (ضم نیز فت بھ) مث.
۱. ہلکی آواز، خفیف آواز، سرگوشی، کانا پھوسی. ۲. آواز گوز. [س].

بھس بھس مث. ۱. دیکھیے: بھسا بھسا. ۲. ہلکی آواز، کانا پھوسی.

بھس بھسا صف مذ. ۱. پھوکا، نرم، ملائم (ٹھوس کی ضد)، خراب. ۲. (مجازاً) بے جان، بے لطف، سست (چست کی ضد). ۳. بودا، کمزور. ۴. ناکارہ، ناقص.

بھس بھسانا محاورہ. کانا پھوسی کرنا، چپکے چپکے باتیں کرنا. ۲. (مجازاً) بجھ جانا، پوری طرح آگ نہ پکڑنا.

بھس سے م ف. ۱. آہستہ سے، ہلکے سے. ۲. چپکے سے، رازدارانہ طور پر.

بِھسَڈّی (کس بھ، فت س، شد ڈ) صف.
۱. (دوڑ میں) پیچھے رہ جانے والا. ۲. ناقص، گھٹیا، کم تر درجے کا. ۳. (عام معیار کے اعتبار سے) گرا ہوا، کمزور، جماعت میں پیچھے رہ جانے والا. [س].

بھسڈی کے بھسڈی صف. بالکل غیر ترقی یافتہ، پس ماندہ، پیچھے رہنا.

بھسڈی ہو جانا / ہونا محاورہ. پیچھے رہ جانا، مات کھا جانا.

بُھسَر بُھسَر (ضم بھ، فت س) صف.
۱. آہستہ آہستہ یا چپکے چپکے باتیں کرنا، کانا پھوسی کرنا. ۲. غیر واضح، مبہم. [س].

بَھسکَڑا (فت بھ، س، سک ک) امذ.
زمین پر اطمینان سے کشادہ ہو کر بیٹھنے کا عمل، دو زانو پھیلا کر یا پھیل کر بیٹھنے کی کیفیت؛ زمین پر آلتی پالتی (عموماً 'مار کر' کے، کے ساتھ) بیٹھنا. [س].

بھسکڑا مارنا محاورہ. جم کر زمین پر بیٹھنا اس طرح کہ دونوں گھٹنے مڑے ہوں اور ایڑیوں پر جسم کا بوجھ ہو.

پُھسکی (ضم پھ، سک س) است.
۱. آہستہ سے ریح (گوز) کا اخراج، پاد جس میں آواز نہ ہو. ۲. کانا پھوسی، تہمت یا بہتان کی بات آہستہ سے کہہ دینا. [س].

پِھسَل (کس پھ، فت س) است.
پھسلنا سے (تراکیب میں مستعمل)؛ لڑھکنا، رپٹنا.

پھسل جانا محاورہ. ۱. رپٹنا، گر پڑنا. ۲. وعدے سے پھر جانا. ۳. فریفتہ ہو جانا. ۴. للچانا، لالچ کرنا.

پُھسلا (ضم پھ، سک س) امذ (قدیم).
فریب، جھانسا، بھلاوا، چال.

پھسلا کو لے جانا محاورہ. اغوا کر کے لے جانا.

پِھسلانا (کس پھ، سک س) ف م.
۱. پھسلنا کا تعدیہ، رپٹانا، کھسکانا. ۲. (بازاری) اپنے عضو مخصوص کو عورت کے مقام مخصوص یا لڑکے کے پچھانے کے مقام پر رگڑنا. ۳. ڈھلکانا، لڑکانا، گرانا، گھسیٹنا. ۴. غلطی کرانا. [س].

پُھسلانا (ضم پھ، سک س) ف م.
۱. (i) بہکانا، گمراہ کرنا، دھوکا دے کر خوش کرنا. (ii) (مجازاً) اغوا کرنا، بھگا لے جانا. ۲. بھلاوا دینا، بہلانا، (کسی طرف سے) توجہ ہٹانا. ۳. (مجازاً) بچوں کو چپ رکھنے کے لیے کسی طرح ان کا دھیان دوسری طرف کرنا، بہلا کر خاموش اور مطمئن کرنا، بھلاوا دینا. [س].

پِھسلَن (کس پھ، سک س، فت ل) است.
۱. پھسلنا کی کیفیت و حالت، (کسی مقام یا جگہ کے چکنے ہونے کی وجہ سے) پاؤں نہ ٹھہرے اور انسان گر جائے، پاؤں پھسلنے کی جگہ، رپٹن، لغزش. ۲. فریفتہ ہونے کی کیفیت، مائل یا راغب ہونے کی حالت و کیفیت، فریفتگی. [س].

پِھسَلنا (۱) (کس پھ، فت س، سک ل) ف ل.
۱. (چکنے پن، گیلے پن یا نشیب کی وجہ سے) پیر وغیرہ کا نہ جمنا یا سرک جانا، رپٹنا. ۲. (i) (مجازاً) کسی طرف جھک جانا، مائل ہونا. (ii) (مجازاً) بہکنا، راہ سے بے راہ ہونا، لغزش کھانا، گناہ کرنا. ۳. (مجازاً) زبان کا لغزش کھانا، غلط بات نکل جانا. [س].

پِھسَلنا (۲) (کس پھ، فت س، سک ل) صف مذ.
جس پر قدم نہ ٹھہریں اور رپٹ جائیں، چکنا. [س].

پِھسَلنی (کس پھ، فت س، سک ل) صف.
چکنی، پھسلنا کی تانیث.

پَھک (۱) (فت پھ) است: امذ.
بھوسی، برادہ، چھلکا. [س].

پَھک (۲) (فت پھ) است.
ملائم چیز میں کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز، کسی بھی دھماکہ خیز چیز کی آواز، بلب یا آتش بازی وغیرہ کے زور سے پھٹنے کے عمل کی آواز. [حکایت الصوت].

پھک سے م ف. جلدی سے، دفعۃً، یکبارگی، فوراً، اچانک.

پَھکّا (فت پھ، شد ک) امذ.
ٹکڑا، پھانک. [س].

پَھکّڑ (فت پھ، شد ک بفت) (الف) است نیز امذ.
زنانوں اور ہیجڑوں کی لڑائی جس میں وہ ایک دوسرے کے عقدے کھولتے ہیں؛ فحش بات، ہزل، ناشائستہ گفتگو، گالی گلوچ، پست مذاق. (ب) صف. مسخرہ، ہزل گو، فحش بکنے والا. [س].

پھکڑ باز صف. مسخرہ، ہزل گو، فحش بکنے والا.

پھکڑ بازی است. ۱. فحش گوئی، گالی گلوچ. ۲. ہیجڑے کا تالیاں بجا بجا کر گالیاں دینے کا فعل.

پھکڑ پن امذ. پھکڑ کا اسم کیفیت؛ فحش گوئی، بے ہودہ مذاق.

پَھکڑی (فت پھ، سک ک) است.
رسوائی، خواری، درگت، بے ہودہ دست درازی. ۲. بداخلاقی سے پیش آنے کا عمل، درشتی. ۳. (مجازاً) فحش اور بازاری زبان، ایک صنف سخن جس کا مضمون پوچ اور نامہذب ہوتا ہے. ۴. ظرافت، شگفتہ مزاجی. [س].

پھکڑی کرنا محاورہ. بے عزتی کرنا، بداخلاقی سے پیش آنا، فضیحتا کرنا؛ بہتان لگانا.

پُھکنا (۱) (ضم پھ، سک ک) ف ل.
۱. پھونکنا کا لازم، مارنا، سے زور ہوا خارج. ۲. آگ لگنا، جلنا، سوختہ

ہونا. ۳. سوزش ہونا، جلن ہونا: آگ یا بخار کی گرمی سے جلنا. ۴. نہایت گرم ہو جانا، تپنا. ۵. (مجازاً) روپیہ برباد ہونا، ناحق خرچ ہونا. ۶. (مجازاً) اذیت سہنا، تکلیف اٹھانا، کڑھنا. [س].

پُھکنا (ضم پھ، سک ک) اند.

۱. حیوانات کے جسم میں ایک عضو جس میں ہوا یا پانی بھرتا ہے، مثانہ. ۲. غبارہ (یا جھلی) جس میں ہوا بھر کر پھلاتے ہیں. ۳. گولے یا پھکنے کی شکل کی ایک قسم کی آتش بازی. ۴. تھیلی: جھلی کا تھیلا. [س].

پُھکنی (ضم پھ، سک ک) است.

۱. بانس، لوہے یا کسی دھات کا سوراخ دار ٹکڑا جس میں منھ سے پھونک مار کر آگ دہکاتے ہیں، دھونکنی. ۲. نرخرہ، حلقوم، گلا، سانس کی نالی. ۳. تمنچہ یا پستول. [س].

پُھکوانا (ضم پھ، سک ک) ف م.

۱. پھکنا کا تعدیہ، جلنا، تپنا، سوختہ ہونا. ۲. آیات و اوراد وغیرہ کا پانی پر دم کروانا جس کے بارے میں بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اس سے بیماروں کو شفا ہوتی ہے اور مسائل حل ہوتے ہیں.

پَھکیت (کس پھ، ی لین) اند.

گتکا پھکنے مارنے یا چلانے کے فن کا مشاق؛ سیف باز. [س].

پَھگُوا (فت پھ، ضم نیز سک گ) (الف) اند.

۱. ہولی، پھاگ. ۲. ہولی کے تہوار کا دن؛ پھاگن کے مہینے میں لوگوں کا اجتماع یا میلہ جو بسنت کی خوشی میں مناتے ہیں اس میں ایک دوسرے پر رنگ وغیرہ پھینکتے ہیں اور گیت گاتے ہیں. ۳. ہولی کا گیت. (ب) صف، مذ. ۱. ہلیارا، پھاگ (ہولی) کھیلنے والا. ۲. پیلا، زرد. [س].

پَھل (فت پھ) اند.

۱. چھلکے سے منڈھی بیج اور گودے سے بھری وہ شے جو اپنی فصل کے زمانے میں اپنے درخت کی شاخوں یا بیل سے اُگتی اور عموماً بغیر پکائے کھائی جاتی ہے، ثمر، میوہ، بار. ۲. کسی آلے میں لگا ہوا لوہے کا دھار والا حصہ. ۳. ہل کا وہ حصہ جو زمین کھودتا ہے، پھالی، پھال. ۴. نتیجہ، حاصل، انعام. ۵. عوض، صلہ (جزا یا سزا). ۶. فائدہ، لطف. ۷. آل اولاد. اف: آنا / دینا.

پھل آنا محاورہ. درخت کا بارور ہونا، پھل پیدا ہونا.

پھل پانا محاورہ. ۱. صلہ پانا، جزا ملنا. ۲. سزا پانا. ۳. نتیجہ حاصل کرنا. ۴. فائدہ اُٹھانا، فلاح پانا. ۵. اولاد ہونا.

پھل پھلاری / پھلاڑی است. ۱. رنگ رنگ کے میوے، تر میوے. ۲. طرح طرح کے تر میوے (جیسے امرود، کیلے وغیرہ) اور ترکاریاں جو کچی کھائی جاتی ہیں، پھل مول. ۳. (مجازاً) محبوب کے اعضا کا ابھار شان اور چھب.

پھل دار ہونا محاورہ. ۱. پھل پھول والا ہونا، پھلنا پھولنا. ۲. صاحب اولاد ہونا: دھنوان اور بھاگوان ہونا: بڑا نصیب ور یا اقبال مند ہونا.

پھل دینا محاورہ. ۱. بارور ہونا، ۲. صلہ دینا، ثمرہ دینا. ۳. کام آنا.

پَھلا (فت پھ) صف، مذ.

۱. بہت پھل والا، پھل سے لدا ہوا: نوک دار (مرکبات میں مستعمل جیسے: دو پھلا وغیرہ): تیر کی نوک: برچھے کا اگلا حصہ. ۲. کسی آلے میں لگا ہوا لوہے کا دھار والا حصہ. ۳. برما: (نجاری) برمے کا دھار دار آہنی منھ جو سوراخ چھیدتا ہے.

پھلا پھولا صف مذ. ۱. سرسبز، شاداب. ۲. آل اولاد، روپے پیسے سے بھرا پرا. ۳. آباد، خوش حال.

پُھلا (ضم پھ، شد ل) اند.

۱. بھنی ہوئی مکئی کے دانے، کھیل. ۲. آنکھ کا ٹینٹ، آنکھ کی بڑی پھلی جو باہر تک نکل آتی ہے. ۳. پھول کی طرح پھولی ہوئی چیز. ۴. تنور کی روٹی کا بلبلا. ۵. سڑے ہوئے سالن کا بلبلا، حباب. [س].

پُھلانا (ضم پھ) ف م.

۱. پھولنا کا تعدیہ، ابھار پیدا ہونا، بڑھنا. ۲. کھلانا، شگفتہ کرنا.

پَھلانگ (فت پھ، غ) است.

جست، کود، چھلانگ. [س].

پَھلانگنا (فت پھ، غ، سک گ) ف ل: ف م.

(کسی چیز کے اوپر سے) ڈگ بھر کر (ایک ہی جست میں) کود جانا، پھاند جانا، لانگنا، جست بھرنا.

پُھلاؤ (ضم پھ ، وج) اند .

۱. پھولنے کی کیفیت یا حالت یا عمل .۲. اُبھار ، سوجن .

پُھلْپُھلا (ضم پھ ، سک ل ، ضم پھ) صف .

۱. پھولا ہوا ، پھوکا ، پولا .۲. جو ذرا سی بات پر اترا جائے ، اوچھا ، کم ظرف .

۳. جس میں فاصلہ یا چیر ہو ، بے جوڑ ، بے ربط .

پَھلتے پُھولتے رہو دعائیہ کلمہ .

خوش حال ، کامیاب رہو .

پُھلْجَھڑی (ضم پھ ، سک ل ، فت جھ) است .

۱. ایک قسم کی آتش بازی جس میں پھول کی سی چنگاریاں نکلتی اور جھڑتی نظر آتی ہیں .۲. (مجازاً) فتنہ انگیز بات ، فساد کی بات ، (مجازاً) فتنہ پرداز عورت ، لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت ، شگوفہ چھوڑنے والی عورت .

پھلجڑی چھوڑنا محاورہ . پھلجڑی کو آگ دکھانا ؛ فتنہ انگیزی کرنا ، فساد کی بات کہنا .

پُھلْکا (ضم پھ ، سک ل) (الف) اند .

۱. (i) پھولی ہوئی چھوٹی روٹی جو زود ہضم ہوتی ہے (اکثر بیمار یا کمزور کو کھلاتے ہیں) .۲. چھوٹا کڑھاؤ جو چینی کے کارخانے میں کام آتا ہے .

۳. پھپھولا ، چھالا ، آبلہ . (ب) صف . سبک یا ہل .

پُھلْکاری (ضم پھ ، سک ل) است .

۱. گل بوٹے کا کام ، گل کاری .۲. کپڑا جس پر پھول بوٹے بنے ہوں .

پُھلْکی (ضم پھ ، سک ل) (الف) صف .

پھلکا کی تانیث (اکثر ہلکی کے ساتھ مستعمل) . (ب) است . بیسن یا پسی ہوئی دال وغیرہ کا پانی میں گھول کر نمک مرچ اور زیرہ اور ہرا دھنیا وغیرہ ملا کر تیل یا گھی میں تلا جانے والا نمکین پکوان جو تلنے سے پھول جاتا ہے ، پکوڑی .

پَھلْنا (فت پھ ، سک ل) ف ل .

۱. (درخت کا) بارور ہونا ، پھل نمودار ہونا .۲. آبلوں ، دانوں یا پھنسیوں کا کثرت کے ساتھ بدن پر نکل آنا .۳. (کسی چیز کا کسی کو) مبارک ہونا ، راس آنا .۴. کامیاب ہونا ؛ مقصد سے ہم کنار ہونا .۵. (کسی چیز کا) فروغ پانا ، ترقی کرنا .۶. (i) اقبال مند ہونا ، خوش نصیب ہونا .

(ii) خاندان بڑھنا ، کثرت سے اولاد ہونا . [س] .

پھلنا پھولنا ف ل . ۱. درختوں کا بار آور ہونا .۲. صاحب دولت ہونا .

۳. صاحب اقبال ہونا ، خوش نصیب ہونا .

پُھلْواری (ضم پھ ، سک ل) است .

۱. پھولوں کی کیاری .۲. چھوٹا سا باغ جس میں پھولوں اور پھلوں کے درخت لگائے جاتے ہیں . [س] .

پَھلی (۱) (فت پھ) است .

۱. غلاف دار لمبا پھل جس میں گودے کی جگہ چھوٹے چھوٹے بیج کے دانوں کی قطار ہوتی ہے جیسے : مٹر ، مونگ یا املتاس کی پھلی وغیرہ .

۲. کیلا ، کیلے کا پھل . [س] .

پھلی بھی نہ پھوڑنا محاورہ . کاہل ہونا ، کچھ کام نہ کرنا .

پَھلی (۲) (فت پھ) صف ، است .

۱. پھلا کی تانیث بہت پھل والا ؛ لوہے کی نوک والی جیسے تیر کی نوک .

۲. پھل دار (جیسے : چاقو) ؛ ترکیبات میں مستعمل مثلاً دو پھلی .

۳. ڈھال ؛ پھندا .

پُھلّی (ضم پھ ، شد ل) است .

۱. سفید ابھرا ہوا دھبا جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے ، ٹینٹ . [س] .

پُھلیری (ضم پھ ، ی ج) است .

پَھن (فت پھ) اند .

سانپ کا (پھیلا اور پھلایا ہوا) سر .

پھن رکھے (ہوئے) بیٹھنا محاورہ . خزانے پر سانپ بنے بیٹھنا ، دولت ہتھیائے بیٹھنا .

پھن مارنا محاورہ . ۱. (کاٹنے کے لیے) سانپ کا اپنے پھن کو کسی چیز پر مارنا ، سانپ کا کاٹنا ، ڈسنا ، چٹک لینا .۲. وار کرنا ، نقصان پہنچانا .

پَھنْپَھنانا (فت پھ ، سک ن ، فت پھ) ف ل .

۱. سانپ کا غصہ سے پھن اٹھانا اور پھنکار مارنا .۲. (مجازاً) غضب ناک ہونا ، پھوپھاں کرنا .۳. جلدی سے یا ایک دم سے اُچھلنا (جیسے سانپ کا) ، تیزی سے پیدا ہونا یا بڑھنا (جیسے پودے کا) ؛ چستی سے چلنا پھرنا یا اچھلنا کودنا (جیسے کھلنڈرے بچے کا) . [س] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مج = معروف ، وج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

پَھنْد (فت پھ، سک ن) اند.
اَکر، فریب؛ ترکیب، چھند. ۲. پھندا کی تخفیف، حلقہ؛ گرہ، ٹانکا. [س].

پَھنْدا (فت پھ، مغ) صف.
لدا کا تابع: بہت بھرا ہوا، اسباب ساتھ لیے ہوئے.

پَھنْدا (فت پھ، سک ن) اند؛ ~ پھندہ.
۱. (i) (رسی یا ریشم وغیرہ کا) حلقہ، پھاند، پھانسا. (ii) گرہ، ٹانکا، (اُون سے)، بنائی کا خانہ. ۲. گتھی جو بال، ریشم یا دھاگے میں پڑ جاتی ہے. ۳. دیکھیے: اچھو، کسی چیز کے گلے میں اٹکنے کی حالت. ۴. (i) تنگی، دشواری، دقت، کسی کام میں پیدا ہونے والی الجھن. (ii) فریب، دم، قید، پنجہ، پابندی. ۵. (جلد سازی) ایک خاص قسم کی سلائی جس سے کتاب مضبوط رہتی ہے. ۶. (برقیات) کاغذ کی بنی ہوئی وہ پونگی جس کو برقی تجربات میں ایک تاگے سے باندھ کر لگا دیتے ہیں.

پھندا ڈالنا محاورہ. ۱. الجھانا، بکھیڑا ڈالنا. ۲. (جال میں) پھنسا لینا. ۳. گلے میں گھٹن پیدا کرنا، دم گھوٹنا. ۴. بنائی یا سلائی کا ٹانکا یا حلقہ دینا. ۵. (گلے میں حلقہ ڈال کر) پھانسی دینا.

پھندا لگنا محاورہ. ۱. گرہ پڑ جانا؛ الجھنا ۲. کھاتے پیتے کسی چیز کا گلے میں اٹک جانا، اچھو ہو جانا. ۳. پرندوں کو پکڑنے کے لیے جال بچھانا.

پُھنْدنا (فت پھ، سک ن، د) اند.
(سوت، ریشم یا کلابتو کا) گچھا یا پھول جو جوڑے کی نوک، تسبیح، جھالر اور کمر بند وغیرہ کے سرے پر یا ٹوپی میں لگاتے ہیں. دھاگے، جھالر. [س].

پُھنْدنا سا / سی صف. ننھا سا، چھوٹے قد کا خوب صورت، چھوٹا.

پُھنْدنے (ضم پھ، سک ن، د) اند؛ ج.
پھندنا کی جمع یا مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل)، سوت، ریشم یا کلابتو کا گچھا.

پھندنے دار صف. جس میں پھندنا لگا ہو، پھندنے والا.

پَھنْدے (فت پھ، سک ن) اند؛ ج.
پھندا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل، رسی یا ریشم کا حلقہ.

پھندے میں پھنسانا محاورہ. دام فریب میں لانا، جال میں پھانسنا؛ مصروفیتوں میں الجھا دینا.

پھندے میں پھنسنا محاورہ. ۱. دام فریب میں آنا، مصیبت میں مبتلا ہونا. ۲. کسی کے بس میں ہونا، قابو میں یا قید میں ہونا.

پَھنْسانا (فت پھ، مغ) ف م.
حلقے یا جال میں لانا، قابو میں لانا؛ مشکل یا مصیبت میں مبتلا کرنا.

پَھنْس جانا ف مر.
پکڑ میں آنا، گرفت میں آ جانا، کسی جرم میں گرفتار ہو جانا، مشکل یا مصیبت میں گرفتار ہو جانا.

پَھنْسنا (فت پھ، مغ) ف ل.
۱. حلقے یا جال میں آنا. ۲. (کسی جرم میں) ماخوذ ہونا؛ گرفتار ہونا. ۳. مشکل یا مصیبت میں پڑنا، مبتلا ہونا. (۴) مقید ہونا، پابند ہونا. ۵. (کپڑے وغیرہ کا جسم پر) تنگ ہونا، کسی سے آشنائی ہونا، ناجائز جنسی تعلق. [س].

پُھنْسی (ضم پھ، سک ن) امث.
دانہ جو جسم پر نکل آئے، چھوٹا پھوڑا. [س].

پھنسی کا پھوڑا بنانا محاورہ. بات کو طول دینا، رائی کا پہاڑ بنانا.

پَھنْکا (فت پھ، غنہ) اند.
خشک دانے یا سفوف کی مقدار جو ایک مرتبہ میں پھانک لی جائے.

پھنکا لگانا محاورہ. (بقدر کف دست کسی خشک چیز کو) ایک ہی مرتبہ حلق میں ڈالنا، پھانکنا.

پُھنْکار (ضم پھ، غنہ) امث.
۱. سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز، سانپ کا تیز اور لمبا سانس. ۲. (مجازاً) تیز سانس، پھوں پھوں کی آواز، سانس کا غرانا. [س].

پھنکار مارنا محاورہ. ۱. سانپ کا غصے سے سانس چھوڑنا. ۲. تیز تیز سانس چھوڑنا، پھوں پھوں کرنا.

پُھنْکارنا (ضم پھ، غنہ، سک ر) ف ل.
سانپ کا غصے سے سانس چھوڑنا. ۲. (مجازاً) غضب ناک ہونا، بپھرنا. [س].

پُھنْکنا (ضم پھ، مغ، سک ک) ف ل.
۱. زور کے ساتھ منھ سے ہوا خارج ہونا. ۲. جلنا، تپنا، گرم ہونا.

پھُنکنی (ضم پھ، مغ) اث.
بانس، لوہے وغیرہ کا وہ گول کھوکھلا ٹکڑا جس سے آگ میں پھونک مارتے ہیں، پھکنی.

پھَنکی (فت پھ، مغ) اث.
۱. ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار. ۲. پھانکنا کا اسم کیفیت. ۳. سفوف، چنکی، چورن، پسی ہوئی خشک دوا جو پھانکی جائے.

پھُننگ (ضم پھ، فت ن، مغنہ) اث.
۱. (ناک کی) نوک. ۲. درخت کی چوٹی، کنارہ، آخری سرا. ۳. کوڑے کا سرا. ۴. انتہا، کسی بھی چیز کا سرا یا نوک جو نمایاں طور پر باہر نکلی ہو. [س].

پھُنّو (ضم پھ، شد ن، وج) اث.
۱. لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو آرا چلانے والے شگاف میں اس غرض سے رکھتے ہیں کہ لکڑی جلد چر جائے، پچڑ، پھانا، پھنی. ۲. بچے کا عضو تناسل، لولو، نونی، اعضائے تناسل مردانہ. [ار].

پھَنّے خاں (فت پھ، شد ن) اند.
شیخی خور. [مقامی].

پھَنّے خانی (فت پھ، شد ن) اث.
پھنے خاں کا اسم کیفیت؛ شیخی مارنا.

پھُوار (ضم پھ) اث.
بارش کی مہین مہین بوندیں، چھوٹے چھوٹے قطرے. [س].

پھُوار سے کھیت نہیں بھرتے کہاوت. تھوڑی پونجی سے بڑا کام نہیں ہوتا.

پھُوپھا (ومع) اند.
(باپ کی بہن) کا شوہر، پھوپا. [س].

پھُوپھو (ومع، وج) اث.
باپ کی بہن.

پھُوپھی (ومع) اند. ~ پھوپی.
باپ کی بہن (چھوٹی ہو یا بڑی)، پھپّی.

پھُوٹ (ومع) اث.
۱. شگفتگی (ٹوٹ کے تابع کے طور پر). ۲. نااتفاقی، اختلاف، نفاق، فساد، کینہ. ۳. پھٹی، چر. ۴. پھوٹنا سے (تراکیب میں مستعمل)، کسی سخت چیز کا ٹوٹ جانا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا. [س].

پھوٹ آنا محاورہ. ۱. نمودار ہونا، (سطح سے گزر کر) باہر آنا. ۲. نمو پانا، سرسبز ہونا، (تخم یا شاخ کا) کلا نکلنا.

پھوٹ پڑنا محاورہ. ۱. (i) پھٹنا، شق ہونا، کھلنا. (ii) اُگ آنا، بیجوں سے کلے پھوٹ آنا. (iii) ریزہ ریزہ ہونا، باہر نکل آنا. ۲. (مادے کا سطح توڑ کر) بہہ نکلنا. ۳. (i) برآمد ہونا، ظہور میں آنا، نمودار ہونا (بغاوت وغیرہ کا). (ii) (وبا) پھیلنا. ۴. ان بن ہونا، نااتفاقی ہونا، دشمنی ہونا، نفاق ہونا.

پھوٹ پھوٹ (کر / کے) رونا محاورہ. زار زار رونا، اشک باری کرنا.

پھوٹ ڈالنا محاورہ. نااتفاقی پیدا کرنا، ان بن کرانا.

پھوٹ ڈلوانا محاورہ. پھوٹ ڈالنا کا تعدیہ، نااتفاقی پیدا کروانا، ان بن کروانا.

پھوٹ نکلنا محاورہ. ۱. (i) چشمے کا پھوٹ بہنا، بند ٹوٹ جانا. (ii) زار و قطار رونا. ۲. (تخم کا) نمو پانا، (شاخ کا) سرسبز ہونا. ۳. (i) نکھر آنا، رنگ کھلنا. (ii) (ابھر کر) باہر آنا، نکلنا. (iii) کسی فتنہ وفساد کا پھیل جانا. ۴. (i) ظاہر ہونا، نمودار ہونا. (ii) افشائے راز ہونا، بھید کھل جانا. ۵. زیب دینا، کھلنا. ۶. (جسم پر) کثرت سے پھنسیاں نمودار ہونا، کوڑھ یا برص ہو جانا. ۷. آر پار ہو جانا. ۸. کسی چیز کا نقش کاغذ یا کپڑے کے دوسری طرف ظاہر ہونا.

پھُوٹنا (ومع، سک ٹ) ف م.
۱. (کسی سخت یا کراری چیز کا) ٹوٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا، شکستہ ہونا. ۲. (غلاف یا جلد والی چیز کا) پھٹنا، شق ہونا. ۳. (کلی وغیرہ کا) نکلنا، کھلنا، شگفتہ ہونا. ۴. (دیوار میں) سوراخ کیا جانا، کول ہونا. ۵. بگڑنا، خراب ہونا، (آنکھ کے لیے) بینائی جاتی رہنا. ۶. (ابھر کر یا سطح چھید کر) نکلنا، باہر آنا، اُبل آنا. ۷. (رنگ یا روشنی کا) ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، نمودار ہونا، جھلکنا، پھیلنا. ۸. (جسم پر دانے) نمودار ہونا، پھلنا، پھنسیاں نکلنا؛ جذام ہو جانا. ۹. (تخم کا) نمو پانا، اُگنا، (شاخ کا)

نمودار ہونا ۔ ۱۰۔ الگ ہو جانا ، نکلنا ، الگ یا علیحدہ ہونا ۔ ۱۱۔ (تحقیر سے) بولنا ، کہنا (اکثر منھ کے ساتھ) ۔ ۱۲۔ (شاخ کی طرح) الگ ہو کر کسی سیدھ میں جانا ۔ ۱۳۔ زخمی ہونا ، پھٹنا (سر وغیرہ کا) ۱۴۔ آبلے وغیرہ میں سوراخ ہو جانا ، زخم یا پھوڑا پھٹ کر آلائش نکلنا (زخم یا آبلے وغیرہ کے ساتھ) ۔ ۱۵۔ (بو) نکلنا ، پھیلنا ۔ ۱۶۔ راز کا افشا ہونا ، بھید کھلنا ، مشتہر ہونا ، پھیل جانا (بات وغیرہ کے ساتھ) ۔ [س] ۔

پُھوٹی (و مع) صف ۔

پھوٹا سے ، (تراکیب میں مستعمل) ، ٹوٹی ہوئی ، شکستہ ؛ بگاڑ ۔

پھوٹی (ہوٹی) تقدیر/ قسمت مث ۔ تقدیر کی خرابی ، بری قسمت ، بد نصیبی ۔

پھوٹی کوڑی مث ۔ حقیر ترین رقم ۔

پھوٹی کوڑی نہ ہونا محاورہ ۔ مفلس ہونا ؛ کچھ بھی پاس نہ ہونا ۔

پُھوہَڑ (ضم پھ ، فت و) مث ؛ صف ۔

بے سلیقہ ، بے تمیز ، بے ہنر ۔ [س] ۔

پھوہڑ پن/ پنا مذ ۔ بد سلیقگی ، بے ہنری ، بے وقوفی ۔

پھوڑا (و ج) مذ ۔

۱۔ (جلدی خرابی یا فساد خون کے باعث) جسم پر کا ابھارا جو پک کر اور پھوٹ کر زخم کی شکل اختیار کرے ، دمبل ، بڑی پھنسی ۔ ۲۔ کسی درخت کا ابھرا ہوا بیرونی حصہ جو کسی بیماری کے سبب سے ہو ۔ [س] ۔

پھوڑا پھنسی مث ۔ جلدی بیماری جس میں چھوٹے بڑے زخم پیدا ہو جاتے ہیں ۔

پھوڑنا (و ج ، سک ڑ) ف م ۔

۱۔ (i) پھوٹنا کا تعدیہ ، کسی سخت چیز یا کراری چیز کا ٹوٹنا ، ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔ (ii) (جلد والی چیز کا) پھاڑنا ، (ضرب یا ٹکر سے) زخمی کرنا ۔ (iii) سوراخ کرنا ، چھیدنا ۔ (iv) بگاڑنا ، خراب کرنا ۔ (v) (آنکھ کے ساتھ) اندھا کرنا ، بینائی ضائع کرنا ۔ (vi) (راز) ظاہر کرنا ، افشا کرنا ، مشتہر کرنا ۔ [س] ۔

پُھوس (و مع) (الف) مذ ۔ پھونس ۔

۱۔ سوکھی ہوئی لمبی گھاس جو اکثر چھپر چھانے میں کام آتی ہے ۔ ۲۔ ہلکا تمباکو ، تمباکو جو کڑوا نہ ہو ۔ ۳۔ (مجازاً) کوئی چیز جو کمزور یا پرانی ہو ؛ فضول چیز ۔

(ب) صف ۔ ۱۔ (بڈھا (یا بوڑھا) کا تابع) بہت بوڑھا ، ضعیف (بالعموم سا/سی کے ساتھ) ۔ ۲۔ (مجازاً) جلد جل جانے والا ۔ [س] ۔

پُھوسڑا/ پُھوسڑا (و مع ، سک س) مذ :- پھونچڑا ، پھونسڑا ۔

۱۔ (i) ریشم ، لکڑی ، کاغذ یا کپڑے کا ریشہ ، ریشہ جو دھاگے کے بٹ کھل جانے کی وجہ سے سرے پر نکل آتا ہے ۔ (ii) پھل کے اوپر کا باریک بال ۔ ۲۔ (تحقیر سے) اولاد ، بچہ ۔ ۳۔ کوڑا کرکٹ ؛ چیتھڑا پوتڑا ؛ حقیر لباس ، لنگوٹی ۔ [س] ۔

پُھوسی (و مع) لاحقہ مث ۔

آہستہ بولنے سرگوشیاں کرنے چپکے چپکے کان میں باتیں کرنے کی حالت ؛ کانا کے ساتھ بطور جزو دوم ، جیسے : کانا پھوسی ۔

پھوک (۱) (و ج) مث ۔

۱۔ کسی چیز کا ست ، رس یا گودا نکال لینے کے بعد جو خشک مادہ رہ جاتا ہے ، فضلہ ، سفل ۔ ۲۔ (i) سیٹھا ، بد ذائقہ یا بے گھی کا کھانا ۔ (ii) ایسا سن رسیدہ جو بہت کم زور اور ناتواں ہو ۔ ۳۔ (مجازاً) بے مصرف اور فاضل شے ۔ [س] ۔

پھوک (۲) (و ج) (الف) صف ۔

۱۔ رس یا اثر نکلا ہوا ، نچڑا ہوا ۔ ۲۔ خالی ، کھوکھلا ، تھوتھا ؛ بے وزن ، ہلکا ، نرم ، ملائم ؛ سادہ ، صوفیانہ ۔ (ب) مث ۔ کھوکھلا پن ، خلا ، جوف ؛ تیر کی چٹکی ، سوفار ۔ [س] ۔

پھوکا (و ج) صف مذ ۔

پولا ، اندر سے خالی (مجوف) ؛ نرم ، ملائم ، ہلکا ، سبک ۔ [س] ۔

پھوکَٹ (و ج ، فت ک) صف ۔

۱۔ مفت ، بغیر قیمت یا عوض کے (بیشتر کا ، کی لا اور میں کے ساتھ) ۔ ۲۔ مفلس ، قلاش ۔ ۳۔ بے کار ، ناکارہ (شے یا فرد) ؛ نکما ، نالائق ۔ [س] ۔

پھوکٹ میں م ف ۔ مفت میں ، بلا معاوضہ ۔

پُھونکنا (و مع ، سک ک) ف م ۔

۱۔ پھونکنا ، زور کے ساتھ منہ سے ہوا خارج کرنا ۔ ۲۔ (ہندو) ارتھی میں آگ لگانا ۔ ۳۔ آیت قرآنی یا کوئی دعا ، منتر وغیرہ پڑھ کر دم کرنا ، زبان میں تاثیر ہونا ۔ ۴۔ اندر ہی اندر جلانا ، گرمی کا احساس کرنا ۔

پھُوکنے کے نہ پھانکنے کے ، ٹانگ اُٹھاکے تاپنے کے کہاوت. خود غرض کی نسبت بولتے ہیں.

پھُول (۱) (و مع) (الف) اند.
۱.(i) پودے کا تناسلی عضو جس میں ایک یا ایک سے زیادہ پتیاں ہوتی ہیں ، پودے کا رنگین (سبز کے علاوہ) حصہ جو بعد میں تخم یا پھل کی شکل اختیار کر لیتا ہے ، گل ، کسم. ۲. بیل بوٹے جو کپڑے پر کاڑھے جاتے ہیں یا بنائے جاتے ہیں. ۳. چنگاری ، شرارہ ، پتنگا. ۴. چراغ کی جلتی ہوئی بتی پر پڑے ہوئے گول دہکتے دانے جو اُبھرے ہوئے معلوم ہوتے ہیں. ۵. (مسلمان) مردے کی تیسرے دن کی فاتحہ جس میں پھول اٹھائے جاتے ہیں ، سوم ، تیجا (ان معنوں میں فعل جمع میں آتا ہے). ۶. (ہندو) مردے کی جلی ہوئی ہڈیاں (راکھ) جو گنگا یا کسی اور دریا میں بہانے کے واسطے لے جائی جاتی ہے. ۷. دو آتشہ شراب. ۸. پیتل وغیرہ کی گھنڈی جو زیبائش کے لیے چھڑی یا کواڑ کے جوڑ وغیرہ پر جڑی جائے ، گل دار کیل. ۹. کوڑھ کے سفید یا لال داغ جو پھلبری بھی کہلاتے ہیں. ۱۰. کسی چیز کا ست ، جیسے اجوائن کا پھول. ۱۱. سوکھے ہوئے ساگ ، بھنگ یا تمباکو وغیرہ کے پتے. ۱۲. جست ، تانبے اور پیتل کی ملی جلی دھات ، (بھرت ، سونا چاندی) کانسی ، عوج ، گھڑیالی دھات ، کچ دھات. ۱۳. متھانی (وہ ظرف جس میں دہی دودھ وغیرہ بلوتے ہیں) کے آگے کا حصہ جو پھول کی شکل کا ہوتا ہے جس سے انڈیلنے میں آسانی رہتی ہے. ۱۴. (پھول کی شکل کا) گہنا (جو کان میں پہنا جاتا یا ماتھے پر لگایا جاتا ہے) ٹوپس ، ٹیکہ. ۱۵. (مجازاً) بچہ (لڑکا یا لڑکی). ۲۰. پھول کی شکل کا نقش یا نشان. ۲۱. تاش کے چار رنگوں میں سے ایک رنگ ، چڑی. ۲۲. ایسا گھوڑا جس کے پٹھوں یا دوسرے اعضا پر سفید داغ ہوں ، پھولا. ۲۳. پھول کی شکل کے سونے چاندی کے ورق جو بادشاہوں اور دولھاؤں پر نچھاور کرتے ہیں.
(ب) صف. ہلکا ، سبک. [س].

پھول آئے ہیں تو پھل بھی آئے گا کہاوت. (پھل آنا = بچہ جننا ، اولاد والی ہونا) عورتیں آپس میں دوسری بے اولاد عورت کی تسلی کے لیے کہتی ہیں.

پھول برسانا محاورہ. ۱. (اظہار عقیدت کے طور پر) پھولوں کی بارش کرنا ، پھول نچھاور کرنا ؛ بہت زیادہ تعظیم و تکریم بجا لانا. ۲. رنگینی و شگفتگی بخشنا ، پر بہار بنانا. ۳. شیریں زبانی سے کلام کرنا ، دلآویز باتیں کرنا.

پھول پان ہونا محاورہ. بہت نازک بدن ہونا ، دھان پان ہونا.

پھول پتیاں لگانا محاورہ. حاشیہ آرائی کرنا ، کسی بات میں اضافہ کرنا.

پھول ٹہنی ہی میں اچھا لگتا ہے / ٹھیک رہتا ہے کہاوت. ہر چیز اپنی اصلی جگہ میں ہی ٹھیک معلوم ہوتی ہے.

پھول جھاڑو اند. وہ جھاڑو جو پانی کے کنارے اُگنے والی گھاس کے ان تنکوں سے جن کے سروں پر پھول ہوتے ہیں بنائی جاتی ہے.

پھول جھڑنا محاورہ. ۱. (موسم خزاں میں) پھولوں کا گرنا. ۲. منھ سے دل پسند اور میٹھے بول نکلنا. ۳. (طنزاً) عمدہ اور اچھی باتیں کہنا (بری باتوں کے لیے).

پھول چڑھانا محاورہ. (کسی کی قبر پر) پھول رکھنا.

پھول چننا ف مر؛ محاورہ. ۱. پھول توڑنا ، پھول بینا ؛ کامیاب ہونا. ۲. (ہندو) دریا میں بہانے کے لیے تیجے کے دن مردے کی ہڈیاں مرگھٹ سے اٹھانا.

پھول دار صف. جس پر بیل بوٹے بنے ہوں.

پھول دان/ دانی اند؛ است. ظرف جس میں پھول سجائے جاتے ہیں ، گل دان ، پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن.

پھول ڈالنا محاورہ. ۱. آگ کا پتنگا ڈالنا. ۲. کپڑے وغیرہ پر پھول پتی بنانا. ۳. (قبر پر) پھول چڑھانا.

پھول سا صف ، مذ. ۱. جس میں کچھ بھی وزن نہ ہو بہت ہلکا پھول. ۲. خوب صورت ، نازک.

پھول کترنا محاورہ. ۱. انوکھی حرکت کرنا ، انوکھا کام کرنا. ۲. (i) چراغ کا گل کترنا. (ii) گل کترنا ، مقراض سے گل تراشنا.

پھول کی چھڑی نہ چھوانا/ لگانا/ مارنا محاورہ. کبھی نہ مارنا ، کبھی کچھ سزا نہ دینا ؛ (مجازاً) ناز و نعم سے پالنا.

پھول کھلنا محاورہ. ۱. شادی ہونا ، بیاہ ہونا ، کتخدائی ہونا. ۲. گل کا شگفتہ ہونا ؛ دلی مراد پوری ہونا.

پھول گوبی / گوبھی مث. گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے، بند گوبھی اور گانٹھ گوبھی سے الگ ایک قسم.

پھول مرجھا جانا / مرجھانا محاورہ. پھول کمھلانا، گل کا پژمردہ ہونا یا سوکھ جانا؛ کوئی خیال کم ہونا، جذبات میں کمی آ جانا.

پھول وہی جو مہیسر / مہیشر چڑھے کہاوت. کسی چیز کی معراج یہ کہ وہ پسند خاطر خاص و عام ہو؛ چیز وہی اچھی جو کام آئے، چیز وہی اچھی جسے اچھے لوگ پسند کریں.

پُھول (۲) (و مع) مذ.

پھولنا کا عمل، شادابی، اُمنگ، جوش، ولولہ؛ خوشی، آنند.

پھول جانا محاورہ. ۱. (i) بہت خوش ہونا، مسرور ہونا. (ii) سوجنا، متورم ہونا، موٹا ہونا. ۲. اترانا، اکڑنا، نازاں ہونا. ۳. خفا ہونا، (کسی سے) ناخوش ہونا. ۴. موٹا ہونا، فربہ ہونا. ۵. پھول آ جانا.

پھول کر / کے کپا ہونا محاورہ. ۱. بہت موٹا ہو جانا، فربہ ہو جانا؛ بے حد خوش ہونا. ۲. بہت پھول جانا؛ (مجازاً) بہت مغرور ہونا.

پُھولا (۱) (و مع) مذ.

۱. پرندوں کا مرض، جس میں جانور پھول جاتا اور منھ میں کانٹا نکل آنے کی وجہ سے مر جاتا ہے. ۲. سفید نشان جو گھوڑے کے چار جامے کے تنگ کے باہر ایک پٹھے یا دونوں پٹھوں یا پاؤں یا ران پر ہوتا ہے یہ نشان منحوس سمجھا جاتا ہے؛ وہ گھوڑا جس کے یہ داغ ہو. ۳. کڑھاؤ جس میں گنے کا رس پکایا جاتا ہے.

پُھولا (۲) (و مع) صف.

پھولنا سے تراکیب میں مستعمل، موٹا ہونا؛ روٹھنا، ناراض ہونا.

پھولا بیٹھنا محاورہ. ناراض ہونا، خفا ہونا، بگڑنا.

پھولا پھالا صف. موٹا تازہ، ہٹا کٹا.

پھولا پھرنا محاورہ. پھولتا پھرنا، ناز کرنا، گھمنڈ کرنا، اترانا.

پھولا پھلا رہے دعائیہ فقرہ.

پھولا لگنا محاورہ. ۱. (مجازاً) اینٹھ جانا، (ناخوشی سے) منھ پھلانا، ناخوش ہونا؛ خاموشی اختیار کر لینا، چپ سادھ لینا.

پھولا نہیں سمانا محاورہ. (خوشی سے) بے قابو ہونا، بہت خوش ہونا.

پھولا (و ج) مذ.

۱. آنکھ کا ایک مرض جس میں پتلی پر سفید دھبا پڑ جاتا ہے، پھلا، پھلی، آنکھ کا ٹینٹ. ۲. روئی کا گالا. ۳. (پنجاب) کاجل. ۴. پھپولا، آبلہ. ۵. دھاگے کی انٹی، سوت کی پیچک.

پُھولنا (و مع، سک ل) ف م.

۱. (درخت کا) پھول لانا، پھولوں کا شاخ پر نمودار ہونا. ۲. (i) (کلی کا) کھلنا، شگفتہ ہونا، بہار پر آنا. (ii) (دیوار کا) شکستہ ہونا، گرنے کے قریب ہونا (اکثر نمی یا پانی کے اثر سے پھول جانے کے باعث). ۳. (سمائی یا گنجائش سے زیادہ) بھرا جانا، ابھار پیدا ہونا، (حد سے) بڑھنا، ابھرنا. ۴. (آس پاس کی سطح سے) اٹھا ہوا ہونا. ۵. سوجنا، متورم ہونا. ۶. موٹا ہونا، فربہ ہونا. ۷. (پر کے ساتھ) اترانا، گھمنڈ کرنا، اکڑنا، غرور کرنا. ۸. خوش ہونا، آپے میں نہ سمانا. ۹. روٹھنا، ناراض ہونا. ۱۰. (پانی یا مٹی میں بھیگ کر) افزائش ہونا، اصلی حالت سے بڑھ جانا. ۱۱. سرسبز ہونا، تازگی پانا. ۱۲. پکتے ہوئے روٹی وغیرہ کے ایک پتلے پرت کا الگ ہو جانا. ۱۳. خمیر یا کسی اور آمیزش (سوڈے وغیرہ) سے پھول جانا، ہلکا ہو جانا. [س].

پھولنا پھلنا محاورہ. ۱. ترقی کرنا، نشو و نما پانا، کامیاب ہونا؛ دولت مند ہونا؛ صاحب اولاد ہونا، بامراد ہونا. ۲. بہ کثرت پھنسیاں یا دانے نکلنا، زخموں کی بیماری میں مبتلا ہونا، (مجازاً) آتشک میں مبتلا ہونا. ۳. درخت کا سرسبز ہونا، بارآور ہونا، پھوٹنا، اُگنا.

پُھولوں (و مع، و ج) مذ.

پھول کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

پھولوں سے لدنا محاورہ. درخت میں بہت زیادہ پھول لگنا، بہت زیادہ پھول پہننا.

پھولوں کا بستر مذ. ملائم اور کومل بستر؛ (مجازاً) آرام کی جگہ.

پھولوں کا گہنا مذ. ۱. پھولوں کا زیور جو شادی میں دولہا دلہن کو پہنایا جاتا ہے اس میں بدھی طرہ کنگن ہار وغیرہ ہوتا ہے. ۲. نازک چیز جو دیرپا نہ ہو اور تھوڑی دیر کے استعمال کے واسطے خریدی جائے. ۳. (ہندو) چیچک، سیتلا، ماتا.

پھولوں کا ہار اند. پھولوں کی مالا جو گلے میں پہنتے ہیں، گلوں کی حمایل، کنٹھا.

پھولوں کی چادر امث. چادرِ گل جو بزرگوں کے مزار پر (خواہ منت کی خواہ اعتقاداً یا احتراماً) چڑھاتے ہیں.

پھولوں کی چھڑی امث. ۱. پتلی شاخ یا کھپچی جس پر پھول بندھے یا گندھے ہوں. ۲. مجازاً کسی چیز پر پھول جیسے نشان بن کر پھولوں کی چھڑی جیسا بن جانا، (طنزاً) محبوب کی صلواتیں.

پھولوں کی سیج امث. ۱. بچھونا جس پر بکثرت پھول بچھے ہوں، پھولوں سے بنی ہوئی سیج، گدگدا یا ملائم بچھونا. ۲. آرام و عیش کی جگہ.

پُھولی (و مع) صف.
پھولا کی تانیث، موٹا اور فربہ ہونا؛ اترانا، گھمنڈ کرنا.

پھول پھول کھانا محاورہ. بے فکری اور آرام کے ساتھ گزارنا.

پُھولے (و مع) اند.
پھولا کی جمع یا مغیرہ حالت، خوش ہونا، کھلنا، بہار آنا، تراکیب میں مستعمل.

پھولے پھرنا محاورہ. دیکھیے: پھولا پھرنا؛ خوش خوش پھرنا؛ ناز کرنا، گھمنڈ کرنا.

پھولے پھلے (الف) دعائیہ کلمہ. سرسبز و شاداب ہو، خوش و خرم اور بااولاد ہو. (ب) صف. بامراد، خوش حال.

پھولے نہ (نہیں) سمانا محاورہ. بہت خوش ہونا، مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا.

پُھوں (و مع) امث.
سانس کی آواز، سانپ کی پھنکار؛ کتے کا سونگھنا؛ گھوڑے کا خراٹا. [حکایت الصوت].

پھوں پھاں امث. ۱. شیخی، اکڑ. ۲. غصہ، ناخوشی.

پھوں پھوں امث. پھونک مارنے کا فعل.

پھوں پھوں کرنا محاورہ. ۱. پھونک مار کر آگ جلانا. ۲. غصے ہونا، سانپ کی طرح پھنکار مارنا.

پُھونس (و مع، مغ) اند.
۱. پھوس، سوکھی ہوئی لمبی گھاس جو اکثر چھپر چھانے میں کام آتی ہے. ۲. بوڑھا، بہت زیادہ بوڑھا.

پھونس پھانس امث. گھاس پھوس، خس و خاشاک.

پُھونک (و مع، مغ) (الف) امث.
۱. منھ سے بہ زور نکالی ہوئی ہوا، سانس؛ پھونکنے کی کیفیت. ۲. دعا، دم، منتر. ۳. حقے کا کش. (ب) صف. (عو) ہلکا، ورق سا ہلکا؛ ہلکا زیور. [س].

پھونک پھونک کر / کے م ف. آہستہ آہستہ، بہت ہلکے، ٹھہر ٹھہر کر، ڈرتے ڈرتے، احتیاط سے.

پھونک پھونک کر پانو/ قدم اٹھانا/ دھرنا/ رکھنا محاورہ. احتیاط برتنا، ڈرتے ڈرتے کام کرنا.

پھونک دینا محاورہ. تشہیر کرنا، شہرت دینا. ۲. (موسیقی) پھونک سے بجنے والے ساز کے سر سے زائد از ضرورت ہوا نکلنا.

پھونک مارنا محاورہ. ۱. منھ سے زور کے ساتھ ہوا نکالنا. ۲. دعا یا جادو منتر وغیرہ دم کرنا.

پھونک مارو تو اڑ جائیں فقرہ. بہت دبلے پتلے آدمی کی نسبت بولتے ہیں.

پھونک نکل جانا/ نکلنا ف ل؛ محاورہ. ۱. بھری ہوئی ہوا نکل جانا. ۲. مر جانا، دم نکل جانا. ۳. ڈر جانا، سہم جانا. ۴. سانس پھول جانا یا چڑھ جانا.

پُھونکنا (و مع، مغ، سک ک) ف م.
۱. زور کے ساتھ منھ سے ہوا خارج کرنا. ۲. جلانا، بھسم کرنا. ۳. (i) آگ بھڑکانا، دھونکنا. (ii) دم پر لانا، سلگانا. ۴. حقے کا پانی منھ کی ہوا کے زور سے نکالنا. ۵. کشتہ کرنا. ۶. (دعا یا منتر وغیرہ پڑھ کر) دم کرنا. ۷. (کان کے ساتھ) کہنا، لگائی بجھائی کرنا. ۸. (صور ناقوس یا کسی ساز وغیرہ کو) سانس کے زور سے بجانا. ۹. (i) بے دریغ خرچ کرنا، اڑانا (دولت وغیرہ کے ساتھ). (ii) برباد کرنا، ضائع کرنا. ۱۰. داخل کرنا، ۱۱. آواز نکالنا ۱۲. تشہیر کرنا، شہرت دینا. [س].

پھویا (و مج) اند.
۱. روئی کا چھوٹا سا گالا جسے عطر وغیرہ میں تر کر لیا جائے؛ دیکھیے: پھاہا،

پھویا ۲. روئی کا فتیلہ جو دودھ میں تر کر کے شیر خوار بچے کے منھ میں رکھتے ہیں تا کہ وہ چوسے . [س].

پھوہَڑ (ومع ، فت و) صف.

۱. بے وقوف ، احمق ، بے سلیقہ . ۲. ناشائستہ ، بے تمیز ، غیر مہذب . ۳. گندی ، میلی ؛ بے پروا ، جاہل ، گنوار . [س].

پھوہڑ پن / پنا اث. کام کو سلیقے سے انجام نہ دینا ، بے ہنری ، بدسلیقگی ، بدتمیزی.

پھُوہی (ومع ، مغ ، سک ک) اث.

۱. پھوار ، بارش کے چھوٹے چھوٹے قطرہ. ۲. پھپھوندی. ۳. گھی کا پھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آ جاتا ہے. ۴. وہ آلہ جس سے عطر چھڑکتے ہیں. [س].

پھویا (وج) اند.

دیکھیے : پھوہا ، عطر کا پھویا یا روئی کا پھویا.

پھیپھڑا (ی ج ، سک پھ) اند.

سینہ کے اندر تھیلی کی طرح کا عضو جس کی مدد سے سانس لیا جاتا ہے ، شش.

پھینٹا (ی ج ، سک ٹ) ف م.

دیکھیے : پھینٹنا ، کسی چیز کو بار بار ملانا ، تاش کے پتوں کو الٹنا پلٹنا.

پھیٹی (۱) (ی ج) اث.

کتا ہوا سوت جو چرخے پر چڑھا ہوا ہو ، ٹیرن پر لپٹا ہوا سوت ، پنڈیا. [ہ].

پھیٹی (۲) (ی ج) اث.

پھیٹی ہوئی چیز ، (سلینگ) پولیس والوں کا طریقۂ خاص ، ڈنڈے سے زد وکوب کر کے اقبالِ جرم کروانا.

پھیر (ی ج) اند.

۱. راہ کی کجی ، چکر ، گھماؤ ، موڑ. ۲. دوری ، فاصلہ ، بعد ، فرق. ۳. پیچ ، جال ، فریب ، پھندا. ۴. تہ یا پرت کا بل ، کسی چیز کا گھماؤ ، لپیٹ. ۵. وسعت ، پھیلاؤ ، پورا پورا حال. ۶. بل ، فرق ، تفاوت ، اختلاف. ۷. دور ، حلقہ ، احاطہ ، پیٹا ، گھیر. ۸. دوران ، چکر ، گردش. ۹. (مجازاً) فکر ، خیال ، اُدھیڑ بن ؛ جوڑ توڑ. ۱۰. الجھن ، چکر ، الٹ پلٹ ۱۱. آمد و رفت ، آنا جانا ؛ گھراؤ. ۱۲. (بھوت پریت آسیب یا جادو کا) دخل ؛ اثر. ۱۳. واپسی ، واپس کرنے یا لوٹانے کا عمل. ۱۴. ضمن ، سلسلہ. ۱۵. گچھا ، لچھا ؛ خم ؛ محیط ؛ کمی ، خامی ؛ نقصان ، زیاں ؛ بدنصیبی. ۱۶. مشکل ، بکھیڑا ؛ تشویش ، گھبراہٹ ؛ انقلاب ، تغیر ، تبدل ؛ فکر ، سوچ ؛ ٹیڑھا پن ، کجی ؛ اندازہ ، تخمینہ ؛ باتوں میں معنی کا فرق ، ابہام ، ذو معنی.

پھیر دینا محاورہ. ۱. ایک طرف سے دوسری طرف موڑ دینا ، رخ بدل دینا. ۲. واپس کر دینا ، لوٹا دینا.

پھیر کر / کے م ف. از سرنو ، دوبارہ.

پھیر لینا محاورہ. ۱. بچے کا ولادت کے وقت پیٹ میں پلٹا کھانا. ۲. موڑ لینا ، واپس کر لینا ، لوٹا لینا.

پھیر میں ہونا محاورہ. پھیلاؤ یا دور میں ہونا.

پھیرا (ی ج) اند.

۱. (i) گشت ، دورہ ، (آمد و رفت کا) چکر. (ii) فقیروں کی پھیری (بھیک مانگنے کے لیے) ؛ (مجازاً) نہایت مختصر مدت کا قیام. (iii) گزر ، لوٹ کر آنے کا عمل. ۲. حلقہ ، دائرہ ، احاطہ ، گھیرا. ۳. لپیٹ ، بل. ۴. (i) طواف کے لیے لگایا ہوا چکر. (ii) (ہندو) شادی کے موقع ہر ایک دوسرے کا پلو باندھ کر آگ کے گرد چکر لگانے کا عمل.

پھیرا پھیری اث. ۱. دیکھیے : پھیرنا ، لوٹانا ؛ ہیرا پھیری ، ادل بدل ، پھیر پھار. ۲. آمد و رفت ، آر جار ، چکر ، گردش ، گشت.

پھیرا دینا محاورہ. ۱. شکار کو گھیر کر لانا ، شکار کے ساتھ ساتھ جال کے قریب آنا. ۲. پھیرا کرنا.

پھیرنا (۱) (ی ج ، سک ر) ف م.

۱. (کسی لفظ یا عبارت کو) دہرانا ، بار بار پڑھنا ، ورد کرنا. ۲. (تسبیح وغیرہ کے دانوں کو) گھمانا یا ہلانا ، جپنا ، سمرنا. ۳. (گھوڑا) نکالنا ، چلانا ، آگے پیچھے موڑنا. ۴. موڑنا ، گھمانا. ۵. واپس کرنا ، لوٹانا. ۶. تبدیل کرنا ، بدلنا. ۷. (i) برگشتہ کرنا ، بیزار کرنا ، متنفر کرنا. (ii) مائل کرنا ، متوجہ کرنا ، رجھانا.

رک : رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

۸. رخ بدلنا یا موڑنا. ۹. چھری یا تلوار (حلق وغیرہ پر) چلانا ؛ رگڑنا. ۱۰. (قلعی رنگ وغیرہ) پوتنا، پھیلا دینا ؛ ملمع کرنا، پانی چڑھانا. ۱۱. دوبارہ لکھنا، (کسی تحریر کو اجاگر کرنے یا کاٹنے کے لیے) دوبارہ قلم چلانا. ۱۲. اُلٹے کو سیدھا سیدھے کو اُلٹا کرنا، سمت تبدیل کرنا، الٹنا پلٹنا. ۱۳. (زبان) بدلنا، مکرنا. ۱۴. کسی کے الفاظ کو غلط طور سے بیان کرنا. ۱۵. مس کرنا، چھونا، ہاتھ لگانا. ۱۶. اگھا دینا، سیر کرنا. ۱۷. ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ کرنا، ایک راستے سے دوسرے راستے پر ڈالنا.

(ب) ف ل (قدیم). ۱. گھومنا پھرنا. ۲. مزید معانی کے لیے دیکھیے : پھرنا جو اس کا لازم ہے. [س].

پھیرنا (۲) (ی مج، سک ر) اند.

(پتّی سازی) ورق کوٹنے کی سل، کھری کی تھیلی، پونچھا.

پھیری (۱) (ی مج) امث.

۱. (فقیروں کا) گشت، دیکھیے : پھیرا. ۲. خردہ فروش کا گشت. اف : پھرنا/ کرنا/ لگانا. ۳. آمد، گزر. ۴. طواف. ۵. گشت، چکر، پھیرا. ۶. ہندو چیت سدی چودس کو اپنے شہر کے گرد گشت لگانے کو پھیری کہتے ہیں نیز ہر سمواری اماوس کو ایک سو آٹھ پھل وغیرہ کے پن کرنے کو بھی پھیری بولتے ہیں.

پھیری منھ پر لونی تو کیا کرے گا کوئی کہاوت. بے شرم کسی سے نہیں ڈرتا.

پھیری والا صف. ۱. جو گھر گھر آواز لگا کر سودا بیچتا پھرے. ۲. خوانچے والا، بکس والا، بساطی، خردہ فروش، پھیکار. ۳. وہ فقیر جو کئی روز تک پھیری لگائے.

پھیری (۲) (ی مج) امث.

ہیرا پھیری.

پھیری (۳) (ی مج) امث.

(کھٹ بنا) اردوان کے پھیروں کو بل دینے والا ڈنڈا، رسی یا اسی قسم کی چیز کو تاننے کے لیے اس کے پھیر میں الٹیٹ ڈالنے کے لیے لکڑی کا ڈنڈا وغیرہ، بنگول، ڈھیرا، اینٹھا.

پھیرے (ی مج) اند ؛ ج.

۱. پھیرا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل، گشت، آمد و رفت کا چکر. ۲. شادی کے موقع پر دولھا دلہن کے منڈھے کے نیچے ہوم کے گرد چکر لگانے کی رسم، عقد. اف : پھر جانا/ پھرنا/ ڈالنا/ پڑنا/ ہونا.

پھیرے کھانا محاورہ (قدیم). پھیرے کرنا، چکر کاٹنا، گشت لگانا.

پھیرے لینا محاورہ. طواف کرنا، چکر لگانا، (کسی چیز کے) گرد گھومنا.

پھیرے والا اند. وہ محافظ جو قیدیوں کی نگرانی کے لیے گشت کرتے ہیں، اور بعض ان میں سے قیدی بھی ہوتے ہیں.

پھیکا (ی مع) صف مذ.

۱. (i) بے نمک، جس میں نمک مرچ مقررہ مقدار سے کم ہو. (ii) کم میٹھا، جس میں مٹھاس کم ہو. (iii) بدمزہ، سیٹھا، بے لذت. ۲. بدرنگ، ماند، دھندلا، ہلکا رنگ (شوخ کے مقابل). ۳. خفیف، کمتر، حقیر (کیفیت وغیرہ میں). ۴. (مجازاً) ست، پوچ، لچر. ۵. جس میں امنگ گرمی اور جوش نہ ہو. ۶. روکھا، کج خلق، وہ شخص جو زندہ دل نہ ہو. ۷. اُداس، بے رونق. اف : کرنا/ ہونا. [س].

پھیکا پڑنا محاورہ. ۱. شرمندہ ہونا، نادم ہونا. ۲. رنگ مدھم ہو جانا، ماند ہو جانا ؛ شوخی جاتی رہنا.

پھیکا پن محاورہ. پھیکا ہونے کی کیفیت.

پھیکا شلجم/ شلغم اند. (مجازاً) شلجم کا سا رنگ جو چہرے کے حسن کو کم کر دے اس لیے کہ بہت زیادہ سفیدی صحت مندی کی علامت نہیں خون کی سرخی اور گرمی سے چہرہ خوب صورت ہوتا ہے، غیر ملیح، حسن بے نمک، بدرنگ.

پھیکا کر دینا محاورہ. بے رنگ کر دینا، بے لطف کر دینا.

پھیکی (ی مع) صف، مث. مدھم، ہلکی، پھیکا کی تانیث.

پھیکی پڑ جانا/ پڑنا محاورہ. ۱. پھیکا پڑنا کی تانیث، رنگ مدھم ہو جانا، ماند ہو جانا. ۲. عالم نزع میں ہونا ؛ ٹمٹمانا یا جھلملانا.

پھیکی مسکراہٹ امث. بناوٹی ہنسی (جو دل سے نہ ہو)، کھسیانی ہنسی.

پھیکی ہونا محاورہ. ماند ہو جانا، بے رنگ ہونا، بے لطف ہونا، کم تر ہونا، ہلکی ہونا.

پھَیل (ی لین).

پھیلنا سے تراکیب میں مستعمل، کشادہ ہونا ؛ بکھرنا، منتشر ہونا.

پھل پھل کر/کے م ف. ۱. اطمینان کے ساتھ، آرام سے، با فراغت. ۲. حد سے بڑھ کر، آپے سے باہر ہو کر، بے فکری سے.

پھل جانا محاورہ. ۱. (i) چاروں طرف سے گھیرا بنالینا. (ii) وسعت پانا؛ عام ہو جانا. ۲. (جذبات) بھڑک اٹھنا. ۳. (i) شہرت ہونا، عام ہو جانا، رائج ہو جانا. (ii) منتشر ہونا، مشہور ہونا. ۴. بڑھ جانا، چوڑا ہو جانا. ۵. بکھر جانا؛ آبادی بڑھانا.

پھل کر بیٹھنا محاورہ. فراغت سے بیٹھنا، کھل کر بیٹھنا.

پھل کر سونا محاورہ. نہایت آرام اور بے فکری سے سونا، خوب ہاتھ پاؤں کشادہ کر کے آرام کرنا، فراغت سے سونا.

پَھیلا (ی لین). پھیلانا سے تراکیب میں مستعمل؛ کشادہ کرنا، کھولنا.

پھیلا دینا ف مر. پھیلانا؛ کسی چیز کو یا روٹی کو بیل کر بڑا کرنا.

پھیلا کر کے بیان کرنا محاورہ. تفصیل سے بتانا، کھول کر بیان کرنا.

پَھیلانا (ی لین) ف م.

۱. پھیلنا کا تعدیہ، تعلیم و تہذیب کو وسعت دینا. ۲. (بو یا خوش بو) ہوا میں سرایت کرنا. ۳. شہرت دینا، اشاعت کرنا، مشہور کرنا. ۴. کشادہ کرنا، کھولنا، وسعت قلبی دکھانا. ۵. بیل کر (روٹی چپاتی پوری) بڑا کرنا. ۶. طول طویل ہونا. ۷. کسی بری یا اچھی بات کی تشہیر کرنا. ۸. اندر سے پھولنا یا پھلانا. ۹. بڑھا کر مقررہ حد سے چوڑا کرنا. ۱۰. بڑا کرنا، بڑھانا. ۱۱. منتشر کرنا؛ فوج کا میدان میں پھیلانا یا صف بندی کرنا، بکھیرنا، ملک سے باہر معلوم ہونا، نشر کرنا، بچھانا؛ اعلان کرنا؛ جمانا، لگانا.

پَھیلاو (ی لین) اند.

۱. پھیلنے یا پھیلانے کی کیفیت و حالت، بڑھنا. ۲. درازی، طوالت، عرض و طول؛ بھاری بھرکم پن. ۳. (i) کشادگی، وسعت، فراخی (طول و عرض میں). (ii) وسعت پذیری. ۴. نشر و اشاعت.

پھیلاوا (ی لین) اند.

دیکھیے: پھیلاو، بڑھنا، کشادگی، وسعت.

پھیلاوا پھیلانا محاورہ. غلط فہمی پیدا کرنا، بے جا شہرت دینا، تشہیر کرنا.

پَھیلنا (ی لین، سک ل) ف ل.

۱. (i) کشادہ ہونا، حدود وسیع ہونا، (طول یا عرض یا دونوں میں) بڑھنا، چاروں طرف بڑھنا. (ii) وسعت پانا. ۲. (i) (کسی چیز کو) ڈھانپنا، احاطہ کرنا، گھیرنا (پر کے ساتھ)، چھا جانا. (ii) زیادہ جگہ گھیرنا. ۳. (i) بکھرنا، منتشر ہونا، پراگندہ ہونا. (ii) (کسی چیز کا گیلا ہونے کی وجہ سے) بہہ کر اپنی جگہ سے ہٹ جانا. ۴. فربہ ہونا، موٹا ہونا. ۵. (i) عام ہونا، اشاعت پانا، رائج ہونا. (ii) (کسی بیماری یا عارضے کا) عام ہو جانا. ۶. (کسی چیز کا) بکثرت ہونا، زیادہ ہونا، بڑھنا، مشتہر ہونا. ۷. حد سے بڑھنا، بے تکلف ہونا. ۸. (کسی بات پر) اصرار کرنا، اڑ جانا، بگڑنا؛ ضد کرنا، ہٹ کرنا. ۹. مشتہر ہونا، رائج ہونا؛ دور دور تک پہنچنا یا جانا. ۱۰. پسرنا؛ بچھنا. ۱۱. اترانا، گھمنڈ کرنا. ۱۲. (درخت کا) پھد پھدانا؛ بھرنا؛ مچلنا. [س].

پھین (ی ج) اند.

۱. کف، جھاگ (پانی دودھ وغیرہ کا)؛ سمندر یا دریا کا جھاگ. ۲. رطوبت جو زخم سے نکلے، پیپ. ۳. رطوبت جو منھ سے نکلے، لعاب دہن، تھوک. [س].

پھینٹ (ی ج، مغ) اند: است.

۱. پھینٹا، پگڑی یا رومال جو ملازم سر پر باندھ لیتے ہیں. ۲. (معماری) دو اینٹوں کے درمیان کا فاصلہ یا خلا، درز، جھری.

پھینٹنا (ی ج، مغ، سک ٹ) ف م.

۱. (کسی رقیق چیز کو) بار بار ہلانا، ملانا، یک جان کرنا. ۲. (رقیق چیز میں) ہاتھ یا کوئی چیز مار کر جھاگ پیدا کرنا. ۳. (تاش وغیرہ کے پتوں کو تقسیم کرنے کے لیے) الٹنا پلٹنا، اوپر نیچے کرنا.

پھینٹی (ی ج، مغ) است.

۱. (عو) سوت (یا ریشم) کی لچھی، اٹیرن پر لپٹا ہوا سوت. ۲. چھوٹی پگڑی، رومال یا کپڑا جو سر پر لپیٹ لیا جائے. [س].

پھینٹی لگانا. پولیس والوں کا طریقۂ خاص ڈنڈے سے زد و کوب کر کے اقبال جرم کروانا.

پھینک (ی ج، مغ) است.

۱. گل بازی. ۲. (ہندو) بکھیر. ۳. دباؤ، زور.

پھینک دینا محاورہ. ۱. بکھیر دینا؛ اُچھال دینا، گرا دینا، ڈال دینا، زمین پر گرا دینا. ۲. ضائع کر دینا، تلف کر دینا.

پھینکنا (ی ج، مغ، سک ک) ف م.
۱. (i) ڈالنا، گرانا. (ii) (قرعہ یا پانسا) ڈالنا. ۲. پٹکنا، دے مارنا. ۳. (ٹپا) کھیلنا؛ (تیر) چلانا. ۴. (روپیہ دولت وغیرہ) ضائع کرنا، برباد کرنا. ۵. بکھیرنا. ۶. (دل کے ساتھ) عاشق ہونا؛ (روپیہ وغیرہ) نچھاور کرنا؛ (گیند وغیرہ کا) اچھالنا. [س].

پھینی (ی ج) امث.
۱. مٹھائی کی قسم سے سوت کے لچھے (یا سویوں) کی طرح کا پکوان جسے دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں (خاص کر رمضان کی سحری میں).
۲. جھاگ دار، کف دار.

پھُوَں پھُوَں (ضم پھ، شدی، وج) امث: ج.
بوند بوند، قطرہ قطرہ (مراد) آہستہ آہستہ.

پھوں پھوں تالاب بھر جاتا ہے کہاوت. تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے، پیسہ پیسہ جمع کر کے آدمی مال دار بن جاتا ہے.

ت

ت (لفظاً: تا، تے) امث: حرف.
عربی حروف تہجی کا تیسرا، اردو فارسی کا چوتھا دیو ناگری کا سولھواں اور ابجد کا بائیسواں حرف ہے یہ حرف شمسی ہے اور 'ال' لگنے پر مشدد ہو جاتا ہے 'ال' بحالت ترکیب غیر ملفوظ رہتا ہے. اُردو کلمے کے آخر میں بطور علامت اسم کیفیت مستعمل ہے جیسے: پڑھت، رنگت وغیرہ. اُردو میں 'ت' کا املا زبان فارسی کے مطابق رہتا ہے یعنی تاے ملفوظی لمبی اور تاے مکتوبی جس کا تلفظ ہاے ہوز کی صورت میں ہوتا ہے گول 'ۃ' یا ہاے مختفی کی شکل میں لکھی جاتی ہے، جیسے: علامت، شاعرہ، قاہرہ، علامہ. (ریاضی کی ترقیمات میں) یونانی بڑے حرف (T Tau کا بدل).

تِ (کس ت) صف.
مرکبات کے شروع میں آ کر تین کے معنی دیتی ہے، مثلاً: تکنا، تپھلا وغیرہ میں.

تا (۱) کلم.
ماں باپ کسی بچے کو کھڑکی، پردے، اوٹ یا دروازے سے منھ کر نکال دیکھتے ہیں، تو اس کو ہنسانے کی خاطر لمبی اور بشاش آواز میں 'تا' زبان پر لاتے ہیں کہ دیکھو ہم تمھیں جھانک کر دیکھ رہے ہیں 'اہاہا!' آگے چل کر بچہ بھی یہ آواز سیکھ لیتا اور ماں باپ وغیرہ کو جھانک کر 'تا' کہنے لگتا ہے. [حکایت الصوت].

تا (۲) امث.
(رقص) ناچ کا بول جو تال میں دوسرے بولوں کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے. [س].

تا (۳) صف: م ف.
۱. تک/تلک کے معنی میں. ۲. جب تک، جس وقت تک. ۳. تا کہ، اس لیے کہ. ۴. مدت یا وقت ظاہر کرنے کے لیے، تک، بھر. ۵. "یک" کے ساتھ بطور لاحقہ عددی بمعنی بے مثل. [ف].

تا ابد م ف. ابد تک، ہمیشہ.

تاآں کہ/ تا آنکہ م ف. یہاں تک کہ، اس درجہ.

تا بکے / بہ کے م ف. کہاں تک، کب تک.

تا بمقدور/ بہ مقدور م ف. حتی الامکان، امکان بھر، بساط بھر، جہاں تک قابو یا طاقت ہو.

تاحال م ف. اب تک، اس وقت تک، آج تک، یہاں تک، تاچنیں.

تا حشر م ف. ہمیشہ ہمیشہ، مدام، قیامت تک.

تا دم حیات/ زیست م ف. زندگی کی آخری سانس تک، (مجازاً) عمر بھر، جیتے جی.

تا دمِ مرگ م ف. مرتے دم تک.

تادیر م ف. کافی وقت تک، بہت دیر تک.

تا کجا م ف. کہاں تک، کب تک.

تا کہ م ف. ۱. جب تک کہ، اس زمانے تک کہ. ۲. اس غرض سے کہ، اس لیے کہ.

تا وقتیکہ م ف. جب تک کہ، اس وقت تک کہ.

تاہم م ف. پھر بھی، اس کے باوجود، تو بھی.

تاب است : اند .

۱. طاقت ، مجال ، قدرت . اف : پانا/ جانا / ہونا . ۲. چمک ، روشنی، نور ، فروغ ، آب . ۳. حرارت ، گرمی ، آگ . ۴. برداشت . اف : اٹھانا/ آنا/ رکھنا / رہنا/ لانا . ۶. (i) (مرکبات میں بطور جزو دوم) بمعنی روشن کرنے والا ، جیسے : جہاں تاب ، ماہتاب . (ii) مروڑا ہوا ، بل دیا ہوا ، جیسے : زلف پرتاب . (iii) گرمی پہنچایا ہوا ، جیسے : آب آہن تاب (وہ پانی جس میں تپتا ہوا لوہا بجھایا گیا ہو) . [ف] .

تاب دار صف . ۱. روشن ، چمکیلا ، چمکتا ہوا ، تاباں ، براق . ۲. پیچ دار ، خم دار .

تاب کار صف : اند . گرم تاب شعاع زن جس میں گرم تابی سے برق یا وغیرہ متاثر کرنے کی قوت ہو .

تاب کاری است . تاب کار عناصر (Radio-active element) سے شعاعیں خارج ہونے کا عمل ، شعاع زنی ، گرم تابی .

تاب ناک صف . ۱. روشن ، چمک دار . ۲. پیچیدہ .

تاب و تب است . الجھن ، بے تابی ، سخت گرمی ، تڑپ ، جلن .

تاب و تواں اند . ۱. مجال ، قدرت ، طاقت . ۲. ظرف ، حوصلہ . ۳. صبر ، قرار ، برداشت .

تاباں صف .

۱. چمک دار ، روشن ، درخشاں ، نورانی (اکثر تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل) . ۲. خم دار ، بل کھائے ہوئے . [ف] .

تابانی است .

روشنی ، چمک ، تابندگی ، درخشانی . [ف] .

تابڑ توڑ (فت ب ، وج) م ف .

متواتر ، پے درپے ، لگاتار ، مسلسل ، اوپر تلے ، برابر . [س] .

تابِش (کس ب) است .

۱. چمک ، دھوپ ، روشنی ، نور . ۲. گرمی ، حرارت ، تپش . [ف] .

تابِع (کس ب) صف .

فرماں بردار ، مطیع ، ماتحت ، پابند ، زیر اثر .

تابع دار صف . مطیع ، پابند ، فرماں بردار ، ملازم ، نوکر .

تابع داری است . اطاعت ، فرماں برداری ، پابندی .

تابِعی (کس ب) صف .

(حدیث) وہ شخص جس نے بحالتِ ایمان صحابیِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے استفادہ کیا ہو اور ایمان کی حالت میں مرگیا ہو . [ع] .

تابِعِین (کس ب ، ی مع) صف .

۱. تابعی کی جمع ، وہ اشخاص جنھوں نے صحابہ کرام سے ایمان کی حالت میں ملاقات کی ہو . ۲. تابع کی جمع ، پیروی کرنے والا ، اتباع کرنے والا . [ع] .

تابِنْدَگی (کس ب ، سک ن ، فت د) است .

چمک ، روشنی ، تابانی . [ف] .

تابِنْدَہ (کس ب ، سک ن ، فت د) صف .

روشن ، درخشاں ، چمک دار . [ف] .

تابُوت (و مع) اند .

۱. وہ صندوق جس میں انسان کی لاش رکھی جاتی ہے . ۲. ایک قسم کا تعزیہ . ۳. لکڑی کا وہ فرمہ جس پر جوتے چڑھا کر بناتے ہیں نیز لوہے کا وہ سانچا جو جوتوں کی شکل نہ بگڑنے دینے یا ڈھیلا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں . [ع] .

تابوتِ سکینہ اند . وہ متبرک صندوق جس میں انبیا کے تبرکات رکھے جانا تسلیم کیے جاتے ہیں .

تابوت نکالنا محاورہ . ۱. جنازہ اٹھانا ، جنازہ لے کر گزرنا . ۲. ایک قسم کا تعزیہ بنا کر جلوس کی شکل میں لے جانا .

تابَہ (فت ب) اند .

۱. وہ (آہنی) ظرف جس پر روٹی پکائی جاتی ہے اور جس کو حمام میں بھی لگاتے ہیں نیز اس میں مچھلی وغیرہ تلتے ہیں ، توا . ۲. پکی اینٹ ؛ روشن دان . [ف] .

تابی صف : است .

۱. گرمی ، تاپ . ۲. (زراعت) آبی کے بالمقابل ، وہ زمین جس میں جھیلوں تالابوں نہروں وغیرہ سے آب پاشی نہ ہوتی ہو . ۳. تراکیب میں بطور جزو دوم بمعنی : روشنی ، چمک ، شان و شوکت وغیرہ جیسے :

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

بے تابی ، زرتابی ، مہتابی وغیرہ .

تاپ است ؛ اند .
حرارت ، بخار ؛ گرمی ، تپش . [س] .

تاپنا (سک پ) ف ل .
آگ سے سینکنا ، گرمی پہنچانا (دھوپ سے یا آگ سے) . [س] .

تَاَثُّر (فت ت ، ا ، شد ث بضم) اند .
اثر ، اثر پذیری کی کیفیت . [ع] .

تاثیر (ی مع) است ؛ اند .
اثر ، خاصیت ، عمل . اف : کرنا/ ہونا . [ع] .

تاج اند .
۱. (i) شاہی ٹوپی ، مکٹ ، کلاہ . (ii) (مجازاً) حکومت ، سلطنت ، بادشاہ . ۲. مرغ وغیرہ پرندوں کی کلغی ، پروں کا طرہ . ۳. (ہندسہ) وہ سطح جو دو دائروں کے محیط میں داخل ہو . [ف] .

تاج پوشی است . سر پر تاج رکھنا ، تاج پہننا ، باقاعدہ تاج پہن کر بادشاہ بننا ، بادشاہ ہونے کی رسم ادا ہونا .

تاج دار اند . ۱. بادشاہ ، صاحب تاج ، بااختیار حکمراں . ۲. تاج والا ، تاج سے متعلق یا تاج جیسی ، جیسے : تاج دار دروازہ ، تاج دار محراب وغیرہ .

تاج ور/ تاجور صف ؛ اند . تاج دار ، تاج والا ، بادشاہ ، صاحبِ اختیار حکمراں .

تاج وری است . تاج ور کا کام یا منصب ، بادشاہت .

تاجِر (کس ج) صف ؛ اند .
بیوپاری ، سوداگر ، تجارت پیشہ ، کاروباری شخص . [ع] .

تاج مَحَل (فت م ، ح) اند .
شاہجہاں کی چہیتی بیگم ممتاز محل کے مقبرے کا نام جو سنگ مرمر سے بنایا گیا ہے آگرے میں واقع ہے اور دنیا کے سات عجائبات میں شمار ہوتا ہے بعد میں شاہجہاں بھی یہیں دفن ہوا . [علم] .

تاجْوَر (سک ج ، فت و) اند .
دیکھیے : تاج ور ، تاج دار ، تاج والا ، صاحبِ اختیار حکمراں .

تاخت (سک خ) است .
۱. حملہ ، دھاوا ، ہلہ . ۲. لوٹ ، غارت ، تباہی . اف : کرنا/ لانا/ ہونا . [ف] .

تاخت اور (و) تاراج است . لوٹ مار ، تباہی و بربادی .

تَاَخُّر (فت ت ، ا ، شد خ بضم) اند .
بعد میں ، پیچھے ، موخر .

تاخِیر (ی مع) است .
دیر ، ڈھیل ، وقفہ . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

تَاَدُّب (فت ت ، ا ، شد د بضم) اند .
ادب آموزی ، ادب سیکھنا ، باادب ہونا . [ع] .

تادِیب (ی مع) است .
۱. تنبیہ ، چشم نمائی ، گوشمالی . ۲. علم و ادب سکھانا ، ادب سیکھنا ، اخلاق تربیت . اف : دینا / کرنا . [ع] .

تادیبی صف . تنبیہ کے متعلق ، اصلاحی .

تار (الف) اند .
۱. تاگا ، ڈورا ، سوت ، دھاگا . ۲. (i) لوہے ، پیتل ، تانبے ، جست وغیرہ معدنی اشیا کا لمبا پتلا اور گول ڈورا جو باجوں کے پردے یا ساز بنانے میں کام آتا ہے جیسے : بجلی کے تار . (ii) لوہے ، جست ، تانبے وغیرہ کے وہ تار جن پر برقی رو دوڑتی ہے . ۳. (i) مکڑی کے جالے کے تار کی طرح کمزور (اکثر عنکبوت کے ساتھ) . (ii) مکڑی کا جالا . ۴. تعلق ، رشتہ ، واسطہ . ۵. سلسلہ ، تانتا ، تسلسل . ۶. شکر کے قوام کے کھنچاؤ کی وہ کیفیت جو اس کو پکا کر پیدا کی جاتی ہے ؛ تار قوام . ۷. (محکمہ وغیرہ) تار برقی ، ٹیلیگراف . ۸. برقی تار کے ذریعے آنے والی خبر ، ٹیلیگرام ، برقی پیغام . ۹. زیور کا کوئی چھوٹا حصہ ، چھلا ، انگوٹھی ؛ زیور میں استعمال ہونے والا باریک تار وغیرہ . ۱۰. سالن کے اوپر کی چکنائی . (ب) صف ، است . تاریک ، جو روشن نہ ہو . [س ؛ ف] .

تار آفس اند . تار گھر ، ٹیلی گراف آفس .

تار بابو اند . ڈاک خانے یا ریلوے کا وہ کلرک یا ملازم جو برقی پیغام کی

ترسیل و وصول کا کام مقررہ برقی آلے کی مدد سے انجام دیتا ہے.

تار باندھ دینا / تار باندھنا محاورہ. ۱. کوئی کام پے در پے کرنا؛ پیہم باتیں کیے جانا؛ سلسلہ قائم کر دینا یا ازخود قائم ہو جانا. ۲. کوئی کام لگاتار کیے جانا.

تار برقی اند. ۱. خاص صوتی علامات سے خبر پہنچانے کا برقی آلہ، وہ جو برقی تار قوت سے ایک جگہ کی خبر کو دوسری جگہ، پہنچا دے، ٹیلیگراف. ۲. پیام یا خبر جو تار کے ذریعے پہنچے، ٹیلی گرام. ۳. وہ ادارہ جو پیام کی ترسیل و وصول تار کے ذریعے کرتا ہے محکمہ، تار.

تار بندھنا محاورہ. ۱. تار باندھنا کا لازم، کوئی کام پے در پے ہونا. ۲. گڑ، کھانڈ، قند وغیرہ کا پک کر گاڑھا شیرہ بن جانا (کہ چپکنے پر دو انگلیوں کے درمیان دو تین یا چار تار بندھ جاتے ہیں).

تار تار صف. ٹکڑے ٹکڑے، دھجی دھجی، پرزے پرزے، نہایت بوسیدہ، جھرجھرا. اف: الگ کرنا / ہونا.

تار ٹوٹنا ف مر؛ محاورہ. ۱. سلسلہ منقطع ہونا، تسلسل موقوف ہونا، چلتے کام میں ہرج واقع ہونا، رخنہ پڑنا (بیشتر نفی کے ساتھ). ۲. سانس بند ہو جانا. ۳. بجلی کے تار ٹوٹ کر گرنا.

تار دینا محاورہ. تار برقی کے ذریعے خبر پہنچانا، ٹیلیگرام کرنا.

تار عنکبوت اند. مکڑی کا جالا، مکڑی کے جال کا تار، (مجازاً) کمزور ریشہ.

تار کش صف؛ اند. ۱. وہ شخص جو سونے چاندی کے تار جنتری (تار کشی کا آلہ) میں کھینچ کر انھیں باریک اور لمبا کرنے کا پیشہ کرتا ہو. ۲. چابی، سارنگی یا ستار کے تاروں کی کھونٹیاں جن پر سروں کے تاروں کے سرے لپٹے رہتے اور حسب ضرورت تنگ اور ڈھیلے کیے جاتے ہیں.

تار کھچنا / کھنچنا محاورہ. ۱. کسی دھات کو پگھلا کر یا تپا کر پتلا بنانا؛ جنتری کے ذریعے تار بنانا. ۲. آلات موسیقی کے تاروں کو کسنا؛ موسیقی کا آغاز ہونا.

تار گھر اند. وہ محکمہ جہاں تار برقی سے تار دیے اور وصول کیے جاتے ہیں، ٹیلیگراف آفس.

تار لگانا محاورہ. سلسلہ قائم کر دینا، تار باندھنا، کوئی کام برابر کیے جانا.

تار ملانا محاورہ. (موسیقی) جن آلات موسیقی میں تار استعمال ہوتے ہیں ان کے تاروں کو ہم آہنگ کرنا.

تارِ نفس اند. سانس کی آمد و رفت کا سلسلہ، سانس.

تار و بُو / بُود اند. (سوت وغیرہ کے) وہ تار یا دھاگے جو کپڑا بننے کے لیے طولاً و عرضاً قائم کیے جاتے ہیں، تانا بانا.

تارا اند.
۱. ستارہ، نجم، کوکب. ۲. پیارا، آنکھوں کا تارا. ۳. وہ تارے جو دماغی صدمے یا کمزوری کے سبب یا بینائی میں فتور کی وجہ سے آنکھ کے آگے نظر آتے ہیں، (یہ لفظ اکثر بہ صورت جمع رائج ہے)، ترمرا. [س].

تارا میرا اند. سرسوں، رائی اور توریا کی قسم کا پودا جس کے بیجوں کا تیل نکالا جاتا ہے جو کھانے میں استعمال ہوتا ہے اور اس کی کھلی چارے کے لیے استعمال کی جاتی ہے.

تارا ہو جانا / ہونا محاورہ. ۱. ستارے کی مانند ہو جانا یا تارے کی طرح چھوٹا دکھائی دینا، آسمان سے لگ جانا. ۲. شہرت کی بلندی پر پہنچ جانا. ۳. (i) کسی چیز کا اتنا نیچا یا پست ہو جانا کہ وہ چھوٹی دکھائی دینے لگے؛ نہایت نایاب ہو جانا. (ii) کسی چیز کا اتنا بلند یا اونچا ہو جانا کہ وہ چھوٹی نظر آنے لگے؛ کسی چیز کا غائب ہو جانا.

تاراج اند.
لوٹ مار، غارت، دست برد، برباد. اف: کرنا / ہونا. [ف].

تارپین (ی مع) اند.
ایک خاص قسم کی تیز بو والا پتلا روغن جو ایک قسم کے صنوبر کے درخت سے رال کے ساتھ ملا ہوا نکلتا ہے اور عمل تقطیر (فلٹر) کے ذریعے رال سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے. [انگ].

تارِک (کس ر) صف.
ترک کرنے والا، چھوڑنے والا. [ع].

تارک الدنیا صف. وہ شخص جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو، گوشہ نشیں، بن باسی، پرہیزگار.

تارک الوطن صف. جو مستقل طور پر مکان، شہر یا ملک چھوڑ دے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

تارکول (و ع) اند.
ایک سیاہ سیال اور لیس دار مادہ جو لکڑی اور پتھر کے کوئلے جیسی چیزوں سے نکالا جاتا ہے اور سڑکوں کی تعمیر میں سڑکوں پر بچھایا جاتا اور چھتوں پر بھی ڈالا جاتا ہے تاکہ چھت پانی سے محفوظ ہو جائے، ڈامر۔ [انگ]۔

تارے اند.
تارہ کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل، ستارہ؛ پیارا۔

تارے توڑنا محاورہ۔ ۱۔ ایسا کام کرنا، جو ہر ایک نہ کر سکتا ہو، حیرت انگیز کام کرنا۔ ۲۔ نہایت چالاکی اور عیاری کرنا۔

تارے دکھائی دے جانا/ دکھائی دینا محاورہ۔ کسی مشکل، مصیبت، دماغی صدمے یا ناتوانی کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنے لگنا، سخت مشکل آ پڑنا۔

تارے گننا محاورہ۔ نہایت بے قراری میں رات کاٹنا، رات بھر جاگتے رہنا؛ (عاشق کا) انتظار تنہائی یا فرقت میں رات بسر کرنا۔

تارِیخ (ی مع) است.
۱۔ کسی چیز یا واقعے کے ظہور کا وقت۔ ۲۔ کسی امر عظیم کے وقت کا تعین، زمانے کا عرصہ۔ ۳۔ شمسی یا قمری مہینے کا ہر دن یا رات۔ ۴۔ (i) وہ علم جس میں گزشتہ واقعات اور سیر سے بحث کی جاتی ہے (ii) بادشاہوں نام ور آدمیوں، قوموں اور فرقوں کے حالات واقعات اور حادثات کا تحریری تذکرہ۔ ۵۔ حروف ابجد کے اعداد کے لحاظ سے کوئی بات یا واقعہ کسی حرف یا نظم یا نثر کے کسی جملے میں اس طرح بیان کرنا کہ اس کے مکتوبی حروف کے عدد جمع کرنے سے اس واقعے کا سنہ نکل آئے، اس قسم کے حرف یا جملے یا شعر کو مادہ تاریخ کہتے ہیں، حساب جمل۔ ۶۔ (قانون) کسی مہینے کا وہ دن جو عدالت مقدمے کی پیشی کے واسطے مقرر کرے۔ [ع]۔

تاریخ پیشی است۔ (قانون) وہ تاریخ جو عدالت میں حاضری کے لیے مقرر ہو۔

تاریخ ٹھہرانا/ ٹھہرنا محاورہ۔ شادی بیاہ کے لیے کوئی دن مقرر کرنا۔

تاریخ داں صف۔ ۱۔ فن تاریخ کا عالم ۲۔ وہ شخص جو حساب جمل سے تاریخی مادے نکالنے کا فن جانتا ہو، فن تاریخ گوئی کا ماہر۔

تاریخ لکھنا محاورہ۔ ۱۔ نظم یا نثر میں بہ حساب جمل کسی واقعہ کا سنہ ظاہر کرنا۔ ۲۔ تاریخ کے واقعات کو قلم بند کرنا۔

تاریخ نامہ اند۔ وہ کارڈ جس پر اجرائے کتب کی تاریخ درج ہوتی ہے۔

تارِیخی (ی مع) صف.
۱۔ تاریخ سے منسوب، تاریخ میں اہمیت رکھنے والا، اہم ترین یا تاریخ میں قابل ذکر، یادگار۔ ۲۔ وہ نام یا عدد جس سے تاریخ نکلتی ہو۔

تارِیک (ی مع) صف.
سیاہ، کالا، اندھیرا، اندھیری۔ [ف]۔

تارِیکی (ی مع) است.
۱۔ سیاہی، تیرگی، اندھیرا۔ ۲۔ (مجازاً) گم راہی، جہالت، بے خبری۔

تاریکی چھانا محاورہ۔ اندھیرا ہو جانا؛ گھبرا جانا۔

تاریکی میں ہونا محاورہ۔ ناواقف ہونا، بے خبر ہونا، غفلت میں رہنا، معلوم نہ ہونا۔

تاڑ (۱) اند.
۱۔ کھجور کی قسم کا ایک درخت جس کے پتے پنکھے سے مشابہ اور بڑے ہوتے ہیں۔ ۲۔ جنس تاڑ کی مشہور اقسام میں سے ایک قسم، یہ درخت کم و بیش بیس گز بلند ہوتا ہے اس کا تنا نہایت مضبوط پتے کھجور سے مشابہ ہوتے ہیں تنے پر شاخیں نہیں ہوتیں نچلا حصہ سفید ہوتا ہے خوب صورتی کے لیے لگائے جاتے ہیں، اس سے چٹائیاں ٹوکریاں وغیرہ بنتی ہیں نیز اس سے نکلنے والے رس کو تاڑی کہتے ہیں۔ ۳۔ تاڑ کی وہ قسم جس کے پتے لکھنے کے لیے استعمال ہوتے تھے بیشتر پہاڑوں پر پایا جاتا ہے۔ ۴۔ (i) تاڑ کی وہ قسم جس سے ناریل برآمد ہوتا ہے اس کے پتوں سے پنکھے اور دوسرا سامان بنتا ہے۔ (ii) چھوٹی ذات کا ناریل، تاڑ گولہ۔ [س]۔

تاڑ سا قد صف۔ بہت لانبا قد، ناموزوں قد۔

تاڑ کا تاڑ صف۔ (مجازاً) بہت لمبے قد والا، تاڑ کے سے قد کا۔

تاڑ (۲) است.
۱۔ دھیان، تصور، خیال، نظر۔ ۲۔ فراست، قیاس آرائی، بھانپنے کی

کیفیت ، نظر بازی .

تاڑ جانا / لینا محاورہ. سمجھ جانا ، جان لینا ، بھانپ جانا ، کوئی بات بغیر بتائے ہوئے معلوم کر لینا .

تاڑنا (سک ز) ف م .

۱. تاک جھانک کرنا ، دیکھنا ، سمجھنا ، بات کی تہ کو پہنچ جانا ۲. کسی علامت کے بغیر پہچاننا ، بھانپنا ۳. لڑکیوں کو گھورنا ، عورتوں کو تاکنا . [س] .

تاڑُو (و مع) صف .

بہت تاڑنے والا ، تاڑ باز ، پرکھیا ، جانچو ، نگرانی کرنے والا ؛ عورتوں کو گھورنے والا .

تازگی (فت ز) است .

۱. شادابی ، سرسبزی ، طراوت ؛ رونق ؛ جدت ، نیا پن ۲. (چہرے کی) رونق . اف : آنا / دینا / ہونا . [ف] .

تازَہ (فت ز) صف .

۱. سرسبز ، ہرا بھرا ۲. (i) جدید ، حال کا ، نیا . (ii) تر کیا ہوا ، پانی تبدیل کیا ہوا (حقہ) ۳. (پھل پھول) ڈال کا ٹوٹا ، پیڑ کا اُترا ۴. فربہ ، موٹا تازہ ، توانا ، تنومند ۵. غیر مستعمل ۶. جو ازسرنو اُبھرے یا پھر سے نمایاں ہو ۷. باسی کی ضد ، حال کا بھرا ہوا (پانی) ، نیا نکالا ہوا . ۸. (مجازاً) نووارد ، نیا نیا ، نورسیدہ ۹. خوش (دل کے ساتھ) . [ف] .

تازہ بتازہ / تازہ نو بہ نو صف . ۱. نیا ، جدید ، بالکل نیا جو پہلے سے موجود نہ ہو ۲. گرما گرم ، نو بہ نو ، ڈال سے اُترا ہوا ؛ نیا سوجھا ہوا .

تازہ دم صف . ۱. جو تھکا ہوا نہ ہو ، چست ، چاق و چوبند ، شگفتہ .

تازہ کار صف . ۱. نیا نیا کام کرنے والا ، انوکھی بات کرنے والا ، وہ جو نت نئے مشاغل ایجاد کرتا رہتا ہے ۲. نوسیکھیا ، ناتجربہ کار ، نوآموز .

تازہ کرنا محاورہ. ۱. اُبھارنا ، اجالنا ، ازسرنو نمایاں کرنا ۲. نئے سرے سے شروع کرنا ۳. جگانا ، ازسرنو زندہ کرنا ۴. یاد دلانا ۵. تر کرنا ، (حقے کا) پانی بدلنا اور نیچے کو اندر باہر سے دھونا . ۶. تازگی بخشنا ، سرسبز کرنا ، لہلہانا ۷. تکان اتارنا ، آرام دینا .

تازہ ہونا محاورہ. ۱. ہرا ہونا ، سرسبز ہونا ، تازہ دم ہونا ۲. زخم ہرا ہونا . ۳. جان آنا ، دم آنا ۴. نیا نیا یا حال ہی کا ہونا . ۵. نئے سرے سے اُبھرنا ، پھر سے نمایاں ہونا .

تازی (۱) (الف) صف .

۱. عرب کا ، عربی نژاد ۲. (قواعد) حروف جو عجمی نہ ہوں اور عربی زبان سے مختص ہو . (ب) اند . (عرب کا) گھوڑا ؛ شکاری کتا . (ج) است . عربی زبان . [ف] .

تازی پر بس نہ چلا ترکی کے کان اینٹھے کہاوت . زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانے کے موقع پر رائج ہے .

تازی (۲) است .

تازہ کی تانیث ، شگفتہ ؛ سرسبز ، ہرا بھرا .

تازیانَہ (سک ز ، فت ن) اند .

۱. چابک ، قمچی ، کوڑا ؛ تنبیہ ۲. بید جس سے ملزموں کو سزا دی جائے . [ف] .

تاس اند .

۱. تشت ، تسلا ؛ علاقہ جو کسی دریا کے قریب ہو ، دریا کی گزرگاہ ۲. گھنٹہ ، ساعت ۳. زربفت ، کم خواب ؛ جھلمل ، چپی . [ف] .

تَاَسُّف (فت ت ، ا ، شد س بضم) اند .

افسوس ، پچھتاوا ، حسرت ، رنج ، ملال . [ع] .

تاسَن (فت س) است .

ایک باریک ریشمی کپڑا ؛ زربفت ، کم خواب ، جھلمل ، چپی .

تاسِیس (ی مع) است .

بنیاد رکھنا ، جڑ قائم رکھنا ، مضبوط کرنا . [ع] .

تاش اند .

۱. ایک قسم کا زری کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا بادلے کا ہوتا ہے ، زربفت ، بادلہ ، تمامی ۲. (i) ایک کھیل جو ۵۲ پتوں سے کھیلا جاتا ہے . (ii) پتے جن سے تاش کھیلتے ہیں یا تاش کا ہر پتا ؛ تاش کی گڈی ۳. تشت ، چلمچی . [س] .

تاشَہ (فت ش) اند .

تغاری یا تسلہ کی شکل کا کھال منڈھا ہوا چھوٹا باجا جو گلے میں ڈال کر دو پتلی لکڑیوں سے بجایا جاتا ہے اس کی آواز ڈھول سے زیادہ تیز مگر کم گونج دار ہوتی ہے . [ف] .

تافتان (سک ف) اث.
تنور میں پکی ہوئی موٹے کناروں کی گول اور بہت ملایم خمیری روٹی، جس میں میدے کے ساتھ خمیر اور تھوڑا روغن بھی ملا دیا جاتا ہے. [ف].

تاک (۱) اث.
۱.انگور کی بیل. ۲.ٹٹی (بانس یا لکڑی کی). [ف].

تاک (۲) اث.
۱.ٹکٹکی، نگاہ، جمی ہوئی نظر. ۲.گھات، کمین گاہ. ۳.انتظار. ۴.تلاش. ۵.شست، نشانہ. ۶.دیکھ بھال، توجہ، اہتمام. [س].

تاک تاک کر م ف. چھانٹ چھانٹ کر، چن چن کر یا نشانہ باندھ کر.
تاک جھانک اث. ۱.نظر بازی، گھورا گھوری. ۲.نگرانی، دیکھا بھالی.
تاک جھانک کرنا محاورہ. لک چھپ کے دیکھنا، دیکھا بھالی کرنا، نظر بازی کرنا.
تاک میں رہنا محاورہ. ۱.گھات میں رہنا، تلاش میں رہنا. ۲.موقع تکنا. ۳.انتظار میں رہنا، وقت کا انتظار کرنا.

تاکا جھانکی (مع) اث.
دیکھیے: تانک جھانک، نظر بازی.

تاکتے رہ جانا/ رہنا محاورہ. دیکھتے رہ جانا، محروم رہ جانا.

تاکنا (سک ک) ف م.
۱.گھورنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، غور سے دیکھنا. ۲.خیال کرنا، غور کرنا. ۳.چھپ کر دیکھنا، جھانکنا. ۴.تاڑنا، پہچاننا. ۵.نشانہ باندھنا، شست لگانا. ۶.کسی چیز کی خواہش کرنا، للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنا. ۷.تلاش کرنا. ۸.تکنا. [س].

تاکید (ی مع) اث.
۱.ضد، اصرار، ہٹ. ۲.تقاضا، کوشش؛ بار بار کہنے یا زور دینے کا عمل. ۳.شدید ممانعت. [ع].

تاکیداً (ی مع، تن وبفت) م ف.
زور ڈال کر، نہایت اصرار سے، تاکید اور اصرار کے طور پر، باصرار. [ع].

تاکیدی (ی مع) صف.
وہ ہدایت یا حکم جس کی تعمیل کے لیے بہت زور دیا گیا ہو، سخت اصرار، ضروری.

تاگا اند.
دھاگا، ڈورا، سوت، تار. [س].

تاگا باندھنا محاورہ. (کسی چیز سے) تاگے میں گرہ ڈال کر منسلک کر دینا، (مجاز) منت یا مراد حاصل کرنے کے لیے کسی بزرگ یا اولیا کے مزار کی جالی وغیرہ میں تاگا باندھ دینا.
تاگا ڈالنا محاورہ. ۱.سینے کے لیے سوئی میں دھاگا پرونا. ۲.لحاف یا توشک میں روئی کے پھٹنے کو روکنے کے لیے دور دور فاصلے سے ٹلنگے بھرنا، ڈورے ڈالنا.

تاگہ (فت گ) اند.
دیکھیے: تاگا؛ ڈورا.

تاگے اند.
تاگا کی جمع یا مغیرہ حالت؛ دھاگا، سوت، تار.
تاگے میں پرونا / پرونا محاورہ. (مجاز) باریک بینی یا غور وفکر سے کام کرنا.

تال (۱) اند.
تالاب، جھیل، ساگر. [س].

تال (۲) اند؛ اث.
۱.ہتھیلی؛ تالی، وہ آواز جو دونوں ہتھیلیوں کے ایک دوسرے پر مارنے سے ادا ہوتی ہے. ۲.عینک کا شیشہ. ۳.پہلوانوں کا خم ٹھونکنے کا عمل، اکھاڑے میں رانوں یا بانہوں پر زور سے ہاتھ مار کر پیدا کی ہوئی آواز، کشتی لڑنے کے لیے للکارنے کا عمل. ۴.ناچنے اور گانے میں اس کے وقت اور عمل کا پیمانہ یا دورانیہ جسے بیچ بیچ میں ہاتھ پر ہاتھ مار کر مقرر کرتے جاتے ہیں، گانے بجانے کا وزن (گویوں میں ساڑھے بارہ تالیں مشہور ہیں). ۵.(i) تال نام کا باجا، منجیرا؛ جھانجھ؛ منجیرے کی جوڑی؛ پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو ڈھولک یا طبلے کے ساتھ ہاتھ یا لکڑی کی چھڑی سے بجائی جاتی ہیں. (ii) پیتل یا کسی دھات کی وہ

پلیٹ جس پر چوٹ لگنے سے آواز پیدا ہو، گھنٹی، گھنٹہ. [س].
تال بجانا محاورہ. دھن چھیڑنا، راگ یا نغمہ چھیڑنا.
تال بے تال صف. بے سرا، سر سے ہٹا ہوا.
تال میل اند. ۱. میل جول، راہ و رسم. ۲. مناسبت، ربط و ضبط، اصول و ضابطہ. ۳. حسب موقع، قرینے سے.
تال میل کھانا محاورہ. تال کا سر کے ساتھ مل جانا؛ باہم اتفاق ہونا؛ اتحاد ہونا، میل جول ہونا؛ مناسب ہونا، موزوں ہونا.

تالا اند.
کنجی سے کھلنے کا آلہ جو دروازے یا صندوق وغیرہ پر حفاظت کے لیے لگایا جاتا ہے، قفل. [س].
تالا پڑجانا/ پڑنا محاورہ. قفل لگنا، (مجازاً) زبان بند ہونا، بولنے پر پابندی ہونا.
تالا لگ جانا/ لگنا محاورہ. (کسی کام میں) رکاوٹ پڑ جانا؛ پابندی ہونا، بند ہو جانا.

تالاب اند.
قدرتی طور پر بنی ہوئی پانی کی بڑی ذخیرہ گاہ یا باقاعدہ بنوایا ہوا حوض، پوکھر، جوہڑ. [ف].

تالو (دمع) اند.
۱. منھ کے اندر کی چھت، کام دہن، پیش فکی اور حنکی ہڈیوں کے افقی زائدوں سے مستحکم حصہ. ۲. سر کے اوپر کی سطح، چندیا، یا فوخ. ۳. گھوڑے کا ایک عیب؛ گھوڑے یا مویشی کے تالو کی بیماری جس میں تالو سوج جاتا ہے اور اس میں زخم پڑ جاتا ہے، تالوا. ۴. بچوں کے سر کا وہ حصہ جو نرم ہوتا ہے اور بعد میں سخت ہو جاتا ہے. ۵. ایک قسم کی مچھلی، تبو مچھلی. [س].
تالو سے زبان کھینچنا محاورہ. (پہلے زمانے میں بطور سزا کے بادشاہ تالو سے زبان کھنچوا دیتے تھے) سخت سزا دینا.
تالو سے زبان لگانا محاورہ. چپ ہو رہنا.

تالوا (سک ل) اند.
سر کے اوپر کی سطح، چندیا، یا فوخ.

تالہ (فت ل) اند.
دیکھیے: تالا؛ کنجی سے کھلنے والا ایک آلہ.
تالہ بندی است. احتجاج کے طور پر کام بند کر دینا، ہڑتال، کسی صنعتی ادارے کو تالا لگا کر کام بند کر دینے کا عمل.

تالی اند.
تھپلی؛ کف پیٹنے کی آواز، دونوں ہاتھوں کے باہم ٹکرانے کی آواز. [س].
تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی کہاوت. محبت یا لڑائی جھگڑا ایک طرف سے نہیں ہوتا بلکہ دونوں طرف سے ہوتا ہے.
تالی بجانا محاورہ. ۱. استقبال کے لیے ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مار کر آواز نکالنا؛ خوش آمدید کہنا، خوش ہونا. ۲. کسی کو بلانے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مار کر اشارہ کرنا. ۳. (i) ہاتھ جھاڑ کر اٹھ جانا. (ii) ہنسی اڑانا، مذاق کرنا، تضحیک کرنا، چڑانا.
تالی پیٹنا محاورہ. ۱. دیکھیے: تالی بجانا معنی نمبر ۱؛ استقبال کے لیے ایک ہاتھ پر دوسرا ہاتھ مار کر خوش آمدید کہنا. ۲. شاباش دینا، تحسین کرنا، داد دینا. ۳. ہیجڑوں یا زنخوں کا پیشہ لینا، زنخہ بننا.
تالی دونوں ہاتھ (ہاتھوں) سے بجا کرتی ہے (بجتی ہے) کہاوت. محبت یا عداوت دونوں ہی طرف سے ہوتی ہے.

تالے اند: ج.
تالا کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل؛ چابی سے کھلنے والا ایک آلہ، قفل.
تالے لگنا محاورہ. کس کام میں روکاوٹ ہونا، (مجازاً) سمجھ نہ ہونا، کم فہم ہونا.

تالیف (ی مع) است.
۱. ایک چیز کا دوسری چیز سے ربط، چند چیزوں کا اختلاط، میل. ۲. ترتیب دینے کا کام، مختلف مضامین (نظم و نثر) چن کر ترتیب دینے کا عمل، جمع کرنے کا کام. ۳. تالیف کردہ شدہ، مولفہ، مصنفہ (کتاب وغیرہ). ۴. الفت و محبت، دوستی، دل جوئی. [ع].
تالیف کرنا محاورہ. ۱. ملانا، ربط و اختلاط پیدا کرنا، میل جول پیدا کرنا،

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

پیوند کاری کرنا .۲.(i) نئی ترتیب دینا ، ازسرِ نو مرتب کرنا .(ii) لکھنا ، تصنیف کرنا ، بنانا .۳.دل جوئی کرنا ، دل ہاتھوں میں لینا .

تام (۱) صف.
۱.پورا ، کامل ، تمام ، کل .۲.(منطق) حد (تعریف) کی ایک قسم .۳.(عروض) تام وہ بیت جس کے ہر مصرعے کے ارکان اتنے ہی اور ویسے ہی مستعمل ہوں جتنے اور جیسے دائرے میں واقع ہوں . [ع] .

تام (۲) اند.
تانبا . [س] .

تام چینی است. چینی چڑھا ہوا تانبا (دھات کی چادر پر چڑھی ہوئی چینی ، ایک طرح کا زجاجی (چینی) مرکب جو متعدد معدنی آکسائڈوں سے دھات کے برتنوں پر چڑھایا جاتا ہے .

تام جھام اند.
پالکی کی قسم کی ایک سواری جو اوپر سے کھلی یعنی بغیر چھت کی ہوتی ہے اس لیے ہوادار بھی کہلاتی ہے . [س] .

تامڑا (سک م) (الف) اند.
۱.ایک قسم کا جواہر ، ادنیٰ قسم کا گہرا سیاہی مائل تانبے کے رنگ کا یاقوت جس میں چمک اور آب بہت کم ہو ؛ کبوتر کی ایک قسم .۲.ڈاک پتر ، آرائشی پھول بوٹے بنانے کا پیتل یا تانبے کا ورق جس کی سطح کو حسبِ ضرورت روغنی رنگ سے رنگ کر چمک دار بنا لیا جاتا ہے ، جگ جگا .
(ب) صف .۱.تانبے کے رنگ کا .۲.(مجازاً) گنجی کھوپڑی ، صاف چندیا .
[س] .

تَامُّل (فت ت ، ا ، شد م بضم) اند.
۱.غور وفکر ، سوچ بچار ، اندیشہ .۲.توقف ، عرصہ ، وقفہ .۳.صبر وتحمل ، برداشت .۴.تردد ، تکلف ، پس وپیش ، رکاوٹ .۵.عذر ، حیلہ ، بہانہ .
۶.سوچ سمجھ ، سوجھ بوجھ .۷.احتیاط . [ع] .

تان است ؛ اند (شاذ).
۱.(i) سروں کے اس کھنچاؤ یا مجموعے کو کہتے ہیں جس سے راگ میں تدریجی بڑھت ہوتی ہے .(ii) ساز کے سروں کی آواز کا مسلسل اُتار چڑھاؤ جو تیزی کے ساتھ ہو .۲.طولانی تار ، سوت کے وہ تاگے جو کپڑا بنتے ہیں طولاً ترتیب دیے جاتے ہیں .۳.پھیلاؤ ، کھچاؤ ، تناؤ ، ایک ہی طرح کے سر ، تنا ہوا تاگا ؛ بھاٹے (جزر) کی لہر ؛ ترنگ ، کھینچ کر تان نکالنے کی کیفیت ؛ وسعت ، سلسلہ . [س] .

تان اُڑانا محاورہ. گانا الاپنا ، گانے میں سروں کو دلکش انداز سے ادا کرنا .

تان توبڑا اند. انگڑ کھنگڑ ، اختر بختر ، کاٹھ کباڑ ، ساز وسامان ، برتن ، بھانڈا .

تان کر/کے م ف. کھینچ کر کھینچ ، خوب جما جما کر .

تان توڑنا محاورہ.۱.(موسیقی) گانے کے بول یا لے کو سر پر لا کر چھوڑنا .
۲.ختم کرنا ، اصل بات یا غرض بیان کرنا ، کسی انجام یا مطلب کو پہنچانا .

تان کر / کے سونا محاورہ. آرام سے سونا ، بے خبر سونا ، بے فکر ہو جانا .

تان لینا محاورہ .۱.(چادر ، کمبل وغیرہ) اوڑھ لینا ، سر سے پاؤں تک پھیلا کر اوڑھنا .۲.کھینچ لینا ، سیدھا کر لینا (ہاتھ پانو ، نیزہ ، بندوق وغیرہ) .۳.دیکھیے : تان اڑانا ، گانا الاپنا .

تانا (۱) اند.
سوت کے وہ تاگے جو کپڑا بننے میں طولاً ترتیب دیے جاتے ہیں (تتنا کے ساتھ) . [س] .

تانا بانا اند .۱.(i) تار و پود ، وہ دھاگے جنھیں بنائی کے وقت طول و عرض میں ڈالتے ہیں ، کپڑے وغیرہ کی بنائی میں لمبائی اور چوڑائی میں ڈالے جانے والے دھاگے ؛ آر جار ؛ (مجازاً) بے ترتیبی ، انتشار ، بدنظمی .(ii) (مجازاً) مزاج کا انداز ، ساخت .۲.دری یا قالین بننے کا کرگھا .۳.(مجازاً) خواہ مخواہ کا چکر ، آوارہ گردی ، آنا جانا .

تانا بانا ٹوٹنا محاورہ. نظم ونسق بگڑنا ، انتظام میں خلل آنا ، شیرازہ بکھر جانا .

تانا (۲) ف م.
۱.سونے چاندی کو آگ پر رکھ کر اس کے خالص یا غیر خالص ہونے کو پرکھنا ، تپا کر دیکھنا .۲.آزمانا ، جانچنا .۳.گرم کرنا ، پگھلانا ، (گھی وغیرہ کو کہ اس میں کسی شے کی آمیزش ہو تو دور ہو جائے) .۴.(مجازاً) زک پہنچانا ، امتحان لینا . [س] .

تانا (۳) اند.
تال اور الاپ میں گایا جانے والا ایک کلمہ .۲.تال ، ناچ گانا ، تار .

۳. گانا، دھن. [حکایت الصوت].

تانبا (مغ) اند.

ایک سرخی مائل دھات جو کانوں میں پائی جاتی ہے اور کافی مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے، اور اس سے مختلف برتن بنتے ہیں. جسے تار کی شکل میں کھینچا جا سکتا ہے، اسے خالص کے علاوہ پیتل اور کانسی وغیرہ مختلف بھرتوں میں استعمال کیا جاتا ہے، سونے میں بھی صلابت پیدا کرنے کے لیے کام میں لاتے ہیں. [س].

تانبا دے جانا محاورہ. حقیقت کھل جانا، (لفظاً) قلعی اتر جانا.

تانبا سا صف. گلابی، کم سرخ، سرخی مائل، تانبے کے رنگ کا.

تانبا سا آسمان ہو جانا محاورہ. آسمان پر بادلوں کا نہ ہونا، آسمان کا سرخی مائل نظر آنا (بوجہ گرد و غبار یا گرمی)، مینھ کی ایک بوند نہ پڑنا، اور کال کے آثار دکھائی دے جانا.

تانبے (مغ) اند: ج.

دیکھیے: تانبا کی جمع یا مغیرہ حالت.

تانبے کی طرح تپنا محاورہ. جس طرح تانبا دھوپ میں خوب گرم ہو جاتا ہے اسی طرح دھوپ یا گرمی سے گرم ہو جانا، بری طرح گرم ہونا، شدید تپش کی وجہ سے جلنا بھلسنا.

تان بُورا (سک ن، و مع) اند.

مضراب کا ایک ساز؛ اس کا ایرانی نام طنبورہ ہے، یہ ستارہ کی شکل کا ساز ہے.

تانتا (مغ) اند.

۱. قطار، سلسلہ. ۲. چرچا. [س].

تانتا بندھنا محاورہ. تار بندھ جانا، سلسلہ بندھنا.

تانتوا (مغ، سک ت) اند.

۱. نو مولود بچے کی زبان کے نیچے لگی ہوئی ایک باریک جھلی جس کو دائی نکال دیتی ہے. ۲. آنت اترنے کی بیماری، فتق. ۳. (قصاب) ادلے یا مچھلی کے سرے کا نکیلا سرا جو نہایت باریک سفید ریشوں کا مجموعہ ہوتا ہے اور ہڈی کے سرے سے جڑا رہتا ہے، اس کے تناؤ سے ہڈی کے جوڑ میں حرکت ہوتی ہے.

تان سین (سک ن، ی ج) اند.

اکبر کے ایک مشہور درباری گویے کا نام اور خطاب (مجازاً) ہر ماہر گانے والے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں.

تانگا/ تانگہ (۱) (مغ / فت گ) اند.

دو پہیے کی چھوٹی گاڑی. [س].

تانگا (۲) (مغ) اند.

مانگا کا تابع. [س].

تاننا (سک ن) ف م.

۱. (i) سر سے پانو تک خود کو کسی کپڑے یا چادر وغیرہ سے ڈھانک لینا. (ii) لمبے چوڑے کپڑے کو سر پر تان دینا یا قنات کے طور پر کھینچ کر لگانا؛ پھیلانا؛ بڑھانا. ۲. کسنا، جکڑنا، جھول دور کرنا. ۳. (عوام) قید کر دینا؛ میعاد کرنا. ۴. (عوام) مقدمہ دائر کرنا. ۵. کسی آلۂ حرب کو ضرب لگانے کے لیے کسی کی طرف بلند کرنا، کسی چیز کو وار کرنے کے لیے اٹھانا. ۶. (چادر، پردہ وغیرہ) پکڑے رہنا، پھیلائے رہنا. ۷. فضا پر جال بنانا (جیسے مکڑی کا جال تاننا). ۸. اُکسا دینا، اشتعال دلانا. ۹. لٹکانا. [س].

تانیث (ی مع) است.

مؤنث ہونا، مؤنث بنانا، تذکیر کی ضد. [ع].

تانیں (ی ج) است: ج.

تان کی جمع، سروں کا مجموعہ. اف: اڑانا/ پھینکنا/ لگانا.

تانیں نکلنا ف مر. (موسیقی) تانوں کا گلے یا ساز سے ادا ہونا.

تاوان اند.

۱. ڈنڈ، جرمانہ، بدلا، قصاص، کفارہ. ۲. وہ رقم جو مفتوح یا شکست خوردہ سلطنت فاتح کو بطور ہرجانہ یا خرچہ دیا کرتی ہے. اف: بھرنا / بھگتنا / دینا / ڈالنا / لینا. [ف].

تاویل (ی مع) است.

۱. شرح، تفسیر، پوشیدہ معنوں کی توضیح. ۲. کسی بات کو اصل کے خلاف دوسری طرح بیان کرنا، زیر بحث عبارت کا مطلب دوسرے انداز سے نکالنا، من مانے معنی قائم کرنا، معنی پہنانا. ۳. خواب کی تعبیر، خواب کا

مطلب جو قیاس کی بنا پر نکالا جائے .۴. (i) حیلہ ، بچاؤ کی راہ .
(ii) عذر بے جا ، بچاؤ کی دلیل . اف : کرنا/ہونا . [ع] .

تاہِری (کس تیز سک ہ) است .
ایک قسم کا طعام ، جو کہ چاول اور بڑیوں سے بناتے ہیں ، آج کل چاول اور آلو سے بھی پکاتے ہیں . [س] .

تاہَم (فت ہ) م ف .
پھر بھی ، اس پر بھی ، باوجودیکہ .

تائِب (کس ء) اند .
توبہ کرنے والا ، گناہ سے باز آنے والا ، برائی سے دستکش . [ع] .

تاؤ (و مع) اند .
۱. (ہندو) باپ کا بڑا بھائی ، تایا .۲. زیرک ، ہوشیار ؛ بزرگ . [س] .

تاؤ (و مج) اند .
۱. آنچ ، تیز آگ ، شدید گرم کرنے یا ہونے کی حالت .۲. اینٹھ ، تاب ، خم ، بل ، مروڑ .۳. تیزی ، شدت . [س] .

تاؤ آنا محاورہ .۱. آگ کی تیزی کا اپنی انتہائی حد کو پہنچ جانا .۲. کسی دھات کا گرم کرنے سے سرخ ہو جانا ؛ دھات کا حرارت سے چرخ کھا جانا ، پگھل جانا ، چاشنی کا پکنے پر آ جانا .۳. غصہ آنا ، جھونجل آنا .
۴. جوش کھانا .

تاؤ پیچ اند . پیچ و تاب ، غم و غصہ . اف : آنا/دینا/کھانا .

تاؤ دینا ف مر ؛ محاورہ .۱. گرمانا ، تپانا ، تانا .۲. پگھلانا ، آنچ دینا ، چرخ دینا .۳. (i) کشتی میں حریف کے ہاتھ یا ٹانگ کو بے کار کرنے کے لیے قوت سے مروڑ دینا . (ii) بل دینا ، مروڑنا جیسے مونچھوں کو تاؤ دینا .
۴. بھڑکانا ، تیز کرنا .

تاؤ کھانا محاورہ .۱. تیز آنچ سے لال ہو جانا ، جوش کھا جانا ، چرخ کھا جانا .۲. چاشنی یا قوام کا جل جانا ، تیز حرارت سے چاشنی یا قوام کا تیز ہو جانا .۳. غصہ کھانا ، غصہ کرنا ، پیچ و تاب کھانا .۴. بل کھانا ، پیچ دار ہونا .

تائی است .
تایا کی تانیث ، باپ کے بڑے بھائی کی بیوی . [س] .

تائید (ی مع) (الف) است .
۱. مدد ، فیضان ، امداد .۲. استحکام ، استواری ، تقویت .۳. حمایت ، طرف داری ، توثیق .۴. (قانون) استحکام دعوے کی دستاویز . (ب) اند .
۱. وہ محرر جو کسی عملے کے ساتھ کام کرے ، اسسٹنٹ ، جج کا مددگار .
۲. (پورب) امیدوار ملازمت . [ع] .

تائید غیبی است . غیب سے ملنے والی مدد ، اللہ کی مدد .

تائید کرنا ف م . حمایت کرنا ، مدد کرنا ، ساتھ دینا ، طرف داری کرنا .

تائیداً (ی مع ، تن د بفت) م ف .
حمایت و طرف داری کے لیے ، تائید کے طور پر .

تایا اند .
باپ کا بڑا بھائی ، دیکھیے : تاؤ . [س] .

تایا زاد اند . تایا کی اولاد ، تایا کا لڑکا یا لڑکی .

تَب (۱) (فت ت) است .
۱. حرارت ، گرمی ، بخار .۲. طاقت ، چمک ، سوزش . [ف] .

تب چڑھنا محاورہ . بخار ہو جانا ، تپ آنا .

تب و تاب است .۱. حسن و خوبی ، آب و تاب ، چمک دمک .۲. سوز و تپش ، تڑپ .۳. جلنے کی کیفیت .۴. شان و شوکت ، سرخروئی ، سرگرمی ، سرگرم عمل رہنے کی حالت .

تَب (۲) (فت ت) ظرف زماں .
۱. اُس کے بعد ، اُس وقت ، اُس حالت میں .۲. (جزائے شرط) تو ، جب کا جواب یا جزا . [س] .

تَبادُل (فت ت ، ضم د) اند .
۱. باہم تبادلہ ، ایک کو دوسرے سے بدلنے کا عمل ، بدلاؤ .۲. (نفسیات) ایک دوسرے سے جوابی میل رکھنے کا عمل . [ع] .

تَبادِلَہ (فت ت ، کس تیز سک د ، فت ل) اند .
۱. ایک شے کی دوسری سے تبدیلی ، کچھ دے کر کچھ لینے کا عمل ، مبادلہ ، عوض ، معاوضہ ، بدل .۲. کسی سرکاری ملازم کا ایک جگہ یا ایک شہر سے دوسری جگہ یا دوسرے شہر میں متعین کیا جانا ، تبدیلی . [ع] .

تَبار (فت ت) اند .
۱. خاندان ، کنبہ ، قوم ، اولاد ، ذات .۲. مرکب توصیفی میں بطور جزو دوم بمعنی خاندان ، گھرانا . [ف] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع (معروف) ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تَبارَک (فت ت، ر) (الف) صف.
بڑا، بزرگ، عالی، برتر. (ب) امث. ۱. قرآن شریف کی ایک سورت جس سے انتیسواں پارہ شروع ہوتا ہے، سورۂ ملک. ۲. مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم جو ماہ رجب میں مردے کی مغفرت کے لیے ادا کی جاتی ہے، اس رسم میں سورۂ تبارک الذی اکتالیس بار پڑھ کر اکثر میٹھی روغنی روٹی تقسیم کی جاتی ہے جس پر سونف کلونجی وغیرہ لگی ہوتی ہے یا کوئی اور شیرینی بانٹی جاتی ہے. [ع].

تِباسی (کس ت) صف.
تین دن کی رکھی کوئی چیز، تین روز کا باسی (کھانا وغیرہ). [س].

تَباشیر (فت ت، ی مع) امث.
۱. ایک دوا بنس لوچن جو بانس کی گانٹھوں یا جڑ سے برآمد ہوتی ہے رنگ سفید ہے. ۲. (مجازاً) سپیدۂ صبح، آغاز صبح کی روشنی. [ف؛ س].

تَباہ (فت ت) صف.
۱. خراب، برباد، ویران، اجاڑ. ۲. شکستہ، خستہ حال. ۳. غرقاب، غرق شدہ، ڈوبا ہوا. ۴. ضائع، رائیگاں. ۵. فاسد، نادرست. [ف].
تباہ حال صف. خراب حال، خستہ حال، پریشان حال، مصائب میں زندگی بسر کرنے والا.
تباہ کاری امث. تباہی، بربادی.
تباہ کن صف. تہس نہس کرنے والا، بربادی پھیلانے والا، مصیبت لانے والا.

تَباہی (فت ت) امث.
۱. (i) خرابی، بربادی. (ii) اختتام، نیست و نابود. (iii) ڈوبنے یا ڈوبنے کا عمل؛ ٹوٹ پھوٹ یا تتر بتر ہونے کی حالت. ۲. آفت، مصیبت، بلا، نیست و نابود. ۳. شکستہ حال، مفلسی. [ف].

تَبَحُّر (فت ت، ب، شد ح بضم) امذ.
دریا جیسا ہونے کی صفت؛ (مجازاً) بڑا عالم ہونا، کسی ہنر میں کامل ہونا، علامہ ہونا؛ گہرائی، وسعت، بے پایانی، مہارت، کمال. [ع].

تَبخیر (فت ت، سک ب، ی مع) امث.
۱. گرمی کی شدت سے مائع کا بخارات میں تبدیل ہونا یا بھاپ بننا. ۲. بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا خلوئے معدہ میں دماغ تک پہنچتے ہیں. ۳. حرارت خفیف، ہلکا بخار. [ع].

تَبَدُّل (فت ت، ب، شد د بضم) امذ.
تبدیلی، بدل جانے کی کیفیت. [ع].

تَبدیل (فت ت، سک ب، ی مع) امث.
۱. ایک جگہ (ملازمت کے مقام) سے دوسری جگہ بدلے جانے کا عمل، تبادلہ. ۲. بدل جانے کی کیفیت، تغیر واقع ہونے کا عمل. [ع].
تبدیل کرنا محاورہ. ۱. بدلنا، پلٹنا، پھرانا، برگشتہ کرنا. ۲. بھیس بدلنا، کپڑے یا دوسرا لباس پہننا.

تَبدیلی (فت ت، سک ب، ی مع) امث.
۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا، بدلی، تبادلہ، ملازمت میں ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا. ۲. تغیر، تبدیل، ترمیم.
تبدیلی قلب امذ. آپریشن کے ذریعے دل کی تبدیلی یا منتقلیِ قلب.

تَبَذُّر (فت ت، ب، شد ذ بضم) امذ.
۱. فضول خرچی کرنا، دولت تباہ کرنا. ۲. (طب) جراثیم پھیلنے کے ایک طریقے کا نام جس میں ایک جرثومہ دو ٹکڑوں میں منقسم ہو جاتا ہے اور پھر دونوں ٹکڑے مستقل جرثومہ بن جاتے ہیں، ٹکڑے ٹکڑے ہو کر پھیلنے کا عمل، ذرات بن جانے کی کیفیت. [ع].

تَبذیر (فت ت، سک ب، ی مع) امث.
۱. دولت تباہ کرنا، مال کو فضول خرچ کرنا، بے ضرورت روپیہ اڑانا.
۲. پراگندگی کرنا؛ زمین سے گھاس کا اُگنا. [ع].

تَبَرّا (فت ت، ب، شد ر) امذ.
۱. کسی گناہ سے برأت چاہنا؛ بیزاری، نفرت، تنفر، انکار اور اس کا برملا اظہار نیز اس کا عقیدہ. ۲. لعن طعن کرنے کا عمل. اف: بھیجنا. [ع].

تَبَرُّک (فت ت، ب، شد ر بضم) امذ.
۱. چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو، خیر و برکت کی چیز. ۲. تحفہ، بزرگوں کا عطیہ. ۳. کسی بزرگ یا پیشوائے دین کی فاتحہ کی چیز، پرشاد.
۴. (مجازاً) ایسی نایاب و مبارک چیز جو عنقریب فنا ہو جانے والی ہو. [ع].

تبرک ہونا محاورہ. ۱. ناپید ہو جانا. ۲. دور ہو جانا، ختم ہو جانا.

تَبَرُّکاً (فت ت، ب، شد ر بضم، تن ک بفت) م ف.
برکت کے ساتھ، برکت کے طور پر، مقدس آثار کے طور پر، تبرک کے طور پر؛ تھوڑا سا، قلیل. [ع].

تَبَرُّکات (فت ت، ب، شد ر بضم) اند؛ ج.
تبرک کی جمع، بزرگان دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں، بزرگوں کے آثار فضیلت و عزت؛ افراد، کثرت، بہتات؛ (مجازاً) باقی رہ جانے والی چیزیں.

تَبَرّہ (فت ت، ب، شد ر بفت) اند.
دیکھیے: تبرا، کسی گناہ سے برأت چاہنا؛ لعن طعن کرنے کا عمل.

تَبرِید (فت ت، ب، ی مع) است.
۱. ٹھنڈائی (سرد شربت یا دوا) جو موسم گرما کی حدت دور کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں نیز مسہل کے اول تین دن پیتے ہیں اور مسہل ہوجانے کے بعد اس کی حرارت رفع کرنے اور دل کو قوت پہنچانے کے لیے مریض کو استعمال کراتے ہیں. ۲. ٹھنڈک، سرد کرنے یا ہونے کا عمل. ۳. (مجازاً) خوش کرنے یا فرحت پہنچانے کا عمل.

تَبَسُّم (فت ت، ب، شد س بضم) اند.
۱. مسکرانا، زیر لب ہنسنا، ایسی ہنسی جس میں آواز نہ ہو، مسکراہٹ. ۲. (مجازاً) غنچے کی شگفتگی. [ع].

تبسم زیر لب اند. ہلکی مسکراہٹ، زیر لب مسکرانے کا عمل.

تَبصِرَہ (فت ت، ب، کس ص، فت ر) اند.
۱. (لفظاً) کسی کو کوئی چیز دکھانا، (مجازاً) کسی بات کے متعلق اظہار رائے، بصیرت کا اظہار. ۲. کسی کتاب یا رسالے وغیرہ کو پڑھ کر اس کی خوبی یا خامی کے بارے میں رائے دینا، رائے ظاہر کرنا. ۳. کسی امر یا واقعہ کے بیان میں خوبی اور خامیوں کا ذکر. [ع].

تَبَع (فت ت، سک ب) صف؛ اند.
پیروی کرنے والا، پیرو؛ پیروی، اتباع. [ع].

تبع تابعی/ تابعین صف. مسلمان جس نے (بحالتِ اسلام) تابعی کو دیکھا ہو.

تَبلِیغ (فت ت، سک ب، ی مع) است.
۱. پیام پہنچانا. ۲. مذہب کی تلقین کرنا، شریعت کے احکام پہنچانا. ۳. ابلاغ، تشہیر. [ع].

تبلیغ رسالت است. ۱. رسول ہونے کا پیغام امت کو دینا، پیغمبری کا اعلان کرنا. ۲. احکامِ شریعت و پیامِ خداوندی بندوں تک پہنچانا.

تَبلِیغی (فت ت، سک ب، ی مع) صف.
تبلیغ سے منسوب؛ احکامِ شریعت بندوں تک پہنچانا.

تَبُوک (فت ت، و مع) اند.
۱. ایک مقام کا نام جو عرب میں دمشق اور مدینے کے درمیان واقع ہے، تاریخ اسلام میں جنگ تبوک کی وجہ سے مشہور ہے. ۲. دف جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے. [ع].

تَبھی (فت ت) م ف.
۱. جب ہی، اسی وقت، فوراً. ۲. اسی سبب سے، اسی وجہ سے.

تَپ (۱) (فت ت) است.
بخار، جاڑا بخار، لرزہ. [ف].

تپ چڑھنا محاورہ. ۱. بخار چڑھنا، بخار سے بدن جلنا. ۲. لرزاں و ترساں ہونا، ڈر سے کانپنا، ڈرنا. ۳. غصہ آنا، برہم ہونا، غیظ وغضب آنا.

تپِ دق است. دق کے مرض کا بخار، (ٹی بی) جو اعضائے رئیسہ میں حرارت سرایت کر جانے کے سبب بدن کی رطوبت کو سکھا دیتا ہے.

تپِ محرق/ محرقہ است. ۱. وہ بخار جس میں شدت حرارت کی وجہ سے بدن بری طرح پھنکنے لگے؛ انگ: Typhoid ٹائی فائڈ، میعادی بخار. ۲. تپِ دق.

تَپ (۲) (فت ت) اند.
تپنا کا حاصل مصدر؛ تراکیب میں (آزمائش، پرکھ، جانچ وغیرہ کے معنی میں مستعمل).

تپ تپا کر م ف. کھرے کھوٹے کی جانچ پڑتال کے بعد، ہر طرح کی خوب دیکھ بھال کے بعد.

تپ کر م ف. دیکھیے: تپ تپا کر؛ مسلسل مشق یا پریشانی کے ساتھ، بڑی کوشش و ریاضت کے بعد.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تپاک (فت ت) امذ.
۱. آؤ بھگت، گرم جوشی، خاطر مدارت؛ خلوص ۲. برتاؤ، سلوک ۳. نرمی، مہربانی، حسن اخلاق ۴. (طنزاً) بے پروائی، ظاہر داری ۵. بے چینی، بے قراری، اضطراب ۶. التفات. [ف].

تپاں (فت ت) صف؛ م ف.
۱. تڑپنے والا، بے قرار، بے چین ۲. تڑپتا ہوا ۳. جلتا ہوا، سخت گرم. [ف].

تپانا (فت ت) ف م.
۱. گرم کرنا، جلانا؛ (مجازاً) تکلیف پہنچانا ۲. (i) تاؤ دینا، سونے چاندی وغیرہ کو آگ پر رکھ کر کھوٹا کھرا دیکھنا. (ii) کسی دھات کو گرمی پہنچا کر پگھلانا تاکہ حسبِ منشا سامان بنا سکیں ۳. جلانا، تکلیف اٹھانا، رنج سہنا ۴. ستانا، دل جلانا، کڑھانا، تڑپانا ۵. رنگ بدلنا یا بدلانا ۶. غصہ ہونا. [س].

تپانی (کس ت) است.
۱. ٹاٹ کی گدی جس پر بچے بیٹھتے ہیں، گدی ۲. مشک کا زیر انداز، مشک کے تلے بچھانے کا چمڑے کا چوڑا ٹکڑا، پرتلا، چرسا. [س].

تپّڑ (فت ت، شد پ بفت) امذ.
تین پایوں کی چوکی ۲. تین ستونوں یا کھمبوں والی تعمیر؛ عمارتی قینچی جو مثلث نما ہو. [س].

تپسیا (فت ت، پ، سک س) است.
روحانی یا قلبی عبادت، ریاضت، دھونی رما کر دھیان کرنا، پوجا یا پرستش. [س].

تپش (فت ت، کس پ) است.
۱. گرمی، (بخار کی) حرارت، سوزش، (دھوپ کی) تمازت ۲. اضطراب، سوز و گداز، بسمل کی تڑپ ۳. درجۂ حرارت؛ ٹمپریچر. [ف].

تپنا (فت ت، سک پ) ف ل.
۱. گرم ہونا، جلنا، بھبکنا، تتا ہونا ۲. (کسی داخلی اذیت وغیرہ سے) تکلیف اٹھانا، تڑپنا، رنج اٹھانا؛ غصہ کرنا؛ چڑنا. [س].

تپنچہ (فت ت، پ، سک ن، فت چ) امذ.
بندوق کی قسم کا ایک چھوٹا آتشیں ہتھیار جو جیب میں رکھا جاسکتا ہے، پستول، روالور. [ف].

تَت (فت ت) م ف.
۱. وہ، اس کا (اشارہ وضمیر، مرکبات میں مستعمل) ۲. اسی وقت، فوراً، ترت. [س].

تِت (کس ت) م ف.
وہاں، ادھر، اس طرف. [س].

تتبّع (فت ت، ت، شد ب بضم) امذ.
۱. تقلید، نقل، پیروی، ریس، اتباع ۲. تلاش، جستجو، چھان بین؛ سلسلہ قائم کرنے کا عمل. [ع].

تتّربتّر (کس ت، شد ر بفت، کس ب، شد ت بفت) صف؛ م ف.
منتشر، پراگندہ، متفرق، بکھرا ہوا، تار بتار، جدا جدا. [س].

تتلا (ضم ت، سک ت) صف مذ.
تتلا کر باتیں کرنے والا، دیکھیے: توتلا، وہ جو زبان سے صاف ادائیگی نہ کر سکے، لکنت کرنے والا.
تتلا تتلا کر/کے م ف. تتلاہٹ سے، توتلے پن سے، توتلے کی طرح.

تتلانا (ضم ت، سک ت) ف ل.
بات کرتے وقت حروف کا صحیح مخارج سے ادا نہ کرنا، جیسے؛ ٹ کی جگہ ت اور ڈ کی جگہ د اور ک کی جگہ ت کی آواز نکالنا جس طرح ابتدا میں بچے بولتے ہیں. [س].

تتلاہَٹ (ضم ت، سک ت، فت ہ) است.
تتلانا کا اسم کیفیت، توتلا پن.

تِتلی (کس ت، سک ت) است.
۱. پردار کیڑا جس کے پروں پر طرح طرح کے رنگوں کے نقش و نگار ہوتے ہیں جسے تتری اور تیتری بھی کہتے ہیں ۲. (مجازاً) خوبصورت عورت؛ ہرجائی؛ اچھے لباس والی عورت. [س].

تُتلی (ضم ت، سک ت) صف مث.
تتلا کی تانیث؛ تتلا کر باتیں کرنے والی.

تَتِمّہ (فت ت، کس ت، شد م بفت) امذ.
۱. بقیہ، بچا ہوا، آخری حصہ ۲. اصل (کتاب یا رسالے وغیرہ) سے

تعلق رکھنے والا مضمون ، کتاب یا حواشی وغیرہ سے متعلق وہ حصہ جو بطور تکملہ شامل کیا جائے . [ع] .

تَنبڑا (فت ت ، ت ، سک ہ) امذ .

پانی گرم کرنے کا برتن ، مٹی لوہے یا تانبے وغیرہ کا گھڑا یا گھڑیا . [س] .

تَتَیّا (فت ت ، ت ، شد ی) (الف) امذ .

خصوصیات میں شہد کی مکھی سے مشابہ بھڑ کی ایک قسم جو زرد رنگ کی ہوتی ہے ، ڈنک مارنے والی مکھی ، زنبور . (ب) صف .ا. (مجازاً) تیز ، چالاک ، پھرتیلا : ذہین ، ذکی .۲. (مجازاً) بدزبان عورت . [س] .

تتیا کا ناچ نچانا محاورہ . (مجازاً) ستانا ، تنگ کرنا .

تتیا مرچ صف : امث .ا. مرچ کی ایک قسم جو عام مرچ سے چھوٹی اور نہایت تیز ہوتی ہے ، جوا مرچ .۲. ذہین ، تیز ، چالاک : چالاکی ، تیزی ، ذہانت .

تَثبیت (فت ت ، سک ث ، ی مع) امث .

ا. مقرر کرنا ، لگانا ، ثبت کرنا .۲. (کیمیا) کسی گیس کو ٹھوس چیز کے ساتھ ملانے (ترکیب دینے) کا عمل . [ع] .

تَثلیث (فت ت ، سک ث ، ی مع) امث .

ا. (تین بنانا ، تین کر لینا) ، تین کا مجموعہ ، مثلث .۲. عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق خدا کو تین جاننا یعنی باپ (اللہ تعالیٰ) بیٹا (حضرت عیسیٰ) اور روح القدس ، (اقانیم ثلاثہ) کو خدا ماننے کا عقیدہ .۳. (نجوم) دو سیاروں کے درمیان ۱۲۰ درجے یا دائرے کے تیسرے حصے کا فاصلہ ، سیاروں کا تہائی دائرے کا بُعد . [ع] .

تَثنِیَہ (فت ت ، سک ث ، کس ن ، فت ی) امذ .

ا. دوگنا یا دونا کرنا : عربی زبان کا وہ لفظ جس سے دو کی تعداد ظاہر ہوتی ہے ، جیسے : طرفین ، فریقین وغیرہ .۲. (قواعد) کسی فعل کی گردان میں دو کو ظاہر کرنے والا صیغہ . [ع] .

تَج (۱) (فت ت) امث .

چھوڑنا ، ترک کرنا ، تراکیب میں جزو اوّل کے طور پر مستعمل .

تج دینا ف مر : محاورہ .ا. چھوڑ دینا ، کنارہ کش ہو جانا ، ہاتھ اٹھا لینا .۲. قربان کر دینا .

تَج (۲) (فت ت) امث .

جنس دار چینی سے مشابہ ایک درخت ، لاط : Laurus Cossia کی خوشبودار چھال اس کا پیڑ مجھولے قد کا سدا بہار مشرقی بنگال اور جنوبی بنگال میں کثرت سے ہوتا ہے ادویات میں مستعمل ہے ، دار چینی : دار چینی کا درخت . [س] .

تَجاذُب (فت ت ، ضم ذ) امذ .

باہمی کشش ، ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچنے کا عمل ، جذب کر لینے کا کام . [ع] .

تُجّار (ضم نیز فت ت ، شد ج) امذ .

ا. تاجر کی جمع ، سوداگر ، تجارت پیشہ .۲. بطور واحد ، تاجر . [ع] .

تِجارَت (کس ت ، فت ر) امث .

فائدہ کی امید پر بیوپار ، سوداگری ، اشیا کی خرید و فروخت کا کام ، چیزوں کے لین دین کا دھندا یا کاروبار . [ع] .

تجارت پیشہ صف . وہ شخص جس کا ذریعہ معاش بیوپار پر ہو ، تاجر ، بازرگان ، کاروباری آدمی .

تِجارَتی (کس ت ، فت ر) صف .

تجارت سے منسوب ، کاروبار سے متعلق ، سوداگری کا مال .

تجارتی مال امذ . سوداگری کا اسباب .

تَجاوُز (فت ت ، ضم و) امذ .

ا. آگے بڑھنے یا مقررہ حد سے گزرنے کی حالت و کیفیت .۲. (مجازاً) انحراف ، عدول حکمی ، خلاف ورزی . [ع] .

تَجاوُزات (فت ت ، ضم و) امذ : ج .

تجاوز کی جمع ، اپنی زمین یا جگہ سے آگے بڑھائی ہوئی جگہ ، فٹ پاتھ یا سڑک کے کنارے زمین پر ناجائز قبضہ (بطور واحد و جمع مستعمل)

تَجاوِیز (فت ت ، ی مع) امث .

دیکھیے : تجویز کی جمع : رائے ، تدبیر .

تَجاہُل (فت ت ، ضم ہ) امذ .

انجان پن ، جان بوجھ کر نادان بننا ، بے خبری یا عدم واقفیت ، انجان ظاہر کرنے کے کیفیت ، چشم پوشی ، بے پروائی . [ع] .

تجاہل عارفانہ اند. جان بوجھ کر انجان بننا، جانتے بوجھتے کے باوجود یہ ظاہر کرنا کہ ہم کچھ جانتے ہی نہیں؛ (علم بدیع) کسی معلوم شدہ بات کو نامعلوم کی جگہ دینے کا عمل یا کسی کو جانتے ہوئے ان جان بننے کی حالت۔

تَجَدُّد (فت ت، ج، شد د ضم) اند.
نیاپن، نیا ہونا، نئی بات، جدت پسندی. [ع].

تَجدِید (فت ت، سک ج، ی مع) است.
نیا کرنے کا عمل، نئے سرے سے کوئی کام کرنے کی حالت، جدت، تازگی. [ع].

تَجرِبات (فت ت، سک ج، کس ر) اند؛ ج.
تجربہ کی جمع؛ آزمائش.

تَجرِبَہ (فت ت، سک ج، کس ر، فت ب) اند.
آزمائش، امتحان، جانچ، پرکھ، (سائنس) عمل، عملی جانچ پڑتال، ماہیت کی جانچ. [ع].

تجربہ کار صف. ماہر، آزمودہ کار، واقف کار، ہوشیار، جہاں دیدہ.

تجربہ گاہ مث. وہ جگہ جہاں ماہیت کی جانچ پڑتال کی جائے، لیبارٹری.

تَجَرُّد (فت ت، ج، شد ر بضم) اند.
۱. تنہائی، مجرد پن، علیحدگی. ۲. بن بیاہتا پن، اکیلا پن. ۳. یکتائی. [ع].

تَجرِید (فت ت، سک ج، ی مع) است.
تنہائی، علیحدگی، بے تعلقی، آزادی. [ع].

تَجرِیدی (فت ت، سک ج، ی مع) صف.
ذہنی و خیالی، اشارات پر مبنی، عملی کی ضد.

تجریدی آرٹ اند. (مصوری) جدید فن مصوری جس میں واضح خطوط و نقوش کی جگہ مبہم خطوط و نقوش ہوں.

تجریدی عمل اند. کسی چیز کو مجرد بنانے یا ثابت کرنے کا کام.

تَجَزّی (فت ت، ج، شد ز) است.
۱. فرد فرد ہونے ٹکڑے ٹکڑے کرنے یا بٹ جانے کا عمل، جزو جزو ہو جانے کی حالت. ۲. افتراق، انتشار، عدم اتحاد. ۳. کسی مرکب کے ہر جزو کو الگ الگ کرنے کا عمل. [ع].

تَجزِیَہ (فت ت، سک ج، کس ز، فت ی) اند.
کسی چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا اور تقسیم کرنا، کسی مرکب کے اجزا کو الگ الگ کرنا جن سے اس کی ترکیب ہوئی ہے. [ع].

تجزیہ کرنا محاورہ. اصل حقیقت کو جاننا، آثار کردار علائم و قرائن کے ذریعے ماہیت و اصلیت کا معلوم کرنا.

تَجَسُّس (فت ت، ج، شد س بضم) اند.
جستجو، کھوج، تحقیق، تلاش، کرید. [ع].

تَجسِیم (فت ت، سک ج، ی مع) است.
صاحب جسم یا مجسم ہونے کی حالت و کیفیت، کسی مجرد شے کو جسمانی شکل و صورت دینا؛ خدا کے مجسم ہونے کا عقیدہ (جو مسلمانوں کے نزدیک صحیح نہیں). [ع].

تَجَلّی (فت ت، ج، شد ل) است.
روشنی، نور، چمک، شان و شوکت، جلال، عظمت، ظہور، جلوہ، جھلک. [ع].

تجلی ذات است. انسان کے باطن کا نور؛ خدا کی ذات کا جلوہ.

تَجلِیل (فت ت، سک ج، ی مع) است.
جلال و عظمت بیان کرنے کی صفت، بزرگی کا اظہار، بڑائی کی پیش کش، بڑائی جتانے کا عمل. [ع].

تَجَمُّل (فت ت، ج، شد م بضم) اند.
۱. جمال کی آرائش، زیب و زینت، حسن. ۲. شان و شوکت، ٹھاٹھ. ۳. عظمت، وقار، جلال؛ تزک، حشم و خدم؛ مال و متاع، ساز و سامان، لوازمہ. [ع].

تَجنا (فت ت، سک ج) ف م.
چھوڑنا، ترک کرنا. [س].

تَجنِیس (فت ت، سک ج، ی مع) است.
۱. ایک جنس ہونے، ہم جنس ہونے کی کیفیت. ۲. (صنایع لفظی) دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا. ۳. (علم ریاضی) عدد صحیح کو کسر کی جنس میں لے آنا. [ع].

تِجوری (کس ت، و ج) است.
وہ مضبوط صندوقچہ یا آہنی الماری جس میں سکے، سونا چاندی جواہر اور

قیمتی دستاویزات وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔ [انگ]۔

تَجْوِید (فت ت، سک ج، ی مع) است۔
قرآن مجید کی تلاوت میں حروف کو ان کے صحیح مخرج سے خوبی کے ساتھ ادا کرنا، علم قرأت۔ [ع]۔

تَجْوِیز (فت ت، سک ج، ی مع) است۔
۱۔ رائے، تدبیر ۲۔ تصفیہ، معاملہ، بات ۳۔ قرارداد، رزولیوشن۔ ۴۔ (قانون) فیصلہ، وہ کارروائی جو تجویز قرارداد جرم کے بعد عمل میں آئے، حاکم کی رائے، غور وفکر سے کوئی امر رائے یا فیصلہ مقرر یا قایم کرنا۔ ۵۔ (طب) طبیب کا اپنی رائے کے مطابق بیماری کے علاج کے لیے دوائیں مقرر کرنے اور استعمال کا طریقہ متعین کرنے کا عمل۔ [ع]۔

تَجْہِیز (فت ت، سک ج، ی مع) است۔
۱۔ آراستگی، تیاری ۲۔ مردے کے دفن کے سامان کی فراہمی۔ [ع]۔

تجہیز و تدفین/ تکفین است۔ مردے کے کفن وغیرہ کی تیاری (جس میں غسل دینا، کفنانا اور دفنانا شامل ہے)، کسی کی موت کے بعد قبر میں دفنانے تک کے امور اور ان کی بجا آوری۔

تُجھے (ضم ت) (قدیم)۔ ۱۔ تیرے، تجھ سے ۲۔ تیرے لیے، تیری خاطر۔

تُجھ (ضم ت) ضمیرِ طب۔
تو، تیرا۔ [س]۔

تجھ بن اند۔ تیرے سوا، تیرے علاوہ، تیرے بغیر۔

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو کہاوت۔ جب یہ کہیں کہ اپنے کام سے کام رکھو، دوسرے کے معاملات سے کیا مطلب۔

تجھ مجھ اند۔ ہر کس و ناکس، ایرے غیرے۔

تُجھی (ضم ت) ضمیر مخاطب۔
تجھ ہی، تجھے ہی۔

تُجھے (ضم ت) ضمیر مخاطب۔
تجھ کو، تیرا۔

تَحاشا (فت ت) مف۔
اجتناب، تنفر، ڈر، خوف (عموماً بے کے ساتھ مستعمل)۔ [ع]۔

تَحاکُم (فت ت، ضم ک) مف؛ اند۔
حکم چلانے کا عمل یا باہم حاکم کے پاس پیشی۔ [ع]۔

تَحالُف (فت ت، ضم ل) اند۔
آپس میں حلف اٹھانے کا عمل؛ (مجازاً) مشورہ۔ [ع]۔

تَحائِف (فت ت، کس ء) اند؛ ج۔
تحفہ کی جمع، سوغات، نذر، انعام، ہدیہ۔

تَحْت (فت ت، سک ح) اند۔
۱۔ نیچے، نچلا، فوق کی ضد ۲۔ قبضہ، اختیار، قابو، تصرف ۳۔ دائرے میں، ذیل میں، زیر اثر۔ [ع]۔

تحت الثرا/ الثریٰ است۔ زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ، پاتال۔

تحت الشعور اند۔ نفس کا وہ طبقہ جو توجہ اور مشاہدۂ باطن کی سرحد سے باہر ہے جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے مگر اس کا پورا شعور نہیں ہوتا۔

تحت اللفظ اند۔ ۱۔ لفظ بلفظ، ہر لفظ کے مطابق، حرف بحرف، لفظی ۲۔ مرثیہ یا اشعار اس طرح پڑھنا کہ شعر کا ہر جزو یا لفظ الگ الگ سمجھ میں آئے۔

تَحْتانی (فت ت، سک ح) مف۔
۱۔ وہ نقطہ دار حروف جن کے نقطے ان کے نیچے ہوتے ہیں، جیسے: ب پ وغیرہ ۲۔ نیچے کا، نچلا۔

تَحْدِیث (فت ت، سک ح، ی مع) است۔
ذکر، بیان، روایت، بیان حدیث۔ [ع]۔

تَحَرُّک (فت ت، ح، شد ر بضم) اند۔
حرکت، جنبش، ہلنے کا عمل، متحرک ہونے کی کیفیت، حرکت میں لانے کا عمل۔ [ع]۔

تَحْرِیر (فت ت، سک ح، ی مع) است۔
۱۔ لکھنا، لکھائی ۲۔ (قانون) دستاویز، وثیقہ، نوشتہ ۳۔ مضمون، عبارت انداز نگارش ۴۔ خط، رقعہ، خط و کتابت ۵۔ وہ نوشتہ جسے سند کی حیثیت حاصل ہو ۶۔ سرے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں ۷۔ زیبائش کے لیے سنہری لکیر جو کسی تصویر یا فریم کے اوپر لگائی جائے ۸۔ آنکھوں میں سرخ ڈورے جو روتے وقت کافی گہرے

سرخ ہو جاتے ہیں ۔۹۔ کوئی بھی لکیر جو خوبصورتی کے لیے ڈالی جائے (مسی وغیرہ) ؛ (مجازاً) تقدیر کا لکھا، تحریر کلکِ قدرت، غائبانہ تحریر۔ [ع]۔

تحریر بین السطور اث۔ سطروں کے درمیان کی تحریر؛ (مجازاً) وہ مطلب جو عبارت میں مخفی ہو، ظاہراً معنی کچھ اور مطلب کچھ اور ہو۔

تَحْرِیراً (فت ت، سک ح، ی مع، تن ر بفت) م ف۔
لکھائی میں، لکھ کر۔

(تحریری)

تَحْرِیری (فت ت، سک ح، ی مع) صف۔
نوشتہ، لکھا ہوا، قلم بند کیا ہوا۔

تَحْرِیف (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
الفاظ حرف یا بیان وغیرہ کا بدل دینا، کسی متن میں تبدیلی۔ [ع]۔

تحریف نگاری اث۔ کسی مصنف کی عبارت یا اسلوب بیان وغیرہ نقل، تصرف، چربا، بگڑا ہوا نقشہ؛ عبارت وغیرہ میں تبدیلی کا عمل۔

تَحْرِیک (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
۱۔ حرکت دینے یا ہلانے کا عمل ۔۲۔ (i) خیال، تصور۔ (ii) ایما، اشارہ، مرضی ۔۳۔ (قواعد و عروض) ساکن کو متحرک کرنے کا عمل ۔۴۔ ترغیب، اشتعال، ابھارنے کا عمل ۔۵۔ سلسلہ جنبانی، کسی بات کا آغاز یا پہل وغیرہ ۔۶۔ تجویز، رائے، قرارداد؛ سلسلہ ۔۷۔ (کام کرنے کا) شوق، رغبت، مائل ہونے کی کیفیت و حالت؛ کوشش، سعی ۔۸۔ جذبہ، جوش۔
۔۹۔ قومی یا سیاسی یا مذہبی انقلاب۔ [ع]۔

تحریک استحقاق اث۔ (آئین) اسمبلی میں کسی مسئلے پر بحث کرنے کی تجویز پیش کرنے کا منظور شدہ یا طے شدہ حق۔

تحریک التوا اث۔ کسی ملکی و قومی کام وغیرہ کو کسی مجلس یا اسمبلی وغیرہ میں ملتوی کرنے کی تجویز۔

تحریک پاکستان اث۔ مسلمانوں کا ایک الگ وطن کا مطالبہ جس کے نتیجے میں ہندوستان تقسیم ہو کر پاکستان بنا۔

تحریک پیدا کرنا محاورہ۔ (لفظاً) حرکت میں لانا، (مجازاً) متعلقہ کام کے لیے جوش و ولولہ پیدا کرنا۔

تَحْرِیم (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
۱۔ حرام کرنا، ناجائز ٹھہرانا، حرام ہونا، منع کرنا، ممنوع قرار دینا۔ ۲۔ عزت کرنا ۳۔ مقدس اور باحرمت قرار دینا۔ [ع]۔

تَحْرِیمَہ (فت ت، سک ح، ی مع، فت م) اث۔
۱۔ نماز کی نیت باندھنے کے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہنے کا عمل ۔۲۔ حاجی کا حج کے لیے لباس پہننا، احرام باندھنا / پہننا۔

تَحْسِین (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
۱۔ سراہنا، تعریف، واہ واہ، آفرین، مرحبا ۔۲۔ اچھا بنانے یا آراستہ کرنے کا عمل ۔۳۔ (تجوید و قرأت) حروف کو صحیح مخارج سے ادا کرنے کا عمل ۔۴۔ نیکی کے ساتھ نسبت دینا۔ [ع]۔

تَحْصِیل (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
۱۔ حاصل کرنا، وصول کرنا ۔۲۔ جمع کرنا، اکٹھا کرنا ۔۳۔ علم سیکھنا، اکتساب۔ ۔۴۔ خراج، محصول، مالگزاری؛ آمدنی، احتساب ۔۵۔ ضلع کا ایک حصہ، اس حصہ ضلع کی ایک کچہری اور دفاتر ۔۶۔ تحصیلدار کا علاقہ، تعلقہ۔ [ع]۔

تَحْصِیل دار / تَحْصِیلدار اند۔
محکمۂ مال کا عہدہ دار، تحصیل کا حاکم، محصل۔

تَحْصِیل داری / تَحْصِیلداری اث۔ تحصیلدار کا کام یا عہدہ۔

تَحَفُّظ (فت ت، ح، شدف بضم) اند۔
۱۔ حفظ کرنا، یاد کرنا ۔۲۔ حفاظت، محفوظ کرنا۔ [ع]۔

تَحَفُّظات (فت ت، ح، شدف بضم) اند؛ ج۔
۱۔ تحفظ کی جمع؛ ذہن میں پہلے سے محفوظ خیالات وغیرہ، یاد داشتیں۔
۲۔ ہر طرح کی حفاظت کی یقین دہانیاں، حفاظتی مراعات۔

تُحْفَہ (ضم ت، سک ح، فت ف) اند۔
۱۔ ہدیہ، سوغات، نذر ۔۲۔ عجیب و غریب، اچھا، نفیس، سب سے الگ، عمدہ۔ [ع]۔

تَحْقِیر (فت ت، سک ح، ی مع) اث۔
ذلت، حقارت، حقیر جاننے کا عمل یا فعل، بے قدری، بے حرمتی۔ [ع]۔

تَحقیرانَہ (فت ت، سک ح، ی مع، فت ن) صف.
ذلت آمیز، حقارت کا انداز وغیرہ لیے ہوئے، پُر حقارت.

تَحقِیق (فت ت، سک ح، ی مع) (الف) اند.
۱. صحیح و درست، سچ مچ، ٹھیک، واقعی طور پر. ۲. تصدیق، ثبوت. ۳. دراصل، درحقیقت، کھوج، سراغ. ۴. ضرور، بے شک، یقیناً. ۵. چھان بین، صادق تلاش یا جستجو، حالات و واقعات کا معلوم کرنا اور بیان کرنا. ۶. (قواعد وضوابط کے دائرے میں، جانچ، امتحان. (ب) م ف. یقینی، طور پر، بالیقین. [ع].

تَحقِیقات (فت ت، سک ح، ی مع) است.
۱. جانچ، پڑتال، تفتیش، چھان بین، (تحقیق کی جمع، اردو میں بطور واحد مستعمل). ۲. ثبوت. ۳. دریافت، پوچھ گچھ. ۴. (قانون) مقدمے کی ابتدائی کاروائی جس پر حکم لگانے کی بنیاد قائم ہو، قانونی تفتیش.

تَحقِیقاتی (فت ت، سک ح، ی مع) صف.
تحقیقات کرنے والا، تفتیش کنندہ.

تَحَکُّم (فت ت، ح، شد ک بضم) اند.
۱. حکم کرنا، حکومت کرنا. ۲. (لفظاً) حکم چلانے کا عمل، زبردستی کی حکومت، جبری غلبہ، دعوی. ۳. زبردستی، زورآوری. [ع].

تَحَکُّمانَہ (فت ت، ح، شد ک بضم، فت ن) صف.
زبردستی کا، حکومت والا (انداز یا لہجہ وغیرہ)، حاکموں جیسا، رعب و دبدبے والا.

تَحلِیل (فت ت، سک ح، ی مع) است.
۱. حل کرنے، حل ہونے، گھلنے گھلانے یا لاغر ہونے کا عمل. ۲. حلال کرنے یا جائز قرار دینے کا فعل؛ (فقہ) حلالہ کرنا. ۳. رفتہ رفتہ کم ہونا، گھٹنا (مجازاً) بالکل ختم ہونا، فنا ہونا، مر جانا. ۴. ہوا بن کر ختم ہو جانے کا عمل. ۵. اوصاف یا اصول و قواعد کو الگ الگ پرکھنے کا عمل. ۶. (سائنس) کیمیائی عمل کے ذریعے اشیاء کے مختلف اجزا کو الگ الگ کرنا. ۷. تجزیہ، اجزائے ترکیبی الگ الگ کرنے کا عمل. ۸. زائل کرنے کا عمل. ۹. (طب) ہضم ہونے یا ہضم کرنے کا عمل. [ع].

تحلیل نفسی است. ذہنی امراض کے علاج کا ایک خاص طریقہ جس میں ذہنوں کے ہیجان کا مشاہدہ و تحقیق کی جاتی ہے.

تَحَمُّل (فت ت، ح، شد م بضم) اند.
۱. صبر، برد باری، حلیم. ۲. بوجھ کی برداشت، سہار، ذمہ داری ۳. مہلت، توقف، وقفہ. [ع].

تَحمِید (فت ت، سک ح، ی مع) است.
۱. (اللہ کی) حمد (تعریف) بیان کرنے کا عمل. ۲. الحمد للہ کہنا. [ع].

تَحوِیل (فت ت، سک ح، ی مع) است.
۱. تغیر، تبدیل، (حال یا مکان سے) منتقلی، پھرنا، پھیرنا، بدلنے کا عمل. ۲. (نجوم و ہیئت) سورج، چاند یا کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں آنا، کسی ستارے کا کسی برج میں داخل ہونے کا عمل. ۳. سپردگی، حوالگی، امانت سپرد کرنا. ۴. جمع، مال گزاری کا روپیہ. [ع].

تحویل امانتی است. (قانونی) ایک فریق کے طرف سے کسی چیز کی تحویل جو اس شرط پر کی جائے کہ غرض مذکورہ کے حصول کے بعد چیز واپس لے لی جائے.

تحویل قبلہ است. قبلہ یعنی جس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں اس تبدیل ہونا خدا نے ایک آیت نازل فرما کر کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز ادا کرنے کا حکم دیا، نماز پڑھتے پڑھتے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا روئے مبارک کعبہ کی طرف کر لیا اسی عمل کو تحویل قبلہ کہا گیا).

تحویل میں دینا محاورہ. کسی کے سپرد کرنا، امانت رکھنا.

تحویل میں لینا محاورہ. قبضے میں لینا.

تَحِیَّت/ تَحِیَّۃ (فت ت، کس ح، شد ی بفت) است.
۱. سلام، سلام کرنا، تسلیمات، آداب بجالانا. ۲. دعا، برکت.

تحیت الوضو مث. نفل کی دو رکعتیں جن کا ہر وضو کے بعد ادا کرنا مستحب ہے.

تَحَیُّر (فت ت، ح، شد ی بضم) اند.
حیرت، تعجب، اچنبھا.

تَخاطُب (فت ت، ضم ط) اند.
باہم باتیں کرنا، ایک دوسرے سے گفتگو کرنا، مخاطب ہونا. [ع].

تَخت (فت ت ، سک خ) اند .

۱. بیٹھنے یا لیٹنے کی وہ چیز جو پلنگ کی وضع پر لکڑی کے تختوں سے بنائی جاتی ہے .۲. بادشاہ کے بیٹھنے کی مناسب چوکی مسند یا کرسی وغیرہ .۳. حکومت ، سرکار .۴. نشست و برخاست یا استراحت کے لیے کوئی جگہ جو فرش زمین سے اونچی بنائی جائے .۵. مردے کو نہلانے یا قبر تک لے جانے کا تختہ . [ف] .

تخت پر بیٹھنا محاورہ . بادشاہ بننا ، سلطنت کا اختیار ہاتھ میں لینا .

تخت پوش اند .۱. تخت کا غلاف ، تخت کی بالائی چادر ، گدی .۲. نشست گاہ ، چوکی ؛ وہ تخت یا چوکی جس پر مسند یا چادر بچھی ہوئی ہو .

تخت چڑھنا محاورہ .۱. (عو ، طنزاً) پلنگ پر قدم رکھنا ، سونے کی تیاری کرنا .۲. شادی ہونا ، عروس کا پلنگ پر بیٹھنا .

تخت شاہی / شہی اند . سلطنت ، حکومت .

تخت طاؤس / طاؤسی اند . اس تخت کا نام جسے شاہ جہاں نے زر کثیر صرف کر کے بنوایا تھا اس پر ایک مرصع مور کی تصویر تھی جو پنکھ پھیلائے ہوئے کھڑا تھا یہ تخت نادر شاہ اپنے ساتھ ایران لے گیا تھا اب ایران میں ہے .

تخت کا تختہ ہونا محاورہ .۱. تخت الٹ جانا .۲. بادشاہی جاتی رہنا ، تباہ و برباد ہو جانا ، کچھ نہ رہنا .

تخت نشین صف ، اسم . تاج دار ، بادشاہ ، تخت پر بیٹھنے والا .

تخت نشینی است . حکومت سنبھالنے کی رسم ، تخت شاہی پر بیٹھنا .

تخت یا تختہ فقرہ . کامیابی یا موت ، یا مقصد پورا ہو جائے یا مر جائیں .

تَختَہ (فت ت ، سک خ ، ی مخ) اند .

۱. چوڑا چرا ہوا لکڑی کا مسطح ٹکڑا ، لکڑی کا ایسا قطع کیا ہوا ٹکڑا جو کسی مقررہ موٹائی چوڑائی اور لمبائی میں کاٹا یا بنایا گیا ہو .۲. وہ تختہ جو چھت میں کڑیوں کے درمیان رکھا جاتا ہے .۳. مردے کو نہلانے کا لمبا تخت جس میں پائے نہیں ہوتے .۶. اشتہار لگانے کا لکڑی کا مسطح ٹکڑا .۷. (مجازاً) اکڑا ہوا ، شل ، بے حس (تھکن وغیرہ سے) .۸. دھوبی کا کپڑے دھونے کا پٹرا .

تختہ الٹ جانا محاورہ . اجڑ جانا ، برباد ہو جانا .

تختہ الٹ دینا محاورہ .۱. حکمران کو معزول کر کے ملکی نظم و نسق میں انقلاب برپا کرنا .۲. آباد جگہ کا تہ و بالا یا ویران کر دینا ، شہر کا اجڑنا .۳. ختم کر دینا .

تختہ الٹنا محاورہ .۱. قبر میں لگے تختہ کا اکھڑ جانا یا الگ ہو جانا .۲. (مجازاً) نظام کا درہم برہم ہونا .

تختہ بندی است .۱. لکڑی کے تختوں کا فرش یا چھت ، تختوں کی دیوار .۲. کیاریاں بنانے کا عمل .۳. کیاریوں کی آراستگی ، خوش اسلوبی ، روشوں کو قرینے سے سجانا .

تختہ سیاہ کس صف ، اند . خصوصی طور پر بنا ہوا کالا تختہ جس پر لکھ کر طالب علموں کو سمجھاتے ہیں یہ جماعت میں دیوار میں نصب ہوتا ہے یا علیحدہ اسٹینڈ پر رکھا جاتا ہے .

تختہ کرنا محاورہ .۱. (مجازاً) بند کرنا (خصوصاً ایسی دکان کو جسے تختے جما کر بند کیا جاتا ہے) .۲. کام خراب کر دینا ، بگاڑ دینا .

تختہ مشق اند .۱. بچوں کے مشق کرنے کی تختی .۲. (مجازاً) وہ چیز جو بکثرت استعمال ہوتی ہو ؛ ایک ہی شخص یا چیز جو کسی تجربے یا مشق یا مذاق وغیرہ کا موضوع بن جائے .۳. ہدف تنقید ، گرفتار پریشانی ، مشق ستم .

تختہ مشق بنانا محاورہ . کسی کو کسی مقصد کے لیے بار بار استعمال کرنا .

تختہ ہونا محاورہ .۱. (i) اکڑ جانا ، کمر یا بدن کا سخت ہو جانا ، تختے کی طرح ہو جانا . (ii) بے حس و حرکت ہو جانا .۲. بند ہونا (دکان یا بازار کا) ، ٹھپ ہو جانا .۳. (چوروں کی اصطلاح) چھت کی کڑی سے چمٹ کر تختے کی مانند بنا لینا تا کہ گھر والوں کی نظر سے بچ جائے .۴. ٹوٹ جانا ، سپاٹ ہو جانا ، چوپٹ ہو جانا .

تَختی (فت ت ، سک خ) است .

۱. چھوٹا تختہ ، لوح ، پٹی ، وہ چھوٹا تختہ جس پر بچوں سے لکھوایا جاتا ہے .۲. تانبے ، چاندی ، یشب اور ہاتھی دانت وغیرہ پر لکھی ہوئی دعا یا عبارت ، نقش یا تعویذ وغیرہ ؛ ہیکل یا تعویذ میں لگے ہوئے زمرد الماس وغیرہ کے ٹکڑے ، لخت (دل وغیرہ کے) .۳. (عوام) حروف تہجی کی ترتیب سے مختلف اجزا کی حرف وار ترتیب یا مجموعہ ، مفرد اور مرکب حروف کی مشق .۴. لوح جس پر کچھ لکھ کر مزار یا کسی اور جگہ لگاتے ہیں .۵. (اصطلاحاً) وہ نشان جو عورت کی قبر پر لگایا جاتا ہے .

۶. (طباعت) حروف سے لفظ اور پھر جملہ و عبارت ترتیب دے کر ٹائپ یا لکھائی کا ایک فرمہ تیار کرنا جو ایک صفحہ یا اس سے زیادہ ہو سکتا ہے . [ف] .

تَختے (فت ت ، سک خ) اند.
تختہ کی جمع یا محرفہ شکل .

تختے کے تختے سیاہ / سیہ کرنا محاورہ. بہت زیادہ لکھنا ، اتنا لکھنا کہ کاغذ بھر جائیں .

تَخرِیب (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
۱. تباہی ، خرابی ، نقصان رسانی .۲. اُجاڑنا ، ویران کرنا ، ڈھانا .۳. (سائنس) ٹوٹ پھوٹ کا عمل جو بالعموم بہتری کے لیے ہو . [ع] .

تخریب پسند صف. شرپسند ، جو تباہی کے درپے ہو .

تخریب کار صف. ملک میں توڑ پھوڑ یا انتشار پھیلانے والا .

تَخرِیبی (فت ت ، سک خ ، ی مع) صف.
تخریب سے منسوب ، ضرررساں ، نقصان دہ ، خرابی پیدا کرنے والا ، منفی.

تَخرِیج (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
۱. نکالنے کا عمل ، استنباط ؛ (مجازاً) لینا ، حاصل کرنا .۲. (حدیث) دفتر یا کتاب جس میں کسی محقق و نقاد نے کسی مشہور و متداول کتاب کی حدیثوں کی تنقید کی ہو ، روایات کے راویوں اور مآخذ کا بیان . [ع] .

تَخصِیص (فت ت ، سک خ ، ی مع) (الف) اند.
خصوصیت ، خاص کرنا ، مخصوص کرنا یا ہونا .۲. خصوصی ، انفرادی (ب) م ف. خاص کر ، خاص طور پر . [ع] .

تَخفِیف (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
۱. کمی ، نرمی بوجھ ہلکا کرنا ، کم کرنا .۲. افاقہ ، آرام ، شدت کی ضد . ۳. (قواعد) تشدید نہ ہونا ، بلا تشدید . [ع] .

تخفیف کرنا محاورہ. کمی کرنا ، گھٹانا ؛ خرچ کم کرنا ؛ نوکروں کی تعداد کم کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ کسی عہدے یا منصب وغیرہ کا ختم کر دینا .

تَخَلُّص (فت ت ، خ ، شد ل بضم) اند.
شاعر کا مختصر نام جسے وہ اپنے اشعار میں اصل نام کی جگہ استعمال کرتا ہے . [ع] .

تَخلِیق (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
۱. پیدائش ، آفرینش ، پیدا کرنا ، وجود میں لانا .۲. (مجازاً) تصنیف ؛ اختراع ، ایجاد .۳. مخلوق ، وجود . [ع] .

تخلیق کار صف. (لفظاً) پیدا کرنے والا ؛ (مجازاً) کوئی فن پارہ وجود میں لانے والا (مصنف ، مصور ؛ سنگ تراش وغیرہ) .

تَخلِیَہ (فت ت ، سک خ ، کس ل ، فت ی) اند.
۱. خالی کرنا ، خالی کیا جانا ؛ نکلنا ، انخلا .۲. خلوت گزینی ، تنہائی پسندی ، تنہا رہنے کا عمل . [ع] .

تُخم (ضم ت ، سک خ) اند.
۱. بیج .۲. انڈا ، نطفہ .۳. نسل ، اولاد .۴. (مجازاً) جڑ ، بنیاد ، اصل . [ف] .

تخم بالنگو اند. تخم بالنگا ، یہ ایک قسم کے سیاہ زیرہ سے ملتے جلتے بیج ہیں جو ادویات میں کام آتے ہیں اس کے علاوہ موسم گرما میں شربت یا دودھ کے ساتھ کثرت سے مستعمل ہیں .

تخم بونا محاورہ. ۱. بوائی کرنا ، کھیت میں بیج بکھیرنا .۲. (مجازاً) کسی چیز کی بنیاد ڈالنا ، کوئی جذبہ اُبھارنا ، کسی نیک و بد کام کی ابتدا کرنا .

تخم تاثیر صحبت (کا) اثر کہاوت. نطفے اور صحبت کا اثر ضرور ہوتا ہے .

تخم حرام صف. بداصل ، بدذات ، حرامی .

تخم ریزی است. ۱. بیج بونا ، کھیت میں بیج بکھیرنے کا عمل .۲. (مجازاً) آغاز ، ابتدا کرنے یا بنیاد ڈالنے کا عمل .

تُخمی (ضم ت ، سک خ) صف.
بیج سے پیدا شدہ ، جو قلمی نہ ہو .

تَخمِیس (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
پانچ حصوں میں کرنا ، خمسہ (جو شاعری کی ایک صنف ہے جس میں پانچ بیت کا ایک بند ہوتا ہے) بنانا ، مخمس بنانے کا عمل . [ع] .

تَخمِین (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
اندازہ ، قیاس ، اٹکل ، گمان . [ع] .

تخمینا/ تَخمِینَہ (فت ت ، سک خ ، ی مع ، فت ن) اند.
۱. اٹکل ، اندازہ ، سرسری حساب ، میزانیہ .۲. جانچ ، پرکھ ، درجے کا تعین . [ع] .

تَخْئِیل (فت ت ، سک خ ، ی مع) است .
ا.کسی کو کسی بات کا خیال دلانا ، خیال یا تصور کرنے کا عمل .۲.(شاعری) خیال کی خوبی کی وجہ سے شعر کی وہ خصوصیت جس سے کسی قسم کا اثر نفس پر ہو . [ع] .

تَخَیُّل (فت ت ، خ ، شد ی بضم) اند ، ج .
خیال کرنا ، خیال میں لانا ، خیال جو شاعر نظم کرتا ہے ؛ سوچ یا دھیان کی کیفیت . [ع] .

تخیل پرست صف . اپنے خیالوں میں گم رہنے والا ، ہر وقت سوچ میں رہنے والا (عملی کے خلاف) .

تَدارُک (فت ت ، ضم ر) اند .
ا.حل ، روک تھام .۲.تدبیر ، انتظام ؛ علاج .۳.تلافی ، بدلا ، مکافات ، گم شدہ چیز کا پانا . اف : دینا/ کرنا/ ہونا . [ع] .

تَدَبُّر (فت ت ، د ، شد ب بضم) اند .
سوجھ بوجھ ، غور و فکر ، دور اندیشی ، کام کے انجام پر غور کرنا . [ع] .

تَدْبِیر (فت ت ، سک د ، ی مع) است ، ج .
ا.چارہ ، طریقہ ، علاج .۲.انتظام ، بندوبست .۳.خیال ، منصوبہ ، غور ، تامل ، سوچ بچار .۴.کوشش ، جتن .۵.تجویز ، ترکیب ، صورت .۶.حیلہ ، چال ، حکمت عملی . اف : کرنا/ ہونا . [ع] .

تدبیر اُلٹا/ اُلٹی ہونا محاورہ . سوچے ہوئے کے خلاف ہونا ، منصوبہ بگڑ جانا ، ہر انتظام توقع کے برعکس ہونا .

تدبیر سوجھنا محاورہ . تجویز خیال میں آنا ، مسئلہ حل ہونے کی ترکیب سامنے آنا ، کوئی ترکیب ذہن میں آنا .

تدبیر سوچنا محاورہ . تجویز نکالنا ، مسئلے کا حل تلاش کرنا .

تدبیر سے م ف . ا.جتن کے ساتھ ، طور طریقے سے ، طرح سے .۲.حیلے سے ، بہانے کے ساتھ ، بہلا پھسلا کر ، بات بنا کر .۳.کوشش کے ساتھ ، حکمت سے .۴.احتیاط سے .

تدبیر کرنا محاورہ . انتظام کرنا ، بندوبست کرنا ، کوشش کرنا ، جدوجہد سے کام لینا ، منصوبہ بنانا .

تدبیر لڑانا محاورہ . ربط پیدا کرنا ، جوڑ توڑ سے کام نکالنا .

تدبیر نکالنا محاورہ . تجویز نکالنا ، بندوبست کرنا ، راہ تلاش کرنا .

تَدْرِیج (فت ت ، سک د ، ی مع) است .
آہستہ اور درجہ بدرجہ ہونا ، رفتہ رفتہ ہونا . [ع] .

تَدْرِیجی (فت ت ، سک د ، ی مع) صف .
تدریج سے منسوب .

تَدْرِیس (فت ت ، سک د ، ی مع) است .
تعلیم ، درس دینا ، پڑھانا . [ع] .

تَدْفِین (فت ت ، سک د ، ی مع) است .
ا.دفن کرنا .۲.دبانا . [ع] .

تَدْوِین (فت ت ، سک د ، ی مع) است .
ا.جمع و ترتیب ، تالیف .۲.(موسیقی) گانے کے بولوں کا ترتیب دینا .۳.ترتیب دینے یا مرتب کرنے کا عمل . [ع] .

تَذَبْذُب (فت ت ، ذ ، سک ب ، ضم ذ) اند .
ا.شک و شبہ ، تردد ، پس و پیش .۲.غیر یقینی حالت ، ہلچل .۳.(ادب ؛ تنقید) ، تجسس برقرار رکھنے کی کیفیت .۴.(نفسیات) اتار چڑھاؤ ، ہچکچاہٹ . [ع] .

تَذْکار (فت ت ، سک ذ) اند .
ا.ذکر ، بیان ، یاد .۲.گزرے ہوئے واقعات کی یاد اور ذکر . [ع] .

تَذْکِرَہ (فت ت ، سک ذ ، کس ک ، فت ر) اند .
ا.سوانح حیات ، مشاہیر بالعموم شعرا کے حالات جو کتابی صورت میں مرتب کیے جائیں .۲.یادداشت ، بیان ، یادگار .۳.ذکر و اذکار ، ذکر کرنا ، یاد کرنا .۴.چرچا ، افواہ ، گفتگو ، بات چیت . [ع] .

تذکرہ چلانا محاورہ . ذکر چھیڑنا ، بیان کرنا .

تذکرہ چھیڑنا محاورہ . کسی کا ذکر شروع کرنا ، کوئی واقعہ بیان کرنا .

تَذْکِرَۃً (فت ت ، سک ذ ، کس ک ، فت ر ، تن ت بفت) م ف .
ذکر کے طور پر ، سرسری بیان کے طور پر . [ع] .

تَذْکِیر (فت ت ، سک ذ ، ی مع) است .
ا.وعظ و نصیحت ، مجلس وعظ .۲.مذکر قرار پانا یا دینا ، رجولیت ، تانیث کی ضد .۳.تذکرہ کرنا ، ذکر کرنا . [ع] .

تَذْلِیل (فت ت، سک ذ، ی مع) است.
رسوائی، ذلت، تحقیر، خوار کرنا. [ع].

تَر (فت ت) صف.
۱.(i) گیلا، بھیگا ہوا، نم. (ii) (مجازاً) سمندر، دنیا کا وہ حصہ جس پر پانی ہے (خشکی کے ساتھ مستعمل). ۲. شاداب، تر و تازہ. ۳. آب دار، شگفتہ، مزہ دار (شعر وغیرہ)، رسیلا، تازہ. ۴. مرغن، خوب چکنا، گھی میں تربتر (کھانے اور مٹھائیاں وغیرہ). ۵. آلودہ، لتھڑا ہوا، ڈوبا ہوا. ۶. (لاحقہ) صفت میں مقابلۃً زیادتی ظاہر کرنے کے لیے، بہت. [ف].

تربتر صف. ۱. شرابور، خوب بھیگا ہوا، بالکل تر. ۲. روغن دار، گھی چکنائی وغیرہ ٹپکتا ہوا کھانا یا مٹھائی.

تر دامن صف. (کنایۃً) مجرم، بدکار، گنہگار.

تر زبان صف. مداح، ثنا خواں، تعریف میں سرگرم، خوش بیان، مزے لے لے کر بیان کرنے والا نیز مجازاً.

تر نوالا صف. عمدہ غذائیں، لذیذ کھانے، (مجازاً) عیش و فراغت.

تر و تازہ صف. ۱. ڈال کا ٹوٹا ہوا، پھل جو حال ہی میں توڑا گیا ہو، تازہ تازہ جس کی اصلی تری برقرار ہو. ۲. سرسبز و شاداب، ہرا بھرا، (مجازاً) آباد اور خوش حال. ۳. بارونق، سرخ، سفید. ۴. باثر، مفید. ۵. حال ہی میں تیار کی ہوئی، مستعد، تازہ دم.

تُراب (ضم ت) است.
مٹی، خاک، زمین. [ع].

تُرابی (ضم ت) صف.
تراب سے منسوب، مٹی کا، خاکی. [ع].

تَراجِم (فت ت، کس ج) اند.
ترجمہ کی جمع؛ کسی ایک زبان میں لکھی جانے والی کتاب کا دوسری زبانوں میں منتقل کرنا. [ع].

تَرادُف (فت ت، ضم د) اند.
۱. ہم معنی ہونا، دو چیزوں کا باہم مشابہ ہونا. ۲. ایک دوسرے کا دوست ہونا، ساتھ ساتھ ہونا. ۳. سلسلہ وار، متواتر، لگاتار، ایک کے پیچھے ایک. [ع].

تَرارا (فت ت) اند.
۱. جست، چھلانگ، کلانچ. ۲. تیزی، چستی، اچھل کود، پھرتی دکھانا. ۳. ڈینگ، گپ، شیخی؛ نشہ، سرور، ترنگ. ۴. تیز رفتاری. اف: بھرنا/ کرنا/ مارنا. [س]

تَرازُو (فت ت، ضم ز) است.
وزن کرنے کا آلہ جس کو کانٹا بھی کہتے ہیں، میزان. [ف].

ترازو مارنا محاورہ. بے ایمانی کرنا، کم تولنا، دھوکا دینا.

ترازو ہو جانا/ ہونا محاورہ. تیر کا نشانے پر آر پار ہو کر لگا رہنا، آدھا تیر ادھر آدھا تیر اُدھر ہو جانا.

تِراسی (کس ت) صف.
اسی اور تین، عددوں میں: ۸۳. [س].

تَراش (فت ت) است.
۱. تراشنے کا انداز، کاٹنے کا ڈھنگ، کاٹ، کٹاؤ. ۲. (مجازاً) وضع قطع، طرز. ۳. مرکبات میں بطور جزو دوم بمعنی تراشنے والا مستعمل. [ف].

تراش (و) خراش است. ۱. قطع و برید، کاٹ چھانٹ، کتر بیونت، چیر پھاڑ. ۲. وضع قطع، طرز و انداز (خصوصاً لباس کی وضع)؛ زیب و زینت، بناؤ سنگار. ۳. (مجازاً) ترمیم و اصلاح.

تراش لینا محاورہ. بنا لینا، گھڑنا، فرض کر لینا.

تَراشا (فت ت) صف.
بنایا ہوا، گھڑا ہوا.

تَراشْنا (فت ت، سک ش) ف م.
۱. کترنا، چھانٹنا، چھیلنا، کاٹنا؛ کاٹ کر صورت گھڑنا، مجسمہ بنانا. ۲. کاٹنا، (قلم وغیرہ) بنانا. ۳. ایجاد کرنا، وضع کرنا، بنانا، (مضمون، قصہ وغیرہ) تالیف کرنا. ۴. مونڈنا، حجامت بنانا.

تَراشَہ (فت ت، ش) اند.
چھیلن، کترن جو کسی چیز کے تراشنے سے نکلے، اخبار یا رسالے وغیرہ سے کوئی تراشا ہوا حصہ. [ف].

••• تَراشی (فت ت) است.
تراش سے اسم کیفیت، مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل.

تَراشِیدَہ (فت ت، ی مع، فت د) صف.
۱. تراشا ہوا، کاٹا ہوا. ۲. گھڑا ہوا، بنایا ہوا. [ف].

تَراکِیب (فت ت، کس ک) اند : امث.
ترکیب کی جمع . [ع].

تَران (۱) (فت ت) اند.
محصول، ٹیکس، لگان، آمدنی . [س].

تَران (۲) (فت ت) اند.
بچاؤ، حفاظت، امان، سلامتی، نجات ؛ بدن کی حفاظت کی چیز، محافظ . [س].

تِرانا (کس ت) ف م.
۱. ڈبانے کی ضد، تیرانا، ابھارنا ؛ ڈوبتے کو نکالنا ۲. گناہوں سے بچانا، نجات دلانا.

تِرانوے (کس ت، سک ن) صف (عددی).
تین اوپر نوے، (ہندسوں میں) ۹۳ . [س].

تَرانَہ (فت ت، ن) اند.
۱. عام نغمہ یا گیت ؛ الاپ ؛ ایک خاص قسم کی لے یا سر ؛ ایک خاص قسم کا گیت ۲. (موسیقی) خاص گانا جس میں بجائے معنی دار الفاظ کے چند مخصوص بے معنی الفاظ دہرائے جائیں، جیسے : توم، تا، نا، تانا، در، نا وغیرہ . [ف].

تَراوَت/ تراوٹ (فت ت، و) اند.
شادابی، تازگی، نمی، تری، ٹھنڈک . [س].

تَراوِیح (فت ت، ی مع) امث.
ماہ رمضان میں عشا کی نماز کی بعد وتر سے پہلے وہ بیس (یا ۸ یا ۱۲) سنت رکعتیں جو عموماً جماعت کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں تراویح کہتے ہیں کہ ہر چار رکعت بعد تھوڑا وقفہ کرتے ہیں . [ع].

تِراہ (کس ت) امث.
الاماں، واویلا، فریاد، دہائی ؛ شور، ہنگامہ (عموماً تکرار کے ساتھ مستعمل) . [س].

تِراہا /تِراہَہ (کس ت/ فت ہ) اند.
وہ مقام جہاں تین راستے ملتے ہوں، تین سڑکوں کے سامنے کی جگہ.

تَرائی (فت ت) اند.
۱. زمین جو دریا یا ندی کے قریب ہو، وہ مرطوب زمین جو پہاڑ کے دامن میں واقع ہو، نمناک زمین، دلدلی زمین ۲. (زراعت) زمین کی آبپاشی، سینچائی ۳. تر کرنے کا فعل، (اصطلاح تعمیرات) پلاستر وغیرہ کو مضبوط بنانے کے لیے پانی سے تر رکھنے کا عمل ۴. علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے . [س].

تُرب (ضم ت، سک ر) اند.
زمین، مٹی، خاک . [ع].

تُربَت (ضم ت، سک ر، فت ب) امث.
(لفظاً) مٹی، زمین، (مجازاً) قبر، مزار نیز خاک مزار . [ع].

تَربَتَر (فت ت، سک ر، فت ب، ت) صف.
دیکھیے : تر کے تحت، بہت بھیگا ہوا، شرابور.

تَربُوز (فت ت، سک ر، و مع) اند.
ایک قسم کا پھل جس کے اندر سے میٹھا اور سرخ گودا نکلتا ہے اور عموماً بڑے خربوزے یا سردے سے بڑا اور گول یا لمبا ہوتا ہے . [ف].

تَربُوزی (فت ت، سک ر، و مع) صف.
(رنگ اور شکل وغیرہ میں) تربوز یا اس کے اندرونی گودے کی طرف منسوب.

تَربِیَت (فت ت، سک ر، کس ب، فت ی نیز شدی بفت) امث.
۱. تعلیم، تادیب، اخلاق و تہذیب کی تربیت ؛ سدھانا، سکھانا. ۲. (i) پرورش، پرداخت، پروان چڑھانا. (ii) (جنگلات) وہ خاص طریقۂ عمل جس پر کسی جنگل کا انتظام کیا جاتا ہے تاکہ اس سے مقصد عمدگی کے ساتھ حاصل ہو . اف : پانا/ دینا/ کرنا . [ع].

تربیت گاہ امث. تربیت دینے کی جگہ.

تربیت یافتہ صف. اچھی تربیت پایا ہوا، شائستہ ؛ جس نے کسی علم یا فن کی تربیت حاصل کی ہو، ٹرینڈ . اسم کیفیت : تربیت یافتگی.

تَربِیَتی (فت ت، سک ر، کس ب، فت ی نیز شدی بفت) صف.
تربیت کا، تربیت سے متعلق.

تربیتی کورس اند. کسی علم یا فن کی تربیت کا نصاب.

تَرْبِیع (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
۱. (نجوم) قمر اور کسی سعد ستارے کے درمیان چار یا دس برجوں کا فاصلہ؛ ۹۰ درجے کا زاویہ .۲. مربع بنانا، چار پہلو بنانا. [ع].

تُرُپ (۱) (ضم ت، ر) امذ.
اسی سواروں کی جماعت، رسالے کا آٹھواں حصہ. [انگ].

تُرُپ (۲) (ضم ت، ر) امذ.
۱. (تاش کا کھیل) پہلے پانچ پتے لے کر کسی ایک رنگ کی بازی بولنا جس کا ایک ادنیٰ پتا دوسرے رنگ کے بڑے سے بڑے پتے کو کاٹ سکتا ہے .۲. (مجازاً) ایسی چال جس سے حریف پر فتح حاصل ہو، وہ چال جس سے جیتنے میں کوئی کسر نہ رہے. [انگ].
ترپ کی چال امث .۱. تاش کا ایک کھیل؛ ترپ کے پتوں کی بازی، ترپ .۲. (مجازاً) ایسی چال جس کا توڑ نہ ہو سکے، نہایت چالاکی سے سوچی ہوئی تدبیر.

تِرپال (کس ت، سک ر) امذ.
۱. رال چڑھا ہوا ٹاٹ یا کرمچ .۲. تانگے وغیرہ کی چھتری بنانے کا مضبوط گھتائی کا بنا ہوا موٹا کپڑا جس میں پانی نہ چھنے. [انگ].

تُرپائی (ضم ت، سک ر) امث.
تیپچی یا بخیہ کے اوپر کی سلائی.

تِرپَن (کس ت، سک ر، فت پ) صف.
پچاس اور تین، (ہندسوں میں) ۵۳. [س].

تُرپَن (ضم ت، سک ر، فت پ) امث.
ترپائی، ایک قسم کی سلائی جو اکثر کنارے پر کوریں دبانے کے واسطے کی جاتی ہے.

تُرَپنا (ضم ت، فت ر، سک پ) ف م.
ترپائی کرنا، دبا کر سینا، سیون پر ایک اور سلائی کرنا، کپڑے کے سرے کو موڑ کر سینا. [س].

تِرپَھلا (کس ت، سک ر، فت پھ) امذ.
۱. (طب) ہیڑ بہیڑہ اور آنولے کا مجموعہ (جس کا زلال آنکھ کے لیے مفید ہوتا ہے)، اطریفل .۲. تین پھل کا چاقو. [ف].

تُرْت (ضم ت، فت نیز سک ر) م ف.
جلد، ابھی، فوراً، تُرَنت. [س].

تُرْت پُھرَت (ضم م، فت نیز سک ر، ضم پھ، فت ر) (الف) امث.
۱. چالاکی، تیزی .۲. جلدی، پھرتی. (ب) صف. تیز، چست، مستعد. (ج) م ف. فوراً، اسی وقت، جھٹ پٹ.

تُرْتُو (ضم ت، سک ر، ضم ت) م ف.
جلد جلد، فر فر، تیزی سے. [س].

تُرْتُرا (ضم ت، سک ر، ضم ت) صف؛ مذ؛ مث.
تیز، چست، چالاک، بہت باتیں بنانے والا، چرب زبان. [س].

تَرْتَرانا (فت ت، سک ر، فت ت) ف ل.
۱. (کھانے میں) گھی بہت زیادہ ہونا، مرغن ہونا .۲. پانی میں تربتر ہونا.

تَرْتِیب (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
۱. (i) آراستگی. (ii) (جنگلات) ذیل بندی .۲. باقاعدگی، تنظیم .۳. صف بندی. ۴. انتظام، نظم، درستی .۵. (i) کسی کتاب یا رسالے کی ترتیب، تالیف، تدوین. (ii) یکے بعد دیگرے (حساب زمانی سے) .۶. سب میں سے ہر ایک، بالترتیب، سلسلہ وار .۷. کسی مرکب کے اجزاء ترکیبی کی تناسب و توازن کے ساتھ یک جا ہونے کی حالت و کیفیت .۸. متناسب اشیاء کے کسی مجموعے میں کسی شے کا مقام و درجہ. [ع].
ترتیب دینا محاورہ. بزم وغیرہ کو قائم کرنا، آراستہ کرنا، استوار و منظم کرنا.
ترتیب سے م ف. سلسلے وار، درجہ بدرجہ، قرینے سے، قاعدے سے.
ترتیب وار م ف. سلسلے وار، قاعدے سے، باضابطہ، درجہ بدرجہ.

تَرْتِیل (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
حروف کی زبر زیر پیش کا لحاظ رکھتے ہوئے صاف طور پر آہستہ ادائیگی کا عمل. [ع].

تِیرْجانا ف مر.
۱. (مجازاً) تیر کر پار کر لینا (دریا وغیرہ)؛ (مجازاً) نامور ہونا، نجات حاصل کرنا؛ بامراد ہونا .۲. پار اتر جانا، (مجازاً) مقصد حاصل ہو جانا. ۳. بڑا مرتبہ پانا، ماہر ہو جانا.

تَرجُمان (فت ت، سک ر، ضم ج) صف.
۱. مترجم، ترجمہ کرنے والا، ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں بیان کرنے والا ۲. کسی اور کے مضمون یا مفہوم کی ترجمانی کرنے والا۔ ۳. نمائندگی کرنے والا، نمائندہ۔ [ع].

تَرجُمانی (فت ت، سک ر، ضم ج) امث.
۱. ترجمہ کرنا، ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں بیان کرنا ۲. تعبیر و تشریح ۳. نمائندگی۔ [ع].

تَرجَمَہ (فت ت، سک ر، فت ج، فت م) امذ.
۱. ایک زبان سے دوسری زبان میں منتقل کرنا (مطلب و معنی کو) ۲. تذکرہ، حال، سوانح ۳. اظہار، تعبیر و تشریح۔ [ع].

تَرجِیح (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
برتری، بہتری، فوقیت، فضیلت۔ [ع].

تَرجِیحی (فت ت، سک ر، ی مع) صف.
ترجیح سے منسوب۔

تَرجِیع (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
۱. پھیرنا، بازگشت، رجعت ۲. (نجوم) ستاروں کا اپنی حرکت یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانے میں رجعت کرنا ۳. کسی ناگہانی مصیبت پر یا کسی کے انتقال پر قرآن مجید کی آیت "انا للہ و انا الیہ راجعون" پڑھنا (بیشک ہم اللہ کے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں)۔ [ع].

ترجیع بند امذ. ۱. (شعر و ادب) شاعر کا چند ایسے بند تحریر کرنا جو بحر میں موافق لیکن قافیے میں مختلف ہوں اور ہر بند کے بعد اسی وزن اور مختلف قافیے کی معین بیت اس طرح بار بار لانا کہ یہ بیت ہر بند کی بیت آخر کے مضمون سے ربط رکھتی ہو ۲. (مجازاً) کسی بات کو بار بار دہرانا یا کہنا، خلاصۂ مقصد۔

تِرچھا (کس ت، سک ر) صف.
۱. ٹیڑھا، آڑا، کج ۲. (مجازاً) ناخوش، غصے میں بھرا ہوا، تند مزاج۔ ۳. (مجازاً) بانکا، تیکھا ۴. منحرف، مخالف۔ [س].

تِرچھی (کس ت، سک ر) صف.
۱. ترچھا کی تانیث ۲. (مجازاً) کڑی، تیز، غضبناک۔

ترچھی نظر/ نگاہ امث. ۱. نگاہ ناز، معشوقانہ انداز، ناز و انداز یا محبت بھری نگاہ ۲. خشم آلود تیکھی یا کڑی نظر، دشمنی یا حسد کی نگاہ۔

تَرَحُّم (فت ت، ر، شد ح بضم) امذ.
رحم، مہربانی، ترس۔ [ع].

تَرَخنا (فت ت، ر، سک خ) ف ل.
۱. شگاف ہو جانا، پھٹ جانا، دراڑ پڑ جانا، چخ جانا ۲. (مجازاً) جھنجھلا کر جواب دینا، خفگی کے ساتھ بولنا۔

تَرَدُّد (فت ت، ر، شد د بضم) امذ.
۱. پس و پیش، تذبذب، تامل؛ شک و شبہ، ہچکچاہٹ ۲. فکر، اندیشہ، پریشانی ۳. جدوجہد، سعی، کوشش۔ [ع].

تَردِید (فت ت، سک ر، ی مع) امث.
رد، توڑ، جواب، کاٹ دینا (بات وغیرہ کا)، منسوخ کرنا۔ [ع].

تَرس (فت ت، سک ر) امذ.
ڈر، خوف، دہشت۔ [ف].

تَرَس (فت ت، ر) امذ.
رحم، خوف خدا۔ [س].

ترس جلنا محاورہ. (کوئی چیز) نصیب نہ ہونا، محروم رہ جانا، حسرت رہ جانا۔

ترسا ترسا کر دینا محاورہ. خواہش سے کم دینا، بہت تھوڑا تھوڑا کر کے دینا، شوق دلانا پھر اس سے کم دینا۔

ترسا ترسا کر مارنا محاورہ. ۱. بار بار تکلیف دے کر جان لینا، ایک ہی بار میں کام تمام نہ کرنا، تکلیف سے مارنا، پھڑکا پھڑکا کر مارنا۔ ۲. خواہش کے موافق نہ دے کر رنج دینا، لالچ دلا دلا کر نہ دینا۔

تَرساں (فت ت، سک ر) صف.
خائف، خوف زدہ، ڈرتا ہوا (عموماً لرزاں کے ساتھ مستعمل)۔ [ف].

تَرسانا ف م.
ترسنا کا تعدیہ، لالچ دلانا، امید دلا کر محروم رکھنا، آرزو پوری نہ ہونے دینا۔

تِرسٹھ (کس ت، سک ر، فت س) صف.
تریسٹھ، ساٹھ اور تین کا مجموعہ، شصت و سہ ہندسوں میں: ۶۳.

تَرسنا (فت ت ، ر ، سک س) ف ل.
۱. (کسی چیز کا) بہت زیادہ خواہشمند ہونا، نہایت مشتاق رہنا، پھڑکنا، آرزو میں بے چین رہنا.۲. ندیدہ ہونا (کبھی نہ ملا ہونا)، محروم رہنا. ۳. محتاج ہونا، تنگ دست ہونا، محروم ہونا.۴. ایسی چیز جو ہاتھ نہ آسکے اس کی امید باندھنا، ایسی شدید خواہش جو پوری ہوتی نظر نہ آئے اس کی امید کرنا. [س].

تَرسوں (فت ت، سک ر، و ج) صف.
گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن.

تَرسِیل (فت ت، سک ر، ی مع) است.
۱. بھیجنا؛ ارسال، روانگی، ابلاغ.۲. (تجوید) حرفوں کو ہموار کر کے پڑھنا. [ف].

تُرش (ضم ت، سک نیز ضم ر) صف.
۱. کھٹا (ذائقے میں).۲. ناخوش، ناراض.۳. برا، ناپسندیدہ.۴. بدماغ، سخت بدمزاج، روکھا. اف: بنا/ کرنا/ ہونا. [ف].

ترش رو صف. بدمزاج، بدخو، چڑچڑا، ناراض. اف: ہونا.

ترش روئی است. بدمزاجی، چڑچڑاپن، ناراضگی.

تُرشاوا / ترشاوہ (ضم ت، سک ر) اند، صف.
لیموں اور نارنگی وغیرہ کی نوع کے درخت یا ان کے پھل؛ کھٹاس والا، کھٹا، کھٹاس پیدا کرنے والا. [ف].

تَرَشُّح (فت ت، ر، شد ش بضم) اند؛ است.
۱. (i) بوندا باندی، پھوار. (ii) ٹپکاؤ، قطرہ قطرہ ٹپکا ہوا سیال مادہ. ۲. (مجازاً) ظاہر، عیاں، آشکارا.۳. (سائنس) ٹپکنے یا بوند بوند ہو کر گرنے یا بکھرنے کی حالت، چھڑکاؤ. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَرَشُّحات (فت ت، ر، شد ش بضم) اند، ج.
ترشح کی جمع، (مجازاً) قلم سے نکلے ہوئے چند جملے یا فقرے.

تَرشنا (فت ت، ر، سک ش) ف ل.
۱. چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا، قلم ہونا، کترا جانا.۲. ہیرے یا کسی اور قیمتی پتھر کو چھیل کر بنائے اور سنوارے جانے کا عمل.۳. (مجازاً) شائستہ ہونا، سلیقہ اور تہذیب سیکھ جانا.۴. (بال وغیرہ کا) کٹا ہوا ہونا. [ف].

تَرشوانا (فت ت، ر، سک ش) ف م.
کٹوانا، چھلوانا، قلم کرانا، کتروانا؛ ترشائی کے عمل سے صورت یا مورت گھڑوانا.

تِرشُول (کس ت، سک ر، و مع) اند.
ایک طرح کا آلۂ حرب جس کے سر پر تین نوکیلی شاخیں ہوتی ہیں. [س].

تُرشَہ (ضم ت، سک ر، فت ش) اند.
۱. ایک قسم کا لیموں کی طرح کا نہایت کھٹا پھل، چوکا کھٹا میٹھا (Sorrel). ۲. (کیمیا) تیزاب، حامض، ایسی چیزیں جو قلعی کے اثر کو زائل کرتی ہیں اور جن کا اثر خود قلعی سے زائل ہوتا ہے، کھٹاس.۳. کھٹائی، سرکہ اچار وغیرہ.

تُرشی (ضم ت، سک ر) است.
۱. کھٹائی، کھٹاس، کھٹی چیز.۲. تکلیف، مصیبت، تنگ دستی.۳. ناراضگی، بدمزگی، ناخوشی. [ف].

تَرشِیح (فت ت، سک ر، ی مع) است.
(صنائع لفظی) ایک صنعت کا نام جس میں اشعار اس ترتیب سے کہتے ہیں کہ ہر مصرع کے پہلے حروف بالترتیب لکھے جائیں تو کسی کا نام ظاہر ہو. [ع].

تَرصِیع (فت ت، سک ر، ی مع) است.
۱. تزئین، ترتیب دینا (ہیرے اور نگینے وغیرہ کو) جڑنا، مرتب اور درست حالت میں رکھنا.۲. (صنائع لفظی) نظم و نثر کی ایک صنعت؛ دو فقروں یا مصرعوں کے سب کلمات کا ایک دوسرے کے مقابل بالترتیب متحد الوزن اور متحد القوافی ہونا (جیسے: نام تیرا ہے زندگی میری، کام میرا ہے بندگی تیری).۳. عبارت مقفّیٰ لکھنا. [ع].

تَرغِیب (فت ت، سک ر، ی مع) است.
۱. رغبت دلانا، شوق دلانا.۲. کسی برائی پر آمادہ کرنا، خواہش پیدا کرنا.
اف: دلانا/ دینا/ کرنا. [ع].

تَرَفُّع (فت ت، ر، شد ف بضم) اند.
۱. بلندی، بلند ہونے کا احساس، رفعت، (مجازاً) غرور، تکبیر.۲. (نفسیات)

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جذبے یا جبلت کو فروتر سے ہٹا کر برتر موضوع سے وابستہ کرنے کا عمل، تصعید.

تَرَقّی (فت ت، ر، شد ق) ات.
ا. زیادتی، افزایش، بڑھنا، آگے بڑھنا. ۲. عروج. ۳. اصلاح، بہتری، شدت، زور. ۴. اضافہ (تنخواہ، عہدہ وغیرہ میں). ۵. درجہ بڑھنا، پستی سے بلندی کی طرف چڑھنا. [ع].

ترقی پانا محاورہ. عہدہ بڑھنا، درجہ بڑھنا، نمبر بڑھنا، جماعت چڑھنا؛ تنخواہ بڑھنا، تنخواہ میں اضافہ ہونا.

ترقی پذیر صف. آگے بڑھنے والا، ترقی پانے والا، درجہ بدرجہ اونچا یا زیادہ ہونے والا.

ترقی پسند صف. ا. آگے بڑھنے والا، جدید معاشی اور سائنسی افکار و نظریات کا حامی؛ (progressive). ۲. (اصطلاحاً) فن کاروں (خاص طور پر مصنفین) کا وہ گروہ جو (ادب و فن وغیرہ کی) قدیم روایات کی جگہ جدید افکار و خیالات اور انسانیت کا علمبردار ہے.

ترقی دینا محاورہ. ا. تنخواہ بڑھانا، درجہ بڑھانا، مرتبہ زیادہ کرنا، (تعلیم) اگلی جماعت میں شامل کرنا، (ترتیب میں) نمبر آگے کرنا. ۲. قوت بڑھانا، پھیلانا.

ترقی یافتہ صف. ترقی پایا ہوا، آگے بڑھا ہوا، جدید علوم اور صنعتوں سے مالا مال (ملک).

تَرَقِّیاتی (فت ت، ر، شد ق بہ کس) صف.
ترقیات سے متعلق.

تَرْقیم (فت ت، سک ر، ی مع) ات.
ا. تحریر، نگارش، لکھائی. اف: کرنا، ہونا. ۲. مرقومہ نشان یا علامت، آواز یا اعداد وغیرہ کو ظاہر کرنے والی مرقومہ علامت، لکھائی کا ڈھنگ. [ع].

تَرْک (فت ت، سک ر) (الف) اند.
ا. دست برداری، چھوڑنا، کنارہ کشی. ۲. دنیا کو چھوڑ دینے کا عمل، تیاگ. ۳. بھول چوک، سہو، فروگزاشت. (ب) ات. ا. وہ کلمہ یا لفظ جو صفحہ تمام ہو جانے کے بعد جدول سے باہر صفحے کے اخیر کونے پر آیندہ صفحے کی شروع کی عبارت میں سے لکھ دیتے ہیں یہ ہندسے کی جگہ کام دیتا ہے؛ وہ لفظ یا عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے. ۲. وہ کاغذ کا ٹکڑا یا مور کا پر وغیرہ جو اوراق کے بیچ میں بطور نشان رکھا جاتا ہے تاکہ مطلوبہ صفحہ آسانی سے نکالا جا سکے. اف: لکھنا/ ملانا/ ملنا. [ع].

ترک تعلق اند. تعلق منقطع کرنا، میل جول چھوڑ دینا، (مجازاً) علائق دنیوی سے کنارہ کش ہو جانا.

ترک موالات اند؛ ات. (لفظاً) میل جول اور آپس کی امداد ترک کر دینا عدم تعاون، (اصطلاحاً) وہ سیاسی تحریک جو انگریزی حکومت سے تعاون ترک کرنے کے لیے ہندوستان میں کانگریس نے چلائی تھی.

ترک وطن اند. مہاجرت، ہجرت کرنے کا عمل، اپنا دیس چھوڑ دینے کی حالت و کیفیت.

تُرْک (ضم ت، سک نیز فت ر) اند.
ا. ترکستان کا باشندہ، خوارزم اور چین کے درمیان بسنے والی متعدد تاتاری قومیں جو نسلاً اپنے آپ کو یافث بن نوح کے بیٹے ترک سے منسوب کرتی ہیں. ۲. (مجازاً) معشوق، محبوب. ۳. مسلمان. ۴. (مجازاً) سپاہی. [ف].

تَرْکاری (فت ت، سک ر) ات.
ساگ، سبزی، بھاجی جیسے سویا میتھی پالک وغیرہ؛ کھانے کے لیے پکائی ہوئی سبزی. [س].

تَرْکَش (فت ت، سک ر، فت ک) اند.
تیروں کے رکھنے کا بڑی نلکی نما ظرف جسے کمر پر لٹکایا جاتا ہے، تیردان. [ف].

تَرْکَہ (فت ت، سک ر، فت ک) اند.
مردے کا چھوڑا ہوا مال و متاع، ورثہ، متوفی کی جائداد جو حق داروں کو پہنچے. [ف].

تُرْکی (ضم ت، سک ر) (الف) صف.
ترکی قوم کا، ترکستان کا، ترکستانی باشندہ یا کوئی شے جو ترکوں یا ان کے ملک سے نسبت رکھتی ہو. (ب) اند. ۲. سپاہی پن، مردانگی؛ (مجازاً)

غرور ، گھمنڈ ۔ (ج) امث ۔ ۱۔ (i) ترکوں کی زبان ، ترکستان میں بولی جانے والی زبان۔ (ii) (مجازاً) ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے ۔ [ف] ۔

ترکی بہ ترکی بولنا / جواب دینا محاورہ۔ کسی شخص کو اسی کی زبان میں جواب دینا ، جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا ، سخت جواب دینا ، کسی سے (بات میں) ذرا نہ دبنا ۔

ترکی تمام شد فقرہ۔ کچھ باقی نہ رہا ، ساری شیخی خاک میں مل گئی ۔

ترکی تمام کرنا/ہونا محاورہ۔ سارا گھمنڈ خاک میں ملا دینا/ ہونا ، کس بل ، نکال دینا/ہونا ، قصہ تمام کرنا/ ہونا ، ساری بہادری و سپاہ گری ختم ہو جانا۔

ترکی ٹوپی امث۔ سرخ یا عنابی رنگ کے نمدے سے بنی ہوئی ٹوپی جس کا بالائی حصہ (چندوا) نیچے کے حصے سے نسبتاً چھوٹا ہوتا ہے عموماً اس میں پھندنا لگا ہوتا ہے بعض ممالک میں اب بھی رائج ہے طربوش بھی کہلاتی ہے ، جناح کیپ رائج ہونے کے بعد اس کا رواج کم ہوگیا تاہم ابھی یہ ٹوپی موقوف نہیں ہوئی ۔

تَرکیب (فت ت ، سک ر ، ی مع) امث ۔
۱۔ مختلف اجزا کو باہم ملانا ، کئی چیزیں ملا کر بنانا ، مرکب یا آمیزہ بنانے کا عمل ۔ ۲۔ بناوٹ ، ساخت ، وضع ۔ ۳۔ (i) ڈھب ، طور ، ڈھنگ ، طریقہ ۔ (ii) کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کا کوئی خاص طریقہ یا تدبیر یا ذریعہ۔ ۴۔ تدبیر ۔ ۵۔ عیارانہ چال ، جوڑ توڑ ۔ ۶۔ جملے وغیرہ کی بناوٹ ، الفاظ کی نشست ، کلموں کو باہم ملانا ۔ ۷۔ (قواعد) جملے کے اجزائے ترکیبی کا تجزیہ یعنی جملے ہر لفظ کی قواعدی حیثیت کا تعین ۔ [ع] ۔

تَرکیبی (فت ت ، سک ر ، ی مع) صف ۔
۱۔ ملا ہوا ، اجزا سے ترتیب دیا ہوا ، مرکب ۔ ۲۔ بناوٹ سے متعلق ، ساخت ۔ ۳۔ بناوٹی ، مصنوعی ۔ ۴۔ چالاک ، مکار ۔ ۵۔ کیمیاوی طریق سے بنا ہوا ۔ [ع] ۔

تَرکھان (فت ت ، سک ر) امذ ۔
بڑھئی ، نجار ۔ [س] ۔

تَرگ (فت ت ، سک ر) امذ ۔
(لڑائی میں پہننے کی) فولادی ٹوپی ، خود ۔ [ف] ۔

تُرَم (ضم ت ، فت ر) امذ ۔
نفیری کی قسم کا بغیر سروں کا باجا جو فوج میں کسی اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے ، بگل ، ترئی ۔ [س] ۔

تُرّم (باز) خاں (ضم ت ، شد ر ، فت ، سک م ، ز) امذ ۔
شیخی بگھارنے والا شخص ۔ [علم] ۔

تَرمِرا (فت ت ، سک ر ، کس م) امذ ۔
۱۔ سالن کے شوربے پر گول چھلے نما تیرتی ہوئی چکنائی جو کم مقدار میں ہونے کی وجہ سے شوربے پر چھٹی چھٹی تیرتی ہو نیز کوئی بھی چکنائی جو پانی پر تیرتی نظر آئے ۔ ۲۔ تارا جو دماغی صدمے یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اڑتا ہوا نظر آتا ہے ۔ [س] ۔

تِرمِرانا (کس ت ، سک ر ، کس م) ف ل ۔
۱۔ پانی پر تیرتے ہوئے تیل یا چکنائی کی طرح چمکنا ، پانی پر چکنائی کی طرح تیرنا ۔ ۲۔ چندھیا جانا ، چکا چوند ہو جانا ۔ ۳۔ بدن میں سنسناہٹ ہونا ، تھرتھرا جانا ؛ سر چکرانا ۔ [س] ۔

تَرمیم (فت ت ، سک ر ، ی مع) امث ۔
درستی ، اصلاح ، مرمت ۔ ۲۔ تبدل و تغیر ، تبدیلی ۔ [ع] ۔

تُرَنت (فت ت ، ر ، سک ن) م ف ۔
فوراً ، اسی وقت ۔ [س] ۔

تُرُنج (ضم ت ، فت ر ، سک ن) امذ ۔
۱۔ ایک قسم کا بڑا نیبو ، چکوترا ، کھٹا ، کولا نیز اس کا درخت ۔ ۲۔ سلوٹ ، شکن ، لکیر ؛ چیں بر جبیں ؛ (مجازاً) خوش رو ۔ ۳۔ (کنایۃً) آفتاب ۔ [ف] ۔

تَرَنگ (فت ت ، ر ، غنہ) امث ۔
۱۔ زور ، شدت ۔ ۲۔ لہر ، موج ، جذبہ ، جوش طبع ، نشے کی حرکت ۔ ۳۔ دھیان ، خیال ، تصور ۔ ۴۔ شیخی ؛ غرور ، گھمنڈ ۔ ۵۔ دھن ۔ [س] ۔

ترنگ میں آنا محاورہ۔ طبیعت میں لہر اٹھنا ، امنگ پیدا ہونا ، موج میں آنا ۔

تَرَنُّم (فت ت ، ر ، شد ن بضم) امذ ۔
گانا ، خوش الحانی ، غنا ، الاپ ، لے ۔ [ع] ۔

تَروِیج (فت ت ، سک ر ، ی مع) امث ۔
رواج ، شہرت ، چلن ، اشاعت ۔ [ع] ۔

تَروِیح (فت ت ، سک ر ، ی مع) است .
ا. ہوا کی آمد و رفت ، سانس کا آنا جانا ، ہوا پہنچنا .۲. راحت ، پہنچانا .
۳. (روح کو) ایصال ثواب کے ذریعے آرام پہنچانا . [ع] .

تَروِیحَہ (فت ت ، سک ر ، ی مع ، فت ح) اند .
نماز تراویح کی چار رکعت نیز اس کے بعد بیٹھنے کا وقفہ . [ع] .

تَروِیَہ (فت ت ، سک ر ، کس و ، فت ی) اند .
ا. سیراب کرنا ، کسی کام کو سوچنا ، فکر کرنا .۲. ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ جس میں حجاج منیٰ کو جاتے ہیں ، یوم الترویہ حج کا ایک رکن . [ع] .

تِرَہ تِرَہ پڑنا محاورہ .
واویلا مچنا ، ہنگامہ کھڑا ہونا ، شور و غوغا ہونے لگنا .

تُرَئی (ضم ت ، فت ر) است .
ایک گہرے سبز رنگ کی ترکاری جو ، توری . [س] .
ترئی کی بیل است .ا. بیل جس پر ترئی لگے (یہ جلدی بڑھنے کے لیے مشہور ہے) .۲. (عو) (مجازاً) لڑکی (جو دیکھتے دیکھتے جوان ہو جاتی ہے) .
۳. (مجازاً) بہت جلد ہو جانے والا کام .

تَری (فت ت) است .
ا. نمی ، رطوبت ، گیلا پن ، خشکی کی ضد .۲. دریا ، سمندر .۳. پانی .۴. چکنائی ، روغن . [ف] .

تِری (کس ت) ضمیر .
تیری کا مخفف .

تِرے (کس ت) ضمیر .
تیرے کی تخفیف .

تِریا (کس ت ، سک ر) است .
(ہندو) عورت ، استری . [س] .
تریا چتر/ چلتر اند .عورتوں کی چال ، عورتوں کا مکر و فریب ، عورتوں کی دغا بازی .

تریا راج (کس ت ، سک ر) اند .
عورتوں کی حکومت ، عورتوں کا زور ، جورو کی حکومت .

تریا ہٹ است .عورتوں کی اڑ ، عورتوں کی ضد .

تِریاق (کس ت ، سک ر) اند .
ا. زہر مہرہ ، زہر کا اثر دور کرنے والی دوا .۲. (مجازاً) اکسیر .۳. (مجازاً) افیون ، افیم . [ع] .

تِرِیپَن (کس ت ، ی مج ، فت پ) صف .
پچاس اور تین ، ہندسوں میں ۵۳ . [س] .

تَریڑا (فت ت ، ی مج) اند .
پانی کی دھار باندھ کر کسی قدر اونچائی سے کسی چیز پر ڈالنے کا عمل ، پانی دھارنے کا عمل ، نطول .

تَریڑنا (فت ت ، ی مج ، سک ڑ) ف م .
دھار باندھ کر پانی ڈالنا ، تریڑا دینا .

تَریسَٹ/ تَریسَٹھ (فت ت ، ی مج ، فت س) صف .
باسٹھ کے بعد کا عدد ، ہندسوں میں ۶۳ . [س] .

تَڑ (فت ت) اند .
تھپڑ کی آواز ؛ صدمہ یا ضرب کی آواز ، چٹاخ . [حکایات الصوت] .
تڑ پڑ م ف . تیزی ، پھرتی ، بروقت عجلت سے کسی کام کی تکمیل ؛ کسی کے جواب میں بلا توقف کچھ کہنا ؛ فوراً ، ترنت .
تڑتڑ (الف) م ف .ا. پیہم ، تابڑ توڑ ، لگاتار ، بلا توقف .۲. فوراً ، بلا توقف .
(ب) است .ا. کسی چیز کے زور سے گرنے کی آواز .۲. لکڑی چٹخنے کی آواز ؛ جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز .۳. مسلسل گولیوں کی آواز .۴. خشک مکئی یا کسی چیز کے بھننے کی آواز .
تڑتڑانا ف ل .ا. تڑتڑ کی آواز نکلنا ؛ پھٹنے کی آواز دینا ؛ تڑخنا .۲. درد کرنا ، جلنا ، تپکنا ، ٹیس مارنا .۳. متواتر بوندوں کے گرنے کی آواز دینا .
تڑتڑ کرنا محاورہ . بک بک کرنا ، بلاسبب بولے جانا ، شیخی یا ڈینگ مارنا .
تڑسے م ف . بے باکی سے ، فوراً ، جلدی سے ، بے دھڑک ، گستاخی سے .

تُڑا (ضم ت) اند .
توڑا .

تَڑا پَڑ (فت ت ، پ) م ف .
بلا توقف ، فوراً ، جلد جلد .

تَڑا تَڑ (فت ت) (الف) امذ.
۱. لگاتار مارنے یا گرنے کی آواز ؛ بڑی بڑی بوندوں کی آواز جو مسلسل برسنے سے پیدا ہوتی ہے، مسلسل گولیوں کی آواز .۲. متواتر ، لگاتار ، (پرندوں کے اڑنے میں جو پروں سے آواز پیدا ہوتی ہے) ، پڑپڑاہٹ . (ب) مف . جلد جلد ، جلدی سے ، فوراً . [حکایت الصوت] .

تَڑاخ (فت ت) امث .
۱. زور کی آواز ، پٹاخے بندوق یا تھپڑ کی آواز .۲. کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز . [حکایت الصوت] .

تڑاخ تڑاخ م ف ؛ امث . متواتر ، لگاتار . [حکایت الصوت] .

تڑاخ سے م ف . بے باکی سے ، فوراً .

تَڑاق (فت ت) امث .
۱. کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا گرنے کی آواز (بیشتر سے کے ساتھ) .
۲. کوڑے مارنے کی آواز ؛ چابک پھٹکارنے کی آواز جو جانوروں کو تیز بھگانے کے لیے مارتے ہیں .۳. پٹاخے یا بندوق کی آواز .
۴. جوتے ، تھپڑ یا لکڑی سے مارنے کی آواز . [حکایت الصوت] .

تڑاق بڑاق (الف) م ف ؛ امث . ۱. جلد جلد ، پے در پے ، برابر .۲. کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ، چٹ چٹ ، چٹاخ چٹاخ ، چٹاچٹ .۳. بے باکانہ ، نڈر ہو کر ، بلند آواز سے . (ب) صف . شوخ ، چلبلا ، تیز و طرار ؛ چنچل مٹک .

تڑاق سے جواب دینا محاورہ . بغیر سوچے سمجھے جواب دے بیٹھنا ، صاف انکار کر دینا ، بغیر لحاظ و شرم کے انکار کر دینا .

تَڑاقا (فت ت) امذ .
۱. کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز یا بندوق وغیرہ کے چلنے کی آواز ، بجلی کا کڑاکا .۲. شدت ، زور (گرمی بھوک پیاس وغیرہ کے لیے) .
۳. زوردار آواز ، کوڑے کی آواز .

تڑاقا کھا جانا محاورہ . کسی لکڑی کا یکایک چیخ جانا یا ٹوٹ جانا ، دیوار کا دفعۃً پھٹ جانا ، کمی ہو جانا ، کسی آدمی کا دفعۃً بیہوش ہو جانا ؛ یکایک مر جانا .

تُڑانا (ضم ت) ف م .
۱. (رسی ، لگام وغیرہ) توڑ ڈالنا ، توڑ لینا .۲. روپیہ ، نوٹ ، چیک وغیرہ بھنانا .۳. الگ کرا دینا ، چھڑا دینا ، جدا کرا دینا ، ٹکڑے ٹکڑے کروانا . [س] .

تَڑَپ (فت ت ، ڑ) امذ .
۱. اضطراب ، بے چینی ، بے قراری .۲. ٹیس ، تکلیف کا احساس ، پھڑکن .۳. شدید جذبہ ، خواہش ، تمنا ، جوش ، لگن .۴. بجلی کی چمک ، کوندا . [س] .

تڑپ اٹھنا محاورہ . بے چین ہو جانا ، بیقرار ہو جانا .

تڑپ تڑپ کر / کے م ف . ۱. بے چینی کے ساتھ ، نہایت بیتاب ہو کر ، بہت اذیت کے ساتھ .۲. بل کھا کھا کر ، لہرا لہرا کر ، تیزی سے اٹھ اٹھ کر .

تڑپ کر / کے م ف . جلدی سے ، تیزی سے ، پھرتی کے ساتھ .۲. بل کھا کر ، لہرا کر ، تیزی سے اٹھ کر .

تَڑْپانا (فت ت ، سک ڑ) ف م .
۱. اضطراب میں ڈالنا ، ترسانا ، بے قرار کر دینا ، بے چین کرنا .۲. تڑپنا کا تعدیہ .

تَڑپُتا (فت ت ، ڑ ، سک پ ، ضم و) صف مذ .
بے چین و بیقرار کر دینے والا ، (مجازاً) شعر یا فقرہ جو سننے والے کو بے قرار کر دے .

تَڑْپَڑاہٹ (فت ت ، سک ڑ ، فت پ ، ،) امث .
مرچ یا اور کسی چیز کی تیزی کا اثر جو زبان پر محسوس ہو ؛ (عوام) بیقراری ، بے چینی .

تَڑْپَڑیاں کھانا محاورہ .
بے قرار ہونا ، بے چین ہونا ، پھڑ پھڑانا .

تَڑْپنا (فت ت ، ڑ ، سک پ) ف ل .
پھڑکنا ، بے قرار ہونا .۲. (مجازاً) اظہار کے لیے بیتاب ہونا ، بے چین ہونا . [س] .

تَڑْتَڑ (فت ت ، سک ڑ ، فت ت) (الف) م ف .
مسلسل ، پیہم ، لگاتار ؛ زور کی آواز کے ساتھ ، جلد جلد . (ب) امث . لگاتار مارنے یا کسی چیز کے زور سے گرنے کی آواز ، جلد جلد مارنے ، گرنے یا نکلنے کی آواز ؛ پٹاخا چھوٹنے یا بندوق چلنے کی آواز . [حکایت الصوت] .

تَڑَخ (فت ت ، ڑ) اسث .
شگاف ، درز .

تڑخ کر م ف .۱. زور دار آواز کے ساتھ ، بلند ہو کر ، تیزی سے یاد کر کے .۲. خفگی سے ، جھنجھلا کر ، بلند آواز سے .

تَڑْخنا (فت ت ، ڑ ، سک خ) ف ل .
۱. پھٹنا ، شق ہونا ، دراڑ پڑنا ، چٹخنا .۲. بلند آواز پیدا ہونا .۳. (چمڑے وغیرہ میں) دڑاڑ پڑنا ، چٹکنا . [س] .

تَڑْقنا (فت ت ، ڑ ، سک ق) ف ل .
پھٹنا ، شق ہونا ، کسی خشک چیز کا پھٹنا ، دراڑ پڑنا ، درز پڑنا ، بال آنا ، کھل جانا .۲. زخم کا پھٹنا .۳. (مجازاً) پیاس سے حلق کا خشک ہونا ، چٹخنا .
۴. بگڑ کر بولنا ، خفگی سے جواب دینا . [س] .

تَڑْکا (فت ت ، سک ڑ) اند .
۱. بہت سویرا ، فجر ، صبح ، بھور ، علی الصباح .۲. بگھار ، دال سبزی یا کسی دوسرے کھانے میں گھی یا تیل گرم کر کے ڈالنا . [س] .

تڑکا لگانا محاورہ .۱. دال سبزی یا کسی دوسرے کھانے میں گھی یا تیل گرم کر کے ڈالنا ، بگھارنا .۲. (مجازاً)

تَڑَکْنا (فت ت ، ڑ ، سک ک) ف ل . دیکھیے : تڑقنا .
۱. (i) چٹخنا ، پھٹنا ، شق ہونا ، دراڑ پڑ جانا . (ii) چٹکنا ، کھلنا (پھول یا کلی کا) .۲. تڑخ کر بولنا .۳. بیتاب ہو جانا ، پھٹ پڑنا . [س] .

تَڑَنگا (فت ت ، ڑ ، غنہ) صف .
لمبے قد والا ، دراز قامت (عموماً لمبا کے ساتھ مستعمل) .

تُڑْوانا (ضم ت ، سک ڑ) ف م .
۱. توڑنا کا متعدی المتعدی ، تڑانا .۲. (فاقہ ، بھوک ہڑتال وغیرہ) ختم کرانا ، کھلوانا .۳. کھدوانا ، مسمار کرانا .

تَڑی (فت ت) اسث .
۱. بھرا ، بڑھاوا ، ہمت افزائی ، حریف سے مقابلے کے لیے ابھارنا .
۲. جھانسا ، فریب ؛ دھونس .۳. دھونس ، دھمکی . [س] .

تُزُک (ضم ت ، ضم نیز فت ز) اند ؛ اسث .
۱. ترتیب ، انتظام ، قاعدہ ، ضابطۂ لشکر ؛ ضابطۂ مجلس .۲. روزنامچۂ شاہی ، بادشاہ وغیرہ کے خود نوشت حالات و واقعات .۳. شان و شوکت ، احتشام ، تجمل ، جلوس . [ت] .

تَزْکِیَہ (فت ت ، سک ز ، کس ک ، فت ی) اند .
۱. پاک کرنا ، تصفیہ ، صفائی ، پاکی .۲. ریاضت ، عبادت اور اوراد و وظائف وغیرہ کے ذریعے قلب یا نفس کو صفات ذمیمہ کے عیوب سے پاک وصاف کرنا (عموماً نفس وغیرہ کے ساتھ) . [ع] .

تَزَلْزُل (فت ت ، ز ، سک ل ، ضم ز) اند .
۱. ہلنا ، جنبش ؛ ہلچل ، اضطراب ، افراتفری ، ابتری .۲. زلزلہ ، بھونچال .
۳. ڈگمگاہٹ ، نااستواری ، لغزش .۴. فرق آنا ، کمی ہونا .۵. بے یقینی ، تردد .۶. ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ، ہٹنا (مجازاً) انحراف . [ع] .

تَزْوِیج (فت ت ، سک ز ، ی مع) اسث .
جوڑا جوڑا کرنا ؛ بیاہنا ، نکاح کرنا ؛ نکاح ، شادی ، بیاہ . [ع] .

تَزْوِیر (فت ت ، سک ز ، ی مع) اسث .
جعل ، فریب ، دھوکا ، مکر ، بناوٹ . [ع] .

تَزْیِین (فت ت ، سک ز ، ی مع) اسث .
۱. آرائش ، زینت ، آراستگی .۲. عزت ، مرتبہ ، عہدہ . [ع] .

تزیین کاری اسث . زیب و زینت کا عمل ، سجاوٹ کا کام ، آراستگی .

تزیین نو اند . پھر سے بنانا ، نیا کرنا .

تَسامُح (فت ت ، ضم م) اند .
۱. بھول چوک ، سہو .۲. سزا نہ دینا ، درگزر کرنا ، نرمی سے پیش آنا ، مہربانی . [ع] .

تَساہُل (فت ت ، ضم ہ) اند .
سستی ، بے پروائی ، غفلت ، آلکسی : آسان سمجھنا ، سہل انگاری . [ع] .

تَسْبِیح (فت ت ، سک س ، ی مع) اسث .
۱. خدا کی پاکیزگی بیان کرنا .۲. (عموماً) سو دانوں کی مالا ، سمرن .
۳. (مجازاً) ورد ، وظیفہ .۴. (مجازاً) رٹ ، بار بار ذکر کرنا ، کسی کو بہت زیادہ یاد کرنا .۵. (مجازاً) سو مرتبہ . [ع] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اسث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

تسبیح فاطمہ/ فاطمی است. جناب فاطمہ زہرا کا ورد: سبحان اللہ ۳۳ بار، الحمدللہ ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار اسے ہر نماز فرض کے بعد پڑھتے ہیں.

تَسَتُّر (فت ت، س، شدت بضم) است.
چھپنا، پردہ کرنا؛ ستر پوشی، ستر (شرمگاہ) ڈھانکنا. [ع].

تَسَخُّر (فت ت، س، شدخ بضم) است.
۱. ہنسی، مذاق، ٹھٹھا، تمسخر، استہزا، تضحیک؛ بیگار، بلا معاوضہ کام. ۲. مطیع کرنا، تابع بنانا، فرماں بردار. [ع].

تَسخِیر (فت ت، سک س، ی مع) است.
۱. تابع کرنا، فرماں بردار بنانا، قبضے میں کرنا، فتح کرنا. ۲. (مجازاً) دل لبھانا، (اپنی طرف) مائل کرنا، قابو میں لانا. ۳. جن یا پری کو قید کرنے کا عمل، ہمزاد وغیرہ کو اپنے بس میں کرنے کا عمل. [ع].

تَسطِیر (فت ت، سک س، ی مع) است.
(لفظاً) سطر بندی، (اصطلاحاً) تحریر، قلم بند کرنا، لکھنا. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَسکِین (فت ت، سک س، ی مع) است.
۱. دلاسا، ڈھارس، اطمینان، تشفی. ۲. (عروض و قواعد) متحرک کو ساکن کرنا. ۳. افاقہ، آرام. [ع].
تسکین بخش صف. اطمینان دینے والا، دلاسا یا ڈھارس دینے والا.

تَسلا (فت ت، سک س) مذ.
۱. تام چینی، تانبے یا پیتل وغیرہ کا کھلے منہ کا برتن (جو آٹا گوندھنے یا ہاتھ، پانو دھونے کے کام آتا ہے)؛ طشت، پرات، لگن. [ف].

تَسَلسُل (فت ت، س، سک ل، ضم س) مذ.
۱. سلسلہ، روانی، تواتر، ملا ہونے کا عمل، کڑی سے کڑی ملنے کی حالت. ۲. سلسلہ وار، تواتر سے، مسلسل. [ع].

تَسَلُّط (فت ت، س، شدل بضم) مذ.
غلبہ، حکومت، زور. اف: پانا/ جمانا/ رکھنا/ کرنا/ ہونا. [ع].

تَسَلّی (فت ت، س، شدل) است.
اطمینان، تشفی، دلاسا، مطمئن. [ع].

تَسلِیم (فت ت، سک س، ی مع) است.
۱. سلام کرنا، سلام کہنا. ۲. رضا، سپردگی، قناعت، صبر. ۳. (i) ماننا، قبول کرنا، اعتراف کرنا، منظور کرنا. (ii) کسی ملک کو بحیثیت آزاد و خود مختار مملکت کے ماننا. ۴. بمعنی مسلم (تسلیم کیا ہوا)؛ منظور. [ع].
تسلیم شدہ صف. مسلم، مانا ہوا.

تَسلِیمات (فت ت، سک س، ی مع) است؛ ج.
۱. عبادت، بندگی. ۲. تسلیم کی جمع، بطور واحد مستعمل، آداب، بندگی، سلام.

تَسمَہ (فت ت، سک س، فت م) مذ.
۱. مختلف وضع اور نمونے کی چمڑے کی پتلی ڈوری جو دو ڈیڑھ انچ تک چوڑی ہوتی ہے؛ چابک، کوڑا (لمبائی مقرر نہیں). ۲. ڈوری جو بعض جوتوں کو باندھنے میں استعمال ہوتی ہے چمڑے کے علاوہ سوتی یا نائلان وغیرہ کی بھی ہوتی ہے. ۳. مضبوط روئیں جو جراثیم کی جلد پر ہوتے ہیں ۴. کھال، گوشت یا پٹھوں کا ٹکڑا. [ف].
تسمہ باز مذ. دغا باز، فریبی، جعل ساز، چالاک.
تسمہ پا / پیر صف. بھوت، جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو.
تسمہ کھینچنا محاورہ. کھال ادھیڑ ڈالنا؛ گلا گھونٹ کر مارنا، پھانسی دینا.
تسمہ لگا نہ رہنا محاورہ. کوئی کسر یا کمی باقی نہ رہنا.

تَسمِیَہ (فت ت، سک س، کس م، فت ی) مذ.
نام رکھنا، موسوم کرنا. ۲. (فقہ) (نماز وغیرہ میں) 'بسم اللہ الرحمٰن الرحیم' پڑھنا. [ع].

تَسنِیم (فت ت، سک س، ی مع) است؛ مذ (شاذ).
بہشت کے ایک چشمے یا نہر کا نام. [ع].

تَسوِید (فت ت، سک س، ی مع) است.
۱. (لفظاً) کالا کرنا، (مجازاً) لکھائی، تحریر، نگارش، لکھنا؛ پہلا مسودہ نقشہ، خاکہ. ۲. سیاہی کا نشان. [ع].

تَسوِیَہ (فت ت، سک س، کس و، فت ی) مذ.
برابر کرنا، برابری، ہمواری، درستی. [ع].

تَسْہِیل (فت ت، سک س، ی مع) امث.
آسانی، سہولت، سہل کر دینا، (کام کو) آسان کرنا، ہموار کرنا. [ع].

تَشابُہ (فت ت، ضم ب) امذ.
۱. مشابہت، مماثلت، آپس میں ایک دوسرے کے مانند ہونا. ۲. تشبیہ دینا. [ع].

تشابہ لگنا محاورہ. حافظ قرآن کا الفاظ یکساں ہونے کی وجہ سے کچھ کا کچھ پڑھنا.

تَشاکُل (فت ت، ضم ک) امذ.
۱. آپس میں ہم شکل ہونا، یکسانیت. ۲. موزونیت، مناسبت، وہ حسن جو تناسب کی وجہ سے ہو. ۳. (نباتیات) مسند گل کی تعداد کا برابر یا متناسب ہونا، موزونیت. ۴. (علم ہندسہ) اقلیدس وغیرہ کے کسی مسئلے یا فارمولے کی شکلوں کا یکساں ہونا. [ع].

تَشْبِیب (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. جوانی یا عشق کے زمانے کا ذکر کرنا. ۲. قصیدے کی تمہید میں عشقیہ مضامین کا بیان. ۳. (i) (نباتیات) تازہ قوت پانا، (خلیوں کا) نیا ہو جانا، (ازسرنو) قوت پذیری، تجدید قوت. (ii) جوانی یا بلوغت تک پہنچنے کا عمل. [ع].

تَشْبِیہ (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. مشابہت، مماثلت، ایک چیز کو کسی صفت میں دوسری چیز سے ملانا. ۲. ایسی نسبت جس میں خدا کو انسانی شخصیت یا شکل سے متصف کرتے ہیں. [ع].

تَشْبِیہی (فت ت، سک ش، ی مع) صف.
۱. تشبیہ سے منسوب. ۲. (مسیحی) خدا کو انسانی شکل سے تشبیہ دینے یا متصف کرنے کا عقیدہ رکھنے والا.

تَشْت (فت ت، سک ش) امذ.
۱. تسلا، پرات، لگن. [ف].

تشت از بام ہونا محاورہ. ۱. مشہور ہونا، مشتہر ہونا، اظہر من الشمس ہونا. ۲. ظاہر ہونا، کھل جانا، بھانڈا پھوٹنا.

تَشْتَری (فت ت، سک ش، فت ت) امث: ← طشتری.
چھوٹی رکابی، پلیٹ.

تَشَخُّص (فت ت، ش، شد خ بضم) امذ.
۱. شخصیت، تجسم، مجسم ہونے کی حالت و کیفیت. ۲. خودی، خود بینی، خود شناسی. ۳. (مجازاً) ملک یا مملکتوں کی خود مختاری. ۴. انفرادیت، امتیاز. ۵. حیثیت، اہمیت. [ع].

تَشْخِیص (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. پہچان، پرکھ، جانچ. ۲. (i) تمیز، فرق. (ii) تصفیہ، تعیین. ۳. کھوج، تحقیق، ڈھونڈ نکالنا. ۴. (طب) مرض کی پہچان، شناخت. ۵. تجویز، تدبیر؛ حساب. ۶. ضمائر شخصی کی اطلاقی حیثیت. [ع].

تَشَدُّد (فت ت، ش، شد د بضم) امذ.
۱. جبر، شدت. ۲. ظلم، زیادتی. ۳. سختی، مضبوطی. ۴. تعصب، تقید. [ع].

تَشْدِید (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. حرف سین کے سرے کی شکل کی سی علامت (ّ) جو لفظ کے کسی حرف کو دو مرتبہ پڑھنے کے لیے اس حرف پر لکھی جاتی ہے. ۲. تشدد، سختی، زیادتی. ۳. ملاپ کا واسطہ یا ذریعہ؛ تائید، تصدیق، توثیق؛ (مجازاً) وجہ، سبب، پختگی. [ع].

تَشْرِیح (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. کھول کر بیان کرنا، واضح کرنا؛ معانی وغیرہ کی تفہیم، وضاحت، صراحت. ۲. (طب) وہ شعبہ جس میں اعضائے انسانی و حیوانی کی ترکیب اور اجزا چیر پھاڑ وغیرہ کے ذریعے بتلائے جاتے ہیں. [ع].

تَشْرِیف (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. خلعت، وہ پوشاک یا جوڑا جو بادشاہ اور حاکم وغیرہ کسی کو انعام و اعزاز کے طور پر عطا کرتا ہے. ۲. شرف، بزرگی، عزت، ترجیح. [ع].

تشریف آوری امث. کسی امیر، معزز یا بزرگ شخص کی آمد.

تشریف رکھنا محاورہ. بیٹھنا، ٹھہرنا، قیام کرنا.

تشریف فرما ہونا محاورہ. تشریف لانا، بیٹھنا، آنا.

تشریف لانا محاورہ. بیٹھنا، آنا.

تشریف لے جانا محاورہ. ۱. سدھارنا، رخصت ہونا، جانا. ۲. (مجازاً نیز طنزاً) تلف ہو جانا، ختم ہو جانا، باقی نہ رہنا.

تَشرِیق (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. ذی الحجہ کی گیارہویں، بارہویں اور تیرہویں تاریخ (ایام تشریق). ۲. (مجازاً) چمک، روشنی، ضوفشانی. ۳. تعین سمت، تعین محل وقوع، صحیح اور واضح سمت یا علاقے کا تعین. ۴. گوشت کو دھوپ میں سکھانا یا خشک کرنا؛ مشرق کی طرف رخ کرنا. ۵. سمت ومحل وقوع کی تعین. [ع].

تَشَفّی (فت ت، ش، شد ف) امث.
۱. صحت، شفا، بحالی. ۲. قرار، قیام. ۳. تسلی، ڈھارس. ۴. اطمینان، دل جمعی. ۵. سکون، (جوش کا) خاتمہ. ۶. سہارا، آسرا. ۷. بہلاوا، طفل تسلی. [ع].

تَشَکُّر (فت ت، ش، شد ک بضم) امذ.
شکر، شکریہ. [ع].

تَشَکُّک (فت ت، ش، شد ک بضم) امذ.
شک پرستی، شبہ، فلسفہ شبہات وشکوک. [ع].

تَشکِیک (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
شک، شبہ، شک میں مبتلا کرنے کا فعل یا عمل. [ع].

تَشکِیل (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
شکل بنانا، صورت بنانا، خاکہ تیار کرنا، بنانا، مرتب کرنا، شکل دینا. [ع].

تَشلا/ تَشلَہ (فت ت، سک ش/ فت ل) امذ.
تام چینی، تانبے یا پیتل وغیرہ کا کھلے منھ کا برتن (جو آٹا گوندھنے وغیرہ کے کام آتا ہے) طشت، پرات.

تَشَنُّج (فت ت، ش، شد ن بضم) امذ.
۱. اینٹھن، اکڑن، کھنچاؤ (اعضاء میں) جھٹکے کی بیماری. ۲. (ملکی یا تمدنی) ہنگامہ، ہلچل، کھلبلی، بغاوت، کرب اور بے چینی کی حالت، اضطراب کی کیفیت، سختی.

تِشنَگی (فت نیز کس ت، سک ش، فت ن) امث.
پیاس. [ف].

تِشنَہ / تَشنَہ (فت نیز کس ت، سک ش، فت ن) صف.
۱. پیاسا. ۲. (مجازاً) خواہشمند، آرزومند، مشتاق. ۳. ناقص، نامکمل. [ف].
تشنہ کام صف. پیاسا؛ محروم، ناامید، (مجازاً) مشتاق.
تشنہ لب صف. وہ پیاسا جس کے ہونٹ پیاس کی وجہ سے خشک ہوگئے ہوں، نہایت پیاسا، (مجازاً) آرزومند، شدید طلب رکھنے والا، محروم.

تَشنِیع (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
طعنہ، ملامت، برا بھلا کہنے کا عمل. [ع].

تَشوِیش (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
پریشانی، گھبراہٹ، تردد، فکر، سوچ. [ع].

تَشَہُّد (فت ت، ش، شد ہ بضم) امذ.
۱. کلمۂ شہادت پڑھنے کا عمل. ۲. نماز میں التحیات پڑھنا یا اس حالت میں بیٹھنا. [ع].

تَشہِیر (فت ت، سک ش، ی مع) امث.
۱. (لفظاً) شہرت پانا، ڈھنڈورا پیٹنا، منادی کرنا، مشہور کرنا. ۲. (مجازاً) بدنامی، رسوائی، رسوا کیا جانا. ۳. (بطور سزا) کسی مجرم کا منھ کالا کر کے رسوائی کے لیے گدھے کی سواری پر بازار بازار پھرانا، کسی کی لاش کو رسوا کرنے کی غرض سے گشت کرانا. [ع].

تَشَیُّع (فت ت، ش، شد ی بضم) امذ.
شیعیت، شیعہ مذہب اختیار کرنا، اپنے آپ کو شیعہ ظاہر کرنا شیعہ ہونا. [ع].

تَصادُم (فت ت، بضم د) امذ.
۱. آپس کا ٹکراؤ، باہم جھگڑنا، مڈبھیڑ. ۲. حادثہ، ٹکر. ۳. مختلف ہونا اختلاف رائے. ۴. صدمہ، ضرب، ایسی تکلیف جو سخت مار پڑنے سے دماغ میں پیدا ہو. ۵. گڈمڈ یا ملاپ ہونے کی حالت. [ع].

تَصحِیح (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
صحت، درستی، صحیح کرنا، غلطی دور کرنا. [ع].
تصحیح نامہ امث. کتاب کی غلطیوں کا صحت نامہ.

تَصحِیف (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
ہم جنس یا ہم شکل لفظوں کے پڑھنے لکھنے یا کتابت میں غلطی کرنا اصل عبارت کو بدل دینا، نقطے بدل دینا. [ع].

تَصَدُّق (فت ت، ص، شد د بضم) امذ.
۱. زر نقد غلہ، جانور یا قیدی وغیرہ سامان جو کسی پر سے صدقہ اتار کر خیرات کر دیا جاتا ہے، نچھاور کی چیزیں، صدقہ. ۲. قربان، صدقے نثار. ۳. طفیل، بدولت، (کسی چیز کی طلب میں انتہائی عجز و انکسار ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں). [ع].

تَصدِیق (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
۱. صداقت، صحت، سچائی، صحیح ہونے کی تائید، سچ ہونے کی شہادت.
۲. ثبوت، اثبات. ۳. سند، سرٹیفکٹ، صداقت نامہ. [ع].

تصدیق کرنا محاورہ. ۱. سچا ہونے کی تائید کرنا، صداقت کی گواہی دینا.
۲. تشخیص کرنا، تحقیق کرنا، حقیقت یا سچائی تلاش کرنا. ۳. سفارش کرنا، سرٹیفکٹ دینا، کسی بات کو اپنے روبرو تحقیق کر کے لکھنا؛ صحت بہم پہنچانا، ثابت کرنا.

تَصَرُّف (فت ت، ص، شد ر بضم) امذ.
۱. کسی کام میں ہاتھ ڈالنا، قبضہ، دخل، اختیار. ۲. غیر زبان کا لفظ اپنانے میں (اصل کے مقابلے میں) کمی بیشی یا تغیر وتبدل کرنا. ۳. رد و بدل، تغیر وتبدل، (مضمون وغیرہ میں) ترمیم وتحریف. ۴. غبن، خورد برد، خیانت. ۵. استعمال، اختیار. ۶. کار فرمائی. ۷. کرامت، خرق عادت وغیرہ؛ روحانی توجہ. ۸. دست اندازی؛ اپنی طرف سے کچھ کا کچھ کردینا، تغیر وتبدل. [ع].

تصرف بے جا صف لذ. (قانون) غبن، خیانت، ناجائز قبضہ (بطور جرم).

تصرف میں لانا محاورہ. ۱. قبضہ کرنا یا قبضے میں لانا؛ استعمال میں لانا.
۲. استعمال کرنا، خرچ کرنا.

تَصَرُّفات (فت ت، ص، شد ر بضم) امذ.
۱. تصرف کی جمع، کرامت وغیرہ کی شکل میں ظاہر ہونے والے خلاف معمول واقعات، تغیرات، انقلابات وغیرہ. ۲. عمل دخل، تبدیلیاں. [ع].

تَصرِیح (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
وضاحت، صراحت، توضیح، صاف صاف بیان کرنا. [ع].

تَصرِیف (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
۱. (صرف) (مصدروں کی) گردان کرنا، گردان، لفظوں کا تغیر وتبدل.
۲. (i) انحراف، گم راہی؛ تنزل، زوال. (ii) شکل و ہیئت کا تبدیل کرنا. [ع].

تَصغِیر (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
۱. چھوٹا کرنا، تخفیف، اختصار. ۲. (قواعد) اسم جس میں چھوٹے کے معنی پائے جائیں یا حقارت یا محبت کا پہلو نکلتا ہو، (جیسے، ٹٹوا (چھوٹا ٹٹو) وغیرہ). [ع].

تَصفِیَہ (فت ت، سک ص، کس ف، فت ی) امذ.
۱. (معاملے کی) صفائی، فیصلہ. ۲. صلح، سمجھوتہ، بے باقی. ۳. دوا یا زہر وغیرہ کی تدبیر، اصلاح، خشک دوا کو چھان کے صاف اور بے ضرر کر لینے کا عمل. ۴. قلب کی صفائی، روحانی اعتبار سے قلب کو کدورت وغیرہ سے پاک کرنا. ۵. صاف کرنا، صفائی. [ع].

تصفیہ طلب صف. قابل فیصلہ، امر جس کا فیصلہ کرنا یا ہونا ضروری ہو.

تَصَنُّع (فت ت، ص، شد ن بضم) امذ.
۱. بناوٹ، تکلف، نمود و نمائش، دکھاوا؛ دھوکا. ۲. آرائش، ظاہری.
۳. بناؤ سنگار، تکلف بے جا. [ع].

تَصنِیف (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
۱. نوع نوع کرنا، جمع کرنا. ۲. طبیعت سے کوئی مضمون یا کتاب لکھنا، کسی موضوع پر علیحدہ علیحدہ ابواب میں کتاب تیار کرنا. ۳. لکھی ہوئی کتاب، تحریر کیا ہوا مضمون. ۴. فرضی بات کہنا، دل سے کوئی بات گھڑ لینا، بات تراش لینا، سخن سازی. [ع].

تَصَوُّر (فت ت، ص، شد و بضم) امذ.
۱. ذہن میں کسی شے کی صورت قائم کرنا. دھیان، خیال. ۲. نقشہ، خاکہ؛ منصوبہ. [ع].

تصور کرنا محاورہ. خیال کرنا، سوچنا؛ قیاس کرنا؛ شمار کرنا.

تَصَوُّراتی (فت ت، ص، شد و بضم) صف.
تصور کا پیدا کردہ، خیالی، تخیلی.

تَصَوُّف (فت ت، ص، شد و بضم) امذ.
۱. مسلک جس کے وسیلے سے صفائی قلب حاصل ہو، تزکیہ نفس کا طریقہ، علم معرفت. [ع].

تَصوِیر (فت ت، سک ص، ی مع) امث.
صورت بنانا، صورت گری، شبیہ، نقش، نقشہ، مورت. ۲. حالت، کیفیت، مرقع. ۳. (اصطلاحاً) کیمرہ کی بنی یا نقاش کی تیار کردہ شبیہ. ۴. (مجازاً) سراپا. (ب) صف. (مجازاً) نہایت خوب صورت، قابل تصویر. [ع].

تصویر بن جانا/ بننا محاورہ. ۱.متحیر ہو جانا ، بت بن جانا ، خاموش ہو جانا ، انتہائی حیرت کی بنا پر ساکت و جامد ہو جانا .۲. بہت خوبصورت ہو جانا ، بہت ہی دلفریب ہو جانا .

تصویر کھنچنا محاورہ. تصویر اترنا ، تصویر بننا ؛ نقشہ سامنے آجانا ، کسی بات یا واقعہ گزشتہ کا سامنے آجانا .

تصویر لگانا محاورہ. کسی جگہ تصویر نصب کرنا ، دیوار پر تصویر لگانا .

تصویر ہو جانا/ ہونا محاورہ. رک : تصویر بن جانا ، بت بن جانا ، بے حس و حرکت ہو جانا ، دنگ رہ جانا .

تَصْویری (فت ت ، سک ص ، ی مع) صف.
تصویر سے منسوب ؛ (لسانیات) ایسی تحریر جو صوتی ہونے کی بجائے خیالات کو تصاویر سے ظاہر کرے (جیسے مصری یا چینی زبانیں).

تَضاد (فت ت) امذ.
۱.ضد ، اختلاف .۲. (نمایاں) فرق ، امتیاز .۳.ایک صنعت کا نام ، نظم یا نثر میں ایسے الفاظ جمع کرنا جو ایک دوسرے کی ضد یا مقابل ہوں . [ع].

تَضْحیک (فت ت ، سک ض ، ی مع) امث.
تمسخر ، ہنسی اڑانا ، مضحکہ ؛ تذلیل . [ع].

تَضَرُّع (فت ت ، ض ، شد وضم) امث.
عجز و نیاز ، گریہ وزاری ، گڑگڑانا ، رونا . [ع].

تَضْمین (فت ت ، سک ض ، ی مع) امث.
۱.جگہ دینا ، ملانا ، شامل کرنا .۲.(معانی بیان) کسی مشہور مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں داخل یا چسپاں کرنا ، دوسرے کے شعر پر مصرعے یا بند لگانا ، ضمانت دینا .

تَضْیِیع (فت ت ، سک ض ، ی مع) امث.
ضائع کرنا ، کھونا ، برباد کرنا ، گنوانا ؛ دیکھیے : تضیع .

تَضْییع (فت ت ، سک ض ، ی مع) امث.
ضائع کرنا ، کھونا ، برباد کرنا . [ع].

تَطْبیق (فت ت ، سک ط ، ی مع) امث.
۱. تطابق ، مطابقت ، موافقت .۲. (طب) آنکھ کو دور و نزدیک اشیاء کے دیکھنے کے لیے آمادہ و مستعد کرنا . اف : کرنا/ دینا . [ع].

تَطَوُّع (فت ت ، ط ، شد وضم) امذ ؛ ج.
۱.اپنی مرضی سے کوئی نیک عمل کرنا یا صدقہ وغیرہ دینا ، فرض سے زیادہ کام کرنا ، ایسے حکم کی تعمیل جس کا کرنا فرض نہ ہو ، مستحبات و نوافل کا ادا کرنا ، نفل نماز ، روزہ وغیرہ بجا لانا .۲. رضا کارانہ خدمت وغیرہ [ع].

تَطْویل (فت ت ، سک ط ، ی مع) امث.
۱.طوالت ، درازی ، لمبا کرنا ، بڑھانا .۲. (تجوید) حرکات و مدات کو حد سے زیادہ کھینچنا .۳. (معانی و بیان) کلام میں مدعا و مقصد کے لیے زائد الفاظ کا استعمال . [ع].

تَطْہیر (فت ت ، سک ط ، ی مع) امث.
۱.طہارت ، پاکیزگی ، پاک کرنا .۲. پانی وغیرہ کو کیمیاوی طریقے سے جراثیم سے پاک کرنا .۳. (i) کسی ادارے ، محکمے ، شعبے وغیرہ میں سے غیر ضروری اور ناپسندیدہ افراد کی چھانٹی یا برطرفی . (ii) ناپسندیدہ اور مضر امور یا عناصر کا اخراج ، کسی محکمے یا ادارے کو برائیوں سے پاک کرنے کا عمل . [ع].

تَعادُل (فت ت ، ضم د) امذ.
برابر ہونا ، برابری ، تناسب ، اعتدال ، توازن . [ع].

تَعادی (فت ت) امث.
عداوت ، دشمنی . [ع].

تَعارُض (فت ت ، ضم ر) امذ.
۱.ایک دوسرے کے خلاف کام یا بات کرنا ، اختلاف ، مخالفت .۲. مزاحمت دخل دینا ، مقابل ہونا ، الجھنا . [ع].

تَعارُف (فت ت ، ضم ر) امذ.
۱. (i) (اصطلاحاً) پہلی ملاقات کرانا ، واقف کرانا . (ii) پہلے سے جان پہچان ، شناسائی ، واقفیت .۲. دیباچہ ، کسی کتاب وغیرہ کے بارے میں تنقیدی یا تعریفی خیالات وغیرہ . [ع].

تَعارُفی (فت ت ، ضم ر) صف.
تعارف دیکھیے : سے منسوب (تراکیب میں مستعمل).

تعارفی خط اند. کسی کا تعارف کرانے کے لیے کسی کی طرف سے لکھا ہوا پرچہ.

تعارفی کارڈ اند. (اصطلاحاً) چھوٹا سا نرم دفتی کا کارڈ جس پر کسی کا نام پتہ پیشہ اور دیگر کوائف درج ہوں اور جو کوئی شخص کسی دفتر وغیرہ میں جانے پر اپنی شناخت کے لیے پیش کرے نیز خط جو بصورت تعارفی کارڈ پہچان کے لیے دیا جائے.

تَعاقُب (فت ت، ضم ق) اند.
ا. پیچھا، بھاگتے ہوئے کا پیچھا کرنے کا عمل، پیچھے دوڑنا ٢. (مجازاً) قائم رہنا، پیچھے لگے رہنا، برابر جاری رکھنا، درپے ہونا. [ع].

تَعالیٰ (فت ت، اشکل ی) صف.
(لفظی معنی، بزرگ و برتر ہوا)، عالی مرتبہ، بلند، برتر، بزرگ (اکثر اللہ کے نام کے ساتھ پر مستعمل). [ع].

تَعامُل (فت ت، ضم م) اند.
آپس کا عمل، معاملہ، عام برتاؤ، باہم لین دین کرنا، رواج عام. [ع].

تَعامُّل (فت ت، ع، شد م بضم) اند.
ا. اثر ڈالنا، متاثر کرنا؛ اثر قبول کرنا، متاثر ہونا ٢. ردعمل، تاثر، عمل کی اثر اندازی، مختلف عملوں کے ٹکراؤ کی حالت (کیمیا) ایک مادے کا دوسرے پر عمل کرنا، اثر کرنا. [ع].

تَعاوُن (فت ت، ضم و) اند.
ایک دوسرے کی مدد کرنا، امداد باہمی ٢. (طب) دو دواؤں کے ملنے سے ایک یا دونوں کی تاثیر بڑھ جانا. [ع].

تَعَب (فت ت، ع) اند؛ است.
ا. کلفت، رنج، تکان، دکھ، سختی ٢. اضطراب، بے چینی. [ع].

تَعَبُّد (فت ت، ع، شد ب بضم) اند.
ا. بندگی، عبادت ٢. عبادت گزاری، پارسائی. [ع].

تَعبِیر (فت ت، سک ع، ی مع) است.
ا. خواب کا مطلب، واقعہ خواب کی تشریح ٢. مفہوم، منشا، مراد، وضاحت، تشریح، معنی ٣. خواب کا نتیجہ وحقیقت. [ع].

تعبیر پوری ہونا محاورہ. تکمیل مدعا ہونا، خواہش پوری ہونا، خواب کا نتیجہ برآمد ہونا.

تعبیر دینا محاورہ. خواب کا مطلب بیان کرنا.

تعبیر کرنا محاورہ. ا. خواب کا مطلب بیان کرنا ٢. مراد لینا، سمجھنا، مطلب نکالنا ٣. موسوم کرنا، پکارنا ۴. بتانا، سمجھنا، قرار دینا ۵. بیان کرنا، سمجھانا، مفہوم ادا کرنا، ظاہر کرنا.

تَعَجُّب (فت ت، ع، شد ج بضم) اند.
حیرت، اچنبھا. [ع].

تعجب انگیز صف. حیرت میں ڈالنے والا، عجیب و غریب.

تعجب خیز صف. حیرت والا، حیرت میں ڈالنے والا، حیران کن.

تعجب میں آنا محاورہ. متعجب ہونا، حیرت میں پڑنا، تعجب کرنا.

تَعَجُّبانَہ (فت ت، ع، شد ج بضم، فت ن) صف.
تعجب کا، حیرت والا. [ع].

تَعداد (فت ت، سک ع) است.
گنتی، شمار، عدد، مقدار، شمار کرنا. [ع].

تعداد کرنا محاورہ. گننا، شمار کرنا.

تَعَدُّد (فت ت، ع، شد د بضم) اند.
ا. کئی ہونا، تعداد میں ایک سے زیادہ ہونا، متعدد ہونا، کثرت ٢. (طبعیات) ایک معینہ وقت کے اندر تعداد تکرار، تعداد ارتعاش وغیرہ، عددیت، گنتی، (انگ : Frequency) ٣. کسی عمل کے وقفے وقفے سے واقع ہونے کی گنتی ناپ یا رفتار ۴. گنتی یا پیمائش مقرر کرنے کا عمل و ذریعہ. [ع].

تَعَدّی (فت ت، ع، شد د) است.
ا. زیادتی، ظلم، ستم ٢. (طب) ایک کو دوسرے سے لگنے والے جراثیم و امراض وغیرہ، متعدی.

تَعدِید (فت ت، سک ع، ی مع) است.
تیاری، آمادگی، شمار، گننا. [ع].

تَعدِیل (فت ت، سک ع، ی مع) است.
ا. برابر اور درست کر دینا، اعتدال، معتدل بنانا، متوسط حد میں لانا.

۲. گواہی دینا. ۳. (طب) معتدل کرنے کا عمل، اشیا یا ادویہ کو ملانا کہ ان کی تاثیر میں اعتدال پیدا ہو جائے، ترتیب نسخہ وغیرہ میں خاصیت یا مزاج کے اعتبار سے دواؤں میں ضروری تغیر و تبدل جس سے نسخے کا مزاج معتدل بنانا مقصود ہوتا ہے. ۴. (علم حدیث) عادل ٹھہرانا، ثقہ قرار دینا. ۵. ترمیم، رد و بدل. ۶. (ہیئت) رات اور دن کا برابر ہونا، اعتدال لیل و نہار. ۷. (برقیات) جو نہ مثبت ہو نہ منفی ہو، ہمواری. ۸. (طبیعیات) توازن. [ف].

تَعْدِیَہ (فت ت، سک ع، کس د، فت ی) اند.
۱. (قواعد) فعل لازم کو متعدی بنانا ۲. (i) (معاشیات) ٹیکس ادا کنندہ سے ٹیکس کی دوسروں کی طرف منتقلی، تعدیۂ ٹیکس. (ii) ٹیکس دہندگان پر ٹیکس کے بوجھ کا تناسب. ۳. (مرض وغیرہ کا) ایک فرد سے دوسرے پر اثر کرنا، چھوت، اثر اندازی. [ف].

تَعَذُّر (فت ت، ع، شد ذ بضم) اند.
عذر، معذرت، کسی کام کا دشوار ہونا، معذوری. [ع].

تَعْذِیب (فت ت، سک ع، ی مع) اند.
عذاب، سزا، دکھ، تکلیف. [ع].

تَعْذِیر (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. عذر کرنا، معذور رکھنا، عذر قبول کرنا ۲. سزا، دکھ. [ع].

تَعَرُّب (فت ت، ع، شد ر بضم) اند.
کسی غیر زبان کے لفظ کا عربی بنا لیا جانا، دیکھیے: تعریب.

تَعَرُّف (فت ت، ع، شد ر بضم) اند.
۱. شناخت، جان پہچان ۲. علم (ظاہری) ۳. عرفان، خدا شناسی. [ع].

تَعَرُّفی (فت ت، ع، شد ر بضم نیز بلا شد) است.
تعرف سے منسوب نیز بہ معنی تعارف. [ع].

تَعْرِیب (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. دیکھیے: تعرب ۲. (طب) نشتر مار کر داغ دینا.

تَعْرِیض (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. (لفظاً) توسیع، پھیلاو، وسیع کرنا ۲. طعن، طنز، چوٹ، اعتراض، نکتہ چینی. [ع].

تَعْرِیف (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. تشریح، توضیح، خصوصیات کا بیان ۲. ثنا، توصیف، مدح ۳. کسی کو کسی سے شناسا کرنا، شناسائی، پہچان، تعارف ۴. پسندیدگی، نسبت کمال، قدر، تحسین، داد، قدر شناسی. [ع].
تعریف کے پل باندھنا محاورہ. لگاتار تعریف کیے جانا، بہت مبالغے سے کام لینا.

تَعْرِیفی (فت ت، سک ع، ی مع) صف.
تعریف سے منسوب، قابل تعریف.

تَعْزِیَت (فت ت، سک ع، کس ز، فت ی) است.
۱. ماتم پرسی، مردے کے اعزہ و متعلقین سے اظہار ہمدردی، پرسے کی رسم ادا کرنا، پرسا دینا ۲. (مجازاً) رسم عزاداری. [ع].
تعزیت نامہ اند. وہ تحریر جس میں مردوں کے وارثوں سے اظہار ہمدردی کیا جائے، پرسے کا خط.

تَعْزِیَتی (فت ت، سک ع، کس ز، فت ی) صف.
تعزیت سے منسوب، اظہار ہمدردی کے طور پر. [ع].

تَعْزِیر (فت ت، سک ع، ی مع) است.
سزا، گوشمالی، سیاست کرنا، سزا دینا، حد شرعی. (فقہ) وہ سزا جسے قرآن و سنت نے متعین نہیں کیا بلکہ حاکم وقت اور اس کی ایما پر قاضی ضرورت کے مطابق متعین کر سکتا ہے. [ع].

تَعْزِیرات (فت ت، سک ع، ی مع) است؛ ج.
۱. تعزیر کی جمع، (لفظاً) سزائیں ۲. (قانون) قوانین کا وہ مجموعہ جس میں جرائم کی تعریف اور ان کی سزاؤں کا مفصل بیان ہو، قوانین فوجداری (Penal code). [ع].

تَعْزِیری (فت ت، سک ع، ی مع) صف.
تعزیر سے منسوب، سزا سے متعلق. [ع].
تعزیری کارروائی است. ایسی کارروائی جو سزا دینے کے لیے کی جائے.

تَعْزِیَہ (فت ت، سک ع، کس ز، فت ی) اند.
۱. ماتم داری، عزا داری ۲. شہدائے کربلا بالخصوص امام حسینؓ اور ان کے خاندان والوں کی تربتوں کی نقل جو عموماً بانس اور کاغذ وغیرہ کے قبوں

میں محرم کے دنوں میں دس روز تک ان کا فاتحہ دلانے یا ان کا ماتم کرنے کے لیے بناتے ہیں ۔ [ع] .

تعزیہ اٹھانا محاورہ. ۱.تعزیہ کو امام باڑے یا تعزیہ خانے سے گشت کرانے یا دفن کرنے کے واسطے لے جانا .۲.جلوس کی شکل میں سوگ منانا .

تعزیہ ٹھنڈا کرنا محاورہ. تعزیہ دفن کرنا .

تَعَشُّق (فت ت ، ع ، شد ش بضم) اند .

۱.عشق ، پیار ، محبت ، عاشق ہونا ، فریفتہ ہونا .۲.عشق جتانا ، جذبات کا بے جا اظہار کرنا .۳. (مجازاً) بناوٹی عشق . [ع] .

تَعَصُّب (فت ت ، ع ، شد ص بضم) اند .

۱.رعایت بے جا ، طرف داری ، بے جا حمایت یا پچ .۲.حقیقت ظاہر ہو جانے کے بعد بھی حق بات سے انکار . [ع] .

تَعَصُّبانَہ (فت ت ، ع ، شد ص بضم ، فت ن) صف ؛ م ف .

تعصبی ، بے جا رعایت پر مبنی ، بے جا حمایت یا طرف داری کا حامل .

تَعَصُّبی (فت ت ، ع ، شد ص بضم) صف .

تعصب سے منسوب ، بے جا طرف داری کرنے والا .

تَعَطُّل (فت ت ، ع ، شد ط بضم) اند .

۱. بیکاری ، بیکار ہونا ، معطلی .۲.کسی سرکاری ملازم کو کسی جرم و الزام کی وجہ سے اس کی مفوضہ خدمت کی ادائی سے بیکار اور باز رکھنا ، معطل کرنا .۳.(طب) کسی عضو کا فعل بند ہو جانا ، ختم ہو جانا .۴.(کسی کام کا) بند ہو جانا یا رک جانا . [ع].

تَعْطِیل (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

۱.چھٹی کا دن ، چھٹی ، رخصت .۲. بیکاری ، کام سے خالی رہنا ، بیکار ہونا ، ناکارہ ہو جانا . [ع] .

تَعْظِیم (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

بزرگی ، عظمت ، احترام ، وقعت . [ع] .

تعظیم دینا محاورہ. کسی بزرگ افسر یا عالی مرتبہ شخص کے آنے پر احتراماً کھڑے ہونا ؛ کھڑے ہو کر عزت کرنا ، ادب و احترام کرنا .

تعظیم سے پیش آنا محاورہ. عزت کرنا ، خلق سے ملنا .

تعظیم کرنا ف مر ؛ محاورہ. عزت کرنا ، آداب بجا لانا ، احتراماً کھڑا ہونا .

تَعَفُّن (فت ت ، ع ، شد ف بضم) اند ؛ امث .

سڑاند ، بدبو . [ع] .

تَعْقِیب (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث ، ج .

۱.نماز پڑھنے کے بعد وظیفے یا دعا کے لیے بیٹھنا ، نماز کے بعد پڑھا جانے والا وظیفہ یا دعا .۲.کسی چیز یا واقعے کے بعد دوسرا واقعہ ہونا .۳.(طبیعیات) برقی رو یا حرکت کا ابطأ ، تاخر .۴.حواشی ، تعلیقات ، فٹ نوٹ (بیشتر بحالت جمع مستعمل) . [ع] .

تَعْقِید (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

۱.گرہ دینا ، پوشیدہ بات کہنا .۲.(علم معانی) لفظوں کا آگے پیچھے ہو جانا ، الفاظ کی نشست میں بے ترتیبی جس کی وجہ سے عبارت یا شعر سمجھنے میں دقت ہو .۳.گرہ ، گانٹھ ، بندش .۴. جماؤ ، بستگی ، بندھنا ، گرہ دار ہونا . [ع] .

تَعَلُّق (فت ت ، ع ، شد ل بضم) اند .

۱.علاقہ ، لگاؤ ، واسطہ ، سروکار .۲.مناسبت ، ربط ، میل .۳.رشتہ ، سلسلہ .۴.آشنائی ، ناجائز لگاؤ ، یارانہ .۵. ملازمت ، خدمت .۶. زیر انتظام .۷.دنیا داری ، تجرد کی ضد ، وابستگی . [ع] .

تعلق خاطر اند. دل کا لگاؤ ، دلبستگی ، میلان طبع .

تعلق رکھنا محاورہ. متعلق ہونا ، وابستہ و منحصر ہونا .

تعلق کٹ جانا محاورہ. نسبت نہ رہنا ، بے تعلق ہونا ، رشتہ و سلسلہ قائم نہ رہنا .

تَعَلُّقات (فت ت ، ع ، شد ل بضم) اند ؛ ج .

۱.تعلق کی جمع بمعنی راہ و رسم بطور واحد مستعمل ، میلان ، لگاؤ .۲.تعلقہ کی جمع ، تعلقہ جات . [ع] .

تعلقات عامہ اند. کسی ادارے کا دوسرے ادارے یا عوام سے رابطہ نیز اس کا شعبہ یا عملہ .

تعلقات کشیدہ ہونا محاورہ. آپس میں میل جول نہ رہنا ، باہم رنجش ہونا .

تَعَلُّقَہ (فت ت ، ع ، شد ل بضم ، فت ق) اند .

۱.علاقہ ، ضلع ، انتظامی تقسیم کا ایک حصہ .۲.محال ، جائداد ، ملکیت ، جاگیر . [ع] .

تَعَلُّم (فت ت، ع، شد ل بضم) اند.
۱. پڑھائی، علم سیکھنا، علم سیکھنے یا حاصل کرنے کا عمل. ۲. ماحول کی واقفیت. [ع].

تَعَلّی (فت ت، ع، شد ل) است.
۱. شیخی، لن ترانی، ڈینگ. ۲. برتری، بڑائی، بزرگی، ترقی. ۳. (شاعری) شاعر کا اپنے حق میں مبالغہ (خواہ ملیح ہو خواہ قبیح)، اپنی بڑائی جتانے کا عمل. اف: کرنا. [ع].

تَعْلیج (فت ت، سک ع، ی مع) است.
(تجوید و قرأت) تلاوت کو عیوب سے پاک رکھنا. [ع].

تَعْلیق (۱) (فت ت، سک ع، ی مع) است.
(لفظاً) (کسی چیز کا) لٹکانا، معلق کرنا. ۲. (i) اٹکاؤ، مشروط ہونا. (ii) (فقہ) شرط کے ساتھ طلاق کو معلق رکھنا. ۳. (i) (طب قدیم) کسی دوا کو گردن یا کسی دوسرے عضو میں باندھنا یا لٹکانا. (ii) (طب جدید) پانی میں کسی تہ نشین ہونے والی دوا کو لعاب وغیرہ کے ذریعہ معلق رکھنا. (iii) پھانسی دینا. ۴. مشابہت، نقل. ۵. حاشیہ، فٹ نوٹ، وضاحت. ۶. (حدیث) کے اسناد کے شروع میں ایک یا زیادہ راوی چھوڑ دینا. [ع].

تَعْلیق (۲) (فت ت، سک ع، ی مع) اند.
خط کی قسموں میں سے ایک جو رقاع و توقیع سے مستخرج ہے اب خفی اور جلی دونوں طرح لکھا جاتا ہے نیز مجازاً. [ع].

تَعْلیقَہ (فت ت، سک ع، ی مع، فت ق) است.
۱. مال و اسباب کی ضبطی، مکان کی قرقی. ۲. قرق شدہ اسباب کی فہرست جسے فرد تعلیقہ بھی کہتے ہیں. ۳. بڑے بڑے امرا یا ارکان سلطنت کا پروانہ یا خط، دستخط یا حاشیہ جو خط پر لکھا جائے. ۴. (i) کتاب کا ضمیمہ، حاشیہ، تعلیق؛ حاشیہ پر تنبیہ. (ii) کسی تحریر کا خلاصہ. [ع].

تَعْلیل (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. کسی مضمون چیز یا شخص کو کسی چیز میں مشغول رکھنا. ۲. (فلسفہ) علت و معلول کا تعلق. ۳. کسی چیز کا سبب بیان کرنا، کسی مطلب کو دلیل کے ساتھ بیان کرنا اور اس کے صحیح ہونے کی وجہ ثابت کرنا. ۴. قواعد کے حرف علت یا اعراب کو ساکن یا حذف کر کے اس میں تخفیف کرنا اور تبدیلی کی وجہ بیان کرنا. [ع].

تَعْلیم (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. علم پڑھانا، ہدایت، کسی کو کچھ سکھانا، پڑھانا. ۲. گانے یا ناچنے کی مشق کرانا، گانا اور ناچنا سکھانا. ۳. گھوڑا سدھانا. ۴. سر رشتۂ تعلیم جس سے متعلقہ علاقوں میں مدارس وغیرہ کا نظم و نسق اور انتظام متعلق ہوتا ہے، تعلیم کا شعبہ یا محکمۂ تعلیم. ۵. ترتیب، تادیب؛ تہذیب، آراستگی خوش خطی کا نمونہ جس کو دیکھ کر طالب علم لکھنا سیکھتا ہے. [ع].

تعلیم ابتدائی است. پرائمری کی تعلیم، پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم.

تعلیم بالغاں است. بالغوں کو پڑھنا لکھنا سکھانا.

تعلیم پانا محاورہ. ۱. علم حاصل کرنا، سیکھنا، تربیت پانا. ۲. ناچ گانا سیکھنا رقص و سرود کی مشق کرنا.

تعلیم دینا محاورہ. ۱. پڑھنا لکھنا سکھانا، سبق پڑھانا، سکھانا. ۲. (تقریر کا) قاعدہ قرینہ سکھانا. ۳. ناچ گانا سکھانا.

تعلیم و تعلم اند. پڑھنا پڑھانا، سیکھنا سکھانا، درس و تدریس.

تعلیم یافتہ صف. ۱. پڑھا ہوا، تعلیم یافتہ، تربیت کیا ہوا، خواندہ ۲. سدھایا ہوا، تربیت کیا ہوا.

تَعْلیمی (فت ت، سک ع، ی مع) صف.
۱. تعلیم سے منسوب یا متعلق، تعلیم کا. ۲. سکھایا پڑھایا ہوا، تعلیم یافتہ.

تَعَمُّص (فت ت، ع، شد م بضم) اند.
(لفظاً) تاریک ہونا، دھندلا ہونا، (طب) آنکھوں کا چندھا ہونا دھندھیانا، مرض سلاق کی وہ قسم جس میں درد چشم کے سبب پلکوں کے اندرونی کنارے متورم اور متقرح ہو کر کسی قدر باہر کو لوٹ جاتے ہیں. [ع].

تَعَمُّق (فت ت، ع، شد م بضم) اند.
۱. (مجازاً) بات کی تہ تک پہنچنے کا عمل، چھان بین، غور و خوض، فکر تامل. ۲. گہرائی، باریک بینی، گہری نظر. [ع].

تَعْمیر (فت ت، سک ع، ی مع) است.
۱. عمارت بنانا، نئے سرے سے مکان بنانا، عمارت بنانے کا عمل

۲. (i) (مجازاً) بناوٹ ، ساخت ، خمیر ، جبلت . (ii) عمارت ، مکان ، گھر . ۳. بنانے کا وہ عمل جو کسی توڑ پھوڑ کے عمل کے بعد ہو ، اصلاح ، درستی ، بناو (تخریب کا ضد) .۴. آباد کرنا . ۵. (حشریات) ازسرِ نو پیدا ہونے یا اُگنے کا عمل ، نئی پیدائش ، نو روئیدگی . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

تعمیرِ نو امث . نئے سرے سے بنانے ، دوبارہ بنانا .

تَعْمِیری (فت ت ، سک ع ، ی مع) صف .

ا. تعمیر سے متعلق ، عمارتی ، تعمیر کا .۲. افادی اصلاحی یا ترقی و بہبود کے امور سے متعلق (تخریبی کی ضد) . [ع] .

تَعْمِیل (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

ا. فرماں برداری ، عمل میں لانا ، حکم بجا لانا ، حکم کی بجا آوری ، بات ماننا ، عمل درآمد کرنا .۲. (قانون) اجرائے احکام ، حکام کے احکام کے مطابق وارنٹ سمن یا حکم نامجات وغیرہ کسی فریق مقدمہ یا ملزم کو پہنچا دینا .۳. عدالتی احکامات یا سرکاری واجبات کی تحصیل کے فرائض کی انجام دہی . [ع] .

تَعْمِیم (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

عمومیت ، عام کرنا ، سب کو شامل کرنا ، عام ہونا . [ع] .

تَعْمِیَہ (فت ت ، سک ع ، کس م ، فت ی) امذ .

ا. غیر واضح اور مشتبہ بنانا ، معمہ کہنا ، اخفا ، پوشیدگی .۲. (تاریخ گوئی) مادۂ تاریخ کی کمی کو کسی حرف یا لفظ یا فقرے کے اضافے سے پوری کرنا .۳. اضافہ ، کمی پوری کرنے کے لیے کچھ بڑھانے کا عمل . [ع] .

تَعَنُّت (فت ت ، ع ، شد ن بضم) امذ .

عیب جوئی ، طعن و تشنیع ، بدگوئی . [ع] .

تَعَوُّذ (فت ت ، ع ، شد و بضم) امذ .

(لفظاً) پناہ مانگنا یا پناہ لینا ؛ (فقہ) "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" پڑھنا . [ع] .

تَعْوِیذ (فت ت ، سک ع ، ی مع) امذ .

ا. پناہ میں لینا ، بچاؤ .۲. کوئی دعا یا آیت یا اسمائے الٰہی یا ان کے اعداد نیز مختلف الفاظ و اعداد جو سادہ یا بطور نقش لکھ کر گلے میں ڈالا یا بازو پر باندھا جاتا ہے ، وہ کاغذ جس پر حصولِ مطلب کے لیے دعائیں اور کلمات لکھے ہوں .۳. (i) ایک زیور جو عورتیں بازو پر باندھتی ہیں ، باز و بند . (ii) جھومر سے مشابہ جڑاؤ زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں .۴. (i) وہ پتھر جو قبر کے چبوترے کے اوپر بیچ میں رکھا جاتا ہے ، کوہانِ قبر ، سنگِ لحد ، لوحِ مزار . (ii) کتبہ یا لوح جو مسجد یا دوسری عمارتوں پر نصب کی جاتی ہے . [ع] .

تعویذ باندھنا محاورہ . تعویذ کو کپڑے وغیرہ میں سی کر یا چاندی وغیرہ کے خول میں ڈال کر (بالعموم بازو پر) باندھنا .

تعویذ بنانا محاورہ . تعویذ کی طرح ہروقت ساتھ رکھنا ، بہت حفاظت سے رکھنا ؛ (مجازاً) بہت عزیز رکھنا .

تعویذ پلانا محاورہ . (اکثر بعض مقاصد کے حصول کی نیت سے) لکھے ہوئے تعویذ کو پانی میں گھول کر یا دھو کر پلانا .

تعویذ جلانا محاورہ . وہ کاغذ جس پر کوئی نقش (دیکھیے) وغیرہ لکھے ہوئے ہوں اسے عامل کی ہدایت کے مطابق حصولِ مقصد کے لیے جلانا .

تعویذ لکھنا ف مر : محاورہ . نقش یا دعائیں لکھنا ، نقش بھرنا .

تَعْوِیض (فت ت ، سک ع ، ی مع) امث .

ا. بدلہ دینا ، معاوضہ دینا ، عوض کرنا ، بدلے میں رکھنا ، بدلنا ، بدل دینا ، متبادل قرار دینا .۲. (طب) یہ لفظ قلب کی فعالیت کی خرابی کے درجہ کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے . [ع] .

تَعَیُّش (فت ت ، ع ، شد ی بضم) امذ .

عیش پرستی ، عیش کرنا ، عیش و عشرت (بناؤ سنگار لہو و لعب زیب و زینت وغیرہ) کا سامان مہیا کرنا . [ع] .

تَعَیُّشات (فت ت ، ع ، شد ی بضم) امذ ؛ ج .

وہ اشیاء جن کا تعلق عیش و عشرت سے ہو ، بناؤ سنگار لہو و لہب یا زیب و زینت کی چیزیں .

تَعَیُّن (فت ت ، ع ، شد ی بضم) امذ .

ا. تقرر ، تشخص ، معین کرنا ، محدود کرنا ، مخصوص کرنا ، مقرر ہونا . اف : کرنا / ہونا .۲. (تصوف) مطلق (دیکھیے) کا نقیض ، روک ، انحصار ، قید ، مطلق کے خلاف ، ہستی ، وجود ، تکوین ، ممکن . [ع] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

تَعَیُّنات (فت ت، ع، شد ی بضم) اند.
(کسی خدمت پر) مقرر، مامور، مسلط. اف: کرنا / ہونا. [ع].

تَعیناتی / تَعَیُّناتی (فت ت، ی مع / فت ت، ع، شد ی بضم) امث.
۱. تقرری، ماموری، ڈیوٹی، نوکری ۲. فوج، سپاہ، پولیس؛ کوئی گروہ جو کسی کام کے لیے تعینات کیا جائے؛ گارڈ.

تَغابُن (فت ت، ضم ب) اند.
۱. فریب دہی، ایک دوسرے کو دھوکا دینا، ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا، زیاں کاری، (مجازاً) افسوس ۲. قرآن پاک کی چونسٹھویں سورت جو اٹھائیسویں پارے قد سمع اللہ میں ہے. [ع].

تَغار (فت ت) اند.
۱. مٹی یا لوہے کا کونڈا یا ناند، بڑا ظرف، بالٹی ۲. گڑھا، ٹوٹ پھوٹ کا گہرا گول نشان ۳. وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونا بھگونے کے واسطے تھالولے کی شکل کا بنایا جاتا ہے ۴. کاٹھی کا تھیلا جس میں گھڑ سوار اپنا کھانا رکھتے ہیں؛ وظیفۂ معاش (جو کسی کی گذر بسر کا ذریعہ ہو)؛ پیمانہ ۵. وہ حوض یا گڑھا جو مردے کے غسل کے پانی کے لیے بنایا جاتا ہے؛ پانی جمع ہونے کا گڑھا ۶. (طب) گڑھے نما ظرف، ہاون دستے کا وہ حصہ جس میں چیزیں ڈال کر کوٹتے ہیں. [ف].

تَغاری (فت ت) امث.
۱. آٹا گوندھنے کا برتن، چھوٹا کونڈا ۲. مٹی یا لوہے کا وہ برتن جس میں گارا یا چونا بھر کر اٹھاتے ہیں.

تَغافُل (فت ت، ضم ف) اند.
جان بوجھ کر غفلت کرنا، بے پروائی، بے التفاتی، سستی. [ع].

تغافل برتنا ف مر: محاورہ. اجتناب کرنا، پرہیز کرنا.

تغافل شیعار صف. غافل، بے پروا.

تَغْذِیَہ (فت ت، سک غ، کس ذ، فت ی) اند.
۱. (طب) غذائی مادہ کا جذب ہونا اور بدن کی ضرورت میں صرف ہو کر بالآخر طبیعی طور پر خارج ہونا، غذا دینا، (جسم کو) پرورش کرنا ۲. غذا، خوراک، غذائیت ۳. سیری حاصل کرنا، تقویت پہنچانا ۴. غذا بہم پہنچانا؛ خوراک حاصل کرنا. [ع].

تَغَزُّل (فت ت، غ، شد ز بضم) اند.
۱. غزل گوئی، عشقیہ مضامین نظم کرنا، عاشقانہ اشعار کہنا جو غزل کی صنف سے مخصوص ہیئت میں ہوں ۲. (مجازاً) غزل کا سا حسن اور کیفیت غزلیت. [ع].

تَغَیُّر (فت ت، غ، شد ی بضم) (الف) اند.
۱. ایک حالت سے دوسری حالت میں جانا، تبدیلی ۲. تبدیلی حالت انقلاب ۳. فتور، ابتری ۴. (طب) مرض کا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف بدل جانا؛ مرض کا ایک عضو سے دوسرے عضو کی طرف منتقل ہو جانا ۵. صورت بگڑ جانا. (ب) صف. متغیر، تبدیل شدہ اف: ہونا. [ع].

تغیر پذیر صف. ۱. تبدیل ہونے والا، تبدیلی قبول کرنے والا ۲. (معاشیات) لچک دار، ایک حالت پر برقرار نہ رہنے والا.

تغیر و تبدل اند. ۱. تبدیلیاں، فرق ۲. انقلاب. اف: دینا / کرنا / ہونا.

تَغَیُّرات (فت ت، غ، شد ی بضم) اند.
تغیر (دیکھیے) کی جمع. انقلابات (وقت، زمانے کی تبدیلی).

تُف (ضم ت) (الف) اند؛ امث.
تھوک، لعاب دہن. (ب) کلمۂ نفرین. لعنت، پھٹکار. [ف].

تف ہے فقرہ. (اظہار نفرین کے لیے) لعنت ہے، پھٹکار ہے.

تَفاخُر (فت ت، ضم خ) اند.
فخر، بڑائی ظاہر کرنا. [ع].

تَفارُق (فت ت، ضم ر) اند.
۱. جدائی، فرق، دو چیزوں کے درمیان تفریق ۲. (فلسفہ) ایسا طریقہ یا قانون جس میں ہم اس مثال کا جس میں حادثے کا ظہور ہوتا ہے اس مثال کا جس میں حادثے کا ظہور نہیں ہوتا مقابلہ کر کے دیکھتے ہیں کہ دونوں مثالیں کس چیز میں اختلاف رکھتی ہیں. [ع].

تَفاسیر (فت ت، ی مع) اند؛ امث.
تفسیر (دیکھیے) کی جمع تشریح، توضیحی شرح. [ع].

تَفاعُل (فت ت، ضم ع) اند.
۱. (ا) کسی امر کا مناسب طریقہ عمل جس سے اس امر (چیز یا شخص) کا

مقصد پورا ہوتا ہو ، فعلی اثر . (ii) (نباتیات) نباتات کے اگنے کے عمل کا مطالعہ . ۲. (ریاضی) ایک مقدار کی قیمت کا دوسری مقدار کی قیمت پر انحصار . ۳. (منطق) قضیہ کا وہ حصہ جو موضوع سے متعین ہو . ۴. فرض ، کام . ۵. عربی مصادر میں سے ایک مصدر کا وزن یا باب . ۶. اغراض و مقاصد . [ع] .

تَفاوُت (فت ت ، ضم و) اند .
۱. فرق ، اختلاف . ۲. (فقہ) فرق . ۳. ہٹ جانا ، ہٹنا ، دور ہو جانا . ۴. (ادب ، احترام اور فرق مراتب وغیرہ کے اظہار کے لیے) دور ، فاصلہ پر . ۵. امتیاز ، پہچان . ۶. ایک دوسرے سے فاصلہ پر ، الگ الگ . ۷. جغرافیائی فاصلہ . ۸. خارج ، الگ ، عاق . ۹. (قیمت وغیرہ کا) بل ، درمیانی فرق . ۱۰. (زمینداری) فرق جو لگان مقررہ کے درمیان ہو . ۱۱. (طب) نبض کی رفتار کا فرق جس سے تشخیص مرض میں مدد ملتی ہے ، رک رک کر چلنا . [ع] .

تفاوت کرنا محاورہ . الگ الگ کر دینا ، جدا کر دینا .

تُفاوَہ (ضم ت ، فت و) اند .
چاند اور سورج کے گرد پڑنے والا چھوٹا حلقہ یا دائرہ . [ع] .

تُفْت (فت نیز ضم ت ، سک ف) (الف) صف .
۱. تپتا ہوا ، گرم ، سوختہ . ۲. غصہ میں بھرا ہوا ، قہر آلودہ ، غضبناک . ۳. مفلس . (ب) اند ؛ است . ۱. ڈالی ، میووں کی ٹوکری ، بطور دوا استعمال ہونے والی ایک گھاس اور اس کی جڑ . ۲. گرمی ، حرارت . [ف] .

تَفْتِیش (فت ت ، سک ف ، ی مع) است .
۱. تحقیقات ، چھان بین ، پوچھ گچھ . ۲. حاکم یا افسر مجاز کی طرف سے دی گئی ہدایت کے مطابق چھان بین . [ع] .

تَفَرُّق (فت ت ، ف ، شد ر بضم) اند .
۱. الگ الگ ہونا ، انتشار ، علیحدگی ، تفریق ، پراگندگی . ۲. امتیاز ، فرق ، تمیز . ۳. (ریاضی) تقسیم کرنا ، ایک عدد کا دوسرے عدد کو پورا پورا تقسیم کر دینا . ۴. (حیاتیات) حیاتی نظام میں نامیاتی مرکبات کی تخریب و تعمیر کے مجموعی عوامل تحول کا عمل جس سے نامیاتی مرکبات کی تحلیل ہوتی ہے جس کے نتیجے کے طور پر توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے . [ع] .

تَفْرِقَہ (فت ت ، سک ف ، کس ر ، فت ق) اند .
۱. علیحدگی ، فرق ، امتیاز ، فصل . ۲. پھوٹ ، نفاق . ۳. پراگندگی ، انتشار . ۴. ایک دوسرے سے جدا ہونا ، الگ الگ ہو جانا . ۵. فصل ؛ پردہ . ۶. (تصوف) قلب کو شک میں ڈالنا اور حق سے دور ہو جانا اور خلق کو دیکھنا اور حق کو نہ دیکھنا . [ع] .

تفرقہ انداز صف . نفاق ڈالنے والا ، دلوں میں فرق ڈلوانے والا ، جدائی کرانے والا .

تفرقہ پڑنا محاورہ . پھوٹ پڑنا ، نفاق ہونا .

تفرقہ ڈالنا محاورہ . پھوٹ ڈالنا ، دوری کرنا یا کرانا .

تفرقہ ہونا محاورہ . منتشر ہونا ، متفرق ہو جانا ، دور یا الگ ہو جانا .

تَفْرِیح (فت ت ، سک ف ، ی مع) است .
۱. (i) (لفظاً) خوشی ؛ (مجازاً) تازگی . (ii) مسرت ؛ (مجازاً) آرام ، صحت . (iii) ہنسی ، چہل ، مذاق . ۲. سیر ، ہوا خوری . ۳. تسکین ، اطمینان . [ع] .

تفریح بخش اند . سکون پہنچانے والا ، آرام دینے والا .

تفریح طبع اند . طبیعت خوش کرنے کا عمل ، تفریح خاطر .

تفریح گاہ است . گھومنے پھرنے اور طبیعت کو مسرور کرنے کی جگہ ، تفریح گاہ .

تفریح لینا محاورہ . دل خوش کرنا ، کسی کو چھیڑ کر لطف اندوز ہونا ، مزہ لینا .

تفریح ہونا محاورہ . دل بہلنا ، جی لگنا .

تَفْرِیحاً (فت ت ، سک ف ، ی مع ، تن ح بفت) م ف .
۱. بطور سیر و تفریح . ۲. سرسری طور پر ، دماغی فرحت کے لیے . ۳. خوشی سے ہنسی مذاق کے طور پر دل لگی میں ، ٹھٹھول کے ساتھ . [ع] .

تَفْرِیحی (فت ت ، سک ف ، ی مع) صف .
تفریح سے منسوب ، (تراکیب میں مستعمل) جیسے : تفریحی ادب وغیرہ .

تفریحی مشاغل اند ، ج . ایسے کام جن میں زیادہ تر کھیل کود شامل ہوں ، دل کو خوش کرنے والے کام ، لہو و لعب کھیل تماشے سے متعلق امور ، خوش کن تماشے .

تَفْرِیس (فت ت ، سک ف ، ی مع) است .
غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنا لینا . [ع] .

تَفریق (فت ت، سک ف، ی مع) است.

۱.علیحدگی، جدائی، بانٹ، تقسیم .۲.(i) طلاق، خلع وغیرہ .(ii) اختلاف، نفاق، پھوٹ .۳.فرق، امتیاز .۴.قسم، تقسیم .۵.(ریاضی) بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانے کا عمل، منہائی . [ع].

تفریق نامہ اند.ایک دستاویز جس میں ہر ایک فریق کے حصے درج ہوں؛ اقرار نامہ، جو ان حصوں کا فیصلہ کردے جن کا مختلف اشخاص نے دعوے کیا ہو.

تفریق ہونا محاورہ.خارج ہونا، نکلنا .

تَفسِیر (فت ت، سک ف، ی مع) است.

۱.(i) تشریح، مطلب، توضیح .(ii) قرآن مجید کی شرح .۲.وضاحت جس سے مطلب سمجھ میں آئے، توضیحی شرح . [ع].

تفسیر داں صف.علم تفسیر کا جاننے والا .

تفسیر کرنا محاورہ.کھلے الفاظ میں بیان کرنا، تصریح کرنا؛ تفصیل بیان کرنا

تَفصِیل (فت ت، سک ف، ی مع) است.

۱.کھول کر وضاحت سے بیان کرنا، تشریح .۲.فرد کے مقابلے میں ذیلی تشریح یا زائد اور بیکار پھیلاوا .۳.دو چیزوں کے درمیان امتیاز کرنا یا الگ الگ سمجھنا یا دیکھنا .۴.(تصوف) درجات، مدارج، منازل سلوک، مرتبہ کے تحتی؛ مرتبہ واحدت اور مرتبہ الوہیت اور مرتبہ میں تمامی صفات اور اسماء اور افعال ذات سے جدا اعتبار کیے جاتے ہیں یعنی باوجود عینیت علیحدہ علیحدہ ہو کر ظہور میں آتے ہیں اور ان اشیا کی عینیت ذات سے کبھی زائل نہیں ہوتی . [ع].

تفصیل وار م ف.وضاحت سے شرح و بسط کے ساتھ .

تَفصِیلاً (فت ت، سک ف، ی مع، تن ل بفت) م ف.

جزئیات کے احاطے کے ساتھ، ایک ایک جزو پر . [ع].

تَفصِیلی (فت ت، سک ف، ی مع) صف.

ایک ایک جزو کو نظر میں رکھ کر، مکمل .

تَفَضُّل (فت ت، ف، شد ض بضم) اند.

نیکی، احسان، مہربانی، عنایت، لطف و کرم .۲.بڑائی، برتری، فضیلت .

۳.زیادتی، پیشی . [ع].

تَفَضُّلات (فت ت، ف، شد ض بضم) اند؛ ج.

(بطور واحد) عنایت، مہربانی، بخشش . [ع].

تَفضِیل (فت ت، سک ف، ی مع) است.

۱.فوقیت، ترجیح فضیلت دینا .۲.(قواعد) صفت کا اپنے موصوف میں دوسری چیزوں کے مقابلے میں ترجیح ظاہر کرنا . [ع].

تَفَکُّر (فت ت، ف، شد ک بضم) اند.

۱.سوچ بچار، فکر .۲.پراگندہ خاطری، پریشانی .۳.(i) شعر کہتے وقت غور و خوض، شاعر کا عالم خیال .(ii) علوم فقہ پر غور و فکر .(iii) یاد خدا میں محو ہونا .۴.اندیشۂ بے جا . [ع].

تُفَنگ (ضم ت، فت ف، غنہ) است.

۱.ہوائی بندوق، توپ، بندوق .۲.(کھیل) وہ بڑی نے یا تھوتھا نرسل جس میں مٹی یا آٹے وغیرہ کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر ڈال کر پھونک کے زور سے چلاتے ہیں؛ وہ آلہ جس سے سانس کے زور سے تیر پھینکتے اور چھوٹی چھوٹی چڑیوں کا شکار کرتے ہیں . [ف].

تَفَنُّن (فت ت، ف، شد ن بضم) اند.

چہل، دل لگی، ہنسی مذاق، مشغلہ .

تفنن طبع اند؛ است.دل بہلانا، خوش طبعی .

تَفَوُّق (فت ت، ف، شد و بضم) اند.

۱.اونچا ہونا، برتری، فوقیت، ترجیح، بڑائی .۲.سبقت بہ لحاظ مرتبہ یا قسم . [ع].

تَفوِیض (فت ت، سک ف، ی مع) است.

۱.(دوسرے کو اختیارات اور امور کی) سپردگی، حوالگی، تسلیم، سپرد کرنا (اختیارات وغیرہ) .۲.(فقہ) عورت کو بغیر مہر کے بیاہ دینا، طلاق کا اختیار عورت کے سپرد کرنا .۳.فائدہ پہنچانا، باتوں ہی باتوں میں کچھ سمجھا دینا، فیض پہنچانا .۴.(تصوف) ہر کام کو خدا کے حوالے کرنا اور ہمہ تن اپنے آپ کو خدا کے سپرد کر دینا .۵.مبادلہ (سکے کا)، تبدل، زر مبادلہ، انگلستان کا قانون مبادلۂ اراضی مجریہ ۱۸۳۶ء Commutation c. Act . [ع].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تَفَہُّم (فت ت، ف، شد و ضم) اند.
سمجھنا، فہم۔ [ع].

تَفْہِیم (فت ت، سک ف، ی مع) است.
ا۔ فہمائش، سمجھانا. ۲. آگاہی، سمجھ میں آنا، معلوم ہونا، علم میں آنا. [ع].

تَقابُل (فت ت، ضم ب) اند.
ا. مقابلہ، موازنہ، آمنے سامنے کھڑا ہونا. ۲. (نجوم) دو ستاروں کے درمیان چھ برجوں کا فاصلہ ہونا. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَقابُلی (فت ت، ضم ب) صف.
تقابل سے منسوب یا متعلق، دو چیزوں کا مقابلہ موازنہ کرنے والی شے.

تقابلی طریقہ اند. مقابلہ کا قاعدہ، دو چیزوں کا مقابلہ کرنے کا اصول یا ضابطہ.

تقابلی مطالعہ اند. مختلف علوم وغیرہ کا آپس میں مقابلہ کرنے کا طریقہ.

تقابلی نفسیات است. (نفسیات) افراد و انواع کے ذہن و کردار کے باہمی اشتراک و اختلاف کا مطالعہ اور علم.

تَقارُب (فت ت، ضم ر) اند.
ا. پاس پاس ہونا، قریب ہونا. ۲. (عروض) ایک بحر کا نام جس کا وزن سالم فعولن فعولن فعولن فعولن ہے، بحر متقارب. [ع].

تَقارِیب (فت ت، کس ر) است.
دیکھیے "تقریب" جس کی یہ جمع ہے. [ع].

تَقاصُر (فت ت، ضم ص) اند.
باہم گھٹانے یا گھٹنے کا عمل، کمی. [ع].

تَقاضا (فت ت) اند.
ا. خواہش، اقتضا، مانگ، طلب، منشا، درخواست. ۲. مطالبہ، دعویٰ. ۳. ضرورت، مطالبہ. ۴. طبعی رجحان، خواہش جو عمر وغیرہ کے مختلف مدارج سے پیدا ہو، چاہنا. ۵. (i) کسی کام کے لیے بار بار کہنا، طلب کرنا. (ii) تاکید، اصرار. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تقاضا اُٹھانا محاورہ. ا. مطالبہ برداشت کرنا، مانگ یا طلب گوارا کرنا. ۲. مطالبے کا موقع دینا (قرض وغیرہ لے کر)، مطالبہ برداشت کرنا، احسان گوارا کرنا. ۳. خواہش پوری کرنا، ضد بجا لانا.

تَقاطُر (فت ت، ضم ط) اند.
ا. قطرہ قطرہ ٹپکنا، بوندا باندی، لگاتار ٹپکے جانا. ۲. مقطر کرنا، ٹپکایا اور صاف کیا ہوا. [ع].

تَقاطُع (فت ت، ضم ط) اند.
قطع کرنا، منقطع ہونا؛ کسی نقطے پر دو خطوں کا ایک دوسرے کو کاٹنا اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَقاوَت (فت ت، و) است.
پرہیزگاری، پاکیزگی، تقویٰ. [ع].

تَقاوِی (فت ت) است.
ا. قوت دینا، مدد دینا. ۲. وہ امدادی رقم جو زراعت کی ترقی کے لیے حکومت کی طرف سے بطور قرض دی جاتی ہے، امدادی قرضہ. [ع]

تَقَدُّس (فت ت، ق، شد و ضم) اند.
پاک ہونا، خالص ہونا، پاکیزگی، پاکی. [ع].

تقدس مآب صف. بزرگی والا، بزرگ، تقدس والا، پاک، پاکیزہ (پرہیزگار اور بزرگ آدمی کے لیے استعمال ہوتا ہے).

تَقَدُّم (فت ت، ق، شد و ضم) اند.
ا. آگے بڑھنا، پیش پیش ہونا، پیش قدمی. ۲. (ترتیب وقت وغیرہ میں) پہلے، آگے ہونا، مقدم ہونا؛ پہل. ۳. ترقی. ۴. ترجیح، برتری. ۵. سبقت [ع].

تَقْدِمَہ / تَقْدِمَة (فت ت، سک ق، کس د، فت م) اند.
ا. مقدمہ، دیباچہ، تمہید. ۲. درپیش ہونا، پیش کرنا، پیشوا، وہ اُجرت جو مزدور کو کام کرنے سے پہلے دی جائے. پیشگی اجرت. ۳. (حساب میں) پیشگی (رقم وغیرہ)، آخری فیصلہ یا چکوتا (حساب کا)؛ تخمینہ، اندازہ؛ بجٹ. [ع].

تَقْدِیر (فت ت، سک ق، ی مع) است: ج: تقادیر.
ا. وہ اندازہ جو خدا نے روز اول سے ہر شے کے لیے مقرر کیا ہے، قسمت، نصیب، مقسوم، بھاگ، بخت، مقدر. ۲. مفروضہ، قیاسی صورت. ۳. (i) اندازہ، مقدار؛ (ریاضی) قدر. (ii) (طب) دوا کی مقدار و خوراک مقرر کرنا، انگ: Dosage. ۴. (قواعد؛ معانی و بیان)

کسی لفظ یا کلمہ کا کسی کلام سے محذوف ہونا، عبارت میں کسی لفظ کے نہ ہونے کے باوجود اس کے معنی لیے جانا. ۵. (معانی و بیان) مطلب، وضاحت، قدر و قیمت. [ع].

تقدیر اُلٹ جانا/اُلٹنا/اُولٹ جانا محاورہ. بخت برگشتہ ہونا، مقدر کا خلاف ہونا، نصیب پلٹ جانا.

تقدیر اُلٹی ہونا محاورہ. قسمت برگشتہ ہونا.

تقدیر الٰہی اث. مشیت خداوندی، مرضی معبود، منشائے الٰہی.

تقدیر آزمانا محاورہ. بخت آزمائی کرنا، قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا؛ مقسوم کا تجربہ کرنا، مقدر کو دیکھنا.

تقدیر آزمائی اث.

تقدیر آزمانا کی حالت و کیفیت؛ قسمت کی آزمائش.

تقدیر بگڑ جانا / بگڑنا محاورہ. تقدیر الٹی ہونا، قسمت پلٹ جانا.

تقدیر بننا محاورہ. مقدر سنورنا، حالات بہتر ہونا، تقدیر بنانا کا لازم.

تقدیر پر چھوڑنا محاورہ. تدبیر کو بے سود سمجھ کر قسمت پر قانع ہو جانا.

تقدیر پر راضی رہنا محاورہ. قسمت پر قانع رہنا.

تقدیر پلٹنا محاورہ. تقدیر الٹی ہونا یا الٹی تقدیر بدل کر بہتری کی صورت نکلنا یا قسمت کا منقلب ہو جانا، مقدر کا اچھا یا برا ہو جانا.

تقدیر پھوٹ جانا / پھوٹنا محاورہ. ا.قسمت کا بگڑ جانا، نصیب برگشتہ ہونا. ۲. (کنایۃً) بری جگہ شادی ہونا، مقدے معاملے کا برخلاف ہونا.

تقدیر چمکنا محاورہ. تقدیر جاگنا، قسمت کا عروج پر ہونا.

تقدیر سو جانا محاورہ. قسمت کا ناموافق ہونا، مقدر برگشتہ ہونا.

تقدیر سے م ف. خوش قسمتی سے.

تقدیر کا پھیر اند. قسمت کی خرابی، مقدر کا چکر، بدقسمتی، کم بختی.

تقدیر کا دھنی صف. خوش قسمت شخص، صاحب نصیب.

تقدیر کا کھوٹا صف. جس کی قسمت خراب ہو، جس کا مقدر موافق نہ ہو، بدنصیب، کم بخت.

تقدیر کا کھیل اند. کرشمۂ قسمت، قسمت کی بات، امر تقدیر.

تقدیر کا لکھا اند. نوشتۂ قسمت، شدنی امر، وہ بات جو (ازروئے تقدیر) ہوکر رہے.

تقدیر کا مارا صف. بدنصیب، برگشتہ بخت.

تقدیر کو رونا محاورہ. کم نصیبی کا شکوہ کرنا، بدنصیبی کا بین کرنا، قسمت کو برا بھلا کہنا.

تقدیر والا صف. خوش نصیب، اچھی قسمت والا، بخت آور، تقدیر کا سکندر.

تَقْدِیس (فت ت، سک ق، ی مع) اث.

ا. پاکیزگی، پاکیزگی بیان کرنا، پاکی کی طرف نسبت کرنا. اف: کرنا/ہونا. ۲. (مسیحی) (خدا کے نام سے) پاک کرنا، پاک کرنے کی رسم ادا کرنا. ۳. پاکیزہ و مقدس بنانا یا قرار دینا. [ع].

تَقْدِیم (فت ت، سک ق، ی مع) اث.

ا. سبقت، پہل. ۲. پہلے ہونا، مقدم ہونا یا کرنا، آگے رکھنا. ۳. ترجیح، برتری، فضیلت، فوقیت. ۴. بجا لانا، پیش کرنا، ادا ہونا. ۵. قدیم ہونا. اف: کرنا. [ع].

تَقَرُّب (فت ت، ق، شد ر بضم) اند.

ا. نزدیکی، قرب، قربت، نزدیک ہونا. ۲. نزدیک ہونے کی کوشش کرنا، قرب ڈھونڈنا. ۳. (ریاضی) ایسا نتیجہ یا حل جو بالکل قطعی نہ ہو لیکن تقریباً صحیح ہو اور مخصوص مقصد کے لیے کافی ہو، قریب قریب. اف: حاصل کرنا / کرنا / ہونا. [ع].

تقرب الیٰ اللہ اند. (عبادت و ریاضت کے ذریعے) خدا کے قریب ہونا، بارگاہ الٰہی میں قربت کی سعی کرنا.

تَقَرُّر (فت ت، ق، شد ر بضم) اند.

ا. تاریخ کا تعین. ۲. ملازمت ہونا، نوکری مقرر ہونا، تعیناتی. ۳. (سیاستِ مدن) انتخاب، چنا جانا، متعین کرنا، مقرر کرنا. ۴. (معاملہ وغیرہ) طے ہونا. قرار پانا، طے، قرار. اف: پانا/کرنا/ ہونا. [ع].

تَقَرُّری (فت ت، ق، شد ر بضم) اث.

تقرر سے اسم کیفیت. تعیناتی، ملازمت ملنا، نوکری ملنا.

تَقْرِیب (فت ت، سک ق، ی مع) اث.

ا. کسی خوشی یا غم کے موقع کا اجتماع، جشن، جلسہ (بیشتر خوشی کے موقع پر مستعمل)؛ رسم. ۲. تقرب، نزدیکی، قریب ہونا (عموماً تراکیب میں).

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۳. موقع، محل، سلسلہ. ۴. باعث، سبب، وجہ. ۵. سفارش، تذکرہ، ذکر. ۶. کسی چیز کو پہلی بار رواج دینا. ۷. تعارف، جان پہچان کا ذریعہ، ملاقات. ۸. بہانہ، ذریعہ، صورت، موقع. ۹. راہ دینا، قریب آنے کا امکان پیدا کرنا، قریب لانا؛ مقصد، امکان؛ دھوکا. [ع].

تقریباً (فت ت، سک ق، ی مع، تن ب بفت) م ف.
۱. قریب قریب، تخمینی طور پر، اندازاً. ۲. کسی تقریب یا سلسلہ سے، ضمناً، موقع سے، موقع کی مناسبت سے، برسبیل تذکرہ. ۳. ضمناً، ذیلی طور پر. [ع].

تقریر (فت ت، سک ق، ی مع) اث.
۱. بیان، گفتگو، بات چیت. ۲. توضیح، تفصیل سے بیان کرنا. ۳. وعظ، درس، خطبہ. ۴. بحث، تکرار، مباحثہ، حجت. ۵. زبان، بول چال، بولی (تحریر کے بالمقابل). ۶. آواز، حکایت صوت. [ع].

تقریر بگھارنا محاورہ. اترا اترا کر بولنا، تقریر کا کمال دکھانا، باتیں بنانا، بڑھ چڑھ کر بولنا.

تقریراً (فت ت، سک ق، ی مع، تن ر بفت) م ف.
زبانی، تقریر کے طور پر.

تقریری (فت ت، سک ق، ی مع) صف.
تقریر سے منسوب، زبانی (تحریری کے برخلاف).

تقریظ (فت ت، سک ق، ی مع) اث.
۱. مصنف کے علاوہ کسی اور کا کسی کتاب یا مضمون وغیرہ پر اپنی رائے ظاہر کرنا (عام طور پر تعریفی اور تائیدی رائے) جو کتاب کے آغاز یا اختتام میں شامل ہو. ۲. تعریف، زندہ کی تعریف، ساتھی یا دوست کی تعریف (خواہ راست ہو خواہ دروغ). ۳. داد دینا، سراہنا. [ع].

تقریظ نگار صف. تقریظ لکھنے والا؛ کسی کتاب پر توصیفی مضمون یا تعارف لکھنا.

تقسیم (فت ت، سک ق، ی مع) اث.
۱. ٹکڑے ٹکڑے کرنا، بانٹنا. ۲. (i) حصہ، ٹکڑا، حصے کی چیز. (ii) (فوج) (لشکر وغیرہ) کا حصہ، انگ: Division. ۳. (i) قسم (بہ اعتبار نوع وغیرہ). (ii) طرح، انداز، طور. ۴. (ریاضی) وہ اصول یا قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد یا اعداد پر بانٹتے ہیں جو اصل میں تفریق متواتر کا اختصار ہے. ۵. صنائع لفظی میں سے ایک صنعت جس میں چند چیزیں بیان کر کے ہر چیز کو بقید تعیین اس کے منسوبات پر تقسیم کیا جاتا ہے. ۶. انعام، سرکاری عطیات وغیرہ. ۷. مال کو بازار میں سپلائی کرنے کا کام. [ع].

تقسیم کار صف. (فلم سازی) فلم کی نمائش کرانے والا، فلم کو نمائش کے لیے تقسیم کرنے والا، انگ: Distributor. ۲. (تجارت) مال کو فروخت کے لیے بازار میں پھیلانے والا، دکانداروں تک مال پہنچانے والا (فرد یا ادارہ). ۳. (میکانیات) وہ پرزہ جو گیس یا کسی سیال وغیرہ کو تقسیم کر کے مختلف مقامات پر پہنچاتا ہے.

تقسیم کار اث. اہلیت اور صلاحیت کے لحاظ سے افراد میں کام بانٹنا.

تقسیم کرنا محاورہ. بانٹنا، حصہ لگانا.

۱. ترک دنیا، زہد، درویشانہ زندگی گزارنا. ۲. (طب) تپش آفتاب وغیرہ سے جلد کا سخت وسوختہ ہو جانا، انگ: sun burn. [ع].

تقشیر (فت ت، سک ق، ی مع) اث.
چھال اتارنا، چھلکا اتارنا، چھیلنا، پوست اتارنا، مقشر کرنا. [ع].

تقصیر (فت ت، سک ق، ی مع) اث، اند (قدیم).
۱. کوتاہی، قصور، خطا، گناہ، غلطی. ۲. (دکنی) وہ کلمہ جو بزرگوں سے کوئی بات کہنے سے پہلے بولا جاتا ہے یعنی قطع کلام یا گستاخی کا قصور معاف ہو. ۳. کمی، تساہل، سہو، چوک. ۵. عیب. [ع].

تقطُّع (فت ت، ق، شد ط بضم) اند.
(طب) وقفہ، وقت راحت، بخار کی دو نوبتوں کا درمیانی وقفہ، انگ: Intermission. [ع].

تقطیب (فت ت، سک ق، ی مع) اث.
(سائنس) مقناطیسی اثر پیدا کرنا، (مقناطیسی برقیات) قطبی میلان یا برقی کیفیت پیدا کرنا، انگ: polarisation. حرارت؛ روشنی وغیرہ کی شعاعوں پر ایسا اثر ڈالنا کہ ان کے دونوں سروں میں مختلف خاصیتیں پیدا ہو جائیں یعنی دو شعاعوں کے مخالف سرے یکساں خاصیت رکھتے ہوں. [ع].

تَقْطِیر (فت ت، سک ق، ی مع) است.
۱.قطرہ قطرہ ٹپکنا یا نکلنا، قطرہ قطرہ ٹپکانا .۲.(طب) کشید کرنا، عمل کشید؛ ٹپکاؤ سے صفائی .۳. پہلو میں یا کونے میں ڈال دینا؛ (مجازاً) پیسہ جمع کر کے رکھ دینا، تھوڑا تھوڑا کر کے مال جمع کرنا. [ع].

تَقْطِیری (فت ت، سک ق، ی مع) صف.
تقطیر سے منسوب، تراکیب میں مستعمل، قطرہ قطرہ ٹپکانا، کشید کرنا. [ع].

تقطیری کاغذ اند. (کیمیا) وہ کاغذ جس سے بعض کیمیاوی افعال کا پتہ چلاتے ہیں، وہ کاغذ جس کے ذریعے پانی وغیرہ کو صاف کیا جاتا ہے، انگ: Filter paper.

تَقْطِیع (فت ت، سک ق، ی مع) است.
۱.ٹکڑے ٹکڑے کرنا، قطع کرنا، کاٹنا .۲.(i) (طب) توڑنا، پھاڑنا. (ii) چیر پھاڑ کرنا، تجزیہ .۳.حروف تہجی (الف، بے، تے) کے وہ حصے جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھایا جاتا ہے نیز حروف کی وضع قطع یا حصے .۴. سینے اور جسم کی خوبصورتی، خوش وضعی .۵.(عروض) شعر کے اجزا کو بحر کے مقرر اجزا کے ساتھ برابر کر کے جانچنا یعنی بیت کے متحرک و ساکن حرفوں کو بحر کے متحرک و ساکن حرفوں کے مقابل کرنا، وزن کرنا. [ع].

تَقَلُّب (فت ت، ق، شد ل بضم) اند.
۱.الٹنا، تبدیلی، تغیر، منقلب ہونا، پلٹنا، لوٹ پوٹ ہونا، رخ بدلنا، مڑنا. ۲.(i) (حیاتیات) ارتقاء میں شکل بدلنا، قلب ماہیت. (ii) تبدیل نوع، انقلاب نوعی .۳.(نفسیات) دوسری شکل دے دینا، بدل دینا، کسی دوسرے کی شخصیت کا اثر قبول کر کے اپنی شخصیت کو بدل دینا .۴.(مجازاً) گردش، دور، چکر، انقلاب .۵.(ارضیات) دباؤ حرارت اور کیمیائی عمل وغیرہ کے تحت چٹانوں کی ساخت میں ہونے والی تبدیلی .۶.معاملات میں تصرف کرنا. [ع].

تَقْلِیب (فت ت، سک ق، ی مع) است.
۱.(لفظاً) الٹ پلٹ، تغیر و تبدل، فرق .۲.(طب) مریض کو کروٹ دلوانا، گھما دینا، پھرانا .۳.(منطق) دیے ہوئے قضیہ سے ایسا قضیہ حاصل کرنا جس کا موضوع دیے ہوئے قضیہ کے موضوع کا نقیض ہو. ۴.(نحو) الفاظ کا عکس ترتیب، جملے میں لفظوں کی ترتیب بدل دینا .۵.(i) (حیاتیات) (کیڑوں وغیرہ کا) روپ بدلنا. (ii) ایک نوع کا دوسری نوع بن جانا، شکل بدل جانا .۶.(ہندسہ) ایک شکل یا رقم کا مساوی مقدار یا دوسری شکل یا رقم میں بدلنا .۷.(کسی رائے یا مذہب وغیرہ کی) تبدیلی؛ تغیر؛ کھوٹا یا جھوٹا قرار دینا. [ع].

تَقْلِید (فت ت، سک ق، ی مع) است.
۱.پیروی، نقل، کسی کے قدم بہ قدم چلنا .۲.(قانون) جعل، فریب تلبیس .۳.(کوئی منصب یا خدمت وغیرہ) سونپ دینا .۴.(فقہ) کسی مجتہد یا فقہی مسلک کی پیروی کرنا یا اس کے احکام پر عمل کرنا. [ع].

تَقْلِیدانَہ (فت ت، سک ق، ی مع، فت ن) صف.
تقلیدی، پیروی کیا ہوا، کسی کی متابعت کیا ہوا.

تَقْلِیدی (فت ت، سک ق، ی مع) صف.
۱.تقلید سے منسوب، رواجی، نقل کیا ہوا .۲. بناوٹی، نقلی، جو اصل سے متعلق نہ ہو .۳.(قانون) جعلی، کھوٹا (سکہ وغیرہ).

تَقْوا (فت ت، سک ق) اند.
دیکھیے: تقویٰ

تَقْوا / تَقْویٰ (فت ت، سک ق، ابشل ی) اند.
۱. پرہیزگاری، پارسائی، خدا ترسی، اپنے آپ کو گناہ سے بچانا .۲.احتیاط پرہیزگاری میں مبالغہ کرنا. [ع].

تقویٰ کار صف. پرہیزگار، متقی، اللہ سے ڈرنے والا.

تقویٰ کرنا محاورہ. خدا کا خوف کرنا، پرہیزگاری اختیار کرنا. [ف].

تَقْوِیَت (فت ت، سک ق، کس و، فت ی) است.
۱. طاقت، زور، قوت دینا یا پہنچنا .۲.(مجازاً) تسکین، اطمینان، تسلی تشفی .۳.تائید، استحکام، مضبوطی؛ پشتی مدد. [ع].

تَقْوِیم (فت ت، سک ق، ی مع) است.
۱.(i) (نجوم) وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں، ستاروں کے مقامات اور گرہن وغیرہ کا بیان ہوتا ہے، پترا، جنتری. (ii) عام سالانہ جنتری، تعین تاریخ ماہ و سال کا کوئی بھی مروجہ نظام. (iii) وہ کتاب

جس سے دو یا زیادہ مروجہ نظام سالانہ کی تاریخ و سنین کی تعین و تطبیق کی جاسکتی ہو۔ (iv) وہ کتاب یا فہرست جس سے ایک شے کی دوسری شے سے مطابقت معلوم کی جاسکے جیسے ایک ملک کی کرنسی کو کسی دوسرے ملک کی کرنسی کی مطابقت میں ظاہر کرنا (Conversion Table)۔ ۲. درست رکھنا، سیدھا کرنا، قائم کرنا یا رکھنا، قیام۔ ۳. بنیاد، قوام، خمیر، مادہ، مزاج، جبلت و فطرت، احسن تقویم؛ تقویم احسن ساخت، بناوٹ۔ ۴. ترتیب دینا، مضبوط و مستحکم بنانا۔ ۵. تشکیل، اصلاح، درستگی۔ ۶. قیمت لگانا، اندازہ لگانا، تخمینہ کرنا، درجہ بندی کرنا۔ [ع]۔

تقویم احسن امث. قرآن پاک کی سورت والتین کی ایک آیت کی طرف اشارہ ہے یہاں تقویم کے لفظی معنی کسی چیز کے قوام اور بنیاد کو درست کرنے کے ہیں مراد یہ کہ اس (انسان) کی جبلت و فطرت کو بھی دوسری مخلوقات کے اعتبار سے دنیا کے سب جانداروں سے بہتر اور حسین بنایا گیا ساخت اور بناوٹ کے لحاظ سے بہترین سانچے میں ڈھالا، احسن تقویم۔

تقویم پار / پارینہ امث. ۱. بے کار، پرانا۔ ۲. پرانی جنتری۔ ۳. (مجازاً) وہ چیز جو کارآمد نہ ہو، پرانی، نکمی چیز، ردّی۔ ۴. (کنایۃً) بوڑھی عورت۔ ۵. (مجازاً) بھولے بسرے لوگ یا کہانی قصے، پرانی بات یا باتیں۔

تَقی (فت ت) صف.
پرہیزگار، خداترس۔ [ع]۔

تَقِیّہ (فت ت، ق، شدی بفت) امذ.
۱. خدا کا ڈر، پرہیزگاری، پارسائی، تقویٰ۔ ۲. ڈرنا، ڈر کر اپنا مذہب ظاہر نہ کرنا۔ ۳. وہ راز جو دل میں رکھا جائے اور کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے، وہ کام جس کے کرنے کو دل نہ چاہتا ہو مگر کسی کے خوف سے کیا جائے۔ ۴. (i) شیعوں کے عقیدے میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی کرنا۔ (ii) دل میں عداوت ظاہر میں دوستی کا اظہار، منافقت۔ [ع]۔

تَک (۱) (فت ت) امث.
بڑی ترازو جسے زمین پر نصب کرتے ہیں یا کسی چیز سے باندھ کر لٹکاتے ہیں۔ [س]۔

تَک (۲) (فت ت) حرف جار.
حروف مغیرہ میں سے ایک، حسب ذیل معنی میں مستعمل: ۱. (i) حد و انحصار کے لیے۔ (ii) زور و تاکید کے لیے، بھی۔ (iii) جگہ کی انتہا ظاہر کرنے کے لیے، قریب یا دور، پاس، نزدیک۔ [ار]۔

تَک (۳) (فت ت) امث.
(موسیقی) اوگھٹ الفاظ کا ساتواں لفظ۔

تَک (۴) (فت ت)۔
تکنا سے مشتق تراکیب میں مستعمل۔

تُک (ضم ت) امذ؛ امث.
۱. (i) قافیہ، سجع، اپنی طرف سے بنائی ہوئی بات، ژٹل۔ (ii) کسی شعر کا کوئی ٹکڑا، حصہ۔ ۲. موقع؛ قرینہ، قاعدہ۔ ۳. نسبت، مناسبت۔ ۴. ڈھنگ، سلیقہ، ڈھب۔ [س]۔

تُک بندی امث. ۱. (i) مقفّیٰ عبارت، تک سے تک ملانا۔ (ii) ژٹل قافیے ہانکنا، بکواس کرنا، بے تکے شعر کہنا۔

تُک کی بات امث. ڈھنگ کی بات، باموقع کلام۔

تِکّا (کس ت، شد ک) امذ؛ - تِکّہ.
لقمہ، ٹکڑا، گوشت کا پارچہ، گوشت کی لمبی بوٹی، چکی بوٹی۔ ۲. گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو بھون کر بنائے ہوئے کباب (جو عموماً سیخ میں پرو کر بھونے جاتے ہیں)۔ [ف]۔

تکا بوٹی کرنا محاورہ. ۱. ٹکڑے ٹکڑے کرنا، دھجیاں کرڈالنا۔ ۲. بانٹ لینا، تیا پانچا کرڈالنا۔ ۳. صرف میں لے آنا، اڑا ڈالنا۔

تُکّا (ضم ت، شد ک) (الف) امذ؛ - تُکّہ.
۱. وہ تیر جس میں پھال نہ ہو، ناوک، بان، بغیر پھل کا تیر۔ ۲. قیاس، انداز، انکل۔ ۳. (پتنگ بازی) تکل کا ٹھڈا یعنی تکل کے بیچ میں لگی ہوئی عمودی تیلی۔ ۴. (پاڑ) ٹیکن، پٹی (پاڑ کے عرض کی لکڑی) کے سہارے کی لکڑی جو اس کے نیچے بطور ٹیک کھڑی باندھی جاتی ہے۔ ۵. ٹیلا، بلند جگہ۔ (ب) صف. سیدھا، عمودی، عمودوار، جیسے: جب دیکھو تکا سی بیٹھی ہے۔ [ف]۔

تکا چلانا محاورہ. محض انکل سے کام لینا ، اندازہ اور قیاس پر حصر کرنا .

تکا لگانا محاورہ. قیاس آرائی کرنا ، انکل سے کام لینا ، تیر مارنا .

تَکاثُر (فت ت ، ضم ث) اند .

ا. (i) سبقت یا بازی لے جانے کے لیے جھگڑا کرنا ، کثرت مال و جنس میں ایک دوسرے کا مقابلہ ، افراط ، کثرت بہتات . (ii) مال و زر کی بہتات ، اولاد کی کثرت . [ع] .

تَکاثُف (فت ت ، ضم ث) اند .

ا. جماؤ ، گاڑھا پن ، دل دار ہونا ، موٹا ہونا .۲. (طب) جسم کا گھٹ جانا ، سکڑ جانا .۳. (طب) مسامات کا بند ہونا .۴. کثیف ہو جانا ، غلیظ ہوجانا ، کثافت پیدا ہونا . [ع] .

تَکافُل (فت ت ، ضم ف) اند .

کسی کے نان و نفقہ اور خبر گیری کا ذمہ دار ہونا ، کفیل ہونا ، کفالت کرنا . [ع] .

تَکافُو (فت ت ، و مع) اند .

ا. ہم مرتبہ ہونا ، ہمسر و ہمدوش ہونا ، ایک دوسرے کا کفو ہونا ، آپس میں برابر ہونا ؛ دو چیزوں کے درمیان ایسی نسبت کو اگر ان میں سے ایک عقل یا خارج میں پائی جائے تو دوسری کا پایا جانا بھی ضروری ہو اور جب ایک غائب ہو تو دوسرے کا غائب ہونا بھی ناگزیر ہو .۲. (علم بدیع) صنائع معنوی میں سے ایک صنعت : کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کے معنی آپس میں ایک دوسرے کے فی الجملہ ضد اور مقابل ہوں ، مترادفات : صنعت طباق ، صنعت تضاد ، مطابقت . [ع] .

تَکالیف (فت ت ، ی مع) است ؛ ج .

تکلیف کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ، مرض ، جسمانی شکایت ؛ رنج ، دکھ ، تکلیف .

تَکان (فت ت) است ؛ اند .

کسلمندی ، تھکن ، اعضا شکنی ، تھکاوٹ . [ف] .

تکان اُتارنا محاورہ. تھکن دور کرنا ، تازہ دم ہو جانا ، سستی دور کرنا .

تکان ہونا محاورہ. تھک جانا ، تھکاوٹ ہو جانا ؛ سستی ہونا .

تَکاوُ (فت ت ، سک و) است .

نالی جو پانی کی روانی سے پیدا ہو جائے نیز وہ زمین جو جزوی طور پر زیرِ آب اور کچھ سطح آب سے اوپر ہو . [ف] .

تَکاہُل (فت ت ، ضم ہ) اند .

کاہلی ، سستی . [ع] .

تَکَبُّر (فت ت ، ک ، شد ب بضم) اند .

ا. بڑائی ، گھمنڈ ، غرور ، شیخی ، اپنے آپ کو بڑا سمجھنا .۲. (تصوف) سالک کا اعمال سے بے اعتنائی کرنا یعنی پروا نہ کرنا . [ع] .

تکبر کرنا محاورہ. بڑائی دکھانا ، اترانا ؛ سبقت لے جانا .

تَکْبِیر (فت ت ، سک ک ، ی مع) است .

ا. (i) خدا کی بڑائی بیان کرنا ، اللہ اکبر کہنا . (ii) اذان ، اقامت ۲. بڑائی ، طاقت ، اضافہ ، بڑھوتری .۳. (قواعد) وہ کلمہ وغیرہ جس میں بڑائی کے معنی نکلتے ہوں .۴. بڑا ہونے یا ظاہر کرنے کی حالت کیفیت ، چوڑا چکلا پن .۵. بڑائی کا عمل ، بڑا پن ، بڑھت (کسی چیز کی ظاہری جسامت کو آلات کے ذریعے بڑھانا) . [ع] .

تکبیر اولیٰ است. وہ کلمے جن سے اذان شروع ہوتی ہے اور اقامت بھی (جماعت کے ساتھ) ، تکبیر تحریمہ .

تکبیر پڑھنا محاورہ. خدا کی بڑائی بیان کرنا ؛ اللہ اکبر کہنا ، ذبح کرتے وقت اللہ اکبر کہنا .

تکبیر تحریمہ است. نماز کی نیت باندھتے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہنا .

تکبیرۃ الاحرام است. تکبیر تحریمہ ، نماز کی نیت باندھتے وقت پہلی دفعہ ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہنا .

تِکْتِکانا (کس ت ، سک ک ، کس ت) محاورہ .

کھٹکھٹانا ، اُکسانا ، متوجہ کرنا .

تَکْثِیر (فت ت ، سک ک ، ی مع) است .

افزونی ، بڑھوتری ، افراط ، کثرت . [ع] .

تکثیر حاصل است. (معاشیات) مصنوعات کی مقدار بڑھنے کے تناسب سے مصارف کی نسبت کا گھٹنا یا سابق مصارف کی اسی مقدار سے بیشتر چیزوں کا تیار ہو سکنا .

تَکْثِیف (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
۱. گاڑھا کرنا ، میلا یا گدلا کرنا .۲. کسی خارجی عمل سے پانی کا گدلا یا گاڑھا ہو جانا .۳. (لفظاً) باہم اکٹھا ہونا ، (سائنس) مادی اشیا کا کسی عمل (تحریک وتہیج وغیرہ) سے یک جا ہو کر کسی خاص عمل کا سبب بن جانا .۴. (i) مادے کی شمولیت سے گاڑھا پن ، بخارات کا مائع بن جانا . (ii) بھاپ کا بوجہ برودت منجمد ہو جانا یا پانی بن جانا . (iii) بخارات کی بستگی ، بخارات کا بھاری یا بوجھل ہونے کا عمل . (iv) بخارات یا بھاپ کا ذاتی تپش سے کم تپش والی اشیا سے ٹکراؤ کی صورت میں کم ہونے یا مائع بن جانے کا عمل . [ع] .

تَکَدُّر (فت ت ، ک ، شد د بضم) امذ .
غبار آلودگی ، کدورت ، رنج ، مکدر ہونا ، میلا پن . [ع] .

تَکْذِیب (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
جھٹلانا ، غلط ٹھہرانا ، شدت سے انکار کرنا ، جھوٹ بولنے کا الزام لگانا . [ع] .

تَکْرار (فت ت ، سک ک) اسث : امذ .
۱. (i) بحث ، جھگڑا ، رد و کد ، حجت ، تو تو میں میں . (ii) قانونی نقطۂ نظر سے دلائل کے ساتھ ثبوت یا بحث . اف : بڑھانا / بڑھنا / رہنا / کرنا / کھنچنا / کھینچنا .۲. (i) اصرار ، تاکید ، بار بار کرنا ، اعادہ کرنا . (ii) بن کر بگڑنا ، بازگشت .۳. سبق وغیرہ کو دوبارہ پڑھنا ، اعادہ ، دہراؤ .۴. (بدیع) کسی قافیے یا مضمون یا مصرع کو دوبارہ لانا .۵. ضد ، ہٹ .۷. التجا ، درخواست . [ع] .

تکرار پڑنا . بحث ہونا ، جھگڑا ہونا .

تکرار چلنا محاورہ . بحث شروع ہونا .

تکرار لانا محاورہ . حجت کرنا ، رد و کد کرنا .

تَکْرِیر (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
تکرار ، مکرر کرنا ، مکرر لانا . [ع] .

تَکْرِیم (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
تعظیم ، اکرام ، اعزاز ، خاطر مدارات ، آؤ بھگت ، بزرگی . [ع] .

تَکْڑا (فت ت ، سک ک) صف مذ .
مضبوط ، موٹا تازہ ، طاقتور ، تگڑا . [س] .

تِکْڑا (کس ت ، فت ک) صف .
تین مصرعوں پر مشتمل صنف شعر ، تین بیتی ، وہ شعر جس پر ایک مصرعہ لگا کر تضمین کرتے ہیں ، مثلث .

تِکْڑَم (کس ت ، سک ک ، فت ڑ) اسث .
۱. جعل ، فریب .۲. ترکیب ، طریقہ ، تدبیر . اف : کرنا / لڑانا / لگانا . [س] .

تکڑم باز صف . جعل ساز ، چالاک ، ہوشیار ، دھوکے باز ، فریبی .

تَکْڑِی (فت ت ، سک ک) اسث .
ایک قسم کی گھاس جو ریتلی زمین میں بارہ مہینے خوب پیدا ہوتی ہے ، چررا ، بیگ . [مقامی] .

تِکَڑی (کس ت ، فت ک) اسث .
۱. تین گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جائیں .۲. تین آدمیوں کا اتفاق .۳. جس میں تین کڑیاں ہوں ، چارپائی وغیرہ کی وہ بنائی جس میں تین رسیاں ایک ساتھ ہوں ، تین لڑیوں والی .

تَکَسُّر (فت ت ، ک ، شد س بضم) امذ .
۱. ٹوٹ پھوٹ ، ٹوٹنے کا عمل .۲. (طب) بدن ٹوٹنا ، اعضا شکنی ، ایک حالت ہے جو تپ لرزہ چڑھنے سے پہلے عارض ہوتی ہے ، اس میں اعضا ٹوٹتے ہیں . (ii) (طب) ٹوٹ جانا (ہڈی وغیرہ کا) .۳. (حیاتیات) جسم کا کمزور ہو جانا ، ناتواں ہو جانا ، کمزوری واقع ہونا ، کام کی زیادتی سے جسم کی توانائی کا اخراج ہو کر کمزوری پیدا ہونا ، کمی واقع ہونے کا عمل .۴. (ریاضی) حساب میں حاصل آگے لے جانا ، حاصل گننا ؛ پرندے کا پروں کو اکٹھا کر لینا جب کہ بیٹھنے لگے . [ع] .

تَکْسِید (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
۱. ملے ہوئے اجزاء کی علیحدگی .۲. آکسیجن سے ملنے کا عمل ، آکسیجن سے مرکب ہونا .۳. زنگ آلود ہونا (جو آکسیجن کے عمل سے واقع ہوتا ہے) .
۴. میل کشی ، میل دور کرنا ، مختلف دھاتوں کو تپا کر ان کا میل دور کرنا .
۵. گھلنا ، تحلیل ہونا . [ع] .

تَکْسِیر (فت ت ، سک ک ، ی مع) اسث .
۱. توڑنا ، حصے حصے کرنا .۲. (تعویذ نویسی) کسی اسم کے عدد کو نقش کے

خانوں پر اس طرح تقسیم کرنا کہ ہر طرف سے برابر اتریں جدھر سے شمار کریں. ۳. جادو، سحر. ۴. (طب) (خون کے سرخ اجزا کے) توڑنے کا عمل. ۵. (ریاضی) حصوں میں بانٹنا، تقسیم کر دینا. ۶. گھٹانا، کم کرنا. [ع]

تَکَفُّل (فت ت، ک، شدف بضم) امذ.
۱. ذمہ داری، ضمانت، ضامن ہونا، پرورش، پرداخت، دیکھ بھال، کفالت. ۲. (قانون) ضامن اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا، ایک طرح کا ذمہ لینا ہے کہ فلاں واقعات ہوں گے یا نہ ہوں گے، اصل نقصان کا عوضانہ دینے کا اقرار ہے جو واقعات کے ہونے یا نہ ہونے پر پیدا ہوتا ہے، ایک معاہدہ. [ع].

تَکْفِیل (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
کفالت کرنا، ضمانت دینا. [ع].

تَکْفِین (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
کفن دینا، مردے کو کفن پہنانا (بیشتر تجہیز و تدفین کے ساتھ). [ع].

تُکَّل (ضم ت، شدک بفت) امث، امذ.
ایک قسم کا دو کانپوں والا پتنگ جس کا سر تکے سے اور پیٹا تیتری سے مشابہ ہوتا ہے، چھوٹا پتنگ، گڈی. اف: اڑانا / اڑنا / لڑانا / لڑنا. [س].

تَکْلا (فت ت، سک ک) امذ.
۱. چرخے کی آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت ککڑی بنتی جاتی ہے، دوک، تکوا. ۲. (سنگ تراشی) گاؤدم منھ اور چپٹی نوک کا انگلی کے مانند موٹا پتھر کاٹنے اور چھانٹنے کا آہنی اوزار. ۳. بٹیوں کی وہ دوک جس پر کلابتون بٹ بٹ کر چڑھاتے جاتے ہیں. ۴. وہ آہنی سلاخ جس سے پکوان نکالتے ہیں. ۵. پیچ چہ، سلاخ، نوکیلی سلاخ. ۶. (سائنس) کڑی یا کرم پیلہ میں تار یا جالا پرونے والا عضو. [س].

تِکَلّا (کس ت، فت ک، شدل) امذ.
(پتنگ بازی) وہ ڈور جو ہاتھ کا پنجہ کھول کر انگوٹھے اور چھنگیا پر لپیٹتے ہیں. [مقامی].

تَکَلُّف (فت ت، ک، شدل بضم) امذ.
۱. ایسی بات دکھانی جو اپنے میں نہ ہو، ظاہر داری، بناوٹ، نمود، نمائش. ۲. زحمت اٹھا کر کوئی کام کرنا، اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا، اہتمام، التزام. ۳. آرائش، بناؤ، سجاوٹ. ۴. ٹھاٹ باٹ، شان و شوکت. ۵. کمال، سلیقہ، خوبی، نزاکت. ۶. ہچکچاہٹ، جھجک، تامل. ۷. وہ برتاؤ جو حجاب یا کسی اور وجہ سے برتا جائے، بیگانگی، غیریت. اف: کرنا / ہونا. [ع].

تکلف آمیز صف. تکلف والا، پرتکلف، تکلفی.

تکلف برتنا محاورہ. مغائرت کا سا برتاؤ کرنا، غیریت برتنا، ظاہر داری برتنا، آرائش کا ایسا سامان کرنا جو سادگی کے خلاف ہو.

تکلف برطرف م ف. بغیر کسی تکلف کے، بے حجابی سے، خطا معاف صاف صاف.

تکلف میں ہے تکلیف سراسر فقرہ. تکلف میں ہمیشہ تکلیف ہوتی ہے

تَکَلُّفات (فت ت، ک، شدل بضم) امذ؛ ج.
تکلف کی جمع، اکثر بطور واحد بھی تراکیب میں مستعمل. [ع].

تَکَلُّفی (فت ت، ک، شدل بضم) صف.
تکلف سے منسوب، آرائشی، ٹھاٹ باٹ والا. [ع].

تَکَلُّم (فت ت، ک، شدل بضم) امذ.
۱. کلام، بولنا، بات کرنا. ۲. بات چیت، بول چال، روزمرہ. اف: کرنا / ہونا. [ع].

تَکْلی (فت ت، سک ک) امث.
۱. (سنگ تراشی) معمول سے چھوٹا تکلا جو نرم پتھر کی تراش کے کام آتا ہے. ۲. بٹیوں کی دوک جس پر کلابتو بٹ کر لپیٹتے جاتے ہیں (ii) تکلا معنی نمبر ۲ کی تصغیر نیز مجازاً. ۳. (پٹواگری) ڈورے بٹنے کا آنکڑے دار آہنی تکلے کی شکل کا اوزار جس میں ایک چوبی لٹو مع ایک نلی پڑا رہتا ہے، بلتی.

تَکْلے (فت ت، سک ک) امذ؛ ج.
تکلا کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل.

تکلے کا پیسہ / دمڑکا امذ. پیسے کے برابر ایک چھوٹا سا گول خشک کدو کے چھلکے یا سخت چمڑے کا ٹکڑا جس کو سوت کاتتے وقت تکلے میں پہنا دیا جاتا ہے تاکہ چندیا کا تاگا پیچھے کی طرف نہ جا سکے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تَکْلِیس (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
۱. چونا بنانا. ۲. (دوا سازی) کسی معدنی دوا کو جلا کر چونے کی مانند بنانا، انگ: کیلسی نیشن Calcunation، کشتہ بنانا. ۳. (فولاد سازی) کچ دھات کے تزکیہ و ترکیز کا ایک طریقہ اس میں کچ دھات کو کثرت ہوا کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے اس سے ترکیبی کاربن ڈائی آکسائیڈ نکل جاتی ہے اور کچ دھات کا کاربونیٹ کا حصہ آکسائیڈ میں تبدیل ہوجاتا ہے، کلسانا، کلسیانا. ۴. چونے میں بدلنے یا چونے کے نمکوں کی تہ جما کر سخت بنانے کا عمل. [ع].

تَکْلِیف (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
۱. (i) دکھ، رنج، مصیبت، زحمت، آفت. (ii) مرض، جسمانی شکایت، درد، بیماری؛ آزار. ۲. بندوں کے لیے خدا کے احکام، فریضہ یا فرض (شرع وغیرہ کا مقرر کیا ہوا). ۳. (i) فرمائش، ہدایت، تجویز. (ii) تحریک. ۴. تکلف، اہتمام. ۵. زحمت. [ع].

تکلیف اٹھانا محاورہ. مصیبت برداشت کرنا. ۲. زحمت گوارا کرنا.

تکلیف پہنچانا محاورہ. دکھ دینا، ایذا دینا، رنجیدہ کرنا.

تکلیف دہ صف. تکلیف دینے والا، دکھ پہنچانے والا، تکلیف والا.

تکلیف دینا محاورہ. ۱. دکھ دینا، ایذا پہنچانا، ستانا. ۲. زحمت دینا. ۳. ترغیب دینا، تحریک دینا، کوئی کام ذمے لگانا. ۴. فرض عائد کرنا، فریضہ قرار دینا، مکلّف بنانا.

تکلیف سہارنا محاورہ. مصیبت برداشت کرنا، دکھ اٹھانا.

تکلیف فرمانا محاورہ. (آنے کی) زحمت گوارا کرنا، آنا.

تکلیف کرنا محاورہ. دیکھیے: تکلیف فرمانا، آنا.

تَکْمِلَہ (فت ت، سک ک، کس م، فت ل) امذ.
۱. تتمہ، ضمیمہ، (کتاب وغیرہ کا) وہ حصہ جس سے اس کی تکمیل ہو جائے. ۲. کمال. ۳. تکمیل، اتمام، کامل کرنا، پورا کرنا. ۴. (ریاضی) لامتناہی سلسلے کا مجموعہ. [ع].

تُکْمَہ (ضم ت، سک ک، فت م) امذ.
۱. گھنڈی، بٹن. ۲. وہ حلقہ جس سے گھنڈی پھنسائی جاتی ہے، کاج. ۳. وہ تسمہ یا بکلس جو پاپوش میں لگا ہو. ۴. کبوتروں کا مرض جس میں آنکھ میں سخت دانے نکل آتے ہیں؛ گومڑ، گانٹھ. [ف].

تَکْمِیل (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
۱. کامل کرنا، پورا کرنا، کمال کو پہنچانا، مکمل کرنا، تمام کرنا. ۲. (ریاضی) دیکھیے: تکملہ. [ع].

تکمیل پانا محاورہ. مکمل ہونا، پورا ہونا.

تکمیل کو پہنچانا محاورہ. مکمل کرنا، پورا کرنا، انجام کو پہنچانا.

تَکْنا (فت ت، سک ک) ف م.
۱. بغور دیکھنا، گھورنا، ٹکٹکی باندھنا، دیکھنا. ۲. (راہ وغیرہ کے ساتھ) مسلسل انتظار میں دیکھتے رہنا، انتظار کرنا. ۳. آسرا رکھنا، امید رکھنا، آس لگانا (منہ وغیرہ کے ساتھ). ۴. (موقع کی) تاک میں رہنا. ۵. بری نظر یا نیت سے دیکھنا. (نیت بد سے) دیکھنا، (پر) دانت رکھنا، (فعل بد کے لیے تلاش کرنا، تاڑنا. ۶. قبول کر لینا، اختیار کرنا، منظور کرنا. [س].

تِکْنِیک (فت نیز کس ج ت، سک ک، ی مع) امث.
فن، اصول فن، طریق کار، فنی قابلیت. [فر].

تِکْنِیکی (کس ج ت، سک ک، ی مع) صف.
فنی، کسی خاص فن علم یا صنعت سے متعلق، ہنرمندی، انگ: Technicat.

تِکُولی (کس ت، و ج) امث.
کھٹ بنوں کا بان اور رسی بٹنے کی چرخی کی وضع کا اوزار، بان بٹ، اینٹھا، ڈھیرا، رسی بٹ. [مقامی].

تِکُون (کس ت، و ج) صف؛ امث.
مثلث، تین کونے والا، سہ گوشہ. [س].

تِکُونا (کس ت، و ج) (الف) صف مذ.
مثلث، تین کونے والا، سہ گوشہ. (ب) امذ. سموسا. [س].

تَکْوِین (فت ت، سک ک، ی مع) امث.
پیدا کرنا، وجود میں لانا، تخلیق کرنا، پیدائش، تخلیق. [ع].

تَکْوِینی (فت ت، سک ک، ی مع) صف.
تکوین سے منسوب، پیدا کرنا، تخلیق کرنا.

تِکّہ (کس ت، شد ک) اند.
دیکھیے: تکا مع تا: لقمہ، ٹکڑا، گوشت کی لمبی پتلی بوٹی جو سیخ میں پرو کر بھونی جاتی ہے.

تُکّہ (ضم ت، شد ک بفت) اند.
دیکھیے: تکا، تیر، قیاس، اٹکل.

تِکّے (کس ت، شد ک) اند: ج.
تکا کی جمع یا مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل.
تکے لگانا ف مر: محاورہ. ۱. کباب لگانا، کباب بنانا. ۲. ستانا، جلانا، چھیڑنا، مرچیں لگانا.

تُکّے (ضم ت، شد ک) اند: ج.
تکا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل: تیر، قیاس، انداز.
تکے لگانا محاورہ. تکا چلانا، محض اٹکل سے کام لینا، اندازے اور قیاس پر حصر کرنا.

تَکْیَہ (فت ت، سک ک، فت ی) اند.
۱. پہلو یا پائنتی میں رکھنے کی چیز جو عموماً مستطیل وضع کے کپڑے کے غلاف میں روئی یا پر یا کوئی اور نرم چیز بھر کر تیار کی جاتی ہے اور سر وغیرہ کے نیچے رکھی جاتی ہے. ۲. بھروسا، اعتماد، توکل. ۳. سہارا، ٹیک، ٹیکا. ۴. فقیروں اور آزادوں کا مسکن، درویشوں کے رہنے کی جگہ، گھر، ٹھکانا. ۵. قبر، مزار، گورستان، قبرستان. ۶. علاقہ؛ کسی چیز کی بہتات کی جگہ، رہنے یا پیدا ہونے کا مخصوص علاقہ. ۷. امدادی فوج، کمک. ۸. آرام کرنے کی جگہ. ۹. (نجاری) محراب میں ڈاٹ کے مرکز پر نیم دائرے کی شکل کا بنا ہوا حصہ جس میں گزوں کے نچلے سرے جڑے رہتے ہیں. ۱۰. (نجاری) کرسی تخت اور مسہری میں کمر لگا کر بیٹھنے کو بنی ہوئی ٹیک. [ف]
تکیہ باندھنا محاورہ. ۱. تکیہ کرنا، تکیہ لگانا، رہائش اختیار کرنا. ۲. بھروسا کرنا.
تکیہ دینا محاورہ. ۱. سہارا دینا، کسی چیز کے لیے ٹیک لگانا. ۲. سہارا لینا، تکیہ لگانا. ۳. آؤ بھگت کرنا.
تکیۂ فن اند. نظم و نثر میں کسی مخصوص اسلوب فن یا مخصوص الفاظ و تراکیب یا مخصوص فقروں کے استعمال کی عادت پڑ جانا.
تکیہ کرنا محاورہ. ۱. اعتماد کرنا، بھروسہ کرنا. ۲. بیٹھ رہنا؛ ٹیک لگانا، کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا؛ آرام کرنا، ستانا. ۳. تکیہ بنانا، (کوئی چیز) سرہانے رکھنا. ۴. امید رکھنا، آس رکھنا. ۵. سہارا لینا.
تکیۂ کلام اند. بولتے میں سہارے کے لیے کسی لفظ یا جملے کے بار بار کہنے کی عادت یعنی گفتگو میں جہاں کہیں رکتے ہیں تو وہ لفظ یا جملہ بلا ارادہ زبان سے نکل جاتا ہے، کوئی بھی بات یا جملہ جسے دوران گفتگو بلا ارادہ بار بار دہرایا جاتا ہو.
تکیہ لگانا ف مر: محاورہ. ۱. کسی چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا. ۲. بھروسا کرنا، اعتماد کرنا. ۳. آس لگانا، امید رکھنا.
تکیے کا کتا صف. اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہے.

تَگ (فت ت) اسث.
۱. دوڑ، تیز رفتاری، بھاگنا. ۲. (دریا، کنویں یا حوض وغیرہ کی) تھاہ، تہ. [ف]
تگ و تاز اسث. ۱. جولانی، تیزی، اُچھل کود. ۲. (مجازاً) جد و جہد، کوشش، دوڑ دھوپ. ۳. (مجازاً) یلغار، چڑھائی، حملہ. [ف].
تگ و دو اسث. دوڑ دھوپ، کوشش و جستجو، سعی، محنت، مشقت.

تَگْڑ (فت ت، گ) اند.
دھات کی چادر یا ورق؛ تمغہ؛ ڈھال پر نشان. [س].

تَگْڑا (فت ت، سک گ) صف مذ.
ہاتھ پانو سے مضبوط، تنومند، موٹا تازہ، قوی، طاقتور، فربہ. [س].

تِگْڑَم (کس ت، سک گ، فت ڑ) اسث.
دھوکا دہی، چالاکی، چال بازی، جوڑ توڑ. اف: کرنا/لڑانا/لگانا. [س].

تَگْڑی (فت ت، سک گ) اسث.
۱. دیکھیے: تگڑا کی تانیث، ہاتھ پاؤں سے مضبوط، فربہ. ۲. زنجیر کی قسم کا ایک زیور.

تِگُنا (کس ت، سک نیز ضم گ) صف مذ.
تین گنا، سہ چند. [س].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تِگنی (کس ت، سک نیز ضم گ) صف مث.
دیکھیے: تگنا کی تانیث، تین گنا.

تگنی کا ناچ اند. وہ تیز ناچ جو اصل رفتار سے تگنی رفتار پر کیا جائے.

تگنی کا ناچ نچانا/نچوانا محاورہ. پریشان کرنا، ناک میں دم کر دینا.

تِگّی (کس ت، شد گ) است.
تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوں.

تَل (۱) (فت ت) اند.
تلے، نیچے.

تل پٹ م ف. دیکھیے: تلپٹ، تباہ، تہ و بالا؛ الٹا یا اوندھا ہونا.

تل پھل صف.
بے چین، مضطرب، بے قرار.

تل چھٹ است.
دیکھیے: تہ نشین، وہ چیز جو کسی برتن کی تہ میں بیٹھ جائے.

تَل (۲) (فت ت) اند.
پہاڑ، ٹیلا، اونچی سطح والی زمین، کھنڈرات کا ڈھیر. [ع].

تِل (کس ت) اند.
۱. ایک قسم کا تخم جس سے تیل نکالا جاتا ہے اسے لوگ کھانے کے کام میں لاتے ہیں اور اس کے تیل کو بھی مختلف طریقوں سے استعمال کرتے ہیں. ۲. وہ نقطہ جو عموماً سیاہ رنگ کا آنکھ کی پتلی کے بیچوں بیچ ہوتا ہے. ۳. (i) چہرے بالخصوص گال پر سیاہ نشان، خال. (ii) کالے رنگ کا چھوٹا داغ جو جسم پر ہوتا ہے اس کے فرق اور جگہ کی مناسبت سے اس کے بارے میں نتیجے اخذ کیے جاتے ہیں. ۴. وہ نقطہ جہاں سورج کی کرنیں آتشی شیشے میں سے گزر کر جمع ہوتی ہیں. ۵. (i) لمحہ، دقیقہ، پل. (ii) تل کے برابر جگہ، بہت تھوڑی جگہ. (iii) ذرہ، تھوڑی سی چیز، کسی چیز کی بہت ہی کم مقدار. ۶. درمیانی نقطہ جو کسی نگ میں نوک دار اور چپٹا ہوتا ہے. [س].

تل برابر صف؛ م ف. فاصلہ، وزن، مقدار، اور کیفیت ظاہر کرنے کے لیے) ذرا سا، رتی بھر، ذرہ بھر، مقدار قلیل، رائی بھر، رائی برابر.

تل بنانا محاورہ. نظر بد سے بچنے یا زیبائش کے لیے چہرے پر کسی جگہ کاجل یا سرمے سے نشان بنانا، کاجل کی بندی لگانا.

تل بھر (برابر) جگہ نہ ہونا محاورہ. ذرا سی بھی گنجائش نہ ہونا، انتہائی ہجوم ہونا.

تل تل است. ۱. ہر لمحہ، ہر لحظہ، ہر گھڑی. ۲. (i) تھوڑا تھوڑا، ذرا ذرا، کم کم، آہستہ آہستہ. (ii) سب کا سب، بڑی تفصیل کے ساتھ، رتی رتی بھر.

تل دھرنے (...رکھنے) کی (کو) جا (...جاگا، جاگہ/ جگہ (نہیں) کہاوت. تھوڑی سی گنجائش، ذرا سی جگہ، ایسا بھر گیا ہے کہ جگہ نہیں، کچھ بھی خالی جگہ نہیں.

تل رہے تو تیل نکلے کہاوت. اصل چیز ہونی چاہیے سب کام ہو جاتے ہیں، روپیہ ہونا چاہیے.

تل کا پہاڑ بننا محاورہ. دیکھیے: بات کا بتنگڑ بننا، ذرا سی بات کا بہت بڑا بن جانا.

تل لگانا محاورہ. دیکھیے: تل بنانا، نظر بد یا زیبائش کے لیے کاجل سے تل بنانا.

تُل (ضم ت) (الف) صف.
یکساں، برابر (مرکبات میں مستعمل) جیسے تل بیٹھنا. (ب) است. ۱. ترازو (قدیم). ۲. ایک پلے خود بیٹھ کر اور دوسرے میں خیرات کے لیے سونا چاندی یا کوئی اور شے ہم وزن رکھ کر تلنے کی رسم. ۳. بہت زیادہ دھت، چور. ۴. تلنا کا، امر، وزن کرنا. [س].

تل پڑنا محاورہ. کسی کام پر پوری طرح متوجہ یا تیار ہو جانا، آمادہ ہو جانا.

تَلا (فت ت) اند.
۱. (i) کسی برتن وغیرہ کا نچلا حصہ تہہ، پیندا. (ii) وہ مٹی جو ہانڈی یا پتیلیوں وغیرہ کے پیندے پر چڑھائی جاتی ہے. ۲. جوتی کے نیچے کا حصہ جو زمین سے لگتا ہے، سول. ۳. تلوا. [س].

تِلا اند.
دیکھیے: "طلا" جو صحیح ہے، سونا؛ ملمع.

تُلا (۱) (ضم ت) است.
۱. ترازو، کانٹا، تلنے کی رسم. ۲. (نجوم) برج میزان، ساتویں راس. ۳. توازن قائم رکھنے میں قوتوں کا ایک نظام. [س].

تلا دان اند. خیرات جو کسی شخص کے ہم وزن دی جائے (ایک رسم جس میں کسی شخص کو ترازو کے ایک طرف بٹھا کر اور دوسرے پلڑے میں سونا چاندی یا غلہ وغیرہ رکھ کر تولتے ہیں اور پھر خیرات کرتے ہیں، یہ دستور عموماً بادشاہوں اور راجاؤں میں رہا ہے).

تُلا (۲) (ضم ت) صف مذ.
تلنا کا حالیہ تمام، کسی کام پر آمادہ ہونا، تیار، ٹھانا، آمادہ. [س].
تلا بیٹھا ہونا محاورہ. کوئی کام کرنے کے لیے آمادہ و تیار ہونا.
تلا رہنا محاورہ. ۱. تیار رہنا، آمادہ رہنا. ۲. متوازن رہنا، برابر رہنا.
تلا ہونا محاورہ. ۱. (کسی کام کے کرنے پر) آمادہ ہونا، تیار ہونا. ۲. ضد کرنا، مصر ہونا، آمادہ ہونا.

تِلاّ (کس ت، شد ل) اند.
۱. سنہری تار، گوٹا کناری وغیرہ. ۲. پگڑی کے طلائی سرے. ۳. سونے کا دھاگا یا تار؛ طلائی کام؛ سنہری جھالر.

تَلا دانی (فت ت) است.
دیکھیے: تلا کا تحتی، رک: تلے دانی.

تَلازُم (فت ت، ضم ز) اند.
۱. وابستگی، باہم لازم ہونا، ضروری ہونا.

تَلازِمَہ (فت ت، کس ز، فت م) اند.
۱. کسی مضمون کی رعایت سے الفاظ کا استعمال جو صنعت شعری میں داخل ہے، رعایت لفظی. ۲. لازم ہونے والی بات، لازمی حصہ. [ع].

تَلاش (فت ت) است؛ اند (قدیم).
۱. کھوج، سراغ، ڈھونڈنا، سعی، جستجو. ۲. آرزو، خواہش، طلب. ۳. (ادب) تحقیق، کرید، کوشش.
تلاش معاش است. روزی یا نوکری کی تلاش، رزق کی جستجو.

تَلاشی (فت ت) (الف) صف.
۱. تلاش کرنے والا، ڈھونڈنے والا، متلاشی. ۲. طالب، آرزو مند.
(ب) است. ۱. کسی پوشیدہ یا گم شدہ چیز کی جستجو میں، پڑتال، دیکھ بھال. ۲. ڈھونڈنا. ۳. (i) مال مسروقہ یا چھپائی ہوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کسی شخص کی جیبیں ٹٹولنا، جامہ تلاشی، جھاڑا. (ii) (قانون) چوری کا مال یا خلاف قانون شے برآمد کرنے کے لیے کسی کے مکان کی پڑتال کرنا، خانہ تلاشی. (iii) (قانون) کسی شخص کے لیے مکان کی پڑتال یا علاقے میں جستجو.

تَلاطُم (فت ت، ضم ط) اند.
۱. شدت سے موجوں کا اٹھنا اور آپس میں ٹکرانا، پانی کے تھپیڑے، طوفان، موجوں کا زور، لہریں. ۲. (مجازاً) ہلچل، ہنگامہ. ۳. جوش و خروش، ولولہ، اُمنگ، ترنگ. ۴. بے چینی، پریشانی، مصیبت زدگی. ۵. نغمات کا زیر و بم، آواز کا ٹکراؤ. [ع].
تلاطم میں لانا محاورہ. تہ و بالا کر دینا، طوفان بپا کرنا.

تَلافی (فت ت) است.
۱. (کسی نقصان یا کمی وغیرہ کا) عوض، بدل، تدارک. ۲. مکافات، پاداش. [ع].

تَلامِذَہ (فت ت، کس م، فت ذ) اند؛ ج.
تلمیذ کی جمع، طالب علم، شاگرد. [ع].

تَلامیذ (فت ت، ی مع) اند؛ ج.
دیکھیے: تلامذہ جس کی یہ جمع ہے، طالب علم، شاگرد. [س].

تَلانا (فت ت) ف م.
تلنا کا تعدیہ، تیل میں کوئی چیز پکانا. [ار].

تُلانا (ضم ت) ف م.
تولنا کی تعدیہ، تلوانا، وزن کرانا. [ار].

تَلاؤ (فت ت) اند.
۱. تالاب، تال، پوکھر، حوض. ۲. (رنگائی) نیل کی کوٹھی (نیل تیار کرنے کا حوض) کے پانی کا خزانہ. [س].

تِلاوَت (کس ت، فت و) است؛ اند.
۱. تلاوت کے اصلی معنی ہیں کسی چیز کے پیچھے پیچھے لگے آنا. ۲. (i) کلام الٰہی کی قرأت، (عموماً) قرآن شریف کا آواز سے پڑھنا (ii) آسمانی صحف و کتب کا پڑھنا یا مطالعہ کرنا. ۳. پڑھنا، مطالعہ کرنا ۴. (مجازاً) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا، بغور دیکھنا، احترام کی نظر سے دیکھنا [ع].

تِلْمِلا (کس ت، سک ل، کس م) امذ.
تملانا، بےچین ہونا، تڑپنا، مغموم ہونا، بیقرار ہونا، بے خبر ہونا سے (مرکبات وغیرہ میں مستعمل).
تلملا اُٹھنا محاورہ. یکا یک تڑپ جانا، یکا یک بیتاب یا بے چین ہوجانا.
تلملا جانا محاورہ. بے چین ہوجانا، بے تاب ہو جانا، تڑپ جانا.

تِلْمِلانا (کس ت، سک ل، کس م) ف ل.
۱. تڑپنا، بے قرار ہونا، بے چین ہونا. ۲. پیچ و تاب کھانا. ۳. گھبرانا، پریشان ہونا، جلد بازی کرنا. [س].

تِلْمِلاہَٹ (کس ت، سک ل، کس م، فت ہ) است.
بے چینی، بے قراری، تڑپ.

تَلْمِیح (فت ت، سک ل، ی مع) است.
۱. (علم بیان) کلام نظم یا نثر میں کسی مشہور مسئلے حدیث آیت قرانی یا قصے یا مثل یا کسی اصطلاح علمی وفنی وغیرہ کی طرف اشارہ کرنا جس کو سمجھے بغیر مطلب واضح نہ ہو. ۲. اشارہ، کنایۃً. ۳. (نفسیات) شہوت انگیز یا گندے خیالات پیدا کرنا، (انگ Suggestion). [ع].

تَلْمِیحی (فت ت، سک ل، ی مع) صف.
تلمیح سے منسوب.

تِلْمِیذ (فت نیز کس ت، سک ل، ی مع) امذ.
شاگرد، چیلا. [ع].

تَلْمِیع (فت ت، سک ل، ی مع) است.
۱. اصلیت چھپانے کے لیے رنگ وغیرہ پھیرنا؛ (مجازاً) ملمع کاری، دھوکا. ۲. ملمع سازی. ۳. (بدیع) کلام میں مختلف زبانوں کو جمع کرنا، اگر ایک شعر ہو تو اس میں اور زبانیں اور خمسہ یا غزل وغیرہ ہو تو ایک شعر اُردو میں اور دوسرا فارسی یا عربی وغیرہ میں. ۴. گھوڑے کے جسم پر ان دھبوں یا داغوں کو کہتے ہیں جو اس کے رنگ سے مخالف ہوں. [ع].

تَلْنا (فت ت، سک ل) ف م.
کڑھائی وغیرہ میں گھی یا تیل گرم کر کے کچھ پکانا. [س].

تُلْنا (ضم ت، سک ل) ف ل.
۱. وزن کیا جانا. ۲. جانچا جانا، پرکھا جانا. ۳. ہموزن ہونا، برابر ہونا، متوازن ہونا. ۴. (i) کسی کام پر آمادہ ہونا، مستعد ہونا. (ii) ٹوٹ پڑنا، حملہ آور ہونا، مقابلے میں آنا، آمادہ ہونا / ہو جانا. ۵. (کنایۃً) غرور کرنا. ۶. چکی کے دندانوں کو کھردرا کرنا. [س].

تِلَنْگ (کس ت، فت ل، غنہ) است.
تلنگانہ کی زبان، تلگو. [س].

تِلَنْگا (کس ت، فت ل، غنہ) امذ.
۱. انگریزی فوج کا باوردی سپاہی. ۲. ایک قسم کا کنکوا. ۳. بدتہذیب. [س].

تَلْوا (فت ت، سک ل) امذ.
پانو کے نیچے کا حصہ جو ایڑی سے پنجے تک ہوتا ہے، کف پا. [س].
تلوا کھجانا / کھجلانا محاورہ. تلوے میں کھجلی ہونا جسے سفر در پیش آنے کا شگون سمجھا جاتا ہے؛ علامت سفر ظاہر ہونا.
تلوا لگانا محاورہ. جمنا، جی لگانا، پانو جمانا، مستعد ہو کر کوئی کام کرنا.
تلوا نہ ٹکنا / لگنا محاورہ. ایک جہ جم کر نہ بیٹھنا.

تَلْوار (فت ت، سک ل) است.
کاٹنے اور مارنے کا ایک دھار دار آہنی ہتھیار جس کی شکل عموماً ہلالی ہوتی ہے اور ایک سرے پر قبضہ ہوتا ہے تلوار تقریباً گز سوا گز یا اس سے بھی زیادہ لمبی ہوتی ہے، تیغ، سیف، شمشیر، حسام، کھانڈا، کھڑک.
اف: پڑنا / جڑنا / چلانا / چلنا / لگانا / لگنا / لہرانا / مارنا. [س].
تلوار اُٹھانا محاورہ. جنگ کے لیے آمادہ ہونا، جنگ کرنا.
تلوار پھینک دینا / پھینکنا محاورہ. ہتھیار ڈال دینا، جنگ سے باز آنا؛ اطاعت کرنا.
تلوار سونتنا / سونتنا محاورہ. تلوار کھینچنا، آمادۂ جنگ یا قتل ہونا.
تلوار کا دھنی صف. بہت لڑنے والا، بہت بہادر، شجاع، تلوار چلانے کے فن کا ماہر.
تلوار کا گھاؤ بھرتا ہے بات کا گھاؤ نہیں بھرتا کہاوت. سخت طعنہ ناگوار گزرتا ہے.

تلوار کی دھار امث. (لفظاً) تلوار کی تیزی، تلوار کا تیز حصہ جس پر دھار ہوتی ہے؛ (مجازاً) خطرہ، جوکھوں؛ جنگ و جدل.

تلوار کی دھار ہو چلنا محاورہ. جان جوکھوں میں ڈالنا، خطرہ مول لینا، خطرے سے گزرنا.

تلوار کھینچنا محاورہ. تلوار میان سے نکالنا، کسی کو قتل کرنے کے ارادہ سے تلوار نکالنا یا اٹھانا، آمادۂ جنگ ہونا (پہ یا پڑ کے ساتھ).

تلوار گری ہو جا بھری کہاوت. ریاست بے سیاست نہیں ہوتی، حاکم کی بزدلی سے رعایا باغی ہو جاتی ہے.

تلوار مارے ایک بار احسان مارے بار بار کہاوت. احسان کی شرمندگی بہت زیادہ ہوتی ہے، شریف کے لیے احسان کا بوجھ تلوار سے بھی سخت ہے.

تلواروں کی چھانو/ چھاؤں میں م ف. ۱. پوری حفاظت میں، نہایت احتیاط و حفاظت کے ساتھ، پناہ میں. ۲. تلواروں کی حراست میں، جان جوکھوں میں ڈال کر؛ جنگ و جدل میں.

تَلوانا (فت ت، سک ل) ف م.
تلنا کا تعدیہ. [س].

تُلوانا (ضم ت، سک ل) ف م.
تولنا کا تعدیہ. [س].

تُلوائی (ضم ت، سک ل) امث.
تلوانے کا عمل، تولنے کی اجرت. [س].

تِلوری (کس ت، ولین) امث.
ایک خوش آواز چڑیا. [س].

تِلوں (کس ت، وغ) امذ؛ ج.
تل کی جمع تراکیب میں مستعمل.

تلوں میں تیل نہ ہونا محاورہ. مروت نہ ہونا، محبت نہ ہونا.

تلوں میں سے تیل نکالنا محاورہ. قلیل یافت سے خرچ پورا کرنا، کفایت سے کام لینا، پورا ڈالنا، کام چلانا، (مجازاً) سخت محنت یا مشقت کرنا.

تَلَوُّن (فت ت، ل، شد و بضم) امذ.
۱. (لفظاً) رنگینی، سفیدی کے علاوہ کسی رنگ سے رنگین ہونا. ۲. (مجازاً) تنوع، رنگا رنگی. ۳. تغیر پذیری، برابر بدلتے رہنا، ایک حالت پر قائم نہ رہنا، گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ ہونا، عدم استقلال. ۴. (بدیع) ایک شعر کا دو یا دو سے زیادہ وزنوں (بحروں) میں ہونا. ۵. کسی تحریر یا مضمون میں یکسانیت برقرار نہ ہونا، ایک حالت یا بات پر قائم نہ رہنا. ۶. چنچل پن، چھچھورپن، اوچھا پن. ۷. تبدیلی، رنگا رنگی، تغیر. [ع].

تلون مزاج صف. غیر مستقل مزاج، جس کی طبیعت ایک حالت پر قائم نہ رہے، جلد بدل جانے والا.

تلون مزاجی امث. غیر مستقل مزاجی، بے استقلالی.

تَلووں (فت ت، سک ل، وغ) امذ.
دیکھیے: "تلوا" جس کی یہ جمع ہے. [س].

تلووں سے آگ لگنا محاورہ. تلووں سے لگنا، رشک یا حسد سے جل بھن جانا، تن بدن میں آگ لگ جانا، انتہائی غیظ و غضب میں آنا.

تلووں سے لگنا چوٹی سر (دماغ) میں (جاکے) بجھنا محاورہ. غصے سے آگ بگولا ہو جانا، برافروختہ ہو جانا.

تَلوے (فت ت، سک ل) امذ؛ ج.
تلوا کی جمع تراکیب میں مستعمل. [س].

تلوے جلنا محاورہ. (تلووں میں) سوزش ہونا، آگ سی نکلنا، (کسی جگہ) جانے کے لیے بے چین ہونا.

تلوے چاٹنا محاورہ. تلوے سہلانا؛ رعب یا دبدبہ ماننا، چاپلوسی کرنا بہت خوشامد کرنا، للو پتو کرنا.

تلوے دھو (دھو) کے (کر) پینا محاورہ. ۱. دیکھیے: پانو دھو دھو کر پینا ۲. (مجازاً) کمال اطاعت کرنا، بیحد قدر و منزلت کرنا.

تلوے سہلانا محاورہ. ۱. پانو سہلانا، تلووں کی مالش کرنا. ۲. (مجازاً) خوشامد درآمد کرنا، چاپلوسی کرنا. ۳. بہلانا، پھسلانا، دلاسا دینا.

تلوے گرم کرنا محاورہ. رشوت دینا، مٹھی گرم کرنا.

تلوے میں عقل ہونا محاورہ. بے وقوف ہونا، کم عقل ہونا.

تَلوین (فت ت، سک ل، ی مع) امث.
۱. رنگ دینا، رنگنا. ۲. (ا) (تصوف) سالک کی ایک حال سے دوسرے حال یا ایک وصف سے دوسرے بالاتر وصف کی جانب ترقی

(ii) (تصوف) تکوین سے مراد رتبۂ عاشقی ہے اور تمکین سے مرتبۂ معشوقی. [ع].

تَلَہ (فت ت، ل) اند.

۱. دیکھیے: تلا، جوتے کا نچلا حصہ، سول. ۲. نیچے. [س].

تِلّہ (کس ت، فت نیز شد ل) اند.

تِلا، سونے کا تار. [س].

تلہ دار صف. کپڑا جس پر طلائی کام ہو یا سنہری گوٹا اور پلو لگا ہو.

تَلی (فت ت) است.

۱. تلا کی تانیث، تہہ میں، نیچے. ۲. دامن کوہ، گھاٹی. ۳. جوتے کا تلا. ۴. پیر کے نیچے، ایڑی اور پنجے کا درمیانی حصہ جو زمین کے رخ رہتا ہے، تلوا. ۵. تلچھٹ، گاد، تہ نشین (شاذ). [س].

تُلی (ضم ت) است، صف.

چھوٹی ترازو.

تلی ہوئی بات است. جانچی ہوئی بات، پرکھی ہوئی بات، ٹھیک ٹھیک بات، بالکل صحیح بات، ایسی بات جس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو.

تِلّی (۱) (کس ت، شد ل) است.

سیاہی مائل نرم گدگدا عضو جو جوف شکم میں بائیں جانب پسلیوں اور معدے کے درمیان ہوتا ہے، پلہی، طحال. [س].

تِلّی (۲) (کس ت، شد ل) است.

تل کی تصغیر و تانیث، تل کی ایک قسم جس کا تیل استعمال ہوتا ہے اور جسے عموماً دھوئی تلی بھی کہتے ہیں. [س].

تلی کا تیل اند. میٹھا تیل، روغن کنجد.

تَلے (فت ت) ظرف.

۱. نیچے (اوپر کی ضد)، زیر. ۲. بائیں، نشیب کی جانب. ۳. متاخر، بعد کو، نچلے، چھوٹے درجے پر (رشتہ وغیرہ میں). ۴. ماتحت. ۵. سامنے (نظروں کے)، زیر نگرانی. [س].

تلے اوپر صف؛ م ف. ۱. لگاتار، پے در پے، یکے بعد دیگرے، متواتر. ۲. (i) زیر و زبر، زیر و بالا. (iii) ایک کے اوپر ایک، اوپر نیچے. ۳. تہ بہ تہ. ۴. اوپر سے نیچے تک، (مراد) مکمل، پوری طرح. ۵. دیکھیے: اوپر تلے، تہ و بالا، گڈمڈ.

تلے اوپر کرنا محاورہ. تہ و بالا کرنا، درہم برہم کرنا.

تلے اوپر کے صف مذ؛ ست. (عو) دو بچے جو ایک دوسرے کے بعد بلا فصل پیدا ہوئے ہوں، اوپر تلے کے.

تلے اوپر ہونا محاورہ. تلے اوپر کرنا کا لازم. ۲. منتشر ہونا، مضطرب ہونا.

تلے بڑی کا مول کیا کہاوت. جو چیز قبضے میں ہو اس کی قدر نہیں ہوتی.

تلے تلے م ف. نیچے ہی نیچے، اندر ہی اندر، خفیہ طور پر.

تُلے (ضم ت) اند.

تلا کی مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل. [س].

تلے بیٹھنا محاورہ. تلا رہنا، آمادہ ہونا، تیار بیٹھنا.

تِلے دانی (کس ت) است.

(عو) سوئی دھاگہ رکھنے کے لیے چھوٹا جزدان.

تِلِیَر (کس ت، سک ل، فت ی نیز کس ت، ی ج) اند.

ایک چھوٹا سا کالا چتیوں دار پرند جس کا شکار بھی کرتے ہیں اکثر پیپل کے درخت میں پھل آنے کے موسم میں نظر آتا ہے، ابلقہ. [س].

تُم (فت ت) ضمیر.

۱. جمع حاضر کے لیے. ۲. واحد حاضر کے لیے 'تو' کی جگہ اور اس کے معنوں میں (تعظیماً). [س].

تم بھی کیا یاد کروگے فقرہ. ہمیشہ یاد کروگے، مدت تک احسان مند رہوگے.

تم تو مجھے (ہمیں) چھوڑوگے کہاوت. ایسے محل پر طنز سے بولتے ہیں جب کسی شخص کی بات یا اس کے فعل سے دوسرے شخص کو اس کے ساتھ کسی نامناسب برتاؤ کرنے کی ترغیب پیدا ہو.

تم جانو مقولہ. ۱. نتیجے کے تم ذمہ دار ہو، یہ تمہارا ذمہ ہے، اس کے ہمیں کوئی سروکار نہیں، یہ تمہارا کام ہے. ۲. تم جانتے ہو، تم واقف ہو، تمہیں معلوم ہے.

تم جانو (اور) تمہارا کام (جانے) فقرہ. اچھائی برائی کے تم ذمے دار ہو، نتیجے کی ذمہ داری تم پر ہے اس سے ہمیں کوئی سروکار نہیں، جو چاہو کرو میں دخل نہیں دینے کا.

تم ڈال ڈال تو ہم (میں) پات پات کہاوت. تمھاری چالوں سے ہم خوب واقف ہیں، ہم تمھیں خوب سمجھتے ہیں اور تم سے کچھ زیادہ ہی ہوشیار ہیں.

تم روٹھے ہم چھوٹے مقولہ. تمھاری ناراضگی کی پروا کب ہے، تم ناراض ہو گئے اچھا ہوا ہماری بھی جان چھوٹی (کسی کی ناراضگی سے بے پروائی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں).

تَمّ (فت ت، شدم بفت نیز بلا شد).
ختم یا تمام ہوا، مکمل ہوا (کتاب وغیرہ کے اختتام کے لیے). [ع].

تَماثُل (فت ت، ضم ث) اند.
۱. (صورت یا صفت میں) مماثلت، یکسانی، مشابہ ہونا. ۲. (ریاضی) دو عددوں میں برابری کی نسبت جیسے ۲ اور ۲ یا ۳ اور ۳. ۳. (طب) تناسب اعضا، بیماری سے اچھا ہونا. ۴. (لسانیات) مماثل کر دینا، ملا دینا، مشابہ کر دینا. [ع].

تَماچا (فت ت) اند.
تپانچہ، تھپڑ. اف: لگانا/ مارنا.

تَمازَت (فت ت، ز) است.
۱. گرمی کی شدت، دھوپ کی تیزی. ۲. تمتماہٹ. ۳. (مجازاً) گرمی، تیزی (نگاہ وغیرہ کی). [ع].

تَماس (فت ت) اند.
۱. مس کرنا، چھونا. ۲. (ریاضی) دو خطوط کا باہم ملنا. ۳. ملاپ، دو جسموں کا ایک دوسرے سے مس کرنا، ایک دوسرے کو چھونا. ۴. ربط، تعلق. ۵. (نجوم) کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہونا. ۶. تہ، ملاپ کی جگہ، اندر کی طرف. [ع].

تَماش (فت ت) اند.
تماشا کا مخفف، بطور سابقہ بعض مرکبات میں مستعمل.

تماش بین اند. ۱. شوقین مزاج، عیاش، اوباش؛ بدکار. ۲. تماشا دیکھنے والا، تماشائی، سیلانی.

تماش بینی است. عیاشی، بدکاری.

تَماشا (فت ت) اند.
۱. دید، نظارہ، دیکھنا. ۲. (i) دلچسپ منظر. (ii) حالت، کیفیت. ۳. تفریح اور دل بستگی کا کھیل جس میں ناچ، گانا یا اچھل کود ہو، ڈراما. ۴. کرتب، شعبدہ، نمائش. ۵. ہنسی کھیل، بازیچہ، آسان کام. ۶. عجیب یا انوکھی بات. ۷. ایسی شے یا حالت بن جانا جسے لوگ حیرت اور شوق سے دیکھیں. ۸. دل لگی کی چیز، مذاق، تفریح طبع کا سامان. ۹. نمود، نمائش، مظاہرہ. ۱۰. ہنگامہ، شور، غل. ۱۱. مجمع، بھیڑ. [ع].

تماشا بنا لینا/ بنانا محاورہ. ۱. انوکھی بات کرنا. ۲. محو ہو جانا، حیرت میں پڑ جانا. ۳. مذاق بنانا، دل لگی اڑانا.

تماشا بن جانا محاورہ. ایسی حالت ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں یا مذاق اڑانے لگیں.

تماشا دکھانا/ دکھلانا محاورہ. ۱. عجیب وغریب حرکات کرنا، عجیب منظر پیش کرنا. ۲. مزا لینا، مزا چکھانا. ۳. (کسی چیز کی) سیر کرانا، (کسی چیز کو) بے نقاب کرنا. ۴. حیرت میں ڈالنا.

تماشا دیکھنا محاورہ. ۱. سیر کرنا، لطف اٹھانا. ۲. نظارہ کرنا، دیدار کرنا.

تماشا کرنا محاورہ. ۱. دیکھنا، مشاہدہ کرنا. ۲. عجیب یا انوکھی بات کرنا کرشمہ یا کرتب دکھانا. ۳. عجیب وغریب اور پر لطف حرکتیں کرنا.

تماشا گاہ اند. تماشا خانہ، تماشا کی جگہ؛ تھیٹر؛ اسٹیج، ناچ گھر ۲. نمائش گاہ، ۳. وہ جگہ جہاں بیٹھ کر سیر یا تماشا دیکھیں.

تماشا ہونا محاورہ. انوکھی بات ہونا.

تَماشائی (فت ت) صف.
تماشا دیکھنے والا، نظارہ کرنے والا.

تماشے کی باتیں اند: ج. ایسی باتیں جن سے جی خوش ہو، مزے کی باتیں (بچے کی نسبت زیادہ بولتے ہیں).

تَمام (فت ت) صف.
۱. کامل، مکمل، پورا. ۲. سب، سارا، سب کا سب، کل. ۳. اخیر، آخر ختم. ۴. تیار، لیس. ۵. پوری طرح، بالکل. [ف].

تمام تر صف؛ م ف. ۱. سراسر، مطلق، محض، بالکل. ۲. مکمل طور پر، کلیۃً.

تمام شُد فارسی فقرہ اردو میں مستعمل. ختم ہو گیا، مکمل ہو گیا، عموماً کتاب کے خاتمے پر لکھتے ہیں.

تمام کرنا ف مر: محاورہ. ۱. ختم کرنا، انجام کو پہنچانا، پورا کرنا، مکمل کرنا

(iii) (تصوف) تکوین سے مراد رتبۂ عاشقی ہے اور تمکین سے مرتبۂ معشوقی. [ع].

تلہ (فت ت، ل) اند.
۱. دیکھیے: تلا، جوتے کا نچلا حصہ، سول ۲. نیچے. [س].

تِلّہ (کس ت، فت نیز شد ل) اند.
تلا، سونے کا تار. [س].

تلہ دار صف. کپڑا جس پر طلائی کام ہو یا سنہری گوٹا اور پلو لگا ہو.

تَلی (فت ت) است.
۱. تلا کی تانیث، تہہ میں، نیچے ۲. دامن کوہ، گھاٹی ۳. جوتے کا تلا. ۴. پیر کے نیچے، ایڑی اور پنجے کا درمیانی حصہ جو زمین کے رخ رہتا ہے، تلوا. ۵. تلچھٹ، گاد، تہ نشین (شاذ). [س].

تُلی (ضم ت) است، صف.
چھوٹی ترازو.

تلی ہوئی بات است. جانچی ہوئی بات، پرکھی ہوئی بات، ٹھیک ٹھیک بات، بالکل صحیح بات، ایسی بات جس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہ ہو.

تِلّی (۱) (کس ت، شد ل) است.
سیاہی مائل نرم گدگدا عضو جو جوف شکم میں بائیں جانب پسلیوں اور معدے کے درمیان ہوتا ہے، پلہی، طحال. [س].

تِلّی (۲) (کس ت، شد ل) است.
تل کی تصغیر و تانیث، تل کی ایک قسم جس کا تیل استعمال ہوتا ہے اور جسے عموماً دھوئی تلی بھی کہتے ہیں. [س].

تلی کا تیل اند. میٹھا تیل، روغن کنجد.

تَلے (فت ت) ظرف.
۱. نیچے (اوپر کی ضد)، زیر ۲. بائیں، نشیب کی جانب ۳. متاخر، بعد کو، نچلے، چھوٹے درجے پر (رشتہ وغیرہ میں) ۴. ماتحت. ۵. سامنے (نظروں کے)، زیر نگرانی. [س].

تلے اوپر صف: م ف. ۱. لگاتار، پے در پے، یکے بعد دیگرے، متواتر. ۲. (i) زیر و زبر، زیر و بالا. (ii) ایک کے اوپر ایک، اوپر نیچے.

۳. تہ بہ تہ. ۴. اوپر سے نیچے تک، (مراد) مکمل، پوری طرح. ۵. دیکھیے: اوپر تلے، تہ و بالا، گڈمڈ.

تلے اوپر کرنا محاورہ. تہ و بالا کرنا، درہم برہم کرنا.

تلے اوپر کے صف مذ: مث. (عو) دو بچے جو ایک دوسرے کے بعد بلا فصل پیدا ہوئے ہوں، اوپر تلے کے.

تلے اوپر ہونا محاورہ. تلے اوپر کرنا کا لازم ۲. منتشر ہونا، مضطرب ہونا.

تلے بڑی کا سول کیا کہاوت. جو چیز قبضے میں ہو اس کی قدر نہیں ہوتی.

تلے تلے م ف. نیچے ہی نیچے، اندر ہی اندر، خفیہ طور پر.

تُلے (ضم ت) اند.
تلا کی مغیرہ حالت تراکیب میں مستعمل. [س].

تلے بیٹھنا محاورہ. تلا رہنا، آمادہ ہونا، تیار بیٹھنا.

تِلے دانی (کس ت) است.
(عو) سوئی دھاگہ رکھنے کے لیے چھوٹا جزدان.

تِلیَو (کس ت، سک ل، فت ی نیز کس ت، ی ج) اند.
ایک چھوٹا سا کالا چتیوں دار پرند جس کا شکار بھی کرتے ہیں اکثر پیپل کے درخت میں پھل آنے کے موسم میں نظر آتا ہے، ابلقہ. [س].

تُم (فت ت) ضمیر.
۱. جمع حاضر کے لیے ۲. واحد حاضر کے لیے 'تو' کی جگہ اور اس کے معنوں میں (تعظیماً). [س].

تم بھی کیا یاد کرو گے فقرہ. ہمیشہ یاد کرو گے، مدت تک احسان مند رہو گے.

تم تو مجھے (بعیں) چھوڑو گے کہاوت. ایسے محل پر طنز سے بولتے ہیں جب کسی شخص کی بات یا اس کے فعل سے دوسرے شخص کو اس کے ساتھ کسی نامناسب برتاؤ کرنے کی ترغیب پیدا ہو.

تم جانو مقولہ. ۱. نتیجے کے تم ذمہ دار ہو، یہ تمہارا ذمہ ہے، اس کے ہمیں کوئی سروکار نہیں، یہ تمہارا کام ہے. ۲. تم جانتے ہو، تم واقف ہو، تمہیں معلوم ہے.

تم جانو (اور) تمہارا کام (جانے) فقرہ. اچھائی برائی کے تم ذمے دار ہو، نتیجے کی ذمہ داری تم پر ہے اس سے ہمیں کوئی سروکار نہیں، جو چاہو کرو میں دخل نہیں دینے کا.

تم ڈال ڈال تو ہم (میں) پات پات کہاوت. تمھاری چالوں سے ہم خوب واقف ہیں، ہم تمھیں خوب سمجھتے ہیں اور تم سے کچھ زیادہ ہی ہوشیار ہیں.

تم روٹھے ہم چھوٹے مقولہ. تمھاری ناراضگی کی پروا کب ہے، تم ناراض ہوگئے اچھا ہوا ہماری بھی جان چھوٹی (کسی کی ناراضگی سے بے پروائی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں).

تَمّ (فت ت، شدم مفت نیز بلا شد).
ختم یا تمام ہوا، مکمل ہوا (کتاب وغیرہ کے اختتام کے لیے). [ع].

تماثُل (فت ت، ضم ث) اند.
۱. (صورت یا صفت میں) مماثلت، یکسانی، مشابہ ہونا. ۲. (ریاضی) دو عددوں میں برابری کی نسبت جیسے ۲ اور ۲ یا ۳ اور ۴. ۳. (طب) تناسب اعضا، بیماری سے اچھا ہونا. ۴. (لسانیات) مماثل کردینا، ملا دینا، مشابہ کردینا. [ع].

تماچا (فت ت) اند.
تپانچہ، تھپڑ. اف: لگانا / مارنا.

تمازَت (فت ت، ز) است.
۱. گرمی کی شدت، دھوپ کی تیزی. ۲. تمتماہٹ. ۳. (مجازاً) گرمی، تیزی (نگاہ وغیرہ کی). [ع].

تَماس (فت ت) اند.
۱. مس کرنا، چھونا. ۲. (ریاضی) دو خطوط کا باہم ملنا. ۳. ملاپ، دو جسموں کا ایک دوسرے سے مس کرنا، ایک دوسرے کو چھونا. ۴. ربط، تعلق. ۵. (نجوم) کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہونا. ۶. تہ، ملاپ کی جگہ، اندر کی طرف. [ع].

تَماش (فت ت) اند.
تماشا کا مخفف، بطور سابقہ بعض مرکبات میں مستعمل.

تماش بین اند. ۱. شوقین مزاج، عیاش، اوباش؛ بدکار. ۲. تماشا دیکھنے والا، تماشائی، سیلانی.

تماش بینی است. عیاشی، بدکاری.

تَماشا (فت ت) اند.
۱. دید، نظارہ، دیکھنا. ۲. (i) دلچسپ منظر. (ii) حالت، کیفیت. ۳. تفریح اور دل بستگی کا کھیل جس میں ناچ، گانا یا اچھل کود ہو، ڈرامہ. ۴. کرتب، شعبدہ، نمائش. ۵. ہنسی کھیل، بازیچہ، آسان کام. ۶. عجیب یا انوکھی بات. ۷. ایسی شے یا حالت بن جانا جسے لوگ حیرت اور شوق سے دیکھیں. ۸. دل لگی کی چیز، مذاق، تفریح طبع کا سامان. ۹. نمود، نمائش، مظاہرہ. ۱۰. ہنگامہ، شور، غل. ۱۱. مجمع، بھیڑ. [ع].

تماشا بنا لینا / بنانا محاورہ. ۱. انوکھی بات کرنا. ۲. محو ہو جانا، حیرت میں پڑ جانا. ۳. مذاق بنانا، دل لگی اڑانا.

تماشا بن جانا محاورہ. ایسی حالت ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں یا مذاق اڑانے لگیں.

تماشا دکھانا / دکھلانا محاورہ. ۱. عجیب وغریب حرکات کرنا، عجیب منظر پیش کرنا. ۲. مزا لینا، مزا چکھانا. ۳. (کسی چیز کی) سیر کرانا، (کسی چیز کو) بے نقاب کرنا. ۴. حیرت میں ڈالنا.

تماشا دیکھنا محاورہ. ۱. سیر کرنا، لطف اٹھانا. ۲. نظارہ کرنا، دیدار کرنا.

تماشا کرنا محاورہ. ۱. دیکھنا، مشاہدہ کرنا. ۲. عجیب یا انوکھی بات کرنا کرشمہ یا کرتب دکھانا. ۳. عجیب وغریب اور پرلطف حرکتیں کرنا.

تماشا گاہ اند. تماشا خانہ، تماشا کی جگہ؛ تھیٹر؛ اسٹیج، ناچ گھر. ۲. نمائش گاہ، ۳. وہ جگہ جہاں بیٹھ کر سیر یا تماشا دیکھیں.

تماشا ہونا محاورہ. انوکھی بات ہونا.

تَماشائی (فت ت) صف.
تماشا دیکھنے والا، نظارہ کرنے والا.

تماشے کی باتیں اند؛ ج. ایسی باتیں جن سے جی خوش ہو، مزے کی باتیں (بچے کی نسبت زیادہ بولتے ہیں).

تَمام (فت ت) صف.
۱. کامل، مکمل، پورا. ۲. سب، سارا، سب کا سب، کل. ۳. اخیر، آخر، ختم. ۴. تیار، لیس. ۵. پوری طرح، بالکل. [ف].

تمام تر صف؛ م ف. ۱. سراسر، مطلق، محض، بالکل. ۲. مکمل طور پر، کلیۃً.

تمام شُد فارسی فقرہ اردو میں مستعمل. ختم ہوگیا، مکمل ہوگیا، عموماً کتاب کے خاتمے پر لکھتے ہیں.

تمام کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ختم کرنا، انجام کو پہنچانا، پورا کرنا، مکمل کرنا.

۲.(مجازاً) جان لے لینا، مار ڈالنا.

تَمامی (فت ت) (الف) است.

۱.کمال، تکمیل، کلیت، پورا پن ۲.خاتمہ، اختتام، آخر، انجام ۳.ریشمی کپڑے کی ایک قسم جس میں روپہلی سنہری تار ہوں، اساوری. (ب) صف.

۱.کل، سب، سارا، تمام ۲.آخری، اختتامی ۳.پورا کرنے والا، ناقص کو کامل کرنے والا، انگ : Complement. [ف].

تمامیَّت (فت ت، کس م، شدی بفت) است.

اختتام، تکمیل. [ع].

تُمانا (کس ت) ف م.

تومنا کا تعدیہ، روئی کو صاف کرنا یا کھلوانا، دبی ہوئی روئی یا جمی ہوئی روئی کو پلپلی کر کے پھیلانے کے لیے نچوانا. [ار].

تمانچے (فت ت، سغ) اند؛ ج.

تمانچا کی جمع یا محرفہ شکل، تراکیب میں مستعمل.

تمانچے مارے منہ لال رکھتے ہیں کہاوت. اپنی مصیبت و ہلاکت کو چھپاتے ہیں.

تَمباکُو (فت ت، سک م، و مع) اند.

ایک پودا جس کے پتے سکھا کر سگرٹ یا بیڑی یا حقے وغیرہ میں بھر کر پیتے اور پان ڈال کر کھاتے ہیں جس سے ہلکا نشہ ہوتا ہے. [ار].

تمباکو نوشی است. تمباکو پینے کا عمل، تمباکو پینا. [پُ].

تَمبُو (فت ت، سک م، و مع) اند.

تنبو، خیمہ، شامیانہ. [ار].

تَمبُورَہ (فت ت، سک م، و مع، فت ر) اند.

تنبورہ، ایک قسم کا باجا ستار کی طرح ایک تار لگا ہوتا ہے.

تَمبولا (فت ت، سک م، و ج) اند.

تفریحاً یا بازی لگا کر کھیلا جانے والا ایک کھیل. اف : کھیلنا/ لگنا/ ہونا.

تَمَّت (فت ت، شدم بفت) است.

اخیر، خاتمہ، انتہا، تمام، پورا. [ع].

تمت بالخیر است. خیر کے ساتھ خاتمہ ہونا.

تَمَتُّع (فت ت، م، شدت بضم) اند.

۱.فائدہ، نفع حاصل کرنا ۲.(مجازاً) صحبت، ہمبستری ۳.(فقہ) حج اور عمرہ ملا کر ادا کرنا. [ع].

تمتما اُٹھنا ف مر.

تمتمانا.

تَمتَماتا (فت ت، سک م، فت ت) صف مذ.

دھوپ کی شدت یا بخار کی تیزی کے باعث چہرہ سرخ ہوتا ہوا، سرخ، لال (چہرے رخسار وغیرہ کی صفت)، بخار یا گرمی سے پھنکتا ہوا؛ تمتماتا ہوا، چمکتا یا جگمگاتا ہوا.

تَمتَمانا (فت ت، سک م، فت ت) ف ل.

۱.خارجی یا اندرونی گرمی یا کسی جذبے کے اثر سے چہرے کا سرخ ہو جانا، گرما جانا ۲.چمک جانا، روشن ہو جانا، جگمگانا ۳.ٹمٹمانا. [س].

تَمتَماہَٹ (فت ت، سک م، فت ت، ہ) است.

۱.(گرمی یا بخار یا کسی جذبے کی شدت سے چہرے کی) سرخی، لالی.
۲.چمک دمک ۳.وہ سرخی اور چمک جو ورم کی وجہ سے ہو، آماس، سوجن.

تِمثال (کس ت، سک م) است.

۱.(خیالی) تصویر، پیکر ۲.مورت، پتلا، مجسمہ ۳.عکس، شبیہ، سایہ. ۴.مثل، مثال، طرح، مانند ۵.فرمان شاہی. [ع].

تمثال گر صف. ۱.جو کسی ذریعے سے کوئی تصویر یا تمثیل بنائے یا پیش کرے، صورت گر ۲.نقاش، مصور.

تِمثالی (کس ت، سک م) صف.

۱.تمثال سے منسوب یا متعلق، خیالی تصور یا پیکر ۲.غیر حقیقی، تصوری، خیالی، انگ : Imagists ۳.تمثال نگار، تخیل سے تصویر پیدا کرنے والا؛ اشیاء کو ان کی اصلیت میں پیش کرنے کے نظریے کا حامی، انگ : Imagists. [ع].

تَمَثُّل (فت ت، م، شدث بضم) اند.

۱.مشابہت، ہم شکلی ۲.(تصوّف) کسی شے کا ظہور کسی دوسری صورت میں جبکہ وہ اپنی اصلی جگہ موجود ہو جیسے جبرئیل کا دحیہ کلبی کی صورت اختیار کرنا ۳.مثال دینا، تشبیہ دینا، ضرب المثل کہنا ۴.(i) تشکل، شکل دینا. (ii) فرشتے کا کسی شکل میں متشکل ہو کر آنا ۵.(نفسیات)

شبیہ یا تصویر بنانے یا تصور کرنے والی قوت اور اس کا عمل، صورت گری. ۶. مثال بنانا، ہیولیٰ قایم کرنا، نظیر تلاش کرنا. ۷. خیال، تصور کرنا. [ع].

تَمْثِیل (فت ت، سک م، ی مع) امث.
۱. مثال، نظیر، تشبیہ. ۲. تشبیہ مرکب، کسی واقعہ کا مثالی انداز میں بیان، انگ : Allegory. ۳. (منطق) دلیل کی تین قسموں میں سے ایک قسم جس میں ایک امر جو ایک جزئی میں ثابت ہے دوسرے جزئی میں ثابت کیا جاتا ہے اس لیے کہ دونوں میں ایک معنے مشترک ہوتے ہیں. ۴. ڈراما، ناٹک. ۵. مشابہت. ۶. (لسانیات) چند لفظوں کے قیاس پر اور لفظوں کا بنا یا بنانا، موجودہ الفاظ کی تعریف و اشتقاق سے نئے لفظ بنانا. ۷. اداکاری. ۸. (طب) غذا کو عضو کی صورت میں تبدیل کر دینا، غذا کو مشابہ مغتذی کے بنانا. اف : دینا/ لانا/ ہونا. [ع].
تمثیل نگار امذ. ڈراما لکھنے والا، ڈرامہ نگار، مجازیہ نگار.
تمثیل نگاری امث. ڈراما نگاری.

تَمْثِیلاً (فت ت، سک م، ی مع، تن ل بفت) ف م.
مثال کے طور پر مثالاً تشبیہاً. [ع].

تَمْثِیلْچَہ (فت ت، سک م، ی مع، سک ل، فت چ) امذ.
تمثیل کی تصغیر، مختصر ڈرامہ، چھوٹا ڈرامہ.

تَمْثِیلی (فت ت، سک م، ی مع) صف.
۱. عالم مثال کا، مثالی. ۲. مشابہ، مطابق. ۳. جو مثال کے طور پر پیش کیا جاسکے، اعلیٰ درجے کا، قابل تقلید، مثالی. ۴. ڈرامائی، ڈرامے کا.

تَمْجِید (فت ت، سک م، ی مع) امث.
۱. اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کرنا. ۲. تعریف، بزرگی. ۳. اسلام کے چھ کلموں میں سے تیسرے کلمے کا نام، کلمۂ تمجید. [ع].

تَمَدُّد (فت ت، م، شد د بضم) امذ.
۱. پھیلاؤ، کھنچاو، بڑھوتری، کشادگی. ۲. (طب) کسی عضو یا اعصاب کا اینٹھ کر تننا، کھنچنا، پھولنا، اینٹھن. [ع].

تَمَدُّن (فت ت، م، شد د بضم) امذ.
۱. شہری بود و باش، (کسی ایک جگہ) مل جل کر رہنا، سماجی زندگی، انگ : Civilization. ۲. شائستگی، تہذیب. ۳. رہنے سہنے کے خاص طریقے، طرز معاشرت. [ع].

تَمَدُّنی (فت ت، م، شد د بضم) صف.
۱. تمدن سے منسوب یا متعلق، معاشرتی، ثقافتی. ۲. شہری کا، شہر میں رہنے بسنے والوں کا.

تَمَسْخُر (فت ت، م، سک س، ضم خ) امذ.
۱. مزاح، دل لگی، ٹھٹول. ۲. مذاق اڑانا. [ع].

تَمَسْخُرانَہ (فت ت، م، سک س، ضم خ، فت ن) صف.
تمسخر سے منسوب یا متعلق، تمسخر والا.

تَمَسُّک (فت ت، م، شد س بضم) امذ.
۱. پکڑنا، اچھی طرح گرفت میں لینا؛ (مراداً) اختیار کرنا. ۲. (قانون) وہ دستاویز جو کسی سے کچھ قرض لے کر بطور سند لکھ دی جائے، ہنڈی، پرامیسری نوٹ، اقرار نامہ. ۳. وہ تحریر جو وصیت یا اقرار نامے کے طور پر ہو، عہد نامہ، اقرار نامہ. [ع].

تَمْغا/ تَمْغَہ (فت ت، سک م/ فت غ) امذ.
۱. کسی کارگزاری یا خدمت کے صلے میں نقرئی یا طلائی نشان جو حکومت کی طرف سے خطاب کے ساتھ یا بغیر خطاب بطور انعام دیا جائے؛ (مجازاً) وہ نشان امتیاز یا اختصاص جو کسی ڈورے، زنجیر وغیرہ سے گلے میں آویزاں ہو. ۲. جاگیر، معافی یا انعامی زمین، انعام، عطیہ، اعزاز. ۳. علامت، امتیاز. ۴. ٹھپا، امتیازی نشان، مہر کا نشان جو شاہی فرمان وغیرہ یا سوداگری کے مال پر حکومت کی طرف سے ہو. ۵. وہ نشان جو جانوروں پر لگائے جاتے ہیں. [ت].

تَمَکُّن (فت ت، م، شد ک بضم) امذ.
۱. قدرت، قابو، قبضہ. ۲. (i) قرار، قیام، جڑ پکڑنا. (ii) (تعمیر) بوجھ، دباؤ، بٹھاؤ. ۳. ٹھہرنا، قیام پذیر ہونا، سکونت اختیار کرنا. ۴. تمکنت، غرور، نخوت، گھمنڈ، شان و شوکت، وقار، دبدبہ، تجلی، جلال، برتری، مذہب کا اجلال، بھاری بھرکم پن، سنجیدگی، حکومت، اختیار. [ع].

تَمْکَنَت (فت ت، سک م، فت ک، ن) امث.
۱. غرور، نخوت، تعلّی. ۲. (i) شان و شوکت، وقار، دبدبہ. (ii) تجلی،

جلال ، برتری ، مذہب کا اجلال ۔۳۔ بھاری بھرکم پن ، سنجیدگی ۔۴۔ حکومت ، اختیار ۔ [ع] ۔

تَمکِین (فت ت ، سک م ، ی مع) است ۔
۱۔ ضبط ، برداشت ، صبر ۔۲۔ وقار ، شکوہ ، شان و شوکت ، کروفر ، توقیر ، مرتبہ ۔۳۔ قرار ، استقامت ، استحکام ۔۴۔ امکان ، ممکنات ، مخلوق ، قدرت ، طاقت ، اختیار ، زور ، بل ۔۵۔ (تصوّف) اہل حقیقت کی صفت جو مقام استقامت و ثبات ہے ، مرتبۂ معشوقی ۔۶۔ عقل و ہوش ، برد باری ؛ ٹھہراؤ ، سکون ۔ [ع] ۔

تُمَن/تومان (ضم ت ، فت م) اند ۔
۱۔ ایک طلائی سکہ ۔۲۔ رسالہ ، پلٹن ۔۳۔ سو سواروں کا دستہ ۔ [ت] ۔

تُمنا (ضم ت ، سک م) اند ۔
تم ، تم کو ، تمہارا ۔ [ار] ۔

تَمَنّا (فت ت ، م ، شد ن) است ۔
۱۔ (i) آرزو ، طلب ، خواہش ۔ (ii) اشتیاق ، ارمان ، چاؤ ۔۲۔ توقع ، امید ۔ [ع] ۔

تمنا بر آنا محاورہ ۔ آرزو یا خواہش کا پورا ہونا ۔

تَمَنّائی (فت ت ، م ، شد ن) صف ۔
۱۔ آرزومند ، مشتاق ۔۲۔ (قواعد) فعل ماضی کی چھ قسموں میں سے ایک قسم اس فعل سے عموماً تمنا ظاہر ہوتی ہے ۔

تَمَنچَہ (فت ت ، م ، سک ن ، فت چ) اند ۔
تپنچہ پستول ، پسٹل ، روالور ۔ [ف] ۔

تمنچہ داغنا محاورہ ۔ پستول چلانا ۔

تِمَنزِلَہ (کس ت ، فت م ، سک ن ، کس ز ، فت ل) اند ۔
تین منزل کا ، تین کھنڈ کا ۔

تَمَوُّج (فت ت ، م ، شد و بضم) اند ۔
۱۔ پانی یا ہوا کی لہروں کا اضطراب ، تلاطم ، ارتعاشی یا لہریا حالت و کیفیت ۔۲۔ (طب) لہر دار حرکت جو استسقا کے مریض کے پیٹ کو دبانے سے انگلیوں کو محسوس ہوتی ہے ۔۳۔ (طبعیات) روشنی یا آواز وغیرہ کی لہریں ۔۴۔ (مجازاً) اضطراب ، بے چینی ، ہلچل ۔۵۔ جوش ، تحریک (جذبات احساسات وغیرہ میں) ۔ [ع] ۔

تَمُوز (فت ت ، و مع) اند ۔
۱۔ رومیوں کا دسواں مہینہ ، ہندی مہینے اساڑھ اور انگریزی جولائی کے تقریباً مطابق ہوتا ہے ۔۲۔ موسم گرما ، شدت کی گرمی ۔ [ع] ۔

تَمَوُّل (فت ت ، م ، شد و بضم) اند ۔
مال داری ، دولت مندی ، امیری ، ثروت ۔ [ع] ۔

تُمہارا (ضم ت ، سک م) ضمیر ۔
تمھارا جس کا یہ بھی ایک تلفظ و املا ہے ۔

تَمہِید (فت ت ، سک م ، ی مع) است ۔
۱۔ بچھونا بچھانا ، فرش بچھانا ۔۲۔ کسی بات کی ابتدا یا تقریب کا آغاز ۔۳۔ (کسی تقریر یا تحریر کا) ابتدائی حصہ جس میں اصل موضوع پر اظہار خیال سے پہلے کچھ کہا جائے ، دیباچہ ، مقدمہ ، تعارف ، خطبۂ کتاب ۔۴۔ (i) (مجازاً) آغاز ، ابتدا ۔ (ii) پیش خیمہ ۔۵۔ ترتیب ، تنظیم ، استواری ، بنیاد رکھنا ۔ [ع] ۔

تمہید باندھنا محاورہ ۔ دیکھیے : تمہید اٹھانا ؛ قیاس آرائی کرنا ، اظہار خیال کے لیے من گھڑت باتیں کرنا ۔

تَمہِیدی (فت ت ، سک م ، ی مع) صف ۔
تمہید سے منسوب یا متعلق ، ابتدائی (تراکیب میں مستعمل) ۔

تَمیز (فت ت ، سک م ، ی مع) است ۔ تمییز ، تمیز ۔
۱۔ جدا کرنا ، علیحدہ کرنا ۔۲۔ (دو چیزوں یا حالتوں میں) فرق کرنے کی صلاحیت ، (اچھے برے کھرے کھوٹے یا حق و باطل کی) شناخت کرنے کی استعداد ، قوت ممیزہ ۔۳۔ فرق ، امتیاز ۔۴۔ پہچان ، شناخت ، پرکھ ۔۵۔ (i) عقل ، دانش ، اچھے برے یا نیک بد کی پہچان کی صلاحیت ۔ (ii) ہوش ، سمجھ شعور ۔ (iii) (سن کے ساتھ) وہ دور حیات جس میں انسان کو سوجھ بوجھ اور سمجھ آجاتی ہے ۔۶۔ سلیقہ ، ادب ، تہذیب ، ادب ، آداب ، شائستگی ۔۷۔ (i) تفوق ، برتری ، شان ، تہذیب ، حفظ مراتب ، لحاظ ۔ (ii) قدر ، آبرو ، اعتراف ۔۸۔ (نحو) وہ لفظ جو کسی اسم یا جملے سے شک و ابہام دور کرے ۔۹۔ قاعدہ ؛ اہلیت ۔۱۰۔ (طب) چھانٹنے یا الگ کرنے کا عمل ۔ اف : کرنا/ ہونا ۔ [ع] ۔

تمیز دار صف ۔ لائق ؛ باشعور ؛ ہوشیار ۔

رک = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

تُمہارا (ضم ت) ضمیر.
۱.تم سب کا ، تہارا ، تھارا ؛ آپ کا ؛ حضور کا .۲. میرا یا ہمارا کی جگہ اور اس کے معنی میں (بے تکلفی یا باہمی قرابت کے اظہار کے موقع پر) مستعمل .

تمہارا سر فقرہ. کیا بکتے ہو ، کہاں کی سنا رہے یا کہہ رہے ہو (جب کوئی چھوٹا یا برابر والا کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا ہے تو انکار کے طور پر کہتے ہیں) .

تُمہاری (ضم ت) ضمیر.
تمہارا کی تانیث .

تمہاری جوتی اور تمہارا ہی سر کہاوت. تمہارا مال ہی تم پر خرچ ہو رہا ہے .

تمہاری جوتیوں کے طفیل (میں) م ف. (انکسار کے موقع پر) آپ کی توجہ سے ، آپ کی عنایت یا کوشش سے ، آپکی خدمت کے نتیجے میں .

تُمہارے (ضم ت) ضمیر.
تمہارا کی محرف حالت ، تم سب کے ، آپ کے .

تمہارے سر کی قسم فقرہ. یقین مانو ، سچ ہے .

تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں (گھٹنوں کے بل) چلیں گے فقرہ. (عو) تم بھی کبھی سچ بولو گے اور راہ پر آو گے؛ تمہار مزاج بھی کبھی راستی پر آئے گا .

تمہارے منھ میں خاک کلمۂ نفرین. ۱. تمھارا کہا یا چاہا پورا نہ ہو . ۲. بڑے بدتمیز ہو ، تمھارا ستیاناس ہو ، تمھارا برا ہو .

تُمھِیں (ضم ت ، ی مع) ضمیر.
تم ہی ، تم .

تُمھیں ضمیر.
تم کو ، تم لوگوں کو .

تَن (۱) (فت ت) اند.
۱. (کسی ذی روح کا) جسم ، جسد ، پیکر ، بدن ، پنڈا ، جثہ ، کاٹھی ، کایا . ۲. شخص ، ذات ، فرد .۳. اپنی ذات ، اپنا آپ ، خود ، آپا . [ف] .

تن آسان صف. آرام طلب ، کاہل ، جسمانی آرام کو ترجیح دینے والا .

تن آسانی است. ۱. آرام ، آسائش ، جسمانی تکلیف سے بچنا .۲. آرام طلبی ، کاہلی .

تن بدن اند. ۱. جسم ، بدن ، سارا جسم ، پورا بدن .۲. ستر ، جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا ضروری ہے .

تن بدن میں آگ پھکنا/ پھنکنا/ لگانا/ لگنا محاورہ. تن بدن میں آگ لگنا کا تعدیہ ، بہت زیادہ غصہ دلانا .

تن پر کپڑا بدن پر لتا (لتہ) پھر بات کروں البتہ کہاوت. (عو) شان میں مری جارہی ہیں ، ہیں تو کچھ نہیں مگر شان دکھاتی ہیں اونچی ، پھٹے حالوں پہ یہ انداز (جب کوئی حیثیت سے زیادہ بڑھ چڑھ کر نمائش کرتی یا باتیں بناتی ہے تو عورتیں کہتی ہیں) .

تن تنہا صف ؛ م ف. اکیلا ، بالکل تنہا ، خود ہی .

تَن دُرُسْت صف. جس کو کوئی بیماری نہ ہو ، بھلا چنگا ، صحیح سالم ، صحت مند .

تَن دہی است. محنت مشقت برداشت کرنا ، جی لگا کر کام کرنا ، ایسا کام کرنا جس کے لیے سخت محنت مشقت درکار ہو .

تن ڈھانکنا محاورہ. ستر پوشی کرنا ، ضرورت بھر کپڑا پہننا .

تن سازی است. جسم بنانا ، ورزش کرنا ، باڈی بلڈنگ .

تن کا اجلا من کا میلا صف. ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ، ظاہر اچھا باطن برا ، مکار ، دغا باز .

تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی فقرہ. یعنی بہت غریب ہے .

تن من اند. جسم و جان ، روح و قالب .

تن من دھن اند. جان و مال ، ہستی اور کل اثاثۂ ہستی .

تن من دھن تج دینا محاورہ. سب کچھ لٹا دینا ، ہر شے سے قطع تعلق کر لینا ، نہایت انہماک اور لگن سے کسی کام میں لگ جانا .

تن من سے م ف. جی جان سے ، دل سے ، محنت اور شوق سے ، پوری کوشش سے .

تن و توش اند ؛ ~ تن توش. ۱. ڈیل ڈول ، جسم ، جثہ .۲. توانائی ، صحت فربہی .

تَن (۲) (فت ت).
تننا سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل).

تن کو / کے م ف. ۱. اکڑ کے، سینہ تان کر. ۲. سنبھل کر، جم کر، مستعد ہو کر.

تَن (۳) (فت ت) امث :- تن.
۱. (عموماً تکرار کے ساتھ) ساز وغیرہ کے تاروں کو چھیڑنے کی آواز، تنتنانا.

تن تناتن امث :- تن تاتن. تن سے مرکب، تار کے ساز چھیڑنے کی آواز.

تَنا (فت ت) اند :- خذ.
۱. درخت کا سطح زمین سے لے کر وہاں تک کا حصہ جہاں سے شاخیں نکلتی ہیں. ۲. کرتے، قمیص یا اچکن وغیرہ کا سامنے کا حصہ جس میں گریباں ہوتا ہے، اگاڑی، اگوائی. [س].

تَناتَنی (فت ت، ت) امث.
ان بن، کشیدگی، بگاڑ. [ار].

تَنازُع (فت ت، ضم ز) اند.
۱. باہمی نزاع، جھگڑا، اختلاف. ۲. مقدمہ، نالش، دعویٰ. [ع].

تَنازِعات (فت ت، فت نیز کس ز) اند؛ ج.
تنازعہ کی جمع ہے.

تَنازِعَہ (فت ت، فت نیز کس ز، فت ع) اند.
نزاع، قضیہ، جھگڑا. اف: کرنا / ہونا. [ ].

تَنازُل (فت ت، ضم ز) اند.
۱. اعزاز یا عہدے کا گھٹنا. ۲. اترنا، نازل ہونا؛ اتار، نزول، تنزل؛ گھوڑوں سے کودنا؛ فوجوں کا لڑنے کے لیے میدان میں آنا، قیمت کا گرنا یا گھٹنا. [ع].

تَناسُب (فت ت، ضم س) اند.
۱. دو یا دو سے زیادہ چیزوں یا کسی چیز کے حصوں کی تعداد یا مقدار وغیرہ میں باہمی نسبت، نسبتی تعداد یا مقدار. ۲. مناسبت، مطابقت. ۳. موزونیت، باہمی موافقت (خصوصاً اعضائے جسمانی کی). ۴. (بدیع) صنعت مراعاۃ النظیر (کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کے معنی آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ سوائے نسبت تضاد کے اور کچھ مناسبت رکھتے ہوں). ۵. (i) (ریاضی) دو نسبتوں کا باہم برابر ہونا جیسے ۳/۴ برابر ہے ۱۲/۱۶ کے. (ii) نسبت حسابی یا عددی، کل مقدار یا تعداد میں مختلف اجزا یا شرکا کے حصوں کی باہمی نسبت جس کو اوپر تلے دو نقطوں ':' سے ظاہر کرتے ہیں. [ع].

تَناسُخ (فت ت، ضم س) اند.
۱. رک: آواگون، روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں آنا، ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق بار بار جنم لینا. ۲. کایا پلٹنا، ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا. [ع].

تَناسُل (فت ت، ضم س) اند.
افزائش نسل، اولاد پیدا کرنا. [ع].

تَناظُر (فت ت، ضم ظ) اند.
۱. (لفظاً) ایک دوسرے کو دیکھنا؛ مقابلہ کرنا، کام میں مشقت کرنا. ۲. اشیائے مرئی میں جائے وقوع اور فاصلے کا ظاہری تناسب، (مجازاً) منظر. ۳. علم مناظرہ، مناظرہ، مباحثہ. ۴. (ہیئت) اول برج سرطان یا اول برج حمل میں دو ستاروں کا اس طرح جمع ہونا کہ دونوں کا فاصلہ اول سرطان یا اول حمل سے برابر ہو. [ع].

تَنافُر (فت ت، ضم ف) اند.
۱. نفرت، بیزاری، نفرت کرنا، بھاگنا. ۲. (علم معانی) کلمے یا کلام میں ایسے حروف کا اجتماع جن کے تلفظ سے ثقل پیدا ہوا اور کانوں کو ناگوار گزرے. ۳. منصف کے روبرو عزت حاصل کرنے کے لیے جھگڑنا یا مقابلہ کرنا. [ع].

تَناو (فت ت) اند.
۱. (قنات یا کسی کپڑے یا رسی کا) کھنچاؤ، کساؤ، تنے ہوئے یا کسے ہوئے ہونے کی حالت. ۲. (قد یا جسم کا) پورا اٹھان، قد کشیدہ ہونے کی حالت، اکڑاؤ، کھنچاؤ. ۳. (طب) جسم کے کسی حصے میں شدید

سوجن یا غیر طبعی پھیلاؤ. ۴. (طب) (اعصابی) اکڑن، کشیدگی یا اس کا نفسی اثر، نفسی دباؤ، ذہنی فشار، (ذہنی) کشیدگی، تشنج، اینٹھن. ۵. (مجازاً) (باہمی تعلقات میں) کشیدگی، کشمکش، رنجش؛ دوری.

تَناوَر (فت ت، و) صف.
دیکھیے: تن کا تحتی تن آور، توانا، مضبوط، بڑے جثے کا.

تَناوُل (فت ت، ضم و) اند.
کھانا نوش کرنا، کھانا کھانے کا عمل. اف: فرمانا / کرنا. [ع].

تَنباکُو (فت ت، سک م بشکل ن، و مع) اند.
دیکھیے تمباکو. [ہسپانوی].

تَنْبُو (فت ت، سک م بشکل ن، و مع) اند.
۱. خیمہ، ڈیرہ جس میں ایک یا دو چوبیں ہوتی ہیں. ۲. شامیانہ؛ چھولداری. اف: تاننا / کھڑا کرنا / لگانا. [س].

تَنْبُور (فت ت، سک م بشکل ن، و مع) اند.
دیکھیے: تنبورا. [ف].

تَنبورا / تَنبورہ (فت ت، سک م بشکل ن، و مع) اند.
ستار کی طرح کا ایک ساز جس میں تین یا چار تار لگے ہوتے ہیں چونکہ تونبے میں لکڑی لگا کر اس میں یہ تار باندھ دیتے ہیں اس وجہ سے یہ نام رکھا. [ف].

تَنْبول (فت ت، سک م بشکل ن، و مج) اند.
۱. پان. ۲. پان کا مرکب عرق. ۳. شادی کی ایک رسم کا نام جس میں نیوتہ کے طریق پر عزیز و اقارب اور دوست احباب حسب مقدور نقدی دیتے ہیں. ۴. دولھا کو بطور نیگ ملنے والی رقم. [ف؛ س].

تَنْبولی (فت ت، سک م، بشکل ن، و مج) اند.
پان (لگا کر) بیچنے والا، پنواڑی.

تَنْبیہ (فت ت، سک م بشکل ن، ی مع) اسٹ.
۱. خبر داری، آگاہی، متنبہ، نصیحت، عبرت، پند. ۲. ڈانٹ ڈپٹ، جھڑکی، سرزنش، تہدید. ۳. سزا، تادیب (جو خفیف جرم کے وقت حکام مجرموں کو آئندہ جرم نہ کرنے کے لیے دیتے ہیں). ۴. بطور خصوصی وضاحت لکھی جانے والی عبارت، مترادف نوٹ. ۵. (فقہ) دلالت کی ایک قسم. اف: پانا / دینا / کرنا / ہونا. [ع].

تَنْبیہاً (فت ت، سک م بشکل ن، ی مع، تن وفت) م ف.
سزا کے طور پر، بطور تادیب. [ع].

تَنْبیہی (فت ت، سک م بشکل ن ی مع) صف.
تنبیہ (دیکھیے) سے متعلق یا منسوب.

تَنْت (۱) (فت ت، سک ن) (الف) اند.
۱. وقت ضرورت، موقع، وقت (پر). ۲. نازک وقت یا حالت. ۳. ضرورت کا وقت. ۴. انتہا، اخیر، انجام. ۵. نقطۂ عروج. (ب) م ف. فوراً، ابھی، جلد. ۲. عین موقع پر، ٹھیک طور سے، بعینہ، ہو بہو. (ج) صف. ٹھیک، صحیح، درست؛ معین، مقررہ. [س].

تَنْت (۲) (فت ت، سک ن) اسٹ.
۱. تانت کا مخفف؛ تار، دھاگا، ساز کا تار. ۲. تار یا تانت والا.

تنت کار اند. ایسے ساز بجانے والا جن میں تار تانت کے ہوں.

تَنْتَنانا (۱) (فت ت، سک ن، فت ت) ف ل.
غصہ دکھانا، اکڑنا، شان دکھانا.

تَنْتَنانا (۲) (فت ت، سک ن، فت ت) ف ل.
۱. شور وغل ہونا، ہلڑ ہونا؛ کھڑکنا، بجنا. ۲. زخم یا پھوڑے وغیرہ کا سوزش کرنا، جلنا. ۳. جھنجھنانا، سنسنانا، پھنپھنانا. [س].

تَنْتَناہَٹ (فت ت، سک ن، فت ت، و) اسٹ.
۱. ورم، سوجن نیز وہ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو، سوزش، خارش ۲. دردزہ؛ باج؛ تاروں کے ساز بجنے کی آواز، تن تن.

تَنْخواہ (فت ت، سک ن، و معد) اسٹ.
۱. وہ رقم جو کسی ملازمت کے عوض عموماً ماہانہ دی جائے، مقررہ خدمت کا معاوضہ، مشاہرہ. [ف].

تنخواہ دار صف. تنخواہ پانے والا، ملازم.

تُنْد (ضم ت، سک ن) صف.
۱. (i) (کیفیت یا اثر کے لحاظ سے) تیز، سخت، شدید، پرزور (ii) (مزاج یا بات وغیرہ) ناگوار، تلخ. (iii) (ذائقہ وغیرہ کے لیے) تلخ، کڑوا، (نشہ وغیرہ کے لیے) تیز، پر اثر. ۲. غضب ناک، غصہ ور ۳. بلند، بالا، اونچا (قدیم). اف: کرنا / ہونا. [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تند خو صف. بدمزاج، چڑچڑا، غصیلا، تیز مزاج.

تند خوئی اسث. تند خو کا اسم کیفیت، بدمزاجی، چڑچڑاپن.

تند رو صف. تیز رفتار، تیز رو، زناٹے دار، جس کی رفتار یا بہاؤ میں زور اور تیزی ہو.

تند زبان/ مزاج صف. تیز زبان، جلد جلد بولنے والا، سخت کلام کرنے والا، چڑچڑا، غصیلا.

تند و مند صف. مضبوط بدن، قوی جسم، طاقتور.

تَنْدُرُسْت (فت ت، سک ن، ضم د، ر، سک س) صف.
دیکھیے: تن کے تحت؛ جس کو کوئی بیماری نہ ہو، بھلا چنگا، صحیح سالم، صحت مند. [ف].

تَنْدُرُسْتی (فت ت، سک ن، ضم د، ر، سک س) اسث.
دیکھیے: تن کے تحت؛ صحت، سلامتی. [ف].

تندرستی ہزار نعمت ہے مقولہ. اگر صحت ہے تو سب کچھ ہے، تندرستی سے بڑھ کر کوئی نعمت یا دولت نہیں.

تَنُّور (فت ت، سک ن نیز مع، و مع) اند.
روٹی پکانے کی بھٹی، تنور. [ع].

تَنُّوری (فت ت، سک ن نیز مع، و مع) صف؛ اسث.
تنوری، تنوری روٹی، تندور سے منسوب یا متعلق.

تَندِہی (فت ت، سک ن، کس د) اسث.
دیکھیے: تن کے تحت؛ محنت مشقت برداشت کرنا، جی لگا کر کام کرنا، ایسا کام کرنا جس کے لئے سخت مشقت درکار ہو. [ف].

تُنْدی (ضم ت، سک ن) اسث.
۱. (کسی چیز کی کیفیت یا صفت میں) تیزی، طراری، زور، شدت. ۲. غصہ، بدمزاجی، خشونت. ۳. وفور شہوت.

تَنَزُّل (فت ت، ن، شد ز، بضم) اند.
۱. (i) (لفظاً) اترنا، نیچے آنا، (حالت میں یا درجے میں) پستی، زوال، انحطاط. (ii) (عہدے میں) کمی، گراوٹ (ترقی کی ضد). ۲. گھٹاؤ، تخفیف. ۳. (تصوف) ایک حال یا مقام سے دوسرے حال یا مقام میں اترنا ہو. (جفر) حروف مطلوب کا دوسرے حروف سے گرا ہوا یا نیچے کے درجے میں ہونا. [ع].

تَنَزُّلی (فت ت، ن، شد ز، بضم) اسث.
تنزل معنی نمبر ۱، ۲.

تنزلی شرح اسث. (رفتار وغیرہ کے) گھٹنے یا گرنے کا تعین یا اندازہ کرنا، (ٹمپریچر وغیرہ کے) گھٹنے یا نیچے آنے کا درجہ یا حساب.

تَنْزِیل (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. (عموماً وحی کا) نازل ہونا، اترنا، نزول. ۲. وحی قرآن. [ع].

تَنْزِیہہ (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. (i) ذات باری تعالیٰ کا نقص یا تعین و تشبیہ سے منزہ و پاک و صاف ہونا، قدوسیت، تقدیس. (ii) بے عیبی، باطنی صفائی، پاکی. ۲. (عیب سے) پاک کرنا، صاف کرنا، اخلاط فاسدہ کو دور کرنا، تنقیہ کرنا. [ع].

تَنْزِیہی (فت ت، سک ن، ی مع) صف.
۱. تنزیہہ سے منسوب یا متعلق. ۲. (فقہ) ایسا فعل مکروہ جو حلال سے قریب ہو. [ع].

تَنْسِیخ (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. ترک، رد، تردید. ۲. (قانون) منسوخی، باطل قرار دینا، کالعدم کرنا. ۳. انہدام، محو کرنا، مٹانا، میٹنا، خاک کرنا، نیست و نابود کرنا. اف: کرنا/ہونا. [ع].

تَنْسِیق (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. (کسی چیز کے اجزا، افراد، اصول وغیرہ میں) ترتیب، تنظیم، انضباط. ۲. (طب) قابو، کنٹرول. [ع].

تَنْصِیب (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. نصب کرنا، لگانا، قائم کرنا؛ برپا کرنا، کھڑا کرنا؛ گاڑنا. ۲. (طب) قرار پانا، قائم ہونا (حم وغیرہ کے لیے). [ع].

تَنْصِیبات (فت ت، سک ن، ی مع) اسث؛ ج.
تنصیب کی جمع؛ نصب شدہ (مشینری وغیرہ)؛ (مجازاً) کارخانہ، مل وغیرہ.

تَنْصِیف (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. دو حصوں میں مساوی تقسیم، بیچ میں سے کسی چیز کو دو ٹکڑے کرنا.

۲. (ریاضی) کسی عدد کو ۲ کے عدد سے تقسیم کرنا کہ نتیجے میں اس کا نصف آ جائے. ۳. (علم المساحت) مقررہ قاعدے سے ناپ کر آدھا آدھا کرنا. اف: کرنا/ہونا. [ع].

تَنظِیم (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. (کسی گروہ یا جماعت کا) نظم، نظام. ۲. منظم جماعت، جمعیت. ۳. (اصول اور قواعد وغیرہ کا) انضباط، ضبط و ترتیب، درستی، منظم کرنا. ۴. (ملک یا شہر وغیرہ کا) انتظام. ۵. تاگے میں موتی پرونا. ۶. مجلس، ادارہ. ۷. (کوئی شے) بنانا، تیار کرنا، ترتیب دینا. ۸. (کسی شے کی) ساخت، بناوٹ، ہیئت. اف: دینا/کرنا/ہونا. [ع].

تَنظِیمی (فت ت، سک ن، ی مع) صف.
تنظیم سے منسوب یا متعلق.

تَنَفُّر (فت ت، ن، شدف بضم) اند.
نفرت، کراہت، بیزاری، بھاگنا. اف: رکھنا/کرنا/ہونا. [ع].

تَنَفُّس (فت ت، ن، شدف بضم) اند.
۱. سانس کی آمد و شد، سانس لینا. ۲. (دمہ یا کسی اور تکلیف کی وجہ سے) سانس کا دقت کے ساتھ اور تیز تیز چلنا، ہانپنا، دم کشی، دمہ کا دورہ. [ع].

تَنقِیح (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. تحقیق و تلاش، چھان بین، صحیح اور غلط کا کھوج؛ عیب یا خرابی سے صاف اور پاک کرنا، تفحص. ۲. (دفتری یا ملکی امور کی) جانچ پڑتال، تفتیش و تشخیص، تحقیقات. ۳. (قانون) مقدمے کی تحقیقات، سوال نامہ جو فریقین سے ثبوت طلب کرنے کے لیے مرتب کیا جائے، سوال جواب، چھان بین. ۴. صاف کرنا، چمکانا؛ انتڑیوں کا صاف کرنا، جلاب دینا؛ جھگڑے کا فیصلہ کرنا. [ع].

تنقیح طلب صف. ایسا کوئی امر جس میں چھان بین سوال جواب یا تحقیق کی ضرورت ہو.

تَنقِید (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. (i) ایسی رائے جو برے بھلے یا صحیح اور غلط کی تمیز کرا دے، پرکھ، چھان بین، کھوٹا کھرا جانچنا. (ii) وہ تحریر جس میں کسی فن پارے کے حسن و قبح پر فنی اصول و ضوابط کی روشنی میں اظہار رائے کیا گیا ہو. ۲. نکتہ چینی، اعتراض. [ع].

تَنقِیدی (فت ت، سک ن، ی مع) صف.
تنقید سے منسوب یا متعلق (قول یا تحریر یا تبصرہ وغیرہ).

تَنقِیص (فت ت، سک ن، ی مع) اسث.
۱. عیب جوئی، مذمت، تحقیر. ۲. اعتراض، نکتہ چینی. ۳. نقص، گھاٹا. [ع].

تَنُک (فت ت، فت نیز سک نیز ضم ن) صف؛ م ف.
ذرا سا، تھوڑا سا، قدرے، کچھ. [س].

تِنَک (کس ت، فت ن).
تنکنا سے ماخوذ تراکیب میں مستعمل.

تنک اٹھنا ف مر. تنکنا، جھلانا، ناراض ہونا، بگڑنا.

تنک جانا ف مر. تنکنا، بگڑنا، جھلانا، ناراض ہونا.

تنک کر/کے م ف. غصے سے؛ جھلا کر، ناراض ہو کر، بگڑ کر.

تُنُک (ضم ت، ضم نیز فت ن) (الف) صف.
۱. تنگ، اوچھا، کم. ۲. نحیف، لاغر، کمزور. ۳. نازک، لطیف، ہلکا. ۴. بے حقیقت، خفیف. ۵. تھوڑا سا، چھوٹا سا، ذرا سا. ۶. زنانہ. (ب) اسث. تنگی، پتلی روٹی، تنک تانا. [ف].

تنک مزاج صف. تیز مزاج، چڑچڑا، زود رنج؛ نازک مزاج.

تِنکا (۱) (کس ت، سک ن) اند.
۱. گھاس وغیرہ کا ٹکڑا جو پتلا اور لمبا ہوتا ہے. ۲. (i) (مجازاً) حقیر اور بے حقیقت شے. (ii) ذرا سی چیز، کوئی چیز، کم سے کم قیمت کی چیز. ۳. (کنایۃً) دبلا پتلا، لاغر، ہلکا. ۴. کوڑا کرکٹ، گھاس پھونس. [س]

تنکا ادھر (سے) اُدھر نہ ہونا محاورہ. ذرا سی بے ترتیبی یا تبدیلی بھی نہ ہونا، نظم و ترتیب میں کوئی فرق نہ آنا.

تنکا باقی نہ چھوڑنا محاورہ. تنکا نہ رہنا کا تعدیہ؛ جھاڑو پھیر دینا، صفایا کر دینا، کچھ نہ چھوڑنا.

تنکا تنکا اند. ۱. تنکا کی تکرار، ایک ایک چیز، ذرہ ذرہ، چھوٹی سے چھوٹی اور معمولی سے معمولی شے. ۲. ہر چیز، ہر شخص.

تِنکنا (کس ت، فت ن، سک ک) ف ل.
۱. (عو) جھلانا، بگڑنا، ناراض ہونا، تر بھر ہونا. ۲. (عوام) بے چین ہونا، بے قرار ہونا. [س].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تُنُک (ضم ت، سک ن) امث.
خستہ اور پتلی روٹی جو میدہ اور گھی ملا کر تندور میں پکاتے ہیں. [ف].

تِنکے (کس ت، سک ن) اند.
تنکا کی جمع یا مغیرہ حالت ؛ (تراکیب میں مستعمل).

تنکے چننا محاورہ. ۱. دیوانوں کے سے کام کرنا، مخبوط الحواس ہو جانا، مجنوں ہو جانا، عاشق ہو جانا. ۲. آوارہ پھرنا ۳. نشے میں دیوانہ بننا، مبہوت ہونا.

تنکے کا احسان اند. تھوڑا سا احسان.

تنکے کا سہارا محاورہ. ذرا سی مدد، تھوڑا سا آسرا، تھوڑی حمایت.

تنکے میں جان ڈالنا محاورہ. بے جان میں جان ڈالنا، مرتے ہوئے کو جلا دینا، عموماً عورتیں دعا دیتے وقت یا قدرت الٰہی کے اظہار کے موقع پر بولتی ہیں.

تَنْکِیر (فت ت، سک ن، ی مع) امث.
۱. کسی اسم کو نکرہ بنانا؛ کسی چیز میں عمومیت پیدا کرنا. ۲. بے جانا پہچانا بنا دینا، حالت بدلنا ۳. (قواعد) وہ کلمہ جو کسی مخصوص فرد یا شے کی نشاندہی نہ کرے. [ع].

تنکیر و تعریف امث. عمومیت و خصوصیت ؛ نکرہ و معرفہ.

تَنگ (فت ت، غنہ) (الف) صف.
۱. (زمان یا مکان کے لیے) تھوڑا، مختصر، چوڑائی یا قطر میں کم، چھوٹا جو فراخ نہ ہو، کم چوڑا. ۲. (مقدار یا کیفیت کے لیے) کم قلیل. ۳. (عقیدہ، خیال، معنی وغیرہ کے لیے) محدود، وسیع کی ضد. ۴. (جوتا، لباس یا زیور وغیرہ) پھنسا ہوا، جو جسم پر صحیح نہ اترے. ۵. محتاج، تنگ دست، مفلس، غریب، (اکثر خرچ کے ساتھ یا تراکیب میں) تنگ دست. ۶. (i) عاجز، مجبور، پریشان. (ii) بیزار، ملول، دل برداشتہ، گھٹا گھٹا. (iii) پریشان، دق. اف : کرنا / ہونا. ۷. دشوار، کٹھن، دوبھر (نیز بطور م ف). (ب) م ف. پوری گرفت کے ساتھ، بھینچ کر یا بھینچ کر. [ف].

تنگ آمد بجنگ آمد فارسی مقولہ اردو میں مستعمل. پریشان ہو کر آدمی جنگ کے لیے یا لڑنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے.

تنگ آنا محاورہ. ۱. بیزار ہونا، اکتا جانا، عاجز آنا، تھک جانا ۲. مشکل میں پھنسنا، مصیبت میں پڑنا.

تنگ دست صف. نادار، مفلس، محتاج.

تنگ دستی امث. ۱. ناداری، افلاس ۲. مفلس، فلاکت.

تنگ دل صف. ۱. ملول، رنجیدہ، افسردہ ۲. کم ظرف، اوچھا، کمینہ خصلت. ۳. کنجوس، بخیل.

تنگ دہان/ دہن صف. چھوٹے منہ کا، غنچہ دہن ؛ (مجازاً) محبوب، حسین وخوبصورت.

تنگ رہنا محاورہ. ۱. پریشان رہنا، بیزار رہنا ۲. تہی دست رہنا.

تنگ ظرف صف. کم ظرف، پست ہمت، کم حوصلہ، اوچھا، کمینہ.

تنگ کرنا محاورہ. ستانا، دق کرنا، عاجز کرنا، تکلیف دینا.

تنگ نظر صف. جس کی نظر یا خیال میں وسعت نہ ہو، کم ہمت، کم حوصلہ.

تنگ نظری امث. خیال یا نظر کی تنگی، کم حوصلگی، وسیع النظری کی ضد.

تنگ ہونا محاورہ. ۱. زچ ہونا، دق ہونا، پریشان ہونا ۲. (مکان وغیرہ) چھوٹا ہونا، فراخ نہ ہونا.

تَنگی (فت ت، غنہ) امث.
۱. (زمان و مکان کے لیے) تھوڑا یا چھوٹا ہونا (فراخی یا درازی کی ضد). ۲. (کسی فعل، یا بیان میں)، کوتاہی، کمی. ۳. (دولت یا روزی وغیرہ میں) قلت، عسرت، افلاس. ۴. (اختیار، پسند یا معیار وغیرہ میں) سختی، سخت گیری، شدت. ۵. کٹھن، دکھ، مصیبت. ۶. تنگ راستہ جو دو رویہ سلسلۂ کوہ کے درمیان ہو، درہ، گھاٹی.

تنگی اٹھانا محاورہ. مالی پریشانی اٹھانا، کمی برداشت کرنا.

تنگی ترشی امث. بسر اوقات میں نہایت کمی، تنگ حالی.

تَننا (فت ت، سک ن). (الف) ف ل.
۱. (i) (کسی عضو یا رگ وغیرہ کا) پھیل جانا، کھنچنا، اکڑنا. (ii) پھولنا، ابھرنا. ۲. (غرور فخر بے باکی یا ناز و انداز سے) اکڑنا، سیدھا کھڑا ہونا، سینہ ابھارنا ۳. (غصے یا خفگی سے) اکڑ تکڑ دکھانا، کھنچنا، دور رہنا. ۴. گڑنا، کسی چیز یا سر وغیرہ کے اوپر چادر وغیرہ پھیلایا جانا، (تاننا) کا لازم.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

۵. (عوام) طول پکڑنا. ۶. (عوام) میعاد ہونا، قید ہونا. ۷. شکم سیر ہونا (کھانا وغیرہ کے ساتھ). (ب) ف م. پورنا، تاننا، پھیلانا. [س].

تنُّور (فت ت، و مع نیز شد ن) اند.

۱. روٹی یا شیر مال وغیرہ پکانے کی بھٹی جو بڑے مٹکے سے ملتی جلتی لوہے یا مٹی کی بنی ہوئی ہوتی ہے اسے زمین میں گاڑ دیا جاتا ہے اس میں آگ جلتی ہے گرم ہو جانے پر اس کے اوپر کے حصے میں روٹی لگادی جاتی ہے اور پک جانے پر نکال لاتی ہے، تندور. ۲. وہ حوض جس میں کاغذ بنانے کے لیے مسالہ تیار کیا جاتا ہے. [ع].

تنور جھونکنا محاورہ. تنور گرم کرنا؛ (کنایۃً) فضول کام کرنا، رک: بھاڑ جھونکنا.

تنورچی اند؛ صف. تنور پر روٹی پکانے والا، باورچی، بھٹیارا.

تنُّوری (فت ت، و مع نیز شد ن) صف.

تنور سے منسوب یا متعلق.

تنَوُّع (فت ت، ن، شد و بضم) اند.

بوقلمونی، قسم قسم کا ہونا، رنگ برنگ کا ہونا. [ع].

تنُومند (فت ت، و ج نیز مع، فت م، سک ن) صف.

موٹا تازہ، قوی، ہاتھ پیر کا مضبوط، تناور، شہ زور. [ف].

تنویر (فت ت، سک ن، ی مع) اند.

۱. روشنی، نور، چمک. ۲. (مجازاً) ترقی پانا، جلا پانا؛ (صف) مجلی، مصفا. ۳. روشنی کی لہر. ۴. روشن کرنا؛ (مجازاً) تصریح، توضیح، وضاحت. [ع].

تنویم (فت ت، سک ن، ی مع) است.

(لفظاً) سلانا، (اصطلاحاً) مسمریزم کی ایک قسم، ہپناٹزم. [ع].

تنوین (فت ت، سک ن، ی مع) است.

(نحو) کسی لفظ کے آخر میں دو زبر (ً) یا دو زیر (ٍ) یا دو پیش (ٌ) لگا کر نون ساکن کی آواز نکالنا، نون ساکن کی وہ علامت جو کسی لفظ کے آخر میں ہو (جیسے: وقتاً فوقتاً، دفعتاً وغیرہ). [ع].

تنہا (فت ت، سک ن) صف؛ م ف.

۱. اکیلا، جدا، تن تنہا، اکیلا دم. ۲. صرف، فقط. [ف].

تنہائی (فت ت، سک ن) است.

۱. اکیلا پن، تنہا ہونا. ۲. مفارقت، جدائی. ۳. خلوت، علیحدگی، اکیلے رہنا. ۴. قید تنہائی، قید کی سزا کی ایک شدید قسم جس میں مجرم کو اور قیدیوں سے الگ رکھتے ہیں. [ف].

تنی (فت ت) است.

۱. (i) کسی چیز کے باندھنے یا کسنے کی ڈور، بند. (ii) وہ ڈوری جس سے ترازو کے پلڑے ڈنڈی سے باندھے جاتے ہیں، ڈس.

تنی دینا محاورہ. ان بن ہونا، کشیدگی ہونا، ٹھن جانا. [س].

تو (۱) (و لین) (الف) حرف جزا.

۱. تو (حرف شرط 'اگر' کی جزا میں تو (و لین) بولتے ہیں، بمعنی تب، پھر. ۲. بعض اوقات جب ایک بات حقیقت میں دوسری بات پر موقوف نہیں ہوتی اور کلام کو شرط و جزا کی صورت میں لاتے ہیں. اس صورت میں بھی حرف جزا تو (و لین) بولتے ہیں. (ب) ظرف زماں. تب، اُس وقت. (ج) اند. (قدیم). وقت، موقع، محل. [س].

تُو (و مع) ضمیر.

۱. کلمہ خطاب جو ادنیٰ یا کم درجے یا کم عمر والے کی نسبت یا غصے کے عالم میں بلا امتیاز حیثیت بولا جاتا ہے. ۲. حرف خطاب تعظیمی جو خدا اور رسول کی نسبت استعمال کرتے ہیں. ۳. بے تکلفی یا پیار سے خطاب کرتے وقت بولتے ہیں. [س].

تو بھی رانی میں بھی رانی کون بھرے پن گھٹ پر پانی کہاوت. جب سب کے سب کسی کام سے جی چرائیں یا اس کام کو اپنے مرتبے سے گرا ہوا خیال کریں تو اس موقع پر خصوصاً عورتیں بولتی ہیں.

تو تڑاق است. ۱. زبان درازی، گالم گلوچ، تکرار. ۲. تو تو میں میں، زبانی لڑائی. اف: کرنا/ ہونا.

تو تکار است. تو تڑاق، زبان درازی، گالم گلوچ، تکرار.

تو تو میں میں اند. زبانی لڑائی جھگڑا، بحث و تکرار، بد زبانی، گالی گلوچ. اف: کرنا/ ہونا.

تو جان تیرا کام جانے فقرہ. سمجھانے کے باوجود کوئی نہ مانے تو بولتے ہیں، (مراد) جو جی میں آئے کر ہم نے سمجھا دیا آگے تیری مرضی، تجھے اختیار ہے ہم اس میں دخل نہیں دیتے.

تو چل میں آیا فقرہ. ایک کے بعد دوسرے کے آنے کا تانتا بندھنے اور سلسلہ نہ ٹوٹنے کے موقع پر مستعمل.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

[illegible] کوئی کسی کو نہیں پوچھتا ہے،
[illegible]

[illegible]

[illegible] میں) پھر، تب، اس وقت
[illegible] محذوف بھی ہوتا ہے). (ب) عاطفہ. ۱. اس
[illegible] کے معنی میں. ۳. پھر، تب، اس
[illegible] ہے. ۵. بھی، نیز، تک، پھر، کی
[illegible] کے معنوں میں. [illegible] مکان ظاہر کرنے کے لیے.
[illegible] کے معنوں میں. [illegible]

[illegible] عادت میں.
[illegible] تب بھی.
[illegible] کچھ نقصان نہیں، کوئی ہرج
[illegible]
[illegible] صورت میں ہوتا، کیا شے ہوتا.

[illegible]

[illegible] جس پر روٹی پکاتے ہیں. (ب) صف.
[illegible] توے کا آئینہ (لوہے کے ٹکڑے کو جلا
[illegible] کرتے ہیں). ۳. پہیے کے مرکزی یعنی نا
[illegible] کا بنا ہوا ڈھکن جو نا کے سوراخ کو خاک دھول
[illegible] سے لگایا جاتا ہے. (ب) صف. (کنایۃً) سیاہ، کالا.
[illegible]

توجہ بوجی بڑھا کہاوت. روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے.

توا سر سے باندھنا محاورہ. اپنے کو مستحکم کرنا، مضبوط بنانا، سر کی حفاظت کر کے لڑنے کو مستعد ہونا.

توا نہ تغاری مفت کی بھٹیاری کہاوت. بے سروسامانی میں لاف وگزاف اڑانا اور بڑے بڑے دعوے کرنا، پاس کچھ نہ ہو اور ظاہر داری بہت کرنا.

توا ہنسنا محاورہ. ۱. توے کے نیچے کی کالونج کا روشن ہو کر اس سے پھول سے جھڑنا، لوگ اسے نیک فال سمجھتے ہیں. ۲. کوئی کالا آدمی پان کھا کر ہنستا ہے تو اس پر بھی توے کے ہنسنے کی پھبتی کستے ہیں.

تَوّاب (فت ت، شد و) صف.
۱. توبہ قبول کرنے والا، اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات میں سے ایک اسم. ۲. بہت توبہ کرنے والا، بہت زیادہ تائب. [ع].

تَواتُر (فت ت، ضم ت). (الف) امذ.
۱. (i) (لفظاً) کسی بات یا واقعہ کو بہت سے لوگوں کا نقل کرنا یا کثرت اور تسلسل سے نقل کیا جانا کہ باعث یقین ہو. (ii) (حدیث) وہ مسلسل عمل جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وقت سے شروع ہوا اور جسے خلفائے راشدین نے قائم رکھا اور ان کے بعد بھی قائم رہا، سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم. (iii) کسی عمل وغیرہ کا مسلسل ہونا، پیہم ہونا. ۲. (بنوٹ) کسی شخص کا دوسرے پر برابر چوٹیں مارنا اور مقررہ چوٹیں ختم ہونے کے بعد دوسرے کا انہیں چوٹوں کا دہرا دینا. ۳. ترتیب وار، برابر برابر. ۴. (طب) حرارت یا ضعف وغیرہ کی وجہ سے نبض کا پے در پے چلنا اور دو ٹھوکروں کے درمیان کا زمانہ تھوڑا محسوس ہونا، تفاوت کی ضد. (ب) م ف. پے در پے، لگاتار، متواتر، مسلسل. [ع].

تَوارُث (فت ت، ضم ر) امذ.
وراثت، ارثاً کسی چیز کا حاصل ہونا، ایک دوسرے سے میراث پانا. [ع].

تَوارُد (فت ت، ضم ر) امذ.
(معانی) کسی خیال یا مضمون کا ایک سے زیادہ شخصوں کے ذہن میں آنا، مضمون یا خیال یا الفاظ کا لڑ جانا. ۲. یکسانی، مشابہت. ۳. خط و کتابت یا مراسلت کرنے کا عمل. [ع].

تَوارِیخ (فت ت، ی مع) امث؛ ج.
تاریخ کی جمع بطور واحد مستعمل ہے. [ع].

تَوازُن (فت ت، ضم ز) امذ.
۱. (i) (خیال یا دماغ وغیرہ کی) ہمواری، استواری. (ii) ہموزن ہونا، برابر ہونا (حسابات یا کسی شے کی) متناسب برابری یا مساوات وغیرہ.

(iii) تناسب ، برابری ، متناسب ہونا .۲.(موسیقی) ٹھہراؤ ، رکاؤ (آواز کا) .
[ع] .

توازن کرنا محاورہ .۱.(مقدار یا تعداد کے لیے) موازنہ کرنا ، مقابلہ کرنا ، اندازہ لگانا .۲.خسارہ پورا کر کے حساب برابر کرنا .

تَواصُل (فت ت ، ضم ص) امذ.
ایک دوسرے میں پیوست ہونا یا ملا ہوا ہونا ، ایک دوسرے سے تعلق ہونا. [ع] .

تَواضُع (فت ت ، ضم ض) امث .
۱.خاطر مدارات ، آؤ بھگت ، مہمان نوازی .۲.فروتنی ، انکسار ، عاجزی .
۳.نذر ، بھینٹ ؛ دعوت . [ع] .

تواضع کرنا ف مر؛ محاورہ .۱.خاطر مدارات کرنا ، مہمان نوازی کرنا ، آؤ بھگت کرنا (دیکھیے : تواضع معنی نمبر۱) .۲. عاجزی سے پیش آنا ، انکسار کرنا .۳.عطا کرنا ، بخشنا ، نذر کرنا .۴.(طنزاً) مارنا پیٹنا .

تَوافُق (فت ت ، ضم ق) امذ.
۱.موافقت ، مطابقت ، یکسانی ، تخالف کی ضد .۲.(ریاضی) ایسے دو عددوں کی نسبت کو کہتے ہیں جن کو کوئی تیسرا عدد تقسیم کر سکے .[ع] .

تَوالُد (فت ت ، ضم ل) امذ.
افزائش نسل ، تناسل ، اولاد پیدا کرنا . [ع] .

توالد و تناسل امذ.
اولاد پیدا ہونا ، نسل چلنا .

تَوام (ولین ، فت الف) ج : توائم (الف) صف.
۱.جڑواں ، خصوصاً وہ بچہ جو کسی دوسرے بچے کے ساتھ پیدا ہوا ہو .
۲.(مجازاً) لازم و ملزوم ، ساتھ ساتھ .۳.(نجوم) برج جوزا . [ع] .

تُوان (ضم نیز فت ت) امث ؛ امذ.
تاب ، طاقت ، توانائی ، بل ، زور ، قدرت ، (بالعموم 'نا' کے ساتھ مستعمل) .
[ف] .

تُوانا (ضم نیز فت ت) صف.
۱.تن و توش والا ، ہٹا کٹا ، جسیم ؛ طاقتور ، مضبوط .۲. قادر ، قدرت و اختیار والا (خصوصاً اللہ کی صفت) .۳.تندرست ، صحت مند . [ف] .

تُوانائی (ضم نیز فت ت) امث .
۱.طاقت ، زور ، بل .۲.(طبیعیات) توانائی سے مراد وہ قابلیت ہے جو کوئی کام کر سکے یا کچھ ہلا سکے جو دھکا دے سکے یا گھسیٹ سکے . [ف] .

توانائی بخشنا محاورہ .قوت دینا ، طاقت پہنچانا ، توانا کرنا .

تَوائی (فت ت) امث .
دیکھیے : تباہی کا ایک تلفظ .

توبۃ النصوح (ولین ، فت ب ، ضم ت ، ضم ال ، شدن بفت ، و مع) امث .
سچی توبہ ، خالص توبہ .

توبْڑا (وج ، سک ب) امذ . ~ توبڑہ ؛ امث : توبڑی .
۱.(i) تھیلا ، عموماً وہ تھیلا جو شکاری یا پھیری لگانے والوں کے ساتھ رہتا ہے .(ii) ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا جس میں دانہ بھر کر گھوڑے ، یا خچر وغیرہ کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں .(iii) بیل بان کی جوتیاں اور معمولی سامان رکھنے کو پالان میں بنی ہوئی چھوٹی تھیلی .۲.مونجھ یا سن کا جالی دار چھوٹا تھیلا جو بیل یا بھینسے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیا جاتا ہے تاکہ اناج یا کھیت وغیرہ میں منہ نہ مارے ؛ مرغ کی چونچ پر چڑھانے کا حلقہ تاکہ وہ کسی چیز پر چونچ نہ مار سکے .۳.(حقارت سے) منہ ، تھوبڑا ، تھوتھنی . [س] .

تَوبَہ (ولین نیز مج ، فت ب) امث .
۱.(i) (لفظاً) لوٹنا یا رجوع ہونا ، (اصطلاحاً) گذشتہ گناہوں یا غلطیوں پر ندامت اور آئندہ اس قسم کی برائی یا گناہ نہ کرنے کا اقرار ، کسی قول یا فعل (عموماً برا) سے باز رہنے کا عہد .(ii) (ندامت کے ساتھ) طلب مغفرت ، عفو خواہی ، استغفار .اف : کرانا/کرنا. (ب) فجائیہ .۱.(کثرت و فراوانی کے موقع پر) بہت زیادہ بے پناہ .۲. ہرگز نہیں یا زنہار کی جگہ .
[ع] .

توبہ (و) استغفار امث .توبہ ، ندامت و شرمندگی کے ساتھ اللہ سے مغفرت ، عفو خواہی طلب کرنا .

توبہ (ہی) بھلی فقرہ .(عو) خدا بچائے ، اللہ محفوظ رکھے ، خدا کی پناہ .

توبہ توبہ فجائیہ .جس کی یہ تاکید ہے (کثرت و فراوانی کے موقع پر بہت زیادہ .

توبہ شکن صف. ۱. (i) توبہ توڑنے والا، عہد شکن. (ii) دوسرے کی توبہ تڑوانے والا؛ (مجازاً) محبوب، معشوق.

توبہ قبول ہونا محاورہ. گناہوں کی معافی ہونا.

توبہ کرنا محاورہ. ۱. زبان سے توبہ توبہ کہنا، نفرت اور حقارت کا اظہار کرنا، عبرت و افسوس ظاہر کرنا. ۲. باز آنا، ترک کرنا، چھوڑنا.

توبہ کرو / کیجئے فقرہ. کوئی غرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلاف مذہب یا عقل کوئی بات کرے تو کہتے ہیں.

توبہ ہے فقرہ. ۱. (عو) خدا بچائے، خدا دور ہی رکھے، ایسا نہیں ہوسکتا. ۲. اب ایسا نہ کروں گا (باز آنے کی جگہ).

توپ (وج) است.

۱. ایک آلۂ جنگ جس میں گولا بارود بھر کر چلایا جاتا ہے اس کی نال لمبائی اور گولائی میں بندوق کی نال کے مقابلے میں بڑی ہوتی ہے.
۲. (مجازاً) بہت موٹا آدمی یا عورت، بھپس آدمی یا عورت. [ف].

توپ انداز اند. ۱. وہ شخص جو توپ چلائے، توپچی. ۲. وہ فاصلہ جہاں تک توپ کا گولہ پہنچے، توپ کی مار، توپ رس.

توپ چی اند. ۱. توپ خانہ کا افسر، میر آتش. ۲. وہ شخص جو توپ چلائے.

توپ چیز است. ۱. بڑا آدمی، مشہور آدمی، امیر آدمی، کسی فن کا بڑا ماہر نیز زبردست، شاندار. ۲. (سلینگ) چالاک آدمی، تیز آدمی، چلتا پرزہ.

توپ خانہ اند. ۱. توپیں اور ان سے متعلقہ سازوسامان رکھنے کی جگہ یا محکمہ فوج جس کا تعلق توپ خانہ سے ہو. ۲. (i) (چھ) توپیں مع ساز و سامان (میگزین وغیرہ)؛ توپوں کی ایک خاص تعداد پر مشتمل فوج کا حصہ. (ii) توپیں چلانے والی فوج، انفنٹری.

توپ سے اُڑا دینا محاورہ. توپ کے منھ پر باندھ کر اڑا دینا.

توپ کا گولہ اند. بارود کی بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں.

تُوت (وع) اند.

شہتوت، ایک درخت اور اس کا پھل جس کی شاخیں لمبی اور لچک دار ہوتی ہیں اور پتوں پر ریشم کے کیڑے پرورش پاتے ہیں، پھل تین انگل سے پانچ انگل تک لمبا ہوتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں، ایک سفید زردی مائل دوسرا سیاہ سرخی مائل، لاط: Mogus indica. [ع؛ ف].

توتا (وج) اند؛~ طوطا.

۱. ایک سبز رنگ کا پرند جس کی چونچ سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے.
۲. بھنگ کی لگدی. ۳. (مجازاً) طفل خوش گفتار. ۴. (نان بائی) تنور سے روٹی نکالنے کے دونوں آلوں کو جو ایک ساتھ استعمال ہوتے ہیں "جوڑی" کہتے ہیں وہ سیخ، جس کا ایک سرا چپٹا (کھرپی کی شکل) ہوتا ہے ارا کہلاتی ہے اور دوسری سیخ جس کی نوک مڑی ہوئی ہوتی ہے "طوطا" (یعنی توتا) کے نام سے پکاری جاتی ہے. [س].

توتا پالنا محاورہ. ۱. علاج سے غافل رہ کر پھوڑے پھنسی کی تکلیف کو طول دینا، سوزاک یا آتشک وغیرہ کی بیماری لگا لینا. ۲. کوئی ایسا کام ہاتھ میں لینا جس سے آدمی اور کاموں سے بیکار ہو جائے.

توتا چشم صف. آنکھیں پھیر لینے والا، بے مروت، بے وفا (مشہور ہے کہ طوطا کتنا ہی قدیم پلا ہوا ہو اڑ کر واپس نہیں آتا اسی لیے بے وفا کہتے ہیں).

توتلا (وج، سک ت). صف مذ؛ مث: توتلی.

۱. تتلانے والا، جو حروف کا صحیح تلفظ نہ کرسکتا ہو (بچپن کی وجہ سے یا بیماری کے سبب). ۲. جس میں توتلا پن پایا جائے، تتلانے سے متعلق. [س].

تُوتی (وع) اند؛~ طوطی.

ایک خوش آواز پرندہ (چڑیا) جو توت کے موسم میں دکھائی دیتا ہے اور (توت) بہت رغبت سے کھاتا ہے، اہل فارس توتے کو بھی توتی کہتے ہیں، لاط: Loxia rosea، طوطی، توتا.

توتی بولنا محاورہ. ۱. (کسی ہنر، کمال یا خوبی میں مشہور ہونا)، شہرہ آفاق ہونا، دھاک بیٹھنا. ۲. (کسی دربار یا سرکار میں) با اقبال ہونا، بااثر ہونا. ۳. دور دورہ ہونا.

توتی کی آواز (صدا) نقار خانے میں کون سنتا ہے کہاوت.

بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی رائے کی کوئی وقعت نہیں ہوتی یا ادنیٰ آدمیوں کی کوئی سماعت نہیں.

توتے (وج) اند.

توتا کی جمع یا حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل، سبز رنگ کے پرندے.

توتے کی سی آنکھیں پھیرنا محاورہ. یکا یک بے مروتی کا اظہار کرنا، یک لخت بے وفائی کرنا.

تُوتیا (و مع، کس ت) اند؛ اسث.
۱. نیلے رنگ کی ایک زہریلی دوا جو پھٹکری کی طرح سخت ہوتی ہے، نیلا تھوتھا. ۲. سرمہ، وہ پتھر جسے پیس کر سرمہ بناتے ہیں. [ع].

تَوثیق (و لین، ی مع) اسث.
(لفظاً) مستحکم یا مضبوط کرنا؛ کسی قول بیان کی صحت کے بارے میں یقین دلانا یا اس کی تائید کرنا، تصدیق، تائید. ۲. (قانون) تحریری منظوری یا تصدیق. [ع].

تَوَجُّہ (فت ت، و، شد ج، بضم) اسث.
۱. کسی کی طرف رخ کرنا، میل، رغبت. ۲. مہربانی، عنایت. ۳. خیال، فکر، غور. ۴. (i) (تصوف) سالک کا اپنے وجود کو نیست و نابود سمجھنا اور حق کو موجود جاننا، خود کو خدا کے وجود سے موجود جاننا. (ii) سالک کا اپنی طاقت قلب کو دوسروں کے قلب پر ڈالنا اور دوسرے کے قلب کو اپنے اختیار میں لانا. (iii) دل کی جانب متوجہ رہنا اور کوئی خطرہ یا وسوسہ نہ آنے دینا. [ع].

تَوجِیہ (و لین، ی مع) اسث.
۱. (لفظاً) کسی کی طرف منھ پھیرنا. ۲. چہرے کے خط و خال، حلیہ. ۳. (i) سبب، علت، دلیل. (ii) سبب بیان کرنا، دلیل لانا، وجہ بیان کرنا. ۴. (تفسیر) ایسے شبہہ کو رفع کرنا جو کسی آیت میں اس کے مفہوم کے لحاظ سے مستبعد ہو یا آیتوں یا حدیثوں کے باہمی متناقض ہونے کی کسی قید کے مخفی ہونے کے سبب سے پڑ جائے. ۵. (قوافی) روی ساکن کے ماقبل حرکت. [ع].

تَوجِیہی (و لین، ی مع) صف.
توجیہہ سے منسوب یا متعلق.

تَوحِید (و لین، ی مع) اسث.
۱. (i) خدا کی وحدانیت کا یقین، خدا کے ایک ہونے کا عقیدہ. (ii) خدا کی یکتائی، اللہ تعالیٰ کا ایک ہونا. ۲. اتحاد، وحدت، ایک ہونا. ۳. (تصوف) ذات بحث کو مع جمع و فرق کے جاننا اور اس میں خود کو گم کرنا. [ع].

تُودا/تُودَہ (و مع، فت د) (الف) اند.
ڈھیر، انبار، انثم. اف: لگانا/لگنا. ۲. مٹی کا ٹیلا یا کچی دیوار جس پر تیر انداز تیروں کی مشق کرتے ہیں، نشانہ گاہ، ہدف. ۳. مٹی کی منڈیر جو حدود آراضی ظاہر کرنے کو قائم کر دیتے ہیں، مینڈ، تھیا. (ب) صف.
بہت زیادہ، بکثرت، ڈھیروں. [ف].

تُوَر (و مج نیز ضم ت، فت و) اسث :~ توار؛ تھور؛ تھوہر.
ایک غلہ جس کی دال پکاتے ہیں، ارہر. [س].

تَورات (و لین) اسث :~ توراۃ، توریت.
صحیفۂ آسمانی جو عبرانی زبان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا. [ع].

تَورَہ (و مج، فت ر) اند :~ تورا.
۱. مختلف کھانوں کا ایک یا کئی خوان جو امرا کے یہاں سے شادی کی تقریبات میں رشتہ داروں اور دوستوں کے یہاں بھیجے جاتے ہیں، حصہ، بخرہ (ii) کسی کے مرنے پر دیا جانے والا کھانا. (iii) مختلف لذیذ کھانے جو خوان میں سجا کر تقریبات کے موقعوں پر تقسیم کیے جاتے ہیں. ۲. ناز نخرہ، انداز. ۳. (عو) غرور، گھمنڈ، نمود؛ عزت، رتبہ، حیثیت. [ت].

تورَئی/ توری (و مج، فت ر) اسث.
تُرئی، کھیرے سے مشابہ ایک سبزی جسے مختلف طریقے سے پکایا جاتا ہے اور بھون کر چٹنی بناتے ہیں.

تَورِیت (و لین، ی لین) اسث.
صحیفۂ آسمانی جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوا. [ع].

توڑ (و مج) اند.
۱. ٹوٹ پھوٹ، شکستگی. ۲. جوابی داؤ، حملہ، داؤ پیچ کی کاٹ. ۳. علاج، کاٹ. ۴. (i) مقابلہ ('پر'؛ 'میں' کے ساتھ). (ii) رد، جواب. ۴. (گرمی، سردی یا مرض وغیرہ) کی شدت، نازک حالت یا وقت. ۵. پانی کے بہاؤ کا زور، طغیانی، چڑھاؤ. [س].

توڑ پر ہونا محاورہ. ۱. ختم پر ہونا، ختم کے قریب ہونا. ۲. شدت پر ہونا، زوروں پر ہونا.

توڑ پھوڑ اسث. ۱. ٹوٹ پھوٹ، شکستگی، ذرہ ذرہ ہو جانا، شکست و ریخت. ۲. خرابی، تخریب. ۳. سازش، اغوا. اف: کرنا/ مچانا/ ہونا.

توڑ جوڑ اند. ۱. کسی چیز کا توڑنا اور جوڑنا، ٹوٹے ہوئے حصوں کو جوڑنا. ۲. چالاکی، مکاری، چال، چلتر، سازش، سازباز، گٹھ جوڑ. ۳. دو آدمیوں میں نفاق ڈلوا دینے یا جھگڑا کرا دینے کے ڈھنگ.

توڑ دینا محاورہ. کمزور کر دینا، لاغر کر دینا.

توڑ ڈالنا ف مر: محاورہ. ۱. دیکھیے: توڑنا، ٹکڑے کرنا، شکستہ کرنا. ۲. پچھاڑنا، مار ڈالنا، زیر کرنا. ۳. جدا کرنا، علیحدہ کرنا (سے کے ساتھ).

توڑ کا پانی اند. ۱. طغیانی کا پانی، پانی جس کا بہاؤ طوفانی ہو، طوفان. ۲. آب پاشی جو پانی کی نالی یا بند وغیرہ کری جائے، دہی کا پانی تیز دودھ، اصلی پانی.

توڑ کرنا محاورہ. ۱. مقابلہ کرنا، جواب دینا. ۵. رد کرنا. ۲. جادو منتر کا اتار کرنا، دوا وغیرہ کے اثر کا اتار کرنا.

توڑ کے نکل جانا محاورہ. کسی مضبوط چیز کے آر پار ہو جانا.

توڑ لانا محاورہ. الگ کرنا.

توڑ لینا محاورہ. ۱. اپنی جانب ملا لینا، اپنا لینا، اپنا ہم خیال یا ہمدرد بنا لینا. ۲. جدا کر دینا، نفاق ڈال دینا؛ ختم کر دینا. ۳. پھول یا پھل وغیرہ ٹہنی سے توڑنا.

توڑ مروڑ صف. کاٹ چھانٹ، تبدیلی؛ ہیر پھیر.

توڑ مروڑ دینا محاورہ. بدل دینا، ردو بدل کر دینا، اپنے منشا کے مطابق بنا لینا.

توڑ مروڑ کر / کے م ف. ۱. ترمیم و تحریف کر کے، اپنے مقصد کے مطابق کر کے. ۲. اُلٹی سیدھی تہ کر کے، بے ترتیبی کے کے ساتھ مڑوڑ کے.

توڑ موڑ اند. ۱. موڑ، چکر، راستے کا پیچ و خم. ۲. مخالفت، تردید، کاٹ. ۳. توڑنے موڑنے کے لائق. ۴. توڑنے موڑنے کا عمل، داؤ پیچ.

توڑا (وج) اند؛ ← توڑہ.

۱. کمی، قحط. اف: پڑنا/ ڈالنا/ ہونا. ۲. گلے، ہاتھ یا پانو کا زیور جس میں لڑیاں ہوتی ہیں، عورتوں کے علاوہ بعض ہندو مرد بھی گلے میں پہنتے ہیں. ۳. اشرفی یا روپیوں وغیرہ کی تھیلی، تھیلی عموماً جس میں ہزار روپے یا اشرفیاں وغیرہ ہوں. ۴. فولادی زنجیر جو پہلوان بازوؤں پر باندھتے ہیں. ۵. وزن کے لحاظ سے ایک مقررہ ناپ، تھیلا، کٹھ. [س].

توڑ تاڑ (کر/ کے) ف م. ۱. توڑ پھوڑ کر، چکنا چور کر کے، ٹکڑے ٹکڑے کر کے. ۲. منہدم کر کے، گرا کر. ۳. علیحدہ کر کے، اتار کر. ۴. اُکھاڑ کر، ٹہنی یا جڑ سے علیحدہ کر کے. ۵. (i) (کسی رسی یا بندھن وغیرہ کو) قطع کر کے، ٹکڑے کر کے. (ii) (مجازاً) منقطع کر کے، ترک کر کے.

توڑنا (وج، سک ز) ف م.

۱. (i) ٹکڑے کرنا، شکستہ کرنا. (ii) منہدم کرنا، ڈھانا، گرانا. ۲. ٹھیس پہنچانا. ۳. علیحدہ کر لینا، دوسرے سے منحرف کر کے اپنا بنا لینا. ۴. ختم کرنا (جماعت وغیرہ کے ساتھ). ۵. زور کم کرنا. ۶. الگ کر دینا، ٹہنی سے علیحدہ کرنا، چننا. ۷. قطع تعلق کرنا، دوستی وغیرہ چھوڑ دینا. ۸. تعمیل نہ کرنا، (کسی قانون یا حکم کی) نافرمانی کرنا، خلاف ورزی کرنا. ۹. (عہد و پیمان وغیرہ) ختم کرنا یا ترک کرنا. ۱۰. ختم کرنا (منگنی وغیرہ). ۱۱. (مجازاً) (ستم کے ساتھ) متاثر کرنا، وارد کرنا. ۱۲. موقوف کرنا، ختم کرنا (کسی محکمے وغیرہ کا). ۱۳. اکھاڑنا؛ الگ کرنا، (جیسے دانت توڑنا).

[س].

تُوڑی (وج) است.

گیہوں جو وغیرہ کا موٹا بھس، موٹا بھوسا؛ جانوروں کا چارہ. [س].

توڑی (وج) اند.

۱. ٹوڑی ٹھاٹھ سے بنائی گئی مالکوس کی ایک راگنی جو چاشت کے وقت گائی جاتی ہے. ۲. سرسوں یا رائی کے بیج؛ سرسوں یا رائی کا پودا. [س].

توڑے (وج) اند.

توڑا کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

توڑے کا منھ کھول دینا محاورہ. خوب فیاضی کرنا، بہت زیادہ بخشش کرنا.

تُوزُک (ضم ت، غم و، ضم ز) اند؛ است.

۱. بادشاہ کا روزنامچہ جو اس نے لکھا ہو، جیسے: توزک بابری وغیرہ. ۲. شان و شوکت، احتشام. ۳. فوج کی ترتیب و تنظیم. ۴. آئین، قانون، ضابطہ، قاعدہ. ۵. سامان آرائش، امیری کا لازمہ. ۶. مجلس، دربار؛ لاؤ لشکر. ۷. ضابطہ مجلس. [ت].

تُوس (وج) اند.
۱. (کمبل بافی) موٹا اونی چادرا جو کمبل کی وضع کا بنا ہوا ہو، طوسہ، تسی، دھسا، رال. ۲. پشمینہ. [س].

توس (وج) اند.
ڈبل روٹی یا نان پاؤ کا ٹکڑا جو سکا ہوا ہو، ٹوسٹ. [انگ].

تُوسدان (وج نیز مع، سک س) اند.
۱. کارتوس رکھنے کا بکس جو عموماً سپاہی کی کمر سے بندھا رہتا ہے. ۲. (i) بھرمار بندوق کے کندے میں پٹاخے اور رنجک رکھنے کی ڈبیا. (ii) جدید قسم کی بندوق یا رائفل میں نال کے نیچے زائد کارتوس جمع رکھنے کی جگہ، میگزین، خزانہ، کوٹھی.

تَوَسُّط (فت ت، و، شد س بضم) اند.
۱. (i) اعتدال. (ii) میانہ روی، درمیان کا راستہ. ۲. ذریعہ، وسیلہ، واسطہ. ۳. (تجوید) مد میں دو الف یا تین الف کی مقدار ہونا. [ع].

تَوَسُّل (فت ت، و، شد س بضم) اند.
۱. وسیلہ، واسطہ، سہارا، ذریعہ. ۲. سفارش، تعارف، تقرب، تعلق. ۳. وسیلہ چاہنا، واسطہ ڈھونڈنا، شفاعت. ۴. تعلق، رابطہ، (عموماً 'سے' کے ساتھ). ۵. تقرب. اف: پکڑنا/ رکھنا/ کرنا/ نکالنا/ ہونا. [ع].

تُوسَہ (مع، فت س) اث.
موٹی اونی چادر، دیکھیے: توس.

تَوسِیع (ولین، ی مع) اث.
۱. وسعت، کشادگی، پھیلاؤ، وسیع کرنا. ۲. مقررہ تاریخ بڑھانا یا بڑھوا لینا. ۳. (طب) کوئی آلہ یا وزن جو کسی عضو کو خاص حالت میں رکھنے کے لیے کھینچتا رہے. ۴. (جبیریات) کھنچاؤ، راست گری. ۵. پھیلاؤ، جگہ گھیرنا. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَوسِیعی (ولین، ی مع) صف.
توسیع سے منسوب یا متعلق.

توسیعی خطوط اند؛ ج. بیرونی خطوط یا لائنیں (Out lines)، بڑھائے ہوئے خطوط.

توش (وج) اند.
۱. (i) توانائی، قوت (عموماً تن کے ساتھ مستعمل). (ii) جسم، بدن. ۲. خوراک جو بقدر حاجت ہو، مسافروں کا کھانا. [ف].

توشک (وج، فت ش) اث.
پلنگ کا بچھونا جس میں روئی بھری ہوئی ہو، گدا. [ت].

توشک خانہ اند. ۱. وہ مکان جہاں امیروں کے لباس، پوشاک اور زیورات وغیرہ جمع رہتے ہیں. ۲. وہ جگہ جہاں سامان خانہ داری رہتا ہے.

توشَہ (وج، فت ش) اند.
۱. عموماً وہ کھانا جو مسافر کے ساتھ ہو. ۲. وہ کھانا جو مردے کے ساتھ لے جاتے اور قبرستان میں گورکن اور غربا کو بعد دفن تقسیم کر دیتے ہیں، توشے کی روٹی. ۳. کسی ولی یا بزرگ کے نام کا کھانا جو عرس کے دن تقسیم کیا جائے، تبرک. ۴. ذخیرہ، ساز و سامان، (مجازاً) سہارا. ۵. خیر خیرات، مفلسوں اور محتاجوں کی امداد. ۶. زاد راہ اور راستے کا خرچ، سفر خرچ.

توشہ آخرت/ عاقبت/ عقبیٰ اند. ۱. (مجازاً) عقبیٰ میں سرخ روئی کا سامان. ۲. وہ معصوم بچہ جو ماں کے سامنے مرجائے (خیال ہے کہ ایسا بچہ ماں باپ کے گناہ بخشوائے گا).

توشہ خانہ اند. دیکھیے: توشک خانہ.

تَوشِیع (ولین، ی مع) اث.
اشاعت، نشر. [ع].

تَوشِیم (ولین، ی مع) اث.
ہاتھ وغیرہ پر سوئی سے گود کر رنگ بھرنا، بدن کو رنگین بنانا. [ع].

تَوَصُّل (فت ت، و، شد ص بضم) اند.
میل، اتصال، ملاپ. [ع].

تَوصِیف (ولین، ی مع) صف.
تعریف، وصف، خوبی بیان کرنا. اف: کرنا. [ع].

تَوصِیفی (ولین، ی مع) اث.
تعریف سے منسوب، ستائشی.

تَوَضُّو (فت ت، و، شد ض، و مع) اند.
وضو کرنا؛ سن بلوغ کو پہنچنا. [ع].

تَوضِیح (و لین ، ی مع) امث .
۱. وضاحت ، صراحت کے ساتھ بیان کرنا .۲. شرح .۳. نقشۂ مالگزاری .
۴. (i) اصول فقہ کی ایک کتاب کا نام . (ii) خط کی ایک قسم ، نسخ جلی .
[ع] .

تَوضِیحی (و لین ، ی مع) صف .
دیکھیے : ۱. توضیح سے منسوب یا متعلق ؛ وضاحتی .۲. اس میں مضاف عام ہوتا ہے اور مضاف الیہ اس کل کی ایک جزئی ہوتی ہے .

تَوضِیع (و لین ، ی مع) امث .
۱. (قانون یا ضابطہ وغیرہ کا) وضع کرنا .۲. رکھنا ، افسردہ کرنا ، غمگین کرنا ، پست کرنا ، عاجز کرنا ، غرور ڈھانا . [ع] .

تَوَطُّن (فت ت ، و ، شد ط بضم) امذ .
کسی ملک یا شہر کو اپنا وطن بنانا ، رہنا بسنا . [ع] .

توغ (و ج) امذ .
اعلم ، نشان ، جھنڈا .۲. لکڑی کی ایک قسم جو جلانے پر کئی دن جلتی رہتی ہے .

تَوَغُّل (فت ت ، و ، شد غ بضم) امذ .
۱. انہماک ، غور و خوض ، لگن ، شغف ، مشق و مزاولت .۲. مبالغہ ، غلو .
۳. کمال ، تحقیق .۴. (فقہ) تبدیلی کرنا یا دوسرے معنی پہنانا . [ع] .

تَوفِیر (و لین ، ی مع) امث .
۱. کثرت ، فراوانی ، زیادہ کرنا ، بڑھانا .۲. بچت ، فاضل یا فالتو رقم وغیرہ .۳. فائدہ ، نفع .۴. بالائی آمدنی ، دستوری ، حق الحنت . [ع] .

تَوفِیق (و لین ، ی مع) امث .
۱. (i) خدا کا بندے کی کسی نیک خواہش کے موافق اسباب بہم پہنچانا ، اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہدایت یا تائید . (ii) فراخی ، وسعت .۲. (تصوف) حق تعالیٰ کی مرضی کے مطابق کام انجام دینا ، مرضی مولا کے موافق چلنا .
۳. (بھلائی یا کسی اچھے کام کا) حوصلہ ، ہمت ، داعیہ .۴. موافقت ، مطابقت ، تطبیق کرنا .۵. عدسہ کی شکل میں تغیر (Accommodation) . [ع] .

توفیق دینا محاورہ . ۱. کسی شخص کے لیے خدا کا نیک اسباب بہم پہنچانا ، (نیکی کی) استطاعت بخشنا .۲. صلاحیت بخشنا ، حوصلہ عطا کرنا ، ہمت دینا .

تَوَقُّع (فت ت ، و ، شد ق بضم) امث .
اُمید ، آس ، آرزو ، بھروسہ . اف : ٹوٹنا / دھرنا / رکھنا / کرنا / ہونا .
[ع] .

تَوَقُّف (فت ت ، و ، شد ق بضم) امذ .
۱. (i) (لفظاً) ٹھہرنا ، قیام کرنا ، رکنا ؛ دیر ، تاخیر . (ii) (مجازاً) شک ، شبہ ، ٹھہرنے کا موہوم ارادہ یا خیال .۲. (i) تامل ، پس و پیش . (ii) سوچ بچار ، غور خوض .۳. (سیاسیات) ایک جگہ ٹھہرا ہونا ، قائم ہونا ، ایک حالت پر رہنا .۴. موقوف یا منحصر ہونا ، انحصار ، دار و مدار . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

تَوقِیر (و لین ، ی مع) امث .
عزت ، عظمت ، مرتبہ . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

تَوقِیع (و لین ، ی مع) امذ ؛ امث .
۱. (عموماً بادشاہ یا حاکم وقت کے) دستخط ، مہر یا نشان جو احکام اسناد اور فرامین پر ہو .۲. اس خط یا حکم بادشاہی کو کہتے ہیں جو کہ حالت قہر میں تحریر کیا جائے ، منشور کی ضد .۳. (فقہ) محضر وہ ہے جس میں دعویٰ لکھا گیا قبل جواب دوسرے کے پھر جب اس نے جواب دیا اقامت بینہ ہوئی تو وہ توقیع ہے .۴. (خوشنویسی) خط رقاع کی فرع ، یہ خط توقیعات کے لکھنے میں مستعمل تھا ، خط ماشیر .۵. (علم معیشت) ہنڈی کی خرید و فروخت میں جو فریقین کے نام پشت پر لکھے جاتے ہیں اس طریق کو اصطلاحاً توقیع کہتے ہیں . [ع] .

تَوَکُّل (فت ت ، و ، شد ک بضم) امذ .
۱. کوشش و عمل کے ساتھ اللہ تعالیٰ پر بھروسا کرنا ، اسباب ظاہری کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہونا اور اسے کارساز حقیقی گرداننا ، اپنی تدابیر اور مساعی کے نتیجے کو خدا کی کارسازی کے حوالے کر دینا .۲. (تصوف) مقامات پنج گانہ میں سے ایک مقام .۳. بلا دوڑ دھوپ کے جو کچھ مل جائے اس پر ہی گزارہ کرنا ، قناعت ، ساز و سامان یا معاش سے بے پروائی .۴. تسلیم و رضا ، فرماں برداری ؛ اپنا کام دوسروں پر چھوڑ دینا ، اعتماد کرنا .۵. نفس مطمئنہ . [ع] .

توکلت علی اللہ عربی فقرہ اردو میں مستعمل .
۱. (لفظاً) میں خدا کی مرضی پر راضی ہوا ، اس وقت بولتے ہیں جب

اسباب ظاہرہ سے دل ہٹا کر معاملے کو خدا کے بھروسے پر چھوڑ کر صبر کر لیتے ہیں. ۲. اپنے کاموں کو دوسروں پر چھوڑ دینا، اعتماد.

تُول (و مع) اند.
۱. روئی، کپاس. ۲. شاہ توت، پارس، پیپل. [س].

تَول (و مج نیز لین) اث.
۱. تولنے کا عمل. ۲. (i) وزن، مقدار. (ii) مقررہ وزن، مقدار؛ جانچ، اندازہ. ۳. توازن، دونوں طرف ہم وزن ہونا. ۴. (سونے چاندی وغیرہ کے ورقوں کا) چورا جو گنتی میں نہ آئے اور تول سے شمار ہو.
تول لینا محاورہ. لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا، آزما لینا، جانچ لینا، امتحان کرنا؛ (تلوار کے ساتھ) تیغ کو ہاتھ میں جانچنا؛ (دل کے ساتھ) محبت کی آزمائش کرنا.

تولا (۱) (و مج) صف: اند.
۱. وہ شخص جس کا پیشہ بازار میں غلہ وغیرہ تولنا ہو. ۲. بیل گاڑی کے دھرے کی اڑواڑیں جو پہیے کے باہر کے رخ پر قینچی کی صورت میں لگی رہتی ہیں، اور دھرے کا وزن سہارتی ہیں.

تولا (۲) (و مج) اند: ~ تولہ.
بارہ ماشے کا وزن، وزن کرنے کا مقررہ پیمانہ یا ناپ یا باٹ. [س].
تولا بھر کی آرسی نانی بولے فارسی کہاوت. تھوڑا سا سلوک کر کے بہت احسان جتانا.
تولا ماشار ماشہ (الف) صف. ۱. تلوّن مزاج، جلد بدل جانے والا. ۲. نازک (ب) م ف. تھوڑا، کسی قدر.

تَوَلّا (فت ت، و، شد ل) اند.
محبت، ولا، الفت، پیار، دوستی پیدا کرنا محبت رکھنا. [ع].

تَوَلّائی (فت ت، و، شد ل) صف.
۱. آل رسول ﷺ سے محبت رکھنے والا، شیدائی. ۲. وہ شیعہ جو تبرا نہ کرے، اہل تشیع کا وہ فرقہ جو تبرے کا قائل نہ ہو.

تَوَلُّد (فت ت، و، شد ل بضم) اند.
پیدائش، ولادت. [ع].
تولد ہونا ف مر. (مزاحاً) ظاہر ہونا، آنکلنا، موجود ہو جانا.

تولنا (۱) (و مج، سک ل) ف م.
۱. وزن کرنا. ۲. اندازہ کرنا، جانچنا، پرکھنا. ۳. جسم کے بوجھ کا اندازہ کرنا.

تولنا (۲) (و مج، سک ل) اند.
ترازو کی ڈنڈی کا ہتا، چوٹیا، پھندا. [ار].

تولہ (و مج، فت ل) اند.
دیکھیے: تولا (۲)؛ وزن کرنے کا مقررہ پیمانہ یا ناپ.

تولی (و مج) اث.
۱. لوہے کی ترازو جس میں دو بازو ہوتے ہیں ایک میں وزن کرنے کی چیز رکھتے ہیں دوسری پر درجے کٹے ہوتے ہیں باٹ ان پر ادھر ادھر حرکت کرتا رہتا ہے جب ٹھیک موقع پر آجاتا ہے تو صحیح وزن ہو جاتا ہے (Steelyard). ۲. تلی ہوئی.

تَولیا (و لین، کس ل) اند: اث: ~ تولیہ.
ایک طرح کا بڑا رومال جو دبیز اور عموماً روئیں دار ہوتا ہے، لوگ ہاتھ منہ دھونے یا غسل کرنے کے بعد اس سے جسم کو خشک کرتے ہیں، تولیہ. [انگ].

تَولِیَت (و لین، کس ل، فت ی) اث.
۱. (کسی شخص یا شے کی) نگرانی، سربراہی، انتظام. ۲. حکومت، عمل. [ع].

تَولید (و لین، ی مع) اث.
۱. پیدائش، جنم. ۲. پیدا کرنا، جننا. ۳. جنانا، دائی کا کام کرنا. [ع].
تولید صنفی اث. (نباتیات) پودے کی افزائش کا ایک طریقہ جس میں مثل حیوانوں کی تولید کے پودے کی تولیدی ٹہنی (یعنی پھول) حصہ لیتی ہے صنفی تولید (Sexual reproduction) کہلاتا ہے.

تَولیدگی (و لین، ی مع، فت د) اث.
ولادت، پیدائش.

تَولیدی (و لین، ی مع) صف.
تولید سے منسوب یا متعلق.
تولیدی خلیہ اند. وہ خلیہ جو پیدائش کا سبب ہو.

تَولِیَہ (و لین، کس ل، فت ی) اند: اث.
دیکھیے: تولیا، ایک روئیں دار کپڑا جس سے لوگ ہاتھ منہ دھونے یا غسل کرنے کے بعد جسم کو خشک کرتے ہیں.

تُوم (وع).
روئی کو دھنتے سے پہلے ٹکڑے ٹکڑے کرنا، روئی صاف کرنا.

تُومان (وج نیز مع) اند.
۱.دس ہزار دینار جس کی قیمت عہد قاچاریہ میں دس قران (قران = ایک مثقال نقرہ) کے برابر تھی (اس کی قیمت ہر عہد سلطنت میں مختلف اور تحقیق طلب ہے) .۲.دس ہزار .۳. پرگنہ یا ضلع جس میں مملکت تقسیم ہو اور ہر حصے سے دس ہزار سپاہی برآمد ہو سکیں. [ت].

تومڑا (وج، سک م) اند.
ایک قسم کا کدو، فقیروں کا برتن جو اس کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کر کے بناتے ہیں.

تومڑی (وج، سک م) است.
۱.سوکھا ہوا چھوٹا تونبا، تونبے کی چھاگل جس میں فقیر پانی یا آٹا وغیرہ رکھتے ہیں، کشکول .۲. (مجازاً) اُسترا پھرا چکنا سر؛ سیاہی مائل سرخ، تانبا .۳.(i) بین جسے عموماً سپیرے بجاتے ہیں، تونی. (ii) (مجازاً) مسلسل آواز .۴.مٹی وغیرہ کی چھوٹی سی لالٹین جس پر جھلی منڈھ کر چراغ جلاتے ہیں اور کبھی متیرے یا تربوز کی بھی بچے بنا لیتے ہیں. ۵. چھوٹا توبڑا .۶.ایک قسم کی آتش بازی. ۷. رسولی، بتوڑی، گھنگا؛ گھڑیال یا مگر کی تھوتھنی؛ حجام کدو کو خشک کر کے آدمیوں کے بدن کا خون کھینچتے ہیں، تونبی، سینگی .۸. کڑوا کدو.

تُوں (۱) (وع) ضمیر مخاطب (قدیم).
تو.

تُوں (۲) (وع نیز وج) حرف، م ف، (قدیم).
ویسے ہی، اسی وقت، جوں کا جواب؛ تو، تب.

توں توں حرف جزا. جوں جوں کا جواب، ویسے ویسے.

تونْبا (وج نیز مع، مغ) اند.
۱.(i) ایک قسم کا بڑا تلخ کدو، تمبا. (ii) اندر سے خالی اور خشک کیا ہوا کدو جو مختلف چیزوں کے رکھنے کے کام آتا ہے، عموماً فقرا اس کی چھاگل یا کشکول بنا لیتے ہیں. (iii) اندر سے خالی کیا ہوا کدو جس سے تیراک (عموماً) ابتدائی مشق میں پیٹ کے نیچے رکھ کر تیرنا سیکھنے میں سہارا لیتے ہیں. (iv) جام شراب .۲.ستار یا تنبورہ جس میں تونبا لگا ہوا ہو .۳. بین کا پھیلا ہوا گول حصہ. [س].

تونْد (وج، مغ) است؛ اند.
تھوند، فربہی شکم، بڑھا ہوا پیٹ. [س].

توند پکڑنا/ تھامنا محاورہ. پریشانی و ہراس کی حالت ہونا، گھبرانا.

تونْدَل (وج، مغ، فت د) صف.
بڑے پیٹ والا، جس کی توند نکلی ہوئی ہو، توندو، بڑ پیٹو، پیٹل.

تونْدُو (وج، مغ، وع) صف.
توندل، بڑے پیٹ والا.

تونْدیل/ تونْدیلا (وج، مغ، ی ج) صف.
بڑے پیٹ والا، جس کی توند نکلی ہوئی ہو، توندو، بڑ پیٹو، پیٹل.

تَونْسا (ولین، مغ) اند.
گرمی کی شدت سے پیدا ہونے والی جسمانی حرارت یا بخار، لو کا اثر، لو لگنا، سرسام. [س].

تَونْسنا (ولین، مغ، سک س) ف ل.
۱.گرمی کی شدت سے مضمحل ہونا، پیاس کے مارے بے چین ہو جانا.
۲.گرمی کی شدت سے مرجھانا، رنگ بدل جانا.

تَوَنگر (فت ت، و، غن، فت گ) صف.
۱.دولت مند، متمول، مالا مال .۲. بے نیاز، مستغنی، بے پروا.

تَوَنگری (فت ت، و، غن، فت گ) است.
۱.تونگر کا اسم کیفیت، توانائی، طاقت وری، تواں گری .۲. دولت مندی، مالداری .۳. استغنا، بے نیازی .۴. لا اُبالی پن.

تَوَہُّم (فت ت، و، شد ہ، بضم) اند.
۱. وہم، وسواس، گمان، شک، شبہہ. اف: کرنا/ ہونا .۲. (نفسیات) جب کسی ظن پر سختی سے اصرار کیا جاتا ہے اور ہمیں اس کا یقین ہوتا ہے کہ وہ غلط ہے تو ہم اس کا نام توہم رکھتے ہیں .۳. (طب قانونی) توہم وہ ادراک ہے جو بغیر خارجی صدم کے واقع ہو اس کی نوعیت موضوعی ہوتی ہے اور اس سے ایک یا دو حواس متاثر ہوتے ہیں، انگ: Hallucination. [ع].

توہم پرست صف. وہم پوجنے والا، وہمی، خلاف عقل باتوں کو ماننے والا.

تَوَہُّمانَہ (فت ت، و، شدہ و، بضم، فت ن) صف.
توہم سے منسوب یا متعلق ؛ وہم، شک وشبہہ.

تَوہِین (ولین، ی مع) است.
اہانت، بے عزتی، ذلت، حقارت. اف: کرنا / ہونا. [ع].

توہین آمیز صف. حقارت یا ذلت سے بھرا ہوا، ہتک آمیز.

توہین عدالت است. (قانون) کوئی ایسا لفظ کہہ دینا یا ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر پائی جاتی ہو، عدالت کی ہتک، عدالت کی بے توقیری کرنا جو جرم ہے.

تُوہی (و مع) ضمیر.
تو ہی.

تونی (و مج) است.
۱. کپڑے پر بنی ہوئی بیل، فیتہ، کور، گوٹ جو کپڑے کے لحاظ سے مختلف قسم کی بنائی جاتی ہے اور دوپٹے وغیرہ کے کناروں پر لگائی جاتی ہے. ۲. وہ مخصوص سنہری زربفت کی لیس جو بادشاہوں کے لئے مخصوص تھی. ۳. وہ کپڑا یا تہ جو کسی کپڑے کی کمی پورا کرنے کے لئے سلے ہوئے کپڑے کے الٹی طرف لگائی جائے. [ف؛ س].

تَوے (فت ت) اند؛ ج.
توا کی حالت مغیرہ یا جمع، تراکیب میں مستعمل، لوہے کا گول ڈھلوان پتر جس پر روٹی پکاتے ہیں.

توے کی بوند است؛ صف. ۱. جب گرم توے پر بوند پڑتی ہے تو فوراً ہی جل کر ختم ہو جاتی ہے، (مجازاً) جلد فنا ہو جانے والی شے، ناپائیدار چیز. ۲. معمولی چیز، غیر وقیع شے. اف: بننا / ہونا.

توے کی تیری تغار / ہاتھ کی میری کہاوت. تھوڑا فائدہ تیرا بہت فائدہ میرا.

تَہ (فت نیز فت مج ت) است.
۱. نیچے، تلے، زیر. ۲. (i) تھاہ، گہرائی کی انتہا، پایاں. (ii) تلا، پیندا. ۳. جڑ، بنیاد، اصل، حقیقت. ۴. منشا، عندیہ، بھید، رمز. ۵. (مجازاً) گہرائی، معنی خیزی، باریکی، وزن، رمز، کنایہ. ۶. نچلا یا پچھلا حصہ، پس، تحت. ۷. بدن پر فربہی کی سلوٹ، چین. ۸. (i) پرت، طبق، ورق. (ii) ردا، استر، پلاستر. (iii) (مجازاً) وہ اثر جو عقائد کے سبب مرتب ہو. ۹. فرش، سطح، زمین جیسے صندل کی تہ جو عطریات میں لگائی جاتی ہے، درمیانی پرت. ۱۰. جھلک، تحریر. ۱۱. کبوتر کے بیٹھنے کی جگہ، وہ جگہ جہاں کبوتر کو عموماً بٹھایا جاتا ہے. ۱۲. (پرندوں کا) پوٹا، معدہ. ۱۳. کپڑے کا ابھرا حصہ. ۱۴. (مجازاً) بھاری بھرکم (نفی کے ساتھ). [ف].

تہ بند اند. ۱. نیچے کے دھڑ کو ڈھانپنے کا کپڑا جو ٹانگوں کے گرد لپیٹ کر کمر میں باندھ لیا جاتا ہے، اس میں دھوتی کی طرح لانگ نہیں لگاتے بعض مقامات پر عورتیں بھی استعمال کرتی ہیں، لنگی، تہمد. ۲. ایک کمربند جو کمر کے گرد باندھا جاتا ہے اور صرف سفید اون سے بنتا ہے.

تہ بندی است. کتاب کی جز بندی؛ وہ رنگ جو کپڑے کو اصل رنگ سے پہلے دیتے ہیں.

تہ بہ تہ م ف، صف. ۱. پرت کے اوپر پرت، طبق در طبق، ایک کے اوپر ایک، تہ دار. ۲. (مجازاً) پیچیدہ، مشکل. ۳. پرت در پرت، تہ در تہ.

تہ تک پہنچنا محاورہ. حقیقت معلوم کرنا.

تہ تیغ کرنا محاورہ. تلوار سے گردن اڑا دینا، قتل کرنا.

تہ (پر تہ) جمانا محاورہ. ۱. تلے اوپر رکھنا، ایک پر ایک رکھنا، پرت دار بنانا. ۲. (مجازاً) بھرے پیٹ پر کھانا، کھائے پر کھانا.

تہ خاک م ف. زمین کے نیچے، دفن، مدفون؛ (مجازاً) برباد، تباہ. اف: کرنا / ہونا.

تہ دار صف. ۱. (i) پہلو دار، جس میں کئی پہلو ہوں، دقیق، پیچ دار، معنی خیز، مشکل. (ii) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ. ۲. گہرا، عمیق. ۳. جس کی تہہ یا بنیاد ہو؛ مطبق، پرت والا. ۴. استر لگا ہوا، دو کپڑوں کو ملا کر تیار کیا ہوا.

تہ دل سے م ف. ۱. دل کی گہرائی کے ساتھ، سچے دل سے، خلوص کے ساتھ. ۲. اطمینان سے، خاطر جمعی کے ساتھ.

تہ دینا محاورہ. ۱. ہلکا سا رنگ دینا، ہلکا سا ڈوب دینا. ۲. کسی چیز کو تہ بتہ رکھنا یا ڈالنا، کسی چیز کی تہ جمانا یا لگانا. ۳. ختم کرنا، نیئر دینا، چکانا،

طے کرنا ؛ پردہ ڈالنا .۳. استر اور اصل کپڑے کے بیچ کپڑے نکن وغیرہ دینا ، استر لگانا ؛ کچے پھلوں کو پھونس کی تہ میں رکھنا .۵. ملمع کرنا ، قلعی کرنا .

تہ زمین (الف) امث .۱. سرنگ ، زیر زمین راستہ .۲. (مجازاً) اساس ، بنیاد . (ب) صف ، م ف . سبک اور تیز رفتاری کے ساتھ ، زمین سے لگایا چپکا ہوا .

تہ کر رکھنا محاورہ .۱. استغناء کے موقعے پر بولتے ہیں ، اب نہیں چاہیے ، سینت کر رکھنا .۲. ملتوی کرنا ، بھول جانا .۳. کوئی شے صرف اپنے لیے رکھ چھوڑنا .۴. بحفاظت رکھنا .۵. ترک کر دینا ، ایک طرف رکھ دینا .

تہ کرنا محاورہ .۱. قاعدے اور احتیاط سے کپڑے یا پھیلی ہوئی شے وغیرہ کو لپیٹنا .۲. چھپانا ، ظاہر نہ کرنا .۳. سینت کر رکھنا .۴. پس پشت ڈالنا .۵. ختم کرنا .۶. (i) کسی یادگار واقعہ کو بھول جانا یا اسے کمتر سمجھنا . (ii) کسی (چیز) کو بھلا دینا .۷. چھوڑ دینا .

تہ کو پہنچنا محاورہ . اصل مطلب پالینا ، بات کی گہرائی تک جانا ، حقیقت جان لینا .

تہ لگانا محاورہ .۱. کپڑے کی تہیں کرنا ، کپڑے کو ٹھیک طور پر لپیٹنا . ۲. کپڑے کے بڑے سوراخوں میں رفو سے قبل پھٹے ہوئے حصے کو برابر کرنے کے لیے چند کچے تاگے بھرنا .۳. (معماری) چھت یا فرش کی سطح کو چونے سے پختہ کرنا .۴. استر دینا ، پہلا کوڈ کرنا .۵. لفافہ بند کرنے کے لیے چپکانے والے حصے کو بغیر چپکائے اندر کے رخ سرکا دینا .

تہ میں بیٹھ جانا محاورہ . نیچے بیٹھ جانا ، ڈوب جانا ، (مجازاً) کسی کے دل میں گھر کرنا ، بھید لے لینا .

تہ نشین (الف) امث .۱. درد ، تلچھٹ .۲. گاد ، میل . (ب) صف .۱. تہ پر بیٹھنے والا .۲. دل یا دماغ میں بیٹھ جانے والا ، ذہن نشین ہو جانے والا . ۳. محفوظ ، جما ہوا ، قایم .۴. چھپا ہوا ، جاگزیں .

تہ و بالا م ف .۱. الٹ پلٹ ، زیر و زبر .۲. بےچین ، مضطرب ، بے قرار . ۳. تباہ ، برباد .۴. اوپر نیچے کر کے ملانے کا عمل .

تہ ہونا محاورہ .۱. لپیٹنا ، لپٹ جانا ، سکڑ جانا .۲. دروازوں کے ٹوٹواں پٹوں کا دباؤ سے اکٹھا ہو جانا .۳. بھید پایا جانا ، راز ہونا ، چھپی ہوئی بات ہونا .

تِہاڑا (کس ت) امذ .
تین برابر حصوں میں تقسیم ؛ ایک تہائی ؛ پیداوار کی تین برابر حصوں میں تقسیم (ایک حصہ زمیندار کو اور دو حصے مزارعین کو ملتے ہیں) . [س] .

تَہاں (فت ت) م ف .
وہاں ، اس جگہ (عموماً جہاں کے جواب میں اور اس کے ساتھ) . [س] .

تَہانا (فت ت) ف م .
لپیٹنا ، تہ کرنا ، گول کرنا ، گول گٹھری بنانا ، گھری یا گھڑی کرنا .

تِہائی (کس ت) صف مث ؛ امث .
کسی چیز کے تین حصوں میں سے ایک حصہ ، تیسرا حصہ ، ثلث .

تِہتّر (کس ت ، فت و ، شدت بفت) صف عددی .
تین اوپر ستر ، تین اور ستر ، ہندسوں میں : ۷۳ . [س] .

تَہتُّک (فت ت ، و ، شدت بضم) امذ .
۱. رسوائی ، بے عزتی ، ہتک ، ذلت .۲. پھاڑنا ، ہنگامہ آرائی ؛ شور و غل ، جھگڑا .۳. تو تو میں میں ، گالم گلوچ . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

تَہَجُّد (فت ت ، و ، شد ج بضم) امذ ؛ امث .
۱. شب بیداری ، رات کو جاگنا ، رات میں سو کر اٹھنا .۲. نفل نماز جو فجر سے پہلے اور آدھی رات کے بعد پڑھتے ہیں . [ع] .

تہجد گزار صف . تہجد کی نماز پابندی سے پڑھنے والا ، نماز تہجد کا پابند .

تَہَجّی (فت ت ، و ، شد ج) امث .
۱. ہجے کرنا ، حروف مفردہ کو باہم ترکیب دے کر پڑھنا .۲. کسی زبان کے حروف مفردہ ، حروف تہجی ، حروف ہجا .۳. کسی کی ہجو کرنا . [ع] .

تَہَدّی (فت ت ، و ، شد د) امذ .
ہدیہ یا تحفہ دینا ؛ ہدیہ ، تحفہ . [ع] .

تَہْدید (فت ج ت ، سک و ، ی مع) امث .
تخویف ، ڈرانا ، دھمکی دینا ، سرزنش ، تنبیہ . [ع] .

تَہْذیب (فت ج ت ، سک و ، ی مع) امث .
۱. اصلاح ، پاک کرنا ، صفائی ، آراستگی .۲. ذہنی ترقی جو زندگی کے چلن میں کارفرما ہو ، شائستگی ، ادب و تمیز .۳. طرز معاشرت ، رہنے سہنے کا

انداز ، تمدن ، ۴. ترقی ، بہتری . ۵. کسی کتاب وغیرہ کی ترتیب ، تدوین ، درست کرنا . ۶. (تصوّف) صفا وجلا (نفس یا قلب کی) . [ع] .

تہذیب یافتہ صف. تربیت یافتہ ، مؤدب ، شائستہ ، مہذب ، تعلیم یافتہ .

تَہذیبی (فت ت ، سک ہ ، ی مع) امذ.
دیکھیے: تہذیب سے منسوب یا متعلق .

تِہرا (کس ع ت ، سک ہ) صف مذ.
تین تہ یا لڑ والا ، تین طرح کا ، تگنا ، سہ چند . [س] .

تِہرانا (کس ع ت ، سک ہ) ف م.
تیسری دفعہ کوئی کام کرنا یا کہنا ، تین تہیں کرنا ، تین لڑیوں میں کرنا .

تَہری (فت ع ت ، سک ہ) امث.
وہ چاول جس میں مسالہ پڑا ہو ، اس میں بڑیاں یا آلو وغیرہ بھی ڈالتے ہیں ، تاہری .

تَہس (فت ع ت ، فت نیز کس ہ) صف.
برباد ، ملیامیٹ ، ضائع ، غارت .

تہس نہس صف. تباہ و برباد ، تہ و بالا . اف : کرنا / ہونا .

تَہلُکہ/ تَہلَکہ (فت ع ت ، سک ہ ، ضم نیز فت ل ، فت ک / فت ع ت ، فت ہ ، سک ل ، فت ک) امذ.
۱. مصیبت ، آفت ، بلا . ۲. خوف وخطر ، دہشت ، ہلاکت کا اندیشہ . ۳. ہل چل ، ہنگامہ ، کھلبلی ، گڑ بڑ . ۴. (ہمہ گیر قسم کی) ہلاکت ، غارت گری ، تباہی . اف : پڑنا/ ہونا . [ع] .

تہلکہ انگیز صف. ہلچل ڈالنے والا ، ہنگامہ خیز .

تہلکہ مچانا محاورہ. ہنگامہ برپا کرنا ، ہلچل مچانا .

تہلکہ مچنا محاورہ. تہلکہ مچانا کا لازم ؛ ہنگامہ بپا ہونا ، افراتفری ہونا .

تَہلیل (فت ع ت ، سک ہ ، ی مع) امث.
لاالہٰ اللہ کہنا ، اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا . [ع] .

تُہمَت (ضم ت ، سک ہ ، فت م) امث ؛ امذ.
۱. بہتان ، الزام . ۲. شک وشبہ . ۳. بری رائے ، برا گمان . ۴. جھوٹی بدنامی . [ع] .

تہمت دھرنا محاورہ. عیب لگانا ، جھوٹا الزام دینا .

تہمت (کو) دھونا محاورہ. الزام دور کرنا ، تہمت سے بری کرنا .

تہمت لگانا محاورہ. عیب یا الزام لگانا ، جھوٹا الزام دینا .

تُہمَتی (ضم ت ، سک ہ ، فت م) صف.
۱. تہمت لگانے والا ، طوفان بہتان جوڑنے والا . ۲. وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے ، کلنکی ، ملامتی .

تَہمَد (فت ع ت ، سک ہ) امذ ؛ امث.
تہ بند ، نیچے کے دھڑ کو ڈھانپنے کا کپڑا جو ٹانگوں کے گرد لپیٹا جاتا ہے اور کمر میں باندھ لیا جاتا ہے ، لنگی .

تَہنِیَت (فت ع ت ، سک ہ ، کس ن ، فت ی) امث.
۱. مبارک باد ، مبارک سلامت ، خوشی . ۲. مژدہ ، خوش خبری . [ع] .

تہنیت نامہ امذ. وہ تحریر جس میں مبارکباد دی گئی ہو ، مبارکباد کا خط .

تَہنِیَتی (فت ع ت ، سک ہ ، کس ن ، فت ی) صف.
تہنیت سے منسوب ، مبارک سلامت ، مبارکبادی .

تَہنید (فت ع ت ، سک ہ ، ی مع) امث.
کسی بیرونی زبان کے لفظ کو اردو کے انداز پر ڈھال لینا یا اپنا لینا ، کسی غیر زبان کے لفظ کو اردو بنا لینا جو لفظاً یا معناً کسی طرح پر ممکن ہے جیسے انگریزی لارڈ سے لاٹ یا افراط وتفریط سے افراتفری وغیرہ . [ع] .

تِہوار (کس ع ت ، سک ہ) امذ.
خوشی کا دن ، سالانہ رسم کا دن جو برسوں سے چلا آ رہا ہو .

تِہواری (کس ت ، سک ہ) صف.
۱. تہوار کا ، تہوار سے منسوب یا متعلق . ۲. رسم ، رواج ، تہوار سے متعلق (تحفہ انعام وغیرہ) .

تَہَوُّر (فت ت ، ہ ، شد و بضم) امذ.
۱. بہادری ، شجاعت ، مردانگی ، دلیری . ۲. (علم الاخلاق) غصے کے اعتدال سے تجاوز کرنے کی حالت ، مذموم شجاعت . [ع] .

تِہی (کس ت) صف.
خالی ، جو بھرا ہوا نہ ہو ، جس میں کوئی چیز نہ ہو . [ف] .

تہی پائی امث. ننگے پانو ہونا ، برہنہ پائی .

تہی دست صف. خالی ہاتھ ، مفلس ، غریب ، نادار ، محروم .

تہی دستی است. تہی دست، کا اسم کیفیت، خالی ہاتھ، مفلسی، غریبی.

تُہی (ضم ت) ضمیر.
تو ہی، تجھ کو.

تَہَیّا (فت ت، ہ، شد ی) اند.
تہیہ، پختہ ارادہ، مستعدی، آمادگی.

تَہَیُّج (فت ت، ہ، شد ی بضم) اند.
۱. ہیجان، تحریک، برانگیختگی. ۲. (طب) خراش جو کسی اندرونی سوزش کو دور کرنے کے لیے جلد پر پیدا کی جائے. ۳. (طبیعیات) تہلکہ، ہلچل.
[ع].

تَہیّہ (فت ت، ہ، شد ی بفت) اند.
۱. تیاری، سامان تیاری یا آمادگی، انتظام. ۲. عزم، آمادگی، پختہ، ارادہ.
اف: کرنا/ ہونا. [ع].

تَئی(۱) (فت ت) است.
۱. چوڑے چپنڈے کی اتھلی کڑھائی جس میں امرتیاں، جلیبیاں یا شامی کباب وغیرہ تلے جاتے ہیں نیز اس میں کوئلے رکھ کر نان خطائیوں کے تھال کو گرمائی پہنچاتے ہیں، چھوٹا توا، توی. ۲. (منہیاری) ہاتھ میں پہناتے وقت لاکھ کی چوڑیوں کو گرم کرنے کا اوزار جس سے نرم ہو کر وہ آسانی سے کھل جاتی ہیں. [س].

تَئی(۲) (فت ت) است.
(نرت) اُن لفظوں میں سے ایک لفظ جو رقاص مشق کرتے وقت منھ سے نکالتے ہیں.

تَئے (فت ت) اند؛ ج.
تئی کی تکبیر و تذکیر، بڑی تئی (چوڑے چپنڈے کی بڑی کڑھائی).

تِیئیس (کس ت، ی مع) صف؛ ← تیئیس.
بیس اور تین، گنتی میں بائیس کے بعد کا عدد، ہندسوں میں، ۲۳. [س].

تیئیس واں/ ویں صف مذ. تیئیس سے متعلق یا منسوب، گنتی میں بائیس کے بعد کا، تیئیس واں کی تانیث.

تَئیں (فت ت، ی مع) حرف ربط.
۱. (اپنی یا کسی کی) ذات کو. ۲. کو. ۲. واسطے، لیے. ۳. تک، تلک. ۴. پر، سے، میں، برابر.

تئیں ہونا محاورہ. (عو) کسی بات کا تہیہ کر لینا، پیچھے پڑ جانا، مستعد ہونا، آمادہ ہونا.

تِیا (کس ت) (الف) صف.
تین گنا، تین سے ضرب دیا ہوا. (ب) اند. ۱. گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوتے ہیں. ۲. چوسر کا وہ داؤں جسے تین کانے کہتے ہیں.
[س].

تیا پانچا/ پانچہ کرنا محاورہ. ۱. کسی چیز کو حصوں میں تقسیم کر دینا، ٹکڑے ٹکڑے کر دینا، منتشر کر دینا، ختم کر دینا. ۲. قصہ پاک کرنا، جھگڑا چکانا. ۳. خاتمہ کر دینا، صفایا کر دینا. ۴. (مجازاً) مہنگا سستا بیچ کر پیچھا چھڑانا، بیچ ڈالنا.

تیا پانچا/ پانچہ ہونا محاورہ. تیا پانچا کرنا کا لازم، معاملہ ایک طرف ہو جانا، فیصلہ ہو جانا.

تَیّار (فت ت، شد ی) صف.
۱. آمادہ، مستعد. ۲. (لفظاً) جلد رفتار، موجزن. ۳. لیس، درست، چوکس. ۴. (پھل یا کھانا وغیرہ) کام میں آنے کے قابل، پختہ، پکا ہوا. ۵. سدھا ہوا، مشاق، رواں. ۶. تندرست، مضبوط، موٹا تازہ. ۷. کامل، مکمل، پورا.

تیار کرنا محاورہ. ۱. (i) ہلانا، سدھانا، (جیسے کبوتر وغیرہ کو). (ii) تربیت دینا، تعلیم دینا. ۲. کسنا، چار جامہ لگانا، جوتنا، گاڑی کو چلانے کے قابل بنانا. ۳. بنانا. ۴. سنوارنا، سجانا، درست کرنا. ۵. فربہ کرنا، موٹا کرنا؛ آمادہ کرنا، مستعد کرنا.

تیار ہونا محاورہ. تیار کرنا کا لازم، کسی چیز کا مکمل ہو جانا یا بن جانا؛ پک جانا.

تَیّاری (فت ت، شد ی) است.
۱. آمادگی، مستعدی. ۲. آرائش، سج دھج، ساز و سامان. ۳. تکمیل، مکمل ہو جانا. ۴. اہتمام، بندوبست. ۵. مشاقی، کمال، تکمیل. ۶. فربہی، اعضا کا بھرا ہوا ہونا. ۷. بنوائی، بنوانے کی اجرت، لاگت، مالیت. ۸. بنائی ہوئی چیز مثلاً دوا. اف: کرنا/ ہونا.

تِیاگ (کس ت نیز ی) اند.
۱. (لفظاً) ترک، علیحدگی، آزادی. ۲. (ہندو) ترک دینا، دنیا سے بے تعلق.

۳. دست برداری ، قطع تعلق ، چھوڑ دینا ۴. ایثار ، قربانی ، درگزر .
اُف : بھرگنا / دینا / کرنا / ہونا . [س] .

تیپچی (ی ج ، سک پ) است .
کپڑوں کے دو ٹکڑے جوڑنے کے لیے سیدھی سلائی ، کچی سیون ، کھڑی سلائی (بخیہ کی ضد) .۲. ایسی کڑھائی جس میں آڑے ترچھے ٹانکے نہ دیے گئے ہوں ، سیدھی کڑھائی . اف : بھرنا / لگانا . [س] .
تیپچی کا نکاح اند. کمزور نکاح ، وہ نکاح جس کے بعد طلاق ہو جائے .

تینتالیس (ی ج ، ی مع) صف عددی.
چالیس اور تین ، تین اوپر چالیس ؛ (ہندسوں میں) ۴۳ . [س] .

تیتر (ی مع ، فت ت) اند.
ایک پرند جو کبوتر سے کسی قدر بڑا اور عموماً بھورے یا سیاہ رنگ کا ہوتا ہے ، اس کی آواز تیز ہوتی ہے ، شوقین لوگ پالتے اور شکاری اس کا شکار کرتے ہیں ، گوشت لذیذ ہوتا ہے ، دراج ، تیہو ، لاط : Perdix francolinus . [س] .

تیتر کے منہ (کی) لچھمی ہے کہاوت. ۱. دوسرے کے ہاتھ بات ہے قسمت پر موقوف ہے (ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی جھگڑے کا فیصلہ کسی تیسرے شخص کے ہاتھ میں ہو .۲. تیتر کے بولنے سے نیک فال لیتے ہیں ، قسمت آزمائی کے موقع پر بھی اس کا استعمال ہوتا ہے بعض وقت معمولی آدمیوں کی باتوں پر بڑے بڑے کاموں کا انحصار ہوتا ہے .

تیترا (ی ج ، سک ت) صف ، مذ .
وہ بیٹا جو تین لڑکیوں کے بعد پیدا ہوا ہو .

تیتری (۱) (ی مع ، سک ت نیز فت) است .
تیتر کی تانیث ، تیتر کی مادہ ؛ ایک پرندہ عموماً مرغ کے برابر سیاہی مائل سفید چتی دار .

تیتری (۲) (ی مع ، سک ت) است .
۱. تتلی ، ایک قسم کا خوبصورت رنگدار پروں کا کیڑا ، ایک قسم کی بھمیری .
۲. (مجازاً) خوش پوش ، شوقین مرد .

تیج (ی مع) است .
۱. (ہندو) قمری مہینے کے ہر پندھرواڑے کی تیسری تاریخ ۲. ہندوؤں کا تہوار جو ساون سدی کی تیسری تاریخ کو ہوتا ہے .۳. بیر بہوٹی .
تیج تہوار / تیوہار اند. (عو) ہر ایک تہوار ، عید بکرید وغیرہ .

تیج (ی ج) اند : است .
۱. تیزی ، شدت ، گرمی ، کڑواہٹ ، تلخی ۲. جوش ، سرگرمی ۳. کلیجا ، گردہ ، حوصلہ ، ہمت ، طاقت ، قوت ، زور ۴. گرم جوشی ، لگن .۵. رعب داب ، جلال ، شان و شوکت .۶. تجلی ، روشنی ، سورج کی کرن ، آفتاب کی روشنی . [س] .
تیج پات اند. ایک درخت اور اس کے پتے جو خوشبو دار اور تیز مزہ ہوتے ہیں جن سے ایک قسم کا رنگ نکالا جاتا ہے خشک پتے دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں اور غذاؤں میں گرم مسالے کے ساتھ استعمال کیے جاتے ہیں .

تیجا / تیجہ (ی مع / فت ج) (الف) اند.
کسی شخص کے مرنے کے تیسرے دن ایصال ثواب کے لیے فاتحہ کرنا غربا کو کھانا کھلانا اور موتی کی قبر پر پھول چڑھانا ، فاتحہ سوم ، پھول .
(ب) صف مذ. تیسرا .

تیخی (ی مع) صف.
تیخا کی تانیث تیکھی تیز ، شوخ ؛ تیکھا مرچ ، خام پارہ ، مال زادی ، زبان دراز ، سرکش و بے حیا (عورت) فتنہ پرداز (عورت) .

تیر (۱) (ی مع) است .
۱. سال شمسی کا چوتھا مہینہ جس میں آفتاب برج سرطان میں ہوتا ہے .
۲. ہر شمسی مہینے کا تیرھواں دن . [ف] .
تیر تہوار / تیوہار اند. (عو) ہر ایک تہوار ، عید ، بکرید وغیرہ .

تیر (۲) (ی مع) اند.
۱. نیزے کی شکل سے مشابہ ایک بہت چھوٹا اور پتلا ہتھیار جو کمان میں رکھ کر پھینکا جاتا ہے ، خدنگ ، بان .۲. (مجازاً) سخت ناگوار اور تکلیف دہ ، تیر کے زخم کی طرح تکلیف دینے والا .۳. عطارد ، دبیر فلک .۴. وہ فاصلہ

جہاں تک تیر کی مار ہو، ایک تیر کا فاصلہ. ۵. اکھوا، کلہ. ۶. (بندوقچی) بندوق کی نال، ایک نالی بندوق کی نال جو کندے سے علیحدہ ہو. ۷. شکاری نسل کا کتا. ۸. شہتیر، مستول، ستون، کڑی. [ف].

تیر افگن صف. دیکھیے: تیر انداز، تیر چلانے والا.

تیر افگنی است. دیکھیے: تیر اندازی، تیر چلانے کا فن.

تیر انداز (الف) صف. تیر چلانے والا، تیر چلانے میں ماہر، تیر پھینکنے والا. (ب) اند. وہ فاصلہ جہاں تک تیر کی پھینک ہو..

تیر اندازی است. تیر چلانے کا فن، تیر افگنی، تیر چلانا.

تیر برسانا محاورہ. ۱. کثرت سے تیر چلانا، تیر باراں کرنا. ۲. (مجازاً) تکلیف پہنچانا.

تیر بہدف صف. ایسا تیر جو ٹھیک نشانے پر لگے؛ (مجازاً) بے خطا، موثر (طریقہ وغیرہ) زود اثر. ۲. نہایت صحیح، جچا تلا، ٹھیک نشانے پر، مطلب کا، خاطر خواہ پورا ہونے والا.

تیر پھینکنا محاورہ. تیر چلانا، تیر نشانے پر مارنا.

تیر چلانا محاورہ. تیر مارنا، تیر.

تیر زن صف. تیر انداز، تیر چلانے والا، تیر چلانے میں ماہر.

تیر سا لگنا محاورہ. تیر کے مانند چبھنا، (مجازاً) کسی بات کا سخت برا لگنا، کسی ناگوار بات سے دل کو ایسی تکلیف پہنچنا جیسی تیر لگنے سے ہوتی ہے، (کسی بات وغیرہ کا) بہت جلد موثر ہونا.

تیر قامت اند. سیدھا قد، (مجازاً) محبوب (جس کے قد کو سیدھا ہونے کی بنا پر تیر سے تشبیہ دی جاتی ہے).

تیر کش اند. دیکھیے: ترکش، تیردان، تیروں کو رکھنے کا نلکی نما پر لٹکایا جاتا ہے.

تیر کشتی اند. کشتی یا جہاز کا مستول.

تیر کمان سے چھوٹنا/ نکلنا محاورہ. ۱. تیر کا چلنا. ۲. کسی موقع کو کھو بیٹھنا، کسی کام کا وقت نکل جانا، موقع ہاتھ سے جاتا رہنا.

تیر کی صورت م ف. بہت تیز رفتاری سے، سے؛ (طنزاً) سیدھا.

تیر مارنا محاورہ. ۱. تیر پھینکنا، تیر چلانا، تیر اندازی کرنا، تیر نشانے پر مارنا. ۲. (مجازاً) کوئی بڑا کام کرنا، کارنمایاں، انجام دینا کمال کر دکھانا.

تیر نشانے پر بیٹھنا / پڑنا محاورہ. (مجازاً) کوشش یا تدبیر کامیاب ہونا، مقصد پورا ہونا.

تیر نگہ اند. نگاہ کا تیر، (مجازاً) نظر بد جو تیر کی طرح لگتی ہے.

تیر ہدف اند. نشانے پر لگنے والا تیر، تیر جو خطا نہ کرے، کامیاب.

تیر ہونا محاورہ. غائب ہو جانا، گم ہو جانا، بھاگ جانا، فرار ہونا.

تیر (۳) (ی مع) صف.

دیکھیے: تیرہ (مرکبات میں مستعمل)؛ تاریک، جہاں اندھیرا ہو.

تیر و تار صف. نہایت سیاہ، بہت کالا، اندھیرا، تاریک.

تیر (ی مج) صف.

(زندگی، عمر، وقت وغیرہ) گزرا ہوا، بسر کیا ہوا. [س].

تیر ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) گزارنا، گزر بسر کرنا. (ii) خراب ہو جانا، ختم ہو جانا، برباد جانا. ۲. (وقت) گزر جانا.

تیرا (۱) (ی مع) اند.

دو چوبہ چھولداری کے عرض کو اٹھائے رہنے والی دونوں چوبوں کے درمیان سرے پر لگی ہوئی سیال، بلینڈا (بلی).

تیرا (۲) (ی مع) اند.

تارہ، سالن کے اوپر کی چکنائی (تکرار کے ساتھ تیرا تیرا بھی بولتے ہیں).

تیرا (ی مج) ضمیر مذ.

تو کی اضافی حالت. [س].

تیرا بھلا ہو فقرہ. فقیروں کی صدا، تو خوش و خرم رہے.

تیرا منھ کالا ہے فقرہ. کسی کمتر کو خفگی میں کہتے ہیں.

تیرا میرا اند، است. ۱. غیریت کی باتیں، تیر میر؛ حجت، جھگڑا. ۲. ہر کسی کا، ہر شخص کا، ہر کس و ناکس کا، تجھ مجھ کا.

تیرا میرا کرنا محاورہ. کسی چیز کی بابت جھگڑنا، غیریت اور بیگانگی کی باتیں کرنا.

تَیراک (ی لین) صف.

شناور، جو تیرنا جانتا ہو، تیرنے والا، پیراک.

تَیراکی (ی لین) است.
شناوری، پیراکی، تیرنے کا فن.

تَیرانا (ی لین) ف م.
تیرنا کا تعدیہ، پانی کے اوپر بہانا.

تَیرائی (ی لین) است.
تیراکی، تیرنا.

تِیرَتھ (ی مع، فت ر) اند.
۱. اشنان کی جگہ، عموماً گنگا یا جمنا یا کسی اور مقدس دریا کا گھاٹ، ہندوؤں یا بدھوں وغیرہ کے عقیدے میں مقدس عبادت گاہ. ۲. زیارت، درشن، مقدس گھاٹ کا اشنان. ۳. سنیاسی فقیروں کا خطاب، برہمنوں کی قوم. [س].

تیرتھ جاترا/جاتَرا اند. کسی مقدس مقام کی زیارت.

تیرتھ کرنا محاورہ. زیارت کرنا، زیارت کے لیے کسی مقدس مقام پر جانا.

تَیر جانا محاورہ.
۱. (i) تیرنا معنی نمبر ۳. (ii) آر پار ہو جانا، دوسری جانب نکل جانا. ۲. کسی کام یا فن وغیرہ میں مہارت حاصل کرنا، ماہر ہو جانا.

تِیرگی (ی مع، فت ر) است.
۱. تاریکی، اندھیرا، ظلمت. ۲. سیاہی. ۳. کدورت، گدلا پن. [ف].

تَیرنا (ی لین، سک ر) (الف) ف ل.
۱. کسی جان دار چیز کا پیرنا، شناوری کرنا، پانی میں ڈوبے بغیر گزرنا. ۲. کسی بے جان چیز کا کسی مائع کی سطح پر آ جانا، بہاؤ کے ساتھ پانی وغیرہ کی سطح پر بہنا. ۳. کسی دھار دار یا نوک دار چیز کا کسی جسم میں داخل ہو جانا، آر پار ہو جانا (نظر وغیرہ کا)، دوسری جانب جا نکلنا.
(ب) ف م. ۱. میدان، جنگل یا دریا وغیرہ کو طے کرنا، پار کرنا (قدیم). ۲. کبوتر یا کسی پرندے کا مستی میں اپنی مادہ کے آگے پیچھے گھومنا. [س].

تیرواں (ی مج، ر) صف عددی.
دیکھیے: تیرھواں.

تیرویں (ی مج، سک ر، ی مع) صف مث.
دیکھیے: تیرھویں.

تِیرَہ (ی مع، فت ر) صف.
۱. تاریک، جہاں اندھیرا ہو. ۲. (i) سیاہ، کالا. (ii) (مجازاً) بد، برا، (مرکبات میں مستعمل). ۳. مکدر، دھندلا، گرد آلود. ۴. زائل، ختم، بے کار. ۵. ماند، خیرہ. [ف].

تیرہ بخت صف. بدبخت، بدنصیب، منحوس.

تیرہ دست صف. (کنایۃً) دنیا، عالم جسمانی.

تیرہ دل صف. ۱. سیاہ دل، کور باطن، سخت دل، ظالم، شریر. ۲. جاہل، کندۂ ناتراش، گمراہ، کافر.

تیرہ رنگ صف. سیاہ، دھندلا، میلا.

تیرہ شب است. اندھیری رات.

تیرہ و تار صف. ۱. بہت تاریک، جہاں اندھیرا ہو، گھپ اندھیرا. ۲. (مجازاً) ماؤف، معطل، ناکارہ، بے حس و حرکت، سن ہونا.

تیرَہ (۱) (ی مج، فت ر) صف عددی.
دس اور تین، تین اوپر دس، (ہندسوں میں) ۱۳. [س].

تیرہ تیزی اند. (عو) صفر کے مہینے کے اول تیرہ دن جو منحوس خیال کیے جاتے ہیں کیونکہ عورتوں میں مشہور ہے کہ ان ہی دنوں میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار پڑے تھے نیز یہ پورا مہینہ.

تیری (ی مج) ضمیر.
تیرا کی تانیث.

تیری بات گدھے کی لات فقرہ. تو بے توقیر اور بے اعتبار ہے.

تیری خیر ہو کلمۂ دعائیہ. تیرا بھلا ہو، تو خیریت سے رہے.

تیری قدرت کے قربان کلمۂ تحسین. کوئی عجیب بات دیکھ کر یا سن کر یا خوشی میں کہتے ہیں، خدا کی تعریف ہے.

تیری کیا بات ہے فقرہ. تو بڑے درجہ کا ہے نیز کبھی طنزیہ بھی کہتے ہیں.

تیری میری (الف) ضمیر. (عو) اپنے بیگانے کی، ہر کس و ناکس کی، دیکھیے: تیرا میرا کی تانیث. (ب) است. تکرار، جھگڑا، تو تو میں میں.

تیرے (ی مج) ضمیر.
تیرا کی حالت مغیرہ.

تیرے صدقے کلمۂ دعائیہ. (عو) میں تجھ پر نچھاور ہو جاؤں نیز چاپلوسی کے لیے بھی کہتے ہیں.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تیرے صدقے میں م ف. تمہارے طفیل، تمہاری وجہ سے؛ تم پر تصدق ہو کر.

تیرے قربان کلمۂ دعائیہ. (عو) تیرے صدقے، تجھ پر صدقے.

تیرے منھ میں خاک فقرہ. بددعا کا اتار، خدا کرے ایسا نہ ہو، ایسے محل پر بولتے ہیں جب کسی کے منھ سے کسی کے لیے فال بد نکلے کوئی بری بات سن کر بولتے ہیں.

تیرے منھ میں گھی شکر فقرہ. کوئی خوشی کی خبر سن کر کہتے ہیں.

تیرے ہاتھوں م ف. تیری وجہ سے، تیرے ذریعے.

تیرے ہوتے م ف. تیری موجودگی میں، تیرے موجود ہوتے ہوئے.

تیرھواں (ی مج، سک ر ہ) صف مذ.
عدد تیرہ سے منسوب، سیزدہم، ترتیب میں بارہویں کے بعد کا (عدد وغیرہ). [س].

تیرھویں (ی مج، سک ر ہ، ی مع) (الف) صف مث.
تیرھواں کی تانیث. (ب) است. (ہندو) ایک رسم جو کسی شخص کے مرنے پر تیرھویں روز ہوتی ہے جس میں دان اور پن کیا جاتا ہے اور کم از کم تیرہ برہمن بلائے جاتے ہیں.

تیز (ی مج) صف.
۱. کاٹ کرنے والا، سان پر چڑھا ہوا، دھار دار، نوکدار، کند کی ضد. ۲. (i) (ذائقے کیفیت مزاج یا اثر میں) بڑھا ہوا، تند، سخت، گرم، چٹ پٹا. (ii) (آگ آنچ وغیرہ کے ساتھ) بھڑکتا ہوا، شعلے والا. (iii) رنگ اور مزے میں بڑھا ہوا. (iv) نکھار والا، چوکھا، رنگ میں برتر، شوخ. ۳. زور و اثر والا (دعا کے لیے). ۴. (i) ذہین، چالاک، ہوشیار، جلد جواب دینے والا. (ii) شوخ و شنگ، شریر. ۵. تیز رفتار، جلد چلنے والا، عاجل؛ (مجازاً) سہل، سہل الحصول. ۶. جلد گذرنے یا اثر کرنے والا. ۷. گراں، مہنگا (نرخ، بازار وغیرہ کے ساتھ). ۸. بڑھا چڑھا، فوقیت لے جانے والا، اونچا، بہتر؛ سبقت رکھنے والا. ۹. دور بین، باریک بین، غائر، گہرا (نظر آنکھ وغیرہ). ۱۰. سخت، درشت، غضبناک (نظر، بات چیت وغیرہ). ۱۱. سرگرم، مستعد (پہ یا پر کے ساتھ). ۱۲. جلد، سناٹے دار (ہوا کے لیے). ۱۳. غور سے، گھور کر. ۱۴. (i) (موسیقی) باریک، دور تک کھنچنے والا، سیٹی کی آواز کی طرح، تیور سر، آواز کا کھنچ یا پھیلاؤ. (ii) آواز کے ابھار میں مدھم، تیور کے درمیان کا سر یا آواز کی اونچائی کا درجہ. [ف].

تیز آنچ است. بلند شعلے والی آگ، بھڑکتی ہوئی آگ.

تیز پات اند. دیکھیے: تیج پات. ایک درخت کے پتے جو تیز خوشبو اور مزہ دیتے ہیں ذائقے کے لیے سالن وغیرہ میں ڈالے جاتے ہیں. دواؤں میں بھی استعمال ہوتے ہیں.

تیز تر صف. مقابل میں زیادہ تیز، زیادہ تلخ.

تیز دست صف. ۱. (i) (ہاتھ کے کام میں) مستعد، چالاک، جلد جلد کام کرنے والا. (ii) ماہر، استاد فن. ۲. لکھنے میں ماہر، جس کا ہاتھ جلدی لکھتا ہو. ۳. چیرہ دست.

تیز دم صف. تازہ دم، جوشیلا، پھرتیلا، چاق و چوبند.

تیز رفتار صف. تیز رو، بہت تیز چلنے والا؛ چالاک.

تیز رو صف. بہت تیز چلنے والا؛ چالاک، پھرتیلا.

تیز روی است. تیز رو کا اسم کیفیت، تیز چلنا، تیز رو ہونا.

تیز زبان صف. وہ جس کی زبان جلد جلد چلے، جلدی جلدی بولنے والا، سخت کلامی کرنے والا، منھ پھٹ.

تیز طبع صف. چالاک، ہوشیار؛ ذکی، ذہین، عقلمند.

تیز طبعی اند. تیز طبع کا اسم کیفیت، ذہانت، ہوشیاری.

تیز قدم صف. جلدی جلدی قدم اٹھانے والا، جلدی چلنے والا، تیز گام.

تیز کرنا محاورہ. ۱. دھار نکالنا، باڑھ رکھنا. ۲. بڑھانا. ۳. زیادہ کرنا؛ طاقت یا قوت بڑھانا؛ ناراض کرنا، خفا کرنا، غصہ دلانا، چڑانا، چھیڑنا، اکسانا. ۴. (بھاؤ) چڑھانا، (قیمت) بڑھانا. ۵. آبدار بنانا، دلکش بنانا.

تیزگام صف. جلد جلد قدم اٹھانے والا، تیز رفتار، جلدی چلنے والا.

تیز مزاج صف. زود رنج، تند مزاج، غصیل، غضبناک.

تیز نگاہ (الف) صف. تیز نظر، دور بین، دور رس نظر رکھنے والا، ہوشیار، تاڑنے والا. (ب) است. کڑی نظر.

تیز و تند صف. بہت تیز (شراب، آب و ہوا وغیرہ)، جلد مدہوش کر دینے والا.

تیز ہونا محاورہ. ۱. مستعد ہونا، آمادہ یا سرگرم ہونا. ۲. غصہ ہونا، بگڑنا، جھلانا، خفا ہونا. ۳. چمک اٹھنا، نکھرنا.

تیزاب (ی ج) اند.
ایک قسم کا انتہائی درجے کا تیز اور ترش کیمیائی سیال مادہ (عموماً نمک، گندھک، شورہ وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے، ہائیڈروجن اور آکسیجن کا لازمی جز یا عنصر بھی ہے، سوزش اور کاٹ کی خاصیت رکھتا ہے)، ترشہ. [انگ].

تیزابی (ی ج) صف.
تیزاب سے متعلق یا منسوب، تیزاب کا. تیزاب جیسی.

تیزابی سونا اند. چوبیس قیراط والا خالص سونا جسے اصلی سونا کہا جاتا ہے جس کو خالص بنانے کے لیے اس کو تیزاب سے صاف کرتے ہیں، روا.

تیزابیا (ی ج، کس ب) اند.
(نیاری) وہ شخص جو سونے کی پرکھ کا کام کرتا ہے، پرکھیا.

تیزابیّت (ی ج، کس ب، فت ی) است.
تیزاب کا اثر، تیزاب کی تاثیر، شوریت، تیزابی جلن.

تیزَم تازی (ی ج، فت ز) است.
تیز و ترش گفتگو، سخت کلمات.

تیزی (۱) (ی ج) (الف) است.
۱. تیز جس کا یہ حاصل مصدر ہے. ۲. پھرتیلا پن، جلدی، سرعت (رفتار پرواز وغیرہ). ۳. مہنگائی، بھاؤ بڑھ جانا. ۴. ہوشیاری، ذکاوت، درا کی. ۵. (کسی دھار والے آلے کی) کاٹ والا ہونے کی حالت، برش، کاٹ. ۶. جلن، سوزش. ۷. شدت، زیادتی، براقی. ۸. تندی، تلخی. ۹. چرپراہٹ، مرچ کی تیزی: غضب ناکی، گرم مزاجی، بدمزاجی، مزاج کی تیزی؛ ضرورت؛ زخم یا آنکھ میں لگنے والی دوا کا اثر، کاٹ. ۱۰. (مجازاً) ادبار، زوال، وقت سے پہلے خاتمہ. (ب) اند. (ع) تیرہ تیزی کا مہینہ، ماہ صفر.

تیزی آزمانا محاورہ. دھار دیکھنا، (تلوار وغیرہ) کی باڑھ جانچنا، (مجازاً) قتل کرنا، کاٹنا.

تیزی کرنا محاورہ. ۱. بڑھانا، زیادہ کرنا. ۲. جلدی کرنا، عجلت کرنا.

تیزی گفتار است. (لفظاً) ذہانت کی گفتگو؛ (مجازاً) اعلیٰ خیالات کا مظاہرہ.

تیس (۱) (ی مع) اند.
بیس اوپر دس، تین مرتبہ دس دس، (ہندسوں میں) ۳۰. [س].

تیس دن (بارہ مہینے) اند؛ ج. ۱. ایک ماہ، ہرروز، پورا مہینہ، پورا سال. ۲. برابر، ہمیشہ، مدام، مسلسل.

تیس کا چاند نہیں بھاتا کہاوت. ہرجائی یا دیر سے آنے والے کی قدر نہیں ہوتی.

تیس مار خاں اند. (لفظاً) وہ شخص جس نے تیس جانور یا آدمی مارے ہوں، (مجازاً) زبردست یا بہادر، کارنمایاں انجام دینے والا؛ (طنزاً) اس شخص کے لیے استعمال کرتے ہیں جو بہادری کے سلسلہ میں بہت زیادہ شیخی دکھائے، بزدل، بودا.

تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں کہاوت. بڑی جواں مردی دکھاتے ہیں، خواہ مخواہ اکڑے پھرتے ہیں، اپنے آپ کو بہادر سمجھتے ہیں.

تَیسا (ی لین) صف.
۱. اسی طرح کا، ویسا ہی (جیسا کے مقابل میں). ۲. جوں جوں، جتنا جتنا، تکرار کے ساتھ جیسا جیسا کے جواب میں. [س].

تیسْرا (ی مع، سک س) صف عددی.
تین سے منسوب، ترتیب میں دوسرے کے بعد، دو کے بعد والے نمبر پر.

تیسرا پہر اند. دوپہر کے بعد والا پہر (اگر رات کی تخصیص نہ ہو تو دن کا تیسرا پہر ہی سمجھا جائے گا.

تیسرا درجہ اند. ۱. تیسری منزل، تیسرا اکھن. ۲. ادنیٰ درجہ (قسم کے اعتبار سے)، ریل کا آخری درجہ پولیس کا تھرڈ ڈگری برتاؤ، (ریاضی) ہندسۂ تحلیلی.

تیسْری (ی مع، سک س) صف است.
۱. (تیسرا کی تانیث) ترتیب میں دوسری کے بعد آنے والی. ۲. (کاشتکاری) تین مرتبہ ہل چلائی ہوئی زمین. ۳. (ع) چاند کی تیسری تاریخ.

تیسری آنکھ است. گہری نظر، دقت نظری، (مجازاً) چھٹی حس، بصیرت.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = مجہول، ج = معروف، مع = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم) شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تیسری جنس است. تیسری قسم یعنی جو نہ مذکر ہو نہ مونث دونوں کے درمیانی قسم : مخنث ، ہیجڑا .

تیسری دنیا است. (سیاست) پس ماندہ ممالک اور ان میں بسنے والے افراد .

تیسرے (ی مع ، سک س) صف.
تین کی تعداد ظاہر کرنے کو بولتے ہیں (تیسرا کی مغیرہ حالت) .

تیسرے چوتھے اند. (لفظاً) تیسرے چوتھے دن ؛ (مجازاً) کبھی کبھار ، گاہے گاہے .

تیسرے دن فاقہ مردار (مردہ) بھی حلال ہے کہاوت. مسلمانوں میں مردہ حرام ہے مگر تین دن فاقے ہونے کے بعد اس کے کھانے کی اجازت ہے .

تیسوں (ی مع ، وغ) صف.
تیس کے تیس ، تیس میں سے سب کے سب .

تیسوں دن م ف. روزانہ ، روزمرہ ؛ مدام ، ہمیشہ ، تمام ماہ ، پورے مہینے .

تیسوں کلام اند. (عو) تیسوں پارے ، قرآن مجید ، تراکیب میں مستعمل .

تَیسی (ی لین) صف مث.
تیسا کی تانیث ، کلمہ دشنام ؛ ایسی تیسی . [ار] .

تیشَہ (ی مع نیز ج ، فت ش) اند.
۱. ایک آلہ جس سے سنگ تراش پتھر کاٹتے ہیں ، ٹانگی .۲. ایک آلہ جس سے بڑھئی لکڑی تراشتے ہیں ، بسولا . [ف] .

تیغ (ی ج) است.
۱. (i) تلوار ، شمشیر. (ii) (مجازاً) کاٹ کرنے والی کوئی شے .۲. مجبوری میں روا اور ناروا کو نہیں دیکھا جاتا . [ف] .

تیغ ابرو است. (مجازاً) طرحدار بھویں جو تلوار کی طرح خمیدہ ہوتی ہیں اور کاٹ بھی تلوار کی سی رکھتی ہیں .

تیغ برہنہ است. ننگی تلوار ، وہ تلوار جو نیام سے باہر ہو .

تیغ بکف صف. ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے ، تلوار چلانے پر آمادہ ، لڑنے کو تیار .

تیغ بے دریغ است. وہ تلوار جو کسی کو نہ چھوڑے .

تیغ دو دم / دمہ است. وہ تلوار جس کے دونوں طرف دھار ہو ، دو دھاری تلوار .

تیغ زن صف. تلوار چلانے والا .

تیغ زنی است. تیغ زن کا اسم کیفیت ، تلوار چلانا ، شمشیر زنی .

تیغ ہلالی است. ۱. وہ تلوار جو مثل ہلال کے خمیدہ ہو .۲. (مجازاً) ابرو .

تیغا (ی ج) اند.
دیکھیے : تیغہ .

تیغَہ (ی ج ، فت غ) اند ؛ ~ تیغا .
۱. چھوٹی تیغ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے .۲. دروازے یا دریچے کے موکھے کو بند کرنے کے لیے اینٹ یا پتھر کی چنائی کا پیوند .۳. (مجازاً) تالہ ، قفل .۴. کشتی کے ایک داؤ کا نام . [ف] .

تَیَقُّن (فت ت ، ی ، شد ق بضم) اند.
اعتبار ، یقین ، یقینی بات ، کسی بات پر یقین کرنا . [ع] .

ٹیکنیک (ی ج ، سک ک ، ی مع) است.
دیکھیے : تکنیک . [انگ] .

تیکھا (ی مع) صف مذ.
۱. ٹیڑھا ، ترچھا ، تیز ، خشم آلود ، چڑچڑا ، دل خراش ، تیز و تند (مزاج وغیرہ کے ساتھ) خشمگین .۲. تنک مزاج ، نک چڑھا ، زود رنج ، غصہ ور .۳. روشن ، خوش نما ، حسین ، خوبصورت .۴. بانکا ، ترچھا ، طرحدار ، شوخ ، شریر ، اچپل .۵. دل میں کھبنے والا ، اثر کرنے والا ، (سُر یا آواز) .۶. تلخ ، تیتا ، چرپرا ؛ اچھا ، چوکھا ، عمدہ ، تیز ؛ کڑوا ، نوکدار ، نکیلا ؛ دھاردار . [س] .

تیکھا پن اند. ۱. شوخی ، طرح ، تیکھا سے اسم کیفیت .۲. مؤثر ، دل میں کھبنے والا .۳. بانک پن .

تیکھا ہونا محاورہ. غضبناک ہونا ، خشمگین ہونا .

تیکھی (ی مع) است.
دیکھیے : ''تیکھا'' جس کی یہ تانیث ہے .

تیکھی / چتون نظر/ نگاہ است. ترچھی نظر کر کے دیکھنا ؛ کج نگاہی سے یا شوخی سے دیکھنا .

تیل (ی مج تیز لین) اند.

۱. (i) ایک قسم کا چکنائی دار مائع یا روغن جو عموماً نباتیات اور بیج سے نکالا جاتا ہے کھانے میں اور بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے. (ii) روغن جو جانوروں کی چربی پگھلا کر نکالا جائے. (iii) وہ مائع جو زمین کھود کر نکالا جاتا ہے، اور کیمیاوی طریق پر صاف کیا جاتا یہ آتش گیر ہوتا ہے معدنی تیل پیٹرول وغیرہ جس سے مختلف انواع تیار ہوتی ہیں. ۲. (مجازاً) چکنا، چکٹ، تیل آلودہ، میلا، تیل جیسا. [س].

تیل پلانا محاورہ. کسی لکڑی لاٹھی یا چھڑی وغیرہ میں تیل جذب کرنا (تاکہ وہ مضبوط ہو جائے اور ٹوٹنے نہ پائے).

تیل پیلنا ف مر: محاورہ. کولھو میں تیل نکالنا.

تیل تلوں ہی (میں) سے نکلتا ہے کہاوت. ہر چیز کا خرچ اس کی آمدنی ہی سے پورا ہوتا ہے.

تیل چڑھانا محاورہ. (ہندو) شادی سے کچھ ہی دن پہلے دولہا دلہن کے جسم پر ابٹن ملے جانے کی رسم، مایوں بیٹھنے کی رسم.

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو کہاوت. ابھی کیا ہے آگے چل کر دیکھو کیا ہوتا ہے، سوچو سمجھو صبر کرو، جلدی نہ کرو، صبر اور ضبط سے کام لو، نتیجہ کا انتظار کرو.

تیل کا کپا اند. تیل رکھنے کا بڑا ظرف؛ (مجازاً) بہت موٹا آدمی.

تیل کا کنواں اند. وہ خاص طریقے سے کھودے ہوئے گہرے گڑھے جن سے پٹرول اور تیل نکالا جاتا ہے.

تیل کڑکڑانا محاورہ: ف مر. کھانے میں استعمال ہونے والے تیل کی بو اڑانے کے لیے اس کو اتنا گرم کرنا کہ چٹکنے لگے.

تیل کے کنویں کھودنا محاورہ. زمین سے نکلنے والا وہ سیاہ مادہ جس کو صاف کر کے پیٹرول اور دوسری اشیاء حاصل کی جاتی ہیں اس کی تلاش کے لیے ان جگہوں پر گڑھے کھودنا جہاں ماہرین کے اندازے کے مطابق پیٹرول ملنے کی امید ہو.

تیل مالش است. جسم پر تیل لگا کر خوب ملنا تاکہ جسم کو آرام و سکون ملے، تیل ملنا، تیل کی مالش کرنا.

تیل ملنا محاورہ: ف مر. کسی چیز یا جسم پر تیل چپڑنا، تیل لگا کر ہاتھ سے رگڑنا، تیل مالش کرنا.

تیل نکالنا محاورہ: ف مر. ۱. روغن کشی کرنا، کولھو میں تیل پیلنا. ۲. سخت محنت لینا، تھکا دینا، پسینے پسینے کر دینا. ۳. ست نکال لینا، طاقت کھینچ لینا، کمزور کر دینا. ۴. زمین سے تیل نکالنا، خام تیل جو ایندھن کے کام آتا ہے، کنوئیں سے تیل نکالنا (عرف عام میں یہ لفظ اب پٹرول کے لیے استعمال ہوتا ہے).

تیل نکلنا محاورہ: ف مر. ۱. بیجوں سے روغن حاصل ہونا. ۲. سخت محنت کا اثر ہونا، جان نکلنا، پسینے پسینے ہونا، کمزور ہونا. ۳. مفلس ہو جانا، دوالہ نکل جانا.

تیلڑی (ی مج، سک ل) است.

تیل رکھنے کا چھوٹا برتن، روغن دان. [ار].

تیلَن (ی مج، فت ل) صف مت: است.

تیلی کی تانیث، تیلی کی بیوی، تیلی قوم کی عورت.

تیلی (ی مج) است.

۱. (i) لوہے کا وہ پتلا تار جو چھتری میں لگا ہوتا ہے. (ii) گیہوں کے کھیت میں ساتھ ساتھ اگنے والی یا ناریل کے پتے سے بنائی ہوئی جھاڑو کی سینک. (iii) بانس کی باقاعدہ تراشی ہوئی وہ پتلی پٹیاں جو چلمن چق یا پردے میں لگائی جاتی ہیں. (iv) پنجرے کی سینک یا تار (لوہے یا بانس وغیرہ کی). ۲. لمبی دھاری (کپڑے وغیرہ کی). ۳. پنڈلی، ساق. ۴. کرگھے میں ڈھرکی کی وہ سینک جس میں نری پہنائی جاتی ہے؛ تنکوں کی وہ کونچی جس سے جلاہے سوت صاف کرتے ہیں؛ پٹوؤں کا وہ اوزار جس سے وہ ریشم بٹتے ہیں اسی میں کا ایک تار ہوتا ہے جس میں ایک سرے پر لکڑی کا ایک گول ٹکڑا لگا رہتا ہے. ۵. تالے کی جھڑ. ۶. لکڑی وغیرہ کی وہ موٹی قدرے چپٹی پٹی جس سے چینی لوگ کھانا کھاتے ہیں. [س].

تیلی (ی مج) صف مذ: اند.

۱. وہ شخص جس کا پیشہ کولھو سے تیل نکالنا اور بیچنا ہو، روغن گر، نیز وہ قوم جس کا پیشہ روغن گری ہے. ۲. نہایت گندہ آدمی، بہت میلا شخص. [س].

تیلی کا کولھو اند. (مجازاً) نہایت موٹا تازہ، فربہ.

تیلیا (ی مج، کس نیز سک ل) صف: اند.
ا. تیل میں ڈوبا ہوا، چکنا، تیل جیسا. ۲. سیاہی مائل رنگ. ۳. ایک قسم کا زہریلا رنگ. ۴. بچھناگ (ایک درخت) کی جڑ، میٹھا تیلیا. [ا ر].

تیلیوں (ی مع، سک نیز کس ل، و مج) است. ج.
تیلی کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

تیلیوں کی طرح بکھر جانا محاورہ. منتشر ہو جانا، درہم برہم ہو جانا، تیلیاں بکھر جانا.

تیمار (ی مع) اند.
ا. رنج، غم، دکھ، درد، افسوس؛ فکر. ۲. (i) مریض کی دیکھ بھال، خدمت. (ii) مریض کی خبر گیری، دیکھ بھال، احتیاط، خیال، غور. ۳. بیماری، طبیعت کی ناسازی؛ بیمار کی خوراک. ۴. وظیفہ، امداد، جاگیر. [ف].

تیماردار اند. مریض کی خدمت کرنے والا، دوا دارو اور آرام کا خیال رکھنے والا، بیمار پرسی کرنے والا، غمگسار و خبر گیری رکھنے والا، غم خوار.

تیمارداری است. تیماردار کا اسم کیفیت، مریض وغیرہ کی دیکھ بھال، بیمار کی خدمت گزاری، بیمار کا خیال.

تیمُّم (فت ت، ی، شد م بضم) اند.
(لفظاً) طہارت کا قصد کرنا، پانی سے وضو یا غسل کرنے کے بجائے (مقررہ طریقے پر) منھ اور ہاتھوں کا پاک مٹی سے مسح کرنا (جن حالتوں میں وضو کرتے وقت دھونا واجب ہو شرعاً جائز ہو)، طہارت کرنا، پاک کرنا. [ع].

تیمُّن (فت ت، ی، شد م بضم) اند.
ا. بابرکت ہونا، برکت لینا، برکت ہونا، کامیابی. ۲. داہنی طرف ہونا؛ داہنے ہاتھ سے کام وغیرہ کرنا. [ع].

تیمُّناً (فت ت، ی، شد م بضم، تن ن بفت) م ف.
برکت کے طور پر، تبرکاً. [ع].

تیمناً تبرکاً م ف. برکت کے طور پر. [ع].

تین (۱) (ی مع) صف عددی.
دو اور ایک، (ہندسوں میں) ۳. [س].

تین پانچ است. ا. اچھل، فریب، مکر ج چالاکی. ۲. جھگڑا، رد و کد، حجت، کج بحثی، کٹ حجتی تکرار، تو تو میں میں.

تین پانچ کرنا محاورہ. ا. حیل حجت کرنا، ٹال مٹول کرنا، جھگڑا فساد یا تکرار کرنا. ۲. دغابازی کرنا، فریب دینا، مکاری کرنا. ۳. بحث کرنا جھگڑنا؛ چھیڑ چھاڑ کرنا.

تین پلائی است. تین پرت کی ایک خاص قسم کی لکڑی کی چادر، پلائی وڈ کی ایک قسم، تھری پلائی.

تین تیرہ صف. منتشر، متفرق، تتر بتر، پریشان، برباد. اف: کرنا / ہونا.

تین چوتھائی صف: اند. چار حصوں میں سے تین، پورے میں سے پاؤ کم، تین بٹا چار.

تین حرف اند. تین حرف یعنی ل ع ن (لعن)، لعنت.

تین حرف بھیجنا محاورہ. لعن کرنا، لعنت کرنا، پھٹکار کرنا، دھتکارنا (پہ یا پر کے ساتھ)، طلاق دینا.

تین روپئے کا پیادہ/نوکر اند. معمولی، حقیر، ادنیٰ آدمی.

تین طلاق است. (فقہ) شوہر کی بیوی سے مطلق علیحدگی، تین بار طلاق کہدینے کا عمل، طلاق بائن.

تین کوڑی کا صف. بیکار، فضول، جس کی کوئی قدر و قیمت نہ ہو.

تین میں نہ تیرہ میں کہاوت. کوئی حیثیت نہیں، کوئی واسطہ نہیں، کسی شمار میں نہیں، بھلا کیا تعلق.

تینتالیس (ی مج، مغ، ی مع) صف عددی.
دیکھیے: تیتالیس. چالیس اوپر تین، (ہندسوں میں) ۴۳.

تینتیس (ی مج، مغ، ی مع) صف عددی.
دیکھیے: تیتیس. تیس اوپر تین، (ہندسوں میں) ۳۳.

تینڈُوا (ی مج، مغ، ضم نیز سک د) اند.
ایک درندہ جو چیتے کی قسم سے ہوتا ہے کھال پر سیاہی کے چوڑے چوڑے گل ہوتے ہیں، تیز رفتار اور قوی ہوتا ہے، باگھ، بگھرا، پلنگ [س].

تینوں (ی مع ، وج) صف .
تین ، تمام تین ، کل تین ، تین کے تین .

تیوَر (ی ج ، فت و) اند .
۱. آنکھوں کا نور ، روشنی ، بینائی .۲.نظر ، چتون ، صورت اور نگاہ کا انداز .۳.آنکھوں کے سامنے اندھیرا یا سر میں چکر جو کسی صدمے یا گرمی کی وجہ سے ظہور میں آئے .۴. (مجازاً) طرز ، طریقہ ، ڈھنگ ، مزاجاً تیزی وتندی . [س] .

تیور بدلنا محاورہ .۱.انداز یا رویہ تبدیل کرنا یا ہونا ، (چہرے یا نظروں سے) غصے بدمزاجی بے مروتی یا بے رُخی کا اظہار کرنا یا ہونا .۲.آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا ، قریب مرگ ہونا ؛ قہر کی نگاہوں سے دیکھنا .

تیور بگڑنا محاورہ .۱.نگاہوں سے خفگی یا رنج کا اظہار ہونا ، نظریں پھر جانا.۲.آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا ، علامت مرگ ظاہر ہونا .

تِیوْرانا (ی ج نیز کس ت ، ی ج ، وج ، سک و) ف ل .
کسی دماغی صدمے سے آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا ، چکرانا ، غش آنا ، ڈگمگانا .

تیوْری (ی ج نیز کس ت ، ی ج ، سک و) است .
تیور کی تانیث پیشانی یا بھوؤں کے بل جو غصے یا بدمزاجی کی حالت میں پڑ جاتے ہیں.۲.اندازہ ، نگاہ ، چتون .

تیوری پر (بہ) بل آنا/ بڑنا/ ہونا محاورہ .چیں بجبیں ہونا ، غصے ، ملال یا جھنجلاہٹ سے پیشانی پر بل پڑنا ، خفگی کی علامت ظاہر ہونا.

تیوری چڑھانا محاورہ .تیوری چڑھنا کا تعدیہ ، ناراض ہونا ، خفا ہونا .

تیُول (ضم نیز فت ت ، وج) اند .
جاگیر ، مدد معاش ، وہ گاؤں یا علاقہ جو بادشاہ کسی کو بطور امانت دے تاکہ مالیات ادا کرنے کا بعد جو رقم بچے اس سے وہ مستفید ہو . [ت] .

تیُوں (کس ت ، مع نیز وج) حرف جزا ؛ م ف .
ویسا ہی ، اسی طرح ، جیسا (جیوں کے جواب میں) ، دیکھیے : توں .

تیُوں تیُوں حرف جزا .ویسے ویسے ، ایسا ہی (جیوں جیوں کے جواب میں) دیکھیے : توں توں .

تیوہار (ی ج ، سک و) اند .
وہ تقریب جس میں اجتماعی طور پر مقررہ تاریخ میں غم یا خوشی منائی جائے (عید) . [س] .

تیہ (ی مع) اند .
جنگل ، بیابان ، وہ بیابان جس میں چلنے والا سرگشتہ و پریشان پھرے ؛ بھول بھلیاں . [ع] .

تیہا (ی مع) اند :- تیہہ .
غصہ ، غیظ ، غضب ، طیش . [س] .

تیہَرا (ی ج ، فت ہ) صف .
تین تہ کا ، تین طرح کا ، تہرا ، سہ چند .

تیہَڑا (ی م ج ، فت ہ) صف .
ٹوٹا پھوٹا ، بے ترتیب .

تیئیس (ی ج ، ی مع) صف عددی .
تین اوپر بیس ، (ہندسوں میں) ۲۳ . [س] .

تیئیس واں صف عددی ترتیبی .ترتیب میں بائیس ویں کے بعد کا . [س] .

تھ

تھ حرف .
اُردو حروف تہجی میں آٹھواں حرف (ت کے بعد ہائیہ) ، دیو ناگری میں سترھواں حرف (شروع ، درمیان اور آخر میں بھی آتا ہے جیسے : تھاپ ، ہاتھی ، ہاتھ وغیرہ) .

تھا اند .
ہونا (فعل ناقص) سے ماضی کا صیغۂ واحد مذکر . [س] .

تھاپ(۱) است (قدیم) .
دلاسا ، اطمینان ، تسکین .

تھاپ(۲) است .
۱.تان کے موقع پر طبلے یا ڈھولک پر یا کسی اور موقع پر ہتھیلیوں یا دونوں ہاتھ کی انگلیوں کی ضرب .۲.تھپڑ ، طمانچہ ، ایک چیز کا دوسری چیز پر دباؤ کا نشان ، چھاپ ، دیوار پر کسی چیز کی چھاپ ، ریت پر پیر کا نشان .

۳.(زینے کا) ڈنڈا، سیڑھی. ۴. گتھا، گڈی، تلے اوپر جماؤ. ۵. ساکھ، دھاک، شہرت.

تھاپ پڑنا محاورہ. ۱. طبلہ بجانے والے کا ہاتھ طبلے پر قاعدے سے پڑنا، ڈھولک وغیرہ پر ہاتھ کی ضرب لگنا، راگ یا گانا شروع کرنے کا اشارہ دینا.

تھاپ دینا محاورہ. ۱. طبلے یا ڈھولک وغیرہ پر ہاتھ کی ضرب لگانا یا بجانا، ناچ گانا وغیرہ شروع کرنے کا اشارہ دینا. ۲. دیوار پر گوبر سے اپلے تھاپنا: پنجوں سے نشان بنانا.

تھاپ لگانا محاورہ. ۱. طبلے یا ڈھولک وغیرہ پر ہاتھ کی ضرب لگانا یا بجانا، ناچ گانا شروع کرنے کا اشارہ دینا. ۲. ڈھولک وغیرہ پر ہاتھ کی ضرب لگنا، راگ یا گانا شروع کرنے کا اشارہ دینا.

تھاپ مارنا محاورہ. ۱. دیکھیے: تھاپ دینا. ۲. شیر کا تھپڑ مارنا: پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا. ۳. ڈھولک وغیرہ پر ہاتھ کی ضرب لگنا، راگ یا گانا شروع کرنے کا اشارہ دینا.

تھاپا (رک پ) اند.

۱. لغوی معنی چوپائے کے پاؤں کا نشان. ۲. ہاتھ کا پورا نشان جو مہندی مل کر دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے موقع پر لگاتے ہیں. ۳. نشان، مہر. ۴. وہ سانچا جس میں کوئی گیلی چیز دبا کر یا ڈال کر کوئی چیز بنائی جائے، اینٹ کا یا ساروں کا سانچا: ڈھیر، وہ سانچا جس میں رنگ بھر کر کوئی تصور بنائی جائے، چھاپا. [س].

تھاپنا(۱) ف ل (قدیم).

۱. دیکھیے: تھپتھپانا، اطمینان دینا، دلاسا دینا، تسکین دینا. ۲. قائم کرنا، جمانا، بیٹھانا، جما کر رکھنا. [س].

تھاپنا(۲) ف م.

(ہندو) گوبر پاتھنا، اُپلے بنانا.

تھاپی است.

۱. (ہندو) تھاپنے کی آواز، تھپکی، ہتھیلی سے بنایا ہوا نشان: کمہار کا وہ اوزار جس سے برتن گڑھتا یا مٹی گوندھتا ہے. ۲.(i) مٹی یا چونا کوٹنے کا چوبی آلہ. (ii) (معماری) استرکاری کو تھپکنے کا چوبی اوزار جو سطح فرش کو کوٹنے والی تھاپی سے نسبتاً چھوٹا ہوتا ہے نیز کرنی. (iii) رس نکالنے کے کولھو کی لاٹ کا چپٹا سرا جو گنے کے ٹکڑوں کو کچلتا ہے. ۳. کرکٹ یا ٹینس کھیلنے کا بلا، بیٹ، ریکٹ. ۴. ڈھیری، انبار جس میں کوئی چیز ایک کے اوپر ایک رکھی ہوئی ہو. ۵. تھپتھپانے کا عمل. [س].

تھال اند.

۱. تانبے یا پیتل یا کسی اور دھات کا بنا ہوا بڑا طشت، ابھرواں کناروں کا سینی یا خوان نما برتن ۲. (مجازاً) آسمان، سورج. ۳. (ہندو) وہ چھوٹی تھالی جس میں کٹوریوں میں کھانا پروسا جاتا ہے. [س].

تھالا اند: ~ تھالہ.

۱. دیکھیے: تھال. ۲. وہ گڑھا جو درخت کے چوطرف پانی کے واسطے بنا دیتے ہیں، تھانولا، تھملا. ۳. (مجازاً) زین. ۴. وہ دائرہ جو خون گرنے سے زمین پر بن جائے. [س].

تھالی است.

۱. تھال کی تصغیر، چھوٹا تھال، بڑی طشتری جو کھانا اور پان وغیرہ پیش کرنے یا اور کئی کاموں کے لیے استعمال کی جاتی ہے. ۲.(i) خوانچی، کشتی، ٹرے (جس میں مشروبات و ماکولات وغیرہ کے برتن یک جا رکھے جائیں). (ii) مٹھائی کا خوان. ۳. بڑی رکابی یا طشت نما کوئی شے، کسی چیز کی دائرہ نما صورت یا حالت. [س].

تھالی کا بیگن/بینگن اند: صف. ۱. ایسا شخص جو لالچ کے باعث ہر ایک کی طرفداری کرنے پر آمادہ ہو جائے، غیر مستقل مزاج شخص. ۲. ایسا شخص جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو. ۳. یکسو یا ایک جانب نہ ہونے والا.

تھالی میں لات مارنا محاورہ. کسی نعمت کو ٹھکرانا، دیکھیے: بھری تھالی میں لات مارنا.

تھام.

تھامنا سے مشتق، مرکبات میں مستعمل.

تھام کر/کے م ف. ۱. سنبھال کر، دیکھ بھال کے، روک کے. ۲. ٹھہر کر، کچھ وقفے یا مدت کے بعد.

تھام لینا ف مر. دیکھیے: تھامنا، پکڑنا، سہارا دینا.

تھامنا (سک م) ف م :- تھامھنا، تھانبنا، تھانبھنا.

۱. روکنا، باز رکھنا، باندھنا ؛ بڑھنے نہ دینا. ۲. روکے رکھنا، ٹھیرانا، حرکت سے باز رکھنا، جانے نہ دینا، روک لینا، باندھنا. ۳. سنبھالنا، قابو میں رکھنا یا لانا ؛ ضبط و تحمل سے کام لینا. ۴. سہارا دے کر سنبھالنا یا روکنا، آڑ لگانا، ٹیکن لگانا. ۵. ہاتھ میں لینا، گرفت میں لانا. ۶. گرفتار کرنا، پکڑنا. ۷. مضبوطی سے پکڑنا. ۸. حفاظت کرنا، نگہداشت کرنا، رکھوالی کرنا، سنبھال کر رکھنا، بچانا. ۹. (ہاتھ سے) جانے نہ دینا ؛ آسرا دینا، پشتی کرنا، مدد کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ سہارا دینا. ۱۰. سائی لینا، بیعانہ لینا. ۱۱. سہارا دینا. [س].

تھان اند.

۱. جانور باندھنے کی مستقل جگہ، اصطبل. ۲. (مقررہ ناپ کا) تہ کیا ہوا کپڑا، گوٹا یا چمڑا وغیرہ. ۳. پگڑی پٹکے سوزنی یا چادر تھنے وغیرہ کے ساتھ بطور عدد معیت. ۴. مقام، جگہ، قیام گاہ. [س].

تھانا/ تھانَہ (فت ن) اند.

۱. وہ جگہ جہاں ضلع کے کسی مقررہ علاقے کی نگرانی کے لیے پولیس کے سپاہی رہتے ہیں، بڑے شہروں یا علاقے کا تھانہ کوتوالی کہلاتا ہے. ۲. چھاؤنی کی لائن کی اندرونی جگہ. ۳. جگہ، ٹھکانہ، جائے قیام، گانو میں زمیندار کا مکان. ۴. بانسوں کا ڈھیر. [س].

تھانے اند.

تھانا یا تھانہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

تھانے دار اند. تھانے کا افسر، داروغہ، سب انسپکٹر پولس.

تھانے داری است :- تھانہ داری. تھانے دار کا عہدہ یا اس کا کام، (مجازاً) دھونس.

تھاہ است.

۱. سمندر کنویں دریا یا تالاب وغیرہ کی تہ کی زمین یا گہرائی کی حد. ۲. عمق، گہرائی. ۳. انتہا، نہایت، حد. ۴. منشا، غایت، بھید، حقیقت. ۵. وہ جگہ جہاں دریا اتھلا اور پایاب ہوتا ہے. اف : پانا/ ملنا. [س].

تھاہ لینا محاورہ. بھید لینا، منشا معلوم کرنا، گہرائی، دریافت کرنا.

تھبڑی (فت تھ، سک ب) است.

ٹوکرا، چھابڑی.

تھپْ تھپ (فت تھ، سک پ، فت تھ) است.

تھپ تھپ کی آواز، ایسا فعل جس سے تھپ تھپ کی آواز پیدا ہو، ہاتھ کی ہتھیلی یا پانو کے تلووں کو زور سے مارنے کی آواز. [حکایت الصوت].

تھپْ تھپانا (فت تھ، سک پ، فت تھ) ف م.

ہتھیلی یا پورے ہاتھ یا کسی اور چپٹی چیز سے آہستہ آہستہ ضرب لگانا، تھپکی لگانا.

تھپّڑ (فت تھ، شد پ بفت) اند.

۱. (i) ہاتھ کی ضرب جو عموماً منھ یا سر پر لگائی جاتی ہے، طمانچہ. (ii) (مجازاً) سخت جواب، کڑا جواب. (iii) (کشتی) کھلے ہاتھ کی ضرب. ۲. پنجہ، چنگل ؛ تیز ہوا کا جھونکا ؛ تہ، پرت ؛ دیکھیے : تھپڑا. اف : دینا/ کھینچ لگانا/ جھاڑنا/ اڑانا/ جمانا/ لگانا. [س].

تھپڑ کے تھپڑ میل جما ہے کہاوت. جسم پر میل کی تہیں جمی ہیں، بڑا کثیف آدمی ہے.

تھپڑانا (فت تھ، سک پ) محاورہ.

۱. تھپڑ مارنا. ۲. ٹکر لگانا، مارنا، زد و کوب کرنا. [س].

تھپڑی (فت تھ، سک پ) اند.

۱. ہتھیلی پر ہتھیلی مار کر آواز پیدا کرنا، تالی. ۲. رسوائی، مذمت، بدنامی، ڈھنڈورا. [س].

تھپک (فت تھ، پ) است.

دیکھیے : تھاپ ؛ تھپکی. [س].

تھپک تھپک کر سلانا محاورہ. بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ اس طرح ہاتھ مارے جانا کہ بچہ سو جائے، (کسی کو تدبیر سے) غافل کر دینا.

تھپک دینا محاورہ. خاموش کر دینا، ٹھنڈا کر دینا ؛ رام کر لینا، تسلی یا دلاسا دینا.

تھپک کر/ کے م ف. (پیار یا حوصلہ افزائی وغیرہ کی خاطر) پیٹھ پر ہاتھ مار کر ؛ بہلا پھسلا کر، نرمی سے.

تھپکنا (فت تھ، پ، سک ک) ف م.

ہتھیلی یا کسی چپٹی چیز سے آہستہ آہستہ ضرب لگانا، تھپکی دینا. [س].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغلوبہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تَھپَک (فت تھ، سک پ) اند.

۱. ضرب جو ہتھیلی یا پورے ہاتھ سے لگائیں. ۲. تھپڑ، مکا. (ii) (کشتی) داؤ پیچ کے ساتھ پہلوانوں کا زوردار تھپڑ. اف: دینا/ لگانا/ مارنا. ۳. زمین کو پیٹ کر ہموار کرنے کی موگری؛ تھاپی؛ دھوبیوں کا موگرا یا ڈنڈا جس سے وہ بھاری کپڑوں کو دھوتے وقت پیٹتے ہیں. ۴. (طب) ہلکی ضرب جو کسی علاج کے سلسلے میں ترتیب سے مریض کو بہم پہنچائی جائے. ۵. دلاسا، اطمینان، تسلی، بہلاوا. ۶. ہاتھ مار کر شاباش دینے کا عمل. [س].

تھپک دینا محاورہ. ۱. روٹی کو ایک بار دائیں اور ایک بار بائیں ہتھیلی پر پھرتی سے پلٹتے رہنا تاکہ روٹی کی قطر زیادہ سے زیادہ بڑا اور دل پتلے سے پتلا ہو جائے اور ٹوٹنے سے پہلے روٹی کو توے پر ڈال دینا. ۲. کشتی کی تیاری کے لیے ران پر ہاتھ مارنا. ۳. ہاتھ کی معمولی ضرب مارنا، جھاڑ یا جھٹکا دینا.

تُھپنا (ضم تھ، سک پ) ف ل.

۱. لگنا، لسنا، لپنا، موٹی تہہ چڑھنا. ۲. الزام لگنا، ذمے پڑنا (خطا وغیرہ کے ساتھ). ۳. گنواروں کی طرح توے پر موٹی موٹی روٹیاں پکایا جانا، دیکھیے: تھوپنا. [س].

تَھپّی (فت تھ، شد پ) است.

ہاتھ، ہتھیلی. [س].

تُھپی تُھپائی (ضم تھ) است.

(لفظاً) لپی پوتی، تہ چڑھی؛ (مجازاً) سنگھار سے آراستہ، بنی ٹھنی.

تَھپیڑ (فت تھ، ی مج) اند.

تیز ہوا کا جھونکا، موجوں کی ضرب. [س].

تَھپیڑا (فت تھ، ی مج) اند.

۱. (مجازاً) صدمہ، حادثہ، ناگہانی مصیبت. ۲. طمانچہ، تھپڑ، ضرب. ۳. وہ ظرف جس پر آٹے کی لوئی بڑھاتے ہیں، (پٹا) پٹہ؛ چندیا. ۴. ہوا یا پانی کی زوردار لہر، لطمہ، جھونکا. اف: پڑنا/ دینا/ کھانا/ لگنا/ مارنا. [س].

تَھتّا (فت تھ، شد ت) است.

ہجوم، انبار، ڈھیر، تودہ. [س].

تَھتّے (فت تھ، شد ت) اند.

تھتا کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

تھتے جما دینا محاورہ. کسی کے سر پر بہت سا قرضہ کر دینا.

تُھتکار (ضم تھ، سک ت) است.

تھوتھو، لعنت؛ تھوکنے کا عمل. [س].

تھتکار دینا محاورہ. دھتکار دینا، نکال دینا.

تُھتکارا (ضم تھ، سک ت) اند، صف.

۱. تھوکنے کی آواز، تھوکنا. ۲. (عو) ہیضہ، تخمہ، بخار یا کوئی اور شدید بیماری یا وبا. ۳. (درد سر یا اور کوئی تکلیف) پھٹکار مارا. ۴. بچوں کی بیماری، میسان. ۵. مردود، ملعون، قابل نفرت. [س].

تُھتکارنا (ضم تھ، سک ت، ر) ف م.

۱. بار بار اور آہستہ آہستہ تھوکنا، اس طرح تھوکنا کہ اس میں تھوک کم نکلے. ۲. کسی بری چیز یا برے اثر سے بچنے کے لیے تھوتھو کرنا. ۳. نفرت ظاہر کرنا، تھوتھو کرنا. ۴. کسی چیز کو منھ سے باہر نکالنا.

تُھتنی (ضم تھ، سک ت) است.

تھوتھنی کی تخفیف.

تَھتّی (فت تھ، شد ت) است.

انبار، ڈھیر؛ تودہ.

تُھتھانا (ضم تھ) ف م.

۱. (سینہ وغیرہ) پھلانا، ابھارنا. ۲. (غصہ یا خفگی سے) ہونٹ لٹکانا، منھ بنانا، چیں بچیں ہونا، ناک بھوں چڑھانا، منھ سجانا. [س].

تَھرّا (فت تھ، شد ر) ف م.

تھرانا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل. [س].

تھرا اٹھنا ف م. سخت کانپنا، کانپ جانا، دیکھیے: تھرانا.

تھرا جانا ف م. کانپنے لگنا، خوف سے لرزنے لگنا، تھرانا.

تَھرّانا (فت تھ، شد ر) ف ل.

۱. سردی، خوف، غصے یا گھبراہٹ میں لرزنا، کانپنا؛ ہوا کے جھونکے

سے لرزنا .۲. (مجازاً) ڈر ماننا، ڈرنا، خوف کھانا . [س] .

تَھرتَھر (فت تھ، سک ر، فت تھ) (الف) است . (ب) صف : م ف .
۱. کپکپاتے ہوئے، تھرتھراہٹ کے ساتھ ؛ لرزاں، کانپنے والا .۲. آہستہ آہستہ مگر مستقل، تھل تھل .

تھرتھر کانپنا ف مر . (خوف یا غصے وغیرہ یا بخار یا سردی سے) کپکپانا، ہلہلانا .

تَھرتَھرا (فت تھ، سک ر، فت تھ) .
تھرتھرانا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل .

تھرتھرا اٹھنا محاورہ . خوف یا غصے سے جسم کا، کپکپا اٹھنا .

تھرتھرا جانا محاورہ . تھرا جانا .

تَھرتَھراہَٹ (فت تھ، سک ر، فت تھ، و) است .
۱. تھرتھرانے کا عمل، کپکپاہٹ، لرزہ، جنبش .۲. ارتعاش . [س] .

تَھرتَھری (فت تھ، سک ر، فت تھ) است .
کپکپی، لرزہ، تھرتھراہٹ . اف : آنا / پڑنا / چھوٹنا .

تھرتھری ڈالنا محاورہ . تھرا دینا، خوف زدہ کر دینا .

تَھرڈ (فت تھ، سک ر) صف .
تیسرا، آخر کا، سب سے نیچے کا، ادنی ؛ ریل گاڑی کا تیسرا درجہ، سب سے نیچے کا درجہ جس میں عموماً کم استطاعت کے لوگ سفر کرتے ہیں . [انگ] .

تھرڈ کلاس صف . ۱. معمولی درجے کا، غیر اہم .۲. تھرڈ .

تِھرکنا (کس تھ، فت ر، سک ک) ف ل .
اعضا کو حرکت دینا، چشم و ابرو اور دونوں شانوں کو حرکت دینا، مٹکنا، ناچنا . [س] .

تَھرماس / تَھرمَس / تَھرموس (فت تھ، سک ر/ ضم م) .
ایک طرح کی بوتل جس میں چائے دودھ یا برف وغیرہ رکھتے ہیں تاکہ اس کی حرارت یا برودت برقرار رہے اس کا بیرونی خول دھات کا بنا ہوتا ہے اس بوتل میں ٹھنڈی چیز ٹھنڈی اور گرم شے گرم رہتی ہے . [انگ] .

تَھرما میٹر (فت تھ، سک ر، ی مع، فت ٹ) مذ .
(طب) درجۂ حرارت معلوم کرنے کی تقریباً پانچ پانچ لمبی شیشے کی ایک نلی جس میں خالص پارہ ہوتا ہے، مقیاس الحرارت، تپش پیما، حرارت پیما . [انگ] .

تِھر جانا / تِھرنا (کس تھ، سک ر) ف ل .
میل کچیل کا کسی مائع یا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا، میل کچیل سے پانی وغیرہ کا صاف ہونا، نتھر جانا . [س] .

تَھڑا (فت تھ) مذ .
۱. (عموماً دکاندار یا کسی پیشہ ور یا کاریگر وغیرہ کے) بیٹھنے یا کام کرنے کی اونچی جگہ، گدی، ٹھیا، چبوترہ ؛ پلیٹ فارم، تھلا ؛ کپڑے برتن وغیرہ دھونے کے لیے بنائی ہوئی پختہ جگہ .۲. کاٹھی یا وہ حصہ جس پر سواری کرنے میں بیٹھتے ہیں، پالان خر .۳. اسٹور، ذخیرہ کرنے کی جگہ، گودام . [س] .

تُھڑْم تُھڑا کَرنا محاورہ .
(عو) نفریں کرنا، لعنت ملامت کرنا، نکو بنانا .

تَھڑی (فت تھ) است .
۱. تھڑا کی تانیث، گدی، جگہ، ٹھیا .۲. وہ دکان جو پینٹھ میں عارضی طور پر لگائی جائے . اف : لگانا / لگنا .۳. کنارا .

تُھڑی (ضم تھ) است .
۱. غصے یا نفرت سے تھوکنا ؛ (مجازاً) لعنت، پھٹکار .۲. بے عزتی، بدنامی، بے حرمتی، شرم .

تھڑی تھڑی مچنا محاورہ . (عو) تھو تھو ہونا، رسوائی ہونا .

تَھک (فت تھ) .
تھکنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل ؛ تھکن، تھکاوٹ . [س] .

تھک کر (کے) بیٹھ رہنا / بیٹھنا ف مر : محاورہ . جی چھوڑ دینا، عاجز ہو کر کام چھوڑ دینا .

تھک کر / کے چور ہونا ف مر . بہت تھک جانا، شل ہو جانا، جوڑ جوڑ دکھنا .

تھک ہار کر / کے م ف . ہمت ہار کر، مایوس ہو کر .

تَھکا (فت تھ) صف .
ماندہ، عاجز، ست . [س] .

تھکا بیل مذ : صف . (کنایۃً) ست آدمی، کام چور .

تھکا دینا ف مر. دیکھیے : تھکانا .

تھکا لینا ف مر. خستہ حالہ ہو جانا ، بے حال ہونا .

تھکا مارنا ف مر: محاورہ. ١. بہت زیادہ تھکا دینا. ٢. دق کر دینا ، جی چھڑا دینا ، عاجز کر دینا ، چھکے چھڑوا دینا .

تھکا ماندہ صف مذ. تھکا ہوا ، عاجز .

تھکا ہارا صف مذ. تھکا ہوا ، سست رو .

تَھکّا (فت تھ ، شد ک) صف :- تھکہ .
کوئی جمی ہوئی یا گاڑھی چیز ، لوندا ، تھکا ؛ جما ہوا دہی ، جو عموماً بازار میں کونڈے میں جمایا جاتا ہے؛ سونے چاندی کا ڈلا . [س] .

تُھکّا (ضم تھ ، شد ک) اند .
تھوک (بیشتر ترکیب میں مستعمل) .

تھکا فضیحت/ فضیحتی است. لعن طعن ، گالم گلوچ ، بے عزتی ، لڑائی جھگڑا ، فساد .

تَھکان (فت تھ) است .
ماندگی ، کسل مندی ، کوفت ، تکان . [س] .

تَھکانا (فت تھ) ف م .
ماندہ کر دینا ؛ دق کرنا ، تنگ کرنا .

تَھکاوَٹ (فت تھ ، و) است .
تھکن ، کسل مندی .

تَھکَن (فت تھ ، ک) است .
ماندگی ، کسل مندی ، کوفت ، تکان . [س] .

تھکن اُترنا محاورہ. تھکن دور ہونا ، کسلمندی مٹ جانا .

تھکن سے چور ہونا محاورہ. بہت زیادہ تھک جانا .

تَھکْنا (فت تھ ، سک ک) ف ل .
١. نڈھال ہونا ، شل ہونا ، ماندہ ہونا . ٢. زیادہ محنت جستجو یا بڑھاپے وغیرہ کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہ رہنا ، عاجز ہو جانا ، ہمت ہار جانا . ٣. (مجازاً) (کاروبار وغیرہ) مندا ہو جانا ، بند ہو جانا ، رک جانا. ٤. (i) رکنا ، عاجز آنا (نفی کے ساتھ) . (ii) اکتانا ، دل برداشتہ ہونا (نفی کے ساتھ) . ٥. کسی کام کے کرنے کی صلاحیت سے عاری یا عاجز ہونا . [س] .

تُھکْوانا (فت تھ ، سک ک) ف م .
(مجازاً) ذلیل کرانا ، بے عزت کرانا .

تِھگْلی (کس تھ ، سک گ) است .
١. پیوند ، جوڑ . ٢. ٹکلی ، کپڑے وغیرہ کا ذرا سا ٹکڑا (عموماً گول) . ٣. تھوڑی سی جگہ یا زمین ، (مجازاً) مکان ، یا جھونپڑا . [س] .

تھگلی لگانا محاورہ. کسی مقام تک پہنچنا ، کسی مقام کی خبر لانا (بالعموم آسمان کے ساتھ .

تَھل (فت تھ) اند .
١. خشک زمین (جل کی ضد) . ٢. (i) مقام ، ٹھکانا ، بیٹھنے یا رہنے کی جگہ ؛ شیر کے رہنے کا مقام . (ii) مچھلی کے بیٹھنے یا انڈے دینے کی جگہ جو پانی کے کنارے دلدل یا پتھروں میں ہوتی ہے . ٣. ریگستانی زمین ، بالو کا ٹھیلا ، صحرا ، ریگستان . ٣. گھاٹ ، دریا یا سمندر کا کنارہ ، ساحل ، بندرگاہ . [س] .

تھل بیڑا / بیڑہ اند. ١. کشتی یا جہاز ٹھہرنے کی جگہ ، لنگر گاہ ، ساحل ، بندرگاہ . ٢. (مجازاً) ٹھکانا ، جائے پناہ . ٣. سراغ ، نشان . ٤. وجہ معاش .

تَھلّا (فت تھ ، شد ل) اند .
١. تھڑا ، کام کرنے کی جگہ . ٢. ایک قسم کے جھولے یا ہنڈولے کا ایک حصہ جس میں جھولے نما کھٹولے متوازی لٹکے ہوتے ہیں اور بجلی کی قوت سے گھمایا جاتا ہے . ٣. مٹھائی یا کسی دوسری شیرینی کا جما ہوا تھال یا کوئی ٹکڑا . [س] .

تَھل تَھل (فت تھ ، سک ل ، فت تھ) (الف) صف : م ف .
١. موٹا اور پلپلا ، ڈھیلا ڈھالا ، پلپلا ، نرم . ٢. زیادتی کے ساتھ اور برابر مسلسل تیزی سے ، تھلل تھلل . (ب) اند. پولا اور پلپلا پن ، پچپس پنا ؛ رطوبت کی زیادتی سے مٹی یا ریگ وغیرہ کا ہلنا ، ہلورا ، زلزلہ . [س] .

تُھلْ تُھل (ضم تھ ، سک ل ، ضم تھ) صف : م ف .
دیکھیے : ٹل ٹل ؛ آہستہ آہستہ گرتا ہوا ، ٹپکتا ہوا ، چوتا ہوا .

تَھلَکْنا (فت تھ ، فت ل ، سک ک) ف ل .
١. لرزنا ، تھرتھرانا ، کانپنا ، دھڑکنا ، دہلنا ، تھل تھل کرنا . ٢. تھلتھلانا . ٣. دھڑکنا . ٤. لہرانا ، لہریں مارنا (چمک کے ساتھ) ، عکس ریز ہونا . [س] .

تَھلک (فت تھ ، ل).
الگ کا تابع.

تَھم (۱) (فت تھ) اِمذ (تھب ، تھما).
۱.ستون ، کھمبا ، کھم .۲.(مجازاً) اصول ؛ اصل ، بنیاد ، اساس . [س].

تَھم (۲) (فت تھ).
تھمنا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل.

تھم تو سہی م ف . ذرا رکنا ، ٹھیرنا.

تھم (تھم) کر/کے م ف . ٹھہر ٹھہر کر ، آہستہ آہستہ ، تھوڑا تھوڑا ، تھمنا.

تَھما دینا ف مر.
۱.حوالے کر دینا ، پکڑا دینا ، ہاتھ میں دے دینا .۲.روک دینا.

تَھما رَہنا ف مر.
رکا رہنا ، ٹھہرا رہنا ، قایم رہنا.

تَھمانا (فت تھ) ف م.
روکنا ، باز رکھنا ؛ ملتوی کرنا ، اٹکانا ، ٹھہرانا ؛ دینا ، پکڑانا.

تَھمْنا (فت تھ ، سک م) ف ل.
رکنا ، ٹھیرنا . [س].

تَھنْ (فت تھ) اِمذ.
گائے ، بھینس ، بکری اور دوسرے دودھ پلانے والے جانوروں کا وہ عضو جس سے وہ اپنے بچے کو دودھ پلاتے ہیں ، جانوروں کا پستان.
[س].

تھن ٹوٹا صف . گائے ، بکری یا بھینس وغیرہ کا بچہ جس نے پوری معیاد تک ماں کا دودھ نہ پیا ہو ؛ بہت دُبلا ، منحنی (بچھڑا وغیرہ).

تُھو (ومع) (الف) اِمث.
تھوکنے کی آواز یا اس آواز کی نقل . (ب) فجائیہ . تف ، لعنت ، پھٹکار.
[س]

تھو تھو (الف) اِمث . بار بار تھوکنا یا تھوکنے کی آواز . (ب) فجائیہ . (اظہار نفرت کے لیے یا کوئی برا کلمہ منھ سے نکلنے کے بعد) توبہ توبہ ، خدا بچائے ، اللہ نہ کرے ؛ لعنت ہے ، نفرین ہے . (ج) صف . تھوکنے کے قابل ، نفرت کے قابل ، ایسی چیز جو نام لینے کے قابل نہ ہو ، جیسے تھوتھو ، وبا جو عورتیں چیچک کو کہتی ہیں.

تھو تھو کرنا ف مر : محاورہ . ۱. بار بار تھوکنا ، ناگواری کا اظہار کرنا . ۲.لعنت بھیجنا ، نفرین کرنا (اوپر ، پر یا پہ کے ساتھ).

تھوا (ومع) اِمذ.
مٹی کا بنا ہوا تودہ ؛ نکما آدمی ، ایسا شخص جو حرکت نہ کرے . [س].

تھوبْڑا (ومج ، سک ب) اِمذ.
(تحقیر کے موقع پر) منھ ، تھوتنی . [س].

تھوبڑا سُجانا محاورہ . منھ بگاڑنا ، منھ بنانا ، خفا ہونا ، روٹھنا ، غصے ہونا.

تھوپ (ومج) اِمث.
۱.تھوپنا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل .۲.تھپڑ ، مکا ، گھونسا ، تھپیڑا ، تھپیڑا مارنا ، مقابلہ کرنا (موجوں میں) ، گھونسہ رسید کرنا ، ڈنڈے مار مرمت ، ٹھونگ پیٹ . [س].

تھوپ تھاپ کر دینا محاورہ . رفع دفع کر دینا ، مٹا دینا ، دبا دینا.

تھوپ دینا محاورہ . ۱. جان بوجھ کر کسی کے سر الزام لگا دینا .۲.اپنی خطا میں دوسرے کو گرفتار کرنا.

تھوپ لینا ف مر : محاورہ . لگا لینا.

تھوپْنا (ومج ، سک پ) ف م.
۱.ڈھیری لگانا ، اکٹھا کرنا ، جمع کرنا ، انبار لگانا .۲.بے دلی یا بے ڈھنگے پن سے توے پر روٹی ڈالنا .۳.اُپلے تھاپنا .۴.(i) لیپنا ، لیسنا ، کسی گاڑھی چیز کی تہ لگانا . (ii) لگانا ، ملنا (چہرہ وغیرہ پر) .۵.کچی دیواروں کے کھنڈروں میں گیلی مٹی یا گارا بھرنا ، مٹی کی دیوار کو چھاپنا ؛ بدسلیقگی کے ساتھ کچی دیوار کے گھوں کی مرمت کرنا ؛ کوئی چیز جلدی جلدی سے اور خراب بنانا . ۶. کسی کے ذمے ڈالنا ، سر لگانا (الزام وغیرہ 'پر' 'پہ' یا سر کے ساتھ) .۷.(کوزہ گری) مٹی کو متھ کر سانچے پر جمانا .۸.کسی مرکب کو اوپر سے جما دینا . ۹. زبردستی مسلط کرنا .۱۰.(i) عیب لگانا ، افترا پردازی کرنا . (ii) بے گناہی میں گرفتار کرنا ، ملوث کرنا . [س].

تھوتْرا/ تھوتھرا (ومج ، سک ت/تھ) صف.
کترا ہوا ، چوہوں یا کیڑوں کا کھایا ہوا (اناج) ؛ نکما ، خراب ، گھن لگا ہوا ، کھوکھلا ؛ کند ، گھسا ہوا . [س].

تھوتْنی (ومج ، سک ت) اِمث.
کسی جانور وغیرہ کا منھ (تحقیراً) آدمی کا منھ.

تھوتنی بھلانا محاورہ. تیوری چڑھانا، منھ بنانا، ناراض ہونا، خفا ہونا.

تھوتی (و ج) صف مث.
تھوتا کی تانیث.

تھوتی زَمین امث. پولی زمین.

تھوتھ (و ج) امث.
۱. تھوتر، کھوکھلا پن؛ خوف، خطرہ ۲. جانور کا منھ؛ (تحقیراً) آدمی کا منھ. [س].

تھوتھا (و ج) (الف) صف.
۱. (i) تھوتر، کھوکھلا، اندر سے خالی. (ii) بے مغز؛ بغیر دانے کا ۲. جس کے دانت نہ ہو، پوپلا ۳. بے معنی، مہمل، لغو ۴. جس میں دھار یا نوک نہ ہو، کند، کھنڈا ۵. ایسا سانپ جس کی دم کی نوک گلی یا کٹی ہوئی ہو. (ب) اند. طوطیہ، توتیا، نیلا تھوتھا. [س].

تھوتھا چنا باجے گھنا کہاوت. اوچھا، کم ظرف یا نالائق آدمی شیخی بہت مارتا ہے.

تُھوتَھن/ تھوتن (و مع، فت تھ) اند.
جانور کا منھ، (حقارتاً) انسان کا منھ.

تُھوتھنا/ تھوتنا (و مع، سک تھ/سک ت) اند.
تھوتھن کی تذکیر.

تُھوتھنی (و مع، سک تھ) امث؛ = تھوتی.
۱. کسی جانور (گھوڑا، اونٹ، ریچھ، سور یا گھڑیال) وغیرہ کا منھ.
۲. (تحقیراً) آدمی کا منھ.

تھور (و ج) امث.
زمین کی ایک بیماری جس میں نمکیات زمین میں زیادہ جمع ہو جاتے ہیں اور اس کی وجہ سے فصل پر برا اثر پڑتا ہے. [س].

تُھورنا (و مع، سک ت) ف م.
۱. (تحقیراً) کھانا، نگلنا ۲. مارنا، زخمی کرنا؛ نقصان پہنچانا، تباہ کرنا. [س]

تھوڑ (۱) (و ج) اند.
تھوڑا کا مخفف، مرکبات میں جزو اوّل کے طور پر مستعمل.

تھوڑ (۲) (و ج) اند.
چاول وغیرہ کی بالی جو ابھی پودے سے نکلی نہ ہو. [س].

تھوڑا (و ج) (الف) صف مذ.
۱. کم، ادنیٰ، خفیف، ذرا سا، کچھ؛ معمولی ۲. تنگ، چھوٹا؛ (مجازاً) کم ہمت ۳. چند، کچھ (عدد کے لیے) ۴. ذرا سا، معمولی ۵. کم حیثیت مسما (نفی کے ساتھ) ۶. ناکافی، بہت کم. (ب) م ف. (کیفیت کے لیے) کم، کمی کے ساتھ. (ج) بطور اسم. (جمع کی صورت میں) اقلیت، قلیل التعداد جماعت. [س].

تھوڑا بہت صف؛ مث. قدرے، کسی قدر، تھوڑا سا.

تھوڑا تھوڑا صف؛ مث، ج نیز مغیرہ. کچھ کچھ، کم کم.

تھوڑا تھوڑا ہونا محاورہ. ۱. شرمندہ ہونا، خفیف ہونا، پانی پانی ہونا ۲. کم حیثیت یا کم مرتبہ نظر آنا، گھٹنا.

تھوڑا سا صف؛ م ف. بہت مختصر، بہت قلیل، ذرا سا.

تھوڑا کھانا سکھی (عزت سے) رہنا کہاوت. ہوس بری چیز ہے، قناعت اور توکل اختیار کرنا چاہیے، تھوڑا کھانے سے انسان تندرست اور عزت سے رہتا ہے.

تھوڑا لکھا بہت جاننا/ سمجھنا فقرہ. یہ فقرہ خط کے آخر میں اس وقت لکھتے ہیں جب مکتوب الیہ کو کسی کام کی تاکید منظور ہو (مشتقات بھی مستعمل ہیں).

تھوڑا ہی م ف. (تاکید کے طور پر) نہیں، ہرگز نہیں.

تھوڑی (و ج) صف.
تھوڑا کی تانیث.

تھوڑی ایک صف. کچھ، تھوڑی سی.

تھوڑی بہت صف مث. تھوڑا بہت کی تانیث.

تھوڑی سی رہ گئی ہے فقرہ. عمر کا زیادہ حصہ گزر جانے اور کم باقی رہ جانے سے کنایہ ہے.

تھوڑے (۱) (و ج) صف.
تھوڑا کی حالت مغیرہ، تراکیب میں مستعمل.

تھوڑے میں اُبل پڑنا محاورہ. ذرا سی بات میں آپے سے باہر ہو جانا کم ظرفی کا اظہار کرنا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

تھوڑے (۲) (مج) م ف.
دیکھیے : تھوڑا ہی ؛ نہیں ، ہرگز نہیں .

تھُوک (مع) اند.
منہ کا لعاب ، کف ، رال ، منھ کا بے رنگ چیپ دار لعاب جو گلے کے غدود سے پیدا ہوتا اور کھانا چبانے اور ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے ، آب دہن ، تف ، رال . [س].

تھوک دینا محاورہ .۱. ذلیل کرنا ، منہ پر تھوکنا .۲. (نفرت کی بنا پر) چھوڑ دینا ، ترک کر دینا ، غرض نہ رکھنا .۳. غصے کو معاف کرنا ، جانے دینا . ۴. غرض نہ رکھنا ، عاق کر دینا .

تھوک کر (کے) چاٹنا محاورہ .۱. عہد یا اقرار سے پھر جانا ، جس بات سے انکار ہو پھر اسے انجام دینا .۲. کسی کو کچھ نہ دینا ، انتہائی بخل کرنا ، دیکر واپس لے لینا .

تھوک لگانا محاورہ . ذلیل کرنا ؛ ہرا دینا ، زک دینا .

تھوک ہے فقرہ . لعنت ہے ، تف ہے .

تھوک (مج) اند.
۱. ڈھیر ، انبار .۲. تجارتی مال جو مقدار یا تعداد میں زیادہ اور یکمشت بیچا یا خریدا جائے ، سوبند مال ، اکٹھا مال .۳. روکڑ ، نقدی ، جمع ؛ حصہ ، پتی .۴. جماعت ، گروہ ، جتھا .۵. میزان کل ؛ مقدار ، تعداد ، اندازہ ، پٹا ، سند .۶. وہ مقام جہاں کہیں سرحدیں ملیں ، جگہ ، ٹھڈا . ۷. (کاشتکاری) اراضی کا وہ بڑا حصہ جس میں کئی پٹیاں ہوں . ۸. کھیت کی حد کا نشان جو مٹی کا ڈھیر یا گٹی کی شکل کا بنا ہوا ہو . ۹. لوہے یا پیتل کا وہ خول جو پالکی پینس میانہ کے ڈنڈوں کے سرے پر لگاتے ہیں .۱۰. آبادی کا بڑا حصہ جس میں کئی بستیاں ہوں . ۱۱. چاندی یا سونے کا ڈلا جو زیور یا ظروف وغیرہ کو گلا کر کھوٹ سے صاف کر کے تیار کیا گیا ہو ، تھکا . [س].

تھوک دار صف .۱. پٹا دار ، مکھیا .۲. سردار ، سرگروہ .۳. اکٹھا بیچنے والا سوداگر .

تھوک فروش اند . تجارتی مال کو اکٹھا اور یک مشت فروخت کرنے والا ، خوردہ فروش کی ضد .

تھُوکنا (مع ، سک ک) ف م.
۱. تھوک نکالنا ، لعاب دہن منھ سے باہر نکالنا ، لعاب دہن پھینکنا . ۲. کسی چیز کا منھ سے نکال پھینکنا خاص کر پان کی پیک .۳. پھیپھڑے سے خون آنا .۵. لعنت ملامت کرنا ، خوار کرنا ، نفرت کرنا .۶. (کنایۃً) کسی چیز کی طرف کسی درجے میں بھی توجہ کرنا ، رخ کرنا (نفی یا استفہام کی صورت میں) . [س].

تھُولی (مع) اسث.
گیہوں کا رائی کے دانوں جیسا بنایا ہوا باریک دلیا ، میٹھا دلیا . [س].

تھُوم (مع نیز مج) اند.
لہسن . [ع].

تھُونبا (مع ، مغ) اند.
گیلی مٹی کا لوندا جو ترازو کی لکڑی کے سرے پر وزن برابر کرنے کے لیے لگائیں ، پاسنگ . [س].

تھُونی (مع) اسث.
لکڑی کا کھم جو چھت یا چھپر کے نیچے ستون کے طور پر لگا دیتے ہیں ، تھونو ، تھم ، کھمبا .

تھُوہ (مع) اند.
تھو ، تھوکنا .

تَھِٹی (۱) (فت تھ) اسث.
۱. تہ بہ تہ رکھا ہوا ڈھیر ، گڈی ، مٹھا ، تلے اوپر رکھی ہوئی روٹیاں یا پان وغیرہ ، بوریوں کا چٹا .۲. تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے ، لادی .
اف : جمانا / لگانا . [س].

تھٹی کی تھٹی اسث . ڈھیر ساری ، ڈھیری کی ڈھیری ، چٹے کا چٹا .

تَھِٹی تھٹی (فت تھ ، تھ) اسث.
موسیقی کی آواز ، تال ، سر ، تالی ، تھاپ وغیرہ کی آواز جو گویے اور ناچنے والے نکالتے ہیں .

تِھیا (۱) (کس تھ) اند.
(لوہاری) ٹھپے یا دھات کی کسی چیز میں سیدھے خط کھودنے کا آہنی قلم . [مقامی].

تھپّا (۲) (فت تھ، شدپ) اند.
(نان بائی) تندور میں روٹی لگانے کی گول گودے نما گدی جو کپڑے کے غلاف میں پھونس بھر کر بنائی جاتی ہے اس پر بنائی ہوئی روٹی رکھ کر تندور میں لگاتے ہیں، رفیدہ.

تھیچھلا (ی مج، سک تھ) صف، مذ.
کم گہرا، اُتھلا.

تھیٹر (ی مج، فت ٹ) اند.
۱. ناٹک. ۲. وہ جگہ یا مکان جہاں ناٹک کھیلا جائے، تماشا گاہ، ناچ گھر. [انگ].

تھیسس (ی مع، کس س) اند.
کسی موضوع پر تحقیقی مقالہ. [انگ].

تھیلا (ی لین) اند.
کپڑا ٹاٹ یا چمڑا وغیرہ جو دہرا کر کے سی لیا جائے یہ مختلف قسم کے سامان رکھنے کے لیے کام آتا ہے، کیسہ. ۲. جانگھ یا گھٹنے سے اوپر کا پاجامے کا حصہ. ۳. (مجازاً) ڈھیلا ڈھالا، لوتھڑا. ۴. (مجازاً) مجموعہ، مرکب. ۵. (خیاطی) رضائی کی گوٹ یا غرارے یا چھوٹی موری کے پاجامہ کی کاٹ کا ایک طریقہ. ۶. مچھلی کی ایک قسم. [انگ].

تھیلی (ی لین) است.
۱. تھیلا کی تصغیر، چھوٹا تھیلا، موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بنا ہوا چھوٹا تھیلا، کیسہ، خریطہ، بٹوا. ۲. (کنایۃً) نقدی کی تھیلی، توڑا. ۳. بٹوا، خصیہ، فوطہ. ۴. وہ خانہ جو کنگارو کی مادہ کے پیٹ کے باہر قدرت نے بنایا ہے. ۵. (نباتیات) یک خلوی بذرے دان. ۶. (i) (حیاتیات) جان داروں میں قدرتی بنے ہوئے اعضاء. (ii) مشیمہ، وقت پیدائش بچے پر لپٹی ہوئی جھلی کی بند لپیٹ. (iii) بدن میں کیسہ نما جھلی وغیرہ جس میں مختلف مادے جمع ہو جاتے ہیں. [س].

تھیوا (ی مج) اند.
۱. نگینہ. ۲. انگوٹھی کا گھر جس میں نگینہ یا مہر جڑی جائے. ۳. قیمتی پتھر یا کسی دھات کا پرت جس پر مہر کھودی جائے. [س].

تھیوری (کس تھ، و مج) است.
۱. نظریہ. ۲. خیال، قیاس، رائے. [انگ].

(ٹ)

ٹ (تلفظ: ٹے، ٹا) حرف: است.
اُردو حروف تہجی کا پانچواں اور ہندی کا گیارھواں حرف (مصمتہ) جس کی آواز عربی و فارسی ہجا میں نہیں پائی جاتی انگریزی (T) کی آواز ادا کرتا ہے، یہ حرف زبان کا سرا تالو پر لگانے سے آواز دیتا ہے، حساب جمل میں ت کے مساوی اس کے چار سو عدد مقرر ہیں.

••• **ٹا** لاحقہ.
وصفی معنی دیتا ہے (جیسے: چپٹا، کھپٹا وغیرہ). [س].

ٹاپ (۱) است.
۱. گھوڑے کا سم؛ گھوڑے کے اگلے پانو کی ضرب؛ آواز جو گھوڑے کے چلتے یا دوڑتے وقت زمین پر سم پڑنے سے نکلتی ہے. [س].

ٹاپ (۲) است.
بالائی حصہ؛ پہاڑ کی چوٹی؛ پھننگ؛ سب سے اونچا سرا؛ سب سے اوپر کا، بلند ترین، آخری حد کا؛ (موٹر) سب سے اونچا گیر. [انگ].
ٹاپ کرنا محاورہ. (کسی امتحان یا مقابلے میں) اوّل آنا، پہلی پوزیشن لینا.

ٹاپا اند؛ ~ ٹاپ.
۱. مخروطی شکل کا اونچا اور بڑا ٹوکرا جو عام طور سے مرغیاں بند کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے. ۲. گہوارے کو ڈھانکنے کا لکڑی وغیرہ کا چوکھٹا جس پر ریشم اور زری سے تیار کیا ہوا بالاپوش ہوتا ہے. ۳. ایک قسم کی کشتی. ۴. چکر کی شکل میں باندھا ہوا جال جس کے کنارے پر برابر سیسے کی گولیاں بندھی ہوتی ہیں جب جال کو پانی پر پھیلا کر ڈالتے ہیں تو سرپوش کی طرح پانی میں نیچے اترتا چلا جاتا ہے اس کے گھیر میں جو مچھلی آجاتی ہے وہ بند ہو جاتی ہے. ۵. ایک قسم کا چوکھٹ والا ڈھکنا؛ کوئی چیز جس پر اس قسم کا ڈھکنا ہو جیسے کشتی، جھونپڑا؛ کپڑے کا غلاف. ۶. کھانچا نما اسٹینڈ جس کے نیچے انگیٹھی رکھ کر اوپر کپڑے وغیرہ ڈال کر خشک کرتے ہیں. ۷. دیکھیے: ٹاپڑ.

ٹاپنا (سک پ) صف : م ف.
۱. سرگراں : کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا. ۲. انتظار کی حالت میں.

ٹاپنا پھرنا محاورہ. گھوڑے کا زمین پر سم مارنا : کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا.

ٹاپتا رہ جانا / رہنا محاورہ. آرزو یا انتظار میں بیٹھا رہ جانا، دل مار کر رہ جانا : افسوس کرنا، مایوس رہ جانا، تکتا یا دیکھتا رہ جانا.

ٹاپس (سک پ) اند.
کانوں کے بندے. [انگ].

ٹاپنا (سک پ) ف ل.
۱. کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا، مارے مارے پھرنا. ۲. (دیوار) پھاندنا، اچکنا، اچھل کر پھلانگنا، کودنا. ۳. (روزگار کی تلاش میں) سرگرداں ہونا. [س].

ٹاپو (و مع) اند.
وہ خشک زمین جو پانی سے چاروں طرف گھری ہو، جزیرہ نیز اُتھلا کنارہ یا ساحل.

ٹاٹ اند.
۱. سن کا بنا ہوا کپڑا جس سے زیادہ تر بوریاں اور تھیلے وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں اور موٹا جھوٹا لباس بناتے ہیں. ۲. بنے ہوئے پٹ سن کا فرش. ۳. اون سے بنا ہوا ٹاٹ کی طرح کا موٹا کپڑا. [س].

ٹاٹ میں زربفت/ مخمل کا پیوند کہاوت. بے میل اور بے جوڑ بات (کسی میں اعلٰے چیز ادنٰی چیز کو نامناسب طور پر شامل کرنے کے موقع پر بولتے ہیں).

ٹاٹا کلمہ.
کلمۂ رخصتی جو عام طور پر بچے خدا حافظ کی جگہ کہتے ہیں، فی امان اللہ.
اف: کرنا/کہنا. [انگ].

ٹاٹری (سک ٹ) اسث.
ایک قسم کی ترشی یا ایسڈ جو کھانے میں کھٹاس کے لیے استعمال ہوتا ہے، مسالہ جس سے خمیر اٹھاتے ہیں. [لاط].

ٹارچ (سک ر) اسث : اند.
مشعل کے خول جس کے اندر بیٹری کے سیل ہوتے ہیں اور منہ پر بلب لگا ہوا ہوتا ہے. [انگ].

ٹارگٹ (سک ر، کس ج گ) اند.
۱. نصب العین، مقصود، مدعا. ۲. ہدف، نشانہ. [انگ].

ٹاس اند.
کسی کام عموماً کھیل میں کوئی فیصلہ کرنے کے لیے سکے کو اچھالنے کا عمل جس میں پہلے سے یہ طے ہوتا ہے کہ چہرہ آیا تو کون سا فریق جیتے گا یا کون سی بات مانی جائے گی. [انگ].

ٹافی اسث.
گول چپٹی یا چوکور قسم کی چھوٹی سی مٹھائی کی ٹکیا جو شکر کے علاوہ بعض دوسرے اجزا ملا کر تیار کی جاتی ہے (بچے بہت شوق سے کھاتے ہیں). [انگ].

ٹال(۱) اسث.
لکڑیوں کی دکان جو ایک انبار کے طور پر ہوتی ہے، لکڑی بانس یا گھاس وغیرہ کا ڈھیر، ایندھن کا انبار، (لفظاً) تلے اوپر چیزوں کا ڈھیر، انبار، چٹا. [س].

ٹال(۲) اسث.
۱. ٹال مٹول، لیت ولعل، حیلہ بہانہ. [س].

ٹال جانا ف مر: محاورہ. ۱. ملتوی کر دینا، بچ کر نکل جانا. ۲. درگزر کرنا، بے پروائی کرنا.

ٹال دینا ف مر: محاورہ. ۱. ملتوی کر دینا، حیلے بہانے کرنا. ۲. طرح دے جانا.

ٹال مٹول اسث. بہانہ، حیلہ.

ٹالَمْ ٹُول (فت ل، سک م، و ج نیز مع) اسث.
حیلہ بہانہ، لیت ولعل. [س].

ٹالنا (سک ل) ف م.
۱. (i) دفع کرنا، ہٹانا، سرکانا. (ii) لوٹانا، رخ پھیرنا. ۲. قبول نہ کرنا، تسلیم نہ کرنا، نہ ماننا. ۳. بہانہ کرنا، لیت ولعل کرنا. ۴. ملتوی کرنا. ۵. ٹھکانے لگانا. [س].

ٹامک ٹوئی (فت م، وج) است.
قیاس، اٹکل، اندازہ. [س].

ٹامک ٹوئیے (ٹوئیاں) مارنا محاورہ. اٹکل سے چلنا، اندازے سے کام لینا، قیاس آرائی کرنا، اٹکل پچو کام کرنا.

ٹانٹ (مغ) است.
چندیا، آدمی کے سر کی کھوپڑی، کھوپڑی کی بالائی جلد یا حصہ. [س].

ٹانٹھا (مغ) صف.
۱. صحتمند، جوان ۲. طاقت ور، مضبوط، توانا.

ٹانسِل (سک ن، کس س) اند.
حلق کی بادام نما گلٹی، غدود. [انگ].

ٹانک (مغ) است.
ٹانکنا سے مرکبات میں مستعمل. ۱. سیون، بخیہ ۲. لکھاوٹ، لکھنا، لکھنے کا ڈھنگ، قلم کی نوک. [س].

ٹانک دینا محاورہ. ۱. یادداشت کے لیے لکھنا، درج کرنا، لکھ لینا. ۲. سی دینا، ٹانکے لگا دینا.

ٹانِک (کس ن) صف؛ اند.
۱. مقوی دوا، قوت افزا شے ۲. فرحت بخش، مفرح. [انگ].

ٹانکا (مغ) اند.
۱. (i) سیون، سلائی، تاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا، (کشیدہ کاری) پھندا، سلائی کے سلسلے کی ایک آنٹ، پھیر. (ii) (عموماً جمع میں) زخم پر لگائے ہوئے ٹانکے. (iii) دھات کا مسالا، ایسی دھات جو جوڑ سے مل کر ایک جان ہو جائے اور تپانے سے نہ کھلے ۲. زیور اور برتنوں کا جوڑ اور پیوند ۳. (جوتے یا کپڑے وغیرہ کا) پیوند، جوڑ. [س].

ٹانکنا (مغ، سک ک) ف م.
۱. ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا، موتی بُنت لچکا وغیرہ سوئی تاگے سے لگانا ۲. جوڑنا ۳. نتھی کرنا، شامل کرنا؛ لٹکانا، آویزاں کرنا ۴. ٹانکا لگانا، جوتا سینا. [س].

ٹانکے (مغ) اند؛ ج.
ٹانکا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

ٹانکے آنا محاورہ. زخم کا سلنا یا سیا جانا.

ٹانکے ڈھیلے پڑنا محاورہ. عاجز آ جانا، تھک جانا.

ٹانکے کھل جانا / کھلنا ف م؛ محاورہ. ۱. کپڑے کی سیون ادھڑ جانا، زخموں کی سیون ٹوٹ جانا ۲. عیب یا کمزوری ظاہر ہو جانا، حقیقت صاف کھل جانا.

ٹانگ (مغ) است.
ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ. [س].

ٹانگ اڑانا محاورہ. پاؤں پھنسانا، مزاحم ہونا، دخل دینا، کسی کے بیچ میں بولنا یا دخل دینا.

ٹانگ برابر صف. چھوٹا سا، وہ کمسن لڑکا یا لڑکی جو بڑوں کے منھ آئے، گستاخ بچہ.

ٹانگ پھنسانا محاورہ. بیچ میں دخل دینا، مزاحم ہونا.

ٹانگ توڑنا محاورہ. ۱. بیکار کر دینا، نکما کر دینا، معطل کرنا ۲. (مجازاً) کسی زبان کو تھوڑا بہت سمجھ کر اس کے جاننے کا دعویٰ کرنا؛ (ناواقفیت کی وجہ سے) کسی علم وفن یا زبان وغیرہ کو بگاڑنا یا اس کی گت بنانا.

ٹانگ کھینچنا محاورہ. ۱. چھیڑ چھاڑ کرنا، بے وقوف بنانا ۲. مذاق اڑانا، تضحیک کرنا، ذلیل کرنا، بے جا تنقید کرنا.

ٹانگنا (مغ، سک گ) ف م.
۱. لٹکانا، آویزاں کرنا ۲. سولی دینا، پھانسی دینا. [س].

ٹاوَر (فت و) اند.
مینار، برج. [انگ].

ٹائپ (کس ء) اند.
۱. (طباعت) الگ الگ ڈھلے ہوئے حروف یا الفاظ جو دھات کے ٹکڑے پر ابھرے ہوتے ہیں اور چھاپے خانوں میں استعمال ہوتے ہیں ۲. (i) کوئی شخص یا چیز جو کسی دوسری شے یا کسی صنف اشیاء کا نمونہ یا مثال اس کی خصوصیات کی مظہر ہو، قبیل. (ii) انداز، وضع قطع ۳. قسم، گروپ ۴. ٹھپا، چھاپ، خاکہ، نمونہ، طرز عمل. [انگ].

ٹائپ رائٹر اند. ٹائپ کرنے کی مشین.

ٹائپِسٹ (کس ء ، پ ، سک س) صف .
ٹائپ مشین کے ذریعے حرفوں کو کاغذ پر منتقل کرنے والا ، ٹائپ کرنے والا . [انگ] .

ٹائٹ (کس ء) صف .
کسا ہوا ، مضبوطی سے بند کیا ہوا . [انگ] .

ٹائر (کس ء) اند .
موٹر سائیکل ، سائیکل یا گاڑی کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ کا خول جس کے اندر ٹیوب ہوتی ہے . [انگ] .

ٹائل (کس ء) اند .
۱. تعمیرات میں استعمال ہوتے ہیں .۲. چوکور ٹکڑے جن پر رنگ و روغن ہوتا ہے اور اکثر پھول بوٹے بھی نقش کیے ہوتے ہیں پکی مٹی یا چینی مٹی کے . [انگ] .

ٹائم (کس ء) اند .
وقت . [انگ] .

ٹائم ٹیبل اند . نقشہ انضباط اوقات ، نظام الاوقات ، لائحہ عمل ، اوقات نامہ .

ٹاؤن (ضم ، نیز و ج) اند .
قصبہ ، شہر سے چھوٹی اور گانو سے بڑی بستی جہاں میونسپلٹی ہو ، چھوٹا شہر جس کا کوئی نام اور مقامی انتظامیہ ہو . [انگ] .

ٹائی است .
۱. گلے میں باندھنے کا خاص تراش کے مطابق سلا ہوا خوب صورت کپڑا جسے گلے میں ڈال کر کالر کے وسط میں گرہ باندھ دی جاتی ہے ، نکٹائی . ۲. (کھیل) دو ٹیموں کا میچ ؛ (کرکٹ) دونوں ٹیموں کے اسکور کا مجموعہ برابر ہونے کی صورت ، برابر کا مقابلہ . [انگ] .

ٹائیٹل (ی مع ، کس ٹ) اند .
۱. لوح ، کتاب کا سرورق ، عنوان .۲. خطاب یا اعزاز جو سرکار کی جانب سے دیا جائے ، خطاب ، لقب ، منصب یا عہدے کا نام . [انگ] .

ٹائیفائڈ (ی مع ، کس ء) اند .
ایک قسم کا میعادی بخار جو عموماً تین ہفتے تک برابر چڑھا رہتا ہے اس بخار میں آنتوں میں سوزش ہوتی ہے . [انگ] .

ٹائیں (ی ج) است .
کسی کے بولنے یا چیز گرنے کی کرخت آواز عموماً تکرار کے ساتھ ، تراکیب میں مستعمل . [حکایت الصوت] .

ٹائیں ٹائیں است . ۱. طوطے کی آواز کی نقل .۲. بکواس ، بڑ بڑ ، فضول باتیں ، کائیں کائیں ، ٹیں ٹیں . اف : کرنا .

ٹائیں ٹائیں فش است . زبانی جمع خرچ تو بہت کچھ اور نتیجہ کچھ بھی نہیں ، بے نتیجہ ، فضول باتیں یا کام .

ٹب (فت ٹ) اند .
نہانے اور مختلف مقاصد کے لیے کھلے منہ ، چپٹے پیندے کا بالعموم گول ظرف چینی اور جست وغیرہ کا بنا ہوا مختلف سائز کا ظرف . [انگ] .

ٹبّر (فت ٹ ، شد ب بفت) اند .
اہل و عیال ؛ کنبہ ، خاندان . [س] .

ٹپ (فت ٹ) است .
بوند بوند گرنے کی آواز ، ٹپکنے کی آواز . [حکایت الصوت] .

ٹپ ٹپ است . ۱. مسلسل یا لگاتار بارش کی بوندیں کسی رقیق شے یا آنسوؤں کے گرنے یا ٹپکنے کی آواز .

ٹپ ٹپ آنسو پڑنا / گر پڑنا / گرنا محاورہ . آنسوؤں کا تار بندھنا ، مسلسل آنسو بہنا .

ٹِپ (کس ٹ) است .
۱. کوئی رقم جو بطور انعام یا بخشش دی جائے .۲. کسی چیز کا سرا یا نوک .
۳. جیت کا اشارہ ، پیش گوئی ، اطلاع . [انگ] .

ٹپّا (فت ٹ ، شد پ) اند .
۱. (i) گولی یا گیند کا زمین یا دیوار سے ٹکراؤ . (ii) تیر یا گولی کی مار کی حد جہاں وہ جا کر گرے اور اس کی قوت رفتار ختم ہو جائے .۲. (موسیقی) ایک قسم کا گانا یا گیت . [س] .

ٹپک (فت ٹ ، پ) است .
رقیق شے کے قطرے گرنے کی آوز ؛ پانی یا آنسوؤں کا مسلسل گرنا .

ٹپک پڑنا محاورہ . ۱. بہہ نکلنا .۲. یکا یک آ نکلنا ، سامنے آ جانا ، اچانک سے آ جانا .۳. بیچ میں بول اٹھنا ، دخل دینا . [س] .

ٹپکانا (فت ٹ ، سک پ) ف م.
۱. (i) تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا ، بوند بوند گرانا . (ii) نازل کرنا ، اوپر سے گرانا . ۲. (عوام) کسی کو جان سے مارنا . [س].

ٹپکنا (فت ٹ ، پ ، سک ک) ف ل.
۱. (i) بوند بوند گرنا ، رسنا ، چونا (بارش وغیرہ) . (ii) عرق نکلنا ، نچڑنا ، چھننا ، نتھرنا . ۲. بخوبی ظاہر ہونا ، کسی بات کے آثار صاف نظر آنا ، مترشح ہونا . ۳. (i) (یکایک یا خلاف توقع) آنا ، آ دھمکنا ، آ نکلنا . (ii) بیچ میں بول اٹھنا ، بولنا . ۴. پھل کا پک کر درخت سے گرنا ؛ (قطرہ آنسو خون یا بوند وغیرہ کا) گرنا . [س].

ٹٹ پونجیا (فت ٹ ، سک ٹ ، و مع ، ج ، سک ج) صف مذ.
۱. تھوڑی پونجی والا ، کم مایہ ، دیوالیہ ؛ ادنیٰ سوداگر . ۲. (مجازاً) ادنیٰ ، معمولی . [س].

ٹٹخارنا (فت ٹ ، سک ٹ ، ر) ف م.
۱. چلے جانے کو کہنا ، دینا ، ترخانا . ۲. ایسی آواز نکالنا جیسی گھوڑے گدھے یا بیل کے چلانے کے لیے منھ سے نکالتے ہیں ، سیٹی بجانا ، آواز سے اشارہ کرنا . ۳. منھ سے آواز نکال کر ہانکنا . [حکایت الصوت].

ٹٹکاری (فت نیز کس ٹ ، سک ٹ) است.
۱. بیل ، گدھے یا گھوڑے کو ہنکانے کی آواز . ۲. زبانی جمع خرچ ، مفت کی کارگزاری . ۳. داد و تحسین کی آواز ، شور . ۴. (مجازاً) ڈانٹ . ۵. آگاہ ہونے یا خبردار رہنے کے لیے آوازی اشارہ یا سیٹی . ۶. اشارہ ؛ شہ ، اکساوا . [س].

ٹٹنس (کس ج ٹ ، سک ٹ ، فت ن) مذ.
تشنج کا ایک مرض نیز اینٹھن جو کسی چوٹ ، زخم یا کسی حادثاتی عوامل یا صدمے سے پیدا ہو جائے . [انگ].

ٹٹو (فت ٹ ، شد ٹ ، و مع) مذ.
۱. چھوٹے قد کا گھوڑا ، بدنسلا گھوڑا ، ٹانگن ، ٹانڑ ، یابو . ۲. (مجازاً) احمق ، کم عقل ، بھدا اور ست آدمی نااہل شخص ؛ (مجازاً) چھوٹے قد کا آدمی . ۳. (حقارت سے) خوشامدی شخص . ۴. (مجازاً) لالچی شخص . [س].

ٹٹولنا (فت ٹ ، و ج ، سک ل) ف م.
۱. (i) ہاتھ ، پاؤں (یا لکڑی وغیرہ کے ذریعے) چھو کر یا ٹھونک کر محسوس کرنا ؛ اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا . (ii) ہاتھ پھیرنا ، چھونا . ۲. ڈھونڈنا ، تلاش کرنا ، کھوج لگانا . ۳. اندرونی حال جاننا ، دل کی گہرائی تک پہنچنا . ۴. آزمانا ، جانچنا ، پرکھنا ، امتحان کرنا . ۵. عندیہ لینا ، خفیہ طور پر دل کی بات معلوم کرنا . [س].

ٹٹی (فت ٹ ، شد ٹ) است.
۱. بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا ، چک ، چلمن ؛ دیوار . ۲. (باغ بانی) سدا بہار پودوں کی قطار جو چمن یا کیاری کے اطراف باڑ کے طور پر لگائی جائے ، باڑ . ۲. (i) (مجازاً) پاخانہ ، جائے ضرور ، بیت الخلا ، سنڈاس . (ii) (مجازاً) انسان کا گو ، پاخانہ . ۳. خس کی ٹٹی جو موسم گرما میں دروازوں کے آگے لگائی جاتی ہے اور کمرے میں ٹھنڈک پہنچانے کے لیے اس پر پانی چھڑکتے رہتے ہیں . [س].

ٹچ (کس ٹ) مذ.
ایک آواز ؛ (مجازاً) بٹن کی ایک قسم ، چٹخنی کا بٹن جس کو لگانے اور کھولنے میں چٹ کی آواز نکلتی ہے . [حکایت الصوت].

ٹخنا / ٹخنہ (فت ٹ ، سک خ) مذ.
اٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ٹانگ اور پاؤں کے جوڑ پر ہوتی ہے ، گٹا ، کعب . [س].

ٹڈا (کس ٹ ، شد ڈ) مذ.
۱. ایک قسم کا پردار کیڑا جو عموماً گھاس یا آکھ کے درخت پر ہوتا ہے ، بوٹ ، بھنگا . ۲. (مجازاً) دبلا پتلا چھوٹے قد کا آدمی . [س].

ٹڈی (کس ٹ ، شد ڈ) است.
ایک قسم کا پردار کیڑا جو اکثر زراعت کو نقصان پہنچاتا ہے اس کیڑے کی فوج کی فوج فصل پر حملہ کرتی ہے جسے دَل کہتے ہیں ، ٹیڑی ، ملخ .
ٹڈی دَل مذ . ۱. ٹڈیوں کا بڑا گروہ . ۲. (کنایۃً) بھیڑ بھاڑ ، بہت بڑا ہجوم ، کثیر التعداد فوج وغیرہ . [س].

ٹر (فت ٹ) است ؛ مذ.
۱. مینڈک کی آواز . ۲. (i) لچر بات ، پوچ بات ، بکواس . (ii) مسلسل بولنے کی آواز ، بک بک . ۳. ہٹ ، ضد ، اکھڑ پن . ۴. عید کے بعد دوسرے دن کا میلا . ۵. شیخی ، خودستائی ، بڑائی . [حکایت الصوت].

ٹرافی (کس مج ٹ) است.
فتح یا کامیابی کی نشانی، یادگار، مقابلوں میں کامیابی پر دیا جانے والا یادگاری نشان. [انگ].

ٹرالر (کس ٹ، فت ل) اند.
کشتی جس سے بڑے جال کو کھینچتے ہیں، دام کشتی. [انگ].

ٹرالی (کس خف نیز فت ٹ) است.
ا. (i) ٹھیلا گاڑی جو ریل کی پٹڑی پر چلتی ہے. (ii) چھوٹی کشتی نما گاڑی جس میں چائے اور دوسرے لوازمات رکھ کر مہمانوں کو پیش کیے جاتے ہیں. ۲. ٹھیلا (جس میں اسٹیشن یا ہوائی اڈے پر اسباب لے جاتے ہیں)، ہاتھ گاڑی جس میں مزدور تعمیری مسالا رکھ کر لے جاتے ہیں. [انگ].

ٹرام (کس خف ٹ) است.
ریل سے ملتی جلتی پٹڑی پر چلنے والی برقی مسافر گاڑی بڑے شہروں میں اس کا رواج. [انگ].

ٹرّانا (فت ٹ، شد ر) ف ل.
ا. مینڈک یا ٹیری کے بولنے کی آواز. ۲. لگاتار بولنا جس سے سننے والا گھبرا جائے.

ٹرانزسٹر (کس خف نیز فت ٹ، سک ن، کس ز، سک، فت ٹ) اند.
ا. ایک چھوٹا دھاتی آلہ جو برقیاتی نلی کا کام کرتا ہے. ۲. چھوٹا ریڈیو سیٹ جس میں ٹرانزسٹر لگے ہوتے ہیں. [انگ].

ٹرانسپورٹ (کس خف نیز فت ٹ، سک ن، س، و مج، سک ر) اند.
نقل و حمل، مال یا مسافروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، سواری اور بار برداری. [انگ].

ٹرانسفارمر (کس خف ٹ، سک ن، س، سک، ر، فت م) اند.
ایک برقی رو سے مختلف قوت کی دوسری رو کو اعتدال پر رکھنے کا آلہ، اس کے ذریعے کم برقی قوت کو زیادہ اور زیادہ کو کم برقی قوت کی رو میں تبدیل کیا جاسکتا ہے. [انگ].

ٹرانسفر (کس نیز فت ٹ، سک ن، س، فت ف) اند.
ا. تبادلہ، بدلی، تبدیلی. ۲. منتقل؛ منتقلی. [انگ].

ٹرانسمیٹر (کس خف نیز فت ٹ، سک ن، س، ی مج، فت ٹ) اند.
ریڈیو اسٹیشن میں وہ آلہ جس کے ذریعے سگنل یا پیغام وغیرہ بھیجا جائے، آلۂ نشر. [انگ].

ٹرائی (کس خف نیز فت) است.
آزمائش، تجربہ. [انگ].

ٹربائین (فت ٹ، سک ر، ی مج) اند؛ است.
پانی، بجلی یا بھاپ کے زور سے چلنے والا پہیا، چرخ. [انگ].

ٹرپ (کس خف ٹ، سک ر) اند.
سفر کرنا، سیاحت، دورہ. [انگ].

ٹرٹر (فت ٹ، سک ر، فت ٹ) است.
بک بک، جھک جھک، کائیں کائیں. اف: کرنا / لگانا / مچانا / ہونا. [حکایت الصوت].

ٹرٹرانا (فت ٹ، سک ر، فت ٹ) ف ل.
ا. مینڈک کا بولنا، ٹرانا. ۲. (مجازا) بک بک کرنا، بکنا. ۳. رونا، جھینکنا، بڑبڑانا.

ٹرخانا (فت ٹ، سک ر) ف م.
ا. ٹالنا، بہانہ کرنا، بالا بتانا. ۲. بے دلی سے کوئی کام کرنا.

ٹرسٹ (کس خف نیز فت ٹ، فت ر، سک س) اند.
ا. (i) (قانون) املاک یا جائداد کی تولیت، وہ جائداد جو زیر تولیت ہو، وقف، املاک جو نیک مقاصد کے لیے وقف کر دی جائے. (ii) خیراتی اداروں، مسجدوں اور مدرسوں وغیرہ کا بااختیار انتظامی ادارہ. ۲. بورڈ، مجلس، کمیٹی. [انگ].

ٹرسٹی (کس خف نیز فت ٹ، فت ر، سک س) اند.
ا. (قانون) متولی. ۲. (عام) امین، اس جماعت کا رکن جس کے سپرد کسی کالج یا وقف جائداد املاک وغیرہ کا انتظام ہو. [انگ].

ٹرک (فت ٹ، ر) اند.
بڑی گاڑی یا لاری جس میں لے جایا جاتا ہے، بار برداری کی موٹر گاڑی. [انگ].

ٹرن (فت ٹ، سک ر) ف ل.
موڑنا، خم دینا، (اصطلاحا) خرادنا. [انگ].

ٹْرَنک (کس خف نیز فت ٹ ، فت ر ، غنہ) اند .
ا. لوہے کا بکس جس میں کپڑے وغیرہ رکھتے ہیں ، لوہے یا ٹین کا ہلکا صندوق .٢. کسی چیز کا اصل حصہ ، اشارہ جس سے آواز باہر جائے . [انگ] .

ٹرنک کال است . وہ ٹیلیفون جو ایک شہر سے دوسرے شہر یا ملک کو کیا جائے .

ٹْرے (کس ٹ) است .
ا. ٹین ، المونیم یا دوسری دھاتوں سے بنایا ہوا کشتی نما ظرف جس پر عموماً چائے اور کھانا وغیرہ رکھ کر مہمانوں کے لیے پیش کیا جاتا ہے ، کشتی ، سینی .٢. کشتی نما خانے (جو کسی مشین یا ٹرنک یا صندوقچے میں بنے ہوتے ہیں) . [انگ] .

ٹْرِبیونَل (کس خف نیز فت ٹ ، ی مع ، و مع ، فت ن) اند .
عدالت ، مسند عدالت ، مجسٹریٹ یا جج کی نشست ؛ خصوصی عدالت ، رک : ٹربیونل . [انگ] .

ٹْرِیجڈی (کس خف نیز فت ٹ ، ی مج ، کس ج) است .
درد ناک یا المناک واقعہ ، شدید حادثہ ، حزنیہ ، المیہ ، وہ ڈراما جس کا موضوع اور اسلوب بلند ہو اور انجام المناک ہو . [انگ] .

ٹْرِیڈ (کس خف نیز فت ٹ ، ی مج) است .
تجارت ، سوداگری ، بیوپار ، کاروبار . [انگ] .

ٹریڈ مارک اند . ا. نشانِ تجارت و رجسٹری کیے ہوئے الفاظ یا نشان جو صناع یا تاجر اپنی مصنوعات اور سامان تجارت کے لیے مقرر کرتا ہے .
٢. (مجازاً) امتیازی علامت ، نشانِ امتیاز .

ٹْرِیسنْگ (کس خف نیز فت ٹ ، ی مج ، کس س ، غنہ) است .
شفاف کاغذ سے جس میں کسی شے کا عکس نظر آئے خاکہ بنانا یا عکس لینا ، ٹریس کرنا ، چربہ اُتارنا . [انگ] .

ٹریسنگ پیپر اند . کاغذ جس پر ٹریسنگ کی جائے نقشہ یا چربہ اُتارنے کا کاغذ .

ٹْرَیفِک (کس خف نیز فت ٹ ، ی لین ، کس ف) اند ؛ است .
سواریوں اور راہگیروں کی آمد و رفت ، (ریل ، جہاز وغیرہ کے مال اور مسافروں کی) آمد و رفت ؛ مال کی مقدار ، مسافروں کی تعداد ، محکمہ ، ہجوم ، شارع عام پر چلنے والی گاڑیاں . [انگ] .

ٹریفک جام اند . سڑک پر آمد و رفت رک جانا ، کسی رکاوٹ کے سبب گاڑیوں کی ٹھہری ہوئی قطاریں .

ٹْرَیکْٹَر (کس خف نیز فت ٹ ، ی لین ، سک ک ، فت ٹ) اند .
وہ گاڑی جو زرعی مشینری وغیرہ کو کھینچنے یا گھسیٹنے کا کام کرے ؛ تیل سے چلنے والی وہ پہیے دار مشین جو کھیتی باڑی میں کام آتی ہے . [انگ] .

ٹْرین (کس خف نیز فت ٹ ، ی مج) است .
ریل گاڑی . [انگ] .

ٹْرِیننگ (کس خف نیز فت ٹ ، ی مج ، کس ن ، غنہ) است .
تربیت ، تعلیم ؛ مشق ، ریاضت . [انگ] .

ٹَسَر (فت ٹ ، س) اند .
ا. ریشم ، سلک (خام شکل میں) .٢. ادنیٰ قسم کا ریشم ، گھٹیا ریشمی کپڑا مصنوعی ریشم سے تیار کیا ہوا کپڑا . [س] .

ٹَسَر ٹُسَر رونا (فت ٹ ، س ، فت م ، س) است .
(عموماً بچوں کا) زار زار رونا ، پھوٹ پھوٹ کر رونا .

ٹَسْ سے مَسْ نہ ہونا محاورہ .
ا. جنبش نہ کھانا ، ذرا نہ سرکنا ، حرکت نہ کرنا .٢. (مجازاً) متاثر نہ ہونا نہ پسیجنا ، اپنی بات پر اڑے رہنا .

ٹَسْوے (کس نیز فت ٹ ، سک س) اند .
آنسو ، عموماً جھوٹ موٹ کے آنسو .

ٹسوے بہانا محاورہ . رونا ؛ جھوٹ موٹ رونا ، دکھاوے کا رونا .

ٹِشُو (کس ٹ ، و مع) اند .
ا. (نباتیات) بافتہ ، ریشہ ، نسیج ؛ (حیوانیات) خلیوں وغیرہ کا سلسلہ ، بافت .٢. زربفت ، سونے یا چاندی کے تار سے بنا ہوا کپڑا .٣. مہین کپڑا جس میں سے آر پار دکھائی دے . [انگ] .

ٹشو پیپر اند . حریری کاغذ ، مہین نرم جاذب کاغذ ، کاغذ جو نمی جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور نرم ہوتا ہے (چہرے وغیرہ کو صاف اور خشک کرنے کے کام آتا ہے .

ٹِفَن (کس ٹ ، فت ف) اند .
ا. بالعموم دوپہر کا ہلکا کھانا (ان معنوں میں ہندوستانی الاصل ہے) ،

ٹِپن .۲. کھانا رکھنے کا ڈبا . [انگ] .

ٹُک (ضم ٹ) صف : م ف .

کچھ، تھوڑا، ذرا ؛ ذرا سی دیر، تھوڑی سی مدت . [س] .

ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم فقرہ. دیکھے جانا مگر کچھ نہ کہنا، (جب کوئی واقعہ آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہو اور دیکھنے والا کسی جبر یا دباؤ سے منھ نہ کھول سکتا ہو تو اس موقع پر یہ فقرہ بولا جاتا ہے) .

ٹکا (فت ٹ) اند .

۱. دو پیسے، دو پیسے کا سکہ (عموماً تانبے کا) : نقدی، بنگال میں روپے کے معنی میں رائج ہے) .۲. کوڑی، پیسا، حقیری رقم . [س]

ٹکا سا جواب اند. صاف جواب، مطلق انکار . اف : پانا/دینا/ملنا .

ٹکا دینا ف مر : محاورہ ۱. دیکھیے : ٹکانا .۲. (مجازاً) لگا دینا، مارنا، رسید کرنا.

ٹِکانا (کس ٹ) ف م .

۱. (i) کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے سہارے رکھنا . (ii) کسی چیز کو دیوار وغیرہ سے لگا کے کھڑا کر دینا .۲. جمانا، رکھنا .۳. لگانا، مارنا .

ٹِکاؤ (کس ٹ، سک و نیز و ج) اند .

ٹھہراؤ، قیام، ٹھکانا .۲. (مجازاً) قرار، سکون .۳. سہارا، روک .

ٹکائی (فت ٹ) امث .

۱. ٹانکنے کی اُجرت : ٹانکنے کا انداز، سلائی .۲. کپڑے یا زری کے کترے ہوئے پھول ٹانکنے کی صنعت، پھلکاری .

ٹِکٹ (کس ٹ، فت ک) اند .

۱. دفتی یا کاغذ کا وہ چھپا ہوا ٹکڑا جو کرایہ ادا کر کے لیا جاتا ہے .۲. چھوٹا سا رنگین کاغذ کا سرکاری طور پر منظور شدہ چھپا ہوا ٹکڑا جو ڈاک کا محصول ادا کر کے دیے جانے کے ثبوت میں ڈاک خانے سے ملتا ہے اور جس پر مختلف قیمتیں تحریر ہوتی ہیں، ڈاک خانے کے محصول کا اسٹامپ .۳. کسی سیر تماشے اور نمائش وغیرہ کو دیکھنے کا اجازت نامہ جو قیمت ادا کرنے پر ملتا ہے .۴. وہ اجازت نامہ جو کسی الیکشن کے امیدوار کے حق میں پارٹی کی جانب سے حصہ لینے کا مجاز ہو . [انگ] .

ٹکٹ چیکر اند. بس یا ریل گاڑیوں میں مسافروں کے ٹکٹوں کی جانچ کرنے والا .

ٹِکٹِکی (۱) (کس ٹ، سک ک، کس نیز فت ٹ) امث .

آنکھیں لڑانے یا گھورتے رہنے کا عمل، تاک، نظارہ . [س] .

ٹکٹکی باندھنا محاورہ. برابر دیکھے جانا، پلک نہ جھپکانا، گھورنا، غور سے دیکھنا، آنکھیں لڑانا .

ٹِکٹِکی (۲) (کس ٹ، سک ک، کس ٹ) امث .

۱. تپائی یا فرما جس سے مجرموں کے ہاتھ پانو باندھ کر کوڑے یا بید مارتے ہیں .۲. شکنجہ : دلے دار کواڑ یا لکڑی کے کسی چوکھٹے کی چولیں پکی کرنے یعنی مضبوط بٹھانے کا اوزار . [س] .

ٹَکّر (فت ٹ، شد ک بفت) امث .

۱. تصادم، دو چیزوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا .۲. (i) مقابلہ، برابری . (ii) مدمقابل، برابر، ہمسر .۳. سر ٹکرانا .۴. (مجازاً) حادثہ، مصیبت، صدمہ .۵. دھکا، صدمہ، ٹھوکر، نقصان، ضرر، ٹوٹا . [س] .

ٹکر کا صف. مقابلے کا، برابر کا، ہمسر .

ٹکر مارنا محاورہ. ۱. کسی ٹھوس چیز پر پیشانی دے مارنا، ٹکر لگانا .۲. سر سے لڑنا، مستک بازی کرنا .۳. مقابلہ کرنا، حملہ کرنا، وار کرنا .۴. ہمسری کرنا، برابری کرنا .

ٹکرانا (فت ٹ، سک ک) ف ل : ف م .

۱. ٹکر لگنا، لڑ جانا، بھڑ جانا، متصادم ہونا .۲. کسی چیز سے سر مارنا، ٹکر لگانا .۳. مقابلہ کرنا، ٹکر لینا، متصادم ہونا .۴. قریب ہونا، متصل ہونا .

۵. اتفاقاً مڈ بھیڑ ہو جانا، آمنا سامنا ہو جانا .

ٹکراؤ/ ٹکراؤ (فت ٹ، سک ک، وا و ج) اند .

تصادم، مقابلہ، آویزش .۲. (جدید سائنس) تصادم : دباؤ .

ٹُکر ٹُکر (ضم ٹ، فت ک، ضم ٹ، فت ک) م ف .

حیرت سے، حسرت سے، شوق سے . [س] .

ٹکّریں (فت ٹ، شد ک بفت، ی ج) امث .

ٹکر کی جمع، مرکبات میں مستعمل . [س] .

ٹکریں مارنا محاورہ. ۱. در و دیوار سے سر مارنا : بہت زیادہ آہ و زاری کرنا : تڑپنا، بیتاب ہونا .۲. (بے دلی سے) نماز پڑھنا، سجدے کرنا .۳. سعی لاحاصل کرنا .

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، ج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ٹُکڑا (ضم ٹ، سک ک) اند.
۱. کسی چیز کا حصہ، جز، پارہ، ریزہ. ۲. کسی مضمون گیت یا عبارت کا جزو، اقتباس کی ہوئی عبارت. ۳. (i) نوالہ، پارۂ نان. (ii) روٹی (بہت تھوڑی).
۴. چھوٹا پان یا پارۂ پان. [س].

ٹکڑا لگانا محاورہ. ۱. روزی کا سامان کر دینا، کسی کے یہاں کھانے کا بندوبست کر دینا. ۲. کسی امر میں اپنی طرف سے اضافہ کر دینا، جوڑنا، اِدھر اُدھر سے لے کر ملا دینا.

ٹُکڑوں پر پَڑنا/پَڑا رَہنا/دِن بُورے کَرنا محاورہ.
پرائی روٹی پر گزارہ کرنا، دوسرے کے سہارے پر رہنا، مفت کی روٹیاں کھانا.

ٹِکڑی (کس ٹ، سک ک) اث : ← ٹکری.
پھیل کر اُگنے والی گھاس جو جانوروں کے کھانے کے کام آئے، لاط.
[س].

ٹُکڑی(۱) (ضم ٹ، سک ک) اث.
۱. ٹکڑا (دیکھیے) کی تصغیر، چھوٹا ٹکڑا. ۲. شیشے یا آئینے کا ٹکڑا. ۳. وہ زرد کپڑا جو مسلمانوں کے عہد حکومت میں یہودی امتیاز کے واسطے کندھے پر لگایا کرتے تھے. ۴. پیوند، ٹاکی. ۵. (عوام) کپڑے کا تھان، طاقہ.

ٹُکڑی (۲) (ضم ٹ، سک ک) اث.
۱. کبوتروں کا پرا، پرندوں کا غول. ۲. گروہ، جتھا. ۳. فوجی دستہ، ہوائی جہازوں کا غول. ۴. جواریوں کا مجمع جوا کھیلنے کے لیے.

ٹُکڑے (ضم ٹ، سک ک) اند.
ٹکڑا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) ؛ حصہ، جز، ریزہ، پرزہ، روٹی.

ٹکڑے توڑنا محاورہ. مفت روٹیوں پر گزارہ کرنا، خیرات یا صدقے پر گزر کرنا.

ٹکڑے ٹکڑے کرنا محاورہ. عضو عضو الگ کر دینا ؛ پاش پاش کرنا.

ٹکسال (فت ٹ، سک ک) اث.
روپیہ پیسہ بنانے کا کارخانہ، وہ جگہ جہاں نوٹ اور چاندی سونے وغیرہ کے سکے بنتے ہیں، دارالضرب، (مجازاً) معیار، کسوٹی. [س].

ٹکسالی (فت ٹ، سک ک) صف.
۱. کھرا، ٹکسال کا (عموماً سکہ). ۲. معیاری، مستند (زبان یا محاورہ وغیرہ)
۳. ماہرفن، صاحب نظر، مانا ہوا.

ٹِکسْٹائِل (کس نیز ج ٹ، سک ک، س، کس ء) (الف) صف.
پارچہ بافی سے متعلق، (جیسے : ٹکسٹائل ملز). (ب) اند. کپڑا، پارچہ
فن پارچہ بافی، پارچہ بافی کا ساز و سامان. [انگ].

ٹِکلی (کس ٹ، سک ک) اث.
۱. (کاغذ یا دھات وغیرہ کا) چھوٹا گول ٹکڑا. ۲. چھوٹی سی روٹی، ٹکیا. [س].

ٹَکنا (فت ٹ، سک ک) ف ل.
۱. ٹانکنا کا لازم، سلنا، ٹانکا جانا، پرویا جانا. ۲. (مجازاً) منسلک ہو جانا درج ہونا، لکھا جانا (حساب وغیرہ میں).

ٹِکنا (کس ٹ، سک ک) ف ل.
۱. (i) ٹھہرنا، قیام کرنا، رُکنا. (ii) بیٹھنا. (iii) قرار پانا، دم لینا
۲. (i) (کسی بات یا کام پر) جمنا، مستقل رہنا. (ii) قائم رہنا، ٹھہرنا.

ٹِکور (فت نیز کس ٹ، و ج) اث.
پوٹلی میں بھوسی، مٹی، ریت یا کوئی دوا وغیرہ بھر کر جسم کے کسی عضو کی سکائی کرنا، سینکنے کی پوٹلی. [س].

ٹِکورْنا (فت ٹ، و لین) ف م.
سینکنا، پوٹلی سے سنکائی کرنا، ٹکور کرنا. [س].

ٹکے (فت ٹ) اند.
ٹکا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ٹکے ٹکے کو محتاج صف. بے حد مفلس، بہت غریب.

ٹکے سیر صف : م ف. بہت سستا، بہت ارزاں.

ٹکے کا صف مذ. نہایت کم قیمت ؛ بے اوقات، کم حیثیت والا.

ٹِکیا (کس ٹ، سک ک) اث.
۱. (i) کسی دوا وغیرہ کی چھوٹی یا چپٹی اور گول قرص. (ii) صابن وغیرہ کی چکتی، بٹی. ۲. آٹا یا سوجی وغیرہ کی تلی ہوئی گول چھوٹی ٹکی. [س].

ٹُلّا (ضم ٹ، شد ل بفت) اند.
۱. (تحقیراً) پولیس والا، پولیس کا سپاہی. ۲. فرار. [مقامی].

ٹلا مارنا محاورہ. کسی کام سے فرار حاصل کرنا، بھاگ جانا.

ٹَلنا (فت ٹ، سک ل) ف ل.
١.(i) جگہ سے ہٹنا، سرک جانا؛ کھسکنا.(ii) جگہ سے بے جگہ ہو جانا. ٢. ملتوی ہو جانا. ٣. دفع ہونا، (بلا مصیبت وغیرہ کا). ٤. (وقت کا) بیت جانا، نکل جانا، گزرنا. [س].

ٹِماٹَر (کس ٹ، فت ٹ) اند.
سرخ یا زرد رنگ کا پھل جو بطور سبزی استعمال ہوتا ہے، چھلکا نسبتاً سخت ہوتا ہے اور اس میں سے ملایم گودا اور بیج نکلتے ہیں سالن وسبزی میں ذائقہ اور ترشی کے لیے ڈالا جاتا ہے، سلاد میں بھی استعمال ہوتا ہے. [ا ر].

ٹِمْبَر (کس ٹ، سک م، فت ب) امث.
عمارتی لکڑی، وہ لکڑی جس سے بڑھئی مختلف چیزیں بناتا ہے؛ شہتیر. [انگ].

ٹَم ٹَم (فت ٹ، سک م) امث.
دو پہیے کی انگریزی گھوڑا گاڑی جس میں دو سواریوں کی نشست ہوتی ہے یہ گاڑی ہلکی اور خوش نما وضع کی ہوتی ہے. [انگ].

ٹِمْٹِمانا (کس ٹ، سک م، کس ٹ) ف ل.
١. جھلملانا، کم کم روشنی دینا، ستاروں کی سی روشنی دینا، چراغ بجھنے کے قریب ہونا. ٢. (آنکھوں کے ساتھ) ذرا سی آنکھیں کھولنا اور بند کرلینا، مرنے کے قریب ہونا، دم واپسیں. [س].

ٹَن (١) (فت ٹ) اند.
ایک ہزار کیلوگرام، اٹھائیس من کا وزن، (٢٢٤٠) پونڈ کا وزن. [انگ].

ٹِن (کس ٹ) اند.
١. ایک ملائم چمک دار دھات کا نام. ٢. لوہے کی پتلی چادر جس پر قلعی ہوتی ہے اور اس کے ہلکے برتن بنتے ہیں. ٣. ڈبا جو گول، چوکور یا مستطیل شکل کا ہوتا ہے، اور اس میں بسکٹ، سگریٹ، جام، جیلی وغیرہ پیک کیے جاتے ہیں. [انگ].

ٹُن (ضم ٹ) صف.
مدہوش، نشے میں دھت.

ٹَنْٹا (فت ٹ، سک ن) اند.
جھگڑا، بکھیڑا، مناقشہ، رد و کد، لڑائی، تکرار. [س].

ٹِنْچَر (کس ٹ، سک ن، فت چ) اند.
ٹنچر آیوڈین، زخم پر لگائی جانی والی دواء، فرسٹ ایڈ کی دواء بہتے ہوئے خون کو روکنے کے لیے.

ٹِنْڈ (کس ٹ، سک ن) اند.
گنجا سر، وہ سر جس پر بال نہ ہوں، گھٹا ہوا سر.

ٹُنْڈ (ضم ٹ سک ن) اند.
اکٹا ہوا ہاتھ، بے پنجے کا پہنچا، کلائی جس سے پنجہ کٹ گیا ہو. ٢. درخت کی کٹی ہوئی شاخ یا ایسی موٹی شاخ جس میں اور شاخیں نہ ہوں؛ کٹی ہوئی دم. ٣. جسم کا کٹا ہوا کوئی عضو وغیرہ.

ٹِنْڈا (کس ٹ، سک ن) اند.
ایک ترکاری جو مختلف ناموں سے مشہور ہے. [س].

ٹُنْڈا (ضم ٹ، سک ن) صف مذ.
١. منکا، بن ہاتھ کا، ہاتھ کٹا آدمی. ٢. سینگ ٹوٹا ہوا بیل. [س].

ٹِنْڈَر (کس مج ٹ، سک ن، فت ڈ) اند.
ٹھیکے کی درخواست وتخمینی نرخ، نرخ کی تفصیل ٹینڈر.

ٹِنْکْچَر (کس ٹ، غنہ، سک ک، فت چ) اند.
١. لوشن یا محلول جو الکوحل میں ایک پودے کی جڑیں اور پتیاں وغیرہ تر کر کے بنایا جاتا ہے، نباتی محلول. ٢. ٹنچر آیوڈین. [انگ].

ٹَنْکی (فت ٹ، سک ن) امث.
١. ٹینک کی تصغیر، چھوٹا ٹینک. ٢. گاڑیوں کے انجن اور گھروں میں استعمال کرنے کا وہ حصہ جس میں پانی یا تیل بھرا ہو. [انگ].

ٹَنْگنا (فت ٹ، مغ، سک گ) ف ل.
لٹکنا، آویزاں ہونا، ٹانگنا کا لازم.

ٹوپ (ولین) صف.
سب سے بلند یا برتر (عموماً تراکیب میں مستعمل). [انگ].

ٹوپ (ومج) اند.
١. بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھک جاتے ہیں، اس میں روئی بھری

ہوتی ہے اور جاڑوں میں پہنی جاتی ہے ، کنٹوپ .۲. انگریزی ٹوپی ، ہیٹ . [س] .

ٹوپا (و ج) اند .
بڑی ٹوپی .

ٹوپی (و ج) است .
ا. کلاہ ، سر کی پوشش .۲. سر ذکر ، حشفہ .۳. جھنڈی یا کیل یا آل پن وغیرہ کے اوپر کا حصہ .۴. دھات وغیرہ کا بنا ہوا گول پیچ یا لیور . [س] .

ٹوپی پہنانا ف مر؛ محاورہ .ا. کسی کے سر پر ٹوپی رکھنا .۲. (عو) دھوکا دینا ، بے وقوف بنانا ، حیلوں بہانوں سے کام نکالنا نیز دھوکے سے لوٹ لینا .

ٹُوتھ (و مع) اند .
دانت (تراکیب میں مستعمل) . [انگ] .

ٹوتھ برش اند. نرم ریشوں سے بنا ہوا چھوٹا برش جو دانتوں کو صاف کرنے کے کام آتا ہے . [انگ] .

ٹوتھ پیسٹ اند. مختلف اجزا سے تیار کیا ہوا پیسٹ (لبدی) جو دانتوں کے صاف کرنے کے کام آتا ہے .

ٹُوٹ (و مع) است .
ا. شکستگی .۲. نقصان ، خسارہ ، گھاٹا ، کمی . [س] .

ٹوٹ پڑنا محاورہ . ا. گر پڑنا ، زمین پر آ رہنا .۲. (مصیبت یا بلا وغیرہ) یکا یک نازل ہونا ، دفعتہً آنا .۳. کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا ، کسی چیز کی نہایت خواہش کرنا .

ٹوٹ پھوٹ است .ا. شکست و ریخت .۲. چھانٹ ، ریزہ .

ٹوٹ کر / کے م ف .ا. (i) زور وشور سے ، کثرت سے ، شدت سے . (ii) بڑی کوشش و محنت سے ، ہمہ تن مصروف ہو کر ، جان توڑ کر . ۲. (کسی سے) قطع تعلق کر کے ، کٹ کر .

ٹُوٹا (و مع) صف مذ .
ا. ٹوٹنا سے (تراکیب میں مستعمل) .۲. (i) شکستہ ، پھوٹا ہوا ، مرمت طلب . (ii) کٹا ہوا ، منقطع .۳. مضمحل ، تھکا ماندہ . [س] .

ٹوٹا پھوٹا صف مذ .ا. گرا پڑا ، خراب ، خستہ .۲. ناقص ، گھسا پٹا ؛ بچا کھچا ، خستہ حال .

ٹوٹا (و ج) اند .
ا. بانس کا ٹکڑا ، بانس کی خالی نالی .۲. (ادھ جلے سگرٹ یا بیڑی کا) ٹکڑا .۳. نقصان ، خسارہ ، گھاٹا .۴. عریاں مناظر پہ مبنی فلموں کا ٹکڑا .

ٹوٹکا (و ج ، سک ٹ) اند ٹوٹکہ
جادو ، ٹونا ، جنتر منتر ، جتن جو کسی مرض یا بری بات کے دفع کرنے کسی بات کے حاصل کرنے کے واسطے کیا جائے . [س] .

ٹوٹل (و ج ، فت ٹ) اند .
میزان ، اعداد کا حاصل جمع . [انگ] .

ٹُوٹنا (و مع ، سک ٹ) ف ل .
ا. شکستہ ہونا ، ٹکڑے ہونا ، ریزہ ریزہ ہونا .۲. کسی پر ہجوم کرنا ، تنہا یا مل کر حملہ کرنا ، دھاوا بولنا .۳. (i) (بے اختیار) گرنا . (ii) تارا ٹوٹنا .۴. گواہ کا فریق مخالف سے ساز باز کرنا ، جرح میں بگڑ جانا ، خلاف ہو جانا ، گواہ کا بیان سے پھر جانا .۵. پھل اترنا ؛ ریزگاری میں تبدیل ہو جانا .۶. تعلق باقی نہ رہنا ، رشتہ منقطع ہونا ، کسی کی رفاقت سے علیحدہ ہو جانا (دوستی وغیرہ کے ساتھ) .۷. (روزہ ، وضو) فاسد ہوجانا .۸. موت آنا ، مرنا ؛ (ہمت کے ساتھ) حوصلہ نہ رہنا ، جرأت نہ رہنا .۹. انبوہ کثیر ہونا ، مجمع جمع ہونا . [س] .

ٹُوٹی (و مع) صف مث .
شکستہ ، ناقص ؛ قابلِ مرمت .

ٹوٹی پھوٹی صف مث .ا. ٹوٹا پھوٹا کی تانیث گرا پڑا ، خراب ، خستہ حال .۲. معمولی ، غیر مربوط ، ناقص .

ٹُورنامنٹ / ٹُورنَمنٹ (و مع ، سک ر ، کس ج م ، سک ن) اند .
مقابلے کے کھیلوں کی نمائش . [انگ] .

ٹوسٹ (و ج ، سک س) اند .
ڈبل روٹی کا ٹکڑا ، توس . [انگ] .

ٹوسٹر (و ج ، سک س ، فت ٹ) اند .
توس سینکنے کی مشین . [انگ] .

ٹوک (و ج) است .
ا. مزاحمت ، تعرض (عموماً روک ٹوک یا ٹوک ٹاک) .۲. نظر گزر ، نظر بد . [س] .

ٹوک لگنا محاورہ. نظر ہو جانا.

ٹوکرا (وج، سک س) امذ.

۱. بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنایا ہوا ظرف، جھابا. ۲. (کنایتہً) بوجھ (جیسے: ذلت کا ٹوکرا یا بطور طنز عزت یا علمیت وغیرہ کا ٹوکرا). [س].

ٹوکری (وج، سک س) امث.

ٹوکرا کی تصغیر، ڈلیا، جھلی، چھبڑی.

ٹوکن (وج، کس ک) امذ.

۱. علامت، نشانی. ۲. دھات وغیرہ کا بلا یا کاغذ کی پرچی جس پر باری دینا ہوتی ہے؛ کوئی شے جو بطور علامت یا نشانی مقرر ہو جائے. [انگ].

ٹوکنا (وج، سک ک) ف م.

۱. مزاحمت کرنا، روکنا. ۲. (i) اعتراض کرنا، نکتہ چینی کرنا. (ii) غلطی بتانا. ۳. کسی کو جاتے وقت پیچھے سے آواز دینا، آنے جانے والوں سے پوچھنا. ۴. نظر لگانا، ٹوک لگانا. [س].

ٹول (ومع) امذ.

آلہ یا اوزار. [انگ].

ٹول (وج) امذ.

سڑک کا محصول، چنگی. [انگ].

ٹولا (وج) امذ بولہ

گروہ، جتھا. [س].

ٹولی (وج) امث.

ٹولا کی تانیث، چند افراد کا گروہ، چھوٹی جماعت، جتھا. اف: بنانا. [س].

ٹونا (وج) امذ.

جادو، منتر. [س].

ٹونا ٹوٹکا امذ. ۱. گنڈے تعویذ، جھاڑ پھونک. ۲. گھریلو دوائیں.

ٹونٹی (وج، مغ) امث.

نل، لوٹے یا بدھنے وغیرہ کی نلی جس میں سے پانی نکلتا ہے. [س].

ٹونگنا (ومع، مغ، سک گ) ف م.

(مجازاً) تھوڑا تھوڑا کھانا، ایک ایک دانہ اُٹھا اُٹھا کر کھانا.

ٹوہ (وج) امث.

۱. کھوج؛ جستجو، طلب، تلاش. ۲. ٹٹول، لمس. [ہ].

ٹوہ لینا محاورہ. لگانا، کھوج لگانا، پتہ لگانا.

ٹوہ میں رہنا/ لگنا محاورہ. تلاش میں رہنا؛ عیب جوئی کے درپے رہنا.

ٹہل (فت ج ٹ، فت ہ) امث.

۱. خدمت گاری، بندگی، نوکری، خدمت. ۲. کام، فرض؛ محنت، مشقت؛ گھر کا کام، گرہست. ۳. (عو) گشت، چہل قدمی. [س].

ٹہلا دینا محاورہ.

۱. غائب کر دینا، غتر بود کر دینا. ۲. ٹال دینا، دفع کرنا، چلتا کرنا. ۳. موقوف کرنا، خارج کرنا.

ٹہلانا (فت ٹ، سک ہ) ف م.

۱. ٹہلنا کا تعدیہ، لے جانا، ہٹانا، بھگا دینا. ۲. عموماً بچے یا بیمار کو آہستہ آہستہ چلانا.

ٹہلنا (فت ج ٹ، ہ) ف ل.

۱. (i) آہستہ آہستہ چلنا پھرنا، مٹرگشت کرنا. (ii) سیر کرنا، ہوا کھانا، تفریح کے لیے پھرنا. ۲. علیحدہ ہونا، جدا ہونا، چلا جانا. ۳. مرنا، انتقال کرنا.

ٹہنی (فت ج ٹ، سک ہ) امث.

۱. چھوٹی شاخ، ڈالی، قلم. ۲. شمع یا فانوس، شمع کی بلور یا دھات وغیرہ کی بنی ہوئی ڈنڈی. [س].

ٹہوکا (فت ٹ، وج) امذ.

اشارہ جو انگلی یا بازو یا اور کسی چیز کی خفیف ضرب سے کیا جائے، کسی چیز کی ہلکی ضرب. اف: دینا، لگنا.

ٹی امذ.

۱. انگریزی حرف T مرکبات میں مختلف لفظوں کے طور پر مستعمل ہے. ۲. T حرف T کی شکل کی چیز خصوصاً پائپ وغیرہ. [انگ].

ٹی بی امث.

انگریزی ٹیوبرکلوسس کا مخفف، دق کی بیماری.

ٹی ٹی امذ.

ٹریولنگ ٹکٹ کلکٹر کا مخفف، ٹکٹ چیک کرنے والا جو چلتی گاڑی میں سفر کرے.

ٹی وی اند. ٹیلی ویژن کی تخفیف.

ٹیبل (ی مج، کس ب) اند.
ا. میز. ۲. (مجازاً) دستر خوان. ۳. مضامین یا اعداد وغیرہ کی فہرست جو بالترتیب الگ الگ خانوں میں درج ہو، جدول، نقشہ. [انگ].

ٹیبل ٹاک است. گپ شپ، ہلکی پھلکی باتیں جو کھانے کے ساتھ ساتھ کی جائیں، وہ بے تکلفانہ گفتگو جو کسی دعوت وغیرہ میں شریک ہونے والے تفنن طبع کے طور پر کیا کرتے ہیں. [انگ].

ٹیبل ٹینس است. لان ٹینس کا سا کھیل جو میز پر جالی باندھ کر ہلکی چھوٹی گیندوں سے کھیلا جائے، پنگ پونگ.

ٹیبلیٹ (ی لین، سک ب، ی مج) است.
دوا وغیرہ کی ٹکیا، قرص. [انگ].

ٹیبلو (ی لین، سک ب، و مج) اند.
زندہ مرقع جس میں تماشا کرنے والوں کا گروہ سامنے آتا ہے اور کسی تاریخی واقعے وغیرہ کی تصویر پیش کرتا ہے، سماں، منظر. [انگ].

ٹیپ (ی مع) است.
ا. چپت، دھول. ۲. اونچا سر، الاپ. ۳. مسدس کی تیسری اور مثلث اور مخمس وغیرہ کی اخیر کی بیت، بند، گرہ، ٹیپ کا بند. ۴. (گنجفہ) جب حریف کا ایک پتا دو پتوں سے لیا جاتا ہے. ۵. (معماری) استر کاری نہ کرنے کی صورت میں چنائی کے ردوں یا پتھر کے فرش کی درزوں کو باریک چونے یا سیمنٹ سے بھر کر برابر کر دینا، ردے کے جوڑوں کی درزبندی. ۶. ٹیپ ٹاپ، زیب و زینت. ۷. تانے بانے کے ٹوٹے ہوئے تاروں کا جوڑ ملانا. ۸. کتاب وغیرہ کے پہلے صفحے پر چھوڑا ہوا سادہ حصہ، بعض کاتب اس جگہ کچھ نقش و نگار بنا دیتے ہیں، پیشانی، لوح. [ہ].

ٹیپ ٹاپ است. ا. زیب و زینت، آرائش، طمطراق. ۲. آب و تاب، جگمگاہٹ، زور شور. ۳. ظاہری لیپا پوتی، اوپری مرمت. ۴. دھوم دھام، ٹیم ٹام.

ٹیپ (ی مج) اند.
ا. فیتہ، کپڑے کاغذ وغیرہ کی لمبی پٹی جو مختلف کاموں میں استعمال کی جاتی ہے؛ پیمائش کرنے یا ناپنے کا فیتہ. ۲. پلاسٹک وغیرہ کا بنا ہوا لمبا فیتہ جو چرخی پر لپٹا ہوتا ہے اور ٹیپ ریکارڈروں میں آواز بھرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے. [انگ].

ٹیپ ریکارڈر اند. مشین جس سے آواز خاص طور سے تیار کیے ہوئے فیتوں کے ذریعے محفوظ کر لی جاتی ہے اور دوبارہ سنی جا سکتی ہے.

ٹیٹو (ی لین، و مع) اند.
ا. نشان جو بدن پر گودا جاتا ہے، جسم کو گود کر نقش بنانا. ۲. ڈھول یا بگل کا بجنا کہ سب حاضر ہوں. ۳. (اسکاؤٹنگ) رات میں مشعلوں کے ذریعے فوجی کرتب دکھانے کو بھی ٹیٹو کہتے ہیں. [انگ].

ٹیٹوا (ی مج، سک ٹ) اند.
گلا، حلق، حلقوم، سانسنی (نرخرا) کا منہ جو کھانے کی نلی سے ملا رہتا ہے.

ٹیچر (ی مع، فت چ) اند.
شخص جو تعلیم دے، معلم، استاد. [انگ].

ٹیڈی (ی مج) صف اند نیز.
نوجوان جو ایڈورڈ ہفتم کے زمانے کا لباس اختیار کرے، ایک خاص قسم کا تنگ یا چست لباس پہننے والا جس سے اعضا جسمانی نمایاں نظر آئیں. [انگ].

ٹیڈی پیسا اند. چھوٹا پیسا.

ٹیرس (ی مج، کس ر) اند.
کھلی ہوئی، ہموار، اونچی جگہ؛ چبوترا جو ڈھلواں ہو؛ مراد: چھت، کوٹھا. [انگ].

ٹیڑھ (ی مج) است.
ا. کجی، خم، خمیدگی. ۲. اکڑ، اینٹھ، مروڑ، شرارت، سرکشی، انحراف. ۳. جہل، جہالت. [س].

ٹیڑھا (ی مج) صف مذ.
ا. خم دار، ترچھا، جھکا ہوا. ۲. (مجازاً) پھرا ہوا، برخلاف؛ سرکش، شریر. ۳. (مجازاً) مخالف. ۴. بے ڈھب، ناہموار، دشوار. ۵. (i) (مجازاً) اجڈ، اوندھی سمجھ کا. (ii) الٹا. ۶. خفا، ناراض. ۷. مشکل، کٹھن، سمجھ میں نہ آنے والا. [س].

ٹیڑھا پن اند .۱. کجی ، خم .۲. (مجازاً) شرارت ، مخالفت ، سرکشی ، جہالت .

ٹیڑھی (ی ج) صف مث .
۱. ٹیڑھا کی تانیث (تراکیب میں مستعمل) .۲. (مجازاً) کڑی ، سخت ، عتاب آمیز ، قہر آلود .

ٹیڑھی کھیر امث . دشوار کام ، مشکل کام .

ٹیڑھی میڑھی صف مث . کج ، خمدار ، ٹیڑھا ترچھا .

ٹیس (و مع) امث .
۱. درد ، تکلیف ، کسک ، چمک .۲. شیرازہ ، کتاب کی سلائی یا بخیہ .
[س] .

ٹیسٹ (ی لین ، سک س) اند .
۱. جانچ ، (اسکول وغیرہ کا) ذیلی امتحان جو سالانہ امتحان سے پہلے لیا جاتا ہے .۲. سائنسی تجربہ جس سے کسی مرکب کے اجزا کو معلوم کیا جائے .
۳. جانچنا ، پرکھنا . [انگ] .

ٹیسو (ی ج ، و مع) اند .
ڈھاک کا درخت یا پھول جس میں سے زرد رنگ نکالا جاتا ہے ؛ پلاس ، لاط : Butea Frondora . [س] .

ٹیک (ی ج) امث .
۱. تھونی کھمبا ، روک .۲. پایہ وغیرہ جس پر کوئی چیز ٹک سکے ، ستون ، سہارا .۳. (i) آبرو ، بھرم ، بات . (ii) استحکام ، اتحاد . (iii) عہد ، قسم ، وعدہ .۴. استھائی ، انترا ، گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے .۵. خدمت ، کام .۶. آڑ ، اوٹ .۷. اڑ ، ضد .۸. کشتی کا ایک داؤ .۹. ٹیلا ، پہاڑی .
۱۰. لوہے کا بنا ہوا موٹا چوکھٹا جو بڑے منہ کے چولھے پر بطور سہارا رکھا جاتا ہے تاکہ ہنڈیا گر نہ جائے . [س] .

ٹیک لگانا محاورہ .۱. سہارا لینا ، کسی چیز سے لگ کر یا اس کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا .۲. آسرا کرنا (دوسرے کا) .

ٹیکا (ی مع) اند .
۱. پیشانی پر صندل یا سیندور وغیرہ کا نشان ، قشقہ ، تلک .۲. نشان یا تلک جو ہندوؤں میں شادی ، سفر یا جاترا میں جاتے وقت شگون نیک سمجھ کر لگا دیتے ہیں .۳. (عو) ماتھے کا زیور جو عام طور سے جڑاؤ بنایا جاتا ہے اور جس کے نیچے موتیوں کی جھالر ہوتی ہے ؛ چاندلا .۴. نیک نامی یا بدنامی .۵. سیاہ نشان جو نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں ٹوٹکے کے طور پر لگاتی ہیں .۶. سوئی کے ذریعے جسم میں داخل کی جانے والی دوا ، انجکشن . [س] .

ٹیکا لگانا محاورہ .۱. ماتھے پر نشان لگانا ، دھبا یا داغ لگانا ؛ ٹیکا (زیور) پہننا .۲. نشتر وغیرہ سے زخم لگا کر یا سرنج یا سوئی کے ذریعے جسم میں دوا داخل کرنا ، انجکشن لگانا .

ٹیکس (ی لین ، سک ک) اند .
محصول ، لگان . [انگ] .

ٹیکسٹ (ی لین ، سک ک ، سک س) اند .
کتاب کی اصل عبارت ، متن .

ٹیکسی (ی لین ، سک ک ، ک) امث .
۱. کرائے پر چلنے والی موٹر کار جس میں عموماً میٹر لگا رہتا ہے جو فاصلے طے کرنے کے ساتھ ساتھ کرایہ بتاتا ہے .۲. (مجازاً) بدکار عورت جو پیشہ کرائے . [انگ] .

ٹیکنالوجی (ی ج ، سک ک ، و لین) امث .
صنعت و حرفت کا علم ، حرفیات . [انگ] .

ٹیکنیکل (ی ج ، سک ک ، ی مع ، فت ک) صف .
کسی خاص فن صنعت یا علم سے متعلق ، فنی . [انگ] .

ٹیلہ (ی مع ، فت ل) اند .
ٹیلا ، اونچا مقام ، اونچی زمین ، تودہ ، چھوٹی پہاڑی .

ٹیلی (ی ج) سابقہ .
سابقہ بمعنی دور ، بعید ، خصوصاً ان آلات کے ناموں میں آتا ہے جو دور کے نتائج وغیرہ شمار یا درج کرنے کے لیے بنائے گئے ہوں ، ٹیلی فون ، ٹیلی ویژن وغیرہ . [انگ] .

ٹیلی پیتھی امث . کسی شخص کے اپنے خیالات دوسرے قلب پر کسی مادی واسطے کے بغیر منتقل کر دینے کا علم یا عمل ، اشراق .

ٹیلی فون اند . تار یا بے تار برقی یا سیٹلائٹ ریڈیائی رابطے کے ذریعے دور سے بات چیت کرنے کا آلہ .

ٹیلی گرام اند. تار کے ذریعے آنے جانے والا پیغام، تار کے محکمہ یا تار گھر سے آیا ہوا تار برقی پیام جو عموماً ایک مقررہ فارم پر لکھا یا ٹائپ کیا ہوا ہوتا ہے، برقیہ.

ٹیلی ویژن اند. وہ آلہ جس کے پردے (اسکرین) پر آواز کے ساتھ متحرک تصویریں اور اُن چیزوں کو دیکھا اور سنا جاسکتا ہے جو آنکھوں سے اوجھل ہوں.

ٹیم (ی مع) است.
۱. (فٹ بال، کرکٹ وغیرہ کے) کھلاڑیوں کی ٹولی جو عموماً ۱۱ افراد پر مشتمل ہوتی ہے، کھلاڑیوں کی جماعت جو کسی کھیل میں ایک فریق کی حیثیت سے مل کر حصہ لے. ۲. جماعت جو کسی ادارہ کے چند افراد پر مشتمل ہو، گروہ جو کسی کام میں مل کر حصہ لے. [انگ].

ٹین (ی مع) اند.
۱. ٹن. ۲. لوہے کا پتلا قلعی دار تختہ یا چادر یا اس سے بنی ہوئی کوئی شے، ٹین کا ظرف.

ٹینٹ (ی مج، سک ن) اند.
خیمہ، تنبو، ڈیرا. [انگ].

ٹینٹوا (ی مج، مغ، سک ٹ) اند.
ٹیٹوا، گلا، حلق، نرخرا. [س].

ٹینڈر (ی مج، سک ن، فت ڈ) اند.
طلب نامہ، کسی کام کی تکمیل یا سامان کی فراہمی کے لیے طلب کا اشتہار یا کاغذات. [انگ].

ٹینس (ی مج، کس ن) اند.
ایک قسم کا کھیل نسبتاً چھوٹی گیند اور جال دار بلے یا ریکٹ سے کھیلا جاتا ہے. [انگ].

ٹینشن (ی لین، سک ن، فت ش) اند.
۱. جوش، بے چینی کی حالت، (سیاسی یا عمرانی وغیرہ) کشاکش، پریشانی، تشویش. [انگ].

ٹینک (ی لین، سک ن) اند.
۱. بہت بڑا ظرف جس میں پانی یا گیس وغیرہ بھرا جائے. ۲. جنگی آہن پوش موٹر جس میں توپیں لگی ہوتی ہیں. [انگ].

ٹینکر (ی لین، غنہ، فت ک) صف : اند.
رقیق اشیا (تیل، شیرہ، پانی وغیرہ) لے جانے والا، (عام طور پر تیل بردار جہاز یا ٹرک کے لیے اُردو میں رائج ہے). [انگ].

ٹیوب (کس ٹ، و مع) اند.
۱. نلی، نلکی، (عموماً ربر کی) گول نلکی جس میں ہوا بھری جائے، یہ سائیکل وغیرہ کے پہیے میں استعمال ہوتی ہے. ۲. ٹیوب لائٹ. [انگ].

ٹیوب ویل اند. نل کنواں جسے زمین کے اندر اتار کر پانی نکالتے ہیں. [انگ].

ٹیوب لائٹ است. ٹیوب کی شکل کی برقی روشنی. [انگ].

ٹیوٹر (کس ٹ، و مع، فت ٹ) اند.
وہ استاد جو عموماً گھر پر یا ہوسٹل میں تعلیم دے، اتالیق، ٹیچر. [انگ].

ٹیوشن (کس ٹ، و مع، فت ش) اند.
۱. درس و تدریس کا کام خصوصاً معاوضے کے ساتھ. [انگ].

ٹھ

ٹھ حرف.
اُردو حروف تہجی کا دسواں اور دیوناگری کا بارھواں حرف، مخرج اس کا وہی ہے جو 'ٹ' کا ہے یہ ہائیہ مصمتہ ہے. [س].

ٹھا اند.
دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز، بلند آواز. [حکایت الصوت].

ٹھاٹ اند :- ٹھاٹھ.
۱. بانس وغیرہ کا چوکھٹا، ڈھانچا، ٹھاٹھر جس کو منڈھ کر چھت یا چھپر یا دیوار بنائی جائے. ۲. طور طریق، ناز و انداز، سج دھج. ۳. ڈھنگ، طریقہ. ۴. آرائش، زیب و زینت؛ شان و شکوہ. ۵. جلوس، سامان سواری، دھوم دھام. ۶. ستار، سارنگی وغیرہ کی کھونٹی درست کر کے اس کی آواز کا اُتار چڑھاؤ ٹھیک کرنا، لے، دُھن، طرز، گانے کا انداز. ۷. (مجازاً) مال و متاع، پونجی، دھن دولت، جائداد، ساز و سامان. [ہ].

ٹھاٹ باٹ/باٹھ اند. (عموماً جمع میں) شان و شوکت، سامان عیش یا امارت.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

ٹھاٹھ سے م ف. شان و شوکت یا کروفر کے ساتھ .

ٹھاٹر (فت ٹ) امذ ؛ ~ ٹھاٹھر .

۱. کاغذ و ابرک کے بنے ہوئے آرایشی پھول بوٹے جمانے کی بانس کی کھپچیوں کی بنی ہوئی ٹٹی ، ڈھانچ ، ٹٹی ، جعفری ، ٹٹی کا دروازہ . ۲. کبوتروں اور لڑا کے مرغوں کے رہنے کا جال یا پنجرہ ، کابک ، کبوتر خانہ ، چڑیا خانہ . ۳. روشنی کرنے کی ٹٹی جو کسی خوشی یا تقریب یا دیوالی وغیرہ کے موقع پر بنائی جاتی ہے . ۴. (مجازاً) ہڈیوں کا ڈھانچا ، پنجر . [س] .

ٹھاٹھیں مارنا محاورہ.

۱. پانی کا اونچی اونچی پُر شور موجیں مارنا ، بڑی بڑی لہریں اٹھنا ، متلاطم ہونا ، موج زن ہونا . ۲. (مجازاً) قلم میں روانی ہونا . ۳. (کنایۃً) جوش و جذبہ ہونا .

ٹھار امذ .

ارادہ ، قصد ، سخت جاڑا ، برف ، پالا ، کہر .

ٹھاکُر (ضم ک) امذ .

۱. دیوتا . ۲. مالک ، سردار ، زمیندار . ۳. ذات کے اعتبار سے اونچا ، سدھ ، سردار . ۴. راجپوت ، چھتری . ۵. (i) عزت کا لفظ ، حضرت ، صاحب کا ہم معنی . (ii) نائی (حجام) کو خطاب کرتے وقت تعظیم کا لفظ . [س] .

ٹھاکُرانی/ٹھاکُرایَن (ضم ک / کس نیز فت ی) امث ؛ ~ ٹھاکرائی.

ٹھاکر کی تانیث ، دیوی ؛ ٹھاکر کی بیوی یا بیٹی ؛ معزز عورت ، خاتون ؛ نائی کی بیوی . [س] .

ٹھالی (الف) صف ؛ م ف .

(عوام) خالی ، بے کار ، بے روزگار ، نکما ، جو فرصت میں ہو . (ب) امث .

فرصت ، سوفتہ ، سیتہ . [س] .

ٹھالی سے بیگار بھلی کہاوت . بیکار رہنے سے مفت کام کرنا بہتر کہ بیکاری میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہوتے ہیں .

ٹھان امث .

ماننا سے ؛ ارادہ ، منصوبہ .

ٹھان لینا ف مر . پکا ارادہ کرلینا ، منصوبہ بنانا ، عہد کرلینا .

ٹھاننا (سک ن) ف م .

پکا ارادہ کرنا ، منصوبہ باندھنا ، طے کرنا ، ٹھہرانا ، قرار دینا ، نیت کرنا ، عزم کرنا . [س] .

ٹھاہ امث .

۱. (موسیقی) زوردار آواز کی الاپ . ۲. فیر کی آواز . [حکایت الصوت] .

ٹھائیں (ی ج) امث .

بندوق چلنے کی آواز ، فیر کی آواز ، ٹھاں . [حکایت الصوت] .

ٹھپ (فت ٹھ) امذ .

کسی کام یا کاروبار کا پوری طرح بند رہنا یا رک جانا ؛ مندا ہو جانا ، ختم ہو جانا .

ٹھپ ہونا محاورہ . کسی کام کاج کا کم یا ختم ہو جانا ، کسی کارخانے یا تماشا گاہ وغیرہ کا بند ہو جانا .

ٹھپّا (فت ٹھ ، شد پ) امذ .

۱. (i) پھول بوٹے کندہ کیا ہوا مہرا جس سے اتو کے نشان ڈالے جاتے ہیں . (ii) فولاد یا کانسے کا بیل بوٹا کھدا ہوا مہرا جس پر ٹھوک کر بعض زیور نقشین بنائے جاتے ہیں . (iii) چوڑا مقیش بادلہ کا بنا ہوا گوٹا ، لیس . ۲. دھات کا بنا ہوا چھاپا ، چھاپ ، نقش ، سکہ ، ابھرواں نقش ، مہر ، چھاپہ ، مخصوص نشان . ۳. نقش کرنے کا آلہ چھاپنے کا آلہ ، سانچا . ۴. (مجازاً) نمایاں امتیاز ، امتیازی نشان ، ممتاز وضع و روش . [س] .

ٹھپا لگنا محاورہ . نقش ہونا ، چھاپ لگنا ، نقش ہونا .

ٹھٹ (فت ٹھ) امذ ؛ ~ ٹھٹھ .

بھیڑ ، مجمع ، ہجوم ، انبوہ ، جم غفیر ، جمگھٹ .

ٹھٹ کا (کے) ٹھٹ (فت ٹھ) امذ .

بہت زیادہ بھیڑ ، بڑا مجمع .

ٹھٹّا (فت ٹھ ، شد ٹ) امذ ؛ ~ ٹھٹھ ، ٹھٹھا .

۱. قہقہہ ، بلند آواز کی ہنسی ، آپس میں ہنسی مذاق ، دل لگی . ۲. ہنسی اُڑانے والی بات ، تضحیک . ۳. (مجازاً) نہایت آسان اور سہل کام .

ٹھٹھا کرنا محاورہ . مذاق کرنا ، دل لگی کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ، ہنسی اُڑانا ؛ آواز کسنا .

ٹھٹّا لگانا ف مر: محاورہ. ۱. کھلکھلا کر ہنسنا ، قہقہہ مارنا . ۲. چھیڑنا ، آوازہ کسنا ، آوازہ پھینکنا .

ٹِھٹھُر (کس ٹھ ، فت ٹ) است :- ٹھٹھر .
ٹھنڈ ، کپکپی . [س] .

ٹھٹھر جانا ف مر. ٹھٹھرنا ، سردی سے لرزنا کانپنا یا اینٹھنا ، سردی سے جم جانا .

ٹِھٹھُرنا (کس ٹھ ، فت ٹ ، سک ر) ف ل :- ٹھٹھرنا .
سردی کی شدت سے سن ہو جانا ، سردی سے لرزنا یا اینٹھنا ، سردی سے جم جانا ، سردی سے پوست سکڑ جانا . ۲. (درخت ، پودے یا انسان وغیرہ کا) بڑھنے سے رہ جانا ؛ (مجازاً) سکڑنا یا سمٹنا ، کمزور ہو جانا .

ٹِھٹھکنا (کس ٹھ ، فت ٹ ، سک ک) ف ل :- ٹھٹھکنا.
۱. حیرت یا خوف سے چلتے چلتے رک جانا . ۲. رُکنا ، ٹھہرنا ، پس و پیش کرنا . [س] .

ٹھٹھول (فت ٹھ ، و ج) صف : است :- ٹھٹھول .
ظریف ، خوش طبع ، مسخرا ؛ ہنسی ، ظرافت ، مذاق . [س] .

ٹھٹّے (فت ٹھ ، شد ٹ) اند : ج :- ٹھٹھے .
ٹھٹا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

ٹھٹّھوں (فت ٹھ ، شد ٹھ ، و ج) اند : ج .
ٹھٹھا کی جمع (تراکیب میں مستعمل) ؛ ہنسی مذاق ، قہقہے .

ٹھٹھوں میں اُڑانا محاورہ. کسی شخص یا بات کو ہنسی ہنسی میں ٹال دینا ؛ مذاق اڑانا .

ٹھٹّھے (فت ٹھ ، شد ٹ) اند : ج .
ٹھٹا (دیکھیے) کی جمع یا محرف شکل ، تراکیب میں مستعمل .

ٹھٹّھے لگانا محاورہ.
قہقہے مارنا ، تمسخر کرنا ، مذاق اُڑانا .

ٹُھڈ (ضم ٹھ) اند .
ٹھوکر .

ٹھڈّا (فت ٹھ ، شد ڈ) اند .
۱. پتنگ کے بیچ میں لگی ہوئی عمودی تیلی ، وہ پتلی یا کسی قدر موٹی تیلی جو کنکوے کے بیچ میں لگی ہوتی ہے . ۲. (مجازاً) سہارا دینے والی چیز . ۳. پیٹھ یا کمر کی ہڈی ، ریڑھ کی ہڈی ، ریڑھ کی ہڈی کا آخری مہرہ ، کھ ، ریڑھ کی خمیدہ ہڈی . ۴. چلمن کا سربند یعنی بانس کی موٹی پچی جو چلمن کے سرے پر تیلیوں کے سربند کے طور پر باندھی جائے . [س] .

ٹُھڈّا (ضم ٹھ ، شد ڈ) اند .
ٹھوکر مارنا ، پاؤں کے انگوٹھے سے مارنا .

ٹُھڈّی (۱) (ضم ٹھ ، شد ڈ) است .
ٹھوڑی ، زنخدان . [س] .

ٹھڈی میں ہاتھ دینا / ڈالنا محاورہ. خوشامد کرنا ، منت کرنا ، قب : ٹھڈی پکڑنا .

ٹُھڈّی (۲) (ضم ٹھ ، شد ڈ) است .
اناج کی بالی ، بھٹا وغیرہ ، بھنے ہوئے چنے یا کسی اور اناج کا وہ دانہ جو بھن کر کھلا نہ ہو . [س] .

ٹُھڈّھی (ضم ٹھ ، شد ٹھ) است .
دیکھیے : ٹھڈی .

ٹِھر (کس ٹھ) است .
ٹھنڈ ، پالا ، خنکی ، سخت سردی .

ٹھرّا (فت ٹھ ، شد ر نیز بلا شد) اند .
۱. گھٹیا دیسی اور خراب شراب جو عموماً شیرے کو سڑا کر بنائی جاتی ہے ، سستی اور گھٹیا قسم کی شراب جسے عموماً ادنیٰ درجے کے لوگ پیتے ہیں (اسے دارو بھی کہتے ہیں) . [س] .

ٹھرک (فت ٹھ ، ر) است .
ہوس ، خواہش ، شوق ؛ حسینوں کو گھورنے کی عادت ، نظربازی . [ ] .

ٹھرکی (فت ٹھ ، فت ر) اند .
نظرباز ، ہوس پرست .

ٹھرّہ (فت ٹھ ، شد ر بفت) اند .
دیکھیے : ٹھرا .

ٹھس (فت ٹھ) (الف) صف .
۱. (i) ٹھوس . (ii) بھاری ، بوجھل . ۲. مٹھا ، سست ، کاہل ، بے وقوف ؛ ضدی ، آوارہ گرد . ۳. کند ذہن ، پڑھنے لکھنے میں کمزور . ۴. بھدا ،

بد صورت . (ب) امث نیز امذ. ۱. ٹھس (ٹھونسنا سے) ۲. بندوق کی آواز .
۳. پتنگ کے اوپر نیچے کے کنّے جو برابر نہ ہوں .

ٹھس بن/ بنا امذ. بھدا پن ؛ ایک جگہ جم جانا .

ٹُھس (ضم ٹھ) صف.
۱. بندوق چلنے کی ہلکی آواز ۲. دیکھیے : ٹھونسنا .

ٹھسّا (فت ٹھ، شد س) امذ.
۱. غرور، دماغ، گھمنڈ ۲. ٹھاٹھ، زیب و زینت، شان و شوکت، کروفر، ناز و انداز ۳. (عوام) ٹھپا، سانچا، چھاپا، عکس، نقشہ . [س] .

ٹُھسا ٹُھس (ضم نیز فت ٹھ، ضم نیز فت ٹھ) صف.
کھچا کھچ، ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا، لبریز، بہت بھرا ہوا .

ٹُھسانا (ضم ٹھ) ف م.
کھلانا، بہت کھلانا کہ ہضم بھی نہ ہو سکے ؛ زبردستی کھلانا .

ٹھسک (فت ٹھ، س) امث.
۱. شان و شوکت، دھوم دھام، بھڑک ۲. ناز و انداز، خوش خرامی، خرام معشوقانہ ۳. کھانسی کی آواز، دھمک ؛ زکام کی وجہ سے گلے میں خراش ؛ زکام، کھانسی .

ٹھسکا (فت ٹھ، سک س) امذ.
۱. (i) شان و شوکت، بھڑک . (ii) کھانسی کی آواز، تھوڑی تھوڑی کھانسی ؛ ضیق .

ٹھسنا (فت ٹھ، سک س) ف ل.
۱. بہتے پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا یا رک جانا ۲. خوب ٹھونس ٹھونس کے بھرنا .

ٹُھسنا (ضم ٹھ، سک س) ف ل.
بھر جانا ؛ کسی چیز کا دوسری چیز میں (عموماً زبردستی یا مشکل سے) سمانا یا گھسنا .

ٹھسّہ (فت ٹھ، شد س بلمت) امذ.
دیکھیے : ٹھسا .

ٹھسّے (فت ٹھ، شد س) صف.
ٹھسا کی جمع، تراکیب میں مستعمل .

ٹھسّے سے بیٹھنا محاورہ. خاص انداز، ناز و انداز سے بیٹھنا، غرور سے بیٹھنا، بن سنور کر بیٹھنا .

ٹِھکانا (کس ٹھ) امذ ؛ - ٹھکانہ .
۱. گھر، منزل، مقام، (ٹھہرنے کی) جگہ ۲. (مجازاً) سہارا، بل بوتا، ذریعہ ۳. (مجازاً) ڈھنگ، سلیقہ، طور ۴. (مجازاً) پتا، نشان، سراغ . ۵. مجازاً (عوام) رشتہ، رشتہ داری، بیاہ (ہونا کے ساتھ) ۶. جائے قرار، مرکز ۷. حد، حد و حساب، انتہا . [س] .

ٹھکانے (کس ٹھ) امذ.
ٹھکانا کی مغیرہ حالت یا جمع (تراکیب میں مستعمل) .

ٹھکانے لگا دینا/ لگانا محاورہ. ۱. مطمئن کرنا، تسلی دینا ۲. اُڑا دینا، خرچ کر دینا، اٹھا ڈالنا ۳. مار ڈالنا، کام تمام کرنا، ہلاک کر دینا . ۴. کسی کام کو پورا کر دینا، رائیگاں نہ کرنا ؛ انجام کو پہنچانا، منزل مقصود تک پہنچانا، کامیاب کرنا ۵. نوکری کرا دینا، کام سے لگا دینا، روزگار کرا دینا ۶. بیاہ کر دینا، گھر بسا دینا ۷. جگہ سے خرچ کرنا. موقعے پر خرچ کرنا ۸. مناسب یا ٹھیک جگہ پر رکھ دینا، صحیح مقام پر پہنچانا، درست کر دینا (عقل وغیرہ) ۹. ختم کرنا، دور کرنا ؛ جگہ مقرر کرنا .

ٹھکانے لگ چکنا /لگنا محاورہ. ۱. مدعا حاصل ہونا، مراد کو پہنچنا، کامیابی حاصل ہونا ۲. رائیگاں نہ ہونا، ضائع نہ ہونا، کام آنا ۳. ختم ہونا. [ ] .

ٹُھکائی (ضم ٹھ) امث.
مار پیٹ، زد و کوب. اف : کرنا، ہونا.

ٹُھکرانا (ضم ٹھ، سک ک) ف م.
۱. ٹھوکر سے روندنا، (ذلیل جان کر) لات مارنا ؛ (مجازاً) ذلیل و خوار کرنا ۲. (i) ترک کرنا، چھوڑ دینا. (ii) رد کرنا، قبول نہ کرنا ۳. گھوڑے کے اڑ لگانا.

ٹھکرائِن/ٹھکرایَن (فت ٹھ، ضم نیز سک ک، کس/فت ی) امث ؛- ٹھکرانی.
دیوی ؛ ٹھاکر کی بیوی یا بیٹی ؛ معزز عورت، خاتون ؛ نائی کی بیوی.

ٹُھکرایا ہُوا (ضم ٹھ، سک ک، ضم و) صف.
ٹھوکر لگا ہوا (دانستہ یا نادانستہ کسی چیز کو ٹھوکر لگ جانے کے بعد وہم کے طور پر اسے استعمال نہیں کیا جاتا) .

ٹُھکنا (ضم ٹھ، سک ک) ف ل.
۱. گڑنا، اندر گھسنا. ۲. (مجازاً) پٹنا، سزا پانا؛ قید خانے میں جانا؛ پچھڑنا، کشتی میں چت ہو جانا، مغلوب ہونا، شکست کھانا؛ نقصان ہونا، خسارہ اٹھانا، تاوان پڑنا، جرمانہ ہونا؛ داخل ہونا، پڑنا، دائر ہونا. ۳. (جی، طبیعت یا دل کے ساتھ) اطمینان خاطر ہونا، دل جمعی ہونا، متاثر ہونا، راغب ہونا، متوجہ ہونا.

ٹُھکوانا (ضم ٹھ، سک ک) ف ل.
۱. ٹھکنا کا تعدیہ، گڑوانا، گھسوانا. ۲. جڑوانا (کیلوں یا پچڑ وغیرہ سے). ۳. (بازاری) بدفعلی کرانا، جماع کرانا. ۴. اجرتی قاتل سے کسی کو مروانا.

ٹھگ (فت ٹھ) اند.
۱. دغا باز، ٹھگنے والا، فریبی، چھلیا. ۲. رہزن، قزاق. ۳. ایک قوم جس کا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دے کر مار ڈالنا اور طرح طرح سے چھیننا ہے.

ٹھگ لینا محاورہ. لوٹ لینا، چھین لینا، ٹھگنا.

ٹھگنا (فت ٹھ، سک گ) ف م.
لوٹنا، فریب دینا، دغا کرنا، فریب دے کر چھین لینا. [س].

ٹِھگنا (کس ٹھ، سک گ) صف مذ.
چھوٹے قد کا، گٹا، لمبا کی ضد، ناٹا. [س].

ٹھگنی (فت ٹھ، سک گ) صف مذ.
ٹھگ کی جورو، ٹھگ قوم کی عورت؛ ٹھگنے والی، فریب دینے والی، دغا باز، کٹنی، دلالہ.

ٹھگی (فت ٹھ، گ) است.
۱. قزاقی، رہزنی، ٹھگ کا پیشہ. ۲. وہ محکمہ جو ٹھگوں کا انسداد کرتا اور ان کو پکڑتا ہے، محکمہ گیرائی، محکمہ ٹھگی.

ٹھلیا (کس ٹھ، سک ل) است.
۱. (i) چھوٹا گھڑا، سبوچۂ گلی، پانی یا شراب وغیرہ کا مٹی کا برتن. (ii) مٹی کا گھڑے سے چھوٹا برتن جس میں (پانی کے بجائے) میوے آم، مٹھائی وغیرہ بھرے جاتے ہیں، مٹکی. [س].

ٹُھمری (ضم ٹھ، سک م) است.
۱. ایک قسم کا چھوٹا دو بول کا گیت جس میں عورت کی جانب سے اظہارِ عشق ہوتا ہے، عاشقانہ مضمون کا مختصر گیت. ۲. جھوٹی بات، افواہ، گپ. [س].

ٹُھمک (ضم ٹھ، فت م) است.
خرام، ہلکی سی ناچنے کی چال، ناز و انداز کی رفتار. [س].

ٹُھمکا (ضم ٹھ، سک م) اند.
۱. ہلکی سی ناچنے کی چال، خرام. ۲. ناچ میں کولھا مٹکانا. اف: لگانا/ لگوانا/ مارنا. [س].

ٹُھمکنا (ضم ٹھ، فت م، سک ک) ف ل.
ناز و انداز سے چلنا، مٹکنا، مٹک مٹک کر چلنا.

ٹُھنٹ (ضم ٹھ، سک ن) اند.
دیکھیے: ٹھنٹھ.

ٹُھنٹھ (کس ٹھ، سک گ) صف مذ.
۱. سوکھا ہوا درخت، گدا یا ڈالا جس کے پتے اور ڈالیاں گر پڑی ہوں، بے برگ و شاخ سرا. ۲. ہاتھ کٹا ہوا پہنچا یا کلائی. [س].

ٹھن جانا (فت ٹھ) ف ل.
پکا ارادہ کرنا؛ ان بن ہونا.

ٹھنڈ (فت ٹھ، سک ن) است.
خنکی، سردی. [س].

ٹھنڈ پڑجانا محاورہ. ۱. خنکی ہونا، جاڑا شروع ہونا. ۲. کسی چیز سے سکون مل جانا؛ (طنزاً) مراد پوری ہونا.

ٹھنڈ چڑھنا محاورہ. سردی لگنا؛ بخار سے پہلے سردی محسوس ہونا.

ٹُھنڈ (ضم ٹھ، سک ن) اند.
۱. تنے یا ٹہنے کا بے برگ و شاخ سرا. ۲. (مجازاً) تنہا، اکیلا شخص.

ٹھنڈا (فت ٹھ، سک ن) صف مذ.
۱. سرد، خنک، جس میں گرمی یا حرارت نہ ہو، سادہ، خاموش. ۲. (مجازاً) بے حس، جذبات سے عاری، سرد مہر. ۳. (مجازاً) نامرد، کم شہوت؛ ہیجڑا؛ سست، کاہل. ۴. متحمل، برد بار؛ بے نفس، جسے غصہ نہ آئے، رحم دل.

ٹھنڈا پڑ جانا / پڑنا محاورہ. ۱. سرد ہو جانا ، ٹھٹھر جانا. ۲. مر جانا. ۳. غصہ دھیما ہونا ، مزاج کی گرمی رفع ہونا ، خیالات منتشر ہونا. ۴. جوش و خروش کم ہونا ، بات کا دب جانا. ۵. اٹھ کر بیٹھ جانا ؛ خواہش کا جاتا رہنا ؛ ہمت ہارنا ، ارادہ ٹوٹ جانا. ۶. سُونا ہونا ، بے رونق ہونا ، گرم بازاری نہ رہنا.

ٹھنڈا کر کے کھانا محاورہ. سوچ سمجھ کے کوئی کام کرنا ، آہستگی سے کام کرنا ، جلدی یا تیزی نہ کرنا.

ٹھنڈا کرنا محاورہ. ۱. سرد کرنا. ۲. (i) غصہ دور کرنا ، اشتعال کم کرنا. (ii) مزاج کی گرمی دور کرنا. ۳. بجھانا (آگ) ، گل کرنا (چراغ). ۴. (عو) سوگ وغیرہ میں (چوڑیاں مالا وغیرہ) توڑنا. ۵. (تعزیہ یا علم یا تعویذ وغیرہ) دفن کرنا ، دبانا ، دریا میں بہانا. ۶. مار ڈالنا.

ٹھنڈا ہونا محاورہ. ۱. سرد ہونا. ۲. کسی چیز سے گرمی نکل جانا. ۳. غصہ دور ہونا. ۴. (شمع ، چراغ یا آگ کے لیے) بجھنا ، گل ہونا. ۵. افسردہ ہونا ، دل مر جانا. ۶. ڈوب جانا. ۷. خوش ہونا ، آرام پانا ، سُکھ پانا. ۸. سرد بازاری ہونا ، خرید و فروخت کا کم ہونا. ۹. بے رونق ہونا ، اُداس ہونا. ۱۰. مر جانا ، دم نکلنے کے بعد بدن سرد پڑ جانا. ۱۱. تعزیے کا دفن ہونا یا دریا میں بہا دیا جانا. ۱۲. سرگرمی اور جوش و جذبے میں کمی آ جانا.

ٹھنڈائی (فت ٹھ ، سک ن نیز مغ) است.
وہ دوا جو گرمی دفع کرنے کے لیے پلائی جائے ؛ مفرح دوا ؛ فرحت بخش شے ، سکون اور ٹھنڈک پہنچانے والا شربت.

ٹھنڈک (فت ٹھ ، سک ن ، فت ڈ) است.
۱. سردی ، خنکی ، ٹھنڈی جگہ. ۲. (مجازاً) راحت ، آرام ، چین ، تسلی.

ٹھنڈک پڑنا محاورہ. ۱. جلن دور ہونا ، چین آنا. ۲. (طنزاً) مراد پوری ہونا ، مقصد بر آنا. ۳. غصہ رفع ہونا ، دشمنی جاتی رہنا.

ٹھنڈی (فت ٹھ ، سک ن) صف مث.
۱. ٹھنڈا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل. ۲. خوش و خرم ، بامراد. ۳. بے لطف ، بے رونق ، جس میں معنی آفرینی یا زرخیزی نہ ہو.

ٹھنڈی سانس است. وہ سانس جو کسی غم و فکر کی وجہ سے بھرا جائے ، آہ سرد.

ٹھنڈے (فت ٹھ ، سک ن) صف.
۱. ٹھنڈا کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل.

ٹھنڈے وقت م ف. سویرے ، علی الصبح ، سورج نکلنے سے پہلے.

ٹھُنْسنا (ضم ٹھ ، مغ ، سک س) ف ل.
۱. قریب قریب ، دب دبا کر ، ٹھس ٹھس کر. ۲. بھر جانا.

ٹھُنکنا (کس نیز ضم ٹھ ، فت ن ، سک ک) ف ل.
(عو) ناز سے رونا ، سِکنا ، بچوں کی طرح رونا ضد کرنا ، نخرے جتانا.

ٹھِنگنا (کس ٹھ ، غنہ ، سک گ) صف مذ.
(قد یا شخص کے لیے) چھوٹا ، پستہ ، بونا. [س].

ٹھِنگنی (کس ٹھ ، غنہ ، سک گ) صف مث.
ٹھنگنا کی تانیث ، پستہ قد عورت ، بونی.

ٹھَننا (فت ٹھ ، سک ن) ف ل ؛ — ٹھنا
۱. ٹھاننا کا لازم. ۲. مخالفت ہونا ، کشیدگی ہونا ، ان بن ہونا. ۳. قرار پانا ، شروع ہونا ، جاری رہنا.

ٹھور (ولین نیز مج) است.
جگہ ، مکان ، ٹھکانا. [س].

ٹھور ٹھکانا امذ. مسکن ، رہنے کی جگہ ، بود و باش کا مقام. ۲. (مجازاً) آثار ، پتا ، نشان.

ٹھوڑی (ومج) است.
چہرے کا سب سے نچلا حصہ جس سے کچھ اوپر ہونٹ ہوتے ہیں ، ذقن ، زنخداں.

ٹھوڑی تارا ماتھے چاند فقرہ. بہت خوب صورت ہے یعنی جس طرح ماتھے پر چاند ہے اسی طرح تھوڑی پر تارا ہے.

ٹھوڑی میں ہاتھ دینا / ڈالنا محاورہ. خوشامد کرنا ، منت سماجت کرنا.

ٹھوس (ومج) صف.
۱. جس میں خلا نہ ہو ، بھرا ہوا ؛ سخت ؛ بوجھل. ۲. (مجازاً) بھدا ، کند ذہن ، غبی ، ٹھس. ۳. (i) (مجازاً) پرمغز. (ii) مدلل ، باوزن ، خالص. ۴. منفقہ ، مجتمع ، کلی. ۵. وہ جوہر جو سیال یا گیس کی شکل میں نہ ہو ، سخت. ۶. وہ پتھر جس میں پرت نہ ہوں. ۷. پختہ ، مضبوط.

ٹھُوسنا (وسع، سک س) ف م.
دبا کر بھرنا، خوب زور کے ساتھ بھرنا، زبردستی داخل کرنا.

ٹھوک (وسع) اند :- ٹھوکر.
صدمہ، ضرب، ٹھوکر.

ٹھوک بجا کر / کے م ف. ۱. کھرا کھوٹا یا برا بھلا جانچ پرکھ کے، اچھی طرح دیکھ بھال کے، آزما کے، سوچ سمجھ کر، اطمینان سے. ۲. علانیہ، کھلے خزانے.

ٹھوک پیٹ است. مار پیٹ (مجازاً) مرمت، درستی.

ٹھوک دینا محاورہ. پیٹ ڈالنا، تھپڑ یا لات مارنا، ضرب لگانا.

ٹھوکا (وج) اند.
صدمہ، ضرب.

ٹھوکا پیٹی است. ٹھوکنے پیٹنے کا عمل، ضرب لگانے کا کام.

ٹھوکَر (وج، فت ک) است.
۱. وہ ضرب جو پاؤں میں سنگِ راہ یا کسی اور چیز سے نادانستہ لگے یا وہ ضرب جو پشتِ پا یا نوکِ پا سے کسی چیز کو دانستہ لگائی جائے، پاؤں کی ضرب. ۲. ٹھیس. ۳. (i) (مجازاً) ضرب، دھکا، صدمہ. (ii) چوٹ، ضرر. ۴. (i) (مجازاً) خسارہ، نقصان. ۵. سنگِ راہ، روڑا، سڑک میں ابھرا ہوا پتھر؛ خراب سڑک. ۶. (قمار بازی) جوتا، پاپوش، جوتی. ۷. (i) (مجازاً) غلطی، لغزش. (ii) غلط فہمی؛ کوتاہی. ۸. (i) (مجازاً) معشوق کی نازک چال. (ii) ناچنے والے کا ناچنے میں قدم مارنے کا انداز. (iii) رقص کرنے والے کے دامن کا پھرنا، لہرانا، ٹکرانا. ۹. خرابی، تباہی. ۱۰. (i) پشتہ، ٹکر، ٹکراؤ کی جگہ. (ii) پشتہ یا روکنے کا آلہ جو ریل کی پٹری ختم ہونے کی جگہ پر لگا ہوتا ہے. ۱۱. (مجازاً) سیدھے راستے سے بھٹکنے کا عمل، عقیدہ میں کجی، غلطی، لغزش. ۱۲. (کنایۃً) ذلت، رسوائی؛ زد و کوب. [س].

ٹھوکر کھانا محاورہ. ۱. پانو میں کسی سخت چیز کی چوٹ لگنا، سنگ راہ کی ٹکر لگنا. ۲. الجھنا، اُلجھ کر گر پڑنا. ۳. صدمہ برداشت کرنا، نقصان اُٹھانا، بھولنا، چوکنا، دھوکا کھانا. ۴. غلطی کرنا، لغزش کھانا.

ٹھوکر مارنا محاورہ. ۱. لات مارنا، ٹھکرانا؛ حقیر جاننا، رد کرنا. ۲. ترک کرنا، چھوڑ دینا؛ قبول نہ کرنا، مسترد کرنا.

ٹھوکَروں (وج، فت ک، وغ) اند؛ ج.
ٹھوکر کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

ٹھوکروں پر (میں) پڑا رہنا محاورہ. (عو) ذلت سے رہنا، کسی کی مرمت اور مار دھاڑ میں رہنا.

ٹھوکَریں (وج، سک ک، ی غ) است، ج.
ٹھوکر کی جمع، (تراکیب میں مستعمل).

ٹھوکریں کھا کر جھلنا است. وہ صفحہ سے لغت میں موجود نہیں

ٹھوکریں کھانا محاورہ. ۱. (i) پانو کی ضربات لگنا، لاتیں کھانا؛ ذلیل و خوار خراب و خستہ ہونا. (ii) پامال ہونا، روندا جانا. ۲. (i) دربدر پھرنا، تکلیفیں اُٹھانا، سختیاں جھیلنا. (ii) جستجو کرنا، سرگرداں ہونا. ۳. لغزش ہونا، غلطی کرنا. ۴. طعنے سہنا، باتیں سننا. ۵. چلتے ہوئے پانو کا کسی سخت چیز سے ٹکرانا، سنگ راہ کی ٹکر لگنا، اُلجھ کر گر پڑنا.

ٹھوکَم ٹھاکی (وج، فت ک) است.
ٹھوکنے پیٹنے کا عمل.

ٹھوکْنا (وج، سک ک) ف م :- ٹھوکنا.
۱. کسی گاڑی وغیرہ کا حادثہ کر بیٹھنا، ٹکر مار دینا (گاڑی سے) ٹریفک کا حادثہ کر دینا، گاڑنا، ضرب لگا کر داخل کرنا؛ گھسانا. ۲. کوٹنا؛ مارنا، ضرب لگانا. ۳. (i) زد و کوب کرنا، لات گھے مارنا. (ii) پانو میں بیڑیاں ڈالنا، کاٹھ میں پانو دینا. ۴. کھٹکھٹانا. ۵. عرضی دینا، نالش کرنا. ۶. جڑنا، لگانا. [س].

ٹھُونسنا (وسع، مغ، سک س) ف م.
۱. ٹھوکنا؛ دبا کر بھرنا، خوب زور کے ساتھ بھرنا. ۲. گھسیڑنا، زبردستی داخل کرنا، زبردستی اندراج کر دینا. ۳. (تحقیر اور غصے کے لیے) کھانا، نگلنا.

ٹھونگیں مارنا محاورہ.
۱. چونچ مارنا، حملہ کرنا. ۲. (مجازاً) جلدی جلدی کرنا، (نماز میں) جلدی جلدی جھکنا اور اٹھنا، تیزی سے نماز پڑھنا، نماز جلد ادا کرنا.

ٹھَہرا (فت ٹھ، سک ہ) صف؛ اند.
۱. رکا ہوا، جس میں حرکت نہ ہو، ساکن. اف: دینا / لینا / ہونا. ۲. انگیا کے بند، تنی، ٹھرا.

ٹھہرانا (فت ج ٹھ، سک ہ) ف م.
۱. روکنا، تھامنا ۲. ٹھاننا، منصوبہ باندھنا ۳. منجمد کرنا، قائم کرنا، مکان میں اُتارنا ۴. تجویز کرنا ۵. قیمت چکانا ۶. مقرر کرنا، قرار دینا، معین کرنا ۷. قرض کرلینا، مان لینا، تسلیم کرلینا.

ٹھہراؤ (فت ج ٹھ، ہ، وج) اند.
۱. قیام ۲. وقفہ ۳. جماؤ، تھمنا، رکاؤ ۴. یقین، فیصلہ.

ٹھیا (کس ٹھ) اند.
۱. ڈھیر، تودہ، مٹی کی برجی، کھمب، تھمب ۲. (i) (دکان دار کے) بیٹھنے کی جگہ، گدی. (ii) مخصوص نشست یا مقام جہاں آدمی اکثر بیٹھے، کاروبار کی غرض سے یا دوستوں کے ملاقات کے لیے مخصوص، مقام نشست. [ہ].

ٹھیٹ/ ٹھیٹھ (ی ج) صف.
۱. خالص، اصلی، بالکل، قطعاً ۲. وہ زبان جس میں کسی اور زبان کی آمیزش نہ ہو. [س].

ٹھیرنا (ی لین) ف ل :- ٹھہرنا.
۱. (i) رکنا، تھمنا، قیام کرنا، کھڑا رہنا. (ii) جمنا، قائم ہونا، (نظر وغیرہ کا) ۲. ٹکنا، ساتھ دینا ۳. فروکش ہونا، مقیم ہونا، اترنا ۴. (شادی کی تاریخ) مقرر ہونا، (شادی) قرار پانا ۵. طے ہونا، تجویز ہونا ۶. قرار پکڑنا ۷. تسلی ہونا، اضطراب کم ہونا، بیقراری دور ہونا (دل وغیرہ کے ساتھ) ۸. خرچ ہونے سے بچ رہنا، صرف نہ ہونا ۹. کسی رقیق شے کا تھوڑی دیر ساکت رہنے سے گاڑھا ہو جانا، قوام بندھنا؛ گوندھے ہوئے آٹے وغیرہ کا لوچدار ہونا.

ٹھیس (ی ج) امث.
خفیف صدمہ جو شیشے یا دکھتے ہوئے عضو کو کسی سخت چیز کی ٹکر سے پہنچے ہلکی رگڑ یا ضرب. اف : پہنچنا / لگنا.
ٹھیس لگنا محاورہ. صدمہ پہنچنا، دھچکا پہنچنا؛ ٹوٹنا؛ ٹکر لگنا.

ٹھیک (ی مع) صف؛ م ف.
۱. (i) درست، بجا، صحیح. (ii) تندرست، بھلا چنگا ۲. (i) ہو بہو، بعینہٖ. (ii) سارے کا سارا، مکمل ۳. جوں کا توں ۴. پورا پورا ۵. جیسا چاہیے. ۶. بالتحقیق ۷. مستقل، مستقیم ۸. مقرر، مجوزہ (وقت وغیرہ کے ساتھ). ۹. شایان، موزوں، مناسب، چسپاں، چست ۱۰. عین موقعے پر. ۱۱. عین نشانے پر؛ باقاعدہ، ہموار، مسطح؛ کامل (وزن وغیرہ میں). ۱۲. مقرر (وقت وغیرہ) ۱۳. اعتبار، بھروسا ۱۴. اچھے چال چلن کا (کی)، نیک ۱۵. (معیار میں) کامل ۱۶. انتہا، حد؛ مضبوط، پکا؛ (مقدار میں) کامل، صحیح (میزان)، حاصل جمع؛ یقینی (علم) یقین ۱۷. بالکل، کامل طور سے، فی الحقیقت، فی الواقع. [س].

ٹھیک بیٹھنا محاورہ. ۱. (حساب وغیرہ کا) پورا ہونا، صحیح ہونا، میزان درست ہونا ۲. عین نشانے پر لگنا، نشانہ صحیح لگنا (نشانے کے ساتھ). ۳. موزوں و مناسب ہونا، ٹھیک آنا ۴. موثر ہونا، کامیاب ہونا (منصوبہ وغیرہ).

ٹھیک ٹھاک صف. ۱. ہر طرح سے درست، چست، لیس، تیار. ۲. خوشگوار، خوش، بحال ۳. طے شدہ (بات وغیرہ).

ٹھیک کرنا محاورہ. ۱. سزا دینا، مارنا پیٹنا؛ راہ پر لانا ۲. راضی کرلینا، منا لینا ۳. دام چکا لینا، دام ٹھہرا لینا ۴. قرینے سے رکھنا ۵. کام کے قابل بنانا.

ٹھیک ہوجانا/ ہونا محاورہ. ۱. ٹھیک کرنا کا لازم، درست ہونا، صحیح ہونا. ۲. سزا مل جانا ۳. بخیر وخوبی انجام پانا، حسب دل خواہ ہونا، معاملہ وغیرہ طے ہو جانا ۴. سودا طے ہوجانا، راہ پر آجانا، راضی ہوجانا.

ٹھیکا (ی ج) اند :- ٹھیکہ.
۱. اجارہ، پٹا ۲. بیٹھک، جائے قرار، ٹھکانا، ٹکاؤ، ٹھہراؤ، پڑاؤ ۳. طبلہ بجانے کا ڈھنگ یا طریقہ، طبلے ڈھول یا ڈھولک کی تھاپ ۴. سُر، الاپ، راگ کی قسم ۵. گھوڑے کی اُچھل کود، جست. [س].

ٹھیکا دار اند. ۱. اجارہ دار، وہ شخص جس نے ٹھیکا لیا ہو، (مجازاً) پورا ذمہ دار ۲. اجارہ دینے والا، مستاجر.

ٹھیکا دینا محاورہ. کسی چیز یا گاؤں وغیرہ کو اجارہ پر دینا.

ٹھیکا لینا محاورہ. ۱. کسی میعاد کے واسطے کسی چیز کا حق خریدنا، اجارہ لینا. ۲. ذمے لینا، رکنا، ٹھہرنا، آرام کرنا ۳. (طبلہ یا ڈھولک وغیرہ کا) بجنا، آواز دینا.

ٹھکرا (ی مع، سک ک) اند.
۱. (i) مٹی کے برتن کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا نیز تحقیر کے طور پر ظرف مسی اور پرانے ظروف کو بھی کہتے ہیں ؛ (مجازاً) ادنیٰ شے. (ii) ٹوٹا پھوٹا برتن. (iii) شکستہ مال، زیور. ۲. (انکسار یا تحقیر کے لیے) مکان، جائداد، ٹوٹا پھوٹا مکان، ٹھکانا. ۳. (i) فقیر کا بھیک مانگنے کا ظرف. (ii) (مجازاً) سہارا، آسرا، ذریعہ. [ہ].

ٹھکری (ی مع، سک ک) امث.
۱. ٹھکرا کی تصغیر. ۲. مٹی کا توا؛ مٹی کا وہ ظرف جس میں آگ رکھتے ہیں.

ٹھکری دکھ لینا محاورہ. (آنکھ یا اس کے مترادفات کے ساتھ) بے مروتی کرنا، آنکھیں پھیر لینا، مروت نہ کرنا.

ٹھکرے (ی مع، سک ک) اند.
ٹھکرا کی جمع یا مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

ٹھکرے کی مانگ/ نسبت امث. پیدائشی رشتہ، عورتیں کسی بچے کے پیدا ہونے پر دائی کے ٹھکرے میں کچھ نقد ڈال دیتی ہیں اور اس سے یہ کنایہ ہوتا ہے کہ اس بچے کی نسبت ہمارے بچے سے ہوگئی.

ٹھکے (ی ع) اند.
ٹھکا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ٹھکے دار اند. اجارہ دار، وہ شخص جس نے ٹھیکہ لیا ہو؛ (مجازاً) کسی چیز کا پورا ذمے دار.

ٹھلا (ی ع) اند؛ ~ ٹھیلہ.
ایک قسم کی گاڑی جس پر اسباب لاد کر اکثر ہاتھ سے ڈھکیلتے ہوئے لے جاتے ہیں.

ٹھنگا (ی ع، مغ) اند.
۱. انگوٹھا. ۲. لاٹھی، سونٹا. ۳. (کنایۃً) عضو تناسل. (ٹھگ) کٹار، تلوار. [س].

ٹھنگا دکھانا محاورہ. ۱. ہاتھ کا انگوٹھا ٹیڑھا کر کے دکھانا. ۲. (کنایۃً) صاف انکار کرنا، چڑانا، چھیڑنا.

ث

ث
(تلفظ: ثا، ثے) امث. عربی حروف تہجی کا چوتھا اور فارسی کا پانچواں، اُردو کا چھٹا یا ہائیہ کے شمول میں دسواں حرف، ثائے مثلثہ (تین نقطوں والی ث)، یہ حرف اُردو میں عموماً عربی الاصل الفاظ میں آتا ہے.

ثا امث.
"ث" جس کا یہ نام و تلفظ ہے، بیشتر اضافت کے ساتھ مستعمل ہے، جیسے: ثائے مثلثہ، ثائے عربی، ثائے مُثخذ وغیرہ؛ لفظاً: نرم اور چشم زخم.

ثابت (کس ب) صف.
۱. اپنی جگہ یا حالت پر برقرار، باقی، قائم؛ مستقل، مستحکم. ۲. جس کا کوئی جزو الگ نہ ہو، سارا، پورا، سموچا، مسلم، کل کا کل (ادھورا کی ضد). ۳. جو ٹوٹا پھوٹا شکستہ یا زخم خوردہ نہ ہو، سالم، ٹھیک، درست، صحیح سلامت. ۴. پایہ ثبوت کو پہنچا ہوا، ظاہر دلیل سے واضح اور روشن، مصدقہ، محقق. [ع].

ثابت رہنا محاورہ. ۱. قائم رہنا (بات وغیرہ کے ساتھ). ۲. مضبوط رہنا، سالم رہنا. ۳. اپنی جگہ پر کھڑا رہنا، جما رہنا، اٹل رہنا.

ثابت قدم صف. ۱. اپنے نظریے اصول یا مقام پر مضبوطی کے ساتھ برقرار رہنے والا، استقلال یا استحکام کے ساتھ قائم رہنے والا، عہد پر قائم. ۲. باحوصلہ، پر ہمت؛ پختہ عزم و ارادہ. اف: رہنا/ نکلنا/ ہونا.

ثابت قدمی امث. مضبوط ارادے سے، مضبوطی، مستقل مزاجی، استقلال.

ثابت کرنا محاورہ. ۱. ثبوت دینا، صداقت کو پہنچانا، تحقیق کرنا. ۲. جوڑنا، درست کرنا، پورا کرنا، مضبوط کرنا. ۳. استقلال پیدا کرنا، جمانا، گاڑنا.

ثابت ہونا محاورہ. ۱. ثابت کرنا کا لازم، قائم ہونا، مستقل ہونا. ۲. ظاہر ہونا، معلوم ہونا، پتا چلنا. ۳. پایہ ثبوت کو پہنچنا.

ثاقِب (کس ق) صف.
روشن، منور، صاف و شفاف، چمکتا ہوا. [ع].

ثالِث (کس ل) صف.
۱. ترتیب میں دو کے بعد، تیسرا، سویم. ۲. وہ تیسرا شخص جو فریقین کے مابین نزاع کو سلجھانے کا واسطہ ہو، فیصلہ کنندہ، پنچ، حکم، منصف. [ع].

ثالِثہ (کس ل، فت ث) (الف) صف مث.
تیسرا، تیسری. (ب) است. ثالث کی تانیث، پنچایت. (ج) امذ. وقت کی اکائی، چھن. [ع].

ثالِثی (کس ل) است.
ا. ثالث کا اسم کیفیت، پنچایت، پنچایت کا فیصلہ. ۲. صلح صفائی کرانے کا عمل، بیچ بچاؤ کرانے یا بیچ میں پڑنے کی حالت. [ع].

ثانَوی (فت نیز سک ن) صف.
ا. ثانی سے متعلق یا منسوب؛ دو یا دو سے تعلق رکھنے والا؛ دوسرے درجے کا، دوسرا. ۲. (بنیادی کے بالمقابل) ضمنی، دوسرا. [ع].

ثانوی تعلیم است. ابتدائی تعلیم کے بعد اور اعلیٰ تعلیم سے قبل درجات کی تعلیم.

ثانی صف.
ا. جو ترتیب میں ایک کے بعد ہو، تین اور تیسرے سے پہلے، دوسرا، دوم. ۲. مقابل، ہم پلہ، جوڑ، اس جیسا دوسرا. اف: رکھنا/ ملنا/ ہونا. [ع].

ثانیاً (کس ن، تن ی بفت) ام ف؛ صف.
پھر، مکرر یہ کہ، دوسرے، بعد ازاں. [ع].

ثانِیَہ (کس ن، فت ی) امذ.
ا. دقیقہ، منٹ کا ساٹھواں حصہ، سیکنڈ؛ لحظہ، پل. ۲. ثانی جس کی یہ تانیث ہے، دوسرا، ترتیب میں ایک کے بعد، اس جیسا دوسرا. ۳. دوسری، ضمنی، (مجازاً) پختہ، پرانی، فطری (عادت وغیرہ کے ساتھ). [ع].

ثَبات (فت ث) امذ.
ا. اپنے حال پر قائم اور برقرار رہنے کی کیفیت، قیام، استقلال، بقا. ۲. صبر و سکون، تحمل، قوت برداشت، استقامت، (اضطراب و اختلال کی ضد). ۳. مضبوطی، پائیداری. [ع].

ثَبت (فت ث، سک ب) صف.
ا. مندرج، لکھا ہوا، تحریر کیا ہوا. ۲. نقش، کندہ، مہر لگا. ۳. دستاویز میں حجت کے طور پر موجود، لگا ہوا، نمایاں (مہر، دستخط وغیرہ کے ساتھ). [ع].

ثُبوت (ضم ث، و مع) امذ.
ا. دلیل، وہ شہادت جس سے کسی بات کا درست یا حق ہونا واضح ہو جائے، گواہی؛ سند. ۲. (مجازاً) عدالت میں مدعی کی طرف سے پیش ہونے والے آدمیوں نیز کاغذات کے لیے بولتے ہیں. [ع].

ثَرا / ثَریٰ (فت ث) صف/امذ.
زمین کا سب سے نچلا مفروضہ طبقہ، پاتال (اردو میں زیادہ تر 'تحت الثریٰ' کی ترکیب کی صورت میں مستعمل ہے). زمین کے نیچے مٹی، زمین کا سب سے نچلا حصہ. [ع].

ثَرْوَت (فت ث، سک ر، فت و) است.
ا. مال و دولت کی کثرت، خوش حالی، مالی فراغت. ۲. (مجازاً) بہتات (کسی بھی شے کی). [ع].

ثُرَیّا (ضم ث، فت ر، شد ی) امذ.
سات ستارے جو برج ثور میں باہم متصل واقع ہیں، نظم پروین، بنات النعش. [ع].

ثَرِید (فت ث، ی مع) امذ.
ایک قسم کا کھانا جو شوربے میں روٹی کا مالیدہ بھگو کر تیار کیا جاتا ہے. [ع].

ثَقافَت (فت ث، ف) است.
کسی قوم یا گروہ انسانی کی تہذیب کے اعلیٰ مظاہر جو اس کے مذہب نظام اخلاق علم و ادب اور فنون میں نظر آتے ہیں، طرز تمدن. [ع].

ثَقَل (فت ث، ق) امذ.
گراں قدر چیز، عموماً دونوں جہاں میں سے ایک یا کتاب و عترت میں سے کوئی ایک، جنس گراں قدر و محفوظ.

ثِقْل (کس ث، سک ق) امذ.
ا. بوجھ، وزن، بھاری پن، گرانی. ۲. (طب) معدے کی گرانی، سوء ہضم. ۳. (طبعیات) وزن (اردو میں زیادہ تر 'کشش ثقل' کی ترکیب کی صورت میں مستعمل). [ع].

ثقل سماعت کس اضا. کم سننے کا مرض؛ بہرا پن.

ثَقَلَین (فت ث، ق، ی لین) اسث.
۱. ثقل کا تثنیہ، انسان اور جن؛ دونوں جہان، ثقلان ۔۲. (حدیث) ثقات؛ دو گراں قدر چیزیں (قرآن و عترت یا سنت). [ع].

ثِقَہ (کس ث، فت ق) صف.
۱. معتبر، جس کے قول و فعل پر اعتبار ہو، قابل اعتماد ۔۲. (اصول حدیث) وہ راوی جو علم رجال کے مقررہ اصول و ضوابط کی رو سے قابل اعتماد ہو. [ع].

ثَقِیل (فت ث، ی مع) صف.
۱. بھاری، بوجھل، وزنی، گراں ۔۲. (طب) (غذا) جو آسانی سے ہضم نہ ہو دیر تک معدے میں ٹھہرے اور گرانی یا بدہضمی پیدا کرے، دیر ہضم ۔۳. (مجازاً) مشکل، دشوار، زحمت طلب (امر وغیرہ). ۴. (معانی و بیان) وہ (لفظ یا فقرہ) جسے زبان روانی سے ادا نہ کر سکے یا ذوق سلیم کو ناگوار ہو، غیر سلیس، بدقت ادا ہونے والا (حرف، لفظ). [ع].

ثُلاثَہ (فت نیز ضم ث، فت ث) صف.
تین تین والے، تین تین (کی ٹکڑیوں) میں بٹے ہوئے کا ایک حصہ. [ع].

ثُلُث (ضم ث، سک نیز ضم ل) اند؛ صف.
۱. تیسرا حصہ، تہائی، ہندسوں میں: ۱/۳ ۔۲. (خطاطی) خط نسخ کی جلی قلم کی تحریر، اس میں حرف کا دور حرف کی کل لمبان کا دو حصہ اور سطح اس کی دگنی ہوتی ہے. [ع].

ثُلاثی (ضم ث) صف.
۱. تین سے منسوب، تین (جزو) والا ۔۲. (صرف عربی) وہ کلمہ جو سہ حرفی مادے سے بنا ہو ۔۳. (عروض) وہ زحاف مزدوجہ جو تین تغیرات سے مرکب ہو.

ثُمَّ (ضم ث، شدم بفت) حرف عطف.
کلمہ عربی اردو میں مستعمل (مترادف، پھر، مکرر، بعد ازاں وغیرہ). [ع].

ثَمَر (فت ث، م) اند.
۱. پھل، میوہ ۔۲. (مجازاً) کیے ہوئے کی جزا یا سزا، (برے یا بھلے کام کا) نتیجہ ۔۳. (مجازاً) نتیجہ، انجام، فائدہ، حاصل. [ع].

ثمر بار صف. پھل برسانے والا، فائدہ رساں، (مجازاً) آباد، خوشحال.

ثَمَرَہ (فت ث، فت نیز سک م، فت ر) اند.
۱. پھل، میوہ، (نیز بطور تشبیہ) ۔۲. نتیجہ، حاصل، انجام. [ع].

ثَمَن (۱) (فت ث، م) اند/ اسث.
شے کا معاوضہ جو نقد یا جنس کی صورت میں ہو، قیمت جو خریدار اور بیچنے والے میں طے ہو، مول، قیمت، اُجرت، قدر. [ع].

ثُمُن (ضم ث، سک نیز ضم م) صف.
۱. آٹھواں حصہ، ہندسوں میں ۱/۸، آٹھ حصوں میں سے ایک. ۲. (نباتیات) آٹھ خلیوں کا مجموعہ ۔۳. (طب) وہ بخار جس کی باری آٹھویں روز آئے اسے ثمن کہتے ہیں، باری کے بخار کی ایک قسم. [ع].

ثَنا (فت ث) اسث.
۱. تعریف، توصیف، (بیشتر) خدا کی تعریف، حمد ۔۲. (فقہ) اہل سنت) دعا جو ہر نماز میں تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جاتی اور سبحانک اللھم سے شروع ہوتی ہے. [ع].

ثناخوان صف. ۱. زبان سے کسی کے محاسن کا اعتراف کرنے والا (خصوصاً شعر میں)، تعریف کرنے والا، مداح ۔۲. (مراداً) نعت خواں.

ثناخوانی اسث. ثنا خواں کا اسم کیفیت، تعریف، مداحی.

ثَواب (فت ث) اند.
۱. نیک کام کی جزا، اجر ۔۲. بھلائی، نیکی، نیک کام. [ع].

ثواب پہنچانا ف مر؛ محاورہ. تلاوت یا خیرات کا جو اجر شرع کی رو سے متوقع ہے وہ نام بنام کسی مردے یا مردوں کو ہبہ کرنا، مرے ہوئے کو ثواب پہنچانا.

ثواب کمانا محاورہ. ایسا کام کرنا جس کا مرنے کے بعد نیک اجر ملے، کسی کے ساتھ بھلائی کرنا.

ثَور (ولین) اند.
۱. بیل، نر گاؤ؛ گاؤ زمین ۔۲. (نجوم) بارہ برجوں میں سے دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے، برکھ ۔۳. مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام جس کے ایک غار میں مدینہ کو ہجرت کرتے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیام فرمایا. [ع].

ج

ج (تلفظ: جیم) اند نیز است.
اُردو حروف تہجی کی ترتیب (ا ب ت ٹ) میں ساتواں یا بشمول ہائیہ گیارھواں اور ترتیب ابجد میں تیسرا حرف ہے اور ابجد کے حساب سے اس کے ۳ عدد ہوتے ہیں، (فلکیات) میں برج سرطان کی علامت ہے.

جا (۱) (الف) است.
۱. جگہ، ٹھکانا، مقام، مجلس .۲. موقع، محل. (ب) م ف. بعوض، بجائے بدلے میں.

جابجا م ف. جگہ جگہ، ہر جگہ.

جانشین صف. قائم مقام، نائب، وارث، ولی عہد.

جانشینی است. جانشین ہونے کا منصب، ولی عہدی، قائم مقامی.

جانماز است. نماز کی جگہ، (دری یا کپڑا وغیرہ) جس پر نماز پڑھی جائے، مصلا، سجادہ.

جا بیجا صف. موقع بے موقع؛ برا بھلا.

جا (۲).
جانا سے ماخوذ، (= قیاس کرنا) تراکیب میں مستعمل.

جا بسنا ف ل؛ محاورہ. مستقل قیام کرنا، آباد ہو جانا.

جا لینا محاورہ. (بھاگتے کو) پکڑنا، گھیر لینا، گرفتار کر لینا.

جا ملنا محاورہ. ملاقات کرنا؛ شامل یا شریک ہو جانا؛ فریق مخالف کا طرفدار بن جانا.

جاب است.
کام، دھندا، نوکری، ملازمت. [انگ].

جابِر (کس ب) صف.
جبر کرنے والا، ظالم، جفاکار، زبردستی کرنے والا، مطلق العنان، سخت گیر. [ع].

جابِرانَہ (کس ب، فت ن) صف.
جابر سے منسوب و متعلق، ظالمانہ، سخت گیری کا.

جاپ اند؛ است.
(منتر وغیرہ کا) ورد، مالا پھیرنا، دیوی دیوتا (خدا) کا ذکر و فکر. [س].

جاپا اند.
زچگی، بچے کی ولادت. [س].

جات (۱) است.
۱. حسب نسب، قومیت، ذات، فرقہ، جماعت، قوم .۲. (موسیقی) تال کی دس قسموں (پرانوں) میں سے چھٹی اسم جو ایک حرف سے لے کر آٹھ حرفوں تک ادا کی جاتی ہے .۳. (مجازاً) نجابت، شرافت .۴. خاندان، کنبہ، گھرانا، نسل؛ قسم، جنس، بھانت، صنف، نوع؛ بھینٹ پوجا، نذر و نیاز؛ دہ، جسم.

جاتا صف.
جانا (دیکھیے) سے ماخوذ، تراکیب وغیرہ میں مستعمل.

جاتی
جاتا (۲) کی تانیث، تراکیب میں مستعمل.

••• **جات** حرف.
لاحقۂ جمع (ہ پر ختم ہونے والے الفاظ پر اضافہ کیا جاتا ہے (جیسے: حلوہ جات، پرزہ جات وغیرہ). [ف].

جاٹ (۱) اند.
۱. بھارت کی ایک قوم جو عام طور سے کھیتی باڑی کر کے اپنا پیٹ پالتی اور راجپوتوں کے ۳۶ خاندانوں میں شمار کی جاتی ہے .۲. (مجازاً) قوی، توانا، تندرست. [س].

جادُو (و مع) اند.
۱. سحر، افسوں، منتر، ٹونا، عمل جس کا اثر تو ہو لیکن وجہ سمجھ میں نہ آئے، کوئی عجیب بات جو خلاف عقل ہو .۲. شعبدہ بازی، حیرت میں ڈالنے والا کھیل یا کرتب .۳. (مجازاً) غیر معمولی اثر رکھنے والی طاقت یا صلاحیت، جاذبیت. [ف].

جادو بیاں صف. وہ شخص جس کی تقریر یا گفتگو میں غیر معمولی اثر ہو، نہایت خوش گفتار، شیریں کلام، مسحور کن گفتگو کرنے والا.

جادو بیانی است. غیر معمولی تاثیر والی بات، خوش گفتاری، شیریں کلامی.

جادو بھرا صف مذ. پُر سحر و فن، (مراد) موثر جس میں لبھا لینے والی طاقت ہو، دل پر اثر کرنے والا، موہ لینے والا، دلکش.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جادو بھری آواز است. موثر اور دل تڑپا دینے والی آواز.

جادو جگانا محاورہ. ۱. افسوں کرنا، جادو کو عمل میں لانا. ۲. موثر بنانا، تاثیر میں اضافہ کرنا.

جادو چلنا محاورہ. ۱. افسوں کا کارگر ہونا، سحر کا موثر ہونا. ۲. (کسی چیز کا) اثر ہونا.

جادو کرنا / کردینا محاورہ. ٹونا کرنا، سحر کرنا.

جادوگر امذ. ۱. جادو کرنے والا، ساحر.

جادوگرنی است. جادوگر کی تانیث، جادو کرنے والی عورت، ساحرہ، ٹونہائی.

جادوگری است. ۱. جادوگر کا اسم کیفیت، جادو کرنے کا فن، ساحری، سحر سازی.

جادو وہ جو سر (ہو) چڑھ کے (کر) بولے کہاوت. سچائی کا اعتراف مخالف کو بھی ہوتا ہے، بات وہ ہے جس کا اقرار خود حریف کو کرنا پڑے.

جادُونی (و مع) است.
سحر، ساحری، جادوگری.

جادَہ (فت د) امذ.
۱. باریک (کم چوڑا) راستہ جو جنگل میں لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتا ہے، پگ ڈنڈی. ۲. طریقہ، رسم، رواج، دستور، ریت.
۳. راہ، راستہ، سڑک؛ سیدھا راستہ. [ع].

جادہ پیما صف. مسافر، راستہ چلنے والا.

جاذِب (کس ذ) صف.
۱. جذب کرنے والا، چوسنے والا. ۲. اپنی طرف کھینچنے والا، کشش رکھنے والا. [ع].

جاذب نظر صف. (مجازاً) نظر کو لبھانے والا، پرکشش، دلکش.

جاذِبِیّت (کس ذ، ب، شد ی بفت) است.
جذب کرنے کی قوت یا صلاحیت، کشش، (مجازاً) حسن و خوبی، تاثیر.

جار امذ.
مٹی یا شیشے کا مرتبان، برنی. [انگ].

جارجَٹ (سک ر، فت ج) است.
ایک پتلا ریشمی کپڑا جو عموماً عورتوں کے لباس کے لیے مخصوص ہے، اس کی بہت سی قسمیں ہیں. [انگ].

جارِح (کس ر) صف.
جنگجو، (بغیر کسی وجہ کے) جنگ و جدل میں پہل کرنے والا، حملہ آور. [ع].

جارِحانَہ (کس ر، فت ن) صف.
جنگجویانہ، حملہ کرنے والا، آگے بڑھنے والا.

جارِحِیّت (کس ر، ح، شد ی بفت) است.
حملہ آوری، جنگجوئی، ناجائز چڑھائی.

جارُوب (و ج نیز مع) است.
جھاڑو، بہارو. [ف].

جاروب کش صف. خاکروب، جھاڑو دینے والا، (مجازاً) خادم.

جاری صف؛ م ف.
۱. (i) بہنے والا، رواں، بہتا ہوا. (ii) لگاتار چلنے والا، متواتر استعمال میں آنے والا، رائج. ۲. رواں، (زبان وغیرہ کے ساتھ) ادا ہونے والا.
۳. اجرا، شروع، آغاز. [ع].

جاری کرنا محاورہ. ۱. نکالنا، چلانا، شروع کرنا، آغاز کرنا؛ مشتہر کرنا، نافذ کرنا. ۲. بہانا، رواں کرنا.

جاری و ساری صف. رائج، استعمال میں آنے والا.

جاڑا امذ.
۱. سردی، خنکی. ۲. سردی کی موسم. ۳. تپ لرزا، کپکپی والا بخار. [س].

جاڑا روئی سے جاتا ہے یا دوئی سے کہاوت. جاڑے میں یا تو رضائی چاہیے یا ساتھ سونے والا.

جاڑے امذ.
جاڑوں کی فصل، سردی کا موسم.

جاڑے کی چاندنی امذ. بے فائدہ چیز.

جاسُوس (و مع) صف؛ امذ.
۱. (برائی کی نیت سے) جستجو کرنے والا، (خفیہ طور سے) کسی کے راز

معلوم کرنے والا شخص ، بھیدی ، مخبر .۲. ایک ملک کی دوسرے ملک میں خبر لے جانے والا ، تھاگی ، شہر خبرا ، سراغرساں ، خفیہ پولیس . [ع] .

جاسُوسی (و مع) است .
ا. کھوج لگانے کا فعل ، مخبری .۲. جاسوس سے منسوب یا متعلق .

جافری (سک ف) است .
بانسوں کی بنی ہوئی ٹٹی جو پردے وغیرہ کا کام دیتی ہے ، لکڑی کی بنی ہوئی جالی دار اوٹ .

جاگ است .
شب بیداری ، بیداری ؛ جاگنا سے ماخوذ ، تراکیب میں مستعمل . [س] .

جاگتے رہو فقرہ .
ایک فقرہ جو رات کو پہرا دینے والے چوکیدار بلند آواز سے اپنے انداز میں کہتے ہیں .

جاگنا (سک گ) ف ل .
ا. بیدار ہونا ، سوتے سوتے آنکھ کھل جانا ، نیند اچٹنا .۲. (مجازاً) ہوشیار ہونا ، متنبہ ہونا ، چونکنا . [س] .

جاگیر (ی مع) (الف) است .
ا. قطعۂ زمین یا گانو جو بادشاہ یا حکومت کی طرف سے کسی کو اس کی خدمت کے عوض میں دیا جائے .۲. وہ شے جو قبضے میں ہو یا جس پر قابو اور اختیار ہو . [ف] .

جاگیر دار اند. جاگیر کا مالک ، تعلقہ دار ، بڑا زمیندار .

جاگیر داری است. جاگیر دار کا منصب .

جال اند.
ا. (i) دھاگوں رسیوں یا نائلون کی بنی ہوئی بڑی سی جالی جس سے مچھلیاں اور پرند وغیرہ پکڑتے ہیں . (ii) (مجازاً) پھندا ، دام (جس میں کسی کو پھانسا جائے) .۲. (مجازاً) مکر ، فریب ، دھوکا . [س] .

جال بچھا دینا / بچھانا / پھیلانا محاورہ. ا. کسی کو پھانسنے کے لیے پھندہ یا دام پھیلانا ؛ دام فریب پھیلانا ، فریب دینے کی کوشش کرنا ، جال ڈالنا .۲. (کسی چیز وغیرہ کو) کثرت سے پھیلا دینا .

جالا اند.
ا. (i) باریک سفید جھلی نما یا تاروں کا جال جو مکڑی لعاب دہن سے بناتی یا تنتی ہے . (ii) وہ باریک جھلی نما جال جو دھوئیں کے سبب باورچی خانوں اور گھروں میں ہو جاتا ہے .۲. پھپھوندی کا جال جو آٹے اچار یا کھانے وغیرہ پر آ جائے .۳. (طب) آنکھ کی پتلی پر چھا جانے والا سفید ہلکا پردہ یا جھلی .۴. چھوٹے چھوٹے خانوں یا سوراخوں والا . [س] .

جالی است .
ا. جال کی تانیث یا تصغیر ، ایک قسم کا باریک سوراخوں دار بناوٹ کا کپڑا .۲. تاروں کا بنا ہوا باریک جال جو دروازے اور کھڑکیوں وغیرہ پر مچھروں اور مکھیوں وغیرہ کو روکنے کے لیے لگایا جاتا ہے .۳. چھاننے کا آلہ یا کپڑا ، صافی ، چھنی ، چھلنی .۴. سخت ریشے جو کدو یا ترئی وغیرہ چھیل پر ہی پکنے کے وقت پڑ جاتے ہیں . [س] .

جام (۱) اند.
گلاس ، پانی پینے کا برتن ، (مجازاً) شراب کا پیالا . [ف] .

جام جم / جمشید اند. ایران کے بادشاہ جمشید کا پیالہ جس پر ہندسی خطوط اور شکلیں بنی ہوئی تھیں (کہتے ہیں کہ ان خطوں سے آیندہ کا حال بتایا جا سکتا تھا اور اس میں احوال عالم کا مشاہدہ کیا جا سکتا تھا) ، جام جہاں نما ؛ ساغر جم .

جام شہادت اند. راہ خدا میں جان دینے کا مرتبہ ، شہادت کا درجہ ، کسی خاص مقصد میں موت کا اعزاز .

جام (۲) اند.
ا. پھلوں کا مربہ جو رس میں شکر ملا کر جوش دے کر چٹنی کی طرح گاڑھا کر لیا جائے .۲. (کسی چیز کے) پھنس جانے یا اٹک جانے کی حالت .۳. مشین وغیرہ کے کسی پرزے کا جکڑاؤ یا پھنساؤ ، غیر متحرک حالت . [انگ] .

جام (۳) اند.
امرود ، ایک پھل . [س] .

جامِد (کس م) صف.

۱. جما ہوا ، بستہ ، ٹھوس. ۲. بے جان ، بے حس و حرکت ، مردہ. ۳. غیر متحرک ، رکا ہوا ، ٹھپ. [ع].

جامْدانی (سک م) (الف) اسث.

کڑھا ہوا پھول دار کپڑا ، بوٹی دار مہین کپڑا. (ب) صف. پھولدار ، منقش ، کھدا ہوا ، جس پر کندہ کاری کی گئی ہو (دھات کے برتن وغیرہ کے لیے مستعمل). [ف].

جامِع (کس م) صف.

۱. (i) جمع کرنے والا ، یکجا کرنے والا. (ii) محیط ، وسیع ، مکمل ، حاوی. (iii) ملانے والا. (iv) مجموعۂ صفات. ۲. (مسجد کے ساتھ) جس میں نماز جمعہ ادا کی جائے. [ع].

جامع القرآن صف ؛ اند. قرآن مجید کو جمع کرنے والا ، حضرت عثمانؓ کا لقب.

جامِعَہ (کس م ، فت ع) صف مث ؛ اسث.

درس گاہ جس میں طلبہ کے لیے جملہ علوم کی اعلیٰ تعلیم و امتحان کا انتظام ہو کامیابی پر اسناد دی جاتی ہوں ، دار العلوم ، یونیورسٹی. ۲. جامع کی تانیث. [ع].

جامِعِیَّت (کس م ، ع ، شد ی بفت) اسث.

وسعت ، اکملیت ، ہمہ گیری. [ع].

جامُن (فت نیز ضم م) اسث.

ایک درخت جس میں اودے رنگ کا کسی قدر لمبوترا بیر سے مشابہ پھل لگتا ہے. [س].

جامَنی (فت م) صف.

جامن سے منسوب یا متعلق ؛ جامن کے رنگ کا.

جامَہ (فت م) اند.

کپڑا ، لباس ، پوشاک. [ف].

جامہ تلاشی اسث. کسی مجرم کو حوالات یا جیل میں بند کرنے سے پہلے اس کے کپڑوں کی تلاشی لے کر ناجائز یا قیمتی اشیا کا اس سے لے لینا ؛ کسی کے لباس اور جیبوں کی تلاشی.

جامہ زیب صف. جس پر ہر قسم کا لباس بھلا معلوم ہو ، پھبن رکھنے والا شخص.

جامہ زیبی اسث. جامہ زیب کا اسم کیفیت ، خوش لباس ، اچھا دکھائی دینے والی چیز.

جامہ (جامے) سے باہر ہونا محاورہ. (غصے یا خوشی سے) آپے میں نہ رہنا ، بیہودوں کی سی حرکتیں کرنا ، جذبے کی شدت کا اظہار کرنا ، بے قابو ہو جانا.

جامہ (جامے) میں رہنا محاورہ. اپنے حواس میں رہنا ، اپنی حیثیت کے مطابق رہنا.

جامہ وار اند. عمدہ پھول دار ریشمی کپڑا.

جان (۱) (الف) اسث.

علم ، دانست ، پہچان. (ب) صف. واقف ، جاننے والا ، پہچاننے والا. [س].

جان بوجھ کر / کے م ف. ارادتاً ، عمداً ، قصداً.

جان پہچان اسث / اند. واقفیت ، شناسائی ، آشنائی.

جان نہ پہچان (بڑی) خالہ سلام کہاوت. (عو) جب کوئی کسی اجنبی کے ساتھ نہایت گرم جوشی سے پیش آئے یا چالاکی سے دوستی ظاہر کر کے اپنا مطلب نکالنا چاہے تو کہتے ہیں.

جان (۲) (با ظہار و اخفائے ن) اسث.

۱. روح ، دم. ۲. (i) حاصل ، لب لباب ، اصل ، حقیقت. (ii) رونق ، سجاوٹ ، زیب و زینت (تراکیب اضافی میں). (iii) روح رواں ، طاقت کا سرچشمہ. ۳. (i) زور ، طاقت جسمانی ، بل. (ii) دلیل کا زور ، معقولیت ، وزن. [ف].

جان باز صف. ۱. (لفظاً) جان فدا کرنے والا ، جاں نثار (عاشق). ۲. بہادر ، بڑا محنتی ، باہمت ، خطرے کی پروانہ کرنے والا.

جان بچی (سو) لاکھوں پائے کہاوت. اچھا ہوا پیچھا چھوٹا ، پریشانی سے بچ نکلنا بڑی بات ہے ، جیتے رہنا بڑی دولت ہے.

جان بحق ہونا محاورہ. مر جانا ، وفات پانا.

جان بر ہونا محاورہ. صحت یاب ہونا ، مرتے مرتے بچنا ، محفوظ رہنا ، سلامت رہنا.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اسث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

جان پر بننا محاورہ. جان خطرے میں پڑنا، سخت مصیبت میں مبتلا ہونا.

جان پر کھیل جانا/ کھیلنا محاورہ. (خود کو) ہلاکت میں ڈالنا، جان جوکھوں کا کام کرنا، خطرہ مول لینا، جان کی بازی لگانا.

جان پڑنا محاورہ. ا. جان آنا، زندگی کے آثار نمایاں ہونا. ۲. (i) (مجازاً) فرحت اور خوشی حاصل ہونا. (ii) رونق آ جانا، حسین نظر آنا، شان بڑھ جانا، قوت بڑھ جانا.

جان جلانا محاورہ. رنج دینا، دکھ پہنچانا، بے حد غصہ دلانا، خون کھولانا.

جان جوکھم (جوکھوں) میں ڈالنا محاورہ. جان خطرے میں ڈالنا.

جان چھڑانا محاورہ. پیچھا چھڑانا، اپنا آپا بچانا، چھٹکارا حاصل کرنا.

جان دینا محاورہ. ا. (دوسرے پر) جانا قربان کرنا، (دوسرے کے لیے) مر جانا. ۲. حد سے زیادہ چاہنا، پیار کرنا، پسند کرنا.

جان سولی پر (لٹکنا) ہونا محاورہ. ا. کرب میں مبتلا ہونا، بے چین ہونا، خطرہ لاحق ہونا، دھڑکا لگنا. ۲. سخت انتظار ہونا.

جان کنی است. ا. نزع، موت کے وقت سانس کا اکھڑنا. ۲. (مجازاً) عقوبت، عذاب، ایذا.

جان لیوا صف. ا. قاتل، ہلاک کرنے والا، سخت، خطرناک. ۲. جان کا خواہاں، جان لینے والا.

جان میں جان آنا محاورہ. مطمئن ہونا، خاطر جمع ہونا، اطمینان ہونا، تسلی ہونا.

جان نثار اند، صف. (کس پر) جان قربان کرنے والا، وفادار، جان فدا کرنے والا.

جان نکلنا محاورہ. ا. مرنا، جان کا بدن سے جدا ہونا، روح کا جسم سے نکلنا. ۲. (مجازاً) بہت زیادہ خوف کھانا، ڈر جانا. ۳. (مجازاً) مضطرب ہونا، بے چین ہونا، پریشان ہونا. ۴. (مجازاً) بہت زیادہ تکلیف ہونا، بہت زیادہ درد ہونا.

جان ہتھیلی پر لیے پھرنا محاورہ. جان ہتھیلی پر رکھنا، ہر وقت مرنے کے لیے تیار رہنا.

جان ہونا محاورہ. ا. جسم میں زندگی کے آثار ہونا. ۲. ہر دل عزیز ہونا، کسی چیز کا اپنی خوبی کے سبب ہر ایک کو پسند ہونا، مرکزی حیثیت رکھنا. ۳. وزن ہونا، مدلل ہونا. ۴. کسی چیز کا بہت زیادہ عزیز ہونا یا قیمتی ہونا. ۵. جان لگی ہونا، دل لگا ہونا.

جان ہے تو جہان ہے کہاوت. سب لطف جیتے جی کا ہے، دنیا کے مزے اپنے دم تک ہیں، زندگی ہے تو اسباب ہو ہی جائے گا.

جانا (۱) ف ل.

ا. (i) کسی جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا، روانہ ہونا، سدھارنا. (ii) کسی چیز کا نہ رہنا، چھوٹ جانا، ختم ہونا. ۲. (بطور فعل معاون) اصل فعل کی تکمیل کے لیے. [س].

جانا (۲) صف.

جاننا سے ماخوذ، (تراکیب میں مستعمل).

جانا پہچانا صف. دیکھیے: جانا بوجھا.

جاناں اند.

محبوب، معشوق، پیارا. [ف].

جانِب (کس ن) است.

ا. طرف، سمت. ۲. رخ، پہلو. [ع].

جانب دارانہ صف. جانب دار سے منسوب یا متعلق، جانب داری کا.

جانب داری است. جانبدار کا اسم کیفیت، طرف داری، حمایت، رعایت.

جانچ (مغ) است.

آزمائش، امتحان. [س].

جانچ پرتال/ پڑتال است. دیکھ بھال، چھان پھٹک، تحقیق.

جانْچنا (مغ، سک چ) ف م.

ا. پرکھنا، کسی چیز کو دیکھ کر اس کی خوبی یا خامی دریافت کرنا. ۲. دریافت کرنا، جستجو کرنا (حقیقت تک پہنچنے کے لیے). ۳. آزمائش کرنا، آزمانا.

جانْگیا (مغ، سک گ) اند.

پاجامے کی طرح کا گھٹنوں سے اوپر تک سلا ہوا کپڑا، کچھا. [س].

جانَم (فت ن) است.

میرے محبوب، دل رُبا، جانِ من. [ف].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جاننا (سک ن) ف م، ف ل.
۱. (i) آگاہ ہونا، واقف ہونا. (ii) پہچاننا، شناخت کرنا. ۲. قائل ہونا، تسلیم کرنا، ماننا. [س].

جانو (و ج) عاطفہ.
''گویا'' سمجھو، خیال کرو، سوچو. [س].

جانوَر (سک ن، فت و) (الف) اند.
۱. ذی روح، ذی حیات (انسان یا حیوان). ۲. حیوان، درندہ وغیرہ. (ب) صف. (مجازاً) غیر مہذب، اجنبی شخص، احمق، بے وقوف. [ف].

جانی (الف) اند.
۱. عزیز، دلارا، پیارا. ۲. محبوب، معشوق. (ب) صف. جان سے منسوب، جان کا پکا، سچا. (ج) حرف (تابع). اماں، ابا وغیرہ کے ساتھ (لاڈ ظاہر کرنے کے لیے). [س].

جانی دشمن اند. وہ دشمن جو ہلاک کرنے کے درپے ہو، جان کا دشمن.

جانے (۱) جاننا سے عاطفہ.
کیا خبر (شک کے موقع پر). [س].

جانے انجانے م ف. دانستہ یا نادانستہ.

جانے (۲)
جانا کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل. [س].

جانے (بھی) دو / دے فقرہ. چھوڑ دو، درگزر کرو، تحمل کرو.

جاوِتری (فت نیز کس و، سک ت) اث.
جائے پھل کے اوپر کا چھلکے نما جالدار خول جو بہت خوشبودار ہوتا ہے دواؤں اور کھانے میں کام آتا ہے؛ جائفل کا پھول. [س].

جاوِداں (کس و) صف، م ف.
دوامی، ہمیشہ رہنے والا، دائم. [ف].

جاوِید (ی مع نیز مج) صف.
جاوداں، ہمیشہ دائم، سدا. [ف].

جاہ اند: اث.
رتبہ، درجہ، منزلت؛ شرف، عزت، شان، شکوہ. [ف].

جاہ و جلال اند. شان و شوکت، عظمت، دبدبہ، رعب.

جاہِل (کس ہ) صف: اند.
(i) بے خبر. (ii) (مجازاً) نادان، بیوقوف. (iii) (مجازاً) وحشی، بے ادب، گستاخ. [ع].

جاہِلانَہ (کس ہ، فت ن) صف.
جاہلوں جیسا.

جاہِلیَّت (کس ہ، ل، شد ی بفت) اث.
۱. جہالت، بے خبری، جاہل ہونے کی حالت یا کیفیت. ۲. عرب کا زمانہ قبل از اسلام.

جائِداد/ جائیداد (کس ء) اث.
۱. مکان، زمین، منقولہ املاک، جاگیر. ۲. مال و اسباب، اثاثہ، پونجی. [ف].

جائِز (کس ء) صف نیز اند.
۱. بجا، درست، مناسب، ٹھیک، روا. ۲. ممکن، قابل وقوع، درست، صحیح (عموماً شرعی نقطۂ نظر سے). [ع].

جائِزَہ (کس ء، فت ز) اند.
۱. انعام، صلہ. ۲. جانچ پرتال، امتحان، پرکھ. [ع].

جائِفَل (کس ء، فت ف) اند.
جائے پھل، ایک پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے، اُس پھل کی گری. [س].

جائے اث.
جگہ، مقام، گنجائش.

جائے رفتن نہ پائے ماندن فارسی کہاوت اردو میں مستعمل. حالت مجبوری، بے بسی، لاچاری.

جائے نماز اث. ۱. جا نماز، نماز کی جگہ، مصلا. ۲. وہ جگہ جہاں باجماعت نماز ہو.

جائے وقوع/ وقوعہ اث. وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو.

جَب (فت ج) (الف) ظرف: م ف.
۱. جس وقت، جس دم، جونہی. ۲. (i) اس وقت، اس دم. (ii) اس وقت، اس دم (آیندہ). (ب) اند. وقت، موقع، تاریخ (گزشتہ یا آیندہ). [س].

جب اُتاری / منہ کی لوئی (تو) کیا کرے گا کوئی کہاوت. بے حیا بن جانے پر کسی کا ڈر یا پروا نہیں رہتی.

جب تک سانس تب تک آس باقی / باقی ہے کہاوت. انسان کبھی مایوس نہیں ہوتا، زندگی کے ساتھ اُمید قائم ہے.

جَبّار (فت ج، شد ب) امذ.

۱. قوت و شوکت کا مالک، زورآور، قوی، قاہر. ۲. اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات میں سے ایک نام. [ع].

جَبر (فت ج، سک ب) امذ.

۱. زور، زبردستی، ظلم. ۲. اضطرار، بے اختیاری، مجبوری (قدر کے مقابل). [ع].

جبر و مقابلہ امذ. دیکھیے: الجبرا.

جَبْراً (فت ج، سک ب، تن رفت) م ف.

زبردستی، بے اختیاری سے، زبردستی سے.

جِبْرائیل (کس ج، و سک ب، ی مع) امذ.

چار مقرب فرشتوں میں سے ایک مشہور فرشتہ کا نام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسولوں پر احکام پہنچایا کرتے تھے، روح الامین، روح القدس. [ع].

جَبَرُوت (فت ج، ب نیز سک ب، و مع) امذ.

(لفظاً) قدرت، طاقت، حشمت، عظمت، جلال، بزرگی. [ع].

جَبَری (فت ج، سک نیز فت ب) صف.

(i) جبر کی طرف منسوب، لازمی، زبردستی کا. (ii) زور یا دباؤ سے پیدا کردہ.

جَبڑا (فت ج، سک ب) امذ.

منھ میں دونوں طرف اوپر اور نیچے کی ہڈیاں جن میں دانت جڑے ہوتے ہیں، کلا. [س].

جَبَل (فت ج، ب) امذ.

پربت، پہاڑ، کوہ. [ع].

جِبِلَّت (کس ج، ب، شد ل بفت) امذ.

۱. اصل طبیعت (جس پر انسان پیدا ہوا)، خلقت، سرشت. ۲. پیدائشی صفات و خصوصیات، خاصیت. [ع].

جِبِلّی (کس ج، ب، شد ل) صف.

۱. جبلت کی طرف منسوب اور اس سے متعلق، پیدائشی، فطری، طبعی. ۲. ذاتی، اصلی، حقیقی، قدرتی. [ع].

جُبّہ (ضم ج، شد ب بفت) امذ.

عبا کی طرح عربی مردانہ ڈھیلا لباس آستین چوڑی اور بڑی ہوتی ہیں، جامہ، چوغہ، گون، فقیروں کا لباس. [ع].

جبہ سائی است. سجدہ کرنا، ماتھا رگڑنا، منت و سماجت کرنا.

جَبِین (فت ج، ی مع) است.

پیشانی، ماتھا. [ع].

جَپْنا (فت ج، سک پ) ف م.

۱. تسبیح پڑھنا، مالا پھیرنا، بار بار پڑھنا، ورد کرنا. ۲. یاد کرنا، (کسی بات کو) دہرانا، ذکر کرنا. [س].

جَتانا (فت ج) ف م.

۱. (زبان سے) بتانا، بیان کرنا، خبر دینا، واضح طور پر مطلع کرنا. ۲. یاد دلانا، متنبہ کرنا. [س].

جُتائی (ضم ج) است.

۱. کھیت جوتنے کا عمل، کھیت میں ہل چلانا. ۲. وہ محصول جو جوتنے پر عائد کیا ہو، جوتنے کی اُجرت. [س].

جَتَن (فت ج، ت) امذ.

۱. کوشش، سعی، جدوجہد، دوڑ دھوپ. ۲. تدبیر، تجویز، علاج؛ حیلہ، بندوبست. [س].

جتن کرنا محاورہ. ۱. کوشش کرنا، تدبیر کرنا. ۲. جمع کرنا، محفوظ کرنا، حفاظت سے رکھنا.

جِتْنا (کس ج، سک ت) صف؛ م ف؛ مث: جتنی.

جس قدر، جس تعداد (یا مقدار یا درجہ) میں (اتنا کا مقابل)، تمام، کل.

جتنا گڑ ڈالو (گے) اُتنا (ہی) میٹھا (ہوگا) کہاوت. جتنا زیادہ خرچ کرو گے اتنا ہی بہتر ہوگا، جتنی محنت کرو گے اتنا ہی حاصل ہوگا.

جُتْنا (ضم ج، سک ت) ف ل.

۱. جوتنا کا لازم؛ بیل یا گھوڑے وغیرہ کا گاڑی یا ہل میں لگایا جانا.

۲. (مجازاً) کسی کام میں بہت مشغول ہونا. [س].

جِتنی (کس ج، سک ت) م ف.
جتنا کی تانیث، (تراکیب میں مستعمل).

جتنی چادر (دیکھو / ہو) اُتنے پانو (پیر) پھیلاؤ کہاوت. حیثیت (طاقت) کے مطابق خرچ / کام کرنا چاہیے.

جِتنے (کس ج، سک ت) اند.
جتنا کی جمع یا محرفہ شکل، (تراکیب میں مستعمل).

جتنے منھ اُتنی (وتنی) باتیں کہاوت. ہر شخص اپنی اپنی سمجھ کے مطابق بات کرتا ہے، ہر ایک کی رائے دوسرے سے مختلف ہوتی ہے.

جِتوانا (کس ج، سک ت) ف م.
جتانا، کامیابی دلوانا، فتح دلوانا.

جُتوانا (ضم ج، سک ت) ف م.
جوتنا کا تعدیہ، گھوڑے یا بیل کو ہل یا گاڑی میں جوڑنا.

جَتھا/جَتھہ (فت ج) اند: است.
۱. گروہ، جماعت، غول، ہجوم. ۲. سرمایہ، پونجی، (ذخیرہ کی ہوئی) دولت (عموماً جمع کے ساتھ). ۳. (مجازاً) کنبہ، قبیلہ. [س].

جتھا بندی است. ۱. گروہ بندی، جماعت سازی. ۲. (معاشیات) اتحاد تجار، کئی تجارتی کمپنیوں کا متحدہ کاروبار.

جَٹ (فت ج) اند.
اجڈ، ان پڑھ، دیہاتی، جاٹ. [س].

جَٹا (فت ج) است.
۱. (i) رسی کی طرح بٹے ہوئے اور الجھے ہوئے بڑے بڑے بال (جیسے: سادھوؤں کے ہوتے ہیں). (ii) گندھے ہوئے بال، جوڑا. ۲. رسی، رسا، جو کسی ریشے سے بنا ہو. ۳. (i) برگد نیز دوسرے درختوں کی وہ لمبے ریشے والی شاخیں جو درخت کے تنے پر اوپر سے اُگ آتی ہیں. (ii) ناریل کے ریشے جو اوپری خول پر ہوتے ہیں اس سے رسی اور دوسری اشیا بنتی ہیں. ۴. (درخت کی) جڑ. [س].

جٹ جانا/ جٹنا (ضم ج، سک ٹ) ف ل.
۱. گتھنا، بھڑنا، الجھنا. ۲. (i) ملنا، جڑنا. (ii) لپٹنا، چمٹنا. ۳. (مجازاً) ہمبستر ہونا، مجامعت کرنا. ۴. (i) سرگرداں ہونا، مصروف ہو جانا. (ii) منہمک ہو جانا. ۵. گٹھنا، سازش کرنا. [ہ].

جِٹھانی (کس ج) است.
جیٹھ، شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی.

جُثّہ (ضم ج، شدث بفت) اند.
۱. بدن، جسم، مادی پیکر. ۲. جسامت، ڈیل ڈول. ۳. جسم کی بناوٹ، کاٹھی. [ع].

جج (فت ج) صف: اند.
۱. انصاف کرنے والا، حاکم، قاضی، منصف. ۲. عدالت دیوانی کا ایک عہدہ دار، عدالت عالیہ کا حاکم. ۳. فیصلہ، جانچ. [انگ].

جَچنا (فت ج، سک چ) ف ل.
جانچ میں پورا اترنا، مناسب یا اچھا لگنا.

جَحیم (فت ج، ی مع) اند.
دوزخ، جہنم، بہت تیز آگ، دوزخ کا چھٹا طبقہ. [ع].

جَدّ (فت ج، شد نیز بلا شد) اند: ج: اجداد.
دادا، باپ کا باپ، مورث، مورث اعلیٰ (عموماً تراکیب میں مستعمل). [ع]

جد اعلیٰ اند. بڑے دادا، داداؤں کے دادا، مورث اعلیٰ، آبائی سلسلے کا وہ بزرگ جس سے کسی قبیلہ وغیرہ کی نسل چلے.

جد و جہد است. سرگرمی، سعی، کوشش، محنت، مشقت.

جُدا (ضم ج) صف: م ف.
۱. (i) الگ، الگ الگ، علیحدہ. (ii) الگ تھلگ، غیر متعلق، نرالا. ۲. مختلف، دوسرا. ۳. بچھڑا ہوا. [ف].

جدا جدا م ف. فرداً فرداً، الگ الگ.

جدا گانہ صف: م ف. الگ تھلگ، مختلف.

جِدال (کس ج) است: اند.
(عموماً ترکیب میں) جنگ، لڑائی، جھگڑا. [ع].

جدال و قتال است. لڑائی اور خونریزی، جنگ و پیکار.

جُدائی (ضم ج) است.
(کسی سے) علیحدگی، دوری، ہجر، فراق، مفارقت.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

جِدّت (کس ج، شد وبفت) اسث.
تازہ پن، انوکھا پن، اپج، نیا پن. [ع].
جدت پسند صف. نیا انداز اختیار کرنے والا، نئی روش پسند کرنے والا.

جَدَل (فت ج، د) اسث.
۱.عام لڑائی جھگڑا، دنگا فساد (اکثر جنگ وغیرہ کے ساتھ) ۲.بحث، دلیل. [ع].

جَدْوَل (فت ج، سک د، فت و) اسث.
۱.(i) عمودی اور افقی خطوط سے بنائے ہوئے خانے جن میں اعداد و شمار درج کیے جاتے ہیں، نقشہ، گوشوارہ. (ii) نقشہ، فہرست. (iii) ستاروں کا حساب رکھنے والا نقشہ. ۲.صفحے کے چاروں طرف کھنچے ہوئے خطوط کا چوکھٹا. [ع].

جَدی (فت ج) اند.
(لفظاً) بز، بزغالہ، (نجوم) (آسمان کے) بارہ برجوں میں سے دسویں برج کا نام جس کے ستاروں کا انبوہ بکری کے بچے سے مشابہ معلوم ہوتا ہے. [ع].

جَدّی (فت ج، شد د) صف.
جد سے منسوب یا متعلق، آبائی، موروثی. [ع].
جدی پشتی صف. آبائی، موروثی جو پشتوں سے ترکے میں ملا ہو.

جَدِید (فت ج، ی مع) صف.
۱. نیا، تازہ ۲.حال کا، ابھی کا، موجودہ دور یا زمانے کا. [ع].

جَدِیدِیّت (فت ج، ی مع، کس د، فت ی نیز شد ی بفت) اند.
۱. نیا پن ہونا، نیا انداز فکر اور نئی روش اختیار کرنا. ۲. ایک تحریک (بالخصوص فنون لطیفہ میں) جس میں نئے تصورات اور تکنیک کو برتا جاتا ہے، دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ سے چل کر یہ تحریک ساری دنیا میں پھیلی جس کا جھکاؤ بائیں بازو کی جانب تھا اس کا رورنگ ٹوٹکنیز سے گہرا تعلق تھا.

جِدَھر (کس ج، فت د ھ) م ف.
جہاں کہیں، جس جگہ، جس طرف. [س].

جُذام (ضم ج) اند.
ایک متعدی مرض جس میں بدن سفید ہو جاتا ہے مرض کی شدت میں اعضا بھی گل جاتے ہیں، کوڑھ. [ع].

جُذامی (ضم ج) صف.
جسے جذام ہو گیا ہو، کوڑھی، جذام کا مریض.

جَذْب (فت ج، سک ذ) اند.
۱.کشش، کھنچاؤ ۲.مل جانا، ضم ہو جانا ۳. جوش، جذبہ، ولولہ. [ع].

جَذْبات (فت ج، سک ذ) اند؛ ج.
۱. جذبہ کی جمع، انسان کے فطری میلانات (جیسے: رنج، خوشی، غصہ وغیرہ) ۲. ذہنی تاثرات، احساسات.

جَذْبَہ (فت ج، سک ذ، فت ب) اند.
۱. جوش، کشش، ولولہ ۲. انسان کا فطری میلان جیسے: خوشی، غم، غصہ وغیرہ. [ع].

جَذْر (فت ج، سک ذ) اند.
۱.اصل، جڑ، مول ۲.(ریاضی) جس عدد کو فی نفسہ ضرب کریں. [ع]

جَرّ (فت ج، شد ر) اند.
۱.کشش، کھنچاؤ ۲.زیر، کسرہ. [ع].
جر ثقیل اند. ۱.(i) ریاضیات کا ایک شعبہ جس میں وزنی اشیا کے اٹھانے اور نیچے سے اوپر لے جانے کے اصول و قانون بتائے جاتے ہیں. (ii) آلہ جس کی مدد سے بھاری بوجھ بآسانی اٹھایا جا سکتا ہے. ۲.(مجازاً) دشواری، زحمت کشی، بہت مشکل کام.

جُرّاب (ضم ج، شد نیز بلا شد ر) اسث.
پاؤں پر پہننے کا چست غلاف، موزہ. [ف].

جُرْأَت (ضم ج، سک ر، فت ء) اسث.
۱. بہادری، دلیری، شجاعت، مردانگی، بے باکی ۲. حوصلہ، ہمت، شوخی، چالاکی. اف: کرنا/ہونا. [ع].
جرات مند صف. حوصلہ مند، دلیر، بے باک، شجاع، بہادر.

جَراثِیم (فت ج، ی مع) اند.
۱. جرثومہ کی جمع، چھوٹا کیڑا جو مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے اور خوردبین سے دیکھنے پر نظر آتا ہے ۲.(مجازاً) خصوصیات، صفات. [ع]
جراثیم کش صف. جراثیم کو مار دینے والی چیز.

جَرّاح (فت ج ، شد ر) اند .
۱. (زخم پر) نشتر لگا کر مرہم رکھنے والا ، نشتر زن ، پھوڑا پھنسی اور زخم کا علاج کرنے والا ، علم جراحت کا ماہر ، سرجن .۲. ٹوٹی ہوئی ہڈی اور جوڑ ٹھیک کرنے والا ، معالج ، رگ پٹھے ملنے والا . [ع] .

جَراحت (فت ج ، ح) امث ؛ اند .
۱. زخم ، گھاؤ .۲. عمل جراحی ، سرجری ، چیرنا . [ع] .

جَرّاحی (فت ج ، شد ر) (الف) امث .
جراح کا کام یا پیشہ ، سرجری ، نشتر زنی ؛ شکستہ اعضا کو جوڑنا . (ب) صف. جراح سے منسوب یا متعلق . [ع] .

جَرّار (فت ج ، شد ر) صف .
۱. اپنی طرف کھینچنے والا ، تیز رفتاری سے روکنے والا .۲. بھاری لشکر .۳. بہادر ، جنگجو . [ع] .

جَرائِد (فت ج ، کس ء) اند ؛ ج .
جریدہ کی جمع ، اخبارات جو ایک خاص وقت پر شائع ہوتے ہیں ، بہت سے رسائل و اخبارات . [ع] .

جَرائِم (فت ج ، کس ء) اند ؛ ج .
خطائیں یا قانونی فروگزاشتیں ، جرم کی جمع ، تراکیب میں مستعمل ، گناہ ، قصور . [ع] .

جرائم پیشہ صف . شخص جس کا پیشہ جرم کرنا ہو ، غیر قانونی کاروبار کرنے والا ، عادی مجرم .

جُرثُومَہ (ضم ج ، سک ر ، ومع ، فت م) اند .
وہ چھوٹا کیڑا جو مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے ، خوردبین سے نظر آتا ہے . [ع]

جَرح (فت ج ، سک تیز فت ر) امث ؛ اند .
۱. سلسلۂ سوالات جو سچائی معلوم کرنے کے لیے کسی سے کیے جائیں ، تنقیح ، گواہ سے سوال و جواب .۲. اعتراض .۳. زخم ، گھاؤ . [ع] .

جَرَس (فت ج ، ر) اند .
۱. گھنٹا (جو قافلے کی روانگی کے وقت بجاتے ہیں) ، گھڑیال .۲. (لفظاً) محض ہلکی آواز ، گنگناہٹ ، سہانی آواز . [ع] .

جَرسی (فت ج ، سک ر) امث .
چست اونی (بنیان کی طرح کا لباس) ؛ سوئٹر . [فر] .

جُرعَہ (ضم ج ، سک ر ، فت ع) اند .
۱. مائع (پانی وغیرہ) کی وہ مقدار جو پینے کے لیے منہ میں لی جائے ، گھونٹ . [ع] .

جِرگہ (کس ج ، سک ر ، فت گ) اند .
۱. گروہ ، قبیلہ ، فرقہ .۲. (i) حلقہ باندھنا ، آدمیوں کا حلقہ باندھ کر بیٹھنا ، قطار میں بیٹھنا . (ii) جماعت ، پنچائیت .۳. (سرحدی قبائلی علاقے وغیرہ میں) وہ جماعت جو سنگین مقدمات کا فیصلہ کرتی ہے . [ف] .

جُرم (ضم ج ، سک ر) اند .
گناہ ، قصور ، خطا ؛ خلاف قانون کام ، تقصیر . [ع] .

جُرمانَہ (ضم ج ، سک ر ، فت ن) اند .
(کسی جرم کی وجہ سے) جو رقم کسی سے سزا کے طور پر وصول کی جائے .

جَرنَل (فت ج ، سک ر ، فت ن) اند .
۱. روزنامہ ، روزانہ اخبار ؛ مجلّہ ، (ماہنامہ یا سہ ماہی یا ششماہی یا سالانہ) رسالہ .۲. عملی کام کرنے کا رجسٹر ، کاپی یا رجسٹر جس پر اسکول کالج کے طالب علم کام کرتے ہیں . [انگ] .

جَرنَلِزم (فت ج ، سک ر ، فت ن ، کس ل ، فت تیز سک ز) اند .
ابلاغیات ، اخبار نویسی ، صحافت . [انگ] .

جَرنَلِسٹ (فت ج ، سک ر ، فت ن ، کس ل ، سک س) صف ؛ اند .
صحافی ، اخبار نویس . [انگ] .

جَرنیل (فت ج ، سک ر ، ی ع) اند .
۱. انگریزی لفظ جنرل کا مورد ، فوج کا اعلیٰ عہدہ دار ، بڑا سپہ سالار .۲. (مجازاً) بڑا (مرکبات میں مستعمل) . [انگ] .

جَری (فت ج) صف .
بہادر ، جواں مرد ، ہمت والا ، دلاور . [ع] .

جِرَیان (کس تیز فت ج ، سک ر) اند .
۱. (i) روانی ، بہاؤ (سیال شے پانی وغیرہ کا) . (ii) جاری ہونا ، نفاذ ، چلن .۲. (طب) مردوں کا ایک مرض جس میں پیشاب کرنے سے پہلے یا بعد میں منی آتی ہے . [ع] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

جَرِیب (فت ج، ی مع) است.

۱. ساٹھ (یا پچپن) گز لمبی (بیس گٹھے کی) زنجیر جس سے زمین کی پیمائش کی جاتی ہے. ۲. عصا، چوب دستی، لاٹھی. [ع].

جَرِیدَہ (فت ج، ی مع، فت د) اند.

۱. اخبار، صحیفہ، رسالہ. ۲. حساب کا دفتر، حساب کی کتاب، رجسٹر. [ع].

جَڑ (فت ج) است.

۱. درخت وغیرہ کا وہ حصہ جو زمین کے اندر ہوتا ہے، بیخ، بن. ۲. (مجازاً) بنیاد، اصل، مبداء، سبب. ۳. سرچشمہ، منبع. ۴. (دندان سازی) دانت کا وہ نکیلا حصہ جو مسوڑے کے اندر جما رہتا ہے. [س].

جڑ پکڑنا محاورہ. ۱. پودے کا جم جانا، جمنا، مضبوط ہونا، قائم ہو جانا، پکا ہونا. ۲. قدم جمانا، مضبوطی سے قائم ہو جانا.

جڑ کاٹ دینا / کاٹنا ف م؛ محاورہ. ۱. جڑ کاٹ کر پھینک دینا، نیست و نابود کرنا، نقصان پہنچانا، اجاڑنا. ۲. (لفظاً) کسی پودے کی جڑ قطع کرنا، قلم کرنا، بیخ کنی کرنا، (مجازاً) مٹا دینا.

جَڑاؤ / جَڑاوْ (فت ج، سک و) صف؛ اند.

جواہرات وغیرہ جڑنے کا کام، مرصع کاری، جڑائی، جواہرات سے جڑا ہوا.

جَڑْنا (فت ج، سک ڑ) ف م.

۱. کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا، ٹانکنا، پچی کرنا، مرصع کاری کرنا. ۲. جوڑنا، ملانا، کسی چیز کو (کیل وغیرہ سے ٹھونک کر لگانا). ۳. لکڑی یا ہاتھ سے مارنا، وار کرنا، لگانا. ۴. بدگوئی کرنا، غیبت کرنا، کان بھرنا، غداری کرنا، شکایت کرنا، لگانا، اِدھر سے اُدھر لگانا. [س].

جُڑْنا (ضم ج، سک ڑ) ف ل.

۱. پیوند ہونا، ملنا. ۲. پیوست ہونا، چسپاں ہونا، مربوط ہونا. ۳. گاڑی وغیرہ میں بیلوں یا جانور کا جتنا.

جُڑْواں (ضم ج، سک ڑ) صف.

۱. ساتھ ساتھ پیدا ہونے والے بچے، توام. ۲. دو ملی ہوئی چیزیں، ساتھ ساتھ، اکٹھا. [س].

جُڑْوانا (ضم ج، سک ڑ) ف م.

کسی ٹوٹی ہوئی چیز کو ملانا، پیوست کرنا.

جڑی بوٹی است. کسی پودے کی جڑ اور اس کے پتے وغیرہ جو دواؤں میں کام آتے ہیں.

جُز (۱) (ضم ج) کلمۂ استثنا.

بغیر، سوائے، علاوہ، مگر، باستثنائے ...... (اب زیادہ تر 'ب' کے ساتھ رائج ہے یعنی بجز). [ف].

جُز (۲) (ضم ج) اند.

۱. ٹکڑا، حصہ. ۲. (طباعت) کاغذ کا پورا تاؤ جس پر کتاب وغیرہ کے آٹھ یا سولہ صفحات بیک وقت چھاپے جاتے ہیں، فرما، (مجازاً) کتاب. ۳. (منطق وغیرہ) کل کی ضد. [ع].

جز دان اند. ۱. اردو میں یہ لفظ عموماً قرآن شریف کے غلاف کے لیے رائج ہے. ۲. کتاب (کے اوراق) رکھنے کا بستہ، چمڑے یا کسی اور چیز کا تھیلا جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے.

جز رس صف. تہہ تک پہنچنے والا، ذہین، سمجھ دار، دانش مند.

جز رسی است. سمجھ داری، دانش مندی.

جزلاینفک اند. ایسا حصہ یا جز جو اپنے کل سے الگ نہ کیا جا سکے.

جز وقتی م ف. کم وقت کے لیے، مختصر وقت کا (کُل وقت یا پورے وقت کی ضد).

جَزا (فت ج) است.

اچھا بدلا، عوض، (اچھے کام اور نیکی کا) صلہ، ثمر. [ع].

جزاک اللہ (فت ج، ک، ضم ا، ل، شد ل بھ) دعا، عربی فقرہ اردو میں مستعمل. اللہ تعالیٰ تم کو اس کی جزا دے، خدا تجھے (نیک) صلہ دے (تحسین کلام یا حسن سلوک کے شکریے کے طور پر). [ع].

جَزائِر (فت ج، کس ء) اند.

۱. جزیرہ کی جمع، خشکی کا قطعہ جو چاروں طرف سے دریا یا سمندر کے پانی سے گھرا ہوا ہو. ۲. توڑے دار بڑی بندوق جو فلیتے یا شتابے سے چلائی جائے.

جِزبِز ہونا محاورہ. ۱. کسی بات کے سمجھ میں نہ آنے سے نہایت پریشان ہونا، گھبرانا، آزردہ ہونا. ۲. ناخوشگواری کا اظہار کرنا، ناگواری محسوس کرنا. ۳. غصہ کرنا، برہم ہونا، ناراض، خفا.

جَزر (فت ج، ز) اند.
(لفظاً) سمندر (یا دریا) کے پانی کا اتار، گھٹاؤ (بخلاف مد). [ع].

جَزم (فت ج، سک ز) صف: اند.
۱. حرف کو ساکن کرنا نیز وہ علامت (ْ) جو ساکن حرف پر لکھی جاتی ہے. ۲. اٹل، مضبوط، پختہ، مصمم. ۳. (کسی ایک طرف) توجہ، التفات. [ع].

جُزو (ضم ج، سک ز) اند.
دیکھیے: جز ۲، ریزہ، پارہ، ٹکڑا، حصہ. [ع].

جُزوی (ضم ج، سک ز) صف.
۱. جزو سے منسوب یا متعلق، خاص، مخصوص. ۲. بہت تھوڑا سا، خال خال، قلیل، کچھ.

جُزوِیات/جُزئیات (ضم ج، سک ز، کس و/ضم ج، سک ز، کس ء، شد ی) اند: امث.
فروع، افراد، چھوٹے چھوٹے امور (کلیات کی ضد) معمولی باتیں. [ع]

جزویات/جزئیات نگاری امث. معمولی سے معمولی اور چھوٹی سے چھوٹی باتوں کو بھی لکھنا، تفصیل سے لکھنا.

جَزیرہ (فت ج، ی مع، فت ر) اند.
خشکی کا وہ بڑا قطعہ جو چاروں طرف سے دریا یا سمندر کے پانی سے گھرا ہو، ٹاپو. [ع].

جِزیَہ (کس ج، سک ز، فت ی) اند.
وہ شرعی محصول جو اسلامی حکومت غیر مسلم رعیت سے اس کی جان و مال کے تحفظ کے عوض میں وصول کرے. [ع].

جِس (کس ج) ضمیر.
جو، جوں سا. [س].

جس برتن (تھال/تھالی) میں کھائے اُسی میں چھید (سوراخ) کرے کہاوت. جو احسان کرے اسی کو نقصان پہنچایا جائے تو کہتے ہیں، نمک حرامی اور احسان فراموشی کرنے والا اپنے محسن کو نقصان پہنچاتا ہے.

جس کا کام اُسی کو ساجے، اور کرے تو ٹھینگا باجے کہاوت. جو جس کام کے لائق ہوتا ہے وہی اس کو کرسکتا ہے. دوسرے کے بس کا نہیں.

جس کو خدا رکھے اس کو کون چکھے کہاوت. خدا کی حفاظت پر افضل ہے.

جس کی لاٹھی اُس کی بھینس کہاوت. غلبہ زبردست ہی کو ہوتا ہے، زبردست جو چاہے لے لے.

جس کے ہاتھ (ہنڈیا) ڈوئی اُس کا سب کوئی کہاوت. جس سے فائدہ کی اُمید ہو اسی کے سب دوست ہوتے ہیں.

جس نے کی شرم اُس کے پھوٹے کرم کہاوت. تکلف کرنے والا نقصان میں رہتا ہے، شرم و حیا سے کام لینے والا محروم رہتا ہے.

جَسارَت (فت ج، ر) امث.
ہمت، دلیری، مردانگی، جرأت (گستاخی کی حد تک)، بے باکی. [ع].

جَسامَت (فت ج، م) امث.
موٹائی، کسی چیز کا حجم، جسیم ہونا، موٹا ہونا. [ع].

جَسْت (۱) (فت ج، سک س) اند.
ایک نیلگوں سفید دھات جو دوسری دھاتوں کو مرکب کرنے کے کام آتی ہے جیسے تانبے اور جست کو ملا کر پیتل بن جاتا ہے. [س].

جَسْت (۲) (فت ج، سک س) اند.
کود، پھاند، زقند، اچھال، چھلانگ، چوکڑی. [ف].

جست بھرنا محاورہ. اچھل کود کرنا، چھلانگ لگانا.

جُستُجو (ضم ج، سک س، ضم ت، و مع) صف.
ڈھونڈنے کا عمل، تلاش، ڈھونڈ ڈھانڈ، کھوج. [ف].

جستہ جستہ م ف. کم کم، تھوڑا تھوڑا، کہیں کہیں (ے).

جَسْٹِس (فت ج، سک س، کس ٹ) اند.
جج، منصف، حاکم عدالت، انصاف کرنے والا، عدالت العالیہ (ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ) کا جج. [انگ].

جَسَد (فت ج، س) اند.
جسم، تن، بدن. [ع].

جسدِخاکی (؟)

جِسْم (کس ج، سک س) اند.
۱. بدن، تن. ۲. وہ شے جو طول عرض اور عمق رکھتی ہو. [ع].

جِسمانی (کس ج، سک س) صف.
جسم سے منسوب یا متعلق، بدنی.

جسے (کس ج) م ف: ضمیر.
جس کو، کسی کو، اس کو.

جسے اللہ/خدا رکھے اسے کون چکھے کہاوت. (عو) جس کو اللہ صحیح سالم رکھنا چاہے اسے کون مار سکتا ہے. (مجازاً) حکم خدا کے بغیر کچھ نہیں ہوتا، موت زندگی خدا کے اختیار میں ہے.

جسے پیا چاہے وہی سہاگن کہاوت. جسے خاوند/حاکم پسند کرے اس کی سب خوشامد کرتے ہیں.

جَسِیم (فت ج، ی مع) صف.
تنومند جسم والا، تن و توش کا، موٹا، فربہ. [ع].

جَشن (فت ج، سک ش) امذ.
خوشی کی محفل؛ خوشی، عیش؛ عید یا تہوار کا دن. [ف].

جشن سیمیں امذ. جشن جو کسی واقعے کے بعد پچیس سال مکمل ہونے کی خوشی میں منایا جائے.

جشن طلائی امذ. تقریب یا خوشی جو کسی واقعے کے بعد پچاس سال مکمل ہونے پر منائی جائے.

جَعفَری (۱) (فت ج، سک ع، فت ف) (الف) است.
۱. ایک قسم کا زرد پھول، گیندے کا پھول. ۲. بانس کی پھچیوں یا لکڑیوں کی پٹیوں سے بنی ہوئی جالی دار دیوار یا ٹٹی. ۳. سونے کی بہترین قسم، طلائے خالص، کھرا سونا. (ب) صف. زرد، پیلے رنگ کا. [ع].

جَعفَری (۲) (فت ج، سک ع، فت ف) صف؛ امذ.
(شیعہ) اثنا عشری مسلک کے پیرو، حضرت امام جعفر صادقؒ کے پیروکار. [ع].

جَعفَرِیَّہ (فت ج، سک ع، فت ف، کس ر، شد ی بفت) صف؛ امذ.
ایک فرقہ جو حضرت امام جعفر صادقؒ کے مسلک پر عمل کرتا ہے. [ع].

جَعل (فت ج، سک ع) امذ.
۱. بنانا، کرنا، پیدا کرنا، تخلیق کرنا. ۲. فریب، بناوٹ، نقل کو اصل بنانا؛ بھیس تبدیل کرنا.

جعل ساز صف. فریبی، دھوکا دینے والا؛ مکار.

جعل سازی است. جعل ساز کا اسم کیفیت، دھوکا دہی، فریب دینا.

جَعلی (فت ج، سک ع) صف.
۱. جعل سے منسوب یا متعلق؛ کھوٹا؛ وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق بنا لیا ہو، مصنوعی، بناوٹی. ۲. گھڑی ہوئی، فرضی (حکایت، روایت، حدیث وغیرہ). [ع].

جُغادَری (ضم ج، فت د) صف.
۱. جگادری، عظیم الجثہ، لمبا تڑنگا؛ قد آور؛ بارعب؛ تندرست. ۲. (مجازاً) (بطور طنز) بڑا، زبردست، پرانا گھاگ، جہاں دیدہ.

جُغرافِیائی (ضم ج، سک غ، کس ف) صف.
۱. جغرافیہ سے منسوب یا متعلق، کسی خطۂ زمین اور اس کے مخصوص حالات اور کوائف سے متعلق. ۲. جغرافیے کا عالم، جغرافیہ دان.

جُغرافِیَہ (ضم ج، سک غ، کس ف، فت ی) امذ.
۱. علم جس میں زمین کی سطح شکل و صورت وغیرہ سے بحث ہوتی ہے. ۲. (مجازاً) کسی بھی مقام یا محل کی تصوراتی تفصیلات. ۳. کتاب جس میں زمین سے متعلق حالات ہوں. [یو: > ع].

جَفا (فت ج) است.
ظلم، ستم؛ زیادتی، ناانصافی. [ع].

جفا کار صف. ظالم، ستم گر، سفاک، بے رحم؛ (مجازاً) معشوق.

جفا کش صف. ۱. محنتی، مشقت کرنے والا. ۲. صابر، برداشت کرنے والا، ظلم سہنے والا.

جفا کشی است. ۱. محنت مشقت اُٹھانے کا عمل. ۲. ظلم برداشت کرنا.

جُفت (ضم ج، سک ف) امذ؛ است.
۱. (i) جوڑا، وہ عدد جو دو پر پورا پورا تقسیم ہو جائے (طاق کی ضد)، ہر شے جو دو ہوں. (ii) زن و شوہر، نر و مادہ، میاں بیوی یا نر و مادہ. ۲. جوڑا، ثانی، مقابل. ۳. جوتی کا جوڑا. ۴. ہل چلانے والے بیلوں کی جوڑی. [ف].

جفت ساز صف. جوڑیاں بنانے والا، جوتے بنانے والا، کاری گر، موچی.

جُفتی (فت ج، سک ف) است.
نر و مادہ کا جنسی ملاپ. [ف].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جَعْفَر (فت ج، سک ف) اند.
ایک علم کا نام جس میں حروف و اعداد کے ذریعے احوال غیب دریافت کرتے ہیں، حضرت امام جعفر صادق سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔ [ع]

جَکَڑ (فت ج، ک) است.
پکڑ، گرفت۔

جکڑ دینا ف مر: محاورہ. ۱.مضبوطی سے باندھ دینا، رشتہ استوار کرنا۔ ۲.کس دینا (پیچ وغیرہ)۔

جَکْڑنا (فت ج، ک، سک ڑ) ف ل.
کس کر باندھنا، مشکیں کسنا؛ گرفتار کرنا، پھانسنا۔ [س]۔

جَگ (۱) (فت ج) اند.
دنیا، جہان، عالم۔ [س]۔

جگ بیتی است. دنیا جہان کی سرگزشت، زمانے کے حالات و معاملات۔

جگ بھاتا صف. جو دنیا کو مرغوب ہو، جو اہل دنیا کو پسند آئے۔

جگ ہنسائی است. ذلت، رسوائی، بدنامی، دنیا میں برائی میں شہرت پانا. اف: کرنا / ہونا۔

جَگ (۲) (فت ج) اند.
صراحی، شیشے یا تام چینی یا چینی وغیرہ کا ظرف جس میں پانی، دودھ، شربت وغیرہ رکھا جاتا ہے۔ [انگ]۔

جُگ (ضم ج) اند.
۱.ہنود کے مجوزہ چار زمانوں میں سے ایک زمانہ. ۲.(i) (مجازاً) قرن، صدی، زمانۂ دراز. (ii) کافی لمبی مدت یا عرصہ. ۳.جوا (بَیل کا)۔ [س]۔

جگ جگ جیو/جی/جیوے/جیئے کلمۂ دعا. بڑی عمر پاؤ، ہمیشہ جیتے رہو۔

جُگادَری (ضم ج، فت د) صف: ←جُغادری.
۱.بڑا، عظیم الشان، وسیع و عریض. ۲.(i) عظیم الجثہ، لمبا تڑنگا. (ii) قد آور. ۳.پرانا گھاگ. ۴.عالم، فاضل، ماہر. ۵.زور آور، تندرست، بارعب. ۶.بڑا لمبا چوڑا، گھناور؛ قدیم، کہنہ۔ [س]۔

جُگاڑ (ضم ج) اند.
۱.ترکیب، جوڑ توڑ، تدبیر. ۲.سفارش اثر و رسوخ۔

جگاڑ نکالنا محاورہ. ۱.سفارش کروانا، اثر و رسوخ استعمال کرنا. ۲.کوئی تدبیر کرنا، ترکیب لڑانا۔

جُگاڑو (ضم ج، و مع) اند.
وہ شخص جو جگاڑ کرے، تیز اور چالاک آدمی، جوڑ توڑ کا ماہر۔

جُگالی (ضم ج) است.
مویشیوں کا چارے کو اپنے معدے میں سے نکال کر منھ میں چبانا۔

جگالی کرنا محاورہ. ۱.(مجازاً) بیکار بیٹھے ہوئے آدمی کا کوئی چیز (پان وغیرہ) چبائے جانا. ۲.(مجازاً) ذہن میں محفوظ چیز کو دوبارہ یادداشت میں لانا. ۳.(مجازاً) پان کے اگال یا پیک یا تھوک کے منھ میں بار بار گھمانے کا عمل۔

جَگانا (فت ج) ف م.
۱.بیدار کرنا، نیند سے اٹھانا، ہوشیار کرنا، خبردار کرنا. ۲.روشن کرنا، جلانا. ۳.پھیکے حروف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا. ۴.خواب سے باز رکھنا. ۵.رواج دینا، از سرِ نو تازہ کرنا. ۶.ترقی دینا، آگے بڑھانا، چمکانا، جلا دینا. ۷.جادو کو زور دار اور موثر بنانا اور قابو میں لانا۔

جَگَت (فت ج، گ) اند.
دنیا، سنسار، زمانہ۔ [س]۔

جگت استاد صف. اپنے فن کا ماہر، زمانے کا استاد۔

جُگَت (ضم ج، فت گ) است.
۱.دانائی، حکمت، کاری گری؛ چالاکی. ۲.(i) بات چیت، بول. (ii) ذومعنی بات، تلازمہ، لطیفہ. ۳.تدبیر، جوڑ توڑ، سازش۔ [س]۔

جِگَر (کس ج، فت گ) اند.
۱.وہ بستہ خون جو ہر جان دار کے پہلو میں ہوتا ہے اور خون کا مخزن کہلاتا ہے، اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام، کلیجا (کلیجی). ۲.(مجازاً) دل، من. ۳.(کسی چیز کا) اندرونی حصہ؛ مغز، گودا، ست، جوہر. ۴.بیچوں بیچ، وسط، مرکزی حصہ. ۵.چہیتا، پیارا، بیٹا وغیرہ، دلارا، لاڈلا، عزیز، جان. ۶.(مجازاً) ہمت، طاقت، حوصلہ، مجال، تاب، برداشت۔ [ف]۔

جگر تھامنا محاورہ. جگر پر ہاتھ رکھنا، بے قراری کی حالت میں کلیجہ

تھام لینا.

جگر چھلنی ہونا محاورہ. بہت زیادہ غم ہونا، بہت دکھ پہنچنا.

جگر کا ٹکڑا اند. بیٹا، فرزند، کلیجے کا ٹکڑا، لاڈلا، پیارا.

جگر گوشہ اند. ١. جگر پارہ، فرزند، جگر کا ٹکڑا. ٢. (نباتیات) پودوں کے اندرونی حصے.

جِگرا (کس ج، سک گ) اند.

ہمت، حوصلہ، دلیری، جرأت

جَگر جَگر (فت ج، گ، فت ج، گ) صف.

جگمگ، روشنی، چمک دمک. [س].

جِگری (کس ج، فت نیز سک گ) صف.

١. جگر سے منسوب یا متعلق؛ (مجازاً) سچا، پیارا، مخلص، گہرا، قریبی.
٢. اندرونی، دلی، گہرا.

جگری دوست قریبی اور مخلص ساتھی.

جَگْ مَگ (فت ج، سک گ، فت م) صف؛ است.

روشنی، چمک دمک، روشن، چمک دار. اف: کرنا / ہونا. [س].

جَگْ مَگانا (فت ج، کس گ، فت م) ف ل؛ ف م.

١. چمکنا، روشن ہونا. ٢. روشن کرنا، چمکانا.

جَگْ مَگاہَٹ (فت ج، سک گ، فت م، ہ) است.

چمک، دمک، جھلک، رونق، آب و تاب.

جُگْنُو (ضم ج، سک گ، و مع) اند.

ایک مشہور کیڑا جو برسات میں زیادہ نظر آتا ہے اور اس کی دم وقفے وقفے سے چمکتی رہتی ہے، کرمک شب تاب. [س].

جُگْنی (ضم ج، سک گ) است.

(موسیقی) ایک قسم کا گیت جو پنجاب میں گایا جاتا ہے، جوگن کا گیت. [مقامی]

جَگَہ (فت ج، گ) است.

١. ٹھکانہ، نشست. ٢. مقام، منصب. ٣. (i) گنجائش، وسعت. (ii) موقع، محل. ٤. بدلے، بجائے. ٥. عہدہ، اسامی. ٦. شہر، قصبہ، گاؤں؛ مکان، جھونپڑی. [س: ف].

جگہ بنانا محاورہ. ١. تھوڑا تھوڑا سرک کر کسی شخص کے بیٹھنے کے لیے جگہ خالی کرا دینا. ٢. (مجازاً) مقام حاصل کرنا.

جگہ جگہ م ف. ہر ایک جگہ، ہر جگہ، جہاں تہاں.

جگہ چھوڑنا محاورہ. ١. مقام خالی کرنا، جگہ سے ہٹ جانا. ٢. (عضو کا) مقام سے ہٹ جانا، (دانتوں کا) ڈھیلا ہو کر سرک جانا، خلا ہونا. ٣. لکھتے لکھتے کاغذ پر سفیدی یا خالی جگہ چھوڑنا، مقام چھوڑنا.

جَل (١) (فت ج) اند.

١. پانی، آب ٢. سردی، جاڑا. [س].

جل پری است. ایک خیالی مخلوق جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ پانی میں رہتی ہے، اس کا نصف نچلا جسم مچھلی کا ہوتا ہے اور باقی بالائی جسم عورت کا ہوتا ہے جو بہت خوب صورت بتائی جاتی ہے.

جل ترنگ اند نیز است. ١. پانی سے بھرے چینی کے پیالے جن کو تیلیوں / چوب سے ضرب لگا کر موسیقی پیدا کرتے ہیں. ٢. آب نے، حقے کے نیچے کی لکڑی کی نلی جس کا نچلا سرا پانی میں ڈوبا رہتا ہے اور اوپر کے سرے پر چلم رکھی جاتی ہے.

جل تھل اند. ١. بحر و بر، خشکی و تری، زمین جو پانی سے ڈھک جائے (بارش کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں)، پانی ہی پانی. ٢. (مجازاً) آنسو بکثرت بہنا.

جل ککڑ / ککڑی اند؛ است. ١. مرغ آبی. ٢. اندر ہی اندر کڑھنے والا، حاسد، بدمزاج، غصہ ور، مغلوب الغضب.

جَل (٢) (فت ج) ف ل.

جلنا سے ماخوذ، تراکیب میں مستعمل.

جل بھن کر م ف. بگڑ کر، بہت زیادہ کڑھ کر (رشک و حسد وغیرہ سے).

جل بھن کر (کے) رہ جانا محاورہ. تلملا کر رہ جانا، کچھ نہ کر سکنا، نہایت ناگوار گزرنا، بھسم ہو جانا.

جل بھن کر کباب ہو جانا / ہونا محاورہ. رشک و حسد کی شدت سے بہت زیادہ تکلیف میں ہونا، کڑھنا.

جل جانا ف مر؛ محاورہ. ١. آگ لگ جانا، جل کر خاک ہو جانا یا ختم ہو جانا. ٢. (مجازاً) رشک کرنا، حسد کرنا، کڑھنا.

جل کر راک (راکھ) کوئلہ ہونا محاورہ. ١. بالکل جل جانا، خاکستر

ہو جانا .۲. (مجازاً) جلنا ، حسد کرنا .

جُل (ضم ج) امذ .
فریب ، دھوکا ، جھانسا ، دم ، چال . [س] .

جَلَّ (فت ج ، شد ل بفت تیز بلا شد) صف .
(لفظاً) بزرگ ہوا ؛ (مراد) سب سے بڑا ، عظیم ، سب سے برتر و بزرگ (خدا) . [ع] .

جل تو جلال تو (صاحب کمال تو) آئی بلا کو ٹال تو دعائیہ کلمہ .
(عوام) خطرہ رفع کرنے کا دعائیہ کلمہ ، مصیبت یا کسی ناگوار بات سے بیزاری کے موقعے پر پڑھتے ہیں ، خدا سے دعا ہے کہ وہ بلاؤں سے محفوظ رکھے .

جلِ جلالہٗ کلمہ توصیف وتعظیم . اس کی عظمت اور بزرگی بڑی ہے (خدا کی تعریف) . [ع]

جَلا (۱) (فت ج) امذ .
ترک وطن ؛ دیس سے باہر نکالنا ، شہر بدر کرنا . [ع] .

جلا وطن (الف) امذ . دیس سے نکالنا ، شہر بدر کرنا ، وطن سے نکل جانا .
(ب) صف . دیس سے نکالا ہوا ، بن باسی ، شہر بدر .

جلاوطنی است . ہجرت ، وطن سے دوری ؛ دیس نکالا .

جَلا (۲) (فت ج) م ف ؛ صف مذ .
جلا ہوا ؛ تنگ آیا ہوا ، غصہ کی حالت ، غصیلا ، تیز طبیعت (مرکبات میں مستعمل) .

جلا بھنا صف . غصے میں بھرا ہوا ، ناراض ، تند مزاج ، رنجیدہ .

جِلا (کس ج) است .
چمک ، صیقل ، صفائی ، آب و تاب . [ع] .

جُلاب (ضم ج ، شد ل) امذ .
۱. دست آور دوا ، مسہل .۲. دست ، اسہال ، (پانی جیسا) پاخانہ . [ع > ف] .

جَلاپا (فت ج) امذ .
۱. جلن ، کڑھن ، رنج .۲. رشک ، حسد ، سوکنوں کی جلن .

جَلّاد (فت ج ، شد ل) صف ؛ امذ .
۱. (لفظاً) درے لگا کر کھال اُتار دینے والا ، گردن مارنے والا ، پھانسی دینے والا ، قاتل .۲. ظالم ، بے درد ، سنگ دل . [ع] .

جَلال (فت ج) امذ .
۱. عظمت ، بڑائی ؛ (خدا کی) صفت قہاری .۲. شان و شوکت ، رعب داب ، وجاہت .۳. قہر .۴. تیزی ، سختی ، تندی . [ع] .

جَلالَت (فت ج ، ل) است .
بزرگی ، عظمت ، رعب داب . [ع] .

جَلالی (فت ج) صف .
۱. جلال سے منسوب یا متعلق ، جلال والا ، بزرگی والا .۲. (i) دعا ، عمل یا تعویذ جس میں شان قہاری ظاہر ہونے کی خواہش ہو . (ii) صفت الٰہی جس میں شان غضب کا اظہار ہو ، (جمالی کی ضد ؛ جیسے قہاری) .
۳. غضب ناک ، پر حشمت .

جَلانا (فت ج) ف م .
۱. (i) آگ لگانا . (ii) روشن کرنا (چراغ وغیرہ) .۲. (مجازاً) غصہ دلانا ، بھڑکانا .۳. (مجازاً) حسد یا رشک میں مبتلا کرنا .۴. (مجازاً) رنج پہنچانا ؛ دق کرنا ، ستانا .

جِلانا (کس ج) ف م .
۱. مردے کو زندہ کرنا ، جان ڈالنا ، زندگی دینا .۲. (مجازاً) تازگی بخشنا ، سرسبز کرنا .۳. مرنے نہ دینا ، موت سے بچانا ، زندہ رکھنا .۴. دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اصلی حالت پر لے آنا .۵. چمکانا ، شفاف کرنا .

جُلاہ/جُلاہا (ضم ج) امذ .
۱. پارچہ باف ، نور باف ، کپڑا بننے والا .۲. احمق ، بے وقوف . [ف ؛ س] .

جَلْبَلانا (فت ج ، سک ل ، فت ب) محاورہ .
طیش میں آجانا ، بری طرح ناراض ہو جانا ، برہم ہونا .

جَلْتا (فت ج ، سک ل) صف .
جلنا کا حالیہ ناتمام ، جلتا ہوا ، روشن ہوتا ، آگ ہونا ؛ مشتعل ہونا .

جَلْتی (فت ج ، سک ل) است .
جلنا سے حالیہ ناتمام ، (مرکبات میں مستعمل) .

جلتی پر تیل کا کام دینا/ کرنا محاورہ . لڑائی کو اور زیادہ بڑھاوا دینا ، جھگڑے فساد کو شہ دینا .

جَلْتے (فت ج، سک ل) صف.

جلنا سے حالیہ ناتمام، (مرکبات میں مستعمل).

جلتے توے ہو بیٹھنا محاورہ. کڑی آزمائش سے گزرنا، بے حد یقین دلانے کے لیے آزمائش قبول کرنا.

جَلْد (فت ج، سک ل) م ف.

بلاتوقف، بلا تاخیر، فوراً، بہ عجلت، جلدی سے، جھٹ پٹ. [ع].

جلد باز صف. ۱. جلدی کرنے والا، بے موقع عجلت کرنے والا، اتاؤلا. ۲. جلد دست، تیز دست، پھرتیلا، چالاک.

جلد بازی است. جلد باز کا کام، عجلت پسندی.

جِلْد (کس ج، سک ل) است.

۱. جاندار کے جسم کا بیرونی حصہ (سطح)، چمڑی، کھال، خول، پوست، چام. ۲. (i) کتاب کی مجموعی ہیئت، کئی حصوں میں چھپی ہوئی کتاب کے سیٹ میں سے ایک حصہ، کسی کتاب کا ایک نسخہ. (ii) کتاب کی جز بندی اور سلائی وغیرہ (پٹھوں کی بندش کے ساتھ)، پوشش. [ع].

جلد بندی / سازی است. (کتاب وغیرہ کی) جلدیں بنانے کا پیشہ یا کام.

جَلْدی (فت ج، سک ل) (الف) م ف.

تیزی سے، عجلت سے، فوراً، پھرتی. (ب) است. ۱. شتابی، عجلت، پھرتی؛ گھبراہٹ. ۲. تیزی، تیز رفتاری، سبک روی. اف: کرنا/ ہونا.

جلدی (کا) کام شیطان کا کہاوت. کام سہولت سے کرنا چاہیے، جلدی سے کام بگڑ جاتا ہے.

جلدی کا کام شیطان کا اور دیر کا کام رحمان کا کہاوت. کام سہولت سے کرنا چاہیے، جلدی سے کام بگڑ جاتا ہے.

جلدی مچانا محاورہ. کسی کام کے جلد ہونے پر اصرار کرنا، عجلت سے کام لینا، جلدی کرنا.

جِلْدی (کس ج، سک ل) صف.

جلد سے منسوب یا متعلق، (تراکیب میں مستعمل).

جلدی امراض امذ، ج. بیماریاں جن کا تعلق جلد سے ہے، پھوڑے، پھنسیاں وغیرہ.

جَلْسَہ (فت ج، سک ل، فت س) امذ.

۱. (i) نشست، بیٹھک. (ii) (مجازاً) اجتماع جو سماجی، قومی، سیاسی یا دیگر مقاصد کے لیے کیا جائے، میٹنگ، اجلاس. ۲. (i) ناچ رنگ کی محفل. (ii) ناٹک کا کھیل یا قصہ، تھیٹر. ۳. (فقہ) نماز میں سجدہ کرنے کے بعد پہلی مرتبہ بیٹھنا. [ع].

جلسہ کرنا محاورہ. ۱. نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان ذرا سی دیر کو سیدھا بیٹھنا. ۲. ٹھہرنا، بیٹھنا. ۳. محفل منعقد کرنا، مجلس لگانا.

جلسہ گاہ است. وہ جگہ جہاں جلسہ منعقد ہو.

جَلَن (فت ج، ل) است.

۱. سوزش، تپش، جلنے کی کیفیت. ۲. (مجازاً) حسد، رشک، کینہ.

جلن نکالنا محاورہ. کینہ نکالنا؛ دشمنی نکالنا.

جَلْنا (فت ج، سک ل) ف ل.

۱. (i) روشن ہونا، آگ لگنا، سلگنا. (ii) (مجازاً) مشتعل ہونا، غصے سے بھڑک اٹھنا. ۲. جھلسنا، بھننا؛ (مجازاً) گرم ہونا، تپنا. ۳. راکھ ہو جانا، سوختہ ہو جانا. ۴. (مجازاً) حسد کرنا، رشک کرنا؛ حسد اور رشک سے تکلیف میں مبتلا ہونا. ۵. (مجازاً) مرچ یا کسی تیز چیز (کے کھانے) سے زبان میں چرپراہٹ ہونا. ۶. (مجازاً) رنج و غم میں گھلنا؛ اذیت میں مبتلا ہونا. ۷. (موسم کے اثر سے نباتات کا) کمھلا جانا، سوکھ جانا. ۸. (مجازاً) ناپسند کرنا، نفرت کرنا. ۹. داغ لگنا (کسی چیز سالن، ترکاری وغیرہ کا جلنا). [س].

جِلَو (کس ج، ولین) است.

ہمراہی، ساتھ، معیت. [ع].

جَلْوا (فت ج، سک ل) امذ.

سامنے آنا، نمائش، کسی خاص طرز سے خود کو ظاہر کرنا، نمودار ہونا.

جَلْوَت (فت ج، سک ل، فت و) است.

مجمع، جگہ جہاں تنہائی نہ ہو، خلوت کی ضد. [ع].

جُلُوس (ضم ج، ومع) امذ.

۱. شاہانہ حشم، امیروں اور بادشاہوں کی سواری، سواری کے ٹھاٹھ باٹ

اور کروفر .۲.ساز و سامان ، ٹھاٹ باٹ .۳.آدمیوں یا گاڑیوں کا منظم طور پر آگے بڑھتا ہوا ریلا (کسی خاص دن کی تقاریب یا احتجاج کے لیے). [ع].

جَلْوَہ (فت ج، سک ل، فت و) اند.
۱.(i) نمائش ، نظارہ ، اپنے آپ کو خاص انداز سے دکھانا ، سامنے آنا.
(ii) ظہور ، رونق ، جھلک .۲.دیدار ، تجلی نور. [ع].

جلوہ افروز صف. ظاہر، رونق افروز ، کسی مجلس میں تشریف فرما؛ بلند مرتبہ آدمی.

جلوہ گر صف. ۱.نمودار ، ظاہر، نمایاں ہونا ، رونق بخش .۲.رونق کا سبب ، ظاہر، روشن . اف: کرنا / ہونا.

جَلی (۱) (فت ج) صف.
۱. واضح ، روشن ، آشکار ، ظاہر (خفی کی ضد). اف : ہونا .۲.موٹی لکھائی ، کتابت کی اصطلاح میں عام طور پر بڑے حرفوں میں لکھی ہوئی تحریر، موٹے حروف. [ع].

جلی خط / قلم اند، امث. (خطاطی) معمول سے زیادہ حسب ضرورت چوڑی نوک کا قلم جس سے موٹے اور روشن حرف لکھے جائیں (بخلاف خفی قلم)، چوڑے خط والا قلم.

جَلی (۲) (فت ج) صف.
جلا کی تانیث ، (تراکیب میں مستعمل)؛ تیز، چرپری (جس سے مرچیں لگ جائیں).

جلی کٹی صف مث. رشک و حسد والی ، غصہ میں بھری ہونا ، ناراض (تراکیب میں مستعمل).

جلی کٹی سنانا/ سنوانا محاورہ. ایسی باتیں کرنا جن سے رشک و حسد یا عداوت ظاہر ہو، بغض یا بیر کی باتیں سنانا، سخت ناگوار باتیں کرنا.

جَلے (فت ج) صف.
جلا کی جمع یا مغیرہ حالت ، (تراکیب میں مستعمل).

جلے پاؤں کی بلی (الف) امث. ۱.(مجازاً) بے چین بے قرار عورت ، (عو) (مجازاً) عورت جو ایک جگہ نہ ٹھہرے ، گھر گھر پھرنے والی عورت . (ب) صف. آوارہ گرد؛ مضطر، بیقرار ، بے چین.

جلے پر نمک چھڑکنا محاورہ. مصیبت زدہ کی مصیبت کو اور زیادہ کرنا.

جلے پھپھولے پھوڑنا محاورہ. جلی کٹی باتیں کرکے دل کی بھڑاس نکالنا، شکایت آمیز باتوں سے دل کا غبار نکالنا، عداوت نکالنا.

جلے کو جلائیں گے نون مرچیں لگائیں گے فقرہ. رنجیدہ شخص کو اور رنج دینے کے موقع پر کہتے ہیں.

جَلیبی (فت ج، ی مع) امث.
ہند و پاک کی ایک قسم کی مشہور مٹھائی جو بل والی ہوتی ہے اور تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے. [ف + ع].

جلیبی کی طرح سیدھا ہونا محاورہ. (طنزاً) تیز ہوشیار شخص.

جَلیس (فت ج، ی مع) صف.
ساتھ بیٹھنے والا ، ہم نشیں ، ساتھی ، مصاحب. [ع].

جَلیل (فت ج، ی مع) صف.
۱. بزرگ ، بڑا ، شان دار؛ اعلیٰ، افضل .۲.خداوند عالم کا ایک صفاتی نام. [ع]

جلیل القدر صف. نہایت معزز ، بڑی شان والا ، بڑے رتبے والا ، عالی مرتبہ.

جَم (۱) (فت ج) اند.
ہمیشہ.

جم جم م ف. ۱.نت نت ، ہمیشہ .۲.شوق سے ، خوشی سے .۳.سلامتی اور دولت و اقبال کے ساتھ .۴.خدا یونہی کرے ، خدا کرے ایسا ہی ہو .۵.ہر لحظہ، ہر وقت، (مجازاً) ضرور، درحقیقت .۶.خدا مبارک کرے، خدا کرے.

جم جم آؤ فقرہ. ۱.(دعائیہ) خوشی کے ساتھ آؤ ، بسر و چشم تشریف لاؤ، خوش آمدید .۲.مبارکی و سلامتی کے ساتھ آؤ ، اہلاً و سہلاً.

جم جم جیو فقرہ. (دعائیہ) ہمیشہ زندہ رہو، سدا سلامت رہو، طویل عمر پاؤ.

جَمّ (۲) (فت ج، شد م) اند.
تعداد کثیر، ہجوم، گروہ، اژدہام، جمگھٹ، انبوہ، بھیڑ، بہت، جمع. [ع]

جم غفیر اند. بڑا ہجوم ، انبوہ کثیر، بہت بڑا اژدہام، عوام و خواص کا کثیر اجتماع.

جَم (۳) (فت ج)
جمنا سے ماخوذ ، (تراکیب میں مستعمل).

جم جانا ف مر. محاورہ. ۱. بیٹھنا ، رہ جانا ، ٹھہر جانا. ۲. قائم ہونا ، مضبوط ہونا ، جڑ پکڑنا. ۳. (عادت وغیرہ کا) مستحکم ہو جانا. ۴. مستقل قائم ہو جانا ؛ اٹل ہونا. ۵. ڈٹ جانا ، مقابلہ پر آنا ، ثابت قدم رہنا. ۶. یکجا ہونا. ۷. منجمد ہو جانا ، بستہ ہونا. ۸. ایک حالت پر ٹھہر جانا. ۹. کامیاب ہونا. ۱۰. ذہن نشیں ہونا ، دل میں بیٹھ جانا (بات وغیرہ کا).

جَماد / جَمادات (فت ج) اند ؛ ج.
۱. بے جان چیزیں ، غیر نمو پذیر اشیاء ، پتھر ، پہاڑ ، زمین وغیرہ. ۲. (مجازاً) بے حسی ، جمود ، مادی چیزیں جو یکساں حالت پر ہوں اور جن میں نمو نہ پایا جاتا ہو ، دھات ، معدنیات وغیرہ. ۳. زمین جہاں بارش نہ ہوئی ہو ، خشک سالی. [ع].

جَمادیٰ (فت ج ، ابشکل ی) اند.
قمری سال کے دو مہینوں کا نام ، جمادی الاوّل / پانچواں مہینہ و جمادی الثانی چھٹا قمری مہینہ. [ع].

جمادی الاوّل اند. اسلامی سن ہجری کا پانچواں قمری مہینا. [ع].

جمادی الثانی/الثانیہ اند. اسلامی سال ہجری کا چھٹا قمری مہینا. [ع].

جِمار (کس ج) اند.
وہ سنگریزے جنھیں حجاج مناسک حج ادا کرنے میں مقررہ و متعینہ مقامات پر پھینکتے ہیں (اس عمل کو رمی جمار بھی کہتے ہیں). [ع].

جِماع (کس ج) اند.
(لفظاً) باہم ملنا ، پیوست ہونا ؛ مجامعت ، مباشرت ، ہم بستری. [ع].

جَماعَت / جماعة (فت ج ، ع) است.
۱. گروہ ، جتھا. ۲. نماز پڑھنے والوں کی صف یا قطار ، ساتھ نماز ادا کرنا. ۳. فریق ، طبقہ. ۴. (i) برادری ، ذات ، قوم. (ii) پنچائت ، پنچ. ۵. تنظیم ، ادارہ ، پارٹی. ۶. درجہ ، کلاس (مدرسہ وغیرہ کی). [ع].

جَمال (فت ج) اند.
حسن ، خوب صورتی ، روپ. [ع].

جَمال گوٹا/ گوٹه (فت ج ، وج) اند.
ایک گرم اور خشک پھل جو بطور دوا جلاب کے لیے استعمال کیا جاتا ہے. [س].

جَمالی (فت ج) صف.
۱. (i) جمال کی طرف منسوب (جلالی کی ضد) ؛ شان رحمت کی تجلی ، منسوب بہ جمال الٰہی. (ii) جمال بمعنی خوبی اور حسن کی طرف منسوب.

جَمالیات (فت ج ، کس ل) است.
۱. وہ علم جس میں حسین چیزوں کے پرکھنے کے اصول و اقدار سے بحث ہوتی ہے ، حسن شناسی ؛ فنون لطیفہ کا علم. [ع].

جَمانا (فت ج) ف م.
۱. جم جانا ، منجمد کرنا. ۲. ذہن نشین کرنا. ۳. (i) ترتیب سے لگانا ، سجا کر رکھنا ، سجانا ، تزئین کرنا ، سلیقے سے یا ڈھنگ سے رکھنا. (ii) برپا کرنا ، ترتیب دینا. (iii) رونق دینا ، رنگ جمانا (انجمن وغیرہ کے ساتھ). ۴. مارنا ، رسید کرنا (جوتے کے یا لات وغیرہ کے ساتھ). ۵. (i) قائم کرنا ، پیوست کرنا. (ii) قائم رکھنا. ۶. (قدم) احتیاط سے رکھنا ، (ٹھہر ٹھہر کر) چلنا. ۷. ڈھیر لگانا ، انبار کرنا. ۸. رکھنا ، درست کرنا ، منڈھنا ، دبا کر بٹھانا.

جَماؤ (فت ج ، وج) اند.
۱. ایک جا مرکوز کرنا / ہونا ، (توجہ وغیرہ کا) ارتکاز. ۲. انجماد ، بستگی.

جَماہی / جَمائی (فت ج) است.
انگڑائی ، جسم میں ذرا تناؤ آ کر منہ کھول کر سانس لینا.

جَمبو (فت ج ، سک م ، ومع) صف ، اند.
بہت بڑا ، بہت بڑی بھدی چیز (عموماً) کوئی دیو قامت چیز. [انگ].

جَمْپَر (۱) (فت ج ، سک م ، فت پ) اند.
جسم کے بالائی حصے پر پہنے جانے والا ایک زنانہ لباس جس کی وضع قطع طرح طرح کی ہوتی ہے. [انگ].

جَمْپَر (۲) (فت ج ، سک م ، فت پ) اند.
(برقیات) برقی سلسلہ کو ملانے اور منقطع کرنے والا چھوٹا تار. [انگ]

جِمْ خانَہ (کس ج ، سک م ، فت ن) اند.
کلب ، مختلف کھیل اور تفریح کی جگہ ، ہم خیال لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ. [انگ].

جَمَرات (فت ج ، م) اند.
(جمرہ کی جمع) ، جگہ جہاں حج کے دوران شیطان کو کنکریاں مارتے

ہیں جو حج کا رکن ہے . [ع] .

جمع (فت ج ، سک م) است .

ا . (i) کل ، تمام . (ii) میزان ، جوڑ ، چند رقموں کا مجموعہ . (iii) (ریاضی) دو یا اس سے زیادہ عددوں کو ایک جگہ جوڑ کر ان کی میزان نکالنے کا طریقہ (جس کی علامت + ہوتی ہے) . ۲ . (صرف) واحد کی جمع . ۳ . پونجی ، نقد . ۴ . اکٹھا ، یکجا ، فراہم ، فراہمی ، یکجائی . [ع] .

جمع الجمع است . (صرف) جمع کی جمع .

جمع پونجی است . ا . نقد و جنس ، املاک منقولہ . ۲ . اصل سرمایہ ، مال و متاع

جمع جتھا است . جمع پونجی ، نقد جنس ، املاک منقولہ .

جمع خاطر است . اطمینان ، تسلی ، دل جمعی .

جمع (و) خرچ اند . ا . (تجارت) وہ کاغذ جس میں آمدنی و خرچ اکٹھا ایک جگہ لکھا جائے . ۲ . آمدنی اور صرف کا حساب . ۳ . جمع رقم کا گوشوارہ . ۴ . (ہندو) تمام ، بالکل .

جَمعدار (فت ج سک م ، فت ع) اند .

ا . فوج کا ایک چھوٹا افسر ؛ پولیس کا سپاہی ، داروغہ سے دوسرے درجہ پر .
۲ . خاکروب ، بھنگی . [ ] .

جَمعَدارنی (فت ج ، سک م ، فت ع ، سک ر) است .

جمعدار کی تانیث ، بھنگن .

جُمعِرات (ضم ج ، فت نیز کس بخ م ، سک ع) است .

جمعہ سے ایک دن پہلے کا روز ، پنج شنبہ .

جمعرات بھری مراد فقرہ . گداگروں کی صدا ؛ (مجازاً) جمعرات کا دن مرادیں پوری ہونے اور دعا قبول ہونے کا دن ہوتا ہے (اس لیے خیرات کرنے کا دن ہے) .

جُمعَہ (ضم ج ، سک م ، فت ع) اند .

ا . جمعرات کے بعد کا دن ، یوم آدینہ ، شکروار . ۲ . (مجازاً) نماز جمعہ . [ع]

جمعہ جمعہ آٹھ دن (کی پیدائش) کہاوت . چند روز ، بہت کم مدت ، کم عمر ؛ (کسی شخص کی ناتجربہ کاری ظاہر کرنے کے لیے طنز و حقارت کے محل پر کہتے ہیں .

جَمعِیَّت (فت ج ، سک م ، کس ع ، شدی بفت) است .

ا . اطمینان ، سکون قلب ، تسکین . ۲ . (مجازاً) سپاہ ، فوج ، دستہ . ۳ . گروہ ، جماعت ، مجمع . ۴ . تعداد . [ع] .

جَمگھٹ (فت ج ، سک م ، فت گھ) است .

ا . ہجوم ، مجمع ، انبوہ ، بھیڑ . ۲ . کسی چیز کی بہت زیادہ تعداد یا مقدار ، ہلا ، ریلا . [س] .

جَمگھٹا (فت ج ، سک م ، فت گھ) اند .

ہجوم ، مجمع ، انبوہ ، بھیڑ . [س] .

جَمَل (فت ج ، م) اند .

نر اونٹ . [ع] .

جُمَل (ضم ج ، فت م) صف ؛ اند .

ا . حروف ابجد کے اعداد کا حساب جس سے مادہ تاریخ نکالتے ہیں .
۲ . حسین ، خوبصورت . [ع] .

جُملَہ (ضم ج ، سک م ، فت ل) (الف) صف .

تمام ، کل ، پورا ، میزان کل . (ب) اند . ا . (i) فقرہ جو مطلب ادا کرے ، کلام . (ii) (قواعد) ہر ایک جملہ جو نحو میں مختلف صفات کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے ، (جیسے : اسمیہ ، شرطیہ ، قسمیہ ، ندائیہ وغیرہ) .
۲ . (ریاضی) علامات کا مجموعہ جو کسی مقدار کو ظاہر کرے . [ع] .

جملہ کسنا محاورہ . آوازہ کسا جانا ، پھبتی کسی جانا ، طنز سے کچھ کہا جانا ، چوٹ کرنا .

جَمنا (فت ج ، سک م) ف ل .

ا . (کسی سیال شے کا) منجمد ہونا . ۲ . رنگ یا کائی کا اکٹھا ہو جانا . ۳ . (نظر وغیرہ کا) ٹکنا یا رک جانا ، ٹھہر جانا ، مرکوز رہنا . ۴ . (محفل یا مجلس) جاری رہنا ، رونق قائم رہنا . ۵ . ذہن میں بیٹھ جانا ، جاگزیں ہونا . ۶ . جگہ پکڑ لینا ، چپکنا (نقش وغیرہ کا) ، چسپاں ہونا . ۷ . (i) کوئی کام مستقل مزاجی سے کرنا ، مسلسل یا لگاتار کرنا . (ii) ڈٹ جانا [س] .

جِمنازِیَم (کس ج ، سک م ، کس ز ، فت ی) است ؛ اند .

مقام جہاں جسمانی ورزش کی جاتی ہے ، ورزش گاہ . [انگ] .

جِمناسْٹِک (کس ج، سک م، س، کس ٹ) امث.
جسمانی تربیت (ورزش) کا ایک طریقہ جو زیادہ تر اہل یونان سے معلوم ہوا، اردو میں عام ورزش جسمانی اور کسرت کے معنوں میں مستعمل) ہے، ورزشی کھیل کود، جسمانی کرتب. [انگ].

جُمُود (ضم ج، و مع) امذ.
۱. (i) منجمد ہونے کی حالت، سختی، جماؤ. (ii) (طبیعیات) مادے کی وہ خاصیت کہ اگر وہ خارجی قوت سے متاثر نہ ہو تو ساکن رہے گا، یا ایک خط مستقیم میں مساوی رفتار سے حرکت کرے گا، بے حرکتی. ۲. (مجازاً) کاہلی، سستی، بے حسی، تعطل. [ع].

جُمْہُور (فت نیز ضم ج، سک م، و مع) امذ.
عوام، پبلک، تمام لوگ، اکثریت. [ع].

جُمْہُوری (فت نیز ضم ج، سک م، و مع) صف.
جمہور سے منسوب یا متعلق، عوامی.

جُمْہُورِیَّت (فت نیز ضم ج، سک م، و مع، کس ر، فت ی) امث.
عوامی حکومت؛ جمہور سے منسوب، (اصطلاحاً) طرز حکومت جس میں بادشاہ کے بجائے عوامی نمائندے حکومت کے کام انجام دیں اور حاکم اعلیٰ اور اقتدار جمہور کے نمائندوں کو حاصل ہو.

جُمْہُورِیَہ (فت نیز ضم ج، سک م، و مع، کس ر، فت ی) امث.
ایسی ریاست جس میں اصلی اقتدار عوام یا ان کے منتخب نمائندوں کو حاصل ہو. [ع].

جَمِیع (فت ج، ی مع) صف.
کل، مجموع، تمام، سب. [ع].

جَمِیل (فت ج، ی مع) صف.
۱. خوبصورت، حسین، شکیل. ۲. اچھا، پسندیدہ. ۳. اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام. [ع].

جِن (کس ج) ضمیر موصولہ.
جس کی جمع، جن چیزوں، جن کاموں.

جِنّ (کس ج، شد ن نیز سک ن) امذ.
۱. (لفظاً) پوشیدہ، چھپا ہوا، (مجازاً) ایک پوشیدہ مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی ہے. ۲. مستقل مزاج شخص، ایسا شخص جو کسی کام میں تن دہی سے جٹا رہے، ثابت قدم، ضدی. ۳. (مجازاً) مضبوط یا زور آور شخص؛ غصہ، غضب. [ع].

جن چڑھنا ف مر؛ محاورہ. ۱. جن کا کسی انسان پر قابض ہو جانا، آسیب کا خلل ہونا. ۲. (مجازاً) غضبناک ہونا، طیش آنا، بہت زیادہ غصہ کرنا. ۳. (مجازاً) کسی چیز کا خبط ہونا، سودا ہونا.

جَنا (۱) امذ.
تنفس، شخص، فرد، آدمی. [س].

جَنا (۲) (فت ج) صف؛ امذ.
جنا ہوا، اولاد، لڑکا، زادہ، پیدا شدہ.

جَناب (فت ج). (الف) امث.
(کلمہ خطاب) آستانہ، درگاہ، بارگاہ، چوکھٹ؛ جائے پناہ. (ب) صف. (تعظیماً) نام سے پہلے حضرت یا قبلہ کی جگہ. (اہل تشیع) مجتہد، فقیہ و جید عالم دین. (ج) ضمیر تعظیمی. آپ یا حضور کی جگہ (اکثر طنزاً). [ع].

جناب عالی صف؛ امذ. (احترام کے لیے بزرگوں سے خطاب کا کلمہ).

جَنابَت (فت ج، ب) امث.
ناپاکی، نجاست، وہ حالت جس میں غسل واجب ہو. [ع].

جِنّات (کس ج، شد ن) امذ؛ ج.
جن کی جمع، اجنہ. [ع].

جِنّاتی (کس ج، شد ن) صف.
جنات سے منسوب یا متعلق، سمجھ میں نہ آنے والا، پیچیدہ، عجیب وغریب.

جِنازا / جَنازَہ (کس نیز فت ج / فت ز) امذ.
میت؛ تابوت یا تختہ جس پر مردے کو لے جاتے ہیں. [ع].

جنازا/جنازہ نکلنا محاورہ. جنازے کو گھر سے باہر لے جانا، (کنایۃً) لڑکی کو وداع کے وقت کہا جاتا ہے کہ جہاں تم بیاہ کے جا رہی ہو وہاں سے مر کر نکلنا، ساری زندگی تباہ کرنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جَناں (فت ج) اند (قدیم).

جنا (= فرد وغیرہ).

جِناں (کس ج) اند : ج (اردو میں بطور واحد مستعمل).

جنت ، بہشت . [ع].

جُنُب / جُنُبی (ضم ج ، ن) صف.

شخص جس پر اخراج منی کی وجہ سے غسل واجب ہو ، ناپاک شخص . [ع].

جُنبش (ضم ج ، سک م بشکل ن ، کس ب) است.

حرکت ، ہلنا جلنا ، گردش . اف : دینا/کرنا/ ہونا . [ف].

جَنّت (فت ج ، شد ن بفت) است.

(اسلام) مرنے کے بعد صاحب ایمان نیکوکاروں کا مسکن جہاں ایسی نعمتیں موجود ہیں جو اچھے اعمال کرنے کے سبب وہاں ملیں گی ، فردوس ، بہشت . [ع].

جنت ارضی است . (مجازاً) خوبصورت جگہ ، خوش نما مقام ، ایسی سرزمین جو جنت کی طرح خوبصورت ہو .

جنت البقیع است . مدینہ منورہ کا مشہور قبرستان .

جنت الفردوس است . جنت کا ساتواں یا آٹھواں درجہ ، فردوس .

جنت مکان/ مکانی صف . جس کا مسکن جنت ہو ، مرحوم و مغفور ، مرنے کے بعد یاد کرنے کا دعائیہ لقب .

جنت نظیر صف . جنت جیسا ، دلکش ، مثل جنت .

جَنتا (فت ج ، سک ن) است.

عوام ، قوم ، بہت سے آدمی ، گروہ ، بھیڑ ، مجمع . [س].

جَنتر (فت ج ، سک ن ، فت ت) اند.

تعویذ ، گنڈا ، جادو ، طلسمی نقشہ ، منتر ، سحر ، ٹونا (اکثر منتر کے ساتھ) . [س]

جنتر منتر اند . ۱. (i) ٹونا ، افسوں ، جھاڑ پھونک . (ii) نظر بندی ، بازی گری ، شعبدہ بازی ؛ مکاری ، فریب کاری ، دھوکے بازی .

جَنتری (فت ج ، سک ن ، فت ت) است.

تقویم جس میں منجم ستاروں کی گردش نظام سالانہ مع تاریخ و سنہ لکھتے ہیں . [س]

جَنّتی (فت ج ، شد ن بفت) صف.

۱. جنت سے منسوب یا متعلق ، جنت کا ، جنت میں جانے والا ، بہشت کا رہنے والا . ۲. (مجازاً) بھولا ، سیدھا سادھا ، نیک .

جَنجال (فت ج ، سک ن) اند ؛ است.

۱. مصیبت ، آفت ، پریشانی ، الجھن . ۲. بکھیڑا ، جھنجھٹ . [س].

جُنجَھلاہَٹ (ضم ج ، سک ن ، سک نیز فت جھ ، فت ہ) است.

دیکھیے : جھنجھلاہٹ ؛ غصہ ، چڑچڑاپن ، کڑھن .

جَنرَل (فت ج ، سک ن ، فت ر) . (الف) صف.

۱. عام ، سب کا ، جس میں کسی کل کے تمام یا اکثر اجزا شامل ہوں جسے پورے یا اکثر اختیارات حاصل ہوں ، (اکثر تراکیب میں مستعمل) ۲. بعض عہدوں کے آخر میں آتا ہے اور کلی یا اعلیٰ کے معنی دیتا ہے (جیسے گورنر جنرل ، اٹارنی جنرل وغیرہ) . (ب) اند . اعلیٰ فوجی عہدہ جو کرنل سے اونچا ہوتا ہے ، فوج کا اعلیٰ عہدیدار یا سردار ، سب سے بڑا یا بڑے رتبے کا فوجی افسر . [انگ].

جَنریٹر (فت ج ، سک ن ، ی مج ، فت ٹ) اند.

گیس ، پٹرول یا ڈیزل سے بجلی پیدا کرنے کی مشین . [انگ].

جِنس (کس ج ، سک ن) است.

۱. قسم ، طرح . ۲. نسل ، نوع ، ذات . ۳. (کاشت کاری) اناج ، غلہ پھل وغیرہ کی پیداوار . ۴. کھانے پکانے کی چیزیں ، (جیسے: آٹا ، دال گھی ، شکر اور دوسرے لوازمات) ، کچی خوراک . ۵. تذکیر و تانیث یا مادہ . ۶. نر و مادہ میں قربت کی خواہش ، شہوت ، باہمی ملاپ . [ع]

جِنسی (کس ج ، سک ن) صف.

جنس سے منسوب یا متعلق ، بنی نوع یا نسل کا ، شہوانی ، مرد اور عورت کے ایک دوسرے کے میلان کے متعلق . [ع].

جَنگ (فت ج ، غنہ) است.

لڑائی ، معرکہ ، رزم . ۲. پرخاش ، مخالفت ، مخاصمت ، دشمنی . ۳. جھگڑا ، فساد . [ف]

جنگ بندی است . معاہدہ جس سے جنگ روکی جائے ؛ جنگ بند ہونے کی حالت یا کیفیت .

جنگ جو / جنگجو صف.

۱. لڑنے والا ، جنگ کرنے والا ، بہادر ۲. لڑاکا ، جھگڑالو ، جو لڑنے جھگڑنے پر تلا ہو .

جنگ و جدل اند؛ است. لڑائی، معرکہ.

جَنْگل (فت ج، غنہ، فت گ) اند.

۱. وہ لمبا چوڑا میدان جہاں خود رو درخت گھاس اور جھاڑ جھنکاڑ یا ریگستان ہو، صحرا، بیابان، درختوں کی کثرت. ۲. آبادی سے دور جگہ جہاں کھیتی باڑی ہوتی ہو یا چوپائے چرتے ہوں؛ ویرانہ، ویران جگہ. ۳. غیر مزروعہ زمین، بنجر زمین. ۴. (مجازاً) بہتات، افراط. [س].

جنگل کا قانون اند. لاقانونیت، بے قاعدگی کا عمل، وحشیانہ عمل دخل، بے تکے طور طریقے.

جنگل میں منگل اند. ویرانے میں رونق چہل پہل یا عیش نشاط کا ساماں، خوشی اور عشرت کا دور دورہ.

جنگل میں مور ناچا کس نے (تماشا) دیکھا کہاوت. باہر کچھ ہی کیا کرو جب اپنے وطن میں کچھ کرو تو ہم سمجھیں کہ ہاں کچھ کیا، جب کوئی شخص اپنی دولت کا صرف کسی ایسی جگہ کرے جہاں ابنائے وطن یا عزیز و اقارب اسے نہ دیکھ سکیں تو کہتے ہیں.

جَنْگلا (فت ج، غنہ، سک گ) اند.

۱. لکڑی، لوہے یا سیمنٹ وغیرہ کی سلاخوں کی بنی ہوئی جالی دار روک نیز ایسی چوکھٹ یا کھڑکی جس میں جالی لگی ہو. ۲. کٹہرا، احاطہ، جالی دار باڑ. ۳. کیاریوں کی باڑ، پھولوں کی روش. [س].

جَنْگلی (فت ج، غنہ، سک گ) صف.

۱. صحرائی، وحشی، ایسا جانور جو انسان سے مانوس نہ ہو اور جنگل میں رہے، جنگل کا جانور. ۲. خود رو پودا وغیرہ، ایسا درخت یا پودا وغیرہ جو ازخود جنگل میں اگ آئے. ۳. جنگل کا رہنے والا، جنگل کا. ۴. (مجازاً) ناشائستہ، بے تمیز، اجڈ، جاہل.

جَنْگی (فت ج، غنہ) صف.

۱. جنگ سے منسوب یا متعلق، لڑائی کا، لشکری، فوجی، فوج سے متعلق. ۲. لڑاکا، لڑنے کے قابل، بہادر. ۳. جھگڑالو، لڑنے والا.

جنگی قیدی اند. جنگ میں گرفتار ہونے والا شخص.

جَنَم (فت ج، ن) اند.

۱. (i) پیدائش، ولادت. (ii) آغاز، ابتدا. ۲. (ہندو) زندگی کا ایک دور یا عرصہ جس میں اعمال کے نتیجے میں مرنے کے بعد دوبارہ زندگی ملتی ہے. ۳. عمر، زندگی. [س].

جنم بھومی است. جائے پیدائش، وطن.

جنم جلا صف، مذ. ۱. بدنصیب، پیدائشی کم بخت، منحوس. ۲. بے چارہ، مصیبت زدہ، بدنصیب.

جَنْنا (فت ج، سک ن) ف م: ف ل.

بچہ دینا، بیانا، بچہ پیدا کرنا یا ہونا. [س].

جَنْوائی (فت ج، مع) اند.

بیٹی کا شوہر، داماد. [س].

جُنُوب (فت نیز ضم ج، ن، و مع) اند.

سمت جو شمال کے راست مخالف ہو، طلوع آفتاب کے مقابل رخ کیا جائے تو سیدھے ہاتھ واقع ہونے والی سمت، دکھن. [ع].

جَنْوَری (فت ج، سک ن، فت و) اند؛ است.

عیسوی سال کا پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے. [انگ].

جُنُون (ضم ج، و مع) اند.

۱. پاگل پن، دیوانگی، عقل کھو بیٹھنا. ۲. (کنایۃً) خبط، کسی چیز کی حد سے زیادہ دھن ہونا. ۳. عشق، سودا. ۴. (کنایۃً) طیش، بہت زیادہ غصہ، جس میں انسان عقل کھو بیٹھے. ۵. (تصوف) عشق الٰہی میں ایسا مغلوب ہونا کہ اس غلبہ سے سر پیر کا ہوش نہ رہے، ہر چیز سے بالکل بے خبر ہو جانا. [ع].

جُنُونی (ضم ج، و مع) صف.

۱. دیوانہ، خبطی، پاگل. ۲. مجنونانہ، پاگل پن کا. ۳. غصہ ور. ظالم، آپے سے گزرا ہوا.

جَنی (فت ج) صف؛ است.

جنا کی تانیث، جنی ہوئی، بیٹی. [س].

جَنِین (فت ج، ی مع) اند.

(لفظاً) کوئی چیز جو چھپی ہو یا دفن ہو؛ وہ بچہ جو شکم مادر میں ہو. [ع].

جَنیئُو (فت ج، ی ج، و مع) اند.

زنار، بٹا ہوا دھاگہ جو ہندو بغل کے نیچے سے نکال کر (آڑا کر کے)

گلے میں ڈال لیتے ہیں . [س] .

جِنھوں (کس ج ، و ج) ضمیر.
جن ، '' جس '' کی جمع .

جِنھیں (کس ج ، ی ج) ضمیر .
جن کو .

جَو (ولین) اند .
ا. ایک قسم کا اناج جو زردی مائل سفید رنگ کا چھلکے دار ہوتا ہے . ۲. لمبائی یا وزن میں جو برابر چیز ؛ (کنایۃً) قلیل مقدار . [ف] .

جُو (و مع) امث .
ندی ، نہر . [ف] .

جو (و ج) (الف) ضمیر .
ا. کوئی شخص ، کوئی چیز . ۲. چونکہ کی جگہ (بعض اوقات 'کہ' کے اضافے کے ساتھ) ۳. جیسا کی جگہ . (ب) ظرف . جب ، جس وقت . (ج) حرف شرط . اگر . (د) عاطفہ ا. 'جیسا' کے معنی میں ۲. جس سے ، جس سبب سے ۳. 'کہ' کی جگہ . (ہ) م ف . زور یا تاکید کے لیے . [س] .

جو بولے سو کنڈا کھولے کہاوت . جو کوئی تجویز پیش کرے وہ خود ہی اسے عمل میں لائے .

جو بوئے گا (سو) وہی کاٹے گا کہاوت . جیسا کام کرے گا اس کا پھل ویسا ہی پائے گا .

جو چور کی سزا سو (وہ) میری سزا فقرہ . (بطور قسم) اگر ایسا نہ ہو یا یہ بات سچ نہ ہو تو وہ سزا دی جائے جو چور کو دی جاتی ہے .

جو گرجتا ہے/گرجتے ہیں سو (وہ) برستا / برستے نہیں کہاوت . جو باتیں بنایا کرتے ہیں وہ کام نہیں کرتے ، بڑھ بڑھ کے باتیں بنانے والا ناکارہ اور نکما ہوتا ہے ، شیخی خور بے حقیقت اور ہیچ ہوتا ہے (جمع کی صورت بھی مستعمل ہے) .

جو منھ میں آئے (سو) کہنا / بکنا محاورہ . سوچے سمجھے بغیر بات کرنا ، بولنے میں غور و تامل نہ کرنا .

جَوا (فت ج) . (الف) اند .
ا. ایک قسم کی پٹی جو کشیدہ یا کارچوب وغیرہ پر کاڑھتے ہیں . ۲. لہسن کی پوتھی کا کوئی ایک حصہ یا جز .

جُوا (۱) (ضم ج) اند .
گاڑی یا ہل کا وہ حصہ جو اس میں جتے ہوئے بیلوں وغیرہ کی گردن پر رہتا ہے ؛ نیز مجازاً ذمے داری ؛ ہمت ؛ بوجھ . [س] .

جوا رکھنا محاورہ . جوا اُتارنا ، ہلکا ہونا ، سر سے بوجھ اتارنا .
۲. ذمہ داری کا بوجھ ڈالنا .

جُوا (۲) (ضم ج) اند .
شرط ، بازی جس کے مختلف طریقے ہیں ، قمار . اف : کھلانا/کھیلنا . [س]

جَواب (فت ج) امث .
ا. کسی سوال تحریر یا تقریر کے ردعمل کا زبانی ، تحریری یا عملی طور پر اظہار (سوال کی ضد) . ۲. (ریاضی) کسی سوال کا حل یا نتیجہ ۳. مثل ، ثانی ، ہم سر ، نظیر ، بدل . ۴. ردعمل . ۵. معزولی ، برطرفی ، موقوفی ، برخاستگی ، علیحدگی . ۶. (i) کسی کام سے انکار . (ii) نامنظوری . ۷. سلام کے مقابلے میں سلام . ۸. پیغام کے بدلے پیغام . [ع] .

جواب دہ / جوابدہ صف . ذمے دار ، قانوناً جس سے حساب کتاب لیا جائے یا باز پرس کی جائے .

جواب دینا محاورہ . ا. (i) انکار کر دینا ، ملازمت وغیرہ سے موقوف کر دینا ، برطرف کرنا . (ii) خارج کرنا ، نکال دینا . ۲. (i) عاجز ، زائل یا ختم ہو کر ساتھ چھوڑ دینا ، ترک رفاقت کرنا . (ii) کسی طبیب کا شفا سے مایوسی کا اظہار کرنا یا علاج سے انکار کر دینا . (iii) شادی کا پیغام منظور نہ کرنا ؛ انکار کر دینا .

جواب طلب کرنا محاورہ . باز پرس کرنا ، مواخذہ کرنا ، وجہ دریافت کرنا .

جواب نہیں فقرہ . بے نظیر ہے ، لاجواب ہے ؛ کیا کہنے ، واہ واہ ، سبحان اللہ .

جَواباً (فت ج ، تن ب بفت) م ف .
جواب میں ، جواب کے طور پر . [ع] .

جَوابی (فت ج) صف .
ا. جواب سے منسوب یا متعلق ، امر یا فعل جو مقابلے یا توڑ کے طور پر کیا جائے . ۲. (خط یا تار وغیرہ) جو جواب دینے کے لیے منسلک ہو (جوابی خط یا تار کے مصارف طالب جواب کے ذمہ ہوتے ہیں) .

۳. فریق ثانی، مخالف، مدعا علیہ، طرف ثانی.

جَوّاد (فت ج، شد و) صف.
۱. بہت بخشش کرنے والا، سخی. ۲. اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات میں سے ایک اسم. [ع].

جُوار (ضم نیز فت ج) اند.
پانی کا خشکی کی جانب چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے ہوتا ہے، مد (بھاٹا کی ضد).

جوار بھاٹا اند. ۱. سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اور اتار جو چاند کی کشش سے ہوتا ہے، مدوجزر. ۲. پانی کی لہر جو جوار بھاٹے کی وجہ سے پیدا ہو.

جِوار (ضم نیز کس ج) اند (اردو میں عموماً بالفتح بولتے ہیں).
پڑوس، آس پاس، نواح. [ع].

جوار رحمت اند. رحمت کی پناہ یا قرب، سایہ رحمت، بالعموم اللہ تعالیٰ کی رحمت، مردوں کے لیے دعائے خیر کے کلمہ کا جزو.

جُوار (ضم ج) است.
۱. ایک اناج جس کا دانہ سفید اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے. ۲. (مجازاً) موٹا جھوٹا اناج جو غریبوں کی غذا ہو (عموماً باجرا کے ساتھ). [س].

جُوارِش (فت نیز ضم ج، کس ر) است.
ایک خوش ذائقہ مرکب دوا جو ہاضم اور مقوی معدہ ہوتی ہے، اس کی بہت سی قسمیں ہیں. [ف].

جُواری (ضم ج) اند.
جوا کھیلنے والا، قمار باز. [ہ].

جَواز (فت ج) اند.
۱. شرعاً کسی بات کا جائز یا روا ہونا، (شرعی یا قانونی) اجازت یا اختیار. ۲. صحیح یا درست ہونا، ٹھیک ہونا. [ع].

جَوالا (فت ج) اند.
۱. شعلہ، لپٹ، بھبکا. ۲. حدت، حرارت، آگ، آتش. ۳. تندی، تیزی. ۴. (مجازاً) سوز محبت، آتش عشق. [س].

جوالا مکھی است. ۱. کوہ آتش فشاں؛ جگہ جہاں سے آگ کے شعلے نکلیں، (ہندو ایسی جگہ کو مقدس اور درگا دیوی کا استھان خیال کرتے ہیں). ۲. (مجازاً) بقعہ نور، جگہ جہاں روشنی کی فراوانی ہو.

جَوّالَہ (فت ج، شد و، فت ل). (الف) صف.
تیزی کے ساتھ چکر کھانے والی چیز، بہت گردش کرنے والا (عموماً شعلہ کی صفت). (ب) اند. پرکار. [ع].

جَوان (فت ج) صف.
۱. بوڑھے کی ضد، جو عمر بلوغ کو پہنچ چکا ہو اور ادھیڑ عمر کا یا بوڑھا نہ ہوا ہو، عموماً ۱۸ سال سے ۴۰ سال تک کا، بالغ، سیانا. ۲. (مجازاً) قوی، مضبوط، نیا تازہ. ۳. سپاہی، فوجی. [ف].

جوان جہان صف. (عو) جو پوری جوانی پر ہو.

جوان سال صف. نوجوان، اٹھتی جوانی والا.

جوان مرگ صف. جوانی میں مر جانے والا.

جوان ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. سن بلوغ کو پہنچنا. ۲. تازہ ہونا، زیادہ ہونا، بڑھ جانا، جوش پر آنا.

جَوانی (فت ج) است.
جوان کا اسم کیفیت، شباب، نوعمری.

جوانی دیوانی فقرہ. جوانی میں انسان دیوانہ ہوتا ہے، جوانی میں کچھ آگا پیچھا نہیں سوجھتا.

جَواہِر (فت ج، کس ہ) اند؛ ج.
۱. قیمتی پتھر (جیسے: لعل، الماس، یاقوت، نیلم اور زمرد، فیروزہ).
۲. شے کی اصل، خلاصہ، مادہ جو غیر مرکب ہو. [ع].

جواہر میں تولنا محاورہ. بہت زیادہ قدر کرنا.

جَواہِرات (فت ج، کس ہ) اند؛ ج.
جواہر کی جمع، تراکیب میں مستعمل، قیمتی پتھر. [ع].

جُوبِلی (و مع، سک ب) است.
جشن جو پچیس، پچاس سال یا کسی مقررہ مدت کے موقع پر منایا جائے. [انگ].

جوبَن (و مع، فت ب). اند.
۱. شباب، جوانی کا آغاز، اٹھتی جوانی. ۲. (ا) حسن و جمال

خوبصورتی، بانکپن . (ii) تروتازگی ، بہار ، نکھار ، رونق .۳. رنگ ڈھنگ، عالم، کیفیت، سج دھج . [س] .

جوبن پر (بہ) آنا محاورہ. بہار پر آنا، جوانی پر آنا، کسی چیز کا اپنے کمال پر ہونا .

جوت (۱) (وج) اسث.
۱. روشنی ، اجالا ، تجلی .۲. چمک دمک ، آب و تاب ، تابش .۳. (مجازاً) آنکھوں کی روشنی ، بینائی (بالعموم) آنکھوں یا نظر کے ساتھ) .۴. (مجازاً) رونق ، ۵. (مجازاً) چراغ ، دیا ، چراغ کی لو . [س] .

جوت جگانا محاورہ. چراغ روشن کرنا ، روشنی حاصل کرنا .

جوت (۲) (وج) اند؛ اسث.
۱. کاشتکاری ، کھیتی باڑی .۲. گھوڑے یا بیلوں کو گاڑی یا ہل میں جوتنے کا عمل نیز جوتنے کے کام آنے والا .۳. مضبوط بند یا تسمہ جس سے گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوڑا یا جوت دیا جاتا ہے . [س] .

جُوتا (ومع) اند.
پاؤں کی حفاظت کے لیے کپڑے ، چمڑے ، ریگزین وغیرہ کی بنی ہوئی پوشش ، پاپوش . [س] .

جوتا پڑنا محاورہ. ۱. جوتے کی مار پڑنا .۲. رسوائی ہونا ، طنز و تشنیع کا نشانہ بننا

جوتا گانٹھنا محاورہ. پرانے جوتے مرمت کرنا ؛ (مجازاً) ادنیٰ کام کرنا .

جوتا مارنا ف مر؛ محاورہ. (لفظاً) ہاتھ میں لے کر کسی کے جوتا مارنا ؛ (مجازاً) ملامت کرنا ، طعنے دینا ، برا بھلا کہنا ، احسان کر کے شرمندہ کرنا .

جَوتّری (فت ج ، و ، سک نیز شدت بفت) اسث.
جائفل کے اندر کا خوشبودار اور خوش مزہ چھلکا جو اوپر کے خول کے اندر ہوتا ہے اور جائفل کی گری کے گرد لپٹا ہوتا ہے اور خشک ہونے پر اس سے علیحدہ ہو جاتا ہے ، لاط : Mace . [س] .

جوتش (وج ، کس ت) اند.
ستاروں کی گردش کے حساب سے آئندہ کے حالات بتانے والا ، ماہر علم نجوم . [س] .

جوتشی (وج ، کس نیز سک ت) صف.
جوتش سے منسوب یا متعلق ، جوتش جاننے والا ، نجومی .

جُوتم (ومع ، فت ت) اند.
جوتا (مرکبات میں مستعمل) .

جوتم پیزار اسث.
جوتیوں سے مار پیٹ، دنگا فساد، تو تو میں میں، دھینگا مشتی .اف/کرنا، ہونا.

جوتنا (وج ، سک ت) ف م.
۱. بیل یا بھینسے وغیرہ کو ہل یا گاڑی میں لگانا ، گھوڑے یا گدھے وغیرہ کو گاڑی میں جوڑنا ، کسی کے کندھے پر جوا یا ساز رکھنا .۲. زمین میں ہل چلانا، زمین کو قابل کاشت بنانا ، کاشت کرنا .۳. (مجازاً) ساتھ لگانا ، منسلک کرنا، کسی کام میں مصروف کرنا .۴. مجبور کرنا ، زبردستی راضی کرنا . [س]

جُوتی (ومع) اسث.
جوتا کی تانیث ، کپڑے ، چمڑے یا ریگزین کی بنی ہوئی پوشش .

جوتی سے فقرہ. (عو) کوئی تعلق نہیں ، کوئی پروا نہیں ، ایسی تیسی میں جائے (نہایت حقارت کے ساتھ انکار کرنے اور خاطر میں نہ لانے کے موقع پر کہتے ہیں) .

جُوتیاں (ومع ، کس ت) اسث.
جوتی کی جمع (تراکیب میں مستعمل) ، کسی چیز چمڑے یا ریگزین کی بنی ہوئی پوشش .

جوتیاں چٹخانا محاورہ. واہی تباہی پھرنا ، بے کار پھرنا ، مارے مارے پھرنا، کس مپرسی کے عالم میں گھومتے پھرنا .

جوتیاں سیدھی کرنا محاورہ. ۱. ذلیل خدمت انجام دینا ، خدمت گزاری کرنا ، خوشامد کرنا .۲. کسی صاحب علم و کمال کی خدمت و عزت کرنا ، بزرگوں کی خدمت بجالانا، کمال عقیدت کا اظہار کرنا؛ کسب فیض کرنا .

جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا/گھسنا محاورہ. کمال ڈھٹائی سے جھٹلانا یا انکار کرنا ، آنکھوں میں خاک ڈالنا .

جوتیوں میں دال بٹنا محاورہ. آپس میں لڑائی جھگڑا ہونا ، پھوٹ پڑنا ، نا اتفاقی ہونا .

جُوٹ (و مع) اند.
پٹ سن. [انگ].

جُود (و مع) اند.
بخشش، سخاوت، فیاضی. [ع].

جَودَت (و لین، فت د) است.
تیزی، طراری (عموماً طبیعت، ذہن یا فکر وغیرہ کی)، چالاکی، ذکاوت، فراست؛ خوبی. [ع].

جَور (و لین) اند.
ظلم، ستم، جفا. [ع].

جورو (و ج، و مع) است.
بیوی، زوجہ.

جورو کا غلام اند. بیوی کی تابع داری کرنے والا، زن مرید.

جوڑ (و ج) اند: است.
۱.(i) اعضا یا ہڈیوں کا بند، جگہ جہاں دو عضو ایک دوسرے سے ملتے ہیں. (ii) گانٹھ، گرہ، پور. ۲.(i) پیوند. (ii) سلائی کا جوڑ. ۳.(i) دو یا زائد چیزوں کا مقام اتصال. (ii) حرفوں کا پیوند یعنی لکھنے میں ایک دوسرے سے ملایا جانا. ۴. تال میل، میل، ایک جیسا. ۵. مقابلہ، برابری، ہمسری، مطابق، مناسب. ۶. (طاقت، خوبی یا کسی اور خصوصیت میں) مقابل، نظیر، ہم سر یا برابر کا، جواب (ان معنی میں مونث بھی ہے). ۷. (i) دو چیزوں کا مجموعہ، جوڑا، جوڑی. (ii) نر و مادہ یا مرد و عورت کی جوڑی، زن و شوہر. ۸. (i) (ریاضی) دو یا دو سے زیادہ عددوں کے جمع کرنے کا قاعدہ، عمل جمع. (ii) میزان، کل تعداد یا مقدار، ٹوٹل. ۱۰. کسی معاملے میں (اکثر سیاسی) اتحاد. ۱۱. خدائی ساتھ یا ملاپ، تقدیری امر. [س].

جوڑ بٹھانا محاورہ. ۱. جوڑ ملانا، وصل کرنا. ۲. (ٹوٹی ہوئی) ہڈی یا بند کو اپنی جگہ بٹھانا، درست کرنا؛ قرینے سے جوڑنا. ۳. میل ملانا، مناسبت پیدا کرنا.

جوڑ توڑ کرنا محاورہ. ۱. (کسی چیز کو) توڑنا اور پھر جوڑنا، رد و بدل کرنا، کمی بیشی کرنا. ۲. کسی کے خلاف سازش کرنا، ساز باز کرنا. ۳. حکمت عملی سے فریب دینا، چال کرنا؛ اکھاڑ پچھاڑ کرنا. ۴. تدبیر کرنا، جتن کرنا.

جُوڑا (و مع) اند.
سر کے بالوں کی گرہ جو بالوں کو اکٹھا کر کے لپیٹ لینے سے بنتی ہے. [س].

جوڑا (و ج) اند.
۱. دو چیزوں یا افراد کا جوڑ یا میل جو یکساں یا مختلف ہوں، جفت. ۲. میاں بیوی، نر و مادہ یا ان میں سے کوئی ایک، زوج. ۳. دونوں پیروں کے جوتے یا موزے. ۴. (عو) دونوں ہاتھوں کی یکساں تعداد میں چوڑیاں. ۵. (i) مکمل پوشاک (اس میں دو عدد ہی کی قید نہیں بلکہ شلوار قمیض یا کرتے پاجامے کے علاوہ بعض اوقات ٹوپی، پگڑی یا دوپٹہ اور جوتا تک شامل ہوتا ہے) لباس، خلعت. (ii) لباس جو عروس کے واسطے بھیجا جاتا ہے.

جوڑنا (و ج، سک ڑ) ف م.
۱. کسی ٹوٹی ہوئی چیز یا دو چیزوں کو ملانا، وصل کرنا، پیوند لگانا. ۲. (دولت وغیرہ) جمع کرنا، پس انداز کرنا. ۳. (ریاضی) میزان لگانا، جمع کا حساب لگانا. ۴. شامل کرنا، متعلق کرنا، نتھی کرنا. ۵. اکٹھا کرنا، گروہ بنانا، (لشکر کی) صف بندی کرنا. ۶. گاڑی یا ہل میں بیل یا گھوڑے وغیرہ کو جوتنا. ۷. (i) (قصہ کہانی یا بہتان وغیرہ طبیعت سے) گھڑنا، بنانا، ایجاد کرنا. (ii) شعر کہنا، تصنیف کرنا. ۸. دوستی یا ربط و ضبط قائم کرنا، رشتہ استوار کرنا، یاری لگانا. ۹. (i) لگانا، جمانا. (ii) درست کرنا. [س].

جوڑی (و ج) است.
۱. (i) ایسی دو جان دار یا بے جان چیزوں کا جوڑا جو ساتھ ساتھ استعمال میں آتا یا کام میں لایا جاتا ہو، (جیسے گاڑی میں جُتنے والے دو بیل یا گھوڑے). (ii) کان ہاتھ اور پانو میں پہننے کے زیور جو دو دو ہوتے ہیں. ۲. نر و مادہ کا جوڑا یا ان میں سے کوئی ایک، میاں بیوی. ۳. برابر کے دو شخص یا دو چیزیں، یا ان میں سے کوئی ایک. ۴. کشتی کی مشق کرنے والے دو حلیف پہلوان.

جوڑی دار اند. ساتھی، رفیق.

جَوزا (و لین) اند.
بارہ برجوں میں سے تیسرا آسمانی برج، جس کی شکل دو ننگے لڑکوں کی سی ہے جو پشت کی طرف سے جڑواں ہیں، دو پیکر. [ع].

جوس (و مع) اند.
پھل یا ترکاری کا عرق، رس. [انگ].

جوش (و ع) اند.
۱. (حرارت کی بنا پر کسی سیال شے میں) ابال؛ حرارت، تیزی. ۲. کسی حالت یا جذبے میں زور زیادتی یا ہیجان (جیسے: غصہ، دیوانگی، محبت، شہوت، رنج و الم، خوشی یا بہادری وغیرہ وغیرہ). ۳. (مجازاً) طغیانی، بہاؤ میں زیادتی (آنسو یا دریا وغیرہ کے ساتھ). ۴. (i) کسی چیز کی نمود یا اٹھان؛ بہتات. (ii) شدت، کثرت، ابھار. (iii) جوانی کے جذبات کا ابھار، زور شور. (iv) شوق، سرگرمی، گرم جوشی، افراط و کثرت. ۵. ولولہ، لو، لگن، دھن. [ف].

جوش اُٹھنا محاورہ. ۱. کسی جذبے کا زوروں پر ہونا، زیادتی پر ہونا. ۲. ولولہ یا شوق پیدا ہونا.

جوش آنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی سیال شے میں حرارت کی بنا پر اُبال آ جانا. ۲. غصہ یا محبت وغیرہ کے جذبے میں بھر جانا. ۳. ولولہ پیدا ہونا، شوق ہونا، اُمنگ اٹھنا. ۴. طغیانی پر آنا، زور پر ہونا.

جوش دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. ابالنا، اوٹانا. ۲. کھولانا.

جوش مارنا محاورہ. ۱. زور پکڑنا، ابھرنا، بڑھنا. ۲. کھولنا، اُبال آنا. ۳. اُبلنا، اُمنڈنا. ۴. بڑھنا، زور پکڑنا.

جوش و خروش اند. ۱. بہت زیادہ ولولہ یا ہیجان. ۲. اشتعال؛ گھبراہٹ، کھلبلی.

جوشاندَہ (و ع، مغ، فت د) اند.
۱. (طب) (جڑی بوٹیوں پر مشتمل) جوش دی ہوئی دوا. ۲. (مجازاً) کڑوی کسیلی چیز. [ف].

جوشِش (و ع، کس ش) است.
۱. اُبال، طغیانی، جوش (بیشتر کسی موصوف کے ساتھ). ۲. اٹھان، زیادتی، افراط. ۳. حدت، حرارت. ۴. (غم، محبت وغیرہ کے) جذبے کی شدت، ولولہ، جوش، کھولاؤ.

جوشَن (و لین نیز ع، فت ش) اند.
۱. (i) جنگی لباس جس میں زرہ کی طرح کڑیوں کے علاوہ پتریاں بھی ہوتی ہیں. (ii) (سیف بازی) دستو آنا (دستانہ)، بازو کی حفاظت کی زرہ؛ تلوار کی ضرب سے حفاظت کو کہنی تک کی آہنی پوشش. ۲. بازو پر پہننے کا زیور جس میں عام طور پر ہشت پہلو گنڈیریاں یا پتریاں ہوتی ہیں. ۳. دعا کا نام جو تحفظ کے لیے ہوتی ہے، اس کی دو قسمیں ہیں صغیر اور کبیر. ۴. تعویذ جو بازو پر باندھا جائے. ۵. آدھی رات، نصف شب. [ع].

جوشیلا (و ع، ی مع) صف.
پُرجوش، جوش میں بھرا ہوا.

جَوف (و لین) اند.
۱. (i) اندرونی خلا، سوراخ. (ii) نیزے وغیرہ سے پیدا ہو جانے والا زخم یا گڑھا. ۲. (i) اعضا میں کسی عضو کا خلا. (ii) کسی چیز کا کھوکھلا حصہ ہونا. ۳. شکم، پیٹ. [ع].

جُوق (و لین نیز مع) اند.
۱. فوج کا دستہ. ۲. آدمیوں کا گروہ، پرندوں وغیرہ کا جھنڈ، غول، جماعت. [ع].

جوق در جوق م ف. گروہ در گروہ، کثرت سے.

جوکَر (و ع، فت ک) اند.
۱. ایسا شخص جو تماشوں میں لوگوں کے تفنن طبع کے لیے مضحکہ خیز حرکات کرتا ہے، مسخرا. ۲. تاش کا وہ پتا جس پر مسخرے کی تصویر ہوتی ہے. [انگ].

جوکَھم (و ع، فت کھ) است.
۱. کوئی مشکل کام. ۲. نقصان، گھاٹا، خسارہ. ۳. مصیبت، بلا، آفت. ۴. قیمتی چیزیں. جیسے: زر و جواہر، روپیہ پیسہ وغیرہ جن کے چوری ہو جانے یا لٹ جانے کا خطرہ ہو. [س].

جوگ (و ع) اند.
۱. ملاپ، جوڑ، میل، سنجوگ. ۲. (جوگیوں کا) لباس، وضع قطع: نیز جوگیوں کی سی وضع قطع یا طریقہ جو کسی صدمہ یا غم میں اختیار کی جائے. [س].

جوگ لینا محاورہ. ترک دنیا کرنا، فقیری اختیار کرنا، جوگی بن جانا.

جوگَن (وج، فت تیز کس گ) است.
جوگی کی تانیث، جوگی کی بیوی؛ فقیرنی. [س].

جوگی (وج) اند.
۱. جوگ لینے والا شخص، ہندو فقیر، سنیاسی. ۲. جادوگر، شعبدہ باز. [س].

جوگیا (وج، کس گ) (الف) صف.
۱. جوگی سے منسوب یا متعلق، جوگیوں کا سا، جوگیوں کی وضع قطع کا. ۲. گیروے رنگ کا جو کسی قدر سرخی مائل ہو، ملاگیری. (ب) اند.
۱. (موسیقی) ایک راگ جو شام کو گایا جاتا ہے، یہ راگ عموماً کم گاتے ہیں. ۲. (i) کبوتر جو جوگیا رنگ کا ہوتا ہے. (ii) ایک طرح کی قمری.

... جول (وج) لاحقہ اند.
میل کے تابع کے طور پر مستعمل ہے؛ جیسے: میل جول.

جَولان (ولین). (الف) (است)؛ اند.
۱. (i) دوڑ، تیز رفتاری، اڑان نیز مجازاً. (ii) گھوڑے کا چکر کھانا، کودنا. ۲. (مجازاً) وجد، سرشاری. (ب) صف. دوڑنے والا، تیز رفتار، جو جولانی پر ہو. [ع].

جَولانی (ولین) است.
۱. (عموماً گھوڑے کی) رفتار میں تیزی، پھرتی، تیزروی، دوڑ. ۲. ولولہ، جوش، اُمنگ، طبیعت وغیرہ کی تیزی، زور، روانی، ولولہ انگیزی، سرشاری.

جولانیِ طبع است. طبیعت کی تیزی، ذہانت.

جولائی (وج) اند؛ است.
سال عیسوی کا ساتواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے. [انگ].

جُون (۱) (ومع) اند.
عیسوی سال کا چھٹا مہینہ جو تیس دن کا ہوتا ہے. [انگ].

جُون (۲) (ومع) است.
۱. جنم، پیدائش. ۲. زمانہ، مدت. ۳. قالب، جسم، پیکر، صورت. ۴. وضع قطع، رنگ ڈھنگ، حالت. [س].

جون بدلنا محاورہ. ۱. (عقیدہ تناسخ کے مطابق) قالب بدلنا، دوبارہ جنم لینا. ۲. (مجازاً) حالت یا کیفیت بدلنا، ماہیت بدلنا.

جُوں (۱) (ومع) (الف) حرف؛ اند.
مثل، مانند، طرح. (ب) عاطفہ. جیسے، جس طرح. (ج) م ف. جیسے جیسے، جس قدر، جتنا (اس کے جواب میں 'توں' بولتے ہیں اور کبھی حذف کر دیتے ہیں).

جوں کا توں صف؛ م ف. ۱. اصلی حالت یا مقدار وغیرہ میں، پورا کا پورا، سب کا سب. ۲. جسے کسی نے چھوا بھی نہ ہو اور ویسا کا ویسا ہی ہو.

جوں ہی م ف. جیسے ہی، جس وقت، جب (جوں کی تاکید).

جُوں (۲) (ومع) است.
۱. ایک چھوٹا سا کیڑا جو بالوں یا کپڑوں میں میل یا پسینے سے پیدا ہو جاتا ہے. ۲. (مجازاً) جوں کی مانند چھوٹی سی چیز، تھوڑی چیز، ذرا سی شے. [س].

جُونا (ومع) اند.
گھاس یا بان؛ مونجھ وغیرہ کا مٹھا یا گچھا جس سے برتن مانجھتے ہیں؛ ایک قسم کی گھاس کی بنی ہوئی موٹی رسی جس سے لکڑیاں باندھتے ہیں. (سلینگ) پرانا، قدیم؛ گزشتہ، سابقہ، پچھلا. [س].

جونک (وج، مغ) است.
ایک کیڑا جو زیادہ تر ٹھہرے ہوئے پانی میں پیدا ہوتا ہے، جانداروں کے چمٹ جاتا اور خون چوستا ہے، (خون فاسد نکالنے کے لیے بطور علاج اسے جسم پر لگاتے بھی ہیں). اف: لگانا / لگنا. [س].

جونک لگنا محاورہ. خون چوسنے کے لیے جونک کا چمٹنا؛ (مجازاً) اثر ہونا.

جَوہَر (ولین، فت ہ) اند.
۱. قیمتی پتھر مثلاً ہیرا، یاقوت، لعل، زمرد وغیرہ (زیادہ تر جمع میں بولتے ہیں). ۲. شے کی اصل، خلاصہ. ۳. (فلسفہ) عرض کی ضد، وہ چیز جو قائم بالذات اور غیر مرکب ہو. ۴. ہنر، کمال، لیاقت، (طنزاً) چالاکی، کارستانی. ۵. ذرہ، ایٹم. ۶. بھید، راز، پردہ، حقیقت (جیسے: جوہر کھلنا). [ع :> ف].

جوہر شناس صف. ۱. قیمتی پتھر کو پرکھنے والا، جوہر کی اصلیت پہچاننے والا، جوہری. ۲. خوبی ہنر یا لیاقت کو پرکھنے اور پہچاننے والا.

جَوہَری (ولین، فت و) صف.
۱. جواہرات کا کاروبار کرنے والا، جواہر فروش، جواہرات کو پرکھنے والا. ۲. (مجازاً) مردم شناس، نیز ہنر شناس، ناقد. ۳. جوہر سے منسوب یا متعلق، ایٹم سے متعلق، ایٹمی. [س].

جوہری طاقت است. (سائنس) وہ قوت جو جوہر کے مرکزے کو توڑنے سے پیدا ہوتی ہے اس کو جوہری توانائی کہتے ہیں. [س].

جوہَڑ (مج، فت و) اند.
چھوٹی اور معمولی جھیل جس میں برساتی پانی جمع ہوجائے، پوکھر، ڈبرا. [س].

جُوہی/جوئی (مع) است.
جنگلی چنبیلی، ایک پودا اور اس کا پھول جو نازک اور خوش بودار اور چنبیلی کے پھول سے ملتا جلتا ہے اس کے پتے موتیا کے پتوں سے زیادہ لمبے اور نوک دار ہوتے ہیں. [س].

جُوئے (مع) است.
نہر (مرکبات میں مستعمل).

جوئے بار / جوئبار است. بڑی نہر جو کئی نہروں سے مل کر بنتی ہو. مقام جہاں بہت سی نہریں اور نالے ہوں. [ف].

جوئے شیر است. ۱. (لفظاً) دودھ کی نہر؛ نہر جو فرہاد نے شیریں کی خواہش پر پہاڑ کاٹ کر بنائی تھی، مشکل کام.

جویا (مج) صف.
۱. ڈھونڈنے والا، تلاش کرنے والا، کھوجی. ۲. طالب، خواہاں، متمنی. [ف].

جِہات (کس ج) است؛ اند؛ ج.
۱. جہت کی جمع، تراکیب میں مستعمل. ۲. وہ محصول جو اہلِ حرفہ سے لیا جائے. [ع].

جِہاد (کس ج) اند.
۱. (اسلام) کفار اور منافقین کے خلاف لڑنا، استحکام و بقائے دین و احکامِ دین کے لیے جنگ کرنا. ۲. کسی جائز اور نیک مقصد کے لیے سعی و کوشش، جدوجہد. اف: کرنا. [ع].

جہاد فی سبیل اللہ اند. اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد، اعلائے کلمۃ الحق کے لیے جدوجہد.

جِہادی (کس ج) صف.
۱. جہاد کرنے والا، مجاہد. ۲. جہاد سے منسوب یا متعلق.

جَہاز (فت ج) اند.
بحری سفر میں کام آنے والی بہت بڑی کشتی؛ طیارہ، ہوائی جہاز [ع].

جَہازی (فت ج) صف.
۱. جہاز چلانے والا، جہاز کا کپتان. ۲. لمبا، چوڑا، وسیع.

جَہالَت (فت ج، ل) است.
۱. ان پڑھ ہونا، بے علمی. ۲. ناواقفیت، بے وقوفی، نادانی. ۳. بربریت بے رحمی؛ بدتمیزی، بدتہذیبی، وحشی پن. [ع].

جَہان/جِہان (فت ج) اند.
دنیا، عالم؛ (مجازاً) دنیا کے لوگ. [ف].

جہاں دیدہ صف. ایسا شخص جس نے دنیا کے نشیب و فراز دیکھے ہوں جسے دنیا اور اہلِ دنیا کا تجربہ ہو یا دنیا میں سب جگہ گھوما پھرا ہوا تجربہ کار، گھاگ.

جہاں گرد صف. ۱. دنیا میں گھومنے پھرنے والا، سیاح. ۲. (کنایۃً) تجربہ کار.

جہاں گیر (الف) صف. دنیا کو فتح کرنے والا، دنیا پر چھایا ہوا عالم گیر. (ب) اند. شہنشاہ اکبر کے بیٹے شہزادہ سلیم کا لقب جو ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کا چوتھا بادشاہ بنا.

جہاں (۲) (فت ج) م ف؛ حرف شرط؛ اسم موصول.
۱. جس جگہ، جس مقام پر (جواب میں وہاں یا تہاں آتا ہے، بعض اوقات حذف بھی ہو جاتا ہے). ۲. جس وقت، جب. ۳. جوں ہی جیسے ہی. [پ، س].

جہاں بیری ہوتی ہے وہاں پتھر آتے ہی ہیں کہاوت. عموماً ایسے موقع پر بولتے ہیں جب لڑکی کی شادی کے پیام سلام جگہ جگہ سے آئیں.

جہاں جائے بھوکا، وہاں/وہیں پڑے سوکھا کہاوت. بدقسمت آدمی جہاں بھی جائے پریشان و محروم رہتا ہے.

جہاں چار/برتن/باسن ہوتے ہیں کھٹکتے/کھڑکتے بھی/ہی ہیں کہاوت. اگر کچھ لوگ ایک جگہ جمع ہوتے ہیں تو تکرار بھی ہو ہی جاتی ہے.

جہاں دیکھا/دیکھی/دیکھے توا پرات وہاں/وہیں گاوے/ناچے ساری رات کہاوت. غرض مند اپنے فائدے کو دیکھتا ہے.

جہاں کا تہاں م ف. ۱. اِدھر، اُدھر، جگہ جگہ، ہر طرف. ۲. جہاں تھا وہیں، اسی جگہ، وہاں کا وہیں.

جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی کہاوت. جہاں کھانے کو ملے گا وہاں کھانے والے بھی موجود ہو جائیں گے، جس کسی کی کوئی مرغوب شے کسی کے پاس ہوگی تو وہاں اس قسم کے اشخاص بھی موجود ہوں گے؛ کامل کے شاگرد بہت.

جِہَت (کس ج، فت ہ) امث.
۱. سمت، طرف، جانب، رخ. ۲. سبب، وجہ؛ واسطہ، ذریعہ. [ع].

جُہْد (کس ج، سک ہ) امث.
کوشش، محنت، دوڑ دھوپ. [ع].

جَہْر (کس نیز فت ج ج، سک ہ) امذ.
بلند آواز، اونچی آواز سے کچھ پڑھنا (خصوصاً تلاوت یا ورد).

جَہْل (کس نیز فت ج ج، سک ہ) امذ.
جہالت، بے علمی، نادانی. [ع].

جَہَنَّم (فت ج، ہ، شدن بفت) امذ.
دوزخ، مقام جہاں گنہگار آگ میں جلتے رہیں گے؛ (مجازاً) تکلیف دہ، عذاب ناک، مصیبت کی جگہ. [عبر].

جہنم رسید ہونا محاورہ. جہنم میں جانا، دوزخ کا سزاوار ہونا، مر کر جہنم میں چلے جانا، مر جانا، مارا جانا.

جہنم میں جانا محاورہ. برا حشر ہونا، جہنم رسید ہونا، برباد ہونا.

جَہَنَّمی (فت ج، ہ، شدن بفت) صف.
ایسا شخص جو جہنم کا سزاوار ہو، دوزخی، دوزخ میں جانے والا.

جَہیز (فت ج، ی مع) امذ.
اسباب، سامان، ساز و سامان جو لڑکی کو شادی کے وقت اپنے باپ کے گھر سے ملتا ہے. [ع].

جی (۱) (الف) حرف.
۱. (پکارنے کے جواب میں) بہت اچھا، ہاں، حاضر ہوا. ۲. (کسی سوال یا بات کے جواب میں ایجاب اور کبھی طنزاً یا استفہام انکاری کے طور پر) درست ہے، ہاں، بجا ہے. (ب) صف. (تعظیماً) اسم کے آخر میں صاحب کی جگہ. [س].

جی حضوری امث. آگے پیچھے پھرنا، جی حضور کہنا، انتہائی فرماں برداری، اشاروں پر چلنا، خوشامد درآمد.

جی (۲) امذ.
۱. جان، روح. ۲. دل، من؛ طبیعت، خواہش. ۳. مردانگی، دلیری، ہمت، حوصلہ. [پ: س].

جی اُٹھنا ف مر: محاورہ. ۱. زندہ ہو جانا، جان پڑ جانا. ۲. طبیعت اچاٹ ہوجانا، دل بیزار ہونا (سے کے ساتھ). ۳. سیر و تماشا یا کسی کام کے واسطے دل چاہنا، طبیعت چاہنا.

جی اُچاٹ ہونا محاورہ. دل بیزار ہونا، طبیعت ہٹ جانا.

جی بہلانا محاورہ. دل خوش کرنا، دل کو کسی طرف مشغول کرنا، سیر تماشے میں مشغول کرنا.

جی بھر آنا محاورہ. رونے پر مائل ہونا، بے ساختہ آنسو آجانا.

جی جان سے م ف. ہر طرح سے، پوری طرح سے، دل و جان سے، ذوق و شوق سے.

جی چاہنا محاورہ. خواہش ہونا، متوجہ ہونا، قابل قبول ہونا، پسند ہونا، مرضی ہونا.

جی چرانا محاورہ. ۱. پرہیز کرنا، بچنا، حیلے بہانے کرنا (سے، کے ساتھ). ۲. کام چور ہونا، محنت سے بھاگنا.

جی دار صف. جری، بہادر، مضبوط، دم خم والا.

جی کا جنجال امذ. جان کے لیے مصیبت یا روگ، وبال جان.

جی کرنا محاورہ. ۱. ہمت کرنا، جرأت یا بہادری سے کام لینا. ۲. کسی کام یا چیز کے لیے جی چاہنا، خواہش کرنا یا ہونا.

جی لگنا ف مر: محاورہ. ۱. (طبیعت کا) بہلنا، کسی بات یا کام میں دھیان ہونا. ۲. دل کا مائل ہونا، فریفتہ ہونا، عشق ہونا. ۳. اجنبی ماحول سے مانوس ہونا.

جی مارنا محاورہ. ا. خواہش ضبط کرنا. ۲. اذیت میں ڈالنا، تکلیف دینا.

جی مالش کرنا / متلانا محاورہ. ا. طبیعت قے کرنے کو چاہتا، متلی ہونا. ۲. گھن آنا، کراہیت آنا؛ اکتانا.

جی مسوس کر / مسوسنا محاورہ. دل میں کڑھنا، رنج و افسوس کرنا.

جی میں آنا محاورہ. ا. کسی بات کا دل میں خیال گزرنا، سوچنا، خیال آنا. ۲. چاہنا، خواہش پیدا ہونا.

جَے (ی لین) است : مذ.
ا. جیت، بول بالا؛ سلامتی یا خوشی (عموماً کسی کی فتح سلامتی تحسین اور خوشی کا نعرہ). [س].

جے کار است. فتح، سلامتی، خوشی کا نعرہ.

جِیا (کس ج) مذ.
ا. جی، جان، روح. ۲. محبوب، پیارا. [س].

جِیالا (کس ج) صف.
جی والا، دلیر، جری، بہادر.

جَیب (ی لین نیز ج) (الف) مذ.
گریباں. (ب) است. (مجازاً) تھیلی جو ضرورت کی معمولی چیزیں رکھنے کے لیے لباس میں کسی موزوں جگہ مثلاً زیر گریباں، دامن میں سی لیتے ہیں.

جیب خرچ مذ. ذاتی خرچ کے لیے دی جانے والی رقم.

جیب کاٹنا محاورہ. ا. جیب کاٹ کر یا بغیر کاٹے ہوئے کسی دوسرے کی جیب سے مال نکال لینا. ۲. لوٹ مار کرنا، ناجائز طور پر مال سمیٹنا، دوسرے کا مال لے لینا.

جیب کترا صف. اُچکا، جیب کاٹنے والا جو جیب کاٹ کر مال نکال لے.

جیب کترنا محاورہ. ا. کسی دھار والے آلے سے جیب کاٹ کر نقدی نکال لینا. ۲. ناانصافی کرنا، حق مارنا.

جیب گرم کرنا محاورہ. روپے پیسے سے جیب بھرنا، ناجائز فائدہ اٹھانا یا پہنچانا.

جیب میں نہیں دانے بڑھیا چلی بھنانے کہاوت. لاف زنی کی نسبت بولتے ہیں.

جِیب (ی مع) است.
زبان. [س].

جَیبی (ی ج) صف.
جیب سے منسوب یا متعلق، جیب میں رکھنے کے لائق، چھوٹا.

جیبھ (ی مع) است.
دیکھیے: جیب.

جِیپ (ی مع) است.
ایک قسم کی موٹر گاڑی جو ناہموار راستوں پر بھی آسانی سے چل سکتی ہے. [انگ].

جِیت (ی مع) است.
ا. فتح، کامیابی. ۲. برتری، فوقیت.

جیتا (۱) (ی مع) صف، مذ.
ا. زندہ، صحیح سلامت. ۲. جان دار.

جیتا جاگتا صف، مذ. ا. زندہ، صحیح سلامت. ۲. چلتا پھرتا.

جیتا (۲) (ی مع) صف : مذ.
جیتنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

جِیتنا (ی مع، سک ت) ف م : ف ل.
ا. فتح کرنا، کامیابی حاصل کرنا، بازی لے جانا. ۲. غالب آجانا.

جِیتے (ی مع) صف.
جیتا (۱) کی جمع، جینے کی علامت، زندہ، صحیح سلامت.

جیتے جی م ف. تمام عمر، زندگی بھر، زندگی میں.

جیتے جی مر جانا محاورہ. زندہ ہونے کے باوجود مردہ خیال کرنا، عدم وجود یکساں ہونا، لاتعلق ہونا.

جیتے رہو فقرہ. (دعا) عمر دراز ہو.

جیٹ (ی ج) مذ.
وہ سوراخ جو کسی نلکی وغیرہ کی نوک پر پانی، گیس وغیرہ نکلنے کے لیے بنا ہو؛ پانی، بھاپ، گیس، شعلہ وغیرہ جو آگے یا اوپر کی طرف زور سے اس نوک سے نکلتا ہو. [انگ].

جیٹ جہاز اند. ایسا جہاز جس میں آگے پھینکنے یا دھکا دینے کے لیے جیٹ قسم کا انجن استعمال کیا جائے.

جیٹی (ی مج) امث.
ساحل سمندر یا بندرگاہ کی حفاظت کے لیے بنایا ہوا پشتہ ؛ پل جس پر کشتی یا جہاز سے اتر کر کنارے پر آتے ہیں. [انگ].

جیٹھ (ی مج) اند.
۱. (i) خاوند کا بڑا بھائی (حقیقی یا رشتہ کا). (ii) بڑا بھائی .۲. ہندی قمری مہینہ جو بیساکھ اور اساڑھ کے بیچ میں پڑتا ہے. [پ : س :].

جیٹھ کے بھروسے بیٹ کہاوت. جب کوئی آدمی کسی بڑے کا سہارا یا آڑ لے کر کوئی فائدہ حاصل کرنا چاہے تو کہتے ہیں.

جیٹھانی (ی مج) امث.
جیٹھ کی بیوی، خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی.

جیجا (ی مع) اند.
(ہندو) بہن کا خاوند، بہنوئی. [پ].

جیجی (ی مع) امث :~ جی جی.
بڑی بہن، احتراماً ہر اس عورت کو کہتے ہیں جو عمر میں بڑی ہو، آپا، باجی. [س].

جَیِّد (فت ج، شد ی بفت نیز بکس) صف.
۱. کھرا، خالص، عمدہ .۲. (علم وفن یا طاقت وغیرہ میں) زبردست، بڑا، بھاری. [ع].

جَیسا (ی لین) حرف.
۱. جو کچھ، جس طرح، جس قسم کا .۲. گویا .۳. (حرف تشبیہ کے طور پر جو مشبہ بہ کے بعد آتا ہے) کے مانند .۴. جب، جوں ہی. [پ : س].

جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا کہاوت. جیسا کام کرو گے ویسا ہی نتیجہ نکلے گا.

جیسا تیسا صف مذ. جس طرح کا، جیسا ہوگا، معمولی قسم کا، تھوڑا بہت.

جیسا دیس ویسا (ہی) بھیس کہاوت. جہاں رہے وہیں کی وضع اور چلن اختیار کرنا چاہیے.

جیسا راجا (راجہ) ویسا (ویسی) پرجا کہاوت. جیسا سردار ہوتا ہے ویسے ہی اس کے ماتحت بھی ہوتے ہیں، حاکم وقت کی نیت اور طرز عمل کا اثر رعایا پر کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے.

جَیسی (ی لین) صف مث.
جیسا کی تانیث.

جیسی روح ویسا (ویسے) ہی فرشتہ (فرشتے) کہاوت. جیسا آدمی ہوتا ہے، ویسے ہی اس کے ساتھی ہوتے ہیں، جیسا مزاج یا طبیعت ہو ویسا ہی سلوک نصیب ہوتا ہے.

جیسی کرنی ویسی بھرنی کہاوت. برے عمل کا نتیجہ برا ہی ہوتا ہے، انسان جیسا کچھ کرے گا وہی کچھ اس کے سامنے آئے گا.

جَیسے (ی لین) حرف.
جیسا کی حالت مغیرہ.

جیسے تیسے م ف. ۱. کسی بھی شکل سے، کسی نہ کسی طرح سے .۲. بہ دقت تمام، جوں توں کر کے، مشکل سے، تکلیف سے.

جیسے کو تیسا کہاوت. جیسا وہ ہے ویسا ہی اس کو دوسرا بھی ملا، ہر زبردست کے مقابلے میں اس سے زیادہ زبردست موجود ہے، اعمال کے مطابق صلہ.

جَیش (ی لین) اند.
لشکر، فوج، سپاہ. [ع].

جِیف (ی مع) اند.
حرام، مردار، نجس ؛ کمینہ، بدکردار. [ع].

جَیک (ی لین) اند.
۱. گاڑی کے پہیے کو زمین سے اونچا اٹھانے کا آلہ .۲. (سلینگ) سفارش؛ اثر و رسوخ. [انگ].

جَیکِٹ (ی لین، کس ک) امث.
۱. ایک طرح کا چھوٹا آستینوں والا کوٹ، حفاظتی صدری .۲. غلاف. [انگ]

جیل (ی مج) امث : اند.
قید خانہ، قیدیوں کو رکھنے کا مقام. [انگ].

جیل خانہ محاورہ. وہ ٹھکانا جہاں قیدی رکھے جاتے ہیں.

جیل کاٹنا محاورہ. سزا بھگتنا، قید ہونا.

جیل ہونا محاورہ. سزائے قید ہونا.

جیلَر (ی مج، فت ل) اند.
جیل کا داروغہ. [انگ].

جیلی (ی مج) است.
ایک نرم گاڑھی شفاف شکر اور پھلوں کے عرق سے بنی ہوئی غذا جو اکثر کسی سانچے میں ڈال کر جمائی اور ٹھنڈی کر کے کھائی جاتی ہے. [انگ].

جیم (ی مع) اند نیز است.
حرف ج کا تلفظ یا نام.

جِین (۱) (ی مع) اند.
(حیاتیات) ایک نسل سے دوسری نسل تک خصوصیات کو منتقل کرنے کی صلاحیت کے حامل چند پیچیدہ سالمے. [انگ].

جین (۲) (ی مع) است: اند.
ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا نیز اس کپڑے کی خاص قسم کی تنگ پتلون. [انگ].

جِینا (ی مع) ف ل.
زندہ رہنا، زندگی بسر کرنا، عمر کاٹنا. [س].

جینا حرام / دوبھر ہونا محاورہ. زندگی دشوار ہونا.

جینز است.
ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا نیز اس کپڑے کی خاص قسم کی پتلون. [انگ].

جِیوْتا (ی مع، سک و) صف.
زندہ، جیتا، زندگی کی حالت یا صورت. [س: پ].

جِیوْڑا (ی مع، سک و) صف.
۱. روح، جی، جان، زندگی. ۲. دلبر، معشوق؛ بانکا. ۳. کلیجہ، دل.

جیومیٹری (کس ج، وج، ی مج، سک ٹ) است.
۱. علم ریاضی کی ایک شاخ جس میں زاویوں اور شکلوں کے ذریعے فاصلہ، مساحت اور مقدار سے بحث کی جاتی ہے، علم ہندسہ. ۲. اشیا یا اجزا کی مناسب ترتیب؛ زاویے اور شکلیں (مجازاً). [انگ].

جِیوَن (ی مع، فت و) اند.
۱. جینا، زندگی. ۲. جان دار.

جیون ساتھی اند نیز است. رفیق حیات (عموماً بیوی یا شوہر).

جیتو فقرہ.
(دعائیہ) جیتے رہو، شاد اور آباد رہو.

جھ

جھ حرف.
اردو کی تہجی ترتیب کا تیرھواں مصمتہ جو لکھائی میں جیم اور ھ (ج + ھ) ملا کر لکھا جاتا ہے.

جھاب اند.
دیکھیے: جھابا.

جھابا اند: ~ جھابہ.
۱. لوہے کی چھلنی یا کرچھی؛ تیل یا گھی رکھنے کا چمڑے کا برتن. ۲. مکانوں میں آرائش اور روشنی کے لیے لٹکایا جانے والا ایک قسم کا جھاڑ جس کا پھیلاؤ زیادہ ہوتا ہے. ۳. جھاؤ یا کسی اور جھاڑ کی شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا جو عام طور سے سبزی ترکاری اور مٹھائی وغیرہ رکھنے کے کام میں لاتے ہیں. ۴. پرندے اور مرغیاں وغیرہ بند کرنے کا ٹوکرا اس کا منھ کھلا اور پیندا تنگ ہوتا ہے، اسے الٹا کر مرغیاں یا دوسرے پرندے بند کیے جاتے ہیں نیز مچھلیاں پکڑنے کا مخروطی شکل کا ٹوکرا جو پیندے کی طرف سے بھی کھلا ہوتا ہے، ٹاپا. ۵. سفری سامان رکھنے کی معمولی چھوٹی ٹوکری. [پ: س].

جھابڑ جِھلاّ / جُھلّو (فت ب، کس نیز فت نیز ضم جھ، شد ل) صف.
ڈھیلا ڈھالا، بدشکل، بدوضع جو جسم کے لحاظ سے بڑا ہو (لباس وغیرہ).

جھاپڑ (فت پ) اند: ~ جھانپڑ.
تھپڑ، طمانچہ. [پ].

جھاجَھر (فت جھ) اند.
پاؤں کا ایک زیور جس میں گھنگرو لگے ہوتے ہیں جھانجھ، جھانجھن، مجیرا. [س].

جھارا اند.
۱. ٹونٹی والا، ایک ظرف جس کی ٹونٹی پر ایک چھلنی لگی ہوتی ہے جس سے پودوں پر پانی چھڑکا جاتا ہے، فوارا. [پ: س].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدول، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جھاڑ (۱) امذ.
۱. کانٹے دار گھاس پھوس، خودرو بیل یا پودے. ۲. درخت، جھنکاڑ، درخت یا پودا جو کوتاہ قد ہو پتے بہ کثرت ہوں خاردار یا بلا خار. ۳. بلور یا آبگینے کا شاخ دار درخت کی مانند وہ فانوس جو مکانات میں روشنی اور زیبائش کے لیے لٹکایا جاتا ہے. ۴. جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت. [س].

جھاڑ جھنکار (الف) امذ. ۱. گھنے اور خار دار درخت جس میں پتے کم اور شاخیں بہت ہوں. ۲. کانٹے دار درختوں کی سوکھی شاخیں. ۳. گھاس پھوس، خود رو زاید یا بے کار پودے. (ب) صف. گپھے دار، گچھے والا، گھنا. ۲. خشک، بغیر پتوں والا، سوکھی شاخوں والا.

جھاڑ کا کانٹا صف: امذ. ۱. (کنایۃً) بدخو، لڑاکا، جنگ جو، شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو. ۲. (کنایۃً) مصیبت، آفت، دکھ کا سبب.

جھاڑ (۲) (الف) امث.
۱. جھاڑنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل، تنبیہ، ڈانٹ، پھٹکار. ۲. کسی چیز کی تیز بو جس سے چھینکیں آنے لگیں، جلاب کی ایک دوائی، ایک طرح کی دوا. (ب) امذ. ۱. جادو، منتر کا اتار. ۲. بڑھی ہوئی تلی یا کسی درد وغیرہ کے ازالے کا عمل.

جھاڑ پونچھ امث. جھاڑنا پونچھنا، صفائی ستھرائی.

جھاڑ پھوک/ پھونک امث. منتر یا دعا جو کسی زہر، مرض یا آسیب وغیرہ کے اثر کو زائل کرنے کے لئے دم کی جائے.

جھاڑ دینا محاورہ. ۱. ڈالنا، پھینکنا، جھٹکنا. ۲. نکالنا، دفع کرنا، دور کرنا. ۳. مارنا (لات یا ہاتھ وغیرہ).

جھاڑن (فت ڑ) (الف) امذ.
جھاڑنے اور صاف کرنے کی کوئی چیز، صافی، پونچھن، برش. (ب) امث. وہ چیز جو جھاڑنے اور پونچھنے سے نکلے، بچا کھچا، جھڑن.

جھاڑنا (سک ڑ) ف م.
۱. گرد و غبار صاف کرنا، کسی چیز کو جھٹک کر پونچھنا، جھاڑو یا کسی اور چیز سے صاف کرنا. ۲. (i) درخت سے پھول، پتے یا پھل گرانا، توڑنا. (ii) حاصل کرنا، نکال لینا. ۳. (جھٹک کر یا کوئی چیز مار کر) کسی چیز کو گرانا. ۴. نکال لینا، جھٹک کر نکالنا. ۵. (i) مارنا، مار لگانا. (ii) (پرند کا بازو یا پروں کو) پھڑ پھڑانا. ۶. دعا یا منتر سے زہر، مرض، منتر یا آسیب کے اثر کو دفع کرنا، پھونکنا، دم کرنا. ۷. ڈانٹنا، پھٹکارنا، لتاڑنا، دھتکارنا، کسی پر غصہ اتارنا. ۸. کھنگال مارنا، چھاننا، اچھی طرح دیکھنا اور تلاش کرنا.

جھاڑنا پھوکنا/پھونکنا محاورہ. زہر، مرض، آسیب یا نظربد کے اثر کو زائل کرنے کے لیے منتر یا دعا پڑھ کر دم کرنا، جھاڑ پھونک کرنا.

جھاڑو (و مع) امث.
سینکوں، ناریل کے پتوں کی تیلیوں یا کھجور کے پتوں یا کسی اور درخت کے لمبے تنکوں اور باریک شاخوں وغیرہ کا مٹھا جو ایک سرے سے بندھا ہوتا ہے اور کوڑا کرکٹ اور گرد و غبار صاف کرنے کے کام آتا ہے، جاروب.

جھاڑو پھرنا محاورہ. سب کچھ چلا جانا، صفایا ہو جانا، تباہ و برباد ہو جانا، اُجاڑ ہو جانا.

جھاڑو پیٹا صف مذ: مث. جھاڑو پیٹی. منحوس پھٹکار مارا، ستیاناسی.

جھاڑو پھیرنا محاورہ. جھاڑو پھرنا کا تعدیہ، تباہ و برباد کرنا، صفایا کر دینا.

جھاڑو دینا ف مر: محاورہ. ۱. جھاڑو سے گرد و غبار صاف کرنا، صفائی کرنا ۲. صفایا کرنا، سب کچھ لے جانا یا ہتھیا لینا، سارا سامان چرا لینا.

جھاڑی امث.
۱. کھُسلی ٹہنیوں کا چھوٹا پودا، خود رو جھاڑی، خاردار چھوٹا پودا. ۲. جھڑبیری کا درخت؛ میدان جہاں خاردار پودے ہوں، جھاڑ جھنکاڑ، جنگل.

جھاکنا (سک ک) ف ل.
دیکھیے: جھانکنا.

جھاگ امذ: امث.
۱. سفید بلبلے جو پانی کے جوش سے یا غیظ و غضب سے آدمی کے منہ سے نکلتے ہیں. ۲. میل کچیل یا خراب حصے کے وہ اجزا جو کسی چیز کے پکانے یا تپانے پر پھین کی شکل میں اوپر جمع ہو جاتے ہیں کف، پھین. [پ: س].

جھاگ اُڑانا محاورہ. بپھرنا ، غصہ کرنا ، ناراضگی سے مغلوب ہو جانا .

جھاگ کی طرح بیٹھ جانا محاورہ. جلد ختم ہو جانا ، جلد مٹ جانا .

جھال (۱) امث .
۱. تیزی ، چرپراہٹ ، جلن ۲. جھلک ، چمک ۳. ٹانکا ، دھات کا جوڑ لگانے کا کام ، جھالنے کا عمل ۴. بڑا ٹوکرا ، بڑا کھانچہ . [س] .

جھال (۲) امث .
۱. (بارش یا اولوں وغیرہ کی) بوچھاڑ ، ڈونگرا ۲. نہر یا دریا کا وہ بند جہاں سے پانی بلندی سے نشیب میں تیزی سے بہتا ہے ، آبشار . [س] .

جھالا (۱) امذ. تیز بارش جو زیادہ دیر تک نہیں ہوتی اور کہیں ہوتی ہے اور کہیں نہیں ہوتی . [س] .

جھالا (۲) امذ.
عورتوں کے کانوں کا ایک زیور جس میں سونے کے علاوہ موتیوں کی چند در چند لڑیاں ہوتی ہیں . [مقامی] .

جھالَر (فت ل) امذ : امث.
کسی چیز کے کناروں پر خصوصاً مقیشی تاروں ، موتی پروئے ہوئے ڈوروں یا لڑیوں دار لٹکواں حاشیہ . [س] .

جھالْنا (۱) (سک ل) ف م.
۱. ٹانکا لگانا ، دھات کے برتن کو جوڑنا ؛ سوراخ بند کرنا ۲. پانی یا شراب وغیرہ کو شورے یا برف سے ٹھنڈا کرنا .

جھالْنا (۲) (سک ل) ف م.
صاف کرنا ، صیقل کرنا ، پالش کرنا . [س] .

جِھام امذ.
۱. (بیل داری نیز آب پاشی) سوراخ کرنے کا برما جو کوئیں کی تہ یا چٹان کے نیچے کا پانی نکالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، سبل. ۲. ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو رسی سے باندھ کر کوئیں سے مٹی نکالنے کے کام آتا ہے . ۳. ڈانٹ ڈپٹ ، گھڑکی ؛ دھوکا ، چھل ، کپٹ ؛ جھبا ، گچھا . [مقامی] .

جِھامْنا ف ل.
جھومنا کا تابع .

جھانپَڑ (مغ ، فت پ) امذ.
زور دار تھپڑ . [مقامی] .

جھانپو (مغ ، وج) امث .
(سلینگ) احمق ، بے وقوف ، ہونق .

جھانٹ (مغ) امث .
۱. بال جو شرم گاہ کے اردگرد ہوتے ہیں ، موئے زہار ، پشم ۲. (کنایۃً) حقیر یا بے وقر شخص یا چیز جو ادنیٰ یا بے اصول ہو . [س] .

جھانجھ (مغ) امذ ؛ امث ؛ ~ جھانجھ.
۱. ایک قسم کا بڑا مجیرا جو عموماً تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے یہ دو کانسی کی بیچ میں سے ابھری ہوئی رکابیاں سی ہوتی ہیں بیچ میں سوراخ ہوتا ہے کہ اس میں ڈورا ڈال کر گرفت میں لیا جاسکے بجانے میں دونوں کے ٹکراؤ سے جھنکار پیدا ہوتی ہے ، دیکھیے : برک (۲) . ۲. پیروں میں پہننے کا خول دار کڑے کی وضع کا زیور جس کے اندر لوہے یا سیسے کے دانے ڈال دیے جاتے ہیں جو حرکت کرتے وقت جھنکار پیدا کرتے ہیں . ۳. چھوٹی چھوٹی پتلی تھالیوں کی لڑیوں سے بنی ہوئی کمان جس کو مقابلے کے وقت پہلوانوں کو جوش دلانے کے لیے ہلا کر جھنکار پیدا کرتے ہیں . ۴. بیلی اور رتھ کی نشست کے نیچے دونوں سروں پر لٹکتی ہوئی پتلی گٹوں (گول ٹکڑوں) کی جھالر جو گاڑی کی حرکت سے بجتی رہتی ہیں جس سے آگے جانے والے خبردار ہوتے ہیں . [س] .

جھانجَر (مغ ، فت ج) امذ.
پاؤں میں پہننے کا ایک آواز دار زیور .

جِھانجھ (۱) (مغ) امث .
۱. دیکھیے : جھانجھ (۱) . ۲. بے حد خواہش ، اشتہا ، بے تابی (کسی چیز کے نہ ملنے سے پیدا ہونے والی جھنجھلاہٹ) . ۳. جماع کی خواہش ، مباشرت کی تمنا . ۴. تیزی ، تندی ، جھال . [س] .

جھانجھ (۲) (مغ) امث : امذ.
۱. ایک قسم کا بڑا مجیرا جو عموماً تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے . ۲. پیروں میں پہننے کا خول دار کڑے کی وضع کا زیور جس کے اندر لوہے یا سیسے کے دانے ڈال دیے جاتے ہیں جو حرکت کرتے وقت جھنکار پیدا کرتے ہیں .

جھانجھن (مغ ، فت جو) است .
۱. بڑا مجیرا جو تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں ۲. پاؤں میں پہننے والا آواز دار زیور .

جھانسا (مغ) اند .
۱. دھوکا ، فریب ، جل ۲. شوق ، اشتیاق ، آرزو ، شدید خواہش . [س] .

جھانسا دینا محاورہ. دھوکا دینا ، باتیں بنا کر چکما دینا ، فریب میں لانا .

جھانسے (مغ) اند : ج .
جھانسا کی مغیرہ حالت یا جمع ، تراکیب میں مستعمل .

جھانسے میں آجانا/ آنا محاورہ. فریب کھانا ، دھوکے میں آجانا ، کسی کے چکمے یا چال میں پھنس جانا .

جھانک (مغ) است .
۱. جھانکنا سے مشتق ، جھانکنے کا فعل ، تراکیب میں مستعمل ، تاک . [س] .

جھانک آنا محاورہ. لمحہ بھر کے لیے دیکھ آنا ، ذرا دیر کے لیے آنا ، برائے نام ٹھہرنا .

جھانک کر/کے م ف . ۱. چھپ کر ، اوٹ سے ، چوری سے ، نظر بچا کر . ۲. سرسری یا اُچٹتی نظر سے ، ذرا کی ذرا .

جھانکر/ جھانکڑ (مغ ، فت ک) اند : است .
۱. جھاڑی ، خشک جھاڑی ، جھنکاڑ ۲. (کنایۃً) دبلا پتلا ، لاغر ۳. کانٹا ، کانٹوں بھری شاخ (مجازاً) دشواری ، رکاوٹ .

جھانکنا (مغ ، سک ک) ف م : ف ل .
۱. دیکھنا ، اچٹتی نظر ڈالنا ۲. کبھی کبھی پرسش حال کو آنا ۳. تھوڑا تھوڑا ظاہر ہونا ، جھلکنا .

جھانوا/ جھانواں (مغ) اند .
۱. بدن بالخصوص ہاتھ ، پاؤں وغیرہ کا میل اتارنے کی کھردری چیز جو عموماً کمہار مٹی سے بنا کر پکا کر تیار کرتے ہیں ۲. بے ڈول پتھر ؛ اینٹیں جو آپس میں چپک کر بھٹے میں پکتے پکتے سیاہ ہو جاتی ہیں .

جھائی است : ج : جھائیاں .
۱. داغ ، دھبا ، چہرے کے وہ سیاہ دھبے جو فساد خون سے پڑ جاتے ہیں ، چھیپ . [س] .

جھائیں (ی مع) است .
۱. عکس ، سایہ ، جھلک ۲. نشان یا دھبا جو آئینے کی قلعی اترنے سے کہیں کہیں نمایاں ہو جائے ۳. (صیقل گری) جلا کی چمک میں کہیں کہیں دھندلا پن جو بطور پرچھائیں معلوم ہو ۴. جھائی ، داغ ، دھبا ۵. (مجازاً) عیب کے نشان ، خامیوں کی علامت ۶. ترمرہ ، دھندلاہٹ یا دھبا جو آنکھوں کے سامنے نظر کی خرابی یا کمزوری سے آئے . [س] .

جھائیں جھائیں محاورہ. ۱. بے معنی شور وغوغا ، حجت ، تکرار ، بک بک . ۲. ایسی آواز جس میں ہلکی سی جھنجھناہٹ یا جھنکار پائی جائے . [حکایت الصوت] .

جَھپ (فت جو) (الف) م ف .
فوراً ، ترت ، جھٹ سے ، تیزی سے . (ب) اند . چھلانگ ، جست ؛ جھپکا ؛ تیزی ، سرعت یا جلدی سے گرنا ، کودنا . [س] .

جَھپاک (فت جو) (الف) است .
جلدی ، تیزی ، عجلت ؛ سرگرمی ، چستی . (ب) م ف . جلدی سے ، تیزی سے ، فوراً ، ترت .

جَھپاکا (فت جو) است .
۱. جلدی ، تیزی ، شتابی ۲. جلدی جلدی کسی کام کے کرنے کی آواز [س] .

جَھپٹ (فت جو ، پ) است .
۱. اچانک یا جلدی کا حملہ ، جست ، چھلانگ ۲. لڑائی ، جھگڑا ، جھڑپ حملہ . [س] .

جھپٹ پڑنا محاورہ. تیزی سے یا یکایک آگے بڑھنا ؛ حملہ آور ہونا .

جھپٹ کر/کے م ف . ۱. جلدی سے لپک کر ۲. چھین کر ، اُچک کر .

جھپٹ لینا ف مر : محاورہ. اُچک لینا ، دوڑ کر پکڑ لینا ، چھین لینا ، مفت لے لینا .

جھپٹ میں آنا محاورہ. ۱. (بھاگتے ہوئے کسی سواری یا جانور وغیرہ کی) زد میں آجانا ۲. سایہ ہو جانا ؛ لپیٹ میں آ جانا .

جَھپٹّا (فت جو ، پ ، سک تیز شد ٹ) اند .
۱. (i) جھپیٹا ، حملہ ، جست ، زد ، (عموماً کسی جانور ، پرند یا آدمی کا

یکا یک حملہ .(ii) نوچنا کھسوٹنا . [س] .

جھپٹا مارنا محاورہ. پنجہ مار کر یا حملہ کر کے کسی چیز کو چھین کر لے جانا ، چک لینا ، حملہ کرنا .

جَھپٹنا (فت جھ ، پ ، سک ٹ) ف ل ؛ ف م .
حملہ کرنا ، حملے کی غرض سے دوڑ پڑنا ، اچانک حملہ آور ہوجانا ، تیزی سے آگے بڑھنا ، دوڑ کر جانا .

جَھپٹّے (فت جھ ، پ ، شد ٹ) اند .
جھپٹا کی مغیرہ حالت یا جمع ، تراکیب میں مستعمل .

جھپٹے میں آنا محاورہ. ۱. زد میں آنا ، قابو میں آنا ، متاثر ہونا .۲. (اکثر بدروح کے) اثر میں آجانا ، سایہ ہونا ، آسیب ہونا .

جَھپک (فت جھ ، پ) است .
۱. پلکوں کا ہلنا ، پلک مارنا ، پلکوں کا جلدی سے مل کر کھلنے کا عمل . ۲. جھلک ، پرتو ، سرسری نظر .۳. چستی ، چالاکی .۴. نیند کے غلبے سے آنکھ بند ہونا ، جھپکی .۵. شرم ، جھجک ، حیا ، حجاب .۶. جنبش ، ہلور ، جھونک ، ہوا دینا یا لینا (پنکھے وغیرہ سے) .اف : آنا / جانا . [س] .

جَھپکنا (فت جھ ، پ ، سک ک) ف ل .
۱. پلکوں کا نیچے اوپر ہونا ، آنکھوں کا کھلنا بند ہونا .۲. شرمندہ ہونا ، جھینپنا ، جھجکنا ، مرعوب ہونا ، ڈرنا ، خوف زدہ ہونا . [س] .

جَھپکی (فت جھ ، سک پ) است .
۱. غنودگی ، ہلکی سی نیند ، اونگھ .اف : آنا / لینا .۲. ایک جھلک .۳. کشتی کا ایک داؤ .

جَھپیٹ (فت جھ ، ی ع) است .
۱. حملہ ، تاخت ، دیکھیے : جھپٹ .۲. دھکا ، رو ، افتاد .۳. (جن ، پری یا بدروح کا) سایہ یا جادو کا اثر ، دیکھیے : جھپیٹا .

جَھپیٹ میں آنا محاورہ. ۱. (i) مصیبت میں پڑنا ، بلا میں پھنسنا .(ii) دیکھیے : جھپٹ میں آنا معنی نمبر ۱ .۲. دیکھیے : جھپٹ میں آنا معنی نمبر ۲ .

جَھٹ (فت جھ) م ف .
فوراً ، یکا یک ، جلدی سے . [س] .

جھٹ پٹ (الف) م ف . ترت ، فوراً ، جلدی سے .(ب) است . جلدی ، تیزی ؛ آسانی .

جھٹ پٹ ہو جانا / ہونا محاورہ. ذرا سی دیر میں ختم ہو جانا ، چٹ پٹ ہو جانا ، ذرا دیر میں خاتمہ ہو جانا .

جُھٹ پٹا / جُھٹپٹا (ضم جھ ، فت پ) اند .
صبح تڑکے یا سرِ شام کی ہلکی سیاہی ، دونوں وقت ملنے کا سماں .

جُھٹک (ضم جھ ، ٹ) است .
۱. جھٹکنا کا عمل .۲. جنبش ، اُچھال . [س] .

جھٹک جانا محاورہ. (جسم کا) دبلا ہو جانا ، کمزور ہو جانا .

جھٹک دینا محاورہ. کپڑا جھاڑ کر صاف کر دینا ؛ دھتکارنا .

جَھٹکا (ضم جھ ، سک ٹ) اند .
۱. (i) جنبش جو زور سے یک بارگی دی جائے ، ہچکولا ، کسی چیز کو زور سے کھینچے ، جھاڑنے یا جھٹکنے کا عمل .(ii) ضرب ، دھچکا .(iii) کسی عضو کے جوڑ وغیرہ کے درد کرنے یا اُترنے کی حالت .۲. (i) رنج ، آفت ، مصیبت .(ii) لہجے یا الفاظ کی ادائی کے وقت صوتی گزرگاہ میں ٹکراؤ .۳. اسلامی ذبیحے کی شرائط کے خلاف ایک ہی وار سے جانور کی گردن اتارنے کا عمل ؛ کسی بھی ہتھیار کی ضرب سے یک بارگی گردن اُڑا دینا .۴. زمین کا ہلنا جو جغرافیائی تبدیلی کے تحت ہو ، زمین کی اندرونی کیفیت کی تبدیلی کا اثر (زلزلہ وغیرہ کے ساتھ مستعمل) . [س] .

جھٹکا پہنچنا محاورہ. صدمہ پہنچنا ، دھچکا لگنا .

جھٹکا کھانا محاورہ. ۱. مصیبت سہنا ، صدمہ یا نقصان اُٹھانا .۲. ہلنا ، ہچکولے کھانا ، دھکا لگنا ، جھولنا .۳. بکرے وغیرہ کو جھٹکا (معنی نمبر ۵ کے مطابق) کر کے کھانا .

جھٹکا لگنا محاورہ. مصیبت پڑنا ، تکلیف پہنچنا ، صدمہ پہنچنا .

جَھٹکا ہُوا (فت جھ ، سک ٹ ، ضم و) صف مذ .
کمزور ، رنجیدہ ، افسردہ ، مضمحل ؛ (منہ کے ساتھ) ، اترا ہوا ، لٹکا ہوا .

جَھٹکنا (فت جھ ، ٹ ، سک ک) ف م ؛ ف ل .
۱. جھاڑنا ، کپڑے یا بال وغیرہ کو زور سے جنبش دینا ، کسی چیز کو جھاڑ کر

علیحدہ یا دور کرنا .۲. قابو سے باہر ہونے کی کوشش کرنا ، چھڑانا ، آزاد ہونے کے لیے ہاتھ پاؤں چلانا .۳. اپنے دامن یا ہاتھ وغیرہ کو کسی دوسرے شخص سے جھٹکا دے کر چھڑانا .۴. دبلا ہونا ، لاغر ہونا .

جَھٹکے (فت جھ ، سک ٹ) مذ.
جھٹکا کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل.

جھٹکے کا گوشت مذ. ایسے جانور کا گوشت جسے باقاعدہ ذبح کرنے کے بجائے ایک ہی وار سے گردن الگ کر کے کاٹا گیا ہو .

جُھٹلانا (ضم جھ ، سک ٹ) ف م.
جھوٹا ثابت کرنا ، باطل کرنا . [س].

جِھجَک (کس جھ ، فت ج) مث :- جھجک.
خوف ، تعجب یا شرم وغیرہ سے ٹھٹک جانے یا چونک جانے کی حالت ، خوف ، حیا ، شرم ، رکاوٹ ، ہچکچاہٹ .

جِھجَکنا / جِھجھکنا (کس جھ ، فت ج/جھ ، سک ک) ف ل.
۱. ڈرنا ، بدکنا .۲. خوف سے رکنا .۳. ہچکچانا .۴. رعب میں آنا ، مرعوب ہونا ، ۵. باز رہنا ، توقف کرنا .٦. چونکنا ، چوکنا ہونا .

جُھڈُو (ضم جھ ، شد ڈ ، ومع) صف : مذ.
۱. نکما ، ناکارہ .۲. بوڑھا ، بوبک ، احمق ؛ بے حیا ، بے وقوف . [س].

جَھر(۱) (فت جھ) مث.
کپڑا یا کاغذ وغیرہ کے دفعۃً پھٹنے کی آواز . [حکایت الصوت].

جَھر(۲) (فت جھ) مذ (قدیم).
چوں کا گرنا ؛ قفل کا کھٹکا ؛ متواتر بارش ، جھڑی ، بوچھاڑ .

جَھر جَھر م ف. لگاتار ، برابر ، مسلسل ، جھڑی کے ساتھ .

جِھرجِھر (۱) (کس جھ ، سک ر ، کس جھ) صف.
چھوٹی سی دھار میں بہتا ہوا (پانی) ، قطرہ قطرہ کر کے گرتا یا بہتا ہوا ، ٹپکنے والا . [س].

جِھرجِھر (۲) (کس جھ ، سک ر ، کس جھ) م ف.
آہستہ آہستہ ، دھیرے دھیرے ؛ جھر جھر کی آواز کے ساتھ . [س].

جِھرجِھرا (کس جھ ، سک ر ، کس جھ) صف مذ.
۱. لیر لیر ؛ جھر جھر کی آواز والا .۲. پتلا ، باریک ، بہت باریک کپڑا جس کے تار فاصلے سے ہوں .۳. خراب بنا ہوا (کپڑا). [س].

جُھرجُھرا (ضم جھ ، سک ر ، ضم جھ) صف.
لرزاں ، کپکپاتا ہوا ، متزلزل ، جھوجھرا.

جَھرجَھرانا (فت جھ ، سک ر ، فت جھ) ف ل.
چھوٹی سی دھار میں بہنا ، تھوڑا تھوڑا بہنا ، تیزی میں کہیں کہیں کمی واقع ہو جانا (حالت جب تیز بہنے والے پانی کی رفتار تنگ راستے کے سبب قدرے سست ہو جاتی ہے) ؛ جھر جھر کی آواز پیدا کرنا .

جُھرجُھرانا (ضم جھ ، سک ر ، ضم جھ) ف ل.
ہلکے انداز میں کپکپانا ، جھرجھری لینا .

جُھرجُھری (ضم جھ ، سک ر ، ضم جھ) مث.
(جسم میں) ہلکی کپکپی یا لرزش (جو خوف ، سردی ، بخار یا کسی اور اثر یا تحریک سے ہو). [س].

جُھرمُٹ (ضم جھ ، سک ر ، فت نیز ضم م) مذ ؛ مث.
۱. (ا) انبوہ ، گروہ ، حلقہ ، بھیڑ .۲. چادر یا شال وغیرہ سے منھ یا چہرے کو چھپانا ، سارے بدن کو ڈھانپنا .۳. (ستاروں کا) مجموعہ .۴. جھنڈ ، درختوں یا جھاڑیوں کی کثرت ، کنج . [س].

جَھرنا (فت جھ ، سک ر) مذ.
چشمہ یا حوض جس میں پانی کسی اونچے مقام پر سے آ کر گرے اور ایک چادر کی شکل اختیار کر لے ، آبشار . [س].

جَھروکا (فت جھ ، ومج) مذ :- جھروکہ.
۱. کھڑکی ، دریچہ ، روشن دان .۲. وہ کھڑکیاں جو ایوان شاہی میں سیر تماشا ، نظارہ دیکھنے کے واسطے باغ یا دریا کی طرف واقع ہوں . [س].

جِھری (کس جھ) مث.
۱. شگاف ، درز ، پھٹاؤ ، شق .۲. کوئی چیز نکالنے کے لیے بنی ہوئی درز [س].

جُھرّی (ضم جھ ، شد ر) مث.
۱. کسی چیز کی سطح پر سوکھنے ، مڑنے ، پرانے پن یا بڑھاپے کی وجہ سے جلد پر پڑ جانے والی لکیر یا شکن ، سلوٹ .۲. کپڑے کی سطح یا بدن کی کھال کے تناؤ کا نقص یعنی ڈھیلا اور جگہ جگہ سے سکڑا پن . [س].

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

جھڑ (فت جھ) اند: است.
جھڑنا سے مشتق، گرنا (پتوں کا). ۲. بارش، جھڑی، لگاتار ہلکی بارش جو کئی دن جاری رہے؛ تیز اور مسلسل بارش. [س].

جھڑ بیری (فت جھ، سک ڑ، ی ج) است.
ایک جنگلی بیری اور اس کا جھاڑ جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے بیر لگتے ہیں جو بہت کھٹے میٹھے ہوتے ہیں.

جَھڑَپ (فت جھ، ڑ) است.
۱. (i) ہلکی سی لڑائی، مقابلہ. (ii) جھگڑا، تکرار. ۲. جوش، تیزی، تندی. ۳. کسی ایک چیز کی دوسری چیز پر زد، ضرب، مار. [س].

جِھڑکی (کس جھ، سک ڑ) است.
جھڑک؛ جھڑکنے کا عمل، کسی کو ڈانٹنا ڈپٹنا، تنبیہ کرنا، غصے کا اظہار کرنا.

جَھڑنا (۱) (فت جھ، سک ڑ) ف ل.
گرنا، اوپر سے نیچے آنا یا بہنا، دور ہونا، الگ ہونا، جدا ہونا.

جَھڑنا (۲) (فت جھ) ف ل.
۱. جھاڑنا کا لازم؛ صاف ہونا، جھاڑ و دیا جانا. ۲. پرندوں کا پر گرانا؛ ڈالا جانا؛ پڑنا؛ باڑ چلنا. ۳. کپڑے وغیرہ کا جھٹکا جانا؛ ہلنا.

جَھڑوانا (فت جھ، سک ڑ) ف م.
۱. گرد و غبار صاف کرنا، کسی چیز کو جھٹک کر صاف کروانا. ۲. دم کروانا، منتر وغیرہ پڑھ کر پھکوانا، بذریعہ عمل یرقان کے خاتمے کے لیے دم کروانا.

جَھڑی (فت جھ) است.
متواتر، لگاتار ہونا یا گرنا (بارش، آنسو وغیرہ).

جھڑی لگنا محاورہ. ۱. جھڑی لگانا کا تعدیہ، متواتر، پے در پے. ۲. (بارش یا آنسوؤں کا) سلسلہ بندھنا.

جَھک (فت جھ) است: اند.
۱. بے ہودہ اور بے معنی گفتگو، واہی تباہی باتیں، بکواس، بک بک. ۲. غصہ، تپیا، جوش، ضد. ۳. دیوانہ پن، جنون، خبط. [س].

جھک مارنا محاورہ. ۱. بکواس کرنا، بے کار یا بے ہودہ باتیں کرنا، جھوٹ بولنا. ۲. غلط کام کرنا. ۳. (کسی حالت سے) عاجز ہو جانا، تھک جانا؛ بے نتیجہ کام کرنا؛ (کوشش کے باوجود) مجبور محض ہو جانا. ۴. فضول اور بے مصرف ہو کر رہ جانا، بے کار پڑا رہنا. ۵. افسوس کرنا، ہاتھ ملتے رہ جانا. ۶. (حقارت یا نفرت سے) جو چاہنا سو کرنا.

جُھک (ضم جھ).
جھکنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل. [س].

جھک پڑنا ف مر: محاورہ. مائل ہونا، متوجہ ہونا، ٹوٹ پڑنا، جھک جانا، خمیدہ ہونا؛ اپنی کمتری کا اقرار کرنا.

جھک جانا ف مر: محاورہ. ۱. خمیدہ ہونا؛ (مجازاً) فروتنی کرنا، انکساری کرنا. ۲. مائل ہو جانا.

جُھکانا (ضم جھ) ف م.
جھکنا کا تعدیہ. خم کرنا، نیچا کرنا، سرنگوں کرنا.

جُھکاو/جُھکاؤ (ضم جھ/ و ج) اند.
۱. خمیدگی، خم، جھکا ہوا ہونے کی حالت. ۲. باری، وار. ۳. میلان، رجحان، رخ.

جَھکائی (فت نیز کس جھ) است.
گھائی، جھپکی، بھلاوا (جو پہلوان یا لاٹھی یا نیزہ چلانے والے حریف کو دیتے ہیں).

جَھک جَھک (کس نیز فت جھ) است.
۱. بکواس، بے ہودہ گوئی، واہی تباہی گفتگو. ۲. تکرار، حجت، جھگڑا.

جَھکّڑ (فت جھ، شد ک بفت) اند.
تند و تیز ہوا جس میں غبار بھی اُڑے، آندھی، طوفان، باد. [س].

جھکڑ چلنا محاورہ. آندھی آنا، تیز ہوا چلنا.

جُھکنا (ضم جھ، سک ک) ف ل.
۱. نیچا ہونا، مڑنا، ٹیڑھا ہونا، دہرا ہونا، خم کھانا. ۲. تول میں ترازو کے جنس والے یا کسی ایک پلڑے کا دوسرے کے مقابلے میں زیادہ نیچا ہونا؛ (کسی شے کا) سیدھی حالت سے خمیدہ ہونا. ۳. عجز و انکسار کا اظہار کرنا، تواضع، خاکساری. ۴. فروتنی یا عاجزی کا اظہار کرنا. ۵. مائل یا متوجہ ہونا، راغب ہونا. ۶. پل پڑنا، حملہ آور ہونا. ۷. (i) (کسی کی بات کو) مان لینا، (کسی کی بڑائی) تسلیم کرلینا. (ii) اطاعت اختیار کرنا، شکست ماننا. [س].

جَھکورا/جَھکوڑا (فت جھ، وج) امذ.
۱. (ہوا کا) جھونکا؛ (خوش بو کی) لہر. [س].

جَھکولا (فت جھ، وج) امذ.
۱. پانی یا ہوا کے زور سے آنے کی حالت یا کیفیت، لہر، جھونکا. ۲. (مجازاً) صدمہ، دھچکا. ۳. غوطہ، ڈبکی، پانی کی تہ تک جا کر واپس آنے کا عمل. ۴. (دریا، حوض یا تالاب وغیرہ میں پانی ادھر اُدھر کیے جانے کی حالت.

جَھکولا (جَھکولے) دینا محاورہ. ۱. صدمہ پہنچانا. ۲. پانی کے ریلے کا (کشتی یا جہاز وغیرہ سے) ٹکرا کر اس کو ڈگمگا دینا، ہلانا جلانا غوطہ دینا. ۳. (آب برآری) پانی کی سطح سے ڈول کو ٹکرانا، پانی میں ڈول کو ڈبکیاں دینا؛ جھولنا، جھولنا. ۴. اِدھر اُدھر پھرانا، چکر کھلانا.

جھکولا (جھکولے) کھانا محاورہ. ۱. (پانی یا ہوا کی لہر سے) ہلنا جلنا؛ پانی میں کبھی ڈوبنا کبھی اُبھرنا، غوطے کھانا. ۲. زمانے کے گرم و سرد آزمانا. ۳. لڑکھڑانا، ڈولنا، جھومنا. ۴. کشتی یا جہاز وغیرہ کا پانی کی رو کے ریلے سے ڈگمگانا.

جَھکی (فت جھ) صف.
غضب ناک، جوش میں بھرا ہوا، تند و تیز.

جَھکّی (فت جھ، شد ک) صف.
بہت بکواس کرنے والا، ضدی، ہٹیلا، بہت تکرار یا حجت کرنے والا.

جَھگڑا (فت جھ، سک گ) امذ.
۱. معمولی تکرار؛ لڑائی، دنگا، فساد. ۲. بحث، حجت، تکرار، اختلاف. ۳. قضیہ، اُلجھن، بکھیڑا. [س].

جھگڑا مول لینا محاورہ. مصیبت گلے ڈالنا، جھگڑے میں پڑنا.

جَھگڑالو (فت جھ، سک گ، ومع) صف.
لڑنے جھگڑنے والا، فسادی، حجتی، شریر. [س].

جَھگڑنا (فت جھ، گ، سک ڑ) ف م.
۱. تکرار کرنا، حجت کرنا، اڑنا، ضد کرنا. ۲. لڑنا، فساد کرنا، دنگا کرنا. ۳. مزاحمت کرنا، معترض ہونا. ۴. دعوے دار بننا، مقدمہ لڑنا. [س].

جُھگّی (ضم جھ، شد گ) امث.
جھونپڑی. [س].

جَھل (۱) (فت جھ) امث.
غصہ، خفگی، جھنجھلاہٹ؛ رشک، حسد، جلن. [س].

جَھل جھلاہٹ امث. ۱. چمک، تاب ناکی. ۲. جلن، سوزش، تپش. ۳. سوزش جو لب و زباں کو مولی یا مرچ وغیرہ کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے یا زخم پر نمک یا مرچ وغیرہ لگ جانے سے محسوس ہو.

جَھل (۲) (فت جھ).
جھلنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

جَھل دینا ف مر. ہوا دینا.

جَھلّا (فت جھ، شد ل) صف مذ.
۱. ایسا شخص جس کا مزاج چڑ چڑا ہو اور بات بات پر غصہ اور زبان درازی کرے، بد مزاج، تیز، غصہ ور. ۲. بے وقوف، خبط الحواس، پاگل.

جھلا (جھلا) کو / کے م ف. جھنجھلا جھنجھلا کر، غصے کے عالم میں، تند مزاجی کے ساتھ.

جُھلانا (ضم جھ) ف م.
۱. جھولے وغیرہ میں بٹھا کر جنبش دینا، ہلانا؛ لٹکانا. ۲. (مجازاً) لیت لعل کرنا، کام اٹکائے رکھنا، غلط امید پر لگائے رکھنا، لٹکائے رکھنا.

جَھلّانا (فت جھ، شد ل) ف ل.
۱. غصہ کرنا، ناراض ہونا، جھنجھلانا. ۲. (ضرب کی وجہ سے)، سوزش کرنا جلن ہونا، تمتمانا، جھنجھنانا. [س].

جَھلّاہٹ (فت جھ، شد ل، فت ہ) امث.
۱. غصہ، جھنجھلاہٹ. ۲. تیزی. [س].

جُھلَس (ضم جھ، فت ل).
جھلسنا سے مشتق، مرکبات میں مستعمل. [س].

جُھلسا (ضم جھ، سک ل) (الف) امذ.
۱. لوکا، شعلہ. ۲. (جراحی) کسی نوک دار چیز کے چبھنے کا چھوٹا سا زخم آگ سے جھلنے کا ہلکا سا نشان، چرکا. (ب) صف مذ. (مجازاً) موا، نگوڑا کم بخت.

جھلسانا (ضم جھ، سک ل) ف م.
گرم کرنا، آگ میں تپانا، ادھورا جلانا، گرمانا؛ جھلسنا کا تعدیہ.

جھلسنا (ضم جھ، فت ل، سک س) ف ل؛ ف م.
جلنا، پھکنا، آگ لگنا، بھن جانا. [س].

جھلک (فت جھ، ل) امث.
ا. آب و تاب، چمک دمک، روشنی. ۲. (i) پرتو، عکس، جلوہ. (ii) ایک نظر یا لمحہ بھر کے لیے نظارہ کرنا یا ہونا، جھپکی، دُور کا نظارہ. ۳. تھوڑی سی مشابہت، اثر یا خصوصیت.

جھلک دِکھانا/ دِکھلانا ف مر. لمحہ بھر کے لیے صورت دکھانا، اُچٹتا سا یا ہلکا نظارہ کرانا.

جھلکانا (فت جھ، سک ل) ف م.
روشن کرنا، اُجالنا، چمکانا، نمایاں یا ظاہر کرنا.

جھلکنا (فت جھ، ل، سک ک) ف ل.
ا. (i) چمکنا، دمکنا، روشن ہونا. (ii) کسی چیز کے اندر سے روشنی یا چمک ظاہر ہونا یا دکھائی دینا. ۲. ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، نظر آنا. ۳. جھل مل کرنا، جھلملانا، چمک نظر آنا. ۴. (آنسو کا) نظر آنا.

جھلکی (فت جھ، سک ل) امث.
تھوڑی دیر کے لیے نظر آنا.

جھلمِل (کس جھ، سک ل، کس م) (الف) صف.
روشن، جگمگاتا ہوا. (ب) امث. ا. جگمگاہٹ؛ (ستاروں کی) کم کم چمک؛ چراغوں کا عکس پانی پر پڑنے کی کیفیت. [س].

جھلملانا (کس جھ، سک ل، کس م) ف ل.
ا. (ستارے وغیرہ کا) چمکنا یا روشن ہونا، جگمگانا (پانی وغیرہ کا روشنی کے عکس سے)، جھلکنا، لہرانا. ۲. (چراغ کی لو کا) ٹمٹمانا، لرزنا، ماند یا دھندلا پڑنا، کم کم چمکنا. ۳. (مجازاً) وقت آخر ہونا.

جھلملاہٹ (کس جھ، سک ل، کس م، فت ہ) امث.
جھلملانا کا اسم مصدر، ستاروں کا چمکنا.

جھلنا (فت جھ، سک ل) ف م: ف ل.
ا. پنکھے سے ہوا دینا، پنکھا ہلانا. ۲. برف یا شورے میں رکھ کر ہلایا جانا، برف میں ٹھنڈا کرنا. [س].

جھلنگا (ا) (کس نیز فت جھ، فت ل، غنہ) (الف) صف؛ امذ.
ا. ڈھیلی ڈھالی چار پائی، چارپائی جس کے بان ٹوٹ کر لٹک گئے ہوں اور ادوائن بھی بوسیدہ ہوگئی ہو. (ب) امذ. چارپائی کا بنا ہوا بان جب اس میں سے پٹیاں اور پائے نکال لیے جائیں. ۲. (کنایۃً) لاغر، کمزور، ڈھیلا ڈھالا.

جھلّی (فت جھ، شد ل) امذ؛ صف مث.
جھلا کی تانیث، کم عقل، غصہ ور، تندمزاج، مغلوب الغضب؛ تیز.

جھلّی (کس جھ، شد ل) امذ.
ا. (i) باریک پردہ جو گوشت کے مختلف حصوں پر مختلف صورتوں سے منڈھا ہوتا ہے. (ii) آنکھ کا جالا. (iii) باریک پوست (انسان یا حیوان کا)، حیوان کی پتلی کھال جو لکھائی کے لیے تیار کی جاتی ہے. (iv) پتلا اور باریک چھلکا، پردہ. ۲. (مجازاً) باریک اور پتلی چیز. [س]

جھم جھم (فت جھ، سک/ فت جھ) (الف) امث.
ا. تیز اور مسلسل بارش، لگاتار مینھ کا برسنا. ۲. زور سے مینھ برسنے کی آواز. (ب) م ف. ا. چمک دمک کے ساتھ، جگمگاہٹ سے، جگ مگ کر کے. [س].

جھما جھم (فت جھ، جھ) امث، م ف.
ا. زور سے مینھ برسنے کی آواز؛ جھم جھم کی آواز کے ساتھ. ۲. تلوار اور دوسرے جنگی ہتھیار چلنے یا گھنگھروؤں کی آواز، جھنکار. ۳. گوٹا کناری کی چمک دمک؛ چمکنے والا لباس.

جھماکا (فت جھ) امذ.
ا. جھلک. ۲. بارش کا جھالا. ۳. جھنکار، جھناکار. ۴. پانی گرنے کی آواز. ۵. بارش کی تیز بوچھاڑ، پانی کا ڈریڑا؛ تیزی، جلدی، پھرتی؛ دھماکا، دھڑاکا، (شیشہ وغیرہ ٹوٹنے کی) جھنکار، چھنک، چمک، روشنی، تجلی. [س]

جھمک (فت جھ، م) امث.
ا. چمک دمک. ۲. نور، تجلی. ۳. آب و تاب، شان و شوکت. ۴. کسی اوٹ سے یا لمحہ بھر کے لیے نظر آنے کی کیفیت و حالت، دیدار، جھلک. [س].

جُھمکا (ضم جو، سک م) اند.
۱. بندے کی قسم کا زیور جس کی مُرکی کٹوری کی شکل کی جڑاؤ اور سادہ دونوں قسم کی ہوتی ہے. کٹوری کے بیچ میں ایک آویزہ بطور لنگر لٹکا ہوا ہوتا ہے، کرن پھول. ۲. ستاروں کا مجموعہ یا جھرمٹ خصوصاً عقد ثریا، سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں، پروین. [س].

جَھمکنا (فت جو، م، سک ک) ف ل.
چمکنا، جھلکنا.

جُھمکی (ضم جو، سک م) است.
جھمکا کی تصغیر، کانوں کا ایک زیور. [س].

جَھمُورا (فت جو، و مع) صف؛ اند.
۱. جس کے جسم پر بال کثرت سے اور بڑے بڑے ہوں، جھبرا. ۲. ریچھ (خصوصاً بھورا اور بدقطع). ۳. وہ بچہ جو عموماً بازی گر یا مداری کے ساتھ رہتا اور تماشا دکھاتے وقت بازی گر یا مداری اس سے سوال جواب کرتا رہتا ہے. ۴. وہ بچہ جس کے کپڑے ڈھیلے ڈھالے ہوں. [س].

جَھمیل (فت جو) است.
جھگڑا، فساد، بکھیڑا، بحث و تکرار، اُلجھاؤ. [س].

جَھمیلا/ جَھمیلَہ (فت جو، ی مج / فت ل) اند.
۱. جھگڑا، فساد؛ بکھیڑا. ۲. (مجازاً) ناپسندیدہ اسباب؛ مشکل. [س].

جَھمیلوں (فت جو، ی مج، و مج) اند.
جھمیلا کی مغیرہ حالت یا جمع، مرکبات میں مستعمل.

جھمیلوں میں پڑنا ف مر. بکھیڑوں میں پڑنا، جھگڑوں میں پڑنا، خواہ مخواہ کی پریشانی مول لینا.

جَھن (فت جو) است.
دھات کی تھالی یا کوئی اور برتن یا تلوار وغیرہ گرنے یا بجنے کی آواز؛ گھنگھروؤں وغیرہ کی جھنکار. [حکایت الصوت].

جَھنّا (فت جو، شد ن).
جھنانا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

جَھنّا اُٹھنا محاورہ. جھنجھناہٹ پیدا ہونا، گونج پیدا ہونا؛ ماؤف ہو جانا.

جَھناجَھن (فت جو، جو) است.
جھن جھن کی آواز، جھنجھناہٹ.

جَھناکا (فت جو) اند.
جھنکار، گھنگرو وغیرہ بجنے کی آواز. [س].

جَھنّانا (فت جو، شد ن) ف ل.
۱. جھن کی آواز پیدا کرنا. ۲. جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ پیدا ہونا، کسی چیز کے لگنے یا اس کی آواز سے تکلیف پہنچنا. ۳. (ع) سن یا بے حس و حرکت ہو جانا، بدن میں سوئیاں سی چبھنا. ۴. چکرانا، بھنانا.

جَھنجَٹ (فت جو، سک ن، فت جو) اند؛ است؛ ~ جھنجھٹ
جھگڑا، بکھیڑا، الجھاوا، قضیہ، پریشانی، دقت، وبال، فساد، حجت، تکرار.

جُھنجَلانا (ضم جو، غنہ، سک ج) ف ل؛ ~ جھنجھلانا.
۱. (i) غصہ کرنا، جھلانا، بگڑنا. (ii) غصے میں بکنا جھکنا. ۲. پیچ و تاب کھانا، کڑھنا.

جُھنجَلاہَٹ (فت جو، سک ن، ج، فت ہ) است؛ ~ جھنجھلاہٹ.
غصہ، چڑچڑاپن، کڑھن.

جُھنجُنا/ جُھنجُھنا (ضم جو، سک ن، ضم ج) اند.
بچوں کا کھلونا جس کے اندر بجنے کے لیے کنکریاں ڈال دیتے ہیں اور ہلانے سے جھن جھن کی آواز آتی ہے، گھنگرو لگا ہوا دستی کھلونا. [س].

جَھنجوڑنا (فت نیز کس جو، سک ن نیز مغ، و مج) ف م.
۱. کسی شخص کو بیدار کرنے کے لیے یا کسی برے فعل سے باز رکھنے کے لیے ہاتھ یا بازو پکڑ کر ہلانا، بیدار کرنا، ہوشیار کرنا، خبردار کرنا ۲. نوچنا کھسوٹنا، بار بار جھٹک کر ادھ موا یا زخمی کر ڈالنا. ۳. (کنایۃً) لعنت ملامت کرنا، شرم دلانا.

جَھنجَھٹ (فت جو، سک ن، فت جو) اند؛ است.
جھگڑا، بکھیڑا، اُلجھاوا، وبال، فساد؛ پریشانی؛ مشکل، دقت؛ حجت تکرار، جھک جھک.

جُھنجُھلانا (ضم جو، سک ن، جو) ف ل.
دیکھیے: جھنجلانا.

جُھنجھلاہَٹ (ضم جھ، سک ن، جھ، فت ہ) اث.
دیکھیے: جھنجلاہٹ.

جھُنجھنانا (فت نیز ضم جھ، سک ن، فت نیز ضم جھ) ف ل؛ ف م.
جھن جھن کی آواز پیدا کرنا، جھنکارنا، بجنا، کھڑکنا، ٹھنٹھنانا. ۲. سنسناہٹ پیدا ہونا، سنسنانا، بدن میں سوئیاں سی چبھنا. ۳. غصے ہونا، طیش میں آنا، ناراض ہونا، جھنجھلانا.

جُھنجھناہَٹ (فت نیز ضم جھ، سک ن، فت نیز ضم جھ، فت ہ) اث.
۱. جھن جھن کی آواز، جھنکار. ۲. سنسناہٹ. ۳. جھنجھلاہٹ، چڑچڑاپن.

جَھنجھوڑنا (فت نیز کس جھ، سک ن، نیز ج) ف م.
دیکھیے: جھنجوڑنا. [س].

جُھنڈ (۱) (ضم جھ، سک ن) اذ.
غول، گروہ، انبوہ، جمگھٹا؛ گلہ، ریوڑ. [س].

جُھنڈ کے جُھنڈ اذ. قطار اندر قطار، غول کے غول، پرے کے پرے، بہت زیادہ، بے شمار.

جُھنڈ (۲) (ضم جھ، سک ن) اذ.
۱. بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوں. ۲. ستاروں کا گچھا، جھرمٹ. ۳. گھاس کا پولا، مٹھا، بنڈل. ۴. جھاڑیاں. ۵. بڑے بڑے گھنے اور کھڑے ہوئے بال، بے ترتیب بکھرے ہوئے اور بڑھے ہوئے بال. [س].

جھَنڈا (فت جھ، سک ن) اذ.
کسی ڈنڈے، چھڑ وغیرہ سے بندھا یا لگا ہوا کپڑے کا ٹکڑا عموماً چوکور مستطیل یا تکونا جس پر اکثر کوئی علامت بھی ہوتی ہے یا اپنے خاص رنگ و نشانوں سے شناخت کیا جاتا ہے جو عموماً کسی قوم، ملک، تحریک، جماعت، فوج یا بادشاہ کی نمائندگی کرتا ہے، علم، نشان، پرچم. [س].

جَھنڈا اُٹھانا محاورہ. ۱. قبضہ ختم کرنا، تسلط اُٹھانا. ۲. جھنڈا اونچا کرنا، کسی امر کی ذمہ داری قبول کرنا؛ جھنڈا اُڑانا.

جَھنڈا سَرنگوں ہونا ف مر؛ محاورہ. جھنڈا گر جانا؛ جھنڈا جھکنا؛ سوگ منایا جانا؛ اعتراف شکست کیا جانا.

جھنڈا گاڑنا محاورہ. سکہ بٹھانا، تسلط یا قبضہ جمانا، کسی جگہ یا مقام وغیرہ کو مسخر کرنا؛ اہم کارنامہ انجام دینا.

جَھنڈُولا (فت جھ، مغ، و مع) صف؛ اذ.
۱. (i) نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر ولادت کے بال ہوں. (ii) بالک (مجازاً) کم عمر. ۲. گھنے اور حلقہ کیے ہوئے (بال) گھنگریالے (بال). [س].

جَھنڈی (فت جھ، سک ن) اث.
۱. جھنڈا کی تصغیر، چھوٹا جھنڈا (کپڑے یا کاغذ کا). ۲. کپڑے یا کاغذ کی بنی ہوئی رنگ برنگ کی پٹی جو خوشی کے موقع پر زیب و زینت کے لیے مناسب جگہوں پر باندھتے اور لٹکاتے ہیں. [س].

جھنڈی دِکھانا محاورہ. ۱. بھگانا، چلنے کا اشارہ کرنا. ۲. خطرے یا امن کا اشارہ کرنا (لال یا سرخ جھنڈی خطرے کے لیے اور سفید امن کے لیے). ۳. ریل کے روانہ ہونے یا رکنے کے لیے (سبز یا سرخ جھنڈی سے) اشارہ کرنا.

جَھنَک (فت جھ، ن) اث.
۱. گھنگرو، پازیب یا زنجیر وغیرہ کی آواز، چھنک، بھاری اور گہری جھنکار. [س].

جھَنکار (فت جھ، سک ن) اث؛ اذ.
۱. گھنگرو، پازیب، پائل؛ چھاگل یا زنجیر وغیرہ کی آواز. ۲. تلوار یا خنجر وغیرہ کے چلنے، گرنے یا ٹکرانے کی آواز، جنگی ساز و سامان کے گرنے یا ٹکرانے کی آواز. ۳. مختلف دھاتوں (پیتل، تانبے یا چاندی وغیرہ کے) ظروف یا سکے وغیرہ کی آواز؛ زنجیر یا بیڑی وغیرہ کی کھنکناہٹ. ۴. ستار یا جل ترنگ وغیرہ قسم کے باجے کی آواز، جھن جھن؛ گھنٹے کی آواز کے بعد کی گونج؛ تھرتھراہٹ کی آواز؛ گونج. ۵. جھینگر کی آواز. ۶. جھنجھناہٹ، لرزش سے پیدا ہونے والی آواز، آواز کی تھرتھراہٹ. [س].

جُھوٹ (و مع) (الف) اذ.
۱. واقعے یا حقیقت کے خلاف بات یا بیان، غلط بیانی، دروغ گوئی، سچ کی ضد. (ب) صف. غلط. [س].

جھوٹ کے پانو/پاؤں نہیں ہوتے کہاوت. جھوٹ بہت جلد کھل جاتا ہے، جھوٹ بہرحال کھل کر رہتا ہے.

جھوٹ موٹ صف ؛ م ف :- جھوٹ موٹ .۱. غلط ، غلط سلط ، جھوٹ . ۲. بلاوجہ ، بے سبب .۳. دکھاوے یا بناوٹ کو ، اوپری دل سے ، محض نام کو .۴. فرضی طور پر .۵. مذاق سے ، یوں ہی .

جُھوٹا (و مع) صف مذ .

۱. بچا کچھا ، پس خوردہ ، جو کچھ کھانے پینے کے بعد چھوڑ دینے کے سبب بچ رہے نیز وہ چیز جس میں سے کچھ کھا لیا ہو یا پی لیا ہو .۲. جھوٹ بولنے والا ، دروغ گو ، بے ایمان .۳. غیر حقیقی ، بناوٹی ، دکھاوے کا (اصل یا حقیقی کی ضد) .۴. جعلی ، کھوٹا یا نقلی (سکہ یا دستاویز وغیرہ) جسے دغا بازی سے اصل کے مطابق بنا لیا گیا ہو .۵. مصنوعی یا نقلی (بلچے ، گوٹے کا کام یا جواہرات یا سونا چاندی وغیرہ) .۶. عموماً برتن یا کپڑا وغیرہ) استعمال کیا ہوا ، برتا ہوا ، جسے پہنا یا اوڑھا گیا ہو یا برتن جس میں کچھ کھایا پیا گیا ہو ، کورے کا نقیض . [س] .

جھوٹا پڑنا محاورہ .۱. دروغ گو یا وعدہ خلاف ثابت ہونا .۲. کھوٹا نکلنا ، ناقص یا نقلی ثابت ہونا .۳. وار ہاتھ یا ضرب وغیرہ کا ناکام رہنا ؛ کسی اوزار کا ناقص ہو جانا ، بے کار ہو جانا .

جھوٹا کرنا ف مر : محاورہ .۱. دروغ گو ثابت کرنا ؛ جھٹلانا .۲. کسی چیز میں سے تھوڑی سی کھا لینا .۳. (ہاتھ یا وار وغیرہ کو) بے کار کر دینا ، کارگر نہ ہونے دینا .

جُھوٹَن (و مع ، فت ٹ) اند :- جھوٹھن .

بچا کھچا ؛ بچا ہوا کھانا ، پس خوردہ .

جُھوٹوں (و مع ، و ج) م ف .

۱. جھوٹ موٹ ، یوں ہی ، ظاہر داری کے طور پر ، بناوٹ سے ، اوپری دل سے .۲. نام کو بھی ، بھول کر بھی ، بھول سے .

جھوٹوں پوچھنا محاورہ . جی تو پوچھنے کو نہ چاہے مگر دنیا داری یا شرم کے لحاظ سے کسی کی خیریت دریافت کرنا ، ظاہری مدارات کرنا .

جُھوٹی (و مع) صف مث .

جھوٹا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل .

جُھوٹے (و مع ، ی مج) م ف .

۱. جھوٹا کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .۲. بے فائدہ ، بے کار ، خواہ مخواہ .

جھوٹے پر خدا کی لعنت / مار فقرہ . (بد دعا کے طور پر بولتے ہیں) جو جھوٹ بولے اس کا ستیا ناس ہو .

جھوٹے کا منھ کالا سچے کا بول بالا کہاوت . جھوٹا ہر جگہ بے عزت ہوتا ہے ، سچے کی ہر جگہ عزت ہوتی ہے .

جھوٹے کو حد (گھر) تک پہنچانا محاورہ . جھوٹے کا جھوٹ ثابت کر دینا .

جھوٹے منھ م ف . جھوٹ موٹ ، یوں ہی ، ظاہر داری کے طور پر ، اوپری دل سے ، دنیا دکھاوے کو .

جھوٹے منھ (سونھ) بھی (سے بھی) نہ پوچھنا محاورہ . مطلق توجہ نہ دینا ، یکسر بے رُخی برتنا .

جھوجْرا (و ج ، سک ج) صف مذ .

۱. چیز جس کے اجزا پیوستہ نہ ہوں ، ناہموار ، بال پڑا ہوا ، ٹوٹا پھوٹا .

۲. جسم کا کوئی عضو یا کوئی اور مادی اور مرئی شے جو اپنی اصلی حالت پر نہ ہو ، کھوکھلا ، ناکارہ .

جھوک (و ج) امث :- جھونک .

۱. ہچکولا ، لہر ، لٹک .۲. وار کرنے کی حالت ؛ خمیدگی ، وار .۳. پینک غفلت .۴. ترازو کے ایک پلے کا جھکاؤ .۵. ہر وزنی چیز کا بوجھ ، دباؤ تول ، وزن .۶. جھونکا ، ہوا کا زور .۷. جھولے کا دھکا ؛ لڑکھڑانا ڈگمگانا .۸. بارش کے پانی کا زور ، ریلا ، بہاؤ . [س] .

جھوکا (و ج) اند :- جھونکا .

۱. ہوا کی لہر ، ہوا کی ٹکر .۲. نیند کا ہچکولا ، نیند کے باعث سر کا جھک جھک جانا .۳. جھولے کی پینگ ، جھونٹا .۴. تیز ہوا .

جَھوکْنا (و ج ، سک ک) ف م :- جھونکنا .

۱. کوڑا کرکٹ یا پھونس وغیرہ تنور یا بھاڑ میں بطور ایندھن ڈالنا ، تنور بھاڑ گرم کرنا .۲. (i) خرچ کرنا ، برباد کرنا ، صرف کرنا . (ii) ڈالنا پھینکنا . [س] .

جُھول (و مع) امث .

۱. (i) ہاتھی ، اونٹ ، گھوڑا ، بیل وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ، جل

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجھول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

(ii) ظاہری لباس ، بدنما جسم پوش کپڑا ، بے تکا لباس .۲. جھولا : تھیلا .
۳. جھولنے کا عمل . [س] .

جھول (و ج) اند : است .
۱. جانوروں کا ایک بار کا وضع حمل ، اس میں پیدا ہونے والے بچے .
۲. سلائی کی ناہمواری کے سبب کپڑوں میں ڈھیلا پن. ۳. سلے ہوئے کپڑے کی وہ شکن جو جسم کے مطابق نہ ہونے کی وجہ سے پڑ جائے .
۴. پرندے کا ایک مرتبہ میں انڈے دینے کا زمانہ یا مدت . ۵. فرش کی سلوٹ ؛ کھال یا جسم وغیرہ میں تناؤ یا کساؤ نہ رہنے کی کیفیت و حالت ، ڈھیلا پن ، جھری ، سلوٹ . ۶. کسی چیز کا پورا تنا ہوا نہ ہونا . ۷. ڈھیلا پن ، کسر ، اعتراض ، گنجائش ، بیان یا دلیل وغیرہ میں کمزوری . ۸. کجی ، خامی ، ترچھا پن . ۹. اونچ نیچ ، رکاوٹ . [س] .

جھول دار صف . سلوٹ دار کپڑا ، ڈھیلا ڈھالا پہناوا ، منڈھنے کا کپڑا جس میں ڈھیلا پن ہو ؛ شکن والا .

جھول کھانا محاورہ . ۱. لٹک جانا ، اتر جانا . ۲. تلے اوپر ہونا ، بل کھانا .

جُھولا (و مع) اند .
۱. ستون وغیرہ میں لٹکائی ہوئی رسی جس میں جھولی باندھ کر یا پڑا یا ڈال کر تفریحاً جھولتے ہیں . ۲. لکڑی یا لوہے کی سلاخوں سے مستطیل شکل کا بنا ہوا کھٹولا جس کو نواڑ وغیرہ سے بنایا جاتا ہے .

جھولا (و ج) (الف) اند . ۱. سفری سامان رکھنے کا تھیلا . ۲. کپڑے کی ادنیٰ قسم ، موٹا جھوٹا کپڑا . (ب) صف . ۱. ڈھیلا ڈھالا ، جھلنگا (پلنگ وغیرہ) .
۲. (استعارۃً) ڈھیلی ڈھالی (جس کے اعضا میں تناؤ اور چستی باقی نہ رہے) ، سست .

جُھولنا (و مع ، سک ل) ف ل .
۱. ادھر سے ادھر جنبش کرنا ، جھولے یا ہنڈولے میں جھوکے لینا .
۲. آدھ بیچ میں رہ جانا ، اٹک کر رہ جانا ، لٹک جانا . ۳. (کسی امید میں) پڑا رہنا ؛ پریشان رہنا . ۴. لٹکنا ، آویزاں ہونا . [س] .

جھولی (و ج) است .
۱. وہ کپڑا جو تھیلا بنا کر فقیر گلے میں لٹکاتے ہیں . ۲. دامن کی گودی جو کسی چیز کے لیتے وقت پھیلائی جائے .

جُھوم (و مع) اند .
ہلنے ، لہرانے یا جھولنے کا عمل ؛ جھومنا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل .

جھوم اٹھنا محاورہ . خوشی سے سرشار ہو جانا ، وجد میں آنا . [س] .

جُھومَر (و مع ، فت م) اند .
۱. ایک زیور کا نام جو عورتیں زیبائش کے لیے پیشانی پر لٹکاتی ہیں .
۲. ہجوم ، مجمع ، ٹولا . ۳. ایک ناچ جس میں ناچنے والے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ باندھ کر ناچتے ہیں ، دست بند ناچ . ۴. (پرندوں ، چیزوں یا آدمیوں کا) مجمع ، جھرمٹ ، غول ، پرا . ۵. جھالر ، لٹکواں گچھا ، پھندنا . [س] .

جُھومنا (و مع ، سک م) ف ل .
۱. وفور مسرت ، بے خودی یا سرمستی میں سر یا جسم کو آگے پیچھے یا ادھر ادھر جنبش دینا ، لہرانا ، بل کھانا . ۲. (بادل یا گھٹا وغیرہ کا) گھر گھر کر آنا ، جمع ہونا . ۳. سرشار ہو کر پھرنا . ۴. اونگھنا ، غنودگی میں ہونا . [س] .

جھونپڑا (و ج ، مغ ، سک پ) اند .
۱. چھپر کا گھر ، پھوس کا مکان ، چھپر . ۲. سر چھپانے کی جگہ ، رہنے کی معمولی جگہ ، غریب خانہ . ۳. (ہندو ؛ عو) سر کے بڑے بڑے بال . [س] .

جھونپڑی (و ج ، مغ ، سک پ) است .
جھونپڑا کی تصغیر ، چھپریا ، چھوٹا سا چھپر .

جھونپڑے (و ج ، مغ ، سک پ) اند .
جھونپڑا کی مغیرہ حالت یا جمع ، تراکیب میں مستعمل .

جھونپڑے میں بیٹھ کے محلوں کے خواب دیکھنا محاورہ . غریب کا شیخی بگھارنا ، کمتر کا اعلیٰ کے بالمقابل ہونا .

جھونٹا (و ج ، مغ) اند .
۱. پینگ ، جھولے کی جنبش . ۲. جھونکے (نیند وغیرہ کے) . ۳. عورت کے سر کے بال ، جھونٹا ، چونڈا ، چوٹی . [س] .

جُھونج (و مع نیز ج ، مغ) اند : است .
۱. گھونسلا . ۲. (مجازاً) جھونپڑا ، جھونپڑی ؛ معمولی مکان نیز حقارتاً و طنزاً . [س] .

جُھونکا (و ج ، مغ) اند.
۱. ہوا کی لہر ، ہوا کی ٹکر. ۲. نیند کا جھولا ، نیند کے باعث سر کا جھک جھک جانا. ۳. جھولے کی پینگ ، جھونٹا. ۴. تیز ہوا.

جھونکنا (و ج ، مغ ، سک ک) ف م.
دیکھیے : جھوکنا ، تیزی سے بھگانا ، دوڑانا.

جھیپنا (و ج ، سک پ) ف ل.
دیکھیے : جھینپنا.

جھیل (ی مع) است.
پانی کا وسیع قطعہ جو خشکی کے درمیان واقع ہو ، تال ، بڑا تالاب. [س].

جھیلنا (و ج ، سک ل) ف م.
۱. برداشت کرنا ، سہارنا ، سہنا ، اُٹھانا. ۲. گوارا کرنا. ۳. پکڑنا ، سنبھالنا ، لپکنا ؛ گرتی ہوئی چیز کو اوپر ہی اوپر سہار لینا. [س].

جھینپ (ی ج ، مغ) است.
شرمندگی ، جھجک. [ا : پ].

جھینپنا (ی مع ، مغ ، سک پ) ف ل.
شرمانا ، لجانا ، آنکھیں نیچی کرلینا ، جھجکنا.

جِھینکنا (ی مع ، مغ ، سک ک) (الف) ف م :- جھینکھنا.
۱. رونا ، گریہ و زاری کرنا. ۲. دکھڑا بیان کرنا ، مصیبت دہرانا. ۳. کوشش میں عاجز رہنا ، تھک تھک کر رہ جانا. ۴. ماتم کرنا ، پیٹنا ، شکوہ شکایت کرنا. ۵. بولنا ، بکنا ، بااصرار کہنا. (ب) اند. مصیبت ، بپتا ، دکھڑا ، رونا ، لمبا دکھڑا. [س].

جِھینگا (ی مع ، مغ) اند.
ایک آبی جانور جس کے جسم پر سخت چھلکے ہوتے ہیں مچھلی کی طرح پکا کر کھاتے ہیں. [س].

جِھینگُر (ی مع ، مغ ، فت نیز ضم گ) اند.
ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو کونوں کھدروں میں رہتا ہے اور اکثر کپڑے ، کاغذ وغیرہ کو چاٹ جاتا ہے بولنے میں جھیں جھیں کی آواز نکالتا ہے. [س].

چ

چ حرف ؛ است.
۱. تلفظ چے ، غیرہائیہ صدائیہ ، مسدودہ مصمتہ ، اُردو حروف تہجی میں تیرھواں ، جمل میں اس کے عدد ج کے مساوی یعنی تین شمار ہوتے ہیں ، اسے جیم فارسی یا جیم عجمی بھی کہتے ہیں.

چابُک (ضم ب) (الف) اند.
لکڑی یا بید وغیرہ کی چھوٹی سی چھڑی جس میں چمڑا یا سوت وغیرہ کی ڈوری بندھی ہوتی ہے اور اس سے جانوروں کو ہنکاتے ہیں ، کوڑا ، ہنٹر. (ب) صف. تیز ، پھرتیلا ، چست و چالاک ، تراکیب میں مستعمل. [ف].

چابک دست صف. پھرتیلا ، اپنے کام میں چست و چالاک ؛ تیز ؛ (مجازاً) ماہر فن.

چابک دستی است. چابک دست کا اسم کیفیت؛ پھرتی ، چستی و چالاکی ؛ (مجازاً) مہارت فن.

چابُکی (ضم ب) است.
۱. پھرتی ، تیزی ، چستی ، چالاکی. ۲. شہسواری ، گھڑسواری ، گھوڑا دوڑانے کی مہارت.

چابْنا (سک ب) ف م.
دیکھیے : چبانا. [پ + س].

چابی است.
۱. کُنجی (جس سے قفل یا مشین وغیرہ کھولتے اور بند کرتے ہیں) ، کلید. ۲. گھنڈی جس سے گھڑی یا کسی اور مشین میں کوک بھرتے ہیں. ۳. رنچ ، آلہ جس سے پیچ وغیرہ کستے یا ڈھیلا کرنے کا کام لیتے ہیں. [پر].

چابی بھرنا محاورہ. گھڑی وغیرہ میں کوک دینا. ۲. (کنایۃً) باتیں بنا کر کسی کو کسی کام پر اُبھارنا یا آمادہ کرنا ، اُکسانا.

چاپ است.
پاؤں کی آہٹ ، آواز جو چلنے میں زمین وغیرہ پر پاؤں رکھنے سے

پیدا ہوتی ہے. [حکایت الصوت].

چاپ اند.

۱. پشت یا پسلی کے گوشت کے ٹکڑے جنھیں بھون کر کھاتے ہیں. ۲. چوپ. [انگ].

چاپ کرنا محاورہ. قیمہ کرنا، چورا کرنا.

... چاپ لاحقہ.

چپ کا تابع.

چاپلوس (فت ب، ومع) صف.

چرب زبان جو کسی کو خوش کرنے اور اپنا مطلب نکالنے کی غرض سے اس کے سامنے اس کی تعریف کرے، خوشامدی. [ف].

چاپلوسی (سک پ، ومع نیز ج) است.

خوشامد، چرب زبانی، مطلب نکالنے کے لیے تعریف کرنے کا عمل.

چاٹ است.

۱. چٹپٹی چیز جسے چکھ کر زبان چٹخارا لے، اُبلے ہوئے چنے یا مسالے دار دہی بڑے وغیرہ؛ امرود یا مختلف پھلوں میں مسالا ملا کر تیار کیا ہوا مرکب. ۲. (i) لذت، مزہ. (ii) مزہ لینے کا ذوق یا شوق، لذت حاصل کرنے کی عادت. ۳. لالچ، ہوس، نفع پانے یا لطف اُٹھانے کی خواہش، چسکا. [ف].

چاٹ پڑنا محاورہ. عادی ہو جانا، لت پڑ جانا، چسکا لگنا، شوق ہو جانا.

چاٹ جانا محاورہ. ۱. سب کچھ کھا جانا، چٹ کر جانا؛ (چیز کا) صفایا کر دینا. ۲. شروع سے آخر تک مطالعہ کر لینا، بہ غور پڑھ لینا، حفظ کر لینا. ۳. بے جا مباحثہ کرنا؛ تھکا دینا، عاجز کر دینا، پریشان کر دینا (بھیجا، دماغ یا مغز کے ساتھ مستعمل).

چاٹنا (سک ٹ) ف ل.

۱. کسی رقیق غذا یا دوا وغیرہ کو زبان سے اُٹھانا یا انگلی کی پور سے لے کر چکھنا، زبان کو کسی چیز پر اس کا مزہ لینے کے لیے پھرانا. ۲. چٹ کر جانا، صفایا کر دینا. ۳. کھانے یا لذات کے مقابل کسی اور شے پر قناعت کرنا؛ کسی کام یا مصرف میں لانا (بیشتر سوالیہ اسلوب میں مستعمل). ۴. (پوری کتاب یا علوم وغیرہ) اس طرح پڑھ جانا کہ مطالعہ یا مشاہدہ کر لینا کہ دل و دماغ پر تعلیم کا کوئی خاص اثر مرتب ہو نیز طنزاً. [س].

چاٹی است؛ اند.

دودھ کی ہانڈی. [ف].

چاچا اند؛ است.

دیکھیے: چچا، باپ کا چھوٹا بھائی. [س].

چاچی است.

چاچا کی تانیث؛ چچا کی بیوی.

چادر (فت د) است.

۱. جسم پر اوڑھنے کا لمبا چوڑا کپڑا. ۲. کپڑا یا گندھے ہوئے پھولوں کی چادر جو منت پوری ہونے پر گوٹے لچکے سے سجا کر مزار وغیرہ پر چڑھاتے ہیں. ۳. لمبا اور چوڑا کپڑا جو پلنگ یا فرش وغیرہ پر بچھایا جائے. ۴. دھات یا مسالے کا بنا ہوا لمبا چوڑا پتر؛ کسی منجمد یا گاڑھی چیز کا پھیلا ہوا پرت، جمی ہوئی تہ. [ف].

چادر اُتارنا اند. عورت کی بے آبروئی کرنا، سر سے چادر علیحدہ کرنا؛ پردہ فاش کرنا، ذلیل کرنا، بے عزت کرنا.

چادر اور چار دیواری است. خواتین کا حیا و شرم کے ساتھ سماجی تحفظ.

چادر تان کر سونا محاورہ. بے فکری کی نیند سونا؛ اطمینان سے زندگی بسر کرنا.

چادر چڑھانا محاورہ. ۱. بطور نذر کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی مزار پر ڈالنا (بیشتر بزرگوں کے مزار پر منت ماننے یا مراد پوری ہونے کے موقع پر). ۲. محبت یا عقیدت میں کسی عزیز کا اپنے رشتے دار یا محبوب کی قبر پر چادر ڈالنا.

چادر دیکھ کر پاؤں پسارنا/ پھیلانا محاورہ. بساط استطاعت اور گنجائش کے مطابق کام کرنا یا زندگی گزارنا.

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا محاورہ. بساط یا حیثیت سے زیادہ کام کرنا، فضول خرچی کرنا.

چار (۱) (الف) صف.

تین اور ایک کا مجموعہ، تین اور پانچ کا درمیانی عدد (ہندسوں میں: ۴). ۲. چند، کچھ، کچھ لوگ. [ف].

چار ابرو اند. سر، بھوں، داڑھی اور مونچھ کے بال، (مجازاً) بھدرا پن؛ (معشوق کی) زلفیں، بھویں اور سبزۂ رخسار و لب جس کا آغاز ہوا ہو؛ (کنایۃً) معشوق.

چار ارکان اند. ۱. چار عناصر یعنی مٹی، آگ، پانی، ہوا (جن کی ترکیب سے اجسام بنتے ہیں)؛ چاروں سمتیں؛ دنیا. ۲. نماز کے چار فرض.

چار اُنگل/اُونگل/اُنگلی صف؛ اند؛ است. چاروں انگلیوں کی چوڑائی، چار انگلیوں کے برابر ناپ؛ ہتھیلی، کف دست؛ ایک گرہ یا ڈھائی انچ کے برابر؛ ذرا سا، چھوٹا.

چار بالش/ بالشت اند. ۱. چار تکیوں کا مجموعہ (دو پہلو کے ایک پشت کا ایک سامنے کا)، گاؤ تکیہ؛ (مراداً) مسند، تخت شاہی.

چار پائی است. ۱. پلنگ؛ چھوٹا پلنگ؛ کھاٹ. ۲. جنازہ، تابوت، ارتھی؛ لاش.

چار پائی توڑنا محاورہ. ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا، بے کار پڑے رہنا، کام کرنے سے جی چرانا.

چار پہر صف؛ م ف. پورا دن یا پوری رات، بارہ گھنٹے.

چار پیسے اند؛ روزمرہ. ۱. دولت، مال و زر؛ سرمایہ، پونجی. ۲. تھوڑی بہت نقدی، چند سکے.

چار تکبیر است. نماز جنازہ جو مسلمان مردے پر پڑھی جاتی ہے.

چار تکبیر پڑھنا محاورہ. چھوڑ دینا، معاملہ ختم کر دینا، یکسر بے تعلق ہو جانا.

چار جامہ اند. ۱. چمڑے یا کپڑے کی بنی ہوئی زین کی طرح کی پوشاک جسے گھوڑے کی پیٹھ پر کس کر سواری کرتے ہیں، کاٹھی، گدی.

چار چاند لگا دینا/لگانا محاورہ. رونق دوبالا کر دینا، مرتبہ اور عزت یا قدر و قیمت بڑھانا، فروغ دینا.

چار حرف اند. ۱. لعنت (ل ع ن ت)، برا بھلا (پر کے ساتھ مستعمل). ۲. مختصر بات، ایک بات.

چار حرف بھیجنا محاورہ. لعنت ملامت کرنا، برا بھلا کہنا.

چار دن کا/ کی صف. عارضی، کچھ دنوں کا، ذرا سی دیر کا، ناپائدار، دم بھر کا.

چار دن کی چاندنی آخر (پھر/اور پھر) (وہی) اندھیرا/اندھیری رات کہاوت. چند روزہ عیش ہے پھر وہی تکلیف، چند روزہ عروج ہے اور پھر زوال.

چار دیواری است. احاطہ یا فصیل جو کسی زمین کے چاروں طرف بنی ہو (مجازاً) محدود مکان.

چار زانو صف. آلتی پالتی مارے ہوئے، اس طرح بیٹھا ہوا کہ داہنا پاؤں بائیں زانو کے نیچے اور بایاں داہنے کے نیچے اور پنڈلی پر پنڈلی رہے.

چار سو بیس (الف) است. (قانون) ضابطۂ فوجداری کی ایک دفعہ جس میں دھوکے بازی اور اس کی سزا کا ذکر ہے (مجازاً) دھوکے بازی، فریب، دھوکے کی معاملت، مکاری. (ب) صف. دھوکے باز، فریبی.

چار سو بیسی صف. چار سو بیس سے منسوب یا متعلق، چالاکی، مکاری، دھوکے بازی.

چار (۲) اند.

چارہ کی تخفیف (تراکیب میں مستعمل). [ف].

چار (و) ناچار م ف. مجبوراً، زبردستی، جب کوئی چارہ کار نہ ہو؛ آخر کار.

چارا (۱) اند.

۱. گھاس، چری وغیرہ جو مویشیوں کو کھلائی جاتی ہے، (مجازاً) غذا، خوراک. ۲. چیز جو مچھلی کے کانٹے میں لاسے کے طور پر لگائی جائے تاکہ مچھلی اس پر منھ مارے اور شکار ہو جائے. [س].

چارا ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کام نکالنے کی غرض سے مائل کرنے کی سرسری تمہید کرنا؛ پھسلانے کا سامان کرنا. ۲. مویشی کے آگے گھاس وغیرہ ڈالنا.

چارا (۲) اند.

علاج، تدبیر یا راہ، بچاؤ، توڑ، تدارک، مداوا.

چارٹ (سک ر) اند.

۱. خصوصی نقشہ جو جہازراں کو سمت معلوم کرنے کے لیے دیا جاتا ہے. ۲. خاص حالات تغیرات معلومات وغیرہ پر مبنی خاکہ، تخمینہ حرارت اور قیمت وغیرہ کا ترسیمی نقشہ. [انگ].

چاروں (و ج) صف.

چار کی جمع؛ چار کے چار.

چاروں خانے (شانے) چت صف؛ است. پشت کے بل، اس طرح کہ پشت بالکل زمین سے ملی ہوئی اور ہاتھ پاؤں پوری طرح پھیلے ہوئے ہوں (مجازاً) شکست خوردہ، مات کھایا ہوا.

چارَہ (فت ر) اند.
علاج ، تدبیر ، راہ ، توڑ ، تدارک ، مداوا . [ف] .

چارہ جو صف. تکلیف یا ضرر سے بچاؤ کی تدبیر کرنے یا سوچنے والا ؛ معالج.

چارہ جوئی است. ۱. علاج ، تدبیر ؛ نالش ، استغاثہ ، (جو مظلوم کی طرف سے حاکم کے سامنے بہ طلب انصاف و فیصلہ کیا جائے) ؛ فریاد. ۲. تدارک یا تلافی ، ضرر یا تکلیف سے بچاؤ کی تدبیر ، علاج معالجے کی صورت ، چارہ سازی.

چارہ ساز / گر صف. معالج ؛ کام بنانے والا ، (کام یا حالت وغیرہ کو) درست کرنے والا ، بگڑا کام بنانے والا ؛ مدد کرنے والا .

چاشت (سک ش) اند ؛ است.
۱. پہر دن چڑھے کا وقت جب کہ آفتاب بلند ہوتا ہے، طلوع اور دوپہر کے وسط کی ساعت. ۲. ناشتہ. ۳. نفل نماز جو دن چڑھے ادا کی جاتی ہے. [ف].

چاشنی (سک ش) است.
۱. خوش گوار مزہ ، حلاوت ، ہلکی شیرینی یا مٹھاس کھانے یا پینے کی چیزوں میں کسی چیز کی تھوڑی سی ملاوٹ جس کا ہلکا سا ذائقہ الگ محسوس ہو ، کھٹ مٹھا پن ، شیرینی میں قدرے آمیز کی ہوئی ترشی. ۲. محنت سے پیدا کیا ہوا تاثر ، تاثر. ۳. پکتے ہوئے شربت میں ٹھہراؤ کی وہ کیفیت کہ چمچے وغیرہ سے اٹھانے میں تار بندھنے لگے ، قوام ، شیرہ . ۴. چکھنے کی صلاحیت ، زبان کی حس ذائقہ ؛ لذت محسوس کرنے کی فطری اور طبعی صلاحیت ؛ ذوق ، مزہ ؛ لگاؤ. [ف].

چاق صف.
۱. (i) تن درست ، صحیح ، تنومند ، توانا ، فربہ. (ii) مضبوط ، سخت ، تگڑا . ۲. تروتازہ ، بحال (طبیعت وغیرہ کے ساتھ مختص). ۳. کمربستہ ، مستعد (سازوسامان سے) لیس. ۴. چست و چالاک ، پھرتیلا ؛ (کام یا بات کے) ہر پہلو سے باہوش و باخبر. [ف].

چاق (و) چست صف. دیکھیے : چاق و چوبند.

چاق (و) چوبند صف. مضبوط، تگڑا، قوی، تن درست ، چست ، پھرتیلا .

چاقُو (دمع) اند.
پھل ، سبزی ، ترکاری اور دوسری چیزیں کاٹنے کے کام آنے والا آلہ (جس میں لوہے کا دھاردار پھل اور دستہ لگا ہوتا ہے اسے کھولا اور بند کیا جا سکتا ہے) ، قلم تراش ، چھری . [ت] .

چاقُو کا پھل اند. چاقو کا کاٹنے والا حصہ جو لوہے کا بنا ہوا ہوتا ہے .

چاقُو مارنا ف مر. چاقو سے حملہ کرنا .

چاک (۱) (الف) صف.
پھٹا ہوا ، چیرا ہوا ، دریدہ . (ب) اند. ۱. شگاف ، پھٹنے یا چرنے کا نشان ، جگہ یا حصہ جو پھٹ گیا ہو. ۲. کرتے یا قمیص کے گریبان یا آستینوں کا کھلاؤ نیز کھلاؤ جو دو دامنوں کے گھیر کے جوڑ پر ہوتا ہے . [ف].

چاک (۲) اند.
۱. (i) کمہار کا مٹی سے بنا ہوا پہیا جو زمین میں کیلی پر نصب ہوتا ہے اور جسے وہ مقررہ ضابطے کے تحت گھما کر اوپر رکھی ہوئی مٹی سے برتن بناتا ہے . [س].

چاک (۳) است.
کھریا مٹی ؛ کھریا کی پنسل یا بتی جس سے تختۂ سیاہ یا کسی اور شے پر لکھتے ہیں ، نرم قسم کا کیلشیم کاربونیٹ . [انگ] .

چاکَر (فت ک) اند.
۱. نوکر ، غلام ، خادم ، ملازم. ۲. نوکر کا نوکر. [ف].

چاکَری (فت نیز سک ک) است.
نوکری ، ملازمت ، خدمت گزاری ، غلامی .

چاکلیٹ (سک ک ، کس ج ل / ی ج) (الف) است.
کوکو کے بھنے ہوئے بیجوں کے پاؤڈر سے بننے والی ایک قسم کی کتھئی رنگ کی مٹھائی کی ٹکیا. (ب) صف. کتھئی رنگ کا. [انگ].

چال است.
۱. چلنے ، رینگنے یا گھسٹنے کا فعل یا طرز ، رفتار. ۲. بے ارادہ حرکت جو بالطبع یا کشش یا دیگر مادی اسباب (حرارت وغیرہ) سے پیدا ہو (بجائے خود ہو یا کسی سمت میں ہو). ۳. روش ، رویہ ، طور و طریق ، ڈھنگ. ۴. ذریعہ ؛ راہ ؛ تدبیر. ۵. فریب ، دھوکا. ۶. شطرنج یا چوسر وغیرہ میں کھلاڑی کا مہرے وغیرہ کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لے جانے یا اپنے داؤ پر تاش کا پتا ڈالنے کا عمل ؛ داؤ ؛ کھیل میں

کھلاڑی کا داؤ چلنے کا عمل ۔ ۷. عمارت ؛ سلسلۂ مکان ۔ [س] ۔

چال باز صف ۔ چالاک ؛ دھوکے بازی کرنے والا ۔

چال چلن اند ۔ ۱. انداز ، وضع ، روش ، رویہ ، رہن سہن ۔ ۲. (نیک و بد) اعمال و افعال ذاتی ، کردار ؛ عادت ۔

چال چلنا محاورہ ۔ ۱. وضع یا طور طریقہ اختیار کرنا ۔ ۲. فریب کرنا ، مطلب برآری کے لیے کوئی ترکیب یا نئی راہ نکالنا ۔ ۳. چوسر یا شطرنج میں اپنی باری پر گوٹ یا مہرہ ایک خانے سے دوسرے میں رکھنا یا تاش میں پتا حریف کے پتے کے مقابلے میں ڈالنا ، کھیل میں باری پر داؤ چلنا ۔

چالا اند ۔
۱. روانگی ، رخصت ، کوچ ، سفر ۔ ۲. شادی کے بعد چوتھی کی رسم جو دوسرے دن دلہن کے گھر پر ہوتی ہے ۔

چالاک صف ۔
۱. پھرتیلا ، کام کرنے میں چست (اکثر چست کے ساتھ مستعمل) ؛ محنتی ، جفاکش ، ماہر ۔ ۲. تیز رفتار ، زود رو ۔ ۳. اپنی فراست یا ذہانت کو دھوکے اور فریب میں صرف کرنے والا ، عیار ، مکار ، فریبی ۔ ۴. شوخ و شنگ ۔ ۵. ہوشیار ، زیرک ۔ [ف] ۔

چالاکی است ۔
۱. پھرتیلا پن ، چستی ۔ ۲. تیز رفتاری ۔ ۳. عیاری ، مکاری ، دھوکا دہی ۔ ۴. ہوشیاری ، مہارت ۔

چالان اند ۔
۱. تحریر جس میں ملزم پر حاکم مجاز کے حکم سے تعزیر عائد کی گئی ہو اور جو مناسب کارروائی کے لیے متعلقہ عہدے دار کو بھیجی جائے ، پروانہ جس میں پولیس نے عدالت میں پیش کرنے کے لیے الزام کی صراحت درج کی ہو ۔ ۲. بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست جو روانگی سامان کے ذمہ دار ادارے کی طرف سے مرسل الیہ یا اس کے ایجنٹ کو بھیجی جائے ۔ ۳. رسید زر ، رسید ۔ ۴. راہ داری یا نکاسی کی چٹھی ، اجازت نامہ ، رَوَنّہ ۔

چالو (و مع) صف ۔
۱. رائج ، عام ، مروج ، رسم و رواج کی رو سے مقبول یا ناقابل اعتراض ۔ ۲. غیر ساکن ، متحرک ۔ ۳. ایسی درست اور ٹھیک حالت میں کہ جب ضرورت ہو بلا رکاوٹ چلے ، چلتا ہوا ، رکاوٹ سے پاک و صاف ۔ ۴. جاری ، رواں ؛ جس سے وقتی طور پر کام چل جائے (غیر معیاری) ۔

چالیس (ی مع) صف ؛ عدد ۔
تیس اور دس ، چار دہائیاں (ہندسوں میں) ۴۰ ۔ [س] ۔

چالیس قدم ساتھ آنا محاورہ ۔ کچھ دور تک ساتھ جانا (عموماً جنازے کے ساتھ چالیس قدم جاتے ہیں) ۔

چالیسْواں (ی مع ، سک س) (الف) صف مذ ۔
چالیس سے منسوب یا متعلق ، جو ترتیب کے لحاظ سے انتالیس کے بعد ہو ، جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو ۔ (ب) اند ۔ موت کے تخمیناً چالیس دن گزرنے پر میت کے سوگ اور فاتحہ کی رسم ، چہلم ۔

چام اند ۔
چمڑا ، دباغت کی ہوئی کھال ؛ جلد ۔ ۲. صورت شکل ؛ رنگت ؛ جلد کا رنگ ۔

چام پیارا نہیں (ہوتا) کام پیارا ہے کہاوت ۔ وقعت اور مقبولیت خدمت سے ہوتی ہے صورت سے نہیں ، خدمت سے عظمت ہے ۔

چانْپ (مغ) است ۔
سینے یا پشت کے گوشت کے ٹکڑے ، سینے کی کڑیاں ، چاپ ۔

چانْٹا (مغ) اند ۔
۱. تھپڑ ، دھول ، دھپ ۔ ۲. (کشتی وغیرہ) حریف کی چاند یعنی کھوپڑی کے اوپر ہاتھ کے پنجے کی پوری ضرب ۔ [پ : س] ۔

چانٹا رسید کرنا محاورہ ۔ تھپڑ مارنا ، طمانچہ دینا ، (عموماً زور سے) ۔

چانْد (مغ) (الف) اند ۔
۱. اجرام فلکی میں ایک سیارہ جو زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور سورج کی روشنی منعکس کرتا ہے ۔ ۲. قمری مہینہ ۔ ۳. ایک زیور جو ہلالی شکل ہوتا ہے (بیشتر ماتھے یا گلے میں پہنا جاتا ہے) ، جھومر کا ترشا ہلال ۔ ۴. (مجازاً) بیٹا یا بیٹی ، پیارا یا پیاری ، محبوب ۔ (ب) اند ۔ سر اوپری درمیانی حصہ ، کھوپڑی کے بیچ کا حصہ ؛ چندیا ۔ [س] ۔

چاند چڑھنا محاورہ ۔ ۱. چاند دکھائی دینا ، مہینہ ختم ہو کر دوسرا مہینہ شروع ہونا ۔ ۲. مقررہ وقت پر عورت کا ایام نہ ہونا ، حمل ٹھہرنے کی علامت ظاہر ہونا ۔

چاند چڑھے کل عالم دیکھے کہاوت. ظاہر بات کسی سے مخفی نہیں رہتی ، ظاہر بات کسی سے پوشیدہ نہیں رہتی .

چاند کا تھوکا منھ پر آتا ہے فقرہ. کہاوت. بے عیب کو عیب لگا کر یا کھلے ہوئے کمال کا انکار کر کے انسان خود ہی بدنام ہوتا یا برا سمجھا جاتا ہے .

چاند کا ٹکڑا محاورہ. نہایت حسین اور خوب صورت شخص (بیشتر محبوب یا بیٹا) ، مہ پارہ .

چاند کدھر (سے) نکلا فقرہ. جب کوئی عزیز یا دوست عرصے کے بعد اچانک آجائے یا خلاف توقع التفات پر اظہار حیرت کے لیے کہتے ہیں .

چاند کو گہن لگنا محاورہ. ۱. چاند کا تاریک ہو جانا ، خسوف ہونا ؛ (مجازاً) حسن کو عیب لگنا ، خوب صورت کا بدصورت سے پالا پڑنا . ۲. بہت سی خوبیوں کے ہوتے ایک آدھ عیب بھی ہونا .

چاند گرہن / گہن اند. آفتاب اور چاند کے درمیان زمین کے حائل ہونے کی وجہ سے چاند کا روشن نہ ہونا یعنی زمین کا سایہ پڑنے سے چاند کا تاریک ہوجانا ، خسوف .

چاند ماری است. ۱. نشانہ بازی ، مشق کے لیے نشانے پر گول نشان بنا کر اس پر گولیاں یا تیر وغیرہ برسانے کا عمل . ۲. توپیں یا بندوقیں سر ہونے یا گولیاں چلنے کا عمل نیز تیروں کی بوچھاڑ . ۳. وہ جگہ یا میدان جہاں نشانہ بازی کی مشق کی جائے .

چاندنا (مغ ، سک د) اند.
۱. چاند کی روشنی ؛ روشنی ، اجالا (تاریکی کی ضد) . ۲. رونق ، بہار ، زیبائش ؛ ظہور ، جلوہ .

چاندنی (مغ ، سک د) است.
۱. (i) چاند کی روشنی ؛ تابش ماہ . (ii) چمک دمک ، آب و تاب ، روشنی . ۲. (i) سفید چادر یا فرش (جو دری وغیرہ کے اوپر بچھاتے ہیں) . ۳. (مجازاً) زیب و زینت ، دل کش ، بارونق ، نظر گیر . ۴. مکانات وغیرہ پر بنی ہوئی وہ جگہ جہاں بیٹھ کر چاندنی کا لطف اٹھایا جاتا ہے ، مہتابی .

چاندی (مغ) است.
۱. ایک سفید رنگ کی قیمتی دھات جو کان سے نکلتی ہے اور بیشتر زیورات ، سکے اور نازک قسم کے برتن وغیرہ بنانے کے کام میں آتی ہے ، نقرہ ، فضہ ، سیم . ۲. مال ، دولت روپیہ ، سرمایا . ۳. نفع ، فائدہ ، کامیابی ، عیش . ۴. سفیدی ، چمک . [س] .

چاندی کا چمچہ منھ میں لیے (کوئی) پیدا نہیں ہوتا کہاوت. کوئی شخص دولت ساتھ لے کر پیدا نہیں ہوتا .

چاندی کا ورق اند. چاندی کا اتنا باریک پتر جو بطور جزو دوا یا بطور زینت مختلف طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے .

چاندی ہونا محاورہ. ۱. بن آنا ؛ مراد حاصل ہونا ؛ عیش ہونا . ۲. جل کر راکھ ہو جانا .

چانڈو (مغ ، و مع) اند.
دیکھیے : چنڈو ؛ ایک نشہ آور چیز جو افیون سے بنائی جاتی ہے .

چانڈو باز صف. شخص جو چانڈو پینے کا عادی ہو .

چانڈو خانہ اند. مکان جہاں چانڈو پیا جاتا ہے ؛ چنڈو خانہ (دیکھیے) .

چانس (سک ن) اند.
موقع جو مرضی کے مطابق کام ہونے کے لیے مل جائے ؛ باری . [انگ]

چانسلر (سک ن ، س ، فت ل) اند.
(یونیورسٹی کا اعزازی) سربراہ ، عہدے دار جو عموماً پالیسی کا نگراں ہوتا ہے اور اہم مسائل کا ذمہ دار ہوتا ہے ؛ وزیر ، مشیر . [انگ] .

چاؤ اند ؛ است.
۱. طلب اور خواہش جس کی دل کو لگن ہو ، آرزو ، اشتیاق ، ارمان .
۲. جاہے جا خواہش اور مرضی کو چاہت کے ساتھ پورا کرنے اور دل میلا نہ ہونے دینے کا عمل ، لاڈ پیار (بیشتر چلنے کے ساتھ مستعمل) . ۳. (i) ذوق شوق جو پسندیدگی ، محبت یا عقیدت یا کسی مفاد وغیرہ کی بنا پر ہو ، جوش ، لگن ، ولولہ . (ii) دل چسپی ، رجحان ، شوق ، رغبت (مزاج یا طبیعت وغیرہ کے اقتضا سے) .

چاؤ چوچلا / چونچلا اند. ۱. (i) لاڈ پیار . (ii) ناز ، نخرا . ۲. حسرت ، تمنا ، ارمان .

چاوَل (فت و) اند ؛ ~ چانول .
۱. ایک سفید غلہ یا دانہ جو دھان کا چھلکا دور ہونے سے برآمد ہوتا ہے

نیز دھان. ۲. رتی (وزن) کا آٹھواں حصہ. [س].

چاول برابر م ف. چاول بھر وزن، چاول کے وزن کے مطابق، تھوڑا سا، بہت تھوڑا.

چاول بیٹھنا محاورہ. (عور) چاولوں کا پکنے میں بیچ بیچا ہو جانا، زیادہ نرم ہو جانا.

چاول کھڑے رہنا محاورہ. (عور) چاول کا ادھ گلا رہنا، چاول میں کنی باقی رہنا.

چاہ (۱) اند؛ ج.
گہرا کھودا ہوا گڑھا جس میں زیرِ زمین سوتوں سے پانی جاری ہو، کنواں. [ف].

چاہ ذقن اند. چھوٹا سا گڑھا جو ٹھوڑی کے وسط میں ہوتا ہے.

چاہ زنخ/ زنخداں اند. ۱. دیکھیے: چاہ ذقن. ۲. چھوٹا سا گڑھا جو ٹھوڑی کے وسط میں ہوتا ہے.

چاہ (۲) است.
۱. چاہنے کا عمل، چاہت، محبت، عشق؛ ذوق و شوق، لگاؤ. ۲. خواہش، طلب، آرزو.

چاہَت (فت ہ) است.
چاہ یا چاہے جانے کا عمل، خواہش، طلب؛ محبت؛ ذوق و شوق، لگاؤ.

چاہْنا (سک ہ) (الف) ف م.
۱. طلب کرنا، مانگنا، درخواست کرنا، خواہش کرنا. ۲. محبت کرنا، عشق کرنا. ۳. پسند کرنا، حسب مرضی یا مفاد اختیار کرنا، طلب ہونا. ۴. زبان حال یا آثار وغیرہ سے کسی امر کی جانب متوجہ کرنا، مقتضی ہونا، ضروری خیال کرنا. (ب) ف ل. مرضی میں آنا، پسند ہونا، مرضی کے مطابق یا پسندیدہ ہونا.

چاہے فقرہ.
۱. جو تمھیں پسند ہو (دو متبادل کے موازنہ و انتخاب کے موقع پر)، جو، خواہ، چاہو.

چاہے اِدھر سے ناک پکڑو چاہے اُدھر سے کہاوت. بات ایک ہی ہے، ہر طرح مساوی ہے.

چاہے جو ہو فقرہ. خواہ کچھ ہی حشر ہو، کیسا ہی برا انجام کیوں نہ ہو، کتنی ہی مصیبت کیوں نہ اٹھانی پڑے.

چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے فقرہ. خواہ سب کچھ تلپٹ ہو جائے، کیسا ہی انقلاب کیوں نہ آ جائے.

چاہیے فقرہ.
۱. درکار ہے، مناسب ہے، موزوں ہے، ضروری ہے، لازم ہے.
۲. واجب ہے، لازم ہے.

چائے است.
ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر اور عرق نکال کر پیتے ہیں نیز اس پودے کے پتے.

چائے پانی اند. ۱. ناشتہ، صبح کی چائے اور اس کے ساتھ کچھ کھانے کی چیزیں. ۲. پھل بسکٹ وغیرہ اور چائے کی ضیافت (بیشتر صبح یا شام کو). ۳. روز مرہ کا خرچ، معمولی اخراجات، ضروریات زندگی. ۵. خاطر مدارات، آؤ بھگت.

چائے دان اند. ۱. چینی وغیرہ کی کیتلی جس میں چائے کی پتی ڈال کر اوپر سے کھولتا ہوا پانی ڈالتے ہیں تاکہ چائے دم ہو کر پینے کے قابل بن جائے. ۲. تام چینی کا وہ ٹونٹی دار برتن جس میں چائے پکائی جاتی یا پکا کر رکھی جاتی ہے، چینک.

چائے دانی است. ۱. کیتلی. ۲. چینی کا برتن جس میں چائے دم کی جاتی ہے.

چَبا (فت چ).
چبانا کا امر، چبنا نیز چبانا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چبا چبا کر (کے) باتیں کرنا محاورہ. ۱. رُک رُک کر بہ تکلف منھ سے الفاظ نکالنا (بیشتر حیا و حجاب یا ادب سے یا مخاطب سے اس کے خلاف مزاج گفتگو کرنے کے موقع پر)، صاف صاف نہ کہنا دھیرے دھیرے بولنا، چڑ چڑ کرنا. ۲. غرور سے اکڑ مکڑ کر بولنا، مٹھار مٹھار کے باتیں کرنا، نخرے سے یا فخر سے باتیں کرنا. ۳. در پردہ، آمیز یا ہنسی اڑانے کی گفتگو کرنا.

چَبا ڈالنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کاٹ کھانا، دانتوں سے زخمی کر دینا. ۲. ر

ریزہ کر دینا .۳. ہڑپ کر جانا ، کھا جانا ، ہضم کر لینا .

چَبانا (فت چ) ف م .

۱. دانتوں سے کچلنا ، دانتوں میں دبا کر پیسنا .۲. کاٹ کھانا .۳. منھ چلانا، جبڑے ہلانا . [پ : س] .

چُبانا (ضم چ) ف م ؛ ۔ چباونا (قدیم).

کسی نوک دار چیز کو جسم میں گڑونا ، چبھونا .

چَبائی ہوئی ہَڈّی چچوڑنا محاورہ . ایک ہی بات کو بار بار دہرانا ، لکیر کا فقیر ہونا ، فرسودہ باتوں کی رٹ لگائے رکھنا .

چَبَڑ چَبَڑ (فت چ ، ب ، چ ، ب) امت .

۱. جلدی جلدی اور بے تمیزی سے منھ چلانے کی آواز (بیشتر کھانے میں) .۲. بکواس ، بک بک .

چبلا (کس چ ، فت نیز کس ب ، شد ل) صف مذ ؛ مت : چبلی .

طفل مزاج ، ناتجربہ کار ، چھچھورا ، سفلہ ، کم ظرف ، غیر سنجیدہ . [س] .

چَبنی (فت چ ، سک ب) صف .

چبانے کے لائق ، جو چبائی جاسکے ، جس کو چبانے کی ضرورت ہو . [س]

چبنی ہڈی مت . پتلی اور نرم ہڈی جو پکائے جانے کے بعد کرکری اور بھربھری ہو جائے اور بآسانی چبائی جاسکے .

چَبُوترا (فت چ ، ومع ، سک ت) امذ .

۱. مربع یا مستطیل صورت میں زمین سے اونچی جگہ ؛ پلیٹ فارم .
۲. کوتوالی ، بڑا تھانا . [س] .

چُبھانا (ضم چ) ف م .

داخل کرنا ، گھسانا ، بھونکنا ، پیوست کرنا ؛ چبھنا کا تعدیہ .

چُبھتا (ضم چ ، سک بھ) صف مذ ، مت ، چبھتی .

ناگوار ، تکلیف دہ ، دل کو برما دینے والا ، طعن و تشنیع والا ؛ اثر کرنے والا ، پتے کا .

چبھتا ہوا صف مذ . تکلیف دیتا ہوا ، طعن و تشنیع والا ، اثر کرنے والا .

چُبھَن (ضم چ ، فت بھ) امت .

۱. جسم میں کسی نوک دار چیز کے بھونکے جانے گڑنے یا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے پیدا ہونے والا درد ، کھٹک ، ٹیک .۲. کسی کی ہم دردی یا محبت میں پیدا ہونے والی اذیت یا تکلیف جسے دل محسوس کرے .

چُبھنا (ضم چ ، فت بھ) ف ل .

۱. جسم میں ایک نوک دار شے کا بھکنا یا کھال میں گڑنا ، کسی نوکیلی شے کا داخل ہونا ، کسی شے کا رگڑ سے جسم کو متاثر کرنا ، گھسنا .۲. ناگوار گزرنا ، باعث اذیت ہونا .۳. (مجازاً) دل پر اثر کرنا ، کھب جانا ؛ موثر ہونا . [س] .

چُبھونا (ضم چ ، ومج) ف م .

چبھنا کا تعدیہ .

چَپ (فت چ) صف ؛ امذ .

۱. (ظرف مکاں) بائیں جانب ، بائیں ہاتھ کی طرف (بیشتر راس/ راست کے ساتھ مستعمل) .۲. اُلٹا یا کھبا ہاتھ .۳. عدم توازن ، بے ہنگم پن ، بدنصیب ، بدقسمت . [ف] .

چَپ و راس / راست م ف .۱. دائیں بائیں ، اِدھر اُدھر ، ہر طرف ، چاروں طرف .۲. قربت میں ، قریب ، صحبت میں ، آس پاس .

چُپ (ضم چ) (الف) امت .

منھ سے نہ بولنے کی کیفیت ، خاموشی ، سکوت . (ب) صف . جو منھ سے کچھ نہ بولے ، خاموش ، ساکت . (ج) م ف .۱. خاموشی کے ساتھ ، چپکے سے ، بلا چون و چرا ، حکمیہ فقرہ ، خاموش ، خاموش رہو ، کچھ نہ کہنا .

اف : رہنا، کرنا ، ہونا . [س] .

چپ بیر کا روزہ رکھنا محاورہ . بالکل خاموش ، منھ سے ایک لفظ نہ نکالنا .

چُپ تعزیہ امذ . امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عزاداروں کا ایک تعزیہ جو عموماً آٹھویں ربیع الاول کو اٹھایا جاتا ہے ، اس تعزیے کے جلوس میں سب لوگ خاموشی کے ساتھ چلتے ہیں نہ ماتم کرتے ہیں اور نہ نوحہ پڑھا جاتا ہے .

چُپ چاپ م ف .۱. خاموشی کے ساتھ ، چپکے سے ، نامعلوم طور پر .

۲. خفیہ طور سے کہ دشمن کو معلوم نہ ہو. (ب) صف. ۱. خاموش اور ساکت. ۲. بے حس و حرکت یا بے عمل. (ج) است. خاموشی، سکوت.

چپ چپ (الف) صف. دم بستہ، چپکا، سکتہ، گوگو کے عالم میں. (ب) م ف. ۱. چپکے چپکے، خفیہ طور پر، آہستہ سے. (ج) حکیہ فقرہ. دیکھیے: چپ، خاموش.

چپ چپاتا صف مذ؛ م ف؛ مث: چپ چپاتی. دیکھیے: چپ چاپ، خاموشی کے ساتھ.

چپ چھنال صف. خفیہ چھنالا کرنے والی، وہ فاحشہ عورت جو بظاہر پاک دامن ہو؛ غریب صورت حرام زادہ؛ چھپا رستم.

چپ سادھنا محاورہ. خاموشی اختیار کرنا؛ زیر بحث معاملے میں کچھ نہ کرنا.

چپ کا روزہ رکھنا محاورہ. نیت کر کے وقت معہود میں کسی سے بات نہ کرنا؛ بالکل خاموش ہو جانا.

چپ لگ جانا/ لگنا محاورہ. بالکل ساکت اور خاموش ہو جانا؛ سکوت کی کیفیت طاری ہو جانا (فکر یا حیرت کے مارے).

چَپّا (۱) (فت چ، شد پ)؛ ~ چپہ. (الف) اند.
چار انگل یا بالشت بھر جگہ، ذرا سی جگہ، چھوٹے سے چھوٹا زمین کا ٹکڑا، کونا، گوشہ. (ب) صف. (پیمائش) چار انگل، بالشت بھر، تھوڑا سا، انچ بھر. [س].

چَپاتی (فت چ) است؛ ~ چاپاتی.
توے پر پکائی ہوئی پتلی روٹی.

چپاتی سا پیٹ اند. نرم اور ساتھ لگا ہوا پیٹ جو فاقے کی وجہ سے کمر سے لگا ہوا ہو.

چَپَت (فت چ، پ) اند؛ است.
پھیلی ہوئی ہتھیلی کی ضرب جو رخسار یا سر وغیرہ پر ماری جائے، دھول؛ تھپڑ، چانٹا. [ف].

چپت پڑنا محاورہ. (مال و زر کا بے ضرورت یا ضائع ہونے سے) نقصان ہونا.

چِپَٹ (کس چ، پ) اند.
چپٹنا سے مشتق (تراکیب میں مستعمل).

چپٹ جانا محاورہ. دیکھیے: چپٹنا، پیچھا نہ چھوڑنا، چمٹ جانا.

چَپْٹا (فت چ، سک پ) (الف) صف مذ.
۱. (معمولاً) جتنی اونچائی ہو اس کی نسبت سے دبا اور بیٹھا ہوا، پچکا ہوا. ۲. پھیلا ہوا، چوڑا، چکلا. ۳. پٹ، پھیلواں، پتلا. (ب) اند. شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو. ۴. ہموار، مسطح.

چِپْٹانا (کس چ، سک پ) ف م.
دیکھیے: چمٹانا، چپکانا، لگانا؛ (گلے سے) لگا لینا، لپٹانا.

چِپْٹَنا (کس چ، فت پ، سک ٹ) ف ل.
چمٹنا، چپک جانا، لگ جانا.

چَپْٹی (۱) (فت چ، سک پ) صف مث.
چپٹا کی تانیث، چوڑی چکلی؛ بیٹھی ہوئی، پچکی ہوئی.

چِپْچِپا (کس چ، سک پ، کس چ) صف مذ؛ مث: چپچپی.
۱. لیس دار؛ چپکتا ہوا، چپچپا. ۲. نم آلود، چپکا دینے والا (موئی نمی لیے ہوئے). [س].

چِپْچِپانا (کس چ، سک پ، کس چ) ف ل.
لیس دار ہونا، چپک پائی جانا، چپک دار ہونا.

چِپْچِپاہَٹ (کس چ، سک پ، کس چ، فت ہ) است.
لیس دار ہونے کی کیفیت؛ چپک؛ لیس.

چَپْراس (فت چ، سک پ) است.
۱. پٹی جو دربان چوکیدار سپاہی یا رضا کار وغیرہ کمر پر باندھتے یا گلے میں اس طرح ترچھی لٹکاتے ہیں کہ ایک حصہ دائیں یا بائیں کاندھے پر اور دوسرا حصہ اس کی الٹی طرف کر کے بائیں یا دائیں رخ پر ہو کر پٹکا؛ کمر پٹی. ۲. (دھات لکڑی یا پتھر وغیرہ کا) بلا یا نشان جو پیادے سپاہی وغیرہ کی پٹی میں لگایا جاتا ہے. ۳. چپراسی کا کام یا خدمت.

چَپْراسی (فت چ، سک پ) اند.
وہ شخص جو کسی دفتر یا ادارے وغیرہ میں اوپر کے کام کرنے پر ملازم ہو، کسی حاکم یا افسر کا پیش خدمت؛ ہرکارہ، اردلی، پیادہ، قاصد.

چَپَڑ (فت چ، پ) صف.
سفلہ، کمینہ. [س].

چھڑ قناتی/قناتیا صف ۱. پاجی ، رذیل ، کمینہ ، خوشامدی ۲. مفلس جو تہی دستی میں حیثیت سے زیادہ کام کرنے کی سوچے .

چُپَڑ (ضم چ ، فت پ) است .
۱. چپڑنا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل ۲. کسی کو خوش کر کے مطلب نکالنے کے لیے مکھن لگانے کا عمل ، نرم یا چکنا بنانے کی کیفیت .

چپڑ دینا ف مر . چپڑنا ، ملنا ، لگانا .

چُپڑا (ضم چ ، سک پ) صف مذ : مث : چپڑی .
تیل یا گھی لگا ہوا ؛ چکنا ؛ چرب زبان ، چکنی چپڑی باتیں ، چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ، ظاہردار ، ظاہر میں اچھا ، خوشامدی .

چَپڑاسی اند . دیکھیے : چپراسی .

چَپڑ چَپڑ (فت چ ، پ ، چ ، پ) (الف) است .
آواز جو کھانا کھانے یا پانی پینے میں نکلتی ہے ، خصوصا جانوروں کے منھ سے . اف : کرنا . [حکایت الصوت] .

چُپڑنا (ضم چ ، فت پ ، سک ڑ) ف م .
۱. کسی چیز پر تھوڑا روغن ملنا ؛ چکنا کرنا ۲. (کوئی گیلی شے) ملنا ، لگانا .

چَپقَلِش (فت چ ، سک پ ، فت ق ، فت نیز کس ل) است .
لڑائی ، جھگڑا ، ہنگامہ ۲. کشیدگی ؛ کشاکش ؛ مخالفت (جو اختلاف رائے یا مزاج کی بنا پر ہو) ۳. تکرار ، بحث و مباحثہ ، نوک جھونک ۴. (دل و دماغ کا) انتشار ، اُلجھن ؛ پریشانی ؛ فکر و تردد کی کیفیت ؛ تذبذب ؛ کشمکش .

چَپَک (فت چ ، فت پ) است .
۱. چُبک ؛ کھٹک ؛ ٹیس ؛ چیک ۲. ہلکا ہلکا میٹھا میٹھا درد ؛ خلش ؛ کسک .

چِپَک (کس چ ، فت پ) (الف) است .
چپکنے کی کیفیت ، لیس ، چپچپاہٹ . (ب) . چپکنا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل .

چُپکا (ضم چ ، سک پ) صف مذ : (الف) صف .
۱. چپ ، خاموش ؛ ساکت ۲. بھولا ؛ سیدھا ۳. عیار ؛ فریبی ؛ مکار ، شریر . (ب) م ف . خاموشی کے ساتھ ؛ چپکے سے ، خفیہ طور پر .

چپکانا (کس چ ، سک پ) ف م .
۱. کسی شے کی سطح پر لیس دار مادہ وغیرہ لگا کر دوسری چیز کی سطح سے ملانا کہ دونوں ایک دوسرے سے چسپیدہ ہو جائیں ، سطح سے سطح اس طرح ملا دینا جو بغیر الگ کیے الگ نہ ہو ۲. کوئی ایسی بات کہنا جو موقع محل کے اعتبار سے نہایت موزوں اور دل لگتی ہو ؛ برمحل کہنا چسپاں کر دینا .

چپکنا (کس چ ، فت پ ، سک ک) ف ل .
۱. جڑنا ؛ چسپاں ہونا ۲. کسی جگہ پر جمے رہنا ؛ ہر حال میں وابستہ رہنا ۳. (ایک دوسرے سے) چمٹنا ، لپٹنا . [س] .

چُپکے (ضم چ ، سک پ) صف : م ف .
۱. چپکا کی جمع یا مغیرہ حالت ، چپ ، خاموش ۲. خاموشی سے پوشیدہ طور پر ، خبر کیے بغیر .

چُپکے چُپکے م ف . خاموشی سے ، چھپ کر ، بغیر اعلان و اطلاع کے ، پوشیدہ طور سے .

چَپّل (فت چ ، شد پ بفت) است .
بے ایڑی یا نیچی ایڑی کی جوتی ، مختلف شکلوں کی جوتی ؛ صرف تلے اور اوپر پٹیاں لگی ہوئی جوتی . [س] .

چَپلی (فت چ ، سک پ) است .
نازک اور سبک قسم کی چپل کے لیے زیادہ تر مستعمل .

چَپلی کَباب (فت چ ، سک پ ، فت ک) اند .
ایک قسم کا چپٹا کباب جو اکثر صوبہ سرحد میں اور دوسرے شہروں میں استعمال کرتے ہیں پھیلا ہوا ہونے کی بنا پر چپلی کہلاتا ہے .

چَپنی (فت چ ، سک پ) است .
۱. ہانڈی کا ڈھکن ۲. گھٹنے کے جوڑ کے اوپر کی ہڈی جو اس پر ایک ڈھکنے کی طرح ہوتی ہے اور جوڑ پر بندھن کا کام دیتی ہے .

چَپُّو (فت چ ، شد پ ، و مع) اند .
۱. ناؤ چلانے کا ڈانڈ ، چپوار ۲. کھڑاؤں ، چپل .

چَپّہ (فت چ ، شد پ بفت) اند .
دیکھیے : چپا .

چَپّی (فت چ ، شد پ) است .
جسم کو سہلانے یا ہاتھ پاؤں دبانے کا عمل ، آرام پہنچانے کی غرض

سے بدن کی مالش، چمپی. [س].

چَپیٹ (فت چ، ی مج) است : اند.
۱. چوٹ، ضرب، اچانک تکلیف دہ ٹکراؤ یا تصادم. ۲. تھپڑ، دھول، طمانچا. ۳. نقصان : آفتِ ناگہانی. [س].

چَپیٹا (فت چ، ی مج) (الف) اند.
۱. دیکھیے : چپیٹ. ۲. بد روحوں کا اثر : حرامی بچہ. (ب) صف. زور یا زبردستی سے لیا ہوا، چھینا ہوا : ناجائز : حرامی.

چِت (کس چ) صف : م ف.
۱. پشت کے بل پڑا ہوا، اس طرح لیٹا ہوا کہ رخ اوپر ہو : پٹ کا الٹ. ۲. (کشتی) پچھڑا ہوا، شکست خوردہ.

چت بھی میری پٹ بھی میری انٹا میرے باپ کا کہاوت. ہر طرح اپنا مطلب نکالنے اور اپنے موافق بات طے کرانے کا اہتمام، ہر طرح اپنا ہی فائدہ.

چت کرنا محاورہ. ۱. (i) سیدھا لٹانا، اس طرح زمین پر یا کہیں اور ڈالنا کہ سینہ اوپر کی طرف رہے اور کمر زمین پر، پشت کے بل لٹانا.
(ii) پچھاڑنا، شکست دینا : بازی جیت لینا.

چِتا (کس چ) است.
۱. (ہندو) لکڑیوں کا ڈھیر یا چنا ہوا چِٹا جس پر لاش رکھ کر جلائی جاتی ہے. ۲. الاؤ : سوزش، جلن. [س].

چِتّا (کس چ، شدت) اند : ~ چتلا، چتیا : است : چتلی، چتی.
۱. وہ پرند یا جانور جس کے جسم پر مختلف رنگوں کی چتیاں (نقطے) وغیرہ ہوں.

چِتاوْنی (کس چ، سک و) است.
۱. نصیحت، انتباہ. ۲. نشان، علامت، آثار : آگاہی، ڈر، خطرہ، خوف : یاد دہانی. اف : دینا.

چِتْکَبْرا (کس چ، سک ت، فت ک، سک ب) صف مذ : مث.
چتے اور کالے رنگ کا، جس پر سفید اور سیاہ داغ ہوں، ابلق. [س].

چِتْکَبْری (کس چ، سک ت، فت ک، سک ب) است.
چتکبرا کی تانیث : پودوں کی ایک بیماری، بالخصوص گنے کی بیماری جس میں گنے کا چھلکا سیاہ اور اندر کا گودا سرخ ہو جاتا ہے.

چِتْوَن (کس چ، سک ت، فت و) است.
تیوری، نظر، نگاہ : دیکھنے کا عمل. [س].

چتون بدلنا محاورہ. برتاؤ میں فرق لانا، مختلف انداز اور ڈھنگ اختیار کر لینا، تیوری پر بل ڈال لینا.

چِتّی (کس چ، شدت) است.
۱. دھبا، داغ، بندکی، نشان. ۲. پرزہ، ریزہ، ٹکڑا. [س].

چِتھاڑ (کس چ) است.
کسی چیز یا شخص کی حیثیت یا خوبی کے چیتھڑے اور پرزے اڑائے جانے کا عمل، تذلیل، عیوب پر نکتہ چینی : درگت.

چِتھاڑْنا (کس چ، سک ڑ) ف م.
۱. ذلیل و رسوا کرنا، چیتھڑے یا پرزے اڑا دینا. ۲. دھجی دھجی کر دینا، چاک چاک کرنا.

چِتھْڑا (کس چ، سک تھ) (الف) اند.
پرزہ، بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا، گودڑ، دھجی. (ب) صف. پھٹا ہوا، بوسیدہ. [س].

چِتھْڑے (کس چ، سک تھ) اند.
چیتھڑا کی جمع یا مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل). اف : کر دینا، کرنا.

چتھڑے اُڑانا محاورہ. غارت کر دینا، تباہ و برباد کر دینا : ذلیل و خوار کر دینا.

چَٹ (۱) (فت چ) صف : م ف.
فوراً، جلد، اسی دم، جھٹ پٹ.

چٹ پٹ م ف. فی الفور، بہت جلد.

چٹ پٹ ہونا محاورہ. یک بیک وفات پا جانا، دفعتہً موت واقع ہونا

چٹ منگنی پٹ بیاہ کہاوت. کسی کام کو جلد سے جلد کرنے کے موقع پر بولتے ہیں.

چَٹ (۲) (فت چ) است.
۱. چٹخنے کی آواز. ۲. چٹخنے ٹوٹنے پھوٹنے تڑخنے کی آواز. [حکایت الصوت

چٹ بٹ اند. تڑخنے کی آواز.

چٹ چٹ (الف) امث.

چٹاخا، چٹاخنے کی آواز (بیشتر انگلیوں کے جوڑ چٹخائے جانے بالخصوص بلائیں لینے میں) بھوننے میں اناج کا دانہ چٹخنے شیشے کے کھل جانے لکڑی وغیرہ کی کسی چیز پر چلنے پھرنے سے یا پلنگ کے ہلنے سے اس کے بولنے کلیوں کے کھلنے یا کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز.

(ب) م ف. پے در پے یا مسلسل.

چٹ بلائیں لینا محاورہ. اس طرح بلائیں لینا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی آواز نکلے.

چَٹ (۳) (فت چ) اند.

۱. دیکھیے: چاٹ (۱) ۲. ندارد، غائب، ختم ۳. بطور جزو دوم، عموماً صفا کے ساتھ برائے تاکید مزید مستعمل.

چٹ کرنا محاورہ. ۱. سب کا سب نگل جانا، ہضم کر جانا ۲. ضائع کر دینا، اڑا دینا، لٹا دینا؛ مار لینا؛ ادا نہ کرنا (مال، رقم وغیرہ) ۳. صفایا کر دینا، تباہ و برباد کر دینا.

چِٹ (کس چ) امث.

۱. (i) کاغذ کا سادہ پرچہ یا پرزہ. (ii) کاغذ یا پرزہ جس پر کوئی ہدایت تفصیل یا اطلاع درج ہو. (iii) تعارفی یا سفارشی چٹھی ۲. (جراحی) ناخن کے کناروں کی کھال کے اوپر کی باریک جھلی. [انگ].

چُٹ (ضم چ) امث.

چٹکی کی تخفیف، مرکبات میں مستعمل؛ چٹ سے، فوراً جلدی سے.

چَٹّا (۲) (فت چ، شدٹ) اند.

۱. جسم کی جلد کا داغ، دھبا (جو اکثر فساد خون سے پڑتا ہے)؛ سرخ دھبا.

چِٹّا (کس چ، شدٹ) صف مذ: مث: چٹی.

اُجلا، سفید، صاف. [س].

چَٹاپَٹی (فت چ، پ) صف.

جس میں کئی رنگ کے جوڑ یا پیوند ہوں (لباس کپڑے وغیرہ کے لیے مستعمل). [س].

چَٹاچَٹ (فت چ، چ) امث.

دیکھیے: چٹ چٹ.

چَٹاخ (۱) (فت چ) امث.

انگلی چٹخنے لکڑی یا شیشہ وغیرہ ٹوٹنے تھپڑ یا ڈھول پڑنے یا پٹاخے وغیرہ کی آواز. [س].

چٹاخ پٹاخ (الف) م ف.

جلدی سے، پھرتی کے ساتھ، پے در پے اور مسلسل (عموماً ایسے کام کے ساتھ مستعمل جس میں چٹاخے کی آواز نکلے)، تڑاق تڑاق.

(ب) صف. ۱. (چٹپٹا کھانا) جس سے زبان کو لذت محسوس ہو جسے کھا کر زبان چٹخارے لے، مزے دار ۲. حاضر جواب، شوخ، بے باک ۳. بوسہ بازی. [حکایت الصوت]

چٹاخ سے م ف. ۱. چٹاخے کی آواز کے ساتھ، زور سے (تھپڑ وغیرہ کے لیے مستعمل) ۲. فوراً، ترت، اسی وقت.

چَٹانا (فت چ) (الف) ف م.

۱. چاٹنا کا تعدیہ ۲. کچھ کہنا، بتانا، سمجھانا؛ لالچ دینا. (ب) اند. نو مولود کو پہلی بار غذا دینا.

چَٹانی (فت چ) صف.

چٹان سے منسوب، چٹان پر بنے ہوئے، پہاڑی، پتھریلا.

چَٹائی (۱) (فت چ) امث.

۱. گھاس یا کھجور کے پتوں سے بنا ہوا فرش، بوریا ۲. جانماز، مصلیٰ. [س]

چَٹائی (۲) (فت چ) امث.

چاٹنے کی حالت و کیفیت، چاٹنے کا عمل.

چُٹ پُٹ (ضم چ، پ) امث.

متفرقات خورو نوش کے علاوہ اوپر کی ضروریات، چھوٹی موٹی گھریلو ضرورت کی چیزیں. [ا].

چٹ پٹ ہو جانا محاورہ. متفرق کاموں میں خرچ ہو جانا، صرف ہو جانا.

چَٹ پَٹا (فت چ، ت) صف: اند: مث: چٹ پٹی؛ = چٹپٹا، چٹپٹی.

۱. تیز مسالے دار غذا، پکی ہوئی کھانے کی چیز جس میں مرچ گرم مسالا اور ترشی وغیرہ کا جزو معمول سے زیادہ ہو اور زبان چٹخارے لے

مزے دار .٢. قابل لطف اندوزی ، مزے دار ، دلچسپ ، پرلطف (تحریر وتقریر کے لیے مستعمل) .(ii) دلکش ، پرکشش ، دل آویز (حسن سیرت وصورت کے لیے مستعمل) .

چَٹْپَٹی (فت چ ، سک ٹ ، فت پ) امث ؛ صف.
چٹ پٹا کی تانیث .

چِٹخ (کس چ ، ٹ) امث.
١.کشیدگی یا خفگی کے تیور .٢. چٹخنا سے مشتق (تراکیب میں مستعمل) .

چٹخ جانا محاورہ. ١. (تعلق وغیرہ) ٹوٹ جانا، کشیدگی ہوجانا، رنجش پیدا ہونا .٢. دڑاڑ پڑ جانا .٣. ٹوٹنا ، تڑاقے کی آواز کے ساتھ ٹوٹ جانا ؛ کسی عضو کا آواز کے ساتھ اپنی جگہ سے ہٹ جانا .٤. (گرمی یا خشکی وغیرہ کی وجہ سے) تڑق جانا ، پھٹ جانا ؛ (مجاز) چرپراہٹ محسوس ہونا.

چٹخارا اند : ~ چٹخارہ.
آواز جو کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینے کے لیے زبان کو تالو سے لگانے میں نکلتی ہے ؛ لطف ، لذت .

چَٹْخارہ (فت چ ، سک ٹ ، فت ر) اند.
دیکھیے :چٹخارا مع اسناد .

چَٹْخارے (فت چ ، سک ٹ) اند.
چٹخارا کی جمع یا مغیرہ صورت (تراکیب میں مستعمل) ، کوئی بھی مزہ یا لطف .

چٹخارے بھرنا محاورہ. مزے لینا ، ذائقہ سے لطف اندوز ہونا ، کسی کیفیت سے لطف لینا.

چٹخارے دار صف. جس میں تیز مسالہ یا موافق ومعتدل ترشی ہو ، چٹ پٹا ، مزے دار .

چَٹْخانا (فت چ ، سک ٹ) ف م ؛ ~ چٹکانا.
١.جسم کی ہڈیوں خصوصاً انگلیوں کا جوڑ یا کسی پٹھے کو دبا کر یا کھینچ کر چٹاچٹ آواز نکالنا .٢. مٹی چینی یا شیشے کو ٹھیس لگا کر یا آنچ وغیرہ سے تڑقانا ، بال یا دراڑ ڈال دینا نیز جسم کے کسی نازک حصے یا کھال وغیرہ میں شگاف ڈال دینا .

چَٹْخنا (فت چ ، ٹ ، سک خ) ف ل .
١. چٹخانا کا لازم .٢. تڑقنا ، آواز کے ساتھ ٹوٹنا یا چپڑیں اُڑنا .٣. کشیدہ یا ناراض ہونا ، کھنچنا ؛ چراغ پا ہونا ؛ اختلاف ہو جانا ، خفگی یا ناراضگی کے ساتھ کچھ کہنا .٤. آواز کے ساتھ پھٹنا ؛ آواز کے ساتھ کھلنا (پھلیوں وغیرہ کا) ، لکڑی یا کوئلے کا پھٹنا ، اچٹنا .

چَٹْخَنی (فت چ ، سک نیز فت ٹ ، فت نیز سک خ) امث ؛ ~ چٹکنی.
١. دروازے کے کواڑوں کو اندر سے بند رکھنے کا کھٹکا .٢. کانٹا جو پنجرے میں پرند کو پکڑنے کے لیے لگاتے ہیں ، پھٹکی .

چَٹَرپَٹَر (فت چ ، ٹ ، پ ، ٹ) م ف.
چٹاخ پٹاخ ، تیزی وطراری کے ساتھ . [حکایت الصوت] .

چُٹَرپُٹَر (ضم چ ، فت ٹ ، ضم پ ، فت ٹ) صف.
متفرقات ، متفرق چیزیں ، (سامان ، ضروریات ، قرضہ وغیرہ) .

چٹرپٹر میں اُٹھ جانا محاورہ. متفرق اخراجات میں صرف ہو جانا .

چَٹَک (١) (فت چ ، ٹ) اند.
١. (i) چٹاخے کے ساتھ ٹوٹنے یا تڑقنے کی آواز ، چٹ .(ii) منھ بند غنچوں کے شگفتہ ہونے کی آواز (جو عموماً سامعہ کو محسوس نہیں ہوتی) ، شگفتگی ، کلی کے شگفتہ ہونے کی کیفیت .٢. (معشوق کی) شوخی اور اتراہٹ .٣. دھوپ کی تیزی .

چَٹَک مَٹَک امث . رفتار وگفتار اور لباس وغیرہ میں بناوٹ اور تکلف (جو دلکش ہو) ، (معشوقانہ) نازنخرا ، بناؤ سنگھار وغیرہ ، ٹھسا .

چَٹْکانا (فت چ ، سک ٹ) ف م.
١. انگلیوں کو کھینچ کر یا موڑتے ہوئے دبا کر چٹ چٹ کی آواز نکالنا .٢. شگوفوں کو کھلانا ، کلیوں کو پھول بنانا .

چُٹْکُلا (ضم چ ، سک ٹ ، ضم نیز فت ک) اند ؛ ~ چٹکلہ.
١. لطیف اور مزے دار بات ، لطیفہ ؛ ظریفانہ فقرہ .٢. طنز آمیز فقرہ ، طنزیہ کلمات ، دل میں چبھنے والی باتیں .٣. مختصر اور موثر تدبیر ؛ کسی کام آسان حل ؛ مفید اور کارآمد نسخہ .

چٹکلا باز صف. لطیفے بیان کرنے والا ، مسخرہ ، لطیفہ گو .

چٹکلا چھوڑنا محاورہ. لطیفہ سنانا، ظریفانہ باتیں کرنا، بات بات میں مزاح پیدا کرنا.

چٹکنا (فت چ، ٹ، سک ک) ف ل.
۱. (i) آگ میں کسی چیز کا کھلنا، ٹکڑے ہونا. (ii) تڑخ جانا، ٹوٹنا (شیشہ اور پتھر وغیرہ کا). (iii) جلنے کے عمل میں چٹخنے یا چٹ چٹ ہونے کی آواز آنا. ۲. کھلنا، شگفتہ ہو جانا، کلی پھوٹنا. [س].

چُٹکی (ضم چ، سک ٹ) امث.
۱. (کوئی چیز اٹھانے یا پکڑنے کے لیے) ہاتھ کے انگوٹھے اور اس سے متصل انگلی کے ملائے ہوئے سرے نیز ان کی گرفت؛ کسی چیز کو دبانے مسلنے یا نوچنے کا عمل. ۲. انگوٹھے کا اوپر کے پور اور ایک انگلی چھوڑ کر دوسری انگلی کے اوپر کے پور سے ملا کر اور دبا کر دائیں جانب کو پھسلانے کا عمل جس سے چٹانے کی آواز نکلتی ہے. ۳. اتنی قلیل مقدار جو انگوٹھے اور ایک یا دو انگلیوں میں دبائی جاسکے؛ بہت کم، برائے نام. ۴. ایسی بات یا اشارہ جس سے دل میں گدگدی، چبھن، شوق یا لطف و حظ اٹھانے کی کیفیت پیدا ہو (بیشتر بطور جمع مستعمل). ۵. طنز یا طعن کا فقرہ جسے سن کر دل کو اذیت پہنچے؛ چبھتی ہوئی بات یا نگاہ. ۶. لکڑی دھات پلاسٹک یا لوہے کی بنی ہوئی اسپرنگ دار چٹکی جو مختلف چیزوں کی گرفت کے لیے استعمال میں آتی ہے. ۷. تیر کمان کی تانت میں لگا ہوا وہ حصہ جہاں تیر رکھ کر چلاتے ہیں.

چٹکی بجاتے (میں) م ف. ذرا سی دیر میں دیکھتے ہی دیکھتے، آن کی آن میں، فوراً.

چٹکی بھرنا محاورہ. ۱. ہاتھ کے انگوٹھے اور اس سے متصل کلمے کی انگلی سے جسم کے کسی حصے کو پکڑ کر مسلنا یا نوچنا. ۲. (مجازاً) چبھتی ہوئی بات کہنا جو دل و دماغ کو ناگوار گزرے.

چٹکی چٹکی صف. تھوڑا، تھوڑا.

چٹکی لینا محاورہ. ۱. دیکھیے: چٹکی بھرنا. ۲. اثر کرنا، تڑپا دینا، دل کو تڑپا یا پھڑکا دینا، ایسی موثر بات یا حرکت کرنا جو دل میں چبھ جائے. ۳. چٹکیے سے چٹکی بھر کر کسی نکتے کی طرف متوجہ کرنا یا کسی بات سے روکنا.

چٹکی میں اُڑانا محاورہ. ہنسی مذاق میں ٹالنا، بے وقوف اور غیر اہم جاننا.

چٹکی میں مَسَلنا محاورہ. سفوف بنا ڈالنا؛ ایذا پہنچانا.

چُٹکِیاں (ضم چ، سک ٹ، کس ک).
چٹکی کی جمع، (تراکیب میں مستعمل).

چٹکیاں لینا محاورہ. ۱. طنز کرنا، مذاق اُڑانا، چبھتی ہوئی بات کہنا، ستانا. ۲. کسی بات کا خیال پیدا کرنا، کسی جذبے کو اُبھارنا، احساس دلانا. ۳. چھیڑنا. ۴. گدگدانا، شوق پیدا کرنا.

چٹکِیلا (فت چ، سک ٹ، ی مع) صف مذ.
۱. شوخ و شنگ، جاذب نگاہ، زرق برق، دلکش، چمک دار، بھڑکیلا، نظر گیر (معشوق کے لیے مستعمل). ۲. چٹ پٹا، خوب نمک مرچ پڑا ہوا؛ مزے دار؛ تیز، معمول سے ذرا زیادہ کھلتا ہوا.

چُٹکِیوں (ضم چ، سک ٹ، کس ک، و مع) امث.
چٹکی کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

چٹکیوں میں م ف. ذرا دیر میں، آناً فاناً، فوراً، دیکھتے ہی دیکھتے.

چٹکیوں میں اُڑانا/اوڑانا محاورہ. ۱. خاطر میں نہ لانا، حقیر سمجھنا، نظر انداز کرنا، (کسی کی) ذرا بھی پروا نہ کرنا، قدر و قیمت باقی نہ رکھنا مذاق اُڑانا. ۲. حقیقت کو چھپانے کے لیے غلط سلط بات کہہ کر بہلانا ۳. ہنسی مذاق میں ٹالنا، دھیان بٹانا، بات غتر بود کرنا.

چُٹلا (ضم چ، سک ٹ) امذ.
۱. (i) چوٹی کا سرا لپیٹنے یا باندھنے کی کپڑے کی پٹی، پراندا (جس کا مقصد چوٹی کو مصنوعی طور پر لمبا بنانا ہوتا ہے). (ii) بندھن جس سے چوٹی گوندھی جاتی ہے، پراندا. ۲. کسی بھی چیز کا گچھا.

چَٹنی (فت چ، سک ٹ) امث.
نمک مرچ، مختلف مسالوں اور ترشی و شکر وغیرہ سے تیار شدہ چیز جو لقمے کے ساتھ چٹ پٹے پن کے لیے تھوڑی سی چکھی جائے، چٹ پٹی چیز. ۲. چٹنی کی طرح باریک پسی ہوئی کوئی چیز.

چٹنی کر ڈالنا محاورہ. روند ڈالنا، تباہ کر دینا، ہلاک کر ڈالنا؛ ہڑپ کر جانا.

چَٹوانا (فت چ، سک ٹ) ف م.
چاٹنا کا تعدیہ؛ کسی رقیق غذا یا دوا کو انگلی کی پور سے لے کر چکھانا.

چَٹور (فت چ، وج) صف.
ا. دیکھیے : چٹورا جسے کسی چیز کی چاٹ لگ گئی ہو، شخص جو لذیذ کھانوں کا عادی ہو. ۲. شوقین، لالچی.

چٹور پن اند. ذائقے دار چیزیں کھانے یا کسی مزے کی عادت، دولت کو زبان کے مزے میں اڑا دینے کی لت، چاٹنے یا چاٹ کھانے کا چسکا.

چَٹورا (فت چ، وج) صف مذ.
جسے کسی چیز کی چاٹ لگ گئی ہو، ذائقے اور مزے کا عادی نیز ذائقے کے لیے فضول خرچی کرنے والا.

چَٹّی (فت چ، شد ٹ) است.
ا. رقم وغیرہ جو جرم یا الزام کی سزا میں یا طاقت حکومت یا اخلاق کے دباؤ میں بھرنا پڑے، تاوان، جرمانہ، ڈنڈ وغیرہ. ۲. غیر ضروری خرچہ جو کسی بے اعتدالی یا مجبوری وغیرہ کی بنا پر ذمے پڑ جائے. اف : بھرنا / ڈالنا.

چِٹّی (کس چ، شد ٹ) صف مث.
چٹا کی تانیث ؛ سفید، اُجلا، گورا.

چُٹیا (ضم چ، سک ٹ) است.
ا. عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے بال جو گردن سے نیچے پیٹھ پر پڑے ہوتے ہیں، چوٹی کی تصغیر. ۲. بالوں کی وہ لٹ جو ہندو مرد مذہبی رسم کے طور پر چندیا پر سارے بالوں میں نمایاں اور بڑھی ہوئی ہمیشہ قائم رکھتے ہیں، چرکی.

چَٹّے بٹّے (فت چ، شد ٹ، فت ب، شد ٹ) اند.
ا. چھوٹے بڑے گولے جن کو لڑا کر چھوٹے بچوں کو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز سننے کا عادی بنایا جاتا ہے. ۲. چھوٹی بڑی گولیاں جنھیں مداری تھیلی میں سے نکال کر تماشا دکھاتا اور دھوکا دیتا ہے.

چَٹیَل (فت چ، سک ٹ، فت ی) صف.
ا. وسیع و عریض ہموار سطح زمین جہاں دور دور تک کوئی درخت خاص کر سایہ دار درخت اور پانی نہ ہو. ۲. (مجازاً) صفا چٹ.

چِٹّھا / چِٹّھہ (کس چ، شد ٹھ / شد ٹھ بفت) اند.
ا. تجارتی یا دفتری روزنامچہ جس میں روزانہ کا حساب کتاب درج کیا جائے ؛ کسی شخص کے لین دین جمع خرچ کا کھاتا. ۲. لین دین کی فہرست، پیشگی لین دین کے حساب کا پرچہ. [س].

چِٹّھی (کس چ، شد ٹھ) است.
ا. چٹ، پرچی کاغذ کا سادہ پرچہ یا پرزہ جس پر کوئی ہدایت یا تفصیل درج ہو. ۲. خط، مراسلہ، مکتوب. ۳. اجازت نامہ، پاس. ۴. سادہ صاف اور کورے کاغذ کی چھوٹی پرچی جو چھوٹی موٹی چیز منگانے یا یادداشت لکھنے کے کام آتی ہے. [س].

چٹھی لکھنا محاورہ. خط بھیجنا، سفارشی خط لکھنا.

چَٹّھے (فت چ، شد ٹھ) اند.
چٹھا کی جمع یا محرفہ شکل، تراکیب میں مستعمل ؛ (مجازاً) لذت، مزہ، چٹخارہ.

چٹھے مٹھے اند. عمدہ لذیذ کھانے، مٹھائیاں، نفیس کھانے، لذیذ چیزیں، نادر اور نفیس چیزیں.

چِچ (کس نیز ضم چ) است.
افسوس کرنے یا گھن کرنے کی آواز، تکرار کے ساتھ. [حکایت الصوت].

چچ چچ کرنا محاورہ. اظہار افسوس کرنا؛ گول مول بات کرنا؛ لاجواب ہو جانا.

چَچا (فت چ) :- چاچا، چچّا (الف) اند.
ا. باپ کا چھوٹا بھائی (خواہ کسی بھی رشتے کا ہو)، عم، عمو. ۲. (تعظیماً) باپ کا دوست یا ہم عمر شخص. (ب) صف. ا. کسی بات میں کسی سے بڑھ کر فائق، افضل، استاد، (تمسخر یا تحقیر کے طور پر مستعمل). [س]

چچا بنانا / چچا (ہی) بنا کر چھوڑنا محاورہ.
جی بھر کے سزا دینا، خاطر خواہ انتقام لینا، مناسب سزا دے کر راہ راست پر لانا، درست کر دینا، پوری طرح ذلیل و رسوا کرنا.

چِچڑی (کس چ، سک چ) است.
ایک قسم کا چھوٹا سا خون پینے والا کیڑا جو عموماً کتے بکری گائے بھینس وغیرہ کی کھال سے چمٹا رہتا ہے اور آسانی سے نہیں چھوٹتا، بگھی. [س]

چچڑی سا (کی طرح) لپٹنا / لگنا محاورہ. پیچھا نہ چھوڑنا، لپٹ جانا.

چَچوڑنا (فت چ، وج، سک ڑ) ف م.
منھ میں بھر کر، مزے لے لے کر چوسنا. [س].

چَچوڑی (ہوئی) ہڈّی (فت چ، وج، فت و، شدڈ) اسث.
بار بار چچوڑی ہوئی چیز؛ پامال، ناکارہ فرسودہ یا جسے بارہا استعمال کیا ہو یا برتا ہو.

چَچی (فت چ) اسث.
چچا کی تانیث.

چَخ (فت چ) اسث.
۱. چیخ کر بولنے کی آواز، شور وغل، بک بک؛ ہنسی مذاق ۲. لڑائی جھگڑا، بحث وتکرار. اف: چلنا ۳. دشمنی، مخالفت. [ف].

چَخ چَخ بَخ بَخ (فت چ، چ، ب، ب) اسث.
بک بک، جھک جھک، لڑائی جھگڑا، ٹنٹا.

چخوانا (کس چ، سک خ) ف م.
چیخنا تعدیہ، بلند آواز سے پکارنا، شور وغل کرنا، واویلا کرنا.

چَخوانا (فت چ) ف م.
چیخنا کا تعدیہ.

چَڈّا (فت چ، شدڈ) اند.
۱. ران اور خصیوں کے درمیان کی جگہ جہاں جوڑ ہوتا ہے، جانگھ.
۲. نیکر، جانگیہ. [مقامی].

چَڈّی (فت چ، شدڈ) اسث.
۱. چڈا کی تانیث یا تصغیر؛ جانگیہ، نیکر.

چَڈّھی (فت چ، شدڈھ) اسث.
پیٹھ پر سوار ہونے کا عمل؛ پیٹھ کی سواری؛ پیٹھ. [ار].

چُر (ضم چ) اسث.
خشک پتے کے مڑنے یا دفعتہً ٹوٹنے کی آواز. [حکایت الصوت].

چُرمُر (الف) صف. سوکھا جس کے بدن میں ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ گئی ہوں.
(ب) اسث. سوکھی چیزوں کے ٹوٹنے کی آواز.

چرمر ہونا محاورہ. سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چورا چورا ہو جانا، مرجھا مرجھو کر چھوٹا سا ہوجانا؛ جھریاں پڑ جانا.

چَرا (فت چ) اسث.
جانور کے گھاس چرنے کا عمل، چرائی. [ف].

چراگاہ اسث. جانور کے گھاس چرنے کی جگہ، سبزہ زار.

چِرا (کس نیز فت چ) حرف استفہام؛ م ف.
کیوں، کس لیے (بیشتر چوں کے ساتھ مستعمل).

چَراغ (فت نیز کس چ) اند.
۱. ظرف جس میں روغن اور بتی ڈال کر روشنی کے لیے جلائیں، دیا ہر وہ شے جو روشنی دے. ۲. (مجازاً) بیٹا، لڑکا، فرزند. ۳. رونق، زیب وزینت، روشنی، ضیا. [ف].

چراغ بجھانا ف مر؛ محاورہ. ۱. پھونک مار کر یا اور کسی طرح چراغ کی روشنی کو ختم کرنا، چراغ گل کرنا. ۲. شہرت یا رونق گھٹا دینا یا ختم کر دینا نام نیست و نابود کر دینا.

چراغ پا اند. ۱. گھوڑے کے الف ہونے کی حالت. ۲. شمع دان. ۳. خفا مشتعل.

چراغ پا ہونا محاورہ. مشتعل ہو جانا، الف ہو جانا؛ سخت ناراض ہو جانا غصے سے آگ بگولہ ہو جانا، بگڑ جانا

چراغ تلے اندھیرا کہاوت. اس موقع پر مستعمل جہاں کسی نیکی خوبی فائدے کی بات سے قریب تر اشخاص وغیرہ محروم ہوں بے گانوں کو فائدہ پہنچے اور اپنے محروم رہیں.

چراغ جلے م ف. چراغ جلنے کے وقت یا کچھ دیر بعد، شام، جھٹ پٹے کے وقت، مغرب کے وقت.

چراغ خانہ کس اضا، اند. ۱. گھر کی رونق، گھر کا چراغ؛ (مجازاً) اولاد بیٹا ۲. (مجازاً) پردہ دار خاتون.

چراغ سے چراغ جلانا/سے چراغ جلتا ہے مقولہ. کسی اچھے کام کی تقلید کرنا؛ ایک سے دوسرے کو فیض اور فائدہ پہنچتا ہے.

چراغ لے کر ڈھونڈنا محاورہ. کمال محنت اور تجسس سے تلاش کرنا، نہایت جستجو کرنا.

چَراغاں (فت نیز کس چ) اند.
بہت سے چراغ ایک ساتھ جلانے کا عمل، بہت سے چراغوں کی یکجا روشنی، قطار در قطار جلتے ہوئے چراغ.

چَراغی (فت نیز کس چ) (الف) اسث.
۱. وہ نقد یا جنس وغیرہ جو کسی متبرک مقام پر چراغ بتی کے خرچ کے

نام سے یا بطور نذرانہ رکھ دیتے ہیں یا وہاں کے مجاور کو بطور حق الخدمت دیتے ہیں ؛ نذرانہ ، بھینٹ ۲.(کسی تقریب یا نیاز کے موقع پر) چراغ جلانے کی رسم کا نیک حق یا خرچ .(ب) صف . درگاہ یا متبرک مقام پر چراغ جلانے والا کارندہ یا مجاور .

چَراگاہ/ چَراگِہ (فت چ / کس خف گ) است .
جانور کے گھاس چرنے کی جگہ ، سبزہ زار .

چَرانا (فت چ) ف م .
۱. جانور کو جنگل یا میدان میں لے جا کر گھاس کھلانا .۲. (کنایۃً) فریب دینا ، احمق بنانا ، چلانا ، الو بنانا .

چُرانا (ضم چ) ف م .
۱.نظر بچا کر کسی کا مال اڑا لینا ، چوری کرنا ، سرقہ کرنا .۲.کسی کام کے کرنے سے کترانا ؛ کسی کا کلام اپنا ظاہر کرنا .۳. بطور جزو دوم محاورات وتراکیب میں مختلف الفاظ کے ساتھ مختلف معنی میں مستعمل (جیسے : آنکھ چرانا ، بدن چرانا ، جان چرانا وغیرہ) .

چَرّانا (فت چ ، شدر) ف ل .
۱.خشک ہونے پر زخم کی سوکھی ہوئی کھال یا کھرنڈ کا تڑخنا ، مرہم وغیرہ نہ لگنے یا سوکھ جانے سے زخم کا درد کرنا ، پھٹنے یا چرنے کی آواز پیدا ہونا .۲. (مجازاً) (کسی خیال دھن شوق یا کیفیت کا) اُبھرنا ، مچلنا ، پیدا ہونا ، دل و دماغ پر مسلط یا غالب ہو جانا (طنز یا بے تکلفی کے موقع پر) .

چِرائَند/ چِراہَند (کس چ ، مغ) است .
۱. ہڈی گوشت بال چمڑے یا چربی تیل یا گھی وغیرہ کے جلنے سے پیدا ہونے والی بو .۲. (سیلنگ) فساد ، گند (ہند) صف مث خواہ مخواہ اعتراض یا تنگ کر کے مزہ کرکرا کرنے والا ، جو بلاوجہ تنگ کرے خواہ مخواہ پریشان کرنے والا .

چَرائی (فت چ) است .
۱.مویشی کے گھاس چرنے یا چرائے جانے کا عمل (بیشتر جنگل وغیرہ میں) .۲.مویشی کو چرانے کے لیے لے جانے کی اُجرت ؛ چراگاہ کا کرایہ یا لگان .

چَرْب (فت چ ، سک نیز فت ر) صف .
۱.موٹا جس کے جسم پر چربی چڑھی ہو ، شے جس میں روغن معمول سے زیادہ ہو ، روغنی .۲. (مقابلے میں) نکلتا ہوا ، غالب ، فائق ، حاوی ، تیز . [ف] .

چرب زبان صف .۱چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ، تیز زبان ، چاپلوسی کرنے والا ؛ خوشامدی .۲.شیریں زبان ، فصیح زبان .

چرب زبانی است .۱. چرب زبان کا اسم کیفیت ، بے باکی ، شوخی . ۲.خوش گفتاری ؛ زبان کی صفائی ؛ حلاوت اور شیرینی ؛ چاپلوسی ، خوشامد .

چَرْبا (فت چ ، سک ر) امذ ؛← چربہ .
۱.تصویر ، تحریر یا نقش کی ہو بہ ہو نقل ، اصل سے مشابہ بنایا ہوا عکس ، نقل نقشہ یا خاکہ ؛ بھونڈی نقالی ۲.نمونہ مثال ، خاکہ ، نظیر .

چَرْبی (فت چ ، سک ر) است .
۱.ایک سفید یا زردی مائل چکنا منجمد یا رقیق اور خلطا مادہ جو جان دارں کے جسم میں پیدا ہوتا ہے اور حرارت سے پگھل کر تیل کی شکل اختیار کر لیتا ہے ، جسم کی چکنائی ، روغن ، رواز .۲. چکنا ہونے کی حالت ؛ (کنایۃً) چکنی چپڑی بات ، خوشامد .

چربی چڑھنا محاورہ .۱.موٹا تازہ ہونا ، فربہ ہونا .۲. بے مروت ہونا مغرور ہوجانا ، بد دماغ ہو جانا .

چُرُٹ (ضم چ ، فت ر) امذ .
تمباکو کے خشک پتے کو مقررہ طریقوں سے تہ بہ تہ لپیٹ کر بنائی ہوئی بتی جو سگریٹ کی طرح پی جاتی ہے ، سگار . [انگ] .

چَرْچ (فت چ ، سک ر) امذ .
عیسائیوں کی عبادت گاہ ، گرجا ، کلیسا . [انگ] .

چَرْچا (فت چ ، سک ر) امذ .
۱.تذکرہ ، خبر ، شہرت ؛ بیان و اظہار ، لگاتار ذکر .۲. رواج ؛ ذوق شوق ؛ دستور عام ، مشغلہ . اف : کرنا ، ہونا . [س] .

چَڑْچَڑا (فت چ ، سک ر ، فت چ) صف مذ .
۱.جس میں مرچ کی تیزی ہو ، چرپرا .۲.(جلتا ہوا روغن یا گھی وغیرہ پانی پڑ جانے کی وجہ سے) چڑ چڑ کی آواز نکالنے والا .۳. بہت باتیں

کرنے والا ، باتونی ، گپی .

چَرچَرانا (فت نیز کس چ ، سک ر ، فت نیز کس چ) ف ل .

۱. درد سوزش یا دکھن کی وجہ سے کسی عضو سے آواز نکلنا ۲. لکڑی وغیرہ کا ٹوٹنے کی وجہ سے آواز دینا ۳. چراغ کی بتی یا کسی بھی چکنی جلتی ہوئی چیز کا پانی پڑ جانے سے چرچر بولنا ۴. کسی دھات وغیرہ کا خشک رگڑ کھانے سے آواز پیدا کرنا .

چَرچَراہَٹ (فت چ ، سک ر ، فت چ ، ہ) است .

تیزی ، چرپراہٹ ، مرچوں کی سی تیزی .

چَرخ (فت چ ، سک ر) اند .

۱. آسمان ۲. لکڑی ، لوہے یا اور کسی چیز کا گول حلقہ جو گاڑی یا مشین وغیرہ میں اسے چلانے کے لیے لگایا جاتا ہے ، پہیا ۳. کسی چیز کو درست کرنے یا رگڑ کر صاف کرنے کا آلہ ۴. کنویں سے پانی کھینچنے کی چرخی جو ہاتھ یا برقی طاقت سے چلائی جاتی ہے ، رہٹ ، چرخی . ۵. گھومنے کا عمل ، گردش ، دورہ ، چکر ، (مجازاً) پریشانی ، دربدری و آوارہ گردی . [ف] .

چَرخا/ چَرخَہ (فت چ ، سک ر/ فت خ) اند .

سوت کاتنے کا ایک آلہ جس میں ایک مستطیل چوکھٹے (بیٹھک یا منجھے) کے بائیں سرے پر تکلے کے کھونٹے اور دائیں سرے پر کھونٹوں میں چکوا جڑا ہوتا ہے اور چکوے کے پٹھوں کے کٹے کٹے کنارے تلی یا ڈور سے باہم کسے ہوتے ہیں .

چرخا چلنا محاورہ ۱. (کسی کام کا) سلسلہ جاری و باقی ہونا ۲. حسب معمول کام یا بات کا اعادہ ہونا .

چرخا کاتنا ف مر؛ محاورہ . چرخے پر روئی یا روؤڑ کا سوت تیار کرنا ، کتائی کا کام یا کاروبار کرنا ، سوت کات کر اُجرت حاصل کرنا .

چَرخی (فت چ ، سک ر) است .

۱. کپاس اوٹنے اور روئی بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ جس میں لکڑی کے چوکھٹے پر دو ملے ہوئے بیلن اور داہنی طرف ایک دستہ (ہینڈل) ہوتا ہے ، پونگا ، پوتی ۲. لکڑی لوہے یا کسی چیز کا گول حلقہ جس سے گاڑی یا مشین کو گھما کر چلایا جائے ۳. کنکوے کی ڈور لپیٹنے کا ہچکا ؛ بادلہ ، گوٹا لچکا ، بیل وغیرہ لپیٹنے کا بیلن ۴. پانی کھینچنے کا پہیہ ، چاک ، گھرنی .

چَرَس (فت چ ، سک نیز فت ر) (الف) است .

بھنگ کے پتوں پر لگی ہوئی لیس دار رطوبت جسے نشے کے لیے حقے سگریٹ وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے . (ب) اند. کنویں سے پانی نکالنے کا بڑا چرمی ڈول (جو بیلوں کی طاقت سے کھینچا جاتا ہے) پر ، موٹ .

چَرسی (فت چ ، سک ر) صف مذ .

۱. چرس کو کنویں میں ڈالنے اور نکالنے والا ۲. چرس کا نشہ کرنے والا

چَرغا/ چَرغَہ (فت چ ، سک ر ، فت غ) اند .

مسلم مرغ بٹیر یا کسی اور پرند وغیرہ کا خاص طریقے سے بھنا ہوا گوشت .

چِرک اند .

۱. پیپ ، غلاظت ، گندی رطوبت ۲. میل ، کثافت ، گرد وغبار ؛ پاخانہ .

چِرَک (فت نیز کس چ ، فت ر) اند .

چرکا ، زخم ، خراش .

چَرکا (فت چ ، سک ر) اند .

۱. ہلکا زخم یا خراش ، معمولی گھاؤ ، ہلکا سا کٹاؤ ؛ ضرر ، نقصان ۲. صدمہ ، تکلیف ، ایذا . [س] .

چرکا دینا ف مر؛ محاورہ . ۱. زخم لگانا ، ایذا دینا ، تکلیف پہنچانا ۲. نقصان یا ضرر پہنچانا ؛ دھوکا دینا ، دغا یا فریب سے کام لینا .

چِرکنا (کس چ ، فت ر ، سک ک) ف ل ؛ ف م .

اگھڑی گھڑی اور تھوڑا تھوڑا ہگنا ۲. مرغی کا تھوڑا تھوڑا ہگنا .

چِرکِین (کس چ ، سک ر ، ی مع) (الف) صف .

جس میں غلاظت یا گندگی پائی جائے ، نجس ، پلید ؛ میلا کچیلا . (ب) اند .

۱. پاخانہ ؛ گندہ مادّہ ، غلاظت ۲. اُردو کے ایک غیر ثقہ ہزل گو شاعر تخلص (جس کے اشعار عموماً پاخانہ ، پیشاب ، گالی گلوچ ، پوشیدہ اعضائے جسمانی کے ناموں اور فحش و بازاری الفاظ و موضوعات سے تعلق رکھتے ہیں) .

چِرم (فت نیز کس چ ، سک ر) اند .

چمڑا ، کھال ، پوست .

چُرمُر (ضم چ، سک ر، ضم م) (الف) صف : م ف.
۱. چورا چورا، ریزہ ریزہ ؛ خستہ. ۲. سوکھا ہوا، لاغر، دبلا. کمزور. ۳. مسمسا، بجھا ہوا، بے حس و حرکت ؛ کھسیانا ؛ مرجھایا ہوا. ۴. جو جل کر یا سوکھ کر مرنڈا ہو گیا ہو یا اینٹھ گیا ہو.

چُرمُرا (ضم چ، سک ر، ضم م) صف مذ.
سوکھا ہوا، مرجھایا ہوا، جھری دار، سلوٹ والا، کمزور.

چُرمُرانا (ضم چ، سک ر، ضم م) (الف) ف م.
چورا، چورا یا ریزہ ریزہ کر دینا ؛ توڑ ڈالنا. (ب) ف ل. لکڑی وغیرہ کا کسی حرکت سے آواز نکلنا، ٹوٹتے وقت یا دباؤ وغیرہ پڑنے سے آواز نکلنا ؛ چر چرانا.

چَرمی (فت نیز کس چ، سک ر) صف.
کھال کا ؛ چمڑے کا ؛ کھال یا چمڑے کا بنا ہوا.
چرمی کاغذ مذ. چربہ اتارنے کا جھلی نما کاغذ جس میں نیچے کا نقش دکھائی دے ؛ جھلی جو بطور کاغذ استعمال کی جائے.

چَرَن (فت چ، فت نیز سک ر) مذ.
قدم، پاؤں، پیر. [س].
چرن چھونا محاورہ. تعظیم کرنا ؛ توقیر بڑھانا ؛ عزت کرنا.

چَرنا (فت چ، سک ر) ف م.
۱. دانا چگنا، چوپایوں کا گھاس کھانا. ۲. (مجازاً) کسی بات کا دماغ میں بیٹھ جانا، عادی ہو جانا، مزاج بن جانا. [س].

چِرجانا/چِرنا (کس چ، سک ر) ف ل.
کٹنا، کٹ جانا ؛ سیدھا گھاؤ ہونا، لمبا زخم لگنا ؛ بیچ میں سے پھٹنا، لکڑی کا دو ٹکڑے ہونا.

چَرِند (فت چ، فت نیز کس ر، سک ن) صف : مذ.
چرنے والا، چوپایا جانور.

چَرِندہ (فت چ، کس نیز فت ر، سک ن، فت د) صف.
گھاس چرنے والا (جانور). [ف].

چُرنے (ضم چ، سک ر) مذ : ج.
ایک قسم کے باریک سفید کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں پڑ جاتے ہیں جو دھاگے کی مانند ہوتے ہیں، چنچنے.

چَروا (فت چ، سک نیز ضم ر) مذ.
۱. مٹی کا بڑا برتن، بھانڈا، مٹکا. ۲. بڑا دیگچہ یا برتن جس میں زچہ کے لیے اچھوانی وغیرہ پکائی جاتی ہے. [س].

چِروانا (کس چ، سک ر) ف م.
چرنا کا تعدیہ، لکڑیوں کے ٹکڑے کروانا.

چُروانا (ضم چ، سک ر) ف م.
چرانا کا تعدیہ، چوری کرانا.

چَرواہا (فت چ، سک ر) مذ.
بھیڑ بکریاں وغیرہ چرانے والا، گڈریا، گلہ بان.

چِرَونجی (کس چ، ولین نیز ج، مغ) مث.
ایک درخت اور اس کا پھل جو چھوٹے جھڑبیر کی مانند ہوتے ہیں اور اس کا مغز (جو بطور میوہ کھاتے ہیں). [س].

چَریا (فت چ، سک ر) صف.
بے وقوف، حواس باختہ، پاگل.

چِڑ (کس چ) مث.
۱. کوئی فعل، بات یا چیز جس سے ناگواری، الجھن، بیزاری یا نفرت پیدا ہو، ناگوار خاطر بات. ۲. چھیڑ چھاڑ، مذاق کی بات ؛ کلمہ تفریح.

چِڑا (کس چ) مذ.
۱. چڑیا کا نر، چڑونٹا. [س].

چِڑانا (کس چ) ف م.
کسی بات کی نقل کرنا یا دہرانا. منھ ہونٹ اور ٹھوڑی کو بگاڑ کر کھجانا پریشان کرنا، تنگ کرنا، غصہ دلانا، ناگواری پیدا کرنا.

چِڑچِڑا (کس چ، سک ڑ، کس چ) صف.
شخص جس کا مزاج کسی سبب سے بگڑا ہوا ہو، بدمزاج، غصیل، بدخو بداخلاق.

چِڑچِڑانا (کس چ، سک ڑ، کس چ) ف ل.
۱. جھنجھلانا. بگڑنا، ناراض ہونا، غصہ دکھانا. ۲. جلتے ہوئے تیل میں پانی پڑنے سے آواز نکلنا.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

چِڑچِڑاہَٹ (کس چ، سک ڑ، کس چ، فت ہ) امث.
تنگ مزاجی، بات بات پر جھنجھلانے کی کیفیت، بدمزاجی، ناراضگی.

چِڑچِڑی (کس چ، سک ڑ، کس چ) صف مث.
بات بات پر بگڑنے والی، بدمزاج، غصیلی.

چِڑنا (کس چ، سک ڑ) ف م.
کسی بات سے برہم یا ناخوش ہونا، بگڑنا، ناگواری ظاہر کرنا، غصہ ہونا.

چِڑی (کس چ) امث.
۱. چڑا کی تانیث، چڑیا، پرندہ. ۲. پرند، پردار گیند (جس سے ایک مشہور کھیل کھیلتے ہیں).

چڑی مار صف. پرند پکڑنے والا، صیاد.

چِڑیا (کس چ، سک ڑ) امث.
۱. چڑا کی تانیث. ۲. چوبغلا کپڑا جو چاک پر بڑھانے یا مضبوط کرنے کے لیے کرتے وغیرہ میں لگاتے ہیں. ۳. انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سیون، انگیا کی چڑیا. ۴. پردار گیند.

چڑیا اڑنا محاورہ. رونق ختم ہو جانا، اجاڑ ہو جانا.

چڑیا کا بچہ بھی نہ ہونا محاورہ. (گھر میں) کوئی بھی فرد نہ ہونا، کسی فرد کا موجود نہ ہونا.

چُڑَیل (ضم چ، ی لین) امث.
۱. ڈائن، بھتنی (مجازاً) بدصورت. ۲. خبیث عورت، پلید، میلی کچیلی عورت؛ لڑاکا عورت، اس عورت کی روح جو بقول ہندوؤں کے حمل یا نجس کی حالت میں مر جائے. ۳. انتہائی پیار میں کسی چھوٹے کے لیے مستعمل.

چَڑھ (فت چ، سک ڑھ) امث.
۱. چڑھنا کا امر تراکیب میں مستعمل. ۲. اونچی زمین، ٹیلہ. ۳. اونچائی، بلندی، چڑھائی، چڑھاؤ، بڑھاؤ؛ حملہ، دھاوا، یورش.

چڑھ جا بیٹا سولی پر (یہ) رام بھلی کرے گا کہاوت. انجام کی پروا نہ کر یہ کام کر ہی ڈال، بڑھاوا چڑھاوا دے کر غلط یا نقصان دہ کام کرانے کے موقع پر مستعمل.

چڑھ دوڑنا محاورہ. حملہ کرنا، چڑھائی کرنا.

چَڑھا (فت چ) صف مذ.
چڑھانا، چڑھنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل؛ نیچے سے اوپر جانا بلندی پر چڑھنا.

چڑھا ہوا صف مذ. ۱. باقی، واجب الادا، قرضہ. ۲. بکثرت مستعمل زباں زد (بات لفظ فقرہ وغیرہ).

چَڑھانا (فت چ) ف م.
۱. نیچے سے اوپر پہنچانا، بلندی پر لے جانا. ۲. (i) لادنا. (ii) سوار کرانا، (پیٹھ پر) بٹھانا. ۳. پینا، نوش کرنا، حلق سے اتارنا (شراب وغیرہ کو) سارے کا سارا پی جانا. ۴. (i) (جانور، کھانا، شیرینی نقدی یا کوئی قیمتی چیز کسی بزرگ کے مزار کے لیے) نذر کرنا؛ کسی کو کچھ دینا؛ (ii) بھینٹ چڑھانا. ۵. (i) (کوئی چیز پکانے کے لیے ہانڈی وغیرہ کو) چولھے پر رکھنا. (ii) کسی چیز کی تہ چڑھانا. (iii) ایک چیز کے اوپر دوسری چیز لگانا، منڈھنا. ۶. (درجہ کے ساتھ) اوپر کی جماعت میں ترقی دینا. ۷. (آستین وغیرہ اوپر کی طرف) لپیٹنا اُلٹنا پلٹنا. ۸. (تیوری وغیرہ) تاننا، بل ڈالنا. ۹. تعریف میں مبالغہ کرنا. ۱۰. مشتعل کرنا، غصہ دلانا. ۱۱. شادی یا منگنی میں دلہن کو زیور وغیرہ دینا چڑھاوا چڑھانا. ۱۲. مختلف الفاظ کے ساتھ بطور جزو دوم مختلف معنی میں مستعمل (جیسے: سر چڑھانا وغیرہ).

چَڑھاوا (فت چ) امذ.
۱. نذر، نیاز، بھینٹ. ۲. منگنی یا برات کے دن دولھا والوں کی طرف سے دلہن کو دیے جانے والے جوڑے زر نقد یا زیور. ۳. بڑھاوا.

چَڑھاؤ (فت چ، وج) امذ.
۱. (i) طغیانی، جوش. (ii) سمندر کی لہروں کا کنارے کی طرف بڑھنے کا عمل؛ مد. (iii) وقتی جوش، ولولہ. ۲. (i) بلندی، فراز چڑھائی (اُتار یا نشیب کی ضد). (ii) اونچا ہونے کی حالت، اُٹھان (اتار کے ساتھ)؛ ترقی، عروج. ۳. دریا کا وہ رخ جدھر سے پانی آ رہا ہے، بہاؤ کی مخالف سمت. ۴. قیمت کی زیادتی (گھٹاؤ کے بالمقابل).

چَڑھائی (فت چ) امث.
۱. زمین کا بلند حصہ؛ اونچائی؛ بلندی، پہاڑ کی بلندی کی سمت

۲. چڑھنے کا راستہ . ۳. چڑھنے کا عمل بلندی کی سمت جانے کا عمل .
۴. (i) گھیرا ڈالنا ، ہجوم کرنے کی کیفیت و حالت . (ii) لشکرکشی ، حملہ ، دھاوا . اف : کرنا / ہونا .

چڑھتا (فت چ ، سک ڑھ) صف مذ .
۱. ترقی کرتا ہوا ، بڑھتا ہوا ؛ زوروں پر یا جوش پر آیا ہوا ؛ بھاؤ کی گرانی ؛ رفتار میں زیادہ ، تیزی پر . ۲. بہتر ؛ برتر ؛ اعلیٰ ، بڑھا چڑھا .

چڑھتی (فت چ ، سک ڑھ) (الف) صف .
چڑھتا کی تانیث ، مرکبات میں مستعمل . (ب) است . زیادتی ، افزونی ، بڑھاؤ ؛ برتری ؛ عظمت ؛ فائدہ ، نفع .

چڑھتی دھوپ است . صبح سے دوپہر دو بجے تک کا وقت ؛ سورج کی پھیلتی ہوئی روشنی ، تیز ہوتی ہوئی دھوپ .

چڑھتے (فت چ ، سک ڑھ) صف مذ .
چڑھتا کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل ؛ ترقی کرتے ہوئے ، بڑھتے ہوئے .

چڑھتے سورج کی پرستش (پوجا) کرنا محاورہ . جس کو اقتدار حاصل ہو جائے اس کی ہاں میں ہاں ملانا ، حق ناحق کو دیکھے بغیر حاکم وقت کا ساتھ دینا ، جو زبردست ہو اسی کے گن گانا .

چڑھنا (فت چ ، سک ڑھ) ف ل .
۱. پستی سے بلندی پر جانا ، نیچے سے اوپر جانا . ۲. اڑنا ، اوپر کی طرف پرواز کرنا . ۳. طغیانی پر آنا ، چڑھاؤ پر آنا . ۴. حملہ کرنا . ۵. قیمت ، دام ، بازار وغیرہ کا گراں ہونا ، مہنگا ہونا . ۶. آواز بلند ہونا ، سُر اونچا ہونا . ۷. کھنچ جانا ، تننا ؛ اوپر کی طرف اٹھ جانا . ۸. دم کا پھولنا ، (سینے میں) نہ سمانا . ۹. سوار ہونا . ۱۰. درج ہونا ، لکھا جانا . ۱۱. سورج کا بلند ہونا (دن کے ساتھ) . ۱۲. نشہ ہونا ، شراب وغیرہ کا اثر ہونا . ۱۳. پکنے کو چولھے پر رکھا جانا . ۱۴. چپنا ، سمانا . ۱۵. (i) اکھڑی ہوئی ہڈی کا اپنی اصلی جگہ پر آجانا . (ii) جسم کے کسی رگ پٹھے کا جگہ سے ہٹ کر دوسری جگہ ہونا . ۱۶. (i) اچھی طرح اثر ہو جانا ، جیسے رنگ کا چڑھنا . (ii) (بخار وغیرہ) زور کا ہونا . ۱۷. کرایہ ، اُجرت معاوضہ یا تنخواہ واجب ہونا . ۱۸. ذہن پر جم جانا ، خوب نقش ہو جانا . ۱۹. بلند ہونا ، اونچا کیا جانا ، اٹھایا جانا . ۲۰. (زبان پر) جاری ہونا ، ورد زبان ہونا ، حفظ ہونا .
۲۱. چڑھانا کا لازم ؛ بطور جزو دوم مرکبات میں مختلف الفاظ کے ساتھ مختلف معنی میں مستعمل (جیسے : سر چڑھنا وغیرہ) . [س] .

چڑھی (فت چ) صف ست ؛ است .
چڑھا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل .

چڑھی ہونا محاورہ . ۱. غرور کا نشہ ہونا ، نشہ ہونا . ۲. کسی بات پہ اصرار کرنا ، بضد ہونا . [س] .

چُسانا (ضم چ) ف م .
۱. چوسنا کا تعدیہ ؛ ہونٹوں سے دبا کر کسی چیز کا مزہ لینا ، دودھ پلانا .
۲. (منھ میں) قطرہ قطرہ ٹپکانا ؛ جذب کرانا .

چَسپاں (فت چ ، سک س) صف .
۱. ٹھیک موزوں ، منطبق . ۲. چپکا ہوا ، ملا ہوا . ۳. پیوستہ ، متصل . [ف] .

چُست (ضم چ ، سک س) صف .
۱. چالاک ، پھرتیلا ؛ تیز ، ہوشیار . ۲. تنگ ، کھنچا ہوا ، کسا ہوا . ۳. ٹھیک ، درست ، موزوں . ۴. مضبوط ؛ توانا . اف : کرنا / ہونا .

چُستی (ضم چ ، سک س) است .
۱. چالاکی ، پھرتی ، تیزی . ۲. موزونیت ، درستی ؛ بندش اور ترتیب کی مناسبت ۳. مضبوطی ، استحکام .

چَسٹر (فت چ ، سک س ، فت ٹ) امذ .
ایک قسم کا اوورکوٹ جو عام اوورکوٹوں سے نسبتہً چھوٹا ہوتا ہے . [انگ] .

چَسکا / چَسکہ (فت چ ، سک س / فت ک) امذ .
۱. مزہ ، چاٹ ، مزہ جس کی زبان عادی ہو . ۲. لت ، عادت . ۳. ذوق ، شوق ؛ لطف . [س] .

چُسکی (ضم چ ، سک س) است .
۱. گھونٹ ، جرعہ . ۲. گھونٹ گھونٹ پینے کا عمل ؛ مزہ لے لے کر پینے کا عمل . ۳. ذرا سی افیون جو افیمی خلاف وقت کھا پی لیتے ہیں . [س] .

چُسنی (ضم چ ، سک س) است .
۱. بچوں کے چوسنے کا کھلونا . ۲. دودھ پلانے کی شیشی کے منھ پر لگانے کا ربر کا نوکیلا ڈھکنا جس کا سرا بھٹنی کی شکل کا ہوتا ہے اور جس کے

سوراخ سے بچہ دودھ چوستا ہے ؛ تھل ۔ [س] ۔

چَشم (فت چ ، سک ش) امث ۔
۱۔ آنکھ ؛ نظر ۔۲۔ توقع ، امید ، آسرا ۔ [ف] ۔

چشم بد دور فقرہ ۔۱۔ ایک کلمہ جو نظر بد کا اثر دفع کرنے کے لیے کسی کی تعریف سے پہلے زبان پر لایا جاتا ہے ، بری نظر دور رہے ، نظر نہ لگے ۔۲۔ (طنزاً) کسی کی مذمت کے لیے بولتے ہیں ۔

چشم براہ / بروراہ صف ۔ راستے پر آنکھیں لگائے ہوئے ؛ منتظر ۔

چشم پوشی امث ۔۱۔ آنکھ بند کرنے کا عمل ، آنکھیں میچ لینا ۔۲۔ دیکھ کر ٹال جانا ، درگزر کرنا ۔

چشم دید صف ۔ آنکھوں دیکھا ، نظر سے گزرا ہوا ۔

چشم زدن امذ ۔ پلک مارنے کا وقفہ ، لمحہ بھر ، ذرا سی دیر ۔

چشم ما روشن (دل ما شاد) فارسی فقرہ اردو میں مستعمل ۔ آنکھ ہماری روشن دل ہمارا شاد ، عین خوشی سے ، عین راحت کی بات ہے ۔

چَشمَک (فت چ ، سک ش ، فت م) امث ۔
۱۔ آنکھ کا اشارہ ؛ انکھڑی ؛ لمحہ بھر ؛ پلکوں کی جھپک ۔۲۔ چھیڑ چھاڑ ، طعن وتشنیع ، نوک جھوک ۔۳۔ رنجش ، مخالفت ۔

چَشمَہ (فت چ ، سک ش ، فت م) امذ ۔
۱۔ زمین سے پانی نکلنے کی جگہ ، پانی کا سوتا ، منبع ۔۲۔ (i) عینک ۔ (ii) عدسہ ۔۳۔ دائرہ ، حلقہ ۔

چشمہ پھوٹنا محاورہ ۔۱۔ یک بیک تیزی کے ساتھ پانی نکل آنا ، پانی کا جوش مارنا ۔۲۔ (کسی جذبے کا) جوش مارنا ، شدت کے ساتھ ظاہر ہونا ۔

چُغا (ضم چ) امذ ۔
لمبا جبہ ، عبا کی قسم کا ڈھیلا ڈھالا لباس جس کا اگلا حصہ کھلا رہتا ہے ، درویش اور فقرا کے علاوہ عالم اور دوسرے لوگ بھی پہنتے ہیں ۔
[ت : چغہ] ۔

چُغد (ضم چ ، سک غ) امذ ۔
الو ، الو کی ایک چھوٹی قسم ، بوم ۔۲۔ (طنزاً) احمق ، بے وقوف ؛ سادہ لوح ۔ [ف] ۔

چُغُل (ضم نیز فت چ ، ضم غ) صف : امذ : امث ۔
غیبت کرنے والا ، لگائی بجھائی کرنے والا ؛ جاسوس ، مخبر ۔ [ف] ۔

چغل خور صف ۔ غیبت کرنے والا ، چغلی کھانے والا ۔

چغل خوری امث ۔ لگائی بجھائی کرنے کی عادت ، شکایت ، غیبت ۔

چُغلی (ضم چ ، سک غ) امث ۔
غیبت ، لگائی بجھائی ، بدی ۔

چُغَہ (ضم چ ، فت غ) امذ ۔ دیکھیے چُغلی ، لمبا جبہ عبا کی قسم ڈھیلا ڈھالا لباس ۔

چِق (کس چ) امث ۔
بانس یا سرکنڈے وغیرہ کی تیلیوں کا پردہ ، چلمن ، چک ۔ [ف] ۔

چَقماق (فت چ ، سک ق) امذ : ۔ چقمق ۔
۱۔ ایک قسم کا سخت پتھر اور اس کا پہاڑ ۔۲۔ پتھر جس پر لوہا مارنے سے چنگاریاں اڑتی ہیں ؛ پتھر اور لوہا جن کو رگڑ کر آگ نکالتے ہیں ۔

چُقَندَر (ضم چ ، فت ق ، سک ن ، فت د) امذ ۔
شلجم کی قسم میں سے سرخ رنگ کی ایک ترکاری اس سے شکر بھی بنائی جاتی ہے ۔

چَک (فت چ) امذ ۔
۱۔ گاؤں کی پڑتی اراضی کا کوئی حصہ جس کو سرکار گاؤں کے رقبے سے خارج کر کے کسی دوسرے شخص کو سند کے ذریعے کاشت اور آبادی کے لیے دے کر مالک بنادے ۔۲۔ چھوٹا گاؤں ۔ [س] ۔

چِک (۱) (کس چ) امث ۔
۱۔ دھچکا ، جھٹکا ، لچکا ؛ درد کمر ۔۲۔ (مجازاً) کمر ۔ [س] ۔

چِک (۲) (کس چ) امث ۔
چق ، چلمن ، بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ ۔

چَکا چَوند/ چَوندھ/چَوندی (فت چ ، ولین ، مغ/سک دھ) امث ۔
نظر کی خیرگی ، (اچانک تیز روشنی کی وجہ سے) آنکھوں کے چندھیانے کی کیفیت ۔۲۔ چمک دمک ، تیز روشنی (جو آنکھوں کو چندھیائے) ۔۳۔ حیرت ، تعجب ؛ گھبراہٹ ۔ [س] ۔

چَکاں (فت چ) صف ۔
گرانے والا ، چھڑکنے والا ؛ گرتا ہوا ، ٹپکتا ہوا (مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل) ۔ [ف] ۔

چُکانا (ضم چ) ف م.
۱. (کسی چیز کی) قیمت یا اُجرت ٹھہرانا، مول تول کرنا. ۲. (جھگڑے وغیرہ کو) نمٹانا، طے کرنا، فیصلہ کرنا. ۳. (قرض وغیرہ کو) بھگتانا، ادا کرنا، بے باق کرنا. ۴. پورا کرنا، انجام دینا.

چَکپھیری (فت چ، سک ک، ی ج) است.
۱. چکر، باندھ کر پھرنا، دائرے میں گردش کرنا، گردش جو دائرے میں ہو. ۲. بل، گھماؤ، لپیٹ.

چُکتا (ضم چ، سک ک) صف.
ادائی، بھگتان.

چکتا کرنا محاورہ. ۱. طے کرنا، فیصلہ کرنا، نمٹانا. ۲. حساب بے باق کرنا، ادا کرنا.

چَکتّا (فت چ، فت نیز سک ک، شدت نیز بلا شد) اند.
۱. کسی چکنی چیز کا نشان یا دھبا جو کپڑے وغیرہ پر پڑ جائے. ۲. جسم پر گول بد رنگ نشان، زخم کا نشان. ۳. کاٹنے کا نشان؛ دانتوں سے کاٹنے کا نشان. ۴. گول ٹکڑا (سبزی پھل وغیرہ کا)؛ ٹکیہ، پنڈا، پنڈ. [س].

چَکتی (فت چ، سک ک) است.
۱. گول، مدور شکل کی چیز؛ دائرہ نما ٹکیہ، تھتی. ۲. گول یا چپٹی ٹکیہ. ۳. دنبے کی گول چپٹی دم اور اس کی چربی. ۴. گول ٹکڑا، پارہ، ٹکیا، قاش: قتلہ. [س].

چِکٹ (کس چ، فت ک) (الف) صف.
۱. بہت میلا، میلا کچیلا. ۲. لیس دار، چپچپا. (ب) اند. (تیل روغن وغیرہ کا) میل کچیل. اف: کرنا/ ہونا.

چَکّر (فت چ، شد ک بفت) اند.
۱. (i) دائرہ، حلقہ، گھیرا، ہالہ. (ii) گھماؤ، پھیر؛ گھومنے کی حالت. ۲. کمہار کا چاک (جسے گھما کر برتن بنائے جاتے ہیں). ۳. پہیے کی شکل کی کوئی گول چیز. ۴. کسی کام کو لگاتار کرنے کا عمل، سلسلہ. ۵. پھندا، گھیرا، گول خانہ. ۶. دوران، گردش. ۷. گھماؤ دار راستہ. ۸. (i) پیچیدہ عمل، مسئلہ؛ الجھن، پریشان کن بحث. (ii) راستے کی دوری، پھیر. ۹. (قسمت کی) پریشانی، نحوست، خرابی. ۱۰. سر کا گھومنا. [س].

چکر چلنا محاورہ. دوری تسلسل جاری رہنا، مصیبت و پریشانی ختم نہ ہونا؛ ہیر پھیر کی بات ہونا.

چکر دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. حصار کھینچنا، دائرہ یا حلقہ بنانا، حیران و پریشان کرنا. ۲. ٹال دینا، ٹرخا دینا. ۳. بل دینا، مروڑنا. ۴. گھمانا، گردش دینا. ۴. دھوکا دینا، مغالطے میں ڈالنا.

چکر کاٹنا ف مر: محاورہ. ۱. گردش میں رہنا، پھیرے لگانا، بار بار آنا. ۲. طواف کرنا، کسی چیز کے گرد گھومنا. ۳. پھیرا لگانا؛ سفر کرنا.

چَکرانا (فت چ، سک ک) (الف) ف ل.
۱. پریشان ہونا، الجھن میں پڑنا، فکر مند ہونا. ۲. (پتنگ بازی) پتنگ کا سدھ نہ رہنا، بل کھانا. ۳. (سر کا) گھومنا، گھبراہٹ محسوس کرنا. ۴. دوری گردش کرنا؛ (محور یا مرکز پر) گھومنا، گردش کرنا. (ب) ف م. چکر دینا، گھمانا.

چَکرَم (فت چ، سک ک، فت ر) صف.
بے وقوف، بوڑم.

چَکری (فت چ، سک ک) است.
۱. لڑھکنی، چک پھیری، دوری حرکت، چکر. ۲. چکئی (جسے بچے ڈورا ڈال کر چلاتے ہیں) پھرکی، بھوزی. ۳. گانے والوں کا طائفہ؛ گویوں کا حلقہ. ۴. چار پہیوں کی گاڑی میں اگلے پہیوں کے دھرے کے ساتھ لگا ہوا آہنی چکا جس پر گاڑی کے ڈھانچے کا اگلا حصہ یا پھڑ کا سرا ایک کیلے کے ذریعے جوڑ دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اگلے پہیے آسانی سے دائیں یا بائیں رخ پھیرے جاسکتے ہیں اور گاڑی ان کے ساتھ گھومتی ہے. ۵. چرخی، گھرنی. [س].

چَکلا/چَکلَہ (فت چ، سک ک/فت ل) (الف) صف مذ.
چوڑا، پھیلا ہوا (طول و عرض میں). (ب) اند. (i) گول، دائرہ نما برتن، پتھر یا لکڑی کا دائرہ نما ٹکڑا؛ چکی کا پاٹ. ۲. صوبے کا ایک چھوٹا حصہ، تعلقہ، تحصیل، ضلع. ۳. بازاری عورتوں کا اڈا، عصمت فروشی کا اڈا. [س].

چَکلی (فت چ، سک ک) (الف) صف مث.
چکلا کی تانیث، چوڑی. (ب) است. چرخی، گھرنی (جس پر ڈول کی

رہی گھومتی ہے) ؛ چھوٹا چکلا جس پر چندن گھسا جاتا ہے ۔ [س] ۔

چَکما/ چَکمَہ (فت چ ، سک ک/ فت م) امذ ۔
ا ۔ جھانسا ، فریب ، دھوکا ۔۲ ۔ نقصان ، ضرر ۔ [س] ۔

چِکَن (کس چ ، فت ک) امث ؛ امذ ۔
کپڑا (ململ وغیرہ) جس پر کشیدہ کاری یا سوزن کاری سے بیل بوٹے کاڑھے گئے ہوں ۔ [ف] ۔

چِکِن (کس چ ، فت نیز کس ک) امذ ۔
چوزہ ؛ مرغی کا گوشت ۔ [انگ] ۔

چِکنا (کس چ ، سک ک) (الف) صف ۔
ا ۔ صاف ، ستھرا ؛ ہموار ، یکساں (کھردرے کی ضد) ۔۲ ۔ بے غیرت ، بے حیا ۔ (ب) صف مذ ۔ا ۔ جس میں تیل یا چکنائی وغیرہ زیادہ ہو ، روغنی ، مرغن ۔۲ ۔ پھسلواں ؛ وارنش کیا ہوا ، چمکیلا ۔ [س] ۔

چکنا چپڑا صف مذ ۔
ا ۔ جس میں تیل یا چکنائی وغیرہ زیادہ ہو ، روغنی ، تیلیا ۔۲ ۔ خوشامدانہ ؛ دل خوش کن ، دل فریب ۔

چکنا گھڑا امذ ۔
گھڑا یا برتن جو روغن سے تر ہو ، جس پر پانی کی بوند پڑے تو نہ ٹھہرے (کنایتہً) ؛ بے حیا ، بے غیرت ، بے حس (جس پر کسی چیز کا اثر نہ ہو) ۔ اف : ہونا ۔

چُکنا (ضم چ ، سک ک) ف ل ۔
ا ۔ ختم ہو جانا ، اختتام کو پہنچنا ، نبڑ جانا ، خرچ ہو جانا ۔۲ ۔ بھاؤ ٹھہرانا ، سودا طے پانا ؛ حساب بے باق ہونا ۔۳ ۔ (جھگڑا) طے ہونا ، (قضیہ) رفع ہونا ۔ [پ : س] ۔

چکنا چور (فت چ ، سک ک ، دمع) صف ۔ا ۔ ریزہ ریزہ ، ٹکڑے ٹکڑے ، پاش پاش ۔۲ ۔ مدہوش ، مست ، سرشار ، بے خود ؛ نڈھال ۔ [س] ۔

چِکناہَٹ (کس چ ، سک ک ، فت ہ) امث ۔
ا ۔ چکنا پن ، چکنا ہونے کی کیفیت یا حالت ۔۲ ۔ ستھرا پن ؛ چمک دمک ، پھسلواں ہونے کی حالت و کیفیت ۔

چکنائی (کس چ ، سک ک) امث ۔
ا ۔ (گوشت کی) چربی ۔۲ ۔(i) گھی تیل وغیرہ چکنی چیزیں ۔(ii) (کھانے میں مستعمل) روغن ۔۳ ۔ چکنا پن ، چکناہٹ ۔

چکنی (کس چ ، سک ک) صف ۔
چکنا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل ۔

چکنی چپڑی صف مث ۔ا ۔ روغنی ، تیل ، گھی یا کسی دوسری چکنائی کی آمیزش والی ۔۲ ۔ دلآویز ، لچھے دار ۔

چکنی مٹی امث ۔ کالے رنگ کی لیس دار مٹی ۔۲ ۔ پیلی یا سفید رنگ کی صاف لیس دار مٹی جو لیپنے پوتنے کے کام آتی ہے ۔

چُکوتا (ضم نیز فت چ ، ولین) امذ ۔
ا ۔ فیصلہ ، تصفیہ ، خاتمہ ؛ حساب کتاب ۔۲ ۔ مقررہ شرح کرایہ یا لگان ، طے شدہ معاوضہ ۔۳ ۔ معاہدہ ؛ سودا ، ٹھیکا ، کام ، بے باقی کی رسید ۔

چَکوتَرا/ چَکوتَرہ (فت چ ، وج ، فت نیز سک ت/ فت ر) امذ ۔
ترش پھلوں کے خاندان سے سنترے جیسی لیکن بڑی پھانکوں اور موٹے چھلکے کا ہلکا زرد نیز سرخی مائل سبز پھل جس کا مزہ کھٹ مٹھا ہوتا ہے ۔ [س] ۔

چَکوتی (فت چ ، ولین) امث ۔
کرتے یا اچکن کے چاک کے کھلاؤ کی حد کا بند جو کپڑے کی دھجی کا تکونیا تھگلی کی شکل میں سی دیا جاتا ہے ۔

چَکور (۱) (فت چ ، وج) صف ۔
ا ۔ یونانی الاصل ایک خوش نما پرند جس کی چونچ اور پنجے سرخ اوپر کا حصہ سیاہ اس پر سفید چتیاں اور گلے میں قدرتی طوق پیٹ کا رنگ سفیدی مائل ہوتا ہے (مشہور ہے کہ یہ چاند کا عاشق ہے اور آگ کی چنگاریاں چاند کی کرنیں سمجھ کر کھا جاتا ہے ۔۲ ۔ (کنایتہً) عاشق مجنوں ۔ [س] ۔

چکور (۲) (فت چ ، وج) صف ۔
دیکھیے : چوکور ۔

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، وج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چکّی (فت چ، شدک نیز بلاشد) امث.
ا. نیچے اوپر رکھے ہوئے دو گول پتھر کے پاٹ، نیچے کے پاٹ میں کیلی لگی ہوتی ہے اوپر کے پاٹ میں سوراخ ہوتا ہے جسے کیلی میں پھنسا دیا جاتا ہے، سوراخ میں غلہ ڈال کے اور ہتھی کے ذریعے سے پاٹ کو گھما کر آٹا پیستے یا دال دلتے ہیں، آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ، آسیا. ۲. گھٹنے کی گول ہڈی، چپنی. [س].

چکی پیسنا محاورہ. ا. چکی چلانا، آٹا پیسنا؛ غلہ پیسنے کی مزدوری کرنا. ۲. مصیبت بھگتنا، تکلیف اٹھانا، پاپڑ بیلنا. ۳. (کسی کام کو) مدت تک کیے جانا؛ جاری رکھنا.

چکی کے دو پاٹوں میں پسنا محاورہ. دو ظالموں کے ظلم کا نشانہ بننا، دہری مصیبت میں گرفتار ہونا.

چکھ (فت چ).
چکھنا سے مشتق، محاورات و ترکیبات میں مستعمل. [س].

چکھ لینا ف مر: محاورہ. ذرا سا کھانا؛ چاشنی دیکھنا، ذائقہ دیکھنا؛ بھگت لینا.

چکھانا (فت چ) ف م.
ا. ذائقے کے لیے تھوڑا سا کھلانا، لذت دلانا؛ مزہ معلوم کرنے کے لیے ذرا سا کھلانا. ۲. کھلانا، پلانا، نوش کرانا؛ تجربے سے گزارنا، واقف کرنا.

چکھنا (فت چ، سک کھ) ف م.
ا. (i) کسی چیز کو زبان پر رکھنا، چاشنی دیکھنا، ذائقہ لینا. ۲. کھانا، پینا، نوش کرنا. ۳. لذت اٹھانا، مزہ لینا. [س].

چگّا (ضم چ، شدگ) امذ.
خوراک جو چونچ سے اٹھائی جائے، خوراک جو مادہ پرند اپنے بچے کو چونچ سے دے، چوگا (چڑیا یا کبوتر کا) کھاجا، چارا. [س].

چگانا (ضم چ) ف م.
ا. پرندوں کو دانہ کھلانا، پرندوں کا ان کے کھانے کی چیزوں سے پیٹ بھرانا. ۲. (مجازاً) بھرنا، کانا پھوسی کرنا؛ ورغلانا، جھوٹی سچی باتیں لگانا.

چگائی (ضم چ) امث.
ا. چگنے یا چگانے کا فعل؛ ڈھوروں کو جنگل میں چرانے کا کام. ۲. (پرندوں کے لیے) چگنے کی چیز. [س].

چگنا (ضم چ، سک گ) ف م.
(پرندے کا) دانہ چن چن کر کھانا.

چگّی (ضم چ، شدگ) صف مث.
ا. (داڑھی کے لیے مستعمل) جس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے چند بال ہوں، چھدری. ۲. چھوٹی سی چیز، ذرا سی، چٹکی بھر، ننھی سی. [س].

چَل (فت چ) (الف) امث.
ا. چال کی تخفیف، رفتار. ۲. فرق؛ کمی بیشی، جھوٹ. (ب) صف. متحرک، چلنے والا؛ ناپائیدار. (ج) فقرہ. ا. خیر، اچھا، تو پھر. ۲. بس، ہٹ، دور ہو، چھوڑ (تنبیہ و بیزاری کے لیے). (د). چلنا سے مشتق، مرکبات میں مستعمل).

چل بسنا محاورہ. ا. گزر جانا؛ رخصت ہونا، ختم ہونا.

چل جانا محاورہ. ا. لڑائی جھگڑا ہونا؛ اختلاف رائے ہونا، رنجش ہونا. ۲. (i) شروع ہونا. (ii) رواج پانا. ۳. کارگر ہونا، سبقت لے جانا، کامیاب ہونا. ۴. کام دینا، استعمال کے قابل رہنا. ۵. پاگل ہونا (دماغ وغیرہ کے ساتھ).

چل چلاؤ امذ. کوچ، روانگی، بھاگا بھاگ، جانے کی حالت و کیفیت، آمادہ بہ سفر، رحلت.

چل نکلنا ف مر: محاورہ.
ا. روانہ ہو جانا؛ کوچ کر جانا، سدھارنا. ۲. گستاخ ہو جانا، بے تکلف ہو جانا، شوخیاں کرنا. ۳. ترقی کر جانا، صلاحیت پیدا ہو جانا کام کی اہلیت میں اضافہ ہونا؛ آگے بڑھ جانا، سبقت لے جانا، (کسی وصف میں). ۴. کارگر ہونا، بارور ہونا. ۵. چالاک ہو جانا، تیز ہو جانا. ۶. رواج پانا، کوئی کام شروع ہونا، جاری ہو جانا.

چُل (ضم چ) امث.
ا. بے چینی: بے صبری؛ گھبراہٹ؛ انسان کے ہاتھ پاؤں کا قرار نہ پکڑنا اور حرکت کرتے رہنا. ۲. سلسلاہٹ، تحریک. ۳. خارش، کھجلی. [س].

چلا (فت چ) امث: مچ.
چلنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چلا آنا ف مر: محاورہ. شروع سے پایا جانا، قدیم زمانے سے سلسلہ قائم ہونا؛ جاری رہنا.

چلا چل مث. ۱.چل چل، سفر کی تیاری، سفر پر روانگی. ۲.موت کی گرم بازاری.

چِلّا (۱) (کس چ، شد ل) امذ: ← چلہ.
چمڑے یا لکڑی کا چھلا جو کمان کی تانت کے اس سرے پر لگا ہوتا ہے جو کمان سے بندھا نہیں ہوتا اور جس کو کمان کے گوشے پر چڑھاتے ہیں.

چِلّا (۲) (کس چ، شد ل) امذ.
۱. چالیس دن کی مدت، چالیس دن کا عرصہ، چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی. ۲.کلاوہ یا ڈورا، جو حصول مطلب کے واسطے کسی ولی اللہ کے مزار یا مقدس درخت یا علم و تعزیہ وغیرہ پر عوام باندھا کرتے ہیں. [ف].

چَلانا (فت چ) ف م.
۱. روانہ کرنا، چلنے کے عمل سے گزارنا. ۲. ہانکنا، جاری رکھنا، حرکت و عمل میں رکھنا. ۳. بندوبست کرنا؛ کام نکالنا. ۴. کاروبار جاری کرنا، کسی کام کو رونق دینا. ۵. بے وقوف بنانا، دھوکا دینا. [س].

چِلّانا (کس چ، شد ل) ف ل.
۱. چیخنا، غل مچانا، شور کرنا، زور زور سے آواز نکالنا؛ رونا دھونا، آہ و بکا کرنا، فریاد و احتجاج کرنا. ۲.کسی کو آواز دینا، پکارنا یا بلانا.

چَلاؤ (فت چ، و مع) صف.
پائدار، جو دیر تک استعمال کیا جا سکے. جانے پر تیار، فانی.

چَلاو (فت چ، وج) امث.
حرکت، چلنا؛ رسم و رواج؛ رویہ، چلن.

چُلبُلا (ضم چ، سک ل، ضم ب) صف مذ: مث.
چلبلی. جس کے ہاتھ پاؤں چلتے رہیں اور ایک حالت پر قرار نہ پکڑیں؛ طبعاً مضطرب، نچلا نہ بیٹھنے والا، بے قرار، بے چین. ۲.شوخ، چنچل.

چلبلا پن امذ. ۱. ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھنے کی کیفیت؛ بے قراری، بے چینی، اضطراب؛ اچھل کود. ۲.شوخی، چنچل پن؛ زندہ دلی. [س].

چُلبُلانا (ضم چ، سک ل، ضم ب) ف ل.
۱. بے قرار ہونا، بے چین ہونا؛ مچلنا، تڑپنا. ۲.شوخی کرنا، حرکت کرنا.

چُلبُلاہَٹ (ضم چ، سک ل، ضم ب، فت ہ) امث.
اضطراب، بے قراری، شوخی. ۲.شوخی، زندہ دلی، چنچل پن. [س].

چَلَت (فت چ، ل) امث.
۱.(معاشیات) گشت، گردش (سکہ وغیرہ کی)، ادل بدل. ۲.تیز دھن یا لے گیت وغیرہ کے بولوں کی تیزی سے ادائیگی. ۳.رواج، دور، چلن. [س].

چلت پھرت امث. ۱. چلنا پھرنا، رفتار، گشت، اچھل کود، آمد و رفت چہل پہل. ۲.حرکت؛ جنبش. ۳.چستی، پھرتی، چالاکی. ۴.(معاشیات) گشت، گردش (سکہ وغیرہ کی)، ادل بدل؛ لین دین. ۵.(موسیقی) لے سر کا تیزی سے اتار چڑھاؤ، گیت وغیرہ کے بولوں کی تیزی سے ادائیگی.

چَلتا (فت چ، سک ل) صف مذ: مث: چلتی.
۱. بہتا ہوا، گزرتا ہوا؛ مبہم، گول مول، بے سروپا؛ رواں جاری متحرک، زیر استعمال، جس کا چلن ہو؛ کارگر، پُر اثر. ۲. مروج مستعمل؛ (مجازاً) معمولی. [س].

چلتا پرزہ صف. بڑا چالاک، چال باز، فتنہ پرور.

چلتا پھرتا صف مذ: مث: چلتی پھرتی.
جس سے کوئی واسطہ نہ ہو، ایرا غیرا.

چلتا پھرتا نظر آنا محاورہ. ۱.نظروں سے اوجھل ہو جانا، سامنے سے چلے جانا؛ جلدی سے روانہ ہو جانا. ۲. مطلب حاصل کر کے اس طرح غائب ہو جانا کہ کبھی آشنا ہی نہ تھا.

چلتا کرنا محاورہ. ۱. (i) روانہ کرنا، بھیج دینا؛ عارضی یا دائمی تعلق باقی نہ رکھنا. (ii) ختم کر دینا، دبا دینا. ۲.کسی کا کام نکالنا، کاربرآری کرنا کارروائی کے قابل بنانا؛ تیز دھار رکھنا، تیز کرنا.

چَلتَّر (فت چ، کس ل، شدت بفت) امذ.
مکر، فریب، چال؛ چالاک لچھن. [س].

چَلتی (فت چ، سک ل) صف مث.
۱.سدا رہنے والی، پائیدار، مضبوط. ۲. چلنے والی، بہنے والی. ۳. (مجازاً) تیز طرار، شوخ چنچل. ۴.رواں دواں، متحرک. [س].

چلتی پھرتی صف مث. ۱.چنچل، شوخ. ۲. مروجہ، ہلکی پھلکی، عام سی (موسیقی سے مخصوص).

چلتی پھرتی چھانو/چھاؤں ات. جلد ختم ہونے یا گزرنے والی چیز، ناپائیدار یا آنی جانی چیز.

چلتی کا نام گاڑی (ہے) کہاوت. جب تک کام درست ہے تب تک ہی نام ہے.

چلتی ہوا سے لڑنا محاورہ. بات بات پر لڑنا، خواہ مخواہ لڑائی مول لینا بے کار جھگڑنا، نہایت بد مزاج ہونا.

چَلتے (فت چ، سک ل) صف مذ.
۱. چلتا کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل ۲. سبب، باعث؛ ہوتے. ۳. اختیار، مرضی، بس.

چلتے پھرتے م ف. ۱. ادھر ادھر گھومتے گھامتے، اپنا کام کرتے ہوئے. ۲. گاہے گاہے، کبھی کبھار.

چلتے چلتے م ف. ۱. راستہ چلتے ہوئے، چلنے کی حالت میں، راستہ طے کرتے ہوئے ۲. عین جانے کے وقت، روانہ ہوتے وقت.

چلتے پھرتے نظر آؤ فقرہ. دور ہو، لمبے بنو، ہوا کھاؤ، ٹہلو، چل دو.

چلتے ہاتھ (پاؤں) / پیرو م ف. جب تک کام کرنے کی طاقت ہے؛ معذور ہونے سے پہلے، جب تک زندگی ہے.

چلچلاتی (کس چ، سک ل، کس چ) صف مث.
سخت گرم، جلانے والی، جس میں گرمی کی شدت ہو، بہت گرم (دھوپ گرمی اور دوپہر کے لیے مستعمل). [س].

چلچلانا (کس چ، سک ل، کس چ) ف ل.
۱. چیل کا بولنا ۲. شور و غوغا کرنا، چیخنا، چیخ پکار کرنا، چیخ کر بولنا. ۳. بہت گرم ہونا.

چُلچُلانا (ضم چ، سک ل، ضم چ) ف ل.
چل ہونا، کھجلی ہونا.

چِلّر (کس چ، شد ل بفت) امذ.
(صرافی) روپے سے چھوٹے سکے (دونی، چونی، اٹھنی وغیرہ)، ریزگاری، ٹوٹے ہوئے پیسے، نیز معمولی رقم.

چلغوزہ (کس چ، سک ل، وج، فت ز) امذ.
ایک قسم کا خشک میوہ جو صنوبر کے درخت کا پھل ہوتا ہے. [ف].

چِلَم (کس چ، فت ل) امث.
حقے پر رکھنے کا یا بغیر حقہ استعمال کرنے کا مٹی یا دھات کا ظرف جس میں تمباکو ڈال کر اس پر آگ رکھتے اور تمباکو نوشی کرتے ہیں. [ف].

چلم بھرنا محاورہ. چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا؛ خدمت کرنا.

چِلَمچی (۱) (کس چ، فت ل، سک م) امث.
طشت یا تسلے کی قسم کا ظرف جو ایک خاص وضع کا ہوتا ہے اور جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں، ہاتھ منھ دھونے کے کام آتا ہے، عموماً کوٹھی دار بنایا جاتا ہے. [ت].

چِلَمچی (۲) (کس چ، فت ل، سک م) امث.
حقے کا وہ حصہ جو چلم کے نیچے ہوتا ہے. [ف].

چِلْمَن (کس چ، سک ل، فت م) امث.
تیلیوں کا بنا ہوا پردہ جو عام طور پر گھروں اور گاڑیوں کے دروازوں اور دریچوں پر ڈالا جاتا ہے تاکہ باہر والوں کو اندر کی کوئی چیز نظر نہ آئے؛ ایک طرح کی چق. اف: اٹھانا، اٹھنا، ڈالنا، لٹکانا [مقامی].

چَلَن (فت چ، ل) امذ.
۱. چلنے کی کیفیت یا حالت، حرکت، گردش ۲. چال، رفتار ۳. رواج، دستور، رسم. ۴. (سکے کا) رواج، (سکے کے ذریعہ) لین دین. ۵. رویہ، طور، طریق، وضع، روش، انداز، ڈھنگ. [س].

چَلْنا (فت چ، سک ل) ف ل.
۱. ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف جانا یا حرکت میں آنا ۲. مصروف کار رہنا، حرکت کرنا، کام میں لگا رہنا. ۳. روانہ ہونا، کوچ کرنا. ۴. رخصت ہونا، وداع ہونا. ۵. رواں ہونا، جاری ہونا. ۶. (i) رواج پانا، مقبول ہونا. (ii) پھیلنا، مشہور ہونا. ۷. ترقی پر ہونا، رونق بڑھ جانا، گرم بازاری ہونا، خوب خرید و فروخت ہونا. ۸. رائج ہونا (سکے کے لیے). ۹. عمل میں آنا، مروج ہونا. ۱۰. پائدار ہونا (لباس وغیرہ). ۱۱. دنیا سے جانا، مر جانا، رخصت ہونا؛ کوچ کرنا. ۱۲. شروع ہونا، چھڑنا. ۱۳. نتیجہ خیز ہونا، کارگر ہونا، موثر ہونا. ۱۴. عمل پیرا ہونا پیروی کرنا. [س].

چَلو روزمرہ.
۱. اچھا، بہتر. ۲. کوئی بات نہیں، ٹھیک، سہی؛ اچھا ہوا. ۳. خیر ہوئی کہ جو کچھ ہوا بہتر ہی ہوا (اطمینان کے اظہار کا کلمہ).

چُلّو (ضم چ، شدل، و مع) اند.
۱. ہاتھ کی انگلیوں کو ملا کر ہتھیلی کی مدد سے گڑھا سا بنا لینا جس میں کوئی رقیق چیز آ سکے. ۲. چلو بھر وزن یا مقدار؛ تھوڑا سا. [س].

چُلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا/ ڈوبنا محاورہ. غیرت اور شرم محسوس کرنا، شرمندہ ہونا.

چُلّووں (ضم چ، شدل بضم، وج) است؛ ج.
چلو کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

چلووں خون بڑھنا محاورہ. حوصلے بلند ہو جانا، ہمت بڑھ جانا، بہت خوش ہونا.

چِلّہ (۱) (کس چ، شدل بفت) اند.
۱. چمڑے یا لکڑی کا چھلا جو کمان کی تانت کے اُس سرے پر لگا ہوتا ہے جو کمان سے بندھا نہیں ہوتا اور جس کو کمان کے گوشے پر چڑھاتے ہیں. ۲. کلاوہ ڈور یا بندھن جو حصول مطلب کے لیے کسی مزار یا مقدس درخت، علم منبر اور تعزیے پر باندھتے ہیں. [ف].

چِلّہ (۲) (کس چ، شدل بفت) اند.
۱. چالیس دن یا رات کی مدت. ۲. مقررہ پابندیوں کے ساتھ چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی، چالیس دن کا عمل. ۳. جگہ یا مکان جہاں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو. ۴. بچے کی ولادت کے بعد زیادہ سے زیادہ چالیس دن کی مدت جب زچہ حالت نفاس میں ہوتی ہے. [ف].

چلہ کاٹنا محاورہ. چالیس دن کا عمل پورا کرنا.

چلہ کھینچنا محاورہ. کسی گوشے میں بیٹھ کر چالیس دن کا عمل پورا کرنا، گوشہ نشین ہونا.

چلہ نہانا محاورہ. زچہ کا ایام نفاس یعنی زچگی سے تقریباً چالیس دن کے بعد غسل کرنا جسے بڑا چلہ بھی کہتے ہیں.

چِلّی (کس چ، شدل) صف.
بہت چلانے والا؛ وہ شخص جو شرارت کے کام کرے؛ بے وقوف، احمق، الو. [س].

چَلے (فت چ).
چلا کی محرفہ شکل، چلنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چَلیپا (فت چ، ی مع) است؛ صف.
۱. صلیب کا نشان. ۲. خط جو طولاً اور عرضاً ایک دوسرے کو قطع کرتے ہوں، ایک دوسرے کو کاٹتے ہوئے خط، ضرب کا نشان (X) ۳. (ریاضی) چار نقطوں کی باہمی ضرب یا تبادلہ، انگ Chiasmata. [ف].

چَم (فت چ) صف مذ.
۱. ناز و انداز یا نخرے کی چال (اردو میں اکثر خم کے ساتھ مستعمل). ۲. ٹیڑھا پن، لچک. ۳. چمک دمک، جھلملاہٹ.

چم چم کرنا ف مر؛ محاورہ. چمکنا، جگمگانا، جھلملانا.

چُمّا (ضم چ، شدم) اند.
بوسہ، چومنا.

چما چم (فت چ، چ) (الف) صف.
روشن، صاف، چمکتے جگمگانے والا. (ب) است. چمک دمک، جگمگاہٹ جھنجھلاہٹ.

چَمار (فت چ) (الف) اند.
ہندوؤں کی نیچی ذات کا ایک طبقہ جس کا کام مردار جانور کی کھال اُتارنا، کھال کمانا، کھال رنگنا، چمڑا بیچنا، جوتا بنانا، جوتوں کی مرمت کرنا، گانٹھنا اور جوتوں پر پالش کرنا ہے؛ موچی. (ب) صف. کمینہ نیچ ذات کا، خراب وضع قطع یا اخلاق کا، ذلیل و خوار. [س].

چمار کے کوسے ڈھور نہیں مرتے کہاوت. بد دعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں ہوتا.

چَمارَن (فت چ، ر) است.
چمار کی تانیث.

چَمبیلی (کس چ، سک م، و مع) است.
دیکھیے: چنبیلی. [س].

چَمپا (فت چ، سک م) است.
۱. ایک درخت جس کے پھول سفیدی لیے ہوئے زرد رنگ کے نہایت

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

خوش بودار ہوتے ہیں. ۲. گوٹے کناری کی ایک قسم، سکیا کی پتلی بیل.
[س].

چمپا کلی اسث. گلے کے ایک زیور کا نام جس کے دانے چمپا کی کلیوں سے مشابہ ہوتے ہیں.

چَمپَت (فت چ، سک م، فت پ) صف ؛ ~ چپت.
غائب، پوشیدہ، نظروں سے اوجھل، مفرور. [ت].

چمپت ہونا محاورہ. غائب ہونا، بھاگ جانا، غیر حاضر ہونا.

چَمپَئی (فت چ، سک م، فت پ) صف.
چمپا کے پھول کے رنگ کا، ہلکی زردی یا سنہرا پن لیے ہوئے رنگ کا.

چَمپی (فت چ، سک م) اسث.
عموماً سر کو تیل لگا کر ہاتھ سے جلدی جلدی دبانا یا ملنا، سر کی مالش: بدن کی مالش. اف : کرنا/کروانا/ہونا. [مقامی].

چَمپِین (فت خف چ، سک م، ی مع، فت ی) اند.
ماہر، میر میداں، مقابلے میں سب سے اول.

چَمَت (فت چ، م) اند.
معجزہ، محیر العقول بات. [س].

چَمَت کار (فت چ، م) اند.
ا. کرشمہ، کرامت. ۲. معجزہ، معجزہ نما کام: غیر معمولی صلاحیت. [س].

چِمَٹ (کس چ، فت م) اسث.
چمٹنے کا عمل، چمٹنا سے مشتق. [ار].

چِمٹا (کس نیز ضم چ، سک م) اند.
ا. پکڑنے کے مختلف کام انجام دینے والا دو پھلوں کا اوزار (عام طور پر لوہے کا بنا ہوا اوزار جو آگ یا گرم چیزیں پکڑنے کے کام آتا ہے، چمٹا عموماً گھروں میں کھانا پکاتے وقت آگ پکڑنے، توے پر روٹی پلٹنے وغیرہ کا کام آتا ہے. ۲. چمٹے کی شکل کا وہ چھوٹا اوزار جس سے کوئی بھی چیز پکڑ کر اٹھائی جائے یا نکالی جائے. [ار].

چِمٹانا (کس چ، سک م) ف م.
ا. لپٹانا، چپٹانا، گلے لگانا. ۲. چڑھانا، لگانا، چسپاں کرنا، چپکانا.
۳. پیچھے لگانا.

چِمٹنا (کس چ، فت م، سک ٹ) ف ل.
ا. لپٹنا. ۲. (i) پیچھے لگنا. (ii) اصرار کرنا. ۳. واجب الادا ہونا، ذمہ ہونا.

چِمٹی (کس چ، سک م) اسث.
چمٹا کی تصغیر.

چَمچ (فت چ، شدم بفت) اند.
ایک ظرف جس کے ایک طرف دل کی شکل کا گول پیالہ سا اور دوسری طرف دستہ ہوتا ہے اس کے ساتھ کھایا پیا جاتا ہے. [ار].

چَمچا (فت چ، سک م) اند.
ا. ایک برتن سے دوسرے برتن میں نکالنے یا کوئی غذا (عموماً رقیق) کھانے پینے کا آلہ (جس کی شکل عموماً سیپ کی سی ہوتی ہے اور اس میں حسب ضرورت دستہ بھی ہوتا ہے. ۲. ہاں میں ہاں ملانے یا جی حضوری کرنے والا شخص، خوشامدی. [ار].

چمچا/چمچہ گیری اسث. خوشامد، چاپلوسی، للو چپو، حاشیہ برداری، بے جا خوشامد.

چَمچِچڑ (فت چ، سک م، کس چ، شد چ بفت) اسث.
ا. چچڑی یا کلنی کی طرح کھال یعنی چمڑے سے چمٹ جانے والا، (مجازاً) پیچھا نہ چھوڑنے والا ۲. نہایت کمزور جس کی کھال ہڈیوں سے لگ گئی ہو، دبلا ۳. خراب چمڑے کی طرح سخت، جو کھینچنے سے نہ توڑا جا سکے. [س].

چَم چَم (۱) (فت چ، چ) اسث ؛ م ف.
ا. چمک دمک ۲. پیچ وخم ؛ بھڑکیلا پن. [ار].

چَم چَم (۲) (فت چ، چ) اسث.
ایک قسم کی مٹھائی. [مقامی].

چَنچَمانا (فت چ، سک م، فت چ) ف ل.
ا. چمکنا، جھلکنا، درخشاں ہونا. ۲. جھنجھنانا ؛ چٹکنا، ٹیس مارنا، سن ہونا سونا (اعضا کا).

چَنچَماہٹ (فت چ، سک م، فت چ، و) اسث.
چمک، جھلک. [ار].

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چَمْچَہ (فت چ، سک م، فت چ) امذ.
دیکھیے: چمچا. [ت].

چَمْچی (فت چ، سک م) امث.
۱. چھوٹا چمچا؛ کتھا چونا لگانے کا چھوٹا سا آلہ. ۲. ایک چچی کے برابر وزن. [ار].

چَمْرَخ (فت چ، سک م، فت ر)
(الف) امث. چرخے کی کھونٹیوں میں سامنے کے رخ لگے ہوئے چمڑے یا مونجھ کے گتے جن کے سوراخوں میں تکلے کے سرے ڈال دیے جاتے ہیں اور انھیں کے اندر وہ گردش کرتے ہیں. (ب) صف. دبلا پتلا؛ کھال جس پر سوکھ کر جھریاں پڑ گئیں ہوں، چڑمڑا. [س].

چَمْرَکھ (فت چ، سک م، فت ر) امث.
چمڑے کی پٹی؛ خصوصی طور پر بنی ہوئی چمڑے کی پٹی جو چرخے میں استعمال کی جاتی ہے؛ دبلی پتلی عورت، سوکھی عورت. [س].

چَمْڑا (۱) (فت چ، سک م) امذ.
۱. کھال، پوست، جلد، چرم. ۲. کسی چیز کی بالائی سطح، اوپری جلد. ۳. جانوروں کی جھلی جو مختلف کاموں میں استعمال کی جاتی ہے. [س].

چمڑا تمہارا ہڈی ہماری فقرہ. استاد کو تنبیہ و ہدایت کا زیادہ سے زیادہ اختیار دینے کے موقع پر کہتے ہیں.

چَمْڑا (۲) (فت چ، سک م) صف.
چِڑا کا عوامی تلفظ، چکیلا، جو کھینچنے سے بھی مشکل سے ٹوٹے.

چَمْڑی (فت چ، سک م) امث.
کھال، پوست.

چمڑی ادھیڑنا محاورہ. ۱. بہت زیادہ روپیہ وصول کرنا، کچھ نہ چھوڑنا، صفایا کرنا. ۲. (i) کوڑے وغیرہ سے بہت زیادہ مارنا پیٹنا؛ سخت سزا دینا. (ii) کھال بدن سے علیحدہ کرنا.

چمڑی جائے (مگر) دمڑی نہ جائے کہاوت. ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص روپیہ پیسہ خرچ کرنے میں نہایت کنجوسی دکھائے یہاں تک کہ جسمانی تکلیف کو اس پر ترجیح دے.

چمڑی لینا محاورہ. مار مار کر کھال اُڑا دینا.

چَمَک (فت چ، م) امث.
۱. جھلک، روشنی، تابانی. ۲. تیزی، طراری، تڑپ، پھرتی. ۳. شان و شوکت، آب و تاب؛ ساز و سامان؛ رونق. ۴. ہلکا درد جو رک رک کر اٹھتا ہے تپک. [ار].

چمک اُٹھنا محاورہ. ۱. یکا یک غصہ ہو جانا، ناراض ہو جانا. ۲. ترقی کرنا شباب پر آنا، رونق پر آنا. ۳. خوشی کی لہر دوڑ جانا. ۴. روشن ہونا، نمودار ہونا

چمک آنا محاورہ. خوشی کی لہر دوڑنا، بہت خوش ہونا.

چمک جانا محاورہ. ۱. بڑھ جانا، زور پکڑنا. ۲. بھڑکنا، ڈرنا، چونکنا، بدکنا غدود میں تناؤ پیدا ہو جانا، یک بہ یک جسم کے غدود کا تکلیف دہ ہو جانا ۳. عروج پکڑنا، بلند ہونا. ۴. کوندنا، چمکنا، روشنی دینا. ۵. قسمت یاور ہونا، نصیب جاگ جانا، ترقی حاصل ہونا، بن آنا.

چمک دار صف. چمک رکھنے والا، روشن، چمکیلا، درخشاں.

چمک دمک امث. آب و تاب، جھلک، تابش، آرائش، سجاوٹ، رونق

چَمْکار (فت چ، سک م) امث.
شوخی؛ چمک، جھلک؛ کوندا. [ار].

چُمْکار (ضم چ، سک م) امث.
چمکارنے کا عمل، پیار، پچکار. [س].

چُمْکارْنا (ضم چ، سک م، ر) ف م.
۱. ہاتھ پھیر کر، تھپک کر یا گلے لگا کر یا یوں ہی منھ سے پچکارنے آواز نکال کر پیار کرنا، دلاسا دینا، (عموماً) اپنے سے چھوٹے خاموش کرنے سمجھانے اور محض اظہار محبت کے لیے پیار کرنا. ۲. کسی جانور کو منھ سے پچکار کے یا ہاتھ پھیر کر یا تھپتھپا کر روکنا، ٹھہرانا اپنی مرضی پر چلانا یا یوں ہی اظہار انسیت کرنا. [ار].

چَمْکانا (فت چ، سک م) ف م.
۱. روشن کرنا، جگمگا دینا. ۲. فروغ دینا، رونق بخشنا، ترقی دینا. ۳. نمایاں کرنا، پھیلانا، مشتہر یا مشہور کرنا. ۴. تیز کرنا، بڑھانا، اکسانا. ۵. بھڑکانا غصہ دلانا. [ار].

چَمَکْتا دَمَکْتا (فت چ، م، سک ک، فت د، م، سک ک) صف مذ.
روشن، منور، جھلملاتا ہوا.

چَمْکنا (فت چ، م، سک ک) ف ل.
۱. چمکانا کا لازم، روشنی دینا، روشن ہونا، جگمگانا، منور ہونا، کوندنا.
۲. نام پانا، فروغ پانا، ترقی کرنا، مشہور ہونا. ۳. جھلکی دکھانا، شان و شوکت سے نمودار ہونا. [ار].

چَمْکی (فت چ، سک م) است.
۱. ستارا جسے سلمے اور نخ میں پرو کر ٹانکتے ہیں. ۲. ستاروں کا کام، زری کا کام. ۳. (سائنس) چھوٹی چمک دار چیز، ذرہ، ریزہ. [ار].

چَمْکیلا (فت چ، سک م، ی مع) صف مذ: مث: چمکیلی.
چمک دار، بھڑکیلا. [ار].

چِمْگادَڑ (کس چ، سک م، فت د) است: اند.
جھلی دار پروں اور دودھ پلانے والا ایک پرند جسے دن میں کم نظر آتا ہے کھنڈروں یا غاروں یا مکانوں کی چھتوں میں الٹا لٹکا رہتا ہے، خفاش. [س].

چَمْلا (فت چ، سک م) اند.
بھیک مانگنے کا برتن، پیالہ، کاسہ گدائی. [ار].

چَمْلی (فت چ، سک م) است.
بھیک مانگنے کا چھوٹا برتن؛ چھوٹا پیالہ یا کاسہ جو فقیروں یا غریبوں کے پاس کھانے پینے کے لیے ہوتا ہے.

چَمَن (فت چ، م) اند.
۱. (i) جگہ جہاں پھول پھلواری اور چاروں طرف درخت ہوں، چھوٹا سا باغ یا باغیچہ جہاں سدا بہار پودے ہوں، پھلواری جو عام طور پر مکان کے سامنے کے رخ ہوتی ہے. (ii) سبزہ زار؛ باغ کا قطعہ، کھیت. ۲. خوب صورت؛ حسن، سرسبز و شاداب، تر و تازہ. [ف].

چمن آرا صف. چمن کو سنوارنے اور سجانے والا، باغبان، مالی.

چمن آرائی است. زینت، خوش نمائی، سجاوٹ؛ آرائش و زیبائش.

چمن زار اند. ایسا باغ جہاں پھول کثرت سے ہوں، ایسی جگہ جہاں دور تک پھول ہی پھول اور سبزہ ہی سبزہ نظر آئے، گلزار، گلستان.

چَمَنِسْتان (فت چ، م، کس ن، سک س) اند.
دیکھیے: چمن زار. [ف].

چَمَنی (فت چ، م) صف.
منسوب بہ چمن، چمن کا، چمن کی طرح کا، چمن جیسا، پھول دار.

چِمْنی (کس چ، سک م) است.
۱. لوہے کی نالی یا مینار جو مکان بھٹی انجن یا کارخانے وغیرہ سے دھواں یا بھاپ نکالنے کے لیے بنائی جائے (اس کا سرا عموماً اوپر کو نکلا ہوا نظر آتا ہے). ۲. آلات روشنی کے لیے شیشے کا بنا ہوا سرپوش جو اوپر نیچے سے کھلا ہو، لیمپ پر لگاتے ہیں. ۳. دیوار میں وہ سوراخ جس میں سے چولھے میں آگ جلنے سے دھواں نکلتا ہے. ۴. آتش دان. [انگ].

چُن (ضم چ).
چننا سے ماخوذ (تراکیب میں مستعمل).

چن چن کر م ف. انتخاب کر کے، چھانٹ کر.

چَنا (فت چ) اند.
ایک مشہور اناج یا غلہ جو کئی قسم کا ہوتا ہے اور کئی طرح سے کھایا جاتا ہے. [س].

چَنّا (فت چ، شد ن) صف.
خوب صورت، چاند جیسا.

چُنّا (ضم چ، شد ن) صف مذ: مث: چنّی.
چھوٹا، چنا منا. [ار].

چُنا منا صف مذ: مث: چنی منی. بچوں کی زبان میں بہت چھوٹا.

چَنار (فت چ) اند.
۱. ایک بڑا درخت اس کے پتے انسانی پنجے سے مشابہ اور سرخ ہوتے ہیں. اس کی عمر بہت ہوتی ہے لوگوں کا خیال ہے کہ جب یہ زیادہ پرانا ہو جاتا ہے تو اس سے آگ نکلتی ہے. [ف].

چُناں (ضم چ) صف؛ م ف.
ویسا، اس طرح، اس طرح کا (اردو میں عام طور سے چنیں کے ساتھ آتا ہے اور بحث و تکرار میں 'یوں ہے یوں نہیں'، کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے).

چناں و چنیں ہونا محاورہ. بحث ہونا، چہ میگوئیاں ہونا.

چُنانْچہ (ضم چ، مغ، کس ع چ) م ف.
۱. اس طرح سے، اس طور سے، حالانکہ. ۲. مثلاً، جیسا کہ. ۳. اس لیے اس وجہ سے، آخرکار.

چُناؤ (ضم چ، و مج) امذ۔

۱۔ (کسی چیز کو) چھانٹنے یا پسند کرنے کا عمل۔ ۲۔ انتخاب، الیکشن۔ ۳۔ دیوار کی اینٹوں کا برابر رکھنا، لکڑیوں کا برابر رکھنا۔ اف: کرنا، ہونا۔ [ار]۔

چُنائی (ضم نیز کس چ) امث۔

۱۔ (i) دیوار کی تیاری کے لیے اینٹ یا گھڑے ہوئے پتھر کی چونے یا گارے سے تلے اوپر تہ بہ تہ باقاعدہ بندش۔ (ii) کسی سوراخ کو پتھروں وغیرہ سے بھر کر بند کر دینا؛ عمارت کی بناوٹ اور ساخت۔ ۲۔ درخت وغیرہ سے پھول یا پھل توڑنا یا نیچے گرے ہوئے پھل پھول جمع کرنے کا کام۔ [ار]۔

چَنبَر (فت چ، سک م بشکل ن، فت ب) امذ۔

۱۔ حلقہ، کنڈلی، گھیرا، (مجازاً) دف۔ ۲۔ مٹی تانبے ٹین یا چاندی کا سوراخ دار سرپوش جو چلم پر ڈھانک دیا جاتا ہے تاکہ چنگاریاں ہوا سے نہ اڑیں۔ [ف]۔

چُنبَل (فت نیز ضم چ، سک م بشکل ن، فت ب) امذ۔

۱۔ کاسۂ گدائی، بھیک کا پیالہ، کشکول۔ ۲۔ حقے کا سرپوش، چلم کا گھیر یا اوپر کا پھیلا ہوا حصہ جس میں آگ رکھی جاتی ہے (ان معنوں میں چنبل بضم چ بھی بولتے ہیں)، چنبر۔ ۳۔ داد اور خارش کی طرح کا ایک جلدی مرض جس میں سرخ و سفید چتیاں بدن پر پڑجاتی ہیں، گول داغ دھبوں کی بیماری۔ [ار]۔

چَنبیلی (فت چ، مغ نیز سک م بشکل ن، ی مج) امث۔

۱۔ ایک مشہور خوش بودار پھول یا اس کا پودا، یہ پھول سفید اور زرد ہوتا ہے اس کے پھولوں سے تیل اور عطر بنایا جاتا ہے، یاسمین، سمن۔ [س]۔

چَنپا (فت چ، سک م بشکل ن) امذ؛ امث۔

۱۔ دیکھیے: چمپا۔ ۲۔ گوٹے کو موڑ کر بنایا ہوا پھول جو چنپا کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے؛ گوٹے کو موڑ کر بنائی ہوئی بیل۔

چنپا کلی امث۔ دیکھیے: چمپا کلی۔

چَنپَت (فت چ، سک م بشکل ن، فت پ) صف۔

دیکھیے: چمپت۔ [س]۔

چنپت ہو جانا/ہونا محاورہ۔ چلا جانا، بھاگ جانا، رفو چکر ہو جانا۔

چِنتا (کس چ، سک ن) امث۔

۱۔ فکر، تردد، پریشانی۔ ۲۔ خوف، ڈر، اندیشہ۔ اف: کرنا، ہونا۔ [س]

چَنٹ (فت چ، سک ن) صف۔

چالاک، ہوشیار، سیانا، چھٹا ہوا۔ [س]۔

چُنّٹ (ضم چ، شدن بفت) امث۔

۱۔ سلائی میں ڈالی گئی شکن؛ پلیٹ۔ ۲۔ سلوٹ، شکن۔

چنٹ دار صف۔ پلیٹوں یا چنٹوں والا، چنا ہوا۔ [ف]۔

چُنچُٹا (ضم چ، سک ن، ضم چ) صف؛ امذ۔

بہت تھوڑا، نہایت کم؛ بخیل، کنجوس، بخیل آدمی۔ [س]۔

چَنچَل (فت چ، سک ن، فت چ) صف۔

۱۔ شوخ، شوخ مزاج، چلبلا، متحرک۔ ۲۔ بے چین، بے قرار، جو ایک جگہ نہ ٹھہرے۔ ۳۔ ادھر اُدھر پھرنے والا۔ [س]۔

چِنچِنا (کس چ، سک ن، کس چ) صف مذ۔

مرد جس کی آواز صاف اور باریک ہو، بدمزاج، چڑچڑا۔

چُنچُنا (ضم چ، سک ن، ضم چ)

(الف) امذ۔ وہ تاگے جیسا باریک کیڑا جو بچوں کے پیٹ میں معدے خرابی سے پیدا ہوتا ہے، کرم شکم، چنا۔ (ب) صف۔ بے چین، مضطرب چنچنوں سے متاثر۔ [ار]۔

چِنچِنانا (کس چ، سک ن، کس چ) ف ل۔

۱۔ رونا، ٹھنکنا، چیں چیں کرنا، بگڑنا (بچوں کے لیے بولتے ہیں) ۲۔ آواز کا صاف نہ ہونا یا باریک ہونا؛ غصے میں بھرا ہونا۔ ۳۔ چڑچڑانا بدمزاجی کرنا۔

چُنچُنے (ضم چ، سک ن، ضم چ) امذ۔

چنچنا کی جمع، تراکیب میں مستعمل۔

چنچنے لگنا محاورہ۔ مقعد میں پیٹ کے کیڑوں کے کاٹنے کی وجہ تکلیف ہونا، مقعد میں کیڑے جمع ہو کر کلبلانا؛ خارش ہونا۔ ۲۔ (مجازاً) ناگوار گزرنا، مرچیں لگنا۔

چَند (۱) (فت چ، سک ن) صف۔

۱۔ کچھ تھوڑا (غیر معین تعداد کے لیے)۔ ۲۔ گنا (مرکبات میں عدد

ساتھ مقدار و تعداد ظاہر کرنے کے لیے). [ف].

چند ایک صف. تھوڑے سے، معدودے چند، کچھ.

چند در چند (الف) صف. ۱. کئی، بہت سے، متعدد. ۲. کئی گنا. (ب) م ف. کچھ نہ کچھ، تھوڑا بہت.

چند دن (روز) کا (اَور) مہمان ہونا محاورہ. مرنے کے قریب ہونا.

چند روزہ صف. بے ثبات، ناپائدار، فانی، عارضی.

چَند (۲) (فت چ، سک ن) اند.
۱. چاند کی تخفیف ۲. ڈھال پر بنایا ہوا پھول. [س].

چَندا (فت چ، سک ن) اند.
۱. چاند کی تصغیر. ۲. (پیار سے محبوب، اولاد یا چھوٹے بچے کے لیے) اے پیارے، اے جان. [س].

چندا ماموں اند. بچے پیار میں چاند کو اس نام سے پکارتے ہیں.

چَندا (فت چ، سک ن) اند.
۱. تھوڑی تھوڑی نقدی یا جنس وغیرہ جو کسی خاص کام (بیشتر رفاہی کام) کے لیے مختلف لوگوں سے وصول ہو، امداد، عطیہ ۲. کسی اخبار یا رسالے کا سالانہ زرخرید یا ماہانہ سہ ماہی ششماہی قیمت ۳. رقم جو کسی انجمن، سوسائٹی وغیرہ کو اس کے ممبروں یا معاونوں کی طرف سے مقررہ اوقات پر دی جاتی ہے. اف: دینا، کرنا، لینا، ہونا. [ف].

چُندا (ضم چ، سک ن) صف مذ.
شخص جس کی آنکھ کی پتلی کم زور ہو اور تیز روشنی میں اچھی طرح آنکھ نہ کھول سکے.

چَنداں (فت چ، سک ن) صف؛ م ف.
۱. زیادہ، بہت ۲. اتنا، اس قدر؛ بالکل، ایسی ۳. کچھ، کوئی.

چَندَر (فت چ، سک ن، فت نیز سک د) اند.
۱. چاند ۲. چاند کے مانند، خوب صورت. [س].

چندر بدن صف. حسین، خوش شکل، خوب صورت، دیکھیے: چند بدن.

چندر مکھی صف؛ است. ۱. ایک سفید پھول جو رات کو کھلتا ہے اور جس کا رخ چاند کی طرح ہوتا ہے. ۲. حسین. ۳. آتش بازی کی ایک قسم جو کسی چیز پر روشنی ڈالنے یا روشنی کرنے کے لیے استعمال کی جائے، مہتابی.

چَنڈرا (فت چ، سک ن، د) صف مذ.
وہ شخص جس کی کھوپڑی پر بال نہ ہوں، گنجا؛ دانا، ذہین؛ عقل مند.

چَنڈرانا (فت چ، سک ن، د) (الف) ف ل.
تجاہل عارفانہ کرنا، انجان بننا، جانتے بوجھتے کوئی بات پوچھنا.
(ب) ف م. بگڑانا، جھلانا.

چُنڈری است. دیکھیے: چنری.

چَندَن (۱) (فت چ، سک ن نیز مغ، فت د) اند.
۱. ایک قسم کی خوش بودار لکڑی جو سرخ، سفید اور زرد تین قسم کی ہوتی ہے نیز صندل کی لکڑی کا درخت، صندل ۲. سرخ صندل کا ٹیکہ جو ماتھے پر لگایا جائے. [س].

چَندَن (۲) (فت چ، سک ن نیز مغ، فت د) اند.
۱. چاند ۲. صاف ستھرا، صاف شفاف ۳. چاندی، اعلیٰ قسم کی ایک دھات. [ار].

چندن ہار اند. ایک قسم کا گلے کا زیور جس کی زنجیروں کی کڑیاں چاند کے حلقے کی مانند بنائی جاتی ہیں.

چَنڈوا (فت چ، سک ن، د) اند.
۱. ٹوپی کے اوپر کا (گول) حصہ، گول ٹوپی کے اوپر کا گردہ ۲. شامیانہ، چھوٹا شامیانہ ۳. چندیا، کھوپڑی کے بیچ کا حصہ ۴. چندیا کے بال اس طرح منڈوانا کہ چاند کی شکل بن جائے. [ار].

چَندَہ (فت چ، سک ن، فت د) اند.
دیکھیے: چندا.

چَندی (فت چ، سک ن) است.
راتب، روزینہ.

چِندی (کس چ، سک ن) (الف) است.
پھٹے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا، چیتھڑا، کترن، دھجی؛ حصہ. (ب) م ف. ذرا ذرا، معنی در معنی (جیسے: ہندی کی چندی سمجھانا). [ار].

چندی چندی کرنا محاورہ. ٹکڑے ٹکڑے کرنا، پرزے پرزے کرنا، چیتھڑے بکھیرنا.

چَندے (فت چ، سک ن) م ف.
۱. غیر معین تعداد، کچھ مدت، تھوڑے دن. ۲. غیر معین مقدار؛ ذرا، کچھ.
چندے آفتاب چندے ماہتاب/مہتاب فقرہ. (عور) بہت خوب صورت، بے حد حسین.

چَنْدیا (فت چ، سک ن، د) است.
۱. سر کے اوپر کا حصہ، کھوپڑی. ۲. سر. [ار].
چندیا پر بال نہ چھوڑنا محاورہ. مفلس اور قلاش بنا دینا، لوٹ لوٹ کے کھا جانا.

چُندھا (ضم چ، سک ن) صف مذ.
۱. جس کی آنکھیں بہت چھوٹی ہوں، جس کی آنکھیں تیز روشنی برداشت نہ کرسکیں، جس کی بینائی کمزور ہو. ۲. خراب؛ برا جو پڑھا نہ جائے (خط یا تحریر). [س].
چندھا پن اند. بینائی کمزور ہونے کی حالت، کم نظر آنے کی حالت.

چُندھی (ضم چ، سک ن رج) صف مث.
۱. چندھا کی تانیث نیز طنزاً.

چُندھیانا (ضم چ، سک ن، د ھ) (الف) ف ل.
۱. بہت روشن یا بہت چمکتی ہوئی چیز پر نظر کرنے سے آنکھ کا پورا نہ کھلنا اور جھپکنے لگنا، نگاہ کا خیرہ ہونا، چکا چوند ہونا. ۲. آنکھوں کی کمزوری کی وجہ سے کم نظر آنا. (ب) ف م. ۱. خیرہ کرنا، چکا چوند کرنا. ۲. آنکھوں کو نیم وا کرنا، آدھی کھلی رکھنا، آنکھوں کو بھینچنا. [س].

چَنڈ (فت چ، سک ن) صف، اند.
تند، تیز، غضب ناک، خشم گیں، آگ بھبھوکا، برہم؛ گرم، تیز، کڑوا، مرچوں والا؛ ظالم، سفاک، بے رحم؛ فتنہ کیا ہوا؛ گرمی، غصہ، جوش، تندی. [س].

چَنڈال (فت نیز کس چ، سک ن) صف مذ؛ مث.
۱. رذیل، کمینہ، فرومایہ کم ذات کا. ۲. بدکار، مکار، دھوکے باز، ظالم. ۳. بدنصیب، بدبخت؛ منحوس. [س].
چنڈال آدمی اند؛ صف. بہت ستانے والا شخص، بڑا موذی، بدذات.
چنڈال چوکڑی است. مفسدوں کا گروہ، فساد کرنے والوں کی ٹولی، بدمعاشوں اور لچوں کا مجمع.

چَنڈو (فت چ، سک ن، و مع) اند.
ایک قسم کی نشہ آور چیز جو افیون کو پانی میں پکا کر بنائی جاتی ہے اور چلم میں بھر کر پی جاتی ہے، افیون کا قوام، چانڈو. [س].
چنڈو خانہ اند. چنڈو بیچنے یا پینے کی جگہ.

چَنڈول (فت چ، سک ن، و مج) اند.
۱. ایک قسم کی پالکی جسے کہار کندھے پر اٹھاتے ہیں. ۲. مٹی کا ایک کھلونا جسے چوگھڑا بھی کہتے ہیں؛ (مجازاً) بدہیئت اور بے ہنگم آدمی. ۳. مٹی کا برتن جس میں دیا روشن کیا جاتا ہے اور بطور چینی رنگ برنگا کاغذ لگایا جاتا ہے، قندیل. [س].

چُنْری (ضم چ، سک ن) است. ۱. رنگ برنگ کا دوپٹا، مختلف رنگوں کی اوڑھنی، چادر. ۲. کپڑا رنگنے کا ایک طریقہ جس میں باندھ کر رنگتے ہیں اور بندھی ہوئی جگہ پر رنگ نہیں چڑھتا نیز اس طریقے سے رنگی ہوئی ساڑھی. [ار].

چُنَریا (ضم چ، فت ن، سک ر) است.
چنری کی تصغیر، اوڑھنی. [ار].

چُن گھاؤ (ضم چ، سک ن، و مع) صف.
۱. فقیر، بھکاری. ۲. پرندہ. [ار].

چَنگ (فت چ، غنہ) اند؛ است.
ستار کی قسم کا ایک باجا جس کا بالائی رخ خمیدہ ہوتا ہے. [ف].

چَنگا (فت چ، غنہ) صف مذ.
تن درست، خوب صورت، توانا، صحت مند، طاقت ور.
چنگا بھلا صف مذ. بھلا چنگا، صحت مند، چاق و چوبند، اچھا بھلا، ٹھیک ٹھاک.

چِنگاری (کس چ، غنہ) است.
۱. آگ کا ذرہ یا چھوٹا ٹکڑا، انگارہ، شرارہ. ۲. حرارت، تپش. [س]
چنگاری ڈالنا محاورہ. فساد کرانا، جھگڑا اٹھانا، مشتعل کرنا.

چَنگُل (فت چ، غنہ، ضم گ) اند.
۱. ہاتھ یا پاؤں کا پنجہ، ناخن دار پنجہ. ۲. پنجے کی پکڑ، گرفت، قوت، طاقت

چنگل بھر بھر کر م ف. بہتات کے ساتھ، بافراط، بہت سارا.

چِنگم (کس چ، غنہ، فت گ) امث.
منہ میں ڈال کر چوسنے کی ایک مٹھائی جو ربڑ کی طرح کھنچتی ہے اور دیکھیے: چیونگم. [مقامی].

چَنگی (فت چ، غنہ) امث.
چنگا کی تانیث.

چِنگی (کس چ، غنہ) صف.
چھوٹے قد کا شریر آدمی.

چُنگی (ضم چ، غنہ) امث.
۱. شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے، ٹیکس، راہ داری.
۲. مٹھی بھر، چنگل بھر.

چَنگیر (فت چ، غنہ، ی مج) امث.
۱. روٹی، پھول اور مٹھائی وغیرہ رکھنے کا پھیلا ہوا گول ظرف جو تنکوں سے بنایا گیا ہو، پھیلواں منہ کی اتھلی ٹوکری یا ڈلیا. ۲. آٹے کے پیڑے کی چپٹی کی ہوئی شکل جو روٹی کی شکل بنانے سے قبل انگلیوں سے تھپک کر یا دبا کر بنائی جائے تاکہ اس پر بیلن پھرنے لگے. [س].

چَنگیز (فت چ، غنہ، ی مج) امذ.
ایک مغل (تاتاری) بادشاہ کا نام جو ظلم وسفاکی کے لیے مشہور تھا. [ت].

چَنگیزی (فت چ، غنہ، ی مج) امث.
چنگیز خان سے منسوب کام وغیرہ، ظلم وستم، سفاکی.

چِنگھاڑ (کس چ، غنہ) امث.
۱. ہاتھی کی آواز. ۲. نالہ وفریاد کی آواز، چیخ پکار، شور وغوغا، اونچی آواز. ۳. مہیب آواز، خوف ناک آواز. [س].

چِنگھاڑنا (کس چ، غنہ، سک ر) ف ل.
۱. ہاتھی کا چیخنا، شیر کا دھاڑنا. ۲. چیخنا، چلانا، شور مچانا. ۳. دہاڑنا، خوف ناک آواز نکالنا.

چُننا (ضم نیز کس چ، سک ن) ف م.
۱. اکٹھا کرنا، جمع کرنا، سمیٹنا. ۲. انتخاب کرنا، پسند کرنا، چھانٹنا. ۳. ترتیب دینا، سلیقے سے رکھنا، قرینے سے رکھنا، سجانا. ۴. (پھل پھول اور پتیوں وغیرہ کا) شاخوں سے توڑنا. ۵. تعمیر کے لیے اینٹ یا پتھر کی چونے یا گارے کے ساتھ تلے اوپر تہ بہ تہ بندش کرنا، چنائی کرنا. ۶. پھٹکنا، صاف کرنا، بنانا، (اناج) بینا. ۷. (کپڑے یا دوپٹہ میں) چنٹ ڈالنا، شکن ڈالنا. [س].

چُنوانا (ضم چ، سک ن) ف م.
۱. تعمیر کے لیے اینٹ یا پتھر کی چونے یا گارے کے ساتھ تلے اوپر تہ بہ تہ بندش کرانا. ۲. ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکلوانا یا اکھڑوانا. ۳. چنٹیں ڈلوانا، پلیٹیں یا شکنیں ڈلوانا. [ار].

چُنوائی (ضم چ، سک ن) امث.
چنوانے کی مزدوری یا اجرت؛ چنائی کا کام، بنوائی. [ار].

چُنوتی (کس نیز ضم چ، ولین) امث.
اکھیل یا مقابلے میں زور آزمائی کی دعوت، اشتعال، بھڑکاوا، جوش؛ قسم؛ طنز؛ ملامت. [ار].

چَنوَر (فت چ، مغ، فت و) امذ.
۱. پرندوں کے پروں کا مخصوص انداز کا بنا ہوا گول پنکھا. ۲. کسی چوپائے عموماً گھوڑے کی دم کے بالوں سے بنا ہوا مکھیاں اڑانے کا گول گچھا جس میں لکڑی یا کسی دھات کا دستہ لگا ہوتا ہے. ۳. کسی چیز کا گچھا جو پنکھے کی شکل کا بنا لیا جائے. ۴. مور کی پھیلی ہوئی دم جو پھیل کر پنکھے کی طرح ہو جاتی ہے؛ مورچھل. ۵. پروں کا وہ گچھا جو پگڑی ٹوپی یا ہاتھی گھوڑے کے سر پر لگایا جاتا ہے، کلغی، مکٹ؛ پروں کا بنا ہوا چتر یا چھتری. [س].

چنور ہلانا محاورہ. ۱. پنکھا جھلنا، مکھیاں اڑانا ۲. سایہ ڈالنا؛ محبت ومہربانی کا اظہار کرنا.

چُنُونے (ضم چ، ومع) امذ.
کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں معدے کی خرابی سے پیدا ہو جاتے ہیں، کرم.

چَنَّہ (فت چ، شد ن بفت) صف.
چاند جیسا، پیارا، محبوب؛ پیارے.

چُنّی (ضم چ، شد ن) است.
چھوٹا سا سرخ نگ جو اکثر نتھ کے موتیوں کے درمیان ڈالتے ہیں؛ یاقوت کا ٹکڑا، لالڑی، مانک یا کسی اور قیمتی پتھر کا چھوٹا ٹکڑا.

چَنے (فت چ) اند.
چنا کی جمع یا مغیرہ حالت، (تراکیب میں مستعمل).

چنے پڑھنا محاورہ. سوئم کے روز مردے کو ثواب پہنچانے کے لیے چنوں کے ذریعے کلمے کا ورد کرنا.

چُنیا (ضم چ، سک ن) صف.
۱. چھوٹی، ذرا سی؛ بچہ. ۲. دیکھیے: چنیا بیگم. [س + ا].

چنیا بیگم است. (افیونی) افیون، افیم کا نام.

چُنِیدَہ (ضم نیز کس چ، ی مع، فت د) صف.
چیدہ، منتخب، چنے ہوئے، چوٹی کا، اعلٰی. [ا + ف].

چُنیں (ضم چ، ی مع) صف؛ م ف.
اس طرح، ایسا، یوں، ایسے. اف: کرنا، ہونا. [ف].

چنیں (و/اور) چناں م ف. ایسا ویسا، یوں ووں، اس طرح اس طرح، کیوں اور کیسے، متعلقہ و غیر متعلقہ.

چَو (ولین) صف.
چار (مرکبات میں مستعمل). [س].

چو بارا / بارہ اند. ۱. مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں، کوٹھا، بالا خانہ. ۲. چو منزلہ عمارت.

چو بغلا اند. چغے یا انگرکھے کی بغل کے پاس چوکور سلا ہوا کپڑا جس سے شانوں کے درمیان لباس ڈھیلا رہتا ہے.

چوبند اند. ۱. چار جوڑ، چار گانٹھ. ۲. مضبوط، طاقت ور (چاق کے ساتھ).

چو پایا / پایہ اند. چار پاؤں کا جانور، مویشی.

چوتالا / تالہ اند. (موسیقی) طبلہ بجانے کا ایک طریقہ جس میں چار تال (ضرب) لگتی ہیں.

چوتالا بجانا محاورہ. اعلان کرنا، خبر عام کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا.

چوتالا بجنا محاورہ. پٹائی ہونا، چپت لگنا.

چو راہا / راہہ اند. جگہ جہاں سے چاروں طرف ایک ایک رستہ جاتا ہے، چوک.

چوراہے میں م ف. سر بازار، بر سر عام، سب کے سامنے، کھلم کھلا.

چو طرف م ف. چاروں جانب، چارسو، ہر طرف.

چوطرفہ م ف؛ صف. چار جانب والا، چار طرف سے متعلق.

چو کور صف. چوگوشہ، مربع، چار کونے والا.

چوکھنڈ م ف. چاروں سمت، ہر طرف؛ چار جانب، چار دانگ عالم

چوکھنڈی صف؛ است. چو پہلو، چار حصوں والی، چار ستونوں پر مربع شکل میں بنا ہوا اوسط درجہ کا گنبد (یہ عموماً قلعہ یا کسی بڑی عمارت کی فصیل کے کونوں پر بنائے جاتے ہیں).

چو گرد م ف. چاروں طرف، گردا گرد، آس پاس.

چو گُنا صف مذ؛ مث: چوگنی. چار چند ایک کی نسبت سے چار کے برابر مقدار، تعداد یا کیفیت میں چار درجے زیادہ.

چوگوشہ صف. چار کونے والا، مربع، چوکور، مستطیل.

چو گوشی / گوشیا / گوشیَہ (الف) صف. چوکور، چار کونے والا، مربع (ب) است. ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار کونے ہوتے ہیں.

چوگھڑا صف؛ اند. چار خانوں والا، چار خانوں پر مشتمل برتن، سونے چاندی یا کسی اور دھات کا بنا ہوا چوخانہ برتن جس میں عطر الائچی وغیرہ رکھتے ہیں؛ مسالے وغیرہ رکھنے کا چار خانوں والا برتن.

چو مُکھ صف؛ اند. ۱. چوطرفہ، چاروں طرف. ۲. چار منہ کا؛ چار نوکوں والا (تیر). ۳. چار بتیوں والا (چراغ)، ایسا چراغ جس میں چار بتیاں جلانے کی جگہ ہو.

چومُکھا صف؛ اند. چوطرفہ، چاروں طرف.

چو مُکھی است. چومکھا کی تانیث، چاروں طرف.

چو مُکھی لڑنا محاورہ. حریف سے چاروں طرف سے لڑنا.

چُوا (ضم نیز فت چ) اند؛ ~ چویا، چوا.
۱. ایک مرکب خوش بو؛ ابٹن جس میں صندل مشک عنبر وغیرہ شامل ہوں ارگجا؛ چار خوش بودار چیزوں کو گرم کر کے ٹپکایا ہوا عرق یا عطر. ۲. عود خام کا معمولی عطر، عود کے ثفل سے تیار کیا ہوا روغن.

چُوا (ضم چ) اند.
بھیگی ہوئی دال کا چھلکا جو دھونے میں مل کر اور نتھار کر اتارا جاتا ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

چَوّا (فت چ، شد و) اند.
۱. چار کا مجموعہ، چار چیزوں کا ڈھیر یا ڈھیریاں؛ چوکا. ۲. گنجفہ اور تاش وغیرہ کا وہ پتا جس پر چار نشان ہوں. ۳. انٹی، دھاگے کا گچھا.

چَوالیس (فت چ، ی مع) صف.
چالیس اور چار کا مجموعہ، عدد جو تینتالیس کے بعد اور پینتالیس سے پہلے آتا ہے، (ہندسوں میں) ۴۴.

چُوانا (ضم چ) ف م.
ٹپکانا، (کسی مائع کا حلق یا منہ میں) گرانا.

چواؤ (ضم چ، و مج) اند.
۱. (کسی مائع کا) ٹپکاؤ، رساؤ، چکیدگی؛ شیرہ. ۲. جھرنا، چشمہ، چویا.

چوب (و مج) است.
۱. لکڑی، درخت کی شاخ. ۲. ڈنڈا، لٹھا، بانس، عصا، چھڑی. ۳. ڈھول، تاشا اور نقارہ وغیرہ بجانے کی لکڑی، ساز بجانے کی لکڑی، لکڑی کی مضراب. ۴. بادشاہ اور امرا کے دربار کے حاضر باش ملازم کے ہاتھوں کی لکڑی یا چھڑی جو حسب حیثیت نقرئی یا طلائی ہوتی ہے.

چوب پڑنا ف مر؛ محاورہ. ڈھول تاشا یا طبل بجنا، اعلان ہونا.

چوب دار صف؛ اند. بادشاہوں اور امیروں کا وہ ملازم جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا سونٹا لیے امیروں کے آگے آگے چلتا ہے، عصا بردار، نقیب.

چوب کار صف؛ اند. لکڑی پر نقش بنانے والا، کاری گر، لکڑی کا سامان بنانے والا، بڑھئی.

چوب کاری است. گل کاری، لکڑی پر نقش و نگار بنانا؛ لکڑی کا کام.

چَوبَچّہ (ولین، فت ب، شد چ بفت) اند.
۱. کنوئیں کی مینڈ کے برابر بنا ہوا ہودہ (چھوٹا حوض) جس میں ڈول کا گرا ہوا پانی بہہ کر جاتا ہے. ۲. چھوٹا حوض (مربع یا مستطیل شکل کا). ۳. کوڑا ڈالنے کے لیے بنا ہوا گھیر، وہ چھوٹی چار دیواری جس میں کوڑا جمع کیا جائے.

چوبی (و مج) صف.
چوب سے منسوب یا متعلق، لکڑی کا بنا ہوا؛ کار چوب کیا ہوا.

چوبیس (ولین، ی مع) صف.
بیس اور چار کا مجموعہ، عدد جو تیئیس کے بعد اور پچیس سے پہلے آتا ہے، ہندسوں میں (۲۴).

چوبیس گھنٹے اند. ۱. ہمیشہ، ہر وقت. ۲. رات اور دن کا عرصہ.

چَوبِیسْواں (ولین، ی مع، سک س) صف مذ.
چوبیس سے منسوب، ترتیب میں تیئیس کے بعد والا.

چَوپال (ولین) است.
۱. گاؤں میں وہ جگہ جہاں عام طور پر گاؤں والے جمع ہو کر اپنے مسائل طے کرتے ہیں. ۲. گاؤں کا وہ پنچایتی مکان جس میں پنچ مل کر بیٹھیں اور جس میں پنچایت ہو یا دوسرے معاملات انجام پائیں.

چَوپان (ولین) اند.
چرواہا، گڈریا. [ف].

چَوپَٹ (ولین، فت پ) (الف) صف.
۱. ویران، برباد، تباہ، ٹھپ. ۲. فراموش، بھلایا ہوا. ۳. بے وقوف، بے عقل، کورا، جاہل مطلق. ۴. اوندھا، الٹا، چاروں شانے چت. ۵. خراب. ۶. کھلا ہوا، فراخ، کشادہ؛ چاروں دروازے کھلے ہوئے.
(ب) م ف. پوری طرف، چاروں طرف سے.

چوپٹ کرنا محاورہ؛ ف مر. ۱. خراب کرنا، بگاڑنا. ۲. تباہ و برباد کرنا. ۳. لٹانا، غارت کرنا.

چوپٹ ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. ۱. فراموش ہو جانا، ذہن سے اتر جانا. ۲. بے اثر ہو جانا، تباہ ہو جانا. ۳. خراب ہو جانا، بگڑ جانا؛ معطل ہو جانا؛ بند ہو جانا. ۴. درہم برہم ہو جانا، تباہ ہو جانا. ۵. ختم ہو جانا، ناکارہ ہو جانا.

چُوت (و مع) است.
(بازاری، فحش) عورت کی شرم گاہ، فرج، کسی مادہ کا اندام نہانی.

چُوتَڑ (ی مع، فت ت) اند.
دھڑ کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں نیچے ٹکایا جاتا ہے، ٹانگوں کا ران سے اوپر کا حصہ، کولھا، سرین.

چُوتڑوں (وسع ، سک ت ، وج) اند : ج .
چوتڑ کی جمع ، (تراکیب میں مستعمل) .

چوتڑوں سے ہاتھ پونچھ کر بیٹھ جانا / پونچھنا محاورہ . قلاش ہو جانا ، ساری رقم خرچ کر دینا .

چُوتِیا (وسع ، کس ج ت) صف .
۱ . (بازاری) وہ شخص جو عورت کی زنا کی کمائی کھائے ، جورو کا بھڑوا ، بطور گالی مستعمل . ۲ . احمق ، بے وقوف ، گاؤدی .

چوتیا بنانا محاورہ . (بازاری) احمق بنانا ، بے وقوف بنانا ، ہنسی اڑانا .

چوتیا پن اند . بے وقوفی ، حماقت .

چوتیا چکر اند . بے وقوفی ، احمق پن ، نادانی .

چوتیا مر گئے (اور) اولاد چھوڑ گئے کہاوت . بے وقوف کے متعلق کہتے ہیں جو کام خراب کرے .

چَوتھ (ولین) (الف) صف .
۱ . چوتھا حصہ ، پاؤ ، چوتھائی . ۲ . چاند کی یا کسی مہینے کی چوتھی تاریخ .

چوتھ (وج) اند .
۱ . گوبر جو کوئی جانور گائے بیل یا بھینس وغیرہ ایک دفعہ میں کرے .
۲ . (مجازاً) بے مصرف چیز ، ناکارہ ، بدشکل ، بھونڈا (گوبر کے ساتھ مستعمل) .

چَوتھا (ولین) صف .
چار سے منسوب یا متعلق ، تیسرے کے بعد کا ، چہارم .

چوتھا کھونٹ اند . چوتھا حصہ ، چوتھا کونا ، ربع مسکون .

چَوتھائی (ولین) است .
چوتھا حصہ ، پاؤ .

چَوتھی (ولین) است .
۱ . چوتھا کی تانیث ، ترتیب میں تین کے بعد کا درجہ . ۲ . مہینے کی چار تاریخ .
۳ . شادی بیاہ کی ایک رسم جو عموماً شادی کے چوتھے روز ہوتی ہے ، دولہن کے گھر پر دولھا اور دلہن کے کچھ قریبی عزیز شریک ہوتے ہیں .

چَوتھے (ولین) اند .
چوتھا کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) .

چوتھے پانچویں م ف . کبھی کبھی ، گاہے گاہے ، بھولے چوکے ، گاہ بگاہ .

چوتھے پہر م ف . مغرب کے وقت ، سورج غروب ہونے یا نکلنے سے پہلے کا وقت .

چَوتھیا (ولین ، سک تھ) صف : اند .
ایسا بخار جو ہر چوتھے روز آئے ، چوتھے دن کا بخار .

چوٹ (وج) است .
۱ . ضرب ، مار ، زخم ، گھاؤ . ۲ . صدمہ ، دکھ ، تکلیف ؛ ٹیس . ۳ . وار حملہ ، حملے کی کیفیت . ۴ . طعن ، طنز ، تشنیع . ۵ . اثر ؛ جوش ؛ کسک ، چبھن ۶ . نقصان ، ضرب .

چوٹ پڑنا محاورہ . ۱ . ضرب پہنچنا ، زخم لگنا ؛ وار ہونا . ۲ . نقارے پر چوٹ یا ڈھولک وغیرہ پر تھاپ لگنا . ۳ . صدمہ پہنچنا ، دھکا لگنا ؛ چبھن پیدا ہونا اثر ہونا . ۴ . نقصان پہنچنا ، خسارہ ہونا .

چوٹ پھیٹ / پھینٹ است . زخم ، ضرب ، صدمہ .

چوٹ دینا محاورہ ؛ ف مر . ۱ . دھوکا دینا ، دغا کرنا . ۲ . چوٹ لگانا ، چوٹ مارنا . ۳ . نقصان پہنچانا .

چوٹ کرنا محاورہ ؛ ف مر . ۱ . وار کرنا ، حملہ کرنا . ۲ . طنز کرنا ، طعنہ دینا آوازہ کسنا ، ہنسی اڑانا .

چوٹ کھانا محاورہ . ۱ . صدمہ اُٹھانا . ۲ . ضرب برداشت کرنا . ۳ . زخمی ہونا زخم کھانا . ۴ . زد پڑنا . ۵ . نقصان اُٹھانا .

چوٹ لگنا محاورہ . ۱ . چوٹ لگانا کا لازم ، زخم لگنا ، گھاؤ آنا . ۲ . صدمہ پہنچنا ، اثر ہونا . ۳ . عشق ہونا .

چوٹّا (وج ، شد ٹ) صف مذ : مث : چوٹی :- چوٹا .
چوٹی ؛ چور ، اٹھائی گیرا ، اُچکا .

چوٹّی (وج ، سک ٹ) صف مث :- چوٹی .
چوٹا کی تانیث ، چور عورت .

چوٹی (وج) است .
۱ . (i) عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے بال جو گردن سے نیچے پیٹھ پر پڑے ہوتے ہیں ، چٹیا . (ii) دھاگوں کا بنا ہوا وہ لچھا جو بال گوندھ کر آخر میں لگا کر گوندھتے ہیں ، چٹلا . (ہندو) بالوں کی

لٹ جو سر منڈاتے وقت ہندو چندیا پر چھوڑ دیتے ہیں. ۲. چند بال جو بچوں کے سر پر منت کے طور پر چھوڑ دیتے ہیں. ۳. (i) پہاڑ یا کسی عمارت وغیرہ کا سب سے اونچا حصہ. (ii) بلندی، سب سے اونچی جگہ؛ کلس، کنگرہ، قبہ. (iii) سرورق، پیشانی، بالائی حصہ. ۴. انتہا، حد. ۵. (i) (چوٹی کی سجاوٹ کا پھول اور لڑیاں) ایک زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں؛ وہ حصہ جس سے ترازو کو لٹکاتے ہیں. (ii) سر.

چوٹی سر کرنا ند. سب سے بلند مقام تک پہنچنا.

چوٹی سے ایڑی تک م ف. سر سے پاؤں تک، سرتاپا، سراسر، مطلق، بالکل.

چوٹی سے ایڑی تک کا زور لگانا محاورہ. پوری قوت صرف کر دینا، پوری پوری کوشش کرنا.

چوٹی کا صف مذ. ۱. عمدہ، اوّل درجے کا، چیدہ، افضل، اعلیٰ. ۲. (i) کسی عمارت کی سب سے اونچی جگہ کا بلند و بالا مقام. (ii) سب سے اونچا، سب سے زیادہ بلندی والا؛ سب سے اچھا.

چوٹی والا صف؛ ند. (مجازاً) بھتنا، بھوت، سایہ، بلا، آسیب، بدروح.

چوٹی کاٹنا محاورہ. ذلیل و رُسوا کرنا، سزا دینا، سر منڈا کر ذلیل کرنا؛ عزت خاک میں ملا دینا.

چوٹیں (و ج، ی ج) مث.

چوٹ کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

چوٹیں کسنا محاورہ. آوازے کسنا، فقرے بازی کرنا، طنز کرنا.

چوچْلا (و ج، سک چ) ند:- چوچلہ، چونچلا، چونچلہ.

۱. ناز و غمزہ؛ چھیڑ چھاڑ کا انداز، رنگ ڈھنگ، اتراہٹ. ۲. لاڈ پیار. ۳. ظرافت، بانکپن، دل لگی؛ خوش مزاجی. ۴. شوق؛ نمود، بناوٹ، دکھلاوا، نمائش. ۵. چہل، پیار کی باتیں، بچوں کی ناز کی باتیں؛ کھیل، تماشا، سیر. [س].

چوچلا دکھانا محاورہ؛ ف مر. نخرے دکھانا، ناز و انداز ظاہر کرنا، اترانا.

چوچْلے باز (و ج، سک چ) صف.

نخرے باز، عشوہ گر.

چوچوبوچو (و ج) مث.

خوشامد درآمد، للو پتو، چاپلوسی.

چُوچی (و مع) مث.

پستان، چھاتی؛ بُٹّی، نپل. [س].

چود (و ج).

(بازاری) چودنا سے مشتق، تراکیب میں بطور سابقہ و لاحقہ مستعمل.

چَودَہ (ولین، فت د) صف.

دس اور چار کا مجموعہ، عدد جو تیرہ کے بعد اور پندرہ سے پہلے آتا ہے، (ہندسوں میں) ۱۴.

چودہ طبق ند. سات طبقے زمین کے اور سات طبقے آسمان کے، کائنات.

چودہ طبق روشن کرا دینا / کر دینا / کرنا محاورہ. ۱. ہر بات سے باخبر کرنا، چوکنا اور ہوشیار کرنا؛ حقیقت سے آگاہ کرنا. ۲. حیران کر دینا.

چودہ طبق روشن ہونا محاورہ. ۱. بصیرت پیدا ہونا، عقل و فراست بڑھ جانا، روشن ضمیر ہونا. ۲. ہکا بکا رہ جانا، حیران ہو جانا، تعجب میں پڑ جانا.

چودہ معصوم/ معصومین ند. (اثنا عشری) چودہ پاک ہستیاں یعنی حضرت محمدؐ، حضرت فاطمہ زہراؑ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت امام حسنؑ، حضرت امام حسینؑ، حضرت امام زین العابدینؑ، حضرت امام محمد باقرؑ، حضرت امام جعفر صادقؑ، حضرت امام موسیٰ کاظمؑ، حضرت امام علی رضاؑ، حضرت امام محمد تقیؑ، حضرت علی نقیؑ، حضرت امام حسن عسکریؑ اور حضرت امام مہدی آخری الزماںؑ.

چوڈْھرانی (ولین، سک دھ) مث.

چودھری کی تانیث یا بیوی، سردار کی بیوی، بااختیار و خود مختار (عورت).

چودھرائن/چودھرائین (ولین، سک دھ، کس ر، ی مع) مث.

دیکھیے: چودھرانی؛ سردارنی.

چَوڈْھری (ولین، سک دھ) ند؛ صف.

سردار، رہنما، سربراہ؛ کرتا دھرتا.

چَوڈْھواں (ولین، سک دھ) صف مذ.

چودہ سے منسوب، جو ترتیب میں تیرھویں کے بعد اور پندرھویں سے قبل آئے.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چَودھویں (و لین ، سک د ھ ، ی مع) صف مث .
۱. چودھواں کی تانیث .۲. چاند کے مہینے کی چودھویں تاریخ یا چودھویں رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے .

چودھویں صد/صدی صف مث . قمری جنتری کا وہ عرصہ جس کا تعلق چودھویں سیکڑے سے ہے (بعض کے نزدیک ہجری سن کی چودہ سے متعلق صدی قربِ قیامت کی علامت اور ابتر و نازک خیال کی جاتی جیسے ہندوؤں میں کل جگ) .

چودھویں کا چاند (الف) اند . قمری مہینے کی چودہ تاریخ کا چاند، ماہ کامل، ماہ تمام ، بدر ، پورا چاند . (ب) صف . بہت حسین ، نہایت خوب صورت .

چُور (و مع) صف .
۱. ریزہ ریزہ ، ٹکڑے ٹکڑے .۲. مست ، سرشار ، غرق ، محو ، منہمک .
۳. نشے میں دھت ، بدمست ، مدہوش ، مخمور .۴. نڈھال، کمزور ، تھکا ماندہ . اف: کرنا ، ہونا . [س] .

چور چور صف . زخمی ، گھائل : نڈھال ، درماندہ : ریزہ ریزہ .

چور (و ج) . (الف) اند : است .
۱. چرانے والا ، چوری کا مرتکب ، سارق ، چوٹا .۲. زخم جو اوپر سے اچھا ہو جائے لیکن اس کے اندر مواد باقی رہے ، ناسور .۳. بدگمانی ، بدظنی : برائی ، اندیشہ ، خوف و خطر ، مکر و دغا .۵. کھیل میں وہ لڑکا جس سے دوسرے کھلاڑی داؤ لیتے ہیں . (ب) صف .۱. رازدار ، در پردہ مصروف عمل ، خفیہ کام کرنے والا .۲. مکار ، عیار ، دغا باز : چھپ کر حملہ کرنے والا .۳. جس کو کسی کام کے کرنے میں جھینپ ہو ، سستی کرنے والا ، جی چرانے والا .
۴. خطاوار، مجرم : شرمندہ . [س] .

چور اچکا صف مذ . چرانے والا ، اٹھائی گیرا ، بدمعاش .

چور بازار اند .۱. بازار جہاں چوری کا مال خریدا اور بیچا جائے یا وہ بازار جہاں چیزیں مقررہ نرخ سے زیادہ قیمت پر چوری سے فروخت کی جاتی ہیں : وہ جگہ جہاں غیرملکی سامان کسٹم ڈیوٹی بچا کر یا غیر قانونی درآمد سے حاصل کر کے بیچا جائے .۲. جگہ جہاں خفیہ طور پر کوئی ناجائز کام ہوتا ہو : چوری چھپے لا کر مال بیچنے کی جگہ .

چور بازاری است . چیزوں کو مقررہ نرخ سے زیادہ قیمت پر چوری سے فروخت کرنا .

چور بدن / جسم اند . بدن جس کا موٹاپا معلوم نہ ہو : شخص جو دیکھنے میں ڈبلا ہو مگر طاقت زیادہ رکھتا ہو .

چور چوری سے جائے ہیرا پھیری سے نہ جائے کہاوت . کسی عادت کے چھوٹنے پر بھی اس کا کچھ نہ کچھ اثر باقی رہتا ہے : بری عادت نہیں جاتی

چور دروازہ اند .۱. مکان کا پوشیدہ دروازہ ، دروازہ جس کا علم عام لوگوں کو نہ ہو : ممنوعہ راستہ .۲. غلط طریقہ ، ناجائز وسیلہ .

چور کا بھائی گرہ کٹ کہاوت . جب کوئی شخص عیب دار کی طرف داری کرتا ہے یا دونوں ہم پیشہ ایک سے مجرم ہوں تو بولتے ہیں .

چور کی داڑھی میں تنکا کہاوت . چور کو یا عیب دار کو خود ہی کھٹکا رہتا ہے، مجرم اپنے افعال و حرکات سے پہچانا جاتا ہے ، جب کوئی کسی کے طعنے اور کنایے کو اپنی طرف گمان کرے تو اس کی نسبت یہ کہاوت بولتے ہیں .

چور کے گھر مور پڑنا/پیٹھنا محاورہ . چور کے گھر چوری ہونا .

چُورا (و مع) اند .
۱. برادہ ، سفوف ، ریزہ ، بھورا .۲. بے دم ، نڈھال ہونا ، بدن کا تھک جانا، اعصاب شل ہو جانا ، جسم شکستہ ہو جانا .۳. چھوٹے چھوٹے ٹکڑے

چورا چور اند . ریزہ ریزہ ، ٹکڑے ٹکڑے : بہت زخمی .

چورا چورا کرنا ف مر : محاورہ . ریزہ ریزہ کرنا یا ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا: تباہ و برباد کر دینا ، بالکل توڑ دینا.

چورا کرنا ف مر : محاورہ . ریزہ ریزہ کرنا ، ٹکڑے کرنا : پیسنا ، کوٹنا ، بھرتا بنا دینا.

چورا ہونا محاورہ : ف مر .۱. ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا : زخمی ہو جانا : برباد ہو جانا .۲. نڈھال ہو جانا ، بے دم ہو جانا .

چورا چوری (و ج ، و ج) است : م ف . بدمعاشی ، ناپسندیدہ حرکات تاک جھانک ، بدکرداری .

چَوراسی (و لین) (الف) صف .
۱. اسی اور چار کا مجموعہ ، عدد جو تراسی کے بعد اور پچاسی سے پہلے آتا ہے (ہندسوں میں) ۸۴ . (ب) است .۱. گھنگرو جو ناچنے والیاں پاؤں میں پہنتی ہیں ، جھانجھن ، جھانجر .۲. گھنگروؤں یا گھنٹیوں کا ہار جو ہاتھیوں اونٹوں بیلوں کی گردن میں اور رتھ میں نیچے کی طرف باندھا جاتا تھا .

چَورانوے (و لین ، سک نیز فت ن) صف .
نوے اور چار کا مجموعہ جو ترانوے کے بعد اور پچانوے سے پہلے آ ہے (ہندسوں میں ۹۴) .

چَوڑَس (و لین ، فت ر) (الف) صف .
۱. ہموار ، چپٹا ، مسطح ؛ مربع ، چوکور .۲. درست ، صحیح ، ٹھیک ٹھاک ، مکمل ، معیاری ، چوکس . (ب) م ف (قدیم) . چاروں طرف .

چُورَن (و مع ، فت ر) اند .
۱. (طب) مختلف قسم کے نمک کالی مرچ اور دیگر ادویات کا سفوف جو بدہضمی کے علاج کے لیے اطبا تیار کرتے ہیں ، پھکی ، چٹکی .۲. چورا ، سفوف . [س] .

چُورْنا (و مع ، سک ر) ف م .
اٹکڑے ٹکڑے کر کے گھی دودھ یا کسی سیال چیز میں ڈال کر تر کرنا .
۲ٹکڑے ٹکڑے کرنا ، ریزہ ریزہ کرنا ، چورا بنانا ، کچلنا .

چُورَہ (و مع ، فت ر) اند .
دیکھیے : چورا .

چُوری (و مع) است .
چورما ، ملیدہ .

چوری (و ج) است .
۱. کسی جگہ پوشیدہ طور پر داخل ہو کر یا کسی کی آنکھ بچا کر کوئی چیز ہتھیا لینا ، چرانے کا فعل ، سرقہ .۲. پردہ ، لحاظ .۳. عیاری ، دھوکا بازی ، مکاری ، فریب .۴. چھپی بات ، راز ؛ ناشائستہ بات .

چوری اور سر زوری / سینہ زوری کہاوت . اپنے قصور پر نادم نہ ہو کر اُلٹا دوسرے کو قصور وار ٹھہرانا ، اپنی غلطی نہ سمجھنا ؛ سرکشی کرنا اور اکڑنا ؛ ڈھٹائی سے سامنا کرنا .

چوری پکڑنا محاورہ . کسی کے چوری کے عمل کی گرفت کرنا ، چھپی یا راز کی بات معلوم کر لینا .

چوری چکاری است ؛ م ف . چھوٹی بڑی چوریوں کی واردات .

چوری چُھپے م ف . درپردہ ، خفیہ طور پر ، چھپ چھپا کر .

چوری کا گُڑ میٹھا کہاوت . ۱. مفت کا مال سب کو اچھا لگتا ہے ، کسی کا مال اس کی اطلاع کے بغیر کھانا زیادہ مزہ دیتا ہے .۲. لوگوں سے چھپا کر کوئی کام کرنے کا لطف .

چَوڑا (و لین) صف مذ .
عریض ، عرض والا ، کشادہ ، وسیع ، فراخ .

چوڑا چَکلا / چَکْلَہ صف مذ . پھیلا ہوا عریض ، کشادہ ، وسیع ، بھاری بھرکم ، لحیم شحیم .

چُوڑا (۱) (و مع) اند .
گو پاخانہ اور دیگر قسم کی گندگی صاف کرنے والا پیشہ ور مزدور ، خاکروب ، حلال خور ، مہتر ، بھنگی ؛ حقیر ، رذیل .

چُوڑا (۲) (و مع) اند .
سونے چاندی ہاتھی دانت لاکھ یا مسالے کی بنی ہوئی بڑی چوڑی .

چوڑا (و ج) صف .
پانی میں بھیگا ہوا ، تر بتر ، شرابور .

چَوڑان (و لین) است ؛ اند .
چوڑائی ، عرض ، کشادگی .۲. وسعت ، فراخی ، پہنائی .

چَوڑانا (و لین) ف م .
۱. چوڑا کرنا ؛ پھیلانا ، کشادہ کرنا .۲. بڑھانا ، چڑھانا ، حد سے زیادہ کرنا .

چَوڑاؤ (و لین ، و ج) اند .
عرض ، چوڑائی ، پھیلاؤ ، پاٹ .

چَوڑائی (و لین) است .
پاٹ ، پھیلاؤ ، عرض .

چَوڑی (و لین) صف مث .
وسیع ، فراخ ، کشادہ ، لمبی ؛ اہم .

چوڑی چَکلی صف مث . دیکھیے : چوڑا چکلا .

چُوڑی (و مع) است .
۱. لاکھ ، کانچ ، پلاسٹک یا سونے چاندی وغیرہ کا خوش نما اور دائرہ نما زیور جسے مشرقی عورتیں اپنی کلائیوں میں پہنتی ہیں .۲. دائرہ نما زیور جسے خواتین زیور کے طور پر پاؤں میں پہنتی ہیں ؛ کڑے ، لچھے .
۳. کسی پرزے یا سلاخ میں کٹا ہوا پیچ نیز مروڑی یا گھمیری دار کٹاؤ کا ایک پھیر یا بل .۴. تنگ موری کے پاجامے کے پائینچوں کی سلوٹ یا پھیر جو ٹخنوں اور پنڈلیوں پر ہوں . اف : چڑھانا ، لگانا .

چوڑی (چوڑیاں) پہننا ف مر: محاورہ. ۱. کلائی میں چوڑیاں ڈالنا یا چڑھانا. ۲. شیوۂ مردانگی کے خلاف کوئی کام کرنا، بزدلی یا کم ہمتی کا مظاہرہ کرنا؛ عورتوں کی طرح پردے میں بیٹھنا، عورت بننا، زنانہ پن دکھانا.

چوڑی (چوڑیاں) توڑنا محاورہ. چوڑی ٹھنڈی کرنا؛ خاوند کی موت پر چوڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ سوگ ظاہر کرنا.

چوڑی دار صف. وہ چیز جس پر حلقے لگے ہوئے ہوں یا خول چڑھے ہوں، کڑے والا، جس پر بل یا پیچ ہوں.

چوڑی دار پاجامہ اند. وہ تنگ پاجامہ جس کی مہریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں پر کپڑے میں سلوٹیں پڑیں یا خود ڈالی جائیں.

چوڑے (وج) اند.

چوڑا کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

چوڑے میں م ف. کھلم کھلا، دن دہاڑے، علانیہ، سب کے سامنے؛ کس مپرسی کی حالت میں.

چُوڑھا (وم) اند. مٹ چوڑھی.

خاکروب جیسے: چوڑا، بھنگی.

چُوز (وم) اند.

باز یا شاہین کا بچہ جس کی عمر ایک سال کے اندر ہو یا جس نے ابھی تک شکار نہ کیا ہو.

چُوزَہ (وم، فت ز) اند.

۱. مرغی کا بچہ، پٹھا. ۲. (مجازاً) نوخیز لڑکا یا لڑکی.

چُوس (وم) صف.

جذب، جذب کرنے کی کیفیت؛ کشش، کھنچاؤ.

چَوسَر (ولین، فت س) است.

ایک قسم کی پچیسی جو کوڑیوں (پانسے) سے کھیلی جاتی ہے.

چُوسنا (وم، سک س) ف م.

کسی چیز کو منہ میں لے کر دونوں ہونٹوں یا زبان اور تالو سے اس طرح دبانا کہ اسے دانت نہ لگے اور اس چیز کے مزے یا اثر یا اجزا کو حلق میں اتارنا؛ چچوڑنا.

چُوسنی (وم، سک س) است.

دیکھیے: چسنی.

چوغا (وج) اند: ~ چوغہ.

دیکھیے: چغا، عبا.

چَوک (ولین) اند.

وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں، چار بازاروں کے ملنے کی جگہ، شہر کا وسطی پر رونق بازار.

چُوک (وم) است.

۱. قصور، خطا، سہو؛ بھول، غلطی: نشانہ او ک جانے کی حالت. ۲. کمی، کسر

چوک (وج) اند. موٹر انجن میں کاربوریٹر کی ہوا بند یا رک جانے کا عمل.

چَوکا (ولین) اند.

۱. چار کی تعداد، چار گنا، دانتوں کا مجموعہ. ۲. (دندان سازی) مصنوعی دانتوں کا سیٹ، بتیسی. ۳. لکڑی کے بنے ہوئے چوکور تخت یا برابر برابر بچھے ہوئے چار تخت. ۴. (کرکٹ) گیند پر بلے کی وہ زد جس سے گیند میدان کی حد پار کر جائے اور نتیجے میں چار رن ملیں یا ایسی زد جس میں چار رن بنیں، رک: چوا.

چُوکا (وم) صف. غلطی کھایا ہوا، بھولا ہوا؛ بھولنے یا غلطی کھانے والا؛ غفلت برتنے والا.

چوکَر (وج، فت ک) اند: ~ چوکر.

۱. گیہوں یا جو وغیرہ کے دانوں پر کا باریک پوست جو پسائی کے بعد آٹا چھان کر علیحدہ کیا جاتا ہے، بھوسا، بھوسی: دانوں کا چورا. ۲. گیہوں جو وغیرہ کے دانوں کا چورا جس میں بھوسا ملا ہوا ہو جو گائے بھینس اور گھوڑے کو کھلایا جاتا ہے.

چَوکڑی (ولین، سک ک) است.

۱. (i) ایک ہی قسم کی چار چیزوں کا مجموعہ. (ii) چار آدمیوں کا گروہ، ٹولی. ۲. (i) چار گھوڑوں کی بگھی. ۳. چوپائے کا چاروں پاؤں بہ یک وقت اٹھا کر بھاگنا، ہرن کی کلانچ، چھلانگ، جست، اچھل کود.

چوکڑی بھرنا محاورہ. ۱. ہرن یا گھوڑے کا چھلانگ لگانا، کلانچیں مارنا؛ تیزی و طراری سے کام لینا، تیز دوڑنا. ۲. اچھلنا، کودنا، کلیلیں کرنا.

چوکڑی بھول جانا / بھولنا محاورہ. سٹ پٹا جانا، حواس باختہ ہو جانا، گھبرا جانا؛ ہکا بکا رہ جانا، عاجز و درماندہ ہو جانا.

چوکڑی مار (کر) بیٹھنا ف مر؛ محاورہ. چار زانو بیٹھنا، پالتی مار کے یا دو زانو بیٹھنا.

چَوکَس (ولین، فت ک) صف.
۱. خبردار، چوکنا. ۲. اپنے کام میں ہوشیار، محتاط. ۳. ٹھیک ٹھیک، برابر؛ تول میں پورا؛ درست.

چَوکَسی (ولین، سک ک) است.
۱. نگہبانی، حفاظت، نگرانی. ۲. چوکی داری، دربانی. ۳. چالاکی، ہوشیاری، عقل مندی.

چُوکنا (مع، سک ک) ف ل.
۱. غلطی کرنا، خطا کرنا، قصور کرنا؛ نشانہ او کنا؛ فریب میں آنا. ۲. بھولنا. ۳. بھٹکنا. ۴. باز آنا، باز رہنا. ۵. پس و پیش کرنا، موقع کھو دینا.

چَوکَنّا (ولین، فت ک، شد ن) صف مذ.
۱. چار کان والا. ۲. خبردار، ہوشیار، باخبر، محتاط، چاروں طرف نظر رکھنے والا.

چَوکَنڈی / چَوکَنڈی (ولین، فت ک، سک ن) است.
چہار دیواری.

چَوکَنّی (ولین، فت ک، شد ن) صف مث.
چوکنا کی تانیث، ہوشیار.

چَوکور (ولین، وج) صف.
مربع، چار کونے والا.

چَوکی (ولین) است.
۱. چھوٹا تخت، مربع نما یا مستطیل نما نشست گاہ. ۲. پہرا، پاسبانی، نگرانی. ۳. وہ جگہ جہاں آس پاس کی حفاظت کے لیے تھوڑے سے سپاہی تعینات ہوں؛ چھوٹا تھانہ، پہرے داروں کی قیام گاہ. ۴. چوکی دار کے بیٹھنے یا رہنے کی محفوظ جگہ، کوٹھری. ۵. رستے میں ٹھہرنے کا مقام، پڑاؤ.

چوکی بٹھانا / بٹھلانا ف مر؛ محاورہ. ۱. محافظ متعین کرنا، پہرا بٹھانا، نگراں مقرر کرنا. ۲. جادو کرنا، بیر بٹھانا، موکل بٹھانا.

چوکی پَہرا / پَہرہ اند. محافظت، پاسبانی.

چوکی دار صف مذ. شخص جسے حفاظت اور دیکھ بھال کے لیے ملازم رکھا جائے، پاسبان، نگہبان، محافظ.

چوکی دارا / چوکی دارہ اند. محصول جو زمین داروں یا باشندوں سے وصول کر کے چوکیداروں کو بطور تنخواہ دیا جاتا ہے، حق پاسبانی.

چوکی داری است. ۱. محافظت کا کام، پاسبانی، نگہبانی. ۲. وہ چندہ (ٹیکس) جو نگرانی کی بابت لیا جائے، حق پاسبانی.

چوکھا (وج) صف مذ.
عمدہ، اچھا، خوب، پسندیدہ؛ کھرا، خالص؛ دل خوش کن، خوب صورت؛ سچا، ایمان دار، معقول.

چوکھا رنگ اند. اچھی اور خوش نما رنگائی.

چَوکَھٹ (ولین، فت کھ) است؛ ~ چوکھٹھ.
۱. دروازے کا چوبی یا سنگین چوکور گھیرا. ۲. دروازے کے چوبی یا سنگین چوکھٹے کا وہ حصہ جو نیچے کی طرف زمین سے پیوست ہوتا ہے، دہلیز. ۳. دروازہ، گھر. ۴. (مجازاً) بارگاہ، درگاہ، مزار، آستانہ.

چوکھٹ پر سر جھکانا / رکھنا محاورہ. اطاعت کرنا؛ احترام بجا لانا؛ اظہار عقیدت کرنا.

چوکھٹ نہ جھانکنا محاورہ. کسی کے گھر کبھی نہ جانا.

چَوکھٹا (ولین، سک کھ) اند.
۱. آئینے یا تصویر وغیرہ کا لکڑی یا کسی دھات وغیرہ سے بنا ہوا چوکور گھیرا. ۲. دروازے کا چوبی یا سنگین چوکور گھیرا. ۳. (مجازاً) خاکہ ڈھانچا؛ ضابطہ. ۴. اخبار میں خبر کو نمایاں کرنے کے لیے چاروں طرف کھینچی ہوئی لکیر، حاشیہ. ۵. گھیرا، حلقہ.

چوکھی (وج) صف مث.
چوکھا کی تانیث.

چوگا (وج) اند.
۱. پرندوں کی غذا، دانہ، گوندا. ۲. حصہ، لقمہ، لبھاؤ.

چَوگان (ولین) اند.
۱. گیند کھیلنے کا ڈنڈا جو نیچے کی طرف سے کج ہو، گیند کھیلنے کا بلا. ۲. گیند بلے کا کھیل جو گھوڑوں پر سوار ہو کر کھیلا جائے، پولو. ۳. کھیلنے کا میدان چوک. [ف].

چُول (و مع) امث.
پلنگ دروازے لکڑی کے ساز و سامان وغیرہ کی لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں چھید یا کٹاؤ کر کے بٹھایا جائے؛ جوڑ بٹھانے کے لیے بنایا ہوا منھ. ۲. جسم کا جوڑ یا کسی مشین یا کل کا وہ سوراخ جس میں عضو یا مشین یا کل کے چکر کی لاٹ کا باریک سرا پھنسایا یا ٹکایا جاتا ہے؛ مدار، محور، کیلی.

چول بٹھانا محاورہ. ۱. کسی دھات یا لکڑی کے سرے کو دوسری دھات یا لکڑی کے سوراخ میں رکھنا. ۲. درست کرنا، ٹھیک ٹھاک کرنا، خوش اسلوبی سے کام انجام دینا.

چول چول ڈھیلی کرنا محاورہ. حلیہ بگاڑ دینا، انجر پنجر ہلا دینا؛ شکل بدل دینا.

چول ڈھیلی ہونا محاورہ. دماغ چل جانا، پاگل ہونا؛ تلون پیدا ہونا؛ بدمزاجی کی کیفیت طاری ہونا، بے سبب غصہ آ جانا.

چولا (و مج) امذ.
۱. جسم، قالب، شکل، ڈھانچا، خول. ۲. انگرکھا، قبا، ڈھیلا ڈھالا کرتا، لباس، پوشاک. [س].

چولا بدلنا محاورہ. ۱. آواگون یا تناسخ کے عقیدے کے مطابق جان دار کی روح کا کسی دوسری شکل میں پھر پیدا ہونا، ایک جسم سے دوسرے جسم میں حلول کرنا؛ ہیئت تبدیل کرنا، کینچلی اتارنا، شکل وصورت بدل لینا، روپ بدلنا، بھیس بدلنا. ۲. رنگ ڈھنگ اختیار کرنا، روش بدل لینا، طریقہ کار میں تبدیلی آنا.

چَولائی (و لین) امث.
۱. ایک قسم کا ساگ جو سبز سرخ اور سفید ہوتا ہے سرخ کو لال ساگ یا لال چولائی بھی کہتے ہیں. ۲. ایک بہت باریک اناج جس کو بھون کر لڈو بناتے ہیں، جنگلی چاول.

چولی (و مج) امث.
پوشاک، لباس یا انگرکھے کا بالائی حصہ جو ناف تک جسم پر چست رہتا ہے. ۲. (i) سینے کو ڈھانپنے کے لیے پہنی جانے والی آستین دار بغیر آستین کی پوشاک، انگیا، چھوٹا کپڑا جس کے ساتھ لہنگا یا کوئی دوسرے زیر جامے بھی پہنے جاتے ہیں. (ii) عورتوں کی ایک تنگ پوشاک جو انگیا کے اوپر پہنی جاتی ہے، عموماً ساڑھی کے ساتھ، بلاؤز.

چولی دامن کا ساتھ ہونا محاورہ. ہمیشہ کا ساتھ، دائمی تعلق یا وابستگی ہونا، لازم و ملزوم ہونا.

چُولیں (و مع، ی مج) امث؛ ج.
چول کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

چولیں ڈھیلی پڑ جانا محاورہ. نظم وضبط خراب ہو جانا، درماندہ ہو جانا، کمزور ہو جانا، بنیاد ہل جانا، منتشر ہو جانا.

چولیں ڈھیلی کرنا محاورہ. حال سے بے حال کر دینا، تباہ و برباد کر دینا، مار مار کر برا حال کر دینا، اوسان خطا کر دینا، انجر پنجر ہلا دینا، کس بل نکال دینا.

چُولھا (و مع) امذ.
اینٹ پتھر مٹی لوہے یا سیمنٹ کی کھانا پکانے کی جگہ یا تپائی، ہنڈیا پکانے کی جگہ. [س].

چولھا ٹھنڈا ہونا محاورہ. ۱. آگ بجھنا، کھانے پکانے کا کام ختم ہونا. ۲. کھانے کی چیزوں کے لیے محتاج ہونا، بہت مفلس ہونا؛ بے سروسامان ہونا. ۳. کسی کی موت کے سبب گھر کا چولھا نہ جلنا، سوگ کے باعث چولھا نہ جلانا.

چولھا چکی امث. گھر کے کام کاج، پیسنے اور پکانے کا م.

چُولھے (و مع) امذ.
چولھا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

چولھے (میں) آگ نہ گھڑے (میں) پانی کہاوت. بے حد مفلسی کی حالت، نہایت بے سروسامانی کا عالم.

چولھے (بھاڑ) میں جائے فقرہ. (بیزاری کے موقع پر) تباہ ہو جائے، اجڑ جائے، غارت ہو جائے.

چولھے کی نہ چکی کی کہاوت. کسی کام کی نہیں.

چولھے میں جھوکنا / جھونکنا محاورہ. سخت پریشانی میں مبتلا کر دینا، تباہ کرنا.

چولھے میں ڈالنا محاورہ. تباہ و برباد کرنا، ایسی تیسی کرنا.

چُوم (و مع) فعل.
چومنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چوم چاٹ کر م ف. بوسہ دے کر، چوم کر، پیار کر کے؛ ادب و احترام کے ساتھ.

چُوما (و مع) اند.
بوسہ، پیار، چما. [س].

چوما چاٹی / چٹی است. ا. بوس و کنار، اختلاط، رنگ رس. ۲. معاملہ بندی.

چُومنا (و مع، سک م) ف م.
ا. (پیار محبت سے) بوسہ لینا، پیار کرنا. ۲. بوسہ لینا (تعظیماً و احتراماً).

چُوں (۱) (و مع) است.
ہلکی اور خفیف سی آواز جو کسی جان دار کے منھ یا کسی بے جان چیز کی رگڑ سے نکلے؛ پتلی اور دبی دبی سی آواز؛ لکڑی کی چول پر کسی چیز کے گھومنے سے پیدا ہونے والی یا کھلتے یا بند ہوتے وقت کواڑ کی چول کی آواز، ہنڈولے یا پہیے کے دھرے کی آواز، چیں چیں تکرار، ضد.
[حکایت الصوت].

چوں تک نہ کرنا محاورہ. دم نہ مارنا، چپکا ہو رہنا، چپ سادھنا، یکسر خاموش رہنا.

چُوں چُوں (الف) است. ا. چڑیوں وغیرہ کی آواز، پرندوں کی آواز. ۲. چوہے یا اس کے قبیل کے جان داروں کی آواز. ۳. گاڑی وغیرہ کے چلنے یا پلنگ وغیرہ کی چولیں ہلنے کی آواز. (ب) اند. بچوں کا کھلونا جس کو دبانے سے چوں چوں کی آواز نکلتی ہے.

چوں کرنا محاورہ. ا. انکار عذر یا ضد کرنا (نہ کے ساتھ). ۲. دم مارنا، بولنا، احتجاج کرنا، بحث و تکرار کرنا.

چوں (۲) (و مع) م ف.
ا. جیسا، مانند، اس قسم کا، جب، کب، کیسے، کیوں. ۲. اس وجہ سے کہ، کیوں کہ (بعض تراکیب میں بہ اعلان نون مستعمل).

چوں (و) چرا است. اختلاف، اعتراض، حجت، بحث و تکرار، رد و کد، قیل و قال، نکتہ چینی.

چوں کہ اند. اس لیے، ایسا ہے (بات کی وضاحت کے لیے).

چَوَّن (فت چ، شد و بفت) صف.
پچاس اور چار کا مجموعہ (ہندسوں میں) ۵۴. [س].

چُونا (۱) (و مع) ف ل.
ا. (رقیق شے کا) رسنا یا ٹپکنا، گرنا. ۲. ظاہر ہونا. [س].

چُونا (۲) (و مع) اند.
ا. ایک طرح کے پتھر کو بھٹی میں جلا کر تیار کیا ہوا تعمیری مسالا جو عمارت میں چنائی استر کاری اور پتائی وغیرہ کے کام آتا ہے، سفیدی. ۲. چونے کی ایک قسم جو پان میں لگانے اور بطور دوا کام آتی ہے، کیلشیم آکسائیڈ. ۳. وہ سفید مادہ جو ہڈیوں کا خاص جزو ہوتا ہے، کیلشیم فاسفیٹ. ۴. تیز و تند (صرف کھٹاس کے لیے). [س].

چونا لگانا محاورہ؛ ف مر. ا. چکمہ دینا، فریب دینا، دھوکا دینا، مکاری اور دغابازی سے کام لینا. ۲. پان میں چونا لگانا.

چونا مرنا محاورہ. بجھے ہوئے چونے کی تیزی ختم ہونا (اس حد تک کہ استعمال کے قابل نہ رہے).

چَونْپ (و لین، مغ) است.
ا. رغبت، میلان، شوق، لگاؤ. ۲. آرزو، خواہش، حسرت، تمنا. ۳. اُمید، آس. ۴. تحریک، تقلید، طرز، انداز؛ دیکھا دیکھی.

چَونْتیس (و لین، مغ، ی مع) صف.
تیس اور چار کا مجموعہ (ہندسوں میں) ۳۴.

چونْچ (و مج، غنہ) است.
ا. پرندے کا منھ، منقار. ۲. انسان کا منھ، دہان؛ زبان، جیبھ (بطور طنز و تحقیر). ۳. نوک، سرا. ۴. بے وقوف، احمق.

چونچ بند رکھنا محاورہ. خاموش رہنا، زیادہ بولنے سے گریز کرنا.

چونچ سنبھالنا محاورہ. ا. (مرغ بازی) چونچ مارنے کے لیے آمادہ ہونا حملے کی تیاری کرنا. ۲. سوچ سمجھ کر بات کرنا؛ واہی تباہی بکنے سے گریز کرنا، احتیاط سے گفتگو کرنا.

چونچ مارنا محاورہ. ا. ٹھونگ مارنا؛ حملہ کرنا، وار کرنا، واہی تباہی زبان سے نکالنا؛ کسی کے متعلق فالتو باتیں کرنا. ۲. سے ہوئے انڈے ٹھونگ مار کر بچہ نکلنے کا راستہ بنانا، انڈا کٹکنا.

چَونچال (و لین، مغ) صف.
مضبوط، ہٹا کٹا، توانا، چست، مستعد؛ شوخ و طرار؛ شگفتہ، بشاش ہونہار؛ چنچل.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر) ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چونچلا (وج، مغ، سک چ) اند.
نخرہ، غمزہ، ادا، ناز، لاڈ، پیار، اٹھکیلی، اتراہٹ، شان، ٹھاٹ.
۲. انداز، روش، طور، رکھ رکھاؤ.

چُوں چُوں کا مُربّہ (وسع، ضم م، فت ر، شد ب بفت) اند.
بے جوڑ چیزوں کا مجموعہ، مختلف چیزوں کا مرکب؛ ایسا شخص جس میں مختلف جنر یک جا ہوں.

چُونچی (وسع، مغ) است.
۱. پستان، سینہ. ۲. گیہوں اور جو کی بال میں ایک جراثیمی بیماری جس سے بال میں دانہ پیدا نہیں ہوتا.

چونچیں (وج، مغ، کس تیز سک چ) است.
چونچ کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

چونچیں لڑانا محاورہ. بیہودہ بکنا، طعنہ زنی کرنا، بدگوئی کرنا.

چَوندیس (ول لین؛ مج، ی مج) است.
چاروں طرف.

چَوندھیانا (ولین، غنہ، سک دھ) ف ل.
۱. تیز روشنی اور چمک کے باعث آنکھوں کا جھپکنا، آنکھوں کے آگے تیز روشنی کے باعث اندھیرا آنا، چکا چوند ہو. ۲. کسی بیماری وغیرہ کے نتیجے میں آنکھ کا روشنی کی تاب نہ لانا (جیسے آشوب چشم اور سورج مکھی کی بیماری وغیرہ). ۳. بھونچکا ہونا، حیران ہونا، آنکھ میں چکا چوند ہونا. ۴. گھبرانا، پریشان ہونا، بدحواس ہونا.

چونڈا (وج، مغ) اند.
۱. سر، منڈیا، بالوں کی چوٹی، چٹیا، بالوں کا گچھا، جوڑا. ۲. پروں یا بالوں کا گچھا یا کلغی جو پرندوں کے سر پر ہوتی ہے.

چونڈا پکنا محاورہ. بال سفید ہو جانا، عمر رسیدہ ہونا.

چَونر (فت چ، و، مع) اند.
دیکھیے: چنور.

چَونسٹھ (ولین، مغ، فت س) صف؛ ← چونٹھ.
ساٹھ اور چار کا مجموعہ، چار اوپر ساٹھ، (ہندسوں میں) ۶۴.

چَونک (ولین، مغ) اند؛ است.
چونکنا سے مشتق (تراکیب میں مستعمل).

چونک اٹھنا ف مر؛ محاورہ. سوتے سوتے اچھل پڑنا، دفعتہً گھبرا کر جاگ اُٹھنا، ہڑبڑا جانا؛ ڈرنا، جھجک جانا.

چونک پڑنا محاورہ. گھبرا کر جاگ اٹھنا، ہڑبڑا جانا، ڈرنا؛ متعجب ہو جانا، حیرت میں پڑنا.

چَونکانا (ولین، مغ) ف م.
۱. سوئے ہوئے کو اٹھانا، جگانا، بیدار کرنا. ۲. حیرت میں ڈالنا. ۳. متنبہ کرنا، چوکنا کرنا، ہوشیار کرنا. ۴. متوجہ کرنا.

چَونکنا (ولین، مغ، سک ک) ف ل.
۱. (i) جاگنا، بیدار ہونا، سو کر اٹھنا. (ii) سوتے سوتے اُچھل پڑنا، اچانک سوتے سوتے نیم بیدار ہو جانا؛ ہوشیار ہونا. ۲. حیرت میں پڑ جانا، متعجب ہونا. ۳. بھڑکنا، ڈرنا؛ گھبرانا، پریشان ہونا. ۴. متنبہ ہونا، چوکنا ہونا؛ عقل آنا. ۵. متوجہ ہونا، کسی چیز کی طرف توجہ ہو جانا.

چونگا (وج، مغ) (الف) اند.
۱. (بیشتر کاغذات وغیرہ رکھنے کے لیے) اندر سے خالی گول لمبی نلکی جو کاغذ یا ٹین وغیرہ سے بنائی جائے، پونگا، نلوا. ۲. مشینوں کا گول لمبے نال کی طرح کا پرزہ، سلنڈر، نلکا. ۳. ٹیلی فون کا ریسیور. ۴. اس طرح مٹھی بند کرنا کہ انگشت شہادت اور انگوٹھے کی طرف سے منھ کھلا رہے، ہاتھ کی انگلیاں اس طرح بند کرنا کہ بیچ میں خلا باقی رہے. (ب) صف. بے وقوف، احمق.

چُونی (وسع) است.
۱. دال کا چھلکا یا باریک چورا جو دلنے اور چھاننے سے نکلتا ہے. ۲. سفوف.

چونی بھوسی است. معمولی کھانا، حقیر غذا، روکھی سوکھی.

چونی بھی کہے مجھے (سو ہے) گھی سے کھاؤ کہاوت. ادنیٰ آدمی کا خود کو اعلیٰ ظاہر کرنا، اپنی حیثیت سے زیادہ دکھانا، نااہل ہو کر بھی اہل بننا، اپنے مرتبے سے زیادہ تعظیم و تکریم کی خواہش کرے تو کہتے ہیں.

چَوَنّی (فت چ، و، شد ن) است.
۱. چار آنے والا سکہ، روپے کا چوتھا حصہ، چاندی یا کانسی وغیرہ کا معمولاً گول چھوٹا سکہ جو چوتھائی روپے میں چلتا تھا. ۲. چوتھا حصہ، چہارم، چوتھائی.

چُوہا (و مع) (الف) اند.

۱. نیولے سے ملتا جلتا ایک چھوٹا سا جانور جو زمین میں بل بنا کر رہتا ہے (عموماً بھورا اور سرمئی رنگ کا ہوتا ہے) موش. ۲. ناک کا سوکھا ہوا میل. (ب) صف. بہت میلا، غلیظ؛ غلاظت بھرا. [س].

چَوہَتّر (و لین، فت و، شدت بفت) صف.

گنتی میں ستر اور چار کا مجموعہ، چار اوپر ستر، (ہندسوں میں) ۷۴.

چُوہْڑا (و مع، سک ہ) اند.

خاکروب، بھنگی، حلال خور.

چوہڑا چمار اند. نیچ ذات والا، گھٹیا، کمین.

چُوہے (و مع) اند.

چوہا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

چوہے دان اند. چوہے پکڑنے کا پنجرہ، چھپکا یا کھٹکا جس سے چوہے پکڑتے ہیں.

چوہے کا بچہ بھی نہ (نہیں) ہونا محاورہ. بے اولاد ہونا.

چُوہیا (و مع، کس ہ، شد ی) است.

چوہا کی تانیث و تصغیر.

چوہیا سے دانت اند. چھوٹے دانت.

چوہیا کا بِل ڈھونڈنا محاورہ. بھاگنے کا راستہ تلاش کرنا، امن کی جگہ تلاش کرنا.

چُوئِنگ گم (و مع، ی مع، خنہ، سک گ، فت گ) اند.

ٹافی کے طرز کی ایک مٹھائی جو ربڑ کی خاصیت رکھتی ہے اور چبائے جانے سے ختم نہیں ہوتی. [انگ].

چَہ (فت چ) اند.

چاہ کی تخفیف. [ف].

چہ بچہ/بچہ اند. گڑھا یا چھوٹا حوض جس میں پانی جمع کیا جائے، قب: چوبچہ.

••• چہ لاحقہ.

کسی لفظ کی تصغیر کے لیے جزو دوم کے طور پر مستعمل جیسے: باغیچہ، صندوقچہ، دیگچہ. [ف].

چہ (کس چ) حرف استفہام (نیز لاحقہ).

۱. (i) کیا، جیسے "یعنی چہ". (ii) (مراد) سب کے سب، سب کو (استیعاب کے اظہار کے لیے). (iii) (تکرار کی صورت میں) کیا یہ کیا وہ، مترادف جیسا یہ ویسا وہ، (مراد) دونوں برابر ہیں (مساوات کے اظہار کے لیے). ۲. بہت. [ف].

چہ پدی چہ پدی کا شوربا کہاوت. (تحقیراً) وہ کیا اور اس کی حیثیت کیا، اس کی حقیقت ہی کیا.

چہ جائے کہ حرف عطف. کجا یہ کہ، کہاں یہ بات کہ، یہ تو بڑی بات ہے کہ.

چہ خوش حرف (فجائیہ). کیا خوب، کیا بات ہے، واہ کیا کہنا ہے (بطور طنز بھی کسی شخص کی مذمت یا ہجو کے موقع پر بولتے ہیں).

چہ معنی کلمۂ استفہام؛ م ف. کیا باعث، کیا وجہ، کیا بات، کیوں کس لیے، کیا سبب.

چہ معنی دارد فقرہ (استفہام). کیا سبب ہے، کیا وجہ ہے، کیا بات ہے، کیا مطلب (کسی بات کا کھوج لگانے یا علت معلوم کرنے کے موقع پر بولتے ہیں.

چہ میگوئیاں است: ج. سرگوشی کے انداز میں تبادلۂ خیال، خوش گپیاں، شوخیاں، گپ شپ، دوستانہ نوک جھونک. ۲. نکتہ چینیاں عیب جوئیاں، کانا پھوسی، چرچا. ۳. چوں و چرا، پس و پیش، بحث تکرار، حیل حجت.

چہ نسبت خاک را باعالم پاک فارسی کہاوت اردو میں مستعمل. ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت، اچھے اور برے کا کیا مقابلہ.

چَہار (فت چ) صف.

دیکھیے: چار، تین اور ایک کا مجموعہ. [ف].

چہار دانگ اند. چاروں گوشے؛ چارسمت، چارطرف، ہرسمت.

چہاردہ معصوم/معصومین اند. دیکھیے: چودہ معصوم/معصومین حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علیؑ، حضرت فاطمہ زہراؑ بارہ امام

چہار دیواری است. چار طرف حد بندی کے لیے کھینچا ہوا حصار، احاطہ کے چاروں طرف کی دیوار، حصار.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چہار شنبہ اند. منگل کے بعد اور جمعرات سے پہلے کا دن، بدھ.

چہارُم (فت چ، ضم ر) صف؛ م ف.

۱. تیسرے کے بعد کا، چوتھا. ۲. چوتھائی، ۴/۱، نصف کا نصف.

چَہْچَہا/چَہْچَہہ (فت ج چ، سک ہ، فت ج چ) اند.

۱. چہچہانے کا عمل، (پرندوں کی) خوش الحانی، نغمہ ریزی. ۲. خوش مزاجی، طبیعت کی شوخی، خوش دلی.

چُہْچُہا (ضم ج چ، سک ہ، ضم ج چ) صف.

گہرا لال، سرخ رنگ، گلنار؛ چمکیلا، چمک دار.

چہچہا اٹھنا محاورہ. سرخ ہو جانا، تمتما جانا، سرخی دوڑ جانا (چہرے پر).

چُہْچُہاتا (ضم ج چ، سک ہ، ضم ج چ) صف مذ.

گہرا لال رنگ کا، شوخ رنگ کا، چمکیلے رنگ والا.

چَہْچَہانا (فت ج چ، سک ہ، فت ج چ) ف ل.

چہ چہ کی آواز نکالنا، نغمہ سرائی کرنا، چہکنا؛ خوشی میں آ کر بولنا؛ خوش آوازی سے باتیں کرنا.

چُہْچُہانا (ضم ج چ، سک ہ، ضم ج چ) ف ل.

سرخی ٹپکنا، شوخی برسنا.

چَہْچَہاہَٹ (فت ج چ، سک ہ، فت ج چ، فت ہ) است.

خوش آوازی، خوش الحانی، نوا سنجی، چہچہانے کا عمل، چہکار، نغمہ سرائی (اکثر پرندوں کے لیے مستعمل).

چِہْرَہ (کس ج چ، سک ہ، فت ر) اند.

۱. منہ، سر کے سامنے کا حصہ یا رخ، مکھڑا، صورت. ۲. حلیہ جو رجسٹروں میں درج ہو، ملازموں کے خال و خط جو دفتر میں لکھے جائیں. ۳. مصنوعی نقشہ، روپ، مصنوعی شکل. ۴. فرد، شخص؛ کردار؛ اداکار. ۵. تمہید، ابتدا، آغاز (مرثیے کے لیے مخصوص). ۶. دیوار یا عمارت کا بیرونی رخ. [ف]

چِہْرا (کس ج چ، سک ہ) اند.

دیکھیے: چہرہ.

چہرہ اترنا محاورہ. ۱. نڈھال اور مضمحل ہونا، کمھلا جانا، بے رونق ہونا. ۲. خوف زدہ ہونا، ہوائیاں اڑنا. ۳. منہ پر رنج و غم مایوسی اور درماندگی اور کوفت کے آثار ظاہر ہونا.

چہرہ بگاڑ دینا/بگاڑنا محاورہ. ۱. شکل کو بدنما بنا دینا، بدصورت بنا دینا، صورت مسخ کر دینا. ۲. ایسا مارنا کہ شکل پہچاننا مشکل ہو، حلیہ بگاڑ دینا.

چہرہ سازی است. چہرہ کی آرائش کرنے یا سنوارنے کا عمل، چہرے کو خوب صورت بنانے کا فن.

چہرہ کرانا ف مر؛ محاورہ. ۱. فوجی محکمے کے رجسٹر میں سپاہی کا اپنا نام پتا اور حلیہ وغیرہ لکھوانا. ۲. شکل دکھانا، تعارف کروانا؛ آمد کی اطلاع دینا.

چہرہ لٹکنا محاورہ. صورت سے تکلیف، مصیبت یا پریشانی کے آثار نمایاں ہونا، شکل مرجھا جانا، شرمندگی یا مایوسی ظاہر ہونا.

چہرہ مہرہ اند. ۱. صورت کے خط و خال، شکل کی بناوٹ، حلیہ، شبیہ؛ منھ اور سر. ۲. کسی چیز کی ہیئت، ساخت اور ظاہری ترکیب.

چِہْرے (کس ج چ، سک ہ) اند.

چہرہ کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

چہرے پر (پہ) ہوائیاں اڑنا محاورہ. صورت سے پریشانی کا ظاہر ہونا، شکل کا بے رونق ہونا، رخ پر الجھن کے آثار ہونا؛ خوف زدہ ہونا، ڈرا سہما ہونا.

چَہْکا (فت ج چ، سک ہ) اند.

۱. اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو اکثر چھتوں یا صحن خانے میں لگایا جاتا ہے. ۲. سطح فرش پر مسالے میں جمائی ہوئی اینٹوں کی تہہ.

چَہْکار (فت ج چ، سک ہ) است.

پرندوں کی (صبح کے وقت یا بہار میں خوشی) کی آواز، پرندوں کا چہچہا، نوا سنجی، نغمہ سرائی.

چَہْکارْنا (فت ج چ، سک ہ، ر) ف ل.

پرندوں کا چہچہانا، چہکنا؛ نغمہ سرائی کرنا.

چَہَکْنا (فت ج چ، فت ہ، سک ک) ف ل.

۱. پرندوں کا چہچہانا. ۲. نغمہ سرائی کرنا.

چھکو ہکو (چھکوں ہکوں) رونا محاورہ. بے تحاشا رونا ، پھوٹ پھوٹ کر رونا ، زار زار رونا .

چہَل (فت ج ج ، ہ) است.
خوشی کی دھوم دھام ، گہما گہمی ، رونق (عموماً پہل کے ساتھ مستعمل) .

چہل پہل است : اند (شاذ) . ا. خوشی کی دھوم دھام ، گہما گہمی ، رونق . ۲. زندہ دلی ، خوش طبعی .

چِہْل (کس نیز فت ج ، فت نیز سک ہ) صف.
چالیس . [ف] .

چہل قدمی است. صحت اور تفریح کے لیے کچھ دور چلنا ، ہوا خوری ، ٹہلنا .

چُہْل (ضم ج ، فت نیز سک ہ) است.
ہنسی مذاق ، دل لگی ، ٹھٹھول ، چھیڑ ، خوش طبعی .

چہل باز صف. ظریف ، خوش طبع ، زندہ دل ، مسخرہ .

چِہْلُم (کس ج ، سک ہ ، ضم ل) (الف) صف.
چالیس سے نسبت رکھنے والا . (ب) اند . ا. رحلت کے بعد تخمیناً چالیسویں دن فاتحہ کی رسم ، چالیسواں . ۲. شہدائے کربلا کے چہلم کی فاتحہ کا دن .

چُہْلنا (ضم ج ، ہ ، سک ل) ف ل.
ہنسی مذاق کرنا ، دل لگی کرنا ، ٹھٹھول کرنا ، چہل کرنا .

چَہیتا (فت ج ج ، ی ج) صف مذ.
جسے بہت چاہا جائے ، محبوب ، منظور نظر ، لاڈلا ، پیارا .

چَہیتی (فت ج ج ، ی مع) صف مث.
چہیتا کی تانیث ؛ منظور نظر ، جسے بہت چاہا جائے .

••• چی (۱) لاحقہ.
تصغیر کے لیے (مرکبات میں مستعمل) ؛ جیسے : صندوقچی ، ڈولچی ، دیگچی .

••• چی (۲) لاحقہ.
صفت کے لیے (مرکبات میں مستعمل) ؛ جیسے : طبل چی ، بندوق چی .

چیاں (کس ج ، ی ج نیز شدی) اند : نیز است.
املی کا بیج جو اس کے پھل (کتاروں) میں سے نکلتا ہے . [س] .

چیاں پڑھنا محاورہ. مرنے والے کے لیے بیجوں (املی کے) پر کلمۂ طیبہ کا ورد کرنا .

چِیاؤں (چیاؤں) بِیاؤں بیاؤں (کس ج ، و مع ، کس پ ، و مع ، کس م ، و مع) است.
ا. چیخ و پکار ، شور و شغب ، بے ہنگم شور ۲. ساز کی بے ہنگم اور بے سری آواز ۳. (مجازاً) اولاد ، بچہ .

چیپ (ی ج) اند : است.
لیس دار اور چپکنے والا مادّہ ؛ لیس دار مادّہ جو پھلوں اور سبزیوں میں سے نکلتا ہے .

چیپ دار صف. لیس دار ، چپکتا ہوا .

چیپَڑ (ی مع ، فت پ) اند.
رطوبت جو آنکھ سے نکل کر گوشۂ چشم اور پلکوں پر جم جائے ، آنکھ کا کیچڑ .

چیپْنا (ی ج ، سک پ) ف م.
ا. چپکانا ، جوڑنا ، لگانا ۲. کسی بات ، کام یا شے کو دوسرے کے سر منڈھ دینا ؛ سر لگا دینا ۳. (ہاتھ سے) تھپکنا . [س] .

چیپی (ی ج) است.
ا. کاغذ کی چھوٹی دھجی جو پھٹے ہوئے کاغذ وغیرہ پر چپکائی جائے . ۲. (پتنگ بازی) کاغذ جس سے پھٹی ہوئی پتنگ کو پیوند دیا جاتا ہے . ۳. رطوبت ، مادّہ ، ست ۴. کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا جو پیوند کاری کے کام آئے .

چَیت (ی لین) اند.
ہندی تقویم میں پھاگن اور بیساکھ کے مہینوں کے درمیان کا مہینہ جو مارچ اپریل میں پڑتا ہے . [س] .

چیتا (ی مع) اند.
شیر اور بلی کے خاندان کی شکل وصورت والا ایک درندہ جو رفتار میں تیز ترین جانور ہے . [س] .

چیتَل (ی مع ، فت ت) (الف) اند.
بارہ سنگھے کی ایک قسم رنگ بھورا یا زرد اور جسم پر چھوٹے چھوٹے سفید گل ہوتے ہیں . (ب) صف. چتیوں والے جانور ، چیتا . [س] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چِیتھڑا (ی مع، سک تھ) اند.
پرانے کپڑے کا ٹکڑا، لیر، لتا، گودڑ، دھجی. ۲. (مجازاً) کمزور یا حقیر شخص.

چِیتھڑے (ی مع، سک تھ) اند.
چیتھڑا کی جمع (تراکیب و محاورات میں مستعمل) ؛ پرانے کپڑے کا ٹکڑا، گودڑ.

چیتھڑے اُڑانا محاورہ. لتے لینا، درست کرنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا.

چیتھڑے اڑنا محاورہ. پارہ پارہ ہونا، قلع قمع ہونا.

چی چاں است.
بے سری آواز، شور وغل. [حکایت الصوت].

چِیچْڑی (ی مع، سک چ) است.
جوں کی شکل سے ملتا ہوا، قدرے لمبا کیڑا جو کتے، گائے، بھینس، بھیڑ، دنبے کے مختلف حصوں میں نہایت سختی سے چمٹا رہتا ہے اور ان کا خون چوستا ہے.

چیچَک (ی مج، فت چ) است.
(طب) ایک بیماری جس میں چھوٹے بڑے دانے یا پھنسیاں تمام بدن پر نکلتے ہیں، اس کے ساتھ عموماً سر اور کمر میں درد اور بخار ہوتا ہے.

چیچک زدہ صف. جسے چیچک ہو جائے.

چِیخ (ی مع) است.
زور دار آواز جو رنج و غم، درد و کرب یا خوف وغیرہ کی حالت میں حلق سے نکلے، زور دار آواز. [س].

چیخ (و) پکار است. ۱. بلند پر جوش آوازیں، ہاو ہو، شور و غوغا. ۲. کسی امر پر توجہ دلانے کے لیے مسلسل آواز اٹھانے کا عمل.

چِیخْنا (ی مع، سک خ) ف ل.
بلند آواز سے پکارنا، شور وغل کرنا، واویلا کرنا.

چیخنا چلانا ف مر. بلند آواز سے پکارنا، شور وغل کرنا، واویلا کرنا.

چِیدَہ (ی مع، فت د) صف.
منتخب، چھانٹا ہوا ؛ چنا ہوا، عمدہ، پسندیدہ.

چیدہ چیدہ (الف) صف. اچھے اچھے، عمدہ عمدہ، منتخب، خاص خاص.

(ب) م ف. کہیں کہیں سے، جستہ جستہ.

چِیر(۱) (ی مع) است.
۱. دھجی، لیر، کترن. ۲. کپڑا، لباس، دوپٹا. [س].

چِیر(۲) (ی مع) است.
۱. شگاف، زخم، درز. ۲. کسی چیز کو درمیان سے کاٹ کر بنائے ہوئے حصے.

چیر پھاڑ است. چیرنے پھاڑنے کا عمل، جراحی کا عمل.

چیر ڈالنا ف مر. کاٹنا، پھاڑ دینا.

چِیرا (ی مع) اند : ~ چیرہ.
شگاف، نشتر کا شگاف، آپریشن. اف : دینا / لگانا / لگنا.

چِیرْز (کس چ، فت ی، سک ر) فقرہ.
بطور فجائیہ، داد، نعرۂ تحسین. [انگ].

چیرْمین (فت ج چ، ی، سک ر، ی مج) اند.
صدر محکمہ، میر مجلس، کسی ادارے کا سربراہ، تنظیمی ڈھانچے یا اس کے شعبے کا صدر. [انگ].

چِیرْنا (ی مع، سک ر) ف م.
۱. پھاڑنا، ٹکڑے کرنا، شگاف دینا، شق کرنا ؛ کھولنا. ۲. پیرنا، پانی کاٹنا. [س].

چِیرَہ (ی مع، فت ر) صف.
دلیر ؛ غالب، فتح مند ؛ سرکش، منھ زور ؛ زور آور. [ف].

چیرہ دست صف. غالب، فتح مند، زور آور، زبردست ؛ ماہر ؛ چابک دست.

چیرہ دستی است. ۱. غلبہ، طاقت، برتری. ۲. زبردستی، ظلم ؛ سرکشی.

چیری (ی مج) است.
آلو بالو، شاہ دانہ. [انگ].

چِیڑ/ چِیڑھ (ی مع) اند.
ایک درخت جو ستر فٹ اور کبھی اس سے بھی زیادہ بلند ہوتا ہے، تنا لمبا اور سیدھا، پتے قدرے چوڑے، لمبے، اس کی لکڑی عمارت، سامان آرائش اور صندوق وغیرہ بنانے میں کام آتی ہے، دیودار، صنوبر، ہندی. [س].

چیز (۱) (ی مع) اث.
۱. شے ، جنس ، سامان ۲. حقیقت ، وقعت ؛ رونق ۳. مٹھائی ، شیرینی (بچوں کو دی جائے).

چیز دیگر صف. مختلف ، اور بات ؛ الگ بات.

چیز (۲) (ی مع) اند.
پنیر. [انگ].

چیزے (ی مع) م ف.
تھوڑا سا ، ذرا سا ، کسی قدر ؛ قدرے.

چیس (ی مع) اث.
ٹیس ، تپک ۲. جھٹکا ، سنسناہٹ ، جھنجھناہٹ.

چیستاں (ی مع ، سک س) اث.
۱. علامتیں دے کر کسی شے کے نام کے متعلق سوال جس کا جواب دینا مشکل ہو ، پہیلی ، معما ۲. گھما پھرا کر یا خفیہ انداز میں کوئی بات بیان کرنے کا عمل ، چھپا کر بات کہنے کا انداز جو آسانی سمجھ میں نہ آسکے.

چیف (ی مع) صف ؛ اند.
۱. اعلیٰ ، افضل ، سب سے بڑا ، سربراہ ، برتر ۲. سردار ، کسی محکمے کا اعلیٰ عہدہ دار . [انگ].

چیف جسٹس اند. صدرالصدور ، اعلیٰ جج ، عدالت عالیہ کا سربراہ.

چیک (۱) (ی مج) اند.
بینک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم نامہ ، بینک کی طرف سے جاری کردہ اختیاری سلپ. [انگ].

چیک بک اث. بینک کا جاری کردہ سادہ چیکوں کا مجموعہ ، سادہ چیکوں کا کتابچہ. [انگ].

چیک (۲) (ی مج) اث.
جانچ پڑتال ، چھان بین ، تنقیح ، جائزہ. [انگ].

چیک (۳) (ی مج) اند.
چارخانہ کپڑا ، چھوٹے چھوٹے خانوں والا ڈیزائن. [انگ].

چیکٹ (ی مع ، فت ک). (الف) صف.
چکنا میلا ، سیاہ ، گندا ، جو میل اور چکناہٹ سے سیاہ ہو جائے.
(ب) اند. ۱. چراغ کی گاد ، تیل کی گاد ، گندگی ، میل ۲. مٹی جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہو جائے.

چیکنگ (ی مج ، کس ک ، مغنہ) اث.
جانچ پڑتال ، معائنہ. [انگ].

چیکو (ی مع ، و مع) اند.
آلو کی شکل کا بھورے رنگ کا ایک بیج دار پھل ، نرم اور شیریں غذائیت بہت زیادہ ، چھلکا آسانی سے اتر جاتا ہے. [مقامی].

چیل (ی مع) اث.
مردار خور پرند جس کا رنگ بھورا ، چونچ اور پنجے مڑے ہوئے گدھ سے چھوٹا اور کوے سے بڑا ہوتا ہے گوشت اور گوشت پوست والے چھوٹے پرندوں اور چوزوں کو پنجوں سے جھپٹ کے لے اڑتا ہے (باز سے مشابہ) ، زغن. [س].

چیل جھپٹا کرنا ف مر ؛ محاورہ. چھین لینا ، دفعۃً کسی چیز کو لے لینا ، چھینا جھپٹی کرنا ؛ نوچا کھسوٹی کرنا.

چیل کووں کو بوٹیاں کھلانا محاورہ. سخت سے سخت سزا دینا ، ٹکڑے ٹکڑے کر کے مروا ڈالنا.

چیلا (ی مج) اند.
۱. بندہ ، غلام ، ملازم ۲. شاگرد . کسی پیر ، گرو یا فقیر کا مرید ، عقیدت مند ، پیرو ، چیلہ . [س].

چیلے (ی مج) اند ؛ ج.
چیلا کی جمع یا مغیرہ حالت ، (تراکیب میں مستعمل) ، کسی پیر یا گرو کا مرید.

چیلے چانٹے / چاٹے اند. (عموماً جمع میں مستعمل). کسی پیر ، گرو یا فقیر کا مرید ، عقیدت مند ، پیرو.

چیمبر (ی لین ، سک م ، فت ب) اند.
۱. آتشیں اسلحہ میں کارتوس رکھنے کے لیے بنا ہوا خانہ ، کوٹھی ، (بندوق کا) کلہ دان ۲. افسران وغیرہ کا نجی کمرہ ؛ خلوت گاہ ، ایوان عدالت ایوان پارلیمنٹ ۳. (انجینیری) خانہ ، مشین وغیرہ کا کوئی حصہ ، جوف ۴. کلب ، ادارہ ، انجمن . [انگ].

چَیمْپِئَن / چَیمْپِیَن (ی لین ، سک م ، کس ع پ ، فت ء / کس ع پ ، فت ی) اند .
۱. کھیل میں سب پر سبقت لے جانے والا ، سب سے جیتنے والا ، فاتح .
۲. حمایتی . [انگ] .

چَین (ی لین) اند .
قرار ، سکون ، راحت ، آرام (اضطراب اور بے چینی کی ضد) . [س] .

چیں (۱) (ی مع) است .
۱. باریک سلوٹ (جو عموماً غصے یا ناراضی کی حالت میں پیشانی اور بھوں پر آتی ہے) ، شکن ۲. بل ، سلوٹ ، چنٹ ۳. جھری . [ف] .

چیں بجبیں ہونا محاورہ . تیوری پر بل ڈالنا ، ناراض ہونا .

چیں (۲) (ی مع) است : اند .
۱. چڑیا کی آواز ۲. باریک آواز ، نحیف آواز ؛ بیزاری یا ناگواری کے اظہار کی آواز ، بگڑنے یا غصہ ظاہر کرنے کا کلمہ .

چیں بول جانا/بولنا محاورہ . ہار ماننا ، مات کھانا ، عاجز آنا .

چیں پیں است . بے معنی آواز ، جلدی جلدی بولنے کی آواز ، شور وغل .

• • • چیں (ی مع) لاحقہ .
چننے والا ، تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل ، جیسے : گل چیں ، نکتہ چیں ، خوشہ چیں . [ف] .

چین (ی مع) است .
۱. سونے چاندی یا کسی دوسری دھات کی بہت چھوٹے حلقوں سے بنائی ہوئی زنجیر (جو عموماً جیبی گھڑیوں یا زیورات میں لگائی جاتی ہے) .
۲. لوہے یا کسی اور دھات کے بنے ہوئے حلقوں کا سلسلہ (جو کسی چیز کو باندھنے یا کسی اور مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے) ، زنجیر .
۳. کنگورے دار بیل جو دوپٹوں وغیرہ پر ٹانکی جاتی ہے . [انگ] .

چینَک (ی مع ، فت ن) است .
دھات یا تام چینی کی چھوٹی کیتلی جو چھوٹی چھوٹی پیالیوں کے ساتھ (عموماً) ہوٹلوں میں استعمال ہوتی ہے ، چائے دانی . [مقامی] .

چَینَل (ی لین ، فت ن) است : اند .
۱. بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ ، کھاڑی ، نہر . ۲. (ریڈیو ، ٹیلی ویژن) فریکوئنسیوں کا وہ بینڈ جس پر پروگرام نشر کیا جائے . [انگ] .

چینی (ی مع) . (الف) صف .
ملک چین کی طرف منسوب یا چین سے متعلق ، چین کا ، چین کی زبان .
(ب) اند . چین کا باشندہ ، چین کا رہنے والا شخص . (ج) است . ۱. سفید اور عمدہ قسم کی دانہ دار یا پسی ہوئی قند ۲. برتن بنانے کی ایک خاص طرح کی کھریا مٹی ، نہایت سفید چکنی مٹی ، اس مٹی کا برتن نیز دوسری سفید چکنی چمک دار چیز .

• • • چینی (ی مع) لاحقہ .
چین کا فعل یا حالت ، تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل ؛ جیسے : خوشہ چینی ، نکتہ چینی .

چِیُونْٹا (کس چ ، ی خ ، و مع ، مغ ، نیزی مع ، سک و ، مغ) اند .
چیونٹی سے بڑا کیڑا جو کالے لال اور بھورے رنگ کا اور شکل و صورت میں اسی کی طرح ہوتا ہے .

چِیُونْٹی (کس چ ، ی خ ، و مع ، مغ ، نیزی مع ، سک و ، مغ) . (الف) است .
حشرات الارض میں سے ایک چھوٹا سا کیڑا جس کے چھوٹے چھوٹے پیر ہوتے ہیں رنگ میں سیاہ بھوری اور لال ہوتی ہے اس کی قوت شامہ بہت تیز ہوتی ہے . (ب) صف . حقیر ، معمولی ، ادنیٰ ؛ غریب ؛ کمزور .

چیونٹی (چیونٹیوں) بھرا کباب اند ؛ روزمرہ . ۱. جھگڑے کی چیز ، مصیبت کا گھر ، کثیر العیال مرد (جب کسی عورت کی شادی کسی ایسے مرد سے ہوتی ہے جس کے بال بچے ہوں تو عورتیں ایسے مرد کے بارے میں کہتی ہیں) . ۲. عیوب سے بھرپور ، جس میں بہت سے عیوب اور برائیاں ہوں .

چیونٹی کی چال چلنا محاورہ . نہایت آہستگی اور خاموشی سے چلنا .

چیونٹی کے پر لگنا/ نکلنا محاورہ . شامت آنا ، موت کا وقت قریب آنا .

چِیُونْٹِیاں (کس چ ، ی خ ، و مع ، مغ ، کس ٹ نیزی مع ، سک و ، مغ) است : ج .
چیونٹی کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

چیونٹیاں (سی) پھرنا / رینگنا محاورہ . بدن میں سنسناہٹ پیدا ہونا ، سن ہونے یا کسی وجہ سے سوزش ہو جانا .

چھ

چھ حرف : اسث .
اردو حرف تہجی کا چودھواں مصمتہ جو لکھائی میں چ اور ھ (چ + ھ) ملا کر لکھا جاتا ہے ، تحریر میں ''ھ'' کی شمولیت کی وجہ سے ''چ'' کی ہائیہ شکل کہلاتا ہے ، اردو میں تلفظ ''چھے'' . [س] .

چَھ (فت ج چھ) صف .
ا. پانچ اور ایک کا مجموعہ (ہندسوں میں) ٦ ، جو گنتی میں پانچ کے بعد اور سات سے پہلے آتا ہے . [س] .

چھا اسث .
چھانا سے مشتق ، تراکیب میں مستعمل .

چھاجانا ف مر . ا. غالب ہونا ، غلبہ پالینا ٢. ڈھانپ لینا ، پھیل جانا . ٣. بھر جانا ، کسی چیز سے پر ہو جانا .

چھابا امذ .
ٹوکرا ، خوانچہ .

چھابڑی (سک ب) اسث .
چھبڑی ، ٹوکرا ، پھلواں ٹوکرا ؛ خوانچہ .

چھاپ اسث نیز امذ .
دھات کا ٹکڑا ، نگینہ ، ربڑ یا لکڑی جس پر نام وغیرہ کندہ ہو ، (خطوط یا دستاویزات اور کتبوں پر مہر لگانے کی غرض سے) انگوٹھی جس میں مہر کا نگینہ جڑا ہو ، مہر کا عکس ، نقش ، ٹھپا . [س] .

چھاپا/چھاپَہ (فت پ) امذ .
ا. مہر جو کاغذ پر لگائی جاتی ہے ، نیز مہر پر کھدے ہوئے حروف .
٢. چھپائی ، طباعت ، چھاپے جانے کا کام .

چھاپْنا (سک پ) ف م .
عکس اتارنا ، ٹھپا یا مہر لگانا ، طباعت کے عمل سے گزارنا ، طبع کرنا ، نشر کرنا .

چھاتا/چھاتَہ (فت ت) امذ .
ا. کشادہ سینہ ، بڑی چھاتی ٢. (سر پر سایہ کرنے کی) بڑی چھتری ، چھتر .

چھاتی اسث .
ا. گردن کے نیچے سے لے کر پیٹ تک جسم کا اگلا حصہ ، سینہ ، صدر . ٢. سینے کی اندورنی سطح ، پسلیاں ٣. عورت کے سینے کا ابھرا ہوا بٹنی دار حصہ (جس سے بچہ دودھ پیتا ہے) پستان ، چوچی ، تھن ٤. جرأت ، حوصلہ ، ہمت . [س] .

چھاتی پر(پہ) پتھر دھرنا / رکھنا محاورہ . ا. مصائب برداشت کرنے کے لیے دل کو سخت بنا لینا ، مصیبت میں صبر کرنا . ٢. ایسا اخلاقی بوجھ ڈال دینا جو برداشت اور طاقت سے زیادہ ہو .

چھاتی پر سانپ(سا) / لوٹنا محاورہ . ا. دوسرے کی خوبی یا خوش بختی وغیرہ دیکھ کر حسد کرنا . ٢. جس چیز کی آرزو ہو اس کے نہ ملنے سے حسرت یا صدمہ ہونا ، ارمان میں تڑپنا ، دل پر چوٹ لگنا .

چھاتی پر سوار ہونا محاورہ . ہر وقت پیچھے پڑا رہنا ، سر پر مسلط ہونا .

چھاتی پر (پہ)مونگ دلنا محاورہ . پریشان کرنا ، تکلیف دینا ، ستانا ، دکھ یا صدمہ پہنچانا .

چھاتی پھٹنا محاورہ . ا. سخت صدمہ پہنچنا ، غم کی شدت سے بے قرار ہونا ، سخت تکلیف میں ہونا ٢. حسد سے جل جانا ، ناگوار ہونا ؛ دل دکھنا ، برا لگنا .

چھاج امذ .
ا. اناج پھٹکنے اور بینکے ، کنکر اور خراب دانے رول کر نکالنے کا سر کی بانس کی تیلیوں سے بنا ہوا ظرف جس میں پیچھے کی طرف ایک سار اور دائیں بائیں جانب ڈھلواں لگر ہوتی ہے ، آگے کا حصہ پھکی ہوئی چیز کا کوڑا نکالنے کے لیے کھلا رہتا ہے ، سوپ . ٢. وہ آلہ جس سے اناج کو بھوسے سے الگ کرنے کے لیے ہوا پہنچاتے ہیں . [س] .

چھاج بولے تو بولے چھلنی بھی بولی (کیا بولے) جس میں ستر (نوسو) چھید کہاوت . جب کوئی عیب دار ہو کر صاف لوگوں میں بولتا اور دخل دیتا ہے تو اس کی نسبت کہتے ہیں ، بے عیب اعتراض کرے تو کرے لیکن عیب دار کو اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں .

چھاجوں (وج) امذ .
شدت یا کثرت کے اظہار کے لیے (تراکیب میں مستعمل) .

چھاجوں (پانی ؛ مینھ) برسنا / پڑنا / ہونا محاورہ . کثرت اور شدت کے ساتھ بارش ہونا ، بہت بارش ہونا .

چھاج / چھاچھ است.
مکھن نکالنے کے بعد دودھ یا دہی کا باقی جزو جو دودھ سے زیادہ پتلا ہوتا ہے.

چھاگل (فت گ) است.
ا.مشکیزہ ، پکھال ؛ مٹی ، دھات یا چمڑے کا وہ برتن یا کُپّی جس میں پانی بھر کر مسافر اپنے ساتھ لے جاتے ہیں ۲.کوئی سیال چیز شراب یا روغن رکھنے کی چمڑے یا خاص کپڑے کی بنی ہوئی کُپّی . [س].

چھال (۱) است.
ا.درخت کی لکڑی کے اوپر کا پوست ، بکل ۲.کھال ، کسی جسم کے اوپر کا خول یا پوست ، پرت ؛ چھلکا . [س].

چھال (۲) است.
ا. پانی کی چھینٹیں ، پانی کی لہر ، موج ۲.اولوں کی بوچھاڑ ۳. پانی کی تیزرو کی اڑان جو کنارے یا جہاز کے پہلو سے ٹکرا کر پیدا ہو ، لہر ، موج.

چھال (۳) صف.
تیزی ، کڑواہٹ ، جلن ، جھال یا جھل.

چھالا امذ.
آبلہ ، پھپولا.

چھالیا (کس خف نیز سک ل) است ؛ ~ چھالیہ.
ایک درخت اور اس کا گول اوپر سے پھیلا نیچے سے کسی قدر گاؤدم بڑے انگور سے کسی قدر بڑا اور پتھر کی طرح سخت پھل جسے سروتے سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پان میں ڈال کر چباتے ہیں ، سپاری ، ڈلی . [س].

چھان است.
ا.چھلکن ، بھوسا ؛ بھوسی ۲.انتخاب ، تلاش ، تحقیق ۳. چھاننا سے مشتق (تراکیب میں مستعمل).

چھان بین است. حقیقت اور اصل معلوم کرنے کے لیے تجسس و تحقیق ، دریافت ، کھوج ، تلاش.

چھان پھٹک است ا. چھاننا پھٹکنا کا عمل؛ خوب صاف کرنا ۲. دیکھیے : چھان بین.

چھان مارنا محاورہ. جگہ جگہ تلاش کرنا ، بہت جستجو کرنا ، کسی امر کا کھوج لگانے کے لیے جابجا سفر کرنا ، ڈھونڈنا.

چھانا ف م؛ ف ل.
ا. سایہ کرنا ، وسعت دینا ، پاٹنا یا تاننا (چھپر یا کھپریل وغیرہ کا) سائبان بنانا ، چھت ڈالنا ۲.محیط ہونا ، ہجوم کرنا ، چاروں طرف سے گھیر لینا ، گھمنڈ آنا ۳. بھر جانا ، ڈھک جانا ، گھر جانا ، گھٹا ٹوپ میں آجانا ۴. پھیلنا ، دائرہ عمل کا وسیع ہونا ، ہر طرف اثر انداز ہونا ، اثر و رسوخ حاصل کرنا ، غالب آجانا ، غلبہ پانا ۵. کسی حالت یا کیفیت وغیرہ کا طاری یا مسلط ہونا ، دبا لینا ۶.قول یا عمل سے دلوں کو مسخر ، محکوم یا مسحور کر لینا . [س].

چھانٹ (مغ) است.
ا. بہت سی چیزوں میں سے چند کو منتخب یا الگ کرنے کا عمل ، انتخاب ، چناؤ ۲.تراشنے یا کاٹنے کا انداز ، کتر بیونت ، قطع و برید ، تراش. ۳. کپڑے وغیرہ کو تراشنے کے بعد جو چھوٹا سا بیکار ٹکڑا بچ رہے ، ریزہ ، دھجی ، کترن ، کترنیں.

چھانٹ دینا ف مر؛ محاورہ. ا. کتر دینا ، تراش دینا ۲.خارج کرنا ، نکال دینا.

چھانٹنا (مغ ، سک ٹ) ف م.
ا.متعدد چیزوں میں سے کسی چیز کو چن لینا ، منتخب کرنا ، (پسند کر کے) الگ کر دینا ۲.(i) کاٹنا ، کترنا ، درختوں کی شاخیں کاٹنا . (ii) نکال دینا ، اکھاڑ ڈالنا ۳. چرب زبانی کرنا ، باتیں بنانا یا بگھارنا ، بولنا ؛ بحث کرنا ؛ اختیار کرنا ۴. کپڑے کی کتر بیونت کرنا . ۵. الگ کرنا ، صاف کرنا ۶. نکال دینا ، دور کر دینا ۷. اختصار کرنا ، مختصر کرنا. [س].

چھانٹی (مغ) است.
ا.تخفیف ، چھانٹ ۲. انتخاب کر کے الگ کرنے کا عمل.

چھاننا (۱) (سک ن) ف م.
ا.(i) پسی ہوئی چیز کو چھلنی سے گزار کر موٹا باریک الگ الگ کرنا ؛ کسی چیز میں سے اصل اور کوڑا کرکٹ الگ کرنا .(ii) کسی رقیق یا سیال چیز کو صاف کرنا ؛ پھوک اور عرق وغیرہ کو الگ کرنا ۲. جانچنا ، پرکھنا ، پڑتال کرنا ، امتحان کرنا ۳. تلاش کرنا ، دیکھنا بھالنا ، تحقیقات کرنا ، دریافت کرنا ، کھوج لگانا ، ڈھونڈنا ۴. کسی نوک دار آلے سے چھید کرنا ، گودنا ؛ زخمی کرنا . [س].

چھاننا پھٹکنا ف مر؛ محاورہ. خوب صاف کرنا؛ اچھی طرح دیکھ بھال کرنا.

چھاننا (۲) (سک ن) اند.
بڑے سوراخوں والی چھلنی، چھننا، چھلنا. [ار].

چھانو / چھانوں / چھاؤں (مغ / وج) است.
۱. سایہ، پرچھاواں؛ عکس، پرتو، دو چیزوں کے درمیان خفیف مشابہت؛ جھلک، اثر. ۲. کرن، روشنی (عموماً تاروں کے ساتھ مستعمل). ۳. پناہ، حمایت، سرپرستی.

چھاونی / چھاؤنی (وج) است.
۱. مقام جہاں فوج مستقل یا عارضی طور پر رہے، لشکر گاہ، سپاہیوں کی بیرکیں، کیمپ؛ پڑاؤ. ۲. کھپریل، چھپر، خس پوش، سایہ کرنے کی چیز.

چھائیں (ی ج نیز مع) است.
۱. سایہ، بھوت، روح؛ داغ، دھبا. ۲. چھانوں، سایہ.

چھایا / چھایہ (فت ی) است.
۱. سایہ، چھاؤں. ۲. پرچھائیں. ۳. عکس، پرتو، نقل. [س].

چَھب (فت چھ) است.
۱. آرائش، زیبائش، زیب و زینت، شان، سجاوٹ، بناؤ سنگھار.
۲. ناز و انداز، معشوقانہ ادائیں، نخرہ، غمزہ یا شان و شوکت، حسن.
۳. جھلک، مختصر نظارہ. [س].

چَھبّیس (فت چھ، شد ب، ی مع) صف.
بیس اور چھ کا مجموعہ، پچیس اور ایک کا مجموعہ (ہندسوں میں) ۲۶.

چَھبّیسواں (فت چھ، شد ب، ی مع، سک س) صف.
چھبیس سے متعلق، ترتیب میں پچیس کے بعد اور ستائیس سے پہلے آنے والا.

چَھبِیلا (فت چھ، ی مع) صف.
رنگیلا، بانکا، چھیلا، چھب والا؛ خوب صورت، خوش طبع، موزوں.

چَھبِیلی (فت چھ، ی مع) است.
چھبیلا کی تانیث؛ چھب والی، خوب صورت.

چَھپ (فت چھ) است.
پانی پر ہاتھ مارنے یا کسی چیز کے گرنے کی آواز، پانی کی آواز.
[حکایت الصوت].

چھپ چھپ است. پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز، منھ پر پانی ڈالنے یا چھینٹے اڑانے کی آواز؛ کیچڑ یا پانی میں چلنے کی آواز.

چِھپ (کس نیز ضم چھ).
پوشیدہ؛ چھپنا سے مشتق (تراکیب میں مستعمل).

چھپ چھپا کر / کے م ف. خفیہ طور پر، پوشیدہ طور پر، چوری چوری.

چُھپا (کس نیز ضم چھ) صف.
پوشیدہ، خفیہ، مخفی، نہاں.

چھپا رستم صف مذ. ۱. شخص جو کسی بات میں کامل ہو مگر اس کا ہنر لوگوں سے چھپا رہے. ۲. ظاہر میں نیک در پردہ نہایت شریر، بہت فسادی.

چَھپاک (فت چھ) است.
پانی پر ہاتھ مارنے یا منھ پر چھینٹے مارنا یا کسی چیز کے گرنے کی آواز.

چَھپاکا (فت چھ) اند.
کسی چیز پر پانی ڈالنے کی آواز، پانی کے زور کی آواز.

چَھپائی (فت چھ) است.
۱. چھاپنے کا معاوضہ، اجرت، طبع کرانے کی مزدوری (کتاب وغیرہ).
۲. چھاپنے کی حالت، چھاپنے کا عمل.

چُھپانا (ضم چھ) ف م.
۱. پوشیدہ کرنا یا رکھنا، مخفی رکھنا. ۲. دبا دینا، ماند کر دینا، راز ظاہر نہ کرنا.
۳. ڈھانکنا، ڈھکنا، پردہ کرنا.

چُھپائی (ضم چھ) است.
چھپانے یا مخفی کرنے کا عمل.

چُھپتا (ضم چھ، سک پ) م ف.
چھپ کر، پوشیدہ طور پر (عموماً محرفہ شکل چھپتے) تراکیب میں مستعمل.

چھپتا پھرنا ف مر؛ محاورہ. چھپنا، غائب رہنا، کوئی حفاظت کی جگہ تلاش کرنا، جان بچانا، ملنے سے کترانا.

چَھپّر (فت چھ، شد پ بفت نیز بلا شد) اند.
۱. پھوس سے تیار کیا ہوا سائبان، پھوس کی چھت. ۲. (i) جھونپڑی؛ وہ برآمدہ جس کی چھت پھوس کی ہو. (ii) غریب کا گھر، ٹھکانا. [س].

چھپر پھاڑ کر / کے م ف. بغیر وسیلے کے، اچانک، جس جگہ سے امید نہ ہو

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

چھپر کھٹ اند. چھتری اور پوشش والا پلنگ، دلہن کا چھتری دار پلنگ، امیروں کے سونے کی مسہری؛ سائبان اور پردہ دار مسہری.

چَھپّڑ (فت چھ، شد پ بفت) اند.
۱. تالاب، جوہڑ. ۲. برساتی پانی جو اکثر گڑھوں میں بھر جاتا ہے اور ان میں سنگھاڑے، کنول بو دیتے ہیں. ۳. پھوس سے تیار کیا ہوا سائبان.

چھپڑ کرنا محاورہ؛ ف مر. چھپا لینا، چپکے سے لے جانا یا رکھ لینا

چَھپَک (فت چھ، پ) است.
پانی کی آواز، چھپ، تلوار وغیرہ کے چلنے کی آواز.

چَھپکا/چھپّکا (فت چھ، سک پ/شد پ) اند.
۱. پانی یا کسی اور گیلی اور پتلی چیز کا بڑا چھینٹا، تریڑا. ۲. ایک وضع کا چھوٹا سا جال جو دو لکڑیوں میں لگا ہوتا ہے اور اس سے کبوتر باز صیدی کے کبوتر پکڑتے ہیں. ۳. فریب، دام. ۴. ضرب، مار، حملہ (بانک) حریف کے سینے یا پیٹ پر چھری کی نوک کی ضرب جو پار ہو جائے.

چَھپْکانا (فت چھ، سک پ) ف م.
۱. پانی اڑانا، پانی پر ہاتھ مارنا، چھینٹے اڑانا. ۲. بھڑانا، لڑانا، زد لگانا.

چِھپْکِلی (کس چھ، سک پ، فت نیز کس ک) است.
۱. ایک بدصورت رینگنے والا چھوٹا جانور جو عام طور پر گھر کی دیواروں پر رہتا ہے اور مکھیوں، پتنگوں اور چھوٹے کیڑوں کو کھاتا ہے. ۲. (مجازاً) دبلی پتلی عورت. ۳. (مجازاً) شکلیں جو کموڑوں سے مشابہ ہوں.

چَھپَکْنا (فت چھ، پ، سک ک) ف ل.
۱. چھپکانا کا لازم، پانی اڑانا، چھینٹے اڑانا. ۲. (پتنگ کا) آواز کے ساتھ بڑھنا، چھپ چھپ کرنا. ۳. (لڑکی کا) تیزی سے بڑھنا؛ جلدی جوان ہونا.

چُھپَن (ضم چھ، فت پ) است.
پوشیدگی، چھپنے کا عمل.

چُھپَن چھپائی است. ایک کھیل

چھپّن (فت چھ، شد پ بفت نیز بلا شد) صف.
۱. پچاس اور چھ، (ہندسوں میں ۵۶). ۲. بہت زیادہ، لاتعداد.

چَھپْنا (فت چھ، سک پ) ف ل.
۱. نقش و نگار بننا، عکس اترنا. ۲. طبع ہونا، طباعت کے عمل سے گزرنا.

چُھپْنا (ضم نیز کس چھ، سک پ) ف ل.
۱. اوجھل ہونا، پوشیدہ ہونا، مخفی ہونا. ۲. غروب ہونا، ڈوبنا، غائب ہونا روبہ زوال ہونا، ختم ہونا. ۳. پردہ کرنا، اوٹ کرنا، پردے میں رہنا [س].

چَھپّن چُھری (فت چھ، شد پ بفت، ضم چھ) صف مث؛ است.
مشہور مغنیہ جانکی بائی الہ آبادی کا لقب؛ طناز، عشوہ طراز، شوخ طرار، خوش گلو، نغمہ طراز.

چَھپْوانا (فت چھ، سک پ) ف م.
چھاپنا کا تعدیہ، طباعت کے عمل سے گزارنا.

چَھت (فت چھ) است.
۱. مکان کے اوپر کا حصہ جس پر چل پھر سکیں، مکان یا عمارت وغیرہ کے اندر کا بالائی حصہ، سقف. ۲. سائبان، ڈھکا ہوا بالائی حصہ؛ جگہ. [س].

چھت سے آنکھیں لگنا محاورہ. ۱. بہت زیادہ انتظار کرنا، انتظار سے تھک جانا. ۲. کمزور ہو جانا؛ اٹھنے کے قابل نہ رہنا.

چَھتّا (فت چھ، شد ت) اند.
۱. چھت سے پٹا ہوا راستہ، گلی یا بازار جس پر چھت بنی ہوئی ہو؛ مکان کی ڈیوڑھی جس پر صرف چھت ہو پاکھے نہ ہوں. ۲. بھڑوں (زنبوروں) یا شہد کی مکھیوں کے رہنے کا گھر یہ موم کا بنا ہوتا ہے. ۳. کسی چیز کے اکٹھا یا یک جا ہونے کی حالت، گچھا. ۴. گروہ، انبوہ، ٹھٹ. [س].

چَھتْر (فت چھ، ت نیز سک ت و شدت بفت) اند.
۱. بادشاہوں اور دوسری بزرگ و معزز ہستیوں کے سر پر سایہ کرنے والی بڑی چھتری، بڑا چھاتا. ۲. شامیانہ، پناہ گاہ، مامن؛ کبوتروں کے بیٹھنے کی لکڑی جو ان کے خانے میں لگاتے ہیں، ٹھاٹر. [س].

چِھتْر (کس چھ، سک ت) اند.
(پولیس والوں کی اصطلاح) ملزم کی لکڑی یا چمڑے کی پٹی سے پٹائی. [پن].

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

چھَتری (۱) (فت چھ، سک ت) اث.
۱. ہاتھ میں رکھنے کا چھوٹا چھاتا جس کے بیچ میں لکڑی یا لوہے کا ڈنڈا ہوتا ہے اور لوہے کی تیلیاں اور کمانیں اس انداز سے لگائی جاتی ہیں کہ اسے جب چاہیں کھولیں اور جب چاہیں بند کرلیں تیلیوں پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے. ۲. کبوتر کے بیٹھنے کا ٹھاٹر جو بلی گاڑ کر باندھ دیا جاتا ہے. ۳. سایہ؛ سہارا، وسیلہ. [س].

چھَتری (۲) (فت چھ، سک ت) اند.
ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے دوسری ذات نیز اس ذات کا شخص، کھتری. [س].

چھَتنار/چھَتنارا (فت چھ، سک ت) صف.
گھنی چوٹی والا، چھاتے کی شکل کا، بڑا سایہ دار، گھنا، پھیلا ہوا (درخت).

چھَتّہ (فت چھ، شدت بفت) اند.
دیکھیے: چھتا.

••• **چھَتّی** (فت چھ، شدبفت ت) لاحقہ.
مرکبات میں بطور جزو دوم مع چھت والی مستعمل، جیسے: دو چھتی، پرچھتی.

چھَتیا (فت چھ، سک ت) اث.
دیکھیے: چھاتی.

چھَتّیس (فت چھ، شدت، ی مع) صف.
گنتی میں تیس اور چھ کا مجموعہ، پینتیس کے بعد اور سینتیس سے پہلے، (ہندسوں میں) ۳۶. [س].

چھَتّیسی (فت چھ، شدت، ی مع) صف مث.
۱. فریبی، مکار، چالاک. ۲. آوارہ عورت، چھنال، زانیہ جو بظاہر پارسا بنتی ہو.

چھَٹ (فت چھ) م ف؛ ~ جھٹ.
جھٹ؛ فوراً.

چھٹ چھٹا کر م ف.
۱. کم ہوتے ہوتے، گھٹنے کے بعد. ۲. منتخب ہو کر، چھنتے چھنتے.

چھُٹ (ضم چھ) صف.
چھوٹا کی تخفیف، مرکبات میں بطور جزو اول مستعمل.

چھٹ بھَیّا/بھَیّے صف؛ اند. ۱. اناڑی، ناواقف. ۲. عامۃ الناس، عام لوگ. ۳. کم درجے کے لوگ، دوسرے درجے والے.

چھٹ پن/پنا اند؛ ~ چھٹپن. لڑکپن، بچپن، کم سنی.

چھَٹا (فت چھ) صف مذ.
چھے سے منسوب، ترتیب میں پانچ کے بعد کا، ششم. [س].

چھُٹا (ضم چھ) صف مذ: مث: چھٹی.
آزاد، بے قید، چھوڑا ہوا، کھلا ہوا.

چھُٹّا (ضم چھ، شدٹ) اند.
(عو) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، ریزگاری، ٹوٹے ہوئے پیسے.

چھُٹانا (ضم چھ) ف م.
۱. نجات دلانا. ۲. آزاد کرانا، رہا کرا لینا. ۳. رہن شدہ چیز کا واپس لینا. ۴. الگ کرنا، جدا کرنا، ترک کرنا.

چھَٹانک (فت چھ، مغ) اث: اند.
پانچ تولے یا تقریباً دو اونس کا وزن، سیر کا سولھواں حصہ؛ (مجاز) کم، تھوڑا.

چھَٹا ہُوا (فت چھ، ضم و) صف مذ: مث: چھٹی ہوئی.
منتخب، چنا ہوا، منفرد، مشاق، تجربہ کار؛ چال باز، بڑا بدمعاش.

چھَٹائی (فت چھ) اث.
۱. کٹائی، تراش. ۲. چھانٹنے کا عمل، چھانٹی، الگ الگ کرنے کا عمل. ۳. چھان بین؛ چھانٹی، تخفیف.

چھُٹائی (ضم چھ) اث. چھوٹا ہونا، چھوٹا پن.

چھٹائی بڑائی اث. عمر یا مرتبے کا معمولی فرق، کم زیادہ ہونے کی حالت، کمی بیشی.

چھٹتے ہی م ف.
بے سوچے سمجھے، بے جھجک، فوراً.

چھُٹکا (ضم چھ، سک ٹ) صف مذ.
چھوٹا، خرد.

چھُٹکارا (ضم چھ، سک ٹ) اند؛ ~ چھٹکار.
۱. نجات، بخشش، گناہوں کی معافی. ۲. رہائی، قید سے آزادی. ۳. فرصت، چھٹی. ۴. مفر، چھڑاؤ.

چھٹکارا ملنا ف مر؛ محاورہ. نجات ملنا؛ فرصت میسر آنا؛ آزادی حاصل ہونا؛ پیچھا چھوٹنا.

چھٹکانا (کس چھ، سک ٹ) ف م.
۱. ادھر ادھر ڈالنا، پھیلانا، بکھیرنا، چھڑکانا. ۲. نصب کرانا، آراستہ کرانا، چنوانا، جڑوانا.

چھٹکنا (کس نیز فت چھ، فت ٹ، سک ک) ف ل.
۱. بکھرنا، پراگندہ ہونا، پھیلنا، منتشر ہونا. ۲. ابلنا، ابھر آنا، باہر نکلنا، اچھلنا. ۳. اثر پھیلنا، سرایت کر جانا، اثر انداز ہونا. ۴. چمکنا، روشن ہونا.

چھَٹن (فت چھ، ٹ) امث.
۱. صاف کرنے کے بعد بچی ہوئی چیز، بچا کھچا، چھانٹنے کے بعد رہ جانے والی چیز. ۲. کترن، کپڑے کی تراش کے بعد بچنے والا ٹکڑا.

چھَٹنا (فت چھ، سک ٹ) ف ل.
۱. صاف ہونا، دور ہونا. ۲. کم ہونا، تتر بتر ہونا، دور ہونا، ہٹنا. ۳. قطع ہونا، قلم ہونا، ترش جانا، کٹنا. ۴. انتخاب میں آنا، چنا جانا. ۵. علیحدہ ہونا، الگ ہو جانا، بکھر جانا. ۶. ترشنا، نوک بننا (قلم کا)؛ دبلا ہونا، لاغر ہونا.

چھُٹنا (ضم چھ، سک ٹ) ف ل.
۱. آزاد ہونا، رہا ہونا، مخلصی پانا؛ فرصت ملنا. ۲. (آبشار کی چادر کا) زور سے بہنا، (خون یا فوارہ وغیرہ کا) جاری ہونا. ۳. برطرف ہونا، موقوف ہونا؛ ترک ہونا. ۴. (پردے کے ساتھ) پڑنا، لگنا. ۵. بکھرنا، منتشر ہونا. ۶. دغنا، سر ہونا، (آتش بازی یا بندوق وغیرہ کا) داغا جانا.
۷. آنا جانا ختم ہونا؛ ترک تعلق ہونا، واسطہ و مطلب باقی نہ رہنا.
۸. علیحدہ ہونا، جدا ہو جانا، بچھڑنا. ۹. محو ہونا، بھولنا، فراموش ہونا.
۱۰. مٹ جانا، نشان نہ رہنا. ۱۱. چپکی ہوئی چیز کا کھلنا. ۱۲. روانہ ہونا، چل پڑنا. ۱۳. رہن یا گروی کی ہوئی چیز کا آزاد ہونا، واگزاشت ہونا.
۱۴. معاملہ ختم ہو جانا؛ نسبت ٹوٹ جانا، شادی کی بات چیت ختم ہو جانا.

چھَٹنکی (فت نیز ج چھ، فت ٹ، غنہ). (الف) امث.
پانچ تولہ کے برابر وزن یا باٹ. (ب) صف. ۱. چھٹانک بھر کا، معمولی، ہلکا، تھوڑے وزن کا. ۲. تیسرے درجے کا، ادنیٰ، کم رتبہ.

چھَٹُونلنا (فت چھ، وج نیز مع، سک ل) امذ؛ صف.
۱. بچپن؛ نادانی، چھٹاپا. ۲. چھوٹا بچہ، نادان.

چھَٹی (فت چھ). (الف) صف مث.
چھ سے منسوب، ترتیب میں پانچ کے بعد اور سات سے پہلے کی، ششم.
(ب) امث. ۱. رسم جو بچے کی پیدائش کے چھ دن گزرنے کے بعد منائی جاتی ہے اس موقع پر زچہ بچہ کو نہلایا جاتا ہے بچے کا نام رکھا جاتا ہے ۲. چیزیں یا تحفے جو چھٹی کے دن زچہ اور بچہ کے لیے میکے سے آتی ہیں (جیسے: کھلونے، جوڑے، کھچڑی، مٹھائی). ۳. بچہ پیدا ہونے کے بعد کی ایک ہفتے یا چھ روز کی مدت جس کے بعد زچہ چلنے پھرنے کے قابل ہو جاتی ہے.

چھٹی حس امث. انسان کی وہ حس جو کسی خطرے کے وقت بیدار ہوتی ہے اور انسان کسی آنے والے خطرے کے خیال سے چونک پڑتا ہے، وجدان.

چھٹی کا دودھ یاد آنا محاورہ.
مصیبت کے زمانے میں گزشتہ عیش یاد آنا، لاچار و بے بس ہونا، سخت مصیبت میں گھر جانا، نہایت تکلیف پہنچنا.

چھٹی کا دودھ یاد دلانا محاورہ. خوب مارنا پیٹنا، سخت سزا دینا، آڑے ہاتھوں لینا.

چھٹی نہانا محاورہ. بچہ پیدا ہونے کے چھٹے روز کے بعد غسل کرنا.

چھُٹّی (ضم چ، شد ٹ) امث.
۱. تعطیل، تعطیل کا دن، رخصت، اجازت، مدرسہ وغیرہ کے برخاست ہونے پر فرصت کا اعلان. ۲. موقوفی، برطرفی؛ چھٹکارا، مخلصی.

چھٹی کرنا محاورہ. خاتمہ کرنا؛ پیچھا چھڑانا؛ جھگڑا چکانا؛ برطرف کرنا، نکال دینا؛ رخصت دے دینا؛ رخصت لے لینا؛ کام پر جانا موقوف کر دینا.

چھَٹے (فت چھ) امذ.
چھٹا کی مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

چھٹے چھماہے/چھمائے (چھے ماہے) م ف. کبھی کبھی، شاذ و نادر.

چھَجّا / چھَجّہ (فت چھ، شد ج / شد ج بفت) امذ.
چھت روشن دان یا کھڑکی سے آگے بڑھا ہوا حصہ جو بارش اور دھوپ کی روک کے لیے بنایا جاتا ہے، چھت کا بڑھا ہوا حصہ.

چھچھڑا (کس چھ، سک چ) (الف) امذ؛ ~ چھیچھڑا.
گوشت کا نکما اور پتلا حصہ. (ب) صف. لجلجا، لسلسا، نرم، چپچپا.

چھچھورا (کس چھ، وج) صف مذ؛ ~ چھچھورہ.
اوچھا کم ظرف، پیٹ کا ہلکا؛ کمینہ، رذیل؛ نمائشی؛ ادنیٰ، غیر مہذب،

کم مرتبہ؛ عامیانہ خیالات رکھنے والا ۔

چھچھوندر (فت چھ، و مع، مغ، فت د) مث ۔

۱. ایک قسم کا چھوٹا سا چوہا جس کے جسم سے سخت بو آتی ہے اس کا منھ اور بدن عام چوہے سے پتلا اور لمبا ہوتا ہے ۔ یہ رات کو نکلتا ہے ۔ کہتے ہیں کہ اسے دن میں نظر نہیں آتا ۔۲. ایک طرح کی آتش بازی ۔

چھچھلتا (ہوا) (کس چھ، فت چھ، سک ل (ضم و) صف مذ ۔

کسی چیز کی سطح کو چھوتا ہوا گزر جانے والا ، خفیف ، بہت ہلکا (زخم چرکا ، چوٹ وغیرہ) ؛ اچٹتا ہوا ۔

چھچھلتی (ہوئی) (کس چھ، فت چھ، سک ل (ضم و) صف / مث ۔

چھچھلتا (ہوا) کی تانیث ۔ دوسری چیز کو معمولی سی چھو کر گزرتی ہوئی ۔

چھچھلنا (کس چھ، فت چھ، سک ل) ف ل ۔

کسی چیز پر کسی چیز کا بغیر ٹھہرے ہوئے گزر جانا ، چھوتے ہوئے گزر جانا ۔ سرسری طور پر گزر جانا ۔

چھچھورا (کس چھ، و مج) صف مذ ؛ ~ چچھورا ۔

۱. کم ظرف ، پیٹ کا ہلکا ؛ سفلہ ، اوچھا ؛ ذلیل ، کمینہ ، رذیل ۔۲. خود نما ، نمائشی ، عامیانہ خیالات رکھنے اور اظہار کرنے والا ۔۳. غیر مہذب ، مبتذل ، غیر معیاری ؛ کم مرتبہ ۔ [س] ۔

چھچھوراپن / چھچھورپن اند. کمینہ پن ، سفلہ پن ، کمینگی ، بدتہذیبی ۔

چھچھوندر (فت چھ، و مع، مغ، فت د) مث ؛ ~ چچھوندر ۔

۱. ایک وضع کا چوہا جس کا منھ اور بدن عام چوہے سے پتلا اور لمبا ہوتا ہے یہ چوہا عموماً رات کو نکلتا ہے کہتے ہیں کہ اسے دن میں نظر نہیں آتا اس کے جسم سے گھناؤنی بو آتی ہے ، موش کور ۔۲. (آتش باز) ایک وضع کی آتش بازی جو بہت تیز بارود سے قلم کی شکل کی بنائی جاتی ہے ، آگ لگانے پر تڑپتی اور لوٹتی ہوئی نہایت تیزی سے زمین پر ادھر ادھر دوڑتی پھرتی ہے ، آتشی قلم ۔۳. (مجازاً) وہ عورت جو ادھر ادھر لڑائی کرواتی پھرتی ہے ۔ [س] ۔

چھچھوندر بھر جانا محاورہ. کسی چیز کا گل سڑ جانا یا بدبودار ہو جانا ۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل کہاوت. جب کوئی ادنیٰ درجے کا شخص اعلیٰ چیز استعمال کرے تو یہ مثل کہی جاتی ہے ۔

چھدّا (ضم چھ، شد د) اند ۔

۱. بہتان ، تہمت ، الزام ، گلہ شکوہ ۔۲. بہانہ ، حیلہ ۔۳. بار احسان ۔ [س] ۔

چھدا رکھنا محاورہ. ۱. احسان دھرنا ۔۲. الزام دینا ، بہتان لگانا ، تہمت لگانا ۔

چھدرا (کس چھ، سک د) صف مذ ؛ مث : چھدری ۔

۱. کپڑا وغیرہ جس کی بناوٹ میں چھید بنے ہوں ، جھرجھرا ۔۲. جو ملا ہوا نہ ہو ، جس میں فصل واقع ہو ، غیر متصل ؛ گھنا کا نقیض ۔۳. غیر گنجان ، جس میں گھنا پن نہ ہو ؛ جدا جدا ، متفرق ۔ [س] ۔

چھدری ڈاڑھی (کس چھ، سک د) مث ۔

ڈاڑھی جس کے بال معمول سے کم ہوں اور باہم ملے ہوئے نہ نکلے ہوں

چھدنا (کس چھ، سک د) ف ل ۔

سوراخ ہو جانا ، چھید ہونا ، مجروح ہونا ، زخمی ہونا ۔

چھدوانا (کس چھ، سک د) ف م چھید کروانا ۔

چھرا (ضم چھ) اند ۔

ہتھیار جس میں ایک دستے میں لوہے کا ایک دھار دار لمبا ٹکڑا لگا ہوتا ہے ، بڑا چاقو ، گوشت کاٹنے کا ہتھیار ۔

چھرّا / چھرہ (فت چھ، شد ر / شد ر بفت) اند ۔

چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں بھر کر چلائی جاتی ہیں ، سنگ ریزے ۔

چھری (ضم چھ) مث ۔

بند نہ ہونے والا لمبا چاقو ، سبزی ، پھل وغیرہ کاٹنے کا آلہ ۔

چھری پھیرنا محاورہ. ۱. ذبح کرنا ۔۲. رنج دینا ، تکلیف پہنچانا ، ظلم کرنا ۔۳. تباہ و برباد کرنا ۔

چھری (کے) تلے دم لینا محاورہ. صبر و قرار سے کام لینا ؛ ٹھہرنا ، تامل کرنا ۔

چھری (چھریاں) چلنا محاورہ. ۱. ذبح کیا جانا ، چھری پھرنا ، چھری سے کٹنا ؛ چھری کا وار ہونا ۔۲. چھریوں سے لڑائی ہونا ، ان بن رہنا ، فساد رہنا ۔۳. گہرا رنج ہونا ، شدید صدمہ پہنچنا ۔

چھری خربوزے پر گری تو خربوزے کا نقصان خربوزہ چھری پر گرا تو خربوزے کا نقصان کہاوت. ہر طرح غریب کا ہی نقصان ہے چاہے وہ زبردست سے لڑے یا زبردست اس سے لڑے ۔

چھریرا (فت چھ، ی مج نیز لین) صف مذ ؛ مث : چھریری ۔

اکہرے بدن کا ، مائل بہ لاغری ، دبلا پتلا ۔

چَھڑ (فت چھ) است.
۱. پتلا اور لمبا بانس، لمبی ڈنڈی. ۲. کسی دھات وغیرہ کا ڈنڈا. ۳. بالچھڑ (دیکھیے). ۴. چھڑی، دستی بیت، ہاتھ میں رکھنے کی لمبی ڈنڈی. ۵. (استعارۃً) حسینوں کی زلف: نازک بدن، لمبا قد. [س].

چَھڑا (فت چھ) صف مذ: مث: چھڑی.
۱. تنہا، اکیلا. ۲. کنوارا، جس نے شادی نہ کی ہو. ۳. تنہائی پسند شخص: بے یار و مددگار.

چھڑا چھانٹ صف مذ. اکیلا، تنہا، کنوارا، تنہائی پسند شخص.

چُھڑانا (ضم چھ) ف م.
۱. رہا کرانا، آزاد کرانا، نجات دلانا. ۲. (i) علیٰحدہ کرنا، جدا کرانا. (ii) بیچ بچاؤ کرانا: لڑائی میں گتھے ہوؤں کو جدا کرانا. ۳. برخاست کرانا، ملازمت سے الگ کرانا. ۴. دور کرانا، الگ کرنا: جمی یا چپکی چیز کو ہٹانا. ۵. کوئی لت یا عادت ترک کرانا، کسی عادت یا لت سے نجات دلانا. ۶. (مکان، زیور وغیرہ) گروی چیز کو روپیہ ادا کر کے واپس لینا.

چِھڑکاؤ (کس چھ، سک ڑ، وج) امذ.
۱. پانی بہانے یا ہلکی دھار سے ڈالنے کا عمل، پانی کا چھینٹا لگانے کا عمل، آب پاشی. ۲. عموماً (سیال دوائیں) برسانے کا عمل.

چِھڑکنا (کس چھ، فت ڑ، سک ک) ف م.
۱. پانی کی پھواریں ڈالنا، پانی یا کسی سیال چیز کی چھینٹیں پھینکنا، چھینٹا لگانا. ۲. کوئی پسی یا باریک کٹی ہوئی چیز (مثلاً نمک یا سفوف یا افشاں وغیرہ) کو تھوڑا تھوڑا ڈالنا، بُرکنا، بکھیرنا. ۳. نثار کرنا، تصدق کرنا (روپیہ، دولت، جان وغیرہ). [س].

چِھڑنا (کس چھ، سک ڑ) ف ل.
۱. کسی چیز یا بات کا شروع ہونا، آغاز ہونا، ابتدا ہونا. ۲. (نغمہ، گیت، غزل وغیرہ) گایا جانا، گانا شروع ہونا. ۳. چھیڑ چھاڑ ہونا، لڑائی کی ابتدا ہونا، بحث و تکرار ہونا.

چُھڑوانا (ضم چھ، سک ڑ) ف م.
۱. رہائی کروانا. ۲. جدا کرنا، علیٰحدہ کرانا. ۳. آزاد کرانا، پابندی ختم کرانا. ۴. دھوم دھام کرنا: آتش بازی دغوانا.

چَھڑی (۱) (فت چھ) است.
۱. پتلی لکڑی جو لاٹھی سے کم موٹی اور چھوٹی ہوتی ہے، جس کا دستہ عموماً نیم دائرہ کی شکل یا خمیدہ ہوتا ہے اور سیدھی حالت میں اس کی موٹھ ہوتی ہے اور بغیر دستے یا موٹھ کے بھی ہوتی ہے. ۲. لکڑی کا چھوٹا معمولی ٹکڑا. ۳. شاخ، ڈال، ڈنڈی. ۴. سزا دینے کی قمچی، بید.

چَھڑی (۲) (فت چھ) است.
۱. کنواری، غیر شادی شدہ: جس کے بچے نہ ہوں. ۲. تنہا، اکیلی.

چَھکا (فت چھ) صف.
۱. لبریز: مست، چور، سیراب. ۲. چھکانا، چھکنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چھکا چھک صف: م ف. ۱. بھرا ہوا، سیر. ۲. بدمست، سرشار، نشہ میں چور. ۳. پے در پے، یکے بعد دیگرے، یک لخت، فوراً، تیزی سے.

چَھکّا (فت چھ، شد ک) امذ.
۱. چھ سے نسبت رکھنے والا. ۲. گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر چھ نقطے علامتیں ہوں. ۳. (قمار بازی و چوپڑ) داؤ جس میں پانسہ پھینکنے سے چھ کے ہندسے یا چھ نقاط یا چھ علامتوں والا پہلو پڑے. ۴. (کرکٹ) بلے کی وہ زد جس سے گیند بالا ہی بالا میدان کی حد سے باہر جا گرے اور جس پر چھ رن شمار ہوں. ۵. (عو) ہیجڑا. [س].

چُھکا چُھک (فت نیز ضم چھ، چھ) است.
ریل چلنے کی آواز، چھک چھک. [حکایت الصوت].

چَھکّڑ (فت چھ، شد ک بفت) امذ.
۱. تھپڑ، تمانچہ، دوہتڑ، گدی پر مارا جانے والا تھپڑ. ۲. ہوا کا تیز جھونکا، جھکڑ.

چَھکڑا (فت چھ، سک ک) امذ.
۱. دو پہیوں کی لمبی گاڑی جس میں بیل جوتے جاتے ہیں اور جو باربرداری کے لیے استعمال ہوتی ہے. ۲. چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں. ۳. (استعارۃً) طول طویل، لمبا چوڑا (معاملہ قصہ وغیرہ).

چَھکّے (فت چھ، شد ک) امذ.
چھکا کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

چھکے چھوٹنا محاورہ. بے اوسان ہو جانا، کسی بات کی سدھ نہ رہنا،

مدہوش ہو جانا، پریشان ہو جانا، حواس گم ہو جانا، گھبرا جانا.

چھکے چھڑا دینا/ چھڑانا محاورہ. چھکے چھوٹنا کا تعدیہ، گھبرا دینا، پریشان کرنا.

چَھل (۱) (فت چ) اسث.

۱. (معماری) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو، دیوار کی چند گری ہوئی اینٹیں. [س].

چَھل (۲) (فت چ) اند.

مکر، فریب، دھوکا. اف: جانا/ دینا/ رکھنا/ کرنا. [س].

چَھلاّ (فت چ، شد ل) اند.

۱. ہاتھ یا پیر کی انگلیوں میں پہننے کا دھات سے بنا ہوا گول حلقہ، بے نگ کی انگوٹھی. ۲. حلقہ، کنڈل، کڑا. ۳. بالوں میں پڑنے والا حلقہ، بالوں کا حلقہ؛ پیچ. [س].

چھلا چڑھانا ف م: محاورہ. مانع حمل تدبیر کے طور پر رحم کے منھ کو چھلے سے بند کر دینا.

چَھلانگ (فت چ، مغ) اسث.

کود جانے کا عمل، پھلانگ، جست، چوکڑی.

چَھلانگیں (فت چ، مغ، ی ج) اسث: ج.

چھلانگ کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

چھلانگیں بھرنا / مارنا محاورہ. ۱. اُچک اُچک کر چلنا، جست لگاتے جانا، زقند لگانا، اچھل کود کرنا. ۲. تیزی سے آگے بڑھنا، بہت ترقی کرنا.

چَھلاوا / چھلاوَہ (فت چ/ فت و) (الف) اند.

۱. روشنی جو قبرستانوں میں یا دلدلی مقامات پر دکھائی دیتی ہے یہ ہڈیوں کے فاسفورس یا گیس کے ہوا میں آنے سے پیدا ہوتی ہے (جاہل لوگ اسے بھوت سمجھتے ہیں)، غول بیابانی. ۲. شوخی، چنچل پن، چلبلا پن، ناز و ادا. ۳. دھوکا، فریب. (ب) صف. ۱. جسے قرار نہ ہو، جو ابھی کہیں ہو اور ابھی کہیں، پارے کی سی خاصیت رکھنے والا، جادو کی طرح نظر آ کر فوراً غائب ہو جانے والا. ۲. شعبدہ باز، طلسم دکھانے والا.

چِھلائی (کس چ) اسث.

چھیلنا کا اسم مصدر، چھیلنے کا کام یا اُجرت.

چھُلچُھلانا (ضم چ، سک ل، ضم چ) ف م: ف ل.

۱. تیزی کے ساتھ پیشاب کی آواز نکلنا. ۲. (عور) اترانا.

چَھلَک (فت چ، ل) اسث.

لبریزی، لبالب بھری ہوئی سیال رقیق چیز کا (اپنے ظرف سے باہر) گرنے کا عمل و کیفیت، پانی یا کسی رقیق چیز کا کناروں سے اُچھلنے کی کیفیت.

چِھلکا (کس چ، سک ل) اند.

۱. بکل یا پوست جو پھل میوے یا اناج کے دانوں وغیرہ کے اوپر ہوتا ہے. ۲. انڈے کا خول، انڈے کا اوپری حصہ. ۳. (مچھلی وغیرہ کا) سفنا، فلس، کھپرا، کھال. ۴. روئی کا پرت جو ورق کی طرح باریک ہو، پاپڑ. ۵. پپڑی جو کھال سے باریک ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرتی ہے، کھرنڈ، پپڑی. [س].

چَھلکانا (فت چ، سک ل) ف م.

لبالب بھر کر گرا دینا، لبریز چیز کو جنبش دے کر گرا دینا، بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا، ڈھلکانا.

چَھلَکنا (فت چ، ل، سک ک) ف ل.

۱. کسی سیال چیز کا لبالب ہو کر گرنا یا ٹپکنا، ابل کر باہر نکلنا، لبریز ہو کر بہنا. ۲. (مجاز) امنڈنا، نمایاں ہونا. ۳. ضبط سے باہر ہو جانا، امنڈ آنا، بے قابو ہو جانا. [س].

چِھلنا (کس چ، سک ل) ف ل.

۱. خراش آ جانا، رگڑ لگنا، کھال ادھڑ جانا. ۲. ضرب سے کسی پھوڑے یا پھنسی کا کھرنڈ اتر جانا.

چَھلنی (فت چ، سک ل) اسث.

۱. آٹا وغیرہ چھاننے کا آلہ، چھنی. ۲. صاف شدہ، چھانا ہوا.

چھلنی کرنا محاورہ. ۱. کسی چیز کو سوراخ دار بنا دینا، بیکار بنانا. ۲. بہت زیادہ زخمی کرنا، بہت سے زخم لگانا. ۳. تکلیف دینا، دل دکھانا. ۴. زیر زبر کرنا، درہم برہم کرنا، پارہ پارہ کرنا.

چھلنی ہونا محاورہ. ۱. کسی چیز کا سوراخ دار ہونا، بیکار ہونا. ۲. بہت زیادہ زخمی ہونا، دل دکھنا، زیر و زبر ہونا، درہم برہم ہونا، پارہ پارہ ہونا.

چِھلوانا (کس چھ، سک ل) ف م.
چھیلنا کا تعدیہ.

چَھلّے (فت چھ، شد ل) اند ؛ ج.
چھلا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

چھلّے دار صف. گھونگھریالا ؛ جس پر چکنائی کے گول گول داغ یا ترمرے ہوں ؛ گرہ دار ؛ جوڑدار ؛ ریڑھ کی ہڈی والا .۲. چھلّے کی مانند، حلقہ دار.

چَھلیا (فت چھ، سک ل) صف.
دھوکا دینے والا، مکار، فریبی، جعل ساز، شعبدہ باز.

چَھم (فت چھ) است.
پاؤں کے زیور کی آواز، گھنگرو دار زیور کی آواز، گہنے کی آواز، گھنگروؤں کی جھنکار، تراکیب میں یا تکرار کے ساتھ مستعمل. [حکایت الصوت].

چَھماکا (فت چھ) اند.
چھم چھم کی آواز، چھچھاہٹ، گھنگرو یا کسی گھنگرو دار زیور کی آواز.

چَھمَّک (فت چھ، شدم بفت) صف.
۱. نازک، نحیف، کمزور .۲. چمک، نزاکت.

چھمک چھلو صف ست. چمک دمک اور بناؤ سنگھار سے چلنے والی، شوخ و چنچل عورت.

چَھن (فت چھ) است.
۱. شیشہ ٹوٹنے یا تلوار یا دھات کی چیز کے گرنے یا ٹکرانے کی آواز ؛ کسی جلتی ہوئی چیز جیسے توے وغیرہ پر پانی پڑنے کی آواز .۲. گھنگرو کی آواز.
۳. روپوں یا سکوں کے باہم ملنے یا گرنے کی آواز. [حکایت الصوت].

چِھن (کس نیز فت چھ) است.
پل کا دسواں حصہ، سیکنڈ کے دسویں حصے کے برابر وقت، وقت کا چھوٹے سے چھوٹا حصہ، ثانیہ کے ساٹھ حصوں میں سے ایک حصہ. [س].

چُھن (ضم چھ) است.
۱. کڑکڑاتے گھی یا تیل میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز .۲. وہ آواز جو کسی گرم تپتی ہوئی یا جلتی ہوئی چیز پر پانی کے گرنے سے نکلے.
۳. گھنگھروں کی آواز. [حکایت الصوت].

چَھنّا (فت چھ، شد ن) اند ؛ – چھلنا.
بڑی چھلنی، غربال، چھلنا، حلوائیوں کا بڑا کفگیر.

چَھناکا (فت چھ) اند.
۱. شیشہ ٹوٹنے یا تلوار یا دھات کی چیز کے گرنے یا ٹکرانے کی آواز.
۲. کسی چیز کے ٹکرانے کی آواز .۳. مجیرے اور گھنگرو وغیرہ کی آواز ؛ زیور کے بجنے کی آواز .۴. چونکا دینے والی بات، ہل چل، حیرت افروزی.

چھِنال (کس چھ) صف ست.
(فحش، بازاری) فاحشہ، اوباش (عورت)، زانیہ، قحبہ، بدکار عورت.
۲. شہوت پرست .۳. بدذات، شریر، ہوشیار، چالاک، عیارہ، مکارہ.

چَھنٹا (ہُوا) (فت چھ، مغ، ضم و) صف.
۱. دیکھیے: چھٹا (ہوا) .۲. بہترین، اعلیٰ.

چَھند (فت چھ، سک ن) اند.
۱. وزن، بحر، ہندی عروض .۲. (موسیقی) دھرپد جو چار مسجع فقروں سے ترتیب دیا جاتا ہے، الفاظ اور حروف میں یکسانیت یا قافیہ بندی لازمی نہیں اس میں عشق کی نیرنگیاں اور جذبات کا اظہار ہوتا ہے.
۳. بول، اشعار، اشلوک، نظم. [س].

چَھنک (فت چھ، ن) است.
۱. کسک جو کسی درد کی وجہ سے ہو .۲. سونے چاندی کے سکے یا زیور کی آواز، گھنگرو پازیب وغیرہ کی آواز.

چَھنکار (فت چھ، سک ن) است.
۱. چھن چھن کی آواز .۲. روپے کی آواز.

چَھنکنا (فت چھ، ن، سک ک) ف ل.
۱. (روپیہ، چوڑیاں، زنجیر یا ساز کے تاروں سے) چھن کی آواز پیدا ہونا، بجنا، آواز نکلنا، چھنچھناہٹ ہونا .۲. ترچیز کا گرم چیز پر گر کر چھن چھن کی آواز پیدا کرنا یا ختم ہو جانا ؛ جھنجھنا اٹھنا.

چِھنکنا (کس چھ، فت ن، سک ک) ف م.
۱. ناک صاف کرنا، سنکنا (سڑپنا کی ضد) .۲. چھینک آنا ؛ ٹھنکنا.
۳. چھڑکنا.

چھُنگلی (ضم چھ، غنہ، سک گ) امث.
انگوٹھے کی طرف سے پانچویں انگلی.

چھُنگلیا (ضم چھ، مغ، فت گ، سک ل) امث.
ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی.

چھَننا (فت چھ، سک ن) ف ل.
۱. چھاننا (۲) کا لازم، چھید ہو جانا، چھلنی ہو جانا. ۲. صاف ہونا، نتھر کر آنا. ۳. کسی چیز کا آر پار نظر آنا، جھلکنا. ۴. ٹھننا، ان بن ہونا، بحث وتکرار ہونا، دشمنی ہونا، لڑائی ہونا. ۴. دوستی مستحکم ہونا، آپس میں تعلقات بڑھنا، گہرا یارانہ ہونا. ۵. (i) چھاننے کے عمل سے گزرنا، کسی سوراخ دار ظرف سے کسی چیز کا نکلنا. (ii) کسی مائع کا چھن کر ٹپکنا، رسنا. ۶. آر پار ہونا، نکلنا، پار ہو جانا.

چھِننا (کس چھ، سک ن) ف ل.
چھیننا کا لازم، چھن جانا، (کسی کی دولت، چیز وغیرہ) زبردستی لے جانا.

چھَننی (فت چھ، سک ن) امث.
۱. دیکھیے: چھلنی. ۲. بہت زخمی. ۳. چائے وغیرہ چھاننے کا چھوٹا ظرف.

چھنی چھنائی صف مث. صاف ستھری، سنواری ہوئی.

چھُو (مع) امث.
۱. کچھ پڑھ کر کسی چیز پر پھونکنے کی آواز، منتر، دم، دعا. ۲. سانس لینے کی آواز، آواز جس سے کتے کو شکار پر چھوڑتے ہیں. [حکایت الصوت].

چھومنتر اند. ۱. جادو ٹونا، جادو، پڑھ کر پھونکنے کا عمل، جھاڑ پھونک. ۲. غائب ہو جانا، ختم ہو جانا.

چھُوت (مع) (الف) امث.
۱. ناپاکی، نجاست. ۲. بکتر، نیچ، نسلی اعتبار سے نچلے درجہ کا. ۳. اڑ کر لگنے والی بیماری. (ب) صف. نجس، ناپاک، ناپاک آدمی کا سایہ.

چھُوٹ (مع) (الف) امث.
۱. خلاصی، رہائی. ۲. چھٹکارا، فرصت، مہلت. ۳. آزادی، اجازت. ۴. تخفیف، کمی، رعایت، (بیشتر قیمت، محصول، لگان وغیرہ میں). ۵. چمک دمک، پرتو، عکس، روشنی، اثر. ۶. بے تکلفی، گالم گلوچ کے تعلقات، برابر کے بے تکلف تعلقات، عریاں یا گندی گفتگو کا اذن. [س].

چھوٹا (وج) صف مذ.
۱. کمینہ، نیچ، بدذات. ۲. (مرتبہ، عہدہ یا عمر وغیرہ میں) کم، بڑے کا نقیض. ۳. (جسامت، سائز یا وسعت میں) کم، مختصر. ۴. (آبادی یا رقبے کے لحاظ سے) کم، محدود. ۵. معمولی، ادنیٰ. [س].

چھوٹا کاف اند. حرف 'ک' ('ق' سے ممیز کرنے کے لیے)، مرکز والا کاف.

چھوٹا گوشت اند. بکرے، دنبے وغیرہ کا گوشت.

چھوٹا منھ (اور) بڑی بات کہاوت. ۱. اپنے حوصلے سے بڑھ کر بات کہنی، تھوڑے سے پر شیخی بگھارنی، بڑے بوڑھوں کی عیب گیری کرنی، ادنیٰ کا اعلیٰ دعویٰ کرنا.

چھُوٹنا (مع، سک ٹ) ف ل.
۱. ترک ہونا. ۲. جدا ہونا، علیحدہ ہونا، بچھڑنا. ۳. رہا ہونا، آزاد ہونا، نجات پانا. ۴. فارغ ہونا. ۵. گرنا، نکلنا، اوپر بندھی ہوئی چیز کھل کر نیچے آنا، بکھرنا. ۶. گرنا (کسی چیز کا ہاتھ سے چھوٹ کر)، گرفت سے نکل جانا. ۷. بھول جانا، رہ جانا، ذہن سے نکل جانا. ۸. روانہ ہونا (کسی سواری وغیرہ کا)، سواری وغیرہ میں سوار ہونے سے رہ جانا. ۹. دغنا، سر ہونا، چلنا (آتش بازی، بندوق، توپ، تیر وغیرہ کا). ۱۰. (قانون) بری ہونا، رہائی پانا، آزاد ہونا. ۱۱. زائل ہونا، مٹنا، دھلنا (داغ، دھبے وغیرہ کا). ۱۲. تحریر یا تقریر میں سہواً کسی بات کا رہ جانا. ۱۳. انزال ہونا.

چھوٹی (وج) صف مث.
چھوٹا کی تانیث.

چھوٹی (سو) کھوٹی کہاوت. کم سن نادان کی نسبت کہتے ہیں، چھوٹے کم عقل ہوتے ہیں.

چھوٹی ے مث. یائے معروف (ی)، گول یا، بڑی یا (یائے مجہول) کے بالمقابل.

چھوٹے (وج) اند.
چھوٹا کی جمع یا مغیرہ شکل.

چھوٹے دل کا صف مذ. ا. کنجوس. ۲. پست ہمت، کم حوصلہ. ۳. حاسد، تنگ نظر.

چھوچک/ چھوچھک (ومع، فت چ/فت چھ) است نیز اند.
چھٹی کے روز زچہ کے میکے سے آنے والا سامان، تحفہ جات جو اس موقع پر دیے جائیں.

چھورا (وج) اند.
چھوکرا، لڑکا؛ غلام.

چھوری (وج) است.
چھورا کی تانیث، لڑکی، چھوکری.

چھوڑ (وج) (الف) م ف.
ا. بجائے، سوائے، علاوہ. ۲. علیٰحدہ کر کے، ایک طرف کر کے. (ب) چھوڑنا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چھوڑ چھاڑ م ف. ہر چیز سے بے نیاز ہو کر، ترک کر کے، بے فکر ہو کر.

چھوڑنا (وج، سک ڑ) ف م.
ا. ترک کرنا، تیاگنا. ۲. ترک محبت کرنا؛ ترک تعلق کرنا. ۳. الگ ہونا، دور ہونا، باز آنا. ۴. ترک عادت کرنا. ۵. رہا کرنا، آزاد کرنا. ۶. گرفت ہٹا لینا، ہاتھ سے جانے دینا. ۷. آتش بازی، بندوق، توپ اور تیر وغیرہ کا چلانا، فیر کرنا. ۸. حملہ کرنا؛ مارنا. ۹. درگزر کرنا، معاف کرنا. ۱۰. گرانا، ڈالنا (پردے اور چلمن وغیرہ کے ساتھ). ۱۱. استعفا دینا، نوکری سے علیحدگی اختیار کرنا. ۱۲. تیل یا گھی میں ڈالنا، بگھارنا، تلنا. ۱۳. (لٹ، زلف وغیرہ کے ساتھ) لہرانا، بکھیرنا، لٹکانا. ۱۴. طلاق دے دینا، میاں بیوی کا علیحدہ ہو جانا. ۱۵. کسی کام کو پورا کر کے دم لینا، کوئی بات کیے بغیر نہ رہنا. ۱۶. جھپٹانا، دوڑانا (کسی شکار کرنے والے پرند یا حیوان کا). ۱۷. باز آنا (کسی چیز کے لینے یا کوئی بات کہنے سے)، کسی کام سے رکنا. ۱۸. منحصر کرنا، حوالے کرنا؛ موقوف کرنا (پر کے ساتھ). ۱۹. باقی رکھنا. ۲۰. یادگار کے طور پر دینا. ۲۱. دوسری جگہ جا رہنا، ہجرت کرنا؛ ایک گھر سے دوسرے گھر جانا. ۲۲. ہمت ہارنا، بزدلی دکھانا. ۲۳. رکھنا، ڈالنا. ۲۴. (بات یا شگوفے وغیرہ کے ساتھ) پھیلانا، (لوگوں تک) پہنچانا. [س].

چھوڑو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا کہاوت.
جو نقصان کر دیا سو کر دیا، اب پیچھا چھوڑو؛ ہم جیسے بھی ہیں اچھے ہیں.

چھوکرا (وج، سک ک) اند.
ا. لڑکا، نو عمر، جس کی داڑھی مونچھ ابھی نہ نکلی ہو. ۲. ہوٹل یا کارخانے وغیرہ میں کام کرنے والا لڑکا. ۳. بس کا کنڈکٹر، مسافروں سے کرایہ لینے والا، ڈرائیور کا مددگار اور گاڑی صاف کرنے والا لڑکا. ۴. بیٹا، پسر. ۵. کم فہم، نادان، ناتجربہ کار. [س].

چھوکری (وج، سک ک) است.
ا. (i) لڑکی، چھوٹی لڑکی، بیٹی. (ii) ناکتخدا لڑکی، جوان لڑکی. ۲. نادان، ناتجربہ کار. ۳. الھڑ دوشیزہ، لڑکی جو ابھی پروان نہ چڑھی ہو.

چھولا (وج) اند.
چنا، اُبالے یا پکائے ہوئے چنے. [س].

چھولداری (وج، سک ل) است.
ا. چھوٹا خیمہ، چھوٹا ڈیرا (اس میں عموماً ایک یا دو آدمیوں کی جگہ ہوتی ہے).

چھونا (ومع) ف م.
ا. مس کرنا، ہاتھ لگانا. ۲. دوڑ میں کسی کو پکڑ لینا، جا لینا. ۳. بہت ہلکی سزا دینا، معمولی تنبیہ کرنا، برائے نام ڈانٹ ڈپٹ کرنا. [س].

چھوئی (ضم چھ، غم و نیز ومع).
چھونا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چھوئی موئی است. ا. ایک پودے کا نام جس کے پتے ببول کے پتوں کی طرح اور پھول بہت چھوٹے چھوٹے ارغوانی رنگ کے ہوتے ہیں، اس کے پتے آدمی کے ہاتھ لگانے سے بلکہ سائے تک سے مرجھا جاتے ہیں، لاجونتی. ۲. نہایت نازک اور کمزور.

چھہتّر (کس چھ، فت ہ، شدت بفت) صف؛ عدد.
ستر اور چھ کا مجموعہ، (ہندسوں میں) ۷۶.

چھی (الف) حرف تنفر.
تف، تھوتھو، اخ تھو، گندا، خراب (بچوں سے خطاب کرنے میں مستعمل). (ب) است. گوہ، پیخانہ (بیشتر بچوں کے ساتھ). اف: کرانا/ کرنا/ ہونا. [س].

چھیاسٹھ (کس چھ، فت س) صف؛ عدد.
ساٹھ اور چھ؛ چھ اوپر ساٹھ، (ہندسوں میں) ٦٦.

چھیاسی (کس چھ) صف؛ عدد.
اسی اور چھ، چھ اوپر اسی؛ (ہندسوں میں) ٨٦.

چھیالیس (کس چھ، ی مع) صف؛ عدد.
چالیس اور چھ، چھ اوپر چالیس، (ہندسوں میں) ٤٦.

چھیانوے (کس چھ، سک ن) صف؛ عدد.
نوے اور چھ، چھ اوپر نوے، (ہندسوں میں) ٩٦.

چھیپا (ی مع) صف.
منقش لکڑی کے ٹکڑوں سے کپڑے پر رنگین بیل بوٹے چھاپنے والا کاری گر، چھینٹ تیار کرنے والا کاری گر.

چھیتنا (ی مج، سک ت) ف م.
١. (رنگائی) رنگنے سے پہلے کورے کپڑے کو بھگو کر مانڈھی نکالنا.
٢. توڑنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا، چورا چورا کرنا، پیٹنا، کوٹنا. [س].

چھی جانا ف ل.
١. کان یا ناک کے سوراخ کا زیور کے بوجھ سے بڑا ہو جانا ٢. سیون کے پاس سے کپڑا پھٹ جانا، سیون ادھڑ جانا، کپڑے اور گوٹے وغیرہ کے تانے بانے کا خفیف طور پر علیحدہ ہو جانا، جھر جھرا ہو جانا.

چھیچڑا / چھیچھڑا (ی مع، سک چ / ی مع، سک چھ) صف؛ اند.
١. بیکار اور پتلا حصہ جو گوشت کے ساتھ لگا ہوتا ہے گوشت صاف کرتے وقت اسے نکال کر پھینک دیتے ہیں ٢. کمزور، نحیف؛ معمولی، ادنیٰ؛ ہیچ.

چھید (ی مج) اند.
سوراخ، رخنہ. [س].

چھیدنا (ی مج، سک د) ف م.
سوراخ کرنا. [س].

چھیڑ (ی مج) است.
١. آزار پہنچانے کا عمل، طعن وطنز؛ بگاڑ ٢. ٹھٹھا، مخول، ہنسی، دل لگی.
٣. نوک جھونک، تنازع، تکرار، لڑائی، معرکہ ٤. چھونا، مساس، ملنے اور لگنے کا عمل ٥. کسی باجے کی حرکت، مضراب زنی ٦. اشتعال انگیزی، رخنہ اندازی، موشگافی.

چھیڑ چھاڑ است. ١. ہنسی مذاق، دل لگی ٢. نوک جھونک ٣. آزار دہی، اشتعال دلانے والی بات، طعن وطنز ٤. تحریک، ابتدا، آغاز.
٥. لڑائی بھڑائی، جنگ جوئی، حملہ آوری ٦. دخل اندازی، مداخلت.
٧. مساس، چہل، لطف اندوزی.

چھیڑ خانی است. ١. ہنسی مذاق، دل لگی ٢. جنگ جوئی، حملہ آوری.
٣. ستانے اور چڑانے کا عمل. اف: کرنا / نکالنا / ہونا.

چھیڑنا (ی مج، سک ڑ) ف م.
١. چھونا، ہاتھ لگانا، مس کرنا ٢. گانا، الاپنا ٣. باجا بجانا، مضراب سے حرکت دینا ٤. خلل ڈالنا، آرام میں مخل ہونا، شرارت کرنا ٥. حقارت آمیز سلوک کرنا، تحقیر کے ساتھ مخاطب کرنا، بھڑکانا، اشتعال دلانا.
٦. جنگ کرنا، ستانا، دق کرنا ٧. مذاق کرنا، دل لگی کرنا ٨. آوازیں کسنا، طعن کرنا؛ لعنت ملامت کرنا ٩. تذکرہ کرنا؛ سنانے کی ابتدا کرنا؛ آغاز کرنا ١٠. کوئی بات یاد دلانا. [س].

چھیکا (ی مع) اند؛ ~ چھینکا.
١. جالی دار ظرف جو عموماً مونج یا ڈوری یا لوہے سے بنایا جاتا ہے، جس میں تین لمبی رسیاں اور نیچے دیگچی وغیرہ رکھنے کے لیے رسیوں یا لوہے کی ایک گول جالی بنائی جاتی ہے، جو عموماً چھت کی کڑیوں میں یا دیواروں میں میخ گاڑ کر لٹکایا جاتا ہے تاکہ چیزیں بلی، چوہے وغیرہ سے محفوظ رہیں ٢. باریک رسیوں کی جالی جو جانوروں کے منہ پر کسی چیز کے کھانے یا کاٹنے سے روکنے کے لیے لگا دیتے ہیں ٣. رسی جس میں ایک ٹوکری بندھی ہوتی ہے، آدمی اس میں بیٹھ جاتا ہے اور اس کو دریا کے دوسری طرف کھینچ لیتے ہیں؛ رسی کا پل.

چھیل (ی لین) صف.
دیکھیے: چھیلا.

چھیل چھبیلا صف؛ اند.
بانکا، رنگیلا، البیلا، ترچھا؛ طرح دار، سوہنا، پر رونق، تاب دار؛ بھڑکیلا.

چھَلا (ی لین) صف مذ.
۱. بانکا، رنگیلا، البیلا، ترچھا؛ سوہنا، پُررونق، تاب دار. ۲. خوب صورت، اچھا بھلا، بھڑکیلا، چمک دار.

چھیلنا (ی مع، سک ل) ف م.
۱. پوست اُتارنا، چھلکا اُتارنا. ۲. خراش ڈالنا. ۳. تکلیف دینا، اذیت پہنچانا؛ زخمی کرنا. ۴. صاف کرنا، بالائی سطح اتارنا؛ (خیالات و افکار) بدل ڈالنا. ۵. کھرچنا، مٹا دینا، اڑانا (بیشتر حروف و نقوش، خیال و فکر کے ساتھ).

چھین (ی مع) است.
چھینا سے مشتق، چھیننے کا عمل، اُچک لینے کی حالت، ہتھیا لینے کا داؤ.

چھین جھپٹ است. کسی چیز کو حاصل کرنے کے لیے اینچا کھینچی، کھینچا تانی، زبردستی یا جھپٹے مار کر لینے کی کوشش، چھیننے کے لیے لپٹ جھپٹ.

چھِینا (ی مع).
چھینا سے مشتق، تراکیب میں مستعمل.

چھینا جھپٹی است نیز مذ. ۱. زبردستی کا. ۲. جھڑپ، معمولی حملہ. اف: کرنا/ ہونا.

چھینٹ (ی مع، مغ) است.
۱. کسی رقیق چیز کے گرنے کا نشان، بوند. ۲. داغ، دھبا. ۳. رنگ برنگ کے پھول بوٹوں کا خوش وضع اور خوش نما چھپا ہوا کپڑا. ۴. مشابہت، شباہت. [س].

چھینٹ پڑنا محاورہ. ۱. داغ دار ہونا، آلودہ ہونا، ملوث ہونا. ۲. خفیف سا اثر ہونا، شائبہ ہونا.

چھینٹا (ی مع، مغ) مذ.
۱. (i) پانی، عرق یا کوئی سیال چیز جو چلو بھر کر یا گلاب پاش وغیرہ سے کسی پر پھینکی یا چھڑکی جائے، چھینٹ. ۲. خفیف بارش، ہلکی پھوار، ترشح. ۳. فریب، مکر، دھوکا. ۴. خفیف ضرب، ہلکی چوٹ. ۵. رنگ برنگ کے پھول بوٹے.

چھینٹا پڑنا محاورہ. ۱. ہلکی سی بارش ہونا، خفیف سا مینھ پڑنا. ۲. مہربانی کرنا، لطف و اکرام کرنا.

چھینٹے (ی مع، مغ) مذ.
چھینٹا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

چھینٹے اُڑانا محاورہ. ۱. ہاتھ سے پانی اُچھالنا. ۲. ذلیل و خوار کرنا، طعن و تشنیع کرنا، الزام لگانا، بہتان لگانا. ۳. پرخچے اُڑانا، کسی کی دھجیاں بکھیرنا.

چھینک (ی مع، مغ) است.
چھینکنے کی آواز، چھینکنے کا عمل. اف: آنا/ پڑنا/ لینا/ ہونا.

چھِینکا (ی مع، مغ) مذ؛ ~ چھکا.
۱. جالی یا لگن جو اشیائے صرف رکھنے کے واسطے لٹکا دیتے ہیں تاکہ چیزیں محفوظ رہیں. ۲. جالی جو چوپایوں کے منھ پر لگا دیتے ہیں. ۳. رسیوں کا پل، رسی جس میں ایک ٹوکری بندھی ہوتی ہے اس میں آدمی بیٹھ جاتا ہے اور اس کو دریا کے دوسری طرف کھینچ لیتے ہیں. ۴. لگن جس میں رسی باندھ کر کھڑکی میں سے لٹکا دیتے ہیں اور نیچے سے دوسرا شخص اس میں چیز رکھ دیتا ہے تو پھر اوپر کھینچ لیتے ہیں. [س].

چھینکنا (ی مع، مغ، سک ک) ف ل.
ناک سے چھیں کی آواز نکلنا، چھینک آنا. [س].

چھیننا (ی مع، سک ن) ف م.
کسی کے ہاتھ یا ملکیت سے زبردستی کوئی چیز لے لینا.

چھینی (ی مج) است.
لوہا یا پتھر کاٹنے یا تراشنے کا چپٹے منھ کا دھار دار اوزار.

ح

ح است.
بہ اعتبار اصوات اردو کا پندرھواں حرف، اسے حائے حطی، اور بڑی ح بھی کہتے ہیں. جمل کے حساب سے اس کی قیمت آٹھ ہوتی ہے عموماً عربی الاصل الفاظ میں آتا ہے.

حابِس (کس ب) صف.
۱. قید کرنے والا، حبس پیدا کرنے والا. ۲. (موسم). [ع].

حاتِم (کس نیز فت ت) (الف) اند.
۱. عرب کے ایک مشہور سخی کا نام جسے قبیلۂ طے کی نسبت سے حاتم طائی بھی کہتے ہیں. اس کی سخاوت و جواں مردی ضرب المثل ہے. یہ (بطور تلمیح مستعمل). (ب) صف. بڑا سخی، فیاض، کریم ؛ بلند حوصلہ شخص. [ع].

حاتم کی گور (تربت / قبر) پر لات مارنا محاورہ. حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا ؛ کسی بخیل سے اتفاقیہ معمولی درجے کی سخاوت ہو جانے پر طنزیہ بھی بولتے ہیں.

حاجات امث.
حاجت کی جمع، ضرورتیں، مرادیں. [ع].

حاجِب (کس ج) (الف) صف.
۱. دربان، پہرہ دار، ڈیوڑھی کا نگہبان، چپراسی. ۲. بادشاہ کے دربار کا ایک عہدہ دار، وزیر مملکت. ۳. پردہ، حائل ؛ روک. (ب) اند. ابرو. [ع].

حاجَت (فت ت) امث ؛ اند.
۱. ضرورت، مراد، آرزو. ۲. پیشاب، پاخانہ (کی ضرورت). [ع].

حاجت بَراری/ بَرآری امث. ۱. ضرورت یا آرزو پوری کرنے کا عمل، مراد برلانے کا عمل. ۲. قضائے حاجت، پاخانہ ہونے یا آنے کا عمل. اف : کرنا/ ہونا.

حاجت روا صف. ضرورت، احتیاج یا آرزو پوری کرنے والا.

حاجت طلب صف. صاحب احتیاج، ضرورت مند، محتاج.

حاجت مند صف. محتاج، ضرورت مند ؛ پریشان حال.

حاجت ہونا محاورہ. پیخانہ لگنا، ہگاسا ہونا، رفع حاجت کی ضرورت پڑنا.

حاجِر (کس ج) صف.
پتھر جیسا ؛ سخت ؛ پتھریلا.

حاجی صف.
فریضہ حج ادا کرنے والا، وہ شخص جس نے حج کیا ہو. [ع].

حاجی بغلول صف. (بطور پھبتی) خبطی بوڑھا، افسانوی کردار، احمق، بدھو.

حادِث (کس د) صف.
۱. نیا (قدیم کی ضد) ؛ نو پیدا شدہ مخلوق. ۲. پیدا، ظاہر، موجود، وقوع پذیر. ۳. زوال قبول کرنے والا، فنا ہونے والا، فانی. [ع].

حادِثات (کس د) صف.
حادثہ کی جمع، سانحات، آفات، غم انگیز واقعات.

حادِثَہ (کس د، فت ث) اند.
نئی بات، سانحہ، افسوس ناک امر، غم انگیز واقعہ، مصیبت یا نئی بات، ناگہانی، خلاف توقع واقعہ. اف : پڑنا/ گزرنا/ ہونا.

حادّہ (شد د بفت) صف.
تنگ، سکڑا ہوا، وسیع کی ضد، چھوٹا، (اقلیدس) قائمہ (زاویہ) سے چھوٹا.

حاذِق (کس ذ) صف.
ہوشیار، ماہر، کامل، فن اور تجربے میں کامل. [ع].

حار صف.
بہت گرم، سخت تپتا ہوا، شدید تپش رکھنے والا. [ع].

حارِث (کس ر) اند.
کسان، کاشت کار، کھیتی باڑی کرنے والا. [ع].

حارِج (کس ر) صف.
رکاوٹ ڈالنے والا، خلل انداز، مزاحم، مانع. [ع].

حاسِد (کس س) صف.
حسد کرنے والا، کسی کی نعمت یا دولت وغیرہ سے جلنے والا، بدخواہ، دشمن. [ع].

حاشا کلمۂ فجائیہ. قسم (انکاری).
۱. ہرگز نہیں. ۲. دور پار، خدا نہ کرے، خدانخواستہ. [ع].

حاشا للہ کلمۂ فجائیہ. خدا نہ کرے، خدانخواستہ.

حاشا و کلا کلمۂ فجائیہ. ہرگز نہیں.

حاشِر (کس ش) اند.
۱. جمع کرنے والا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نام. ۲. حشر سے نسبت رکھنے والا.

حاشِیَہ (کس ش، فت ی) اند.
ا. کپڑے یا کاغذ وغیرہ کے کنارے کی پٹی یا چھپے ہوئے صفحے، سطح کے چاروں طرف چھوڑی ہوئی سادہ جگہ. ۲. متن کتاب کے کسی حصے سے متعلق شرح، یادداشت یا نوٹ جو کتاب میں اس کے حاشیے پر یا کسی اور جگہ درج کیا جائے، فٹ نوٹ. [ع].

حاشیہ آرائی اسث. کسی بات کا بیان میں حقیقت کے خلاف اپنی طرف سے اضافہ یا رنگ آمیزی.

حاشیہ بردار اند. ا. حاضر باش، حالی موالی، درباری، نوکر چاکر، حاشیہ نشین. ۲. گوٹ لگانا، سنجاف لگانا؛ نمک مرچ لگانا.

حاشیہ لکھنا ف مر؛ محاورہ. ا. متن کتاب کی تشریح، توضیح یا تنقید وغیرہ کے لیے نوٹ لکھنا. ۲. سبقت لے جانا، اضافہ کرنا.

حاشیہ لگانا محاورہ. ا. کسی کے کلام کی تفسیر بالرائے لکھنا، ذاتی غرض کے تحت کسی کی بات کا مطلب کچھ سے کچھ بیان کرنا. ۲. گوٹ لگانا، نئے سرے سے سنجاف چڑھانا.

حاشیہ نشین صف. درباری، مصاحب، پاس بیٹھنے والا، خوشامدی.

حاصِل (کس ص) اند.
ا. پیداوار (کھیتی کی). ۲. فائدہ، نفع. ۳. ماحصل، خلاصہ، مقصد. ۴. (ریاضی) عدد یا رقم جو مختلف عددوں کی تقسیم ضرب جمع یا تفریق سے پیدا ہو. ۵. کسی چیز کا بقیہ. ۶. نقدی، آمدنی، وصول شدہ رقم. [ع].

حاصل جمع اند. (ریاضی) جمع کیے ہوئے اعداد کا مجموعہ، میزان، مجموعہ.

حاصل کرنا محاورہ. ا. بہم پہنچانا، دستیاب بنانا. ۲. سیکھنا، استفادہ کرنا. ۳. عمل و ثبوت کے ساتھ نتیجہ نکالنا.

حاصل کلام م ف. القصہ، الغرض، خلاصہ مفہوم یہ کہ.

حاصل نہ حصول فقرہ، روزمرہ.
لاحاصل، بے فائدہ، کچھ فائدہ نہ ملا، کوئی نتیجہ نہیں نکلا.

حاضِر (کس ض) صف.
ا. موجود، جو سامنے ہو (غائب کی ضد)؛ آمادہ، تیار. ۲. (قواعد) ضمیر شخصی جو موجود کے لیے استعمال کی جائے، ضمیر مخاطب. [ع].

حاضر باش اند؛ صف. ہر وقت موجود رہنے والا، مصاحب.

حاضر جواب صف. شخص جو فوراً برمحل اور موزوں بات کہے، بلا تامل معقول جواب دینے والا، فی البدیہہ جواب دینے والا.

حاضر جوابی است. دیکھیے "حاضر جواب" جس کا یہ اسم کیفیت ہے.

حاضر دِماغی است. حاضر دماغ کا اسم کیفیت، ذہانت، توجہ، یکسوئی.

حاضر رہنا محاورہ. ا. موجود رہنا، پاس رہنا. ۲. کھڑا رہنا.

حاضر کرنا محاورہ. کسی کو بلا کر لانا، خدمت میں پیش کرنا، پیش کرنا، سامنے لانا، مہیا کرنا.

حاضر ہونا ف مر؛ محاورہ. آ موجود ہونا، پیش ہونا، سامنے آنا، آنا.

حاضِرات (کس ض) (الف) است.
(عملیات) دعائیں یا منتر پڑھ کر جن، بھوت، پریت اور بد روحوں کو بلانے اور حاضر کرنے کا عمل. (ب) اند. ارواح جن بھوت پریت یا بدروحیں وغیرہ جنھیں عملیات کے ذریعے حاضر کیا جائے. [ع].

حاضری (سک ض) است.
ا. حاضر ہونے کا عمل یا کیفیت، موجودگی، پیشی. ۲. کھانا جو دن میں پہلی مرتبہ کھایا جائے، ناشتا. ۳. کھانا جو بعد دفن میت مرنے والے کے گھر بھیجا جاتا ہے. ۴. کسی بزرگ کی روح یا جن کا کسی مرد و عورت کے حواس پر غالب آ کر اپنی موجودگی کا پتا دینے کا عمل.

حاضری دینا محاورہ. ا. موجود ہو جانا (خصوصاً کار منصبی پر) حاضر ہونا پیش ہونا. ۲. اپنے حاضر ہونے کی اطلاع دینا.

حاضِرِین (کس ض، ی مع) اند؛ ج.
(کسی جلسے وغیرہ میں) موجود اشخاص، مجمع، اہل محفل.

حافِظ (کس ف) صف.
ا. نگہبان، محافظ، حفاظت کرنے والا، پاسبان. ۲. خدا کے ننانوے ناموں میں سے ایک نام. ۳. شخص جسے قرآن زبانی یاد ہو (گاہے بطور لقب نام کے ساتھ)؛ کسی علم یا کتاب کو ازبر کرنے والا (اس علم یا کتاب کی نسبت کے ساتھ). ۴. اندھا، اندھوں کا لقب. [ع].

حافظ جی صف اند. (مجازاً) نابینا ؛ حافظ قرآن بچوں کو قرآن شریف پڑھانے والا ؛ معلم .

حافِظَہ (کس ف ، فت ظ) (الف) صف مث.

حافظ کی تانیث . (ب) اند . یاد رکھنے کی قوت ، قوت جو حواس ظاہری و باطنی کے افعال کو دماغ میں محفوظ رکھتی ہے ، یادداشت ، یاد .

حاکِم (کس ک) اند.

۱.حکومت کرنے والا ، حکمران ، سردار ، عامل ، ناظم ، افسر .۲. مالک ، آقا ؛ نمبردار ، زمین دار . [ع] .

حاکم اعلیٰ صف؛ اند. خدا ، خداوند تعالیٰ ؛ افسر اعلیٰ ، بڑا ، حاکم .

حاکِمِیّت (کس ک ، م ، شدی بفت تیز بلا شد) است .

حکمرانی ؛ سرداری ؛ تسلط .

حال اند.

۱. (i) موجودہ زمانہ . (ii) (قواعد) فعل کی وہ صورت جس سے زمانہ موجودہ کا اظہار ہوتا ہے . (iii) ماضی قریب ، زمانہ جس کو گزرے تھوڑا وقت ہوا ہو .۲. حالت ، کیفیت ، گت .۳. دم خم ، طاقت ، سکت . ۴. سرگزشت ، حالت جو گزری یا گزر رہی ہے ، ماجرا ، واقعہ .۵. ذاتی و واقعی تجربہ ، واردات قلبی ، انسان پر بیتنے والی کیفیت .۶. طور ، طرح . ۷. ایک قسم کی بے خودی ، اضطرابی کیفیت جو محفل سماع یا مجلس میں صوفیانہ کلام سن کر اہلِ دل پر طاری ہوتی ہے .۸. برتاؤ ، سلوک . [ع].

حال احوال اند. خیریت ، خبر و عافیت ، ماجرا ، سرگزشت .

حال آنا محاورہ . وجد آنا ؛ کیفیت طاری ہونا ؛ مست ہو جانا .

حال آنکہ/حالانکہ م ف ؛ ~ حالانکہ . باوجود ، بااین ہمہ ، اگرچہ .

حال بُرا ہونا ف مر؛ محاورہ .۱. بری حالت ہونا ، پریشان ہونا ، اُلجھن میں ہونا ، خستہ و خراب ہونا .۲. صحت خراب ہونا .

حال بے حال ہونا محاورہ . حالت غیر ہونا ، خراب خستہ ہونا ، آپے سے باہر ہو جانا ، ہوش و حواس باختہ ہونا .

حال پر چھوڑنا محاورہ . (کسی کو) تنہا چھوڑ دینا ، لاتعلق ہو جانا ؛ نظر انداز کرنا .

حال پوچھنا ف مر ، محاورہ . خیریت پوچھنا ، سرگزشت دریافت کرنا ، مزاج پرسی کرنا .

حال چال اند . حالت ، کیفیت ، رنگ ڈھنگ ، طور طریق .

حال خراب ہونا محاورہ . زبوں حالی کو پہنچنا .

حال سے بے حال ہونا محاورہ . اچھی حالت سے بُری حالت ہو جانا ، حیثیت بگڑ جانا ، پریشان ہونا ، خستہ حال ہونا .

حال (و) قال اند . حالت اور بیان ، قول اور عمل .

حال میں م ف . موجودہ زمانے میں ، ان دنوں ، ابھی .

حالات اند .

حالت کی جمع .

حالانِکہ (مغ ، کس ک) م ف .

باوجود ، بااین ہمہ .

حالَت (فت ل) است .

۱. حال ، کیفیت .۲. سکت ، قوت ، دم خم ، تاب و تواں .۳. واردات جو انسان پر گزرے ؛ گت ، درجہ . [ع] .

حالت اضافت است . (قواعد) کسی لفظ کی وہ حالت جو اس لفظ کے تعلق کو دوسرے لفظ سے ظاہر کرتی ہے ، مضاف ہونے کی حالت .

حالت بگڑنا محاورہ . مرنے کے قریب ہونا ؛ مرض کا شدید ہو جانا ؛ حالت غیر ہونا .

حالت پتلی ہونا محاورہ . تنگ دستی ہونا ، غربت ہونا ؛ صورتِ احوال بگڑنا .

حالت خراب ہونا ف مر؛ محاورہ . مرنے کے قریب ہونا ، مرض کا شدید ہو جانا ، حالت غیر ہونا .

حالت زار صف ؛ است . بری حالت ، خراب کیفیت ، قابل رحم حالت .

حالت غیر ہونا محاورہ . برا حال کر دینا یا کر لینا ، حالت تباہ کرنا .

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلقِ فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

حالی صفت.
ا. ظاہر، روشن، واضح. ۲. موافق حال، حالت کے مطابق، کیفیت سے معمور، (کسی پر) بیتا یا گزرا ہوا. ۳. (وہ کیفیت) جو حالت و آثار سے ظاہر ہو. ۴. واقف. ۵. حال سے منسوب، زمانہ حال کا، موجودہ. ۶. ہم صحبت، ساتھی، ہم نشیں؛ معاون، مددگار.

حالی موالی اند. ہم نشیں، ساتھی، ہم صحبت؛ مصاحب، درباری، خوشامدی.

حالیہ (کس ل، فت ی) (الف) صف.
حال کا، موجودہ، (کوئی واقعہ یا مسئلہ) جو حال ہی میں پیش آیا ہو. (ب) اند. (قواعد) وہ اسم (صفت) جو فعل کے اختتام پذیر ہونے یا جاری رہنے پر دلالت کرے اور فاعل یا مفعول کی حالت ظاہر کرے. [ع].

حامِد (کس م) صف.
تعریف کرنے والا، حمد کرنے والا. [ع].

حامد کی پگڑی محمود کے سر کہاوت. ایسے موقع پر مستعمل جب کسی کام یا بات کی ذمہ داری دوسرے پر ڈالی جائے.

حامِل (کس م) صف: اند.
ا. اٹھانے والا، بوجھ اٹھانے والا، (اٹھا کر) کسی چیز کا لے جانے اور لانے والا، مزدور، قلی. ۲. کوئی چیز یا صفت رکھنے والا، صاحب. ۳. حاملہ، (کوئی خصوصیت) رکھنے والی. [ع].

حامِلَہ (کس م، فت ل) صف مث.
ا. اٹھانے والی، بوجھ برداشت کرنے والی، بوجھ اٹھانے والی، سامان ڈھونے والی. ۲. جس عورت کے پیٹ میں بچہ ہو، پیٹ والی. [ع].

حامی (۱) صف: اند.
حمایت کرنے والا، مددگار، طرف دار، بچانے والا. [ع].

حامی (۲) اث.
اقرار، یقین؛ ضمانت.

حامی بھرنا محاورہ. کسی عمل کے لیے ہاں کرنا، اقرار کرنا، دم بھرنا، ساتھ دینا، حوصلہ بڑھانا.

حاوی صف.
ا. احاطہ کرنے والا، گھیر لینے والا، استیعاب کرنے والا، محیط. ۲. غالب چھایا ہوا، قابو پانے والا، قابض. ۳. جسے دسترس، قدرت یا عبور حاصل ہو. [ع].

حائِضَہ/حایِضَہ (کس ء، فت ض/کس ی، فت ض) اث.
عورت جس کو حیض آتا ہو؛ عورت جو حالت حیض میں ہو. [ع].

حائِل (کس ء) صف.
بیچ میں آنے والا، باز رکھنے والا، روکنے والا، آڑ، روک. [ع].

حَب (فت ح) اند: اث.
دانہ، بیج، گولی، چھوٹی ٹکیہ. [ع].

حُب (ضم ح) اث: اند (قدیم).
چاہت، لگاؤ، محبت، الفت، پسندیدگی. [ع].

حب الوطن اث. وطن کی محبت، اپنے ملک کی محبت، وطن دوستی.

حب الوطنی اث. وطن سے محبت رکھنے کی حالت، اپنے ملک سے پیار کی کیفیت.

حَباب (فت ح) اند.
ا. پانی کا وہ قطرہ جو ہوا بھرنے سے پھول کر اوپر ابھر آتا ہے اور الٹے پیالے کی شکل کا ہوتا ہے، پانی کا بلبلا. ۲. باریک شیشے کے کنول گولے جو باریک شیشے کے مختلف سائز کے مختلف رنگوں میں ہوتے ہیں اور آراستگی کے لیے مکانوں کی چھتوں یا طاقوں میں لگائے جاتے ہیں، قمقمہ. ۳. شیشے کے گول کھلونے جن میں بچوں کے لیے رنگ دار پانی بھرتے ہیں. ۴. بلبلہ سا جو شیشے میں رہ جاتا ہے، وہ حباب کی شکل جو ہوا بند ہو جانے سے جرم میں شیشے کے رہ جاتی ہے. [ع]

حباب سا صف. ذرا سا، بہت تھوڑا، بلبلے کی طرح کا، تھوڑی دیر کا.

حَبابی (فت ح) (الف) صف.
حباب کی طرح، حباب کے مانند، حباب جیسا. (ب) اث (خانہ داری) ایک ٹکیہ جو میدے، گھی، شکر، زعفران اور دودھ کو ملا کر کڑھائی میں تلتے ہیں اور جس کی شکل گول حباب کے مانند ہوتی ہے، اور تیار ہونے کے بعد اس پر چاشنی ڈالی جاتی ہے.

جِبالَہ (کس ج، فت ل) اند.
رسی، جال، پھندا؛ (مجازاً) رشتہ، عقد.

حَبْس (فت ح، سک ب) اند.
۱. زندان یا خرابے میں سزا کے طور پر بند یا نظر بند رہنے کی حالت، قید، اسیری. ۲. کیفیت جو موسم گرما یا برسات میں ہوا کے بند ہو جانے سے پیدا ہوتی ہے، اُمس، گھٹن. ۳. رکنا، باز رہنا (کسی کام کے کرنے سے). ۴. (طب) رطوبات جسم کا بند کرنا یا ہونا، خون پیشاب وغیرہ کی بندش اور رکاوٹ. ۵. سانس روکنے یا سانس روک کر وظیفہ پڑھنے کا کام یا مدت. [ع].

حبس بے جا صف؛ اند. (قانون) کسی شخص کو زبردستی ان حدود کے اندر رکھنا جس سے وہ باہر ہو جانا چاہتا ہو اور باہر ہو جانے کا استحقاق رکھتا ہو، قید ناجائز، زبردستی کسی کو کہیں بند کر دینا.

حبس دم اند. دم روکنا، سانس کو قابو میں کرنا، سانس کو دیر تک روکنے کا ایک طریقہ جس سے خیال ہے کہ عمر بڑھ جاتی ہے؛ سادھوؤں وغیرہ میں سانس روکنے کی ایک طرح کی عبادت.

حبس دوام اند. زندگی بھر قید میں رکھے جانے کی سزا، عمر قید.

حَبَش / حَبَشَہ (فت ح، ب/فت ح، فت نیز سک ب، فت ش) اند.
مشرقی افریقہ کا ایک ملک جو سوڈان اور صومالیہ کے درمیان واقع ہے؛ (ادب) تاریک ملک، تاریکی، سیاہی.

حَبْشی (فت ح، فت نیز سک ب) صف مذ.
۱. حبش سے منسوب، حبش کا باشندہ، افریقہ کا سیاہ فام باشندہ. ۲. سیاہ فام، کالا. [ع].

حَبْل (فت ح، سک ب) است.
۱. رسی؛ موٹا دھاگا، ڈورا. ۲. (طب) رگ، نالی، ورید. [ع].

حَبَّہ (فت ح، شد ب بفت) اند.
۱. ذرہ بھر، قلیل سے قلیل مقدار (بیشتر نقد یا جنس). ۲. (وزن) ایک جو متوسط؛ بعض کے نزدیک ایک دانگ کا آٹھواں حصہ؛ فقہا کے نزدیک مثقال کے چھتیس جزوں میں سے ایک جزو؛ رتی.

حَبِیب (فت ح، ی مع) اند.
۱. جس سے محبت کی جائے، محبوب، دوست، پیارا. ۲. رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم وصفی. [ع].

حَبِیبَہ (فت ح، ی مع، فت ب) است.
دوست، چہیتی.

حَتْم (فت ح، سک ت) اند.
۱. پکا ارادہ کرنا، مضبوط کرنا، آخری فیصلہ. ۲. قانونی حکم. [ع].

حَتْماً (فت ح، سک ت، تن م بفت) م ف.
قطعی طور پر، یقینی طور پر.

حَتْمی (فت ح، سک ت) صف.
لازمی، یقینی، مضبوط، پختہ، قطعی، مستقل.

حَتّیٰ (فت ح، شدت، بشکل ی) حرف جار.
۱. یہاں تک، اس حد تک، اس درجہ (افراط یا تفریط کی حد تک پہنچ جانے کا اظہار کرنے کے لیے "کہ" کے ساتھ مستعمل). ۲. تک، جہاں، جس قدر (ترکیب میں مستعمل). [ع].

حتی الامکان م ف. جس قدر ممکن ہو، جہاں تک ہو سکے.

حتی المقدور م ف. طاقت بھر، جہاں تک بن پڑے، جس قدر استطاعت یا استعداد ہو.

حتی الوسع م ف. جہاں تک ہو سکے.

حَج (فت ح؛ شد ج بحالت ترکیب) اند.
ارادہ کرنا، قصد کرنا؛ (شریعت) ذوالحجہ کے ایام معین میں مکہ مکرمہ میں بیت اللہ کی زیارت وطواف، وقوف عرفات اور دیگر مناسک ادا کرنا. [ع].

حج اکبر اند. ۱. (عو) بڑا حج، حج جو جمعہ کے دن واقع ہو یعنی یوم العرفہ (نویں ذوالحجہ) کو جمعہ ہو. ۲. مطلق حج (کیونکہ عمرہ کو حج اصغر بھی کہتے ہیں).

حِجاب (کس ح) اند.
۱. نقاب، پردہ، اوٹ، آڑ، پردہ جس کے پیچھے کوئی شے چھپی ہوئی

ہو. ۲. ایک تکونا رومال جو بطور نقاب استعمال کیا جاتا ہے. ۳. حیا، شرم، لحاظ. [ع].

حجاب آنا محاورہ. لجانا، حیا آنا، لحاظ اور خیال ہونا.

حُجّاج (ضم ح، شد ج) اند: ج.
حاج کی جمع، حج کرنے والے، حاجی لوگ.

حَجّام (فت ح، شد ج) صف.
ا. نائی بال کاٹنے والا، موتراش. ۲. شخص جو بعد پچھنا لگانے کے سینگی سے خون کھینچتا ہے، پچھنے لگانے والا، فصد کھولنے والا؛ جراح. [ع].

حَجامَت (فت ح، م) امث.
ا. سر یا داڑھی اور مونچھوں کے بالوں کی صفائی اور درستی جو نائی سے کرائی جائے، موتراشی. ۲. سر، داڑھی اور مونچھوں کے قابل اصلاح بال. ۳. پچھنے لگانے کا کام. [ع].

حجامت بنانا ف مر؛ محاورہ. ا. سر مونڈنا، بال کاٹنا. ۲. لوٹنا، کھسوٹنا، ٹھگنا یا اور کسی تدبیر سے (کسی کا) مال اینٹھنا.

حَجْب (فت ح، سک ج بفت) اند.
چھپانا، پردہ کرنا، اندر آنے سے روکنا؛ (قانون) کسی وارث کے وجود سے دوسرے وارث کی کُل یا جزو ترکہ سے محرومی. [ع].

حُجَّت (ضم ح، شد ج بفت) امث؛ ~ حجۃ.
ا. دلیل، برہان، ثبوت، سند. ۲. بحث، جھگڑا، رد و کد. ۳. ضروری لوازم، لازمی شرط.

حجت تمام کرنا محاورہ. بحث ختم کر دینا، آخری دلیل دینا؛ فیصلہ کن بات کہنا.

حجت کرنا ف مر؛ محاورہ. بحث کرنا، جھگڑا کرنا؛ ضد کرنا، ہٹ دھرمی کرنا.

حِجَّة (فت نیز کس ح، شد ج بفت) اند.
حج، (تراکیب میں مستعمل) جیسے ذی الحجہ. [ع].

حجة الوداع اند. رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری حج جو آپ نے سن ۱۰ ہجری میں کیا تھا.

حُجَّة (ضم ح، شد ج بفت) امث.
دیکھیے: حُجت، تراکیب میں مستعمل.

حُجَّتی (ضم ح، شد ج بفت) صف.
لڑاکا، جھگڑالو؛ غیر ضروری اعتراض کرنے والا، کج بحثی کرنے والا

حَجَر (فت ح، ج) اند.
ا. پتھر، سنگ، چٹان. ۲. مراد: حجر اسود. [ع].

حجر اسود اند. ا. ایک سیاہ پتھر جو کعبے کی دیوار میں نصب ہے. حج کرتے ہوئے حاجی اسے بوسہ دیتے ہیں.

حُجْرا / حُجرہ (ضم ح، سک ج / فت ر) اند.
کمرہ، کوٹھڑی، خلوت خانہ، مسجد کے ایک طرف رہائشی کمرہ؛ دیوان خانہ، عام نشست گاہ، بیٹھک، چوپال. [ع].

حَجْلَہ (فت ح، فت نیز سک ج، فت ل) اند.
ا. چھپر کھٹ جو دلہن کے لیے سجایا جاتا ہے، پردے دار مسہری، سیج دلہن کے بیٹھنے کا آراستہ کمرہ. [ع].

حجلہ عروس/عروسی اند. دلہن کے لیے آراستہ کیا ہوا کمرہ.

حَجْم (فت ح، سک ج) اند.
ا. (طبیعیات) جگہ جو کوئی جسم تینوں ابعاد (طول، عرض اور ارتفاع) میں گھیرے، کسی چیز سے گھری ہوئی جگہ. ۲. موٹائی، ضخامت. ۳. جسامت، جثہ. [ع].

حَجَّن (فت ح، شد ج بفت) امث.
عورت جس نے حج کیا ہو، حج کرنے والی عورت. [ع].

حُجِّیَت (ضم ح، شد ج بکس، شد ی بفت) امث.
(کسی شے میں) دلیل بنائے جانے کی صلاحیت کا وجود یا اثبات [ع].

حَدّ (فت ح، شد نیز بلا شد) (الف) امث.
ا. انتہا، آخر، اختتام. ۲. طرف، کنارہ. ۳. مجال، طاقت، قدرت. ۴. دو چیزوں یا مقامات کے درمیان کی روک؛ آڑ، دیوار، خط فاصل. ۵. مقررہ مقام یا درجہ، طے شدہ حیثیت یا مرتبہ؛ مقررہ مدت. ۶. سزا جو شریعت اسلام کے مطابق مقرر شدہ ہے اور قاضی یا حاکم کی رائے کا اس میں دخل نہیں. ۷. احاطہ، باڑا. (ب) م ف. بہت زیادہ، بے انتہا. [ع]

حد بندی است. ۱. کسی جگہ کے چاروں طرف باڑ لگانے یا احاطہ وغیرہ بنانے یا اس کے چوطرفہ سرے متعین کرنے کا عمل ۲. سرحد کا تعین. ۳. ایک دوسرے سے الگ ہونے کی کیفیت، تفریق، امتیاز. اف: کرنا، ہونا. ۴. باڑا، احاطہ، باڑ.

حد جاری کرنا ف مر؛ محاورہ. شرعی حد نافذ کرنا، شرعی احکام کے مطابق سزا دینا.

حد درجہ صف؛ م ف. انتہائی درجہ، نہایت، بہت زیادہ.

حد سے (آگے) بڑھنا محاورہ. اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا، اختیارات سے تجاوز کرنا.

حد سے باہر ہونا محاورہ. بہت زیادہ ہونا، بہ کثرت ہونا.

حد سے بڑھ جانا محاورہ. درجے یا مقام سے تجاوز کرنا، مقررہ دائرۂ عمل سے بڑھ جانا.

حد سے زیادہ م ف. حد سے بے حد، بہت زیادہ.

حد سے گزرنا محاورہ. انتہا سے تجاوز کرنا، بہت آگے بڑھ جانا؛ بہت زیادہ ہو جانا.

حد فاصل است. چیز جو دو چیزوں کے درمیان آ کر انھیں جدا کر دے، خط فاصل.

حد میں رہنا محاورہ. مقررہ مقام پر رہنا، قابو میں رہنا، اختیار کے مطابق عمل کرنا، حیثیت کے مطابق کام کرنا.

حد نظر/نگاہ است. جہاں تک نگاہ کام کرے، جہاں تک نظر آئے.

حد ہوگئی/ہے فقرہ. زیادتی تعجب حیرت اور تاسف کے موقع پر کہتے ہیں، انتہائی حیرت تعجب زیادتی یا افسوس کی بات ہے.

حِدَّت (کس ح، شد و فت) است.
۱. تیزی، شدت؛ گرمی کی شدت، گرمی، حرارت، تپش، سوزش.
۲. زور، قوت، جوش، تیزی و تندی. [ع].

حُدُوث (ضم ح، و مع) اند.
اعدم سے وجود میں آنا، نیا نیا پیدا ہونا ۲. نو پیدا شدہ (چیزیں یا واقعات) ۳. واقع ہونا، صادر ہونا. [ع].

حُدُود (ضم ح، و مع) اند؛ است.
ا. حد کی جمع ۲. شریعت کے مطابق اصول و ضوابط ۳. شریعت کی وہ مقرر کردہ سزائیں جن میں قاضی اور حاکم کی رائے کا کوئی دخل نہیں. [ع].

حدود اربعہ اند؛ است. ۱. چاروں سمتیں (شمال، مغرب، جنوب، مشرق) کسی علاقے کی چاروں طرف کی حدیں، اطراف و جوانب جو کسی جگہ یا شے کی شناخت و تعارف کے لیے ضروری ہوں، محل وقوع. ۲. حالت و کیفیت، ہیئت کذائی، ظاہری حالت، اتا پتا، گرد و پیش کی حالت و کیفیت، (بطور طنز).

حُدی (ضم ح) است.
ساربانوں کا گیت جو شتربان اونٹ ہانکتے ہوئے گاتے ہیں تاکہ اونٹ تیز چلیں. [ع].

حدی خواں اند. حدی گانے والا.

حَدِیث (فت ح، ی مع) است.
۱. بات، بیان، ذکر، حکایت ۲. (اسلام) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول فعل یا تقریر یعنی جو فعل آپ ﷺ کے سامنے ہوا اور آپ ﷺ نے اس سے منع نہیں کیا. ۳. خبر ۴. حدیث کا علم، علم الحدیث. [ع].

حدیث ضعیف است. (حدیث) کمزور اور ناقابل اعتماد و اعتبار حدیث.

حدیث قدسی است. (حدیث) ایسی حدیث جس میں الفاظ اللہ تعالیٰ کے ہوتے ہیں لیکن وہ آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے ادا ہوتے ہیں.

حَدِید (فت ح، ی مع) اند.
لوہا، آہن، فولاد. [ع].

حَدِیقَہ (فت ح، ی مع، فت ق) اند.
باغ، چار دیواری والا باغ، پھل دار درختوں کا باغ، گلستان، چمن [ع].

حَذَر (فت ح، ذ) اند.
پرہیز، اجتناب، بچاؤ، احتیاط؛ خوف؛ ڈر. [ع].

حَذف (فت ح، سک ذ) اند.
۱. نکال دینا، الگ کر دینا، گرا دینا، ساقط کر دینا، لفظ سے کسی حرف کو یا عبارت سے کسی لفظ یا فقرے کو خارج کر دینا ۲. (عروض) زحافات میں سے ایک زحاف، رکن کے آخر سے سبب خفیف گرا دینا. [ع]

حَر (فت ح ، سک نیز شد ر) اث ؛ اند.
گرمی ، حرارت ؛ جوش .

حرکیات اث . طبیعیات کی وہ شاخ جس میں حرارت اور توانائی کی دوسری شکلوں مثلاً میکانی توانائی یا برقی توانائی کے باہمی تعلق کا مطالعہ کیا جاتا ہے .

حُر (ضم ح ، سک نیز شد ر) اث .
چراغ کے گل ہونے کے وقت اس میں پیدا ہونے والی آواز . [حکایت الصوت] .

حُرّ (ضم ح ، سک نیز شد ر) اند .
آزاد ، خودمختار ، جو کسی کا غلام نہ ہو . [ع] .

حَرارَت (فت ح ، ر) اث .
۱. گرمی ، آنچ ، تپش . ۲. بخار کی ابتدائی کیفیت ، ہلکا بخار . ۳. گرمی درجۂ اعتدال ، جسمانی گرمی . ۴. غصہ ، طبیعت کا کھولاؤ ، طیش . ۵. جذبہ ، جوش و ولولہ ، سرگرمی . [ع] .

حرارت عزیزی/ عزیزیہ اث . (طب) جسم کی طبعی گرمی جس سے سانس پر حیات قائم ہے .

حرارت ہونا محاورہ . خفیف سا بخار ہونا .

حَراوہ /حَرارہ (فت ح / ہ) اند .
۱. گرمی جو غلبۂ شوق یا غضب میں پیدا ہوتی ہے ، تیزی ، جوش ، غضب ، غصہ . ۲. (طبیعیات) حرارت کی اکائی ، حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام پانی کو ایک درجہ سینٹی گریڈ تک (یا بہ الفاظ دیگر ۵ء۱۴ سے ۵ء۱۵ سینٹی گریڈ تک) گرم کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے ، کیلوری . [ع] .

حِراسَت (کس ح ، فت س) اث .
۱. محافظت ، نگہ بانی ، نگرانی ، پاس بانی . ۲. قید ، گرفتاری ، حوالات ، نظربندی . [ع] .

حراست میں لینا ف مر ؛ محاورہ . گرفتار کرنا ؛ نگرانی یا حفاظت کرنا .

حَرّافَہ (فت ح ، شد ر ، فت ف) صف مث .
(عورت کے لیے) چالاک ، عیار ، مکار ؛ شوخ دیدہ ؛ پیشہ ور ، صاحب حرفت . [ع] .

حَرام (فت ح) (الف) صف .
۱. (i) نامناسب ، ناشائستہ ، ناروا ، ممنوع . (ii) ناجائز (اولاد یا مال وغیرہ) . ۲. حرمت والا ، بزرگ ، محترم ، قابلِ تعظیم . ۳. شرعی طور پر ناجائز ، خلافِ شرع ، حلال کی ضد . (ب) اند . زنا ، بدکاری ، برے کام ، ناجائز کام ، ایسے کام جن کا کرنا گناہ ہے . [ع] .

حرام خور صف . ۱. حرام شے کھانے والا ، رشوت کھانے والا ، ناجائز طریقے پر حاصل کر کے کھانے والا ، مفت کھانے والا . ۲. نمک حرام بے مروت ، بدذات ، مفت خورہ .

حرام زادہ صف . جو بغیر نکاح کے پیدا ہوا ہو ، ولدالزنا ؛ بدذات شریر (بطور گالی مستعمل) .

حرام کاری اث . زنا ، بدکاری ، بدفعلی .

حرام کرنا محاورہ . ۱. ناجائز ٹھہرانا ، ممنوع قرار دینا . ۲. بدکاری کرنا زنا کرنا . ۳. بدمزہ کرنا ، تلخ کرنا ، ناگوار بنانا ، دشوار کرنا .

حرام کھانا ف مر ؛ محاورہ . ناجائز آمدنی پر گزر کرنا ؛ رشوت کھانا ؛ ناجائز کمائی کھانا ؛ مفت خوری کرنا .

حرام مغز اند . دماغ یعنی بھیجے کے مانند ایک نرم اور سفید گودا جو دماغ سے لے کر ریڑھ میں گردن سے کمر تک ہوتا ہے یہ درحقیقت دماغ ہی کا بڑھاؤ یا ایک حصہ ہے .

حرام موت اث . خودکشی ، اپنی جان خود لینا ، خود کو جان سے مارنا ایسی ہلاکت جو ناجائز کام کرتے ہوئے واقع ہو .

حَرامی (فت ح) صف مذ .
۱. حرام زادہ . ۲. چور ، ڈاکو ، قزاق . ۳. مفت خور ، کام چور ، شریر بدذات . [ع] .

حرامی پن/پنا اند . بدذاتی ، شرارت ، کائیاں پن .

حَرْب/(قدیم : حَرک) (فت ح ، سک ر) اث .
لڑائی جو دو مسلح جماعتوں یا فوجوں کے درمیان ہو ، جنگ .

حَرْبَہ (فت ح ، سک ر ، فت ب) اند .
۱. لڑائی کا ہتھیار ، نیزہ ، برچھی ، بھالا . ۲. داؤ ؛ تدبیر ، حیلہ ، بہانہ . [ع] .

حَرَج (فت ح ، ر نیز سک ر) اند .
۱. نقصان ، ضرر ، وقت کا ضیاع ، کمی . ۲. تنگی ، سختی . [ع] .

حرج مرج اند. ۱. شورش، ہنگامہ، بدنظمی؛ جھگڑا، بکھیڑا ۲. نفع نقصان.

حَرْجَہ (فت ح، سک ر، فت ج) اند.
۱. نقصان کا تدارک، نقصان کا معاوضہ (جو کوئی شخص کسی کو دے)، ہرجانہ ۲. خلل، نقصان، رکاوٹ. [ع].

حِرْز (کس ح، سک ر) اند.
۱. پناہ گاہ، مامن، ملجا ۲. دعائیں جو ضرر سے بچنے کے لیے کی جائیں؛ تعویذ. [ع].

حرز جاں اند. بہت عزیز، جان سے زیادہ بڑھ کر پیارا.

حِرْص (کس ح، سک ر) است.
۱. طمع، لالچ، ہوس ۲. نقالی، ریس، تقلید. اف: کرنا/ ہونا. [ع].

حَرْف (فت ح، سک ر) اند؛ حُرُف (قدیم).
۱. انسان کے منھ سے جو آوازیں نکلتی ہیں ان آوازوں کو تحریر میں لانے کے لیے مقرر علامات اور نشانات، حروف تہجی ۲. لفظ ۳. بات، سخن، کلام ۴. (i) نقص، عیب، اعتراض، نکتہ چینی. (ii) شک، شبہ، کلام کی گنجائش. ۵. (قواعد) کلمہ جو تنہا کچھ معنی نہیں دیتا جب تک کہ اس کے ساتھ کوئی اور کلمہ نہ ملے، سے "میں"، "پر"، "تک"، "کو" وغیرہ حرف ہیں. [ع].

حرف آخر اند. خاتمے کی بات (جس کے بعد مزید کچھ کہنے کی گنجائش نہ ہو)، آخری بات، قطعی بات.

حرف آنا محاورہ. ۱. کچھ لکھنا پڑھنا آنا، حرف شناسی ہونا ۲. اعتراض کیا جانا، عیب لگنا، الزام آنا.

حرف شکایت اند. ایسی بات جس سے گلہ شکوہ، ناگواری یا ناپسندیدگی ظاہر ہو.

حرف بحرف/ حرف بہ حرف م ف. ایک ایک حرف کر کے، ہر لفظ؛ کل کا کل؛ بعینہٖ، بجنسہٖ، ہو بہو، من وعن.

حرف علت اند. ۱. (قواعد) حرف جو کسی حرف صحیح کو متحرک کرے، ا، و، ی میں سے کوئی ایک: مصوتہ ۲. (قواعد) وہ لفظ جو کسی امر کا سبب ظاہر کرے، جیسے: کیونکہ، اس لیے کہ، تاکہ وغیرہ.

حرف غلط اند. حرف جو تحریر میں غلط لکھا گیا ہو اور اُسے مٹا دیا جائے.

حِرْفَت (کس ح، سک ر، فت ف) است.
۱. پیشہ، ہنر، دست کاری ۲. چالاکی، عیاری، مکاری، فن کاری. [ع].

حَرفوں کا بنا ہُوا صف.
چالاک، مکار، عیار؛ باتونی، باتیں بنانے والا.

حِرْفَہ (کس ح، سک ر، فت ف) اند.
دیکھیے: حرفت. [ع].

حَرْفی (فت ح، سک ر) صف.
حرف سے متعلق، حرف والا، حرف سے منسلک.

حَرَکات (فت ح، فت نیز سک ر) اند.
حرکت کی جمع، کام، فعل، کردار؛ اعراب زیر، زبر، پیش.

حرکات و سکنات است؛ اند. اٹھنا بیٹھنا، ہلنا جلنا، نقل و حرکت، طور وطریق، عادت و اطوار، اعمال و افعال.

حَرَکَت (فت ح، فت نیز سک ر، فت ک) است.
۱. جنبش، ہلنا (سکون کی ضد) ۲. چلت پھرت، آمد و رفت، ایک جگہ سے دوسری جگہ انتقال مکانی، (قیام و ثبات کی ضد) ۳. سرگرمی، عمل (جمود اور بے عملی کی ضد) ۴. ناپسندیدہ بات، ناشائستہ فعل اور عمل ۵. کام، فعل، امر، عمل ۶. اعراب، زبر، زیر یا پیش. [ع].

حرکت دینا ف مر؛ محاورہ. جنبش دینا، ہلانا؛ متحرک کرنا، چلنے کے لیے تیار کرنا، چلانا، برانگیختہ کرنا.

حرکت قلب است. دل کی حرکت، جس کی بدولت خون جسم میں گردش کرتا ہے.

حرکت کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. جنبش کرنا، ہلنا جلنا ۲. کوشش کرنا، روانہ ہونا، چلنا ۳. گردش کرنا ۴. برا کام کرنا، غیر شائستہ عمل کرنا؛ شرارت کرنا.

حرکت میں آنا ف مر؛ محاورہ. متحرک ہونا، حرکت کرنا؛ چلنا، ہلنا جلنا؛ آمادہ عمل ہونا، (کوئی کام انجام دینے کے لیے) روانہ ہونا.

حرکت میں برکت ہے فقرہ. بے کاری کی مذمت اور کام کی تعریف میں مستعمل.

حَرَکی (فت ح، ر) صف.
حرکت سے متعلق یا منسوب، حرکت پذیر، قوت محرکہ رکھنے والا

قوت عمل رکھنے والا، متحرک. [ع].

حَرکیات (فت ح، فت نیز سک ر، کس ک، شد ی، نیز بلا شد) امث.
ا. (طبیعیات) علم حرکت اجسام، وہ علم جس میں اجسام کی حرکات اور ان پر عمل کرنے والی قوتوں کے باہمی تعلق کا مطالعہ کیا جاتا ہے. ۲. سُروں کو ادا کرتے وقت جو قوت درکار ہوتی ہے اس کی کمی یا بیشی.

حَرَم (فت ح، ر) (الف) امذ.
ا. قابل عزت شے، مقدس چیز، احترام کے لائق، محترم. ۲. (i) مکے مدینے اور ان کے گردا گرد کے چند میل کا علاقہ جہاں اس کی عزت کے پیش نظر بعض افعال و اقدامات ممنوع ہیں. (ii) خانہ کعبہ کے گردا گرد کا علاقہ جہاں جنگ وغیرہ ممنوع ہے، خانہ کعبہ کی چاردیواری یا احاطہ، خانہ کعبہ. ۳. (i) زنان خانہ، گھر کا وہ حصہ جس میں عورتیں رہتی ہیں. (ii) اشراف کے گھر کی عورتیں. (ب) امث.
ا. بیوی. ۲. لونڈی، باندی جس کو بیوی بنا لیا گیا ہو.

حرم سرا امث؛ امذ. زنان خانہ، امرا کی بیگموں اور لونڈیوں کے رہنے کا مکان.

حرم کعبہ امذ. کعبہ شریف کی چار دیواری، کعبہ شریف کے اردگرد کا احاطہ.

حِرمان (کس ح، سک ر) امذ.
مایوسی، محرومی، غم و اندوہ. [ع].

حرمان نصیبی امث. بدقسمتی، مایوسی، محرومی.

حُرمت (ضم ح، سک ر، فت م) امث.
ا. عزت آبرو، بڑائی، عظمت، پاکیزگی ۲. حرام ہونا (حلت کی ضد). [ع].

حرمت اتارنا محاورہ. بے آبرو کرنا، ذلیل و خوار کرنا، رسوا کرنا، بے عزت کرنا.

حَرَمزدگی (فت ح، ر، سک م، فت ز، فت نیز سک د) امث.
حرام زدہ ہونے کی حالت، شرارت، فتنہ پردازی. [ع].

حَرَمین (فت ح، ر، ی لین) امذ.
ہر دو حرم، کعبہ شریف اور روضہ رسول؛ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ. [ع].

حُروف (ضم ح، و مع) امذ.
حرف کی جمع. [ع].

حروف ابجد امذ. (قواعد) دیکھیے: حروف تہجی.

حروف تہجی امذ. کسی رسم تحریر کے بنیادی اجزا جو اصوات و حرکات کے ترجمان ہوتے ہیں اور جن سے الفاظ بنائے جاتے ہیں.

حروف مقطعات امذ. حروف جو قرآن شریف کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور جن کے حتمی معنی معلوم نہیں، (جیسے: الٓمٓ حٰمٓ وغیرہ ایسے حروف ملا کر نہیں بلکہ علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں).

حُرّیت (ضم ح، شد ر بکس، شد ی بفت نیز بلا شد) امث.
آزادی (محکومی اور غلامی کی ضد)، خودمختاری. [ع].

حریت پسند صف. آزادی کو پسند کرنے والا، آزادی چاہنے والا آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والا.

حَریر (فت ح، ی مع) امذ؛ (شاذ: امث).
ریشم، ریشمی کپڑا. [ع].

حَریرہ (فت ح، ی مع، فت ر) امذ؛ ~ حریرا.
ا. ایک پتلی غذا جو بالعموم آٹے یا سوجی کو گھی میں بھون کر اور شکر اور پانی ڈال کر بنائی جاتی ہے، پتلا حلوہ. ۲. (طب) پسے ہوئے مغزیات وغیرہ کا شربت یا شیرہ جسے پکا کر گھی سے بگھار لیتے ہیں. [ع].

حَریری (فت ح، ی مع) (الف) صف.
ا. حریر معنی سے منسوب، ریشمی، (مجازاً) دبلا پتلا آدمی، نحیف آدمی (ب) امث. حریر کا اسم کیفیت، نرمی، نرماہٹ.

حَریسہ (فت ح، ی مع، فت س) امذ؛ ~ ہریسہ.
ایک پکوان جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے. [ع].

حَریص (فت ح، ی مع) صف.
ا. لالچی، لالچ کرنے والا، نیت خراب. ۲. بہت خواہش کرنے والا جو کسی پر ادھار کھائے بیٹھا ہو. ۳. پیٹو، کھاؤ، دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے والا. [ع].

حَریف (فت ح، ی مع) صف.
ا. مقابل، مدمقابل؛ دشمن، رقیب. ۲. ساتھی، دوست، رفیق، شریک، ملعون. ۳. چالاک، مکار، ہشیار.

حَرِیفانَہ (فت ح، ی مع، فت ن) صف؛ م ف.
حریف کا جیسا، حریف کی طرح، مخالفانہ.

حَرِیم (فت ح، ی مع) اند.
۱. حرمت والی جگہ، خانۂ کعبہ کے اردگرد کی جگہ. ۲. (مجازاً) روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد کا علاقہ، حرم نبوی. ۳. گھر کی چار دیواری، احاطہ، رہنے کا مقام، مکان، گھر. [ع].

حِزْب (کس ح، سک ز) اند.
۱. گروہ، جماعت، پارٹی، جتھا. ۲. وظیفہ یا ورد کا حصہ، تقسیم؛ قرآن شریف کا ساٹھواں حصہ. [ع].

حزب اختلاف است. پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حزب اقتدار کی مخالف جماعت، اپوزیشن پارٹی.

حزب اقتدار است. اسمبلی میں وہ جماعت جس کی حکومت میں اکثریت ہو، حکمران پارٹی.

حُزْن (ضم ح، سک ز) اند.
اندوہ، غم، رنج. [ع].

حَزِیں (فت ح، ی مع) صف.
غمگین، رنجیدہ، ملول. [ع].

حِس (کس ح) است؛ اند، (تراکیب میں شد س).
حواس خمسہ میں سے کوئی حس، محسوس کر لینے کی جبلت، احساس کی طاقت. [ع].

حس مزاح است؛ اند. ظرافت کی حس، ہنسی مذاق کا ذوق، خوش طبعی.

حِساب (کس ح) اند.
۱. گنتی، شمار، میزان، جوڑ. ۲. علم ریاضی کی ایک شاخ، علم الحساب، ارتھمیٹک. ۳. نرخ، بھاؤ، قیمت. ۴. (i) انداز، سمجھ، رائے، خیال. (ii) طور طریقہ، قاعدہ، ڈھنگ. ۵. مقدار، تناسب، نسبت. ۶. محاسبہ، پوچھ گچھ، احتساب، جزا و سزا کا تعین. ۷. فرد عمل. [ع].

حساب برابر کرنا محاورہ. فیصلہ کرنا، کام ختم کرنا.

حساب بے باق کرنا ف مر؛ محاورہ. لین دین کا فیصلہ کرنا، حساب چکانا، قرضہ ادا کرنا، معاملہ ختم کرنا.

حساب کا دن اند. روز قیامت، حساب کتاب کا دن، روز حشر.

حساب (و) کتاب اند. ۱. لین دین، جمع و اصل باقی، گنتی. ۲. قیامت کے دن اچھے برے اعمال کی پڑتال، محاسبہ. ۳. (i) حساب کو تحریر میں لانا، حساب کا اندراج. (ii) حساب کا کام، حساب کا عمل. ۴. معاملہ، طور طریقہ، ڈھنگ.

حساب کرنا ف مر. ۱. جوڑنا، میزان کرنا. ۲. حساب سمجھنا، قرضہ ادا کرنا؛ حساب بے باق کرنا. ۳. آمد و خرچ کا حساب مرتب کرنا. ۴. جانچ پڑتال کرنا، گن کر اندازہ کرنا، محاسبہ کرنا.

حساب لگانا ف مر؛ محاورہ. شمار کرنا، اعداد و شمار کی پڑتال کرنا، میزان کرنا، جائزہ لینا.

حَسّاس (فت ح، شد س) صف.
۱. بہت محسوس کرنے والا، جس کی قوت حس بہت تیز ہو، تیزی سے عمل کرنے والا، سریع العمل. ۲. جس کے حواس کام کرتے ہوں، جس میں زندگی کے آثار ہوں، حواس خمسہ سے متصف. ۳. جس کی طبیعت کسی بات کا زیادہ اثر قبول کرے، سریع التاثر. [ع].

حَسَب (فت ح، س) اند.
خاندانی سلسلہ؛ ماں کی طرف کا سلسلہ؛ خاندانی شرف؛ دینی بزرگی؛ جاہ و جلال کا شرف. [ع].

حسب (و) نسب اند. ماں باپ کا خاندانی سلسلہ.

حَسْب (فت ح، سک س) م ف.
بموجب، موافق، مطابق (بیشتر تراکیب میں مستعمل).

حسب الحکم م ف. حکم کے مطابق.

حسب توفیق م ف. حیثیت یا استطاعت یا مقدور کے مطابق.

حسب حال م ف. حال کے مطابق، موقع کے مناسب، ٹھیک موقع سے.

حَسَد (فت ح، س) اند.
کسی کی نعمت کا زوال چاہنا، جلن، کینہ، بدخواہی.

حَسْرَت (فت ح، سک س، فت ر) است.
۱. افسوس، پشیمانی؛ احساس محرومی؛ مایوسی. ۲. آرزو، ارمان، شوق، تمنا، ہوس. [ع].

حسرت آمیز صف. جس سے بہت زیادہ مایوسی کا اظہار ہو، دکھ بھرا.

حسرت بھرا صف مذ. پر ارمان، پرشوق.

حسرت نکالنا محاورہ. آرزو پوری کرنا، ارمان پورا کرنا.

حَسَن (فت ح، س) (الف) صف.
اچھا، نیک، خوب. (ب) اند. حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کے سب سے بڑے بیٹے کا نام. [ع].

حُسْن (ضم ح، سک س) اند.
۱. خوب صورتی، جمال ۲. سلیقہ، عمدگی، خوبی، لطافت؛ سجاوٹ. [ع].

حسن اتفاق اند. ۱. کسی غیر متوقع امر کا اچانک ظہور جو مقصد و مراد کے مطابق ہوجائے، اچھا موقع ۲. میل جول کا خلوص، تعلقات کی گہرائی.

حسن اخلاق اند. ملنساری، تواضع، خوش خلقی.

حسن پرست صف. خوب صورتی کی مدح و ستائش کرنے والا؛ خوب صورتی کا شیدائی، حسینوں کا پرستار یا چاہنے والا.

حسن سلوک اند. اچھا برتاؤ، اچھا رویہ، خوش اخلاقی.

حسن ظن اند. نیک گمان، کسی کے متعلق اچھا خیال، اچھی رائے.

حسن نظر اند. دیکھنے کی خوبی، خوب صورتی کو دیکھنے کی صلاحیت.

حَسَنات (فت ح، س) اند؛ است.
۱. نیکیاں، خوبیاں، بھلائیاں (سیئات کی ضد) ۲. ثواب؛ کار خیر. [ع].

حَسَنَہ (فت ح، س، ن) است (الف) صف.
اچھے، اچھی، نیک، خوب. (ب) است. اچھائی، نیکی، کار خیر. [ع].

حَسَنی (فت ح، س) صف.
امام حسن کی طرف منسوب.

حُسْنیٰ (ضم ح، سک س، اشکل ی) صف؛ است.
نہایت حسین، بے حد خوب صورت، نہایت عمدہ. [ع].

حَسَنَینؓ (فت ح، س، ی لین) اند.
حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کے دو بیٹے حسنؓ و حسینؓ.

حِسّی (کس ح، شد س) صف.
۱. حس سے منسوب یا متعلق ۲. (فلسفہ) (وہ چیز) جو ظاہری حواس سے دریافت ہو سکے.

حِسّیّات (کس ح، شد س بکس، شد ی نیز بلا شد) اند؛ است.
۱. احساسات، جذبات ۲. (i) محسوسات. (ii) (نفسیات) حسی اعضا اعصاب کے ذریعے دماغ کی طرف جانے والے خود بخود مجرد پیغامات جو اپنے باہمی اثرات سے علیحدہ اور منفصل ہوں.

حَسِیب (فت ح، ی مع) صف؛ اند.
۱. کافی، کفایت کرنے والا ۲. حسب و نسب کا شریف، صاحب حسب نیک، ذی عزت ۳. خدا کا ایک صفاتی نام، نگہبانی کرنے والا. [ع]

حَسِین (فت ح، ی مع) صف.
خوب صورت، جمیل، خوب رو، شکیل. [ع].

حُسَینؓ (ضم ح، ی لین) صف؛ اند.
۱. نیک و خوب صورت، حسین. ۲. حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؓ کے دوسرے بیٹے اور حضرت حسنؓ کے چھوٹے بھائی کا نام جنھوں نے میدان کربلا میں شہادت پائی. [ع].

حَسِینَہ (فت ح، ی مع، فت ن) است.
خوب صورت عورت. [ع].

حُسَینی (ضم ح، ی لین) صف؛ اند.
حضرت امام حسین کی طرف منسوب.

حَشْر (فت ح، سک ش) اند؛ است.
۱. قیامت، روز حساب. ۲. مرنے کے بعد دوبارہ جی اٹھنا. ۳. عاقبت، آخری انجام. ۴. برا انجام یا نتیجہ، درگت. ۵. رونا، شور و غل ہنگامہ، آفت، فتنہ، ہلچل، ہیجان، کہرام. ۶. قرآن شریف کی ایک سورت. [ع].

حشر بپا / برپا کرنا محاورہ. اودھم مچانا، آفت توڑنا، فساد کرنا، ہنگامہ کرنا، کہرام مچانا.

حشر بپا/برپا ہونا محاورہ. اودھم مچنا، آفت ٹوٹنا، ہنگامہ ہونا، کہرام مچنا.

حشر (و) نشر اند. ۱. قیامت کے دن مردوں کا زندہ ہونا ۲. شور و غل ہنگامہ، آفت، فتنہ، فساد.

حَشَرات (فت ح، ش) اند.
۱. کیڑے مکوڑے جو عموماً زمین میں سوراخ کر کے رہتے ہیں یا

برسات میں پیدا ہوتے ہیں. ۲. رینگنے والا جانور. [ع].

حشرات الارض اند. زمین میں بل بنا کر رہنے والے کیڑے (جیسے : سانپ، بچھو وغیرہ) زمین کے موذی کیڑے، برساتی کیڑے، رینگنے والے جانور.

حَشَفَہ (فت ح، ش، ف) اند.
مرد کے عضو تناسل کی سپاری، سر ذکر. [ع].

حَشَم (فت ح، ش) اند.
شان، شوکت، جاہ. [ع].

حَشْمَت (فت ح، سک ش، فت م) امث.
دبدبہ، مرتبہ، عظمت، لوازمات شان و شوکت (مثلاً دولت، ساز و سامان، نوکر چاکر، فوج و لشکر). [ع].

حَشْو (فت ح، سک ش) اند.
۱. غیر ضروری اضافے یا چیزیں (جو اصل حقیقت میں داخل کر دی جائیں). ۲. (علم معانی) کلام میں زائد لفظ یا عبارت (جس کے حذف کر دینے سے معنی اور مفہوم میں خلل نہ پڑے). [ع].

حَشِیش (فت ح، ی مع) امث.
۱. خشک پتے یا گھاس، بھنگ کے خشک پتے. ۲. بھنگ (بطور نشہ آور شے) (مجازاً مستعمل) بطور دوا. [ع].

حِصار (کس ح) اند.
۱. دائرہ، گھیرا، حلقہ، چار دیواری، احاطہ. ۲. فصیل، شہر پناہ، قلعہ. ۳. ایک طرح کا ٹوٹکا جو بلا یا آسیب وغیرہ سے محفوظ رہنے کے لیے دعا یا عمل پڑھ کر انگلی کے اشارے سے ایک خیالی دائرہ بنایا جاتا ہے. [ع].

حصار باندھنا/کھینچنا ف مر؛ محاورہ. ۱. گھیرا ڈالنا، حلقہ باندھنا؛ چار دیواری کھڑی کرنا. ۲. عمل پڑھ کر چاروں طرف پھونکنا.

حصار کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. (i) گھیرے میں لینا، محاصرہ کرنا، گھیر لینا. (ii) چھا جانا، احاطہ کر لینا، دائرہ اثر میں لینا. ۲. چار دیواری کھڑی کرنا.

حَصْر (فت ح، سک ص) اند.
۱. حد بندی، تعیین، گھیرنے کا عمل، حدود میں لانا یا حدود مقرر کرنا. ۲. حد، شمار، حساب، اندازہ. ۳. تخصیص، مخصوص کرنا. [ع].

حِصَص (کس ح، فت ص) اند.
حصہ کی جمع. [ع].

حِصْن (کس ح، سک ص) اند.
قلعہ، پناہ گاہ، حصار. [ع].

حصن حصین اند. مضبوط اور محکم قلعہ.

حُصُول (ضم ح، و مع) اند.
۱. خواہش، مقصد وغیرہ کا پورا ہونا، حاصل ہونا، بر آنا. ۲. حاصل، فائدہ؛ نتیجہ، انجام. ۳. وصول، دستیاب؛ میسر؛ ملنے، پانے والی شے. [ع].

حِصَّہ (کس ح، شد ص بفت) اند.
۱. (کسی ایک شے یا مجموعہ اشیا کا) ٹکڑا، جزو، نیز جزو جو تقسیم کے بعد حاصل ہو، پارہ. ۲. کسی تقریب میں بانٹی جانے والی شیرینی یا کھانا. ۳. بہرہ، نصیب، قسمت؛ حق. ۴. کاروباری ادارے کے سرمائے کا جزو (جس کو حق ملکیت کے حاصل کرنے کے لیے خریدا یا اس سے دستبردار ہونے کے لیے بیچا جا سکے). ۵. کسی کے ساتھ کسی کام کے مخصوص ہونے کا عمل، اختصاص، امتیاز، حق. ۶. دخل، شرکت، شمولیت (کسی کام کی انجام دہی یا تکمیل میں). ۷. قسم، نوع؛ گروہ. ۸. پہر.

حصہ بخرا/بخرہ اند. ۱. (کسی ایک شے یا مجموعہ اشیا کا) جزو جو تقسیم یا بٹوارے کے بعد حاصل ہو، ٹکڑوں میں تقسیم یا بانٹ. ۲. شیرینی جو کسی تقریب میں بانٹی جائے، کھانے پینے کی چیزوں کا لین دین.

حصہ بقدر جثہ فقرہ. جہاں کوئی چیز جسامت کے تناسب سے تقسیم کی گئی ہو یا کی جانی چاہیے ہو تو بطور کہاوت کہتے ہیں.

حصہ دار اند. ۱. شریک، ساجھی. ۲. کسی تجارتی ادارے کے سرمایے کا حصہ خریدنے والا.

حصہ لینا ف مر؛ محاورہ. ۱. بانٹ کے موافق لینا. ۲. شرکت کرنا (کسی کام کی انجام دہی یا تکمیل میں).

حِصّے (کس ح، شد ص) اند؛ ج.
دیکھیے: حصہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

حصے بخرے کر لینا/کرنا ف مر؛ محاورہ. تقسیم کرنا، بانٹنا؛ ٹکڑے کرنا

حَفَت (فت ح، فت ف) اند.

دیکھیے: حضرت کی بگڑی ہوئی شکل (زیادہ تر بے تکلفی میں).

حَضَر (فت ح، فت ض) اند.

ایک جگہ کا قیام؛ سفر کی ضد، گھر میں رہنے کی حالت، خانہ باشی پڑاؤ، مقام اقامت. [ع].

حَضَرات (فت ح، فت ض نیز سک ض) اند.

۱. اصحاب. ۲. حاضرین (بطور مخاطب). [ع].

حَضرَت (فت ح، سک ض، فت ر) (الف) اند؛ امث.

۱. (i) تعظیمی کلمہ جو ناموں (اسمی یا وصفی) سے پہلے لگایا جاتا ہے (بیشتر بزرگ و مقدس ہستیوں کے اسما سے پہلے اضافت کے ساتھ نیز بغیر اضافت، جناب؛ حضور؛ قبلہ. (ii) تعظیمی کلمہ مگر طنز لیے ہوئے. ۲. خطاب کرنے کا کلمہ. ۳. بارگاہ، درگاہ. (ب) صف. ۱. بزرگ، صاحب عظمت. ۲. چالاک، شریر. [ع].

حُضُور (ضم ح، و مع) (الف) م ف.

رو برو، سامنے؛ خدمت میں، بارگاہ میں. (ب) اند. ۱. موجودگی، حاضر ہونے کا عمل، حاضری (خارج میں ہو یا ذہن میں). ۲. (تصوف) قلب کی وجود مطلق کے سامنے حاضری (مادی دنیا کی ہر شے سے کنارہ کشی کرتے ہوئے) قرب. ۳. تعظیمی کلمہ بطور تخاطب جو نام کے بجائے ہو، آپ، جناب، جناب والا، قبلہ. [ع].

حُضُوری (ضم ح، و مع) امث.

۱. بارگاہ، دربار؛ حضور. ۲. حاضری، موجودگی، قربت. (ii) باریابی. ۳. قرب، تقرب.

حَطِیم (فت ح، ی مع) امث.

خانۂ کعبہ کی بیرونی دیوار، مغرب کی جانب جہاں میزاب رحمت (پرنالہ) ہے اور اس کے ساتھ نیم دائرے کی شکل میں تھوڑی سی احاطہ کی ہوئی جگہ. [ع].

حَظ (فت ح) اند. (ترکیب میں شد ظ).

۱. لطف، مزا، سرور. ۲. بہرہ، نصیب. [ع].

حظ اٹھانا محاورہ. مزے؛ سرور حاصل کرنا؛ عیش کرنا.

حُفّاظ (ضم ح، شد ف) اند؛ ج.

حفظ کرنے والے، زبانی یاد کر لینے والے، قرآن کے حافظ. [ع].

حِفاظَت (کس ح، فت ظ) امث.

اپنا بچاؤ، سلامتی؛ پاسبانی، نگرانی، محافظت. [ع].

حِفاظَتی (کس ح، فت ظ) صف.

حفاظت سے منسوب یا متعلق.

حِفظ (کس ح، سک ف) اند.

۱. زبانی یاد کرنے کا عمل، ازبر. ۲. بچاؤ، محافظت، نگہبانی. ۳. جو کچھ محفوظ ہو، حافظہ، یاد. ۴. پاس، لحاظ. [ع].

حفظ ما تقدم اند. وہ بچاؤ جو پہلے سے کر لیا جائے، کسی امر کی پیش بندی.

حفظ مراتب اند. مرتبے کا پاس یا لحاظ، پاس ادب.

حِفظان (کس ح، سک ف) اند.

دیکھیے: حفظ، (تراکیب میں مستعمل) بچاؤ، محافظت، نگہبانی. [ع]

حفظان صحت اند. ۱. صحت کی حفاظت. ۲. علم جو صحت کی حفاظت اور بیماری سے بچاؤ کے اُصول و قوانین بتاتا ہے.

حَق (فت ح، شد ق بحالت اضافت نیز بغیر شد) صف؛ اند.

۱. سچائی، صداقت (باطل کی ضد). ۲. ثابت، حقیقت پر مبنی. ۳. (i) صحیح ٹھیک، درست، بجا. (ii) سچ، سچی بات وغیرہ. ۴. (i) حصہ. (ii) نسبت، بابت، لیے، واسطے (میں کے ساتھ). ۵. فرض، ذمہ داری (زیادہ تر کسی کے احسانات کی وجہ سے اس کی نسبت). ۶. انعام نیگ (جیسے بہن کا حق جو شادی میں دیا جائے). ۷. مستحق ہونے کا وصف، استحقاق، اختیار. [ع].

حق ادا کرنا ف مر. ۱. ذمے داری پوری کرنا؛ نوکری خدمت یا کوئی کام بجا لانا. ۲. معاوضہ ادا کرنا. ۳. کوئی کام جیسا کرنا چاہیے ویسا کرنا.

حق بجانب صف. سزاوار، لائق، حق پر، ٹھیک، بجا.

حق بحق دار رسید فقرہ. اظہار اطمینان کے لیے بطور کہاوت ایسے موقعوں پر بولا جاتا ہے جہاں کسی کو اپنا جائز حق مل جائے، جس کا حق تھا اس کو مل گیا.

حق بخشوانا محاورہ. مرتے وقت اپنی کی ہوئی زیادتیوں اور حق تلفیوں

وغیرہ کے لیے معافی مانگنا ؛ مرتے وقت ماں کا دودھ یا بیوی کا مہر وغیرہ بخشوانا ؛ مرنے کے قریب ہونا .

حق تعالیٰ امذ . خدائے بزرگ ، خدائے برتر ، اللہ تعالیٰ .

حق تلفی امث . از روئے استحقاق جو چیز یا رتبہ جسے ملنا چاہیے وہ اسے نہ دینا ، ادائیگی میں بے انصافی ، حق مارنے کا عمل .

حق خود اختیاری امذ . (کسی قوم کا) خود اپنی حکومت بنانے یا طرز حکومت متعین کرنے کا اختیار و استحقاق .

حق دار صف ؛ امذ . ۱. حق رکھنے والا ، استحقاق رکھنے والا ، مستحق . ۲. حصے دار ، شریک ، ساجھے دار . [ف] .

حق مہر امذ . بیوی کا اپنے شوہر سے مہر وصول کرنے کا حق .

حق میں م ف . ۱. لیے ، واسطے ، بارے میں ، باب میں ، نسبت میں . ۲. مفاد میں ، بھلائی میں ، فائدے کے لیے ؛ موافقت میں .

حَقّا/ حقی ' (فت ح ، شد ق) کلمۂ قسم .

(جو کچھ کہا گیا بہ قسم خدا) سچ ہے ، صحیح ہے ، حق ہے ؛ خدا کی قسم .

حِقارت (کس ح ، فت ر) امث .

ذلت ، خواری ، اہانت ، سبکی . [ع] .

حقارت سے دیکھنا محاورہ . ذلیل سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا .

حَقائِق/حَقایِق (فت ح ، کس ء/کس ی) امذ ؛ ج .

سچائیاں ، صداقتیں ؛ حقیقتیں .

حُقنہ (ضم ح ، سک ق ، فت ن) امذ .

کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو رفع قبض یا کسی اور علاج کے لیے مبرز (جائے براز) میں دی جائے ، انیما . [ع] .

حُقُوق (ضم ح ، و مع) امذ ؛ ج .

حق کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

حقوقُ العباد امذ . بندوں کے حق ، انسان کے انسان پر حق .

حقوقُ اللہ امذ . (شریعت) بندے پر اللہ کے متعلق عائد شدہ فرائض یا ذمہ داریاں .

حُقّہ (ضم ح ، شد ق بفت) امذ .

۱. (i) نے (نیچہ) ، چلم اور کسی قدر پانی سے بھرا ہوا ظرف جس کے ذریعہ تمباکو پیتے ہیں اور جس کا دھواں پانی میں گزر کر آتا ہے .

اف : بھرنا/ پلانا/ پینا/ تازہ کرنا/ سلگانا . (ii) تمباکو پینے کا ظرف ، ظرف جس میں مدک پی جائے . ۲. باروت سے بھرا ہوا ایک قسم کا گولہ ، بم (بیشتر آتش بازی ، باروت یا آتش جیسے الفاظ کے ساتھ مستعمل) . [ع] .

حقہ پانی امذ . کھانے پینے کی کوئی چیز .

حقہ پانی بند کرنا محاورہ . ذات یا برادری سے نکال دینا ؛ بول چال ، لین دین ، ملنا جلنا بند کرنا .

حَقِیر (فت ح ، ی مع) صف .

۱. مبتذل ، ذلیل ، خوار ، اوچھا . ۲. ادنیٰ ، معمولی ، غیر اہم ، بے قدر و قیمت . ۳. دبلا ، لاغر ؛ غیر پسندیدہ ، برا . ۴. کلمۂ انکسار (جو بطور عجز و انکسار متکلم خود اپنے لیے بجائے الفاظ "میں" ، "میرے" ، "مجھ" کے استعمال کرتا ہے) . ۵. بہت ہی کم ، تھوڑی (مقدار یا تعداد) . [ع] .

حَقِیقَت (فت ح ، ی مع ، فت ق) امث .

۱. اصلیت ، ماہیت ، اصل روح ؛ صحیح ؛ اہمیت . ۲. حالت ، کیفیت ؛ سرگزشت . ۳. بساط ، حیثیت . ۴. صداقت ، حقانیت ، سچائی ، سچ ، حق پر مبنی ہونا (جھوٹ یا باطل کے مقابلے میں) . ۵. (تصوف) ہر شے کا باطن (مقابل مجاز یعنی ہر شے کا ظاہر) . [ع] .

حقیقت پسند صف . سچائی اور اصلیت کا شیدائی ، حقیقت کو قبول کرنے والا ؛ (اپنی تخلیقات میں) زندگی کی حقیقتوں کی عکاسی کرنے والا (ادیب ، فنکار وغیرہ) .

حقیقت کھل جانا/ کھلنا محاورہ . ۱. اصل حال یا راز کا ظاہر ہو جانا . ۲. بھرم کھل جانا ؛ قلعی کھل جانا ؛ پوشیدہ عیب یا نقص ظاہر ہو جانا . ۳. (طنز سے) مزہ آجانا ، کیفیت معلوم ہو جانا .

حقیقت میں م ف . دراصل ، اصل میں ، واقعی ، فی الواقع .

حَقِیقتاً / حَقِیقَۃً (فت ح ، ی مع ، فت ق ، تن ت بفت) م ف .

۱. بطور حقیقت ؛ واقعی ، فی الحقیقت ، اصل میں . ۲. باطناً (مقابل ظاہراً) ، اصلی معنوں میں (مجازی کے بالمقابل) .

حَقِیقی (فت ح ، ی مع) صف .
۱. (i) حقیقت پر مبنی ، واقعی . (ii) اصلی ، باطنی . ۲. سگا ، سگی ، اپنا ، اپنی .

حُکّام (ضم ح ، شد ک) اند .
حاکم کی جمع ، حکومت کرنے والے ، فرماں روا ، مالک ، آقا . [ع] .

حِکایات (کس ح) امث : اند .
کہانیاں ، قصے ، داستانیں .

حِکایَت (کس ح ، فت ی) امث .
نقل ، قصہ ، کہانی ، داستان ، بات . [ع] .

حَکَم (فت ح ، ک) اند .
جھگڑے میں فیصلہ کرنے والا (جس کو طرفین نے تسلیم کیا ہو) ، ثالث ، منصف .

حُکْم (ضم ح ، سک ک) اند .
۱. فرمان ؛ ارشاد (جس کا بجالانا ضروری ہو) . ۲. (کسی چیز میں دوسری چیز کے مثل ہونے کی) خصوصیت ، خاصیت ، اثر ، شمولیت ، مساوی ، برابر ، مترادف . اف : رکھنا . ۳. حکومت ؛ سرداری ؛ اختیارات . ۴. فتویٰ ، شرعی فیصلہ . ۵. اجازت ، پروانگی . ۶. فیصلہ . ۷. تاش میں کالے رنگ کے پان کا پتا . [ع] .

حکم جاری کرنا ف مر . ۱. فرمان صادر کرنا ، فرمان کا نشر کرنا . ۲. (دوسری چیز کے) مثل قرار دینا ، برابر ٹھہرانا .

حکم چلانا محاورہ . ۱. حکم دینا ؛ حکومت کرنا . ۲. جبر کرنا ، سختی کرنا ، من مانی کرنا .

حکم حاکم مرگِ مفاجات کہاوت . جس طرح انسان موت سے نہیں بچ سکتا اسی طرح انسان حاکم کے حکم سے بھی نہیں بچ سکتا .

حکم داں صف ؛ اند . حاکم ، بادشاہ ؛ فرمانروا ، حکومت کرنے والا .

حکم دانی امث . حکومت ؛ سلطنت ؛ بادشاہی .

حکم عدولی امث . فرمان سے سرتابی ، حکم سے روگردانی ، نافرمانی .

حکم لگانا محاورہ . ۱. قطعی رائے کا اظہار کرنا ؛ فیصلہ کرنا . ۲. فتویٰ دینا ، شرعی فیصلہ دینا .

حکم نامہ اند . کاغذ جس پر فرمان لکھا ہوا ہو ؛ سرکاری فرمان ؛ تحریری حکم ، پروانہ ؛ حکم جو جج کی طرف سے لکھا جائے .

حُکَما / حُکَماء (ضم ح ، فت ک) اند .
حکیم کی جمع ، دانا ، عقل مند ، زیرک ، صاحبانِ حکمت ، دانش مند .

حِکْمَت (کس ح ، سک ک ، فت م) امث نیز اند .
۱. عقل ، دانش ، دانائی . ۲. مصلحت ؛ خوبی ، بھلائی ، بہتری . ۳. طبابت علاج معالجے کا علم . ۴. (کسی چیز کی) حقیقت ، ماہیت ، اصل . ۵. تدبیر چال ، ترکیب . ۶. علم جس میں مشاہدہ ، غور وفکر ، دلیل و برہان سے حقائق کو معلوم کیا جائے ، (مراد) منطق ؛ فلسفہ ، سائنس . [ع] .

حکمتِ عملی امث . ۱. تدبیر (موقع کے مطابق) ، مصلحت (حالات کے تقاضے کے مطابق) ، پالیسی . ۲. (فلسفہ) حکمت کی ایک شاخ جس میں امور متعلق بہ تہذیب اخلاق ، تدبیرِ منزل ، علمِ سیاست سے گفتگو ہوتی ہے .

حُکُومَت (ضم ح ، و مع ، فت م) امث .
۱. فرد یا افراد پر مشتمل جماعت یا ادارہ جس کے ہاتھ میں امورِ مملکت کی باگ ڈور ہو ، (وزرا کی) کابینہ ، وزارتیں اور ان کے ذیلی محکمے گورنمنٹ ؛ سلطنت . ۲. حکمرانی ، فرمانروائی ، اقتدار . ۳. قدرت ، اختیار تسلط . [ع] .

حکومت کرنا محاورہ . ۱. حکمرانی کرنا ؛ ملک کا نظم ونسق چلانا . ۲. حکم چلانا راج کرنا . ۳. دبانا ، زور دکھانا ، سختی کرنا .

حُکُومَتی (ضم ح ، و مع ، فت م) صف .
حکومت سے متعلق یا منسوب ؛ حکومت کا ، سرکاری .

حَکِیم (فت ح ، ی مع) (الف) اند .
۱. صاحبِ حکمت ، فلسفی ، عالم ، دانا ، دانشور ، باشعور . ۲. علمِ طبابت جاننے والا ، یونانی اور دیسی طریقۂ طب سے علاج کرنے والا طبیب . ۳. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام . (ب) صف . حکمت والا قرآن کی صفت . [ع] .

حَکِیمانَہ (فت ح ، ی مع ، فت ن) صف .
حکمت آمیز ، عالمانہ ، عاقلانہ ؛ حکیم کی طرح ، عالم اور دانا کی طرح حکیم کے مانند .

حَکِیمی (فت ح، ی مع) است.
حکیم کا، حکیم کے متعلق؛ حکیم کا کام، حکمت؛ طبابت، طبابت کا پیشہ.

حَل/ حَلّ (فت ح) اند. (شدل بحالت ترکیب).
۱. (i) انکشاف؛ کھولنے یا سلجھانے کا عمل، سلجھاؤ، عقدہ کشائی، آسان کرنے کا عمل (مشکل کام، راز، یا معمہ وغیرہ کا). (ii) کسی سوال کا صحیح جواب، کسی مسئلے کی توضیح. اف: کرنا/ہونا. ۲. گھولنے یا ملانے کا عمل (کسی چیز کو رقیق شے میں اس طرح ملانا کہ وہ چیز کلیۃً یا اس کا بیشتر حصہ رقیق شے کا جزو بن جائے)، کوئی چیز دوسری چیز میں تحلیل کرنے یا ہونے کا عمل. [ع].

حَلّاج (فت ح، شدل) اند.
۱. روئی دھننے کے پیشے سے تعلق رکھنے والا، دھنیا، نداف، پنجیارا.
۲. لقب حسین بن منصور کا (ایک مشہور صوفی جنھوں نے انا الحق کا دعویٰ کیا اور ان کو سولی پر چڑھایا گیا).

حَلال (فت ح) صف.
۱. (i) مطابق شرع، روا، جائز، مباح (حرام کا نقیض). اف: کرنا/ہونا.
(ii) (عورت جو مرد پر ازروئے شرع جائز ہو) منکوحہ، بیوی. ۲. ذبح (شریعت کے مطابق چھری پھیرنا). ۳. جائز طور پر کمایا ہوا. [ع].
حلال خور اند. ۱. حلال کی روزی کھانے والا. ۲. خاکروب، مہتر، بھنگی.
حلال کر کے کھانا محاورہ. محنت کر کے کھانا.
حلال کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ذبح کرنا، قتل کرنا، گلا کاٹنا. ۲. مارنا پیٹنا؛ بہت زیادہ تکلیف دینا؛ سخت سزا دینا. ۳. شعر کو توڑ مروڑ کر پڑھنا، شعر کو غلط سلط پڑھنا. ۴. کسی امر کے ارتکاب یا کسی چیز کے کھانے پینے کو جائز کر دینا. ۵. شریعت کے موافق جانور کی گردن پر چھری پھیرنا.

حَلّال (فت ح، شدل) صف.
حل کرنے والا (مشکلات، مبہمات کا)، (مشکل کو) آسان کرنے والا، عقدہ کشا. [ع].

حَلالہ (فت ح، ل) است.
(فقہ) مطلقہ عورت جو دوبارہ اپنے پہلے شوہر سے نکاح کر لے (اپنے دوسرے شوہر سے طلاق لینے کے بعد). ۲. مطلقہ کا دوسرے شخص سے نکاح کرنا اور طلاق ہو جانا یا شوہر کا مر جانا اس سے پہلے شوہر سے نکاح ثانی جائز ہو جاتا ہے.

حَلالی (فت ح) صف.
۱. وہ بچہ جو نکاح سے پیدا ہوا ہو؛ حلال کا، جائز اولاد. ۲. (بطور طنز) بے غیرت، بدمعاش، حرامی، شریر.

حَلاوَت (فت ح، و) است نیز اند.
۱. مٹھاس، شیرینی. ۲. (i) مزہ، ذائقہ، لذت. (ii) ذوق، مذاق.
۳. کیف، لطف، سکھ، چین، آرام. [ع].

حِلَّت (کس ح، شدل بفت) است.
(شرع کی رو سے کسی چیز کا) حلال ہونا، جائز ہونا، قابلِ استعمال ہونا. [ع].

حَلْف (فت ح، سک نیز فت ل) اند؛ است.
قسم، سوگند، عہد و پیمان. [ع].
حلف اٹھانا محاورہ. قسم کھانا (بیشتر مذہبی کتاب ہاتھ میں لے کر) خدا کو حاضر و ناظر جان کر عہد کرنا.
حلف برداری است. حلف اٹھانے کا عمل، حلف، تقریب جس میں کسی سے اس کے عہدے کا حلف لیا جائے.
حلف نامہ اند. حلفی اقرار نامہ، لکھا ہوا حلفی بیان.

حَلْفاً (فت ح، سک ل، تن ف بفت) م ف.
ازروئے قسم، قسمیہ، قسم کھا کر.
حلفا حلفی است. ایک دوسرے سے عہد و پیمان، قسما قسمی.

حَلْفِیَہ / حَلَفِیَہ (فت ح/کس ف، فت ی/سک ل/کس ل، شدی بفت) صف؛ م ف.
حلف اٹھاتے ہوئے، قسم کھاتے ہوئے؛ قسمیہ، حلفی.

حَلْق/حَلَق (فت ح، سک ل/ فت ل) اند.
۱. (i) مقام جو دہن زخرہ اور مری کے درمیان ہے، گلا (منھ کے اندر کا وہ حصہ جس سے گزر کر غذا معدے تک پہنچتی ہے اور جو سانس کا بھی راستہ ہے). (ii) ٹینٹوا، گردن، گلا (وہ حصہ جو چہرے اور بدن کو ملائے). ۲. (مجازاً) منھ، زبان. ۳. سر منڈانے کا عمل

(خصوصاً عمرہ اور حج کے موقع پر) ؛ چھیلنا ، صاف کرنا . [ع] .

حلق تر کرنا محاورہ. پیاس بجھانا ، گلے کی خشکی دور کرنا .

حلق تک بھرنا محاورہ. بہت کھانا پینا .

حلق خشک ہو جانا / ہونا ف مر؛ محاورہ. پیاس کی شدت یا خوف وغیرہ سے گلا سوکھنا ؛ ڈر جانا ؛ گھبرا جانا .

حلق سے نکالنا محاورہ. (روپے یا مال وغیرہ کا) زبردستی وصول کر لینا .

حلق کرانا ف مر؛ محاورہ. سر منڈوانا (خصوصاً عمرہ اور حج کے موقع پر) .

حلق میں اٹکنا ف مر؛ محاورہ. حلق سے نہ اترنا ، گلے میں پھنسنا ؛ مصیبت بن جانا .

حُلقُوم (ضم ح ، سک ل ، و مع) اند.

۱. گلا ، گردن (سر اور سینے کو ملانے والا حصہ) ، سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا . ۲. نرخرہ ، گلا ، حلق (منہ کے اندر وہ حصہ جس سے غذا معدے تک پہنچتی ہے اور جو سانس کا بھی راستہ ہے) . ۳. حلق کا منہ [ع] .

حَلْقَہ (فت ح ، سک ل ، فت ق) اند.

۱. (i) گول چیز بہ شکل دائرہ ، گھیرا . (ii) کان کی بالی ، سونے یا چاندی کا بندا جو غلاموں کے کان میں ڈالتے تھے . ۲. پھندا ، پھندے کا گھیرا . ۳. زنجیر کی کڑی ، لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کنڈا . ۴. (i) دائرہ ، گھیر . (ii) سیاہی مائل وہ دائرہ یا گھیرا جو آنکھوں کے گرد ہوتا ہے . ۵. محفل ، مجمع ، نشست ، مجلس کا دور . ۶. لوگوں کا مجموعہ ، گروہ ، جماعت . ۶. علاقہ ، آبادی کے ان حصوں میں سے ایک حصہ جن کو سہولت کار کی وجہ سے الگ الگ بانٹ دیا گیا ہو . [ع] .

حلقہ احباب اند. دوستوں کی جماعت ، یاروں کی محفل .

حلقہ بگوش صف. وہ جس کے کان میں غلامی کا حلقہ ہو ، زرخرید غلام ، غلام ، مطیع ، فرماں بردار .

حلقہ بندی است. ۱. حد بندی کرنے کا عمل ، چاروں طرف سے احاطہ کرنا ، حدود کا تعین خصوصاً قطعہ زمین یا علاقے کی حد بندی . ۲. اپنے ہم خیال اور حامیوں کی جماعت بنانے کا عمل ، گروہ بندی .

حَلْقی (فت ح ، سک ل) صف.

حلق سے منسوب یا متعلق ، حلق کا ، حلق سے نکلنے والی (آواز) ، (حروف) جن کا مخرج حلق ہے .

حِلْم (کس ح ، سک ل) اند.

بردباری ، تحمل ، نرم دلی ، نرم خوئی . [ع] .

حَلْوا / حَلْوَہ (فت ح ، سک ل/ فت و) اند.

۱. کھانا جو گھی اور شکر سے بنتا ہے ، ایک نرم اور مرغن شیرینی جو گھی شکر روے یا میدے یا بعض قسم کے پھل اور ترکاری وغیرہ سے بنائی جاتی ہے (جس چیز سے بنائی جاتی ہے اسی کے نام سے موسوم کی جاتی ہے) . ۲. تر چیز ، نرم چیز (کھانے کی) . ۳. مفت کا مال ، بغیر محنت کے ہاتھ آنے والی چیز . [ع] .

حلوا پوری است. سوجی کا حلوا (آلو، چنے کی ترکاری وغیرہ) اور میدے کی پوری جو عموماً حلوائی کی دکان پر بنائی جاتی ہے اور صبح ناشتے میں کھائی جاتی ہے .

حلوا سمجھنا محاورہ. کسی کام کو آسان سمجھنا ؛ کمزور سمجھنا .

حلوا مانڈا/ مانڈھا اند. حلوا اور چپاتی ؛ (مراد) لذیذ کھانا .

حلوا ہونا محاورہ. ۱. نرم و ملائم ہو جانا ۲. کمزور و ناتواں ہونا .

حَلْوائی (فت ح ، سک ل) اند.

حلوا فروش ، مٹھائی بنانے اور بیچنے والا .

حلوائی کی دکان (پر) دادا/ نانا جی کی فاتحہ کہاوت. غیر کے مال کو بے دریغ خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ، اپنی گرہ سے کچھ نکالے مگر دوسرے کے مال کو بڑھ بڑھ کر صرف کرے .

حُلُول (ضم ح ، و مع) اند.

۱. ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح گھس جانا یا سما جانا کہ دونوں میں امتیاز نہ ہو سکے ، روح کا کسی شے یا جسم میں داخل ہو جانا . اف : کرنا ۲. روپ ، شکل . ۳. ایک عقیدہ جس کی رو سے خالق کا مخلوق میں اس طرح سما جانا کہ دونوں میں فرق نہ ہو . ۴. تناسخ ، آواگون . ۵. آمیزش امتزاج . [ع] .

حَلْوے (فت ح ، سک ل) اند.

حلوا کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

حلوے مانڈے سے کام/ غرض/ مطلب/ ہونا محاورہ. اپنا بھلا چاہنا

کوئی مرے یا جیے ، ہر حال میں اپنی غرض اور مطلب کو مدنظر رکھنا ، ہر حالت میں اپنے فائدے کی سوچنا .

حُلّہ (ضم ح ، شد ل بفت) اند .
ا.(i) چادر ، جبہ ، دو کپڑوں کا جوڑا یعنی ازار اور چادر .(ii) پوشش ، لباس .۲. بہشتی لباس . [ع] .

حَلیف (فت ح ، ی مع) اند .
ا. ہم پیمان ، معاہدہ کے دونوں فریق ، عہد کرنے والے ، حلف اٹھانے والے ، ساتھ دینے والے .۲. جس نے دوسرے کی امداد کا حلف اٹھایا ہو ، ساتھی ، رفیق . [ع] .

حَلیم (فت ح ، ی مع) (الف) صف .
ا. بردبار ، متحمل ، نرم دل .۲. خدا کا ایک صفاتی نام .(ب) اند : است . ایک کھانا جو گیہوں ، چنے کی دال ، گوشت ، گرم مسالہ اور ادرک وغیرہ ڈال کر پکایا جاتا ہے ، کھچڑا . [ع] .

حَلیمی (فت ح ، ی مع) است .
حلیم کا اسم کیفیت ، بردباری ، نرمی .

حُلیَہ (ضم نیز کس ح ، سک ل ، فت ی) اند .
ا.(i) شخص کا سراپا (صورت ، رنگ روپ ، وضع قطع ، قد وغیرہ) .
(ii) چہرہ ، شکل وصورت کی تفصیل (جو شناخت کے لیے لکھی جائے) .
۲. مجموعۂ صفات ، پہچان .۳. زیور (سونے ، چاندی اور جواہرات کا) ، گہنا ، زیب وزینت کی چیز . [ع] .
حلیہ بدلنا محاورہ .ا. بھیس بدلنا ، شکل وصورت اور وضع قطع بدلنا (بناوٹی انداز میں کسی خاص مقصد کے تحت) .۲. دُرگت بنا ، حالت خراب ہونا .
حلیہ بگاڑ دینا/ بگاڑنا محاورہ .ا. صورت بگاڑ دینا ، شکل سے بے شکل کر دینا ، درگت بنانا .۲. اصل اور صحیح چیز کو مسخ کر دینا ، معیاری چیز کو گھٹیا بنانا (غیر ضروری تصرفات سے) .
حلیہ بنا رکھنا محاورہ . اپنی حالت بگاڑ رکھنا ، خراب حال میں ہونا .

حِماقَت (فت نیز کس ح ، فت ق) است .
نادانی ، بے وقوفی . [ع] .

حَمّال (فت ح ، شد م) اند .
ا.(i) مزدور ، قلی ، سامان ڈھونے والا (سامان اسباب وغیرہ اٹھانے والا) .
(ii) (بوجھ) اٹھانے والا ، برداشت کرنے والا .۲. کہار ، ڈولی بان . [ع] .

حَمّام (فت ح ، شد م) اند .
گرم پانی کا غسل خانہ ، نہانے کی بند جگہ . [ع] .
حمام میں سب (ہی) ننگے کہاوت . کسی برے فعل میں اکثریت مبتلا ہو ، کسی برے عمل کے اکثر لوگ مرتکب ہوں یا ایک ہی برائی میں سب مبتلا ہوں تو کہتے ہیں .

حَمائِل (فت ح ، کس ء) (الف) است .
ا. گلے کا ترچھا پرتلا ، دوال شمشیر ، تسمہ جو شانے پر ترچھا پڑتا ہے) .
۲. چھوٹی تقطیع کا قرآن مجید (جس کو اکثر سونے چاندی کی ڈبیا موم جامے میں رکھ کر گلے میں ڈالنے یا بازو پر حفظ و امان کی خاطر باندھتے ہیں) .۳. ہار (پھولوں یا سونے یا چاندی کے سکوں وغیرہ کا) ، عورتوں کے گلے میں پہننے کا ایک زیور .(ب) صف .(گلے میں) پڑا یا لٹکا ہوا . [ع] .

حِمایَت (کس ح ، فت ی) است .
ا. طرف داری ، تائید ، مدد .۲. نگہبانی ، محافظت ، نگرانی . [ع] .
حمایت لینا محاورہ . طرف داری کرنا ، مدد کرنا ؛ شہ دینا .

حِمایَتی (کس ح ، فت ی) صف .
ا.(i) حمایت کرنے والا ، طرف دار ، مددگار .(ii) تائیدی .۲. سرپرست .

حَمْد (فت ح ، سک م) است .
ا.(i) خدا کی تعریف ، ستائش .(ii) کلام (نثر یا نظم) کا وہ حصہ یا جزو جس میں خدا کی تعریف وسپاس ہو . [ع] .

حُمَقا/ حُمَقاء (ضم ح ، فت م) اند .
بے وقوف ، نادان ، کم عقل لوگ ، احمق لوگ . [ع] .

حَمْل (فت ح ، سک م) اند .
ا. بوجھ اٹھانا ، بوجھ لادنا ؛ بار ، بوجھ ، وزن .۲. عورت کے رحم میں بچہ ہونا ؛ بچہ جو عورت کے رحم میں ہو . [ع] .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

حَمْلَہ (فت ح، سک م، فت ل) اند.
۱. چڑھائی، ہلہ، دھاوا ۲. وار، ضرب ۳. چوٹ، طنز، تضحیک ۴. (قانون) کسی دوسرے پر جبراً کسی جرم کا قصد کرنا۔ ۵. مرض وغیرہ کا اچانک آغاز۔ [ع].

حملہ آور صف. چڑھائی کرنے والا، دھاوا بولنے والا، وار کرنے والا۔

حَمِیَّت (فت ح، کس م، شد ی بفت) است.
۱. غیرت، شرم، ننگ ۲. غصہ، جوش، نفرت۔ [ع].

حَمِید (فت ح، ی مع) صف مذ.
۱. (i) ممدوح، پسندیدہ، بہت تعریف کیا ہوا۔ (ii) نیک، مبارک۔
۲. خدا کا ایک صفاتی نام ۳. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک لقب۔ [ع].

حَمِیدَہ (فت ح، ی مع، فت د) صف مث.
پسندیدہ، نیک، قابلِ تعریف۔

حِنا (کس ح) است.
۱. (i) مہندی (لگانے کے لئے تیار شدہ)۔ (ii) مہندی کا پودا، چیتاں، پھول۔ (iii) مہندی کا سرخ رنگ (لگنے کے بعد) ۲. شادی کے موقع پر مہندی کی رسم۔ [ع].

حِنائی (کس ح) (الف) صف.
۱. مہندی لگا ہوا (عموماً ہاتھ، پاؤں، سر وغیرہ) ۲. زردی مائل سرخ رنگ، مہندی کے رنگ کا۔ (ب) است. مہندی کا رنگ۔

حَنْجَرَہ (فت ح، سک ن، فت ج، ر) اند.
نرخرا، حلقوم، گلا، حلق میں سانس کا راستہ۔ [ع].

حَنَفی (فت ح، ن) اند.
۱. امام ابو حنیفہؒ کا پیرو، فقہ ابو حنیفہ کا ماننے والا ۲. امام ابو حنیفہؒ کے مسلک سے متعلق یا منسوب۔

حَنُوط (فت ح، و مع) اند.
۱. خوش بودار چیزوں کا مرکب جسے مردے کے جسم پر ملتے ہیں اور کفن پر بھی لگاتے ہیں ۲. مسالہ جو نعش کو سڑنے سے محفوظ رکھنے کے لیے لگایا جائے۔ [ع].

حَنِیف (فت ح، ی مع) صف.
۱. صحیح، سچا، راست، سیدھا ۲. باطل سے حق کی طرف آنے والا، امرِ حق پر ثابت رہنے والا؛ لقب حضرت ابراہیمؑ۔ [ع].

حَوّا (فت ح، شد و) است.
حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی، سب انسانوں کی ماں۔ [ع].

حَوادِث (فت ح، کس د) اند.
حادثہ کی جمع؛ واقعات؛ مصیبتیں، زمانے کی گردشیں، حادثے حادثات۔

حَواری (فت ح) اند.
۱. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب، یاران حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں سے کوئی ایک ۲. شاگرد، پیرو، دوست، یار، معاون۔ [ع].

حَواس (فت ح) اند.
۱. حاسہ کی جمع، قوتِ مدرکہ محسوس کرنے کی قوت، حسی طاقت ۲. ہوش اوسان۔ [ع].

حواس باختہ صف. ہکا بکا، بدحواس، گھبرایا ہوا، سراسیمہ، حیران و پریشان

حواس جاتے جانا/رہنا محاورہ. گھبرا جانا، ہکا بکا ہو جانا، اوسان خطا ہونا.

حواسِ خمسہ اند. پانچ حواس ظاہری قوتیں (باصرہ، سامعہ، شامہ ذائقہ، لامسہ)۔

حواس کھو بیٹھنا/ کھونا محاورہ. پاگل ہو جانا، دیوانے کے مانند ہو جانا، مجنونانہ کیفیت پیدا ہونا؛ بوکھلا جانا۔

حواس گم کر دینا / کرنا محاورہ. حیرت زدہ کر دینا، ہوش اڑانا، اوسان خطا کر دینا۔

حَواشی (فت ح) اند؛ ج.
۱. نوکر چاکر، اہالی موالی، مصاحب ۲. شرح یا حوالے جو کسی کتاب کے متن سے باہر یا الگ لکھے جائیں، فٹ نوٹ ۳. اردگرد مضافات، آس پاس۔

حَوالات (فت ح) است.
حراست، نظر بندی، وہ مکان جس میں ملزم کو تحقیقات مقدمہ تک رکھا جاتا ہے، قید، نظر بندی۔

حَوالدار (فت ح، سک ل) امذ.
پولیس اور فوج کا ایک عہدہ دار، افسر جس کے ماتحت چند سپاہی ہوں، ہیڈ کانسٹبل.

حَوالہ (فت ح، ل) امذ.
۱. (نام کتاب یا صفحات وغیرہ سے متعلق) وہ یادداشت یا نوٹ جس کی مدد سے تفصیلات یا اصل موضوع کی طرف رجوع کیا جاسکے. ۲. (i) کسی موقع ومحل وغیرہ کی نشان دہی، اشارہ (کسی واقعہ وغیرہ کی طرف). اف: آنا/دینا. (ii) (اصطلاح) ایک عنوان سے دوسرے عنوان کی طرف رہنمائی. ۳. نام، پتا، نشان. ۴. مثال، ذکر (بطور مثال). ۵. تحویل، سپردگی. [ع].

حَوالی (فت ح) امذ؛ امث.
۱. اطراف، نواح، مضافات، اردگرد، آس پاس، گردا گرد. ۲. (i) نوکر چاکر، ملازمین. (ii) ساتھی، دوست، ہم راہی. [ع].

حوالی موالی امذ. ۱. نوکر چاکر، ملازمین. ۲. دوست، ساتھی، ہمراہی.

حَوالے (فت ح) امذ.
حوالہ کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

حوالے کرنا ف مر. تحویل میں دینا، سپرد کرنا، دے دینا.

حَوائج (فت ح، کس ء) امذ؛ امث.
۱. حاجت کی جمع، ضروریات، لوازم. ۲. پاخانے، پیشاب وغیرہ کی حاجت (بیشتر لفظ ضروری کے ساتھ). [ع].

حوائج ضروری/ ضروریہ امذ؛ امث. ۱. ضروریات زندگی، کھانے پینے اور پہننے کی چیزیں وغیرہ. ۲. پیشاب، پاخانہ (کی حاجتیں).

حُوت (و مع) (الف) امث.
بڑی مچھلی. (ب) امذ. آسمان کے بارہ برجوں میں سے بارہویں برج کا نام.

حُور (و مع) امث.
۱. گوری چٹی عورتیں جن کی آنکھوں کی پتلیاں اور بال بہت سیاہ ہوں، (اردو میں بطور واحد مستعمل) بہشتی عورت. ۲. معشوق، نہایت حسین، محبوب. [ع].

حَوصَلَہ (ولین، فت ص، ل) امذ.
۱. ارمان، آرزو، ارادہ. ۲. مقدور، استطاعت، ظرف، ہمت. ۳. طاقت، جرأت. [ع].

حوصلہ افزا صف. حوصلہ بڑھانے والا، ہمت دلانے والا.

حوصلہ افزائی امث. حوصلہ افزا کا اسم کیفیت؛ ہمت دلانے کی کیفیت.

حوصلہ شکن صف. ہمت توڑنے والا، مایوس کن، بزدل بنانے والا.

حوصلہ شکنی امث. حوصلہ شکن کا اسم کیفیت؛ ہمت توڑ دینا.

حوصلہ کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. ہمت کرنا، جرأت کرنا. ۲. فراخ دلی سے کام لینا.

حوصلہ مند صف. صاحب ہمت، عالی حوصلہ، اولوالعزم.

حوصلہ ہارنا محاورہ. ہمت کم ہونا، جرأت کھو بیٹھنا؛ دل شکستہ ہو جانا، پست ہمتی کا شکار ہونا.

حَوض (ولین) امذ (امث، شاذ).
۱. پانی جمع کرنے کی جگہ جو زمین میں بنائی جائے، چھوٹا تالاب. ۲. صفحے کا متن والا حصہ. ۳. فوارے کے اردگرد کی جگہ. ۴. (علم تشریح) پیڑو. [ع].

حَوضَہ (ولین، فت ض) امذ.
۱. چہار دیواری، احاطہ. ۲. چھوٹا حوض، چو بچہ. ۳. صفحے کے متن والے حصے (حوض) کے گرد بنا ہوا چوکھٹا یا حاشیہ.

حَویلی (فت ح، ی مع) امث.
شان دار مکان، بڑا اور پکا مکان (بیشتر جس کے گرد چار دیواری بھی ہوتی ہے)، محل.

حَیّ (فت ح، شد ی) صف.
۱. زندہ، جیتا. ۲. اللہ کا ایک صفاتی نام. [ع].

حَیُّ القَیُّوم صف. ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا، اللہ تعالیٰ.

حَیا (فت ح) امث.
شرم، حجاب، لاج، غیرت. [ع].

حیا آنا محاورہ. شرم آنا، غیرت آنا، ندامت ہونا.

حیا دار صف. غیرت مند، لحاظ والا، شرمیلا.

حیا کرنا ف مر. شرم کرنا، شرمانا.

حَیات (فت ح) صف : مث (الف).

زندگی، جان (ممات کی ضد). (ب) صف. زندہ، جیتا، بقیدِ حیات. [ع].

حیات و مَمات مث. زندگی اور موت ؛ عروج و زوال.

حَیاتی (فت ح) (الف) صف.

حیات سے منسوب یا متعلق، زندہ اجسام سے متعلق، عضوی. (ب) مث.
زندگی، جان، حیات.

حَیاتِیّات (فت ح، کس ت، شدی نیز بلا تشدید) مث.

علم جس کا تعلق اجسام نامیہ یا جان داروں کی زندگی سے ہے، اس میں پودوں اور جانوروں کی زندگی اور نشو و نما کا مطالعہ کیا جاتا ہے، علم الحیات (انگ : بیالوجی Biology).

حَیاتِین (فت ح، ی مع) مذ.

نامیاتی بنیادی اجزا یا مددگار غذائی عناصر جو اکثر حیوانی اور نباتی غذاؤں میں پائے جاتے ہیں اور صحت کے لیے ضروری ہوتے ہیں، وٹامن. [ف].

حَیثِیّت (فت ح، کس ث، شدی بفت نیز بلا تشدید) مث.

۱. حالت، وضع، شکل، طرز. ۲. صلاحیت، استعداد، لیاقت، خصوصیت. ۳. مالی حالت، بساط، مقدرت، آمدنی. ۴. عزت، شان ؛ مرتبہ، درجہ. [ع].

حیثیت سے م ف. ۱. نسبت سے، اعتبار سے. ۲. (کسی کے) مثل، (کسی کی) طرح، مانند، طور پر.

حیثیت عرفی مث. بنی ہوئی عزت، مانی ہوئی عزت، اچھی شہرت.

حَیدَر (ی لین، فت د) مذ.

۱. شیر. ۲. حضرت علیؓ کا لقب. [ع].

حیدر کرار مذ. بار بار حملے کرنے والے حیدر، حضرت علی کا لقب.

حَیران (ی لین) صف.

۱. (i) بھوچکا، ہکا بکا، دنگ، گھبرایا ہوا، سٹ پٹایا ہوا. (ii) پریشان، سرگرداں. [ع].

حیران کن صف. حیران کرنے والا، حیرت میں ڈالنے والا، تعجب انگیز.

حَیرانگی (ی لین، سک نیز فت ن) مذ.

حیران، تعجب، پریشانی.

حَیرانی (ی لین) مث.

۱. تعجب، حیرت ؛ پریشانی، سرگردانی. ۲. عالم حیرت.

حَیرَت (ی لین، فت ر) مث.

تعجب، حیرانی، اچنبھا، بھوچکا پن. [ع].

حیرت انگیز صف. دنگ کر دینے والا، حیرت پیدا کرنے والا.

حیرت زدہ صف. حیران، بھوچکا، دنگ.

حَیص (و) بَیص (ی لین، (وج)، ی لین) مث.

بحث ؛ تذبذب، تردّد، تکرار، رد و آمد.

حَیض (ی لین) مذ.

(طب) فاسد خون جو حائضہ عورت کی اندام نہانی سے ہر ماہ خارج ہوتا ہے، ماہواری. [ع].

حِیطَہ (ی مع، فت ط) مذ.

احاطہ، چار دیواری، حد (بیشتر ترکیب میں). [ع].

حَیف (ی لین) (الف) فجائیہ.

افسوس، حسرت، تعجب یا نفرت کے اظہار کے لیے. (ب) مذ. تاسف (ج) صف. فضول، بیکار، گھٹیا، پست، بے معنی، لاحاصل. [ع].

حیف صد حیف فجائیہ. بہت زیادہ افسوس یا مایوسی کے موقع پر بولا جاتا ہے، مترادف افسوس صد افسوس.

حِیَل (کس ح، فت ی) مذ ؛ ج.

۱. مکر و فریب، دھوکے بازیاں، عیاریاں. ۲. تدابیر، بہانے، حیلے

حِیل (و) حُجَّت (ی مع، (وج)، ضم ح، شدج بفت) مث.

۱. حیلہ بہانہ، ٹال مٹول. ۲. بحث و تکرار، بحثا بحثی. اف : بنانا/کرنا/نکالنا.

حِیلَہ (ی لین، و مع، فت ل) مذ.

بہانہ، فریب، مکر، چال، تدبیر. ۲. روزی کمانے کا ذریعہ، وسیلہ، پیشہ روزگار، نوکری. [ع].

حیلہ بہانہ مذ. ٹال مٹول، بہانہ بازی، لیت و لعل.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، مذ = اسم مذکر، مث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

جیلے (ی مع) اند ؛ ج.
حیلہ کی جمع یا مغیرہ حالت ، محاورات میں مستعمل .

حیلے رِزق/ روزی بہانے موت کہاوت. رزق اور موت کے لیے بہانہ درکار ہے (ادنیٰ سی بیماری سے مر جانے یا تھوڑی سی محنت سے بہت سا رزق مل جانے کے موقع پر بولتے ہیں .

حِین (ی مع) اند.
ا. ہنگام ، زمانہ ، وقت .۲. نصف سال ؛ سات سال ؛ چالیس سال ؛ صبح و شام ؛ قیامت . [ع] .

حین حیات (الف) اند. دورانِ زندگی ، زمانۂ حیات ، جیتے جی . (ب) مف ؛ م ف. عمر بھر کے لیے ، پوری زندگی کے لیے ، جب تک زندگی ہے .

حَیوان (ی لین) (الف) اند.
جان دار ، انسان کے علاوہ وہ جان دار مخلوق جس میں قوتِ حس اور ارادی حرکت ہو ، جانور . (ب) مف . وحشی ، تہذیب و تمدن اور آداب سے عاری ، نادان . [ع] .

حیوان ناطق اند. بولنے والا ، جانور ، (مراد) انسان ، آدمی .

حَیوانات (ی لین) اند ؛ ج.
حیوان کی جمع .

حَیوانی (ی لین) مف .
ا. حیوان سے منسوب یا متعلق ، حیوان کا ، جانور کا .۲. نفسانی .

حَیوانِیّات (ی لین ، کس ن ، شد ی بفت نیز بلا تشدید) اسٹ .
حیاتیات کی وہ شاخ جس میں حیوانات کے متعلق تمام پہلوؤں سے بحث کی جاتی ہے ، علم الحیوانات (انگ : Zoology) .

حَیوانِیَّت (ی لین ، کس ن ، شد ی بفت نیز بلا تشدید) اسٹ .
ا. حیوان ہونے کی علامات و خصوصیات .۲. حیوانی اوصاف ، اوصاف جو انسان اور حیوان میں مشترک ہوں .۳. جنگلی پن ، وحشت ، درندگی .

خ

خ اسٹ .
بہ اعتبارِ صوت اُردو کا سولھواں حرف ، اس کی قیمت بحسابِ جمل چھ سو (۶۰۰) مقرر ہے ، عربی اور فارسی میں خآ اور اردو میں اسے "خے" کہتے ہیں .

خاتَم (فت ت) اسٹ .
ا. انگوٹھی ، انگشتری .۲. انگوٹھی جس پر مہر کرنے کا نشان یا علامت ہو ، مہر ، چھاپ ، ٹھپّا ، سِکّہ . [ع] .

خاتِم (کس ت) مف .
ختم کرنے والا ، انجام کو پہنچانے والا ؛ آخری .۲. اتمام کو پہنچانے والا ، تکملہ کرنے والا ؛ منقطع کرنے والا . [ع] .

خاتِمَہ (کس ت ، فت م) اند.
ا. انجام ، نتیجہ ، اختتام .۲. کسی چیز یا کتاب کا آخری حصہ ، تتمہ ، اختتام ؛ عبارت جو کتاب کے ختم ہونے کے بعد آخر میں لکھی جائے .۳. (مجازاً) انتقال ، موت . اف : کرنا/ ہونا .

خاتمہ بالخیر اند. ا. انجام بخیر ہونا ، عاقبت سدھانا ؛ خیر و خوبی کے ساتھ تکمیلِ کار .۲. مرتے وقت ایمان کی سلامتی اور دین داری .۳. اختتام ؛ موت ، انتقال (نیز طنزاً یا مزاحاً) .۴. (طنزاً) تباہی ، بربادی ، استیصال .

خاتُون (و مع) اسٹ .
ا. معزز عورت ، بیگم ، بیوی ، زوجہ .۲. ملکہ ، امیر گھر کی عورت ، امیر زادی . [ت] .

خاتون اَوّل اسٹ . بادشاہ یا سربراہِ مملکت کی بیوی کا لقب .

خاتُون جنّت اسٹ. حضرت فاطمہؓ دخترِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا لقب .

خاتون خانہ اسٹ. گھریلو عورت ، گھر دار بی بی .

خادِم (کس د) اند.
ا. ملازم ، نوکر ، خدمت گار .۲. (متکلم کے لیے) عجز کے موقع پر .۳. مساجد اور درگاہوں کا خدمت گار ، کارگزار ، کارکن .۴. عقیدت مند ، معتقد ؛ جان نثار . [ع] .

خادِمَہ (کس د ، فت م) اسٹ.
ا. خادم کی تانیث ، ملازمہ ، نوکرانی ، لونڈی .۲. انتہائی عجز کے اظہار کے موقع پر (برائے واحد مونث متکلم) .۳. نگہداشت کرنے والی ، خدمت گزار خاتون .

خار اند.
۱. پودوں، درختوں اور جھاڑیوں پر نکلی ہوئی نکیلی روئیدگی؛ سخت اور باریک کانٹا، پھانس. ۲. کسی جاندار کے جسم پر یا اس کے اندر جسم کی ساخت میں موجود باریک نکیلے اجزا جو اپنی ساخت میں ہڈی یا پروں کی ڈنڈی سے مشابہ ہوتا ہے. ۳. (مجازاً) خلش، کھٹک، تکلیف، ذہنی پریشانی. ۴. حسد، جلن، رشک. ۵. ناگوار، دوبھر؛ باعث آزار. [ف].

خار دار صف. ۱. کانٹوں والا، جس میں کانٹے لگے ہوں. ۲. نوکیلا، چبھنے یا چبھانے والا؛ دُکھ دینے والا. ۳. مشکل، دشوار، اُلجھا ہوا، پیچیدہ.

خار زار اند. ۱. جگہ جہاں کثرت سے کانٹے اُگے ہوئے ہوں، کانٹوں کا جنگل. ۲. (مجازاً) دنیا.

خار کھانا محاورہ. حسد کرنا، رشک کرنا، جلنا، دشمنی کرنا.

خار و خَس اند. کوڑا کرکٹ، کچرا، گھاس پھوس.

خارا اند.
ایک وضع کا غیر معمولی سخت پتھر (بھورا یا سلیٹی جو کھریا کی چٹانوں کے درمیان ملا جلا پایا جاتا ہے اس سے آگ جلانے کا کام بھی لیا جاتا تھا). ۲. سنگ مرمر. [ف].

خارِج (کس ر) (الف) صف.
۱. الگ، جدا، علیحدہ. ۲. جو شامل نہ ہو، باہر، داخل یا شمول کی ضد نیز (مجازاً). ۳. اطراف، اردگرد؛ اپنی ذات کے علاوہ دوسرے لوگ. ۴. بڑھایا ہوا؛ تقسیم کا حاصل. ۵. مسترد. (ب) اند. ۱. عالم مادی، حقیقت معروضی. ۲. علاوہ، ماسوا. [ع].

خارج از بحث صف. کسی موضوع یا مسئلے سے الگ، غیر متعلق بات.

خارج کرنا ف مر. ۱. باہر کرنا، نکال دینا؛ (مجازاً) علیحدہ خیال کرنا، غیر قرار دینا. ۲. دعویٰ مسترد کرنا، درخواست نامنظور کرنا.

خارِجَہ (کس ر، فت ج) صف.
۱. باہر کا، خارجی، بیرونی، غیر ملکی امور یا روابط سے متعلق؛ داخلہ کا نقیض. ۲. باہر نکلا ہوا، کسی جسم کی اصل ہیئت سے متجاوز.

خارجہ پالیسی است. کسی ملک کی وہ حکمت عملی جو دوسرے ممالک سے تعلقات کے سلسلے میں اختیار کی جائے.

خارِجی (کس ر) (الف) اند.
شخص یا اشخاص جو حضرت علیؓ کو خلیفۂ برحق نہیں مانتے نیز وہ فرقہ اس عقیدے کا حامل ہے. (ب) صف. ۱. کسی مقررہ ضابطے یا حدود سے متجاوز یا اس کے علاوہ، زائد، بیرونی، ضمنی، ذیلی. ۲. (i) ظاہری مادّی جو حواس خمسہ سے محسوس کیا جا سکے. (ii) اپنی ذات سے باہر کا بیرونی حالات و واقعات سے متعلق. ۳. باہر سے آیا ہوا (نظریہ) اختیار کردہ طریقہ.

خارِش (کس ر) است.
ایک جلدی متعدی بیماری جس میں چھوٹی چھوٹی پھنسیاں کھجلی کے ساتھ نکلتی ہیں؛ کھجلی. [ف].

خارِق (کس ر) صف؛ اند.
۱. انوکھی بات، عجیب بات. [ع].

خارق العادات/العادت صف: اند (الف) صف. ۱. فطرت کے برخلاف ۲. انوکھا، عجیب، غیر معمولی. (ب) است. معجزہ، کرامت.

خازِن (کس ز) صف: اند.
۱. کسی ادارے کا وہ عہدے دار جو مالی امور کا ذمہ دار ہو، خزانے دار خزانچی؛ جمع کرنے والا. ۲. نگہبان، محافظ. [ع].

خاشاک اند.
۱. (i) کوڑا کرکٹ، گھاس پھوس. (ii) تنکے. ۲. (مجازاً) ادنیٰ، ناپسندیدہ وجود یا شے. [ف].

خاص (الف) صف.
۱. غیر معمولی، خصوصی، مخصوص. ۲. پیارا، مقبول، منظور نظر، مقرب ۳. عمدہ، منتخب، بہتر، ٹھیک. ۴. صرف، فقط. ۵. اصل. (ب) م ف بالخصوص، خاص طور پر، خصوصیت سے، خصوصی. [ع].

خاص الخاص صف. مخصوص ترین، نہایت چیدہ و منتخب، مقبول ترین بہت قریبی، بہت عزیز.

خاص تعلق اند. گہرا تعلق، بہت دوستی، آشنائی.

خاص خاص (الف) م ف. بالخصوص، خاص طور پر. (ب) صف. مختلف اور مخصوص نوعیت یا عرفیت رکھنے والے (افراد یا اشیاء).

خاص دان اند. پان کی گلوریوں کے رکھنے کا گنبد نما ظرف جو چاندی، بھرت یا تانبے وغیرہ کا ہوتا ہے.

خاص کر (کے) م ف. بالخصوص، خصوصیت سے، خاص طور پر.

خاص و عام اند؛ ج. چھوٹے بڑے، امیر وغریب، تمام، سب.

خاصا (الف) اند.

۱. بادشاہوں یا امیروں کا کھانا. ۲. کوئی خصوصیت خوبی یا برائی، خاص عادت یا طبیعت. (ب) صف. ۱. خوب، اچھا، عمدہ، منتخب، نمایاں جس سے انکار یا جسے نظر انداز نہ کیا جا سکے. (i) پیارا، مقرب، منظور نظر، ضرورت کے مطابق، کافی. (ii) کم وبیش، قریب قریب. ۳. قدرے نمایاں؛ قابل لحاظ؛ معمول سے زیادہ. (ج) م ف. ۱. بڑی حد تک. ۲. ٹھیک طور پر، اچھی طرح، مناسب طریقے پر.

خاصَہ (فت ص) (الف) اند.

دیکھیے: خاصا. [ع].

خاصّہ (شد ص بفت اند.

۱. کوئی خصوصیت، خوبی یا برائی جو کسی سے نمایاں طور پر نسبت رکھتی ہو. ۲. (i) تاثیر، مقتضا. (ii) خاصیت، فطری وصف، کوئی گن جو اصل و افتاد میں مضمر ہو. [ع].

خاصی صف مث.

۱. اچھی، خوب، عمدہ، منتخب، معقول، قابلِ توجہ. ۲. معمولی سے زیادہ، قدرے نمایاں، قابلِ لحاظ. [ع].

خاصے صف؛ اند.

۱. اچھا، عمدہ، منتخب. ۲. اچھی تعداد میں، کافی.

خاصے کی چیز است. اچھوتی بات یا عجیب شے، سب سے الگ (گا ہے طنزاً).

خاصِیَّت (کس ص، شدی بفت) است.

۱. خصوصی تاثیر، خاص اثر. ۲. وصف، صفت.

خاطِر (کس ط) (الف) است؛ اند (شاذ).

۱. دل، جی، جان؛ دل کی بات. ۲. خیال، دھیان؛ ذہن، یادداشت، حافظہ. ۳. مدارات، تواضع، آؤ بھگت. ۴. دل جوئی، خوشی. ۵. طبیعت، مزاج. ۶. پاس، لحاظ، مروت. (ب) م ف. لیے، واسطے، غرض سے، وجہ سے. اف: کرنا/ہونا. [ع].

خاطر تواضع است. ۱. مدارات، آؤ بھگت. ۲. (طنزاً) بے عزتی کرنا؛ (پولیس) سزا دینا.

خاطر خواہ (الف) م ف. طبیعت کے موافق، خواہش کے مطابق، حسبِ مرضی. (ب) صف. مرغوب، دل پسند.

خاطرداری است. ۱. آؤ بھگت، تواضع، مدارات، پاس و لحاظ. ۲. دلجوئی، ناز برادری. ۳. دیکھ بھال، پرورش.

خاطر (و) مُدارات است. آؤ بھگت، خاطر تواضع.

خاطر میں لانا محاورہ. توجہ کرنا، پروا کرنا، اہمیت دینا (اثبات و نفی دونوں طرح مستعمل).

خاک (الف) است.

۱. مٹی، گرد، دھول، راکھ. ۲. زمین، ارض، ملک. ۳. خمیر، سرشت. ۴. قبر، تربت. ۵. نفیِ فعل و تاکیدِ نفی کے لیے، ہرگز نہیں. (ب) م ف. ۱. بیکار، فضول، بے حاصل، بے فائدہ. ۲. کچھ نہیں (نفی کے معنی میں)، ذرا سا. ۳. کیونکر، کیا، کس طرح. ۴. کچھ، ذرا بھی. ۵. ہیچ، بے وقعت. ۶. تف، افسوس. ۷. تحقیر کے لیے. [ف].

خاک اڑانا محاورہ؛ ف مر. ۱. دھول اُڑانا، گرد و غبار اڑانا. ۲. تلاش و جستجو میں سرگرداں ہونا. ۳. آوارہ پھرنا، واہی تباہی پھرنا، بے کار اِدھر اُدھر گھومنا. ۴. برباد کرنا، کسی کو تباہ کرنا. ۵. (i) رسوا کرنا، بدنام، کرنا، بے عزتی کرنا. (ii) تنقید کرنا، نقص نکالنا، مذاق بنانا.

خاک اُڑنا محاورہ. ۱. دھول اڑنا، گرد اڑنا. ۲. رونق نہ ہونا، سناٹا ہونا. ۳. تباہی و بربادی ہونا، برکت ختم ہوجانا. ۴. بے وقعتی ہونا، بے عزتی ہونا.

خاک چھاننا محاورہ. ۱. ڈھونڈنا، بے حد تلاش و جستجو کرنا، مارا مارا پھرنا، آوارہ پھرنا.

خاک ڈالنا محاورہ (پر یا پہ کے ساتھ) .۱.دبانا ، چھپانا ، ظاہر نہ کرنا .۲.لعنت بھیجنا ؛ ترک کرنا ؛ برا سمجھنا .۳.بھول جانا ، فراموش کرنا ، بے نیاز ہو جانا. ۴.پردہ پوشی کرنا ، نظر انداز کرنا .۵.نکتہ چینی کرنا ، اعتراض کرنا ، کیے دھرے پر پانی پھیرنا .

خاک روب اند .جھاڑو دینے والا ، گھر کی صفائی کرنے والا ، بھنگی ، مہتر؛ حلال خور .

خاک کا پُتلا اند .(مجازاً) آدمی ، انسان .

خاک میں ملانا محاورہ .۱.برباد کرنا ، غارت کرنا ، مٹانا ، پامال کرنا ، ختم کرنا، اُجاڑنا .۲.(i) پیوند زمین کرنا .(ii) دفن کرنا .۳.ذلیل و رسوا کرنا .۴.ضائع کرنا ، رائیگاں کرنا .

خاک میں ملنا محاورہ .دفن ہونا، پیوند زمین ہونا، مر جانا .۲.ضائع ہونا ، تلف ہونا .۳.برباد ہونا ، تباہ ہونا .۴.ختم ہو جانا ، باقی نہ رہنا .

خاک نہیں فقرہ .۱.کچھ نہیں ، ذرا نہیں ، بالکل نہیں .۲.بے رونق .

خاک ہو فقرہ .بے مایہ ہو جا ، بے حقیقت بن جا .

خاک ہونا ف مر؛ محاورہ .۱.مٹی ہو جانا .۲.تباہ ہونا ، برباد ہونا .۳.جل کر راکھ ہو جانا .۴.فنا ہو جانا ، مٹ جانا .

خاکسار (سک ک) (الف) صف .حقیر ، ناچیز عاجز (بندہ) ؛ خاک کی مانند .(ب) اند .متکلم کسر نفسی سے اپنے آپ کو کہتا ہے .

خاکساری (سک ک) است .عجز و انکسار ، فروتنی ، عاجزی .

خاکِستَر (سک ک ، سک س ، فت ت) است .

۱.جلی ہوئی چیز کی راکھ ، بھبوت .۲.کڑھنے جلنے کا عمل .۳.نشان ، باقی ماندہ حصہ .

خاکم بَدَہن فقرہ .

میرے منھ میں خاک (مٹی) گستاخی یا بدشگونی کی بات کہنے کے موقع پر .

خاکہ (فت ک) اند ؛ ایک املا ، خاکا .

۱.(i) خد و خال وغیرہ کی نقل جو اصل سے مشابہ ہو ، تصویر کا ڈھانچا . (ii) عکس ، چربا .۲.کسی عمارت وغیرہ کا کچا نقشہ .(ii) تحریر کا ذہنی پس منظر .۳.صورت حال ، کسی حقیقت کی مختصر کیفیت کا نقشہ ، منظر .۴.مضحکہ ، تمسخر .۵.سوانح حیات پر مبنی تحریر شخصیتوں کے خاکے .۶.مختصر ڈراما یا ناٹک . [ف] .

خاکہ اڑانا محاورہ .کسی کو رسوا کرنا ، بدنام کرنا ، ذلیل کرنا ، مضحکہ اُڑانا ، ہنسی اُڑانا .

خاکہ کھینچنا محاورہ .۱.کسی چیز ، شخص ، کیفیت یا منظر وغیرہ کی تصویر الفاظ یا خطوط و نقوش کے ذریعے سے پیش کرنا .۲.نقل اُتارنا .

خاکی صف .

۱.خاک سے منسوب ، مٹی کا ، مٹی سے بنا ہوا ، جس کے اجزائے ترکیبی میں مٹی شامل ہو ، (مجازاً) انسان .۲.مٹی کی خاصیت رکھنے والا .۳.مٹی کے رنگ کا ، مٹیالا .۴.(مجازاً) دنیاوی ، مادی (روحانی کی ضد) .

خاگِینَہ (ی مع ، فت ن) اند ؛ ~ خاگینا .

کتری ہوئی پیاز میں انڈے اور نمک ، مرچ ملا کر قیمے کی طرح پکایا ہوا ایک کھانا . [ف] .

خال اند .

۱.(i) قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم کے کسی حصے پر ہوتا ہے ، تل . (ii) کاجل کا وہ تل جیسا نشان جو خوبصورتی کے لیے چہرے پر لگاتے ہیں یا دفع نظر بد کے لیے کم سن بچوں کے چہرے پر لگایا جاتا ہے . (iii) داغ جو پرندوں یا جانوروں کے جسم پر ہوتے ہیں ، چتی . [ف] .

خال خال صف .۱.بہت کم ، کوئی کوئی .۲.کہیں کہیں ، اِکّا دُکّا .۳.شاذ و نادر ، کبھی کبھار .

خالا است .

دیکھیے : خالہ .

خالِص (کس ل) (الف) صف .

۱.(i) جس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو ، کھرا ، بے میل .(ii) خصوصیت لیے ہوئے .(iii) اصلاً (مقام یا خاندان کے اعتبار سے) .۲. پاک و صاف (اغراض ذاتی سے) .۳.مخلص ، بے غرض ، بے لوث ، پر خلوص .

(ب) م ف .محض ، صرف . [ع] .

خالِصتاً/ خالِصتۃً (کس ل ، فت ص/ تن ت بفت) م ف .

جس میں کسی قسم کی ملاوٹ نہ ہو ، بے میل ، کھرا . [ع] .

خالِصَہ (کس نیز سک ل، فت ص) است.
۱. سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو، سرکاری جائداد، علاقہ جس کا لگان ملک کی ضروریات کے لیے مخصوص ہو اور سرکار کے قبضے اور ملکیت میں ہو.

خالِق (کس ل) (الف) صف.
خلق کرنے والا، پیدا کرنے والا، موجد (مراد: اللہ تعالیٰ). (ب) اند.
خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام جو کائنات کا پیدا کرنے والا ہے. [ع].

خالُو (وِ مع) اند.
ماں کی بہن کا شوہر، خالہ کا شوہر.

خالَہ (فت ل) است.
ماں کی بہن، ماسی.

خالہ جی کا گھر فقرہ. ۱. آسان کام، معمولی بات، ہنسی کھیل نہیں. ۲. وہ جگہ جہاں زور چلتا ہو، یا دعویٰ ہو، اپنی ملکیت میں جس طرح چاہیں استعمال کریں، جہاں آزادانہ اور بے روک ٹوک جانے کا اختیار ہو.

خالی (الف) صف.
۱. جہاں یا جس میں کچھ نہ ہو، تہی، بھرا کا نقیض. ۲. صرف، محض، فقط. ۳. اکیلا، تنہا. ۴. جسے کوئی کام نہ ہو، بیکار، فارغ (بیٹھنا کے ساتھ مستعمل). ۵. بغیر نقطے کا حرف، حرف غیر منقوطہ. ۶. چھوڑی ہوئی جگہ، بغیر لکھے؛ کورا، سادہ کاغذ. ۷. معرّا، کھوکھلا، سادہ. ۸. (i) غیر آباد جس میں کوئی رہتا نہ ہو (مکان وغیرہ کے لیے مستعمل). (ii) سونا، سنسان، ویران، اجڑا ہوا. ۹. بچا ہوا، محفوظ، مامون. ۱۰. محروم، نامراد، خالی ہاتھ. ۱۱. فرصت کا (وقت وغیرہ کے ساتھ مستعمل). ۱۲. بے اثر، بے نتیجہ. (ب) اند: است. ۱. چاند کا گیارہواں مہینہ ذیقعد، عرب اس مہینہ میں جنگ و جدل موقوف رکھتے تھے. (ج) م ف. یوں ہی، خواہ مخواہ، بے مقصد، بلاوجہ. [ع].

خالی الذّہن صف. بے اثر، پرسکون، ذہن کی وہ حالت جس میں موافقت و مخالفت دونوں کا تصور نہ ہو.

خالی پیٹ صف. ۱. بغیر کھائے پیے. ۲. نہار منہ، جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو.

خالی جانا محاورہ. ۱. نشانے پر نہ بیٹھنا، نشانہ کا خطا ہونا. ۲. بے اثر ہونا کارگر نہ ہونا، بے نتیجہ ہونا، بے فائدہ ہونا.

خالی خُولی صف. ۱. (عو) صرف، محض، فقط. ۲. بلاسبب، بیکار.

خالی کَرْنا محاورہ؛ ف مر. ۱. کسی ظرف میں سے مظروف کو بالکل نکال دینا اُنڈیلنا. ۲. مکان سے قبضہ یا اسباب اٹھا لینا؛ صفائی قلب کرنا چھوڑنا. ۳. مفلسی کرنا.

خالی ہاتھ صف (قدیم). ۱. مفلس، نادار، تہی دست. ۲. (مجازاً) محروم نامراد. ۳. بغیر کچھ لیے دیے. ۴. بے ہتھیار. ۵. بغیر کسی سامان کے.

خام (الف) صف.
۱. پختہ کی ضد، کچا. ۲. زرعی یا معدنی پیداوار جو اپنی اصلی حالت میں ہو ۳. بودا، کمزور. ۴. ناقص، غلط. ۵. ناتمام، ادھورا. ۶. ناتجربہ کار اناڑی، ناواقف. [ف].

خام خَیال اند. ناسمجھ، وہمی.

خام خَیالی است. خام خیال کا اسم کیفیت، غلط گمان، وہم.

خام مال اند. تمام غیر تیار شدہ اشیا جن سے مختلف دوسرے سامان تیار ہوتے ہیں، کچ دھات، سوت اجناس.

خامِرَہ (سک م، فت ر) اند.
(سائنس) کیمیاوی خمیر جو حیاتیاتی عمل کے ذریعے سے حاصل ہوتے ہیں، یہ کیمیاوی تعامل کو بڑھانے اور تیز کرنے میں مدد دیتے ہیں لیکن خود تبدیل نہیں ہوتے. (Cellulase Enzymes).

خامُشی (ضم م) است.
خاموشی، سناٹا، سکوت، خاموشی کا تخفیفی املا.

خاموش (وِ مج) صف.
۱. جو اپنی زبان نہ کھولے، چپکا، چپ، ساکت و صامت. ۲. (مجازاً) سنسان، ویران، اداسی سے معمور. ۳. بجھا ہوا، گل شدہ (چراغ، آگ وغیرہ کے لیے مستعمل). ۴. افسردہ، غمگین، رنجیدہ. ۵. (حرف تنبیہ) چپ کرو (استاد بچوں کو عموماً کہتے ہیں). [ف].

خاموش تماشائی اند. چپ چاپ تماشا دیکھنے والا، بے تعلق، غیر متعلق

خاموشی (و ﯽ) ءث.
آواز اور شور و ہنگامہ کی ضد، سکوت؛ سکون؛ بجھا ہوا، لاتعلق.

خامہ (فت ن) اند.
قلم، کِلک. [ف].

خامہ فرسائی ءث. اپنے خیالات کو ضبطِ تحریر میں لانے کی کیفیت، لکھنے کی حالت.

خامی ءث.
کچا پن، ناپختگی، ناسمجھی. ۲. نقص، عیب، برائی. ۳. غلطی. ۴. کمی. ۵. ناتجربہ کاری، اناڑی پن، نادانی بے وقوفی.

خان اند.
۱. مالک، آقا. ۲. سردار، امیر؛ رئیس؛ بادشاہ. ۳. پٹھانوں کے نام کا آخری جزو. ۴. ایک لقب جو حکومت یا بادشاہوں کی طرف سے دیا جاتا تھا. [ف].

خاندان (سک ن) اند.
۱. (i) گھرانا، قبیلہ، کنبہ. (ii) کچھ اصحاب یا چند لوگ، کسی گھر کے کچھ اشخاص. ۲. (سائنس) ایک نوع کی چیزوں کا گروہ. ۳. (تصوّف) سلسلۂ طریقت. [ ].

خاندانی (سک ن) صف.
۱. خاندان سے متعلق، جو چیز بزرگوں سے چلی آ رہی ہو. ۲. شریف گھرانے کا فرد، اعلیٰ خاندان والا. ۳. عمدہ نسل کا.

خاندانی منصوبہ بندی ءث. تحدیدِ خاندان، کنبہ کی پرورش کا وہ طریقہ جس میں بچوں کی تعداد پر نظر رکھی جائے تاکہ ملکی آبادی بے ٹکان نہ بڑھے.

خانساماں (سک ن) اند.
۱. داروغہ یا مہتمم (کسی بڑے گھرانے یا ریاست کا)، میرِ سامان، شاہی محل کا میر. ۲. کھانا پکانے والا، باورچی. ۳. انگریزی وضع سے لوگوں کو کھانا کھلانے والا خدمت گار، کھانے کی میز لگانے والا، بیرا.

خانقاہ (سک ن) ءث؛ ~ خانقہ.
۱. (i) صوفیوں اور درویشوں کی عبادت گاہ، مقبرہ. (ii) مسیحی عبادت خانہ سے متعلق راہبوں کا مسکن؛ درویشوں کے رہنے کی جگہ. [ف].

خانقہ (سک ن، فت ق) ءث.
دیکھیے: خانقاہ.

خانگی (سک ن) (الف) صف.
۱. غیر سرکاری ادارے یا نجی تعلیمی اسکول، مکتب، مدرسہ. ۲. گھریلو، گھر سے متعلق، گھر کا. ۳. بال بچے، اہل و عیال. ۴. گھریلو ملازم. ۵. مملکت سے متعلق وہ معاملات جن کا تعلق دفاع، مالیات وغیرہ سے ہو. [ف].

خانم (فت ن) ءث.
۱. اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب، شریف زادی، بیگم. ۲. بیوی، زوجہ. ۳. نام کے ساتھ عزت یا بڑائی کے لیے. [ت].

خانُماں (ضم ن) اند.
خاندان، گھربار. [ف].

خانماں برباد صف. ۱. جس کا گھربار اجڑ گیا ہو، تباہ، برباد، سرگشتہ.

خانوادا/ خانوادہ (سک ن/ فت د) اند؛ ~ خان وادا.
۱. ایک گھر کے لوگ، کنبہ. ۲. قبیلہ، نسل، خاندان. ۳. مشائخ یا درویشوں کا سلسلۂ ارادت، فقرا کا سلسلۂ بیعت، صوفیہ کرام کا سلسلہ. [ف].

خانہ (فت ن) اند.
۱. گھر، مکان، بیت. ۲. پرندوں کے بسیرا کرنے کی جگہ، گھونسلا، آشیانہ. ۳. مربع یا مستطیل شکل کا چوکھٹا جس میں آئینہ وغیرہ جڑا جاتا ہے، کسی چیز کے رکھنے کا ڈبا یا گھر جس میں مہرہ یا نرد بٹھاتے ہیں. ۴. میز، الماری، صندوق، وغیرہ کی دراز جس میں چیزیں رکھی جاتی ہیں. ۵. بعض اسموں کے ساتھ ظرفیت کے معنی دیتا ہے جیسے باورچی خانہ، شراب خانہ وغیرہ. ۶. لکیریں کھینچ کر بنائے گئے درجے یا حصے، تقسیم. ۷. درجہ بندی، تقسیم، ترتیب، سلسلہ. [ف].

خانہ آبادی ءث. گھر کی آبادی، شادی، نکاح.

خانہ بخانہ م ف. گھر گھر، ایک گھر سے دوسرے گھر؛ تفصیل کے ساتھ.

خانہ بدوش صف. ۱. وہ شخص جس کا کوئی مستقل ٹھکانہ نہ ہو، بے ٹھکانا، مارا مارا پھرنے والا، آوارہ، بنجارہ. ۲. وہ جرگہ یا جتھا جو جنگلوں میں مارا مارا پھر کر زندگی گزارتا ہے اور جہاں کھانے پینے کی سہولت ہو

وہاں خیمے اور چھپر ڈال کر عارضی طور پر سکونت پذیر ہو جاتا ہے ، صحرا نورد بدو .

خانہ بَدوشی امث . دربدری ، جابجا قیام کرنے کا عمل .

خانہ پُری امث . ۱ . (i) ضروری اندراجات (جدول ، فارم ، دستاویز وغیرہ کے لیے مستعمل) ، نقشہ کی تکمیل ، نقشہ کے خانوں میں ضروری اندراج ؛ اصولوں کی پیروی . (ii) (علم کتب خانہ) رجسٹر میں کتابوں کا اندراج . ۲ . بھرتی کا ، جو فرض پورا کرنے ، عدد بڑھانے ، جزویات کا احاطہ کرنے کے لیے یا برائے نام ہو .

خانہ جنگی امث . ۱ . ذرا ذرا سی بات پر باہمی لڑائی ، آپس کا فساد ، گھریلو اختلاف . ۲ . اندرون ملک اہل وطن کی لڑائی جو حکومت وقت کے خلاف ہو .

خانہ خَراب (الف) صف . دیکھیے : خانہ برباد ، جس کا گھربار اُجڑ گیا ہو . (ب) امذ . بدقسمت ، بدشگون .

خانہ خَراب کَرْنا محاورہ . تباہ و برباد کرنا .

خانہ خَراب ہو فقرہ . (کوسنا) ستیاناس ہو ، برباد ہو .

خانہ داری م ف . ۱ . (i) گھر کے معاملات ، گھر کا کام کاج ، انتظام خانہ . (ii) (خانگی امور) کا مضمون . (iii) گھر کا جملہ سامان . ۲ . شادی شدہ زندگی . ۳ . اہل وعیال ، بال بچے .

خانۂ کَعْبَہ امذ . حرم کعبہ ، بیت اللہ .

خاوَر (فت و) امذ .
مشرق ، پورب ، مغرب کی ضد . [ف] .

خاوِنْد (فت نیز کس و ، سک ن) امذ ؛ امث (شاذ) .
۱ . (خداوند کا مخفف) مالک ، مراد اللہ تعالیٰ . ۲ . آقا ، مالک ، حاکم ، بادشاہ . ۳ . شوہر ، خصم . [ف] .

خائِف (کس ء) صف ؛ ~ خایف .
ڈرپوک ، خوف زدہ ، ڈرنے والا . [ع] .

خائِن (کس ء) امذ ؛ ~ خاین .
بددیانت ، بے ایمان .

خایَہ (فت ی) امذ .
۱ . خصیہ ، فوطہ . ۲ . مرغی کا انڈا ، بیضہ ، پرند کا انڈا ؛ عضو تناسل ، ذکر ، قضیب (گالی کے مفہوم میں بولا جاتا ہے) . [ف] .

خَبائَث (فت خ ، ث) امث .
۱ . گندگی ، ناپاکی ، خیال بد . ۲ . بدباطنی ، شرار ، بدطینتی . [ع] .

خَبائِث (فت خ ، سک ء) امذ ؛ ج .
خرابیاں ، برائیاں ، لعنتیں .

خَبَر (فت خ ، ب) (الف) امث .
۱ . حال ، احوال ، خیریت . ۲ . آگاہی ، واقفیت . ۳ . ہوش ، اوسان سدھ بدھ . ۴ . مزاج پرسی ، عیادت . ۵ . پیغمبر اسلام کا ارشاد ، حدیث نبوی ۶ . پیغام ، خوش خبری ، اطلاع . ۷ . (قواعد) کسی چیز کی بابت جو کچھ کہا جائے ، سند (مبتدا کا مقابل) . ۸ . نشان ، پتا ، سراغ . (ب) صف ۱ . آگاہ ، واقف ، باخبر . [ع] .

خبر اُڑانا محاورہ . ۱ . افواہ پھیلانا ، جھوٹی بات مشہور کرنا . ۲ . مشہور کرنا شہرت دینا .

خبر آنا محاورہ . موت کی اطلاع ملنا .

خبر دار (الف) صف ؛ امذ . ۱ . خبر دینے والا ، مخبر ، جاسوس . ۲ . (i) واقف کار آگاہ . (ii) ہمدرد ، خبرگیری لینے والا ، حال پوچھنے والا . ۳ . چوکس ، چوکنا ہوشیار . (ب) کلمۂ تنبیہ . ۱ . کسی کو کسی امر سے متنبہ کرنے کے لیے مستعمل ۲ . تاکید نفی کے لیے ، ہرگز ، مطلقاً ، زنہار .

خبر دَینا محاورہ ؛ ف مر . ۱ . آگاہ کرنا ، واقف کرانا ، متعارف کرانا . ۲ . (سے کے ساتھ) ظاہر کرنا ، پتا دینا ، نشان دہی کرنا ، ۳ . پیش گوئی کرنا .

خبر رَساں امذ . اطلاعات ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے والا ، ہرکارہ ڈاکیہ ؛ مخبر .

خبر رکھنا محاورہ ؛ ف مر . ۱ . خیال کرنا ، دھیان رکھنا ، احساس ہونا ۲ . حفاظت کرنا ، نگرانی کرنا . ۳ . کسی امر یا معاملے سے واقف ہونا علم و آگاہی ہونا .

خبر گَرم ہونا محاورہ . کسی بات کا چرچا یا شہرہ ہونا .

خبر گِیر صف ؛ امذ . ۱ . خیال رکھنے والا ، معاون ، مددگار ، دستگیر . ۲ . نگرانی کرنے والا ، حفاظت کرنے والا ، محافظ ، نگہبان .

خبر گیری ست. ۱. (i) نگہبانی، حفاظت، دیکھ بھال، نگرانی. (ii) ابتدائی طبی امداد؛ زخمیوں کی مرہم پٹی. ۲. دستگیری، مدد، معاونت.

خبر لینا محاورہ. ۱. دستگیری کرنا، مدد کرنا. ۲. (i) آڑے ہاتھوں لینا، لعنت ملامت کرنا، مزا چکھانا، لتاڑنا. (ii) مارنا، سزا دینا، مرمت کرنا. (iii) تنقید کرنا، طنز و تعریض کا نشانہ بنانا، نکتہ چینی کرنا. ۳. (کام کی طرف) رجوع کرنا، متوجہ ہونا. ۴. (i) پوچھنا، حال دریافت کرنا، مزاج پرسی کرنا. (ii) معلومات حاصل کرنا.

خَبط (فت خ، سک ب) (الف) اند.
۱. قوائے عقلیہ کی وہ اندرونی یا ذہنی کیفیت جس میں افکار و خیالات حالت طبعی سے بدل کر فاسد و بیہودہ ہو جاتے ہیں، سودا، عقل و جنون کی ملی جلی کیفیت، دیوانگی. ۲. (i) اُلجھاؤ، پیچیدگی، مغالطہ. (ii) عبارت کے لحاظ سے گنجلک، بے معنی، منتشر، خلط ملط. ۳. دُھن، لگن. ۴. بیہودہ خیال یا شوق؛ خیال خام. (ب) صف. بے سروپا، غیر صحیح، نادرست، غلط. [ع].

خَبطُ الحَواس صف. حواس باختہ، گھبرایا ہوا، ہکا بکا (انسان کے لیے مستعمل).

خَبط سوار ہونا محاورہ. کسی ایک بات کے پیچھے پڑ جانا، دُھن ہونا.

خَبطی (فت خ، سک ب) صف.
۱. شخص جس کے دماغ میں فاسد خیالات پیدا ہوتے ہیں، وہمی، بدحواس. ۲. پاگل، سڑی، باولا. ۳. بے وقوف، احمق، ناسمجھ، فاترالعقل. [ع].

خَبیث (فت خ، ی مع) صف.
۱. (i) ناپاک، نجس، پلید، گندا. (ii) حرام، ممنوعہ، ناجائز. (iii) بُری، بد، خراب. ۲. شریرالنفس، بد باطن. ۳. بھوت، پریت، جن. [ع].

خَبیر (فت خ، ی مع) صف.
۱. (i) خبر رکھنے والا، واقف، دانا. ۲. (مجازاً) خبر دینے والا، اطلاع پہنچانے والا. ۳. خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام. [ع].

خُتکا (ضم خ، سک ت) اند.
۱. (i) سونٹا، ڈنڈا. (ii) دستی چھڑی. ۲. بھنگ گھوٹنے کا آلہ، موسل. ۳. انگوٹھا، ٹھینگا.

خَتْم (فت خ، سک ت نیز فت) اند؛ ~ خَتم (عوام).
۱. مہر، کسی چیز کو سربند کرنے کا عمل یعنی اس طرح بند کرنا کہ سربمہر کرنے کے بعد نہ باہر سے کوئی چیز اندر جا سکے اور نہ اندر سے کچھ نکالا جا سکے. ۲. ابتدا کی ضد، انتہا، اختتام، انجام. ۳. تمام، مکمل. ۴. ایک نشست میں سب کا مل کر پورا قرآن یا کئی قرآن پڑھنا. ۵. (i) فاتحہ، قل، نذر، نیاز. (ii) درگاہ شریف پر سالانہ تقریب عرس. اف: پڑھنا/ کرنا/ ہونا.

خَتمُ الرُسل اند. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب کیونکہ آپ پر نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا.

خَتم شُد صف. تمام ہوا.

خَتم کرانا ف مر؛ محاورہ. پورا قرآن شریف پڑھوانا (ایصال ثواب کے لیے).

خَتم کرنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی ہنر یا عیب کو انتہائے کمال پر پہنچانا. ۲. (i) مار ڈالنا، قتل کرنا. (ii) زیر کرنا، اپنی بات منوانا، قائل کرنا. ۳. (i) فاتحہ پڑھوانا، نیاز دلوانا. (ii) قرآن شریف کو مکمل کرنا.

خَتم ہونا محاورہ. ۱. (عموماً) "پر" کے ساتھ) کسی چیز یا بات کا کسی ایک کے حصے میں آنا، کسی ہنر یا عیب میں بے مثل ہونا. ۲. کمال کو پہنچنا. ۳. انجام کو پہنچنا!

خَتمَہ (فت خ، سک ت، فت م) اند.
عبارت میں وقفہ لگانے کی علامت، فل اسٹاپ.

خُتَن (فت خ، فت ت) اند.
(چین) کا ایک علاقہ جہاں کے ہرن مشہور ہیں جن کے نافوں سے اعلیٰ قسم کا مُشک نکلتا ہے.

خَتنگا/ خَتنگہ (فت خ، ت، سک ن/ فت گ) اند.
ایک خاص قسم کی جنگی آتشبازی جو تیر کی شکل کی ہوتی اور شتابے کو آگ لگانے سے تیر کی طرح اڑی چلی جاتی ہے، جنگ کے موقع پر دشمن کے علاقے میں آگ لگانے کے لیے استعمال کی جاتی تھی، ہوائی نیز دیکھیے: خدنگا.

خَتنَہ (فت خ، سک ت، فت ن) اند؛ است.
مسلمانوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قائم کی ہوئی سنت جس میں

مردانہ عضو تناسل کی زائد کھال کاٹ دی جاتی ہے جو حشفے کے اوپر ہوتی ہے، سنت ۔ [ع] ۔

خِجالَت (کس خ، فت ل) امث ۔
شرمندگی، ندامت، خفت ۔ [ع] ۔

خُجَسْتَہ (ضم خ، کس نیز فت ج، سک س، فت ت) صف ۔
مبارک، نیک ۔ [ف] ۔

خَجِل (فت خ، کس ج) صف ۔
۱۔شرمندہ، نادم ۔۲۔ (مجازاً) جس کی آب و تاب اور چمک جاتی رہی ہو، ماند، بے رونق ۔۳۔ بوجھ تلے دبا ہونا، شرمندۂ احسان ہونا ۔ [ع] ۔

خَجَا خَج (فت خ، خ) امث ۔
۱۔ نیزے یا تلوار کے متواتر جسموں پر چلنے کی آواز، چقاچق، چکاچک ۔ [حکایت الصوت] ۔

خَچّر (فت خ، شد چ بفت) امذ؛ امث ۔
۱۔گھوڑی اور گدھے کے ملاپ سے پیدا ہونے والا جانور ۔۲۔ (مجازاً) ناہنجار، نااہل، نابکار ۔ [س] ۔

خَد (فت خ) امذ ۔
رخسار، گال ۔ [ع] ۔

خد و خال امذ ۔ چہرہ مہرہ، شکل وصورت کی ساخت، حلیہ ۔

خُدا (ضم خ) امذ ۔
۱۔ مالک، آقا ۔۲۔ (مذہب) بندے کے مقابل، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ؛ ایشور، دیوتا، معبود ۔ [ف] ۔

خدا بچائے فقرہ ۔ اللہ محفوظ رکھے ۔

خدا بخشے فقرہ ۔۱۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے (مرحومین کے ذکر کے ساتھ مستعمل) ۔۲۔ (i) طنزاً اللہ معاف کرے ۔ (ii) (مزاحاً) اللہ محفوظ رکھے ۔

خدا بھلا کرے روزمرہ ۔۱۔ (دعائیہ کلمہ) فقیروں کی صدا یا کسی کے سلوک اور نیکی پر کہتے ہیں، اللہ خوش رکھے نیز درمیان جملۂ معترضہ ۔۲۔ (طنزاً) کسی کی بدسلوکی پر بھی اس کو طنزاً دعا کے ساتھ یاد کرنا ۔

خدا ترس صف ۔ اللہ سے ڈرنے والا، رحم دل ۔

خدا جھوٹ نہ بلائے / بلوائے فقرہ ۔ اپنی بات کی صداقت ثابت کرنے کے لیے بطور تکیۂ کلام مستعمل ۔

خدا (ہی) حافظ فقرہ ۔۱۔ (کلمۂ دعا) اللہ حافظ، اللہ کے سپرد ۔ ۲۔ ناامیدی اور مایوسی کے اظہار کے لیے ۔۳۔ اللہ خیر کرے (کسی اندیشے کے موقع پر بولتے ہیں) ۔۴۔ کسی چیز کے زائل یا بیکار ہو جانے کے موقع پر مستعمل ۔۵۔ رخصتی سلام، الوداع ۔

خدا خدا کرکے م ف ۔ بڑی مشکل سے، بدقت تمام ۔

خدا خیر (ہی) کرے فقرہ ۔ کسی خطرے یا اندیشے کے موقع پر اللہ سے بہتری کی دعا کے طور پر بولتے ہیں ۔

خدا داد صف ۔ چیز جو خدا نے بخشی ہو اور اس میں دوسرے کا دخل نہ ہو، منجانب اللہ، وہبی، فطری، عطیۂ الٰہی ۔

خدارا م ف ۔ برائے خدا، خدا کے لیے، از بہر خدا، للہ ۔

خدا رسیدہ صف ۔ جسے اللہ کی معرفت حاصل ہو، عارف، اللہ والا ۔

خدا سمجھے فقرہ ۔۱۔ (بد دعا کے طور پر) خدا سزا دے، بدلہ دے، خدا غارت کرے ۔۲۔ بے تکلفی یا ناراضگی کے لیے بولتے ہیں ۔

خدا شکر خورے کو شکر دیتا ہے کہاوت ۔ اللہ پاک ہر شخص کو اس کے حوصلے کے موافق دیتا ہے ۔

خدا کا کرنا فقرہ ۔ جو اللہ کو منظور ہو، مرضی الٰہی، مشیت ایزدی ۔

خدا کا (کے) گھر امذ ۔۱۔ مسجد، مسلمانوں کی عبادت گاہ ۔۲۔ کعبۃ اللہ، خانۂ کعبہ ۔۳۔ (مجازاً) دل، قلبِ انساں، چت ۔

خدا کی لاٹھی بے آواز/ میں آواز نہیں کہاوت ۔ اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں، اللہ ظالم کو ایسی سزا دیتا ہے جس کا اسے خیال بھی نہیں ہوتا ۔

خدا گنجے کو ناخن نہ دے کہاوت ۔ اللہ پاک کم حوصلہ اور کمینے آدمی کو ذی اختیار نہ کرے ۔

خدا گواہ (ہے) فقرہ ۔ کسی بات کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے بطور قسم مستعمل ۔

خدا لگتی م ف ۔ انصاف کی، سچ سچ ۔

خدا ناخواستہ/ نخواستہ م ف ۔ اللہ نہ کرے، مبادا (کسی تکلیف دہ امر کے واقع نہ ہونے کی خواہش ظاہر کرنے کے لیے مستعمل) ۔

خدا واسطے کا بیر م ف. ناحق کی دشمنی ، بے جا عداوت .

خُدّام (ضم خ ، شد د) اند : ج.

خادم کی جمع ، نوکر چاکر ، ملازم . [ع] .

خُداوَنْد (ضم خ ، فت و ، سک ن) اند .

۱. خدا ۲. آقا ، مالک ، کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا ، حاکم ، عہدیدار . ۳. (احتراماً اور تعظیماً اپنے سے بڑوں کو مخاطب کرنے کے لیے مستعمل تھا) حضرت والا ، جناب والا ۴. بادشاہ کو مخاطب کرنے کے لیے بولا جاتا تھا .

خُداوَندی (ضم خ ، فت و ، سک ن) است .

خدا کی قدرت ، اللہ کا حکم ، خدائی .

خُدائی (ضم خ) است .

۱. خدا سے منسوب یا متعلق ۲. ربانیت ، الوہیت ، خدا ہونا ، بندگی کی ضد . ۳. راج ، حکمرانی ۴. دنیا ، جہان ، کائنات ۵. مخلوق ، خلقت ، عام لوگ ، عوام الناس ۶. خدا کی قدرت ، شان ، کرشمۂ قدرت .

خدائی خوار صف . تباہ حال ، خانہ خراب .

خدائی فوجدار اند . ۱. شخص جو خوامخواہ ہر ایک کا حمایتی بنے اور دوسروں کے کام میں دخل دے ، شخص جو زبردستی لوگوں کی اصلاح کے درپے ہو . ۲. (کنایۃً) کوئی سرکاری افسر .

خدایا ! (ضم خ) کلمۂ ندائیہ .

اے خدا ! ، یا خدا ! ، یا اللہ ! ، خداوندا ! .

خَدشات (فت خ ، سک د) اند : ج .

خدشہ کی جمع ، فکر ، اندیشہ .

خَدشَہ (فت خ ، سک د ، فت ش) اند .

۱. فکر ، اندیشہ ، کھٹکا ، دھڑکا ۲. شک و شبہ ، خلش ۳. رگڑ ، کھرونچ ، نشان . [ع] .

خِدمات (کس خ ، سک د) است : اند : ج .

اطاعتیں ، فرمانبرداریاں ، خدمتیں . [ع] .

خِدمَت (کس خ ، سک د ، فت م) است .

۱. سیوا ، اطاعت ، فرمانبرداری ۲. کام جو کسی کو تفویض ہو ، کارگزاری . ۳. (i) (میں اور سے کے ساتھ) پاس ، سامنے ، حضور ، درگاہ . (ii) ساتھ ، روبرو ۴. ملازمت ، نوکری ، چاکری . [ع] .

خدمت خلق است . سماجی کام ، مخلوقِ خدا کی بہبود اور دیکھ بھال کا کام ، رفاہ عام کا کام .

خدمت گار اند . خادم ، نوکر .

خدمت گذار / گزار اند . خدمت گار ، خدمت کرنے والا ، ملازم .

خِدْمَتی (کس خ ، سک د ، فت م) صف : اند .

۱. فرماں بردار ، خدمت کرنے والا ۲. نوکر چاکر ، تنخواہ دار ملازم .

خَدَنْگ (فت خ ، د ، مغ) اند .

۱. ایک درخت کا نام جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اس سے تیر کی نے اور گھوڑے کا زین تیار کرتے ہیں ۲. ایک قسم کا چھوٹا تیر ۳. ایک خاص قسم کی آتش بازی جو تیر کی شکل کی ہوتی ہے اور شتابہ لگانے سے تیر کی طرح اُڑی چلی جاتی ہے ، ختنگا . [ف] .

خُدیْو (ضم نیز فت خ ، ی ج ، سک و) اند .

۱. قدیم مصر کے بادشاہوں کا خطاب ، نائب السلطنت ۲. بادشاہ ، حکمران . [ف] .

خَذْف (فت خ ، ذ نیز سک ذ) است .

ٹھیکری . [ع] .

خَر (فت خ) (الف) اند .

گدھا ، حمار . (ب) صف . ۱. بیوقوف ، بے عقل ، احمق ۲. بڑا ، جیسے : خرگاہ ، خرگوش وغیرہ (مرکبات میں) . [ف] .

خر دماغ صف . ۱. مغرور ، متکبر ، گھمنڈی ، بدمزاج ۲. ضدی ، ہٹیلا . ۳. بیوقوف ، نالائق ، کج فہم .

خر دماغی است . ۱. غرور ، تکبر ، گھمنڈ ۲. فضول بکواس ، لاحاصل بات ، بیوقوفی .

خرکار اند . ۱. گدھے لادنے والا ۲. لوگ جو بچوں کو اغوا کر کے ان سے بیگار لیتے ہیں .

خرگوش اند . بڑے کان والا ؛ ایک تیز رفتار جانور جو بلی کے برابر ہوتا ہے اور جس کے کان گدھے کے کان سے مشابہ ہوتے ہیں .

خرمستی امث. ۱. اُکھاڑ پچھاڑ، بے ڈھنگا پن، فضول خرچی. ۲. نفس پرستی، شہوت پرستی.

خَراب (فت خ) صف.

۱. غیر آباد، ویران، سنسان. ۲. برباد، تباہ. ۳. (i) پریشان، خستہ حال. (ii) عمارت یا سڑک کا خستہ ہونا، ٹوٹا پھوٹا، شکستہ. ۴. (i) بدمست، متوالا، بے حال. (ii) آوارہ، بدچلن. ۵. ناقابل استعمال، ناقص، بے کار. ۶. اچھا کی ضد، برا، ناموزوں، ناسازگار، بے کار. ۶. رسوا، ذلیل، خوار. ۷. اکارت، ضائع. [ع].

خراب کرنا محاورہ. ۱. برباد کرنا، اُجاڑنا، تباہ کرنا، ویران کرنا. ۲. کسی غیر عورت سے بدفعلی کرنا، زنا کرنا. ۳. بری عادتیں سکھانا، بدچلن کر دینا، بداطوار بنانا. ۴. ذلیل و خوار کرنا؛ پریشان کرنا. ۵. اُلجھا دینا؛ بگاڑنا.

خراب ہونا محاورہ. ۱. برباد ہونا، اجڑنا، تباہ ہونا. ۲. بے کہے ہو جانا، نافرمان ہونا. ۳. بگڑنا، زوال ہونا.

خَرابات (فت خ) امث.

۱. شراب خانہ، میخانہ، میخواروں کا اڈا. ۲. جوا خانہ. ۳. بت خانہ.

خَراباتی (فت خ) امذ.

۱. (i) شرابی و مے خوار. (ii) عاشق، محبوب. ۲. جواری.

خَرابَہ (فت خ، ب) امذ.

۱. ویرانہ، کھنڈر. ۲. غیر آباد مکان، ٹوٹا پھوٹا گھر، تباہ حال. ۳. بنجر علاقہ، ناقابل کاشت زمین، ایسی فصل جو کسی وجہ سے تباہ یا خراب ہو چکی ہو. ۴. (مجازاً) دنیا، عارضی قیام گاہ؛ خانقاہ. ۵. (مجازاً) ٹھکانا.

خَرابی (فت خ) امث.

۱. تباہی، بربادی. ۲. (i) تکلیف و مصیبت، ذلت و خواری. (ii) دقت، مشکل، پریشانی. ۳. نقص، برائی، بدی، قباحت. ۴. بے اعتدالی، ناہمواری.

خَرّاٹا (فت خ، شدر) امذ.

سانس لیتے میں خرخر کی آواز جو بلغمی مزاج آدمیوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے.

خَرّاٹے (فت خ، شدر) امذ؛ ج.

خراٹا دیکھیے: حالت مغیرہ نیز جمع (تراکیب میں مستعمل).

خراٹے لینا ف مر؛ محاورہ. سوتے میں خرخر کرنا؛ بے خبر سونا.

خِراج (فت نیز کس خ) امذ.

۱. زمین کا محصول، مالگزاری، لگان. ۲. اسلامی حکومتوں میں رائج ایک زرمالیہ جو غیر مسلموں سے وصول کیا جاتا تھا. ۳. نقد یا جنس جو ایک ماتحت یا مفتوح حاکم فاتح کو ادا کرے، باج. ۴. نذرانہ، تحفہ. ۵. (مجازاً) سند قبولیت، تعریف، داد و تحسین، انعام و اکرام. ۶. (مجازاً) راہ داری کا جرمانہ. [ع].

خراج تحسین امذ. کسی کے ہنر کی تعریف، شکرگزاری کے کلمات، داد.

خراج عقیدت پیش کرنا محاورہ. ۱. کسی بڑی ہستی کی مدح و ثنا کرنا. ۲. اِرادت و محبت کا اظہار کرنا.

خَراد (فت خ) امذ.

۱. (نجاری و لوہاری) لکڑی اور دھات وغیرہ کو کھرادنے کا اڈا، ایک آلہ جس سے لکڑی یا دھات وغیرہ کو چھیل کر درست، صاف اور گول بناتے ہیں، چوب تراش. ۲. کسوٹی، پرکھ. [ع].

خراد پَر چڑھنا محاورہ. ۱. کثرت استعمال یا مسلسل تجربے کا عمل، مہارت مشق سے گزرنا. ۲. زبان کی کسوٹی پر پرکھا جانا. ۳. انسان کا تعلیم و تربیت پا کر شائستہ ہونا، منجھ جانا، باتمیز ہو جانا.

خَراش (فت خ) امث؛ امذ.

۱. (i) رگڑ، چھلن. (ii) جلن، سوزش، تیزی. (iii) ناخن یا کانٹے وغیرہ کا نشان، کھرچا. (iv) گلا خراب ہونا، بے سرا ہونا، آواز بدل جانا. ۲. لکیر، رگڑ کا نشان جو لکڑی کی بنی ہوئی چیزوں پر پڑ جاتا ہے. ۳. چبھن، تکلیف، خدشہ، خوف.

خُرافات (ضم خ) (الف) امث.

۱. بیہودہ گفتگو، بکواس. ۲. اسطور، خیالی قصہ یا افسانہ. ۳. خرابی، برائی. ۴. رنگینی، عیاشی. (ب) صف. ۱. لایعنی، بے معنی. ۲. جھوٹ، غلط. [ف]

خِرام (کس خ) امذ. نرم رفتار، خوش رفتاری، ناز و انداز کی چال. [ف]

خِراماں (کس خ) صف.

خوش رفتار، ناز و انداز کی چال والا، ناز کی چال چلتا ہوا، مٹک کر چلنے والا.

خرلساں خرلساں مت. آہستہ آہستہ ناز و ادا کے ساتھ چلتا ہوا، ٹہلتے ہوئے.

خُرّانْٹ (ضم خ، شد ر، مغ) صف.
معمر، عمر رسیدہ، تجربہ کار، بوڑھا آدمی. [مقامی].

خَرْبُوز/خَرْبُوزَہ (فت خ، سک ر، و مع/ فت ز) اند.
گول بیضوی نیز چپٹی شکل کا ایک پھل جو خوشبودار اور میٹھا ہوتا ہے.

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ بدلتا / پکڑتا ہے کہاوت. آدمی جس صحبت میں بیٹھے ویسا ہو جاتا ہے، صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے.

خُرْجی (ضم خ، سک ر) است.
جھولا نما، تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب رکھنے کے لیے کاٹھی سے باندھ دیتے ہیں، زنبیل. [ع].

خَرْچ (فت خ، سک ر) اند.
۱.صرف، صرفہ، آمد کا نقیض. ۲.صرف کرنے کی چیز، گزر بسر کرنے کے لیے روپیہ پیسہ. ۳.استعمال، کام میں لانا. ۴.(ریاضی) نکالا ہوا، باقی بچا ہوا. [ف].

خرچ اُٹھانا محاورہ. صرفہ برداشت کرنا، کسی چیز کے مصارف اپنے ذمہ لینا، کفیل ہونا.

خرچ چلانا محاورہ. مصارف برداشت کرنا، سلیقے اور کفایت سے خرچ پورا کرنا.

خَرْچا/ خَرْچَہ (فت خ، سک ر/ فت چ) اند.
۱.صرف، صرفہ، آمد کا نقیض، روپیہ، زر. ۲.صرف کرنے کی چیز، گزر بسر کرنے کے لئے روپیہ پیسہ. ۳.استعمال، کام میں لانا. ۴.(ریاضی) نکالا ہوا، باقی بچا ہوا.

خَرْچْنا (فت خ، ر نیز سک ر، سک چ) ف م.
۱.صرف کرنا، خرچ کرنا، لگانا. ۲.کام میں لانا، اِستعمال کرنا (چیز، جان، جسم).

خَرْچی (فت خ، سک ر) صف؛ است.
۱.خرچ کرنے والا. ۲.روزانہ کا خرچ. ۳.اُجرت، مزدوری.

خَرْچِیلا (فت خ، سک ر، ی مع) صف.
خراج، شاہ خرچ، فضول خرچ، پیسہ خرچ کرنے والا.

خَرخَر (فت خ خ) است.
۱.خراٹے کی آواز. ۲.(i) خرخراہٹ، دم آخر یعنی جانکنی کے وقت حلق سے نکلنے والی آواز جو سانس کے رُکنے سے پیدا ہوتی ہے. (ii) نزلہ، زکام، کھانسی یا گلے میں خراش پڑنے یا بلغم کی وجہ سے جاندار کے حلق سے نکلنے والی آواز. [حکایت الصوت].

خَرْخَراہَٹ (فت خ سک ر، فت خ، ہ) است.
۱.خرخر کی آواز جو کسی مرض، شدید غصہ یا نزع کی حالت میں حلق سے برآمد ہو. ۲.خراٹے کی آواز.

خِرَد (کس خ، فت ر) است.
عقل، دانائی، سمجھ. [ف].

خرد مند صف. عقل والا، دانا، عقلمند.

خُرْد (ضم خ، سک ر) صف.
بزرگی کی ضد، چھوٹا، کم عمر؛ کم جثہ.

خرد برد است. (لغوی معنی) کھایا اڑایا؛ مراد: چوری، خیانت، ادھر سے ادھر کرنا، غبن.

خـرد بین است. آلہ جو چھوٹی سے چھوٹی اور باریک سے باریک چیز کو بڑا دکھاتا ہے.

خرد و کلاں صف. چھوٹا بڑا، بچہ بوڑھا.

خُرْدَہ/خُورْدَہ (ضم خ، سک ر، فت د) اند. ۱.ٹکڑا، ریزہ؛ چھٹن، برادہ، جز؛ باریک. ۲.کسی سکے کے چھوٹے چھوٹے حصے. ریزگاری. ۳.حصہ، کسر، ذرہ، دھیلا.

خردہ فروش اند. ۱.تھوک فروش کی ضد چھوٹی چھوٹی چیزیں بیچنے والا، پرچون بیچنے والا. ۲.بساطی، پھیری والا.

خِرْس (کس خ، سک ر) اند.
۱.ریچھ، بھالو. ۲.(مجازاً) ناتراشیدہ شخص، کندۂ ناتراش، بدذات، بدمعاش، غنڈہ، لچا، لفنگا. [ف].

خُرْسَنْد (ضم خ، سک ر، فت س، سک ن) صف.
خوش خوش، شاداں، مسرور.

خُرْطُوم (ضم نیز فت خ، سک ر، و مع) است.
۱.سونڈ. ۲.(مجازاً) مچھلی یا مکھی کے منہ کا اگلا حصہ جو ہاتھی کی سونڈ سے

مشابہ ہوتا ہے ۔۳. (مجازاً) آدمی کی لبی ، ناک ۔۴.ملک سوڈان کے دارالحکومت کا نام. [ع].

خُرفہ (ضم خ، سک ر، فت ف) امذ.

ایک قسم کا ساگ جس کے پتے بیضوی گولائی لیے ہوئے دبیز اور لیس دار ہوتے ہیں ، شاخیں سبز سرخی مائل ، رطوبت سے بھری ہوئی اور زود شکن ہوتی ہیں ، اس کے پھول سفید اور تخم سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں ترکاری کے طور پر کھانے اور دواؤں میں بھی کام آتا ہے ؛ ایک سیاہ بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں. [ف].

خَرق (کس نیز فت خ، سک ر) امذ.

پھٹنے یا پھاڑنے کا عمل. [ع].

خرق عادات/ عادت امذ .۱. عادت اور قانونِ قدرت کے خلاف کسی نبی یا ولی سے کسی بات کا ظاہر ہونا ، انوکھی بات ، عام انسانی فطرت کے خلاف بات ، اعجاز ، کرامت .

خِرقہ (کس خ، فت ق) امذ.

۱. گدڑی ، پیوند لگا ہوا کپڑا ، پرانا اور پھٹا ہوا کپڑا یا لباس .۲.(i) (تصوف) لباس جو شیخ مرید کو اپنا مرید کرنے کے بعد دے اور اُس کو خلافت اور اجازت عطا کرے ، درویشوں کا لباس ، صوفیوں کا لباس . (ii) فقیروں کا پھٹا پرانا لباس ؛ سادہ لباس .۳. (مجازاً) سعادت ، خلعت ، انعام واکرام کے طور پر ملنے والا لباس . [ع].

خِرقہ پوش صف ، امذ. درویش ، صوفی ، گدڑی پہننے والا ، رازدار .

خُرّم (ضم خ، شد ر بفت) صف.

۱. شادمان ، خوش ، بشاش .۲. شاداب ، تن درست ، سرسبز . [ف].

خُرما /خُرمہ (ضم خ، سک ر/فت م) امذ.

۱. کھجور ، چھوارا .۲. ایک قسم کی مٹھائی جو میدہ ، گھی ، شکر ، بادام وغیرہ سے بنائی جاتی ہے . [ف].

خِرمَن (کس نیز فت خ، سک ر، فت م) امذ.

۱. غلّے کا ڈھیر جس سے بھس الگ نہ کیا گیا ہو، کھلیان .۲. (مجازاً) ذخیرہ ، انبار .۳. (کنایۃً) سوچ ، انسانی ذہن .۴. جمگھٹا ، گچھا .۵. (مجازاً) ٹھکانا ، گھر ، رہنے کی جگہ . [ف].

خُرُوج (ضم نیز فت خ، و مع) امذ.

۱.(i) باہر نکلنے کا عمل ، برآمدگی . (ii) ظہور ، ظاہر ہونا ، نظر آنا .۲. حملہ یورش ، چڑھائی .۳. بغاوت ، شورش .۴. ہجرت ، کوچ ، ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ، آبائی گھروں کو چھوڑنا .۵. ترک مذہب کرنا ، الگ ہوجانا ،نکل جانا عقیدہ بدل جانا .۶. باہر نکلنے کا مخصوص راستہ ، داخلہ کی ضد . [ع].

خُروش (ضم خ، و ج) امذ.

۱. زور کی آواز ، شور و غل .۲. آہ و زاری ، فریاد .۳. جذبہ ، اثر .۴. غصہ ولولہ ، جوش ، تیزی .۵. تلاطم ، دریا یا سمندر کی لہروں کا جوش ، فضائے آسمان کی ہلچل . [ف].

خَرید (فت خ، ی مع) (الف) امث.

ا کوئی چیز کسی کو پیسہ دے کر حاصل کرنا ، مول لینا .۲. لاگت ، اصلی قیمت (ب) صف. خریدی ہوئی ، مول لی ہوئی ، خرید کردہ ، زر خرید . [ف]

خرید و فروخت امث .۱. خریدنا اور بیچنا ، بیع وشریٰ ، لین دین .۲. خریداری

خَریدار (فت خ، ی مع) امذ.

۱. مول لینے والا ، گاہک .۲. طلب گار ، خواہاں ، قدرداں .

خَریداری (فت خ، ی مع) امث .اسم کیفیت

۱. قیمت دے کر کوئی چیز لینا ، خریدنا ، مول لینا .۲. طلب ، خواہش.

خَریدنا (فت خ، ی مع، سک د) ف ل.

قیمت دے کر کوئی چیز چیز لینا ، مول لینا.

خَریطہ (فت خ، ی مع، فت ط) امذ؛ امث.

۱. (i) تھیلی ، کیسہ ، پیغام رساں کا تھیلا. (ii) اناج نیز سیمنٹ یا مسالہ کی بوری .۲. (i) سوئی تاگا رکھنے کی تھیلی ، تلے دانی . (ii) (طب جیلٹین ، جھلی یا ریشوں کا وہ خول جس کے اندر جراثیم خود کو بند کرلیتے ہیں .۳. خریطہ (نقشہ جغرافیہ کا) .۴. (i) لفافہ جس میں امیروں رئیسوں کے نام رقعہ جائے . (ii) (مجازاً) خط ، پیغام .۵. دستاویز سرکاری حکم جو امیروں کے نام جاری کیا جائے . [ع].

خَریف (فت خ، ی مع) امث.

۱. فصل جو اساڑھ (جولائی ، اگست) سے کاتک کے درمیانی زمانے میں بوئی جاتی ہے جس میں جوار ، مکئی ، باجرا وغیرہ پیدا ہوتا ہے ، اس کی

مدت شروع برسات سے ختم برسات تک چار ماہ کی ہوتی ہے ، ساونی . ۲.(i) موسم جب آفتاب برج میزان میں آتا ہے ، خزاں . (ii) (کنایۃً) بربادی ، مصیبت . [ع] .

خِزاں (فت نیز کس خ) است .
۱.موسم جس میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں ، پت جھڑ .۲. (مجازاً) بے رونقی ، زوال . [ف] .

خزاں رسیدہ صف .۱. مرجھایا ، ہوا ، پرانا ، مایوس ، بے رونق .۲. زیادہ عمر رسیدہ ، سال خوردہ .

خَزانچی (فت خ ، سک ن) اند .
شخص جس کی تحویل میں خرچ کی مد کا روپیہ یا نقدی ہو ، خزانے کا محافظ ، خزانے کا ذمہ دار .

خَزانَہ (فت خ ، ن) اند .
۱.جگہ جہاں روپیہ ، سونا چاندی ، ہیرے جواہرات وغیرہ بحفاظت رکھے جائیں .۲. (i) ذخیرہ . (ii) علمی سرمایہ . (iii) علم و فن کی بہ کثرت تحصیل ، بڑھی ہوئی لیاقت ، بہت زیادہ علم ؛ ذاتی صلاحیت و معلومات . ۳. بندوق اور تفنگ وغیرہ میں بارود یا کارتوس رکھنے کی جگہ ، کوٹھی ؛ بستہ ، میگزین .۴. (i) روپیہ پیسہ ، مال و دولت ، نقدی . (ii) سرکاری محکمۂ مال .۵. دفینہ . [ع] .

خَزانے (فت خ) اند ؛ ج .
خزانہ کی جمع یا مغیرہ حالت ، تراکیب میں مستعمل .

خزانے کا سانپ (بننا) اند . روایت ہے کہ پرانے زمانے میں بعض مدفون خزانوں پر سانپ بٹھا دیے جاتے تھے کہ اصل وارث ہی اُس کو حاصل کرسکیں ؛ (مجازاً) کسی چیز پر قبضہ جمانا ، اپنے اختیار میں رکھنا .

خزانے کا منھ کھول دینا محاورہ . بہت زیادہ یا بے دریغ خرچ کرنا ، سخاوت و فیاضی دکھانا .

خَزائِن / خَزاین (فت خ ، کس ء / کس ی) اند ؛ ج .
خزانے ، دفینے .

خَزَف (فت خ ، ز) است .
۱.ٹھیکری .۲. (مجازاً) بیکار ، ہیچ . [ع] .

خَزِینَہ (فت خ ، ی مع ، فت ن) اند .
۱.خزانہ ، جگہ جہاں روپیہ ، سونا ، چاندی ، ہیرے جواہرات وغیرہ بحفاظت رکھے جائیں .۲.علمی سرمایہ . [ع] .

خَس (۱) (فت خ) (الف) اند .
سوکھی گھاس پھوس کا تنکا ، کوڑا کرکٹ . (ب) صف .۱.کمینہ ، ذلیل ، حقیر . ۲. کمزور ، ناتواں ، بے بس . [ف] .

خس کم (اَور) جہاں پاک کہاوت . کسی ناہنجار یا ناپسندیدہ یا بیکار آدمی کا الگ ہو جانا یا مر جانا ہی بہتر ہے .

خس و خاشاک اند .۱.گھاس پھوس ، تنکے ، کوڑا کرکٹ .

خَس (۲) (فت خ) است نیز اند .
ایک خاص قسم کی گھاس جو دریا کے کنارے ہوتی ہے اس کی جڑ سے عطر و ٹٹیاں پنکھے وغیرہ بناتے ہیں (لاط: Andropogon Muricatum) . [ف] .

خس کی ٹٹی است . بانس کی پھچیوں اور سرکی کے بنے ہوئے چوگوشہ مستطیل دہرے چوکھٹوں کے اندر خس کی جڑوں کے ریشے بھرے ہوتے ہیں جنھیں گرمیوں میں دروازوں یا کھڑکیوں میں لگا دیا جاتا ہے اس پر پانی چھڑکتے ہیں جس سے کمرہ خنک اور خوش بودار رہتا ہے .

خِسارا / خسارَہ (فت نیز کس خ ، فت ر) اند .
نقصان ، گھاٹا ، زیاں ، ٹوٹا . [ع] .

خسارا / خسارہ اُٹھانا محاورہ . نقصان برداشت کرنا .

خَساسَت (فت خ ، س) است .
۱.بخل ، کنجوسی .۲. کمینہ پن . [ع] .

خِسَّت (کس خ ، شد س بفت) است .
۱.بخیلی ، کنجوسی .۲.معمولی نوعیت کا ، کمتر درجہ پر .۳.کمینگی ، گھٹیا پن . [ع] .

خَستگی (فت خ ، سک س ، فت ت) است ؛ اند .
۱. (i) زخمی یا مجروح ہونے کی حالت . (ii) شکستگی ، شکستہ دلی .۲. (i) بھربھراہٹ ، نرمی . (ii) ٹوٹ پھوٹ ، کاٹ چھانٹ .۳.تھکاوٹ ، تھکن .۴. (مجازاً) سوز و گداز .۵.تنگ دستی ، ناداری ، افلاس . [ف] .

خَستَہ (فت خ ، سک س ، فت ت) (الف) صف .
۱.زخمی ، شکستہ .۲. (i) بھربھرا ، بکسا . (ii) آسانی سے ریزہ ریزہ ہونے

والی، گلا ہوا۔(iii) (نباتیات) نرم، نازک، جلد ٹوٹنے پکنے والا ۳۔ تھکا ماندہ، چور چور ۴۔ (i) تباہ، خراب۔ (ii) شکستہ، پرانے، کہن سال، خراب حال ۵۔ بدحال، پریشان حال (مجازاً) بیمار۔ [ف]۔

خستہ حال صف ۱۔ پریشان حال؛ شکستہ دل، رنجیدہ، آزردہ؛ تھکن سے چور ۲۔ پھٹا پرانا، شکستہ، بوسیدہ، کہن سال۔

خُسُر (ضم خ، فت س) امذ۔
بیوی یا شوہر کا باپ، سسر۔ [ف+س]۔

خُسْرَو (ضم خ، سک س، ولین) امذ۔
۱۔ سیاوش بن کیکاؤس کے بیٹے کا نام جو کیانیوں میں بہت بڑا صاحب اقبال بادشاہ گزرا ہے ۲۔ (مجازاً) بادشاہ، بڑا بادشاہ ۳۔ ہرمز بن نوشیرواں کا بیٹا جو شاہانِ ایران میں بڑے جاہ و جلال کا بادشاہ گزرا ہے، فرہاد کی معشوقہ شیریں اس کی ملکہ تھی۔

خُسْروانَہ (ضم خ، سک س، فت ر، ن) صف؛ م ف۔
شاہی طریقے سے، شاہانہ۔

خُسْرَوی (ضم خ، سک س، فت ر) (الف) صف۔
خسرو سے منسوب، خسرو کا، شاہی۔ (ب) امث ۱۔ بادشاہت؛ حکومت۔

خَسْرَہ (فت خ، سک س، فت ر) امث۔
(طب) کم عمر کے بچوں کی ایک قسم کی وبائی بیماری جس میں دو تین دن کے بخار کے بعد بدن پر مہین دانوں کا جال سا نمودار ہوتا ہے، سخت بخار کے ساتھ عموماً کھانسی بھی ہوتی ہے۔

خُسُوف (ضم خ، ومع) امذ۔
۱۔ (فلکیات) جب زمین گردش کرتے ہوئے آفتاب کے سامنے آجاتی ہے تو زمین کے سایے کی وجہ سے چاند کا کچھ حصہ اور بعض وقت پورا چاند تاریکی میں آجاتا ہے، چاند گہن ۲۔ چھپ جانا، آنکھوں سے اوجھل ہو جانا ۳۔ زمین کا دھنسنا۔ [ع]۔

خَسِیس (فت خ، ی مع) صف۔
۱۔ بخیل، کنجوس ۲۔ کمینہ، رذیل ۳۔ ناپاک، حقیر۔ [ع]۔

خِشْت (کس خ، سک ش) امث۔
اینٹ۔ [ف]۔

خَشْخاش/خش خش/خشخش (فت خ، سک ش) امث۔
اور اس کے پھل کے اندر سے نکلنے والے باریک تخم (اسی کے پھول کے بالائی حصہ پر گول دائرے میں افیم ہوتی ہے)۔ [ف:س]۔

خشخاش کے (دانے) برابر روزمرہ۔ بہت تھوڑا، کچھ بھی نہیں۔

خَشْ خَشی/ خَشْخَشی (فت خ، سک ش، فت خ) صف۔
(مجازاً) جڑ کے برابر سے کترے ہوئے بال (داڑھی، خط اور سر کے بال)؛ چھوٹی سی داڑھی۔

خش خشی/خشخشی داڑھی امذ۔ چھوٹی داڑھی جو دانتے دار لگتی ہے اور مشین سے کاٹی جاتی ہے۔

خُشْک (ضم خ، سک ش) (الف) صف ۱۔ سوکھا، تر کی ضد ۲۔ (i) بے لطف، بے مزہ، غیر دلچسپ۔ (ii) ایسے نصابی مضامین جن میں لطافت کا پہلو نہ ہو لیکن جن کا مطالعہ ضروری ہو ۳۔ روکھی، بغیر سالن یا دوسرے لوازمات کے (روٹی) ۴۔ آدمی جو ہنسی مذاق سے متنفر ہو، جسے دنیوی تفریحوں کا شوق نہ ہو، روکھا، کج خلق۔ (ب) صف؛ م ف ۱۔ جو دل سے نہ ہو، اوپری دل سے ۲۔ جھلسا ہوا، سوکھا ہوا، مرجھایا ہوا ۳۔ ٹھیک ہونا، اچھا ہونا، مندمل ہونا (زخم وغیرہ کا)۔ [ف:س]۔

خشک دھانوں پانی پڑنا محاورہ۔ امید بر آنا، مدعا پورا ہونا؛ سہارا ملنا۔

خشک سالی امث ۱۔ قحط، کال ۲۔ موسم جس میں خلاف معمول بارش نہ ہو۔

خشک مزاج صف۔ آدمی جس کی طبیعت ہنسی مذاق اور ظرافت کی طرف مائل نہ ہو۔

خشک و تر امذ۔ برا بھلا سبھی کچھ، رطب و یابس، ہر چیز۔

خُشْکا/ خُشْکَہ (ضم خ، سک ش/فت ک) امذ۔
۱۔ اُبلے ہوئے سادہ چاول ۲۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں گلے کے دونوں طرف غدود نکل آتے ہیں (گھوڑا دانہ چارہ ترک کر دیتا ہے)۔ ۳۔ مراد: شئے لطیف سے عاری لوگ، روکھا، کج خلق ۴۔ باریک سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ گیلا آٹا ہاتھ میں نہ چپکے، پلیتھن۔

خُشْکی (ضم خ، سک ش) امث۔
۱۔ (i) سوکھی زمین، کائنات میں نمی نہ رکھنے والی جگہ، تری یا نمی کی

ضد ۔ (ii) (مجازاً) ساحل، گودی، دھکہ، جہازوں کے رکنے کا مقام ۔
۲. روکھا پن، بے مروتی، بے رحمی، اکھڑ پن. ۳. (i) بھوسی جو سر میں یبوست یا کسی مرض کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ۔ (ii) سردی کے سبب جسم کی کھال کا سوکھنا، پھٹنا. ۴. باریک سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ گیلا آٹا ہاتھ میں نہ چپکے، پلیتھن ۔ ۵. (طب) تر کی ضد، جسم انسانی میں تراوٹ کی کمی جو ایک مرض بن جاتی ہے ۔

خشک و تری امث. مراد: دنیا، کائنات، جہان، عالم ہست و بود ۔

خَشْم (فت خ، سک ش) امذ.
غصہ، خفگی، طیش، عتاب ۔

خشم آلود صف. غصے سے بھرا ہوا، غضب ناک ۔

خَشْمگِیں (فت خ، سک ش، م، ی مع) صف.
غضب ناک، سخت غصہ میں، خفا ۔

خَشْمناک (ضم خ، سک ش، م) صف.
غصہ سے بھرا ہوا ۔

خُشُوع (ضم خ، و مع) امذ.
کسی کے سامنے خوف و ہیبت کے ساتھ ساکن اور پست ہونا؛ گڑگڑانا، عاجزی، فروتنی (عام طور پر خضوع کے ساتھ). [ع] .

خشوع و خضوع امذ. عاجزی، فروتنی، گڑگڑانا ۔

خُشُونَت (ضم خ، و مع، فت ن) امث.
۱. (i) کھردرا پن. (ii) ناہموار، پتھریلی. ۲. غصہ، خفگی، ناراضگی. ۳. فطری طور پر طبیعت کی سختی، درشتی. ۴. ہٹ دھرمی؛ احساس برتری. ۵. (i) تند مزاجی، بغض. (ii) نفرت، شدت، تیزی. ۶. رعونت؛ انتقام. [ع] .

خَشْیَت (فت خ، کس ش، شد ی بفت) امث.
۱. ڈر، خوف ۲. غیظ و غضب، غصہ، ناراضگی. [ع] .

خِصال (کس خ) امث: ج.
خصلت کی جمع (مرکبات میں مستعمل، جیسے: خوش خصال) ۔

خَصائِص (فت خ، کس ،) امث: امذ: ج.
خاصیت بمعنی عادات، خاصیات، صفات. [ع] .

خَصائِل (فت خ، کس ء) امث: امذ.
عادتیں، خاصیتیں. [ع] .

خَصْلَت (فت خ، سک ص، فت ل) امث.
۱. عادت، خو، جبلت ۲. اچھی یا بری اپنائی ہوئی عادت. ۳. تشخص، کردار. [ع] .

خَصَم (فت خ، ص) امذ.
خاوند، شوہر. [ع] .

خُصُوص (ضم خ، و مع) (الف) م ف.
خاص کر، بالخصوص، خصوصاً. (ب) امذ. خصوصیت. (ج) صف. خاص، مخصوص. [ع] .

خُصُوصاً (ضم خ، و مع تن بفت ص) م ف.
خاص کر، بالخصوص، خاص طور پر.

خُصُوصی (ضم خ، و مع) صف.
۱. خاص، مخصوص، ایک نوع کی ۲. کسی ایک کام کے لیے مختص. ۳. خاص طور پر، بالخصوص.

خُصُوصِیّات (ضم خ، و مع، کس ص، شد ی بفت) امث: ج.
۱. انداز، طرز، طریقے. ۲. جغرافیائی اعتبار سے الگ. ۳. (سائنس) جنسی یا جبلی نوع کی خوبیاں جو تواتر سے ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوں، عادات و صفات.

خُصُوصِیَّت (ضم خ، و مع، کس ص، شد ی بفت) امث.
۱. خاص بات، مخصوص صفت، خوبی. ۲. گہرا تعلق، ربط ضبط. ۳. تخصیص.

خُصُومَت (ضم خ، و مع، فت م) امث.
۱. دشمنی، عداوت، کینہ. ۲. جھگڑا، فساد، قضیہ. [ع] .

خَصّی (فت خ، شد ص) صف مذ.
۱. جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، آختہ (انسان اور چوپایوں کے لیے مستعمل)، بدھیا. اف: کرنا/ ہونا ۲. ہیجڑا، زنانہ، مخنث، زنخہ، مراد، خواجہ سرا. [ع] .

خُصْیَہ (ضم خ، سک ص، فت ی) امذ.
فوطہ، خایہ، انڈا، بیضہ. [ع] .

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

خُصُوصِیّات (ضم خ، و مع، کس ص، شد ی بفت) امث ؛ ج.
۱. انداز، طرز، طریقے. ۲. جغرافیائی اعتبار سے الگ. ۳. (سائنس) جنسی یا جبلی نوع کی خوبیاں جو تواتر سے ایک نسل سے دوسری نسل کو منتقل ہوں، عادات و صفات.

خُصُوصِیَّت (ضم خ، و مع، کس ص، شد ی بفت) امث.
۱. خاص بات، مخصوص صفت، خوبی. ۲. گہرا تعلق، ربط ضبط. ۳. تخصیص.

خُصُومَت (ضم خ، و مع، فت م) امث.
۱. دشمنی، عداوت، کینہ. ۲. جھگڑا، فساد، قضیہ. [ع].

خَصِی (فت خ، شد ص) صف مذ.
۱جس کے خصیے نکال دیے گئے ہوں، آختہ (انسان اور چوپایوں کے لیے مستعمل)، بدھیا. اف: کرنا/ ہونا. ۲. ہیجڑا، زنانہ، مخنث، زنخہ، مراد، خواجہ سرا. [ع].

خُصْیَہ (ضم خ، سک ص، فت ی) اند. فوطہ، خایہ، انڈا، بیضہ. [ع].

خِضاب (کس خ) اند.
۱. (سائنس) کوئی رنگ، رنگین محلول. ۲. بال رنگنے کا سفوف یا محلول، مہندی، وسمہ. اف: کرنا/ لگانا. [ع].

خِضْر (کس خ، سک نیز فت ض) اند.
۱. ایک بزرگ ہستی کا لقب، ان کی نسبت مشہور ہے کہ انہوں نے آب حیات پیا ہے اور ہمیشہ زندہ رہیں گے، بھولے بھٹکوں کی رہنمائی کرتے ہیں (بعض ان کو نبی کہتے ہیں، بعض ولی). ۲. (مجازاً) رہنما، رہبر. [ع].

خضرِ راہ/ رہ اند. راہنما، رہبر، صحیح راہ دکھانے والا.

خَضْرا (فت خ، سک ض) صف.
۱. سبز رنگ کا، ہرا. ۲. نیلابی، نیلگوں.

خُضُوع (ضم خ، و مع) اند.
گڑگڑانا، عاجزی، فروتنی، دل میں عاجزی آنا (عام طور پر خشوع کے ساتھ مستعمل). [ع].

خَط/ خَطّ (فت خ، شد ط نیز بلا شد) اند.
۱. کسی چیز کی سطح پر نشان یا علامت، خراش، بدھی. ۲. پیشانی پر پڑنے والی لکیر. ۳. کاغذ جس پر کچھ تحریر کر کے ایک شخص دوسرے کو بھیجتا ہے، مکتوب، نامہ، مراسلہ، رقعہ، چٹھی، پرچہ، فرمان، پروانہ. ۴. (i) لڑکوں کے رخسار اور لبوں پر آغاز جوانی میں پہلی بار جو بال نمودار ہوتے ہیں، نیا سبزہ جو چہرے پر آتا ہے. (ii) حجامت؛ داڑھی. ۵. (i) لکھائی، تحریر، کتابت. (ii) رسم الخط. ۶. (i) (ہندسہ) لکیر جو دو نقطوں کے درمیان واقع ہو اور جس میں صرف لمبائی ہو چوڑائی نہ ہو. ۷. زاویہ، بناوٹ، انداز، صورت، شکل، حلیہ، چھب. ۸. (قواعد) وقفہ یا جملہ معترضہ ظاہر کرنے کا نشان، انگ: Dash. [ع].

خط استوا اند. فرضی دائرہ جو زمین کے بیچوں بیچ قطبوں سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھنچا ہوا مانا گیا ہے (جو مقامات اس پر واقع ہیں وہاں دن اور رات قریب قریب برابر ہوتے ہیں آفتاب اس خط پر سے سال میں دو بار گزرتا ہے).

خط بنانا محاورہ. ۱. حجامت بنانا: بال ترشوانا یا کٹوانا.

خط کتابت امث. مراسلت، ایک دوسرے کو چٹھی لکھنا.

خط فاصل امث: اند. ۱. لکیر جو دو چیزوں کے بیچ میں آ کر ایک دوسرے کو جدا کرے. ۲. (قواعد) دو فقروں میں وقفے کے طور پر لگایا جانے والا نشان، ڈیش.

خط کشیدہ صف. کھنچا ہوا خط، خط فاصل، الفاظ جن کے اوپر یا نیچے لکیر کھینچ دی گئی ہو.

خط کھینچنا محاورہ: ف مر. ۱. قلم زد کرنا. ۲. مٹا دینا، محو کر دینا. ۳. (i) نشان ڈالنا، سطر کھینچنا، لکیر بنانا. (ii) نمونہ بنانا، تصویر کشی کرنا. ۴. الفاظ یا عبارت پر لکیر کھینچنا جس سے کسی خصوصیت کا اظہار ہو، وضاحت کرنا.

خط مستقیم اند. (ہندسہ) دو نقطوں کے درمیان سیدھا خط.

خط نستعلیق اند. (خوش نویسی) خط جو نسخ اور تعلیق کو ملا کر ایرانیوں نے ایجاد کیا جس میں حروف کے دوائر زیادہ نمایاں اور خوش وضع ہوتے ہیں، فارسی اور اردو کا مروّجہ خط.

خط و خال اند. ۱. دیکھیے: خد و خال. ۲. خوبیاں، خصوصیات، فائدے.

خَطا (فت خ) امث. ۱. صواب کی ضد، معینہ اصول کے خلاف بات، غلطی، قصور، بھول چوک. ۲. گناہ، جرم. ۳. ناقص، غلط. [ع].

خطا پوش صف: اند. ۱. گناہوں کو بخشنے والا، عیب چھپانے والا، قصور

معاف کرنے والا ، مراد : خداوند تعالیٰ .

خطا کرنا ف مر ؛ محاورہ . ا. غلطی کرنا ۲. چوک جانا .

خطا معاف! فقرہ . درگزر کیجیے ، معاف فرمایے .

خطاکار/ وار صف : اند . گنہ گار ، قصور وار ، مجرم .

خطا ہونا ف مر ؛ محاورہ . ا. غلطی کرنا ۲. چوک کرنا ۳. پیشاب یا پاخانہ بے اختیار نکل جانا .

خِطاب (کس خ) اند .

ا. گفتگو ، کلام ، بات چیت ، مکالمہ . ۲. (i) ایک دوسرے کے روبرو گفتگو کرنا ، تخاطب ، روئے سخن . (ii) مجمع کے سامنے تقریر . ۳. (i) اعزازی یا توصیفی نام یا لقب . (ii) کسی جماعت یا حکومت کی طرف سے عطا کردہ لقب یا تعریفی نام . (iii) القاب ، آداب ، اعزازی الفاظ . [ع] .

خطاب یافتہ صف . جس کو خطاب کا اعزاز ملا ہو ؛ جس نے اعزاز و انعام پایا ہو .

خِطابَت (کس خ ، فت ب) است .

ا. فن تقریر و تخاطب سے آگاہی ، اپنے مقاصد و خیالات کو دوسرے تک پہنچانے کا ہنر . [ع] .

خَطّاط (فت خ ، شد ط) صف ؛ اند .

فن خطاطی کا جاننے والا ، خوش نویس ، کاتب . [ع] .

خَطّاطی (فت خ ، شد ط) است .

خاص طرزِ تحریر ، طریقۂ کتابت ، خوش نویسی ، فن خوش نویسی .

خَطائی (فت خ) (الف) است .

روے کی میٹھی اور بہت خستہ بسکٹ کی طرح تیار کی ہوئی چھوٹی ٹکیا ، نان خطائی .

خُطَبا (ضم خ ، فت ط) اند .

صاحبانِ خطابت ، مقررین ، خطابت کے ماہرین ، خطیب کی جمع . [ع] .

خُطْبات (ضم خ ، سک ط) اند .

خطبہ کی جمع (تراکیب میں مستعمل) .

خُطْبَہ (ضم خ ، سک ط ، فت ب) اند .

ا. (اسلام) اوّل و آخر حمد و درود ، وعظ و نصیحت جو نماز جمعہ سے پہلے اور نماز عیدین کے بعد لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جاتی ہے . ۲. (i) لکھی ہوئی تقریر ، روداد ، رپورٹ . (ii) وعظ ، لیکچر . ۳. کتاب کا دیباچہ ، تمہید ، مقدمہ . [ع] .

خطبہ دینا محاورہ . مجمع کے سامنے تقریر کرنا ، وعظ و نصیحت کی تقریر کرنا .

خَطَر (فت خ ، ط) اند .

ا. خوف ، اندیشہ ، تردد ، ڈر . ۲. ہلاکت ، آفت ، دشواری ، جوکھم . ۳. نقصان . [ع] .

خطر ناک صف . ا. خوف ناک ، ڈراونا ، پر خطر . ۲. متردد ، متفکر .

خَطْرات (فت خ ، سک ط) اند .

ا. پروا ، خیال ، توجہ ؛ لحاظ . ۲. خطرے ، اندیشے ، اُلجھنیں .

خَطْرَہ (فت خ ، سک ط ، فت ر) اند .

ا. خیال ، پروا ، فکر ، اندیشہ ، خوف ، وسوسہ . [ع] .

خطرہ مول لینا محاورہ . مصیبت میں پڑنا ، اُلجھن اور پریشانی کو دعوت دینا .

خَطْرے (فت خ ؛ سک ط) اند .

خطرہ کی مغیرہ حالت یا جمع ، تراکیب میں مستعمل .

خطرے کی بگل / گھنٹی است ؛ فقرہ ؛ قول . ایسی آواز یا اشارے جن سے ناگہانی ہونے کا اندیشہ ہو .

خُطُوط (ضم خ ، و مع) اند ؛ ج .

ا. خط کی جمع ، لکیریں ، سطریں (تراکیب میں مستعمل) . ۲. دنیا کے نقشے پر کھینچے گئے فرضی خطوط یا لکیریں . ۳. کوئی مقررہ قاعدہ ، طرز یا اصول ، نہج . ۴. طریقۂ کار ، اندازِ نظر ، زاویۂ نگاہ . ۵. رخ ، کنارا ، انداز . ۶. پیشانی پر پڑنے والی لکیریں ، چیں جبیں . ۷. تحریریں جو ایک شخص دوسرے کو اپنے حالات کے بارے میں لکھتا ہے ، مراسلے ، چٹھیاں ، رقعات ، مکاتیب . ۸. راستے ، جادہ ، روشیں ، کیاریاں . [ع] .

خطوط وحدانی / ہلالی اند ؛ ج . قوس نما خطوط جو تحریر میں کسی کلمے یا عبارت کو اصل عبارت سے جدا دکھانے کے لیے اس کے اوّل و آخر بنا دیتے ہیں .

خِطَّہ (کس خ ، شد ط بفت) اند .

ا. سرزمین ، ملک کا حصہ یا قطعہ . ۲. زمین کا گھرا ہوا حصہ ، علاقہ . [ع] .

خَطِیب (فت خ ، ی مع) اند نیز صف .

ا. (عبادات) خطبہ پڑھنے والا . ۲. واعظ ، مقرر . ۳. کسی کی طرف سے بولنے والا . [ع] .

خَطِیر (فت خ، ی مع) صف.
۱. بڑا، کثیر، بہت (بیشتر رقم روپیہ پیسہ). ۲. (i) قابل قدر و منزلت؛ (کنایۃً) بیش بہا، قیمتی. [ع].

خَفا (فت خ) امذ.
(الف) صف. آزردہ، رنجیدہ، ناراض، برہم، ناخوش. (ب) گلا گھٹنا، دم گھٹنا، گلا گھوٹنا (عموماً لفظ دم کے ساتھ مستعمل). [ف].

خِفا (فت نیز کس خ) امث: ~ خفا. پوشیدگی، چھپانے کا عمل. [ع].

خِفَّت (کس خ، شد فت بفت) امث.
۱. شرمندگی، ندامت، خجالت. ۲. ذلت، حقارت، سبکی. ۳. چھٹکارا، سبک دوشی. [ع].

خفت اٹھانا محاورہ. ذلت اٹھانا، ذلت برداشت کرنا، ذلیل ہونا.

خفت مٹانا محاورہ. شرمندگی دور کرنا.

خُفتگان (ضم خ، سک ف، فت ت) صف: امذ.
سونے والے، سوئے ہوئے، خوابیدہ.

خفتگانِ خاک کس اضا، صف: امذ. مٹی میں سونے والے، مُردے.

خُفتَہ (ضم خ، سک ف، فت ت) صف.
۱. سویا ہوا، خوابیدہ. ۲. بے حس. ۳. پوشیدہ چھپا ہوا. [ف].

خَفَقان (فت خ، ف) امذ.
۱. دل کی دھڑکن جو معمول سے زیادہ ہو، ایک بیماری جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے، مالیخولیا کی ابتدائی حالت. ۲. جنون، سودا، وحشت، گھبراہٹ، ہول. [ع].

خَفگی (فت خ، ف) امث.
آزردگی، ناخوشی، غصہ، عتاب، ناراضی.

خَفی (فت خ). (الف) صف.
۱. پوشیدہ، پنہاں، چھپا ہوا. ۲. باریک، مہین قلم کی نوک جس سے حرف کے باریک حصے لکھے جاتے ہیں، نیز قلم جس کی نوک باریک ہو. ۳. باریک نوک کے قلم سے لکھا ہوا (خط یا عبارت). ۴. صفت باری تعالیٰ. ۵. بلند کی ضد، آہستہ (آواز). [ع].

خَفِیف (فت خ، ی مع) صف.
۱. (i) ہلکا، سبک (وزن میں). (ii) کم، ہلکا (حالت اور کیفیت میں). (iii) معمولی، ادنیٰ، بے قدر، بے حقیقت. (iv) ذرا، تھوڑا (شدت میں). (v) مدھم، ہلکی. ۲. تھوڑا، کم (مقدار میں). ۳. رسوا، ذلیل و خوار. ۴. شرمندہ، نادم، محجوب. [ع].

خُفیَہ (ضم خ، سک ف، فت ی) (الف) صف.
پوشیدہ، چھپا ہوا، در پردہ. (ب) م ف. چھپ کر، پوشیدہ طور سے. (ج) امث: امذ. مخبر، لوگ جنھیں پوشیدہ خبر رسانی کے لیے رکھا گیا ہو، جاسوسوں کی جماعت. [ع].

خَلا (فت خ) امذ.
۱. خالی جگہ. ۲. (i) (نیز امث) زمین سے اوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش ثقل کا اثر نہیں ہوتا، علاقہ جہاں فضائے ارضی ختم ہو جاتی ہے، فضا. ۳. تخلیہ، خالی کرانا. ۴. کمی. ۵. سائنس وہ جگہ جہاں سے ہوا کش کے ذریعے سب یا بیشتر ہوا نکال لی گئی ہو. [ع].

خلا باز/نورد امذ. خلائی جہاز میں پرواز کر کے زمین کی کشش ثقل کے علاقے سے اوپر خلا میں جانے یا سفر کرنے والا شخص.

خلا ملا (الف) امذ. ربط و ضبط، میل جول، گہری دوستی، بے تکلفی. (ب) صف. خلوت و جلوت کا شریک، بے تکلف، گھلا ملا.

خَلاص (فت خ) صف: امذ.
۱. آزاد، رہا، چھوٹا ہوا. ۲. مباشرت سے فارغ، انزال کا ہو جانا. اف: ہونا. ۳. فراغت، کام کا ختم ہونا، ختم. ۴. رہائی، نجات، چھٹکارا. [ع].

خُلاصَہ (ضم خ، فت ص) (الف) امذ.
۱. اختصار، لب لباب، ماحصل، اصل مطلب ۲. منتخب یا چیدہ، بہترین. ۳. (i) مفصل. (ii) روشن، صاف، کھلا ہوا (مطلب وغیرہ). ۴. ست، رس. [ع].

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ فقرہ. حاصل کلام یہ ہے کہ، الغرض، چنانچہ.

خَلاصی (فت خ) امث.
رہائی، نجات، چھٹکارا.

خَلاصی / خَلّاصی (فت خ / شد ل) امذ.
۱. خیمہ لگانے والا، مزدور. ۲. توپ خانہ، ریل یا جہاز پر کام کرنے والے مزدور.

خِلاف (کس خ) (الف) صف.
۱. برعکس، ناموافق. ۲. بے جا، نامناسب. ۳. جھوٹا (وعدہ وغیرہ).

۴. (i) مخالف ، دشمن . (ii) اختلاف کرنے والا ، ناموافق رائے رکھنے والا . (ب) اند . ۱. جھوٹ ، غلط . [ع] .

خلاف ورزی است . ۱. (i) (قانون) توڑنا ، خلاف کرنا . (ii) نافرمانی ، حکم عدولی . ۲. (مقررہ اصولوں سے) انحراف .

خِلافت (کس خ ، فت ف) است .
۱. (i) نیابت ، جانشینی ، قائم مقامی ، خلیفہ کا منصب ، اللہ تعالیٰ کی نیابت ؛ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیابت . (ii) (مجازاً) بادشاہی . ۲. مرشد (پیر طریقت) کی نیابت یا جانشینی . ۳. دیکھیے : خلافت راشدہ . ۴. ایک تحریک کا نام جو مسلمانان ہند نے پہلی جنگ عظیم کے بعد ترکیہ کی خلافت کی بقا کے لئے شروع کی تھی مگر ناکام رہی . [ع] .

خلافت راشدہ است . رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلفاء حضرت ابوبکر صدیقؓ ، حضرت عمر فاروقؓ ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا دور خلافت .

خَلّاق (فت خ ، شد ل) صف ؛ اند .
۱. تخلیق کی غیر معمولی قدرت والا ، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام . ۲. ابھارنے والا ، پیدا کرنے والا . ۳. موجد ، بانی ، بنانے والا . ۴. (ادب) تخلیقی صلاحیت رکھنے والا (شاعر ، افسانہ نگار وغیرہ) . [ع] .

خَلّاقی (فت خ ، شد ل) است .
خلاق کا اسم کیفیت ، پیدا کرنے کا عمل یا قدرت ، تخلیقی قوت یا صلاحیت .

خِلال (کس خ) است ؛ اند .
۱. دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ . ۲. دانتوں کی ریخیں صاف کرنے یا کریدنے کا تنکا یا سونے ، چاندی یا تانبے وغیرہ کا خصوصی طور پر بنا ہوا چھوٹا سا یا تکلے نما آلہ . [ع] .

خلال کرنا ف مر ؛ محاورہ . ۱. خلال سے دانت کریدنا ، دانتوں کے درمیان سے غذا کے ذرے یا ریشے وغیرہ نکالنا . ۲. (i) وضو کرتے وقت پاؤں دھونے سے پہلے دائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں داڑھی کے بالوں میں کنگھی کی طرح پھیرنا تاکہ پانی بالوں میں چلا جائے . (ii) وضو کرتے وقت کہنیوں تک ہاتھ دھو کر ایک ہاتھ کی انگلیوں کو اوپر سے دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پھیرنا تاکہ پانی انگلیوں کی گھاٹیوں میں پہنچ جائے یا اسی طرح پیروں کی انگلیوں میں ہاتھ کی انگلی پھیرنا .

خَلائِق (فت خ ، کس ء) اند ~ خلایق .
مخلوقات ، تمام لوگ ، خلقت کی جمع . [ع] .

خَلائی (فت خ) صف .
۱. خلا (فضائے ارضی سے اوپر کا خطہ) سے متعلق یا منسوب ، خلا کا . ۲. خلا (وہ جگہ یا ظرف جس میں ہوا کش کے ذریعے ہوا نکال لی گئی ہو) سے متعلق یا منسوب ، خلادار .

خَلَجان (فت خ ، ل نیز سک ل) اند .
۱. تپک ؛ خلش ، بے چینی ؛ تردد ، اندیشہ ، فکر ، گھبراہٹ . ۲. تذبذب وسوسہ ، شک . [ع] .

خَلخال (فت خ ، سک ل) اند ؛ است .
۱. پاؤں میں پہننے کا ایک زیور جس میں گھنگرو لگے ہوتے ہیں پازیب ، پائل ، گوجری . ۲. ایک طرح کا باریک کپڑا . [ع] .

خُلد (ضم خ ، سک ل) اند ؛ است .
جنت ، بہشت . [ع] .

خلد آشیاں صف ؛ اند . جنت میں سکونت رکھنے والا ، مرحوم ، مغفور (بڑے بڑے نوابوں اور بزرگوں کے لیے ان کی وفات کے بعد کہتے ہیں) .

خلد بریں کس صف است ؛ اند . سب سے بلند درجے کی جنت ، فردوس اعلیٰ نیز مطلق جنت .

خَلِش (فت خ ، کس ل) است ؛ اند (شاذ) .
۱. چبھن ، کھٹک . ۲. رنج ، فکر ، الجھن ، پریشانی . ۳. خصومت ، بغض ، کینہ ، رنجش ، جھگڑا . [ف] .

خلش مٹانا محاورہ . فکر و تردد یا پریشانی دور کرنا .

خَلط (فت خ سک ل) اند .
۱. گڈمڈ یا مخلوط کرنے یا ہوجانے کا عمل نیز کیفیت ، (دو یا زیادہ چیزوں کی) باہم آمیزش ، ملاوٹ . ۲. میل جول ، تعلق ، اختلاط . ۳. اشتباہ یا غلط فہمی کی بنا پر کسی مفہوم یا شے کو اس کے متضاد محل میں رکھنے کا عمل ؛ کسی روایت یا مضمون کے ساتھ دوسری باتوں کی آمیزش . [ع] .

خلط مبحث کس اضا. اند. غلطی سے یا مغالطے کے لیے موضوع سے ہٹ جانے یا اسے الجھا دینے کا عمل، الجھاؤ.

خلط ملط صف. اگڈمڈ، مخلوط، ملا جلا. ۲. ملا کر پھینٹا ہوا، آمیختہ. ۳. درہم برہم.

خَلع (فت خ، سک ل) اند.

۱. چھوڑ دینے یا ترک کرنے کا عمل، بندش سے آزاد کرنے کا عمل، دست برداری. ۲. عہدے یا منصب وغیرہ سے معزول کرنے یا ہونے کا عمل نیز کیفیت، معزولی، معطلی. ۳. ایک مقام سے ہٹا کر دوسرے مقام میں منتقل کرنے کا عمل. [ع].

خُلع (ضم خ، سک ل) اند.

طلاق جو عورت مال دے کر یا اولاد دے کر اور مہر معاف کر کے حاصل کرے. [ع].

خِلعت (کس خ، سک ل، فت ع) اند، است.

۱. لباس جو بادشاہ یا امرا کی طرف سے انعام یا عزت افزائی کے طور پر ملے (یہ کم از کم تین پارچوں پر مشتمل ہوتا تھا یعنی دستار، جامہ، کمر بند). ۲. لباس، پوشاک، عمدہ اور قیمتی کپڑے. ۳. (خوش نویسی) نشان جو استاد اصلاح کے وقت دیدہ زیب اور باقاعدہ لکھے ہوئے حرف پر لگاتے ہیں. ۴. عطیہ، انعام. [ع].

خَلَف (فت خ، ل) اند.

۱. سعادت مند بیٹا، فرزند صالح، وارث، اولاد، قائم مقام، جانشین.
۲. پیچھے آنے والے، پچھلے لوگ، متاخرین، گزشتہ بزرگوں کی اولاد. [ع]

خُلَفا (ضم خ، فت ل) اند؛ ~ خلفاء.

خلیفہ کی جمع. [ع].

خلفائے راشدین اند. (لفظاً) ہدایت پانے والے خلیفہ، (مراداً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چاروں خلیفہ.

خَلفشار (فت خ، سک ل، کس ف) اند.

۱. کشمکش، الجھن، پیچ و تاب. ۲. ابتری، خرابی، ہلچل، الجھن. ۳. افراتفری، بدنظمی، گڑبڑ.

خَلق (فت خ، سک ل) است.

۱. قسمت، تقدیر. ۲. پیدائش، آفرینش، پیدا کرنا، پیدا ہونا. ۳. مخلوق؛ لوگ، بنی آدم، نوع انسان. [ع].

خلق خدا کس اضا است؛ اند. خدا کی مخلوق، لوگ؛ دنیا.

خُلق (ضم خ، سک ل) اند.

عادت، خصلت، خو. ۲. پسندیدہ خصلت، خوش اخلاق، خوش خوئی، مروت؛ تواضع، مدارات. [ع].

خلق عظیم کس صف اند. آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خلق جو محاسن و فضائل کا جامع اور اعلیٰ ترین نمونہ ہے، نیز بے مثل اخلاق (مراد) خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

خَلقت (کس نیز فت خ، سک ل، فت ق) است.

۱. مخلوق، نوع انسان، بنی آدم، لوگ. ۲. لوگوں کا ہجوم، لوگوں کی بڑی تعداد. [ع].

خِلقت (کس خ، سک ل، فت ق) است.

۱. پیدائش، آفرینش، جنم. ۲. فطرت، سرشت، جبلت. [ع].

خَلَل (فت خ، ل) اند.

۱. درز، شگاف، رخنہ. ۲. (i) خرابی، بگاڑ، فتور، ابتری. (ii) غلطی، عیب، خامی، نقص، کمی. ۳. ہضم کی خرابی، پیٹ کا بگاڑ، بدہضمی. ۴. (عور) جن پری کا سایہ یا آسیب کا اثر، جادو کا اثر. اف: ہونا. ۵. دکھ، روگ، بیماری، عارضہ، سودا، جنوں. ۶. (i) فرق، کسر، کمی. (ii) رکاوٹ، حرج. ۷. ضرر، نقصان. [ع].

خلل پڑنا محاورہ. ۱. خرابی پیدا ہونا، ابتری ہونا. ۲. رکاوٹ پیدا ہونا، رخنہ اندازی ہونا.

خلل ڈالنا محاورہ. ۱. خرابی پیدا کرنا، نقصان پہنچانا، فرق پیدا کرنا، رکاوٹ کھڑی کرنا. ۲. گڑبڑ کرنا، دخل اندازی کرنا.

خَلوَت (فت خ، سک ل، فت و) است؛ ~ خلوۃ.

۱. تنہائی، علیحدگی، جلوت کی ضد. ۲. مکان کا غیر سے خالی ہونا. ۳. خالی جگہ، تنہائی کا مقام. ۴. خواب گاہ، سونے کا کمرہ. ۵. تنہائی میں ملاقات، پوشیدگی میں گفتگو. [ع].

خلوت کرنا محاورہ. ۱. خالی کرنا، تخلیہ کرنا، تنہا ہونا. ۲. ہم بستر ہونا، مباشرت کرنا.

خُلُوص (ضم خ ، و مع) اند.
حقیقی محبت ، سچا لگاؤ ، دلی تعلق ، اخلاص ، صداقت ، پاکیزگی . [ع] .

خَلوی (فت خ ، ل) صف.
(حیاتیات) خلیہ سے متعلق یا منسوب ، خلیہ دار .

خَلیا (فت خ ، سک ل) است .
خالہ کی تصغیر .

خَلیّات (فت خ ، کس ل ، شد ی) اند.
(حیاتیات) خلیہ کی جمع .

خَلیج (فت خ ، ی مع) است .
۱ (جغرافیہ) قطعہ آب جو تین طرف خشکی سے گھرا ہو اور ایک طرف سمندر سے ملا ہو ، کھاڑی . ۲. درمیانی فاصلہ یا فرق ، دوری ؛ اختلاف . [ع] .

خلیج (کو) پاٹنا محاورہ . فاصلے کو عبور کرنا ، درمیانی رکاوٹ دور کرنا ، اختلافات ختم کرنا .

خَلیفہ (فت خ ، ی مع ، فت ف) اند.
۱. نائب ، جانشین ، (اللہ کا) نائب . ۲. پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نائب یا جانشیں . ۳. قائم مقام ، عارضی جانشیں . ۴. (i) سب لڑکوں سے زیادہ پڑھا ہوا شاگرد جسے استاد کے نائب کا درجہ حاصل ہو ؛ مانیٹر ؛ استاد کا بیٹا یا بیٹی . (ii) (پہلوانی) اکھاڑے کا سب سے زیادہ ہونہار پہلوان جو مرتبے میں استاد کے بعد تسلیم کیا جاتا ہو ، پہلوان کا قائم مقام . ۵. مرشد طریقت یا شیخ کا وہ خاص مرید جسے شیخ نے اپنی طرف سے بیعت لینے کی اجازت دی ہو . ۶. نائی ، حجام ؛ جراح ؛ نانبائی ؛ درزی ؛ کبوتر اڑانے والا وغیرہ . [ع] .

خَلیق (فت خ ، ی مع) صف.
خوش اخلاق ، صاحب خُلق ، خوش خو ، خُلق والا . [ع] .

خَلیل (فت خ ، ی مع) صف ؛ اند.
۱. سچا دوست . ۲. حضرت ابراہیمؑ کا لقب . [ع] .

خلیل اللہ اند. اللہ کا دوست ، حضرت ابراہیمؑ کا لقب .

خلیل خاں فاختہ اُڑا چکے کہاوت . ذرا سا کام کر کے بہت اترانے والے کے لیے طنزاً بولتے ہیں .

خَلیّہ/خَلْیَہ (فت خ ، کس ل ، شد ی بفت / فت خ ، سک ل ، فت ی) اند.
۱. چھوٹا جوف دار خانہ . ۲. (حیاتیات) جان داروں (نباتات و حیوانات) کے جسم کی ایک بنیادی اکائی جو چھوٹے خانے کی شکل میں ہوتی ہے جس میں نخزمایہ بھرا ہوتا ہے . [ع] .

خَم (فت خ) (الف) اند.
۱. کجی ، ٹیڑھ ، ترچھا پن ، خمیدگی ، جھکاؤ . ۲. (i) پیچ ، بل گھونگھر (بالوں کا) . (ii) گھماؤ ، پھیر . (ب) صف . جھکا ہوا خمیدہ ، مڑا ہوا . [ف] .

خم ٹھوک / ٹھونک کر سامنے آجانا / آ کھڑا ہونا اند. نڈر ہو کر مقابلہ کرنا ، مقابلے پر آنا .

خم ٹھوکنا / ٹھونکنا / جھاڑنا محاورہ . کشتی لڑتے وقت بازوؤں پر اس طرح ہاتھ مارنا کہ ان سے آواز نکلے ، لڑنے کے لیے تیار ہو جانا .

خم دار صف . بل کھایا ہوا ، پیچ دار ، گرہ گیر ، خمیدہ .

خم کھانا محاورہ . مُڑنا ، جھکنا ، حلقہ دار ہونا ، پیچ دار ہونا .

خم ہونا ف مر . جھکنا ، سرنگوں ہونا .

خُم (ضم خ) اند. (است ، شاذ) .
۱. مٹکا ، گھڑا ، بڑی ہانڈی . ۲. شراب کا مٹکا یا پیپا . [ف] .

خُمار (ضم خ) اند.
۱. نشہ اترنے کے وقت دردِ سر اور اعضا شکنی کی کیفیت ، مستی جو نشۂ شراب کا زور ٹوٹنے کے بعد باقی رہ جائے . ۲. سرور ، نشہ ؛ شراب کی مستی ؛ کیف ، سرشاری . ۳. نیند نہ آنے کا اثر جو کم سونے یا نہ سونے کی وجہ سے آنکھوں سے ظاہر ہوتا ہے جس میں گلابی پن جھلکتا ہے . [ع] .

خمار اترنا محاورہ . نشہ دور ہونا ، شراب کا اثر ختم ہونا .

خمار آلود / آلودہ صف . نشے میں چور ، مست ، مخمور .

خُماری (ضم خ) (الف) است.
۱. نشہ اترتے وقت دردِ سر اور اعضا شکنی کی حالت یا کیفیت خمار . ۲. سرور ، نشہ ، مستی ، بدمستی ، نشے کے اثر سے آنکھوں کی خواب ناک کیفیت . (ب) صف . مست ، متوالا ، خمار آلود ، نشہ آگیں (عموماً آنکھوں کی صفت کے طور پر مستعمل) .

خَمر (فت خ، سک م) اث.
۱. ڈھانپنا ۲. انگوری شراب ۳. مطلق شراب جس سے نشہ ہو جائے، ہر نشہ آور مشروب. [ع].

خَمرِیّات (فت خ، سک م، کس ر، شد ی) اند؛ اث.
۱. خمر سے متعلق یا منسوب اشیا ۲. کلام منظوم جس میں شراب اور اس کے متعلقات کا بیان ہو، خمر کے متعلقات و لوازم جن کا کلام منظوم میں ذکر کیا گیا ہو.

خُمُس (ضم خ، سک نیز ضم م) اند.
۱. پانچواں حصہ، پنجم، ۱/۵ ۲. مال غنیمت یا مطلقاً مال کا پانچواں حصہ جو فقہ کے مقررہ ضابطے کے مطابق تقسیم کیا جائے. [ع].

خَمسَہ (فت خ، سک م، فت س). (الف) صف.
پانچ. (ب) اند. نظم جس کا ہر بند پانچ مصرعوں پر مشتمل ہو. [ع].

خَموش (فت خ، و مج) (الف) صف.
۱. خاموش، چپ ۲. بجھا ہوا (آگ، چراغ اور شعلہ و شمع وغیرہ کے لیے). (ب) کلمہ تنبیہ. چپ رہو، خاموش ہو جاؤ.

خَمیازَہ (فت خ، سک م، فت ز) اند.
۱. نیند کے غلبے یا کاہلی و کسل وغیرہ سے ہاتھوں کو اونچا کر کے بدن کو تاننے کا عمل، انگڑائی ۲. سزا، بدلہ، مکافات، بھگتان، نتیجہ. [ف].
خمیازہ اٹھانا محاورہ. سزا بھگتنا، پاداش جھیلنا، نقصان برداشت کرنا، تکلیف اٹھانا.
خمیازہ بھگتنا محاورہ. سزا بھگتنا، نقصان برداشت کرنا.

خَمیدَہ (فت خ، ی مع، فت د) صف.
۱. (i) خم کھایا ہوا، مڑا ہوا، ٹیڑھا، کجی لیے ہوئے. (ii) جھکا ہوا، کبڑا ۲. کسی کے آگے ادب سے جھکا ہونا، سرنگوں. [ف].

خَمیر (فت خ، ی مع) اند.
۱. (i) زردی مائل جھاگ دار اور چپچپا مادہ جو سماروغی خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے یہ خلیے شکرینی مائعات یا نشاستہ کی موجودگی میں پیدا ہوتے اور بڑھتے ہیں (ii) گندھے ہوئے آٹے کے اجزاء میں ابھار یا پھولا پن پیدا کرنے اور چپکاؤ کم کرنے کا مسالا، گندھا ہوا آٹا جو چند گھنٹے تک گرمی میں رکھ کر ترش کیا گیا ہو اور جس کی آمیزش سے اور گندھا ہوا آٹا پھول جاتا ہے ۲. جسم کی مٹی؛ وہ مادہ جس سے کوئی شے بنائی جائے ۳. عناصر کی ترکیب یا امتزاج، سرشت، فطرت، مزاج. [ع].
خمیر اٹھنا محاورہ. ۱. کسی آمیزے یا گندھی ہوئی چیز میں ابھار، جھاگ اور کھٹاس پیدا ہونا، خمیر تیار ہونا ۲. گندھے ہوئے آٹے میں خمیر کا اثر پیدا ہونا، گندھے ہوئے آٹے کا پھول جانا ۳. ترکیب پانا.
خمیر کرنا ف م؛ محاورہ. گندھے ہوئے آٹے کو کچھ دیر گرمی میں رکھ کر ترش کرنا، خمیر تیار کرنا ۲. (سرشت یا فطرت میں) داخل کر دینا. ۳. بنانا، پیدا کرنا، تیار کرنا ۴. باہم ملا دینا، گوندھنا، آمیزہ بنانا.

خَمیرا / خَمیرَہ (فت خ، ی مع / فت ر) اند.
۱. حقے کا خوش بودار پینے کا تمباکو، خوش بودار گڑاکو ۲. چینی مصری یا شکر میں قوام کی ہوئی دوا ۳. گوندھی ہوئی چیز، مرکب شے، خمیر اٹھا کر تیار کی ہوئی چیز. [ع].

خَمیری (فت خ، ی مع)؛ ج: خمیریاں. (الف) اث.
خمیر اٹھائے ہوئے آٹے کی روٹی، تنوری روٹی. (ب) صف. خمیر کی ہوئی، خمیر اٹھا کر پکائی ہوئی.

خَنّاس (فت خ، شد ن) اند. (الف).
۱. شیطان، بدروح، خبیث روح ۲. وسوسہ، زعم باطل. (ب) صف. وسوسہ ڈالنے والا، بہکانے والا، شریر، مردود، حرامزادہ. [ع].

خُناق (ضم خ) اند.
۱. گلے کے غدودوں کے متورم ہو جانے کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینے اور کھانے پینے میں تکلیف ہوتی ہے. [ع].

خُنثیٰ (ضم خ، سک ن، اشکل ی) اند.
۱. آدمی جو مردانہ اور زنانہ دونوں علامات مخصوصہ رکھتا ہو، ہیجڑا. [ع].

خَنجَر (فت خ، سک ن، فت ج) اند.
کسی قدر چوڑے خم دار پھل کا عموماً دو دھارا چھرا، کٹار. [ع].
خنجر چلنا ف مر؛ محاورہ. خنجر سے حملہ ہونا، خنجر سے ذبح کیا جانا ظلم و ستم ہونا.

خَنخَنا (فت خ، سک ن، فت خ) صف، مذ (مث: خنخنی).
ناک میں بولنے والا، منمنانے والا.

خَنخَنانا (فت خ، سک ن، فت خ) ف ل.
ناک میں بولنا، منمنانا.

خَنْد (فت خ، سک ن) اند.
ہنسنے کی کیفیت یا عمل. [ف].

خَنْداں (فت خ، سک ن) صف.
مسکراتا یا ہنستا ہوا، شگفتہ، خوش، کھلا ہوا. [ف].

خَنْدَق (فت خ، سک ن، فت د) است (اند: شاذ).
ا. گہرا گڑھا، غار، کھوہ. ۲. گہری کھدی ہوئی زمین جو شہر، مکان قلعے وغیرہ کے چاروں طرف حفاظت کے لیے یا فوجیوں کے دشمن کی نظر سے پوشیدہ رہنے کی غرض سے کھودی گئی ہو. ۳. ابتدائے اسلام کی ایک جنگ کا نام جس میں کفار و مشرکین کے تمام قبائل نے مل کو مدینہ منورہ پر حملہ کیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہر کے چاروں طرف خندق کھدوا دی تھی، جنگ احزاب. [ف: کندہ. سے معرب].

خَنْدَہ (فت خ، سک ن، فت د) اند.
ا. مسکرانے یا ہنسنے کی کیفیت نیز عمل، مسکراہٹ، تبسم؛ قہقہہ. ۲. شوخ، شریر، مسخرہ.

خندہ پیشانی (الف) صف. جس کے چہرے سے ہر وقت شگفتگی ظاہر ہو، ہنس مکھ، ہنستا مسکراتا ہوا، خوش خوش. (ب) است. ہنس مکھ ہونے کی کیفیت، خوش مزاجی.

خندہ زن صف. ہنسنے والا، ہنستا ہوا؛ کسی کی ہنسی اڑانے والا.

خِنْزِیر (کس نیز فت خ، سک ن، ی مع) اند.
ا. لمبی تھوتھنی اور چھوٹے منھ کا ایک جانور، سور، خوک. ۲. بے حیا، شریر، بدذات، حرام زادہ. [ع].

خنزیر کا بچہ اند. حرام زادہ (گالی).

خُنُک (ضم خ، فت نیز ضم ن) صف.
ا. (i) سرد، ٹھنڈا. (ii) روکھا پھیکا، بے مزہ، غیر دلکش، بے کیف. ۲. تر و تازہ، خوش، مسرور. [ف].

خُنُکی (ضم خ، فت نیز ضم نیز سک ن) است.
سردی، ٹھنڈک. [ف].

خِنگا (کس خ، غنہ) صف؛ اند (مث: خِنگی).
ا. ہٹا کٹا، مسٹنڈا، تنومند، موٹا تازہ. ۲. موٹا مسخرا آدمی. [ف].

خِنگر (کس خ، غنہ، فت گ) صف.
خنگا کی تصغیر.

خُو (۱) (و مع نیز مج) است.
ا. سرشت، فطرت، مزاج. ۲. عادت، سیرت. [ف].

خو بو است. عادت، خصلت، طور طریقہ، رنگ ڈھنگ.

خو گر صف. جسے کسی بات کی عادت پڑ جائے، عادی.

خواب (و معد) اند نیز است.
ا. سو جانے کا عمل یا کیفیت، نوم، نیند (بیداری کا نقیض). ۲. صورت یا واقعہ یا بات جو نیند میں نظر آئے، سپنا. ۳. خیال، تصور، وہم، گمان، بے حقیقت بات. [ف].

خواب آور صف. نیند لانے والا، غفلت طاری کرنے والا، ست بنا دینے والا.

خواب پریشاں اند. ا. بے آرامی کی نیند، ایسی نیند جس میں بار بار نیم خوابی کی سی کیفیت ہوتی رہے. ۲. وحشت ناک یا ڈراؤنا سپنا، نیند میں وحشت ناک یا ڈراؤنے واقعات دیکھنا.

خواب خرگوش اند. خرگوش کی نیند (مجازاً) گہری نیند، غفلت کی نیند؛ تغافل، بے خبری، مدہوشی.

خواب دکھلانا محاورہ. جھوٹی امید دلانا، فریب دینا.

خواب دیکھنا محاورہ. ا. کسی خیال یا واقعے کو سونے میں دیکھنا. ۲. کسی شے کا آرزو مند ہو کر ذہن میں اس کے حصول کا منصوبہ بنانا، خیالی پلاؤ پکانا.

خواب گاہ است: اند (شاذ). ا. سونے اور آرام کرنے کا کمرہ یا جگہ، خلوت کدہ.

خواب ہو جانا/ہونا محاورہ. لمبی مدت گزر جانے کے باعث کسی بات کا ذہن سے اتر جانا، بھولی بسری بات بن جانا.

خوابِیدگی (و معد، ی مع، فت د) است. ا. سونے کا عمل حالت، سستی، غفلت، نیند میں ہونے کی کیفیت، نیند. ۲. بے حسی، بے عملی.

خوابِیدَہ (و معد، ی مع، فت د) صف.
ا. سویا ہوا، خمار آلودہ. ۲. (i) بے حرکت، پرسکون، خاموش. (ii) جو فعال نہ ہو، غیر متحرک. ۳. چھپا ہوا، پوشیدہ. [ف].

خَواتِین (فت خ، ی مع) است ؛ ج.
عورتیں، مستورات، خاتون (دیکھیے) کی جمع.

خواجَہ (و معد، فت ج) اند.
ا. صاحب و مالک، آقا، سردار، حاکم. ۲. (i) توران میں سادات کا لقب. (ii) شخص جس کی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو (برصغیر میں). ۳. شخص جس کے خصیے نکال دئے گئے ہوں، جس کے عضو تناسل نہ ہو، خصی مرد، ہجڑا. [ف].

خواجہ سرا اند. ا. نامرد، ہجڑا، مخنث. ۲. مرد (خصوصاً غلام) جو خصی کر دیا گیا ہو اور زنانے مکان میں آمد و رفت اور خدمت پر مامور ہو.

خوار (و معد) صف.
ا. جو نگاہوں میں حقیر اور سبک ہو، جو قابلِ نفرت و تحقیر ہو، ذلیل، رسوا، بے عزت. ۲. آوارہ، سرگراں، پریشاں. ۳. ہیچ، ناچیز، بے قدر و قیمت، بہت معمولی حیثیت کا. [ف].

... خوار (و معد) صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر آ کر کھانے والا، پینے والا، کے معنی دیتا ہے. [ف].

خَوارِج (فت خ، کس ر) اند ؛ ج.
خارجی فرقے کے لوگ، وہ لوگ جو خلفائے راشدین میں سے حضرت علیؑ کو نہیں مانتے. [ع].

خَوارِق (فت خ، کس ر) اند ؛ ج.
غیر معمولی اور حیرت انگیز افعال جو عام انسانی طاقت سے بالاتر ہوں، معجزات، کرامات.

خواری (و معد) است.
ا. ذلت، رسوائی، بے عزتی. ۲. پریشانی، سرگردانی، بے کسی، مصیبت.

خواستگار (و معد، سک س، ت) صف.
ا. درخواست کرنے والا، خواہاں، طلب گار، متمنی، امیدوار، طالب. ۲. رشتے کا خواہش مند، شادی کا امیدوار.

خواستگاری (و معد، سک س، ت) است.
ا. درخواست، خواہش، طلب گاہ. ۲. نسبت کی درخواست، شادی کا پیغام.

خواستَہ (و معد، سک س، فت ت) صف.
چاہا ہوا، جو خواہش کے مطابق ہو، مرضی. [ف].

خوا (و) ناخواستہ/نخواستہ م ف. چاہے مرضی ہو یا نہ ہو، چار و ناچار، طوعاً و کرہاً، مجبوراً.

خَواص (فت خ) (الف) اند ؛ بطور جمع.
ا. وہ لوگ جنھیں علم و فضل یا اثر و اقتدار وغیرہ کی بنا پر عام لوگوں سے امتیاز حاصل ہو، امراء و وزراء، خاص لوگ یا بندے (جو عوام سے ممتاز ہوں). ۲. (i) خاصیتیں، اثرات. (ii) سیرتیں، عادات و اطوار، مزاجی کیفیتیں، طبعی رجحانات. (iii) خصوصیات، خاص اوصاف (جو دوسری مماثل چیزوں سے ممتاز بنادیں). (ب) اند ؛ طور واحد نیز جمع. ا. (امیروں کا) مصاحب، ہم صحبت، ہم جلیس. ۲. بادشاہوں اور امیروں کا خاص نوکر، خدمت گار. (ج) اند ؛ طور واحد. ا. خاصیت، تاثیر، اثر. ۲. خاصہ، عادت، مزاج. (د) است ؛ طور واحد. (بیگمات کی) لونڈی، خادمہ، سہیلی. [ع].

خوان (و معد) اند.
ا. کھانا وغیرہ لانے لے جانے کا گول طبق، سینی، تھال، طشت. ۲. دسترخوان، کپڑا جسے بچھا کر اس پر کھانا چنتے ہیں. [ف].

خوان پوش اند. خوان ڈھانکنے کا کپڑا وغیرہ.

خوان نعمت اند. لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان.

...خوان صف.
مرکبات میں جزو دوم کے طور پر آ کر، پڑھنے والا، کے معنی دیتا ہے. [ف]

خوانْچَہ (و معد، سک ن، فت چ) اند.
ا. چھوٹا خوان، چھوٹی سینی. ۲. صندوقچہ (عموماً نقدی رکھنے کا). ۳. خوان جس میں چیزیں رکھ کے پھیری والے بیچتے ہیں.

خوانچہ فروش اند. سینی میں سامان رکھ کر بیچنے کے لیے پھیری لگانے والا

خوانْدگی (و معد، مغ، سک نیز فت د). (الف) است.
ا. پڑھنے یا پڑھے جانے کا عمل یا کیفیت، پڑھائی. ۲. تعلیم. ۳. لکھنے پڑھنے کی قابلیت. [ف].

خواندہ (وسعد، سغ، فت د) صف.
۱. پڑھا لکھا، تعلیم یافتہ. ۲. بلایا یا مدعو کیا ہوا. ۳. پڑھنے والا (خوانندہ کا مخفف). [ف].

خواہ (وسعد) (الف) حرف تردید: م ف.
یا، یا تو، چاہے، چاہو (دو باتوں میں سے ایک کے اختیار کیے جانے کا مفہوم ظاہر کرنے کے لیے مستعمل). (ب) حرف تاکید: م ف. چاہے (نتیجے کی پروا نہ ہونے کے اظہار میں مستعمل). (ج) صف. ۱. چاہنے والا، طلب کرنے والا. ۲. خواہش کیا ہوا، چاہا ہوا. [ف].

خواہ نخواہ م ف: ~ خوانا خواہ، خوانخواہ، خواہ نخوا.

خواہ مخواہ/ خواناخواہ/خواہ نخواہ م ف. ۱. چار ناچار، مجبوراً، طوعاً و کرہاً. ۲. بلاوجہ، بے ضرورت، بے کار. ۳. ضرور، یقینی طور پر، بہر حال، بہر صورت، لامحالہ. ۴. بے ساختہ، خود بخود، بغیر کسی تحریک یا خواہش کے، طبعاً، عادۃً.

خواہاں (وسعد) صف. آرزو مند، چاہنے والا، خواہش مند، طلب گار. [ف]

خواہر (وسعد، فت ہ) است.
بہن، ہمشیرہ. [ف].

خواہش (وسعد، کس ہ) است.
۱. (i) کسی بات یا شے کے حصول کی چاہت یا طلب، آرزو، تمنا، ارمان، چاہ. (ii) کھانے یا پینے کی طرف میلان یا رغبت، بھوک. ۲. مرضی، پسند. اف: رکھنا / کرنا / ہونا. [ف].

خواہش مند صف: ~ دیکھیے: آرزو رکھنے والا، طالب، شائق.

خواہی (وسعد) م ف.
چاہے، خواہ. [ف].

خواہی نخواہی ف م. دیکھیے: خواہ نخواہ.

••• **خواہی** (وسعد) است.
تراکیب میں جز دوم کے طور پر آ کے، چاہنا کے معنی دیتا ہے.

خُوب (وسغ) (الف) صف.
۱. (i) اچھے اوصاف کا حامل، عمدہ، اچھا، بھلا. (ii) (طنز و تحقیر کے موقع پر) بہت برا. ۲. جو رنگ روپ اور شکل و صورت کے لحاظ سے آنکھوں کو بھلا لگے، خوش نما، حسین و جمیل؛ خوب صورت. ۳. نفیس، اعلیٰ درجے کا. ۴. نیک اعمال یا اخلاق کے اعتبار سے، اچھا. ۵. وہ فعل جس کا نتیجہ اچھا ہو، مفید، سود مند. ۶. موزوں، مناسب، زیبا. (ب) اند. معشوق، پیارا، محبوب (بیشتر طور جمع مستعمل). (ج) م ف. ۱. بہت اچھی طرح، مکمل طور پر. ۲. بہت اچھے طریقے سے، بحسن و خوبی. (د) کلمہء ایجاب و تحسین وغیرہ. ۱. (ایجاب کے موقع پر) جی ہاں، بہت اچھا، بہتر، ٹھیک. ۲. (تحسین کے موقع پر) واہ وا، کیا کہنا، سبحان اللہ. ۳. (طنزاً) چہ خوش، عجیب بات ہے، حیرت کی بات ہے. [ف].

خوب رو: ~ خوبرو. (الف) صف. حسین، جمیل، خوب صورت. (ب) اند. معشوق، محبوب.

خوب روئی است. ۱. حسن، جمال، خوب صورتی. ۲. خوبی، عمدگی، نفاست.

خوب صورت صف: ~ خوبصورت. ۱. اچھی شکل و صورت والا یا والی، حسین و جمیل، دیدہ زیب. ۲. عمدہ، اچھا، بھلا.

خوب صورتی است. خوبصورتی. ۱. حسن، جمال. ۲. خوبی، سلیقہ، ہنرمندی

خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو کہاوت. دو ہم خیال اور ہم مشرب آدمی مل جائیں تو وقت بہت اچھا گزرتا ہے.

خُوباں (وسغ) اند: ج.
حسین لوگ، کنایۃً معشوق خوب کی جمع.

خُوبانی (وسغ) است.
۱. ایک شیریں میوہ اور پھل، زرد آلو، خشک زرد آلو جو بھورے رنگ کا اور مزے میں میٹھا ہوتا ہے. ۲. زرد آلو کا درخت نیز اس کی لکڑی. [ف].

خُوبی (وسغ) است.
۱. (i) خوب صورتی، حسن، اچھائی، عمدگی. (ii) بھلائی، بہتری، فلاح. ۲. وصف، خصوصیت، جوہر، گن. ۳. بڑائی، شرف، فوقیت.

خوجا / خوجہ (وغ / فت ج) اند.
۱. خصی مرد، خواجہ سرا، نامرد، ہیجڑا. ۲. فرقہ نزاریہ اسماعیلیہ کی ایک شاخ جس کا بانی نورالدین شاہ تھا، فرقہ صدریہ، نیز اس جماعت کا فرد.

ان کی جماعت کو عموماً خوجہ کہا جاتا ہے. ۳. مہتمم دیوان ، دیوان خانے کا نگراں .۴. چھدری داڑھی والا .

خو خو (ولین نیز مج ، ولین نیز مج) امث .
بندر کی وہ آواز جو غصے میں حملہ کرنے یا ڈرانے بھبکنے کے وقت اس کے منہ سے نکلتی ہے. [حکایت الصوت] .

خوخیانا (ولین نیز مج ، سک خ) ف ل.
بندر کا بھبکی دینا ، غصے میں خو خو کی آواز نکالنا ؛ ڈرانا ، خوف زدہ کرنا ، غصہ و ناراضی کا اظہار کرنا .

خود (و مج) اند .
لوہے کی گول ٹوپی ، آہنی سرپوش ، لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں سر کی حفاظت کے لیے استعمال ہوتی ہے ، سر کو ضرب سے بچانے کا آہنی لباس جو عموماً فوجی اور پولیس والے پہنتے ہیں . [ف] .

خود (و م) ، (الف) ضمیر .
آپ ، اپنے آپ ، بذات خاص ، بنفس نفیس ، بذاتہ . (ب) م ف .
اپنے آپ سے ، (بغیر کسی دوسرے کی مدد یا تحریک کے) . [ف] .

خود احتسابی امث . اپنے اعمال کا جائزہ ، اپنی کمزوریوں پر نظر رکھنا .

خود اعتمادی امث . اپنی ذات پر بھروسا ، اپنے قول یا عمل کو موثر اور مفید سمجھنے کا احساس ، ذاتی رائے یا طاقت پر بھروسا ہونے کا یقین .

خودبخود/بہ خود م ف . بغیر کسی دخل کے ، اپنے آپ ، جو آپ ہی آپ وجود میں آئے ، بغیر کسی خارجی تحریک یا علت ، ازخود .

خودبین صف . اپنے ہی مفاد پر نظر رکھنے والا ، اپنی ذات کا پجاری ، اپنے آپ کو دیکھنے والا ، گھمنڈ کرنے والا ، مغرور ، متکبر ، فخر کرنے والا .

خود پرست صف . مغرور ، آپ اپنا پجاری ، متکبر .

خود پسند صف . ۱. اپنی رائے کو اہمیت دینے والا ، خود نگر ، خود رائے ، اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھنے والا ، سرکش ، مغرور .

خود دار صف . عزت نفس کے منافی امور سے بچنے والا ، ضبط کرنے والا ، قانع ، اپنی عزت کا خیال رکھنے والا ، سنجیدہ ، غیرت مند .

خود داری امث . ۱. احساس ذات ، عزت نفس کا پاس ، تعین احساس ذات .
۲. اپنی نگہہ داشت اور حفاظت ، ضرر سے بچاؤ کی دیکھ بھال یا احتیاط

خود را فضیحت دیگراں (دیگرے) را نصیحت فارسی کہاوت اردو میں مستعمل. اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دوسروں کو کسی بری بات سے منع کرے اور خود اس میں ملوث یا مبتلا ہو .

خود رو صف . قدرتی طور پر اُگنے والا / والی .

خود ساختہ صف . اپنا بنایا ہوا ، اپنے طور پر دعوے دار ، اپنا گھڑا ہوا .

خود ستائی امث . اپنی تعریف آپ کرنے کی حالت یا کیفیت .

خود سر صف . ۱. خود رائے ، ضدی ، مغرور ، خود پسند ، ضدی ، خود مختار ، مطلق العنان . ۲. سرکش ، باغی .

خود سری امث . خود پسندی ، غرور ، خودرائی .

خود غرض صف . غرض مند ، مطلبی ، اپنے مطلب کا آشنا .

خود غرضی صف . اپنا فائدہ دیکھنے کی کیفیت یا حالت ؛ آپا دھاپی ، مطلب پرستی ، نفسا نفسی .

خود فراموشی امث . خود فراموش کا اسم کیفیت ، اپنی حالت سے بے خبر ہونے کی کیفیت .

خود فریبی امث . اپنے آپ کو دھوکا دینا ، خود اپنے کو غلط فہمی میں مبتلا کرنے کا عمل .

خود کار اند نیز صف . بلاواسطہ کسی محرک کے بغیر عمل کرنے والا ، وہ چیز یا مشین جو خودبخود کام کرے ، مقررہ نظام یا اصول کے زیر اثر ، خودبخود کام کرنے والا (آلہ ، اوزار ، عضو یا شے وغیرہ) ، آٹومیٹک .

خود کردہ را علاج (علاجے) نیست کہاوت . اپنے کیے کا کیا .

خودکش صف . اپنے آپ کو مار ڈالنے والا ، خودکشی کرنے والا .

خودکشی امث . ۱. اپنے آپ کو آپ ہلاک کرنے کا عمل ، زہر یا اسلحہ وغیرہ سے اپنی زندگی کو ختم کر دینے کا اقدام . ۲. (مجازاً) اپنا نقصان کرنے کا عمل .

خود کفیل صف . ضروریات کو اپنے وسائل سے پورا کرنے والا ؛ کفایت کرنے والا .

خود کلامی امث . اپنے آپ سے باتیں کرنے کی حالت .

خود مختار صف . ۱. (i) اپنے عمل پر قادر ، بااختیار . (ii) شرائط کے ساتھ آزاد ، تابع یا ماتحتی سے مبرا. ۲. (مجازاً) خود سر .

خود مختاری است. آزادی، خود اختیاری، اختیار رکھنے کا عمل.

خود نما صف. اپنی خصوصیات کی نمائش کرنے والا؛ (مجازاً) مغرور، شیخی خورا، اترانے والا، شیخی باز.

خود نمائی است. خود نما کا اسم کیفیت، دکھاوے کا عمل؛ (مجازاً) نمود و نمائش، شیخی؛ غرور، خود پسندی.

خودی (١) (و معد) م ف.
خود بخود، اپنے طور پر.

خودی (٢) (و معد) است.
١. اپنی ذات، نفس، روح، شعور ذات، خود شعوری. ٢. خود پسندی، انانیت، غرور، تکبر، خود سری، خود رائی. [ف].

خور (و معد) اند.
(کسی شے کی) کھانے کا عمل؛ (مجازاً) غذا وغیرہ (عموماً ترکیب عطفی میں مستعمل).

خور و نوش اند. کھانا پینا، غذا، (مجازاً) ضروریاتِ زندگی، معیشت کا سامان.

... خور (و ج) صف.
(بطور لاحقہ) کھانے یا پینے والا، مرکبات میں مستعمل، جیسے: حرام خور، چغل خور، غوطہ خور، مفت خور.

... خورا (و ج) صف.
١. کھانے والا. ٢. مرکبات کے آخر میں بطور لاحقہ مستعمل، جیسے: شیخی خورا، لالچ خورا وغیرہ.

خُوراک (و مع نیز غم) است.
١. (i) کھانے پینے کا سامان، کھانا، غذا. (ii) جانوروں کی اپنی اپنی مخصوص غذا. ٢. (مجازاً) روزانہ کی ڈانٹ ڈپٹ، معمول کے مطابق گالی گلوچ، حسب سابق طنز و تشنیع. ٣. مقررہ مقدار جو ایک دفعہ کھائی یا پی جائے (بیشتر دوا کے لیے مستعمل). [ف].

خورْد (١) (و معد، سک ر) صف.
وزن عمر، جسامت، قامت یا مرتبہ وغیرہ میں دوسرے سے کم، چھوٹا. [ف]

خورد بیں (الف) است نیز اند. ایک آلہ جس کے ذریعے چھوٹی سے چھوٹی چیز اپنی جسامت سے کئی گنا بڑی نظر آتی ہے. (ب) صف. چھوٹی سے چھوٹی چیز دیکھ لینے والا، باریک بیں؛ (مجازاً) نکتہ چیں، عیب جو.

خورْد (٢) (و معد، سک ر) صف (لاحقہ).
کھایا ہوا؛ (مجازاً) اجاڑا یا برباد کیا ہوا (مرکبات میں مستعمل) [ف].

خورد برد اند. (بلا استحقاق) کھانے اڑانے کا عمل؛ خیانت، بے جا تصرف. اف: کرنا/ہونا.

خورْدَنی (و غم، سک ر، فت د) صف.
کھانے کے لائق، کھایا جانے والا کھانے پینے کا، کھانے کا (سامان وغیرہ) (جیسے: خوردنی نمک، خوردنی تیل وغیرہ).

خورْدَہ (و غم، سک ر، فت د) اند.
١. (i) چھوٹا ٹکڑا، جزو، پارچہ؛ کھایا ہوا نیز بطور لاحقہ مرکبات میں مستعمل، (جیسے خوردہ فروش). (ii) ریزہ جو چھٹ کر گرے یا جھڑے، چھٹن، جھڑن (عموماً زر و جواہرات کا). ٢. روپے اور نوٹ وغیرہ سے چھوٹا سکہ جو بھنانے میں ملے، ریزگاری. ٣. پرچون (Retail) یعنی تھوک کی ضد. [ف].

خوردہ فروش اند. تھوک کی ضد، پرچون فروش، پھکر بیچنے والا.

خورْسَنْد (و غم، سک ر، فت س، سک ن) صف.
خوش و خرم، ہر طرح مطمئن، مسرور، شاداں، بشاش.

خورْشِید (و غم، سک ر، ی مع نیز لین نیز ج) اند.
سورج، آفتاب. [ف].

خوش (و غم) صف؛ م ف.
١. شاداں، مسرور، مگن. ٢. پسند آنے والا، عمدہ، مرغوب، پسندیدہ. ٣. ہر اعتبار سے مناسب اور درست، موزوں، مستحسن، نیک. ٤. کسی کام، بات یا شخص سے راضی اور مطمئن، رضامند. [ف].

خوش اخلاق صف. اچھی عادت والا، نیک خو، خلیق.

خوش اخلاقی است. اچھی عادت، نیک خوئی.

خوش اسلوب صف. ١. عمدہ وضع کا، خوب صورت، حسین؛ (مجازاً) خوش ادا. ٢. جس کی روش و رفتار میں خوبی و پرکاری ہو، خوش رفتار، خوش کردار. ٣. اچھا، عمدہ.

خوش اسلوبی است. ١. کسی کام کو خوبی اور سلیقے کے ساتھ انجام دینے کا عمل، حسن تدبیر، خوش سلیقگی.

خوش الحان صف. دلکش اور پُر اثر آواز کا مالک، اچھی آواز والا، خوش نوا.

خوش انداز صف. ۱. حرکات و سکنات کے اعتبار سے خوب پسندیدہ، بانکا، دل کش، خوش اطوار، خوش وضع.

خوش آمدید اند نیز است. (کلمۂ استقبال) کسی کے آنے پر اظہار مسرت کے طور پر کہتے ہیں، مرحبا، بخوشی تشریف لایئے.

خوش آئند صف؛ خوش آیند. ۱. اچھا لگنے والا، پسندیدہ، دل کش، خوش گوار. ۲. نیک، شگون، نیک فال، آنے والے وقت کے لیے اچھا ہوگا.

خوش باش صف. ۱. سدا خوش رہنے والا، ہر حال میں خوش، ہر وقت مگن، بے فکرا، آزاد. ۲. آسودہ حال، مال دار، مطمئن. ۳. مسرور کن.

خوش بخت صف. نصیبہ اور اچھی قسمت والا، اقبال مند.

خوش بختی است. اقبال مندی، خوش نصیبی، خوش قسمتی.

خوش حال صف؛ ~ خوشحال. ۱. آسودہ. ۲. مسرور، مگن، خوش.

خوش حالی است. فارغ البالی، فراغت، اچھی گزر بسر، آسودہ حالی.

خوش خبری است؛ ~ خوشخبری. مژدہ، نوید، بشارت.

خوش خصال صف. عمدہ اور پسندیدہ عادتیں رکھنے والا، بامروّت، خوش خلق، نیک خو.

خوش خط صف؛ ~ خوشخط. ۱. فن خطاطی اور قواعد خوش نویسی کے مطابق لکھنے والا، خوش نویس. ۲. وہ شخص جس کا سبزہ خط دلکش ہو؛ (مجازاً) خوب صورت نوجوان. ۳. (i) عمدہ لکھا ہوا، لکھائی کے اعتبار سے خوش نما اور دیدہ زیب. (ii) پختہ تحریر، اچھی تحریر.

خوش خطی است. خوش نویسی، اچھی لکھائی، صاف ستھری تحریر.

خوش خوراک صف. کھانے کا شوقین، لذیذ غذا کھانے والا، خوش غذا؛ (طنزاً) کھاؤ، پیٹو، پرخور.

خوش دامن است؛ ~ خوش دامن. (لفظاً) اچھا دامن، پاک دامن؛ (مجازاً) شوہر یا زوجہ کی ماں.

خوش دلی است؛ ~ خوشدلی. ۱. خوشی، شادمانی، سرور، مسرت. ۲. رضامندی. ۳. نشاط کار، زندہ دلی.

خوش ذائقہ صف. مزیدار، لذیذ، خوش گوار.

خوش طبعی است. وہ قول یا عمل جس سے مزاح مقصود ہو، ظرافت، دل لگی، ہنسی مذاق.

خوش فعلی است. ۱. دلچسپ حرکت یا عمل. ۲. چھیڑ چھاڑ، دل لگی، چہل، ہنسی مذاق. ۳. جبلت پر مبنی وہ حرکت، عمل یا سرگرمی جس میں لطف کھیل اور ترنگ کی کیفیت پائی جاتی ہو.

خوش فہم صف. ہر کام کو اپنی خواہش کے مطابق دیکھنے اور سمجھنے والا، اپنی منشا کے مطابق نتیجہ نکالنے والا، وہ شخص جو غلط فہمی میں مبتلا ہو.

خوش فہمی است. اپنی منشا کے مطابق نتیجہ نکالنا، ہر کام کو اپنی خواہش کے مطابق خیال کرنا، غلط فہمی.

خوش قسمت اند. نصیبہ ور، اچھی تقدیر والا، خوش نصیب.

خوش قسمتی است. نصیبہ وری، طالع وری، خوش نصیبی، خوش بختی. ۲. (طنزاً) بدنصیبی.

خوش کرنا محاورہ نیز ف مر. ۱. راضی کرنا، مسرور کرنا، شاد کرنا. ۲. روپیہ پیسہ دے کر راضی کرنا، انعام و اکرام سے نوازنا.

خوش گپی است. وہ گفتگو جو تفریحاً یا دل بہلانے کے لیے کی جائے، وقت گزاری کی بات چیت.

خوش گوار صف؛ خوشگوار. ۱. مزے دار، خوش ذائقہ. ۲. اچھے، میل ملاپ کے، دوستانہ. ۳. پسندیدہ، دل و دماغ کے لیے فرحت بخش، قابل قبول، بہتر. ۴. خوب صورت، سہانا، دل کش، خوش نما.

خوش لباس صف. عمدہ کپڑے پہننے والا.

خوش مزاج صف. ظریف، بامذاق، خوش ذوق.

خوش نصیب صف. اقبال مند، نصیب والا.

خوش نصیبی است. قسمت کی اچھائی، نصیبہ وری، خوش قسمتی.

خوش نما صف؛ ~ خوشنما. خوب صورت، حسین، اچھا دکھائی دینے والا

خوشنویس صف؛ ایک املا خوشنویس. قواعد خطاطی کے مطابق لکھنے والا، خوش خط، خوش رقم.

خوش نویسی است. خوش نویس کا اسم کیفیت، فن خطاطی میں خوبی اور مہارت کا عمل، عمدہ لکھائی.

خوش و خرم صف. بہت خوش، مسرور، شادمان.

خوشا (و معد) صف.

۱. خوش حال ، اچھا حال ، بہت اچھا . ۲. (کلمۂ تعجب و تحسین) ، بیشتر استحسان یا اظہار مسرت کے لیے ، کیا کہنا ، واہ واہ ، سبحان اللہ ، کیا خوب . [ف] .

خوشامَد (و معد ، فت م) است.

۱. بات منہ پر عملاً کہنا جو دوسرے کو اچھی لگے خواہ غلط ہو ، جا و بے جا تعریف ؛ عاجزی ، فروتنی . ۲. آؤ بھگت ، خاطر مدارات ؛ اصرار . ۳. منہ دیکھے کی تعریف ، تحسین و ستائش . [ف] .

خوشا مَدانَہ (و معد ، فت م ، ن) م ف.

عجز و انکسار کے ساتھ .

خوشا مَدی (و معد ، فت م) م ف.

چاپلوس ، منت سماجت کرنے والا ، خوشامد کرنے والا .

خوش بُو (و معد ، سک ش ، و مع) (الف) صف.

اچھی بو یا باس رکھنے والا ، معطر ، خوش بودار ، مہکا ہوا . (ب) است . ۱. اچھی مہک ، اچھی اور پسندیدہ بو . ۲. خوش بودار چیز ، عطر یا مشک وغیرہ .

خُوشنُودی (و معد ، سک ش ، و ج) است .

تالیف قلب ، خوشی ، رضا مندی .

خوشہ چیں صف . ۱. خوشہ توڑنے والا ، خوشہ چننے والا ، اناج (ناج) کی بالیں چننے والا جو کھیت کٹنے کے بعد پڑی رہ جاتی ہیں . ۲. (کنایۃً) اچھائی برائی کا فیصلہ کرنے والا ، پردہ پوشی کرنے والا . ۳. فیض حاصل کرنے والا ، فائدہ اٹھانے والا .

خوشہ چینی است . ۱. فائدہ اٹھانے کا عمل ، فیض حاصل کرنا . ۲. خوشہ توڑنے کا عمل .

خوشی (و معد) است . ۱. مسرت ، سرور ، خرمی ، شادمانی . ۲. جشن ، تقریب مسرت . ۳. مرضی ، خواہش ، رضا مندی . ۳. مگن ، شاداں . ۴. ترنگ ، جوش ، امنگ . ۵. فرحت اور انبساط میں بدن کو حرکت دینے یا اچھلنے اور کودنے کا عمل . ۶. ولادت ، بچے کی پیدائش .

خوشی خوشی م ف . دلی آمادگی اور خوش دلی کے ساتھ ، خندہ پیشانی کے ساتھ .

خوشی سے م ف . مرضی سے ، راضی برضا .

خوشی سے پھولا / پھولوں / پھولے نہ سمانا محاورہ . نہایت مسرور ہونا ، وفور مسرت کے باعث قابو میں نہ رہنا .

خوشی سے پھولنا محاورہ . بہت زیادہ خوش ہونا .

خوشی کرنا ف مر نیز محاورہ . ۱. خوشی منانا ، مسرور ہونا ، شاد و خرم ہونا .

خَوض (ولین) اند .

۱. پانی میں غوطہ لگانا ، غواصی کرنا . ۲. کسی چیز کے اندر داخل ہونا ، گھسنا . ۳. تعقل ، تفکر اور تحقیق کے ذریعے کسی بات کی تہہ تک پہنچنے کا عمل ، کوشش ، سوچ بچار . ۴. کسی امر یا مسئلے کے تمام پہلوؤں کو زیر بحث لانے کا عمل . [ع]

خَوف (ولین) اند .

۱. خطرہ ، ڈر ، ہول . ۲. ہیبت ، رعب ، دہشت . ۳. وعید ، دھمکی . ۴. فکر ، خدشہ ، اندیشہ . [ع] .

خوف زدہ اند :- خوفزدہ . ڈرا ہوا ، سہما ہوا .

خوف کھانا محاورہ . ڈرنا ، دہشت زدہ ہونا .

خَوفناک (ولین ، سک ف) صف .

۱. ڈراؤنا ، ہول ناک ، وحشت ناک ، بھیانک .

خُوک (و مع) اند . ۱. سُور ، خنزیر . ۲. (مجازاً) شریر ، بدذات .

خُوگر (و مع ، فت گ) اند .

جسے کسی بات کی عادت پڑ جائے ، عادی .

خول (و ج) اند .

۱. (i) چھلکا ، پوست . (ii) شے جو اندر سے خالی ہو ، مجوف ، چونگا پونگا ، کھوکھلا . ۳. پنجر ، حیوانی جسم کی ہڈیوں پر مشتمل باقیات . (ii) گولے یا کارتوس وغیرہ کا خالی نلکا نما خانہ جس میں آتش گیر مادہ بھرا ہوتا ہے . ۴. ظاہری ٹیپ ٹاپ کی حالت ، بناوٹ ، رکھ رکھاؤ . [ف] .

خول اترنا محاورہ . حیثیت ظاہر ہو جانا ، اصل حقیقت آشکارا ہونا .

خول چڑھانا محاورہ . اصلیت چھپانا .

خُون (و مع) اند .

۱. (طب و علم الابدان) چار اخلاط میں سے وہ سرخ رنگ خلط جو

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

حیوانات کے بدن میں دوران کرتا ہے ، لہو . ۲. قتل ، خوں ریزی .
۳. (i) خاندان کے سگے رشتے ، ایک ہی دادا نانا کی اولاد .
(ii) نسل ، خاندان ، قبیلہ ، فرقہ . (iii) الزام ، جرم (قتل و ہلاکت کا) ، گناہ . [ف] .

خون اتر آنا محاورہ . غصہ ہونا ، جھنجھلاہٹ پیدا ہونا ، انتقام لینے پر آمادہ ہونا .

خون آشام صف . خون پینے والا ، خوں خوار ، (مجازاً) مہلک ، ظالم ، ستم گر .

خون آلود/آلودہ صف . خون میں بھرا ہوا ، خون میں لت پت ، لہولہان .

خون بڑھ جانا / بڑھنا محاورہ . مقدار بڑھنا ، خوشی حاصل ہونا ؛ قوت و تازگی حاصل ہونا .

خون بہا اند ؛ ~ خونبہا . ۱. جان کا معاوضہ ، نقدی جو مقتول کے وارث اس کے عوض میں لیں ، دیت . ۲. (کنایۃً) بدلہ ، قصاص .

خون بہانا محاورہ . خوں ریزی کرنا ، قتل کرنا .

خون پسینا / پسینہ ایک کرنا محاورہ . سخت عرق ریزی یا محنت اور مشقت کرنا ، جاں فشانی سے کام کرنا .

خون پینا محاورہ . ۱. پیٹھ پیچھے برا بھلا کہنا ، غیبت کرنا .

خون تھکوانا محاورہ . شدید صدمات اور دکھ پہنچا کر کسی کا یہ حال کر دینا کہ وہ لہو کی قے کرنے لگے ، کسی کی جان کو ہلاکت میں ڈال دینا ، ہلکان کر دینا ، نیم جان کر دینا ، تھکا مارنا .

خون تھوکنا محاورہ . ۱. کسی صدمے اور بیماری خاص طور پر سل کے باعث لہو کی قے کرنا ، کھانسی میں بلغم کی جگہ خون آنا . ۲. قریب بہ ہلاکت ہونا ، ہلکان ہونا ، عاجز ہو جانا . ۳. چرچا ہونا ، مشہور ہونا ، رنگ آنا .

خون ٹپکنا محاورہ . آگ بگولا ہونا ، غصے سے چہرے اور آنکھ کا سرخ ہو جانا ، شدید غم و غصہ ہونا .

خون چوسنا ف مر نیز محاورہ . ۱. خون پینا . ۲. دوسروں کی محنت و ریاضت کے نتائج سے فائدہ اٹھانا .

خون خرابا / خرابہ اند نیز است . خون خرابا ، مار دھاڑ ، کشت و خون ، جھگڑا ، بلوہ ، خون ریزی .

خون خشک ہونا محاورہ . سہم جانا ، ڈرنا ، چپ ہو جانا ، خوف یا رنج سے دبلا ہو جانا ، فکر یا خوف سے دم سوکھنا .

خون خوار صف . ~ خونخوار . ۱. خون پینے والا ، خون آشام ، قاتل ، خونی

خون ریز صف ؛ ~ خونریز . ۱. خون بہانے والا ، سفاک ، ظالم ، ستم گر .

خون ریزی است . ۱. کشت و خون ، قتل و غارت گری . ۲. خون نکلنے کا عمل .

خون سپید (سفید) ہو جانا / ہونا محاورہ . بے مروت ہونا ، رشتے اور تعلق کی پروا نہ ہونا ، بے رحم یا سنگ دل ہو جانا ؛ دل میں محبت و خلوص باقی نہ رہنا .

خون کا پیاسا / پیاسی صف . جانی دشمن ، جان کا پیاسا .

خون کا (سا) گھونٹ پینا محاورہ . ۱. کسی تلخ ناگوار یا اشتعال انگیز بات یا حرکت کو برداشت کرنا ، غصہ ضبط کرنا ؛ کچھ نہ کر سکنے کی حالت ہونا .
۲. آزار اٹھانا .

خون کھولنا محاورہ . طیش آنا ، برافروختہ ہونا ، بہت زیادہ غصہ آنا .

خون ہلکا ہونا محاورہ . ۱. طبیعت پر نظر بد کا بہت جلد اثر ہونا ، چھوئی موئی ہونا ، جس کو جلدی نظر لگ جائے . ۲. کسی خون دیکھ کر گھبرانا .

خون ہونا / ہوجانا محاورہ ؛ ف مر . ۱. قتل ہونا ، مارا جانا ، ہلاک ہونا جان چلی جانا . ۲. (i) رائگاں جانا ، غارت ہونا ، برباد ہونا . (ii) (زبان و بیان میں) حسن و اثر باقی نہ رہنا ، فصاحت کے درجے سے گر جانا .

خُوناخُون (و مع) صف .
۱. خون سے بھرا ہوا ، خون میں تربتر .

خونچا / خونچہ (و مج ، سک ن / فت چ) اند .
چھوٹا خون ، چھوٹی سینی ، کشتی ، خوان جو پھیری لگانے والے اور حلوائی وغیرہ استعمال کرتے ہیں .

خُونَم خُون (و مع ، فت ن ، و مع) صف .
لہو میں تر ، خون آلود ، لہولہان .

خُونی (و مع) صف .
۱. (i) شخص جس نے کسی کو مار ڈالا ہو ، قاتل ، قتل کا مجرم . (ii) سفاک صفت ، درندہ صفت . (iii) خوں خوار . ۲. خون سے نسبت رکھنے والی شے . [ف] .

خونی رشتہ اند . صلبی تعلق ، ایک دادا کی اولاد ، سگے بہن بھائی .

خُونیں (و مع ، ی مع) صف .
۱. خون کے رنگ کا . ۲. خون میں لتھڑا ہوا یا بھیگا ہوا ، خون آلود .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۳. خون سے نسبت رکھنے والا، قتل اور خون سے تعلق رکھنے والا.

خویش (غم و، ی ج) ضمیر.
۱. خود، آپ. ۲. رشتہ دار، قرابت دار، متعلق. ۳. اپنا، (بیگانے کی ضد). [ف]

خِیابان (کس نیز فت خ) اند.
۱. چوڑی روش یا چوڑا راستہ جس کے دونوں جانب پیڑ یا پودے لگے ہوں، کھیت، باغ یا چمن کا وہ ہر ایک چھوٹا حصہ جو مینڈ کے ذریعے بنا لیتے ہیں، پھولوں کی کیاری. ۲. گلستان، چمن. [ف].

خَیّاط (فت خ، شد ی) اند.
درزی، کپڑا سینے والا. [ع].

خَیال (فت خ) اند.
۱. کسی شے کو معرضِ تخیل یا ذہن میں لانے اور اس کی صورت یا کیفیت کو اس میں قائم کرنے کا عمل، تصور. ۲. بات یا نکتہ جو ذہن میں آئے، سوچ. ۳. (i) وہم، گمان. (ii) دماغ کی وہ قوت جو محسوسات کے غائب ہونے کے بعد ان کی صورتیں محفوظ رکھتی ہے، حس مشترک کا خزینہ. ۴. رائے، نظریہ، مقصود، تجویز. ۵. (i) لحاظ، پاس. (ii) فکر، پروا. ۶. توجہ، دھیان. ۷. راگ، راگنی کی بندش (جس کے اجزائے ترکیبی استھائی، سنچائی اور انترا ہوتے ہیں). ۸. دو چیزوں کا باہمی اعتبار اور تقابل، قیاس، اندازہ. [ع].

خیال باندھنا محاورہ. ۱. منصوبہ بنانا، ارادہ کرنا. ۲. تصور کرنا، سوچنا. ۳. مضمون آفرینی کرنا، اپنے ذہن سے مضمون ایجاد کرنا. ۴. ذہن میں طرح طرح کے گمان لانا، وہم کرنا.

خیال رکھنا محاورہ. توجہ کرنا، دھیان رکھنا؛ لحاظ کرنا؛ یاد رکھنا.

خیال و خواب صف. وہم و گمان جس کی کوئی اصلیت نہ ہو، بے بنیاد امر، ناممکن اور محال کام، بے اصل.

خَیالات (فت خ) اند؛ ج. خیال کی جمع.

خَیالی (فت خ) صف.
(i) خیال سے منسوب یا متعلق، تصوراتی، تخیلی، ذہنی. (ii) (بات یا شے) جو محض فرضی اور بے بنیاد ہو، قیاسی، من گھڑت، ظنی.

خیالی پلاؤ اند. ایسی خوش آئند بات یا شے جو محض وہم اور تخیل کی پیداوار ہو، بے بنیاد خوش فہمی یا گمان، دور از کار باتیں.

خیالی پلاؤ پکانا محاورہ. ۱. ایسی خوش گوار باتیں سوچنا جن کا وجود نہ ہو یا جو عملاً بروئے کار نہ آ سکیں، دل ہی دل میں خوش ہونا، دل ہی دل میں منصوبے بنانا، ناقابلِ عمل باتوں کے غور و فکر میں لگے رہنا. ۲. ایسی توقع کرنا جو پوری نہ ہو سکے، جھوٹی امید باندھنا.

خیالی گھوڑے دوڑانا محاورہ. قیاس آرائیاں کرنا، ظن و گمان سے کام لینا، دور از کار باتیں سوچنا.

خِیام (کس خ) اند.
خیمے، تنبو (جمع).

خِیانَت (کس خ، فت ن) است.
کسی کی امانت میں چوری یا ناجائز تصرف، غبن. [ع].

خَیر (ی لین) (الف) است.
۱. (i) نیکی، بھلائی. (ii) اچھائی، بہتری، خوبی. ۲. امان، سلامتی؛ عافیت. ۳. شے جو فی سبیل اللہ کسی مستحق کو دی جائے، خیرات. ۴. نعمت، برکت. (ب) صف. ۱. نیک، خوب، اچھا. ۲. غنیمت، کافی. (ج) کلمۂ ایجاب نیز تزئین کلام؛ م ف. اچھا، ٹھیک ہے، بجا درست، یوں ہی سہی، مضائقہ نہیں. (د) کلمۂ نفی. بس اور کچھ نہیں. [ع].

خیر البشر اند. انسانوں میں بہترین، افضل الناس؛ مراد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

خیر اندیش صف. ۱. شخص جو کسی کی بھلائی چاہے، بہی خواہ، خیر خواہ، خیر سگال. ۲. دعا گو.

خیر باد (الف) کلمۂ رخصت. کلمہ جو رخصت کرنے یا ہونے والا یا دونوں رخصت ہوتے وقت کہتے ہیں، فی امان اللہ، خدا حافظ. (ب) کلمۂ استفسار. کلمہ جو خیر خبر معلوم کرنے کے لیے کہتے ہیں، خیر تو ہے، خیریت تو ہے.

خیرباد کہنا ف مر؛ محاورہ. ۱. کسی سے جدا ہوتے وقت خدا حافظ کہنا، الوداع کرنا، رخصت کرنا، رخصت ہونا. ۲. کسی مقام کی سکونت ترک کر دینا، کسی مقام سے رخصت ہونا. ۳. کسی چیز کو چھوڑ دینا، ترک کر دینا، جدائی اور علیحدگی اختیار کرنا، دست بردار ہونا.

خیر تو ہے کلمۂ تعجب . اس جگہ کہتے ہیں جب کوئی امر خلاف اُمید واقع ہو ، خیریت تو ہے ، خیر باشد .

خیر خبر اسث .١. خیریت کی خبر ، حالات کی اطلاع ، خیر و عافیت .٢. اطلاع ، علم ، خبر .

خیر خواہ صف . بھلا چاہنے والا ، ہمدرد ، بہی خواہ ، خیر اندیش .

خیر خواہی اسث . بھلا چاہنا ، خیر اندیشی ، ہمدردی ، خیر سگالی .

خیر سے م ف .١.سلامتی کے ساتھ ، خیریت کے ساتھ .٢. (طنزاً) ماشاء اللہ .

خیر گزری فقرہ . کسی آفت یا حادثے سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے .

خیر مقدم کلمۂ قدوم ؛ اند .١. تیری آمد یا آپ کی تشریف آوری مبارک و مسعود ہے ، کلمہ جو کسی عزیز یا محترم شخص کے آنے کے وقت کہا جاتا ہے ، خوش آمدید .٢. استقبال ، پذیرائی .٣. استقبال کی وہ رسم یا تقریب جو کسی شخصیت کی آمد پر ادا کی جاتی ہے .

خیر منانا محاورہ .١. بچاؤ یا سلامتی چاہنا ، سلامتی کی تدبیر یا دعا کرنا ، عافیت چاہنا ، بھلائی چاہنا .٢. سکون یا سانس لینا ، اظہار مسرت کرنا .

خیر نہیں (ہے) فقرہ ؛ روزمرہ . نقصان کا اندیشہ ہے ، ضرر یا ہلاکت کا یقین ہے ، نتیجہ اچھا نہ ہوگا .

خیر ہے کلمۂ تعجب .١. اس موقع پر مستعمل جب کوئی شخص بے محل یا نامناسب کام کرے یا کوئی امر خلاف امید واقع ہو .٢. خیریت تو ہے ، خیر باشد .

خَیرات (ی لین) اسث .

١. روپیہ پیسہ یا مال جو خدا کی راہ میں مستحقین کو دیا جائے ، صدقہ ، بھیک .٢. نیکیاں ، نیک کام ، اعمال حسنہ ، محاسن اخلاق . [ع] .

خِیرگی (ی مع ، فت ر) اسث .

١. (i) تیز روشنی یا بہت روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے کی کیفیت ، چکا چوند ، تیرگی . (ii) حیرت ، تعجب ، حیرانی . (iii) چکا چوند پیدا کرنے کی کیفیت ، حیرت زائی .٢. بے حیائی ، ڈھٹائی ، گستاخی ، سرکشی .

خِیرَہ (ی مع ، فت ر) صف .

١. چکا چوند میں مبتلا ، نگاہ حیراں ، حیرت زدہ .٢. بے حیا ، بے باک ، گستاخ ، سرکش .٣. برہم ، نگاہیں پھیر لینے والا . [ف] .

خَیرِیَّت (ی لین ، کس ر ، شد ی بفت نیز بلا تشدید) اسث .

١. بھلائی ، بہتری ، سلامتی ، عافیت ، تندرستی ، صحت .٢. ٹھیک ٹھاک یا درست ہونے کی کیفیت یا حالت .

خیریت گزری فقرہ . آفت سے بچنے ، ناگہانی صدمے یا حادثے سے بچنے کے موقع پر مستعمل .

خیز (ی مج) (الف) صف .

مرکبات میں بطور جزو دوم آ کر اُٹھانے والا ، پیدا کرنے والا ، کے معنی دیتا ہے . [ف] .

خیزاں (ی مج) م ف .

اٹھتا ہوا ، اوپر نکلتا ہوا ، ابھرتا ہوا (عموماً افتاں کے بعد مستعمل) .

خَیمَہ (ی لین ، فت م) اند ؛ - خیما .

کپڑے کی موٹی اور مضبوط چادر یا چمڑے کا عارضی قیام کے لیے بنایا ہوا مکان جس میں ایک یا دو تھم ہوتے ہیں جو اصطلاحاً چوب کہلاتے ہیں ، تنبو ، ڈیرا ، راوٹی . [ع] .

خیمہ زن (الف) صف .١. خیمہ لگانے والا ، (مجازاً) فروکش ہونے والا ، (ب) اند . سیر و تفریح وغیرہ کے لیے خیمہ لگا کر رہنے والا .

د

د (دال) اسث .

اُردو حروف تہجی کا سترھواں حرف صحیح (مصمتہ) . اسے دال مہملہ اور دال غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں . ترتیب ابجد میں چوتھا حرف ہے اور حساب جُمل میں اس کی قیمت چار ہے .

داب (الف) اند .

١. شان و شوکت ، جاہ و جلال ، ٹھسّا (عموماً رُعب کے تابع کے طور پر مستعمل) .٢. کسی بھاری یا زیادہ طاقت ور چیز کا بوجھ یا دباؤ ، زور .

داب دینا محاورہ .١. دفن کر دینا ، گاڑ دینا ، دفنانا ، زمین میں دبا دینا ؛ چھپا دینا ، مخفی کر دینا .٢. آرام پہنچانے کے لیے بدن کے کسی حصے کو دبانا ؛ خدمت کرنا .

داب رکھنا محاورہ . دبوچ رکھنا ، پکڑ رکھنا ، مار رکھنا ؛ روپیہ مار لینا ، روپیہ روک رکھنا .

داب لینا محاورہ. ا. قبضہ کرلینا، غصب کرلینا؛ جائیداد اینٹھ لینا، دبوچ لینا.

دابنا (سک ب) ف م: ← دبانا.
ا. کوئی چیز نیچے کو بٹھانا عموماً ہاتھ سے کسی چیز کے اُٹھان یا زور کو دبانا.
۲. (i) اُنگلیوں کی مدد سے کسی چیز کو دبانا، مسوسنا، گھونٹنا جیسے گلا وغیرہ.
(ii) اُنگلیوں کے زور سے کسی پُرزے (جیسے لبلبی وغیرہ) کو آگے یا پیچھے کی جانب حرکت دینا، دبانا. ۳. جسم کے کسی حصے (عموماً ہاتھ، پاؤں یا سر) کو ہاتھوں سے دبانا، چمپی کرنا. ۴. دبوچنا، بھینچنا، بھینچ کر لے جانا. ۵. گاڑنا، دفن کرنا؛ تباہ کرنا؛ عدم کو پہنچانا. ۶. پوشیدہ رکھنا، چھپانا، ڈھانپنا. ۷. مغلوب کرنا (کسی پر) چھا جانا. ۸. غصب کرلینا، ناجائز طور پر قبضہ کرلینا. [س].

داتا اند.
شخص جو بخشش کرنے والا ہو، دینے والا، فیاض، سخی، مہربان؛ خدا، رازق. ۲. فقیر، درویش، سائیں. [س].

داخِل (کس خ) صف.
ا. (اندر) پہنچا ہوا، در آیا ہوا، گھسا ہوا، موجود، وارد، اندر جانے والا، گھسنے والا (خارج کی ضد). ۲. شمار کیا ہوا، محسوب. ۳. کاغذات اور رجسٹر وغیرہ میں مُندرج، اندراج کیا ہوا. ۴. شامل، شریک. [ع].

داخل دفتر صف. ا. سرکاری کاغذات، رجسٹر یا فائل وغیرہ میں) شامل، مُندرج، مذکور (درخواست مقدمہ یا نام وغیرہ). ۲. مسل یا کاغذ وغیرہ جس کو بعد تکمیل یا آئندہ حوالے کے لیے یا بلا کارروائی کے دفتر میں محفوظ کردیا گیا ہو، مقدمہ، معاملہ جو غیر معینہ مدت کے لیے التوا میں ڈال دیا گیا ہو. ۳. نامنظور، مسترد. ۴. متروک، ملتوی. ۵. (قانون) مقدمہ یا درخواست خارج ہونا.

داخل کرنا ف مر: محاورہ. ا. ٹھونسنا، گھسیڑنا، اندر کرنا. ۲. (کسی شخص کو کسی بستی یا مکان وغیرہ میں) جگہ دینا، پہنچانا. ۳. شامل کرنا، شریک کرنا، ملانا، اضافہ کرنا. ۴. (خزانے، یا بینک وغیرہ میں) روپیہ یا زیور وغیرہ جمع کرنا، رقم یا کوئی چیز حوالے یا ادا کرنا. ۵. (اسکول یا کالج وغیرہ میں طالب علم کا) حسب قاعدہ رجسٹر پر نام چڑھانا.

داخل ہونا ف مر: محاورہ. ا. داخل کرنا کا لازم. ۲. کسی ذیل میں شمار ہونا، قیاس کیا جانا، متصور ہونا، مصداق ہونا. ۳. کسی جگہ پہنچنا، در آمد ہونا، وارد ہونا، در آنا. ۴. (اسکول کالج وغیرہ میں) نام درج ہونا، داخلہ ہونا.

داخِلَہ (کس خ، فت ل). (الف) اند.
ا. رجسٹر یا دوسرے کاغذات وغیرہ میں کسی طرح کا اندراج. ۲. مال گزاری، محصول، چنگی یا دوسری رقموں وغیرہ کی وصول یابی کی رسید. ۳. (اسکول، کالج یا کسی تربیتی ادارے میں) نام لکھنا یا لکھوانا. ۴. امتحان میں شریک ہونے کی فیس یا فارم وغیرہ. (ب) صف. ا. اندرون ملک کا، ملکی، (جیسے: وزارت اُمور داخلہ). ۲. اندرونی، اندر کی طرف.

داخِلی (کس خ) صف.
ا. جو ظاہر میں نظر نہ آئے یا حواس ظاہری سے معلوم نہ ہوسکے. ۲. فرد کے نفس سے نسبت رکھنے والا، عام مشاہدے کے بجائے ذاتی تخیل سے تعلق رکھنے والا، تصورات کو انفرادی ذوق یا رُجحان کے زیر اثر پیش کرنے والا، نفسی، شخصی، اِنفرادی (معروضی و خارجی کی ضد).
۳. ایسا کلام جس میں نفسیاتی تجربات بیان کیے جائیں؛ وارداتِ قلبی سے تعلق رکھنے والا، خیالی و جذباتی (بیانیہ، محاکات وغیرہ کی ضد).

داخِلِیَّت (کس خ، ل، شد ی بفت) است.
ا. حقیقت، باطن، عالم ارواح. ۲. داخلی نقطۂ نظر یا انداز، ذاتی و شخصی رُجحانات کا عنصر. ۳. خیالی و ذہنی امور یا قلبی واردات کا انعکاس.

داد (۱) اند.
ایک جلدی بیماری جس میں درشتی، خشکی یا کھردرا پن جلد پر پیدا ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ خارش ہوتی ہے. [س].

داد (۲) است.
ا. عطا، بخشش، دَین. ۲. تعریف و تحسین، واہ واہ. ۳. بطور لاحقہ، تراکیب میں مستعمل. جیسے: جائداد، خداداد، رَوداد.

داد دینا محاورہ. کسی کے ہنر یا کمال کی تعریف کرنا، قدر کرنا، تحسین و آفرین کہنا.

داد عیش دینا محاورہ. خوب عیش کرنا، عیش و عشرت میں مشغول ہونا؛ ناجائز عیاشیوں میں زندگی بسر کرنا.

داد و دہش است. بخشش و عطا، سخاوت، فیاضی، خیر خیرات.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

داد (۳) اند.

ا. (i) عدل ، انصاف ، نیائے . (ii) طلب انصاف ، انصاف کے لیے فریاد .

داد بیداد اث .ا.ظلم وستم ، سختی ، ناروا باتیں .۲.طلبِ انصاف کے لیے فریاد، ظلم کی شکایت ، نالش ، دُہائی .

دادرس صف .انصاف کرنے والا ؛ فریاد سننے والا ؛ چارہ ساز .

داد رسی اث .ا.انصاف ؛ چارہ سازی ؛ دادخواہی .۲. (قانون) جو عدالتیں دعوے داروں کو عطا کرتی ہیں .

دادا اند.

ا. باپ کا باپ .۲. جدِّ امجد ، مورثِ اعلیٰ .۳. (تعظیماً) بڑی عمر والا آدمی ، بڑے صاحب یا بڑے میاں کی جگہ .۴. (ہندو) بڑا بھائی . ۵.گرو ، اُستاد .۶. بدمعاشوں اور غنڈوں کا سردار .۷. (بطور صفت) بعض ترکیبوں میں جزوِ اوّل کے طور پر مستعمل ہے اور موقع و محل کے لحاظ سے معنی دیتا ہے ، (جیسے : دادا پیر یعنی پیر کا پیر ، دادا اُستاد یعنی اُستاد کا اُستاد) . [س] .

دادا گیر صف .غنڈا گردی کرنے والا ، بدمعاشوں کا سرغنہ .

دادا گیری اث .(عو) بدمعاشوں کی سرپرستی اور سرداری ، غنڈہ گردی .

دادا مریں گے تب بیل بٹیں گے کہاوت .قب : جب دادا مریں گے الخ ، دادا کے مرنے پر جائیداد کی تقسیم ہوگی ، جب کسی معاملے میں تاخیر ظاہر کرنا ہو تو کہتے ہیں .

دادَہ (فت د) صف.

دیا ہوا ، عطا کیا ہوا ، دیا گیا ، مرکبات میں مستعمل ، (جیسے : دلدادہ) .

دادی اث .ا. باپ کی ماں ، دادا کی تانیث .۲. (تعظیماً) بڑی بوڑھی عورت ''بڑی بی'' کے بجائے بولتے ہیں .

دادی اماں اث .(محبت اور عظمت کے اظہار کے لیے) دادی .

دار (۱) اث .

ا.لمبی لکڑی جسے زمین میں گاڑ کر اور اُس کے سرے پر حلقہ باندھ کر مجرم کو پھانسی دیتے ہیں ، پھانسی ، سولی .۲.سولی کی سزا ، سزائے موت ؛ سخت سزا .۳.ایک نوک دار جنگی ہتھیار . [ف] .

دار پر (پہ) چڑھنا محاورہ .سولی چڑھنا ، پھانسی کی سزا ہونا .

دار چینی اث .ایک درخت کی خوش بودار چھال جو باآسانی ٹوٹ جاتی ہے ، رنگ میں گہری سرخ ہوتی ہے ، اس پر اکثر جگہ باریک باریک نقطے اور لہردار لکیریں ہوتی ہیں ، اندر سے اس کا رنگ بھورا سیاہی مائل اور مزہ شیریں ہوتا ہے .

دار و رسن اث .سولی ، پھانسی .

•••**دار (۲)** لاحقہ؛ اند.

فارسی ''داشتن'' سے صیغۂ امر ، مرکبات میں جزو دوم کے طور پر مستعمل اور ''رکھنے والا'' کے معنی دیتا ہے .جیسے : آبدار .

دار و گیر اث . ا. پکڑ ، دھکڑ ، گرفتاری ؛ مواخذہ ، بازپرس .۲. گرفت ، نکتہ چینی ، روک ٹوک .۳.لوٹ مار ؛ بدنظمی ؛ جنگ و پیکار ، ہنگامہ آرائی .

دار و مدار اند .ا.خاطر مدارات ، تواضع ، آؤ بھگت ، دل جوئی .۲.انحصار . ۳.آقا ، مالک ، قابض ، حاکم .

دار (۳) اند.

ا.گھر ، مکان ، محل ، قصر .۲.ملک ، دیار ؛ علاقہ . [ع] .

دارالاشاعت اند .اشاعت و طباعت کا ادارہ ، مرکزِ طباعت و اشاعت ، اشاعت گھر .

دارالاقامت / الآقامہ اند؛ اث .قیام کرنے کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ ، وہ جگہ جہاں رہائش اور خور و نوش کا انتظام ہو ، بورڈنگ ہاؤس .

دارُالامان / الامن اند .امن اور سلامتی کی جگہ، وہ مقام یا ملک جہاں انسان کی جان مال اور عزت وغیرہ محفوظ رہے .

دارُالحرب اند .کافروں کا ملک جس کا حاکم غیر مسلم ہو اور مسلمانوں کو اسلامی فرائض ادا کرنے سے منع کرے ، غیر اسلامی مملکت (اُس کے خلاف شرعاً جہاد کرنا جائز ہے) .

دارُالحکومت اند . وہ جگہ شہر جہاں حکومت یا فرماں روا کے عمال اور دفاتر ہوں ، پارلیمانی طرز حکومت میں سرکاری طور پر مرکزی شہر قرار دیا گیا دارالحکومت کہلائے گا، دارالسلطنت، پایۂ تخت ،حکومت کا صدر مقام ، دارالخلافہ .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

دارالخلافت/دارالسلطنت/الخلافہ اند. دارالحکومت، حکومت کا صدر مقام، جس جگہ خلافت قائم ہو، وہاں صدر مقام دارالخلافہ کہلاتا ہے. جہاں بادشاہت ہو وہاں صدر مقام دارالسلطنت کہلاتا ہے۔

دارالعلوم اند. بڑی درس گاہ، بڑا مدرسہ، کالج، یونیورسٹی، دانش گاہ.

دارالعمل اند. ا.عمل کرنے کی جگہ؛ (مجازاً) دُنیا .۲. جگہ جہاں سائنسی تجربے کیے جائیں، تجربہ گاہ.

دارالعوام اند. پارلیمنٹ کا ایوان زیریں.

دارالمطالعہ اند. مطالعہ کی جگہ، لائبریری، کتب خانہ، دارالکتب.

دارا اند.
ا. بادشاہ، سلطان، مالک، حاکم .۲. ایک مشہور بادشاہ ایران کا نام جو سکندر کے زمانے میں مارا گیا، ہخامنشی خاندان کا آخری بادشاہ.
۳. جماعت، گروہ. [ف].

دارائی است.
بادشاہت، حکمرانی، فرماں روائی.

دارُو (وسع) است.
ا. دوا، علاج، تدبیر .۲. (مجازاً) دیسی شراب. [ف].

داروغہ (وج، فت غ) اند.
ا. جو کسی ادارے یا محکمے کے انتظام کا پوری طرح ذمہ دار ہو، افسر، منتظم، مہتمم، نگراں، کسی جماعت کا افسر .۲. تھانے دار، پولیس یا تھانے کا بڑا ذمہ دار افسر. [ف].

... داری لاحقہ: است.
مرکبات میں جزوِ آخر کے طور پر مستعمل، اِس سے ملکیت، تسلط یا قبضہ کے معنی سمجھے جاتے ہیں (جیسے: جہاں داری، نمبرداری، خانہ داری، چوکیداری). [ف].

دارَین (ی لین) اند: ج.
دونوں عالم، دونوں جہان؛ دنیا و آخرت. [ع].

داڑھ است.
پچھلے دانت جو موٹے اور چوڑے ہوتے ہیں اور غذا چبانے کے کام آتے ہیں. [س].

داڑھ (کو) گرم کرنا محاورہ. کھانا، کلّہ تازہ کرنا؛ ناجائز فائدہ اُٹھانا؛ رشوت لینا.

داڑھی است: ← واڑی.
رخساروں اور ٹھوڑی پر اُگنے والے بال، ڈاڑھی. [س].

داس اند.
غلام؛ خادم، چاکر. [س].

داستان (سک س) است؛ اند.
ا. (i) قصہ، کہانی، واقعہ، سرگزشت، افسانہ. (ii) طولانی قصہ (غیر ضروری طور سے پھیلا کر بیان کی جانے والی) باتیں. (iii) (کسی فرد یا قوم کے) واقعات، حالات کا مفصل و مسلسل بیان، تاریخ [ف].

داستان چھیڑنا ف مر محاورہ؛ ف مر. ا. قصہ یا کہانی شروع کرنا .۲. طولانی گفتگو کا آغاز کرنا، لمبی چوڑی باتیں شروع کرنا، رام کہانی سنانا.

داستان سنانا محاورہ. قصہ سنانا، کہانی بیان کرنا، قصہ خوانی کرنا؛ طول طویل قصہ بیان کرنا، دُکھڑا رونا.

داستان گو صف؛ اند. ایسا شخص جس کا پیشہ یا مشغلہ امراء وغیرہ کو رات کے وقت قصے سنانا، اپنے جی یا اپنی یاد سے قصہ یا کہانی وغیرہ بیان کرنے والا، قصہ خواں.

داسی است.
ا. داس کی تانیث، ملازمہ، کنیز، خادمہ، نوکرانی .۲. پرستار، پوجنے والی، پجارن.

داشت (سک ش) (الف) است.
ا. پرورش، پرداخت، تربیت .۲. نگرانی، حفاظت، خبر گیری، رکھوالی. (ب) صف. مرکبات میں جزوِ آخر کے طور پر مستعمل؛ جیسے: عرض داشت، یادداشت، نگہداشت. [ف].

داشتہ (سک ش، فت ت) صف؛ است.
ا. رکھا ہوا، بچایا ہوا، محفوظ رکھی ہوئی چیز .۲. وہ عورت جسے نکاح کے بغیر گھر میں ڈال لیا جائے، غیر منکوحہ عورت (جس سے مستقل زن و شوئی کے تعلقات ہوں)، رکھیل. [ف].

داعی صف؛ اند.
ا. (کسی تقریب یا جلسے وغیرہ میں شرکت کی) دعوت دینے والا،

پکارنے یا بلانے والا ؛ بانی محفل .۲. کارِ خیر یا مذہب کی تبلیغ کرنے والا ، مبلغ ، وہ جو دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لیے اُکسائے .۳. مقتضی ، محرک ؛ سبب ، وجہ؛ وسیلہ ، ذریعہ ؛ موجب .۴. دعا مانگنے والا ؛ (خدا سے) خیر طلب کرنے والا . [ع].

داعی اجل کو لبیک کہنا محاورہ. موت کو گلے لگانا ، مر جانا ، وفات پانا .

داعی الی الخیر صف مذ. نیک کاموں کی طرف بلانے والا .

داعِیَہ (کس ع ، شدی بفتح تیز بلا شد) امذ.

۱. دعویٰ ، دعوے دار ہونا .۲. خواہش ، طلب ، تقاضا ؛ ارادہ ؛ درخواست . [ع].

داغ امذ.

۱. کسی چیز پر اصلی رنگ سے مختلف رنگ کا نشان ، دھبا .۲. گھاؤ یا زخم جو پوری طرح اچھا نہ ہوا ہو ، زخم اچھا ہونے کے بعد کا نشان ، چیچک کے نشان .۳. صدمہ ، رنج و غم ؛ کسی عزیز کے مرنے کا غم ، دل کا زخم ، جدائی کا صدمہ .۴. عیب ، برائی ، بدنامی یا رسوائی ، الزام ، دھبا (بسلسلۂ رسوائی و بدنامی) .۵. نشان جو لوہا وغیرہ گرم کر کے شاہی اصطبل کے گھوڑوں ، غلاموں اور فوجی سپاہیوں وغیرہ کے لگائے جاتے تھے ؛ گھوڑوں وغیرہ کے داغنے کا عمل .۶. پکانے میں ہانڈی کے پیندے میں کھرچن لگنے کا ہلکا سا مزہ یا بو .۷. وہ نشان جو پھل پر پڑ جائے . [ف].

داغ بیل امث .۱. (i) خط یا نشان جو سڑک یا کیاری وغیرہ کے لیے بیلچے یا پھاوڑے وغیرہ سے کھانچے ڈال کر بنایا جائے . (ii) نیو ، بنیاد یا تقسیم کا نشان جو علامت کے طور پر لگایا جائے ، بنیاد یا تقسیم کا خاکہ ، بنیاد .۲. (کسی چیز کا) ابتدائی خاکہ ، آغاز .

داغ بیل ڈالنا/لگانا محاورہ. کسی کام کی بنیاد رکھنا ؛ ابتدا کرنا ، پہل کرنا ، کسی کام کا آغاز کرنا .

داغ دار صف .۱. جس پر دھبے یا نشان ہوں ، نشان زدہ ، پھل یا اور کوئی داغی چیز .۲. زخمی ، زخم خوردہ .۳. جس میں کچھ کھوٹ یا برائی ہو ، عیب دار ؛ بدنام .

داغ دینا محاورہ .۱. (i) (تانبے یا لوہے وغیرہ کو گرم کر کے) جسم کے کسی حصے پر نشان لگانا (شاہی اصطبل کے گھوڑوں ، غلاموں یا فوجی سپاہیوں وغیرہ کے بطور علامت نشان لگائے جاتے تھے) . (ii) جسم کے اس حصے کو (جہاں زخم ، ناسور یا درد وغیرہ ہو) دھات کے کسی آلے یا ٹکڑے وغیرہ سے جلانا تاکہ وہ جلد اچھا ہو جائے (خون بند کرنے کے لیے بھی یہ عمل کیا جاتا ہے) .۲. جدائی ، محرومی یا موت وغیرہ کا رنج پہنچانا؛ تکلیف یا صدمہ پہنچانا .۳. (توپ یا بندوق وغیرہ) سر کرنا ، چلانا .۴. (i) (دفعتاً یا غیر متوقع طور پر) کوئی نامناسب کارروائی کرنا ؛ درخواست دینا ؛ مقدمہ دائر کرنا . (ii) غیر متوقع طور پر سوال کرنا .۵. بگھارنا .

داغ لگ جانا / لگنا محاورہ .۱. بدنام ہونا ، الزام لگنا .۲. عیب دار ہو جانا . .۳. جلنا ، جل جانا ؛ نشان لگنا .

داغ مفارقت دینا محاورہ. انتقال کر جانا ، وفات پا جانا؛ دائمی جدائی کا غم پہنچانا.

داغا جانا ف مر.

۱. جلایا جانا ؛ لوہا جلا کر چرکا دیا جانا .۲. آتش بازی چھوڑی جانا ؛ توپ بندوق کا چلایا جانا .

داغنا (سک غ) ف م.

۱. (i) (کسی چیز پر) ٹھپا لگانا ، نشان ڈالنا) . (ii) کسی دھات کے ٹکڑے کو گرم کر کے علامت کے لیے گھوڑے یا غلام وغیرہ کے جسم پر نشان ڈالنا . (iii) (علاج کی غرض سے) جسم کے کسی حصے کو گرم لوہے سے جلانا ، بطور سزا جسم کو جلانا اور جھلسانا .۲. گھی یا تیل میں پیاز یا لہسن وغیرہ ڈال کر بریاں کرنا ، کڑکڑانا .۳. (آتش بازی وغیرہ میں) آگ لگانا ، آتش بازی چھوڑنا .۴. (توپ ، تفنگ ، وغیرہ) سر کرنا ، چلانا .۵. کسی کے خلاف کوئی عدالتی یا قانونی کارروائی کرنا .۶. اچانک کوئی اعلان کر دینا ؛ دفعتاً کوئی بات کہنا یا سوال کر دینا .

داغی صف.

۱. (i) جس پر چھائیاں ہوں ؛ جس پر دھبا ہو ، داغ والا ، ملگجا ، داغ دار . (ii) پھل وغیرہ جس کا چھلکا گل گیا ہو یا اس پر سیاہ دھبا ہو . ۲. جس میں کوئی نقص یا خرابی ہو ، عیب دار .۳. جو ارتکاب جرم کی بنا پر رسوا ہو چکا ہو یا سزا پا چکا ہو .

دافِع (کس ف) صف.

۱. دفع کرنے والا ، (دکھ درد وغیرہ) دور کرنے والا ، مٹانے والا ، باز

رکھنے والا ۔۲۔ دوا جو کسی فاسد مادہ ، مرض یا ہیجانی کیفیت کو دور کرے ۔ [ع]۔

دافعُ البلیات صف : مذ۔ مصیبتوں اور بلاؤں کو دور کرنے والا ؛ (مراداً) اللہ تعالیٰ ۔

دافِعَہ (کس ف ، فت ع) صف : مث۔ ۱۔ (طب) قوت جو فضلات غذا کو جسم سے خارج کرتی ہے ، دفع کرنے کی قوت ؛ دوائے مسہل ۔۲۔ (طبعیات) مادے میں دوسرے مادے کو دور رکھنے یا رفع کرنے کا میلان یا صلاحیت (جاذبہ کی ضد)۔

دال (۱) مث : مذ۔

حرف ''د'' کا ملفوظی نام ، حرف د کا تلفظ ، ابجد کا چوتھا حرف ۔

دال فے عین ہونا محاورہ۔ دفع ہونا ، دور ہو جانا ، چلے جانا ۔

دال (۲) صف۔

(پر کے ساتھ) کسی کی ذات یا اس کی صفت کی طرف ، راہ دکھانے والا ، بتانے والا ، راہنما (رہنما) ، دلالت کرنے والا ، دلیل ، حجت ۔ [ع]۔

دال (۳) مث۔

۱۔ مونگ ، ارد یا ارہر ، چنا ، مسور وغیرہ ، دلے ہوئے اناج جو سالن کے طور پر پکاتے ہیں ۔ [س]۔

دال بھات مذ۔ دال اور چاول ؛ (مجازاً) معمولی چیز ، روز کا معمول ؛ معمولی کھانا جو آسانی سے دستیاب ہو ۔

دال چپاتی مث۔ دال روٹی ، معمولی غذا ؛ (مجازاً) بچوں کے ڈرانے کے لیے ایک فرضی نام کا ہوّا ۔

دال دلیا / دلیہ مذ۔ ۱۔ روکھا سوکھا کھانا ، معمولی غذا ؛ غریب لوگوں کا کھانا ۔۲۔ تھوڑا بہت انتظام ، گزر اوقات کے قابل پیسے ؛ کچھ نہ کچھ کام ۔ ۳۔ (انکساری کے اظہار کے لیے) ماحضر ، روکھی سوکھی روٹی ۔

دال روٹی مث۔ ۱۔ (انکساری ظاہر کرنے کے لیے) معمولی درجے کا کھانا پینا ، معمولی یا اوسط درجے کی خوراک ۔۲۔ (مجازاً) روز روز کی بات ؛ روز کا معمول ۔

دال گلنا محاورہ (عموماً بطور نفی مستعمل) ۔۱۔ (کسی کوشش یا تدبیر میں) کامیابی ہونا ، مطلب برآری ہونا ۔۲۔ گزر بسر ہونا ، نباہ ہونا ۔۳۔ دال کا گھل مل کر پک جانا ۔

دال میں کالا (کالا) ہونا محاورہ۔ خرابی یا شک و شبہ کی بات ہونا ؛ کوئی پوشیدہ بات یا کھوٹ ہونا ۔

دال نہ گلنا محاورہ۔ پہنچ نہ ہونا ، دسترس نہ ہونا ؛ کامیاب نہ ہونا ؛ نباہ نہ ہونا ۔

دالان مذ۔

(معماری) محراب دار دروں کی کشادہ عمارت جس میں کم از کم تین در ہوتے ہیں ، بڑا اور لمبا کمرا جس میں سہ درہ یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں ، برآمدہ ، ورانڈہ ۔ [ف]۔

دام (۱) مذ۔ ۱۔ جال ، پھندا ۔۲۔ دھوکا ، فریب ، جھانسا ۔ [ف]۔

دام میں آنا محاورہ۔ جال میں آنا ، پھندے میں پھنسنا ؛ فریب میں آنا ، دھوکا کھانا ۔

دام (۲) مذ۔

۱۔ ایک پیسے کا پچیسواں حصہ ، دمڑی ، کوڑی ۔۲۔ روپیہ پیسا ، زر نقد ۔ ۳۔ قیمت ، مول ، نرخ ، بھاؤ ۔۴۔ (کسی چیز یا کام کی) اجرت ، معاوضہ ؛ کرایہ ۔ [س]۔

دام بڑھنا محاورہ۔ قیمت بڑھنا ، نرخ میں اضافہ ہونا ۔

دام پٹنا محاورہ۔ ۱۔ روپیہ پیسا یا قیمت یا لاگت وصول ہونا ۔۲۔ روپیہ پیسا یا قیمت وغیرہ ادا ہونا ؛ قرض ادا ہو جانا ۔۳۔ قیمت طے ہو جانا ۔

دام دیجیے کام لیجیے کہاوت۔ جو روپیہ خرچ کرے اس کا کام ہو جاتا ہے ۔

دام لگانا محاورہ۔ ۱۔ قیمت لگانا ؛ قدر کرنا ۔۲۔ روپیہ صرف کرنا ؛ قیمت ادا کرنا ۔

دام و درم مذ ؛ ج۔ ۱۔ روپیہ پیسا ، دولت ، مال و زر ۔۲۔ ادنیٰ اور اعلیٰ ، کم تر و بیش تر ۔

داماد مذ۔

۱۔ بیٹی کا شوہر (بھتیجی ، بھانجی ، پوتی یا نواسی کے شوہر کو بھی حسب نسبت داماد کہتے ہیں)۔ [ف]۔

دامادی مث۔ ۱۔ شادی ، بیاہ ؛ داماد بننے یا ہونے کا عمل ۔۲۔ شوہر بننا ، دولھا بننا ، شوہریت ۔۳۔ بیٹی کا شوہر ہونا ، داماد کا رشتہ ۔

دامان مذ۔

دیکھیے : دامن ۔ [ف]۔

دامن (فت م) اند.
۱. کرتے یا قبا وغیرہ کا گریبان سے نیچے کا حصہ، کرتے، انگرکھے یا قبا وغیرہ کا نیچے کا حصہ، چولی سے نیچے کا گھیر دار حصہ. ۲. آنچل، پلو. ۳. پہاڑ کے نیچے کا میدان، صحرا یا اردگرد کی زمین. ۴. قرب و جوار، کنارا (کسی جگہ یا شہر وغیرہ کا). ۵. پشتے کے نیچے کا حصہ. ۶. (خوش نویسی) حرف کی شکل کا آخری حصہ، کشش؛ دائرہ. ۷. تیغ یا خنجر وغیرہ کا کنارا یعنی دھار دار حصہ. ۸. پہلو، جلو. ۹. (مجازاً) زیر سایہ، زیر اثر. [ف].

دامن بچانا محاورہ. (کسی چیز یا امر سے) علیحدگی اختیار کرنا، کسی معاملے میں تعلق نہ رکھنا، بچنا، کترانا، بے لوث رہنا.

دامن بھرنا محاورہ. (کسی چیز سے جو مطلوب ہو) بہرہ ور ہونا، جی بھر کر یا افراط سے حاصل ہونا یا دینا.

دامن پسارنا محاورہ. دیکھیے: دامن پھیلانا.

دامن پکڑنا محاورہ. ۱. سہارا لینا، کسی کی پناہ میں آنا؛ کسی سے منسلک ہونا. ۲. روکنا، مزاحم ہونا. ۳. گھیرنا، گرفت میں لینا، تقاضا کرنا. ۴. کسی کے خلاف فریادی ہونا، ظلم و ستم کی شکایت کرنا. ۵. نکاح میں آنا.

دامن پھیلانا محاورہ. ۱. طلب کرنا، سوال کرنا، مانگنا. ۲. چھا جانا، پھیل جانا. ۳. دامن کو پکڑ کر آگے کرنا.

دامن تھامنا محاورہ. ۱. دامن پکڑنا، سہارا لینا؛ پناہ لینا؛ توسل اختیار کرنا. ۲. مزاحم ہونا، روکنا.

دامن جھاڑنا محاورہ. ۱. تعلق قطع کرنا، آزادی، چھٹکارا یا فارغ البالی حاصل کرنا. ۲. (مال و دولت وغیرہ سے) ہاتھ خالی کرنا، مُفلس ہونا، تہی دست ہونا.

دامن جھٹکنا محاورہ. جھٹکا دے کر دامن چھڑانا؛ (مجازاً) الگ ہو جانا؛ نفرت یا بیزاری کا اظہار کرنا.

دامن چھڑانا محاورہ. قطع تعلق کرنا، علیحدہ ہونا، پیچھا چھڑانا.

دامن گیر صف. ۱. (دامن پکڑ کر) ظلم یا زیادتی وغیرہ کی شکایت کرنے والا، فریادی، داد خواہ. ۲. دامن پکڑنے والا، دامن سے لگا ہوا (وہ خیال، جذبہ یا مصیبت وغیرہ جو رکاوٹ یا مزاحمت پیدا کرے). ۳. ایسا خیال، شوق یا جذبہ وغیرہ جو کسی فعل پر ابھارے اور آمادہ کرے. ۴. اپنی جانب کھینچنے والا، متوجہ کرنے والا.

دامے درمے قدمے (سخنے) م ف: فقرہ. روپے پیسے، بھاگ دوڑ، بات چیت یا سفارش سے، ہر طرح سے، جس طرح بھی ممکن ہو، ہر صورت سے.

دان (۱) لاحقہ؛ اند.
بطور لاحقہ مستعمل اور جگہ یا ظرف کے معنی دیتا ہے، مکان، مقام، خانہ، گھر جیسے: توشہ دان، پان دان، روشن دان. [ف].

دان (۲) اند.
۱. خیرات، صدقہ، پن. ۲. عطا، بخشش، داد و دہش. ۳. ایثار، قربانی؛ چندہ، عطیہ. ۴. جہیز.

دان پُن اند. خیر، خیرات، داد و دہش، سدا برت.

دان دہیج / دہیز اند. جہیز، ساز و سامان وغیرہ جو لڑکی کو شادی کے موقع پر باپ کے گھر سے ملے.

••• داں لاحقہ.
۱. جاننے والا، تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل، جیسے: حساب داں، مزاج داں، غیب داں. [ف].

دانا صف.
۱. جاننے والا، عالم، باخبر. ۲. عقل مند، دانش مند، ہوشیار، زیرک. ۳. تجربہ کار؛ آزمودہ کار؛ عمر رسیدہ؛ جہاں دیدہ. ۴. سیانا، بالغ، سمجھ دار.

دانا بینا صف. ۱. دیکھنے اور جاننے والا؛ عالم؛ واقف؛ باخبر. ۲. عقل مند، ہوشیار، تجربہ کار.

(دانائی)

دانائی اسث.
۱. عقل، عقل مندی، ہوشیاری. ۲. بزرگی، بڑائی.

دانْت (فن) اند.
۱. انسان یا حیوان کے منھ میں پایا جانے والا ہڈی کی طرح سخت عضو جو کاٹنے اور چبانے کا کام دیتا ہے، دندان. ۲. (۱) آری، کنگھی یا پہیے وغیرہ کا کٹاؤ یا چاقو وغیرہ کے دندانے جو دانت سے مشابہ ہوتے

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہیں . (ii) دندانے جو چکی یا سل پر ایک آہنی اوزار سے کوٹ کر ڈالے جاتے ہیں تا کہ جو چیز پیسی ہو وہ اچھی طرح اور جلد پس جائے . (iii) کنجی کے منہ کا کٹاؤ جو قفل کے ہڑ کے آگے بڑھانے اور پیچھے ہٹانے کے لیے بنایا جاتا ہے ، دانتا .۳. ہاتھی یا سور کے لمبے دندان جو باہر نکلے ہوتے ہیں اور ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں .۴. دشمنی ، مخالفت . [پ : س : ف] .

دانت بجنا محاورہ .۱.شدت کی سردی یا کسی بیماری کی وجہ سے جبڑے کی حرکت کا بے قابو ہو جانا ، خود بخود دانت بجنے لگنا .۲. خوف اور دہشت سے دانتوں کا آپس میں ٹکرانا .۳.لڑائی جھگڑا ہونا ، رد و بدل ہونا ، کھٹ پٹ ہونا .

دانت بھنچنا / بھینچنا محاورہ .۱. دانت بھنچی ہونا ؛ جبڑا بند ہونا ، دانت زور سے بند کرنا ؛ منہ نہ کھلنا ، غصے میں آنا ، جھلانا .۲. اوپر اور نیچے کے دانتوں کو زور سے دبانا ، (حالت غشی یا اور کسی مرض کی وجہ سے) دانتوں کا جکڑ جانا .۳. دانت دبانا ، دانتوں کو کس کر ایک دوسرے پر جمانا ، دانت زور سے بند کرنا .

دانت پیسنا محاورہ .۱. اوپر اور نیچے کے دانتوں کو ملا کر حرکت دینا ، گھسنا ، رگڑنا .۳. اذیت پہنچانا ، ایذا رسانی کا ارادہ کرنا .۴. پچھتانا ، پشیمان ہونا ، کڑھنا .۵. انتہائی غصے کی حالت کو ظاہر کرنا ، بس نہ چلنا اور دانت پیس کر رہ جانا .

دانت تلے انگلی دبانا / دینا / رکھنا محاورہ. تعجب کرنا ، حیران رہ جانا ، حیرت میں ہونا ؛ افسوس کرنا .

دانت تھے تو چنے نہ تھے چنے ہوئے تو دانت نہیں کہاوت. جب جوانی تھی تو کچھ مقدور نہ تھا اور جب مقدور ہوا تو جوانی نہ رہی ، بے وقت مراد حاصل ہونے پر بولتے ہیں .

دانت جھڑنا محاورہ. دانت گرنا ، کسی بیماری ، کمزوری یا بڑھاپے کے باعث دانت ٹوٹنا .

دانت چبانا محاورہ. دانت پیسنا ؛ اوپر اور نیچے کے دانتوں کو ملا کر حرکت دینا ، گھسنا ، غفلت یا نیند میں بتیسی کا حرکت کرنا یا دانتوں کا باہم رگڑ کھانا .

دانت دکھانا / دکھلانا / دیکھانا محاورہ .۱. (i) معقول جواب نہ ہونے کی صورت میں ہنس دینا .(ii) ناراضگی کے اظہار پر منہ بنانا ، غصہ کا اظہار کرنا .۲.عاجزی یا معذوری کا اظہار کرنا ؛ انکار میں جواب دینا .۳. خوشی کا اظہار کرنا ، اس طرح ہنسنا کے دانت دکھائی دیں .

دانت سے پکڑنا محاورہ .۱. (جائداد وغیرہ کو) انتہائی عزیز رکھنا ، کسی طرح ہاتھ سے نہ دینا ، قبضہ رکھنا .۲. (روپے پیسے یا مال دولت کا) صرف نہ کرنا ، انتہائی کفایت شعاری یا بخل کا اظہار کرنا .

دانت کاٹی روٹی است. (مجازاً) پکی دوستی ، بہت زیادہ بے تکلفی کے تعلقات .

دانت کھٹے کرنا / ہونا محاورہ .۱. (ترشی کے باعث) دانت کا کسی سخت چیز کے کاٹنے کے قابل نہ رہنا .۲. (لڑائی یا کشتی وغیرہ میں یا کسی اور طرح سے) جی چھڑانا ، عاجز کر دینا ، ہرا دینا .۳. دانت کند ہونا ، عاجز ولا جواب ہونا .

دانت لگانا محاورہ .۱. دانت سے مجروح کرنا ، منہ مارنا ، اذیت پہنچانا .۲. گھات میں ہونا ، تاک لگائے رکھنا ، خواہش مند ہونا ، لالچ کی نظر ڈالنا .۳. (دندان سازی) مصنوعی دانت چڑھانا .

دانت نکالنا محاورہ .۱. دانت کو اپنی جگہ سے علیحدہ کرنا ، دانت اکھاڑنا .۲. منہ کھول کر ہنسنا ، بے حیائی یا شرارت سے بیہودگی سے ہنسنا ، منھ پھاڑنا .۳. دودھ پیتے بچوں کے مسوڑھوں سے دانت نمودار ہونا .۴. اپنی ناکامی کا اعتراف شرمندگی کے ساتھ کرنا ، اپنے کیے پر پچھتانا ، اظہار عجز یا معذوری ظاہر کرنا .

دَانْتا (مغ) امذ .

۱. دندانہ ، آرے یا پہیہ وغیرہ کا بڑا دانت .۲. چاقو ، چھری یا تلوار وغیرہ کی دھار میں کٹاؤ یا کھانچے کا نشان جو سخت چیز پر استعمال کرنے سے پڑ جائے .۳. (گھڑی سازی) گراری یا چکری کے دور پر برابر برابر اور یکساں بنے ہوئے کٹاؤ .

دانتا کلکل است .۱.لڑائی جھگڑا ، فساد ، روز کے گھریلو جھگڑے ، تو تو میں میں ، بحث و تکرار .۲. نکتہ چینی ، عیب جوئی .

دانْتوں (مغ ، ومغ) امذ ؛ ج .

دانت کی جمع یا محرفہ شکل ، تراکیب میں مستعمل .

دانتوں میں انگلی دابنا / دبانا / دبنا محاورہ. ۱. اظہار تعجب کرنا (حیرت کے ساتھ بعض اوقات اس میں خجالت یا افسوس کا جذبہ بھی شامل ہوتا ہے)، بہت زیادہ افسوس ظاہر کرنا، متاسف ہونا. ۲. کسی کام سے روکنا حیرت یا خوف سے.

دانتے (مغ) اند (ج).
دانتا کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

دانتے پڑ جانا / پڑنا ف مر؛ محاورہ. دندانے پڑ جانا، دھار کھنڈلی ہوجانا، کند ہو جانا.

دانِسْت (کس ن، سک س) امث.
۱. واقفیت، علم، آگاہی، جاننا. ۲. رائے، خیال، سمجھ. [ف].

دانِسْتَہ (کس ن، سک س، فت ت) م ف.
جان بوجھ کر، جانتے اور سمجھتے ہوئے، واقف ہوتے ہوئے، سوچ سمجھ کر.

دانِش (کس ن) اند.
۱. علم و فن. ۲. عقل مندی، ادراک، دانائی، سمجھ. [ف].

دانش کدہ اند. وہ جگہ جہاں علم اور فن کی تعلیم دی جائے، جامعہ، یونیورسٹی.

دانش مند صف. ۱. عقل مند، ہوشیار، صاحب تدبیر، عالم، فاضل. ۲. علم و فن سے واقف، تعلیم یافتہ، اہل علم، صاحب فن.

دانش مندانہ م ف. عقل مندی سے، ہوشیاری سے، ذہانت سے بھرا ہوا.

دانش مندی (الف) امث. ۱. عقل مندی، سمجھ بوجھ، تدبیر. ۲. علم و فن سے واقفیت. (ب) صف. عقل مندی، ہوشیاری.

دانش ور صف. ۱. علم، عقل اور ذہن رکھنے والا، عقل مند، ہوشیار، عالم، فاضل. ۲. تعلیم یافتہ شخص جو ملکی، سماجی، ادبی اور تہذیبی مسائل پر غور و فکر کا عادی ہو، صاحب الرائے.

دانگ (مغ) اند؛ امث.
۱. ایک چھوٹا سا سکہ جو دینار کے چھٹے حصے کے برابر بنایا جاتا ہے. ۲. (مجازاً) مال و زر، روپیہ پیسہ. ۳. سمت، طرف. [ف، س].

دانو/دانْوں (مغ) اند؛ ~ داؤ/ داؤں.
۱. (تیغ زنی اور کشتی وغیرہ) حریف پر ضرب لگانے کا قاعدہ، حریف پر وار سے بچنے کا کرتب. ۲. چال، دھوکا، فریب. [ف].

دانو / دانوں پیچ اند. داؤں، مکر و فریب، چال. اف: چلنا / دکھانا / کرنا / کھیلنا / ہونا.

دانَہ (فت ن) اند؛ ~ دانا.
۱. (i) اناج یا غلے کا بیج، تخم. (ii) پرندوں یا جانوروں کی خوراک جو عموماً غلہ یا بھوسا ملا ہوا اناج ہوتا ہے. ۲. انسان کا کھانا، خوراک. ۳. انار اور انگور وغیرہ کا تخم. ۴. کسی دھات وغیرہ کا تراشا یا بنا ہوا (چھوٹا اور گول) ٹکڑا جو عموماً ہار یا تسبیح میں استعمال ہوتا ہے. ۵. چھوٹی پھنسی جس کا منہ نہ نکلا ہو، چیچک کے دانے. ۶. آم اور دوسرے پھلوں کی تعداد بتانے کے لیے مستعمل. ۷. جواہرات عموماً موتی. ۸. (حلوائی) لڈو کے دانے، نکتی دانے. ۹. (عو؛ بازاری) حسین، خوب صورت، پسندیدہ (عورت) [ف: س].

دانہ پانی اند. آب و دانہ، رزق؛ قسمت، نصیب، بود و باش.

دانہ پانی اُٹھنا محاورہ. رزق ختم ہونا، روانگی کا وقت آ پہنچنا، آمادۂ سفر ہونا.

دانہ دار صف. ۱. جس میں دانے پڑے ہوں وہ شے جس میں گول گول دانے پیدا ہوجائیں. ۲. جس پر دانے ابھرے ہوئے ہوں، دانے والا. ۳. موٹے دانے والا، بڑے ذرات کا، دردرا.

دانہ دانہ پر مہر ہوتی ہے کہاوت. جس کے مقدر کا ہو اسی کو ملتا ہے.

دانہ دنکا اند. ۱. تھوڑا سا دانہ، ایک آدھ دانہ، گرے پڑے دانے یعنی غلہ، وہ اناج جو کسی وجہ سے بچ جائے اور اِدھر اُدھر پڑا رہ جائے. ۲. معمولی خوراک یا غلہ، موٹا جھوٹا کھانا.

دانہ ڈالنا محاورہ. ۱. تخم ریزی کرنا، کھیت میں بیج بونا. ۲. پرندوں کے کھانے کے لیے زمین پر دانے بکھیرنا. ۳. لالچ دے کر پھانسنا، فریب دینا.

دانی (۱) امث.
دان (۱) کی تانیث یا تصغیر، بطور لاحقہ ظرفیت مستعمل جیسے: ہلاس دانی، تیلے دانی، راکھ دانی.

۰۰۰ **دانی (۲)** امث.
داں کی تانیث، بطور جزو دوم مستعمل، جیسے: غیب دانی، نکتہ دانی.

دانے اند؛ ج.
دانہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

دانے دانے پر نام (لکھا ہونا) / لکھنا محاورہ. قسمت میں لکھنا، مقدر میں لکھا ہونا.

دانے دانے کو محتاج ہونا محاورہ. انتہائی افلاس کی حالت ہونا، مفلوک الحال ہونا.

دانیال (کس ن) اند.
بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام جو حضرت داؤد کے بعد اور حضرت عیسیٰ سے پہلے ہوئے ہیں، وہ خواب کی تعبیر میں بہت مشہور تھے ان سے ایک فال نامہ بھی منسوب ہے. [ع].

داو اند: ~ داو/ داؤں/ داؤ.
ا. چوسر، پچیسی اور تاش وغیرہ کے کھیل کی چال یا بازی. ۲. شرط (رقم وغیرہ) جو ہار جیت کے لیے مقرر کی جائے. ۳. قرعہ، پانسا. ۴. کشتی یا کسی اور طرح کے مقابلے میں حریف کو مغلوب کرنے کا کرتب یا طریقہ، بند، پیچ، جوڑ توڑ. ۵. چال، فریب، حیلہ، تدبیر. ۶. گھات، تاک. ۷. موقع، باری، نوبت. ۸. طاقت، قابو. اف: بدنا / چلانا / چلنا / دینا / کرنا / کھیلنا / لگانا / مارنا / ہونا. [س].

داوَر (فت و) صف؛ اند.
ا. انصاف کرنے والا، منصف. ۲. مراد: ذاتِ خداوندی.

داوَرا (فت و) صف مذ.
فراخی اور کشائش رکھنے یا دینے کی صفت، اللہ تعالیٰ کی باسطی صفت.

داہِنا (سک نیز کس ہ) صف: ~ دہنا/دایاں/دایاں.
سیدھا، بایاں کی ضد. [س].

داہنا ہاتھ صف مذ. سیدھا ہاتھ، دست راست؛ (مجازاً) معتمد علیہ، قوت بازو.

داہِنی (سک نیز کس ہ) صف مث.
داہنا کی تانیث، سیدھی.

دائِر (کس ء) صف.
ا. گردش کرنے والا، چکر لگانے والا، متحرک، دورا کرنے والا. ۲. گھیرنے والا؛ محیط. ۳. محدود، محصور. ۴. برقرار؛ باقی؛ قدیم. ۵. جاری، مشہور، مروج. ۶. زیر تجویز، درپیش. [ع].

دائر کرنا محاورہ. (عدالت میں مقدمہ) شروع کرنا، پیش کرنا، عدالت سے رجوع کرنا.

دائِرَة (کس ء، فت ر) اند.
دائرہ، گول خط، حلقہ؛ صیغہ، شعبہ، محکمہ (تراکیب میں مستعمل). [ع].

دائرۃ المعارف امث؛ اند. انسائیکلوپیڈیا، احصاء العلوم، معلومات عامہ کی کتاب، وہ کتاب جس میں ترتیب تہجی سے مختلف موضوعات یا کسی خاص موضوع سے متعلق تمام معلومات جمع کر دی جائیں. [ع].

دائِرَہ/ دایِرہ (کس ء، فت ر) اند.
ا. (i) حلقہ، دور یا محیط؛ (مجازاً) مرکز، مرکزی مقام. (ii) (اثر، تعلق، نظر، علم وغیرہ کے) حدود، احاطہ، میدان. ۲. (ہندسہ) وہ سطح مستوی جسے ایک خط منحنی اس طرح محیط کرے کہ اس سطح کے بیچ میں ایک نقطہ ہو اور اس نقطے سے جتنے خطوط محیط تک کھینچے جائیں وہ سب باہم برابر ہوں. ۳. کسی حرف کا قوسی حصہ، دور، حرفوں کی گولائی. ۴. درویشوں کا مسکن، خانقاہ، تکیہ. ۵. خاندان، کنبہ، برادری. ۶. حد، مقام. [ع].

دائرۂ عمل اند. اختیارات کی حدود، کام کرنے کی جگہ یا مقام.

دائِم (کس ء) صف؛ م ف ~ دایم.
ہمیشہ قائم یا موجود رہنے والا. [ع].

دائِمی (کس ء) صف.
ہمیشہ کا؛ مستقل؛ دوامی.

داؤ / داؤں (وغ) اند.
دیکھیے: داو.

داؤُد (وغ) اند.
حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد تھے، ان پر زبور نازل ہوئی، خلیفۃ اللہ ان کا مشہور لقب ہے، بڑے خوش الحان تھے اور ایسے سوز و گداز سے عبادت الٰہی کرتے تھے کہ پہاڑ گونج اٹھتے اور پرندوں پر وجد طاری ہو جاتا. [ع عبر].

داؤُدی (وغ) صف، اند.
ا. حضرت داؤد علیہ السلام سے منسوب یا متعلق. ۲. سفید گیہوں جسے

داؤد خانی بھی کہتے ہیں. ۳. ایک درخت یا اس کا پھول جو زرد اور سفید رنگ کا ہوتا ہے، گل داؤدی. ۴. ایک طرح کی زرہ جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی ایجاد ہے.

دائی است.
۱. بچہ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت، جنائی، دایہ. ۲. بچے کو دودھ پلانے والی عورت جو بچے کی دیکھ بھال بھی کرتی ہے، انا. ۳. خادمہ، خصوصاً وہ خدمت گار عورت جو میکے سے لڑکی کے ساتھ سسرال جائے. ۴. (مجازاً) رازداں، واقف کار. [ف].

دائی سے (کے آگے) پیٹ نہیں چھپتا کہاوت. رازداں سے بھید نہیں چھپتا، ماہر فن بات کو بھانپ لیتا ہے، ماہرین حقیقت کو پا لیتے ہیں.

دائِیں (ی ج) صف مث.
داہنی طرف، جانب.

دائیں (ی ج) صف: امذ.
دایاں کی مغیرہ حالت، داہنا، سیدھا.

دائیں بازو امذ. دایاں ہاتھ، دست راست، ہم نوا؛ (سیاسیات) قدامت پسند جماعت.

دایاں صف مذ.
۱. داہنا، سیدھا، بایاں کی ضد. ۲. فوج یا لشکر کا سیدھے ہاتھ کی جانب کا حصہ.

دایَم (فت ی) (قدیم) امذ = دائم.
ہمیشہ، مدام.

دایَہ (فت ی) است.
دائی کا کام کرنے والی، بچے کی پرورش کرنے والی، انا. [ف].

دَب (فت د).
دبنا کا امر، تراکیب میں مستعمل.

دب جانا محاورہ. ۱. بظاہر کم ہو جانا، ہلکا پڑ جانا. ۲. کمزور پڑ جانا، کمزوری ظاہر ہو جانا. ۳. مغلوب ہو جانا، رعب میں آ جانا، ڈر جانا، خاموش ہو جانا، نیچا پڑنا، شکست ماننا.

دُب (ضم د) امذ (تراکیب میں، ب بشد).
(لفظاً) ریچھ؛ (فلکیات) قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں کے دو مجموعے جن میں بڑا دُبِ اکبر اور چھوٹا دُبِ اصغر کہلاتا ہے، بنات النعش. [ع].

دب اکبر امذ. (فلکیات) سات ستاروں کا مشہور جھرمٹ، بنات النعش.

دَبا (فت د).
دبانا کا امر، تراکیب میں مستعمل.

دبا بیٹھنا محاورہ. ۱. زبردستی حاصل کر لینا، غصب کر لینا، قبضہ کر لینا، چھین لینا. ۲. دبوچ لینا.

دبا دبایا صف مذ. ۱. دبا ہوا، گڑا ہوا؛ چھپا ہوا، پوشیدہ. ۲. (مجازاً) شرمیلا، منکسر المزاج جو شوخ اور شریر نہ ہو، خاموش.

دبا دینا ف مر؛ محاورہ. ۱. دفن کر دینا؛ چھپا دینا. ۲. فرو کرنا، روک دینا، ختم کر دینا.

دبا لینا محاورہ. مغلوب کر لینا؛ مال مار لینا؛ دبوچ لینا؛ قبضہ کر لینا.

دبا ہوا صف مذ. پوشیدہ، چھپا ہوا.

دَبّا (فت د، شد ب) امذ.
۱. درخت کی شاخ کاٹ کر اس کا کٹا ہوا سرا زمین میں دبا دیا جائے تاکہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے. ۲. گھات، نگرانی. ۳. (عو) غوطہ، ڈبکی. اف: لگانا.

دَبادَب (فت د، د) م ف.
(زور کے ساتھ) متواتر، برابر.

دَبازَت (فت د، ز) است.
موٹائی، گاڑھا پن؛ (عموماً کپڑا، کاغذ کا) دبیز ہونا.

دَباغَت/دِباغَت (د، فت غ/کس د) است.
۱. کچے چمڑے کو پکانا، صاف کرنا اور رنگنا. ۲. (مجازاً) رعب داب، دباؤ، دھونس؛ زور. ۳. (طب) رطوبات خشک ہو جانے کے بعد کسی عضو میں پختگی یا مضبوطی آ جانا. اف: کرنا/ہونا. [ع].

دَبانا (فت د) ف م.
۱. (i) داہنا، جسم دبانا، مالش کرنا، چپی کرنا، بھینچنا، دبوچنا. (ii) گاڑنا، دفن کرنا. (iii) شکست دینا، بھگانا. ۲. دباؤ ڈالنا، مجبور کرنا؛ عاجز کرنا،

تنگ کرنا ، زور ڈالنا ۔۳۔ زبردستی قبضہ کرلینا ، پرایا حق مارنا ۔۴۔ بیج بونا ، بیج زمین کے اندر رکھنا ۔

دَباؤ (فت د ، وج ع) اند ۔

۱۔ بوجھ ، وزن ؛ زور ، طاقت ، بار ۔۲۔ رعب داب ، زور ، اثر ۔۳۔ خوف ، ڈر ، دہشت ۔۴۔ سختی ، جبر ۔۵۔ حکم ، تحکم ، زور، حکومت ، اختیار ۔

دباؤ پڑنا محاورہ ۔۱۔ مجبور کرنا ، دب جانا ۔۲۔ بوجھ پڑنا ، وزن پڑنا ۔

دبتے کو (سب) دباتے ہیں کہاوت ۔

کمزور یا غریب کو سب پریشان کرتے ہیں ؛ غریب کو سب لوٹتے ہیں ۔

دَبْدَبا/دَبْدَبَہ (فت د ، سک ب ، فت د ، ب) اند ۔

شان وشوکت ، شکوہ ، کرّوفر ؛ رعب داب ، جاہ وجلال ۔ [ف] ۔

دُبُر (ضم د ، ضم نیز سک ب) امث ۔

کسی چیز کا پچھلا حصہ ؛ پُشت ، پیٹھ ، قُبل کی ضد ؛ (مجازاً) چوتڑ ، مقعد ، گانڈ ۔ [ع] ۔

دَبِسْتان (فت د ، کس ب ، سک س) اند ۔

اسکول ، مکتب ، مدرسہ ؛ مکتبۂ فکر ۔ [ع : ف] ۔

دبستان خیال اند ۔ کسی خاص اندازِ فکر و خیال کا گروہ یا جماعت ، مکتبِ فکر ۔

دَبَک (فت د ، ب) امث ۔

۱۔ ڈانٹ دھمکی ؛ دبکنا کا امر ۔۲۔ سمٹنا ، دبکنا ، شرمانا ، چھپنا ۔

دبک جانا محاورہ ۔ چھپ کر بیٹھ جانا ، چھپنا ۔

دَبْکانا (فت د ، سک ب) ف م ۔

۱۔ دبانا ، ڈرانا ، دھمکانا ۔۲۔ چھپانا ، ڈھانپنا ، سمٹانا ۔

دَبْکائی (فت د ، سک ب) امث ۔

۱۔ سونے چاندی یا کندلے کے تار کو چپٹا کرنے کی صنعت ، تار دبکنے کا کام ۔۲۔ گول تار کو چوڑا کروانے کی اجرت ، تار دبکنے یعنی بادلا بنانے کی اجرت ۔

دَبَکْنا (فت د ، ب ، سک ک) (الف) ف ل ۔

۱۔ چھپنا ، پوشیدہ ہونا ، روپوش ہونا (جانوروں کا ، کسی زمین میں چھپ جانا) ۔۲۔ ڈر یا ڈانٹ ڈپٹ سے سہم جانا یا سمٹ جانا ، زمین سے لگ کر بیٹھنا ۔ (ب) ف م ۔ چاندی سونے کے تار کو کوٹ کر چپٹا کرنا ۔

دُبْلا (ضم د ، سک ب) صف مذ ۔

۱۔ لاغر ، کمزور ، پتلا ۔۲۔ چھریرے یا اکہرے جسم کا ، ہلکے بدن والا ۔ اف : پڑنا/کرنا/ہونا ۔ [س] ۔

دبلا پتلا صف مذ ۔ جسمانی طور پر کمزور ، نحیف ، چھریرا ، ہلکے بدن کا ۔

دَبْنا (فت د ، سک ب) ف ل ۔

۱۔ دابنا کا لازم ؛ بوجھ کے نیچے آنا ، پچکنا ۔۲۔ (i) لحاظ کرنا ؛ عجز و انکسار کا اظہار کرنا ۔ (ii) نرم پڑنا ، جھکنا ۔ (iii) دفن ہونا ، گڑنا ۔۳۔ اُبھرنے یا بڑھنے نہ پانا ، بہت کم ہو جانا ، جاتا رہنا ؛ (زخم ، چوٹ ، ورم وغیرہ کا) مندمل ہو جانا ، فرو ہو جانا ۔۴۔ کسی چیز کے اجزاء کا متصل ہونا ۔۵۔ جھینپنا ؛ سمٹنا ، سکڑنا ، جھجکنا ؛ چھپنا ، دبکنا ؛ مغلوب ہونا ، مرعوب ہونا ۔۶۔ کسی چیز کا زور کم ہو جانا ، پھیکا یا کمزور پڑ جانا ۔۷۔ بچنا ، ہٹ جانا ، کنارے کو ہو جانا ۔

دَبَنگ (فت د ، ب ، غنہ) صف ۔

۱۔ تیز طرار ، نڈر ، باہمت ، بے خوف ، بے باک ؛ زبردست ؛ زور آور ۔۲۔ سخت دل ، بے رحم ۔۳۔ داب ، بوجھ ، دباؤ ۔۴۔ بے وقوف ، نادان ، احمق ۔۵۔ بدشکل ، بدوضع ، بھدا ؛ بدتمیز ، بدتہذیب ، بداخلاق ۔

دَبُّو (فت د ، شد ب ، ومع) صف ۔

دبنے والا ، ڈھیل ؛ بزدل ۔

دَبو (فت د ، شد ب ، وج) صف مث ۔

بزدل ، کم ہمت ، ڈھیل ، دبنے والی ۔

دَبْوانا (فت د ، سک ب) ف م ۔

دابنا کا تعدیہ ؛ جسم دبانا ، مالش کروانا ۔

دَبوچْنا (فت د ، وج ، سک چ) ف م ۔

۱۔ پنجے یا ہاتھ وغیرہ سے بھینچنا ، دبانا ، بازوؤں میں کس لینا ۔۲۔ گرفت میں لانا ، پکڑنا ، قابو میں کرنا ۔۳۔ حریف مرغ کو تلے دھر لینا ، زیر کر لینا ، حریف کے اوپر آکر اُس کو پر اور پنجوں میں گانٹھ لینا ۔۴۔ جھپٹا مار کر پنجوں سے پکڑ لینا ۔۵۔ چھپانا ، مخفی کرنا ۔

دَبی (فت د) امث ۔

دبا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل ، کسی بوجھ کے نیچے آجانا ، بھنچنا ، سکڑنا ۔

دبی زبان سے/میں م ف. آہستہ لہجے میں، ہلکی آواز سے، دبی آواز سے؛ ڈرتے ڈرتے.

دَبے (فت د).
دبا کی مغیرہ حالت یا جمع، تراکیب میں مستعمل.

دبے پانو / پاؤں م ف. آہستہ سے، خاموشی سے، چپکے سے، اس طرح سے کہ پیروں کی آواز یا آہٹ نہ ہو؛ چھپ کر، ڈرتے ڈرتے.

دَبِیر (فت د، ی مج) اند.
محرر، کاتب، نویسندہ؛ انشا پرداز، مصنف، مؤلف؛ ایک مقتدر عہدہ جسے اب سیکرٹری کہتے ہیں؛ منشی؛ اڈیٹر. [ف].

دَبِیز (فت د، ی مع) صف.
موٹا، مضبوط، پکا. [ع].

دَبِیل (فت د، ی لین) صف.
ا. مطیع، زیردست؛ مرعوب، ماتحت، تابع. ۲. پست، دبا ہوا، کمزور، بودا؛ ضعیف. ۳. اپنی کسی کمزوری یا کسی اور وجہ سے دبنے والا؛ بزدل، ڈرپوک؛ عیب دار.

دَجّال (فت د، شد ج) اند.
ا. دھوکے باز، ملمع ساز؛ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت تک بہت سے دجال پیدا ہوں گے، ایک دجال قرب قیامت میں پیدا ہوگا جو تشدد اور دین کی مخالفت اور بیخ کنی کی کوشش کرے گا یہ اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا، کانا ہوگا، لفظ دجال سے عموماً یہی دجال مُراد لیتے ہیں جس کا پیدا ہونا قیامت کی سب سے بڑی نشانیوں میں سے ہے. ۲. (مجازاً) جھوٹا، مکار، بدہیئت اور قوی ہیکل آدمی. ۳. طلا، سونا، زر؛ تیغ جوہردار. [ع].

دُجیٰ (ضم د، ا بشکل ی) است.
تاریکی شب، اندھیرا، تاریکی. [ع].

دُخ (ضم د) است.
بیٹی، دختر. [ف].

دُخان (ضم د) اند.
ا. دھواں، دھونی. ۲. بھاپ، . ۳. بھپکا. ۴. تمباکو کا دھواں. [ع].

دُخانی (ضم د) صف.
ا. دخان سے منسوب، بھاپ یا اسٹیم والا، بھاپ کی طاقت سے چلنے والی کل یا انجن وغیرہ. ۲. دھوئیں سے متعلق، دھوئیں کا.

دخانی انجن اند. بھاپ کی طاقت سے چلنے والا انجن.

دُخت (ضم د، سک خ) است.
بیٹی، لڑکی، دختر؛ دوشیزہ (تراکیب میں مستعمل).

دُختر (ضم د، سک خ، فت ت) است.
ا. بیٹی، لڑکی، بنت. ۲. دوشیزہ. [ف].

دَخل (فت د، سک خ) اند.
ا. داخلہ، گزر، اندر آنا. ۲. چیزوں کی آمد، آمدنی؛ پیداوار. ۳. قبضہ، حکومت، اختیار. ۴. واقفیت، شدبد؛ دسترس، مہارت. ۵. پہنچ، رسائی، باریابی؛ عمل، اثر. ۶. دست اندازی؛ مزاحمت؛ مداخلت. ۷. مجال، طاقت. ۸. اِمکان، احتمال. ۹. شریک کار ہونا، معاون ہونا، شرکت کرنا. [ع].

دخل اندازی است. مداخلت؛ روک ٹوک.

دخل در معقولات اند؛ است. کسی معاملے میں خواہ مخواہ مداخلت، بیچ میں بولنا. اف: دینا/ کرنا/ ہونا.

دخل دینا محاورہ. ا. کسی بات کے بیچ میں بولنا، کسی معاملے میں پڑنا؛ اعتراض یا روک ٹوک کرنا، دخل در معقولات کرنا. ۲. کسی معاملے میں (ذاتی خیال یا جذبے وغیرہ کو) شامل کرنا.

دُخُول (ضم د، و مع) اند.
ا. داخل ہونا؛ اندر جانا، گھسنا، خروج کی ضد. ۲. عورت سے ہم بستری جس میں ذکر داخل فرج ہو جائے. [ع].

دَخِیل (فت د، ی مع) صف؛ اند.
ا. داخل، جسے داخلہ مل چکا ہو یا داخل ہو چکا ہو، گھسا ہوا. ۲. جسے کسی زبان میں اِختیار یا قبول کرلیا گیا ہو، دوسری زبانوں سے کسی زبان میں شامل الفاظ. ۳. اثر و نفوذ رکھنے والا، اثر انداز. ۴. (ا) عمل دخل رکھنے والا؛ روک ٹوک یا تبدیلی کا اِختیار رکھنے والا، صاحبِ اختیار،

اثر والا . (ii) (مزاج یا طبیعت میں) دخل، رسائی یا عمل دخل رکھنے والا . ۵. دخل دینے والا ، دست اندازی کرنے والا ، بیچ میں پڑنے والا . ۶. جس کا تصرف اور قبضہ ہو ، قابض . ۷. (عروض) وہ حرف جو حرفِ روی اور الفِ تاسیس کے درمیان ہو جیسے : مشاغل اور فاضل میں غ اور ض . ۸. مہمان ؛ بے تکلف دوست ؛ ہم راز ، واقف کار . ۹. شریک جرم . [ع].

ددا (فت د) است.

وہ بوڑھی ملازمہ جس کی گود میں بچوں نے پرورش پائی ہو ، کھلائی ، انّا ملازمہ ، نوکرانی .

ددّا (فت د ، شد د) است.

دادی . [مقامی].

ددوڑا (فت د ، ولین) اند.

دانے کی طرح سُوجن کا نشان جو کسی کیڑے کے کاٹنے یا خون کی خرابی سے جلد پر نمودار ہو جاتا ہے ، پھنسی پھوڑے کا ورم اس سے مختلف ہوتا ہے . اف : آنا / پڑنا .

ددیال / ددھیال (فت د ، سک د / سک ھ) اند : است.

دادا کی اولاد ، دادا سے منسوب رشتے دار گھرانا .

(۱) (فت د) اند.

قیمت ، نرخ ، شرح . ۲. لگان کی شرح . [پ س].

بندی است . ۱. (کاشت کاری) فصل کی ہر قسم کی پیداوار کی شرح فروخت و تبادلہ وغیرہ کا تعین . ۲. مال گزارنے کی شرح تجویز کرنا ، فصلی پیداوار کی آمدنی یا محصول کا تعین .

(۲) (فت د) اند.

دروازہ ، پھاٹک . ۲. چوکھٹ ، دہلیز ، آستانہ . [ف س].

دربان اند . دروازے کا پہرے دار ، چوکیدار ، محافظ ، ڈیوڑھی بان .

دربدر م ف . ایک دروازے سے دوسرے پر ، آوارہ ، سرگرداں ؛ کہیں ٹھکانا نہ ہونا . اف : پھرانا / پھرنا / کرنا / ہونا .

در کی ٹھوکریں کھانا محاورہ . در در پھرنا ، تباہ حال یا خراب و خستہ ، ذلیل و رسوا ہونا .

درگاہ است . ۱. چوکھٹ ، آستانہ . ۲. شاہی دربار ؛ خدا کا دربار ؛ خانقاہ ، کسی بزرگ کا مزار .

در و بام اند . (لفظاً) دروازہ اور چھت ، گوشہ گوشہ ؛ (مجازاً) مکان ، گھر ، جائے سکونت ، رہنے کی جگہ .

دَر (۳) (فت د) حرف جار.

۱. (i) میں ، اندر ، بیچ ، جیسے : درپردہ ، درحقیقت وغیرہ . (ii) کثرت کے موقع پر جیسے : صحرا در صحرا ، قطار در قطار وغیرہ . ۲. (کثرت یا ہجوم کے موقع پر) پر یا بالا کے معنوں میں جیسے : سود در سود . [ف].

در اصل م ف . اصل میں ، حقیقت میں ، واقعۃً .

درآمد است . ۱. اندر گھس آنا یا آ گھسنا ، داخلہ . ۲. باہر کے ملکوں سے مال تجارت وغیرہ کی آمد (برآمد کی ضد) ؛ آمدنی . ۳. حکم نامے کی تعمیل کی اُجرت کا حساب .

در آمد برآمد است . ۱. آمد و رفت ، آنا جانا . ۲. بیرون ملک تجارت کا مال بھیجنا اور بیرون ملک سے بغرض تجارت منگوانا ، باہر کے ملکوں سے تجارت کرنا ، (انگ : Import-Export) . ۳. آمد و خرچ . اف : کرنا / ہونا .

در بستہ صف . ۱. بندھا ہوا ، جکڑا ہوا . ۲. جس کا دروازہ بند ہو ، مقفل ؛ چھپا ہوا .

درپردہ صف : م ف . ۱. پیٹھ پیچھے ، غیاب میں ، غائبانہ . ۲. خفیہ ، پوشیدہ ، اشارے یا کنائے میں ، چوری چھپے .

در پے م ف . ۱. پیچھے ؛ آہٹ پر ، گھات میں ، خواہاں ، لاگو . ۲. تلاش یا جستجو میں ، تفتیش میں .

درپیش م ف . ۱. سامنے ، آگے ، روبرو ، موجود . ۲. لاحق ، لگا ہوا . ۳. زیرِ بحث ، زیرِ تجویز ، مقابلے پر ، لاحق . اف : آنا / رہنا / کرنا / ہونا .

در حقیقت م ف . اصل میں ، حقیقت میں ، حقیقتاً .

در گور (الف) فقرہ . ۱. (عور ؛ کوسنا) مر جائے ، قبر میں جائے ؛ غارت ہو . ۲. (نفرت کے موقع پر) دور ہو ، دفان ہو ، منہ نہ دکھا . ۳. (اظہار بیزاری کے لیے) خدا نہ کرے ، نوج . (ب) صف . موا ، مرا ہوا . اف : کرنا / ہونا .

دُر (۱) (ضم د) فقرہ.
(کلمۂ تحقیر وتنفر) دور ہوا ! ، نکل یہاں سے ! ، چل ہٹ !.

دُر (۲) (ضم د) صف ؛ امذ.
بُرا ، خراب ؛ شریر ؛ بد چلن ؛ قابل حقارت ، نفرت ؛ سخت مشکل ؛ تکلیف دہ ، کم درجہ کا ، گھٹیا ؛ بڑا جرم ؛ بطور سابقہ مستعمل . [س].

درگت امث .۱. بری حالت ، برا احوال ، پتلا حال ، بد حالی .۲. بد انجام .
اف : کرنا / ہونا .

دُر (۳) (ضم د) امذ.
۱. موتی ، عموماً مروارید جو صدف سے نکلتا ہے .۲. کان کی لو میں پہننے کا زیور جس میں صرف ایک موتی جڑا ہوتا ہے . [ع].

در افشاں صف. موتی بکھیرنے والا ؛ (مجازاً) خوش بیان .

در نایاب امذ. بے مثل موتی ؛ (مجازاً) فرزند ، بیٹا .

دُرّاج (ضم د ، شد ر نیز بلا شد) امذ.
۱. تیتر .۲. بڑا موتی . [ع].

دَرار / دَراڑ (فت د) امث.
شگاف ، جھری ؛ چاک ، درز . [پ س].

دَراز (۱) (فت د) امث.
شگاف ، جھری ، چاک ، درز .

دَراز (۲) (فت د)(الف) صف.
۱. طویل ، لمبا (مدت گفتگو یا کوئی مادی شے وغیرہ کے لیے) .۲. طویل المسافت ، دور (دور کے تابع کے طور پر مستعمل) .۳. پھیلا ہوا .۴. زیادہ ، تفصیلی (مختصر کی ضد) . (ب) امث . نیچے پہننے کا تنگ پاجامہ . [ف].

دَراز (۳) (فت د) امث .
میز یا الماری وغیرہ کا لمبا خانہ جس کو (کھینچ کر باہر نکالا جاسکتا ہے اور چیز رکھنے یا نکالنے کے بعد پھر دھکیل کر اپنی جگہ کر دیا جاتا ہے) . [ار].

دَرازی (فت د) (الف) امث .
دراز ہونے کی کیفیت ، لمبائی ، طوالت . (ب) صف . (قدیم) دراز ، طویل ، لمبی .

دَرّانا (فت د ، شد ر) (الف) ف ل.
۱. بے خوف ہو کر تیزی کے ساتھ چلنا ؛ بے پروا ہو کر گھسے چلے جانا .
۲. جلد اور سیدھا جانا . (ب) م ف . بے خوف ، بے دھڑک . [ف س].

دَرانتی (فت د ، مغ) امث.
گھاس یا کھیتی کاٹنے کا قوس نما آلہ ، ہنسیا . [س].

دَرّانہ (فت د ، شد ر ، فت ن) م ف.
بے خوف وخطر ، تیزی سے ، بے دھڑک . [س].

دَربار (فت د ، سک ر) امذ.
۱. (i) آستانہ ، بارگاہ . (ii) بادشاہوں ، امیروں یا بزرگوں کی مجلس . (iii) وہ محکمہ جہاں سے بادشاہ یا امیر کی جانب سے فیصلے یا فرامین جاری ہوتے ہیں .۲. حاضری ، حضوری ، حاضر باشی .۳. دیسی ریاستوں کی حکومت .۴. شاہی عدالت ، کچہری .۵. محل ، قصر . [ف].

دَرباری (فت د ، سک ر) صف.
۱. دربار سے منسوب ، دربار سے متعلق ، دربار کا ، جسے دربار میں بار حاصل ہو ، مصاحب ، ہم نشین .۲. (موسیقی) ایک راگنی کا نام .۳. دروازہ کے آگے کی جگہ جہاں دربار لگایا جائے .

درباری زبان صف ؛ امث .۱. عدالتی زبان .۲. شائستہ یا فصیح زبان ، کھری بولی .

دَربان (فت د ، سک ر) امذ.
محافظ جو دروازے پر رہے ، ڈیوڑھی بان ، پاسبان ، چوکیدار ، رکھوالا ، نگہبان . [ف].

دَرپَن (فت د ، سک ر ، فت پ) امذ.
آئینہ ، شیشہ ، آرسی . [س].

دَرج (فت د ، سک ر) امذ.
۱. (کسی رجسٹر ، کتاب یا فہرست وغیرہ میں) لکھنا ، اندراج ، داخلہ .۲. وہ نظم ونثر جو شاعر اپنے کمال کے اظہار کے واسطے لکھ کر اپنے پاس رکھے ، کاغذ ، طومار .۳. وہ چیز جس پر لکھا جائے ، جلد ، کتاب ؛ لکھنے کی جگہ ؛ کمرہ ؛ دفتر . اف : کرنا / ہونا . [ع].

دَرجا (فت د) امذ ؛ (قدیم) درجہ کا ایک املا.
مرتبہ ، رتبہ ، مقام .

دَرجات (فت د ، ر) اند .
درجہ کی جمع ، درجے ، مرتبے .

دَرجَن (فت د ، سک ر ، فت ج) صف .
ا . بارہ کی تعداد ، بارہ کی اکائی ، ایک جنس کی بارہ چیزیں ۲. متعدد ، کئی .

دَرجَہ (فت د ، سک نیز فت ر ، فت ج) اند .
ا . رتبہ ، پایہ ، منزلت ، مرتبت .۲. (i) منصب ، عہدہ . (ii) معیار ، سطح .
۳. سیڑھی یا زینے کے اوپر کا ڈنڈا یا پایہ .۴. (جنت یا دوزخ کا) طبقہ ، منزل .۵. (i) (طلبہ وغیرہ کی) جماعت ، کلاس ، زمرہ . (ii) (سواری) عموماً کرایہ اور سہولت کے اعتبار سے کمروں اور نشستوں کی تقسیم؛ جیسے : فرسٹ کلاس (اوّل درجہ) ، سیکنڈ کلاس (دوسرا درجہ) اور تھرڈ کلاس (تیسرا درجہ) وغیرہ . (iii) جرائم اور قیدیوں کی تقسیم کے لحاظ سے جیل خانے میں کمروں کی درجہ بندی جیسے : اے کلاس ، بی کلاس اور سی کلاس وغیرہ .۶. (i) پیمانہ ، حرارت کی اکائی . (ii) پیمانے پر کسی چیز کی مقدار وغیرہ معلوم کرنے کے خاص قسم کے نشانات .۷. حالت ، حال ، گت .۸. طبقہ (Class) .۹. گنا کے معنی میں .۱۰. معیار ، مقام .

درجہ بدرجہ م ف . اعلیٰ قدر مراتب ، ترتیب وار ، سلسلہ وار ، ایک درجے کے بعد دوسرا درجہ .۲. آہستہ آہستہ ، رفتہ رفتہ .

درجہ بندی است . جنسوں ، قسموں اور طبقوں میں تقسیم ، درجے قائم کرنے کا عمل .

درجہ چڑھانا محاورہ . طالب علم کو ترقی دے کر اگلے درجے میں کر دینا .

درجہ حرارت اند . حرارت پیما (تھرمامیٹر) جس میں حرارت کا درجہ ڈگریوں میں ناپتے ہیں ، حرارت ناپنے کی اکائی .

دَرَخت (فت د ، ر ، سک خ) اند .
پیڑ ، جھاڑ ، شجر . [ف] .

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے کہاوت . انسان اپنے اعمال سے ہی بھلا یا برا ہوتا ہے ؛ ہر چیز اس کے نتیجے سے معلوم ہوتی ہے .

دَرَخشاں / دُرُخشاں / دُرخشاں (فت د ، ر ، سک خ / ضم د ، فت ر ، سک خ / ضم د ، ر ، سک خ) صف ؛ م ف .
(عام طور پر سورج چاند وغیرہ کی صفت) چمکتا ہوا ، روشن . [ف] .

دَرَخشِندَہ (فت د ، ر ، سک خ ، کس ش ، سک ن ، فت د) صف .
چمکنے والا ، تاب ناک . [ف] .

دَرخواست (فت د ، سک ر ، و معد ، سک س) است .
ا . گزارش ، عرض ، التجا ، خواہش ، آرزو .۲. عرضی ، عرض داشت ، گزارش نامہ . اف : بھیجنا / دینا . [ف] .

دَرخور (فت د ، سک ر ، و معد) (الف) صف .
لائق ، قابل ، سزاوار ، مناسب ، توجہ کے لائق درخور اعتنا . [ع] .

دَرد (فت د ، سک ر) اند .
ا . وہ احساس جو (کسی خارجی یا داخلی سبب سے) جسم کے غیر طبعی ہونے کی حالت میں قوت لامسہ یا قوت حاسہ کے ذریعے تکلیف کی صورت میں پیدا ہو ، ٹیس ، دکھن ، چمک .۲. (ذہنی یا روحانی) دکھ ، تکلیف ، رنج و الم ، غم (غم عشق) .۳. سوز و گداز ، اثر ، کشش .۴. رحم ، ترس .۵. محبت ، لگاؤ ، جذبہ ہمدردی ؛ پاس .۶. بیماری ، روگ ، علالت .
۷. سودا ، جنون . [ف] .

درد آشنا صف . ا . دکھ درد سے واقف ، ہمدرد .۲. درد مند .

درد آمیز صف . درد سے بھرا ہوا ، درد ناک ، رقت انگیز .

درد بھرا صف مذ (مث : درد بھری) . درد انگیز ، پر درد ، درد ناک .

درد دل اند . دل کا درد ؛ (مجازاً) دکھ ، درد ، غم ، صدمہ .

درد زہ اند . وہ تکلیف جو حاملہ کو بچے کی پیدائش سے کچھ دیر پہلے شروع ہوتی ہے ، بچہ پیدا ہونے کا درد .

درد سر اند . ا . سر کا درد ؛ (مجازاً) رنج و محن ، زحمت ، تکلیف .

درد سر لینا / (مول لینا) محاورہ . کوئی زحمت ، مصیبت یا محنت و مشقت کا کام اپنے ذمے لینا .

درد سری است . سر کا درد ؛ (مجازاً) رنج و محن ، زحمت ، تکلیف .

درد شقیقہ اند . آدھے سر کا درد جو سر کے بائیں یا دائیں جانب ہوتا ہے ، آدھا سیسی کا درد .

دردناک صف . ا . غم زدہ ، رنجیدہ .۲. (i) درد سے بھرا ہوا ، پر سوز .
(ii) رنج ، دکھ یا تکلیف دینے والا ، تکلیف دہ .

دُرْدانَہ (فت د، سک ر، فت ن) اِمذ.
موتی، موتی کا دانہ. [ف].

دَرْدرا / دَرْدَرَہ (فت د، سک ر، فت د) صف؛ مث: درردی.
۱. جو بخوبی کُٹا یا پسا نہ ہو، نیم کوفتہ، موٹا، دانے دار. ۲. کند، جس کی دھار خراب ہو. ۳. دندانے دار، تیز. [س].

دَرْز (فت د، سک ر) اِمث.
۱. دراڑ، شگاف، جھری. ۲. پھٹا ہوا حصہ. [ف].

دَرْزَن (فت د، سک ر، فت ز) اِمث.
درزی کی جورو، وہ عورت جو درزی کا پیشہ کرے (عموماً گھروں میں سلائی کا پیشہ کرنے والی خواتین).

دَرْزی (فت د، سک ر) اِمذ.
وہ شخص جو پیشے کے طور پر کپڑا سینے کا کام کرتا ہو، وہ شخص جو کپڑا تراش کر سیتا ہو، خیاط.

درزی کا لڑکا جب تک جیے گا تب تک سیے گا کہاوت. انسان کو معاش کے لیے عمر بھر جدوجہد کرنی پڑتی ہے، اگر کمائے نہیں تو گزر بسر کیسے ہو.

دَرْس (فت د، سک ر) اِمذ.
۱. سبق، تعلیم، پڑھنا، سیکھنا. ۲. نصاب، کورس. ۳. پند و نصیحت، وعظ. [ع].

درس گاہ / گہ اِمث. پڑھنے اور پڑھانے کی جگہ، مدرسہ، تعلیم گاہ؛ سیکھنے کی جگہ عبرت حاصل کرنے کا مقام.

دُرُسْت (ضم د، ر، سک س) صف.
۱. جس میں کوئی خامی یا غلطی نہ ہو، ٹھیک، صحیح؛ بے خطا (خراب یا غلط کے مقابل). ۲. اُستوار، جس میں کوئی معنوی یا ظاہری کجی نہ ہو، صاف، راست. ۳. سچ، صحیح (جھوٹ کی ضد). ۴. صحیح سالم، اصلی حالت میں. ۵. موزوں، خوب صورت، متناسب. ۶. چست، چسپاں؛ موزوں، ٹھیک. ۷. بخوبی، اچھی طرح، بجا ہے، ٹھیک ہے؛ صحیح یا سچ ہے (بطور روزمرہ مستعمل). [ف].

... دُرُسْت (ضم د، ر، سک س) لاحقہ.
تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل، جیسے: تن درست، نادرست وغیرہ میں.

دُرُسْتگی (ضم د، ر، سک س، فت ت) اِمث؛ ~ درستی.
۱. درست ہونا، درستی. ۲. مضبوطی، تن درستی، صحت. ۳. اصلاح، صحت، صفائی.

دُرُسْتی (ضم د، ر، سک س) اِمث؛ ~ درستگی.
۱. درست سے اسم کیفیت، اصلاح، مرمت؛ ترمیم. ۲. صفائی؛ ٹھیک کرنا؛ مرمت. ۳. ٹھیک کرنا؛ مناسب جگہ پر رکھنا. ۴. سچائی، راست بازی؛ تن درستی؛ موزونیت؛ معقولیت.

دَرْسی (فت د، سک ر) صف.
۱. درس سے منسوب، نصاب یا کورس سے متعلق. ۲. پڑھانے سے متعلق.

دُرُشْت (فت د، ر، سک ش) صف.
۱. سخت، نازیبا، ناسزا؛ غصہ ور، تند و تیز. ۲. سخت، کرخت؛ کھردرا. [ف].

دَرْشَن (فت د، سک ر، فت ش) اِمذ.
۱. دیدار، نظارہ، صورت دیکھنا، زیارت. ۲. صورت دکھانا، جلوہ نمائی، ملاقات. [س].

دِرْع (کس د، سک ر) اِمذ نیز اِمث؛ ~ آدرعہ.
۱. زرہ. ۲. عورت کے کفن میں قمیص جو اس کے کفن کا جزو ہوتی ہے؛ چادر. ۳. پیرہن، لباس، پوشاک. [ع].

دِرْعَہ (کس د، سک ر، فت ع) اِمذ.
۱. کپڑا یا زمین وغیرہ ناپنے کا گز جو چار بالشت یا دو ہاتھ کے برابر ہوتا ہے. [ف].

دُرْفشاں (ضم د، فت ر، سک ف) صف.
چمکنے والا، کانپنے والا؛ عالی شان. [ف].

دَرْک (فت د، سک ر) اِمذ.
۱. (کسی علم و فن یا کام میں) دخل؛ پہچان؛ رسائی، مداخلت. ۲. (i) علم، واقفیت. (ii) عقل، ادراک. [ع].

دَرْکار (فت د، سک ر) صف.
ضروری؛ مطلوب؛ ضرورت؛ خواہش، چاہت. اف: ہونا.

دَرْکنار (فت د، سک ر، فت ک) م ف.
۱. ایک طرف، علیحدہ، علاوہ. ۲. برطرف، دور، الگ، جدا.

دَرْگاہ (فت د، سک ر) اِمث؛ ~ درگہ.
۱. چوکھٹ، آستانہ، کسی بزرگ کا مزار، روضہ نیز خانقاہ. ۲. (i) کسی

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

رگ یا بادشاہ کا دربار ، قصر یا ایوان . (ii) خدا کی بارگاہ ، جناب ، حضور .

گت (ضم د ، سک ر ، فت گ) امث .

، خراب ، پتلا حال ، بری قطع ، بری حالت . اف: بنانا/ بننا . [س] .

گُزَر (فت د ، سک ر ، ضم گ ، فت ز) امث .

معافی ، چشم پوشی ، عذر سن لینا . اف : کرنا/ ہونا .

گور! نعرہ .

گور) غارت ہو! مر جائے! قبر میں جائے! ناپید ہو! .

م (کس د ، فت ر) امذ ؛ ~ درہم .

چاندی کا ایک سکہ .۲. وزن جو اختلافات کے باوجود اب عام طور پر ساڑھے تین ماشے کے مساوی سمجھا جاتا ہے .۳. (مجازاً) روپیہ پیسا ، نقدی ، سکہ . [ف/ع] .

درماں (فت د ، سک ر) امذ .

رہ ، علاج ، دوا ، دکھ ، مداوا . [ف] .

ماندَہ (فت د ، سک ر ، مغ ، فت د) صف .

تھکا ماندہ ، خستہ .۲. عاجز ، مجبور ، بے بس ، لاچار ؛ نادار .۳. مصیبت زدہ ، خستہ و خراب ، بدحال . [ف] .

درمیان (فت د ، سک ر ، کس م) (الف) امذ .

بیچ ، وسط ، مابین .۲. بیچ کی مدت ، عرصہ ، اثنا . (ب) م ف . بات چیت وغیرہ کے بیچ میں ، دوران گفتگو . (ج) لاحقہ . (قسم کے لیے) شاہد ہے ، گواہ ہے ، جیسے : ''خدا درمیان'' ہے . [ف] .

درمیانَہ (فت د ، سک ر ، کس م ، فت ن) (الف) صف .

باہمی ، آپس کا .۲. بیچ کا ، درمیان کا ، درمیانی ، متوسط . (ب) م ف . میں ، درمیان میں .

درمیانی (فت د ، سک ر ، کس م) (الف) صف .

درمیان سے منسوب ، وسطی ، بیچ کا .۲. اوسط درجے کا ، معمولی ، ادنیٰ . (ب) امذ . وہ شخص جو بیچ میں پڑے ، بیچ کا آدمی ، ثالث . (ج) صف . میان میں ، بیچ میں ، درمیان ، مابین .

ندہ (فت د ، ت نیز کس ر) امذ .

درندہ . [ف] .

دَرِندَگی (فت د ، کس ر ، سک ن ، فت د) امث .

درندوں کا سا طرز عمل ، وحشت و بربریت کا برتاؤ .

دَرِندَہ (فت د ، کس ر ، سک ن ، فت د) امذ .

پھاڑ کھانے والا (جانور) ، وہ دانتوں اور پنجوں سے چیر پھاڑ کر گوشت کھانے والا جانور ، شکاری جانور .

درندہ خصلت/ صفت صف . خوں خوار ، بے رحم ، سنگ دل ، ظالم ، شقی القلب .

دَرْوازَہ (فت د ، سک ر ، فت ز) امذ .

۱. (i) چوکھٹ اور کواڑ نیز آمدورفت کا وہ کھلا ہوا حصہ جہاں چوکھٹ اور کواڑ لگائے جاتے ہیں ، در . (ii) بڑا دروازہ ، پھاٹک .۲. چوکھٹ ، آستانہ یا باہر کی طرف کا چوکھٹ سے متصل حصہ .

دَرْوازے (فت د ، سک ر) امذ ؛ ج .

دروازہ کی مغیرہ حالت یا جمع .

دروازے پر ہاتھی جھولنا / جھومنا / دینا محاورہ . صاحبِ ثروت ہونا ، بہت دولت مند ہونا .

دُرُود (ضم د ، مع) امذ نیز امث .

۱. صلوات ، اگر خدا کی طرف سے ہو تو رحمت و برکت اور ملائکہ کی جانب سے توبہ استغفار ، اگر اہل ایمان کی جانب سے ہو تو (بالخصوص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برحق پر) دعا اور سلام اور تسبیح کے معنی دیتا ہے .۲. وہ مقررہ کلمات جو نماز میں یا دوسرے مواقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل اخیار وغیرہ کے لیے دعائے رحمت کے طور پر پڑھتے ہیں ، وہ تحفہ حمد و سلام جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجا جائے . [ف] .

درود بھیجنا محاورہ . آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل کے لیے دعائے رحمت کے طور پر مقررہ کلمات کا بغرض ثواب پڑھنا .

درود و سلام امذ . آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر رحمت اور برکات کا نزول ہو .

دَروغ (فت د ، و مع) (الف) امذ .

جھوٹ ، بہتان ، کذب . (ب) صف . دروغ آمیز ، جھوٹا ، غلط . [ف] .

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

دروغ بر گردن (بگردن) راوی فارسی فقرہ اُردو میں مستعمل. گناہ بیان کرنے والے کی گردن پر، ایسے موقع پر بولتے ہیں جب بیان کرنے والا یہ ظاہر کرے کہ وہ یہ بات صحیح سمجھ کر کہہ رہا ہے، جھوٹ ہو تو عذاب اس پر ہو جس نے مجھ سے بیان کیا ہے.

دروغ گو صف. جھوٹا، جھوٹ بولنے والا، کاذب.

دَروغہ (فت د، و ج، فت غ) امذ.
تھانے دار، پولیس افسر، کوتوال، مجسٹریٹ. [ف].

دُرُون (ضم د، و مع) (الف) امذ.
جسم کا کوئی اندرونی جزو، باطن، روح، قلب. (ب) حرف ربط. (''کے'' کے ساتھ مستعمل)، اندر، اندرونی، بجائے. [ف].

دُرویش (ضم نیز فت د، سک ر، ی ج) امذ.
۱. گدا، بھکاری، سائل، فقیر. ۲. مسکین، غریب. ۳. جس نے اللہ کے واسطے فقر اختیار کیا ہو، سالک؛ اللہ والا، خدا رسیدہ شخص. [ف].

دُرویشی (ضم نیز فت د، سک ر، ی ج) امث.
بزرگی؛ فقیری، ناداری.

دَرّہ (فت د، شد ر بفت) امذ.
وہ راستہ، شگاف یا فاصلہ جو کسی پہاڑ یا دو پہاڑیوں کے درمیان میں ہو، گھاٹی، شعب. [ف].

دُرّہ (۱) (ضم د، شد ر بفت) امذ؛ ~ دُرّا.
چمڑے یا بٹے ہوئے تسموں کا کوڑا، دُرا. اف: پڑنا/کھانا/لگانا. [ع].

دُرّہ (۲) (ضم د، شد ر بفت) امذ.
بڑا موتی. [ف].

دَرہَم (فت د، سک ر، فت ہ) صف.
۱. باہم گتھا ہوا، مخلوط، گڈمڈ. ۲. منتشر، خراب، تتر بتر، تہہ و بالا. [ف].

درہم (و) برہم صف. ۱. منتشر، تتر بتر، تہہ و بالا، اُلٹ پلٹ. اف: کرنا/ہونا.

دِرہَم (کس د، سک ر، فت ہ) امذ.
دیکھیے: درم.

دَری (فت د) امث.
موٹے سوت کا دبیز فرش جو چھوٹا بڑا ہر ناپ کا ہوتا ہے اور چارپائی، تخت وغیرہ پر بچھانے کے علاوہ زمین پر بھی بچھانے کے کام آتا ہے. [س].

دَریا (فت د، سک ر) امذ.
۱. پانی کی وہ لمبی اور کسی قدر چوڑی دھار جو اپنے منبع (جھیل یا پہاڑ وغیرہ) سے نکل کر خشکی پر دور تک بہتی ہے اور آخر میں کسی دوسرے دریا یا سمندر میں جا ملتی ہے، بڑی ندی. [ف].

دریا بُرد صف. ۱. (i) ایسی زمین جو دریا کے بہاؤ میں آجائے اور وہاں کاشت نہ ہو سکے. (ii) کوئی چیز علاوہ اراضی کے جو دریا کی طغیانی یا سیلاب سے برباد ہو گئی ہو. ۲. تباہ، برباد؛ غائب، گم.

دریا بُرد کرنا / ہونا محاورہ. دریا میں بہا دینا؛ تباہ و برباد کر دینا / ہونا، نیست و نابود کر دینا.

دریا بہا دینا/بہانا محاورہ. ۱. (پانی یا کسی اور رقیق شے کا) کثرت سے بہانا اور لُٹانا یا ضائع کرنا. ۲. (کسی فعل عمل یا خوبی کا) شدت، کثرت یا تسلسل کے ساتھ اظہار کرنا، طومار باندھنا؛ انتہائی فیاضی سے کام لینا. ۳. بہت رونا، خوب آنسو بہانا.

دریا دل صف. بہت زیادہ سخی، فیاض، لُٹانے یا بہانے والا. اف: ہونا.

دریا دلی امث. سخاوت، فیاضی، کشادہ دلی. اف: دکھانا.

دریائے زخّار صف. بہت زیادہ علم و ہنر والے لوگ، موجیں مارتا ہوا سمندر، بڑا سمندر جس کا پانی کناروں سے بہہ نکلے.

دریا کا (کو) کوزے میں بند کرنا محاورہ. کسی بڑے مضمون کو مختصر الفاظ میں بیان کرنا؛ کسی محال یا مشکل کام کو انجام دینا.

دریا میں رہ کر/رہنا اور مگر مچھ سے بَیر کہاوت. جہاں انسان رہے اگر وہاں کے صاحب اقتدار یا بااثر لوگوں سے عداوت رکھے.

دَریافت (فت د، سک ر، ف) امث.
۱. شناخت؛ معرفت؛ تحصیل، حصول. ۲. کھوج، تلاش، جستجو. ۳. کسی نئی چیز یا بات کا انکشاف جس کا پہلے سے وجود تو ہو مگر لوگوں کو معلوم نہ ہو، تحقیق. ۴. جانچ، پوچھ گچھ، استفسار. ۵. ایجاد. اف: کرنا/ہونا. [ف].

دَریائی (فت د، سک ر) صف.
دریا سے منسوب، بحری، آبی.

دریچا/دَریچہ (فت د، ی مع/فت چ) اند.
کھڑکی، چھوٹا دروازہ، موکھا. [ف].

دریدَہ (فت د، ی مع، فت د) صف.
پھٹا ہوا، چاک کیا ہوا، خستہ (بطور سابقہ و لاحقہ مستعمل).

دریدہ دہن صف. منھ پھٹ، جو منہ میں آئے کہہ ڈالنے والا؛ بدزبان؛ گستاخ، بے باک.

دریغ (فت د، ی مج) (الف) کلمۂ تاسف.
افسوس، ہائے افسوس. (ب) اند. قلق، رنج، افسوس.

دریغ کرنا محاورہ. (کسی سے کسی معاملے میں) بخل کرنا؛ تکلف کرنا؛ کوتاہی کرنا، کسر اٹھا رکھنا.

دریں م ف.
اس میں، اس کے درمیان، میں.

دریں اثناء م ف. اس دوران میں، اس زمانے میں؛ ایک وقفے میں.

دَرْیوزَہ (فت د، سک ر، و مع، فت ز) اند.
بھیک؛ گداگری، گدائی. [ف].

دَڑاڑ (فت د) است.
شگاف، جھری، چاک، درز. [س].

دَڑبا/دڑبہ (فت د، سک ڑ) اند.
ا. مرغیوں یا کبوتروں کے رہنے کا گھر، کابک. ۲. کسی معیوب، بُری اور گندی جگہ کو حقارت سے کہتے ہیں. ۳. (طنزاً) بہت چھوٹا گھر. [س].

دُزدِیدَہ (ضم د، سک ز، ی مع، فت د) صف.
ا. چوری کا، چرایا ہوا. ۲. چھپا ہوا، پوشیدہ، چوری چھپے. [ف].

دُزدیدہ نگاہ/نگاہی صف؛ است. صف. کن انکھیوں سے دیکھنا، چھپ کر یا کنکھیوں سے دیکھنے کا عمل.

دَس (فت د) صف (عددی).
ا. دہائی کا پہلا عدد نو اور ایک، ہندسے میں ۱۰. ۲. کئی، متعدد؛ چند، کچھ. [س].

دس گز کی زبان است. بہت زبان دراز، زبان چلانا؛ بے باکی سے زبان کھولنا؛ لاف گزاف بکنا، دراز، بدزبان یا گستاخ ہونا.

دس گنا/گنی صف. دہ چند؛ خلاف توقع؛ بہت زیادہ شدت اور کثرت کے اظہار کے لیے.

دس نمبر بدمعاش/دس نمبریا صف. مشہور بدمعاش یا سزا یافتہ، عادی مجرم، ایسا بدمعاش جس کا نام بار بار جرم کرنے کے سبب، متعلقہ تھانے میں تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ نمبر دس کے تحت درج ہو.

دَساتیر (فت د، ی مع) اند؛ ج.
ا. دستور کی جمع، ضوابط و قوانین کے مجموعے، اُصول و ضوابط کے دفاتر، آئین کے مجموعے. ۲. پارسیوں کی مقدس کتاب جو چودہ صحیفوں پر مشتمل ہے اور اُن کے سب سے قدیم پیغمبر سے منسوب ہے. ۳. قاعدہ، طریقہ. [ع].

دِساوَر (کس د، فت و) اند؛ است.
ا. (i) دوسرے شہر یا ملک سے آیا ہوا تجارتی مال یا وہ مال جو دوسری جگہوں کو بھیجا جائے، باہر سے آنے والا یا بھیجا جانے والا. (ii) پردیسی، اجنبی. ۲. وہ جگہ جہاں تجارتی مال فروخت کرنے (برآمد) کے لیے با افراط جمع ہو، منڈی، تھوک فروشی کا مقام. ۳. غیر ملک یا ممالک. [س].

دَسْت (ا) (فت د، سک س) اند.
ا. ہاتھ، پنجہ. ۲. چوپائے کے اگلے دو پاؤں دست کہلاتے ہیں. ۳. (مرغان شکاری کے لیے تعداد کے اظہار کے موقع پر) جیسے: یکدست جرہ، یکدست باز وغیرہ. ۴. خلعت؛ زرہ. [ف].

دست بدست صف؛ م ف. ا. ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں، ہاتھوں ہاتھ، جلد، شتاب. ۲. آمنے سامنے، روبرو. ۳. ہاتھ کے ہاتھ.

دست بدعا/بہ دعا ہونا محاورہ. دعا کے لیے ہاتھ اُٹھانا، دعا کرنا، دعا مانگنے کی حالت میں ہونا.

دست بردار صف. کسی کام وغیرہ سے ہاتھ اُٹھانے والا، چھوڑنے والا، دست کش، بے تعلق.

دست برداری است. لاتعلق ہو جانا، قطع تعلق، کسی کام سے ہاتھ اُٹھا لینا، ترک کر دینا.

دست پناہ (الف) اند. چمٹا، دسپنا. (ب) است. پشت پناہی، معاونت، امداد.

دست درازی اث. ۱. (حرکات و سکنات و تیز زبان سے) گستاخی، بے باکی؛ چھیڑ چھاڑ؛ ہاتھ ڈالنا. ۲. زبردستی. ۳. چھینا جھپٹی، لوٹنا کھسوٹنا، استحصال. ۴. زیادتی. ۵. مداخلت، تخریب. ۶. عورت پر ہاتھ ڈالنا. اف: کرنا/ہونا.

دست راست اذ. (کنایۃً) حامی، مددگار.

دست شناس صف. ہاتھ کی لکیروں کا علم جاننے والا؛ ہاتھ کی لکیریں پڑھنے والا.

دست شناسی اث. ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر تقدیر کا حال بتانا، ہاتھ کی لکیریں پڑھنے کا علم.

دست کاری اث. ۱. ہاتھ کا کام یا کاری گری. ۲. مہارت، مشاقی، سبک دستی.

دست گیر صف. ۱. ہاتھ پکڑنے والا، مددگار، معین. ۲. قید؛ قیدی، گرفتار. ۳. (مجازاً) محبوب. ۴. حضرتِ محبوبِ سبحانی میراں محی الدین گیلانی غوث الاعظمؒ کا لقب. ۵. اسلامی تقویم کا چوتھا مہینہ، ربیع الثانی.

دست و گریباں ہونا/ بگریباں ہونا محاورہ. ۱. لڑنا، جھگڑنا. ۲. باہم ربط ہونا، گتھا ہوا ہونا.

دست یاب/ دستیاب صف. حاصل، میسر، پایا ہوا، وصول. [ف].

دَسْت (۲) (فت د، سک س) اذ.
پتلی اِجابت جو اعضائے ہضم میں کسی عضو یا خلط کی خرابی سے یا کسی مُسہل دوا کی وجہ سے آئے، پتلا پاخانہ. اف: آنا/لگنا. [ف].

دست آور صف. ایسی دوا جو دست لائے، مُسہل.

دَسْتا (فت د، سک س) اذ.
۱. رومال، تولیہ، ایک کپڑا جو پگڑی کے گرد باندھتے ہیں؛ لوہے کا ایک گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے. ۲. چھری، تلوار وغیرہ کا قبضہ، موٹھ؛ آدمیوں کا گروہ؛ فوج کا دستہ یعنی ایک حصہ؛ کاغذ کے ۲۴ یا ۲۵ تختے، رم کا بیسواں حصہ؛ سونٹا، ڈنڈا. ۳. مٹھا، گچھا.

دَسْتار (فت د، سک س) اث.
پگڑی، عمامہ، سرپیچ. [ف].

دستار بندی اث. عربی مدارس میں فارغ التحصیل طلبہ کو وارث یا جانشین قرار ٹھہرانے یا سند دینے کی تقریب تکمیل؛ تعلیم کی سند، مشرقی مدارس کی ایک خاص تقریب جس میں باقاعدہ وارث یا سند یافتہ شخص کے پگڑی باندھی جاتی ہے؛ کسی بزرگ کی سجادہ نشینی یا خلافت کے سلسلے میں پگڑی یا خرقہ پہنانے کی رسم و تقریب دستار خلافت، دستار فضیلت.

دَسْتانَہ (فت د، سک س، فت ن) اذ.
۱. ہاتھوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک آہنی ہتھیار جو لڑائی میں ہاتھوں پر پہنا جاتا تھا. ۲. کپڑے یا چمڑے کا بنا ہوا غلاف جو ہاتھ کے پنجے سے کلائی تک چڑھا لیتے ہیں. ۳. چمڑے کا بنا ہوا غلاف جو شکاری پرند پالنے والے انہیں ہاتھ پر بٹھانے کے لیے ہاتھوں پر پہنتے ہیں. ۴. تلوار یا کرچ وغیرہ کا قبضہ. [ف].

دَسْتاویز (فت د، سک س، ی مع) اث.
۱. کوئی اہم تحریر، یاد داشت، اِقرار نامہ جو آئندہ حوالے کے لیے مفید ہو. ۲. (قانون) وہ کاغذ جو دو یا کئی شخصوں کے مابین کسی معاملے میں بطور سند لکھا جائے، تمسک، اقرار نامہ، راضی نامہ. ۳. ضابطہ، دستور، ہدایت نامہ. ۴. ثبوت، سند. ۵. نشانی، علامت. ۶. (مجازاً) کرنسی نوٹ، سرکاری تمسکات. [ف].

دَسْتبَرْدار (فت د، سک س، ت، فت ب، سک ر) اذ.
لاتعلق، علیحدہ، بے نیاز؛ (کسی کام سے) ہاتھ اُٹھا لینے والا.

دَسْتبَرْداری (فت د، سک س، ت، ضم ب، سک ر) اث.
لاتعلقی، علیحدگی.

دَسْتخَط (فت د، سک س، ت، فت خ) اذ.
۱. کسی بات کی منظوری، اِقرار یا ثبوت وغیرہ کے لیے تحریر کے آخر میں یا حاشیہ پر اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا اپنا نام، نام کا اِختصار یا کوئی اور مقررہ نشان. ۲. خود اپنے ہاتھ کی تحریر (جس کے آخر میں ضرورتاً اپنے دستخط یا مہر) ہو. اف: بنانا/کرنا/ہونا. [ف].

دستخط کنندہ صف. دستخط کرنے والا؛ دستخط کرنے والا اہل کار.

دَسْتخَطی (فت د، سک س، ت، فت خ) (الف) صف.
اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا یا جس پر اپنے قلم سے دستخط ثبت کیے گئے ہوں (ب) اذ. تحریر، حکم یا فرمان جس پر مہر یا دستخط ثبت ہوں.

دَسْترخوان (فت د، سک س، فت ت، و معد) اذ.
۱. وہ چوکور یا مستطیل کپڑا جسے کھانا کھاتے وقت بچھا کر اُس پر کھانا چنا

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

یا لگایا جاتا ہے ؛ مراد : کھانا ، طعام .۲. روٹیاں لپیٹ کر رکھنے کا کپڑا .

دَسْتْرَس (فت د ، سک س ، ت ، فت ر) است ؛ اند .
ا. دیکھیے : دست رس ، رسائی ، پہنچ .۲. قابو ، قدرت ، اختیار .۳. قابلیت ، لیاقت ، دستگاہ .۴. بساط ، حیثیت .

دَسْتَک (فت د ، سک س ، فت ت) است .
۱. تالی ، ہاتھ پر ہاتھ مارنے کا عمل .۲. دروازہ بجانا ؛ دروازہ اور پھاٹک وغیرہ کھٹکھٹانے یا تھپتھپانے کا عمل .۳. محصول ، ٹیکس .۴. پروانہ ، راہ داری . [ف] .

دَسْتْکار (فت د ، سک س ، ت) اند .
دیکھیے : دست کار ، ہنر مند ، کاری گر .

دَسْتْکاری (فت د ، سک س ، ت) است .
دیکھیے : دست کاری ، ہنرمندی ، کاری گری ، ہاتھ کا کام .

دَسْتْگاہ (فت د ، سک س ، ت) است .
ا. (i) دیکھیے : دست گاہ ، حامی و ناصر ، منزلِ مراد . (ii) سرمایہ ، ساز و سامان ؛ مقدور ، مقدرت .۲. رسائی ، دست رسی .۳. مہارت ، مشق ، قابلیت ، لیاقت .۴. کارخانہ ؛ کاروبار کی جگہ .

دَسْتَنْبو (فت د ، سک س ، فت ت ، بغنّہ ن ، و مع) اند .
ا. گولی کی شکل کا خوش بوؤں کا مجموعہ جسے سونگھنے کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں ، لخلخہ .۲. گلدستہ . [ف] .

دَسْتُور (فت د ، سک س ، و مع) اند .
ا. (i) رسم و رواج ، روش ، چلن . (ii) عادت ، معمول .۲. طور ، طریقہ ، قاعدہ ، قرینہ .۳. قانون ، ضابطہ .۴. کسی ملک کا بنیادی قانون جس میں دوسری باتوں کے علاوہ طرز حکومت ، نیز عدلیہ ، انتظامیہ اور مقننہ کی ہیئت ، تشکیل اور اختیارات کی صراحت ہوتی ہے اور صدر مملکت کے اختیارات اور عوام کے حقوق و واجبات کا ذکر بھی ہوتا ہے .
۵. پارسیوں کا مذہبی پیشوا جیسے عیسائیوں میں پوپ اور یہودیوں میں احبار ہوتے ہیں .۶. موافق ، طرح ، مانند ؛ طریقہ ، نہج (عموماً "کے" کے ساتھ) . [ف] .

دستور ساز صف . آئین بنانے والا ، وہ اسمبلی یا مجلس جو ملک کا دستور (بنیادی قانون) بنائے ، بنیادی قوانین تیار کرنے والا .

دَسْتَہ (فت د ، سک س ، فت ت) اند .
ا. لکڑی وغیرہ کا قبضہ جو گرفت کے لیے کسی آلہ میں نصب ہو .۲. لکڑی ، لوہے یا پتھر وغیرہ کا بنا ہوا ڈنڈا یا موگری جو کسی آلہ کا جزو ہو اور جس کے بغیر وہ آلہ کام میں نہ لایا جا سکے ، موصل ، موصلی .۳. (i) گٹھا ، بنڈل (گھاس پھوس وغیرہ کا) . (ii) ۲۴ یا ۲۵ کورے کاغذوں کا مجموعہ ، بنڈل یا گڈی .۴. (i) فوج یا پولیس کا ایک حصہ ، رسالہ . (ii) خاص لوگوں کا کوئی گروہ ، ٹیم .۵. کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگی ہو . [ف] .

دَسْتی (فت د ، سک س) (الف) صف .
ا. ہاتھ کا ، ہاتھ میں لینے ، پہننے یا ہاتھ سے استعمال کرنے کا .۲. ایسا خط ، چٹھی یا پارسل وغیرہ جو ڈاک کے بجائے کسی کے ہاتھ بھیجا جائے .
۳. چھوٹی اور ہلکی پھلکی شے (جو ہاتھ میں بآسانی لی جا سکے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ اُٹھا کر منتقل کی جا سکے) . (ب) است .ا. مشعل .۲. چھوٹا قبضہ ، چھوٹا ہتھا ، ہینڈل .

دستی گھڑی است . کلائی پر باندھنے کی گھڑی .

... دستی لاحقہ . مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے چابک دستی ، تیز دستی ، پیش دستی وغیرہ .

دَسْتیاب (فت د ، سک س ، ت) صف .
حاصل ، موصول ، مہیا .

دَسْتیابی (فت د ، سک س ، ت) است .
دستیاب کا اسم کیفیت ، حصول ، پایا جانا ، میسر یا مہیا ہونا .

دِسَمْبَر (کس د ، فت س ، سک م ، فت ب) اند .
عیسوی سال کا بارھواں اور آخری مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے . [انگ] .

دَسْواں (فت د ، سک س) (الف) صف .
ا. دس سے منسوب ، دس سے نسبت رکھنے والا ، دس سے متعلق .۲. جس کا شمار نو کے بعد ہو ، دہم . (ب) اند . وہ فاتحہ جو کسی کے مرنے کی تاریخ سے دسویں دن ہو . [س] .

دَسْویں (فت د ، سک ت ، ی مج) صف .
دسواں کی حالت مغیرہ .

دَسْہرا / دَسْہرَہ (فت د، فت خف س، سک ہ/فت ر) اذ.
۱. جیٹھ کے مہینے کی دسویں تاریخ جس میں ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق گنگا اشنان کرنے سے گناہ دھلتے ہیں. ۲. مسلمانوں میں ایک رسم تھی جب دولہا سسرال جا کر دس دن رہتا تھا. [س].

دَشْت (فت د، سک ش) اذ.
۱. جنگل یا میدان، غیر آباد علاقہ. ۲. قبرستان. [ف].

دشت ظلمات اذ. گھور اندھیرا، تاریکی؛ (مجازاً) ناامیدی کا گھیرا.

دُشْمَن (ضم د، سک ش، فت م) صف؛ اذ.
۱. (i) جو شخص کسی کی جان مال آبرو وغیرہ کے نقصان کا خواہاں ہو، مخالف، بدخواہ. (ii) مدمقابل، حریف، رقیب. (iii) نقصان پہنچانے والا. ۲. (i) (عور) کسی عزیز یا محبوب کے متعلق کسی مکروہ یا بری بات کی تردید کے موقع پر جیسے: بیمار ہوں آپ کے دشمن. (ii) (عور) اس عزیز یا محبوب کی ذات جو لفظاً اس کا مضاف الیہ ہے، عورتوں کے روزمرہ میں بدشگونی سے بچنے کے لیے مستعمل. [ف].

دُشْمَناں (ضم د، سک ش، فت م) اذ؛ ج.
دشمن کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

دُشْمَنوں (ضم د، سک ش، فت م، و ج) اذ؛ ج.
دشمن کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

دشمنوں کے کان بہرے فقرہ. ۱. (عور) خدانخواستہ، اللہ کرے ایسا نہ ہو. ۲. خدا نظر بد سے بچائے، حاسد کو پتا نہ چلے وغیرہ.

دُشْمَنی (ضم د، سک ش، فت م) اث.
مخالفت، بیر، بدخواہی، عداوت، لاگ، خصومت، نقصان پہنچانے کی خواہش.

دُشْنام (ضم د، سک ش) اث؛ اذ.
گالی، برا بھلا. [ف].

دشنام طرازی اث. برا بھلا کہنا، گالیاں دینا، تضحیک کرنا.

دُشْوار (ضم د، سک ش) (الف) صف.
۱. کٹھن، مشکل، محنت طلب. ۲. ناگوار، دوبھر. (ب) م ف. مشکل سے، تکلیف کے ساتھ. [ف].

دُشْواری (ضم د، سک ش) اث.
۱. مشکل، دقت، سختی. ۲. ناگوار، بار خاطر.

دُعا (ضم د) اث؛ ج: ادعیہ.
۱. (i) اللہ سے مانگنا، طلب کرنا، التجا، عرض، پکار. (ii) وہ آیتیں یا دعائیں جو اللہ تعالیٰ سے التجا کے لیے پڑھی جائیں. ۲. (i) کسی کے حق میں کلمۂ خیر، خلوص و نیک تمناؤں کا اظہار. (ii) (خطوط نویسی) وہ کلمہ جو چھوٹے کو خط میں القاب یا نام کو غیرہ کے بعد سلام کی جگہ لکھا جائے، جیسے: جیتے رہو، خوش رہو وغیرہ. ۳. (نحو) جملۂ انشائیہ کی ایک قسم. ۴. خواہش، مراد؛ مبارک؛ سلام. ۵. (طنزاً) بددعا، کوسنا، برے الفاظ زبان پر لانا. اف: دینا/کرانا/کرنا/لینا/مانگنا/نکلنا. [ع].

دعائے قنوت اث. ۱. ایک مقرر دعا (بزبان عربی) جو نمازِ وتر کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے. ۲. (فقہ جعفری) مقرر دعا (بزبان عربی) جو ہر نماز کی دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد (رکوع سے پہلے) ہاتھ دعا کے لیے اٹھا کر پڑھی جائے.

دعاگو صف. دعا کرنے والا، دعا دینے والا، بہی خواہ، خیر خواہ.

دعائے مغفرت اث. کسی کے مرنے کے بعد اس کی بخشش کے لیے پڑھی جانے والی دعا.

دُعائِیَّہ (ضم د، کس ء، شد ی بفت نیز بلا شد) صف؛ اذ.
۱. (i) دعا کے انداز میں. (ii) وہ کلام یا کلمات جن میں دعائیں شامل ہوں. (iii) اشعار یا عبارت کا وہ حصہ جو نیک تمناؤں کے اظہار کے لیے مخصوص ہو.

دَعْوَت (فت د، سک ع، فت و) اث؛ ~ دعوۃ.
۱. کسی تقریب یا ضیافت یا تحریک میں شرکت کے لیے بلانا. ۲. دین میں آنے کی درخواست یا منادی، دعوت اسلام. ۳. (i) جن یا ہم زاد وغیرہ کو حاضر یا تابع کرنے یا کسی کو مسخر کرنے یا اور کوئی خلاف عادت کراماتی صورت پیدا کرنے کے لیے مقرر ورد پڑھنے یا لکھنے کا عمل (ii) اجرام فلکی سے استعانت (دعاؤں اور منتروں کے ورد سے). [ع].

دعوت شیراز اث. سادہ کھانا، بے تکلفی کی دعوت.

دَعْویٰ/ دَعْوے (فت د، سک ع، ا بشکل ی) اذ.
۱. وہ مدعا یا مفہوم جس کے حق ہونے پر قائل زور دے، یا مصر ہو

یقین ، صداقت کے ساتھ پُرزور لفظوں میں کہی ہوئی بات ، کوئی ایسی بات کہنے کا عمل جس کی دلیل دی جائے یا جسے دلیل کی ضرورت ہو . ۲. استغاثہ (جو عدالت کے سامنے پیش کی جائے) . ۳. کسی شخص کے تصرف اور زور ہونے کا استحقاق ، حق . ۴. کسی بات کا زعم ، غرور . ۵. مقابلہ ، دوسرے کے مساوی یا اہل ہونے کا . [ع] .

دَعْویدار (فت د ، سک ع ، ی ج) صف .

۱. اپنے منھ سے کسی کمال یا اچھی بات کو اپنی طرف منسوب کرنے والا . ۲. کسی بات کا زعم یا غرور رکھنے والا . ۳. حق جتانے والا ، استحقاق کا دعویٰ کرنے والا ، مطالبہ یا طلب گاری کرنے والا .

دَغا (فت د) است .

توقع کے خلاف دھوکا دینے یا مکاری کرنے کا عمل ، فریب . [ع] .

دغا باز صف . ۱. مکر فریب والا ، مکار ، جعل ساز ، فریبی ، غدار . ۲. (مراداً) شیطان ، ورغلانے والا .

دَف (فت د) اند نیز است .

کم و بیش ایک فٹ قطر کا چوبی حلقہ نما ایک ساز ، طبلہ سے مشابہ لیکن بڑا جس میں ایک طرف کھال منڈھی ہوئی ہو ، ڈفلا ، دائرہ ، ڈھپڑی ، چوبئ . [ف] .

دِفاع (کس د) اند .

۱. روکنے دور کرنے یا ہٹانے کا عمل یا کیفیت ؛ حفاظت ، بچاؤ . ۲. مخالف فوج کا حملہ یا دشمن کی شرانگیزی روکنے اور اسے پسپا کرنے کی صورت حال (جس میں اپنی جانب سے اقدام جنگ نہ ہو) . [ع] .

دِفاعی (کس د) صف .

مخالفت سے بچاؤ ، دشمن کے حملہ سے مدافعت .

دَفان (فت د) اند .

۱. نکال دینا ، دور کرنا ، ہٹا دینا (تحقیر ، تنفر یا عتاب کے موقع پر) . ۲. خیال چھوڑنا ، صرف نظر کرنا ، پس پشت ڈالنا (تحقیر وغیرہ کی بنا پر) . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

دَفْتَر (فت د ، سک ف ، فت ت) اند .

۱. وہ جگہ جہاں کسی ادارے ، انجمن یا محکمے وغیرہ کا عملہ یا کوئی شخص ذاتی کاروبار سے متعلق معمولاً کام کرتا ہے ، آفس . ۲. (i) مجموعہ کاغذات (جس میں کسی ادارے ، محکمے یا فرد کے ہر قسم کے رجسٹر حسابات ، فہرستیں ، فائل ، مسلیں ، مسودے وغیرہ ہوں) . (ii) (مجازاً) طویل تقریر یا تحریر ، باتوں کا پشتارہ ، طومار ، تفصیل . (iii) اعمال نامہ ، خطا و گناہ کی روداد ، فرد عصیاں . (iv) مجموعہ اشعار ، شاعری کی کتاب ، دیوان . (v) ہدایات ، وصیت ، نصیحت . ۳. مخطوط کتابچہ سزا و جرائم ، قیدیوں یا مجرموں کی تفصیل کا رجسٹر . ۴. (i) فہرست . (ii) حصہ ، باب ، عنوان ؛ جلد . ۵. دفتر مجموعہ حساب کو کہتے ہیں . [یو] .

دفتر اُلٹنا ف مر : محاورہ . صورت حال کا بالکل بدل جانا ؛ سارا کام یا منصوبہ منتشر یا ملیا میٹ ہو جانا ، انقلاب آ جانا .

دَفْتَری (فت د ، سک ف ، فت ت) (الف) اند .

۱. دفتر سے منسوب یا متعلق . ۲. دفتری کاغذات درست کرنے والا نیز جلدیں بنانے والا ، جلد ساز . (ب) است . کاغذوں کا پلندا ، سونے چاندی کے ورقوں کا گٹھا .

دَفْع (فت د ، سک ف) اند .

دور کرنے ، خارج کرنے یا زائل کرنے کا عمل ، نکالنا ، ہٹانا . اف : کرنا / ہونا . [ع] .

دَفْعان (فت د ، سک ف) اند .

دور ، پرے (کرنا ، ہونا) کے ساتھ . [ع] .

دَفْعَتاً / دَفْعَۃً (فت د ، سک ف ، فت ع ، تن ت بفت) م ف .

۱. یکا یک ، اچانک ، یکبارگی ، ناگہانی . ۲. فوراً ، اسی دم ؛ وہیں کا وہیں ؛ فی الفور . ۳. بلا سوچے سمجھے ، ارتجالاً . [ع] .

دَفْعَہ (فت د ، سک ف ، فت ع) است .

۱. باری ، نوبت ، مرتبہ ، بار . ۲. قانون یا دستور وغیرہ کی شق یا نمبر ، ضابطہ . [ع]

دَفْن (فت د ، سک نیز فت ف) اند .

۱. مردے کے قبر میں گاڑے جانے کا عمل ، تجہیز و تکفین . ۲. (مجازاً) کسی بھی چیز کے زمین میں گاڑے جانے کا عمل یا گڑا ہونا . [ع] .

دفن ہونا محاورہ. محفوظ ہونا ؛ اس طرح پوشیدہ ہونا کہ کسی کی رسائی نہ ہو.

دَفنانا (فت د، سک ف) ف م.
۱. کفن پہنا کر مردے کو قبر میں دفن کرنا. ۲. (مجازاً) کوئی شے یا بات اس طرح چھپا دینا کہ پھر کسی کے ہاتھ نہ آئے یا کسی کو پتا نہ چلے.

دَفینا/ دَفینَہ (فت د، ی مع، فت ن) امذ.
۱. گڑا یا چھپا ہوا خزانہ، دبا ہوا مال. ۲. (i) چھپی ہوئی چیز، آثار قدیمہ. (ii) (مجازاً) پوشیدہ آرزو، حسرت. [ع].

دِق (کس د) (الف) امث.
ایک مرض جس میں ہر وقت بخار رہتا ہے، کھانسی اٹھتی ہے، طبیعت نڈھال رہتی ہے اور اس کے جراثیم رفتہ رفتہ پھیپھڑوں کو بیکار کر دیتے ہیں، تپ کہنہ، تپ محرقہ. (ب) صف. ۱. تنگ، عاجز، پریشان و حیران ؛ گھٹن کی سی کیفیت یا ذہنی اذیت و تکلیف میں مبتلا، آزردہ. ۲. ناراض، خفا. [ع].

دَقائِق/ دقایق (فت د، کس ء) امذ.
۱. کسی بات کے محاسن و معائب کے وہ پہلو جو غور و فکر سے سمجھ میں آئیں، اسرار و رموز، باریکیاں، نکتے. ۲. (طبعیات) مادّے کے اجزائے صغیر. ۳. درجہ کے ساٹھ حصے، منٹ، پل، لمحے. [ع].

دِقّت (کس د، شد ق بفت) امث.
۱. (i) دشواری، پیچیدگی، اشکال. (ii) مصیبت، الجھن، پریشانی، تنگی. ۲. غور و خوض سے اسرار و رموز تک پہنچنے کی کیفیت، باریکی (جو سطحی اور معمولی نظر سے دکھائی نہ دے)، باریک بینی. [ع].

دَقیانُوس (فت د، سک ق، و مع) امذ.
۱. فارس اور عرب کے ایک نہایت ظالم اور کافر بادشاہ کا نام جس کے عہد میں اصحاب کہف ہوئے. ۲. (مجازاً) نہایت پرانا، اگلے وقتوں کا، پرانے زمانے کا [ع].

دَقیانوسی (فت د، سک ق، و مع) صف.
۱. اگلے وقتوں کا بوڑھا، رجعت پسند، قدیم رسموں اور روایتوں کا پابند (تحقیراً). ۲. پرانے زمانے کا، ضعیف الاعتقادی پر مبنی (خیال، بات یا شے وغیرہ).

دَقِیق (فت د، ی مع) صف.
۱. غور و تحقیق سے سمجھ میں آنے والے نکتے یا راز ؛ (مجازاً) پیچیدہ، مشکل، دشوار. ۲. معاملے کی گہرائی تک پہنچنے والا، نکتہ رس، بال کی کھال نکالنے والا، گہرے غور و تعمق والا، باریک بین (فہم و فکر وغیرہ). [ع].

دَقِیقَہ (فت د، ی مع، فت ق) امذ.
۱. مسئلے کا وہ باریک پہلو جو غور و تعمق سے سمجھ میں آئے، باریکی، نکتہ، عمیق پہلو. ۲. ایک گھنٹے کا ساٹھواں حصہ، منٹ، لمحہ ؛ (مجازاً) پل، وقت بتانے کا ایک مقررہ پیمانہ.

دقیقہ اُٹھا (نہ) رکھنا محاورہ. اپنی کرنی میں کمی نہ چھوڑنا، پوری کوشش اور دیکھ بھال کرنا، (کسی کام کو) کر لینا، کسر اٹھا نہ رکھنا.

دُکّا (۱) (ضم د، شد ک) صف.
اکا دکا (دیکھیے) جس میں یہ تابع کے طور پر مستعمل ہے.

دُکان (ضم د، شد ک نیز بلا شد) امث.
جگہ جہاں بیٹھ کر سودا بیچا جائے، سامان بیچنے کا مکان، کاروبار کا ٹھیا ٹھکانا، ہٹی. [ع].

دکان بڑھانا محاورہ. لاتعلق ہو جانا ؛ کاروبار ختم کرنا، کام سے فارغ ہو جانا، کسی عمل یا کاروبار سے دست بردار ہونا.

دکان چمکانا محاورہ. فروغ دینا، اپنے مقصد یا کاروبار کو ترقی دینا، آگے قدم بڑھانا.

دکان دار صف. دکان کا مالک، سودا بیچنے والا.

دکان داری امث. ۱. دکان کا کاروبار، چیزیں بیچنے کا کام یا پیشہ، سوداگری، خرید و فروخت کا کام ۲. روپیہ بٹورنے کا کاروبار.

دَکَن/ دکھن (فت د، ک نیز شد ک بفت) امذ.
۱. جنوب ۲. جنوبی علاقہ، خصوصاً جنوبی ہند کا علاقہ (حیدرآباد وغیرہ).

دَکنی/دکھنی (فت د، ک نیز سک) (الف) صف.
دکن سے متعلق یا منسوب. (ب) امث. دکن کی زبان، قدیم اردو جو دکن میں رائج تھی.

دکنی مرچ امث. سفید گول مرچ، سفید مرچ جو سیاہ مرچ کی قسم سے ہوتی ہے، ایک قسم کی چھوٹی لال مرچ جو نہایت تیز ہوتی ہے

فلفل ابیض، چلپلی سفید۔

دُکیلا (ضم د، ی مج) صف۔

اکیلا کے ساتھ تابع کے طور پر مستعمل، آدمی جس کے ہمراہ ایک اور آدمی ہو۔

دُکھ (ضم د) اند۔

۱۔ تکلیف، درد، اذیت، بے چینی، مصیبت (جس سے دل دکھی ہو)، سکھ اور آرام کی ضد ۔۲۔ رنج و غم، اندوہ ۔۳۔ بیماری، مرض۔ [س]۔

دکھ اور دشمن کو کم نہ سمجھو فقرہ۔ یہ حفظ ماتقدم کی عاقلانہ ہدایت ہے۔

دکھ بھرا/ دکھ بھری صف۔ رنج و غم میں ڈوبا ہوا (بیان یا حال وغیرہ) جس کو سن کر یا دیکھ کر دل رنجیدہ ہو جائے، غمگین۔

دکھ درد اند۔ رنج و غم، تکلیف، مصیبت۔

دِکھانا (کس د) ف م۔

۱۔ نظر کے سامنے لانا، ملاحظہ یا معائنہ کرانا ؛ (کسی کو) روبرو کرنا۔ ۲۔ بتانا ۔۳۔ اظہار کرنا، جتانا ۔۴۔ ترمیم، درستی یا مشورے کے لیے پیش کرنا ۔۵۔ مزہ چکھا دینا، کیفر کردار کو پہنچا دینا ۔۶۔ آفت، مصیبت یا برے حالات سے دوچار کرنا ۔۷۔ برتنا ۔۸۔ عمل سے ثابت کرنا، پایہ ثبوت کو پہنچا دینا ۔۹۔ دکھاوے یا ظاہر داری کے لیے عمل میں لانا، نمائش کرنا، ریاکاری سے بجالانا ۔۱۰۔ دیکھنا کا تابع ۔۱۱۔ بعض محاورات کا جزو ثانی اور حسب موقع معانی میں مستعمل (جیسے : آنکھیں دکھانا، پشت دکھانا، دھوپ دکھانا، آنچ دکھانا وغیرہ) ۔۱۲۔ بعض افعال مرکبہ کا جزو ثانی، تاکید فعل کے لیے مستعمل (جیسے : کر دکھانا)۔

دُکھانا (ضم د) ف م۔

تکلیف دینا، صدمہ پہنچانا، رنجیدہ کرنا۔

دِکھاوا (کس د) اند۔

ظاہر داری، نمائش، ریاکاری، بناوٹ، تصنع۔

دُکھتا (ضم د، کس کھ) صف مذ۔

جو رنج یا ایذا میں مبتلا ہو، جس میں درد اور تکلیف ہو (دل، کلیجا، پھوڑا وغیرہ)۔

دُکھتی (ضم د، سک کھ) صف مث۔

دکھتا کی تانیث، محاورات و مرکبات میں مستعمل۔

دکھتی (ہوئی رگ) (نس) پر ہاتھ یا انگلی رکھنا محاورہ۔ ایسی پتے کی بات کہنا یا ایسے بھید کی طرف اشارہ کرنا جس سے مخاطب کو سخت گھبراہٹ، پریشانی یا غصہ ہو یا اس کے دل کو چوٹ لگے، کسی کے عیب یا کمزوری کی گرفت کرنا۔

دُکھڑا (ضم د، سک کھ) اند۔

۱۔ دکھ، تکلیف، مصیبت ۔۲۔ (i) رنج و غم کا بیان، درد آمیز افسانہ۔ (ii) ایسی بات کا بیان جو سامع یا مخاطب کو ناگوار ہو، گلہ شکوہ، شکایت۔

دُکَھن (ضم د، فت کھ) امث۔

کسی عضو میں تکلیف کی کیفیت، درد۔

دُکھی (ضم د) صف۔

۱۔ ملول، رنجیدہ، مصیبت زدہ، پریشان ۔۲۔ بیمار، مریض۔ [س]۔

دُکھیا (ضم د، سک کھ) (الف) صف۔

۱۔ دیکھیے : دکھی، رنجیدہ، ملول ۔۲۔ دردمند، غم خوار۔ (ب) امث۔ مصیبت کی ماری عورت، غم زدہ عورت۔

دُگانَہ (ضم د، فت ن) اند۔

۱۔ جڑواں، دُہری ۔۲۔ نماز جس میں صرف دو رکعتیں ہوں، دو رکعت نماز، شکرانے کی دو رکعت نماز ۔۳۔ چھٹی لڑانے والی سہیلیوں کا باہمی رشتہ نیز ان سہیلیوں میں سے ایک۔

دگدگانا (فت د، سک گ، فت د) (الف) ف ل۔

دغدغانا، چمکنا، روشن ہونا، سرخ ہونا۔ (ب) ف م۔ چمکانا، سرخ ہونا۔

دگدگاہٹ (فت د، سک گ، فت د، ہ) امث۔

دغدغاہٹ، چمک، دمک، سرخی۔

دگدگہ (فت د، سک گ، فت د، گ) اند (قدیم)۔

اندیشہ، ڈر، دھڑکا۔

دِگر (کس د، فت گ) صف۔

۱۔ (i) دیگر، دوسرا۔ (ii) غیر، بیگانہ ۔۲۔ (سابق سے) مختلف، بدلا ہوا، متغیر (بیشتر ترکیب میں)۔

دگر گوں صف۔ متغیر، بدلا ہوا (اچھی سے بری حالت میں)، الٹ پلٹ،

زیر و زبر .

دُگنا (ضم د، سک گ) صف مذ.

دوچند، دونا، دہرا، ڈبل .

دَل (فت د) اند.

۱. (i) موٹائی، حجم، تہہ، دبازت. (ii) زخم کی سوجن یا اس کے چاروں طرف کا پھیلاؤ جو ورم کی وجہ سے سخت ہو جاتا ہے. ۲. (i) ہجوم، انبوہ. (ii) گروہ، جتھا، فوج. [س].

دِل (کس د) اند.

۱. سینے کے اندر قدرے بائیں جانب، الٹے پان سے ملتی ہوئی شکل کا اک عضو جس کی حرکت پر خون کی گردش کا مدار ہے، قلب. ۲. خاطر، ضمیر، باطن. ۳. دھیان، توجہ، خیال. ۴. حوصلہ، ہمت، جرأت، شجاعت، دلیری. ۵. احساس، جذبات. ۶. ذہن، دماغ، تخیل. ۷. درمیان، وسط. ۸. سخاوت، فیاضی. ۹. مرضی، خواہش، رغبت. ۱۰. مزاج، طبیعت. ۱۱. مرکز، محور، مرجع. [ف].

دل آزاری است. دل دکھانے کا عمل، ظلم و ستم، ایذا رسانی. اف: کرنا/ ہونا.

دل آنا (آجانا) محاورہ. مائل ہونا، عاشق ہونا، محبت ہو جانا.

دل باغ باغ ہونا محاورہ. بہت خوش ہونا، بے حد فرحت محسوس کرنا.

دل بجھ جانا محاورہ. مایوسی کی کیفیت طاری ہو جانا، اُمنگ جاتی رہنا، افسردہ ہو جانا، حوصلہ پست ہو جانا.

دل بر/ دلبر صف. دل لینے والا، دلربا، پیارا، محبوب، معشوق.

دل برداشتہ صف. جس کا دل کسی امر یا شے سے اچاٹ ہو جائے، اُکتایا ہوا، بیزار.

دل بَلّیوں اُچھلنا محاورہ. بہت بے تاب ہونا، گھبرانا، دل کا تیز تیز دھڑکنا.

دل بَھر آنا محاورہ. آنکھوں میں آنسو آ جانا، رقت ہونا؛ غمگین ہونا.

دل پذیر/ دلپذیر صف. دل کو لبھانے والا، مرغوب.

دل پسند/ دلپسند (الف) صف. ۱. مرغوب، پسندیدہ. ۲. محبوب، پیارا، معشوق. (ب) اند. ۱. ایک پکوان، ایک قسم کی مٹھائی.

دل پھٹ جانا/ پھٹنا محاورہ. ۱. بیزار ہونا، طبیعت ہٹنا، متنفر ہونا. ۲. بے حد غم و رنج ہونا، انتہائی صدمہ ہونا.

دل پھینک صف. جلد اور آسانی سے عاشق ہو جانے والا، اچھی صورت دیکھتے ہی ریجھنے والا، عاشق مزاج، شاہد باز.

دل جمعی است. بے فکری، اطمینان، سکون قلب، تسکین، تسلی، ڈھارس.

دل چُرانا/ چُورانا محاورہ (قدیم). ۱. پہلوتہی کرنا، کوتاہی کرنا، کترانا. ۲. درپردہ اپنا دل دادہ کرنا، فریفتہ کرنا، عاشق بنانا.

دل چسپ/ دلچسپ صف. دل لبھانے والا، پرلطف، پرکشش، عمدہ، خوب صورت، خوش نما.

دل داد/ دلداد (الف) اند. محبوب، معشوق، پیارا. (ب) صف. تسکین دینے والا، تسلی دینے والا.

دل دوز صف. ۱. تکلیف دہ، اذیت ناک، درد ناک، دل برمانے والا.

دل ربا/ دلربا (الف) صف. دل لبھانے والا، مطبوع خاطر؛ دل کش. (ب) اند. محبوب، معشوق، دلبر.

دل کش/ دلکش صف. دل لبھانے والا، پسندیدہ، خوش نما، مرغوب الطبع.

دل کو چھونا محاورہ. پسند خاطر ہونا، مرغوب ہونا، پسند آنا.

دل کو مارنا محاورہ. طبیعت کو کسی شوق یا لذت سے باز رکھنا، خواہش کو روکنا یا دبانا، خواہش کے باوجود کسی چیز سے صبر کرنا.

دل کے (جلے) پھپھولے (پھولے) پھوڑنا محاورہ. دل کی بھڑاس نکالنا، غصہ اترنا، رنج رفع کرنا، جلی کٹی باتیں کرنا، طعنہ دینا.

دل گرفتہ صف. غمگین، اداس، ملول.

دل لگی است. ۱. ہنسی مذاق، خوش طبعی، چہل. ۲. محبت، دوستی، آشنائی. ۳. آسان بات، معمولی بات. ۴. دل چسپی، مشغلہ. اف: کرنا/ ہونا.

دل میں چور ہونا محاورہ. بدگمانی ہونا، بدظنی ہونا؛ اندیشہ ہونا، کسی خیال کا دل میں چھپا ہوا یا پوشیدہ ہونا؛ دل میں اپنی کوتاہی کا احساس ہونا.

دل میں لڈو پھوٹنا محاورہ. بے حد خوش ہونا، دل میں بہت خوشی ہونا.

دِلا (کس د) ندائیہ.

اے دل!

دَلّا (فت د، شد ل) صف.

دیوث، بھڑوا، دلال.

دُلار (ضم د) امذ.
پیار، ممتا، ناز یا ان جذبوں کے اظہار کی کیفیت، لاڈ پیار.

دُلارا (ضم د) (الف) صف.
پیارا، عزیز، لاڈلا. (ب) امذ. پیارا بیٹا.

دِلاسا/ دِلاسہ (کس د) امذ نیز امث.
تسلی، تشفی، تسکین. اف: دینا.

دَلّال (فت د، شد ل) صف.
۱. کسی امر یا شے کی طرف دلالت یا رہنمائی کرنے والا، نشان دہی کرنے والا، بائع اور مشتری میں واسطہ ہو کر خرید و فروخت کرنے والا، آڑھتیا، ایجنٹ. ۲. شخص جو مردوں کو پیشہ کرنے والی عورتوں سے ملانے کا کام کرے، بھڑوا، دیوث، کٹنا. [ع].

دَلالَت (فت د، فت ل) امث.
۱. (i) رہنمائی، سفارش، حمایت. (ii) (کسی امر یا معاملے میں) ہدایت. ۲. شے جو کسی دوسری شے کی طرف اشارہ کرے، علامت، نشان، پتا. ۳. (منطق) ایک شے کے علم سے دوسری شے کا علم حاصل ہونا جیسے: وجود مصنوع کے علم سے وجود صانع کا علم حاصل ہوتا ہے). ۴. اطلاق، نشان دہی، ثبوت، اشارہ. [ع].

دَلّالی (فت د، شد ل نیز بلا شد) امث.
۱. (i) دلالی کے پیشہ کی اُجرت. (ii) (مجازاً) ثالثی، بیچ بچاؤ، سیاسی داؤ پیچ. ۲. دلال کا کام، عمل یا پیشہ. ۳. چالاکی، عیاری. ۴. (دکان داری) تاجر یا بیوپاری کی طرف سے بازار میں تجارتی مال کے فروخت کرنے کا طریقۂ کار.

دِلاوَر (کس د، فت و) صف؛ امذ.
بہادر، سورما، منچلا، باہمت، جری.

دُلائی (ضم د) امث.
رضائی کی وضع کی دہری چادر جس کے درمیان روئی کی باریک تہ بھی ہوتی ہے اور چاروں طرف اریب گوٹ لگائی جاتی ہے.

دُلتّی (دُلتّیاں) (ضم د، ف ل، شدت) امث.
چوپائے کا پچھلی دونوں ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا.

دَلِدَّر (فت د، کس ل، سک نیز فت د بشد) امذ.
۱. فقر و فاقہ کشی کی حالت، افلاس، تنگ دستی، بدحالی. ۲. (i) نحس یا منحوس، شے یا شخص جس پر نحوست برستی ہو، میلا کچیلا آدمی، خوار و خستہ. (ii) میلا، پرانا، خراب، بوسیدہ. (iii) غریب، مفلس، کم حیثیت، بدحال، کم تر درجے کا. [س].

دَلْدَل (فت د، سک ل، فت د) امث.
زمین جو پانی کے اثر سے اتنی نرم اور لیس دار ہو گئی ہو کہ اس میں پاؤں دھنس جائیں، کیچڑ سے بھری ہوئی زمین. [پ].

دُلْدُل (ضم د، سک ل، ضم د) امذ.
۱. وہ سفید سیاہی مائل خچر جو اسکندریہ کے حاکم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نذر کیا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عطا فرمایا تھا. ۲. سجا ہوا گھوڑا، گھوڑے کی شکل کا تعزیہ، وہ گھوڑا جس پر سامان ماتم لاد کر عشرۂ محرم میں عزا خانے میں لے جاتے ہیں. [ع].

دُلْمَہ (ضم د، سک ل، فت م) امذ؛ ← دلما، دولمہ.
قیمہ یا پنیر بھر کر پکائے ہوئے بینگن اور ٹنڈے. [ف].

دَلْنا (فت د، سک ل) ف م.
۱. (i) موٹا موٹا پیسنا، دردرا کرنا، غلے وغیرہ کے دانوں کو چکی کے ذریعے نصف نصف کرنا، مطلقاً پیسنا، دلوانا. (ii) تباہ کرنا، برباد کرنا، رگیدنا، رگڑنا، مارڈالنا. [س].

دَلْو (فت د، سک ل) امذ.
۱. ڈول. ۲. خاک دان؛ خاک بردار؛ غلہ پیسنے کا ایک آلہ، مانی. ۳. (فلکیات، ہیئت) آسمان کا گیارھواں برج. [ع].

دِلْوانا (کس د، سک ل) ف م.
۱. دینا کا متعدی المتعدی. ۲. کسی سے کسی کو کوئی چیز دلانا.

دُلْہا (ضم د، سک ل) امذ.
دولھا، نوشاہ، شخص جس کی شادی ہو.

دُلْہَن (دُلْھَن) (ضم د، سک ل، فت ہ/ فت لہ) امث.
لڑکی جس کی شادی ہوئی ہو یا شادی کے لیے سجائی گئی ہو، بنی، عروس.

۲. بہو، بیٹے کی بیوی. ۳. (مجازاً) بیٹی، دختر. ۴. پیاری، عزیزہ.

دِلی (۱) (کس د) صف.
جانی، جگری، باطنی، خالص، پکا (جیسے: دلی دوست).

دِلی (۲) (کس د) لاحقہ.
بطور لاحقہ مستعمل (جیسے: نرم دلی، بددلی، خوش دلی، زندہ دلی).

دِلّی (کس د، شد ل) اسث.
دہلی، شمالی ہند کے ایک شہر کا نام، (مرکبات میں مستعمل) [پ].

دلی دور ہے کہاوت. منزل مقصود دور ہے یا حصول مقصد میں ابھی دیر ہے، مقصود اصلی ابھی دسترس میں نہیں.

دَلْیا / دَلْیَہ (فت د، سک ل/فت ی) اند.
۱. دلا ہوا اناج، جو، جوار، گیہوں وغیرہ کا دانے دار آٹا جو بجائے پیسنے کے چورا کرلیا گیا ہو، موٹا پسا ہوا غلہ. ۲. گیہوں، جو یا جوار وغیرہ کے دلے ہوئے دانوں کی پتلی حریرے کی طرح پکائی ہوئی غذا جو حسب ضرورت میٹھی، نمکین مرغن یا سادہ ہوتی ہے.

دِلیر (کس د، ی مج) صف.
خوف، جھجک یا ہچکچاہٹ کے بغیر کسی کام یا اقدام پر آمادہ، نڈر، جرأت یا بے باکی سے کام لینے والا، بے جھجک، بے باک. اف: ہونا. [ف].

دِلیری (کس د، ی مج) اسث.
دلیر کا اسم کیفیت، بے باکی، بے خوفی، شجاعت، بہادری.

دَلیل (فت د، ی مع) (الف) اسث.
۱. (i) (منطق) شے جس کا علم دوسری شے کے علم کا سبب یا علامت ہو. (ii) حجت، ثبوت، وجہ. ۲. رہنمائی. (ب) صف. ۱. مقامات کی نشان دہی کرنے والا، ریڈیا، گائیڈ. ۲. (طب) قارورہ، شیشی میں بیمار کا پیشاب. ۳. جس سے کوئی امر ثابت ہو جائے، کسی امر کا ثبوت. [ع].

دَم (۱) (فت د) اند.
۱. سانس، نفس؛ سانس لینے کے عمل میں اندر جانے والی یا باہر آنے والی ہوا. ۲. لمحہ، آن، پل؛ وقت، ہنگام، موقع. ۳. (i) ہستی، وجود، ذات؛ طفیل. (ii) تنفس. ۴. سانس لینے کی قوت، نالہ و آہ کرنے کی سکت. ۵. قوت، توانائی، زور. ۶. حوصلہ، ہمت. ۷. کوئی دعا یا منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل؛ دعا یا جادو جو پھونکا جائے. ۸. (مجازاً) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ جس میں وہ قم باذن اللہ کہہ کر (خدا کے حکم سے) مُردوں کو جلاتے تھے. ۹. سالن یا چاولوں کی دیگ یا دیگچی کی بھاپ بند کرنے کا عمل جو سالن یا چاولوں کو بھاپ کی حرارت سے گلانے کے لیے کیا جاتا ہے، دم پخت. ۱۰. بطور لاحقہ (تراکیب میں مستعمل). [ف].

دم بخود صف. ۱. خاموش، ساکت، گنگ، چپ چاپ، دم سادھے. ۲. حیران، ششدر، ہکابکا، مبہوت.

دم پخت (الف). اند. ۱. (i) پتیلی یا دیگ کی بھاپ روک کر یا منہ بند کر کے پکایا ہوا کھانا، چیز جو پتیلی کے منہ کو آٹا لگا کر بند کر کے پکائی جائے، ایک طرح کا پلاؤ. (ii) گوشت کے پارچہ یا سالم بکرے کا تیار کیا ہوا کھانا، بھاپ بند طریقہ سے پکانے کا عمل. ۲. اندر ہی اندر جوش کھانا؛ دو چیزوں کے درمیان دب کر رہ جانے کا عمل؛ ذہنی الجھن، انتشار. (ب) صف. ۱. خاموش، گم صم، ساکت، چپ، دم بخود. ۲. گھٹ کر مرنے کا عمل.

دم توڑ دینا / توڑ دینا / ٹوٹ جانا / ٹوٹنا محاورہ. ۱. جان کنی یا موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہونا، آخری سانس لینا، قریب مرگ ہونا، سانس اُکھڑنا؛ مشکل میں ہونا. ۲. مرنا، جان دینا. ۳. دم پر رکھی ہوئی دیگ کا منہ کھولنا، کھانا دم پر سے اُتارنا. ۴. بے اثر ہو جانا؛ کم اہم ہونا؛ مٹ جانا، ختم ہو جانا.

دم درود اند. ۱. (مجازاً) طاقت، دم خم، مقابلے کی قوت. ۲. درود شریف، دعا یا کوئی اسم پڑھ کر پھونکنے کا عمل؛ عاملوں کا پیشہ.

دم دے دینا/ دینا محاورہ. ۱. فریب دینا، جل دینا. ۲. (i) مرنا، فوت ہونا، جان نکل جانا، دم توڑ دینا. ۳. ہزار جان سے عاشق ہونا، فریفتہ ہونا، فدا ہونا، جان چھڑکنا. ۴. (i) کسی کھانے کو دھیمی آنچ یا بھاپ پر چھوڑ دینا، پلاؤ، چاول اور بریانی وغیرہ کو آخر میں ہلکی آنچ دینا (ii) چائے دانی میں پتی ڈال کر رنگ آنے کے لیے چھوڑ دینا.

دم سادہ لینا/ سادھنا/ سانْدھنا محاورہ. ۱. سانس روک لینا، چپ سادھنا سکوت اختیار کرنا. ۲. حرکت نہ کرنا، عمداً بے حس و حرکت ہو جانا.

دم (کر دینا) کرنا محاورہ. بیماری یا کسی اور مصیبت سے محفوظ رکھنے کے لیے دعا وغیرہ پڑھ کر پھونکنا ؛ آسمانی کتابوں کی آیات پڑھ کر پھونکنا .

دم گھٹنا محاورہ. ا. سانس رکنا ، انقباض نفس کی کیفیت پیدا ہونا . ۲. پریشان ہونا ، دل گھبرانا .

دم لینا محاورہ. ا. اطمینان کا سانس لینا . ۲. (i) آرام کرنا ، کام سے تھکنے کے بعد ستانا . (ii) تھمنا ، رکنا ، ٹھہرنا ؛ قیام کرنا . ۳. ماننا ، باز آنا ، چپکا رہنا . ۴. کش لگانا ، تمباکو کا دھواں کھینچنا . ۵. جان لینا ، مار ڈالنا . ۶. کچھ کہنا ، بات کرنا ، دم مارنا .

دم نکل جانا/ نکلنا محاورہ. ا. جان نکلنا ، مرنا ، روح قبض ہونا ، موت واقع ہونا . ۲. نزع کے عالم میں ہونا ، آخری سانس لینا . ۳. دہشت طاری ہونا ، ڈر لگنا ، گھبراہٹ ہونا .

دم ہونا محاورہ. ا. پھونکا جانا ، دم ڈالا جانا ، دم پھونکا جانا (منتر ، دعا وغیرہ) . ۲. جان ہونا ، جسم میں زندگی کی رمق باقی ہونا ، سانس لینے کی قوت ہونا . ۳. دم پخت ہونا ، پکنا (چاول ، چائے وغیرہ) . ۴. سکت ہونا ، ہمت ہونا ، تاب و طاقت ہونا ، حوصلہ ہونا .

دَم (۲) (فت د) اند.

(i) خون ، لہو . (ii) جان ، زندگی . [ع] .

دَم خشک ہو جانا/ ہونا محاورہ. خون خشک ہونا ، ڈر جانا ، سہم جانا ، خوف طاری ہونا .

دُم (ضم د) امث.

ا. (i) پونچھ . (ii) (پگڑی وغیرہ کا) پچھلا حصہ جو لمبا ، لٹکتا ہوا اور زائد معلوم ہو ، شملہ ، دنبالہ . ۲. (i) شخص جو کسی کے پیچھے مستقل لگا رہے ، دم چھلا ، پخ . (ii) پیروی کرنے والا ، پیچھے چلنے والا ، پیرو . [ف] .

دُم پر پاؤں رکھنا محاورہ. تکلیف دینا ، تنگ کرنا ، چھیڑنا ، دکھتی رگ یا کمزوری پکڑنا .

دم چھلا اند. ا. ہر وقت ساتھ رہنے والا . ۲. (مجازاً) حمایتی ، ہم خیال ، ہم مزاج ، حلقے کا .

دم دار صف ؛ - دُمدار . ا. جس کے دُم ہو ، پونچھ والا . ۲. دُم کی طرح کا ، لمبا یا نوکیلا ، دم کی طرح نکلی ہوئی کوئی شے .

دُم دار ستارہ اند. (ہیئت) سیارہ جس کے پیچھے روشن لکیر نظر آتی ہے اور جو اپنے دائرہ نما مدار میں گردش کرتا ہے ، جھاڑو تارا .

دُم دبا کر/ کے بھاگ جانا / بھاگنا محاورہ. مغلوب ہو جانا ، دب کے بھاگنا ، پیٹھ دکھانا ، ڈر کے بھاگنا .

دُم ہلانا محاورہ. خوشامد کرنا ، چاپلوسی کرنا ؛ انکسار و عاجزی کا اظہار کرنا .

دَمادَم (فت د ، د) اند.

متواتر ، پے در پے ، مسلسل ، دم بہ دم .

دِماغ (کس نیز فت د) اند.

ا. مغز سر ، بھیجا ، جان داروں کے جسم کا وہ حصہ جو نظام اعصاب کا مرکز ہے . ۲. سر کا اوپری حصہ ، چندیا . ۳. سوچنے اور غور کرنے کی قوت یا وہ عضو جس میں سوچنے اور غور کرنے کی قوت ہوتی ہے ، عقل ، فہم ، متخیلہ . ۴. سونگھنے کی قوت یا وہ عضو جس میں یہ قوت ہو ، بینی ، مشام . ۵. ہوش و حواس ، خیال ؛ فکر ، توجہ . ۶. حافظہ ، یاد داشت . [ع] .

دماغ آسمان پر پہنچ جانا/ پہنچنا/ چڑھنا محاورہ. مغرور ہو جانا ، خود پسند ہو جانا ، بگڑ جانا .

دماغ پکا دینا/ پکانا محاورہ. فضول کسی بات پر غور و فکر کرنا ، خام خیالی میں مبتلا ہونا ، دماغ کو پریشان کرنا ، بہت بک بک کرنا .

دماغ چل جانا / چلنا محاورہ. ا. اترانا ، مغرور ہو جانا ، دماغ خراب ہو جانا ، دماغ آسمان پر ہونا . ۲. بڑی ہو جانا ، دماغ پھر جانا ، پاگل ہو جانا .

دماغ درست کرنا محاورہ. گھمنڈ نکالنا ، غرور توڑنا ، غصہ زائل کرنا ، سیدھی راہ پر لانا .

دماغ کھا جانا/ کھانا محاورہ. (بک بک کے) پریشان کرنا ، زیادہ باتیں کر کے) ایذا پہنچانا .

دِماغی (کس نیز فت د) صف.

ا. دماغ سے نسبت رکھنے والا ، دماغ کی طرف منسوب ، دماغ کا . ۲. (عور) مغرور ، متکبر ، بد دماغ ؛ شیخی باز .

دماغی توازن بگڑنا محاورہ. دماغ خراب ہو جانا ، پاگل ہو جانا .

دُنبالہ (ضم د ، سک م ، فت ل) اند.

ا. دیکھیے : دنبالہ ؛ سرمے کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے بڑھی ہوئی

خوب صورتی کے لیے چھوڑ دیتے ہیں . ۲. پچھا ، پچھلا حصہ ، لکیر یا دم وغیرہ . اف : کھینچنا / لگانا .

دُمچی (ضم د ، سک م) است .

۱. تسمہ جو زین کے پچھلے حصے سے جڑا ہوتا ہے دُم کے نیچے سے گزرتا اور زین کو آگے کی طرف جانے سے روکتا ہے . ۲. پشت کا پچھلا حصہ یا اس کی ہڈی ، چھوٹی دم . ۳. کسی شے کا باہر نکلا ہوا سرا یا نوک .

دَمْدَمَہ (فت د ، سک م ، فت د ، م) امذ .

۱. (i) عارضی قلعہ (جو تھیلیوں میں مٹی بھر کر اور انھیں چاروں طرف چن کر بنا لیا جاتا ہے) ، مورچہ ، دھس ، بندوقچیوں کی پناہ گاہ . (ii) چبوترہ ، مچان ، منڈیر . ۲. (i) رونق ، چہل پہل ، ہنگامہ . (ii) نقارے کی جوڑی میں دائیں یعنی سیدھے ہاتھ کی طرف کا طبل اور اس طبل کی آواز . ۳. دکھاوا ؛ نمود ، نمائش ؛ شہرت ؛ غوغا ؛ توپ کا شور ؛ گھمنڈی . [ف] .

دَمْڑی (فت د ، سک م) است .

۱. پیسہ کا چوتھائی (یا آٹھواں) حصہ . ۲. چوتھا حصہ ، چوتھائی . [س] .

دَمڑی نہ جائے پر (چاہے) چمڑی جائے فقرہ . بڑا بخیل ہے تکلیف سہتا ہے لیکن پیسہ خرچ نہیں کرتا .

دَمَک (فت د ، م) (الف) است .

۱. چمک ، آب و تاب ، روشنی ؛ تمتماہٹ ، درخشانی . ۲. تازگی ، رونق . ۳. تپش ، گرمی . ۴. سرخی ، چہرے یا سونے کی چمک ، جگمگاہٹ .

(ب) صف ؛ امذ . ۱. ہلانا ، سدھانا ، مطیع بنانا ؛ سدھانے والا ، قابو میں کرنے والا ؛ اپنے جذبات پر قابو رکھنے والا ؛ برگزیدہ انسان ، فوق البشر صفات رکھنے والا ، ہیرو . ۲. (لوہاری) لوہار کی بھٹی کی دھونکنی کا گاؤ دم وضع کا لمبوترا منھ جو عام طور سے ایک خاص قسم کی مٹی کا بنایا جاتا ہے جو آگ کے اثر سے خراب نہیں ہوتا . [پ] .

دَمکانا ف م . چمکانا ، روشن کرنا ، اُجالنا .

دَمکنا (فت د ، م ، سک ک) ف ل .

۱. چمکنا ، درخشاں ہونا ، تاباں ہونا ، جھلکنا . ۲. (مجازاً) شاداب ہونا ؛ بارونق ہونا .

دَمَن (فت د ، م) (الف) است .

۱. ٹیلا ، مٹی کا بڑا تودہ ، چھوٹی پہاڑی . ۲. عاشق ، محبت کرنے والا ؛ معشوق ، محبوب . (ب) است (شاذ) . آگ . [ف] .

دَمْوی (فت د ، م نیز سک م) صف .

خون سے متعلق ، خون کا ، خون والا .

دَمَہ (فت د ، م) امذ .

۱. دھونکنی ، پھونکنی ، دھونکنیوں کی جوڑی . ۲. پھیپھڑے کا مرض جو عموماً الرجی سے پیدا ہوتا ہے جس میں سانس جلدی جلدی آتا ہے ، ضیق النفس . ۳. پرندے کی بولی یا آواز جس سے وہ اپنے ہم جنسوں کو شکاری پرندے کی آمد کی خبر دیتا ہے . [ف] .

دَمِیدَہ (فت د ، ی مع ، فت د) صف .

۱. چلتا ہوا ، جاری ، رواں دواں . ۲. اُگا ہوا ، پھوٹا ہوا ، کھلا ہوا ، کھلنے والا . ۳. ظاہر ، نمودار ؛ آغاز ، سپیدۂ سحر . ۳. بڑھا ہوا ، پھیلا ہوا . [ف] .

دِن (کس د) امذ .

۱. سورج کے نکلنے سے غروب ہونے تک کا عرصہ ، روز ، رات کی ضد . ۲. چوبیس گھنٹے کی مدت ، روز و شب (عموماً صیغہ جمع میں مستعمل) . ۳. (i) (مطلقاً) وقت ، زمانہ . (ii) ساعت ، گھڑی ، موقع . (iii) عہد ، سن ، عمر . (iv) قسمت ، بخت ، نصیب . ۴. موسم ، رُت . ۵. ایام ماہواری ، حیض کی مدت . [س] .

دِن بَدِن م ف . ہر روز ، روزانہ ؛ رفتہ رفتہ ، آہستہ آہستہ .

دِن پورے کرنا محاورہ . جوں توں زندگی گزارنا ، مصیبت میں گزر بسر کرنا ، وقت گزارنا .

دِن پہاڑ سا کٹنا محاورہ . بڑی دقت سے دن گزرنا ، بڑی مصیبت سے دن تمام ہونا .

دِن پھر جانا / پھرنا محاورہ . حالات سدھرنا ، بہتر حالت ہونا ، پریشانی کا زمانہ بیت جانا ، خوش بختی کے دن آنا .

دِن چڑھنا محاورہ . ۱. خون حیض (ماہواری) کا اپنے وقت پر نہ آنا ، عورت کا حاملہ ہونا . ۲. حساب سے کسی دن کا زیادہ ہونا .

دِن چڑھے م ف . دھوپ پھیل جانے کے بعد جس وقت دن اچھی طرح

فت = فتح (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (ملفوظہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

نکل آئے .

دن دِکھانا محاورہ. ا.خوشی کا موقع بہم پہنچانا، نیک ساعت لانا، خوشی دینا. ۲.خراب وقت لانا، (کسی کو) مصیبت سے دو چار کر دینا.

دن دوگنا (دونی) دونا/(اور) رات چوگنا (چوگنی) م ف، است. روز بروز، لحہ بہ لحہ زیادہ، ساعت بہ ساعت زیادہ، کسی امر میں کمال ترقی کی نسبت کہتے ہیں.

دن دہاڑے م ف. ا. برملا، علی الاعلان، کھلم کھلا. ۲.صبح کے وقت، دن میں، دن کی روشنی میں.

دن رات ایک کرنا محاورہ. ہر وقت جدوجہد یا کام میں مشغول رہنا.

دن عید (اور) رات/شب، شب برات کہاوت. ہر وقت خوشی اور عیش و آرام ہونے کے موقع پر مستعمل.

دن کو تارے (ستارے) محاورہ. ا. دماغی صدمہ پہنچانا جس سے آنکھوں کے سامنے ترمرے سے آجائیں. ۲.خوب مارنا، خوب پٹائی کرنا؛ بہت مارنا.

دن کو تارے نظر آنا/ پڑنا/ دکھاء دینا محاورہ. ایسی بات یا عمل کرنا یا ہونا جس سے ہوش اڑ جائیں، آنکھوں کے سامنے ترمرے آ جائیں اور رنج یا صدمہ پہنچے.

دُنبالا/دُنبالَہ (ضم د، سک م بشکل ن/ فت ل) اند.

ا. دُم، پیچھا، پچھلا حصہ، دُم چھلا. ۲. آنکھ کا کویا، سرے کی لکیر جو گوشہ چشم سے کنپٹی کی طرف نکلی ہوئی ہو. [ف].

دُنبَہ (ضم د، سک م بشکل ن، فت ب) اند.

مینڈھا جس کی دُم (چربی کی وجہ سے) چکی کے پاٹ کی طرح گول اور بھاری ہوتی ہے، چکی دار مینڈھا. [ف].

دَند (فت د، سک ن) اند.

ا. دانت. ۲. جلاہوں کا ایک دانے دار اوزار، جلاہے کی مشین کا وہ بیرم جو دھرے کو فشارے سے جوڑتا ہے. [ف].

دَنداسا/ دَنداسَہ (فت د، سک ن/ فت س) اند.

ایک درخت کی چھال جسے دانت صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اس سے ہونٹوں پر ہلکا سا زرد رنگ چڑھ جاتا ہے.

دَندان (فت د، سک ن) اند، ج.

ا. دانت، بتیسی، چوکا. ۲. دیکھیے: دندانہ. [ف].

دندان شکن صف. (حریف کو) لاجواب اور قائل کر دینے والا، منھ توڑ، کلہ شکن.

دندان شکن جواب اند. ایسا جواب کہ جس کا جواب نہ بن پڑے، منھ توڑ جواب.

دَندانَہ (فت د، سک ن، فت ن) اند.

آرا، درانتی، کنگھی یا بال کترنے کی مشین وغیرہ کا کانٹے کی شکل کا دانتا، دانت کے مشابہ کوئی چیز جو ایک قطار میں پائی جائے، دانتا. ۲. (i) س اور تشدید کے اوپر کو ابھرے ہوئے تین خطوط، نیز ان میں سے ہر ایک. (ii) (خطاطی) شوشہ. ۳.کنجی یا چابی کے سرے کے ایک یا دونوں کناروں پر چھوٹے بڑے کٹاؤ جو تالے کے اندرونی پرزوں کے لحاظ سے ہوتے ہیں. ۴. چھوٹی سی چیز کا پتلا سا کنگرہ. ۵. کنارے کا کٹاؤ یا اس کی لہریا سا ہونے کی کیفیت. ۶. شگاف، دراڑ.

دَنْدَناتا (فت د، سک ن، فت د) صف؛ م ف.

اینڈتا، اکڑتا، بیباکانہ انداز سے؛ بے دھڑک.

دَنْدَنانا (فت د، سک ن، فت د) ف ل.

ا. بے دھڑک بے کھٹکے گھومنا پھرنا، آزاد ہونا. ۲. بے دھڑک داخل ہونا، گھس آنا، اچانک آ جانا؛ بے باکانہ در آنا.

دَنگ (فت د، غنہ) صف.

ا. حیران، ہکا بکا. اف: رہنا/کرنا/ ہونا. ۲. بے وقوف، احمق؛ دیوانہ، مجنوں، پاگل؛ بے پروا؛ بے حس؛ دو پتھروں کے ٹکرانے کی آواز؛ قلندروں کی آواز. [ف].

دَنگا (فت د، غنہ) اند.

ا. (i) لڑائی، جھگڑا. (ii) شرارت، توڑ پھوڑ. ۲. ہنگامہ، بغاوت، سرکشی. اف: کرنا/ مچانا/ مچنا/ ہونا. [س].

دنگا فساد اند. ا.لڑائی جھگڑا. ۲.شرارت، توڑ پھوڑ. اف: کرنا/ مچانا/ ہونا.

دَنگل (فت د، مغ، فت گ) اند.

ا. (i) وہ دائرہ نما جگہ جہاں لوگوں کے آمنے سامنے بیٹھنے کی نشستیں رکھی گئی ہوں، کشتی لڑنے کی جگہ، اکھاڑا، میدان. (ii) کشتی وغیرہ کا مقابلہ، معرکہ آرائی، دو پہلوانوں کا دو بدو مقابلہ. ۲. کش مکش، کھینچا تانی، سرد جنگ. [ت].

دُنیا (ضم د، سک ن) اسث.

۱. موجودہ عالم، موجودہ زندگی، آخرت کی نقیض، کائنات، جہان. ۲. زمین، کرہ ارض. ۳. حیات ارضی اور اس کے مشاغل زندگی؛ پیدائش سے موت تک کا زمانہ. ۴. (i) سبھی لوگ، سارے متعلقین. (ii) دنیا کے لوگ، خلائق. ۵. کل کائنات، متاع زندگی، دولت، جائداد، دنیا کے مزے. ۶. کل آبادی، بستی، معاشرہ، سوسائٹی، (انسانی یا کوئی اور) نظام، بستی. [ع].

دنیا تنگ ہونا محاورہ. دنیا میں زندگی بسر کرنے کا ٹھکانا نہ رہنا، جینا دوبھر ہو جانا.

دنیا و مافیہا سے بے خبر ہونا ف مر؛ محاورہ. ہر چیز سے بے گانہ ہونا، کسی چیز کا ہوش نہ ہونا.

دُنیاوی (ضم د، سک ن) صف.

دنیا کا، دنیا سے منسوب.

دَو (دلین) صف.

دوڑ بھاگ، تگ و دو، دوڑنا (تراکیب میں مستعمل) دوڑنے والا. [ف].

دو (دمج) صف؛ اند.

۱. ایک اور ایک کا مجموعہ، ایک کے بعد کا عدد. ۲. جوڑا، جفت، دونوں. ۳. کئی، چند، کچھ.

دو اور دو چار فقرہ. نپی تلی (بات)، بالکل صحیح، جس کے ٹھیک ہونے میں کوئی شک نہ ہو.

دو ابہ دو آبہ (دمج، مدا، فت ب) اند.

۱. ان دونوں دریاؤں کے بیچ کی زمین جو آگے جا کر مل جائیں. ۲. دو دریا، دو دھارے (کنایۃً) روتی ہوئی آنکھیں.

دوآتشہ صف. ۱. شراب یا عرق جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو. ۲. تند، تیز (شراب وغیرہ).

دو بارا / بارہ صف؛ م ف. دوسری دفعہ، دوسری بار، مکرر.

دو بالا صف. دگنا، دوچند، دونا، افزوں، بڑھ چڑھ کر. اف: کرنا/ ہونا.

دو بول اند. ۱. دو لفظ، نہایت مختصر بات. ۲. نکاح کا ایجاب و قبول، نکاح. اف: کہنا/ ہونا.

دو بوند کو ترسنا محاورہ. بہت پیاسا ہونا.

دو بٹا / دوپٹہ اند. ۱. عورتوں کی ایک طرح کی اوڑھنی، چادر. ۲. چادر جو مرد کمر میں باندھتے یا کندھوں پر ڈالتے ہیں. ۳. پگڑی، پٹکا. اف: اتارنا/ اوڑھنا/ باندھنا.

دو پلا / دو پلہ صف. ۱. دو یا زیادہ ٹکڑوں والی چیز؛ انگرکھے کے دونوں دامن یا قینچی وغیرہ کے دونوں پرت. ۲. دو پرتوں کی مضبوط چادر یا ٹاٹ وغیرہ.

دو پہر اسث. ۱. دن کے بارہ بجے کا وقت جب آفتاب نصف النہار پر ہوتا ہے، دن کا درمیانی حصہ. ۲. ایک پہر کا دوگنا وقت یعنی چھ گھنٹے، مقدار وقت. ۳. (مجازاً) تھوڑی دیر.

دو پہری (الف) اند نیز اسث. ۱. ایک پھول جو اکثر دوپہر کے وقت کھلتا ہے. ۲. دوپہر کا وقت جبکہ سورج سر پر ہوتا ہے، دوپہر. (ب) م ف. دوپہر میں، دوپہر کے وقت، دھوپ میں، دن کے بارہ بجے.

دو پیازا / دو پیازہ اند. (طباخی) کتری ہوئی پیاز بطور ترکاری ڈال کر پکایا ہوا گوشت، کچی پیاز ڈال کر پکایا ہوا گوشت چونکہ اس کے ساتھ گھی میں بھنی ہوئی پیاز بھی ڈالی جاتی ہے اس لیے دوپیازہ کہلاتا ہے.

دوتہائی صف. کسی چیز کے تین حصوں میں سے دو حصہ.

دو تہی / دو تئی (الف) اسث. ۱. ایک قسم کا دہرا دوعرض کا موٹا کپڑا جس کے کنارے نیلے سرخ ہوتے ہیں اور جو دری کے اوپر یا چادر کے نیچے بچھایا جاتا ہے. ۲. استر والا کپڑا، رضائی کی قسم کا دُہرا سلا ہوا کپڑا جو گلابی موسم کے لیے تیار کیا جاتا ہے اور جسے پہنا اور اوڑھا جاتا ہے. (ب) صف. ۱. استر والے کپڑے سے بنا ہوا. ۲. دو تہ کا، دہرا، دو پرتوں والا.

دو ٹکے کا / کی صف. بہت کم قیمت، دو پیسے کا، گھٹیا، کمینہ، کم اوقات.

دو ٹکے کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی گئی کہاوت. تھوڑا سا نقصان اٹھایا لیکن اصلیت جان لی.

دو ٹوک صف. ۱. دو ٹکڑے، دو پارہ. ۲. (i) طے شدہ، قطعی، فیصلہ کن، حتمی. (ii) کھرا، سچا، بے لاگ، صاف صاف. ۳. موزوں، مناسب، صحیح.

دو ٹوک جواب دینا محاورہ. ۱. صاف صاف جواب دینا، فیصلہ کن بات کرنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۲.موزوں جواب دینا ، مختصر جواب دینا ۳.قطع تعلق کر لینا ، رشتہ توڑ لینا .

دو جہاں اند .موجودہ دنیا اور مرنے کے بعد کا عالم ، دنیا اور آخرت ، دین اور دنیا .

دو چار (الف) صف .ا.کئی ، کچھ ، چند .۲. مقابل ، آمنے سامنے .(ب) است. ملاقات ، کسی کا کسی سے اچانک ملنا ، سامنا ہونا .

دو چشمی (الف) است . ہائے ہوز .(ب) صف .(نفسیات) دونوں آنکھ سے متعلق ، دو آنکھوں سے تعلق رکھنے والا .

دو چند صف .دونا ، دگنا ، دہرا ؛ زیادہ .

دو چھتی است .دو منزلہ مکان میں ایک حصہ دوسرے حصے سے اونچا بناتا ہو تو حسب ضرورت کرسی دے کر ایک اور چھت بنائی جاتی ہے اور ان دونوں چھتوں کے درمیان کی جگہ دو چھتی کہلاتی ہے .

دو حرف اند .ا.مختصر بات ، تھوڑی سی عبارت ؛ (مجازاً) خط ، رقعہ یا چٹھی . ۲.معمولی واقفیت ، تھوڑی بہت معلومات .۳. (مجازاً) تھوڑا سا ، معمولی ، مختصر ، قلیل .اف : آنا/لکھنا/لکھوانا .

دو حرف بھیجنا محاورہ .لعنت بھیجنا ، لعنت کرنا .

دو دل راضی تو کیا کرے (گا) قاضی کہاوت .فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا ، دو شخص متفق ہوں تو تیسرا نقصان نہیں پہنچا سکتا .

دو دن کا مہمان اند . چند روز رہنے والا مہمان ، ناپائدار ، بہت جلد مٹنے یا مرنے والا .

دو دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ/اندھیاری/اندھیری رات کہاوت . حسن و شباب ، جاہ و اقبال ، دولت و ثروت فنا ہونے والی چیزیں ہیں .

دو دو ہاتھ کرنا محاورہ .لڑنا جھگڑنا ، بدمقابل ہونا ، مقابلہ کرنا .

دو دھاری صف .ا.دو دھار کی ، دہری کاٹ کرنے والی ، دونوں رخ دھار دار .۲. (مجازاً) مہلک ، تیز و زُود اثر ؛ دو طرفہ .

دو دھاری تلوار است .تلوار جس میں دہری باڑھ ہو ؛ (مجازاً) مہلک ، تیز ، جان لیوا .

دو راہا / دو راہہ اند .سڑک جو دو راستوں کو ملاتی ہو ، راستہ جو دو طرف گیا ہو .

دو رنگا صف .ا.دو رنگ والا ، دو رنگ کا .۲.ابلق ، منافق ، متلون مزاج ، مکار شخص .

دو زانو م ف .گھٹنوں کے بل .

دو زانو ہو (کر) بیٹھ جانا/ بیٹھنا ف مر: محاورہ .گھٹنوں کے بل بیٹھنا ، مؤدب ہو کر بیٹھنا .

دو سرا اند .دونوں جہان ، دنیا اور عقبیٰ .

دو سوتی است .کپڑا جس کا تانا دہرے اور بانا اکہرے تار کا ہوتا ہے ؛ دو سوت سے بنا ہوا کپڑا ، دو سوت والا ، معمولی اور دبیز کپڑا ، ایک موٹا کپڑا جو فرشوں ، خیموں وغیرہ کے بنانے کے کام آتا ہے .

دو شالا / دو شالہ اند .پشمینے کی چادر ، اعلیٰ درجے کی شال .اف : اوڑھنا / لپیٹنا .

دو شالے میں لپیٹ کر مارنا محاورہ .اچھے لفظوں میں ہجو کرنا ، درپردہ ذلیل کرنا ، طعنہ زنی کرنا .

دو شنبہ اند .یک شنبہ ، اتوار کے بعد آنے والا دن ، پیر ، سوموار .

دو کشتیوں میں پاؤں رکھنا محاورہ .بیک وقت دو فریقوں سے تعلق رکھنا ، منافقت کرنا ، دو رنگی اختیار کرنا ، دہری چال چلنا .

دو کوڑی کا / کی صف .حقیر ، نہایت بے وقعت ، معمولی ، کم قیمت .

دو گانہ صف ؛- دوگانا .ا. (i) جڑواں یا دہری چیز .(ii) دگنا ، بہت ، زیادہ .۲. نماز کی دو رکعتیں ، نفلیں ، شکرانہ یا عید کی نماز جس میں دو رکعتیں ادا کی جائیں .۳. دو طرح کا ، دو قسموں کا ، دہرا .

دو گز زمین است .(کنایۃً) قبر کی زمین .

دو گنا صف .دو چند ، دگنا ، دہرا ، ڈبل .

دو گھڑی است .تھوڑی دیر ، کچھ ساعت .

دو لائی است .دو مختلف پرتوں والا کپڑا جس کو ابرہ اور استر سے باہم سیا جاتا ہے ، بعض اوقات اس میں پتلی سی روئی بھری ہوتی ہے .

دو لتی است .چوپائے خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اٹھا کر مارنا .

دو لخت صف ؛م ف .ا.دو حصے ، دو ٹکڑے ، پارہ پارہ .۲.ذو معنی ، وہ لفظ یا بات جس کے دو معنی نکلتے ہوں ، دو رخی بات ؛ دہری ، دو طرح کی ، دو قسم کی .۳. وہ شعر جس کے دونوں مصرعوں کا مضمون الگ الگ ہو ،

شعر کے بے ربط مصرعے ہونا جو فنی عیب ہے ، جدا، مختلف ، الگ الگ .

دو ملاؤں میں مرغ / مرغی حرام / مردار کہاوت . اس موقع پر مستعمل جب دو آدمیوں کی بحثا بحثی سے اصل مطلب فوت ہوجائے .

دو نیم صف ؛ امذ . ا. دو ٹکڑے ، دو پارہ ، کسی شے کے دو برابر حصے . ۲. (مجازاً) شکستہ ، رنجیدہ، مغموم ، زخمی ، مایوس . ۳. (کنایتہً) پریشان ، پراگندہ ، بکھرا ہوا . اف : کرنا/ ہونا .

دو ہات/ ہاتھ صف ؛ م ف . دو ہاتھ کے فاصلے تک ، منزل کے بہت قریب ، بہت نزدیک .

دو ہاجو صف . ا. (i) رنڈوا مرد جو دوسری شادی کرلے . (ii) بیوہ عورت جس نے دوسری شادی کی ہو .

دَوا (فت د) امث .

جڑی بوٹی یا دوسرے اجزا سے بنائی ہوئی چیز جس سے کسی بیماری کا علاج کیا جائے ؛ علاج ، معالجہ . [ع].

دَوات (فت د) امث .

سیاہی (روشنائی) رکھنے کا ظرف . [ع].

دُوار (فت نیز ضم د) امذ .

ا. دروازہ ، ڈیوڑھی ، چوکھٹ ، آستانہ . ۲. راستہ ، گزرگاہ ؛ پھاٹک ؛ رسائی ، پہنچ ؛ وسیلہ ؛ طریقہ ؛ موقع ، مناسب وقت . ۳. ابتدائی حصہ ، آغاز . [س].

دُوازْدَہ (ضم د، سک ز، فت د) صف .

بارہ ، دس اور دو کا مجموعہ .

دُوازْدَہُم (ضم د، سک ز، فت د، ضم ہ) صف .

بارھواں ، دس اور دو .

دِوال (کس د) صف ؛ امذ .

دینے والا .

دِوالا/ دِوالہ (کس د/فت ل) امذ .

ا. ناداری ، مفلسی ؛ کاروبار بگڑنا ؛ ادائے قرض کی بے مقدوری (پہلے دستور تھا کہ جب کسی شخص کے کاروبار میں بہت زیادہ خسارہ واقع ہوتا اور تجارت وغیرہ قریب الختم ہو جاتی تو وہ دکان میں دن کو چراغ جلا کر دکان کا پٹرا الٹ دیتا جس سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا کہ اب وہ بالکل مجبور ہوگیا ہے ، قرض وغیرہ ادا کرنے کی مقدرت نہیں رکھتا) . ۲. اصل زر یا سرمایہ کا ڈوب جانا ، گھاٹا ، خسارا ، ٹوٹا .

دِوالی (کس د) امث .

ہندوؤں کا ایک مشہور تیوہار جس میں لچھمی (دولت کی دیوی) کی پوجا ہوتی ہے ، اور رات کو بہ کثرت روشنی کی جاتی ہے ، یہ تیوہار کاتک کی پندرہ تاریخ کو ہوتا ہے اس میں ہندو کثرت سے جوا کھیلتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اس روز کی جیت سے برس روز تک جیت رہتی ہے . [س].

دِوالِیا / دِوالیہ (کس د، سک نیز کس ل) امذ .

ا. وہ شخص یا ادارہ جس کا دوالا نکل جانے کی وجہ سے کاروبار بند ہوگیا ہو . ۲. مفلس ، قلاش ، نادار ، ٹٹ پونجیا .

دَوام (فت د) (الف) امذ .

ا. ہمیشگی ، ابدیت ، ہمیشہ باقی رہنے کی حالت یا کیفیت . ۲. پائداری ، استحکام ، ثابت قدمی ، مستقل مزاجی . (ب) صف . ہمیشہ رہنے والا ، مدام ، پائدار ، مستقل . [ع].

دَواں (فت د، مغ) صف .

دوڑتا ہوا ، بھاگتا ہوا ، سرگراں . [ف].

دِوانا / دِوانہ (کس د، فت ن) امذ .

دیکھیے : دیوانہ ، ہوش وحواس سے عاری ، مدہوش ، بے خبر .

دَواء (فت د) امث .

دیکھیے : دوا . [ع].

دَوائی (فت د) امث (عوام).

دوا جس کا یہ بگاڑ ہے ، جڑی بوٹی سے بنائی ہوئی چیز جس سے کسی بیماری کا علاج کیا جائے .

دُوب (و مع) امث .

چھوٹی قسم کی عمدہ گھاس جو زمین پر جال کی شکل میں پھیلتی ہے ، خصوصاً گھوڑا اور عموماً دیگر مویشی اسے رغبت سے کھاتے ہیں . [پ : س].

دُوبَدُو (و مع، فت ب، و مع) (الف) امث .

(دو حریفوں کے درمیان) مقابلہ ، جھڑپ ، لڑائی . (ب) صف ؛ م ف . ا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

(i) علانیہ ، برملا ، آنکھ سے آنکھ ملا کر ، واضح طور پر ۔ (ii) آمنے سامنے ، مقابل ، روبرو ۔ اف : کرنا/ کہنا ۔ [ف] ۔

دُوبھر (و مع) صف ۔

دشوار ، مشکل ، گراں ، سخت ؛ ناگوار ، بوجھ ۔ اف : بن جانا/ کرنا/ ہونا ۔ [س] ۔

دُوج (و مع) امث ۔

۱. ہندی قمری مہینے دو حصوں میں تقسیم کیے گئے ہیں ہر حصہ پاکھ اور پاکھ کی دوسری تاریخ دوج کہلاتی ہے قمری مہینے کا دوسرا دن ، قمری مہینے کی دوسری اور سترہویں تاریخ ۔۲. دوسرا ۔ [س] ۔

دُوجا (و مع) صف (قدیم) ۔

دوسرا ، دوم ، ثانی ۔ [س] ۔

دوخت (و ج ، سک خ) (الف) امث ۔

۱. سلائی ، سیون ۔۲. (سوزن کاری) رنگت کاری ، بھل کاری یا تھل بنانا ، اُبھرواں کڑھت میں پھول پتی اور ڈنڈی کی کچی شکل بنانے کا عمل جو اوپر کی خوش نما تہ بنانے سے قبل بطور ڈھانچا کچے تاگے سے بنائی جاتی ہے یہ کام ریشمین ابھرواں کڑھت یا زردوزی میں کیا جاتا ہے ، تہ دوزی ۔ (ب) صف ۔دوختہ ، سیا ہوا ، تہ دوزی کا کام کیا ہوا ۔

دُودوں نہائے پُوتوں پھلے فقرہ ۔ (دعائیہ کلمہ) بہت خوش حالی میں بسر ہو ۔

دُودھ (و مع ، سک دھ) امذ ۔

۱. بچہ جننے والی مادہ (حیوان یا انسان) کے جسم کا سفید رنگ کا سیال مادہ جو بچے کی خوراک کے لیے ایک خاص مدت تک چھاتی یا تھن میں پیدا ہوتا رہتا ہے ، شیر ، لبن ۔۲. عورت کی چھاتی ، پستان ۔۳. (i) کسی اناج وغیرہ سے تیار کیا ہوا سفید محلول ؛ بنولے کا ست ۔ (ii) کچے ناریل کا پانی ۔۴. درخت یا پودوں کا عرق ، اصلی ست ۔ [س] ۔

دودھ سے مکھی کو (کی طرح) نکال پھینکنا / پھینکنا / ڈالنا محاورہ ۔ بھلا دینا ، بے دخل کر دینا ، کسی قریبی عزیز کو اپنے یہاں سے نکال دینا ۔

دودھ شریک صف ۔وہ اشخاص جنہوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو ، رضائی بھائی یا بہن ۔

دودھ کا جلا چھاچھ (بھی) کو پھونک پھونک (کر) پیتا ہے کہاوت ۔ جب ایک چیز سے کچھ ضرر پہنچ جاتا ہے تو آدمی میں احتیاط پیدا ہو جاتی ہے اور وہ پہلی چیز سے کم ضرر والی شے سے بھی ڈرنے لگتا ہے ۔

دودھ کا دودھ پانی کا پانی کہاوت ۔۱. کھرے کھوٹے اور اچھے برے کی تمیز ، اصل حقیقت ۔۲. عدالت کا صحیح اور منصفانہ فیصلہ ۔

دُودھوں نہاو پُوتوں پھلو فقرہ ۔ (دعائیہ کلمہ) دولت اور اولاد بکثرت ملے ، نصیب اچھا ہو ۔

دُودھیا (و مع ، سک دھ) صف ۔

۱. دودھ سے بھرا ہوا ، رسیلا ، دودھ دار ۔۲. دودیا ، دودھ کی جیسی رنگت کا ۔۳. سفیدی لیے ہوئے ، سفیدی مائل ۔

دُودَھیل (و مع ، ی لین) صف ۔

۱. دودھ پر آئی ہوئی یا دودھ دینے والی گائے ، بھینس وغیرہ ۔۲. (مجازاً) کام کا ، منافع بخش ۔

دَور (و لین) امذ ۔

۱. زمین و آسمان کی محوری گردش ، چکر ۔۲. (i) شراب کے پیالے کی گردش ۔ (ii) شراب نوشی کی محفل ، مے خانے کا مجمع ۔۳. باری ، نوبت ۔۴. (i) احاطہ ، گھیرا ، موٹائی ، دائرہ ، پھیلاؤ ، وسعت ۔ (ii) حلقہ نما دائرہ ، گولائی میں کوئی تعمیر ۔ (iii) طواف ، گرد پھرنا ۔ (iv) چکر ، پیچ (زلف وغیرہ کا) ۔ (v) (خوش خطی) دائرہ حروف ، کرسی ، دامن ۔۵. سلسلہ ، تسلسل ۔۶. قسمت کا چکر ، انقلاب ، تغیر ، گردش ۔۷. (i) عہد حکومت ، اقتدار کا زور ، عمل ، سلطنت ۔ (ii) (مجازاً) شہرت ، مقبولیت ، برتری کا زمانہ ۔ (iii) زمانہ ، عہد ، وقت ۔۸. (ہیئت) سال شمسی کا عرصہ ، ۳۶۵ دن کی مدت ۔۹. (i) (اسلامیات) قرآن یا احادیث کو یاد رکھنے کے لیے بار بار دہرانا ؛ (کسی کو) حافظے سے سنانا ۔ (ii) کسی کتاب وغیرہ کا ، معمول کے طور پر (روزانہ) پڑھا جانا ۔ (iii) سبق کو دہرانا تاکہ یاد ہو جائے ۔۱۰. (i) (مجازاً) خوشحالی کا زمانہ ، فراغت کا وقت ۔ (ii) نحوست ، برا وقت ۔۱۱. عمر ، مدت ، میعاد ۔ [ع] ۔

دُور (و مع) امث ۔

۱. فاصلے پر ، بعید ، نزدیک کی ضد ، بُعد زمانی ، پرے ۔۲. (مجازاً) بلند ،

اونچا .۳. الگ ، جدا .۴. ناآشنا ، بے خبر ، ناواقف .۵. دور کی سوچنے والا عقل مند، کائیاں ، بہت ہوشیار .۶. دشوار ، مقام تعجب .

دور ازکار م ف .۱. غیر متعلق ، غیر ضروری .۲. ناقابلِ یقین .۳. موضوع سے ہٹ کر، لاتعلق .۴. مہمل ، بے سروپا ، بے بنیاد .

دور افتادہ صف .۱. دور دراز مقام پر، شہری آبادی سے دُور .۲. دور، بچھڑا ہوا ؛ غریب الوطن .

دور اندیش صف . عقل مند، دانا، دُور کی بات سوچنے والا ، ہوشیار .

دور اندیشی امث . عقل مند ، ہوشیاری ، دور کی بات سوچنا ،انجام پر نظر رکھنا .

دور بین (الف) امذ . دُور کی چیز دیکھنے کا آلہ . (ب) صف . دُور تک پہنچنے والی ، دُور کی چیز دیکھنے والی (نظر) ، دُور رَس .

دور رس صف .۱. دور تک اثر انداز ہونے والا .۲. نکتہ ور، معاملہ کی تہ کا .

دور کرنا محاورہ .۱. (i) الگ کرنا ، جدا کرنا . (ii) ختم کرنا .۲. درگزر کرنا ، باز آنا .۳. غائب کرنا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ جواب دینا ، برخاست کرنا ، نوکری سے الگ کرنا .

دور کی سوجھنا محاورہ .۱. (i) باریک بات خیال میں آنا ، ایک اچھی تدبیر خیال میں آنا ، ترکیب دماغ میں آنا . (ii) عاقبت کا خیال آنا ، غلطی کا احساس ہونا .۲. روشن خیال ہونا ، نئی بات ذہن میں آنا ، انوکھی بات سوچنا .

دور کی کوڑی لانا محاورہ . دور بینی سے کام لینا ، عاقبت اندیشی کے ساتھ قدم اٹھانا .

دور کے ڈھول سہانے کہاوت . ڈھول کی آواز قریب کی بہ نسبت دور سے بھلی معلوم ہوتی ہے ، یہ کہاوت ایسے موقع پر بولی جاتی ہے جہاں کسی غائب شخص یا چیز کی ایسی تعریف کی جائے جو حقیقت میں اس کے لائق نہ ہو .

دوران/ دَوران (ولین) امذ .

۱. مختصر مدت ، عرصہ .۲. مرحلہ ، عمل .۳. زمانہ ، عہد ، وقت .۴. گردش ، دور ، روانی ، اندر آنا اور باہر نکلنا .۵. (مالیات) زر ، سکہ وغیرہ کی گردش .۶. کسی چیز کا اپنے مدار پر گھومنا ، سیّاروں کی حرکت مداری .

۷. (سائنس) جسم میں خون کی گردش . [ع] .

دَورانیہ (ولین ، کس ن ، فت ی) امذ .

مقررہ وقت ، عرصۂ عمل ، مدت جو کسی کام کے لیے درکار ہو .

دَورَہ (ولین ، فت ر) امذ .

۱. گردش ، چکر ، پھیر .۲. خون کی گردش ، فراہمی خون .۳. کسی مرض کی نوبت ، باری .۴. دورِ حکومت ، عروج سلطنت ، حکومت یا حکمرانی کا زمانہ یا عہد .۵. یاد کرنے ، دہرانے یا سنانے کے لیے قرآن مجید کی تلاوت .۶. تعلیمی نصاب کی درجہ بدرجہ مقررہ مدت .۷. (i) حاکم یا کاروباری شخص کا دیکھ بھال یا نگرانی کے لیے متعلقہ مقامات کا گشت یا سفر . (ii) کسی سیاسی یا دینی مقصد سے یا حکومت کے فرائض انجام دینے کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر جانا . (iii) سیر و تفریح کے لیے جانا . [ع] .

دورہ پڑنا ف م . بیماری کا حملہ ہونا ، وقفے وقفے کے ساتھ عارضے کا حملہ ہونا .

دُوری (مع) امث .

۱. فراق ، علیحدگی ، جدائی .۲. اختلاف ، جھگڑا ؛ تنازعہ ؛ فاصلہ .۳. اجنبیت ، بے گانگی .

دَوڑ (ولین) امث .

۱. تیز رفتاری ، بھاگنے کا عمل .۲. پہنچ ، رسائی .۳. (i) کوشش ، دوڑ بھاگ . (ii) جدوجہد ، آگے بڑھنے کی سعی . (iii) مسابقت ، مقابلہ .۴. (کھیل) رن ، کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک جانے کا عمل .۵. مشین ، بھاگنے کی ورزش ، دم بنانے کا عمل . [س] .

دوڑ دھوپ امث . جدوجہد ، سخت کوشش ، محنت مشقت ، نقل و حرکت .

دَوڑانا ف م .

۱. (i) بھگانا ، بھگا دینا . (ii) جلدی چلانا ، لپکانا .۲. پیدا کرنا ، رواں کرنا ، جاری و ساری کرنا .۳. کسی طرف دھیان کرنا ، جیسے : خیال دوڑانا ، ذہن منتقل کرنا .۴. بھجوانا ، کسی کام کے لیے روانہ کرنا .

دَوڑنا (ولین) ف ل .

۱. بھاگنا ، لپکنا ، تیزی سے چلنا ، سرپٹ چلنا .۲. جاری ہونا ، بہنا .۳. (i)

(تصوف) خیال خدا میں غرق ہونا، اللہ تعالیٰ سے لوگی ہونا، ذکر خدا میں گہرے استغراق میں ہونا. (ii) پھیلنا، سرایت کر جانا، بچھنا.

دوزَخ (وج، فت ز) امث : امذ.
۱. آگ کے وہ طبق جو گناہ گاروں کی سزا کے لیے مقرر کیے گئے ہیں مرنے کے بعد گنہگاروں کو عذاب یا سزا دینے کے لیے ان میں رکھا جائے گا. ۲. (مجازاً) آدمی کا پیٹ، معدہ، شکم (بھوک کی وجہ سے). ۳. (تصوف) نفسِ امارہ، طبیعت انسانی کا وہ میلان جو برے کاموں کی طرف ہوتا ہے. [ف].

دوزَخی (وج، فت ز) صف.
جہنمی، پاپی، سخت گنہگار، سخت سزا کا مستحق؛ بہت پیٹو.

دوسْت (وج، سک س) امذ.
۱. وہ شخص جس کی خیر خواہی اور محبت قابل اعتبار ہو یا جس سے سچی خیر خواہی و محبت کی جائے، (دشمن کا نقیض). ۲. ہم دم، ہم جلیس، رفیق. ۳. محبوب، مطلوب، ساجن، جس کے ساتھ دلی لگاؤ ہو؛ (کسی شے یا علم) کا شیدائی. [ف].

دوسْتانَہ (وج، سک س، فت ن) م ف.
۱. محبت آمیز، دوستوں کا سا. ۲. ہمدردانہ، دوستی؛ یارانہ.

دوسْتی (وج، سک س) امث.
یارانہ، میل جول، بے تکلفی کی ملاقات، تعلق خاطر، راہ و رسم، صاحب سلامت، یگانگت، محبت.

دُوسْرا (ومع، سک س) صف.
۱. پہلے کے بعد کا، ثانی، دیگر، دوم. ۲. اپنے علاوہ کوئی اور؛ غیر، اجنبی، ناجنس. ۳. مقابل کا، برابر کا، ہمسر. ۴. (i) کوئی اور، اور. (ii) کچھ اور، مختلف.

دُوسْری (ومع، سک س) صف.
۱. دوسرا، جس کی یہ تانیث ہے، ایک کے بعد کی. ۲. اور، دیگر.

دوش (۱) (وج) امذ.
۱. غلطی، قصور، خطا، الزام، تہمت. ۲. جرم، گناہ. ۳. الزام، تہمت. [س].

دوش (۲) (وج) امذ.
کندھا، مونڈھا. [ف س].

دوش (۳) (وج) امث.
گزرا ہوا دن؛ کل رات؛ (مجازاً) گزرا ہوا وقت، ماضی. [ف].

دُوشالا/دُوشالَہ (ضم د، نیز وج/ فت ل) امذ.
پشمینے کی دہری چادر.

دُوشالے (ضم د نیز وج) امذ؛ ج.
دوشالا، دوشالہ کی مغیرہ حالت نیز جمع، تراکیب میں مستعمل.

دُوشالے میں لپیٹ کر مارنا محاورہ. ناگوار یا تلخ بات خوش اسلوبی سے کہہ جانا، درپردہ طنز کرنا.

دُوشی (ومع) صف.
ناقص، خراب؛ ناپاک؛ برا، شریر، گناہگار، پاپی، مجرم، ملزم. [س].

دوشِیزگی (وج، ی مع، فت ز) امث.
کنوار پن، باکرہ ہونا.

دوشِیزَہ (وج، ی مع، فت ز) امث.
۱. کنواری، غیر شادی شدہ جواں سال لڑکی. ۲. (مجازاً) خوب صورت لڑکی، حسین و جمیل. [ف].

دوغلا / دوغلَہ (وج، سک غ/فت غ) صف؛ امذ.
۱. مخلوط النسل، دو میل کا. ۲. (i) دو نمونوں سے مرکب، ملا جلا، دو طرح کی خصوصیات کا حامل. (ii) (لسانیات) ایسا لفظ جس کے اجزا دو مختلف زبانوں سے تعلق رکھتے ہوں. (iii) ذیلی، اصل سے اخذ کردہ. ۳. مکار، دغا باز، رذیل، دو رخا.

دُولائی (ضم د، غم و) امث.
جامۂ دوتہ جس کو ابرہ اور استر سے باہم سیا جاتا ہے. [ف].

دَولَت (ولین، فت ل) امث.
۱. دھن، مال، زر نقد، سرمایہ. ۲. (i) اقبال مندی، نصیبا، خوش بختی. (ii) مہربانی، لطف، عنایت. ۳. طفیل، بدولت، سبب. ۴. (تصوف) یاد خدا؛ قناعت، صبر و شکر. ۵. (مجازاً) اولاد، بچے، بیٹا بیٹی. [ع].

دولت خانہ/ کدہ امذ. (تعظیماً) محل سرا، رہنے کا مکان؛ دوسرے

کے گھر کو بھی کہتے ہیں.

دَولَہ (ولین، فت ل) امذ.

کسی نام یا خطاب کے ساتھ بطور لاحقہ بمعنی دولت مستعمل جیسے :
اعتمادُ الدولہ، یمینُ الدولہ. [ع].

دُولھا امذ:~ دُلہا.

نوشاہ، وہ مرد جس کی نئی شادی ہوئی ہو. [پ س].

دَولھن (ومع، سک ل) امث :~ دلھن/ دولہن.

دلہن، عروس، زوجہ، پیاری، عزیزہ.

دُوَم (ضم د، فت و) صف.

دوسرا، ثانی، دیگر.

دُون (ومع) امث.

دونا، دُگنا، دوچند، دہرا. [س].

دون کی لینا محاورہ. ا. خودستائی کرنا، ڈینگ مارنا. ۲. گراں ہونا، مہنگا ہونا.

دَونا (ولین نیز مج) امذ.

ا. (i) پتوں سے بنایا ہوا پیالہ، پتل جس میں دکان دار پھول، مٹھائی، دہی وغیرہ رکھ کر دیتے ہیں. (ii) (مجازاً) شیرینی، مٹھائی، پتل میں رکھی ہوئی چیز. [س].

دُونا (ومع) صف.

دُگنا، دوچند، دہرا. [پ: س].

دونگنا (ومج، مغ، سک ک) ف ل.

غرانا، دہاڑنا.

دونو/ دونوں (ومج، ومج) صف.

ہر دو، دو کے دو.

دونو/ دونوں جہان کا (کے) بادشاہ امذ. مراد: رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

دونو/ دونوں وقت ملنا محاورہ. رات اور دن کا ملنا؛ سورج ڈوبنا، شام ہونا.

دُونی (ومع) صف.

ا. دُگنا، دوچند، دہرا. ۲. (ریاضی) دو اور دو جمع کر کے، دو کو دو سے ضرب کرنا.

دُوَنّی (ضم د، فت و، شد ن) امث.

دو آنے کی قدر کا چاندی یا کانسی کا سکہ، دوانی.

دوہا (ومج) امذ.

دوپد (مصرعوں) اور چار حصوں پر مبنی ۴۸ ماترا کا بیت یہ صنفِ سخن ہندی سے اُردو میں آئی. [س].

دوہاجُو (ومج، ومع) امذ.

دوسری شادی کرنے والا مرد یا عورت.

دُوہنا (ومج نیز مع، سک ہ) (الف) ف م.

دودھ دینے والے جانور کے تھنوں سے دودھ نکالنا. (ب) امذ. وہ ظرف جس میں دودھ دوہا جاتا ہے. [س].

دُوئی (ضم د، غم و) امث.

ا. یکتائی یا وحدت کی ضد، دو سمجھنا، شرکت غیریت، شریک ہونا، جوڑا ہونے کی حالت. ۲. (i) غیریت، اپنا نہ سمجھنا. (ii) فرق، اختلاف. (iii) جدائی، ان بن، جھگڑا، دہرا رویہ. (iv) (سائنس) تضاد، دہراپن. ۳. دوری، فاصلہ.

دوئم (ومج، فت ی) صف.

دوسرا، تعداد میں دوسرے نمبر پر.

دَہ (۱) (فت د) صف.

بہت گہرا پانی، بہت گہرا جوہڑ؛ گہرائی، عمق؛ بھنور، گرداب، ورطہ، چکر؛ جھیل، دریا. [س].

دَہ (۲) (فت د) صف.

دس (تراکیب میں مستعمل). [ف].

دِہ (کس د) امذ.

دیہہ، چھوٹا گاؤں، موضع، قریہ. [ف].

دَہانا / دَہانَہ (فت د، ن) امذ.

ا. منھ، دہن. ۲. وہ مقام جہاں دریا گرتا یا ختم ہوتا ہے. ۳. مشک کا منھ. ۴. موری، بدرو، نالی. ۵. کان کا مخرج، راستہ، آخری حصہ، سرا. ۶. آتشیں ہتھیار میں وہ جگہ جہاں سے گولہ یا گولی باہر نکلتی ہے.

۷. غار کا منھ یا ابتدائی حصہ. ۸. سوراخ، روزن.

دَہائی (فت د) است.

۱. دس، دس کا عدد. ۲. ضرب میں دس کا مقام. ۳. دس سال کا عرصہ. [ف].

دُہائی (ضم د) است.

۱. فریاد، دادخواہی، استغاثہ. ۲. پناہ، بچاؤ. ۳. قسم، واسطہ، سوگند. ۴. منادی، اعلان.

دہر (فت ج د، سک نیز فت ہ) اند.

۱. (i) دنیا، کائنات. (ii) زمانہ، عصر. ۲. زمین، میدان. ۳. بہت لمبا وقت، مدت، ابتدائے آفرینش. ۴. قسمت، نصیبا، اتفاق؛ بدقسمتی؛ خطرہ؛ طرز، طریقہ، رسم، رواج؛ حفاظت؛ تردد، فکر. [ع].

دُہرا (ضم د، سک ہ) صف.

۱. (i) دو تہ کا، دوہرا. (ii) دو طرح کے. (iii) مختلف اصولوں پر مبنی، قسم قسم کے. ۲. دگنا، دوچند. ۳. دیکھیے: دوہا، دو پد (مصرعوں اور چار حصوں پر مبنی ۴۸ ماترا کا بیت).

دُہرانا (ضم د، سک ہ) (الف) ف م.

۱. دو تہہ کرنا، دہرا لپیٹنا. ۲. (i) کسی واقعہ یا بات کو بار بار کہنا. (ii) کسی کام کو بار بار کرنا، اعادہ کرنا. ۳. ورد کرنا، کسی عبارت کو بار بار پڑھنا، رٹنا. (ب) ف ل. بل کھانا، مڑ جانا، خمیدہ ہو جانا.

دُہری (ضم د، سک ہ) است.

۱. دو طرح کی (دہرا) کی تانیث؛ تراکیب میں مستعمل). ۲. خمیدہ، ٹیڑھی، جھکی ہوئی.

دُہری شخصیت صف. وہ شخص جو دو طرح کے رُوپ رکھتا ہو، جس کا ظاہر کچھ ہو باطن کچھ.

دَہریا/ دَہرِیَہ (فت ج د، سک ہ، کس ر، فت ی) اند.

خدا کو نہ ماننے والا، ملحد، لامذہب.

دِہش (کس د، ہ) است.

بخشش، عطیہ، انعام. [ف].

دَہشَت (فت د، سک ہ، فت ش) است.

ڈر، خوف، ہیبت، ہول. [ف].

دہشت زدہ صف. ڈرا ہوا، سہما ہوا، خوف زدہ.

دہشت گرد صف مذ. خوف و ہراس پھیلانے والا.

دہشت گردی است. خوف و ہراس پھیلانے کا کام.

دِہقان (کس د، سک ہ) اند.

۱. (i) دیہات یا گاؤں کا باشندہ، کسان. (ii) (مجازاً) ایران کے قریہ و دیہات کے رئیس لوگ. ۲. سردار، چودھری. ۳. گنوار، اجڈ. [ف].

دَہک (فت د، سک نیز فت ہ) اند.

سوزش، تپش، آگ کی روشنی.

دَہکانا (فت ج د، سک ہ) ف م.

۱. تیز آگ جلانا، آگ روشن کرنا. ۲. جگمگا دینا، روشن کر دینا؛ نمایاں کرنا. ۳. بھڑکانا، تیز کرنا.

دہکنا (فت ج د، ہ، سک ک) ف م.

۱. آگ کا بھڑکنا، روشن ہونا، جلنا. ۲. تپنا، گرم ہونا. ۳. (مجازاً) سرخی دوڑنا. ۴. چمکنا. ۵. جلنا. ۶. زور کی آواز نکالنا، صداؤں کی بازگشت سے گرمی پیدا ہونا. ۷. افسوس کرنا، پشیمان ہونا؛ تباہ ہونا. ۹. (مجازاً) غصہ سے گفتگو کرنا، طیش میں بھرنا.

دَہل (فت د، کس و نیز فت) است.

دہلنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

دہل جانا ف مر: محاورہ. ۱. ڈرنا، خوف زدہ ہونا. ۲. کپکپی طاری ہونا، لرزنا.

دِہل (کس د، ہ) است.

(چوب کاری) چوکھٹ کے بازوؤں کے نیچے کی لکڑی جس پر بازو قائم کیے جاتے ہیں، اُترنگے کے مقابلے کی لکڑی.

دُہل (ضم د، ہ) اند.

معمول سے بہت بڑی ناند یا گملے کی شکل کا کھال منڈھا ہوا باجا جس کی آواز گرج دار اور بہت بڑی ہوتی ہے، فوج میں یا دور پرے آواز پہنچانے کے لیے کسی زمانے میں استعمال کیا جاتا تھا، دھونسا، دمامہ، دھاک، ڈنکا، کوس، سرمنڈل. [ف: س].

دَہلا (فت د، سک ہ) اند.

تاش کا پتا، جس پر دس نشان ہوں.

دہْلانا (فت مج د، سک ہ) ف م.
خوف زدہ کرنا، ڈرانا۔

دَہَلْنا (فت د، ہ، سک ل) ف ل.
رعب کھانا، ڈرنا۔

دَہْلیز (فت د، سک ہ، ی مع) امث.
ا. چوکھٹ کی دہل کے نیچے اس کا بوجھ سہارنے کو بطور داسہ لگی ہوئی پتھر یا لکڑی کی پٹی ۲. دروازے کے سامنے کی آمد و رفت کی جگہ؛ ڈیوڑھی، راہ داری ۳. (مجازاً) مقام، جگہ، ٹھکانا، حد. [ف].

دہلیز الانگنا/لانگنا/ نانگھنا محاورہ. دروازے سے باہر قدم رکھنا، ایک گھر سے دوسرے گھر جانا۔

دَہُم (فت د، ضم ہ) صف.
دسواں، دسویں، ترتیب میں دس. [ف].

دَہَن (فت د، ہ) امذ.
ا. منھ ۲. کنارا (برتن کا بالائی حصہ جس پر ڈھکن رکھا جاتا ہے). [ف].

دَہْنا (فت د، سک ہ) صف.
سیدھا، دایاں۔

دِہَندَہ (فت مج د، کس ہ، سک ن، فت د) صف؛ امذ.
دینے والا. [ف].

دَہی (فت د) امذ نیز امث.
کھٹاس ڈال کر جمایا ہوا دودھ۔

دہی بَوا/ بَڑا (بڑے)/ بَھلّے امذ. ماش یا مونگ کی دال کو بھگو کر پیس لیتے ہیں پھر اس میں مسالے وغیرہ ملا کر پوریوں کی شکل میں تیل یا گھی میں تل کر دہی میں ڈالتے ہیں نیز بیسن سے بھی بنائے جاتے ہیں۔

دَہیز (فت د، ی مج) امذ.
ساز و سامان، زیور، کپڑا، فرنیچر وغیرہ جو لڑکی کو شادی کے وقت اپنے ماں باپ سے ملتا ہے، جہیز. [س].

دے (۱) (ی مج) امذ.
کثرت کے ساتھ پے در پے، متواتر (کلام میں جوش یا طنز پیدا کرنے کے لیے).

دے (۲) (ی مج) امذ.
ا. "دینا" سے امر اصل فعل کے شروع میں تکمیل کے لیے مستعمل ہے، جیسے: دے پٹکنا، دے مارنا ۲. (تکرار کے ساتھ) زور اور شدت کے اظہار کے لیے۔

دے دلا کو م ف. جان چھڑانے کے لیے کچھ دے کر رخصت کرنا۔

دَیا (فت د) امث.
ا. رحم، کرم، ترس، مہربانی، عنایت ۲. بخشائش، نوازش، عطائے خداوندی.
اف: کرنا. [س].

دِیا (۱) (کس د) امذ.
ا. مٹی کا چھوٹا پیالہ جس میں بیشتر کڑوا تیل اور روئی یا کپڑے کی بٹی ہوئی بتی ڈال کر جلاتے ہیں یا اس کے مماثل کسی اور چیز کا ظرف، دیوا، دیپ.
۲. (مجازاً) روشنی کا منبع؛ چراغ؛ باعث رونق؛ رہنما، سردار. [س].

دیا سلائی امث. ا. رگڑ سے سلگ اٹھنے والی تیلی جس کے ایک سرے پر گندھک وغیرہ سے بنا ہوا بھڑک اٹھنے والا مرکب لگا ہوتا ہے، ماچس کی تیلی ۲. ماچس کی تیلیاں رکھنے کی ڈبیا ۳. (کنایۃً) وہ عورت جو فساد پھیلانے یا لڑائی کے لیے آگ لگاتی پھرے۔

دِیا (۲) (کس د) امذ.
ا. دینا کا ماضی، تراکیب میں مستعمل ۲. بخشش، عطیہ، بخشی ہوئی شے، نذر، تحفہ۔

دیا لیا امذ. خیر، خیرات، خدا کی راہ پر دیا ہوا، بھلائی، نیکی، خیر خواہی۔

دیا لیا آڑے (کام) آنا محاورہ. خیر خیرات کی وجہ سے کسی مصیبت سے بچ جانا، کسی کی برکت سے بلا ٹل جانا، نیکی کا مصیبت کے وقت کام آنا (آفت یا بلا سے بچ جانے کے موقع پر کہتے ہیں)۔

دَیّا (فت د، شدی) امث.
ا. ماں؛ (مجازاً) دائی، کھلائی ۲. دائی جنائی کی تصغیر۔

دَیّار (فت د، شدی) امذ.
بسنے والا، مکین، رہنے والا. [ع].

دِیّار (کس د، شدی) امذ؛ ج (قدیم).
ا. گھر، مکان (دار بمعنی گھر کی جمع) ۲. ملک ۳. شہر، جائے پیدائش۔

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

۴. علاقہ ، حدود ، مقام .۵. (کنایتہً) دیس ، وطن .۶. مراد : جہان ، دنیا .
۷. (مجازاً) قریہ ، دیہات .۸. (مجازاً) چمن ، گلستان ، باغ .

دیارِ غیر اند. دوسرا ملک انجان جگہ ، پردیس .

دَیال (فت د) صف .
رحم کرنے والا ، ترس کھانے والا ، رحم دل . [س] .

دَیالُو (فت د ، و مع) صف .
رحم کھانے والا ، ترس کھانے والا ، رحم دل . [س] .

دَیانَت (فت د ، ن) است .
۱. دین داری ، تدین ، تقویٰ ، ایمان .۲. راستی ، صداقت (جھوٹ یا کذب کے مقابلے میں) .۳. طبیعت کی حق پرستی ، حقیقت پسندی ، راست بازی (کجی کے مقابلے میں) .۴. خوش معاملگی ، امانت ، ایمان داری . [ع] .

دیانت دار صف. ایمان دار ، سچا ، راست باز ، صادق ، امین .

دیانت داری صف ؛ است .
راستی ، لین دین میں ایمان داری ، سچائی .

دِیبا (ی مع) اند .
رنگین اور دبیز قسم کا قیمتی ریشمیں کپڑا جس پر سنہرا یا روپہلا اُبھرا ہوا کام بنا ہوتا ہے ، اطلس . [ف] .

دِیباچَہ (ی مع ، فت چ) اند .
۱. (i) وہ تحریر جو کسی کتاب کے شروع میں ہو اور جس میں نفس مضمون وغیرہ سے متعلق یا دوسری ضروری باتیں بطور تعارف کتاب کے لکھی گئی ہوں ، مترادف : مقدمۂ کتاب ، پیش لفظ ، تعارف ، تمہید . (ii) دیوان کے شروع میں مصنف کا خود تحریر کردہ اشعار کا وہ مجموعہ جو حمد ، نعت ، مدح یا سبب تالیف وغیرہ پر مشتمل ہو . (iii) زمانہ قدیم میں کتابوں کے سرورق کی زیبائش ، سرورق پر اس کی خوب صورتی کے لیے بنائے گئے بیل بوٹے وغیرہ .۲. کسی چیز کا پہلا اور لازمی جزو ، کسی چیز کے لیے پہلی شرط .۳. کسی چیز کا ابتدائی حصہ ، ابتدائی دور ، پہلا زینہ ، تمہید .۴. پیش خیمہ ، کسی چیز کے ظہور کی علامت .۵. (مجازاً) سب سے پہلا شخص ، سب سے پہلی چیز . [ف] .

دِیپ (ی مع) اند .
دیا ، دیوا ، چراغ . [س] .

دِیپَک (ی مع ، فت پ) اند .
۱. دیا ، چراغ .۲. (مجازاً) فکر و خیال کی روشنی .۳. فصل جیٹھ اور اساڑھ (مطابق مئی ، جون) میں بعد زوال گایا جانے والا سمپورن راگ جو سات سروں پر مشتمل ہوتا ہے اور جس کے متعلق روایت ہے کہ اس کے گانے سے آگ لگ جاتی ہے .۴. ایک قسم کی آتش بازی .
۵. (مجازاً) کوئی روشن درخشاں چمک دار چیز . [س] .

دِیَت (کس د ، فت ی) است .
۱. جس کی خواہش ہو ، معشوق ، محبوب ، خاوند .۲. (i) خون بہا ؛ وہ رقم یا شے جو خوں بہا کے طور پر مقتول کے وارثوں کو دی جائے . (ii) مسئلۂ قانون خون بہا ، مبحث جو وجوب ، مقدار اور خون بہا کی شرائط وغیرہ پر مشتمل ہو . اف : دینا/لینا . [ع] .

دَیجُور (ی لین ، و مع) صف ؛ است .
۱. تاریکی ، اندھیرا .۲. شب دیجور ، اندھیری رات ، وہ رات جس میں چاند قطعی نظر نہیں آتا ، رات جب سورج اور چاند کا قرن ہو .

دِید (ی مع) است ؛ اند (شاذ) .
۱. (i) نظارہ کرنا ، نگاہ ڈالنا (کسی چیز یا بے جان شے پر) . (ii) دیدار ، درشن . (iii) خدا کا جلوہ ، تجلی .۲. نگاہ ، نظر ؛ لحاظ ، پاس . [ف] .

دید نَہ شُنید صف. دیکھا نہ سنا ، عجوبہ ، انوکھا ، نایاب .

دید و شُنید صف. معمولی ملاقات ، رسم و راہ ، جان پہچان .

دِیدار (ی مع) اند .
۱. دیکھنے کا عمل ، درشن ، ملاقات .۲. خدا کا جلوہ ، رسول پاک ﷺ کی پیشوائی .۳. (i) مرنے کے بعد منھ دکھانا . (ii) (مجازاً) چہرہ ، منھ .
۴. دیکھنے والا ، دیدار کرنے والا .

دِیدَنی (ی مع ، فت د) صف .
دیکھنے کے لائق ، قابل دید ، نظارے کے قابل . [ف] .

دِیدوں (ی مع ، و ج) اند .
دیدہ کی جمع ، تراکیب میں مستعمل .

دیدوں کا پانی ڈھلنا / مَر جانا محاورہ. بے غیرت ہو جانا.

دِیدَہ (ی مع، فت د) اند.

۱. آنکھ، پتلی. ۲. نظر، نگاہ. ۳. (مجازاً) دلیری، جرأت، بہادری. [ف].

دیدۂ بینا صف. ۱. دیکھنے والی آنکھ، مراد: مشاہدۂ حق کرنے والی آنکھ، نگاہِ حقیقت بیں، باطن کو دیکھنے والی نظر. ۲. عقل، بصیرت؛ فہم و فراست.

دیدہ (و) دانستہ م ف. جان بوجھ کر، قصداً، ارادۃً.

دیدہ دلیری امث. ۱. ڈھیٹ پن، جرأت، جسارت، بے باکی (کسی مذموم کام کو برملا کرنے کی). ۲. بے غیرتی، بے شرمی، گستاخی.

دیدہ ریزی امث. ۱. باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے. ۲. کسی کام میں نہایت غور و فکر کرنا، چھان بین، تحقیق. اف: کرنا/ ہونا.

دیدہ زیب صف. خوش نما، آنکھوں کو بھلی معلوم ہونے والی چیز.

دیدہ و دل فرش راہ کرنا محاورہ. خلوص کے ساتھ کسی کا استقبال کرنا.

دیدہ ور صف. ۱. جو آنکھیں رکھتا ہو، اندھا نہ ہو. ۲. (مجازاً) قدردان؛ پرکھنے والا، صاحب نظر، حقیقت بیں، معاملہ فہم، سوجھ بوجھ والا.

دیدہ ہوائی ہونا محاورہ. آنکھ کا کسی ایک مقام پر نہ ٹھہرنا، آنکھیں بھٹکنا، مراد: آوارہ ہونا، سیلانی ہونا.

دِیدی (ی مع) امث.

بڑی بہن کو پکارنے کا کلمہ، (آپا، باجی کے انداز پر). [ہنگ].

دِیدے (ی مع) اند؛ ج.

دیدہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

دیدے پھاڑنا محاورہ. دیکھتے وقت بہت زیادہ آنکھیں نکال کر دیکھنا، سخت استعجاب ہونا.

دیدے کا پانی ڈھلنا/ مَرنا محاورہ. ۱. پاس و لحاظ نہ ہونا، بے حیا بے شرم ہو جانا. ۲. کہے پر نہ چلنا، پروا نہ کرنا، توجہ نہ کرنا، ڈھیٹ ہوجانا. ۳. بے خوف ہونا، ڈر جاتا رہنا، نڈر ہو جانا.

دَیر (ی لین) اند.

۱. (i) نصاریٰ کا عبادت خانہ، وہ عبادت گاہ جہاں خدائے وحدہٗ لاشریک کے علاوہ کسی دوسرے کی پرستش ہو؛ (مجازاً) مندر، بت خانہ. (ii) عیسائیوں کا گرجا، کلیسا. (iii) یہودیوں، پارسیوں اور زرتشتیوں کی عبادت گاہ. (iv) بت کدہ، شوالہ، مندر؛ (مجازاً) ایسی جگہ جہاں فقر و فنا کی تعلیم دی جائے، عبادت گاہ. [ع].

دیر (ی مج) امث.

عرصہ، مدت، وقفہ، توقف. [ف : س].

دیر آید درست آید. فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل، جو کام دیر میں ہوتا ہے وہی ٹھیک ہوتا ہے، جو نتائج تاخیر سے نکلیں وہی اچھے ہوں گے.

دیرپا صف. دیر تک قائم رہنے والا؛ مستحکم، پائدار؛ مضبوط، عرصے تک باقی اور برقرار رہنے والا؛ طولانی.

دیر (یا) سویر م ف. کم یا زیادہ مدت میں، جلد یا بدیر.

دیر کا کام رحمٰن کا/ کے، جلد کا کام شیطان کا/ کے کہاوت.

جلد بازی کے موقع پر مستعمل ہے کیونکہ جلدی میں کام کے بگڑنے کا احتمال زیادہ ہوتا ہے.

دیر کرنا ف مر. عرصہ لگانا، وقت گزارنا.

دیری (ی مج) امث.

دیر، دیر سے، مدت بعد

دیرِینَہ (ی مج، ی مع، فت ن) صف.

۱. جو پہلے سے اب تک برقرار ہو، بہت عرصے سے ہو، پرانا. ۲. جس نے طول پکڑ لیا ہو، طویل.

دِیس (ی مع) اند (قدیم).

وہ بارہ گھنٹے جس میں سورج نکلا رہے، دن (رات کی ضد). [مقامی].

دیس (ی مج) اند.

وطن، علاقہ، ملک، صوبہ، شہر. [س].

دیس بدیس اند. شہر بہ شہر، در بہ در.

دیس پردیس اند. اپنا ملک ہو یا اجنبی ملک، مراد: ہر جگہ، جگہ جگہ.

دیس نکالا اند. ۱. بطور سزا کسی کو وطن سے باہر کر دینے کا عمل جلاوطنی. ۲. وہ شخص جس کو شہر بدر کیا گیا ہو. ۳. وطن چھوڑ دینے کا عمل ہجرت، خود شہر سے چلا جانا.

دیس نکالا دینا محاورہ. ۱. جلا وطن کرنا، شہر بدر کرنا (سزا دینے کے

موقع پر مستعمل ہے) .۲. خارج کرنا ، نکال باہر کرنا .۳. (مجازاً) شامل نہ کرنا .

دیسی (ی ج) صف ؛ امذ .

۱. (i) وطن سے متعلق ، وطن کا ، دیس کا (ولایتی کی ضد) . (ii) وہ شخص جو ہندوستان کا باشندہ ہو ، اہل ہند ، کسی علاقہ کا .۲. (مجازاً) مشرق یا ایشیا سے منسوب ، ایشیائی ، مشرقی (یورپی ، مغربی کی ضد) .
۳. مقامی ، دیہاتی ؛ معمولی .۴. دیہاتن ، گاؤں کی رہنے والی ، غیر تعلیم و تربیت یافتہ . [س] .

دیسی پان امذ . پان کی اعلیٰ قسم جو مقامی طور پر اس نام سے مشہور ہے ، اس میں تیزی و گرمی نسبتاً کم ہوتی ہے خستہ ہوتا ہے ، جلد گھل جاتا ہے .

دیش (ی ج) امذ .

دیکھیے : دیس . [س] .

دیغ (ی ج) است .

کھانا پکانے کا بڑا ظرف ، دیگ . [ف] .

دیکھ (ی ج) است .

۱. دیکھ کر ، نظر کر کے ؛ دیکھو ، نظر کرو .۲. کسی کو مخاطب یا متوجہ کرنے کے لیے کہا جاتا ہے ، آگاہی .

دیکھ بھال/ریکھ است .۱. دیکھنے ، تاکنے یا جھانکنے یا دیکھنے بھالنے کا عمل ، نظارہ ، دیدار ، وسیلۂ نظر .۲. (i) نگرانی ، خبر گیری ، سرپرستی . (ii) تیمار داری .۳. غور و فکر ، نظر .۴. تلاش ، جستجو ، چھان پھٹک .۵. پھونک پھونک کر قدم رکھنے کی کیفیت ، احتیاط ، دیکھ بھال کر .

دیکھا (ی ج) صف .

دیکھنا کا ماضی ، تراکیب میں مستعمل .۲. (کلمۂ آگاہی) سن لیا ، غور کیا ، زما لیا (ایسے محل پر کہتے ہیں جہاں یہ کہنا ہوتا ہے کہ جو ہم کہہ رہے تھے وہی ہوا) .

دیکھا بھالا صف مذ . جس پر نظر پڑ چکی ہو ، جس کو جانچا پرکھا ہو ، آزمودہ ، تجربہ کیا ہوا ، واقف .

دیکھا جائے گا فقرہ .۱. سمجھا جائے گا ، سمجھ لیں گے ، سزا دی جائے گی ، بدلہ لیا جائے گا .۲. خیال رکھیں گے ، عمل میں لایا جائے گا (زیادہ اصرار کرنے والے کو ٹالنے کے لیے کہتے ہیں) .

دیکھا دیکھی (الف) است .۱. تاک جھانک ، دیدہ بازی .۲. جانچ پڑتال ، چھان بین .۳. مشاہدہ کیا ہوا ، خود سے دیکھا ہوا . (ب) م ف .۱. نقالی کے طور پر دوسرے کی حرص یا ریس میں ؛ ہم سری کے طور پر ، برابری .
۲. دیکھتے دیکھتے ، دیکھنے کے دوران .

دیکھا نہ بھالا صدقے گئی/ گئیں خالہ کہاوت . بے برتے یا دیکھے صرف سنی سنائی باتوں کی بنا پر کسی کی تعریف کیے جانے کے موقع پر مستعمل ؛ خواہ مخواہ محبت جتانے والوں پر بطور طنز مستعمل .

دیکھا نہ سنا فقرہ . آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا ، جس کی نسبت کچھ معلوم نہ ہو ، انوکھا ، بے مثل ، لاثانی .

دیکھنا (ی ج ، سک کھ) (الف) ف م .

۱. کسی چیز کی طرف آنکھوں کا رخ کرنا ، نظر کرنا ، ملاحظہ یا معائنہ کرنا .۲. حقیقت واقعہ یا مفہوم اصلی کو جاننا ، غور و فکر سے کام لینا .۳. ڈھونڈنا ، تلاش کرنا .۴. سمجھنا یا خیال کرنا ، باور کرنا ، قابل غور جاننا .۵. ملاقات کرنا ، خدمت یا حضوری سے مشرف ہونا .۶. مشاہدہ کرنا ، آزمانا ، تجربہ کرنا ، برتنا .۷. دیکھ بھال یا نگرانی کرنا ، نگاہ رکھنا .۸. پڑھ کر اصلاح و ترمیم کرنا (بیشتر کلام میں) .۹. ترجیح دینا ، حیثیت یا قدر و قیمت سمجھنا ، اہمیت دینا .۱۰. مریض کی عیادت کرنا .۱۱. احتیاط برتنا ، سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا .۱۲. انتقام لینا .۱۳. مطالعہ کرنا ، پڑھنا . (ب) ف ل .۱. معلوم ہونا ، سمجھ میں آنا .۲. انتظار کرنا ، آس میں بیٹھنا .۳. تامل و توقف کرنا .۴. احتیاط برتنا ، خیال اور لحاظ رکھنا (کہ اس کے خلاف نہ ہو جائے) ، پھونک پھونک کر قدم رکھنا .۵. مقررہ طریقے یا حساب سے نیت کے مطابق نتیجے کا استخراج کرنا ، (استخارے ، زائچے یا فال وغیرہ سے) حساب لگا کر معلوم کرنا .۶. اندازہ لگانا ، تخمینہ کرنا . (ج) روزمرہ ؛ م ف .۱. دیکھا چاہیے ، خدا جانے ، نہ معلوم ، کس کو خبر ہے .۲. تنبیہ کے موقع پر (بیشتر صیغۂ امر میں مستعمل) .۳. دعوے یا نتیجے پر زور دینے کے لیے .
۴. تکنا ، گھورنا ، لو لگانا .۵. آزما لینا ، تجربے میں لے آنا ، عمل کر

رک := رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

کے دیکھ لینا.

دیکھو (ی مج ، و مج) م ف.
۱. (انتباہ کے موقع پر) ہوشیار رہو، خبردار رہو، متوجہ ہو .۲. خدا جانے ، نہ جانے ، خبر نہیں .۳. شاید ، بشرط امکان ؛ تلاش کرو ، ڈھونڈو .۴. حالت پر نظر کرو ، قدر کرو ؛ ملاحظہ کرو ، غور کرو.

دیکھوں (ی مج ، و مج) م ف.
۱. غور کروں ، سوچوں ، پرکھوں .۲. خدا جانے ، نامعلوم .۳. (آگاہی کے لیے) ہے کوئی ؟ ، کون ہے ؟.

دیکھیے (ی مج سک کھ) م ف.
۱. خدا جانے کیا ہو ، واللہُ أعلم .۲. لو دیکھو .

دیکھیے اونٹ کس کا/کروٹ بیٹھتا ہے/بیٹھے کہاوت. دیکھیے انجام کیا ہو ، خدا معلوم کیا نتیجہ نکلے گا .

دیگ (ی مج) امث ؛ امذ.
لوہے یا تانبے کا بڑا برتن (عموماً کھانا پکانے کا) ، جس کی گردن واضح طور پر اُبھری ہوئی ہوتی ہے جس میں بہت زیادہ افراد کے لیے کھانا بن سکے . [ف].

دیگچا/ دیگچَہ (ی مج ، سک گ / فت چ) امذ.
دیگ جس کی یہ تصغیر ہے ، چھوٹی دیگ ، بڑا پتیلا .

دیگچی (ی مج ، سک گ) امث.
دیگچا کی تانیث ، سالن وغیرہ پکانے کی ہانڈی ، پتیلی .

دِیگر (ی مع ، فت گ) صف.
۱. جو ترتیب کے اعتبار سے ایک کے بعد ہو، دوسرا، دوبارہ .۲. علاوہ ، اور ، باقی ، ماسواء ، کچھ اور .۳. غیر ، اجنبی . [ف].

دِیمَک (ی مع ، فت م) امث.
۱. چیونٹی کے برابر ہلکے بھورے رنگ یا کتھئی رنگ کا ایک کیڑا جس کے بازو پر ایک جھلی سی ہوتی ہے اور وہ لکڑی اور کاغذ کو کھا جاتا ہے .۲. (مجازاً) کوئی نقصان دہ انسان یا چیز ، جم جانے والا ، چپکنے والا . [ف]

دیمک کی طرح چاٹ جانا/چاٹنا ف مر ؛ محاورہ. برباد کر دینا ، ختم کر دینا.

دیمک زدہ صف. پرانا ، بوسیدہ ، خراب و خستہ .

دَین (ی لین) امذ.
۱. وہ قرض جس کے ادا کرنے کی مدت معین ہو ، قرض .۲. (مجازاً) عہد و پیماں ، وعدہ .۳. بوجھ ، ذمہ داری .۴. فرض . [ع].

دِین (ی مع) امذ.
۱. مذہب ، عقیدہ ، نظام حیات ، نظام عبادات و عقاید .۲. اسلام .۳. مرنے کے بعد دوسرا جہان ، آخرت ، عقبیٰ ، عاقبت .۴. دنیاوی یا علمی مسائل معاملات میں نقطۂ نظر یا مکتبِ خیال ، مشرب ، مسلک . [ع].

دِین ابراہیم / ابراہیمی امذ. وہ دین جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھوں رائج ہوا تھا ، مذہب ابراہیم ، مذہب اسلام .

دِین دار صف ؛ ~ دیندار. ایمان دار ، مذہبی فرائض ادا کرنے والا ، عبادت گزار ، نیک ؛ مسلمان .

دِین مبین امذ. روشن ، واضح ، مذہب جو عقیدہ (یعنی خدا کی وحدانیت کا اظہار برملا کرتا ہو ؛ (کنایۃً) ، دین اسلام .

دِین مُحمدی ﷺ امذ. مذہب اِسلام ، محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بتایا ہوا طریقۂ زندگی .

دین (ی مج) امث.
۱. داد و دہش ، بخشش ، عطیہ ، عنایت ، توفیق .۲. دینے کا عمل یا کیفیت عطا یا جود و سخاوت کا ڈھنگ اور انداز .

دین دار صف. ادا کرنے والا ، دینے والا ، جس کے ذمے کچھ واجب الادا ہو .

دینا (ی مج) (الف) ف م.
۱. (i) کوئی چیز اپنے سے جدا کر کے دوسرے کے سپرد کرنا ، بیشتر حسبِ ذیل مقاصد کے لیے مستعمل : حوالے کرنا ، سونپنا .(ii) عطا کرنا بخشنا ، مرحمت کرنا ؛ ادا کرنا ، بے باق کرنا. (iii) بیچنا ، فروخت کرنا. (iv) تحفہ پیش کرنا ، نذر یا ہدیہ کرنا .۲. کسی کیفیت یا صفت وغیرہ سے متاثر کرنا ؛ کہنا ، منھ سے نکالنا (اذان یا دعا وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .۳. (i) پیدا کرنا ، جننا . (ii) (فطرت کے مقررہ نظام کے مطابق) جسم سے نکالنا (دودھ ، انڈے وغیرہ کے ساتھ) .۴. ظاہر کرنا ، نمایاں کرنا

(کسی صفت یا خوبی کا) .۵. گرفت میں آنے یا لانے کے لیے بڑھانا (ہاتھ وغیرہ کو) .۶. التوا ، مہلت ، توقف ، وقفہ (وقت کے ساتھ مستعمل) .۷. بتانا ، دکھانا (پتے یا نشان یا علامت وغیرہ کے لیے مستعمل) .۸. خاطر تواضع کرنا ، پیش کرنا .۹. عورت کو عقد نکاح میں دینا .(ب) اند. قرضہ . [پ] .

دینا ایک نہ لینا دو کہاوت. بلاوجہ ، بے مطلب ، بے فائدہ .

دینار (ی مع) اند.
۱. طلائی سکہ ، بعض عرب ممالک میں یہ سکہ آج بھی رائج ہے جس کی شرح ، وزن اور دھات بدلتی رہتی ہے اصلاً املا دنار تھا .۲. زر خالص کی ہم رنگ ایک دوا کا نام جس کا شربت بھی بنتا ہے ، تخم کشوث .

دینی (ی مع) صف.
دین سے منسوب ، مذہبی ، مذہب یا اس سے متعلق .

دینیات (ی مع ، سک ن) است : ج.
۱. وہ مسائل یا کتابیں جن کا دین سے تعلق ہو ، مذہب سے متعلق علوم ، علم مذہبی ، دینی علوم .۲. بطور ایک مضمون کے علیحدہ علم کی شاخ .

دیو (ی ج نیز مع) اند.
۱. بھوت ، جن یا راکشش جس کو دیکھ کر ڈر لگے اکثر سینگوں والا ، پری کا مفروضہ مرد .۲. قوی ہیکل ، لمبا تڑنگا ، موٹا تازہ اور پہلوان آدمی . ۳. بدکار ، خبیث اور ظالم شخص ، شیطان .۴. دیوتا ، مقدس ہستی ، مالک ، بادشاہ یا شوہر . [ف] .

دیو داسی است .۱. (ہندو) مندر کی پجارن جو بڑے مہنت کے حکم پر دیگر وہ کام بھی جن کو مذہبی جواز حاصل ہو معاوضہ لے کر کرتی ، یہ معاوضہ مہنت کا حق ہوتا کیوں کہ ان عورتوں کی ضروریات زندگی مندر سے مہیا کی جاتی تھیں .۲. (مجازاً) محبوبہ ، معشوقہ ، دل پسند .

دیو قامت اند .۱. (i) قوی دراز قد ، بلند قامت . (ii) (مجازاً) لمبا چوڑا درخت یا پیڑ پودا .۲. بدشکل ، مہیب ، ڈراؤنا .

دیو ناگری است . (ہندو) سنسکرت کو دیوتاؤں کی زبان کہا جاتا ہے اور اس سے متعلق رسم خط کو ناگری (مجازاً) ہندی رسم الخط .

دیو ہیکل صف مذ. بڑا ، پرشکوہ ، عظیم .

دیوار (ی مع) است .
۱. مٹی کی بنی ہوئی اینٹ اور پتھر وغیرہ کی گارے یا مسالے سے چنی ہوئی اوٹ یا پردہ ؛ (مجازاً) آڑ ، روک ، رکاوٹ .۲. اطراف ، بازو . [ف] .

دیوار اٹھانا محاورہ .۱. دیوار بنانا ، دیوار کھڑی کرنا .۲. حجاب قائم کرنا ، کسی چیز کے درمیان حائل ہونا .

دیوارِ چین است . چین میں تاتار و ختا کی سرحد پر فغفور چین (دو سو چالیس برس قبل مسیح) کی بنوائی ہوئی کم سے کم آٹھ سو کوس اور زیادہ سے زیادہ تین ہزار میل لمبی تیس گز چوڑی اور اتنی ہی اونچی دیوار جو تاتاریوں کے حملے سے بچنے کے لیے پانچ سو برس کی مدت میں تیار کرائی گئی تھی .

دیوار کے بھی کان ہیں کہاوت . راز کو راز ہی رہنا چاہیے ہوسکتا ہے پسِ دیوار کوئی ہو ، احتیاط لازم ہے .

دیوار میں چن دینا/ چنوا دینا ف مر؛ محاورہ .۱. اگلے زمانے کی ایک سزا ، ملزم کو کھڑا کر کے چاروں طرف دیوار بنوا دینا ، جڑ دینا .۲. ختم کر دینا ، ملا دینا ، کسی بات کا اظہار کرنے کے لیے یا کوئی بات منوانے کے لیے اتنی تنگ و دو کرنا کہ اپنی شخصیت ختم کر دینا .

دیوالا (ی مع) اند : ~ دیوالہ .
۱. خرابی ، ناکامی .۲. خسارہ ، حادثہ ، مالی نقصان . [ف] .

دیوالی (ی مع) است .
۱. (ہندو) خوشی ، چراغاں اور صفائی ستھرائی ؛ ایک تیوہار جو کنوار کاتک میں منایا جاتا ہے ، لکشمی کی پوجا ہوتی .۲. (مجازاً) منور ، روشن ؛ داغ دار . [س] .

دیوالیا/ دیوالیہ (ی مع ، سک ل/ فت ی) صف .
۱. کاروبار یا کسی کام میں زر نقد یا سرمایہ ختم ہو کر بالکل بے مایہ ہونے کا عمل .۲. وہ شخص جس کا دیوالہ نکل جانے کے سبب سے کاروبار بند ہوگیا ہو ، جس کو کاروبار میں نقصان ہوا ہو ، نادار ، مفلس ؛ قلاش .۳. تنزل ، انحطاط ، قریب الختم . [ف] .

دیوالیا/ دیوالیہ پن اند . کھوکھلا ، بے مایہ ، ناسمجھی ، بے عقلی .

دِیوان (ی مع) اند ؛ است.
ا.(i) دربار خداوندی یا بارگاہِ شاہی .(ii) دفتر، محکمہ (مال، خزانہ، فوج) . (iii) (مجازاً) عدالت ، کچہری ، روزِ حساب .(iv) معتقدین کا مرکز، مرجع خلائق .۲.(i) اونچی مسند، منبر، کرسی، خصوصی نشست .(ii) فرنیچر سے متعلق مختلف ناپ کی بستر سے مشابہ لمبی نشست ، سیٹی .۳.(i) وزیر (خصوصاً مال کا) مدارالمہام ، محکمۂ مال کا بڑا افسر نیز کسی محکمہ کا نگراں اور انچارج .(ii) صوبہ کا مختارِ کل ، صوبے کا سب سے بڑا حاکم ، گورنر. ۴.کتاب ، رجسٹر .۵. مجموعۂ غزلیات ، منظوم کلام یا شعری کا مجموعہ . [ع] .

دیوان خانہ اند .ا. امیروں کی نشست گاہ ، بیٹھک ، وہ مکان جو لوگوں سے ملاقات کے لیے مخصوص ہو ، ڈرائنگ روم .۲. ریاست کے مالی کاروبار کے منتظم کے دفتر ، بادشاہ ، رئیس یا امیر کی قیام گاہ سے متصل انتظامی دفتر .

دِیوانگی (ی مع ، سک نیز فت ن) است .
ا. ہوش و حواس گم ہو جانے کا عالم ، مجنون یا پاگل ہونے کی کیفیت ، بدحواسی ، جنون ، سودا ، وحشت .۲. کسی بات کا حد سے زیادہ پسند یا ناپسند کرنا .

دِیوانَہ (ی مع ، فت ن) صف مذ (مث : دیوانی) .
ا. دماغی مریض کی ایک کیفیت جس سے حواس میں خلل واقع ہو جاتا ہے .۲. وارفتہ ، فریفتہ .۳. (مجازاً) بے وقوف ، احمق .۴. شوقین ، صاحبِ ذوق . [ف] .

دیوانی (۱) (ی مع) صف مث .
دیوانہ جس کی یہ تانیث ہے ، پگلی ، سڑن ، باولی ، خبطن .

دیوانی ہانڈی/ ہَنڈیا است .ا. میل بے میل کی چیزوں سے ملا کر پکایا ہوا سالن .۲. (مجازاً) اَنمل بے جوڑ .

دیوانی (۲) (ی مع) (الف) است .
ا. دیوانی کا عہدہ ، وزارت نیز گورنری ؛ (مجازاً) حکومت .۲. وزیر یا وزارت سے متعلق .۳. مال اور حقوق کے مقدمات و معاملات سے متعلق عدالت (فوجداری کی نقیض) . (ب) صف . مال اور حقوق سے متعلق (معاملہ یا مقدمہ) .

دِیوانے (ی مع) اند ؛ ج.
دیوانہ کی مغیرہ حالت نیز جمع تراکیب میں مستعمل ؛ مجنوں ، پاگل ، خبطی ، باؤلا .

دیوانے کی بَڑ است .اول فول ، بہکی بہکی باتیں ، رٹ لگائے جانا .

دیوْتا (ی مج ، سک د)
(الف) اند .ا. (ہند) معبود ، خالق ، اوتار ، (نبی وغیرہ) ، فرشتہ ، مقدس ہستی ، بت جس کی پوجا کی جاتی ہے .۲.(i) (مجازاً) عزیز ، قابلِ احترام ، محبوب .(ii) ماہر ، فن کار ، اعلیٰ پایہ کا . (ب) صف .بھولا بھالا ، سادہ لوح ؛ مکار ، شریر ، ستفنی . [س] .

دَیُّوث (فت د ، شدی ، و مع) صف ؛ ~ دیوس .
اپنی عورت سے پیشہ کرانے والا ، اپنے حرم کی بدکاری سے چشم پوشی کرنے والا ، بے حیا ، بے غیرت ، بھڑوا . [ع] .

دیوَر (ی مج ، فت د) اند .
شوہر کا چھوٹا بھائی . [س] .

دیوْرانی (ی مج ، سک د) است .
شوہر کے چھوٹے بھائی کی بیوی .

دَیُّوس (فت د ، شدی ، و مع) صف .
بے وقوف ، شرارتی ، خبطی .

دیوْنی (ی مج ، سک و) است
ا. دیو کی تانیث .۲. (مجازاً) موٹی تازی ، لحیم شحیم ؛ بدشکل . [س : پ] .

دیوی (ی مج) است .
ا. دیوتا کی بیوی ، پاربتی ، درگا ، بھوانی ، نیز اس کا بت .۲. مقدس یا محترم عورت ، شریف عورت .۳. عورت ، خاتون . [س] .

دیہ (۱) (ی مج) اند .
چھوٹی بستی (بشتر کچے مکانات کی) گاؤں ، قریہ ، موضع . [ف] .

دَیہ (دیہہ) (۲) (ی مج) است ؛ اند .
(ہندو) جسم ، بدن ، کالبد ؛ (مجازاً) دل . [س] .

دیہات (ی مج) اند ؛ ج (نیز واحد) .
دہ یا دیہ کی جمع ، بہت سے گاؤں .

دیہاتن (ی مج، فت ت) امث.
دیہاتی کی تانیث، دیہات سے منسوب؛ (مجازاً) ناخواندہ یا غیر مہذب.

دیہاتی (ی مج) صف مذ: امذ.
۱. دیہات سے منسوب؛ (مجازاً) ناخواندہ یا غیر مہذب. ۲. شہری تہذیب سے ناواقف، گنوار.

دِیہاڑی (کس مج د) امث.
ہر روز کی اُجرت، ایک دن کی مزدوری، روزینہ.

دیہی (ی مج) صف مذ: امذ.
دیہ سے منسوب، گاؤں سے تعلق رکھنے والا یا والی.

دھ

دَھ امث.
صوتی اعتبار سے اُردو حروف تہجی کا اٹھارواں حرف جو تحریر میں "ھ" کی شمولیت کی وجہ سے "د" کی ہائیہ شکل کہلاتا ہے.

دھات امث.
۱. وہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی صلاحیت ہو، جیسے: لوہا، رانگ، سونا، چاندی وغیرہ. ۲. منی، نطفہ. [س].

دھاتی صف.
دھات سے منسوب یا متعلق، دھات کا بنا ہوا.

دھار امث.
۱. بہنے والی یا رقیق چیز کی تلّی؛ پچکاری، پھوہار؛ پانی کا بہاؤ. ۲. لکیر، خط، دھاری. ۳. خنجر اور تلوار یا کسی تیز اور کاٹنے والے آلے کی باڑھ، تیزی، کاٹ. ۴. دریا کا بیچ جہاں پانی زور سے بہتا ہے، چشمہ. ۵. (آنسوؤں کی) لڑی، تار اشک. ۶. (مجازاً) سلسلہ، رو، روش، چلن. ۷. پہاڑوں کا سلسلہ. [س].

دھار پر مارنا محاورہ. پیشاب کی دھار پر مارنا؛ خاطر میں نہ لانا، بے حقیقت اور ناچیز سمجھنا، کچھ پروا نہ کرنا.

دھار لگانا / مارنا محاورہ. موتنا، پیشاب کرنا، زور سے پیشاب کرنا.

دھارا امذ: امث.
۱. (دریا کا) بہاؤ، رو؛ چشمہ، سوتا. ۲. سلسلہ، قطار (قدیم). ۳. ترازو کی ڈنڈی کا درمیانی بند جس کو پکڑ کر تولا جاتا ہے. [س].

دھارْنا (سک ر) ف م.
۱. کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا، تریڑا دینا. ۲. اختیار کرنا، قبول کرنا. [س].

دھاری امث.
۱. (i) لکیر، خط (کپڑے یا کسی اور چیز پر)، ریکھا. (ii) (سائنس) خط (سطح پر لکیریں، نالیاں وغیرہ). (iii) کنارہ، حاشیہ.

دھاری دار صف. ۱. جس پر لکیریں یا دھاریاں پڑی ہوں. ۲. ایسا جانور جس کے جسم پر بالوں کی دھاریاں ہوں.

دھاڑ امذ: امث.
۱. انبوہ، بھیڑ، مجمع؛ چوروں یا لٹیروں کا گروہ. ۲. ڈاکا. ۳. جلدی، اضطراب، اشد ضرورت. ۵. (مرکبات میں بطور جزو دوم) لڑائی، جھگڑا؛ مار پیٹ. [پ، س].

دھاڑ / دھاڑیں مار کر رونا محاورہ.
بہت زور سے رونا، چلا کر رونا، واویلا کرنا.

دھاک امث.
۱. دہشت، ہیبت، ڈر، خوف. ۲. رعب داب، دبدبہ، جاہ و جلال؛ شان و شوکت. ۳. دھوم، شہرہ، غلغلہ، شہرت [س].

دھاک بٹھانا محاورہ. دھاک باندھنا، رعب بٹھانا، ہیبت بٹھانا؛ ممتاز و مشہور ہونا.

دھاک بیٹھ جانا/بیٹھنا محاورہ. رعب یا ہیبت بیٹھ جانا؛ مشہور ہونا.

دھاگا امذ: ۔ دھاگہ.
سوت، ڈورا، تاگا؛ (جانوروں یا پودوں کی ساخت میں ریشہ) رشتہ؛ (روشنی کی) لہر، تار. [س].

دھام امذ.
۱. رہنے کا گھر، مسکن، مکان. آب و تاب، چمک دمک، شان و شوکت (عموماً دھوم، کے ساتھ مستعمل). [س].

دھان امذ.
۱. چھلکے سمیت چاول، مع پوست چاول. ۲. چاولوں کا پودا.

دھان پان صف. دھان کے پودے اور پان کی طرح نازک، دُبلا پتلا، لاغر؛ نازک اندام.

دھانْدَل (مغ، فت د) اث .
بے ایمانی، مکر، فریب، حیلہ؛ جھگڑا، ٹنٹا، تکرار، حجت . [س] .

دھانْدْلی (مغ، سک د) اث ؛ ~ دھاندھلی .
اصل بات کو چھپانے کا عمل، مکر و فریب، دھوکا، بے ایمانی .

دھانْس (مغ) اث .
سوکھے تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی اور چھینکیں آنے لگتی ہیں .۲. کھانسی (خصوصاً مویشیوں کی) ؛ دمے کی قسم سے گھوڑے کی ایک بیماری . [س] .

دھانس چڑھ جانا/چڑھنا محاورہ. بو کا ناک میں پہنچ کر خراش پیدا کرنا.

دھانْسُو (مغ، ومع) صف .
خواہ مخواہ رعب جمانے والا ؛ زبردست، شاندار، لاجواب .

دھانی (الف) صف .
۱. سبز دھان کے رنگ کا، ہلکا سبز، زردی مائل سبز . (ب) اث . ۱. دھان بونے کے قابل زمین، وہ زمین جس میں دھان بویا جائے .۲. ایک قسم کا چاول .

دھاوا اند .
۱. چڑھائی، بڑا حملہ، ہلا، یورش .۲. گرداوری، چکر، مسافت .۳. جانے کا قصد، سفر کا ارادہ . [س] .

دھاوا بول دینا/ بولنا محاورہ. حملہ کر دینا، چڑھائی کرنا، یورش کرنا، یلغار کر دینا (دوڑ، جیسے : پولیس کی دوڑ کا) .

دَھائیں (ی مج) اث .
۱. بندوق یا توپ کی آواز .۲. آواز، شور، ڈھول کی آواز . [حکایت الصوت] .

دھائیں دھائیں اث .۱. (i) توپ یا بندوق وغیرہ کی متواتر آواز . (ii) بڑی مشینوں کے چلنے کی متواتر آواز .۲. زور سے مارنے کی متواتر آواز .۳. زور سے پانی گرنے یا بہنے کی مسلسل آواز .۴. دل دھڑکنے کی متواتر آواز .

دھائیں دھائیں رونا محاورہ. پھوٹ پھوٹ کر رونا، زار و قطار رونا .

دَھب (فت ده) اث ؛ ~ دھپ .
۱. ڈھول، تھپڑ .۲. کسی بھاری چیز کے گرنے کی آواز . [حکایت الصوت] .

دَھبّا (فت ده، شد ب) اند ؛ ~ دھبہ .
۱. نشان، ٹیکا، داغ .۲. عیب، کلنک ؛ بے جا الزام، تہمت .

دھبا لگنا ف مر؛ محاورہ.
۱. کسی چیز کا داغی ہونا، داغ لگنا، خراب ہونا .۲. عیب لگنا، عیب دار ہو جانا .

دَھبا دَھب (فت ده، فت ده) م ف .
زور شور سے، متواتر، تسلسل کے ساتھ .

دَھپ (فت ده) اند ؛ اث .
۱. ڈھول، تھپڑ، گھونسا ؛ ہتھیلی کی ضرب، گدی پر ہاتھ کی ضرب .۲. خسارہ، نقصان، گھاٹا .۳. آواز، شور، بھاری جسم کے گرنے کی آواز . اف : جمانا/ دینا/ لگانا/ لگنا/ مارنا .

دھپ دھپ اث . دھب دھب، ہتھیلی کی ضرب .

دَھت (فت ده) اث .
عادت، دھن، لت، خراب عادت . [س] .

دُھت (۱) (ضم ده) صف .
نشہ میں چور، بدمست . [س] .

دُھت (۲) فقرہ .
(کلمۂ تنفر) دور ہو، دفع ہو جا، بھاگ یہاں سے .

دھت تیری / تیرے کی فقرہ. (کلمۂ تنفر) دور ہو جا .

دُھتْکار (ضم ده، سک ت) اث .
لعنت ملامت، ڈانٹ ڈپٹ، جھڑکی، پھٹکار .

دُھتْکارْنا (ضم نیز فت ده، سک ت، ر) ف م .
تحقیر کرنا، ذلیل کرنا، لعنت ملامت کرنا، جھڑکنا ؛ نکالنا .

دَھتُورا/ دَھتُورَہ (فت ده، ومع/ فت ر) اند .
ایک زہریلا پودا جو بینگن کے پودے کے برابر یا اس سے بڑا ہوتا ہے اس کے تخم اور پتے زیادہ تر دوا کے طور پر مستعمل ہیں، دھتورے کے بیج زہریلی مقدار میں کھلائے جائیں تو حواس پراگندہ ہو جاتے ہیں . [س] .

دَھتّی (فت ده، شدت) صف .
عادی، کسی چیز کی لت پڑ جانا .

دَھج (فت دھ) است : امذ.
طرز ، روش ، انداز ، وضع ، صورت ؛ پوشاک ؛ نشست . [س].

دَھجّی (فت دھ ، شد ج) است.
کپڑے کی لمبی پٹی جس میں عرض کم ہو، کترن ، چیتھڑا . [س].

دھجی ہو جانا / ہونا محاورہ. نہایت کمزور اور دبلا ہو جانا ، بے جان ہو جانا.

دَھجّیاں (فت دھ ، شد ج بکس) است : ج.
دھجی کی جمع ، مرکبات میں مستعمل ؛ کپڑے کی لمبی لمبی پٹیاں جن کا عرض کم ہو.

دھجیاں اُڑانا محاورہ. ۱. (لباس کپڑا ، اور کاغذ وغیرہ) پارہ پارہ کرنا ، پرزے پرزے کرنا ، ٹکڑے ٹکڑے کرنا. ۲. (i) ذلیل کرنا ، شرمندہ کرنا ، بری طرح خبر لینا. (ii) اعتراض کرنا ، نکتہ چینی کرنا ، برائیاں بیان کرنا.

دھجیاں بکھیر دینا / بکھیرنا محاورہ. ۱. اُدھیڑ دینا ، منتشر کر دینا ، درہم برہم کرنا. ۲. راز افشا کرنا ، توہین کرنا ، بری طرح خبر لینا ، پول کھول دینا.

دَھچْکا/ دَھچْکہ (فت دھ ، سک چ) امذ.
۱. دھکا ، جھٹکا ، صدمہ ؛ ہچکولا. ۲. نقصان ، گھاٹا. [مقامی].

دَھر (فت دھ) حرفِ اختصاص.
تخصیص و انحصار اور معنی میں زور پیدا کرنے کے لیے دوسرے کلموں خصوصاً مصادر کے ساتھ آتا ہے نیز رکھنے یا پکڑنے کا عمل. [س].

دَھر لینا محاورہ. ۱. (i) گرفتار کر لینا ، پکڑ لینا ، قید کرنا. (ii) گھیر لینا. ۲. رکھ لینا. ۳. نشانہ بنا لینا ، زد پہ رکھ لینا. ۴. لعنت ملامت کرنا ، قائل معقول کرنا ، خوب خبر لینا.

دُھر (ضم دھ) امذ : است.
۱. (i) کسی چیز یا مسافت کا آخری نقطہ یا حد ، انتہا. (ii) انجام ؛ (مجازاً) حقیقت. ۲. آغاز ، ابتدا (کسی چیز یا مسافت کی). [س].

دَھرا (فت دھ) امذ.
دھرنا کا فعل ماضی اور حالیہ تمام ؛ مرکبات میں مستعمل.

دھرا کا دھرا رہ جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. رکھا رہنا ، پڑا رہنا. ۲. بیکار ہونا ، بے سود ہونا ، کسی کام نہ آنا.

دُھرا (ضم دھ) امذ.
۱. لوہے یا لکڑی کی وہ سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے. ۲. کسی چیز کا محور ، گردش کا مرکز. [س].

دُھرا (ضم دھ) امذ.
(گاؤں یا کھیت وغیرہ کی) ، حد ، آخری کنارہ.

دُھرانا (ضم دھ) صف مذ.
پرانا کا تابع مہمل.

دَھرتی (فت دھ ، سک ر) است.
۱. زمین ، ارض. ۲. قطعۂ زمین (کھیت وغیرہ) ، اراضی. [س].

دَھرم (فت دھ ، سک نیز فت ر) امذ.
۱. (i) مذہب ، مسلک ، دین. (ii) ایمان، عقیدہ ، اعتقاد. (iii) فرض ، مذہبی فریضہ ، عبادت ، نیک کام ، ثواب کا کام. (iv) نیکی ، بھلائی ، انصاف (قدیم). ۲. دستور ، قاعدہ ، روش ، رسم. [س].

دھرم سالا/ سالہ/شالا/ شالہ امذ؛ است.
۱. مسافر خانہ. ۲. خانقاہ ، خیرات خانہ. ۳. معدلت گاہ ، عدالت.

دَھرَن (فت دھ ، ر) امذ.
۱. رکھنا ، دھرنا. ۲. پکڑنا ، گرفت میں لینا. ۳. لینا ، رکھنا ، قبضہ کرنا ؛ اٹھانا ، برداشت کرنا ؛ باندھنا ؛ سہارا ؛ باندھنے کی چیز ؛ بند ، پشتہ ، پستان ؛ ایک وزن یا ماپ. [س].

دَھرْنا (فت دھ ، سک ر) (الف) ف م.
۱. (i) (کسی جگہ یا چیز پر) رکھنا ، ٹکانا ، جمانا. (ii) (قرینے سے) رکھنا ، سجانا ، چننا. (iii) (بوجھ) رکھنا ، لادنا. (iv) الزام لگانا ، عائد کرنا. (v) (توجہ) مرکوز کرنا ، (کان) لگانا. (vi) چھوڑنا ، بچا کر رکھنا. (vii) (قبر میں) اتارنا ، دفن کرنا. ۲. (i) سپرد کرنا ، تحویل کرنا ، ودیعت کرنا ، امانت رکھنا. (ii) گروی رکھنا ، رہن رکھنا ، ضمانت میں دینا. ۳. پکڑنا ، گرفتار کرنا. ۴. (i) (اختیار یا بس میں) رکھنا ، حاصل ہونا. (ii) (قبضے میں) رکھنا. (iii) (دل میں) رکھنا. ۵. (نام) رکھنا ، مقرر

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

کرنا. ٦. قائم کرنا یا رکھنا، بنانا، استوار کرنا. ۷. کرنا. ۸. "کرنا" کا تابع.
(ب) اند کوئی بات منوانے یا التجا پوری کرانے کے لیے کسی کے دروازے پر یا کسی اور جگہ جم کر بیٹھنے کا عمل، ڈھنی (عموماً فعل 'دینا' کے ساتھ).
[س].

دَھڑ (۱) (فت دھ) اند.
۱. بدن، جسم (بہ استثنائے سر) .۲. گروہ، جماعت، فریق؛ رخ، چہرہ؛ جانب، طرف. [س].

دَھڑ (۲) (فت دھ) است.
(کسی چیز کے) گرنے کی زوردار آواز، بھاری ضرب کی آواز دھڑاکے کی آواز؛ یکبارگی حرکت کرنے کی آواز (عموماً لفظ کے ساتھ مستعمل).
[حکایت الصوت].

دَھڑا / دَھڑہ (فت دھ) اند.
۱. گروہ، فرقہ .۲. وزن، بوجھ، پاسنگ برابر کرنے کا وزن. [س].

دَھڑا دَھڑ (فت دھ، دھ) (الف) است.
مکانوں کے گرنے کی لگاتار آواز؛ پتھروں کے گرنے کی مسلسل آواز؛ کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز، ماتم کی آواز. (ب) م ف.
۱. (i) لگاتار بلند آواز کے ساتھ، زور شور سے. (ii) مسلسل، لگاتار، متواتر، پے در پے.

دَھڑاک (فت دھ) است.
۱. جسم پر ڈنڈے یا سونٹے وغیرہ کی ضرب پڑنے کی آواز (عموماً لفظ "سے" کے ساتھ. ۲. دروازہ یا کھڑکی وغیرہ کے زور سے بند کی آواز (عموماً) لفظ "سے" کے ساتھ. [حکایت الصوت].

دَھڑاکا (فت دھ) اند.
۱. (i) دو وزنی چیزوں کا تصادم اور اس سے پیدا ہونے والی زور کی آواز؛ دھماکا. (ii) شوروغل. ۲. آواز گوز، (پاد) جو زور سے سرزد ہو؛ بندوق کی آواز. ۳. طوفان باد کی آواز؛ حملے کا زور، لڑائی کا شور؛ جوش، زور.

دَھڑام (فت دھ) است.
کسی بھاری چیز کے زور سے گرنے کی آواز ("سے" کے ساتھ مستعمل).
[حکایت الصوت].

دَھڑَک (فت دھ، ڑ) است.
۱. دھڑکن، تڑپ، بے قراری. ۲. اختلاج قلب، ہول دل. ۳. ڈر، خوف، کھٹکا (سابقہ بے کے ساتھ). ۴. اشتیاق، آرزومندی (قدیم).
۵. (گلہ بانی) بھگوڑے بیل یا ڈھور کے گلے میں لٹکا ہوا لکڑی کا موٹا ڈنڈا جس کا دوسرا سرا زمین پر پڑا رہتا ہے اور ڈھور کے ساتھ گھسٹتا ہوا چلتا ہے. [س].

دَھڑْکا (فت دھ، سک ڑ) اند.
۱. دھڑکن، تڑپ. ۲. اختلاج قلب، ہول دل، خفقان. ۳. خوف، اندیشہ، خطرہ. ۴. دھماکے کی زور کی آواز، دھماکا، گرج، کڑک؛ دھکا، دھچکا.
دھڑکا لگنا محاورہ. خوف طاری ہونا، ڈر ہونا.

دَھڑْکَن (فت دھ، سک ڑ، فت ک) است.
۱. (دل کی) حرکت یا حرکت کرنے کی آواز. ۲. بے قراری، بے چینی، اضطراب. ۳. اختلاج قلب، ہول دل. [س].

دَھڑْکنا (فت دھ، ڑ، سک ک) ف ل.
۱. (دل وغیرہ کا) زور سے حرکت کرنا، اچھلنا، پھڑکنا. ۲. مضطرب ہونا، بے قرار ہونا. ۳. ڈرنا، خوف کھانا، دہلنا. [س].

دَھڑَلّے (فت دھ، ڑ، شد ل) اند.
دھڑلا کی جمع یا مغیرہ حالت، مرکبات میں مستعمل، اعلانیہ، بے باکانہ، رعب داب.
دھڑلّے سے م ف. ۱. اعلانیہ، کھلم کھلا، بے باکانہ. ۲. آن بان سے، زور شور سے.

دَھڑَن تَخْتَہ (فت دھ، ڑ، فت ت، سک خ، فت ت) است.
زوردار تباہی و بربادی.

دُھڑَنْگ (فت نیز ضم دھ، فت ڑ، سک ک، مغ) (الف) اند.
بدن اور اعضا. (ب) صف ۱. بڑا، ہٹا کٹا، تنومند. ۲. ننگ (ننگا) کا تابع ننگ دھڑنگ، بالکل ننگا. [س].

دَھڑی (فت دھ) است.
۱. مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں. ۲. لکیر، خط؛ پان کی لکیر
۳. (i) کپڑے کا کنارہ یا جھالر. (ii) سرا، کنارہ.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین، مع = معدولہ، مج = مجہول، مع = معروف (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

دَھڑی جمانا محاورہ. مسی لگانا، ہونٹوں پر مسی کی تہ چڑھانا.

دُھس (ضم دھ) امذ.

۱. پشتہ، دمدمہ، مٹی کا تودہ جو دشمنوں سے بچاؤ کی غرض سے بنا دیا جاتا ہے. ۲. قلعہ یا فصیل کی دیوار کے نیچے کی تہ پر ریختوان بنا ہوا پختہ پشتہ جو پانی کی ٹکر سے بنیاد کی حفاظت کے لیے بنا دیا جاتا ہے؛ قلعے کے گرد کا پشتہ، بند. [س].

دُھسّا (ضم دھ، شد س) امذ.

بکری کی پشم کا کمبل کی وضع پر بنا ہوا چادرا، موٹی اونی چادر. [پ، س].

دَھسانا (فت دھ) ف م: ← دھنسانا.

۱. (زمین کے) اندر اتارنا، گاڑنا، دبانا. ۲. کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا. ۳. گھسیڑنا، ٹھونسنا، بھرنا.

دَھسَک (فت دھ، س) امث.

۱. ہلکی کھانسی، سوکھی کھانسی.

دَھسَکنا (فت دھ، س، سک ک) (الف) ف م.

دھکا دینا. (ب) ف ل. ۱. کھانسنا. ۲. (دیوار وغیرہ کا) بیٹھ جانا، (زمین میں) دھنسنا، اندر اندر کھسکنا. ۳. گھسنا، داخل ہونا؛ چبھنا. [پ: س].

دَھسْنا (فت دھ، سک س) ف ل: ← دھنسنا.

۱. (زمین کا) نیچے کی طرف جانا، دبنا. ۲. دلدل میں پھنسنا یا ڈوبنا. ۳. گھسنا، داخل ہونا، در آنا. [س].

دَھک (۱) (فت دھ) امث.

چھوٹی جوں، لیکھ سے بڑی جوں. [مقامی].

دَھک (۲) (فت دھ) (الف) امث.

۱. (i) دل کی ناگہانی دھڑکن. (ii) صدمہ؛ خوف، ڈر. ۲. حیرت. (ب) صف. حیران، بھونچکا. (ج) م ف. ۱. جھٹ سے، اچانک، دفعۃً. ۲. بھونچکا ہوکر، گھبرا کر. [حکایت الصوت].

دھک دھک کرنا محاورہ. (دل، کلیجہ وغیرہ کا) تیزی سے دھڑکنا، تڑپنا، بے قرار ہونا، خوف یا دہشت کے مارے دل کانپنا.

دھک سے رہ (ہو) جانا محاورہ. متحیر ہو جانا، حیران ہو جانا، بھونچکا ہو جانا.

دَھکّا (فت دھ، شد ک) امذ.

۱. (i) صدمہ (جو ہاتھ یا کندھے کے ٹکر مارنے سے پہنچے)، دھکیلنے کا عمل یا کیفیت، ریلا، ٹکر، بھکولا. ۲. آفت، حادثہ. ۳. ضرر، نقصان، زیاں. [س].

دھکا پیل امث. ریل پیل، دھکم دھکا، بھیڑ بھاڑ.

دھکا کھانا محاورہ. ۱. ٹکر لگنا، ضرب پڑنا. ۲. صدمہ اُٹھانا، نقصان اُٹھانا، آوارہ پھرنا؛ مشکلات کا شکار ہونا.

دُھکدُھکی/دُھگدُھگی (ضم دھ، سک ک، ضم د/ضم دھ، سک گ، ضم دھ) امث.

گلے کا ایک زیور جو سینے پر لٹکتا رہتا ہے، جگنی.

دَھکَڑ (فت دھ، ک) امث.

پکڑ کا تابع.

دُھکَڑ پُکَڑ (ضم دھ، فت ک، سک ڑ، ضم پ، فت ک) امث.

۱. دھڑکن، بے قراری، اضطراب، گھبراہٹ. ۲. تردد، تذبذب، پس و پیش، دبدھا.

دَھکّم پیل (فت دھ، شد ک بفت، سک م، ی مج) امث.

دھکم دھکا، دھکے پہ دھکا، آپس کی ریل پیل جو بھیڑ میں ہوتی ہے.

دَھکّے (فت دھ، شد ک) امذ: ج.

دھکا کی جمع یا مغیرہ حالت، مرکبات میں مستعمل.

دھکے دے (دلا) کر/کے نکال دینا / نکلوا دینا ف مر: محاورہ. گردن سے پکڑ کر نکال دینا، باہر دھکیل دینا، بے عزت کر کے نکالنا / نکلوانا.

دھکے کھاتے پھرنا محاورہ. مارا مارا پھرنا، آوارہ اور سرگرداں پھرنا.

دَھکیلْنا (دَھکیل دینا) (فت دھ، ی مج) ف م.

۱. دھکا مار کر گرانا. ۲. دھکے دے دے کر آگے بڑھانا، ٹھیلنا، ریلنا؛ زور لگا کر ہٹانا.

دُھلا (ضم دھ) صف، مذ.

دھویا ہوا (مرکبات میں مستعمل).

دُھلانا (ضم دھ) ف م.

کپڑے یا ہاتھ، منہ یا سر وغیرہ کو پانی سے صاف کرانا.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، امذ = اسم مذکر، امث = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

دُھلائی (ضم دھ) است.
۱. کپڑے یا کسی اور شے کے دھونے کا عمل نیز اس کی اُجرت، دھلوائی.
۲. کپڑے یا کوئی اور شے دھونے کا عمل. اف: کرنا/ہونا.

دُھل جانا/ دُھلنا (ضم دھ، سک ل) ف ل.
۱. کپڑے یا کسی اور شے کا دھویا جانا، (پانی سے) صاف ہو جانا. ۲. مٹ جانا، زائل ہو جانا.

دُھلوانا (ضم دھ، سک ل) ف م.
پانی سے صاف کروانا، پاک کرنا.

دُھلی (ضم دھ) صف، مث.
دھوئی ہوئی (مرکبات میں مستعمل)، دھو کر صاف کی ہوئی. [س].

دھلی دھلائی صف، مث. ۱. دھوئی ہوئی، دھو کر صاف کی ہوئی. ۲. (مجازاً) صاف ستھری.

دَھم (فت دھ) است.
۱. گرنے کی آواز، گداکا، دھماکا، کودنے کی آواز. ۲. (موسیقی) چپک تال کے ٹھیکے کا ایک لفظ. [س].

دھم سے م ف. ۱. یک بیک، اچانک. ۲. زور سے، آواز کے ساتھ.

دَھما چوکڑی (فت دھ، ولین، سک ک) است.
اچھل کود، شور غل، اُودھم، ہنگامہ، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد.

دَھماکا/ دَھماکہ (فت دھ، ک) اند.
۱. (i) زور سے گرنے یا کودنے کی آواز. (ii) زمین پر زور سے قدم رکھنے کی آواز. ۲. توپ، پٹاخے یا بم وغیرہ کی زور دار آواز، کسی آتش گیر مادے کے پھٹنے کی زور دار آواز. ۳. زور کا طمانچہ. ۴. (صوتیات) بعض مصمتوں کے تلفظ میں سانس کا فوری اخراج، اف: ہونا.

دھماکا/ دھماکہ خیز صف. ۱. دھماکا پیدا کرنے والا. ۲. (i) (مجازاً) شور غوغا پیدا کرنے، ہنگامہ برپا کرنے والا. (ii) تباہ کن.

دَھمّال (فت دھ، شدم) اند؛ است.
۱. اچھل کود، دھما چوکڑی، شور و غل؛ (مجازاً) جھنکار. ۲. قلندرانہ رقص، وجد کی حالت میں رقص. ۳. ایک قسم کی تال. [س].

دَھمَک (فت دھ، م) است.
۱. (i) زمین پر بھاری قدم پڑنے کسی بھاری چیز کے گرنے کی کی آواز یا جھلکا، پاؤں کی آہٹ. (ii) ڈھول یا دھونسے کی آواز. (iii) گونج.
۲. (i) ضرب، صدمہ. (ii) وہ صدمہ جو سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے. ۳. وہ بھاری بھاری پن جو ہلکے ہلکے درد کی وجہ سے پورے سر میں ہو، خفیف درد سر. ۴. خوف، دھمکی.

دَھمکانا (فت دھ، سک م) ف م.
ڈرانا، خوف دلانا؛ خوف زدہ کرنا، ڈانٹنا، سرزنش کرنا.

دَھمَکنا (فت دھ، م، سک ک) (الف) ف ل.
۱. دھم دھم کرنا، زمین کو دہلاتے ہوئے چلنا. ۲. (اچانک اور دفعۃً کسی جگہ) پہنچنا (عموماً "آ" یا "جا" کے بعد). ۳. رہ رہ کر درد ہونا، ٹیس اٹھنا، ٹپکنا. ۴. چمکنا، دمکنا، تمتمانا. ۵. دھمکی میں آجانا، ڈرنا، خوف زدہ ہونا. (ب) ف م. کوئی چیز کوٹنا. [س].

دَھمکی (فت دھ، سک م) است.
سزا دینے یا ضرر پہنچانے کے ارادے کا اظہار، ڈراوا، گھرکی. [س].

دھمکی دینا محاورہ. ڈرانا، خوف زدہ کرنا، انجام بد سے آگاہ کرنا، سزا دینے یا ضرر پہنچانے کا ارادہ ظاہر کرنا.

دَھن (فت دھ) اند.
دولت، مال و منال، روپیہ پیسہ. ۲. عورت، حسینہ (قدیم). [س].

دھن وان صف. دولت مند، امیر.

دُھن (ضم دھ) است.
۱. دھیان، خیال. ۲. شوق، سرگرمی، لگن. ۳. (موسیقی) گانے کا خاص طرز، لے، سر، راگ. [س/ پ].

دھن باندھنا محاورہ. لگاتار کسی شخص یا چیز کا خیال کرنا، کسی بات کی رٹ لگانا، تصور باندھنا، خیال جمانا.

دھن سوار ہونا محاورہ. کوئی خیال ہر وقت رہنا.

دھن کا پکا/پُورا ہونا محاورہ. اپنی ہٹ پر قائم رہنا.

دھن میں لگا رہنا/ لگنا محاورہ. کسی کے خیال میں ہونا، کسی سوچ میں گم رہنا، کوئی مقصد پیش نظر ہونا.

دُھنا (ضم دھ) اند.
روئی دھننے والا، دھنیا. [س].

دُھنائی (ضم دھ) است.
۱. دھنکی کی تانت کی پھنکار سے روئی کے ریشوں کو کھولنا یا سلجھانا.
۲. (مجازاً) مار پیٹ.

دُھند (ضم دھ، غنہ) است؛ ← دھندھ.
۱. (فضا کی) تاریکی، تیرگی (کہر یا غبار کی وجہ سے) .۲. (i) اُجالا آجانے کی کیفیت، جگمگاہٹ. (ii) کم نظری، دھندلاہٹ. [س].

دھند چھٹنا ف مر. کہر اور ابر کی کیفیت ختم ہونا، مطلع صاف ہونا، غبار چھٹ جانا.

دَھندا (فت دھ، سک ن) اند.
۱. (i) کاروبار، مشغلہ. (ii) ملازمت، کاروبار، روزگار. (iii) بکھیڑے، جھگڑے. (iv) برا پیشہ، جسم فروشی. (v) عیش وعشرت. ۲. یارباشی.
۳. طریقہ، شعار، طرز. ۴. مشغولیت، مصروفیت. [س].

دُھندلا (ضم دھ، غنہ، سک د) صف مذ.
۱. تیرہ و تار (جس کے خطوط، نقوش واضح نہ ہوں) .۲. غیر شفاف، گدلا، میلا. ۳. (i) ماند، مدھم، کم روشنی والا. (ii) غیر شفاف، ہلکا.
۴. (مجازاً) غیر واضح، غیر متعین. [س].

دُھندلانا (ضم دھ، غنہ، سک د) ف ل.
۱. بے رونق ہو جانا. ۲. چمک دمک ختم ہو جانا، ماند پڑ جانا. ۳. مٹ جانا.

دُھندلاہَٹ (ضم دھ، غنہ، سک د، فت ہ) است.
مدھم پڑ جانے کی کیفیت.

دُھندَلکا (ضم دھ، مغ، فت د، سک ل) اند.
۱. (i) صبح کاذب، جب فضا تاریک ہو، جھٹ پٹا. (ii) کہر زدہ، مطلع ابرآلود ہونے کی کیفیت. ۲. بے یقینی کی کیفیت، مبہم صورت حال.

دَھندَہ (فت دھ، سک ن، فت د) اند.
دیکھیے: دھندا.

دَھنس (فت دھ، غنہ) اند.
دھنسنا کا امر، تراکیب میں مستعمل. [س].

دھنس جانا ف مر؛ محاورہ. ۱. زمین میں دھنس جانا، پھنس جانا، دفن ہو جانا. ۲. گھس کر بیٹھ جانا، ڈھیر ہو جانا.

دَھنسانا (فت دھ، مغ) ف م.
زمین کے اندر اُتارنا، گاڑنا، دبانا.

دَھنسنا (فت دھ، غنہ، سک س) ف ل.
۱. داخل ہونا، کسی سطح کے اندر گھس جانا، گھسنا، بھسم ہو جانا، گڑ جانا.
۲. زمین میں اُترنا. ۳. اندر کی جانب ہونا، پچکا ہوا. ۴. جال میں پھنسنا، کسی بات پر آمادہ ہونا. ۵. گھلنا، آہستہ آہستہ ختم ہونا.

دَھنُک (فت دھ، ن نیز ضم) است.
۱. نازک باریک بادلے کی پاؤ انچ چوڑی بنی ہوئی زری توئی، پتلا لیس، گوٹا. ۲. کمان کے طرز کی مختلف (عموماً سات) رنگوں کی ایک پٹی جو آسمان پر عموماً بارش کے بعد نظر آتی ہے، قوس قزح. [س].

دھنک کھلنا محاورہ. رنگوں کی آمیزش سے خوب صورتی کا اظہار ہونا.

دُھنَک

دُھنَک (ضم دھ، فت ن) است.
آواز، ارتعاش، تراکیب مستعمل. [پ].

دُھنَک کر رکھ دینا محاورہ. بہت زیادہ مارنا.

دُھنَکنا (ضم دھ، فت ن، سک ک) ف م.
۱. روئی یا اُون دُھننا. ۲. (مجازاً) خوب مارنا، پیٹنا؛ برا بھلا کہنا؛ گرجنا.

دُھنَکی (ضم دھ، سک ن) است.
روئی دھنکنے کی کمان، روئی صاف کرنے کا آلہ جو کمان کی طرح ہوتا ہے.

دُھنگار (ضم دھ، مغ) اند.
دھنگارنے کا عمل؛ بگھار، دُھنگارا ہوا کھانا.

دُھنگارْنا (ضم دھ، مغ، سک ر) ف م؛ ← دُھنگار دینا.
(طباخی) اس کے مختلف طریقے ہیں ایک یہ کہ پیاز کی ایک پرت لے کر اس کی کٹوری سی بنا کر اس میں دہکتا ہوا کوئلہ کسی بھی کھانے میں رکھ کر ذرا سا گھی یا تیل ڈال کر فوراً ڈھانک دیا جاتا ہے جس سے مذکورہ کھانے میں ایک خاص سوندھی خوشبو پیدا ہو جاتی ہے.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

دُھننا (ضم دھ، سک ن) م ف.
۱. روئی دُھنکنا، روئی صاف کرنا. ۲. (مجازاً) پٹکنا (سر کو)، سر کو پیٹنا، دے مارنا. ۳. مارنا، پیٹنا. [پ].

دَھنوان (فت دھ، سک ن) صف.
۱. عالم، فاضل، حکمت والا، مدبر. ۲. امیر، دولت مند، مال دار.

دُھنواں (ضم دھ، مغ) اند.
آگ جلنے سے پیدا ہونے والا غبار و دھند. [س].

دُھنوانا (ضم دھ، مغ) ف مر.
روئی صاف کرانا.

دَھنی (فت دھ) صف؛ اند.
۱. خوش قسمت، صاحب نصیب، مال دار، دولت مند. ۲. مالک، آقا، حاکم، خداوند. ۳. (i) (مجازاً) ماہر، کامل، کسی خاص کام میں مہارت رکھنے والا. (ii) ارادے کا مضبوط، وعدے کا پاس کرنے والا، وعدے کا پکا. [س].

دَھنیا (فت دھ، سک ن) اند.
۱. خوش بودار سبزی کا بیج جو کھانوں کے علاوہ ادویات میں استعمال ہوتا ہے. ۲. ایک خوش بو دار پودا جس کے پتے سالن میں استعمال ہوتے ہیں، ہرا دھنیا، کوتھ میر. [س].

دَھنیَہ (فت دھ، سک ن، فت ی) اند. لغت سے دیکھنا ہے
دیکھیے: دھنیا.

دُھواں (ضم دھ) اند؛ ~ دُھنواں. (الف) اند.
گیس جو کسی چیز کے جلنے یا سلگنے کی وجہ سے اوپر کو اُٹھتی اور بدلی کی طرح پیچ کھاتی نظر آتی ہے، سیاہ حدنگ دود، دُخان.

دُھواں دار/دھار صف ۱. سیاہی مائل، کالی، سیاہ، دھوئیں سے بھرا ہوا، دھندلا. ۲. (i) (مجازاً) زور دار، جوشیلا، پرجوش. (ii) زور دار، جھڑی لگانے والی گھٹا، بارش؛ مسلسل، بغیر وقفہ کے، شدت سے، بھرپور، شدید.

دھوب (وج) اند.
تلوار، خمدار تلوار، ایک قسم کی تلوار جس کی مار یا کاٹ دھوبی کے کپڑے پٹخنے سے مشابہ ہوتی ہے.

دھوبَن (وج، فت نیز کس ب) است.
۱. دیکھیے: دھوبی جس کی یہ تانیث ہے. ۲. ایک چھوٹی سی چڑیا جس کے بازو سفید ہوتے ہیں اور جو بار بار دم ہلاتی ہے، ممولا.

دھوبی (وج) اند.
کپڑے دھونے والا شخص جس کا پیشہ کپڑے دھونا ہو.

دھوبی پاٹ/پاٹا/پٹرا اند. کپڑے دھونے کا وہ تختہ یا پتھر جس دھوبی کپڑوں کو مارتا ہے، کپڑے دھونے کی سل.

دھوبی کا کُتّا/گدھا گھر کا نہ گھاٹ کا کہاوت. ہر طرف سے ٹھکرایا ہوا ناکام و نامراد؛ اس شخص کی بابت کہیں گے جسے ہر طرف سے دُھتکار دیا گیا ہو، اِدھر کا نہ اُدھر کا، نکما بے کار آدمی.

دھوبی گھاٹ اند. دھوبیوں کے کپڑے دھونے کی جگہ، تالاب یا وہ جگہ جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں.

دُھوپ (۱) (ومع)(الف) است.
سورج کی روشنی جو زمین یا کسی محسوس مادّی چیز پر پڑ کر اس کو روشن اور گرم بنا دیتی ہے. (ب) اند. خوش بودار چیز جو ہندو پوجا کے وقت جلاتے ہیں، خوشبو، دھونی. [س].

دُھوپ چھاں/ چھانْو/ چھاؤں است. ۱. روشنی اور سایہ. ۲. ریشمی کپڑے کی ایک قسم جس کا تانا ایک رنگ کا اور بانا دوسرے رنگ کا ہوتا ہے. ۳. (i) (مجازاً) تنوع، ادلا بدلی، کسی کیفیت کا بار بار پلٹنا جذبات کا اُتار چڑھاؤ. (ii) اونچ نیچ، بننا بگڑنا، اچھا اور وقت. (iii) آتی جاتی چیز، آنی جانی شے. ۴. (مجازاً) رنگا رنگی عروج و زوال.

دُھوپ چھاؤں کا کھیل اند. (مجازاً) تقدیر کی گردش.

دُھوپ میں بال/چونڈا/ داڑھی/ سپید/سفید کرنا محاورہ. بڑھاپے تک سادہ لوح ہونا، ناتجربہ کار رہنا.

دُھوپ (۲) (ومع) است
دوڑ، دوڑنے کا عمل.

دھوتَر (وج، فت ت) است.
موٹا، چھدرا سوتی کپڑا جو کھڈی پر بنا جاتا ہے.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

دھوتی (وج، فت ت) است.
چار پانچ گز لمبا کپڑا جو ہندو لوگ کمر سے نیچے تک، ٹانگوں کے بیچ سے نکال کر باندھتے ہیں بقیہ حصہ پیچھے گھرس لیتے ہیں (تہبند کا متبادل)، لنگی. [س].

دھوجنا (وج، سک ج) ف ل (قدیم): دھوجنہ.
کانپنا، کپکپانا؛ (خوف سے) لرزنا.

دھوکا (وج) اند: - دھوکھا / دھوکہ.
۱. حقیقت حال (مافی الضمیر) سے بے خبر رکھ کر دوسرے کو غلط راہ پر ڈالنے کا عمل، مکر، فریب، دغا. ۲. (i) غلط فہمی، مغالطہ، بھول چوک، فریبِ نظر. (ii) بے اصل، بے حقیقت چیز جس کا وجود نہ ہو. ۳. وہ ریت جو چمکتی ہوئی نظر آتی ہے جس پر پانی کا دھوکا ہوتا ہے، سراب.
۴. پرندوں کو ڈرانے کا پتلا. [س].

دھوکا کھانا محاورہ. ۱. (کسی کے) فریب میں آنا، (بہکانے سے) بہک جانا. ۲. چوکنا، خطا کرنا.

دَھوکنی (ولین، فت گ) است.
۱. چمڑے، کاغذ یا پلاسٹک کی وہ خول دار تھیلی جس پر دباؤ پڑنے سے ہوا موسیقی کے پردوں سے ٹکراتی ہے، جس سے سر نکلتے ہیں. ۲. (مجازاً) سانس چڑھنا، سانس کا تیز تیز چلنا. ۳. (کنایۃً) شدت کی پیاس؛ دھونک. ۴. بھٹی کی آگ بھڑکانے کے لیے کھال کا بنا ہوا پھکنا جس سے ہوا حسب ضرورت آگ کو بھڑکاتی ہے.

دھوکے (وج) اند: ج.
دُھوکا کی مغیرہ حالت اور جمع؛ تراکیب میں مستعمل.

دھوکے باز صف. مکار، فریبی، دغا باز.

دھوکے بازی است. دھوکا، مکر، فریب.

دھوکے کی ٹٹی است. ۱. وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں. ۲. فریب میں لانے والی چیز، دکھاوے کی چیز، مغالطے میں ڈالنے والی چیز.

دَھول (ولین) اند.
تھپڑ، دھپ، پورے ہاتھ کی شدید ضرب. اف: پڑنا/ جڑنا/ مارنا/ لگانا/ لگنا.

دھول دَھپّا اند. دست و گریباں ہونا، ہاتھا پائی، چھیڑ چھاڑ.

دُھول (وم) است.
گرد، خاک، مٹی کے باریک باریک ذرے، مٹی؛ حقیر چیز. [س].

دُھول جھونکنا محاورہ. جھٹلانا، اصلیت چھپانا، ڈھٹائی سے دھوکا دینا.

دُھوم (وم) است.
۱. چرچا، غلغلہ، شہرت. ۲. شان و شوکت، طمطراق. ۳. ہنگامہ، غل غپاڑا، چیخم دھاڑ. اف: مچانا/ مچنا. [س].

دھوم دھام است. ۱. شان وشوکت، طمطراق. ۲. زور شور، ریل پیل، غلغلہ.

دھوم دَھڑکّا اند.
ہنگامہ، غل غپاڑہ، شور. ۲. شان و شوکت، طمطراق، تزک و احتشام.

دھونا (وج) ف م.
۱. (کسی چیز کو) پانی سے صاف کرنا، پاک کرنا. ۲. دور کرنا، ازالہ کرنا. ۳. فوٹوگرافی، فلم وغیرہ کو خاص کیمیاوی سالے سے دھونا.

دَھونس (ولین، غنہ) است.
دھمکی، تہدید، خوف زدہ کرنے کا عمل.

دھونس جمانا محاورہ. دھمکی دینا، ڈرانا.

دَھونکنا (ولین، غنہ، سک ک) ف ل.
۱. کسی سلگتی ہوئی چیز کو ہوا دے کر یا پھونک مار کر جلانا؛ دھونکنی چلانا، ہوا بھرنا، لوہا پگھلانا، پھونکنا. ۲. سخت مصیبت میں ہونا، مراد: ہانپنا.
۳. زور سے بولنا، چنگھاڑنا، گرجنا.

دَھونکنی (ولین، غنہ، سک ک) است.
۱. کھال کی تھیلی یا دھات کی نال وغیرہ جس میں ہوا بھر کر قلعی گر آگ بھڑکاتے ہیں. ۲. پھکنی.

دھونکنی چلنا محاورہ. سانس کا زور زور سے چلنا، سانس کا پھولنا، سانس لینے میں دشواری ہونا.

دُھونی (وم) است.
۱. دھواں، سوزش، تپش. ۲. وہ دھواں (یا بخار) جو کسی چیز کے آگ میں جلنے سے اٹھے. ۳. ہندو فقیروں کے آگے سلگنے والی آگ کا ڈھیر.
۴. بخور، خوش بو کی اشیاء جو آگ پر ڈالی جاتی ہیں اور جس کا

دھواں کیا جاتا ہے. [س].

دھونی دینا محاورہ. کسی چیز کو سلگا کر اس کا دھواں دینا، بخور دینا.

دھووَن (وَمج، فت و) اند.

وہ غیر شفاف پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو، گدلا پانی.

دھوئی (وَمج) است.

دُھوئی ہوئی، دھلی ہوئی، صاف، پاک؛ تراکیب میں مستعمل.

دُھوئی ماش است. بچی یا پکی ہوئی ماش کی دال جس کا چھلکا دھو کر اتار دیا گیا ہو.

دُھوئیں (وَمع، یَمج) اند؛ ج: ایک املا دھویں.

دھواں کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

دھوئیں دار صف. ۱. آلودہ دُکار، ناصاف، کثیف. ۲. دھندلی، غیر شفاف، دودھیا. ۳. دھواں نکلتی ہوئی، سلگتی ہوئی.

دُھوئیں کے بادل اند؛ ج. (مجازاً) ناامیدی.

دھوئیں میں اُڑا دینا محاورہ. ٹالنا، یقین نہ کرنا.

دِھی است؛ ایک املا دھیا.

(عور) بیٹی، دختر. [پ].

دھی دھیانی است. بیٹی، خاندان یا محلہ یا گاؤں کی بیٹی.

دِھیاڑی (کس دھ) است.

روزانہ کی مزدوری، دہاڑی.

دِھیان (فت نیز کس دھ) اند.

۱. (i) سدھ، توجہ، التفات. (ii) خیال، تصور، مراقبہ، روحانی علم، راہِ سلوک، عبادت، استغراق. ۲. غور، فکر، مطالعہ، حقیقت کی تلاش. [س].

دھیان بٹانا محاورہ. توجہ کا بٹانا، خیالات منتشر کرنا.

دھیان دینا محاورہ. توجہ دینا، یقین کرنا، سوچنا.

دھیان رکھنا محاورہ.

خیال میں رکھنا، یاد رکھنا، پاس اور لحاظ کرنا، تاکید کے طور پر کہتے ہیں.

دِھیر (یَمع) صف؛ است.

ماتحت، ثابت قدم، مستقل مزاج؛ صبر، استقلال، ثابت قدمی، ہمت؛ دلیری، حوصلہ؛ امید. [س].

دِھیرَج (یَمع، فت ر) اند.

۱. صبر، تحمل، استقلال، ثابت قدمی، ہمت، حوصلہ، مضبوطی. ۲. تسلی، اطمینان، دلاسا. ۳. آہستگی، قناعت پسندی. [س].

دِھیرے (یَمع) م ف.

آہستہ، چپکے. [س].

دھیرے دھیرے م ف. آہستہ آہستہ؛ چپکے چپکے.

دَھیلا (یَمج) اند.

۱. چونسٹھ پیسے والے روپے کے ایک پیسے کا آدھا، آدھا پیسہ، ایسا پیسا اور دھیلا اب رائج نہیں.

دِھیما (یَمج) صف مذ.

۱. نرم، سست، ہلکا. ۲. ٹھنڈا، فرو، زائل. ۳. خوش گوار، لطیف، مدھم. [س].

دھیما پڑنا محاورہ. غصہ دور ہونا، نرم پڑنا، ٹھنڈا ہونا.

دھیماپن اند. لہجے کی آہستگی، نرمی، سست رفتاری.

دِھیمَر/دِھیمَڑ (یَمع، فت م) اند؛ ~ دھینور، دھیور.

ہندوؤں کی ایک ذات جو کہاری یا مچھلی پکڑنے کا کام کرتی ہے.

دِھیمی (یَمع) است.

دھیما کی تانیث (تراکیب میں مستعمل)، مدھم، آہستہ، ہلکی.

دِھینگا (یَمع، مغ) صف مذ.

قوی، لمبا تڑنگا، صحت مند، بجیلا، دست درازی، بدمعاملگی.

دھینگا مشتی است. ۱. ہاتھا پائی، دست و گریبانی، گھونسا مکے کی لڑائی. ۲. زور آوری، طاقت آزمائی، طاقت کا استعمال.

ڈ

ڈ (ڈال) است.

صوتی اعتبار سے اُردو حروف تہجی کا انیسواں اور ہندی حروف صحیح کا تیرھواں حرف. اس کو دال ہندی (ڈال) بھی کہتے ہیں. عربی فارسی میں اس کا ہم آواز حرف نہیں ہے، ہندی میں لفظ کے آخر میں آ کر حاصل مصدر کے معنی بھی دیتا ہے، جیسے: بھنڈ، ٹھنڈ.

ڈاب اث.
پہاڑی مرغزار کی وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو کر جھیل کی شکل اختیار کر لیتا ہے ، چھوٹا تالاب .
ڈاٹ اث.
ا.کاغذ ،لکڑی یا شیشے وغیرہ کی چیز جس سے شیشے یا صراحی وغیرہ کا منہ بند کرتے ہیں ، کاگ ، کارک .۲. (معماری) محراب کی چنائی کے درمیان وہ اختتامی ردہ جو محراب کے دہن کے دونوں رخوں کی چنائی کے بیچوں بیچ بطور ڈاٹ پھنسایا جاتا ہے.۳. (مجازاً) روک ، ممانعت .۴. وہ چیز (از قسم کاغذ یا کپڑا) جو بندوق میں بارود ڈالنے کے بعد ٹھونس دیتے ہیں تا کہ بارود نہ گرے .
ڈاٹ لگانا محاورہ.ا. روکنا ، بند کرنا ؛ کارک لگانا .۲.لکڑی کو لکڑی کے اندر پھنسانا .
ڈاچی اث.
جوان اونٹنی . [مقامی] .
ڈار اث.
ا.جانوروں کا گلہ یا قطار ، ہرنوں کی قطار ، پرندوں کا جھنڈ .۲. (کنایتہً) انسانوں کا ہجوم . [س] .
ڈاڑھ اث.
چپٹا پچھلا دانت جو جبڑے کے جوڑ کے پاس ہوتے ہیں اور جس سے غذا چبائی جاتی ہے ؛ داڑھ .
ڈاڑھ گرم کرنا محاورہ. تفنن طبع کے طور پر کچھ کھانا ،نوش کرنا .
ڈاڑھ میں اٹک کر رہ جانا محاورہ. بہت مختصر ہونا ،قلیل مقدار میں ہونا.
ڈاڑھی اث.
ا. مرد کی ٹھوڑی اور رخساروں کے بال .۲. برگد کے ریشے جو لٹکتے رہتے ہیں .۳. بکرے کی ٹھوڑی کے بال .۴. بھٹے کے ریشے .
ڈاڑھی پیٹ میں ہونا محاورہ. بظاہر اندازے سے زیادہ تجربہ کار یا جہان دیدہ ہونا ، اُس بچے کی نسبت کہتے ہیں جو بوڑھوں کی سی باتیں کرے .
ڈاک (ا) اث.
ا.خط وغیرہ موصول اور روانہ کرنے کا نظام .۲. ڈاک کا محکمہ ، پوسٹ آفس .
۳. ڈاک خانے کے ذریعے سے تقسیم ہونے والے خطوط ، چٹھیاں : چٹھیوں وغیرہ کا تھیلا .۴. لگاتار آمد و رفت کا سلسلہ جو کسی کی خبر لے جانے یا لانے کے واسطے ہو . [پ] .
ڈاک بنگلا/ بنگلہ اند. سرکاری محکموں سے متعلق مسافر خانہ، آرام گاہ ، قیام گاہ.
ڈاک ٹکٹ اند. وہ سرکاری چھپا ہوا کاغذ کا پرزہ جو ڈاک کا محصول ادا کرنے کے لیے خطوں یا پارسلوں پر چسپاں کیا جائے .
ڈاک خانہ اند. ڈاک وصول اور روانہ کرنے کا دفتر ، پوسٹ آفس ، ڈاک گھر.
ڈاک (۲) اند.
بندرگاہ کا ایک حصہ جہاں جہاز آ کر ٹھہرتے ہیں ، گودی .
ڈاک یارڈ اند. بندرگاہ کے قریب کھلی جگہ جہاں جہاز کھڑے رہتے ہیں اور ان کی مرمت وغیرہ کا کام ہوتا ہے ، جہاز کا گودام . [انگ] .
ڈاک (۳) اث.
ا.قے جو پیہم آئے .۲.بلند آواز ، چیخ ، مراد: خبر دینے کے لیے زور دار آواز.
ڈاک لگنا ف مر. متواتر قے ہونا .
ڈاکا اند ؛~ ڈاکہ.
وہ حملہ جو دوسرے کا مال و دولت چھیننے کے لیے کیا جائے ، دھاوا ، قزاقی ، راہ زنی .
ڈاکا پڑنا محاورہ. ڈاکوؤں کا حملہ ہونا ، لوٹ مار ہونا .
ڈاکا ڈالنا محاورہ. غارت گری کرنا ، لوٹ مار ہونا .۲. کسی کے گھر بن بلائے اچانک پہنچ جانا .۳. (i) کسی کا حق چھین لینا . (ii) غصب کرنا .
ڈاکٹر (سک ک ، فت ٹ) اند.
ا. طب جدید میں مہارت حاصل کر کے علاج معالجہ کرنے والا ، انگریزی علم طب کا ماہر ، معالج ؛ (کنایتہً) حکیم ، طبیب .۲. وہ شخص جس کو کسی علم یا سائنس میں اعلیٰ تحقیقاتی کام کرنے پر پی ایچ ڈی یا اس کے مماثل ڈگری دی جائے ، فاضل ، عالم ، ماہر ، محقق . [انگ] .

ڈاکٹَریٹ (سک ک، فت ٹ، ی مع) اند.
علمی فضیلت کی سند جو یونیورسٹیاں عموماً تحقیقی کام پر دیتی ہیں، کسی علمی میدان میں مہارت کی سند، اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی سند. [انگ].

ڈاکُو (و مع) اند.
لوٹ مار کرنے والا، لٹیرا، ڈکیت، مسلح ہو کر لوٹنے والا، ڈاکہ ڈالنے والا. [س].

ڈاکیا (سک ک) اند؛ ~ڈاکیہ.
ڈاک کے محکمے کا ملازم جو خطوط تقسیم کرے، ڈاک کا ہرکارہ، چٹھی رساں.

ڈال (۱) است.
حرف "ڈ" کا نام جسے دال ہندی بھی کہتے ہیں. [س].

ڈال (۲) است.
شاخ، ٹہنی، ڈنڈی. [پ + س].

ڈال (۳) اند.
ڈالنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

ڈال لینا محاورہ. ۱. عادی بنا لینا ۲. شامل کرنا، جمع کرنا، لگانا ۳. کسی غیر عورت کو گھر والی بنا لینا، داشتہ بنا لینا، غیر منکوحہ عورت رکھنا، گھر میں ڈال لینا.

ڈالَر (فت ل) اند.
ایک قسم کا سکہ جو امریکہ، کینیڈا وغیرہ کا قانونی سکہ ہے اور مختلف قسم کی دھات سے بنتا ہے آج کل عموماً نوٹوں کی شکل میں رائج ہے.

ڈالنا (سک ل) ف م.
۱. کسی چیز کے اندر کوئی چیز رکھنا، اندر کرنا، داخل کرنا، اُتارنا ۲. رکھنا، لادنا، پہننا ۳. اُنڈیلنا، ملانا، شامل کرنا ۴. لکھنا، درج کرنا، شامل تحریر کرنا، اضافہ ۵. (ڈول وغیرہ) لٹکانا، اندر کرنا.

ڈالی است.
۱. درخت کی چھوٹی شاخ، ٹہنی ۲. پھول یا میوہ کی ٹوکری جو امیروں یا حکام کی نذر کرتے ہیں.

ڈامَر/ ڈامْبَر (فت م/ مغ، فت ب) اند.
تارکول، کول تار. [س].

ڈانْٹ (غنہ) است.
وہ سخت آواز جو کسی کو کسی کام سے باز رکھے، دھمکی، گھرکی، جھڑکی.

ڈانٹ ڈپٹ کرنا محاورہ. گھرکنا، جھڑکنا، غصے میں کسی کو برا بھلا کہنا.

ڈانٹْنا (غنہ، سک ٹ) ف م.
۱. خفا ہونا، تنبیہ کرنا، آگاہ کرنا ۲. گھرکنا، جھڑکنا.

ڈانٹھ/ڈانٹھل/ڈانٹھی (غنہ/مغ، فت تھ/مغ) است.
ڈالی، ڈنڈا، تالی، پورال، جو کچھ پیڑ پر یعنی کھلیان میں اناج اٹھانے کے بعد باقی رہ جائے، اناج کی ڈنڈی کی گانٹھ.

ڈانڈ (غنہ) اند.
تاوان، ڈنڈ، جرمانہ

ڈانڈ بھرنا محاورہ. تاوان ادا کرنا، جرمانہ دینا.

ڈانس (سک ن) اند.
رقص، ناچ.

ڈانسَر (سک ن، فت س) صف.
ناچنے والی، ناچنے والا، رقاص، رقاصہ.

ڈانگُو/ ڈانگرا (مغ، فت گ) (الف) اند.
۱. چوپایہ، ڈھور، بھینسا، مویشی ۲. ہند کی ایک قدیم قوم ۳. سرسوں یا مولی کی سرسبز پھول دار ٹہنی، شاخ؛ گول کدو کا پودا جس میں سبز کاہی چھلکے والا پھل آتا ہے؛ گول کدو، کاشی پھل. (ب) صف. ۱. دبلا، لاغر، ضعیف، بھوک کا مارا ہوا، فاقہ زدہ ۲. (مجازاً) احمق، بے وقوف. [پ + س].

ڈانوا/ ڈانواں/ ڈاواں ڈول (مغ/ و مج) صف.
۱. پریشان حال، خراب خستہ، تباہ و برباد ۲. آوارہ، سرگرداں ۳. ڈگمگاتا ہوا، مذبذب، ڈھلمل ۴. بے چین، مضطرب، بے قرار، بے کل ۵. ہلتا جلتا، ڈولتا، غیر مستقل ۶. لہراتا ہوا، اِدھر اُدھر، اطراف و جوانب. اف: پھرنا/ کرنا/ ہونا. [س].

ڈائِجَسْٹ (کس ء، ج، سک س) اند.
منتخب مضامین کے چھوٹے سائز کا رسالہ، مختصر مجموعہ ۲. (قانون) قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ؛ غذا ہضم ہونا. [انگ].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، سک سکون (جزم)، مغ (مغنونہ)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ڈائری (کس ء) است.
ا۔ دفاتر یا پولیس چوکی یا کوتوالی کی وہ کتاب جس میں روزانہ کا کام درج کیا جاتا ہے۔ ۲۔ روزنامچہ، نجی بیاض جس میں یادداشتیں درج کی جاتی ہیں، جیبی کتاب جس میں نام اور پتے درج ہوں، روزانہ کے واقعات کی یاد داشت۔ [انگ].

ڈائیل (کس ء) اند؛ ← ڈائل.
ا۔ (گھڑی سازی) گھڑی، گھنٹے یا دُھوپ گھڑی کا چہرہ جس پر سوئیاں لگی ہوتی اور ہندسے لکھے ہوتے ہیں۔ ۲۔ چکر جس پر ٹیلیفون کرنے کے نمبر درج ہوتے ہیں، گردہ۔ [انگ].

ڈائمنڈ (کس ء، فت م، غنہ) اند.
ہیرا، الماس؛ لوزائی شکل، وہ چوکور جو دو مثلثوں کو ان کے قاعدے پر جوڑنے سے بنتا ہے۔ [انگ].

ڈائمنڈ جوبلی است. ساٹھ یا ستر سالہ جشن، ساٹھویں سالگرہ.

ڈائین (کس ء) است؛ ← ڈاین.
ا۔ بھتنی، چڑیل؛ بدصورت اور ہیبت ناک عورت، بدشکل، کریہہ المنظر عورت، وہ عورت جس کی شکل ڈراؤنی ہو، بے رحم عورت۔ ۲۔ (جادوگری) جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آنکھوں ہی آنکھوں میں کلیجا کھا جاتی ہے، ساحرہ۔ [س].

ڈائن بھی (تک) دس (سات) گھر چھوڑ کر (بچاکے) کھاتی ہے
کہاوت. ہمسائے کا لحاظ بدلوگ بھی کرتے ہیں، ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے۔

ڈائنا مائٹ/ میٹ (کس ء، ء/ ی ج) اند.
ا۔ ایک پھٹنے والا مادہ جس سے عمارتوں کو منہدم کیا جاتا ہے، بارودی سرنگ جس سے کوئی عمارت وغیرہ اڑائی جائے۔ ۲۔ بھک سے اڑ جانے کی کیفیت، تیز مزاجی، مشتعل ہو جانے والا مزاج (بطور طنز)۔ [انگ].

ڈائی اند.
رنگنے کے لیے استعمال ہونے والا رنگین مادہ یا رنگ۔ [انگ].

ڈائی گرام اند. (ہندسہ) شکل، خاکہ، نقشہ.

ڈب (فت ڈ) (الف) است.
انٹی، گرہ، تہمد اور دھوتی وغیرہ کا اُوپری سرا جسے موڑ کر، اس میں کوئی چیز رکھ لی جائے۔ [س].

ڈبّا (فت نیز کس ڈ، شد ب) اند.
ا۔ ٹین، دھات، چمڑے یا لکڑی کا ظرف جو مختلف شکلوں اور جسامت کا ہوتا ہے اور جس میں مختلف چیزیں مثلاً تیل، دوا، کھانے کی چیزیں وغیرہ رکھی جاتی ہیں، صندوقچہ۔ ۲۔ لوہے اور لکڑی کا بنا ہوا ریل کا ڈبا، درجہ، پہیوں کے اُوپر کمرہ نما نشست گاہ۔ [س].

ڈُبانا (ضم ڈ) ف م.
ا۔ (i) غرق کرنا، ڈبو دینے کا عمل۔ (ii) بھگونا، تر کرنا۔ ۲۔ (استعارۃً) موہ لینا، مخمور کرنا، گرویدہ بنا لینا۔ [س].

ڈبڈبا آنا/ ڈبڈبانا (فت ڈ، سک ب، فت ڈ) ف ل؛ ف م.
(آنکھوں میں آنسو) بھر آنا، بھر لانا.

ڈُبکی (ضم ڈ، سک ب) است.
غوطہ.

ڈُبکی دینا محاورہ. کسی کو پانی میں ڈبانا اور پھر اوپر لے آنا.

ڈُبکی کھانا محاورہ. پانی میں ڈوبنا اور پھر اوپر آنا، غوطہ کھانا؛ نشیب و فراز میں ہونا.

ڈُبکی لگانا محاورہ. ا۔ غوطے لگانا ۲۔ چشم پوشی کرنا، بدل جانا۔ ۳۔ تہہ تک پہنچ جانا، گہرائی میں اترنا، غور وفکر کرنا، بہت زیادہ مشاہدہ کرنا.

ڈَبَل (فت ڈ، ب) (الف) صف.
ا۔ دُگنا، دُوچند، دُہرا۔ ۲۔ فربہ، موٹا۔ (ب) اند. (عسکری) تیز چلنے کی ایک مقررہ رفتار، ڈبل مارچ، دوڑ۔ [س].

ڈبل روٹی است. مغربی طرز کی بھٹی یا تنور میں پکائی ہوئی خمیری روٹی جو میدہ، سوجی وغیرہ سے تیار ہوتی ہے، نان پاؤ.

ڈبل نمونیا/ نمونیہ اند. (طب) ایسا مرض جس سے دونوں پھیپھڑوں پر ورم آجاتا ہے، ذات الصدر.

ڈبلو (فت ڈ، سک ب، وسع) صف.
فربہ، موٹا۔ [س].

ڈبونا ف مر.
ا۔ ڈوبنا کا تعدیہ، گہرائی میں اُتارنا۔ ۲۔ چھبونا، غوطہ دینا، بھگونا، غرق کرنا.

٣.خراب کرنا ، بھرم کھونا ، بے عزت کرنا .٤.ضائع کرنا ، رسوا کرنا .

ڈبّہ (فت ڈ ، شد ب بفت) اند .

١.بچوں کی ایک بیماری ، ڈبا .٢.(مجازاً) چھوٹے تنگ وتاریک فلیٹ .[س] .

ڈبہ گول کرنا محاورہ .معاملے سے الگ کرنا ، مقابلے سے ہٹانا ؛ راستے سے ہٹانا ؛ برطرف کرنا .

ڈِبیا / ڈِبیّہ (کس ڈ ، سک ب ،فت ی) است .

ڈبی ، دھات ، لکڑی وغیرہ کی چھوٹی ڈبیا . [پ/س] .

ڈَپٹ (فت ڈ ، پ) (الف) است .

١.گھوڑے کی تیز رفتاری ، تیز قدمی ، پھرتی ، تیزی ، زور آوری .٢.دھمکی ، ڈانٹ .(ب) م ف .ڈانٹ کر ، دھمکا کر . [س] .

ڈَپٹنا (فت ڈ ، پ ، سک ٹ) ف ل .

١.دوڑنا ، تیز بھاگنا .٢.ڈانٹنا ، دھمکانا .

ڈِپٹی (کس ڈ ، سک پ) اند .

نائب ، قائم مقام .[انگ] .

ڈِپریشَن (کس ڈ ، سک پ ، ی مج ، فت ش) اند .

اُداس ہونے کی حالت ، اُداسی ، افسردگی . [انگ] .

ڈِپلوما / ڈِپلومَہ (کس ڈ ، سک پ ، و مج ، ی مج) اند .

لیاقت کی سند ، سرٹیفکیٹ ، ڈگری سے کم درجے کی کوئی سند . [انگ] .

ڈِپو (کس ڈ ، و مج) اند .

سامان تجارت کا ذخیرہ ، گودام ، ذخیرہ اندوزی کا کمرہ . [انگ] .

ڈَٹ (فت ڈ) م ف .

مضبوطی سے ، استحکام کے ساتھ ، ڈٹ کر .

ڈٹ جانا محاورہ .١.جم کر بیٹھ جانا ، مستعدی سے ، تابمقدور ، سیر ہو کر .

ڈَٹنا (فت ڈ ، سک ٹ) ف ل .

١.جمے رہنا ، ٹھہر جانا ، جگہ سے نہ ٹلنا .٢.حریف کے روبرو جم کر کھڑا ہو جانا ، جرأت اور دلاوری سے مقابلہ کرنا .٣.اپنے موقف پر جمے رہنا .٤.انہماک دکھانا ، بے طرح مشغول ہو جانا ، مستعد ، منہمک ہو جانا ، تل جانا ، ٹوٹ پڑنا .٥.موجود ہونا .

ڈَر (فت ڈ) اند .

١.خوف ، خطرہ ، اندیشہ ، دہشت .٢.رُعب ، داب . [پ/س] .

ڈر کے مارے م ف .خوف سے ، دہشت کے باعث .

ڈِرافٹ(١) (کس ڈ ، سک ف) اند .

١.ایک بینک کی طرف سے دوسرے بینک کو دیا ہوا ہدایت نامہ جس سے مطلوبہ رقم ادا کرنے کو کہا جائے .٢.کسی دستاویز کا مسودہ ، ابتدائی خاکہ . [انگ] .

ڈِرافٹ(٢) (کس ڈ ، سک ف) اند .

شطرنج کے مہروں سے بساط پر کھیلا جانے والا کھیل جس میں صرف پیادے یعنی پیدل کام آتے ہیں . [انگ] .

ڈِراما/ ڈِرامَہ (کس نیز سک ڈ ، فت م) اند .

١.ایسا قصہ جو اسٹیج پر اداکاری کے لیے لکھا جائے .٢.حادثہ ، کوئی پریشان کن واقعہ .٣.ڈھونگ ، غیر حقیقی بات ، کھیل . [انگ] .

ڈِرامائی (کس نیز فت ڈ) صف .

١.ڈرامے کے طرز کا ، ڈراما نما ، ڈرامے کے انداز کا .٢.اچانک ، ناگہانی .

ڈَرانا (فت ڈ) ف م .

خوف دلانا ، دھمکانا .

ڈَراوا (فت ڈ) اند .

١.خوف ، دہشت ، ڈر ، آگاہی .٢.دھمکی ، ڈانٹ ، سرزنش .

ڈَراونا/ڈَراؤنا (فت ڈ/ سک و) صف مذ .

خوف ناک ، بھیانک ، ہیبت ناک .

ڈَراونی/ ڈَراؤنی (فت ڈ ، سک و) صف مث .

١.خوف دلانے والی .٢.دہشت پھیلانے والی ، حوصلہ شکن .

ڈِرائِنگ (کس نیز فت ڈ ، کس ء ، غنہ) است .

نقشہ ، خاکہ یا تصویر کشی کا عمل . [انگ] .

ڈَرائیوَر (فت نیز سک ڈ ، ی مع ، فت و) اند .

گاڑی چلانے والا . [انگ] .

ڈَربا/ڈَربَہ (فت ڈ ، سک ر ، فت ب) اند ؛~ دڑبہ .

ڈربا ، دڑبا ، کابک ، مرغیوں اور کبوتروں کا گھر .

ڈِرِپ (کس ج ڈ، کس ر) است.
گلوکوز (خصوصی طور پر تیار کردہ انگوری شکر کا محلول) یا کسی رقیق دوا کو بذریعہ سوئی قطرہ قطرہ مریض کے جسم میں داخل کرنے کا عمل. [انگ].

ڈَرْپوک (فت ڈ، سک ر، و مج) صف.
بزدل، بودا، کم ہمت.

ڈِرِل (۱) (کس ڈ، ر) است.
سپاہیوں یا طلبا کو چاق و چوبند رکھنے کے لیے فوجی ورزش. [انگ].

ڈِرِل (۲) (کس ڈ، ر) اند.
۱. (نجاری) سوراخ کرنے کا برما. ۲. (کاشت کاری) بیج بونے کا برما. ۳. (کاشت کاری) بیج بونے کا نلکی دار آلہ جس سے مقررہ تہ زمین تک بیج کو پہنچایا جاتا ہے، قطار میں کاشت کرنے کا طریقہ. [انگ].

ڈِرَم (کس نیز سک ڈ، فت ر) اند.
۱. (i) کسی دھات کا بڑا پیپا جس میں سیال یا منجمد چیزیں مثلاً پانی، شراب، تیل، گریس وغیرہ بھر کر رکھتے ہیں. (ii) (کنایۃً) آٹا، چاول یا اناج رکھنے کا چھوٹا پیپا، کنستر. ۲. (موسیقی) ایک ساز، ڈھول کی قسم کا آرکسٹرا کا ایک جز جس میں چھوٹے بڑے ڈھول شامل ہوتے ہیں. [انگ].

ڈَرْنا (فت ڈ، سک ر) ف ل.
خطرے کا احساس ہونا، خطرہ محسوس ہونا.

ڈِرَیکولا (کس ج ڈ، ی مج، و مج) است.
انگریزی ادب کا ایک تخیلاتی کردار/ ہیولا، درندہ/صفت، وحشی، خوف ناک چیز، ڈراؤنا شخص. [انگ].

ڈِسْپِنْسَر (کس ڈ، سک س، فت مج پ، سک ن، فت س) اند.
۱. نسخے کو دیکھ کر دوائی بنانے والا. ۲. خودکار مشین جو کوئی شے تقسیم کرے یا مقررہ مقدار میں بانٹے. ۳. ایک مشین جو کہ بجلی سے چلتی ہے۔ پانی گرم اور ٹھنڈا ہوتا ہے اس کے اوپر بوتل (پانی سے بھری ہوئی) رکھی جاتی ہے۔ مشین میں لگے ہوئے بٹن کو (انگوٹھے سے) دبانے سے پانی نکالا جاتا ہے. [انگ].

ڈِسْپِنْسَری (کس ڈ، سک س، فت مج پ، سک ن، فت نیز سک س) است.
۱. وہ جگہ جہاں نسخے کے مطابق دوا بنائی جاتی ہے، دواخانہ. ۲. خیراتی یا عام دواخانہ جہاں طبی مشورے یا دوائیں ملتی ہیں. [انگ].

ڈَسْٹَر (فت ڈ، سک س، فت ٹ) اند.
جھاڑن، صافی. [انگ].

ڈِسْچارْج (کس ڈ، سک س، ر) اند.
۱. نکالنے، خارج کرنے یا باہر لانے کا عمل. ۲. برقی قوت یا بیٹری کے کرنٹ ضائع ہو جانے کا عمل. [انگ].

ڈَسْنا (فت ڈ، سک س) ف م.
سانپ یا بچھو وغیرہ کا کاٹنا، زہریلے جانور یا کیڑے کا کاٹ لینا. [س].

ڈِش (کس ڈ) است.
۱. (i) بڑی رکابی، قاب. (ii) کھانے کی قسم، کھانا، مختلف ذائقہ کا کھانا. ۲. گول طشتری نما زیادہ حساس انٹینا جو دور کی نشریات کو ٹیلی وژن کے پردے پر زیادہ واضح طور سے دکھاتا ہے. [انگ].

ڈَف (فت ڈ) اند.
ایک رخا منڈھا ہوا گھیرے کی شکل کا باجا.

ڈَفْلی (فت ڈ، سک ف) است.
۱. چھوٹا دف؛ چھوٹا ڈھول. ۲. بھیک مانگنے کا کاسہ جسے بجا کر فقیر پیسہ مانگتے ہیں.

ڈَکار (فت ڈ) است.
وہ آواز جو معدے سے منھ کی راہ ہوا خارج ہوتے وقت نکلتی ہے.

ڈکار جانا محاورہ. ۱. نوش کرنا، چٹ کر جانا. ۲. کسی کا مال ہضم کر لینا، مار لینا، غصب کر لینا.

ڈکار (تک) نہ لینا محاورہ. ۱. پتا نہ لگنے دینا، سراغ نہ لگنے دینا، ظاہر نہ ہونے دینا. ۲. کسی کی رقم کو ہضم کر لینا کہ کانوں کان خبر نہ ہو.

ڈَکارْنا (فت ڈ، سک ر) ف ل.
۱. ڈکار لینا، ڈکار جانا. ۲. (مجازاً) ہنکارنا، چنگھاڑنا، شور و غل کرنا. ۳. (مجازاً) نوش کرنا، چٹ کرنا. ۴. (مجازاً) خرچ کر دینا، مال ہضم کر جانا، خیانت کرنا. ۵. (مجازاً) غبن کرنا، خیانت کرنا. [س].

ڈِکْٹیٹ (کس ڈ، سک ک، ی مج) اند.
بولنا؛ لکھانا (عبارت وغیرہ)، املا کرانا.

ڈِکٹیٹَر (کس ڈ، سک ک، ی مج، فت ٹ) اند.
۱. جمہوریت کے اصول کے خلاف من مانی چلانے والا، سربراہ مملکت، مطلق العنان، آمر. ۲. من مانی چلانے والا، مختار کل.

ڈُکرانا (ضم ڈ، سک ک) ف ل.
۱. چلانا (جانوروں اور بالخصوص گائے، بیل کے لیے مستعمل). ۲. جانوروں کا اپنے بچوں کو بلانے کے لیے آواز نکالنا. [س].

ڈِکشنَری (کس ڈ، سک ک، ش، فت ن) امث.
لغت، فرہنگ. [انگ].

ڈَکَیت (فت ڈ، ی لین) اند.
قزاق، لٹیرا، بہت بڑا ڈاکو. [ار].

ڈَکَیتی (فت ڈ، ی لین) امث.
(قانون) پانچ یا زیادہ اشخاص کا شامل ہو کر سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام، ڈاکا.

ڈَگ (۱) (فت ڈ) اند.
۱. قدم، دو قدم کے درمیان کا فاصلہ. ۲. کھیت کو ناپنے کا ایک طریقہ، قدم سے فاصلہ کا تعین کرنا. [س].

ڈَگ (۲) (فت ڈ) صف.
ڈگا، بے ڈھب، بے ڈول. [س].

ڈَگڈَگانا (فت ڈ، سک گ، فت ڈ) ف ل.
۱. لغزش کرنا، ڈگمگانا. ۲. دہکنا، جلنا، ضعف یا نقاہت کے سبب آنکھوں میں حلقے پڑنا. [س].

ڈُگڈُگی (ضم ڈ، سک گ، ضم ڈ) امث.
بازی گروں کا جڑواں پیالے کی شکل کا چھوٹا سا ساز جس کے دونوں طرف کھال منڈھی ہوتی ہے، اُس کے بیچ میں دو ڈوریاں بندھی ہوتی ہیں جن کے سروں پر مضبوط گانٹھ لگی ہوئی ہوتی ہے جن کی ضرب سے یہ باجا بجایا جاتا ہے، یہ باجا ایک ہاتھ میں پکڑ کر ہلانے سے بجتا ہے.

ڈَگر (فت ڈ، گ) امث.
۱. رستہ، سڑک. ۲. روش، طریقہ، چلن، راستہ. [س].

ڈَگرنا (فت ڈ، گ، سک ر) (الف) ف ل.
سڑک پر چلنا، سفر کرنا، گھومنا، گھر سے رخصت ہو جانا، (ڈگر رستہ سے) لڑھکنا، ہلتے جلتے، بل کھاتے چلنا. (ب) اند. ڈنڈا یا لاٹھی جس میں بوجھ لاد کر کندھے پر لٹکاتے ہیں. [س].

ڈِگری (۱) (کس ڈ، سک گ) امث.
(قانون) جائداد پر قبضہ کرنے یا اپنا روپیہ یا کسی حق کو حاصل کرنے کا سرکاری حکم، فیصلہ. [انگ].

ڈِگری (۲) (کس ڈ، سک گ) امث.
۱. (تعلیم) امتحان میں کامیابی کی سند جو انٹر کے بعد بی اے، ایم اے کر کے حاصل ہو. ۲. (تپش پیما) پیمانہ حرارت کی اکائی، درجہ. ۳. (ریاضی) زاویہ قائمہ کا ایک بٹا نوے یا محیط کا تین سو ساٹھواں حصہ. ۴. درجہ رتبہ. [انگ].

ڈَگمَگ (فت ڈ، سک گ، فت م) صف.
۱. غیر یقینی حالت. ۲. متزلزل، لرزاں، ہلتے ڈولتے. [س].

ڈَگمَگانا (فت ڈ، سک گ، فت م) ف ل.
۱. ہلنا، جنبش کرنا. ۲. (i) لڑکھڑانا. (ii) لرزنا؛ کمزوری سے کھڑے ہونے کی طاقت نہ رہنا. ۳. متزلزل ہونا. ۴. زوال پذیر ہونا.

ڈَگمَگاہَٹ (فت ڈ، سک گ، فت م، ہ) امث.
۱. ہلنے کا عمل، لرزش. ۲. لڑکھڑاہٹ، چلنے میں توازن کا قائم نہ رہنا. ۳. تبدیلی، بدل جانے کا عمل، مزاج یا خیال کی کیفیت بدلنا.

ڈِگّی (کس ڈ، شد گ) امث.
گاڑی کا وہ حصہ جس میں سامان رکھا جاتا ہے. [انگ].

ڈَلا (فت ڈ) اند.
۱. منجمد یا بڑے حجم کی چیز کا ٹکڑا. ۲. ڈھیلا، کلوخ، ڈھما.

ڈَلوانا (فت ڈ، سک ل) ف م.
گروانا، پھنکوانا، رکھوانا، داخل کروانا، اندر کروانا.

ڈَلی (فت ڈ) امث.
۱. کسی ٹھوس چیز کا چھوٹا ٹکڑا، ٹکیہ، بٹی. ۲. چھالیا، جو پان میں ٹکڑے کر کے ڈالتے ہیں، سپاری. ۳. مصری، مٹھائی یا برف وغیرہ کا چھوٹا ٹکڑا

۴. پیاز یا لہسن کی گٹھی یا پوتھی.

ڈلے (فت ڈ) اند : ج.

ڈلا کی مغیرہ حالت یا جمع (تراکیب میں مستعمل)، کسی منجمد یا بڑے حجم کی چیز کا ٹکڑا.

ڈلیا/ڈلیہ (فت ڈ، سک ل) است.

بید، مونج یا کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چھوٹی ٹوکری، چنگیری، چنگیر.

ڈمڑی (فت ڈ، سک م) است : دمری.

پیسہ کا چوتھا حصہ، چھدام، چوتھا حصہ، چوتھائی. [س].

ڈمی (فت ڈ) (الف) است.

زیرِ طباعت رسالہ، اخبار یا کتاب وغیرہ کے لیے (سادے کاغذوں کا) خاکہ جو چھپائی سے پہلے تیار کیا جاتا ہے ؛ سادے یا ردی کاغذوں کی مدد سے بنایا ہوا ایسا نمونہ یا ڈھانچا جس کی روشنی میں مجوزہ مسودے کی طباعت کی جاسکے. (ب) اند. ڈمی تاش کی اصطلاح میں وہ شخص ہے جس کے پتے کھلاڑیوں کے سامنے کھول دیے جاتے ہیں. [انگ].

ڈنٹھل (فت ڈ، سک ن، فت ٹھ) اند.

۱.کسی سبزی ترکاری یا پتے کا وہ حصہ جو شاخ سے جڑا ہوتا ہے. ۲.درخت کی شاخ، ٹہنی. ۳.تنکا، کاڑی. ۴.وہ ٹہنی جس کی پتیاں الگ کرلی گئی ہوں. [س].

ڈنڈ (فت ڈ، غنہ) اند.

۱.(i) بازو. (ii) پرند کا بازو یا پر. ۲.ایک طرح کی ورزش، ڈنڑ. ۳.تاوان، جرمانہ. ۴.ٹیکس، محصول. ۵. ساٹھ پل یا چوبیس منٹ کا عرصہ ؛ گھڑی بھر. [س].

ڈنڈ بھرنا محاورہ. تاوان ادا کرنا، جرمانہ ادا کرنا.

ڈنڈ پیلنا محاورہ. ۱. ڈنڈ کی ورزش کرنا، ڈنڈ کرنا، جسمانی ریاضت کرنا. ۲. بے کار پڑے رہنا، کاہلی اور سستی کا شکار ہونا.

ڈنڈ دینا محاورہ. جرمانہ دینا، تاوان بھرنا.

ڈُنڈ (ضم ڈ، غنہ) اند.

۱.سوکھا ہوا درخت ؛ ڈالا جس کے پتے اور شاخیں گر پڑی ہوں، ٹنڈ. ۲.(مجازاً) لاغر، سوکھا، بے جان جسم. [س].

ڈنڈا (فت ڈ، سک ن) اند.

۱.خشک لکڑی کی موٹی اور گول شاخ جو مارنے اور کوٹنے کے لیے استعمال ہوتی ہے، سونٹا، لاٹھی، عصا. ۲.ترازو کی لکڑی، ڈنڈی. ۳.(فحش بازاری) عضوِ تناسل. ۴.لکڑی کا موسل. ۵. پختہ زینے کی ہر ایک سیڑھی ؛ لکڑی کا قدمچہ. ۶.مسہری یا کرسی میں سرہانے یا ہاتھوں کی جگہ لگی ہوئی لکڑی. اف : کرنا/گھسیڑنا. [س].

ڈنڈا ڈولی است. کسی شخص کو اُس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں پکڑ کر اُٹھا لے جانا، ڈنڈا گولا.

ڈنڈی (فت ڈ، سک ن) است.

۱.(i) دستہ، قبضہ، موٹھ. (ii) چمچے یا کفگیر کا پکڑنے والا حصہ. (iii)قلم یا پنسل کا وہ حصہ جو ہاتھ میں رہتا ہے. ۲. ترازو کی لکڑی جس میں دونوں پلڑے بندھے ہوتے ہیں. ۳. پھول کا ڈنٹھل یا شاخ. [س].

ڈنڈی مار اند. کم تولنے والا، ڈنڈی مارنے والا.

ڈنڈی مارنا محاورہ. ۱.کم تولنا، تولتے وقت چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا. ۲. بے ایمانی کرنا، کمی کرنا، حق تلفی کرنا ؛ ناانصافی کرنا. ۳. (فحش بازاری) برا فعل کرنا.

ڈنڈے (فت ڈ، سک ن) اند : ج.

ڈنڈا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ڈنڈے کے زور پر/سے م ف. دباؤ کے تحت ؛ زبردستی ؛ طاقت کے بل پر، دھونس کے ساتھ.

ڈِنَر (کس ڈ، فت ن) اند.

رات کا کھانا، عشائیہ، بڑا کھانا ؛ تقریب جس میں بڑے کھانے کا اہتمام کیا جائے نیز دعوت. اف : دینا/کھانا. [انگ].

ڈَنڑ (فت ڈ، غنہ) اند.

۱.دیکھیے : ڈنڈ. بازو ؛ پرند کا بازو یا پَر. ۲.ایک طرح کی ورزش.

ڈَنک (فت ڈ، غنہ) اند.

۱. زہریلا کانٹا جو بعض حشرات مثلاً بھڑ، مچھر وغیرہ کے منھ یا دُم میں

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلقِ فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، ج ج = جمع الجمع

ہوتا ہے جس سے وہ اپنے زہر کی پچکاری کسی کے جسم میں چھوڑتے ہیں نیز سانپ کا زہر بھرا دانت. ۲. (مجازاً) نوک، نوکیلا پن، نوکیلی چیز جو ایذا پہنچا سکے. [س].

ڈنْکا (فت ڈ، مغ) امذ.

۱. ڈھول کی ایک قسم جسے آدمی آسانی سے گلے میں لٹکا کر بجا سکتے ہیں؛ نقارہ جو امرا و سلاطین کی سواری کے آگے رہتا تھا. ۲. نقارے بجانے کی لکڑی، چوب نقارہ، سحری کا ڈھونسا. ۳. (مجازاً) شہرت؛ عروج، بول بالا. [س].

ڈنکا بجانا محاورہ. شہرت دینا، مشہور کرنا، نیک نام کرنا، روشن کرنا. ۲. سکہ جمانا؛ برتری حاصل کرنا، نام کمانا. ۳. منادی کرنا، ڈھنڈورا پیٹنا، اعلان کرنا. ۴. رعب بٹھانا، وقار بلند کرنا. ۵. برتری قائم کرنا، حکومت کرنا. ۶. سراہنا؛ تعریف کرنا؛ گن گانا.

ڈنکا بجنا محاورہ. ۱. نقارہ بجنا، اعلان ہونا. ۲. شہرت ہونا، مشہور ہونا، نام ہونا. ۳. چرچا ہونا، دھاک بیٹھنا.

ڈنْکار (فت ڈ، مغ) امث.

گرج دار آواز، شیر کی چنگھاڑ.

ڈنْکارْنا (فت ڈ، مغ، سک ر) ف ل.

ہنکارنا، گرجنا.

ڈنْکے (فت ڈ، مغ) امذ؛ ج.

ڈنکا کی جمع یا مغیرہ شکل (تراکیب میں مستعمل).

ڈنکے کی چوٹ (پر) م ف. کھلم کھلا، علی الاعلان؛ برملا؛ آزادی سے، بغیر خوف وخطر.

ڈنْگر (فت ڈ، مغ، فت گ) امذ.

۱. مویشی، چوپائے. ۲. (مجازاً) وحشی، جنگلی، غیر مہذب. ۳. (مجازاً) جاہل، گنوار، ناسمجھ.

ڈِنْگُو (کس ڈ، مغ، وج) امذ.

ملیریا کا مچھر. [انگ].

ڈُوب (ومع) امذ.

غوطہ، ڈبکی (تراکیب میں مستعمل).

ڈُوب جانا محاورہ. ۱. ڈوبنا، تباہ و برباد ہونا، غارت ہونا، زوال پذیر ہو جانا. ۲. خیال میں کھو جانا، منہمک ہو جانا، مستغرق ہو جانا، فکر میں گم ہو جانا. ۳. پسینے میں شرابور ہو جانا، تربتر ہو جانا. ۴. (i) خسارہ یا گھاٹا ہو جانا. (ii) رقم کا ضائع ہونا؛ نقدی جاتی رہنا. ۵. چاند، سورج، ستاروں کا غروب ہو جانا. ۶. رنگ میں رنگ جانا، بہت اثر قبول کرنا.

ڈُوبْتا (ضم ڈ، سک ب) صف.

۱. وہ جو ڈوب رہا ہو، غروب ہوتا ہوا. ۲. بھٹکتا ہوا، گمراہ.

ڈُوبْتے (ومع، سک ب) امذ.

ڈوبتا کی مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل).

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا (بہت ہے) کہاوت. مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی بہت ہے.

ڈُوبْنا (ومع، سک ب) ف ل.

۱. غرق ہونا، دریا برد ہونا (ترنا کا نقیض). ۲. (i) چھپنا، غروب ہونا (سورج وغیرہ کا). (ii) امید ختم ہونا، امید کی کرن باقی نہ رہنا. ۳. ضائع ہونا، نیست و نابود ہونا، اکارت جانا؛ نقصان ہونا، گھاٹا ہونا، تباہ ہونا، برباد ہونا. ۴. کسی چیز میں پوری طرح گھس جانا؛ مکمل انہماک ہونا، پیوست ہو جانا. ۵. (i) کسی گہرے خیال یا فکر میں محو ہو جانا، سوچنے میں مستغرق ہونا. (ii) دل پر اثر انداز ہونا، متاثر کن ہونا، اثر سے بھرپور ہونا. ۶. گم ہو جانا، کھو جانا. ۷. پسینہ میں غرق ہونا، شرابور ہو جانا، بھیگنا. [پ: س].

ڈُوڈا/ ڈُوڈہ (وج/فت ڈ) امذ.

وہ خول جس کے اندر پھل کے بیج ہوتے ہیں جیسے پوست اور کپاس کا ڈوڈا، کپاس کا پھل. [س].

ڈُور (وج) امث.

۱. سوت وغیرہ کی پتلی رسی، ستلی، تاگا، مضبوط باریک دھاگا. ۲. خاص انداز سے بنا ہوا تاگا جس سے پتنگ اڑاتے ہیں. ۳. باگ، لگام؛ اختیار. ۴. ذریعہ، راستہ؛ سہارا. [س].

ڈور سے بندھنا محاورہ. منسلک ہونا، سلسلہ سے مربوط ہونا، تعلق پیدا ہونا.

ڈُورا (وج) امذ.

۱. دھاگا، بٹا ہوا دھاگا. ۲. (i) (پٹواگری) زیور میں ڈالا ہوا ریشمی یا

سوتی تاگے کا بند جس کی وجہ سے زیور گلے میں یا کلائی میں پہنا جا سکے . (ii) وہ تاگا جس میں تسبیح کے دانے پروئے جاتے ہیں . ۳. سُرمے یا کاجل کی لکیر جو خوب صورتی کے واسطے کویوں کے باہر تک کھینچ دیتے ہیں ، دنبالۂ چشم .

ڈورے (وج) اند : ج.
۱. ڈورا کی جمع یا مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل) . ۲. آنکھوں میں سرور ، خمار یا نیند کی وجہ سے ظاہر ہونے والی سرخ لکیریں .

ڈورے ڈالنا ف مر: محاورہ. ۱. رضائی یا لحاف وغیرہ میں روئی کو اپنی جگہ قائم رکھنے کے لیے تاگوں سے سلائی کرنا ، توشک . ۲. فریب کا جال بچھانا ، گھیرنا ، پھانسنا . ۳. محبت آمیز باتیں یا اشارے کر کے اپنی طرف مائل کرنا ، دامِ محبت میں پھنسانا .

ڈوریا/ڈورِیَہ (وج ، سک ر ، فت ی) اند.
خاص وضع کا دھاری دار بناوٹ کا کپڑا ، معمولی کپڑا ، موٹا جھوٹا کپڑا .

ڈول (ولین) (الف) اند . ۱. ڈھنگ ، طور ، طریقہ . ۲. وضع ، صورت ، ہیئت ، انداز . (ب) اسث . کھیت کی باڑھ ، مینڈھ .

ڈول (۱) (وج) اند.
پانی نکالنے کا چمڑے یا دھات وغیرہ کا ظرف جس کو رسی میں باندھ کر کنویں میں ڈالتے اور پانی نکالتے ہیں . یہ برتن بالٹی کے بجائے پانی وغیرہ لانے لے جانے کے کام بھی آتا ہے . [پ] .

ڈول (۲) (وج) اند.
۱. جنبش ، حرکت (تراکیب میں مستعمل) . ۲. دائیں بائیں یا اِدھر اُدھر جھولنا .

ڈول جانا محاورہ. ڈگمگا جانا ، متزلزل ہونا ، زوال پذیر ہونا ، مائل بہ انحطاط ہونا .

ڈولا (وج) اند : — ڈولہ.
۱. پالکی جس میں بیشتر عروس کو رخصت کرتے ہیں ، میانہ . ۲. میت کو اُٹھانے والا تخت یا پلنگ ؛ جنازے کی چارپائی .

ڈولنا (۱) (وج ، سک ل) ف ل.
۱. اپنی جگہ سے حرکت کرنا ، جنبش کرنا ؛ ہلنا . ۲. گھومنا ، چکر کاٹنا . ۳. مارا مارا پھرنا ، آوارہ پھرنا . ۴. پس و پیش میں ہونا ، متزلزل ہونا ، اگر مگر کرنا . [پ : س] .

ڈولنا (۲) (وج ، سک ل) اند.
ایک قسم کا برتن ، گھی ڈالنے کا مٹی کا برتن ؛ پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن ، چھوٹا ڈول .

ڈولی (وج) اسث .
۱. بانس کے موٹے ڈنڈوں کے سہارے لٹکی کھٹولی جس کو دو کہار کندھوں پر اٹھاتے ہیں ، ایک زنانہ سواری . ۲. چارپائی کی قسم کی ایک چیز جس میں بیمار کو لٹا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں ، اسٹریچر . ۳. (مجازاً) جنازہ ، تابوت .

ڈوم (وج) اند.
۱. گانے کا پیشہ کرنے والا ، میراثی ، قوال ، گویا . [س] .

ڈوم بجائے چینی اور ذات بتائے / جتائے اپنی کہاوت . آدمی کی اصلیت اس کے قول و فعل سے ظاہر ہو جاتی ہے .

ڈومی سائل/ ڈومیسائِل (وج ، ی مع ، کس ء) اند.
مستقل سکونت یا اُس کی سند . [انگ] .

ڈونگا (وج ، مغ) (الف) اند.
۱. کسی بڑے برتن سے پانی نکالنے کا ڈنڈی دار پیالے کی شکل کا چھوٹا ظرف (حسبِ ضرورت چھوٹا اور بڑا اور کسی دھات ، ناریل کے خول یا تونبے سے بنایا جاتا ہے) ، مگا . ۲. برتن جس میں شوربا وغیرہ دسترخوان پر چنتے ہیں ، ڈونگی ، گہرا پیالہ . (ب) اسث . ایک وضع کی چھوٹی کشتی ، بجرا ، ڈونگی . [س] .

ڈونگرا/ ڈونگڑا (وج ، غنہ ، سک گ) اند.
پھوار ، ہلکی بارش ، موسم گرما کے پہلے روز کی بارش ؛ کسی کی تعریف کرنا ، زور و شور سے داد دینا . [س] .

ڈونی (وج) اسث .
کھانے پکانے کی ضرورت کا بڑے چمچے کی وضع کا چوبی ظرف جو ہاتھ کی ہتھیلی کے برابر ہوتا ہے ، لکڑی کا کفگیر ، کفچۂ چوبی . [س] .

ر ک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اسث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

ڈی (کس ڈ) اث.
۱. انگریزی حروف تہجی کے چوتھے حرف کا نام جو بعض الفاظ یا اختصارات میں آتا ہے. ۲. (ہاکی) انگریزی حرف ڈی کا نشان جو گول کے سامنے بنایا جاتا ہے. [انگ].

ڈیپازِٹ (ی مج، کس ز) اند.
جمع، محفوظ سرمایہ، جمع شدہ رقم (عموماً نفع کے خیال سے بنک میں جمع کی ہوئی رقم). [انگ].

ڈیرا/ ڈیرَہ (ی مج/فت ر) اند.
۱. خیمہ، تنبو، پڑاؤ. ۲. (i) عارضی مکان یا قیام گاہ. (ii) مردانہ بیٹھک، نشست گاہ جہاں قریبی عزیز یا دوست (مرد) جمع ہوں نیز ٹھکانا، ٹھور (سلینگ). ۳. قیام، اقامت، رہائش. ۴. رنڈیوں کا طائفہ. [ف].

ڈیرا ڈالنا محاورہ. ۱. قیام کرنا. ۲. کہیں جا کر جم جانا، ناخواندہ مہمان بن جانا.

ڈیڑھ (ی مج) صف.
ایک اور آدھا، نصف اور ایک کا مجموعہ. [پ].

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد /الگ/ جدا بنانا محاورہ. سب سے الگ رائے قائم کرنا یا کام کرنا، متفق الرائے نہ ہونا، اکھڑ مزاجی کے سبب سے علیحدہ رہنا.

ڈیڑھ گز کی زبان رکھنا محاورہ. زبان دراز ہونا، گستاخی کرنا، بدکلامی کرنا.

ڈِیزائِن (ی مع، کس ء) اند.
۱. ہیئت، شکل و صورت؛ خاکہ، نقشہ. ۲. منصوبہ، تدبیر. [انگ].

ڈِیزِل (ی مع، کس ز) اند.
(پٹرولیم) پٹرول سے کم تر درجہ کا بھاری معدنی تیل جو ڈیزل انجن چلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے، سرخی مائل بھورے رنگ کا کثیف، کم قیمت تیل. [انگ].

ڈیسک (ی لین خف، سک س) اث.
ایک قسم کی خانہ دار میز جس کی اوپری سطح عموماً ڈھلوان ہوتی ہے اور لکھنے کے کام آتی ہے، بعض اوقات عام میز کو بھی ڈیسک کہتے ہیں. [انگ].

ڈیش (ی لین) اند.
خمہ، چھوٹی لکیر یا نشان جو جملے کے اختتام یا قوسین کے متبادل کے طور پر لگاتے ہیں، اختتامیہ نشان. [انگ].

ڈیش بورڈ اند. گاڑی چلانے والے کے مقابل کا وہ تختہ جس میں میٹر نصب ہوتے ہیں. [انگ].

ڈِیل (ی مع) اند.
جسم، جثہ، کاٹھی، جسامت، قد و قامت.

ڈیل ڈول اند. ۱. جاندار کے قد و قامت کا انداز، تن و توش، قد و قامت. ۲. وضع قطع، شکل و صورت.

ڈیلا (ی مج) اند.
آنکھ کا ڈھیلا.

ڈیم (ی لین) اند.
پشتہ، بند؛ روک جو دریا پر پانی روکنے کے لیے باندھا جاتا ہے. [انگ].

ڈِین (ی مع) اند.
۱. بڑے گرجے کا افسر اعلیٰ، بڑا پادری، کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبا کی نگرانی ہو. ۲. یونیورسٹی کے کسی کلیے کا صدر، فیکلٹی کا نگراں. [انگ].

ڈِینگ (ی مع، غنہ) اث.
شیخی، تعلّی، لاف و گزاف. [س].

ڈینگ مارنا/ ہانکنا محاورہ. شیخی بگھارنا، تعلّی کرنا، اترانا، غرور کرنا.

ڈینگی (ی مج، غنہ) اند.
لال بخار، ہڈی توڑ بخار، ایک خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے پیدا ہونے والا بخار جس میں جوڑوں کا درد بھی شامل ہوتا ہے، بخار کی شدت بہت زیادہ ہو جاتی ہے. [انگ].

ڈِیوٹی (ی مع، سک و) اث.
۱. فرضِ منصبی، خدمت، کام، نوکری. ۲. چنگی، محصول. [انگ].

ڈیوڑھی (ی مج، سک و) اث.
۱. مکان کا پٹا ہوا دروازہ، گھر میں آنے جانے کا مسقف رستہ. ۲. امرا

کے محلات یا مکانات کا احاطہ جو چاروں طرف سے محدود اور اس میں آمد و رفت کے لیے پھاٹک ہو ؛ مکان کا وہ حصہ جو بیرونی دروازے سے ملحق ہو .۳. (کنایۃً) محل ، بارگاہ ، دربار . [س : ف].

ڈہ

ڈہ حرف.
صوتی اعتبار سے اُردو حروف تہجی کا بیسواں حرف جو تحریر میں حرف "ڈ" کی ہائیہ شکل کہلاتا ہے ، دیوناگری کے حرف کا ہم آواز .

ڈہ (فت ج ، ذ ہ) امث.
ڈہنا کا مادہ ، فعل مرکب کے طور پر مستعمل (شعرا نے اسے بہہ ، رہ وغیرہ کے ساتھ قافیے میں باندھا ہے) .

ڈہ جانا محاورہ. گر پڑنا ، منہدم ہو جانا ، مسمار ہو جانا ، تباہ ہو جانا .

ڈھابا اند.
۱. مرغیوں کے بند کرنے کا ٹاپا .۲. چھپر یا کھپریل کا آگے کا ڈھالواں سرا جس پر اُوپر یعنی چڑھاؤ کے رخ کا پانی بہہ کر آتا ہے اور سامنے ٹپکتا ہے .۳. جال ، دام ؛ برچھتی .۴. بانس کی پھچیوں سے خاص وضع کا بنا ہوا خوان پر ڈھکنے کا سرپوش .۵. (ہندو) باورچی کی دکان جس پر مسافر دام دے کر روٹی کھاتے ہیں .

ڈھانپنا (سک پ) ف م.
ڈھانکنا ، چھپانا ، پوشیدہ کرنا.

ڈھاٹا اند.
۱. کپڑے کی پٹی جسے منھ کے گردا گرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں .
۲. وہ کپڑا جس سے مردے کا منھ باندھ دیتے ہیں تاکہ منہ کھلا نہ رہے .۳. وہ کپڑا جو منھ پر اس لیے باندھا جائے کہ دوسرا آدمی نہ پہچان سکے .اف : باندھنا/ بندھنا . [س].

ڈھارَس (فت ر) امث.
۱. پشتی ، سہارا ، آسرا .۲. ہمت ، جرأت ، حوصلہ ، دل کی مضبوطی ؛ تسلی ، اطمینان . [س].

ڈھارس دلانا/ دینا محاورہ. تقویت دینا ، دلاسا دینا ، تسلی دینا ، ہمت بندھانا.

ڈھاک اند.
ایک درخت کا نام جس کی ٹہنی کے سرے پر بڑے بڑے تین پتے ہوتے ہیں . [س].

ڈھاک کے تین پات کہاوت. ۱. کسی کی مفلسی اور ناداری ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں .۲. بے نتیجہ ، لاحاصل .۳. ظاہری نمائش بہت مگر اصلیت کچھ نہیں ، بے حقیقت .

ڈھال (۱) امث .
۱. تلوار اور نیزے وغیرہ کا وار روکنے کا آلہ جو چمڑے یا دھات وغیرہ کا بنا ہوا اور تھالی کی طرح گول اور عام طور سے بیچ میں سے اُبھرا ہوا سرپوش نما ہوتا ہے ، سپر .۲. (مجازاً) آڑ ، پردہ ، بچاؤ کا ذریعہ ؛ پناہ . [س].

ڈھال (۲) (الف) امث.
۱. وضع ، طرز ، انداز .۲. بطور لاحقہ "چال" کے ساتھ مستعمل . (ب) اند ؛ امث .نشیب ، اُتار ، ڈھلان . (ج) صف .ڈھلوان ، ڈھالو ، ایک طرف کو نشیب اور ڈھلان رکھنے والا . (د) حرف تشبیہ . مانند ، مثل .

ڈھالنا (سک ل) ف م.
۱. دھات وغیرہ کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا اور چیزیں بنانا ، سانچے کے ذریعے سے بنانا .۲. عائد کرنا ، بات کسی اور کے سر ڈالنا ، دوسرے پر رکھ کر طنز کرنا .۳. کسی رقیق چیز کو گرانا ، ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں انڈیلنا ، ڈالنا .۴. (مجازاً) جی سے گھڑنا ، وضع کرنا .۵. کسی خالص حالت کے مطابق بنانا ، کسی خاص وضع یا ڈھب پر لانا .۶. نشیب کی طرف کرنا ، پھیر دینا ، مائل کرنا .۷. متشکل کرنا ، منضبط کرنا ؛ منطبق کرنا . ۸. سکہ بنانا . [پ : س].

ڈھانا ف م.
۱. گرانا ، منہدم کرنا ، برباد کرنا .۲. مچانا ، برپا کرنا (آفت ، مصیبت وغیرہ) .۳. ناتواں بنانا ، جیسے : بخار نے ڈھا دیا ، مضمحل کرنا ، طاقت توڑنا . [س].

ڈھانپنا (غنہ ، سک پ) ف م.
کسی چیز پر کوئی چیز رکھ کر چھپانا ، پوشش ڈالنا ، ڈھانکنا .

ڈھانٹا (مغ) اند.
کپڑے کی پٹی جسے منھ کے گردا گرد باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں ،

دہاں بند، دستارچہ؛ وہ کپڑا جس سے مردے کا منھ باندھ دیتے ہیں تاکہ کھلا رہ کر بدنما اور ڈراونا نہ ہو جائے، ڈھاٹا. اف: باندھنا/ بندھنا.

ڈھانچا / ڈھانچہ (مغ/ فت چ) اند.

ا. مردے کا جسم جس میں صرف ہڈیاں رہ گئی ہوں، ہڈیوں کا پنجر، ڈھانچ .۲. جسم، قالب .۳. خاکہ، نقشہ، ڈول .۴. سانچا، وضع، ہیئت. [س].

ڈھانچا / ڈھانچہ بن/ ہو/ کر رہ جانا محاورہ. اتنا دبلا اور کمزور ہو جانا کہ جسم کی ہڈیاں نظر آنے لگیں.

ڈھانکنا (غنہ، سک ک) ف م.

ا. کسی چیز کو چھپانے کے لیے کوئی دوسری چیز اس پر رکھنا یا پھیلانا، پوشش ڈالنا، بند کرنا .۲. راز رکھنا، پردہ رکھنا، چھپانا. [پ: س].

ڈھائی صف.

دو اور آدھا، اڑھائی. [س].

ڈھائی پہر/ دن کا صف. چند روزہ، عارضی، ناپائدار.

ڈھائی گھڑی کی آنا محاورہ. (عور) ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا، جھٹ پٹ مر جانا.

ڈھائی گھڑی کی (موت) آئے فقرہ. (کوسنا) اچانک موت آئے.

ڈھب (فت ڈھ) اند.

ا. ڈھنگ، روش، طریقہ .۲. طور، طرح (عموماً لفظ "سے" کے ساتھ مستعمل) .۳. وضع، انداز، طرز .۴. اہلیت، قابلیت، موزونی .۵. قاعدہ، اصول، طریقہ، ضابطہ .۶. صورت، تدبیر، موقع .۷. بلیقہ، مہارت. .۸. پسند؛ عادت؛ لپکا؛ سبھاؤ، جیسے: دن کے سونے کا تمھیں برا ڈھب پڑ گیا .۹. راستہ، ذریعہ. [س].

ڈھب پر لانا /لگانا / لے آنا محاورہ. ہم خیال بنانا، کسی کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنا، قابو میں لانا.

ڈھب ڈھب (۱) (فت ڈھ، ڈھ) اند.

دف، طبلے یا نقارے کی آواز. [حکایت الصوت].

ڈھب ڈھب (۲) (فت ڈھ، ڈھ) صف.

آبی، دلدلی، گیلا.

ڈھب ڈھب شوربا / قلیہ صف: اند. پتلا اور بے مزہ سالن.

ڈِھبری (کس ڈھ، سک ب) اسٹ.

پیچ کے اوپر خاص وضع کا بنا ہوا پہلو دار پرزہ، چوکور سوراخ دار پتری جس کے اندر پیچ گزار کر کس دیا جاتا ہے، نٹ. [مقامی].

ڈھپنا (فت ڈھ، سک پ) ف ل.

کسی چیز کے نیچے پڑ کر دکھائی نہ دینا، چھپ جانا، ڈھک جانا.

ڈِھٹائی (کس ڈھ) اسٹ.

ا. بے باکی، دیدہ دلیری .۲. بے حیائی، بے شرمی، شوخی.

ڈھڈّو (فت ڈھ، شد ڈ، وج) اسٹ.

ا. بڑھیا عورت؛ بکواسی، جھکی بڑھیا .۲. (مجازاً) بے شرم عورت.

ڈھرّا / ڈھرّہ (فت ڈھ، شد ر) اند.

شارع عام، شاہراہ، وہ راستہ جو رات دن چلتا رہے.

ڈھرّے (فت ڈھ، شد ر).

ڈھرا کی جمع نیز مغیرہ حالت (مرکبات میں مستعمل).

ڈھرے پر لانا محاورہ. قابو میں لانا، اپنے ڈھب کا بنانا.

ڈھکا (فت ڈھ) صف.

ڈھکنا کا ماضی یا حالیہ تمام (مرکبات میں مستعمل).

ڈھکا چھپا صف مذ. پوشیدہ، مخفی، غیر واضح، مبہم.

ڈھکّن (فت ڈھ، شد ک بفت) اند.

وہ چیز جسے اوپر ڈال دینے یا لگا دینے سے کوئی چیز چھپ جائے یا بند ہو جائے، ڈھانکنے کی چیز، ڈھکنا، سرپوش (سلینگ) احمق، بے وقوف، گاؤدی.

ڈھکنا (۱) (فت ڈھ، سک ک) اند.

ڈھکن، بند کرنے کا برتن یا کوئی چیز، سرپوش.

ڈھکنا (۲) (فت ڈھ، سک ک) (الف) ف م.

کسی چیز کو چھپانے کے لیے اس پر کوئی اور چیز رکھنا یا ڈال دینا ڈھانکنا، چھپانا، بند کرنا. (ب) ف ل. پوشیدہ ہو جانا، کسی چیز کے نیچے چھپ جانا، ڈھپنا.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ڈھکوسلا / ڈھکوسلہ (فت ڈھ، وج، سک س/ فت ل) اِمذ.
۱.مہمل بات ، بے کار بات ، خرافات ، بے قرینہ بات، لغو کام .۲.فریب ، دھوکا ، جھانسا ، ڈھونگ .۳. چوچلا ، ناز و نخرہ . [س].

ڈھکوسنا (فت ڈھ، وج، سک س) ف م.
ڈٹ کر کھانا ، ٹھونسنا ، ہضم کر جانا ، (عموماً طنز کے طور پر مستعمل).
[س].

ڈھلان (فت ڈھ) اِمذ؛ اِمث.
۱. ڈھال ، اُتار ، نشیب ، ناہموار سطح جو ایک طرف سے اُونچی دوسری طرف سے نیچی ہو .۲.میلان خاطر ، طبیعت کا جھکاؤ.

ڈھلانا (فت ڈھ) ف م.
ڈھالنا ، بہانا ، دوڑانا ، اُونڈیلنا ؛ دھات وغیرہ کو سانچے میں ڈالنا .

ڈُھلانا (ضم ڈھ) ف م.
ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھوا کر لے جانا ، اُٹھوانا (بوجھ یا اسباب وغیرہ).

ڈھلائی (فت ڈھ) اِمث.
۱. دھات کے برتن یا اوزار وغیرہ بنانے کا عمل ، ڈھلت .۲. ڈھلائی کی یا ڈھلوانے کی اُجرت .

ڈُھلائی / ڈُہلائی (ضم ڈھ) اِمث.
۱. ایک جگہ سے دوسری منتقل کرنا ، ایک جگہ سے اُٹھوا کر دوسری جگہ رکھنا ؛ (اسباب وغیرہ) بار برداری .۲. بار برداری کی اُجرت .

ڈھلتا (فت ڈھ، سک ل) صف.
کم ہوتا ہوا ، گزرتا ہوا (تراکیب میں مستعمل).

ڈھلتی (فت ڈھ، سک ل) اِمث.
ڈھلتا کی تانیث ، تراکیب میں مستعمل .

ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے کبھی اِدھر کبھی اُدھر کہاوت .اُس حالت یا اُس چیز کی نسبت بولتے ہیں جو ہمیشہ ایک حال پر نہیں رہتی یا ایک دوسرے منتقل ہوتی رہتی ہے ، بے ثبات .

ڈھلتی چھانو/چھاؤں اِمث . ہر لحظہ زائل ہونے والی اور ناپائدار چیز کی نسبت بولتے ہیں .

ڈھلکانا (فت ڈھ، سک ل) ف م.
۱.سرکانا ، نیچے گرانا ، جھکانا .۲. ہٹا دینا ، ہٹانا .

ڈُھلکانا (ضم ڈھ، سک ل) ف م.
۱.گرانا ، لڑھکانا ، ختم کرنا .۲. (مجازاً) رغبت دلانا ، مائل کرنا ، آمادہ کرنا .

ڈھلکنا (فت ڈھ، ل، سک ک) ف ل.
ٹپکنا ، بہنا .۲. نیچے سرک آنا .۳.کسی چیز کا گر جانا ، زوال پذیر ہونا .
[س].

ڈُھلکنا (ضم ڈھ، فت ل، سک ک) ف ل.
۱.کسی چیز کا لڑھکنا ، نیچے آنا ، غلطاں ہونا .۲. جھک جانا ، مائل ہونا .
۳. (مجازاً) مر جانا . [پ : س].

ڈِھلمِل (کس ڈھ، سک ل، کس م) صف.
ہلتا ہوا ، لڑکھڑاتا ہوا ، مذبذب ، ڈگمگ .

ڈِھلمِل یقین صف.
۱.ضعیف الاعتقاد ، متلون مزاج .۲. مذبذب ، گومگو کا شکار .

ڈھلنا (فت ڈھ، سک ل) ف ل.
۱.سانچے یا قالب کے ذریعے سے تیار ہونا .۲. بہنا ، رواں ہونا ، اُترنا ، ڈھلکنا .۳. ہیئت بدلنا ، صورت پذیر ہونا .۴. گزرنا ، روبہ زوال ہونا ، اختتام کی طرف بڑھنا .۵. لٹک پڑنا ، تنا نہ رہنا ، تناؤ ، کھنچاؤ ، کساؤ میں کمی آنا .۶.سورج کا نصف النہار سے گزرنا ، دن ، دھوپ .۷. گھٹنا ، اُترنا ، اُلٹنا .۸. ایامِ جوانی یا حسن کا زوال پذیر ہونا .

ڈُھلنا (ضم ڈھ، سک ل) ف ل.
۱.ڈھویا جانا ، مال و اسباب کا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا .۲.کسی طرف جھکنا ، مائل ہونا ، متوجہ ہونا . [س].

ڈھلوان (فت ڈھ، سک ل) صف.
ناہموار ، جھکواں ، ڈھالو .

ڈھمکا (فت ڈھ، سک م) اِمذ.
ایرا غیرا ، ایسا ویسا شخص ، امکا ڈھمکا ملا کر بھی بولتے ہیں ، فلاں .

ڈُھنڈوانا (ضم ڈھ، سک ن، ؤ) ف م.
تلاش کروانا .

ڈھنڈورا (فت ڈھ، فت مغ ڈ، وج) اِمذ.
۱. دھونسے کی قسم کا باجا لیکن اس کی نسبت بہت چھوٹا اور ہلکا ہوتا ہے

جسے آدمی آسانی سے گلے میں لٹکا کر بجا سکے. ۲. منادی، اعلان، تشہیر.

ڈھَنْڈُورْچی (فت ڈھ، فت مغ ڈ، وج، سک ر) اند.
منادی کرنے والا، ڈھنڈورا پیٹنے والا.

ڈُھنْڈْیا (ضم ڈھ، غنہ، سک ڈ) است.
تلاش، جستجو.

ڈھَنگ (فت ڈھ، غنہ) اند.
۱. طرز، انداز، وضع قطع. ۲. روش، طور، طریقہ، عادت، صورت، تدبیر. ۳. تراش خراش. ۴. مطلب، کام، ڈھب. ۵. حال، احوال. ۶. سلیقہ، تہذیب، تمیز. [س].

ڈھنگ نکالنا محاورہ. طرز ایجاد کرنا، نیا طرز یا انداز قائم کرنا.

ڈھور (وج) اند.
۱. گائے، بیل، بھینس، بکری وغیرہ، چوپایہ. ۲. احمق، بے وقوف. [س].

ڈھول (وج) اند.
۱. (موسیقی) بیلن کی وضع کا دونوں سروں پر کھال منڈھا ہوا ساز جس کا پیٹ ذرا اُبھرا ہوا اور سرے کسی قدر دبے ہوئے ہوتے ہیں. ۲. لکڑی یا چمڑے کا بنا ہوا برتن جو ڈھول کی شکل کا ہوتا ہے. ۳. چرخی جو ایک جگہ لگی ہوئی ہو. [س].

ڈھول بجانا محاورہ. ۱. مشہور کرنا، شہرت دینا؛ خوشی کا اظہار کرنا. ۲. بدنام کرنا.

ڈھول پیٹنا محاورہ. شہرت دینا، اعلان کرنا.

ڈھول کا / کے پول اند. ظاہری نمود و نمائش، جھوٹا بھرم.

ڈھول کا پول کھلنا محاورہ. جھوٹا بھرم ختم ہونا، حقیقت آشکارا ہونا.

ڈھول کے اندر (بھیتر) پول/خول کہاوت. ظاہری نمائش بہت ہو اور اصلیت کچھ نہ ہو تو کہتے ہیں.

ڈھولا (وج) اند.
۱. پنجابی لوک گیت جو ماہیہ، ٹپہ کی طرز کا ہوتا ہے اور شادی بیاہ یا خوشی کے موقع پر گایا جاتا ہے. ۲. (مجازاً) دھوکا دینے والا عاشق، منہ لگا شخص. ۳. ڈولی، ڈولا. [پ: س].

ڈھولْکی (وج، سک ل) است.
چھوٹا ڈھول (جس کی آواز اچھی ہوتی ہے).

ڈھولْنا (وج، سک ل) اند.
۱. ڈھول کی وضع کا بنا ہوا گلے کا زیور، لمبا سونے چاندی کا زیور جو ریشم کے تاروں سے گندھوا کر ہار کی طرح پہنا جاتا ہے. ۲. گلے میں ڈالنے کا وہ نقرئی یا طلائی گول یا چوکور یا ہشت پہل تعویذ جس میں چھوٹی تقطیع کا قرآن پاک یا کوئی دعا رکھی ہوئی ہو. ۳. (عور) بڑی روٹی؛ قرآن شریف؛ پانی رکھنے یا لانے کا گھڑے کی شکل کا پیتل کا برتن.

ڈھولی (وج) است.
زیادہ سے زیادہ ہزار، کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کا مٹھا. [س].

ڈھونا (وج) ف م.
۱. بوجھ اٹھانا، وزنی سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، حمالی کرنا. ۲. اٹھانا، قبول کرنا. ۳. چوری سے لے جانا، اُٹھا لے جانا. [س].

ڈھونْڈ (ومع، غنہ) است ؛~ ڈھونڈھ.
۱. تلاش، جستجو، سراغ، کھوج. ۲. ہانک، پکار.

ڈھونڈ نکالنا محاورہ. کھوج لگا لینا، سراغ معلوم کر لینا، پتا چلا لینا.

ڈُھونْڈْنا/ ڈُھونْڈْھنا ف م.
تلاش کرنا، جستجو کرنا. [س].

ڈھونڈیا/ڈھونڈھیا (ومع، غنہ، فت ڈ) است ؛~ ڈھنڈیا.
ڈھونڈ، تلاش، دیکھیے: ڈھنڈیا جو فصیح ہے.

ڈھونگ (وج، غنہ) اند.
۱. جھوٹ، فریب، دھوکا. ۲. دکھاوا. ۳. ڈھچر، ڈھانچا، طرز. [پ: س].

ڈھونگ رچانا محاورہ. ۱. فریب سے کام لینا، دھوکا دہی کے لیے کوئی کام یا کارروائی کرنا. ۲. ظاہر داری یا بناوٹ سے کام لینا. ۳. جھوٹا رعب جمانا دانستہ غلط تاثر قائم کرنا.

ڈھونی (وج) است.
۱. ایک بار میں لے جانے کا اینٹوں کا بوجھ جو بیشتر گدھوں پر لاد کر پہنچایا جاتا ہے. ۲. دو مختلف شہروں یا علاقوں کی سرحد پر بنا ہوا پختہ مینارہ

جو ان کی حدود کی تفریق ظاہر کرنے کو بطور علامت بنا دیا جائے . ۳. ڈھیر، مٹی کا ڈھیر جو کھیت یا کسی زمین کی حد ظاہر کرنے کو بہ طور حد فاصل بنا دیا جائے ، تالاب کا مٹی کا پشتہ .

ڈھے اند : است . گرنا ، تراکیب میں مستعمل .

ڈھے جانا ف مر: محاورہ . ا. گر پڑنا ، منہدم ہو جانا . ۲. تمام ہونا ، کمزور ہو جانا ، مٹ جانا . ۳. (مجازاً) فنا ہو جانا ، ختم ہو جانا ، باقی نہ رہنا .

ڈِھیٹ / ڈھیٹھ (ی مع) صف : اند .

ا. بے حیا ، بے شرم ، سرکش . ۲. نڈر ، بے تکلف . ۳. اڑیل ، ضدی ، ہٹ دھرم .

ڈھیڈ (ی مع) است .

انبار ، ڈھیر ؛ آنکھوں کا میل .

ڈھیر (ی ج) (الف) اند .

ا. انبار ، اٹالا . ۲. ٹیلا ، تودہ (مٹی کا) . (ب) صف : م ف . ا. بہت سا ، بہ کثرت ، زیادہ مقدار یا تعداد میں . ۲. کثرت ، افراط ، بہتات ، فراوانی . [س] .

ڈھیر کر دینا/ کرنا محاورہ . ا. مار ڈالنا ۲. ہرا دینا ، مار گرانا ، صفایا کر دینا .

ڈھیر لگا دینا / لگانا محاورہ . انبار لگانا ، ذخیرہ کرنا .

ڈھیر ہو جانا/ ہونا محاورہ . ا. (i) تھک کر لیٹ جانا ، پڑ رہنا ، گر پڑنا ، تھک کر بیٹھ جانا . (ii) لیٹ جانا ، بے خبر ہو کر سو جانا ، بے سدھ ہو جانا . ۲. مر جانا ، بے جان ہونا . ۳. انبار لگ جانا . ۴. عمارت کا بوسیدہ ہو کے ڈھے پڑنا . ۵. شکست کھانا ، ہار جانا ، ہار ماننا .

ڈھیروں (ی ج ، و ج) صف .

بہ کثرت ، بہت زیادہ .

ڈھیری (ی ج) است .

ا. کسی چیز کا چھوٹا سا ڈھیر ، روپے ، غلے وغیرہ کا انبار . ۲. (i) (کنایۃً) اکھاڑے کی مینڈ . (ii) پہاڑی ، ٹیلا ، چٹان وغیرہ . ۳. دانہ ڈنکا ؛ دانوں کی بکھیر .

ڈھیکلی (ی ج ، سک ک) است .

ا. (آب پاشی) کنویں سے پانی نکالنے کی ایک قسم کی دبلق جو دو تھونیوں کے بیچ میں لگی ہوئی ایک بلی ہوتی ہے جس کے ایک سرے پر ڈول لٹکا ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر وزن بندھا ہوتا ہے ڈول کو پانی میں ڈبو کر چھوڑ دیتے ہیں تو پچھلے وزن کے دباؤ سے بلی کا سرا اوپر اُٹھ آتا ہے اس کے ساتھ ڈول بھی اوپر آ جاتا ہے یہ بلی ڈھیکلی کہلاتی ہے ، ڈھینکلی . ۲. (پہلوانی) قلا بازی . ۳. (دیکھی) دیکھی کے ہتوڑے کا اڈا جس میں ہتوڑا لگا رہتا ہے .

ڈھیل (ی مع) است .

ا. (i) تاخیر ، دیر ، وقفہ . (ii) سستی ، کاہلی . ۲. غفلت ، بے پروائی . ۳. (i) رعایت ، موقع ، مہلت ، چشم پوشی . (ii) آزادی ، اختیار . ۴. جھول ، لچک . ۵. اڑتی ہوئی پتنگ کو حسبِ ضرورت اوپر بڑھانے کے لیے ڈور لمبی کرتے رہنے کا عمل . [س] .

ڈھیل چھوڑنا محاورہ . رعایت دینا ، نرمی برتنا ، چشم پوشی کرنا .

ڈھیل دینا ف مر: محاورہ . ا. مہلت دینا ، بے پروائی کرنا ، چشم پوشی کرنا ، نرمی برتنا . ۲. ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا . ۳. آزادی دینا ؛ زیادہ وقت دینا .

ڈِھیلا (ی مع) صف .

ا. سست ، کاہل ، غافل (چست کی ضد) . ۲. بے جان ، کمزور ، ضعیف . ۳. نرم ، لچک دار ، لوچ دار ، پلپلا ، فراخ . ۴. جو کسا ہوا نہ ہو . ۵. جنسی طور پر کمزور .

ڈھیلا پڑ جانا/ پڑنا محاورہ . ا. نرم پڑ جانا ، غصہ کم ہو جانا ، انداز میں شدت نہ رہنا . ۲. (i) طرزِ عمل ، گرفت یا قابو میں کمی یا نرمی پیدا ہو جانا . (ii) بے جان ہو جانا ، سکت باقی نہ رہنا ، مردہ ہو جانا . ۳. نامرد ہو جانا ، شہوانی جوش باقی نہ رہنا . ۴. پلپلا یا نرم ہو جانا . ۵. کساؤ میں کمی آنا .

ڈھیلا ڈھالا صف . ا. بہت کھلا ہوا . ۲. کمزور ، ناقص ، ضعیف . ۳. تھکا ہوا ، بوجھل ، سست .

ڈھیلا (ی ج) اند بے ڈھیلہ .

ا. مٹی کا بڑا ٹکڑا ، پتھر یا اینٹ وغیرہ کا چھوٹا ٹکڑا . ۲. آنکھ کے اندر کا گول حصہ ، مردمِ چشم ، آنکھ کی پتلی . ۳. (کنایۃً) تبر . ۴. (i) سونے چاندی کا ڈلا . (ii) گڑ ، نمک وغیرہ کا جما ہوا ٹھوس ٹکڑا .

ڈِھیلی (ی مع) صف .

ڈھیلا کی تانیث ، ہلکی ، پھسپھسی ، نرم ، ٹھلی ہوئی .

ڈھیلے (ی مج) امذ، ج.
ڈھیلا دیکھیے: کی جمع، تراکیب میں مستعمل.

ڈھیلے پتھرانا محاورہ. آنکھ سے روشنی جاتی رہنا، دیدوں کا بے حس و حرکت ہو جانا.

ڈھینا (ی لین) ف ل.
اڈے جانا، گر جانا، بیٹھ جانا، منہدم ہونا عمارت وغیرہ کا ۲. زوال پذیر ہونا، ختم ہو جانا، مٹنا، جاتا رہنا.

ڈھینکلی (ی مج، غنہ، سک ک) امث.
۱. پانی نکالنے کی لمبی بلی جس کے ایک طرف بھاری پتھر یا کوئی بوجھ اور دوسری طرف ڈول کی رسی باندھی جاتی ہے. ۲. دھان وغیرہ کوٹنے کا آلہ، دھن کٹی. ۳. قلابازی. ۴. آڑی سیون، کپڑے کے عرض جوڑنے یا کاٹنے کا طریقہ.

ڈِھینگ (ی مج نیز مع، غنہ) (الف) امذ.
لمبی لمبی ٹانگوں والا، سارس. (ب) صف. (کنایۃً) طویل القامت.

ڈھینگر (ی مع، مغ، فت گ) :- ڈھینگو. (الف) امذ.
(گلہ پانی) بھگوڑے بیل یا ڈھور کے گلے میں لٹکا ہوا لکڑی کا موٹا ڈنڈا جس کا دوسرا سرا زمین پر ڈھور کے چلنے کے ساتھ گھسٹتا ہوا چلتا ہے. (ب) صف. ۱. ضعیف، دبلا، لاغر ۲. سوکھی ہوئی پتلی لکڑی.

ڈھینگڑی (ی مع، غنہ، سک گ) صف؛ امث.
موٹی تازی، درازقد.

(ذ)

ذ امث؛ امذ.
عربی حروف تہجی کا نواں، ترکی اور فارسی کا گیارھواں اور صوتی اعتبار سے اُردو کا اکیسواں حرف جسے ذال معجمہ یا تخذ اور منقوطہ بھی کہتے ہیں، اُردو میں اس کی آواز "ز" اور "ظ" سے ملتی ہے، حساب جُمل یا ابجد میں اس کے سات سو (۷۰۰) عدد فرض کیے گئے ہیں، اُردو میں یہ حرف عموماً عربی الاصل الفاظ میں آتا ہے لیکن فارسی کے بعض الفاظ میں بھی مستعمل ہے. یہ ماہ ذوالحجہ کے مخفف کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے.

ذات (۱) امث.
۱. (i) ہندوؤں کے چار معاشرتی طبقوں میں سے ایک، برہمن، کھتری، ویش اور شودر میں سے کوئی ایک گروہ، جاتی. (ii) ہندوستانی معاشرے کی ذیلی جاتیوں یا گوتوں میں سے کوئی ایک. (iii) پاک و ہند میں مسلمانوں کی آبادی کے چار نسلی گروہوں میں سے ایک یعنی سید، شیخ، مغل یا پٹھان میں سے کوئی ایک ذات (چار ذاتوں کی یہ تعین معاشرے کے اِتباع و اثر سے پیدا ہوئی). (iv) نسل، خاندان، حسب نسب.
۲. گروہ، جماعت، برادری. ۳. مرد اور عورت میں سے کوئی صنف یا نوع.
۴. خاندانی خصلت، نسلی طینت، وقار، عزت، آبرو؛ مذہب. ۵. فطرت، اصلیت. ۶. حقیقت، وقعت، اہمیت. [س].

ذات پات امث. حسب نسب، نسل، خاندان.

ذات شریف صف. چالاک، شریر، فتنہ انگیز، مفسد؛ (طنزاً) بدذات کو کہتے ہیں.

ذات (۲) امث.
۱. کسی شے کی حقیقت، ماہیت، سرشت. ۲. وجود، ہستی. ۳. (مجازاً) اللہ تعالیٰ کی ذات (بمقابل صفات). ۴. شخصیت. [ع].

ذات میں انجمن ہونا محاورہ. گوناگوں صفات و فضائل کا مالک ہونا.

ذاتی صف.
۱. ذات سے متعلق یا منسوب، ذات کا (بمقابل صفاتی)، طبعی، فطری.
۲. لازم، اصلی، حقیقی (اعتباری کی ضد). ۳. شخصی، مملوکہ خود، نجی، اپنی ملکیت.

ذاتیّات (کس ت، شد نیز خف ی) امث؛ امذ.
۱. شخصی یا نجی باتیں، حالت و معاملات. ۲. کسی شخص یا شے کی خصوصیات یا اوصاف جو اس میں پائے جاتے ہوں یا اس سے روایۃً منسوب ہوں اور اس کی تعریف میں شامل ہوں.

ذاتیات پر اُتر آنا محاورہ. کسی شخص کی ذاتی صفات یا حالات کی برائیاں کرنے لگنا، ذاتی عیوب بیان کرنا، گالیاں دینا.

ذاکِر (کس ک) صف؛ امذ.
۱. (i) ذکر کرنے والا، کسی کا نام لینے والا، کسی کی یاد کرنے والا، اللہ کا

ذکر کرنے والا ، ذکرِ حق میں مستغرق . (ii) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک اسم . ۲. وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر فضائل و مصائب اہل بیت بیان کرے . [ع].

ذال امث .
حرف "ذ" کا نام . [ع].

ذُوالجَلال (ضم ذ ، غم ا ، سک ل ، فت ج) صف . (قدیم).
صاحب جلال ، عزت والا ، دبدبے والا ، اسمائے الٰہی میں سے ایک اسم (صحیح ذوالجلال).

ذائقہ (کس ء ، فت ق) امذ : امث (قدیم).
احواس خمسہ میں سے وہ حس جس سے چیزوں کا مزہ میٹھا یا کھٹا وغیرہ معلوم ہوتا ہے اور جس کا تعلق بیشتر زبان سے ہے ، چکھنے کی قوت . [ع].

ذائقہ دار صف . مزے دار ، لذیذ ، خوش گوار .

ذَبح (فت ذ ، سک ب) امذ .
۱. گلا کاٹنا ، گلے پر چھری پھیرنا ، کسی دھار دار آلے سے قتل کرنا . ۲. شرعی طریقے سے جانوروں کو حلال کرنا . ۳. (مجازاً) بسمل کرنا ، تڑپا دینا .
اف : کرنا / ہونا . [ع].

ذَبیح (فت ذ ، ی مع) امذ .
۱. حلال کیا ہوا ، جس کو ذبح کیا گیا ہو ، مقتول . ۲. حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب ، ذبیح اللہ . [ع].

ذَبیحہ (فت ذ ، ی مع ، فت ح) امذ .
۱. (i) ذبح کیا ہوا جانور . (ii) شرعی طور پر حلال کیا ہوا جانور . ۲. قربانی کا جانور . ۳. ذبح ہو جانے کی صورت ، جیسے : مچھلی پانی سے زندہ نکال لی جائے تو حلال ہو جاتی ہے ، گویا یہی اس کا ذبیحہ ہے . [ع].

ذَخّار (فت ذ ، شد خ) صف .
۱. موجیں مارتا ہوا ، لہریں لیتا ہوا ، پانی سے لبالب بھرا ہوا ؛ دیکھیے : زخار جس کا یہ غلط املا ہے . ۲. غضب آلود ، غضب ناک ، پُرجوش . [س].

ذخائر (فت ذ ، کس ء) امذ : ج .
بہت سے ذخیرے ، خزانے ، انبار ، جمع کردہ سامان کے ڈھیر . [س].

ذَخیرا / ذَخِیرَہ (فت ذ ، ی مع ، فت ر) امذ .
۱. (i) ہر وہ شے جو جمع کی جائے ، اندوختہ ، جمع کیا ہوا سامان . (ii) کھانے کی اشیاء خصوصاً اناج جو جمع کر کے رکھا جائے . ۲. مقام یا جگہ جہاں کوئی چیز اکٹھی کی جائے ، گودام . ۳. ڈھیر ، انبار . ۴. جمع پونجی . [ع].

ذخیرہ اندوزی امث . ۱. کسی چیز کو جمع کر کے رکھ لینے کا عمل یا صورت حال . ۲. غلہ وغیرہ اشیائے صرف کو خلاف قانون اس لیے جمع کر کے رکھ لینے کا عمل کہ مانگ بڑھنے پر انہیں مہنگے داموں بیچا جائے .

ذَرا (فت ذ) صف : م ف .
۱. تھوڑا ، بہت کم . ۲. مطلقاً ، بالکل ، ہرگز . ۳. (i) مہربانی کر کے ، زحمت نہ ہو تو . (ii) بارے ، خیر سے . (iii) (تہدیداً) بھلا ، خبردار . ۴. تھوڑی دیر کو ، دم بھر کو ، کوئی دم . [ع].

ذرا سا صف ، مذ . ۱. چھوٹا ، قلیل مقدار کا ، مختصر . ۲. بہت چھوٹا ، ننھا سا ، کمسن .

ذرا چھری تلے دم لے فقرہ . کچھ ٹھہر ، جلدی مت کر .

ذرا سا منہ نکل آنا محاورہ . خوف ، تکلیف یا بیماری سے چہرہ اتر جانا ، کسی فوری اثر یا بات سے شرمندہ ہونا ، کھسیا جانا .

ذرا سی بٹیا گز بھر کی چٹیا کہاوت . صلاحیت کی کمی اور پندار کی زیادتی .

ذرا کی ذرا م ف . تھوڑی دیر کے لیے ، لمحہ بھر کے واسطے .

ذَرّات (فت ذ ، شد ر بفت) امذ .
ذرہ کی جمع ، ریزہ ، چھوٹے چھوٹے اجزاء . [ع].

ذَرائع (فت ذ ، کس ء) امذ : ج .
وسیلے ، اسباب .

ذرائع ابلاغ امذ : ج . وہ ذریعے یا وسیلے جن سے خیالات اور اطلاعات وغیرہ عام لوگوں تک پہنچائی جائیں یعنی اخبار ، ریڈیو ، ٹیلی ویژن وغیرہ .

ذَرّہ (فت ذ ، شد ر بفت نیز بلا شد) (الف) امذ .
۱. کسی چیز کا نہایت چھوٹا ٹکڑا ، ریزہ ، مادے کے ان چھوٹے چھوٹے اجزا میں سے کوئی جو آفتاب کی شعاع کے ساتھ روشن دان میں دکھائی دیتے ہیں . ۲. خاک ، دھول یا ریت کا بہت چھوٹا جزو . ۳. مادے کا سب سے چھوٹا

جزو، جزو لایتجزیٰ، کسی عنصر کے سب سے چھوٹے اجزا میں سے کوئی جزو، ایٹم ۲. حقیر وجود، ہیچ، ناچیز ہستی، ادنیٰ شخص. [ع].

ذرہ نواز صف. ذرے کو نوازنے والا، (مجازاً) ناچیز کی قدر کرنے والا، مشفق، مربی.

ذرہ پروری/نوازی امث. شفقت، مہربانی (مجازاً) ناچیز کی قدر افزائی.

ذَرّے (فت ذ، شد ر) امذ؛ ج.
ذرہ کی جمع یا مغیرہ حالت (مرکبات میں مستعمل).

ذرے کو آفتاب بنانا محاورہ. ناچیز کو اعلیٰ مرتبے پر پہنچانا.

ذُرِّیَّت (ضم ذ، شد ر بکس، شد ی بفت) امث.
نسل، آل اولاد، بال بچے، سلسلہ؛ (مجازاً) اولاد معنوی، پیرو، شاگرد. [ع].

ذَرِیعَہ (فت ذ، ی مع، فت ع) امذ.
۱. سبب، وسیلہ، واسطہ ۲. طفیل، علاقہ، تعلق، لگاؤ، رسوخ. [ع].

ذریعۂ آمدنی/ معاش امذ. روزگار کا وسیلہ، وہ کام یا دھندا جس سے روزی کمائی جائے.

ذَقَن (فت ذ، ق) امذ.
ٹھوڑی، زنخدان. [ع].

ذَقَنْد (فت ذ، ق، سک ن) امث؛ ~ زقند.
چھلانگ، جست، اُچھل کود، چوکڑی. اف: بھرنا/لگانا/ مارنا.

ذَکا (فت ذ) امث.
ذہن کی تیزی، تیز فہمی، زیرکی، طباعی، ذہانت. [ع].

ذَکاوَت (فت ذ، و) امث.
ذہن کی تیزی، تیز فہمی، زیرکی، طباعی، ذہانت. [ع].

ذَکَر (فت ذ، ک) امذ.
۱. نر، مادہ کی ضد، مرد ۲. نر کا عضوِ تناسل، آلۂ تناسل. [ع].

ذِکْر (کس ذ، سک ک) امذ؛ امث (قدیم).
۱. زبان سے یاد کرنا، بیان، چرچا، تذکرہ، یاد آوری ۲. یادِ خدا، اللہ کی حمد و ثنا، تسبیح و دعا. [ع].

ذکر خیر امذ. ۱. کسی کے متعلق اچھی بات کہنا، کسی کا تذکرہ جو اچھے لفظوں میں کیا جائے ۲. (طنزاً) کسی کا تذکرہ جو برائی سے کیا جائے، کسی کے متعلق بری بات کہنا.

ذَکی (فت ذ) امذ.
ذہین، سمجھ دار، ہوشیار، طباع، زیرک، تیز فہم. [ع].

ذَکِیَّہ (فت ذ، کس ک، شد ی بفت) صف، مث.
ذکی کی تانیث؛ ذہین، سمجھ دار، زیرک.

ذُلالَت (فت نیز ضم ذ) امث.
۱. ذلت، خواری، رسوائی ۲. کمینہ پن، رذالت، ہتک، توہین. [ع].

ذِلَّت (کس ذ، شد ل بفت) امث.
۱. بے عزتی، بے وقری، خفت، توہین ۲. رسوائی، خواری، بدنامی. ۳. خستہ حالی، پستی. [ع].

ذلت آمیز صف. ایسی بات یا کام جس سے کسی کی توہین یا بے عزتی ہو.

ذَلِیل (فت ذ، ی مع) صف.
۱. بے عزت، بے وقعت، حقیر، خوار ۲. کمینہ، رذیل، سفلہ ۳. ادنیٰ، معمولی، ناچیز. [ع].

ذلیل کرنا ف مر. بے عزت کرنا، شرمندہ کرنا، رسوا کرنا، خوار کرنا.

ذِمَّہ (کس ذ، شد م بفت) (الف) امذ.
۱. جواب دہی، جواب دہ ہونے کی کیفیت، ذمہ داری؛ ضمانت، کفالت ۲. امانت، سپردگی. (ب) م ف. واجب ہونا، ذات پر لازم آنا. [ع].

ذمہ داری/ واری امث. کسی کام کی انجام دہی کا بار، کسی معاملے کی جواب دہی، فرض جسے پورا کرنا لازم ہو.

ذِمّی (کس ذ، شد م) امذ.
(فقہ) وہ مشرک یا اہل کتاب جو اسلامی حکومت کی امان میں رہتا ہو اور اس نے شرائط ذمہ (جزیہ) کو قبول کرلیا ہو، جزیہ گزار.

ذُو (و مع) صف؛ امذ.
والا، مالک، آقا، خداوند (مرکبات میں بطور لاحقہ فاعلی مستعمل). [ع].

ذو اضعاف اقل (مشترک) امذ. (ریاضی) جو عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پر

پورا تقسیم ہوتا ہو اس عدد کو ان عددوں کا ذواضعاف اقل کہتے ہیں وہ چھوٹے سے چھوٹا مشترک عدد جو دیے ہوئے عددوں کو پورا پورا تقسیم کر سکے ۔

ذوالجلال صف ۔عزت اور دبدبے والا ، بزرگی ، شوکت اور عظمت والا ، خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ، صاحب جلال ۔

ذوالجناح اند ۔ پروں والا ، حضرت امام حسینؓ کے گھوڑے کا نام جس پر جنگ کربلا میں آپ سوار تھے ۔

ذوالحج/ ذوالحجه اند ؛- ذی الحج، ذی الحجہ اسلامی قمری سال کے بارہویں مہینے کا نام جس کی نو تاریخ کو حج اور دس تاریخ کو عیدالاضحیٰ ہوتی ہے ، اس کا شمار اشہرحرم میں ہوتا ہے ۔

ذوالفقار است ؛ اند ۔ ١. رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک تلوار کا نام ؛ غزوۂ احد کے موقع پر آپ ﷺ نے یہ تلوار حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ان کی تلوار ٹوٹ جانے پر عنایت فرمائی تھی (اس تلوار کی پشت مہرہائے پشت کی طرح سیدھی تھی اس لیے یہ نام پڑا) ، مہروں والی تلوار ۔

ذوالقرنین اند ۔١. دو سینگوں والا ، دو گیسوؤں والا ، ایک بادشاہ کا لقب جس کا ذکر قرآن میں ہے اور جس نے یاجوج ، ماجوج کی قوم کو روکنے کے لیے ایک دیوار بنوائی تھی نیز اسکندر رومی ٢. دو زمانے پانے والا ۔

ذوالقعده اند ۔ اسلامی قمری سال کا گیارہواں مہینہ ۔

ذوالنورین اند ۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تیسرے خلیفہ حضرت عثمانؓ کا لقب جن کے نکاح میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو صاحب زادیاں حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ یکے بعد دیگرے آئی تھیں ۔

ذوالنون اند ۔ حضرت یونس علیہ السلام کا لقب جو چالیس دن تک مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے ۔

ذو معانی/ معنی صف ۔١. معنی دار ، مراد گول مول بات جس سے دو یا زیادہ مفہوم پیدا ہوتے ہوں ، وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں ٢. دو مختلف معنی رکھنے والا لفظ یا بات جس کے ایک معنی میں ذم کا پہلو ہو ۔

ذَوق (ولین) اند ۔
١. چکھنے کی قوت جس سے کھانے پینے کی چیزوں کا مزہ معلوم ہوتا ہے اور جس کا تعلق زبان سے ہے ، حواس خمسہ میں سے ایک حس ، قوت ذائقہ ٢. مزہ ، لذت ، حظ ٣. شوق ، رغبت ، دلچسپی ٤. نشاط ، خوشی ۔ ٥. (i) کسی چیز کی حقیقت کو سمجھنے اور قدر و قیمت کا صحیح اندازہ لگانے کی صلاحیت خصوصاً فنون لطیفہ اور ادبیات میں حسن و خوبی کا ادراک کرنے اور لطف اندوز ہونے کی صلاحیت ۔ (ii) شعر کو سمجھنے کا ملکہ ، سخن فہمی ، شاعری کا مذاق ۔ [ع] ۔

ذوق و شوق اند ۔ کمالِ اشتیاق ، جوش اور لگن ۔

ذوی (فت ذ) صف مذ ؛ ج ۔
ذو کی جمع ، صاحبان ، والے (مرکبات میں مستعمل) ۔

ذوی القربیٰ صف ۔ ایک خاندان کے ہم جدی لوگ ، قریبی رشتہ دار ، عزیز و اقارب ۔

ذِہانَت (کس ذ ، فت ن) است ۔
سمجھنے کی قوت ، قوت ادراک ، ذہن کی تیزی ، طباعی ، زیرکی ، ہوشیاری ۔ [ع] ۔

ذَہَب (فت ذ ، ہ) اند ۔
سونا ۔

ذِہن (کس ذ ، سک ہ) اند ۔
١. سمجھنے کی قوت ، قوت ادراک ، زیرکی ، دانائی ٢. حافظہ ، یادداشت ۔ [ع]
ذہن نشین ہونا محاورہ ۔ سمجھ میں آنا ، یاد ہو جانا ، حافظے میں محفوظ ہو جانا ۔

ذِہنی (کس ذ ، سک ہ) صف ۔
١. ذہن سے منسوب ، دماغی ، عقلی ٢. عقل مند ، ذہین ۔
ذہنی انتشار اند ۔ خیالات کی پراگندگی ، پریشان خیالی ۔

ذِہنیّت (کس ذ ، سک ہ ، کس ن ، شدی بفت تیز خف) است ۔
١. ذہنی معیار ، ذہن کا رجحان یا میلان ، مزاج ، فطرت ، اُفتادِ طبع ٢. عقل مندی ، زیرکی ، سوجھ بوجھ ۔

ذَہین (فت ذ ، ی مع) صف ۔
وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو ، ذکی ، عقل مند ، ہوشیار ، تیز فہم ۔ [ع] ۔

ذی (الف) امث.
ا. حیثیت بضاعت .۲. شان . (ب) صف : اند. صاحب ، خداوند ، والا ، مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل . [ع].

ذی اثر صف. رسوخ رکھنے والا ، بااثر.

ذی الحج/ الحجہ/ حجہ اند. اسلامی قمری سال کا بارھواں مہینہ جس کی نو تاریخ کو حج اور دس کو عیدالاضحیٰ ہوتی ہے .

ذی رُوح صف . جان دار .

ذی شان صف .ا.شان و شوکت والا ، باعظمت ، عالی منزلت .۲.شاندار ، مہتمم بالشان .

ذی قعد/ قعدہ اند. اسلامی قمری سال کا گیارھواں مہینہ .

ذِیابَیطَس (کس خف ذ ، فت ی ، کس خف نیز فت ب ، ی مج ، کس نیز ضم ط) اند.
غذا کے جزو بدن بننے کے عمل کی خرابی سے پیدا ہونے والی ایک بیماری جس میں پیشاب بہ کثرت آتا ہے اور شدت کی پیاس لگتی ہے .

ذَیل (ی لین) (الف) اند.
ا. (i) دامن . (ii) کسی چیز کا نیچے کا حصہ .۲. نیچے .۳. ضمیمہ ، تتمہ ، تعلیقہ. ۴. علاقہ ، حلقہ . (ب) امث : اند. گروہ ، زمرہ . [ع].

ذیل میں م ف. ا. نیچے ، تحت میں .۲. زمرے میں ، شمار میں .۳. بارے میں.

ذَیلی (ی لین) صف.
نیچے کا ، ضمنی ، ماتحت .

ذیلی عنوان اند. کسی مضمون کی بغلی سرخی ، ذیلی سرخی ، ثانوی یا ضمنی اندراج .

(ر)

ر (کس خف) امث.
(تلفظ رے نیز را) . صوتی اعتبار سے اردو حروف تہجی کا بائیسواں ، فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف اس کو رائے مہملہ ، رائے غیر منقوط اور رائے قرشت بھی کہتے ہیں ، حساب جمل یا ابجد میں اس کے دو سو عدد فرض کیے گئے ہیں ، علم نجوم میں چاند نیز ماہ ربیع الاوّل کو ظاہر کرتا ہے .

را امث .
ا. 'ر' کا تلفظ نیز بطور لاحقۂ وصفیت مرکبات میں مستعمل جیسے: تُرترا (ترت سے) ، مہرا (مہ - موٹھ سے ، آگا ، سامنا) ، کانورا (کائیں کائیں سے). ۲.(i) سے ، لیے ، کے لیے ، کے واسطے (اُردو میں اس کے مرکبات قضارا بمعنی اتفاقاً ، ناگہانی ، خدارا بمعنی برائے خدا مستعمل ہیں) . (ii) کو ، کا .۳. بطور لاحقۂ تصغیر ، مرکبات میں مستعمل .۴. (موسیقی) سرگم کے دوسرے سر کی آواز جسے عموماً رے کہتے ہیں .

راب امث .
ا. گنے کا رس ، شیرہ؛ پتلا گُڑ جو ایک بڑے کڑھاؤ میں گنے کے رس کو لگاتار کھولا کر اور پکا کر بنایا جاتا ہے اور اکثر حقے کے تمباکو میں پڑتا ہے. ۲. (زراعت) وہ قطع زمین جو خود رو گھاس جلا کر فصل کے لیے تیار کی جائے . [س].

رابِطہ (کس خف ب ، فت ط) اند.
ا. (i) خط کتابت یا فون کے ذریعے اتصال (انگ: Contact) . (ii) ملانے یا منسلک کرنے یا وابستہ کرنے والی چیز .۲. (i) بندش ، بندھائی ٹھکائی . (ii) ربط ضبط ، میل ملاپ ، تعلق . (iii) تقرب ، نزدیکی .۳. رشتہ ، قربت ، علاقہ ، نسبت .۴. کسی جملے کے دو اجزا کو ملانے نیز فعل اور فاعل کے تعلق کو ظاہر کرنے والا نشان: (انگ: Colan) . [ع].

رابع (کس خف ب) صف.
ا. چوتھا ، چہارم .۲. (نجوم) وہ گھڑی جس میں کوئی ستارہ سورج کی شعاعوں کے زیر اثر ہو ، چھن . [ع].

رابَعہ/ رابِعی (کس خف ب ، فت ع / کس خف ب) صف : امث.
چوتھی ، چوتھا ، چہارم .

رات (الف) امث .
ا. سورج کے غروب ہونے کے بعد سے طلوع ہونے سے پہلے تک کا وقت ، شب .۲. (مجازاً) اندھیرا ، تاریکی ، سیاہی . (ب) م ف. رات کو رات کے وقت . [س].

رات بھر کا / کے مہمان اند. مرنے کے قریب ، ذرا دیر میں فنا ہو جانے کے قریب ، حد درجہ ناپائیدار وجود .

رات دن ایک کر دینا/ کرنا محاورہ. انتہائی محنت کرنا، کسی کام میں بڑی دوڑ دھوپ کرنا، پوری قوت اور محنت سے کام کرنا.

رات کی رانی امث. ایک بہت خوش بودار زرد رنگ کا بڑا پھول جو رات کے وقت کھلتا ہے، زرد رنگ اور تیز خوشبو کے پھول کا پودا.

رات گئی بات گئی کہاوت. موقع نکل جانے یا وقت گزر جانے کے بعد کچھ نہیں ہوتا.

راتِب (کس نیز فت ت) (الف) امذ.
ا. (i) شیر، کتے، بلی، ہاتھی وغیرہ کا کھانا جو روزانہ ایک مقرر معمول کے مطابق دیا جائے. (ii) گھوڑے کا دانہ جو معمول کے علاوہ ہو. ۲. روزانہ کی خوراک جو بندھی ہوئی ہو، کھانا، راشن، روزینہ، وظیفہ. (ب) صف. خوراک یا اناج جو روزانہ استعمال کے لیے سرکار سے ملتا تھا. [ع].

راج (۱) امذ.
ا. فرماں روائی، حکومت، اقتدار، عمل داری. ۲. کسی مملکت کا بادشاہ، فرماں روا نیز کسی ریاست کا والی یا نواب (عموماً ہندو حکمرانوں کے لیے مستعمل). ۳. (i) دور دورہ، عروج، بول بالا، غلبہ. (ii) خود مختاری، اختیار، عمل دخل. [س].

راج پاٹ امذ.
ا. (i) سلطنت اور تخت شاہی، شاہی مسند، حکومت و سلطنت. (ii) فرماں روائی، عمل داری، اقتدار، حکومت، کسی ریاست کا نظم و نسق یا طریق عمل. ۲. دور دورہ، بول بالا، عروج. ۳. (مجازاً) عورت کا سہاگ.

راج دُلارا امذ. ا. شہزادہ، راج کمار. ۲. نازوں کا پالا، بہت پیارا.

راج دھانی/ راجدھانی امث. ا. دارالسلطنت، دارالحکومت. ۲. بادشاہ کے رہنے کی جگہ، محل.

راج ہٹ، بالک ہٹ، تریا ہٹ کہاوت. راجا، بچہ اور عورت جو دل میں آئے کرتے ہیں کسی کی نہیں مانتے.

راج (۲) امذ.
معمار، مکان بنانے والا، کاری گر، سنگ تراش، سلاوٹ. [ع].

راجا (الف) امذ.
ا. (i) فرماں روا، بادشاہ عموماً ہندو حکمران کے لیے مستعمل. (ii) پنجاب میں راجپوت وغیرہ اپنے ناموں سے پہلے لکھتے ہیں.
(ب) صف. ا. (i) بے پروا، من موجی، فضول خرچ. (ii) سخی، فیاض؛ بھولا بھالا. (iii) (کنایۃً) دولت مند، مال دار، امیر. ۲. (ظریفوں کی اصطلاح) کانا. [س].

راجا اندر امذ. دیوتاؤں اور پریوں کا راجا؛ (مجازاً) وہ شخص جو حسین عورتوں کی محفل یا مجمع میں سب کا منظور نظر ہو.

راجپُوت (سک ج، و مع) امذ.
ا. شہزادہ، راجا کا بیٹا. ۲. ہندوؤں کی ایک ذات، کھتری.

راجع (کس ج ج) صف.
ا. کسی جانب لوٹنے یا مڑنے والا، پھرنے والا، رجوع کرنے والا. ۲. (قواعد) وہ ضمیر جو کسی اسم کی طرف اشارہ کرے یا اس کو ظاہر کرے، ضمیر کا پھرانا. [ع].

راحَت (فت ح) امث.
ا. آسائش، آسودگی، سکھ، آرام، سکون. ۲. خوشی، مسرت، شادمانی. [ع].

رادھا امث؛ ~ رادھ.
ا. کرشن جی کی ایک گوپی جس سے انھیں بہت محبت تھی. [س].

راڈار/ راڈر (فت ڈ) امذ.
ہوائی جہاز، بحری جہاز اور ساحل وغیرہ کی سمت یا موجودگی کا پتا چلانے کا نظام جس میں ریڈیائی لہریں استعمال ہوتی ہیں نیز وہ چیز جو اس مقصد کے لیے استعمال ہوتی ہے. [انگ].

راز امذ.
ا. پوشیدہ امر یا بات، بھید. ۲. (تصوف) راز سے مراد معرفت حق تعالےٰ ہے جو قلوب عرفا میں پوشیدہ ہو. [ف].

راز پانا ف مر. بھید پانا، حقیقت جاننا.

رازدان صف. بھید جاننے والا، ہم راز، محرم اسرار، واقف کار.

راز و نیاز امذ. ا. (i) عشق یا دوستی کی محرمانہ باتیں، سرگوشیاں یا اشارے

کنائے. (ii) چاؤ چوچلے، ناز نخرے. (iii) پوشیدہ اور ظاہر بات، (مجازاً) خفیہ معاملات یا خیالات .۲. خدا کے حضور خشوع و خضوع کے ساتھ عرض و معروض، مناجات.

رازِق (کس ز) صف.
روزی دینے والا، پروردگار. [ع].

راس (۱) اند.
۱. سردار، افسر، سرگروہ .۲. مثلث، مخروط یا زاویے کی نوک یا سرا .۳. کسی چیز کی بلندی، انتہا، کنارہ، حد .۴. (ارضیات) خشکی کا وہ قطعہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو (مثلاً: راس کماری). [ع].

راس (۲) صف.
۱. کسی کے حق میں موافق آنے والا، سازگار، درست؛ مبارک .۲. ٹھیک، درست، آراستہ. [ف].

راس (۳) امث.
۱. (ہیئت) آسمان کے بارہ برجوں میں سے ہر برج .۲. (نجوم) طالع، قسمت .۳. اناج کا ڈھیر، کھلیان نیز مطلقاً ڈھیر، انبار. [پ: س].

راسْت (سک س) (الف) صف.
۱. سیدھا (ٹیڑھا کا مقابل) .۲. وہ امر یا شے جس میں صداقت، حقیقت یا صحت پائی جاتی ہو، حق، بجا، درست، سچ .۳. ٹھیک، موزوں.
(ب) م ف. بالکل، ٹھیک ٹھیک، یقیناً. [ف].

راسْتَہ (سک س، فت ت) اند.
۱. وہ متعین راستہ یا ذریعہ جس کو طے کر کے کہیں جائیں، گزرگاہ، راہ، سڑک، رستہ .۲. طور، طریقہ، ڈھنگ.

راستہ پر آنا محاورہ ٹھیک ہوجانا، درست ہوجانا، قابو میں آنا، نیک بن جانا.

راستہ دکھانا/ دکھلانا محاورہ. ۱. انتظار کرانا، منتظر رکھنا .۲. رہنمائی کرنا، منزل کی نشان دہی کرنا، راستہ بتانا، چلانا.

راستہ کٹنا محاورہ. ۱. راستہ کاٹنا کا لازم، راہ طے ہونا، سفر تمام ہونا. ۲. راستہ گزرنا یا نکلنا، آمد و رفت کے لیے راستہ کھلنا.

راستہ کاٹنا محاورہ. ۱. کسی کو روانگی کے وقت ٹوک دینا یا کوئی ایسا امر پیش آنا جس کو بدشگونی مانا جاتا ہے .۲. کسی کی گزرگاہ سے بچ کر یا ہٹ کر چلنا، راہ طے کرنا .۳. راستے کی مشکلات اور موانع کا آسان بنا کر چلنا، راستہ بنانا.

راسْتی (سک س) امث.
۱. (i) سچائی، صداقت. (ii) دیانت داری، ایمان داری .۲. درستی، تصحیح، اصلاح، درست ہونے کی حالت .۳. خط کے سطح یا جسم کے مستقیم ہونے کی کیفیت، سیدھ، سیدھا پن، سیدھا ہونا .۴. سچ، راست، درست. ۵. روش و رفتار یا چال چلن کے لحاظ سے درست.

راسْتے (سک س) اند: ج.
راستہ کی جمع یا حالت مغیرہ؛ تراکیب میں مستعمل.

راستے پر/ پہ آجانا/ آنا محاورہ. ۱. نیک بن جانا؛ سلامت روی اختیار کرلینا، سیدھا راستہ اختیار کرنا؛ توبہ کر لینا .۲. قابو میں آنا، ٹھیک ہو جانا.

راسِخ (کس س) صف.
۱. مضبوطی کے ساتھ جما ہوا یا گڑا ہوا، استحکام کے ساتھ جگہ پکڑنے والا؛ (مجازاً) مستحکم، پکا، اُستوار، پائدار .۲. سچا، صادق، کھرا .۳. مقررہ، معین؛ عالم، فاضل. [ع].

راسخ العقیدہ صف. پختہ عقیدے والا، اپنے عقیدے پر قائم رہنے والا.

راشِد (کس ش) صف مذ.
۱. ہدایت پانے والا، ہدایت یافتہ، صراط مستقیم پر چلنے والا .۲. نیک، پارسا، عقیدے کا پکا. [ع].

راشِدَہ (کس ج ش، فت د) صف مث.
راشد کا مؤنث، ہدایت یافتہ، صراط مستقیم پر چلنے والی. [ع].

راشَن (فت ش) اند.
۱. سامان غذا یا ایندھن کی مقررہ مقدار جو ایک بار میں ملے .۲. سامان غذا یا ایندھن کی مقررہ مقدار میں دینے کا نظام .۳. ذخیرہ. [انگ].

راشن کارڈ اند. وہ تحریری اجازت نامہ جسے پیش کرنے پر راشن حاصل کیا جا سکے، وہ کارڈ جس کی مدد سے راشن یا غلہ وغیرہ ملتا ہو.

فت = فتح (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

واشی صف .
ا. رشوت دے کر کام کرانے والا .۲. (اُردو کا تصرف) ناجائز نذرانہ یا پیسہ لے کر کام کرنے والا ، رشوت خور . [ع] .

واضی صف مذ .
ا.کسی امر کو قبول کرنے یا کسی بات پر تیار ہو جانے والا ،متفق ، رضامند . ۲.کسی شے یا شخص یا بات یا امر کو پسند کرنے والا یا اُس سے خوش ہونے والا ، خوشنود .۳.خوش گوار یا ناخوش گوار دونوں صورتوں یا حالتوں کو خوشی کے ساتھ قبول کرنے والا ، صابر ، شاکر ، قانع .۴.مسرور ، خوش ؛ مطمئن .۵.آمادہ ، مستعد ، خواہش مند . [ع] .

واضی بوضا صف . جو کسی کے حکم یا ایما کو بے چوں و چرا قبول کرے ، خدا کی مرضی یا کسی غالب شخص کی مرضی پر ، صابر شاکر نیز قانع .

راغِب (کس غ) صف مذ .
کسی طرف میلان رکھنے والا ، خواہش مند ، رغبت رکھنے والا . [ع] .

رافع (کس ع ف) صف : مذ .
ا. بلند کرنے والا ، اوپر اُٹھانے والا .۲. اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام . [ع] .

راقِم (کس ق) صف مذ .
لکھنے والا ، تحریر کرنے والا . [ع] .

راکِٹ (کس ک) مذ .
ا.خلائی جہاز ، ہوائی ، خدنگا .۲.گول اور مخروطی شکل کا ایک بم . [انگ] .

راکِع (کس ع ک) صف مذ .
گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کے جھکنے والا ؛ (نماز میں) سر جھکانے والا ، رکوع کرنے والا ، نمازی . [ع] .

راکھ مث .
کسی جلی ہوئی چیز کی خاک ، خاکستر ، بھبوت ، بھوبل . [س] .

راکھی مث .
(ہندو) وہ رنگین تاگا یا ڈورے کی لچھی جو بہن اپنے بھائی کی کلائی میں باندھتی ہے ، نذر جو بھائی کی حفاظت کا ایک ٹوٹکا سمجھی جاتی ہے . [س] .

راگ مذ .
ا.موسیقی کے مانے ہوئے ضابطوں کے مطابق سروں کی بندھی ہوئی ترتیب .۲.قصہ ، تذکرہ ، بیان .۳.دھوکا ، فریب ، جھوٹی تسلی . [س] .

راگنی (سک گ) مث .
ا.تقسیم کے لحاظ سے چھ راگوں کے چھتیس شعبوں میں سے ہر ایک شعبہ .۲.دھن .۳.قصہ ، بیان . [س] .

رال (ا) مث .
ا.درختوں کا گوند ، ایک گوند کا سا نباتی مادہ جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور پانی میں نہیں گھلتا ہے .۲. رال وہ شے ہے جو ٹرین ٹائن سے روغن ٹرین ٹائن کشید ہونے کے بعد پیچھے رہ جاتی ہے .

رال (۲) مث .
ا. لعابِ دہن ، تھوک ، وہ لعاب جو (عموماً) کم سن بچوں یا بوڑھوں کے منھ کے کنارے سے بے اختیار ٹپکتا ہے .۲.(سلوتری) مویشیوں کے حلق کے بیماری کا نام جس میں اُن کے منھ سے پانی جانے لگتا ہے . [س] .

رال ٹپک پڑنا / ٹپکنا ف مر : محاورہ .ا.لعاب یا رطوبت کا منھ سے نکلنا یا بہنا یا ٹپکنا .۲.کسی مرغوب شے کو دیکھ کر منہ میں پانی بھر آنا ؛ بہت راغب ہونا ؛ لالچ آنا .

رام (ا) صف .
ا. بے حد فرماں بردار ، کمال درجے کا مطیع .۲. مانوس ؛ زیرِ اثر . [ف : س] .

رام (۲) مذ .
ا.(ہندو) پرمیشر ، پروردگار ، خداوند ؛ (مجازاً) بڑا .۲. (ہندو) پرسرام اور رام چندر جی کا لقب ؛ خوش کن ، حسین . [س] .

رام رام (الف) مذ : مث .ا. ہندوؤں کا باہمی سلام ، سلام علیک ، بندگی ، تسلیم .۲.صاحب سلامت ، یاد اللہ ، جان پہچان . (ب) فجائیہ .توبہ توبہ ، خدا کی پناہ .

رام رام جپنا ف مر : محاورہ . (ہندو) رام رام کا ورد کرنا ، پوجا کرنا ، عبادت کرنا .

رام رام ست ہے / ہیں فقرہ . خدا سچا ہے (ہندو ارتھی کے ساتھ یہ جملہ کہتے ہوئے چلتے ہیں) .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، مذ = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غ م = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

رام کہانی امث .ا. داستان ، طویل قصہ ، طولانی سرگزشت .۲. لاحاصل باتیں ، بے کار قصہ ، بکواس .

رام نام جپنا پرایا مال اپنا کہاوت. خود کو نیک ظاہر کر کے دھوکا دینے اور منفعت حاصل کرنے کے موقع پر کہتے ہیں .

راماین (کس خف ،) امث .
وہ شہرۂ آفاق رزمیہ جس میں رام چندر جی اور سیتا مرکزی کرداروں کی حیثیت رکھتے ہیں (مجازاً) طویل حکایات ، کتھا ، طویل کہانی ، قصہ . [س] .

رامِش (کس م) امث .
اخوشی و شادمانی، نشاط و طرب ؛ (مجازاً) دلکش ، رنگین .۲. آرام ، آسائش ، استراحت .۳. نغمہ ، گیت .

ران امث .
جانگھ سے لے کر گھٹنے تک کا حصہ ، زانو . [ف] .

••• ران لاحقہ .
تراکیب میں بطور جزوِ دوم مستعمل ، جیسے: حکم راں ، جہازران ، کام راں . [ف] .

رانا امذ .
ا. چھوٹا راجا ، ٹھاکر .۲. راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجہ کے بیٹے کو ملتا ہے ، راجپوتوں کی ایک ذات . [س] .

رانجھا (مغ) امذ .
پنجاب کی ایک مشہور داستان عشق کا ہیرو جو ہیر نامی لڑکی پر عاشق تھا ؛ (مجازاً) عاشق ، پیارا ، محبوب . [علم] .

رانجھنا (غنہ ، سک جھ) امذ .
عاشق ، پیارا ، محبوب ، قابلِ عزت شخص .

رانْدَہ (مغ ، فت د) صف .
نکالا ہوا ، مردود ، ملعون ، خارج .

راندۂ درگاہ صف .ا. درگاہ خداوندی اور دربار شاہی یا کسی عالی بارگاہ سے نکالا ہوا ، ذلیل و رسوا ، معتوب .۲. شیطان ، گنہ گار .

رانڈ (غنہ) امث .
ا. وہ عورت جس کا شوہر مرگیا ہو ، بیوہ .۲. کسبی ، رنڈی ، بیسوا ، داشتہ . [س] .

رانگ (غنہ) امذ .
ایک نرم دھات جس سے ظروف پر قلعی کی جاتی ہے ، رصاص ، رانگا ، سیسہ .

رانگڑ/ رانگھڑ (مغ ، فت گ/فت گھ) امذ .
راجپوتوں کی ایک نومسلم ذات .

رانی امث .
ا. کسی بڑے راجا یا بادشاہ کی بیوی ، ملکہ .۲. ہندو عورتوں کا معزز خطاب ، رانا کی تانیث .۳. شہد کی مکھیوں کی ملکہ .۴. تاش کی ہر بازی کے ایک میر کا نام جو عورت کی شکل پتے پر بنا ہوتا ہے اور بادشاہ کے مقابلے میں ملکہ یا رانی کہلاتا ہے .

رانی کھیت امذ . پرندوں اور مرغیوں کی ایک متعدی اور مہلک بیماری یہ موسموں کے بدلنے کے دوران خصوصاً برسات کے شروع میں نمودار ہوتی ہے . [مقامی] .

••• رانی لاحقہ .
کیفیت کے معنی میں بطور لاحقہ یا جزو دوم ، تراکیب میں مستعمل جیسے: حکم رانی ، جہازرانی .

راو امذ .
ا. (ہندو) راجا کا بیٹا ، شہزادہ ؛ سردار .۲. (ہندو) ایک معزز خطاب . [س] .

راوَن (فت و) امذ .
(ہندو) روایت کے مطابق لنکا کے ایک راجہ کا نام جو سیتا کو اُٹھا لے گیا تھا .

راوی امذ .
ا. کسی واقعہ ، خبر یا بات کا بیان کرنے والا .۲. حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا روایت کا ناقل ، اقوال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان کرنے والا .۳. مصنف ، قصہ نویس ، لکھنے والا . [ع] .

راوی چین لکھتا ہے فقرہ. بہت آرام سے گزر رہی ہے کوئی تکلیف و پریشانی نہیں ہے .

راؤ (وج) امذ .
ا. راجہ کا بیٹا .۲. سرکار کا معزز خطاب (حکومت برطانیہ کا) .۳. بڑا ،

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کلاں .۴. امیر قوم کا لقب . [پ : س] .

راہ است .

ا. راستہ ، روش ، سڑک ، شارع .۲. اللہ کے واسطے ، اللہ کی رضا میں ، اللہ کے لیے .۳. ذریعہ ، وسیلہ .۴. انتظار . [ف] .

راہ بر اند . راستہ دکھانے والا ، رہنما ، مرشد ، ہادی ، پیغمبر ، ہدایت کرنے والا ، راستے پر لگانے والا ، سردار .

راہ پر(پہ)/آ جانا/ آنا محاورہ. ا.صحیح طریقے پر چلنا ، ٹھیک ہونا ، سنبھلنا؛ راضی ہونا.۲.طور طریقے درست کر لینا ، بدافعال کا نیک ہو جانا ، نیک بننا ، اصلاح قبول کرنا .

راہ چلتا اند. ا. (کنایتہً) وہ شخص جس سے شناسائی اور تعارف نہ ہو ، غیر ، ناآشنا ؛ مسافر .۲. معمولی سوجھ بوجھ رکھنے والا ، ادنیٰ عقل و فہم والا ؛ ناواقف .

راہ خدا میں جان دینا محاورہ. شہید ہونا .

راہ دار اند. ا.راستے کا محافظ ، پاسبان راہ ، وہ شخص جو سڑکوں کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہو.۲.اس کپڑے کو کہتے ہیں جس پر خطوط اور نشان ہوں .

راہ داری/ راہداری است . ا. راستے سے گزرنے کا حق یا آنے جانے کا عمل ، سفر .۲. کسی مکان کے دروازے اور اصل مکان کے درمیان کا پتلا راستہ ، ڈیوڑھی ، گیلری .۳. راستہ ، ذریعۂ آمد و رفت ، گزرگاہ .
۴. پاسپورٹ ، اجازت نامہ .

راہ دیکھنا محاورہ. ا. انتظار کرنا ، اُمید کرنا ، آسرا لگانا .۲. راستہ لینا ، راستہ اختیار کرنا ، کسی سمت جانا .

راہ راست است . صراط مستقیم ، صحیح راستہ ، درست راستہ ، حق کی راہ .

راہ زن صف ؛~ راہزن . ڈاکو ، لٹیرا ، قزاق .

راہ زنی است . ڈاکہ زنی ، ڈکیتی ، بٹ ماری .

راہ طلب است . ذوق و شوق ، تلاش منزل ، آرزومندی ، عشق و محبت .

راہ فرار ڈھونڈھنا محاورہ. بھاگنے کی ترکیب نکالنا ، چھٹکارا پانے کی سبیل تلاش کرنا ، جان بچانے کے لیے راستہ تلاش کرنا ، نجات کا راستہ ڈھونڈھنا ؛ بچنا ، منہ چھپانا .

راہ کا پتھر اند. راستے کی رُکاوٹ ، سدّ راہ ، دُشواری .

راہ گزار/گزر است ؛ اند. سڑک ، راستہ .

راہ گیر صف ؛~ راہگیر. ا. وہ شخص جو کسی راستے سے گزرے ، راستہ چلنے والا ، راستہ چلتا شخص ، مسافر .۲. رواں ، چلتا ہوا ، جاری .

راہ میں کانٹے بچھانا محاورہ. راستہ دشوار گزار کر دینا ، تکلیف پہنچانا ، اذیت دینا ، سفر میں دشواریاں پیدا کرنا .

راہ نجات است . ا.قیامت میں بخشش کا وسیلہ یا ذریعہ ، چھٹکارا پانے کی سبیل .۲.مسلمانوں کی مذہبی کتاب (قرآن مجید) .

راہ نما / راہنما صف . راستہ دکھانے والا ، رہنمائی کرنے والا ، قائد یا لیڈر ، پیشوا .

راہ نمائی/راہنمائی است . راہ نما کا اسم کیفیت ، راستہ دکھانا ، رہبری ، ہدایت .

راہ و رسم است . ا. راہ و ربط ، میل جول ، باہم تعلقات ، ربط ضبط .
۲. دستور اور رواج ، ضابطہ اور آئین ، طور طریقہ وغیرہ .

راہ ہموار کرنا محاورہ. مقصد کے حصول میں آسانی پیدا کرنا ، سبیل نکالنا ، کامیابی کی صورت نکالنا .

راہِب (کس ہ) اند .

ا. رومن کیتھولک کلیسا کا پادری ، نصاریٰ کا پیشوا .۲. تارک الدنیا ، خانقاہ نشیں . [ع] .

راہبَر (سک ہ ، فت ب) اند .

دیکھیے : راہ بر ؛ رہنما ، راستہ دکھانے والا .

راہِبَہ (کس خف ہ ، فت ب) است .

راہب کی تانیث ، تارک الدنیا عیسائی عورت .

راہزَن (سک ہ ، فت ز) صف .

راستے میں لوٹنے والا ، قزاق . [ف] .

راہگیر صف .

دیکھیے : راہ گیر .

رہوار (سک ہ) (الف) اند .

تیز چال اور ہموار چال کا گھوڑا ، (مجازاً) اچھا گھوڑا . (ب) صف . ا. سواری ، تیز اور ہموار چال چلنے والی سواری (عموماً گھوڑا) .

راہی صف؛ اند.
راستہ چلنے والا ، جانے والا ، مسافر ، راہ گیر.

راہی ملک عدم ہونا محاورہ. مر جانا، سوئے عدم روانہ ہونا، انتقال ہوجانا.

رائتا (کس خف ء) اند؛ ← رائتہ/رایتا.
اُبلا ہوا کدو ، ککڑی ، بیگن وغیرہ دہی میں ملا کر تیار کیا ہوا سالن ؛ نیز بورانی (خصوصاً جس میں رائی پڑی ہو).

رائتا بنانا/کرنا محاورہ. بھرتا بنانا؛ مار مار کر پتلا حال کر دینا، بہت زیادہ مارنا.

رائتہ پھیلانا محاورہ. کام پھیلانا ، کام کو خراب کرنا.

رائج (کس ء) صف مذ.
۱. دستور یا معمول کے مطابق ، جاری ، چلتا ، مقبول عام .۲. رواج دینے والا ، جاری یا نافذ کرنے والا ، مروج .اف : رہنا/ ہونا . [ع] .

رائج الوقت صف. ۱.(i) جس کا ہر وقت یا فی الحال دستور یا چلن ہے ، جو آج مقبول اور جاری ہے .(ii) جو اس وقت بازار میں عام طور سے چلتا ہے ، جس کو آج کل کے دکان دار چیزوں کے عوض لیتے ہیں ، ۲. سکے کے لیے مستعمل.

رائفل (کس خف ء ، فت ف) اند؛ امث.
بندوق کی وضع کا آتشیں اسلحہ جس میں ایک نال اور کئی گولیاں بیک وقت بھرنے کی جگہ ہوتی ہے اس کی نال میں بھال بھی لگائی جا سکتی ہے اس کی مار بندوق سے زیادہ سخت اور دور رس ہوتی ہے. [انگ] .

رائگاں (کس خف ء) صف.
ضائع ، بیکار ، اکارت ، بے نتیجہ ، لاحاصل ، فضول.

راؤ (و ج) اند.
۱. راجا ، راجا کا بیٹا ، سردار ، امیر .۲. (ہندو) ایک اعزازی خطاب یا لقب . [س] .

رائی امث.
سرسوں سے چھوٹا اور اس سے مشابہ اور خشخاش سے بڑا ایک بیج جو مزے میں کھٹا ہوتا ہے ؛ (مجازاً) بہت چھوٹا یا حقیر ، بہت تھوڑی مقدار . [س].

رائی کا پربت/ پہاڑ بنانا محاورہ. ۱. چھوٹے کو بڑا کر دینا ، بہت تعریف کرنا ، حقیر چیز کو اہم بنا کر بیان کرنا ، تعریفوں کے پل باندھنا . ۲. معمولی سی بات کو بڑھانا یا اہمیت دینا ، بات کا بتنگڑ بنانا.

رائے (۱) امث.
۱. (کسی معاملے میں) فہم ، تدبر ، تجربہ ، مشاہدہ ، غرض ، قیاس یا عقیدہ یا یقین وغیرہ کی بنا پر قائم شدہ خیال ، (معرض اظہار میں) تجویز ، صلاح ، مشورہ .۲. (مجازاً) سوچ بچار یا عقل وغیرہ کی مدد سے قائم کیا ہوا صحیح خیال یا فیصلہ (تراکیب میں مستعمل) . [ع] .

رائے دہندہ صف ؛ اند. (سیاست) رائے دینے والا ، ووٹ دینے والا، ووٹر.

رائے دہی امث. رائے دینے کا عمل ، نیز کسی مسئلہ کے تصفیہ کے لیے آراء یا تجویزوں کا معلوم کرنا.

رائے عامہ امث. عوام کا خیال ، جماعت کی صلاح.

رائے (۲) اند.
۱. راجا ، بادشاہ ، (مجازاً) حکام و بزرگان ، نیز سابقہ ہندوستان کے راجاؤں اور شاہی خاندان کا لقب .۲. ایک خطاب جو سابقہ ہندوستان میں حکومت کی طرف سے دیا جاتا تھا. [س].

رائے بہادر اند. ایک اعزازی خطاب جو ہندوؤں کو حکومت کی طرف سے ملتا ہے.

رائیگاں (ی ج) صف؛ اند.
ضائع ، بیکار ، بے نتیجہ ؛ فضول.

رایت (فت ی) اند.
چوب میں سلا یا پرویا ہوا کپڑا جو کسی قوم یا جماعت کا امتیازی نشان ہو ، علم ، جھنڈا.

رَب (فت ر) (الف) صف.
پالنے یا پرورش کرنے والا ، پروردگار . (ب) اند. اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام. [ع] .

رب العالمین اند. تمام جہانوں کا پالنے والا اللہ ، کل عالموں کا پروردگار.

رب العزت اند. اللہ تعالیٰ ، بہت عزت والا.

رب راکھا اند؛ فقرہ. اللہ نگہبان ، رخصت کرتے وقت کی دعا ، اللہ حافظ.

رِبا (کس ر) اند.
ربٰو ، ربٰی ، وہ رقم جو اصل پر زائد وصول کی جائے ، اضافہ ، بڑھوتری

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ع].

ربا (ضم ر) صف.
لبھانے والا ، اپنی طرف کھینچنے والا ، اڑانے والا ، لے جانے والا .
جیسے : دل ربا وغیرہ (بطور لاحقہ مستعمل).

رَبَّا (فت ر ، شد ب) اند.(ندائیہ).
اے پروردگار ، اے مالک ! الٰہی.

رَباب (فت ر)اند.
سارنگی کی طرح کا ایک تاردار چوبی باجا ، تنبور جس کے نچلے حصے پر کھال منڈھی ہوتی ہے لکڑی کی مضراب سے بجایا جاتا ہے ، ایک قسم کی سارنگی . [ع].

رِباط (کس نیز فت ر)است.
۱. وہ مکان جہاں مسافر عارضی طور پر ٹھہرے ، مسافر خانہ ، سرائے ، قلعہ ، چوکی .۲. (i) فقیروں اور آزاد منشوں اور رندوں وغیرہ کے جمع ہونے اور بیٹھنے کا مکان ، خانقاہ . (ii) (مجازاً) مکان ، رہنے کی جگہ ، مقام ، جگہ ، گھر ، خانہ .۳. جس سے کسی چیز کو باندھا جائے ، بند ، طناب ، رسی ، ڈور ، کمند .۴. ایک عصباتی یعنی پٹھے کی شکل کا سفید رنگ اور ٹھوس جسم جو ہڈیوں سے نکلا رہتا ہے اور بعض اعضا کو بعض سے وابستہ کرتا ہے ، جھلی دار بند .

رُباعی (۱) (ضم ر) صف ؛ رباعہ.
چار چار بار کر کے ، (ایک نوبت کے بجائے) چار نوبت ، چہار چند ، چوگنا.

رُباعی (۲) (ضم ر) صف.
۱. چار سے مرکب ، چار اجزا والا .۲.(عروض) بحر کے مقرر چوبیس اوزان میں سے کسی ایک یا زیادہ (تا چہار) وزن میں کہی ہوئی چار مصرعوں والی نظم جس کے پہلے دوسرے اور چوتھے مصرع میں قافیہ ہو (تیسرے میں ہو یا نہ ہو).

رَبّانی (فت ر ، شد ب) صف.
۱.رب کی طرف منسوب ، خدا سے تعلق رکھنے والا امر یا شخص ، الوہی.
۲.الٰہیات کا ماہر ، عارف باللہ.

رَبَڑ (فت ر ، ب) اند.
۱.حرف مٹانے کی چیز ، ربر جس سے مختلف اشیا بنائی جاتی ہیں اور جو سیاہی یا پینسل کے نشانات مٹانے میں بھی استعمال ہوتا ہے .۲.کوئی لچک دار یا لچکیلی چیز . [انگ].

رَبڑی (فت ر ، سک ب)است .
۱. جوار ، باجرے یا مکئی کا نمکین پکوان ، کچی چھاچھ یا دہی میں یا دودھ اور ملائی میں پکی ہوئی ایک قسم کی گاڑھی کھیر ، مٹھائی .۲. پکا کر خوب گاڑھا کیا شکر ملا ہوا دودھ جو گھوٹتے گھوٹتے لچھے دار ملائی سا ہو گیا ہو .

رَبط (فت ر ، سک ب)اند.
۱. وابستگی ، بندش ، تسلسل ، نسبت ، تعلق ، واسطہ .۲. ملنے جلنے کی کیفیت یا عمل ، میل جول ، راہ و رسم .۳. دوستی ، محبت ، لگاؤ .۴. اتحاد ، یگانگت . [ع].

ربط بڑھانا محاورہ .میل جول میں اضافہ کرنا ، تعلق خاطر ہونا .

ربط و ضبط اند .میل جول ، دوستی .

رُبع (ضم ر ، سک ب)صف.
چوتھائی ، ۱/۴ ، چار حصوں میں سے ایک ، چوتھائی حصہ (دور ، زمانے ، ارکان شعر یا دور قمر کا) .

ربع صدی است .سو سال کا چوتھائی ، پچیس سال .

رِبَن (کس نیز ر ، فت ب)اند؛ است .
۱. (i) دھجی ، لباس یا آرائش میں استعمال ہونے والی پتلی لمبی پٹی . (ii) بالوں میں باندھنے کی پٹی .۲. فیتہ ، کور ؛ ٹائپ رائٹر کی وہ پٹی جس میں سیاہی سمو دی جاتی ہے . [انگ].

رَبَّنا (فت ر ، شد ب بفت) ندائیہ.
اے ہمارے پروردگار ، ہمارے رب .

رُبوبِیَّت (فت ر ، و مع ، کس ب ، شد ی بفت)است .
۱. پرورش یا سرپرستی کرنے کا عمل یا کیفیت نیز منصب یا مقام ، پروردگار یا خدا ہونا ، خدائی ، پروردگاری .۲. (تصوف) پرورش عالم بواسطۂ ظہور اسماء حق جو مرتبہ و احدیت میں ہوتا ہے کہ جس کو بشرط شئے کہتے ہیں ، مقام صوفیا.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

رَبِّی (فت ر، شدب) اند.
میرا رب.

رِبّی (کس ر، شدب) اند.
یہودی عالم، نیز یہود کا مذہبی پیشوا یا بزرگ.

رَبیع (فت ر، ی مع) اسث.
۱. پاک و ہند میں کھیتی باڑی کی وہ فصل جو اکتوبر، نومبر میں کاشت کی جاتی ہے (گیہوں، جو وغیرہ) اور مارچ اپریل میں کاٹی جاتی ہے. ۲. موسم بہار کا عرصہ جو ہمارے ہاں عموماً فروری اور مارچ میں ہوتا ہے، بسنت رت، بہار کا موسم.

ربیع الاول اند. ہجری سال کا تیسرا مہینہ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت و وفات ہوئی.

ربیع الآخر / الاخیر / الثانی اند. ہجری سال کا چوتھا مہینہ جو حضرت غوث الاعظمؒ کی ولادت کی نسبت سے عرف عام میں گیارھویں کے نام سے مشہور ہے.

رَپٹ (۱) (فت ر، پ) اسث.
پھسلن، رپٹن (تراکیب میں مستعمل) اف: پڑنا/جانا.

رَپٹ (۲) (فت ر، پ) اسث.
۱. واردات یا جرم کی اطلاع جو پولیس یا حاکم وغیرہ کو دی جائے یا تھانے وغیرہ میں لکھائی جائے. ۲. کسی واقعے یا کارروائی وغیرہ کی خبر یا اطلاع جو حاکم وغیرہ کو دی جائے، درخواست، عرضی.

رَپٹنا (فت ر، پ، سک ٹ) ف ل.
پھسلنا، لڑھکنا، کھسکنا.

رُپلّی (ضم ر، فت پ، شدل) اسث.
دیکھیے: روپیہ جس کی یہ تصغیر ہے.

رَپورٹ (فت نیز کس ر، وج، سک ر) اسث.
۱. کسی واقعہ یا جرم کی خبر جو پولیس میں دی جائے. ۲. اطلاع، خبر، وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو، روداد. ۳. تحقیق، اسکول میں بچوں کی کارکردگی کا جائزہ. [انگ].

رَپورٹر (فت نیز کس ر، وج، سک ر، فت ٹ) اند.
اطلاع دہندہ، اخبار کا نامہ نگار، اطلاع یا خبر دینے والا، اخبار یا ریڈیو ٹی وی وغیرہ کا خبر رساں. [انگ].

رَت (فت ر) اسث.
رات کا مخفف (تراکیب میں مستعمل).

رت جگا اند، ~ رتجگا. شب بیداری، خوشی کی تقریب یا عبادت میں رات بھر جاگنا.

رُت (ضم ر) اسث.
۱. موسم، فصل، کسی چیز (خصوصاً پھل پھلاری وغیرہ) کا زمانہ. ۲. حالت، کیفیت وغیرہ. [س].

رت بدلنا محاورہ. ۱. ایک فصل یا موسم کا جانا اور دوسرے کا آنا، موسم یا فصل تبدیل ہونا. ۲. حسب دل خواہ حالت پیدا ہونا یا کرنا، قسمت کا راستی پر آنا یا لانا.

رُتبہ (ضم ر، سک ت، فت ب) اند.
۱. عزت و حرمت کا درجہ یا مقام، منزلت، پایہ. ۲. حد (کسی کام کی)؛ حیثیت. ۳. بلندی، سرفرازی.

رتبہ حاصل ہونا محاورہ. سربلندی حاصل ہونا، مرتبہ ملنا.

رَتَن (فت ر، ت) اند.
جواہر، موتی، نگینہ، لال، قیمتی پتھر؛ (مجازاً) زیور نیز ہر گراں قدر قیمتی اور عمدہ چیز.

رتن جوت اسث. (طب) آنکھوں کے امراض میں فائدہ مند ایک دوا.

رتن قورمہ اند. (طباخی) ایک قسم کا کھٹ مٹھا قورمہ جو مرغ کے گوشت اور بکری کے قیمے کی ٹکیوں سے مقررتر کیب کے مطابق پکایا جاتا ہے.

رَتّی (فت ر، شدت نیز بلا شد) (الف) اسث.
ایک وزن جو ماشے کا آٹھواں حصہ ہوتا ہے، آٹھ چاول کے برابر وزن نیز وہ چیز جس سے یہ وزن تولا جائے. (ب) م ف. مقدار قلیل، حصہ، وزن، ذرہ بھر، دم بھر. [پ: س].

رتی برابر/بھر م ف. ذرہ بھر، دم بھر، ذرا سا، قدرے، قلیل.

رَتھ (فت ر) اسث؛ اند.
۱. چوپہیا سبک اور خوبصورت بیل گاڑی جس پر سائے کے لیے برجی

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کی شکل کی چھت ہوتی ہے جسے بنگلہ کہتے ہیں .۲. دو پہیہ والی ہلکی ، لڑائی میں کام آنے والی گاڑی .[س].

رٹ (فت ر)است.

. بار بار ایک ہی بات کہے جانے کا عمل ، (قول کا) اعادہ یا تکرار . ۲ضد ، ہٹ.

رٹ لگنا محاورہ. بار بار کہے جانا ، ضد کرنا.

رٹ (کس ر)است.

کسی محکمے (عدالت کا حکم نامہ) کے فیصلے کے خلاف اس کے نفاذ کو روکنے کی عدالت عالیہ میں درخواست ، اجرائے پروانہ کی درخواست جو ہائی کورٹ میں دائر کی جاتی ہے .[انگ].

رٹنا (فت ر ، سک ٹ)ف ل.

۱. کلمے ، جملے یا عبارت کو زبانی یاد کر لینا ، حفظ کر لینا ، رٹ لینا .۲. بار بار ذکر کرنا ، کہنا ، رٹ لگانا ، دہرانا .[س].

رٹّو (فت ر ، شد ٹ ، و مع)صف.

۱. بے سمجھے زبانی یاد کر لینے والا ، رٹنے والا .۲. جسے کسی بات کی اڑ یا ٹر لگ جائے ، ایک ہی بات بار بار کہے جانے والا .

رَج (فت ر)اند.

سیر ہونا ، جی بھرنا ، رجنا کا امر ، تراکیب میں مستعمل.

رج کر کھانا محاورہ. جی بھر کے کھانا ، ڈٹ کر کھانا.

رِجا (فت نیز کس ر)است.

امید ، تمنا ، آرزو .[ع].

رِجال (کس ر)اند.

۱.(i) مرد ، رجل کی جمع .(ii) مستند اور مانے ہوئے لوگ ، اکابرین .
۲. احادیث و روایات وغیرہ کے راوی .

رَجائی (فت نیز کس ر) صف.

۱. پُرامید ، تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا .۲. بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا شخص .۳. امید و بیم کی کیفیت میں مبتلا کر دینے والا .

رَجائیت (فت نیز کس ر ، کس ء ، شد ی بفت نیز بلا شد)است.

۱. اچھے خیال رکھنا ، تصویر کا روشن پہلو دیکھنا .۲. آرزو سے پر ہونا ؛ پر اعتماد اور پر امید رہنے کا رویہ .

رَجَب (فت ر ، ج)اند.

سال ہجری کا ساتواں قمری مہینا جو مبارک سمجھا جاتا ہے اور جس میں جہاد حرام ہے .

رُجحان (ضم ر ، سک ج)اند.

طبیعت یا ذہن کا قدرتی یا فطرتی جھکاؤ اور رغبت ، توجہ ، میلان .[ع].

رَجز (فت ر ، ج)اند.

۱. اضطراب ، سرعت ، حرکت .۲. ذاتی ، فخریہ اشعار ، جو میدان جنگ میں حریف کو مرعوب کرنے یا رفیقوں کا حوصلہ بڑھانے کے لیے پڑھے جائیں .

رَجزِیَہ (فت ر ، سک ج ، کس ز ، فت ی)صف.

جوشیلا ، جذباتی .

رِجس (کس ر ، سک ج)اند.

باطن کی ناپاکی ؛ شیطان کا وسوسہ ، بدنفس ، عمل بد ، پلیدی ، گندگی .[ع].

رَجِسٹَر (فت ر ، کس ج ، سک س ، فت ٹ) اند.

۱. وہ اوراق کا مجموعہ جس میں دفتری یادداشتیں درج کی جائیں ، وہ مجلد کاغذ جس میں کسی معاملے سے متعلق باتیں درج کی جائیں .۲. حاضری لگانے والی کتاب جو اسکول یا دفتروں میں رکھی جاتی ہے .
۳. موت یا ولادت وغیرہ کی سرکاری فہرست .[انگ].

رَجِسٹَرار (فت ر ، کس ج ، سک س ، فت خف ٹ)اند.

۱. سررشتہ دار ، مسجل ، ناظم .۲. جامعہ ، یونیورسٹی کا وہ عہدہ دار جو اس کے انتظامی اور تعلیمی امور کا ذمہ دار ہوتا ہے اور وائس چانسلر کی جانب سے جملہ احکام و اسناد جاری و نافذ کرتا ہے ، یونیورسٹی کے انتظامی دفتر کا محافظ اعلیٰ .۳. وہ عہدہ دار جو اپنے شعبے سے متعلق عوام کے اداروں کو منظور کرتا اور ان کی نگرانی کرتا ہے .[انگ].

رَجِسٹَرڈ (فت ر ، کس ج ، سک س ، فت ٹ ، سک ر)صف.

۱. ڈاک اور خطوط جو مکتوب الیہ تک بحفاظت پہنچانے کے لیے ڈاک خانے کے رجسٹر میں درج کرائے جائیں اور ان کی رسید حاصل کی جائے ، مسجل ، رجسٹری شدہ .۲. وہ عوامی ادارہ یا نام وغیرہ جو مقرر ضابطہ کے تحت حکومت کے کسی ادارے سے منظور شدہ ہو .۳. منظور

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، است = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

شدہ ۔[انگ] .

رَجِسْٹری (فت ر، کس ج، سک س، ٹ)امث .

ا. ادارے یا نام وغیرہ کو مقررہ ضابطے کے تحت ڈاک خانے میں یا متعلق افسر کے ہاں درج یا منظور کرانے کا عمل ، تسجیل .۲. بند خطوط جن پر مہر لگ جائے .

رَجِسْٹْریشَن (فت ر، سک ج، سک س، ٹ، ی مج، فت ش)امذ .

رجسٹری جس کے عمل کا یہ نام ہے ، داخلہ ، اندراج ، اندراج فہرست .[انگ] .

رَجْعَت (فت ر، سک ج، فت ع)امث .

ا. اپنی جگہ پر آ جانا ، لوٹنا ، واپسی ، بازگشت ، عود کرنا .۲. (فقہ) شوہر کا اپنی مطلقہ کی طرف مقررہ مدت کے اندر رجوع کرنا (جس کے بعد دوبارہ صیغۂ عقد کی ضرورت نہیں رہتی) . [ع] .

رجعت پسند صف . مائل بہ قدامت .

رجعت پسندی صف .قدیم نظریات اور قدیم رسم و رواج کو ترجیح دینے کا رجحان .

رَجْم (فت ر، سک ج)امذ .

ا. (کسی کو) پتھروں سے مارنے کی سزا ، بالخصوص زانی مرد اور عورت کو دی جانے والی سزا ، سنگ سار کرنا .۲. شیطان کو پتھر مارنا .۳. پتھر ، کنکر ، سنگ ریزہ .۴. نفرین کرنا ، گالی دینا ، گمان اور اٹکل سے بات کہنا ؛ سنگ سار کرنا ، پتھر مارنا . [ع] .

رِجْمنٹ/رِجْمٹ (کس ج ر، سک ج، کس ج م، سک ن) امث .

آٹھ سو یا ہزار فوجی سواروں کا دستہ ، پلٹن ، فوج .

رَجْواڑا (فت ر، سک ج)امذ ، رجواڑہ .

ا. راجا کی عمل داری ، راجا کا ملک یا علاقہ ، ریاست .۲. راجا ، راجا کے خاندان کا فرد ، راجکمار (شہزادہ) . [س] .

رُجُوع (ضم ر، و مع)امذ ؛ امث .

ا. پہلی جگہ پر لوٹنا ؛ سابق حالت کی طرف پھرنے کا عمل ، عود ، بازگشت ، واپسی .۲. کسی طرف جھکاؤ ، کسی جانب مڑ جانے یا رخ کرنے کا عمل ، میلان یا رغبت (غیرت ، ضرورت یا اشتیاق وغیرہ سے) .۳. (قانون) مقدمہ دائر کیے جانے کا عمل ، نیز اپیل ، واقعہ .۴. توجہ کو کھینچ لینا ، متوجہ کر لینا . [ع] .

رُجوع إلی اللہ امذ . (تصوف) اللہ کی طرف لوٹنا .

رُجوع کرنا محاورہ .ا. توجہ کرنا ، دست بردار ہونا (کسی بات سے) منحرف ہونا .۲. (i) استفادے کی غرض سے حاضر ہونا ، عقیدتاً حاضری دینا یا متوجہ ہونا ، کسی کی طرف متوجہ ہونا . (ii) طبی مشورہ لینا ، علاج کی غرض سے حکیم یا ڈاکٹر کو دکھانا . (iii) علمی وضاحت چاہنا ، معنی و مطلب کو سمجھنا .۳. صرف خدا سے لو لگانا ، نجات کا طالب ہونا ، مغفرت چاہنا ؛ مدد چاہنا .۴. (فقہ) طلاق رجعی کے بعد مدت معین کے اندر بیوی دوبارہ سے تعلق قائم کرنا کہ مطلقہ حسَل سابق اس کی زوجہ ہے .

رُجوع ہونا محاورہ .ا. (کسی طرف) پھرنا ، مڑ جانا ، متوجہ ہونا .۲. خلوص کے ساتھ لو لگانا .۳. پیش کیا جانا .

رُجُولِیَّت (ضم ر، و مع، کس ل، شد ی بفت نیز بلا شد) امث .

مرد ہونے کی خصوصیت ، قوت مردمی ، مردانگی ، نسائیت کی ضد (مجازاً) باہ . [ع] .

رِجھانا (کس ر)ف م .

ا. محظوظ کرنا ، خوش کرنا .۲. لبھانا ، متوجہ کرنا ، ملتفت کرنا ، مائل کرنا .

رَچانا (فت ر)ف م .

ا. بنانا ، مرتب یا تیار کرنا ، کسی خوبی یا عیب کو پوری طرح سمونا .۲. لال بھبوکا کرنا ، سرخ کرنا (ہاتھ یا پیر وغیرہ کا مہندی یا حنا سے) .۳. چاہت اور دھوم دھام سے تقریب کرنا ، (جشن وغیرہ) منانا ، (خوشی یا شادی کی تقریب وغیرہ کے لیے مستعمل) .۴. بسانا ، آباد کرنا ، اس طرح (کسی کو) کہیں رکھ لینا کہ وہاں سے پھر ہٹ نہ سکے .۵. (تیاری خوراک) اچار کو یعنی بہت دنوں تک اصلی اور تازہ حالت میں رکھنے کے لیے تیل کی اس طرح آمیزش کرنا کہ اچار اس میں ڈوبا رہے ، پرورد کرنا ، رمانا .

رَچْنا (فت ر، سک چ)ف ل .

ا. سما جانا ، نظر آنا ، جسم و جان میں اتر جانا .۲. جزو بن جانا (دل و دماغ یا بدن وغیرہ کا) .۳. رنگ ، بو ، ذائقہ یا دیگر خصوصیات کو قبول

کر لینا ، گھل مل جانا .۴. پوری طرح متاثر ہونا ، نظریہ یا عقیدہ میں رنگ جانا .۵. ایک چیز کی بو باس اور خصوصیت کا دوسری چیز میں سرایت کرنا .۶. ہاتھ پاؤں میں مہندی کا خوب شوخ رنگ چڑھنا ، مہندی کا ہاتھ پاؤں میں گہرا رنگ لانا . [س].

رَح (فت خف ر) کلمہ دعا.
عربی کے فقرے (رحمۃ اللہ علیہ - اس پر خدا کی رحمت ہو) کا اختصار . [ع].

رَحْل (فت ج نیز کس ج ر ، سک ح) است.
۱. قینچی کی طرح جڑے ہوئے لکڑی کے دو تختوں کی گھوڑی جس پر قرآن پاک رکھ کر پڑھتے ہیں .۲. منزل ، مسکن ، رخت و اسباب ، سفری اسباب ، کوچ ، سفر ، روانگی . [ع].

رِحْلَت (کس ج ر ، سک ح ، فت ل) است.
۱. موت ، انتقال ، وفات .۲. کوچ ، سفر . [ع].

رَحِم (فت ر ، کس ح ، نیز کس خف ر ، سک ح) اند.
مادہ جاندار (انسان، پرند چرند درند) کے شکم میں وہ تھیلی جس میں بچہ پرورش پاتا ہے یا انڈا بنتا ہے ، بچہ دانی بطن مادر نیز جوف نباتات. [ع].

رَحْم (فت ج ر ، سک ح) اند.
۱. کسی کے دکھ پر دل میں رقت اور ہمدردی پیدا ہونے کی کیفیت ، مہربانی ، شفقت ، نرم دلی ، ترس ، ہمدردی ، عفو ، بخشش . [ع].
رحم دل صف. جس کا دل کسی کا دکھ دیکھ کر بھر آئے ؛ مہربان ، رقیق القلب ، ہمدرد ، ہمدردی کرنے والا ، دوسروں کی تکلیف کو محسوس کرنے والا .

رُحَما (ضم خف ر ، فت ح) صف ؛ ج.
رحم کرنے والے ، شفقت اور مہربانی سے پیش آنے والے ، ترس کھانے والے .

رَحْمان (فت ج ر ، سک ح) صف.
بڑا مہربان ، بندوں پر دنیا اور آخرت میں رحم کرنے والا ، شفیق ؛ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام . [ع].

رَحْمانی (فت ج ر ، سک ح) صف.
رحمان سے منسوب ، نیک ، اچھا (شیطان کی ضد).

رَحْمَت (فت ج ر ، سک ح ، فت م) است ؛ ب- رحمۃ.
۱. رحم ، نرم دلی ، مہربانی ، کرم ، شفقت ، عنایت .۲. اللہ تعالیٰ کی طرف سے دین و دنیا میں ہر قسم کی بخشش اور سلامتی ، درود و سلام .۳. (مجازاً) بھلائی ، فلاح ، بہبود ، خوشی یا خوش خبری ، وغیرہ کا سبب یا پیش خیمہ وغیرہ .۴. (کنایۃً) بارش (کرنا ، ہونا کے ساتھ) . [ع].
رحمت اللعالمین اند. رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب جو تمام جہانوں کے لیے پیام رحمت بن کر دنیا میں آئے.
رحمت اللہ علیہ دعائیہ فقرہ. اُس پر خدا کی رحمت نازل ہو (عربی کا فقرہ اُردو میں ، مرحوم اور مقدس بزرگوں کے نام کے ساتھ مستعمل).

رَحْمٰن (فت ج ر ، سک ح ، مدم) صف.
دیکھیے : رحمان.

رَحِیم (فت ر ، ی مع) اند.
۱. جس کے دل میں رحم ہو ، شفیق ، ہمدرد ، مہربان .۲. رحم کرنے والا ، بہت مہربان ؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام . [ع].

رَحیمانَہ (فت ر ، ی مع ، فت ن) م ف ؛ صف.
جس سے رحم ظاہر ہوتا ہو ، رحم پر مشتمل ؛ رحم و کرم کے ساتھ.

رَحیمی (فت ر ، ی مع) است.
رحم کرنے کا عمل ، رحم و کرم کی شان ، مہربانی کی خو ، شفقت.

رُخ (۱) (ضم ر) (الف) اند.
۱. چہرہ ، رخسار نیز استعارۃً محبوب .۲. رجحان ، جھکاؤ ، میلان ، توجہ ، التفات .۳. سامنا ، آگا ، پیش (پشت کی ضد) .۴. پہلو ، گوشہ (کسی معاملے کا) .۵. کسی چیز کی رو یا پشت کی سطح .۶. سمت ، جانب ، طرف . ۷. وہ سمت جس میں کوئی چیز آئے یا جائے (اکثر ہوا کے ساتھ مستعمل) . [ف].
رخ انور اند. روشن چہرہ ، دمکتا ہوا چہرہ ، بہت روشن چہرہ.
رُخ کرنا محاورہ. (کسی جگہ) جانا یا آنا ، جانے یا آنے کا ارادہ کرنا.
رُخ موڑ دینا/ موڑنا محاورہ. دھارا بدلنا ، انداز بدل دینا.
رُخ نہ کرنا محاورہ. ۱. التفات نہ کرنا ، توجہ نہ کرنا .۲. کام نہ دینا ، کارگر نہ ہونا .۳. ارادہ نہ کرنا.

رُخ (۲) (ضم ر)اند.
شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو ہر بازی میں دو ہوتے ہیں اور بادشاہ کی صف میں بساط کے دونوں کونوں پر ایک ایک بٹھا دیا جاتا ہے ہر طرف سیدھی پٹی چلتا ہے، ہر گھر سیدھا مارتا ہے. [انگ].

رَخت (فت ر، سک خ)اند.
اسباب، سامان، اثاثہ. [ف].

رَخت سفر باندھنا ف مر؛ محاورہ. ا.سفر کی تیاری کرنا، کوچ کرنا، چلا جانا. ۲.مرنے کی تیاری کرنا.

رُخسار (ضم ر، سک خ)اند.
گال، کلا، عذار؛ (مجازاً) رخ، چہرہ. [ف].

رَخش (فت ر، سک خ)اند.
سفید اور سرخ ملا ہوا رنگ، رستم کا گھوڑا جو سرخ و سفید رنگ کا تھا؛ (مجازاً) گھوڑا. [ف].

رَخش عمر اند. عمر کا گھوڑا؛ (مراد) تیزی سے گزرتی ہوئی عمر.

رَخشاں (فت ر، سک خ)صف.
چمکنے والا، تاباں، منور. [ف].

رَخشِندگی (فت ر، سک خ، فت نیز کس ش، سک ن، فت د)است.
چمک دمک، تابانی، آب و تاب. [ف].

رَخشِندہ (فت ر، سک خ، فت نیز کس ش، سک ن، فت د)صف.
چمکنے والا، آب و تاب والا، تابندہ، منور. [ف].

رُخصَت (ضم ر، سک خ، فت ص)است.
ا.چھٹی. ۲.اجازت، منظوری. ۳.روانگی، کوچ. ۴.(i) خدا کی طرف سے بندے کو کسی کام میں تخفیف کی اجازت. (ii) وقفہ، مہلت، چھوٹ.[ع].

رخصت اتفاقی است. وہ چھٹی جو ملازم کو حسب قاعدہ مدت کار میں کسی ناگہانی واقعہ یا ضرورت کے وقت مل سکتی ہے.

رخصت کرنا محاورہ. ا.الوداع کہنا، جدا ہونا ۲. جدا ہوتے وقت رنج و غم کے ساتھ گلے ملنا اور آخری دیدار کرنا ۳.لڑکی کو وداع کرنا، دلہن کو شوہر کے گھر بھیجنا.

رُخصَتی (ضم ر، سک خ، فت ص)(الف) است.
ا. دلہن کی رخصتی، وداع. ۲.ایسی نظم یا گیت جو شادی کے موقع پر ماں باپ کے گھر سے لڑکی کی رخصتی کے وقت گایا جائے، اسے بابل بھی کہتے ہیں. ۳.روانگی. (ب) صف. ا. جو چھٹی پر ہو، رخصت یافتہ. ۲. رخصت کے وقت کا، آخری.

رَخنَہ (فت ر، سک خ، فت ن)اند.
ا.سوراخ، روزن، چھید، دراڑ، جھری. ۲.رکاوٹ، خلل؛ فساد، فتنہ؛ مزاحمت. ۳.نقص، عیب، خرابی. [ف].

رخنہ (رخنے) ڈالنا محاورہ. ا. روڑا اٹکانا، خلل ڈالنا، رکاوٹ پیدا کرنا، فساد پیدا کرنا، شوشہ اُٹھانا. ۲. بگاڑ پیدا کرنا، خرابی لانا.

رَد (فت ر)(الف) اند؛ است.
ا. (i) واپس کرنے؛ پھیرنے یا موڑ دینے کا عمل. (ii) سوال یا طلب وغیرہ کو نامنظور کرنے کا عمل، انکار. ۲. بے اثر یا بیکار کر دینے کا عمل، ابطال، توڑ، تردید. ۳.کسی بات کا ویسا ہی جواب. [ع].

رد بلا/بلیات اند. آفت اور مصیبت کو روکنا یا دور کرنا، بلاؤں کو دفع کرنا.

رد عمل اند. ا.کسی عمل کا اثر یا نتیجہ، جوابی عمل. ۲.کسی عمل کے جواب میں پیدا ہونے والا احساس، فوری یا اولین تاثر.

رد و بدل اند. بحث، تکرار، حجت، جھگڑا.

رد و قدح (کذ) است. بحث، تکرار، حجت. اف: کرنا، ہونا.

رد ہونا محاورہ. ا. مسترد ہونا، ٹھکرایا جانا، نامنظور ہونا ۲. غلط ثابت ہونا، باطل ہونا، منسوخ ہونا.

رَدّا (فت ر، شد د) اند ؛ ← ردہ.
ا.(معماری) چنائی میں اینٹ پتھر وغیرہ کی تہ، دیوار میں اینٹ یا مٹی کے تھوے کی قطار ۲.(مرغ بازی) مرغ کی چونچ پر چڑھانے کا ڈوری یا کسی اور چیز کا بنایا ہوا حلقہ.

رِداء (کس ر)است.
چادر؛ (علم تشریح) ریشہ دار نسیج کی پتلی تہ. [ع].

رِدَم/ رِدَہم (کس ر، فت د/فت د ہ)اند.
ا. (موسیقی) سروں کی ترتیب تال کے لحاظ سے، روانی، ترنم.

۲. تناسب ، موزونیت ، باقاعدہ تواتر . [انگ] .

رَدّی (فت ر ، شد د) (الف) صف .

۱. بیکار ، نکما ، ناقص .۲. بگڑا ہوا ، خراب (مرض وغیرہ کے لیے) .
۳. خراب ، خستہ ، برا .۴. باطل ، غلط ، فضول ، لغو . (ب) است . خراب شدہ اور بیکار کاغذ . [ع] .

ردی کرنا محاورہ . بیکار سمجھ کر چھوڑنا یا پھینکنا ، ناکارہ قرار دینا ، مسترد کر دینا.

ردی کے مول ف م . انتہائی سستے داموں ، نہایت ارزاں .

رَدِیف (فت ر ، ی مع) است .

۱. وہ لفظ یا الفاظ جو ابیات یا غزل اور قصیدے کے اشعار میں قافیے کے بعد بار بار آئیں .۲. حروف تہجی کے اعتبار سے غزلوں یا الفاظ کی ترتیب . [ع] .

رذالا (کس ر) اند :- رذالہ.

کمینہ ، سفلہ ، کم ذات ، پاجی ، بدمعاش ، بدذات .

رَذالَت (فت ر ، ل) است .

کمینگی ، سفلہ پن ، فرومایگی ، بدمعاشی .

رَذِیل (فت ر ، ی مع) صف .

۱. کمینہ ، سفلہ ، کم ذات ، نیچ ، پاجی .۲. گھٹیا (کام یا بات) برا ، پست ، نیچ . [ع] .

رَزّاق (فت ر ، شد ز) صف .

بہت رزق دینے والا ، روزی رساں ؛ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام . [ع] .

رِزْق (کس ر ، سک ز) اند .

کھانے پینے کی چیز ، خوراک ، روزی ، اناج . [ع] .

رزق اُڑ جانا / اُڑنا محاورہ . قدرت سے رزق کا ذریعہ ختم ہو جانا ، کھانے پینے کو کچھ میسر نہ ہونا ، مقدر سے روزی ختم ہو جانا .

رزق حلال اند . جائز روزی ، جائز ذریعہ معاش .

رِزَلْٹ (کس ر ، فت ز ، سک ل) اند .

نتیجہ ، امتحان کا نتیجہ . [انگ] .

رَزْم (فت ر ، سک ز) است .

جنگ ، معرکہ ، لڑائی . [ف] .

رزم گاہ است :- رزمگاہ میدان جنگ ، لڑائی کی جگہ ، عرصہ پیکار .

رزم گاہ است :- رزمگہ دیکھیے : رزم گاہ .

رَزْمِیَہ / رَزْمِیَّہ (فت ر ، سک ز ، کس م ، فت ی / شد ی بفت) (الف) صف .

رزم سے متعلق ، جنگی ، جنگ کے بیان پر مشتمل . (ب) اند ؛ است .۱. جنگ کے بیان پر مشتمل نظم ، جنگ کی منظوم داستان ، وہ نظم جس میں کسی بہادر یا بہادروں کے جنگی کارناموں کا بیان ہو .۲. جنگی کارنامہ ، معرکہ .

رزمیہ / رزمیہ شاعری است . شاعری جس میں مہم جوئی اور عشق کی نسبت سے سورماؤں کے کارنامے اور جنگ و جدل کے واقعات بیان کیے گئے ہوں .

رَس (فت ر) اند .

۱. (i) نباتات اور پھل وغیرہ کا پانی جو عموماً نچوڑنے سے نکلتا ہے ، افشردہ ، عرق . (ii) گنے یا اکھ کا شیرہ .۲. ذائقہ ، لذت ، چاٹ ، حلاوت .۳. آواز کی نرمی یا شیرینی ، دلکشی ، مٹھاس ، لطف خاص .۴. نشیلا پن ، رونق ؛ کشش ؛ بہار یا جوبن وغیرہ کی کیفیت (جو آنکھوں یا خال و خد سے ٹپکے) .۵. کسی شے کا اصلی جوہر جو اُس کی ذات و صفات کا خلاصہ یا ماحصل ہو ؛ لذت ، قوت . [س] .

رس بھری صف مث .۱. رسیلی ، رس دار ، رس والی .۲. نشیلی ، خمار آلودہ (آنکھ کے لیے مستعمل) .۳. پھل زرد رنگ کا کھٹ مٹھا اور لذیذ ہوتا ہے یہ پھل ایک مخروطی جھلی نما تھیلی میں ہوتا ہے جو اُوپر سے کھردری ہوتی ہے اس تھیلی کو پھاڑ کر پھل نکال کر کھاتے ہیں ، اسے راجپوتانے میں "چرپوٹی" کہتے ہیں .

رس گلا / گلہ (الف) اند . گلاب جامن کی قسم کی سفید رنگ کی مٹھائی جو دودھ کو پھاڑ کر لڈو کی شکل میں بنائی جاتی اور قند کے شیرے میں ڈال کر تیار کی جاتی ہے . (ب) صف . سیدھا سادہ ، بھولا بھالا ، آسانی سے باتوں میں آنے والا (شخص) نیز آسان (کام وغیرہ) .

رس گھولنا محاورہ . لطف پیدا کر دینا ، تازگی بخشنا ، دل آویزی پیدا کرنا .

رس ملائی است . ایک قسم کی مٹھائی جو شکر اور گاڑھے دودھ میں ڈال کر بنائی جاتی ہے .

رَس (۲) (فت ر) (الف) صف.
پہنچنے والا ، رسائی پانے یا رکھنے والا ، چھونے والا ، پہنچا ہوا ، آیا ہوا (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل). (ب) امذ. وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز پہنچے.

رَسا (فت ر) صف.
۱. (i) پہنچنے والا ، پہنچا ہوا ، (استعارۃً) بہت جلد اصل مطلب یا راہِ صواب کو پا لینے والا ، مضمون کی باریکیاں اور دقائق یا معاملے کے دور رس رموز جلد سمجھنے والا ، جودت رکھنے والا ، تیز ، طباع ، صائب (ذہن و عقل وغیرہ). (ii) منزل مقصود یا نشانے تک حسبِ مراد پہنچا ہوا ، کارگر ، کامیاب ، بامراد. (iii) بڑے لوگوں ، دولت مندوں یا حکام وغیرہ کی بارگاہ میں اثر و رسوخ رکھنے والا ، بااثر ، صاحب رسوخ ، باوسیلہ. (iv) اپنے صفات و خصوصیات میں کامل (بیشتر زلف کے لیے مستعمل). [ف].

رَسّا / رَسّہ (فت ر ، شد س) امذ.
موٹی رسی ، تین بٹ کی رسی ، رسی کا اسم مکبر.

رَسّا / رَسّہ کشی امث. رسے کے دونوں کناروں کو دو یا زیادہ شخصوں کا اپنی اپنی طرف کھینچنے کا عمل ؛ (مجازاً) باہم کشاکش ، دو شخصوں یا گروہوں میں کسی مقصد کے حصول کے لیے جدوجہد ، کھینچا تانی.

رسا/رسہ گیر صف ؛ امذ. مویشیوں کا چور.

رِسال (کس ر) امذ.
(مجازاً) سواری کا گھوڑا یا اُونٹ.

رسال دار / رسالدار امذ. سوسواروں کا افسر ، فوج کے ایک رسالے کا سردار.

رِسالا (کس ر) امذ.
دیکھیے رسالہ.

رِسالَت (کس ر ، فت ل) امث.
۱. پیام لے جانے اور پہنچانے کا کام ، ایلچی گری ، سفارت. ۲. اللہ تعالیٰ کے احکام بندوں تک پہنچانے کا عمل نیز رسول یا نبی کا منصب ، پیغمبری. ۳. حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم الرسل ہونے کا اعتقاد. [ع].

رسالت مآب امذ :- رسالتماب. حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم.

رِسالَہ (کس ر ، فت ل) امذ.
۱. مختصر اور چھوٹی سی کتاب ، کتابچہ. ۲. ہفتہ وار ، پانزدہ روزہ ، ماہ نامہ یا سہ ماہی شائع ہونے والا پرچہ یا اخبار جس کا سائز بیشتر کتاب سے بڑا ہوتا ہے. ۳. سو فوجی سواروں کا دستہ (اکثر ہزار یا آٹھ سو کی جمعیت پر مشتمل) ؛ نیز سوار فوج کا ہر دستہ. [ع].

رَسّام (فت ر ، شد س) صف ؛ امذ.
تصویر کھینچنے والا ، نقاش ، مصور. [ع].

رَسان امث.
آہستگی ، نرمی ، ملائمت ، دھیما پن.

رسان سے م ف. ۱. دھیرے سے ، نرمی سے ، آہستگی کے ساتھ. ۲. پیار سے ، شفقت یا محبت کے ساتھ.

رَساں (فت ر) صف.
پہنچانے والا ، لانے والا ، دینے والا ، جیسے : چٹھی رساں ، خبر رساں ، ضرر رساں (تراکیب میں بطور جزو دوم مستعمل).

رسانی (فت ر) امث.
پہنچانا.

رِساو/ رِساؤ (کس ر ، وج) امذ.
۱. ٹپکنے یا بہنے کا عمل ، نکاس. ۲. (طبیعیات) خارج ہونے کا عمل (ہوا ، گیس وغیرہ).

رَساوَل (فت ر ، و) امث.
گنّے کے رس کی کھیر جو اُبلے ہوئے چاول ملا کر بنائی جاتی ہے.

رَسائِل (فت ر ، کس ء) امذ ؛ ج.
رسالہ کی جمع ، رسالے.

رَسائی (فت ر) امث.
۱. پہنچنے یا باریاب ہونے کا عمل یا کیفیت ، پہنچ ، باریابی ، گزر. ۲. کارروائی ، مہارت ؛ تجربہ. ۳. صلاحیت ، استعداد ، اہلیت (کارگزاری). ۴. سمجھنے اور اخذ اور استنباط کرنے کا عمل ، درک ، سوجھ

بوجھ . ۵. جان پہچان ، تعلقات ، میل ملاپ ، ربط ضبط ؛ اثر و رسوخ . ۶. اثر اندازی ، تاثیر .

رَس بَس جانا (فت ر ، ب) ف ل .
دیکھیے : رسنا بسنا ، گھل مل جانا نیز طبیعت یا عادت کا حصہ بن جانا .

رَسْتا بَسْتا (فت ر ، سک س ، فت ب ، سک س) صف مذ . (مث : رستی بستی).
آباد ، پر رونق .

رُسْتاخِیز/ رَسْتْخیز (فت نیز ضم ر ، سک س ، ی مج / فت ر ، سک س ، ت ، ی مج) امث : اند .
۱. قبروں سے مردوں کے اُٹھنے اور میدان حساب میں لائے جانے کا عمل ، قیامت ، حشر ، محشر ، روزِ حساب . ۲. انقلاب ، شورش ، ہنگامہ ؛ بلوہ ، اضطراب ، بے چینی ، فساد . ۳. نشو نما ، نمو پذیری ، اُگنے یا بڑھنے کا عمل .

رَسْتگار (فت ر ، سک س ، ت) صف .
۱. نجات ، رہائی یا مخلصی پانے والا ، (مصیبت کے پنجے سے) آزاد . ۲. مغفرت سے بہرہ مند ، عذابِ الٰہی سے محفوظ اور رحمت و جنت سے بہرہ یاب . [ف].

رَسْتگاری (فت ر ، سک س ، ت) امث .
چھٹکارا ، رہائی ، خلاصی ، نجات .

رُسْتَم (ضم ر ، سک س ، فت ت) اند .
۱. فارس کے بارہ پہلوانوں میں سے ایک شہرہ آفاق سن عیسوی سے نو سو برس پہلے کا پہلوان ، شاہنامہ فردوسی کا ہیرو ، زال بن سام بن نریمان کا بیٹا ، سہراب کا باپ ، شجاعت میں ضرب المثل . ۲. (مجازاً) نبرد آزما ، پہلوان ، شجاع ، دلیر ، سورما ، زبردست . ۳. اپنے فن میں سب سے بڑا ، سب سے اعلیٰ و برتر . [ف : علم].

رَسْتَہ (فت ر ، سک س ، فت ت) اند .
دیکھیے : راستہ .

رستہ بھٹک جانا/ بھٹکنا محاورہ . گمراہ ہو جانا ، صراط مستقیم کو چھوڑ کر غلط راستے پر پڑ جانا ، راہ بھولنا .

رستہ بھول کے نکل آنا محاورہ . اتفاقیہ آ جانے والے سے بطور شکوہ و طنز مستعمل ، مدت کے بعد ملنا .

رستہ کاٹنا محاورہ . ۱. راستہ یا سڑک وغیرہ پر کسی کے سامنے سے گزرنا . ۲. راستے میں حائل ہونا ، پریشان کرنا ، بہکانا .

رستہ نکالنا محاورہ . ۱. تدبیر کرنا ، کاربراری کی صورت پیدا کرنا . ۲. رُکاوٹوں کو ہٹا کر چلنے کی جگہ پیدا کرنا . ۳. ذریعہ وضع کرنا یا اختیار کرنا ، ڈھنگ اپنانا .

رُسْتَہ (ضم ر ، سک س ، فت ت) صف .
اُگا ہوا ، زمین یا درخت میں پھوٹا ہوا .

رَسَد (فت ر ، س) امث .
۱. بانٹ اور تقسیم کے اوسط سے حاصل شدہ مقدار (جو کسی کے حصے میں آئے) ، لائق اور مناسب (مطابق استحقاق)) ، حصہ ، بخرہ . ۲. غلہ کی پیداوار ، درآمد ، غلہ کا ذخیرہ . ۳. (لشکر یا قافلے کا) اناج . ۴. راشن ، خوراک ، بھتا ، وظیفہ وغیرہ (کسی بھی شخص وغیرہ کا) . ۵. کسی شے کی اس تعداد یا مقدار کی فراہمی جو بازار میں فروخت ہوتی ہو ، فراہمی ، ترسیل . [ف].

رِسْک (کس ر ، سک س) اند .
خطرہ ، جوکھم ، ڈر .

رسک لینا محاورہ . خطرہ مول لینا ، خود کو جوکھم میں ڈالنا .

رُسُل (ضم ر ، س) اند ؛ ج .
پیغمبران ، پیامبر ، اللہ کے فرستادہ بندے ، ایلچی .

رسل و رسائل (فت ر ، و ج ، فت ر ، کس ء) اند :- رسل و رسائل .
۱. ایلچی اور مکتوبات ، خط و کتابت . ۲. نقل و حرکت ، نقل و حمل ، آمد و رفت .

رَسْم (فت ر ، سک س) امث : اند .
۱. (i) ریت ، رواج ، دستور . (ii) وہ تقریب یا جلسہ وغیرہ جو ریت ، رواج کے مطابق منعقد ہو ، منگنی . ۲. طور ، طریقہ ، روش ، عادت . [ع].

رسم الخط اند : امث . کسی زبان کو لکھنے کی معیاری صورت ، لکھنے کا طریقۂ کار ، رسمِ خط ، رسم املا ، املا .

رسم و راہ امث . میل جول ، ربط و ضبط ، تعلقات .

رَسْماً (فت ر ، سک س ، تن م بفت) م ف .
رسم و رواج کے مطابق ، رسم کے طور پر ، تکلفاً .

رَسْمی (فت ر، سک س) صف.
۱. رسم و رواج کے مطابق ، رواجی ، روایتی .۲. سرسری ، معمولی ، عام نوعیت کا ، پُرتکلف .۳. باقاعدہ ، سرکاری .

رسمی طور پر/سے م ف. رسماً ، رواجی انداز میں ، سرسری طور پر .

رَسْنا (۱) (فت ر، سک س) ف ل.
مزے دار ہونا ، خوش گو ہونا . [س] .

رَسْنا (۲) (فت ر، سک س) ف ل.
رہنا (بسنا کے ساتھ مستعمل) .

رسنا بسنا محاورہ. ۱. رہنا سہنا ، پھلنا پھولنا ، فارغ البالی سے بسر ہونا . ۲. دل و دماغ میں راسخ ہو جانا ، طبیعت اور مزاج پر چھا جانا ، مضبوطی سے قائم ہونا .

رِسْنا (کس ر، سک س) ف ل.
(مائع کا برتن کے باریک سوراخوں یا زخم وغیرہ سے) بہنا ، ٹپکنا ، ریزش کرنا . [س] .

رُسْوا (ضم ر، سک س) صف.
ذلیل و خوار ، بدنام ، بے عزت ، بے حرمت . اف : کرنا/ہونا . [ف] .

رُسْوائی (ضم ر، سک س) است.
بدنامی ، بے عزتی ، ذلت ، خواری ، فضیحت .

رُسُوخ (ضم ر، و مع) اند.
۱. ثبات ، استواری ، پختگی ، مضبوطی ، استحکام .۲. ربط ضبط ، رسائی ، پہنچ . [ع] .

رَسُول (فت ر، و مع) اند.
۱. پیام یا خط لے جانے والا ، قاصد ، نامہ بر ، ایلچی ، سفیر .۲. (i) اللہ کی طرف سے بھیجا ہوا ، وہ پیغمبر جن پر کتاب الٰہی نازل ہوئی ہو .
(ii) مراد : حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم . [ع] .

رسول اللہ اند. اللہ کا رسول ؛ مراد : حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم .

رَسَولی (فت ر، و لین) است.
کھال کے نیچے یا جسم کے کسی حصے کے اندر پیدا ہو جانے والا گومڑا ، یہ گومڑا چنے کے دانے سے لے کر خربوزے تک بڑا ہوتا ہے اور پھرانے سے پھرتا ہے ، گلٹی . [س] .

رُسُوم (ضم ر، و مع) اند؛ است ج.
رسم و رواج ، دستور ، قاعدے ، آداب . [ع] .

رَسوئی (فت ر، و مج) است.
۱. کھانا ، طعام ، بھوجن .۲. کھانا پکانے کی جگہ ، باورچی خانہ . [س] .

رَسّہ (فت ر، شد س بفت) اند.
موٹی رسی .

رسہ کشی است. ۱. ایک کھیل جس میں رسہ استعمال کیا جاتا ہے رسے کے نصف پر ایک نشان لگا دیا جاتا ہے ، ایک سرے کو ایک ٹیم کے کھلاڑی اور دوسرے کو دوسری ٹیم کے کھلاڑی پکڑ کر اپنی اپنی طرف کھینچنے کے لیے بیک وقت زور لگاتے ہیں جو ٹیم مقابل ٹیم کو زمین پر لگے ہوئے نشان سے باہر تک اپنی طرف کھینچ لاتی ہے وہ جیت جاتی ہے .۲. کھینچا تانی ، کشمکش .

... رَسی (فت ر) است.
پہنچنے کا عمل یا کیفیت (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل) . [ف] .

رَسّی (فت ر، شد س) است.
۱. موٹی ڈور ، رسن .۲. (عور) (مجازاً) سانپ . [س] .

رسی بٹنا ف مر. ۱. مونجھ یا سن وغیرہ کو بل دے کر رسی بنانا ، رسی تیار کرنا .

رسی تڑا/تڑوا کر بھاگنا محاورہ. بے تحاشا بھاگنا ، جان چھڑا کے بھاگنا ، پیچھا چھڑانے کے لیے بھاگنا .

رسی جل گئی/ مگر بل نہ گیا کہاوت. دولت ، عزت یا وقعت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا یا آن میں فرق نہ آیا .

رَسّی ڈھیلی چھوڑنا محاورہ. مہلت دینا ، ڈھیل دینا ، چشم پوشی کرنا .

رسی دراز کرنا محاورہ. مہلت دینا ، ڈھیل دینا ، رعایت دینا .

رَسِیا (فت ر، سک نیز کس س) صف.
۱. شیدائی ، شائق ، مزہ لوٹنے والا ، شوقین .۲. (i) رسیلا ، چھبیلا ، طرح دار .
(ii) رنگین مزاج ، عیاش .

رَسید (فت ر، ی مع) است.
۱. کسی (شخص یا شے) کے پہنچنے یا وصول ہونے کا عمل نیز وہ نوشتہ یا

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

زبانی اطلاع جس میں پہنچنے یا وصول ہونے کا مضمون ہو. ۲. (قانون) رقم یا سامان وغیرہ کی وصول یابی کی باضابطہ تحریر جس میں وصول پانے والے کے دستخط ہوں. [ف].

رسید کرنا محاورہ. لگانا، مارنا، جڑنا.

رَسِیدَہ (فت ر، ی مع، فت د) صف.
۱. پکا ہوا، پختہ (پھل، پھول وغیرہ کے لیے مستعمل). ۲. انتہا کو پہنچا ہوا، جیسے: عمر رسیدہ. ۳. پہنچا ہوا (کسی حالت یا کیفیت تک)، (مجازاً) مبتلا.

رَسِیلا (فت ر، ی مع) صف، مذ.
۱. رس بھرا، عرق دار، شاداب. ۲. شیریں، مدھر؛ مزے دار. ۳. شیریں ادا، خوش وضع، طرح دار.

رِسِیوَر (کس ج ر، ی مع، فت و) مذ.
۱. وہ شخص جو بحکم عدالت کسی جائداد کی تحصیل وصول اور جمع خرچ مرتب کرے، امین، متولی، محصل. ۲. ٹیلی فون کا وہ حصہ جس سے آواز سنائی دیتی ہے، چونگا. [انگ].

رَش (فت ر) مذ.
کثرت، ہجوم، بھیڑ (انگریزی لفظ اُردو میں مستعمل). [انگ].

رِشتَہ (کس ر، سک ش، فت ت) مذ.
۱. تاگا، ڈورا (بٹا ہوا یا بے بٹا)، کتا ہوا سوت؛ (استعارۃ) سلسلہ. ۲. اباء، اُمہات، ازواج یا اولاد کا نسلی تعلق، قرابت، خویش، برادری. ۳. تعلق، واسطہ، علاقہ، لگاؤ، بندھن. ۴. شادی، نکاح یا منگنی، عقد، زوجیت. [ف].

رشتہ توڑنا محاورہ. رابطہ و تعلق یا قرابت (منگنی یا نکاح وغیرہ) کو ختم کر دینا، الگ ہو جانا.

رشتہ دار صف. جس سے آباء و اُمہات یا ازواج کی طرف سے خاندانی تعلق ہو، جس سے قرابت یا عزیز داری ہو.

رشتہ داری است. قرابت، ناتا، تعلق.

رَشح (فت ر، سک ش) مذ.
ٹپکنے یا برسنے کا عمل.

رَشحات (فت ر، سک ش) مذ؛ ج.
رشحہ کی جمع، قطرے؛ پانی کا ٹپکنا. [ع].

رشحات قلم مذ. تحریر، مضمون، جو کچھ قلم سے لکھا جائے.

رُشد (ضم ر، سک ش) مذ.
ہدایت پانے (یا کرنے) کا عمل، رہنمائی، ہدایت، راہِ حق یا صراط مستقیم کا حصول. [ع].

رشد و ہدایت مذ. افزائش اور رہ نمائی.

رَشک (فت ر، سک ش) مذ.
۱. کسی کی خوبی یا خوش بختی دیکھ کر یہ خیال کرنا کہ ہمیں بھی یہ خوبی یا خوش بختی حاصل ہو جائے (لیکن اس کے پاس بھی رہے). [ف].

رشک قمر صف؛ مذ. ایسا خوب صورت کہ چاند کو بھی رشک آئے، مراد: بہت حسین، نہایت خوب صورت.

رِشوَت (کس ر، سک ش، فت و) است.
فرض منصبی کی انجام دہی یا خلاف حق و انصاف کرنے کا ناجائز نذرانہ، ناجائز معاوضہ، جو شرعاً جائز نہ ہو.

رشوت خوار / خور صف. ناجائز معاوضہ لینے والا (تنخواہ دار یا اجیر)، حرام کی رقم کھانے والا.

رشوت دینا ف م. اپنا کام بنوانے کے لیے کسی صاحب اختیار کو ناجائز طور پر رقم دینا.

رِشی (کس ر) مذ.
خدا پرست سادھو، تپیا یا ریاضت کرنے والا برہمن، گیان دھیان کرنے والا، درویش، نبی یا ولی؛ عارف؛ خدا رسیدہ. [س].

رَشِید (فت ر، ی مع) صف.
۱. حق کی ہدایت پائے ہوئے، صراط مستقیم کا پیرو، خدا ترس، حق شناس. ۲. ہدایت دینے والا، خدائے تعالیٰ کا اسم صفت. [ع].

رَصاص (فت ر) مذ.
۱. ایک قسم کی دھات، سیسہ، معدنیات کی ایک قسم. ۲. ایک دھات جسے گرم تانبے یا پیتل پر پھیر کے قلعی کرتے ہیں، رانگ، ٹین، قلعی. [ع]

رَصَد (فت ر، ص) است.
(آلات کے ذریعے) ستاروں کی گردش دیکھنے کا عمل. [ع].

وصد خانہ/گاہ اند. وہ مینار یا مقام جہاں بیٹھ کر ہیئت دان آلات کے ذریعے ستاروں کی گردش وغیرہ دیکھتے ہیں.

رِضا (کس نیز فت ر) امث.
ا. خوشی، رغبت ؛(دل کی) خوش نودی، مرضی .۲. مصلحت، مشیت (خدا تعالیٰ کے لیے مختص) .۳. خداے تعالیٰ جس حال میں رکھے اس پر راضی اور خوش رہنے کا جذبہ، مشیت باری کے سامنے بخوشی سر جھکا دینے کی صورت میں (اکثر تسلیم کے ساتھ) .۴. اجازت، رضامندی.

رضاے الٰہی امث. خدا کی مرضی یا خوش نودی کے لیے، خدا کے لیے

رضاکار اند. وہ شخص جو رفاہِ عام کے لیے بلا معاوضہ کوئی خدمت انجام دے.

رضاکارانہ صف: م ف. اپنی مرضی سے، بلا جبر و معاوضہ، خود اختیارانہ.

رضامند صف. ا. خوش، خوشنود، راضی ؛ آمادہ، تیار .۲. منظور کرنے والا، اجازت دینے والا.

رضامندی امث. خوش نودی، منظوری، اجازت.

رَضاعت (کس نیز فت ر، فت ع) امث.
بچوں کو دودھ پلانا، دودھ پینے کا عمل. [ع].

رَضاعی (کس نیز فت ر) صف.
ا. وہ دو افراد (مرد یا عورت) جنھوں نے ایک عورت کا دودھ پیا ہو (سگے بہن بھائیوں کے علاوہ، دودھ شریک (بہن/بھائی). [ع].

رضاعی ماں امث. وہ ماں جس نے دودھ پلایا ہو مگر حقیقی ماں نہ ہو، اَنّا.

رَضائی (فت ر) امث.
رنگین ابرے اور استر کے بیچ میں (لحاف سے کم) روئی بھرا اور گوٹ لگا اوڑھنے کا ایک کپڑا، روئی بھری دُلائی (بعض نے ”ز“ سے رزائی بھی لکھا ہے لیکن رواج عام ”رضائی کا ہے“

رِضْوان (کس ر، سک ض) اند.
ا. (کسی سے) راضی ہونے کا عمل یا صورت حال، رضا مندی، خوش نودی .۲. داروغۂ جنت کا نام، خازنِ جنت. [ع].

رَضی (فت ر) (الف) صف.
پسندیدہ (شخص). (ب) اند. اللہ تعالیٰ کا ایک اسم صفاتی ؛ خوشنود. [ع].

رضی اللّٰہ (تعالیٰ) عنہ / عنہا فقرہ. (عربی فقرہ اردو میں مستعمل)، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا یا ہو (عموماً صحابۂ کرام اور بزرگانِ دین کے ناموں کے ساتھ مرد کے لیے ”عنہ“ اور عورت کے لیے ”عنہا“ مستعمل).

رَطْب (فت ر، سک ط) صف.
تر وتازہ اور سرسبز نیز (استعارۃً) خشک کی ضد ؛ اچھا، صحیح. [ع].

رطب اللسان (الف) صف. ا. زبان سے میٹھے بول نکالنے والا، شیریں زباں .۲. تعریف کرنے والا، مداح. (ب) م ف. بہت اچھے الفاظ میں اور جی بھر کے ؛ زبان سے پھول برساتا ہوا.

رطب و یابس صف. ا. تر و خشک ؛ برا بھلا، نیک و بد .۲. ہر بات (شے یا کام وغیرہ)، کل، تمام (امور وغیرہ).

رُطوبَت (ضم نیز فت ر، و مع) امث.
ا. تری، نمی، سیل، تازگی. [ع].

رَعایا (فت نیز کس ر) امث: ج.
مُطیع، کسی حاکم کے زیرِ فرمان رہنے والے لوگ (رعیت کی جمع). [ع].

رِعایَت (کس ر، فت ی) امث.
ا. ضائع ہونے یا ضرر پہنچنے سے بچانے کا عمل، حفاظت، نگہبانی، نگرانی .۲. طرف داری، جانب داری .۳. مہربانی، پاس و لحاظ، مروت، توجہ، کرم .۴. نظم یا نثر میں ایسا لفظ لانا جو دوسرے لفظ سے مناسبت رکھتا ہو، تناسب لفظی .۵. اصل قیمت سے کچھ کم پر کسی کو کوئی سودا دینا. [ع].

رعایت لفظی امث. (شاعری) الفاظ کی ایک ایسی ترتیب جس میں سادگی، بے تکلفی اور بے ساختگی کی فطری راہ ترک کر کے بات کہنے والا اُنھیں تکلف اور تصنع کے رشتے میں جوڑتا ہے، لفظی مناسبت.

رِعایَتی (کس ر، فت ی) صف.
وہ جس کی طرف داری کی جائے، رعایت کردہ شدہ، لحاظ کیا گیا.

رعایتی قیمت امث. وہ قیمت جو اصل قیمت سے کم ہو.

رُعْب (ضم مج ر، سک ع) اند.
ا. دہشت، ہیبت، ڈر، خوف .۲. دبدبہ، شان و شوکت، جاہ و جلال. [ع].

رعب جمانا محاورہ. ڈرانا، دھمکانا، دھونس جمانا، دباؤ میں لانا.

رعب جھاڑنا محاورہ. جھوٹی شان دکھانا، بلاوجہ شان جتانا.

رعب دار صف. ا. ہیبت ناک، جلالت والا، ہیبت والا. ۲. جس کو دیکھ کر دل میں شان و شوکت اور وقار کا سکہ بیٹھ جائے، شاندار، باوقار.

رَعْد (فت ر، سک ع) امذ.
ا. بادل کی گرج، گڑگڑاہٹ، ایک ابر کے دوسرے ابر سے ٹکر کھانے کی آواز. ۲. بادلوں کے چلانے والے فرشتے کی آواز.

رَعْشا/رَعْشَہ (فت ر، سک ع، فت ش) امذ.
ا. تھرتھری، کپکپاہٹ، لرزش. ۲. ایک اعصابی بیماری جس سے ہاتھ پاؤں خود بخود کانپنے لگتے ہیں. [ع].

رَعْنا (فت ر، سک ع) صف.
ا. حسین، خوب صورت، رنگیلا، چھبیلا، وضع دار، بناؤ سنگھار سے رہنے والا، خود آرا نیز استعارۃً. ۲. خوش نما، زیبا، موزوں، خوب صورت. [ع].

رَعْنائی (فت ر، سک ع) امث.
زیبائی، حسن و جمال، حسن نظر.

رُعُونَت (ضم نیز فت ر، ضم، فت ن) امث.
غرور، گھمنڈ، ناز، اکڑ. [ع].

رَعِیَّت (فت ر، کس ع، شدی بفت) صف: امث.
ا. وہ لوگ جو بادشاہ یا راجا کی سلطنت میں آباد ہوں، پرجا، رعایا. ۲. نوکر، ملازمین، متعلقین. [ع].

رَغْبَت (فت ر، سک غ، فت ب) امث.
کسی چیز کی طرف طبیعت کا جھکاؤ، خواہش یا میلان، رُجحان، شوق، توجہ: (مجازاً) ضرورت. [ع].

رَف (۱) (فت ر) صف.
ا. نظر اول کا (لکھا ہوا)، کٹا پٹا، نامرتب مسودہ، بے ترتیب، بھونڈا. ۲. معمولی، سرسری، موٹا جھوٹا. [انگ].

رَف (۲) (فت ر) امث.
لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے سامان رکھنے کے لیے دیوار میں نصب کرتے ہیں، گوشا، مچان.

رَفاقَت (فت ر، ق) امث.
ا. (i) کسی کے ساتھ رہنے کا عمل، سنگت، مصاحبت. (ii) ہم راہی، شمولیت، ساتھ جانا. ۲. دوستی، میل جول، اتحاد، اختلاط، ذہنی ہم آہنگی. ۳. وفاداری، خیر خواہی، ہمدردی، امداد. [ع].

رِفاہ (کس ر) امث: امذ.
وہ کام جس سے لوگوں کو راحت پہنچے، خوش حالی، خوشی، فلاح بہبودی، لوگوں کا فائدہ اور آرام. [ع].

رفاہ عام / عامہ امث. عام لوگوں کی بھلائی، جمہور کی فلاح و بہبود.

رِفاہی (کس ر) امث.
فلاح و بہبود سے متعلق.

رفاہی ادارہ امذ. فلاح و بہبود کا منبع.

رَفْت (فت ر، سک ف) امث.
آمد و رفت جس میں یہ جزو دوم حسب ذیل ترکیب میں مستعمل ہے. [ف].

رَفْتار (فت ر، سک ف) امث.
ا. چلنے کی صورتِ حال، جسم کی حرکت، چال. ۲. روش، طور، طریقہ، چلن، انداز، ڈھنگ. ۳. کسی جسم کی حرکت کی کیفیت و کمیت. ۴. کسی کیفیت یا حالت کی حرکت کی مقدار. ۵. کام کی صلاحیت یا مقدار کا اوسطاً معمول، کارکردگی، کام جاری رہنے کا عمل، اجرائے کار، کام کا تسلسل. ۶. کسی جسم کے ایک خاص سمت یا دائرے میں فاصلہ طے کرنے کی شرح.

رَفْتگان (فت ر، سک ف، فت ت) صف: ج.
گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ، گزرے ہوئے لوگ.

رَفْتَن (فت ر، سک ف، فت ت) ف ل.
چلا جانا، مر جانا، چلنا فارسی مصدر اُردو میں مستعمل. [ف].

رَفْتہ (فت ر، سک ف، فت ت) صف.
گیا ہوا، جو جا چکا ہو.

رفتہ رفتہ ف م. آہستہ آہستہ، بتدریج، ہوتے ہوتے.

رُفْتہ (ضم ر، سک ف، فت ت) صف.
اجھاڑ بہار کر صاف کیا ہوا، صاف شفاف (عموماً شستہ کے ساتھ مستعمل).

رَفْرَف (فت ر، سک ف، فت ر) امث.
۱. وہ مخصوص سبز رنگ کی تخت نما سواری جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب معراج سدرۃ المنتہی پر براق سے اتر کر سوار ہوئے اور کرسی یا عرش تک تشریف لے گئے. ۲. (کنایۃً) تیز رفتار گھوڑا، کوئی تیز ترین سواری. [ع].

رَفع (فت ر، سک ف نیز فت) امذ.
۱. کسی کیفیت کے ہٹ جانے دور ہو جانے یا زائل ہو جانے کا عمل؛ (مجازاً) دور، ختم، محو. ۲. (i) اٹھائے جانے یا بلند کیے جانے کا عمل یا صورت حال. (ii) بلندی درجات، ارتفاع منزلت. (iii) (فقہ) تکبیر کہتے وقت دونوں ہاتھ اوپر اُٹھانا. ۳. (نحو) فاعل یا مبتدا ہونے کی حالت جس میں آخر کلمے پر پیش ہوتا ہے، ضمہ، پیش. [ع].

رفع حاجت امذ. ۱. پاخانہ یا پیشاب کرنے کا عمل. ۲. (شاذ) ضروریات زندگی پوری ہونے کی صورت حال، گزر اوقات.

رفع دفع امذ. ۱. (معافی، بیچ بچاؤ یا ضبط وتحمل وغیرہ سے) قصہ ختم کرنے، دبانے، جھگڑا مٹانے یا ٹل جانے کا عمل، کالعدم، ٹھنڈا، ختم. ۲. ہٹانے دھکیلنے یا ٹال دینے کا عمل.

رفع یدین امذ. (نماز) تکبیر کہتے میں دونوں ہاتھ کانوں کے پاس لے جانے کا عمل.

رِفْعَت (کس نیز فت ر، سک ف، فت ع) امث.
۱. بلندی، اونچائی. ۲. عروج، منزلت، برتری، ترقی، عالی مرتبتی، ارتقا. [ع].

رُفَقا (ضم ر، فت ف) امذ؛ ج.
رفیق کی جمع؛ احباب، دوست، ساتھی. [ع].

رفقائے کار امذ؛ ج. ساتھ کام کرنے والے لوگ.

رَفُو (فت ر نیز کس نیز ضم، و مع) امذ.
پھٹے ہوئے کپڑے کے سوراخ کو تاگے بھر کر برابر کرنے کا عمل، تاگوں کا پیوند، سلائی (جس سے کپڑے وغیرہ کا چاک ہموار ہو جائے). [ف].

رفو چکر م ف. غائب، فرار. ۲. حیران پریشان، سرگرداں. ۳. ختم، باطل، بیکار.

رفوگر امذ. رفو کرنے والا، رفو کرنے کا پیشہ یا کام کرنے والا شخص، لباس کی مرمت کرنے والا.

رَفِیدَہ (فت ر، ی مع، فت د) امذ.
۱. پھونس وغیرہ بھری ہوئی گول گدی جس پر روٹی رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں. ۲. (طنزاً) گول اور کم حجم کی بد وضع پگڑی. ۳. (کنایۃً) بڑے پیالے جیسا گول چہرہ. ۴. گھوڑے کی کاٹھی کے اوپر رکھی جانے والی گدی، کشن. [ف].

رَفِیع (فت ر، ی مع) صف مذ.
۱. بلند، اونچا. ۲. برتر، عالی مرتبہ، ترقی یافتہ، صاحب عروج. [ع].

رفیع الدرجات صف. اللہ تعالیٰ کے لیے بھی بولا جاتا ہے، بلند مراتب والا، بڑے درجے رکھنے والا.

رَفِیق (فت ر، ی مع) صف؛ مذ.
۱. ساتھ رہنے والا، ہم راہی، ہم سفر، مصاحب، دوست، جلیس، ہم نشیں. ۲. محبت رکھنے والا، مہربان. ۳. وفادار، خیر خواہ، ہمدرد، مددگار. [ع].

رفیق حیات امذ. شریک زندگی، زندگی کا ساتھی، مراد: شوہر، خاوند.

رَقابَت (فت ر، ب) امث.
وہ عداوت جو ہم پیشگی یا ہم سری کی بنا پر ہوتی ہے (خصوصاً ایک معشوق کے دو عاشقوں میں). ہم سرانہ چشمک، حریفوں کا باہم رشک یا حسد یا مقابلہ. [ع].

رَقّاص (فت ر، شد ق) صف مذ.
۱. ناچنے کا کام یا پیشہ کرنے والا شخص، کتھک، نرتک. ۲. لٹکن، لٹو وغیرہ جو ارتعاش کے ڈوروں کو قائم رکھنے کے لیے لٹکائے جاتے ہیں، ہینگر. [ع].

رَقّاصَہ (فت ر، شد ق، فت ص) صف مث.
ناچنے والی، رقص کرنے والی.

رَقْبَہ (فت ر، سک ق، فت ب) امذ.
۱. زمین، اراضی (خاص کر دیہی). ۲. سطح کی وہ مقدار جو اس کے عرض و طول کی ضرب سے حاصل ہو، خصوصاً اراضی کی مقدار، علاقہ. [ع].

رِقَّت (کس ر، شد ق بفت) امث.
۱. آنسوؤں سے رونے کی صورت حال، گریہ، بکا، نالہ وفریاد. ۲. سیلانی

یا سیالی کیفیت ، پتلا پن (انجماد کی ضد) .۳.منی کا پتلا ہونا .

رقت آمیز صف .رلا دینے والا ، جوشِ گریہ کا محرک ، جاں گداز . [ع] .

رَقص (فت ر ، سک ق) اند .

۱.اصول نغمہ یا فطری امنگ اور جوشِ مسرت میں تھرکنے اور ناچنے کا عمل یا کیفیت ، ناچ ، ناچنا .۲.اُچھلنے کودنے ، جھومنے یا چکر لگانے کی کیفیت یا عمل ، اُچھل کود دائرے کی صورت میں تیز حرکت ، چکر ، دور ، وجد ، حال . [ع] .

رقص بسمل اند . زخمی کے تڑپنے یا پھڑکنے کی حالت ، کیفیت یا صورت حال .

رَقصاں (فت ر ، سک ق) صف .

فرطِ طرب یا وجد یا حال میں جھوم جھوم جانے کی کیفیت ، ناچنے والا ، ناچنے میں محو ہونا ، گردش کرتا ہوا .

رُقعَہ (ضم ر ، سک ق ، فت ع) اند .

۱.(i) خط ، چٹھی ، مکتوب .(ii) پرچہ ، مختصر عبارت کی پرچی ، ٹکڑا ، پرزہ .

۲.عقد کے پیام کا خط (جو عموماً سرخ کاغذ پر ہوتا ہے) ، اور اس میں خاندان و نسب وغیرہ کا حال تحریر ہوتا ہے .۳.کسی تقریب کا یا شادی کا دعوت نامہ .۴. ملاقاتی کارڈ ، تعارفی پرچہ . [ع] .

رَقم (فت ر ، ق) است : اند (قدیم) .

۱.تحریر ، نوشتہ ، خط ، لکھا ہوا (جملہ یا عبارت) ، مکتوب .۲.طرزِ تحریر .

۳.نثر یا نظم میں کچھ تخلیق کرنا .۴.زر نقد ، روپیہ پیسہ ، دولت ، ناجائز طور پر دیا جانے والا روپیہ .۵.قیمتی چیز ، گراں قدر شے ، (استعارۃً) بڑی دولت .۶.زیور گہنا پاتا ، ٹوم چھلا (سونے چاندی کا) .۷.(i) (بیوپار) زرِ اصل ، پونجی ، راس المال ، نقد سرمایہ (جس سے تجارتی کاروبار چلے) .(ii) مشترکہ جائداد کا ایک حصہ . [ع] .

رقم اینٹھ لینا/ اینٹھنا محاورہ .غلط طریقہ سے روپیہ حاصل کرنا ، زبردستی کسی سے مال چھین لینا .

رقم طراز/ رقمطراز صف .لکھنے والا .

رقم کرنا محاورہ .لکھائی کے کام کو عملی جامہ پہنانا ، لکھنا ، تحریر یا درج کرنا .

رَقیب (فت ر ، ی مع) (الف) صف : اند .

۱.ہم پیشہ جن میں باہم چشمک اور عداوت ہو ، ہم چشم .۲.ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک .(ب) صف .۱.(i) دربان ، محافظ ، نگہبان ، پاسبان ، رکھوالا (ii) نگراں ، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام .۲.دشمنی رکھنے والا ، مخالف ، دشمن . [ع] .

رقیبِ رُوسیاہ/ روسیہ اند .شدید رقابت رکھنے والا .

رَقیبانَہ (فت ر ، ی مع ، فت ن) م ف .

حریفوں اور عداوت یا دشمنی رکھنے والوں کا سا (عمل) .

رَقیق (فت ر ، ی مع) صف .

۱. پانی کی مانند ، پتلے قوام کا ، پتلا .۲.نرم ، ملائم (دل کی توصیف) .

۳.(مجازاً) پست ، بے جان . [ع] .

رُک (ضم ر) اند : است .

رکنا کا حاصل مصدر ، تراکیب میں مستعمل .

رک رک کر (کے) م ف .لڑکھڑا کر ، ہکلا کر ، گفتگو میں ٹھہر کر بولنا .

رِکاب (کس نیز فت ر) است .

۱.سوار کے پیر رکھنے کو زین کے دونوں تسمے میں لٹکے ہوئے آہنی پا انداز جن میں سے ایک میں پیر ڈال کر گھوڑے پر چڑھتے ہیں ، گھوڑے کے زین میں لٹکا ہوا لوہے کا کمان نما حلقہ جس میں پاؤں رکھنے کے لیے آہنی تختہ جڑا ہوتا ہے .۲.(i) (مجازاً) سواری کا جلوس ، سواری کا پہلو ، جلو ؛ تزک ، حشم و خدم .(ii) ہمراہی ، معیت ، حضوری ، ماتحتی ، زیر حکومت .۳. بادشاہوں یا امیروں کی سواری کا گھوڑا . [ع] .

رکاب پر پاؤں رکھے ہونا محاورہ .سفر پر آمادہ ہونا ، رخصت پر آمادہ ہونا .

رکاب دار/ رکابدار اند .۱.(i) دسترخوان لگانے اور کھانا پیش کرنے والا شخص ؛ کھانے کے آب و نمک اور ذائقے کی جانچ کرنے والا پیشہ ور (عموماً) باورچی ، شاہی باورچی خانے کا منتظم .(ii) وہ شخص جو ہر قسم کے مربے اور حلوے بناتا ہے .۲. بادشاہ کی سواری کے ساتھ کھانا لے کر چلنے والا ملازم .۳. رکاب پکڑ کر گھوڑے پر چڑھانے والا نیز سواری کے ساتھ چلنے والا نوکر .

رِکابی (فت نیز کس ر) است .

۱.مٹی ، چینی یا کسی دھات کا چھوٹا بڑا پھیلا ہوا برتن ، تشتری ، پلیٹ .

۲. وہ گھوڑا جسے پریڈ میں پکڑ کر لے جائیں .۳. ساقی ، پیالہ بردار ؛

ایک قسم کا روپیہ جو کبھی لکھنؤ میں رائج تھا ؛ تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے ؛ ایک قسم کا تیل جو دمشق سے اونٹوں پر آتا تھا ؛ رکاب دار .

رکابی چہرہ اند. طباخی چہرہ ، چوڑا اور گول منھ . [ع] .

رکابی میں جب تک بھات ، میرا تیرا ساتھ کہاوت. فائدہ کا لالچ ساتھ رکھتا ہے ، مطلب کا یار ہے .

رِکارڈ (کس ر ، سک ر) (الف) اند :- ریکارڈ.
۱. وہ اوراق یا رجسٹر وغیرہ جس میں کسی معاملے کے متعلقات درج ہوں ، (کسی شخص یا شئے کی) یادداشتوں کا فائل یا رجسٹر ، دفتری کارگزاری کی یاد داشت .۲. گراموفون (باجے) کی آواز بھری ہوئی پلیٹ . (ب) صف. یادداشت کے فائل یا رجسٹر میں مندرج . [انگ] .

رکارڈ / بلینو اند. (موسیقی) وہ بکس یا ڈبے میں رکھی ہوئی مشین جس پر رکھ کر ریکارڈ بجایا جاتا ہے .

رکارڈ توڑنا محاورہ. کسی کام میں یا کھیل میں سب سے بڑھ جانا ، سابقہ اور موجودہ کارگزاریوں سے بڑھ کر کارگزاری دکھانا .

رِکاز (کس ر) اند.
۱. زمین کے اندر قدرت کی پیدا کی ہوئی دھات وغیرہ ، کان ، دفینہ .
۲. وہ نبات یا سفوف جو زمین کے دباؤ یا طبعی اثرات سے سابق شکل میں باقی رہتے ہوئے پتھر ہو جائے . [ع] .

رُکاؤ (ضم ر ، و ج) اند.
۱. (جاری کام یا بات کے) رکنے کی کیفیت یا عمل ، ٹھہراؤ ، توقف ، اٹکاؤ .۲. وہ بات جس سے کسی کام میں رکاوٹ ہو ، مزاحمت ، تعرض .

رُکاوَٹ (ضم ر ، فت و) اث.
۱. (جاری کام یا بات کے) رکنے یا ٹھہرنے کی کیفیت یا عمل ، ٹھہراؤ ، اٹکاؤ ، روک ، انقباض .۲. وہ بات جو کسی کام میں توقف کا سبب ہو ، مزاحمت ، دشواری ، زحمت .۳. کشیدہ اور کھنچا کھنچا سا رہنے کی کیفیت ، کھنچاؤ ، رنجش ، آزردگی (مصنوعی یا احتیاطاً درحقیقت) .۴. (فولاد سازی) بہاؤ ، توڑ ، روک .

رَکشا (فت ر ، سک ک) اث.
۱. (ہندو) حفاظت ، نگہبانی ، رکھوالی ، بچاؤ .۲. سنتری ، چوکیدار ؛ کوئی چیز جو بچائے خصوصاً پہنچی یا تعویذ جو حفاظت کے لیے استعمال کیا جائے ، محافظ ؛ دیوتا ، راکھی ؛ بھبوت راکھ ، بھسم . [س] .

رکشا بندھن اث. ہندوؤں کا ایک تیوہار جس میں بہن ، بھائی کو ہاتھ پر راکھی (کلاوا) باندھتی ہے .

رِکشا / رِکشہ (کس ر نیز فت ، سک ک فت ش) اث.
موٹر کی طرح پٹرول سے چلنے والی ایک سواری نیز سائیکل کے تین پہیوں سے بنی ہوئی ایک گاڑی جسے ڈرائیور بائیسکل کی طرح چلاتا ہے . [انگ] .

رَکعَت (فت ر ، سک ک ، فت ع) اث.
۱. جھکاؤ ، خمیدگی .۲. نماز کا وہ حصہ جس میں قیام ، رکوع اور دونوں سجدے آجائیں ، قیام کی ابتدا سے اختتام تک نماز کی ادائیگی . [ع] .

رُکن (ضم ر ، سک ک) اند.
۱. عمارت کا پایہ ، ستون نیز استعارۃً .۲. کارگزار ، سربراہ کار .۳. اہم حصہ ، کسی معاملے یا تنظیم وغیرہ کا ضروری جزو ، جزو اعظم .۴. (i) کسی جماعت یا انجمن یا ادارے کا ممبر . (ii) کسی گروہ کا ایک فرد .۵. (فقہ) نماز کا وہ جزو (فرض) جس کی عمداً یا سہواً کمی یا بیشی سے نماز باطل ہو جائے اور ازسرنو پڑھنا پڑے (جیسے رکوع وغیرہ) .۶. ستون کعبہ . [ع] .

رکن اعظم اند. ۱. (ریاضی) بڑا حصہ ، بڑی مقدار .۲. بڑا جز .۳. سلطنت وغیرہ میں بڑا ملک .

رکن یمانی اند. کعبہ کے ستونوں میں سے ایک ستون ؛ خانۂ کعبہ کی جنوبی (یمن کی سمت والی) دیوار کا گوشہ .

رُکنا (ضم ر ، سک ک) ف ل.
۱. حرکت کا بند ہونا ، جاری نہ رہنا ، چلتے چلتے ٹھہر جانا .۲. حرکت ہوتے ہوئے ذرا سکون اور پھر حرکت اور پھر ذرا سکون ہونا ، تھم تھم کر چلنا یا جاری ہونا جیسے ہکلانے یا تتلانے میں زبان کی کیفیت ہوتی ہے .۳. باز رہنا (کسی فعل سے) ؛ ہاتھوں پاؤں یا زبان کو معطل کر کے بیٹھ رہنا .۴. مجبور یا عاجز رہنا ، نہ کرسکنا .۵. دیر کرنا ، توقف کرنا .۶. جھجکنا ، ٹھٹکنا (پس و پیش یا دھکڑ پکڑ وغیرہ کی بنا پر) کشش و پنج میں ہونا .۷. دم لینا ، قیام کرنا .۸. بروقت جاری نہ ہونا .

رُکْنِیَّت (ضم ر، سک ک، کس ن، شد ی بفت) امث.
رکن کا اسم کیفیت، کسی جماعت، انجمن یا ادارے کی ممبری.

رُکُوع (ضم ر، و مع) امذ.
۱. جھکنا. ۲. نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنے اور مقرر کلمات ادا کرنے کا عمل یہ نماز کا چوتھا فرض یا رکن ہے. ۳. (قرآن) سورت یا سیپارے میں چند آیتوں کے اختتام کا وہ مقام جس پر آیت کا نشان بنا ہوتا ہے. [ع].

رَکِیک (فت ر، ی مع) صف.
۱. تہذیب سے گرا ہوا، مبتذل، عامیانہ، گھٹیا، ادنیٰ درجے کا. ۲. پتلا، نازک؛ کم گہرا پانی؛ نفیس؛ باریک. [ع].

رَکھ (فت ر) امث.
رکھنا کا اسم مصدر (حسبِ ذیل ترکیبوں میں مستعمل). [س].

رکھ رکھاؤ امذ. ۱. (i) خصوصی توجہ مبذول رکھنے کا عمل، نگہداشت، خبرگیری، دیکھ بھال. (ii) وضع داری اور تعلق کو نباہنے اور معمولات پر قائم رہنے کا عمل. ۲. خاطرداری، قدر دانی یا عزت و احترام.

رکھ کر (کے) م ف. ۱. اس عمل کے ساتھ مستعمل جو کسی جذبے کے تحت سرزد ہو، مترادف: جوش میں، جذبے میں، غصے میں، خوشی میں (کسی بھی قسم کے) تاثر میں. ۲. (کسی اور پر) ڈھال کر؛ (کسی اور امر کو) وجہ قرار دے کر؛ (دوسرے کو) ذمہ دار بنا کر. ۳. جما کر (تھپڑ مارنا).

رُکھائی (ضم ر) امث.
بے رخی، بے التفاتی، بے مروتی، اکھڑپن، ترش روئی.

رَکھشا (فت ر، سک کھ) امث.
حفاظت، نگہبانی، رکھوالی، پناہ، بچاؤ.

رکھشا بندھن امث. دیکھیے: رکشا بندھن.

رَکھنا (فت ر، سک کھ) ف م.
۱. دھرنا، ٹکانا. ۲. حفاظت کرنا، بچانا، خبرگیری کرنا. ۳. (i) اُٹھا رکھنا، روک لینا. (ii) بچانا، جمع کرنا، اکٹھا کرنا، جوڑنا، سینتنا. ۴. (الزام) عاید کرنا. ۵. چھوڑنا، رہنے دینا. ۶. کسی اور وقت کے لیے ملتوی کرنا. ۷. قائم کرنا. ۸. پیش کرنا، سامنے لانا. ۹. اختیار کرنا (تخلص وغیرہ کے لیے). ۱۰. پرورش کرنا، پالنا، سمجھنا. ۱۱. (نام) مقرر کرنا، نام رکھنا. ۱۲. جوں کا توں رہنے دینا، کسی برتن کے اندر کوئی چیز بھرنا، قید کرنا (جیل میں رکھنا). [س].

رکھو اِس مُقولے پر دار و مدار، کہ نو نقد اَچّھے نہ تیرہ ادھار کہاوت.
جو چیز فوراً مل جائے وہ اس اچھی چیز سے جس کا وعدہ کیا جائے بہتر ہے.

رَکھوالا (فت ر، سک کھ) صف مذ.
محافظ، حفاظت کرنے والا، نگہبان، چوکیدار؛ کھیت کی نگہبانی کرنے والا، ناظر، نگراں.

رَکھوالی (فت ر، سک کھ) (الف) امث.
۱. حفاظت، نگہبانی، دربانی. ۲. محافظت کی اُجرت، چوکیداری کی تنخواہ، وہ اجرت جو کسی سردار وغیرہ کو حفاظت کے لیے دی جائے. (ب) امذ. نگران، محافظ.

رَکھوانا (فت ر، سک کھ) ف م.
۱. رکھنا، دھروانا. ۲. امانت کے طور پر رکھنا. ۳. رہن رکھنا. ۴. دوسرے کو رکھنے میں مدد دینا؛ نوکر کروانا؛ کام سے لگوانا.

رَکھیل (فت ر، ی مج) امث.
گھر میں مرد کے ساتھ بیوی کے طور پر بلا نکاح رہنے والی عورت، داشتہ.

رَگ (۱) (فت ر) امث.
۱. جسم کی اُن باریک نلیوں اور نسوں میں سے ہر ایک جن میں خون رہتا اور دورہ کرتا ہے، نس؛ (مجازاً) پٹھا. ۲. پھول پتی، شاخ وغیرہ کا ریشہ. ۳. باریک خط جو جواہرات یا پتھروں میں ہوتے ہیں. ۴. فطرت، عادت، خاصہ، اصل نسل (بیشتر طنز کے موقع پر مستعمل). ۵. خون، جذبہ، احساس. [ف].

رگ پھڑکنا محاورہ. ۱. کسی ہونے والے امر سے خود بخود وجدانی طور پر باخبر ہو جانا، ماتھا ٹھنکنا، شدنی امر سے واقف ہونا. ۲. شرارت کرنے پر آمادہ ہونا، رگ میں حرکت ہونا.

رگ جاں سے نزدیک ہونا محاورہ. بہت قریب ہونا.

رگ چڑھنا محاورہ. ا. رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (جس سے سخت درد اور تکلیف کا احساس ہوتا ہے). ۲. ضد چڑھنا؛ برہمی ہونا، غصہ ہونا.

رگ رگ سے واقف ہونا محاورہ. پوری طرح جاننا، ہر ایک جز سے واقف ہونا، غصے کے محل پر.

رگ و پے میں سرایت کرنا محاورہ. دوا یا زہر وغیرہ کا جسم میں اثر کرنا.

رَگ (۲) (فت ر) امث.
موٹا نرم بالوں کا کمبل، موٹے روئیں کا غالیچہ، نمدا. [انگ].

رَگبی (فت ر، سک گ) امث.
فٹ بال کا ایک طریقہ جس میں پاؤں کے ساتھ ہاتھ بھی استعمال کرسکتے ہیں جس میں دونوں طرف پندرہ پندرہ کھلاڑی ہوتے ہیں.
[انگ].

رَگَڑ (فت ر، گ) امث.
ا. مسلنے یا رگڑے جانے کی کیفیت یا عمل، وہ نشان یا خط جو گھسنے کے ساتھ دو چیزوں کے باہم ملنے یا ٹکرانے سے پڑے، گھسا، چھلن، چرکا، تصادم تیز استعارۃً. ۲. (مجازاً) محنت، سخت جاں فشانی، چلنے کی تکلیف، تھکن. ۳. خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے. ۴. پانی اور پتھروں کے ٹکراؤ کا عمل. ۵. (کہار) پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز وغیرہ.
۶. ڈانٹ ڈپٹ، ست گیری.

رگڑ کھانا محاورہ. ا. کھرنچ لگنا، گھسا جانا، ٹکرانا، چھل جانا. ۲. پھسل جانا.
۳. صعوبت برداشت کرنا، دکھ جھیلنا.

رَگڑا (فت ر، سک گ) امذ.
ا. گھسا، خراش، چوٹ. ۲. گھساؤ، گھسنے کا عمل. ۳. جھٹکا، بار، دفعہ.
۴. سخت اور کڑی آزمائش.

رَگَڑنا (فت ر، گ، سک ڑ) م ف.
ا. (i) گھسنا، مسلنا. (ii) مانجھنا، صاف کرنا. (iii) گھسا دینا. (iv) پیسنا، یک جاں کرنا. ۲. بہت محنت لینا، کام میں دم نہ لینا، بہت زیادہ یا دیر تک کام میں لانا. ۳. مٹانا. ۴. ہر رخ سے لاجواب کر دینا، خوب خوب جھنجھوڑنا یا ڈانٹ پھٹکار سے زچ کر دینا. ۵. زخمی کرنا، چھیدنا، چھیلنا.
۶. متحرک کرنا، حرکت دینا؛ سہلانا، آہستہ آہستہ ملنا.

رگڑے میں آنا محاورہ.
زد میں آ جانا، مصیبت میں پھنس جانا.

رِگ وید (کس ر، ی مج) امث.
(ہند) چار ویدوں یا آسمانی کتابوں میں سے ایک. [س].

رگیدنا (فت ر، ی مج، سک د) ف م.
ا. (i) (گھیر کر) بھگانا، کھدیڑنا، پامال کرتے ہوئے چلنا. (ii) پیچھا کرنا، تعاقب کرنا. ۲. جھنجھوڑنا، دبوچ کر پٹخنیاں دینا، زچ کرنا، نڈھال کر دینا؛ کھینچنا؛ (استعارۃً) تنگ کرنا، پریشان کرنا. ۳. مطعون کرنا. ۴. بہت زیادہ استعمال کرنا، دیر تک کام میں لانا، کام سے مہلت نہ دینا، کام لیتے لیتے تھکا دینا. [س].

رُلانا (ضم ر) ف م.
ا. رونا کا متعدی. ۲. تنگ کرنا، ستانا، بہت تکلیف دینا، سخت صدمہ پہنچانا.

رَلنا (فت ر، سک ل) ف ل.
ا. آمیز ہونا، ملنا، گڈمڈ ہونا، یک جان دو قالب ہونا. ۲. سرے آپس میں ملنا، منسلک ہونا، جڑواں لگنا.

رُلنا (ضم ر، سک ل) ف ل.
ا. اُوپر اُوپر سے رول کر الگ کیا جانا، رولا جانا، پھٹک کر صاف کیا جانا.
۲. پامال ہونا، خاک پر گرنا یا ٹھوکریں کھانا، تباہ ہونا. ۳. بے ادبی ہونا، بے قدری ہونا. ۴. روندا جانا، ٹھکرایا جانا، اِدھر اُدھر گھسیٹا جانا، قدر و منزلت نہ ہونا.

رَلّی (فت نیز کس ر، شد ل) امث.
رنگین کپڑے کے ٹکڑوں سے بنائی ہوئی مختلف نمونے کی دلائی کی قسم کی چادر یا رضائی. [مقامی].

رَم (۱) (فت ر) امذ.
ا. بھاگنے کی کیفیت یا عمل، فرار؛ (مجازاً) وحشت اور گریز، جدائی، جست، تیز رفتاری. ۲. اجتناب، احتراز، کسی سے بچنا (کنایۃً).
۳. (کنایۃً) چھپنا، آنکھ سے اوجھل ہونا. اف: کرنا. [ف].

رِم (کس ر) امذ.
(کاغذ سازی) کاغذ کے بیس دستوں کا ایک بنڈل یا کوڑی جس میں عموماً پانسو یا چار سو اسی شیٹ ہوتے ہیں. [انگ].

رُمال (ضم ر) امذ.
منہ پونچھنے کا چھوٹا کپڑا، کپڑا جو پسینہ پونچھنے کے لیے ہاتھ میں رکھتے

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ہیں. [دیکھیے : رومال] .

رُمالی (ضم ر) اند.
۱. چھوٹا دوپٹا، عورتوں کے سر پر باندھنے کا مقنع .۲. میانی کا کپڑا.

رِم جھم (کس ر، جھ) است.
بارش کی دھیمی دھیمی پر کیف آواز. [حکایت الصوت] .

رِم جھم برسنا محاورہ. زور سے بارش ہونا.

رَمز (فت ر، سک م) است.
۱. آنکھوں، بھووں یا ہونٹوں کا اشارہ، غمزہ، عشوہ .۲. ایما، اشارہ، کنایہ .۳. (i) عام طور سے سمجھ میں نہ آنے والی بات، پہیلی، معما. (ii) بھید، راز، چھپی ہوئی حقیقت .۴. دور رس اور لطیف مفہوم، (کلام کا) نکتہ، باریکی (جو دقت آفرینی پر مبنی ہو) .۵. پیچ دار، مبہم یا ذو معنی بات .۶. اصل مفہوم یا منشا، مراد. [ع] .

رمز شناس صف. اشارہ سمجھنے والا، نکتہ ور؛ کسی بات یا مسئلے کے نازک پہلوؤں کو سمجھ لینے والا.

رَمضان (فت ر، م نیز سک م) اند.
ہجری سال کا نواں قمری مہینہ جس میں مسلمان پورے مہینے فرض روزے رکھتے ہیں، ماہ صیام. [ع] .

رَمَق (فت ر، م) است.
۱. باقی جان، رہی سہی جان، سسکتی جان، جان کو روکے رہنے والی چیز، دم واپسیں، آخری سانس، سانس .۲. خفیف اثر، شائبہ، علامت ونشان .۳. زندگی کی لہر، حوصلہ مندی .۴. تھوڑا سا، بہت کم، ذرا سا (چیز یا کیفیت وغیرہ). [ع] .

رَمَل (فت ر، نیز سک م) اند.
۱. علم عروض کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام جس میں وزن فاعلاتن چار بار ہے .۲. آئندہ کے حالات معلوم کرنے کا ایک علم جس میں پیتل کے (سلائی میں پروئے ہوئے) چار چار بانسری کی دو پڑیوں (قُرعوں) سے (جن پر نقطے بنے ہوتے ہیں) مقرر قاعدے کے مطابق شکل بناتے ہیں (کہا جاتا ہے یہ علم فرشتے نے حضرت دانیال کو ریت پر نقطے بنا کر سکھایا تھا) .۳. (ج) طواف کے پہلے تین چکروں میں حجر اسود کے پاس مونڈھے ہلانے اور ذرا دوڑتے ہوئے چلنے کی صورت حال. [ع] .

رُمُوز (ضم ر، و مع) اند: است؛ ج.
راز، نشانات، پوشیدہ نکتے اور علامات. [ع] .

رَمی (۱) (فت ر) است.
(ج) مقرر طریقے سے مقام منیٰ میں کنکریاں پھینکنے کا عمل. [ع] .

رَمی (۲) (فت ر) است.
تاش کا ایک کھیل جو عموماً دو گڈیوں سے کھیلا جاتا ہے. [انگ] .

رَمیدَہ (فت ر، ی مع، فت د) صف.
۱. بھاگا ہوا .۲. پریشان، سرگرداں، وحشت زدہ، متوحش، حیران .۳. الگ، جدا، دور. [ف] .

رَن (۱) (فت ر) اند.
۱. میدان جنگ، مقتل .۲. لڑائی، معرکہ. [س] .

رَن (۲) (فت ر) اند.
۱. دوڑ، جھپٹ .۲. (کرکٹ) کھیلنے میں کھلاڑی کا مقرر قاعدے کے تحت ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک دوڑ کر جانے کا عمل. [انگ] .

رن آوٹ ہونا ف مر؛ محاورہ. (کرکٹ) دوڑتے ہوئے وکٹ تک پہنچنے سے پہلے کیپر کا گیند وکٹ پر مارنے کی صورت میں کھیل سے خارج ہونا، ناکام ہونا.

رن وے اند. ہوائی اڈے پر ہوائی جہازوں کے پرواز سے قبل اور بعد دوڑنے کا خصوصی راستہ نیز ہوائی جہاز کے کھڑے رہنے یا ٹھہرنے کا مقام.

رَنج (فت ر، غنہ) اند.
۱. (i) حزن و ملال کی کیفیت، افسوس، صدمہ، غم، (خوشی کی ضد)، دکھ، درد. (ii) مرض، بیماری. (iii) تکلیف، صعوبت، دشواری. ۲. فکر، اندیشہ، خوف .۳. کسی کی طرف سے دل صاف نہ ہونے کی صورت حال، کدورت، غبار خاطر. [ف] .

رَنجِش (فت ر، سک ن، کس ج) است.
۱. خفگی، آزردگی، کدورت، عداوت .۲. تکلیف، غم، دل گیری.

۳.اختلاف ، ان بن ؛ کشیدگی ، بگاڑ . [ف] .

رَنْجُور (فت ر ، سک ن ، و مع) صف .
۱. رنجیدہ ، افسردہ ، فکر مند ، غمگین .۲. مرض یا تکلیف میں مبتلا ، ضعیف .
اف: کرنا/فرمانا/ہونا .

رَنْجَہ (فت ر ، سک ن ، فت ج) صف .
۱.مغموم ، رنجیدہ ، افسردہ خاطر .۲. نزاکت کی چال یا طرز (جیسے : قدم رنجہ فرمانا) .

رَنْجِیدَہ (فت ر ، سک ن ، ی مع ، فت د) صف .
۱.غمگین ، اداس ، دکھی ، مغموم ، دلگیر ، متاسف ، افسردہ .۲. ناراض ، خفا ، بیزار ، ناخوش ، تکلیف میں .اف : کرنا / ہونا . [ف] .

رِنْد (کس ر ، غنہ) امذ .
۱. غیر متشرع ، لامذہب ، بے دین ، منکر ، ملحد ، دہریہ .۲. (i) شرابی ، چرسی ، مست .(ii) لفنگا ، شہدا ، آوارہ . [ف] .

رَنْدا / رَنْدَہ (فت ر ، سک ن/ فت د) امذ .
لکڑی کی سطح کو کھرچ کر صاف ، ہموار اور چکنا کرنے کا بڑھئی کا اوزار (جس میں لکڑی کی اک چھوٹی پٹی کے اندر موٹے دل کی پھسلواں چھری ، نصب ہوتی ہے) .

رُنْدْھنا (ضم ر ، غنہ ، سک دھ) ف ل .
۱. روندا جانا ، کملا جانا ، پامال ہونا .۲. (i) وفور غم سے گھٹنا ، ہجوم اندوہ و ملال سے دل بھر آنا ، افسردہ رہنا ، مضمحل رہنا . (ii) غم یا صدمے کی وجہ سے آواز بھرانا .۳. محو ہونا ، منہمک ہونا .۴. امڈنا ؛ گھرا ہونا ، محیط ہونا .

رَنْڈاپا (فت ر ، مغ) امذ .
بیوہ ہونے کی حالت ، بیوگی .

رَنْڈْوا (فت ر ، غنہ) صف مذ .
۱. مرد جس کی بیوی مرگئی ہو .۲. (طنزاً) وہ مرد جس کی شادی نہ ہوئی ہو ؛ کام چور ، سست ، کاہل ، پست ہمت .

رَنْڈی (فت ر ، سک ن) امث .
۱.عورت ، بیوی .۲. پیشہ کرنے والی بازاری عورت ، کنچنی ، گانے والی ، طوائف .اف : ڈالنا/ رکھنا . [س] .

رنڈی باز صف .عورتوں سے (خاص کر) کسبیوں سے شغل کرنے والا ، عیاش ، تماش بین ، زانی ، بدکار .

رَنْگ (فت ر ، غنہ) (الف) امذ .
۱. (i) لون کے سفوف جو مختلف رنگت کے ہوتے ہیں اور کپڑا وغیرہ رنگنے کے کام آتے ہیں . (ii) لکڑی ، لوہے یا دیوار وغیرہ پر رنگ کرنے کا مسالہ یا روغن ، پالش .۲. (i) چہرے کی وہ کیفیت یا اتار چڑھاؤ جو جذباتی دباؤ سے ظہور پذیر ہوتا ہے . (ii) سرخی ، زردی ، سیاہی یا ان کی ترکیب کے روپ میں ایک قائم بالغیر (عرض) ،لطیف ، جاذب نظر کیفیت .۳.روش ، طرز ، طور ، طریقہ ، ادا وغیرہ .۴. حالت ، عالم ، گت وغیرہ ، کیفیت .۵. حسن و دلکشی ، رنگینی ، بہار ، رونق ، جوبن ، چمک دمک وغیرہ ، رقص ونغمہ ، ساز و سرود ، عیش و نشاط ، کھیل تماشا ، تفریح ؛ مستی وغیرہ کی کیفیت جو وجد یا مذکورہ باتوں سے پیدا ہو .
۶. (i) دیکھیے : راگ (جس کے ساتھ یہ تابع کے طور پر مستعمل ہے) .
۷. خوشی یا خوشحالی کی کیفیت ، لطف ، مزہ .۸. دستور ، قاعدہ ، قانون ، مسلک ، مشرب .۹. قسم ، نوع ، بھانت ، طرح ، وضع .۱۰. مقبولیت ، ساکھ وغیرہ ، اثر ، رسوخ ، سربزی .۱۱. خصوصیات جن سے ایک کا کلام دوسرے سے ممتاز ہو ، انداز تحریر ، کلام کا انداز یا اسلوب ، طرز تحریر ، انداز بیان .۱۲. وصف ، شان ، خصوصیت یا خصوصیات .۱۳. قومیت ، اختلاف ملت کا امتیاز .۱۴. مزاج ، رجحان ، فکر .۱۵. (ب) صف .(نیم لاحقہ) رنگین یا سبز ہونے والا ، اگنے والا . (ج) م ف .صورت میں ، شکل میں .

رنگ اُڑنا محاورہ .۱. (منہ پر) ہوائیاں اڑنا ، (چہرہ) فق ہو جانا ، افسردہ یا پژمردہ ہونا (شرم ، خوف یا مایوسی ، رنج ، تکلیف یا غیرت کی وجہ سے) .۲. رنگت کا ہلکا ہونا ، پھیکا پڑ جانا ، رنگ جاتا رہنا .۳. رنگین پانی ایک دوسرے پر ڈالا جانا ، عبیر اور گلال کے سفوف اڑنا اور بکھرنا .

رنگ بدل جانا/ بدلنا ف مر؛ محاورہ .۱. حالت دگرگوں ہونا ، صورت حال بگڑ جانا .۲. بدل جانا ، تبدیل ہو جانا (طور طریقہ ، تاثیر ، طرز روش وضع قطع قدیم وغیرہ) منقلب ہو جانا .۴. رنگت ، روپ ، شکل و صورت ہیئت کو تبدیل کرنا .۵. رخ موڑنا ، انداز بدلنا .۶. خیالات بدلنا ، نظریات

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

تبدیل ہونا ، مقررہ روش سے ہٹ جانا .

رنگ بَرنگ/ برنگا صف .ا.مختلف صورتوں یا وضع قطع کے ، طرح طرح اور قسم قسم کے ، گونا گوں .۲.مختلف رنگوں کے ، بچ رنگا .

رنگ جمانا ف مر؛ محاورہ .ا. رنگت کا کسی چیز پر چڑھنا ، اثر انداز ہونا ، برتری جتانا ، اہمیت منوانا .۲.اثر قائم کرنا ، متاثر کرنا ، ہم خیال بنانا .

رنگ چڑھنا ف مر؛ محاورہ .ا. رنگ نکالنے کے واسطے کسوم کو بھگو کر چوانا ، رنگنا ، رنگ دینا ، رونق دار بنانا ، رنگین کرنا ، رنگ جذب ہونا .۲. نشے میں آنا ، مست ہونا ، کیفیت طاری ہونا .۳.اثر پڑنا ، مطابقت پیدا ہونا .

رنگ چوکھا آنا محاورہ .ا. گہرا رنگ آنا ، ۲.کام زیادہ خوش اسلوبی اور کامیابی سے انجام پانا .

رنگ دینا ف مر؛ محاورہ .ا. رنگین بنانا ، رنگت چڑھانا ، رنگنا (کپڑے وغیرہ کو) .۲.رونق یا بہار دکھانا ، خوش نمائی یا دلکشی ظاہر کرنا ؛ بھلا لگنا . ۳.اثر انداز ہونا ، رواج پانا ، تاثر قائم رہنا .۴.کیف اور وجد کا عالم پیدا کر دینا . ۵.بڑھا چڑھا کر کہنا یا ظاہر کرنا ، مبالغہ آرائی کرنا . ۶.غرض و غایت یا مطلب بدل دینا ، (غلط تعبیر وغیرہ سے) معنی پہنانا ، بات کا رخ پلٹنا .

رنگ رلیاں امث : ج .کھیل تماشے ، ہنسی چہل ، عیش و عشرت کی باتیں یا مشغلے ، چھرے ، رقص و سرود .

رنگ ریز / رنگریز صف :اند . کپڑے رنگنے والا شخص ، نیل گر .

رنگ فق ہونا محاورہ . چہرے کی رنگت بدل جانا ، چہرہ اتر جانا ، رنگت پھیکی پڑ جانا ، (صدمے ، خوف ، پریشانی ، شرم وغیرہ کے باعث) .

رنگ میں بھنگ م ف .ا.خوشی میں رنج ، مزے میں بے لطفی .۲.رکاوٹ ، کباب میں ہڈی .

رنگ میں بھنگ ڈالنا محاورہ . بنا بنایا کھیل بگاڑنا .

رَنگا (فت ر ، غنہ) صف .

رنگا ہوا ، رنگیں ؛ شراب سے مخمور ، جوش میں آیا ہوا .

رَنگائی (فت ر ، مغ) امث .

رنگنے کا عمل یا پیشہ ، رنگنے کی اُجرت .

رَنگَت (فت ر ، غنہ ، فت گ) امث .

ا.کیفیت ، رنگ و روپ .۲.(i) حالت ، کیفیت .(ii) منظر ، ماحول .

رَنگرُوٹ (فت ر ، غنہ ، سک گ ، و مع) اند .

سپاہی جو نیا نیا بھرتی ہوا ہو ، نو آموز سپاہی . [انگ] .

رَنگریز (فت ر ، غنہ ، سک گ ، ی مج) اند .

کپڑا رنگنے کا کام یا پیشہ کرنے والا شخص ، رنگ ریز .

رَنگنا (فت ر ، غنہ ، سک گ) ف م .

ا.رنگ چڑھانا ، رنگین کرنا .۲.کسی حالت میں کرنا ، اپنا سا بنانا ، اپنے زمرے میں شامل کر لینا .

رَنگولی (فت ر ، مغ ، و مج) امث .

کسی تیوہار وغیرہ کی خوشی میں دروازہ کی چوکھٹ پر بیل بوٹے چھاپنے کا عمل .

رَنگے (فت ر ، مغ ، ی مج) صف .

رنگا کی حالت مغیرہ ، تراکیب میں مستعمل .

رنگے ہاتھوں م ف . جرم کرتے ہوئے ، عین ارتکاب جرم کی حالت میں .

رَنگیلا (فت ر ، مغ ، ی مع) صف مذ .

ا.رنگین ، رنگ دار ، رنگا رنگ .۲. بانکا ، سجیلا ، چھبیلا .۳. عاشق مزاج ، رنگین طبع .

رَنگیلی (فت ر ، مغ ، ی مع) امث .

ا.رنگیلا کی تانیث ؛ رنگین ، رنگ دار ، رنگ رلیاں .۲.حسین ، سج دھج کی .

رَنگین (فت ر ، مغ ، ی مع) صف .

ا.جس پر رنگ چڑھا ہوا ہو ، رنگ دار ؛ رنگ برنگ کا ، خوب صورت .۲.خوش بیاں ، رنگین بیان .۳. (شعر ، بیان ، عبادت وغیرہ) لطیف ، دل پسند ، مزے دار .۴.مست ، مدہوش .

رَنگین مزاج صف .ا.خوش طبع ، زندہ دل ، شوقین مزاج ، ہنس مکھ . ۲.رنگ رلیوں کا عادی ، عیاش .

رَو (ولین) امث .

ا.(i) پانی کا دھارا ، بہاؤ .(ii) بارش ، بوچھار .(iii) سیلاب ، طوفان . ۲.(i) دُھن ، خیال ، ریلا .(ii) تہذیب ، تعلیم ، دستور یا خیالات وغیرہ کا) بہاؤ ، دھارا ، روش .(iii) شدید جذبات کا بہاؤ ، جوش ، غصہ وغیرہ .(iv) دوڑ ، رفتار ، گردش .۳.بجلی یا حرارت وغیرہ کی لہر .

۴. مرکبات میں جزوِ آخر یعنی لاحقہ کے طور پر مستعمل ہے جیسے : گرم رو، راہ رو وغیرہ ۔ [ف] .

رُو (و مع) اند.
۱. چہرہ ، منھ .۲. سامنے کا رُخ ، سامنا .۳. سبب ، وجہ ، بنیاد ، دلیل ، ضابطہ .۴. حساب ، پہلو . [ف] .

روبرو / روبہ رو حرف ربط ؛ م ف . سامنے ، آمنے سامنے ، آگے ، بالمقابل .
اف : آنا/ کرنا/ لانا/ ہونا .

روبزوال صف ؛ ~ روبہ زوال . انحطاط کی جانب مائل ، زوال پذیر ، زوال آمادہ .

روپوش صف . منھ چھپائے ہوئے ، مخفی ، پوشیدہ .

رو سے م ف . ۱. (کی/کے) مطابق ، بموجب .۲. (کی/کے) سبب سے ، وجہ سے ، حکم سے .

رُوسیاہ/ رُوسیہ صف . ۱. کالے منھ کا ؛ (مجازاً) خطاکار ، گنہ گار ، عاصی . ۲. رُسوا ، ذلیل ، خوار ، شرمندہ .۳. بدبخت ، کم بخت ، منحوس .

روگردان صف . ۱. بے وفائی کرنے یا دغا دینے والا ؛ پھر جانے والا ، منحرف .۲. اعراض کرنے یا بچنے والا ، الگ تھلگ .

روگردانی اسث . منھ پھیرنے کی حالت ، انحراف کرنے کی کیفیت .

رُومال اند . ۱. (i) منھ پونچھنے کا کپڑا ، کپڑا جو پسینہ پونچھنے کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں . (ii) تکونا یا چوکور اونی ریشمین یا سوتی کپڑا جو کاندھے پر ڈالتے یا سر پر اوڑھتے یا باندھتے ہیں جو عموماً چادر سے چھوٹا ہوتا ہے .

رونما صف . چہرہ دکھانے یعنی ظاہر کرنے والا ، ظاہر ، ظہور پذیر ، نمودار .

رونمائی اسث . ۱. وہ نقدی وغیرہ جو دولھا کے رشتے دار دلہن کا پہلی بار منھ دیکھ کر اسے دیتے ہیں ، (اس رسم کو منھ دکھائی بھی کہتے ہیں) . ۲. نذر جو کسی محبوب یا مطلوب کے دیدار حاصل ہونے پر پیش کی جائے . ۳. کسی نئی کتاب کا تعارف (عموماً تقریب وغیرہ کے ساتھ مستعمل) .

رَوا (۱) (فت ر) صف .
۱. جس بات میں کوئی مذہبی ، اخلاقی یا قانونی حرج نہ ہو ، جائز ، مباح . ۲. درست ، بجا ، مناسب .۳. جاری ، رواں .۴. پورا ، تکمیل یافتہ (کام ، حاجت وغیرہ) ، مکمل . اف : کرنا/ ہونا . [ف] .

روادار صف . درست یا جائز سمجھنے والا ؛ قبول یا برداشت کرنے والا .

روا داری اسث . روادار کا اسم کیفیت ، کسی بات کو جائز رکھنا ، رو رعایت ؛ رعایت کا رویہ .

روا رکھنا محاورہ . ۱. جائز سمجھ کر جاری رکھنا ، جائز سمجھنا .۲. برداشت کرنا ، قبول کرنا ، باز پرس نہ کرنا .

رَوا (۲) (فت ر) اند.
۱. گیہوں کے مغز کا دردرا آٹا ، سوجی .۲. گھی یا مصری وغیرہ کا دانہ .۳. بارود کا دانہ ؛ سونے چاندی یا دھاتوں کا ذرّہ یا ذرّات .۴. مٹی یا ریت وغیرہ کا ذرّہ یا ذرّات .۵. پتھرا جو پازیب وغیرہ میں آواز کے لیے ڈال دیتے ہیں .۶. کوئی چیز جو کوٹنے یا پیسنے کے بعد دردری ہوگئی ہو . ۷. کنکر جو طعام میں نکلے ، چھوٹا سا ٹکڑا ، ذرّہ . [س] .

... روا (فت ر) اند.
۱. بطور لاحقہ تراکیب میں مستعمل ، بمعنی جاری کرنے والا یا چلانے والا ، (جیسے : فرماں روا) .

رَوابِط (فت ر ، کس ب) اند ؛ ج .
تعلقات ، رشتہ داریاں ، میل ، ملاپ ، لگاؤ ، قربتیں . [ع] .

رَواج (۱) (فت نیز کس ر) اند.
۱. کسی بات کا عام چلن یا دستور ، کسی چیز کا عام استعمال یا معمول میں ہونا ، رائج یا جاری ہونا .۲. رسم ، قاعدہ . اف : پانا/ پڑنا/ پکڑنا . [ع] .

رَواج (۲) (فت ر) اند.
گوشت کی چربی .

رَواجاً (کس نیز فت ر ، تن اجث) م ف .
بطور رسم ، عام دستور کے مطابق .

رَوا رَوی (فت ر ، ر) اسث
بھاگ دوڑ ، عجلت ؛ سرسری پن ، جلدی ، جلد بازی .۲. گھبراہٹ ، ہڑبڑاہٹ ، ہلچل .

رَوان (۱) (فت ر) صف .
۱. جانے والا ، گرم سفر ، چلنے پر آمادہ .۲. (i) (حکم یا سکہ وغیرہ) جاری ،

نافذ. (ii) (دریا یا چشمہ وغیرہ) جاری ، بہتا ہوا. ۳. (i) جاری و ساری ، متحرک. (ii) (سال ، مہینہ ، سنہ وغیرہ) جاری ، موجودہ ، حالیہ. ۴. سلیس ، آسان ، بہاؤ ، الجھاؤ سے بری. ۵. (i) کوئی بات ، فقرہ ، سبق وغیرہ جو زبان پر چڑھا ہوا اور اچھی طرح یاد یا حفظ ہو ، زبان زد ، ازبر. (ii) رٹا ہوا ، ہجے کیے بغیر یا معنی سمجھے بغیر جو سبق یاد ہو.

رواں تبصرہ امذ. آنکھوں دیکھا حال (خصوصاً کھیل کا) Running Commentary کا لفظی ترجمہ.

رواں دواں (الف) صف. منہمک ، مشغول و مصروف ، کوشاں. ۲. منتشر ، پریشاں ، سرگرداں. (ب) م ف. دوڑ کر ، بھاگم بھاگ ، تیز تیز.

رَواں (۲) (فت ر) امث.

۱. جان ، روح (عموماً روح کے ساتھ مستعمل ، جیسے : روح رواں ، روح و رواں). ۲. جوہر یا سالمہ جو اپنے ایک یا ایک سے زیادہ برقیوں سے محروم ہو چکا ہو ، برق پارہ. [ف].

رُواں (ضم ر) امذ.

۱. باریک بال ، رونگٹا جو بدن کے کسی حصے پر بھی ہو. ۲. باریک بال جو پرندوں کے بچوں کے پروں سے پیشتر ہوتے ہیں. ۳. چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے یا مخمل وغیرہ میں ہوتے ہیں. ۴. ترکاری ، پھل یا پتے کے اوپر کا ہلکا اور باریک خار. [س].

رُواں رُواں م ف. ہر ایک رونگٹا ، رونگٹا رونگٹا؛ مراد : پورا وجود ، پورا بدن ، پورا جسم.

رَوانگی (فت ر ، فت نیز سک ن) امث.

۱. کسی جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ، روانہ ہونا ، رخصت. ۲. کسی چیز کے بھیجنے کا عمل ، ارسال.

رَوانہ (فت ر ، ن) صف. جانے والا ، گرم سفر ، چلنے پر آمادہ؛ چل پڑنا.

روانہ کرنا محاورہ. ۱. بھیجنا ، رخصت کرنا. ۲. خط ، پارسل یا کوئی چیز کسی کو بھیجنا ، ارسال کرنا.

روانہ ہونا محاورہ. ۱. ارسال ہونا ، رخصت ہونا. ۲. سدھارنا ، چل دینا.

رَوانی (فت ر) امث.

۱. پانی کا بہاؤ ، زور. ۲. (مجازاً) طبیعت کی تیزی ، جوش ، ربط ، تسلسل. ۳. خنجر وغیرہ کے چلنے کی حالت ، کاٹ ، دھار کی تیزی. ۴. (قلم وغیرہ کے لیے) سہولت ، حرکت میں سہولت ، آسانی سے جنبش کرنا. ۵. رفتار میں تیزی. ۶. عبارت یا تحریر میں سلاست ، بہاؤ ، بے تکلفی. ۷. تیزی سے اثر کرنے کی خاصیت.

رِوایَت (کس ر ، فت ی) امث.

۱. کسی دوسرے کی بات نقل کرنا ، اصطلاح محدثین میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کسی قول یا فعل کو یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے کے کسی واقعے کو بیان کرنا خواہ وہ راوی نے خود سنا یا دیکھا ہو یا کسی دوسرے راوی سے نقل کیا ہو ، راوی کا قول. ۲. سرگزشت ، حکایت ، قصہ ، کہانی. ۳. کوئی رسم یا دستور جو پہلے سے قائم ہو؛ طریقہ ، ڈھنگ. [ع].

رِوَایَتاً / رِوَایۃً (کس ر ، فت ی ، تن الف / تن ت بشکل ۃ) م ف.

بطور نقل ، بیان کے مطابق ، روایتی طریقے سے.

رِوایَتی (کس ر ، فت ی) صف.

۱. روایت کا کٹر پابند ، روایت پرست. ۲. قدیم ، پرانا ، فرسودہ. ۳. لکیر کا فقیر ، جو کوئی تبدیلی قبول نہ کرے. ۴. دستوری ، رواجی ، رسمی.

رُوباہ (وِمج نیز مع) امث؛ ← روبہ.

۱. ایک جنگلی جانور جو اپنی چالاکی کے لیے مشہور ہے ، لومڑی. ۲. (کنایۃً) چالاک ، ہوشیار؛ مکار ، عیار. ۳. بزدل. [ف].

روباہی (وِمج نیز مع) امث.

فریب ، چال ، مکر؛ بزدلی.

رُوبَکار (و مع ، فت ب) امذ؛ امث.

۱. سامنا ، پیشی. ۲. کسی عدالت کا تحریری حکم ، پروانہ ، سرکاری چٹھی.

روبوٹ (و مج ، و مج) امذ.

مشینی انسان ، کل کا آدمی ، مصنوعی آدمی. [انگ].

رُوپ (و مع) امذ.

۱. شکل ، صورت ، ظاہری وضع قطع. ۲. بھیس ، کوئی اور شکل یا وضع قطع جو اصلی شکل سے مختلف ہو؛ سوانگ (بھرنا کے ساتھ)؛ کردار ، پارٹ. ۳. رنگ ، رنگت ، چمک دمک ، چہرہ کی شادابی؛ آب و تاب ، رونق.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، امذ = اسم مذکر ، امث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، جج = جمع الجمع

۴. جلوہ ، جوت ، پرتو .۴. حسین شکل ، خوب صورتی ، حسن ، جمال ، چھب . [س] .

روپ آنا محاورہ. رونق آنا ، آب و تاب آنا ، خوب صورتی میں اضافہ ہونا .

رُوپ چڑھنا/چمکنا محاورہ. حسن کا نکھرنا ، خوب صورتی میں اِضافہ ہونا ، حسین تر ہو جانا .

رُوپَلّی (ضم ر، غم و، فت پ، شد ل) اسث .
(تحقیراً) روپیہ .

رُوپَہلا (ضم ر، غم و، فت ج پ، سک ہ) صف مذ. رُوپہرا ، رُپہرا ، رُوپلا ، رُپلا.
چاندی کے رنگ کے ، چاندی کی طرح سفید ؛ چاندی کا بنا ہوا ، نقرئی ، سیمیں .

رُوپَہلی (ضم ر، غم و، فت ج پ، سک ہ) صف مث نیز مذ: روپری ، رُپہری ، رُوپلی ، رُپلی
سفید ، چاندی کے رنگ کی (نیز بطور مذکر بھی مستعمل) .

رُوپے (ضم ر، غم و) اند : ~ رُوپئے ، رُوپے .
روپیا / روپیہ کی جمع نیز مغیرہ حالت ، مرکبات میں مستعمل .

رُوپیا/ رُوپَیہ (ضم ر، غم و، فت ج پ/ فت ی) اند ~ : رُپیا .
چاندی کا سکہ ، زمانۂ حال میں سو پیسے کی مالیت کا سکہ یا نوٹ ، کرنسی ؛ نقدی ؛ (مجازاً) دولت . [س] .

روتا (وج) صف : مذ .
رونا کا حالیہ ناتمام ، روتا ہوا ، مغموم ، اندوہ گیں ؛ (تراکیب میں مستعمل) .

روتا پھرنا محاورہ. گلہ شکوہ کرتے پھرنا .

روتی (وج) صف ، مث .
روتا کی تانیث ؛ مرکبات میں مستعمل .

روتی شکل/ صورت صف. ایسا شخص جو چہرے سے روتا اور بسورتا ہوا معلوم ہو ، جو ہر وقت اندوہ گیں اور ملول نظر آئے .

روٹی (وج) اسث .
۱. کسی اناج کے گندھے ہوئے آٹے کی چھوٹی ، بڑی ، موٹی یا پتلی اور عام طور پر گول اور چپٹی شکل کی توے پر یا تندور میں پکی ہوئی بڑی ٹکیہ جس کے ٹکڑے کسی سالن یا لگاون کے ساتھ روزمرہ کی غذا کے طور پر کھاتے ہیں ، چپاتی ، نان ، پھلکا .۲. روزی ، رزق ، اناج ، کھانا ، غذا .۳. غمی یا خوشی کے موقع پر برادری اور دوسرے لوگوں کی ضیافت .
اف : کرنا . [س] .

روٹی اور اولاد سے کسی کا پیٹ بھرا ہے کہاوت. ہر شخص روزی اور اولاد کی کثرت چاہتا ہے .

روٹی گئی منہ میں ذات گئی گوہ میں کہاوت. نیچ ذات سے شادی کرنے یا عیسائی یا مسلمان ہو جانے کے موقع پر کہتے ہیں ؛ خوش حالی یا رزق کی خاطر انسان ذلیل کام بھی کر گزرتا ہے .

رَوٹیاں (وج، کس ٹ) اسث : ج .
روٹی کی جمع ، مرکبات میں مستعمل .

روٹیاں توڑنا محاورہ. خود کچھ نہ کرنا اور دوسروں کی کمائی کھانا ، مفت کی کھانا

روٹیاں لگنا محاورہ. ۱. تنور میں روٹیاں پکنا .۲. بھرے پیٹ پر اِترانا ، فارغ البالی کی وجہ سے نخرے دِکھانا .۳. شامت آنا ، ادبار آنا .

رُوٹھا (ومع) صف مذ (مث : روٹھی) .
خفا ، ناراض ، ناخوش ، آزردہ .

روٹھ جانا / رُوٹھنا (ومع ، سک ٹھ) ف ل .
ناراض ہونا ، خفا ہونا ، آزردہ ہونا .

رُوٹھے (ومع ، ی ج) صف .
روٹھا کی حالت مغیرہ ، تراکیب میں مستعمل .

روٹھے کو منائے نہیں ، بیٹھے کو سلائے نہیں تو کام کیسے چلے کہاوت. روٹھے کو منانا اور بیٹھے کو سلانا چاہیے ورنہ دنیا میں گزارا نہیں صلح رکھنا مناسب ہے .

رُوح (ومع) اسث (قدیم : اند) .
۱. جان ، آتما .۲. جذبہ ، اسپرٹ .۳. کسی چیز کا جوہر ، ست ، خلاصہ ۴. حضرت جبرئیل علیہ السلام .۵. دل ، جی ، منشا ، اندرونی خواہش نیت ، عندیہ و مقصد .۶. قوت ، توانائی . [ع] .

رُوح افزا صف. ۱. زندگی بڑھانے والا .۲. تازگی یا فرحت بخشنے والا ، مفرح

رُوح الامین اند. امانت دار روح ، حضرت جبرئیلؑ کا لقب جو خدائے تعالٰی کے احکام جوں کے توں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچاتے تھے .

روح اللہ اند. حضرت عیسیٰ کا لقب.

روح پرواز کر جانا / کرنا محاورہ. ۱. جان نکلنا، دم نکلنا، مرجانا. ۲. خوف سے دم نکلنا، کسی سے نہایت ڈرنا، رعب غالب ہونا.

روح پرور صف. ۱. زندگی بخشنے والا، حیات افروز، جان فزا. ۲. دل کو فرحت بخشنے والا، تازگی بخشنے والا، جی خوش کر دینے والا.

رُوح پھونکنا محاورہ. ۱. جان ڈالنا، زندگی بخشنا، تازہ دم کرنا. ۲. جذبہ پیدا کرنا.

رُوحِ رواں (الف) است. جانے والی روح. (ب) است؛ اند. ۱. (کنایۃً) شخص یا چیز جس پر کسی بات کا دار و مدار ہو، اصل شخص یا چیز جو کسی ادارے وغیرہ کے وجود یا کارکردگی کا سبب ہو. ۲. (کنایۃً) محبوب.

رُوح فرسا صف. ۱. انتہائی رنج پہنچانے والا، نہایت تکلیف دہ، بے حد اذیت ناک. ۲. بہت زیادہ محنت طلب اور مشکل.

رُوح فنا ہونا محاورہ. ڈر کے مارے جان نکلنا، سخت خوف زدہ ہونا.

رُوح نکلنا محاورہ. ۱. جان نکلنا، رُوح پرواز کرنا، مرجانا. ۲. خوف یا رعب غالب ہونا؛ عطر یا جوہر کھینچنا.

رُوحانی (و مع) صف.
۱. رُوح سے نسبت رکھنے والا، باطنی، غیر جسمانی؛ مقدس، پاک، غیر مرئی (جسمانی کے بالمقابل). ۲. دینی، مذہبی. ۳. قلبی، دلی.

رُوحانیّت (و مع، کس ن، شدی بفت نیز بلا شد) است.
روحانی قوت یا خاصیت، باطنی طاقت (مادیت) کی ضد.

رُود (و مج نیز مع) اند.
دریا، ندی، نہر. [ف].

رُوداد (و مع) است.
۱. ماجرا، احوال، کیفیت، واقعہ، سرگزشت. ۲. کسی جلسے یا ادارے وغیرہ کی کارروائی اور تجاویز یا فیصلوں کی پوری کیفیت، رپورٹ. ۳. عدالتی کارروائی یا ریکارڈ، کسی مقدمے کی رپورٹ یا واقعات، مسل. [ف].

روڑا (و مج) اند؛ ← روڑھا.
۱. (i) پتھر یا پکی اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا، چھوٹا پتھر، کنکر. (ii) رکاوٹ، سدراہ، (iii) اٹکاؤ، ٹھہراؤ. ۲. قدیم باشندہ (جیسے: دہلی کا روڑا). [س].

روڑا (روڑے) اٹکانا محاورہ. رکاوٹ پیدا کرنا، رخنہ ڈالنا.

روڑی (و مج) است.
کنکر، پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو پکی سڑکوں پر کنکروں کے نیچے بچھائے جاتے ہیں یا عمارت کی بنیاد کے نیچے کوٹے جاتے ہیں.

روز (و مج) (الف) اند.
دن، یوم. (ب) م ف. ہر روز، روزانہ، آئے دن. [ف].

روز افزوں صف. دن رات ترقی کرنے یا بڑھنے والا، تیزی سے ترقی کرنے والا.

روزِ ازل اند. آغاز آفرینش کا دن، دن جب اللہ تعالیٰ نے ارواح سے میثاق لیا؛ (مجازاً) ابتدائے زمانہ.

روزِ اوّل اند. ۱. آغاز آفرینش کا دن، وہ دن جب اللہ تعالیٰ نے ارواح سے میثاق لیا، (مجازاً) ابتدائے زمانہ. ۲. پہلا دن، شروع، آغاز، ابتدا.

روزِ جزا اند. اعمال کا بدلہ ملنے کا دن، روزِ حشر، یوم حساب.

روزگار اند. ۱. (i) دنیا، جہان. (ii) کاروبار، کام، دھندا، ذریعۂ معاش. (iii) نوکری، چاکری، ملازمت.

روزمرہ (الف) اند. ۱. ہر روز، آئے دن، ہر وقت. ۲. (i) بول چال، روزانہ کی عام بات چیت کا اسلوب. (ii) (قواعد) جملے یا الفاظ کی ترتیب جو اہلِ زبان کے طریق استعمال کے مطابق ہو اور جس کے خلاف بولنا فصاحت کے خلاف ہو؛ مثلاً پان سات پر قیاس کر کے چھ آٹھ یا آٹھ چھ بولا جائے تو روزمرہ کے خلاف ہوگا. اسی طرح بلاناغہ کی جگہ بے ناغہ اور روز روز کی جگہ دن دن یا آئے دن کی جگہ آئے روز کہنا خلاف روزمرہ ہے، کیونکہ اہلِ زبان اس طرح نہیں بولتے. ۳. روزانہ کا معمول، عام بات. (ب) صف. عام، ہر روز کا، روزانہ کا، معمول کا. (ج) م ف. روزانہ، ہر روز، بلا ناغہ.

روزنامچہ اند. ۱. وہ کتابچہ جس میں روزانہ کے تاریخ وار حالات یا حسابات لکھے جائیں، ڈائری. ۲. وہ رجسٹر جس میں پٹواری یا بعض دوسرے سرکاری ملازم اپنا روزانہ کا کام لکھتے ہیں. ۳. پولیس کی روزانہ کارروائیوں اور تحقیقات کی رپورٹ کا تھانے میں اندراج.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

روز نامہ اند. وہ جریدہ جو روزانہ شائع ہوتا ہو، روزانہ کا اخبار.

روز و شب (الف) م ف. رات دن، ہر وقت، ہمیشہ، مدام. (ب) اند. دن اور رات، وقت، زمانہ.

روزانَہ (وج، فت ن) صف؛ م ف.
ہر روز؛ ہر روز کا، ہر روز واقع ہونے والا.

رَوزَن (ولین، فت ز) اند.
ا. سوراخ، چھید، شگاف. ۲. روشن دان. [ف].

روزَہ (وج، فت ز) اند.
ایک عبادت جس کے ادا کرنے کے لیے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے پرہیز کیا جاتا ہے، مذہب اسلام میں روزے کی تین قسمیں ہیں، فرض، واجب اور نفل، فرض روزہ رمضان کے مہینے میں پہلی تاریخ سے آخری تاریخ تک (پورے مہینے) کا ہوتا ہے.

روزہ خور صف. رمضان میں روزہ نہ رکھنے والا.

روزہ دار صف. روزہ رکھنے والا، روزے کا فریضہ ادا کرنے والا.

روزہ کُشائی است. ا. روزہ افطار کرنا، روزہ کھولنے یا کھلوانے کا عمل. ۲. (i) روزہ افطار کرانے کی تقریب. (ii) بچے کا پہلا روزہ کھلوانے کی تقریب.

روزی (وج) است.
ا. روز کی خوراک، رزق. ۲. ملازمت یا کوئی اور روزگار کا ذریعہ، ذریعہ معاش.

روزی پر لات مارنا محاورہ. کسی کے روزگار کو چھڑوانا، پیٹ پر لات مارنا؛ ذریعہ معاش کو ٹھکرانا.

روزی رَساں صف. رزق پہنچانے والا، رازق، مراد: اللہ تعالیٰ، پروردگار.

روزے اند؛ ج. روزہ کی جمع یا مغیرہ حالت، تراکیب میں مستعمل.

روزے بخشوانے/ چھڑانے گئے نماز گلے پڑی کہاوت. جب ایک آفت سے بچنے کی تدبیر یا فکر میں ایک دوسری آفت سر پڑ جائے تو بولتے ہیں.

روزِینَہ (وج، ی مع، فت ن) (الف) اند.
ا. روز کے کھانے پینے کا خرچ؛ راتب، روزانہ خوراک؛ اُجرت یا مزدوری جو روز کے روز دی جائے، یومیہ. ۲. وظیفہ، پنشن، تنخواہ.
(ب) م ف (شاذ). روزانہ؛ ہر روز.

رُوسیاہ (و مع، کس س) صف.
کالے منھ کا، (مجازاً) گنہ گار، خطا وار. [ف].

رُوسیاہی (و مع، کس س) است.
ذلت، رُسوائی، بدنامی، گنہ گاری.

رَوِش (فت ر، کس و) است.
ا. (i) طور، طریق، انداز، ظاہری وضع قطع، ڈھنگ. ۲. طرز عمل، رویہ، چھل، فریب، چال بازی؛ ناز و انداز، عموماً مابعد حرف سے کے ساتھ بطور م ف: طرح (سے) یا بہ طرح، بہ صورت. ۴. (i) باغ کے اطراف یا چمن کے درمیان بنایا ہوا چہل قدمی کا راستہ. (ii) پٹری جو پیادہ لوگوں کے چلنے کے لیے سڑک کے کنارے کنارے پر بنی ہوئی ہو. ۵. کیاریوں کے کنارے کنارے جو سلسلے سے درخت لگائے جاتے ہیں، طریقہ، قاعدہ، قانون. [ف].

رَوشَن (ولین، فت ش) صف.
ا. جلتا ہوا، چمکتا ہوا، اُجالا کرتا ہوا، تاباں، درخشاں (بجھا کے برخلاف چراغ وغیرہ). ۲. اُجالے سے بھرا، منوّر، پرنور، جہاں دھوپ یا چراغ وغیرہ کا عکس ہو (تاریک کی ضد). ۳. (مجازاً) بارونق؛ برکت، فیض یا علم و عرفاں سے معمور. ۴. ظاہر، آشکارا، عیاں. ۵. جلی یا کشادہ تحریر، عبارت جسے پڑھنے میں آسانی ہو اور آنکھوں کو بھلی لگے، واضح کھلا کھلا، صاف صاف. ۶. روشنی کا مخفف، مثلاً روشن دان وغیرہ (تراکیب میں مستعمل). [ف].

روشن خیالی است. جس کے خیالات میں وسعت اور فکری آزادی پائی جائے، عقل مندی، سوجھ بوجھ، دانائی.

روشن دان اند. وہ موکھا جو مکان میں روشنی اور ہوا اندر آنے اور خراب ہوا باہر نکلنے کے لیے (عموماً چھت کے قریب دیوار میں) بنایا جاتا ہے فراخ، روزن.

روشن مینار اند. سمندر کے کنارے جو مینار نشان راہ کے طور پر بنائے جاتے ہیں اور ان کے بالائی حصے رات کو روشن رہتے ہیں، لائٹ ہاؤس،

(نیز استعارۃً اشخاص کے لیے مستعمل) راہبر؛ قابلِ تقلید.

روشنائی (وج نیز لین، سک ش) امث.

ا. دیکھیے: روشنی. ۲. وہ رنگین سیال جو لکھنے کے کام میں آئے، سیاہی.

رَوشَندان (ولین، فت ش، سک ن) امذ.

وہ موکھا جو مکان میں روشنی اور ہوا اندر آنے اور خراب ہوا باہر نکلنے کے لیے (عموماً چھت کے قریب دیوار میں) بنایا جاتا ہے.

رَوشنی (وج نیز لین، سک ش) امث.

ا. شعاع افگن توانائی کی ایک قسم جو ہماری آنکھوں پر اثر انداز ہوتی ہے یہ عموماً کسی بہت گرم چیز سے پیدا ہوتی ہے، حالانکہ کچھ حالات کے تحت ٹھنڈے اجسام مثلاً چمکدار مچھلیاں اور سماروغ وغیرہ سے بھی روشنی پیدا ہوتی ہے. ۲. نور، اُجالا (جو نیک اعمالی کا نتیجہ ہو). ۳. بینائی، آنکھ کی دیکھنے کی قوت، نورِ چشم.

رَوضہ (ولین، فت ض) امذ.

ا. مزار جس پر گنبد بنا ہو، مقبرہ؛ (خصوصاً) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مزار مبارک. ۲. باغ، باغیچہ، سبزہ زار.

رَوغَن (ولین، فت غ) امذ.

خوردنی تیل، چکنا سیال جو بعض بیجوں، سبزیوں یا مغزیات کو پیس کر نکالا گیا ہو، جیسے روغنِ بادام، روغنِ کاہو وغیرہ. ۲. پالش یا لک جو لکڑی کی سطح کو شفاف بنانے کے لیے پھیرا جائے، وارنش. ۳. (چہرے وغیرہ کی) ہلکی ہلکی چمک اور نرماہٹ، آب و تاب، رونق، شادابی، نکھار (رنگ کے ساتھ مستعمل). [ف].

روغنِ قاز امذ. قاز یعنی راج ہنس کی چربی جو نہایت آب دار اور چکنی ہوتی ہے؛ (مجازاً) چکنی چپڑی یا مکاری کی باتیں.

روغن قاز مَلنا محاورہ. بہلانا پھسلانا، چکنی چپڑی باتیں کرنا، دھوکا دینا.

روک (۱) (وج) امث.

ا. پابندی، رکاوٹ، ممانعت. ۲. حملے کا بچاؤ، کاٹ، پیچ. ۳. علاج، تدبیر. ۴. چھپر یا بانس وغیرہ کی جالی جس پر بیل چڑھائی جائے. ۵. آبی گزرگاہ کی بندش، رکاوٹ. ۶. رفتار کو ٹھہرانے کا آلہ، قوت کو کم کرنے والا آلہ.

روک تھام امث. ا. کسی انسانی عمل یا رواج وغیرہ کا انسداد، مزاحمت، ممانعت، بندش. ۲. احتیاط، نظم و ضبط. ۳. (بیماری کو) بڑھنے نہ دینے کی تدبیر، پیش بندی. ۴. نصیحت، تنبیہ.

روک تھام کرنا ف مر. ا. (کسی چیز، جیسے: جذبہ، خواہش، کوئی عمل یا بیماری وغیرہ کو) اُبھرنے نہ دینا، دبا دینا، روکنا، کسی کی راہ میں مزاحم ہونا. ۲. انسدادی تدابیر کرنا، بچاؤ کرنا، پیش بندی کر لینا.

روک ٹوک امث.

ا. حد بندی، مزاحمت، ممانعت. ۲. تنبیہ، ہدایت، نکتہ چینی.

روک (۲) (وج) امذ.

نقد روپیہ پیسا، نقدی. [س].

روکَڑ/ روکَڑا (وج، فت ک) امذ؛ امث.

ا. (i) نقد روپیہ پیسا. (ii) سونا چاندی، زیورات؛ دھن دولت. ۲. کوئی چیز جو نقد روپے کے طور پر مستعمل ہو سکے یا نقد روپے میں تبدیل ہو سکے؛ جیسے: ہنڈی وغیرہ. ۳. روکڑ بہی.

روکنا (وج، سک ک) ف م.

ا. (i) کسی فعل یا عمل سے باز رکھنا، منع کرنا. (ii) راستہ روکنا، مزاحمت کرنا، رستہ میں پکڑ لینا. ۲. جانے نہ دینا، ٹھہرانا. ۳. چلتی یا حرکت کرتی ہوئی چیز کو ٹھہرانا، حرکت نہ کرنے دینا. ۴. منع کرنا، بات کاٹنا. ۵. گھیر لینا، قبضہ کرنا. ۶. سنبھالنا، تھامنا (گرتی ہوئی چیز کو). ۷. بند باندھنا، بہاؤ کی بندش کرنا. ۸. (کسی عمل کو کچھ دیر کے لیے) موقوف کرنا، عارضی طور پر روکنا. ۹. بچاؤ کرنا، حفاظتی تدبیر کرنا.

رُوکھا (وج) صف مذ.

ا. خشک، بے رونق، جس میں تری، نرمی یا چکناہٹ نہ ہو. ۲. بغیر چربی کا گوشت یا قیمہ وغیرہ (چکنا کے بالمقابل). ۳. بے لطف، بے کیف. ۴. جس کی طبیعت میں نرمی یا رنگینی نہ ہو، خشک مزاج، اکھڑ.

رُوکھا پھیکا صف مذ. ا. بے مزہ، بے لطف، بے کیف. ۲. بدمزاج، بے مروّت، خشک. ۳. جس شخص کی طبیعت میں رنگینی اور نرمی نہ ہو، خشک مزاج، بدذوق. ۴. سادہ یا معمولی کھانا، کم نمک مرچ کا کھانا.

روکھا جواب امذ. ایسا جواب جس میں بے پروائی کا اظہار ہو، خشک اور سوکھا جواب، صاف انکار.

روکھا سوکھا صف مذ. ۱. معمولی، سادہ کھانا، جو مرغن نہ ہو. ۲. بے کیف، بے لطف، جو دلچسپی یا شگفتگی سے خالی ہو.

روکھا سوکھا کھا کر گزارہ کرنا محاورہ. تنگ دستی کی حالت ہونا، غریبی میں بسر کرنا.

رُوکھی (و مع) صف.
۱. جس میں تری، نرمی یا چکناہٹ نہ ہو. ۲. بے رونق، بدرنگ، خشک.

روگ (و مج) امذ.
۱. (i) بیماری، مرض، آزار. (ii) دُکھ، تکلیف، غم؛ علّت. ۲. کوئی چیز جو خلافِ طبع یا تکلیف دہ ہو، جنجال، وبال، مصیبت. ۳. جھگڑا، فتنہ وفساد. [س].

روگ پالنا محاورہ. ۱. کسی مرض کو بے پروائی سے بڑھنے یا رہنے دینا. ۲. اپنے پیچھے کوئی جھگڑا، جنجال یا مصیبت لگا لینا. ۳. مصیبت مول لینا، آزار میں گرفتار ہونا.

روگ لگانا محاورہ. کوئی مرض، مصیبت یا جنجال پیچھے لگا لینا.

روگ لگ جانا/ لگنا محاورہ. ۱. بیماری کا پیچھے پڑ جانا، بیمار ہونا، مرض لاحق ہو جانا، دائم المریض ہو جانا. ۲. مسائل یا جھگڑوں میں مبتلا ہونا، مصیبت لاحق ہونا. ۳. کوئی ناپسندیدہ عادت پڑ جانا، لت پڑنا.

روگی (و مج) صف؛ امذ.
۱. ایسا شخص جو اکثر بیمار رہتا ہو؛ دائم المریض، بیمار. ۲. (مجازاً) عاشق، مبتلا، فریفتہ. [س].

رُول (و مع) امذ.
۱. قاعدہ، ضابطہ، دستور، آئین، طریقہ. ۲. حکومت، عمل داری، راج. ۳. لکیر جو کاپی، کتاب یا تختی وغیرہ پر کھینچی جائے، سطر. ۴. (i) جدول کش، مسطر، لکیریں کھینچنے کا ڈنڈا. (ii) لکڑی کا چھوٹا ڈنڈا جو اکثر سپاہیوں یا اُستادوں کے پاس مارنے یا ڈرانے کے واسطے ہوتا ہے. [انگ].

رول (۱) (و مج)
رولنا کا امر (تراکیب میں مستعمل).

رول (۲) (و مج) امذ.
۱. رجسٹر، فہرست، ناموں کی فہرست، دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی، مدارج و مناصب کے لیے ملازموں کے نام نمبروار یا ترتیب وار لکھے جاتے ہیں. ۲. بیلن، کوئی اُستوانہ نما چیز جس سے زمین وغیرہ کی سطح ہموار کی جائے، رولر. ۳. لپٹا ہوا بنڈل یا کاغذ کا پلندہ، چونگا. ۴. بیضوی شکل کی بنی ہوئی تہ دار اشیاء، ایک قسم کی چھوٹی ڈبل روٹی، تکیا وغیرہ.
اف: پھیرنا/ کرنا/ ہونا. [انگ].

رول (۳) (و مج) امذ.
۱. کردار؛ (عموماً) ایکٹر کا پارٹ. ۲. کام، کارمنصبی، کارکردگی، فرض.
اف: کرنا/ ہونا. [انگ].

رَولا (و لین) امذ.
۱. شور وغل، غل غپاڑا، اودھم. ۲. طوفان، ہنگامہ. [پ: س].

رولَر (و مج، فت ل) امذ.
۱. سڑک کے پتھر کوٹنے اور ہموار کرنے کی بڑی اور بھاری مشین، (مختلف قسم کا) بیلن. ۲. لان پر سے گھاس کاٹنے اور ہموار کرنے کا آلہ (بیلن). ۳. چھاپنے کی مشین کا وہ بیلن جس کے ذریعہ ایک کاغذ کے چھپنے کے بعد پتھر یا پلیٹ کے حروف کو روشنائی دی جاتی ہے. اف: پھرنا/ پھیرنا. [انگ].

رولنا (و مج، سک ل) ف م.
۱. (i) خاک وغیرہ سے جواہر اُٹھانا، دریا سے موتی نکالنا، چُننا، سمیٹنا، ہاتھ سے موٹا موٹا جدا کر لینا. (ii) پھٹکنا، کسی چیز کے اچھے حصے کو صاف کر کے جدا کرنا، چھانٹنا، انتخاب کرنا. ۲. ملانا؛ (مجازاً) ضائع کرنا، برباد کرنا. [س].

روم (و مج) امذ.
۱. انسان اور جانور کے جسم کے چھوٹے چھوٹے نرم بال، رونگٹا، بال پرندوں کے پروں کے نیچے کے نرم بال. ۲. اون، سنجاب، فلالین مخمل وغیرہ کا رُواں، پودوں کے سخت روئیں؛ کپڑے کی نرم روئیں دار سطح؛ کائی؛ پانی؛ سوراخ. [س].

رُومال (ضم ر، غم و) امذ؛ ~ رُمال.
(دیکھیے رو کی تحتی) ۱. منھ صاف کرنے یا پونچھنے کا دستی کپڑا؛ پسینہ پونچھنے کے لیے ہاتھ میں رکھنے کا کپڑا. ۲. اونی یا سوتی کپڑا جو تکونا اوڑھا جاتا ہے.

رومالی (ضم ر، غم و) امث : ←رمالی.
۱. اوڑھنی، لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا. ۲. میانی کا کپڑا، دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا. ۳. وہ تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش یا لڑنت کے وقت جانگھ سے باندھ لیتے ہیں.

رُومان (و مع) امذ.
۱. (i) معاشقہ، عشق بازی، محبت. (ii) جذباتیت، جذباتی کیفیت، عشقیہ کیفیت. ۲. ادب کی وہ صنف جس میں غیر حقیقی باتیں بیان کی جائیں، عشق و محبت کی داستان، پر تخیل، مبالغہ آمیز، فرضی داستان جو کسی سورما کی مہمات سے متعلق ہو. [انگ].

رُومان پرست صف. حسن پرست، رنگین طبع، تخیلات پرور، خیالی دنیا میں کھویا ہوا، تصورات میں گم، تعشق پسند.

رُومانس (و مع، سک ن) امذ.
دیکھیے : رومان، عشق، محبت کا معاملہ.

رُومانوی (و مع، سک ن) صف.
۱. رومان سے متعلق یا منسوب، عشقیہ یا خیالی. ۲. خیالی، تخیل پرستانہ، مافوق الفطرت.

رومَن (و ج، فت م) (الف) امث.
حروف تہجی جو روما کے قدیم باشندے استعمال کرتے تھے اور معمولی تبدیلی کے ساتھ پورے مغربی یورپ میں اب بھی رائج ہیں نیز انگریزی حروف میں اُردو یا ہندی کی عبارت لکھنا. (ب) صف. قدیم مملکت روما یا باشندوں سے منسوب یا متعلق. [انگ].

رونا (و ج) (الف) ف ل.
۱. (i) کسی رنج دکھ یا تکلیف سے آنسو بہانا. (ii) آہ و فغاں کرنا، واویلا کرنا، نوحہ و ماتم کرنا. ۲. پچھتانا، افسوس کرنا، رنج کرنا. ۳. کسی چیز کی محرومی، محتاجی یا کسی کی موت یا تکلیف وغیرہ پر غم کرنا، ماتم کرنا، آنسو بہانا.

رونا پیٹنا امذ. رونا اور رونے کی حالت میں اپنے جسم کو کوٹنا، واویلا کرنا، ہائے ہائے کرنا، گریہ و زاری کرنا.

رونا (تو) اس/ اسی (بات) کا ہے فقرہ. اسی بات کا تو افسوس ہے.

رونا دھونا ف مر. بہت زیادہ رونا، واویلا کرنا.

رَونْد (ولین، غنہ) امذ.
۱. روندنا کا امر (تراکیب میں مستعمل). ۲. روندنے کا عمل، پامال کرنے کی صفت.

روند ڈالنا ف مر. روند کر مار ڈالنا، پامال کرنا، پاؤں کے تلے کچلنا (مجازاً) تباہ و برباد کر دینا، (کنایۃً) غیر مؤثر بنا دینا.

رَوندْنا (ولین، غنہ، سک د) ف م.
۱. پامال کرنا، پاؤں سے کچلنا؛ (مجازاً) تباہ و برباد کرنا، مٹا دینا. ۲. کھلیان کو پیروں سے کچل کر اناج کے دانے نکالنا، کوٹنا، کچلنا.

رَونَق (ولین، فت ن) امث.
۱. زیبائش، زینت، آرائش. ۲. حسن، خوبی، چمک، تاب، درخشانی، چمک دمک. ۳. (عموماً چہرے کی) تازگی، طراوت، شادابی، رنگ و روپ، خوب صورتی ۴. چہل پہل، لطف، کیفیت.

رونق افروز صف. زیب و زینت بڑھانے والا، جلوہ افروز.

رونق افروز ہونا محاورہ. (کسی بڑے آدمی کا کسی جگہ) قدم رنجہ فرمانا، تشریف لانا.

رونق محفل محاورہ. وہ شخص جو محفل کو پر لطف بنا دے، محفل کی بہار.

رُونکھی (ضم ر، غم و، فت ن، شد کھ) امث.
روہانسی، رونی صورت، رونی آنکھ.

رُونگٹا (و مع، غنہ، سک گ) امذ.
انسانی جسم کے وہ باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں.

رُونگٹے (و مع، غنہ، سک گ) امذ : ج.
رونگٹا کی جمع یا مغیرہ حالت، بال، ریشے (تراکیب میں مستعمل).

رونگٹے کھڑے ہو جانا/ ہونا محاورہ. ڈر، خوف وغیرہ سے، سردی سے یا جھرجھری لینے یا دانت کے نیچے کسی سخت چیز کے یکا یک آجانے سے بدن کے روئیں کھڑے ہونا؛ خوف زدہ ہونا، تھرا جانا، کانپنا، سہم جانا.

رونی (و ج) صف : م ف.
روتی ہوئی، غم زدہ (تراکیب میں مستعمل).

رونی شکل/ صُورَت (الف) امذ. روتی بسورتی صورت، غم زدہ چہرہ. (ب) صف. ایسا شخص جو ہر وقت رنجیدہ سا رہتا ہو، غم زدہ اور پژمردہ چہرے والا.

رُوہانسا (ضم ر، غم و، مغ) صف مذ.
آنسو بھر لانے والا، رونے پر آمادہ، رونے پر تیار.

رُوہانسی (ضم ر، غم و، مغ) است.
آنکھوں میں آنسو بھر لانے والی.

روہو (وج، ومع) است.
مچھلی کی ایک قسم جو زیادہ لمبی نہیں ہوتی، منھ اس کا چھوٹا اور جس پر سفنے ہوتے ہیں. [س].

رُوئی (ومع) است.
بنولا نکالی ہوئی کپاس، بنولے سے پاک کی ہوئی کپاس جسے دھن بھی لیا گیا ہو، دھنی ہوئی روئی.

روئی کا گالا اند. ۱. دھنکی ہوئی روئی کے ٹکڑے، اجزا. ۲. نہایت سفید اور نرم و نازک ملائم چیز.

روئی کی طرح دھننا محاورہ. پرزے پرزے اڑانا، بہت مارنا پیٹنا.

رُوئیداد (ومع، یج) است.
سرگزشت، داستان، واقعہ، حکایت.

رُوئیدگی (ومع، یمع، فت د) است.
اُگنے یا اُگانے کا عمل یا قوت نمو، بالیدگی.

رُوئیں (ضم ر، غم و، یج) اند.
رواں کی حالت مغیرہ یا جمع (تراکیب میں مستعمل).

روئیں دار صف. وہ چیز جس پر رواں ہو.

رُویَت (ومع، فت ی) است.
۱. نظر آنا، نظارہ، دیدار، جاننا. ۲. (تصوف) حق کو خلق کے لباس میں دیکھنا، کیونکہ وجود حقیقی اللہ تعالیٰ ہے جو اپنے صفات اور اسما کے ساتھ ظاہر ہے، لہٰذا ان تعینات وتشبیہات کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کو دیکھنا ہوا.

رَوِیّہ (فت ر، کس و، شدی بفت) اند.
طریقہ، دستور، چال چلن، رسم و رواج، برتاؤ، ڈھنگ.

رَہ (۱) (فت ر) است.
رستہ، گزرگاہ.

رہ زن اند. راہ میں لوٹنے والا، ڈاکو.

رَہ (۲) (فت خف ر).
رہنا کا امر؛ تراکیب میں مستعمل.

رہ جانا ف مر: محاورہ. ۱. کچھ نہ کر سکنا، ایک حالت پر ٹھہر جانا، باقی بچ جانا. ۲. پیچھے رہ جانا، ہار جانا، ساتھ نہ چل سکنا. ۳. ناتمام رہنا، نامکمل رہنا، باقی بچنا، چھوٹ جانا، بھول جانا، چوک جانا. ۴. کسی عضو کا سست یا بیکار ہونا، شل ہو جانا، بیکار ہو جانا، کسی کام سے معذور ہو جانا.

رہ رہ کر / کے م ف. ٹھہر ٹھہر کے، بار بار، وقفے وقفے سے.

رَہا (فت ر) صف مذ.
۱. رہنا کا ماضی (تراکیب میں مستعمل). ۲. (بطور فقرہ) جہاں تک تعلق ہے؛ اب باقی رہا.

رہا سہا صف مذ. باقی، بچا ہوا، بچا کھچا.

رِہا (کس خف ر) صف.
(کسی مصیبت یا قید وغیرہ سے) چھوٹا ہوا، نجات یافتہ، آزاد.

رہا کرنا محاورہ. قید سے آزاد کرنا، کسی الجھی یا اٹکی ہوئی چیز کو نکالنا، چھڑانا.

رَہائش (فت خف ر، کس ء) است.
رہن سہن، بود و باش، قیام، سکونت.

رہائش گاہ است. قیام گاہ، ٹھہرنے کی جگہ.

رَہائشی (فت خف ر، کس ء) صف.
رہنے یا قیام کرنے کا.

رِہائی (کس ر) است.
قید سے چھٹکارا، چھٹی، نجات، آزادی؛ فرصت، فراغت.

رَہبانِیَّت (فت نیز ضم ر، سک ہ، کس ن، شدی بفت) است.
راہبوں کا طریق زندگی، راہب ہونے کی حالت، ترک دنیا، ترک لذت.

رَہبر (فت ر، سک ہ، فت ب) صف.
رہنمائی کرنے والا، راستہ دکھانے والا، رہنما.

رَہبری (فت ر، سک ہ، فت ب) است.
رہنمائی، ہدایت.

رَہٹ (فت خف ر، ہ) اند.
(کاشت کاری) وہ چرخ جس کے ذریعے سے کنویں کے اندر سے پانی نکالتے ہیں. [س].

رَہْرَو (فت ج ر، سک ہ، ولین) صف.
راہ رو، مسافر، رہ گیر.

رَہْزَن (فت ج ر، سک ہ، فت ز) اند.
لوٹنے والا، چھیننے والا، برسرِ عام چوری کرنے والا.

رَہْزَنی (فت ر، سک ہ، فت ز) است.
لوٹ مار کی واردات.

رَہْن (فت خف ر، ہ نیز سک ہ) اند.
رہائش؛ دستور، قاعدہ.

رہن سہن اند. روزانہ زندگی گزارنے کا طور، ڈھنگ، معاشرت، طرز بود و باش.

رِہْن (کس خف ر، سک ہ) اند.
ا. وہ قرضہ جو کوئی چیز بطور ضمانت رکھوا کر لیا جائے، گرو رکھنا، گرو کرنا. ۲. یرغمال، ضمانت کے طور پر. [ع].

رہن رکھنا ف مر؛ محاورہ. گروی رکھنا، رہن کرنا.

رَہْنا (فت خف ر، سک ہ) ف ل.
ا. (i) (عارضی طور پر) قیام کرنا، ٹھہرنا. (ii) (مستقل طور پر) بسنا، آباد ہونا. (iii) زندگی بسر کرنا، گزارنا. ۲. چھوٹ جانا، نظر سے بچ جانا، پورا نہ ہونا.

رَہْنُما (فت ج ر، سک ہ، ضم ن) صف؛ ~ رہ نما.
راستہ دکھانے والا، رہبر.

رَہْنُمائی (فت ر، سک ہ، ضم ن) است؛ ~ رہ نمائی.
راہ نمائی، رہبری، ہدایت.

رَہنے (فت خف ر، سک ہ) ف ل.
رہنا کی مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

رہنے دینا محاورہ. ا. قائم رکھنا، باقی رکھنا. ۲. چھوڑ دینا، موقوف رکھنا، اُٹھا رکھنا.

رہنے کو جھونپڑے نہیں خواب دیکھے محلوں کے کہاوت. جھونپڑا میسر آتا نہیں دل میں خیال محلوں کا اُبھرا ہوا ہے، مفلسی میں اُمنگ تونگری ہے.

رَہُو (فت ر، و مع) اند.
دیکھیے روہو.

رَہوانا (فت ج ر، سک ہ) م ف.
نوک دار چھینی سے (عموماً سل وغیرہ) کسی پتھر میں ہلکے ہلکے دانت/ دندانے یا ریکھیں (ریخیں) ڈالنا اور اسے کھردرا کر دینا، نشان کھدوانا، چھیدنا، ریکھنا.

رَہے (فت ر).
رہا کی مغیرہ حالت؛ تراکیب میں مستعمل.

رہے تو آپ سے نہ رہے تو سگے (اس کے) باپ سے کہاوت. عورت اگر بدکاری پر آئے تو اسے کوئی نہیں روک سکتا.

رَہِین (فت ر، ی مع) اند.
ا. گروی رکھی ہوئی شے، مرہون. ۲. ممنون، احسان مند، تابع، ماتحت. [ع].

رَہِین (فت ر، ی مع) اند.
ا. گرو رکھی ہوئی شے، مرہون. ۲. ممنون، احسان مند، تابع، ماتحت. ۳. گھرا ہوا، وابستہ. [ع].

رُؤَسا (ضم ر، فت ء) اند؛ ج.
سردار، سالار، فرمانروا.

رَؤُف (فت ر، و مع) صف.
(خصوصاً خدا کی صفت) مہربانی یا شفقت کرنے والا، بہت مہربان. [ع].

روف الرحیم صف. بہت زیادہ شفقت کرنے والا، مراد: خداوندتعالیٰ.

رَئی (فت ر) است.
دودھ متھنے کا آلہ، بلونی. [س].

رَئِیس (فت ر، ی مع) صف؛ اند.
ا. سردار، فرماں روا، مالک، حاکم. ۲. دولت مند، پیسے والا، امیر. [ع].

رَئِیسانَہ (فت ر، ی مع، فت ن) صف؛ م ف.
امیرانہ، امیروں کی طرح کا، جس سے امیری ظاہر ہو.

رَئِیسَہ (فت ر، ی مع، فت س) است.
امیرزادی، نواب زادی.

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

رے (۱) (ی مج) مذ حرف ندا.
اللہ رے، اف رے. [س].

رے (۲) (ی مج) است.
حرف "ر" کا اُردو تلفظ.

رِیا (کس ر) امذ.
ا.جھوٹی نمود و نمائش، ظاہر داری، محض تصنع، کوری بناوٹ .۲.جھوٹ، مکاری. [ع].

ریاکار صف. مکار، عیار، زمانہ ساز، فریبی.

ریاکاری کرنا محاورہ. مکاری کرنا، جھوٹی نمود و نمائش کرنا، ظاہرداری برتنا.

رِیاح (کس ر) است؛ امذ؛ ج.
ا. ہوائیں .۲. وہ بادی مادہ جو جسم کے کسی حصہ خصوصاً پیٹ میں گردش کرتا ہے اور ریاحی تکلیف پیدا کرتا ہے، اپھرا، نفخ .۳.مقعد سے ہوا کا اخراج، بدبودار پاد، ہوا کا مقعد سے نکلنا.

رِیاحی (کس ر) صف.
ریاح یا ریح سے متعلق یا منسوب، جسم کے اندر عملِ تبخیر سے ہونے والی ہوا سے منسوب.

رِیاست (کس ر، فت س) است.
ا.(i) حکومت، راج، بادشاہت، سرداری، عمل داری. (ii) حکومت، امیری یا سرداری کی شان یا خو بو .۲.کسی ملک کا کوئی علاقہ یا حصہ جس میں کسی نواب یا رئیس کی مطلقاً یا بڑی حد تک خودمختار حکومت ہو.
۳.(سیاسیات) مملکت. [ع].

ریاست بے سیاست نہیں ہوتی کہاوت. حکومت رعب اور جزا و سزا اور مناسب انتظام کے بغیر ممکن نہیں؛ حکومت کے لیے انتظام کی قابلیت ضروری ہے.

رِیاض (۱) (کس ر) امذ؛ ج.
(اُردو میں بطور واحد مستعمل). باغ، چمن.

رِیاض (۲) (کس ر) امذ.
مسلسل محنت، مشقت، کسی فن کو سیکھنے کی مشق. [ع].

رِیاضت (کس ر، فت ض) است.
ا.محنت مشقت .۲.نفس کشی، زہد؛ یادِ الٰہی میں لگاتار مشغولیت.
۳. ورزش .۴.مزدوری، دیدہ ریزی، پیشہ وری. [ع].

رِیاضی (کس ر) است.
عدد اور مساحت کا علم جس میں مقدار یا حجم یا ان کے ماپ حساب، نجوم، موسیقی، جبر و مقابلہ، جرِاثقال اور ہندسہ وغیرہ پر بحث ہوتی ہے.

ریاضی داں امذ. علمِ ریاضی کا جاننے والا، ریاضی کا ماہر.

رِیال (کس ر) امذ.
بعض مسلم ممالک کا چاندی کا سکہ، سعودی عرب کا سکہ. [ع].

رِیّان (کس ر، شدی) صف؛ امذ.
ا.جس کی پیاس بجھ چکی ہو، سیراب، شاداب؛ تر و تازہ .۲.جنت کے ایک دروازے کا نام جس سے روزہ دار داخل ہوں گے. [ع].

رِیت (ی مع) است.
ا.چلن، دستور، طور طریق، قاعدہ .۲.رسم و رواج .۳.مذہبی رسم و رواج، رہن سہن کے آداب، مختلف رسومات. [س].

ریت (ی مج) است؛ امذ.
ا.(i) درردری اور خشک مٹی، دانے دار مٹی جو پتھروں کے گھسنے سے بنتی ہے، بالو، ریگستانی مٹی، ریگ. (ii) عمارتی تعمیرات میں استعمال ہونے والی موٹی مٹی، بجری .۲.وہ گاد جو مثانہ یا گردے وغیرہ میں پیدا ہو جائے جو گردوں کے خراب ہو جانے کی علامت ہے. [س].

ریتنا (ی مج، سک ت) ف م.
(سطح ہموار کرنے کے لیے) ریتی یا ریگ مال گھسنا، رگڑنا.

ریتی (ی مج) است.
ا.بالو، ریت جو دریا کے کنارے یا میدان میں جمع ہو جائے، بجری.
۲.ساحل، دریا کا ریتیلا کنارہ.

ریتیلا (ی مج، ی مع) صف مذ.
ریت دار، نرم، بھربھرا، وہ جس میں ریت ہو، کرکرا.

ریٹائرڈ (ی مج، کس ء، سک ر) صف.
مدت معینہ کے بعد، عہدہ یا ملازمت سے سبک دوش شدہ. [انگ]

رِیٹائرمنٹ (ی مع، کس ء، سک ر، کس مج م، فتہ) امذ؛ است.

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مغ (مغنونہ)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

کی منصب یا ملازمت سے سبک دوشی، ریٹائر ہونے کا عمل، کنارہ کشی، گوشہ نشینی۔ [انگ].

ریتھا (ی مع) اند.

ایک جھاڑی کا گول زرد، ملگجا پھل جو چھالیہ کے بہ قدر بڑا ہوتا ہے توڑنے پر اندر سے سیاہ گٹھلی نکلتی ہے، اس کے چھلکے سے سفید لیس دار مادہ نکلتا ہے جو اُونی کپڑوں زیورات اور سر دھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے، بطور دوا بھی مستعمل ہے۔ [س].

ریجھنا (ی مع، سک جھ) ف ل.

فریفتہ ہو جانا، گرویدہ ہونا، عاشق ہونا، نہایت پسند ہونا.

ریچھ (ی مع) اند.

۱. ایک جنگلی جانور جس کے بدن پر سیاہ بھورے اور سفید بہت لمبے بال ہوتے ہیں. ۲. (مجازاً) جواریوں اور سٹہ بازوں کی اصطلاح میں جو بازی بد کے سرمایہ دینا منظور کرے. [س].

ریچھنی (ی مع، سک چھ) است.

۱. ریچھ کی مادہ. ۲. (مجازاً) بدڈول، بے ہنگم عورت.

ریح (ی مع) است.

۱. ہوا، باد، پون؛ جھکڑ. ۲. گندی ہوا جو پیٹ میں پیدا ہوتی ہے اور مقعد سے خارج ہوتی ہے، پاد، معدہ کی ہوا، گوز. [ع].

رَیحان (ی لین) اند.

ہر خوش بو دار پودا جس کے پتوں اور چھوٹے چھوٹے پھولوں سے خوشبو آتی ہے، بیج، شربت اور دوا میں استعمال ہوتے ہیں، تخمِ بالنگا. [ع].

رَیحانَہ (ی لین، فت ن) صف؛ است.

خوش بو، تلسی یا ناز بو کی خوشبو؛ (مجازاً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کو ریحانتین کہا.

ریخ (ی ج) است.

۱. شگاف، دراڑ. ۲. دانتوں کے بیچ کا گوشت یا دانتوں کے درمیان کا خلا. ۳. جڑ، بنیاد، بیخ. ۴. کدورت، عناد، رنجش؛ شکست. [ف].

ریخت (ی ج، سک خ) است.

ٹوٹ پھوٹ، قلع قمع، ردو بدل (شکست کے ساتھ مستعمل). [ف].

ریختگی (ی ج، سک خ، فت ت) است.

ٹوٹ پھوٹ کا عمل؛ کسی شے کا وہ حصہ جو ٹوٹ کر الگ ہو گیا ہو.

ریختَہ (ی ج، سک خ، فت ت) (الف) صف.

۱. جھڑا ہوا یا گرا ہوا، گرا پڑا، ڈھیا ہوا؛ ٹوٹا پھوٹا، شکستہ. ۲. مختلف اجزا کو ملا کر یا جوڑ کر بنایا ہو، مخلوط، آمیختہ. (ب) اند. ۱. اُردو زبان کا پرانا نام، جو مختلف زبانوں کا مرکب ہے. ۲. دو زبانوں کا مخلوط کلام جیسے ایک مصرع یا ٹکڑا فارسی کا ہو دوسرا اُردو یا برج بھاشا کا نیز اُردو غزل یا شاعری کے لیے مستعمل. [ف].

ریختی (ی ج، سک خ) است.

ایسی اُردو نظم یا شاعری جس میں عورتوں کے جذبات عورتوں کی مخصوص بول چال میں ادا کیے جائیں، عورتوں کی زبان میں نظم.

ریڈار (ی ج) اند.

ریڈیائی لہروں کی مدد سے ہوائی جہاز وغیرہ کی موجودگی کا پتا چلانے والا ایک آلہ نیز نظام. [انگ].

ریڈی (ی ج) صف.

آمادہ، تیار، مکمل، تیار شدہ؛ (مجازاً) خبردار کرنے کے لیے ایک کلمہ کہ آمادہ رہو. [انگ].

ریڈی میڈ اند. تیار شدہ، بنا بنایا، سلے سلائے. [انگ].

ریڈی ایٹر اند. موٹر کار وغیرہ کے انجن کو ٹھنڈا رکھنے والا حصہ یا آلہ جس میں پانی گردش کرتا رہتا ہے. [انگ].

ریڈی ایشن اند؛ است. (طبیعیات) شعاعِ حرارت. [انگ].

ریڈیائی (ی ج، کس ڈ) صف.

ریڈیو سے متعلق یا منسوب؛ لاسلکی نظام مواصلات، فضائی لہروں کے ذریعہ پیغام رسانی.

ریڈیَم (ی ج نیز مع، سک ڈ، فت ی) است.

ایک تابکار دھات (جسے مادام کیوری نے اس صدی کے اوائل میں دریافت کیا تھا) اس کا ذرہ سالہا سال تک گرمی اور روشنی خارج کرتا

اور مسلسل سیسے میں تبدیل ہوتا رہتا ہے (سرطان کے علاج میں مستعمل). [انگ].

ریڈیو (ی مج ، سک ڈ ، و مج) اند.
ایک لاسلکی آلہ جو کسی نشرگاہ سے نشر ہونے والی آواز کی لہروں کو فضا سے موصول کرتا اور دوبارہ اُجاگر کر کے سناتا ہے (پیغام رسانی کے کام بھی آتا ہے) ریڈیو سیٹ، نشری آلہ، ریڈیو رسیور. [انگ].

رِیڑھ (ی مع) است.
۱. پیٹھ کے بیچ کی عمودی ہڈی جو سر کے نیچے سے شروع ہو کر دمچی پر ختم ہوتی ہے جس میں تینتیس مہرے یا منکے ہوتے ہیں ، صلب . ۲. (مجازاً) مرکز ، جان ، اساس ، مرکزی حیثیت کا حامل . [س].

ریڑھ کی ہڈی است. ۱. پیٹھ کے بیچ کی عمودی ہڈی جو سر کے نیچے سے شروع ہو کر دمچی پر ختم ہوتی ہے.

ریڑھ (ی مج) است.
بربادی ، ستیاناس . [س].

ریڑھ لگنا محاورہ. ستیاناس ہونا ، بربادی ہونا ، خرابی ہونا .

ریڑھا (ی مج) اند.
سامان ڈھونے کی ہاتھ سے کھینچے والی گاڑی ، چھکڑا ، بڑا ٹھیلا.

ریڑھی (ی مج) است .
ریڑھے سے چھوٹی کھینچے والی گاڑی.

ریز (ی مج) صف.
۱. مرکبات میں جزوِ آخر (لاحقہ) کے طور پر مستعمل ، گرانے والا ، ٹپکانے یا بہانے والا ، بکھیرنے والا ، وغیرہ ؛ (جیسے : عرق ریز ، گل ریز ، خون ریز ، دیدہ ریز ، رنگ ریز وغیرہ) . ۲. افراط ، بہتات ، کثرت . [ف].

ریزَر (ی مج ، فت ز) اند.
اُسترا یا اُسترے کی طرح کا بلیڈ جس سے ڈاڑھی مونچھ وغیرہ کے بال مونڈتے ہیں. [انگ].

ریزِش (ی مج ، کس ز) است .
۱. جسم سے رقیق یا سیال فاسد مادّے کا بہاؤ ۲. بہنے والا مادہ ، سیال چیز ، رقیق شے ، مائع . ۳. زکام یا نزلے کا بہنا . [ف].

ریزگاری (ی مج ، سک ز) است.
دھات کے سکے جو روپے سے قیمت میں کم ہوں ، جیسے ، اٹھنی ، چونی ، پچاس ، پچیس اور دس پیسے والا سکہ یا پیسہ وغیرہ ، چلّر ، چھٹا . [ف].

ریزَہ (ی مج ، فت ز) (الف) اند.
۱. کسی ٹھوس شے جیسے پتھر، شیشے یا کوئلہ وغیرہ کا چھوٹا ٹکڑا ، ذرہ . ۲. چھوٹا ٹکڑا ، حصہ یا جز ، کرچی ، کرچ .

ریزہ چیں صف : اند. نوالہ چننے والا ، روٹی کا ٹکڑا کھانے والا ؛ (مجازاً) مستفید، نمک خوار ، طفیلی.

ریزہ ریزہ م ف. ذرہ ذرہ ، پاش پاش ، چکنا چور ، الگ الگ .

رِیس (ی مج) اند.
۱. کاروں یا گھوڑوں کی دوڑ . ۲. ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کا عمل ، مسابقت . [انگ].

ریس کورس اند. گھوڑ دوڑ کا میدان جہاں لوگ گھوڑوں پہ شرطیں باندھتے ہیں .

ریسْتوران (ی مج ، سک س ، و معد) اند.
ہوٹل ، طعام خانہ ، چائے خانہ . [فر].

ریسْٹ (ی مج ، سک س) اند.
آرام ، راحت (تراکیب میں مستعمل) . [انگ].

ریسٹ ہاؤس اند. کسی مقام پر قیام کرنے کا سرکاری ٹھکانا .

ریسَرْچ (ی مع ، فت س ، سک ر) است .
علمی تحقیق ، تلاش ، چھان بین . [انگ].

رِیش (ی مع) است.
داڑھی . [ف].

ریشَم (ی مج ، فت ش) اند.
ایک کیڑے کے منھ کے لعاب کا تار جو نہایت مضبوط نرم اور چکنا ہوتا ہے یہ عموماً ریشمی کپڑا بنانے کے کام آتا ہے، کوئے سے بنا ہوا ریشہ ، ابریشم ؛ ریشمی کپڑا.

ریشم کا کیڑا اند. چھوٹا کیڑا جو شہتوت کے درخت پر پالا جاتا ہے اس کے لعاب دہن سے ریشم کا تار حاصل کیا جاتا ہے .

ریشمی (ی ج ، فت نیز سک ش) صف .
ریشم سے منسوب ، ریشم کا یا ریشم سے بنا ہوا .

ریشہ (ی ج ، فت ش) اند .
۱. گوشت ، پٹھے ، سوت یا کپڑے وغیرہ کا جھوتر ، پھونسڑا یا باریک تار . ۲. آم کے پھل کے گودے کا باریک تار یا تس ، پھلوں میں پائے جانے والے تار . [ف] .

ریشہ خطمی صف ، مث . ۱. خطمی (گل خیرو) کی جڑ جو دواءً استعمال کی جاتی ہے . ۲. (کنایۃً) بہت ہنسنے والا ، خوش ؛ جلدی ریجھ جانے والا .

ریشہ دوانی مث . ۱. دوڑ دھوپ ، پوشیدہ کوشش . ۲. ایسی سازش یا کارروائی جو فساد یا شرارت کے لیے ہو ، شرارت ؛ فساد ڈالنا ، فتنہ انگیزی .

ریفرینڈم (کس ر ، فم ی ، سک ف ، ی لین ، سک ن ، فت ڈ) اند .
(سیاست) وہ نظام جس کے ذریعے کسی خاص مسئلہ میں کسی مقام کے رائے دہندوں کی رائے معلوم کی جاتی ہے ، استصواب ، استصواب عمومی ، شورائے عام . [انگ] .

ریک (ی لین) اند .
خانے دار الماری . [انگ] .

ریکارڈ (کس ر ، فم ی ، سک ر) اند .
۱. تحریری روداد ، اندراج ، دستاویز ، کاغذات ، مسل . ۲. گراموفون کا توا جس میں آواز بھری ہوتی ہے ، گراموفون کی پلیٹ یا تھالی . [انگ] .

ریکارڈ توڑ دینا / توڑنا محاورہ . اپنے پچھلوں سے سبقت لے جانا ؛ کسی فن یا کام میں سابقہ کارنامے سے آگے بڑھ جانا ، پہلی مثالوں کو توڑ کر نئی مثال قائم کرنا .

ریکٹ (ی لین ، کس ک) اند .
ٹینس اور بیڈمنٹن کھیلنے کا بلّا . [انگ] .

ریکسین (ی لین ، سک ک ، ی مع) اند .
ایک قسم کا مصنوعی چمڑا . [انگ] .

ریکھ (ی ج) مث .
۱. لکیر ، دھاری ، مونچھ کا بال ، مونچھ . ۲. (کنایۃً) حیثیت ، ذمہ داری .

ریکھا (ی ج) مث .
۱. لکیر ، خط ، نقش ، دھاری ، تحریر . ۲. ہتھیلیوں پر بنی ہوئی قدرتی لکیریں جنھیں دست شناس قسمت کی لکیریں کہتے ہیں . [س] .

ریگ (ی ج) مث .
ریت ، بالو . [ف] .

ریگ رواں مث . وہ چمک دار ریت جس میں جب ہوا چلتی ہے تو پانی کی طرح لہریں اٹھتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں کیونکہ ریت ہوا کے ساتھ اپنی جگہ بدلتی رہتی ہے ، اڑنے والی ریت ، سراب .

ریگ زار / ریگزار اند . ریگستان ، ریتیلا میدان ، صحرا .

ریگ مال اند . موٹا کھردرا کاغذ جس پر پسا ہوا شیشہ جما ہوتا ہے اور جس سے لکڑی یا کوئی اور دھات صاف کی جاتی ہے .

ریگزین (ی لین ، سک گ ، ی مع) مث .
دیکھیے : ریکسین ، مصنوعی چمڑا صوفوں اور کتابوں کی جلد پر چڑھایا جاتا ہے .

ریگستان (ی ج ، کس گ ، سک س) اند .
جہاں دور دور تک ریت ہی ریت ہو ، ریتیلا میدان ، صحرا .

ریل (ی مع) مث ؛ اند .
۱. تار یا تاگا لپیٹنے کی بیلن نما بنی ہوئی چوبی پھرکی ، گٹی . ۲. فلم کی ایک پٹی جسے ایک ریل یا چرخی پر چڑھا کر چلایا جاتا ہے . [انگ] .

ریل (۱) (ی ج) مث .
۱. لوہے کی متوازی پٹریاں جن پر ٹرین چلتی ہے . ۲. ٹرین ، ریل گاڑی . ۳. سلاخوں کی قطار یا سلسلہ ، جنگلہ . [انگ] .

ریل (۲) (ی ج) مث .
۱. کثرت ، انبوہ ، افراط ، ہجوم . [س] .

ریل پیل مث . ۱. کثرت ، بہتات ، زیادتی . ۲. بھیڑ ، مجمع .

ریلا (ی ج) اند .
۱. (کنایۃً) لوگوں کا یا کسی اور چیز کا انبوہ ، ہجوم ، بھیڑ . ۲. پانی کا دھارا ، رو ، سیلاب . ۳. بہاؤ ؛ بہاؤ کی طرف پانی کا زور .

ریلنگ (ی ج ، کس ل ، غنہ) مث .
کٹہرا جنگلا ، جس میں لوہے کی سلاخیں لگی ہوں . [انگ] .

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، مث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

ریلوے (ی مج، سک ل) اند.
۱. ریل کا محکمہ یا دفتر. ۲. ریل کی آہنی پٹری کا متوازی سلسلہ جس پر مال گاڑی اور مسافر گاڑیاں چلتی ہیں، ریل گاڑیوں اور پٹریوں وغیرہ کا پورا انتظام. [انگ].

ریلوے اسٹیشن اند. وہ جگہ جہاں ریل گاڑیاں رکتی ہیں اور جاتی ہیں. [انگ].

ریلی (ی لین) است.
فوج یا اسکاؤٹوں کا اجتماع، ہم خیال لوگوں کا بڑا اجتماع، کسی باعمل جماعت کا مشقوں کے لیے اجتماع مثلاً اسپورٹس ریلی. [انگ].

رِیمانڈ (ی مع، غنہ) اند.
مزید تفتیش تک حوالات میں رکھنا، حراست مزید، ملزم کی واپسی حراست پولیس یا جیل میں. [انگ].

رَین (ی لین) است.
رات، دن کا متضاد، شب، لیل. [انگ].

رینٹ/ رینٹھ (ی مج، غنہ) است: اند.
وہ غلیظ مادہ جو ناک کے ذریعے بہتا ہے، وہ گاڑھی رطوبت جو ناک سے نکلتی ہے. [س].

رینجَر (ی مج، سک ن، فت ج) است.
سوار (سوار فوج)، کسی علاقے کی حفاظت کے لیے متعین کردہ فوجی جو اکثر تیز رفتار گاڑیوں پر نقل و حرکت کرتے ہیں. [انگ].

رِینْدھنا (ی مع، غنہ، سک دھ) ف ل.
کھانا تیار کرنا، کسی چیز کو پکانا، اُبالنا. [س].

ریں ریں (ی مج مغ، ی مج) است.
بچوں کے رونے کی آواز. [حکایت الصوت].

رَینک (ی لین، غنہ) اند.
عہدہ، منصب، مرتبہ، درجہ. [انگ].

رِینگنا (ی مع، غنہ، سک گ) ف ل.
۱. زمین پر پیٹ کے بل گھسٹ کر چلنے والے جانور اور کیڑے مکوڑے، چیونٹی، جوں وغیرہ کا چلنا. ۲. آہستہ آہستہ چلنا. [س].

رِیوالْوَر (کس ر، ضم ی، سک ل، فت و) اند.
ایک قسم کا پستول جس میں چرخی لگی ہوتی ہے اور جس سے ایک دفعہ میں کئی گولیاں پے درپے چھوڑی جا سکتی ہیں. [انگ].

ریوَڑ (ی مج، فت و) اند.
جانوروں (عموماً بھیڑ بکریوں کا) کا گلہ، غول، جھنڈ. [س].

ریوْڑی (ی مج، سک و) است.
گڑ یا شکر کی تل چڑھائی ہوئی میٹھی گولیاں، ایک شیرینی. [س].

رِیہَرْسَل (ی مع، فت ہ، سک ر، فت س) اند: است.
کسی ڈرامے، تماشے، قواعد یا کسی اور مشغلے کے مظاہرے سے پہلے کی جانے والی مشق، دہراؤ، تکرار، اعادہ. [انگ].

رھ است.
بہ اعتبار صوت اُردو حروف تہجی کا چوبیسواں حرف جو تحریر میں ھ کی شمولیت کی وجہ سے ر کی ہائیہ آواز کہلاتا ہے، یہ عموماً الفاظ کے درمیان میں استعمال ہوتا ہے (جیسے: تیرھواں، اٹھارھواں وغیرہ میں).

ڑ (ڑے) است.
صوتی اعتبار سے اُردو کا پچیسواں حرف. اس کا تلفظ "ڑے" ہے. ڑے کی آواز جنوبی ہند کی قدیم ترین آوازوں میں ہے اور دراوڑی النسل ہے.

ڑھ (ڑھے) است.
صوتی اعتبار سے اُردو کا چھبیسواں حرف ہے، اس کا تلفظ "ڑھے" ہے تحریر میں "ھ" کی شمولیت کی وجہ سے ڑ کی ہائیہ شکل کہلاتا ہے (جیسے گڑھ اور بوڑھا وغیرہ میں).

ز

ز (زے) است.
صوتی اعتبار سے اُردو کا ستائیسواں حرف ہے. حساب جمل میں اس کے سات عدد ہیں.

زا صف.
۱. پیدا کرنے والا (مرکبات میں بطور جزو آخر مستعمل). ۲. پیدا شدہ زائیدہ. [ف].

زاد (۱) صف.
جنا ہوا، اولاد، پیدا کردہ (تراکیب میں مستعمل) جیسے: آدم زاد. [ف].

زاد (۲) مذ.
راہ کا توشہ. [ع].

زادِ راہ/ سفر مث: مذ. راہ کا خرچ.

زادہ (فت د) صف.
جنا ہوا، اولاد (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل). [ف].

زادی (فت د) صف مث.
جنی، جنی ہوئی (مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل). [ف].

زار (۱) (الف) م ف.
رونے والا، روتا ہوا. (ب) صف. ۱. مصیبت یا غم کا مارا، غمگین، عاشق کے لیے بھی مستعمل. ۲. بہت زیادہ (عموماً مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل). (ج) مذ. جگہ جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جائے (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل). [ف].

زار زار م ف. بہت زور یا تیزی سے، پھوٹ پھوٹ کر.

زار و قطار رونا محاورہ. بے تحاشا رونا، پھوٹ پھوٹ کر رونا.

زار (۲) مذ.
فرماں روا (قدیم شاہان روس کا لقب). [روسی].

زاری مث.
گریہ و بکا، آہ و فریاد. [ف].

زاغ مذ.
کوا، کاگ. [ف].

زال صف.
۱. بوڑھا، سفید بالوں والا. ۲. بوڑھی، بڑھیا. [ف].

زانُو مذ.
۱. گھٹنا، گھٹنے کے اُوپر کی ہڈی (چپنی کی ہڈی). ۲. ران، ٹانگ کا گھٹنے سے اُوپر کا حصہ. ۳. پہلو. [ف].

زانوے ادب/ تلمّذ/ تہ کرنا محاورہ. ۱. مؤدب بیٹھنا. ۲. شاگردی اختیار کرنا، حلقۂ درس میں بیٹھنا.

زانی صف مذ.
بدکار مرد، زنا کرنے والا. [ع].

زانِیَہ (کس ن، فت ی) صف مث.
زنا کار عورت، چھنال، فاحشہ. [ع].

زاوِیَہ (کس و، فت ی) مذ.
۱. کونا، گوشہ. ۲. (اقلیدس) کونا جو دو خطِ مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے پیدا ہو. ۳. (مجازاً) نظریہ، اندازِ فکر. [ع].

زاوِیۂ قائمہ مذ. ایک خطِ مستقیم پر دوسرا خطِ مستقیم بالکل سیدھا کھڑا کرنے سے اُس کے پہلوؤں میں جو برابر زاویے پیدا ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک زاویہ، ۹۰ درجے کا زاویہ.

زاوِیۂ نظر مذ. سوچنے کا انداز، طرزِ فکر، نقطۂ نظر.

زاہِد (کس ہ) صف: مذ.
دنیا کی خواہش اور رغبت چھوڑ دینے والا، پرہیزگار، عابد، متقی. [ع].

زاہدِ خشک صف: مذ. زاہد جو ظاہری باتوں کا سختی سے پابند ہو مگر اس کا دل عشقِ الٰہی سے بے بہرہ اور روحانیت سے محروم ہو؛ ریاکار، منافق.

زائچہ/ زایِچہ (کس ئ، فت چ/ کس مج ی، فت چ) مذ.
کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں جس میں ولادت کی تاریخ اور وقت وغیرہ درج کرتے ہیں اور اس وقت مختلف سیّارے جہاں جہاں ہوتے ہیں وہ ایک نقش میں لکھے جاتے ہیں، جنم کنڈلی. [ف].

زائِد/ زایِد (کس ء/ی) صف.
۱. زیادہ، بڑھا ہوا، اصل پر اضافہ شدہ. ۲. فالتو. [ع].

زائد/ زاید المیعاد صف. شے یا معاملہ جس کی میعاد گزر چکی ہو، میعاد گزر جانے کے باعث غیر مؤثر یا بے فائدہ.

زائِر (کس ء) صف.
زیارت کرنے والا، زیارت کو جانے والا، مسافر، سیاح. [ع].

زائِرِین (کس ء، ی مع) صف: ج.
زیارت کرنے والے، مسافر، سیاحت کرنے والے. [ع].

زائِل (کس ء) صف.
دُور ہونے والا، مٹ جانے والا، معدوم ہونے والا. [ع].

زائیدَہ (ی مع ، فت د) (الف) صف .
پیدا کیا ہوا ، جنا ہوا . (ب) اند . پیدا شدہ چیز ، عضو کا زائد حصہ . [ف] .

زُبان (فت نیز ضم ز) است .
ا. منھ کے اندر کا وہ عضو جس میں قوت ذائقہ ہوتی ہے اور جو نطق کا آلہ ہے ، لسان . ۲. بولی جس کے ذریعے انسان تکلم یا تحریر کی صورت میں اپنے خیالات اور جذبات ظاہر کرتا ہے . ۳. بول چال ، روزمرہ . ۴. بات ، قول . [ف] .

زبان بند ہونا محاورہ . ا. چپ ہونا ، خاموش ہونا . ۲. قوت گویائی سلب ہونا . ۳. جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا . ۴. مر جانا ، موت آنا .

زبان بندی است . ا. خاموش کرنا ، بولنے پر پابندی . ۲. خاموشی ، سکوت . ۳. جادو یا عملیات کے زور سے اپنے خلاف کچھ کہنے سے روکنا .

زبان پر تالا (تالے) پڑنا محاورہ . منھ سے بات نہ نکلنا ، چپ ہو جانا .

زبان پر کانٹے پڑنا محاورہ . زبان خشک ہو جانا ، پیاس کی شدت ہونا .

زبان پر لانا محاورہ . منھ سے کہنا ، بیان کرنا .

زبان پکڑنا محاورہ . ا. بات کہنے سے روکنا ، بات کاٹنا ، بیچ میں بول پڑنا . ۲. بات بات پر گرفت کرنا ، نکتہ چینی کرنا ، ٹوک دینا .

زبان پھسلنا محاورہ . منھ سے کچھ کا کچھ نکلنا .

زبان چلانا محاورہ . ا. بولنا ، کچھ کہنا . ۲. بد زبانی کرنا ، گستاخی یا بدتمیزی کے الفاظ استعمال کرنا .

زبان چلنا محاورہ . ا. جلد جلد باتیں کرنا ، روانی یا تیزی کے ساتھ بولنا . ۲. بولنا ، کچھ کہنا . ۳. بیہودہ گوئی کرنا ، گالیاں بکنا ، بد زبانی کرنا .

زبانِ حال سے کہنا/ سُنانا/ بیان کرنا یا ہونا . حالت سے ظاہر ہونا ، بے کہے حالت موجودہ سے ظاہر کرنا .

زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو فقرہ . اکثر لوگ جو بات کہیں وہ ہو جاتی ہے .

زبان دان صف ؛ اند . کسی زبان کو بخوبی جاننے والا ، کسی زبان کا ماہر یا عالم .

زبان دَراز صف . بدتمیزی سے بولنے والا ، منہ پھٹ ، گستاخ ، بد زبان .

زبان دَرازی است . گستاخی ، بد زبانی ، بد لگامی ، بیہودہ گوئی .

زبان دینا محاورہ . ا. اِقرار کرنا ، وعدہ کرنا ، عہد کرنا . ۲. قوت اظہار دینا ، گویائی بخشنا ، بولنا سکھانا . ۳. حسن کاری سے کام لینا ، اُسلوب کو دلکش بنانا .

زبان زد صف . مشہور ، معروف ، معلوم . [ف] .

زبان زد عام صف . عام طور پر مشہور و معروف .

زبان سنبھال کر/ بات کرنا/ بولنا محاورہ . حدِ ادب اور حفظِ مراتب کا خیال رکھ کر بولنا ، سوچ سمجھ کر بات کرنا ، تہذیب اور تمیز سے بات کرنا .

زبان سے پھول جھڑنا محاورہ . ا. نہایت خوش گفتار اور فصیح ہونا ، شیریں کلام ہونا .

زبان شیریں ملک گیری زبان ٹیڑھی/ ٹیڑھی ملک بانکا کہاوت . شیریں کلامی سے دنیا مسخر اور مطیع ہو جاتی ہے .

زبان قینچی سی/ کی طرح چلنا محاورہ . تیزی سے گفتگو کرنا ، فرفر زبان چلنا ، لگاتار بولے جانا .

زبان کو لگام دے/ دو فقرہ . زبان روک/ روکو ، چپ رہ/ رہو ، بکواس بند کر/ کرو .

زبان کھلنا محاورہ . ا. قوت گویائی آنا ، بولنے لگنا . ۲. منھ سے بات نکلنا ، زبان چلنا . ۳. بد زبانی کرنا ، گالیوں پر اُتر آنا . ۴. بے دھڑک بولنے لگنا ، بولنے کی ہچکچاہٹ دور ہونا .

زبان کھولنا محاورہ . ا. (i) کچھ کہنا ، بولنا ، منھ سے الفاظ نکالنا . (ii) زبان درازی کرنا ، بدگوئی یا عیب جوئی کرنا ، برا بھلا کہنا . ۲. گلہ کرنا ، شکوہ کرنا .

زبان گھسنا محاورہ . بولتے بولتے یا کچھ کہتے کہتے زبان تھک جانا ، بہت زیادہ کہنا یا دہرانا .

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم فارسی کہاوت اُردو میں مستعمل . (میرے دوست کی زبان ترکی ہے اور میں ترکی زبان جانتا نہیں) ، جب کسی کی بات یا کسی کی زبان سمجھ میں نہیں آتی تو کہتے ہیں .

زَبانی (فت ز) (الف) صف .
ا. منھ سے کہی ہوئی یا کہی جانے والی (بات) ، زبان سے بیان کیا ہوا (تحریری کی ضد) . ۲. ظاہری ، اُوپری ، بناوٹی . (ب) م ف . ا. زبان سے ، منھ سے . ۲. حافظے سے ، بغیر پڑھے ، ازبر ، حفظ .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

زبانی جمع خرچ اند. خالی خولی باتیں، فقط باتیں ہی باتیں، خالی خولی باتیں بنانا اور کچھ نہ دینا.

زَبَر (فت ز، ب) (الف) اند.
اِملا کی وہ علامت جو حرف کے اُوپر ترچھے خط کی شکل میں درج کی جاتی ہے اور بالائی حرکت کو ظاہر کرتی ہے، فتحہ، علامت فتحہ. (ب) صف.
۱. اُوپر، بالا، فوق. ۲. مستحکم، استوار، مضبوط، طاقت ور. [ع].

زَبَرْجَد (فت ز، ب، سک ر، فت ج) اند.
زردی مائل سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر یا معدنی جوہر جو زمرد سے مشابہ مگر اس سے کمتر شمار ہوتا ہے، پنا، ساخت کے اعتبار سے میگنیشیم اور لوہے کا سلیکیٹ (انگ: Topaz). [ع].

زَبَرْدَسْت (فت ز، ب، سک ر، فت د، سک س) صف.
۱. (i) غلبہ وقوت رکھنے والا، تسلط جمانے والا، زورآور. (ii) مضبوط، قوی، طاقت ور. (iii) عظیم، بڑے رتبے والا. ۲. شدید، سخت. ۳. شاندار پروقار، موثر. [ف].

زبردست کا ٹھینگا سر پر کہاوت. طاقت ور اور صاحب اقتدار آدمی کے سامنے زور نہیں چلتا، قوت والے کے سامنے سر تسلیم خم کرنا پڑتا ہے.

زبردست کی جورو سب کی دادی، غریب کی جورو سب کی بھابی کہاوت. زبردست کی سب عزت کرتے ہیں غریب کی کوئی نہیں کرتا.

زَبَرْدَسْتی (فت ز، ب، سک ر، فت د، سک س) (الف) است.
۱. کسی بات یا کام پر مجبور کرنا، خلاف مرضی کوئی کام لینا، جبر و قہر. ۲. ظلم، زیادتی. (ب) م ف. جبر سے، بالجبر، مجبور کر کے.

زَبُور (فت ز، و مع) است.
صحیفہ جو حضرت داؤد پر نازل ہوا تھا، حضرت داؤدؑ کے مناجات. [ع].

زَبُون (فت ز، و مع) صف.
۱. معیار یا معمول سے گرا ہوا، بے کار، ناکارہ. ۲. منحوس؛ ذلیل، خوار، رسوا؛ خستہ. [ف].

زبوں حالی است. خستہ حالی، معاشی طور پر گری ہوئی حالت، مفلسی.

زِپ (کس ز) است.
زنجیر جو عام طور پر پتلون، زنانہ قمیص، دستی بیگوں وغیرہ میں لگائی جاتی ہے. [انگ].

زَٹَل (فت ز، ٹ) است.
۱. بکواس، بے معنی یا بے ہودہ بات، مبالغہ، بڑ، گپ، بے پر کی، افواہ. ۲. معمولی. [پ].

زُجاج (ضم ج) اند.
۱. آبگینہ و شیشہ، کانچ. ۲. شیشے کی قندیل، فانوس.

زُجاجَہ (ضم ز، فت ج) اند.
۱. زُجاج. ۲. (تصوّف) قلب. [ع].

زَجْر (فت ز، سک ج) اند.
ڈانٹنے یا جھڑکنے کا عمل، سرزنش، ملامت، ڈانٹ پھٹکار. [ع].

زَجر و توبیخ است. ڈانٹ ڈپٹ، لعنت ملامت.

زِچ (کس ز) صف.
۱. عاجز، تنگ، دق، پریشان. ۲. لاجواب کرنا، دلیل سے عاجز کرنا. ۳. جز بز ہونا، کسی بات کے سمجھ میں نہ آنے سے نہایت پریشان ہونا، گھبرانا، الجھنا. [س].

زچ کرنا محاورہ. عاجز کرنا، پریشان کرنا.

زَچْگی (فت ز، چ نیز سک) است.
۱. وضع حمل؛ بچے کی ولادت؛ بچہ جننے کی حالت. ۲. بچے کی پیدائش سے متعلق منائی جانے والی تقریب.

زَچّہ (فت ز، شد چ بفت) است.
عورت جس کے حال ہی میں بچہ پیدا ہوا ہو (اس کا اطلاق بچے کی ولادت سے لے کر چالیس دن تک ہوتا ہے). [ف].

زَچّہ خانہ اند. جگہ جہاں بچے کی پیدائش ہوتی ہے، ولادت خانہ.

زُحَل (ضم ز، فت ح) اند.
ایک سیّارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے. [ع].

زَحْمَت (فت ز، سک ح، فت م) است.
تکلیف، رنج، دکھ، مشقت، دشواری، مشکل. [ع].

زَحمت کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی امر، کام یا شخص کی خاطر تکلیف اُٹھانا.

زَخّار (فت ز، شد خ) صف.
لبالب، بہت بھرا ہوا، نہایت وسیع و عریض (دریا یا سمندر). [ع].

زَخم (فت ز، سک خ) اند.
ا.جسم کے کسی حصے کے کٹ جانے یا چھل جانے کی صورت، گھاؤ، چیر .۲.صدمہ، چوٹ، ضرب. [ف].

زخم پر مرہم رکھنا محاورہ. تسلی دینا، کسی ناخوش گوار امر کی تلافی کر کے مطمئن کرنا.

زخم پر نمک چھڑکنا محاورہ. دکھ کے عالم میں مزید دکھ پہنچانا، رنج کو دوچند کرنا.

زخم پر نمک کا کام دینا / کرنا محاورہ. کسی عمل یا بات کا رنج یا غم میں اضافے کی وجہ یا سبب بننا.

زخم تازہ ہونا محاورہ. گزشتہ غم یا دکھوں کی یاد یا احساس کا از سر نو اُبھرنا، جو گھاؤ بھر چکا ہو اس کا عود کر آنا.

زخم خوردہ صف. جسے زخم لگا ہو، مجروح، گھائل، زخمی؛ (مجازاً) ضرر رسیدہ.

زَخم ہَرا (ہرے) ہونا محاورہ. زخم تازہ ہونا، گزشتہ رنج یا دکھ کے احساس کا تازہ ہونا.

زَخموں (فت ز، سک خ) اند؛ ج.
زخم کی جمع (تراکیب میں مستعمل).

زخموں پر نمک چھڑکنا محاورہ. کسی کے دکھ یا تکلیف پر اور زیادہ تکلیف دینا

زخموں سے چور چور ہونا محاورہ. بہت زیادہ زخم کھائے ہوئے ہونا.

زخموں کو کریدنا محاورہ. گزری ہوئی باتوں کو یاد کر کے تکلیف اور اذیت اُٹھانا، ماضی کی تکلیف دہ زندگی کو یاد کرنا.

زَخمی (فت ز، سک خ) صف.
ا.جس کے زخم لگا ہو، چوٹ کھایا ہوا، خستہ، مجروح، گھائل .۲.ستایا ہوا، بے چین کیا ہوا؛ (مجازاً) والہ وشیدا.

زَد (فت ز) (الف) است.
ا.ضرب، وار، چوٹ .۲.وار یا ضرب کا محل، ہدف یا نشانے کی رسائی کی حدود، سامنے کی وہ جگہ جہاں کسی وار کا اثر پہنچ سکے، نشانہ. [ف]

زد پر آنا محاورہ. نشانے کے رخ پر آنا، نشانے کی حدود میں آنا.

زد میں آنا محاورہ. وار یا اثر کے دائرے میں آنا، جھپٹ میں آنا.

زد و کوب است. مارنے پیٹنے کا عمل، مار کٹائی، گتھم گتھا.

زَدَنی (فت ز، د) صف.
مارنے کے قابل، قتل کے لائق (مرکبات میں مستعمل).

زَدَہ (فت ز، د) صف.
ا.(i) خراب و خستہ. (ii) گلا ہوا، بوسیدہ .۲.وہ جسے ضرب لگی ہو، مارا ہوا (بطور لاحقہ مستعمل). [ف].

زَر (فت ز) اند.
ا.کندن، سونا، طلا، قیمتی دھات .۲.روپیہ پیسا، دولت .۳.پھول کے اندر کا زرد رنگ مادہ، زیرہ، زرگل، زردانہ. [ف].

زر افشاں صف. ا.طلائی، سنہرا، سنہرے رنگ کا .۲.چمک دار، سنہرے تاروں سے بنا ہوا؛ (مجازاً) زرق برق.

زر باف اند. ا.زربفت کا کپڑا تیار کرنے والا .۲.زردوزی کا کپڑا، سنہری تاروں کا بنا ہوا.

زر بافی (الف) صف. سنہرا، سونے کے تاروں سے بنا ہوا. (ب) است. زری گوٹا بننے کی صنعت.

زر بفت است؛ اند. ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بنتے ہیں.

زر تار (الف) صف. سنہرا، چمکیلا، درخشاں.

زر خرید صف. روپیہ دے کر خریدا ہوا، غلام، لونڈی.

زر خیز صف. پیداواری صلاحیت رکھنے والا، سرسبز، شاداب.

زر خیزی است. سرسبزی، شادابی، خوب صورتی.

زر دوزی صف؛ است. ا.سلمے ستارے کا کام .۲.چیز جس پر سلمے ستارے کا کام ہو.

زر ضمانت . امانتاً رہن رکھی ہوئی رقم جو نادہندگی کی صورت میں ضبط ہو جاتی ہے.

زر گر اند. سنار.

زر گری است. ا.زیور بنانے یا ڈھالنے کا کام، دولت کمانا، سنار کا پیشہ، سناری، کیمیا گری .۲.دکھاوے کا طرز عمل، نمائشی ملنا جلنا، بناوٹ کی ملاقات .۳.عیاری، چالاکی، جعل، فریب .۴.ایک طرح کی ساختہ اور وضعی زبان جس میں ایک یا دو حرفوں کے بعد بیچ میں ز بولتے ہیں.

زَر فشاں صف. چمک دار، چمکیلا، درخشاں.

زَرِ مبادلہ اند. رقم جو بیرونی مال وغیرہ کے بدلے قابل ادائیگی ہو نیز بیرونی سکے کی وہ رقم جو بیرونی ممالک سے برآمدات کی ادائیگی کے تحت حاصل ہو، بیرونی سکے کی شکل میں رقم کا حصول، بیرونی سکہ.

زَر نقد اند.
نقد روپیہ پیسہ.

زَر نگار صف. ا. چیز جس پر سونے کا یا سنہرا کام ہو یا جس سے سونے کا رنگ جھلکتا ہو. ۲. (کنایۃً) خوش حالی، مسرت، شادمانی.

زِراعَت (کس ز، فت ع) امث.
ا. کاشت کاری، زرعی کام، کھیتی باڑی. ۲. جگہ جہاں بیج بویا جائے؛ (کنایۃً) زمین، جگہ، دنیا. [ع].

زَراف/ زِرَافہ (کس نیز فت ز/کس نیز فت ز، فت ف) اند.
افریقہ کے جنگلوں میں پایا جانے والا لمبے قد کا ایک چوپایا جس کی گردن اور اگلی ٹانگیں اونٹ کی طرح لمبی، کھر گائے کے کھر جیسے اور جلد کا رنگ چیتے کی مانند ہوتا ہے. [انگ].

زَر خیز (فت ز، سک ر، ی ج) صف.
ا. پیداواری صلاحیت رکھنے والا، سرسبز، شاداب. ۲. (مجازاً) کارآمد، کامیاب، مفید.

زَرد (فت ز، سک ر) صف.
ہلدی، گیندے، سرسوں وغیرہ کا یا ان سے ملتا جلتا رنگ، پیلا. [ف].

زرد آلو اند. خوبانی.

زرد پڑنا ف مر؛ محاورہ. خوف، دہشت یا بیماری مثلاً یرقان وغیرہ کے سبب بدن خصوصاً چہرے کا پیلا پڑ جانا.

زرد صحافت اند. (صحافت) ایسی خبر نگاری جو سنسنی خیز مواد پر مشتمل ہو.

زَردا (فت ز، سک ر) صف؛ ~ زردہ.
ا. زرد رنگ کا، پیلا. ۲. (i) پکے ہوئے میٹھے چاول جنھیں زعفرانی رنگ وغیرہ ڈال کر زرد کیا جاتا ہے. (ii) کھانے کا تمباکو.

زَردَہ (فت ز، سک ر، فت د) اند؛ ~ زردا.
ا. پکے ہوئے میٹھے چاول جن میں زرد رنگ ڈالا گیا ہو. ۲. پان اور ڈلی کے ساتھ کھانے کا تمباکو. ۳. زرد رنگ کا گھوڑا. ۴. کبوتر جس کی آنکھیں زرد ہوں، کبوتر کا ایک رنگ. ۵. زرد کوڑی. ۶. پت، صفرا. ۷. ایک مرض جس میں آنکھیں اور سارا جسم زرد ہو جاتا ہے، یرقان.
۸. زرد یا پیلا رنگ، دیکھیے: زردا.

زَردی (فت ز، سک ر) امث.
ا. پیلاہٹ، پیلاپن، پیلا رنگ. ۲. انڈے کے اندر کا لحمیات اور چربی پر مشتمل نیم سیال زرد مادہ جسے سفید مادہ گھیرے ہوئے ہوتا ہے. ۳. پھول کا زیرہ؛ اشرفی.

زردی چھانا محاورہ. چہرے کا پیلا پڑ جانا.

زردی مائل صف. ہلکا پیلا، زردی لیے ہوئے.

زَرعی (فت ز، سک ر) صف.
زراعتی، کاشت سے متعلق.

زرعی پیداوار امث. اناج فصل، غلّے کی پیداوار.

زَرق (فت ز، سک ر) صف.
سنہری افشاں؛ سونے کے ورق کا برادہ. [ع].

زرق برق صف؛ امث. ا. کرّوفر، شان وشوکت، طمطراق. ۲. آب وتاب، چمک دمک. ۳. چمکیلا، بھڑکیلا، شوخ.

زَرقا (فت ز، سک ر) امث.
سبز اور نیلی آنکھوں والی عورت، گربہ چشم عورت. [ع].

زِرَہ (کس ز، ر نیز فت ر) امث.
باریک کڑیوں کا چھوٹی آستین کا فولادی لباس جو دوران جنگ جسم کی حفاظت کے لیے عام لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے، چلتہ. [ف].

زرہ بکتر امث. لوہے کا بنا ہوا جامہ یا پوشاک جو فوجی سپاہی میدان جنگ میں لڑائی کے وقت پہنتے ہیں.

زَری (۱) (فت ز) امث.
ا. کلابتوں کا بنا ہوا کپڑا، زربفت. ۲. گوٹا، کناری. ۳. زریں، سنہری. ۴. سونے کے تار؛ چاندی کے تار جس پر سنہرا ملمع کیا ہو. [ف].

زَری (۲) (فت ز) م ف.
ذرا، تھوڑی دیر، تھوڑی دیر کے لیے.

زَرّیں (فت ز، شد ر، ی مع) صف.
۱. سونے سے منسوب، طلائی، سونے کا، ملمع چڑھا ہوا. ۲. بیش قیمت، عمدہ، درخشاں.
زریں اصول صف. عمدہ و اعلیٰ قاعدے، اغراض و مقاصد.

زِٹ (کس ز) اث.
واہی تباہی باتیں، پاگلوں کی سی باتیں، بکواس، بڑ.
زٹ مارنا/ ہانکنا محاورہ. بک بک کرنا، یاوہ گوئی کرنا، بے ہودہ اور بے فائدہ بکے چلے جانا.

زِشت (کس ز، سک ش) صف.
۱. برا، بد، قبیح، ناپسندیدہ. ۲. بھونڈا، بدنما، بھدا، بدشکل. [ف].

زَعْفران (فت ز، سک ع، فت نیز سک ف) اث.
ایک خوش بودار پودا جس کے پھول زرد اور جڑ پیاز کی طرح ہوتی ہے، کیسر، (خیال مشہور ہے کہ آدمی اس میں جا کر ہنسے بغیر نہیں رہتا) (اصطلاح عام) میں زعفران کے پھول کے بیچ میں سے نکلے ہوئے باریک تار یا ریشے جو گچھے کی شکل میں ہوتے ہیں. [ع].
زعفران زار اث. جگہ جہاں زعفران کثرت سے ہو؛ (مجازاً) پر رونق.
زعفران کا کھیت اند. یہ بات مشہور ہے کہ زعفران کا کھیت دیکھ کر بے اختیار ہنسی آجاتی ہے؛ (کنایۃً) ایسی جگہ جہاں وفور مسرت سے خود بخود ہنسی آئے.

زَعْفرانی (فت ز، سک ع، فت نیز سک ف) صف.
۱. زعفران سے منسوب، زعفران کے رنگ کا، پیلا، زرد. ۲. نارنجی رنگ.

زَعْم (فت ز، سک ع) اند.
۱. گمان، ظن، خیال، وہم. ۲. غرور، تکبر، گھمنڈ. [ع].

زَعِیم (فت ز، ی مع) (الف) اند.
رہنمائے قوم، نمائندہ. (ب) صف. ضامن، جواب دہ. [ع].

زَغَن (فت ز، غ) اث.
چیل. [ف].

زَغَند (فت ز، غ، سک ن) اث.
چھلانگ، کود پھاند، چوکڑی. [ف].
زغند بھرنا / مارنا محاورہ. چھلانگ لگانا، پھلانگنا، پھاند کے اِدھر سے اُدھر جانا.

زِفاف (کس ج ز) اند.
ایک ہی مکان میں سونا، دلہن کو دولھا کے پاس بھیجنے کا عمل، دولھا دلہن کی مقاربت یا جنسی اختلاط. [ع].

زَقَند (فت ز، ق، سک ن) اث.
چھلانگ، چوکڑی، کود پھاند.
زقند بھرنا / لگانا محاورہ. قلانچیں بھرنا، چھلانگیں لگانا، کلیلیں کرنا.

زَک (فت ز) اث.
۱. ہار، شکست، ہزیمت. ۲. ذلت، ندامت، سبکی، خفت. ۳. گھاٹا، خسارا، نقصان. [ع].
زک اُٹھانا محاورہ. جنگ یا مقابلے میں شکست کھانا، ذلیل ہونا، شرمندہ و نادم ہونا، خسارہ یا نقصان اُٹھانا.

زُکام (ضم ز) اند.
بیماری جس میں ناک بہتی ہے اور فضلات دماغ سے نتھنوں کی طرف آتے ہیں، نزلے کے اثر سے ناک بہنا. [ع].

زَکواۃ/ زَکوٰۃ (فت ز، ا بشکل و) اث.
۱. اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک رکن، مال کا چالیسواں حصہ جو اصلی اور حقیقی ضروریات پوری ہو جانے کے بعد سال بھر تک فاضل رہے اور جس کا خدا کی راہ میں دینا حکم شرع کے مطابق ہر صاحبِ نصاب مسلمان پر فرض ہے. ۲. صدقہ، خیرات، دان. [ع].

زَکی (فت ز) صف.
پاک و پاکیزہ، برائیوں سے منزّہ، طاہر. [ع].

زَکیّہ (فت ز، کس ک، شد ی بفت) اث.
نیک، پاک و پاکیزہ، طاہر.

زِگ زَیگ (کس ز، ی لین) صف.
ٹیڑھا میڑھا، پُر پیچ و خم. [انگ].

زُلال (ضم ز) صف؛ اند.
۱. ایک کیڑا ہے جو برف میں پیدا ہوتا ہے اس جگہ کا پانی صاف ہوتا

ہے۔ ۲. (مجازاً) صاف، شیریں، خنک، خوش گوار اور نتھرا ہوا پانی۔ [ع].

زِلْزال (کس ز، سک ل) اند.
۱. لرزہ، تیز اور شدید جنبش ۲. قرآن کی ایک سورہ کا نام، جو آٹھ آیتوں پر مشتمل ہے، جس میں قیامت اور روزِ حشر کا نہایت موثر بیان ہے۔ [ع].

زَلْزَلَہ (فت ز، سک ل، فت ز، ل) اند.
بھونچال، زمین کی لرزش۔ [ع].

زلزلہ آنا محاورہ۔ بھونچال آنا؛ (مجازاً) لرزہ طاری ہونا؛ کپکپی آنا۔

زُلْف (ضم ز، سک ف) است.
۱. پیشانی کے اُوپر اور سر کے سامنے کے بالوں کی لٹ جو کان کے قریب ہوتی ہے، کاکل، گیسو۔ [ف].

زلف پیچاں است.
گھونگھر والے بال۔

زُلْفی (ضم ز، سک ل) است.
کنڈی، زنجیر جو کواڑ اور چوکھٹ میں لگائی جاتی ہے تاکہ چول سے نہ اترے۔ [ف].

زُلَیخا (ضم نیز فت ز، ی لین نیز ی مع) است.
۱. عزیزِ مصر (فوتیفار) کی بیوی کا نام جو حضرت یوسفؑ کو دیکھتے ہی ان پر دل و جان سے عاشق ہو گئی تھی ۲. حسین و جمیل عورت۔ [ع].

زلیخا بڑھی پر یہ جانا عورت ہے یا مرد/ تو ساری پڑھ گئے پر یہ نہ جانا کہ وہ عورت تھی یا مرد کہاوت۔
کسی بات یا واقعے کو شروع سے آخر تک سننا یا پڑھنا لیکن اس پر مطلق توجہ نہ دینا۔

زِمام (فت نیز کس ز) است.
۱. گھوڑے کی باگ، عنان، لگام ۲. اونٹ کی مہار، نکیل۔ [ع].

زَمان (فت ز) اند.
۱. مسلسل اور پے در پے لمحات کا مجموعہ، حرکت کی مقدار، روز و شب اور ماہ و سال کے تسلسل کی ہیئتِ مجموعی، جگ، مدت، وقت ۲. دور، عہد، گزشتہ، موجودہ یا آیندہ، نیز دوران۔ [ع].

زمان و مکان اند.
وقت اور جگہ؛ حالات و واقعات، گرد و پیش۔

زَمانَہ (فت ز، ن) اند.
۱. ماہ و سال کی گردش کا عرصہ، دن رات، حالات، مدت ۲. دنیا، عالم؛ دنیا کے رہنے والے لوگ، خلقت ۳. وقفہ، دور، عہد ۴. عہدہ؛ راج، حکومت۔

زمانہ بدل جانا / بدلنا محاورہ۔ ۱. حالات بدل جانا، صورت حال کا تبدیل ہونا ۲. قسمت پلٹ جانا۔

زمانۂ جاہلیت اند. اسلام سے پہلے کا زمانہ جب لوگ مشرک تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت سے قبل کا دور۔

زمانہ دیکھنا محاورہ۔ تجربہ کار ہونا، زندگی کے گوناگوں تجربات حاصل کرنا۔

زمانہ شناس صف. زمانے کے معاملات یا نشیب و فراز کو سمجھنے اور پہچاننے والا، اقتضائے وقت یا مصالح کا شعور رکھنے والا۔

زَمانی (فت ز) صف.
۱. زمان سے منسوب یا متعلق؛ (مجازاً) حادث (یعنی جو پہلے نہ تھا اور پھر وجود میں آیا) ۲. عارضی، غیر مستقل، وقتی ۳. بلحاظ ادوار، بہ اعتبار زمانہ۔

زَمانے (فت ز) اند؛ ج.
زمانہ کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل)۔

زمانے بھر کا اند؛ م ف. اپنے دور کا ایک، پوری دنیا کا چھٹا ہوا؛ ڈینگیں مارنے والا۔

زمانے بھر کی خاک چھاننا محاورہ۔ ساری دنیا میں تلاش اور جستجو کرنا۔

زمانے کی ہوا است. دنیا کا رجحان یا میلان، دنیا کے اطوار و انداز یا چلن۔

زمانے کے اند؛ ج. تمام دنیا کے، دنیا بھر کے (تراکیب میں مستعمل)۔

زُمُرُّد (ضم نیز فت ز، م، شد ر بضم) اند.
جواہرات میں سے ایک سبز رنگ کا پتھر جو زیورات میں استعمال ہوتا ہے۔ [ف].

زُمُرُّدی/زُمُرُّدیں (ضم نیز فت ز، م، شد ر بضم/ی مع) صف.
زمرد سے منسوب یا متعلق؛ (مجازاً) سبز رنگ کا۔

زُمْرَہ (ضم ز، سک م، فت ر) اند.
گروہ، جماعت، سلسلہ، جتھا، ساتھی، ہم راہی؛ بھیڑ، جمِ غفیر.

زُمْرے (ضم ز، سک م) اند؛ ج.
زمرہ کی جمع نیز مغیرہ حالت (تراکیب میں مستعمل)؛ جماعت، گروہ؛ سلسلہ.

زمرے میں آنا ف مر؛ محاورہ. کسی ذیل میں آنا، ضمن میں شمار کیا جانا، کسی سلسلے یا دائرے یا حدود میں شامل ہونا، قبیل میں ہونا.

زَمْ زَم/ زَمْزَم (فت ز، سک م، فت ز) اند.
۱. مکۂ معظمہ میں ایک کنواں جو کعبہ کے جنوب مشرق میں واقع ہے چاہِ زمزم. ۲. چاہِ زمزم کا پانی، آبِ زم زم. [ع: علم].

زَمْزَمَہ (فت ز، سک م، فت ز، م) اند.
۱. (i) دھیمے سروں کا راگ، کم آواز کا راگ، ترانہ، نغمہ، گانا. (ii) آواز جو گلے کے انتہائی اندر سے ایک خاص حرکت کے ساتھ نکلے، گٹکری، مرکی. ۲. چہچہانا، نغمہ سرائی کرنا. [؟].

زَمِسْتان (فت ز، کس م، سک س) اند.
جاڑے کی فصل، موسم سرما، سرما. [؟].

زَمَن (فت ز، م) اند.
۱. زمانہ، وقت. ۲. دنیا، عالم. [ع].

زَمْہَرِیر (فت ز، سک م، فت ہ، ی مع) اند.
۱. سخت جاڑا، شدید سردی، سردی کا موسم. ۲. نہایت سرد کر دینے والا طبقۂ ارض. ۳. روایۃً جہنم کا وہ طبقہ جہاں شدید سردی ہوگی اور اس سردی کے ذریعے گنہ گاروں، کافروں کو عذاب دیا جائے گا. [ع].

زَمِین (فت ز، ی مع) امث.
۱. سورج کے گرد گھومنے والا وہ سیارہ جس پر زندگی کے آثار پائے جاتے ہیں چوبیس گھنٹے میں اپنا ایک چکر مکمل کرتا ہے اس کے نتیجے میں دن اور رات وجود میں آتے ہیں، دنیا، ارض. ۲. کرۂ ارض کا خشک حصہ، خشکی. ۳. (i) زمین کی سطح، دھرتی، فرشِ زمیں (آسمان کے بالمقابل). (ii) سارا زمانہ، پوری دنیا. ۴. زمین کا کوئی گوشہ یا حصہ، ٹکڑا. ۵. زمین جس پر زراعت ہوتی ہو، کھیت. ۶. کسی امر کی بنیاد، اساس، ابتدائی کام. ۷. (شاعری) کسی غزل یا نظم وغیرہ کی بحر، ردیف و قافیہ کی پابندی کے ساتھ. ۸. کپڑے یا کاغذ وغیرہ کی سطح. [ف].

زمین اور (و) آسمان کے قلابے ملانا محاورہ. حد سے زیادہ مبالغہ آرائی کرنا یا جھوٹ کہنا، لاف زنی کرنا، جھوٹی سچی باتیں ہانکنا، بہت باتیں بنانا.

زمین آسمان ایک کر دینا / کرنا محاورہ. ۱. ہنگامہ کر دینا، قیامت برپا کر دینا، ہلچل مچا دینا. ۲. تلاش و جستجو میں چپہ چپہ چھان مارنا، بہت جدوجہد کرنا.

زمین بوس ہو جانا / ہونا محاورہ. ۱. اظہارِ تعظیم کے لیے کسی کے حضور زمین چومنا، قدموں تک جھکنا، قدم بوسی کرنا. ۲. (i) قوتِ مدافعت کم ہونے کی وجہ سے جھکنا. (ii) حقیر ہونا، زمین پر آ رہنا، گر جانا. (iii) ختم ہونا، مرنا، ٹھنڈا ہونا، مر کر گرنا. ۳. کسی عمارت یا درخت وغیرہ کا ڈھے جانا، زمین پر آ رہنا.

زمین پر پانو/ قدم نہ رکھنا محاورہ. ۱. اترا کر چلنا؛ کسی سُرور انگیز کیفیت کے باعث لہرا کر چلنا ۲. بے حد متکبر ہونا.

زمین پر ڈھیر ہو جانا محاورہ. مر جانا، دھڑام سے زمین پر گر پڑنا.

زمین تنگ ہونا محاورہ. مصائب کا سامنا ہونا، مشکلوں سے دو چار ہونا.

زمین تیار کرنا محاورہ. ۱. بنیاد ڈالنا، آمادہ کرنا، راہ ہموار کرنا. ۲. (کاشت کاری) فصل اُگانے کے لیے کھاد وغیرہ ڈال کر زمین کا قابلِ کاشت بنانا.

زمین دار صف. زمین یا جائداد کا مالک.

زمین داری/زمینداری امث. ۱. جاگیرداری، زمین، جاگیر؛ حقِ ملکیت. ۲. زمیندار کا پیشہ یا کام، زمینوں کی دیکھ بھال کا کام.

زمین دوز صف. ۱. جو زمین کے اندر یا سطحِ زمین کے نیچے واقع ہو، زیرِ زمین. ۲. زمین کی سطح کے برابر، پختہ، مضبوط. ۳. وہ کنواں جس کی منڈیریں نہ ہوں، پوشیدہ گڑھا. ۴. خفیہ، نامعلوم.

زمین دیکھنا محاورہ. ۱. قے کرنا، اُلٹی کرنا. ۲. نیچا دیکھنا، خفت یا شرمندگی اُٹھانا، مات کھانا. ۳. زمین میں دفن ہونا، قبر کے لیے جگہ تجویز کرنا ۴. کسی علاقے کا نظارہ کرنا.

زمین کانپنا محاورہ. خوف زدہ ہونا، پورے ماحول پر خوف چھا جانا.

زمین کو سونپنا محاورہ. دفن کرنا، سپردِ خاک کرنا.

زمین کھا گئی (کہ) یا آسمان کھا گیا/ نگل گیا فقرہ. جب کوئی چیز دفعتہً غائب ہوجائے اور باوجود تلاش کے نہ ملے تو کہتے ہیں.

زمین و آسمان کا فرق ہونا محاورہ. بہت زیادہ فرق پایا جانا؛ غیر معمولی اختلاف ہونا.

زمیندار (فت ز، ی مع، مغ) اند؛ ~ زمین دار.
ہر کاشت یا قابلِ کاشت اراضی یا گاؤں کا مالک؛ حاکم، سردار.

زمینی (فت ز، ی مع) صف.
زمین سے نسبت رکھنے والا خواہ جان دار ہو یا بے جان، زمین کا، زمین والا، زمین سے متعلق؛ (مجازاً) انسان.

زمینی رشتہ اند. زمین سے تعلق یا وابستگی، وطن کی محبت، حب الوطنی، زمین کا رشتہ.

زَن (۱) (فت ز) است.
۱. عورت ذات خصوصاً بالغ عورت، صنفِ نازک. ۲. زوجہ، بیوی، دلہن. [ف].

زن، زمین، زر، تینوں لڑائی کے گھر کہاوت. ان تینوں سے دنیا میں جھگڑے پیدا ہوتے ہیں.

زَن (۲) (فت ز) است.
تیز رفتاری کی آواز. [حکایت الصوت].

زن زن است. کسی چیز کے تیز چلنے کی آواز.

زن سے م ف. بہت تیزی سے، زناٹے کے ساتھ.

زِنا (کس ز) است.
کسی عورت سے غیر شرعی یا غیر قانونی مباشرت [ع].

زنا کار صف. غیر شرعی یا غیر قانونی مباشرت ومجامعت کرنے والا، زانی.

زنا کاری است. حرام کاری، زنا، بدکاری.

زَنّاٹا (فت ز، شدن) اند.
ہوا کی تیز رگڑ سے پیدا ہونے والی آواز جس میں قدرے گونج و گمک ہو.

زناٹا بھرنا محاورہ. تیزی کے ساتھ حرکت کرنا، دوڑنا.

زَنّاٹے (فت ز، شدن) اند؛ ج.
زناٹا کی مغیرہ صورت اور جمع (تراکیب میں مستعمل).

زناٹے دار ہاتھ دینا محاورہ. پوری قوت کے ساتھ ہاتھ سے کسی کو مارنا.

زناٹے سے م ف. بہت تیز، تیزی کے ساتھ.

زناٹے کا / کی صف. زور کا، زور شور سے، بھرپور، شدت کے ساتھ، زوردار.

زَناخی (فت ز) است.
۱. اوباش عورتوں کی اصطلاح میں وہ عورت جو دوسری عورت کے ساتھ زناخ توڑ کر اس کی ہمدم اور ہم راز بنے، پکی سہیلی. ۲. نگوڑی.

زُنّار (ضم ز، شدن) است؛ اند.
تاگا یا ڈوری جو ہندو گلے سے بغل کے نیچے تک ڈالتے ہیں جنیؤ؛ تاگا یا زنجیر جو عیسائی، مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں. [ع].

زَناشوئی (فت ز، ولین) است.
میاں بیوی ہونے کا رشتہ، زوجیت.

زَنان (فت ز) است؛ ج.
زن کی جمع، عورتیں.

زنان خانہ اند. مکان یا مکان کا وہ حصہ جہاں خواتین رہتی ہوں اور جہاں غیر مردوں کی آمد و رفت نہ ہو، حرم سرا.

زَنانَہ (فت ز، ن) (الف) اند.
۱. مرد جو عورتوں کا لباس پہنے اور اُنہیں کی سی حرکتیں کرے، ہیجڑا، زنخا. ۲. پردہ نشین عورتوں یا صرف عورتوں کے رہنے کا مکان یا مکان کا وہ حصہ جو عورتوں کے لیے مخصوص ہو، زنان خانہ. ۳. پردہ دار عورتیں، نیز صرف عورتیں. (ب) صف. عورتوں کے لیے مخصوص. [ف].

زنانہ پن صف. نسوانیت، عورتوں کی سی، عورت پن.

زَنانی (فت ز) صف مث.
(عورتوں کے لیے مستعمل) زن سے منسوب، عورتوں کی، نسوانی (مردانی کی ضد).

زُنبور (۱) (فت نیز ضم ز، سک م بشکل ن، و مع) اند؛ است.
۱. بھڑ. ۲. شہد کی مکھی. [ف].

زُنبور (۲) (فت نیز ضم ز، سک م بشکل ن، و مع) اند.
۱. لوہے، فولاد وغیرہ کا بنا ہوا ایک دوشاخہ اوزار جو کوئی چیز پکڑنے

رک: = رجوع کیجیے (دیکھیے)، اند = اسم مذکر، است = اسم مؤنث، صف = صفت، م ف = متعلق فعل، ف مر = فعل مرکب، ف ل = فعل لازم، ف م = فعل متعدی، غم = غیر ملفوظ، ج = جمع، جج = جمع الجمع

کے لیے یا کیل نکالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور بند ہونے پر بالعموم گول شکل اختیار کر لیتا ہے ۔ ۲. جھینگا ، مچھلی کا وہ اگلا حصہ جس سے وہ چیزوں کی گرفت کرتی ہے ۔ [ف] .

زَنبِیل (فت ز ، غنہ ، ی مع) اسث .
۱. جھولی ، تھیلی . ۲. فقیروں کا کاسہ جو کدّو کو خشک کر کے بناتے ہیں . ۳. ٹوکری جو کھجور کے پتّوں کی بنی ہوتی ہے ۔ [ف] .

زَنجَبِیل (فت ز ، سک ن ، فت ج ، ی مع) اسث .
۱. سونٹھ ، خشک ادرک . ۲. بہشت کی ایک نہر کا نام . [ع] .

زَنجِیر (فت ز ، سک ن ، ی مع) اسث .
۱. چاندی یا سونے یا کسی اور دھات کے تاروں کی کڑیوں سے بنی ہوئی حلقہ در حلقہ لڑی . ۲. دروازے کی کنڈی . ۳. (مجازاً) سلسلہ وار ، لگاتار . ۴. ایک مالا جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں ، لڑی . ۵. (مجازاً) کوئی شے جو جکڑ کر رکھ دے اور آزادانہ نقل و حرکت سے روکے ؛ رکاوٹ ، مانع . [ف] .

زنجیر توڑنا محاورہ. آزادی حاصل کرنا .

زنجیر دار صف . ۱. حلقے دار ؛ جس پر زنجیر بنی ہوئی ہو . ۲. قید کرنے والا ، زنجیر پہنانے والا .

زنجیر ہونا محاورہ. رکاوٹ بننا ، مانع ہونا .

زَنجِیرا/ زَنجِیرَہ (فت ز ، سک ن ، ی مع ، فت ر) اند .
۱. کسی شے کا مرتب سلسلہ یا منظم لڑی . ۲. حلقہ در حلقہ سلسلہ ، باڑھ . ۳. حلقہ دار ٹانکوں یا بخیے کا وہ سلسلہ جو کپڑے پر بنایا جاتا ہے ، بیل بوٹوں کا لہریا . ۴. گلے کا ایک زیور جو حلقہ در حلقہ لڑی کی طرح ہوتا ہے ، چمپا کلی . ۵. ایک خاص طریقے سے بنا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا ہوتا ہے ، لڑی . ۶. (قواعد) علامت وقف ، یہ علامت ان مرکب الفاظ کے اجزا کے درمیان لگائی جاتی ہے جن کے متعلق یہ خیال ہوتا ہے کہ بغیر اس علامت کے وہ علیحدہ علیحدہ الفاظ سمجھے جائیں گے .

زَنَخ (فت ز ، ن) اسث .
ٹھوڑی . [ف] .

زَنَخا/ زَنَخہ (فت ز ، سک ن) اند .
شخص جس کی حرکات و سکنات عورتوں کی سی ہوں ، ہیجڑا ؛ (مجازاً) نامرد ، بزدل .

زَنَخدان (فت ز ، ن ، سک خ) اسث .
ٹھوڑی . [ف] .

زِندان (کس ز ، سک ن) اند .
قید خانہ ، جیل خانہ ، جیل . [ف] .

زِندَگانی (کس ز ، سک ن ، فت د) اسث .
حیات ، عمر ، زندگی .

زِندَگی (کس ز ، سک ن ، فت نیز سک د) اسث .
زیست ، ہستی ، حیات ، زندگانی . [ف] .

زندگی تلخ ہونا محاورہ. ایسی تکلیف پہنچنا کہ جینے کا لطف جاتا رہے ، جان مشکل میں ہونا ، پریشانی میں بسر ہونا .

زندگی زندہ دلی کا نام ہے کہاوت. (ناسخ کا مصرع غلط طرح سے بطور مقولہ مشہور و مستعمل) ، آدمی کو ہنس بول کے زندگی گزارنا چاہیے .

زِندَہ (کس ز ، سک ن ، فت د) صف .
۱. جیتا ، ذی حس ، ذی حیات ، جان دار ، ذی روح . ۲. واقعی ، اصلی . ۳. تروتازہ ، شگفتہ ، خوش . [ف] .

زندہ باد دعائیہ کلمہ. زندہ و سلامت رہے ، اس کا نام اور کام قائم و باقی رہے ، شاباش ، مرحبا (عموماً یہ نعرہ جلوسوں میں کسی زندہ یا مردہ شخصیت کی تعظیم کے لیے لگایا جاتا ہے نیز تحریک کے لیے بھی مستعمل ہے) .

زندہ ثبوت اسث . بیّن ثبوت ، واضح ثبوت و دلیل .

زندۂ جاوید صف . امر ، ہمیشہ کے لیے زندہ ، نہ مرنے والا .

زندہ درگور صف . ۱. سخت اذیت یا عذاب میں مبتلا ، زندہ مثلِ مردہ ، مجبور و معذور . ۲. زندہ ہوتے ہوئے مردوں جیسا ، جیتے جی مرا ہوا . ۳. ہلاک نیز قریب بہ ہلاکت .

زندہ دل صف . ۱. خوش طبع ، خوش مزاج . ۲. وہ شخص جس کی طبیعت میں زندگی کا ولولہ ، اُمنگ اور ترنگ پائی جائے .

زندہ دلی اسث . ولولہ ، ترنگ یا بشاشت ، خوش طبعی ، خوش مزاجی ، ظرافت .

فت = فتحہ (زبر) ، کس = کسرہ (زیر) ، ضم = ضمہ (پیش) ، مع = معروف ، مج = مجہول ، معد = معدولہ ، مغ (مغنونہ) ، سک سکون (جزم) ، شد = تشدید ، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

ندہ کرنا محاورہ. جلانا ، زندگی بخشنا ؛ نئی روح پھونکنا ، حیات نو بخشنا.

زندہ لاش صف. بظاہر زندہ لیکن بہ باطن مردہ شخص ؛ جس شخص کی صحت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہو ، جو بہت کمزور ہو.

زِنْدِیق (کس ز ، سک ن ، ی مع) صف.
بے دین ، ملحد ، کافر. [ع].

زِنْک (کس ز ، غنہ) اند.
سفید فلزاتی عنصر جس پر نم ناک ہوا میں ایسی تہہ چڑھ جاتی ہے جو اسے زنگ لگنے اور گلنے سے بچائے رکھتی ہے ، جست. [انگ].

زَنْگ (کس ز ، غنہ) اند.
(i) میل یا پھپھوندی جو لوہے کی چیزوں پر نم ناک ہوا سے جم جاتا ہے اور وہاں سے لوہا کھایا جاتا ہے ، آئینے یا شیشے کا دھندلا پن. (ii) سیاہی. [ف].

زنگ آلود/ آلودہ صف. زنگ لگا ہوا ، (مجازاً) کہنہ ، بوسیدہ ، ناکارہ.

زنگ خوردہ صف. چیز جسے زنگ لگ گیا ہو ، زنگ کھایا ہوا.

زنگ لگنا ف مر؛ محاورہ. لوہے وغیرہ پر زنگ جمنا ؛ (مجازاً) زنگ خوردگی یا کہنگی کے باعث کسی شے کا ناکارہ ہو جانا.

زَنْگار (فت ز ، مغ) اند.
۱. لوہے وغیرہ کا میل ، زنگ. ۲. ایک دوا جو تانبے کے کساؤ سے تیار کی جاتی ہے یہ ایک قسم کا زہر ہے جس سے مرہم بنایا جاتا ہے ، نیلا تھوتھا. ۳. ہرا ، سبز. [ف].

زَنْگاری (فت ز ، مغ) صف. زنگار کا ، ہم رنگ ، زنگار جیسا سبز (عموماً آسماں کی صفت کے طور پر مستعمل).

زَنْگی (فت ز ، غنہ) صف.
زنگبار یا زنجبار کا رہنے والا ، حبشی ، شیدی ؛ (مجازاً) سیاہ فام.

زِنْہار (کس ز ، سک ن) حرف.
۱. (i) حاشا ، ہرگز (نفی کی تاکید کے لیے). (ii) نہی کے معنی میں قائم مقام جملہ انشائیہ (کسی کام سے باز رکھنے کے لیے). [ف].

زَنی (فت ز) لاحقہ.
بطور لاحقۂ اسمیت مستعمل (مثلاً : لاف زنی ، نیش زنی وغیرہ).

زَوّار (فت ز ، شد و) صف.
بہت زیادہ زیارت کرنے والا. [ع].

زَوال (فت ز) اند.
۱. ترقی یا عروج کے کم ہونے یا ختم ہونے کی کیفیت ، تنزل ، ادبار ، انحطاط. ۲. سورج یا چاند کا غروب کی طرف میلان. ۳. کمی ، کمزوری ، نقص ، کمزور ہونا ، مرتبے سے گرنا. ۴. ہلاکت ، تباہی ، مصیبت. [ع].

زوال پذیر صف. ختم ہونے والا ، مٹنے والا ، بے اثر ہونے والا.

زوال کا وقت اند. خط نصف النہار سے آفتاب کے ڈھلنے کا وقت ، دوپہر کے بعد کا وقت ، وقت ظہر.

زَوائِد (فت ز ، کس ء) اند ؛ ج.
۱. غیر ضروری باتیں ، حشو ، فاضل ، زیادہ. ۲. فروعات ، اصل سے غیر متعلق. ۳. زائد (قدیم).

زَوج (ولین) اند.
۱. جوڑا ، جفت (مرد اور عورت کے جوڑے میں سے ہر ایک دوسرے کا زوج ہے). ۲. عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے جیسے : ۲ ، ۴ ، ۶ ، ۸ ، وغیرہ. [ع].

زَوجہ (ولین) اث.
بیوی ، رفیقۂ حیات. [ع].

زَوجِیَّت (ولین ، کس ج ، شد ی بفت) اث.
نر و مادہ کا صنفی رشتہ یا تعلق ، رشتۂ ازدواج ، نکاح کرنا.

زوجیت میں لانا/ لینا محاورہ. عقد کرنا ، نکاح کرنا ، رشتۂ ازدواج میں داخل کرنا.

زَوجَین (ولین ، ی لین) اند ؛ ج.
میاں بیوی ، زن و شوہر ، دونوں میاں بیوی (زوج کا تثنیہ). [ع].

زُود (و مع) صف ؛ م ف.
جلد ، شتاب ، فوراً. [ف].

زود اثر صف. فوراً اثر کرنے والا ، جلد تاثیر کرنے والا.

زود پشیمان صف. اپنے کسی نامناسب طرز عمل یا نارواہ بات پر جلد پچھتانے والا ، اپنی غلطی یا خطا پر جلد شرمندہ ہونے والا.

رک : = رجوع کیجیے (دیکھیے) ، اند = اسم مذکر ، اث = اسم مؤنث ، صف = صفت ، م ف = متعلق فعل ، ف مر = فعل مرکب ، ف ل = فعل لازم ، ف م = فعل متعدی ، غم = غیر ملفوظ ، ج = جمع ، ج ج = جمع الجمع

زود رنج صف. بہت جلد آزردہ یا ناراض ہو جانے والا.

زود فہم صف. بات کو جلد سمجھنے والا، ہوشیار، ذکی.

زود ہضم صف. جلد ہضم ہو جانے والی، ہلکی غذا، لطیف خوراک، جلد جزوِ بدن ہو جانے والی غذا.

زور (وج) (الف) اند.
۱. (i) قوت، توانائی، طاقت. (ii) اصرار، توجہ. ۲. اثر، تاثیر. ۳. بنیاد، سبب. ۴. قوت کا مظاہرہ، طاقت آزمائی. ۵. زبردستی، جبر. ۶. قابو، اختیار، بس، قدرت، سکت. (ب) صف. ۱. (i) شدت، زیادتی، کثرت، غلبہ. (ii) تصرف، نفوذ (بیشتر چلنا کے ساتھ). (ج) م ف. سہارا، بھروسا، بل. [ف].

زور آزمائی امث. طاقت دکھانا، طاقت کا مظاہرہ کرنا، قوت کا اظہار.

زور آور صف. قوی، طاقت ور، زبردست.

زور بازو اند. ذاتی قوت، قوت، طاقت.

زور بیان اند. بیان کی قدرت، اظہار خیال کی طاقت.

زور پر م ف. ۱. کمال پر، انتہا پر، ترقی پر. ۲. سہارے پر، بھروسے پر، اُمید پر، آسرے پر، بنیاد پر؛ حوصلے پر.

زور پکڑنا محاورہ. قوت حاصل کرنا، کسی اعتبار سے قوی یا مضبوط ہونا، زیادہ ہونا.

زور دار صف. ۱. (i) قوی، مضبوط، طاقت ور. (ii) پوری طاقت کے ساتھ، بھرپور. ۲. اپنی کسی کیفیت یا صفت کے اعتبار سے بہت زیادہ قوت و اثر رکھنے والا یا کسی صفت یا کیفیت سے بہت شدت کے ساتھ اتصاف رکھنے والا. ۳. تند و تیز. ۴. عمدہ نظم یا نثر؛ پرجوش؛ جوشیلی اور مدلل تقریر.

زور دینا محاورہ. ۱. اصرار کرنا، تاکید کے ساتھ کسی امر کی طرف توجہ مبذول کرانا. ۲. کسی لفظ یا جملے کو اختصاص کے ساتھ ادا کرنا جس سے اُس کے اہم اور قابلِ لحاظ ہونے کا اظہار ہو. ۳. بوجھ ڈالنا، بہت زیادہ فکر یا توجہ کرنا.

زور ڈالنا محاورہ. ۱. سخت حملہ کرنا. ۲. کسی شخص کو کسی کام کے لیے مجبور کرنا، جبر یا اصرار کے ذریعے کسی امر کے لیے آمادہ کرنا، مجبور یا تنگ کرنا.

زور سے م ف. ۱. پوری طاقت سے، شدت سے. ۲. ذریعے سے، وسیلے سے. ۳. سختی سے، زبردستی، بمشکل.

زور (و) شور اند. ۱. (i) تیزی و تندی، جوش و خروش، شدت. (ii) کسی امر یا کیفیت کا غلبہ یا عروج. ۲. شان و شکوہ، طمطراق، جاہ و جلال.

زور کرنا محاورہ. ۱. کسی پر طاقت آزمائی کرنا؛ زور لگانا، کسی سے لڑنا، مقابلہ کرنا. ۲. جسمانی ورزش، کسرت یا کشتی کی مشق کرنا. ۳. ترقی پر ہونا، عروج پہ ہونا.

زور لگانا محاورہ. ۱. طاقت یا کوشش صرف کرنا، زور دینا. ۲. دھکیلنا، آگے بڑھانا.

زورا زوری (وج) امث.
قوت یا طاقت کا اظہار (یک طرفہ یا دو طرفہ)، زور شور، زبردستی.

زوروں (وج، وج) اند؛ ج.
زور کی جمع؛ (تراکیب میں مستعمل).

زوروں پر ہونا محاورہ. کسی کیفیت یا مادّے کا ابھار یا شدت کی حالت میں ہونا؛ کمال کو پہنچنا.

زُوں (ومع) امث.
کسی شے کے تیزی سے گزرنے کی آواز. [حکایت الصوت].

زون (وج) اند.
علاقہ؛ حلقہ؛ (جغرافیہ) خطہ، کرۂ ارض کے پانچ حصوں میں ایک کوئی ایک جو خطِ استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہے. [انگ].

زِہ (کس ج ز) امث.
۱. کمان کا چلہ جو تانت کا ہوتا ہے، نیز تانت. ۲. ڈوری یا فیتہ جو دامن، آستین یا گریبان کے کنارے پر ٹانکتے ہیں، لیس، جھالر نیز ہر چیز کا کنارہ. ۳. انگوٹھی کے نگینے کے سوراخ یا دندانے جن سے نگ رُکا رہتا ہے. ۴. کلمۂ تحسین، شاباش، آفرین، بہت خوب. [ف].

زِہ (کس نیز فت ج ز) اند.
بچہ جننا، نطفہ، بچہ، جنین؛ (مجازاً) رحم. [ف].

زُہّاد (ضم ز، شدہ) اند؛ ج.
زاہد (دیکھیے) کی جمع؛ پرہیزگار، پارسا. [ع].

فت = فتحہ (زبر)، کس = کسرہ (زیر)، ضم = ضمہ (پیش)، مع = معروف، مج = مجہول، معد = معدولہ، مخ (مخلوط)، سک سکون (جزم)، شد = تشدید، تن = تنوین (مزید دیکھیے فہرست اشارات)

زِہار (کس ج نیز فت ر) امث.
عورت کی شرم گاہ، پیڑو، مرد کا عضوِ تناسل، نیز مرد یا عورت کے آلۂ تناسل کے اطراف پیٹ کا نچلا حصہ. [ف].

زُہد (ضم ز، سک ہ) امذ.
دنیوی چیزوں سے اجتناب یا بے رغبتی، تقویٰ، دنیاداری سے لاتعلقی، عبادت و ریاضت، پارسائی، پرہیزگاری. [ع].

زَہر (فت ج ز، سک ہ) (الف) امذ.
۱. چیز جس کی تھوڑی مقدار کے جسم میں پہنچنے سے ہلاکت واقع ہو جائے، جس کے کھانے سے انسان یا حیوان مر جائے، کیمیائی محلول.
۲. (استعارۃً) نہایت کڑوی چیز. ۳. غصہ، غضب، خشم. (ب) صف. ۱. ذائقے میں ناگوار یا ناقابلِ برداشت، کڑوا کسیلا یا کھاری، سخت ناگوار، بہت برا. ۲. مہلک، قاتل. ۳. ضرر رساں، نقصان دہ، خطرناک بات جس سے ہلاکت یا نقصان کا اندیشہ ہو. [ف].

زہر اگلنا ف مر: محاورہ. ۱. سانپ کا اپنے منھ کی تھیلی کے زہر کو زخم میں پہنچانا. ۲. جلی کٹی سنانا، جی جلانے والی باتیں کرنا، غیظ و غضب کا اظہار کرنا نیز فتنہ انگیز باتیں کہنا.

زہر آلود/ آلودہ صف. زہر ملا، زہریلا؛ زہر میں بجھا ہوا (استعارۃً) بدطینت، پُرغضب، عصبیت زدہ.

زہر بھر دینا/ بھرنا محاورہ. بھڑکانا، اختلاف پیدا کرنا، مضر یا مہلک بنا دینا.

زہر خند امذ. ہنسی جو غصے یا ناگواری کے سبب ہو؛ تلخ ہنسی، طنزیہ ہنسی یا مسکراہٹ.

زہر قاتل امذ. مہلک زہر، ہلاک کر دینے والا زہر.

زہر کا/ کے گھونٹ پینا محاورہ. مجبوراً صبر و ضبط سے کام لینا، بے بسی میں پیچ و تاب کھانا، چار و ناچار ضبط کرنا.

زہر گھولنا محاورہ. فتنہ انگیزی سے کام لینا، ناگوار باتیں کرنا.

زہر لگنا محاورہ. برا لگنا، سخت ناگوار گزرنا.

زہر مار کرنا محاورہ. ناپسندیدہ یا نامرغوب چیز کھانا، زبردستی حلق سے اُتارنا، بلا رغبت کھانا.

زہر ہلاہل امذ. ایسا زہر جس کا توڑ نہ ہو، سمِ قاتل، مہلک زہر.

زُہرا (فت ج ز، سک ہ) صف، امث.
حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لقب؛ روشن، چمکیلا، بہت روشن، خوب صورت. [ع].

زُہرَہ (ضم ز، سک ہ، فت ر) امذ؛ امث.
(فلکیات) نظامِ شمسی کا روشن ترین اور دوسرا سب سے بڑا سیارہ جو سورج سے ۱۰۸ ملین کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے. [ف].

زہرہ جبیں صف. چمکتی ہوئی پیشانی والا؛ (مجازاً) خوب صورت، حسین.

زَہریلا (فت ج ز، سک ہ، ی مع) صف مذ.
۱. جس کے اندر زہر ہو؛ شے جس میں زہر ملا ہوا ہو؛ زہر کے اثر یا خاصیت والا، مہلک، خطرناک. ۲. (مجازاً) فتنہ انگیز، بغض اور تعصب والا.

زَہریلی (فت ج ز، سک ہ، ی مع) صف مث.
زہر کے اثر والی، زہر بھری ہوئی (زہریلا کی تانیث).

زہریلی ہنسی امث. ہنسی جو طنز آمیز ہو، طنزیہ ہنسی، تمسخر.

زِہے (فت ز، ی ج) حرف تحسین.
(کلمۂ تحسین) شاباش، آفرین، واہ واہ، کیا کہنے (گاہے طنزاً مستعمل). [ف].

زہے عز و شرف فقرہ. عزت و بزرگی کے کیا کہنے، عزت و شرافت کے کیا کہنے.

زہے نصیب فقرہ. (اظہارِ مسرت کے لیے مستعمل) خوش اقبالی، اچھے نصیب.

زِیاد (کس ز) صف.
زیادہ کا مخفف.

زِیادَت (کس ز، فت د) امث.
۱. اضافہ، بیشی، بڑھاوا، بڑھانا. ۲. زیادہ، بہت، افزوں. [ع].

زِیادَتی (کس ز، فت د) امث.
۱. اضافہ، بیشی، افزونی، بڑھوتری، کثرت، بہتات. ۲. ظلم، جبر، سخت گیری، دشواری، سختی، حد سے تجاوز کرنا، ناانصافی. ۳. غلطی، اونچ نیچ، گناہ. ۴. زنا بالجبر.

زِیادَہ (کس ز، فت د) صف.
۱. افزوں، بہت، سوا. ۲. فالتو، فاضل.

زِیارَت (کس ز، فت ر) اث.
ا. (i) کسی متبرک مقام، شے کو دیکھنے یا دیکھے جانے کا عمل، یاترا. (ii) دیدار، درشن، ملاقات (کسی قابل تعظیم شخصیت سے). ۲. جگہ یا مقام جہاں عقیدت اور تعظیم کے ساتھ جایا جائے، زیارت گاہ. [ع].
زیارت گاہ اث. متبرک و مقدس جگہ، جگہ جس کی زیارت کی جائے، جہاں لوگ ازراہِ تعظیم حاضری دیں.

زِیاں (کس ز) اند.
نقصان، خسارہ. [ف].
زیاں کار صف. ا. گھاٹا اُٹھانے والا، نقصان یا خسارہ برداشت کرنے والا ۲. نقصان پہنچانے والا، ضرر رساں، نقصان دہ.

زِیب (ی مج) اث.
ا. خوب صورتی، حسن، زیبائی. ۲. زینت، رونق؛ بھلا لگنا ۳. آرائش، سجاوٹ، بناؤ سنگھار. ۴. مرکبات میں بطور جزو دوم مستعمل بمعنی زینت دینے والا، رونق بڑھانے والا. [ف].
زیب تن کرنا محاورہ. پہننا، جسم پر سجانا.
زیب داستان اث. مبالغہ آرائی جو بات کو دل چسپ بنانے کے لیے کی جائے؛ واقعہ کی دل پذیری، کہانی کی زینت.
زیب دینا محاورہ. ا. زینت یا رونق بخشنا، خوب صورت بنانا ۲. بھلا لگنا، خوش نما یا موزوں ہونا، پھبنا، سجنا. ۳. حیثیت کے موافق یا موقع کے مناسب ہونا، شان کے شایاں ہونا.
زیب و زینت اث. آراستگی، آرائش و زیبائش، بناؤ سنگار.

زِیبا (ی مج) صف.
ا. خوش نما، خوب صورت ۲. زیب و زینت دینے والا، سجا ہوا. ۳. مناسب، شایانِ شان. [ف].

زِیبائش/ زیبایش (ی مج، کس ا/ی) اث.
سجاوٹ، آرائش، آراستگی، زینت نیز خوش نمائی. [ف].

زِیبائی (ی مج) اث.
ا. حسن، خوب صورتی، خوش نمائی، خوبی. ۲. تزئین و آرائش، آراستگی.

زیبْرا (ی مج، سک ب) اند.
گھوڑے اور خچر کے خاندان کی قسم کا ایک افریقی جانور جس کے جسم پر سیاہ و زرد پٹیاں یا دھاریاں ہوتی ہیں. [انگ].

زَیتُون (ی لین، و مع) اند.
ا. ایک درخت کا نام جس کا پھل بیضاوی بیر کی طرح ہوتا ہے اس کا تیل نکالا جاتا ہے جو غذا و دوا میں استعمال ہوتا ہے. ۲. زیتون کے پھل ۳. زیتون کا تیل. [ع].

زِیٹ (ی مع) اث.
یاوہ گوئی، فضول گفتگو.

زِیچ (ی مع) اث.
ا. جنتری جس میں سیاروں کی حرکات قلم بند کی جاتی ہیں، تقویم، حرکاتِ سیارگان کی جدول. [ف].

زَید (ی لین) اند.
ا. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متبنیٰ مشہور صحابی کا نام. ۲. فرضی نام جو عمرو اور بکر کی طرح "فلاں شخص" کی جگہ مستعمل ہے. [ع].

زیر (ی مع نیز مج) اث.
دھیمی آواز، نیچا سر (بم کی ضد). [ف].
زیر و بم اند. (موسیقی) سُر کا اُتار چڑھاؤ، لے.

زیر (ی مج) (الف) اند.
کسی حرف کی وہ حرکت یا اعراب جس سے یائے معروف یا مجہول کی غیر کشیدہ خفیف آواز نکلتی ہے نیز وہ چھوٹی آڑی لکیر جو اس حرکت کو ظاہر کرنے کے لیے حرف کے نیچے دی جاتی ہے، علامت کسرہ.
(ب) م ف. نیچے، تلے، تحت. (ج) صف. ا. کسی کے عمل یا اثر کے تحت رہنے والا، تابع، مغلوب. ۲. کمزور، کم طاقت. [ف].
زیر بار صف. بوجھ سے دبا ہوا، مغلوب؛ مقروض؛ احسان مند.
زیر بار کرنا ف مر؛ محاورہ. کسی قسم کا بوجھ ڈالنا (خواہ مادّی ہو یا اخلاقی) ممنونِ احسان کرنا.
زیر بحث صف. (موضوع یا امر) جس پر گفتگو یا بحث ہو رہی ہو.
زیر پا صف. پاؤں کے نیچے، قدموں کے نیچے، مراد: محکوم.

حراست صف. جو حوالات میں بند ہو، نظر بند، گرفتار.

دست صف. ۱. ماتحت. ۲. محکوم؛ مغلوب، عاجز، کمزور.

دستخطی صف. جس کے دستخط ذیل میں کیے گئے ہوں، تحریر کے آخر میں یا اُس کے نیچے، دستخط کنندہ.

زبر زبر صف. کسرہ اور فتحہ؛ لفظ کے اعراب، حروف کی حرکات.

زیر سایہ صف؛ م ف. ۱. چھاؤں میں؛ سائے تلے؛ (مجازاً) پناہ میں، حمایت میں. ۲. ملحق، ملا ہوا، جوار میں پڑوس میں، نزدیک.

زیر سماعت صف؛ م ف. (مقدمہ، کارروائی یا کوئی مسئلہ) جو عدالت میں زیرِ غور ہو.

زیر کرنا محاورہ. ۱. مغلوب کرنا، فتح کرنا، پچھاڑنا، ہرانا. ۲. متاثر کرنا، اپنے ڈھب پر لانا، قابو میں لانا.

زیر لب (الف) م ف. منھ ہی منھ میں، آہستگی کے ساتھ؛ پوشیدہ یا مبہم طور پر. (ب) صف. آہستہ، پوشیدہ.

زیر نگرانی م ف. دیکھ بھال میں، زیرِ انتظام.

زیر و زبر (الف) اند. کسرہ و فتحہ؛ حروف کے اعراب، حروف کی حرکات.
(ب) صف. اُلٹ پلٹ، درہم برہم، تہ و بالا، تلپٹ، تباہ. اف: کرنا/ ہونا.

زیر ہونا محاورہ. مغلوب ہونا، شکست کھانا.

زِیرَک (ی مع، فت ر) صف.
دانش مند، دانا، عقل مند، ہوشیار، تیز فہم. [ف].

زِیرَکی (ی مع، فت ر) امث.
دانائی، عقل مندی، ہوشیاری، فہم فراست.

زِیرو (ی مع، وج) (الف) اند.
صفر. (ب) صف. ہیچ، بے کار، خالی. [انگ].

زِیرَہ (ی مع، فت ر) اند.
(i) ایک پودا جس کے گچھے دار پھولوں سے جھڑنے والے مہین لمبوترے بیج گرم مسالے کے اجزا میں شامل ہیں. (ii) (زیرے) کا خوش بودار بیج جو کھانوں میں ڈالا جاتا ہے نیز گرم مسالے کے اجزا میں شامل ہے. [ف].

زِیریں (ی ج، ی مع) صف.
۱. نیچے کا، تحتانی، نچلی سطح یا نچلے درجے سے تعلق رکھنے والا. ۲. نشیب یا جنوب کی طرف واقع.

زِیسْت (ی مع، سک س) امث.
زندگی، حیات، عمر. [ف].

زَین (ی لین) امث.
آرائش، زیب و زینت، خوبی، خوب صورتی، سجاوٹ. [ع].

زِین (ی مع) امث؛ اند.
چمڑے وغیرہ کی وہ نشست جو سوار کے بیٹھنے کے لیے گھوڑے کی پیٹھ پر کسی جاتی ہے، کاٹھی، چار جامہ. [ف].

زِینَت (ی مع، فت ن) امث.
۱. خوب صورتی، آرائش، زیبائش، آراستگی، سجاوٹ. ۲. (i) چیز جس سے کسی کی سجاوٹ ہو، آرائش و زیبائش کی چیز، خوب صورتی کا سبب. (ii) رونق، شان. ۳. بناؤ سنگھار، بننا سنورنا. [ع].

زِینَہ (ی مع، فت ن) اند.
۱. سیڑھی. ۲. (مجازاً) وسیلہ، اونچائی پر جانے کا ذریعہ. [ف].

زینہ بزینہ/ بہ زینہ م ف. ایک ایک زینہ چڑھ کے، قدم بہ قدم، درجہ بدرجہ، بتدریج.

زِینہار (ی مع، سک ن) (کلمۂ تحذیر و تاکید).
ہرگز، کبھی. [ف].

زیوَر (ی ج، فت و) اند.
۱. اعضائے جسمانی پر سجانے کی زیب و زینت کی اشیا (جواہرات اور سونے چاندی وغیرہ کی بنی ہوئی)، بناؤ سنگھار کی چیزیں. ۲. آرائش کا ذریعہ یا سبب، زیب و زینت کا باعث، بناؤ سنگھار کا ذریعہ یا سامان؛ شان بڑھانے والی شے. [ف].

زیور طبع سے آراستہ ہونا محاورہ. کتاب وغیرہ چھپنا، شائع ہونا.

زیوَرات (ی ج، فت و) اند؛ ج.
زیور کی جمع؛ بناؤ سنگھار کی چیزیں.

ژ

ژ (ژے) اسث.
باعتبار صوت اُردو کا اٹھائیسواں حرف ؛ حساب جمل میں اس کے عدد حرف ز کے برابر یعنی سات رکھے گئے ہیں.

ژالہ (فت ل) امذ.
۱. یخ بستہ پانی کے ٹکڑے جو بارش کے ساتھ یا بغیر بارش کے آسمان سے برستے ہیں ، اولا ، پالا ، کہرا. [ف].
ژالہ باری اسث. اولوں کی بارش.

ژَرْف (فت ژ ، سک ر) امذ.
گہرائی ، عُمق ؛ وسعت. [ف].
ژرف نگاہی / نگہی اسث. گہری نظر ، باریک بینی ؛ دور بینی.

ژولیدگی (و ج ، ی مع ، فت د) اسث.
اُلجھاؤ ، پریشانی. [ف].

ژولیدَہ (و ج ، ی مع ، فت د) صف.
اُلجھا ہوا ، پریشان ؛ درہم برہم ، بکھرا ہوا ، بُجُر بُجُر. [ف].

مختصر اُردو لغت

دو جلدوں پر مشتمل مختصر اردو لغت کی اشاعت، اردو لغت بورڈ کے ایک اور وعدے کی تکمیل ہے۔

۲۰۱۰ء میں جب باون سال کی مسلسل محنت کے بعد بائیس جلدوں پر مشتمل اردو لغت (تاریخی اصول پر) کی اشاعت مکمل ہوئی تو اس بات کی ضرورت محسوس کی گئی کہ عام قارئین اور طلبا و طالبات کے استفادے کے لیے ان بائیس جلدوں کا ملخص تیار کیا جائے جس میں اردو کے تمام بنیادی الفاظ اور ان کے معانی شامل ہوں۔

یہ کام ۲۰۱۰ء ہی میں شروع کر دیا گیا تھا مگر ۲۰۱۱ء سے ۲۰۱۶ء تک اردو لغت بورڈ میں کسی مستقل مدیر اعلیٰ کے نہ ہونے کے باعث یہ کام تاخیر کا شکار ہوتا چلا گیا۔ بالآخر ۲۰۱۶ء میں جب اس ادارے میں مستقل مدیر اعلیٰ کا تقرر ہوا تو سب سے پہلے اس مختصر اردو لغت کی تکمیل کی جانب توجہ دی گئی اور مسلسل دو ڈھائی سال کی محنت کے بعد ادارہ اس کام کو آپ کے سامنے پیش کرنے میں کام یاب ہو گیا۔ اس دو جلدی مختصر لغت کی ترتیب و تدوین میں جو اصول پیش نظر رہے ہیں، ان کا تذکرہ دیباچہ میں بالتفصیل کر دیا گیا ہے۔

مختصر اردو لغت کی اشاعت کے ساتھ ساتھ بائیس جلدوں پر مشتمل اردو لغت (تاریخی اصول پر) کو انٹرنیٹ اور موبائل ایپ پر بھی تلفظ سے ہم آہنگ کر کے پیش کیا جا چکا ہے۔ امید ہے کہ اہل علم و دانش حسب سابق اس باب میں بھی اپنی حوصلہ افزائی سے نوازتے رہیں گے۔

Printed by: New Door Solutions

9 789699 113116 >

Rs. 3000/-

اُردو لغت بورڈ

قومی تاریخ و ادبی ورثہ ڈویژن، حکومت پاکستان

ST-18-A، بلاک نمبر 5،

گلشن اقبال، کراچی